VOLUME ONE

A-C

VOLUME ONE

A-C

CHIEF EDITOR

Prof. Kalimuddin Ahmad

Bureau For Promotion of Urdu
Ministry of Human Resource Development
Government of India
West Block I, R.K. Puram, New Delhi-110066, INDIA

Contents

پیش لفظ

ذولسانی لغات کی تدوین مشکل ترین کاموں میں سے ایک ھے دونوں زبانوں کے مزاج ، آغاز ، ارتقاء ، ماخذ ، صرف و نحو ، روز مرّہ ، محاورہ ، اس کے صوتیاتی نظام و لسانی ھم آھنگی اور اصطلاحات پر قدرت حاصل کئے بغیر ذو لسانی لغت کی تدوین کا تصور بھی ممکن نہیں ۔ ایک معیاری لغت کو زبان کے ان تمام پہلوؤں کے بارے میں لازمی طور پر صحیح معلومات فراھم کرنا ضروری ھوتا ھے ۔ قارئین لغت سے اس بات کی توقع رکھتے ھیں کہ وہ ان کی رھنما اور مددگار ھے ۔ کسی بھی زبان کے حدود اربع لامحدود ھونے کی صورت میں علاقہ واری فرق پیدا ھوجاتے ھیں ۔ لغت نویس کو ان کا بھی خیال کرنا ضروری ھوتا ھے ۔

ارود میں ذولسانی لغات کا سلسلہ عھد قدیم سے چلا آرھا ھے ۔ انگریزی اردو لغت کے ابتدائی نقش اٹھارویں صدی عیسوی میں جارج ھیڈلے کے ھاں نظر آتے ھیں ۔ بہ قول مولوی عبد الحق (بابائے اردو) ۔

" اس نے اردو کی صرف و نحو پر ایک کتاب لکھی جس میں انگریزی ھندوستانی لغت بھی شامل ھے " ۔

ذولسانی لغات کے سلسلہ کو جے فرگوسن ، ڈنکن فوربس ، شیکسپیر ، پلیٹس ، جے ۔ بی ۔ گلکرائسٹ اور ڈاکٹر فیلن وغیرہ نے جاری رکھا اور ھندوستانیوں میں حضرت امیر خسرو ، دوسا بھائی ، سہراب جی ، عبد الواسع ھانسوی ، متھرا پرساد ، سدا سکھ لال ، انشاء اللّٰہ خاں انشاء اور خان آرزو وغیرہ نے اس میدان میں طبع آزمائی کی ۔ عبد الواسع کی "غرائب اللغات" اور خان آرزو کی "نوادر الالفاظ" معانی و مفاھیم کے تعین کے اعتبار سے اھم ھیں ۔

زندہ زبان سمندر کے مانند ھے جو ھر نئی موج کے ساتھ نہ صرف نیا مواد ساتھ لاتی ھے بلکہ اپنے ساحل کو وسیع کرتی چلی جاتی ھے لہٰذا نئے الفاظ کا مسلسل اضافہ لغت کوزیادہ کار آمد بناتا ھے ۔

مذکورہ بالا مستشرقین اور ھندوستانیوں کی ان کوششوں کے بعد اس جھت میں مدتوں سناٹا رھا ۔ اس دوران انگریزی زبان کی انتظامی اور تعلیمی ضرورت میں اضافہ ھوتا رھا ۔ دوسرے ممالک میں بھی ان زبانوں کے سرمایۂ الفاظ کا دامن وسیع سے وسیع تر ھونے لگا۔

بین الاقوامی سطح پر انگریزی کادرجہ سائنسی ، فنی اور انتظامیہ کے شعبوں میں بلند ھونے لگا ۔ انگریزی اردو لغت کی مانگ بڑھتی گئی ۔

ھندوستانی تہذیبی پس منظر میں انگریزی کے ذریعہ مفھوم کی ادائیگی کے لئے اردو الفاظ کے مترادفات ، روز مرہ محاورہ اور اسی معیار کے انگریزی کے مترادفات، الفاظ ، روز مرّہ اور محاورہ سے کامل واقفیت اور دونوں زبانوں پر قدرت لازم و ملزوم ھوگئی اور جو لغات انفرادی کوششوں سے تیار کی گئی تھیں وہ بڑی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے ناکافی ثابت ھونے لگیں ۔ اس جھت میں جم کر کام کرنے کی ضرورت تھی ۔ بیسویں صدی کی ابتداء میں ڈاکٹر عبد الحق نے اس ضرورت کو محسوس کیا اور انجمن ترقی اردو سے "انگریزی اردو" اور "اردو انگریزی" لغت کی تدوین کا بیڑا اٹھایا ۔ لغت کی تدوین کا کام مکمل کیا اور اپنے ھی

ادارہ یعنی انجمن سے دونوں لغات کو شائع بھی کروا دیا ۔ اتنے میں ملک کے حالات بدلے ۔ ضرورتیں بدلیں ۔ حسب دستور زبانوں کے سرمایۂ الفاظ میں اضافہ ھوا ۔ سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی نے زبانوں کو وسعت دی ۔ نئی نئی سائنسی اور علمی اصطلاحیں مروج ھوئیں دنیا کی بڑی بڑی زبانوں کے ساتھ اردو اور انگریزی زبان کے ذریعہ سے بھی نئے نئے علوم و فنون کی دنیا کے مختلف ممالک میں جو ترقی ھوئی اس نے انگریزی اور دوسری زبانوں کی علمی ، فنی اور سائنسی حیثیت کو اور بلند کردیا ۔ اردو پر بھی اس کے اثرات پڑے ۔ ان خوشگوار ترقیوں اور تبدیلیوں کے پیش نظر وقت اور ضرورت کا تقاضہ تھا کہ عبد الحق کی ذولسانی لغات میں ترمیم و اضافہ کا کام جاری رھتا جو انجمن ترقی اردو کی اھم ذمہ داریوں میں سےتھا مگر انجمن ترقی اردو نے کبھی اس کی طرف توجہ نہیں کی صرف اس کے کئی عکسی ایڈیشن چھاپنے پر اکتفا کیا اور زبانوں کی روز افزوں ترقی کی وجہ سے یہ لغت قاری اور مترجموں کی ضرورت کو تسلی بخش طریقہ سے پورا کرنے سے قاصر رھی ۔

مرکزی حکومت کی سرپرستی میں ترقی اردو بورڈ کے قیام کے بعد حکومت ھند اور اراکین بورڈ نے اس کمی کو شدت سے محسوس کیا اور ایک مکمل لغت کا منصوبہ تیار کرلیا۔ بڑے پیمانہ پر انگریزی اردو لغت کی تیاری کا خاکہ تیار ھوا ۔ متفقہ رائے سے اس کی ادارت کی اھم ذمہ داری پروفیسر کلیم الدین احمد کو سونپی گئی ۔ انھیں امدادی عملہ اور دیگر تمام سھولتیں فراھم کردی گئیں ۔ انھوں نے پوری لگن اور خلوص کے ساتھ اس کام کی ابتداء کی ۔ ان کی قیام گاہ بی ۔ 7 کرشنا پوری ، پٹنہ میں اس کا دفتر قائم کیا گیا ۔ 1975 میں پہلی جلد کی تکمیل کے فوراً بعد ترقی اردو بیورو کو اس لغت کی اشاعت کا کام ھاتھ میں لے لینا چاھیئے تھا مگر بد قسمتی سے اس طرف توجہ نہ کی گئی اور ایک کے بعد ایک جلد مکمل ھوتی گئی اور صرف واحد الماری کی زینت بنتی چلی گئی ۔

پانچ سال کی مقررہ مدت میں اس کی ساری جلدیں مکمل ھوگئیں اس کی اشاعت کا مسئلہ جوں کا توں رھا ۔ انگریزی اردو لغت کے دور تدوین سے دور اشاعت طویل ، انتھائی صبر آزما اور تاریخی واقعہ بن گیا ۔ اس لغت کی اشاعت کی داستان الگ سے سنائی گئی ھے ۔

لغت کی تیاری کے لئے الفاظ کا ماخذ عموماً اخبارات، ھر موضوع پر نئی نئی کتابیں اور مضامین ھوتے ھیں ۔ یہ میدان الفاظ کا مقام پیدائش ھے جھاں عصری ضرورت اور تقاضے کے مطابق نہ صرف نئے الفاظ جنم لیتے اور پھلتے پھولتے ھیں بلکہ مروج سرمایۂ الفاظ کے کچھ حصہ کو متروک کردیا جاتا ھے جس کے کئی اسباب ھیں ۔ تناسب کے اعتبار سے نئے الفاظ کی تعداد متروک الفاظ سے بہت زیادہ ھوتی ھے یہی وجہ ھے کہ الفاظ کا خزانہ روز بروز بڑھتا جاتا ھے ۔ ھر نئی لغت کا یہ تقاضا ھے کہ نئے الفاظ اور ان کے ممکن مشتقات اور نئی اصطلاحات کو لغت میں ضرور شامل کرے ۔ پروفیسر کلیم الدین احمد نے کئی ایسے انگریزی الفاظ اور اصطلاحات کو شامل لغت کیا ھے ۔ جن کا اندراج اس لغت کی تیاری کے زمانے کی دوسری لغات میں موجود نہیں تھا ۔ وقفہ وقفہ سے مصنفوں کے اظھار بیان کے پیرائے زماں ومکاں کے لحاظ سے بدلتے رھتے ھیں ۔ اردو زبان نے بھی عالمی سطح پر ان تبدیلیوں کو بڑی خوبی سے قبول کیا ھے ۔ ایک ھندوستانی اردو مصنف اور امریکی یا برطانوی یا عرب میں مقیم اردو مصنف کے انداز بیان اور انتخاب خیال یا مضمون میں نمایاں فرق محسوس کیا جا سکتا ھے ۔ معیاری لغت کی تدوین کے دوران لغت نویس ان فطری تبدیلیوں کو بھی سامنے رکھتا اور مستقبل کی ضرورتوں کو محسوس کرتا ھے تاکہ نئے نئے مفاھیم کے زیادہ سے زیادہ قریبی معنی و مفھوم کا اندراج لغت میں کرے ۔ اس لحاظ سے زیر بحث لغت کو ایک کامیاب قدم سمجھنا چاھیئے خصوصاً یہ لغت مترجموں ، مصنفوں ، نصابی کتابوں کے مترجموں ، سائنس دانوں ،

زباندانوں ، پیشہ وارانہ ماھروں ، رپورٹروں ، اخبار نویسوں ، شعبۂ انتظامیہ کے کارکنوں اور صحافیوں کے لئے اندھیرے میں روشنی کا مینار ھے ۔

جامع انگریزی اردو لغت میں حروف تہجی کی ترتیب کے ساتھ ذیلی اندراجات کی ترتیب بھی حروف تہجّی کے مطابق کی گئ ھے ۔ لغت نویس نے قدیم اور جدید علوم کے الفاظ کا احاطہ کرنے کی بھرپور کوشش کی ھے لغوی معنی کے ساتھ اس کے اصطلاحی پہلوؤں کو بھی کمال خوبی سے سمیٹ لیا ھے ۔ صفحہ 38 پر ایك لفظ ھے Accretion (n) اس کے لغوی معنی پہلے دئیے گئے ھیں ۔ یہ ایك لفظ مختلف علوم میں مختلف اصطلاحی مفہوم کا حامل ھے ۔ درج شدہ مختلف معنی و مفاھیم بہ ظاھر ایك دوسرے سے جدا معلوم ھوتے ھیں مگر بہ باطن ان کے درمیان معنوی رشتہ موجود ھے ملاحظہ ھو ۔

Accretion : (n) [L. " accretionem "] ؛ (۱) مسلسل نمو ؛ ھم نمائی ؛ بروز ؛ نشو و نما (جو عضوی زوائد کے ذریعہ ھو) ۔ (۲) نمو کا عمل بیرونی اضافہ سے ۔ (۳) خارجی مادہ یا اشیاء کا وصل جو زیادتی کا باعث ھو ؛ الحاق ؛ اضافہ (خارجی مادہ کا اصل شے میں) ؛ وہ شے جو اضافہ ھوئی ھو ؛ زوائد افزونی ۔ (٤) کسی ترکہ یا وراثت میں اضافہ جو ناکام شریك دار یا شریك موتی الیہ کے حصہ کو وصل کرنے سے پیدا ھو ۔ (٥) (طب) بڑھاؤ؛ (معاشیات) ایزاد ؛ (حیاتیات) تن افزائی؛ (لسانیات) الحاق ؛ (تاریخ و سیاسیات) اضافہ ۔

Artificial accretion (of territory) : (تاریخ وسیاسیات) ارادی اضافہ ۔

Natural accretion : (تاریخ و سیاسیات) قدرتی اضافہ (افزونی) ۔

اس لغت کی یہ نمایاں انفرادی خصوصیت ھے جو مترجموں کو تلاش وجستجو کی زحمت سے نجات دلائے گی اور کم وقت میں زیادہ مواد کا ترجمہ صحیح مفہوم کے ساتھ پیش کرنے میں پوری مدد کرے گی ۔

لفظ کے معنی ترجیحی ترتیب سے (۱) (۲) (۳) نمبروں سے ظاھر کئے گئے ھیں ۔ انھیں نمبروں کے ساتھ سیمی کولن (؛) موجود ھے جس کا مطلب یہ ھے کہ نمبر کے مطابق لفظ کے معنی پورے ھوگئے ۔ انگریزی الفاظ کی قواعدی صورت ، اسم ، فعل ، متعلق فعل ، صفت ، حرف ربط وغیرہ کو انگریزی لفظ کے اندراج کے فوراً بعد قوسین میں ظاھر کردیا گیا ھے ۔ قواعد کے مشتقات کی فہرست الگ سے درج کردی گئی ھے ۔

اس لغت میں کل 84 علوم کی اصطلاحات کی شناخت دی گئی ھے مگر ایسے علوم جنھوں نے زمانۂ قریب میں الگ شعبہ کی حیثیت اختیار کی ھے ان کو زیادہ مشھور متعلقہ علوم کے سایہ میں سُمولیا ھے ۔ جیسے طب کے تحت اس سے متعلقہ شعبہ جات مثلاً :

Pharmacy
Embryology
Genetics
Pharmacology
Neurology

وغیرہ جو اپنا انفرادی وجود منواچکے ہیں ۔ ان کے متعلقہ الفاظ کے معنی اور اصطلاحات کو طب کے عنوان سے شامل کرلیا گیا ہے ۔

لغت میں اصطلاحات بہ کثرت موجود ہیں ان اصطلاحات کے اندراجات کا طریقہء کار یہ ہے کہ پہلے واحد لفظ کے لغوی معنی دیئے گئے ہیں واحد لفظ کے مرکبات ، سابقوں ، لاحقوں کے جوڑ سے حاصل ہونے والے الفاظ و اصطلاحات اسی واحد لفظ کے ذیلی اندراجات ہیں جیسے ایک واحد لفظ ہے :

Age : (n)	(۱) عمر ؛ سن ؛ بڑھاپا وغیرہ ۔
Age : (v)	(۲) (تاریخ و ارضیات) زمانہ ؛ عہد ؛ صدی وغیرہ ۔

اس کے 39 ذیلی، معنوی و اصطلاحی اندراجات ہیں جنہیں حروف تہجی کی ترتیب سے ص 99 سے 100 تک درج کیا ہے مثلاً :

Admitted age :	تسلیم شدہ عمر ۔
Brass age :	(تاریخ) کانسہ کا دور۔
Copper age :	(تاریخ) تانبے کا دور۔
Dark age :	(تاریخ) دور تاریک ۔
Epic age :	(تاریخ) رزمیہ دور؛ ایپک دور۔
Golden age :	(تاریخ) سنہرا دور۔
Iron age :	(تاریخ) لوھے کا دور ۔
Modern age :	(تاریخ) دور جدید ۔
Over age :	مقررہ عمر سے زائد ۔
Per - historic age :	(تاریخ) ماقبل تاریخ ۔
Stone age :	(تاریخ) پتھر کادور۔
Teen age :	(سماجیات) عہد طفلی ؛ بچپن کا دور۔
Undr age :	مقررہ عمر سے کم عمر؛ خُرد سال ؛ نابالغ ؛ صغیر ۔

اس کے بعد Age کے دوسرے مرکزی اندراجات مثلاً :

Age class :	(سماجیات) عمر طبقہ ۔
Age grade :	(سماجیات) درجہ عمر ۔
Age limit :	(تاریخ و سیاسیات) عمر کی قید؛ (انتظامیہ) حد عمر ۔

کا سلسلہ جاری ہوگیا۔

واحد لفظ کے بعد بالکل اسی نمونہ پر جن الفاظ کی جمع بنتی ہے تو جمع لفظ کے اندراجات تحریر کئے گئے ہیں اور پھر اصطلاحات بھی حروف تہجی کی ترتیب سے پیش کئے

گئے ہیں علمی اصطلاحات کو عام معنی کے برعکس قوسین میں دیا گیا ہے۔ جہاں ایک ہی لفظ الگ الگ علوم میں کئی مفہوم میں مستعمل ہے تو اس کا اندراج ، "و" عطف کی مدد سے کر دیا گیا ہے۔ ص 33 پر ایک عام لفظ ہے Account اس کی قواعدی صورت فعل کے تحت 2 مختلف علوم کی اصطلاحی معنی اور قواعدی حیثیت اسم کے تحت 4 علوم کے اصطلاحی معنی درج ہیں۔ صرف اس ایک لفظ کے مرکزی اور ذیلی اندراجات ص 38 تک پھیلے ہوئے ہیں جس سے اس لغت کے مکمل پن کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ Account کے چند اندراجات کی مثال ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

Account : (v) [' accompatare "] (۱) جاننا؛ سمجھنا؛ خیال کرنا؛ شمار کرنا؛ حساب کرنا؛ حساب لگانا؛ حساب دینا؛ حساب سمجھنا (اس روپئے کا جو امانت کے طور پر ہو) ؛ حساب لینا ؛ وضاحت کرنا ؛ شرح کرنا ۔ (۲) جوابدہ ہونا ؛ جوابدہی کرنا؛ (کسی طرزعمل کی ، ادائے قرض وغیرہ کی) ۔ (۳) توجیہ کرنا ؛ سبب بتلانا ؛ علت بتلانا ؛ سبب ہونا ۔ (٤) (شکار کی اصطلاح) نشانہ کرنا ؛ گرانا ؛ مارنا (شکارکو) ۔ (٥) اندازہ لگانا؛ تخمینہ لگانا ؛ قیمت لگانا ؛ مان لینا ؛ کسی چیز کے بارے میں زیادہ سوچنا ؛ (سماجیات) ذمہ داری ؛ جوابدہی ۔

Account : (n) (۱) شمار ؛ گنتی ؛ حساب ؛ تفصیل ؛ (۲) کھاتا ؛ حساب کتاب ؛ فرد حساب ؛ گوشوارہ ؛ (کامرس) کھاتا ؛ (معاشیات) حساب ؛ کھاتا؛ (سماجیات) شمار ؛ حساب ؛ تفصیل ۔ (۳) روپیہ کے لین دین کا گوشوارہ تیار کرنا ؛ مد حساب (جس کے تحت کھاتا میں حساب درج کیا جاتا ہے) ۔ (٤) فائدہ؛ منافع ؛ بیشی ؛ کسی کے حق میں حساب کرنا ۔ (٥) اپنے اعمال کا جوابدہ ہونا (حشرکے دن) ؛ اپنے عمل کا حساب ؛ زر امانت کے جمع اور خرچ کا فرد حساب یا گوشوارہ ۔ (٦) (قانون) پروانہ عدالت یا کاروائی بخلاف اہلکار عدالت یا متولی یا امین جو حساب کتاب دینے سے انکار کرے ۔ (۷) تخمینہ ؛ اندازہ ؛ اہمیت ؛ وقعت ؛ توجہ ؛ معاوضہ ؛ اجر ۔ (۸) رپورٹ ؛ تعلق ؛ کیفیت ؛ بیان ؛ تعریف ؛ ذکر؛ چرچا ؛ روداد ؛ تفصیل ۔

بعض الفاظ کے معنی بہت مفصل ہیں اور سیاق و سباق میں مستعمل تقریبا تمام رنگوں کا احاطہ کرتے ہیں۔

الفاظ کے لسانی مآخذ کی بھی نشاندہی قوسین [ ] کے ذریعہ کردی گئی ہے جن کے مخففات الگ سے دے دیئے گئے ہیں اور جس کا مآخذ دستیاب نہیں ہو سکا اس کے سامنے Origin unknown لکھدیا گیا ہے۔

انگریزی میں لفظ کے ایک یا ایک سے زیادہ املا کا رواج رہا ہے جیسے قدیم انگریزی یا امریکی انگریزی کا املا وغیرہ جسے یہاں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے مثلاً :

Abulia / Aboulia
Boutten / Botten
Carbeling / Carbelling
Misselery / Missilry
Molluck / Molluse. وغیرہ

لغت میں حتی الامکان یہ کوشش کی گئی ہے کہ انگریزی زبان کے الفاظ یا اصطلاحات کا اردو متبادل لفظ یا محاورہ دیا جائے لیکن جہاں ضرورت پڑی ہے وہاں انگریزی لفظ کے معنی تفصیل سے سمجھا دیئے گئے ہیں۔

مسودہ کی تیاری کا دفتر پروفیسر کلیم الدین احمد کی قیام گاہ کرشنا پوری بی۔ 7 پٹنہ کے باہر والے ایک وسیع کمرہ میں قائم کیا گیا تھا جس میں لغت منصوبہ کا متعلقہ عملہ اور کلیم الدین احمد صبح دس بجے سے شام کے پانچ بجے تک تدوین لغت کے کام میں مصروف رہتے دیوار کی دونوں جانب الماریاں اور ریک لگا دیئے گئے تھے جس میں مطالعہ کی اور حوالہ کی ساری کتابیں ، نایاب لغات دیگر سازو سامان بڑے سلیقہ سے رکھا ہوتا تھا اور مسودہ کے تیار شدہ حصے بڑی احتیاط سے الماری یا ریک میں رکھ دیئے جاتے تھے۔

5/اگست 1975 کو پٹنہ سے ہوکر بہنے والی گنگا ندی میں زبردست سیلاب آیا سیلاب کے شروع ہوتے ہی پروفیسرکلیم الدین احمد صاحب نے خطرے کا احساس کرتے ہوئے ریک اور الماریوں کے اندر اور اوپر کتابیں رکھی ہوئی تھیں ان میں سب سے اوپر لغت کا مسودہ رکھوا دیا اور خود گھر کی بالائی منزل پر ایک نیم تعمیر شدہ کمرے میں پناہ گزیں ہوگئے۔ تقریباً 21 دن تک سیلاب کی یہی حالت رہی۔ لوگوں کے گھروں کا سارا اثاثہ تباہ و برباد ہوگیا۔ انہوں نے اپنے گھر کی ساری چیزوں ، نایاب کتابوں ، اپنی سوانح حیات کی تیسری جلد، شاد عظیم آبادی کے ہاتھ کی تحریروں وغیرہ سب پر لغت کے مسودہ کو ترجیح دی اور اس کی حفاظت کا پورا پورا انتظام کیا۔ تین دن وہ اسی نیم تعمیر شدہ کمرہ میں بھوکے پیاسے مقیم رہے۔ تیسرے دن ڈاکٹر ممتاز احمد اور پرنسپل کالج ڈاکٹر پی۔ این۔ شرما جی نے ناؤ کے ذریعہ پروفیسر کلیم الدین احمد کو ان کے آبائی مکان میں منتقل کیا۔

ساری نایاب کتابیں سیلاب میں تباہ و برباد ہوگئیں اور انگریزی اردو لغت کے مسودہ کا کچھ حصہ سیلاب کی نذر ہوگیا جسے پروفیسر صاحب نے دوبارہ تیار کیا۔

اس کے شائع شدہ روپ کو دیکھنے کا انہیں جو اشتیاق تھا اس کا بیان الفاظ کے ذریعہ نا ممکن ہے۔ لغت کی تیاری کسی ایک فرد کا کارنامہ نہیں ہو سکتی۔ اس لغت کی تیاری میں جن اصحاب نے سب ایڈیٹر ، ریسرچ آفیسر ، ریسرچ اسسٹنٹ یعنی مختلف حیثیت سے مختلف اوقات میں پروفیسرکلیم الدین احمد صاحب کی مدد کی ان کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں :

پروفیسرعطاء الرحمان عطا کاکوری — پروفیسر ممتاز احمد — پروفیسر محمد صدیق

*

سید عبد الحامد — محمد کمال الدین ہاشمی — مصطفی کمال ہاشمی

*

رضوان احمد خاں — ممتاز احمد خاں

بشیرالدین احمد — ناصر رضا خان جلالی

کاظم حسین — شمیم احمد صدیقی وغیرہ

ابتداء میں اس لغت کو پانچ جلدوں میں تقسیم کیا گیا تھا مگر اشاعت کے مرحلہ میں یہ تقسیم بہ اعتبار ضخامت بدلنی پڑی۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ کوئی بھی حرف ٹوٹ کر دو جلدوں میں نہ جائے بلکہ اس کا پورا حصہ کسی بھی ایک جلد میں ہو۔ اور لغت کی ہر جلد کی ضخامت 1400 صفحات سے زیادہ نہ ہو۔ جلد اول انگریزی کے حروف تہجی A–B–C پر مشتمل ہے۔ D سے دوسری جلد شروع ہوتی ہے اندازہ ہے کہ یہ لغت چھ جلدوں پر مشتمل ہو گی جس

میں تقریباً ڈھائی لاکھ انگریزی الفاظ ، محاورات اور روز مرہ کے معنی 84 علوم کی اصطلاحات کے ساتھ دیئے گئے ھیں ۔ یہ اپنی نوعیت کی پہلی لغت ھے جس نے اتنی بڑی تعداد میں الفاظ اور اصطلاحات کے معنی اردو میں دیئے ھیں۔

لغات کی پروف خوانی ایک نازک معاملہ ھے پوری توجہ انہماک اور احتیاط سے اس ذمہ داری کو نبھانا پڑتا ھے ۔ خصوصاً ذولسانی لغت کی پروف خوانی میں دوگنی محنت اور احتیاط کی ضرورت ھوتی ھے ۔ اس جلد کی پروف خوانی کا کام ابتداءمیں بلجیت سنگھ مطیر، ریسرچ اسسٹنٹ نے شروع کیا تھا مگر ریٹائرمنٹ کے بعد یہ کام مسز مہ جبیں اختر ، ریسرچ اسسٹنٹ کے ذمہ آگیا ۔ اس خاتون نے جس جانفشانی محنت اور لگن سے اس کی پروف خوانی کی ھے وہ اپنی مثال آپ ھے ۔ دفتر کی اور ذمہ داریوں کو نبھاتے ھوئے انہوں نے اس کام کو سرانجام دیا اس لئے وہ بہت زیادہ شکریہ اور تعریف کی مستحق ھیں ۔

کوئی بھی انسانی کام مکمل یا حرف آخر نہیں ھوتا باوجود انتہائی احتیاط کے بھی کوئی نہ کوئی غلطی/کمی باقی رہ جاتی ھے ۔ اس لغت میں ایسی کوئی غلطی یا کمی نظر آئے تو میری دوستوں سے مؤدبانہ گذارش ھے کہ وہ بلا تکلف اس کے بارے میں دفتر کو لکھیں تاکہ باقی جلدوں میں اور اس لغت کے آئندہ ایڈیشن میں تلافی کی کوشش کی جا سکے ۔

ترقئ اردو بیورو/بورڈ کے سلور جوبلی کے موقع پر ترقئ اردو بیورو کی یہ گرانقدر لغت کا تحفہ اردو دنیا کو مرکزی حکومت ہند محکمۂ تعلیم شاستری بھون، ترقئ اردو بورڈ اور ترقئ اردو بیورو کی طرف سے پیش کرتے ھوئے مجھے فخر اور انتہائی مسرت محسوس ھورھی ھے ۔

اس تحفہ کو پیش کرنے کی کوشش تقریباً پندرہ سال سے ھورھی تھی مگر اس کی طباعت کا خاطر خواہ انتظام ھندوستان کے کسی بھی پریس میں ممکن نہ ھوسکا جو اس کی اشاعت کی تاخیر کا واحد سبب بنا ۔ ایسی مجبوری و بے بسی کے عالم میں ویپ انٹرپرائزس کے مالک مسٹر پروین مہتا اور مسز انیتا مہتا نے چیلنج کے طور پر اس کام کو ھاتھ میں لیا ۔ ابتداء میں انہیں اور ھم کو غیر متوقع قسم کی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا اور انہیں اردو سافٹ ویئرکی خامیاں دور کرنے کی خاطر اسے متعدد بار بدلنا پڑا مگر انہوں نے ھمت نہ ھاری۔

مسز سوراج داورا نے پریس میں اپنے حسن انتظام سے بڑی سہولت بہم پہنچائی اور مسٹر ضیاء الدین انصاری نے پوری لگن ، جانفشانی اور مہارت سے لغت کے متن کو کمپوز کیا۔ سب کی متفقہ محنت اور خلوص کی بدولت یہ لغت ترقئ اردو بیورو کی الماری سے نکل کر دنیا کے کتب خانوں کی زینت بننے کے قابل ھوگئی ھے ۔ میں ھر ایک کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرتی ھوں اور بے انتہا خوش ھوں کہ راہ ھموار کرنے کی ساری مشکلیں دور ھوگئیں ، راستے کے پتھر کھسک گئے کانٹے ختم ھوگئے باقی پانچ جلدیں تقریباً دو سال کی مدت میں شائع ھونے کی امید ھے ۔

اپنے دفتر کے عملہ کا اور دفتر سے باھر کے ان تمام حضرات کا بھی شکریہ ادا کرتی ھوں جنھوں نے اس لغت کی اشاعت کے سلسلہ میں مدد فرمائی ۔

فھمیدہ بیگم
12/ جون 1994
ڈائریکٹر ترقی اردوبیورو
ویسٹ بلاک I آرکے پورم
نئی دلی 110066

ABBREVIATIONS USED IN THIS DICTIONARY

a ...adjective
a (in etymologies) ...adoption of
abbrev ...abbreviation, abbreviated
abstr ...abstract
ad ...adaptation of
adj ...adjective
adv ...adverb
AF (r) ...Anglo-French
Amer. ...American
Anglo-Fr. ...Anglo-French
Anglo-Ind. ...Anglo-Indian
Anglo-Ir. ...Anglo-Irish
Anglo-L. ...Anglo-Latin
aphetic. ...aphetic, aphetized
app. ...apparently
Arab. ...Arabic
Aram. ...Aramaic
arch. ...Archaic
A.V. ...Authorised Version of the Bible
bibl. ...biblical
Boh. ...Bohemian
Braz. ...Brazilian
Brit. N.Amer. ...British North America
Bulg. ...Bulgaria
Byz. ...Byzantine
Cat (al) ...Catalan
Celt. ...Celtic
Cf.cf. ...Confer, Compare
Cl. L.Gr. ...Classical Latin, Greek
Conj. ...Conjunction
Contr. ...Contracted, Contraction
Da. ...Danish
deriv. ...derivative, derivation
dim. ...diminutive
Dor. ...Doric
Du. ...Dutch
etym. ...etymology
f. ...form of, formed on
F. ...French
Flem. ...Flemish
Fr. ...French
G. ...German
Gael. ...Gaelic
Ger. ...German
Goth. ...Gothic
Gr. ...Greek
Heb. ...Hebrew
H.G. ...High German
Hind. ...Hindustani
Icel. ...Icelandic
IE. ...Indo-European
imit. ...Imitative
Indo-Eur. ...Indo-European
Indo-Gmc. ...Indo-Germanic
int., interj. ...interjection
Ir. ...Irish
Irel. ...Ireland
It. ...Italian
Jap. ...Japanese
Jav. ...Javanese
L. ...Latin
Lat. ...Latin
Law L. ...Low Latin
L. Du. ...Low Dutch
Lett. ...Lettish
LG. ...Low German
Linn. ...Linnaeus
Lith. ...Lithuanian
Maundev. ...Maundeville
M.Bret. ...Middle Breton
M. Du. ...Middle Dutch
(M) Du. ...Middle and modern Dutch
ME. ...Middle English
med. L. ...mediaeval Latin
Mex. ...Mexican
MHG. ...Middle High German
M Ir. ...Middle Irish
MLG. ...Middle Low German
(M) LG. ...Middle and modern Low German
mod. L. ...Modern Latin
MSc. ...Middle Scottish
MSw. ...Middle Swedish
M. Welsh. ...Middle Welsh
n ...Noun
N Afr. ...North-African
N Amer. ...North American
NEFr. ...North-eastern French
N. Eng. ...Northern English
N Fris. ...North Frisian
N.O. ...Natural Order
Northumb. ...Northumbrian
Norw. ...Norwegian
N.S.W. ...New South Wales
N.T. ...New Testament
N.W., n.w. N. Z ...north-west,-western
N.Z. ...New Zealand
O Bret. ...Old Breton
O Brit. ...Old British
obsc. ...obscene,-ly
O Celt. ...Old Celtic
O Corn. ...Old Cornish
OE. ...Old English (Anglo- Saxon)
OFr. ...Old French
(O) Fr. ...Old and modern French
O Fris. ...Old Frisian
O Gael. ...Old Gaelic
OHG ...Old High German
O Icel. ...Old Icelandic
O Ir. ...Old Irish
O L. ...Old Latin
O L Frank, OLG ...Old Low Frankish, German
O Lith. ...Old Lithuanian
ON ...Old Norse
ONFr. ...Old Northern French
O North. ...Old Northumbrian
O Pers. ...Old Persian
O pruss. ...Old Prussian
Opp. ...opposed (to)
Ork. ...Orkney
OS. ...Old Saxon
O Scand. ...Old Scandinavian
OSL., Oslav. ...Old Slavonic
OSp. ...Old Spanish
O Sw. ...Old Swedish
OT. ...Old Testament
OW. ...Old Welsh
pa.t ...past tense
perh. ...perhaps
Pers. ...Persian
Peruv. ...Peruvian
Pg., Port ...Portuguese
Pol. ...Plural
Pol. ...Polish
pop. L. ...popular Latin
post-Aug. ...post-Augustan Latin
post-Cl. ...post-Classical Latin
pple. ...participle
pr. ...provencal
prep. ...preposition
prob. ...probably
pron ...pronoun
refash. ...refashioned
Rom. ...Roman,1
Rum. ...Rumanian
Russ. ...Russian
S. Afr. ...South African
S. Amer. ...South American
Scand. ...Scandinavian
Schol. L. ...Scholastic Latin
Scotl. ...Scotland
Sem. ...Semitic
Serb. ...Serbian
Shetl. ...Shetland
Sinh. ...Sinhalese
Skr. ...Sanskrit
Slav. ...Slavonic
Sp. ...Spanish
Sw. Swed. ...Swedish
Syr. ...Syriac
Teut. ...Teutonic
Tokh. ...Tokharian
Turk. ...Turkish
Tyrol. ...Tyrolese
Ukr. ...Ukrainian
unkn. ...unknown
U.S. ...United State
V ...Verb
Var. ...Variable
W. ...Welsh, west., western
WFr. ...West French
WFris. ...West Frisian
W Gmc. ...West Germanic
WIE. ...Western Indo-European
W. Ind.,W. Indies. ...West Indies
W.S. ...West Saxon
WycL. ...Wyclif
YMCA ... Young Men's Christian Association
Yr ... Year
Yrbk ... Year book
YWCA ... Young Women's Christian Association
Zool ... Zoological , Zoology

SUBJECT TERMS IN ENGLISH-URDU DICTIONARY

Acoustics	سمعیات	Geography	جغرافیہ
Administration	انتظامیہ	Geology	ارضیات
Aeronautics	طیرانیات	Geometry	ھندسہ
Agriculture	زراعت	Grammar	قواعد
Anatomy	تشریح	Heraldry	نقابت
Anthropology	بشریات	History	تاریخ
Archaeology	اثریات	Horology	ساعت شناسی
Architecture	تعمیرات	Jewellery	جواھرات
Astrology	علم النجوم	Law	قانون
Astronomy	فلکیات	Linguistics	لسانیات
Bacteriology	جرثومات	Logic	منطق
Biology	حیاتیات	Mathematics	ریاضیات
Bleaching	سفید کاری	Mechanics	میکانیات
Botany	نباتیات	Medicine	طب
Chemistry	کیمیا	Metallurgy	فلزیات
Colloquial	روز مرّہ	Metaphysics	مابعد الطبیعیات
Commerce	تجارت	Meteorology	موسمیات
Conchology	صدفیات	Military	فوج
Crystyllography	قلمیات	Minerology	معدنیات
Cytology	علم خلیات	Mining	کان کنی
Dentistry	دندان سازی	Music	موسیقی
Dynamics	حرکیات	Mythology	اساطیر
Ecclesiastical	کلیسائی	Natural History	تاریخ طبیعی
Economics	معاشیات	Nautical	بحری
Education	تعلیمات	Nonce- word	یك وقتی لفظ
Electricity	برقیات	Optics	بصریات
Engineering	انجینیئرنگ	Ornithology	طیوریات
Entomology	حشریات	Palaeontology	فوسلیات
Ethics	اخلاقیات	Pathology	مرضیات
Fishery	ماھی گیری	Philosophy	فلسفہ
Fortification	قلع بندی	Phonetics	صوتیات
Forestry	جنگلات	Photography	فوٹو گرافی
Gardening	باغبانی		

Physics	طبیعیات	Smelting	تصفیه
Physiology	عضویات	Sociology	سماجیات
Politics	سیاسیات	Statics	سکونیات
Printing	طباعت	Statistics	شماریات
Prosody	عروض	Surgery	جرّاحی
Psycho - analysis	تحلیل نفسی	Surveying	پیمائش
Psychology	نفسیات	Telegraphic	تلغرافی
Radiology	شعایات	Theology	دینیات
Rhetoric	علم البدیع	Veterenary	بیطاری
Slang	عامیانہ	Zoology	حیوانیات

A : انگریزی حروف تہجی کا پہلا حرف - (موسیقی) سرتی اور اسی کے ساتھ کا سرگم ؛ (استدلال میں) پہلا مفروضہ شخص یا چیز ؛ (جبر و مقابلہ)پہلی‌مقدار معلومہ ؛ (بحر) A I (اے ون) لائڈ کمپنی کے رجسٹر میں اول درجہ کا جہاز ؛ (بول چال) اعلا درجہ کا ؛ بہترین ؛ چوٹی کا ؛ بڑھیا ؛ (بحر) (Æ) (اے ای) لائڈ کےنزدیک تیسرے درجہ کا جہاز -

A/an : (a) (۱) ایک ؛ کوئی ایک شخص مثل فلاں کے جیسے " a Daniel " - (۲) ایک ھی ؛ وھی - (۳) فرداً فرداً ؛ فی -

A : (۱) پر -(۲) بہ جانب ؛ بہ طرف ؛ کو -(۳) میں -

A : (۱) پر ؛ میں ؛ حالت میں -(۲) نھیں ؛ بغیر - (۳) بطور لاحقہ مختلف معنوں میں استعمال ھوتا ھے، جیسے : Diana, Magnesia, Soda . Idea

A I : (تجارت و معاشیات) اے ون ؛ بہترین اعلی‌ترین -

A-be : دخل نہ دینا ؛ کسی کو اس کی حالت پر چھوڑ دینا ؛ رھنے دینا ؛ ھاتھ نہ ڈالنا ؛ مداخلت نہ کر نا -

A-Day : (n) (۱) فوجی حملہ کا مخصوص دن - (۲) ایٹمی بم سے دشمن کے حملہ کا ممکن وقت -

A- dead : (a) [A + Dead] مردہ ؛ بے جان ؛ مرا ھوا -

A-deep : (adv) [A + Deep] گھرائی ؛ شدت سے ؛ دل سے -

A deux : (adv) [F.] (۱) نجی طور پر - (۲) دو افراد کے درمیان -

A-dusk : (adv) [A + Dusk] تاریکی میں ؛ دھندلکے میں -

A la : [Fr. a' la] بطرز ؛ طرز پر ؛ مطابق -

A la carte : [Fr. = by the card] تناول خانوں میں مختلف کھانوں کی فھرست سے ایک یا چند کا انتخاب کرکے فرمائش کرنا -

Aal : (a) [Hindi] ایک قسم کا لال رنگ جو مشرقی ھندوستان کے ایک جنگلی پود ے کی جڑ سے نکلتا ھے ؛ لال رنگ -

Aalii : (a) [Hawaiian] ایک چھوٹا درخت جس کی لکڑی سخت اور سیا ہ ھوتی ھے -

Aam : (Du."aam") (۱) جرمنی اور ھالینڈمیں سیال شے ناپنےکا ایک پیمانہ جو ۳۷ سے ٤۱ گیلن تک کا ھوتا ھے - (۲) صندوقچہ -

A AR : (تجارت و معاشیات) اے - اے - آر ؛ کل جوکھم کا بیمہ Against all risk

Aard-vark : (n) [Du."aarde (earth) + "Vark" (pig)]

پانچ فٹ لمبا افریقہ کا کیڑے مکوڑے کھانے والا جانور جس کی سانپ نما زبان ، لمبے کان اور موٹی بھاری دُم ھوتی ھے -جس کو گراز موش ، گھونسخور، زمیخوك اور مور خور بھی کہتے ھیں -

Aard-wolf : (n) [Du."aarde"(earth)+Wolf] جنوبی شمالی اور مشرقی افریقہ کا ایک گوشت خور چوپایہ ؛ زمیگرگ ؛ چرخ (لکڑبگھا) سے مشابہ جانور-

Aaronic /- al : (n) [F.the proper name] ھارون سے متعلق -

Aaronite : (n) ھارون کے پیشوا اخلاف -

Aaron's beard : (n)[Psalm 133:2] ایک قسم کا پودا جس کی جڑیں دھاگے کی شکل کی ھوتی ھیں ؛ ریش ھارون -

Aaron's rod : (n) (۱) مختلف رنگ کےپودوں کا نام ؛ عصائے ھارو ن - (۲) (تعمیرات) ایک چھڑی جس کے گردلپٹے ھوئے سانپ، انگوروں کی بیل یا پتیوں کا نقش ھوتا ھے اور اس کا استعمال تعمیری آرائش کے لئے ھوتا ھے ؛ عصائے زریں -

Aasvogel : (n) [Fr."aas"(carrion)+"vogel " (bird)] افریقہ کا گدھ -

Ab : (n) [Heb.] عبرانی سال کا پانچواں مہینہ ؛ حکومت کے مقررہ سال کا گیارھواں مہینہ ؛ ملک شام کے سال کا بارھواں مہینہ : اگست ۔

Ab : (prefix) [repre . L. " ab "] سابقہ بمعنی دور ؛ علاحدہ ؛ الگ (کسی چیز سے) ۔

Ab absurdo : (adv. or a) [L.] لغویت سے ۔

Ab-apical : (a) [ab+Apical] (طب) بدر راسی ۔

Ab-aptiston : (a) (طب) بدر غرقی ۔

Ab-arognosis : (a)[Ab+Arognosis] (طب) بدر وزن شناسی ۔

Ab-articular : (a) (طب) بدر مفصلی –

Ab-Blephary : (a)[Ab+Gr."blepharon"] (طب) بدر پلکی –

Ab-Blephara : (n) [Ab+Gr."blepharon"] (طب) بدر بینی –

Ab-embryonic : (a) [Ab+Embryonic] بدر جنینی –

Ab-enteric : (n) [Ab+ Enteric] بدر امعائی –

Aba : (n) مسٹر M.d' Abbadie کا ایجاد کردہ عرض البلد وغیرہ دریافت کرنے کا ایک آلہ –

Aba : (n) [Arab. "aba"] عبا ؛ بغیر آستینوں کا اوپری لباس جو اونٹ یا بکرے کے بالوں یا اون سے تیار ہوتا ھے اور عربوں میں مستعمل ھے –

Ababda : (n) [Arab. "ababida "] عربی بولنےوالی مصر کی بدوی قوم ۔

Abaca : (n)[Native name] کیلے کے مانند ایک درخت جو فلپائن جزیرہ میں پایا جاتا ھے اور جس کے دھاگے سے رسی اور کپڑا تیار ہوتا ھے –

Abacinate : (v) [L."ab+bacinus"] گرم لوھے یا کسی اور گرم دھات کو آنکھ کے سامنے رکھ کر اندھا کرنا –

Abaciscus : (n) [Gr. "abaciscos"] پچی کاری میں استعمال ہونے والی مربع نما یا مستطیل نما سل ؛ موزیک ٹائل –

Abacist : (n) [L ."abacus "] بال فریم (گنتارا) استعمال کرنے والا –

Aback : (adv) [OE "on+baec"] (۱) پیچھے ؛ پشت کی جانب ۔ (۲) (بحر) باد گرفتہ ؛ ھٹتا ہوا ؛ دبتا یا رکتا ہوا – (وہ حالت جب ہوا کے دباؤ سے بادبان مستول سےچمٹ جاتے اور جہاز کے آگے بڑھنے میں حارج ہوتے ھیں) ۔

To be taken aback (۱) (بحر) بادبان گرفتہ ہونا ۔ (۲) ششدر رہ جانا ؛ بھونچکا رہ جانا –

Abactinal : (a) [L."ab+actinal "] (۱) (حیوانیات) منھ سے دور ؛ (حیاتیات) بدر کرنی ؛ نے کرنہ ۔ (۲) اس حصے کا یا اس سے متعلق جو شعاعی جانوروں کے منھ کے مخالف ہو ۔

Abactor : (n) [L. "abigere"] مویشی چور ۔

Abaculus : (n) [L.dim of "abacus "] (تعمیرات) دیکھو Abaciscus

Abacus : (n) [L.] (۱) بال فریم ؛ ایک قسم کا چوکھٹا جس میں تار لگے ہوتے ھیں اور ان میں گولیاں ہوتی ھیں – اعداد کی دریافت سے قبل انھیں سے شمار کا کام لیتے تھے ؛ گنتارا ؛ شمار آموز ؛ تختہ شمار ۔(۲) ریت سے بھرا طشت جو زمانۂ قدیم میں اقلیدیسی شکلیں وغیرہ بنانے میں استعمال کیا جاتا تھا – (۳) (تعمیرات) ستون کا اوپری حصہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) بھرنا ۔

Abaddon : (n) [Heb.] جہنم ؛ دوزخ ؛ ابلیس –

Abaft : (prep.) [A+bi+aeften] پیچھے ؛ پشت میں ؛ عقب میں ؛ (جہاز رانی) سکان رخ ۔

Abaiser : (n) [F."Abaisser"] (۱) (نقابت) جھکا ہوا ۔ (۲) سیاہ رنگ جو ھاتھی دانت کو جلا کر بناتے ھیں ۔

Abaisse : (a) [F."abaisser "] مصوری میں رنگ کی شوخی کو کم کرنے والا کالا رنگ –

Abalone : (n) [Sp.] ایک صدفی مچھلی : ابلونا ؛ گوش صدفہ –

Abambulacral : (a) (حیاتیا ت) بدر منقالی -

Abampere : (n) [ab+ampere] برقی رو کی برق مقناطیسی اکائی جو 10 ایمپئر کے برابر ھوتی ھے اور ایک سینٹی میٹر نصف قطر کے دائرہ نما راستہ سے گذرتی ھے ؛ ایب ایمپئر -

Abandon : (v) [O Fr. " abandoner "] ترک کرنا ؛ دست بردار ھونا ؛ چھوڑنا ؛ چھوڑ دینا ؛ دغا دینا ؛ دوسرے کے حق میں دست بردار ھونا ؛ اپنے دعوا سے باز آنا ؛ دست کش ھونا ؛ حوالہ کر دینا ؛ سپرد کردینا ؛ فطری جذبے کے زیر اثر ھونا ؛ بے یارو مددگار چھوڑ دینا ؛ اوباش ھو جانا ؛ لا ابالی ھونا -

Abandon : (n) لا ابالی پن ؛ بے پروائی -

Abandoned : (a) متروک ؛ آوارہ ؛ اوباش ؛ بیباك ؛ عیاش ؛ لا ابالی ؛ مرفوع القلم ؛ بد شعار -

Abondoned child : (n) (سماجیا ت) متروك بچہ -

Abandonee : (n) (قانون) وہ شخص یا ادارہ جس کے ذمہ ٹوٹے یا ڈوبے جہاز اور اس کا مال نکالنے کا انتظام ھوتا ھے -

Abandonment : (n) ترک ؛ دست برداری ؛ کنارہ کشی ؛ اسباب کنارہ کشی ؛ حق یا دعوے سے دست برداری ؛ ترک رفاقت ؛ کس مپرسی ؛ بے چارگی ؛ (کسی طرف کا) ھو رھنا ؛ تج دینا (اپنے آپ کو) ؛ لا ابالی پن ؛ متارکہ ؛ (کامرس) دست برداری -

Abandonment clause : (n) دفعہ ترک -

Abandonment of voyage : (n) (تجارت و معاشیا ت) ترک بحری سفر -

Abandum : (a) [Med.L.] خارج کیا ھوا ؛ ممنوع قرار دیا ھوا ؛ منقطع کیا ھوا -

Abarticulation : (n)[mod.L."Abarticulatio"] وہ گرہ بندی جس سے جوڑ میں حرکت قائم رھے ؛

Abase : (v) [O Fr."abaissier"] نیچا کرنا ؛ درجہ سے نیچے اتارنا ؛ ذلیل کرنا ؛ درجہ کم کرنا ؛ حقیر کرنا -

Abased : (a) نیچے کی طرف جھکا ھوا -

Abasement : (n) تذلیل ؛ تحقیر ؛ کم قدری -

Abash : (v) [A Fr."abaiss"] شرمانا ؛ شرمندہ ھونا ؛ شرمندہ کرنا ؛ پشیمان ھونا ؛ خجل ھونا ؛ منفعل ھونا ؛ پانی پانی کرنا ؛ عرق عرق ھونا ؛ پسینہ پسینہ ھونا ؛ جھینپنا ؛ جھینپ جانا -

Abashment : (n) خجالت ؛ انفعال ؛ شرمندگی ؛ جھینپ -

Abasia : (n) [L ."a"+Gr."basis "] اعصابی نظام کی گڑبڑی کے باعث چلنے سے معذوری ؛ بدر حرکی ؛ ناخرامی ؛ تغیف -

Abask : (adv) دھوپ کھاتے ھوئے -

Abatage : (n) دفاعی ذبح (دیگر جانوروں کی حفاظت کے لئے مریض جانوروں کا ذبح کرنا) -

Abate : (v) [O Fr."abatre"] (۱) کم ھونا ؛ دھیما کرنا ؛ ختم کرنا ؛ روکنا ؛ گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ تخفیف کرنا -(۲) نرخ کم کرنا ؛ زور کم کرنا ؛ قوت گھٹانا ؛ کمزور کرنا - (۳) وضع کرنا ؛ منہا کرنا ؛ مجرا دینا - (٤) زور ٹوٹنا (سیلاب وغیرہ کا -

Abate : (v) غیر قانونی طور پر کسی متوفی کی معافی لگان جائداد پر جائز وارث کے قابض ھونے سے پہلے قبضہ کرلینا -

Abatement : (n) (۱) کمی ؛ مجرائی ؛ منھائی ؛ گھٹاؤ ؛ تخفیف ؛ کٹوتی - (۲) (طب) افاقہ ؛ (کامرس) تخفیف -

Abatement : (n) مجرمانہ داخلہ ؛ غصب -

Abatis : (n) [Late : L."abateticious "] گرائے ھوئے درختوں سے دفاعی مورچہ بندی -

Abatjour : (n) [Fr.] روشن دان ؛ تاب دان -

Abator : (n) [Late AFr.] (۱) بیہودہ کاموں کو روکنے والا- (۲) جائز وارث کے قبل کسی جائداد پر غیر قانونی طور پرقابض ھونےوالا ؛ غاصب - (۳) غصب کرنے کا حیلہ -

Abatsons : (n) [Fr."abattre+sons "] آواز نیچے پہنچانے کی ترکیب -

Abattoir : (n) [Fr.] مذبح ؛ کیل خانہ ؛ بوچڑ خانہ ؛ مسلخ -

Abature : (n) [Fr. "abatture"] جنگل جھاڑیوں میں بارہ سنگھوں کے نشانات -

Abaxial : (a) بے مرکز ؛ مرکز سے دور؛ خارج المحور ؛ (طبیعیات) بدر خوئی -

Abaxila : (a) بدر طولی ؛ محور-

Abb : (n) [A+ web] (پارچہ بافی کا) بانا ؛ بھرنی ؛ (تانا کے ساتھ کا) دھاگا -

Abba : (n) [eccl. L.] (۱) ابا ؛ باپ ؛ پدر ؛ استمدادیہ کلمہ بطور اظہار پسرانہ محبت -
(۲) شامی اورقبطی گرجاؤں کے پادریوں کا لقب -

Abbacy : (n) [Sc.] کلیسا کے صدر راہب کا عہدہ اور معیاد عہدہ -

Abbasi : (n) [Arab."Abbas"] (۱) فارس کا ایک نقرئی سکہ - (۲) فارس کا قدیم پیمانۂ وزن-

Abbate : (n) [eccl. L.] اطالوی صدر راہب -

Abbatial : (n) [med.L."abbatialis"] صدر راہب یا راہبہ سے یا اس کے عہدہ سےمتعلق -

Abbe : (n) [Fr.] وہ فرانسیسی جو کلیسائی لباس پہنتا ہو -

Abbe Helmert Criterion : (n) (شماریات) ایب ہلمرٹ کسوٹی -

Abbess : (a) [OFr."abbesse"] صدر راہبہ ؛ دارالراہبات کی معزز راہبہ -

Abbevillion : (a) (تاریخ و سیاسیات) ابویلی ؛ قدیم حجری عہد کا یا اس سے متعلق -

Abbey : (n) [L. "abbatia "] (۱) راہبوں یا راہبات کی جمیعت ؛ دیر ؛ کلیسا ؛ گرجا -
(۲) (تا) ایبی ؛ مٹھ؛ عیسائی خانقاہ -

Abbot : (n) [DE."äbbud".] صدر راہب ؛ راہبوں کے کلیسا کا صدر ؛ تجدید مسیحیت

کے بعد اکثر ایسے لوگوں کے لئے استعمال کیا جاتا تھا جنھیں کلیسا کی آمدنی دی جاتی تھی ؛ (تا) ایبٹ -

Abbreviate : (v) [L ."abbreviatus"] مختصر کرنا ؛ مختصراً بولنا یا لکھنا ؛ قصر کرنا ؛ کم کرنا (کاٹ کر) -

Abbreviate : (a) قصر کردہ ؛ ایجاز کرنا ؛ مختصر ؛ تخفف -

Abbreviation : (n) تخفیف ؛ اختصار ؛ ایجاز؛ کمی ؛ (تاریخ و سیاسیات) مخفف -

Abbreviations : (n) مخففات -

Abbreviator : (n) (۱) مختصر کرنے والا ؛ قصر کرنے والا - (۲) وہ افسر جو پوپ کا ہدایت نامہ تیار کرتا ھے -

Abbreviature : (n) حالت اختصار ؛ تلخیصی صورت -

A. B. C. (n) حروف تہجی؛ ابتدائی کتاب ؛ ابتدا ؛ شروعات ؛ آغاز ؛ مبادیات ؛ اولیات ؛ وقت نا مہ (ریل گاڑی کا) ؛ دستورالعمل -

A B C Countries : (n) (تاریخ و سیاسیات) اے - بی - سی ممالک (ارجنٹائن ، برازیل اور چلی) -

Abd-cantesis : (n) شکمی چھید -

Abd-hysterectomy : (n) شکمی رحم براری -

Abd-hysterotomy : (n) شکمی رحم شگافی -

Abd-perinal : (a) شکمی عجانی -

Abd-posterior : (a) پس شکمی -

Abd-utertomy : (n)[Abd + Uterotomy] شکمی رحم شگافی-

Abd-vesicle : (n) شکمی مثانی -

Abderian : (a) [Gr."Abdera"] (۱) ابدیرا (Abdera) یا اس کے باشندوں سے متعلق -
(۲) احمقانہ -

Abderite : (n) [Gr."Abderites"] (۱) ابدیرا کا باشندہ -
(۲) بیوقوف -

Abdest : (n) [Pers.] وضو کرنا ؛ پانی سے
طہارت کرنا -

Abdicate : (v) [L."abdicare"] چھوڑ دینا ؛
دست بردار ہونا ؛ حق وراثت سے
محروم ہونا یا کرنا ؛ کنارہ کش ہونا -

Abdicated : (a) چھوڑا ہوا ؛ قبضہ یا حق سے
الگ کیا ہوا ؛ خود سے الگ ہونے والا ؛
وراثت سے محروم -

Abdication : (n.) [L."abdicatio -"] فرماں روائی سے
دست برداری ؛ علاحدگی ؛ دست برداری ؛
ترک سلطنت ؛ بیمہ کمپنی کو حق ملکیت
سپرد کرنا -

Abdicator : (n) چھوڑنے والا ؛ دست بردار ہونےوالا ؛
حق وراثت سے محروم یا محروم کرنے والا -

Abditory : (n) [med.L."abditorium"] پوشیدہ خزانہ ؛
پوشیدہ گودام ؛ چیزوں کو چھپا کر
رکھنے کی جگہ -

Abdomen : (n) [L. "abdomen"] شکم ؛ پیٹ ؛
کیڑے مکوڑوں کا پچھلا حصہ -

Abdominal : (a) [med.L."abdominalis"] شکمی ؛ پیٹ کا یا
اس سے متعلق -

Abdominal : (n) مچھلیوں کی وہ قسم جنکے
پر نیچے ہوتے ہیں ؛ پیٹ پری -

Abdominal breathing : (n) (لسانیات) شکمی تنفس -

Abdominal cavity : (n) (لسانیات) شکمی جوف -

Abdominal obstipum : (n) انقباض شکمی -

Abdominal pores : (n) شکمی مسامات -

Abdominal reflex (n) شکمی عکسیہ -

Abdominal regions : (n) شکمی خطے -

Abdominal ring : (n) شکمی حلقے -

Abdominalia :(n)[mod.L."abdominalia"] ایک سمندری جانور
جس کے چھ [٦] پاؤں بال کے گچھے
کی طرح ہوتے ہیں -

Abdominally : (adv) شکمی طور پر -

Abdomino anterior : (n) پیش شکمی -

Abdominoscopy : (n) مریض شکم کی تشخیص
(انگلیوں سے بجاکر، معائنہ کرکے
یا ناپ کر) ؛ درون بینی -

Abdominous : (a) بڑی توند والا ؛ توندیل ؛
موٹا ؛ ڈھینڈس -

Abdominus : (a) توندیلا -

Abduce : (v) [L."abducere"] (١) اغوا کرنا ؛
لے بھاگنا ؛ بھگا لے جانا -
(٢) عضو کو کھینچنا (اپنی جگہ سے) ؛
عضو کو الگ کردینا -

Abducens : (n) (١) تبعید - (٢) عصب مبعِّد -

Abducent : (a) [L."abducentum"] اعصاب مبعد
پھیلا نے والا ؛ کھینچنے والا ؛
مبعد ؛ دور رکھنے والا -

Abducent nerves : (n) (حیو) اعصاب مبعدہ -

Abduct : (v) [L."abductum"] دیکھو Abduct

Abduction : (n) (١) لے بھا گنا ؛ اغوا کرنا
(کسی کی بیوی ، بچہ ، ووٹر وغیرہ کا) -
(٢) (عضو) عضو کو باھر کھینچنا -
(٣) (جراحی) زخم کے کنارے کا سکڑنا
جس سے اس کا منھ کھل جا ئے -
(٤) (منطق و نفسیات) قیاس احتمالی ؛
محتملہ ؛ (طب) تبعید -

Abductive : (a) قیاسی -

Abductively : (adv) قیاسی طور پر -

Abductor : (n) (١) اغوا کرنے والا ؛ مغوی ؛
بھگالے جانے والا- (٢) وہ نس یا پٹھا
جو جسم کے حصہ کو اپنی جگہ سے
کھینچ لیتا ھے ؛ (طب) باعد -

Abductor muscles : (n) مبعد عضلات -

Abeam : (adv) [A+beam] (جہاز رانی) جہاز کے

طول سے اس کے مرکز کے مخالف
زاویہ قائمہ بنانے والے خط میں ؛
جہاز کے پیندے سے زاویہ قائمہ بنانے
والے خط میں –

Abear : (v) برداشت کرنا –

Abecedarian : (a) [late L. "abecedarius"] حروف تہجی سے
متعلق ؛ حروف تہجی کے اعتبار سے
ترتیب دیا ہوا ؛ حروف وار ؛
نوآموز سے متعلق ؛ طفل مکتب ؛
عامی ؛ ابجد خواں ؛ حروف تہجی کا
معلم یا متعلم –

Abecedary : (n) [late L."abecedarius"] ابتدائی تعلیم
کی کتاب –

Abed : (adv) [A+ Bed] بستر پر ؛ پلنگ پر ؛
سوتا ہوا ؛ آرام کرتا ہوا ؛ خوابیدہ –

To bring abed : ولادت ہونا ؛ بچہ جننا –

Abeigh : (adv) تھوڑی دور پر ؛ اکیلا ؛ تنہا –

Abel mosk : (n) [Arab."habbu-l-misk"] پودوں کی ایک جنس
حب المشک –

Abel tree : (n) ایک سفید لمبا درخت –

Abele : (n) [Du."abeel"] ایک سفید لمبا درخت ؛
سفیدہ –

Abelia : (n) [NL."Abel+ia"] مشرقی ایشیا کی ایک جھاڑی
جس کے سرخ و سفید پھول ہوتے ہیں ۔

Abelian : (n) [Abel] افریقی منافقوں کا ایک فرقہ –

Abelian extension : (n) (ریاضی) ابیلی توسیع –

Abelian group : (n) (ریاضی) ابیلی گروہ –

Abel's inequality : (n) (ریاضی) ابیل کی نابرابری –

Abel's series : (n) (ریاضی) ابیل کا سلسلہ -

Abel's summability : (n) (ریاضی) ابیل کی جمع پذیری ۔

Abendmusik : (n) [G. "abend+ musik"] (۱) مذہبی یا نیم
مذہبی قسم کی موسیقی جس کا
انصرام عموماً شام کے وقت ہوتا ہے–
(۲) شام کی موسیقی –

Aberdevine : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی چڑیا -

Abernethy : (n) [F. name of John Abernethy] ایک قسم کا
سخت بسکٹ جس میں زیرہ کی
خوشبو ہوتی ہے –

Aberrance : (n) [See Aberrant] بہک جانا ؛
گمراہی ؛ بگاڑ ؛ کج خلقی ؛ اختلال ؛
خلاف معمول ہونا ؛ کج روی –

Aberrancy : (n) دیکھو Aberrance

Aberrant : (a) [L."aberrantum"] گمراہ ؛ بھٹکا ہوا ؛
کج رو ؛ خلاف معمول ؛
عجیب الخلقت ؛ انوکھی خلقت کا ؛
طبعی ساخت سے جدا ؛ (حیاتیات) منحرف ؛
(لسانیات) انحرافی ؛ (اخلاقیات) خاطی –

Aberrant personality : (n) فاتر شخصیت ۔

Aberration : (n) [L."aberratio"] (۱) بھٹکنا ؛
مارا مارا پھرنا ؛ ذہنی انحراف ؛
کج روی ؛ کج راہی ؛ ضلالت ؛ فتور –
(۲) قاعدہ یا ضابطہ شکنی ؛ تجاوز–
(۳) نوع سے اختلاف ؛ نقص خلقی ؛
سقم ؛ تجاوز نوعی ؛ عجوبیت –
(٤) شعاعوں کا ایک مرکز پر نہ ملنا ؛
عدم ارتکاز– (٥) انحراف (اجرام فلکی کا) ؛
مغالطہ – (٦) (طبیعیا ت) فتور ؛
(ریاضی) انحراف ؛ کج روی ؛ (اخلاقیات) خطا ۔

Angle of aberration : (ریاضی) زاویہ انحراف
(کج روی) ؛ زاویہ ضلالت ۔

Annual aberration : (ریاضی) سالانہ انحراف
(کج روی) –

Chromatic aberration : (طبیعیات) رنگی فتور ؛
(ریاضی) رنگی انحراف (کج روی) ؛
لونی انحراف –

Co-efficient of aberration : (ریاضی) ضریب انحراف
(کج روی) ؛ (طبیعیات) ضریب فتور۔

Constant of aberration : (ریاضی) انحراف کا
مستقل ؛ (طبیعیات) فتور کا
کونس ٹینٹ ؛ فتور کا ثبات –

Dioptric aberration : ماسکی کج روی ۔

Distantial aberration : فاصلی کج روی –

Diurnal aberration : (ریاضی) یومیہ انحراف (کج روی) ؛ (طبیعیات) فتور یومی -

Ellipse aberration : (ریاضی) انحراف کا نقص ؛ (طبیعیات) فتورالیپسی -

Error aberration : (ریاضی) انحراف سہو ؛ (طبیعیات) فتور سہو -

Lateral aberration : (ریاضی) جانبی انحراف (کج روی) -

Law of aberration : (ریاضی) قانون انحراف (کج روی) ؛ (طبیعیات) فتور کا قانون -

Longitudinal aberration : طولی کج روی -

Mental aberration : دماغی کج روی ؛ دماغی خلل ؛ (فلسفہ و نفسیات) ذہنی کج روی ؛ ذہنی کجی -

Optical aberration : (ریاضی) نوری انحراف (کج روی) ؛ (طبیعیات) فتورنوری -

Planetary aberration : (ریاضی) نجمی انحراف (کج روی) ؛ (طبیعیات) فتور سیاروی -

Spherical aberration : (ریاضی) کروی انحراف ؛ (طبیعیات) فتورکروی -

Aberration curve : (ریاضی) انحراف کا انحناء -

Aberration of a star : (ریاضی) ستارے کا انحراف ؛ (طبیعیات) ستارے کا فتور ؛ زیغ الکوکب -

Aberration of light : (ریاضی) روشنی کا انحراف ؛ (طبیعیات) نوری فتور ؛ (بصریات) ضلالت نور -

Aberrometer : (n) کج روی پیما -

Abessinal case : (n) (لسانیات) بے تغیر پذیر حالت -

Abet : (v) [OFr."abeter"] (۱) برے کام کی ترغیب دینا ؛ بہکانا - (۲) اعانت کرنا (جرم میں) ؛ مدد کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ پشت پناہی کرنا -

Abetment : (n) [AFr."abetement"] اعانت ؛ حمایت ؛ پشت پناہی ؛ پیروی ؛ ہوا خواہی ؛ طرف داری -

Abettor /-er : (n) [AFr."abettour"] (قانون) معین (ارتکاب جرم میں) ؛ حمایتی ؛ حامی ؛ ہوا خواہ ؛ طرفدار ؛ پیرو -

Abevacuation : (n) [Ab+Evacuation] بے قاعدہ اور نا مکمل انخلاء -

Abextra : (adv) [Ab+Extra] (۱) باہر سے ؛ بیرونی جانب سے - (۲) بیرونی ؛ خارجی-

Abeyance : (n) [OFr."abeance"] (۱) التوا میں پڑجانا ؛ تعطل ؛ بحالت معطلی ؛ التوا ؛ تعلیق ؛ وقفہ - (۲) قانونی غور و فکر اور توقعات -

Abhinaya : (n) [Skr.] چہرے اور ہاتھوں کی پرمعنی حرکات جو کتھا کلی رقص میں ہوتی ہیں -

Abhiseka : (n) [Skr.] تاج پوشی -

Abhor : (v) [L."abhrrere"] نفرت سے دیکھنا ؛ کراہت کرنا ؛ گھن کرنا ؛ حقارت سے دیکھنا -

Abhorrence : (n) تنفر ؛ کراہت ؛ حقارت ؛ چڑ ؛ موجب کراہت ؛ (فلسفہ و نفسیات) شدید کراہت -

Abhorrent : (a) (۱) قابل نفرت ؛ نفرت انگیز ؛ گھناونا ؛ مکروہ ؛ قابل تنفر - (۲) بے جوڑ ؛ بے میل ؛ متخالف -

Abhorrer : (n) (۱) نفرت کرنے والا ؛ حقارت سے دیکھنے والا - (۲) (تاریخ) چارلس دوم (۱٦۷۹) کو دئے گئے سپاسنامے پر دستخط کر نے والا (جسمیں دوبارہ پارلیامنٹ بلانے کی درخواست کی گئی تھی) -

Abib : (n) [Heb.] یہودیوں کے ایک مہینے کا نام ؛ کلیسائی سال کا پہلا اور حکومت کے مقررہ سال کا ساتواں مہینہ جو بعد میں Nioam کے نام سے موسوم ہوا -

Abidance : (n) (۱) استمرار ؛ استقرار ؛ قیام ؛ جاری رہنا - (۲) بودوباش ؛ سکونت ؛ اقامت گزینی - (۳) پابندی ؛ اتباع ؛ قائم رہنا (کسی قاعدے یا وعدے پر) -

Abide : (v) [OE."abidan"] (۱) ٹھہرنا ؛ توقف کرنا ؛ رہنا سہنا ؛ قیام کرنا ؛ بسنا ؛ بودوباش کرنا ؛ سکونت پذیر ہونا ؛

اقامت گزیں ہونا- (۲) جاری رہنا ؛ جاری رکھنا ؛ برقرار رکھنا یا رہنا ؛ علی حالہ رہنا یا رکھنا ؛ قائم رہنا یا رکھنا - (۳) ٹکا رہنا ؛ مضبوط رہنا ؛ مضبوطی سے جمنا ؛ مصر رہنا ؛ اڑے رہنا - (٤) باقی رہنا ؛ بچ رہنا ؛ فاضل رہنا ؛ مستقل رہنا - (٥) انتظار کرنا ؛ راہ دیکھنا ؛ گھات یا تاک میں رہنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ برداشت کرنا ؛ جھیلنا ؛ سہنا ؛ متحمل ہونا ؛ ضبط کرنا (صرف نفی میں) - (٦) ماننا ؛ پابند رہنا ؛ صادق رہنا ؛ عمل کرنا ؛ اطاعت کرنا -

Abide by : (v) سرتسلیم خم کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ پابند رہنا ؛ صادق رہنا (کسی قول پر) ؛ عمل کرنا ؛ اطاعت کرنا ؛ عامل ہونا -

Abider : (n) ٹھہرنے والا ؛ توقف کرنے والا ؛ قیام پذیر ؛ سکونت پذیر ؛ اقامت گزیں ؛ قائم رہنے والا ؛ قائم رکھنےوالا ؛ عامل ؛ اطاعت گزیں ؛ باقی رہنےوالا ؛ منتظر ؛ تاک میں رہنے والا ؛ ضبط کرنے والا -

Abiding : (a) دائمی ؛ مستقل ؛ ہمیشہ کا ؛ دوامی ؛ پائدار ؛ دیرپا -

Abidingly : (adv) مستقلاً ؛ دواماً ؛ دیرپاطور پر ؛ پائدارطورپر -

Abience : (n) [L." abietem"] کسی محرک یا حالت سے علاحدگی ؛ (حیاتیات) پسپائی -

Abient : (a) علاحدگی اختیارکرنے والا ؛ (طب) مغرور -

Abietene : (n) [L." abietem"] سرو کی رال یا بلسان سے تقطیر شدہ ہائیڈرو کاربن -

Abietic : (a) سرو کا ؛ سرو سے متعلق -

Abietine : (n) ایک قسم کی بے اثر رال (گوند) جو Straburg کی تارپین اور کناڈا کی بلسان سے کشید کی جاتی ہے -

Abietite : (n) [L. " abietem"] ایک قسم کی چینی -

Abigail : (n) [Bible I Sam xxv 24. 31] (۱) (بیگمات کی) خواص ؛ پیش خدمت - (۲) Beaumont اور Fletcher کی کتاب The Scornful Lady میں ایک کردار کا نام -

Ability : (n) [L. "habilitas" (۱) (معاشیات) صلاحیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) اہلیت ؛ قابلیت ؛ لیاقت - (۲) جسمانی اور دماغی قوت ؛ قدرت ؛ اختیار ؛ دماغی مجاز ہونا (قانون) - (۳) مالی حیثیت ؛ استطاعت ؛ مقدور - (٤) ذہانت ؛ ہوشیاری ؛ استعداد - (٥) (طبیعیات) پذیری ؛ (سماجیات) صلاحیت ؛ لیاقت -

Academic ability : (فلسفہ و نفسیات) علمی قابلیت -

Aesthetic ability : (فلسفہ و نفسیات) جمالیاتی قابلیت -

Artistic ability : (فلسفہ و نفسیات) فنی قابلیت -

Constructive ability : (فلسفہ و نفسیات) تعمیری قابلیت -

Deductive ability : (فلسفہ و نفسیات) استنباطی قابلیت -

General ability : (فلسفہ و نفسیات) معمولی قابلیت -

Inductive ability : (فلسفہ و نفسیات) استقرائی قابلیت -

Inherited ability : (سماجیات) وراثتی صلاحیت -

Limited ability : (فلسفہ و نفسیات) محدود قابلیت -

Linguistic ability : (فلسفہ و نفسیات) لسانی قابلیت -

Manual ability : (فلسفہ و نفسیات) ہاتھ کے کام کی قابلیت -

Mechanical ability : (فلسفہ و نفسیات) میکانکی قابلیت -

Mental ability : (فلسفہ و نفسیات) ذہنی قابلیت -

Musical ability : (فلسفہ و نفسیات)موسیقانہ قابلیت -

Native ability : (فلسفہ و نفسیات) خلقی قابلیت -

Numerical ability : (فلسفہ و نفسیات) شماری قابلیت ؛ حسابی قابلیت -

Perceptual ability : (فلسفہ و نفسیات) ادراکی قابلیت -

Physical ability : (فلسفہ و نفسیات) جسمانی قابلیت -

Potential ability : (فلسفه و نفسیات) امکانی قابلیت ۔

Practical ability : (فلسفه و نفسیات) عملی قابلیت ۔

Reading ability : (فلسفه و نفسیات) قوت مطالعه ۔

Silent reading ability : (فلسفه و نفسیات) خاموش مطالعه کی قابلیت ۔

Spatial ability : (فلسفه و نفسیات) مکانی قابلیت ۔

Special ability : (فلسفه و نفسیات) خصوصی قابلیت ۔

Specific ability : (فلسفه و نفسیات) مخصوص قابلیت ۔

Verbal ability : (فلسفه و نفسیات) تقریری قابلیت ۔

Ability grouping : (فلسفه و نفسیات) گروه بندی بلحاظ قابلیت ۔

Ability of pay : (تجارت و معاشیات) ادا کرنے کی سکت : ادا کرنے کی صلاحیت ۔

Ability profile : (فلسفه و نفسیات) نقشه قابلیت ۔

Ability to pay : اهلیت ادائی ۔

Abinitio : (adv) [L.] (انتظامیه) ابتدا سے ؛ شروع سے ؛ از سر نو ۔

Abinitio differentiation : (ریاضی) ابتدا سے تفرق ۔

Abio : (a-Bio) واصله بمعنی"بےجان" ؛ " لاحیاتی"۔

Abiogenesis : (n) [Gr."abios+genesis"] بےجان ماده سے جاندار کا پیداهونا ؛ خود زائی ؛ لا حیاتی تولید (حیات از ممات) ۔

Abiogenetic : (a) خود زائی سے متعلق ۔

Abiogenetically : (adv) خود زائی سے ۔

Abiogenist : (n) خود زائی پر یقین رکھنے والا ؛ خود زائی کا معتقد ۔

Abiogenous : (a) خود زائیده ۔

Abiogeny : (n) لا حیاتی تولید ؛ خود زائی ۔

Abiological : (a) غیر جانداروں کے مطالعه سے متعلق ؛ (طب) لاحیاتیاتی ۔

Abiology : (n) (طب) لاحیاتیات ۔

Abiotic : (a) بے جان ۔

Abirritant : (n) سکون پهنچانے والی چیز ۔

Abirritate : (v) [L. "ab+irritate"] هیجان کم کرنا ؛ سوزش کم کرنا ۔

Abject : (a) [L. "abjectus"] (۱) حقیر ؛ ذلیل ؛ پست ؛ گرا هوا ؛ گهٹیا ۔(۲) ذلیل و خوار ؛ رسوا ؛ فرومایه ۔(۳) قابل نفرت ؛ نفرت انگیز ؛ ادنیٰ؛ سفله ؛ نفرا ۔

Abjection : (n) (۱) ذلت ؛ معزولی ؛ تنزل ؛ پستی ؛ زبوں حالی ۔(۲) تذلیل ؛ تحقیر ۔

Abjudge : (v) [Ab+judge] عدالتی فیصلے کے ذریعه لے لینا ۔

Abjudicate : (v) [L."abjudicare"] کسی بات کے خلاف فیصله دینا ؛ غیر قانونی قرار دینا ۔

Abjuration : (n) حلفیه دست برداری ؛ قسم کھا کر کسی چیز کو ترک کرنا ؛ قسم یا حلف انکاری ؛ دست برداری ؛ بے دعوا هو جانا ؛ حلفی انکار ۔

Abjure : (v) [L. "abjurare"] دست بردار هو جانا ؛ انکاری قسم کهانا ؛ قسماً چهوڑ دینا ؛ قسم کها کر مسترد کر دینا ؛ قسماً بے دعوا هو جانا ؛ همیشه کے لئے دست بردار هونے کے لئے قسم کهانا ۔

Abkari : (n) [Pers."ab-kari"] آبکاری ۔

Ablactation : (n) [late."ablactatio"] (۱) بچوں سے ماں کا دودھ چهڑانا ؛ دودھ بڑھائی ؛ دودھ چهڑائی ؛ فطام ۔(۲) (باغبانی) قلم لگانا ؛ (حیاتیات) پیوند کاری ۔

Ablastemic : (a) [Gr.] عدم الجنین ؛ غیرجنین ؛ بغیر نشو و نما کا ۔

Ablation : (n) [late L." ablatio"] (۱) نکال لینا ؛ جزع ؛ قطع ؛ لے جانا ؛ (لسانیات) اخراج فاصلیت ۔ (۲) (جراحی) جسم کے کسی عضو کو علاحده کرنا ۔(۳) (ارضیات) چٹانوں یا گلیشیر کی سطح کا بیکار حصه ؛ گهلنا ؛ فرسودگی ؛ تحلیل ؛ گهسنا (چٹانوں یا برف کے ڈهیر کا پانی کے اثر سے) ۔

Ablatitiosus : (a) [L." ablatus"] گھٹنے والا ؛ کم ہونےیا کم کرنے والا ۔

Ablative : (n) [L. "ablativus"] (۱) اسم کی وہ حالت جس سے جگہ یا وقت یا سمت ظاہر کی جاتی ہے (لاطینی اور دوسری آریائی زبانوں میں مستعمل) ۔ (۲) اسم کی اخراجی حالت (جس سےفعل کے ماخذ، سبب وغیرہ یعنی"سے" کے معنی مستفاد ہوتے ہیں) ؛ (لسانیات) فاصلی ۔

Ablative absolute : (n) (لسانیات) مطلق فاصلی ۔

Ablator : (n) جراحی میں استعمال ہونے والا ایک آلہ ؛ آلہء جراحی ۔

Ablaut : (n) [mod.G.] (۱) بنیادی حروف علت کی تبدیلی سےکسی لفظ کے معنی یا استعمال میں تبدیلی لانا (مثلاً Sing, Sang, Sung, Song) ۔ (۲) اشتقاق میں حروف علت کے قائدہ عام کے مطابق تبدیلی ۔ (۳) (لسانیات) مصوت کی مکبی یا کیفیتی تبدیلی ۔

Ablaze : (adv) [A+Blaze] (۱) دہکتا ہوا ؛ جلتا ہوا ؛ فروزاں ؛ بھڑکتاھوا ۔ (۲) چمکتے رنگوں میں ؛ رنگین ؛ بھڑکدار ۔ (۳) برافروختہ ؛ مشتعل ؛ نعل در آتش ؛ بپھرا ہوا ۔

Able : (a) [L. " habilis"] (۱) قابل ؛ لائق ؛ ذکی ؛ فریس ؛ اہل ؛ قادر ؛ استطاعت والا ؛ باصلاحیت ۔
(۲) (قانون) کسی کام کو کرنے کا مجاز ۔
(۳) دماغی صلاحیت ؛ ذہنی قوت ۔
(٤) (طبیعیات) پذیر ۔

Able seaman : (n) (انتظامیہ) قابل ملاح ؛ ماہرجہازراں ۔

Ablegate : (n) [L."abligatus"] پادری کا قاصد (کسی خاص مقصد یا مشن پر) ۔

Ablet : (n) [med. L."abula"] مچھلی کی ایک قسم ۔

Ablings (ins) : (adv) [Able+ling] ممکناً ؛ امکاناً ؛ حتی الامکان ؛ حتی المقدور (اسکاٹ لینڈ اور شمالی انگلستان کی زبان میں) ۔

Abloom : (a) [A+Bloom] پھولا ہوا ؛ شگفتہ ؛ کھلا ہوا ؛ شاداب ؛ بہار پر ؛ جوبن پر؛ شگوفہ دار۔

Abluent : (a) [L."abluere"] (۱) صاف کرنے والا ؛ میل نکالنے والا ۔ (۲) مصفی ؛ تنقیہ کرنے والی (دوا) ۔

Ablush : (a) [A+Blush] (شرم سے) شرمایا ہوا ؛ لجایا ہوا ؛ لال ؛ عرق عرق ؛ تمتمایا ہوا ۔

Ablution : (n) [late "ablutio"] (۱) دھونا ؛ صاف کرنا ؛ وضو کرنا ؛ پاک کرنا ؛ بطورمذہبی رسم پاک کرنا ؛ (تاریخ) وضو ؛ برتنوں کو پاک کرنا ؛ طہارت ۔ (۲) طہارت کےلئے (یاطہارت میں) مستعمل پانی وغیرہ، خصوصاً شراب اور پانی جو عشائے ربانی کے بعد پادری کےہاتھ اور پیالے کو دھونے کےلئے استعمال کیاجاتا ہے ۔

Ably : (a) اچھے طریقہ سے ؛ اچھی طرح ؛ سلیقہ سے ؛ ڈھنگ سے ۔

Abnegate : (v) [L."abnegare"] انکارکرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ ترک کرنا ؛ نفس کشی کرنا ؛ دست کش ہونا۔

Abnegation : (n) (۱) انکار ؛ مسترد کرنا ؛ نامنظوری ؛ احتراز ؛ چھوڑنا ؛ پرہیز ۔ (۲) نفس کشی ؛ دست برداری ؛ ترک کرنا ؛ قربانی نفس ؛ ضبط نفس ؛ رو گردانی ؛ دست کشی ؛ انحراف ۔ (۳) ایثار ؛ جی مارنا (اب اکثر Self کے ساتھ آتاہے) ۔ (٤) (فلسفہ و نفسیات) ترک ؛ تیاگ ؛ (سماجیات) نفس کشی ؛ ضبط نفس ۔

Abnodation : (n) بدر عقیدت ۔

Abnormal : (a) [L."abnormis"] (۱) غیر معمولی ؛ خلاف قاعدہ ؛ خلاف دستور ؛ خلاف عادت ؛ مستثنی ؛ شاذ ؛ غیر اعتدالی ؛ طبعی ساخت سے جدا ۔ (۲) (سماجیات، لسانیات، شماریات) خلاف معمول ؛ (حیوانیات) غیر طبعی ؛ (طبیعیات) غیر متوقع ؛ (ریاضی) غیرمعمولی ۔

Abnormal behaviour : (n) (نفسیات) خلاف معمول کردار ۔

Abnormal number : (n) (ریاضی) غیر معمولی عدد ؛ (طبیعیات) غیر متوقع نمبر (عدد) ۔

Abnormal psychology : (n) (نفسیات) نفسیات خلاف معمول

Abnormal sibilant : (n) (لسانیات) خلاف معمول سنیہ ۔

Abnormal valency : (n) خلاف معمول گرفت ۔

Abnormal vowel : (n) (لسانیات) خلاف معمول مصوتہ ۔

Abnormality : (n) (۱) غیر معمولیت خلاف معمولیت ۔ خلاف دستوری ؛ غیر اعتدالیت ۔ (۲) (شماریات و سماجیات) خلاف معمولیت ؛ (ریاضی)غیر معمولی پن ۔

Index of abnormality : (شماریات) اشاریہ خلاف معمولیت ۔

Sex abnormality : (سماجیات) جنسی خلاف معمولیت ۔

Social abnormality : (سماجیات) سماجی

Abnormity : (n) [L."abnormitas"] عجیب الخلقت ؛ عجیب الهیئت ؛ وحشت انگیز ؛ نقص ۔

Abnormous : (a) [L."abnormis] خلاف دستور ؛ خلاف معمول ؛ بدهیئت ؛ بد صورت ۔

Aboard : (adv) [A+Board] (۱)جہاز پر ؛ جہاز میں ؛ کشتی پر ۔(۲) متصل ؛ قریب ؛ پہلو به پہلو ۔ (۳) پر ؛ میں ؛ اوپر ۔

To lay (a ship) aboard : جہاز بھڑانا ؛پہلو بہ پہلو کھڑا کرنا ۔

To fall aboard : جہاز سے لڑ جانا ۔

To bring aboard : کنارے لگانا ۔

To come to aboard : (جہاز پر سے) اتارنا یا اترنا ۔

To haul the tacks aboard : سمت درست کرنا ؛ راستہ متعین کرنا ۔

Abode : (n) مستقل قیام گاہ ؛ مسکن ؛ گھر ؛ فرود گاہ ؛ جائے قیام ؛ بودوباش ؛ سکونت ؛ قیام ۔

Aboil : (a) [A+Boil] ابلتا هوا ؛ کھولتا هوا ؛ جوش کھاتا هوا ۔

Abolish : (v) [L."abolescere"] ختم کرنا ؛ ردوبدل کرنا ۔ برباد کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ اٹھا دینا (رسم و رواج وغیرہ کو) ؛ کالعدم کرنا ۔

Abolishable : (a) قابل ترک ؛ بند کرنے ، اٹھا دینے یا برباد کر دینے کے قابل ۔

Abolisher : (n) موقوف کرنے والا ؛ مسدود کرنے والا ؛ ترک کرنے والا۔

Abolishment : (n) موقوفی ؛ اختتام ؛ ترک ؛ خاتمہ ۔

Abolition : (n) [L."abolitionem"] (۱) موقوفی ؛ انسداد ؛ بربادی ؛ مسدودی ۔ (۲) (انتظامیہ، فلسفہ، نفسیات) خاتمہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) تنسیخ ؛ انسداد ؛ خاتمہ ۔

Abolitionism : (n) حبشیوں کی غلامی کی مخالفت ؛ تحریک انسداد غلامی ۔

Abolitionist : (n) (۱) انسدادی ؛ حامی انسدادیت ؛ حبشیوں کی غلامی کو ختم کرنے والا ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) انسداد غلامی کا حامی ۔

Abolitionist movement : (n) (تاریخ و سیاسیات) تحریک انسداد غلامی ۔

Abolla : (n) قدیم روم کے سپاهیوں اور ادنی درجے کے لوگوں کے پہننے کا ایک اونی لبادہ ۔

Aboma : (n) جنوبی امریکہ کا ایک بڑا سانپ ۔

Abomasum /-us : (n) [mod.L." ab+omasum"] جگالی کرنے والے جانوروں کا چوتھا اور اصلی هضم کرنے والا معدہ ؛ شکم ۔

Abominable : (a) [L."abominabilis"] قابل نفرت ؛ ناگوار ؛ مکروہ ؛ کراهت آمیز ؛ نفرت انگیز ؛ قابل بد دعا ؛ انتہائی ناخوشگوار ۔

Abominable Snowman : (n) همالیہ کی بلندیوں پر رهنے والا جانور جو بھالو کی قسم سے هے ۔

Abominate : (v) [L."abominate",-"abominari"] (۱) نفرت کرنا ؛ حقارت سے دیکھنا ؛ ناپسند کرنا ؛ کراهت کرنا ۔(۲) (مبالغہ) ناپسند کرنا ؛ قبیح سمجھنا ؛ مذموم سمجھنا ۔

Abomination : (n) [L."abominationem"] (۱) نفرت ؛ حقارت ؛ کراهت ؛ تنفر ۔(۲) نفرت انگیز یا کراهت پیدا کرنے والا ۔ (۳) نفرت انگیز ؛ حقارت انگیز چیز۔(٤) ذلت آمیز ؛ بد کاری ؛ ذلت آمیز بری عادت ۔

Aboon : (adj or adv or prep) [OE."Abone"] Above بمعنی (اسکاٹ لینڈ اور شمالی انگلستان میں مستعمل) ۔

Aborad : (adv) [ab+orad] دهن سے دور ۔

Aboral : (a) [L." ab+oral"] دہن سے دور کے حصہ سے متعلق ؛ (نفسیات) شرجی ؛ بدر دهن ۔

Abord : (v) [Fr.] مخاطب کرنا ؛ ٹوکنا ؛ نزدیک جانا ؛

پاس جانا ؛ کسی مقصد سے جانا ؛ با مقصد جانا ؛ سامنے ہونا ؛ کسی بڑے کام کے لئے راہ میں مخاطب کرنا یا استدعا کرنا ۔

Aboriginal : (a) [L."aborigine"] (۱) قدیم ؛ کہن ؛ کہن بود ؛ قدیم باشندہ ؛ پرانا ؛ کہن باش ؛ آدی باسی ؛ ملکی ؛ دیسی ۔ (۲) کہن آباد ؛ قدیم ترین باشندہ یا درخت یا جانور ؛ اصلی باشندے ۔ (۳) (تاریخ و سیاسیات) اصلی ؛ پرانا ؛ قدیمی ؛ (سماجیات) آدی باسی ۔

Aborigine / Aborigen : (n) [L."aborigine"] آدی باسی ؛ کسی ملک کے قدیم ترین باشندے ۔

Aborigines : (n) کسی ملک کے قدیم ترین باشندے ؛ اصلی باشندے یا جانور یا درخت ؛ (تاریخ و سیاسیات) آدی باسی ۔

Abort : (v) [L."abort","aboriri "] (۱) اسقاط حمل ہونا یا کرانا ؛ قبل از وقت ولادت ہونا ؛ رائگاں ہونا ؛ بیکار جانا ۔ (۲) نشو و نما رک جانا ؛ بانجھ رہ جانا ۔

Aborted : (a) قبل از وقت پیداشدہ ؛ نشو و نما رکا ہوا ۔

Aborticide : (طب) مہلک مسقط ؛ جنین کشی ۔

Abortient / Abortifacient : (طب) مسقط ۔

Abortion : (n) [L."abortionem"] (۱) اسقاط حمل ؛ قبل از وقت ولادت (پیدائش) ؛ نا مکمل ولادت ۔ (۲) ناقص نشو و نما ۔

Abortionist : حمل اسقاط کرانے والا ۔

Abortive : (a) [L."abortivus"] (۱) نامکمل ؛ ناقص ۔ (۲) رائگاں ؛ بیکار ۔ (۳) مسدود نمو ۔ (٤) (طب) مسقط ۔

Abortively : (a) ناقص طور سے ؛ رائگاں طورسے ؛ بے فائدہ ۔

Abortiveness : (n) انسداد نمو ؛ خامی ؛ ناکامی ؛ نیم ساختگی ؛ افسردگی ۔

Abortus : (n) ساقط ۔

Aboulia : (n) بے ارادگی ؛ فقدان ارادہ ۔

Abound : (v) [L."abundare"] لبالب ہونا ؛ ابل پڑنا ؛ چھلک جانا ؛ بافراط ہونا ؛ وافرھونا ؛ بھرپورھونا ؛ کثرت سے ہونا ۔

Abound in : مالا مال ہونا ؛ کثرت سے رکھنا ؛ بھرپور ہونا ؛ بہت ہونا ۔

Abound with : پٹا ہوا ہونا ؛ بھرا ہوا ہونا ؛ بھرا پورا ہونا ۔

About : (adv) [OE"Onbutan"] (۱) اطراف میں ؛ چاروں طرف ؛ ہرطرف ؛ تقریباً ؛ قریب قریب ؛ نزدیک ؛ آس پاس ؛ جابہ جا ۔ (۲) کسی طرف بھی ؛ نزدیک ؛ تقریباً سبھی ؛ ہر طرف سے ۔ (۳) گرد ؛ گھوم کر ؛ چاروں طرف ؛ چکر کاٹ کر ؛ گھیرے میں ؛ ہر طرف پھر کر ۔

To come about : گھومنا ؛ (وقت کا) ہونا ۔

To bring about : گھمانا ؛ کرنا ؛ باعث یا سبب ہونا ۔

Turn face about / To the right about : مخالف سمت میں ؛ رو برو ؛ الٹا ؛ متضاد ۔

The wrong way about : غلط سمت یا راستے سے ۔

About : (prep) (۱) باہر سے ؛ ہرطرف سے ؛ چہار طرف سے ؛ تقریباً ؛ نزدیک ؛ تعلق ؛ سلسلہ ؛ لگاؤ ؛ وقت اور مقدار (تعداد کے لحاظ سے) ؛ نزدیک ؛ قریب ۔ (۲) گرد میں ؛ چاروں طرف سے گھوم کر ۔

About face : (n) (۱) بطور فوجی داؤ کے ؛ مخالف سمت سے مقابلہ ۔ (۲) رخ بدلنا ؛ سمت کی تبدیلی ۔ (۳) نظریہ کی تبدیلی ۔

About face : (v) مخالف سمت سے مقابلہ کرنا ۔

About sledge : (n) لوہار کا سب سے بڑا ہتھوڑا جو متبادل طریقے سے چھوٹے ہتھوڑے کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ۔

Above : (adv) [A+bufan] (۱) اوپر ؛ عمودی طور سے اوپر ؛ سر پر ؛ آسمان میں ؛ عالم بالا میں ؛ دوسری دنیا میں ۔ (۲) سبھوں سے باہر ؛ سبھوں سے زیادہ ۔ (۳) اونچا ؛ بالا تر ؛ زیادہ ؛ اوپر ۔

Over and above : مزید ؛ علاوہ ۔

Above : (prep) (۱) اوپر ؛ اونچائی پر ؛ بلندی پر ؛ (عمودی طور سے) بالا ؛ بلند ۔ (۲) زیادہ ؛ نسبتاً زیادہ ۔ (۳) بالا تر ؛ برتر ؛ اونچا ؛ فائق ؛ بڑھا ہوا ۔ (٤) علاوہ ؛ مزید برآں ۔

Above all : (adv) سبھوں سے بہتر ؛ سبھوں سے بالا تر ؛ سب سے بیشتر ۔

Above-board : (adv & adj) کھلم کھلا ؛ اعلا نیہ طور پر ؛ برملا ؛ بے کم و کاست ؛ ایماندارانہ طور پر ۔

Above ground : (a) زندہ ؛ بقید حیات ؛ جیتا جاگتا ۔

Above par : فوق مساوات ۔

Above said : (adv) مذکورہ بالا ؛ پہلے بیان کیا ہوا ۔

Abovo : (adv) (L.) شروع سے ؛ آغاز سے ۔

Abracadabra : (n) [L.] وہ جادوئی تحریر جو لکھ کر پہنی جاتی ھے اور دافع امراض تصور کی جاتی ھے ؛ جادو کے بول ؛ ٹونا ؛ لایعنی لفظ ؛ مہمل لفظ ۔

Abrachia : (n) بے بازوئی ۔

Abrachins : (n) بے بازو جنین ۔

Abrachiocephalous : (a) بے سر و بازو جنین ۔

Abrade : (v) [L."abradere"] مل کر چھڑانا ؛ کھرچنا ؛ چھیل ڈالنا ؛ رگڑ ڈالنا ؛ گھسنا ؛ مٹا دینا ؛ بھلا دینا ۔

Abraded : (a) (حیاتیات) گھسا ھوا ؛ خراشیدہ ۔

Abraham-man / Abram-man : (n) بھگل گانٹھنے والے نقلی پاگلوں کی ایک جماعت جو مذھبی کھروں کے خاتمہ کے بعد انگلستان میں بھیک مانگتی پھرتی تھی ۔

To sham abram : بیماری گھڑنا ؛ بیماری کا چھنا ؛ بیماری کا حیلہ کرنا ۔

Abranchial : (a) [Gr." a+branchia"] بے گلپھڑے کا ۔

Abranchiate : (a) (حیاتیات) بے خیشومہ ؛ دیکھو Abranchial

Abrase : (v) [L."abras-","abradere"] مٹا دینا ؛ بھلا دینا ؛ کھرچنا ؛ گھسنا ؛ چھیل ڈالنا ؛ صاف کردینا ۔

Abrasion : (n) [L."abrasionem"] (۱) رگڑ ؛ کھرچ ؛ خراش ۔ (۲) (طبیعیات و کیمیا) گھساؤ ؛ خراشیدہ ۔ (۳) (طب) جھلی پر سے گلا دینے والی دواؤں کے ذریعہ لعاب وغیرہ کا صاف کرنا ۔

Abrasion of coins : سکے کا گھساؤ ۔

Abrasive : (a & n) (کیمیا و طبیعیات) گھسنے والا ؛ خراش آور ؛ مخرش ۔

Abrasive resistance : (n) (کیمیا و طبیعیات) گھسنے والی رکاوٹ ؛ گھسنے والی مزاحمت ۔

Abrasive sand : (n) (کیمیا) گھسنے والا بالو ۔

Abrasor : (n) آلہء خراش ؛ خراشندہ ۔

Abrazite : (n) [Gr."a+brazin"] ایلومینیم اور کیلشیم کا ایک مرکب جو روم کے قریب پایا جاتا ھے ۔

Abrazitic : (a) (معدنیات) وہ شئے جو پھنکنی کے ذریعہ پگھلانے سے کھدبداتی نہیں ھے (جوش میں نہیں آتی) ۔

Abreaction : (n) (فلسفہ و نفسیات) باز آفرینی جذبہ ؛ تنطیف ؛ تنطیفی رد عمل ؛ (طب) نفسی تنقیہ ۔

Abreast : (adv & a) [A + Breast] (۱) ایك صف میں ؛ شانہ بہ شانہ ؛ پہلو بہ پہلو ؛ ھم صف ؛ دوش بدوش ۔ (۲) (جہازرانی) جہازوں کا برابر دوری پر متوازی ھونا ۔ (۳) (جہاز رانی) جہازوں کا برابر ھونا ؛ لنگر کے دستہ کے ساتھ متوازی ھونا ۔

Abrenunciation : (n) [mod. L."abrenunciationem"] دست برداری ؛ لادعوی‌نامہ ؛ ترك علائق ؛ تنسیخ ؛ منسوخی ۔

Abreuvoir : (n) [late L."abeverare","adbiberare"] (معماری) وہ خالی جگہ ؛ شگاف یا دراڑ جسے گارا یا سیمنٹ سے بھرا جاتا ھے ۔

Abricock /- coct /- cot : (n) خوبانی ۔

Abridge : (v) [L."abbreviare"] (۱) مدت میں کمی کرنا ؛ (انتظامیہ) ملخص کرنا ۔ (۲) الفاظ میں کمی کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ خلاصہ کرنا ؛ تلخیص کرنا ؛ گھٹانا ؛ گنتی میں کم کرنا ؛ محدود کرنا ۔ (۳) تخفیف کرنا ؛ کاٹنا ؛ قطع کرنا ؛ کوتاہ کرنا ۔ (٤) محروم کرنا ؛ روك دینا ؛ بند کر دینا ۔

Absolute frequency : (n) (شماریات) مطلق تکرار ؛ مطلق تواتر ۔

Absolute geometry : (n) (ریاضی و طبیعیات) مطلق جیومیٹری ۔

Absolute humidity : (n) (طبیعیات) مطلق نمی ؛ (کیمیا) مطلق رطوبت ۔

Absolute index of refraction : (طبیعیات) مطلق انعطاف کا اشاریہ -

Absolute invariant : (n) (طبیعیات) مطلق مقدار ثابت ؛ مطلق مقدار نامتغیر -

Absolute least residue : (n) (طبیعیات) مطلق کم ترین باقی ماندہ -

Absolute location : (n) مقررہ مقام -

Absolutely : (adv) (۱) کامل طور سے ؛ آزادانہ ؛ غیر مشروط طور سے ؛ بلا قید ؛ بذاتہ ؛ بالذات - (۲) خود مختارانہ ؛ آزادانہ - (۳) (بلا لواحقات معمولی جیسے ایک متعدی فعل کا استعمال بغیر مفعول کے) ؛ ناطق - (٤) اتماماً ؛ مجملاً (یعنی حاصل کلام) ؛ کلیتاً ؛ قطعاً ؛ مطلقاً ؛ بالکل - (٥) (نفی کے ساتھ) بالکل نہیں ؛ ہرگز نہیں ؛ قطعاً نہیں ؛ مطلق نہیں -

Absolutely unbiassed estimator : (شماریات) مطلق غیر طرفی تخمینہ کار -

Absolute magnitude : (n) (طبیعیات) مطلق مقدار -

Absolute majority : (n) آدھے سے زیادہ رائے دہی ؛ واضح اکثریت -

Absolute moment : (n) (شماریات) مطلق مومنٹ ؛ کسی تغیر پذیر مقدار کا بے حد خفیف طور پر کم و بیش ہونا -

Absolute monarch : (n) (تاریخ و سیاسیات) مطلق العنان حکمراں (بادشاہ) -

Absolute monarchy : (n) (تاریخ و سیاسیات) مطلق العنان بادشاہی -

Absolute motion : (n) (ریاضی و طبیعیات) مطلق حرکت -

Abridged : (a) مختصر -

Abridged clause : (n) (لسانیات) مخفف فقرہ -

Abridged edition : (n) اختصاری اشاعت -

Abridgement / Abridgment : (n) [L."abbreviare"] (۱) (انتظامیہ) کمی ؛ اختصار ؛ تخفیف ؛ خلاصہ ؛ (استعارتاً) وقت کاٹنے کا ذریعہ - (۲) تلخیص (کتاب وغیرہ کی) ؛ (لسانیات) تخفیف - (۳) (قانون) تقاضہ یا عرضی دعوا کے کسی حصہ کو چھوڑدینا -

Abroach : (adv) [A + Broach] سوراخ دار ؛ چھیدا ہوا (جس سے رقیق مادّہ باہر آ سکے) ؛ (استعارتاً) منتشر ہونے کی حالت میں ؛ حرکت میں ؛ ہلتا ہوا -

Abroad : (adv) [A + Broad] (۱) وسیع دائرہ میں ؛ وسیع سطح پر ؛ پھیلا ہوا ؛ دور دور ؛ ہرطرف ؛ سب طرف - (۲) آزاد ؛ مفصل ؛ تفصیلی ؛ علی العموم ؛ بحیثیت مجموعی - (۳) باہر ؛ غیر ملک ؛ اپنے ملک سے باہر ؛ پردیس میں - (٤) غلط سلط ؛ الٹ پلٹ ؛ اناپ شناپ ؛ کہیں کا کہیں -

Abrogate : (a) [L."abrogatus","abrogare"] منسوخ شدہ ؛ کالعدم کیا ہوا -

Abrogate : (v) منسوخ کرنا ؛ کالعدم قرار دینا (قانون وغیرہ کا) ؛ اٹھا دینا ؛ موقوف کرنا ؛ توڑ دینا (رسم و رواج، قانون وغیرہ کو) -

Abrogation : (n) [L."abrogationem"] فسخ ؛ تنسیخ ؛ ترک ؛ (تاریخ و سیاسیات) تنسیخ ؛ منسوخی -

Abrood : (adv) [A + Brood] انڈے سینے کے طور پر -

Abrupt : (a) [L."abruptus"] (۱) ایکا ایکی ؛ دفعتاً ؛ اچانک ؛بے سان و گمان ؛(لسانیات) ناگہانی ؛ فوری - (۲) ڈھالو ؛ٹھہرا نشیبی - (۳) (نباتیات) مقطوع ؛ کٹا ہوا ؛ مقصور- (٤) (ارضیات) یکایک ابھرنے والا ؛ دفعتاً نکلنے والا ؛ پھٹ سے نکلنے والا ؛ پھٹ نکلا -

Abruptio : (n) چیر کر الگ کرنا -

Abruption : (n) [L."abruptionem"] انقطاع ؛ یکایک علاحدہ ہو جانا ؛ جھڑ پڑنا (جسم کے کسی حصہ کا) -

Abruptly : (adv) یکایک ؛ دفعتاً ؛ بغیر اطلاع کے ؛ ناگہاں طور پر ؛ بے جوڑ ؛ بے ربط -

Abruptly acuminate : (n) لاتجریدی انی دار ؛ انی دار مقصور -

Abruptly pinnate : (n) لاتجریدی پر نما ؛ پر نما مقصور-

Abruptness : (n) جلدی ؛ اضطرار ؛ بے ربطی ؛ بے سان و گمان ؛ ناگہانی پن -

Abs : (prep) از ؛ سے ؛ دور -

Abscess : (n) [L."abscessus"] دنبل ؛ پھوڑا ؛ جسم کے کسی حصہ میں ریم یا پیپ کا بھر جانا-

Abscind : (v) [L."abscindere"] کاٹنا ؛ قطع کرنا ؛ الگ کرنا -

Abscissa : (n) (ریاضی) فصلہ (طول) ؛ (طبیعیات) ایب سیسا ؛ (طب) مقطوعہ ۔

Axis of Abscissa : (ریاضی) محور طول ۔

Absciss(e) : (n) [L."abscissa"] فصلہ ؛ دو علی القوائم خطوط میں سے کسی ایک پر ایک نقطہ سے عمود گرایا جائے تو نقطہٴ تقاطع سے اس عمود کے فاصلہ کو فصلہ کہتے ہیں -

Abscission : (n) [L."abscissionem"] قطع کرنے کا عمل ؛ علاحدگی ؛ چیر پھاڑ ؛ کاٹنا ؛ کاٹ ڈالنا ؛ بزور علاحدہ کر دینا ؛ تقطیع -

Abscond : (v) [L."abscondere"] فرار ہونا ؛ بھاگنا ؛ روپوش ہونا ؛ خفیہ طور پر چل دینا -

Abscondence : (n) روپوشی ؛ فرار (قانونی مواخذے سے بچنے کے لئے) -

Absconder : (n) مفرور ؛ فراری ؛ بھگوڑا ۔

Absence : (n) [L."absentia"] غیر حاضری ؛ غیر موجودگی ؛ غیاب ؛ عدم وجود ؛ عدم ؛ فقدان ؛ کسی چیز کا نہ ہونا ؛ خلائے ذہن ؛ اسم وار حاضری ؛ پکار -

Absence of mind : دماغ کا حاضر نہ ہونا ؛ خلائے ذہن ؛ غائب دماغی -

Excused absence : (فلسفہ و نفسیات) معاف شدہ غیر حاضری -

Unexcused absence : (فلسفہ و نفسیات) غیر معاف شدہ غیر حاضری -

Absent : (a) [L."absentem"] (۱) غیر حاضر ؛ غیر موجود غائب ؛ معدوم ؛ مفقود ۔ (۲) کھویا ہوا ؛ پراگندہ دماغ ؛ گم صم -

Absent : (v) غیرحاضر ہونا ؛ موجود نہ رہنا -

Absent minded : (a) کھویا ہوا ؛ گم ؛ پراگندہ دماغ ؛ (فلسفہ و نفسیات) غائب دماغ -

Absent mindedly : (adv) خیالات کی پراگندگی سے ؛ بے خیالی سے -

Absent mindedness : (n) خیالات کی پراگندگی ؛ (فلسفہ و نفسیات) غائب دماغی -

Absentation : (n) [med.L."absentationem"] غائب رہنے کا فعل -

Absentee : (n) غیر حاضر باش ؛ وہ زمیندار وغیرہ جو اپنے گھروں یا ملک سے باہر رہتے ہیں ؛ غیر حاضر ؛ غیر موجود ؛ غائب باش ؛ (فلسفہ و نفسیات) غیر حاضر -

Absentee owner : (n) غیر حاضر مالک -

Absentee rate : (n) شرح غیر حاضری ۔

Absenteeism : (n) غائب باشی ؛ غائب رہنے کی عادت ؛ (فلسفہ، نفسیات، سماجیات) غیر حاضر باشی ۔

Absenteeism rate : (n) (سماجیات) شرح غیر حاضر باشی ۔

Absenteeship : (n) دیکھو Absenteeism

Absently : (adv) بے خیالی سے ۔

Absentness : (n) عدم حضوری ؛ غیر حاضری ؛ عدم موجودگی کی حالت ۔

Absidiol : (a) محرابی ؛ محراب نما ۔

Absinth(e) : (n) [F.] (۱) افسنتین ؛ دونامروا (درخت) ؛ ناگ دانہ ۔ (۲) جوہر افسنتین ؛ افسنتینی شراب -

Absinthial : (a) افسنتینی ؛ افسنتین کا یا اس سے متعلق ؛ تلخ ۔

Absinthian : (a) افسنتینی ؛ تلخ ۔

Absinthiate : (v) افسنتین سے مملو کر دینا -

Absinthic : (a) افسنتینی -

Absinthin : (n) [L."absinthium"] افسنتین کی تلخ خاصیت ۔

Absinthine : (a) افسنتین کی خاصیت کا ؛ تلخ -

Absinthism : (n) الحلیت کے طرز کی بیماری جو افسنتین کے استعمال سے پیدا ہوتی ہے -

Absinthium : (n) [L.] تلخ اور خوشبو دار پودا -

Absinthole : (n) [Absinth + ole] روغن افسنتین سے تیار کیا ہوا ایک رقیق کافور -

Absit omen : (interj) (لاطینی فقرہ) خدا کرے میرے الفاظ میں کوئی فال بد نہ ہو ؛ خدا نخواستہ ؛ خدا ناکردہ ؛ میرے منہ میں خاک -

Absolute : (a) [L."absolutum","absolvere"] (۱) بالکل ؛ مطلق ؛ پورا ؛ کامل ؛ محض ؛ نرا ؛ خالص - (۲) خود مختار ؛ غیر پابند ؛ آزاد - (۳) مطلق العنان - (٤) (نحو) مطلق ؛ نحوی تعلق سے آزاد - (٥) (اضافی یا تقابلی کی ضد) مطلق ؛ (علوم ، فلسفہ و لسانیات) مطلق - (٦) بلا قید ؛ غیر مشروط - (۷) قائم بالذات ؛ قائم بالاصل ؛ واجب الوجود ؛ فرد ؛ جوہر (جو بغیر کسی اضافیت اور تعلق کے واجب الفہم ہو) - (۸) قطعی ؛ ناطق ؛ تحکمانہ -

Ablative absolute : (لسانیات) مطلق فاصلی -

The Absolute : (فلسفہ) وجود مطلق -

Absolute acceptance : (n) (تجارت و معاشیات) منظوری کامل ؛ پوری منظوری ؛ مطلق قبولیت -

Absolute adjective : (n) (لسانیات) صفت مطلق -

Absolute advantage : (n) (تجارت و معاشیات) کامل فائدہ ؛ پورا فائدہ ؛ مطلق فائدہ -

Absolute age : (n) (طبیعیات) مطلق عمر -

Absolute alcohol : (n) (طبیعیات و کیمیا) مطلق الکوحل ؛ الکوحل مطلق -

Absolute ampere : (n) (طبیعیات) مطلق ایمپئیر-

Absolute assignment : (n) (تجارت و معاشیات) تفویض مطلق ؛ منتقلی کاملہ -

Absolute boiling-point : (n) (طبیعیات و کیمیا) مطلق نقطۂ جوش ؛ مطلق نقطۂ ابال -

Absolute capacity : (n) (طبیعیات) مطلق گنجائش -

Absolute case : (n) (لسانیات) حالت مطلق-

Absolute co-efficient : (n) (ریاضی) مطلق ضریب -

Absolute construction : (n) (لسانیات) تعمیر مطلق ؛ تعمیر کامل -

Absolute contract : (n) (تجارت) معاہدۂ کامل ؛ قطعی معاہدہ -

Absolute convergence : (n) (ریاضی) مطلق تقارب -

Absolute darkness : (n) (طبیعیات) مطلق اندھیرا ؛ مطلق تاریکی -

Absolute density : (n) (طبیعیات) مطلق کثافت ؛ کثافت مطلق -

Absolute deviation : (n) (طبیعیات) مطلق انحراف -

Absolute differentiation : (n) (ریاضی) مطلق تفریق-

Absolute divorce : (n) (سماجیات) طلاق حتمی -

Absolute ego : (n) (نفسیات) انائے مطلق -

Absolute electrometer : (n) (طبیعیات) مطلق الیکٹرو میٹر ؛ مطلق برق پیما -

Absolute e. m. u. : (n) (طبیعیات) مطلق ای - ایم - یو - (الکٹرو میگنیٹک یونٹ) -

Absolute endorsement : (n) قطعی توثیق -

Absolute equivalent : (n) (لسانیات) معادل مطلق -

Absolute error : (n) (ریاضی) مطلق غلطی ؛ (طبیعیات) مطلق سہو -

Absolute e. s. u. : (n) مطلق الکٹرو اسٹیٹک اکائی / الکٹرو اسٹیٹک یونٹ -

Absolute ethics : (n) (فلسفہ و نفسیات) مطلق اخلاقیات -

Absolute form : (n) (لسانیات) مطلق روپ -

Absolute ohm : (n) (طبیعیات) مطلق اوم -

Absolute ownership : (n) (تجارت) کامل ملکیت -

Absolute parallax : (n) (طبیعیات) مطلق پیرالیکس ؛

مطلق اختلاف منظر -

Absolute permittivity : (n) (طبیعیات) مطلق برقی سرایت ۔

Absolute pitch : (n) (لسانیات) مطلق درجه -

Absolute position : (n) (لسانیات) مقام مطلق -

Absolute pressure : (n) (طبیعیات و کیمیا) مطلق دباؤ ۔

Absolute scale of temperature : (طبیعیات) مطلق پیمانۂ تاپ ؛ (کیمیا) مطلق پیمانۂ حرارت ؛ مطلق پیمانۂ تپش -

Absolute security : (n) (تجارت) کامل تحفظ -

Absolute superlative : (n) (لسانیات) تفضیل مطلق -

Absolute symmetry : (n) (طبیعیات) مطلق تناسب -

Absolute system of units : (طبیعیات) مطلق اکائیوں کا نظام -

Absolute temperature : (n) (طبیعیات) مطلق تاپ ؛ (کیمیا) مطلق درجۂ حرارت ؛ تپش مطلق ۔

Absolute temperature scale : (طبیعیات) مطلق ٹمپریچر کا پیمانه -

Absolute term : (n) (طبیعیات) مطلق ٹرم ؛ (ریاضی) مطلق رکن -

Absolute theory of the state : (تاریخ و سیاسیات) ریاست کا نظریۂ اختیار مطلق -

Absolute time : (n) وقت مطلق -

Absolute title : (n) حق قطعی -

Absolute unit : (n) (طبیعیات و ریاضی) مطلق اکائی ۔

Absolute value : (n) (طبیعیات) مطلق قدر ؛ مطلق قیمت ۔

Absolute zero : (n) (طبیعیات و ریاضی) مطلق صفر -

Absoluteness : (n) مطلقیت ؛ کلیت ؛ مطلق العنانی ؛ بے تعلقی ؛ فردیت ؛ اطلاق -

Absolution : (n) [L."absolutionem"] (۱) چھٹکارا ؛ بریت ؛ گلو خلاصی ؛ آزادی (جرم، سزا، حکم یا ذمہ داری سے) ۔ (۲) عفو گناہ ؛ مغفرت ؛ آمرزش (گناہ سے) - (۳) اعلان نجات ؛ معافی ؛ بخشش ؛ رحم دلی ؛ عذاب یا مذہبی سزا سے معافی -

Absolutism : (n) [mod. Fr.] (۱) (سیاسیات) مطلق العنانی ؛ استبدادی حکومت یا سلطنت ؛ شخصی حکومت ؛ خود مختار حکومت ؛ حکومت مستبده ؛ استبداد پسندی - (۲) (دینیات) یہ عقیدہ کہ نجات اور مکتی کے معاملہ میں خدا مالک مطلق ہے ؛ قضا و قدر کا مذہبی عقیدہ - (۳) (جمالیات) یہ عقیدہ کہ حسن ایک واقعی اور کامل شئے ہے - (٤) (سماجیات) کلیت مطلق ؛ کلیت ؛ مطلقیت ؛ (فلسفه) مطلقیت ۔

Absolutist : (n) (۱) (سیاسیات) مطلق العنان حکومت کا حامی ؛ استبدادی حکومت کا حامی ؛ استبداد پسند ؛ معتقد مطلقیت ۔ (۲) (مابعد الطبیعیات) وہ فلسفی جو معروض اور موضوع میں مکمل یکسانیت قائم رکھتا ہو ؛ اطلاقی -

Absolutistic personalism : (n) تشخصیت مطلقیه -

Absolutive mood : (n) (لسانیات) مطلق صورت -

Absolutory : (a) [L."absolutorius"] نجات دینے والا ؛ بخشنے والا ؛ گلو خلاصی کرنے والا ؛ آزادی دینے والا ؛ مغفرت کرنے والا -

Absolve : (v) [L." absolvere"] (۱) چھٹکارا دینا ؛ بری کرنا ؛ معافی دینا ؛ بری الذمہ کرنا (جرم، گناہ یا الزام سے) ؛ بری الذمہ قرار دینا - (۲) چھوڑ دینا ؛ رہا کرنا ؛ خلاصی دینا - (۳) عفو کرنا ؛ بخشنا ؛ مغفرت کرنا - (٤) آزاد کرنا ؛ بے گناہی کا حکم سنانا -

Absolvent : (a&n) [L."absolventam"] بری کرنے والا ؛ چھڑانے والا ؛ رہا کرنے والا ؛ معافی دینے والا ؛ چھوڑنے والا ؛ آزاد کرنے والا ؛ بخشنے والا ؛ گلوخلوصی کرنے والا -

Absolvitor : (n) رہائی ۔

Absonant : (a) [L. "ab + sonantem"] غیر موزوں ؛ ناموافق ؛ ناساز ؛ ناگوار ؛ کرخت ؛ غیر معقول ؛ بے محل ؛ بے سر ؛ بے جوڑ ۔

Absorb : (v) [L."absorbere"] (۱) جذب کرنا ؛ مدغم

Absorber : (n) کھینچنے والا ؛ مدغم کرنے والا ؛ سوکھ لینے والا ؛ چوس لینے والا ؛ پی جانے والا ؛ جذب کرنے والا ؛ (کیمیا) جاذب ؛ (طبیعیات) جذب کار -

Absorbing : (a) ہضم کرنے والا ؛ سوکھ لینے والا ؛ جذب کرنے والا ؛ ضم کرنے والا ؛ منہمک رکھنے والا ؛ دل آویز ؛ جالب توجہ ؛ جاذب توجہ -

Absorbing barrier : (n) (شماریات) جاذب رکاوٹ -

Absorbing power : (n) (طبیعیات) جذب کرنے کی طاقت ؛ (کیمیا) قوت جذب -

Absorbing state : (n) (تاریخ و سیاسیات) ضم کرنے والی ریاست -

Absorptance : (n) (کیمیا) درجۂ جذب ۔

Absorptiometer : (n) (کیمیا) جذب پیما -

Absorption : (n) [L."absorptionem"] (۱) ہضم کرنا ؛ جذب کرنا ؛ منہمک کرنا ؛ جذب ؛ تحلیل ؛ حل ؛ (کسی چیزکا دوسری چیز میں) گھل مل جانا ؛ گھل مل کر غائب ہو جانا - (۲) رقیق یا روشنی وغیرہ کا جذب کرلینا ؛ سوکھ لینا ؛ تحلیل (ریشوں کا طبی یا طبیعی طریقہ سے تحلیل کرنا) - (۳) جسم کی رگوں اور نسیجوں وغیرہ سے سیال کا چوس لینا یا جذب کرلینا - (٤) (حیوانیات و لسانیات) انجذاب ؛ (کیمیا) جذب ؛ (طبیعیات) جاذبیت ؛ (کامرس) ادغام ؛ (تاریخ و سیاسیات) انضمام - (٥) انہماک ؛ مشغولیت ؛ استغراق ؛ دھن ؛ محویت - (٦) تشرب ؛تجاذب ؛ (مائعات، روشنی، غذا وغیرہ کا) -

Active absorption : (طبیعیات) عامل جاذبیت -

Band absorption : (طبیعیات) پٹّی جاذبیت -

Column absorption : (طبیعیات) کالم جاذبیت ؛ ستون جاذبیت -

Light absorption : (طبیعیات) جاذبیت روشنی ؛ جاذبیت نور -

Physical absorption : (طبیعیات) طبع جاذبیت ؛ (کیمیا) جذب طبیعی -

Selective absorption : (کیمیا) جذب انتخابی -

Specific absorption : (کیمیا) جذب خصوصی -

کرنا ؛ ہضم کر جانا ؛ داخل کر لینا ؛ گھل مل جانا ؛ سوکھ لینا - (۲) منہمک کر لینا ؛ انجذاب توجہ کرنا ؛ انعطاف توجہ کرلینا ؛ جلب توجہ کرنا- (۳) چوس لینا ؛ کھینچ لینا ؛ پی جانا ؛ سڑک لینا ؛ جذب کرنا - (٤) (طبیعیات و کیمیا) جذب کرنا ؛ کیمیاوی یا سالماتی عمل کے ذریعہ جذب کرلینا ؛ کھینچ لینا ؛ تجاذب ہونا (کیمیاوی عمل سے روشنی ، حرارت وغیرہ کا) -

Absorbability : (n) جذب پزیری ؛ جذب ہونے کی صلاحیت ۔

Absorbable : (a) جذب پزیر ؛ انجذاب پزیر ؛ منجذب -

Absorbance : (n) [L."absorbentem"] (کیمیا) طاقت جذب ؛ جذلب -

Absorbed : (a) منہمک ؛ مشغول ؛ (تاریخ و سیاسیات) ضم شدہ ؛ (طبیعیات) جذب شدہ ؛ مجذوب ؛ (کیمیا) جذب کیا -

Absorbed dose : (n) (طبیعیات) جذب شدہ خوراک -

Absorbed energy : (n) (طبیعیات) جذب شدہ انرجی ؛ جذب شدہ توانائی -

Absorbed shares : (n) (تجارت و معاشیات) مدغم حصے (حصص) -

Absorbedly : (adv) انہماکاً ؛ استغراقاً -

Absorbedness : (n) انہماک ؛ استغراق -

Absorbefacient : (a) جالب ؛ یابس ؛ جاذب ؛جذب کرنے یا سکھانے والی چیز (زخم وغیرہ کو) ؛ جذب افزا ۔

Absorbency : (n) [L."absorbentem"] جذب کرلینے ، ہضم کرلینے، منہمک کرلینے وغیرہ کی صلاحیت یا صفت ؛ (کیمیا) طاقت جذب ؛ مادّۂ جذب ؛ تجاذب ۔

Absorbent : (a) [L. "absorbentem"] (۱) جذب کرنےوالا ؛ جاذب ؛ کھینچنے والا ؛ چوسنے والا ؛ (کیمیا) جاذب شئے ؛ (طبیعیات) جاذب - (۲) وہ شئے جس میں جذب کرنے کی صفات ہوں ۔(۳) درختوں اور جانوروں کی وہ رگیں جو غذا جذب کرتی ہیں ؛ جاذب غذا رگ -

Absorbent cotton : (n) جاذب روئی -

Absorption band : (n) (طبیعیات) جذبی پٹی ۔

Absorption cell : (n) (کیمیا) جذب دان ؛ خلیہ جذب ؛ جذبی خانہ ۔

Absorption coefficient : (n) (کیمیا) جذبی شرح ۔

Absorption current (electric) : (n) جاذبیت رو (برقی) ۔

Absorption current : (n) جاذبیت دھارا ۔

Absorption curve : (n) (طبیعیات) جاذبیت خم ؛ جذبی انحنا ۔

Absorption discontinuity : (n) (طبیعیات) جاذبیت عدم تسلسل ۔

Absorption edge : (n) (طبیعیات) جاذبیت کنارہ ۔

Absorption factor : (n) (طبیعیات) جاذبیت جز ۔

Absorption flask : (n) (کیمیا) جذبی فلاسک ؛ جذبی صراحی ۔

Absorption limit : (n) (طبیعیات) حد جاذبیت ۔

Absorption spectrum : (n) (کیمیا) جذبی اسپکٹرم ؛ جذبی طیف ؛ (طبیعیات) جاذبیت اسپکٹرم ۔

Absorption tower : (n) جذبی مینار ۔

Absorptive : (a) [L."absorpt-","absorbere"] جذب کرنے، منہمک کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ جاذب ؛ جالب ؛ محلل ؛ (طبیعیات) جاذبی ؛ (کیمیا) جذبی ۔

Absorptive power : (n) (طبیعیات) جاذب پاور ؛ جاذب طاقت ۔ (کیمیا) جذبی طاقت ؛ جاذبیت ۔

Absorptive root : (n) (طبیعیات) جاذب جذر ۔

Absorptiveness : (n) جذبیت ؛ قوت جذب ؛ تجاذب ؛ جاذبیت ۔

Absorptivity : (n) (کیمیا) جذبیت ۔

Absquatulate : (v) (۱) (فوجی) ڈیرا اٹھانا ؛ کوچ کرنا ؛ پڑاؤ چھوڑنا ۔ (۲) رفوچکر ہوجانا ؛ چمپت ہو جانا ؛ غائب ہو جانا ؛ فرار ہو جانا ؛ بھاگ جانا ۔

Abstain : (v) [L."abstinere"] باز رھنا؛ دور رھنا ؛ بچنا ؛ محترز رھنا ؛ احتراز کرنا ؛ حذر کرنا ؛ اجتناب کرنا ؛ پرھیز کرنا (شراب نوشی وغیرہ سے) ۔

Abstainer : (n) پرھیز کرنے والا ؛ محترز ؛ مجتنب ؛ بچنے والا ۔

Abstaining : (n & a) پرھیز کرنے والا ؛ بچنے والا ؛ محترز ؛ مجتنب ۔

Abstemious : (a) [L."abstemius"] شراب اور مرغن غذا سے پرھیز کرنے والا ؛ محتاط ؛ روکھی سوکھی غذا کھانے والا ؛ متقی ؛ پرھیز گار ۔

Abstemiously : (adv) پرھیز گارانہ ؛ محتاط طریقے سے ۔

Abstemiousness : (n) پرھیزگاری ؛ احتیاط ۔

Abstention : [L."abstent-","abstinere"] (۱) پرھیز ؛ احتیاط ؛ احتراز (لذت سے) ؛ امتناع ۔ (۲) علاحدگی ؛ اجتناب ؛ بچنا ؛ باز رھنا (ووٹ دینے سے) ۔

Absterge : (v) [L."abstergere"] صاف کرنا ؛ تنقیہ کرنا ؛ میل نکالنا ۔

Abstergent : (a) صاف کرنے والا ؛ میل نکالنے والا ؛ مصفّی ؛ تنقیہ کرنے والی (دوا) ۔

Abstersion : (n) صاف کرنے، میل نکالنے یا تنقیہ کرنے کا عمل ؛ صفائی ؛ تنقیہ ۔

Abstersive : (a) صاف کرنے یا تنقیہ کرنے کی صفت رکھنے والا ؛ مصفّی صفت ۔

Abstinence : [L."abstinentia"] پرھیزگاری ؛ اجتناب ؛ پرھیز ؛ احتراز ؛ نفس کشی ؛ زھد ؛ تقوا ؛ پارسائی ؛ (سماجیات) احتراز ۔

Total abstinence : کامل اجتناب ؛ مکمل احتراز ۔

Matrimonial abstinence : (سماجیات) ازدواجی احتراز ۔

Abstinence theory : (n) نظریۂ اجتناب ۔

Abstinency : (n) پرھیزگاری ؛ کم خوری ؛ نفس کشی ۔

Abstinent : (a) L."abstinentem"] پرہیزگار ؛ متقی ؛ زاہد ؛ پاکباز ؛ پارسا ؛ محترز ؛ مجتنب ؛ محتاط -

Abstinently : (adv) پرہیز گاری کے ساتھ -

Abstract : (a) [L."abstractus"] مجرد ؛ الگ کیا ہوا ؛ غیر مقرون ؛ خیالی ؛ مثالی ؛ عسیر الفہم ؛ پیچیدہ ؛ مشکل ؛ (لسانیات، سماجیات، فلسفہ، نفسیات) مجرد ؛ منتزع (وہ شئے جو مادّے یا مثال یا دستور سے علاحدہ ہو) ؛ (طبیعیات) تجرید -

Abstract : (n) روح ؛ مغز ؛ خلاصہ ؛ تلخیص ؛ ملخص ؛ ماحاصل ؛ (فلسفہ، نفسیات و تجارت) خلاصہ ؛ (لسانیات) تلخیص -

Abstract : (v) (۱) نکالنا ؛ لے جانا ؛ الگ کرنا ؛ علاحدہ کرنا ؛ چرانا ؛ نکال لے جانا - (۲) علاحدہ کر دینا ؛ الگ کرنا - (۳) پھیرلینا ؛ ہٹا لینا ؛ ہٹانا ؛ واپس لے لینا ؛ الگ ہو جانا - (٤) تجرید کرنا ؛ مقرون کلی پر تصور یا غور کرنا ؛ منتزع کرنا - (٥) تلخیص کرنا ؛ خلاصہ کرنا ؛ کم کرنا ؛ نچوڑنا ؛ مختصر کرنا -

Abstract book : (n) (انتظامیہ) خلاصہ کی کتاب ؛ رجسٹر گوشوارہ -

Abstract bulletin : خلاصہ نامہ -

Abstract duty : (n) (فلسفہ و نفسیات) مجرد فرض -

Abstract geometry : (n) تجریدی علم ہندسہ -

Abstract idea : (n) (سماجیات) مجرد خیال ؛ مجرد تصور -

Abstract intelligence : (n) مجرد فہم -

Abstract journal (or periodical) : (n) مجلہٴ خلاصہ جات -

Abstract language : (n) (لسانیات) تجریدی زبان -

Abstract name : (n) (لسانیات) مجرد نام -

Abstract noun : (n) (لسانیات) اسم مجرد ؛ اسم ذات -

Abstract of teller's receipt : (تجارت) زرشمار کی رسید کا خلاصہ -

Abstract of tender : (انتظامیہ) ٹنڈر کا خلاصہ ؛ ٹنڈر گوشوارہ -

Abstract of title : فرد حقیقت -

Abstract of way bill : (تجارت) مال اور مسافروں کی فہرست کا خلاصہ -

Abstract reasoning : (n) مجرد استدلال -

Abstract term : (n) (لسانیات) مجرد اصطلاح -

Abstract theory : (n) مجرد نظریہ -

Abstract thinking : (n) مجرد تفکر -

Abstracted : (a) (۱) نکالا ہوا ؛ جدا ؛ الگ کیا ہوا - (۲) غیر متوجہ ؛ کسی اور خیا ل میں ڈوبا ہوا ؛ محو ؛ منہمك ؛ مستغرق -

Abstractedly : (adv) انتزاعاً ؛ مجرداً ؛ منفرداً ؛ انہماك میں ، ذہنی یا تصوری طریقہ پر -

Abstractedness : (n) استغراق ؛ انہماك ؛ توجہ کا بٹا ہوا ہونا ؛ محویت -

Abstracting service : (n) تلخیص خدمت -

Abstractio imaginations : (n) تجرید تخیلی -

Abstractio intellectus : (n) تجرید عقلی -

Abstraction : (n) [L."abstroctionem"] (۱) نکالنے ، لے جانے، الگ کرنے، چرانے، واپس لینے، ہٹا لینے، تلخیص کرنے وغیرہ کا عمل ؛ تجرید ؛ انتزاع - (۲) تقطیر ؛ مسلسل کشید کرنا - (۳) تصور مجرد ؛ تصور منتزع - (٤) خیالی ؛ تصوری ؛ مثالی ؛ ہوائی محل ؛ قیاس آرائی - (٥) علاحدگی ؛ غفلت ؛ کنارہ کشی (دنیوی معاملات سے) ؛ علائق دنیوی سے علاحدگی ؛ گم خیالی ؛ غائب دماغی - (٦) استغراق ؛ انہماك ؛ خالی الذہن ہونا ؛ غفلت ؛ بے خبری ؛ محویت - (۷) علاحدگی ؛ جدائی ؛ ہٹانا ؛ الگ کرنا - (۸) چوری ؛ سرقہ ؛ (سماجیات، لسانیات، فلسفہ و نفسیات) تجرید-

Abstraction monger : (n) تجرید فروش -

Abstractionism : (n) تجریدی فن کے اصول ؛ خیال بافی ؛ (فلسفہ و نفسیات) تجریدیت -

Abstractionist : (n) تجریدی فن کار ؛ خیال باف ؛ تجریدی فن کا حامی -

Abstractive : (a) [L."abstractivus"] علاحدہ کرنے، منہمك

کرنے وغیرہ کا رجحان رکھنے والا -

Abstractly : (adv) مجرداً ؛ مطلقاً ؛ از خود ؛ علاحدہ طور پر -

Abstractor : (n) خلاصہ کرنے والا ؛ (انتظامیہ) ملخص یا خلاصہ نویس ؛ گوشوارہ نویس -

Abstracts : (n) (لسانیات) تلخیصیں -

Abstractum : (n) [L.] مجرد -

Abstriction : (n) (حیاتیات) انقراض -

Abstruse : (a) [L."abstrusus","abstrudere"] دقیق ؛ مشکل ؛ عسیر الفہم ؛ پیچیدہ ؛ کٹھن ؛ غامض ؛ (فلسفہ و نفسیات) دقیق ؛ مبہم -

Abstrusely : (adv) اشکال کے ساتھ ؛ غامضانہ ؛ پیچیدگی کے ساتھ -

Abstruseness : (n) غامضیت ؛ دقت ؛ پیچیدگی ؛ باریکی ؛ اشکال -

Absurd : (a) [L."absurdus"] مہمل ؛ فضول ؛ بے معنی ؛ لغو ؛ بے سر و پا ؛ خلاف عقل ؛ غیر موزوں ؛ بے تکا ؛ بے جوڑ ؛ بعید از قیاس ؛ غیر معقول ؛ بیہودہ ؛ لچر -

Absurdity : (n) [L."absurditatum"] لغویت ؛ بے سر و پائی ؛ نا معقولیت ؛ بے وقوفی؛ ابلہی؛ بے تکا ؛ (فلسفہ و نفسیات) مہملیت ؛ اہمال -

Absurdities test : (n) آزمائش لغویات -

Absurdly : (adv) ابلہانہ ؛ بے تکے پن سے ؛ بے سر و پا طریقہ پر ؛ بیوقوفی سے -

Absurdum : (n) [L.] مہمل یا غیر منطقی نتیجہ یا حالت -

Abterminal : (n & a) بدر سری ؛ بے سرا -

Abulia / Aboulia : (n) [NL. a + bulia] قوت ارادی کا فقدان ؛ بے ارادگی ؛ فقدان ارادہ -

Abulomania : (n) [NL. abulo + mania] ایک دماغی عارضہ جس سے قوت ارادی مفقود ہو جاتی ھے ؛ (طب) فتور قوت ارادی -

Abumbral : (a) " Abumbrellar " کا مخفف -

Abumbrellar : (a) [L. ab + Umbrella] چتر دار -

Abuna : (n) ایبیسینیا کے کلیسا کا بطریق -

Abundance : (n) [L."abundantia"] (۱) کثرت ؛ زیادتی ؛ افراط ؛ بہتات ؛ وفور ؛ فراوانی - (۲) شدت ؛ ابل پڑنا (جذبات کا) - (۳) ھجوم ؛ انبوہ ؛ مجمع ؛ ریل پیل ؛ ازدحام - (٤) دولت ؛ مال ؛ ثروت -

Abundance ratio : (n) وفوری تناسب -

Abundant : (a) [L."abundantum"] کثیر ؛ زیادہ ؛ وافر ؛ بہت -

Abundantly : (adv) افراط سے ؛ کثرت سے ؛ بہتات سے -

Abusage : (n) زبان کا غلط استعمال -

Abuse : (v) [L."abusus"] (۱) غلط استعمال کرنا ؛ بے جا فائدہ اٹھانا ؛ بے جا استفادہ کرنا - (۲) (متروک) دھوکا دینا ؛ فریب دینا - (۳) ناجائز برتاؤ کرنا - (٤) تہمت دھرنا ؛ برا بھلا کہنا ؛ آبرو اتار لینا ؛ عزت لینا ؛ گالی دینا ؛ بے آبرو کرنا -

Abuse : (n) [L."abusus"] (۱) ناجائز انتفاع ؛ غلط استعمال ؛ بے جاصرف ؛ افراط و تفریط (افراتفری) - (۲) بری ریت ؛ برا دستور ؛ برا رواج ؛ خرابی ؛ ناجائز استعمال ؛ بے جا فائدہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) غلط استعمال ؛ بے جا استعمال ؛ نا جائز استعمال - (۳) گالی ؛ دشنام ؛ آبرو ریزی ؛ سخت کلامی ؛ ضرر رساں کلام -

Abuse of flag : (تاریخ و سیاسیات) جھنڈے کا ناجائز استعمال -

Abuse of flag of Truce : پرچم صلح کا بیجا استعمال -

Abuse of power : اقتدار کا بیجا استعمال -

Abuse of process : عدالتی کارروائی کا بیجا استعمال -

Abuse of rights : (تاریخ و سیاسیات) حقوق کا ناجائز استعمال -

Abuse of trust : (تاریخ و سیاسیات) اعتماد کا ناجائز استعمال ؛ دغا -

Abusive : (a) [L."abusivus"] آبرو ریز ؛ ہتك آمیز ؛

نا مہذب ؛ بے لگام ؛ سخت کلام -

Abusively : (adv) غلط طریقہ پر ؛ ہتک آمیز طریقے سے -

Abusiveness : (n) آبرو ریزی ؛ دشنام دہی ؛ بدلگامی ؛ بدکلامی ؛ ہتک آمیزی -

Abustle : (a) [A + Bustle] زیادہ سرگرم -

Abut : (v) [OFr."abouter","abuter"] (۱) چھونا ؛ متصل ہونا ؛ ملا ہوا ہونا ؛ سرے پر ہونا ؛ ہم سرحد ہونا ؛ ہم سایہ ہونا - (۲) کسی چیز پر ختم ہونا ؛ جا ملنا - (۳) سہارے پر ہونا ؛ ٹکا ہوا ہونا (کسی چیز پر ، عمارتوں کے لئے) - (٤) کسی چیز کا متصل کرنا ؛ سرے پر لانا -

Abutili : (adv) [L.] فائدے سے -

Abutilon : (n) [Arab] پوئے کی ایک جنس ؛ جنس خطمی ؛ خطمی صحرائی -

Abutment : (n) (۱) نقطہء اتصال ؛ جہاں سہارا دینے اور لینے والی چیزیں ملیں ؛ جوڑ - (۲) اڑواڑ ؛ قینچی (سہارا جو پہلو کی طرف سے دیا جائے یا جس پر کوئی محراب یا پل قائم ہو) - (۳) دھنی ؛ پایہ ؛ ستون ؛ سہارا - (٤) (تعمیرات، تاریخ و سیاسیات) پایہ ؛ پشتی ؛ اڑواڑ ؛ (طب) سہارا -

Abuttal : (n) (۱) نقطہء اتصال ؛ اڑواڑ ؛ قینچی ؛ دھنی ؛ پایہ ؛ ستون - (۲) وہ حصہ جس میں زمین ہمسایہ زمینوں سے ملتی ہے -

Abuttal consonant :.(n) (لسانیات) متصل مصمتہ -

Abutter : (n) (قانون) ہمسایہ ؛ وہ شخص جو متصل یا محاذی جائداد کا مالک ہو ؛ شفیع (جس کو حق شفعہ پہنچتا ہو) -

Abutting : (a) چھوتا ہوا ؛ متصل -

Abuzz : (a) [A + Buzz] بھنبھنانے والا -

Abwab : (n) [Hindi."abwab"] مختلف قسم کے محصولات ؛ ابواب -

Aby / Abye : (v) [A + Buy] روپیہ دیکر چھڑانا ؛ فک رہن کرنا ؛ ہرجانہ یا جرمانہ ادا کرنا ؛ ڈانڈ بھرنا -

Abysm : (n) [L."abyssus"] (۱) بے پایاں ؛ تحت الثری ؛ پاتال ؛ عالم اسفل - (۲) قعر ؛ غار ؛ عمق ؛ اتھاہ گھاٹی یا کھڈ ؛ قعر بحر - (۳) زیر زمین پانی کا حوض ؛ زیرزمین ذخیرہء آب - (٤) جہنم ؛ دوزخ -

Abysmal : (a) عمیق ؛ اتھاہ ؛ بے پایاں ؛ قعری ؛ بغاکی -

Abysmally : (adv) اتھاہ طور سے ؛ بے پایاں طورپر -

Abyss : (n) [L."abyssus", Gr."abyssos"] (۱) انتہائی گہرا ؛ اولین ہیولا ؛ زمین کا اندرونی غار ؛ غار جہنم - (۲) اتھاہ خلیج ؛ ناقابل پیمائش غار یاخلا - (۳) اس ڈھال کا مرکز جس پر ہتھیاروں کی تصویریں ہوتی ہیں - (٤) (تاریخ و سیاسیات) پاتال ؛ تحت الثری -

Abyssal : (a) [L."abyssus"] ناقابل پیمائش ؛ اتھاہ ؛ بلیوں گہرا ؛ بے اندازہ گہرا ؛ اسفلی -

Abyssal deposit : (n) اسفلی مطروحات ؛ (جغرافیہ) قعری انداخت -

Abyssal plane : (n) اسفلی میدان -

Abyssal rock : (n) اسفلی چٹان -

Abyssal zone : (n) قعربحر (جو سطح سمندر سے ۳۰۰ بلیوں نیچے ہو) -

Ac - : (prefix) سابقہ ، جو Qu, K, C, سے شروع ہونے والے الفاظ کے پہلے آتا ہے -

-ac. : (suffix) لاحقہ ، جو صفات بنانے کے لئے لگایا جاتا ہے -

Acacia : (n) [Gr."acacia"] (۱) ببول ؛ کیکر - (۲) نقلی ببول ؛ اقاقیہ - (۳) صمغ عربی ؛ عربی گوند - (٤) ببول اورچھوٹی موٹی قسم کے پودوں کے خام پھلوں سے نکالا ہوا گاڑھا عرق - (۵) (طب) اقاقیہ -

Acaci mucilage : (طب) محلول اقاقیہ -

Acacine : (n) خالص عربی گوند ؛ کیکر کا گوند -

Academe : (n) [L."Academia"] یہ لفظ بیشتر شاعری میں استعمال ہوا ہے ؛ دیکھو Academy

Academia : (n) [N L.] تعلیمی زندگی اور اس کی دلچسپیاں ؛ تعلیمی ماحول -

Academic : (a) [med.L."academicus"] (۱) دبستان افلاطون یا فلسفۂ افلاطون سے متعلق ؛ تشکیکی ؛ مشکک - (۲) متعلق بہ کلیہ یا جامعہ، کالج یا یونیورسٹی ؛ کالج کا ؛ مدرسہ کا ؛ کلیہ کا ؛ جامعہ کا ؛ عالمانہ ؛ فاضلانہ ؛ ادیبانہ ـ (۳) کسی علمی جماعت کا (رکن) ؛ انجمن علمی یا انجمن فنون کا (رکن) - (٤) غیر عملی ؛ غیر فیصلہ کن ؛ کسی قطعی فیصلہ پر نہ پہنچنے والا ؛ کسی علمی یا فنی مجلس کے رکن سے متعلق -

Academic : (n) (۱) (فلسفہ و نفسیات) علمی ؛ تعلیمی (اعلا تعلیم سے متعلق) ؛ (انتظامیہ) علمی ـ (۲) فلسفۂ افلاطون کا پیرو ؛ افلاطونی ـ (۳) جامعہ (کالج یا یونیورسٹی) کا رکن - (٤) جامعہ کا لباس ؛ لباس کلیہ ؛ کلیہ کی وردی (جمع میں) -

Academic costume : (n) (فلسفہ و نفسیات) قبائے فضلیت ـ

Academic council : (n) (انتظامیہ) علمی مجلس -

Academic freedom : (n) (۱) خوف مزاحمت و انتقامی عمل کے تغیر صداقت یا صداقت کے مشابہ شخصی عقیدے کا درس دینے کی (مثلاً استاد کی) آزادی - (۲) خوف مزاحمت و انتقامی عمل کے بغیر کسی شعبۂ فکر میں چھان بین کرنے اور تعلیم حاصل کرنے کی (مثلاً طلبا کی) آزادی -

Academic qualification : (n) (انتظامیہ) علمی لیاقت -

Academic robe : (n) (فلسفہ و نفسیات) قبائے علم ؛ قبائے فضلیت ـ

Academic tenure : (n) (فلسفہ و نفسیات) تعلیمی مدت ـ

Academic year : (n) (فلسفہ ، نفسیات و انتظامیہ) تعلیمی سال -

Academical : (a) متعلق بہ کلیہ یا جامعہ (کالج یا یونیورسٹی سے متعلق) ؛ درسی ؛ علمی ؛ (فلسفہ) افلاطونی ـ

Academical : (n) کلیہ کی وردی ؛ جامعہ کا لباس ؛ لباس کلیہ -

Academically : (adv) افلاطونی انداز میں ؛ تشکیکی طور پر ؛ کسی علمی مجلس کی نسبت سے ـ

Academicals : (n) [pl.] دیکھو Academic Costume

Academician : (n) [L."academicus"] ایسی علمی مجلس یا سوسائٹی کا رکن جو علوم و فنون کی ترقی کے لئے ہو ؛ رکن مجلس علمی -

Academicism : (n) اکادمی کا ممبر ؛ کسی فنی یا فلسفیانہ روایت کا پیرو یا اس کے خیالات کا حامی -

Academist : (n) دیکھو Academic

Academy : (n) [L."academia", Gr."academia"] (۱) ایتھنز کے قریب ایک باغ جہاں افلاطون درس دیا کرتا تھا ؛ اکادمی ـ (۲) اصول افلاطون یا دبستان افلاطون - (۳) علوم و فنون کے مطالعہ کا ادارہ یا مؤسسہ مثلا جامعہ ؛ عام اسکول اور کالج کے بین بین درجہ کا دعوا رکھنے والا ایک اسکول (مؤسسہ) - (٤) تربیت گاہ ؛ درس گاہ - (٥) ادبیات، علوم و فنون کی ترقی کا ایک ادارہ - (٦) کسی خاص فن کی درس گاہ یا تربیت گاہ - (۷) (تاریخ و سیاسیات، فلسفہ و نفسیات) اکادمی ؛ (انتظامیہ) دانش گاہ ـ

Military academy : (فلسفہ و نفسیات) فوجی اکادمی ـ

National academy : (فلسفہ و نفسیات) قومی اکادمی ـ

Academy of fine arts : (فلسفہ و نفسیات) آرٹ اکادمی ؛ فنون لطیفہ کی اکادمی ـ

Acadialite : (n) [ACADIE + LITE] سرخی مائل ایک معدنی شئے ـ

Acadian : (a) اسکوشیا کا باشندہ ؛ اکادمی ـ

Acajou : (n) [Fr."Cashew"] کاجو؛ مہاگنی کے درخت سے نکلی ہوئی ایک دوا ؛ بھلانواں -

-acal : (suffix) ایک توصیفی لاحقہ -

Acalepha : (n) [Gr."acalephe"] (حیوانیات) ایک قسم کا ڈنک مارنے اور شعاع دینے والا سمندری جانور ؛ ایک قسم کی مچھلی ؛ نجم البحر ـ

Acalycine : (a) [Gr." a+calyx"] (نباتیات) بغیر کٹوری کا پھول ؛ بغیر مسند (گل) کا ـ

Acalyculate : (a) [Gr."a"+ L."calycular "] بغیر زیر مسند یا اضافی مسند (گل) کا ـ

Acalypha : (n) [L.] جھاڑیوں کی ایک قسم جو گرم ممالک میں پائی جاتی ھے ؛ (نباتیات) کوکلی -

Acana : (n) [Sp.] جزائر غرب الھند کا ایک درخت جس کی لکڑی قیمتی ھوتی ھے -

Acanth : (n) [Fr."acanthe"] (١) خاردار پودوں کی ایک جنس ؛ طابقتہ الشوك ؛ شوکتہ الیھود - (٢) ایسے درختوں کا نقش جو یونانی وضع کی عمارت میں خوبصورتی کے لئے بنایا جاتا ھے -

Acanthaceous : (a) [L. ACANTH-US + ACEOUS] خارجسم -

Acanthesia : (n) خار حسیت -

Acanthine : (a) [L. acanthinus] خار دار پودوں کی ایک نوع (Acanth) سے متعلق -

Acanthion : (n) [Gr."akanthion"] خارنیہ -

Acanthocarpous : (a) خار پھلا -

Acanthocephalous : (a) (حیاتیات) خار سرا -

Acanthocereus : (n) [L."acanth-+cereus"] امریکی ناگ پھنی کی ایک قسم جس کے قیف نما سفید پھول ھوتے ھیں -

Acanthocladous : (a) (حیاتیات) خارشاخہ -

Acanthodes : (n) ایک قسم کی چھوٹی پتلی مچھلی -

Acanthoid : (a) [acanth + oid] خارمانند ؛ خاری شکل ؛ خار سا ؛ خار دار -

Acanthokeratodermia : (n) گٹا پڑنا -

Acantholysis : (n) خار کاھی -

Acanthoma : (n) [L.] خارسلعہ (جلدی بتوڑی) -

Acanthophis : (n) آسٹریلیا کے زھریلے سانپ کی ایک قسم -

Acanthophore : (n) (حیاتیات) خار بردار -

Acanthopodous : (a) [Acanth + podous] خار پا -

Acanthopore : (n) (حیاتیات) خار مسام -

Acanthosis : (n) [L."acanth + osis"] (طب) جلد کی ایک بیماری ؛ چمڑے کا گو مڑ ؛ مرض خار -

Acanthosis nigricans : (n) جلد کی ایک بیماری جس میں سیاہ مسہ نما دھبے پیدا ھوتے ھیں ؛ عموماً کہنی ، گٹے یا جانگھ میں -

Acanthosphere : (n) خار کرہ -

Acanthous : (a) خاردار ؛ ریڑھ جیسا -

Acapnia : (n) [Gr."acapnos"] (طب) کم دخانی ؛ کم کارپنی ؛ بے دخانی -

A cappella (or a capella) : (adv) [It."a Cappella"] (موسیقی) بغیر ساز کے -

Acapsular : (a) [A + capsula] بغیر غلاف کا ؛ (طب) بے غلافی ؛ (نباتیات) بے ڈوڈا -

Acapu : (n) [pg."acapu"] ایک امریکی درخت جس کی لکڑی فرنیچر وغیرہ بنانے کے کام آتی ھے -

Acapulco : (n) میکسیکو کا ایک درخت جس کے پتے جلدی امراض میں کام آتے ھیں -

Acara : (n) [pg."acara"] ایک قسم کی امریکی مچھلی -

Acardia : (n) بے قلبی -

Acardiac : (a) [Gr."acardios"] بے قلب ؛ فاقدالقلب ؛ بے دل والا -

Acariasis : (n) [Gr."acari"] ایک جلدی عارضہ ؛ (طب) کلنی روگ ؛ کھجلی ؛ جوں پڑنا -

Acaricide : (n) کلنی مار؛ جوں مار -

Acaridae : (n) [L."acarus+-idae"] مکڑے کی قسم کے کیڑوں کی ایک نوع -

Acarology : (n) [Acar+logy] کٹکی (ایک کیڑا) شناسی کا علم ؛ علم کرمکان -

Acarophobia : (n) خوف کہ کیڑے جلد میں بھرگئے ھیں -

Acarpellous : (a) [Gr."a"+L."carpellus"] (نباتیات) بے بفچہ -

Acarpous : (a) [Gr."a"+"carpos"] بغیر پھل کا ؛ بے ثمر ؛ بے پھلا -

Acarus : (n) کلنی ؛ جوں -

Acarus scabiai : (n) کلنی خارش ۔

Acatalectic : (a) [Gr."acatalectos"] بحرسالم (ایک بحر جس کا کوئی بھی رکن کم نہ ہو) ۔

Acatalepsy : (n) [Gr."acatalepsia"] (۱) خارج ازفہم ہونا ؛ عاری از فہم ہونا ؛ نا قابل فہم ہونا ؛ دقت ؛ دشواری ۔ (۲) (فلسفہ) مظنونیت ؛ مشکوکیت ؛ (کسی معروض کی وہ صفت جو کسی موضوع کی لا ادریت پر دلالت کرے) ؛ علت لاادریت ۔

Acataleptic : (a) ناقابل فہم ؛ خارج ازعقل ۔

Acaudate / Acaudal : (a) [A+ caudate] بے دُم ؛ بغیر پُونچھ ۔

Acaulescent : (a) [A+Caulescent] بظاہر بغیر تنے کا ؛ بے ساق ۔

Acauline : (a) دیکھو Acaulescent

Acca : (n) [ML."Acca","Accho"] ایک قسم کا زربفت ۔

Accadian :(a & n) عکاد کا یا عکادی یا عکاد کے متعلق ؛ قدیم اشوری یا عکادی زبان جو خط پیکانی (خط میخی) میں پائی گئی ہے ۔

Accede : (v) [L."accedere"] آگےآنا ؛ نزدیک پہنچنا ؛ کسی عہدہ کے کام کو شروع کرنا ؛ پہنچنا ؛ مقر ہونا ؛ اقرار کرنا ؛ مان لینا ؛ راضی ہونا ؛ (انتظامیہ) مان لینا ؛ راضی ہو جانا ؛ شامل ہونا ۔

Accelerando : (n) (موسیقی) لے کا بتدریج بڑھانا ؛ فن موسیقی کا ایک اشارہ ۔

Accelerant : (n) سرعت کار ؛ مسرع ۔

Accelerate : (v) (۱) رفتارکو تیزکرنا ۔ (۲) جلدی وقوع میں لانا ۔ (۳) تیز ہونا یا کر دینا ؛ سریع تر ہو جانا (کسی حرکت یا عمل کا) ؛ (ریاضی) سرعت دینا ؛ سرعتانا ۔

Accelerate : (n) تیز شاگرد یا طالب علم ۔

Accelerated : (a) (فلسفہ و نفسیات) اسراع یافتہ ؛ مسرع ۔

Accelerated depreciation : (n) (تجارت و معاشیات) سرعتی فرسودگی ۔

Accelerated electrode : (n) (طبیعیات) سرعتی الیکٹروڈ ۔

Accelerated filteration : (n) (طبیعیات) سرعتی تقطیر ۔

Accelerated period : (n) (طبیعیات) سرعتی دور ۔

Accelerated tube : (n) (طبیعیات) سرعتی نلی ۔

Accelerated voltage : (n) (طبیعیات) سرعتی وولٹیج ۔

Acceleratedly : (adv) سرعت کے ساتھ ؛ رفتار میں سرعت کے ساتھ ۔

Accelerating : (a) اسراعی ۔

Accelerating Chamber : (n) سرعت خانہ ۔

Accelerating tube : (n) سرعتی نلی ؛ اسراعی نلی ۔

Accelerating premium : (n) (تجارت و معاشیات) سرعتی پریمیم ؛ سرعتی بڑھوتی ۔

Acceleration : (n) [L."accelerationem"] (۱) اسراع ؛ تیزکرنا ؛ تیز کیا جانا ؛ تیز رفتاری ؛ اسراع فی ثانیہ ؛ شرح اسراع ۔ (۲) (فلکیات) سیاروں کی حرکت کا تسرع (نقطة الذنب (aphelion) اور نقطہ راس (perihelion) کے درمیان) ؛ تسریع ۔ (۳) حرکت قمر کا تسرع ؛ قمر کی حرکت وسطی کا تسرع ؛ اسراع حرکت قمر ۔ (٤) وقت معینہ سے قبل مدو جزر کاواقع ہونا ۔ (٥) (فلسفہ و نفسیات ، ریاضی و حیوانیات) اسراع ؛ (سماجیات) تیز رفتاری ؛ (کامرس) سرعت ؛ (طبیعیات) شرح رفتار ۔

Angular acceleration : (ریاضی) زاویائی اسراع ؛ (طبیعیات) زاویائی شرح رفتار ۔

Centripetal acceleration : (طبیعیات) مرکز رو شرح رفتار ۔

Constant acceleration : (ریاضی) مستقل اسراع ؛ (طبیعیات) کونس ٹینٹ شرح رفتار ۔

Downward acceleration : (ریاضی) نشیبی اسراع ۔

Horizontal acceleration : (ریاضی) افقی اسراع ؛ (طبیعیات) افقی شرح رفتار ۔

Linear acceleration : (ریاضی) خطی اسراع ؛

(۲) عضلات و اعصاب جو نامیاتی عمل کو تیز کرتی ھیں ؛ (طبیعیات) ایکسلے ریٹر ؛ سرعت گر ۔

Acceleratory : (a) (ریاضی) سرعتی ۔

Acceleration motion : (n) (ریاضی) سرعتی حرکت ۔

Accelerometer : (n) سرعت پیما ۔

Accension : (n) [L."accensionem"] روشن کرنا یا روشن ھونا ۔

Accent : (n) [L."accentum"] (۱) تاکید؛ زور؛ تکیه ؛ دباؤ جو کسی رکن یا لفظ پر دیا جائے ؛ فشار ؛ نبره – (۲) تاکید لھجه کی تین قسمیں جو مستقلاً حرف یونانی اور کسی قدر فرانسیسی زبان میں مستعمل ھیں : (´) (`) یا (^) اور جن سے شدید و خفیف کا اظھار مقصود ھوتا ھے ۔ (۳) (انفرادی، مقامی یا قومی) لب و لھجه ؛ لھجه ؛ تلفظ ؛ (لسانیات) لھجه ؛ بل ۔ (٤) لوچ ؛ اتار چڑھاؤ ؛ تغیر لحن (جس سے تاثرات کا اظھار مقصود ھو) ۔ (٥) (لھجه میں) گفتگو ؛ تقریر ؛ نطق ۔ (٦) (عروض) رکن پر تاکید ؛ رکنی تاکید ؛ کھٹکا ۔ (۷) (موسیقی) وہ تاکید جو وقفه سے دی جائے ؛ دوری تاکید ؛ تاکید ؛ تالی ۔ (۸) (استعارتاً) شدت؛ نکلا ھوا فرق ۔

Accent (v) [Fr."accenter"] (۱) زور یا تاکید دینا ؛ زور یا تاکید کے ساتھ تلفظ کرنا ۔ (۲) کسی لفظ یا عبارت پرتاکیدی علامتیں بنانا ؛ معجم کرنا ؛ اوقاف بنانا – (۳) بڑھانا ؛ نمایاں کرنا ؛ ممتاز کرنا ؛ مبالغه کے ساتھ بیان کرنا۔

Acute accent : (لسانیات) شدید بل ۔

Bound accent : (لسانیات) متعین بل ۔

Chromatic accent : (لسانیات) سر لھجه ۔

Circumflex accent : (لسانیات) نشان لھجه ۔

Dynamic accent : (لسانیات) حرکی بل ۔

Final accent : (لسانیات) اختتامی بل ۔

Fixed accent : (لسانیات) متعین بل ۔

Free accent : (لسانیات) آزاد بل ۔

(طبیعیات) خطی شرح اسراع ۔

Negative acceleration : (فلسفه ونفسیات) منفی اسراع ۔

Normal acceleration : عمودی اسراع ؛ (طبیعیات) عمودی شرح رفتار۔

Parallelogram acceleration : (طبیعیات) متوازی زاویے کی شرح رفتار؛ متوازی اضلاع کی شرح رفتار۔

Positive acceleration : (فلسفه و نفسیات) مثبت اسراع ۔

Tangential acceleration : (ریاضی) مماثل اسراع ؛ (طبیعیات) تین جینتی شرح رفتار ۔

Total acceleration : (ریاضی) سرعت کلی ؛ کلی سرعت ؛ (طبیعیات) کلی شرح رفتار ۔

Upward acceleration : (ریاضی) فرازی سرعت ۔

Vector acceleration : (a) (طبیعیات) ویکٹر شرح رفتار ؛ سمتیه شرح رفتار ؛ (ریاضی) سرعت کا سمتیه ۔

Vertical acceleration : (طبیعیات) عمودی شرح رفتار ؛ (ریاضی) انتصابی سرعت ۔

Zero acceleration : (فلسفه و نفسیات) بے شرح ؛ صفر اسراع ۔

Acceleration by powering : (شماریات) شرح رفتار بذریعه قوت ۔

Acceleration of gravity : (طبیعیات) مادی کشش کی شرح رفتار ۔

Acceleration of moon : چاند کی شرح رفتار ۔

Acceleration of planet : سیاروں کی شرح رفتار ۔

Acceleration of social change : (سماجیات) سماجی تبدیلی کی تیز رفتاری ۔

Acceleration of the tide : مدو جزر کی تیز رفتاری ۔

Acceleration principle : (n) اصول اسراع ۔

Accelerator : (n) (۱) مسرع ؛ تیز کننده ؛ وہ شئے یا شخص جو کسی چیز کی رفتار تیز کرے ۔

Grave accent : (لسانیات) گمبھیر بل ۔

Initial accent : (لسانیات) ابتدائی بل ۔

Medial accent : (لسانیات) وسطی بل ؛ درمیانی بل ۔

Minor accent : (لسانیات) معمولی بل ؛ ابتدائی بل ۔

Musical accent : (لسانیات) غنائی لهجه ۔

Pitch accent : (لسانیات) سر لهجه ۔

Primary accent : (لسانیات) معمولی بل ؛ ابتدائی بل ۔

Qualitative accent : (لسانیات) کیفیتی بل ۔

Quantitative accent : (لسانیات) کمیتی بل ۔

Secondary accent : (لسانیات) ثانوی بل ۔

Secondary Stress accent : (لسانیات) بل دار لهجه ۔

Tonic accent : (لسانیات) سر لهجه ۔

Wrenched accent : (لسانیات) مسخ بل ۔

Accent affectif : (n) (لسانیات) بناوٹی لهجه ۔

Accent aiguise : (n) (لسانیات) ایغیزی بل ۔

Accent frappe : (n) (لسانیات) منجمد دباؤ ۔

Accent mark : (n) نشان لهجه ؛ نشان تکیه ؛ بل کا نشان ۔

Accent shift : (n) (لسانیات) انتقال بل ؛ انتقال نبره ۔

Accented : (a) (لسانیات) بل دار ؛ لهجه دار ۔

Accentless : (a) غیر تکیه دار ؛ بے بل ؛ بے لهجه ۔

Accentless tone : (n) (لسانیات) سپاٹ لهجه ۔

Accentor : (n) [L."ad+cantor"] (۱) (موسیقی) جو گانے میں نمایاں حصه لیتا هے ۔ (۲) گوریا (ایك قسم کی چڑیا) ۔

Accentual : (a) [L."accentus"] تاکیدی ؛ زور کے متعلق ؛ لب و لهجه کے متعلق ۔

Accentual phoneme : (n) (لسانیات) بل دار صوتیه ۔

Accentual prosody : (n) وه عروض جو نبره پر مبنی هو نه که ارکان لفظی پر ۔

Accentual verse : (n) وه نظم جو نبره پر مبنی هو نه که ارکا ن لفظی پر ۔

Accentually : (adv) تکیه (accent) دیتے هو ئے ؛ بل دیتے هوئے ؛ تاکیدی اعتبار سے ؛ زور دے کر ۔

Accentuate : (v) [med. L." accentuare"] دیکھو Accent (v)

Accentuation : (n) [L."accentuationem"] طریقۂ تلفظ ؛ تاکید ؛ زور ؛ (لسانیات) بل داریت ۔

Accentuator : (n) بل دینے والا ؛ مؤکد ؛ وه جو کسی حرف پر بل دیتا هے ۔

Accept : (v) [L."acceptare"] (۱) قبول کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ لینے پر رضامند هونا ؛ لے لینا ؛ (انتظامیه) ماننا ؛ منظور کرنا ؛ قبول کرنا ۔(۲) قبول کرنا ؛ اقرار کرنا ؛ حامی بھرنا ؛ اثبات میں جواب دینا ؛ اقراری جواب دینا ۔ (۳) نظر عنایت سے دیکھنا ؛ کرم یا مهربانی کرنا ؛ (خاص کر ناواجب مهربانی) ۔ (٤) کافی سمجھنا ؛ مناسب سمجھنا ؛ موزوں سمجھنا ؛ (٥) یقین کرنا ؛ باور کرنا ۔ (٦) ذمه لینا ؛ (عهده وغیره کا) ۔ (۷) سکارنا (هنڈی وغیره کا) ۔

To accept the person or face of : حمایت کرنا ؛ جانبداری کرنا (غلط اسباب کی بناء پر) ۔

To accept persons : جانب داری دکھانا ؛ پاسداری دکھانا ۔

To accept service of a writ : عدالتی پروانے کا جائز تعمیله تسلیم کرنے کے لئے رضامند هونا ۔

Acceptability : (n) [L."acceptabilitatum"] مقبولیت ؛ قبولیت ؛ مرغوب هونا ۔

Acceptable : (a) [L." acceptabilis"] قابل قبول ؛ قابل تسلیم ؛ پسندیده ؛ مرغوب ؛ خوشگوار ؛ خوش آئند ؛ (تاریخ و سیاسیات) قابل قبول ؛ مقبول ۔

Acceptable boundary : (n) (شماریات) قابل تسلیم حد ۔

Acceptable inspection : (n) (شماریات) قابل تسلیم معائنه ۔

Acceptable line : (n) (شماریات) قابل تسلیم خط ۔

Acceptable number : (n) (شماریات) قابل تسلیم عدد ۔

Acceptable proposal : (n) (تجارت و معاشیات) قابل منظور تجویز ۔

Acceptable quality level : (n) (شماریات) قابل تسلیم صفتی سطح ۔

Acceptable region : (n) (شماریات) قابل تسلیم خطہ ۔

Acceptable sampling : (n) (شماریات) تسلیم‌پذیر انتخاب نمونہ ۔

Acceptableness : (n) قابل تسلیم ہونے کی حالت ؛ قبولیت ۔

Acceptance : (n) [See accept] (۱) قبولیت ؛ رضامندی ۔ (۲) پسندیدگی ؛ مقبولیت ؛ اچھا سمجھنا ؛ اچھا جاننا ۔ (۳) تائید ؛ منظوری ؛ پذیرائی ۔ (٤) جنبہ داری ؛ طرفداری ؛ حمایت ۔ (٥) سکارنا ؛ قبول کرنا ؛ ادائیگی کا ذمہ لینا ۔ (٦) سکاری ہنڈی ۔ (۷) (تاریخ و سیاسیات) قبولیت کی منظوری ؛ (انتظامیہ) رضامندی ؛ منظوری ؛ (معاشیات) قبولیت ۔

Absolute acceptance : (تجارت و معاشیات) مطلق منظوری ؛ کامل منظوری ؛ مطلق قبولیت ۔

Bank acceptance : (تجارت و معاشیات) بنکی قبولیت ۔

Clean acceptance : (تجارت و معاشیات) صاف منظوری ؛ کامل منظوری ۔

Conditional acceptance : (تجارت و معاشیات) مشروط منظوری یا قبولیت ۔

Express acceptance : (تجارت و معاشیات) واضح منظوری ۔

Forged acceptance : (تجارت و معاشیات) جعلی منظوری ۔

General acceptance : (تجارت و معاشیات) عام منظوری ؛ عام قبولیت ۔

Implied acceptance : مضمر قبولیت ۔

Local acceptance : (تجارت و معاشیات) مقامی منظوری ۔

Non-acceptance (تجارت و معاشیات) نا منظوری ۔

Partial acceptance : (تجارت و معاشیات) جزوی منظوری یا قبولیت ۔

Qualified acceptance : (تجارت و معاشیات) پابند منظوری ؛ مشروط قبولیت ۔

Special acceptance : خاص قبولیت ۔

Supra protest acceptance : (تجارت و معاشیات) با اعتراض منظوری ؛ احتجاجی قبولیت ۔

Trade acceptance : تجارتی قبولیت ۔

Acceptance book : (n) (تجارت) منظوری رجسٹر ۔

Acceptance bill : (n) قبولی ہنڈی ؛ سکارنی ہنڈی ۔

Acceptance credit : (n) قبولی اعتبار ۔

Acceptance for honour : (تجارت) منظوری برائے اعزاز ؛ اعتباری قبولیت ؛ ضمانتی قبولیت ۔

Acceptance letter : (n) (تجارت) منظوری نامہ ۔

Acceptance of bill : مسودہ قانون کی قبولیت ۔

Acceptance of office : (انتظامیہ) عہدہ قبول کرنا ؛ قبولیت منصب ۔

Acceptance of stock : (تجارت) منظوری اسٹاک ۔

Acceptance of tender : (انتظامیہ) ٹینڈر کی منظوری ۔

Acceptance register : (n) (تجارت) منظوری رجسٹر ۔

Acceptancy : (n) قبول کرنے کی رضامندی یا آمادگی ۔

Acceptant : (n) [Fr.] خوشی سے قبول کرنے والا ؛ ہنڈی سکارنے والا ؛ سکاریا ۔

Acceptation : (n) [L." acceptationem "] عام معنی ؛ عرفی معنی ؛ تعبیر (وہ مفہوم جس کے لئے کوئی لفظ وغیرہ تسلیم کر لیا جائے) ۔

Accepted : (a) قبول شدہ ؛ منظور ؛ مقبول ۔

Accepted bill : (n) (تجارت و معاشیات) منظور شدہ بل ۔

Accepted business (Insurance) : (تجارت و معاشیات) منظور شدہ بیمے ۔

Acceptedly : (adv) قبول کرتے ہوئے ؛ مانتے ہوئے ؛ تسلیم کرتے ہوئے ۔

Acceptilate : (v) بغیر ادائیگی کے قرضہ معاف کرنا ۔

Acceptilation : (n) [L."acceptilationem"] بغیر ادائیگی کے قرضہ کی معافی بذریعہ فارغ خطی ۔

Accepting house : (n) (تجارت) منظوری ادارہ ۔

Acception : (n) [L." acceptionem"] دیکھو acceptation

Acceptor : (n) [L." acceptus"] (طبیعیات و کیمیا) لین ہار ؛ قبول کار ؛ قبولندہ ؛ (معاشیات) پزیرندہ ؛ قبول کنندہ ۔

Acceptor atom : (n) (طبیعیات) لین ہار ایٹم ؛ لین ہار جوہر ۔

Acceptor circuit : (n) (طبیعیات) لین ہار سرکٹ ؛ قبولندہ دور ۔

Acceptor element : (n) (کیمیا) قبول کنندہ عنصر؛ قبول کار عنصر ۔

Acceptor's ledger : (n) (تجارت) قبول کنندہ کھاتا بہی ۔

Access : (n) [L." accesus "] (۱) پہنچ ؛ رسائی ؛ گذر ؛ دسترس ۔ (۲) گذر اور رسائی کا ذریعہ یا راستہ ۔ (۳) اضافہ ۔ (٤) اچانک حملہ ؛ ہلا ؛ شدت ؛ ہیجان ؛ (مرض، غصہ وغیرہ کا) ۔ (٥) راستہ ؛ نالی ؛ دروازہ ؛ گذر ؛ باٹ ۔ (٦) تالیف ؛ نشو و نما ؛ (انتظامیہ) پہنچ ؛ رسائی ۔

Open access : آزاد داخلہ ۔

Accessary : (n) [L." accesus"] (۱) مددگار ؛ معاون ؛ ممد ؛ شریک ؛ رفیق ؛ رازدار ۔ (۲) (قانون) کسی جرم کے ارتکاب سے پہلے یا بعد میں مدد کرنے والا ۔ (۳) ملحقات ؛ لوازم ۔

Accessibility : (n) دسترس ؛ رسائی پذیری ؛ باریابی پذیری ۔

Accessible : (a) [Fr. See accede] (۱) قابل دسترس ؛ قابل رسائی ؛ پہنچنے یا داخل ہونے کے قابل ؛ سہل الوصول ؛ رسائی پذیر ؛ اثر پذیر ۔ (۲) (استعارتاً) متاثر ہونے والا ؛ اثر پذیر ہونے والا ؛ اثر لینے والا ۔

Accessibly : (adv) رسائی پذیری سے ؛ اثر قبول کرتے ہوئے ۔

Accession : (n) [Fr. See accede] (۱) پہنچ ؛ رسائی ؛ تقرب ؛ ملاقی ہونا ۔ (۲) فائزہونا ؛ عہدے پر آنا ؛ تخت نشینی ؛ جلوس (بادشاہ کا تخت پر) ۔ (۳) بڑھوتری ؛ اضافہ ؛ افزونی ؛ زیادتی ۔ (٤) رضامندی ؛ قرار ؛ ایجاب ۔ (٥) ترقئ املاک ؛ توقیر ؛ جائداد کا بڑھانا ۔ (٦) (انتظامیہ) الحاق ؛ فائز ہونا ؛ تقررہونا ؛ (سماجیات) رسائی ؛ (تاریخ و سیاسیات) شمول ؛ شامل ہونا ؛ شمولیت ؛ فائز ہونا ۔

Accession arrangement : (n) ترتیب وصول ۔

Accession clause : (n) (تاریخ و سیاسیات) دفعہ شمولیت ۔

Accession date : (n) تاریخ وصول ۔

Accession number : (n) شمارہ وصول ۔

Accession rate : (n) شرح اضافگی ؛ (سماجیات) شرح رسائی ۔

Accession record (or register) : (n) رجسٹر وصول ۔

Accessional : (a) اضافی ۔

Accessional service : (n) (تجارت و معاشیات) اضافی خدمت ۔

Accessory : (n) [L." accessorius"] (۱) (طبیعیات) اضافی ؛ زائدطور پر ۔ (۲) شریک ؛ ممد ؛ مساعد ؛ معاون ؛ مددگار ۔ (۳) لوازم ؛ ضمنی ؛ ملحقہ ؛ متعلقہ ؛ (انتظامیہ) معاون ؛ ضمنی وسیلہ ؛ (حیوانیات) معاون ؛ (طب) زائد ؛ دیکھو Accessary

Accessory bud : (n) معاون کلی ؛ اضافی کلی ۔

Accessory chrosome : (n) معاون لونیہ ۔

Accessory equipment : (n) (تجارت و معاشیات) مددگاری ساز و سامان ۔

Accessory food factors : (n) (حیاتیات) معاون غذائی اجزاء ۔

Accessory glands : (n) معاون غدود ۔

Accessory licence : (n) (انتظامیہ) ضمنی لائسنس ۔

Accessory minerals : (n) ضمنی معدنیات ۔

Accessory nerve : (n) (لسانیات) معاون رگ ۔

Accessory pancreatic duct : (n) (حیاتیات) معاون لبلبی قناۃ ۔

Accessory product : (n) (تجارت و معاشیات) مددگاری پیداوار ؛ (حیاتیات) معاون نبضی اعضاء ۔

Accessory word : (n) (لسانیات) ملحق لفظ ۔

Access right : (n) حق داخلہ ۔

Accidence : (n) [L."accidentia"] گردان ؛ تصریف ؛ (لسانیات) گردان ؛ دیکھو Accident

Acquest : (n) [L."acquisitum","acquisitum","acquirer"] (۱) حاصل شدہ چیز ؛ حصول ؛ املاك غیر متروکہ ؛ (قانون) حصول املاك بغیر وراثت کے ؛ ملك ذاتی یا غیر متروکہ ؛ جائداد محصلہ (جو وراثت کےعلاوہ دوسرے ذریعہ سے حاصل ھو) ۔

Acquiesce : (v) [L."acquiescere"] راضی ھونا ؛ متفق ھونا ؛ رضامند ھونا ؛ چپ چاپ مان لینا ۔

Acquiescence : (n) (۱) منظوری ؛ رضامندی ؛ اتفاق ؛ (تاریخ و سیاسیات) رضامندی ۔ (۲) خاموشی سے کسی تجویز یا کارروائی کا مان لینا ۔

Acquiescent : (a) [L."acquiescentem"] رضامند ؛ راضی ۔

Acquiescently : (adv) رضامندی سے ۔

Acquirability : (n) حصول پذیری ؛ حاصل کرنے کی قوت ۔

Acquirable : (a) قابل حصول ۔

Acquire : (v) [L."acquirere"] (۱) حاصل کرنا ؛ اپنی محنت سے پا لینا ؛ اکتساب کرنا ۔ (۲) وصول کرنا ؛ کسب کرنا ۔

Acquired : (a) (فلسفہ و نفسیات) اکتسابی ۔

Acquired character : (n) (سماجیات) اکتسابی سیرت ۔

Acquired charateristics : (n) (سماجیات) اکتسابی خواص ۔

Acquired pattern : (n) (سماجیات) اکتسابی طرز ۔

Acquired tendency : (n) (سماجیات) اکتسابی رجحان ۔

Acquirement : (n) اکتساب ؛ حصول ؛ کسب ؛ تحصیل ؛ دستیابی ؛ وہ چیز جو حاصل ھو ؛ شے حاصل شدہ یا حاصل کردہ ۔

Acquirer : (n) کسب کنندہ ۔

Acquiring : (v) کسب کرنا ۔

Acquisition : (n) [L."acquisitionem","acquirere"] تحصیل ؛ اکتساب ؛ حصول ؛ دستیابی ؛ کسب ؛ اکتساب ۔

Class acquisition : طبقاتی تحصیل ۔

Modes of acquisition of citizenship : (تاریخ و سیاسیات) حصول شھریت کے طریقے ۔

Acquisition class : (n) (سماجیات) تحصیل پسند طبقہ ۔

Acquisition cost : (n) (تجارت و معاشیات) دستیابی لاگت حصولی لاگت ؛ مصارف تحصیل ۔

Acquisition department : (n) صیغہ تحصیل ۔

Acquisition of nationality : (تاریخ و سیاسیات) حصول قومیت ۔

Acquisition of territory : (تاریخ و سیاسیات) حصول علاقہ ۔

Acquisition right : (n) حق تحصیل ۔

Acquisition through naturalisation : ملکی بنکر حصول قومیت ۔

Acquisitive : (a) حاصل کرنے کا شوق یا ھوس رکھنے والا ؛ متحصل ؛ (سماجیات) تحصیل ۔

Acquisitive mob : (n) (سماجیات) تحصیلی مشتعل مجتمع ۔

Acquisitiveness : (n) اکتساب کا شوق ؛ ھوسناکی ؛ شوق تحصیل ؛ (سماجیات) اکتسابیت ؛ تحصیل پسندی ؛ تحصیلیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) حصول اشیاء کا میلان ۔

Social acquisitiveness : سماجی تحصیل پسندی ؛ سماجی تحصیلیت ۔

Acquist : (n) تحصیل ؛ حصول ؛ اکتساب ؛ کسب ؛ دستیاب ۔

Acquit : (v) [L."acquitare"] (۱) قرض چکانا ؛ عهده برآ هونا ؛ بری هونا ؛ پورا کرنا ؛ بجا لانا ۔ (۲) ادا کرنا ؛ بیباق هونا ؛ چکانا ۔ (۳) رها کرنا ؛ چھوڑنا ؛ آزاد کرنا ۔ (٤) انجام دینا ؛ ادا کرنا ؛ پورا کرنا ۔

Acquitment : (n) رهائی ؛ ادائیگی ؛ بیباقی ؛ بریت ؛ انجام دهی ۔

Acquittal : (n) (۱) رهائی ؛ چکائی ؛ ادائیگی ؛ بجا آوری ؛ خلاصی ۔ (۲) قانونی کارروائی یا فیصله کے ذریعه رهائی ۔ (۳) فرائض کی انجام دهی ۔

Acquittance : (n) (۱) ادائیگی قرضه ؛ بیباقی ؛ چکتی ؛ چکوتا ۔ (۲) مخلصی ؛ رهائی ؛ آزادی ۔ (۳) رسید ؛ مکمل وصولیابی ؛ پوری رقم کی بھر پائی ؛ (کامرس) بیباقی ؛ فارغ خطی ۔

Acquitted : (a) الزام سے بری ؛ رها ۔

Acrania : (n) [Gr."a+cranion"] بلا کھوپڑی ؛ بلا کاسه سر ۔

Acrasia : (n) [Gr."ackrasia"] سماروغ کی ایک نوع ۔

Acraspedote : (a) [L."Acrasped"+-ote] (حیاتیات) بے نقاب ۔

Acrasy : (n) [med.L."acrasia"] بے اعتدالی ؛ کثرت مےنوشی ۔

Acrawl : (a) [A + crawl] رینگتا هوا ۔

Acre : (n) [Gr."agros"] ایکڑ ۔

God's acre : گورستان ؛ قبرستان ۔

Acre length : (n) چالیس بانس کا ایک فرلانگ ۔

Acreable : (a) فی ایکڑ ۔

Acreage : (n) رقبه ایکڑ میں ۔

Acrid : (a) [L."acris"] (۱) مزه میں تلخ و تند ۔ (۲) تیز ؛ نیش زن ؛ آنکھ اور جلد وغیره کو کھا جانیوالا ؛ جذبات میں تلخ طور پر هیجان پیدا کرنیوالا ؛ (کیمیا) چربی کا سڑنا ۔

Acridine : (n) (کیمیا) ایکریڈین ؛ ایک کیمیاوی مرکب ، $(C_{12}H_9N)$ ۔

Acridity : (n) تلخی ؛ تندی ؛ تیزی ؛ چڑچڑا پن ؛ کلام یا مزاج کی وه تلخی جو هیجان پیدا کرے ۔

Acridly : (adv) تلخ طورپر ؛ تند طورپر ؛ درشتی کے ساتھ ؛ تلخی سے ۔

Acridness : (n) تلخی ؛ تیز مزاجی ؛ خشونت ؛ جھلاپن ؛ چڑچڑاپن ۔

Acridology : (n)[Gr."akrid","akris"+ (o) + Logy] ٹڈیوں اور ٹڈوں کا مطالعه ۔

Acriflavine : (n) [acridine + flavine] (کیمیا) ایکریفلیوین ۔

Acrimonious : (a) [L."acrimoniosus"] تند ؛ تیز ؛ آتش مزاج ؛ درشت ؛ جھلایا هوا ؛ جھلا ۔

Acrimoniously : (adv) درشتی سے ؛ تند خوئی سے ؛ جھلاهٹ ۔

Acrimony : (n) [L."acrimonia"] تندی ؛ تیزی ؛ آتش مزاجی ؛ درشتی ؛ جھلاهٹ ۔

Acrita : (n) [Gr.] (حیوانیات) بے اعصاب ؛ فاقد الاعصاب (ایسے جانور جن میں کوئی مخصوص نظام عصبی نه هو) ۔

Acritical : (a) [Gr."a + critical"] غیر بحرانی حالت والا ۔

Acritochromacy : (n) [Gr."acritos + chromat-"] رنگوںدهاپن ۔

Acro - سابقه بمعنی (۱) بلند ترین ؛ سر ے کا ؛ سر ے پر ۔ (۲) نوک ؛ سر ؛ پھننگ ۔

Acroaesthesia : (n) سر حسی ۔

Acroama : (n) [Gr."akroama"] (۱) خطیبانه تقریر ۔ (۲) زبانی تعلیم جو صرف وه لوگ سنا کرتے تھے جنکو پوشیده تعلیم دی جاتی تھی ۔

Acroamatic : (a) (۱) زبانی مطلع کیا هوا ؛ مخفی ؛ پوشیده ۔ (۲) زبانی اطلاع ؛ ارسطو کا درس زبانی جو اس کے فلسفه کے مخفی حصه کے متعلق هو تاتھا جسے وه لوگ سنا کرتے تھے جنھیں پوشیده تعلیم دی جاتی تھی ۔

Acroanesthesia : (n) سر لاحسی ۔

Acroasis : (n) [Gr.] سنی ہوئی گفتگو یا سناہوا مکالمہ ۔

Acrobat : (n) [Gr."acrobatos"] (۱) نٹ ؛ قلاباز ؛ رسے پر ناچنے والا ۔(۲) (مجازاً) نئے نئے رنگ بدلنے والا ؛ سیاسی گرگٹ ؛ حافظے وغیرہ کا کرتب کرنے والا ۔

Acrobatic : (a) نٹ کا ؛ نٹ جیسا ۔

Acrobatically : (adv) نٹ پنے سے ؛ نٹوں کی طرح ۔

Acrobatics : (n) فن قلا بازی ۔

Acrobatism : (n) قلابازی کا فن ؛ نٹ پنا ۔

Acroblast : (n) [ac - + Blast] (حیاتیات) سرنھوض ۔

Acrocarpous : (a) سر پھلا ؛ سرے پر پھل لگنے والا ۔

Acrocephalic : (a) [Gr."acro"+cephale+ic] بلند کھوپڑی والا ؛ جس کی کھوپڑی بلند ہو ۔

Acrocephaly : (n) [Gr."acro"+ cephale +-y] کھوپڑی کی بلندی ۔

Acrochord : (n) سانپ کی ایک قسم ۔

Acrochordon : (n) [Gr."acrochordon"] سخت مسا ؛ گومڑی ؛ لٹکتا ہوا مسا ۔

Acrock : [Fr."acroc"] سہارا کے ساتھ؛ ٹیك دار ؛ اڑواڑ کے ساتھ۔

Acrodont : (a) [Gr."acro"+"odont"] جس کے دانت جبڑے کی ہڈی سے سختی سے لگے ہوں ۔

Acrodrome : (a) [Gr."acr-+-drome/-dromous"] ایك نقطہ کی طرف متمرکز ہونیوالا ۔

Acrodus : (n) [L."acr+- odus"] نہنگ کی ایك قسم ۔

Acrofugal : (a) [Acro + Fugal] (حیاتیات) سرگریز۔

Acrogamy : (n) [Acro + Gr."gamia"] سر زوجیت ۔

Acrogen : (n) [Gr."acro"+"genes"] ایك قسم کا پودا جس کا تنا مدامی اور جس کا نقطہ نمو سرے پر ہوتا ہے ؛ سر نمو؛ سر خیزپودا ۔

Acrography : (n) لکڑی میں بنت کاری کا فن ۔

Acrolein : (n) [L.acris + olere +-IN(E)] (کیمیا) ایك بے رنگ اور تیز (ناگوار) بو والا تلخ سیال ؛ ایکرولین ۔

Acrolith : (n) [Gr."acrolithos"] ایسا بت جس کے سب اعضاء سوا دھڑ کے پتھر کے ہوں ؛ (تاریخ و سیاسیات) ایکرو لیتھ ۔

Acrology : (n) [Gr. acro - + logy] ابتدا کی آواز ؛ ابتدائی صوت ؛ تصویری علامت کا استعمال یا کسی شے کی تصویری تحریر جو صوتی اعتبار سے اس شے کے نام، ابتدائی ہجا یاآواز کی نمائندہ ہو ، مثلاً ایك بیل کی نشان کی ابتدائی آواز جو" الف (a) " کی نمائندہ ہے ؛ (لسانیات) سر نقشی ۔

Acromania : (n) [N.L."acr +manis"] ناقابل علاج شدید پاگل پن ۔

Acromegaly : (n) [Fr."acromegalie"] ایك قسم کی بیماری جس میں ہاتھ پیر جبڑے وغیرہ کی ہڈیاں آہستہ آہستہ بڑھ کر مستقل شکل اختیار کر لیتی ہیں ؛ کبر الجوارح ۔

Acromion : (n) [Gr.] مونڈھے کا باہری سرا ۔

Acromion process : (n) (حیوانیات) ایکرومئین ابھار ۔

Acronarcotic : (a) [L."acris + narcotic"] تیز اور مخدر دونوں صفتوں کا حامل ؛ جلانے اور نیند لانے والی ؛ محرك و منوم ۔

Acronychal / Acronycal : (a) [Gr.acronych -os + -AL] سرشام کے ؛ سرشبی جو رات کی آمد کے وقت واقع ہو ؛ (خاص کر ستاروں کیلئے) ۔

Acronychally : (adv) طالعانہ ؛ سر شبانہ ۔

Acronym : (n) [acr- + -onym] مرکب الفاظ کے ابتدائی حروف سے بنا ہوا لفظ ۔

Acrook : (adv) [A + Crook] جھکا ہوا؛ مڑا ہوا ؛ خم دار ؛ ٹیڑھا بنکا ؛ خمیدہ ۔

Acroparalysis : (n) جوارحی مفلوجیت ۔

Acropetal : (a) [Gr."acro-+" L.pet-ere + - AL] سرے پر پنکھڑی کا ہونا ؛ سر رجوع ۔

Acrophobia : (n) [L."acr-+phobia"] (نفسیات) خوف بلندی ؛ فراز ترسی ۔

Acrophonetic writing : (n) (تاریخ) اشاری رسم تحریر ؛ اشاری رسم خط ؛ ایکرو فونے ٹك رسم تحریر ؛ (لسانیات) سر نقشی تحریر ۔

Acrophony : (n) [Gr.acro- +phonia] Acrology دیکھو

Acropolis : (n) [Gr.] یونانی شہروں کا بالا حصار (خاص کر شہر ایتھنس کا) ؛ (تاریخ و سیاسیات) ایکرو پولس (قدیم یونان) -

Acroscopic : (a) [Gr."acr(a)+scopic"] (حیاتیات) سر بیں ؛ راسیہ ؛ سر طرف -

Acrosome : (n) [Gr."acrosom"] سر جسم -

Acrospere : (n) [Gr."acro+spir-a"] انکر سے پہلی پتی -

Across : (adv) [A + Cross] (۱) صلیب کی شکل میں ؛ صلیب کے طور پر ؛ قطع کرتے ہوئے ؛ کاٹتے ہوئے - (۲) آر پار ؛ کسی چیز کے ساتھ مل کر صلیب نما بنتے ہوئے ؛ آڑا ترچھا ؛ کسی چیز کی لمبائی کو عرض میں پارکرتے ہوئے - (۳) دوسرے سرے پر (پار کرنے کے نتیجہ میں) - (٤) پاس ؛ نزدیک ؛ قریب -

Across (Prep) : (۱) (سمت) زاویہ قائمہ یا کسی زاویہ سے - (۲) (حرکت) ایک طرف سے دوسری طرف عرضاً (لمبائی میں نہیں) ؛ آرپار - (۳) (حالت) دوسرے سرے پر ؛ دوسری طرف ؛ ادھر ؛ اس پار ؛ اس جانب -

To come across : اچانک ملاقات ہوجانا ؛ مل جانا ؛ مڈ بھیڑ ہوجانا -

Across the board : (تجارت و معاشیات) چلیپائی ؛ بورڈ کے آر پار -

Across the country : راستوں کا لحاظ نہ کرتے ہوئے دوسروں کے درمیان سیدھا راستہ -

Acrostic : (n) (۱) ایسی نظم یاعبارت جسکی سطروں کے پہلے یا پہلے اور آخری ، یاپہلے ، درمیانی اور آخری حروف ایک یا کئی لفظ بنائیں ؛ موشحہ (جس میں تو شیح کی صفت ہو) - (۲) اس طریقہ پر جو چیستاں بنے - (۳) ایک قسم کی عبرانی نظم جس کے مصرعے ترتیب کے ساتھ حروف تہجی سے شروع ہوں ؛ اکھراوٹ -

Acrostic : (a) [Gr."acrostichis", f."acro - + sticho"] صلیب نما ؛ ٹیڑھا بیڑھا ؛ آڑا ترچھا ؛ چلیپائی ؛ موشح ؛ توشیحی -

Acrostically : (adv) توشیح کے ساتھ؛ چلیپائی انداز سے -

Acrostichoid: (n) [f. Acrostic (H)] فرن (ایک قسم کا پودا) کی ایک ذات کا وصف -

Acroteleutic : (n) [Gr."acroteleution"] کسی نظم یا مناجات کا خاتمہ یا کوئی دوسری چیز جو لوگوں کے گانے کے لئے اس سے ملا دی جاتی ھے -

Acroter : (n) [Gr."acroterion"] وہ مجسمے یا مورت کی کرسی جو اکثر بغیر پایہ کی ھوتی ھے اور عمارت کے روکار کے مثلثی حصہ کے درمیان یا پہلو میں رکھی ھوتی ھے -

Acroterium : (n) (تاریخ و سیاسیات) ایکرو ٹیرم -

Acrotic : (n) مدھم نبض -

Acrotic : (a) [Gr."acrotes"] (طب) بیرونی حصے سے متعلق ؛ باھری حصے سے متعلق ؛ باھری ؛ خارجی ؛ سطحی -

Acrotism : (n) دھڑ کن کی کمی ؛ ارتعاش کی کمی ؛ لرزش کی کمی ؛ نبض کی رفتار یا دھڑکن میں کمی -

Acrotomous : (a) [Gr."acrotomos"] (نباتیات) پیندی کے متوازی بال رکھنے والا ؛ (معدنیات) قاعدہ کے متوازی شگاف رکھنے والا -

Acryl : (n) [Acr (olein + yl (e)] (کیمیا) ایکرائل -

Acryl aldehyde : (a) (کیمیا) ایکرائل ایلڈی ھائڈ -

Acrylic : (a) [ACRYL+-IC] (کیمیا) ایکرائل کا یا اس سے متعلق ؛ ایکرائلک -

Acrylic acid : (n) (کیمیا) ایکرائلک تیزاب -

Acrylic series : (n) (کیمیا) ایکرائلک سلسلہ -

Act : (n) [F."acte", L."actus","actum"] (۱) کام ؛ کاج ؛ عمل ؛ حرکت ؛ دوران عمل ؛ کار روائی ؛ مشیت ایزدی ؛ قضا و قدر (کا فعل) - (۲) (قانون) قانون ؛ ایکٹ ؛ جو مجلس وضع قوانین کی طرف سے نافذ ھو ؛ کسی دستاویز کے قانونی الفاظ قبولیت جیسے " منکہ فلاں بصحت ھوش و حواس و برضامندی " - (۳) (ناٹک) ایکٹ ؛ حصہ ؛ باب - (٤) (جامعہ) وہ مضمون جو طالب علم کسی اعلا سند کے لئے تیار کرتے ھیں ؛ مقالہ فضیلت - (٥) (کیمیا) عمل ؛ (انتظامیہ) ایکٹ ؛ (فلسفہ و نفسیات) فعل -

An act of God : تقدیر ربانی ؛ (کامرس) مشیت ایزدی ؛ خدائی خطر -

Act : (v) (۱) عمل میں لانا ؛ کام کرنا ؛ عمل کرنا ۔ (۲) سوانگ رچانا ؛ سوانگ بھرنا ؛ روپ بھرنا ؛ فرت یا بھاؤ بتانا ۔ (۳) عمل پیرا ہونا ؛ انجام دینا ؛ کاربند ہونا ۔ (٤) (ناٹک) نقل کرنا ۔ (٥) (چیزوں کیلئے) زور لگانا ؛ اثرظاھر کرنا ؛ اثر و رسوخ استعمال کرنا ؛ انجام دینا ۔ (٦) کام کرنا ؛ اثر کرنا ۔

Act of aggression : (تاریخ و سیاسیات) جارحانہ فعل یا کار روائی ۔

Act of bankruptcy : (معاشیات) دیوالہ کاری ۔

Act of consolidation : (تاریخ و سیاسیات) ایکٹ آف کنسولی ڈیشن ۔

Act of firm : (تجارت و معاشیات) فرم کی کارکردگی ۔

Act of God clause : (تجارت و معاشیات) دفعہ مشیت ایزدی ؛ دفعہ آفت سماوی ۔

Act of honour : (تجارت و معاشیات) عمل برائے اعزاز ۔

Act of hostility : (تاریخ و سیاسیات) عداوتی کار روائی ۔

Act of law : قانونی عمل ۔

Act of misconduct : (تاریخ وسیاسیات) ناشائستہ حرکت ۔

Act of parliament : پارلیا مانی قانون ۔

Act of repeal : (تاریخ و سیاسات) تنسیخی قانون ۔

Act of settlement : (تاریخ و سیاسیات) قانون بندوبست ۔

Act of supremacy : (تاریخ وسیاسیات) قانون برتری ۔

Act of war : (تاریخ و سیاسیات) جارحانہ عمل ۔

Acta diurna : (n) (تاریخ) روز نامچہ ۔

Actable : (a) اسٹیج پر کھیلے جانے کے لائق ؛ عمل میں لائے جانے کے لائق ۔

Actaeon : (n) [f. Achtaeon,the mythological hunter] ایك قسم کا صدف ۔

Actaphasia : (a) یاوہ گوئی ۔

Actasenatus : (n) (تاریخ) سینٹ کی روئداد ۔

Acte : (n) (تاریخ و سیاسیات) ایکٹ ۔

Acte authentique : [Fr.] (تاریخ و سیاسیات) مستند ایکٹ یا روئداد ۔

Acte finale : (n) (تاریخ و سیاسیات) آخری ایکٹ یا روئداد ۔

Acted : (a) کیا ہوا ؛ عمل میں لایا ہوا ؛ کھیلا ہوا ؛ (خاص کر ڈرامہ وغیرہ) گھڑا ہوا ۔

Actin : (n) [L."actus"+ - IN] لحمیہ (پروٹین) جو عضلات میں ہوتا ھے اور جس کی وجہ سے وہ سکڑتے ھیں ۔

Actinal : (a) [Gr."actina"] ایك شعاع ریز جانور کے اس حصہ جسم سے متعلق جس میں نام نہاد منہ وغیرہ ہوتے ھیں ؛ ستارہ وش ۔

Actine : (n) [Gr."aktin"] کرنیہ ۔

Acting : (n) (۱) انجام دینا ؛ اداکاری ۔ (۲) بجاآوری ؛ تعمیل ؛ کار روائی ۔ (۳) تعمیل تحریر ۔ (٤) ناٹك کھیلنا ۔ (٥) زور لگانا ؛ انجام دینا ۔ (٦) خود اکیلے ان فرائض کو انجام دینا جن میں دوسرے بھی شریك ھیں ۔ (۷) (تاریخ و سیاسیات) قائم مقام ؛ کارگزار ۔

Acting : (a) (۱) قائم مقام ؛ نگراں کار ۔ (۲) انجام دینے والا ؛ ناٹك کھیلنے والا ۔

Acting agent : (n) (تاریخ و سیاسیات) قائم مقام ایجنٹ ۔

Acting allowance : (n) (انتظامیہ) قائم مقام بھتا ۔

Acting commissioner : (n) (تاریخ و سیاسیات) قائم مقام کمشنر ۔

Acting copy : (n) ڈراما کا خاص حصہ جس میں ناٹك والوں کیلئے ھدایتیں ھوتی ھیں ۔

Actinia : (n) [Gr."actin-"] لالۂ دریائی ؛ عقیق البحر ۔

Actinic : (a) [Gr."aktin + -ic"] شعاعی ؛ شعاع افگنی کی خاصیت رکھنے والا ؛ کیمیائی ۔

Actinic ray : (n) (کیمیا) ایکٹنك شعاع ؛ (نفسیات) کیمیائی شعاعیں ۔

Actinide : (n) ["actin + ide"] (کیمیا) ایکٹی نائیڈ ۔

Actinide element : (n) (کیمیا) ایکٹی نائیڈ عنصر ۔

Actiniform : (a) [Gr."actin -"] ضو فشاں ؛ شعاع پھینکنے والی شکل کا ؛ مثلاً لالۂ دریائی ؛ عقیق البحر ۔

Actinism : (n) [Gr."actin -"] روشنی کی کرنوں کی وہ صفت جو کیمیاوی تبدیلی لاتی ھے ؛ جیسے فوٹو گرافی میں ؛ خواص شعائی ؛ کرنوں کا اثر ؛ شعاعیت ؛ کرنیت ؛ کیمیائی عمل ؛ کیمیائی شعاعیت ۔

Actinium : (n) [Gr."actin"+ - um] (۱) (کیمیا) ایکٹی نیم ؛ ایک قسم کی دھات جو آفتاب کی شعاع میں تاریک پڑ جاتی ھے ۔ (۲) ایک تاب کار عنصر ۔

Actinium series : (n) (کیمیا) ایکٹینیم سلسلہ ۔

Actino- : سابقہ بمعنی روشنی کی شعاع ؛ کرن ؛ ضو ۔

Actinobiology : (n) کرن حیاتیات ۔

Actinochemistry : (n) شعاعی کیمیا ؛ علم کیمیا کا وہ حصہ جس میں آفتاب کی شعاعوں میں کیمیائی قوت کا بیان ہوتا ھے ۔

Actinograph : (n) [Actino +Gr."graph-os"] شعاعی نقشہ ؛ شعاع نو یس ؛ شعاع نگار ۔

Actinoid : (a) [Actino +Gr. id - es] مثل شعاع ؛ شعاعی ؛ ستارہ نما ۔

Actinolite : (n) (کیمیا) اکٹینولائٹ ؛ (جغرافیہ و ارضیات) شعاعیہ ؛ کرن پتھر ؛ سبز سنگیا ۔

Actinometer : (n) وہ آلہ جو آفتاب کی شعاعوں کی قوت کے گھٹا بڑھاؤ کی پیمائش کرتا ھے ؛ (کیمیا) ایکٹنی شعاع پیما ۔

Actinometry : (n) [Actino-+Gr."metria"] سطحوں سے حرارت ریزی کی پیمائش ؛ (کیمیا) شعاع پیمائی ؛ نور پیمائی ۔

Actinophone : (n) [Actino-+Gr."pho-os"] ایکٹینی شعاعوں سے آواز پیدا کرنے کا آلہ ۔

Actinozoa : (n) (حیوانیات) مونگا ؛ مرجان ۔

Action : (n) [L."actionem", f."act-, agere"] (۱) کام کرنے کی حالت یا طریقہ ؛ اثر یا قوت سے کام لینا ؛ کام ؛ عمل ؛ فعل ؛ فعالیت ؛ عملیت ؛ حرکت ؛ اثر ؛ طریق ۔ (۲) عمل ؛ فعل ؛ کام ۔ (۳) (ڈراما میں) سلسلۂ واقعات ؛ فسانے کا تسلسل ۔ (٤) نرخ یا بھاؤ ۔ (٥) اشارہ یا اشارات خاص کر تقریر وغیرہ میں ۔ (٦) کسی آلہ کی ساخت ؛ پرزہ بندی ۔ (۷) قانونی کارروائی ؛ مقدمہ ؛ دعوی' ؛ نالش ؛ چارہ جوئی ؛ (انتظامیہ) کارروائی ۔ (۸) لڑائی ؛ جنگ ؛ معرکہ ؛ فوجوں کی مڈبھیڑ ۔ (۹) دعوی' کرنا ؛ مقدمہ چلانا ؛ قانونی چارہ جوئی یا کارروائی ۔ (۱۰) عمل کا اقدام ؛ اقدام عمل ۔ (۱۱) (حیوانیات، کیمیا، ریاضی و طبیعیات) عمل ؛ (فلسفہ و نفسیات) عمل ؛ فعل ؛ (تاریخ و سیاسیات) عمل ؛ کارروائی ؛ (سماجیات) عمل کار ؛ اقدام ۔

Cause of action : سبب اقدام ۔

Coersive action : (تاریخ وسیاسیات) جابرانہ عمل ۔

Collective action : (سماجیات) اجتماعی اقدام ۔

Direct action : (سماجیات) راست اقدام ۔

Least action : (طبیعیات) کمتر ین عمل ۔

Line of action : (طبیعیات) عمل کی لائن ۔

Nominal action : (لسانیات) حرکت اسمی ۔

Preventive action : (تاریخ و سیاسیات) انسدادی کار روائی ۔

Reciprocal action : (سماجیات) باھمی اقدام ۔

Remedial action : (تاریخ و سیاسیات) تدارکی کار روائی ۔

Social action : (سماجیات) سماجی عمل ۔

Action and reaction : (n) (طبیعیات و ریاضی) عمل اور رد عمل ۔

Action crowd : (n) (سماجیات) مشتعل بھیڑ ؛ مشتعل ھجوم ۔

Action current : (n) (فلسفہ ونفسیات) عملی رو ؛ فعلی لہر ۔

Action front : (n) توپ خانے کا حکم بوقت کارگزاری ۔

Action noun : (n) (لسانیات) حرکت اسمی (حاصل مصدری) ۔

Action research : (n) (سماجیات) عملی تحقیق ۔

Action word : (n) (لسانیات) مرکب لفظ (فعل) ۔

Actionable : (a) قابل گرفت ؛ قابل چارہ جوئی ؛ قانونی گرفت کے قابل ؛ قابل مواخذہ ۔

Actionable wrong : (n) (تاریخ و سیاسیات) قابل مواخذہ قصور ۔

Actionably : (adv) قابل گرفت طریقہ پر ۔

Actional : (a) فعل یا افعال سے متعلق ۔

Activate : (v) [ACTIVE + ATE] (کیمیا) سرگرم کرنا ؛ (طبیعیات) سرگرم بنانا ؛ تابانا ۔

Activate cathode : (n) (طبیعیات) سرگرم کیتھوڈ ؛ (کیمیا) عامل شدہ کیتھوڈ ۔

Activated : (a) (کیمیا) سرگرم کیا ہوا ؛ سرگرم جوش ؛ (طبیعیات) سرگرم ؛ اکسایا ہوا ؛ عامل شدہ ؛ عاملایہ ۔

Activated filament : (n) (طبیعیات) سرگرم رعشہ ؛ (کیمیا) عامل شدہ فلا منٹ ۔

Activation : (n) کیمیائی سرگرمی ؛ عامل کاری ۔

Activation analysis : (n) (طبیعیات) عامل کاری تجزیہ ؛ (کیمیا) تجزیہ تابکاری ؛ تجزیہ سرگرمی ۔

Activation cross-section : (n) (طبیعیات) فعالت مقطہ عرضی ۔

Activation energy : (n) عامل کار توانائی ۔

Activator : (n) (کیمیا) سرگرم کنندہ ؛ عامل کار ؛ محرک ۔

Active : (a) [L."activus"] (۱) عملی ؛ کاجی ۔ (۲) پھرتیلا ؛ محنتی ؛ سرگرم ؛ مستعد ۔ (۳) عامل ؛ موثر ۔ (٤) فعل معروف ۔ (٥) جمع خرچ کے چھٹے میں جمع کیطرف ۔ (٦) (حیوانیات) چست ؛ (کیمیا) سرگرم ؛ فعال ۔

Active asset : (n) چالو اثاثہ ۔

Active bonds : (n) چالو دستاویز ۔

Active capital : (n) چالو سرمایہ ۔

Active carbon : (n) (کیمیا) سرگرم کاربن ؛ عامل کاربن ۔

Active case : (n) (لسانیات) معروف فاعلی حالت ۔

Active chamber : (n) (لسانیات) حرکی جوف ۔

Active charcoal : (n) (کیمیا) سرگرم چارکول ؛ عامل چار کول ۔

Active circulation : (n) موثر گردش ۔

Active competition : (n) (تجارت و معاشیات) سرگرم مقابلہ ۔

Active component : (n) (کیمیا) سرگرم حصہ ؛ عامل حصہ ۔

Active construction : (n) (لسانیات) ترکیب معروف ۔

Active courage : (n) (فلسفہ و نفسیات) فعال جرأت ۔

Active deposit : (n) (کیمیا) سرگرم ذخیرہ ؛ عامل انداخت ۔

Active imperative : (n) (لسانیات) امر معروف ۔

Active life reserve : (n) (تجارت و معاشیات) چالو بیمہ سرمایہ ۔

Active market : (n) (تجارت و معاشیات) سرگرم بازار ۔

Active mass : (n) (کیمیا) سرگرم کمیت ؛ عامل کمیت ۔

Active money : (n) فعال زر ۔

Active partner : (n) سرگرم شریک ۔

Active politics : (n) (تاریخ و سیاسیات) عملی سیاست ۔

Active stock : (n) (تجارت و معاشیات) سرگرم اسٹاک ۔

Active therapy : (n) عاملی علاج ؛ موثر علاج ۔

Active trade balance : (n) (تجارت و معاشیات) موافق غیر ملکی بیوپار بقایاجات ۔

Active trust : (n) چالو تولیت ۔

Active verb : (n) (لسانیات) فعل معروف ۔

Active voice : (n) (لسانیات) طور معروف ۔

Actively : (adv) فاعلانہ ؛ عاملانہ ؛ سرگرمی کے ساتھ ؛ مستعدانہ ؛ طبعاً ؛ خود بخود ۔

Activism : (n) [Gr."aktivismus"] (فلسفه و نفسیات) فعالیت ۔

Activist : (n) [G."aktivist"] سرگرم ۔

Activities : (n) (تاریخ و سیاسیات) سرگرمیاں ۔

Activity : (n) [L."activus"] (۱) فاعلیت ؛ عمل ؛ حرکت ؛ همت ؛ پهرتی ؛ مستعدی ؛ سرگرمی ؛ جوش ۔ (۲) (حیوانیات) مستعدی ؛ (کیمیا، لسانیات و طبیعیات) سرگرمی ؛ عاملیت ؛

Ideational activity : (فلسفه ونفسیات) تصوری عمل ۔

Intellectual activity : (فلسفه و نفسیات) ذهنی عمل ۔

Motor activity : (فلسفه و نفسیات) حرکی عمل ۔

Political activity : (تاریخ و سیاسیات) سیاسی سرگرمی ۔

Social activity : سماجی سرگرمی ۔

Activity cage : (n) (فلسفه و نفسیات) مشاهداتی پنجرا ۔

Activity coefficient : (n) (کیمیا) شرح عاملیت ؛ شرح سرگرمی ؛ قدر عاملیت ۔

Acton : (n) [Arab."alqutun"] (۱) روئی بهری صدری ؛ بنڈی جو زره بکتر کے نیچے پهنتے هیں ۔ (۲) بکتر ؛ چمڑے کی صدری جس پر زره هوتی هے ۔

Actor : (n) [L."act -", "agere"] (۱) ایکٹر؛ ناٹکی ؛ ڈراما کرنے والا ؛ اداکار ۔ (۲) (شاد) کرنے والا ؛ عامل ؛ فاعل ۔

Actor-action goal : (n) (لسانیات) عامل عمل مقصود ۔

Actress : (n) ایکٹرس ؛ ناٹکی ؛ ڈراما کرنے والی ؛ اداکاره ۔

Acts : (n) اقدام ؛ اقدامات ؛ عمل ؛ ایکٹس ۔

Acts of a private law nature : (تاریخ و سیاسیات)نجی قانون کی خاصیت کے عوامل ۔

Acts of insurgence : (تاریخ و سیاسیات) باغیانه عمل ۔

Acts short of war : (تاریخ و سیاسیات) جنگ نما افعال ۔

Actual : (a) [L."actualis","actus"] (۱) واقعی ؛ اصلی ؛ حقیقی ؛ صحیح ۔ (۲) رائج ؛ موجود ؛ متداول ؛ حالی ؛ عهد حاضر سے متعلق ۔

Actual assets : (n) حقیقی اثاثے ۔

Actual cash value : (n) (تجارت و معاشیات) حقیقی نقد قیمت ۔

Actual cost : (n) حقیقی صرفه ۔

Actual displacement : (n) (تجارت و معاشیات) حقیقی وزن ؛ اخراج حقیقی ؛ حقیقی هٹاؤ ۔

Actual frequency : (n) (طبیعیات) واقعی ارتعاش ۔

Actual hours : (n) (سماجیات) حقیقی گهنٹے ؛ اصل وقت ۔

Actual loss : (n) حقیقی زیاں ۔

Actual mechanical advantage : (طبیعیات) اصلی میکانکی فائده ۔

Actual placement : (n) (تجارت و معاشیات) وقوع حقیقی ۔

Actualism : (n) [L."actualis","actis"] وه نظریه یا عقیده که تمام کائنات و موجودات فعال هیں غیر متحرك یا مرده نهیں هیں ۔

Actualist : (n) اس نظریه کا حامل که تمام کائنات فعال هے، غیر متحرك یا مرده نهیں ۔

Actuality : (n) [L."actualitatem","actualis"] (۱) حقیقت ؛ اصلیت ۔ (۲) اصلی حالت ؛ حقیقی اسباب (جمع کی حالت میں) ۔ (۳) حقیقت پسندی ؛ (بیان میں) اصلیت نگاری ۔ (٤) مسئلهٔ وجود حقیقی ؛ یه مسئله که ماده بحیثیت معروض حقیقی وجود رکهتا هے ؛ بالفعلیت ۔ (٥) (جمع کی حالت میں) عوارض موجوده ؛ حالت موجوده ؛ واقعات حالیه ۔ (٦) (فلسفه و نفسیات) حقیقت ؛ واقعیت ۔

Actualization : (n) (لسانیات) اصلیانه ۔

Actualize : (v) [See actual] (۱) عمل میں لانا ۔ (۲) جیتا جاگتا بناکر پیش کرنا ؛ جان ڈال دینا (بیان سے) ۔

Actually : (adv) [See actual] (۱) درحقیقت ؛ فی الحقیقت ؛ حقیقت میں ؛ دراصل ؛ اصل میں ؛ فی الواقع ۔ (۲) فی الوقت ؛ حالات موجوده میں ۔

(۳) (بطور استعجاب) "واقعی" !

Actually issued : (تجارت و معاشیات) حقیقی طور پر اجرا شدہ ۔

Actuals : (n) (انتظامیہ) اصل اعداد ؛ اصل خرچ ۔

Actuarial : (a) [L."actuari-us"+ AL] متعلق بہ ماہر بیمہ ؛ متعلق بہ رجسٹرار ۔

Actuarial department : (n) (تجارت و معاشیات) ایکچوریل ڈپارٹمنٹ ؛ بیمہ محکمہ ۔

Actuariuan : (a) [L."actuari-us"+ - AN] متعلق بہ ماہر بیمہ ؛ متعلق بہ رجسٹرار ۔

Actuary : (n) [L."actuarius","actus"] (۱) ایک رجسٹرار یا مسجل جو عدالت کی کارروائیوں کا ریکارڈ رکھتا ھے ۔ (۲) ماہر بیمہ ؛ جو شرح اموات اور زندگی اور آگ کے حادثات وغیرہ کے بیمہ کے متعلق ماہرانہ واقفیت رکھتا ھو ؛ بیمہ پڑتالیہ ۔

Actuate : (v) [L."actus"] (۱) متحرک بنانا ؛ حرکت میں لانا ؛ چلانا ؛ (کسی آلہ کو) حرکت پہنچانا ؛ (۲) کسی چیز کی خصوصی صفت کو متحرک کرنا (کسی چیز میں متحرک اوصاف پیدا کرنا) ؛ جوش دلانا ۔ (۳) اکسانا ؛ ترغیب دینا ؛ تحریک کرنا ؛ باعث ھونا ؛ شہ دینا ۔

Actuate : (a) [L."acuatus","acuare","acus"] نوکدار ؛ تیز نوک والا ؛ نوکیلا ۔

Actuated : (a) متحرک کیا ھوا ؛ رائج کیا ھوا ۔

Actuating : (a & n) (۱) متحرک کرنیوالا ؛ حرکت پہنچانے والا ؛ ترغیب دینے والا ۔ (۲) عمل میں لانا ؛ جوش دلانا ؛ اکسانا ؛ محرک ۔

Actuation : (n) [Actuate + - ion] تحریک ؛ اشتعال ؛ اکسانا ؛ ترغیب ۔

Actuation : (v) [See Actuate] تیز کرنا ؛ نوک دار بنانا ؛ نوکیلا بنانا ۔

Acturience : (n) [L."esurient-em"] کام کرنے کی خواھش ؛ عمل میں لانے کی خواھش ؛ عمل پیرا ھونے کی خواھش ۔

Actus purus : (n) (فلسفہ و نفسیات) عمل خالص ؛ خالص عمل ۔

Acuity : (n) [L."acuitatem","acus"] (۱) شدت ؛ حدت ؛ چبھن ؛ تیزی (سوئی، تیزاب، عقل وغیرہ کی) ۔ (۲) (فلسفہ ونفسیات) تیزی ؛ شدت ؛ تیز حسی ۔

Auditory acuity : (فلسفہ ونفسیات) سماعی تیزی ۔

Visual acuity : (فلسفہ ونفسیات) بصری تیزی ؛ تیز نظری ۔

Aculeate : (a) [L."aculens","acus"] (۱) ڈنک والا ؛ نیش دار ۔ (۲) کٹیلا ؛ نوک دار ؛ خار دار ؛ نوکیلا ؛ چھیدنے والا ؛ چبھنے والا ۔ (۳) (مجازاً) چبھتا ھوا ؛ تیز ؛ شدید ؛ طعن آمیز ۔

Aculeated : (a) نوکدار ؛ کٹیلا ؛ خار دار ۔

Aculeation : (n) نوکیلاپن ؛ خار دار پن ؛ نوکدار ھونا ؛ چبھتا ھوا ھونا ؛ طعن آمیز ھونا ۔

Aculeiform : (a) [L."aculens"+ Form] کانٹے کی طرح ۔

Aculeolate : (a) [L."aculeolus"] (نباتیات) مہین، چھوٹے چھوٹے کانٹوں سے بھرا ھوا ۔

Aculeous : (a) (۱) ڈنک والا ؛ نیش دار ۔ (۲) کٹیلا ؛ خاردار ؛ نوکدار ؛ چھیدنے والا ۔

Aculeolus : (n) خارینہ ؛ خارچہ ۔

Aculeus : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) ڈنک ؛ نیش ۔ (۲) (نباتیات) کانٹا ؛ خار ۔

Acumen : (n) [L."acumen"] (۱) تیز فہمی ؛ ذکا ؛ زیرکی ؛ فراست ؛ ذکاوت ۔ (۲) ادراک کی رسائی ؛ شعور کی رسائی ؛ دقیقہ رسی ۔ (۳) ادراک یا شعور کی تیزی ۔ (٤) (نباتیات) مخروطی نوک ؛ انی ۔

Acuminate : (v) [L."acuminatus","acuminare"] تیز کرنا ؛ تیزی ؛ حدت یا شدت پیدا کرنا ؛ نوک نکالنا ؛ دھار رکھنا ؛ باڑھ رکھنا ؛ شدید کر دینا ؛ ترقی دینا ؛ تند کرنا ۔

Acuminate : (a) (۱) نوک دار ؛ نوکیلا ؛ انی دار۔ (۲) ایک مقام پر مخروطی شکل کا ھو جانے والا ؛ نوک دار ھو جانے والا ۔

Acuminated : (a) نوکیلا ؛ نوکدار ؛ انی دار ؛ دھاردار ؛ تیز ۔

Acuminating : (a) ایک نقطہ کی طرف اٹھنے یا مخروطی شکل اختیار کرنے والا ۔

Acumination : (n) زیادتی ؛ شدت ۔

Acuminose : (a) تنگ اور چپٹے سر ے پر ختم ھونے والا ۔

Acuminous : (a) نمایاں طور پر مخروطی ؛ تیز نوک والا ؛ نوک دار ۔

Acupressure : (n) [L."acu + pressure"] زخمی شریانو ں کے منہ کے آر پار کی ھوئی سوئی یا نالیوں کے دباؤ سے سیلان خون روکنے کا پروفیسر سیمپسن کا ایک طریقہ ؛ سوزن دباؤ ۔

Acupunctuate : (v) [L."acu+punctuate"] سوئی سے سوراخ کرنا ۔

Acupuncture : (n) [L."acu+puncture"] (۱) سوئی سے سوراخ کرنا ؛ سوراخ ؛ چھید ؛ سوئی چبھاؤ ؛ سوزن زنی ۔(۲) زندہ خلیوں میں علاج کے مقصد سے سوئی گھسانا یا داخل کرنا ۔

Acupuncture : (v) سوئی سے چھید کرنا ۔

Acupuncturation : (n) سوئی سے چھید یا سوراخ کرنے کا عمل ۔

Acushla : (n) [Gael."a cuisle"] پیاری ۔

Acute : (a) [L."acutus","acuere"] (۱) نوک دار ؛ سروں پر تیز ؛ نوکیلا ؛ دھار دار ؛ انی دار ۔ (۲) (بیماری) شدید ؛ تیز ؛ شدت کے ساتھ ؛ پر اشتداد (کہنہ کامنہ) ؛ حاد ۔(۳) حساس ؛ فریس ۔(٤) (احساسات اور عقل وغیرہ کیلئے) تیزعقل مند ؛ چالاک ؛ صاحب ادراک ؛ صاحب بصیرت ؛ تیز فہم ؛ دور رس ؛ نکتہ رس ؛ ذکی ؛ ذھین ۔(٥) (ریاضی و جیو میٹری) حادہ ۔ (٦) (آواز) کرخت ؛ سخت ؛ تیز ؛ اونچی ۔

Acute accent : (n) (لسانیات) شدید بل ۔

Acute angle : (n) (طبیعیات و ریاضی) زاویہ حادہ ۔

Acute angled triangle : مثلث زاویہ حادہ ۔

Acute hallucinosis : (n) شدید وھمیت ۔

Acutely : (adv) شدت سے ؛ تیزی سے ؛ فریسانہ طور پر ۔

Acuteness : (n) [L."acutus","acuere"] شدت ؛ حدت ؛ تیزی ؛ ذھانت ؛ ذکا ؛ اشتداد ۔

Acuti - : ایک سابقہ جو تیزی کے معنی دیتا ھے ۔

Acutifoliate : (a) نوکدار پتی والا ؛ نك پتیا ؛ نوك برگہ ۔

Acutilobate : (a) نکنا (جس کے گوشےنوکدارھوں) ؛ نوك گوشہ ۔

Acutish : (a) [ACUTE+ish] نوکیلا سا ؛ احساس سا ؛ شدید سا ۔

Acuto - : واصلہ بمعنی شدت سے ؛ تیزی سے ؛ فریسانہ طور پر ؛ (یہ لفظ ھمیشہ کسی دوسرے لفظ کے ساتھ استعمال ھوتا ھے) ۔

-acy : (suffix) لاحقہ جس سے حالت یا حیثیت ظاھر ھونے والے اسماء بنائے جاتے ھیں جسکا قریبی مرادف " یت " ھے ۔

Acyclic : (a) [A + cyclic] (کیمیا) بے حلقہ ؛ غیر حلقوی ؛ غیر دوری ۔

Acyclic compound : (n) (کیمیا) بے حلقہ مرکب ؛ غیر حلقی مرکب ۔

Acystic : (a) بے تھیلی کا ۔

Ad- : (prefix) سابقہ جو حرکت رخ، تبدیلی، اضافہ، اتصال، زیادتی مرض کی شدت ظاھر کرنے کے لئے آتا ھے ۔

-ad : (suffix) لاحقہ (دیکھو Ade) بمعنی "طرف" "جانب" جیسے Dorsad, Dorrad وغیرہ ۔

Ad : (Prep.) لاطینی Preposition بمعنی " کو " جیسے : 'ad-hoc'

Ad eundum (a or adv) [L.] مساویانہ (سند جو بغیر امتحان لئے ایک جامعہ دوسرے جامعہ کی سند کی بنا پر عطاکرے) ؛ ایک ھی سند کے لئے دوسرے جامعہ میں داخلہ سے متعلق ۔

Ad extremum : انتہائی ۔

Ad- hoc : (a & adv) [L.] (۱) اسی (کام) کے لئے ؛ مختص ؛ مخصوص ۔ (۲) (سماجیات) مخصوص ؛ خصوصی ؛ (انتظامیہ) ایڈھاك ؛ عارضی ؛ عبوری ۔

Ad-hoc argument : (n) حجت اختراعی ۔

Ad-hoc commission of Prisoners of war : (تاریخ و سیاسیات) جنگی قیدیوں کا ایڈھاك کمیشن –

Ad-hoc committee : (n) (تاریخ و سیاسیات) ایڈھاك

کمیٹی ؛ عارضی کمیٹی ؛ عبوری کمیٹی ۔

Ad-hoc judge : (n) عارضی جج ۔

Ad-hoc political committee : (تاریخ و سیاسیات) ایڈھاک سیاسی کمیٹی ۔

Ad hominem : (a) [L.] بحث و استدلال سے متعلق کسی فرد کے اصول یا ترجیحات کی طرف رخ کیا ہوا نہ کہ مجرد حقیقت کی طرف ؛ انسانی ، بشری ، انسانی احساسات پر مبنی ہو (ایسی بحث جو شخصی جذبات و احساسات پر مبنی ہو، منطق و عقل پر نہیں) ۔

Ad infinitum : [L.] (۱) غیر مختتم ؛ لامتناہی ؛ دائمی ؛ دوامی ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) بغیر انتہا ؛ (انتظامیہ) غیر محدود ۔

Ad interim : (adv) [L.] اس اثناء میں ؛ اس درمیان میں ؛ دریں اثناء ۔

Ad lib : (adv) [L.] مرضی کے مطابق ؛ آزادانہ ؛ فی البدیہہ

Ad libitum : (adv) [L.] جی بھر کے ؛ حسب خواہش ؛ حسب دلخواہ ؛ جتنا جی چاہے ۔

Ad - man : (n) [ad + man] اشتہارات کو مانگنے یا حاصل کرنے والا ۔

Ad referendum : (تاریخ و سیاسیات) بشرط منظوری ؛ پنچایتی ۔

Ad valorem : [L.] (۱) بلحاظ قیمت ؛ (محاصل کے لئے) محصول بحساب قیمت ۔ (۲) بیجک پر یا بیجکی محصول ۔ (۲) (انتظامیہ) بلحاظ قیمت ؛ بلحاظ مالیت ۔

Ad valorem court fee : (n) عدالتی فیس بحساب قیمت (جائداد وغیرہ) ۔

Ad valorem tarrif : (n) (تاریخ و سیاسیات) محصول نامہ مطابق فہرست ؛ فرد محصول حسب فہرست ۔

Ad verbum : [L.] لفظ بہ لفظ ؛ حرف بہ حرف ۔

Ad vitam out culpam : نیک چلنی کی شرط پر ۔

Adactylous : (a) [Gr. "a + dactylos"] بغیر انگلیوں کا ؛ بغیر پنجہ کا ؛ بغیر چوٗے کا ؛ بے انگشت ۔

Adage : (n) [L."adagium"] ضرب المثل ؛ مقولہ ؛ کہاوت ؛ مثال ۔

Adagio : (a) [It.] (موسیقی) آہستہ ؛ دھیرے دھیرے ؛ مدھم ؛ رساں رساں ۔

Adalat : (n) [Arab."adalat","adalah"] عدالت ۔

Adam : (n) [Heb. a-dam] حضرت آدم علیہ السلام ۔

Old Adam : حالت جاہلیت ؛ دقیانوسی حالت ؛ غیر ترقی یافتہ ۔

Adam-and -Eve : ایک قسم کا پودا ۔

Adamancy : (n) ضد؛ ہٹ ۔

Adamant : (a) [Gr."a+damao"] (۱) (محاورہ) سخت پتھر ؛ (مجازاً) سنگ خارا ؛ بہت کڑا ؛ کٹّا ۔ (۲) (قدیم) سنگ مقناطیس ۔ (۳) الماس ؛ ہیرا ۔ (٤) ضدی ؛ اڑا ہوا ؛ ہٹی ۔

Adamantine : (a) [See ADAMANT] سخت ؛ کڑا ؛ الماس ؛ کٹا ؛ ناقابل تسخیر ؛ (کیمیا) الماسی ؛ ناقابل دخول ؛ ناقابل گذر ؛ مانع دخول ۔

Adamantine compound : (n) الماس نما مرکب ؛ الماسی مرکب ۔

Adamantoid : (n) [Gr."adamantos"+-ides] ہیرے کی بلوریں (Crystal) شکل جو ٤٨ برابر مثلثوں سے گھری ہوتی ہے ۔

Adambulacral : (a) [L."ad + Ambulactral"] خارپشت کے اس حصہ سے متصل جہاں اسکے اعصاب، رگیں اور پانی کی نالیاں ہوتی ہیں ؛ نزد منقالہ ۔

Adamic (-al) : (a) آدم کی طرح ؛ آزاد ؛ ننگا ؛ گرا ہوا ۔

Adamically : (adv) آدم کے طریقے سے ؛ آزادی سے ؛ ننگے طور پر ۔

Adamite : (n) [named after Mr.Adam of Paris] ایڈامائیٹ ؛ ایک معدنی شے کا نام ۔

Adamite : (n) (۱) بنی آدم ؛ اولاد آدم ؛ انسان ؛ آدم زاد ؛ آدمی ۔ (۲) برہنہ انسان ؛ ننگا ؛ عریاں ۔ (۳) ایک فرقہ جو حضرت آدم کے تتبع میں ننگا پھرتا تھا ؛ دگمبر ۔ (٤) (جمع) انسانوں کا ایک طبقہ جن کے متعلق بعضوں کا خیال ہے کہ صرف

بھی اولاد آدم ھیں -

Adams ale /-wine : (n) پانی -

Adams apple : (n) کنٹھا ؛ کنٹھ (جو سن بلوغ کو پہنچنے پر گلے میں نکلتا ھے) ؛ (لسانیات) ٹینٹوا ؛ کنٹھ ؛ گھنڈی -

Adance : (a) [A + dance] ناچتے ھوئے ؛ رقصاں -

Adangle : (a) [A + Dangle] جھولتے ھوئے -

Adansonia : (n) [L."Adanson"] وہ عظیم الجثہ درختوں کی جنس جس میں باؤباب بھی شامل ھے -

Adapt : (v) [L."adaptare","aptus"] (۱) لگانا ؛ جمانا ؛ بٹھانا ؛ مناسب، موزوں یا مطابق بنانا - (۲) حسب منشا بدلنا ؛ نئے طور پر استعمال کے لئے کسی چیز کو تبدیل کر کے بٹھانا -

Adaptability : (n) مادہء قبول ؛ صلاحیت مطابقت پذیری ؛ مطابقت کی صلاحیت ؛ (حیوانیات) مطابقت ؛ (سماجیات) مطابقت کی صلاحیت ؛ (فلسفہ، نفسیات، تاریخ و سیاسیات) مطابقت پذیری -

Adaptable : (a) [See Adapt] موزوں یا مناسب بنائے جانے کے لائق -

Adaptableness : (n) تصرف پذیری ؛ بدلنے کی صلاحیت -

Adaptation : (n) [L."adaptationem"] (۱) موزوں یا مناسب ھونے کا عمل اور طریقہ - (۲) نئے حالات کے مطابق تبدیلی پیدا کرنے کا عمل - (۳) تصرف ؛ بدلنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ جمانا - (٤) (تاریخ و سیاسیات) موافقت ؛ مطابقت ؛ (لسانیات) تطبیق ؛ (حیوانیات) مطابقت ؛ توافق ؛ (کیمیا) ڈھال لینا ؛ (فلسفہ و نفسیات) مطابقت -

Cultural adaptation : (سماجیات) ثقافتی مطابقت -

Dark adaptation : تاریک تطبیق -

Individual adaptation : (فلسفہ و نفسیات) انفرادی مطابقت -

Negative adaptation : (فلسفہ و نفسیات) منفی مطابقت -

Social adaptation : (سماجیات) سماجی مطابقت -

Adaptation theory : (n) (لسانیات) نظریہ تطبیق -

Adaptative : (a) حالات کے مناسب رنگ اختیار کرنے والا -

Adapted : (a) موزوں ؛ مناسب ؛ مطابق بنایا ھوا ؛ تبدیل کیا ھوا -

Adaptedness : (n) مطابقت ؛ موزونیت -

Adapter /-or : (n) [See adapt] (۱) بٹھانے والا ؛ جمانے والا ؛ مناسب ؛ موزوں یا مطابق بنانے والا ؛ تصرف پذیر - (۲) جوڑنے والا ایک حصہ ؛ (کیمیا) نلکی جو دو آلات کو ملاتی ھے - (۳) (طبیعیات) اڈیپٹر ؛ (کیمیا) میل بٹھانے والا ؛ قفلی -

Adaptitude : (n) [A mixture of ADAPT and APTITUDE] موزونیت ؛ مطابقت -

Adaptive : (a) دیکھو Adaptative

Adaptive change : (n) (لسانیات) تطبیقی تبدیلی -

Adaptive culture : (n) (سماجیات) تطابقی ثقافت -

Adaptive growth : (n) (سماجیات) تطابقی نمو -

Adaptive procedure : (n) (فلسفہ و نفسیات) تطبیقی طریق کار -

Adaptive radiation : مطابقت پذیر شعاع ریزی -

Adaptively : (adv) مناسب رنگ سے -

Adaptiveness : (n) حالات کے مطابق رنگ اختیار کرنے کی صفت ؛ قوت توافق ؛ قوت تطابق -

Adaptometer : (n) تطبیق پیما -

Adar : (n) [Heb] عبرانی مذھبی سال کا بارھواں اور ملکی سال کا چھٹا مہینہ -

Adatis /-ais /-addatys : (n) ھندوستانی ململ ؛ آب رواں (کپڑا) -

Adawn : (adv) [A + Dawn] بھور کے وقت ؛ صبح کے وقت ؛ علی الصبح ؛ تڑکے -

Aday / a-day : (adv) [A + Day] روزانہ ؛ ھر روز -

Adays / a-days : (adv) آج کل ؛ ان دنوں ؛ فی الحال ۔

Adazzle : (a) چمکتا ہوا ۔

Add : (v) [L."addere"] (۱) جوڑنا ؛ ملانا ؛ جمع کرنا ؛ شامل کرنا ؛ شریک کرنا ۔ (۲) اضافہ کرنا ؛ بڑھا دینا ؛ زیادہ کرنا ؛ بڑا کرنا ۔ (۳) تقریر و تحریر میں اضافہ کرنا ۔ (٤) شامل کر دینا ؛ جوڑ دینا ۔ (٥) (طبیعیات) جمع کرنا ؛ (ریاضی) جمع کرنا ؛ جوڑنا ۔

Add In : (v) کسی حساب میں جوڑنا ۔

Add up : (v) جمع کرلینا ؛ جمع میں شامل کرلینا ۔

Addable / Addible : (a) جوڑے جانے کے لائق ؛ شامل کئے جانے کے لائق ۔

Addax : (n) [L.] شمالی افریقہ کے ہرن کی ایک قسم ۔

Added copy : (n) زائد نسخہ ۔

Added edition : (n) اضافی اشاعت ۔

Added entry : (n) اضافی اندراج ۔

Addend : (n) [L.] (ریاضی) عنصر جمع ۔

Addendum : (n) [L.] (۱) جوڑی جانے والی چیز ؛ قابل جمع ۔ (۲) اضافہ ؛ تتمہ ؛ ضمیمہ ۔ (۳) (انتظامیہ) اضافہ ؛ ضمیمہ ۔

Addendum to proposal : (تجارت و معاشیات) اضافہ تحریر ۔

Adder : (n) [ADD + - ER] جوڑنے والا ؛ جمع کرنے والا ؛ شامل کرنے والا ۔

Adder : (n) [OE."naedre"] (۱) سانپ ؛ اڑنے والا سانپ ؛ افعی ؛ اژدہا ۔ (۲) ایک زہریلے سانپ کی قسم ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی جو سمندر میں پائی جاتی ہے ۔

Flying adder or adder fly : کالی مکھی ؛ ایک قسم کی مکھی ۔

Puff or Death Adder : ایک قسم کا سانپ جو افریقہ اور آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے ۔

Horned adder : ایک قسم کا سانپ جو افریقہ میں پایا جاتا ہے ۔

Adders-grass : (n) ایک قسم کی بوٹی ۔

Adders-tongue : (n) فرن کی ایک قسم ۔

Adderwort : (n) ایک قسم کی بوٹی جس کی جڑ سانپ کی طرح ہوتی ہے ۔

Addibility : (n) جوڑنے یا جمع کئے جانے کی صلاحیت ۔

Addict : (n) [L."addoctus","addicere"] (۱) عادی ؛ خوگر ؛ وہ شخص جو کسی دوا یا نشیلی چیزکا عادی ہو ؛ مجبور عادی ؛ علتی ۔ (۲) (سماجیات) مجبور عادی ۔

Addict : (v) (۱) (قانون) سپرد کرنا بحکم عدالت ؛ (استعارتاً) سپرد کرنا ؛ دے دینا ۔ (۲) عادی ہونا ؛ خوگر ہونا ؛ لت ڈالنا ۔

Addicted : (a) (۱) خوگر ؛ عادی ۔ (۲) (رومن قانون) بحکم عدالت سپرد کیا ہوا ۔

Addiction : (n) [L."addictionem "] (۱) سپردگی بحکم عدالت ۔ (۲) عادت ؛ لت ؛ علت ؛ دھت ۔ (۳) (سماجیات) مجبور کن عادت ۔

Drug addiction : (سماجیات) نشہ کی مجبور کن عادت ۔

Additament : [L."additamentum"] اضافی ؛ ملحق ؛ منسلکہ ۔

Addition : (n) [L."additionem"] (۱) جمع کرنے کا عمل ؛ میزان ؛ جمع ۔ (۲) جمع ؛ جوڑ ؛ اضافہ ؛ بڑھوتری ؛ بیشی ؛ ازدیاد ؛ جو چیز جمع کی جائے ۔ (۳) (کیمیا، ریاضی و طبیعیات) جمع ؛ جوڑ ؛ (ارضیات و جغرافیہ) چسپیدگی ۔

In addition to : اسکے علاوہ ؛ مزید برآں ؛ اسکے سوا ۔

Cummulative Law of addition : (ریاضی) جمع کا مجموعی قانون ۔

Addition compound : (n) (کیمیا) جمعی مرکب ۔

Addition formula : (n) (کیمیا) جمعی ضابطہ ؛ جمعی فارمولا ۔

Addition product : (n) (کیمیا) جمعی حاصل ۔

Addition reaction : (n) (کیمیا) جمعی رد عمل ۔

Addition sign : (n) (طبیعیات) علامت جمع ۔

Additional : (a) (۱) زائد ؛ ضمنی ؛ اضافی ؛ اڈیشنل ۔ (۲) (انتظامیہ) زائد ؛ (تاریخ و سیاسیات) مزید ؛ زائد ۔

Additional act : (n) (تاریخ و سیاسیات) زائد ایکٹ ۔

Additional articles : (n) (تاریخ و سیاسیات) زائد دفعات ۔

Additional assessment : (n) (تجارت و معاشیات) اضافی تشخیص ؛ مزید جانچ ۔

Additional expenditure : (n) (انتظامیہ) زائد خرچ ۔

Additional grant : (n) (انتظامیہ) زائد گرانٹ ؛ زائد امداد ۔

Additional Insured : (n) (تجارت و معاشیات) مزید بیمہ ۔

Additional pay : (n) (انتظامیہ) زائد تنخواہ ۔

Additional secretary : (n) (انتظامیہ) اڈیشنل سکریٹری ؛ اضافی معتمد ۔

Additional unit : (n) مزید اکائی ۔

Additionally : (adj) ضمناً ؛ ازدیاداً ؛ الحاقاً ۔

Additions and betterments : (تجارت و معاشیات) اضافے اور سدھار ۔

Addititous : (a) [L."additicius"] جوڑا ہوا ؛ ملحق ؛ زائد ۔

Addititous force : (n) وہ طاقت جو تابع سیارہ کی کشش ثقل سیارے کی طرف بڑھاتی ہے ۔

Additive : (a) [L."additivus"] (۱) جوڑی جانے والی ؛ بڑھائی جانے والی ؛ افزودنی ۔ (۲) (ریاضی) جمعی ؛ (کیمیا) ملائی جانے والی ؛ (لسانیات) عطفی ؛ اضافی ۔

Additive : (n) جوڑے جانے والی چیز ؛ بڑھائی جانے والی یا اضافہ کی جانے والی چیز ؛ (کیمیا) ملاوٹ ۔

Additive constant : (n) (ریاضی) جمعی مستقل ۔

Additive clause : (n) (لسانیات) الحاقی فقرہ ۔

Additive factor : (n) (ریاضی) جمعی جبر ۔

Additive inverse : (n) (ریاضی) معکوس جمعی ۔

Additive marker : (n) (لسانیات) الحاقی نشان دار ۔

Additive process : (n) (شماریات) اجتماع پذیر عمل ۔

Additive property : (n) (شماریات) اجتماع پذیر خاصیت ؛ (کیمیا) جمعی خاصیت ۔

Addle : (n) [OE"adela"] (۱) بدبو پیشاب یا سیال غلاظت ؛ گندگی ۔ (۲) شراب کی خشک تلچھٹ یا درد ۔

Addle : (a) (۱) سڑا ہوا (انڈا) ۔ (۲) غیر صحت مند ؛ گدلا ؛ سست ؛ خالی (مجازاً) ۔

Addle : (v) (۱) پریشان کرنا ؛ بوکھلانا ؛ مختل کرنا ۔ (۲) بوکھلا جانا ؛ مختل ہوجانا ؛ پریشان ہو جانا ۔

Addle-brain /- head /- pate : (a) وہ شخص جس کا دماغ خالی ہو ؛ بوکھل ؛ مختل ؛ اول جلول ؛ بے وقوف ؛ پھوہڑ ؛ ابتری پیدا کرنیوالا ۔

Addle-egg : (n) (۱) گندہ انڈا ؛ خاکی انڈا ؛ وہ انڈا جس سے بچہ نہ ہو سکے ۔ (۲) (مجازاً) خالی ؛ تہی مغز ؛ بوکھل ؛ مختل ؛ اول جلول ؛ گڈمڈ ۔

Addle-headedness : (n) حماقت ؛ بے وقوفی ؛ بے عقلی ۔

Addled : (a) (۱) بوکھلایا ہوا ؛ مختل ؛ پریشان ؛ اول جلول ۔ (۲) خراب ؛ گندہ (انڈا کے لئے) ۔

Addleness : (n) (۱) عفونت ؛ سڑاند ؛ بساند ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی خرابی ۔

Addling : (n) (۱) انڈے کا سڑجانا ؛ گندہ ہو جانا ۔ (۲) فہم و فراست کا پراگندہ ہو جانا ۔

Addorsed : (a) [L."ad+dorsum"] پشت بہ پشت (مثلاً کسی ڈھال پر دو جانوروں کی تصویر) ۔

Address : (v) [L. ad + "directiare", "directum"] (۱) تحریری پیام دینا ؛ منسوب کرنا ؛ خطاب کرنا ؛ خطبہ دینا ؛ تقریر کرنا ؛ مخاطب کرنا ؛ مخاطب ہونا ؛ لکھنا ؛ خط پر پتا لکھنا ؛ معنون کرنا ۔ (۲) رجوع ہونا ؛ متوجہ ہونا ؛ مصروف ہونا ۔ (۳) (گولف کے کھیل میں) نشانہ لینا ۔ (٤) جہاز بھیجنا ؛ جہاز سے مال بھیجنا ۔ (۵) معاشقہ کرنا ؛ شادی کا پیغام دینا ۔

Address : (n) (۱) مستعدی ؛ ہوشیاری ؛ چابکدستی ؛

مہارت ؛ آمادگی ۔ (۲) پتا (جو خط کے اوپر لکھا جائے) ؛ عنوان ؛ القاب ۔ (۳) ھدایت دینے یا بھیجنے کا عمل ۔ (٤) طور ؛ طریقہ ؛ اطوار ؛ رویہ ؛ ڈھنگ ؛ وضع ؛ سلیقہ ۔ (٥) بات چیت کا طرز ؛ طرز گفتگو ؛ انداز گفتگو ۔ (٦) شاھی تقریر کے جواب میں اظہار تشکر ؛ سپاسنامہ ؛ خطبہ ۔ (۷) جہازکی روانگی ۔ (۸) شرف قدم بوسی ؛ درباداری ۔ (۹) معاشقہ ۔

Addressed : (a.) بھیجا ھوا ۔

Addressed bill : (n) (معاشیات) نامزد ھنڈی ؛ موسومہ بل ۔

Addressee : (n) مکتوب الیہ ؛ پانے والا ؛ مرسل الیہ ۔

Addresser : (n) خطاب کرنے والا ؛ مخاطب کرنےوالا ۔

Addressograph : (n) (انتظامیہ) پتا لکھنے والی مشین ؛ پتا نگار ۔

Adduce : (v) [L."adducere"] پیش کرنا ؛ بطور ثبوت بیان کرنا ؛ مثال دینا ؛ سند لانا ؛ بطور دلیل پیش کرنا ۔

Adduceable : (a) قابل استناد ؛ قابل اشتھاد ۔

Adduced : (a) بطور دلیل ؛ سند یا ثبوت پیش کیا ھوا ۔

Adducent : (a) [L."adducentum"] (عضلات) ایك ھی مر کز کی طرف کھنچ جانے والا ؛ مقرّب ۔

Adducer : (n) پیش کرنے والا ؛ مثال دینے والا ؛ سند لانے والا ۔

Adduct : (v) [L."adduct -"] (۱) ایك ھی مرکز کی طرف کھنچنا ۔ (۲) مشترك مرکز یا وسطی (شریان) کی طرف کھنچنا ۔ (۳) (کیمیا) جموعہ ۔

Adduction : (n) [L."adductionem"] (۱) ایك ھی مرکز کی طرف کھینچنے کا عمل ؛ ایك مرکز کیطرف کھنچاؤ ؛ تقریب ۔ (۲) پیش کرنا (واقعات، ثبوت ، نظیر کا) ؛ نظیر ؛ حجت ۔

Adductive : (a) [L."adduct -"] تبدیلی لانے والا (جوھر یا مادے کی تبدیلی) ؛ تقریبی ۔

Adductor : (n) [L.] وہ عضلات یا پٹھے جو پاؤں یا جسم کے کسی حصہ کو دھڑکی طرف کھینچتے ھیں یا جو پھیلے ھوئے جسم کو سکیڑتے ھیں ؛ مقربہ عضلہ ۔

- ade : (n) (suffix) لاحقہ جو اسماء کے آخر میں آتا ھے اور " عمل ، اثر ، نتیجے وغیرہ " کو ظاھر کرتا ھے ۔

Adeciduate : (a) [a + deciduate] سدا بہار ؛ ناریز ۔

Adeem : (v) [A+ Deem] (۱) لے لینا ؛ واپس لینا ؛ لے بھاگنا ۔ (۲) (قانون) وراثت کا منسوخ کرنا ۔

Adeism : (n) (فلسفہ و نفسیات) انکار الوھیت ؛ لا وثنیت ۔

Adelantado : (n) [Sp.] لارڈ لفٹننٹ ؛ گورنر ۔

Adelaster : (n) [Gr."adelos+aster"] ایك پودے کا عارضی نام جس کے پھول اور جنس نا معلوم ھیں ۔

Adeling : (n) کسی رئیس گھرانے کا ایك فرد ؛ شہزادہ ؛ نواب ۔

Adelomorphic : (a) [L."adel + morphic"] (حیاتیات) مبہم شکلا ۔

Adelopod (e) : (n) [Gr."adelos+poda (pus)"] ایك جانور جس کے پاؤں چھپے ھوئے ھوتے ھیں ؛ کم پایہ ۔

Adelphi : (n) چوتھی صدی عیسوی کے میسوپوٹامیا ؛ سیریا وغیرہ کا ایك آوارہ گرد عیسائی فرقہ کا رکن ۔

-adelphia : (suffix) (لاحقہ) حامل زر کا جمع ھونا ۔

Adelphic : (a) [Gr."adelphicos"] (نباتیات) حامل زر کے ایك کیسے میں جمع ھونے سے متعلق ۔

Adelpholite : (n) [Gr."adelphos + lithos"] فولاد اور میگنیز کا ایك نمك ۔

Adelphous : (a) [Gr."adelphos"] حامل زر کے گچھوں والا ؛ پیوستہ ۔

Ademption : (n) [L."ademptionem"] (۱) لے جانا ؛ لے لینا ؛ لےبھاگنا ۔ (۲) (قانون) میراث یا ھبہ کا واپس لے لینا ۔

Aden : (n) [Gr."aden","adena"] گلٹی ؛ غدود ۔

Aden-/ adeni-/ adeno- : (Prefix) جزوترکیبی بمعنی " گلٹی ؛ غدود " ۔

Adenalgia : (n) [mod L."-algia"] درد ؛ کسی گلٹی میں تکلیف دہ ورم ؛ درد غدود ۔

Adeniform : (a) [L."-formis"] مثل غدود ؛ گلٹی نما ۔

Adenography : (n) نظام غدودی کی تشریح ؛ غدہ نگاری ۔

Adenoid /-al : (a) [Gr."adenoides"] غدود نما ؛ غدودہ ۔

Adenoids : (n) گلے کے غدود ؛ اسفنجی منسوجات (جو ناک یا حلق کی پشت پر ہوتے ہیں) ۔

Adenological : (a) غدود علم سے متعلق ۔

Adenology : (n) عضویات کا وہ حصہ جو غدود سے متعلق ہوتا ہے ؛ غدودیات ۔

Adenoma : (n) [L."aden-+-oma"] غدود کا ورم ۔

Adenopathy : (n) ["adeno+pathy"] غدودی نظام کی بیماری ۔

Adenophorous : (a) [ADENO + Gr."phoros"] غدود پیدا کرنے والا ؛ غدّہ بردار ۔

Adenophyllous : (a) [ADENO + Gr."phll-on"] غدودی پتے والا ۔

Adenose : (a) [L."adenosus"] غدودی ۔

Adenosis : (طب) غدی مرض ۔

Adenotomy : (n) [ADENO+Gr."tomia "] غدودوں کا چیرپھاڑ کرنا یا ان میں شگاف لگانا ؛ غدہ تراشی ۔

Adephoga : [Gr."adephagos"] بھیڑوں کا ایک خاندان ۔

Adeps : (n) [L.] جانور کی چربی ؛ سور کی چربی ؛ سور کے پیٹ کی چربی ؛ شحم الخنزیر (جو پکانے میں کام آتی ہے) ۔

Adept : (a) [L."adeptus","adipisci"] پورا ماہر ؛ ہنرمند ؛ ماہر کل ؛ استاد ؛ کاریگر ۔

Adeptly : (adv) ہنرمندی سے ؛ استادانہ طورپر ؛ مہارت سے ۔

Adeptness : (n) مہارت ؛ کمال ؛ کاریگری ؛ استادی ۔

Adeptship : (n) حالت یا درجہ مہارت ۔

Adequacy : (n) اکتفا ؛ موزونیت ؛ مناسبت ؛ کفایت ؛ شائستگی ۔

Adequate : (a) [L."adaequatus"] (۱) موزوں ؛ مناسب ؛ کافی ؛ شایاں (ضرورت کے لحاظ سے) ؛ معقول ۔ (۲) کافی ؛ حسب ضرورت ؛ مکتفی ؛ کما ینبغی ۔ (۳) (منطق) مکمل ۔

Adequate consideration : (n) (تجارت و معاشیات) خاطر خواہ قیمت ؛ مناسب معاوضہ ۔

Adequate stimulus : (n) مناسب مہیج ۔

Adequately : (adv) موزوں طور پر ؛ مناسبت کے ساتھ ؛ پورے طور پر ؛ کافی طور پر ۔

Adequateness : (n) مناسبت ؛ موزونیت ؛ کافی ہونا ؛ کفایت ؛ شائستگی ۔

Adequation : (n) [L."adequationem"] (۱) برابر کرنے یا برابر بنانے کا عمل ؛ مناسب ؛ مرادف ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) کفایت ؛ تصادق تام ؛ (لسانیات) اکتفائیت ۔

Adequative : (a) دیکھو Adequate

Ades : (n) (تاریخ و سیاسیات) پاتال ؛ پاتال دیوتا (یونانی دیومالا) (hades) ۔

Adesmy : (n) [Gr."adesmos"] نباتاتی اعضاء کے درمیان ناقص وابستگی یا ربط ؛ غیر پیوستگی ۔

Adessenarian : (n) [L."adessenari", f."adesse"] عیسائیوں کے ایک گروہ کا وہ شخص جس کا عقیدہ ہے کہ عشائے ربانی میں حضرت عیسیٰ واقعی موجود تھے ۔

Adessive case : (n) (لسانیات) حالت قربی ؛ قربی حالت ۔

Adevism : (n) [Gr. a+Skr. deva] فرضی دیوتاؤں سے انکار ۔

Adfected : (a) مرکب ؛ (ریاضی) مساوات میں لا معلوم تعداد کی مختلف قوت رکھنے والا ۔

Adfiliate / - ation : Affiliate /- ion کی تبدیل شدہ شکل ۔

Adfluxion : (n) Affluxion کی ایک صورت ۔

Adglutinate : (a) [L."adglutinat-us"] (۱) چپکایا ہوا ؛ چسپیدہ ؛ ہم نمو ؛ واصل ۔ (۲) مرکب حقیقی ؛ مرکب امتزاجی جس کے اجزاء کی نہ تو شکل میں تبدیلی ہو نہ معنوں

میں جیسے تیز رو ؛ زود رنج وغیرہ –

Adharma : (n) [Skr. a + "dharma "] (۱) نامطابقت (دنیاوی حالات سے) ۔ (۲) ابدی مادہ جو روح اور مادہ کو غیر متحرک بناتا ھے ۔ (۳) جوڑنا ؛ ملانا – (٤) مفرد الفاظ سے مرکب الفاظ بنانا ۔

Adhere : (v) [L."adhaerere"] (۱) چپکنا ؛ چسپاں ہونا ؛ سٹ جانا ؛ چمٹنا ؛ جمنا ۔ (۲) سٹا رھنا ؛ (کسی جماعت یا آدمی سے) وابستہ رھنا ؛ تقلید کرنا ؛ پیرو ہونا ؛ چیلا بننا ۔ (۳) پابند رھنا ؛ جما رھنا (کسی بات پر) ۔

Adherence : (n) وابستگی ؛ حمایت ؛ ہوا خواہی ؛ تقلید ۔

Adherency : (n) چپکنے، سٹنے، قائم رھنے، چسپاں رھنے کی صفت ۔

Adherent : (a) [L."adhaerent-em"] (۱) چپکا ہوا ؛ پابند ؛ چمٹا ہوا ؛ ملحق ؛ چسپاں ۔ (۲) حامی ؛ حمایتی ؛ وابستہ ؛ ھوا خواہ ؛ طرفدار ؛ پیرو ؛ پابند ۔ (۳) (کیمیا) چمٹنے والا ؛ ملصق ۔۔

Adherent adjective : (n) (لسانیات) صفت وابستہ –

Adherent member : (n) رکن متعلقہ –

Adherer : (n) جما رھنے والا ؛ پابند رھنے والا ؛ پیروی کرنے والا ؛ مقلد ۔

Adhering : (a) جما رھنے والا ؛ چپکنے والا –

Adhering : (n) سٹا رھنے، جما رھنے، پابند رھنے کا عمل ۔

Adhesion : (n) [L."adhaesionem"] (۱) چپکاؤ ؛ چسپیدگی وابستگی ؛ لگاؤ (کیمیا) التصاق ؛ چپک ۔ (۲) وابستگی ؛ پابندی ؛ پیروی ۔ (۳) (نفسیات) خیالات اور حرکات کا اندرونی اور غیر ارادی تعلق ۔ (٤) (نباتیات) عموماً غیر مشابہ اعضاء کا اتصال ۔ (٥) (کیمیا) چپکاؤ ؛ (تاریخ و سیاست) پابندی –

Adhesion to a treaty : (تاریخ و سیاسیات) معاھدہ کی پابندی ۔

Adhesive : (a) (۱) لسلسا ؛ چپچپا ؛ لیسدار ؛ لعاب دار ؛ چپچپ دار ؛ چسپندہ ۔ (۲) چپک جانے والا ؛ ثابت قدم ؛ جما رھنے والا ؛ لپٹا ہوا ؛ لگا ہوا ۔ (۳) (کیمیا) چپکنے والا ؛ ملصق ۔

Adhesive stamp : (n) (انتظامیہ) چپکنے والا ٹکٹ ۔

Adhesively : (adv) چپکتے یا چپچپاتے ہوئے ؛ لپٹتے ہوئے ۔

Adhesiveness : (n) (۱) لسلساھٹ ؛ چپچپاھٹ ۔ (۲) دوسروں سے وابستگی پیدا کرنے اور قائم رکھنے کی صلاحیت ۔ (۳) خیالات میں مطابقت پیدا کرنے کا میلان –

Adhibit : (v) [L."adhibitus","adhibere"] (۱) لینا ؛ داخل کرنا ۔ (۲) چپکانا ؛ چسپاں کرنا ۔ (۳) لگانا ؛ ملنا (دوا وغیرہ کا) ۔

Adhibition : (n) چپکانا ؛ لینا ؛ لگانا –

Adiabatic : (a) [Gr."adiabatos"] (۱) مزاحم حرارت ؛ یکساں درجہ کی حرارت رکھنے والی ۔ (۲) ایسی کیفیت سے متعلق جب نہ حرارت داخل ہو اور نہ خارج ؛ حربند ؛ حر نا گذار ۔ (۳) (طبیعیات) ہم حرارت ۔

Adiabatic calorimeter : (n) (طبیعیات) ہم حرارت پیما ۔

Adiabatic compression : (n) (طبیعیات) ہم حرارت داب ۔

Adiabatic curve : (n) (طبیعیات) ہم حرارت خم ۔

Adiabatic expansion : (n) (طبیعیات) ہم حرارت پھیلاؤ ۔

Adiabatic jacket : (n) (طبیعیات) ہم حرارت خول یا جیکٹ ۔

Adiabatic process : (n) (طبیعیات) ہم حرارت طریقہ عمل ؛ (کیمیا) کاظمی طریقہ ۔

Adiabatic transformation : (n) (طبیعیات) ہم حرارت روپانتر ؛ ہم حرارت تبدیل صورت ۔

Adiabatically : (adv) مزاحم حرارت کے طور پر ؛ حر بندانہ ۔

Adiactinic : (a) [A + Diactinic] جس سے actinic شعاع گذر نہ سکے ؛ کیمیائی شعاع نا گذار ۔

Adiantum : (n) [Gr."adianton "] فرن کی ایک جنس ؛ بال چھڑ ؛ سنبل سیاہ ۔

Adiaphora : (n) (فلسفہ و نفسیات) لااخلاق موجودات ؛ فوق اخلاقی ۔

Adiaphorism : (n) [Gr."adiaphoros"+ - ism] فقہی بے اعتنائی ؛ وسیع المشربی ؛ آزاد خیالی ۔

Adiaphorist / Adiaphorite : (n) (۱) وسیع المشرب ؛ آزاد خیال - (۲) لوتھر کے پیروؤں میں سے وہ اعتدال پسند فرقہ جو ان چیزوں سے بے توجہ رہا جن کی لوتھر نے مذمت کی تھی - (۳) فقہ سے بے اعتناء -

Adiaphoristic : (a) وسیع المشربی سے متعلق -

Adiaphoron : (n & a) [Gr."a + diaphoros"] (n) وہ چیز جو کلیسا کی نظروں میں قابل اعتناء نہ ہو ؛ غیر فرض ؛ آزاد اصول - (a) کلیسا کے نظریہ سےناقابل اعتناء -

Adiaphorous : (a) [Gr."adiaphoros"] (۱) بے اعتناء ؛ غیر جانب دار ؛ غیر ضروری ؛ نا قابل اعتناء ؛ ناطرفدار - (۲) (طب) نہ مضر نہ مفید -

Adiapneustia : (n) [Gr.] پسینے کا ناقص طور سے یا رک رک کر آنا -

Adiathermic : (a) [Gr."a + diathermos"] جس میں حرارت داخل نہ ہو ؛ حر نا گذار -

Adicity : (n) کسی عنصر کے مرکب ہونے کی صلاحیت -

Adidem : (adv or adj) [L.] (قانون) متفق طور پر -

Adience : (n) [L."adiens"] کسی محرک یا واقعہ کو قبول کرنے کا میلان -

Adieu : (n & interj)[Fr. a"+Dieu",i.e.I commend you to God] (۱) خدا حافظ ؛ فی امان اللّٰہ ؛ خدا نگہبان ؛ اللّٰہ بیلی - (۲) خدا حافظ کہنا ؛ الوداع کہنا ؛ خدا کے سپرد کرنا - (۳) (مجازاً) علاحدہ ؛ الگ ؛ خاتمہ -

To bid or say adieu : رخصت ہونا ؛ رخصت لینا -

Adinole : (n) البائیٹ (ایک قسم کا پتھر) کی ایک قسم -

Adios : (interj.) [Sp.] خدا حافظ ؛ فی امان اللّٰہ -

Adipescent : (a) [L."adipem"] مائل بہ فربہی -

Adipic : (n) [L."adipem"] (۱) ایک قسم کا تیزاب (Adipic Acid) جو چربی پر شورے کا تیزاب کے عمل سے حاصل ہوتا ہے - (۲) (حیوانیات) چرب -

Adipic acid : (n) (کیمیا) ایڈیپک ایسڈ ؛ دیکھو Adipic ؛ چربی کا تیزاب -

Adipocerate : (v) [ADIPOCERE + - ATE] (مرطوب زمین میں مدفون اجسام سے نکلنے والے) چربی دار مادہ میں بدلنا -

Adipoceration : (n) بھورا مائل سفید چربی دار مادہ میں تبدیل ہونا -

Adipocere : (n) [L."adipem" + Fr."cire"] (۱) ایک سفید مائل بہ خاکستری رنگ کا مادہ جو مردہ اجسام سے نکلتا ہے جو مرطوب زمینوں مدفون یا غرق آب ہوتے ہیں ؛ شحموم - (۲) جانور کی چربی -

Adipoceriform : (a) (زمین کی رطوبت سے مردہ اجسام سے نکلنے والی) چربی نما چیز میں تبدیل شدہ -

Adipocerous : (a) (زمین کی رطوبت کی وجہ سے مردہ اجسام سے نکلنے والی) چربی نما چیز سے متعلق -

Adipose : (a) [Mod. L."adiposus"] جانوروں کی چربی سے متعلق ؛ چربی دار ؛ چربیلا ؛ شحمی -

Adipose tissue : (n) (۱) وہ بلبلا دار ڈھانچہ جس میں چربی ہوتی ہے ؛ جانور کی چربی - (۲) (حیوانیات) چربیلی بافت -

Adiposeness : (n) چربی ہونے کی حالت -

Adiposis : (n) [L."adip+-osis"] فربہی ؛ موٹاپا ؛ شحمیت -

Adiposis dolorosa : (n) [L.] تکلیف دہ فربہی -

Adiposity : (n) [L."adipos-us"+-ity] فربہی یا مائل بہ فربہی -

Adiposo genital dystrophy : (n) عضو تناسل کا فربہ اور موٹا ہونا -

Adipsous : (n) [Gr."adipsos"] (طب) دافع تشنگی -

Adipsy : (n) [Gr."adipsos"] عدم تشنگی -

Adit : (n) [L."aditus"] (۱) دروازہ ؛ راستہ ؛ کان کے اندر داخل ہونے کا افقی راستہ جس سے کوئی چیز داخل ہو یا اس سے پانی نکالا جائے - (۲) مدخل ؛ رسائی ؛ نالی ؛ موری -

Aditive case : (n) (لسانیات) جہتی حالت -

Aditus : (n) [L.] راستہ -

Adjacency : (n) [L."adjacentia"] اتصال ؛ الحاق ؛ قرب ؛ نزدیکی ؛ اغل بغل ؛ پہلو بہ پہلو ؛ ہم پہلو ؛ ملحق ؛ متصل ؛ نزدیک –

Adjacent : (a) [L."adjacentum","adjacere"] (۱) متصل ؛ ملحق ؛ ہم پہلو ؛ ہم سرحد ؛ ہم جوار ؛ ملا ہوا ؛ ہمسایہ ۔ (۲) (لسانیات، طبیعیات ، ریاضی ، تاریخ و سیاست) متصل ۔

Adjacent angle : (n) (ریاضی) متصلہ زاویہ ؛ (طبیعیات) زاویہ متصل ۔

Adjacently : (adv) متصل طور پر ؛ ملحق ہو کر ؛ بطور ہمسایہ ۔

Adjag : (n) [native name in Java] جنگلی کتا جو جاوا میں پایا جاتا ھے ۔

Adject : (v) [L."adjectare"] جوڑنا ؛ ملانا ؛ متصل کرنا ۔

Adjection : (n) [L."adjectionem "] جوڑنے یا ملانے کا عمل ۔

Adjectitious : (n) [L."adjecticius"] اضافی ؛ زائد ۔

Adjectival : (a) [L."adjectivus"] Adjective سے متعلق ؛ توصیفی ۔

Adjectival case : (n) (لسانیات) صفتی حالت ؛ حالت صفتی ۔

Adjectival clause : (n) (لسانیات) توصیفی فقرہ –

Adjective : (a) [L."Adjectivus"] (۱) صفت ۔ (۲) زائد ؛ ضمنی ؛ قائم بالغیر ؛ عرضی ۔ (۳) (صرف) اسم صفت ؛ (لسانیات) صفت ۔

Attributive adjective : (لسانیات) صفت وابستہ ۔

Limiting adjective : (لسانیات) تحدیدی صفت ۔

Numeral adjective : (لسانیات) عددی صفت ۔

Predicative adjective : (لسانیات) مسندی صفت ۔

Adjective : (n) (۱) قانون اضافی ؛ قانون ؛ ضابطہ ۔ (۲) معاون ؛ ممد ۔

Adjective : (v) صفت بنانا ۔

Adjective dyeing : (n) (کیمیا) صفاتی رنگ سازی ۔

Adjective law : (n) قانون اضافی ۔

Adjectively / Adjectivally : (adv) بطور صفت ۔

Adjoin : (v) [L."adjungere"] (۱) ملانا ؛ متصل کرنا ؛ پاس لانا ؛ قریب کرنا ؛ پیوست کرنا ؛ جوڑنا ؛ ملحق کرنا ۔(۲) ملا ہوا ہونا ؛ ملحق ہونا ۔

Adjoined : (a) ملا ہوا ؛ ملحق ؛ متصل ؛ قریب ۔

Adiantum : (n) [Gr."adianton "] فرن کی ایک جنس ؛ بال چھڑ ؛ سنبل سیاہ ۔

Adiaphora : (n) (فلسفہ و نفسیات) لااخلاق موجودات ؛ فوق اخلاقی ۔

Adiaphorism : (n) [Gr."adiaphoros"+ - ism] فقہی بے اعتنائی ؛ وسیع المشربی ؛ آزاد خیالی ۔

Adiaphorist / Adiaphorite : (n) (۱) وسیع المشرب ؛ آزاد خیال ۔ (۲) لوتھر کے پیروؤں میں سے وہ اعتدال پسند فرقہ جو ان چیزوں سے بے توجہ رہا جن کی لوتھر نے مذمت کی تھی ۔ (۳) فقہ سے بے اعتناء ۔

Adiaphoristic : (a) وسیع المشربی سے متعلق ۔

Adiaphoron : (n & a) [Gr."a + diaphoros"] (n) وہ چیز جو کلیسا کی نظروں میں قابل اعتناء نہ ہو ؛ غیر فرض ؛ آزاد اصول ۔ (a) کلیسا کے نظریہ سےناقابل اعتناء ۔

Adiaphorous : (a) [Gr."adiaphoros"] (۱) بے اعتناء ؛ غیر جانب دار ؛ غیر ضروری ؛ نا قابل اعتناء ؛ ناطرفدار ۔ (۲) (طب) نہ مضر نہ مفید ۔

Adiapneustia : (n) [Gr.] پسینے کا ناقص طور سے یا رک رک کر آنا ۔

Adiathermic : (a) [Gr."a + diathermos"] جس میں حرارت داخل نہ ہو ؛ حر نا گذار ۔

Adicity : (n) کسی عنصر کے مرکب ہونے کی صلاحیت ۔

Adidem : (adv or adj) [L.] (قانون) متفق طور پر ۔

Adience : (n) [L."adiens"] کسی محرک یا واقعہ کو قبول کرنے کا میلان ۔

Adieu : (n & interj)[Fr. a"+Dieu",i.e.I commend you to God] (۱) خدا حافظ ؛ فی امان اللّٰہ ؛ خدا نگہبان ؛ اللّٰہ بیلی ۔ (۲) خدا حافظ کہنا ؛ الوداع کہنا ؛ خدا کے سپرد کرنا ۔ (۳) (مجازاً) علاحدہ ؛ الگ ؛ خاتمہ ۔

To bid or say adieu : رخصت ہونا ؛ رخصت لینا ۔

Adinole : (n) البائیٹ (ایک قسم کا پتھر) کی ایک قسم ۔

Adios : (interj.) [Sp.] خدا حافظ ؛ فی امان اللّٰہ ۔

Adipescent : (a) [L."adipem"] مائل بہ فربہی ۔

Adipic : (n) [L."adipem"] (۱) ایک قسم کا تیزاب (Adipic Acid) جو چربی پر شورے کا تیزاب کے عمل سے حاصل ہوتا ہے ۔ (۲) (حیوانیات) چرب ۔

Adipic acid : (n) (کیمیا) ایڈیپک ایسڈ ؛ دیکھو Adipic ؛ چربی کا تیزاب ۔

Adipocerate : (v) [ADIPOCERE + - ATE] (مرطوب زمین میں مدفون اجسام سے نکلنے والی) چربی دار مادہ میں بدلنا ۔

Adipoceration : (n) بھورا مائل سفید چربی دار مادہ میں تبدیل ہونا ۔

Adipocere : (n) [L."adipem" + Fr."cire"] (۱) ایک سفید مائل بہ خاکستری رنگ کا مادہ جو مردہ اجسام سے نکلتا ہے جو مرطوب زمینوں مدفون یا غرق آب ہوتے ہیں ؛ شحموم ۔ (۲) جانور کی چربی ۔

Adipoceriform : (a) (زمین کی رطوبت سے مردہ اجسام سے نکلنے والی) چربی نما چیز میں تبدیل شدہ ۔

Adipocerous : (a) (زمین کی رطوبت کی وجہ سے مردہ اجسام سے نکلنے والی) چربی نما چیز سے متعلق ۔

Adipose : (a) [Mod. L."adiposus"] جانوروں کی چربی سے متعلق ؛ چربی دار ؛ چربیلا ؛ شحمی ۔

Adipose tissue : (n) (۱) وہ بلبلا دار ڈھانچہ جس میں چربی ہوتی ہے ؛ جانور کی چربی ۔ (۲) (حیوانیات) چربیلی بافت ۔

Adiposeness : (n) چربی ہونے کی حالت ۔

Adiposis : (n) [L."adip+-osis"] فربہی ؛ موٹاپا ؛ شحمیت ۔

Adiposis dolorosa : (n) [L.] تکلیف دہ فربہی ۔

Adiposity : (n) [L."adipos-us"+-ity] فربہی یا مائل بہ فربہی ۔

Adiposo genital dystrophy : (n) عضو تناسل کا فربہ اور موٹا ہونا ۔

Adipsous : (n) [Gr."adipsos"] (طب) دافع تشنگی ۔

Adipsy : (n) [Gr."adipsos"] عدم تشنگی ۔

Adit : (n) [L."aditus"] (۱) دروازہ ؛ راستہ ؛ کان کے اندر داخل ہونے کا افقی راستہ جس سے کوئی چیز داخل ہو یا اس سے پانی نکالا جائے ۔ (۲) مدخل ؛ رسائی ؛ نالی ؛ موری ۔

Aditive case : (n) (لسانیات) جہتی حالت ۔

Aditus : (n) [L.] راستہ ۔

Adjacency : (n) [L."adjacentia"] اتصال ؛ الحاق ؛ قرب ؛ نزدیکی ؛ اغل بغل ؛ پہلو بہ پہلو ؛ ہم پہلو ؛ ملحق ؛ متصل ؛ نزدیک –

Adjacent : (a) [L."adjacentum","adjacere"] (۱) متصل ؛ ملحق ؛ ہم پہلو ؛ ہم سرحد ؛ ہم جوار ؛ ملا ہوا ؛ ہمسایہ ۔ (۲) (لسانیات، طبیعیات ، ریاضی ، تاریخ و سیاست) متصل ۔

Adjacent angle : (n) (ریاضی) متصلہ زاویہ ؛ (طبیعیات) زاویہ متصل ۔

Adjacently : (adv) متصل طور پر ؛ ملحق ہو کر ؛ بطور ہمسایہ ۔

Adjag : (n) [native name in Java] جنگلی کتا جو جاوا میں پایا جاتا ھے ۔

Adject : (v) [L."adjectare"] جوڑنا ؛ ملانا ؛ متصل کرنا ۔

Adjection : (n) [L."adjectionem "] جوڑنے یا ملانے کا عمل ۔

Adjectitious : (n) [L."adjecticius"] اضافی ؛ زائد ۔

Adjectival : (a) [L."adjectivus"] Adjective سے متعلق ؛ توصیفی ۔

Adjectival case : (n) (لسانیات) صفتی حالت ؛ حالت صفتی ۔

Adjectival clause : (n) (لسانیات) توصیفی فقرہ –

Adjective : (a) [L."Adjectivus"] (۱) صفت ۔ (۲) زائد ؛ ضمنی ؛ قائم بالغیر ؛ عرضی ۔ (۳) (صرف) اسم صفت ؛ (لسانیات) صفت ۔

Attributive adjective : (لسانیات) صفت وابستہ ۔

Limiting adjective : (لسانیات) تحدیدی صفت ۔

Numeral adjective : (لسانیات) عددی صفت ۔

Predicative adjective : (لسانیات) مسندی صفت ۔

Adjective : (n) (۱) قانون اضافی ؛ قانون ؛ ضابطہ ۔ (۲) معاون ؛ ممد ۔

Adjective : (v) صفت بنانا ۔

Adjective dyeing : (n) (کیمیا) صفاتی رنگ سازی ۔

Adjective law : (n) قانون اضافی ۔

Adjectively / Adjectivally : (adv) بطور صفت ۔

Adjoin : (v) [L."adjungere"] (۱) ملانا ؛ متصل کرنا ؛ پاس لانا ؛ قریب کرنا ؛ پیوست کرنا ؛ جوڑنا ؛ ملحق کرنا ۔ (۲) ملا ہوا ہونا ؛ ملحق ہونا ۔

Adjoined : (a) ملا ہوا ؛ ملحق ؛ متصل ؛ قریب ۔

Adjoining : (a) (۱) متصل ؛ قریب ؛ متعلق – (۲) (ریاضی) ملا ہوا ؛ (کیمیا) ملحق ؛ (تجارت و معاشیات) منسلک ۔

Adjoining territory : (n) (تاریخ و سیاسیات) متصل علاقہ –

Adjoint : (n) [Fr."adjoindre"] ایک فرانسیسی افسر ؛ فرانسیسی کالج کا ماتحت پروفیسر ۔

Adjoint : (a) شریک ۔

Adjoint determinant : (n) (ریاضی) شریک مقطعہ –

Adjoint matrix : (n) (ریاضی) شریک ما ترکس ؛ (طبیعیات) ایڈ جوائنٹ میٹرکس –

Adjourn : (v) [late L."adjornare", f."ad+jornus"] (۱) ملتوی کرنا ؛ اٹھا رکھنا ؛ کام روکنا ۔ (۲) کارروائی کو روک دینا ؛ ملتوی کر دینا ؛ برخاست کرنا ؛ قانونی کارروائی کو ملتوی کرنا ۔ (۳) وقتی طور پر یا غیر معین مدت کےلئے جلسہ کی کارروائی کو ملتوی کر دینا ۔ (٤) کسی دوسری جگہ جمع ہونے کے لئے الگ ہو جانا ؛ جلسہ کا مقام بدل دینا ۔ (٥) (تاریخ و سیاسیات و انتظامیہ) ملتوی کرنا ؛ روکنا ۔

Adjourned : (a) ملتوی ۔

Adjourning : (n) التوا ۔

Adjournment : (n) التوا ؛ ملتوی کرنا ۔

Adjournment motion : (n) تحریک التوا ۔

Adjudge : (v) [L."adjudicare"] (۱) فیصلہ کرنا ۔ (۲) سزا دینا ؛ فیصلہ کا حکم سنانا ۔ (۳) ملزم قرار دینا ؛ قرار دینا ۔

(٤) بحکم سرکار دلا دینا -

Adjudged : (a) فیصلہ کیا ہوا ؛ قرار دیا ہوا -

Adjudgement : (n) فیصلہ ؛ فیصلہ کرنےکا عمل ؛ حکم -

Adjudger : (n) فیصلہ دینے والا ؛ فیصلہ کرنے والا -

Adjudging : (n) فیصلہ کرنا ؛ تجویز کرنا -

Adjudicate : (v) [L."adjudicat- "," adjudicare"] (١) عدالتی فیصلہ کرنا ؛ تجویز کرنا ؛ عدالتی فتوا دینا ؛ فیصلہ کرنا ؛ حکم سنانا - (٢) قرار دینا ؛ ٹھہرانا (مجرم یا بری) - (٣) جج یا عدالت کی حیثیت سے کام کرنا - (٤) (سماجیات) عدالتی فیصلہ دینا ؛ (تاریخ و سیاسیات) فیصلہ کرنا -

Adjudication : (n) [L."adjudicationem"] (١) عدالتی فیصلہ کرنے، تجویز کرنے کا عمل ؛ فیصلہ کرنے کا عمل ؛ حکم ؛ فیصلہ - (٢) عدالتی حکم یا فیصلہ - (٣) (قانون) دیوالیہ پن میں ڈگری - (٤) کسی موروثی جائداد کی قرقی بطور ضمانت - (٥) (سماجیات) عدالتی فیصلہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) انفصال -

Adjudicative : (a) انفصالی ؛ عدالتی -

Adjudicator : (n) کسی مسئلہ کو طے کرنے والا یا انعام دینے والا ؛ حکم ؛ قاضی ؛ حاکم -

Adjudicature : (n) انصاف کرنے کی کارروائی -

Adjunct : (n) [L."adjunctus","adjungere"] (١) ملحق ؛ ماتحت ؛ متعلق ؛ منحصر - (٢) کسی دفتر یا ملازمت میں ایک شخص دوسرے شخص کے ساتھ ملحق - (٣) ایک ذاتی اضافہ یا زیادتی ؛ ایک توصیفی اضافہ ؛ (کسی لفظ یا نام میں) توصیفی اضافہ کی حالت ؛ اضافہ ؛ ضمیمہ - (٤) (قواعد) مسند یا مسند الیہ کےمعنی میں توسیع کرنے والا لفظ - (٥) (منطق) جوھر میں کوئی اضافہ ؛ ایک غیر لازمی صفت - (٦) (لسانیات) متعلقہ -

Adjunct : (a) ماتحت ؛ متعلق ؛ متعلقہ ؛ منحصر -

Adjunction : (n) [L."Adjunctionem"] (١) ملانے یاملحق کرنے کا عمل - (٢) وہ چیز جو ملائی جاتی ھے ؛ ملائی جانے والی چیز ؛ الحاق -

Adjunctive : (a) الحاق ؛ اضافی ؛ زائد -

Adjunctively : (adv) بطور لاحق -

Adjuration : (n) [L."adjurationem"] قسم ؛ سوگند ؛ حلف ؛ سماجت -

Adjuratory : (a) [L."adjuratorius"] سماجت ؛ حلفیہ الزام یا سماجت کی حامل -

Adjure : (v) [L."adjurare"] حلفیہ الزام لگانا یا درخواست کرنا -

Adjurement : (n) حلفیہ درخواست ؛ استدعا -

Adjurer : (n) حلفیہ درخواست کنندہ -

Adjuring : (n) حلفیہ الزام لگانا ؛ بھوت اتارنا ؛ جھاڑ پھونک کرنا -

Adjust : (v) [L."adjuxtare"] (١) ترتیب دینا ؛ ٹھیک کرنا ؛ درست کرنا ؛ انضباط کرنا ؛ لگانا ؛ قرینے سے رکھنا -(٢) مطابق کرنا ؛ موافق کرنا ؛ توازن پیدا کرنا ؛ تعدیل کرنا ؛ ھم آھنگ کرنا - (٣) کسی چیز کا اس کے حصہ کے حساب سے مناسب طور پر ترتیب دینا ؛ نظم پیدا کرنا ؛ سلسلہ وار رکھنا - (٤) (طبیعیات) درست کرنا ؛ (سماجیات) توافق کرنا -

Adjustable : (a) (١) توافق پذیر ؛ تطابق پذیر ؛ ترتیب پذیر ؛ تسویہ پذیر - (٢) (کیمیا) تطابق پذیر ؛ قابل درستی -

Adjustable classification : (n) تطبیقی تقسیم -

Adjustable component : (n) (طبیعیات) تطبیقی جزو ؛ مطابقت پذیر جزو -

Adjustable condenser : (n) (طبیعیات) چرکنڈنسر ؛ تطبیقی کنڈنسر -

Adjustable shelf : (n) تطبیقی خانہ -

Adjusted : (a) (کیمیا) درست کیا ہوا -

Adjuster : (n) (١) ترتیب دینے والا ؛ مرتّب ؛ ٹھیک کرنے والا - (٢) سمندر میں نقصان سے پیدا ہونے والے دعوا کا پیشہ ور تخمینہ

اور حصہ لگانے والے - (۲) (انتظامیہ) ٹھیک کرنے والا ؛ مطابقت کرنے والا ؛ ضابطہ میں لانے والا ؛ (کامرس) تطبیق کنندہ -

Adjusting : (n) ترتیب، تنظیم دینے کا عمل -

Adjusting entry : (n) (تجارت و معاشیات) تطبیق اندراج -

Adjustment : (n) (۱) ترتیب دینے کا عمل ؛ آراستگی کی کیفیت ؛ تصفیہ ؛ تسویہ - (۲) ترتیب جس میں چیزوں کو درست کیا جا سکے - (۳) مختلف پارٹیوں میں ان کے مجموعی قرض، دعووں، ذمہ داریوں یا ادائی کا تصفیہ - (٤) ترتیب ؛ تطبیق ؛ توافق ، انضباط ؛ ہم آہنگی ؛ سلجھانا - (٥) (انتظامیہ) ترتیب ؛ ہم آہنگی ؛ توافق ؛ انضباط ؛ (تجارت و معاشیات) تطبیق ؛ (سماجیات) توافق ؛ (تاریخ و سیاسیات) مطابقت ؛ سمجھوتہ ؛ (کیمیا) درستگی ؛ تطبیق ؛ (فلسفہ و نفسیات) مطابقت ؛ ہم آہنگی -

Behaviour adjustment : (سماجیات) توافق کردار -

Biological adjustment : (سماجیات) حیاتیاتی توافق -

Constant adjustment : (فلسفہ و نفسیات) راسخ مطابقت -

Educational adjustment : تعلیمی مطابقت -

Emotional adjustment : (فلسفہ و نفسیات) جذباتی مطابقت -

Family adjustment : (سماجیات) خاندانی توافق -

Final adjustment : (سماجیات) قطعی توافق -

Harmonious adjustment : (سماجیات) ہم آہنگ توافق -

Individual adjustment : (سماجیات) انفرادی توافق -

Instructional adjustment : (فلسفہ و نفسیات) تدریسی مطابقت -

Marital adjustment : (سماجیات) ازدواجی توافق -

Moral adjustment : (فلسفہ و نفسیات) اخلاقی مطابقت -

Personal adjustment : (سماجیات) ذاتی توافق -

Personality adjustment : (فلسفہ و نفسیات) شخصی مطابقت -

Poor adjustment : (سماجیات) ناقص توافق -

Pupil adjustment : (فلسفہ و نفسیات) مطابقت طلبا -

Recreational adjustment : (فلسفہ و نفسیات) تفریحی مطابقت -

Satisfactory adjustment : (سماجیات) تسلی بخش توافق -

School adjustment : (فلسفہ و نفسیات) درس گاہی مطابقت -

Social adjustment : (فلسفہ و نفسیات) سماجی مطابقت ؛ (سماجیات) سماجی توافق -

Vocational adjustment : (فلسفہ و نفسیات) پیشہ ورانہ مطابقت -

Adjustment account : (n) (تجارت و معاشیات) تطبیقی کھاتا -

Adjustment bond : (n) (تجارت و معاشیات) تطبیقی بانڈ -

Adjustment bureau : (n) (تجارت و معاشیات) تطبیقی بیورو -

Adjustment model : (n) (لسانیات) توافقی ؛ توافقی ماڈل -

Adjustment mortgage : (n) تطبیقی رہن -

Adjustment of general average : (تجارت و معاشیات) تطبیق عام اوسط (نقصان) -

Adjustment of particular average : (تجارت و معاشیات) تطبیق خاص اوسط (نقصان) -

Adjustment of personality : (سماجیات) توافق شخصیت -

Adjustage / Ajutage : (n) [Fr."ajutage"] ترتیب ؛ تطبیق ؛ اس لئے (آب رسانی، Rydranlies) کسی مصنوعی چشمہ یا فوارہ کا منہ ؛ مہنال ؛ ٹونٹی -

Adjutancy : (n) (۱) ایڈجوٹینٹ کا عہدہ یا دفتر - (۲) منصبی ترتیب -

Adjutant : (n) [L."adjutantum","adjutare"] (۱) نائب ؛ معاون ؛ مددگار - (۲) ایڈجوٹنٹ (فوج میں

وہ افسر جو فوجی فرائض کی تفصیلات میں افسر بالا کی مدد کے لئے ہوتا ھے) ۔ (۳) ایک بڑے قسم کا سارس جو ھندوستان میں پایا جاتا ھے ؛ لگ لگ (اور اسے یہ نام اس کے چلنے کے انداز پر دیا گیا ھے) ۔ (٤) (انتظامیہ) ایڈجوٹنٹ ۔

Adjutant - general : (n) (۱) (فوجی) ایک افسر جو فوجی جنرل کا معاون ھوتا ھے ۔ (۲) عیسائیوں میں صوبہ یا دیہات کا وہ ناظم جو General of the order کی نگرانی میں کام کرتا ھے –

Adjutator : (n) مددگار ؛ معاون ۔

Adjuvant : (adj) [L."adjuvantem","adjuvare"] (۱) مدد ؛ معاون ؛ مدد دینے والا ؛ مساعد ۔ (۲) مدد ؛ معاونت ۔ (۳) بنیادی دواؤں کے اثر کو تیز کرنے والی معاون دوا ۔

Adlegation : (n) [L."adlegationem","adlegare"] عام مفاد کی خاطر معاھدہ میں شریک بادشاھوں کے نمائندوں سے قدیم المانوی سلطنت کے نمائندوں سے وابستہ ھونے کا حق ۔

Admarginate : (v) [L."ad + marginen"] حاشیے میں اضافہ کرنا ؛ شامل کرنا ؛ بڑھانا –

Admaxillary : (a) [L."ad + maxillary"] جبڑے سے متعلق ؛ جبڑے سے ملحق ۔

Admeasure : (v) [L."admensurer"] بانٹنا ؛ حصہ کرنا ؛ تقسیم کرنا ؛ حصہ لگانا ۔

Admeasurement : (n) (۱) ابعاد کی تحقیق کے لئے پیمانہ کے استعمال کا عمل ۔ (۲) ناپ ؛ پیمائش ؛ ابعاد ۔ (۳) حصہ لگانا ؛ تقسیم کرنا ؛ بانٹنا ؛ بٹوارہ ؛ حصہ کشی ۔

Admi : (n) [Berber -"edemi"] غزال (ھرن) جو افریقہ میں پایا جاتا ھے ۔

Adminicle : (n) [L."adminiculum"] (۱) مددگار ؛ معاون ؛ تائیدی ؛ امدادی ۔ (۲) تائیدی شہادت – (۳) کوئی تحریر جس سے گمشدہ دستاویزات کے مضامین کا پتا چلے ۔ (٤) سکہ وغیرہ کے اوپر بنی تصویر کے گرد کے نقش و نگار ۔

Adminicles : (n) سکہ وغیرہ کے اوپر بنی تصویر کے گرد کے نقش و نگار ۔

Adminicular : (a) تائیدی ؛ امدادی ؛ ثبوتی (شہادت کے متعلق) ۔

Adminiculate : (v) [L."adminiculat-","adminiculare"] تائیدی شہادت کے ساتھ دلائل پیش کرنا –

Adminiculation : (n) تائیدی شہادت کے ساتھ ۔

Adminiculum : (n) [L.] کسی پھل روپ یا منجہ روپ کے پیٹ پر کا چھوٹا دانت یا چھوٹی ریڑھ ۔

Administer oath : (v) (انتظامیہ) حلف اٹھوانا ؛ حلف دینا ؛ حلف دلوانا ۔

Administer : (v) [L."administrare"] (۱) انتظام کرنا ؛ بندوبست کرنا ۔ (۲) انجام دینا ؛ ادا کرنا (مذھبی رسم، انصاف وغیرہ کا) ۔ (۳) شخص متوفی کی جائداد یا ترکے کا انتظام وصیت یا پروانۂ انصرام تولیت کے تحت کرنا – (٤) تعمیل کرنا ؛ انجام دینا ؛ اجرا کرنا – (٥) حلف لینا ؛ قسم لینا ؛ حلف اٹھوانا – (٦) لگانا ؛ مالش کرنا ؛ ملنا (دوا وغیرہ کا) – (۷) مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ دینا ؛ فراھم کرنا (کسی چیز کا کسی کو) ۔ (۸) انتظام کرنا ؛ انصرام کرنا ۔ (۹) مدد پہنچانا ؛ سہارا دینا ؛ اعانت کرنا ۔ (۱۰) (انتظامیہ) انتظام کرنا ؛ بندوبست کرنا ؛ حلف لینا ؛ حلف اٹھوانا ؛ (تاریخ و سیاسیات) انتظام کرنا ؛ دینا ؛ دلانا –

Administerial : (a) انتظام یاحکومت سے متعلق ؛ انتظامی ۔

Administering authority : (n) (تاریخ و سیاسیات) صاحب اختیار منتظم –

Administering power : (n) (تاریخ و سیاسیات) اختیار انتظامی ۔

Administrable : (a) قابل انتظام ؛ قابل انصرام ۔

Administrant : (a & n) (۱) انتظامی ؛ عاملانہ – (۲) قائم مقام افسر –

Administration : (n) [L."administrationem"] (۱) انتظام ؛ بندوبست ؛ انصرام (کاروبار وغیرہ کا) ۔ (۲) نظم و نسق (امور عامہ یا حکومت کا) ۔ (۳) وزارت ؛ حکومت ۔ (٤) (قانون) شخص

متوفی کی جائداد یا ترکہ کا انتظام – (۵) داد رسی ۔ (٦) دینا ؛ اٹھوانا (حلف وغیرہ کا) – (۷) ماش ؛ لگانا (دوا وغیرہ کا) ۔ (۸) (انتظامیہ) انتظامیہ ؛ انتظام ؛ بندوبست ؛ نظم و نسق (امور عامہ یا حکومت) ۔ (۹) (فلسفہ و نفسیات) انتظام ؛ نظم و نسق ؛ انتظامیہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) انتظام ؛ حکومت ۔

Class room administration : (فلسفہ و نفسیات) انتظام جماعت ۔

Dual type of administration : (فلسفہ و نفسیات) دو عملی انتظام ۔

Educational administration : (فلسفہ و نفسیات) تعلیمی انتظام ۔

General administration : (تاریخ و سیاسیات) انتظام امور عامہ ۔

Letter of administration : پروانہ انصرام تولیت ۔

Personal administration : ذاتی انتظام ۔

Personnel administration : (فلسفہ و نفسیات) انتظام عملہ ۔

Administration division : (n) (انتظامیہ) شعبہء انتظامیہ ؛ انتظامیہ ڈویژن ۔

Administration of international law : (تاریخ و سیاسیات) نظام بین الاقوامی قانون ۔

Administration of justice : (انتظامیہ) انصاف کرنا ؛ (تاریخ و سیاسیات) انتظام عدالت ؛ داد رسی ۔

Administration section : (n) (انتظامیہ) انتظامی شعبہ ۔

Administrative : (a) [L."administrativus"] (۱) نظم و نسق سے متعلق ؛ انتظامی ؛ نظمی ؛ عملی ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) انتظامی ۔

Administrative action : (n) انتظامی کارروائی ۔

Administrative advice : (n) (تاریخ و سیاسیات) انتظامی ہدایت ؛ انتظامی مشورہ –

Administrative and budgetry committee : (تاریخ و سیاسات) انتظامی اور بجٹ کمیٹی ۔

Administrative approval : (n) (انتظامیہ) انتظامیہ کی منظوری ۔

Administrative audit : (n) انتظامی تنقیح ۔

Administrative authority : (n) ارباب حل و عقد ۔

Administrative board : (n) انتظامی بورڈ ۔

Administrative centre : (n) انتظامی مرکز ۔

Administrative committee : (n) (فلسفہ و نفسیات) انتظامیہ کمیٹی ؛ مجلس انتظامیہ ۔

Administrative convenience : (n) (انتظامیہ ، تاریخ و سیاسیات) انتظامی سہولت ۔

Administrative court : (n) (تاریخ و سیاسیات) انتظامی عدالت ؛ عدالت انتظامیہ ۔

Administrative department : (n) (انتظامیہ) محکمہ انتظام ۔

Administrative functions : (n) (انتظامیہ) انتظامی فرائض ۔

Administrative head : (n) (انتظامیہ) افسر انتظامیہ ۔

Administrative law : (n) انتظامی قانون ۔

Administrative office : (n) (فلسفہ و نفسیات) انتظامی دفتر ۔

Administrative officer : (n) (تاریخ و سیاسیات) افسر انتظامیہ ۔

Administrative organisation : (n) (فلسفہ و نفسیات) انتظامیہ ؛ نظامت ۔

Administrative policy : (n) (فلسفہ و نفسیات) انتظامی پالیسی ۔

Administrative reforms commission : (انتظامیہ) انتظامی اصلاحات کمیشن ۔

Administrative sanction : (n) (انتظامیہ) انتظامیہ کی منظوری ۔

Administrative set - up : (n) (تاریخ و سیاسیات) انتظامی

ڈھانچہ ۔

Administrative system : (n) (انتظامیہ) طریقہ انتظامیہ ۔

Administrative technique : (n) (فلسفہ و نفسیات) انتظامی طریق کار ۔

Administrative tribunal : (n) (تاریخ و سیاسیات) انتظامی ٹری بیونل ۔

Administrative union : (n) (تاریخ و سیاسیات) انتظامی یونین ۔

Administratively : (adv) انتظامی طور پر ؛ نظمی یا عملی طریقہ سے ؛ منتظمانہ طریقہ سے ۔

Administrator : (n) [L.] (۱) منتظم ؛ منصرم ؛ مہتمم ۔ (۲) تنظیمی قابلیت رکھنے والا ۔ (۳) ناظم ؛ عامل (امورمذہبی ، عدالت وغیرہ کا) ۔ (٤) دہندہ ؛ دینے والا ؛ لگانے والا ۔ (٥) وصی ؛ مہتمم ترکہ (جو مالک اصلی کی صغر سنی میں املاک کا انتظام یا متوفی بلا وصیت جائداد کی نگرانی کرے) ۔ (٦) (انتظامیہ) منتظم ؛ ایڈمنسٹریٹر ؛ (فلسفہ و نفسیات) ناظم ۔

Administrator general : (n) (انتظامیہ) منتظم اعلا ۔

Administratorship : (n) عہدۂ ناظم ؛ نظامت ؛ عہدۂ مہتمم۔

Administratrix : (n) [L.] منتظمہ ، خاصکر متوفی بلا وصیت کی منتظمہ ۔

Admirable : (a) [See Admire] دل پسند ؛ پسندیدہ ؛ تعریف کے لائق ؛ قابل تعریف ؛ قابل تحسین ؛ قابل ستائش ؛ بہت عمدہ ۔

Admirably : (adv) بطور پسندیدہ ؛ قابل تعریف طریقے سے ؛ بطریق احسن ؛ بہت خوبی کے ساتھ ۔

Admiral : (n) [Arab."Amir-al-bahr"] (۱) امیر بحر ؛ بیڑے کا اعلا سردار ؛ دریا سالار ۔ (۲) (جہازوں کے) بیڑیتی ۔ (۳) ماہی گیر یا تجارتی جہازوں کا مخصوص افسر اعلا ؛ ناظم ۔ (٤) کشتی امیر البحر ؛ نشان کا جہاز (جس میں امیر البحر سوار ہو) ۔ (٥) (انتظامیہ) ایڈمیرل ؛ امیر البحر ؛ (تاریخ و سیاسیات) امیر بحر ۔

Red admiral : سرخ تیتری ۔

White admiral : سفید تیتری ۔

Vice Admiral : نائب امیر البحر ؛ دریا بان ۔

Real Admiral : نائب امیر البحر کے نیچے درجہ کا افسر ؛ دریادار ۔

Admiral of the fleet : فیلڈ مارشل کے عہدے کا افسر ۔

Admiral of the Red , White or Blue : لال ؛ سفید یا نیلے پرچم والا امیر البحر ۔

Admiral - shell : (n) سیپ کی ایک قسم ۔

Admiral ship : (n) امارت بحر ؛ دریا سالاری ۔

Admiralty : (n) (۱) امیر البحر کا دفتر یا دائرہ اختیار ؛ وزارت بحریہ ۔ (۲) بحری عدالت ؛ بحری عدلیہ ۔ (۳) وہ عمارت جس میں اعلا بحری افسران کام کرتے ہیں ۔ (٤) بحری کمان ؛ بحری تفوق ۔

Admiralty court : (n) بحری عدالت ۔

Admiration : (n) [L."admirationem"] (۱) تحسین ؛ تعریف ؛ توصیف ؛ قدر ؛ مدح ؛ ثنا ؛ پسندیدگی ؛ توقیر ۔ (۲) قابل تحسین چیز ؛ پسندیدہ چیز ؛ حیرت انگیز چیز ؛ انوکھی چیز ؛ حیرت ۔ (۳) (فلسفہ و نفسیات) تحسین ۔

Admiratively (adv) [See ADMIRE] تعجب سے ؛ حیرت سے ؛ تحسین سے ۔

Admire : (v) [L."admirari"] (۱) تعجب کرنا ؛ متحیر ہونا ؛ اچنبھا کرنا ۔ (۲) حیرت سے دیکھنا ؛ سراہنا ؛ بہ نظر حیرت و استعجاب دیکھنا ؛ بنظر استحسان دیکھنا ؛ متعجب ہونا ؛ محو حیرت ہونا ۔ (۳) مدح کرنا ؛ توصیف کرنا ؛ پسند کرنا ۔

Admired : (a) متحیر ؛ پسندیدہ ؛ سراہا ہوا ۔

Admiredly : (adv) تعجب سے ؛ حیرت سے ؛ متحیر طریقہ پر ۔

Admirer : (n) (۱) مداح ؛ ثناخواں ؛ تعریف کرنے والا ؛

پسند کرنے والا ۔ (۲) عاشق ؛ شیدائی ؛ چاہنے والا ۔

Admiring : (n & a) تعجب ؛ حیرت ؛ استعجاب ؛ تحسین سے دیکھنا ؛ پر از محامد ؛ پر از محاسن ۔

Admiringly : (adv) تعجب کے ساتھ ؛ حیرت کے ساتھ ؛ پسندآمیز ؛ ستائش آمیز ؛ متعجبانہ ۔

Admissibility : (n) (۱) قابل قبول ہونا ؛ قابل تسلیم ہونا ؛ جواز ؛ روا ہونا ؛ سماعت پذیری ۔ (۲) (انتظامیہ) قابل قبولیت ۔

Admissible / Admissable : (a) [L."admissibilem"] (۱) قابل قبول ؛ قابل پذیرائی ؛ قابل تسلیم ؛ ماننے کے قابل ؛ قابل تصدیق ؛ روا ؛ جائز (خیال و تجویز کے متعلق) ۔ (۲) (قانون) قابل سماعت (جو بہ حیثیت عدالتی ثبوت کے قبول کیا جاسکے) ؛ قابل ادخال شہادت ۔ (۳) اہل ؛ قابل تقرر ؛ قابل ماموری (کسی عہدہ یا عزت کی جگہ پر) ؛ قابل تسلیم (بلحاظ رشتہ) ۔ (٤) قابل قبول ؛ قابل پذیرائی ۔

Admissible decision function : (n) (شماریات) روا تفاعل فیصلہ ۔

Admissible hypothesis : (n) (شماریات) روا آزمائشی فرضیہ ۔

Admissible number : (n) (شماریات) روا عدد ۔

Admissible test : (n) (شماریات) روا جانچ ۔

Admission : (n) [L."admissionem"] (۱) شمولیت ؛ داخلہ ؛ شرکت ؛ پہنچ ؛ رسائی ؛ گذر ؛ تصدیق ؛ اعتراف ؛ اقرار ؛ ورود ۔ (۲) کسی عہدہ یا مرتبہ پر فائز ہونا ۔ (۳) ماننا ؛ تسلیم کرنا (کسی بات کو جائز، مناسب اور صحیح) ۔ (٤) (قانون) مان لینا ؛ اقرار کرنا ۔ (٥) (انتظامیہ) داخلہ ؛ اندر آنا ؛ شمولیت (تاریخ، سیاسیات، فلسفہ، نفسیات ، کامرس) داخلہ ۔

Selective admission : (فلسفہ و نفسیات) انتخابی داخلہ ۔

Admission age : (n) داخلہ عمر ۔

Admission fee : (n) (فلسفہ و نفسیات) داخلہ فیس ۔

Admission form : (n) (فلسفہ و نفسیات) داخلہ فارم ۔

Admission of partner : (تجارت و معاشیات) داخلہ (شرکت دار وغیرہ کا) ۔

Admission requirements : (n) (فلسفہ و نفسیات) شرائط داخلہ ۔

Admission temporaire : (n) (تجارت و معاشیات) عارضی داخلہ ؛ عارضی شرکت ۔

Admissive : (a) [L."admissivus"] معترفانہ ؛ بطور اعتراف ؛ مائل بہ اعتراف ؛ تصدیق آمیز ۔

Admit : (v) [L."admittre", f."ad + mittere"] (۱) راہ دینا ؛ داخل کرنا ؛ شریک کرنا ؛ شامل کرنا ؛ آنے دینا ؛ اجازت دینا (خاص طور پر جمع بندی والی جائداد پر قبضہ تسلیم کرنا) ۔ (۲) ماننا ؛ قبول کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ جائز سمجھنا ۔ (۳) اعتراف کرنا ؛

اقبال کرنا ؛ قبول کرنا ؛ مقرر کرنا – (٤) اجازت دینا ؛ رضامندی دینا ؛ جائز مان لینا ؛ صحیح تسلیم کرلینا ۔ (٥) داخلہ کا ذریعہ ؛ داخلہ کا سامان بہم پہنچانا ۔ (٦) گنجائش پیدا کرنا ؛ سمائی رکھنا ؛ جگہ رکھنا یا جگہ کا ہونا ۔ (٧) (انتظامیہ) اجازت دینا ؛ منظور کرنا ؛ داخل کرنا ؛ قبول کرنا ؛ اقرار کرنا ؛ تسلیم کرنا (برائے سماعت) ۔

Admittable : (a) قابل ادخال ؛ داخل ہونے کے قابل ؛ قابل قبول ؛ روا ؛ جائز ؛ قابل اجازت ؛ قابل شرکت ۔

Admittance : (n) (۱) داخلہ ؛ شرکت ؛ اجازت (داخل ہونے کی) ؛ درآمد ؛ دخول ۔ (۲) (طبیعیات) دعوت ۔

Admitted : (a) (تاریخ و سیاسیات) اقبال ؛ تسلیم شدہ ؛ مسلمہ ؛ (انتظامیہ) مسلمہ ؛ منظور شدہ ؛ قبول کیا ہوا ۔

Admittedly : (adv) مسلمہ طور پر ؛ بےشك و شبہ ۔

Admitter : (n) شرکت کرنے والا ؛ قبول کرنے والا ؛ شامل کرنے والا ۔

Admitting : (n) ذہنی رضامندی ؛ اقرار ؛ اقبال ؛ رضامند ؛ رضامندانہ ؛ آمادہ ؛ آمادگی ۔

Admix : (v) [L."ad+Mix"] ملانا ؛ ملنا ؛ آمیز کرنا ؛ حل کرنا (کسی چیز کا کسی دوسری چیز کے ساتھ) ؛ شریک کرنا ؛ ڈالنا ۔

Admixt : (a) [L."admixtus","admiscere"] ملا ہوا ؛ آمیختہ ۔

Admixtion : (n) [L."admixtionem"] ایک چیز کا ملانا کسی دوسری چیز کے ساتھ ؛ حل کرنا ؛ آمیز کرنا ؛ ڈالنا ۔

Admixture : (n) (۱) ملاوٹ ؛ آمیزش ؛ میل ؛ شرکت ۔ (۲) (کیمیا) ملاوٹ ؛ آمیزش ۔

Admonish : (v) [L."admonestare","admonere"] (۱) سمجھانا ؛ مشورہ دینا ؛ تنبیہ کرنا ؛ خبردار کرنا ؛ تاکید کرنا ؛ وعظ کرنا ؛ نصیحت کرنا ؛ صلاح دینا ؛ ہدایت کرنا ۔ (۲) متنبہ کرنا ؛ ہوشیار کرنا ؛ جتانا ؛ آگاہ کرنا ۔ (۳) آمادہ کرنا ۔ (٤) دھیان دلانا ؛ جتانا ؛ مطلع کرنا ۔

Admonisher : (n) تنبیہ کرنے والا ؛ ناصح ؛ مشاور ۔

Admonishingly : (adv) مشورہ ؛ نصیحت آمیز طریقہ پر ؛ تنبیہ ۔

Admonishment : (n) تنبیہ ؛ ہدایت ؛ نصیحت ؛ فہمائش ؛ سمجھانا ۔

Admonition : (n) [L."admonitionem", f."admonere"] (۱) تنبیہ کرنا ؛ تنبیہ ؛ صلاح ؛ مشورہ ؛ ہوشیار کرنا ؛ ملامت ؛ فہمائش ؛ شرم دلانا ؛ برا بھلا کہنا ۔ (۲) (انتظامیہ) فہمائش ؛ نصیحت (تاریخ و سیاسیات) تنبیہ ۔

Admonitory :(n&a) [L."admonitorus"] تنبیہی ؛ نصیحت آمیز ؛ فہمائشی ۔

Admortization : (n) [L."admortizationem"] دیکھو Amortization

Adnate : (a) [L."adnatus"] (۱) پیدائشی طور پر پوری سطح سے لگاہوا ۔ (۲) پیدائشی طور پر ایک ساتھ بڑھا ہوا ؛ ہم نمو ۔

Adnation : (n) [f. prec.] (نباتیات) نمو (نظام گل کے مختلف حلقےکا ایک دوسرے کے ساتھ) ؛ ہم نموئی ۔

Adnauseam : (adv) [L.] قابل نفرت حد تک ؛ اس حد تک کہ جس سے نفرت پیدا ہو جائے ۔

Adnexa : (n) [L."adnexa"] (لسانیات) جڑیلا ؛ ملحقات ۔

Adnominal : (a) [L."adnomen"] (۱) توصیفی ؛ صفت کے متعلق ۔ (۲) اسم کے متعلق ؛ متعلقہ اسم ۔ (۳) (لسانیات) متعلق اسم ۔

Adnoun : (n) [L."ad + Noun"] (۱) صفت ۔ (۲) کوئی صفت جو اسم کی طرح استعمال کی جائے ۔

Ado : [A + Do] (۱) کام ؛ کاج ۔ (۲) کام کرتے ہوئے ؛ حرکت کرتے ہوئے ۔ (۳) بھاگ دوڑ ؛ شور و غل ؛ اضطراب ؛ ہنگامہ ۔ (٤) مشقت ؛ مشکل کام ؛ مہم ؛ تکلیف ؛ مصیبت ۔ (٥) بکھیڑا ؛ مشکل ؛ پریشانی ؛ دقت ؛ درد سری ؛ کھکھیڑ ؛ گھبراھٹ ۔

-ado : (suffix) لاحقہ : اسم فاعل بنانے کے لئے لاحقہ جیسے : desparado (جان باز) ۔

Adobe : (n) [Sp.] (۱) دھوپ میں سکھائی ہوئی خام اینٹ ؛ کچی مٹی ۔ (۲) (تعمیرات) کچی اینٹ ۔

Adolescence : (n) [L."adolescentia"] (۱) بلوغ ؛ عنفوان ؛ شباب ؛ جوانی ؛ اٹھتی جوانی (مردوں کے لئے ١٤ سے ٢٥ اور عورتوں کے لئے ١٢ سے ٢١ کی عمریں) ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) عنفوان شباب ؛ نوجوانی ؛ (لسانیات) بلوغ ؛ (سماجیات) عنفوان ؛ نو بلوغ ۔

Adolescency : (n) [L."adolescentia"] بلوغت ؛ جوانی ؛ عنفوان شباب کی حالت ۔

Adolescent : (a & n) [L."adolescentum"] (۱) بالغ ؛ نوجوان ؛ عنفوان شباب میں ؛ آغاز شباب میں ؛ سیانا ؛ نوبالغ ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) نو بالغ ؛ (سماجیات) صاحب عنفوان ۔ (۳) طفلی سے بلوغ تک پہنچنےکی حالت میں ؛ نوجوانی ۔

Adolescent court : (n) (سماجیات) عدالت عنفوانان ۔

Adonai : (n) [Heb.] حاکم مطلق کا ایک نام ۔

Adonic : (a) [med. L."adonicus"] ایڈونس کا یا اس سے متعلق ۔

Adonis : (n) [Heb.] (۱) ایڈونس ؛ یونانی علم الاصنام میں زھرہ دیوی کا منظورنظر ایک

نوجوان ۔ (۲) (مجازاً) چھیلا ؛ البیلا ؛ بانکا ؛ عاشق ؛ رنگیلا ۔ (۳) (نباتیات) پودوں کی ایک جنس ؛ ایک قسم کا پودا ؛ ایڈونس ۔ (٤) (حشریات) ایک قسم کی تتلی ؛ (Clifton Blue) کلفٹی تتلی ؛ ایڈونس ؛ نیلی تتلی یا تیتری ۔

Adonize : (v) [See ADONIS and - IZE] (۱) سنوارنا ؛ بانکا بنانا ؛ آراستہ کرنا ؛ مانگ پٹی کرنا ۔ (۲) ایڈونس کی نقل کرنا ؛ کنھیا بننا ۔

Adopt : (v) [L. adoptare] (۱) متبنی لینا ؛ گود لینا ؛ پوس پالك لینا ؛ منہ بولا رشتہ دار بنانا ؛ لے پالك کرنا ۔ (۲) دوسرے سے لیکر اپنا بناکر استعمال کرنا (کسی چیز کو) ؛ لے لینا ؛ قبول کرنا ؛ خاص کر علم اللسان میں دوسری زبان سے الفاظ لے کر بغیر کسی تغیر کے استعمال میں لانا ؛ اخذ کرنا ؛ حاصل کرنا ۔ (۳) پسند کرنا ؛ انتخاب کرنا ؛ منتخب کرلینا ؛ چننا ۔ (٤) (انتظامیہ) اختیار کرنا ؛ اپنانا ؛ متبنی کرنا ۔

Adoptability : (n) انتخاب پذیری ؛ اخذ کئے جانے کی صلاحیت ۔

Adoptable : (a) قابل قبول ؛ منتخب کئے جانے کے لائق ؛ قابل پسند ؛ قابل تبنیت ۔

Adopted : (a) برگزیدہ ؛ منتخب ؛ متبنی ؛ گود لیا ھوا ۔

Adoptedly : (adv) پسند کرکے ؛ منتخب کرکے ۔

Adopter : (n) (۱) گود لینے والا ؛ پوس پالك /لے پالك بنانے والا ؛ منہ بولا رشتہ دار بنانے والا ۔ (۲) مان لینے والا ؛ قبول کرنے والا ؛ منتخب کرنے والا (رائے وغیرہ کو) ۔

Adoption : (n) [L."adoptionem"] (۱) تبنیت ؛ پوس/ لے پالك لینا ؛ منہ بولا رشتہ دار بنانا ۔ (۲) قبول ؛ اختیار ؛ انتخاب ۔ (۳) (انتظامیہ) اختیار تبنیت ؛ (تاریخ و سیاسیات) متبنی کرنا ؛ گود لینا ۔

Adoptionist : (n) عیسائیوں کا ایک فرقہ جس کا عقیدہ ھے کہ عیسی خدا کے صرف منہ بولے بیٹا ھیں ۔

Adoptive : (a) (۱) منہ بولا ؛ پوس پالك ؛ لے پالك ؛ متبنی ؛ گود لیا ھوا ۔ (۲) انتخاب یا اخذ کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Adoptively : (adv) بطریق تبنیت ؛ لے پالك یا متبنی کے طور پر ۔

Ador : (n) [L.] دیوتاؤں پر چڑھائےجانے والے اجناس ؛ عمدہ گیھوں ۔

Adorability : (n) احترام ؛ عزت ؛ تعظیم کئے جانےکی صفت ؛ محبوبیت ۔

Adorable : (a) [P."adorabilem"] (۱) قابل پرستش ؛ قابل عبادت ؛ شایان ستائش ۔ (۲) واجب التعظیم ؛ قابل ادب ؛ قابل عزت ؛ محترم ؛ محبوب ؛ دلکش ؛ دل پذیر ۔

Adorableness : (n) قابلیت پرستش ؛ قابلیت ستائش ۔

Adorably : (adv) محترمانہ ؛ محبوبانہ ؛ بطور ستائش ۔

Adoral : (a) [f. L."ad + or-"(mouth)+ - Al] منہ پر یا منہ کے نزدیك واقع ؛ نزد دہن ۔

Adoration : (n) [L."adorationem"] (۱) ستائش ؛ پرستش ؛ عشق ورزی ۔ (۲) اظہار پرستش ؛ اظہار ستائش ؛ احترام ؛ عزت ۔ (۳) پوپ کے انتخاب کا ایك طریقہ ۔ (٤) (فلسفہ و نفسیات) پرستاری ؛ پرستش ۔

Adoratory : (n) [med L."adoratorium"] عبادت گاہ ؛ عبادت خانہ ؛ پرستش گاہ ۔

Adore : (v) [L."adorare"] (۱) عزت کرنا ؛ احترام کرنا ؛ قدر و منزلت کرنا ؛ ادب اور محبت کرنا ۔ (۲) (شعر میں) پوجنا ؛ پرستش کرنا ۔ (۳) (رومن کیتھولك) تقدیس ؛ تحریم کرنا ؛ الوھیت کا مظہر سمجھ کر احترام کرنا ۔ (٤) پوپ کا انتخاب کرنا ۔

Adorer : (n) پجاری ؛ پرستار ؛ عاشق ؛ مداح ؛ شیدائی ؛ والہ و شیدا ۔

Adoringly : (adv) پرستش کرتے ھوئے ؛ عزت کرتے ھوئے ۔

Adorn : (v) [L."adornare"] (۱) سجانا ؛ سنوارنا ؛ آراستہ کرنا ؛ زینت دینا ؛ مزین کرنا ؛ تزئین کرنا ۔ (۲) زیور سے آراستہ کرنا ؛ سنگار کرنا ؛ بناؤ کرنا ۔

Adorned : (a) مزین ؛ آراستہ ؛ پیراستہ ؛ زیور سے یا صفات سے آراستہ ۔

Adorner : (n) آراستہ کرنے والا ؛ مزین کرنے والا ۔

Adorningly : (adv) سجا کر ؛ زینت دیکر ؛ آراستہ کر کے ۔

Adornment : (n) آرائش ؛ زیبائش ؛ زینت ؛ سجاوٹ ؛ بناؤ ؛ سنگار ؛ زیور ؛ تزئین ؛ زیب ۔

Adosculation : (n) [L."adosenlat-","adosculari"] حاملہ کرنا بغیر دخول کے (محض اتصال سے) ؛ پیوند ۔

Adossee : (a) [Fr.] دیکھو Addorsed

Adown : (adv) [OE"of dune", L."de monte"] (متروک ، صرف نظم میں مستعمل) نیچے ؛ نچلا ؛ زیریں ؛ نیچے کی طرف ۔

Adpress : (v) [L."adpress","adprimere"] دبا کر قریب کرنا ۔

Adpressed : (a) [See prec.] دباکر قریب کیا ہوا ؛ چمٹا ہوا ؛ معانق ۔

Adpromissor : (n) [L.] ضمانت دینے والا ۔

Adrad : (a) [? probably weakened form of "of-drad"] خوف زدہ ؛ ہیبت زدہ ۔

Adradial : (a) [L."ad + radius"] کسی شعاع کے قریب یا بغل میں واقع ۔

Adrem : (a) [L.] (۱) ٹھیک ؛ بجا ؛ برمحل ؛ باموقع (۲) حسب مراد ؛ حسب منشا ؛ مطلب کے موافق ۔

Adrenal : (a & n) [AD + L."renes.(kidueys)"] ایك قسم کا غدود جو گردہ کے اوپر واقع ہوتا ھے ؛ برگردہ ۔

Adrenal body : (n) (حیوانیات) برگردوی جسم ۔

Adrenal gland : (n) (حیوانیات) برگردوی غدود ۔

Adrenalin : (n) (۱) غدوی رطوبت جو خون کی گردش اور عضلات پر عمل کرتی ھے ؛ برگردی مادہ ۔ (۲) (کیمیا و حیوانیات) ایڈرینیلین ۔

Adrenin : (n) [adren + - in /- ine] (فلسفہ و نفسیات) آڈرینی غدود کی رطوبت ۔

Adrenol : (کیمیا) ایڈری نول ۔

Adret : (n) [Fr.] پہاڑی ڈھلوان جس میں سورج کی روشنی یا گرمی ملتی ھے ۔

Adrift : (adv & adj) [A + Drift] سمندر کی ھوا اور موجوں کے رحم و کرم پر بہتا ھوا ؛ آوارہ ؛ بیکس ؛ بے ٹھکانا ؛ ھدف روزگار ۔

Adrip : (a & adv) [A prep + DRIP] ٹپکتا ھوا ۔

Adrogate : (v) [L."adrogat-","adrògare"] کسی بالغ انسان کو متبنی کرنا ؛ ایك ایسے آدمی کو قانوناً متبنی کرنا جو بالغ ھو ۔

Adrogated : (a) متبنی بنایا ھوا (بلوغیت میں) ۔

Adrogation : (n) کسی بالغ کو متبنی بنانا ۔

Adrogator : (n) کسی بالغ کو متبنی بنانے والا ۔

Adroit : (a) [Late. L."drictum", cl. L."directum"] شاطر ؛ چالاك ؛ ھوشیار ؛ ماھر ؛ زیرك ؛ زبردست ؛ مستعد ۔

Adroitly : (adv) شاطرانہ ؛ ماھرانہ ؛ چالاکی سے ؛ ھوشیاری سے ۔

Adroitness : (n) چالاکی ؛ ھوشیاری ؛ مہارت ؛ مستعدی ۔

Adrostral : (a ([L."ad+rostrum"] چونچ یا تھوتھنی سے متعلق ؛ چونچ یا تھوتھنی پر ؛ نزمنقاری ۔

Adry : (adv) سوکھے طور پر ؛ خشك طور سے ۔

Adry : (a) (۱) سوکھا ؛ خشك ۔ (۲) پیاسا ؛ تشنہ ؛ بےآب ۔

Ads : (n) [variant of ODS] " خدا کا " کی مختصر شکل ۔

Adscititious : (a) [L."adscit-(ascit-)","adsciscere"] اضافی ؛ زائد ؛ ضمنی ؛ بیرونی ؛ خارجی ؛ الحاقی ۔

Adscript : (n) [L."adscriptus","adscribere"] ضمیمہ ۔

Adscription : (n) [L."adscriptionem"] (۱) کسی چیز سے وابستہ کرنا ۔ (۲) دستاویز کے ذریعہ کسی کو وابستہ کرنا ۔

Adscriptitious : کسی چیز سے وابستہ شدہ ؛ منسوب کیا ھوا ۔

Adscriptus glebae : (a & n) زرعی غلام ؛ غلام اسامی (ایسا کاشتکار جو مثل زمین کے زمیندار کی ملك ھو) ۔

Adsignification : (n) لاحقہ یا سابقہ کے ذریعہ کسی لفظ کے معنی میں توسیع ؛ توسیع معنی بذریعہ لاحقہ یا سابقہ ۔

Adsignify : (v) [L."adsignificare"] لاحقہ یا سابقہ کے ذریعہ کسی لفظ کے معنی میں اضافہ کرنا ۔

Adsorbed : (a) (کیمیا) سطح پر جذب شدہ ۔

Adsorbent : (a) ["Adsorb+-ent"] (کیمیا) سطحی جاذب ۔

Adsorption : (n) [L."ad+sorption"] (۱) کسی ٹھوس سطح پر گیسوں کا انجماد ۔ (۲) (کیمیا) سطحی جذب ؛ (طبیعیات) سطحی جاذبیت ۔

Adsorption coefficient : (n) (کیمیا) سطحی جذبی شرح ۔

Adstipulate : (v) [L. a (d) Stipulari] کسی معاملہ میں فریق ثانی بننا ۔

Adstipulation : (n) کسی معاملہ میں فریق ثانی بننا یا بنانا ۔

Adstipulator : (n) وہ فریق ثانی جو فریق اول کی شرط پر معاہدہ کرے ۔

Adstratum : (n) (لسانیات) فوق سطح ۔

Adsum : (interj) لبیک ؛ حاضر ؛ " حاضر ہوں " ۔

Adularia : (n) [f. Adula-a mountain in Switzerland] ایک معدنی شے ۔

Adulate : (v) [L."adulat-","adulari"] خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ آسمان پر چڑھانا –

Adulation : (n) [L."adulationem"] مبالغہ آمیز مدح ؛ چاپلوسی ؛ ریا کارانہ مدح ؛ تملق ؛ غلامانہ ؛ خوشامد ۔

Adulator : (n) خوشامدی ؛ چاپلوس ؛ متملق ۔

Adulatory : (a) [L."adulatorius"] تملق آمیز ؛ خوشامدانہ ؛ چاپلوسانہ ۔

Adullamite : (n) [f. Adullam, name of place in Judah +- ITE] (۱) قدیم شہر ادلام کا باشندہ ؛ ادلامی ۔ (۲) ادلام کے غاروں میں اکثر آنے جانے والے برطانوی پارلیمنٹ (House of Commons) کے وہ ممبر جنھوں نے ۱۸۶۶ء میں پارلیمانی اصلاحات کے سوال پر لبرل پارٹی سےعلاحدگی اختیار کرلی تھی ۔

Adult : (a) [L."adultus","adolescere"] بالغ ؛ جوان ؛ (مجازاً) بالکل جوان ۔

Adult : (n) (۱) جوان ؛ بالغ ؛ سیانا ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) جوان ؛ بالغ ؛ (سماجیات، تاریخ، سیاسیات و انتظامیہ) بالغ ۔

Linguistic adult : (لسانیات) لسانی بالغ ۔

Superior adult : (فلسفہ و نفسیات) برتر جوان ۔

Adult education : (n) (تاریخ و سیاسیات) تعلیم بالغاں ۔

Adult education centre : (انتظامیہ) مرکز تعلیم بالغاں ۔

Adult franchise : (n) (انتظامیہ) رائے دہی بالغاں ؛ (تاریخ و سیاسیات) بالغوں کا اختیار ووٹ ۔

Adult franchise misinterpretation : (n) (لسانیات) بالغی غلط تعبیر ۔

Adult franchise sufferage : (n) حق دہی بالغاں ۔

Adulterant : (n) [L."adulterantum"] میل ؛ آمیزش ؛ ملونی آمیزکار ۔

Adulterant : (a) آمیزش کرنے والا ؛ ملانے والا ؛ آمیزکار ۔

Adulterate : (a) [L."adulteratus"] (۱) حرام کار ؛ زانی ؛ ولد الزنا ؛ حرامی ۔ (۲) کھوٹی ؛ جعلی ؛ نقلی ؛ مصنوعی ؛ قلب ؛ آمیزش ؛ آمیزش شدہ ۔ (۳) ملونی (کیمیا) ۔

Adulterate : (v) [L."adulterat","adulterare"] (۱) کھوٹ ڈالنا ؛ بگاڑنا ؛ ملانا ؛ آمیزش کرنا ؛ مصنوعی بنانا ؛ جعلی بنانا ۔ (۲) (کیمیا) آمیزش کرنا ؛ ملانا ۔

Adulterated : (a) (۱) کھوٹی ؛ جعلی ؛ نقلی ؛ مصنوعی ؛ آمیزش شدہ ؛ بنایا ہوا ۔ (۲) (کیمیا) ملا ہوا ۔

Adulterateness : (n) جعل ؛ آمیزش ؛ قلب ۔

Adulteration : (n) (طبیعیات) ملاوٹ ؛ آمیزش ؛ کھوٹ ؛ (کیمیا) آمیزش ؛ ملاوا ؛ ملاوٹ ؛ (فلسفہ و نفسیات) ملاوٹ ؛ (سماجیات) آمیزش ؛ ملاوٹ ۔

Adulterator : (n) آمیزش کرنے والا ؛ ملانے والا ؛ ملاوٹ

کرنے والا ؛ کھوٹ ڈالنے والا ۔

Adulterer : (n) زانی ؛ فاجر ؛ بد کار ؛ زنا کار ۔

Adulteress : (n) زانیہ ؛ چھنال ؛ فاحشہ ؛ قحبہ ؛ بے عصمت ۔

Adulterine : (a) [L."adulterinus"] (۱) ولدالزنا ؛ حرامی ۔ (۲) بدکاری کا ؛ زنا کا ؛ متعلق بہ زنا ۔ (۳) (استعارتاً) کھوٹا ؛ جعلی ؛ قلب ۔ (٤) ناجائز ؛ خلاف قانون ؛ ممنوعہ ۔

Adulterize : (v) زنا کرنا ؛ بدکاری کرنا ۔

Adulterous : (a) زنا کار ؛ فاسق ؛ بد کار ۔

Adulterously : (adv) زناکاری سے یا حرام کاری سے ؛ زنا کارانہ ؛ از راہ زنا ۔

Adultery : (n) [ME."avoutrie", L."adulter"] (۱) زنا ؛ زنائے محصن یا محصنہ ؛ زنا کاری ؛ حرام کاری ؛ چھنالہ ۔ (۲) بے وفائی ؛ بدعہدی ؛ بے دینی ۔ (۳) (بائبل) بت پرستی ؛ مورتی پوجا ۔

Single adultery : زنا جس کا ایک ھی فریق شادی شدہ ھو ۔

Double adultery : زنا جس کے دونوں فریق شادی شدہ ھوں ۔

Adumberate : (v) [L."adumbrat-","adumbrare"] (۱) خاکہ کھینچنا یا بنانا ؛ جھلک دکھانا ؛ کنایہ کرنا ؛ اشارہ کرنا ۔ (۲) (استعارتاً) پیش از پیش اندازہ لگانا ؛ پہلے سے قیاس لگا لینا ۔ (۳) چھپا لینا ؛ ڈھانک لینا ؛ چھا جانا ؛ سایہ ڈالنا ۔ (٤) نشانی ھونا ؛ مثال کے ذریعہ ظاہر کرنا ۔

Adumbral : (n) سایہ دار ؛ چھایا ھوا ۔

Adumbration : (n) [L."adumberationem "] (۱) خاکہ ؛ جھلک ؛ پرچھائیں ؛ سایہ ؛ کنایہ ۔ (۲) علامتی نمائندگی ؛ غیر واضح بیان ؛ دھندلی شکل ؛ مبہم نقش ۔ (۳) ڈھانک لینا ؛ دھندلا بنانا ؛ مبہم بنانا ۔

Adumbrative : (a) مظہر ؛ اشاروں سے نمایاں کرنے والا ؛ نشان دہی کی خاصیت رکھنے والا ؛ جھلک دکھانے والا ۔

Adumbratively : (adv) بطور خاکہ کشی ؛ بطور نشان دہی ۔

Adumbrellar : (n) [L."ad+Umbrella"] ایک قسم کی سمندری مچھلی کے Velum کی اوپری سطح سے متعلق ۔

Adunation : (n) [L."adunationem"] مل کر ایک ھو جانا ۔

Adune : (a) [L."aduncus"] مڑا ھوا ؛ انکھڑا ھوا ۔

Aduncate : (v) [med. L."aduncare"] اندر کی طرف موڑنا ؛ ھک نما ؛ قلابی ۔

Adust : (a) [L."adustus"] (۱) سوختہ ؛ جھلسا ھوا ؛ جلا بھنا ھوا ؛ خشک شدہ ؛ تیرہ ۔ (۲) دھوپ یا لو کا مارا ؛ دھوپ جلا ۔ (۳) وہ کیفیت جو جسم کی خشکی، گرمی، پیاس یا خون کی جھلسی رنگت سے پیدا ھو ۔ (٤) ملول ؛ نڈھال ؛ افسردہ ۔

Adust : (adv) [A prep. + DUST] گرد آلود حالت میں ۔

Advance : (v) [L."abanteare"] الف ۔ جگہ کے حساب سے : (۱) آگے بڑھنا یا لیجانا ؛ کوچ کرنا ۔ (۲) آگے بڑھنا ؛ لیجانا ؛ بڑھانا ۔ (۳) (استعارتاً) ترقی کرنا ؛ ترقی دینا ؛ بڑھانا (اشخاص کا ، منصوبوں کو)۔ (٤) آگے بڑھانا ؛ پیش کرنا ؛ کام کی رفتار کو تیز کرنا تکمیل کے لئے ؛ بہ سرعت تکمیل کو پہنچانا ۔ (۵) پیش کرنا ۔

ب ۔ وقت کے لحاظ سے :

(۱) آگے بڑھنا ؛ قبل از وقت بنانا ؛ پیشگی دینا ؛ سائی دینا ؛ اگوڑی دینا ؛ بڑھ جانا ۔ (۲) ادھار دینا ؛ قرض دینا ۔

ج ۔ کاروبار کے لحاظ سے :

(۱) اٹھانا۔ (۲) ترقی دینا (مرتبہ میں) ۔ (۳) (قانون) اولاد کی آئندہ زندگی کے لئے انتظام کرنا خاص کر وصیت نامہ وغیرہ کے دفعات کی پیش بینی کے تحت ۔ (٤) قیمت بڑھانا ؛ قیمت میں اضافہ کرنا ؛ شرح میں اضافہ کرنا ۔

Advance : (n) (۱) پیش قدمی ؛ پیش رفت ۔ (۲) کوچ کا حکم ۔ (۳) (استعارتاً) اقدام ؛ سبقت ؛ پہل ۔ (٤) سلسلہ جنبانی ؛ ذاتی طور پر پہل ۔ (۵) اضافہ ؛ زیادتی (قیمت یا رقم میں) ۔ (٦) پیشگی ادائی ؛ قرض ؛

ادھار ؛ (انتظامیہ) پیشگی قرض ؛ (معاشیات) پیشگی -

Clean advance : بلاضمانت پیشگی ؛ بلاضمانت ادھار -

Collateral advance : (تجارت و معاشیات) باضمانت ادھار -

In advance : آگے ؛ پہلے سے ؛ قبل ؛ پیش از پیش -

Seasonal advance : (تجارت و معاشیات) موسمی ادھار -

Festival advance : پیشگی برائے تیوھار -

Advance bill : (n) (تجارت و معاشیات) ایڈوانس بل ؛ پیشگی بل ؛ پیشگی ھنڈی -

Advance billing : (n) (تجارت و معاشیات) پیشگی بل بنانا -

Advance buying : (n) (تجارت و معاشیات) پیشگی خرید -

Advance charges : (n) (تجارت و معاشیات) پیشگی بار ؛ پیشگی صرف -

Advance copy : (n) پیش نسخہ (جو اشاعت سے پہلے کسی کو دیا جائے) ؛ (انتظامیہ) پیشگی نقل -

Advance discounting for mortality : (تجارت و معاشیات) پیشگی کٹوتی برائے ممات -

Advance discount for severence : (تجارت و معاشیات) پیشگی کٹوتی برائے علاحدگی -

Advance freight : (n) (تجارت و معاشیات) پیشگی بھاڑا -

Advance guard : (n) پیشگی لشکر ؛ طلایہ ؛ پیش رو -

Advance increment : (n) (انتظامیہ) پیشگی اضافہ ؛ پیشگی ترقی ؛ قبل از وقت ترقی -

Advance mailing card : (تجارت و معاشیات) پیش ڈاک کارڈ -

Advance money : (n) زر پیشگی -

Advance note : (n) پیشگی رقعہ -

Advance on a mortgage : پیشگی بالرھن -

Advance payment : (n) (انتظامیہ) پیشگی ادائی ؛ (تجارت و معاشیات) پیشگی ادائیگی ؛ پیشگی بھگتان -

Advance premium : (n) (تجارت و معاشیات) پیشگی پریمیم -

Advance proofs : (n) پیشگی اوراق -

Advance rate : (n) (تجارت و معاشیات) پیشگی شرح -

Advance sheets : دیکھو Advance proof

Advanced : (a) (۱) پیش رفتہ ؛ آگے بڑھا ھوا - (۲) (استعارتاً) ترقی یافتہ ؛ ترقی کردہ - (۳) بڑھایا ھوا ؛ زیادہ -

Advanced phraseography : (n) اعلا پرتونگاری -

Advancement : (n) (۱) ترقی ؛ فروغ - (۲) اولاد کے لئے آئندہ زندگی کا انتظام ؛ بچوں کے فروغ و ترقی کا انتظام کرنا (خاص کر روپیہ وغیرہ سے) -

Advancer : (n) (۱) آگے بڑھانے والا ؛ کوچ کرنے والا ؛ ترقی دینے والا ؛ پیشگی دینے والا - (۲) ھرن کے سینگ کی دوسری شاخ -

Advances : (n) پیشگیاں ؛ تقاوی -

Guaranteed advances : محفوظ پیشگیاں -

Unsecured advances : غیر محفوظ پیشگیاں -

Advances against merchandise : پیشگی مقابل مال -

Advantage : (n) [ME."avantage", Fr."avantage"] (۱) فوقیت ؛ برتری - (۲) بہتر صورت حال ؛ مناسب صورت یا موقع ؛ تفوق ؛ برتری (خاص کر مقابلہ یا مباحثہ میں) - (۳) ٹینس کی ایک اصطلاح - (٤) مناسب موقع ؛ مناسب محل ؛ مشابہ صورت حال - (٥) منفعت ؛ نفع ؛ بھلائی ؛ بہتری مفاد ؛ سود ؛ فائدہ -

To have the advantage of : برتری حاصل کرنا -

To gain the advantage of : فائق ھونا -

To take advantage : فائدہ اٹھانا ؛ قابو یا موقع پانا -

To take advantage of a person : دو شخصوں میں ایک دوسرے کے متعلق ذاتی علم ھونا اور دوسرے کا اس واقفیت سے فائدہ اٹھانا -

To take a person at advantage : کسی شخص کو اچانك آ لینا ؛ بے خبری میں آ پہنچنا ۔

To advantage : ایسے طریق پر جس سے کسی شے کی خوبیاں عیاں ہو جائیں ۔

Advantage : (v) (۱) فائدہ پہنچنا ؛ فائدہ مند ہونا ؛ مفید ہونا ؛ سود مند ہونا ۔ (۲) ترقی دینا ؛ بڑھانا – (۳) فائدہ میں ہونا ؛ فائدہ حاصل کرنا ؛ فائدہ کرنا ؛ برتری یا فوقیت دینا ۔

Advantage ground : (n) (۱) موقع کی جگہ ؛ عمدہ موقع ؛ کام کی جگہ ؛ پر قابو جگہ ۔ (۲) مقام برتری ؛ بہتر موقع ۔

Advantage of location : (تجارت و معاشیات) فائدہء محل وقوع ۔

Advantageous : (a) مفید ؛ فائدہ مند ؛ سودمند ؛ نافع ۔

Advantageously : (adv) سود مندانہ ؛ بطور مفید ۔

Advantageousness : (n) سودمندی ؛ نافعت ۔

Advection : (n) [L.] ہوا کی افقی حرکت ؛ فہمل (افق + حمل) ؛ افقی حمل (حرارت) ۔

Advective current : (n) فہملی رو ۔

Advehent : (a) [L."advehentem"] اندر کی طرف جانے والا ؛ درآور ؛ درآرندہ ۔

Advene : (v) [L."advenire"] شامل ہونا ؛ پہنچانا ؛ مزید اضافہ ہونا ؛ راضی ہونا ؛ مان لینا ۔

Advene : (n) (۱) زمانہ بشارت ؛ زمانہ قبل ولادت حضرت مسیح ۔ (۲) حضرت مسیح کا ظہور ثانی ؛ آمد ۔ (۳) بعثت حضرت مسیح ۔ (٤) ورود ؛ وقوع ؛ ظہور (واقعات وغیرہ) –

Adventism : (n) حضرت مسیح کے ظہورثانی کا عقیدہ ۔

Adventist : (n) حضرت مسیح کے ظہورثانی کا معتقد ۔

Adventitia : (n) [L."adventicia"] ایك جھلی نما ساخت جو کسی عضو کا حصہ نہیں ہوتی بلکہ اعضاء کو ڈھانکے ہوئے ہوتی ہے ؛ غلاف رگ ۔

Adventitious : (a) [L."adventicius"] (۱) بیرونی ؛ خارجی ؛ اضافہ ؛ اتفاقی ؛ ناگہانی ۔ (۲) (قانون) غیر مترقبہ دولت ؛ ارث بعید ؛ وہ چیز جو محض قسمت سے یا کسی اجنبی سے ملے ۔ (۳) (حیاتیات) اتفاقاً یا غیر معمولی جگہوں پر نمودار ہونے والا ؛ غیر مقامی ۔

Adventitious ideas : (n) حصولی تصورات ۔

Adventitious sound : (n) (لسانیات) اتفاقی آواز ۔

Adventitiously : (adv) بطور اتفاقی ؛ بطور عارضی ؛ ارث بعید کے طور پر ۔

Adventitiousness : (n) اتفاق ۔

Adventure : (n) [L."adventura"] (۱) خطرہ یا نقصان کا امکان ؛ خطرہ ؛ جوکھم ؛ مخاطرہ ۔ (۲) خطرناك مہم ؛ کام یا کرتب ؛ قسمت آزمائی ؛ اولوالعزمی کا کام ؛ خطرے کا کام ؛ جوکھوں کا کام ؛ جان بازی کا کام ۔ (۳) قسمت آزمائی ؛ سٹا ؛ تجارتی جوا ۔ (٤) حادثہ ؛ واقعہ ؛ افتاد ؛ سانح ۔ (٥) (تجارت و معاشیات) کاروباری مہم ۔

Joint adventure : مشترك کاروباری مہم ۔

Adventure : (v) (۱) قسمت آزمائی کرنا ؛ جرأت کرنا ؛ ہمت کرنا ۔ (۲) خطرہ مول لینا ؛ خطرہ میں ڈالنا ؛ جوکھوں میں پڑنا ؛ خطرہ میں پڑنا ؛ جان پر کھیلنا ۔ (۳) اوکھلی میں سر ڈالنا ؛ بیڑا اٹھانا ۔

Adventured : (a) خطرہ مول لے کر حاصل کیا ہوا ؛ خطرہ مول لیا ہوا ۔

Adventurer : (n) (۱) مہم جو ؛ جاں باز ؛ قسمت آزما ؛ حادثہ جو ؛ مہم کار ۔ (۲) سٹے باز ۔ (۳) زمانہ ساز ؛ عیار ۔ (٤) (تاریخ و سیاسیات) قسمت آزما ۔

Adventuresome : (a) حوصلہ مند ؛ جاں باز ؛ باہمت ؛ سرفروش ؛ ہمت آزما ؛ مہم جو –

Adventuress : (n) زمانہ ساز ؛ عیارہ ؛ حادثہ جو (عورت) ۔

Adventuring : (n) خطرے میں ڈالنا ؛ آزمائش ۔

Adventuring : (a) جاں باز ؛ باہمت ؛ مہم جو ۔

Adventurous : (a) دلیر ؛ ماجرا جو ؛ مخاطرہ طلب ؛ سورما ؛ جری ؛ جیوٹ والا ؛ من چلا ؛ جاں باز ؛ مہم جو ؛ جسور ۔

Adventurously : (adv) جرات سے ؛ جاں بازی سے ؛ جاں بازانہ ؛ دلیرانہ ؛ جسورانہ ۔

Adverb : (n) [Fr."adverbe", L."adverbium"] (۱) متعلق فعل ؛ ظرف ؛ تمیز ؛ تابع فعل ۔ (۲) (لسانیات) تمیز ؛ متعلق فعل ۔

Conjunctive adverb : (لسانیات) عطفی تمیز ۔

Pronominal adverb : (لسانیات) ضمیری تمیز ۔

Relative adverb : (لسانیات) موصولی تمیز ۔

Adverbial : (a) ظرفی ؛ (لسانیات) تمیزی ۔

Adverbial clause : (n) (لسانیات) تمیزی فقرہ ۔

Adverbial expression : (n) (لسانیات) تمیزی اظہار ۔

Adverbial modifier : (n) (لسانیات) تمیزی تعریف کار ۔

Adverbiality : (n) ظرف ہونے کی کیفیت ۔

Adverbialize : (n) ظرف بنانا ۔

Adverbially : (adv) بطور ظرف ۔

Adverbiation : (n) تعبیر ظرفی ؛ ترکیب ظرفی ۔

Adversaria : (n) [L.] سامنے صفحہ پر لکھی ہوئی چیز (کاغذ کے ایک طرف) ؛ ایک معمولی کتاب ؛ کسی متن پر یاد داشت یا تبصرہ ۔

Adversary : (n) [L."adversarius"] دشمن ؛ حریف ؛ مخالف ؛ مدعی ؛ رقیب ۔

The adversary : شیطان ۔

Adversary : (a) مخالف ؛ حریف ۔

Adversative : (a) [L."adversativus","adversat-"] نقیض ؛ متضاد (الفاظ وغیرہ کے متعلق) ۔

Adversative conjunction : (n) (لسانیات) عطف استدراک ۔

Adversatively : (adv) بالعکس ؛ بطور نقیض ۔

Adverse : (a) [L."adversus"] (۱) مخالف ؛ ضد ؛ ناموافق ؛ نا مساعد ؛ ناسازگار ؛ برخلاف ؛ مخالفانہ ۔ (۲) نقصان دہ ؛ مضر ؛ مضرت رساں ۔ (۳) متقابل ؛ عکس ؛ ضد ؛ بالمقابل ؛ الٹا ۔ (٤) (انتظامیہ) مخالف ؛ خلاف ۔

Adverse entry : (n) (انتظامیہ) مخالفانہ اندراج ۔

Adverse features : (n) (تجارت و معاشیات) غیر موافق خصوصیت ۔

Adverse party : (n) (انتظامیہ) مخالف پارٹی ۔

Adverse remarks : (n) (انتظامیہ) مخالف رائے ۔

Adverse report : (n) (انتظامیہ) مخالف رپورٹ ۔

Adverse selection : (n) نقصان دہ انتخاب ۔

Adversely : (adv) بطور مخالفت ؛ بالعکس ؛ مخالفانہ ؛ حریفانہ ؛ غیر مساعدانہ ۔

Adverseness : (n) تقابل ؛ مخالفت ؛ ناسازگاری ۔

Adversifoliate : (a) [L."adversus+foliam"+-ATE] وہ پودا جس کے ڈنٹھل پر پتے آمنے سامنے ہوں ۔

Adversifolious : (a) دیکھو Adversifoliate

Adversity : (n) [L."adversitatem"] (۱) مصیبت ؛ آفت ؛ بپتا ؛ افتاد ؛ آزمائش ۔ (۲) نحوست ؛ بدبختی ؛ کم نصیبی ؛ افلاس ؛ فلاکت ؛ عسرت ؛ نکبت ۔

Advert : (v) [L."advertere"] اشارہ یا کنایہ کرنا ؛ حوالہ دینا ؛ ذکر کرنا ؛ بیان کرنا ؛ رجوع کرنا ۔

Advertence : (a) [L."advertentia"] توجہ ؛ رجوع ؛ بازگشت ۔

Advertency : (n) [L."advertentia"] توجہ ؛ رجوع ؛ بازگشت ۔

Advertent : (a) متوجہ ۔

Advertise : (v) [Fr."avertiss-","avertir","advertir."] (۱) متوجہ کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ خبردار کرنا ؛ آگاہ کرنا ؛ اطلاع دینا ؛ مطلع کرنا ۔ (۲) اشتہار دینا ؛ اعلان کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ شائع کرنا ؛ مشہور کرنا ۔

Advertised : (a) اعلان شدہ ؛ مشتہر ؛ اطلاع شدہ ؛ مشہور ۔

Advertised sale : (n) (انتظامیہ) نیلام یا فروخت بذریعہ اشتہار -

Advertised tender : (n) (انتظامیہ) مشتہر ٹنڈر -

Advertisee : (n) جس کا اشتہار دیا جائے ؛ اشتہار یافتہ ؛ مشتہر شدہ -

Advertisement : (n) [Fr. "avertissement", adv-] (۱) اشتہار ؛ اطلاع ؛ آگاہی ؛ اعلان ؛ خبر ؛ اطلاع عام -
(۲) (معاشیات) اشتہار ؛
(انتظامیہ) اطلاع عام ؛ اشتہار -

Advertisement account : (n) (تجارت و معاشیات) اشتہار کھاتا -

Advertisement manager : (n) (انتظامیہ) مینجر اشتہارات -

Advertiser : (n) اشتہار کنندہ ؛ اشتہار دینے والا -

Advertising : (n) آگاہی ؛ اعلان ؛ اشتہار بازی -

Consumer advertising : (n) (تجارت و معاشیات) تشہیر برائے صارف -

Co-operative advertising : (n) (تجارت و معاشیات) امداد باہمی تشہیر ؛ کوآپریٹیو تشہیر -

Direct advertising : (n) (تجارت و معاشیات) براہ راست تشہیر ؛ بلاواسطہ تشہیر -

Direct mail advertising : (n) (تجارت و معاشیات) بلاواسطہ ڈاک تشہیر ؛ براہ راست ڈاک تشہیر -

Display advertising : (n) نمائشی تشہیر -

Industrial advertising : (n) (تجارت و معاشیات) صنعتی تشہیر -

Informative advertising : (n) (تجارت و معاشیات) معلوماتی تشہیر -

Institutional advertising : (n) (تجارت و معاشیات) ادارہ جاتی اشتہار -

Keyed advertising : (n) (تجارت و معاشیات) کلیدی اشتہار ؛ کلیدی تشہیر -

Local advertising : (n) (تجارت و معاشیات) مقامی اشتہار

Mail order advertising : (n) (تجارت و معاشیات) ڈاک بکرای اشتہار -

National advertising : (n) (تجارت و معاشیات) قومی اشتہار -

Newspaper advertising : (n) (تجارت و معاشیات) اخباری تشہیر -

Outdoor advertising : (n) (تجارت و معاشیات) بیرونی تشہیر -

Point of purchase advertising : (n) (تجارت و معاشیات) اشتہار جائے خرید -

Point of sale advertising : (n) (تجارت و معاشیات) اشتہار جائے فروخت -

Prestige advertising : (n) (تجارت و معاشیات) آبرو مندانہ تشہیر -

Retail advertising : (n) (تجارت و معاشیات) خردہ تشہیر -

Trade advertising : (n) (تجارت و معاشیات) تجارتی تشہیر -

Transit advertising : (n) (تجارت و معاشیات) عبوری اشتہار ؛ سفری اشتہار -

Advertising agency : (n) (تجارت و معاشیات) تشہیری ایجنسی ؛ اشتہاری ایجنسی -

Advertising agent : (n) اشتہاری ایجنٹ -

Advertising allowance : (n) (تجارت و معاشیات) تشہیری الاؤنس -

Advertising budget : (n) (تجارت و معاشیات) تشہیری بجٹ -

Advertising campaign : (n) (تجارت و معاشیات) اشتہاری مہم ؛ مشتہری مہم -

Advertising idea exchange : (n) (تجارت و معاشیات) تشہیری خیالات اکسچینج -

Advertising media : (n) (تجارت و معاشیات) ذرائع اشتہار ؛ ذرائع مشتہری -

Advertising panels : (n) اشتہاری تختیاں -

Advertising policy : (n) اشتہاری مسلک -

Advertising research : (n) (تجارت و معاشیات) تشہیری تحقیق -

Advice : (n) [L."advisum"] : (۱) مشورہ ؛ نصیحت ؛ ہدایت ؛ صلاح ؛ رائے ؛ مصلحت - (۲) اطلاع ؛ خبر -

Market advice : (n) (تجارت و معاشیات) اطلاع متعلق بازار -

To take advice : مشورہ لینا ؛ غور کرنا -

Under advice : (تاریخ و سیاسیات) حسب ہدایت -

Advice boat : (n) وہ کشتی جو خبر رسانی کے لئے استعمال کی جائے -

Advice book : (n) (تجارت و معاشیات) اطلاع رجسٹر -

Advice note : (n) (انتظامیہ)تحریری اطلاع ؛ اطلاعی خط -

Advice of despatch : (انتظامیہ) اطلاع روانگی -

Advice of payment : (انتظامیہ) اطلاع ادائیگی

Advice slip : (n) اطلاعی پرچہ -

Advice yatch : (n) دیکھو Advice boat

Advices : دور کی اطلاعیں ، خبریں یا پیام ؛ باضابطہ اطلاع ؛ سماچار -

Advisability : (n) قرین مصلحت ہونا ؛ مناسب ہونا ؛ موزونیت -

Advisable : (a) (۱) مناسب ؛ بہتر ؛ باموقع - (۲) قرین مصلحت ؛ مقتضائے وقت -

Advisableness : (n) قرین مصلحت ہونا ؛ مناسب ہونا -

Advisably : (adv) مصلحت کی رو سے ؛ حسب اقتضاءً ؛ مصلحتاً -

Advise : (v) [L. "advisare", "advisum"] (۱) مشورہ دینا ؛ صلاح دینا ؛ نصیحت کرنا - (۲) اطلاع کرنا ؛ مشورہ کرنا ؛ صلاح لینا - (۳) مشورہ دینا - (٤) اطلاع دینا - (٥) اعلان کرنا -

Advise fate : (تجارت و معاشیات) "بھگتان صلاحیت سے مطلع کرو " -

Advised : (a) (۱) دانستہ ؛ سوچا سمجھا - (۲) آگاہ ؛ باخبر -

Ill advised : غیر محتاط ؛ بعید از احتیاط -

Advisedly : (۱) عمداً ؛ سوچ سمجھ کر ؛ دانستہ بالمقصد - (۲) محتاط ؛ مصلحت میں ؛ پر از احتیاط ؛ مصلحت آمیزانہ ؛ مصلحت پر مبنی ؛ مصلحتاً -

Advisedness : (n) دانستگی ؛ آگاہی ؛ باخبری -

Advisement : (n) مشورت ؛ تامل -

Adviser/Advisor : (n) مشیر ؛ صلاح کار -

Communication's adviser : (تاریخ و سیاسیات) مشیر رسل و رسائل -

Financial adviser : (تاریخ و سیاسیات) مشیر مالیات -

Legal adviser : (تاریخ و سیاسیات) مشیر قانونی -

Medical adviser : (سیاسیات) مشیر طبّی -

Military adviser : (تاریخ و سیاسیات) مشیر فوجی -

Naval adviser : (تاریخ و سیاسیات) مشیر بحریہ -

Railways adviser : (تاریخ و سیاسیات) مشیر ریل -

Reader's adviser : مشیر مطالعہ -

Scientific adviser : (تاریخ و سیاسیات) مشیر سائنسی -

Soil conservation adviser : (انتظامیہ) مشیر تحفظ اراضی -

Student adviser : (فلسفہ و نفسیات) مشیر طلباء -

Adviser of factories : (انتظامیہ) مشیر کارخانہ -

Advisership : (n) صلاح کار کا عہدہ ؛ مستشار ؛ مشاور -

Advisory : (a) مستشار (جماعت یا مجلس) ؛ مشورت آمیز ؛ نصیحت آمیز ؛ صلاح سے متعلق ؛ مشاورتی -

Advisory commission : (n) (تجارت و معاشیات) صلاح کار کمیشن -

Advisory committee : (n) (تجارت ، معاشیات ، انتظامیہ و کامرس) صلاح کار کمیٹی ؛ (فلسفہ و نفسیات) مشاورتی کمیٹی ؛ (تاریخ و سیاسیات) مشاورتی کمیٹی -

Advisory council : (n) (فلسفہ و نفسیات) مشاورتی کونسل -

Advisory opinion : (n) (تاریخ و سیاسیات) ہدایتی رائے -

Advisory standing committee : مشاورتی مجلس قائمہ -

Advocaat : (n) [L."advoctus"] ایک مشروب جوانڈے ، شکر ، برانڈی، قہوہ سے ولندیز میں تیار ہوتا ہے -

Advocacy : (n) [L. "advocatia"] (۱) وکیل کا کام یا پیرو کاری - (۲) وکالت ؛ حمایت ؛ عذرداری ؛ پیروکاری - (۳) مدافعہ -

Advocate : (n) [L. "advocatus", "advocare"] (۱) وکیل ؛ مختار ؛ پیروکار - (۲) حامی ؛ مؤید ؛ تائید کرنے والا - (۳) پیشہ ور وکیل ؛ مختار ؛ ایڈوکیٹ ؛ مشیر قانونی -

Faculty of advocates : جماعت وکلاء (اسکاٹ لینڈ کی) -

Lord Advocate : وکیل شاہی -

Judge advocate : وکیل منصف -

Devil's advocate : پادریوں کی مجلس کی رکنیت کے خلاف وکالت کرنے والا -

Advocate : (v) حمایت کرنا ؛ تائیدکرنا ؛ سفارش کرنا ؛ وکالت کرنا ؛ مدافعت کرنا -

Advocate - general : (n) (انتظامیہ) ایڈوکیٹ جنرل -

Advocateship : (n) عہدہ وکیل -

Advocation : (n) [L. "advocationem", "advocatus"] کسی اعلا عدالت کے مقدمہ کو اپنی عدالت میں کارروائی کے لئے منگوانا یا طلب کرنا -

Advocator : (n) [L.] وکیل -

Advocatory : (n) [L."advocat" - "advocare"] وکالت سے متعلق ؛ وکیلانہ -

Advocatus dei : (n) [Late L.] رومن کیتھولک افسر جس کا فرض یہ تھا کہ وہ وکیل شیطان کے اعتراضات کو رد کرے -

Adocatus diaboli : (n) [med. L.] وکیل شیطان -

Advowee : (n) [L."advocatus"] (۱) Advocate ایڈوکیٹ - (۲) کسی کلیسائی عہدہ کا وکیل ، محافظ یا سرپرست -

Advowson : (n) [L. "advocationem"] (۱) کسی معبد کی سرپرستی - (۲) وقف کرنے کا حق - (۳) کسی عبادت گاہ کے لئے کوئی جاگیر وقف کرنے کا حق -

Adynamia : [Gr."adynamia"] بے وقوفی ؛ ناطاقتی ؛ ضعف ؛ کمزوری ؛ نڈھال پن ؛ فقدان ؛ قوت ؛ قوت غریزی کا فقدان ؛ نقاہت -

Adynamic : (a) [Gr. "adynamia"] (۱) ضعیف ؛ کمزور ؛ نڈھال ؛ بےقوت -

Adytum : (n) [Gr."adyton"] (۱) خانقاہ یا مندر کا اندرونی حصہ ؛ حرم ؛ زیارت گاہ - (۲) وہ پوشیدہ خانقاہ جہاں سے دیوتاؤں کی طرف سے جواب دیا جاتا تھا - (۳) (استعارتاً) خاص کمرہ ؛ خلوت گاہ -

Adz /Adze : (n) [OE." adesa"] کلہاڑی ؛ تیشہ ؛ بسولا -

Adz / Adze : (v) کلہاڑی سے کاٹنا ؛ بسولا سے لکڑی کو کاٹ کر درست کرنا -

Ae : (۱) لاطینی میں دو حروف علت کا مجموعہ جسکی آواز a اور e کے بین بین ہوتی ہے - (۲) سابقہ کی صورت میں یہ " باہر " " آگے " وغیرہ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے - (۳) لاطینی صوت تصریف یونانی الفاظ میں -

Aecidium : (n) [Gr." aekia"] وہ پیالہ نما پھل جو طفیلی سماروغ کے فطرومہ کے اوپر ہوتا ہے ؛ دیولی -

Aedes : (n) [Gr."aedes"] مچھروں کی ایک نوع جو عام پائی جاتی ہے -

Aedicula / Aedicule : (n) [L."aedicula"] چھوٹا کمرہ یا گھر ؛ اطاق ؛ اطاقچہ ؛ طاق ؛ طاقچہ -

Aedile : (n) [L."aedilis","aedes"] (۱) " ایڈائیل " (قدیم روما کا ایک عہدہ دار جو عمارات، تماشاگاہ و پولیس وغیرہ کی نگرانی کرتا تھا) - (۲) (تاریخ) ای ڈائل (قدیم روم کا مجسٹریٹ) شہربان ؛ شہردار -

Aedileship : (n) شہربانی یا شہرداری کا عہدہ ۔

Aedilitian : (a) [L. "aedilici" - us + - AN] شہربانی یا شہر داری سے متعلق ۔

Aedility : (n) [L."aedilitatem"] شہربانی یا شہرداری۔

Aegean vase : (n) (تاریخ و اثریات) ایجین صراحی ۔

Aeger : (n) [L.] انگریزی یونیورسیٹی میں علالت نامہ ؛ بیماری کا صداقت نامہ ۔

Aegilops : (n) [Gr."aegilops"] آنکھ کے اندرونی کونے کا رستا ہوا زخم یا ناسور ۔

Aegirite : (n) ایک دھات جس میں سوڈیم اور لوھے کا سلیکٹ ہوتا ہے ۔

Aegis : (n) [Gr."aegis"] (۱) ڈھال ؛ سپر یا دفاعی سلاح خصوصاً یونانی دیوتا جوپیڑیا منروا کا ۔ (۲) (استعارتاً) سرپرستی ؛ پناہ ؛ حمایت ؛ پرتو ؛ ظل ؛ زیرنگرانی ؛ زیرسایہ ۔ (۳) (تاریخ) ایجز ؛ ڈھال ؛ تشریح ۔

Aegle : (n) [Gr."Aigle"] خاردار درختوں کی ایک نوع جو ایشیا اور افریقہ میں پائی جاتی ہے ۔

Aegophony : (n) [Gr."aex + phonia."] (مرض) آواز کی ارتعاش آمیز گونج ، بکری کے بچے کے ممیانے کی مانند ، جو ذات الجنب میں سنی جاتی ہے ؛ اناصوتی ۔

Aegrotat : (n) [L."he is sick"] انگریزی یونیورسیٹیوں میں معذوری نامہ ؛ اس بات کا صداقت نامہ کہ بیماری کے بعد لڑکا امتحان میں شریک ہونے کے قابل نہیں ہے ۔

Aeipathy : (n) [Gr."aei + pathia"] ۔ کہنہ مرض ؛ کہنہ بیماری

Aenach : (n) [Irish Gaelic."oenach"] قدیم آئرستان کی قانون ساز مجلس ۔

Aeneid : (n) [L."Aeneid-"," Aencis"] ورجل (Virgil) کی رزمیہ نظم کا نام ۔

Aeneous : (h) [L."a (a) eneus"] پتلوندھا ؛ پیتل کا ؛ برنجی ۔

Aenigmatite : (n) ایک معدنی شے ۔

Aeolian : (n) [L. "aeolius", "Aeolis or Aeolus"] ۔ (۱) اولیسی ۔ (۲) ایشیائے کوچک کے ایک قدیم ضلع اولیس کا ۔ (۳) ہوائی ؛ بادی ۔ (٤) ہوا کے دیوتا اولیس کا ؛ وایو کا ۔

Aeolian deposits : (n) ہوائی مطروحات ۔

Aeolian harp : (n) باد ترنگ ؛ ایک قسم کی سارنگی جو ہوا میں رکھنے سے بجے ؛ ہوا سارنگی ؛ ساز ہوائی ؛ چنگ بادی ۔

Aeolian mode : (n) گرجوں کی گتوں میں سے نویں گت ۔

Aeolic : (a) [L."aeolicus"] دیکھو Aeolian

Aeolipile/pyle : [L."Aeoli pylae"] بخار سنج ؛ بخار پیما ؛ وہ آلہ جس سے بھاپ کی قوت کی مقدار دریافت ہوتی ہے ۔

Aeolist (n) [L. "Aeolus" + IST] الہام کا بہانہ باز ؛ الہام کا بہانہ بنانے والا ۔

Aeolo - : جزو ترکیبی : یہ لفظ ہوا کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اور مختلف ہوائی سازوں کے نام میں مستعمل ہے ۔

Aeolotropy : (n) [Gr."aeoles + - tropia"] تغیر بالوضع (طبی خواص کا تغیر جو جگہ بدل جانے کی وجہ سے واقع ہو) ؛ مختلف سموتی ۔

Aeon / Eon : (n) [Gr."aeon"] (۱) جگ ؛ ابدیت ؛ عصر ۔ (۲) (فلسفہ اشراقی) ازلیت (وہ وقت جو ابتدائے کائنات سے موجود ہے) ؛ مظہرالوھیت ۔ (۳) (فلسفہ و نفسیات) اشراق اول ۔

Aeonial / Aeonian : (a) ابدی ؛ ازلی ۔

Aequoreal : (a) [L."aequoreus"] بحری ۔

Aequilibriam indifferentiae : (فلسفہ و نفسیات) توازن غیر ممیزہ ؛ قطعی توازن ۔

Aerarian : (n) [L."aerarium"] (۱) خزانہ سے متعلق ؛ مالی ؛ مالیاتی ۔ (۲) روما کا ایک حق رائے دہندگی سے محروم شہری جس نے صرف رائے شماری کا محصول دیا تھا ۔

Aerarium : (تاریخ و سیاسیات) ایریریم ؛ سرکاری خزانہ (قدیم روم کا) ۔

Aerate : (v) [L."aer"] (۱) ہوا دینا ؛ ہوامیں رکھنا ۔

(۲) کاربونك ایسڈ گیس بھر دینا ۔
(۳) تنفس کے ذریعہ خون میں آکسیجن پہنچانا ۔ (٤) ہوا کے کیمیاوی عمل کے لئے کھلا رکھنا ؛ اس طرح کھلا رکھنا کہ ہوا کا کیمیاوی عمل اثرانداز ہو ۔

Aerated water : (n) (کیمیا) ہوا آمیزپانی ۔

Aeration : (n) [Fr."aeration",f."aerer"] (۱) تازہ ہوا پہنچانا ؛ ہوا بھرنا۔ (۲) کاربونك ایسڈ گیس بھرنا ۔ (۳) کیمیاوی عمل کے لئے ہوا میں کھلا رکھنا ۔ (٤) (کیمیا) ہوا آمیزی ۔

Aerator : (n) (۱) ہوابھرنے والا ؛ ہوا بھرنے والا آلہ ۔ (۲) (کیمیا) ہوا آمیز ۔

Aerial : (n) [L."aerius", f."aer" AIR + -AL] (۱) ہوائی ؛ بادی ؛ فضائی ۔ (۲) ایثری ؛ ہوا کی طرح سبك ۔ (۳) غیر مادی ؛ خیالی ؛ تصوری ؛ موہوم ۔ (٤) فضائی ہوا ؛ فضا کے متعلق ؛ ہوا یا فضا میں ۔ (٥) ہوائی ؛ فضائی (جو ہوا میں موجود ہو یا ہوا میں حرکت کرتا ہو) ۔ (٦) بلند ؛ ہوا کی بلندی پر واقع ۔ (۷) لاسلکی کا وہ تار جو ہوائی لہروں کو جمع کرتا ہے ؛ ہوائیہ ۔ (۸) (طبیعیات) شعاعیہ ؛ ایریل ؛ (ریاضی) رقبئی ۔

Aerial bombardment : (n) (تاریخ و سیاسیات) ہوائی بمباری ۔

Aerial convention : (n) (تاریخ و سیاسیات) ہوائی جہازرانی کا معاہدہ ۔

Aerial navigation : (n) (تاریخ و سیاسیات) ہوائی جہازرانی ؛ طیران ۔

Aerial observation : (n) (تاریخ و سیاسیات) ہوائی جہاز سے مشاہدہ ۔

Aerial perspective : (n) ہوائی منظر ۔

Aerial photography : (n) ہوائی فوٹوگرافی ۔

Aerial railways : (n) بالائی سرتاروں کا بنا ہوا وہ راستہ جس پر بجلی کے ذریعہ گاڑیاں چلتی ہیں ؛ رسی ریل ۔

Aerial spirits : (n) آسمانی روحیں ؛ ارواح آسمانی ۔

Aerial survey : (n) فضائی معائنہ ۔

Aerial velocity : (n) (طبیعیات) ہوائی رفتار ؛ (ریاضی) رقبئی رفتار ۔

Aerial warfare : (n) ہوائی جنگ ؛ فضائی جنگ ۔

Aerial wire : (n) لاسلکی کا وہ تار جو ہوائی لہروں کو جمع کرتا ہے ؛ ہوائیہ ۔

Aerially : (adv) ہوا کی طرح ؛ ایثر کی طرح ؛ نہایت لطیف طور پر ؛ موہوم طورپر ۔

Aeriality : (n) فضائیت ؛ ہوائیت ؛ بے بودی ؛ موہوم ہونا ۔

Aerie/ Aery / Eyry : (n) [L." area"] (۱) شکاری پرندہ کا گھونسلا خصوصاً عقاب یا پہاڑی کوے کا جو کافی بلندی پر بناتا ہے ؛ بلند آشیانہ ۔ (۲) (استعارتًا) بلند مقام پر واقع انسانی مسکن یا کمین گاہ ؛ بلند مسکن ۔ (۳) گھونسلے میں کا بچہ ؛ (مجازًا) عالی خاندان کے بچے ؛ شکاری پرندوں کا جھول ۔

Aeriferous : (a) [L."aer "+ - FEROUS] ہوا دار ؛ ہوابر ۔

Aeriform : (a) [L."aer" + - FORM] (۱) ہوا کی طرح کا ؛ مانند ہوا ؛ ہوا پیکر ۔ (۲) غیر حقیقی ؛ خیالی ؛ موہوم ؛ غیر مادی ۔

Aerify : (v) [L. "aer"+ - FY] (۱) ہوا کی مانند بنانا ؛ ہوا پیکر بنانا ؛ گیس میں تبدیل کرنا ۔ (۲) ہوا دینا ؛ ہوا میں رکھنا ۔

Aero- : (۱) سابقہ بمعنی ہوا ۔ (۲) (عام بول چال میں) ہوائی جہاز ۔

Aero-anaerobic : (a) ہوائی و ناہوائی ۔

Aerobatics : (n) نمائشی ہوابازی ؛ ہوائی کرتب ۔

Aerobe : (n) [mod. L."Aerobia"] ایك جرثومہ جو ہوا سے لی ہوئی صاف آکسیجن پر زندہ رہتا ہے ؛ ہوا باش (جراثیم) ؛ ہوا جرثومہ ۔

Aerobes facullative : (n) اختیاری ہواباش جراثیم ۔

Aerobes obligate : (n) لازمی ہوا باش جراثیم ۔

Aerobic bacteria : (n) ہوا باش جراثیم ۔

Aerobioscope : (n) [" aer + bi" + - scope] ہوا باش نما ۔

Aerobiosis : (n) [L."aer + biosis"] هوایا آکسیجن میں زندگی ؛ هوائی بالیدگی ؛ هوا باشی ۔

Aerobiotic : (a) [L."aer + biotic"] آکسیجن یا هوا میں زنده رهنے والی ۔

Aerocamera : (n) ["aer-+ camera"] کیمره جو هوائی تصویر لینےکے لئے مخصوص هے ۔

Aerocele : (n) هوا تهیلی ۔

Aerocraft : (n) هوائی جهاز ؛ طیاره ؛ غباره ۔ (طبیعیات) هوا گاڑی ۔

Aerodontalgia : (n) [L."aer+odontalgia"] دانت کا درد جو هوا کے دباؤ کی کمی کے باعث هوتا هے ؛ هوائی درد دندان ۔

Aerodrome : (n) [AERO - + Gr. "dromos"] (۱) طیاره گاه ؛ هوائی اڈا ؛ هوائی مستقر ؛ فرودگاه ؛ مطار ؛ پرواز گاه ۔(۲) (انتظامیه) طیرانگاه ۔

Aerodromics : (n) هوا بازی کا فن ۔

Aerodynamics : (n) (۱) علم الهوا کی وه شاخ جو چلنے والی هوا اور اس سے پیدا هونے والے میکانکی اثرات سے بحث کرے ؛ علم هوائے متحرك ۔ (۲) کسی مشینی نظام کے ذریعه هوا میں حرکت کرنے کا فن ؛ هوا بازی ۔ (۳) (طبیعیات) هوائی حرکیات ۔

Aeroembolism : (n) هوائی سدادیت ۔

Aerogenesis : (n) [AERO - + Gr." genesis "] هوا گری ۔

Aerogram : (AERO - + Gr."gramma"] لاسلکی کے ذریعه بهیجا گیا پیام ؛ هوا لا شعاعی تصویر ۔

Aerography : (n) [AERO-+ Gr."graphia"] تشریح کرهٔ هوا؛ کرهٔ هوا کا بیان ؛ هوانگاری ۔

Aerohydropathy : (n) هوائی علاج ۔

Aerohydrous : (a) اندرونی خلا میں پانی رکهنے والی ۔

Aeroinsurance : (n) [AERO- + INSURANCE] (تجارت) فضائی بیمه ؛ هوائی بیمه ۔

Aeroionisation : (n) هوا روانیت ۔

Aerolite : (n) سنگ شباب ؛ حجرهوائی ؛ هوائی پتهر ؛ سنگ آسمانی ۔

Aerolith : (n) [AERO- + Gr." lithos "] Aerolite دیکهو

Aerology : (n) [f. AERO-+ Gr." logia"] سائنس کا وه حصه جو کرهٔ هوا سے بحث کرتا هے ؛ هوا شناسی ؛ هوائیات ۔

Aeromancy : (n) [f. AERO-+ Gr."mantia"] موسمی پیش گوئی ؛ (تاریخ و سیاسیات) فضائی پیش گوئی ۔

Aerometer : (n) [f. AERO-+ Gr."metron"]. بادپیما ؛ هوا سنج ۔

Aerometry : (n) [f."AERO-"+ Gr."metria"] هواسنجی ۔

Aeronaut : (n) [Gr."air"(air)+ "nautes"(sailor)] (۱) غباره باز ؛ غبارچی ؛ طیارچی ؛ هوا باز ؛ هوا نورد ؛ خلبان ۔(۲) (مجازاً) مهین جالا بنانے والا مکڑا ۔

Aeronautic : (a) هوا بازی سے متعلق ۔

Aeronautical : (a) هوا بازی سے متعلق ۔

Aeronautics : (n) [L." aeronautica"] (۱) علم هوا نوردی ؛ طیرانیات ۔ (۲) (طبیعیات) هوا بازی ۔

Aeronautism : (n) [AERONAUT + - ism] غباره بازی ؛ هوائی سفر ۔

Aeroneurosis : (n) [AERO - + NEUROSIS] ایك اعصابی بیماری جو هوا بازوں کو جذباتی تناؤ کی وجه سے هوجاتی هے ۔

Aeropause : (n) زمین سے اوپر وه سطح جهاں فضا انسان اور هوائی جهاز کی حرکتوں کے لئے بیکار هو جاتی هے ۔

Aerophagia : (n) هوا کو نگل جانا ؛ خصوصاً هسٹیریا میں ۔

Aerophane : (n) [AERO-+ Gr."phanes"] باریك ریشمی جالی ۔

Aerophile : (n) هوا پسند ۔

Aerophobia / Aerophoby : (n) هوا ترسی ۔

Aerophore : (n) هوا پهکنا ؛ هوا گر ؛ هوا زن ۔

Aerophyte : (n) [AERO- + Gr." phyt- on"] مکمل طور پر هوا میں نشو ونما پانے والا پودا ؛ هوائی گهاس ؛ هوا خور نباتیات ؛ هوا خورده ؛ اکاس بیل ۔

Aeroplane : (n) [AERO- + PLANE] : ہوائی جہاز ؛ طیارہ ؛ ہوا پیما ؛ آسمان پیما -

Aeroscepsy /Aeroscepsis : (n) [AERO - + Gr."scephis"] ہوا بینی ؛ موسمی پیش گوئی -

Aeroscope : (n) [Gr." aeroscopia"] ہوا نما -

Aerosiderite : (n) [AERO-+ Gr."siderit- es"] ایسا حجر شہاب جس میں لوہے کی کچی دھات ہوتی ہے ؛ آہن شہاب -

Aerosiderolite : (n) [AERO- + Gr."sider-os+ lithos"] ایسا حجر شہاب جو پتھر اور لوہے کے بین بین ہوتا ہے ؛ سنگ آہن ؛ سنگ آہن شہاب -

Aerosol : (n) [aer + sol] ہوا میں ذرات کا معلق ہونا ؛ ہوا سلم -

Aerosphere : (n) [AERO+ Gr." sphaera"] کرہء ہوا جو زمین کو ڈھکے ہوئے ہے -

Aerostat : (n) [Gr."aero" + "statos" (standing)] : (۱) طیارہ ؛ گہوارہء ہوائی - (۲) ہوا باز ؛ طیارچی -

Aerostatic : (a) [Gr. "aero" +" statikos"] ہوا کے سکون یا توازن کے متعلق -

Aerostatics : (n) ہوائی سکونیات ؛ ہوا اور گیس کے توازن اور دباؤ کا علم -

Aerostation : (n) [Fr.] ہوائی کشتی رانی ؛ ہوا نورد ؛ ہوا میں غبارہ وغیرہ کی اڑان اور رہبری کا فن -

Aerotaxis : (n) [L. "aer- + taxis"] ہوا رخی -

Aerotherapeutics : (n) ہوائی علاج -

Aerothermotherapy : (n) گرم ہوائی علاج -

Aeruginous : (a) [L.] زنگار ؛ زنگارگوں ؛ تانبے کے -

Aerugo : (n) [L.] کساؤ کیطرح یا اس سے متعلق ؛ تانبے یا پیتل کا زنگ ؛ کسی دھات کا زنگ -

Aery : (a) [L. "aerius"] (۱) ہوائی ؛ ایثری - (مجازاً) روحانی -

Aeschynanthus : (n) [Gr." aischyne" + L. -" anthus"] آرائشی پودے کی ایک قسم جو مشرق بعید میں پائی جاتی ہے -

Aeschynite : (n) [Gr."aeschne"] روس میں پائی جانے والی Tantalite قسم کی ایک معدنی شے -

Aesculapian : (a) طبی ؛ اسقلابی -

Aesculapius : (n) [L.] : (۱) قدیم رومیوں میں طب کا دیوتا ؛ اسقلابیوس - (۲) (مجازاً) طبیب ؛ پزشک -

Aesculetin : (n) [L. "aesculetum"] Aesculin میں پایا جانے والا ایک تلخ بلوری مادہ ($C_9H_6O_4$) -

Aesculin : (n) [" L. aesculus"] ہارس چسٹنٹ (Horse - Chestnut) وغیرہ کی چھال میں پائی جانے والی ایک شکر ($C_{21}H_{24}O_{13}$) -

Aesir : (n) [OE.] اسکینڈی نیویا کے خدائگان -

Aesopian : (a) [Gr. "Aisopos"] ایسپ کی طرز میں -

Aesthesics : (a) [Gr."aesthesis"] حسن شناسی ؛ جمال شناسی ؛ زیبائش شناسی ؛ جمالیات ؛ علم محسنات ؛ علم بدائع ؛ فنون لطیفہ کا علم -

Aesthesiometer : (n) احساس سنج ؛ مریض کی حس لامسہ کی پیمائش کرنے والا آلہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) لمس پیما -

Aesthesiogenic : (a) [Gr."aesthesi-io+genicos"] حس پیدا کرنے والا ؛ حس زا -

Aesthesiometry : (n) (فلسفہ و نفسیات) پیمائش لمس ؛ نھک پیمائش -

Aesthesis : (n) [Gr.] خارجی اشیاء کا احساس ؛ حس ؛ ہوش ؛ لمس -

Aesthesodic : (a) [Gr."aesthesis + odos"] حسیاتی تحریک کو راستہ دینے والے (اعصاب) -

Aesthete : (n) [Gr."aesthetes"] حسن شناس ؛ جمال شناس جو اپنے تصورات کو عملی جامہ پہنائے ؛ جمال پسند ؛ جمالیہ ؛ (حیوانیات) عضو حس ؛ حسیّہ -

Aesthetic : (a) [Gr." aesthetikos"] (۱) حسن شناسی سے متعلق ؛ ذوق زیبائی رکھنے یا دکھانے والا ؛ عمدہ ذوق کے مطابق ؛ جمالیاتی ؛ ذوقی -

(۲) (سماجیات) جمالی ۔

Aesthetic activities : (n) (سماجیات) جمالیاتی افعال ۔

Aesthetic enjoyment : (n) (فلسفه و نفسیات) جمالیاتی حظ ؛ جمالی لطف ۔

Aesthetic experience : (n) (فلسفه و نفسیات) جمالیاتی تجربه ۔

Aesthetic intuitionism : (n) (فلسفه و نفسیات) جمالیاتی وجدانیت ۔

Aesthetic judgment : (n) (فلسفه و نفسیات) جمالیاتی پرکھ ؛ جمالیاتی فیصله ۔

Aesthetic morality : (n) (فلسفه و نفسیات) جمالیاتی اخلاق ۔

Aesthetic self-expression : (n) (فلسفه و نفسیات) جمالیاتی خود اظهار ۔

Aesthetic sense : (n) (سماجیات) جمالیاتی حس ۔

Aesthetic sense theory : (فلسفه و نفسیات) نظریه حسن جمالی ۔

Aesthetic taste : (n) (سماجیات) جمالیاتی ذوق ۔

Aesthetic transfer : (n) (لسانیات) جمالیاتی انتقال ۔

Aesthetics : (n) (فلسفه و نفسیات) جمالیات ؛ فلسفه فنون لطیفه ۔

Psychology of aesthetics : (فلسفه و نفسیات) جمالیاتی نفسیات ؛ نفسیات جمالیات ۔

Transcendental aesthetis : (فلسفه و نفسیات) ماورائی جمالیات ۔

Aesthetical : (a) دیکھو Aesthetic

Aesthetically : (adv) جمالیاتی طور پر ؛ جمال شناسانه ؛ حسن پرستانه ؛ حسن شناسی کی راہ سے ۔

Aesthetician : (n) جمال پرست ؛ جمالیات کا ماہر ۔

Aestheticism : (n) (۱) حسن شناسیت ؛ یه عقیده که اصول بنیادی هیں اور دوسرے اصول (مثلاً حسن وغیرہ کے) انهیں سے ماخوذ هیں ؛ جمالیت ؛ فنی اور جمالیاتی آزادی کی وکالت ۔(۲) جمالیاتی تجربات و مشاهدات میں شدید انهماک ۔

Aestheticist : (n) ماهر حسن شناسی ؛ جمالیات کا ماهر ؛ حامی جمالیت ؛ جمالیتی ۔

Aestheticize : (v) حسین و زیبا بنانا ؛ خوبصورت بنانا ؛ عمده ذوق کے مطابق بنانا ۔

Aestho-physiology : (n) حسی عضویات ؛ اعضائے احساس کا علمی مطالعه ؛ لمسی عضویات ۔

Aestival / Estival : [L."aestivat-"] موسم گرما کا ؛ گرمائی ؛ گرمیوں کے موسم سے متعلق ؛ تابستانی ؛ صیفی ۔

Aestivate : (v) [L."aestivat-"] گرمیاں گذارنا یا بسر کرنا ؛ (خصوصاً حیوانیات میں) موسم گرما میں بے حس و حرکت هونا ۔

Aestivation : (n) (۱) (حیوانیات) موسم گرما کی بے حسی ؛ تصیف ۔(۲) (نباتیات) کھلنےسے پہلے غنچے کی داخلی ترتیب ؛ قبل شگفتگی پنکھڑیوں کی لپیٹ ۔

Aetheogam : (n) [Gr,"aethes"(unusnel+gamos;ual"] ایك قسم کا پودا ؛ گیاہ گمزاد ۔

Aether : (n) [Gr."aehter"] (طبیعیات) ایتھر ۔

Aethogen : (n) [Gr."aethos"(fire)+-GEN] بورك نائڑائیڈ جسے پھنکنی میں رکھنے سے تیز روشنی پیدا هوتی هے ۔

Aethrioscope : (n) [Gr."aethria+"scopos,-"scopion"] آفتابی شعاع ریزی کو ظاهر کرنے کا آله ۔

Aetiological : (a) علت یا اسباب الامراض کے متعلق ؛ عللی ؛ اسبابی ۔

Aetiologically : (adv) علت یا اسباب الامراض کی رو سے ۔

Aetiology : (n) [Gr."aetiologia"] (۱) علت کا ڈھونڈ نکالنا ؛ تشخیص کرنا ؛ علت شناسی ؛ کسی احکام وغیرہ کی توجیه ۔(۲) فلسفه علت و معلول ۔ (۳) علم اسباب الامراض ؛ علم تشخیص الامراض (٤) (فلسفه و نفسیات) نظریه علت ؛ علیات ؛ عللیات ؛ علم الاسباب ۔

Aeviternity : (n) دہر

Af -: سابقہ ، جیسے Affray میں ھے

Afar : (a) دور سے ؛ دور پر؛ فاصلہ سے ؛ فاصلہ پر ؛ دور ۔

Afeard /-ed : (a) خوفزدہ ؛ ڈرا ھوا ؛ ھیبت زدہ ۔

Aferile : (a) [a + febrile] حرارت سے خالی ؛ بے بخار؛ بے تپ ۔

Afer : (n) [L."African"] جنوب مغربی ھوا ۔

Affability : (n) [L."affabilis"] دلجوئی ؛ انس ؛ خلق ؛ تلطف ؛ لطف ؛ خوشروئی ؛ ملائمیت ؛ مدارا ؛ مروت ۔

Affable : (a) [L"affabilis"] خلیق ؛ خوش خلق ؛ کشادہ ۔ پیشانی ؛ خوش رو ۔

Affableness : (n) خوش خلقی ؛ خوش مزاجی ۔

Affably : (a) خوش خلقی سے ؛ لطف سے ؛ تلطف سے ۔

Affabrous : (a) [L."affaber"] کاریگری کا ؛ استادی کا ۔

Affair : (n) [OF."afaire"] (۱) کاروبار؛ کام ؛ معاملہ ؛ دھندا ؛ مسئلہ ؛ قضیہ ؛ سیاسی معاملات ۔

Agorgeous affair : (عام بول چال میں مادی چیزوں کیلئے) فوق البھڑک معاملہ ۔

Affaire d'amour : (n) عشق و محبت کا معاملہ ؛ دل کا معاملہ ؛ عشق ؛ محبت ؛ عشق بازی ۔

Affair d'honneur : (n) [Fr.] عزت کا معاملہ یا سوال خصوصاً کسی کی عزت و ناموس کے معاملہ میں، یعنی" ڈویل" (Affair of honour)

Affaire de coeur : (n) [Fr.] دل کا معاملہ ؛ عشق ؛ محبت ۔

Affairs : (n) (تاریخ و سیاسیات و انتظامیہ) معاملات ؛ امور ؛ تجارتی امور ؛ امور عامہ ۔

Affatuate : (a) [L." ad + fatuus"] هوسناک ؛ عشق باز ۔

Affect : (v) [L. "affectare"] (۱) بناوٹ یا دکھاوٹ کرنا ؛ (کسی بات کا) ادعا کرنا یا جھوٹا اظھار کرنا ۔ (۲) تصنع کرنا ؛ بہانہ بنانا ؛ وضع بنانا ۔ (۳) کام میں لانا ؛ استعمال کرنا ۔ (٤) اثر کرنا ؛ متاثر کرنا ؛ متاثر ھونا ۔

Affect : (v) [L."affect-","afficere"] (۱) اثر کرنا ؛ لگ جانا ؛ (بیماری و غیرہ کا) ۔ (۲) اثر کرنا ؛ متاثر کرنا ؛ متاثر ھونا ۔ (۳) (کسی کو) خاص طور سے نامزد کرنا ؛ حصہ دینا ۔

Affect : (n) (فلسفہ و نفسیات) تاثر ؛ (لسانیات) فجا ۔

Displacement of affect : (فلسفہ و نفسیات) انتقال تاثر ۔

Fixation of affect : (فلسفہ و نفسیات) انجماد جذبہ ۔

Affectability / Affectibility : (n) اثر پذیری ؛ تاثر پذیری ؛ مبتلا ھونے کی حالت ۔

Affectable / Affectible : (a) قابل تاثر ؛ لائق اثر ؛ لگ جانے کے قابل (بیماری وغیرہ کے) ؛ متاثر ھونیوالا ۔

Affectation : (n) [L."affectationem"] (۱) نمود ؛ نمائش ؛ بناوٹ ؛ تصنع ؛ ظاھر داری ؛ ظاھر سازی ؛ ظاھری اشتیاق یا پسند ۔ (۲) اوپری باتیں ؛ مصنوعی یا ظاھری اخلاق ۔ (۳) بہانہ ؛ حیلہ ؛ دکھاوٹ ۔

Affectationist : (n) ظاھر دار ؛ ظاھر ساز ۔

Affected : (a) (۱) ظاھر داری کا ؛ دکھاوے کا ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی ؛ بنا ھوا ؛ جھوٹ موٹ کا ؛ (۲) (اشخاص کے لئے) ظاھر دار ؛ تصنع کرنے والا ؛ ظاھر ساز ۔ (۲) مائل ؛ راجع ؛ راغب ۔ (٤) متاثر ؛ گرفتار ؛ مبتلا ۔ (٥) متاثر (جذبات یا جسمانی حیثیت سے) ۔ (٦) خاص طور سے حصہ لگایا ھوا ۔ (۷) (طب) ماوف ۔

Affectedly : (a) بناوٹ سے ؛ ظاھر دارانہ ؛ تصنع سے ؛ ریا کاری سے ۔

Affectedness : (n) ظاھرسازی ؛ تکبر ؛ تصنع ؛ دکھاوا ۔

Affecter/-or : (n) مؤثر ؛ ظاھر ساز ۔

Affecting : (a) متاثر کرنے والا ؛ ھیجان پیدا کرنیوالا ۔

Affecting personality : (n) (سماجیات) پُراثر شخصیت ؛ مؤثر شخصیت ۔

Affectingly : (a) متاثر کرتے ھوئے ؛ ھیجان انگیز طور پر ۔

Affection : (n) [L."affectionem"] (۱) تاثیر ؛ اثر پذیری ۔ (۲) جذبہ ؛ ذھنی کیفیت ۔ (۳) میلان ؛ رغبت ؛ چاہ ؛ محبت ؛ عشق ؛ پریم ؛

شفقت ۔ (٤) جسمانی کیفیت کسی خاص اثر کی وجہ سے ۔ (٥) روگ ؛ بیماری ؛ مرض ؛ علت ۔ (٦) کیفیت ؛ حالت ؛ وصف ؛ خاصہ؛ خصوصیت ۔ (٧) (لسانیات) فجائیت ؛ (سماجیات) شفقت ۔ (٨) تأثر ؛ عارضہ ۔

Marital affection : (سماجیات) ازدواجی شفقت ۔

Natural affection : (سماجیات) فطری شفقت ؛ قدرتی شفقت ۔

Need for affection : (سماجیات) ضرورت شفقت ؛ شفقت کی ضرورت ۔

Protective affection : (فلسفہ و نفسیات) جذبہ تحفظ ۔

Affection : (v) محبت کرنا ؛ عشق کرنا ؛ شفقت کرنا ۔

Affection deficiency : (n) (فلسفہ و نفسیات) تاثرکی کمی ۔

Affectional : (a) جذباتی ؛ پُر احساس ۔

Affectionate : (a) [Fr."affectionne"] (١) محبت کرنے والا ؛ پریمی ؛ مشتاق ؛ شیدائی ؛ دلدادہ (کسی کا) ۔ (٢) محبت بھری چیز ؛ شفقت آمیز (چیزوں کے متعلق) ۔

Affectionately : (adv) پیار سے ؛ محبت سے ۔

Affectionateness : (n) دلدادگی ؛ اشتیاق ۔

Affective : (a) [L."affectivus"] (١) جذباتی ؛ قلبی کیفیت سے متعلق ؛ تاثراتی ؛ مؤثر ۔ (لسانیات) فجائی ۔

Affective association : (n) تاثراتی لگاؤ ۔

Affective deficiency : (n) نقص تاثری ۔

Affective experience : (n) (فلسفہ و نفسیات) تاثراتی تجربہ ۔

Affective objective naturalism : (فلسفہ و نفسیات) تاثراتی معروضی فطرت پرستی ۔

Affective similarity : (n) (لسانیات) فجائی مشابہت ۔

Affective state : (n) (فلسفہ و نفسیات) تاثراتی کیفیت ۔

Affective tone : (n) کیفیت تاثری ۔

Affective verb : (n) (لسانیات) فجائی فعل ۔

Affectivity : (n) تاثریت ؛ جذباتیت ۔

Affeer : (v) [late L."afforare"] (١) جرمانے کا تخمینہ لگانا ۔ (٢) (مجازاً) توثیق کرنا ۔

Afferent : (a) [L."afferentem","afferre"] (١) اندر کی طرف جانیوالا ۔ (٢) (حیوانیات) درآرندہ (عصب) ؛ (فلسفہ و نفسیات) دروں رس ؛ درآور ۔

Afferent nerve : (n) (حیوانیات) درآرندہ عصب ۔

Affettuoso : (a) [It.] (موسیقی) درد انگیز یا پر اثر ۔

Affiance: (n) [OFr."afiance"] (١) سہارا ؛ بھروسا ؛ اعتقاد ؛ اعتماد ۔ (٢) عہد ؛ قول ؛ اقرار ؛ (خصوصاً نکاح ، شادی ، منگنی کا) ۔ (٣) (سماجیات) نسبت ؛ منسوب ؛ ازدواجی رشتہ کے لئےقول و قرار ۔

Affiance : (v) نکاح یا شادی کا عہد کرنا ۔

Affianced kin : (n) (سماجیات) منسوبی رشتہ دار ۔

Affiant : (n) حلفاً بیان دینے والا ۔

Affiche : (n) [L. ad+ ficher] اشتہار ؛ پوسٹر ۔

Affidavit : (n) [L.] حلف نامہ ؛ تحریری حلفی بیان ؛ سوگند نامہ ۔

Affied : (a) نکاح یا شادی وغیرہ کا اقرارکئے ہوئے ۔

Affiliable : (a) [L."affili-","affiliare"] الحاق کے قابل ۔

Affiliate : (v) [L. "affiliat-","affiliare"] (١) کسی ادارہ کے لئے الحاق کرنا ؛ شامل کرنا (اشخاص کو بحیثیت اراکین اورانجمنوں کو بحیثیت شاخ) ۔ (٢) (اشخاص یا انجمن کا کسی سوسائٹی کے ساتھ) تعلق قائم کرنا ۔ (٣) (قانون) (ناجائز اولاد کی پرورش یا کفالت کی غرض سے) ولدیت کا تعین کرنا ۔ (٤) (تاریخ و سیاسیات) شامل کرنا ؛ الحاق کرنا ؛ (انتظامیہ) الحاق کرنا ۔

Affiliate : (a) ملحق ؛ متعین ۔

Affiliated : (a) ملحقہ ۔

Affiliated college : (n) (انتظامیہ) ملحقہ کالج ۔

Affiliated company : (n) ملحقہ کمپنی ۔

Affiliation : (n) [L."affiliationem"] (۱) الحاق ؛ تعلق ؛ شمول ؛ انضمام ؛ ولدیت کا تعین ؛ کسی چیز کو اس کی ابتدا سے منسوب کرنا ۔ (۲) (قانون) ولدیت ۔

Affinal : (a) [L."affinis"] ایک ہی خاندان سے ؛ شادی کے ذریعہ مربوط ۔

Affine : (v) [L."affinem"] رشتہ دار ہونا ؛ ازدواجی علاقہ رکھنا ۔

Affined : (a) متعلق ؛ کسی سے رشتہ رکھنے والا ؛ علاقہ دار ؛ مربوط ۔

Affinities : (n) وابستگی ؛ بستگی ؛ پیوستگی ؛ نزدیکی ؛ قرابت ؛ (حیوانیات) الف ۔

Affinitive : (a) رشتہ سے جڑا ہوا ۔

Affinity : (n) [L."affinitatem"] (۱) تعلق ؛ نسبت ؛ رشتہ ؛ عزیزداری ؛ (بذریعہ مناکحت) ۔ (۲) تعلق ؛ رشتہ (خاندانی یا نسلی) ۔ (۳) مشابہت ؛ مماثلت ساخت کی (جانوروں، درختوں زبانوں وغیرہ میں) ۔ (٤) خاندانی شباہت ؛ (٥) رغبت ؛ انس ۔ (٦) کشش (روحانی) جو شخصو ں کے درمیان ہوتی ہے ۔ (۷) (کیمیا) بعض عناصر کا یہ میلان کہ وہ دوسروں سے ملتے ہیں ؛ الف ؛ میل ترکیبی ؛ (لسانیات) قرب ؛ رشتہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) مماثلت ؛ (ریاضی) میل ؛ (کیمیا) رغبت ؛ کیمیائی رغبت ۔

Chemical affinity : کیمیاوی الف ۔

Constant affinity : (کیمیا) مستقل رغبت ۔

Residual affinity : سفلی الف ؛ پس ماندہ الف ۔

Affinity curve : (n) (ریاضی)منحنیمیل ۔

Affirm : (v) [L."affirmare"] (۱) (قانون) توثیق کرنا ؛ ادعا کرنا ؛دعویٰسےکہنا ؛ زورکے ساتھ کہنا ؛ قائم، برقرار یا بحال رکھنا (فیصلہ کا) ۔ (۲) (نحو و منطق) ایجاب ۔ (۳) (انتظامیہ) باضابطہ اعلان کرنا ؛ تصدیق کرنا ؛ (تاریخ و سیاسیات) اقرار کرنا ۔

Affirmable : (a) قابل توثیق ؛ توثیق پذیر ۔

Affirmably : (a) توثیق پذیری سے ؛ توثیق کرتے ہوئے ۔

Affirmance : (n) (۱) توثیق ؛ تصدیق ۔ (۲) پر زور اعلان ۔

Affirmant : (n) توثیق کرنے والا ۔

Affirmation : (n) [L."affirmationem"] (۱) توثیق ؛ تصدیق ؛ مثبت بیان ؛ اقرار صلح ۔ (۲) (منطق) مثبت قضیہ ۔ (۳) بیان ؛ دعویٰ؛ ادعا ۔ (٤) اقرار صلح (ایسے شخص کا جو اپنے ضمیر کی اتباع میں قسم کھانے سےانکار کردے) ۔ (٥) (لسانیات) ایجاب ؛ (تاریخ و سیاسیات) تصدیق ؛ اقرارصلح ۔

Affirmative : (a) [L."affirmativus "] (۱) ایجابی ؛ اقراری ؛ مثبت ۔ (۲) (منطق) موجبہ ؛ ایجابی (جس سے قضایا کی دو حدوں کا توافق ثابت ہو) ؛ کلمہ اثبات ؛ عبارت اثبات ۔ (۳) (فلسفہ ونفسیات)اثباتی ؛ (تاریخ و سیاسیات) توثیقی ؛ تصدیقی ۔

To answer in the affirmative : مثبت جواب دینا ؛ اثبات میں جواب دینا ؛ حامی بھرنا ۔

Affirmative conjunction : (n) (لسانیات) عطف ایجابی ۔

Affirmative proposition : (n) قضیہ موجبہ ؛ مثبت استدلال یا عبارت جیسے All men are mortal

Affirmatively : (a) ایجاباً ؛ اثباتاً ؛ بطور ثبت ۔

Affirmatory : (a) ایجابی ؛ توثیقی ۔

Affirmer : (n) موثق ؛ مصدق ۔

Affix : (v) [L."affixare"] (۱) جوڑنا ؛ لگانا ؛ چپکانا ؛ چسپاں کرنا ؛ باندھنا ؛ نتھی کرنا ۔ (۲) لگانا ؛ ثبت کرنا ؛ (مہر، ٹھپا وغیرہ کا) ۔ (۳) (تحریر کے آخر میں) کچھ اور بڑھانا مثلاً دستخط یا عبارت ۔ (٤) تہمت دھرنا ؛ الزام لگانا ۔ (٥) وابستہ کرنا (تنخواہ کا پیشہ کے ساتھ) ۔ (٦) (انتظامیہ) جوڑنا ۔

Affix : (n) [L."affixus"] (۱) تعلقہ ؛ اضافہ ۔ (۲) (نحو) سابقہ یا لاحقہ ۔ (۳) (لسانیات) تعلیقہ ؛ چسپیہ ۔

Affixation : (n) (لسانیات) چسپانا ؛ الحاقیانا ۔

Affixed : (a) چپکایا ہوا ؛ باندھا ہوا ؛ چسپاں کیا ہوا ؛ منسلک کیا ہوا ؛ ثبت کیا ہوا ؛ وابستہ کیا ہوا ۔

Affixer : چپکانے والا ؛ ثبت کرنے والا ؛ جوڑنے والا ۔

Affixiformal analogy : (n) (لسانیات) چسپاتی مماثلت ۔

Affixing : (a) جذباتی ؛ جاذب ۔

Affixing language : (n) (لسانیات) چسپاتی زبان ۔

Affixing of seal : مہر اندازی ؛ ثبت مہر ۔

Affixture : (n) نتھی ؛ رشتہ ؛ تعلق ؛ شمول ؛ افزائش ؛ اضافہ ۔

Afflate : (v) [L."afflat-", "afflare"] دم کرنا ؛ پھونکنا ۔

Afflated : (a) الہام شدہ ؛ ملہم ۔

Afflation : (n) (۱) الہام ۔ (۲) (عضویات) سانس ؛ دم ۔

Afflatus : (n) [L.] (۱) الہام ؛ علم لدنی ؛ القاء ۔ (۲) قابو میں آ جانے والی تحریک ؛ غالب آ جانے والی تحریک ۔

Afflict : (v) تکلیف دینا ؛ مصیبت میں ڈالنا ؛ (جسمانی یا ذہنی) ایذا پہنچانا ؛ مبتلا کر دینا ؛ پریشان کرنا ؛ غمگین کرنا ؛ آزردہ کرنا ۔

Afflicted : (a) مصیبت زدہ ؛ پریشان ؛ آزردہ ؛ مبتلا ؛ مقہور ۔

Afflicter : (n) تکلیف دہ ؛ موذی ؛ ایذا رساں ۔

Affliction : [L."afflictionem"] (۱) مصیبت ؛ قہر ؛ آفت ؛ بپتا ۔ (۲) دکھ ؛ درد ؛ تکلیف ؛ بلا ؛ غم زدگی ؛ پریشانی ۔

Afflicting : (a) ایذا رساں ؛ مصیبت رساں ؛ درد ناک ۔

Afflictingly : (adv) ایذا رسانی کے ساتھ ؛ درد ناک طور پر ۔

Afflictive : (v) مصیبت ناک ؛ درد ناک ؛ بلا خیز ؛ ایذا رساں ؛ سخت ۔

Affloof : (adv) [aff (alt. of off) + loof.] بغیر تیاری کے ۔

Affluence : (n) [L."affluentem"] کثرت ؛ زیادتی ؛ بہتات ؛ دھن ؛ دولت ؛ ثروت ؛ فراوانی ؛ وفور ۔

Affluent : (a) [L."affluentem"] (۱) رواں ؛ جاری ؛ بہتا ہوا ۔ (۲) بہت زیادہ ؛ کثیر ۔ (۳) مالدار ؛ دولت مند ؛ متمول ؛ مالا مال ۔ (٤) معاون ندی ؛ وہ ندی جو دوسری ندی میں جاکر ملے ۔

Affluently : (adv) افراط سے ؛ کثرت سے ؛ بہتات سے ۔

Afflux : (n) [L."affluxus"] (۱) بہاؤ ؛ سیلان (خاص کر رطوبت کا) ۔ (۲) جریان ؛ ریزش ۔ (۳) توقیر ؛ اضافہ ۔

Afforce : (v) [ME."aforce","L."exfortiare", "ad + fortiare"] نئے رکن کے اضافہ سے قوت بڑھانا ۔

Afforcing the assize : جیوری میں اضافہ کرنا ۔

Afford : (v) [OE."af + for -ian"] (۱) مستطیع ہونا ؛ مالی حیثیت رکھنا ؛ مقدور رکھنا ؛ گنجائش رکھنا ۔ (۲) (چیزوں کے متعلق) گنجائش نکالنا ؛ مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ دینا ۔ (۳) بہم پہنچانا (مثلاً درختوں کا پھل یا سمندر کی مچھلیاں بہم پہنچانا) ۔

Affordable : (a) گنجائش نکالنے کے قابل ؛ مہیا کرنے کے قابل ۔

Afforest : (v) [L."afforestare,"f."ad + foresta"] کسی زمین کو جنگل بنانا ؛ شکار گاہ بنانا ۔

Afforestation : (n) (۱) جنگل سازی ؛ جنگل کا شکار گاہ میں تبدیل کرنا ؛ شجرکاری ؛ جنگل کاری ۔ (۲) (انتظامیہ) جنگل لگانا ؛ تشجیر ۔

Afforestation officer : (n) (انتظامیہ) افسر تشجیر ۔

Affranchise : (v) [Fr."afranchiss-","afranchir"] (۱) آزاد کرنا ؛ نجات دلانا ؛ (غلامی یا کسی اور پابندی سے) معاف کرنا ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) ووٹ کا حق دینا ؛ آزاد کرنا ۔

Affranchisement : (n) نجات ؛ آزادی ۔

Affray : (n) [Anglo-Fr." afrayer" late. L."exfridare"] نقص امن ؛ ہنگامہ ؛ بلوا ؛ کشت و خون ؛ غوغا ؛ کسی شارع عام میں جھگڑے یا دنگا فساد کے ذریعہ نقص امن ۔

Affreight : (v) [Fr "affreter"] مال و اسباب لے جانے کے لئے جہاز کرایہ پر لینا ۔

Affreighter : (n) جہاز کرایہ پر لینے والا ۔

Affreightment : (n) جہاز کرایہ پر لینا ؛ پیمان نامہ کرایہ کشتی ۔

Contract of affreightment : (تجارت) معاهده کرایہ جہاز ۔

Affricate : (n) [L. "affricatus"] مقیدی ؛ ادغام ۔

Affricated : (a) مقید ؛ مدغم ۔

Affrication : (n) ادغام ؛ کسی حرف کا تلفظ دوسرے حرف میں مخلوط ہو جائے جیسے Eighth میں 'th' Ridgh میں dg ۔

Affricative : (a) قابل ادغام ۔

Affright : (v) [A prep.+FRIGHT] (متروک) ڈرانا ؛ خوف زدہ کرنا ۔

Affright : (n) ڈرانا ؛ خوف زدہ ؛ وحشت ؛ ہول ۔

Affrighted : (a) وحشت زدہ ؛ خوف زدہ ؛ دہشت زدہ ۔

Affrightedly : (adv) خوفزدہ ہو کر ؛ دہشت زدہ طورپر ۔

Affrighter : (n) ڈرانے والا ؛ خوفزدہ کرنیوالا ۔

Affrightment : (n) ہول ؛ خوف ؛ دہشت زدگی ؛ وحشت ۔

Affront : (v) [L."affrontare",f."ad rontem"] (۱) برملا رسوا کرنا ؛ روبرو توہین کرنا ؛ بے آبرو کرنا ؛ ہتك عزتی کرنا ؛ منہ پر گالی دینا ؛ بے حرمتی کرنا ۔ (۲) شرمندہ کرنا ؛ چھپانا ۔ (۳) مقابلہ کرنا ؛ سامنے آنا ؛ تمرد یا گستاخی کرنا ؛ بالمقابل ہونا ۔

Affront : (n) (۱) برملا رسوائی ؛ توہین ؛ ہتك عزتی ؛ بےحرمتی ؛ عمداً گستاخی کا قول و فعل ۔ (۲) گستاخی ؛ اہانت ؛ تمرد ۔

Affronte / Affrontee : (a) [Fr."affronte"] (نقابت) رو در رو ۔

Affronted : (a) رسوا کیا ہوا ؛ ہتك عزتی کیا ہوا ۔

Afforntedly : (adv) بے شرمی سے ؛ بے حیائی سے ۔

Affrontedness : (n) بے حیائی ؛ ہتك عزتی ؛ رسوائی ۔

Affrontee : (n) جسے رسوا کیا جائے ؛ جسے بے آبرو کیا جائے ؛ جس کی توہین کی جائے ؛ (نقابت) پیش تا پیش ؛ رو در رو ؛ آگے کی جانب دیکھتا ہوا ۔

Affronter : (n) رسوا کرنے والا ؛ ہتاکی ؛ توہین کرنے والا ؛ بے حرمتی کرنے والا ؛ توہین کنندہ ؛ دشنام دہندہ ؛ ہتاك ۔

Affronting : (a) رسوا کرنے والا ؛ مقابل ؛ کھلم کھلا ؛ جارحانہ ؛ برملا توہین آمیز ؛ گستاخانہ ۔

Affrontingly : (adv) مقابلہ کرکے ؛ کھلم کھلا ؛ جارحانہ طور پر ؛ گستاخانہ طور پر ۔

Affrontingness : (n) توہین آمیز طرز ۔

Affrontive : (a) توہین آمیز ؛ دشنام آمیز ۔

Affuse : (v) ڈھالنا ؛ انڈیلنا ؛ چھڑکنا (پانی وغیرہ) ۔

Affusion : (n) [L."affusionem"] (۱) انڈیلنا ؛ ڈالنا ؛ اوپر بہانا ؛ تو کرنا ۔ (۲) (طب) بخار اتارنے کےلئے یا بپتسمے کے ایك طریقہ میں جسم پر پانی ڈالنا ؛ ریزش ؛ انسکاب ۔

Afield : (adv) [A prep.+ FIELD] (۱) میدان میں یا کھیت میں (خاص کر مزدور یا جنگ کے لئے) ۔ (۲) میدان میں یا کھیت کی طوف ۔ (۳) گھر سے دور ؛ گھر سےباہر ؛ پردیش میں ؛ کالے کوس ۔

Afire : (a & adv) [A prep.+ Fire] آگ پر یا آگ میں ؛ جلتا ہوا ؛ آتش گرفتہ ؛ مشتعل ؛ سوزاں ۔

Aflame : (a & adv) [A prep.+ Flame] شعلہ میں ؛ بھڑکتا ہوا ؛ دہکتا ہوا ؛ مشتعل ؛ فروزاں ؛ شعلہ ور ؛ جلتا ہوا (جس میں سے آنچیں نکلتی ہوں) ؛ سوزاں ۔

Aflat : (adv) [A prep + Flat] چپٹی حالت میں ؛ مسطح طور پر ؛ سپاٹ حالت میں ۔

Aflaunt : (adv) [A prep.+ Flaunt] غرور یا شیخی کی حالت میں ؛ مغرورانہ طور پر ؛ اترانے کی حالت میں ؛ کبر و نخوت کی حالت میں ۔

Aflicker : (a) [A prep.+ Flicker] جھلملاتے ہوئے ؛ کانپتے ہوئے ؛ ٹمٹماتے ہوئے ۔

Afloat : (a & adv) [A+FLOAT] (۱) بہتے ہوئے ؛ رواں ؛

جاری ؛ سمندر میں ؛ جہاز میں ؛ تیرتا ہوا ؛ اڑتا ہوا ؛ شناور ۔ (۲) لبریز ؛ پانی سے بھرا ہوا ؛ ڈوبا ہوا ۔ (۳) مطمئن ؛ پرسکون ؛ گھبراہٹ سے خالی ؛ سبکدوش ہونا (قرضوں وغیرہ سے) ۔ (٤) شروع کیا ہوا ؛ زوروں سے ؛ زورسے ؛ پوری شدت کے ساتھ ؛ پورا ۔ (٥) رائج ؛ عام ؛ مشہور ؛ دائر ؛ رواج ۔ (٦) حرکت میں ؛ متحرک ؛ چلتاپھرتا ؛بہتاہوا ۔ (۷) قابل بیع و شری (دستاویز وغیرہ کا) ۔ (۸) متزلزل ؛ مذبذب ؛ بےٹھکانے ؛ ادھر ادھر بہنے والا ۔ (۹) (تجارت و معاشیات) بر آب ۔

Aflower : (a&adv) [A prep.+ Flower] پھول دار؛ کھلنے والا ؛ کھلتے ہوئے ۔

Aflutter : (a) [A prep.+ Flutter] گھبراھٹ اور اضطراب میں ؛ پریشانی کے عالم میں ۔

Afoam : (a) [A prep.+ foam] جھاگ دار؛ کف دار ؛ جھاگ کی حالت میں ؛ کف کی صورت میں ۔

Afond : (a) بے برگ ۔

Afoot : (a & adv) [A prep.+ Foot] (۱) پیدل ؛ پاؤں پاؤں ؛ پاپیادہ ۔ (۲) چلتا ہوا ؛ حرکت میں ۔ (۳) (کام میں، عمل میں) جاری ؛ چلتا ؛ چالو ۔

To set afoot : حرکت میں ڈالنا ؛ متحرک کرنا ؛ کام میں ڈالنا ۔

Afore : (adv/prep/conj) [oE.onforan] (۱) (جہازرانی) سامنے ؛ آگے ؛ پیش ؛ پیش جہاز ۔ (۲) (متروک) قبل ؛ پیشتر ؛ پہلے ؛ اگلے زمانوں میں ۔ (۳) پہلے ۔ (٤) بالافزوں (درجہ میں) ۔ (٥) جلد تر ۔

Afore-hand : (adv)[Afore - prep.+ Hand] قبلاً ؛ توقع میں ۔

Afore-said : (a) (تاریخ و سیاسیات و انتظامیہ) مذکورہ ۔

Afore-thought : (a&n) [Afore adv+thought] (۱) سوچا سمجھا ؛ پیش اندیشیدہ ؛ قبل سے سوچا ہوا ۔ (۲) پیش اندیشی ۔

Afore-time : (adv) [AFORE adv.+ time] قبل از وقت ؛ قبلاً ؛ سابقاً ؛ پیش تر ۔

Afortiori : (a) [L.] (۱) زیادہ مدلل ؛ زیادہ وثوق کے ساتھ ؛ حتماً (۲) (فلسفہ ونفسیات) توثیق مزید ؛ بطریق اولی ۔

Afraid : (a) [pa. pple. of afray] خوفزدہ ؛ ڈرا ہوا ؛ دھشت زدہ ؛ خائف ۔

Afreet /-it /-ite : (n) [Arab] عفریت ۔

Afresh : (adv) تازہ بہ تازہ ؛ ازسر نو ؛ دوبارہ ؛ پھر سے ؛ نئے سرے سے ۔

African : (n & a) [L."africanns"] افریقی ۔

Africander : (n) جنوبی افریقہ کا ولندیزی باشندہ ؛ ولندیزی نژاد افریقی باشندہ ؛ یورپی نژاد افریقی ؛ فرنگی نژاد افریقی ۔

Africander Bond / Bund : (n) افریقی باشندوں کے مفاد کی تحریک جس کا منشا یہ ھے کہ ریاستہائے متحدہ افریقہ قائم ہو جائیں ؛ تحریک اتحاد افریقہ ۔

Africanism : (n) افریقیت ۔

Africanize : (v) افریقی بنانا ۔

Afrikaans : (n) [Du.] جنوبی افریقہ میں بولی جانیوالی ڈچ (ولندیزی) زبان کی ایک قسم ۔

Afro-Asian Conference : (تاریخ و سیاسیات) افریشیائی کانفرنس ۔

Afshar : (n) ایک قسم کا موٹا کمبل ۔

Aft : (adv) [OE."aftan"] (جہازرانی) دنبالہ جہاز میں ؛ عقبی حصہ میں یا اسکے نزدیک ۔

After : (adv) [OE."after"] (۱) پیچھے ؛ عقب میں ۔ (۲) پیچھے پیچھے ؛ تعاقب میں ۔ (۳) عقباً ؛ بعداً ؛ پیچھے ؛ بعد میں ۔

Named after : (کسی کے) نام پر نام رکھنا ۔

After : [OE.] (۱) بعد کا ؛ پیچھے کا ؛ متعاقب ۔ (۲) (جہاز رانی) عقبی ؛ پچھلا ۔

After : (prep) (۱) درپے ؛ مانند ؛ مطابق ؛ بہ موافق ۔ (۲) درجہ میں نیچے ؛ دوسرا (برتری کے اعتبار سے) ۔ (۳) پیچھے (وقت یا مقام میں) ۔ (٤) بعد میں ۔

After : (conj) جب ؛ جس وقت کہ ۔

After : (n) — Afternoon کا مخفف ؛ سہ پہر ۔

After action : (n) — فعل مابعد ۔

After all : (adv) — بایں همه ؛ بهرحال ؛ به سبب سهی ؛ تاهم ؛ آخر کو ؛ پهر بهی ۔

After band : (n) — رهائی کے بعد کا مچلکه ۔

After-birth : (n) — (۱) مشیمه ؛ آنول نال ؛ (وه جهلی جس میں رحم کے اندر جنین ملفوف رهتا هے ۔(۲) باپ کے مرنے یا اس کی آخری وصیت کے بعد کی پیدائش ۔(۳) تاخیر سے پیدا هونیوالے بچے ۔

After born : (a) — باپ کے مرنے کے بعد یا اس کی آخری وصیت کے بعد پیدا هونیوالا (لڑکا) ۔

After brain : (n) — پس دماغ ؛ پچهلا بهیجا ۔

After care : (n) — (فلسفه و نفسیات) بعد کی دیکھ بهال ؛ (طب) احتیاط مابعد ۔

After care home : (n) — (سماجیات) بعد کی دیکھ بهال کا گهر؛ (انتظامیه) مقام احتیاط ما بعد ۔

After clap : (n) [ME] — ناگهانی واقعه ؛ کسی واقعه کے بظاهر خاتمے کے بعد کاناگهانی واقعه ۔

After-course : (n) — رات کے کهانے کا آخری دور ؛ آخری دور ۔

After date : (adv) — (تجارت و معاشیات) بعد تاریخ ؛ پس تاریخ ۔

After-dinner : (n) — سه پهر ۔

After discharge : (n) — پس اخراج ۔

After-catage : (n) — فصل کٹنے کے بعد کی گهاس ۔

After effect : (n) — پس اثر ؛ اثر مابعد ۔

Ater-game : (n) — پهلی بازی سے بهتر نتیجه حاصل کرنے کے لئے دوسری بازی ۔

After-glow : (n) — (۱) شفق ؛ شام ؛ دهندلکا ۔(۲) پس چمك ۔

After-grass : (n) — وه گهاس جو پهلی فصل یا کٹائی کے بعد اُگے ۔

After growth : (n) — بعد کی نشو ونما ۔

After guard : (n) — جهاز کے وسطی اور پچهلے عرشے پر تعینات اشخاص جو عقبی بادبان کی دیکھ بهال کرتے هیں ۔

After-hours : (a) — اوقات کار ختم هونے کے بعد مشغول هونے والا ۔

After image : (n) — (۱) پس دیده ؛ وه تصویر جو آنکھ میں کسی چیز کو دیکهنے کے بعد ره جاتی هے ؛ (۲) (فلسفه و نفسیات) شبیه ما بعد ؛ امثال ما بعد ۔

Negative after image : — (فلسفه و نفسیات) منفی شبیه ما بعد ۔

Positive after image : — (فلسفه و نفسیات) مثبت شبیه ما بعد ۔

After-knowledge : (n) — واقعه هو جانے کے بعد کی اطلاع ۔

After-leech : (n) — بادبان کا پچهلا کنارا ۔

After-life : (n) — زندگی مستقبل ؛ آئنده زندگی ؛ زندگی کا آخری حصه ؛ عاقبت ۔

After liver : (n) — پس مانده ؛ باقی مانده ؛ بچ رهنے والا ۔

After one's own heart : — حسب منشا ؛ حسب مراد ؛ حسب دل خواه ۔

After-pain : (n) — پس درد ؛ وه درد جو بعد میں پیدا هو خصوصاً بچه کی ولادت کے بعد ؛ درد بعد زه ۔

After-piece : (n) — کسی ڈراما کے بعد آخری ظریفانه مزاحیه نقل ۔

After-reckoning : (n) — پس از حساب ؛ بعد شمار ۔

After-roll : (n) — طوفان کے بعد کی موج کی لهر ۔

After-shaft : (n) — پس ساق ۔

After-supper : (n) — رات کے کهانے اور سونے کا درمیانی وقت ۔

After winter : (n) — جاڑے کا پلٹاؤ ۔

After wise : (a) — عقل جو واقعه کے بعد آئے ؛ وه جس کو واقعه کے بعد عقل آئے ۔

After-wit : (n) — عقل کاهل ؛ عقل جو واقعه کے بعد آئے ۔

After-wort : (n) بیئر شراب کا دوسرا دور ۔

After wrist : کف دست ؛ پشت دست ؛ انگلیوں اور کلائی کے بیچ کا حصہ ۔

Aftercrop : (n) ایک موسم میں دوسری فصل ؛ فصل دوم ؛ پچھیتی فصل ۔

Afterdamp : (n) دم گھونٹ گیس، یعنی وہ دھواں جو کسی کان میں دھماکہ کے بعد پیدا ہو ؛ پس گیس ۔

Afterings : (n) گائے کو دوھنے میں دودھ کا آخری حصہ ۔

Aftermast : (n) عقبی مستول ۔

Aftermath : (۱) دوسری یا بعد کی کٹائی ؛ گرمی کے آغاز میں کٹائی کے بعد اگنے والی گھاس ۔ (۲) (مجازاً) نتیجہ ؛ اثر ۔

Aftermost : (a) [OE.] (۱) عقب ترین ؛ پست ترین ؛ سب سے پچھلا ۔ (۲) (جہاز رانی) وہ حصہ جو دنبالے کے سب سے قریب ہو ۔

Afternight : (n) شام ۔

Afternoon : (n) بعد از ظہر ؛ عصر ؛ سہ پہر ۔

Aftersale / service : (n) (تجارت) بعد فروخت خدمت ۔

Aftersensation : (n) (فلسفہ ونفسیات) احساس مابعد ۔

Negative aftersensation : (فلسفہ و نفسیات) منفی احساس مابعد ۔

Positive aftersensation : (فلسفہ و نفسیات) مثبت احساس ما بعد ۔

Aftershine : (n) دیکھو After - glow

Aftershow : (n) باضابطہ تماشا کے بعد سرکس میں پیش کی جانے والی مختصر تفریح ۔

Aftersight : (n) (معاشیات) پس درشنی ؛ دیکھ بھال کر ؛ (تجارت) دیکھنے کے بعد ؛ بعد از نظر ۔

Aftersound : (n) (لسانیات) ما بعد آواز ۔

Aftersum : (n) روپیہ جمع کرنے کے بعد کا زر ثمن ۔

Aftertaste : (n) کھانے کے بعد کا ذائقہ ۔

Afterthought : (n) (۱) پس اندیشی ؛ بعد کا خیال (وہ خیال جو کام ختم کرنے کے بعد آئے) ۔ (۲) بعد کی توجیہ ؛ نقطہ بعد از وقوع ؛ فکر بعد ۔

Aftertime : (n) آئندہ ۔

Afterward : (adv) [OE."aftererd"] بعداً ؛ اسکے بعد ؛ اسکے پیچھے ؛ پھر ؛ بعد ۔

Afterwards : (adv) بعد ازاں ؛ بعد کو ۔

Afterwhile : (adv) بعدہ ۔

Afterword : (n) حرف آخر ۔

Afterworld : (n) موت کے بعد کی دنیا ؛ دوسری دنیا ۔

Ag -: سابقہ (-AD کی ایک صورت جو g سے شروع ہونے والے مادوں کے ساتھ استعمال ہوتی ہے) ۔

Aga / Agha : (n) [TURK.] آقا ؛ عثمانی فوج کا سردار ۔

Again : (adv) [OE."onzean","onzen"] (۱) پھر ؛ دوبارہ ؛ باز ؛ دوہرا کے ؛ پھر سے ۔ (۲) از سرنو ؛ سابق ؛ بہ علاوہ ؛ مکرر ؛ باربار ؛ کئی مرتبہ ۔ (۳) علاوہ بریں ؛ مزید برآں ؛ اسکے علاوہ ؛ نیز ۔ (٤) دوسری جانب ؛ دوسری طرف ؛ برخلاف اس کے ۔ (٥) بدلے میں ؛ جواب میں ۔ (٦) بدلے میں ؛ جواب میں ؛ بطور جواب کے ؛ بطور بازگشت ۔ (۷) تناسب سے ؛ نسبت سے ؛ اتنا ھی ؛ مساوی ۔

Time and again : باربار ؛ کئی مرتبہ ؛ علی التواتر ؛ متواتر ۔

As much again : اتنا ھی اور ؛دوگنا؛ دونا ؛ دو چند ؛ المضاعف ۔

Ever and again : کبھی کبھی ؛ گاھے گاھے ۔

Now and again : اکثر ۔

Half as much again : ڈیوڑھا ۔

Again and again : بار بار ؛ متواتر ۔

Against : (prep) [OE."ayen+es+-t"] (۱) برخلاف ؛ بمقابلہ ؛ برضد ؛ خلاف ؛ بر عکس ۔ (۲) تقابل میں ؛

مقابلہ میں ؛ تضاد میں ؛ مقابل ؛ مخالف ۔ (۳) قبل از قبل ؛ بطور پیش بندی یا تیاری ۔ (٤) متصل ؛ ملحق ۔ (٥) متصادم ؛ ٹکراتے ہوئے ۔ (٦) مقابل ؛ آمنے سامنے ۔ (۷) بدلے میں ؛ عوض میں ۔

Against all risks : برائے جملہ خطرات ۔

Agalactia : [Gr."agalaktia"] غیر نبنیت ؛ بے شیری ۔

Agalactous : (a) [Gr."a+galact"+-ous] کم شیر ؛ بے شیر ۔

Agalaxy : (n) [Gr."agalaxia=agalactia"] کم شیری ؛ ولادت کے بعد ماں کو دودھ نہ ہونا ؛ بے شیری ۔

Agalmatolite : (n) [Gr."agalma+lithos"] نرم پتھر جس پر آسانی سے کھدائی ہو سکتی ہو ۔

Agama : (n) [Carib] ایک قسم کی چھپکلی ۔

Agamete : (a) [[Gr."agamelos"] (حیوانیات) غیر زواجی ۔

Agami : (n) [Fr."agamy"] اگامی ؛ ایک امریکی پرندہ جو سارس کی طرح ہوتا ھے اور زور سے بولتا ھے ۔

Agamic : (a) [Gr."agamos"] بے جنسہ ؛ بے جنسی (جس میں فعل مباشرت کی صلاحیت نہ ہو) ؛ جنسی اتصال کےبغیر زائیدہ گمزاد ۔

Agamically : (adv) بغیر جنسی اتصال کے جنم لئے ہوئے انداز میں ۔

Agamogenesis : (n) [Gr."agamos+genesis"] جنسی عمل کے بغیر پیدائش ؛ بے جنسی ولادت ؛ غیر زواجی تولید ۔

Agamogenetic : (a) بے جنسی ولادت سے متعلق ؛ غیر زواجی تولید ۔

Agamogenetically : (adv) بے جنسی ولادت کے طور پر ۔

Agamogony : (n) ["agam-+gony"] (حیوانیات) غیر زواجی تولید ؛ غیر زواجی تولد ۔

Agamogynomonoecism : (n) غیر زواج یک صنفیت ۔

Agamohermaphroditism : (n) غیر زواج دو صنفیت ۔

Agamous : (n) [Gr."agamos"] نرلنگی ؛ وہ جانور جس میں نر اور مادہ کی علامت موجود نہ ہو ؛

فاقد آلۂ جنسی ؛ گمزاد ؛ غیر زوجی ۔

Agamy : (n) [Gr."agamia"] عدم رشتہ ازدواجی یا عدم تسلیم رشتہ ازدواجی ۔

Aganglionic : (a) وہ جس میں اعصابی عقدہ نہ ہو ۔

Aganippe : (n) (۱) فنون لطیفہ کی دیویو ں کیلئے کوہ ہیلیکون کا ایک متبرک چشمہ ۔ (۲) (مجازاً) قوت شعری ؛ طرز شعر ۔

Agape : (n) [Gr.] (۱) عہد محبت ؛ عہد دوستی ؛ جشن عشائے ربانی ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) وہ دعوت جو قدیم عشائے ربانی کے سلسلے میں ہوا کرتی تھی ؛ اگاپے ۔

Agape : (a) [A prep.+GAPE] (۱) کھلا ہوا ؛ چوپٹ ۔ (۲) (مجازاً) بھوچك ؛ ششدر ؛ حیران ؛ مبہوت ؛ متعجب ۔

Agaphite : (n) [named after agaphi-a naturalist] فیروزہ کی ایک قسم ۔

Agapornis : (n) [Gr."agape+ormis"] چھوٹی دم والےافریقی طوطے کی ایک قسم ۔

Agar-agar : (n) [Malay] اگر ۔

Agaric : (n) [Gr."agaricon"] کوکرمتا ؛ مغاریقون ؛ سماروغ ؛ سانپ کی چھتری ؛ کھمبی ؛ فطر ۔

Agasp :(a) [A prep.+GAPS] ھانپتے ہوئے ۔

Agastric : (a) [Gr."a+gaster"] بے شکم ؛ بے معدہ ؛ جس میں معدہ نہ ہو ۔

Agate : (n) [L."achates"] (۱) عقیق ؛ نیم شفاف جوھر دار پتھر ؛ (کیمیا) سنگ سلیمانی ؛ عقیق یمنی ؛ یشب ۔ (۲) صیقل کرنے کا ایک آلہ جس کو سونے کے تار کھینچنے والے استعمال کرتے ھیں ؛ تار کشوں کا اوزار جس سے سونے کے تار کو دمکاتے ھیں ۔ (۳) (امریکہ) ایک قسم کا ٹائپ جس کو انگلستان میں Ruby کہتے ھیں ۔

Agate : (adv) [A prep.+Gate] حرکت میں ؛ راہ میں ؛ چلتے ہوئے ؛ روبراہ ۔

Agate shell : (n) گھونگے کی ایک قسم ۔

Agated : (a) عقیق کیطرح نشان بنایا ھوا ۔

Agathism : (n) [Gr."agath-os"+-ism.] (۱) یہ عقیدہ کہ ساری اشیاء مائل بخوبی ھیں ؛ عقیدہ رجائیت سے ممیز ۔ (۲) خیر پرستی ۔

Agatho : واصلہ بمعنی "اچھا" ۔

Agathobiotic : (فلسفہ ونفسیات) حیات صالحہ ۔

Agathodaemon /-demon : (n) [Gr."agathodaemon"] فیض رساں دیوتا ۔

Agathokakological : (a) [Gr."agatho-s+kako-s+logical"] خیر و شر سے مرکب ۔

Agathology : (n) ["agath+logy"] (فلسفہ و نفسیات) نظریہ خیر ۔

Agatiferous : (a) ["Agate + Ferous"] عقیق پیدا کرنیوالا ؛ عقیق رکھنے والا ؛ عقیق زا ۔

Agatiform : (a) ["Agate +1Form"] عقیق کی مانند ؛ عقیق کی شکل کا ۔

Agatine : (a) ["Agate + ine"] عقیق کی مانند ۔

Agatize : (v) عقیق بنانا ؛ عقیق نمابنانا ۔

Agatized : (a) عقیق نما بنایا ھوا ؛ عقیق میں تبدیل کیا ھوا ۔

Agaty : (a) مثل عقیق ؛ مانند عقیق ۔

Agave : (n) [Gr."Agave"] نباتات کی ایک جنس جس میں امریکی ایلوا(Aloe) بھی شامل ھے ۔

Agaze : (a) [A + Gaze] گھورتا ھوا ؛ آنکھیں پھاڑے ھوئے ؛ ٹکٹکی باندھے ھوئے ؛ خیرہ ؛ نگراں ۔

Age : (v) [OF."aage","eage","edage"] بوڑھا کر دینا ؛ بوڑھا ھو جانا ۔

-age : (suffix) لاحقہ مختلف معنوں میں آتا ھے ۔

Age : (n) [OFr.] (۱) عمر ؛ سن ؛ زندگی کی مدت ؛ سن بلوغ ۔ (۲) بڑھاپا ؛ پیری ؛ ضعیفی ؛ عمر کا آخری حصہ ؛ سال خوردگی ؛ کہنگی ؛ کہن سالی ۔ (۳) پیڑھی ؛ پشت ؛ نسل ۔ (٤) (تاریخ و ارضیات) زمانہ ؛ عہد ؛ عصر ؛ دور ؛ صدی ؛ قرن ؛ جگ ۔ (۵) (محاورہ جمع میں) مدت مدید ؛ زمانہ دراز ؛ عرصہ ؛ برسوں ؛ ایک عمر ۔ (٦) بلوغ ؛ سن رشد ۔ (۷) (تاریخ) جگ ۔

Accomplishment age : (فلسفہ و نفسیات) عمر تکمیل ۔

Admission age : (فلسفہ و نفسیات) عمر داخلہ ۔

Admitted age : تسلیم شدہ عمر ۔

Basal age : (فلسفہ و نفسیات) اساسی عمر ۔

Brass age : (تاریخ) پیتل کا دور ۔

Bronze age : (تاریخ) کانسہ کا دور۔

Late Bronze age : (تاریخ) کانسہ کا دورمابعد ۔

Cenozoic / Cainozoic age : (تاریخ) کینوزواک نیا ارضیاتی دور ۔

Chalcolichic age : (تاریخ) پتھر تانبے کا دور ۔

Change of age : (تجارت) تبدیلی عمر ۔

Classical age : (تاریخ) کلاسیکی دور۔

Copper age : (تاریخ) تانبے کا دور ۔

Crude stone age : (تاریخ) ان گھڑ پتھر کا دور ۔

Dark age : (تاریخ) دور تاریک ۔

Epic age : (تاریخ) رزمیہ دور؛ ایپک دور ۔

Gang age : (سماجیات) گروھی عمر ؛ گروھی سن ۔

Glacial age : (تاریخ) گلیشیائی دور ۔

Golden age : (تاریخ) سنہرا دور ۔

Group age : (سماجیات) جماعتی عمر ۔

Heroic age : (تاریخ) دور شجاعت ؛ ویر جگ ۔

Ice age : (تاریخ) برف کا دور ۔

Iron age : (تاریخ) لوھے کا دور ۔

Age grade report : (فلسفہ و نفسیات) رپورٹ بلحاظ عمر ۔

Age grade survey : (فلسفہ و نفسیات) جائزہ بلحاظ عمر ۔

Age limit : (n) (تاریخ و سیاسیات) عمر کی قید ؛ (انتظامیہ) حد عمر ۔

Age norm : (n) (فلسفہ و نفسیات) اوسط کارگزاری بلحاظ عمر ۔

Age of chivalry : (تاریخ) شجاعت کا دور ۔

Age of consent : (سماجیات) رضامندی کی عمر ؛ سن رضامندی ۔

Age of discretion : سن شعور ۔

Age of enlightment : (تاریخ) روشن خیالی کا دور۔

Age of mammals : (تاریخ) دودھ پلانیوالے حیوانات کا دور ۔

Age of maximum criminality : (سماجیات) انتہائی جرم پسندی کی عمر ۔

Age of pyramids : (تاریخ) اہرام کا دور ۔

Age of reason : (تاریخ) عقلیت کا دور ۔

Age of retirement : (انتظامیہ) ریٹائر ہونے کی عمر ؛ مدت ملازمت ختم ہونے کی عمر ؛ سبکدوش ہونے کی عمر ۔

Age-old : (a) قدیم؛ پرانا ۔

Age record : (n) (فلسفہ و نفسیات) عمر ریکارڈ ۔

Age scale : (n) (فلسفہ و نفسیات) عمر پیمانہ ۔

Aged : (a) (۱) پیر ؛ سال خوردہ ؛ مسن ؛ معمر ؛ کہن سال ؛ کبیر سن ؛ سن رسیدہ ۔ (۲) محض عمر کی مدت ظاہر کرنےکے لئے جیسے تیرہ برس کا (aged thirteen) ۔

Agedly : (adv) پیرانہ ؛ کہن سالگی سے ۔

Agedness : (n) پیری ؛ سال خوردگی ۔

Ageing : (a) (۱) مائل بہ ضعیفی ؛ مائل بہ پیری ؛ (کیمیا) پرانا ہونا ۔

Mental age :- (M.A) (فلسفہ و نفسیات) ذہنی عمر ۔

Metal age : (تاریخ) دھات کا دور ۔

Middle stone age : (تاریخ) پتھر کا وسطی دور ۔

Modern age : (تاریخ) دور جدید ۔

Moon's age : جتنے دنوں کا چاند ہو ۔

Neolithic age : (تاریخ) پتھر کا نیا دور ۔

Over age : مقررہ عمر سے زائد ۔

Palaeanthropic age : (تاریخ) قدیم انسان کا دور ۔

Palaeozoic age : (تاریخ) ماقبل حیات دور ۔

Physiologic age : فعلیاتی عمر ۔

Pleistocene age : (تاریخ) پلسٹوسین دور ۔

Prehistoric age : (تاریخ) ماقبل تاریخ دور ۔

Protohistoric age : (تاریخ) تاریخ کا اولین دور ۔

School leaving age : (فلسفہ و نفسیات) اسکول چھوڑنے کی عمر ۔

Stone age : (تاریخ) پتھر کا دور ۔

Teenage : (سماجیات) عہد طفلی ؛ بچپن کا دور ۔

Under age : مقررہ عمر سے کم عمر ؛ خرد سال ؛ نابالغ ؛ صغیر ۔

Age and area theory : (لسانیات) نظریہ عصر و علاقہ ۔

Age -area-hypothesis : (لسانیات) مفروضہ عصر و علاقہ ۔

Age class : (n) (سماجیات) عمر طبقہ ۔

Age distribution : (n) (سماجیات) انتشار عمر ۔

Age entry : (n) (انتظامیہ) اندراج عمر ۔

Age for sufferage : (انتظامیہ) عمر رائے دہی ؛ (تاریخ و سیاسیات) ووٹ دینے کی عمر ۔

Age grade : (n) (سماجیات) درجہ عمر ۔

Agelast : (a) [Gr."agelastos"] وہ جو ھنستا نہ ھو ۔

Ageless : (a) سدا جوان ؛ جواں نما ۔

Agelong : (a) مدت مدید کا ۔

Agen : شعر میں لفظ again کا مختصر تلفظ ۔

Agency : (n) [med. L.agentia facultas agendi] (۱) فعالیت ؛ عاملیت ؛ نمائندگی ؛ وکالت ؛ ماموریت ۔ (۲) وسیلہ ؛ ذریعہ ؛ سبب ؛ واسطہ ؛ توسط ۔ (۳) (معاشیات) آڑھت ؛ منیمی ؛ کارندہ یا گماشتہ ھونا ؛ گماشتگی ؛ پیشکاری ۔ (٤) ا یجنسی ؛ کار خانہ ؛ دکان ؛ کارگذاری ؛ آڑھت ۔ (٥) (کامرس) شاخ ۔

Agency and branch cash book : (تجارت و معاشیات) ایجنسی اور شاخ روکڑ بہی ۔

Agency charges : (n) (تجارت و معاشیات) ایجنسی بار ۔

Agency commission : (n) (انتظامیہ) ایجنسی کمیشن ۔

Agency credit journal : (تجارت و معا شیات) ایجنسی جمع روز نامچہ ؛ ایجنسی کریڈٹ جرنل ۔

Agency debit journal : (تجارت و معاشیات) ایجنسی ڈیبٹ جرنل ۔

Agency ledger : (n) (تجارت) ایجنسی کھاتا بہی ۔

Agency tariff : (n) (تجارت) ایجنسی ٹیرف ؛ ایجنسی شرح نامہ ۔

Agenda : (n) [L."agendum"] (۱) جلسے کا کار روائی نامہ ؛ جلسے کا پیش نامہ ؛ یاد داشت نامہ ۔ (۲) (تاریخ، سیاسیات و انتظامیہ) ایجنڈا ؛ (جلسے کا) پیش نامہ ۔

Agenda committee : (n) (تاریخ و سیاسیات) ایجنڈا کمیٹی ۔

Agendum : (n) [L.] ایجنڈا ۔

Agenesic : (a) [f. next+ - ic] جسمانی اعتبار سے غیرمکمل طور پر نشو و نما یافتہ ؛ جسمانی طور سے ناقص نشو ونما سے متعلق ۔

Agenesis : (n) [Gr. "a+genesis"] جسم یا جسم کے کسی حصے کی ناقص نشو ونما ؛ نقص نمو ۔

Agennesis : (n) [Gr."a+gennesis"] مرد کا بانجھپن ؛ مرد کی نازائی یا عقیمی ؛ عنانت ۔

Agent : (n) [L. "agens","agere"] (۱) فعال ؛ عامل ؛ نمائندہ ؛ وسیلہ ؛ واسطہ ؛ ذریعہ ۔ (۲) گماشتہ ؛ وکیل ؛ امین ؛ کارگزار؛ پیشکار ؛ سفیر؛ مامور۔ (۳) منیب ؛ کارندہ ؛ کارکن ؛ قوت عاملہ ۔ (٤) (تاریخ، سیاسیات و کامرس) ایجنٹ ؛ (فلسفہ و نفسیات) فاعل ؛ (معاشیات) ٹھیکیدار ۔

Advertising agent : اشتہاری ایجنٹ ۔

Assembling agent : (تجارت) فراھمی ایجنٹ ۔

Auctioneering agent : (تجارت) نیلامی ایجنٹ ؛ فوجی ایجنٹ ۔

Buying agent : (تجارت) خرید ایجنٹ ؛ خریداری ایجنٹ ۔

Chemical agent : کیمیائی ایجنٹ ۔

Clearing agent : (تجارت) نکاسی ایجنٹ ؛ کلیرنگ ایجنٹ ۔

Commission agent : (تجارت) آڑھیتا ؛ کمیشن ایجنٹ ۔

Consular agent : (تاریخ و سیاسیات) قونصل ایجنٹ ؛ کانسل ایجنٹ ۔

Delcredere agent : (تجارت) ڈیل کریڈر ایجنٹ ۔

Exporting agent : (تجارت) بر آمد ی ایجنٹ ۔

Fiscal agent : (تجارت) مالیاتی ایجنٹ ۔

Forwarding agent : (تجارت) پیش رسی ایجنٹ ؛ فارورڈنگ ایجنٹ ۔

General agent : (تجارت) عام ایجنٹ ؛ جنرل ایجنٹ ۔

Importing agent : (تجارت) در آمدی ایجنٹ ۔

Insurance agent : (تجارت) بیمہ ایجنٹ ۔

Manufacturer's agent : ایجنٹ برائے صنعت کار ۔

Parttime agent : (تجارت) جز وقتی ایجنٹ ؛ پارٹ ٹائم ایجنٹ -

Political agent : سیاسی ایجنٹ -

Purchasing agent : خریداری ایجنٹ -

Resident agent : (تجارت) مقیم ایجنٹ -

Sales agent : (تجارت) بکری ایجنٹ ؛ فروخت ایجنٹ -

Sole agent : (تجارت) واحد ایجنٹ ؛ سول ایجنٹ -

Special agent : خاص ایجنٹ -

Surveying agent : (تجارت) سروے ایجنٹ ؛ جائزہ ایجنٹ -

Transfer agent : منتقلی ایجنٹ -

Travelling agent : (تجارت) سفری ایجنٹ -

Universal agent : (تجارت) عالمگیر ایجنٹ ؛ کل مختار ایجنٹ -

Whole-time agent : (تجارت) کل وقتی ایجنٹ -

Agent action : (n) (لسانیات) فاعلیت -

Agent de change : (n) [Fr.] صراف -

Agent-general : (n) ایجنٹ جنرل ؛ ریاستہائے آسٹریلیا اور کناڈا کے بعض صوبوں کی عمل برداری میں ہائی کمشنر کے ماتحت نمائندہ -

Assistant Agent General : (تاریخ) اسسٹنٹ ایجنٹ جنرل -

Agent noun : (n) (لسانیات) اسم فاعل -

Agent provocateur : (n) [Fr.] (تاریخ و سیاسیات) فتنہ پر اکسانے والا ؛ فتنہ انگیز -

Agential : (a) [L."agentia"+AL] عامل کا یا ایجنسی کا یا اس سے متعلق -

Agential case : (n) (لسانیات) فاعلی حالت -

Agentive nominal : (n) (لسانیات) فاعلی رسمیہ -

Agent's code NO. (n) (تجارت) ایجنٹ کا خفیہ نمبر ؛ ایجنٹ کا کوڈ نمبر -

Agent's confidential report : (تجارت) ایجنٹ کی خفیہ رپورٹ -

Agent's jurisdiction : (n) (تجارت) ایجنٹ کا دائرہ کار -

Agent's ledger : (n) (تجارت) ایجنٹ کا کھاتا بہی -

Agent's manual : (n) (تجارت) ایجنٹ کا دستور العمل -

Agents of production : عاملین پیداوار -

Agentship : (n) ایجنسی -

Ager : (n) مدو جزر ؛ سمندر کی لہر؛ جوار بھاٹا -

Agerasia : (n) [Gr."agerasia"] سداجوانی -

Ageratum : (n) [Gr."ageraton"] (۱) (جڑی بوٹی) ایک سدا بہار پھول جس کا علم قدیم لوگوں کو تھا - (۲) (نباتیات) پودوں کی ایک نوع -

Ages of culture : تہذیبی ادوار -

Ages of population : آبادی کے ادوار -

Ageustia : (n) [Gr."ageustia"] قوت ذائقہ کا فقدان ؛ عدم ذائقی ؛ بے ذائقی -

Agger : (n) [L.] ٹیلا ؛ فراز ؛ کسی لشکر کی مورچہ بندی ؛ لشکر پناہ -

Aggerate : (v) [L."aggerat-","aggerere"] انبار لگانا ؛ ڈھیرلگانا -

Aggeration : (n) [L."aggerationem"] (۱) انبار؛ ڈھیر - (۲) پشتہ -

Aggie : (n) [alter of "agate"] انٹا (گولی کا) کنچا -

Aggie : (n) زراعتی اسکول یا کالج کا طالب علم -

Agglomerate : (v) [L."agglomerat-","agglomerare"] اکھٹا کرنا ؛ یکجا کرنا ؛ ڈھیر ہو جانا یا بن جانا ؛ مجتمع ہونا ؛ اکھٹا ہونا -

Agglomerate : (a&n) [L."agglomeratus"] (۱) ڈھیری ؛ ڈھیر ؛ ڈلا- (۲) حر بستہ، حرارت + بستہ یعنی آتش فشاں اجزاء جو گرمی سے مل گئے ہوں - (۳) بھونڈے طریقہ سے ایک ساتھ پھینکی ہوئی چیزوں کا ڈھیر - (٤) (نباتیات) باہم پیوستہ؛ اجتماعی -

Agglomerated : (n) گیند کی شکل میں ڈھیر لگایا ہوا ؛ ڈھیلے طور سے انبار کیا ہوا ۔

Agglomerating : (a) سخت تودے کی شکل میں جمع کیا ہوا ۔

Agglomerating language : (n) (لسانیات) شمولی زبان ؛ دیکھو Incorporating language

Agglomeration : (n) ڈھیر ؛ اجتماع ؛ تراکم ؛ انبار۔

Agglomerative : (a) جمع ہونیکی صلاحیت رکھنے والا ؛ متراکم ۔

Agglutinant : (a) [L."agglutinantem"] چسپاں کرنیوالا ؛ باہم جوڑنے والا ۔

Agglutinant : (n) چپکنے والا مادہ ؛ ملزق ۔

Agglutinate : (v) [L."agglutinatus","agglutinare"] (۱) چپکانا ؛ جوڑنا (جیسے گوند سے) ۔ (۲) مرکب کرنا ؛ ترکیب دینا (الفاظ کا) ۔ (۳) گوند بننا/بنانا ۔

Agglutinate : (a) [L.] (۱) چسپیدہ ؛ چپکایا ہوا ۔ (۲) مرکّب حقیقی ؛ مرکب امتزاجی جس کے اجزا نہ تو شکل میں تبدیل ہوں نہ معنوں میں جیسے تیز رو، زود رنج وغیرہ ۔ (۳) ملزوق ۔

Agglutinate : (n) کسی مادہ کا مجموعہ جو ایک دوسرے سے چپک گیا ہو ۔

Agglutinated : (a) مرکب ؛ چسپیدہ ؛ چپکایا ہوا ۔

Agglutinating : (a) چپکانیوالا ؛ (لسانیات) امتزاجی ؛ ترکیبی ۔

Agglutinating prefix : (n) (لسانیات) امتزاجی سابقہ ۔

Agglutinating suffix : (n) (لسانیات) امتزاجی لاحقہ ۔

Agglutination : (n) [L."agglutinationem"] (۱) چیپ ؛ چپکاؤ ؛ چسپیدگی ؛ لیس ؛ الزاق ۔ (۲) مرکب امتزاجی بنانا ۔ (۳) تودہ ؛ گروہ یا جماعت ؛ چسپیدہ ۔ (٤) (لسانیات) امتزاجیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) آمیزش ۔

Agglutinative : (a) [L.] چیپ دار؛ لسلسا؛ لیس دار؛ چپچپا۔

Agglutinative language : (n) (لسانیات) امتزاجی زبان ۔

Aggration : (n) [aggrade+-ation] (۱) (تعمیرات و تاریخ) پرت بندی ؛ تہ بندی ۔ (۲) (ارضیات) طبق بندی ۔

Aggrandizable : (n) قابل توسیع ؛ قابل افزائش ۔

Aggrandize : (v) [Fr."agrandiss","agrandir"] (۱) بڑھانا ؛ ترقی دینا ؛ زیادہ کرنا ؛ وسیع کرنا (کسی شخص یا حکومت کی طاقت، مرتبہ یا دولت وغیرہ) ۔ (۲) مبالغہ کرنا ؛ حاشیہ چڑھانا ؛ چمکانا ؛ چڑھانا ۔ (۳) (تاریخ و سیاسیات) توسیع اقتدارکرنا ۔

Aggrandizement : (n) [Fr."agrandissement"] زیادتی ؛ ترقی ؛ اضافہ ؛ توسیع ؛ افزائش ؛ بزرگی ؛ (تاریخ و سیاسیات) توسیع اقتدار ۔

Aggrandizer : (n) (۱) بڑھانیوالا ؛ توسیع کرنیوالا ؛ مبالغہ کرنیوالا ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) توسیع اقتدار کرنے والا ۔

Aggravate : (v) [L."aggravatus","aggrarare"] (۱) (معاملہ) زیادہ خراب یا بدتر کر دینا ؛ زیادہ سنگین یا سخت بنانا ؛ بڑھانا ؛ (کسی بار یا جرم وغیرہ کو) شدید تر کرنا۔ (۲) (بول چال میں) (کسی شخص کو) زچ کرنا ؛ قافیہ تنگ کر دینا ۔ (۳) خشمگیں کرنا ؛ غصہ دلانا ۔

Aggravated : (a) سنگین بنایا ہوا ؛ گراں بار۔

Aggravating : (a) متشدد؛ معاملہ کو بدتر بنانے والا ۔

Aggravatingly : (adv) معاملہ کو بدتر بناتے ہوئے ؛ حالات کو سنگین بناتے ہوئے ۔

Aggravation : (n) (۱) تشدّد ؛ شدّت ؛ زیادتی ؛ اضافہ ۔ (۲) کلیسائی زجرو توبیخ ۔ (۳) وہ بیرونی حالت جس سے قصور، مصیبت، آفت یا جرم میں شدت پیدا ہو جاتی ہے ۔ (٤) ہیجان ؛ تہیج ۔ (٥) (تاریخ وسیاسیات) سنگین بنانا ۔

Aggravation of risk : (تجارت) تشدید خطر ۔

Aggravative : (a) بدتر کرنے کی صفت رکھنے والا ؛ شدید کرنے کی صفت رکھنے والا ۔

Aggravator : (n) بدتر کرنیوالا ؛ شدید کرنیوالا ؛ بڑھانے والا ۔

Aggregate : (n) [L."aggregatus","aggregare"] (۱) مجتمع ؛ اکٹھا ۔

تودہ (مادوں یا چیزوں کے اجتماع سے بنا ہوا)۔
(۳) (نباتیات) بہم پیوستگی ؛ اجتماع –

Aggregatiue : (a) [L."aggregate","aggregare"] (۱) مائل بہ اجتماع ؛ اجتماع سے متعلق ؛ اجتماعی ۔ (۲) صحبت پسند ؛ اجتماع پسند ؛ غول پسند ۔

Aggregative index : (n) (شماریات) اشاریہ مجموعی ۔

Aggregative model : (n) (شماریات) مجموعی ساخت ۔

Aggregato- : جزترکیبی بمعنی اجتماعی طور پر ۔

Aggregator : (n) جمع کرنیوالا ؛ اکٹھا کرنیوالا ؛ جمع ہونے والا ۔

Aggress : (v) [L."aggressare"] حملہ کرنا ؛ جنگ یا پرخاش شروع کرنا ؛ چھیڑ کرنا ؛ پہل کرنا ؛ ابتدا کرنا (جھگڑے کی) ۔

Aggressing : (n & a) حملہ کی ابتداکرنا یا کرنیوالا ۔

Aggression : (n) [L."aggressionem"] (۱) حملہ ؛ تشدد ؛ دراز دستی ؛ بنیاد جنگ ؛ چڑھائی ؛ آغاز جنگ (اشتعال کے بغیر) ۔ (۲) بغیر اشتعال کے حملہ کی تیاری ۔ (۳) (فلسفہ و نفسیات) جارحانہ کار روائی ؛ جارحیت ۔

Aggressive : (a) حملہ آور ؛ جنگجو ؛ ناگوار ؛ بدتمیزی کا ؛ جارحانہ ؛ حملہ آورانہ ؛ جنگجویانہ ؛ آمادہ پیکار ؛ لڑائی پر تلا ہوا ؛ دست انداز۔

To aussume the aggressive : لڑائی شروع کرنا ؛ پہل کرنا ؛ ابتدا کرنا ۔

Aggressive mob : (n) (سماجیات) جارح مجمع ۔

Aggressive war : (n) (تاریخ و سیاسیات) جارحانہ جنگ ۔

Aggressively : (adv) جارحانہ طورپر ؛ حملہ آورانہ اندازسے ۔

Aggressiveness : (n) حملہ آوری ؛ جارحانہ کار روائی ؛ جنگ جوئی ؛ دست درازی ؛ (فلسفہ و نفسیات) جارحیت ۔

Aggressor : (n) حملے کی ابتدا کرنیوالا ؛ چڑھائی کرنیوالا ؛ لڑائی پر آمادہ ہونیوالا ؛ جارح ؛ حملہ آور ۔

Aggrievance : (n) ظلم ؛ تعدّی ۔

(۲) (طبیعیات) مجموعہ ؛ اجتماع ۔
(۳) مجموعی ؛ جملہ ؛ کل میزان ۔
(٤) (قانون) شرکت اجتماعیہ جو ایسے افراد پر مشتمل ہو جو باہم مشارکت کر رہے ہوں ؛ بہت سی اکائیوں کا اجتماع ۔
(٥) (حیوانیات) متفرق جانوروں کا ایک ہیئت میں اجتماع ۔ (٦) (نباتیات) جس میں ایسے گلچے شامل ہوں جو ایک مشترک خول (غلاف) میں مجتمع ہوں ؛ باہم پیوستہ ۔ (۷) (ارضیات) کسی چٹان میں متفرق معدنیات کا اجتماع ۔
(۸) (طبیعیات) ہم جنس زرات کا تودہ ۔
(۹) (معماریت) چونے میں ملا ہوا مسالہ جس سے کنکریٹ بنے ۔

In the aggregate : اکٹھا ؛ سب ملا کر ؛ جملہ ؛ بالجملہ ؛ بحیثیت مجموعی ؛ من حیث الکل ۔

Self-renewing aggregate : (شماریات) خود تجدیدی میزان ۔

Aggregate : (v) (۱) میزان لگانا ؛ جمع کرنا ؛ جوڑنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ ملانا ۔ (۲) اکٹھا ہونا ؛ ڈھیر ہونا ؛ مجتمع ہونا ۔ (۳) ایک جماعت میں متحد کرنا ۔ (٤) رکن بنانا ۔

Aggregate contractual liability : (تجارت و معاشیات) جملہ معاہدہ جاتی ذمہ داری ۔

Aggregate indemnity : (n) (تجارت و معاشیات) جملہ تلافی ۔

Aggregate index number : (n) (تجارت و معاشیات) مجموعی اشاریہ ۔

Aggregate limit : (n) (تجارت) من جملہ حد ؛ کل حد ۔

Aggregate mortality table : (تجارت و معاشیات) جملہ اموات ٹیبل ۔

Aggregate operations liability : (تجارت و معاشیات) جملہ کاروباری ذمہ داری ۔

Aggregate protective liability : (تجارت و معاشیات) جملہ حفاظتی ذمہ داری ۔

Aggregated : جمع ۔ اکٹھا ۔

Aggregated shipment : (n) (تجارت) مجموعی جہاز لدان ۔

Aggregation : (n) (۱) جمع ؛ اجتماع ؛ جملہ ؛ ڈھیر ۔ (۲) کل ؛

Aggrieve : (v) [L."aggravare"] رنج دینا ؛ تکلیف دینا ؛ دق کرنا ؛ ستانا ؛ ظلم کرنا ؛ دُکھ دینا ؛ اذیت دینا ؛ آزردہ کرنا ۔

Aggrieved : (a) (۱) آزردہ ؛ غم دیدہ ؛ مغموم ؛ رنج رسیدہ ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) دکھی ؛ شاکی ۔ (انتظامیہ) غیر مطمئن ؛ ناراض ؛ رنجیدہ ؛ ستایا ہوا ؛ مظلوم ۔

Aggrievedly : (adv) ناراض ہو کر ؛ مظلومانہ طور پر ؛ آزردہ ہو کر ؛ دکھی ہو کر ۔

Aggrievedness : (n) ستم زدگی ؛ غمگینی ؛ آزردگی ۔

Aggrievement : (v) رنج پہنچانا ؛ تکلیف دینا ۔

Aggroup : (v) [Fr. "aggrouper", f.phr. "agroupe"] جمع کرنا ؛ گروہ بنانا ؛ دستہ بندی کرنا ؛ گروہ بندی کرنا ؛ جماعت بنانا ۔

Aggrouped : (a) مجتمع گروہ بند ۔

Aggroupment : (n) دستہ بندی ؛ گروہ بندی ؛ جماعت بندی ۔

Aggry / Aggri : (n) ایک قسم کے شیشے کی گولیوں کا نام ۔

Aghast : (a) سہما ہوا ؛ خوفزدہ ؛ دہشت زدہ ؛ خائف ؛ ہیبت زدہ ؛ وحشت زدہ ؛ ششدر ؛ حیران ؛ بھونچکا ؛ مبہوت ؛ ہکا بکا ؛ مات ۔

Aghastness : (n) خوف زدگی ؛ سہم ؛ دہشت زدگی ؛ حیرانی ؛ بھونچکا پن ؛ ہیبت زدگی ۔

Agile : (a) [L. "agilis"] پھرتیلا ؛ مستعد ؛ چست ؛ بجلی ۔

Agilely : (adv) پھرتی سے ؛ مستعدی سے ۔

Agility : (n) [L. "agilitatem"] پھرتی ؛ مستعدی ؛ چستی ؛ تیزی ۔

Agio : (n) [It.] (۱) بٹاوَن ؛ بٹّا ؛ بھنوائی ؛ بدلوائی ؛ حق صرافی ؛ وہ رقم جو (بحساب فیصد) زرکاغذی کو سکوں میں یا کسی زر کو دوسرے اعلا زر میں بدلوانے کے لئے زائد دینا پڑے ؛ فرق قیمت (جو ایک زر اور دوسرے زر میں پایا جائے) ؛ کٹوتی ۔ (۲) مبادلہ کا کارو بار ؛ صرافی ؛ صرافہ ۔

Agiotage : (n) [Fr."agiotage"] صرافی ؛ مبادلہ کا کام ؛ بیوپار ؛ سٹّا (ہنڈیوں میں اور حصوں کے خرید و فرو خت میں) ؛ دلالی ۔

Agiotheory of interest : نظریہ معاوضہ وقت ۔

Agist : (v) [OFr. "agister", L. "jacitare"] (۱) چرانا ؛ کھلانا ؛ (مویشی وغیرہ کا) ۔ (۲) زمین یا اس کے مالک پر محصول لگانا ؛ رقم عائد کرنا ؛ پابندی عائد کرنا ۔ (۳) گھرائی لینا ۔

Agisted : (a) گھرائی لیا ہوا ؛ چرائی لیا ہوا ؛ محصول لگایا ہوا ۔

Agisting : (a & n) چرائی لینا ؛ گھرائی لینا ۔

Agisting : (n) چرائی لینے والا ؛ گھرائی لینے والا ۔

Agistment : (n) گھرائی ؛ چرائی ۔

Agistor :- (n) (۱) چرائی یا گھرائی لینے والا ۔ (۲) جنگلات کا وہ سرکاری افسر جو مویشی کو چرائی اور گھرائی پر لے اور آمدنی کا حساب دے ۔

Agitate : (v) [L."aagitat-","aagitare"] (۱) ہلانا ؛ محرک کرنا ؛ حرکت میں لانا ؛ ہلورنا ۔ (۲) بے چین کرنا ؛ ہیجان پیدا کرنا ؛ ہلچل ڈال دینا ؛ مشتعل کر دینا ؛ اکسانا (لوگوں کو یا جذبات کو) ۔ (۳) سوچنا ؛ ڈولانا ؛ (دل یا خیال میں) ہر پہلو سے غور کرنا ؛ بحث کرنا ؛ بچار کرنا ۔ (٤) جدو جہد کرنا ؛ ہلچل جاری کرنا ۔ (٥) (سماجیات) ہنگامہ کرنا ؛ آواز اٹھانا ۔

Agitated : (a) متحرک ؛ مشتعل ؛ بحث کیا ہوا ؛ ہر پہلو سے غور کیا ہوا ۔

Agitated melancholia : (n) اضطرابی مالی خولیا ۔

Agitating : (n&a) اکسانا ؛ ابھارنا ؛ ابھارنے والا ؛ متحرک کرنےوالا ؛ مشتعل کرنے والا ؛ اشتعال دلانے والا ۔

Agitation : (n) [L."agitationem"] (۱) حرکت ؛ ہلنا ؛ جنبش ۔ (۲) گھبراہٹ ؛ ہلچل ؛ پریشانی ؛ اضطراب ۔ (۳) سوچ بچار ؛ ادھیڑبن ؛ بحث و مباحثہ ۔ (٤) تحریک ؛ ہلچل یا شورش جاری رکھنا ؛ اندولن ؛ کھلبلی ۔ (٥) شورش ؛ کھلبلی ؛ ہیجان ؛ جوش و خروش ؛ آشفتگی ۔ (٦) (فلسفہ و نفسیات) اضطراب احتجاج ؛ (سیاسیات) ایجی ٹیشن ۔

Agitational : (a) ہیجان انگیز ؛ شورش انگیز ؛ شورش سے متعلق ۔

Agitato : (adv) [It.] (موسیقی) گھبراہٹ سے ؛ اضطراب

کے ساتھ ۔

Agitator : (n) [L.] (۱) شورش (خاص کر سیاسی) ؛ زور شور سے تحریك کرنیوالا ؛ ھلچل ڈالنے والا ۔ (۲) ھلانے ، ڈلانے یا پھینٹنے کا آلہ ۔ (۳) (سماجیات) ھنگامہ کرنے والا ۔ (٥) (کیمیا) ھلوانی ۔

Agitatorial : (a) شورش ۔

Agit prop : (n) [Russian"agilarsiya-prepatamal"] اشتراکیت کی طرفداری میں پروپیگنڈا اور شورش ۔

Aglare : (a) [A prep. + GLARE] روشنی میں ۔

Agleam : (a) [A prep+GLEAM] چمکتے ھوئے ؛ درخشاں طورپر ۔

Aglet / Aiglet : (n) [Fr. "aignillete" L. "acucula"] (۱) بونڈی یا گھنڈی کسی دھات کے فیتے یا ڈوری کے سرے پر ۔ (۲) ستارہ، ٹکلی وغیرہ جسے زیبائش کے لئے لباس میں لگاتے ھیں ۔ (۳) وردی کا پھندنا ؛ گچھا جو بعض وردیوں میں شانے سے لٹکتا رھتا ھے اور دھات سے بنا ھوتا ھے ۔

Aglet babie : (n) گڑیا جو پھندنوں سے آراستہ ھو ۔

Agley : (adv) [A +gley] امید ، آرزو یا منصوبہ کے خلاف ؛ غلط یا ناکام ھو کر ۔

Aglimmer : (a) [A prep.+ GLIMMER] جھلملاتے ھوئے ۔

Aglitter : (a) [A prep. + GLITTER] دمکتے ھوئے ۔

Aglossal : (a) [Gr."agloss-os"+-AL] (حیوانیات) بے زبان ؛ بے لسان ۔

Aglow : (a) [A prep.+ GLOW] تابانی کے ساتھ ؛ چمکتے ھوئے ؛ تب و تاب کے ساتھ ؛ تاباں ۔

Aglutition : (n) [A pre. + L."glutitionem"] نگلنے کی صلاحیت کا نہ ھونا ۔

Agminate : (a) [L."agmen"] انبوہ ؛ جمع شدہ ؛ جمع کیا ھوا ۔

Agnail : (n) [OE "angnaezl"] نتا (ناخن کی جڑ کے پاس مھین کھال کا ٹکڑا جو الگ ھو جاتا ھے مگر جس کا ایك سرا لگا رھتا ھے) ؛ داجس ؛ عقربك ؛ کٹر دمك ؛ درد ناخن ؛ ریشہ ناخن ۔

Agname : (n) [L. ag- =ad- +NAME] وہ نام جو لقب کے طور پر لگایا جائے ؛ عرف ۔

Agnate : (a) [L."agnatus"(adgnatus)] (۱) یك جدی ؛ ھم نسل ؛ ھم خاندان ؛ ابوی ۔ (۲) ھم نسل ؛ ھم خاندان ؛ ھم قبیلہ ۔ (۳) (مجازاً) ھم جنس ؛ ھم رنگ ؛ ھم مزاج ۔ (٤) (سماجیات) یك جدی ؛ دادیھالی رشتہ ۔

Agnathous : (n) [Gr."a + gnathos"] بلا جبڑے کا ۔

Agnatic : (a) یك جدی ؛ ھم جدی ؛ ھم نسلی ۔

Agnatic descet : (n) (سماجیات) جدی سلسلہ ؛ دادیھالی نسب ۔

Agnatically : (adv) ھم جدی سے ؛ یك جدی سے ۔

Agnation : (n) (۱) برادری ؛ ھم جدی ؛ ھم نسبی ؛ ابوی خاندان ۔ (۲) (سماجیات) ھم جدی ؛ دادیھالی رشتہ داری ۔

Agnel : (n) [L. "agnellus"] سونے کا فرانسیسی سکہ جس پر بھیڑ کی تصویر ھوتی ھے ۔

Agnification : (n) [L."agnus"] بھیڑوں کی شکل میں آدمیوں کی تصویر ۔

Agnoetism : (n) وہ عقیدہ کہ حضرت مسیح کو بعض چیزوں کا علم نہ تھا ۔

Agnoiology : (n) [Gr."agnoia"] فلسفہ لا علمی ؛ جھلیات ۔

Agnoites /-etes : (n) [Gr."agnoetae"] ایك مسیحی فرقہ جسکا عقیدہ تھا کہ حضرت مسیح کو بعض چیزوں کا علم نہ تھا ۔

Agnomen : (n) [L.] رومیوں میں چوتھا عرف اور عام معنوں میں عرف ۔

Agnomination : (n) [L."agnomanationem"] (۱) عرف دینا ۔ (۲) متحدالصوت الفاظ کے استعمال کی صفت ؛ صنعت سہ حرفی ؛ تجانس حروف ؛ ترادف ؛ تکرار لفظی (دوسرے معنی میں) ؛ (مزاح پیدا کرنے کے لئے) کسی لفظ کا مختلف معنوں میں استعمال ۔

Agnosia : (n) [Gr."agnosia"] ادراك کوری ؛ لا ادراکیت ؛ عدم شناخت ۔

Agnostic : (n) [A + GNOSTIC] لاادریا ؛ لاادریت ؛ وہ جسکا اعتقاد یہ ھو کہ خدا یا دوسری غیر مادی اشیاء کی ھستی کے متعلق ھمیں علم نہ

تو ھے اور نہ کبھی ھوگا ۔

Agnostic : (a) لا ادری ؛ عقیدہ لا ادریہ سے متعلق ۔

Agnosticism : (n) (مذھب) لا ادریت ۔

Agnosy : (n) اگیان ۔

Agnus castus : (n) [Gr. "agnos"] ایک درخت جس کے متعلق یہ خیال تھا کہ وہ عصمت یا عفت کو بچاتا ھے ؛ شجر عصمت ؛ شجر عفت ؛ دل آشوب فلفل بری ۔

Agnus Dei : (n) [L.] (۱) (رومن کھیتولك) عبادت کا وہ حصہ جو ان الفاظ سے شروع ھوتا ھے ۔ (۲) بھیڑ کے بچے کی شبیہ، صلیب یا جھنڈا لئے ھوئے ۔ (۳) مومی ٹکیہ جسپر یہ شبیہ بنی ھو اور جس کو پاپائے روم نے متبرك کیا ھو ۔

Ago : (a & adv) [A prep.+ Go] (اب سے) پہلے یا ھوئے (جیسے دس دن پہلے یا دس دن ھو ئے) ؛ قبل ۔

Long ago : بہت دن قبل ؛ بہت پہلے ؛ مدت ھوئی ؛ زمانہ ھوا ۔

Not long ago : تھوڑی مدت پہلے ؛ بہت مدت نہیں گزری ھے (کہ) ۔

Agog : (a) [OFr."engogues", f. "gogue"] (۱) مشتاق ؛ بیقرار ؛ شوق سے ؛ بیتابی سے متوقع ۔ (۲) حرکت میں ۔

Agoge : (n) [Gr."agoge"] (موسیقی) رفتار ۔

Agoing : (a) رواں ؛ حرکت میں ؛ چلنے والا ۔

To set agoing : حرکت میں لانا ۔

Agon : (n) [Gr. "agon"] یونان میں کھیلوں کا ایک جشن ؛ کھیلوں کا انعامی مقابلہ ۔

Agonic : (a) [Gr."agonos",f.a +gonia] (۱) بے زاویہ ؛ عدیم الزاویہ ؛ وہ جوکوئی زاویہ نہ بنائے ۔ (۲) بے میل مقناطیسی ؛ بے میل ۔

Agonic line : (n) وہ خط جس میں کوئی تنوع نہ ھو ؛ فاقدالخراف مقناطیسی ؛ بے میل خط ۔

Agonistic : (a) [Gr. "agonisticos"] (۱) قدیم یونانی کشتی اور ورزشی مقابلہ سے متعلق ؛ ورزشی ۔ (۲) نزاعی ؛ مناظرانہ ؛ مباحثے سے متعلق ؛ جھگڑالو ۔ (۳) زبردستی کا ؛ مصنوعی ؛ کھینچ تان کا ؛ اثراندازانہ ؛ کوشش آمیز ۔

Agonistical : (a) مناظرانہ ۔

Agonistically : (adv) مناظرانہ یا ھٹ دھرمی کے طور پر ۔

Agonistics : (n) ورزشی مقابلوں کا علم ؛ علم دنگل ۔

Agonize : (v) [Gr."agonizesthae"] (۱) تکلیف دینا ؛ ایذا دینا ؛ دکھ دینا ۔ (۲) درد سے لوٹنا ؛ موت کی کشمکش میں ھونا ؛ نزع میں ھونا ؛ کرب سے لوٹنا ؛ درد سے بے چین ھونا ؛ تڑپنا ؛ تلملانا ۔ (۳) اکھاڑے میں لڑنا ؛ کشتی لڑنا ؛ زورآزمانا ؛ زور کرنا ؛ زور آزمائی کرنا ۔ (٤) جان توڑ کوشش کرنا (اثر ڈالنے یا پیدا کرنے کیلئے) ۔

Agonized : (a) ایذا رسیدہ ؛ تکلیف دیا ھوا ۔

Agonizedly : (adv) ایذارسانی کے ساتھ ؛ تکلیف کے ساتھ ؛ درد سے لوٹتے ھوئے ۔

Agonizer : (n) ایذا دینے والا ؛ تکلیف دینے والا ؛ کشتی لڑنے والا ؛ ایذا رساں ؛ تکلیف دہ ۔

Agonizing : (v) ایذا پہنچانا ؛ درد سے بے چین ھو جانا ۔

Agonizing : (n) ایذاپہنچانیوالا؛ درد سے بے چین ھونیوالا ۔

Agonizingly : (adv) تکلیف سے بے قرار ھو کر ؛ شدت درد سے ؛ تکلیف سے ؛ ایذا دہی سے ؛ ایذا رسانی کے طور پر ۔

Agonothete : (n) [Gr."agonothetes"] یونان کے عوامی کھیل کا ھدایت کار ۔

Agony : (n) [Gr. "agonia"] (۱) ذھنی الجھن ؛ روحانی تکلیف ؛ سوھان روح ؛ کوفت ؛ کلفت کا دورہ ۔ (۲) گتھسمین میں حضرت عیسی کی ذھنی الجھن ۔ (۳) سکرات موت ؛ نزع کی حالت ؛ جان کنی ؛ کرب ۔ (٤) شدید جسمانی تکلیف (شدت درد سے) ؛ انتہائی جسمانی تکلیف ؛ درد ؛ ایذا ؛ کرب ؛ تشنج ۔ (٥) جد و جہد ؛ مقابلہ ؛ کشمکش ؛ کشاکش ۔

The agony column : اخبار کا وہ کالم جس میں لوگ گمشدہ رشتہ داروں وغیرہ کا اشتہار دیتے ھیں ؛ حوادث ۔

Agora : (n) [Gr. "agora"] (۱) محفل ؛ انجمن ؛ مقام

اجتماع ؛ بازار ۔(۲) (تاریخ) اگوار (قدیم یونان میں جلسہ گاہ یا بازار) ۔

Agoraphobia : (n) [med.L.] (۱) عام مقامات کی مریضانہ ناپسندیدگی ؛ گذر ترسی (عام مقامات پر جانے سے ڈرنے کا عارضہ) ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) خوف کشادگی ؛ فضا ترسی ۔

Agouti /-ty : (n) [Fr. aguti] اگوٹی (جزائر غرب الہند کا خرگوش کی طرح کا ایک جانور) ؛ خرگوش ہندی ۔

Agra : (n) [Gr. "agra"] جکڑ ۔

Agraff /-fe : (n) [Fr. "agrafe",f. "agrafer"] گیرہ ؛ قزن قفلی ؛ ایک ہک جسے کڑے سے باندھ کر انکڑا کا کام لیتے ہیں ۔

Agrammaphasia : (n) بے ربط ۔

Agrammatism : (n) [Gr. "agrammalos"+-ism] ان مل گوئی ؛ بے ربط کلامی ۔

Agranulocyte : (n) [a +granulo +- cyk] (طب) بے ذرئی خلیہ ؛ (نباتیات) بے ریزہ خلیہ ۔

Agrapha : (n) [Gr."agraphos"] حضرت عیسی کے اقوال جو موجودہ انجیل میں موجود نہیں ہیں لیکن قدیم عیسائی تحریروں میں ملتے ہیں ۔

Agraphia : (a) [Gr."a+graphia"] (۱) لکھنے کی صلاحیت کا نہ ہونا ؛ (ایک قسم کا دماغی عارضہ) لاتحریرت ؛ تصحیفیت ۔(۲) (فلسفہ و نفسیات) قوت تحریرکا فقدان ؛ نا کاتبی ۔

Agraphic : (a) لکھنے کی صلاحیت نہ رکھنے والا ۔

Agrarian : (a) [L."agrarius"] (۱) زمین سے متعلق ؛ زمینی ؛ زمینداری ؛ جاگیر یا جائداد سے متعلق ۔ (۲) مزروعہ اراضی سے متعلق ؛ زراعتی ؛ زرعی ۔(۳) (نباتیات) خود رو طریقہ سے اگنے والا ؛ کھیتو ں میں جنگلی طریقوں سے اگنے والا ۔

Agrarian : (n) تقسیم اراضی کی جدید تنظیم کا حامی ؛ زمینی جائداد (وغیر منقولہ) کی مساوی تقسیم کا مؤید ؛ زرعی جماعت یا تحریک کا ممبر ؛ زرعی اصلاح کا حامی ۔

Agrarian laws : (n) (انتظامیہ) زرعی قوانین ۔

Agrarian socialism : (n) زرعی اشتراکیت ۔

Agrarianism : (n) (۱) زمین کی مساویانہ تقسیم کا وصول ۔ (۲) موجودہ حق ملکیت یا لگانداری کے غیر مطمئن ہونے کیوجہ سے سیاسی شورش یا تکرار ۔ (۳) کاشتکاری کی معاشی زندگی کو بہتر بنانے کے لئے سماجی یا سیاسی تحریك ؛ صنعتی معیشت کے متضاد دہی معیشت سے متعلق طریقہ زندگی ۔ (٤) زرعی اصلاحات ۔

Agrarianize : (v) قانون اراضی کے مطابق زمین کی تقسیم کرنا ؛ اصلاح اراضی کی رغبت دلانا ؛ اصول مزرعیت پر لانا ؛ مزرعی بنانا ۔

Agrarians : (n) (تاریخ و سیاسیات) زرعی اصلاح کا حامی ۔

Agreation : (n) [Fr. "agreer"+-ation] (تاریخ و سیاسیات) مکرر منظوری ۔

Agree : (v) [L."adgratere"] (۱) راضی ہونا ؛ رضامند ہونا ؛ ہامی بھرنا ؛ اقرار کرنا ۔(۲) متفق ہونا ؛ ہم رائے ہونا ؛ ہم خیال ہونا ؛ موافق ہونا ۔(۳) مل جانا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ ہم رنگ ہو جانا ؛ یك دل ہو جانا ؛ مطابق ہونا ۔(٤) بننا ؛ پٹنا ؛ میزان پٹنا ؛ نبھنا ؛ اتفاق ہونا ۔(٥) راس آنا ؛ سازگار ہونا ؛ مزاج کے موافق ہونا ۔(٦) ایک صیغہ یا حالت میں ہونا ۔ (۷) ملانا ؛ مطابق کرنا ؛ تطبیق دینا ؛ بدھ ملانا ۔

Agreeability : (n) مطابقت ؛ موافقت ؛ ہم آہنگی ؛ ہم خیالی ؛ دل پذیری ۔

Agreeable : (n) (۱) خوشگوار ؛ دل پسند ؛ پسندیدہ ؛ دل پذیر؛ خوش خو ؛ خوش طبع ؛ ملائم ۔ (۲) مہربان ؛ مائل ؛ ملتفت ۔(۳) مطابق ؛ موافق ؛ سازگار ۔

Agreeable alteration : (n) (تجارت و معاشیات) پسندیدہ تبدیلی ۔

Agreeableness : (n) موافقت ؛ مطابقت ؛ دل پذیری ؛ خوش گواریت ۔

Agreeably : (adv) بموجب ؛ دل پذیرانہ ؛ خوش گواری سے ۔

Agreed : (a) (۱) سازگار بنایا ہوا ؛ متفق بلحاظ احساس و جذبات ۔(۲) ہم خیال ؛ ہم رائے ۔ (۳) عام اتفاق سے طے پایا ہوا ۔ (٤) (جواب میں) "منظور ہے" ۔

Agreed amount clause : (تجارت و معاشیات) طے شدہ رقم کی دفعہ ۔

Agreed to : (a) پذیر یافتہ ؛ قبول شدہ ۔

Agreed valuation : (n) (تجارت و معاشیات) طے شدہ قیمت ۔

Agreed weight : (n) (تجارت و معاشیات) طے شدہ وزن ۔

Agreeing : (a & n) (۱) موافق ہونا ۔ (۲) موافق ؛ ہم رنگ ؛ ہم آہنگ ۔

Agreeingly : (adv) موافقت یا مطابقت کے ساتھ ؛ ہم آہنگی کے ساتھ ۔

Agreeingness : (n) مطابقت ؛ موافقت ؛ ہم آہنگی ؛ ہم خیالی ۔

Agreement : (n) (۱) سمجھوتہ ؛ مفاہمت ؛ آپس کا تصفیہ ؛ قرارداد ؛ صلح ؛ پیمان ؛ قرار ؛ رضا ۔ (۲) (قانون) اقرار نامہ ؛ راضی نامہ ؛ معاہدہ ؛ اقرار ۔ (۳) ہم خیالی ؛ ہم آہنگی ؛ اتفاق رائے ۔ (٤) (نحو) مطابقت (جنس تعداد حالت میں) ۔ (٥) (کامرس) قرار ؛ (فلسفہ و نفسیات) توافق ۔

Coefficient of agreement : مطابقت کی شرح ۔

Double agreement : (فلسفہ و نفسیات) دہرا توافق ۔

Joint method of agreement and difference : (فلسفہ و نفسیات) متحدہ طریقہ توافق و تخالف ۔

Method of agreement : (فلسفہ و نفسیات) طریقہ توافق ۔

Single agreement : (فلسفہ و نفسیات) اکہرا توافق ۔

Agreement bond : (n) دستاویز اقرار نامہ ۔

Agreement form : (n) (انتظامیہ) فارم اقرار نامہ ۔

Agreement in absence : (فلسفہ و نفسیات) غائبانہ توافق ۔

Agreement in presence : (فلسفہ و نفسیات) حاضرانہ توافق ۔

Agreement of arbitration : اقرار نامہ ثالثی ۔

Agreement to sell : (تجارت و معاشیات) قرار فروخت ؛ راضی نامہ فروخت ۔

Agreements : (n) (فرانسیسی) (جمع) پسندیدہ اوصاف ؛ صفات حمیدہ ؛ خوشگوار ماحول ۔

Agrements : (n) [Fr. "agrements"] سامان آرائش ۔

Agrement : (n) [Fr.] (۱) زیور ۔ (۲) سفارتی نمائندے کی منظوری اس حکومت سے جہاں پر وہ بھیجا جائے ۔

Agrestal / Agrestial : [L."agrestis"] (۱) کھیتوں یا کھلے میدانوں میں پایا جانےوالا ؛ جنگلی ؛ بد ہیئت ۔ (۲) (نباتیات) کھیتوں یا آباد زمینوں میں جنگلی طریقے سے اگنےوالا ؛ خود رو ؛ حشیش ؛ مزروعہ زمینی ۔

Agrestic : (a) روستائی ؛ ناہنجار ؛ دہقانی ۔

Agricole : (n) [Fr.] کسان ؛ کاشتکار ۔

Agricultural : (a) زراعتی ؛ زرعی ؛ کاشتکاری سے متعلق ؛ کھیتی کا ۔

Agricultural credit : (n) (تجارت و معاشیات) زراعتی ساکھ ؛ زراعتی ادھار ۔

Agricultural Credit Adviser : (n) (انتظامیہ) مشیر زرعی قرضہ جات ۔

Agricultural economics : (n) زرعی معاشیات ۔

Agricultural finance : (n) (تجارت و معاشیات) زراعتی مالیہ ۔

Agricultural holding : (n) (انتظامیہ) زرعی ہولڈنگ ۔

Agricultural industries : (n) (انتظامیہ) زرعی صنعتیں ۔

Agricultural officer : (n) (انتظامیہ) افسر زراعت ۔

Agricultural parity : (n) (تجارت و معاشیات) زرعی برابری ۔

Agricultural production : (n) (تجارت و معاشیات) زراعتی پیداوار ۔

Agricultural revolution : (n) (تاریخ و سیاسیات) زرعی انقلاب ۔

Agricultural stage : (n) (تاریخ و سیاسیات) زرعی دور ؛ زرعی منزل ۔

Agricultural unemployment : (n) (سماجیات) زراعتی بے روز گاری۔

Agriculture : (n) [L." agricultura"] زراعت ؛ کاشتکاری ؛ کھیتی ؛ کھیتی باڑی ؛ فلاحت ۔

Hoe agriculture : (تاریخ) کدال کھیتی ۔

Plough agriculture : (تاریخ) هل کھیتی ۔

Rites of agriculture : (تاریخ) رسو م زراعت ۔

Agriculturist / Agriculturalist : (n) مزارع ؛ کاشتکار ؛ فن زراعت کا ماهر ؛ (معاشیات) کسان ۔

Agrimony : (n) [Gr. "agremone"] ایک قسم کا پودا ؛ خار سرپوست ؛ غافث ۔

Agrin : (adv) [A prep.+GRIN] کھسیانی هنسی هنستے هوئے ؛ بدتمیزی سے هنستے هوئے ؛ دانت نکالتے هوئے ۔

Agriologist : (n) [Gr. "agrios + logos"] وحشیوں کی تاریخ و رسوم کا ماهر ۔

Agriology : (n) وحشیوں کی تاریخ و رسو م کا علم ؛ وحشی رسومیات ۔

Agriotype : (n) [agrio + type] جنگلی ۔

Agrodolce : (a) [It.] ترش و شیریں ۔

A'grom : (n) [Gujrati "agrua"] زبان میں کھردرا پن یا شگاف هونے کی حالت ۔

Agronomic : (a) [Gr. "agronomos"] انتظام فلاحت سے متعلق ؛ دیهی معاشیات سے متعلق ؛ فلاحتی ؛ زرعی ؛ فلاحی ۔

Agronomical / Agronomial : (a) انتظام فلاحت کا ؛ دیهی معاشیات کا ؛ فلاحتی ؛ زرعی ۔

Agronomics : (n) دیهی معاشیات کا ؛ فلاحیات ۔

Agronomist : (n) (انتظامیه) ایگرانامسٹ (ماهر فصل و اقسام زمین) ۔

Agronomy : (n) [Gr."agronomia"] دیهی معاشیات ؛ کشا ورزی ؛ فلاحت ۔

Agrostis : (n) [Gr.] گھاس کی ایک قسم ۔

Agrostographic : (a) گھاس کی ایک قسم سے متعلق ۔

Agrostographical : (a) گھاس کی ایک قسم سے متعلق ۔

Agrostography : (n) گھاس کی مختلف قسموں کی تعریف ؛ گاہ نگاری ؛ گیاہ نامه ۔

Agrostologist : (n) علف شناس ؛ جڑی بوٹیو ں کا ماهر ؛ ماهر اعشاب ۔

Agrostology : (n) گھاس کی پهچان ؛ علف شناسی ؛ گاهیات ؛ علم نباتیات کی وہ شاخ جو گھاسوں سے بحث کرتی هے ؛ علفیات ؛ علم گیاهان ۔

Agroteras thusia : (تاریخ) قدیم یونان کا تهوار ۔

Aground : (a or adv) [A prep.+ GROUND] (پایاب پانی میں) زمین پر ٹکا هوا ؛ خشکی پر چڑھا هوا ؛ زمین گیر یا زمین گرفته (جهاز)۔

Agrypnia : (n) [Gr. "agrypnia"] بے خوابی ۔

Agrypnode : (a) [Gr."agrypnodes"] مانع خواب ؛ نیند روکنے والا ۔

Agrypnotic : (a) [Gr."agrypnos"] وہ شے جو بیداری پیدا کرے ۔

Agua : (n) [American sp. "agna"] سب سے بڑے مینڈک کی ایک قسم (جس کی لمبائی ۸ انچ هوتی هے اور جو مرکزی امریکا میں پایا جاتا هے) ۔

Ague : (n) [L." acuta"] (۱) جاڑا بخار؛ تپ لرزہ ؛ جوڑی ؛ نوبیه ۔(۲) (مجازاً) کپکپی ؛ لرزہ ؛ تهرتهری۔ (۳) کانپتا هوا ؛ لرزاں ؛ (لغوی اور مجازی)۔

Ague cake : (n) جاڑا بخار کی وجه سے طحال، تلی یا جگر کا بڑھ جانا ؛ تاپ تلی ۔

Ague drop : (n) جاڑا بخار کی ایک دوا ۔

Ague shake : (v) لرزہ هونا ۔

Ague shell : (n) ایک قسم کا کچھوا ۔

Ague spell : (n) جاڑا بخار اتارنے کا منتر ۔

Agued : (a) جاڑا بخار میں مبتلا ۔

Aguey : (a) (۱) تپ لرزہ کا سا ؛ جوڑی کا سا ؛ لرزہ نما ۔

(۲) جوڑی لانےوالا ۔(۳) تپ و لرزہ میں مبتلا ؛ جاڑے بخار کا بیمار ۔(٤) کپکپی چڑھا ؛ کانپتا ہوا ؛ لرزاں ۔(٥) دور سے آنے والا ؛ باری کا ۔

Aguish : (a) دیکھو Aguey

Aguishly : (adv) کپکپی (یا لرزے) کے ساتھ ۔

Aguishness : (n) کپکپی ؛ لرزہ ؛ جوڑی ۔

Agush : (adv) [A- prep.+ GUSH] ابلتا ہوا ؛ اچھلتا ہوا ؛ فوارہ کی طرح ۔

Agynarious : (a) بغیر مادہ عضو کی ۔

Agynary : (a) [Gr. "a + gyne"] دیکھو Agynarious

Agynic : (a) (نباتیات) وہ پودا جس کا حامل زر کیسہ تخم سے الگ ہو ۔

Agyrate : (a) (نباتیات) حلقے میں قرینہ سے نہ سجایا ہوا ۔

Ah : (interj.) [ME] (۱) آہ ؛ ہائے ؛ وائے ؛ اف ۔ (۲) (تعجب) اخاہ ؛ ہائیں ؛ خوب ؛ واہ ۔ (۳) (تحسین) سبحان اللّٰہ ؛ واہ ؛ خوب ؛ ماشاء اللّٰہ ۔(٤) (التجا) ہائے اللّٰہ ۔ (٥) (زجر و توبیخ) کیوں ؛ کیا ؛ ہائیں ۔ (٦) (نفرت، حقارت اور تضحیک) تف ؛ ہشت ؛ ہوں ؛ اے ہے ۔

Aha : (interj.) (۱) (تعجب) اخاہ ؛ اچھا ؛ ارے ؛ واہ واہ ؛ سبحان اللّٰہ ۔ (۲) (طنز) اخاہ ؛ اچھا ؛ سبحان اللّٰہ ؛ کیا کہنے ؛ اوں ہوں ۔

Aha : (var. of HA- Ha) باڑھ یا جنگلہ جو دور سے دکھائی نہ دے ؛ باغ کے گرد کا نشیبی احاطہ ۔

Ahaaina : (n) [Hawaiian"aha"(company)+ "aina" (meal)] دعوت ؛ ضیافت ۔

Ahead : (adv) (۱) آگے ؛ سامنے ؛ آگے کو ۔(۲) سیدھے ؛ ناک کے سیدھ میں ۔ (۳) تیز قدم ؛ تیزی کے ساتھ ؛ سیدھے ؛ آگے قدم بڑھاتے ہوئے ؛ تیز رفتاری سے ۔(٤) پیش پیش ؛ آگے آگے ۔

Ahead of : (adv) آگے ؛ سامنے کو ۔

Aheap : (a) ڈھیروں ؛ انبار کا انبار ؛ ڈھیر کا ڈھیر ۔

Ahem : (interj) اہم ؛ اوہم (کھنکھارنے کی سی آواز کسی کو متوجہ کرنے یا روکنے کیلئے) ۔

Ahey : (interj) ھے ؛ ھو ۔

Ahind / Ahint : (adv & prep.) پیچھے ۔

Ahir : (n) [Skr. "abhira"] اہیر ؛ گوالا ۔

Ahorseback : (adv or a) گھوڑے پر سوار ؛ گھوڑے کی پشت پر ۔

Ahoy : (int.) [A inter. + HOY] (جہاز رانی) جہاز پر سے پکارنے کی ایک آواز ۔

Ahu : (n) [Pers. "ahu"] ھرن ؛ غزال ۔

Ahu : (n) [Hawaiian] ٹیلہ ؛ پتھروں کا انبار جو سرحد یا کسی یادگار کی نشان دہی کے لئے ہوتا ہے ۔

Ahull : (adv) [A prep. + HULL] (جہاز رانی) جہاز کی وہ حالت جب بادبان اتار لئے جاتے ہیں اور پتوار اس طرف کرلیا جاتا ہے جدھر کی ہوا نہ ہو ۔

Ahung : (n) [Pers. "akhun"] چینی عبادت گاہ کا عہدہ دار ؛ چینی زبان میں یہ لفظ احترام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Ahunt : (adv) [A prep. +HUNT] شکار کی تلاش میں ۔

Ahuula : (n) [Hawaiian "ahu"(garment)+"ula"(red)] سرخ یا زرد پروں کا لبادہ جو ہوائی میں بادشاہ یا سردار پہنا کرتے تھے ۔

Ai : (n) [Braz. ai, hai] امریکا کا ایک سست جانور جس کے پنجے میں تین انگلیاں ہوتی ہیں ۔

Aid : (v) [L." adutare"] (۱) مدد کرنا ؛ مدد دینا ؛ اعانت کرنا ؛ کمک دینا ؛ دستگیری کرنا ؛ ساتھ دینا ؛ سہارا دینا ۔(۲) ترقی میں مدد دینا ؛ ممد ہونا ؛ معاون ہونا ؛ (صحت وغیرہ میں) ۔

Aid : (n) [L."adjuta"] (۱) مدد ؛ امداد ؛ سہارا ؛ اعانت ؛ دستگیری ۔(۲) (قانون) استعداد ؛ استعانت (جو مدعاعلیہ اپنے شریک سے طلب کرے) ۔ (۳) (تاریخ) بعض محصولوں کی رقم جو پارلیمنٹ بادشاہ کو خاص ضرورت کے وقت دیتی تھی ۔(٤) (بعد کے معنی) شاہی قرضہ ؛ سرکاری قرضہ ۔ (٥) (جمع میں) امداد ؛ امداد کے ذرائع یا وسائل ۔(٦) مدد

دینے والا ؛ مدد ؛ معاون ۔

Audovisual aid : (فلسفہ و نفسیات) سمعی بصری امداد کا سامان ۔

Educational aid : (فلسفہ و نفسیات) تعلیمی امداد ۔

Government aid : (فلسفہ و نفسیات) سرکاری امداد ۔

Grant-in-aid : (انتظامیہ) سرکاری امداد ؛ امداد بشکل عطیہ ۔

Instructional aid : (فلسفہ و نفسایت) سامان تعلیم ۔

Scholarship aid : (فلسفہ و نفسیات) امداد وظائف ۔

School aid : (فلسفہ و نفسیات)امداد مدرسہ ۔

Special Education aid : (فلسفہ و نفسیات) خصوصی تعلیم کی امداد ۔

State aid : (فلسفہ و نفسیات) ریاستی امداد ۔

Student aid : (فلسفہ و نفسیات) امداد طلباء ۔

Study aid : (فلسفہ و نفسیات) تعلیمی امداد ۔

To pray an aid : استعانت طلب کرنا ۔

Aid and advice : (انتظامیہ) امداد اصلاح ۔

Aidable : (a) مدد کئے جانے کے مستحق ۔

Aidance : (n) مدد ۔

Aidant : (n) مدد کرنیوالا ۔

Aide-de-camp : (n) ایڈی کانگ (وہ افسر جو جرنیل کے احکام کی ترسیل و تعمیل میں مدد دے) ؛ اے ۔ ڈی ۔ سی ۔

Aide memoire : (n) [Fr."aider+memoire"] (تاریخ و سیاسیات) یاد داشت ۔

Aided : (a) مدد دیا ہوا ؛ سہارا دیا ہوا ؛ امدادی ۔

Aided-recall technique : (n) (سماجیات) امدادی طریقہ کار یاد آوری ۔

Aided scheme : (n) (سماجیات) اعانتی منصوبہ تجویز / اسکیم ۔

Aider : (n) مدد دینے والا ؛ معاون ؛ مددگار؛ دستگیر۔

Aidful : (a) مددگار ۔

Aidless : (a) بے یار و مددگار ۔

Aiger : (n) مد و جزر کی اونچی لہر ۔

Aigre : (a) ترش ؛ کھٹا ۔

Aigre doux/-ce : (a) [Fr."aigre (sour),"doux /-ce"(sweet)] ترش و شیریں ۔

Aigrette : (n) [Fr."aigrette"] (۱) بگلا ؛ چھوٹی قسم کاسارس ؛ سفید بگلا ۔ (۲) گچھا ؛ کپھا (بالوں یا پروں کا) ۔ (۳) جواہرات کے گل بوٹے ؛ پھول پتیاں (لباس وغیرہ پر) ؛ جواہر کاری ؛ نگینہ بندی ؛ گل کدہ ؛ نگینہ کاری ؛ مینا کاری ؛ مرصع سازی ؛ جواہر کاری ۔ (٤) حشرات کے سرپر کا گچھا۔ (٥) سورج گرھن میں چاند کے پیچھے سے آنے والی روشنی کی کرنیں ۔

Aiguille : (n) [Fr."aiguille"] پتلی اور نوکیلی چوٹی خصوصاً کوہ آلپس کی ؛ قلہ کوہ ۔

Aiguillesque : (a) پتلی ، نوکیلی چوٹی کیطرح ۔

Aiguillette : (n) بونڈی ؛ گھنڈی۔

Aikinite : (n) [A." Aikin"] ایک قسم کی معدنی شئے ؛ خام سلفار سینائیٹ ۔

Ail : (v) [OE."ezlan"] (۱) تکلیف دینا ؛ رنج دینا ؛ بے چین کرنا ؛ ستانا ؛ دق کرنا ۔ (۲) بیمار ہونا ؛ مریض ہونا ؛ علیل ہونا ؛ بیمار پڑنا ؛ دکھی ہونا ۔

Ailanto /Ailantus : (n) [f."aylanto"] مشرقی ہندوستان کا ایک درخت جو جنوبی یورپ میں سایہ کےلئے لگایا جاتا ہے اور جس کی پتیوں میں ریشم کے کیڑوں کی ایک مرغوب غذا ملتی ہے؛ شجرفلک ۔

Ailette : (n) [L. "ala"] (۱) جھبا جو سپاہیوں کی وردی میں کاندھے پر ہوتا ہے ۔ (۲) لوھے کا ایک پترا جو سپاہی کاندھے پر لگاتے ہیں ۔

Ailing : (a) بیمار ؛ علیل ؛ ناخوش ۔

Ailment : (n) مرض ؛ بیماری ؛ تکلیف ؛ عارضہ ؛ دکھ ؛ خفیف مرض ؛ روگ ۔

Ailurophile : (n) ["ailur-/ aelur-"+phile] بلّیوں کا شائق -

Ailurophobe : (n) ["ailur /-aelur"+phobe] بلّیوں سے ڈرنیوالا یا نفرت کرنیوالا -

Ailurophobia : (n) بلیوں سے غیر طبعی خوف ؛ گربہ ترسی -

Aim : (v) [L. "ad-/ aestimare"] (۱) تاکنا ؛ لگانا ؛ سیدھا باندھنا ؛ شست باندھنا - (۲) موڑنا ؛ پھیرنا ؛ رخ کرنا (توپ وغیرہ کا) - (۳) خلاق کار روائی کرنا ؛ مخالفت میں کوئی کام کرنا - (٤) ضرب لگانا ؛ مارنا ؛ وار کرنا ؛ پھینکنا (تیر وغیرہ کا) - (۵) شست باندھنا ؛ سیدھ لینا (نشانہ کی) ؛ نشانہ لگانا - (٦) نصب العین ٹھہرانا ؛ ارادہ کرنا ؛ قصد کرنا - (۷) (مجازاً) آنکھ سے اشارہ کرنا -

Aim : (n) (۱) نشانہ ؛ شست ؛ سیدھ - (۲) مقصد ؛ قصد ؛ ارادہ ؛ عزم ؛ منصوبہ ؛ تہیّہ ؛ نصب العین ؛ مطمع نظر ؛ مدعا - (۳) (مجازاً) آرزو ؛ مرام ؛ منظور -

Deferred aim : (فلسفہ و نفسیات) ملتوی مقصد -

To take aim : نشانہ لینا ؛ باندھنا -

Aimed : (a) کسی چیز کیطرف اشارہ کیا ہوا یا متوجہ -

Aimful : (a) با مقصد -

Aimfully : (adv) مقصد کے ساتھ ؛ غرض کے ساتھ -

Aimless : (a) بے مرام ؛ بے مقصد ؛ بے تکا ؛ بے سر و پا ؛ اٹکل پچو -

Aimlessly : (adv) بے تکے پن سے ؛ بغیر کسی مقصد کے -

Aimlessness : (n) بے تکا پن ؛ بے حاصلی ؛ بے مصرفی ؛ بے مقصدی -

Air : (n) [Gr."aer","f. air"] (۱) ہوا ؛ باد ؛ پون ؛ نسیم ؛ کرہ ہوا ؛ فضا - (۲) (مجازاً) نمائش ؛ تشہیر ؛ اشاعت - (۳) وضع ؛ شیوع ؛ ظاہری شکل ؛ قطع ؛ روپ ؛ صورت ؛ بناوٹی شکل ؛ شان ؛ طور ؛ انداز ؛ ڈھنگ - (٤) آواز ؛ آہنگ ؛ نغمہ نوا ؛ لے (موسیقی) - (۵) (جمع میں) بناوٹ ؛ تصنع ؛ نمود ؛ شیخیت -

Castle in the air : خیالی پلاؤ ؛ شیخ چلّی کے منصوبے -

In the air : (۱) کسی بات کا سُن گن پایا جانا ؛ افواہ اڑانا ؛ پھیلنا - (۲) ہر جگہ لوگوں کے خیال میں ؛ غیر یقینی حالت میں ؛ فوجی دستہ کا میدان میں آگے بڑھ جانا حالانکہ میمنہ و میسرہ محفوظ ہوں -

Liquid air : (کیمیا) رقیق ہوا -

Open air : کھلی جگہ ؛ کھلا مقام ؛ زیر سما ؛ میدان -

Quite in the air : بے بنیاد ؛ غیر یقینی -

Take air : پھیل جانا ؛ مشہور کرنا ؛ شائع ہونا ؛ (کسی بات کا) چرچا ہونا -

Air : (v) (۱) ہوا میں رکھنا ؛ ہوا دینا ؛ ہوا پہنچانا - (۲) آگ دکھا کر سکھانا - (۳) ہوا خوری کرنا ؛ ہوا کھانا ؛ تازہ ہوا لینا - (٤) دکھانا ؛ ظاہر کرنا ؛ (کسی چیز کا) مشہور کرنا ؛ اشاعت کرنا ؛ پھیلانا ؛ منظر عام پر لانا (صفات، شکایت ، نظر ، عمدہ لباس وغیرہ کو) -

Air adviser : (n) (انتظامیہ ؛ تاریخ و سیاسیات) ایئر ایڈوائزر ؛ مشیرفضائیہ -

Air attache : (n) اتاشی فضائیہ -

Air attack : (n) ہوائی حملہ -

Air-ball : (n) ہوا بھری ہوئی گیند ؛ ایک کھلونا ؛ غبارہ -

Air base : (n) ہوائی اڈہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) فضائیہ مرکز -

Air bath : (n) کیمیاوی اشیاء سکھانے کا ایک طریقہ ؛ ہوائی غسل -

Air bladder : (n) پودے یا جانور میں ہوا سے بھری جھلی ؛ پھکنا ؛ گلپھڑا -

Air blast : (n) (کیمیا) ہوائی جھونکا ؛ ہوا جھکڑ -

Air bomber : (n) (طبیعیات) بمبار ہوائی جہاز -

Air bone : (n) چڑیوں میں ہوا حاصل کرنیکی ایک ہڈی -

Air borne : (a) (۱) ہوا کے سہارے ؛ ہوا کی طاقتوں پر - (۲) ہوا آورد -

Air box : (n) (۱) بچاؤ کشتی یا آگ بجھانیوالے انجن کا ہوائی چیمبر۔ (۲) لکڑی کی مربع نلی جو کانوں میں ہوا پہنچانے کیلئے ہوتی ہے ۔

Air brake : (n) ہوائی بریک (جو ہوا کے زور سے کا م کرتا ہے) ۔

Air brick : (n) وہ سوراخ دار اینٹ جو تہویہ (ہوا کے آنے جانے) کے لئے ہوتی ہے ۔

Air canal/-casing : (n) وہ غلاف جو جہاز کی چمنی کے نچلے حصہ کو ڈھانکے رہتا ہے تاکہ گرمی کو عرشہ تک جانے سے روکے ۔

Air cargo : (n) (تجارت) ہوائی جہازی مال ۔

Air cargo rate : (n) (تجارت) ہوائی جہازی مال کی شرح ۔

Air castle : (n) خیالی پلاؤ ؛ شیخ چلی کی طرح منصوبے بنانا ؛ خیالی منصوبہ ۔

Air cavity : (n) ہوا سے بھرا ہوا چھوٹا جوف ؛ (طبیعیات) خانہ ۔

Air cell : (n) کیسہ ہوا ؛ جانوروں کے پھیپھڑے میں چھوٹے چھوٹے جوف ؛ پودوں کے ہوائی جوف ۔

Air cells : (n) ہوا خلیہ ۔

Air chamber : (n) (۱) ہوا دان ؛ ہوا کا خانہ (کلوں کا وہ خانہ جس میں ہوا بھر کر دباؤ کو یکساں رکھتے ہیں) ؛ ہوائی چیمبر ۔ (۲) (طبیعیات) داب ؛ (کیمیا) ہوائی کمرہ ؛ (لسانیات) ہوائی جوف ۔

Air Chief Marshal : (n) (انتظامیہ) ایئر چیف مارشل ۔

Air cock : (n) ہوا کےآنے یا نکلنے کی ٹونٹی ؛ ہوا ڈاٹ ۔ (۲) باد نما ۔

Air commerce : (n) (تجارت و معاشیات) ہوائی جہاز بیوپار ؛ بیوپار بذریعہ ہوائی جہاز ۔

Air Commodore : (n) (انتظامیہ) ایئر کموڈور ۔

Air compression : (n) (کیمیا) ہوائی داب ۔

Air compressor : (n) (طبیعیات) داب گر ؛ ہوا داب ۔

Air condenser : (n) (طبیعیات) کثیف گر ؛ (کیمیا) ہوائی کنڈنسر ؛ ہوا مکشفہ ۔

Air condition : (n) (انتظامیہ) ایئر کنڈیشن ؛ ہوا سدھار ؛ موسمانا ۔

Air conditioned : (n) ہوا سدھار ؛ موسمایا ۔

Air conditioning : (n) ہوانکیہ ؛ (طبیعیات) ایئر کنڈیشنگ ؛ موسمانا ؛ ہوا سدھار ۔

Air conditioner : (n) ہوا سدھار ۔

Air conduction : (n) ہوا ایصال ۔

Air controller : (n) ایئر کنٹرولر ۔

Air-cooled : (a) ہوا سرد ۔

Air cooling : (n) ہوا بریدی ؛ ہوا تبرید ۔

Air coordinator : (n) (انتظامیہ) افسر رابطہ فضائی ؛ ایئر کوآرڈنیٹر ۔

Air current : (n) ہوائی رو ۔

Air cushion : (n) ہوا تکیہ ۔

Air despatcher : (n) ہوا مرسل ؛ ایئر ڈیسپیچر ۔

Air drain : (n) بنیاد کی چاروں طرف کا ڈھکا ہوا نالہ جو رطوبت کو روکتا ہے ۔

Air drop : (n) سامان یا افراد کو چھاتوں کے ذریعہ ہوائی جہاز سے اتارنا ۔

Air-drop : (v) رسد اور افواج کو چھاتوں کے ذریعہ ہوائی جہاز سے اتارنا ۔

Air drying oven : (n) (کیمیا) ہوائی تنور ۔

Air duct : (n) ہوائی نلی خصوصاً مچھلیوں کی ۔

Air engine : (n) ہوا انجن (جو گرم ہوا سے چلتا ہے) ۔

Air exhauster : (n) ہوا خلا کار ۔

Air-fairy : (a) نفیس ؛ پری شمائل ؛ خیالی ؛ تصوراتی ۔

Air field : (n) دیکھو Airport

Air fleet : (n) فضائیہ کا ایک دستہ ؛ کسی ملک کا کل فضائیہ ۔

Air force : (n) ہوائی فوج ؛ فضائیہ ؛ وایو سینا ؛ ہوائی فوجی دستہ ۔

Air fountain : (n) ہوا فوارہ ؛ ہوا بستہ سے چلنے والا فوارہ ۔

Air frame : (n) ہوائی جہاز کامکمل ڈھانچہ ۔

Air free : (n) (کیمیا) بے ہوا ۔

Air freight : (n) (انتظامیہ) کرایہ اسباب سفر فضائی ؛ ہوائی جہاز میں سامان لے جانیکا کرایہ ۔

Air freight : (v) کرایہ پر ہوائی جہاز میں سامان لیجانا ۔

Air friction : (n) (طبیعیات) ہوا کی رگڑ ۔

Air gap : (n) (طبیعیات) ہوائی فاصلہ ؛ (کیمیا) خلا ؛ ہوائی جوف ؛ ہوا فیصل ۔

Air grating : (n) ہوا دان ؛ ہوا داخل ہونیکا جنگلہ ۔

Air gun : (n) ہوائی بندوق ۔

Air gunner : (n) (انتظامیہ) ہوائی توپچی ۔

Air hammer : (n) ہوائی ہتھوڑا ؛ وہ ہتھوڑا جو بھینچی ہوئی ہوا سے چلتا ہے ۔

Air head/-ing : (n) کان میں ہوا پہنچانیکا ایک چھوٹا راستہ ۔

Air heater : (n) ہوا گرمالہ ۔

Air holder : (n) ہوا بستہ ظرف ۔

Air hole : (n) باد گیر ؛ وہ سوراخ جس سے ہوا جاسکے ۔

Air hostess : (n) ہوائی جہاز کی منتظمہ ۔

Air jacket : (n) ہوا بستہ استر سے بنی ہوئی جاکٹ جو پانی میں ڈوبنے سے روکتی ہے ؛ ہوائی صدری ؛ ہوا غلاف ۔

Air jurisdiction : (n) (تاریخ و سیاسیات) فضائی دائرہ اختیار ۔

Air launch : (n) اڑتے ہوئے ہوائی جہاز سے راکٹ پھینکنا ۔

Air line : (n) (۱) خط مستقیم ۔ (۲) ہوائی جہازوں کی قطار ؛ خط ہوائی ؛ ہوائی کمپنی ۔

Non-scheduled airline : غیر منظور ہوائی کمپنی ۔

Scheduled airline : منظور ہوائی کمپنی ۔

Air liquid interface : (طبیعیات) رقیق ہوا کا انشرخ ؛ (کیمیا) فضائی رقیق بین السطح ۔

Air marshal : (n) (انتظامیہ) ایئر مارشل ۔

Air masses : (n) ہوائی اجسام ۔

Air mechanism : (n) دیکھو Air stream mechanism

Air ministry : (n) ہوائی وزارت ۔

Air monger : (n) ہوائی منصوبہ بنانیوالا ۔

Air oven : (n) ہوائی تنور ۔

Air pact : (n) (تاریخ و سیاسیات) فضائی معاہدہ ۔

Air passage : (n) (تاریخ و سیاسیات) فضائی گذرگاہ ۔

Air pilot : (n) ہوا باز ؛ طیارہ باز ۔

Air plant : (n) پودوں کی ایک قسم جو اپنے پتوں سے دوسرے پودے پیدا کرتا ہے ؛ طفیلہ ؛ گیاہ ہوائی جس کو انگریزی میں لائف پلانٹ یعنی درخت حیات بھی کہتے ہیں ؛ ہوائی پودے ۔

Air pocket : (n) (۱) ہوا رخنہ ؛ ہوا تھیلی (کسی مقام کی مخصوص فضائی کیفیت جس کا سامنا ہوائی جہاز کو یکایک ہوتا ہے اور وہ یکبارگی نیچے کی طرف آنے لگتا ہے) ۔ (۲) رقیق سے عموماً بھری ہوئی نلی کا ہوا سے بھرا ہوا حصہ ؛ ہوائی رو ؛ اضطراب ہوا ۔

Air poise : (n) ہوا تولنے کا ایک آلہ ؛ ہوا سنج ۔

Air pores : (n) ہوا مسام ۔

Air -port : (n) ایئرپورٹ ؛ ہوائی اڈا ؛ طیران گاہ ؛ پرواز گاہ ؛ ہوائی جہازوں کے اترنے کی جگہ ۔

Air port : (n) جہاز میں ہوا کے آنے جانے کا ایک راستہ ۔

Air pressure : (n) (کیمیا) ہوائی دباؤ ۔

Air pump : (n) هوا پمپ ؛ ہوا کش ؛ ہوا نکاس ؛ وہ آلہ جس سےکسی برتن سے ہوا نکالی جاتی ہے ؛ مخراج الهوا ۔

Air raid : (n) ہوائی حملہ ؛ ہوائی چھاپہ ۔

Air roots : (n) ہوا بیخ ۔

Air route : (n) ہوائی راستہ ؛ فضائی راستہ ۔

Air sac : (n) ہوا کیسہ ؛ ہوا تھیلی ۔

Air -scape : (n) منظر ہوائی ؛ وہ تصویر جو ہوائی جہاز سے لی جائے ۔

Air scuttle : (n) جہاز میں آنے جانے کا راستہ ۔

Air shaft : (n) کسی کان یا سرنگ میں ہوا داخل ہونے کا راستہ ۔

Air sickness : (n) پروازی بیماری ؛ ہوائی روگ ؛ ہوائی بیماری ؛ غشیان ہوائی ؛ طیرانی مرض ۔

Air space : (n) (۱) (تاریخ و سیاسیات) فضائی حد ۔ (۲) (نباتیات) ہوا دانی ؛ ہوا خلیہ ۔

Air station : (n) ہوائی اڈہ ۔

Air stove : (n) وہ اسٹوو جو اپنی سطح اور غلاف کے درمیان گذرنے والی ہوا کو گرم کرتا ہے ۔

Air stream : (لسانیات) ہوائی بہاؤ ۔

Air stream mechanism : ہوائی بہاؤ طریق کار ۔

Air strike : (n) ہوائی حملہ ؛ ہوائی نشانہ ۔

Air strip : (n) پختہ ہوائی پٹری ۔

Air temperature : (n) (کیمیا) ہوائی درجہ حرارت ؛ ہوائی تپش ۔

Air thermometer : (n) ہوائی تپش پیما ۔

Air threads : (n) ہوائی مکڑی کا جالا ؛ شیطان کی دوڑ ۔

Air - to - air : (adv or a) ہوائی انداز سے ؛ فضائی ؛ پرواز کرتے ہوئے ایک طیارہ سے دوسرے طیارہ تک ۔

Air traffic : (n) فضائی آمدورفت ؛ (انتظامیہ) ایئر ٹریفک ۔

Air transport : (n) (تاریخ و سیاسیات) فضائی حمل و نقل ۔

Air trap : (n) وہ نعل نما پائپ جو نالے کی بدبودار ہوا کو روکتی ہے ؛ ہوا گیر ۔

Air truck : (n) ہوائی جہاز میں سامان رکھنے کا حصہ ۔

Air umbrella : (n) فوج کا فضائی دستہ جو بری و بحری افواج کی حفاظت کے لئے ہوتا ہے ۔

Air value : (n) ہوائی قیمت ۔

Air vessel : (n) (۱) ہوا رکھنے کا کوئی برتن ۔ (۲) (خصوصاً) کیڑوں اور پودوں کی ہوا کی نالی ۔

Air vice-marshal : (n) (انتظامیہ) ایئر وائس مارشل ۔

Air warfare : (n) (تاریخ و سیاسیات) فضائی جنگ ۔

Air worthy : (a) پرواز کے لائق (ہوائی جہاز) ۔

Aircraft : (n) ہوائی جہاز ؛ طیارہ ؛ غبارہ ؛ (طبیعیات) ہوا گاڑی ۔

Civil aircraft : (تاریخ و سیاسیات) سول ہوائی جہاز ۔

Foreign Aircraft : (تاریخ و سیاسیات) غیر ملکی ہوائی جہاز ۔

Military aircraft : (تاریخ و سیاسیات) فوجی ہوائی جہاز ۔

Nationality of aircraft : (تاریخ و سیاسیات) ہوائی جہاز کی قومیت ۔

Neutral aircraft : (تاریخ و سیاسیات) غیر جانب دار ہوائی جہاز ۔

Non-military aircraft : (تاریخ و سیاسیات) غیر فوجی ہوائی جہاز ۔

Private aircraft : (تاریخ و سیاسیات) نجی ہوائی جہاز ۔

State aircraft : (تاریخ و سیاسیات) سرکاری ہوائی جہاز ۔

Aircraft carrier : (n) وہ جہاز جو ہوائی جہازوں کو لے جائے اور خود ہوائی اڈہ بھی ہو ۔

Aircraft examiner : (n) (انتظامیہ) ایئر کرافٹ ایگزامنر۔

Aircraftman : (n) ہوائی جہاز کا مشین ساز ؛ ہوائی جہاز کاریگر ؛ (انتظامیہ) ایئر کرافٹ مین ؛ ہوا باز۔

Aircrew : (n) (انتظامیہ) عملہ ہوائی جہاز۔

Aired : (a) ہوادار گرمی سے سکھایا ہوا۔

Airedale : (n) (۱) یارک شائر کا ایک ضلع۔ (۲) (عامیانہ) بحری طیارہ کا ہوا باز ؛ طیاروں کو لے جانے والا بحری جہاز۔

Airedale-terrier : (n) لمبے کھردرے بال والے کتے کی ایک نسل۔

Airer : (n) سکھانے والا۔

Airily : (adv) (۱) سبک روی سے ؛ لطافت سے ؛ خوش مزاجی سے ؛ اوچھے پن سے۔ (۲) زندہ دلی سے ؛ بانکپن سے ؛ خوش طبعی سے۔

Airiness : (n) (۱) سبک روی ؛ خوش مزاجی ؛ زندہ دلی ؛ لطافت ؛ خوش ادائی۔ (۲) ہوا دار ہونا۔

Airing : (a & n) (۱) ہوا دار ؛ ہوا دینا ؛ ہوا پہنچانا۔ (۲) آگ دکھا کر سکھانا۔ (۳) ہوا خوری کےلئے سیر کرنا۔

Airless : (a) بے ہوا ؛ غیر فضائی۔

Airliner : (n) (ہوائی کمپنی کا) جہاز۔

Airmail : (n) (انتظامیہ) ہوائی ڈاک۔

Airmail postage paid card : (تجارت) ہوائی ڈاک ٹکٹ لگا کارڈ۔

Airman : (n) (۱) ہواباز ؛ ہوائی جہاز کا عملہ ؛ فضائیہ کا رکن۔ (۲) برف گھر کا عملہ جو نیم منجمد برف کے پانی کو صاف کرتا ہے اور گندگیوں کو پاک کرتا ہے تاکہ عمدہ برف تیار ہوا۔

Airmanship : (n) ہوا بازی۔

Airplane : (n) ہوائی جہاز ؛ ہوائی پیما۔

Airplane photography : (n) (طبیعیات) ہوائی جہاز تصویر کشی -

Airproof : (a) ہوائی بند ؛ جس میں ہوا داخل نہ ہوسکے ؛ ہوا روک۔

Airship : (n) [After G."luftschiff"] موٹر سے چلنے والا غبارہ جس کی پرواز قابو میں رہتی ہے اور جسکی شکل سگار جیسی ہوتی ہے۔

Airt : (n) کمپاس کی ایک سمت ؛ سمت۔

Airt : (v) رہنمائی کرنا ؛ راستہ دکھانا۔

Airtight : (a) ہوا بند ؛ ہوا روک ؛ (جس میں ہوا کا گذر نہ ہونے پائے)۔

Airtightly : (adv) ہوابند طور پر -

Airtightness : (n) ہوا روک خاصیت۔

Airway : (n) (۱) ہوا کی گذرگاہ خصوصاً کان کی ؛ ہوا گذار ؛ تردیحہ۔ (۲) ہوائی جہاز کا راستہ۔

Airway bill : (n) ہوائی جہاز سے بھیجے گئے مال کی رسید۔

Airworthiness : (n) (ہوائی جہاز کی) پرواز کی صلاحیت۔

Airy : (a) (۱) ہوائی (ہوا سے متعلق) ؛ فضائی ؛ بلند۔ (۲) ہوا دار ؛ کشادہ ؛ کھلا ہوا۔ (۳) غیر مرئی ؛ غیر مادّی ؛ روحانی۔ (٤) پتلا ؛ نازک ؛ باریک ؛ مہین ؛ جھرجھرا (جس کی بناوٹ باریک ہو)۔ (٥) ہلکا ؛ پھرتیلا ؛ ہوا سا ؛ ہلکاپھلکا ؛ سبک رو۔ (٦) خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ خوش مزاج۔ (۷) خوش ادا ؛ خوش نما ؛ لطیف ؛ سبک ؛ نازک ؛ ظریف۔ (۸) پا درھوا ؛ ہیچ ؛ ہوائی۔ (۹) سطحی ؛ اتھلا ؛ بے تہ ؛ نمائشی ؛ اوچھا ؛ ہلکا۔

Airy scheme : (n) خیال خام ؛ پوچ۔

Aisle : (n) [L."ala"] (۱) گرجا کا بغلی راستہ (جو ناف کلیسا کے متوازی ہوتا ہے) - (۲) گرجا کی نشستوں کا درمیانی راستہ ؛ بین الصفوف ؛ کنار۔ (۳) (تاریخ و تعمیرات) بغلی راستہ۔

Aisle vaulting : (n) (تاریخ و سیاسیات) قوسی چھت ؛ بغلی راستہ کی قوسی چھت۔

Aisled : (a) بغلی راستہ بنا ہوا ؛ بین الصفوف رکھا ہوا۔

Aisleless : (a) بغیر بغلی راستہ کا (گرجا یا عمارت جس میں بغلی راستہ نہ ہو)۔

Ait : (n) [OE.] دریائی جزیرہ ؛ چھوٹا جزیرہ یا ٹاپو (جو دریا یا جھیل میں ہو)۔

Aitch-bone : (n) کفلی ہڈی (یعنی پٹھے پر کی ہڈی) ؛ عصعص۔

Aitken's process : (n) (شماریات) ایٹکن عمل۔

Ajar : (adv&a) [A prep.+CHAR] ادھ کھلا ؛ نیم وا ؛ نیم باز (دروازوں کے لئے)۔

Ajar : (a) [A prep. + JAR] (۱) بے میل ؛ بے ربط۔ (۲) (آواز کے لئے) کھڑکھڑاتی ہوئی۔

Ajimez : (n) [Arab."ash-shammis"] (تعمیرات) دوہرا دریچہ۔

Ajiva : (n) [Skr.] بے جان مادہ۔

Ajo : (n) [L."allium"] لہسن۔

Ajog : (adv) [A prep. + JOG] سست رفتاری سے۔

Ajoint : (a) [A prep. + JOINT] جوڑ یا محور پر ؛ جڑا ہوا۔

Akali : (n) [Punjabi] اکالی ؛ سکھوں کی ایک جماعت۔

Akaryote : (n) [L."akaryoton"] بے مرکزہ ؛ بے نوات۔

Akh : (n) مردے کی وہ روح جو اپنےاعمال کی روشنی سے منور ہوتی ہے۔

Akhrot : (n) [Hindi] اخروٹ۔

Akimbo : (adv) دونوں ہاتھ کمر یا کولھے پر رکھے ہوئے۔

Akin : (a) [A prep. KIN] (۱) رشتہ دار ؛ قرابت دار ؛ سگا ؛ وابستہ ؛ منسوب ؛ خونی رشتہ دار۔ (۲) ہم سرشت ؛ ملتا ہوا (خاصیت میں) ؛ ملتا جلتا ؛ ایک ہی طرح کا ؛ مانند ؛ شبیہ ؛ یکساں ؛ ہم جنس ؛ خونی رشتہ کا۔

Akinesia : (n) [Gr.] حرکی اعصاب کا فالج ؛ لا حرکیت۔

Akinesic : (a) حرکی اعصاب کےفالج کا یا اس سے متعلق۔

Akinesis : (n) [A + KINESIS] حرکی اعصاب کا فالج ؛ لا حرکیت۔

Akinetic : (a) لا حرکی۔

Akkadian : (n) [AKKAD,northern division of ancient Babyloina] (تاریخ و سیاسیات) اکادی زبان۔

Akmite: (n) [Gr."akme"] ایک قسم کی معدنی شے۔

Aknee : (adv.) [A prep. + KNEE] گھٹنوں یا گھٹنے پر ؛ ٹخنے پر۔

Akori : [f. native name in western Africa] مسام دار مونگا جو افریقی حبشی بطور زیور استعمال کرتے ہیں۔

-al : ایک لاحقہ جو مختلف معنوں میں آتا ہے۔

Al segno : (n) [It.] موسیقی کی ایک ہدایت۔

Ala : (n) [L."ala"] (۱) بازو کی طرح کا ابھار خصوصاً ناک کی بغلی کرکری ہڈی ؛ جناح ؛ جناح نما زائدہ۔ (۲) (نباتیات) تیتر یا کاسۂ گل کی بغلی پنکھڑی ؛ بازو ؛ برآمدگی۔ (۳) رومی گھر کا بغلی کمرہ یا حجرہ۔

Ala (n) [Sumerian."a-lal"] ایک بڑا قدیم ڈھول۔

Ala mode / Alamode : (a) [Fr."alamo'd"] (۱) متداول ؛ وضع مروجہ یا فیشن کے مطابق۔ (۲) وضع دار ؛ فیشن ایبل ؛ متداول ؛ طرحدار۔ (۳) ایک قسم کی باریک چمکدار سیاہ سلک۔

Alabado : (n) [Sp."alabar"] ایک میکسیکی بھجن۔

Alabandite : (a)[L."alabanda"] میگنیز سے تیار شدہ دھات نما ایک معدنی شے ؛ (کیمیا) ایلابن ڈائیٹ۔

Alabarch : (n) [L."alabarches"] اسکندریہ کے یہودیوں کا ایک اعلیٰ مجسٹریٹ۔

Alabaster : (n) [Gr."alabastos"] (۱) چونے کے کاربنی یا کبریتی مادے کا نام جو کئی قسم کا ہوتا ہے ؛ سیل کھڑی (ایک قسم کی کھڑیا جو سفید اور سخت ہوتی ہےاور سنگ مرمر کے مشابہ) ؛ (کیمیا) سنگ جراحت ؛ ایلاباسٹر۔ (۲) سیل کھڑی کا ڈبا یا صندوقچہ۔ (۳) سفید یا چکنا سنگ مرمر کا سا ؛ مرمر سفید۔

Alabaster cup : (n) (تاریخ و سیاسیات) سنگ جراحت کا پیالہ ۔

Alabastrine : (a) [See ALABASTER] سفید اور چکنا سنگ مرمر کا سا ؛ مرمریں ؛ سفید ۔

Alabastrum : (n) پھول کی کلی ؛ شگوفہ ؛ غنچہ ۔

Alack : (interj.) [A int. +LACK] (۱) افسوس ؛ آہ ؛ دریغا ؛ وا حسرتا ۔ (۲) (تعجب) واہ ؛ خوب ؛ سبحان اللّٰہ ۔

Alacrity : (n) [L."alacritatem"] مستعدی ؛ پھرتی ؛ تیزی ؛ آمادگی ؛ چابکی ؛ تندی ؛ طراری ؛ زندہ دلی ۔

Alae : (n) پنکھے ؛ ڈینے ۔

Alala : (n) [Dor. Gr.] یونانیوں کا ایک جنگی نعرہ ۔

Alalia : (n) [Gr."a+lalia"] عدم طاقت گفتار ؛ عدم گویائی ؛ گونگاپن ؛ لانطقی ۔

Alalite : (n) [f. Ala in Tyrol] ایک معدنی شے کا نام ۔

Alalus : (n) [Gr."alalos"] قوت گویائی (نطق) سے محروم پست درجے کا ایک فرضی انسان ۔

Alameda : (n) [Sp.] خیابان ؛ عام شاہراہ جس کے دونوں طرف درخت لگے ہوں ۔

Alamodality : (n) [L."alamodalitas"] وضع دار یا فیشن ایبل ہونے کی صفت ۔

Alamort / a la mort : (a) [Fr.] (۱) موت کے قریب ؛ قریب المرگ ۔ (۲) مرنے تک ۔

Aland : (adv) [A prep.+LAND] کنارے تک ۔

Alanine : (n) [AL (DEHYDE) + INE] (کیمیا) ترشہ کی ایک قسم ؛ ایلانین ۔

Alantine : (n) [.Germ."alant"] (کیمیا) انولثین ۔ ایک سفید اسٹارچی مادہ ($C_6 H_{10} O_5$) ۔

Alar : (a) [L."alaris",f."ala"] (۱) ڈینا جیسا ؛ پنکھ جیسا ؛ پنکھ کے متعلق ؛ پرند کے بازو کے متعلق ؛ جناحی ۔ (۲) پنکھ کی طرح ؛ بازو کا سا ۔ (۳) بغلی ؛ بغلی رو (نباتیات) ۔

Alarm / Alarum : (n) [It."allarme = all arme"] (۱) تیاری کا بگل ؛ جنگی بگل ۔ (۲) خطرے کا بگل (وہ آواز جس سے خطرے کی خبر دیتے ہیں) ؛ انتباہ ۔ (۳) الارم کی گھنٹی ؛ گجر ۔ (٤) کسی قسم کے خطرے سے خبرداری ۔ (٥) پینترے کا قدم (شمشیر بازی وغیرہ میں) ۔ (٦) شور و غل ؛ ہلڑ ۔ (۷) خطرے کا ہول ؛ خطرے کی دہشت ۔

Alarm : (v) (۱) خطرے سے آگاہ کرنا ؛ خبردار کرنا ؛ ہوشیار کرنا ؛ انتباہ کرنا ۔ (۲) متوحش کرنا ۔ (۳) ہراساں کرنا ۔

Alarm bell : (n) وہ گھنٹی جو خطرے سے آگاہی کے لئے بجاتے ہیں ؛ خطرے کی گھنٹی ۔

Alarm cannon : (n) وہ بندوق یا توپ جو خطرے سے آگاہ کرنے کے لئے داغی جاتی ہے ۔

Alarm clock /-watch : (n) جرس گھڑی ؛ جگانے والی گھڑی ۔

Alarm gauge : (n) ایک آلہ جو بوائلر میں پانی کی کمی یا بھاپ کے خطرناک دباؤ سے آگاہ کرتا ہے ۔

Alarm gun : (n) دیکھو Alaram Cannon

Alarm post : (n) جوکھم پڑاؤ ؛ وہ جگہ جہاں خطرے کے وقت فوج کے سب سپاہی جمع ہو جائیں ۔

Alarm word : (n) وہ مخصوص لفظ جس سے فوجی پہرے دار دوست اور دشمن میں تمیز کرتے ہیں ۔

Alarmable : (a) خوفزدہ ہونے والا ؛ وحشت زدہ ہونے والا ؛ ہراساں ہونے والا ۔

Alarmed : (a) خطرے سے آگاہ ؛ خبردار ؛ ہوشیار ؛ متوحش ۔

Alarmedly : (adv) متوحش طور سے ۔

Alarming : (a) مایۂ ہراس ؛ پریشان کن ۔

Alarmingly : (adv) ہراس کے ساتھ ؛ پریشان کن طور پر ۔

Alarmism : (n) آشوب طلبی ؛ گھبراپن ؛ ہولچی پن ۔

Alarum : (n) دیکھو Alarm

Alarums and excursions : (۱) فوجی جھنکار اور سپاہیوں کی نقل و حرکت (اسٹیج پر) ۔ (۲) شور و غل ؛ بے ترتیب سرگرمی ؛ شور و شغب ۔

Alary : (a) [L."alarius"] پنکھ کے متعلق ؛ بال و پر سے متعلق ؛ ڈینا سے متعلق ؛ جناحی ۔

Alas : (interj.) [L."lassum"] (۱) افسوس ! آہ ! ہائے ! وائے ۔ (۲) ارے ! افسوس ! حیف ۔ (۳) دریغ ! دریغا ۔

Alastor : (n) [Gr."a+lalia"] بدلے یا انتقام کی دیوی ۔

Alastrim : (n) [Pg."alastrar"] چیچک کی ایک ہلکی قسم ؛ ہلکی قسم کی چیچک ۔

Alate : (a) [L."alatus"] بال دار ؛ پنکھ دار ؛ بازو دار ۔

Alate : (adv) حال میں ۔

Alatem (us) : (n) [L."ala+temus"] ہمیشہ شاداب رہنے والی ایک جھاڑی ۔

Alation : (n) [L."alatus"f. ala] (۱) پنکھ رکھنے کی صورت یا حالت ۔ (۲) کیڑوں کے بازو کی وضع ۔

Alb : (n) [L."alba"] سفید لباس (جو پاؤں تک آتا ہے) ؛ عبا ؛ چوغہ ؛ جبّہ ۔

Albacore / Albicore :(n) [Arab. "Al-bukr"] ایک قسم کی مچھلی جو Tuny کی ایک نوع ہے ؛ ایک قسم کی سمندری مچھلی ؛ اسی جنس کی مچھلی ؛ اسی جنس کی مچھلی کی دیگر انواع ، البکر ۔

Albam : (n) [Iteb.] یہودیوں کی تمثیلی تصنیفوں میں مستعمل خفیہ طرز تحریر ۔

Alban : (n) [L."albus"] سفید شفاف گوند کی طرح کی ایک شے ۔

Albata : (n) [L."albata"] دھات کا ایک سفید مرکب ؛ جرمن سلور (نقلی چاندی) ۔

Albatross : (n) [Pg.] قادوسی پرندوں کی نوع جو بحر اوقیانوس اور جنوبی بحیروں میں پائی جاتی ہے ؛ قادوسی پرندے (انگریزی لفظ ہسپانی اور پرتگالی " الکاتروز " سے اوریہ عربی " القادوس " (= ڈول) سے بنا ۔ (عربی میں " قادوس " اس لئے کہنے لگے کہ اگلے زمانے میں اس پرندے کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ وہ چونچ میں پانی بھر بھر کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا کرتا ہے) ۔

Great albatross : بڑا قادوس ؛ سب سے بڑا دریائی پرندہ ۔

Albe : (n) قدیم روم کا ایک رجسٹر ۔

Albedo : (n) [L.] (۱) سفیدی ۔ (۲) آفتاب کی روشنی کا وہ حصہ جو کسی سیارہ کی سطح پر پڑ کر دوبارہ منعکس ہو جاتا ہے ؛ دو پہلا ؛ البیاض ۔

Albeit : (conj) [prop.a phrase"all beit (that)"] (۱) اگرچہ ؛ گو ؛ حالانکہ ؛ باوجودیکہ ۔ (۲) تسلیم کرتے ہوئے ۔

Albert : (in full Albert-Chain) [Albert, the Prince Consort of Queen Victoria] گھڑی کے چین کی ایک قسم ؛ البرٹی زنجیر (شہزادہ البرٹ ملکہ وکٹوریہ کے شوہر کے نام سے موسوم ہے) ۔

Albert-type : (n) [after name of the inventer] (۱) شیشے یا دھات کے پتر پر کی تصویر کو چھاپنا ۔ (۲) لوح تصویر سے تصویر چھاپنے کا طریقہ ؛ اس طرح چھاپی ہوئی تصویر ۔

Albertite : (n) [Albert] ایک سیاہ فام نقطہ دار معدنی شئے ۔

Albescent : (a) [L."albescentem","albescere"] وہ چیز جو سفید ہو رہی ہو ؛ مائل بہ سفیدی ۔

Albespyne /-ine : (n) [L."alba spina"] ہاتھرن ؛ ایک قسم کی خار دار جھاڑی جس کے پھول سفید، گلابی یا سرخ اور پھل انگور کی شکل کے گہرے سرخ ہوتے ہیں ۔

Albicant : (a) [L."albicantem"] مائل بہ سفیدی ؛ سفیدی مائل ؛ وہ چیز جو سفید ہو رہی ہو ۔

Albication : (n) [L." albicat-","albicare",f."albus"] سفید ہونے کا عمل ؛ خصوصاً درختوں کے پتوں میں ہلکے دھبے کا پڑ جانا ۔

Albiflorous : (a) [L."albus"+" flor-"+-ous] (نباتیات) سفید پھولوں والا ۔

Albin(e) : (n) [L."albus"] ایک قسم کی غیر شفاف معدنی شے جو بوہیما میں پائی جاتی ہے ۔

Albines : (n) [L."albus"] وہ چھوٹی بے رنگ چیز جو البومینی دانوں میں پائی جاتی ھے ۔

Albiness : (n) سفید بال اور گلابی آنکھوں والی عورت ۔

Albinism / Albinoism : (۱) جسم پر بھورے پن کی کیفیت ؛ امہاق ؛ برصیت ؛ سفیدیت ۔ (۲) (نباتیات) بیاض ۔

Albino : (n) [Sp. or Pg.] بھورا (وہ آدمی جس کے چمڑے ، بال اور آنکھ میں خلقی طور سے رنگ کی کمی ھوتی ھے اور جس کے بال سفید اور آنکھیں گلابی ھوتی ھیں) ؛ ابرص ؛ سفید ؛ زال ۔ (۲) پودے کی قسم جس کی پتیاں بے رنگ ھوتی ھیں ۔ (۳) جانور جس میں یہ خاصیت ھو ۔

Albite : (n) [L."albus"] ایک قسم کے سفید یا سوڈا کی قلمی دھات ؛ سفید فلسپار ؛ البائٹ ۔

Albinotic : (a) سفید یا سوڈا کی قلمی دھات کی فطرت کا یا اس کا حامل ۔

Albocinereous : (a) - ["alb+cinereous"] بھورا خاکی ۔

Albolith : (n) [L.albus+Gr."lithos"] ایک قسم کی سفید سیمنٹ جو مینگنیشیا اور بالو سے بنتی ھے ۔

Alborada : (n) [Sp."alba"] (ساز پر) نغمۂ شبینہ ۔

Alborak : (n) [Arab] براق ۔

Albuginean : (a) [mod.L."albugine-us"+-AN] آنکھ کی ریشہ دار نسیج کی طرح کا ۔

Albugineous : (a) مغز دار ؛ بیضین دار ۔

Albugo : (n) [L."albus"] آنکھ کی ایک بیماری جس میں قرنیہ پر سفید غیر شفاف دھبہ پڑ جاتا ھے ؛ بیاض العین ؛ ناخنہ ۔

Album : (n) [L."album"] (۱) قدیم رومی پتھر کی تختی جس پر رومی قونصل کے فرمان اور دوسرے عوامی مسئلے اطلاع عام کے لئے درج کر دیئے جاتے تھے ۔ (۲) بیاض ؛ مرقع ؛ البم جس میں لوگوں کے دستخط ، نظمیں ، ٹکٹ وغیرہ جمع کئے جائیں ۔ (۳) رائے لکھنے کی کتاب ۔

Album graecum : (n) [L.] کتے کا خشک فضلہ جو کبھی کبھی چمڑا کمانے کے کام میں آتا ھے ۔

Albumblatt : (n) [G.] راگوں کی ترتیب خصوصاً پیانو کے لئے ۔

Albumean : (a) بیاض ، البم یا مرقع سے متعلق ۔

Albumen : (n) [L."albumen"] (۱) انڈے کی سفیدی ؛ زلال البیض ۔ (۲) بیضین (ایک قسم کا سفید مادہ جو حیوانی اجسام ، بیجوں اور گودے دار جڑوں میں پایا جاتا ھے ۔ (۳) (حیوانیات و کیمیا) البومن ؛ (نباتیات) گری ؛ مغز ؛ گودا ؛ بیضین ۔

Albumenize : (v) البومن سے ڈھکنا ؛ تہ چڑھانا یا حاملہ کرنا ۔

Albumenizer : (n) ڈھکنے ، تہ چڑھانے یا حاملہ کرنے والا ۔

Albumin : (n) [L."albumin-"] (۱) بیضین ۔ (۲) (کیمیا) البومن ؛ زلال ۔

Albumin tannate : (n) ایک زردی مائل سفید سفوف جو قابض ھوتا ھے ۔

Albuminate : (n) کسی دوسری بنیاد کے ساتھ بیضین کا مرکب جس میں بیضین بہت کمزور ترشہ کی طرح کام کرتے ھیں ۔

Albuminated : (a) بیضین کے ذریعہ ڈھکا ھوا یا تہ چڑھایا ھوا یا حاملہ کیا ھوا ۔

Albumination : (n) خلیوں کو دوبارہ بیضین میں تبدیل کرنا ؛ کاغذ پر بیضوی روغن چڑھانا ۔

Albuminiferous : (n) بیضین پیدا کرنے والا ۔

Albuminimeter : (n) رقیق میں بیضین کی مقدار جانچنے کا آلہ ۔

Albuminin : (n) پرندوں کے انڈے کی سفیدی کے ڈھکے ھوئے خلیوں کا مادہ ۔

Albuminiparous : (n) بیضین پیدا کرنے والا ۔

Albuminize : (v) بیضین میں تبدیل کرنا ؛ کاغذ پر بیضنی روغن چڑھانا ۔

Albumino- : Albumen سے مرکب الفاظ بنانے کا لاحقہ ۔

Albuminoid : (a) [L."albumin"] (۱) مثل بیضین ؛ بیضین کی طرح ؛ بیضین نما یا انڈے کی سفیدی جیسا ؛ زلال نما ۔ (۲) (کیمیا) البومن ؛ البومن نما ؛ مغز نما ۔

Albuminoid principles : (n) وہ نامیاتی مرکب جو جانوروں کے خلیوں کا خاص حصہ ہوتا ہے ۔

Albuminoidal : (a) بیضنی ؛ جانوروں کے خلیوں کے نامیاتی مرکب کا ۔

Albuminose : (a) [L."albuminosus"] (۱) بیضینی ؛ بیضین کی خاصیت رکھنے والا ؛ مغز دار ؛ بیضین دار ؛ زلالی ۔ (۲) بیضین سے حاصل شدہ ایک بلوری مادہ ۔

Albuminosis : (n) وہ حالت جب پیشاب میں بیضین کی زیادتی ہو جاتی ہے ۔

Albuminous : (a) [L."albumin-"] (۱) بیضینی ؛ بیضین جیسی خاصیت رکھنے والی شئے ؛ مغز دار ؛ بیضین دار ۔ (۲) (مجازاً) بے مزہ ؛ بے ذائقہ ؛ پھیکا ۔

Albuminous cell : (n) (کیمیا) البومنی سیل ۔

Albuminousness : (n) پھیکا پن ؛ بے مزگی ؛ بیضینیت ۔

Albuminuria : (n) [L."albumin-"+Gr."ur-on"] پیشاب میں البومن کا آنا ؛ ایک عارضہ ؛ بول زلالی ۔

Albumose : (n) [L."albumine"+-OSE] (کیمیا) البوموز ۔

Album : (n) (۱) گبھیلی (لکڑی) ؛ وہ لکڑی جو Exogenous (برنمو) درختوں میں نئی بنی ہو ؛ رسیلی لکڑی ؛ چھال ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Albumous : (a) [L."albus"] رسیلی لکڑی کا یا اس سے متعلق ۔

Albumum : (n) رسیلی لکڑی ؛ رس چوب ؛ چوب خام ؛ گابھا ۔

Alcade : اسپین اور پرتگال کا ایک جج یا شیرف (Sheriff) ۔

Alcahest : محلل کلی ؛ وہ چیز جو کیمیا گروں کے اعتقاد میں ہر چیز کو گھلا سکتی تھی ۔

Alcaic : (a & n) [Gr."alcaicos"] (۱) یونانی شاعر القیوس (ALCAEUS 600 Bc.) کے متعلق ؛ القیوسی ۔ (۲) شعر کی ایک بحر (جو القیوس نے ایجاد کی) ؛ (جمع میں) القیوسی بند (گیت کے Strophes) ۔

Alcaid : (۱) قلعے کا حاکم ۔ (۲) جیل کا دربان ۔

Alcalde : (n) [Arab] دیکھو Alcade

Alcanna /-na : (n) [Arab."al-henna"] مصری مہندی یا اس کے پتے جنہے اگلے زمانے میں لوگ جسم کے کچھ حصوں کو لال رنگنے کے لئے استعمال کرتے تھے ؛ ھندی حنا ۔

Alcarraza : (n) [Arab] ایک مسام دار مٹی کا برتن جس میں پانی کو رکھ کر عمل تبخیر سے ٹھنڈا کیا جاتا تھا ۔

Alcatras : (n) [Pg."alcatraz"] ایک بڑی دریائی چڑیا (اسپینی و پرتگالی) ۔

Alcavala : (n) [Arab] بکری ٹیکس بشرح دس فیصد ۔

Alcayde : (n) [Arab] دیکھو Alcaid

Alcazar : (n) [Arab] محل ؛ قلعہ ۔

Alchemic : (a) (کیمیا) کیمیا گرانہ ؛ الکیمیائی ۔

Alchemical : (a) الکیمیائی ؛ کیمیا گری یا الکیمیا سے متعلق ۔

Alchemically : (adv) کیمیا گری کی رو سے ؛ ھوسانہ ۔

Alchemilla : (n) [ML."alchymia"] ایک سدا بہار پودا ۔

Alchemist : (n) (کیمیا) کیمیا گر ؛ مبھوس ۔

Alchemistical : (a) کیمیا گرانہ ۔

Alchemize : (v) (۱) قلب ماھیت کرنا ؛ بدلنا (کیمیا گری سے) ۔ (۲) کیمیا بنانا ۔

Alchemy : (n) [Arab." al+kimia"] (۱) علم کیمیا ؛ کیمیا گری ؛ کیمیا سازی ؛ الکیمیا (حقیقتاً اور مجازاً) ۔ (۲) عہد وسطی اور سولھویں صدی کا علم کیمیا جوادنی دھات کو سونا میں تبدیل کرنے ، محلل کل اور اکسیر اعظم کی تلاش تک محدود تھا ۔

Alcoate / -hate : (n) Alcoholate کی مخفف شکل ۔

Alcogel : (n) [alco-+gel] (کیمیا) الکوجل ؛ الکو سریش ۔

Alcohol : (n) [Arab."al-koh'l"] (١) الکوحل ؛ الکحل ؛ الغول ؛ روح شراب ۔ (٢) الغولی عرق ؛ کوئی عرق جس میں الکحل داخل ھو ۔ (٣) (کیمیا) الغولی مرکبات (جو بلحاظ ماھیت الکحل کی طرح ھو) ؛ روح شراب کی قسم کا مرکب جو کاربن، ھائیڈروجن اور آکسیجن سے بنتا ھے جس میں سے بعض رقیق ھوتے ھیں اور بعض ٹھوس ۔

Alcoholate : (n) الکحل کا ایک مرکب ؛ (کیمیا) الکوحلیت ۔

Alcoholature : (n) ایک صبغه جو تازہ پودوں سے بنایا جاتا ھے ۔

Alcoholic : (a) الکحلی ؛ الغولی ؛ (کیمیا) الکحلی ۔

Alcoholic fermentation : (n) (کیمیا) الکحلی خمیر کاری ۔

Alcoholic hallucinossis : (n) الکحلی وھم ۔

Alcoholic ketone : (n) الکحلی کیٹون ۔

Alcoholically : (adv) الکحل کی طرح؛ الکحل کے طریقه سے ۔

Alcoholicity : (n) الکحل کی صفت ۔

Alcoholism : (n) الکحلیت ؛ الغولیت ؛ الکحل کا اثر نظام جسمانی پر ؛ (سماجیات) شراب خوری ۔

Alcoholization : (n) ست یا جوھر نکالنا ؛ الکحل سے اثر پذیری ؛ الکحل میں ڈبونا یا تر کرنا ۔

Alcoholize : (v) (١) الکحل کی آمیزش کرنا ؛ الکحل ملانا ۔ (٢) الکحل سےاثر پذیر ھونا ۔

Alcoholometer : (n) (کیمیا) الکحل پیما ؛ وہ آله جو کسی مسکر عرقیات میں الکحل کی مقدار بتائے ۔

Alcoholometrical : (a) الکحل پیمائی سے متعلق ۔

Alcoholometry : (n) (کیمیا) الکحل پیمائی ۔

Alcoholysis : (n) (کیمیا) الکحل پاشیدگی ۔

Alcoran : (n) [Arab."al-qoran"] قرآن مجید ؛ قرآن شریف ۔

Alcoranic : (a) اھل قرآن ؛ قرآنی ۔

Alcornoco/-que : (n) [Arab."al+quern oco"] ایک قسم کا بلوط جس کی چھال دباغت میں کام آتی ھے ۔

Alcosol : (n) (کیمیا) الکوصول ۔

Alcove : (n) [Arab."al+qobbah"] (١) محرابی طاق ؛ قبه ؛ شه نشین ۔ (٢) کمرے کی دیوار میں محراب نما خلا ؛ طاقچه (خصوصاً ھسپانیه میں) ۔ (٣) آرام گاہ یا خواب کمرا ۔ (٤) منڈھا ؛ منڈوا ؛ کنج ۔ (٥) گرمیاں بسر کرنے کا مکان ۔

Alcoved : (a) محرابی ؛ طاق نما ۔

Alcyonarian : (a & n) [L."alcyonaria"] (١) نباتی اسفنج کا ۔ (٢) نباتی اسفنج ۔

Alcyones : (n) پرندوں کی ایک قسم جس میں رام چڑیا (مچھلی لوکا) (Kingfishes) بھی شامل ھے ۔

Alcyonic : (a) نباتی اسفنجی ۔

Alcyonium : (n) [Gr."alcyonian"] نباتی اسفنج کی ایک قسم ؛ کرنی کثیر پا ۔

Aldehyde : (n) [abbrev.for alcohol dehydrogenatum] (کیمیا) ایل ڈی ھائیڈ ؛ (ایک بے رنگ پراں مائع جو الکحل پر آکسیجن کے اثر سے پیدا ھوتا ھے) ۔

Aldehydic : (a) ایل ڈی ھائیڈ کا یا اس سے متعلق ۔

Aldehydic acid : (n) ایل ڈی ھائیڈ کا تیزاب ۔

Alder : (n) [OE."aloraler"] بید کی قسم کا ایک درخت ؛ چور آدمی ؛ راز دار ؛ توسه ۔

Alderman : (n) [OE."ealdormann"] انگریزی یا آئرستانی شھروں میں میئر بلدیه کے بعد کا عھدہ دار ؛ ایلڈرمین ۔

Aldermanate : (n) میئر بلدیه کے بعد کے عھدہ دار کا عھدہ ؛ میئر بلدیه کے بعد کے عھدیداران کی انجمن ۔

Aldermancy : (n) آلڈرمین کا آفس ۔

Aldermanic : (a) آلڈرمین کا یا اس سے متعلق یا اس جیسا ۔

Aldermanly : (a) آلڈرمین کی طرز پر ۔

Aldermanry : (n) (١) محله ؛ حلقه ؛ ضلع (یعنی وہ حدود ارضی یا رقبه جو ایک آلڈرمین کے تحت

هو) - (۲) آلڈرمین کا عهده -

Aldermanship : (n) آلڈرمین کا آفس ، عہدہ یا صفت -

Aldern : (n) بید کی قسم کا ایک درخت -

Aldine : (n) [F. Aldus prop. name] (۱) الدوسی (یعنی Aldus Manutine کا چھاپا ہوا جو سولھویں صدی میں وینس میں ایک مطبع والا تھا) - (۲) ٹائپ کے حرفوں کے ایک خاص طرز کا نام -

Aldo : (a) ایل - ڈی - ھائیڈ سے متعلق -

Aldo-nonose : (n) (کیمیا) ایلڈو نانوس -

Aldo-octose : (n) (کیمیا) ایلڈو آکٹوس -

Aldo-pentose : (n) (کیمیا) ایلڈو پنٹوس -

Aldo-tetrose : (n) (کیمیا) ایلڈو ٹیٹروس -

Aldo-triose : (n) (کیمیا) ایلڈو ٹرایوس -

Aldobiose : (n) (کیمیا) ایلڈوبائز -

Aldodecose : (n) (کیمیا) ایلڈوڈیکوز -

Aldoheptose : (n) (کیمیا) ایلڈوهپٹوز -

Aldohexose : (n) (کیمیا) ایلڈوهکسوس -

Aldol : (n) [ALD(EHYDE)+(ALCOH)OL] (کیمیا) الڈول - ($CH_3.\ CH\ (OH).CH_2.CHO$)

Aldolase : (n) (کیمیا) ایلڈولیس -

Aldose : (n) (کیمیا) الڈوس -

Ale : (n) [OE."alu"] (۱) ایک قسم کی شراب جو مالٹ سے بنتی هے ؛ بوزه - (۲) رنگ رلیاں یا تہوار (جس میں بوزہ پیا جاتا ھے) -

Ale-barrel : (n) ۳۶ (پہلے ۳۲) گیلن -

Ale bush : (n) شراب خانه کا سائن بورڈ -

Ale firkin : (n) ۹ (پہلے ۸) گیلن -

Ale-hoof : (n) جڑی بوٹی ؛ ایک قسم کی بیل جس کے پھول لاجوردی ارغوانی ھوتے ھیں -

Ale pole : (n) وہ کھمبا جو شراب خانه کی نشانی کےلئے لگایا جاتا ھے -

Ale score : (n) بوزہ کے خرچ کا حساب کتاب -

Ale shot : (n) دیکھو Ale score

Ale tap : (n) ٹونٹی جس سے بوزہ نکالتے هیں ؛ وہ کمرہ یا جگه جس میں بوزه رکھتے ھیں -

Ale-vat : (n) وہ ظرف جس میں بوزہ (شراب) کشید کی جائے -

Ale-wife : (n) بوزہ فروش عورت ؛ ساقن ؛ وہ عورت جو شراب کا کاروبار چلاتی ھے -

Ale-wife : (n) ایک امریکی مچھلی -

Ale wort : (n) شعیر (Malt) کا خمیری زلال -

Ale yeast : (n) بوزہ کی کشید میں نکلا ھوا خمیر -

Aleatory : (a) [L."aleatorius"] (۱) اتفاق ، تقدیر یا پانسے پر منحصر ؛ قماری - (۲) مقدر یا پانسه پھینکنے پر انحصار کرنے والا -

Aleatory contracts : (n) دو رویه معاهدات -

Alec : (n) [L.] (۱) هیرنگ مچھلی - (۲) اچار جو چھوٹی چھوٹی هیرنگ مچھلیوں سے بنا ھو -

Alecithal : (a) [a+Gr."lekithos"+-AL] بے زردی ؛ بے زردہ -

Alecize : (v) [L."alec"+-IZE] چٹنی سے (دسترخوان) سجانا -

Aleconner : (n) بوزہ انسپکٹر ؛ جانچ کرنے والا -

Alecost : (n) ایک سدا بہار خوشبو دار پودا -

Alectriomachy : (n) [Gr."alectryon+-machia"] مرغ بازی -

Alectriomancy : (n) [Gr."alectryon+mantia"] غیب دانی مرغ اور بھٹے کے دانوں سے -

Alectryon : (n) [Gr.] مرغ -

Aledrapper : (n) شراب خانه چلانے والا -

Alee : (adv or a) [ON."a hle"] (۱) جہاز کے اس حصه سے متعلق جو ھوا کی زد سے محفوظ ھو -

(۲) سمت محفوظ کی طرف ؛ ہوا کی زد سے دور ۔

Aleft : (adv) بائیں جانب ۔

Alegar : (n) [ALE+egre] (۱) بوزہ ترش (ایک قسم کی شراب) ؛ جو کی کھٹی شراب ۔ (۲) مالٹ کا سرکہ ؛ اَبجو ترش ۔

Alehouse : (n) وہ گھر جہاں ایل (شراب) کی خوردہ بکری ہوتی ہے ۔

Aleiptic : (a) [Gr."alipticos"] ورزشی تربیت سے متعلق ۔

Alembic : (n) [Gr."ambic","amgix"] بھبکا ؛ قرنبیق ۔

Alembicate : (v) قرنبیق کے ذریعہ عرق کشید کرنا ۔

Alembroth : (n) [Origin unknown.] پارہ اور امونیم کے دوگنے کلورائیڈ کا قدیم نام ۔

Alencon : (n) [Fr."alencon"] ایک نفیس یا باریک لیس ۔

Aleppo boil : (n) جلن پھوڑا ؛ حلبی دمّل ؛ داء الحلب ۔

Alerce : (n) [L."laricem"] ایک امریکی درخت لارش جیسا ۔

Alerion : (n) [L."alarionem"] بغیر چونچ یا پاؤں کا عقاب ۔

Alert : (a) [L."erigere"] (۱) ہوشیار چوکنا ؛ چوکس ۔ (۲) پھرتیلا ؛ مستعد ؛ چست ؛ چاق ۔ (۳) جرس یا پکار (خبر دینے اور حملے کی تیاری کے لئے) ؛ زیرک ؛ مواظب ؛ اخطارخطر ؛ نشان خطر ۔

On the alert : چوکس ؛ مستعد ؛ کمر بستہ ؛ تیار ؛ چوکنا ؛ کان کھڑے کئے ہوئے ؛ فوجی پکار ؛ فوجی بلاوا ۔

Alertly : (adv) ہوشیاری سے ؛ چوکسی کے ساتھ ۔

Alertness : (n) ہوشیاری ؛ چوکسی ؛ چوکنا پن ؛ مستعدی ۔

Alethic : (a) [Gr."alethikos"] سچائی سے متعلق ۔

Alethiology : (n) [Gr."alethia"] منطق کی وہ شاخ جو حق یا سچائی سے بحث کرتی ہے ۔

Aletris : (n) [Gr.] تلخ جڑوں والے پودوں کی ایک قسم جو شمالی امریکہ میں پائی جاتی ہے ۔

Alette : (n)[mod.Fr. alette,dim.of L.ala.] کسی عمارت کا ایک طرف کو علاحدہ نکلا ہوا حصہ ؛ دیواری ستون ؛ ایک چوکور ستون جو دیوار میں ہوتا ہے اور اس کی چوڑائی کا کچھ حصہ دیوار سے باہر نکلا ہوتا ہے ۔

Aleukemia : (n) [L."a-+leukemia"] بے سفیدی خون ۔

Aleuromancy : (n) [Gr."aleuron+mantia"] غیب دانی ؛ پیش گوئی بذریعہ کھانا یا آٹا ۔

Aleurometer : (n) [Gr."aleuron"+(o)METER] آٹا میں چیپ دار مادہ کی مقدار کا اندازہ لگانے کا ایک آلہ ۔

Aleùron / Aleuron(e) : (n) [Gr.] بیضینہ (وہ سفید چیز جو بیج کے اندر پائی جاتی ہے) ؛ اردینہ ؛ اناجی پروٹین ۔

Aleuronic : (a) بیضینہ سے متعلق ۔

Aleut : (n) [a native name in Asia] (تاریخ و سیاسیات) الوشی ؛ الاسکا کے قریب الوشی جزیرے کا باشندہ ۔

Alevin : (n) [L."adlevare"] نوجوان مچھلی ۔

Alexanders : (n) [med.L.Petroselinum Alexandrinum.] ایک چھتر دار پودا جو پہلے سلاد بنانے میں استعمال کیا جاتا تھا ۔

Alexander's Foot : (n) مخلوط پودا (جس کو اسپینی عاقرقر یا عاقرقرحا بھی کہا جاتا ہے) ؛ Camomile جیسا ۔

Alexandrian School : (n) مکتب اسکندریائی ؛ مسلک سکندری ۔

Alexandrine : (a) اسکندریہ کا ؛ بالخصوص ایک قسم کا زری کا کام ۔

Alexandrine : (n) چھ رکنی بحر ؛ چھ رکنی مصرعے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Alexandrite : (n) ایک قسم کی معدنی شے ؛ زبر جد سبز ؛ زبر جد سکندری ۔

Alexia : (n) [a+Gr."lexis"] (فلسفہ و نفسیات) قوت مطالعہ کا فقدان ؛ لفظ کوری ؛ ناخواندنی ۔

Alexipharmic : (a) [Gr."aleciphormaeon"] تریاق یا فاد زہر

کا اثر رکھنے والی چیز ؛ تریاقی ؛ زھرکش -

Alexipyretic : (a) [Gr."alexi - + pyretos"] دافع بخار -

Alexiteric : (a) [Gr."alexiterion"] چھوت کی بیماری سے بچانے والی چیز ؛ مانع چیز ؛ مانع تعدی ؛ چھوت روك ؛ صائن -

Alezan : (n) [Sp."alazan"] سرخی مائل بادامی رنگ کا گھوڑا -

Alfalfa : (n) [Arab] ایك قسم کا پودا جو چارہ کے کام میں آتا ھے ؛ فصفصہ ؛ یونجہ -

Alfaqui : (n) [Arab] مسلم فقیہ -

Alfresco : (adv) [It.] (۱) کھلی ھوا میں ؛ کھلی ھوا ؛ کھلے میدان میں ؛ زیر سما - (۲) کھلا میدان -

Alga : (n) (Pl. algae) [L.] سمندر کی کائی ؛ علف دریائی ؛ اُشنہ ؛ جلبك ؛ الجی ؛ بحری کائی -

Algaeologist : (n) نباتیات کی اس شاخ کا طالب علم جو آبی گھاس اور خس و خاشاك سے متعلق ھے -

Algaeology : (n) نباتیات کی ایك شاخ جو آبی گھاس اور خس و خاشاك سے متعلق ھے ؛ اشنیات -

Algal : (a &n) [L."Alga"] کائی سا ؛ اشنہ سا ؛ سمندری خس و خاشاك جیسی چیز -

Algarroba : (n) [Arab] خرویہ ؛ خر نوب کا درخت اور سیم -

Algate / -s : (adv) [lit.alle gate=every way] ھر جگہ -

Algazel : (n) آھو ؛ غزال ؛ ھرن -

Algebra : (n) [Arab."al-jehr"] (طبیعیات و ریاضی) الجبرا ؛ جبر و مقابلہ -

Algebra of logic : (فلسفہ و نفسیات) منطق کا الجبرا ؛ جبر المنطق -

Algebraic : (a) الجبرے کا ؛ الجبری ؛ (طبیعیات و ریاضی) جبری -

Algebraic element : (n) (طبیعیات) الجبری عنصر ؛ (ریاضی) جبری عنصر -

Algebraic expression : (n) (ریاضی) جبری علت ؛ جبری جملہ -

Algebraic form : (n) (ریاضی) جبری صورت -

Algebraic fraction : (n) (ریاضی) جبری کسر -

Algebraic function : (n) (طبیعیات) الجبری فنکشن ؛ بچلن ؛ (ریاضی) جبری تفاعل -

Algebraic geometry : (n) (طبیعیات) الجبری جیومیٹری ؛ (ریاضی) جبری جیومیٹری ؛ جبری ھندسہ -

Algebraic integer : (n) (طبیعیات) الجبری سالم ؛ (ریاضی) جبری عدد صحیح -

Algebraic number : (n) (طبیعیات) الجبری عدد -

Algebraic sum : (n) (طبیعیات) الجبری جوڑ ؛ (ریاضی) جبری جوڑ ؛ مجموعہ جبریہ -

Algebraic treatment : (n) (ریاضی) جبری برتاؤ ؛ جبری بحث -

Algebraical : (a) (ریاضی) الجبری ؛ جبری -

Algebraical value : (n) (طبیعیات) الجبری قدر ؛ (ریاضی) جبری قیمت -

Algebraically : (adv) الجبرے سے ؛ الجبری طریقہ پر ؛ (ریاضی) الجبرے کی رو سے ؛ جبری طور پر -

Algebraically closed : (a) (طبیعیات) الجبرے کی رو سے محدود ؛ (ریاضی) جبری طور پر بند -

Algebraically dependent : (a) (طبیعیات) الجبرے کی رو سے تابع ؛ (ریاضی) جبری طور پر تابع -

Algebraist / Algebrist : (n) عالم الجبرا ؛ الجبرا داں -

Algebraization : (n) الجبرایانا -

Algebraizi / Algebrize : (v) الجبرا کے ذریعے حاصل کرنا -

Algedonia : (n) لذت المی ؛ لذ المی (لذت + المی) -

Algedonic : (a) [Gr."algos+edone"] شاد غمی ؛ رنج و غم سے لذت اٹھانے والا ؛ خوشی اور غم سے متعلق ؛ (طب) راحت درد -

Algedonics : (n) لذت المیات ؛ لذ المیات (لذت + المیات) ۔

Algefacient : (a)[L."algere+facientum"] ٹھنڈك پہنچانے والی ۔

Algerite : (n) [Fr."Alger"] ایك قسم كی معدنی شئے ۔

Algesia : (n) [Gr."algesis"] الم حسی ؛ درد حسی ؛ حساسیت درد ۔

Algesimeter : (n) الم حس پیما ۔

Algesis : (n) [Gr."alge-in"] درد حسی ۔

Algetic : (a) [Gr."algein"] درد پیدا کرنے والا یا درد سے متعلق ؛ درد زا ؛ درد ناك ۔

Algid : (a) [L."algidus"] سرد ؛ سردی ؛ لرزہ زدہ ۔

Algidity : (n) ٹھنڈك ؛ سردی ۔

Algist : (n) [See Alga] (آبی) گھاس اور خس و خاشاك کے متعلق تحقیق کرنے والا ۔

Algodonite : (n) [Algodones,place-name] تانبے کا آرسنائیٹ ($Cu_3 As$) ۔

Algoid : (a) [See Alga] سمندری کائی جیسا ؛ گھاس اور خس و خاشاك جیسا ۔

Algological : (a) سمندری کائی کے علم سے متعلق ۔

Algologist : (n) [See Alga] دیکھو Algaeologist

Algology : (n) [L."Alga"] دیکھو Algaeology

Algometer : (n) درد پیما ؛ الم پیما ۔

Algophilia : (n) آزار پسندی ؛ درد پسندی ۔

Algophilist : (n) آزار پسند ۔

Algophobia : (n) خوف آزار ؛ خوف اذیت ؛ الم ترسی ؛ درد ترسی ۔

Algor : (n) [L.] ٹھنڈك خاص طور پر بخار کی حالت میں ؛ لرزہ ؛ جاڑا ۔

Algorism : (n) [Arab."Al-khowarazmi",i.e,native of Khiva.] عربی عشاریہ (رقم خوارزمی) ۔

Algorismic : (a) حسابی ؛ علم حساب کا ۔

Algous : (a) [L."algosus"] (سمندری) گھاس اور خس و خاشاك سے متعلق یا گھاس سے بھرا ہوا ۔

Alguazil : (n) [Sp.ad.Arab.] ہسپانوی سرجنٹ یا برقنداز ۔

Algum : (n) [Heb.] وہ درخت جس کا بائبل میں ذکر ہے ؛ صندل کی لکڑی ؛ چوب صندلی ؛ سرخ صندل ۔

Alhagi : (n) [Arab.] پھلی دار پودوں کی قسم جس سے ایك قسم کا سفیدی اور زردی مائل رس نکلتا ہے ۔

Alhambra : (n) [Arab."al-hamra",ie.the red house] غرناطہ میں شاہان عرب کا محل جو سرخ رنگ کا ہے ؛ الحمرا ؛ قصر حمرا ۔

Alhambresque : (a) طرز تعمیر میں الحمرا جیسا ؛ الحمرائی طرز نقاشی ۔

Alhenna : (n) حنا ؛ مہندی ۔

Alias : (adv) [L.] عرف ؛ لقب (کوئی دوسرا نام جس سے کسی شخص کو پکارا جائے) ۔

Alias : (n) عرف ؛ دوسرا نام ؛ (قانون) فرضی نام ۔

Alibi : (n) [L.] (۱) عدم موجودگی (موقع واردات پر) ؛ عذر غیر موجودگی ۔
(۲) (سماجیات) عذر عدم موجودگی ۔

Alibility : (n) قوت بخش ؛ غذائی ۔

Alible : (a) [L."alibilis",f."alere"] غذائی ؛ مقوی ۔

Alicant : (n) اسپینی شراب جو الیکانٹ (Alicante) میں تیار ہوتی ہے ۔

Alicyclic : (a) [ALI (PHATIC) +CYCLIC] (کیمیا) ایلی سائیکلك ؛ دہن حلقی ۔

Alicyclic compound : (n) دہن حلقی مرکبات ۔

Alidad(e) : (n) [L."alhidada"] اصطرلاب کا درجہ نما (جس سے اس کے درجے معلوم ہوتے ہیں) ؛ عضادہ ؛ نمائندہ اصطرلاب ۔

Alien : (a) [L."alienus"] (۱) غیر ؛ بیگانہ ؛ پرایا ۔
(۲) غیر ملکی ؛ خارجی ؛ بیرونی ۔
(۳) مختلف ؛ الگ ؛ علاحدہ ؛ جدا (ماہیت وغیرہ کے اعتبار سے) ۔ (٤) نفرت انگیز ؛ کریہہ ۔ (٥) اجنبی ؛ پردیسی ؛ غیر ممالك

کا ؛ غیر متوطن ۔ (٦) خارج شدہ ؛ نکالا ہوا ؛ بدر شدہ ۔ (٧) (تاریخ و سیاسیات) بدیسی ؛ قابل علاحدگی ؛ قابل انتقال ۔

Alien : (n) (١) بیگانہ ؛ پرایا ؛ خارجی ؛ بیرونی ؛ بدیسی ؛ اجنبی ؛ پردیسی ؛ غیر ملکی ۔ (٢) ایک پودا جو پہلے پہل دوسرے ممالک سے لایا گیا ہو ۔

Alien : (v) [L."alienare"] (١) (شاعری) الگ کرنا ؛ علاحدہ کرنا ؛ بیگانہ بنانا ۔ (٢) منتقل کرنا ؛ انتقال ملکیت یا حق ملکیت منتقل کرنا ۔

Alien act : (n) قانون اجانب ؛ قانون اغیار ۔

Alien enemy : (n) (تاریخ سیاسیات) بدیسی دشمن ۔

Alien word : (n) (لسانیات) غیر زبانی لفظ ؛ بیگانہ لفظ ۔

Alienability : (n) انتقال پذیری ۔

Alienable : (a) (١) انتقال پذیر ؛ قابل منتقل ؛ الگ ہو جانے والا ۔ (٢) (تاریخ و سیاسیات) قابل علاحدگی ؛ قابل انتقال ۔

Alienage : (n) کسی غیر ملکی کی حالت یا اس کی قانونی حیثیت ۔

Alienate : (a) [L."alienatus","alienare"] برگشتہ ؛ علاحدہ ؛ بیگانہ ؛ انتقال یافتہ ؛ اجنبی ۔

Alienate : (v) (١) بیگانہ کرنا ؛ برگشتہ کرنا ؛ منحرف کرنا ۔ (٢) منتقل یا بیع کرنا ۔ (٣) پھیر دینا ؛ موڑ دینا ؛ رو گرداں کر دینا ۔

Alienation : (n) [L."alienationem"] (١) انتقال حقیقت ۔ (٢) پھیرنا (کسی دوسری طرف) ؛ برگشتہ کرنا ؛ شناخت نقص ؛ غلط شناسی ؛ پاگل پن ؛ خلل دماغ ؛ جنون ۔ (٣) (فلسفہ و نفسیات و سماجیات) بیگانگی ؛ اجنبیت ۔ (٤) ملکیت یا حق ملکیت منتقل کرنے کا کام ۔

Mental alienation : (١) (سماجیات) ذہنی بے گانگی ؛ ذہنی اجنبیت ؛ خلل دماغ ؛ پاگل پن ؛ جنون ۔ (٢) (نفسیات) غلط شناسی ۔

Alienation coefficient : (n) (شماریات) نمانندہ بیگانگی ۔

Alienator : (n) منتقل کرنے والا ؛ برگشتہ کرنے والا ؛ منحرف کرنے والا ۔

Alienee : (n) منتقل الیہ ۔

Alien's duty : وہ خاص ٹیکس جو پہلے تجارتی کاروبار کے لئے غیر ملکی (لوگ) دیا کرتے تھے ۔

Alienigenate : (a) [L."alienigenatus"] غیر ملک میں پیدا ہونے والا ۔

Alienism : (n) دماغی امراض کی تحقیق اور اس کا علاج ؛ دماغی امراضیات ۔

Alienist : (n) دماغی امراض کا معالج ؛ (سماجیات) طبیب ذہنی امراض ؛ معالج ذہنی امراض ؛ اتلاف شناس ۔

Alienor : (n) [Fr."aliener"] جائداد دوسرے کو منتقل کرنے والا ؛ انتقال کنندہ ۔

Aliform : (a) [mod.L."aliformis"] پنکھ جیسا ؛ بازو جیسا ؛ پر نما ؛ جناح نما ۔

Aligerous : (a) [L."aliger"+ -OUS] پر دار ۔

Alight : (v) [OE."alihtan"] (١) اترنا ؛ نیچے آنا (سواری سے) ۔ (٢) زمین پر آ رہنا ؛ گرنا ؛ آ پڑنا ؛ کودنا ۔

Alight : (a) (١) روشن کیا ہوا ؛ آنچیں نکلتا ہوا ۔ (٢) سوزاں ؛ مشتعل ؛ آتش زدہ ؛ آتش گرفتہ ؛ جلتا ہوا ؛ سلگا ہوا ۔ (٣) روشن ؛ منور ۔

Align : (v) صف باندھنا ؛ قطار بندی کرنا ؛ سیدھ میں لانا ؛ ایک خط میں لانا (خصوصاً تین یا زیادہ نقطوں کا) ۔

Alignment : (n) (١) صف بندی ؛ قطار بندی ؛ صف ۔ (٢) خاکہ (عمارت کا) سیدھ میں لانا ؛ (تعمیرات و تاریخ) سیدھ ۔

Alignment scale : (n) (تجارت و معاشیات) ہمواری پیمانہ ۔

Alike : (a) [OE."anlic"] یکساں ؛ ایک دوسرے سے ملتا جلتا ؛ ہم وضع ؛ مشابہ ؛ ایک جیسا ؛ ایک حالت پر ؛ یکساں بلحاظ خاصیت اور شکل و صورت ۔

Alike : (adv) [OE."zelie", ON."alika"] ایک طریقے کا ؛ مساویانہ ؛ یکساں طور پر ۔

Aliment : (n) [L."alimentum", F."alere"] (١) غذا ؛ خوراک ؛ کھانا ؛ قوت ۔ (٢) (مجازاً) سہارا ؛

گذارا ؛ تقویت ؛ دماغی غذا ۔

Aliment : (v) پرورش کرنا ؛ سہارا دینا ؛ رزق دینا ؛ تقویت دینا ۔

Alimental : (a) غذا ، خوراک ، قوت و سہارا سے متعلق ؛ مقوی ۔

Alimentally : (adv) بطور غذا ؛ غذائیت کے طور پر ۔

Alimentary : (a) [L."alimentarius"] تقویت پہنچانے والا ؛ مقوی ؛ تغذیے کا عمل کرنے والا ؛ غذائی ؛ سہارے سے متعلق ؛ پرورش اور حمایت سے متعلق ۔

Alimentary canal : (n) غذائی نلی (فلسفہ و نفسیات) غذا کی نالی ؛ قنات ہاضمہ ۔

Alimentary debits : (n) قرضہ کفاف ۔

Alimentary system : (n) (حیوانیات) غذائی نظام ۔

Alimentation : (n) [L."alimentationem"] (۱) عمل تغذیہ ۔ (۲) گزارا ؛ نان و نفقہ ۔

Alimentative : (a) [L."alimentat","alimentare"] غذا کی فراہمی سے متعلق ۔

Alimentativeness : (n) دیکھو Alimentiveness

Alimentiveness : (n) [ALIMENTIVE+-NESS] عقل حیوانی ؛ جبلت جو جانور کو غذا تلاش کرنے کے لئے اکساتی ہے ۔

Alimony : (n) [L."alimonia",f."alere"] (۱) تغذیہ ؛ خوراک ؛ غذا ۔ (۲) پرورش ؛ سہارا ۔ (۳) (سماجیات) نان نفقہ (کھانا کپڑا) جو شوہر کو اپنی بیوی کے گذارے کے لئے دینا پڑے (اس سے علاحدگی کی حالت میں) ۔

Aline / Align : (v) [L."ad+lineare"] ایک قطار میں رکھنا ؛ صف بندی کرنا ؛ ایک قطار یا سیدھ میں ہو جانا ؛ دو یا زیادہ نقطوں کو ایک خط میں لانا ۔

Alinement : (n) [Fr."alignement",f."aliguer"] (۱) ترتیب صف بندی بالخصوص فوجیوں کی ایک خط میں یا خطوں میں ۔ (۲) سیدھا خط کھینچنا تا کہ خاص مقام سے گذرے ۔ (۳) ایک صف یا قطار میں لانا ، سیدھ میں لانا ۔

Aliped : (a) [L."alipedem",f."ala+pedem"] چمگادڑوں کی قسم کا جانور ؛ خفاشی ؛ خفاشیہ ؛ جناح پایہ ۔

Aliphatic : (a)[Gr."aleiphat"] چربی کا یا چربی سے متعلق ؛ (کیمیا) ایلی فیٹک ؛ دُہنی ؛ شحمی ؛ منفصل زنجیری ؛ غیر خلقتی ۔

Aliquant : (a) [L."aliquantum"] (ریاضی) عدد جو دوسرے عدد میں شامل ہو مگر جو تقسیم نہ کر سکے ؛ متبائن ؛ عدد متبائن ۔

Aliquot : (n) [L."aliquot"] (ریاضی) عاد ؛ کسی عدد کا ایسا مقسوم علیہ جس سے بغیر کچھ باقی بچے تقسیم ہو جائے ؛ متداخل

Alisma : (n) [Gr."alisma"] دریائی آبی پودے ؛ درنمو درخت ۔

Aliomaceous : (a) [Prec.+-ACEOUS] دریائی آبی پودوں سے متعلق ۔

Alismad : (n) [ALISMA+-AD] اسی قسم کا پودا ۔

Alismal : (a) [ALISMA+-AL] اسی قسم کے پودے سے متعلق ۔

Alismoid : (a)[ALISMA+-OID] اسی قسم کے پودے کی طرح ۔

Alisonite : (n) [R.E.Alison] ایک قسم کا تانبے کا نیل گوں سلفائیڈ ؛ نیلا تانبہ ۔

Alisphenoid : (a) [L.ala+SPHENOID] کھوپڑی کے قاعدے کی مرکب ہڈی (استخوان جمجمہ) سے متعلق یا بازو بنانے والا ۔

Alisphenoid : (n) استخوان جمجمہ ؛ کھوپڑی کی طرح مرکب ہڈی ۔

Aliter : (adv) [L."alius"] (ریاضی) بطریق دیگر ۔

Alitrunk : (n) [L.ala+truncus] سینے کا وہ حصہ جس میں کیڑے کے بازو ملحق رہتے ہیں ؛ پنکھ دھڑا ۔

-ality : لاحقہ AL- اور TY- سے مرکب (اردو میں اس کا مرادف "ہٹ" یا "ہت" ہو سکتا ہے بہ معنی "ہونے کی صفت" ۔

Aliun : (adv or a) [L."alius"(other)"unde"(whence)] دوسرے ذرائع سے ؛ دوسری جگہ سے ؛ دوسرے مجاز سے ۔

Alive : (a) [A+ME.live,OE Life,=on life] (۱) جیتا ؛ زندہ ؛ بقید حیات ؛ جیتا جاگتا ۔ (۲) با خبر ؛ احساس رکھنے والا ۔ (۳) پھرتیلا ؛ چالاک ؛ مستعد ؛ تیز ۔ (٤) بھرا پرا ؛ با رونق ؛ آباد ؛ روشن ؛ ھلچل یا ھیجانی حالت میں ۔

Alizarate : (n) تیزابی نمک ۔

Alizarin : (n) [Fr."alizarine"] مجیٹھ یا مجیٹھے کا رنگ ؛ (کیمیا) ایلی زرین ۔

Aljama : (n)[Arab."al-jamiyah"] ایک یھودی طبقہ یا جماعت ۔

Aljamia : (n) [Arab."al-jamaiah"] عربی یا عبرانی رسم الخط میں لکھی ھوئی ھسپانوی (زبان) تحریر ۔

Alkahest : (n) [Arab.] دیکھو Alcahest

Alkalamide : (n) [ALKALI+AMIDE] امونیائی مرکب ۔

Alkalescence : (n) قلوی صفت ھونے یا بننے کی حالت میں ؛ خفیف قلویت ؛ قلوی خاصیت ۔

Alkalesceng : (n) جزوی قلویت ۔

Alkalescent : (n) [f.ALKALE] قلوی ؛ خفیف القلی دار (جس میں القلی کی آمیزش ھو) ۔

Alkali : (n) [Arab."al-qaliy"] (۱) (کیمیا) القلی ؛ کھار ۔ (۲) (تجارتی) سوڈا پوٹاش یا دوسرے القلی مرکبات قلی ۔

Alkali basalt : (n) (کیمیا) کھار بسالٹ ۔

Alkali-besalt : (n) (کیمیا) القلی بیسالٹ ۔

Alkali blue : (n) (کیمیا) القلی نیلا ۔

Alkali metal : (n) القلی دھات ؛ (کیمیا) قلوی دھات ؛ کھاری دھات ۔

Alkali waste : (n) (کیمیا) کھاری فضلہ ۔

Alkalic : (a) (کیمیا) قلوی ؛ کھاری ۔

Alkalifiable : (a) قلویت پذیر ؛ جس سے القلی بنایا جا سکے ۔

Alkalify : (v) القلی بنانا ؛ القلی ھونا ؛ قلوی ھونا ؛ قلوی بنانا ۔

Alkaligenous : (a) القلی یا قلوی صفت بنانے والا ۔

Alkalimeter : (n) کسی محلول میں القلی کی مقدار ناپنے کا آلہ ۔

Alkalimetric : (a) اس آلہ سے متعلق ۔

Alkalimetrical : (a) اس آلہ کا ۔

Alkalimetry : (n) القلی کی طاقت ناپنے کا آلہ ۔

Alkaline : (a) [Fr."alcalin"] قلوی ؛ القلی سے متعلق ؛ (کیمیا) کھاری ؛ قلویانہ ؛ قلوی ؛ شور ۔

Alkaline earths : (n) کیلشیم، اسٹرونشیم اور بیریم کے آکسائڈ ۔

Alkaline land : (n) شور زمین ۔

Alkaline metals : (n) ایسی دھاتیں جن کے ھائیڈروکسائڈ القلی ھوں ؛ قلوی دھاتیں ۔

Alkaline oxide : (n) (کیمیا) کھاری اوکسائڈ ۔

Alkaline reaction : (n) (کیمیا) کھاری عمل ۔

Alkaline water : (n) (کیمیا) کھاری پانی ۔

Alkalinity : (n) القلی ھونے کی صفت ۔

Alkalinization : (n) القلی بنانے کا عمل ۔

Alkalinize : (v) القلی بنانا ۔

Alkalize : (v) [Fr."alcaliser"] قلوی بنانا ۔

Alkaloid : (n) [Fr."alcaloide"] (۱) (کیمیا) وہ شے جس کی صفت القلی سے مشابہ ھو ؛ شبہ قلوی ؛ القلی نما (نائٹروجن رکھنے والی اساسی اشیاء) ۔ (۲) (کیمیا) الکلائڈ ؛ قلیاسا ۔

Vegetable alkaloid : نباتی قلویات ۔

Alkaloidal : (a) قلی نما ؛ قلی دار ۔

Alkanet : (n) [Sp."alcaneta"] مھندی ؛ حنا ؛ (طب) رتن جوت ۔

Alkanna : (n) دیکھو Alcanna

Alkargen : (n) [ALKAR (SIN)+(OXY) GEN] کاکو ڈیلیک ایسڈ ۔

Alkarsin : (n) [ALK (ALI)+ARS (ENIC)+-IN] ایک زھریلی

شے فطرتاً آتش گیر ؛ رقیق اور لھسن سی بُو رکھنے والی کیمیاوی شے ۔

Alkekengi : (n) [Arab.] ایک قسم کا پودا ؛ کاکنج ؛ عروس پس پردہ ۔

Alkine/-yne : (n) (کیمیا) الکین (الکائن) ۔

Alkoxy-radical : (a) (کیمیا) الکاکسی اصلیہ (ریڈیکل) ۔

Alkylehalide : (n) (کیمیا) الکائل ھیلائڈ ۔

Alkylene : (n) (کیمیا) الکائلین ۔

All : (a) [Teut.] (۱) سب ؛ پورا ؛ کل ۔ (۲) انتہائی ؛ سر تا پا ؛ ھمہ تن ۔ (۳) (جمع کے ساتھ) سب کے سب ؛ جملہ ؛ ھمہ ؛ کل تعداد ۔ (٤) ھر قسم کے ؛ ھر طرح کے ؛ ھر ایک ۔

All : (adv.) کل ؛ مکمل ؛ پورے طور سے ؛ کل ملا کر ؛ بالکل ۔

All : (n) (۱) سب آدمی ؛ سب کے سب ؛ دنیا بھر ۔ (۲) (of کے ساتھ) کل ؛ جملہ ؛ سب کا سب ؛ تمام و کمال ؛ سارے کا سارا ؛ سموچا ۔ (۳) سب کچھ ۔ (٤) سب کچھ ؛ جو کچھ تھا ؛ ساری پونجی ؛ سارا اثاثہ ؛ جمع جتھا ۔

And all : باقی سب ؛ باقی کل ؛ بھی ؛ علاوہ ؛ مزید برآں ؛ نیز ۔

And all that : بقیہ سب ۔

At all : مطلق ؛ بالکل ھی ؛ کسی طرح سے بھی ۔

For all : تاھم ؛ باوجود ؛ باوجود اس کے کہ ۔

In all : سب ملا کر ؛ کل ؛ کلھم ۔

Of all : سبھوں میں ۔

One and all : سب کے سب ؛ انفرادی طور پر ؛ مجموعی طور پر ؛ فرداً فرداً ۔

To be (stand) on all fours : ھم پلہ ھونا ؛ مقابل ھونا ۔

When all comes goes to all : جب تمام چیزیں ملا دی جائیں ۔

With all : اسکے علاوہ ؛ اس کے ساتھ ؛ مزید برآں ؛ نیز ؛ بھی ؛ بہ علاوہ ۔

All all : برابر ؛ ایک سا ؛ ایک ھی سا ۔

All along : ھمیشہ ۔

All along of : بوجہ ؛ بدولت ۔

All and some : کلیتاً ؛ سبھوں کو ؛ بہ ھمہ جزو کل ؛ مجموعی طور پر ؛ مجموعاً ؛ سب کا سب ۔

All and sundry : سبھی ؛ سب کے سب ۔

All but : (adv) تقریباً ؛ قریب قریب ؛ گویا ۔

All clear : (n) دشمن طیّارے کی واپسی کا سگنل ؛ خطرہ ٹل جانے کا سگنل ۔

All commodity rate : (تجارت) شرح کل اشیا ۔

All embracing : (a) ھمہ گیر ؛ مکمل ۔

All-father : (n) (مرکبات) رب العالمین ؛ پروردگار عالم ۔

All-fired : (a) جہنّمی ۔

All-firedly : (adv) جہنّمی انداز میں ۔

All-flower-water : گائے کا پیشاب بوائے علاج ۔

All fool Day : یکم اپریل ۔

All fours : (n) [i.e. all four cards] تاش کا ایک کھیل ۔

All hail : تندرست رھو ؛ سلامت رھو ۔

All hallow /-s : [OE."ealra ha,lzena"] ارواح مقدسہ ؛ پاک روحیں (جو بہشت میں ھیں) ۔

All hallows day : (n) یوم الارواح ۔

All hallows Eve : (n) شام ارواح ۔

All hallows's mass : (n) مجلس خاتمہ ۔

All hallows tide : موسم ارواح پاکان ؛ پاک روحوں کا موسم ۔

All heart : [Elm-tree] ایک قسم کا درخت ۔

All hold : جس میں ساری چیزیں اکٹھی ہوں ۔

All-in : (a) مکمل ؛ (کشتی گری) بغیر کسی قاعدے کے ۔

All in : (a) (عامیانہ) مکمل طور پر تھکا ہوا ۔

All in all : مختار کل ؛ سب کچھ ؛ مقتدر ۔

All-inclusive : (a) مکمل ؛ (فلسفہ و نفسیات) مجموعی ؛ همه گیر ۔

All India Radio : (انتظامیہ) آکاش وانی ؛ آل انڈیا ریڈیو ۔

All loss insurance : =(all risk insurance) (تجارت) کل نقصان بیمہ ؛ کل جوکھم بیمہ ۔

All-might : (n) پوری طاقت ؛ ساری قوت ۔

All-night : (a) شب بھر رہنے والا ؛ تمام رات رہنے والا ؛ رات بھر (کھلا ہوا) ۔

All one : (a) برابر ؛ ایک سا ؛ ایک ھی سا ۔

All or any part : (تجارت) کل یا کوئی حصہ ۔

All-or-none : مکمل طور پر یا بالکل ھی نہیں ؛ (تجارت) کل یا کوئی نہیں ؛ کل یا بالکل نہیں ۔

All-or-nothing : (۱) دیکھو All or none ۔ (۲) ہر چیز کو خطرے میں ڈالنے والا ۔

All out : (adv) پوری قوت اور جوش کے ساتھ ۔

All-out : (a) تمام طاقت اور تمام ذرائع سے کام لینے والا ۔

All-outer : (n) انتہا پسند ۔

All over : (adv) (۱) پورے طور پر ؛ بالخصوص جسم کے سارے حصہ میں ؛ سرا سر ۔ (۲) مہذب ؛ با کمال ۔

All-overish : خوف زدہ ؛ معمولی طور پر نا ساز ۔

All-pervasive : (a) فلسفہ و نفسیات) همه موجود ۔

All-possessed : (a) بھوت ؛ پریت یا بد روح کے قبضے میں رہنے والا ۔

All-power : (n) اختیار کل ؛ قدرت کاملہ ۔

All-powerful : (a) مکمل اختیار رکھنے والا ؛ مختار کل ۔

All-purpose : (a) ہر کام کا ۔

All-purpose flour : (n) ایک قسم کا آٹا جو عمدہ ترین کیک کے سوا ہر قسم کی نان سازی کے کام آتا ھے ۔

All rail : (تجارت) کل بذریعہ ریل ۔

All red : (n) وہ سرخ خط جو برطانوی سلطنت کے ٹیلی گرام کے تار یا تجارتی راستہ کو بتلاتا ہو (نقشہ میں) ۔

All right : (adv) (۱) اطمینان بخش طور پر ۔ (۲) بے شک ؛ یقیناً ؛ ضرور ۔ (۳) اچھا ۔

All right : (a) (۱) قابل اطمینان ؛ اطمینان بخش ؛ تسلی بخش ؛ خوشگوار ؛ دل پسند ؛ پسندیدہ ؛ صحیح ؛ درست ؛ ٹھیک ؛ کافی ؛ مناسب ؛ معقول ۔ (۲) محفوظ ؛ اچھا ؛ تندرست ؛ صحیح سلامت ۔ (۳) (عامیانہ) اچھا ؛ ایماندار ؛ قابل بھروسہ ۔

All right : (n) (خصوصاً برطانیہ میں) ایک سگنل جو (عموماً نیلے جھنڈے کا ھوتا ھے) گھوڑ دوڑ کے میدان میں نمبر بورڈ کے اوپر بلند کیا جاتا ھے جس کا مقصد بہ ظاھر کرنا ھوتا ھے کہ گھوڑ دوڑ کا نتیجہ سرکاری طور پر بتایا گیا ھے اور جیتنے والا انعام پا سکتا ھے ۔

All right reserved : (n) جملہ حقوق محفوظ ۔

All risk / All risks : (a) بیمہ کرائے گئے تمام خطرات سے ہوئے نقصانات پر محیط ۔

All risk insurance =(All loss insurance) (a) (تجارت) کل نقصان بیمہ ؛ کل جوکھم بیمہ ۔

All-round : (adv) ہر طرف ؛ ہر سمت ؛ ہر چہار جانب ؛ کسی دائرہ میں شامل سب چیزوں پر حاوی ؛ همه جہت ؛ همه گیر ۔

An all-round man : ہر فن مولا ۔

All round price : (n) همه گیر قیمت ۔

All-rounder : (n) وہ شخص جو چاروں طرف سے گھیرے ؛ ہر فن مولا ؛ همه جہتی ۔

All saints : (n) بہشت کے سارے اولیاء ۔

All saints cherry : (n) ترش شاہ دانہ کے پھولوں کی ایک قسم جو بہار و خزاں میں کھلتے ہیں اور آرائش کے کام آتے ہیں ؛ آرائشی پھولوں کی ایک قسم۔

All saints Day : (n) تیوھار کا دن (پہلی نومبر) ۔

All saints summer : (n) ھندوستانی موسم گرما ۔

All-sliming : (a) بہت ھی باریک پسا ھوا ۔

All souls : (n) ساری پاك روحیں ۔

All souls Day : (n) تیوھار کا دن جب روم کا چرچ پاك روحوں کے لئے دعائیں کرتا ھے ۔

All standing (adv) (١) بادبان کے ساتھ۔(٢) مکمل طور پر کپڑے سے ڈھکی ھوئی حالت میں ۔

All-star : (a) پورے طور پر یا خاص طور سے فلمی ستاروں یا ممتاز افراد یا شرکائے کار پر مشتمل (جماعت) ۔

All-star : (n) فلمی ستاروں یا ممتاز افراد کی جماعت کا کوئی رکن ۔

All that : (n) کسی قسم کی سب چیزیں ۔

All the better : اور بھی اچھا ۔

All there : (a) ھوش و حواس میں ۔

All the same : (adv) ایك سا ؛ برابر ؛ باوجودیکہ ؛ با ایں ھمہ ۔

All the world : (n) ھر شخص اور ھر شے جو موجود ھے ؛ ساری دنیا ؛ تمام عالم ۔

For all the world : (١) ھر شے کے حصول کی خاطر ؛ ھر لحاظ سے ؛ پورے طور پر ؛ ٹھیك ٹھیك ؛ ھو بہ ھو ۔

All-time : (a) (١) ھمیشہ کا ۔(٢) بہترین۔

All told : (adv) کل ملا کر ۔

All too soon : قبل از وقت ۔

All up : (a) شکست ؛ خاتمہ یا موت کے قریب ۔

All water : (تجارت) کل بذریعہ آب ۔

All-weather : (a) ھر موسم کے لئے۔

All-year : (a) پورے سال کے لئے ۔

Alla breve : (n) [It.] موسیقی کی ایك اصطلاح ۔

Alla capella : (n) [It.] موسیقی کی ایك اصطلاح ۔

Allagite : (n) [Gr."allage"] ایك بھاری سبز یا زرد مائل بہ سرخی معدنی شے ۔

Allagostemonous : (n) [Gr."allage+stemon"] نباتیات کی ایك اصطلاح ۔

Allah : (n) [Arab.] اللّٰہ تعالی ۔

Allamotti / -monti / -moth : (n) ایك بحری پرندہ جس کے پر سیاہ اور سفید اور بازو لمبے ھوتے ھیں ۔

Allanite : (n) [T."Allan"] ایك سیاہ مائل بہ زردی معدنی شے ؛ (کیمیا) ایلانائٹ ۔

Allantoic : (a) جنین کی جھلی کے جیسا ؛ کلمائی ۔

Allantoid : (a) [Gr."allantoides"] جنین کی جھلی سے متعلق ؛ کلما نما ؛ کلما سا ۔

Allantoidian : (a & n) وہ جنین جس مین خاص جھلی ھو ۔

Allantoin : (n) [ALLANTOIS+-IN] ایك بلوری شئے جو ($C_4 N_4 H_6 O_3$) جنین کی جھلی میں پائی جاتی ھے ۔

Allantois : (n) [See ALLANTOID] جنین کی وہ جھلی جو دودھ پلانے والے جانوروں، چڑیوں اور رینگنے والے جانوروں میں رھتی ھے اور جس کے ذریعہ جنین اور مادہ کے خون سے رابطہ قائم رھتا ھے ؛ (حیوانیات) الن ٹائس ؛ کلمیہ ۔

Allanturic : (a) Allantorin یا ترشۂ بولی سے حاصل شدہ ۔

Allat once : دفعتاً ؛ اچانك ؛ یکایك ۔

Allative : (a) [L."allatus"] (لسانیات) جہتی ۔

Allative case : (n) (لسانیات) جہتی حالت ۔

Allay : (v) [A-pref.+LAY] (١) افاقہ پیدا کرنا ؛ زور کم کرنا ؛ دھیما کرنا (درد وغیرہ کا) ؛ آرام پہنچانا ؛ بجھانا (پیاس وغیرہ کا) ؛

دبانا ۔ (۲) گھٹانا ؛ تخفیف کرنا ؛ کم کرنا (خوشی وغیرہ کا) ۔

Allayed : (a) تخفیف کیا ہوا ؛ معتدل کیا ہوا ؛ گھٹایا ہوا ؛ کم کیا ہوا ۔

Allayer : (n) تخفیف کرنے والا ؛ گھٹانے والا ؛ کم کرنے والا ۔

Allaying : (a & n) (۱) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ زور کم کرنا ۔ (۲) تخفیف کرنے والا ؛ کم کرنے والا ۔

Allegation : (n) [L."allegationem"] (۱) ادعا ؛ اظہار ؛ بیان واثق ؛ حتمی بیان ؛ عذر ۔ (۲) دعویٰ ؛ قضیہ ؛ الزام ؛ منسوب ۔ (۳) (تاریخ و سیاسیات) الزام ؛ اتہام ۔

Allege : (v) [L."exlitigare"] (۱) ادعا کرنا ؛ الزام دینا ؛ منسوب کرنا ؛ بیان کرنا ؛دعویٰ کرنا ۔ (۲) بطور حجت پیش کرنا ؛ دلیل لانا ؛ عذر کرنا ۔

Allegeable : (a) قابل الزام ؛ قابل اتہام ؛ قابل عذر ؛ قابل ادعا ۔

Alleged : (a) الزام لگایا ہوا ؛ بیان دیا ہوا ؛دعویٰ کیا ہوا ؛ مبینہ ۔

Allegedly : (adv) بطور الزام ۔

Alleger : (n) الزام لگانے والا ؛ ادعا کرنے والا ۔

Allegiance : (n) [deriv of LIEGE] (۱) اطاعت ؛ فرماں برداری ؛ (تاریخ و سیاسیات)وفا داری ؛ نمک حلالی ؛ جاں نثاری ؛ تابعیت ۔ (۲) ایک غلام کا اسکے آقا کے ساتھ رشتہ یا فرائض ؛ ایک رعیت کا بادشاہ یا حکومت کے ساتھ رشتہ ۔ (۳) (مجازاً) کسی کا یہ دعویٰ تسلیم کرنا کہ وہ ہمارے احترام و فرض کا حق دار ہے ۔

Allegianey : (n) دیکھو Allegiance

Allegiant : (a) وفا دار ؛ تابع ۔

Allegoric : (a) [Gr."allegoric-os"] مثالی ؛ مجازی ؛ تمثیلی ؛ رمزی ۔

Allegorical : (a) تمثیلی ؛ رمزی ۔

Allegorically : (adv) تمثیلاً ؛ مجازاً ؛ مثالاً ؛ کنایہ وار ؛ رمز وار ۔

Allegoricalness : (n) مثالیت ؛ مجازیت ؛ تمثیلیت ۔

Allegorist : (n) مثال پسند ؛ تمثیل نگار ؛ مجاز میں بیان کرنے والا ؛ رمز گو ۔

Allegorization : (n) بطور تمثیل بیان کرنے کا عمل ۔

Allegorize : (v) [L."allegorizare",Gr."allegoria"] (۱) مجاز کے طور پر بیان کرنا ؛ مثال سمجھنا (قصہ کو) ۔ (۲) تمثیل بنانا ؛ مثالی بنانا ۔

Allegorizer : (n) مجاز کے طور پر بیان کرنے والا ؛ مثالی سمجھنے والا ؛ تمثیل بنانے والا ؛ مثال بنانے والا ۔

Allegory : (n) [Gr."allos+agoria"] (۱) کسی موضوع کا بیان دوسرے مضمون کے پردہ میں کنایہ کے طور پر ؛ تمثیل ۔ (۲) مثالیہ ؛ مجازیہ ؛ رمزیہ (قصہ وغیرہ) ۔ (۳) علامت ؛ نشان ؛ پیکر ۔

Allegory form : (n) (لسانیات) تمثیلی روپ ۔

Allegresse : (n) [Fr.] خوش حالی ؛ شادمانی ؛ زندہ دلی ؛ خوش طبعی ۔

Allegretto : (a) [It.] (موسیقی) ذرا تیز ؛ رواں (گانے بجانے میں) ۔

Allegro : (a,adv & n) [It.repr.L."alacrem"] (۱) شادماں ؛ خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ خوش مذاق ۔ (۲) (موسیقی) تیز ؛ بلند آواز سے ؛ لہک کر ؛ بسرعت ؛ تیز تیز ۔

Alleleu : (interj) چلانے کی ایک آواز ؛ ہلیے لے لے ۔

Allelomorph : (n) [Gr."allel+morphe"] نباتیات کی ایک اصطلاح ؛ متبادل شکل ۔

Alleluia : (int.& n) [Gr."allelouia"] حمد ؛ خدا کی تعریف کا گیت ؛ بھجن ۔

Allemande : (n) [Fr."allemande"] (۱) المانوی رقص کی مختلف قسموں میں سے ایک کا نام ۔ (۲) (موسیقی) جرمنی کا ایک نغمہ٫ رقص ۔

Allemontite : (n) [Allemont in Dounphine+-ITE] سنگ سرمہ

اور کھلا کی ایک خام آمیزش ۔

Allenary : (adv) [All,adv.+ANERLY] صرف ؛ فقط ؛ تنہا ۔

Allene : (n) علم کیمیا کی اصطلاح ؛ ایک گیس سا ہائڈرو کاربن ۔ ($CH_2=C=CH_2$) ۔

Allergen : (n) حسّیت انگیز ؛ حسابیہ ۔

Allergist : (n) غیر طبعی حساسیت کا ماہر ؛ ماہر حسّیت ۔

Allergology : (n) غیر طبعی حساسیت کا سائنسی مطالعہ ۔

Allergosis : (n) حسیتی مرض ۔

Allergy : (n) [G."allergie"] (۱) کسی چیز سے متعلق حساسیت یا زود حسی یا نفرت ؛ تیز حسیت ۔ (۲) طب کی وہ شاخ جو اس مرض کی تشخیص اور علاج سے بحث کرتی ہے ۔

Allerion : (n) [Fr."alerion"] ایک عقاب جس کے پیر اور چونچ نہیں ہوتے ۔

Alleviate : (v) [L."alleviatus","alleviare"] آرام دینا ؛ کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ ہلکا کرنا ۔

Alleviation : (n) کمی ؛ تخفیف ؛ (طبیعیات) دھیما پن ؛ تسکین ۔

Alleviative : (a) مسکّن ؛ تسکین بخش ؛ افاقہ بخش ۔

Alleviator : (n) کم کر نے والا ؛ دھیما کرنے والا ؛ تسکین دینے والا ؛ آرام دینے والا ۔

Alleviatory : (a) آرام دینے والا ؛ تسکین بخش ۔

Alley : (n) [OFr. alee, mod.allee] (۱) راستہ (خاص کر چمن یا باغ میں) ؛ خیابان ۔ (۲) تنگ گلی ؛ گلیاری ؛ چھتا ؛ روش ۔ (۳) ایک لمبا تنگ احاطہ بعض قسم کی گیند کھیلنے کے لئے ۔ (٤) گرجا میں نشستوں کی دو قطاروں کے بیچ کا راستہ ۔ (٥) چھاپا خانوں میں دو حروف چینوں کے درمیان کی جگہ ۔ (٦) کسی قسم کے دو خطوں یا قطاروں کی درمیانی جگہ ۔

Blind alley : اندھی گلی ؛ کوچہ سر بستہ ؛ بند گلی ۔

Covered alley : (تاریخ و سیاسیات) چھتّا ۔

Alley : (n) سنگ مر مر کی گولیاں ؛ دیکھو Ally سنگ مر مر کی ایک قسم ۔

Alleyed : (a) گلیاری والا ؛ کوچہ والا ۔

Allgood : (n) جڑی بوٹی کی ایک قسم ۔

Alliable : (a) [Fr."allier"] قابل اتحاد ۔

Alliaceous : (a) [L."allium"] (۱) ثومی ؛ سیری ؛ پیازی ؛ بلبوسی ؛ لہسنی (لہسن کی جنس جس میں پیاز ، لہسن ، گندنا وغیرہ داخل ہیں) ۔ (۲) لہسن ؛ بلبوس (جس میں لہسن کی سی بو آتی ہے) ۔

Alliance : (n) [L."alligantis","alligare"] (۱) رشتہ ؛ پیوند ؛ شادی ؛ ناتا (جو بذریعہ نکاح ہو) ۔ (۲) رشتہ داری ؛ عزیز داری ؛ قرابت ؛ یگانگی ؛ خونی رشتہ ؛ پیوستگی ۔ (۳) محالفہ ؛ اتحاد ؛ ایتلاف ؛ معاهدہ (مابین دول) ۔ (٤) اشتراک ماہیت ؛ اشتراک صفات یا ذات ؛ یکسانی ۔ (٥) دستہ (نباتیات میں درجہ بندی) ۔ (٦) اتفاق ؛ ارتباط ؛ نسبت ؛ نزدیکی ؛ (تاریخ و سیاسیات) اتحاد ۔

Axis alliance : (تاریخ و سیاسیات) محوری اتحاد ۔

Defensive alliance : (تاریخ و سیاسیات) مدافعانہ / دفاعی اتحاد ۔

Defensive and offensive alliance : (تاریخ و سیاسیات) مدافعانہ و مجادلانہ اتحاد ۔

Holy alliance : (تاریخ و سیاسیات) مقدس اتحاد ۔

Offensive alliance : (تاریخ و سیاسیات) مجادلانہ اتحاد ۔

Quintiple alliance : (تاریخ و سیاسیات) پنجگانہ اتحاد ۔

Subsidiary alliance : (تاریخ و سیاسیات) ذیلی اتحاد ۔

Subsidiary alliance system : (تاریخ و سیاسیات) نظام معاونت ۔

Allice / Allis : (n) [L."alosa"] ایک قسم کی مچھلی ۔

Allicholly =(melancholy) مالیخولیا ۔

Allied : (a) (۱) متحد ؛ پیوستہ ؛ متفق؛ مربوط ؛ وابستہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) اتحادی ؛ متعلقہ ۔ (۲) (مجازاً) طبیعت اور صفت کے لحاظ سے باہم مربوط ؛ یکساں ۔

Allied and associated power : (تاریخ و سیاسیات) اتحادی اور شریک طاقتیں ۔

Allied commissioner : (n) (تاریخ و سیاسیات) اتحادی کمشنر ۔

Allied committee : (n) (تاریخ و سیاسیات) اتحادی کمیٹی ۔

Allied control commission : (n) (تاریخ و سیاسیات) اتحادی کنٹرول کمیشن ۔

Allied countries : (n) اتحادی ممالک ۔

Allied functions : (n) متعلقہ فرائض ۔

Allied high commission : (n) (تاریخ و سیاسیات) اتحادی هائی کمیشن ۔

Allied military government : (n) (تاریخ و سیاسیات) اتحادی فوجی حکومت ۔

Allied nations : (n) (تاریخ و سیاسیات) اتحادی قومیں / اقوام ۔

Allied power commission : (تاریخ و سیاسیات) اتحادی طاقتوں کا کمیشن ۔

Allied powers : (n) (تاریخ و سیاسیات) اتحادی طاقتیں ۔

Allied subjects : (n) متعلقہ مضامین ۔

Alligation : (n) [L."allegationem"] (۱) آمیزش ؛ وابستہ کرنے کاعمل ؛ وابستگی کی حالت ۔ (۲) (ارضیات) آمیزش کا قاعدہ ؛ مختلف قسم اورقیمتوں کی چیزوں کی باهمی آمیزش کے متعلق سوالات حل کرنے کا علم ریاضی میں طریقہ ۔

Alligator : (n) [Sp."el or al lagarto"] (۱) مگر ؛ مگرمچھ؛ گھڑیال ؛ نهنگ ۔ (۲) نهنگ کی قسم کے دوسرے امریکی جانور ۔ (۳) کوئی چیز (آلہ) جو جبڑے سے کام لیتی هے مثلاً پگھلے هوئے لوهے سے بلبلہ نکالنے کی کل ؛ ماشین فشار ۔ (٤) سنگ شکن ۔

Alligator apple : (n) مغربی جزائر هند کے سیب ۔

Alligator forceps : (n) گھڑیالی چمٹی ۔

Alligator pear : (n) مغربی جزائر هند کی ناشپاتی ۔

Alligator tortoise : (n) دلدل میں رهنے والا کچھوا ۔

Alligator wood : (n) مغربی جزائر هند کے ایک درخت کی لکڑی ۔

Allineation/Alin-: [L."ad+lineat","lineare"] ایک خط مستقیم میں دو یا دو سے زیادہ اجسام کی مقررہ نقطہ سے حالت ۔

Alliterate : (v) [L."al-/ad-+littera"] (۱) ایک ادبی صنعت میں مختلف الفاظ کی ایک هی حرف سے ابتدا هونا ؛ سر حرفی صنعت کا هونا ۔ (۲) مختلف الفاظ کی ایک حرف سے ترکیب دینا ۔

Alliterate : (a) مختلف الفاظ ایک هی حرف سے ابتدا کئے هوئے ؛ سر حرفی صفت سے مترتب ۔

Alliterated : (a) سر حرفی صنعت سے مترتب ۔

Alliterating : (a) سر حرفی صنعت پیدا کرنے والا ۔

Alliteration : (n) (۱) وہ ادبی صنعت جس میں جملہ یا شعر کے الفاظ ایک هی حرف سے شروع هوں یا الفاظ کی ابتدا هم آواز هو ؛ تجانس حرفی ؛(لسانیات) تجنیس صوتی ؛ تجنیس حرفی ۔ (۲) کسی شعر میں بعض تکیہ دار هجاؤں کا ایک هی صامت یا ایک هی نوع کےصامتوں یا مختلف مصوتوں کی آواز کے ساتھ ابتدا هونا جیسا کہ قدیم انگریزی یا ٹیوٹنک زبانوں کے شعروں میں پایا جاتا هے ۔

Alliterational : (a) وہ شعر یا جملہ جس میں سر حرفی صنعت کی کثرت هو ۔

Alligerative : (a) سر حرفی صنعت سے متعلق یا سر حرفی صنعت سے آراستہ ۔

Alliteratively : (adv) سر حرفی صنعت کے طور پر ۔

Alliterativeness : (n) سر حرفی صنعت سے آراستگی ۔

Alliterator : (n) سر حرفی صنعت کا استعمال کرنے والا ۔

Allituric : (a) ایک نامیاتی مرکب Alloxantin کے انتشار کی پیداوار ۔

Allium : (n) [L.] سوسنی پودوں کی ایک جنس جس میں لهسن، پیاز، گندنا وغیرہ داخل هیں ۔

Allness : (n) عالم گیر ؛ کلی حیثیت ؛ کلیت ؛ عمومیت ۔

Allocate : (v) [L."allocat-","allocare"] (۱) متعین کرنا ؛ (انتظامیه) تعین کرنا ؛ مقرر کرنا ؛ مختص کرنا ؛ نامزد کرنا (کسی شخص یا مقصد کے لئے) ؛ کسی مقام سے متعلق کرنا ۔ (۲) پتا چلا لینا ؛ تعین مقام ؛ قائم کرنا ؛ تشخیص کرنا ۔

Allocated : (a) (تاریخ و سیاسیات) متعینه ؛ مفوضه ۔

Allocation : (n) [L."allocationem"] (۱) (انتظامیه، شماریات، لسانیات ، تاریخ و سیاسیات) تعین ؛ استقرار ؛ نامزدگی ۔ (۲) ترتیب ؛ انتظام ۔ (۳) مقامی بنانا ؛ مقامی رنگ میں رنگنا ؛ کسی خاص مقام میں محدود کرنا ۔ (٤) حساب میں کسی مد کا مقرر کرنا اور اسی طرح کی متعین مد ؛ تخصیص ۔

Newman allocation : نیومین تعین ۔

Proportional allocation : (شماریات) متناسب تعین ۔

Allocation of expenses : (تجارت) تعین اخراجات ۔

Allocatur : (n) [L."it is allowed"] کسی کارروائی کے اختتام پر باضابطه دی هوئی سند ؛ خرچ (مقدمه) کے ساتھ ۔

Allochroic : (a) [Gr."allochroos"] رنگ میں تغیر پذیر ۔

Allochroite : (n) [Gr."allochroos"] ناروے وغیرہ میں پائی جانے والی ایک معدنی شے ۔

Allochromtic : (a) [Gr."allo -+chroma"] رنگ کی تبدیلی کا یا اس سے متعلق ۔

Allochroous : (a) [Gr."allochroos"] رنگ بدلنے والا ۔

Alloclase : (n) [Gr."allos+clasis"] ایک قسم کی معدنی شے جس میں گندھک، سنکھیا، کوبالٹ اور فولاد کی هلکی مقدار پائی جاتی هے ۔

Alloclasite : (n) [Gr."allos+clasis"] پیریطس قسم کی ایک معدنی شے جس میں گندھک، سنکھیا، کوبالٹ وغیرہ کے اجزا هوتے هیں ۔

Allocution : (n) [L."allocutionem",F."alloqui"] (۱) (قدیم روح) وہ خطبه جو جنرل اپنے سپاهیوں کو دیا کرتا تھا ۔ (۲) (رومن کیتولک کلیسا) وہ خطبه جو پوپ کلیسا اور اهل کلیسا کو دیا کرتا هے ۔ (۳) خطبه ؛ جوش دلانے والی تقریر ؛ خطاب ۔

Allod / Alod : (n) [L."a(l)lodium"] املاک جس پر اختیار کلی حاصل هو ؛ آزاد زمین داری ۔

Allodial / Allodal : (n) [med.L."al(l)odialis"] آزاد زمین دار ؛ آزاد زمین ۔

Allodialism : (n) آزاد زمین داری کا نظام ۔

Allodialist : (n) آزاد زمین داری کا مالک ۔

Allodiality : (n) آزاد ملکیت میں هونے یا رکھنے کی صفت ۔

Allodially : (adv) آزاد زمین داری کے طور پر ۔

Allodian / Allodal : (a) [med.L."al(l)+odialis"] (۱) آزاد زمین داری کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) آزاد زمین داری کا مالک هونا ۔

Allodification : (n) (قانون) زمین کی آزاد زمین داری میں تبدیلی ۔

Allodium : (n) [L."al /allodium"] آزاد زمین داری (جائداد جس پر بغیر کسی بالادست کی نگرانی کے قبضه هو ؛ جاگیر داری کی ضد) ؛ مطلق ملکیت ۔

Alloeostropha : (a or n) [Gr."alloeo+stropha"] وہ نظم جس میں بے قاعدہ بند هوں ۔

Alloeotic : (a) [Gr."alloeotikos"] مائل به تغیر ۔

Alloeotical : (a) مائل به تبدل ۔

Allogamy : (n) [Gr."allos+gamia"] ازدواج نباتی یا پیوند ؛ قلم بندی ۔

Allogeneity : (n) [Gr."allogeness"] اختلاف جنس ؛ اختلاف نوع ۔

Allogeneous : (a) [Gr."allogenes"] مختلف النوع ؛ مختلف الجنس ۔

Allogram : (n) (لسانیات) ذیلی نشان ۔

Allograph : (n) (لسانیات) ذیلی ترسیم ؛ وہ دستخط یا تحریر جو کسی کے بدلہ دوسرا کرے ؛ تحریر غیر ۔

Allokinesis : (n) اضطراری حرکت ؛ غیر ارادی حرکت ؛ حرکت انفعالی ؛ حرکت معکوسی ۔

Allomerism : (n) [Gr."allos-meros"] کیمیاوی ترکیب میں اختلاف ؛ بلوری شکل کی تبدیلی کے بغیر ؛ مختلف ترکیبی ۔

Allomerous : (a) جس کی کیمیاوی ترکیب میں اختلاف ہو ۔

Allomorph : (n) [allo-+morpheme] (لسانیات) ذیلی مارفیم ؛ ذیلی حرفیہ ۔

Allomorphite : (n) [Gr."allomorphos"] ایک معدنی شئے جو بیرائیٹ سے بنتا ہے اور نابید جیسم سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Allonge : (n) [Fr.] (تجارت و معاشیات) تمسک ؛ چیک ؛ بل چسپاں پرزہ ؛ ایک چٹ جو ہنڈیوں کے ساتھ لگائی جاتی ہے تا کہ مزید تصدیقات اس پر درج ہو سکیں ۔

Allonym : (n) [Gr."allos+onymos"] (۱) نام عاریہ ؛ فرضی نام جو کوئی مصنف اپنی تصنیف و تالیف پر اپنے بدلے کسی دوسرے کا لکھ دے ۔ (۲) وہ تالیف/تصنیف جس پر مصنف یا مؤلف کے بجائے دوسرے کا نام ہو ۔

Allonymous : (n) بے نام ؛ مجہول الاسم ؛ گمنام ۔

Allopalladium : (n) [Gr."allos"+PALLADIUM] سونا کے ساتھ شش پہلو طبقہ میں پایا جانے والا پلادیم (ایک قسم کی دھات) ۔

Allopath : (n) [Fr."allopathe","allopathie"] علاج بالضد کا عامل ؛ معالج بالضد ۔

Allopathic : (a) [Fr."allopathique"] متعلق بہ علاج بالضد ۔

Allopathically : (adv) علاج بالضد کے اصول کے مطابق ۔

Allopathy : (n) [Gr."allos+pathia"] علاج بالضد ؛ معالجہ بالضد ؛ ایلو پیتھی ۔

Allophanate : (n) [Gr."allophanes"] Allophanic Acid کا نمک ۔

Allophane : (n) [Gr."allophanes"] الومینا کا آبیدہ سلی کیٹ جو عموماً آسمانی رنگ کا ہوتا ہے اور دھونکنی سے پھونکنے پر اپنا رنگ کھو بیٹھتا ہے ۔

Allophanic : (a) (A. acid) اس شے سے متعلق جو شکل یا رنگ بدلے ۔

Allophite : (n) [Gr."allos+ophites"] مارگروفائیلائیٹ (Margarophyllite) کا آبدار سلی کیٹ ۔

Allophonic : (a) (لسانیات) ذیلی صوتی ؛ ذیلی فونیمی ۔

Allophyle : [Gr."allophylos"] اجنبی ؛ بدیسی ؛ بے علم ؛ بے ذوق ؛ غیر شائستہ ؛ نا تراشیدہ ؛ بد مذاق ۔

Allophylian : (a) [L."allophyl-us+-IAN] غیر آریائی سامی (غیر آرسامی) ذات یا نسل کا، اس کا استعمال خصوصاً ایشیائی اور اروپائی زبانوں کے متعلق ہوتا ہے اور کبھی کبھی تورانی زبان کے متعلق بھی ہوتا ہے ۔

Allophytoid : (n) [Gr."allos"+PHYTOID] وہ شگوفہ یا نمو پذیر غنچہ جو اپنے اصلی پودے سے مختلف ہو ۔

Alloplasm : (n) بدل مایہ ۔

Alloplastic : (a) خارجی دنیا سے اثر پذیر ہونے والا ۔

Allopolyploid : (n) بدل کثیر لونی ۔

Allopsychic : (a) ذہنی طور پر خارجی ماحول سے تعلق رکھنے والا ؛ خارج النفسی ۔

Alloquial : (a) [L."alloquium"] لوگوں کو مخاطب کرنے کے عمل کا یا اس سے متعلق ۔

Alloquialism : (n) خطاب کرنے کا طریقہ یا فقرہ ۔

Allot : (v) [OFr."aloter"(mod.allo+ir)f."a+loter"] (۱) بانٹنا ؛ بٹوارہ کرنا ؛ تقسیم کرنا ؛ حصہ دینا ؛ قرعہ ڈال کر تقسیم کرنا ؛ سہم لگانا ۔ (۲) مقرر کرنا ؛ متعین کرنا ؛ نامزد کرنا ؛ (انتظامیہ) دینا ؛ مخصوص کرنا ؛ الاٹ کرنا ۔

Allotheism : (n) [Gr."allos"+THEISM] بدیسی یا غیر

دیوتاؤں کی پرستش ۔

Allotment : (n) [Fr."alloement"] (۱) تقسیم حصہ ؛ قسمت ؛ بخرہ ؛ بٹوارہ ؛ نامزدگی ؛ تعین ۔ (۲) قسمت ؛ مقسوم ؛ نصیب ؛ (انتظامیہ) تخصیص ؛ تعین ؛ الاٹ منٹ ؛ (تاریخ و سیاسیات) الاٹ کرنا ۔ (۳) حصہ مقررہ ؛ حصہ مفوضہ ۔ (٤) قطعہ اراضی (کاشت کے لئے) کھیت لبر ۔

Letter of allotment : (تجارت و معاشیات) مراسلہ الاٹ منٹ ؛ فہرست الاٹ منٹ ؛ اطلاع الاٹ منٹ ۔

Allotment account : (n) حساب تفویض ۔

Allotment act : (n) قانون تعین ۔

Allotment letter : (n) (انتظامیہ) مراسلہ تعین ؛ الاٹ منٹ لیٹر ۔

Allotment note : (n) رقعہ تفویض ۔

Allotment officer : (n) (انتظامیہ) الاٹ منٹ آفیسر ۔

Allotment of fund : (انتظامیہ) تعین سرمایہ ۔

Allotment of tasks : (n) (سماجیات) تفویض کار ؛ کام کا بٹوارہ ۔

Allotment order : (n) (انتظامیہ) حکم تخصیص ؛ الاٹ منٹ آرڈر ۔

Allotment system : (n) اراضی کا نظام تقسیم جس میں پلاٹ کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں بانٹ دیا جاتا ہے تاکہ غریب طبقہ کے لوگ معمولی مال گذاری پر کاشت کاری کر سکیں ۔

Allotrope : (n) (کیمیا) بہروپ ؛ صوری تغیر کی ایک شکل ۔

Allotropic : (a) [Gr."allos+trophos"] طبعی یا کیمیاوی خواص میں تغیر کے بغیر قوت بخش خاصیتوں کے لحاظ سے تغیر پذیری ؛ (طب) بدل غذائی ۔

Allotropic : (a) [Gr."allotropos"] (کیمیا) بہروپی ۔

Allotropic form : (n) (کیمیا) بہروپی شکل ۔

Allotropic modification : (n) (کیمیا) بہروپی شکل ۔

Allotropical : (a) صوری تغیر سے متعلق ؛ بہروپی ۔

Allotropically : (adv) صوری تغیر کی رو سے ؛ بہروپ کے لحاظ سے ۔

Allotropism : (n) [[Gr."allotrop-os"+-ISM] صوری تغیر بحیثیت اصول یا عمل کے ؛ (کیمیا) بہروپیت ۔

Allotropize : (v) صوری تغیر کی رو سے بدل دینا ؛ بہروپی طور پر بدل دینا ۔

Allotropy : (n) [Gr."allotropos"] (کیمیا) بہروپ ؛ طبعی خواص کا تغیر (بغیر مادے کے تغیر کے) ؛ صوری تغیر ؛ استعداد گونا گونی ۔

Allottable : (a) قابل تفویض ؛ قابل تعین ۔

Allottee : (n) مفوض علیہ ؛ سپرد علیہ ؛ حصہ پانے والا ۔

Allover : (a) کل ؛ مجموعی ۔

Allover : (n) تمام ؛ پورا ؛ سارا ۔

Allow : (v) [L."allaudare",L."allocare"] (۱) ماننا ؛ تسلیم کرنا ؛ قبول کرنا ۔ (۲) (امریکی استعمال) رائے قائم کرنا ؛ قیاس کرنا ۔ (۳) (تاریخ، سیاسیات و انتظامیہ) اجازت دینا ؛ منظور کرنا ؛ ہونے دینا ؛ روا رکھنا ۔ (٤) پڑ جانا (کسی شغل میں) ۔ (٥) (lutr)

گنجائش ہونا ؛ سمائی ہونا ۔ (٦) دینا (بندھی ہوئی رقم معین وقت پر) ؛ بندھی رقم دینا (مثلاً وظیفہ، یومیہ، پیٹیا وغیرہ) ۔ (٧) وضع کرنا ؛ محسوب کرنا ؛ اضافہ کرنا ۔ (٨) کسی کا حصہ دینا یا کسی کی ضرورت پوری کرنا ۔ (٩) صحیح یا جائز سمجھنا ۔

Allowable : (a) قابل تسلیم ؛ قابل اجازت ؛ روا ؛ جائز ؛ قابل قبول ۔

Allowableness : (n) قابل قبول ہونے کی صفت ۔

Allowably : (adv) بطور قابل قبول ؛ بجا طور پر –

Allowance : (n) (١) اجازت ؛ پروانگی ؛ حکم منظوری ۔ (٢) برداشت ؛ تحمل ؛ لحاظ ۔ (٣) (انتظامیہ) بھتّا ؛ وظیفہ ؛ راتب ؛ طلب ؛ پیٹیا ؛ الاؤنس ؛ مقرری ؛ مد و معاش ؛ (تاریخ و سیاسیات) بھتّا ۔ (٤) کمی ؛ وضعات ؛ تخفیف ؛ منہائی ؛ رعایت ۔ (٥) تخفیف یا کمی کرنے والے حالات کو مد نظر رکھنا ۔

City allowance : (انتظامیہ) شہری بھتّا ۔

Conveyance allowance : (انتظامیہ) سواری بھتّا ۔

Dearness allowance : (انتظامیہ) مہنگائی بھتّا ۔

Extra duty allowance : (انتظامیہ) زائد ڈیوٹی بھتّا ؛ زائد کام کا بھتّا ۔

Outstation allowance : (انتظامیہ) آؤٹ اسٹیشن بھتّا ؛ بیرون مستقر بھتّا ۔

Overtime allowance : (انتظامیہ) زائد وقت بھتا ؛ اور ٹائم الاؤنس ۔

Travelling allowance : (انتظامیہ) سفر بھتّا ۔

To make allowance : اتفاقی حالات کے لئے سامان کرنے کی خاطر تخفیف کرنا یا اضافہ کرنا ۔

Allowance : (v) مقرری دینا ؛ راتب دینا ؛ بھتا دینا ؛ پیٹیا کر دینا ؛ انتظام کر دینا (خوراک وغیرہ کا) ۔

Allowance system : (n) نظام بھتّا ۔

Allowed : (a) اجازت یافتہ ؛ تسلیم شدہ ؛ حصہ دیا ہوا ؛ بٹوارہ کیا ہوا ؛ کم کیا ہوا ؛ تخفیف کیا ہوا ۔

Allowed time : (n) (تجارت و معاشیات) مجوزہ وقت ؛ دی گئی مدت ۔

Allowedly : (adv) مسلمہ طور پر ۔

Allower : (n) ماننے والا ؛ تسلیم کرنے والا ؛ صحیح یا جائز سمجھنے والا ۔

Allowment : (n) منظوری ؛ قبولیت ۔

Alloxan : (n) [ALL(ANTOIN)+OXA(LIC)] ایک نامیاتی مرکب ؛ (کیمیا) الاکسن ($C_4H_2N_2O_4$) ۔

Alloxanate : (n) Alloxanic acid کا نمک ۔

Alloxanic : (a) Alloxanic acid کے متعلق ۔

Alloxantin : (n) ایک نامیاتی مرکب ($C_8H_6N_4O_8 2H_2O$) ۔

Alloy : (n) [Fr."aloi:"-OFr."alei"] (١) عیار (سیم و زر کا) ؛ (کیمیا) بھرت ۔ (٢) ایک معمولی دھات کی قیمتی دھات کے ساتھ آمیزش خاص کر سونے اور چاندی کے سکوں میں ۔ (٣) مختلف دھاتوں کی آمیزش / آلائش ۔ (٤) ملاوٹ ۔ (٥) کسی ایسی چیز کی آمیزش جو قیمت یا اصلیت کو گھٹا دے ؛ غیر عنصر ؛ بیرونی عنصر ۔ (٦) کھوٹ ۔

Native alloy : فطری آمیزش ۔

Alloy : (v) [L."alligare"] (١) ملونی کرنا ؛ کھوٹ ملانا ؛ آمیزش کرنا ؛ ملانا اصل دھات میں ادنیٰ دھات ۔ (٢) بھرت کرنا ؛ مختلف دھاتیں ملانا ۔ (٣) گھٹیا کردینا ؛ برتر کر دینا ؛ بگاڑ دینا ۔ (٤) معتدل کرنا ؛ چاشنی دینا ؛ تھوڑی سی آمیزش کرنا ۔

Alloyage : (n) کھوٹ ملانے کا ہنر یا کارروائی ۔

Allozooid : (n) [Gr."allos+zoon"] علاحدہ ، وہ حیوانی عضو جو اپنی اصل سے مختلف ہوتا ہے ۔

Allseed : (n) ان مختلف پودوں کا نام جن میں کثرت سے بیج ھوتے ھیں ؛ بجیلا ۔

Allspice : (n) [ALL + SPICE,as combining a flavour of cinn mon, nutoneg & clove.] (۱) خوشبو مسالہ ؛ گرم فلفل جمیکا (جس میں کئی چیزوں یعنی دار چینی، جائفل اور لونگ کے مزے اور بو ھوتی ھے) ۔ (۲) بعض خوشبو دار جھاڑیاں ۔

Allspice oil : (n) روغن فلفل جمیکا ۔

Allspicy : (a) تند ؛ تیتا ۔

Allude : (v) [L."alludere"] کنایہ کرنا ؛ کنایتاً حوالہ دینا ؛ اشاروں کنایوں میں کہنا ۔

Allumette : (n) [Fr.] ماچس ؛ دیا سلائی ۔

Allure : (v) [OFr."alurer","f."a+lurer"] (۱) للچانا ؛ حرص دلانا ؛ طمع دلانا ؛ سبز باغ دکھانا ؛ فریب دینا ؛ ورغلانا ؛ ترغیب دینا ۔ (۲) رجھانا ؛ پرچا لینا ؛ فریفتہ کر لینا ۔

Allure : (n) [Fr.] خوش طبعی ؛ انداز ؛ چھرہ بشرہ ؛ نشان ۔

Allurer : (n) طمع دلانے والا ؛ ترغیب دینے والا ؛ راغب کرنے والا ؛ فریب دینے والا ؛ موہ لینے والا ۔

Alluring : (a) دل کش ؛ دل چسپ ؛ جالب ؛ جاذب ؛ پر فریب ؛ ورغلانے والا ۔

Alluring glands : (n) جاذبی غدود ۔

Alluringly : (adv) فریفتہ کرنے کے انداز میں ۔

Allurement : (n) اغوا ؛ فریب ؛ لالچ ؛ طمع ؛ حرص ؛ سبز باغ ؛ دل کشی ؛ دل فریبی ؛ جالبیت ؛ جاذبیت ۔

Allusion : (n) (L."allusionem"] تلمیح ؛ اشارہ ؛ کنایہ (کسی قصہ کی طرف) ۔

Allusive : (a) [L."allus-","alludere"] پر تلمیح ؛ پر کنایہ ؛ کنایہ آمیز ؛ تلمیح دار ؛ کنایہ دار ۔

Allusively : (adv) تلمیحاً ؛ کنایتاً ؛ بالکنایہ ؛ بطور اشاریہ ؛ بطور کنایہ ۔

Allusiveness : (n) کنایہ آمیزی ؛ تلمیح داری ۔

Alluvial : (a) [L."aluvium"] تہ نشین ؛ تہ نشین شدہ ؛ رسولی ؛ سیلابی ۔

Alluvial cone : (n) سیلابی مخروط ۔

Alluvial plane : (n) سیلابی میدان ۔

Alluvion : (n) [L."alluvionem"] (۱) موجوں کی ٹکر (کناروں / ساحل سے) ۔ (۲) سیلاب ؛ باڑھ ۔ (۳) وہ مادے جو سیلاب کے بعد جمع ھو جاتے ھیں ۔ (٤) (قانون) دریا بر آر ؛ نو بر آمد زمین / اراضی ؛ وہ جدید زمین جو پانی کے عمل سے بنی ھو ؛ دریا ساختہ اراضی ؛ دریا برآمد ۔

Alluvium : (n) [L."alluvius"] وہ مٹی ، ریت جو سیلاب کے ذریعہ سے آکر جمع ھو گئی ھو ؛ دریا بر آر ؛ زمین رسولی ؛ سیلابی مٹی ۔

Allwork : (n) خانہ داری کے سب کام ۔

Maid of all work : ھر کارہ خادمہ ۔

Ally : (v) [L."alligare"] (۱) شریک ھونا ؛ رفیق ھونا ؛ (تاریخ و سیاسیات) حلیف ھونا (شخص یا سلطنت میں) ۔

Ally : (n) (۱) شریک ؛ رفیق ؛ (تاریخ و سیاسیات) حلیف (شخص یا سلطنت میں) ؛ پتھر کی گولی (انٹا) ۔

Ally/Alley/Alay : (n) [abbrev.of Allabaster] سفید سنگ مرمر ۔

Allyl : (n) [L."all (ium) + -YL] ایک یک گرفت ھائیڈرو کاربن جزو مستقل (C_3H_5) ۔

Allyl alcohol : (n) (کیمیا) الکحل ۔

Allylene : (n) (کیمیا) الائلین ۔

Alma / Almah : (n) [Arab."almah"] مصری رقاصہ ۔

Alma Mater : (n) مادر علمی ؛ مدارس یا جامعہ کو کہتے ھیں (لفظی معنی "فیاض ماں") ۔

Almacantar : (n) [Fr."almu cantarat","Arab."qantarah"] (۱) (جمع) افق کے متوازی کرۂ زمین کے دائرے ؛ ارتفاع کے متوازی خطوط ۔ (۲) وقت اور عرض البلد بتانے کا آلہ ؛ المقنطرہ ۔

Almacanter staff : (n) وہ آلہ جو زمانہ قدیم میں آفتاب کے طلوع و غروب کا حساب لگا کر کمپاس کو درست کرتا تھا ۔

Almadia : (n) [Arab] (۱) دریائی کشتی ؛ ایک ہندوستانی کشتی جو ۸۰ فٹ لمبی ہوتی ہے اور بہت تیز ہوتی ہے ۔ (۲) افریقی ڈونگی جو درخت کی چھال یا تنے کو کھوکھلا کر کے بنتی ہے ۔

Almagest : (n) [Gr."megiste"] (۱) بطلیموسی کتاب ہیئت ؛ المجستی ؛ مجستی ۔ (۲) نجوم اور کیمیا پر اور کتابیں ۔ (۳) فلکیات پر بطلی موس کی بڑی کتاب ۔

Almagra : (n) [Gr."al-maghrah"] ایک گہرے سرخ رنگ کی مٹی جو اسپین میں پائی جاتی ہے ۔

Almain rivets : (n) سبک زرہ بکتر ۔

Almanac : (n) [Arab."al-manakh", Calender] تقویم ؛ جنتری ؛ زیج ؛ سال نما ؛ (ریاضی) جنری ؛ المناخ ۔

Clog almanac : (تاریخ و سیاسیات) ایک قسم کا کلینڈر جو لکڑی کے مربع نما بلاک پر دندانہ دار ہوتا ہے ۔

Nautical almanac : (ریاضی) بحری جنتری ۔

Almandine : (n) [A corruption of ALABANDINE] بنفشی تامزہ ۔

Almandite : (n) بنفشی رنگ کا قیمتی پتھر ۔

Almendron : (n) براریلوی جوز کا درخت ۔

Almightily : (adv) قوت کاملہ سے ۔

Almightiness : (n) جبروت ؛ قوت کامل ؛ قوت مطلق ۔

Almighty : (n) [OE."aelmeatiz"] قادر مطلق ۔

Almirah / Almyra : (n) [Urdu. (through Pg.) L."armarium"] الماری ۔

Almoign / Almoin : (n) خدا کی عبادت یا مذہبی فرائض کی انجام دھی کے ذریعہ عہدہ داری ؛ وقف ۔

Frank almoin : زمین کی مال گذاری جو کسی مذہبی ادارے کو فی سبیل اللہ وقف کی جائے ۔

Almond : (n) [Gr."amygdale"] (۱) بادام ۔ (۲) بادامی شکل کا ؛ بادام نما ۔ (۳) (تشریح) لوزہ ؛ گلپھڑا ۔

Almond butter : (n) کریم ، ابلے ہوئے انڈے کی سفیدی اور چھلے ہوئے بادام سے تیار کردہ ایک خوردنی شے ۔

Almond furnace : (n) وہ بھٹی جو دھاتوں کو میل کچیل سے الگ کرنے اور بردہ سنگ کے میل سے سیسہ نکالنے کے کام آتی ہے ۔

Almond kernal / Almond milk : (n) میٹھے چھلے ہوئے بادام، شیریں اور پانی سے تیار کی ہوئی ایک خوردنی شے ۔

Almond oil : (n) روغن بادام تلخ ۔

Almond tree : (n) بادام کا درخت ۔

Almond tumbler : (n) لوٹن کبوتر (ایک قسم کا کبوتر) ۔

Almond willow : (n) ایک قسم کا درخت ۔

Almond wort : (n) پودوں کی ایک جنس ۔

Almoner / Almner : (n) [L."alimsin arion"] (۱) مہتمم خیرات خانہ : مہتمم لنگر خانہ : امین صدقات ؛ مأمور خیرات ؛ (سماجیات) مہتمم خیرات ۔ (۲) اسپتال کا ایک عہدہ دار ۔

Almonership : (n) امین صدقات کا عہدہ ۔

Almonry : (n) صدقہ خانہ : (سماجیات) خیرات خانہ ؛ لنگر خانہ : دارالصدقات ۔

Almost : (adv) [ALL + MOST] تقریباً : قریب قریب ؛ تقریباً سب ۔

Alms : (n) [Gr."eleos"] (۱) بھیک : خیرات ؛ دان پن ؛ زکوٰۃ ۔ (۲) چندہ ؛ عطیہ ۔ (۳) (قانون) Almoign دیکھو

Free alms : Frank almoign دیکھو

Reasonable alms : بلا وصیت شدہ جائداد کا ایک حصہ جو غریبوں کو دیا جائے ۔

Alms basket : (n) وہ باسکٹ / ٹوکری جس میں عوام کی دی ہوئی خیرات رکھی جائے ۔

Alms deed : (n) صدقہ : خیرات ۔

Alms fee : (n) اصلاح مذہب (Reformation) سے پہلے پوپ کے خزانہ میں دیا گیا چندہ ۔

Alms folk : (n) خیرات پر پلنے والے لوگ ۔

Alms-gift : (n) صدقہ ؛ خیرات ۔

Alms giver : (n) خیرات کنندہ ؛ صدقہ دینے والا ۔

Alms giving : (n) دان پن ؛ خیرات ؛ صدقہ کرنا /دینا ۔

Alms-house : (n) عوامی / نجی خیرات سے قائم شدہ ایک گھر، خاص کر بوڑھے غریبوں کے لئے ؛ دارالمساکین ؛ لنگر خانہ ؛ خیرات خانہ ؛ محتاج خانہ ؛ خیریہ ۔

Alms land : (n) Frank almoign کی رو سے جاگیر مقبوضہ ۔

Almshouse : (n) (سماجیات) خیرات گھر ۔

Almsman : (n) خیرات پر پلنے والا ؛ صدقہ خور ؛ خیرات خوار ؛ صدقہ گیر ؛ عبادت گزار ؛ عابد ۔

Alnage : (n) [L."alena"] (١) ELL (لمبائی ناپنے کا آلہ) کے حساب سے پیمائش ، خاص کر اونی کپڑوں کا ناپ اور معائنہ ۔ (٢) ELL کے حساب سے پیمائش کی فیس ۔

Alnager : (n) وہ عہدہ دار جو حلف لے کر اونی کپڑوں کی نوعیت اور ناپ کی جانچ اور تصدیق کرے ۔

Aloe : (n) [Gr. "aloe"] (١) ایلوا ؛ صبر ؛ درخت صبر ؛ دار بو ؛ شبپار ؛ عود ؛ راد بو ؛ عودالطیب ۔ (٢) مسہل دوا جو ایلوے کے عرق سے بناتے ہیں ۔ (٣) مجازاً (تلخ تجربات) ۔ (٤) بعض دوسرے پودوں کے نام جو ایلوا کے مشابہ ہیں ۔

Aloed : (a) مصبر ؛ ایلوا آمیختہ ۔

Aloetic : (a) [Gr."aloe"] صبری ؛ ایلوادار؛ جس میں ایلواهو۔

Aloft : (adv) [N. a lopt, a lopti] (١) بالا ؛ اونچا ؛ بلند ؛ ارفع ؛ اوپرکی طرف ؛ اونچائی کی جانب ۔ (٢) (جہاز رانی) جہاز کے بلند تر حصہ پر یا اس کی طرف ۔

Alogia : (n) [Gr."alogos"] بولنے سے معذوری (کسی دماغی مرض کی وجہ سے) ؛ ناگوئی ۔

Alogian : (n) [Gr."alogie"] کلام الٰہی سے انکار کرنے والے فرقے کا ایک فرد ۔

Alogical : (a) [A+Logical] (فلسفہ و نفسیات) غیر منطقی ؛ غیر استدلالی ۔

Alogism : (n) غیر عقلی بیان ؛ غیر منطقی ؛ حقیقت تفہیم میں عقل سے انکار کا نظریہ ۔

Alogotrophy : (n) [Gr."alogos+trophe"] تغذیہ کی زیادتی (جیسے ھڈی میں) جس سے بدھیئتی پیدا ھو ۔

Aloha : (n) [Hawaiian] محبت ؛ مہربانی ۔

Aloid : (a) [ALOE +-id for-OID] مثل ایلوا ؛ ایلواکے مشابہ ۔

Aloin : (n) [ALOE +=IN] ایلوا کی تلخ مسہل خاصیت ۔

Alomancy : (n) نمك کے ذریعہ غیب دانی ۔

Alone : (a) [ALL adv + ONE] (١) تنہا ؛ اکیلا ؛ یکتا ؛ فرد ؛ یگانہ ؛ جریدہ ۔ (٢) تن تنہا ؛ تن واحد ؛ فرد واحد (جو کسی رائے میں اکیلا یا بے یار ھو) ۔ (٣) بے مثل ؛ بے مانند ؛ بے ھمتا ۔ (٤) خود بخود ۔ (٥) فقط ؛ محض ؛ صرف ؛ بلا شریك ۔

To let alone / To leave alone : کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا ؛ تعارض نہ کرنا ؛ جانے دینا ۔

Aloneness : (n) تنہائی ؛ یگانگی ؛ اکیلاپن ۔

Along : (adv) [OE."zelang"] (١) کنارے کنارے ایك سرے سے دوسرے سرے تك ۔ (٢) لمبائی میں ۔ (٣) آگے ؛ سامنے ؛ سیدھے ۔ (٤) ساتھ ؛ رفاقت میں ؛ ھمراہ ۔

All along : سراسر ؛ تمام مدت میں ؛ ھمہ وقت ۔

Get along : دور ھو جاؤ ۔

To get along : آگے بڑھنا ۔

Along : (prep) [OE. and-long, f. and-facing+long] سامنے ؛ آگے ؛ رفاقت میں ؛ ھمراہ ۔

Alongshore : (adv&a) [Along+shore] کنارے کنارے ؛ ساحل ساحل ؛ کنارے پر ؛ ساحل کے قریب (ساحل یا کنارے کے ساتھ ساتھ) ۔

Alongside : (adv & prep) (١) پہلو میں ؛ بغل میں برابر ۔ (٢) (OF کے ساتھ) (کامرس) پہلو بہ پہلو ؛ دوش بدوش ؛ برابر برابر ؛ بغل بغل ۔

Alongst : (adv. & prep) پہلو میں ؛ ساتھ ساتھ ؛ پہلو پہلو ۔

Along with : ساتھ ؛ ہمراہ ۔

Aloof : (adv) [A prep.+LOOF] (۱) علاحدہ ؛ الگ ؛ دور ؛ فاصلہ پر ؛ دور دور ۔ (۲) (جہاز رانی) ہوا کے رخ ۔

To stand / keep / hold aloof (from) : الگ رہنا ؛ دور رہنا ؛ دخل نہ دینا ۔

Aloof : ((a) علاحدہ ؛ الگ ؛ کنارہ کش ۔

Aloofness : (n) دوری ؛ علاحدگی ؛ تنہائی ؛ علاحدہ رہنا ؛ دور رہنا ۔

Alopecia : (n) [Gr."alopecia"] داءالثعلب ؛ طالسی ؛ چندلاپن ؛ بے بالی ؛ گنج ۔

Alopecist : (a) داءالثعلب کا معالج ۔

Alorcinic : (n) [AL (OE) + ORCIN+ -IC] ایلوا پر پوٹاش پگھلانے سے جو تیزاب حاصل ہو ($C_9H_{10}O_3$) ۔

Alose : (n) [L."alosa"] ایک قسم کی مچھلی ۔

Alouatte : (n) [Fr."alouate"] ایک قسم کا بندر جو جنوبی امریکہ میں پایا جاتا ہے ۔

Aloud : (adv) [A prep. + LOUD] زور سے ؛ بلند آواز سے ؛ باواز بلند ؛ پکار کر ؛ بالاعلان ؛ علی الاعلان ؛ صریحاً ؛ علانیہ ؛ بداھتاً ؛ کھلم کھلا ۔

Alow : (adv) [A prep.+LOW] (۱) نچلے حصہ میں ؛ نیچے ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کے نچلے حصہ میں / نچلے حصہ کے اندر ۔

Alp/Alp /Alp : (n) [L."alpes"] (۱) (جمع) وہ پہاڑ جو فرانس اوراٹلی کو الگ کرتا ہے ؛ الپ پہاڑ ۔ (۲) پہاڑ کی چوٹی ؛ قلعہ کوہ ۔ (۳) (سوئزر لینڈ) پہاڑی چراگاہیں ؛ مرغزار جو پہاڑ کے دامن میں ہوتے ہیں ۔ (٤) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ۔ (٥) عفریت ؛ دیو ۔

Alpaca : (n) [Sp. f. al. Arab art + paco native name] (۱) الپاکا ؛ پیرو کا ایک پشم دار جانور ۔ (۲) الپاکا کے اون سے بنا ہوا کپڑا ۔

Alpenstock : (n) [mod. Ger.] الپی چھڑی ؛ الپی عصا (لمبی چھڑی جس میں لوہے کی نکیلی شام لگی ہوتی ہے اور جس کی مدد سے پہاڑ پر چڑھتے ہیں ۔

Alpestrian : (n) [L."alpestri-s+-AN"] الپ پہاڑ پر چڑھنے والا ۔

Alpha : (n) [Gr."alpha"] (۱) عبرانی حروف تہجی کا پہلا حرف ؛ الف (یونانی حروف تہجی میں) ۔ (۲) مجموعہ نجوم کا خاص ستارہ ۔ (۳) (علم کیمیا) کسی مرکب کے متساوی التناسب اعتدال کے کسی سلسلہ کی ابتدا ۔ (٤) (مجازاً) آغاز ؛ ابتدا ۔ (٥) اعدادی ترتیب کا پہلا عدد ۔ (٦) تین ریڈیائی شعاعوں میں سے پہلی شعاع ۔

Alpha and omega : (n) آغاز و انجام ؛ اول و آخر ۔

Alpha centauri : (n) (فلکیات) کوکبہ کا سب سے روشن ستارہ ؛ نیّر ؛ جیسے الف قنطوروس ؛ نیر قنطورس ۔

Alpha charge : (n) (کیمیا) ایلفا چارج ۔

Alpha decay : (n) (طبیعیات) ایلفا زوال ۔

Alpha disintegration : (n) (کیمیا) ایلفا انتشار ۔

Alpha particle : (n) (کیمیا و طبیعیات) ایلفا زرہ ۔

Alpha ray : (n) (کیمیا) ایلفا شعاع ۔

Alpha rays / a-rays : (n) وہ ایلفا شعاع جو تیز حرکت میں ہو ۔

Alphabet : (n) [Gr."Alpha","Beta"] (۱) حروف تہجی ؛ ابجد ؛ الف بے ۔ (۲) اولیات ؛ مبادیات ۔

Alphabetarian : (n) مبتدی ۔

Alphabetic : (a) حروف تہجی کا ؛ ابجدی ۔

Alphabetic dictionary : (n) (لسانیات) ابجدی لغت ۔

Alphabetic classified catalogue : ابجدی موضوعی کیٹیلاگ ۔

Alphabetic sound : (n) (لسانیات) ابجدی آواز ۔

Alphabetic subject index : ابجدی مضمون وار اشاریہ ۔

Alphabetic writing : (n) (لسانیات) ابجدی تحریر ۔

Alphabetical : (a) ترتیب الف بائی ؛ ابجدی ؛ ردیفی ۔

Alphabetical sentences : (n) (تجارت و معاشیات) بالترتیب تہجی جملے ۔

Alphabetically : (adv) حروف ابجد کے طریقہ پر ؛ بترتیب حروف تہجی ؛ ردیف وار ۔

Alphabetics : (n) آوازوں کو بذریعہ حروف ظاہر کرنے کا علم ۔

Alphabetism : (n) (۱) حروف تہجی کے ذریعہ بولی کی آواز کا بطور علامت اظہار ۔ (۲) حروف تہجی کے بعض حرفوں کا دستخط وغیرہ کی حیثیت سے استعمال ۔

Alphabetize : (n) (۱) حروف تہجی کے ذریعہ ظاہر کرنا ؛ تحریر میں لانا ۔ (۲) الفبا کی ترتیب میں رکھنا ؛ ردیف وار رکھنا ۔

Alphabets : (n) (لسانیات) حروف هجا؛ حروف تہجی ۔

Alphenic : (n) [Arab al + pers. fanid, refined sugar] دانہ دار مصری یا شکر ۔

Alphitomancy : (n) [Gr."alphitomantis"] (تاریخ و سیاسیات) جو کے دانوں سے پیشین گوئی ۔

Alphitomorphous : (a) [Gr."alphiton+morphe"+-ous] شکل میں جو کے آٹا کی طرح ؛ آرد جو کے مشابہ (بعض سماروغ کے متعلق بولا جاتا ہے) جو خوردبین سے دیکھا جاتا ہے ۔

Alphonsin : (n) [Alphonsus, Ferrier of Naples] جسم سے گولی نکالنے کا ایک آلہ جس میں تین لچک دار شاخیں ہوتی ہیں ۔

Alphonsine : (n) Castile کے بادشاہ الفنسائن کا ؛ اس کی ایجاد کردہ تقویم کو کہا جاتا ہے ۔

Alphorn : (n) (تاریخ و سیاسیات) ایلپ ہورن ؛ ایک قسم کا بارہ سنگھا ۔

Alphos : (n) [Gr."alphos"] برص ؛ پیسی ؛ جلد کا سفید داغ ۔

Alpine : (a) [L."alpinus"] آلپ پہاڑ کے متعلق ؛ آلپی ؛ بلند ۔

Alpinist : (n) آلپ پیما ؛ آلپ پر چڑھنے والا ؛ آلپ سیر ۔

Alpist : (n) [Fr."alpiste"] Canary گھاس کا بیج ۔

Alquifou : (n) [Cat. alcofol ALCOHOL] خام سیسہ ، جو توڑنے پر سنگ سرمہ کے مشابہ ہوتا ہے اور جسے کمہار سبز روغنی رنگ کیلئے استعمال کرتے ہیں ۔

Already : (adv) [ALL adv+READY] (۱) پہلے سے ؛ قبل سے ۔ (۲) ابتک ؛ اس وقت تک ۔

Alright : (a or adv) All right کی ایک شکل جو اکثر مستعمل ہے ۔

Alsatia : (n) [L."El-sass"] صوبہ الساس جو فرانس اور جرمنی کے درمیان جھگڑے کا علاقہ رہا ہے ۔ (۲) مجرموں کی پناہ گاہ (لندن کی ایک خانقاہ جہاں پہنچ کر مجرم قانون کےگرفت سے محفوظ ہو جاتا ہے) ۔

Alsatian : (a) (۱) الساسی ۔ (۲) ایک قرض دار یا مجرم جو پناہ گاہ میں ہو ۔

Alsike : (n) [Alsike in Sweden] ایک قسم کی تین پتیا گھاس ۔

Alsinaceous / Chickweed (a) [Gr. "alsine"+ - ACEOUS] ایک قسم کا باریک پتیوں کا کم بڑھنے والا پودا ۔

Also : (adv) [ALL adv + So (OE. all+sw)] بھی ؛ نیز ؛ ہم ؛ اور ؛ علاوہ ؛ مزید ۔

Also-ran : (n) (گھوڑدوڑ میں) پہلے، دوسرے اور تیسرے نمبر پر آنے والے گھوڑوں کےعلاوہ تمام گھوڑے ۔

Alstonite : (n) [f. Alston in Cumber land] ایک قسم کا پتھر ۔

Alt : (n) [L."altum"] (۱) اونچا سر ؛ پنچم سے اوپر کا سر ۔ (۲) (مجازاً) امنگ میں ۔

Altaian / Altaic : (a) [f. Altai] کوهستان الطائی کے آس پاس والا ۔

Altaite : (n) [f. Altai, (mountains in Asla) + - ITE] معدنیات کی ایک اصطلاح ۔

Altaltissimo : (n) [It.] بلند ترین چوٹی ۔

Altar : (n) [L."altare", f."altus"] (۱) (تاریخ و سیاسیات) قربان گاہ ۔ (۲) عشائے ربانی کی میز ؛ مائدہ مقدسہ ۔ (۳) عبادت کا ایک مقدس مقام ۔ (٤) مجموعہ ستارگان بنام Ara ۔

High altar : کسی گرجا یا کلیسا کا اعلی عہدہ دار ۔

To lead a bride to the altar : شادی بیاہ کی رسم ادا کرنا ؛ شادی کرنا ؛ بیاہ کرنا ۔

Altar bread : (n) عشائے ربانی کی میز کی روٹی ؛ قربانی روٹی ۔

Altar cloth : (n) (۱) قربان گاہ کا کپڑا ؛ قربان گاہ پوش ۔ (۲) ایک ریشمی کپڑا جو عشائے ربانی یا عبادت کے وقت استعمال کیا جاتا ہے ۔

Altar fire : (n) قربان گاہ کی آگ ؛ (مجازاً) مذہبی مراسم ۔

Altar front : (n) قربان گاہ کے سامنے کا چوکھٹا یا لٹکا ہوا کپڑا ۔

Altar frontal /Altar facing : (n) قربان گاہ کے سامنے کا چوکھٹا یا لٹکا ہوا ریشمی کپڑا ۔

Altar mound : (n) چبوترے پر بنا ہوا ٹیلا جس پر قربانیاں دیتے تھے ؛ قربانی کا ٹیلا ۔

Altar piece : (n) منقش پردہ یا مجسمہ جو قربان گاہ کے پیچھے یا اوپر ہو ۔

Altar plate : (n) عشائے ربانی کا قاب ۔

Altar pyx : (n) (کلیسائے رومی میں) وہ برتن جس میں عشائے ربانی کی متبرک روٹی رکھی جاتی ہے ۔

Altar rails : (n) وہ کٹہرے جو قربان گاہ کو محصور کرتے ہیں ۔

Altar screen : (n) قربان گاہ کے پیچھے کا پردہ ۔

Altar slab : (n) (تاریخ) پتھر جس پر رکھ کر قربانی کی جاتی ہے ۔

Altar stead : (n) (تاریخ) قربانی کی جگہ ۔

Altar stone : (n) (تاریخ) قربانی کا پتھر ؛ وہ پتھر جو قربان گاہ کے سرے پر ہو ۔

Altar tomb : (n) (تاریخ) قربان گاہ کا مقبرہ ؛ قربانی مقبرہ ؛ قربان گاہ کی مانند ایک اونچا مقبرہ ۔

Altar way /Altar wise : (adv) مثال قربان گاہ ۔

Altarage : (n) (۱) قربان گاہ پر چڑھاوے کی آمدنی ۔ (۲) قربان گاہ کو برقرار رکھنے کا سرمایہ ۔

Altared : (a) قربان گاہ سے آراستہ یا قربان گاہ بنایا ہوا ۔

Altarist : (n) کلیسا کا ایک پادری جو یہ دیکھتا ہے کہ قربان گاہ پر عبادت کرنے کےلئے کن کن چیزوں کی ضرورت ہے ۔

Altarlet : (n) چھوٹی قربان گاہ ۔

Altazimuth : (n) [ALT (ITUDE)+AZIMUTH] آلہ سخت و ارتفاع ؛ وہ آلہ جس سے اجرام فلکی کی سمت اور ارتفاع معلوم کرتے ہیں ۔

Alter : (v) [med. L."alterare", f."alter"] تبدیل کرنا ؛ بدلنا ؛ متغیر ہونا ؛ پلٹنا ؛ تبدیل ہونا ؛ ترمیم کرنا ۔

Alter ego : (n) [L.] (۱) ہم زاد ؛ جانی دوست ؛ ایک جان دو قالب ۔

Alter egoism : (n) تبادلی انانیت ۔

Alterability : (n) تغیر پذیری ؛ بدلنے کی صلاحیت ۔

Alterable : (a) [L.] قابل تغیر ؛ قابل تبدیل ؛ تغیر پذیر ۔

Alterableness : (n) تغیر پذیری کی کیفیت ۔

Alterably : (adv) تغیر پذیری سے ؛ تبدیلی سے ۔

Alterant : (n) & (a) [Fr."alterant"] تغیر پیدا کرنے والا ؛ تبدیلی پیدا کرنے والا ۔

Alteration : (n) [L."alterationem"] (تجارت و معاشیات) تبدیلی ؛ (تاریخ و سیاسیات) ردو بدل ؛ تغیر ؛ تبدل ؛ (انتظامیہ) تبدیلی ؛ اصلاح (حیوانیات) ؛ ترمیم (کامرس) ؛ (فلسفہ و نفسیات) تبدیلی ؛ (لسانیات) تغیر ۔

Material alteration : (تجارت) نمایاں تبدیلی ۔

Alteration in policy : (تجارت) پالیسی میں تبدیلی ۔

Alteration of meaning : (لسانیات) تغیر معنی ۔

Alterative : (a) [L. "alterat-", "alterare"] (۱) مائل بہ تبدیلی ؛ راجع بہ تغیر ؛ تبدیل جو ۔ (۲) محلل ؛ محلل دوا ، علاج ؛ منضج ۔

Altercate : (v) [L."altercat-","atercavi"] جھگڑا کرنا ؛ مباحثہ کرنا ؛ نزاع کرنا ؛ سب و شتم کرنا ؛ بحثنا ؛ توتو میں میں کرنا ۔

Altercation : (n) [L."altercationem"] جھگڑا ؛ مباحثہ ؛ نزاع ؛ بحث ؛ توتو میں میں ؛ تنازعہ ؛ مناقشہ ؛ مشاجرہ ؛ ستیزہ ۔

Alterer : (n) تبدیل کرنے والا ؛ عوض کرنے والا ؛ بدلنے والا ۔

Altering : (n) تبدیلی ؛ تغیر ۔

Alterity : (n) [Fr."alterite"] مختلف ہونا ؛ دوسرا ہونا ؛ اختلاف ؛ غیر شے ۔

Altern : (a) [L."alternus"] متبادل ۔

Alternance : (n) (لسانیات) تبادل ۔

Alternant : (a) [L."alternare"] (۱) (معدنیات) گنٹھے دار ؛ مرشح (ایک قسم کی پرت کے بعد دوسری قسم کی پرت کا سلسلہ) ؛ پرت دار ۔ (۲) مقدار متبادل ۔ (۳) (لسانیات) متبادل ۔

Alternant zero : (n) (لسانیات) صفر متبادل ۔

Alternate : (a) [L. "alternatus", "alternare"] (۱) دو قسم کی چیزوں کا (یکے بعد دیگرے) سلسلہ ۔ (۲) متناوب (ریاضی) ؛ متبادل (طبیعیات) ۔ (۳) باهمی ؛ دو طرفہ ؛ باهم دگر ؛ بالمقابل ؛ (انتظامیہ) متبادل ؛ یکے بعد دیگرے ۔ (٤) نوبت بہ نوبت ؛ باری باری سے ؛ (تاریخ و سیاسیات) یکے بعد دیگرے ؛ متبادل ۔

Alternate : (v) باری باری سے کرنا یا رکھنا یا ھونا ؛ باری باری ایک چیز کو دوسری چیز سے بدلنا ؛ ایک متبادل اجزاء رکھنا ؛ متبادل اجزاء پر مشتمل ھونا ؛ باری باری سے ظاھر ھونا ؛ نوبت بہ نوبت آنا ۔

Alternate angle : (n) (طبیعیات) زاویہ متبادلہ ۔

Alternate delegate : (n) (تاریخ و سیاسیات) متبادل مندوب ۔

Alternate generation : (n) نباتیات کی ایک اصطلاح ۔

Alternate interpretation : (n) (تاریخ و سیاسیات) متبادل تشریح ؛ متبادل ترجمانی ۔

Alternate proportion : (n) متبادل تناسب ۔

Alternate representative : (n) (تاریخ و سیاسیات) متبادل نمائندہ ۔

Alternate segment : (n) (طبیعیات) متبادل قطع ۔

Alternately : (adv) باری باری سے ؛ متبادل طریقہ پر ؛ (طبیعیات) باری باری ۔

Alternating : (a & n) (طبیعیات) نوبتی ؛ نوبت ؛ نوبت ظاھر ھونا ؛ باری باری سے آنا ۔

Alternating axis : (n) (طبیعیات) نوبتی اکسس ؛ نوبتی دھرا ؛ نوبتی محور ۔

Alternating current : (n) (طبیعیات) نوبتی کرنٹ ؛ نوبتی رو ؛ متبادل رو ۔

Alternating field : (n) (طبیعیات) نوبتی میدان ۔

Alternating potential : (n) (طبیعیات) نوبتی منحصر ۔

Alternating psychosis : (n) متبدل خلل نفسی ؛ متبدل حالت نفس ۔

Alternating series : (n) (طبیعیات) نوبتی سلسلہ ۔

Alternatingly : (adv) باری باری سے بطور متبادل ۔

Alternation : (n) [L. "alternationem"] دیکھو Alternate

Alternation morph : (n) (لسانیات) متبادل صرفیلا ۔

Alternation of generation : (حیوانیات) تبادلہ نسل ۔

Alternative : (a) [L."alternativus", f."alternat-"] (۱) دو چیزوں میں سے ایک ؛ یہ یا وہ ؛ (انتظامیہ) دو میں سے ایک ؛ امر اختیار ؛ امر اختیاری ؛ بدل ۔ (۲) دوسری صورت ؛ طریقہ آخر ؛ (فلسفہ و نفسیات) بدل ؛ (لسانیات) متبادل ؛ تردیدی ۔ (۳) اختیار انتخاب ؛ بدل ؛ عوض (دو میں سے ایک کا انتخاب) ؛ (معاشیات و سماجیات) متبادل ۔ (٤) چارہ کار ؛ سبیل ؛ صورت ؛ (تاریخ و سیاسیات) چارہ کار ؛ چارہ ۔ (٥) کئی امکانات میں سے ایک ؛ ایک صورت ۔

Alternative benefit : (n) (تجارت) متبادل مفاد ۔

Alternative class : (n) (لسانیات) متبادل مجموعہ ۔

Alternative cost : (n) (تجارت) متبادل لاگت ۔

Alternative hypothesis : (n) (سماجیات) متبادل مفروضہ ؛ (شماریات) دیگر فریضہ ۔

Alternative promise : (n) (تجارت) متبادل وعدہ ۔

Alternative rate : (n) (تجارت) متبادل شرح ۔

Alternative route : (n) (تجارت) متبادل راستہ ۔

Alternative tariff : (n) (تجارت) متبادل محصول ۔

Alternative title : (n) متبادل عنوان ۔

Alternatively : (adv) بہ صورت دیگر ؛ بہ طریقہ آخر ۔

Alternator : (n) (طبیعیات) الٹرنیٹر ۔

Three phase alternator : (طبیعیات) سہ هیئتی الٹر نیٹر ۔

Two phase alternator : (طبیعیات) دو هیئتی الٹر نیٹر ۔

Altemi -: دیکھو Alternate / alternately

Altemipetalous : (a) مبادل برگی ۔

Altemipinnate : مبادل پری ؛ تبادل پرہ دار ۔

Altemity : (n) [L."altemus+-ITY"] ویلس کی شاعری کے قافیوں میں صامتوں اور ان کے مقابل مصوتوں کا باھمی تبادلہ ۔

Alterperiodogram : (n) (شماریات) متبادل اوقاتی خاکہ ۔

Althaea : (n) [Gr."althaea"] پودوں کی ایک جنس ۔

Althing : (n) [ON."al-ping"] آئیس لینڈ کی مجلس عوام ۔

Althing man : (n) اس مجلس کا رکن ۔

Althionic : (n) [AL(COHOL)+Gr."thion"+-IC] الکحل کو گندھک کے تیزاب کے ساتھ گرم کرنے سے جو شے پیدا ھوتی ھے ($C_2H_4SO_4$) ۔

Although : (conj.) باوجودیکہ ؛ اگرچہ ؛ گو ؛ ھرچند ؛ گرچہ ؛ بفرض اینکہ ۔

Alti - ایک سابقہ ۔

Altiloquence : (n) [L."alti+loquentem"] شاندار کلام ۔

Altimeter : (n) [L. alti- + Gr."metron"] ارتفاع پیما ؛ (طبیعیات) آلتی میٹر ؛ بلند پیما ۔

Altimetry : (n) ارتفاع پیمائی ؛ پیمائش ارتفاع ۔

Altisonant : (a) [L."alti+sonantem"] بلند بانگ ؛ بلند آواز ؛ شاندار ۔

Altissimo : (n) [It superl. of alto.] موسیقی کی ایک اصطلاح ۔

Altitonant : (n) [L."altitonantem"] اوپر کی گرج ۔

Altitude : (n) [L."altitudinem"] (۱) بلندی ؛ (طبیعیات) ارتفاع ؛ اونچائی ۔(۲) گھرائی ؛ عمق ۔ (۳) (ھندسہ) خط عمودی کا طول ؛ ارتفاع ۔ (٤) سطح بحر سے بلندی ۔(۵) اونچی جگہیں ؛ بلند مقامات ؛ فراز ؛ مرتفع سطحیں ۔ (٦) (مجازاً) رفعت ؛ عظمت ؛ بزرگی ۔ (۷) افق سے کسی شے کی بلندی کا زاویہ کے فاصلہ کے ذریعہ اظہار ۔(۸) کسی مثلث کا ارتفاع جو قاعدہ پر یا قاعدہ کو بڑھاکر کے اس پر عمود کے ناپ سے ھو ۔

Meridian altitude : (طبیعیات) میریڈین بلندی ۔

Observed altitude : (طبیعیات) مشھود بلندی ۔

Altitude effect : (n) (طبیعیات) بلندی اثر ۔

Altitude sickness : (n) ارتفاعی مرض ؛ فضائی مرض ۔

Altitude table : (n) (طبیعیات) بلندی تختہ ؛ بلندی ٹیبل ۔

Altitudinal : (a) ارتفاع سے متعلق ۔

Altitudinarian : (a & n) تخیل یا عقیدہ وغیرہ کی بلندی سے متعلق ؛ بلند خیالات والا ۔

Alto : (n) [It.] (۱) (موسیقی) پاٹ دار آواز ؛ اوج مردانہ ؛ اونچے پاٹ کی (یا بڑی پاٹ دار) مردانہ آواز ۔ (۲) ایسی آواز کا گیت ۔(۳) اسی پاٹ کی زنانہ آواز ۔(٤) پاٹ دار آواز میں گانے والا ۔(۵) اونچی آواز والا وائلن ۔

Alto-: (a) اونچا ۔

Alto-clarinet : (n) اونچے سر والا الغوزہ ۔

Alto-clef : (n) حرف 'C' کی کنجی جو 'C' کے حامل سر کے وسطی خط پر لگی ھوتی ھے ۔

Alto fagatto : (n) الغوزہ کی مانند مگر اس سے اونچے سر والا آلۂ موسیقی ۔

Alto-relievo : (n) [It] ابھری ھوئی تصویر یا مورت ؛ منبت کاری ؛ تصویر بر جستہ ؛ ابھرواں مجسمہ ۔

Altogether : (adv.) [ALL+TOGETHER] سب ملاکر ؛ لے دے کر ؛ کل ملا کر ؛ بحیثیت کل ؛ من حیث الکل ؛ بحیثیت مجموعی ؛ تماماً ۔

For altogether : ھمیشہ کے لئے ۔

Altogether : (n) جملہ ؛ بالکل ؛ یکسر ؛ کل ؛ مجموع ؛ ھمگی ۔

Altoviola : (n) [It.] اونچے سر والا وایولا ۔

Altruism : (n) [L."alteri huic"] ایثار ؛ بے نفسی ؛ دوسروں کی بھبودی کا جذبہ ؛ ایثاریت ؛ نوع پرستی ؛ (فلسفہ و نفسیات) نظریہ فلاح عامہ ؛ جذبہ فلاح عامہ ؛ (سماجیات) بےنفسی ؛ بےغرضی ۔

Altruist : (n) (فلسفہ و نفسیات) پیرو نظریہ فلاح عامہ ؛ صاحب ایثار ؛ نوع پرست ۔

Altruistic : (a) (سماجیات) بے غرضانہ ؛ ایثار آمیز ؛ نوع آمیز ؛ نوع پرستانہ ۔

Altruistic hedonism : (n) (فلسفہ و نفسیات) ہم فلاحی لذتیت ۔

Altruistically : (adv) بے غرضانہ ؛ حسبۃً للّٰہ ۔

Aludel : (n) [Arab.] بوتہ کیمیا گری ؛ ایلوڈل ؛ شیشہ کی نلی جو تصعید کے کام آتی ہے ۔

Alum : (n) [L."alumen"] (۱) (کیمیا) پھٹکری ؛ زاج ؛ زاج سفید ۔(۲) نمك جس میں پھٹکری ہو ؛ زاجی نمك ۔(۳) زاج آگیں ؛ زاج آمیز ۔ (٤) (معدنیات) مختلف معدنیات ؛ اصلی اور نقلی پھٹکری ؛ احجار الشب ۔

Alum : (v) پھٹکری سے تیار کرنا ۔

Alum brado : (n) [L."alluminare"] سولھویں صدی عیسوی کے فرقہ اشراقین کا فرد ۔(۲) روشن ضمیری کا مدعی ۔

Alum burnt : (n) زاج برشتنہ ۔

Alum cake : (n) (کیمیا) کیك پھٹکری ۔

Alum flower : (n) (کیمیا) پھول پھٹکری ۔

Alum fock : (n) پھٹکری کا مرکب ۔

Alum schist / Alum shale / Alum slate : پھٹکری کے مرکبات ۔

Alum stone : (n) (کیمیا) سنگ پھٹکری ؛ معدنی پھٹکری ۔

Alumian : (n) [f. ALUMINA] الومونیم کاایك سفید سلفیٹ ۔

Alumina : (n) [L."alumen",Fr."alumine"] ایك قسم کی مٹی ؛ الومینا ؛ الومینیم اور آکسیجن کا ایك مرکب ؛ پھٹکری کا اساسی عنصر ؛ (کیمیا) الومینیا ؛ گل پاك ۔

Aluminate : (n) الو مینا اور دوسرے طاقتور اساسوں کا مرکب ۔

Aluminate : (v) [L."aluminat-us"] پھٹکری کا کسی دوسری چیز کے ساتھ ملانا یا داخل کرنا ؛ (کیمیا) ایلومینٹ ۔

Aluminic : (a) ایلومینیم سے متعلق ۔

Aluminide : (n) (کیمیا) الومینائڈ ۔

Aluminiferous : (a) [L."alumin"-ALUM+-(i)FEROUS] جس چیز میں پھٹکری ہو ؛ زاج آمیز ؛ زاج دار ؛ (کیمیا) ایلومینیم گیر ۔

Aluminiform : (a) پھٹکری کی شکل کا ؛ مثل پھٹکری ؛ زاج نما ؛ زاج مانند ۔

Aluminite : (n) [L."alumin"+ITE] (معدنیات) الومینا کا ایك غیر شفاف سفیدی مائل مرکب ۔

Aluminium : (n) (کیمیا) ایلومینیم ؛ ایك سفید ، پرآواز ، پیٹنے سے بڑھنے والی ملائم دھات ۔

Aluminium acetate : (n) (کیمیا) ایلو مینیم ایسیٹیٹ ۔

Aluminium basin : (n) (کیمیا) ایلو مینیم بیسن ۔

Aluminium bronze : (n) ایلو مینیم اور تانبے کا ایك بھرت ۔

Aluminium carbide : (n) (کیمیا) ایلو مینیم کاربائیڈ ۔

Aluminium chloride : (n) (کیمیا) ایلو مینیم کلورائیڈ ۔

Aluminization : (n) (کیمیا) ایلو مینانا ۔

Aluminize : (v) پھٹکری ملانا یا داخل کرنا ۔

Alumino-silicate : (n) (کیمیا) ایلو مینو سیلیکیٹ ۔

Alumino-thermic-process : (n) (کیمیا) ایلو مینو تھرمك طریقہ عمل ۔

Aluminoferic : (a) (کیمیا) ایلومنو فیرك ۔

Aluminon : (n) تجرباتی عمل میں استعمال ہونے والا الو منیم برق پارہ (ion) کا مرکب ۔

Aluminontest : (n) (کیمیا) ایلو منون جانچ ۔

Aluminous : (a) [L."aluminosus"] پھٹکری یا ایلو مینا رکھنے والا یا اس کی صفت رکھنے والا ۔

Aluminose : (a) دیکھو Aluminous

Alumish : (a) [ALUM+ISH] پھٹکری سے کسی قدر مشابہ ۔

Alumnus : (n) [L.=afoster child; f."alere"] کسی اسکول یا جامعہ کا طالب علم ؛ شاگرد ؛ تربیت یافتہ ؛ فارغ التحصیل ۔

Alumroot : (n) مختلف پودوں کی سخت جڑیں ۔

Alundum : (n) (کیمیا) ایلنڈم ۔

Aluniferous : (a) [Fr."alumifire"] دیکھو Aluminiferous

Alunite : (n) [Fr."alum"] (معدنیات) ایک معدنی شے جس میں پھٹکری اور الیمینم ہائیڈریٹ پایا جاتا ہے ؛ (کیمیا) ایلو نائٹ ۔

Alunogen : (n) [Fr."alun+-GEN", (producing] (معدنیات) الومینا کا پرآب سلفیٹ ؛ (کیمیا) ایلو نوجن ۔

Alutaceous : (a) [L."alutacius", f."aluta"] بنائے ہوئے چمڑے کی صفت یا رنگ کا ۔

Alveary : (n) [L."alvearium"] (۱) مدھ مکھی کا چھتا ۔ (۲) کئی زبانوں کے ایک پرانے لغت کا نام ۔(۳) بیرونی کان کا سوراخ ۔

Alveated : (a) [L."alveatus"] چھتے کی طرح کھوکھلا ؛ محراب دار ؛ محرابی ؛ کھدا ہوا ۔

Alveo-palatal : (لسانیات) لث تالوئی ۔

Alveolae : (n) [L."alveolus"] (لسانیات) لثہ ۔

Alveolar : (a & n) [L."alveolus"] (۱) دانتوں کی قفلیوں یا اوپر کے جبڑے کے اس حصہ سے متعلق ۔ (۲) سوراخ سوراخ ؛ خانہ خانہ ؛ شہد کے چھتے کا خانہ ؛ حفرہ دار ؛ جوفیزی ۔ (۳) دانتوں کی قفلی ۔(٤) ایک قسم کی مچھلی کا مخروطی نوکدار حصہ ۔

Alveolar arch : (n) (لسانیات) لثوی قوس (جبڑا ، لثاہ) ۔

Alveolar region : (n) (لسانیات) لثوی مقام ۔

Alveolar stop : (n) (لسانیات) لثوی بند شیہ ۔

Alveolar zone : (n) دیکھو Alveolar region

Alveolariform : (a) شہد کے چھتے کی شکل کا ۔

Alveolate : (a) خلیایا ؛ خانہ خانہ ؛ چھتا نما ۔

Alveoliform : (a) خانہ خانہ بنایا ہوا (شہد کے چھتے کی مانند)۔

Alveolite : (n) سفید کھلی میں پایا جانے والا مونگے کا فسیل (Fossil) ۔

Alveolitis : (n) ورم مسوڑھا ؛ ورم جوفیزہ ۔

Alveolotomy : (n) مسوڑھا شگافی ھونا ۔

Alveolus : (n) [L. dim. of "alveus"] (۱) چھوٹا خانہ (دانت کی قفلی جس میں دانت بیٹھا ھوتا ھے) ؛ جوفیزہ ۔(۲) شہد کے چھتے کا خانہ ۔(۳) ایک قسم کی مچھلی کا مخروطی نوک دار حصہ ۔

Alveus : (n) [L.] خول ؛ جوف ؛ نالی ؛ خیارہ بحر ؛ خیارہ دریا ۔

Alvine : (a) [L."alvinus"] (۱) شکمی ؛ بطنی ۔(۲) شکم اور اس کے اندر کی چیزوں سے متعلق ۔

Alway / Always : (adv) (۱) ھمیشہ ؛ سدا ؛ مدام ؛ ھمہ وقت ۔ (۲) ھر وقت ؛ ھمہ دم ؛ ھر موقع پر ۔ (۳) پھربھی ؛ تاھم ؛ بہر حال ؛ بہرصورت ؛ ھر حالت میں ؛ کسی طرح سے ۔

Aly / Aley : (a) [f. ALE] بوزہ کا یا بوزہ جیسا ۔

Alyssum : (n) [Gr."a+lyssa"] ایک قسم کے چار پنکھڑی والے پھول کا پودا ؛ الوسن ۔

Sweet alyssum : ایک قسم کا پھول ۔

Alzheimer's disease : [translation of German "Alzheimerschekrankheit"] کم عمری میں فتور عقل ۔

Am : (v) (میں) ھوں ؛ دیکھو Be

Amability : (n) [L."amabilitas", f."amabili"] پسندیدگی ؛ دل پذیری ؛ خوش ادائی ؛ شیریں مزاجی ۔

Amacratic : (a) [Gr."ama + cratos"] پرتو ڈالنے والے جسم کی شعاعوں کو ایک نقطہ ماسکہ پر متحد کرنے والا ۔

Amacrine : (n) [a + macr -+ Gr.in-,is] بے عورہ ۔

Amadavat : (n) [Indian] ایک بھورے رنگ کی گانے والی ھندوستانی چڑیا جس پر سفید نشان ھوتے ھیں ۔

Amadelphous : (a) [Gr."ama+adelphos"+-ous] غول پسند ؛ گروہ دوست ۔

Amadou : (n) [Fr."amadou"] شتابہ ؛ جو جلانے اور خون بند کرنے کے کام آتا ھے (ایک قسم کا آتش گیر مرکب) ؛ آتش زنہ ۔

Amah : (n) [Anglo-Ind. ama] انّا ؛ دایہ ؛ دودھ پلانے والی ۔

Aman.: (n) [Hindi." aman"] ایک قسم کا چاول جو برسات میں ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے ۔

Amandine : (a) [Fr. f. amande + INE] بادام سے تیار کردہ یا بادام کے ساتھ پیش کیا ہوا ۔

Amanous : (a) [a + manus (hand)] بے ہاتھ کا ۔

Amanitine : (n) [Gr."a sort of fungi"+INE] زہریلے سماروغ کا فعال خواب آور اساسی جزو ۔

Amanuensis : (n) [L."servus a manu"+ensis] منشی ؛ کاتب ؛ لکھنے والا ؛ املا نویس (جو سن کر لکھے) ۔

Amaracus : (n) [Gr."amaracos"] ایک خوشبودار پودا جو کریٹ (Crete) میں پیدا ہوتا ہے ۔

Amarant : (n) [Gr."amarantos"] (۱) سدا بہار پھول ۔ (۲) پھولوں کی ایک قسم ؛ گل اشرفی ؛ گل وسیم ؛ گل جاوید ۔ (۳) ارغوانی رنگ ۔

Amarant (h)aceous : (a) سدا بہار پھولوں کی طرح یا خاصیت کا ۔

Amarant (h)ad : (n) سدا بہار پھولوں کی جنس کا شریک ۔

Amarant(h)ine : (a) (۱) سدا بہار پھولوں کا یا اس سے متعلق ۔(۲) سدا بہار ؛ جاوداں ؛ غیرفانی ۔(۳) ارغوانی رنگ کا ۔

Amarant(h)oid : (a & n) گل سدا بہار سے مشابہ یا اس کا شریک ۔

Amarine : (n) [L."amarus"] ایک نباتی اساسی جزو ؛ خصوصاً وہ شبہ القلی جو تلخ بادام کے ست پرنوشادر کے عمل سے بنتا ہے جسے Benzoline بھی کہتے ہیں $(C_{21} H_{18} N_2)$

Amaryllid : (n) [L."amaryllid"-see Amatyllis] بسل کی جنس کے درجے کا ایک پودا ۔

Amaryllidaceous : (a) بسل کی جنس کا ؛ جس کے اندر نرگس، نسرین اور اسی قسم کی چیزیں ہوتی ہیں ۔

Amaryllis : (n) [Gr."name of a county in Theocritus"] (۱) Theocritus کی لڑکی کا ایک نام ۔ (۲) پوٹی دار پودوں کی ایک جنس ؛ جنس نرگس ۔

Amain : (adv) [A prep. MAIN] (۱) زور سے ؛ شدت سے ؛ شدت کے ساتھ ؛ تندی سے ۔ (۲) بہت جلدی ؛ جلدی سے ؛ پوری تعداد کی قوت سے ۔

Amalgam : (n) [Fr."amalgama," Gr."malassin"] (۱) ممزوج ؛ املغم (کسی دھات کا مرکب پارے کے ساتھ) سیمابی‌ممزوج ؛ (کیمیا) پارہ ؛ بھرت ؛ املغم ۔ (۲) مخلوط ؛ مرکب ۔(۳) (مجازاً) مختلف عناصر کا مکمل امتزاج ۔

Native amalgam : پارے کے ساتھ چاندی یا سونے کا قدرتی ممزوج جو کولمبیا میں پایا جاتا ہے ۔

Amalgamate : (a) [L."amalgamatus","amalgamare"] (۱) ملغم ؛ مخلوط ؛ ممزوج ۔ (۲) ملی جلی، خاص کر زبانوں کے لئے ۔

Amalgamate : (v) (۱) ملانا ؛ ملنا ؛ آمیزش کرنا یا ہونا ۔ (۲) متحد کرنا ؛ مربوط کرنا ؛ مخلوط کرنا (فرقوں، جماعتوں ، خیالات وغیرہ کو) ۔ (۳) (دھاتوں کے متعلق) پارے کے ساتھ ملانا۔(٤) (مجازاً) ملانا (دو عناصر کو جو ہم جنس کل ہو جائے)۔

Amalgamated : (a) (کیمیا) پارہ بھرتا یا ؛ ملغم ۔

Amalgamatic : (a) مائل بہ امتزاج ؛ مائل بہ اختلاط ؛ جس میں ملانے کی خاصیت ہو ؛ امتزاج کرنے والا ؛ سمونے والا ۔

Amalgamating : (a & n) امتزاج کرنے والا ؛ شمولی ۔

Amalagamating language : (n) (لسانیات) شمولی زبان ۔

Amalgamation : (n) (۱) (کامرس) امتزاج ؛ آمیزش ؛ اختلاط ؛ ارتباط ؛ (تاریخ و سیاسیات) آمیزش ۔ (۲) (مجازاً) ایک یکساں کل میں آمیزش کرنے کا عمل ؛ (کیمیا) پارہ بھرتانا ؛ تلغیم ؛ (انتظامیہ) شمول ؛ انضمام ؛ اختلاط ؛ (لسانیات) ادغام (Fusion) ؛ (معاشیات) انضمام ؛ جوڑ۔ (۳) سیماب کے ساتھ مخلوط ہونے کی حالت ؛ دھاتوں کا مخروج ۔(٤) اتحاد ہم جنسی ۔

Amalgamator : (n) (۱) آمیزندہ ؛ خلط کرنے والا ؛ ملانے والا ؛ متحد کرنے والا ؛ مربوط کرنےوالا ۔ (۲) سرکاری تجارتی کمپنیوں کو متحد کرنے والا ۔(۳) چاندی کو کچی دھات سے پارہ ملا کر نکالنے والا آلہ ۔

Amalic : (n) [Gr."amalos"] ایک کیمیاوی اصطلاح ۔

Amass : (v)[Fr."amasser", f." d+masser", f." masse"] (۱) ڈھیر لگا دینا ؛ انبار لگا دینا ؛ اکٹھا کرنا ؛ تودہ لگانا ۔ (۲) فراہم کرنا ؛ جمع کرنا ؛ سمیٹنا ؛ بٹورنا (دولت وغیرہ کا)۔

Amasser : (n) جمع کرنے والا ؛ ڈھیر لگانے والا ؛ تودہ لگانے والا ۔

Amassment : (n) ڈھیر ؛ تودہ ؛ انبار ؛ جمع آوری ؛ گرد آوری ۔

Amastia : (a) [a+Gr."mastos"+L."-ia"] پستانی غدود کا فقدان ؛ بے پستانیت ۔

Amateur : (n) [L."amatorem"] (۱) (سماجیات) شوقین ۔ (۲) جو کسی فن کو محض غرض سے سیکھے ؛ شائق فن ؛ ہوس کار ؛ (سماجیات) اناڑی ؛ اناڑی ۔ (۳) شوقین کا کام ۔

Amateurish : (a) شوقیہ ؛ محض شوقیہ کام کا ۔

Amateurishly : (adv) شوقیہ ؛ اناڑیوں کی طرح ۔

Amateurishness : (n) شوقین پنا ۔

Amateurism : (n) شوقینی ؛ اناڑی پن ۔

Amateurship : (n) شوقینی ۔

Amative : (a) [L."amatamare"] عاشق مزاج ؛ عاشقانہ ؛ دوست دار ۔

Amativeness : (n) میلان جنسی ۔

Amatol : (n) (کیمیا) امیٹول ؛ ایک زبردست انفجاری مرکب ۔

Amatorial : (a) [L."amatorius"] (۱) عاشق یا عشق بازی کا ؛ عشق انگیز ؛ عشقیہ ۔ (۲) آنکھ کے وہ عضلات جس سے نظربازی یا اشارہ کیا جاتا ہے ۔

Amatory : (a) (۱) عاشقانہ ؛ شہوانی ؛ عشق بازی کا ۔ (۲) عمل حب ؛ تسخیر ؛ عرق حب ؛ شربت حب ؛ جادو ٹونا ۔

Amaurosis : (n) [Gr."amausis"] کلی یا جزوی فقدان بصر ؛ تھوڑا یا پورا اندھاپن ؛ کمنہ ؛ تمر ؛ کم بینائی ۔

Amaurotic : (a) کم بینا ؛ فاقدالبصری کا (مریض) ؛ تاریک چشم ؛ اندھا ۔

Amaxophobia : (n) [Gr."amaxo"+L."phobia"] سواری ترسی ۔

Amaze : (v) متحیر کرنا ؛ مبہوت کرنا ؛ ہکا بکا کرنا ؛ استعجاب میں ڈالنا ؛ حیران کر دینا ۔

Amaze : (n) انتہائی تعجب ۔

Amazed : (a) متعجب ؛ متحیر ؛ سرگشتہ ؛ حیران ۔

Amazedly : (adv) متحیرانہ ؛ متعجبانہ ؛ حیرانی سے ؛ حیرت سے ۔

Amazedness : (n) تحیر ۔

Amazement : (n) استعجاب ؛ تحیر ؛ حیرت ؛ اچنبھا ؛ حیرانی ؛ سرگشتگی ؛ بدحواسی ؛ خوف و ہراس ۔

Amazing : (a) تحیر آور ؛ استعجاب انگیز ؛ شگفت انگیز ؛ حیرت انگیز ؛ تعجب انگیز طریقہ سے ۔

Amazon : (n) [Gr."Amazon"] (۱) جنگ جو عورتوں کی ایک نسل جو سیتھیاں کی رہنے والی تھی ؛ آمیزن ۔ (۲) ایک جنگ جو عورت ۔ (۳) ایک مضبوط، لمبی مرد نما عورت ؛ دیونی ؛ (تاریخ و سیاسیات) (یونانی دیومالا) ترکن ؛ قلماقنی ۔

Amazon ant : (n) ایک نوع کی لال چیونٹی جس کے عاقر دوسری نوع کی جوان چیونٹیوں کو پکڑتے ہیں اور خدمت لیتے ہیں ؛ عاقر ۔

Amazon stone : (n) ایک چمکیلے سبز رنگ کا پتھر جسے لوگ تعویذ کی طرح پہنتے ہیں ؛ (کیمیا) آمیزن پتھر ۔

Amazonian : (a) [L."amazonius"] (۱) آمیزونی ؛ آمیزن سے متعلق یا کا ؛ آمیزن ندی کا ۔ (۲) جنگ جو اور مردانہ آمیزن عورت کی طرح ۔

Amazonite : (n) دیکھو Amazon stone

Ambage : (n) [L."ambages"] ایچ پیچ کی راہیں ؛ پیچ و خم ؛ راہ مستقیم ؛ (مجازاً) غیر مستقیم کار روائی ؛ لیت ولعل کی ترکیبیں ؛ ٹال مٹول کی عادتیں ۔

Ambagious : (a) پر پیچ و خم ؛ پیچ و خم دار ؛ غیرمقیم ۔

Ambassador / Embassador : (n) [Fr."ambassadeur"]
(۱) (انتظامیہ) سفیر ؛ ایلچی ۔ (۲) سفیر مختار ؛ ایلچی جو مستقلاً ایک سلطنت کی جانب سے دوسری سلطنت میں مقیم ہو ۔

Ordinary ambassador : معمولی سفیر ۔

Resident ambassador : سفیر مقیم ۔

Ambassadorextraordinary and plenipotentiary : (تاریخ و سیاسیات) سفیر غیر معمولی اختیار کلی ؛ سفیر کبیر ۔

Ambassadorial : (a) سفارتی ؛ ایلچی کی خدمت سے متعلق ۔

Ambassadorship : (n) عہدہ سفارت ۔

Ambassadress : (n) (۱) خاتون سفیر ؛ زن سفیر؛ سفیرہ ؛ ایلچن ۔(۲) سفیر کی بیوی ؛ سفیرنی ۔

Ambassy / Em -: (n) [L."ambactiata"] (۱) سفیر کے مقاصد، کام یا دفتر ۔(۲) سفیر کا لایا ہوا پیغام ۔ (۳) آدمی کی وہ جماعت جو سفارت کےلئے بھیجی جائے ؛ سفیر اوراس کے ملتزمین ۔ (٤) سفارت خانہ ۔

Ambassage / Em -: (n) [L."ambactia"] دیکھو Ambassage

Ambe : (n) [Gr."ambe"] (۱) جراحی کا ایک آلہ جو مونڈھے کی ہڈی کو ٹھیک کرتا ہے ۔(۲) (علم تشریح الابدان) کسی ہڈی کا سطحی ابھار ۔

Amber : (n) [Arab."anber"] (تاریخ و سیاسیات و کیمیا) عنبر ؛ کھربا ؛ ایک زرد قسم کا پتھرایا ہوا گوند جو زیورات کے لئے استعمال ہوتا ہے اور جس کے رگڑنے سے بجلی پیدا ہوتی ہے ۔ (۲) رنگ کھربائی ۔ (۳) چارحصہ سونا اور ایک حصہ چاندی کا ممزوج ۔

Amber-days : (n) دیکھو Ember-Days

Amber Fauna : (n) کھربائی حیوانیت ؛ وہ حیوانات جن کے آثار کھربا میں پائے جاتے ہیں ۔

Amber Flora : (n) کھربائی نباتیات ؛ وہ نباتیات جن کے آثار کھربا میں پائے جاتے ہیں ۔

Amber Forest : (n) قدیمی جنگل جس کے درختوں سے کھربا پیدا ہوتا تھا ۔

Amber pear : (n) ناشپاتی جس میں مشک کی خوشبو ہوتی ہے ۔

Amber seed : (n) ایک درخت کا بیج جس کو خوشبو کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Amber tree : (n) ایک قسم کا درخت ۔

Amber varnish : (n) گوند کا وارنش ۔

Ambergris : (n) [Fr."ambre+gris"] کچا عنبر ؛ ابلیم (ایک قسم کا مومی مادہ جو گرم سمندروں میں تیرتا ہوا پایا جاتا ہے نیز بعض قسم کی مچھلیوں کی آنتوں میں ہوتا ہے، خوشبو کے لئے کھانے میں ڈالتے ہیں) ۔

Ambering : (n) عنبر کی خوشبو دینے والا ۔

Ambery : (a) عنبریں ۔

Ambidexter : (n) [med. L."ambidexter"] (۱) دو ہتھا ؛ وہ شخص جو دونوں ہاتھوں سے مساویانہ کام لے سکے ۔ (۲) دورخی ؛ دغابازی ۔ (۳) (قانون) جانبین سے روپیہ لینےوالا ؛ طرفین سے روپیہ لینےوالا ۔(٤) دغا باز ۔

Ambidexter : (a) [mod. L."ambl(i)"+"dexter"] دو طرفہ ؛ دغاباز ؛ دو ہتھا ؛ منافق ۔

Ambidexterity : (n) دونوں ہاتھوں سے برابر طورسے کام لینے کی صلاحیت ؛ سب ذرائع سے حاصل کرنے کی قدرت ؛ (فلسفہ و نفسیات) دو ہتھاپن ؛ دغا بازی ۔

Ambidextral : (a) طرفین سے متعلق ؛ جانبین سے متعلق ۔

Ambidextrality : (n) ذو الیدینیت ۔

Ambidext(e)rous : (a) [med. L."ambidexter"+OUS] دیکھو Ambidexter

Ambidextrously : (adv) دو دستی سے ؛ دو طرفی سے ۔

Ambidextrousness : (n) دو طرفی ؛ دو دستی ۔

Ambient : (a) [L."ambientum","ambire"] محیط ؛ محصور ؛ گھرا ہوا ؛ گردا گرد ۔

Ambient : (n) محیط دائرہ یا کمرہ ؛ محیط آسمان یا ہوا ۔

Ambigenal : (a) [L."ambigenus"+ - AL] دوغلا ؛ دو نسلا (قطعہ زائد کی ایک قسم کو بیان کرنے میں استعمال ہوتا ہے) ۔

Ambigenous : (a) دورنگا ؛ دونسلا ؛ خصوصاً اس برگ کاسہ گل کے لئے استعمال ہوتا ہے جو بیرونی طور سے پتیوں جیسا ہوتا ہے اور اندرونی طور سے پنکھڑیوں کیطرح ؛ دو جنسی ۔

Ambiguity : (n) [L."ambiguitatum"] (۱) ابہام (طبیعیات) مشکوکیت ؛ (ریاضی) ابہام ؛ اشتباہ ۔ (۲) گول بات ؛ مبہم جملہ ؛ ذوجہتین ؛ ذو معنی (بات وغیرہ) ؛ مشکوک بات ۔

Ambiguous : (a) [L."ambiguus", f."ambigere"] (۱) (تاریخ، سیاسیات، لسانیات، فلسفہ، نفسیات و طبیعیات) مبہم ؛ مشکوک ؛ (انتظامیہ) مبہم ؛ غیر واضح ؛ مگہم ؛ گول مول ؛ تذبذب ؛ غیر یقینی ۔ (۲) مجہول النوع (جس کے متعلق شک ہو کہ کس جنس کا ہے) ؛ نا معلوم جنس ۔ (۳) مشتبہ ؛ مجہول (بلحاظ نتیجہ) ۔ (٤) ذو معنی یا مجہول معنوں میں لفظوں کا استعمال (پیشین گوئی وغیرہ میں) ؛ (ریاضی) ذو معنی ۔

Ambiguous case : (n) (طبیعیات) مبہم حالت ؛ (ریاضی) ذو معنی صورت ۔

Ambiguous sign : (n) (ریاضی) مبہم نشان ۔

Ambiguously : (adv) مشکوک طورسے ؛ مبہم طورسے ؛ ابہاماً ۔

Ambiguousness : (n) مشکوکیت ؛ گنجلک بیان ؛ ابہام ؛ مگھم پن ۔

Ambiparous : (a) [L."amb (i)+-parus"] برگ وگل دار غنچہ ۔

Ambilanak : (a) [Malay."ambil-anak"] (سماجیات) انبل انک ؛ گھر جمائی (ملیشیا میں شادی کی ایک خاص رسم جس میں لڑکا لڑکی کے گھر جاتا ہے) ۔

Ambisexual : (a) دو جنسی ؛ دو صنفی ۔

Ambisyllabic : (a) (لسانیات) دو رکنی ۔

Ambit : (n) [L."ambitus"] (۱) حدود ؛ پیرامون ؛ محیط ؛ حد ؛ رقبہ ؛ وسعت ؛ چوحدی ؛ پھیلاؤ ؛ گردا ؛ گھیرا ۔ (۲) مضافات ؛ نواح ۔ (۳) دائرہ عمل یا الفاظ وغیرہ ۔ (٤) (حیوانیات) پیرامن ۔

Ambition : (n) [L."ambitionem",f."ambire"] (۱) حب جاہ ؛ ہوس ؛ حوصلہ ؛ امنگ ؛ آرزو ؛ جاہ طلبی ؛ بلند نظری ۔ (۲) بلند ہمتی ؛ اعلا حوصلگی ؛ فراخ ہمتی ؛ اولوالعزمی ؛ من چلا پن ۔ (۳) مدعا ؛ غایت ؛ منتہا (فلسفہ، نفسیات و سماجیات) حوصلہ ۔

Ambition : (v) [Fr."ambitionner", ad. L."ambitionem"] خواہش رکھنا ؛ ہوس رکھنا ؛ آرزو رکھنا ۔

Ambitionist : (n) جاہ طلب ؛ بلند ہمت ؛ اولوالعزم ؛ حوصلہ مند ۔

Ambitionless : (a) بے امنگ ؛ بے آرزو ؛ بے حوصلہ ؛ بے ہوس ؛ بے مدعا ؛ بے مقصد ۔

Ambitious : (a) [ad. Fr."ambitie", L.] (۱) بلند ہمت ؛ بلند حوصلہ ؛ بلند نظریہ ؛ حوصلہ مند ؛ آرزو مند ؛ مشتاق ؛ فراخ ہمت ؛ اولو العزم ؛ سخت خواہش مند ؛ جاہ طلبانہ ؛ جاہ طلب ؛ امنگ بھرا ؛ من چلا ۔ (۲) (استعارتاً) پر حوصلہ ؛ پرآرزو ؛ بلند ؛ اونچا ؛ ابھرتا ہوا ؛ پھیلتا ہوا ؛ اٹھتا ہوا (فن وغیرہ کے لئے) ؛ ادعائی یا بلند ۔

Ambitiously : (adv) حوصلہ مندانہ ؛ آرزومندانہ ؛ اولوالعزمی ؛ بلند ہمتی سے ؛ جاہ طلبی سے ؛ ہوس مندانہ ۔

Ambitiousness : (n) حوصلہ مندی ؛ آرزو مندی ؛ اولوالعزمی ؛ من چلاپن ۔

Ambitious : (n) [L.] پیرامن ؛ کنارا ؛ گھیرا ؛ (نباتیات) کنار برگ ۔

Ambivalence : (n) [G."ambivalenz"] (نفسیات) دو گیرائی ؛ دو جذبیت ۔

Ambiversion : (n) ["ambi+version"] دو بینی ۔

Amble : (v) [L."ambulare"] (۱) دوگامہ چلنا ؛ گھوڑے کی وہ چال جس میں ایک طرف دونوں پاؤں ساتھ اٹھتے ہیں) ۔ (۲) دو قدمہ چلنا ؛ دو گامہ چلانا ؛ (گھوڑے کو) ہلکے چلانا ؛ آسانی سے چلانا ؛ پوقدما لے جانا ۔ (۳) پو قدمہ چلنا (آدمی کا) ؛ دو گامہ چلنا ؛ اس طرح چلنا جس طرح گھوڑے کی دو گامہ چال ہوتی ہے ۔

Amble : (n) (۱) دو قدمہ ؛ دوگامہ ۔ (۲) سبک رفتاری ۔

Ambleocarpus : (a) [Gr.] پورے طورسے یا زیادہ تر ناقص/ کچے بیج والا ۔

Ambler : (n) (گھوڑا ، خچر یا آدمی) دو قدمہ چلنے والا ؛ دو گامہ چلنے والا ۔

Ambling : (a) دو گامہ چال ؛ دو قدمہ چال ۔

Amblingly : (adv) (۱) دو قدمہ چلتے ہوئے ؛ دوگامہ چلتے ہوئے ۔ (۲) دو گامہ طورسے ؛ دو قدمہ طرز سے ۔

Amblosis : (n) [Gr."ambloesthae"] اسقاط ۔

Amblotic : (a) اسقاط کرانے والا ۔

Amblygon : (a & n) [Gr."amblygonios"] منفرجہ زاویائی ۔

Amblygonite : (n) ایک خاص قسم کی سبزی مائل سفید نیم شفاف معدنی شے جو المونیم، لتھیا، پوٹاش، سوڈا اور فلورک ایسڈ پر مشتمل ہو ۔

Amblyopia : (n) [Gr."amblys+ops"] ضعف بصر جو پردہء شبکی وغیرہ کے حس میں نقص پیدا ہو جانے سے ہوتی ہے ۔

Amblyopic : (a) [prec. + - IC] ضعیف البصر ۔

Ambo : (n) [Gr."ambon"] منبر (قدیم کرجاؤں کا) ؛ خانہ ۔

Ambolic : (a) [Gr."amblic-os"] اسقاط کرانے والا (دوا یا فعل) ۔

Ambon : (n) [Gr."ambon"] بڑی ہڈیوں کے خانے کا کنارا ۔

Amboyna : (n) [f."Amboyna"] جزیرہء اسبوئینا کی لکڑی ؛ ایک قسم کی لکڑی جس پر قدرتی نقش بنے ہوتے ہیں ۔

Ambreate : (n) [med. L."ambre"+ - ATE] ایک قسم کا نمک ۔

Ambreic : (a) [prec.+ -IC] خام عنبر کا یا اس سے متعلق ۔

Ambrein : (n) [Fr."ambreine", f."ambre"] ایک روغنی بلوری مادہ جو خام عنبر کا خاص جزو ہوتا ہے ۔

Ambrette : (n) [a. Fr. dim. of ambre] دیکھو Amber pear

Ambrite : (n) [Ger."ambrit"] ایک زردی مائل بھورا نیم شفاف جما ہوا گوند جو نیوزی لینڈ میں پایا جاتا ہے ۔

Ambrology : (n) [L."ambre"+ (o) LOGI] عنبر کی تاریخ طبعی ۔

Ambrose : (n) [L."ambrosia" see next] ایک انگریزی پودا جسے Wood-sage بھی کہتے ہیں ۔

Ambrosia : (n) [L. a. Gr."ambrosia"] (۱) (دیو مالا) دیوتاؤں کی غذا ؛ دیو بھوج ؛ امرت ؛ خوراک بہشتی ؛ آب حیات ۔ (۲) عطر ؛ مرہم ؛ روغن خوشبو ؛ خوشبودار چیز ؛ موہن بھوگ ۔(۳) زر گل ؛ پھولوں کا زیرہ (جو شہد کی مکھیاں کھاتی ہیں) ۔ (٤) پودوں کا ایک نام ۔(٥) گھاس کی ایک جنس ۔

Ambrosia Artemisifolia : (n) بیت المقدس کا شاہ بلوط ۔

Ambrosiaceous : (a) (نباتیات) Ambrosia کی جنس سے ملتا جلتا ۔

Ambrosial : (a) [L."ambrosius", Gr."ambros"] (۱) غیرفانی ؛ خدائی ؛ ربانی ؛ دیوتاؤں کی یا ان کے لائق ؛ بہشتی ۔(۲) خوشبودار چیز ؛ معطر ؛ مہکتی ہوئی ؛ ملکوتی خوشبودار ؛ ملکوتی حسن والا ۔

Ambrosially : (adv) خدائی طورسے ؛ غیر فانی طورسے ۔

Ambrosian : (a) [L."Ambrosianus", f."Ambrosius"] (۱) سنت امبروسی (سنت امبروس (St. Ambros) یا ان سے متعلق یا ان کا قائم کیا ہوا) ۔ (۲) ملان (اٹلی) کی امبروسی لائبریری کا ۔

Ambrosin : (n) [L."ambrosinus" (Sc. nummus)] گھوڑے پر سوار سنت امبروس کی تصویر والا سکہ ۔

Ambrosine : (n) [L."ambrosius"+ - INE] چارلسٹن کے پاس پائی جانے والی قدیم ترین زمانے کی گوند نما معدنی شے جو عنبر سے ملتی جلتی ہے ۔

Ambrotype : (n) [Amber Type] شیشے پر تصویر (فوٹو) کا ایک امریکی نام ۔

Ambry /Aum : (n) [L."armarium" (in med.) L.also "almaria"] مخزن ؛ کولکی ؛ کرجا کی نجاری ؛ قفسہ ؛ گنجہ ۔

Ambs-ace : (n) [L."ambas"] (۱) دوکانے ؛ پوکی دو اکائیاں (سب سے چھوٹا داؤ ہے) ؛ دو خالی؛ دو کوڑی۔ (۲) چھوٹی قسمت ؛ کھوٹی قسمت ؛ تقدیر کا بیٹھاپن ؛ کم نصیبی ؛ بدبختی ۔ (۳) نالائقی ؛ نا قابلیت ؛ نکماپن ؛ نا کارہ پن ۔

Ambulacral : (a) دو رویا سوراخ کا یا اس سے متعلق ؛ منقالی ؛ قنابی ۔

Ambulacrum : (n) [L. f."ambulare"] دو رویا سوراخ جس سے خار پشت وغیرہ اپنے پاؤں باہر نکالتے ہیں ؛ منقال ؛ قناب ۔

Ambulance : (n) [L."ambulantum"] (۱) کشتی شفا خانہ ؛ سفری شفا خانہ ؛ جنگی ہسپتال (جو فوج کے ساتھ ساتھ چلتا ہے ۔(۲) (انتظامیہ) بیماروں/مریضوں کو لےجانے والی گاڑی ؛ ایمبلنس ؛ منقالہ ۔

Ambulant : (a) [L."ambulantem"] متحرک ؛ سیار ؛ چلتا ہوا ؛ گھومتا ہوا ۔

Ambulate : (v) [L."ambulat-","ambulare"] گھومنا ؛ چلنا ؛ گھومنا پھرنا ۔

Ambulation : (n) [L."ambulationem"] چلنے یا پھرنے کاعمل ؛ حرکت ؛ گردش ۔

Ambulator : (n) [L.] (۱) چلنے والا ؛ حرکت کرنے والا ۔ (۲) سڑک کی دوری ناپنے والا آلہ ۔

Ambulatory : (a) [L.] (۱) رواں ؛ خراماں ؛ چلنے کا ؛ مشی سے متعلق ۔ (۲) جو چلنے کے لئے موزوں بنایا گیا ہو ؛ سیر گاہ ۔ (۳) انتقال پذیر ؛ اٹھالو ؛ سفری ۔(٤) غیر دائمی ؛ عارضی ؛ غیر مستقل ؛ چند روزہ ؛ تغیر پذیر ۔

Ambulatory : (n) [L."ambulatorium"] ٹہلنے کی جگہ ؛ سیر گاہ ؛ چہل قدمی کی جگہ ؛ چھتا ؛ محراب دار چھتا ؛ غلام گردش ۔

Amburbial : (a) [L."amburbialis"] شہر سے متعلق ۔

Ambury : دیکھو Anbury

Ambuscade : (n) [It."imboscata",f."imboscare"] کمین ؛ کمین گاہ ؛ گھات کی جگہ ۔

Ambuscade : (v) کمین گاہ میں بیٹھنا ؛ گھات میں بیٹھنا ؛ گھات یا تاک لگانا ۔

Ambuscaded : (a) کمین گاہ میں بیٹھا ہوا ؛ گھات میں بیٹھا ہوا ۔

Ambuscader : (n) گھات میں بیٹھنے والا ؛ کمین گاہ میں بیٹھنے والا ۔

Ambuscado : (n) دیکھو Ambuscade

Ambush : (n) [L."inboscare", f."in+boscus" BUSH]
(۱) کمین ؛ کمین گاہ ؛ دام ؛ گھات ۔
(۲) گھات میں لگی یا بیٹھی فوج ۔
(۳) (عام معنوں میں) گھات ؛ تاک ۔
(٤) گھات میں لگا آدمی ۔

Lay an ambush : گھات لگانا ؛ کمین گاہ بنانا ۔

Make an ambush : گھات لگانا ؛ کمین گاہ بنانا ۔

Lie in ambush : گھات میں رہنا ؛ کمین گاہ میں بیٹھنا ۔

Ambush : (v) (۱) چھپانا ؛ گھات لگانا ؛ کمین گاہ میں بٹھا رکھنا (صرف فوجوں کو)۔ (۲) گھات میں بیٹھنا ؛ تاک میں رہنا ؛ تاک لگانا ۔(۳) کمین گاہ سے حملہ کرنا ۔

Ambushed : (a) گھات میں یا کمین گاہ میں بیٹھا ہو یا رہا ہو ۔

Ambushment : (n) دیکھو Ambush (n)

Ame damnee : (n) [Fr.] کسی کا رضامند غلام یا آلہ کار ؛ پٹھو ۔

Amebean : سوالی جوابی ۔

Amechanical : (a) (فلسفہ و نفسیات) غیر میکانکی ۔

Ameen / Amin : (n) [Arab."Amin"] امین ۔

Ameer / Amir : (n) [Arab."amir"] امیر ؛ سندھ اور افغانستان کے حکمرانوں کا لقب ؛ حاکم ۔

Ameership : (n) امیر کا عہدہ ۔

Ameiotic : (a) [a + meiotic] غیر تنسیفی ۔

Amelanchier : (n) [ad. SAVOY AMELANCIE THE MEDLAR] چھوٹے درختوں کی ایک جنس ۔

Amelcorn : (n) [L."amylum"+ CORN] (۱) گھٹیا گیہوں ۔ (۲) فرانسیسی چاول ۔

Ameliorable : (a) قابل درستی ؛ سدھار کے قابل ؛ بہتری کے لائق ؛ اصلاح پذیر ۔

Ameliorate : (v) [Fr."ameliorer" L."meliorare"] (۱) بہتر بنانا ؛ اصلاح کرنا ؛ اچھا کرنا ؛ سدھارنا ۔ (۲) (سماجیات) سدھار کرنا ؛ رفاہ کرنا ۔

Amelioration : (n) [Fr."amelioration"] (سماجیات) اصلاح ؛ بہتری ؛ سدھار ؛ درستی ؛ فلاح ؛ رفاہ ؛ (لسانیات) ترفیع (معنی)۔

Ameliorative : (a) رفاہی ؛ موجب ؛ فلاح ؛ اصلاحی ۔

Ameliorative change : (n) (لسانیات) ترفیعی تبدیلی ۔

Ameliorator : (n) بہتر بنانے والا ؛ اصلاح کرنے والا ؛ ترقی دینے والا ؛ مصلح ۔

Amelus : (n) [a + Gr."melos" (imb)] بے اعضا والا جنین ۔

Amen : (interj) [Hed."amen"] آمین ؛ ایسا ھی ھو ۔

Amen : (v) آمین کہنا ۔

Amenability : (n) صلاحیت ؛ ذمہ داری ؛ محکومیت ؛ جواب دہی ۔

Amenable : (a) [L."minare"] (۱) (آدمیوں کے لئے) جواب دہ ؛ ذمہ دار ؛ ضامن ؛ تابع ؛ مسئول (عدالت کے رو برو) ۔ (۲) قابل آزمائش ؛ آزمائش کے لائق ۔ (۳) اطاعت پذیر ؛ اثر پذیر ؛ تابع ۔

Amenableness : (n) صلاحیت ؛ اطاعت پذیری ؛ اثر پذیری ۔

Amenably : (adv) اثر پذیری سے ۔

Amendable : (a) قابل ترمیم ؛ اصلاح پذیر ؛ قابل اصلاح ۔

Amendableness : (n) اصلاح پذیری ۔

Amendatory : (a) اصلاح آمیز ؛ اصلاحی ۔

Amende-honorable : (n) [Fr. =honourable compensation] معافی ؛ معذرت ؛ تلافی یا مکافات ؛ ھرجانہ ۔

Amender : (n) مصلح ؛ اصلاح کرنے والا ۔

Amendment : (n) [OFr."amendement", f."amender"] ترمیم ؛ اصلاح ؛ ردوبدل ؛ تصحیح ؛ تغیر ؛ بہبودی ۔

Amendment of the constitution : (n) دستوری ترمیم ۔

Amends : (v) [L." emendare"] (۱) ٹھیك کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ سدھارنا ؛ ترمیم کرنا ؛ صحیح کرنا ؛ درست کرنا ۔ (۲) سیدھی راہ پر آنا ؛ تائب ھونا ؛ توبہ کرنا ۔ (۳) بہتر بنانا ۔

Amends : (n) [OFr."amendes"] بحالی ؛ تلافی ؛ باز دھی ؛ تاوان ؛ بدلہ ؛ مکافات ؛ معاوضہ ۔

To make amends : تلافی کرنا ؛ ڈنڈ بھرنا ؛ مکافات دینا ۔

Amene : (a) [L."amoenum"] پسندیدہ ؛ دل پسند ؛ دل پذیر ؛ خوش گوار ؛ مطابق و موافق ۔

Amenities : (n) (سماجیات) اشیائے آرام ؛ سامان آسائش ۔

Amenity : (n) [L."amoenitatem"] (۱) پسندیدگی ؛ دل پذیری ؛ خوش گواری ؛ خوش آیند ھونا ؛ لطف ؛ پر لطف ھونا (اشخاص یا مقامات کا) ؛ سازگاری ؛ مطبوعیت ؛ نرمی ۔ (۲) خوش اطواری ؛ خوش اخلاقی ؛ خوش مزاجی ؛ (جمع میں) ملائمت ؛ مہربانی ؛ (تاریخ و سیاسیات) سہولت ۔

Amenorrhea : (n) [Gr."a+men+roea"] حبس طمث ؛ عدم حیض ؛ حیض کا نہ ھونا یا رك جانا ؛ بے حیض ۔

Ament : (n) [L."amentum] (۱) (نباتیات) آویزیہ (ان درختوں کو کہتے ھیں جس کے پھول جھمکے کی طرح لٹکے رھتے ھیں)؛ تسمہ ۔ (۲) ابلہ ۔

Amental : (a) [L."amentum"+-AL] آویزیہ دار ؛ دماغ کے وجود سے منکر ؛ دماغ کے وجود کا محتاج نہ رھنے والا ۔

Amentia : (n) [L."ament","amens"+IA] (فلسفہ و نفسیات) ضعف دماغ ؛ ابلھی ؛ نقاھت ؛ بھولاپن ۔

Amentaceous : (a) آویزیہ دار ؛ بید کی طرح ؛ ضعیف الدماغ ۔

Amentiferous : (a) جس میں آویزیہ ھو ؛ تسمہ بردار ؛ تسمائی ؛ آویزیہ دار ؛ تسمہ دار ۔

Amentiform : (a) آویزیہ کی شکل کا ؛ تسمہ شکل ۔

Amentum : (n) [L.] دیکھو Ament

Amerce : (v) [L."mercedem"] (۱) جرمانہ کرنا ؛ ڈانڈ لینا ۔ (۲) (عام معنوں میں) سزا دینا ۔ (۳) زبر دستی لے لینا ؛ چھین لینا ۔

Amercement / Amerciament : (n) [L."mercedem"] جرمانہ ؛ ڈنڈ ؛ ڈانڈ ؛ (تاریخ و سیاسیات) نقد جرمانہ ۔

Amerciable : (a) قابل جرمانہ ؛ سزاوار ۔

Amerciament : (n) [L."amerciamentum"] دیکھو Amercement

Amercing : (v) کاٹ لینا ؛ چھین لینا ۔

American : (a & n) (۱) امریکی ؛ امریکائی ۔ (۲) یوروپی نسل کا امریکی باشندہ ۔ (۳) امریکہ کا شہری ۔ (٤) امریکی براعظم کے قدیم لوگ جنھیں اب American Indians کہا جا تا ھے ۔

Americanism : (n) (۱) امریکہ کے ساتھ لگاؤ یا هم دردی۔ (۲) امریکی محاورہ (وہ لفظ یا جملہ جو خاص کر امریکہ میں بولا جاتا ھے) ؛ (تاریخ و سیاسیات) امریکی محاورہ ؛ امریکیت ۔

Americanist : (n) وہ شخص جو امریکی موضوعات کا خاص مطالعہ کرے ۔

Americanization : (n) امریکی بننے یا بنانے کا عمل ۔

Americanize : (v) (۱) امریکی بنانا یا بننا ؛ امریکانا ؛ امریکی بن جانا ۔ (۲) امریکی محاورات بولنا ۔

Americanized : (a) امریکی یا امریکی کی طرح بنا ہوا ۔

Americas : (n) (تاریخ و سیاسیات) امریکی براعظم ۔

Americium : (n) [Amrica + - IUM] (کیمیا) امیریسیم ۔

Americo -: لفظ America سے مرکب الفاظ بنانے کی ایک ترکیب ۔

Americo-mania : (n) امریکی چیزوں کے لئے خبط ۔

Ameristic : (a) [Gr."ameristos"] غیر منقسمہ ؛ بے ٹکڑا ۔

Ametabola : (n) [Gr."ametabela"] (حیوانیات) حشرہ کی ایک زیر جماعت، مثلاً جوں وغیرہ جس کی شکل نہیں بدلتی ھے ۔

Ametallous : (a) [Gr."a+metall-on"+-OUS] غیر فلزاتی ؛ غیر دھات کا ؛ غیر دھاتی ؛ غیر فلزمی ۔

Amethyst : (n) [Gr."ametystos"] (کیمیا) نیلم ؛ یاقوت ؛ ارغوانی یا بنفشی رنگ کا قیمتی پتھر ؛ یاقوت جمری ؛ جمست ؛ مرطیس ۔

Oriental amethyst : ایک نادر / کم یاب بنفشی رنگ کا نیلم ۔

Violet amethyst : (کیمیا) بنفشی نیلم ۔

Amethystine : (a) (۱) نیلمی ۔ (۲) بنفشی ارغوانی ۔

Ametria : (n) بے رحمی ۔

Ametropia : (n) [Gr."ametros+ops"] آنکھ کے انعطاف/تکسیر کی کوئی غیر طبعی حالت ؛ نقص بینائی ؛ تیرہ نگاھی ؛ نقص البصر ۔

Ametropic : (a) آنکھ کی تکسیر کی غیر طبعی حالت کا / کی ۔

Ametrous : (a) فاقدالرحم ؛ بغیر رحم کی ۔

Amhaarez : (n) [Hed."am haares"] فلسطین کے غیر اسرائیلی باشندے ۔

Amhara : (n) سامی بولنے والے شمالی حبشہ کے باشندے ۔

Amiability : (n) [See next] دل کشی ؛ دل آویزی ؛ دل نوائی ؛ تلطف ؛ دل پذیری ؛ شیرینی ؛ خوش مشربی ۔

Amiable : (a) [L."amabilum"] (۱) قابل محبت ؛ قابل الفت ؛ دل آویز ؛ دل کش ؛ شیریں ؛ دل پذیر ؛ مہربان ۔ (۲) لطف سے پیش آنے والا ۔

Amiableness : (n) دل آویزی ؛ دل کشی ؛ دل نوائی ؛ تلطف ؛ دل پذیری ؛ شیرینی ؛ لطف ؛ محبت ۔

Amiably : (adv) ازراہ لطف ؛ لطف آمیزانہ یا دل آویزانہ طور پر ۔

Amiant (h) / Amiant (h)us : (n) [Gr."amiantos"] (۱) ایک طرح کی ریشہ دار معدنی چیز ؛ فتیل ۔ (۲) یشعب سبز ؛ مھسنیا ؛ ریشہ دار زبرجد ۔

Amiant (h)iform : (a) فتیل کی ساخت کا ۔

Amiant(h)ine : (a) فتیل کی خاصیت کا ۔

Amiant(h)omoteinite: (n) سبز سنگیا (Actinolite) کی ایک قسم ۔

Amiant(h)oid / Amiant(h)oidal : (a & n) مثل فتیل ؛ فتیل نما ۔

Amic : (a) [AM(MONIA) or AM (IDE)+ - IC] امونیا کا یا امونیا سے متعلق ؛ امونیائی ؛ امونیاوی ۔

Amicability : (n) دوستی ؛ یکانگت ؛ یگانگی ؛ آپس داری ؛ صلح طلبی ؛ وداد ۔

Amicable : (a) [L."amicabilis"," f."amicus"] (۱) دوستانہ ؛ محبانہ ۔ (۲) هم آھنگ ؛ سازگار ؛ آپس داری کا ۔

Amicable numbers : (n) اعداد محبانہ ۔

Amicable suit : (n) دونوں فریق کی رضامندی سے لیا ہوا مقدمہ ۔

Amicableness : (n) صلح طلبی ؛ وداد ؛ یگانگت ۔

Amicably : (adv) دوستانہ طورپر ؛ آپس داری کے طریقہ پر ؛ یگانہ وار ؛ صلح سے ؛ آشتی سے ؛ مصالحانہ طورپر -

Amice : (n) [L."amictus"] عصابہ (ایک چوکھٹا سفید کپڑا جو عیسائی پادری مذہبی رسم ادا کرتے وقت سر پر اوڑھتے تھے اور اب شانوں پر ڈالتے ہیں) -

Amice : (n) [L."amutia"] (۱) کلاہ ؛ ردا ؛ ٹوپی ؛ چادر (جو پادری اوڑھتے ہیں) - (۲) بلاً (جو قیس بائیں بازو پر باندھتے ہیں) -

Amicron : (n) [a + micron] (کیمیا) امیکرون -

Amicns curiae : (n) [L.] رفیق عدالت -

Aeroneurosis : (n) [AERO - + NEUROSIS] ایک اعصابی بیماری جو ہوا بازوں کو جذباتی تناؤ کی وجہ سے ہوجاتی ہے ۔

Aeropause : (n) زمین سے اوپر وہ سطح جہاں فضا انسان اور ہوائی جہاز کی حرکتوں کے لئے بیکار ہو جاتی ہے ۔

Aerophagia : (n) ہوا کو نگل جانا ؛ خصوصاً ہسٹیریا میں ۔

Aerophane : (n) [AERO-+ Gr."phanes"] باریک ریشمی جالی ۔

Aerophile : (n) ہوا پسند ۔

Aerophobia / Aerophoby : (n) ہوا ترسی ۔

Aerophore : (n) ہوا پھکنا ؛ ہوا گر ؛ ہوا زن ۔

Aerophyte : (n) [AERO- + Gr." phyt- on"] مکمل طور پر ہوا میں نشو ونما پانے والا پودا ؛ ہوائی گھاس ؛ ہوا خور نباتیات ؛ ہوا خوردہ ؛ اکاس بیل ۔

Aeroplane : (n) [AERO- + PLANE] هوائی جہاز ؛ طیارہ ؛ ہوا پیما ؛ آسمان پیما ۔

Aeroscepsy /Aeroscepsis : (n) [AERO - + Gr."scephis"] ہوا بینی ؛ موسمی پیش گوئی ۔

Aeroscope : (n) [Gr." aeroscopia"] ہوا نما ۔

Aerosiderite : (n) [AERO-+ Gr."siderit- es"] ایسا حجر شہاب جس میں لوہے کی کچی دھات ہوتی ہے ؛ آہن شہاب ۔

Aerosiderolite : (n) [AERO- + Gr."sider-os+ lithos"] ایسا حجر شہاب جو پتھر اور لوہے کے بین بین ہوتا ہے ؛ سنگ آہن ؛ سنگ آہن شہاب ۔

Aerosol : (n) [aer + sol] ہوا میں ذرات کا معلق ہونا ؛ ہوا سلم ۔

Aerosphere : (n) [AERO+ Gr." sphaera"] کرہء ہوا جوزمین کو ڈھکے ہوئے ہے ۔

Aerostat : (n) [Gr."aero" + "statos" (standing)] (۱) طیارہ ؛ گہوارہء ہوائی ۔ (۲) ہوا باز ؛ طیارچی ۔

Aerostatic : (a) [Gr. "aero" +" statikos"] ہوا کے سکون یا توازن کے متعلق ۔

Aerostatics : (n) ہوائی سکرنیات ؛ ہوا اور گیس کے توازن اور دباؤ کا علم ۔

Aerostation : (n) [Fr.] ہوائی کشتی رانی ؛ ہوا نورد ؛ ہوا میں غبارہ وغیرہ کی اڑان اور رہبری کا فن ۔

Aerotaxis : (n) [L. "aer- + taxis"] ہوا رخی ۔

Aerotherapeutics : (n) ہوائی علاج ۔

Aerothermotherapy : (n) گرم ہوائی علاج ۔

Aeruginous : (a) [L.] زنگار ؛ زنگارگوں ؛ تانبے کے ۔

Aerugo : (n) [L.] کساؤ کیطرح یا اس سے متعلق ؛ تانبے یا پیتل کا زنگ ؛ کسی دھات کا زنگ ۔

Aery : (a) [L. "aerius"] (۱) ہوائی ؛ ایثری ۔ (مجازاً) روحانی ۔

Aeschynanthus : (n) [Gr." aischyne" + L. -" anthus"] آرائشی پودے کی ایک قسم جو مشرق بعید میں پائی جاتی ہے ۔

Aeschynite : (n) [Gr."aeschne"] روس میں پائی جانے والی Tantalite قسم کی ایک معدنی شے ۔

Aesculapian : (a) طبی ؛ اسقلابی ۔

Aesculapius : (n) [L.] (۱) قدیم رومیوں میں طب کا دیوتا ؛ اسقلابیوس ۔ (۲) (مجازاً) طبیب ؛ پزشک ۔

Aesculetin : (n) [L. "aesculetum"] Aesculin میں پایا جانے والا ایک تلخ بلوری مادہ ($C_9H_6O_4$) ۔

Aesculin : (n) [" L. aesculus"] ہارس چسٹنٹ (Horse - Chestnut) وغیرہ کی چھال میں پائی جانے والی ایک شکر ($C_{21}H_{24}O_{13}$) ۔

Aesir : (n) [OE.] اسکینڈی نیویا کے خدائگان ۔

Aesopian : (a) [Gr. "Aisopos"] ایسپ کی طرز میں ۔

Aesthesics : (a) [Gr."aesthesis"] حسن شناسی ؛ جمال شناسی ؛ زیبائش شناسی ؛ جمالیات ؛ علم محسنات ؛ علم بدائع ؛ فنون لطیفہ کا علم ۔

Aesthesiometer : (n) احساس سنج ؛ مریض کی حس لامسہ کی پیمائش کرنے والا آلہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) لمس پیما ۔

Aesthesiogenic : (a) [Gr."aesthesi-io+genicos"] حس پیدا کرنے والا ؛ حس زا ۔

Aesthesiometry : (n) (فلسفہ و نفسیات) پیمائش لمس ؛ نہك پیمائش ۔

Aesthesis : (n) [Gr.] خارجی اشیاء کا احساس ؛ حس ؛ ہوش ؛ لمس ۔

Aesthesodic : (a) [Gr."aesthesis + odos"] حسیاتی تحریك کو راستہ دینے والے (اعصاب) ۔

Aesthete : (n) [Gr."aesthetes"] حسن شناس ؛ جمال شناس جو اپنے تصورات کو عملی جامہ پہنائے ؛ جمال پسند ؛ جمالیہ ؛ (حیوانیات) عضو حس ؛ حسیہ ۔

Aesthetic : (a) [Gr." aesthetikos"] (۱) حسن شناسی سے متعلق ؛ ذوق زیبائی رکھنے یا دکھانے والا ؛ عمدہ ذوق کے مطابق ؛ جمالیاتی ؛ ذوقی ۔

(۲) (سماجیات) جمالی ۔

Aesthetic activities : (n) (سماجیات) جمالیاتی افعال ۔

Aesthetic enjoyment : (n) (فلسفہ و نفسیات) جمالیاتی حظ ؛ جمالی لطف ۔

Aesthetic experience : (n) (فلسفہ و نفسیات) جمالیاتی تجربہ ۔

Aesthetic intuitionism : (n) (فلسفہ و نفسیات) جمالیاتی وجدانیت ۔

Aesthetic judgment : (n) (فلسفہ و نفسیات) جمالیاتی پرکھ ؛ جمالیاتی فیصلہ ۔

Aesthetic morality : (n) (فلسفہ و نفسیات) جمالیاتی اخلاق ۔

Aesthetic self-expression : (n) (فلسفہ و نفسیات) جمالیاتی خود اظہار ۔

Aesthetic sense : (n) (سماجیات) جمالیاتی حس ۔

Aesthetic sense theory : (فلسفہ و نفسیات) نظریہ حسن جمالی ۔

Aesthetic taste : (n) (سماجیات) جمالیاتی ذوق ۔

Aesthetic transfer : (n) (لسانیات) جمالیاتی انتقال ۔

Aesthetics : (n) (فلسفہ و نفسیات) جمالیات ؛ فلسفہ فنون لطیفہ ۔

Psychology of aesthetics : (فلسفہ و نفسیات) جمالیاتی نفسیات ؛ نفسیات جمالیات ۔

Transcendental aesthetis : (فلسفہ و نفسیات) ماورائی جمالیات ۔

Aesthetical : (a) دیکھو Aesthetic

Aesthetically : (adv) جمالیاتی طور پر ؛ جمال شناسانہ ؛ حسن پرستانہ ؛ حسن شناسی کی راہ سے ۔

Aesthetician : (n) جمال پرست ؛ جمالیات کا ماہر ۔

Aestheticism : (n) (۱) حسن شناسیت ؛ یہ عقیدہ کہ اصول بنیادی ہیں اور دوسرے اصول (مثلاً حسن وغیرہ کے) انہیں سے ماخوذ ہیں ؛ جمالیت ؛ فنی اور جمالیاتی آزادی کی وکالت ۔ (۲) جمالیاتی تجربات و مشاہدات میں شدید انہماک ۔

Aestheticist : (n) ماہر حسن شناسی ؛ جمالیات کا ماہر ؛ حامی جمالیت ؛ جمالیتی ۔

Aestheticize : (v) حسین و زیبا بنانا ؛ خوبصورت بنانا ؛ عمدہ ذوق کے مطابق بنانا ۔

Aestho-physiology : (n) حسی عضویات ؛ اعضائے احساس کا علمی مطالعہ ؛ لمسی عضویات ۔

Aestival / Estival : [L."aestivat-"] موسم گرما کا ؛ گرمائی ؛ گرمیوں کے موسم سے متعلق ؛ تابستانی ؛ صیفی ۔

Aestivate : (v) [L."aestivat-"] گرمیاں گذارنا یا بسر کرنا ؛ (خصوصاً حیوانیات میں) موسم گرما میں بے حس و حرکت ہونا ۔

Aestivation : (n) (۱) (حیوانیات) موسم گرما کی بے حسی ؛ تصیّف ۔ (۲) (نباتیات) کھلنےسے پہلے غنچے کی داخلی ترتیب ؛ قبل شگفتگی پنکھڑیوں کی لپیٹ ۔

Aetheogam : (n) [Gr,"aethes"(unusnel+gamos;ual"] ایک قسم کا پودا ؛ گیاہ گمزاد ۔

Aether : (n) [Gr."aehter"] (طبیعیات) ایتھر ۔

Aethogen : (n) [Gr."aethos"(fire)+-GEN] بورک نائٹرائیڈ جسے پھنکنی میں رکھنے سے تیز روشنی پیدا ہوتی ہے ۔

Aethrioscope : (n) [Gr."aethria+"scopos,-"scopion"] آفتابی شعاع ریزی کر ظاہر کرنے کا آلہ ۔

Aetiological : (a) علت یا اسباب الامراض کے متعلق ؛ عللی ؛ اسبابی ۔

Aetiologically : (adv) علت یا اسباب الامراض کی رو سے ۔

Aetiology : (n) [Gr."aetiologia"] (۱) علت کا ڈھونڈ نکالنا ؛ تشخیص کرنا ؛ علت شناسی ؛ کسی احکام وغیرہ کی توجیہ ۔ (۲) فلسفہ علت و معلول ۔ (۳) علم اسباب الامراض ؛ علم تشخیص الامراض (٤) (فلسفہ و نفسیات) نظریہ علت ؛ علیات ؛ عللیات ؛ علم الاسباب ۔

Aevitemity : (n) دہر۔

Af -: سابقہ ؛ جیسے Affray میں ھے

Afar : (a) دور سے ؛ دور پر؛ فاصلہ سے ؛ فاصلہ پر ؛ دور ۔

Afeard /-ed : (a) خوفزدہ ؛ ڈرا ھوا ؛ ھیبت زدہ ۔

Aferile : (a) [a + febrile] حرارت سے خالی ؛ بے بخار؛ بے تپ ۔

Afer : (n) [L."African"] جنوب مغربی ھوا ۔

Affability : (n) [L."affabilis"] دلجوئی ؛ انس ؛ خلق ؛ تلطف ؛ لطف ؛ خوشروئی ؛ ملائمیت ؛ مدارا ؛ مروت ۔

Affable : (a) [L"affabilis"] خلیق ؛ خوش خلق ؛ کشادہ پیشانی ؛ خوش رو ۔

Affableness : (n) خوش خلقی ؛ خوش مزاجی ۔

Affably : (a) خوش خلقی سے ؛ لطف سے ؛ تلطف سے ۔

Affabrous : (a) [L."affaber"] کاریگری کا ؛ استادی کا ۔

Affair : (n) [OF."afaire"] (۱) کاروبار؛ کام ؛ معاملہ ؛ دھندا ؛ مسئلہ ؛ قضیہ ؛ سیاسی معاملات ۔

Agorgeous affair : (عام بول چال میں مادی چیزوں کیلئے) فوق البھڑک معاملہ ۔

Affaire d'amour : (n) عشق و محبت کا معاملہ ؛ دل کا معاملہ ؛ عشق ؛ محبت ؛ عشق بازی ۔

Affair d'honneur : (n) [Fr.] عزت کا معاملہ یا سوال خصوصاً کسی کی عزت و ناموس کے معاملہ میں، یعنی" ژویل" (Affair of honour)

Affaire de coeur : (n) [Fr.] دل کا معاملہ ؛ عشق ؛ محبت ۔

Affairs : (n) (تاریخ و سیاسیات و انتظامیہ) معاملات ؛ امور ؛ تجارتی امور ؛ امور عامہ ۔

Affatuate : (a) [L." ad + fatuus"] ھوسناک ؛ عشق باز ۔

Affect : (v) [L. "affectare"] (۱) بناوٹ یا دکھاوٹ کرنا ؛ (کسی بات کا) ادعا کرنا یا جھوٹا اظھار کرنا ۔ (۲) تصنع کرنا ؛ بہانہ بنانا ؛ وضع بنانا ۔ (۳) کام میں لانا ؛ استعمال کرنا ۔ (٤) اثر کرنا ؛ متاثر کرنا ؛ متاثر ھونا ۔

Affect : (v) [L."affect-","afficere"] (۱) اثر کرنا ؛ لگ جانا ؛ (بیماری و غیرہ کا) ۔ (۲) اثر کرنا ؛ متاثر کرنا ؛ متاثر ھونا ۔ (۳) (کسی کو) خاص طور سے نامزد کرنا ؛ حصہ دینا ۔

Affect : (n) (فلسفہ و نفسیات) تاثر ؛ (لسانیات) فجا ۔

Displacement of affect : (فلسفہ و نفسیات) انتقال تاثر ۔

Fixation of affect : (فلسفہ و نفسیات) انجماد جذبہ ۔

Affectability / Affectibility : (n) اثر پذیری ؛ تاثر پذیری ؛ مبتلا ھونے کی حالت ۔

Affectable / Affectible : (a) قابل تاثر ؛ لائق اثر ؛ لگ جانے کے قابل (بیماری وغیرہ کے) ؛ متاثر ھونیوالا ۔

Affectation : (n) [L."affectationem"] (۱) نمود ؛ نمائش ؛ بناوٹ ؛ تصنع ؛ ظاھر داری ؛ ظاھر سازی ؛ ظاھری اشتیاق یا پسند ۔ (۲) اوپری باتیں ؛ مصنوعی یا ظاھری اخلاق ۔ (۳) بہانہ ؛ حیلہ ؛ دکھاوٹ ۔

Affectationist : (n) ظاھر دار ؛ ظاھر ساز ۔

Affected : (a) (۱) ظاھر داری کا ؛ دکھاوے کا ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی ؛ بنا ھوا ؛ جھوٹ موٹ کا ؛ (۲) (اشخاص کے لئے) ظاھر دار ؛ تصنع کرنے والا ؛ ظاھر ساز ۔ (۳) مائل ؛ راجع ؛ راغب ۔ (٤) متأثر ؛ گرفتار ؛ مبتلا ۔ (٥) متاثر (جذبات یا جسمانی حیثیت سے) ۔ (٦) خاص طور سے حصہ لگایا ھوا ۔ (۷) (طب) ماوف ۔

Affectedly : (a) بناوٹ سے ؛ ظاھر دارانہ ؛ تصنع سے ؛ ریا کاری سے ۔

Affectedness : (n) ظاھرسازی ؛ تکبر ؛ تصنع ؛ دکھاوا ۔

Affecter/-or : (n) مؤثر ؛ ظاھر ساز ۔

Affecting : (a) متأثر کرنے والا ؛ ھیجان پیدا کرنیوالا ۔

Affecting personality : (n) (سماجیات) پُراثر شخصیت ؛ مؤثر شخصیت ۔

Affectingly : (a) متأثر کرتے ھوئے ؛ ھیجان انگیز طور پر ۔

Affection : (n) [L."affectionem"] (۱) تاثیر ؛ اثر پذیری ۔ (۲) جذبہ ؛ ذھنی کیفیت ۔ (۳) میلان ؛ رغبت ؛ چاہ ؛ محبت ؛ عشق ؛ پریم ؛

شفقت ۔ (٤) جسمانی کیفیت کسی خاص اثر کی وجہ سے ۔ (٥) روگ ؛ بیماری ؛ مرض ؛ علت ۔ (٦) کیفیت ؛ حالت ؛ وصف ؛ خاصہ ؛ خصوصیت ۔ (٧) (لسانیات) فجائیت ؛ (سماجیات) شفقت ۔ (٨) تاثر ؛ عارضہ ۔

Marital affection : (سماجیات) ازدواجی شفقت ۔

Natural affection : (سماجیات) فطری شفقت ؛ قدرتی شفقت ۔

Need for affection : (سماجیات) ضرورت شفقت ؛ شفقت کی ضرورت ۔

Protective affection : (فلسفہ و نفسیات) جذبہ تحفظ ۔

Affection : (v) محبت کرنا ؛ عشق کرنا ؛ شفقت کرنا ۔

Affection deficiency : (n) (فلسفہ و نفسیات) تاثر کی کمی ۔

Affectional : (a) جذباتی ؛ پُر احساس ۔

Affectionate : (a) [Fr."affectionne"] (١) محبت کرنے والا ؛ پریمی ؛ مشتاق ؛ شیدائی ؛ دلدادہ (کسی کا) ۔ (٢) محبت بھری چیز ؛ شفقت آمیز (چیزوں کے متعلق) ۔

Affectionately : (adv) پیار سے ؛ محبت سے ۔

Affectionateness : (n) دلدادگی ؛ اشتیاق ۔

Affective : (a) [L."affectivus"] (١) جذباتی ؛ قلبی کیفیت سے متعلق ؛ تاثراتی ؛ مؤثر ۔ (لسانیات) فجائی ۔

Affective association : (n) تاثراتی لگاؤ ۔

Affective deficiency : (n) نقص تاثری ۔

Affective experience : (n) (فلسفہ و نفسیات) تاثراتی تجربہ ۔

Affective objective naturalism : (فلسفہ و نفسیات) تاثراتی معروضی فطرت پرستی ۔

Affective similarity : (n) (لسانیات) فجائی مشابہت ۔

Affective state : (n) (فلسفہ و نفسیات) تاثراتی کیفیت ۔

Affective tone : (n) کیفیت تاثری ۔

Affective verb : (n) (لسانیات) فجائی فعل ۔

Affectivity : (n) تاثریت ؛ جذباتیت ۔

Affeer : (v) [late L."afforare"] (١) جرمانے کا تخمینہ لگانا ۔ (٢) (مجازاً) توثیق کرنا ۔

Afferent : (a) [L."afferentem","afferre"] (١) اندر کی طرف جانیوالا ۔ (٢) (حیوانیات) درآرندہ (عصب) ؛ (فلسفہ و نفسیات) دروں رس ؛ درآور ۔

Afferent nerve : (n) (حیوانیات) درآرندہ عصب ۔

Affettuoso : (a) [It.] (موسیقی) درد انگیز یا پر اثر ۔

Affiance: (n) [OFr."afiance"] (١) سہارا ؛ بھروسا ؛ اعتقاد ؛ اعتماد ۔ (٢) عہد ؛ قول ؛ اقرار ؛ (خصوصاً نکاح ، شادی ، منگنی کا) ۔ (٣) (سماجیات) نسبت ؛ منسوب ؛ ازدواجی رشتہ کے لئے قول و قرار ۔

Affiance : (v) نکاح یا شادی کا عہد کرنا ۔

Affianced kin : (n) (سماجیات) منسوبی رشتہ دار ۔

Affiant : (n) حلفاً بیان دینے والا ۔

Affiche : (n) [L. ad+ ficher] اشتہار ؛ پوسٹر ۔

Affidavit : (n) [L.] حلف نامہ ؛ تحریری حلفی بیان ؛ سوگند نامہ ۔

Affied : (a) نکاح یا شادی وغیرہ کا اقرار کئے ہوئے ۔

Affiliable : (a) [L."affili-","affiliare"] الحاق کے قابل ۔

Affiliate : (v) [L. "affiliat-","affiliare"] (١) کسی ادارہ کے لئے الحاق کرنا ؛ شامل کرنا (اشخاص کو بحیثیت اراکین اور انجمنوں کو بحیثیت شاخ) ۔ (٢) (اشخاص یا انجمن کا کسی سوسائٹی کے ساتھ) تعلق قائم کرنا ۔ (٣) (قانون) (ناجائز اولاد کی پرورش یا کفالت کی غرض سے) ولدیت کا تعین کرنا ۔ (٤) (تاریخ و سیاسیات) شامل کرنا ؛ الحاق کرنا ؛ (انتظامیہ) الحاق کرنا ۔

Affiliate : (a) ملحق ؛ متعین ۔

Affiliated : (a) ملحقہ ۔

Affiliated college : (n) — (انتظامیہ) ملحقہ کالج ۔

Affiliated company : (n) — ملحقہ کمپنی ۔

Affiliation : (n) [L."affiliationem"] — (۱) الحاق ؛ تعلق ؛ شمول ؛ انضمام ؛ ولدیت کا تعین ؛ کسی چیز کو اس کی ابتدا سے منسوب کرنا ۔ (۲) (قانون) ولدیت ۔

Affinal : (a) [L."affinis"] — ایک ھی خاندان سے ؛ شادی کے ذریعہ مربوط ۔

Affine : (v) [L."affinem"] — رشتہ دارھونا ؛ ازدواجی علاقہ رکھنا ۔

Affined : (a) — متعلق ؛ کسی سے رشتہ رکھنے والا ؛ علاقہ دار ؛ مربوط ۔

Affinities : (n) — وابستگی ؛ بستگی ؛ پیوستگی ؛ نزدیکی ؛ قرابت ؛ (حیوانیات) الف ۔

Affinitive : (a) — رشتہ سے جڑا ھوا ۔

Affinity : (n) [L."affinitatem"] — (۱) تعلق ؛ نسبت ؛ رشتہ ؛ عزیزداری ؛ (بذریعہ مناکحت) ۔ (۲) تعلق ؛ رشتہ (خاندانی یا نسلی) ۔ (۳) مشابہت ؛ مماثلت ساخت کی (جانوروں، درختوں زبانوں وغیرہ میں) ۔ (٤) خاندانی شباھت ؛ (٥) رغبت ؛ انس ۔ (٦) کشش (روحانی) جو شخصو ں کے درمیان ھوتی ھے ۔ (۷) (کیمیا) بعض عناصر کا یہ میلان کہ وہ دوسروں سے ملتے ھیں ؛ الف ؛ میل ترکیبی ؛ (لسانیات) قرب ؛ رشتہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) مماثلت ؛ (ریاضی) میل ؛ (کیمیا) رغبت ؛ کیمیائی رغبت ۔

Chemical affinity : — کیمیاوی الف ۔

Constant affinity : — (کیمیا) مستقل رغبت ۔

Residual affinity : — سفلی الف ؛ پس ماندہ الف ۔

Affinity curve : (n) — (ریاضی) منحنی میل ۔

Affirm : (v) [L."affirmare"] — (۱) (قانون) توثیق کرنا ؛ ادعا کرنا ؛دعوی سے کہنا ؛ زورکے ساتھ کہنا ؛ قائم، برقرار یا بحال رکھنا (فیصلہ کا) ۔ (۲) (نحو و منطق) ایجاب ۔ (۳) (انتظامیہ) باضابطہ اعلان کرنا ؛ تصدیق کرنا ؛ (تاریخ و سیاسیات) اقرار کرنا ۔

Affirmable : (a) — قابل توثیق ؛ توثیق پذیر ۔

Affirmably : (a) — توثیق پذیری سے ؛ توثیق کرتے ھوئے ۔

Affirmance : (n) — (۱) توثیق ؛ تصدیق ۔ (۲) پر زور اعلان ۔

Affirmant : (n) — توثیق کرنے والا ۔

Affirmation : (n) [L."affirmationem"] — (۱) توثیق ؛ تصدیق ؛ مثبت بیان ؛ اقرار صلح ۔ (۲) (منطق) مثبت قضیہ ۔ (۳) بیان ؛ دعوی؛ ادعا ۔ (٤) اقرار صلح (ایسے شخص کا جو اپنے ضمیر کی اتباع میں قسم کھانے سےانکار کرے) ۔ (٥) (لسانیات) ایجاب ؛ (تاریخ و سیاسیات) تصدیق ؛ اقرارصلح ۔

Affirmative : (a) [L."affirmativus"] — (۱) ایجابی ؛ اقراری ؛ مثبت ۔ (۲) (منطق) موجبہ ؛ ایجابی (جس سے قضایا کی دو حدوں کا توافق ثابت ھو) ؛ کلمہ اثبات ؛ عبارت اثبات ۔ (۳) (فلسفہ ونفسیات)اثباتی ؛ (تاریخ و سیاسیات) توثیقی ؛ تصدیقی ۔

To answer in the affirmative : — مثبت جواب دینا ؛ اثبات میں جواب دینا ؛ حامی بھرنا ۔

Affirmative conjunction : (n) — (لسانیات) عطف ایجابی ۔

Affirmative proposition : (n) — قضیہ موجبہ ؛ مثبت استدلال یا عبارت جیسے All men are mortal

Affirmatively : (a) — ایجاباً ؛ اثباتاً ؛ بطور ثبت ۔

Affirmatory : (a) — ایجابی ؛ توثیقی ۔

Affirmer : (n) — موثق ؛ مصدق ۔

Affix : (v) [L."affixare"] — (۱) جوڑنا ؛ لگانا ؛ چپکانا ؛ چسپاں کرنا ؛ باندھنا ؛ نتھی کرنا ۔ (۲) لگانا ؛ ثبت کرنا ؛ (مہر، ٹھپا وغیرہ کا) ۔ (۳) (تحریر کے آخر میں) کچھ اور بڑھانا مثلاً دستخط یا عبارت ۔ (٤) تہمت دھرنا ؛ الزام لگانا ۔ (٥) وابستہ کرنا (تنخواہ کا پیشہ کے ساتھ) ۔ (٦) (انتظامیہ) جوڑنا ۔

Affix : (n) [L."affixus"] — (۱) تعلقہ ؛ اضافہ ۔ (۲) (نحو) سابقہ یا لاحقہ ۔ (۳) (لسانیات) تعلیقہ ؛ چسپیہ ۔

Affixation : (n) — (لسانیات) چسپانا ؛ الحاقیانا ۔

Affixed : (a) چپکایا ہوا ؛ باندھا ہوا ؛ چسپاں کیا ہوا ؛ منسلک کیا ہوا ؛ ثبت کیا ہوا ؛ وابستہ کیا ہوا ۔

Affixer : چپکانے والا ؛ ثبت کرنے والا ؛ جوڑنے والا ۔

Affixiformal analogy : (n) (لسانیات) چسپاتی مماثلت ۔

Affixing : (a) جذباتی ؛ جاذب ۔

Affixing language : (n) (لسانیات) چسپاتی زبان ۔

Affixing of seal : مہر اندازی ؛ ثبت مہر ۔

Affixture : (n) نتھی ؛ رشتہ ؛ تعلق ؛ شمول ؛ افزائش ؛ اضافہ ۔

Afflate : (v) [L."afflat-", "afflare"] دم کرنا ؛ پھونکنا ۔

Afflated : (a) الہام شدہ ؛ ملہم ۔

Afflation : (n) (۱) الہام ۔ (۲) (عضویات) سانس ؛ دم ۔

Afflatus : (n) [L.] (۱) الہام ؛ علم لدنی ؛ القاء ۔ (۲) قابو میں آ جانے والی تحریک ؛ غالب آ جانے والی تحریک ۔

Afflict : (v) تکلیف دینا ؛ مصیبت میں ڈالنا ؛ (جسمانی یا ذہنی) ایذا پہنچانا ؛ مبتلا کر دینا ؛ پریشان کرنا ؛ غمگین کرنا ؛ آزردہ کرنا ۔

Afflicted : (a) مصیبت زدہ ؛ پریشان ؛ آزردہ ؛ مبتلا ؛ مقہور ۔

Afflicter : (n) تکلیف دہ ؛ موذی ؛ ایذا رساں ۔

Affliction : [L."afflictionem"] (۱) مصیبت ؛ قہر ؛ آفت ؛ بپتا ۔ (۲) دکھ ؛ درد ؛ تکلیف ؛ بلا ؛ غم زدگی ؛ پریشانی ۔

Afflicting : (a) ایذا رساں ؛ مصیبت رساں ؛ درد ناک ۔

Afflictingly : (adv) ایذا رسانی کے ساتھ ؛ درد ناک طورپر ۔

Afflictive : (v) مصیبت ناک ؛ درد ناک ؛ بلا خیز ؛ ایذا رساں ؛ سخت ۔

Affloof : (adv) [aff (alt. of off) + loof.] بغیر تیاری کے ۔

Affluence : (n) [L."affluentem"] کثرت ؛ زیادتی ؛ بہتات ؛ دھن ؛ دولت ؛ ثروت ؛ فراوانی ؛ وفور ۔

Affluent : (a) [L."affluentem"] (۱) رواں ؛ جاری ؛ بہتا ہوا ۔ (۲) بہت زیادہ ؛ کثیر ۔ (۳) مالدار ؛ دولت مند ؛ متمول ؛ مالا مال ۔ (٤) معاون ندی ؛ وہ ندی جو دوسری ندی میں جاکر ملے ۔

Affluently : (adv) افراط سے ؛ کثرت سے ؛ بہتات سے ۔

Afflux : (n) [L."affluxus"] (۱) بہاؤ ؛ سیلان (خاص کر رطوبت کا) ۔ (۲) جریان ؛ ریزش ۔ (۳) توقیر ؛ اضافہ ۔

Afforce : (v) [ME."aforce","L."exfortiare", "ad + fortiare"] نئے رکن کے اضافہ سے قوت بڑھانا ۔

Afforcing the assize : جیوری میں اضافہ کرنا ۔

Afford : (v) [OE."af + for -ian"] (۱) مستطیع ہونا ؛ مالی حیثیت رکھنا ؛ مقدور رکھنا ؛ گنجائش رکھنا ۔ (۲) (چیزوں کے متعلق) گنجائش نکالنا ؛ مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ دینا ۔ (۳) بہم پہنچانا (مثلاً درختوں کا پھل یا سمندر کی مچھلیاں بہم پہنچانا) ۔

Affordable : (a) گنجائش نکالنے کے قابل ؛ مہیا کرنے کے قابل ۔

Afforest : (v) [L."afforestare,"f."ad + foresta"] کسی زمین کو جنگل بنانا ؛ شکار گاہ بنانا ۔

Afforestation : (n) (۱) جنگل سازی ؛ جنگل کا شکار گاہ میں تبدیل کرنا ؛ شجرکاری ؛ جنگل کاری ۔ (۲) (انتظامیہ) جنگل لگانا ؛ تشجیر ۔

Afforestation officer : (n) (انتظامیہ) افسر تشجیر ۔

Affranchise : (v) [Fr."afranchiss-","afranchir"] (۱) آزاد کرنا ؛ نجات دلانا ؛ (غلامی یا کسی اور پابندی سے) معاف کرنا ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) ووٹ کا حق دینا ؛ آزاد کرنا ۔

Affranchisement : (n) نجات ؛ آزادی ۔

Affray : (n) [Anglo-Fr." afrayer" late. L."exfridare"] نقض امن ؛ ہنگامہ ؛ بلوا ؛ کشت و خون ؛ غوغا ؛ کسی شارع عام میں جھگڑے یا دنگا فساد کے ذریعہ نقض امن ۔

Affreight : (v) [Fr "affreter"] مال و اسباب لے جانے کے لئے جہاز کرایہ پر لینا ۔

Affreighter : (n) جہاز کرایہ پر لینے والا ۔

Affreightment : (n) جہاز کرایہ پر لینا ؛ پیمان نامہ کرایہ کشتی ۔

Contract of affreightment : (تجارت) معاہدہ کرایہ جہاز ۔

Affricate : (n) [L. "affricatus"] مقیدی ؛ ادغام ۔

Affricated : (a) مقید ؛ مدغم ۔

Affrication : (n) ادغام ؛ کسی حرف کا تلفظ دوسرے حرف میں مخلوط ہو جائے جیسے Eighth میں 'th Ridgh میں dg ۔

Affricative : (a) قابل ادغام ۔

Affright : (v) [A prep.+FRIGHT] (متروک) ڈرانا ؛ خوف زدہ کرنا ۔

Affright : (n) ڈرانا ؛ خوف زدہ ؛ وحشت ؛ ہول ۔

Affrighted : (a) وحشت زدہ ؛ خوف زدہ ؛ دہشت زدہ ۔

Affrightedly : (adv) خوفزدہ ہو کر ؛ دہشت زدہ طورپر ۔

Affrighter : (n) ڈرانے والا ؛ خوفزدہ کرنیوالا ۔

Affrightment : (n) ہول ؛ خوف ؛ دہشت زدگی ؛ وحشت ۔

Affront : (v) [L."affrontare",f."ad rontem"] (۱) برملا رسوا کرنا ؛ روبرو توہین کرنا ؛ بے آبرو کرنا ؛ ہتک عزتی کرنا ؛ منہ پر گالی دینا ؛ بے حرمتی کرنا ۔ (۲) شرمندہ کرنا ؛ چھپانا ۔ (۳) مقابلہ کرنا ؛ سامنے آنا ؛ تمرد یا گستاخی کرنا ؛ بالمقابل ہونا ۔

Affront : (n) (۱) برملا رسوائی ؛ توہین ؛ ہتک عزتی ؛ بےحرمتی ؛ عمداً گستاخی کا قول و فعل ۔ (۲) گستاخی ؛ اہانت ؛ تمرد ۔

Affronte / Affrontee : (a) [Fr."affronte"] (نقابت) رو در رو ۔

Affronted : (a) رسوا کیا ہوا ؛ ہتک عزتی کیا ہوا ۔

Affrontedly : (adv) بے شرمی سے ؛ بے حیائی سے ۔

Affrontedness : (n) بے حیائی ؛ ہتک عزتی ؛ رسوائی ۔

Affrontee : (n) جسے رسوا کیا جائے ؛ جسے بے آبرو کیا جائے ؛ جس کی توہین کی جائے ؛ (نقابت) پیش تا پیش ؛ رو در رو ؛ آگے کی جانب دیکھتا ہوا ۔

Affronter : (n) رسوا کرنے والا ؛ ہتاکی ؛ توہین کرنے والا ؛ بے حرمتی کرنے والا ؛ توہین کنندہ ؛ دشنام دہندہ ؛ ہتاک ۔

Affronting : (a) رسوا کرنے والا ؛ مقابل ؛ کھلم کھلا ؛ جارحانہ ؛ برملا توہین آمیز ؛ گستاخانہ ۔

Affrontingly : (adv) مقابلہ کرکے ؛ کھلم کھلا ؛ جارحانہ طور پر ؛ گستاخانہ طور پر ۔

Affrontingness : (n) توہین آمیز طرز ۔

Affrontive : (a) توہین آمیز ؛ دشنام آمیز ۔

Affuse : (v) ڈھالنا ؛ انڈیلنا ؛ چھڑکنا (پانی وغیرہ) ۔

Affusion : (n) [L."affusionem"] (۱) انڈیلنا ؛ ڈالنا ؛ اوپر بہانا ؛ تر کرنا ۔ (۲) (طب) بخار اتارنے کےلئے یا بپتسمے کے ایک طریقہ میں جسم پر پانی ڈالنا ؛ ریزش ؛ انسکاب ۔

Afield : (adv) [A prep.+ FIELD] (۱) میدان میں یا کھیت میں (خاص کر مزدور یا جنگ کے لئے) ۔ (۲) میدان میں یا کھیت کی طرف ۔ (۳) گھر سے دور ؛ گھر سےباھر ؛ پردیش میں ؛ کالے کوس ۔

Afire : (a & adv) [A prep.+ Fire] آگ پر یا آگ میں ؛ جلتا ہوا ؛ آتش گرفتہ ؛ مشتعل ؛ سوزاں ۔

Aflame : (a & adv) [A prep.+ Flame] شعلہ میں ؛ بھڑکتا ہوا ؛ دہکتا ہوا ؛ مشتعل ؛ فروزاں ؛ شعلہ ور ؛ جلتا ہوا (جس میں سے آنچیں نکلتی ہوں) ؛ سوزاں ۔

Aflat : (adv) [A prep + Flat] چپٹی حالت میں ؛ مسطح طور پر ؛ سپاٹ حالت میں ۔

Aflaunt : (adv) [A prep.+ Flaunt] غرور یا شیخی کی حالت میں ؛ مغرورانہ طور پر ؛ اترانے کی حالت میں ؛ کبر و نخوت کی حالت میں ۔

Aflicker : (a) [A prep.+ Flicker] جھلملاتے ہوئے ؛ کانپتے ہوئے ؛ ٹمٹماتے ہوئے ۔

Afloat : (a & adv) [A+FLOAT] (۱) بہتے ہوئے ؛ رواں ؛

جاری ؛ سمندر میں ؛ جہاز میں ؛ تیرتا ہوا ؛ اڑتا ہوا ؛ شناور - (۲) لبریز ؛ پانی سے بھرا ہوا ؛ ڈوبا ہوا - (۳) مطمئن ؛ پرسکون ؛ گھبراہٹ سے خالی ؛ سبکدوش ہونا (قرضوں وغیرہ سے) - (٤) شروع کیا ہوا ؛ زوروں سے ؛ زورسے ؛ پوری شدت کے ساتھ ؛ پورا - (٥) رائج ؛ عام ؛ مشہور ؛ دائر ؛ رواج - (٦) حرکت میں ؛ متحرک ؛ چلتاپھرتا ؛ بہتاہوا - (٧) قابل بیع و شری (دستاویز وغیرہ کا) - (٨) متزلزل ؛ مذبذب ؛ بےٹھکانے ؛ ادھر ادھر بہنے والا - (٩) (تجارت و معاشیات) بر آب -

Aflower : (a&adv) [A prep.+ Flower] پھول دار؛ کھلنے والا ؛ کھلتے ہوئے -

Aflutter : (a) [A prep.+ Flutter] گھبراھٹ اور اضطراب میں ؛ پریشانی کے عالم میں -

Afoam : (a) [A prep.+ foam] جھاگ دار؛ کف دار ؛ جھاگ کی حالت میں ؛ کف کی صورت میں -

Afond : (a) بے برگ -

Afoot : (a & adv) [A prep.+ Foot] (۱) پیدل ؛ پاؤں پاؤں ؛ پاپیادہ - (۲) چلتا ہوا ؛ حرکت میں - (۳) (کام میں، عمل میں) جاری ؛ چلتا ؛ چالو -

To set afoot : حرکت میں ڈالنا ؛ متحرک کرنا ؛ کام میں ڈالنا -

Afore : (adv/prep/conj) [oE.onforan] (۱) (جہازرانی) سامنے ؛ آگے ؛ پیش ؛ پیش جہاز - (۲) (متروک) قبل ؛ پیشتر ؛ پہلے ؛ اگلے زمانوں میں - (۳) پہلے - (٤) بالافزوں (درجہ میں) - (٥) جلد تر -

Afore-hand : (adv)[Afore - prep.+ Hand] قبلاً ؛ توقع میں -

Afore-said : (a) (تاریخ و سیاسیات و انتظامیہ) مذکورہ -

Afore-thought : (a&n) [Afore adv+thought] (۱) سوچا سمجھا ؛ پیش اندیشیدہ ؛ قبل سے سوچا ہوا - (۲) پیش اندیشی -

Afore-time : (adv) [AFORE adv.+ time] قبل از وقت ؛ قبلاً ؛ سابقاً ؛ پیش تر -

Afortiori : (a) [L.] (۱) زیادہ مدلل ؛ زیادہ وثوق کے ساتھ ؛ حتماً (۲) (فلسفہ ونفسیات) توثیق مزید ؛ بطریق اولی -

Afraid : (a) [pa. pple. of afray] خوفزدہ ؛ ڈرا ہوا ؛ دھشت زدہ ؛ خائف -

Afreet /-it /-ite : (n) [Arab] عفریت -

Afresh : (adv) تازہ بہ تازہ ؛ ازسر نو ؛ دوبارہ ؛ پھر سے ؛ نئے سرے سے -

African : (n & a) [L."africanns"] افریقی -

Africander : (n) جنوبی افریقہ کا ولندیزی باشندہ ؛ ولندیزی نثراد افریقی باشندہ ؛ یوروپی نثراد افریقی ؛ فرنگی نثراد افریقی -

Africander Bond / Bund : (n) افریقی باشندوں کے مفاد کی تحریک جس کا منشا یہ ھے کہ ریاستھائے متحدہ افریقہ قائم ھو جائیں ؛ تحریک اتحاد افریقہ -

Africanism : (n) افریقیت -

Africanize : (v) افریقی بنانا -

Afrikaans : (n) [Du.] جنوبی افریقہ میں بولی جانیوالی ڈچ (ولندیزی) زبان کی ایک قسم -

Afro-Asian Conference : (تاریخ و سیاسیات) افریشیائی کانفرنس -

Afshar : (n) ایک قسم کا موٹا کمبل -

Aft : (adv) [OE."aftan"] (جہازرانی) دنبالہ جہاز میں ؛ عقبی حصہ میں یا اسکے نزدیک -

After : (adv) [OE."after"] (۱) پیچھے ؛ عقب میں - (۲) پیچھے پیچھے ؛ تعاقب میں - (۳) عقباً ؛ بعداً ؛ پیچھے ؛ بعد میں -

Named after : (کسی کے) نام پر نام رکھنا -

After : [OE.] (۱) بعد کا ؛ پیچھے کا ؛ متعاقب - (۲) (جہاز رانی) عقبی ؛ پچھلا -

After : (prep) (۱) درپے ؛ مانند ؛ مطابق ؛ بہ موافق - (۲) درجہ میں نیچے ؛ دوسرا (برتری کے اعتبار سے) - (۳) پیچھے (وقت یا مقام میں) - (٤) بعد میں -

After : (conj) جب ؛ جس وقت کہ -

After : (n) — Afternoon کا مخفف ؛ سہ پہر ۔

After action : (n) — فعل مابعد ۔

After all : (adv) — بایں ہمہ ؛ بھرحال ؛ بہ سبب سہی ؛ تاہم ؛ آخر کو ؛ پھر بھی ۔

After band : (n) — رھائی کے بعد کا مچلکہ ۔

After-birth : (n) — (۱) مشیمہ ؛ آنول نال ؛ (وہ جھلی جس میں رحم کے اندر جنین ملفوف رھتا ھے ۔ (۲) باپ کے مرنے یا اس کی آخری وصیت کے بعد کی پیدائش ۔ (۳) تاخیر سے پیدا ھونیوالے بچے ۔

After born : (a) — باپ کے مرنے کے بعد یا اس کی آخری وصیت کے بعد پیدا ھونیوالا (لڑکا) ۔

After brain : (n) — پس دماغ ؛ پچھلا بھیجا ۔

After care : (n) — (فلسفہ و نفسیات) بعد کی دیکھ بھال ؛ (طب) احتیاط مابعد ۔

After care home : (n) — (سماجیات) بعد کی دیکھ بھال کا گھر؛ (انتظامیہ) مقام احتیاط ما بعد ۔

After clap : (n) [ME] — ناگہانی واقعہ ؛ کسی واقعہ کے بظاھر خاتمے کے بعد کا ناگہانی واقعہ ۔

After-course : (n) — رات کے کھانے کا آخری دور ؛ آخری دور ۔

After date : (adv) — (تجارت و معاشیات) بعد تاریخ ؛ پس تاریخ ۔

After-dinner : (n) — سہ پہر ۔

After discharge : (n) — پس اخراج ۔

After-catage : (n) — فصل کٹنے کے بعد کی گھاس ۔

After effect : (n) — پس اثر ؛ اثر مابعد ۔

Atèr-game : (n) — پہلی بازی سے بہتر نتیجہ حاصل کرنے کے لئے دوسری بازی ۔

After-glow : (n) — (۱) شفق ؛ شام ؛ دھندلکا ۔ (۲) پس چمک ۔

After-grass : (n) — وہ گھاس جو پہلی فصل یا کٹائی کے بعد اُگے ۔

After growth : (n) — بعد کی نشو ونما ۔

After guard : (n) — جہاز کے وسطی اور پچھلے عرشے پر تعینات اشخاص جو عقبی بادبان کی دیکھ بھال کرتے ھیں ۔

After-hours : (a) — اوقات کار ختم ھونے کے بعد مشغول ھونے والا ۔

After image : (n) — (۱) پس دیدہ ؛ وہ تصویر جو آنکھ میں کسی چیز کو دیکھنے کے بعد رہ جاتی ھے ؛ (۲) (فلسفہ و نفسیات) شبیہ ما بعد ؛ امثال ما بعد ۔

Negative after image : — (فلسفہ و نفسیات) منفی شبیہ ما بعد ۔

Positive after image : — (فلسفہ و نفسیات) مثبت شبیہ ما بعد ۔

After-knowledge : (n) — واقعہ ھو جانے کے بعد کی اطلاع ۔

After-leech : (n) — بادبان کا پچھلا کنارا ۔

After-life : (n) — زندگی مستقبل ؛ آئندہ زندگی ؛ زندگی کا آخری حصہ ؛ عاقبت ۔

After liver : (n) — پس ماندہ ؛ باقی ماندہ ؛ بچ رھنے والا ۔

After one's own heart : — حسب منشا ؛ حسب مراد ؛ حسب دل خواہ ۔

After-pain : (n) — پس درد ؛ وہ درد جو بعد میں پیدا ھو خصوصاً بچہ کی ولادت کے بعد ؛ درد بعد زہ ۔

After-piece : (n) — کسی ڈراما کے بعد آخری ظریفانہ مزاحیہ نقل ۔

After-reckoning : (n) — پس از حساب ؛ بعد شمار ۔

After-roll : (n) — طوفان کے بعد کی موج کی لہر ۔

After-shaft : (n) — پس ساق ۔

After-supper : (n) — رات کے کھانے اور سونے کا درمیانی وقت ۔

After winter : (n) — جاڑے کا پلٹاؤ ۔

After wise : (a) — عقل جو واقعہ کے بعد آئے ؛ وہ جس کو واقعہ کے بعد عقل آئے ۔

After-wit : (n) — عقل کاھل ؛ عقل جو واقعہ کے بعد آئے ۔

After-wort : (n) بیئر شراب کا دوسرا دور ۔

After wrist : کف دست ؛ پشت دست ؛ انگلیوں اور کلائی کے بیچ کا حصہ ۔

Aftercrop : (n) ایک موسم میں دوسری فصل ؛ فصل دوم ؛ پچھیتی فصل ۔

Afterdamp : (n) دم گھونٹ گیس، یعنی وہ دھواں جو کسی کان میں دھماکہ کے بعد پیدا ہو ؛ پس گیس ۔

Afterings : (n) گائے کو دوھنے میں دودھ کا آخری حصہ ۔

Aftermast : (n) عقبی مستول ۔

Aftermath : (۱) دوسری یا بعد کی کٹائی ؛ گرمی کے آغاز میں کٹائی کے بعد اگنے والی گھاس ۔(۲) (مجازاً) نتیجہ ؛ اثر ۔

Aftermost : (a) [OE.] (۱) عقب ترین ؛ پست ترین ؛ سب سے پچھلا ۔(۲) (جہاز رانی) وہ حصہ جو دنبالے کے سب سے قریب ہو ۔

Afternight : (n) شام ۔

Afternoon : (n) بعد از ظہر ؛ عصر ؛ سہ پہر ۔

Aftersale / service : (n) (تجارت) بعد فروخت خدمت ۔

Aftersensation : (n) (فلسفہ ونفسیات) احساس مابعد ۔

Negative aftersensation : (فلسفہ و نفسیات) منفی احساس مابعد ۔

Positive aftersensation : (فلسفہ و نفسیات) مثبت احساس ما بعد ۔

Aftershine : (n) دیکھو After - glow

Aftershow : (n) باضابطہ تماشا کے بعد سرکس میں پیش کی جانے والی مختصر تفریح ۔

Aftersight : (n) (معاشیات) پس درشنی ؛ دیکھ بھال کر ؛ (تجارت) دیکھنے کے بعد ؛ بعد از نظر ۔

Aftersound : (n) (لسانیات) ما بعد آواز ۔

Aftersum : (n) روپیہ جمع کرنے کے بعد کا زر ثمن ۔

Aftertaste : (n) کھانے کے بعد کا ذائقہ ۔

Afterthought : (n) (۱) پس اندیشی ؛ بعد کا خیال (وہ خیال جو کام ختم کرنے کے بعد آئے) ۔(۲) بعد کی توجیہ ؛ نقطہ بعد از وقوع ؛ فکر بعد ۔

Aftertime : (n) آئندہ ۔

Afterward : (adv) [OE."aftererd"] بعداً ؛ اسکے بعد ؛ اسکے پیچھے ؛ پھر ؛ بعد ۔

Afterwards : (adv) بعد ازاں ؛ بعد کو ۔

Afterwhile : (adv) بعدہ ۔

Afterword : (n) حرف آخر ۔

Afterworld : (n) موت کے بعد کی دنیا ؛ دوسری دنیا ۔

Ag -: سابقہ (-AD کی ایک صورت جو g سے شروع ھونے والے مادوں کے ساتھ استعمال ھوتی ھے) ۔

Aga / Agha : (n) [TURK.] آقا ؛ عثمانی فوج کا سردار۔

Again : (adv) [OE."onzean","onzen"] (۱) پھر ؛ دوبارہ ؛ باز ؛ دوہرا کے ؛ پھر سے ۔(۲) از سرنو ؛ سابق ؛ بہ علاوہ ؛ مکرر ؛ باربار ؛ کئی مرتبہ ۔ (۳) علاوہ بریں ؛ مزید برآں ؛ اسکے علاوہ ؛ نیز ۔(٤) دوسری جانب ؛ دوسری طرف ؛ برخلاف اس کے ۔(٥) بدلے میں ؛ جواب میں ۔(٦) بدلے میں ؛ جواب میں ؛ بطور جواب کے ؛ بطور بازگشت ۔(۷) تناسب سے ؛ نسبت سے ؛ اتنا ھی ؛ مساوی ۔

Time and again : باربار ؛ کئی مرتبہ ؛ علی التواتر ؛ متواتر ۔

As much again : اتنا ھی اور ؛دوگنا؛ دونا ؛ دو چند ؛ المضاعف ۔

Ever and again : کبھی کبھی ؛ گاھے گاھے ۔

Now and again : اکثر ۔

Half as much again : ڈیوڑھا ۔

Again and again : بار بار ؛ متواتر ۔

Against : (prep) [OE."ayen+es+-t"] (۱) برخلاف ؛ بمقابلہ ؛ برضد ؛ خلاف ؛ بر عکس ۔(۲) تقابل میں ؛

مقابلہ میں ؛ تضاد میں ؛ مقابل ؛ مخالف ۔ (۳) قبل از قبل ؛ بطور پیش بندی یا تیاری ۔ (٤) متصل ؛ ملحق ۔ (٥) متصادم ؛ ٹکراتے ہوئے ۔ (٦) مقابل ؛ آمنے سامنے ۔ (۷) بدلے میں ؛ عوض میں ۔

Against all risks : برائے جملہ خطرات ۔

Agalactia : [Gr."agalaktia"] غیر نبثیت ؛ بے شیری ۔

Agalactous : (a) [Gr."a+galact"+-ous] کم شیر ؛ بے شیر ۔

Agalaxy : (n) [Gr."agalaxia=agalactia"] کم شیری ؛ ولادت کے بعد ماں کو دودھ نہ ہونا ؛ بے شیری ۔

Agalmatolite : (n) [Gr."agalma+lithos"] نرم پتھر جس پر آسانی سے کھدائی ہو سکتی ہو ۔

Agama : (n) [Carib] ایک قسم کی چھپکلی ۔

Agamete : (a) [[Gr."agamelos"] (حیوانیات) غیر زواجی ۔

Agami : (n) [Fr."agamy"] اگامی ؛ ایک امریکی پرندہ جو سارس کی طرح ہوتا ہے اور زور سے بولتا ہے ۔

Agamic : (a) [Gr."agamos"] بے جنسہ ؛ بے جنسی (جس میں فعل مباشرت کی صلاحیت نہ ہو) ؛ جنسی اتصال کےبغیر زائیدہ گمزاد ۔

Agamically : (adv) بغیر جنسی اتصال کے جنم لئے ہوئے انداز میں ۔

Agamogenesis : (n) [Gr."agamos+genesis"] جنسی عمل کے بغیر پیدائش ؛ بے جنسی ولادت ؛ غیر زواجی تولید ۔

Agamogenetic : (a) بے جنسی ولادت سے متعلق ؛ غیر زواجی تولید ۔

Agamogenetically : (adv) بے جنسی ولادت کے طور پر ۔

Agamogony : (n) ["agam-+gony"] (حیوانیات) غیر زواجی تولید ؛ غیر زواجی تولد ۔

Agamogynomonoecism : (n) غیر زواج یک صنفیت ۔

Agamohermaphroditism : (n) غیر زواج دو صنفیت ۔

Agamous : (n) [Gr."agamos"] نرلنگی ؛ وہ جانور جس میں نر اور مادہ کی علامت موجود نہ ہو ؛

فاقد آلت جنسی ؛ گمزاد ؛ غیر زوجی ۔

Agamy : (n) [Gr."agamia"] عدم رشتہ ازدواجی یا عدم تسلیم رشتہ ازدواجی ۔

Aganglionic : (a) وہ جس میں اعصابی عقدہ نہ ہو ۔

Aganippe : (n) (۱) فنون لطیفہ کی دیویو ں کیلئے کوہ ہیلیکون کا ایک متبرک چشمہ ۔ (۲) (مجازاً) قوت شعری ؛ طرز شعر ۔

Agape : (n) [Gr.] (۱) عہد محبت ؛ عہد دوستی ؛ جشن عشائے ربانی ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) وہ دعوت جو قدیم عشائے ربانی کے سلسلے میں ہوا کرتی تھی ؛ اگاپے ۔

Agape : (a) [A prep.+GAPE] (۱) کھلا ہوا ؛ چوپٹ ۔ (۲) (مجازاً) بھوچك ؛ ششدر؛ حیران ؛ مبہوت ؛ متعجب ۔

Agaphite : (n) [named after agaphi-a naturalist] فیروزہ کی ایک قسم ۔

Agapornis : (n) [Gr."agape+ornis"] چھوٹی دم والےافریقی طوطے کی ایک قسم ۔

Agar-agar : (n) [Malay] اگر ۔

Agaric : (n) [Gr."agaricon"] کوکرمتا ؛ مغاریقون ؛ سماروغ ؛ سانپ کی چھتری ؛ کھمبی ؛ فطر ۔

Agasp :(a) [A prep.+GAPS] ہانپتے ہوئے ۔

Agastric : (a) [Gr."a+gaster"] بے شکم ؛ بے معدہ ؛ جس میں معدہ نہ ہو ۔

Agate : (n) [L."achates"] (۱) عقیق ؛ نیم شفاف جوہر دار پتھر ؛ (کیمیا) سنگ سلیمانی ؛ عقیق یمنی ؛ یشب ۔ (۲) صیقل کرنے کا ایک آلہ جس کو سونے کے تار کھینچنے والے استعمال کرتے ہیں ؛ تار کشوں کا اوزار جس سے سونے کے تار کو دمکاتے ہیں ۔ (۳) (امریکہ) ایک قسم کا ٹائپ جس کو انگلستان میں Ruby کہتے ہیں ۔

Agate : (adv) [A prep.+Gate] حرکت میں ؛ راہ میں ؛ چلتے ہوئے ؛ روبراہ ۔

Agate shell : (n) گھونگے کی ایک قسم ۔

Agated : (a) عقیق کیطرح نشان بنایا ہوا ۔

Agathism : (n) [Gr."agath-os"+-ism.] (۱) یہ عقیدہ کہ ساری اشیاء مائل بخوبی ہیں ؛ عقیدہ رجائیت سے ممیز ۔ (۲) خیر پرستی ۔

Agatho : واصلہ بمعنی "اچھا" ۔

Agathobiotic : (فلسفہ ونفسیات) حیات صالحہ ۔

Agathodaemon /-demon : (n) [Gr."agathodaemon"] فیض رساں دیوتا ۔

Agathokakological : (a) [Gr."agatho-s+kako-s+logical"] خیر و شر سے مرکب ۔

Agathology : (n) ["agath+logy"] (فلسفہ و نفسیات) نظریہ خیر ۔

Agatiferous : (a) ["Agate + Ferous"] عقیق پیدا کرنیوالا ؛ عقیق رکھنے والا ؛ عقیق زا ۔

Agatiform : (a) ["Agate +1Form"] عقیق کی مانند ؛ عقیق کی شکل کا ۔

Agatine : (a) ["Agate + ine"] عقیق کی مانند ۔

Agatize : (v) عقیق بنانا ؛ عقیق نمابنانا ۔

Agatized : (a) عقیق نما بنایا ہوا ؛ عقیق میں تبدیل کیا ہوا ۔

Agaty : (a) مثل عقیق ؛ مانند عقیق ۔

Agave : (n) [Gr."Agave"] نباتات کی ایک جنس جس میں امریکی ایلوا(Aloe) بھی شامل ہے ۔

Agaze : (a) [A + Gaze] گھورتا ہوا ؛ آنکھیں پھاڑے ہوئے ؛ ٹکٹکی باندھے ہوئے ؛ خیرہ ؛ نگراں ۔

Age : (v) [OF."aage","eage","edage"] بوڑھا کر دینا ؛ بوڑھا ہو جانا ۔

-age : (suffix) لاحقہ مختلف معنوں میں آتا ہے ۔

Age : (n) [OFr.] (۱) عمر ؛ سن ؛ زندگی کی مدت ؛ سن بلوغ ۔ (۲) بڑھاپا ؛ پیری ؛ ضعیفی ؛ عمر کا آخری حصہ ؛ سال خوردگی ؛ کہنگی ؛ کہن سالی ۔ (۳) پیڑھی ؛ پشت ؛ نسل ۔ (٤) (تاریخ و ارضیات) زمانہ ؛ عہد ؛ عصر ؛ دور ؛ صدی ؛ قرن ؛ جگ ۔ (٥) (محاورہ جمع میں) مدت مدید ؛ زمانہ دراز ؛ عرصہ ؛ برسوں ؛ ایک عمر ۔ (٦) بلوغ ؛ سن رشد ۔ (۷) (تاریخ) جگ ۔

Accomplishment age : (فلسفہ و نفسیات) عمر تکمیل ۔

Admission age : (فلسفہ و نفسیات) عمر داخلہ ۔

Admitted age : تسلیم شدہ عمر ۔

Basal age : (فلسفہ و نفسیات) اساسی عمر ۔

Brass age : (تاریخ) پیتل کا دور ۔

Bronze age : (تاریخ) کانسہ کا دور۔

Late Bronze age : (تاریخ) کانسہ کا دورمابعد ۔

Cenozoic / Cainozoic age : (تاریخ) کینوزواک نیا ارضیاتی دور ۔

Chalcolichic age : (تاریخ) پتھر تانبے کا دور ۔

Change of age : (تجارت) تبدیلی عمر ۔

Classical age : (تاریخ) کلاسیکی دور۔

Copper age : (تاریخ) تانبے کا دور ۔

Crude stone age : (تاریخ) ان گھڑ پتھر کا دور ۔

Dark âge : (تاریخ) دور تاریک ۔

Epic age : (تاریخ) رزمیہ دور؛ ایپک دور ۔

Gang age : (سماجیات) گروہی عمر ؛ گروہی سن ۔

Glacial age : (تاریخ) گلیشیائی دور ۔

Golden age : (تاریخ) سنہرا دور ۔

Group age : (سماجیات) جماعتی عمر ۔

Heroic age : (تاریخ) دور شجاعت ؛ ویر جگ ۔

Ice age : (تاریخ) برف کا دور ۔

Iron age : (تاریخ) لوہے کا دور ۔

Mental age :- (M.A) (فلسفہ و نفسیات) ذہنی عمر ۔

Metal age : (تاریخ) دھات کا دور ۔

Middle stone age : (تاریخ) پتھر کا وسطی دور ۔

Modern age : (تاریخ) دور جدید ۔

Moon's age : جتنے دنوں کا چاند ہو ۔

Neolithic age : (تاریخ) پتھر کا نیا دور ۔

Over age : مقررہ عمر سے زائد ۔

Palaeanthropic age : (تاریخ) قدیم انسان کا دور ۔

Palaeozoic age : (تاریخ) ماقبل حیات دور ۔

Physiologic age : فعلیاتی عمر ۔

Pleistocene age : (تاریخ) پلسٹوسین دور ۔

Prehistoric age : (تاریخ) ماقبل تاریخ دور ۔

Protohistoric age : (تاریخ) تاریخ کا اولین دور ۔

School leaving age : (فلسفہ و نفسیات) اسکول چھوڑنے کی عمر ۔

Stone age : (تاریخ) پتھر کا دور ۔

Teenage : (سماجیات) عہد طفلی ؛ بچپن کا دور ۔

Under age : مقررہ عمر سے کم عمر ؛ خرد سال ؛ نابالغ ؛ صغیر ۔

Age and area theory : (لسانیات) نظریہ عصر و علاقہ ۔

Age -area-hypothesis : (لسانیات) مفروضہ عصر و علاقہ ۔

Age class : (n) (سماجیات) عمر طبقہ ۔

Age distribution : (n) (سماجیات) انتشار عمر ۔

Age entry : (n) (انتظامیہ) اندراج عمر ۔

Age for sufferage : (انتظامیہ) عمر رائے دہی ؛ (تاریخ و سیاسیات) ووٹ دینے کی عمر ۔

Age grade : (n) (سماجیات) درجہ عمر ۔

Age grade report : (فلسفہ و نفسیات) رپورٹ بلحاظ عمر ۔

Age grade survey : (فلسفہ و نفسیات) جائزہ بلحاظ عمر ۔

Age limit : (n) (تاریخ و سیاسیات) عمر کی قید ؛ (انتظامیہ) حد عمر ۔

Age norm : (n) (فلسفہ و نفسیات) اوسط کارگزاری بلحاظ عمر ۔

Age of chivalry : (تاریخ) شجاعت کا دور ۔

Age of consent : (سماجیات) رضامندی کی عمر ؛ سن رضامندی ۔

Age of discretion : سن شعور ۔

Age of enlightment : (تاریخ) روشن خیالی کا دور ۔

Age of mammals : (تاریخ) دودھ پلانیوالے حیوانات کا دور ۔

Age of maximum criminality : (سماجیات) انتہائی جرم پسندی کی عمر ۔

Age of pyramids : (تاریخ) اہرام کا دور ۔

Age of reason : (تاریخ) عقلیت کا دور ۔

Age of retirement : (انتظامیہ) ریٹائر ہونے کی عمر ؛ مدت ملازمت ختم ہونے کی عمر ؛ سبکدوش ہونے کی عمر ۔

Age-old : (a) قدیم ؛ پرانا ۔

Age record : (n) (فلسفہ و نفسیات) عمر ریکارڈ ۔

Age scale : (n) (فلسفہ و نفسیات) عمر پیمانہ ۔

Aged : (a) (۱) پیر ؛ سال خوردہ ؛ مسن ؛ معمر ؛ کہن سال ؛ کبیر سن ؛ سن رسیدہ ۔ (۲) محض عمر کی مدت ظاہر کرنے کے لئے جیسے تیرہ برس کا (aged thirteen) ۔

Agedly : (adv) پیرانہ ؛ کہن سالگی سے ۔

Agedness : (n) پیری ؛ سال خوردگی ۔

Ageing : (a) (۱) مائل بہ ضعیفی ؛ مائل بہ پیری ؛ (کیمیا) پرانا ہونا ۔

Agelast : (a) [Gr."agelastos"] وہ جو ھنستا نہ ھو ۔

Ageless : (a) سدا جوان ؛ جواں نما ۔

Agelong : (a) مدت مدید کا ۔

Agen : شعر میں لفظ again کا مختصر تلفظ ۔

Agency : (n) [med. L.agentia facultas agendi] (۱) فعالیت ؛ عاملیت ؛ نمائندگی ؛ وکالت ؛ ماموریت ۔ (۲) وسیلہ ؛ ذریعہ ؛ سبب ؛ واسطہ ؛ توسط ۔ (۳) (معاشیات) آڑھت ؛ منیمی ؛ کارندہ یا گماشتہ ھونا ؛ گماشتگی ؛ پیشکاری ۔ (٤) ایجنسی ؛ کار خانہ ؛ دکان ؛ کارگذاری ؛ آڑھت ۔ (٥) (کامرس) شاخ ۔

Agency and branch cash book : (تجارت و معاشیات) ایجنسی اور شاخ روکڑ بہی ۔

Agency charges : (n) (تجارت و معاشیات) ایجنسی بار ۔

Agency commission : (n) (انتظامیہ) ایجنسی کمیشن ۔

Agency credit journal : (تجارت و معاشیات) ایجنسی جمع روز نامچہ ؛ ایجنسی کریڈٹ جرنل ۔

Agency debit journal : (تجارت و معاشیات) ایجنسی ڈیبٹ جرنل ۔

Agency ledger : (n) (تجارت) ایجنسی کھاتا بہی ۔

Agency tariff : (n) (تجارت) ایجنسی ٹیرف ؛ ایجنسی شرح نامہ ۔

Agenda : (n) [L."agendum"] (۱) جلسے کا کار روائی نامہ ؛ جلسے کا پیش نامہ ؛ یاد داشت نامہ ۔ (۲) (تاریخ، سیاسیات و انتظامیہ) ایجنڈا ؛ (جلسے کا) پیش نامہ ۔

Agenda committee : (n) (تاریخ و سیاسیات) ایجنڈا کمیٹی ۔

Agendum : (n) [L.] ایجنڈا ۔

Agenesic : (a) [f. next+ - ic] جسمانی اعتبار سے غیر مکمل طور پر نشو و نما یافتہ ؛ جسمانی طور سے ناقص نشو ونما سے متعلق ۔

Agenesis : (n) [Gr. "a+genesis"] جسم یا جسم کے کسی حصے کی ناقص نشو ونما ؛ نقص نمو ۔

Agennesis : (n) [Gr."a+gennesis"] مرد کا بانجھپن ؛ مرد کی نازائی یا عقیمی ؛ عنانت ۔

Agent : (n) [L. "agens","agere"] (۱) فعال ؛ عامل ؛ نمائندہ ؛ وسیلہ ؛ واسطہ ؛ ذریعہ ۔ (۲) گماشتہ ؛ وکیل ؛ امین ؛ کارگزار؛ پیشکار ؛ سفیر؛ مامور۔ (۳) منیب ؛ کارندہ ؛ کارکن ؛ قوت عاملہ ۔ (٤) (تاریخ، سیاسیات و کامرس) ایجنٹ ؛ (فلسفہ و نفسیات) فاعل ؛ (معاشیات) ٹھیکیدار ۔

Advertising agent : اشتہاری ایجنٹ ۔

Assembling agent : (تجارت) فراھمی ایجنٹ ۔

Auctioneering agent : (تجارت) نیلامی ایجنٹ ؛ فوجی ایجنٹ ۔

Buying agent : (تجارت) خرید ایجنٹ ؛ خریداری ایجنٹ ۔

Chemical agent : کیمیائی ایجنٹ ۔

Clearing agent : (تجارت) نکاسی ایجنٹ ؛ کلیرنگ ایجنٹ ۔

Commission agent : (تجارت) آڑھتیا ؛ کمیشن ایجنٹ ۔

Consular agent : (تاریخ و سیاسیات) قونصل ایجنٹ ؛ کانسل ایجنٹ ۔

Delcredere agent : (تجارت) ڈیل کریڈر ایجنٹ ۔

Exporting agent : (تجارت) برآمدی ایجنٹ ۔

Fiscal agent : (تجارت) مالیاتی ایجنٹ ۔

Forwarding agent : (تجارت) پیش رسی ایجنٹ ؛ فارورڈنگ ایجنٹ ۔

General agent : (تجارت) عام ایجنٹ ؛ جنرل ایجنٹ ۔

Importing agent : (تجارت) در آمدی ایجنٹ ۔

Insurance agent : (تجارت) بیمہ ایجنٹ ۔

Manufacturer's agent : ایجنٹ برائے صنعت کار ۔

Parttime agent : (تجارت) جز وقتی ایجنٹ ؛ پارٹ ٹائم ایجنٹ ۔

Political agent : سیاسی ایجنٹ ۔

Purchasing agent : خریداری ایجنٹ ۔

Resident agent : (تجارت) مقیم ایجنٹ ۔

Sales agent : (تجارت) بکری ایجنٹ ؛ فروخت ایجنٹ ۔

Sole agent : (تجارت) واحد ایجنٹ ؛ سول ایجنٹ ۔

Special agent : خاص ایجنٹ ۔

Surveying agent : (تجارت) سروے ایجنٹ ؛ جائزہ ایجنٹ ۔

Transfer agent : منتقلی ایجنٹ ۔

Travelling agent : (تجارت) سفری ایجنٹ ۔

Universal agent : (تجارت) عالمگیر ایجنٹ ؛ کل مختار ایجنٹ ۔

Whole-time agent : (تجارت) کل وقتی ایجنٹ ۔

Agent action : (n) (لسانیات) فاعلیت ۔

Agent de change : (n) [Fr.] صراف ۔

Agent-general : (n) ایجنٹ جنرل : ریاستہائے آسٹریلیا اور کناڈا کے بعض صوبوں کی عمل برداری میں ہائی کمشنر کے ماتحت نمائندہ ۔

Assistant Agent General : (تاریخ) اسسٹنٹ ایجنٹ جنرل ۔

Agent noun : (n) (لسانیات) اسم فاعل ۔

Agent provocateur : (n) [Fr.] (تاریخ و سیاسیات) فتنہ پر اکسانے والا ؛ فتنہ انگیز ۔

Agential : (a) [L."agentia"+AL] عامل کا یا ایجنسی کا یا اس سے متعلق ۔

Agential case : (n) (لسانیات) فاعلی حالت ۔

Agentive nominal : (n) (لسانیات) فاعلی رسمیہ ۔

Agent's code NO. (n) (تجارت) ایجنٹ کا خفیہ نمبر ؛ ایجنٹ کا کوڈ نمبر ۔

Agent's confidential report : (تجارت) ایجنٹ کی خفیہ رپورٹ ۔

Agent's jurisdiction : (n) (تجارت) ایجنٹ کا دائرہ کار ۔

Agent's ledger : (n) (تجارت) ایجنٹ کا کھاتا بہی ۔

Agent's manual : (n) (تجارت) ایجنٹ کا دستور العمل ۔

Agents of production : عاملین پیدا وار ۔

Agentship : (n) ایجنسی ۔

Ager : (n) مدو جزر ؛ سمندر کی لہر؛ جوار بھاٹا ۔

Agerasia : (n) [Gr."agerasia"] سداجوانی ۔

Ageratum : (n) [Gr."ageraton"] (۱) (جڑی بوٹی) ایک سدا بہار پھول جس کا علم قدیم لوگوں کو تھا ۔ (۲) (نباتیات) پودوں کی ایک نوع ۔

Ages of culture : تہذیبی ادوار ۔

Ages of population : آبادی کے ادوار ۔

Ageustia : (n) [Gr."ageustia"] قوت ذائقہ کا فقدان ؛ عدم ذائقی ؛ بے ذائقی ۔

Agger : (n) [L.] ٹیلا ؛ فراز ؛ کسی لشکر کی مورچہ بندی ؛ لشکر پناہ ۔

Aggerate : (v) [L."aggerat-","aggerere"] انبار لگانا ؛ ڈھیر لگانا ۔

Aggeration : (n) [L."aggerationem"] (۱) انبار؛ ڈھیر ۔ (۲) پشتہ ۔

Aggie : (n) [alter of "agate"] انٹا (گولی کا) کنچا ۔

Aggie : (n) زراعتی اسکول یا کالج کا طالب علم ۔

Agglomerate : (v) [L."agglomerat-","agglomerare"] اکٹھا کرنا ؛ یکجا کرنا ؛ ڈھیر ہو جانا یا بن جانا ؛ مجتمع ہونا ؛ اکٹھا ہونا ۔

Agglomerate : (a&n) [L."agglomeratus"] (۱) ڈھیری ؛ ڈھیر ؛ ڈلا۔ (۲) حر بستہ، حرارت + بستہ یعنی آتش فشاں اجزاء جو گرمی سے مل گئے ہوں ۔ (۳) بھونڈے طریقہ سے ایک ساتھ پھینکی ہوئی چیزوں کا ڈھیر ۔ (٤) (نباتیات) باہم پیوستہ؛ اجتماعی ۔

Agglomerated : (n) گیند کی شکل میں ڈھیر لگایا ہوا ؛ ڈھیلے طور سے انبار کیا ہوا ۔

Agglomerating : (a) سخت تودے کی شکل میں جمع کیا ہوا ۔

Agglomerating language : (n) (لسانیات) شمولی زبان ؛ دیکھو Incorporating language

Agglomeration : (n) ڈھیر ؛ اجتماع ؛ تراکم ؛ انبار ۔

Agglomerative : (a) جمع ہونیکی صلاحیت رکھنے والا ؛ متراکم ۔

Agglutinant : (a) [L."agglutinantem"] چسپاں کرنیوالا ؛ باہم جوڑنے والا ۔

Agglutinant : (n) چپکنے والا مادہ ؛ ملزق ۔

Agglutinate : (v) [L."agglutinatus","agglutinare"] (۱) چپکانا ؛ جوڑنا (جیسے گوند سے) ۔ (۲) مرکب کرنا ؛ ترکیب دینا (الفاظ کا) ۔ (۳) گوند بننا/بنانا ۔

Agglutinate : (a) [L.] (۱) چسپیدہ ؛ چپکایا ہوا ۔ (۲) مرکب حقیقی ؛ مرکب امتزاجی جس کے اجزا نہ تو شکل میں تبدیل ہوں نہ معنوں میں جیسے تیز رو، زود رنج وغیرہ ۔ (۳) ملزوق ۔

Agglutinate : (n) کسی مادہ کا مجموعہ جو ایک دوسرے سے چپک گیا ہو ۔

Agglutinated : (a) مرکب ؛ چسپیدہ ؛ چپکایا ہوا ۔

Agglutinating : (a) چپکانیوالا ؛ (لسانیات) امتزاجی ؛ ترکیبی ۔

Agglutinating prefix : (n) (لسانیات) امتزاجی سابقہ ۔

Agglutinating suffix : (n) (لسانیات) امتزاجی لاحقہ ۔

Agglutination : (n) [L."agglutinationem"] (۱) چیپ ؛ چپکاؤ ؛ چسپیدگی ؛ لیس ؛ الزاق ۔ (۲) مرکب امتزاجی بنانا ۔ (۳) تودہ ؛ گروہ یا جماعت ؛ چسپیدہ ۔ (٤) (لسانیات) امتزاجیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) آمیزش ۔

Agglutinative : (a) [L.] چیپ دار؛ لسلسا؛ لیس دار؛ چپچپا ۔

Agglutinative language : (n) (لسانیات) امتزاجی زبان ۔

Aggration : (n) [aggrade+ation] (۱) (تعمیرات و تاریخ) پرت بندی ؛ تہ بندی ۔ (۲) (ارضیات) طبق بندی ۔

Aggrandizable : (n) قابل توسیع ؛ قابل افزائش ۔

Aggrandize : (v) [Fr."agrandiss","agrandir"] (۱) بڑھانا ؛ ترقی دینا ؛ زیادہ کرنا ؛ وسیع کرنا (کسی شخص یا حکومت کی طاقت، مرتبہ یا دولت وغیرہ) ۔ (۲) مبالغہ کرنا ؛ حاشیہ چڑھانا ؛ چمکانا ؛ چڑھانا ۔ (۳) (تاریخ و سیاسیات) توسیع اقتدارکرنا ۔

Aggrandizement : (n) [Fr."agrandissement"] زیادتی ؛ ترقی ؛ اضافہ ؛ توسیع ؛ افزائش ؛ بزرگی ؛ (تاریخ و سیاسیات) توسیع اقتدار ۔

Aggrandizer : (n) (۱) بڑھانیوالا ؛ توسیع کرنیوالا ؛ مبالغہ کرنیوالا ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) توسیع اقتدار کر نے والا ۔

Aggravate : (v) [L."aggravatus","aggrarare"] (۱) (معاملہ) زیادہ خراب یا بدتر کر دینا ؛ زیادہ سنگین یا سخت بنانا ؛ بڑھانا ؛ (کسی بار یا جرم وغیرہ کو) شدید تر کرنا۔ (۲) (بول چال میں) (کسی شخص کو) زچ کرنا ؛ قافیہ تنگ کر دینا ۔ (۳) خشمگیں کرنا ؛ غصہ دلانا ۔

Aggravated : (a) سنگین بنایا ہوا ؛ گراں بار ۔

Aggravating : (a) متشدد؛ معاملہ کو بدتر بنانے والا ۔

Aggravatingly : (adv) معاملہ کو بدتر بناتے ہوئے ؛ حالات کو سنگین بناتے ہوئے ۔

Aggravation : (n) (۱) تشدّد ؛ شدّت ؛ زیادتی ؛ اضافہ ۔ (۲) کلیسائی زجرو توبیخ ۔ (۳) وہ بیرونی حالت جس سے قصور، مصیبت، آفت یا جرم میں شدت پیدا ہو جاتی ہے ۔ (٤) ہیجان ؛ تہیج ۔ (٥) (تاریخ وسیاسیات) سنگین بنانا ۔

Aggravation of risk : (تجارت) تشدید خطر ۔

Aggravative : (a) بدتر کرنے کی صفت رکھنے والا ؛ شدید کرنے کی صفت رکھنے والا ۔

Aggravator : (n) بدتر کرنیوالا ؛ شدید کرنیوالا ؛ بڑھانے والا ۔

Aggregate : (n) [L."aggregatus","aggregare"] (۱) مجتمع ؛ اکٹھا ۔

(۲) (طبیعیات) مجموعہ ؛ اجتماع ۔
(۳) مجموعی ؛ جملہ ؛ کل میزان ۔
(٤) (قانون) شرکت اجتماعیہ جو ایسے افراد پر مشتمل ہو جو باہم مشارکت کر رہے ہوں ؛ بہت سی اکائیوں کا اجتماع ۔
(٥) (حیوانیات) متفرق جانوروں کا ایک ہیئت میں اجتماع ۔ (٦) (نباتیات) جس میں ایسے گلچے شامل ہوں جو ایک مشترک خول (غلاف) میں مجتمع ہوں ؛ باہم پیوستہ ۔ (۷) (ارضیات) کسی چٹان میں متفرق معدنیات کا اجتماع ۔
(۸) (طبیعیات) ہم جنس ذرات کا تودہ ۔
(۹) (معماریت) چونے میں ملا ہوا مسالہ جس سے کنکریٹ بنے ۔

In the aggregate : اکٹھا ؛ سب ملا کر ؛ جملہ ؛ بالجملہ ؛ بحیثیت مجموعی ؛ من حیث الکل ۔

Self-renewing aggregate : (شماریات) خود تجدیدی میزان ۔

Aggregate : (v) (۱) میزان لگانا ؛ جمع کرنا ؛ جوڑنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ ملانا ۔ (۲) اکٹھا ہونا ؛ ڈھیر ہونا ؛ مجتمع ہونا ۔ (۳) ایک جماعت میں متحد کرنا ۔ (٤) رکن بنانا ۔

Aggregate contractual liability : (تجارت و معاشیات) جملہ معاہدہ جاتی ذمہ داری ۔

Aggregate indemnity : (n) (تجارت و معاشیات) جملہ تلافی ۔

Aggregate index number : (n) (تجارت و معاشیات) مجموعی اشاریہ ۔

Aggregate limit : (n) (تجارت) من جملہ حد ؛ کل حد ۔

Aggregate mortality table : (تجارت و معاشیات) جملہ اموات ٹیبل ۔

Aggregate operations liability : (تجارت و معاشیات) جملہ کاروباری ذمہ داری ۔

Aggregate protective liability : (تجارت و معاشیات) جملہ حفاظتی ذمہ داری ۔

Aggregated : جمع ۔ اکٹھا ۔

Aggregated shipment : (n) (تجارت) مجموعی جہاز لدان ۔

Aggregation : (n) (۱) جمع ؛ اجتماع ؛ جملہ ؛ ڈھیر ۔ (۲) کل ؛ تودہ (مادوں یا چیزوں کے اجتماع سے بنا ہوا) ۔
(۳) (نباتیات) بہم پیوستگی ؛ اجتماع ۔

Aggregatiue : (a) [L."aggregate","aggregare"] (۱) مائل بہ اجتماع ؛ اجتماع سے متعلق ؛ اجتماعی ۔ (۲) صحبت پسند ؛ اجتماع پسند ؛ غول پسند ۔

Aggregative index : (n) (شماریات) اشاریہ مجموعی ۔

Aggregative model : (n) (شماریات) مجموعی ساخت ۔

Aggregato- : جزترکیبی بمعنی اجتماعی طور پر ۔

Aggregator : (n) جمع کرنیوالا ؛ اکٹھا کرنیوالا ؛ جمع ہونے والا ۔

Aggress : (v) [L."aggressare"] حملہ کرنا ؛ جنگ یا پرخاش شروع کرنا ؛ چھیڑ کرنا ؛ پہل کرنا ؛ ابتدا کرنا (جھگڑے کی) ۔

Aggressing : (n & a) حملہ کی ابتداکرنا یا کرنیوالا ۔

Aggression : (n) [L."aggressionem"] (۱) حملہ ؛ تشدد ؛ دراز دستی ؛ بنیاد جنگ ؛ چڑھائی ؛ آغاز جنگ (اشتعال کے بغیر) ۔ (۲) بغیر اشتعال کے حملہ کی تیاری ۔ (۳) (فلسفہ و نفسیات) جارحانہ کار روائی ؛ جارحیت ۔

Aggressive : (a) حملہ آور ؛ جنگجو ؛ ناگوار ؛ بدتمیزی کا ؛ جارحانہ ؛ حملہ آورانہ ؛ جنگجویانہ ؛ آمادہ پیکار ؛ لڑائی پر تلا ہوا ؛ دست انداز ۔

To aussume the aggressive : لڑائی شروع کرنا ؛ پہل کرنا ؛ ابتدا کرنا ۔

Aggressive mob : (n) (سماجیات) جارح مجمع ۔

Aggressive war : (n) (تاریخ و سیاسیات) جارحانہ جنگ ۔

Aggressively : (adv) جارحانہ طورپر ؛ حملہ آورانہ اندازسے ۔

Aggressiveness : (n) حملہ آوری ؛ جارحانہ کار روائی ؛ جنگ جوئی ؛ دست درازی ؛ (فلسفہ و نفسیات) جارحیت ۔

Aggressor : (n) حملے کی ابتدا کرنیوالا ؛ چڑھائی کرنیوالا ؛ لڑائی پر آمادہ ہونیوالا ؛ جارح ؛ حملہ آور ۔

Aggrievance : (n) ظلم ؛ تعدّی ۔

Aggrieve : (v) [L."aggravare"] رنج دینا ؛ تکلیف دینا ؛ دق کرنا ؛ ستانا ؛ ظلم کرنا ؛ دکھ دینا ؛ اذیت دینا ؛ آزردہ کرنا ۔

Aggrieved : (a) (۱) آزردہ ؛ غم دیدہ ؛ مغموم ؛ رنج رسیدہ ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) دکھی ؛ شاکی ۔ (انتظامیہ) غیر مطمئن ؛ ناراض ؛ رنجیدہ ؛ ستایا ہوا ؛ مظلوم ۔

Aggrievedly : (adv) ناراض ہو کر ؛ مظلومانہ طور پر ؛ آزردہ ہو کر ؛ دکھی ہو کر ۔

Aggrievedness : (n) ستم زدگی ؛ غمگینی ؛ آزردگی ۔

Aggrievement : (v) رنج پہنچانا ؛ تکلیف دینا ۔

Aggroup : (v) [Fr. "aggrouper", f.phr. "agroupe"] جمع کرنا ؛ گروہ بنانا ؛ دستہ بندی کرنا ؛ گروہ بندی کرنا ؛ جماعت بنانا ۔

Aggrouped : (a) مجتمع گروہ بند ۔

Aggroupment : (n) دستہ بندی ؛ گروہ بندی ؛ جماعت بندی ۔

Aggry / Aggri : (n) ایک قسم کے شیشے کی گولیوں کا نام ۔

Aghast : (a) سہما ہوا ؛ خوفزدہ ؛ دہشت زدہ ؛ خائف ؛ ہیبت زدہ ؛ وحشت زدہ ؛ ششدر ؛ حیران ؛ بھونچکا ؛ مبہوت ؛ ہکا بکا ؛ مات ۔

Aghastness : (n) خوف زدگی ؛ سہم ؛ دہشت زدگی ؛ حیرانی ؛ بھونچکا پن ؛ ہیبت زدگی ۔

Agile : (a) [L. "agilis"] پھرتیلا ؛ مستعد ؛ چست ؛ بجلی ۔

Agilely : (adv) پھرتی سے ؛ مستعدی سے ۔

Agility : (n) [L. "agilitatem"] پھرتی ؛ مستعدی ؛ چستی ؛ تیزی ۔

Agio : (n) [It.] (۱) بٹاؤن ؛ بٹّا ؛ بھنوائی ؛ بدلوائی ؛ حق صرافی ؛ وہ رقم جو (بحساب فیصد) زرکافذی کو سکوں میں یا کسی زر کو دوسرے اعلا زر میں بدلوانے کے لئے زائد دینا پڑے ؛ فرق قیمت (جو ایک زر اور دوسرے زر میں پایا جائے) ؛ کٹوتی ۔ (۲) مبادلہ کا کارو بار؛ صرافی ؛ صرافہ ۔

Agiotage : (n) [Fr."agiotage"] صرافی ؛ مبادلہ کا کام ؛ بیوپار ؛ سٹّا (ہنڈیوں میں اور حصوں کے خرید و فرو خت میں) ؛ دلالی ۔

Agiotheory of interest : نظریہ معاوضہ وقت ۔

Agist : (v) [OFr. "agister", L. "jacitare"] (۱) چرانا ؛ کھلانا ؛ (مویشی وغیرہ کا) ۔ (۲) زمین یا اس کے مالک پر محصول لگانا ؛ رقم عائد کرنا ؛ پابندی عائد کرنا ۔ (۳) گھرائی لینا ۔

Agisted : (a) گھرائی لیا ہوا ؛ چرائی لیا ہوا ؛ محصول لگایا ہوا ۔

Agisting : (a & n) چرائی لینا ؛ گھرائی لینا ۔

Agisting : (n) چرائی لینے والا ؛ گھرائی لینے والا ۔

Agistment : (n) گھرائی ؛ چرائی ۔

Agistor :- (n) (۱) چرائی یا گھرائی لینے والا ۔ (۲) جنگلات کا وہ سرکاری افسر جو مویشی کو چرائی اور گھرائی پر لے اور آمدنی کا حساب دے ۔

Agitate : (v) [L."aagitat-","aagitare"] (۱) ہلانا ؛ محرک کرنا ؛ حرکت میں لانا ؛ ہلورنا ۔ (۲) بے چین کرنا ؛ ہیجان پیدا کرنا ؛ ہلچل ڈال دینا ؛ مشتعل کر دینا ؛ اکسانا (لوگوں کو یا جذبات کو) ۔ (۳) سوچنا ؛ ٹولانا ؛ (دل یا خیال میں) ہر پہلو سے غور کرنا ؛ بحث کرنا ؛ بچار کرنا ۔ (٤) جدو جہد کرنا ؛ ہلچل جاری کرنا ۔ (٥) (سماجیات) ہنگامہ کرنا ؛ آواز اٹھانا ۔

Agitated : (a) متحرک ؛ مشتعل ؛ بحث کیا ہوا ؛ ہر پہلو سے غور کیا ہوا ۔

Agitated melancholia : (n) اضطرابی مالی خولیا ۔

Agitating : (n&a) اکسانا ؛ ابھارنا ؛ ابھارنے والا ؛ متحرک کرنےوالا ؛ مشتعل کرنے والا ؛ اشتعال دلانے والا ۔

Agitation : (n) [L."agitationem"] (۱) حرکت ؛ ہلنا ؛ جنبش ۔ (۲) گھبراہٹ ؛ ہلچل ؛ پریشانی ؛ اضطراب ۔ (۳) سوچ بچار ؛ ادھیڑبن ؛ بحث و مباحثہ ۔ (٤) تحریک ؛ ہلچل یا شورش جاری رکھنا ؛ اندولن ؛ کھلبلی ۔ (٥) شورش ؛ کھلبلی ؛ ہیجان ؛ جوش و خروش ؛ آشفتگی ۔ (٦) (فلسفہ و نفسیات) اضطراب احتجاج ؛ (سیاسیات) ایجی ٹیشن ۔

Agitational : (a) ہیجان انگیز ؛ شورش انگیز ؛ شورش سے متعلق ۔

Agitato : (adv) [It.] (موسیقی) گھبراھٹ سے ؛ اضطراب

کے ساتھ ۔

Agitator : (n) [L.] (۱) شورش (خاص کر سیاسی) ؛ زور شور سے تحریک کرنیوالا ؛ هلچل ڈالنے والا ۔ (۲) هلانے ، ڈلانے یا پھینٹنے کا آله ۔ (۳) (سماجیات) هنگامه کرنے والا ۔ (٥) (کیمیا) هلوانی ۔

Agitatorial : (a) شورش ۔

Agit prop : (n) [Russian"agilarsiya-prepatamal"] اشتراکیت کی طرفداری میں پروپیگنڈا اور شورش ۔

Aglare : (a) [A prep. + GLARE] روشنی میں ۔

Agleam : (a) [A prep+GLEAM] چمکتے هوئے ؛ درخشاں طورپر ۔

Aglet / Aiglet : (n) [Fr. "aignillete" L. "acucula"] (۱) بونڈی یا گھنڈی کسی دھات کے فیتے یا ڈوری کے سرے پر ۔ (۲) ستارہ، ٹکلی وغیرہ جسے زیبائش کے لئے لباس میں لگاتے هیں ۔ (۳) وردی کا پھندنا ؛ گچھا جو بعض وردیوں میں شانے سے لٹکتا رهتا هے اور دھات سے بنا هوتا هے ۔

Aglet babie : (n) گڑیا جو پھندنوں سے آراسته هو ۔

Agley : (adv) [A +gley] امید ، آرزو یا منصوبه کے خلاف ؛ غلط یا ناکام هو کر ۔

Aglimmer : (a) [A prep.+ GLIMMER] جھلملاتے هوئے ۔

Aglitter : (a) [A prep. + GLITTER] دمکتے هوئے ۔

Aglossal : (a) [Gr."agloss-os"+-AL] (حیوانیات) بے زبان ؛ بے لسان ۔

Aglow : (a) [A prep.+ GLOW] تابانی کے ساتھ ؛ چمکتے هوئے ؛ تب و تاب کے ساتھ ؛ تاباں ۔

Aglutition : (n) [A pre. + L."glutitionem"] نگلنے کی صلاحیت کا نه هونا ۔

Agminate : (a) [L."agmen"] انبوہ ؛ جمع شدہ ؛ جمع کیا هوا ۔

Agnail : (n) [OE "angnaezl"] نتا (ناخن کی جڑ کے پاس مهین کھال کا ٹکڑا جو الگ هو جاتا هے مگر جس کا ایك سرا لگا رهتا هے) ؛ داچس ؛ عقربك ؛ کثر دمك ؛ درد ناخن ؛ ریشه ناخن ۔

Alpha : (n) [Gr."alpha"] (۱) عبرانی حروف تہجی کا پہلا حرف ؛ الف (یونانی حروف تہجی میں) ۔ (۲) مجموعہ نجوم کا خاص ستارہ ۔ (۳) (علم کیمیا) کسی مرکب کے متساوی التناسب اعتدال کے کسی سلسلہ کی ابتدا ۔ (٤) (مجازًا) آغاز ؛ ابتدا ۔ (٥) اعدادی ترتیب کا پہلا عدد ۔ (٦) تین ریڈیائی شعاعوں میں سے پہلی شعاع ۔

Alpha and omega : (n) آغازو انجام ؛ اول و آخر ۔

Alpha centauri : (n) (فلکیات) کوکبہ کا سب سے روشن ستارہ ؛ نیّر ؛ جیسے الف قنطوروس ؛ نیر قنطورس ۔

Alpha charge : (n) (کیمیا) ایلفا چارج ۔

Alpha decay : (n) (طبیعیات) ایلفا زوال ۔

Alpha disintegration : (n) (کیمیا) ایلفا انتشار ۔

Alpha particle : (n) (کیمیا و طبیعیات) ایلفا زرہ ۔

Alpha ray : (n) (کیمیا) ایلفا شعاع ۔

Alpha rays / a-rays : (n) وہ ایلفا شعاع جو تیز حرکت میں ھو ۔

Alphabet : (n) [Gr."Alpha","Beta"] (۱) حروف تہجی ؛ ابجد ؛ الف بے ۔ (۲) اولیات ؛ مبادیات ۔

Alphabetarian : (n) مبتدی ۔

Alphabetic : (a) حروف تہجی کا ؛ ابجدی ۔

Alphabetic dictionary : (n) (لسانیات) ابجدی لغت ۔

Alphabetic classified catalogue : ابجدی موضوعی کیٹیلاگ ۔

Alphabetic sound : (n) (لسانیات) ابجدی آواز ۔

Alphabetic subject index : ابجدی مضمون وار اشاریہ ۔

Alphabetic writing : (n) (لسانیات) ابجدی تحریر ۔

Alphabetical : (a) ترتیب الف بائی ؛ ابجدی ؛ ردیفی ۔

Alphabetical sentences : (n) (تجارت و معاشیات) بالترتیب تہجی جملے ۔

Alphabetically : (adv) حروف ابجد کے طریقہ پر ؛ بترتیب حروف تہجی ؛ ردیف وار ۔

Alphabetics : (n) آوازوں کو بذریعہ حروف ظاہر کرنے کا علم ۔

Alphabetism : (n) (۱) حروف تہجی کے ذریعہ بولی کی آواز کا بطور علامت اظہار ۔ (۲) حروف تہجی کے بعض حرفوں کا دستخط وغیرہ کی حیثیت سے استعمال ۔

Alphabetize : (n) (۱) حروف تہجی کے ذریعہ ظاہر کرنا ؛ تحریر میں لانا ۔ (۲) الفبا کی ترتیب میں رکھنا ؛ ردیف وار رکھنا ۔

Alphabets : (n) (لسانیات) حروف ھجا؛ حروفِ تہجی ۔

Alphenic : (n) [Arab al + pers. fanid, refined sugar] دانہ دار مصری یا شکر ۔

Alphitomancy : (n) [Gr."alphitomantis"] (تاریخ و سیاسیات) جو کے دانوں سے پیشین گوئی ۔

Alphitomorphous : (a) [Gr."alphiton+morphe"+-ous] شکل میں جو کے آٹا کی طرح ؛ آرد جو کے مشابہ (بعض سماروغ کے متعلق بولا جاتا ھے) جو خوردبین سے دیکھا جاتا ھے ۔

Alphonsin : (n) [Alphonsus, Ferrier of Naples] جسم سے گولی نکالنے کا ایک آلہ جس میں تین لچك دار شاخیں ھوتی ھیں ۔

Alphonsine : (n) Castile کے بادشاہ الفنسائن کا ؛ اس کی ایجاد کردہ تقویم کو کہا جاتا ھے ۔

Alphorn : (n) (تاریخ و سیاسیات) ایلپ ھورن ؛ ایک قسم کا بارہ سنگھا ۔

Alphos : (n) [Gr."alphos"] برص ؛ پیسی ؛ جلد کا سفید داغ ۔

Alpine : (a) [L."alpinus"] آلپ پہاڑ کے متعلق ؛ آلپی ؛ بلند ۔

Alpinist : (n) آلپ پیما ؛ آلپ پر چڑھنے والا ؛ آلپ سیر ۔

Alpist : (n) [Fr."alpiste"] Canary گھاس کا بیج ۔

Alquifou : (n) [Cat. alcofol ALCOHOL] خام سیسہ ، جو توڑنے پر سنگ سرمہ کے مشابہ ھوتا ھے اور جسے کمھار سبز روغنی رنگ کیلئے استعمال کرتے ھیں ۔

Already : (adv) [ALL adv+READY] (۱) پہلے سے ؛ قبل سے ۔ (۲) ابتك ؛ اس وقت تك ۔

Alright : (a or adv) All right کی ایک شکل جو اکثر مستعمل ھے ۔

Alsatia : (n) [L."El-sass"] صوبہ الساس جو فرانس اور جرمنی کے درمیان جھگڑے کا علاقہ رھا ھے ۔ (۲) مجرموں کی پناہ گاہ (لندن کی ایک خانقاہ جہاں پہنچ کر مجرم قانون کےگرفت سے محفوظ ھو جاتا ھے) ۔

Alsatian : (a) (۱) الساسی ۔ (۲) ایک قرض دار یا مجرم جو پناہ گاہ میں ھو ۔

Alsike : (n) [Alsike in Sweden] ایک قسم کی تین پتیا گھاس ۔

Alsinaceous / Chickweed (a) [Gr. "alsine"+ - ACEOUS] ایک قسم کا باریك پتیوں کا کم بڑھنے والا پودا ۔

Also : (adv) [ALL adv + So (OE. all+sw] بھی ؛ نیز ؛ ھم ؛ اور ؛ علاوہ ؛ مزید ۔

Also-ran : (n) (گھوڑدوڑ میں) پہلے، دوسرے اور تیسرے نمبر پر آنے والے گھوڑوں کےعلاوہ تمام گھوڑے ۔

Alstonite : (n) [f. Alston in Cumber land] ایک قسم کا پتھر ۔

Alt : (n) [L."altum"] (۱) اونچا سر ؛ پنچم سے اوپر کا سر ۔ (۲) (مجازاً) امنگ میں ۔

Altaian / Altaic : (a) [f. Altai] کوھستان الطائی کے آس پاس والا ۔

Altaite : (n) [f. Altai, (mountains in Asla) + - ITE] معدنیات کی ایک اصطلاح ۔

Altaltissimo : (n) [It.] بلند ترین چوٹی ۔

Altar : (n) [L."altare", f."altus"] (۱) (تاریخ و سیاسیات) قربان گاہ ۔ (۲) عشائے ربانی کی میز ؛ مائدہ مقدسہ ۔ (۳) عبادت کا ایک مقدس مقام ۔ (٤) مجموعہ ستارگان بنام Ara ۔

High altar : کسی گرجا یا کلیسا کا اعلی عہدہ دار ۔

To lead a bride to the altar : شادی بیاہ کی رسم ادا کرنا ؛ شادی کرنا ؛ بیاہ کرنا ۔

Altar bread : (n) عشائے ربانی کی میز کی روٹی ؛ قربانی روٹی ۔

Altar cloth : (n) (۱) قربان گاہ کا کپڑا ؛ قربان گاہ پوش ۔ (۲) ایک ریشمی کپڑا جو عشائے ربانی یا عبادت کے وقت استعمال کیا جاتا ھے ۔

Altar fire : (n) قربان گاہ کی آگ ؛ (مجازاً) مذھبی مراسم ۔

Altar front : (n) قربان گاہ کے سامنے کا چوکھٹا یا لٹکا ہوا کپڑا ۔

Altar frontal /Altar facing : (n) قربان گاہ کے سامنے کا چوکھٹا یا لٹکا ہوا ریشمی کپڑا ۔

Altar mound : (n) چبوترے پر بنا ہوا ٹیلا جس پر قربانیاں دیتے تھے ؛ قربانی کا ٹیلا ۔

Altar piece : (n) منقش پردہ یا مجسمہ جو قربان گاہ کے پیچھے یا اوپر ہو ۔

Altar plate : (n) عشائے ربانی کا قاب ۔

Altar pyx : (n) (کلیسائے رومی میں) وہ برتن جس میں عشائے ربانی کی متبرک روٹی رکھی جاتی ہے ۔

Altar rails : (n) وہ کٹہرے جو قربان گاہ کو محصور کرتے ہیں ۔

Altar screen : (n) قربان گاہ کے پیچھے کا پردہ ۔

Altar slab : (n) (تاریخ) پتھر جس پر رکھ کر قربانی کی جاتی ہے ۔

Altar stead : (n) (تاریخ) قربانی کی جگہ ۔

Altar stone : (n) (تاریخ) قربانی کا پتھر ؛ وہ پتھر جو قربان گاہ کے سرے پر ہو ۔

Altar tomb : (n) (تاریخ) قربان گاہ کا مقبرہ ؛ قربانی مقبرہ ؛ قربان گاہ کی مانند ایک اونچا مقبرہ ۔

Altar way /Altar wise : (adv) مثال قربان گاہ ۔

Altarage : (n) (۱) قربان گاہ پر چڑھاوے کی آمدنی ۔ (۲) قربان گاہ کو برقرار رکھنے کا سرمایہ ۔

Altared : (a) قربان گاہ سے آراستہ یا قربان گاہ بنایا ہوا ۔

Altarist : (n) کلیسا کا ایک پادری جو یہ دیکھتا ہے کہ قربان گاہ پر عبادت کرنے کےلئے کن کن چیزوں کی ضرورت ہے ۔

Altarlet : (n) چھوٹی قربان گاہ ۔

Altazimuth : (n) [ALT (ITUDE)+AZIMUTH] آلہ سخت و ارتفاع ؛ وہ آلہ جس سے اجرام فلکی کی سمت اور ارتفاع معلوم کرتے ہیں ۔

Alter : (v) [med. L."alterare", f."alter"] تبدیل کرنا ؛ بدلنا ؛ متغیر ہونا ؛ پلٹنا ؛ تبدیل ہونا ؛ ترمیم کرنا ۔

Alter ego : (n) [L.] (۱) ہم زاد ؛ جانی دوست ؛ ایک جان دو قالب ۔

Alter egoism : (n) تبادلی انانیت ۔

Alterability : (n) تغیر پذیری ؛ بدلنے کی صلاحیت ۔

Alterable : (a) [L.] قابل تغیر ؛ قابل تبدیل ؛ تغیر پذیر ۔

Alterableness : (n) تغیر پذیری کی کیفیت ۔

Alterably : (adv) تغیر پذیری سے ؛ تبدیلی سے ۔

Alterant : (n) & (a) [Fr."alterant"] تغیر پیدا کرنے والا ؛ تبدیلی پیدا کرنے والا ۔

Alteration : (n) [L."alterationem"] (تجارت و معاشیات) تبدیلی ؛ (تاریخ و سیاسیات) ردو بدل ؛ تغیر ؛ تبدل ؛ (انتظامیہ) تبدیلی ؛ اصلاح (حیوانیات) ؛ ترمیم (کامرس) ؛ (فلسفہ و نفسیات) تبدیلی ؛ (لسانیات) تغیر ۔

Material alteration : (تجارت) نمایاں تبدیلی ۔

Alteration in policy : (تجارت) پالیسی میں تبدیلی ۔

Alteration of meaning : (لسانیات) تغیر معنی ۔

Alterative : (a) [L. "alterat-", "alterare"] (۱) مائل بہ تبدیلی ؛ راجع بہ تغیر ؛ تبدیل جو ۔ (۲) محلل ؛ محلل دوا ، علاج ؛ منضج ۔

Altercate : (v) [L."altercat-","atercavi"] جھگڑا کرنا ؛ مباحثہ کرنا ؛ نزاع کرنا ؛ سب و شتم کرنا ؛ بحثنا ؛ توتو میں میں کرنا ۔

Altercation : (n) [L."altercationem"] جھگڑا ؛ مباحثہ ؛ نزاع ؛ بحث ؛ توتو میں میں ؛ تنازعہ ؛ مناقشہ ؛ مشاجرہ ؛ ستیزہ ۔

Alterer : (n) تبدیل کرنے والا ؛ عوض کرنے والا ؛ بدلنے والا ۔

Altering : (n) تبدیلی ؛ تغیر ۔

Alterity : (n) [Fr."alterite"] مختلف ہونا ؛ دوسرا ہونا ؛ اختلاف ؛ غیر شے ۔

Altern : (a) [L."alternus"] متبادل -

Alternance : (n) (لسانیات) تبادل -

Alternant : (a) [L."alternare"] (۱) (معدنیات) گنٹے دار ؛ مرشح (ایک قسم کی پرت کے بعد دوسری قسم کی پرت کا سلسلہ) ؛ پرت دار - (۲) مقدار متبادل - (۳) (لسانیات) متبادل -

Alternant zero : (n) (لسانیات) صفر متبادل -

Alternate : (a) [L. "alternatus", "alternare"] (۱) دو قسم کی چیزوں کا (یکے بعد دیگرے) سلسلہ - (۲) متناوب (ریاضی) ؛ متبادل (طبیعیات) - (۳) باهمی ؛ دو طرفہ ؛ باهم دگر ؛ بالمقابل ؛ (انتظامیہ) متبادل ؛ یکے بعد دیگرے - (٤) نوبت بہ نوبت ؛ باری باری سے ؛ (تاریخ و سیاسیات) یکے بعد دیگرے ؛ متبادل -

Alternate : (v) باری باری سے کرنا یا رکھنا یا ھونا ؛ باری باری ایک چیز کو دوسری چیز سے بدلنا ؛ ایک متبادل اجزاء رکھنا ؛ متبادل اجزاء پر مشتمل ھونا ؛ باری باری سے ظاھر ھونا ؛ نوبت بہ نوبت آنا -

Alternate angle : (n) (طبیعیات) زاویہ متبادلہ -

Alternate delegate : (n) (تاریخ و سیاسیات) متبادل مندوب -

Alternate generation : (n) نباتیات کی ایک اصطلاح -

Alternate interpretation : (n) (تاریخ و سیاسیات) متبادل تشریح ؛ متبادل ترجمانی -

Alternate proportion : (n) متبادل تناسب -

Alternate representative : (n) (تاریخ و سیاسیات) متبادل نمائندہ -

Alternate segment : (n) (طبیعیات) متبادل قطع -

Alternately : (adv) باری باری سے ؛ متبادل طریقہ پر ؛ (طبیعیات) باری باری -

Alternating : (a & n) (طبیعیات) نوبتی ؛ نوبت ؛ نوبت ظاھر ھونا ؛ باری باری سے آنا -

Alternating axis : (n) (طبیعیات) نوبتی اکسس ؛ نوبتی دھرا ؛ نوبتی محور -

Alternating current : (n) (طبیعیات) نوبتی کرنٹ ؛ نوبتی رو ؛ متبادل رو -

Alternating field : (n) (طبیعیات) نوبتی میدان -

Alternating potential : (n) (طبیعیات) نوبتی منحصر -

Alternating psychosis : (n) متبدل خلل نفسی ؛ متبدل حالت نفس -

Alternating series : (n) (طبیعیات) نوبتی سلسلہ -

Alternatingly : (adv) باری باری سے بطور متبادل -

Alternation : (n) [L. "alternationem"] دیکھو Alternate

Alternation morph : (n) (لسانیات) متبادل صرفیلا -

Alternation of generation : (حیوانیات) تبادلہ نسل -

Alternative : (a) [L."alternativus", f."alternat-"] (۱) دو چیزوں میں سے ایک ؛ یہ یا وہ ؛ (انتظامیہ) دو میں سے ایک ؛ امر اختیار ؛ امر اختیاری ؛ بدل - (۲) دوسری صورت ؛ طریقہ آخر ؛ (فلسفہ و نفسیات) بدل ؛ (لسانیات) متبادل ؛ تردیدی - (۳) اختیار انتخاب ؛ بدل ؛ عوض (دو میں سے ایک کا انتخاب) ؛ (معاشیات و سماجیات) متبادل - (٤) چارہ کار ؛ سبیل ؛ صورت ؛ (تاریخ و سیاسیات) چارہ کار ؛ چارہ - (٥) کئی امکانات میں سے ایک ؛ ایک صورت -

Alternative benefit : (n) (تجارت) متبادل مفاد -

Alternative class : (n) (لسانیات) متبادل مجموعہ -

Alternative cost : (n) (تجارت) متبادل لاگت -

Alternative hypothesis : (n) (سماجیات) متبادل مفروضہ ؛ (شماریات) دیگر فریضہ -

Alternative promise : (n) (تجارت) متبادل وعدہ -

Alternative rate : (n) (تجارت) متبادل شرح -

Alternative route : (n) (تجارت) متبادل راستہ -

Alternative tariff : (n) (تجارت) متبادل محصول -

Alternative title : (n) متبادل عنوان -

Alternatively : (adv) بہ صورت دیگر ؛ بہ طریقہ آخر -

Alternator : (n) (طبیعیات) الٹرنیٹر -

Three phase alternator : (طبیعیات) سہ ھیئتی الٹر نیٹر -

Two phase alternator : (طبیعیات) دو ھیئتی الٹر نیٹر -

Alterni -: دیکھو Alternate / alternately

Alternipetalous : (a) مبادل برگی ۔

Alternipinnate : مبادل پری ؛ تبادل پرہ دار ۔

Alternity : (n) [L."alternus+-ITY"] ویلس کی شاعری کے قافیوں میں صامتوں اور ان کے مقابل مصوتوں کا باہمی تبادلہ ۔

Alterperiodogram : (n) (شماریات) متبادل اوقاتی خاکہ ۔

Althaea : (n) [Gr."althaea"] پودوں کی ایک جنس ۔

Althing : (n) [ON."al-ping"] آئیس لینڈ کی مجلس عوام ۔

Althing man : (n) اس مجلس کا رکن ۔

Althionic : (n) [AL(COHOL)+Gr."thion"+-IC] الکحل کو گندھک کے تیزاب کے ساتھ گرم کرنے سے جو شے پیدا ہوتی ہے ($C_2 H_4 SO_4$) ۔

Although : (conj.) باوجودیکہ ؛ اگرچہ ؛ گو ؛ ہرچند ؛ گرچہ ؛ بفرض اینکہ ۔

Alti - ایک سابقہ ۔

Altiloquence : (n) [L."alti+loquentem"] شاندار کلام ۔

Altimeter : (n) [L. alti- + Gr."metron"] ارتفاع پیما ؛ (طبیعیات) التی میٹر ؛ بلند پیما ۔

Altimetry : (n) ارتفاع پیمائی ؛ پیمائش ارتفاع ۔

Altisonant : (a) [L."alti+sonantem"] بلند بانگ ؛ بلند آواز ؛ شاندار ۔

Altissimo : (n) [It superl. of alto.] موسیقی کی ایک اصطلاح ۔

Altitonant : (n) [L."altitonantem"] اوپر کی گرج ۔

Altitude : (n) [L."altitudinem "] (۱) بلندی ؛ (طبیعیات) ارتفاع ؛ اونچائی ۔(۲) گہرائی ؛ عمق ۔ (۳) (ہندسہ) خط عمودی کا طول ؛ ارتفاع ۔ (٤) سطح بحر سے بلندی ۔(۵) اونچی جگہیں ؛ بلند مقامات ؛ فراز ؛ مرتفع سطحیں ۔ (٦) (مجازاً) رفعت ؛ عظمت ؛ بزرگی ۔ (۷) افق سے کسی شے کی بلندی کا زاویہ کے فاصلہ کے ذریعہ اظہار ۔(۸) کسی مثلث کا ارتفاع جو قاعدہ پر یا قاعدہ کو بڑھاکر کے اس پر عمود کے ناپ سے ہو ۔

Meridian altitude : (طبیعیات) میریڈین بلندی ۔

Observed altitude : (طبیعیات) مشہود بلندی ۔

Altitude effect : (n) (طبیعیات) بلندی اثر ۔

Altitude sickness : (n) ارتفاعی مرض ؛ فضائی مرض ۔

Altitude table : (n) (طبیعیات) بلندی تختہ ؛ بلندی ٹیبل ۔

Altitudinal : (a) ارتفاع سے متعلق ۔

Altitudinarian : (a & n) تخیل یا عقیدہ وغیرہ کی بلندی سے متعلق ؛ بلند خیالات والا ۔

Alto : (n) [It.] (۱) (موسیقی) پاٹ دار آواز ؛ اوج مردانہ ؛ اونچے پاٹ کی (یا بڑی پاٹ دار) مردانہ آواز ۔ (۲) ایسی آواز کا گیت ۔(۳) اسی پاٹ کی زنانہ آواز ۔(٤) پاٹ دار آواز میں گانے والا ۔(۵) اونچی آواز والا وائلن ۔

Alto-: (a) اونچا ۔

Alto-clarinet : (n) اونچے سر والا الغوزہ ۔

Alto-clef : (n) حرف 'C' کی کنجی جو 'C' کے حامل سُر کے وسطی خط پر لگی ہوتی ہے ۔

Alto fagatto : (n) الغوزہ کی مانند مگر اس سے اونچے سر والا آلۂ موسیقی ۔

Alto-relievo : (n) [It] ابھری ہوئی تصویر یا مورت ؛ منبّت کاری ؛ تصویر بر جستہ ؛ ابھرواں مجسمہ ۔

Altogether : (adv.) [ALL+TOGETHER] سب ملاکر ؛ لے دے کر ؛ کل ملا کر ؛ بحیثیت کل ؛ من حیث الکل ؛ بحیثیت مجموعی ؛ تماماً ۔

For altogether : ہمیشہ کے لئے ۔

Altogether : (n) جملہ ؛ بالکل ؛ یکسر ؛ کل ؛ مجموع ؛ ہمگی ۔

Altoviola : (n) [It.] اونچے سر والا وایولا ۔

Altruism : (n) [L."alteri huic"] ایثار ؛ بے نفسی ؛ دوسروں کی بہبودی کا جذبہ ؛ ایثاریت ؛ نوع پرستی ؛ (فلسفہ و نفسیات) نظریہ فلاح عامہ ؛ جذبہ فلاح عامہ ؛ (سماجیات) بےنفسی ؛ بےغرضی ۔

Altruist : (n) (فلسفہ و نفسیات) پیرو نظریہ فلاح عامہ ؛ صاحب ایثار ؛ نوع پرست ۔

Altruistic : (a) (سماجیات) بے غرضانہ ؛ ایثار آمیز ؛ نوع آمیز ؛ نوع پرستانہ ۔

Altruistic hedonism : (n) (فلسفہ و نفسیات) ہم فلاحی لذتیت ۔

Altruistically : (adv) بے غرضانہ ؛ حسبۃً للّٰہ ۔

Aludel : (n) [Arab.] بوتہ کیمیا گری ؛ ایلوڈل ؛ شیشہ کی نلی جو تصعید کے کام آتی ہے ۔

Alum : (n) [L."alumen"] (۱) (کیمیا) پھٹکری ؛ زاج ؛ زاج سفید ۔(۲) نمک جس میں پھٹکری ہو ؛ زاجی نمک ۔(۳) زاج آگیں ؛ زاج آمیز ۔ (٤) (معدنیات) مختلف معدنیات ؛ اصلی اور نقلی پھٹکری ؛ احجار الشب ۔

Alum : (v) پھٹکری سے تیار کرنا ۔

Alum brado : (n) [L."alluminare"] سولھویں صدی عیسوی کے فرقہ اشراقین کا فرد ۔(۲) روشن ضمیری کا مدعی ۔

Alum burnt : (n) زاج برشتنہ ۔

Alum cake : (n) (کیمیا) کیک پھٹکری ۔

Alum flower : (n) (کیمیا) پھول پھٹکری ۔

Alum fock : (n) پھٹکری کا مرکب ۔

Alum schist / Alum shale / Alum slate : پھٹکری کے مرکبات ۔

Alum stone : (n) (کیمیا) سنگ پھٹکری ؛ معدنی پھٹکری ۔

Alumian : (n) [f. ALUMINA] الومونیم کا ایک سفید سلفیٹ ۔

Alumina : (n) [L."alumen",Fr."alumine"] ایک قسم کی مٹی ؛ الومینا ؛ الومینیم اور آکسیجن کا ایک مرکب ؛ پھٹکری کا اساسی عنصر ؛ (کیمیا) الومینیا ؛ گل پاک ۔

Aluminate : (n) الو مینا اور دوسرے طاقتور اساسوں کا مرکب ۔

Aluminate : (v) [L."aluminat-us"] پھٹکری کا کسی دوسری چیز کے ساتھ ملانا یا داخل کرنا ؛ (کیمیا) ایلومینٹ ۔

Aluminic : (a) ایلومینیم سے متعلق ۔

Aluminide : (n) (کیمیا) الومینائڈ ۔

Aluminiferous : (a) [L."alumin"-ALUM+-(i)FEROUS] جس چیز میں پھٹکری ہو ؛ زاج آمیز ؛ زاج دار ؛ (کیمیا) ایلومینیم گیر ۔

Aluminiform : (a) پھٹکری کی شکل کا ؛ مثل پھٹکری ؛ زاج نما ؛ زاج مانند ۔

Aluminite : (n) [L."alumin"+ITE] (معدنیات) الومینا کا ایک غیر شفاف سفیدی مائل مرکب ۔

Aluminium : (n) (کیمیا) ایلومینیم ؛ ایک سفید ، پرآواز ، پیٹنے سے بڑھنے والی ملائم دھات ۔

Aluminium acetate : (n) (کیمیا) ایلو مینیم ایسیٹیٹ ۔

Aluminium basin : (n) (کیمیا) ایلو مینیم بیسن ۔

Aluminium bronze : (n) ایلو مینیم اور تانبے کا ایک بھرت ۔

Aluminium carbide : (n) (کیمیا) ایلو مینیم کاربائیڈ ۔

Aluminium chloride : (n) (کیمیا) ایلو مینیم کلورائیڈ ۔

Aluminization : (n) (کیمیا) ایلو مینانا ۔

Aluminize : (v) پھٹکری ملانا یا داخل کرنا ۔

Alumino-silicate : (n) (کیمیا) ایلو مینو سیلیکیٹ ۔

Alumino-thermic-process : (n) (کیمیا) ایلو مینو تھرمك طریقہ عمل ۔

Aluminoferic : (a) (کیمیا) ایلومنو فیرك ۔

Aluminon : (n) تجرباتی عمل میں استعمال ہونے والا الو منیم برق پارہ (ion) کا مرکب ۔

Aluminontest : (n) (کیمیا) ایلو منون جانچ ۔

Aluminous : (a) [L."aluminosus"] پھٹکری یا ایلو مینا رکھنے والا یا اس کی صفت رکھنے والا ۔

Aluminose : (a) دیکھو Aluminous

Alumish : (a) [ALUM+ISH] پھٹکری سے کسی قدر مشابہ ۔

Alumnus : (n) [L.=afoster child; f."alere"] کسی اسکول یا جامعہ کا طالب علم ؛ شاگرد ؛ تربیت یافتہ ؛ فارغ التحصیل ۔

Alumroot : (n) مختلف پودوں کی سخت جڑیں ۔

Alundum : (n) (کیمیا) ایلنڈم ۔

Aluniferous : (a) [Fr."alumifire"] دیکھو Aluminiferous

Alunite : (n) [Fr."alum"] (معدنیات) ایک معدنی شے جس میں پھٹکری اور الیمینم ہائیڈریٹ پایا جاتا ہے ؛ (کیمیا) ایلو نائٹ ۔

Alunogen : (n) [Fr."alun+-GEN", (producing] (معدنیات) الومینا کا پرآب سلفیٹ ؛ (کیمیا) ایلو نوجن ۔

Alutaceous : (a) [L."alutacius", f."aluta"] بنائے ہوئے چمڑے کی صفت یا رنگ کا ۔

Alveary : (n) [L."alvearium"] (۱) مدھ مکھی کا چھتا ۔ (۲) کئی زبانوں کے ایک پرانے لغت کا نام ۔(۳) بیرونی کان کا سوراخ ۔

Alveated : (a) [L."alveatus"] چھتے کی طرح کھوکھلا ؛ محراب دار ؛ محرابی ؛ کھدا ہوا ۔

Alveo-palatal : (لسانیات) لث تالوئی ۔

Alveolae : (n) [L."alveolus"] (لسانیات) لثہ ۔

Alveolar : (a & n) [L."alveolus"] (۱) دانتوں کی قفلیوں یا اوپر کے جبڑے کے اس حصہ سے متعلق ۔ (۲) سوراخ سوراخ ؛ خانہ خانہ ؛ شہد کے چھتے کا خانہ ؛ حفرہ دار؛ جوفیزی ۔ (۳) دانتوں کی قفلی ۔(٤) ایک قسم کی مچھلی کا مخروطی نوکدار حصہ ۔

Alveolar arch : (n) (لسانیات) لثوی قوس (جبڑا ، لثاہ) ۔

Alveolar region : (n) (لسانیات) لثوی مقام ۔

Alveolar stop : (n) (لسانیات) لثوی بند شیہ ۔

Alveolar zone : (n) دیکھو Alveolar region

Alveolariform : (a) شہد کے چھتے کی شکل کا ۔

Alveolate : (a) خلیایا ؛ خانہ خانہ ؛ چھتا نما ۔

Alveoliform : (a) خانہ خانہ بنایا ہوا (شہد کے چھتے کی مانند)۔

Alveolite : (n) سفید کھلی میں پایا جانے والا مونگے کا فسیل (Fossil) ۔

Alveolitis : (n) ورم مسوڑھا ؛ ورم جوفیزہ ۔

Alveolotomy : (n) مسوڑھا شگافی ہونا ۔

Alveolus : (n) [L. dim. of "alveus"] (۱) چھوٹا خانہ (دانت کی قفلی جس میں دانت بیٹھا ہوتا ہے) ؛ جوفیزہ ۔(۲) شہد کے چھتے کا خانہ ۔(۳) ایک قسم کی مچھلی کا مخروطی نوک دار حصہ ۔

Alveus : (n) [L.] خول ؛ جوف ؛ نالی ؛ خیارہ بحر ؛ خیارہ دریا ۔

Alvine : (a) [L."alvinus"] (۱) شکمی ؛ بطنی ۔(۲) شکم اور اس کے اندر کی چیزوں سے متعلق ۔

Alway / Always : (adv) (۱) ہمیشہ ؛ سدا ؛ مدام ؛ ہمہ وقت ۔ (۲) ہر وقت ؛ ہمہ دم ؛ ہر موقع پر ۔ (۳) پھربھی ؛ تاہم ؛ بہر حال ؛ بہرصورت ؛ ہر حالت میں ؛ کسی طرح سے ۔

Aly / Aley : (a) [f. ALE] بوزہ کا یا بوزہ جیسا ۔

Alyssum : (n) [Gr."a+lyssa"] ایک قسم کے چار پنکھڑی والے پھول کا پودا ؛ الوسن ۔

Sweet alyssum : ایک قسم کا پھول ۔

Alzheimer's disease : [translation of German "Alzheimerschekrankheit"] کم عمری میں فتور عقل ۔

Am : (v) (میں) ہوں ؛ دیکھو Be

Amability : (n) [L."amabilitas", f."amabili"] پسندیدگی ؛ دل پذیری ؛ خوش ادائی ؛ شیریں مزاجی ۔

Amacratic : (a) [Gr."ama + cratos"] پرتو ڈالنے والے جسم کی شعاعوں کو ایک نقطہ ماسکہ پر متحد کرنے والا ۔

Amacrine : (n) [a + macr + Gr.in-,is] بے عورہ ۔

Amadavat : (n) [Indian] ایک بھورے رنگ کی گانے والی ہندوستانی چڑیا جس پر سفید نشان ہوتے ہیں ۔

Amadelphous : (a) [Gr."ama+adelphos"+-ous] غول پسند ؛ گروہ دوست ۔

Amadou : (n) [Fr."amadou"] شتابہ ؛ جو جلانے اور خون بند کرنے کے کام آتا ہے (ایک قسم کا آتش گیر مرکب) ؛ آتش زنہ ۔

Amah : (n) [Anglo-Ind. ama] انّا ؛ دایہ ؛ دودھ پلانے والی ۔

Amain : (adv) [A prep. MAIN] (۱) زور سے ؛ شدت سے ؛ شدت کے ساتھ ؛ تندی سے - (۲) بہت جلدی ؛ جلدی سے ؛ پوری تعداد کی قوت سے -

Amalgam : (n) [Fr."amalgama," Gr."malassin"] (۱) ممزوج ؛ املغم (کسی دھات کا مرکب پارے کے ساتھ) سیمابی ممزوج ؛ (کیمیا) پارہ ؛ بھرت ؛ املغم - (۲) مخلوط ؛ مرکب - (۳) (مجازاً) مختلف عناصر کا مکمل امتزاج -

Native amalgam : پارے کے ساتھ چاندی یا سونے کا قدرتی ممزوج جو کولمبیا میں پایا جاتا ہے -

Amalgamate : (a) [L."amalgamatus","amalgamare"] (۱) ملغم ؛ مخلوط ؛ ممزوج - (۲) ملی جلی، خاص کر زبانوں کے لئے -

Amalgamate : (v) (۱) ملانا ؛ ملنا ؛ آمیزش کرنا یا ہونا - (۲) متحد کرنا ؛ مربوط کرنا ؛ مخلوط کرنا (فرقوں، جماعتوں ، خیالات وغیرہ کو) - (۳) (دھاتوں کے متعلق) پارے کے ساتھ ملانا - (٤) (مجازاً) ملانا (دو عناصر کو جو ہم جنس کل ہو جائے) -

Amalgamated : (a) (کیمیا) پارہ بھرتا یا ؛ ملغم -

Amalgamatic : (a) مائل بہ امتزاج ؛ مائل بہ اختلاط ؛ جس میں ملانے کی خاصیت ہو ؛ امتزاج کرنے والا ؛ سمونے والا -

Amalgamating : (a & n) امتزاج کرنے والا ؛ شمولی -

Amalagamating language : (n) (لسانیات) شمولی زبان -

Amalgamation : (n) (۱) (کامرس) امتزاج ؛ آمیزش ؛ اختلاط ؛ ارتباط ؛ (تاریخ و سیاسیات) آمیزش - (۲) (مجازاً) ایک یکساں کل میں آمیزش کرنے کا عمل ؛ (کیمیا) پارہ بھرتانا ؛ تلغیم ؛ (انتظامیہ) شمول ؛ انضمام ؛ اختلاط ؛ (لسانیات) ادغام (Fusion) ؛ (معاشیات) انضمام ؛ جوڑ- (۳) سیماب کے ساتھ مخلوط ہونے کی حالت ؛ دھاتوں کا مخروج - (٤) اتحاد ہم جنسی -

Amalgamator : (n) (۱) آمیزندہ ؛ خلط کرنے والا ؛ ملانے والا ؛ متحد کرنے والا ؛ مربوط کرنےوالا - (۲) سرکاری تجارتی کمپنیوں کو متحد کرنے والا - (۳) چاندی کو کچی دھات سے پارہ ملا کر نکالنے والا آلہ -

Amalic : (n) [Gr."amalos"] ایک کیمیاوی اصطلاح -

Aman : (n) [Hindi." aman"] ایک قسم کا چاول جو برسات میں ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے -

Amandine : (a) [Fr. f. amande + INE] بادام سے تیار کردہ یا بادام کے ساتھ پیش کیا ہوا -

Amanous : (a) [a + manus (hand)] بے ہاتھ کا -

Amanitine : (n) [Gr."a sort of fungi"+INE] زہریلے سماروغ کا فعال خواب آور اساسی جزو -

Amanuensis : (n) [L."servus a manu"+-ensis] منشی ؛ کاتب ؛ لکھنے والا ؛ املا نویس (جو سن کر لکھے) -

Amaracus : (n) [Gr."amaracos"] ایک خوشبودار پودا جو کریٹ (Crete) میں پیدا ہوتا ہے -

Amarant : (n) [Gr."amarantos"] (۱) سدا بہار پھول - (۲) پھولوں کی ایک قسم ؛ گل اشرفی ؛ گل وسیم ؛ گل جاوید - (۳) ارغوانی رنگ -

Amarant (h)aceous : (a) سدا بہار پھولوں کی طرح یا خاصیت کا -

Amarant (h)ad : (n) سدا بہار پھولوں کی جنس کا شریک -

Amarant(h)ine : (a) (۱) سدا بہار پھولوں کا یا اس سے متعلق - (۲) سدا بہار ؛ جاوداں ؛ غیرفانی - (۳) ارغوانی رنگ کا -

Amarant(h)oid : (a & n) گل سدا بہار سے مشابہ یا اس کا شریک -

Amarine : (n) [L."amarus"] ایک نباتی اساسی جزو ؛ خصوصاً وہ شبہ القلی جو تلخ بادام کے ست پرنوشادر کے عمل سے بنتا ہے جسے Benzoline بھی کہتے ہیں ($C_{21} H_{18} N_2$)

Amaryllid : (n) [L."amaryllid"-see Amatyllis] بسل کی جنس کے درجے کا ایک پودا -

Amaryllidaceous : (a) بسل کی جنس کا ؛ جس کے اندر نرگس، نسرین اور اسی قسم کی چیزیں ہوتی ہیں -

Amaryllis : (n) [Gr."name of a county in Theocritus"] (۱) Theocritus کی لڑکی کا ایک نام - (۲) پوٹی دار پودوں کی ایک جنس ؛ جنس نرگس -

Amass : (v)[Fr."amasser", f." d+masser", f." masse"] (۱) ڈھیر لگا دینا ؛ انبار لگا دینا ؛ اکٹھا کرنا ؛ تودہ لگانا ۔ (۲) فراہم کرنا ؛ جمع کرنا ؛ سمیٹنا ؛ بٹورنا (دولت وغیرہ کا)۔

Amasser : (n) جمع کرنے والا ؛ ڈھیر لگانے والا ؛ تودہ لگانے والا ۔

Amassment : (n) ڈھیر ؛ تودہ ؛ انبار ؛ جمع آوری ؛ گرد آوری ۔

Amastia : (a) [a+Gr."mastos"+L."-ia"] پستانی غدود کا فقدان ؛ بے پستانیت ۔

Amateur : (n) [L."amatorem"] (۱) (سماجیات) شوقین ۔ (۲) جو کسی فن کو محض غرض سے سیکھے ؛ شائق فن ؛ ھوس کار ؛ (سماجیات) اتائی ؛ اناڑی ۔ (۳) شوقین کا کام ۔

Amateurish : (a) شوقیہ ؛ محض شوقیہ کام کا ۔

Amateurishly : (adv) شوقیہ ؛ اتائیوں کی طرح ۔

Amateurishness : (n) شوقین پنا ۔

Amateurism : (n) شوقینی ؛ اتائی پن ۔

Amateurship : (n) شوقینی ۔

Amative : (a) [L."amatamare"] عاشق مزاج ؛ عاشقانہ ؛ دوست دار ۔

Amativeness : (n) میلان جنسی ۔

Amatol : (n) (کیمیا) امیٹول ؛ ایک زبردست انفجاری مرکب ۔

Amatorial : (a) [L."amatorius"] (۱) عاشق یا عشق بازی کا ؛ عشق انگیز ؛ عشقیہ ۔ (۲) آنکھ کے وہ عضلات جس سے نظربازی یا اشارہ کیا جاتا ھے ۔

Amatory : (a) (۱) عاشقانہ ؛ شھوانی ؛ عشق بازی کا ۔ (۲) عمل حب ؛ تسخیر ؛ عرق حب ؛ شربت حب ؛ جادو ٹونا ۔

Amaurosis : (n) [Gr."amausis"] کلی یا جزوی فقدان بصر ؛ تھوڑا یا پورا اندھاپن ؛ کمنہ ؛ تمر ؛ کم بینائی ۔

Amaurotic : (a) کم بینا ؛ فاقدالبصری کا (مریض) ؛ تاریک چشم ؛ اندھا ۔

Amaxophobia : (n) [Gr."amaxo"+L."phobia"] سواری ترسی ۔

Amaze : (v) متحیر کرنا ؛ مبہوت کرنا ؛ ھکا بکا کرنا ؛ استعجاب میں ڈالنا ؛ حیران کر دینا ۔

Amaze : (n) انتہائی تعجب ۔

Amazed : (a) متعجب ؛ متحیر ؛ سرگشتہ ؛ حیران ۔

Amazedly : (adv) متحیرانہ ؛ متعجبانہ ؛ حیرانی سے ؛ حیرت سے ۔

Amazedness : (n) تحیر ۔

Amazement : (n) استعجاب ؛ تحیر ؛ حیرت ؛ اچنبھا ؛ حیرانی ؛ سرگشتگی ؛ بدحواسی ؛ خوف و ھراس ۔

Amazing : (a) تحیر آور ؛ استعجاب انگیز ؛ شگفت انگیز ؛ حیرت انگیز ؛ تعجب انگیز طریقہ سے ۔

Amazon : (n) [Gr."Amazon"] (۱) جنگ جو عورتوں کی ایک نسل جو سیتھیاں کی رھنے والی تھی ؛ آمیزن ۔ (۲) ایک جنگ جو عورت ۔(۳) ایک مضبوط، لمبی مرد نما عورت ؛ دیونی ؛ (تاریخ و سیاسیات) (یونانی دیومالا) ترکن ؛ قلماقنی ۔

Amazon ant : (n) ایک نوع کی لال چیونٹی جس کے عاقر دوسری نوع کی جوان چیونٹیوں کو پکڑتے ھیں اور خدمت لیتے ھیں ؛ عاقر ۔

Amazon stone : (n) ایک چمکیلے سبز رنگ کا پتھر جسے لوگ تعویذ کی طرح پہنتے ھیں ؛ (کیمیا) آمیزن پتھر ۔

Amazonian : (a) [L."amazonius"] (۱) آمیزونی ؛ آمیزن سے متعلق یا کا ؛ آمیزن ندی کا ۔ (۲) جنگ جو اور مردانہ آمیزن عورت کی طرح ۔

Amazonite : (n) دیکھو Amazon stone

Ambage : (n) [L."ambages"] ایچ پیچ کی راھیں ؛ پیچ و خم ؛ راہ مستقیم ؛ (مجازاً) غیر مستقیم کار روائی ؛ لیت و لعل کی ترکیبیں ؛ ٹال مٹول کی عادتیں ۔

Ambagious : (a) پر پیچ و خم ؛ پیچ و خم دار ؛ غیرمقیم ۔

Ambassador / Embassador : (n) [Fr."ambassadeur"] (۱) (انتظامیہ) سفیر ؛ ایلچی ۔ (۲) سفیر مختار ؛ ایلچی جو مستقلاً ایک سلطنت کی جانب سے دوسری سلطنت میں مقیم ہو ۔

Ordinary ambassador : معمولی سفیر ۔

Resident ambassador : سفیر مقیم ۔

Ambassadorextraordinary and plenipotentiary : (تاریخ و سیاسیات) سفیر غیر معمولی اختیار کلی ؛ سفیر کبیر ۔

Ambassadorial : (a) سفارتی ؛ ایلچی کی خدمت سے متعلق ۔

Ambassadorship : (n) عہدہ سفارت ۔

Ambassadress : (n) (۱) خاتون سفیر ؛ زن سفیر؛ سفیرہ ؛ ایلچن ۔ (۲) سفیر کی بیوی ؛ سفیرنی ۔

Ambassy / Em -: (n) [L."ambactiata"] (۱) سفیر کے مقاصد، کام یا دفتر ۔ (۲) سفیر کا لایا ہوا پیغام ۔ (۳) آدمی کی وہ جماعت جو سفارت کےلئے بھیجی جائے ؛ سفیر اوراس کے ملتزمین ۔ (٤) سفارت خانہ ۔

Ambassage / Em -: (n) [L."ambactia"] دیکھو Ambassage

Ambe : (n) [Gr."ambe"] (۱) جراحی کا ایک آلہ جو مونڈھے کی ہڈی کو ٹھیک کرتا ہے ۔ (۲) (علم تشریح الابدان) کسی ہڈی کا سطحی ابھار ۔

Amber : (n) [Arab."anber"] (تاریخ و سیاسیات و کیمیا) عنبر ؛ کہربا ؛ ایک زرد قسم کا پتھرایا ہوا گوند جو زیورات کے لئے استعمال ہوتا ہے اور جس کے رگڑنے سے بجلی پیدا ہوتی ہے ۔ (۲) رنگ کہربائی ۔ (۳) چارحصہ سونا اور ایک حصہ چاندی کا ممزوج ۔

Amber-days : (n) دیکھو Ember-Days

Amber Fauna : (n) کہربائی حیوانیت ؛ وہ حیوانات جن کے آثار کہربا میں پائے جاتے ہیں ۔

Amber Flora : (n) کہربائی نباتیات ؛ وہ نباتیات جن کے آثار کہربا میں پائے جاتے ہیں ۔

Amber Forest : (n) قدیمی جنگل جس کے درختوں سے کہربا پیدا ہوتا تھا ۔

Amber pear : (n) ناشپاتی جس میں مشک کی خوشبو ہوتی ہے ۔

Amber seed : (n) ایک درخت کا بیج جس کو خوشبو کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Amber tree : (n) ایک قسم کا درخت ۔

Amber varnish : (n) گوند کا وارنش ۔

Ambergris : (n) [Fr."ambre+gris"] کچا عنبر ؛ ابلیم (ایک قسم کا مومی مادہ جو گرم سمندروں میں تیرتا ہوا پایا جاتا ہے نیز بعض قسم کی مچھلیوں کی آنتوں میں ہوتا ہے، خوشبو کے لئے کھانے میں‌ڈالتےہیں) ۔

Ambering : (n) عنبر کی خوشبو دینے والا ۔

Ambery : (a) عنبریں ۔

Ambidexter : (n) [med. L."ambidexter"] (۱) دو ہتھا ؛ وہ شخص جو دونوں ہاتھوں سے مساویانہ کام لے سکے ۔ (۲) دوروئی ؛ دغابازی ۔ (۳) (قانون) جانبین سے روپیہ لینےوالا ؛ طرفین سے روپیہ لینےوالا ۔ (٤) دغا باز ۔

Ambidexter : (a) [mod. L."ambl(i)"+"dexter"] دو طرفہ ؛ دغاباز ؛ دو ہتھا ؛ منافق ۔

Ambidexterity : (n) دونوں ہاتھوں سے برابر طورسے کام لینے کی صلاحیت ؛ سب ذرائع سے حاصل کرنے کی قدرت ؛ (فلسفہ و نفسیات) دو ہتھاپن ؛ دغا بازی ۔

Ambidextral : (a) طرفین سے متعلق ؛ جانبین سے متعلق ۔

Ambidextrality : (n) ذو الیدینیت ۔

Ambidext(e)rous : (a) [med. L."ambidexter"+OUS] دیکھو Ambidexter

Ambidextrously : (adv) دو دستی سے ؛ دو طرفی سے ۔

Ambidextrousness : (n) دو طرفی ؛ دو دستی ۔

Ambient : (a) [L."ambientum","ambire"] محیط ؛ محصور ؛ گھرا ہوا ؛ گردا گرد ۔

Ambient : (n) محیط دائرہ یا کمرہ ؛ محیط آسمان یا ہوا ۔

Ambigenal : (a) [L."ambigenus"+ - AL] دوغلا ؛ دو نسلا (قطعہ زائد کی ایک قسم کو بیان کرنے میں استعمال ہوتا ہے) ۔

Ambigenous : (a) دورنگا ؛ دونسلا ؛ خصوصاً اس برگ کاسہ گل کے لئے استعمال ہوتا ہے جو بیرونی طور سے پتیوں جیسا ہوتا ہے اور اندرونی طور سے پنکھڑیوں کیطرح ؛ دو جنسی ۔

Ambiguity : (n) [L."ambiguitatum"] (۱) ابہام (طبیعیات) مشکوکیت ؛ (ریاضی) ابہام ؛ اشتباہ ۔ (۲) گول بات ؛ مبہم جملہ ؛ ذوجہتین ؛ ذو معنی (بات وغیرہ) ؛ مشکوک بات ۔

Ambiguous : (a) [L."ambiguus", f."ambigere"] (۱) (تاریخ، سیاسیات، لسانیات، فلسفہ، نفسیات و طبیعیات) مبہم ؛ مشکوک ؛ (انتظامیہ) مبہم ؛ غیر واضح ؛ مگھم ؛ گول مول ؛ تذبذب ؛ غیر یقینی ۔ (۲) مجہول النوع (جس کے متعلق شک ہو کہ کس جنس کا ہے) ؛ نا معلوم جنس ۔ (۳) مشتبہ ؛ مجہول (بلحاظ نتیجہ) ۔ (٤) ذو معنی یا مجہول معنوں میں لفظوں کا استعمال (پیشین گوئی وغیرہ میں) ؛ (ریاضی) ذو معنی ۔

Ambiguous case : (n) (طبیعیات) مبہم حالت ؛ (ریاضی) ذو معنی صورت ۔

Ambiguous sign : (n) (ریاضی) مبہم نشان ۔

Ambiguously : (adv) مشکوک طورسے ؛ مبہم طورسے ؛ ابہاماً ۔

Ambiguousness : (n) مشکوکیت ؛ گنجلک بیان ؛ ابہام ؛ مگھم پن ۔

Ambiparous : (a) [L."amb (i)+-parus"] برگ وگل دار غنچہ ۔

Ambilanak : (a) [Malay."ambil-anak"] (سماجیات) انبل انک ؛ گھر جمائی (ملیشیا میں شادی کی ایک خاص رسم جس میں لڑکا لڑکی کے گھر جاتا ہے) ۔

Ambisexual : (a) دو جنسی ؛ دو صنفی ۔

Ambisyllabic : (a) (لسانیات) دو رکنی ۔

Ambit : (n) [L."ambitus"] (۱) حدود ؛ پیرامون ؛ محیط ؛ حد ؛ رقبہ ؛ وسعت ؛ چوحدی ؛ پھیلاؤ ؛ گردا ؛ گھیرا ۔ (۲) مضافات ؛ نواح ۔ (۳) دائرہ عمل یا الفاظ وغیرہ ۔ (٤) (حیوانیات) پیرامن ۔

Ambition : (n) [L."ambitionem",f."ambire"] (۱) حب جاہ ؛ ہوس ؛ حوصلہ ؛ امنگ ؛ آرزو ؛ جاہ طلبی ؛ بلند نظری ۔ (۲) بلند ہمتی ؛ اعلا حوصلگی ؛ فراخ ہمتی ؛ اولوالعزمی ؛ من چلا پن ۔ (۳) مدعا ؛ غایت ؛ منتہا (فلسفہ، نفسیات و سماجیات) حوصلہ ۔

Ambition : (v) [Fr."ambitionner", ad. L."ambitionem"] خواہش رکھنا ؛ ہوس رکھنا ؛ آرزو رکھنا ۔

Ambitionist : (n) جاہ طلب ؛ بلند ہمت ؛ اولوالعزم ؛ حوصلہ مند ۔

Ambitionless : (a) بے امنگ ؛ بے آرزو ؛ بے حوصلہ ؛ بے ہوس ؛ بے مدعا ؛ بے مقصد ۔

Ambitious : (a) [ad. Fr."ambitie", L.] (۱) بلند ہمت ؛ بلند حوصلہ ؛ بلند نظریہ ؛ حوصلہ مند ؛ آرزو مند ؛ مشتاق ؛ فراخ ہمت ؛ اولو العزم ؛ سخت خواہش مند ؛ جاہ طلبانہ ؛ جاہ طلب ؛ امنگ بھرا ؛ من چلا ۔ (۲) (استعارتاً) پر حوصلہ ؛ پرآرزو ؛ بلند ؛ اونچا ؛ ابھرتا ہوا ؛ پھیلتا ہوا ؛ اٹھتا ہوا (فن وغیرہ کے لئے) ؛ ادعائی یا بلند ۔

Ambitiously : (adv) حوصلہ مندانہ ؛ آرزومندانہ ؛ اولوالعزمی ؛ بلند ہمتی سے ؛ جاہ طلبی سے ؛ ہوس مندانہ ۔

Ambitiousness : (n) حوصلہ مندی ؛ آرزو مندی ؛ اولوالعزمی ؛ من چلاپن ۔

Ambitious : (n) [L.] پیرامن ؛ کنارا ؛ گھیرا ؛ (نباتیات) کنار برگ ۔

Ambivalence : (n) [G."ambivalenz"] (نفسیات) دو گیرائی ؛ دو جذبیت ۔

Ambiversion : (n) ["ambi+version"] دو بینی ۔

Amble : (v) [L."ambulare"] (۱) دوگامہ چلنا ؛ گھوڑے کی وہ چال جس میں ایک طرف دونوں پاؤں ساتھ اٹھتے ہیں) ۔ (۲) دو قدمہ چلنا ؛ دو گامہ چلانا ؛ (گھوڑے کو) ہلکے چلانا ؛ آسانی سے چلانا ؛ پوقدما لے جانا ۔ (۳) پو قدمہ چلنا (آدمی کا) ؛ دو گامہ چلنا ؛ اس طرح چلنا جس طرح گھوڑے کی دو گامہ چال ہوتی ہے ۔

Amble : (n) (۱) دو قدمہ ؛ دوگامہ ۔ (۲) سبک رفتاری ۔

Ambleocarpus : (a) [Gr.] پورے طورسے یا زیادہ تر ناقص/ کچے بیج والا ۔

Ambler : (n) (گھوڑا ، خچر یا آدمی) دو قدمہ چلنے والا ؛ دو گامہ چلنے والا ۔

Ambling : (a) دو گامہ چال ؛ دو قدمہ چال ۔

Amblingly : (adv) (۱) دو قدمہ چلتے ہوئے ؛ دوگامہ چلتے ہوئے ۔ (۲) دو گامہ طورسے ؛ دو قدمہ طرز سے ۔

Amblosis : (n) [Gr."ambloesthae"] اسقاط ۔

Amblotic : (a) اسقاط کرانے والا ۔

Amblygon : (a & n) [Gr."amblygonios"] منفرجہ زاویائی ۔

Amblygonite : (n) ایک خاص قسم کی سبزی مائل سفید نیم شفاف معدنی شے جو المونیم، لتھیا، پوٹاش، سوڈا اور فلورک ایسڈ پر مشتمل ہو ۔

Amblyopia : (n) [Gr."amblys+ops"] ضعف بصر جو پردہء شبکی وغیرہ کے حس میں نقص پیدا ہو جانے سے ہوتی ہے ۔

Amblyopic : (a) [prec. + - IC] ضعیف البصر ۔

Ambo : (n) [Gr."ambon"] منبر (قدیم گرجاؤں کا) ؛ خانہ ۔

Ambolic : (a) [Gr."amblic-os"] اسقاط کرانے والا (دوا یا فعل) ۔

Ambon : (n) [Gr."ambon"] بڑی ہڈیوں کے خانے کا کنارا ۔

Amboyna : (n) [f."Amboyna"] جزیرہء اسبوئینا کی لکڑی ؛ ایک قسم کی لکڑی جس پر قدرتی نقش بنے ہوتے ہیں ۔

Ambreate : (n) [med. L."ambre"+ - ATE] ایک قسم کا نمک ۔

Ambreic : (a) [prec.+ -IC] خام عنبر کا یا اس سے متعلق ۔

Ambrein : (n) [Fr."ambreine", f."ambre"] ایک روغنی بلوری مادہ جو خام عنبر کا خاص جزو ہوتا ہے ۔

Ambrette : (n) [a. Fr. dim. of ambre] دیکھو Amber pear

Ambrite : (n) [Ger."ambrit"] ایک زردی مائل بھورا نیم شفاف جما ہوا گوند جو نیوزی لینڈ میں پایا جاتا ہے ۔

Ambrology : (n) [L."ambre"+ (o) LOGI] عنبر کی تاریخ طبعی ۔

Ambrose : (n) [L."ambrosia" see next] ایک انگریزی پودا جسے Wood-sage بھی کہتے ہیں ۔

Ambrosia : (n) [L. a. Gr."ambrosia"] (۱) (دیو مالا) دیوتاؤں کی غذا ؛ دیو بھوج ؛ امرت ؛ خوراك بہشتی ؛ آب حیات ۔ (۲) عطر ؛ مرہم ؛ روغن خوشبو ؛ خوشبو دار چیز ؛ موہن بھوگ ۔(۳) زر گل ؛ پھولوں کا زیرہ (جو شہد کی مکھیاں کھاتی ہیں) ۔ (٤) پودوں کا ایک نام ۔(٥) گھاس کی ایك جنس ۔

Ambrosia Artemisifolia : (n) بیت المقدس کا شاہ بلوط ۔

Ambrosiaceous : (a) (نباتیات) Ambrosia کی جنس سے ملتا جلتا ۔

Ambrosial : (a) [L."ambrosius", Gr."ambros"] (۱) غیرفانی ؛ خدائی ؛ ربانی ؛ دیوتاؤں کی یا ان کے لائق ؛ بہشتی ۔(۲) خوشبودار چیز ؛ معطر ؛ مہکتی ہوئی ؛ ملکوتی خوشبودار ؛ ملکوتی حسن والا ۔

Ambrosially : (adv) خدائی طورسے ؛ غیر فانی طورسے ۔

Ambrosian : (a) [L."Ambrosianus", f."Ambrosius"] (۱) سنت امبروسی (سنت امبروس (St. Ambros یا ان سے متعلق یا ان کا قائم کیا ہوا) ۔ (۲) ملان (اٹلی) کی امبروسی لائبریری کا ۔

Ambrosin : (n) [L."ambrosinus" (Sc. nummus)] گھوڑے پر سوار سنت امبروس کی تصویر والا سکہ ۔

Ambrosine : (n) [L."ambrosius"+ - INE] چارلسٹن کے پاس پائی جانے والی قدیم‌ترین زمانے کی گوند نما معدنی شے جو عنبر سے ملتی جلتی ہے ۔

Ambrotype : (n) [Amber Type] شیشے پر تصویر (فوٹو) کا ایک امریکی نام ۔

Ambry /Aum : (n) [L."armarium" (in med.) L.also "almaria"] مخزن ؛ کولکی ؛ گرجا کی نجاری ؛ قفسہ ؛ گنجہ ۔

Ambs-ace : (n) [L."ambas"] (۱) دوکانے ؛ پوکی دو اکائیاں (سب سے چھوٹا داؤ ہے) ؛ دو خالی ؛ دو کوڑ۔ (۲) چھوٹی قسمت ؛ کھوٹی قسمت ؛ تقدیر کا بیٹھاپن ؛ کم نصیبی ؛ بدبختی ۔ (۳) نالائقی ؛ نا قابلیت ؛ نکماپن ؛ نا کارہ پن ۔

Ambulacral : (a) دو رویا سوراخ کا یا اس سے متعلق ؛ منقالی ؛ قنابی ۔

Ambulacrum : (n) [L. f."ambulare"] دو رویا سوراخ جس سے خار پشت وغیرہ اپنے پاؤں باہر نکالتے ہیں ؛ منقال ؛ قناب ۔

Ambulance : (n) [L."ambulantum"] (۱) کشتی شفا خانہ ؛ سفری شفا خانہ ؛ جنگی هسپتال (جو فوج کے ساتھ ساتھ چلتا ھے ۔ (۲) (انتظامیہ) بیماروں/مریضوں کو لیجانے والی گاڑی ؛ ایمبلنس ؛ منقالہ ۔

Ambulant : (a) [L."ambulantem"] متحرک ؛ سیار ؛ چلتا ہوا ؛ گھومتا ہوا ۔

Ambulate : (v) [L."ambulat-","ambulare"] گھومنا ؛ چلنا ؛ گھومنا پھرنا ۔

Ambulation : (n) [L."ambulationem"] چلنے یا پھرنے کاعمل ؛ حرکت ؛ گردش ۔

Ambulator : (n) [L.] (۱) چلنے والا ؛ حرکت کرنے والا ۔ (۲) سڑک کی دوری ناپنے والا آلہ ۔

Ambulatory : (a) [L.] (۱) رواں ؛ خراماں ؛ چلنے کا ؛ مشی سے متعلق ۔ (۲) جو چلنے کے لئے موزوں بنایا گیا ہو ؛ سیر گاہ ۔ (۳) انتقال پذیر ؛ اٹھالو ؛ سفری ۔(٤) غیر دائمی ؛ عارضی ؛ غیر مستقل ؛ چند روزہ ؛ تغیر پذیر ۔

Ambulatory : (n) [L."ambulatorium"] ٹہلنے کی جگہ ؛ سیر گاہ ؛ چہل قدمی کی جگہ ؛ چھتا ؛ محراب دار چھتا ؛ غلام گردش ۔

Amburbial : (a) [L."amburbialis"] شہر سے متعلق ۔

Ambury : دیکھو Anbury

Ambuscade : (n) [It."imboscata",f."imboscare"] کمین ؛ کمین گاہ ؛ گھات کی جگہ ۔

Ambuscade : (v) کمین گاہ میں بیٹھنا ؛ گھات میں بیٹھنا ؛ گھات یا تاک لگانا ۔

Ambuscaded : (a) کمین گاہ میں بیٹھا ہوا ؛ گھات میں بیٹھا ہوا ۔

Ambuscader : (n) گھات میں بیٹھنے والا ؛ کمین گاہ میں بیٹھنے والا ۔

Ambuscado : (n) دیکھو Ambuscade

Ambush : (n) [L."inboscare", f."in+boscus" BUSH] (۱) کمین ؛ کمین گاہ ؛ دام ؛ گھات ۔ (۲) گھات میں لگی یا بیٹھی فوج ۔ (۳) (عام معنوں میں) گھات ؛ تاک ۔ (٤) گھات میں لگا آدمی ۔

Lay an ambush : گھات لگانا ؛ کمین گاہ بنانا ۔

Make an ambush : گھات لگانا ؛ کمین گاہ بنانا ۔

Lie in ambush : گھات میں رھنا ؛ کمین گاہ میں بیٹھنا ۔

Ambush : (v) (۱) چھپانا ؛ گھات لگانا ؛ کمین گاہ میں بٹھا رکھنا (صرف فوجوں کو)۔ (۲) گھات میں بیٹھنا ؛ تاک میں رھنا ؛ تاک لگانا ۔(۳) کمین گاہ سے حملہ کرنا ۔

Ambushed : (a) گھات میں یا کمین گاہ میں بیٹھا ہو یا رہا ہو ۔

Ambushment : (n) دیکھو Ambush (n)

Ame damnee : (n) [Fr.] کسی کا رضامند غلام یا آلۂ کار ؛ پٹھو ۔

Amebean : سوالی جوابی ۔

Amechanical : (a) (فلسفہ و نفسیات) غیر میکانکی ۔

Ameen / Amin : (n) [Arab."Amin"] امین ۔

Ameer / Amir : (n) [Arab."amir"] امیر ؛ سندھ اور افغانستان کے حکمرانوں کا لقب ؛ حاکم ۔

Ameership : (n) امیر کا عہدہ ۔

Ameiotic : (a) [a + meiotic] غیر تنسیفی ۔

Amelanchier : (n) [ad. SAVOY AMELANCIE THE MEDLAR] چھوٹے درختوں کی ایک جنس ۔

Amelcorn : (n) [L."amylum"+ CORN] (۱) گھٹیا گیہوں ۔ (۲) فرانسیسی چاول ۔

Ameliorable : (a) قابل درستی ؛ سدھار کے قابل ؛ بہتری کے لائق ؛ اصلاح پذیر ۔

Ameliorate : (v) [Fr."ameliorer" L."meliorare"] (۱) بہتر بنانا ؛ اصلاح کرنا ؛ اچھا کرنا ؛ سدھارنا ۔ (۲) (سماجیات) سدھار کرنا ؛ رفاہ کرنا ۔

Amelioration : (n) [Fr."amelioration"] (سماجیات) اصلاح ؛ بہتری ؛ سدھار ؛ درستی ؛ فلاح ؛ رفاہ ؛ (لسانیات) ترفیع (معنی)۔

Ameliorative : (a) رفاہی ؛ موجب ؛ فلاح ؛ اصلاحی ۔

Ameliorative change : (n) (لسانیات) ترفیعی تبدیلی ۔

Ameliorator : (n) بہتر بنانے والا ؛ اصلاح کرنے والا ؛ ترقی دینے والا ؛ مصلح ۔

Amelus : (n) [a + Gr."melos" (imb)] بے اعضا والا جنین ۔

Amen : (interj) [Hed."amen"] آمین ؛ ایسا ھی ھو ۔

Amen : (v) آمین کہنا ۔

Amenability : (n) صلاحیت ؛ ذمہ داری ؛ محکومیت ؛ جواب دہی ۔

Amenable : (a) [L."minare"] (۱) (آدمیوں کے لئے) جواب دہ ؛ ذمہ دار ؛ ضامن ؛ تابع ؛ مسئول (عدالت کے رو برو) ۔ (۲) قابل آزمائش ؛ آزمائش کے لائق ۔ (۳) اطاعت پذیر ؛ اثر پذیر ؛ تابع ۔

Amenableness : (n) صلاحیت ؛ اطاعت پذیری ؛ اثر پذیری ۔

Amenably : (adv) اثر پذیری سے ۔

Amendable : (a) قابل ترمیم ؛ اصلاح پذیر ؛ قابل اصلاح ۔

Amendableness : (n) اصلاح پذیری ۔

Amendatory : (a) اصلاح آمیز ؛ اصلاحی ۔

Amende-honorable : (n) [Fr. =honourable compensation] معافی ؛ معذرت ؛ تلافی یا مکافات ؛ هرجانہ ۔

Amender : (n) مصلح ؛ اصلاح کرنے والا ۔

Amendment : (n) [OFr."amendement", f."amender"] ترمیم ؛ اصلاح ؛ ردوبدل ؛ تصحیح ؛ تغیر ؛ بہبودی ۔

Amendment of the constitution : (n) دستوری ترمیم ۔

Amends : (v) [L." emendare"] (۱) ٹھیک کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ سدھارنا ؛ ترمیم کرنا ؛ صحیح کرنا ؛ درست کرنا ۔ (۲) سیدھی راہ پر آنا ؛ تائب ھونا ؛ توبہ کرنا ۔ (۳) بہتر بنانا ۔

Amends : (n) [OFr."amendes"] بحالی ؛ تلافی ؛ باز دھی ؛ تاوان ؛ بدلہ ؛ مکافات ؛ معاوضہ ۔

To make amends : تلافی کرنا ؛ ڈنڈ بھرنا ؛ مکافات دینا ۔

Amene : (a) [L."amoenum"] پسندیدہ ؛ دل پسند ؛ دل پذیر ؛ خوش گوار ؛ مطابق و موافق ۔

Amenities : (n) (سماجیات) اشیائےآرام ؛ سامان آسائش ۔

Amenity : (n) [L."amoenitatem"] (۱) پسندیدگی ؛ دل پذیری ؛ خوش گواری ؛ خوش آیند ھونا ؛ لطف ؛ پر لطف ھونا (اشخاص یا مقامات کا) ؛ سازگاری ؛ مطبوعیت ؛ نرمی ۔(۲) خوش اطواری ؛ خوش اخلاقی ؛ خوش مزاجی ؛ (جمع میں) ملائمت ؛ مہربانی ؛ (تاریخ و سیاسیات) سہولت ۔

Amenorrhea : (n) [Gr."a+men+roea"] حبس طمث ؛ عدم حیض ؛ حیض کا نہ ھونا یا رک جانا ؛ بے حیض ۔

Ament : (n) [L."amentum] (۱) (نباتیات) آویزیہ (ان درختوں کو کہتے ھیں جس کے پھول جھمکے کی طرح لٹکے رھتے ھیں)؛ تسمہ ۔ (۲) ابلہ ۔

Amental : (a) [L."amentum"+-AL] آویزیہ دار؛ دماغ کے وجود سے منکر ؛ دماغ کے وجود کا محتاج نہ رھنے والا ۔

Amentia : (n) [L."ament","amens"+IA] (فلسفہ و نفسیات) ضعف دماغ ؛ ابلھی ؛ نقاھت ؛ بھولاپن ۔

Amentaceous : (a) آویزیہ دار ؛ بید کی طرح ؛ ضعیف الدماغ ۔

Amentiferous : (a) جس میں آویزیہ ھو ؛ تسمہ بردار ؛ تسمائی ؛ آویزیہ دار ؛ تسمہ دار ۔

Amentiform : (a) آویزیہ کی شکل کا ؛ تسمہ شکل ۔

Amentum : (n) [L.] دیکھو Ament

Amerce : (v) [L."mercedem"] (۱) جرمانہ کرنا ؛ ڈانڈ لینا ۔ (۲) (عام معنوں میں) سزا دینا ۔ (۳) زبر دستی لے لینا ؛ چھین لینا ۔

Amercement / Amerciament : (n) [L."mercedem"] جرمانہ ؛ ڈنڈ؛ ڈانڈ ؛ (تاریخ و سیاسیات) نقد جرمانہ ۔

Amerciable : (a) قابل جرمانہ ؛ سزاوار ۔

Amerciament : (n) [L."amerciamentum"] دیکھو Amercement

Amercing : (v) کاٹ لینا ؛ چھین لینا ۔

American : (a & n) (۱) امریکی ؛ امریکائی ۔(۲) یوروپی نسل کا امریکی باشندہ ۔ (۳) امریکہ کا شہری ۔ (٤) امریکی براعظم کے قدیم لوگ جنھیں اب American Indians کہا جا تا ھے ۔

Americanism : (n) (۱) امریکہ کے ساتھ لگاؤ یا ھم دردی۔ (۲) امریکی محاورہ (وہ لفظ یا جملہ جو خاص کر امریکہ میں بولا جاتا ھے)؛ (تاریخ و سیاسیات) امریکی محاورہ؛ امریکیت۔

Americanist : (n) وہ شخص جو امریکی موضوعات کا خاص مطالعہ کرے۔

Americanization : (n) امریکی بننے یا بنانے کا عمل۔

Americanize : (v) (۱) امریکی بنانا یا بننا؛ امریکانا؛ امریکی بن جانا۔(۲) امریکی محاورات بولنا۔

Americanized : (a) امریکی یا امریکی کی طرح بنا ھوا۔

Americas : (n) (تاریخ و سیاسیات) امریکی براعظم۔

Americium : (n) [Amrica + - IUM] (کیمیا) امیریسیم۔

Americo -: لفظ America سے مرکب الفاظ بنانے کی ایک ترکیب۔

Americo-mania : (n) امریکی چیزوں کے لئے خبط۔

Ameristic : (a) [Gr."ameristos"] غیر منقسمہ؛ بے ٹکڑا۔

Ametabola : (n) [Gr."ametabela"] (حیوانیات) حشرہ کی ایک زیر جماعت، مثلاً جوں وغیرہ جس کی شکل نہیں بدلتی ھے۔

Ametallous : (a) [Gr."a+metall-on"+-OUS] غیر فلزاتی؛ غیر دھات کا؛ غیر دھاتی؛ غیر فلزمی۔

Amethyst : (n) [Gr."ametystos"] (کیمیا) نیلم؛ یاقوت؛ ارغوانی یا بنفشی رنگ کا قیمتی پتھر؛ یاقوت جمری؛ جمست؛ مرطیس۔

Oriental amethyst : ایک نادر / کم یاب بنفشی رنگ کا نیلم۔

Violet amethyst : (کیمیا) بنفشی نیلم۔

Amethystine : (a) (۱) نیلمی۔(۲) بنفشی ارغوانی۔

Ametria : (n) بے رحمی۔

Ametropia : (n) [Gr."ametros+ops"] آنکھ کے انعطاف/تکسیر کی کوئی غیر طبعی حالت؛ نقص بینائی؛ تیرہ نگاھی؛ نقص البصر۔

Ametropic : (a) آنکھ کی تکسیر کی غیر طبعی حالت کا / کی۔

Ametrous : (a) فاقدالرحم؛ بغیر رحم کی۔

Amhaarez : (n) [Hed."am haares"] فلسطین کے غیر اسرائیلی باشندے۔

Amhara : (n) سامی بولنے والے شمالی حبشہ کے باشندے۔

Amiability : (n) [See next] دل کشی؛ دل آویزی؛ دل نوائی؛ تلطف؛ دل پذیری؛ شیرینی؛ خوش مشربی۔

Amiable : (a) [L."amabilum"] (۱) قابل محبت؛ قابل الفت؛ دل آویز؛ دل کش؛ شیریں؛ دل پذیر؛ مهربان۔(۲) لطف سے پیش آنے والا۔

Amiableness : (n) دل آویزی؛ دل کشی؛ دل نوائی؛ تلطف؛ دل پذیری؛ شیرینی؛ لطف؛ محبت۔

Amiably : (adv) ازراہ لطف؛ لطف آمیزانہ یا دل آویزانہ طور پر۔

Amiant (h) / Amiant (h)us : (n) [Gr."amiantos"] (۱) ایک طرح کی ریشہ دار معدنی چیز؛ فتیل۔ (۲) یشعب سبز؛ مهسنیا؛ ریشہ دار زبرجد۔

Amiant (h)iform : (a) فتیل کی ساخت کا۔

Amiant(h)ine : (a) فتیل کی خاصیت کا۔

Amiant(h)omoteinite: (n) سبز سنگیا (Actinolite) کی ایک قسم۔

Amiant(h)oid / Amiant(h)oidal : (a & n) مثل فتیل؛ فتیل نما۔

Amic : (a) [AM(MONIA) or AM (IDE)+ - IC] امونیا کا یا امونیا سے متعلق؛ امونیائی؛ امونیاوی۔

Amicability : (n) دوستی؛ یگانگت؛ یگانگی؛ آپس داری؛ صلح طلبی؛ وداد۔

Amicable : (a) [L."amicabilis"," f."amicus"] (۱) دوستانہ؛ محبانہ۔ (۲) ھم آھنگ؛ سازگار؛ آپس داری کا۔

Amicable numbers : (n) اعداد محبانہ۔

Amicable suit : (n) دونوں فریق کی رضامندی سے لیا ھوا مقدمہ۔

Amicableness : (n) صلح طلبی؛ وداد؛ یگانگت۔

Amicably : (adv) دوستانہ طور پر ؛ آپس داری کے طریقہ پر ؛ یگانہ وار ؛ صلح سے ؛ آشتی سے ؛ مصالحانہ طور پر ۔

Amice : (n) [L."amictus"] عصابہ (ایک چوکھٹا سفید کپڑا جو عیسائی پادری مذہبی رسم ادا کرتے وقت سر پر اوڑھتے تھے اور اب شانوں پر ڈالتے ہیں) ۔

Amice : (n) [L."amutia"] (۱) کلاہ ؛ ردا ؛ ٹوپی ؛ چادر (جو پادری اوڑھتے ہیں) ۔ (۲) بلاً (جو قیس بائیں بازو پر باندھتے ہیں) ۔

Amicron : (n) [a + micron] (کیمیا) امیکرون ۔

Amicus curiae : (n) [L.] رفیق عدالت ۔

Amid / Amidst : (prep) [OE."on middan"] (۱) بیچ میں ؛ درمیان میں ۔ (۲) دوران میں ؛ سلسلے میں ؛ ضمن میں ۔

Amidated : (a) امونیا کے مرکب میں تبدیل کیا ہوا ؛ Amide بنایا ہوا ۔

Amide : (n) [AM(MONIA) + - IDE] (۱) (کیمیا) امائیڈ ۔ (۲) مرکب امونیا کا عمومی نام جس میں ہائیڈروجن کا ایک یا زیادہ جوہر تبدیل کر دیا جاتا ہے تیزابی اساس سے ۔

Amidide : (n) [AMIDE + - IDE] دوسرے عنصر یا مختلف الاجزا اصلیہ کے ساتھ امیڈوجن (Amidogen) کا سادہ مرکب ۔

Amidin : (n) [L. amylum+-IN] (۱) نشاستے کا حل پذیر جزو ۔ (۲) محلول نشاستہ ۔

Amidism : (n) [Jap."Amida"] بودھوں کا ایک فرقہ جو جنت میں زندگی نو کا وعدہ کرتا ہے ۔

Amidmost : (adv) [mod. f."amid or midmost"] ٹھیک بیچ میں ؛ ٹھیک درمیان میں ؛ ٹھیک مرکز میں ۔

Amidogen : (n) [AMIDO+ - GEN] امونیا سے حاصل کیا ہوا ایک اصلیہ (NH_2)

Amidships : (n) درمیان کشتی ؛ جہاز کے بیچ یا وسط میں ؛ جہاز کے درمیانی حصہ میں ۔

Amidst : (prep & adv) (۱) بیچ میں ؛ درمیان میں ۔ (۲) دوران میں ؛ سلسلے میں ؛ ضمن میں ۔

Amidulin : (n) [Fr."amidon"+-ULE+-IN] نشاستہ کا محلول ۔

Amildar : (n) [Pers] تحصیل دار ۔

Amillennialism : (n) [a+millennialism] عقیدۂ عہد سعادت سے انکار ۔

Amimia : (N) [a+Gr."mimos"+-IA] بے اشارگی ؛ بے کنائگی ؛ لا اشاری ؛ لا رموزی ۔

Amine : (n) [AM(MONIA) +-INE] (کیمیا) امین ؛ مرکب امونیا کا عمومی نام جس میں ہائیڈروجن کا ایک یا زیادہ جوہر الکحل یا دوسرے اساسی اصلیہ سے تبدیل کر دیا جاتا ہے ۔

Amino acetic acid : (n) (کیمیا) امینو ایسی ٹک ایسڈ ۔

Amino chloride : (n) (کیمیا) امینو کلورائیڈ ۔

Amino compounds : (n) (کیمیا) امینو مرکبات ۔

Amino glutaric acid : (n) (کیمیا) امینو گلوٹارک تیزاب ؛ امینو گلوٹارک ایسڈ ۔

Amino group : (n) (کیمیا) امینو گروپ ۔

Amino plastic : (n) (کیمیا) امینو پلاسٹک ۔

Amir : (n) دیکھو Ameer

Amirate : (n) (تاریخ و سیاسیات) امارت ۔

Amiss : (a) [A prep.+MISS] (۱) ناقص ؛ جس میں کسر یا خلل یا کوتاہی ہو ؛ نا درست ۔ (۲) بے موقع بے محل ؛ بے تکا ۔ (۳) خلاف توقع ؛ خلاف مزاج ؛ نا موافق ۔

To come or happen amiss : ناموافق ہونا ؛ غیر موزوں ہونا ؛ بے محل ہونا ۔

To do / deal / act amiss : غلطی کرنا ۔

To take amiss : غلط سمجھنا ؛ برا ماننا ؛ ناراض ہونا (غلط فہمی کی بناپر) ۔

Not amiss : موزوں ؛ موافق ؛ مناسب ؛ بر محل ؛ بے خلل ؛ بے لاگ ۔

Amiss : (adv) غلطی سے ؛ غلط فہمی سے ۔

Amissibility : (n) گم ہوجانے یا گم کرنے کا امکان ۔

Amissible.: [L."amissibilem", L."amiss- / amittere"] گم هو جانےوالا ؛ کھو جانے والا ۔

Amissing : (a) غائب ؛ گم ؛ گم شدہ ۔

Amitosis : (n) [a+mitosis] خلیہ کی تقسیم جس میں پہلے مرکز کا معمولی انتشار ہوتا ہے اس کے بعد سیٹوپلازم کی تقسیم ہوتی ہے ؛ بے خیطیت ؛ بلا واسطہ تقسیم ۔

Amity : (n) [L."amicitatem-"L."amicitiam"] دوستی ؛ یاری ؛ دوستانہ تعلقات ؛ محبت ؛ ارتباط ؛ میل جول ۔

Amma : (n) [Gr."amma"] (جراحی) پٹی یا کمانی ۔

Ammelide : (n) [AM(MONIA) + MEL (AM)+ [IDE] ایک سفید سفوف ($C_6 N_9 H_9 O_3$) جو میلم (melam) پر گندھک کے گاڑھے تیزاب کے عمل سے پیدا ہوتا ہے ۔

Ammeline : (n) [As prec. + - INE] ایک سفید سفوف (Zcy H_2 N. Cy H.O) جو میلم کو گندھک کے ہلکے تیزاب کے ساتھ جوش دینے سے پیدا ہو تا ہے ۔

Ammeter : (n) [AM(PERE)+-METER] برقی رو ناپنے کا آلہ ۔

Ammi : (n) [Gr."ammi"] ایک قسم کی گھاس جسے Bishop weed بھی کہتے ہیں ۔

Ammodyte : (n) [Gr."ammos+dytes"] (۱) (حیوانیات) جنوبی یورپ کا ایک زہریلا سانپ ۔ (۲) مار ماہی ۔

Ammodytes : (n) ریگ باش ۔

Ammonia : (n) [L."ammoniacum"] (۱) امونیا ؛ ایک قسم کی تیز بو رکھنے والی گیس (N H7) ۔ (۲) امونیائی مرکبات ؛ (کیمیا) ایمونیا ۔

Ammonia leaching : (n) (کیمیا) ایمونیا تقطیر ۔

Ammonia liquor : (n) (کیمیا) لیکر ایمونیا ؛ امونیائی محلول ۔

Ammonia recovery tower : (n) (کیمیا) ایمونیا باز یافتی مینار ۔

Ammoniac : (a) [L."ammoniacum"] امونیائی ؛ امونیا کی ایک قسم کی ۔

Gum ammoniac : گندہ بیروزہ ؛ گوند کی سی ایک شے جو بطور دوا کے اور جوڑنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Sal ammoniac : نوشادر ۔

Ammoniacal : (a) امونیائی ؛ امونیا کی طرح ۔

Ammoniated : (a) امونیا آمیز ؛ جس میں امونیا ملا ہو ؛ امونیائی ہوئی ۔

Ammonic : (a) امونیائی ؛ امونیا یا امونیم سے اخذ کیا ہوا ۔

Ammonical : (a) امونیائی ؛ امونیا کی طرح ۔

Ammonification : (n) (کیمیا) ایمونیانا ۔

Ammonifier : (n) (کیمیا) ایمونیا نے کا برتن ۔

Ammonify : (v) (کیمیا) ایمونیانا ۔

Ammonion : (n) (کیمیا) ایمونیان ؛ ایمونیم آئن ۔

Ammonite : (n) [L."ammonites"] امونی ؛ سخت خول اور ملائم جسم والے حشرات کی ایک قسم جو زیر زمین پائی جاتی ہے ۔

Ammonites : (n) (کیمیا) ایمونیائٹس ۔

Ammonium : (n) امونیم (NH_4)

Ammonium Chloride : (n) نوشادر ۔

Ammonium sulphate : (n) امونیم سلفیٹ ؛ کیمیائی کھاد ۔

Ammonolysis : (n) (کیمیا) ایک کیمیاوی رد عمل جس میں امونیا پانی کی طرح اپنا رول ادا کرتا ہے ؛ امونیا کے ایک یا دو ہائیڈروجن کے ذرات کے بدلے دوسرے ذرات یا ریڈیکل آجاتے ہیں ؛ امون پاشی ۔

Ammunition : (n) [Fr."am(m)unition"] مہمات جنگی ؛ گولہ بارود ؛ میگزین ؛ ذخائر حرب ۔

Ammunition : (v) سامان جنگ / گولہ بارود مہیا کرنا ۔

Ammunition boot : (n) فوجی جوتے ۔

Ammunition hat : (n) فوجی ٹوپی ۔

Ammunition tread : (n) فوجی روٹی (جو سپاھیوں کو دی جاتی ھے)۔

Ammunitioned : (a) گولہ بارود سے آراستہ ۔

Amnemonic : (a) [Gr."a+mnemonikos"] جس میں قوت حافظہ کے فقدان کی علامت ھو ۔

Amnesia : (n) [Gr.] (فلسفہ و نفسیات) نسیان ؛ فراموشی ؛ بھول ؛ حافظہ کا جاتا رھنا ؛ (لسانیات) لسانی نسیان ۔

Localised amnesia : جزوی نسیان ۔

Amnestic : (a) [Gr."amnestia"] نسیان پیدا کرنے والا ؛ نسیانی ۔

Amnesty : (n) [Gr."amnestia"] (۱) چشم پوشی ؛ اغماض ؛ تجاھل ۔ (۲) عام معافی ؛ امان ؛ عفو عام ؛ بخشش عمومی ۔ (۳) عام معافی دینا ۔

Amnion : (n) [Gr."amnion"] (حیوانیات) امنیان ؛ سب سے اندرونی جھلی جو جنین کو پیدائش سے پہلے لپیٹے رھتی ھے ؛ حشیمہ ؛ غلاف جنین ؛ برقع جنین ؛ امنیون ؛ انفسہ ۔

Amnios : (n) وہ مائع جو تھیلی میں پیدا ھو اور جس میں جنین کے ابتدائی اجزاء داخل ھوتے ھیں ۔

Amniota : (n) ریڑھ کی ھڈی والے وہ جانور (جس میں رینگنے والے، پرند اور دودھ پلانے والے جانور شامل ھیں) جن کو غلاف جنین ھوتا ھے ۔

Amniotic : (a) غلاف جنین کا یا اس سے متعلق یا خاصیت رکھنے والا ۔

Amoeba : (n) [Gr."amoeba"] ایک قسم کا ایک خلوی (خوردبین سے دکھائی دینے والا) کیڑا جو ھمیشہ اپنی شکل بدلتا رھتا ھے ؛ بدلو ؛ (حیوانیات) امیبا ۔

Amoebaean : دیکھو Amebean

Amoebiform : (a) بدلیہ یا امیبا شکل ۔

Ameboid : (a) امیبا نما ؛ بدلو نما یا موھنی ؛ (حیوانیات) امیبائی ۔

Amoibite : (n) ایک معدنی شے ۔

Amomum : (n) [Gr."amomon"] ایک قسم کا خوشبودار پودا ۔

Among / Amongst : (adv & prep) [OE."on zemang"] (۱) درمیان ؛ مجمع ؛ گروہ میں ؛ حلقہ میں ۔ (۲) من جملہ ؛ شامل ؛ داخل (کسی گروہ میں) ۔ (۳) درمیان میں ۔ (٤) مقابلہ میں ؛ نسبت سے ۔ (٥) مل کر ؛ شرکت سے ؛ باھم دگر ۔ (٦) آپس میں ؛ باھم ۔

Amontillado : (n) [Sp.] ایک قسم کی شراب ۔

Amoral : (a) [A prep.+ MORAL] اخلاق سے بے تعلق ؛ اخلاقی صفات سے بے بہرہ ؛ بے اخلاق ؛ (فلسفہ و نفسیات) اخلاق سے بے تعلق ؛ لا اخلاق ۔

Amoralism : (n) (۱) ایک عقیدہ جو عام اخلاقی امتیازات کو لغو قرار دیتا ھے ؛ لا اخلاقیت ۔ (۲) غیر اخلاقی حالت ؛ صورت حال یا طرز خیال ۔

Amorality : (n) (فلسفہ و نفسیات) اخلاق سے بےتعلق ؛ لا اخلاقیت ۔

Amoretto : (n) [It."amoretti"] خوب صورت لڑکا ؛ عاشق ؛ اشعار عاشقانہ ؛ حیلہ عاشقانہ ۔

Amorino : (n) [It. dim. of amore] خوب صورت لڑکا ؛ عشق کا دیوتا ؛ کیوپڈ ۔

Amorist : (n) [L."amor" or Fr."amour"] عاشق ؛ عشق باز ؛ عاشق پیشہ ۔

Amoristic : (a) (۱) محبت خصوصاً جنسی محبت کے عقیدت مند سے متعلق ؛ جانباز سے متعلق ۔ (۲) اس شخص سے متعلق جو محبت کو رومانی طور پر اپنی تحریر میں پیش کرتا ھے ۔

Amoristic sentiment : (n) (فلسفہ و نفسیات) عاشق مزاجی ؛ جذبۂ عشق ؛ عشقی جذبہ ۔

Amorous : (a) [L."amorosum"] (۱) عشق باز ؛ عاشق مزاج ۔ (۲) عاشق ؛ شیدائی ؛ شیفتہ ؛ فریفتہ ؛ وابستہ ۔(۲) عشقیہ ۔

Amorously : (adv) عاشقانہ ؛ عشق بازانہ ؛ شیفتہ وار ۔

Amorousness : (n) تعشق ؛ عاشق مزاجی ؛ عاشقی ؛ شیفتگی ۔

Amorpha : (n) [Gr."amorphos"] جنوبی امریکہ میں پائی جانے والی ایک جھاڑی کی جنس ۔

Amorphism : (n) بے شکلی ؛ بے نظمی ؛ نقلمیت (نا اور قلمیت) ؛ عدم شکل معین -

Amorphophyte : (n) [AMORPHO-+Gr."phyton"] ایک قسم کا درخت جس کے پھول بے جوڑ یا غیر معین شکل کے ہوتے ہیں -

Amorphous : (a) [Gr."amorphos"+-OUS] (۱) بے شکل ؛ بے نظم ؛ خلاف قاعدہ ؛ ان ریت ؛ غیرطبعی - (۲) بے شکلا ؛ غیر متشکل ؛ بے ڈول - (۳) (حیوانیات) نقلی - (٤) (طبیعیات و کیمیا) بے روئیں دار -(٥) (کیمیا) نقلما (جس سے قلم نہ بن سکے) (نا اور قلم) - (٦) بے ترتیب ؛ بےھنگم ؛ غیر منتظم -

Amorphously : (adv) بے ترتیبی سے ؛ بے نظمی سے ؛ خلاف قاعدہ سے ؛ غیر طبعی طور پر -

Amorphousness : (n) نقلماپن ؛ بے قلم ھونا ؛ بے شکلی ؛ بے نظمی ؛ بے ترتیبی ؛ بےھنگم پن -

Amorphozoa : (n) [L."amorpho"+Gr."Zoa"] (حیوانیات) حیوانات ابتدائی (جو ایک خلیے کے ھوں) -

Amorphozoary : (n) حیوانات ابتدائی کا مجموعہ -

Amorphozoic : (a) حیوانات ابتدائی کا یا اس سے متعلق -

Amorphy : (n) بے شکلی ؛ بے نظمی -

Amort : (a & adv) (۱) بے جان ؛ بے روح ؛ غیر ذی روح ؛ موت یا موت کی حالت میں -(۲) (مجازاً) کم حوصلہ ؛ کم ھمت ؛ مردہ دل -

Amortization /-sation : (n) [L."a(d)mortizationem"] جائداد کا وقفی انتقال ؛ (کامرس) بے باقی (قرض کی) ؛ استہلاک (سرمایہ وغیرہ)-

Amortization fund : (n) (تجارت) بے باقی فنڈ -

Amortizable : (a) قابل بے باقی ؛ قابل ادائی -

Amortize : (v) [L."admortire", f."ad+mortem"] (۱) جائداد کا وقفی انتقال کرنا ؛ جائداد کا کسی جماعت کےنام وقف کرنا ؛ مستہلک کرنا - (۲) چکانا (قرضہ) ؛ بےباق کرنا (ذخیرہ ادائی کے ذریعہ)-

Amortized : (a) وقف کیا ھوا -

Amortized loan : (n) (تجارت) ادا شدنی قرض -

Amortized mortgage : (n) (تجارت) بے باق شدہ رہن؛ رھن بالادا -

Amotion : (n) [L."amotionem"] (۱) برطرفی ؛ اخراج - (۲) کسی چیز سے محرومی -

Amount : (v) [L."ad montem"] (۱) (حساب میں) میزان آنا ؛ ھونا (میزان یا شمار میں) ؛ کل (اتنا) ھونا -(۲) مرادف ھونا ؛ معنی ھونا ؛ مساوی ھونا (معنی کے اعتبار سے)-

Amount : (n) (۱) (معاشیات) رقم ؛ گنتی ؛ میزان ؛ شمار ؛ تعداد ؛ جمع ؛ حاصل ؛ نتیجہ - (۲) پوری اھمیت ؛ اصلی اھمیت ؛ قدر اصلی -(۳) (طبیعیات) مقدار ؛ (انتظامیہ و ریاضی) رقم ؛ مقدار -

Deposited amount : (تجارت) جمع شدہ رقم-

Withdrawn amount : (تجارت) نکالی گئی رقم-

Amount : (n) (ریاضی) کل زر -

Amount due : (n) واجب رقم-

Amount insured : (n) بیمہ شدہ رقم-

Amour : (n) [L."amorem"] (۱) عشق بازی (کا معاملہ) ؛ معاشقہ ؛ عشق و عاشقی - (۲) آشنائی ؛ تعلق (نا جائز)-

Amourette : (n) [mod. Fr.] نظربازی ؛ تماش بینی ؛ خود پسند ؛ خود بینی ؛ (تاریخ و سیاسیات) خود داری -

Amovable : (a) برخاست کئے جانے کے لائق -

Amove : (v) [L."amovere"] برخاست کرنا (کسی عہدہ سے) ؛ کسی درجہ سے ھٹانا -

Ampelideous : (a) [Gr."ampelos"+OUS] انگور کی جنس کا -

Ampelite : (a) [Gr."ampelitis"] قیری زمین ؛ قیردار مٹی -

Ampelography : (n) [Gr."ampelos+gra[hia"] انگور کا سائنسی بیان -

Ampere : (n) [Ampere, the Fr."electrician"] (برقیات و طبیعیات) امپیئر برقی رو کی اکائی -

Ampere-turns : (n) (طبیعیات) امپیئر چکر -

Amperometer / Amperemeter : (n) [Ampere+-(o)METER] برقی رو کو ناپنے کا ایک آلہ ؛ (طبیعیات) امپیئر پیما ؛ امپیئر میٹر ۔

Amperometric titration : (n) (کیمیا) امپیر پیما ٹائٹریشن ۔

Ampersand : (n) and لکھنے کا ایک پرانا طریقہ ؛ اس نشان '&' کا نام ۔

Amphi -: (Prefix) (سابقہ) دونوں قسم ؛ دونوں قسم کا ؛ دونوں طرف ؛ دو رخ ؛ گرد ۔

Amphiarthrosis : (n) [AMPHI+ARTHROSIS] (تشریح) معمولی حرکت قبول کرنے کی حالت ؛ مفصل عسیر الحرکت ؛ کم حرکت جوڑ ۔

Amphiaster : (n) [amphi+aster] دو نجمہ ۔

Amphibia : (n) [Gr."amphibia"] جل تھلیا ؛ جل بھومیا (جانور جو خشکی اور تری دونوں میں رھتاھے) ؛ امفیبیا ؛ بر بحر سے ۔

Amphibial : (a) خاکی و آبی ؛ دو میاتی ؛ جل تھلی ؛ جل بھومی ؛ (حیوانیات) جل تھلیلہ ۔

Amphibian : (a) دیکھو Amphibial

Amphibiology : (n) خشکی اور تری دونوں کے رھنے والے جانوروں کا علم۔

Amphibilite / -lith : جل تھلی کے آثار ۔

Amphibious : (a) جل بھومی ؛ جل تھلی ؛ خاکی و آبی (جسکا تعلق خشکی اورتری دونوں سے ھو) ؛ دو جنسہ ؛ (حیوانیات) جل تھلی ۔

Amphibole : (n) [Gr."amphibolon"] سوڈیم اور کیلشیم ؛ میگنیشیم اور مینگنیز اور سیلیکون کی قلمی ساخت رکھنے والی ایک معدنی شے ۔

Amphibole : (n) [Gr.] جال جو مچھلی وغیرہ پکڑنے کے لئے پھینکا جائے ۔

Amphibological : (a) پہلو دار ۔

Amphibology : (n) (۱) توریہ ؛ التباس کلام ؛ پہلودار بات ۔ (۲) مبہم لفظ ؛ مکھم بات یا گول مول الفاظ ۔

Amphibolostylous : (a) غیر واضح ساخت کا ۔

Amphibolous : (a) (علم الامراض) دونوں طرف پھیلا ھوا یا پھیلنے والا ۔

Amphiboly : (n) [Gr."amphibolia"] (۱) مبہم گفتگو ؛ پہلو دار بات ؛ پیچیدہ گوئی ۔ (۲) (منطق) ایہام ؛ التباس کلام ۔

Amphibrach : (n) [Gr."amphibrachus"] سہ ھجائی رکن جس میں دو چھوٹی ھجاؤں کے درمیان ایک ھجائے ممدودہ ھوتی ھے یا دو بے تاکیدی ھجاؤں کے درمیان ایک تاکید دار ھجا ھوتی ھے ۔

Amphibryous : (a) (نباتیات) پوری سطح پر بڑھنے والا ۔

Amphicarpous : (a) (نباتیات) دو فصلہ ؛ دو طرح کا ؛ دو ثمرہ ۔

Amphichroic : (a) (کیمیا) آزمائش رنگ میں دہرا اثر رکھنے والا / والی ؛ دولونی ۔

Amphicoelous : (a) (عضویات) دونوں طرف سے مجوف ؛ دہرا مجوف ؛ دونوں طرف سے کھوکھلا / جوف دار ؛ (حیوانیات) دو جوفی ۔

Amphicrania : (n) [amphi+Crania] دو جانبی سر درد ۔

Amphictyonic : (a) [Gr."amphictyones"] نیابتی ؛ مندوبی ۔

Amphictyonic council (or league) : (n) (تاریخ و سیاسیات) یونانی قدیم ریاستوں کے نمائندوں کی انجمن یا کونسل ۔

Amphictyony : (n) [Gr."amphictyonia"] (جمع) یونانی قدیم ریاستوں کے نمائندگان مجلس کا گروہ ۔ (۲) ھمسایہ ریاستوں کا اتحاد باھمی مفاد کے لئے ۔

Amphidisc : (n) [Gr."amphi+discos"] (حیوانیات) تازہ پانی میں رھنے والے اسفنج کے تولیدی اجسام میں پایا جانے والا سخت مادہ ۔

Amphidromia : (n) (تاریخ و سیاسیات) قدیم یونانی رسم ۔

Amphigam : (n) [Gr."amphi+gamos"] وہ پودا جس میں کوئی خاص نر مادہ کی علامت نہ ھو ؛ دو جنسہ (دو جنس) ۔

Amphigamous : (a) [Gr.] دو جنسی ۔

Amphigastria : (n) [Gr."amphi+gastr-"] ترازو نما پتیاں ؛ دو بطنہ ۔

Amphigen : (n) [Gr."amphi+-gener"] (نباتیات) ایک قسم کی نباتی شے ۔

Amphigene : (n) ایک قسم کی معدنی شے ۔

Amphigenesis : (n) [amphi+GENESIS] دو زائیت ۔

Amphigenite /-yte : (n) ایک قسم کا لاوا جس میں Amphigene پایا جاتا ہے ۔

Amphigenous : (a) [AMPHIGEN+-OUS] (۱) (نباتیات) مرکزی نقطہ کے چاروں طرف اگنے والا ۔ (۲) کیمیا Amphigene کی صفت یا جنس کا ۔

Amphigonic : (a) جنسی توالد و تناسل سے متعلق ؛ دو جنسہ ۔

Amphigonous : (a) والدین سے متعلق ۔

Amphigony : (a) [Gr."amphi+gonia"] دو جنسی توالد و تناسل ؛ دو جنسی پیدائش ۔

Amphigouri /-gory : (n) [Gr."amphi+guros"] بے ربط ؛ مہمل ؛ ایسی عبارت یا نظم جس کے الفاظ شاندار ہوں مگر مطلب کچھ نہ ہو ۔

Amphilogism : (n) [Gr."amphilogos"+-ISM] پیچیدہ گفتگو ؛ ہیر پھیر کی بات ۔

Amphimacer : (n) [Gr."amphimacros"] وہ سہ ہجائی رکن جس میں دو بڑی ہجائے ممدودہ کے بیچ میں ایک چھوٹی ہجا ہوتی ہے یا دو تاکیداری ہجاؤں کے بیچ میں ایک بے تاکیدی ہجا ہوتی ہے ۔

Amphimixis : (n) [amphi-+Gr."mixis"(mingling)] دو طرفی تلذذ ۔

Amphioxus : (n) [Gr."amphi+oxus" tapering at both ends] مچھلی کی ایک قسم (حیوانیات) ایمفیاکس ؛ دو نوکا ؛ نیزک ۔

Amphipneust : (n) [Gr."amphi+pneustos"] وہ خاکی و آبی (جانور) جس کے پھیپھڑا اور گلپھڑا دونوں ہوتے ہیں ۔

Amphipod : (a) [See next] دو گوں پایہ خار پوست ۔

Amphipoda : (n) [Gr."amphi+poda(pus)"] دو گوں پایہ (دو + گوں + پایہ) ؛ سخت خولی جانوروں کی ایک قسم جس میں دو قسم کے پیر ہوتے ہیں ۔

Amphipodan : (a) دو طرح کے پاؤں والا ؛ دوگوں پایہ ۔

Amphipodous : (a) دو طرح کے پاؤں والا ؛ دوگوں پایہ ۔

Amphiprostyle : (n) [Gr."amphiprostyules"] دو رو سایہ (دو + رو + سایہ) ؛ وہ چھت جس کے دونوں طرف برساتی ہو ۔

Amphisarca : (n) [Gr."amphi"+"sarca"] ایک سخت پوست دار گونڈی کاسا پھل جو اندر سے رسیلا اور باہر سے لکڑی جیسا سخت ہوتا ہے ؛ دو لحمیہ ۔

Amphisbaena : (n) [Gr."amphisbaeoa"] (۱) ایک فرضی سانپ جس کے دونوں طرف سر ہوتے تھے اور دونوں طرف چلتا تھا ۔(۲) ایک کیڑا نما چھپکلی جس کے سر اور دم میں بمشکل امتیاز ہوسکے ۔

Amphisbaenian : (a) مذکورہ بالا چھپکلی کی خاصیت ۔

Amphisbaenic : (a) مذکورہ بالا چھپکلی کی خاصیت ۔

Amphisbaenous : (a) دونوں طرف یکساں طور پر چلنے والا ۔

Amphiscians : (a) [Gr."amphi+scioe"] منطقہ حارہ کے باشندے جن کے سائے کبھی جنوب کی طرف پڑتے ہیں اور کبھی شمال کیطرف ۔

Amphisexual : (a) دونوں جنسوں کی خصوصیتوں کی ترقی کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Amphispermous : (a) دو تخمی ۔

Amphistomata : (n) دو دہنہ ؛ دو مونہا ۔

Amphistome : (n) [Gr."amphi+stoma"] کیڑوں کی ایک جنس جس کے جسم کے دونوں طرف چوسنے کی نلی ہوتی ہے ۔

Amphistomoid : (a) مندرجہ بالا کیڑے کی مانند یا اس سے ملتا جلتا ہوا ۔

Amphistylic : (a) [Gr."amphi+stylos"] اوپری اور نچلے جبڑے کی محراب کو سہارا دینے کے لئے ستون جیسی چیز رکھنے والا ۔

Amphitheatre : (n) [Gr."amphi+theatron"] (۱) بیضوی یا مدور عمارت جس میں چاروں طرف ایک کے پیچھے ایک اور ایک دوسرے سے بلند نشستیں ہوتی ہیں ؛ گول تماشہ گاہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) تماشہ گاہ ۔ (۲) دنگل ؛ اکھاڑا ۔ (۳) گول تماشا گاہ سے مشابہ درختوں اور جھاڑیوں کی ترتیب ۔

Amphitheatred : (a) بیضوی تماشہ گاہ کی طرح بنایا ہوا یا مہیا کیا ہوا ۔

Amphitheatric : (a) بیضوی تماشا گاہ کا یا اس سے متعلق یا اس سے مشابہ ۔

Amphitheatrical : (a) دیکھو Amphitheatric

Amphithere : (n) [Gr."amphi+therion"] کیسہ دار جانور کی ایک ناپید جنس ۔

Amphitropal : (a) (نباتیات) جس کے اوپر کا حصہ اور تخمچہ دونوں تخم کی طرف جھکا ہوا ہو ۔

Amphitropous : (a) دیکھو Amphitropal

Amphitryon : (n) [Moliers Amphitryon III. V] میزبان ؛ صاحب خانہ ۔

Amphodarch : (n) [Gr."amphodarches"] شہر کے چوتھائی حصہ پر حکومت کرنے والا ۔

Ampholyte : (n) (کیمیا) ایمفولائٹ ؛ دو رخا ؛ دو گونہ برق پاش ۔

Amphora : (n) [Gr."amphoreus"] (۱) دو دستہ ظرف ؛ یونان یا رومی برتن جس میں دو دستے ہوتے تھے ۔ (۲) رقیق ناپنے کا ایک پیمانہ ۔ یونان میں ۹ گیلن کے اور روما میں ٦ گیلن کے ۔ (۳) (نباتیات) ڈوڈا کا نچلا حصہ ؛ زیر کیسہ (تاریخ و سیاسیات) دو ہتھی صراحی ۔

Amphoral : (a) دو دستہ کا یا اس سے متعلق یا اسکے مثل ۔

Amphoric : (a) [Gr.see rec.] (طب) دیگ دمہ (دمی) ؛ قدری (آواز) ؛ اس آواز کی طرح جو چھوٹے منہ والے برتن میں پھونکنے سے پیدا ہو ؛ صدائے دیگ ۔

Amphoricity : (n) قدری (آواز) کی صفت ؛ قدریت ۔

Amphoteric : (a) [Gr."amphotoros"+-IC] (کیمیا) دو رخا ؛ تیزابی اور القلی دونوں صفت رکھنے والا ؛ دو عملہ ؛ دو تعاملہ ۔

Amphoteric acid : (n) دو رخا ترشہ ۔

Amphoteric electrolyte : (n) دو رخا برق پاشیدہ ۔

Ample : (a) [L."amplus"] (۱) کھلا ہوا ؛ فراخ ؛ کشادہ ؛ وسیع ۔ (۲) زیادہ ؛ وافر ؛ کثیر ۔ (۳) کافی ؛ ضرورت بھر کا ۔

Ampleness : (n) بہتات ؛ کثرت ؛ کفاف ؛ وسعت ؛ فراخی ۔

Amplexation : (n) [L."amplexat-","amplexari"] ہنسلی کی شکستگی کے علاج کا ایک طریقہ ۔

Amplexicaudate : (a) [L."amplexus"+"cauda"] وہ جانور جس کی دم اس کی ران کی جھلی کے اندر لپٹی ہو ۔

Amplexicaul : (a) [L."amplexicaulis"(Linn)] تنے کو لپیٹے ہوئے (یہ اصطلاح بے ڈنٹھل کے پتوں کے لئے استعمال ہوتی ہے) ۔

Amplexifoliate : (a) [L."amplexifolius", after L."foliatus"] ایسے پودے جن کی پتیاں ڈنٹھل سے لپٹی ہوئی ہوں ۔

Amplexus : (n) [L."amplexus"] مینڈکوں کی مجامعت ۔

Ampliation : (n) [L."ampliationem"] استزاد ۔

Ampliative : (a) [L."ampliat-"] تشریح ، توضیح ؛ بست دہندہ ؛ پھیلانے والا ؛ ایزادی ۔

Amplification : (n) [L."amplificationem"] (۱) توسیع ؛ بڑھاؤ ؛ پھیلاؤ ؛ پوری وسعت دینا ؛ افزائش ؛ تغیر ؛ طوالت ۔ (۲) کسی چیز سے انتہائی فائدہ اٹھانا ؛ کامل افادہ ۔ (۳) مبالغہ ؛ اغراق ؛ افراط ؛ فراوانی ؛ (طبیعیات) اضافہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) وسعت ؛ تصریح ۔

Two stage amplification : (طبیعیات) دو حالتی اضافہ ۔

Amplification factor : (n) (طبیعیات) جزو اضافہ ۔

Amplification of the predicate : مسند میں اضافہ ۔

Amplifier : (n) تشریح کنندہ ؛ تغیر دہندہ ؛ وسعت دینے والا ؛ افزائندہ ؛ افزائش کرنے والا ؛ مکبر الصوت ؛ (طبیعیات) اضافہ گر ؛ ایمپلیفائر ؛ افزوں گر ۔

'A' amplifier : (طبیعیات) اضافہ گر – اے

'AB' amplifier : (طبیعیات) اضافہ گر اے ، بی

'C' amplifier : (طبیعیات) اضافہ گر – سی

Amplify : (v) [L."amplificare",F."amplus"] (۱) اضافہ کرنا ؛ بڑھانا ؛ زیادہ کرنا ۔(۲) طول دینا ؛ بڑا کرنا ؛ اطناب ؛ دراز کرنا (قصہ یا بیان کو) ۔ (۳) تحریر یا تقریر کو طول دینا ؛ (بات کو) تفصیل سے بیان کرنا ۔ (٤) مبالغہ کرنا ۔

Amplitude : (n) [L."amplitudo", f."amplus"] (۱) چوڑائی ؛ فراخی ؛ کشائی ؛ عرض ۔ (۲) کثرت ؛ وفور ؛ زیادتی ؛ بہتات ۔(۳) وسعت (حدود یا اطلاق کی) ؛ (فلسفہ، نفسیات و طبیعیات) وسعت ؛ (ریاضی) حیطہ ؛ (آواز کی) ؛ فراطی ۔(٤) شان ؛ عزت ؛ وقار۔ (٥) (فلکیات) وسعت ؛ اجرام فلکی کا وہ بُعد جو ان کے طلوع و غروب کے وقت افق کے مشرقی اور مغربی نقطے سے ظاہر ہوتا ہے ۔(٦) خلا میں حرکت کی وسعت ۔

Magnetic Amplitude : میدان مقناطیس ؛ وہ فاصلہ جو کمپاس میں مشرقی اور مغربی نقطوں کے درمیان ہو ۔

Resonance amplitude : (طبیعیات) گمک وسعت ۔

Amplitude-modulation : (n) (طبیعیات) وسعت ترمیم ۔

Amplitude of a vibration : وہ فاصلہ جو کوئی، شے کی ایک طرف ایک ارتعاش میں طے کرے ؛ (طب) میدان لوسان ۔

Amplitude ratio (of complex number) : (n) (شماریات) نسبت فراخی (پیچیدہ عدد کی)۔

Amply : (adv) کافی ؛ کافی طورسے ؛ کثرت کے ساتھ ۔

Ampule / Ampuli : (n) [L."ampulla"] مبند نلی ۔

Ampulla : (n) [L."amb+olla", or dim. of "amphora"] دو دستی صراحی یا بوتل ؛ ایک مدور صراحی یا بوتل جس میں دو دستے ہوں ؛ (تاریخ و سیاسیات) دو ہتھی صراحی ۔ (۲) پاک برتن جو مقدس کاموں کےلئے مخصوص ہو ؛ فراخہ ۔(۳) (تشریح) پھکنا ؛ فراخہ ۔ (٤) (حیاتیات) پھکنا ؛ غشائی کیسہ ۔

Ampullaceous : (a) پھکنے جیسا ؛ کیس نما ؛ فراخہ دار ۔

Ampullar : (a) کیس دار ؛ پھکنے کی شکل کا ؛ شکم دار۔

Ampullary : (a) پھکنے کی شکل کا یا خاصیت کا ۔

Ampullate : (a) کیس دار ؛ پھکنے کی شکل کا ؛ شکم دار۔

Ampulliform : (a) بوتل نما ؛ پھولا ہوا ۔

Ampus-and / Ampussy : (n) دیکھو Ampersand

Amputate : (v) [L."amputat-"," amputare"] (۱) کاٹنا ؛ چھانٹنا ؛ قطع کرنا ۔(۲) کسی عضو یا بدن کے کسی نکلے ہوئے حصہ کا کاٹ دینا ۔

Amputated : (a) عضو بریدہ ؛ قطع شدہ ؛ قطع کردہ ۔

Amputating : (n) قطع عضو ؛ قطع بریدی ۔

Amputation : (n) [L."amputationem"] (۱) قطع عضو ؛ قطع برید ۔ (۲) جملوں کی قطع برید ؛ کاٹ چھانٹ ۔

Amputator : (n) قاطع عضو ۔

Ampyx : (n) [Gr."ampyx"] (۱) (قدیم یونانی) ایک چوڑی فلزی پٹی جو معزز خواتین اپنی پیشانی پر باندھتی تھیں ؛ گھوڑوں کی پیشانی پر کا پٹہ ؛ سر مائل ۔

Amrit : (n) [Skr.] (۱) امرت ؛ آب حیات ۔ (۲) مقدس مشروب جو سکھ مقدس موقعوں پر پیتے ہیں ۔

Amrita / Amreeta : (a) [Skr.] لافانی ؛ غیر فانی ؛ جاوداں ؛ امر ۔

Amuck : (a & adv) [Malay] (۱) ملایا کا جنونی ۔ (۲) (مجازاً) وحشی ؛ وحشیانہ ۔

To run amuck : دیوانہ وار دوڑنا (جس کے سر پر خون سوار ہو)۔

Amulet : (n) [L. "amuletum"] تعویذ ؛ گنڈا ؛ جنتر ؛ جادو گنڈا ۔

Cranial amulet : (تاریخ) سرکا تعویذ ۔

Amulet seal : (n) (تاریخ) تعویذی مہر ۔

Amusable : (a) تفریح پذیر ؛ بہلانے والا ۔

Amuse : (v) [Fr."amuser",f."a.causal+muser",to stare stupidly] (۱) خوش کرنا ؛ دل بہلانا ؛ خیال لگانا ۔ (۲) خیال یا خواهش کو اکسانا یا گُدگُدانا ۔(۳) سرگرم رکھنا ۔

Amusee : (n) بہلنے والا ۔

Amusement : (n) [Fr. "amuser"] (۱) (فلسفه و نفسیات) تفریح ؛ کھیل ؛ دل بہلاؤ ؛ تفنّن ۔ (۲) ہنسی ؛ گدگداہٹ ؛ کیفیت جو کسی مضحك چیز کو دیکھ کر پیدا ہو ۔ (۳) دل لگی ؛ تماشا ؛ سرگرمی ۔

Amusements tax : (n) محصول تفریحات ۔

Amuser : (n) بہلانے والا ۔

Amusia : (n) [Gr."amousia" (lack of harmony)] لا سرتی ؛ بے سرتی ؛ ایسی حالت جب کہ نغمہ پردازی یا نغمہ فہمی کی لیاقت نہ ہو ؛ غیر موسیقیت بے سراپن ۔

Amusing : (a) خوش کن ؛ خوش آیند ؛ دلچسپ ؛ خندہ انگیز ۔

Amusingly : (adv) بطور تفریح ۔

Amusive : (a) تفریح آمیز ؛ پر تفنّن ؛ دلچسپ ؛ خندہ انگیز ۔

Amusively : (adv) خندہ انگیزی کے انداز سے ۔

Amusiveness : (n) خندہ انگیزی ۔

Amutter : (adv) [A prep. + MUTTER] بڑبڑاتے ہوئے ۔

Amyctic : (a) [Gr."amyssin"] ہیجان انگیز ؛ خراش پیدا کرنے والا ؛ اضطراری حرکت میں لانے والا ۔

Amyelencephalic : (a) [Gr."a+myelos+egcephalos"+Ic] مرکزی نظام اعصابی سے محروم ۔

Amyelonic : (a) [a+myelinic] بے گودا ۔

Amyelotrophy : (n) [Gr."a+myelos+trophia"] ریڑھ کی ہڈی کا خشك ہو جانا ؛ حرام مغز کی خشکی ۔

Amyelous : (a) [Gr."amyelos"+ -OUS] فاقد حرام مغز ۔

Amygdal : (n) [Gr."amygdale"] (۱) بادام ۔ (۲) کوّا ؛ لوزتین ؛ لوزۃ الحلق ؛ بادامہ ۔

Amygdala : (n) بادامیہ ؛ لوزہ ۔

Amygdalaceous : (a) بادامہ ۔

Amygdalate : (a) (۱) بادامی ؛ لوزمی ۔ (۲) (کیمیا) بادامی ؛ ترشہ کا نمك ۔

Amygdalic : (a) بادامی ؛ بادام سے متعلق ۔

Amygdaliform : (a) بادامی شکل ۔

Amygdalin : (n) (کیمیا) ایمیگڈیلین ؛ بادام میں پایا جانےوالا بلوری شکر ۔

Amygdalineous : (a) بادام کی جنس سے متعلق ۔

Amygdalitis : (n) ورم لوزتین ؛ کوّؤں کا ورم ۔

Amygdaloid : (a) [Gr."amygdale"+-OID] بادام نما ؛ (چٹانیں جن میں بادام نما فلزاتی ڈلے پائے جاتے ہیں) ؛ سنگ لوزی ۔

Amygdule : (n) [L."amygd(ala)"+-ULE] (ارضیات) ایك جوہر دار سنگ ریزہ ۔

Amyl : (n) [L."amlyum)"+-YL(E] (کیمیا) ایمائل ؛ الکحل ؛ تیل کے بنیادی اجزاء Ethyl-amyl-acetate

Amylaceous : (a) [L."amylum"+-ACEOUS] نشاستئی ؛ نشاستہ کی خاصیت کا ۔

Amylalcohol : (n) (کیمیا) الکوحل ۔

Amylamine : (n) [amyl+AMINE] (کیمیا) وہ امین جس میں امونیا کا ایك ہائیڈروجن ایمائل سے بدل دیا جائے ۔

Amylase : (n) [AMYL+-ase] (۱) (کیمیا) ایمائیلیس ؛ ایك انزائم (enzyme) جو خصوصاً مالٹا میں پایا جاتا ہے اور جس کا اثر خاص طورپر اسٹارچ اور گلائکوجن پر ہوتا ہے ۔ (۲) وہ انزائم (ایك قسم کا رس) جس سے اسٹارچ اور گلائکوجن کا آبی تجزیہ تیزتر ہو جاتا ہے ۔

Alpha amylase : (کیمیا) الفا ایمائیلیس (amylase 'a') ۔

Beta amylase : (کیمیا) بیٹا ایمائیلیس (amylase 'b') ۔

Amylate : (n) اصلیہ (ریڈیکل) امیل کا نمك ۔

Amylene : (n) (کیمیا) ایمائیلین ۔

Amylocellulose : (n) (کیمیا) ایمائیلو سیلولوس ۔

Amylodextrin : (n) (کیمیا) ایمائیلو ڈکسٹرین ۔

Amylogenesis : (n) نشاستہ زائی ؛ تولید نشاستہ ۔

Amyloid : (a & n) [L."amylum",+ - OID] نشاستہ وغیرہ کی سی (غذا وغیرہ) ؛ (کیمیا) ایمائل نما ؛ نشاستئی ۔

Amyloidal : (a) نشاستی ۔

Amylopectin : (n) (کیمیا) ایمائیلو پکٹین ۔

Amyloplast : (n) (کیمیا) ایمائیلوپلاسٹ ۔

Amylopsin : (n) (حیوانیات و کیمیا) ایمائلاپسن ؛ نشاستہ ھاضین ۔

Amylose : (n) [L. amyl - um + - OSE] کاربو ھائیڈریٹ کی ایک قسم ؛ (کیمیا) ایمائلوس ۔

Amylum : (n) [L.] (کیمیا) ایمائلم ؛ نشاستہ ۔

Amyosthenic : (a) [Gr."a - myos+sthenia"+-IC] ایک دوا جو عضلاتی فعل کو سست کرتی ھے ۔

Amyotrophic : (a) [Gr."a + my-os+- trophia"] خشکیء عضلات سے متعلق ۔

Amyotrophy : (n) عضلات کی خشکی ؛ ذبول عضلہ ۔

Amyous : (a) [Gr. "amy- os" + - OUS] فاقد عضلات ۔

Amyris : (n) منطقہ حارہ کے درختوں اور جھاڑیوں کی جنس جن سے گوند حاصل ھوتی ھے ۔

An : (a) ایک ؛ دیکھو " a "

An - : (pref) بطور سابقہ (۱) an کے معنوں میں ۔ (۲) ad کے معنوں میں ؛ دیکھو Ad

-an : (suffix) (لاحقہ) صفات کے آخر " یائے نسبتی " کے معنوں میں ۔

Ana : (adv) [Gr."ana"] ھر ایک کا ؛ ھر کسی کا ۔

Ana - : (prefix) (سابقہ) اوپر ؛ پیچھے ؛ دو بارہ ؛ نئے سرے سے ؛ از سر نو ۔

-ana : (suffix) (۱) (لاحقہ) ملفوظات ؛ کسی شخص کے یادگار اقوال کامجموعہ ؛ اقوال ۔ (۲) (جمع میں) روایات ؛ حکایات ؛ محاضرات ؛ مقولات (کسی شخص کے) ۔

Anabaptism : (n) Gr. "ana + baptismos"] تجدید اصطباغ ؛ باز اصطباغ ؛ باز اصطباغیت ؛ از سر نو بپتسما ۔

Anabaptist : (n) باز اصطباغی ؛ جس کے اصطباغ کی تجدید ھوئی ھو ؛ جو باز اصطباغیت کا عقیدہ رکھتا ھو ؛ (تاریخ) ایک عیسائی فرقہ ۔

Anabaptistic : (a) باز اصطباغی ۔

Anabaptistical : (a) باز اصطباغیانہ ۔

Anabaptize : (v) [Gr."anabaptizin"] پھرسے اصطباغ دینا ؛ از سر نو بپتسماً دینا ؛ پھر سے نام رکھنا ۔

Anabas : (n) چڑھیل مچھلی ؛ درخت پر چڑھنے والی مچھلی کی ایک جنس ۔

Anabasis.: (n) [Gr. " anabaesis"] چڑھائی ؛ فوجی پیش قدمی ؛ خاص کر کوروش کی ایشیائے کوچک میں جس کا بیان مورخ زینوفن (Xenophon) نے کیا ھے ۔

Anabatic : (a) [Gr. "anabatikos"] مرض میں عروج سے متعلق ؛ مرض میں شدت پیدا کرنے والا ۔

Anabiosis : (n) [Gr. "anabiosis"] باز حیاتیت ۔

Anabiotic : (a) [Gr. "ana + bioticos"] قوت بخش ؛ نشاط انگیز ؛ محرک ۔

Anabolism : (n) [ana + bolism] (کیمیا) حیاتی تشریع ؛ (حیوانیات) تجمع ؛ تعمیری تحول ۔

Anabolite : (n) تعمیر کار ۔

Anacampsis : (n) عکس ؛ عکس العمل ۔

Anacamptic : (a) جو عکس العمل پیدا کرے یا اس سے متاثر ھو، خصوصاً باز گشت ۔

Anacamptically : (adv) بطریق عکس العمل ۔

Anacard : (n) [Gr."ana + cardia"] کاجو ۔

Anacardate : (a) کاجو سے متعلق ؛ کاجو کا نمک ۔

Anacardiaceous : (n) کاجو کی جنس کے پودے اور وہ درخت جنمیں آم، پستہ وغیرہ پھلتے ھوں ۔

Anacardic : (a) کاجو سے متعلق ؛ کاجو کا نمک ۔

Anacathartic : (a) [Gr. "ana" (upward) + CATHARTIC] وہ دوائیں جو امتلا انگیز اور دافع بلغم ہوں ۔

Anacharis : (n) [Gr. "ana" (up) + "Charis"] پانی میں پیدا ہونے والی شمالی امریکی گھاس ۔

Anachorism : (n) [Gr. "ana + Chorion"] غیر ملکی شے ؛ بدیسی چیز ؛ بیگانہ ؛ غیر متجانس ۔

Anachronic / Anachronical : (a) تاریخی غلطی پر مشتمل جس میں بہ اعتبار زمانہ غلطی ہو ؛ غلط زمانہ کی طرف منسوب کیا ہوا تاریخی واقعہ ۔

Anachronically : (adv) بطور اشتباہ تاریخی ۔

Anachronism : (n) [Gr. "anachronizin"] (۱) غلط زمانی ؛ سہو زمانی ؛ اشتباہ تاریخی ۔ (۲) زمانہ یا تاریخوں کا غلط مقرر کرنا ۔ (۳) کسی واقعہ وغیرہ کو غلط تاریخ سے متعلق کرنا ۔ (٤) کوئی کام جو تاریخ کے لحاظ سے نہ ہو ۔ (۵) (تاریخ و سیاسیات) سہو زمانی ؛ (فلسفہ و نفسیات) خلاف زمانہ ۔

Auachronist : (n) جو اشتباہ تاریخی کا مرتکب ہو ۔

Anachronistic : (a) جس میں اشتباہ تاریخی شامل ہو ؛ اشتباہ تاریخی سے متعلق ؛ (تاریخ و سیاسیات) سہو زمانی سے متعلق ۔

Anachronize : (v) غلط زمانے سے منسوب کرنا ۔

Anachronous : (a) اشتباہ تاریخی پر مشتمل ۔

Anachronously : (adv) بہ لحاظ اشتباہ تاریخی ۔

Anacidity : (n) ["an + acidy"] بے ترشگی ۔

Anaclastic : (a) [Gr. "anaclastos" + - IC] (۱) انعطاف نور سے متعلق یا پیدا شدہ ؛ انعطافی ۔ (۲) چٹخنے کی آواز کے ساتھ اچھل پڑنےوالا ؛ کھٹکے دار یا اپنے آپ بند ہو جانےوالی ۔ (۳) موید بینائی ؛ علم المرایہ ؛ ہجائے کوتاہ یا ہجائے بلند کا قابل تغیر ہونا ۔

Anaclastic curves : (n) بعض ظاہری خطوط منحنی جو انعطاف نور کی وجہ سے کسی پانی بھرے ہوئے برتن کی تہ میں نظر آئیں ۔

Anaclastic glasses : (n) اپنے آپ بند ہو جانے والی عینک ؛ کمانی دار عینک ۔

Anacoenosis : (n) [Gr. "anacoenosis"] وہ ادبی صنعت جس کے ذریعہ مقرر اپنے سامعین یا مخالفین کو موضوع بحث پر رائے دینے کے لئے آمادہ کرتا ہے ۔

Anacoluthia : (n) [Gr.] نحوی یا صرفی ترتیب کا فقدان ؛ ایک جملہ کو مکمل کئے بغیر دوسرا جملہ شروع کردینا ۔

Anacoluthic : (a) بے ربط ؛ بے ترتیب (دستوری اعتبارسے) ۔

Anacoluthon : (n) [Gr. "an + a + celeuthos"] نا مربوط، بےربط ، بے ترتیب عبارت ؛ ایسے جملے یا الفاظ جنمیں صرفی یا نحوی ترتیب نہ پائی جائے ؛ خلاف قواعد جملے یا الفاظ ۔

Anaconda : (n) [f. Sinhalése "henakandaya"] (۱) سری لنکا کا ایک بڑا سانپ ۔ (۲) جنوبی امریکہ کا اژدہا ۔ (۳) اژدہا ، چتلا بڑا سانپ جو اپنے شکار کو دبا کر مار ڈالے ۔

Anacreontic : (n) [Gr. "Anacreon" prop. name] یونانی شاعر انقریون کے انداز پر لکھی ہوئی نظم ۔

Anacreontic : (a) انقریون کے انداز پر لکھی ہوئی نظم سے متعلق ۔

Anacreontically : (adv) انقریون کے انداز سے ۔

Anacrotic : (a) [Gr. "ana + Crotos" + - IC] Anacrotism سے متعلق ۔

Anacrotism : (n) [Gr. "ana + crotos"] نبض سنج (Sphygmograph) کے ذریعہ نقشہ کشی میں خط منحنی کے اوپری حصہ میں کوئی دندانہ یا ثانوی حرکت نوسانی ۔

Anacrusis : (n) [Gr. "anacrosis"] (عروض) نظم کے شروع کا وہ بول جس پر بَل نہ ہو ۔

Anadem : (n) [Gr. "anadein "] سہرا ؛ ہار ؛ پھولوں کا گجرا ۔

Anadicrotic : (a) Anacrotic کی اصلی شکل ۔

Anadiplosis : (n) [Gr. "ana + diploin"] (۱) تکرار ۔ (۲) رد العجز علی الصدر ۔

Anadrom : (n) [Gr."anadromos"] بالا رو مچھلیاں جو انڈے دینے کے لئے دریا میں اوپر کی طرف جائیں -

Anadromous : (a) [Gr. "anadromos"] (۱) انڈے دینے کے لئے دریا کے اوپر جانے والا ؛ بالا رو (مچھلی، مینڈك وغیرہ) - (۲) (نباتیات) وہ فرن جس کی زیریں ثانوی شاخیں پردار پتوں کے اندر ہوں -

Anaemia : (n) [Gr. " anaimia"] (طب) خون کی کمی ؛ کم خونی ؛ خون میں سرخ ذرات کی کمی ؛ رنگ کا زرد ہونا یا زرد پڑجانا -

Anaemial : (a) کم خون ؛ خون میں کمی سے متعلق -

Anaemic : (a) کم خون ؛ خون میں کمی سے متعلق ؛ جس کے بدن میں خون کی کمی ہو -

Anaemotropy : (n) [Gr. "an+aema+trophia"] خون کا ناقص تغذیہ -

Anaeretic : (a) [Gr. " anaereticos" "] وہ عامل جو بدن کے نسیجوں کو برباد کرنے کا میلان رکھتا ہو -

Anaerobe : (n) [Fr. "anaerobie"] نا ہوا باش ؛ نا ہوائی نامیہ -

Anaerophyte : (n) [Gr. " an+aeros +phyton"] وہ پودا جو براہ راست پانی کا ضرورت مند نہ ہو -

Anaesthesia : (n) [Gr. " anaisthesia"] بے ہوشی ؛ بے حسی ؛ فقدان حس ؛ خدر -

Anaesthesiant : (n) مخدر ؛ وہ عامل جو سُن کر دے ؛ سُن کردینے والی دوا -

Anaesthesimeter : (n) مخدر کی مقدار کو ناپنے والا آلہ -

Anaesthetic : (a & n) [Gr. "anaisthetos"] (۱) بےحس - (۲) داروئے بے ہوشی ؛ اینستھیٹك ؛ (حیوانیات) سُن کر دینے والی شے -

Anaesthetical : (a) مخدر عامل سے متعلق -

Anaesthetically : (adv) سُن کردینے والی دوا کے ذریعہ سے ؛ بے حس کر کے -

Anaesthetist : (n) بے ہوشی کی دوا دینے والا -

Anaesthetization : (n) تخدیر ؛ سُن کرنا ؛ بے ہوش کرنے کا عمل -

Anaesthetize : (v) سن کرنا ؛ بے ہوش کرنا ؛ تخدیر -

Anagenesis : (n) [Gr.] باز تولید (نسیجوں وغیرہ کی) -

Anaglyph : (n) [Gr. "anaglyphe"] (۱) نقشی زیور ؛ ابھرے ہوئے کام کا زیور - (۲) مجسمات نگاری کا وہ نقشہ جو ڈھك کر بنایا گیا ہو -

Anaglyphic : (n) ابھرے ہوئے نقش کھودنے اور بنانے کا فن -

Anaglyptic : (a & n) [Gr. "anaglypticos"] مجسمات نگاری یا نقشی زیور سے متعلق ؛ (جمع میں) ابھرے ہوئے نقش کھودنے اور بنانے کا فن -

Anaglyptograph : (n) [Gr. "anaglyptos" + graphos"] وہ مشین جس سے سکوں اور تمغوں پر ابھری ہوئی شکلیں بناتے ہیں -

Anagnorisis : (n) [Gr.] عقدہ کشائی (ڈراموں میں وہ مقام جہاں واقعات کا انکشاف ہوتا ہے) -

Anagoge : (n) [Gr. "Anagoge"] عارفانہ تعبیر ؛ تمثیلی تعبیر ؛ روحانی تفسیر ؛ صوفیانہ تفسیر -

Anagogic : (a & n) (۱) عارفانہ ؛ متصوفانہ ؛ صوفیانہ ؛ تمثیلی - (۲) الہامی کتابوں کی تفصیل کا ماہر - (۳) صوفیانہ مطالعہ یا عمل -

Anagogical : (a) (لفظوں وغیرہ کے لئے) روحانی ؛ عارفانہ ؛ تمثیلی -

Anagogically : (adv) از روئے عرفان ؛ پوشیدہ روحانی معنی کے اعتبار سے -

Anagogy : (n) [Gr. "anaguga"] دیکھو Anagoge

Anagram : (n) [Gr. "anagraphin"] (لسانیات) صنعت مقلوب ؛ لفظوں یا حروف کو ادل بدل کر کے نئی عبارت بنانا ؛ حروف یا الفاظ کا الٹ پھیر ؛ تحریف -

Anagrammatic : (a) تحریف سے متعلق ؛ مقلوبی ؛ تحریفی -

Anagrammatical : (a) دیکھو Anagrammatic

Anagrammatically : (adv) لفظوں کو الٹ پھیر کرکے ؛ لفظوں کو تحریف کرکے ؛ بطریق تحریف -

Anagrammatism : (n) تحریف ؛ تقلیب -

Anagrammatist : (n) صنعت مقلوب کا استعمال کرنے والا ؛ تحریف کرنے والا ؛ عرف -

Anagrammatize : (v) تحریف کرنا ؛ تقلیب کرنا ؛ لفظی الٹ پھیر کرنا ۔

Anal : (a) [mod. L."analis"] مقعد سے متعلق یا اس کے نزدیک ؛ مبرزی ۔

Analabos : (n) [Gr. "ana- + labos"] صلیب سے مزین لبادہ جو مشرقی کلیسا کے راہب پہنتے ہیں ۔

Analcime basalt : (n) (کیمیا) انیلسائم بیسالٹ ۔

Analcime syenite : (n) (کیمیا) انیلسائم سینائٹ ۔

Analcite / - ime : (n) [Gr. "ana + alcimos"] انیلسائٹ ۔

Analects : (n) [Gr. "ana+legin"] قطعات منتخبہ ؛ منتخبات ؛ ادبی کشکول ۔

Analemma : (n) [Gr. "analemma"] اضطراب ۔

Analepsy : (n) [Gr. " analepsis "] (۱) معدہ کی خرابی سے پیدا ہونے والی مرگی ۔ (۲) شکستہ عضو کا سہارا بطور علاج ۔

Analeptic : (a) [Gr."analambanin"] (۱) شفابخش ؛ صحت بخش ؛ مقوی ۔ (۲) دوائے مقوی ۔

Analgesia : (n) [Gr." analgesia"] درد سے بےحسی ؛ لا وجعیت ۔

Analgesic : (a) دافع درد دوا ؛ دافع درد ؛ (کیمیا) درد مار ۔

Anallagmatic : (a) [Gr." an + allagma" (t -)] الٹنے سے شکل تبدیل نہ کرنے والا ۔

Analogic : (a) [Gr. "analogia"] (۱) تمثیلی ؛ قیاسی ؛ مثالی ۔ (۲) تمثیل یا نظیر کے متعلق ۔

Analogical : (n&a) (۱) (ریاضی) تناسب ۔ (۲) مماثلت و تناسب کی کیفیت سے متعلق ؛ قابل تشبیہ ۔ (۳) نظائر یا قیاس کے متعلق ؛ قیاسی ۔ (٤) تمثیلی ؛ نظیری ؛ نظری ؛ قیاسی ؛ مماثلتی ۔

Analogical change : (n) (لسانیات) مماثلتی تبدیلی ۔

Analogical creation : (n) (لسانیات) مماثلتی اختراع ۔

Analogical extension : (n) (لسانیات) مماثلتی توسیع ۔

Analogical form : (n) (لسانیات) مماثلتی روپ ۔

Analogical induction : (n) (لسانیات) مماثلتی استقرار ۔

Analogically : (adv) تمثیلی طور پر ؛ قیاساً ؛ تمثیلاً ؛ نظیراً ۔

Analogicalness : (n) تمثیلیت ؛ مماثلت کی حالت ؛ قیاس آرائی ۔

Analogies of experience : (n) (فلسفہ و نفسیات) تجربہ کی تمثیلات ؛ قیاسات تجربہ ۔

Analogies test : (n) تمثیلاتی آزمائش ۔

Analogist : (n) (۱) تمثیل پیش کرنے کا شائق ؛ تمثیل پسند ؛ نظیر دینے والا ۔ (۲) (لسانیات) مماثلت کار ۔ (۳) تمثیلی فلاسفہ کا وہ گروہ جن کےنزدیک الفاظ اشیاء کی تماثیل ہوتے ہیں ۔

Analogistic : (a) لسانی تمثیل پسند سے متعلق ۔

Analogize : (v) (۱) قیاس کرنا ؛ تمثیل پیش کرنا ؛ نظیر دینا ؛ مماثل ثابت کرنا ۔ (۲) تمثیل لانا ؛ مثال لانا ؛ نظیر سے کام لینا ۔ (۳) یکساں ہونا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ ایک طرح کا ہونا ۔

Analogizing : (n) استدلال تمثیل کا ادراک ۔

Analogon : (n) [Gr. "analogon"] (۱) مشابہ ؛ مماثل ؛ متوازی (لفظ یا چیز) ۔ (۲) وہ جانور یا پودے کا وہ حصہ جو کسی دوسرے جانور یا پودے کے مختلف حصہ کا نمائندہ ہو ۔ (۳) کسی خطہ یا زمانے میں وہ حیوانی نوع یا گروہ جو اس مختلف نوع کی نمائندگی کرے جو کسی دوسرے خطے یا کسی دوسرے زمانے میں وجود پذیر رہا ہو ۔ (٤) مختلف گروہ یاجماعت کی نمائندگی کرنے والا ۔ (۵) (حیوانیات) ہم شکل ؛ (لسانیات) مماثلہ ۔

Analogous : (a) ہم شکل ؛ مثل ؛ مشابہ ؛ مماثل ؛ ملتا جلتا ؛ مانند ؛ نظیر ؛ متوازی ؛ (طبیعیات) متشابہ ۔

Analogous change : (n) (لسانیات) مماثلتی تبدیلی ۔

Analogous pair : (n) (لسانیات) مماثل جوڑا ۔

Analogously : (adv) از روئے مشابہت ۔

Analogousness : (n) مماثلت ؛ مشابہت ۔

Analogue : (n) دیکھو Analogon

Analogue computer : (n) (شماریت) مماثل کمپیوٹر ۔

Analogy : (n) [Gr. "analogos"] (۱) (ریاضی) تناسب ؛ نسبت ۔ (۲) مطابقت ؛ مشابہت ؛ مماثلت ۔ (۳) دیکھو Analogue ۔ (٤) (منطق) استقرائی قیاس ؛ تمثیلی استدلال ؛ تمثیلی قیاس ۔ (٥) (لسانیات) ایك هی طرح کے چند لفظوں کےقیاس پر اور لفظوں کا بننا یا بنانا ؛ موجودہ الفاظ کی تعریف و اشتقاق سے نیا لفظ بنانا ؛ تشابہ فی الوظائف ؛ مشابہت بلحاظ شکل یا وظائف ؛ شکلی یا فعلی مماثلت (ایسے اعضاء کی جو بالاصل مختلف ہوں) ۔ (٦) (ریاضی و لسانیات) هم شکلیت ؛ (حیوانیات و طبیعیات) متشابہت ؛ (فلسفه و نفسیات) تمثیل ؛ قیاس ۔

Bad analogy : (فلسفه و نفسیات) ناقص قیاس ۔

False analogy : (فلسفه و نفسیات) غلط قیاس ۔

Formal analogy : ظاهری قیاس ۔

Good analogy : (فلسفه و نفسیات) صحیح قیاس ؛ درست قیاس ۔

Law of analogy : (فلسفه و نفسیات) قانون قیاس ۔

Strength of analogy : (فلسفه و نفسیات) قیاس کی مضبوطی ۔

Analogy of attribution : تمثیل توصیف ۔

Analogy of experience : تمثیل تجربه ۔

Analogy of proportion : تمثیل تناسب ۔

Analysable / Analyzable : (a) قابل تجزیه ۔

Analysation / - ization : (n) تجزیه ؛ تحلیل ؛ جدا جدا کرنا ؛ جز دریافت کرنا ۔

Analyse / - ize : (v) [mod. L. "analysis"] (۱) تحلیل کرنا ؛ تجزیه کرنا ؛ چھان بین کرنا ؛ کسی شے کی ترکیب کو بغور جانچنا ۔ (۲) (طبیعیات و کیمیا) تحلیل کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ کسی مرکب کے عناصر ترکیبی دریافت کرنا ۔ (۳) خلاصه یا لب لباب بیان کرنا ؛ (کسی عبارت وغیرہ کا) فقرہ دار خلاصه کرنا ۔ (٤) (نحو) جمله کی ترکیب کرنا ۔ (٥) (مجازاً) موشگافی کرنا ۔

Analysed : (a) مجزہ ؛ تجزیه کیا ہوا ؛ تحلیل شدہ ۔

Analyser / - zer : (n) (۱) تجزیه کننده ؛ تحلیل کرنے والا ۔ (۲) قطبین کا وہ حصه جو بتائے که روشنی ایك مرکز پر آ گئی ۔ (۳) (طبیعیات) تشریح گر ؛ تجزیه کار ؛ (کیمیا) تجزیه گر ۔

Analysis : (n) [Gr. "analysis"] (۱) تجزیه ؛ تحلیل ۔ (۲) تجزیه یا تحلیل کے نتیجے کا خلاصه بیان جو جدول کی شکل میں هو ۔ (۳) (کیمیا) کسی کیمیاوی مرکب کی تحلیل اس کے عناصر میں ۔ (٤) (بصریات) نور کی اسکے منشوری اجزاء میں تحلیل ۔ (٥) (ادبیات) کسی تصنیف کا تنقیدی جائزہ جس سے اس کے عناصر عام شکل میں ظاهر هو جائیں ۔ (٦) (نحو) کسی جمل کے اجزاء کی تحلیل صرفی یا نحوی ۔ (۷) (منطق) اشیاء کے ماخذ کا پتا لگانا ؛ عام اصولوں کا انکشاف جو مادی مظاهر قدرت کی بنیاد هوں ۔

Ancient analysis : (ریاضیات) ثابت شده سهل تر مسئلوں میں حل کرکے کسی مسئله کا اثبات ۔

Bunch map analysis : (شماریات) تجزیه نقشه خوشه ۔

Combinatorial analysis : (شماریات) جماعتی تجزیه ۔

Confluent analysis : (شماریات) هم روانی تجزیه ؛ سنگم تجزیه ۔

Discriminatory analysis : (شماریات) تفریقی تجزیه ۔

Facture analysis : (شماریات) اجزائی تجزیه ۔

Formal analysis : (فلسفه و نفسیات) صوری تجزیه ۔

Gravimetric analysis : ثقلی تجزیه ۔

Intentional analysis : (فلسفه و نفسیات) مقصدی تجزیه ؛ تحلیل معنوی ۔

Logical analysis : منطقی تجزیه ؛ تحلیل منطقی جس میں معلول کے ذریعه علت کا پتا لگایا جائے ۔

Material analysis : (فلسفه و نفسیات) مادی تجزیه ۔

Modern analysis : (ریاضیات) کسی مسئلہ کو مساوات کی شکل میں لاکر تحلیل کرنا ۔

Multivariate analysis : (طبیعیات) بہوچر تجزیہ ؛ (ریاضی) کثیر تعبیری تجزیہ ۔

Philosophical analysis : (فلسفہ و نفسیات) فلسفیانہ تجزیہ ۔

Polariscopic analysis : تقطیب نمائی تجزیہ ۔

Potentiometric analysis : (برقیات) پوتنشیو میٹری تشریح ۔

Probit analysis : (شماریات) تحلیل راست ؛ پرابٹ تجزیہ ۔

Principal component analysis : (شماریات) تجزیہ جزو مقدم ۔

Qualitative analysis : تجزیہ کیفی ؛ تجزیہ یا تحلیل ماہیت ۔

Quantitative analysis : تجزیہ مقداری۔

Sentence analysis : تحلیل نحوی۔

Site analysis : (تاریخ و سیاسیات) موقع کا تجزیہ ۔

Spectroscopic analysis : طیفی تجزیہ ؛ طیف نمائی تجزیہ ۔

Spherical analysis : (طبیعیات) کروی تشریح ۔

Spherical harmonical analysis : (ریاضی) کروی ہارمنی تجزیہ ۔

Syntactic analysis : تحلیل نحوی۔

Transcendental analysis : (فلسفہ و نفسیات) ماورائی طریق تجزیہ ۔

Vector analysis : (طبیعیات) ویکٹر تشریح ؛ (ریاضی) سمتی تجزیہ ۔

Volumetric analysis : حجم پیمائی تجزیہ ۔

Analysis of covariance : (طبیعیات) ہم اختلاف کا تجزیہ ۔

Analysis of data : (طبیعیات) آنکڑے کا تجزیہ ؛ (ریاضی) ڈیٹا (آنکڑا) کا تجزیہ ۔

Analysis of regression ; (شماریات) تجزیہ ربط ۔

Analysis of surplus : (تجارت) تفصیل زر توفیر ؛ تفصیل فاضل بیشی ۔

Analysis of variance : (شماریات) تجزیہ اختلاف ۔

Analyst : (n) [Fr."analyste"] (۱) محلل ؛ تحلیل کرنے والا ؛ تحلیل یا تجزیہ کا ماہر ۔(۲) (انتظامیہ) تجزیہ کنندہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) تحلیل کار ؛ تجزیہ کار ۔

Analytic : (a) (۱) تحلیلی ؛ تجزیے سے متعلق ۔ (۲) تحلیلی کا عادی یا خوگر ؛ تجزیہ پسند ۔ (۳) (طبیعیات) تشریحی ؛ (فلسفہ و نفسیات) تحلیلی طریق تجزیہ ؛ (لسانیات) تجزیاتی ۔(٤) (عموماً جمع میں - Analytics) علم تحلیل ؛ تحلیلات ۔

Analytic : (n) وہ علم جو تحلیل سے متعلق ہو ؛ (منطق) علم البیان ؛ انا بوطیقا ۔

Analytical : (a) (۱) تحلیل ؛ جس میں تحلیلی اسلوب سے کام لیا جائے ۔(۲) غیر تصریفی ؛ (وہ زبان جس میں تصریف کا کام مستقل لفظوں سے لیا جاتا ھے ۔(۳) (طبیعیات) تجزیاتی ؛ تشریحی ؛ تحلیل ؛ (فلسفہ ، نفسیات و لسانیات) تجزیاتی ۔

Analytical approach : (n) (لسانیات) تحلیلی انداز ؛ تجزیاتی انداز ۔

Analytical assistant : (n) (انتظامیہ) تجزیہ کنندہ معاون ؛ انیلٹیکل اسسٹنٹ ۔

Analytical conics : (n) (ریاضی) تحلیل مخروطات ۔

Analytical function : (n) (ریاضی) تحلیلی تفاعل ۔

Analytical geometry : (n) (ریاضی) تحلیلی جیومیٹری ۔

Analytically : (adv) تحلیلاً ؛ تجزیۃً ؛ تحلیلی طور سے ؛ تحلیل کی رو سے ؛ بطریق تجزیہ ۔

Analytical method : (n) (طبیعیات) تشریحی طریقہ ؛ (ریاضی) تحلیلی طریقہ ۔

Analytical proof : (n) (طبیعیات) تشریحی ثبوت ؛ تحلیلی ثبوت ۔

Analytical school of law : (n) (تاریخ و اثریات) تجزیاتی مکتب قانون ۔

Analytical statics : (n) (طبیعیات) تشریحی سکونیات ؛ تحلیلی سکونیات -

Analytical statistics : (n) (طبیعیات) تشریحی شماریات -

Analytical trignometry : (n) (ریاضی) تحلیلی مثلثات -

Analytic hedonism : (n) (فلسفہ و نفسیات) تجزیاتی لذتیت -

Analytic language : (n) (لسانیات) تحلیلی زبان -

Analytic regression : (n) (شماریات) تجزیاتی ربط -

Analyticity : (n) (طبیعیات) تشریحیت ؛ قابل تشریحیت -

Analytico synthetic : (a) (فلسفہ و نفسیات) تجزیاتی ترکیبی -

Analytics : (n) تحلیلیات -

Anamnesis : (n) [Gr.] (۱) یاد ماضی ؛ باز یاد - (۲) (فلسفہ و نفسیات) پچھلے جنم کی یاد -

Anamnestic : (a) پچھلے جنم کی یاد سے متعلق ؛ یاد ماضی سے متعلق -

Anamorphism : (n) (۱) مسخ شد اظلال یا شکل - (۲) ادنی درجہ سے اعلی درجہ کی ترقی - (۳) کج شکل ؛ (ارضیات) تعمیری تقلب -

Anamorphosis : (n) [Gr. "ana+morphe" + - ISM] (۱) ٹیڑھا نقشہ یا تصویر جو صرف ایک نقطہ (رخ) سے ٹھیک نظر آئے - (۲) غیر طبعی تبدیل ہیئت ؛ خلاف معمول یا خلاف عادت تغیر - (۳) دیکھو Anamorphism

Ananas : (n) [Peruv. "Nanas"] (۱) اننّاس کا پھل یا پودا - (۲) جزائر غرب الہند کا اناناس سے مشابہ ایک پھل -

Ananias : (n) [Ananias, a Christian who was struck dead for lying to the Apostle Peter] جھوٹا ؛ دروغ گو -

Anandrious : (a) [Gr. "anandria"] نامرد ؛ ناتواں ؛ ضعیف ؛ فاقد مردی -

Anandrous : (a) [Gr. "anandros"] (نباتیات) جس میں حامل زر نہ ہو ؛ بے نر ؛ بے زر ریشمہ -

Ananke : (n) [Gr. "Ananke"] (یونانی مذہب) قسمت جس کے آگے دیوتاؤں کو بھی سر خم کر دینا ہوتا ہے -

Anantherous / Anantherate : (a) (نباتیات) بے زیرہ گل -

Ananthous : (a) (نباتیات) بے گل -

Ananthropism : (n) انسانیت کا فقدان ؛ انسانیت کی کمی -

Anapaest / Anapest : (n) [Gr. "anapaestos"] (عروض) سگن ؛ سہ ہجائی رکن جس میں دو چھوٹی ہجاؤں کے بعد ایک ہجائے ممدودہ ہوتی ہے یا دو بے تاکیدی ہجاؤں کے بعد ایک تاکید دار ہجاہوتی ہے -

Anapaestic : (a) (۱) سگنی ؛ شعر جس میں پہلے دو بے تاکیدی ہجا ہوں اور آخر میں تاکیدی ہجا ہو -

Anapeiratic : (a) [Gr. "anapiraeathac"] (مرضیات) بعض عضلات کے طویل عرصہ تک مسلسل استعمال کرنے کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی (بیماری) -

Anaphase : (n) [ana + phase] قطبی ہیئت -

Anaphora : (n) [Gr. "ana + pherin"] ایک لفظ یا فقرہ کی تکرار متواتر عملوں میں ؛ (لسانیات) حوالیہ -

Anaphoric : (a) (لسانیات) محولہ ؛ تکراری -

Anaphoric word : (n) (لسانیات) محولہ ؛ لفظ مکرر -

Anaphordisiac : (a) [Gr. "an + aphrodiacos"] شہوت کو کم کرنے والا ؛ قوت باہ کو کم کرنے والا -

Anaphrodisiac : (n) قوت باہ کم کرنے والی دوائیں ؛ قاطع باہ -

Anaphroditic : (a) [Gr. "anaphroditos"] بغیر مجامعت کے پیدا ہونے والا -

Anaphroditous : (a) بغیر شہوت کا ؛ غیر شہوتی -

Anaplastic : (a) پیوند کاری کا یا اس سے متعلق -

Anaplasty : (n) -[Gr. "anaplastos"] (جراحی) پیوند کاری ؛ تکوینی جراحی -

Anaplerosis : (v) [Gr. "anaplerosis"] کمی کو دور کرنا ؛ نقص دور کرنا -

Anaplerotic : (a) (۱) نسیج کی کمی کو پورا کرنے والا - (۲) نسیج کی کمی کو پورا کرنے والی شے -

Anapnograph : (n) [Gr. "anapnoe + graphos"] تنفس کی حرکات اور مقدار کو دکھانے والا آلہ ؛ تنفس نگار ۔

Anapnoic : (a) [prec. + - IC] تنفس سے متعلق ؛ تنفسی ۔

Anapnometer : (n) [prec. + - METER] تنفس لینے کی طاقت ناپنے کا آلہ ؛ تنفس پیما ۔

Anapophysis : (n) [Gr. "ana + apophysis"] ھڈی کا ایك چھوٹا ابھار جو ریڑھ کی ھڈی کے جوڑوں کے عصبی محراب سے پیچھے کی طرف نکلا رھتا ھے ۔

Anaptotic : (a) [Gr. " an (a) + aptotos"] صرف سے انحراف کرنے والا ۔

Anaptyctic insersion : (n) (لسانیات) خوشه وری تدخیل ۔

Anaptyctic vowel : (n) (لسانیات) وسط مصوتی اضافه ۔

Anaptyxis : (n) [Gr. "anaptyxis"] دو صامتوں کے درمیان کسی مصوت کا آنا ۔

Anarch : (n) [Gr. "anarchos"] (۱) لاقانونیت کا موجد یا بانی ۔ (۲) غدر یا بغاوت کا سرغنه ؛ شورشی ۔

Anarch : (a) لاحکومت ؛ نراج ؛ شورشی ۔

Anarchic : (a) [Gr."anarchos" +- IC] لا نظمی کا ؛ نزاعی ؛ لا حکومتی ؛ لا حکومی ؛ لاقانونی ؛ فوضوی ۔

Anarchical / Anarchial : (a) دیکھو Anarchic

Anarchically : (adv) لانظمی سے ؛ لا حکومی سے ۔

Anarchism : (n) (تاریخ و سیاسیات) نراجیت ؛ (فلسفه و نفسیات) نراج پسندی ؛ انارکزم ۔

Anarchist : (n) (۱) حکومت دشمن ؛ لا حکومی ؛ نراجی ؛ لا قانونیت پھیلانے والا ؛ فوضوی ؛ لانظمی پسند ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) دھشت پسند ؛ نراجی ۔

Anarchize : (v) [See ANARCH] بد نظمی پھیلانا ؛ لا قانونیت پھیلانا ۔

Anarchy : (n) [Gr. "anarchia" or L."anarchia"] (۱) لا قانونیت ؛ سیاسی انتشار ؛ لا حکومیت ؛ نراج ؛ طوائف الملوکی ۔ (۲) ھنگامه ؛ بلوا ؛ لانظمی ۔ (۳) پریشانی ؛ کھلبلی ؛ افراتفری ۔

Anarthria : (n) [Gr. "anarthros"] لا نطقی ۔

Anarthrous : (a) [Gr"aa+arthron"+ - OUS] (۱) (یونانی صرف و نحو) اسم جو بلا حرف تعریف استعمال ھو ۔ (۲) (فعلیات) بے جوڑ (وہ عضو جس میں جوڑ نه ھو) ۔

Anarthrously : (adv) بے حرف تعریف کے ۔

Anarthrousness : (n) بے جوڑ پن ؛ بےحرف تعریف کا ھونا ۔

Anasarca : (n) [Gr."ana + sarx" (sarca)] جلندھر ؛ استسقاء ۔

Anasarcous : (a) جلندھری ؛ استسقائی ۔

Anaseismic : (a) [Gr. "ana (up) + seismos" + - IC] عموداً جنبش دینے والا (زلزله کا جھٹکا) ۔

Anastatic : (a) [Gr. "anatasis" + - IC] ابھرا ھوا ؛ منبت ۔

Anastatic printing : (n) طباعت جو جست کی ایسی تختیوں سے کی جائے جن پر حروف ابھرے ھوئے ھوتے ھیں ؛ ایك طرح کی عکسی چھپائی ۔

Anastomose : (v) [Gr.] شریانوں ، دریاؤں ، درختوں کی شاخوں وغیرہ کا منھ ملنا ۔ باھم مل کر جال سا بنانا ؛ جٹ جانا ؛ نسوں کا منھ ملنا ۔

Anastomosed : (a) منھ ملا ھوا ؛ جٹا ھوا ۔

Anastomosing : (v) منھ ملنا ؛ جٹ جانا ۔

Anastomosis : (n) [Gr. "anastommoin"] عروق ، شرائین ، دریاؤں یا شاخوں کا جال ؛ (طب) نس جال ؛ منھ بننا ؛ تفمّم ۔

Anastomotic : (n) [Gr. "anastomoticos"] (۱) عروق اور شرائین کے منھ کو کھول دینے والی (دوائیں) ۔ (۲) عروق یا شرائین کے جال سے متعلق ؛ تفممی یا جال بنانے والا ۔

Anastrophe : (n) [Gr. "anastrophe"] قلب عبارت ؛ (لسانیات) تقلیب ۔

Anatase : (n) [Gr."anatasis"] ایك معدنی شے ، اکتاھیڈرائیٹ ۔

Anathema : (n) [Gr."anathema"] (۱) مردود ؛ ملعون ؛ وہ چیز جس پر لعنت بھیجی جائے ۔ (۲) پھٹکار ؛ لعنت ؛ سراپ ۔ (۳) دھرم باھر ھونا ؛ کلیسا سے اخراج ؛ تکفیر (کسی عقیدہ کو مردود قرار دینا) ۔ (٤) بد دعا ؛ نفرین ؛ دشنام ۔ (٥) وقف فی سبیل اللّٰه ۔

Anathema Maranatha : "خدا کی لعنت ہو" ۔

Anathematization : (n) لعنت بھیجنا ۔

Anathematize / Anathemize : (v) [Gr. "anathematizin"] لعنت کرنا ؛ تکفیر کرنا ؛ مردود قرار دیا جانا ۔

Anatheme : (n) [Gr. "anathema"] وقف فی سبیل اللہ ؛ نذر و نیاز ۔

Anathemizer : (n) لعنت بھیجنے والا ۔

Anatollane ware : (n) (اثریات) اناطولی وضع کے برتن ۔

Anatomic : (a) [Gr. "anatome"] (۱) تشریحی ؛ تشریح اعضاء سے متعلق ۔ (۲) ساخت یا بناوٹ سے متعلق ۔

Anatomical : (a) دیکھو Anatomic

Anatomically : (adv) از روئے تشریح ؛ تشریح اعضاء کی رو سے ؛ علم تشریح کے مطابق ۔

Anatomism : (n) [Gr. see ANATOMY] (۱) ترکیب اعضاء کی تشریح یا تجزیہ ۔ (۲) وہ عقیدہ جس میں ذی روح اجسام کی ترکیب اعضاء کی تشریح کے ذریعہ مظاہر حیات کی تاویل کی جائے ۔

Anatomist : (n) تشریح داں ؛ تشریح الاعضاء کا ماہر ۔

Anatomization : (n) چیر پھاڑ ؛ تشریح کرنا ۔

Anatomize : (v) (۱) تشریح کرنا ؛ چیر پھاڑ کرنا ؛ کسی جانور یا پودے کے جسم کو چیر کر اس کے مختلف حصوں کے مقام، ساخت اور باھمی رشتوں کا ظاھر کرنا ۔ (۲) (مجازاً) تحلیل کرنا ؛ باریکیوں کو نمایاں کرنا ؛ تجزیہ کرنا ۔

Anatomizer : (n) چیر پھاڑ کرنے والا ؛ تشریح کرنے والا ۔

Anatomy : (n) [Gr. "anatomia"] (۱) چیر پھاڑ ؛ مرکب جسم کے مختلف حصوں کو مصنوعی طور سے الگ الگ کرنا تاکہ ان کے مقام، ساخت اور تنظیم کا علم حاصل ہو ۔ (۲) علم تشریح جس میں جسمانی ساخت سے بحث ہوتی ہے ۔ (۳) تشریحی ہئیت ؛ تشریحی ساخت ؛ بناوٹ یا ترکیب ۔ (٤) تحلیل ؛ تجزیہ ۔ (٥) ڈھانچہ ؛ کالبد ؛ لاغر جانور یا انسان جو محض ایک ڈھانچہ بن کر رہ گیا ہو ؛ ممی ؛ مومیا ۔ (٦) (لسانیات) علم تشریح الابدان ۔

Anatreptic : (a) [Gr. "anatrepin"] الٹ دینے والا، افلاطونی مقالات کا حصہ ۔

Anatripsology : (n) [Gr. "anatripsis"] (طب) اصطکاک کے استعمال کا عقیدہ ۔

Anatriptic : (a) [Gr. "anatriptos"] (طب) اصطکاک کے متعلق یا اسکی خاصیت رکھنے والی (دوا) ۔

Anatropous : (a) [Gr. "ana + tropos"] (نباتیات) مقلوب صدر والا ۔ مقلوب ۔

Anaxagorean : (a) [f. "Anaxagoras"] ایک یونانی فلسفی اناغورس سے متعلق جس کی تعلیم یہ تھی کہ مادہ غیر فانی ہے لیکن عقل کل نے اسے اجسام میں متحد کر دیا ہے ۔

Anaxagorize : (v) اناغورس کے اصول کا ماننا یا تسلیم کرنا ۔

Anaximandrian : (a & n) Anaximander کے عقیدے کی پیروی کرنے والا ۔

Anbury / Am - : (n) [OE "ang-berry / ang-pain"] (۱) نرم گلٹی یا گمڑا (جو گھوڑوں یا بیلوں کو ہوتا ہے) ۔ (۲) گانٹھ ؛ گمڑا (شلجم یا اس قسم کے درختوں کا مرض) ۔

-ance : (suffix) لاحقہ جو مصدر یا اسم صفت کے معنی دیتا ہے ۔

Ancestor / Ancester : (n) [L. "antecessor" / and" ancesor"] (۱) بزرگ ؛ جد ؛ پرکھا ۔(۲) (جمع) اجداد ؛ اسلاف ؛ نیاگان ۔ (۳) (حیاتیات) ادنا درجہ کی ایک منظم ذات جس کے بعد کے انواع نے ارتقاء پایا ہے ۔

Ancestor worship : (n) (فلسفہ و نفسیات) اجداد پرستی ۔

Ancestorial : (a) دیکھو Ancestral

Ancestorially : (adv) اسلاف سے ورثہ کے طور پر ۔

Ancestral : (a) (۱) موروثی ؛ جدی ؛ خاندانی ؛ پشتینی ؛ آبائی ؛ اسلافی ۔ (۲) (حیاتیات) نسلاً بہ نسلاً ۔

Ancestral ghost : (n) (سماجیات) جدّی بھوت ۔

Ancestral home of the Aryans : (تاریخ) آریوں کا آبائی وطن ۔

Ancestral worship : (n) (سماجیات) پرستش اجداد ۔

Ancestress : (n) جدہ ؛ پرکھن ۔

Ancestry : (n) [See ANCESTOR] (۱) شجرہ ؛ نسل ؛ نسب ؛ حسب و نسب ؛ گھرانا ؛ اصل نسب ؛ خاندان ۔ (۲) (نسل کی) قدامت ؛ پرانا خاندان ؛ پرانا گھرانا ۔ (۳) بزرگ ؛ پرکھے ؛ اسلاف ؛ آباو اجداد ؛ دودمان ؛ تبار ۔

Anchithere : (n) [Gr. " agchi + therion "] گھڑ پرکھا ؛ ٹٹو کے برابر کا ایک جانور جو طبقات ارض میں متحجر حالت میں پایا جاتا ہے اور جس کے متعلق خیال ہے کہ گھوڑے کا مورث اعلا ہے ۔

Anchoic : (a) [Gr."agchin (+ o) + - IC] ایک ترشہ جس سے دم گھونٹنےوالا دھواں نکلتا ہے ۔

Anchor : (n) [L. "ancora", Gr.] (۱) جہاز کا لنگر ۔ (۲) (مجازاً) وہ چیز جو استقلال اور تحفظ پیدا کرے ؛ سہارا ؛ پشت پناہ ؛ آسرا ؛ بھروسہ ؛ امید ۔ (۳) تیر یا لنگر کی شکل کا ایک زیور جو قدیم زمانہ میں ہوا کرتا تھا ۔

At anchor : ٹھہرا ہوا ؛ لنگر انداز ۔

Bower anchor : منجھولا لنگر ۔

Cast anchor : (v) لنگر ڈالنا ؛ لنگر دار ہونا ۔

Come to (an) anchor : (v) لنگر ڈالنا ؛ لنگر گرانا ۔

Kedge anchor : چھوٹا لنگر ۔

Sheet anchor : بڑا لنگر ۔

Slip the anchor : (v) لنگر کو تار کے ذریعہ پھسلا دینا ۔

The anchor comes home : لنگر کو اپنی جگہ سے کھینچنا ۔

To weigh anchor : لنگر اٹھانا ؛ جہاز کا روانہ ہونا ۔

Anchor : (v) [Fr."ancrer", f."ancre"] (۱) ٹھہرنا ؛ لنگر ڈالنا ؛ لنگر انداز ہونا (صرف جہاز کے لئے) ۔ (۲) (مجازاً) مضبوط باندھنا ؛ کس کر باندھنا ؛ جکڑنا ۔ (۳) ٹھہرنا ؛ لنگر کرنا ؛ لنگر گرانا ؛ لنگر انداز ہونا (جہاز اور اہل جہاز دونوں کے لئے) ۔ (٤) اپنے کو جمانا ؛ متوجہ ہونا ؛ دھیان مرکوز کرنا ۔

Anchor frost : (n) سطح آب کے نیچے کی طرف سے چکی کے پہئیے کا رک جانا ۔

Anchor ice : (n) پانی کی تہ کی برف ۔

Anchor plate : (n) لنگری چادر ؛ لکڑی یا دھات کا وزنی ٹکڑا جس میں لٹکن پلوں کے تار تھمے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Anchor ring : (n) لنگر کا وہ حلقہ جس میں تار لگے ہوتے ہیں ۔

Anchor shackle : (n) لوہے کا وہ پھندا جو لنگر کے کڑے کی جگہ استعمال ہو ۔

Anchor stock : (n) وہ چھڑ جو لنگر کے سرے پر لگا ہوتا ہے ۔

Anchor tow : (n) لنگر کا تار ۔

Anchor watch : (n) وہ عملہ جو جہاز کے لنگر انداز ہونے پر اپنی ڈیوٹی کرتا ہے ۔

Anchorage : (n) (۱) لنگراندازی ۔ (۲) لنگرگاہ ؛ وہ مقام جہاں جہاز لنگر کرے ۔ (۳) سہارا ؛ بھروسہ ؛ آسرا ؛ امید ؛ تکیہ گاہ ۔ (٤) لنگر اندازی کا محصول ؛ جہاز کے لنگر اندازی کے قابل حالات ۔

Anchorage : (n) زاهد یا راهب گوشہ نشین کا تکیہ ۔

Anchored : (a) لنگرانداز ؛ ساکن ؛ مستحکم طور پر گڑا ہوا ؛ لنگر سے آراستہ ۔

Anchoress / Ancress : (n) [OE."ancre"] زاہدہ ؛ تارک الدنیا عورت ؛ جوگن ؛ سنیاسن ؛ بیراگن ۔

Anchoret / - ite : (n) زاہد ؛ جوگی ؛ سادھو ؛ تارک الدنیا ؛ مرتاض ؛ بیراگی ؛ سنیاسی ؛ گوشہ نشیں ؛ عزلت گزیں ؛ خلوت گزیں ؛ تنہائی پسند ۔

Anchoretic / Anchoretical : (a) زاہد یا تارک الدنیا کے متعلق ۔

Anchoretish / - itish : (a) مثل زاہد ۔

Anchoretism / Anchoritism : (n) زہد ؛ ترک دنیا ؛ خلوت نشینی ؛ سنیاس ؛ جوگ ۔

Anchoring : (v) لنگراندازی ؛ مضبوطی سے گاڑنا یا تھامنا ۔

Anchorless : (a) بے لنگر ؛ بہتا ہوا ۔

Anchovy : (n) [Basque , anchoa , as if dried fish] هیرنگ قسم کی ایک مچھلی جو چٹنی وغیرہ بنانے میں استعمال ہوتی ہے ؛ سنمورہ ۔

Anchovy pear : (n) (۱) مغربی جزائر ہند کا ایک پھل جو آم کی طرح کھایا جاتا ہے ۔ (۲) اس پھل کا درخت ۔

Anchovy toast : (n) سنمورہ لگا توسٹ ؛ توسٹ جس پر سنمورہ چاشنی لگائی ہو ۔

Anchovy sauce : (n) سنمورہ چاشنی (جس میں سرکہ اور مسالوں کے علاوہ سنمورہ بھی ڈالتے ہیں) ۔

Anchusa : (n) [L.] روئیں دار پودے کی ایک قسم ۔

Anchusic : (a) انچوسا کا ترشہ (Anchusic acid) ۔

Anchusin : (n) ایک گہرا سرخ نقلماً (نا + قلم) سفوف جو رنگنے کے کام آتا ہے ۔

Anchylose / Ank - : (v) [Gr. See ANCHYLOSIS] (مفاصل ہڈیوں کے متعلق) سخت ہونا یا کرنا ؛ ملنا یا ملانا ؛ جڑنا یا جوڑنا ؛ السناق ۔

Anchylosed / Ank - : السناق ؛ کڑا کیا ہوا ؛ سکڑا ہوا ۔

Achylosis : (n) [Gr. "agchyloin "] مفاصل کی سختی یاصلابت ؛ دو مختلف ہڈیوں کا السناق ۔

Anchylotic : (a) صلابت مفاصل سے متعلق ۔

Ancient : (a) [L. "antianum"] (۱) پرانا ؛ کہن ؛ قدیم؛ عتیق ؛ باستانی ۔ (۲) یادگار ؛ جو بڑی مدت تک زندہ یا باقی رہا ہو ؛ پرانے زمانے کا ؛ بڈھا ؛ قدیم ؛ اگلے وقتوں کا ؛ دقیانوسی ؛ کہن سال ؛ بطریق ۔ (٤) مغربی روم کے زوال سے قبل دور کا (جدید کی ضد) ۔

The ancient of Days : قدیم الایام ؛ خدائے ازلی ؛ خدائے سرمدی ؛ القدیم ؛ قادر مطلق ۔

Ancient : (n) متقدمین ؛ قدما ؛ عہد قدیم کی متمدن اقوام خصوصاً یونانی اور رومی وغیرہ ۔

Ancient history : (n) (تاریخ) قدیم تاریخ ۔

Anciently : (adv) قدیمانہ ؛ عتیقانہ ۔

Ancientness : (a) قدامت ؛ کہنگی ؛ دیرینگی ؛ پرانا پن ۔

Ancientry : (n) (۱) قدامت ۔(۲) پرانی وضع ؛ پرانی چال ؛ پرانا دستور ؛ قدیم طرز ۔

Ancile : (n) [L. pl. "ancilia"] روم کی وہ مقدس محافظ سپر جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آسمان سے نازل ہوئی ۔

Ancillary : (a) [L. "ancillarius", f."ancilla"] ماتحت ؛ محکوم ؛ ضمنی ؛ ذیلی ؛ معین ؛ فرعی ۔

Ancillary accomodation : (n) (تاریخ) ذیلی رہائش گاہ ۔

Ancistroid : (a) [Gr. "agistron" + - OID] ھك نما ۔

Ancon : (n) [Gr. "agcon"] (۱) (فعلیات) کہنی ؛ فریق ۔ (۲) (تعمیرات) کمانچہ ؛ دیوار کی کہنی جس پر کارنس کا سہارا ہوتا ہے ۔

Ancon sheep : (n) بھیڑ کی ایک قسم جس کا بدن لمبا، پاؤں چھوٹے اور آگے کے پیر ٹیڑھے ہوتے ہیں ؛ کج پابھیڑ ۔

Anconal : (a) کہنی سے متعلق ۔

Anconeal : (a) [L. "ancone - us" + AL] کہنی نما ۔

Anconeous : (a) کہنی نما ۔

Anconoid : (a) [Gr. "agconoides"] کہنی نما ۔

Ancoral : (a) [See Anchor] (۱) لنگر کا، لنگر سے متعلق یا لنگر سے مشابہ ؛ لنگری ۔ (۲) (حیوانیات) قلابی ۔

-ancy : (suffix) لاحقہ جس سے حالت یا کیفیت کا اظہار ہوتا ہے ۔

Ancyroid : (a) [Gr. "agcytoides"] لنگرنما ۔

And : (conj.) (۱) اور ؛ و ؛ مع ؛ بار بار ؛ بیك وقت ؛ کے علاوہ ؛ پھر بھی ۔ (۲) تکرار ، اختلاف وغیرہ کے لئے عملی لفظ ۔ (۳) گویا ؛ اگر ؛ حالانکہ ۔

-and : (suffix) ایك لاحقہ ۔

Andalusite : (n) [f."Andalusia"+ - ITE] ایک معدنی شے جو پہلے پہل اندلس میں پائی گئی تھی ۔

Andante : (adv) [It. "andare"] (موسیقی) دھیمی تال کے ساتھ ۔

Andantino : (a & n) (موسیقی) تیز تال کے ساتھ ؛ ذرا جلدی ۔

Andean : (a) کوھستان اندلس کے متعلق ۔

Andesine : (n) ایک معدنی شے جو اندلس اور دوسری جگہوں میں پائی گئی تھی ۔

Andesite : (n) (کیمیا) این ٹے سائیٹ ۔

Andiron : (n) [OFr."andier".(mod. Fr.landier)] سلاخ جو آتش دان میں آگ کی روک کے لئے رکھی جائے ۔

Andro - جزو ترکیبی بمعنی آدمی ؛ مرد ۔

Androcracy : (n) [ANDRO + CRACY] (سماجیات) مرد کے زیر اقتدار سماج ۔

Androdioecious : (a) [Gr. "andro + dia + oecia"] مختلف پودوں میں مکمل اور زر بردار پھول رکھنے والا ۔

Androdynamous : (a) [Gr. "andro+dynamis"] وہ پودا جس کے حامل زر اور برگ گل غیر معمولی طور پر بڑھے ہوئے ھوں ۔

Androecium : (n) [Gr. "andro+oecion"] اعضائے نرینہ کا مجموعہ یا گچھا ؛ نر دان (نر + دان) ؛ نر کوٹ ؛ نافہ ۔

Androgynal : (a) [L. "androgyn -us+ -AL] دو جنسی ؛ نر مادہ ۔

Androgynally : (adv) بطور دوجنسی ؛ بطریق نر مادہ ۔

Androgynary : (a) [See next] (نباتیات) وہ جس میں حامل زر اور بفچہ گل بڑھ کر برگ گل ھو جائیں جیساکہ دوھرے گل نرگس میں ھوتا ھے ۔

Androgyne : (n) [Gr. "androgynos"] (۱) دو جنسہ ؛ نرمادہ ۔ (۲) (نباتیات) نرمادی پودا ۔

Androgynism : (n) پودے کی دو جنسی حالت سے یک جنسی حالت میں تبدیلی ۔

Androgynous : (a) (۱) دو جنسہ ؛ نرمادہ ۔ (۲) (نجوم) سرد و گرم خاصیت رکھنے والے سیارے ۔ (۳) (نباتیات) وہ پودا جس کے حامل زر اور بفچہ گل ایک ھی پھول یا ایک ھی پودے پر ھوں ۔

Androgyny : (n) نرمادین ؛ نرمادی پودا جس کے نر اعضا اور بفچہ گل ایک ھی پھول یا پودے پر ھوں ۔

Andromed (e) : (n) مجموعہ ستارگان جو نصف کرۂ شمالی میں نظر آتا ھے ۔

Andromeda : (n) [Gr. prop. name] (۱) دیکھو Andromed (۲) (نباتیات) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Andromorphous : (a) [Gr. andr + morphos"] مردانہ شکل کا ۔

Andropetal : (n) [Gr. "andro"] وہ پنکھڑی جو حامل زر سے پیدا ھو ۔

Andropetalar : (a) حامل زر کو برگ گل میں بدل کر دوگنا بنایا ھوا ۔

Andropetalous : (a) دیکھو Andropetalar

Androphagous : (a) [Gr. "androphagos"] آدم خور ۔

Androphore : (n) [Gr. "andro + phoros"] (۱) بعض پودوں کے زر بر (حامل زر) کو سہارا دینے والا ڈنٹھل ۔ (۲) ایک تولیدی غنچہ جس میں صرف نر حامل زر پیدا ھوتے ھیں ؛ نر بردار ۔

Androsphinx : (n) [Gr. "androsphinaz"] وہ ابوالھول جس کا انسانی حصہ مردانہ ھوتا ھے ۔

Androspore : (n) [Gr. "andro + sporos"] (نباتیات) جرثومہ جس سے گیاہ نر پیدا ھو ۔

Androtomous : (a) وہ پودا جس کے حامل زر کے ریشے دو حصوں میں بٹے ھوئے ھوں ۔

-androus : (suffix) لاحقہ بمعنی " حامل زر یا مردانہ عضو رکھنے والا " ۔

- ane : (suffix) لاحقہ an - کی ایک دوسری شکل جو کبھی اس سے مختلف معنی بھی دیتی ھے ۔

Anear : (adv) تقریباً ؛ قریب ؛ بہت ؛ نزدیک ۔

Anear : (prep) قریب ؛ نزدیک ۔

Aneath : (prep) [A prep + NEATH] نیچے ؛ زیر ؛ تحت میں ۔

Anecdotage : (n) [ANECDOT + - AGE] (۱) قصہ ؛ حکایت ؛ روایت ؛ قصص و حکایات ۔ (۲) (مجازاً) سن خرافت جس میں آدمی بیکار بکواس کرتا ہے ۔

Anecdotal : (a) حکایتی ؛ روایتی ؛ محاضرات ۔

Anecdotal method : (n) (فلسفہ و نفسیات) حکایتی طریقہ ۔

Anecdote : (n) [Gr. " anecdota"] (۱) (مجمع میں) خفیہ یا ایسی تاریخی تفصیلات جو ہنوز شائع نہ ہوئی ہوں ؛ محاضرات ۔ (۲) قصہ ؛ روایت ؛ حکایت ؛ منفرد واقعہ کا بیان ؛ نقل ۔ (۳) (تاریخ) لطیفہ ؛ حکایت ۔

Anecdotically : (adv) حکایتاً ؛ روایتاً ؛ بطور قصہ ۔

Anecdotish : (a) حکایتی ؛ حکایت یا محاضرات سے متعلق ؛ قصہ کہانی کا عادی ۔

Anecdotist : (a) حکایت نگار ؛ قصہ گو ؛ راوی ۔

Anelectric : (a) [AN prep. + ELECTRIC] (۱) بجلی سے بسرعت الگ ہونے والا ؛ غیر برقی ۔ (۲) وہ دھات وغیرہ جو اچھے برق کش ہونے کے باوجود بجلی سے جلدی الگ ہو جائے ۔

Anelectode : (n) گیلونی بیٹری کا مثبت سرا ؛ مثبت برقیرہ ۔

Anelectrotonus : [Gr. "ana + electron + tonos"] (طب) عدم برقی طناب ؛ برقی بے تنشی ۔

Anelytrous : (a) [Gr. "an + elytron" + - OUS] بازوؤں کے بیرونی خول نہ رکھنے والے۔

Anemo- : [Gr. "anemos"] مرکب الفاظ بنانے کا ایک سابقہ بمعنی " ہوا " ۔

Anemocracy : (n) [Gr. "anemos+ cratia"] ہوائی حکومت ۔

Anemogram : (n) [Gr. "anemos + gramma"] وہ کاغذ جس پر ہوائی قوت اور رخ بتانے والے آلہ سے نشان بنتا ہے ؛ باد نامہ ۔

Anemograph : (n) باد نگار ؛ باد نویس ؛ وہ آلہ جس سے کاغذ پر ہوا کی قوت اور رخ درج ہوتا ہے ۔

Anemographic : (a) باد نگاری ؛ باد نگارانہ ؛ باد نویسی ؛ باد نویسانہ ۔

Anemography : (n) [Gr. "anemos + graphia"] تشریح باد ؛ ہوا کی قوت اور رخ کو ضبط کرنے کا فن ؛ باد نگاری ۔

Anemological : (a) باد شناسی سے متعلق ۔

Anemology : (n) باد شناسی ؛ بادیات ؛ طبیعیات باد ۔

Anemometer : (n) [Gr. "anemos" + - (o) METER] (۱) باد پیما ؛ باد سنج ؛ وہ آلہ جس سے ہوا کی قوت ناپتے ہیں ؛ رفتار گیس پیما ۔

Anemometric : (a) باد پیمائی سے متعلق ؛ باد سنجی سے متعلق ۔

Anemometrograp : (n) دیکھو Anemograph

Anemometry : (n) باد سنجی ؛ باد پیمائش ؛ ہوا کی رفتار اور قوت کی پیمائش ۔

Anemone : (n) [Gr. "anemone"] (۱) پودے کی ایک قسم ؛ گل ہوا ؛ شقائق النعمان ۔ (۲) سمندر پھول ؛ لالہ ۔

Sea anemone : سمندر پھول ۔

Anemonic : (a) گل ہوا سے ماخوذ ۔

Anemonin : (n) ایک قسم کا بلوری ترشہ جو گل ہوا سے تیار ہوتا ہے ۔

Anemophilous : (a) [Gr. "anemos +philos"] ہوا زادہ ؛ وہ پھول جن میں زیرہ گل ہوا سے اڑ کر پہنچتا ہو ؛ باد پسند ؛ ہوا کے ذریعہ باروری ؛ باد جو ۔

Anemophobia : (n) باد ترسی ۔

Anemoscope : (n) [Gr. "anemos+skopos"] وہ آلہ جو ہوا کا رخ بتائے یا موسم کی تبدیلی کی پیش گوئی کرے ؛ باد نما ۔

Anencephalic : (a) فاقدالمغز ؛ مغز سے محروم ؛ بے مغزہ ۔

Anencephaloid : (a) مائل بہ بے مغزی ؛ دماغ سے تھوڑا محروم ۔

Anencephalous : (a) [Gr. "an + egcephalos" + - OUS]
دیکھو Anencephalic

Anent : (prep) [OE. "on efen", "on efn", "onemn"] بحوالہ ؛ متعلق بہ ؛ دربارے ؛ بابت ۔

Anenterous : (a) آنت سے محروم ؛ بے آنت والا ؛ بے رودہ ۔

Anepigraphic : (a) (تاریخ) بے کتبہ ۔

Anepiploic : (a) [Gr. "an + epiploon" + - IC] وہ جس کے آنتوں پر جھلی نہ ہو یا پیڑو کے پردے کی تہ نہ ہو ۔

Aneroid : (a) [Gr. "a + neros"] (طبیعیات) اینی رائڈ ؛ ایک قسم کا باد سنج جس میں ہوا کا دباؤ پارے جیسے کسی رقیق شے سے معلوم نہ کیا جاتا ہو بلکہ ہوا سے خالی بکس کے کش دار ڈھکن پرہوا کے فعل کے ذریعہ معلوم کیا جائے ۔

Aneroid barometer : (n) بے مائع باد پیما جس میں ہوا کا دباؤ کسی مائع چیز کی مدد کے بغیر معلوم کیا جائے ؛ انیرائڈ باد پیما ؛ بے مائع باد پیما ۔

Anesis : (n) [Gr.] (طب) بیماری کی علامتوں میں تخفیف ۔

Anet : (n) [Gr. "anedon"] سونف ؛ بادیان ۔

Anethated : (a) بادیان آمیختہ ؛ بادیان سے تیار شدہ ۔

Anethene : (n) [L. "anethum" + - ENE] عطر بادیان ؛ سویا وغیرہ کا سب سے زیادہ پراں حصہ ۔

Anethol : (n) [L."anethum" + - CL] روح بادیان ؛ روح سویا ۔

Anetic : (a) (طب) سکون بخش ؛ مسکن ۔

Aneurysm / - ism : (n) [Gr. "aneurysma"] تسلیع شریان ؛ کسی شریان کا پھیل جانا ؛ شریان کا پھیلاؤ ؛ اتساع شریان ۔

Aneurysmal / - ismal : (a) تسلیعی ۔

Anew : (adv) (۱) ازسر نو ؛ دوبارہ ؛ مزید ؛ باردیگر ۔ (۲) بطریق دیگر ؛ دوسرے طریقے سے نئی طرح ؛ بطرز دیگر ۔

Anfractuosity : (n) [L. "anfractuosus", "anfranctus"] پر پیچ ہونا ؛ پیچیدگی ؛ پیچ و خمدار؛ پر پیچ راستہ ؛ پیچ دار راستہ ؛ چکر ؛ ہیر پھیر ۔

Anfractuous : (a) [L."anfractuosus", f. "anfranctus"] پرپیچ ؛ چکر دار ؛ ہیر پھیر کرنے والا ؛ پیچ و خم دار ۔

Angekok / Angakok : (n) [Eskimo] اسکیمو کا جادوگر ؛ (تاریخ) پادری ؛ انگ کوك ۔

Angang : (n) (تاریخ) انگانگ ؛ ایك قدیمی شگون ۔

Angary : (n) [L. angaria] جنگی ضرورت یا مجبوری سے متحاربین کا غیر جانب دار حکومت کی املاك کا ضبط کرلینا یا تباہ کردینا ۔

Angel : (n) [L. angelus, Gr. "aggelos"] (۱) فرشتہ ؛ ملَك ۔ (۲) قبول صورت یا معصوم شخص ؛ فرشتہ خو ؛ حورپیکر ۔ (۳) فرشتہ غیبی ؛ رجال غیب ۔ (٤) سونے کا ایك قدیم انگریزی سکہ جس کی قیمت ٦ شلنگ ٨ پنس اور ١٥ شلنگ کے درمیان ہوتی تھی اور جس پر حضرت میکائل کی تصویر ہوتی تھی کہ ایك اژدھے کو مار رہے ہیں ۔ (٥) فرشتہ عزرائیل ۔ (٦) گرجے کا روحانی رہنما ۔

Angel cornice : (n) وہ کارنس جس پر فرشتوں کی تصویر بنی ہوتی ہے ۔

Angel fish : (n) ایك قسم کی شارك مچھلی ۔

Angel-like : (a) فرشتہ صورت ؛ فرشتہ کی مانند ؛ مثل فرشتہ ۔

Angel-noble : (n) ایك انگریزی سکہ ۔

Angel shot : (n) بندوق کی ایك قسم کی گولی ۔

Angelate : (n) سنبل خطائی کے ترشے کا نمك ۔

Angelet : (n) [O Fr.=It."angeletto"] (۱) نصف انجل (سکہ) ۔ (۲) چھوٹا فرشتہ ۔ (۳) (مجازاً) معصوم بچہ ۔

Angelhood : (n) فرشتگی ؛ فرشتوں کی جماعت ؛ گروہ ملائك ۔

Angelic : (a) ملکوتی ؛ فرشتوں سے متعلق ؛ فرشتہ خو ؛ فرشتہ خصال ؛ فرشتہ صفت ؛ فوق العادت صفات کا ۔

Angelic : سنبل خطائی سے تیار کردہ ، جیسے Angelic Acid

Angelic doctor : (n) دیکھو Thomas Aquinas

Angelica : (n) [med.L.] (۱) ایک خوشبو دار پودا جو دواؤں اور کھانوں میں ڈالتے ھیں ؛ انجلیکا ؛ سنبل خطائی ۔ (۲) انجلیکا کی جڑ کا پاگ (مٹھائی) ۔

Angelica water : (n) عطر انجلیکا ؛ آب انجلیکا ؛ آب سنبل خطائی ۔

Angelical : (a) ملکوتی ؛ فرشتہ صفت ؛ فرشتہ خو ۔

Angelically : (adv) فرشتے کی طرح ۔

Angelina : (n) (نباتیات) ایک قسم کا پودا جو امریکہ کے منطقہ حارہ میں ملتا ھے ۔

Angelique : (n) [Fr. "angelique"] (۱) جنوبی امریکہ کا ایک درخت اور اس کی لکڑی ۔ (۲) ایک قسم کا مشروب ۔

Angelism : (n) [See ANGEL] یہ نظریہ کہ انسان فرشتہ صفت ھے ۔

Angelolatory : (n) فرشتہ پرستی ؛ فرشتہ کی پرستش ؛ ملائک پرستی ۔

Angelology : (n) مسائل متعلق بہ ملائک ؛ فرشتہ شناسی ؛ ملکیات ؛ علم الملائکہ ۔

Angelophany : (n) ملائک کے نمایاں جلوے ۔

Angelot : (n) [L. "angelus"] (۱) ننھا فرشتہ ۔ (۲) ھنری ششم کے زمانے کے سکہ کا نام ۔

Angelus : (n) [L. "angelus"] حضرت عیسیٰ کے بعثت کے متعلق ایک دعا جو رومن کیتھولک پادری صبح، دوپہر اور مغرب کےوقت گھنٹی بجا کر پڑھتے ھیں ؛ دعائے بعثت ؛ صلواۃ التبشیر ۔

Angenesis : (n) [L. "ana + genesis"] نئی زندگی خصوصاً ریشوں کی ۔

Anger : (n) [ON. "angr", L. "angere"] (۱) غصہ ؛ غضب ؛ برھمی ؛ برافروختگی ؛ ناراضی ؛ خفگی ؛ خشم ؛ کرودھ ۔ (۲) بدن کے کسی حصہ کا ورم ؛ جسمانی تکلیف ۔

Anger : (v) برھم کرنا ؛ غصہ دلانا ؛ برافروختہ کرنا ۔

Angered : (a) برافروختہ ؛ غصہ میں ؛ خشمگیں ۔

Angerless : (a) بے غصہ ۔

Angina : (n) درد گلو ؛ سوزش گلو ؛ خناق ۔

Angina pectoris : (n) مرض صدری ؛ درد سینہ ۔

Anginous : (a) سینے کے درد کا یا اس سے متعلق ۔

Angio-: [Gr."angio"] (جزو ترکیبی) اصلی معنی صندوق یا ظرف کے ھیں – اب بیج یا عروق و شرائین کے متعلق "بند" کے معنوں میں استعمال ھوتا ھے ۔ بند ؛ ملفوف ؛ دعا ، عرق ؛ رگ ۔

Angiocarpian : (n) [Gr. "angio + carpos"] ایک قسم کاپودا ۔

Angiocarpous : (a) اس پودے سے متعلق جس میں پھل ایسے غلاف میں ھوتا ھے جو کاسہٴ گل کا حصہ نہ ھو ؛ ملفوف ثمرہ ۔

Angiograph : (n) [Gr. "angio+graphos"] ایک قسم کا نبض سنج ؛ دعا نگار ۔

Angiography : (n) [Gr."angio +graphia"] (۱) کسی قوم میں استعمال کئے جانے والے ظروف، اوزار وغیرہ کا بیان ۔ (۲) عروق و شرائین کی تشریح ۔

Angiology : (n) [Gr. "angio + logia"] رگ شناسی ؛ عروقیات ۔

Angiomonospermous : (n) وہ پودے جن میں اکیلا تخم ھو اور ھر ایک اپنے ڈوڈے میں ھو ۔

Angioscope : (n) [Gr. "angio + scopos"] جانور یا پودے کے عروق شعریہ یا باریک رگوں کی جانچ کا آلہ ۔

Angiosperm : (n) [Gr. "angio + spermos"] وہ پودا جس کے بیج ڈوڈے میں ملفوف ھوں ؛ ملفوف تخم ؛ بند تخم پودا ۔

Angiospermal / Angiospermatous / Angiospermous : (a) ڈوڈے میں ملفوف بیج والا (پودا) یا اس سے متعلق ؛ ملفوف تخمہ ۔

Angiosporous : (a) [Gr. "angio + sporos"] وہ پودے جس کے تخمک جوف دار خانوں میں ملفوف ھوں ۔

Angiostomous : (a) [Gr. "angio + stomos"] (صدفیات) تنگ سوراخ رکھنے والا ۔

Angiotenic : (a) [Gr "angio + tinin"] (طب) عروق و شریان کو کشادہ کرنے والا (سوزش اور ورم پیدا کرنے والا بخار کے متعلق) ۔

Angiotomy : (n) [Gr. "angio +lomia "] عروق و شریان کی تشریح ؛ دعا تراشی ۔

Angle : (n) [OE."angule"] (۱) بنسی ؛ کانٹا (مچھلی پکڑنے کا) ۔ (۲) مچھلی پکڑنا ۔

Angle : (n) [L."angulum"] (۱) زاویہ ؛ کونہ ؛ گوشہ ؛ وہ جگہ جو دو واصل خطوط یا سطحوں کے درمیان ہو ؛ کون ۔ (۲) کمپاس کے چار خانوں میں سے کوئی ایک جو اس کے اصلی نقطہ پر ہو ۔

Acute angle : زاویہ حادہ ۔

Adjacent angle : (طبیعیات) متصلہ زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ متصلہ ۔

Aperture angle : (طبیعیات) روزن زاویہ ۔

At angles with : زاویہ بناتے ہوئے (متوازی کی ضد) ۔

Brewster angle : (طبیعیات) بریوسٹر زاویہ ۔

Complemetary angle : (طبیعیات) پورک کون ؛ متمم زاویہ ؛ تمامی زاویہ ۔

Conical angle : (طبیعیات) مخروطی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ مخروطی ۔

Conjugate angle : (طبیعیات) زاویہ متحدہ ؛ (ریاضی) زاویہ زوجی ۔

Corresponding angle : (ریاضی) نظیری زاویہ ؛ (طبیعیات) مطابق زاویہ ۔

Critical angle : (طبیعیات) انقلابی زاویہ ؛ (ریاضی) فاصل زاویہ ۔

Dihedral angle : (طبیعیات) زاویہ دو تلی ؛ دو تلی کون ؛ (ریاضی) زاویہ دو ستوی ۔

Dip angle : (طبیعیات) میلان زاویہ ۔

Exterior angle : (طبیعیات) بیرونی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ خارجی ۔

Face angle : (طبیعیات) رخ زاویہ ۔

Glancing angle : (طبیعیات) سطحی زاویہ ۔

Hour angle : (طبیعیات) زاویہ ساعت ۔

Interfacial angle : (طبیعیات) بین رخ زاویہ ۔

Interior angle : (طبیعیات) اندرونی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ داخلہ ۔

Interior opposite angle : (طبیعیات) اندرونی مقابلہ زاویہ ۔

Obtuse angle : (ریاضی) زاویہ منفرجہ ۔

On the angle : ترچھا ؛ آڑے ترچھے طور پر ۔

Opposite angle : (طبیعیات) متقابلہ زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ متقابلہ ۔

Parallactic angle : (طبیعیات) اختلاف منظر زاویہ ۔

Polar angle : (طبیعیات) قطبی زاویہ ۔

Re-entrant angle : (ریاضی) زاویہ باز دخولی ۔

Reflex angle : (طبیعیات) عکس زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ معکوس ۔

Right angle : (طبیعیات و ریاضی) زاویہ قائمہ ۔

Solid angle : (طبیعیات) ٹھوس زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ مجسمہ ۔

Spherical angle : (طبیعیات) کروی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ کروی ۔

Straight angle : (طبیعیات) مستقیم زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ مستقیم ۔

Supplementary angle : (طبیعیات و ریاضی) زاویہ تکمیل ۔

Trihedral angle : (طبیعیات) سہ تلی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ سہ مستوی ۔

Vectorial angle : (ریاضی) زاویہ سمتی ۔

Visual angle (ریاضی) زاویہ بصری ۔

Zenithal angle : (طبیعیات) زاویہ راس ؛ (ریاضی) راسی زاویہ ۔

Angle : (n) قدیم جرمن نسل کی ایک شاخ ۔

Angle : (v) (۱) کانٹے یا چارہ سے مچھلی پکڑنا ؛ کانٹا ڈالنا ؛ بنسی پھینکنا ۔ (۲) (مجازاً) مکر و حیلہ سے کسی آدمی کو پکڑنا یا چیز کو حاصل کرنا ۔

Angle : (v) (۱) دوڑ کر کسی گوشے میں پناہ لینا ۔ (۲) زاویوں میں حرکت کرنا ۔

Angle bar : (n) وہ سیدھا چھڑ جو کثیر الاضلاع کھڑکی کے زاویہ پر ہو ۔

Angle bead : (n) لکڑی کا عمودی مہرہ جو بیرونی زاویہ پر لگا ہو ۔

Angle brace : (n) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو چوکھٹے کے متصلہ ضلعوں پر جما ہو ۔

Angle-meter : (n) زاویہ سنج ۔

Angle of aberration : (طبیعیات) زاویہ فتور ؛ زاویہ ضلالت ۔

Angle of contact : (طبیعیات) زاویہ لمس ۔

Angle of curvature : (طبیعیات) زاویہ خم ؛ (ریاضی) زاویہ انحناء ۔

Angle of declination : (ریاضی) میلی زاویہ ؛ زاویہ شیب ۔

Angle of depression : (طبیعیات) زاویہ پستی ؛ اتار زاویہ نشیب ۔

Angle of deviation : (طبیعیات و ریاضی) زاویہ انحراف ۔

Angle of dip : (طبیعیات) میلان زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ عمق ۔

Angle of divergence : (طبیعیات) زاویہ غیر مرکوز ؛ (ریاضی) زاویہ تباعد ۔

Angle of elevation : (طبیعیات) زاویہ بلندی ؛ چڑھاؤ زاویہ ارتفاع ۔

Angle of emergence : (طبیعیات) زاویہ ظہور ۔

Angle of friction : (طبیعیات) رگڑ زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ فرکشن ۔

Angle of incidence : (طبیعیات) زاویہ وقوع ۔

Angle of intersection : (ریاضی) زاویہ تقاطع ۔

Angle of polarisation : (کیمیا) زاویہ تقطیب ؛ (طبیعیات) زاویہ سمتی تفریق ۔

Angle of prism : (طبیعیات) زاویہ منشور ۔

Angle of projection : (طبیعیات) زاویہ پیش درازی ؛ ظل زاویہ ۔

Angle of reflection : (طبیعیات) پراورتن کون ؛ زاویہ انعکاس ۔

Angle of refraction : اپ ورتن کون ؛ زاویہ انعطاف ۔

Angle of repose : (طبیعیات) زاویہ سکون ۔

Angle of shear : (طبیعیات) تحریفی زاویہ ۔

Angle of torsion : (طبیعیات) زاویہ مڑوڑ ۔

Angle of total reflection : (طبیعیات) زاویۂ کل انعکاس ۔

Angle staff : (n) دیکھو Angle bead

Angle tie : (n) دیکھو Angle brace

Angleberry : (n) ایک قسم کا بدگوشت جو اکثر بھیڑ، مویشی وغیرہ کے پاؤں میں پیدا ہو جاتا ہے ۔

Angled : (a) زاویہ دار ۔

Angler : (n) (۱) مچھلی پکڑنے والا ؛ بنسی باز ۔ (۲) ایک قسم کی انگریزی مچھلی جو چھوٹی مچھلی کا شکار کرتی ہے اوراس کے سر اور منھ پر ریشے سے ہوتے ہیں اور اسے دیکھ کر چھوٹی مچھلیاں اس کی طرف آتی ہیں ؛ جال دار شکاری مچھلی ؛ سمندری شیطان ۔

Anglesite : (n) (کیمیا) اینگلسائیٹ ؛ سیسہ کا بنیادی سلفیٹ ۔

Anglian / Anglic : (a) [L."angli"+ - AN] Angles کا یا اس سے متعلق ۔

Anglican : (a & n) [L."anglicanus"] کلیسائے انگلستان کا پیرو یا اس کے مذہب سے متعلق ؛ انگلیکی ؛ انگلیسی ؛ کیتھولک چرچ کے اصلی نمائندے کی حیثیت سے انگلیسی چرچ کے عقائد اور ضابطے کا پیرو ۔

Anglicanism : (n) عقائد انگلیسکی ؛ انگلیکیت ۔

Anglice : (adv) L. "Anglicus"] انگریزی میں ، خصوصاً عام فہم انگریزی میں ۔

Anglicism : (n) (۱) اصطلاح انگلیسی ۔ (۲) انگریزی اصول اور طرز سیاست ۔

Anglicization : (n) انگلیسی بنانا ۔

Anglicize : (v) [L. "anglicus" + - IZE] شکل یا خصوصیت کے اعتبار سے انگریزی بنانا ۔

Angling : (n) (۱) لگّی کے ذریعہ مچھلی پکڑنے کا عمل یا ہنر ۔ (۲) (مجازاً) فائدہ اٹھانا (موقع سے) ۔

Anglo - : جزو ترکیبی بمعنی انگلستان کا یا انگلیسی عملاً اینگلوسیکس ، اینگلوڈینش ۔

Anglo-catholic : (a & n) (۱) انگلیسی چرچ کی برادری کا ۔ (۲) وہ انگریز جو انگریزوں کو کیتھولک چرچ سے الگ کئے بغیر اس کی قومی آزادی کا حمایتی تھا ۔ (۳) انگلیسی چرچ کا وہ رکن جو اس کی کیتھولک خصوصیات کو برقرار رکھے ۔

Anglo-Catholicism : (n) انگریزی طرز کا کیتھولک عقیدہ ۔

Anglo-Indian : (n & a) (۱) وہ آدمی جو انگلیسی پیدائش کا ہو اوراب ہندوستان میں رہتا ہو یا پہلے رہا ہو ۔ (۲) یورپی اور ہندوستانی مخلوط ولدیت کا ؛ یوریشیائی ۔

Anglo-saxon : (n) [L."Anglo-Saxones"] (۱) اینگلو سیکسونی (سیکسونیا کے باشندوں میں سے وہ لوگ جو انگلستان میں آئےاور انگلستان کی قدیم نسلوں میں مل گئے) ۔ اس اختلاط سے پہلے سیکسونی، قدیم سیکسونی کہلاتے تھے ۔ (۲) قدیم انگریزی (لوگ یا زبان) نازی حکومت سے قبل تھے ۔ (۳) انگریزی الاصل ۔

Anglo-saxondom : (n) اینگلوسیکسن کا علاقہ ؛ اینگلوسیکسن نسل یا ملک ۔

Anglo-saxonism : (n) اینگلو سیکسونیت ؛ اینگلو سیکسونی قوم کے دعوے کی حمایت ؛ ان کی نسلی فوقیت کے حق بجانب ہونے کا یقین ۔

Anglomania : (n) انگریزی عادات کا حد سے زیادہ فریفتہ ہونا ؛ انگریز پرستی ؛ انگریزیت کا خبط ۔

Anglophobe : (n) [L.] انگریزیت سے بیزار ؛ انگریز دشمنی میں مبتلا ۔

Anglophobia : (n) [ANGLO + Gr."phobia" (horror)] انگلستان سے شدید نفرت اور خوف ؛ انگریزوں سےبیزاری ؛ انگریزوں سے دشمنی ۔

Angola : (n) (۱) (قدیم انقرہ) انگورا کی اون سےبنا کپڑا ۔

Angor : (n) [L. "angorem"] دل کے نزدیک کے حصے کا تشنج اور کھچاؤ یا تنگی کا احساس ۔

Angora : (n) [Gr."Ag cura"] انگورا کی بکریاں اور ان کے ریشم جیسے اون ؛ ان بکریوں کے اون سے بنا ہوا کپڑا ۔

Angostura : (n) [f. "Angosturav , a river port in Venezuela] ایک قسم کی چھال جو بطور دافع بخار اور مقوی دوا کے استعمال ہوتی ھے ؛ انگسترا (ایک مقام جہاں یہ چھال پائی جاتی ھے) ۔

Angrily : (adv) غصہ میں ؛ غصہ سے ۔

Angriness : (n) خفگی ۔

Angry : (a) [ANGER + - Y] (۱) غصہ میں ؛ خفگی میں ؛ غضبناک ؛ خشمگیں ؛ خفا ؛ ناراض ؛ عصبانی ؛ پرغیظ ؛ پرغضب؛ خشمناک ؛ رنجیدہ ؛ غضب آلود ؛ خشم آمیز ۔ (۲) متورم ؛ سوزش پیدا کرنے والا (زخم وغیرہ) ۔

Angst : (n) [OHG. "angust"] تشویش ؛ خوف ؛ کرب ۔

Angstrom : (n) [after Anders J. Angstrom, a Swedish physicist] ایک سینٹی میٹر کا دس کروڑواں حصہ جو امواج کوتاہ کے طول کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔

Anguiform : (a) [L. "anguis" + - FORM] سانپ کی شکل کا ۔

Anguillule : (n) [L."anguilla"] ایل (eel ، "ایک ننھا کیڑا" جو سرکہ وغیرہ میں پایا جاتا ھے) کی شکل کی ایک چھوٹی مخلوق ۔

Anguine : (a) [L. "anguilla"] سانپ کی طرح ؛ سانپ کی مانند ؛ سانپ جیسا ۔

Anguineous : (a) [L. "anguinus", ft - "anguiseous"] سانپ کی طرح ؛ سانپ جیسا ۔

Anguish : (n) [L. "angustia"] سخت دماغی ، یا جسمانی تکلیف ؛ کرب ۔

Mental anguish : (سماجیات) ذہنی کرب ۔

Anguish : (v) [L. "angustaire"] سخت جسمانی یا ذہنی تکلیف میں مبتلا کرنا ۔

Anguished : (a) غمگین ؛ دل تنگ ۔

Angular : (a) [L. "angularis", see Angle] (۱) زاویہ دار ؛ کونہ دار ؛ گوشہ دار ۔ (۲) زاویہ کے اندر ؛ زاویہ پر ؛ زاویہ میں (ایک دوسرے کے ساتھ زاویہ بناتے ہوئے) ۔ (۳) زاویہ سے ناپا ہوا ۔ (٤) پتلا دبلا ؛ جس میں گداز پن نہ ہو ۔ (٥) دہشت ؛ اکھڑ ؛ جس میں لوچ نہ ہو ۔ (٦) بے ڈھنگا ؛ جھٹکا دینے والا ؛ بے جوڑ ؛ بے ربط ۔ (۷) (طبیعیات و ریاضی) زاویائی ؛ زاوئی ۔

Angular acceleration : (n) (ریاضی) زاوئی سرعت ۔

Angular aperture : (n) (طبیعیات) زاوئی روزن ۔

Angular bisector : (n) (ریاضی) زاوئی ناصف ۔

Angular bone : (n) (حیوانیات) زاویہ دار ہڈی ۔

Angular coordinates : (n) (طبیعیات) زاوئی سمتی قدریں ؛ (ریاضی) زاوئی مختصات ۔

Angular deformation : (n) (طبیعیات) زاوئی بگاڑ ۔

Angular diagram : (n) (طبیعیات) زاوئی خاکہ ۔

Angular diameter : (n) (طبیعیات) زاوئی قطر ۔

Angular distance : (n) (طبیعیات) زاوئی دوری یا فاصلہ ؛ (ریاضی) زاوئی فاصلہ ۔

Angular frequency : (n) زاویاتی تواتر ۔

Angular gyrus : (n) زاویائی پیچ ۔

Angular magnification : (n) (طبیعیات) زاوئی اضافہ ۔

Angular measure : (n) (طبیعیات) زاوئی ناپ ۔

Angular momentum : (n) (ریاضی) زاوئی مقدار حرکت ۔

Angular motion : (n) (طبیعیات و ریاضی) زاوئی حرکت ۔

Angular point : (n) (طبیعیات و ریاضی) زاوئی نقطہ ؛ زاویائی راس ۔

Angular position : (n) (طبیعیات و ریاضی) زاوئی مقام ۔

Angular process : (n) (طبیعیات) زاوئی طریق عمل ۔

Angular sign : (n) (تجارت) زاوئی نشان ۔

Angular speed : (n) (طبیعیات) زاوئی رفتار ؛ (ریاضی) زاوئی چال ۔

Angular velocity : (n) (طبیعیات) زاوئی سمتی رفتار ؛ (ریاضی) زاوئی رفتار ۔

Angular vernier : (n) (طبیعیات) زاوئی ورنیر ۔

Angularity : (n) کونہ دار ؛ زاویہ دار ؛ دبلاپن ؛ درشتی ۔

Angularly : (adv) ٹیڑھے پن سے ؛ درشتی سے ۔

Angulate : (v) [L."angulatus / angulare"/ f."angulus"] کونہ دار کرنا یا بنانا ؛ زاویہ دار بنانا ؛ کونہ بنانا ۔

Angulate : (a) زاویہ دار ۔

Angulately : (adv) زاویہ یا کونوں کے ساتھ ۔

Angulation : (n) زاویہ دار یا کونہ دار بنانا ؛ زاویہ کشی ؛ ترسیم زاویہ ۔

Anguria : (n) [Gr. "anguriu"] کدو کے خاندان کا ایک پودا اور اس کا پھل ۔

Angustate : (a) [L. "angustatus"] تنگ ؛ باریک ۔

Angustation : (n) تنگی ؛ سکڑاؤ ۔

Angusti - : جزو ترکیبی بمعنی " تنگ " ۔

Angustifoliate : (a) تنگ پتیا ؛ تنگ برگہ ۔

Angustirostrate : (a) تنگ منقارہ ؛ تنگ چونچیا ۔

Angustura : (n) ارنیبکو پر واقع ایک شہر ۔

Anharmonic : (a) [Gr. "an + harmonicos"] علم ریاضی کی ایک اصطلاح ۔

Anhedonia : (n) [an + Gr. "hedone + L. "ia"] دل مردہ ؛ مردہ دلی ؛ ایک قسم کی بےحسی جس میں خوشی محسوس نہیں کرتے ۔

Anhelation : (n) [L. "anhelationem"] تنفس میں تکلیف ؛ ضیق الدم ؛ ضیق النفس ؛ دمہ ۔

Anhidrotic : (a) [Gr. "an+hidrotikos"] پسینہ کو روکنے والی۔

Anhistoric : (a) (تاریخ) غیر تاریخی ۔

Anhistous : (a) [Gr. "an + histon" + - OUS] (حیاتیات) نا قابل شناخت ساخت کا (نسیج) ۔

Anhungered : (a) (۱) مغلوب الجوع ؛ بھوکا ۔ (۲) (مجازاً) شدید خواھش مند ۔

Anhydride : (n) [Gr."anydros"+- IDE] (کیمیا) بے آب ؛ نابیدہ ۔

Anhydrite : (n) [as prec.+- ITE] (کیمیا) این ھائیڈ رائیٹ ؛ چونے کا سلفیٹ جو بے آب ھو ؛ نابید جپسم ۔

Anhydro- : جزو ترکیبی بمعنی ؛ بے آب " نابیدہ " " بے پانی کا " ۔

Anhydrosis : (n) پسینہ نکلنے کی غیر طبعی کمی ؛ قلت پسند ؛ کم عرقیت ۔

Anhydrous / Anhydric : (a) [Gr. "anydros" + - OUS] (۱) (کیمیا) بے پانی کا ؛ بے آب ؛ نابید ؛ غیرآبیدہ ۔ (۲) (مجازاً) بے رس ؛ سوکھا ؛ رس ھین ؛ خشك ۔

Anicca : (n) [skr. "anitya"] فنا ۔

Aniconic : (a) [an + iconic] علامتی ؛ بے اصنام کا ؛ اصنام کے خلاف ۔

Anicut / Annicut : (n) [Tamil "Anai Kattu" (dam building)] وہ باندھ جو ایك ندی کے آرپار بنائی جائے تا کہ سینچائی کی نہروں میں پانی مہیا ھو ۔

Anigh : (adv) [f. Nigh] قریب ؛ نزدیك ؛ پاس ۔

Anight : (adv) [OE. on niht] رات کے وقت ؛ رات میں ؛ شب میں ۔

Anil : (n) [Arab] نیل کا پودا اور رنگ ۔

Anile : (a) [L. "anilis" , f. "anus"] (۱) پیر زن کی طرح ؛ پیر زن کا ؛ عجوزہ صفت ؛ عجوزی ۔ (۲) سادہ لوح ؛ کورا ؛ مریل ۔

Anilic : (a) نیل کا یا اس سے متعلق ۔

Anilide : (n) [ANIL + - IDE] (کیمیا) این لائیڈ، ایك کیمیائی شے ۔

Aniline : (n) [ANIL+ - INE] انیلین ؛ ایك کیمیاوی اساسی عنصر جس سے کئی خوبصورت رنگ بنائے ھیں ، پہلے یہ نیل سے حاصل کیا جاتا تھا ، آجکل تارکول سے بناتے ھیں ۔

Aniline black : (n) (کیمیا) انیلین سیاہ ۔

Aniline blue : (n) (کیمیا) انیلین نیلا ۔

Aniline salt : (n) (کیمیا) انیلین نمك ۔

Anility : (n) [L. "anilitatem"] سن خرافت ؛ فرتوت پن ؛ سٹھیاپا ؛ سترا بہترا پن ؛ پیرزنی ؛ بے شعوری ؛ عجوزیت ۔

Anima : (n) [L.] (۱) جان ؛ حیات ؛ زندگی ؛ روح ۔ (۲) (حیوانیات) روح حیوانی ؛ (نفسیات) اینیما ؛ نسمہ ۔

Anima mundi : (n) [L.] (فلسفہ و نفسیات) روح کائنات ؛ نسمۂ عالم ۔

Animadversion : (n) [L." animadversionem"] (۱) انتقاد ؛ تنقید ؛ نکتہ چینی ۔ (۲) تنقیص ؛ ملامت ردّ و قدح ؛ سرزنش ۔ (۳) تنبیہ ۔ (٤) قصور کےقانونی اختیار سماعت کا فعل اور اس کی سزا ۔

Animadvert : (v) [L. "animadvertere"] (طرز عمل ، قصور وغیرہ پر) اعتراض کرنا ؛ تنقیص کرنا ؛ ملامت کرنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Animal : (n) [L. "animal"] (۱) جاندار ؛ ذی روح ؛ ذی حیات ۔ (۲) جانور ؛ حیوان ۔ (۳) چوپایہ ۔ (٤) وہ انسان جو درندوں کا سا ھو ۔

Mythical animal : (تاریخ) اساطیری جانور ۔

Sacred animal : (تاریخ) مقدس جانور ۔

Animal : (a) (۱) وظائف حیوانی سے متعلق ؛ حیوانی ۔ (۲) حیوانی (نباتی کی ضد) ۔ (۳) بہیمی ؛ نفسانی ؛ شھوانی ۔

Animal Charcoal : (n) (کیمیا) حیوانی کوئلہ ؛ وہ کوئلہ جو جاندار شے کو جلانے سے ملتا ھے ۔

Animal cult : (n) (تاریخ) حیوان پرستی کا مسلك ۔

Animal faith : (n) (فلسفہ و نفسیات) جانوروں کا اعتقاد ؛ حیوانی عقیدہ ۔

Animal fibre : (n) (کیمیا) حیوانی ریشہ ۔

Animal food : (n) حیوانی غذا ۔

Animal flower : (n) حیوانات شعاعی میں سے کوئی ایک ؛ وہ حیوان جو پھول کے مماثل ہو ۔

Animal heat : (n) وہ مستقل حرارت جو ذی روح جسم میں ہوتی ہے ۔

Animal husbandry : (n) (انتظامیہ) پرورش حیوانات ؛ افزائش نسل حیوانات ۔

Animal kingdom : (n) عالم حیوانات ۔

Animal magnetism : (n) حیوانی مقناطیسیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) جانوروں کی کشش ؛ حیوانی کشش ۔

Animal myth : (n) وہ دیو مالا جو جانوروں کی عادت کی بنیاد پر ہو ۔

Animal of fancy : (n) (تاریخ) پسندیدہ جانور ۔

Animal organism : (n) (کیمیا) حیوانی نامیہ ۔

Animal ornament : (n) (تاریخ) جانور کا زیور ۔

Animal painter : (n) مصور حیوانات ۔

Animal painting : (n) تصویر حیوانات ۔

Animal piece : (n) شبیہ حیوانات ۔

Animal plant : (n) مونگا کی طرح حیوان گیاہی یا حیوان کیسہ تن ۔

Animal soul : (n) جانوروں کی روح ۔

Animal spirits : (n) صحت مند حیوانی حرکت ؛ صحت مند حیوانیت ۔

Animal starch : (n) (کیمیا) حیوانی اسٹارچ ۔

Animal world : (n) عالم حیوانیات ۔

Animal worship : (n) (تاریخ) حیوان پرستی ۔

Animalcula / Animalcule : (n) [L. "animalculum"] خوردبینی حیوان ؛ حیوان ذرہ بینی ؛ حوین ؛ چھوٹے کیڑے ؛ حیوانچہ ۔

Animalculism : (n) حوینیت ؛ عضویاتی مظاہرات کو خوردبینی کیڑوں کا نتیجہ قرار دینا ؛ یہ عقیدہ کہ خوردبینی حیوان ہی جراثیم حیات اور بیماریوں کا سبب ہیں ۔

Animalculist : (n) اس عقیدہ کا پیرو کہ خورد بینی حیوان ہی جراثیم حیات اور بیماریوں کا سبب ہیں ؛ حیوان ذرہ بینی کا مطالعہ کرنیوالا ۔

Animalia : (n) [L. pl. of animal] (حیوانیات) حیوانئے ۔

Animalism : (n) (۱) حیوانی حرکت ؛ حیوانیت ۔ (۲) شہوت پرستی ؛ بہیمیت ۔

Animalist : (n) (۱) وہ شخص جو انسان کے متعلق یہ عقیدہ رکھے کہ انسان حیوانی پہلو کے علاوہ کچھ بھی نہیں رکھتا ۔ (۲) نظریہ حیوانیت انسانی کا پیرو ؛ شہوت پرست ۔ (۳) حیوان ذرہ بینی کا مطالعہ کرنیوالا ۔

Animalitarianism : (n) (فلسفہ و نفسیات) حیوانیت پسندی ۔

Animality : (n) (۱) فطرت یا نظام حیوانی ؛ قوت حیاتی ۔ (۲) ایسی فطرت جو محض حیوانی ہو ؛ حیوانیت محض ۔ (۳) دنیائے حیوانات ۔

Animalization : (n) حیوانی مادہ میں تبدیل کرنے کا عمل ؛ حیوانی بنانا ۔

Animalize : (a) (۱) حیوانی بنانا ؛ حیوانی مادہ میں تبدیل کر دینا ۔ (۲) حیوانی جذبات کی طرف مائل کرنا ؛ شہوانی بنانا ۔

Animally : (adv) جسمانی طور سے ؛ جسم حیوانی کے لحاظ سے ۔

Animate : (a & n) [L. "animatus", "animare", f. "anima"] (۱) جاندار ؛ ذی حیات ؛ زندہ ؛ ذی روح ۔ (۲) چست ؛ مستعد ؛ جاندار ۔ (۳) (مجازاً) پر جوش ۔ (٤) (لسانیات) جان دار ؛ ذی روح ۔

Animate : (v) (۱) جلانا ؛ جان ڈالنا ؛ احیاء ۔ (۲) جان ڈال دینا ؛ روح پھونک دینا ۔ (۳) ہمت بندھانا ؛ ڈھارس دینا ۔ (٤) شہ دینا ؛ جوش دلانا ؛ اکسانا ؛ ابھارنا ؛ تحریک کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ۔

Animate gender : (n) (لسانیات) ذی روح جنس ۔

Animated : (a) (۱) زندہ ؛ ذی روح ؛ جاندار ؛ (مجازاً) بظاہرزندہ ۔ (۲) سرگرم ؛ پرجوش ؛ مستعد ؛ متحرك ۔

Animated nature : (n) کائنات کا وہ حصہ جو جاندار ہے ؛ فطرت کا جاندار حصہ ؛ عالم حیوانیات ؛ جاندار مخلوق ۔

Animatedly : (adv) گرما گرمی سے ۔

Animating : (a) جان بخش ؛ روح بخش ۔

Animatingly : (adv) بطور احیاء مستعدی سے ؛ پر جوش طریقہ پر ۔

Animation : (n) [L. "animationem"] جان بخشی ؛ انگیزش ؛ تحریك ؛ سر زندگی ؛ جنس ؛ جوش ؛ گرما گرمی ؛ حیاتیت ۔

Animatism : (n) (تاریخ) مظاہر پرستی ؛ (سماجیات) پرستش ذی حیات ۔

Animator / - er : (n) محرك ؛ جان ڈالنے والا ۔

Anime : (n) [Fr.] ایك قسم کی رال یا گوند جو مغربی جزائر ہند میں پائی جاتی ہے اور وارنش کے کام میں آتی ہے ۔

Anime : (a) [Fr.] (نقابت) مستعد اور لڑنے کی خواہش رکھنے والا ؛ وہ جانور جس کی آنکھ وغیرہ کا رنگ بدن کے رنگ سے مختلف ہو ۔

Animine : (n) [ANIM (AL + - INE)] ایك نامیاتی اساس جو Bone-oil وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Animism : (n) [L."anima"+ - ism] (۱) وہ عقیدہ کہ حیوانی زندگی کے مظاہر مادہ سے مختلف ایك غیر مادی روح سے پیدا ہوتے ہیں ۔ (۲) روحیت مظاہر کا عقیدہ یعنی مظاہر قدرت اور سنگ و شجر وغیرہ کی روح کا قائل ہونا ؛ مظاہر پرستی ۔ (۳) بے جان چیزوں میں بھی جان ہونے کا اعتقاد ۔ (٤) یہ عقیدہ کہ روح اور مادہ الگ الگ چیزیں ہیں ؛ وہ عقیدہ جس میں روح کا وجود مادہ سے الگ مانا جاتا ہے ۔ (٥) (فلسفہ و نفسیات) روح رواں ؛ ہمہ روحیت ؛ (سماجیات) پرستش روح ؛ (تاریخ) جان پرستی ۔

Pre - animism : (سماجیات) ماقبل پرستش روح ۔

Animist : (n) (۱) مظاہر پرست ؛ بھوت پریت کا پوجنے والا ۔ (۲) بے جان چیزوں کو ذی روح جان کر انہیں پوجنے والا ۔

Animistic : (a) مظاہر پرستانہ ؛ جان پرستی کا ۔

Animistic stage : (n) (تاریخ) جان پرستی کا دور ۔

Animosity : (n) [L. "animositatem", f. "animosus"] دشمنی ؛ بیر ؛ عداوت ؛ خصومت ؛ عناد ۔

Animous / - us : (n) [L.] (۱) ارادہ ؛ قصد ؛ نیت ؛ روح رواں ؛ جان ۔ (۲) خصومت ؛ دشمنی ؛ عداوت ؛ عصبیت ۔ (۳) تحریك دلانے والا ارادہ ؛ غرض یا خیال ۔ (٤) (فلسفہ و نفسیات) روح حیوانی ۔

Anion : (n) [Gr. "anion"] (طبیعیات) بجلی کا منفی عنصر جو برقی کیمیاتحلیل کے نتیجے میں انوڈ (Anode) پر جمع ہوجاتا ہے ؛ انوڈی ؛ بجلیہ ؛ زیر رواں ؛ منفی رواں ۔

Anisal dehyde : (n) (کیمیا) اینیسل ڈیہائیڈ ۔

Anisanthous : (a) [Gr."anisos + anthos"+ - OUS] مختلف شکل کے محیط گل رکھنے والا ۔

Anisated : (a) سونف یا بادیان سے ملا ہوا یا اس سے خوشبو دار بنایا ہوا ۔

Anise : (a) [L. "anisum" / Gr.] سونف ؛ بادیان ؛ انیسون ۔

Aniseed : (n) تخم بادیان ۔

Anisette : (n) [Fr.] وہ شراب جس میں تخم بادیان خوشبو کے لئے ملائے گئے ہوں ؛ سونف کی شراب ؛ انیسون شراب ۔

Anisic : (a) سونف کا یا سونف سے نکالا ہوا ۔

Aniso - : [Gr. "anisos"] جزو ترکیبی بمعنی " انمل " "بے جوڑ " ، " مختلف" "غیرمتناسب" ۔

Anisobryous : (a) [Gr. "anisos + bryin"] (نباتات) جو تنے کی ایك طرف دوسری طرف کے اعتبار سے زیادہ مضبوطی سے بڑھنےوالا ہو ۔

Anisocoria : (n) [Gr. "anisos + kore (pupil of the cy + L. ia"] آنکھ کی پتلیوں کا بڑا چھوٹا ہونا ؛ نابرابر مردمیت ۔

Anisocytosis : (n) [Gr. "anisos +cyt + - osis"] لال خلیوں کا بڑا چھوٹا ھونا (مساوی نہ ھونا) ۔

Anisodactylic : (a) [Gr. "anisos + dactylos"] (حیوانیات) نابرابر پنجوں والا ۔

Anisodynamous : (a) [Gr. "anisos + dynamis"] دیکھو Anisobryous

Anisogynous : (a) [Gr. "anisos + gyne"] (نباتیات) جس میں بغچہ گل اور مسند گل کی تعداد برابر نہ ھو ؛ غیر متناسب ۔

Anisomeric : (a) [as prec.] (۱) غیر متناسب ؛ (۲) (کیمیا) غیر ھم عناصر ۔ (۳) (نباتیات) نا برابر حلقی ؛ نابرابر کوٹ ۔

Anisomerous : (a) [Gr."anisos+meros"] دیکھو Anisomeric

Anisometric : (a) [Gr. "anisos + metron"] (۱) غیر مساوی ناپ کا ؛ غیرمتناسب حصوں والا ۔ (۲) (کیمیا) غیر ھم پیمائی ۔

Anisometropia : (n) [Gr. "anisos + metron + oph / opha"] دو آنکھوں کی قوت انعطاف کی نابرابری ؛ بھینگاپن ؛ انمل نظری ۔

Anisometropic : (a) دو آنکھوں میں نابرابری قوت انعطاف رکھنے والا ؛ بھینگا ۔

Anisomorphic : (a) غیر ھم ترکیب ؛ نا ھم شکل ۔

Anisopetalous : (a) [Gr. "anisos + petalon"] نا برابر پنکھڑیوں والا ۔

Anisophyllons : (a) [Gr. "aniso + phyllon"] نا برابر دو مختلف سائز و شکل کی پتیوں والا ۔

Anisopterous : (a) [Gr. "anisos +pteron"] غیر مساوی بازوؤں والا ۔

Anisostemonous : (a) [Gr. "anisos + stemon"] وہ پودے جس میں حامل زر کے لحاظ سے بغچہ گل یا مسند گل کی تعداد غیر مساوی ھو ۔

Anisosthenic : (a) [Gr." anisos + sthenos"] قوت یا زور میں غیر مساوی ۔

Anisostomous : (a) [Gr. "anisos + stoma"] جس کے دہانے غیر مساوی ھوں ۔

Anisotonic : (a) (کیمیا) غیر ھم سراعتی ؛ این آئسوٹونك ۔

Anisotropal : (a) [Gr. "anisos+tropikos"] (کیمیا) غیر ھم اطرافی ؛ مختلف سمت میں مختلف خواص رکھنےوالا ؛ ناھم سموت ؛ (حیوانیات) محور دار ؛ (بصریات) ناھم انعطاف ۔

Anisotropic : (a) دیکھو Anisotropal

Anisotropous : (a) دیکھو Anisotropic

Anisotropy : (n) [Gr."anisos + tropia"] غیر ھم اطرافی ھونے کی صفت ؛ غیر ھم اطرافیت ؛ ناھم سموتی ۔

Anker (also ankor / anchor) : (n) (۱) شراب اورعرقیات کا پیمانہ (ولندیز شمالی جرمنی، ڈنمارک، روس، سوڈان اور پہلے انگلستان میں بھی استعمال ھوتا تھا) ۔ (۲) پیپہ جس میں اینکر بھر شراب سمائی ھو ۔

Ankerite : (n) [Prof. Anker of styria] اینکرائیٹ ؛ ایك معدنی شے ۔

Ankh : (n) [Egypt "nh"] (تاریخ) علامت حیات ۔

Ankle / Ancle : (n) (۱) ٹخنہ ؛ کعب ۔ (۲) پنڈلی اور ٹخنے کے بیچ کا حصہ ۔

Ankiet : (n) پازیب ؛ پائل ؛ خلخال ؛ ٹخنیہ ۔

Anna : (n) [Hindi "ana"] آنہ ؛ ایك روپیہ کا سولھواں حصہ، ایك متروك ھندوستانی سکہ ۔

Annabergite : (n) [f. Annaberg , in Saxony] اینابرجائیٹ ؛ نیکل کا آب دار آرسینیٹ جو سبز اور شعری قلموں کی شکل میں ھوتا ھے ۔

Annal : (n) [See ANNALS] Annals کی واحد شکل ۔

Annalist : (n) وقائع نگار ؛ اخبارنگار ۔

Annalistic : (a) وقائع نگاری سے متعلق ۔

Annals : (n) [L "annales"] (۱) واقعات سال وار ترتیب کے ساتھ ؛ وقائع ؛ اخبار ؛ وقائع سالیانہ ۔ (۲) تاریخی اسناد اورتحریرات ؛ تاریخچہ ؛ سالنامہ ۔ (۳) وہ دعائیں جو ایك سال کی مدت میں کی گئی ھوں ۔

Annates : (n) [L. "annata"] (۱) (رومن کیتھولک) مذھبی ملك يا اوقاف کی پہلی سال کی آمدنی جو پاپائے اعظم کو دی جاتی ھے ؛ پہلا سالانہ ؛ پہلا نذرانہ ۔

Anneal : (v) [A pref. +"nigallare", f."nigrum"] (۱) تاؤ دینا ؛ تانبہ ، شیشہ ، دھات یا مٹی کے برتنوں کو دھیمی دھیمی آنچ دینا ۔ (۲) (کیمیا) انیل کرنا ؛ دہمانا ؛ تپانا ۔

Annealing : (n) (کیمیا) دہمن ۔

Annectent : (a) [L."annectentum"] ملانے والا ؛ جوڑنے والا ؛ واصل ؛ ملاؤ ؛ ملحقه ؛ واصل ۔

Annectent link : (n) ملانے والی کڑی ؛ حلقه واصله ۔

Annelid (e) (a & n) [L."annellus"] (۱) سرخ خون رکھنے والے کیڑوں کا یا ان سے متعلق ۔ (۲) کنڈل کیڑا ؛ حلقه دار کیڑا ۔

Annelida : (n) [L."annellns"] (۱) سرخ خون رکھنے والے کیڑوں کا خاندان ۔ (۲) کنڈل کیڑا ؛ حلق دار کیڑا ۔

Anneloid : (n) حلقه دار کیڑاسے مشابه ایك جانور ۔

Annex : (v) [L."annexum","annectere", f.ad "nectad"+"nectare"] (۱) ملحق کرنا ؛ ملانا ؛ شامل کرنا (بطور ایك ضمنی چیز کے) ۔ (۲) نتھی کرنا ؛ شریك کرنا ؛ شامل کرنا ؛ جوڑنا ؛ لگانا (کتاب وغیرہ کے ساتھ) ۔ (۳) قبضه کرنا ؛ قابض ھونا ؛ متصرف ھونا ؛ الحاق کرنا (ملك وغیرہ کا) ۔ (٤) جوڑنا ؛ لگانا ؛ داخل کرنا ؛ بڑھانا (کسی وصف ، ضمیمه یا نتیجه کو) ۔ (٥) (تاریخ) کسی علاقه پر قبضه کرنا ؛ زبردستی الحاق کرنا ۔

Annexable : (a) قابل الحاق ؛ الحاق پذیر ۔

Annexation : (n) [L."annexationem","annexare"] تضمیم ؛ انسلاك ؛ الحاق ؛ شمول ؛ اضافه ؛ شرکت ؛ افزائش ؛ انضمام ۔

Annexationist : (n) کسی ملك وغیرہ کے الحاق کا حامی ؛ الحاق کا حامی ۔

Annexe : (n) (۱) مشموله ؛ منسلکه ؛ ذیل ضمیمه ۔ (۲) ذیلی مکان ؛ مکان جو دوسرے مکان سے متعلق ھو ۔

Annexed : (a) ملحق ؛ ملا ھوا ؛ منسلك ۔

Annexed territory : (n) (تاریخ وسیاسیات) ملحقه علاقه ۔

Annexer : (n) (تاریخ و سیاسیات) الحاق کرنے والا ؛ ملانے والا (کسی ملك وغیرہ کو) ۔

Annexion : (n) دیکھو Annexation

Annexure : (n) (تاریخ و سیاسیات) منسلکات ۔

Annexures of paper : (انتظامیه) کاغذات منسلکه ۔

Annihilable : (a) [L."annihilare"] نیست و نابود ھونے کے قابل ؛ فنا پذیر ۔

Annihilate : (v) [L."annihilatus"] نیست و نابود کرنا ؛ خاك میں ملانا ؛ مٹانا ؛ کالعدم کردینا ؛ تباہ و برباد کردینا ؛ ناپید کردینا ۔

Annihilated : (a) معدوم ؛ نیست و نابود کیا ھوا ؛ برباد کیا ھوا ۔

Annihilation : (n) (۱) ستیا ناس ؛ بربادی ؛ کامل تباھی ؛ فنا ؛ اعدام ۔ (۲) (دینیات) جسم اور روح دونوں کی ھلاکت ؛ ابدی ھلاکت ؛ نیستی ۔

Annihilation of matter : (طبیعیات) مادے کی فنا ۔

Annihilationism : (n) (دینیات) یه عقیدہ که بعض کبیرہ گناھوں کا نتیجه ابدی ھلاکت ھے ؛ اعدامیت ؛ نظریۂ اعدام ۔

Annihilationist : (n) ابدی ھلاکت کے عقیدے کو ماننے والا ۔

Annihilative : (a) برباد کن ؛ فنا کن ۔

Annihilator : (n) برباد کرنے والا ۔

Annist : (n) ملکه این کا طرفدار ۔

Anniversarily : (adv) سالگرہ کے طورپر ۔

Anniversary : (n) [L."anniversarius", f. "annus"+"versus"] (۱) سالگرہ ؛ وہ دن جو برس کےبرس آئے ؛ سالانه رسم ؛ برسی ۔ (۲) جشن سالگرہ ؛ سالانه عید ؛ سال گردش ؛ ھر ساله ۔

Anniversary sales : (n) (تجارت) سال گرھی بکری ۔

Anno Domini : [L.] سال مسیحی میں ؛ حضرت عیسیٰ کی ولادت کے بعد ۔

Annominate : (v) [var. of agnominate] کسی لقب یا خطاب کے ساتھ پکارنا ۔

Annomination : (n) ایہام ؛ رعایت لفظی ؛ ضلع جگت ۔

Annotate : (v) [L."annotat",-"an-(ad-)notare"] شرح کرنا یا لکھنا ؛ حاشیہ چڑھانا یا لکھنا ۔

Annotated : (n) محشی ؛ مشرح ۔

Annotation : (n) [L."annotationem"] (۱) حاشیہ ؛ شرح ؛ تحشیہ ؛ تشریح ۔ (۲) یاد داشت ؛ تفسیر ؛ حاشیہ نویسی ؛ (تاریخ و سیاسیات) حواشی لکھنا ۔

Annotative : (a) شرح دار ؛ تشریح کرنے والا ؛ شرح کی خاصیت کا ۔

Annotator : (n) مفسر ؛ حاشیہ نگار ؛ شارح ؛ تفسیر نویس ؛ شرح کرنے والا ۔

Annotatory : (a) شارح یا اس کے کام سے متعلق ۔

Announce : (v) [L."adnuntiare". f."ad+nuntiare," f."nuntius"] (۱) اعلان کرنا ؛ مشہور کرنا ؛ منادی کرنا ؛ اطلاع کرنا ۔ (۲) خبر دینا ؛ کسی کے پہنچنے کی اطلاع یا بشارت دینا ۔ (۳) محسوس کرانا ؛ سمجھانا ؛ مطلع کرنا (حواس اور ذہن کو بغیر الفاظ کی وساطت کے) ۔

Announcement : (n) اعلام ؛ اعلان ؛ خبر ؛ اشتہار ؛ آگاہی ۔

Announcer : (n) خبر دینے والا ؛ اناؤنسر ؛ معلن ۔

Annoy : (n) [OFr."anoi","anui","enui"] آزردگی ؛ رنجش ؛ اذیت ؛ بد مزگی ؛ تنفر ؛ پریشانی ۔

Annoy : (v) [OFr."anuier"] تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ جھنجھلا دینا ؛ ستانا ؛ چھیڑنا ؛ ایذا دینا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ آزردہ کرنا ۔

Annoyance : (n) (۱) آزردگی ؛ بیزاری ؛ رنجیدگی ؛ پریشانی ؛ تکلیف ؛ اذیت ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) ناگواری ؛ جھنجھلاہٹ ۔

Jury of annoyance : وہ جیوری جو اذیت دینے والی حرکتوں کی رپورٹ دینے کے لئے مقرر کی جائے ۔

Annual : (a&n) [L."annualem"] سالانہ ؛ سالیانہ ؛ بحساب سال ؛ یک سالہ ؛ ہر برس کے برس ہونے والا ؛ اک برسی ؛ ایک سال تک باقی رہنے والا ۔ (۲) (پودا) وہ جو ایک سال تک رہے ۔ (۳) سالنامہ ؛ سالانہ ؛ جو ہر برس ایکبار شائع ہو (کتاب وغیرہ) ۔ (٤) (رومن کیتھولک چرچ) وہ عشائے ربانی جو کسی شخص کی موت کے بعد ایک سال تک روز ادا کی جائے یا ہر برس (برسی پر) ادا کی جائے ۔

Annual aberration : (n) (طبیعیات) سالانہ فتور ۔

Annual account : (n) (انتظامیہ) سالانہ حساب ۔

Annual accretion : (n) (تجارت) سالانہ اضافہ ۔

Annual administrative report : (n) (انتظامیہ) سالانہ انتظامی روداد ۔

Annual audit : (n) (تجارت) سالانہ آڈٹ ۔

Annual closing : (n) (تجارت) سالانہ اختتام ۔

Annual consumption : (n) سالانہ صرفہ / خرچ ۔

Annual financial review : (انتظامیہ) سالانہ مالی تبصرہ ۔

Annual financial statement : (انتظامیہ) سالانہ مالی گوشوارہ ۔

Annual improvement : (n) (سماجیات) سالانہ ترقی ۔

Annual production : (n) سالانہ پیداوار ۔

Annual report : (n) (تجارت) سالانہ روداد ؛ سالانہ رپورٹ ۔

Annual return : (n) (تجارت) سالانہ گوشوارہ ۔

Annual valuation : (n) (تجارت) سالانہ تعین قیمت ۔

Annual verification : (n) (تجارت) سالانہ تصدیق ۔

Annual wage : (n) (سماجیات) سالانہ اُجرت ۔

Annual wage plan : سالانہ منصوبہ اُجرت ۔

Annualist : (n) ایک مجلہ سالنامہ کا مضمون نگار ۔

Annualize : (v) مجلہ سالنامہ کے لئے مضمون لکھنا ۔

Annually : (adv) سالانہ ؛ ہرسال ؛ سال بہ سال ۔

Annuary : (a&n) [Fr."annuaire". f."annus"] Annual دیکھو

Annuent : (a) سر کو حرکت دینے والا ؛ خصوصاً وہ عضلات جو سر کو حرکت دیتے ھیں ۔

Annuitant : (n) [See next] (۱) سالانہ وظیفہ خوار ؛ پرسوڑی پانے والا ؛ مواجب خور ۔ (۲) (انتظامیہ) سالیانہ یاب ۔

Annuity : (n) [L."annuitatem", f. "annuus"] (۱) سالیانہ (سالانہ عطیہ ، وظیفہ یا معاش) ۔ (۲) سالانہ نقد رقم (جو اصل لگانےوالے کو ھر سال ملے) ۔ (۳) (قانون) زر سالانہ کا وہ عطیہ جو چند سال کی مدت یاعمر بھر یا ھمیشہ کےلئے ھو اور جو ابتداً عطا کرنے والے کے ذمہ ھو یا اس کے وارثوں کے لئے ۔

Apportionable annuity : (تجارت) قابل تقسیم سالیانہ ۔

Certain annuity : (تجارت) یقینی سالیانہ ۔

Compound survivorship annuity : (تجارت) مرکب پسماندگی سالیانہ ۔

Contingent annuity : (تجارت) اتفاقی سالیانہ ؛ مشروط سالیانہ ۔

Continuous annuity : (تجارت) لگاتار سالیانہ ؛ پیہم سالیانہ ۔

Deferred annuity : (تجارت) ملتوی شدہ سالیانہ ۔

Equity annuity : حصصی سالیانہ ۔

Guaranteed annuity : (تجارت) گارنٹی شدہ سالیانہ ۔

Immediate annuity : (تجارت) فوری سالیانہ ۔

Immediate annuity-due : (تجارت) فوری واجب الادا سالیانہ ۔

Joint annuity : (تجارت) مشترکہ سالیانہ ۔

Last survivor annuity : (تجارت) آخری حیاتی سالیانہ ؛ آخری وارثی سالیانہ ۔

Life annuity : عین حیاتی سالیانہ ۔

Non-apportionable annuity : (تجارت) ناقابل تقسیم سالیانہ ۔

Ordinary annuity : (تجارت) عمومی سالیانہ ۔

Perpetual annuity : (تجارت) دائمی سالیانہ ؛ دوامی سالیانہ ۔

Premium annuity : قسطی سالیانہ ۔

Reversionary annuity : معکوسی سالیانہ ۔

Single payment annuity : یك ادائی سالیانہ ۔

Special deferred annuity : (تجارت) مخصوص ملتوی شدہ سالیانہ ۔

Special immediate annuity : (تجارت) مخصوص فوری سالیانہ ۔

Special joint life and survivor annuity : (تجارت) مخصوص مشترکہ زندگی و پسماندہ سالیانہ ۔

Survivorship annuity : (تجارت) عارضی زندگی سالیانہ ۔

Temporary annuity : (تجارت) عارضی سالیانہ ۔

Temporary life annuity : (تجارت) عارضی زندگی سالیانہ ۔

Terminable annuity : میعادی سالیانہ ۔

Variable annuity : (تجارت) تبدیل پذیر سالیانہ ؛ تغیر پذیر سالیانہ ۔

Annuity bond : (n) (تجارت) سالیانہ بانڈ ۔

Annuity equity : (n) (تجارت) سالیانہ ایکوٹی ۔

Annuity fund : (n) (تجارت) سالیانہ فنڈ ۔

Annuity premium : (n) سالیانہ پریمیم ؛ سالیانہ قسط ۔

Annul : (v) [L."annullare", f. an -="ad-+nullum"] (۱) مٹادینا ؛ معدوم کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ اٹھا دینا ؛ باطل کر دینا ؛ لغو قرار دینا ۔ (۲) رد کرنا ؛ قلم زد کرنا ؛ ناجائز یا کالعدم کرنا ؛ فسخ کرنا ۔

Annular : (a) [L."annularis" f."annulus] حلقہ دار ؛ حلقہ نما ؛ حلقہ صفت ؛ حلقہ کی طرح ؛ چھلا کا سا ؛ (کیمیا) چھلا نما ۔

Annular eclipse : (n) کسوف چنبری ؛ کسوف حلقی ؛ حلقہ دار گہن ۔

Annular ligament : (n) رباط چنبری ؛ رباط حلقی ؛ وہ حلقہ دار پٹھے جو کلائی اور ٹخنے کے جوڑ پر ھوتے ھیں ۔

Annular process protuberance : بصل النخاع کاحلقه نما ابھار ۔

Annular space : (n) فضائے چنبری ؛ خلائے اسطوانی ؛ مکانیت حلقی ۔

Annularity : (n) حلقه کی صفت یا شکل ۔

Annularly : (adv) حلقه کی طرح ؛ حلقه دار ۔

Annulary : (a) [L."annularius", f."annulus"] انگشتری دار ۔

Annulata : (a) [L.] حلقه دار ؛ چھلی ؛ چھله دار ؛ جس میں چھلے یا چھلے کی طرح نشان ھوں ؛ جوڑ دار حلقوں سے بنایا ھوا ۔

Annulate : (a) [L."annulatus"] دیکھو Annulata

Annulated : (a) انگشتری دار ؛ چھله دار ؛ چھلی ۔

Annulation : (n) حلقه دار بنانا ؛ حلقے ڈالنا ؛ چوڑیاں ڈالنا ۔

Annulet : (n) [L."annulus"+-ET] (۱) چھلا ؛ چھوٹا حلقه ؛ حلقیره ۔ (۲) (عمارت میں) حلقه ستون ؛ ستون کا حلقه یا کڑا جو اس کے چاروں طرف ھو ؛ کھمبے کی چوڑی ۔

Annulment : (n) منسوخی ؛ تنسیخ ؛ ابطال ؛ فسخ ؛ تنسیخ ۔

Annuloid : (a) [L."annulus"+-OID] حلقه نما ؛ حلقه صفت ؛ حلقه کی طرح ؛ چوڑیاله ۔

Annulosa : (n) [L.] حلقه دار جانور ۔

Annulose : (n) [L."annulosus"] حلقه دار ۔

Annulus : (n) [L."enon" for "anulus"] (۱) حلقه یا حلقه نما جسم ۔ (۲) (اقلیدس) وہ حلقه یا ٹھوس جو ایک دائرہ کے اس خط مستقیم کے چاروں طرف چکر لگانے سے ھوتا ھے اور یه خط مستقیم اس کے محیط سے باھر ھو اور محور کا کام کرے ۔ (۳) (نباتیات) خلیوں کا وہ حصه جو تخمک کے چاروں طرف ھوتا ھے ۔ (٤) (فلکیات) روشنی کا وہ حلقه جو کسوف چنبری میں ھوتا ھے ۔

Annunciade : (n) [L."annuntiare"] (۱) ایک فوجی سلسله جس کا نام حضرت جبریل کی بشارت کے اعزاز میں رکھا گیا تھا ۔ (۲) ایک زنانه دینی سلسله جسے انگلستان کی ملکه جین نے قائم کیا تھا ؛ اس سلسله کی ایک راھبه ۔

Annunciate /-tiate : (v) (۱) اعلان کرنا ؛ مشھور کرنا ؛ منادی کرنا ؛ اشتھار دینا ۔ (۲) خبر دینا ؛ خبر کرنا ؛ مطلع کرنا ؛ بتانا ؛ جتانا ؛ کسی کےآنے کی خبر دینا ۔

Annunciation : (n) [L."annunciationem"] (۱) اعلان ؛ اطلاع ؛ خبر ؛ اشتھار ۔ (۲) تبشیر ؛ بشارت (خوشخبری جو حضرت جبریل نے حضرت مریم کو حضرت عیسی کےتجسس کے متعلق دی تھی) ۔ (۳) عید البشارت ؛ جشن بشارت مسیح (۲۵ مارچ) ۔

Annunciator : (n) [L."annuntiator"] (۱) معلن ؛ مشتھر ؛ اطلاع دینے والا ؛ مخبر ؛ بشیر ؛ مبشر ۔ (۲) مقام نما ؛ وہ سوئی جس سے یه معلوم ھوتا ھے که گھنٹی یا ٹیلیفون کس طرف سے آیا ھے ؛ اشاریه ۔

Anocarpous : (a) [Gr."ano+carpos"+-OUS] (فرن کے متعلق) ورقه (Frond) کے اوپر کے حصے میں پھل دینے والا ۔

Anocathartic : (a) [Gr."ano"+CATHARTIC] قے آور ؛ امتلا انگیز ۔

Anode : (n) [Gr."anodos"] (کیمیا) اینوڈ ؛ مثبت برقیره ؛ مبثیره (مثبت + برقیره) ؛ زبر برقیره ۔

Anode circuit : (n) (طبیعیات) انوڈ سرکٹ ۔

Anode dissipation : (n) (طبیعیات) انوڈ اسراف ۔

Anode glow : (n) (طبیعیات) انوڈ دمک ۔

Anode ray : (n) (طبیعیات) انوڈ شعاع ۔

Anodic : (a) (کیمیا) اینوڈی ؛ مثبت برقیری ۔

Anodising : (n) (کیمیا) اینو ڈانا ؛ (طبیعیات) اینوڈی کرنا ۔

Anodon (t) : (n) [Gr."an+o donta"] صدف نماجانوروں کی ایک جنس جس کے خول کے جوڑ پر دانت نھیں ھوا کرتے ھیں ، مثلاً دریائی صدفه ۔

Anodyne : (a&n) [Gr."an+odyne"] (۱) مسکن ؛ مخدر ؛ سکون آور ؛ مفرح ۔ (۲) دوا جو سکون دے یا درد کو کم کرے ؛ ھو وہ چیز جو دماغ کو سکون دے ؛ درد ربا ۔

Anoesis : (n) [Gr."a+noesis"] احساس یا شعور بغیر ادراک کے ؛ نا فھمی ۔

Anoetic : (a) [Gr."a+noetos"] ناقابل تصور ؛ (فلسفه و نفسیات) مبہم شعور ؛ مبہم شعوری ؛ نا فہم ۔

Anogenic : (a) [Gr."ano+genes"+-ic] اوپر یا اندر کی طرف بڑھا ہوا ۔

Anoint : (v) [L."inunctum","inungere"] (۱) مالش کرنا ؛ چپڑنا ؛ مسح کرنا (مرہم، تیل وغیرہ کا) خاص کر مذہبی رسم ، بپتسما اور تاج پوشی وغیرہ میں ۔ (۲) نم کرنا ؛ بھگونا ؛ ملنا ۔ (۳) خوب پیٹنا ؛ لاٹھی سے پیٹنا ۔

Anointed : (a) تیل مالش کیا ہوا خصوصاً مذہبی رسم میں ۔

The Lord's Anointed : حضرت مسیح ؛ حضرت عیسی ؛ بادشاہ بحقوق ظل الٰہی ۔

Anointer : (n) مالش کرنے والا ۔

Anointing : (n) جسم میں تیل مالش ؛ کسی مذہبی رسم میں تیل مالش ۔

Anoli /-is : (n) [native name] ایک قسم کی بڑی چھپکلی ۔

Anolyte : (n) [Anode+electrolyte] (کیمیا) اینولائٹ ؛ مثبت قطب کے پاس کا الکٹرولائٹ ؛ کیتھولائٹ کی ضد ۔

Anomalies : (n) (سماجیات) بے ترتیبی ؛ بے قاعدگی ۔

Anomalism : (n) [L."anomalus"+"ped-"(pes)] وہ جانور جس کے پاؤں میں بے قاعدگی ہو ۔

Anomalism : (n) [Gr."anomalos"+-ISM] بےقاعدگی ؛ بےقاعدگی کی مثال ۔

Anomalist : (n) [as prec.+-IST] (۱) یہ عقیدہ رکھنے والا کہ زبان کی ابتدا بغیر کسی قاعدہ کےہوئی ہے ۔ (۲) بے قاعدگی کار ۔

Anomalistic /-al : (a) (۱) بے قاعدہ ؛ خلاف قیاس ؛ شاذ ؛ عجیب ۔ (۲) کسی سیارہ کےاس کے حضیض سے زاویائی فاصلہ کے متعلق ۔

Anomalistic month : (n) اوجی ماہ شمسی ؛ وہ مدت جو چاند کو ایک حضیض سے دوسرے حضیض تک جانے میں لگتی ہے ۔

Anomalistic year : (n) اوجی سال شمسی ؛ وہ مدت جو زمین کو ایک نقطۃ الراس تک جانے میں لگتی ہے ۔

Anomaloscope : (n) [anomal+scope] رنگ بینی کی آزمائش کا آلہ ۔

Anomalous : (a) [L."anomalus"+-OUS] (۱) بے قاعدہ ؛ بےترتیب ۔ (۲) غیر طبعی ؛ خلاف معمول ؛ خلاف عادت ؛ خلاف قاعدہ ؛ غیر عادی ۔ (۳) (طبیعیات) خلاف معمول ؛ (لسانیات) بےقاعدہ ؛ (کیمیا) غیر یکسانی ۔

Anomalous dispersion : (n) (طبیعیات) خلاف معمول انتشار ۔

Anomalous growth : (n) (طبیعیات) خلاف معمول بڑھوتری ۔

Anomalous precipitation : (n) (کیمیا) غیر یکساں ترسیب ۔

Anomalous scattering : (n) (کیمیا) غیر یکساں بکھراؤ ؛ (طبیعیات) خلاف معمول بکھرنا ۔

Anomalous system : (n) (کیمیا) غیر یکساں نظام ۔

Anomalous Zeeman effect : (n) (کیمیا) غیر یکساں زیمن اثر ؛ (طبیعیات) خلاف معول زیمن کا اثر ۔

Anomalously : (n) بے قاعدگی کے ساتھ ؛ بے ترتیبی سے ۔

Anomalousness : (n) بے قاعدگی ؛ بے ترتیبی ؛ غیر طبعی ؛ غیر معمولی ہونے کی حالت ۔

Anomaly : (n) [Gr."anomalos"] (۱) بے ربطی ؛ عدم یکسانی (حرکت وغیرہ کی) ۔ (۲) بے قاعدگی ؛ بے ترتیبی ؛ بے ضابطگی ۔ (۳) (فلکیات) خروج مرکز ؛ وہ بُعد جو کسی سیارے کی یا توابع کا ان کے پچھلے نقطۃ الراس یا حضیض قمر سے ہوتا ہے ۔ (٤) (موسیقی) کامل وقفےسےتھوڑا انحراف (مقررہ راگوں والے باجے سے سُر ملانےمیں) ۔ (٥) (طبیعیات) خلاف معمولیت ۔

Anomaly eccentric : (n) (طبیعیات) خلاف معمول کج ؛ خلاف معمول بے حرکت ؛ خلاف معمول لا مرکز ۔

Anomaly mean : (n) (طبیعیات) خلاف معمول اوسط ۔

Anomaly true : (a) (طبیعیات) خلاف معمول اصلی ۔

Anomia : (a) [Gr."anomos"] (حیوانیات) صدف کی ایک نوع ۔ (۲) (طب) نام فراموش ۔

Anomie : (n) [Gr."anomia"," anomia"] (سماجیات) عدم معاریت ؛ انومی ۔

Anomo-: [Gr."anomos (without law), a+nomos"] جزو ترکیبی بمعنی بےضابطہ" "بے ربط " "خلاف معمول " "خلاف قاعدہ " "خلاف قانون " "ان میل " ۔

Anomobranchiate : (a) [Gr."anomos+branchia"] (حیوانیات) بے قاعدہ ساخت کے گلپھڑے والا ۔

Anomocarpous : (a) [Gr."anomos+carpos"] (نباتیات) جس کے پھل خلاف معمول ہوں ۔

Anomodont : (a&n) [Gr."anomos+odont-"] (۱) بے دانت کا یا بے قاعدہ دانتوں والا (متحجر رینگنے والے جانوروں کے لئے کہا جاتا ہے) ۔ (۲) بے دانت یا بے قاعدہ دانتوں والا جانور ۔

Anomophyllous : (a) [Gr."anomos+phyllon"] انمل پتیا ؛ جس کے پتے بے ترتیب اور انمیل ہوں ۔

Anomorhomboid : (n) [Gr."anomo+rhombo-ides"] قلمی بناوٹ کی بلوری مختلف معدنی اشیاء کا نام جو ٹوٹ کر معین نما بے ترتیب شکلوں میں بکھر جاتی ہیں ۔

Anomouram /-muran : (a & n) [Anom(o)ura+-AN]
(۱) (حیوانیات) غصنہ نما جوڑ سے ملی ہوئی آنکھوں والے حیوانات قشریہ کی ایک نوع جس کے شکم اور دُمیں غیر مادی ہوتی ہیں ۔ (۲) ایسے حیوانیات قشریہ کا یا اس سے متعلق ۔

Anomy : (n) [Gr."anomia"] معجزہ ۔

Anon : (adv) [OE. on an in one, Fr. on in, on+an one]
(۱) ابھی ابھی ؛ فوراً ؛ چٹکی بجاتے ؛ عنقریب ۔ (۲) (تقابل کے وقت) پھر ؛ دوبارہ ۔

Ever and anon : ٹھہر ٹھہر کے ؛ رہ رہ کے ؛ کبھی کبھی ؛ گاہے گاہے ؛ گاہے ماہے ۔

Anonacous : (a) انناسی ؛ انناس سے متعلق ۔

Anonad : (n) ایک قسم کا انناسی پودا ۔

Anonym : (n) [Gr."anonymos"] بے نام آدمی ؛ گمنام ؛ مجہول الاسم ۔ (۲) فرضی نام ۔ (۳) ایسی کتاب جس کا مؤلف نا معلوم ہو ۔

Anonymity : (n) گمنامی ؛ بے نامی (کسی تحریر یا مؤلف کے متعلق)۔

Anonymous : (a) [Gr."anonymos"+-OUS] (۱) گمنام ؛ بے نام ؛ مجہول الاسم ؛ جس کا نام معلوم نہ ہو ۔ (۲) وہ تحریر جس کے مؤلف کا نام معلوم نہ ہو یا نام ظاہر نہ کیا گیا ہو ۔

Anonymously : (adv) گمنامی سے ؛ نام چھپا کے ؛ گمنام طور پر ؛ نام پوشیدہ رکھ کر ۔

Anonymousness : (n) بے نام یا مجہول الاسم ہونا ۔

Anonymuncule : (n) ایک گمنام معمولی مصنف ۔

Anopheles : (n) [Gr."anophetes"] مچھروں (خصوصاً ملیریا مچھروں) کی بعض قسمیں ؛ انافلس ۔

Anophyte : (n) [Gr."ano+phyton"] اس کائی یا اسی قسم کی گھاسوں کا نام جس میں عروق کی نالیاں نہیں ہوتی ہیں ۔

Anoplothere / Anoplotherium : (n) [Gr."anoplos+theron"] قدیم زمانے کا ایک جانور جس میں دشمنوں سے مدافعت کا کوئی عضو نہیں ہوتا تھا ۔

Anoplotheroid : (a) قدیم زمانے کے اس جانور سے مشابہ جس میں دشمنوں سے مدافعت کا کوئی عضو نہیں ہوتا تھا ۔

Anopluriform : (n) [Gr."anoplos+ura"+(i)FORM] بے دُم کے کیڑے کی شکل کا ؛ جوں سے مشابہ کیڑے کی طرح کا ۔

Anopsy : (n) [Gr."an+ophis"] کوری ؛ فقدان بصارت ؛ ضعف بصارت ؛ بے بصری ۔

Anoselic / Anorectous : (a) [Gr."anorect-os"] بغیر اشتہا ؛ بغیر بھوک ۔

Anorexia : (n) عدم اشتہا ؛ بھوک کا نہ لگنا ؛ بے اشتہائی ۔

Anorexy : (n) [Gr."an+oregin"] دیکھو Anorexia

Anorganology : (n) [Gr."anorganos"+(o)LOGY.] سائنس کا وہ حصہ جو غیر نامیاتی اشیاء سے متعلق ہو ؛ لا عضویات ؛ لا حیاتیات ۔

Anorthic : (a) [Gr."an+orthos"+-IC] قلم پذیری میں بے قاعدہ ؛ بلور بننے میں بے قاعدہ ؛ کج محورہ ۔

Anorthite : (n) [as prec. +-ITE] (معدنیات) ایک قسم کی قلمی دھات ؛ (کیمیا) اینورتھائیٹ ۔

Anorthopia : (n) [Gr."an+orthos+opia"] ؛ بصارت کا ترچھاپن ؛ کج نظری ؛ انحراف نظر ۔

Anorthoscope : (n) [Gr."an+orthos+scopos"] گھومنے والے چکر پر بنی ہوئی بگڑی تصویر کو دیکھنے کا بصری آلہ ؛ مجماع الصور ۔

Anosmia : (n) [Gr."an+osme"] فقدان شامّہ ؛ قوت شامّہ کا جاتے رهنا ؛ نقص شامہ ؛ لا شامیت ؛ خشم ؛ عدم شامہ ۔

Another : (a&pron) [an other] (۱) دوسرا ؛ ایك اور ؛ مزید ؛ دگر۔ (۲) دوسرا ؛ (کسی کا) نمونہ ؛ جواب یا ثانی ؛ مماثل ؛ فلاں کا سا ۔ (۳) دوسرا ؛ مختلف ؛ کرئی ۔(٤) علاحدہ ؛ جدا ۔

One another : باهم ؛ هم دگر ؛ یك دگر ۔

One with another : (۱) سب ملاکر ۔(۲) اوسطاً ۔

Such another : ایك هی دوسرا ؛ ایساهی ایك اور۔

Anoura : (n) [Gr."an+oura"] بے دُم کے جل تھلی جانوروں کا ایك سلسلہ ۔

Anourous : (a) [Gr."an+oura"+-OUS] بے دُم ؛ جس کی دم نہ هو مثلاً مینڈك ، بینگ وغیرہ ۔

Ansa : (n) [L.] عروہ زحل ؛ دستہ هائے زحل۔

Ansar : (n) [Arab."Ansar"] انصار ۔

Anschauung : (n) [MHG."aneschouwunge"] راست ادراکی ۔

Anschluss : (n) ["an"(on,at)+"schtuss"] (تاریخ و سیاسیات) انشلوس ؛ آسٹریا کا جرمن سے الحاق (مارچ سنہ ۱۹۳۸ء) ۔

Anserated : (a) (نقابت) وہ صلیب جس کے سرے پھٹے هوئےهوں اور سانپوں ، عقابوں وغیرہ کے سروں پر ختم هوتے هوں ۔

Anserine : (a) [L."anserinus" f."anser"] (۱) قاز یا راج هنس کی قسم کا ؛ قازی ۔ (۲) احمق ؛ بے وقوف ؛ سادہ لوح ۔

Anserous : (a) (۱) مانند قاز ۔ (۲) احمق ؛ بیوقوف ؛ سادہ لوح ۔

Ansiform : (a) حلقہ نما ۔

Anspessade : (n) [Fr."anspessade] ایك فوجی عهدہ ۔

Ansu : (n) [Jap. " anzu"] ایك قسم کا زرد آلو / خوبانی ۔

Answer : (n) [OE. andswaru, f. and- agaiust+swara-sw] (۱) جواب ۔(۲) مدافعت ؛ بچاؤ ؛ بریت ۔ (۳) حل ؛ جواب ۔ (٤) بدلہ ؛ معاوضہ ۔ (۵) (شمشیر زنی) جوابی حملہ ۔ (٦) صدائے باز گشت ۔

Answer : (v) [OE."andswarian"] (الف) جواب دینا ۔ (۱) مدافعت کرنا ؛ ذمہ داری قبول کرنا ؛ ضمانت قبول کرنا ؛ ضامن هونا ؛ تائید میں دلائل پیش کرنا ۔ (۲) کسی اعتراض یا بحث کا جواب دینا ۔ (۳) تلافی کرنا ۔ (٤) مالی مطالبہ کو ادا کرنا ؛ پورا کرنا ؛ موزوں هونا ۔ (۵) مقصد پورا کرنا ۔ (٦) ثابت هونا (اچھا یا برا) ۔

(ب) سوال کا جواب دینا ۔ (۱) کسی مسئلہ کو حل کرنا (امتحان میں)۔ (۲) نام سے پکارے جانے پر جواب دینا ۔ (۳) باری باری سے بولنا یا گانا ۔ (٤) جواب میں کوئی آواز نکالنا جیسے صدائے باز گشت ۔ (۵) موافق جواب دینا ۔ (٦) کسی عملی التماس یا اشارہ کا جواب دینا (مثلاً دستك یا گھنٹی وغیرہ کا) ۔

(ج) مطابقت کرنا ۔ (۱) موافقت میں اطاعت کرنا ؛ موافقت میں کام کرنا ۔ (۲) همدردی کے ساتھ عمل کرنا ۔ (۳) دہرانا ؛ تکرار کرنا ۔(٤) جنس میں بدلہ دینا ؛ ادلے کا بدلہ دینا ؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔ (۵) کسی معاملہ میں نامہ و پیام کرنا ۔

Answerable : (a) (۱) جواب دہ ؛ ذمہ دار ۔ (۲) (متروک) مطابق ؛ موافق ؛ جوڑ کا ؛ جواب کا ؛ مناسب ۔ (۳) مسئول ؛ ملتزم ؛ قابل الزام ؛ ضامن ۔ (٤) مساوی ۔

Answerableness : (n) ذمہ داری ؛ جواب دہی ۔

Answerably : (adv) ذمہ داری کے ساتھ ؛ جواب دہی کے ساتھ۔

Answerer : (n) جواب دینے والا ۔

Answer key : (n) (فلسفہ و نفسیات) جواب نامہ ۔

Answerless : (a) لا جواب ۔

Ant : (n) [OE.] چیونٹی ؛ مور ۔

White ant : دیمك ۔

Ant -: (pref) سابقہ بمعنی " خلاف " ؛ دیکھو Anti -

-ant : (suff) لاحقہ ، اسم فاعل کے لئے ۔

Ant bear : (n) مور خور بھالو ۔

Ant-Catcher : (n) مور خور پرندہ ؛ چیونٹی خور ۔

Ant-eater : (n) چیونٹی خور ؛ مور خور ۔

Ant-egg : (n) چیونٹی کے انڈے ؛ چیونٹی کے بچے کی ابتدائی حالت ؛ پہل روپ ۔

Ant-fly : (n) پردار چیونٹی جسے مچھلی کے شکار میں کانٹے میں لگاتے ہیں ۔

Ant-heap : (n) دم کوژہ ؛ چیونٹی یا دیمك کے گھروں کے اوپر مٹی کا مخروطی شکل کا ڈھیر ؛ جرثومہ ۔

Ant-hill : دم کوژہ ؛ چیونٹی یا دیمك کے گھروں کے اوپر مٹی کا مخروطی شکل کا ڈھیر ؛ جرثومہ ۔

Ant-hillock : دیکھو Ant-hill

Ant-hood : (n) [ANT+HOOD] چیونٹی کی فطرت ؛ فطرت مور چشمی ؛ چیونٹیاں ؛ چیونٹیوں کی جماعت ۔

Ant-lion : (n) ایك کیڑا جو چیونٹی کے بچوں کو کھا جاتا ھے ؛ مور شیر ۔

Ant-rice : (n) غلے کی ایك قسم جسے چیونٹیاں کھیتوں سے لاکر اپنے کھانے کےلئے جمع کرتی ھیں ۔

Ant-thrush : (n) ایك پرندہ جو چیونٹیاں کھاتا ھے ؛ ترغہ (تھرش) کے خاندان کا ایك پرندہ جو چیونٹیاں کھاتا ھے ۔

Ant-worm : (n) چیونٹی کے بچوں کا پہل روپ ۔

Antacid : (a&n) [ANT-+ACID] ترشہ شکن ؛ کھٹائی کا توڑ ؛ کھٹائی کا مصلح (خاصکر معدہ میں) ؛ ضد ترشی ۔

Antacrid : (a) [ANT-+ACRID] سوزش کا مصلح ؛ دافع سوزش ۔

Antagonism : (n) [Gr."antagonisma"] (۱) مخالفت ؛ مقابلہ ؛ مقاومت ؛ بیر ؛ دشمنی ؛ لاگ ۔ (۲) مخالف اصول ؛ ضد ؛ خصومت ۔

Antagonist : (n) [Gr."antagonizesthae"] (۱) مخالف ؛ مقابل ؛ حریف ؛ خصم ۔ (۲) (فعلیات) تردید عضلات ؛ وہ پٹھا جو کسی پٹھے کے عمل کا جواب ھو ۔ (۳) (نباتیات) تضاد العمل ۔

Antagonistic /-cal : (a) حریفانہ ؛ معاندانہ ؛ مخالفانہ ؛ مقاومانہ ؛ (سماجیات) مخالف ۔

Antagonistically : (adv) حریفانہ طورپر ؛ معاندانہ طورپر ۔

Antagonize : (v) [Gr."antagonizesthae"] (۱) دشمن ھونا ؛ مخالفت کرنا ؛ حریف بنانا ؛ کسی عمل کا توڑ ھونا ؛ بے اثر بنا دینا ؛ دشمنی کرنا ۔ (۳) توڑ کرنا ؛ مصلح ھونا ؛ تعدیل کرنا ؛ سمونا ۔ (۲) مخالف بنانا ؛ لڑانا ؛ لڑوانا ؛ بیر ڈالنا ؛ ایك دوسرے کےمقابل کھڑا کر دینا ۔

Antagonized : (a) دشمن بنایا ھوا ۔

Antagonizing : (a) مخالفت کرنے والا ؛ مخالف ۔

Antalgic : (a) [ANT-+Gr.algos+-IC] دافع درد ۔

Antalkali : [ANT-+ALKALI] مصلح القلی ؛ القلی کا اثر توڑنے والی چیز ۔

Antalkaline : (a) معدل قلی ؛ قلی توڑ ؛ قلی شکن ۔

Antambulacral : (a) [ANT+AMBULACRAL] Ambulacral کی ضد ؛ ضد منقال ۔

Antanaclasis : (n) [Gr."antanaclasis"] (۱) (علم بیان) تجنیس تام ؛ ایك صنعت جس میں ایك ھی لفظ کو دو یا مخالف معنی میں استعمال کرتے ھیں ۔ (۲) جملہ معترضہ کے بعد مبحث کی طرف لوٹنا ۔

Antaphrodisiac : (a) [Gr.ANT+"aphrodi siakos"] قاطع باہ ؛ شہوانی خواھش کو روکنے والا ۔

Antaphroditic : (a) [ANT-+Gr."Aphrodite"+-IC] جنسی امراض کے خلاف استعمال کی جانے والی (دوا) ۔

Antapoplectic : (a) [ANT-+APOPLECTIC] دافع مرگی ؛ مرگی روکنے والی یا علاج کرنے والی ۔

Antarctic : (a) [Gr."antarctikos"] جنوبی ؛ قطب جنوبی کا ۔

Antarctic circle : (n) دائرہ قطب جنوبی ۔

Antarctic pole : (n) قطب جنوبی (زمین یا آسمان کا) ۔

Antarghritic : (a) [ANT-+ARTHRITIC] دافع وجع المفاصل ؛ جوڑوں کے درد کو دفع کرنےوالا ؛ گٹھیا کو دور کرنے والا ؛ قاطع نقرس ۔

Antasthmatic : (a) [ANT-+ASTHMATIC] دمہ کو دفع کرنے والا ؛ دافع دمہ ۔

Antatrophic : (a) [ANT-+TROPHIC] (طب) سوکھا پن کو دفع کرنے والی ۔

Ante-: (adv & perp) سابقہ بمعنی " پیش" "آگےکا" "قبل "۔

Ante-baptismal : (a) قبل بپتسمہ ۔

Ante-bath : (n) پیش حمام ۔

Ante-bellum : (a) قبل از جنگ ۔
Angular aperture : (ریاضی) زاوئی سوراخ ؛ (طبیعیات) زاوئی روزن ۔

Circular aperture : (ریاضی) دائری سوراخ ؛ (طبیعیات) دائری روزن ۔

Numerical aperture : (ریاضی) عددی سوراخ ؛ (طبیعیات) عددی روزن ۔

Aperture angle : (n) (طبیعیات) کون یا زاویہ روزن ۔

Aperture of lense : (طبیعیات) لینسوں کا روزن ۔

Aperture of mirror : (طبیعیات) آئینے کا روزن ۔

Apery : (n) [APE+RY] (۱) نقالی ؛ بندروں کی سی حرکتیں ؛ بوزینہ خوئی ؛ میمون صفتی ؛ تقلید ۔ (۲) بندروں کی ایک جماعت یا آبادی ۔

Apetaloid : (a) [Gr."a+petalon"+OID] (نباتیات) بے پتیا کی شکل کا ۔

Apetalous : (a) [Gr."a+petalon"+-OUS] بے پتیا ؛ بے برگ ؛ بے گلبرگ ؛ بے پنکھڑی ۔

Apex : (n) (Pl. apeces) [L."apex"] (۱) سرا ؛ چوٹی ؛ نوک ؛ پھلنگ ؛ انی ؛ (ریاضی) اوج ۔ (۲) راس (مثلث یا مخروط کی) ؛ (حیوانیات) راس ۔ (۳) (لسانیات) نوک (زبان) ، جسے tip of the tongue کہتے ھیں ۔

Apexed : (a) نوکیلا ۔

Aph - : [Gr."aph"] جزو ترکیبی بمعنی " الگ " " دور " ۔

Aphaeresis / Apheresis : (n) [Gr."aph=apo+aere-in"] کسی لفظ کے شروع میں کسی حرف یا ھجا کا حذف کرنا ؛ (لسانیات) ابتدائی مصوتی ترخیم ۔

Aphagia : (n) [L."a+phagio"] نگلنے سے معذوری ؛ عسر البلع ۔

Aphakia : (n) [L."a"-+Gr."phakos"(lentil)+-IA] لا عدسیت ۔

Aphanesite : (n) [Gr."aphanes"] دیکھو Clino closite

Aphaniptera : (n) [Gr."aphanes+pteros"] (حیوانیات) کیڑوں کا ایک چھوٹا سا خاندان جس میں بجائے بازو کے ابتدائی فلس ہوتے ہیں ۔

Aphanipterous : (a) بازو کے بجائے ابتدائی فلس رکھنےوالے سے متعلق ؛ نہاں پرہ ؛ نہاں جناحہ ۔

Aphanite/-nyte : (n) [Gr."aphanes"+-ITE] ایک معدنی شے ؛ ایک جامع اور سیاہ رنگ هارن بلنڈ (Horn blende) چٹان ۔

Aphanitic : (a) اس معدنی شے کا یا اس سے متعلق ۔

Aphanozygous : (a) [Gr."aphanes+zygon"+ - OUS] (علم الانسان) جس کے جبڑے کی هڈی اوپر سے معلوم نہ ہوتی ہو ۔

Aphasia : (n) [Gr."a+phanae"] فتور نطق ؛ فتور گویائی ؛ بے زبانی ؛ سکات جو مغز پر کسی اثر کی وجہ سے پیدا ہو ؛ افازیا ۔

Auditory aphasia : فتور سماعت الفاظ ۔

Visual aphasia : (فلسفہ و نفسیات) فتور بصارت الفاظ ۔

Aphasic :-(a) فاتر النطق ۔

Aphelion : (n) (Pl.aphelia) [Gr."aph=spo+elios] کسی سیارے یا دمدار ستارے کے مدار کا وہ نقطہ جہاں وہ آفتاب سے دور ترین ہوتا ہے ؛ اوج الشمس ۔

Apheliotropic / Aphelioytopical : (a) [Gr."aph=apo+elios+tropicos"] (پتوں کے بارے میں کہا جاتا ہے) جس کا رخ آفتاب سے دور ہو جائے ؛ شمس گریز ۔

Apheliotropically : (adv) شمس گریزانہ ۔

Apheliotropism : (n) شمس گریزی ۔

Aphemia : (n) [Gr."a+pheme"] قوت نطق کا فقدان ؛ بے تلفظی ۔

Aphemic : (a) فقدان نطقی یا فقدان نطقی کا ۔

Aphesis : (n) [Gr."aphienae"] لفظ کے شروع سے کسی غیرتکیہ دار هجا کا تدریجی یا بےارادی حذف ؛ سقوط اول ؛ سر سقوط ؛ لفظ کے ابتدائی حرف علت کا حذف ؛ کسی لفظ کے خفیف مصوت کا مرور ایام سے جاتے رہنا یا گرجانا جیسے " اسوار " سے " سوار " ہو گیا ؛ (لسانیات) ابتدائی مصوتی حذف ۔

Apheta : (a) [Gr."aphetes"] جنم پترے میں زندگی بخشنے والا ؛ جنم پترا ؛ وہ ستارہ جو قدیم زمانہ میں انسان کی پیدائش اور حیات کا موجب سمجھا جاتا تھا ۔

Aphetic : (a) لفظ کے ابتدائی حرف علت کے حذف سے متعلق ؛ سرسقاطی ؛ ابتدائی مصوتی حذف کا ۔

Aphetical : (a) حیات بخش ۔

Aphetically : (adv) ابتدائی مصوتی حذف کے طور پر ؛ سرسقاطی کے طور پر ۔

Aphetism : (n) ابتدائی مصوتی حذف سے بنا ہوا کوئی لفظ ۔

Aphetize : (v) لفظ کے شروع سے کسی غیر تکیہ دار هجا کا حذف کرنا ۔

Aphidian : (a & n) [F."aphid-",stem of mod.L.APHIS] روکھ جوں سے متعلق ۔

Aphidiphagous / Aphidivorous : (a) روکھ جوں کھانے والا ؛ تیلی خور ۔

Aphidologist : (n) روکھ جوں کا علم رکھنے والا ۔

Aphilanthropy : (n) [Gr."aphilanthropos"] (۱)انسان بیزاری ؛ آدم بیزاری ۔ (۲) مالیخولیا کی ایک قسم جس میں مریض گوشہ نشینی یا تنہائی کو ترجیح دیتا ہے ۔

Aphis : (n) روکھ جوں ؛ ایک چھوٹا کیڑا ؛ درخت کا ایک کیڑا ؛ تیلی ۔

Aphlogistic : (a) [Gr."aphlogistos"+-IC] بے شعلہ ۔

Aphone (Alpha phone) : (لسانیات) a صوت ۔

Aphoneme : (Alpha phoneme) : (لسانیات) a صوتیہ ۔

Aphonia : (n) [Gr."a+phone"] آواز کا بالکل جاتے رہنا ؛ انقطاع صوت ؛ لا صوتی ۔

Aphonic : (a) [Gr."aphonos"+-IC] جو تلفظ میں نہ آئے ؛ بےصدا ؛ بے تلفظ ۔

Ahponoid (Alpha phonoid) : (لسانیات) a صوتیاتی ۔

Aphony : (n) [Gr."a+phone"] انقطاع صوت ؛ بے صدائی ؛ بے صدا ؛ لا صوتی ۔

Aphorism : (n) [Gr."aphorismos"] (۱) مثل ؛ جامع کلمہ ؛ حکمت ۔ (۲) کلمات قصار ؛ کلمات موجز۔

Aphorismatic : (a) مثل سے متعلق ۔

Aphorismic : (a) مثل کی طرح کا ۔

Aphorist : (n) مثل بولنے والا ؛ پُر حکمت باتیں کرنے والا ۔

Aphoristic / Aphoristical : (a) (لسانیات) کہاوتی ۔

Aphoristically : (adv) بلیغ طور پر ؛ پُر حکمت طور پر ؛ بلیغانہ ۔

Aphrasia : (n) [L."a+phrasia"] لا کلمیت ۔

Aphrite : (n) [Gr."aphros"+-ITE] چونے یا کیلسائیٹ کا کاربونیٹ ۔

Aphrizite : (n) [Gr."aphrizin"+ITE] ناروے میں پایا جانے والا ایک سیاہ ترین ملین (Tourmaline) ۔

Aphrodisiac : (a & n) [Gr."aphrodisiacos"] مبہی دوا ؛ قوت باہ سے متعلق ؛ مقوی باہ ؛ شہوت انگیز ۔

Aphrodisian : (a) [Gr."aphrodisios"+-AN] زہرہ سے متعلق ؛ پر شہوت محبت کرنے والا ۔

Aphrodite : (n) [Gr."afrodite"] (۱) زہرہ کا یونانی نام ۔ (۲) (حیوانیات) سمندری کیڑوں کی ایک قسم جس کے شعاع انداز (چمکیلے رنگوں کے) کانٹےھوتے ھیں ۔ اسے سمندری چوھا بھی کہتے ھیں ؛ (تاریخ و سیاسیات) ائے فرو ڈائیٹ (یونانی دیو مالا) ۔

Aphrodite : (n) [Gr."afrodite"] ایک دودھیا سفید غیر شفاف نرم معدنی شے ۔

Aphrosidrite : (n) [Gr."aphros+sideros"+ITE] ایک نرم اور گہرے رنگ کی معدنی شئے جس میں لوھا ھوتا ھے ۔

Aphtha : (n) [Gr."aphtha"] (طب) برفک ؛ بچوں کی ایک بیماری ۔

Aphthae : (n) دانہ برفک ؛ وہ چھوٹے چھوٹے سفید دھبے جو منہ میں اور زبان پر ھوتے ھیں اور اس بیماری کی علامت ھیں ۔

Aphthitalite : (n) [Gr."aphtitos+lithos"] پوٹاش کا اساسی سلفیٹ جو لاوا (کوہ آتش فشاں) پر ملتا ھے ۔ اسکو ویسووین نمک بھی کہتے ھیں ۔

Aphthong : (n) [Gr."aphthongu"] لفظ کا وہ حرف جس کی آواز تلفظ میں پیدا نہ ھو ۔

Aphthonite : (n) [Gr."aphthonos"+ITE] ایک فولادی بھورے رنگ کی معدنی شے ۔

Aphthous : (a) برفک کی طرح کا ؛ برفک کی خاصیت کا ۔

Aphyllous : (a) [L."aphillus"+ - ous] بے برگ ۔

Apiaceous : (a) [mod.L."apiace",f."apium"] چھتر دار درخت ۔

Apian : (a) [L."apianus"] شہد کی مکھی کا یا اس سے متعلق ؛ زنبور سے متعلق ۔

Apiarian : (a) شہد کی مکھیاں رکھنے اور پالنے سے متعلق نحلی ۔

Apiarist : (n) زنبور پرور ؛ شہد کی مکھی پالنے والا ؛ نحلی پرور ؛ زنبورچی ؛ نحلچی ۔

Apiary : (n) [L."apiarium",f."apis"] وہ جگہ جہاں شہد کی مکھیاں پالی جاتی ھیں ؛ چھتا ؛ مصنوعی مہال ۔

Apical : (a) [F."apicem"+ -AL] راس (چوٹی) سے متعلق ؛ نوک سے متعلق ؛ (لسانیات) نوک زبانی ؛ راسی ؛ برنوکی ۔ (۲) سرے کا ؛ نوک کا ؛ چوٹی پر کا ۔

Apical articulation : (n) (لسانیات) نوک زبانی تلفظ ۔

Apical contact : (n) (لسانیات) نوک زبانی ربط ۔

Apically : (adv) چوٹی کے طور پر ؛ بالراس ۔

Apician : (a) [F."Apicius",a Roman epicure+-An] پر تکلف غذا سے متعلق ۔

Apicifixed : (a) [L."apicifix-us" + - ED] چوٹی پر لگایا ھوا ؛ جمایا ھوا ۔

Apicilar / Apicillary : (a) چوٹی کی شکل کا ؛ نوک کی شکل کا ؛ دیکھو Apicular

Apick a back / Apickaback : بردوش ؛ بدوش ؛ بر پشت ؛ پیٹھ پر (مثل گٹھری کے آدمی یا کوئی چیز) ۔

Apicular : (a) [mod.L."apiculus"] چھوٹی نوک کا یا اس سے متعلق ۔

Apiculate : (a) [mod.L."apiculatus",f."apiculus"] جس میں باریک نوک هو ؛ راس دار ؛ نوکیلا ۔

Apiculate : (a) باریک نوک کے ساتھ۔

Apiculture : (n) [L."apis+culture"] زنبور پروری ؛ نحل داری ؛ شهد کی مکھیاں پالنا ۔

Apiculus : (n) [mod.L.dim.of APEX] ایك باریك نوك یاسرا ۔

Apiece : (adv) فرداً فرداً ؛ ایك ایك کر کے ؛ فی شے ؛ هر ایك ۔

Apinch : (adv) چیونٹی کاٹنے کی طرح سے ؛ چیونٹی کاٹنے کی غرض سے ۔

Apiocrinite : (n) [Gr."apion+crinon"] علم معدومیات کی ایك اصطلاح ۔

Apiol : (n) [L." apium"] کافور جعفری جو Parsley کے بیجوں کو تقطیر کرنے سے ملتا هے ۔

Apis : (n) [L.] (تاریخ و سیاسیات) اے پس ؛ زنبور زرد کی ایك قسم جس سے شهد کی مکھی بھی ملتی جلتی هوتی هے ۔

Apish : (a) (۱) بندر سا ؛ بوزنه سا ؛ بندر کی طرح کا (صورت اور سیرت میں) ۔(۲) بوزنه خو ؛ بوزنه صفت (طور طریقوں میں) ۔ (۳) بیوقوف ؛ گاؤدی ؛ احمقانه نقالی ۔

Apishly : (adv) بندرکی طرح سے ؛ بندروں کے طریقه سے ۔

Apishness : (n) بوزنه پن ؛ بندر پنا ؛ بوزنه خوئی ۔

Apism : (n) نقالی ۔

Apjohnite : (n) [f.Apjohn,its first analyser] ایك معدنی شے ؛ مینگنیز کی پھٹکری ۔

Aplacental : (a) [A prep+PLACENTAL] بے مشیمه ۔

Aplanatic : (a) [Gr."aplanetos"+-IC] انحراف سے مبرا ۔

Aplanatism : (n) انحراف سے مبرا هونے کی حالت یا کیفیت ۔

Aplasia : (n) [L."a+plasia"] (کسی عضو کا) ناقص اور غیر کافی رشد ؛ فطرتی ذبول ۔

Aplastic : (a) [Gr."aplastos"+-IC] نامیاتی ساخت کی بے قاعدگی یا غیر موجودگی والا ۔

Aplomb : (n) [Fr."a plomb"] (۱) حالت عمودی ؛ عمودیت ؛ عمودی هونا ؛ سیدھا کھڑا هونا ۔(۲) خود اعتمادی ؛ ضبط نفس ؛ اپنے اوپر قابو ۔

Aplotomy : (n) [Gr."aplos+-tone"] معمولی نشتر ۔

Apnoea : (n) [Gr."apnoea"] حبس دم ؛ سانس روکنا ۔

Apo- : جزو ترکیبی بمعنی "علاحده" "دور" " الگ" "منفصل" ۔

Apocalypse : (n) [Gr." apocalyptin"] (۱) الهام ؛ مکاشفه ؛ القا (خاص کر وه جو یوحنا کے جزیره پتموس میں هوا تها) ۔ (۲) آسمانی کتاب یا صحیفه (جس میں یوحنا کے القا کا تذکره هے) ۔

Apocalyptic : (a) [Gr."apocalypticos"] الهامی ؛ مکاشفاتی ؛ کشفی ۔

Apocalyptically : (adv) بطور الهام ؛ بطور مکاشفه ؛ الهامانه ۔

Apocalyptist : (n) الهام کا لکھنے والا ؛ مکاشفه نویس ۔

Apocarpous : (a) [Gr."apo+carpos"] جداگانه بغچۂ گل رکھنے والا ۔

Apocatastasis : (n) [Gr."apocathistanae"] (۱) احیاء ؛ تجدید ؛ پھر سے برقرار رکھنا ؛ (فلسفه و نفسیات) نجات کلی ۔(۲) حالت سابقه پرعود کرنا ۔(۳) اسی ظاهری مقام پر رجعت کرنا ۔

Apocathartic : (n) [Gr."apocatharticos"] مسهل ؛ جلاب ۔

Apocopate : (a) [mod.L."apocopatus"] مرخّم ؛ کسی لفظ کے آخر سے کوئی آواز یا حرف حذف کیا هوا ۔

Apocopate : (v) [See prec.] ترخیم ؛ کسی لفظ کے آخر کا جزو حذف کرنا ۔

Apocopation : (n) ترخیم ۔

Apocope : (n) [Gr."apocope"] ترخیم ؛ حذف از آخر ؛ (لسانیات) آخری مصوتی حذف ۔

Apocopic : (a) ترخیم سے متعلق ۔

Apocrisiry : (n) [Gr."apocrisis"] پوپ کا سفیر ؛ وہ شخص جو جواب لینے اور دینے کے لئے مقرر کیا جائے ؛ (تاریخ و سیاسیات) پاپائی افسر ۔

Apocrustic : (a) [Gr."apocryphos"] داروئے قبض کشا ؛ قبض کشا دوا ۔

Apocrypha : (n) [Gr."apocryphos"] اسفار محرفہ ؛ عہد نامۂ قدیم کی کتابیں جو ابتداً عربی زبان میں نہیں لکھی گئی تھیں اور یہودی انہیں معتبر نہیں سمجھتے تھے اور وہ عہد اصلاح میں کتب مذہبی کی فہرست سے نکال دی گئی تھیں ؛ کتابہائے جعلی یا مشکوک ۔

Apocryphal : (a) [Gr."as prec.+ - AL] (۱) جعلی ؛ مشکوک ؛ بے اعتباری ؛ نقلی ؛ جھوٹی ؛ وضعی ۔ (۲) عہد نامۂ قدیم کے محرف کے حصے کے متعلق ۔ (۳) غیر مؤثق ؛ غیرمعتبر ؛ غیر مستند ۔ (٤) حرامی ؛ نو دولتیا ۔

Apocryphalist : (n) انجیل میں جعلی کتابوں کو شامل کرنے کا حامی ۔

Apocynaceous : (n) [Gr."apocynon"] (نباتیات) ایک قسم کا پودا جو کتوں کے لئے زہر کا کام کرتا ہے ۔

Apod : (a & n) [Gr." apod"] بے پیرا ؛ وہ پرند ، کیڑا یا مچھلی جس کے پاؤں یا پیٹ کا پر نہ ہو یا پوری طرح نکلا نہ ہو ۔

Apodal : (a) بے پیرا جانوروں سے متعلق ؛ بے پیرا ۔

Apodemal : (a) Apodeme سے متعلق ۔

Apodeme : (n)[Gr."apo+demas"] (حیوانیات) علم الحیوانات کی ایک اصطلاح ۔

Apodiabolosis : (n) [Gr."apo+diabolos"] شیطانی حرکت کی طرح قرار دینا یا شیطانی حرکت کی طرح بنا دینا ۔

Apodictic / -deictic : (a) [Gr."apodicticos"] (۱) صریحی ؛ بدیہی ۔ (۲) مسلّم ؛ بے چون و چرا ؛ پایۂ ثبوت کو پہونچا ہوا ؛ وجوبیہ ۔

Apodictically / Apodeictically : (adv) صریحاً ؛ بدیہی طورپر ؛ بداھتاً ۔

Apodosis : (n) [Gr."apodidonae"] (۱) جملہ کا آخری فقرہ / کلمہ ۔ (۲) جملہ شرطیہ کی جزا ؛ (لسانیات) جزائیہ فقرہ ۔

Apodous : (a) [Gr."apod-" + -OUS] بے پا ؛ بے پیرا ۔

Apodyterium : (n) [Gr."apodyterion "] لباس تبدیل کرنے کا کمرہ ؛ حمام کا وہ کمرہ جہاں لباس اتار کر رکھا جاتا ہے ۔

Apogaeic / -gaic : (a) [Gr."apogacos"] اوجی ؛ مدار قمر کے اوج سے متعلق ۔

Apogeal : (a) اوجی ۔

Apogean : (a) دیکھو Apogaeic

Apogee : (n) [Gr."apogaeon"] (۱) اوج مدار قمر ؛ قمر یا کسی اور سیارے کے مدار کا وہ مقام جو زمین سے سب سے زیادہ دور ہو ۔ (۲) اوج ۔ (۳) زمین کا سورج سے بعید ترین فاصلہ جب کہ زمین نقطہ الذنب پر ہو ۔ (٤) (مجازاً) بلند ترین مقام ؛ منتہا ؛ بُعد انتہائی ۔

Apogeotropic : (a) [Gr."apo+geo-(ge)+tropicos"] (نباتیات) زمین کیطرف سے رخ بدل کر ؛ زمین گریزی ۔

Apogeotropically : (adv) زمین گریزی سے ؛ زمین گریزانہ طور پر ۔

Apogeotropism : (n) زمین گریزی ؛ پتوں وغیرہ کا زمین سے الگ ہو کر رھنے کا رجحان یا میلان ۔

Apograph : (n) [mod.L."apographon"] ٹھیک ٹھیک نقل ؛ ہو بہو نقل ۔

Apojove : (n) [mod.L."apojovium"] (فلکیات) مشتری کےایک قمر کے مدارکا وہ نقطہ جہاں وہ مشتری سے دور ترین رھتا ہے ۔

Apolar : (a) [A prep. + POLAR] (نباتیات) جس میں بیضاوی عضو کے محور کے سرےنہ ہوں جیسا کہ بعض اعصابی خلیوں میں ھوتا ہے ۔

Apolaustic : (a) [Gr."apolausticos"] نفس پرست ؛ بے حد مشغول عیش پرست ؛ خواھش پرور ۔

Apollinarian : (a) [L."Apollinaris"of Apollo] اپولو کے لئے مقدس یا اپولو کے اعزاز میں ؛ لاؤ ڈیسیا کے اپولی نارس کے متعلق جو چوتھی صدی عیسوی میں تھا اور جو حضرت عیسیٰ کی تجسیم (الوھیت) کا منکر تھا ؛ اپولی نارس کا پیرو ۔

Apollonian : (a) [Gr.] (۱) اپولو سے متعلق یا اپولو کے مشابہ (اپولو یونانیوں اور رومیوں کا آفتابی دیوتا تھا اور وہ موسیقی اور شاعری کا سرپرست سمجھا جاتا تھا) ۔ (۲) پرگاکے اپولونیس سے متعلق جو علم هندسه کا ماهر اور مخروطی مقطعات کا ماهر تھا ۔

Apollonicon : (n) [Gr."apollonios"] بڑی قوت کا ایک باجا جس کی نمائش پہلے پہل ۱۸۱۷ء میں هوئی تھی ۔

Apollyon : (n) [Gr."apollyon"] ابلیس ؛ شیطانی ۔

Apollyonist : (n) ابلیس کی رعایا / رعیت ۔

Apologetic : (a) [Gr.see APOLOGY] (۱) عذر خواہ ؛ نادم ؛ منفعل ۔ (۲)تائیدی ؛ حمایتی ۔ (۳) عذر جو کسی شخص یا عقیدہ یا روش کی مدافعت میں هو ۔ (٤) (جمع میں) بحث کا مدافعانه طریقه خصوصاً مسیحیت کی بحث آمیز مدافعت کے لئے ۔

Apologetical : (a) عذر خواهانه ؛ نادمانه ۔

Apologetically : (adv) عذر خواهانه یا نادمانه طور پر ۔

Apologetics : (n) (تاریخ و سیاسیات) عذریات (مذهبی) ؛ (فلسفه و سیاسیات) مسلك اعتذار ؛ اعتذاریات ۔

Apologist : (n) [Gr.see APOLOGY] (۱) وکیل ؛ مؤید ؛ حمایتی ؛ دلائل کے ساتھ تائید کرنے والا (خاص کر عیسویت کی) ۔ (۲) ادب کا وکیل ۔ (۳) معذرت خواہ ؛ نادم ۔

Apologize : (v) [Gr."apologe-esthae"] عذر کرنا ؛ معذرت چاهنا ؛ نادم هونا ؛ معافی چاهنا ؛ کسی قصور کو بلا حجت یا مدافعت کے تسلیم کر لینا ؛ قصورکےلئے اظہار افسوس کرنا ۔

Apologizer : (n) دیکھو Apologist

Apologue : (n) [Gr."apologia"] اخلاقی قصه ؛ تمثیل یا حکایت ؛ تمثیلی قصه جس کے کردار غیر ذی روح هوں اور جس سے کوئی مفید سبق ملے ؛ اخلاقی حکایت ۔

Apology : (n) [Gr."apo+logia"] (۱) عذر ؛ معذرت ؛ استعذار ؛ اعتذار ؛ ندامت ؛ معافی چاهنا ؛ اعتراف قصور ؛ (فلسفه و نفسیات) اعتذار ۔ (۲) نیك نیتی کا یقین دلانا ؛ صفائی پیش کرنا ۔ (۳) جواب ؛ تائید ؛ حمایت ۔ (٤) ایك معمولی بدل ۔

Formal apology : (تاریخ و سیاسیات) رسمی معذرت ؛ باضابطه معذرت ۔

Apomecometry : (n) اشیاء کے باهمی فاصله کی پیمائش کا علم و فن ۔

Apomorphia / Apomorphine : (n) [Gr."apo"+MORPHIA] ایك کیمیاوی سفوف جو فوراً امتلا پیدا کرتا هے ؛ مارفین نما ۔

Aponeurography : (n) ۔ Aponeurosis (ایك ریشه دار جھلّی) کا بیان ۔

Aponeurology : (n) مندرجه بالا جھلی کا علم ؛ صفاقیات ۔

Aponeurosis : (n) [Gr."aponeuro-iv"] (فعلیات) ایك سفید چمکدار ریشه دار جھلی جو کسی عضله کے غلاف کا کام کرتی هے اور پٹھے کو ملاتی هے ؛ صفاق ۔

Aponeurotic : (a) Aponeurosis سے متعلق ۔

Aponeurotomy : (n) Aponeurosis کی تشریح ۔

Apoop : (adv) جهاز کے عقب میں ۔

Apopemptic : (a) [Gr."apopempticos"] الوداعی ؛ رخصتی ۔

Apopetalous : (a) [Gr."apo"+"petalon"+OUS] (نباتیات) جس کی پنکھڑیاں جدا هوں ۔

Apophasis : (n) [L.,A. Gr.] ایك صنعت خطابی جس میں هم اس چیز سے انکار کرنے یا اس کو چھوڑ کر گذر جانے کا بہانه بناتے هیں جسے هم درحقیقت کہنا چاهتے هیں یا خبر دینا چاهتے هیں ۔

Apophony : (n) [apo+phony] (لسانیات) ابلاوت ؛ (مصوتی کمیتی یا کیفیتی تبدیلی) (Vowel gradation) ۔

Apophthegm / Apothegm : (n)[Gr."apophthegma"] جامع کلمه ؛ بلیغ ؛ پُر مغز کلمه ؛ مقوله ؛ کہاوت ۔

Apophthegmatic / Apophthegmatical : (a) جامع مانع ؛ بلیغ ۔

Apophthegmatically / Apothegmatically : (adv) بلیغانه ؛ جامع و مانع طریقه پر ۔

Apophthegmatist / Apothegmatist : (n) جامع کلمه کابنانیوالا ۔

Apophthegmatize : (v) پُر مغز کلمہ بولنا یا لکھنا ۔

Apophyge : (n) [Gr."apophygne"] فن تعمیرات کی ایک اصطلاح ؛ ستون کا وہ حصہ جہاں وہ اپنی بنیاد سے نکلتا ھے ۔

Apophyllite : (n) [Gr."apo+phyllon"+ITE] چونے اور پوٹاس کا آب دار سلیکیٹ جس میں تھوڑا فلورین بھی رھتا ھے ۔

Apophysial : (a) Apophysis کی طرح کا یا اس سے متعلق ۔

Apophysis : (n) [Gr."apo+physis"] (۱) (فعلیات) کسی ھڈی کا ایک قدرتی ابھار جو اس ھڈی کا ایک مسلسل حصہ ھوتا ھے ۔ (۲) (نباتیات) نباتیات کی ایک اصطلاح ؛ آماسہ ؛ برون نامیہ ۔

Apoplectic / Apoplectical : (a) [Gr."apoplecticos"] مرگی یا صرع سے متعلق یا پیدا کرنے والا ؛ سکتہ زدہ ؛ مرگی کا بیمار ۔

Apoplectically : (adv) سکتہ زدگی سے ؛ مرگی کی بیماری سے ۔

Apoplectiform : (a) سکتے کی طرح کا ۔

Apoplexy : (n) [Gr."apoplexia"] (۱) سکتہ یا صرع ؛ مرگی ؛ ھمدہ ۔ (۲) کسی عضو میں خون کی تراوش ۔

Aporetic : (a) [Gr."aporeticos"] (فلسفہ و نفسیات) مشککہ ۔

Aporia : (n) [Gr."aporos"] تحریر و تقریر کا حصہ جس میں شك و شبہ شامل ھوتا ھے ؛ اشکال ۔

Aporose : (a) [Gr.] بے چھید کا ۔

Aport : (adv) [A prep+PORT] جہاز کے اس حصہ کی طرف کا پایہ جو بندرگاہ کی طرف ھو ۔

To pull the helm aport : جہاز کے پتوار کا داھنی طرف لگانا ، کشتی کو داھنے طرف موڑنے کے لئے ۔

Aposepalous : (a) [Gr."apo"+SEPAL + - OUS] الگ الگ مسند گل رکھنے والا ۔

Aposiopesis : (n) [Gr.] (خطابت) دوران تقریر دفعتاً رك جانا ؛ (لسانیات) آخری ترخیم (حذف از آخر) ؛ خاموش ھو جانا ۔

Aposiopetic : (a) دوران تقریر دفعتاً رك جانے والا یا اس سے متعلق ۔

Apositic : (a) [Gr."apo+sitos"] اشتہا کو کم کرنے والا ؛ غذا سے نفرت پیدا کرنے والا ۔

Apostasy : (n)[Later Gr."apostasia"] ترك عقیدہ ؛ ترك آئین ؛ مذھب سے انحراف ؛ الحاد ؛ ارتداد ؛ برگشتگی ؛ (کسی عھد یا اصول کی بنا پر کسی اصول یا جماعت سے) علاحدگی ۔

Apostate : (a) [Gr."apostates"] ملحد ؛ مرتد ؛ برگشتہ مذھب ؛ نقض عھد یا اصول کرنے والا ؛ منحرف ؛ تارك عقیدہ ؛ تارك دین ؛ بے وفا ؛ باغی ؛ کسی جماعت یا اصول کو ترك کرنے والا ؛ گمراہ ؛ بے دین ۔

Apostatical : (a) ملحدانہ ؛ مرتدانہ ؛ منحرفانہ ۔

Apostatism : (n) انحراف ؛ ارتداد ۔

Apostatize : (v) مرتد ھونا ؛ مذھب ترك کرنا یا چھوڑنا ؛ مذھب تبدیل کرنا ؛ کسی اصول کو ترك کرنا ؛ کسی جماعت سے بغاوت کرنا ؛ بغاوت ۔

Aposteriori : (a & adv) [L.] (۱) معلول سے علت کی طرف استدلال ؛ استدلال بعد الواقع ؛ بعد تجربی ۔ (۲) استقرائی ؛ تجربی ؛ قیاسی ؛ استنباطی ۔

Aposthume / Aposthumation : (n) فاصلہ ؛ دوری ۔

Apostil / -ille (n) [L."appositum"] حاشیہ (یاد داشت جو کتاب کے حاشیہ پر لکھی جائے) ؛ شرح بر حاشیہ ۔

Apostle : (n) [L."apostolus"] (۱) پیغمبر ؛ نبی ؛ حواری ؛ (ان بارہ حواریوں میں سے ایک جن کو حضرت عیسیٰ نے پیغام انجیل کی منادی کےلئے بھیجا تھا) ؛ پیشوا ۔ (۲) وہ عیسائی مبلغ جو سب سے پہلے کسی ملك میں کامیابی حاصل کرے ؛ پہلا کامیاب مبلغ ؛ مناد ؛ داعی ۔ (۳) ھادی ؛ مصلح ۔ (٤) (جمع میں) (رومن قانون) کسی مقدمہ کا ایك مختصر بیان جو ایك ماتحت عدالت سے عدالت عالیہ میں اپیل دائر کرنے کے وقت بھیجا جائے ۔

Apostle skull : (n) طویل اور تنگ جمجمے یا کھوپڑیاں ۔

Apostle spoon : (n) رسولی چمچہ ؛ چاندی کے قدیم طرز کے چمچے جن کے دستوں کے آخر میں پیشواؤں کی تصویریں بنی ھوں ۔

Apostleship : (n) منصب رسالت ؛ منصب ھدایت ؛ ماموریت ؛ بعثت ۔

Apostolate : (n) [L."apostolatus"] (۱) رسالت ؛ پیغمبری ؛ ماموریت ؛ بعثت ۔ (۲) قیادت (کسی تبلیغی کام کی) ؛ دعوت ؛ منادی ۔

Apostolian : (n) (۱) حواری ؛ حضرت عیسیٰ کے حواری متعلق ۔ (۲) رسولی ؛ پیغمبرانہ ؛ ہادیانہ ۔ (۳) پاپائے روم کا ؛ پاپائی ۔ (٤) ایک کافر فرقہ جو حواریوں کی نقل میں بغیر عصا ، جوتے ، روپئے اور تھیلوں کے آوارہ گردی کرتا ہے ۔

Apostolic : (a) [OFr."apostolique",L."apostolus"] دیکھو Apostolian

Apostolic internuncio : (n) (تاریخ و سیاسیات) پوپ کا افسر ۔

Apostolical : (a) (۱) ہادیانہ ؛ رسولی ؛ پیشوایانہ ؛ پیغمبرانہ ۔ (۲) رسولوں کی جانشینی کے عقیدہ کا حامی ۔

Apostolical succession : (n) پیغمبروں سے لیکر اسقفون تك متواتر جانشینی کے ذریعہ روحانی اقتدار کی ترسیل ۔

Apostolically : (adv) پیغمبروں ، ہادیوں ، حواریوں کی طرح ۔

Apostolicism : (n) پیشہ ہدایت ؛ دعوائے رسالت ۔

Apostolicity : (n) سیرت یا اصل کے اعتبار سے رسولی ہونے کی صفت ۔

Apostrophe : (n) [Gr."apostrophe"] (۱) (خطابت) تقریر یا تحریر میں رك جانا اور کسی غائب یا حاضر شخص یاچیزکی طرف اشارہ کرنا/ مخاطب کرنا ؛ کسی تقریر یا نظم میں کسی غائب یا مرے ہوئے شخص کی طرف خطاب ؛ ایك تعجبی خطاب ۔ (۲) (نباتیات) مادہ اولیہ اورمادہ سبز کے دانوں کا خلیہ کی ان دیواروں پر جمع ہو جانا جو دوسرے خلیوں سے متصل ہیں ۔

Apostrophe : (n) [Gr.] یہ نشان (') جو محذوف حرف کی جگہ یا اضافت کے لئے لگاتے ہیں جیسے boy's ؛ علامت حذف ؛ حذفیہ ؛ خطابیہ ؛ (نباتیات) برگشتگی ۔

Apostrophic / Apostrophical : (a) صفت خطابی سے متعلق ؛ حذفی ؛ مناداتی ؛ مخاطبانہ ؛ حذف سے متعلق ؛ حذفیہ سے متعلق ۔

Apostrophize : (v) (۱) خطاب کرنا ؛ تخاطب کرنا ۔ (۲) حذف ؛ علامت حذفیہ کا استعمال کرنا ؛ کسی لفظ سے کسی حرف کا حذف کر دینا ۔

Apostrophized : (a) تخاطب کیا ہوا ؛ حذف کیا ہوا ۔

Apostume : (n) دنبل ؛ دمل ؛ پھوڑا ؛ جسم میں پیپ کا پڑ جانا ؛ مادہ ۔

Apotactite : (n) [Gr."apotactites"] عیسائیوں کا ایك ابتدائی فرقہ جس نے یوروشلم کے ابتدائی کلیسا کی تقلید میں اپنی تمام املاك کو ترك کر دیا تھا ۔

Apothecary : (n) [late L."apothecarius"] عطارد ؛ دوا فروش ؛ دوا ساز ؛ دارو گر ۔

Apothecary weight : (n) وہ وزن جس سے دوائیں ایك دوسرے کے ساتھ ملائی جاتی ہیں یا مرکب بنائی جاتی ہیں ۔

Apothecium : (n) [Gr."apothecion"] کائی کا وہ سپرنما حصہ جس میں اس کی ثمر بندی ہوتی ہے ۔

Apothem : (n) [Gr."apotithenae"] (۱) (ریاضیات) ایك منظم کثیر الاضلاع کا وہ عمود جو مرکز سے اس کے کسی ضلع پر کھینچا جائے ؛ عمود از مرکز ؛ ارتفاع ۔ (۲) وہ ناقابل تحلیل بھورا مادہ جو نباتی عرق کی تہ پر جمتا ہے جب وہ ہوا میں کھلا رکھا ہو ۔

Apotheosis : (n) [Gr." apotheosis"] (۱) (مجازی اور لغوی) دیوتا بنانا ؛ خدا بنانا ۔ (۲) تقدیس ؛ تحریم ۔ (۳) مجازی خدا ، جس کی تعظیم خدا کی طرح کی جاتی ہو ۔ (٤) حیات دنیاوی سے چھٹکارا ؛ جسد خاکی سے رہائی ؛ فنا علی البقا ؛ وصال ؛ رحلت یا انتقال جسمانی ؛ خدا سازی ۔ (٥) اولیاء کی فہرست میں کسی سینٹ کو باقاعدہ داخل کرنا یا سمجھنا ؛ ولی سمجھنا ۔ (٦) وہ تصور جس کو خدا کا درجہ دیا جائے؛ فلسفہ و نفسیات) دیوی کرن ؛ (تاریخ و سیاسیات) تقدیس ؛ دیوتا بنانا ؛ (لسانیات) ترفیع صوت ۔

Apotheosize : (v) تالیہ یا دیوتا بنانا ؛ تقدیس کرنا یا دیوتا کرنا ؛ تعظیم کرنا ۔

Apothesis : (n) [Gr."apotithenae"] کسی ٹوٹی ہوئی یا جگہ سے ہٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنا ۔

Apotome : (n) [Gr."apotemnin"] (۱) (ریاضیات) دو مقداروں کا فرق جو صرف اپنی قوت میں ہم مقدار ہوں ۔ (۲) نیم نغمہ کی ایک قسم ۔

Apotropaism : (n) (تاریخ) اوجھائی ۔

Apotropous : (a) [Gr."apotropos"] رخ مڑا ہوا ؛ بد رخہ ۔

Apozem : (n) [Gr."apozema"] (طب) جوشاندہ یا خساندہ ۔

Appal / Appall : (v) [OFr."apalir","appalir"] خوف زدہ کرنا ؛ ڈرانا ۔

Appalled : (a) گھبرایا ہوا ؛ خوف زدہ ؛ دہشت زدہ ۔

Appallingly : (adv) خوف زدگی سے ؛ ڈر سے ۔

Appalto : (n) [It."appaltare"] اختیار بلا شرکت غیرے ۔

Appanage : (n) (تاریخ) وثیقہ ؛ گذارہ ماتحت صوبہ ؛ جائداد؛ دیکھو Apanage

Apparat : (n) [L."apparatus"] (روس میں) کمیونسٹ پارٹی کی سیاسی تنظیم ۔

Apparatchik : (n) ["apparat"+-chik(agent)] کمیونسٹ پارٹی کا خفیہ کارندہ ۔

Apparatus : (n) [L."apparare",f."ad+parare"] (۱) سامان ؛ آلات و ادویات ؛ سازو سامان (جن کی ضرورت سائنس یا دوسرے کاموں میں پڑتی ہے) ؛ اوزار ؛ دستگاہ ۔ (۲) اعضا یا آلات (جن کی مدد سے وظائف طبعی انجام پاتے ہیں) ؛ تجربی آلہ ۔ (۳) تنقیدی مواد ؛ تنقیدی لوازمہ ؛ تنقیدی مسالہ ؛ وہ مواد جو کسی تحریر کے تنقیدی مطالعہ کیلئے ضروری ہوتا ہے ۔ (٤) (طبیعیات) سامان ؛ (کیمیا) آلہ ؛ آلات ؛ سامان ۔

Accessory apparatus : (فلسفہ و نفسیات) امدادی سامان ۔

Apparatus criticus : (n) اطلاعات مکمل ۔

Apparel : (n)[OFr."apareiller",Rom."adpariculare"] (۱) لباس ؛ پوشاک ؛ پوشش ؛ کپڑے ۔ (۲) زری یا کارچوبی کا کام (جوکلیسائی لباس پر ہوتا ہے) ۔ (۳) (متروک) لباس ؛ پیرہن ؛ کپڑے ۔

Apparel : (v) ملبوس کرنا ؛ لباس پہنانا ؛ کپڑوں سے سجانا ؛ سنوارنا ۔

Apparent : (a)[L."apparentem","apparere"] (۱) ظاہر؛ نمایاں ؛ عیاں ؛ کھلا ہوا ؛ صاف ؛ آشکار؛ آشکارا ؛ بدیہی ؛ روشن ؛ ہویدا ؛ واضح ؛ صریح ؛ پرگٹ ؛ (ریاضی، کیمیا، طبیعیات) ظاہری ؛ مرئی ؛ (فلسفہ و نفسیات) ظاہر ؛ ظاہری ۔ (۲) کالاصلی ؛ حقیقی جیسا ؛ اصلی جیسا ۔

Heir apparent : ولی عہد ؛ وارث ؛ سلطنت ۔

Apparent astron : (n) (طبیعیات) ظاہری ایسڑون ۔

Apparent annual motion : (طبیعیات) ظاہری سالانہ حرکت ؛ (ریاضی) مرئی سالانہ حرکت ۔

Apparent coefficient : (n) (طبیعیات) ظاہری ضربیہ ۔

Apparent coordinates : (n) (طبیعیات) ظاہری سمتی قدریں ۔

Apparent deflection : (n) (طبیعیات) ظاہری ملنا ۔

Apparent horizon : (n) (طبیعیات) ظاہری افق ۔

Apparent jurisdiction : (n) واضح اختیار سماعت ۔

Apparent magnitude : (n) (طبیعیات) ظاہری مقدار ۔

Apparent motion : (n) (طبیعیات و ریاضی) ظاہری حرکت ۔

Apparent movement : (n) (طبیعیات) ظاہری حرکت ؛ (ریاضی) ظاہری جنبش ۔

Apparent resistance : (n) (طبیعیات) ظاہری مزاحمت ۔

Apparent size : (n) ظاہری ناپ ؛ ظاہری سائز۔

Apparent watt : (n) (طبیعیات) ظاہری واٹ ۔

Apparentement : (n)[Fr.] (تاریخ و سیاسیات) اپارانت منت (فرانس کا طریقہء رائے دہندگی جو ۱۹۵۱ء میں رائج کیا گیا) ۔ شادی کے ذریعہ رشتہ جوڑنا ۔

Apparently : (adv) صریحاً ؛ ظاہراً ؛ بظاہر ؛ نمایاں طور پر ۔

Apparition : (n) [L."apparitionem"] (۱) سایہ ؛ طیف ؛ خیالہ ؛ وھمی صورت ؛ پیکر خیالی ۔ (۲) (فلکیات) نظر سے غائب ھونے کے بعد کسی ستارے کا پہلی بار ظاھر ھونا ۔ (۳) کسی ستارے یا سیارے کا نمایاں ھونا ۔ (٤) بد روح ؛ بھوت ؛ خیالی ۔ (۵) رویت خصوصاً کسی ستارے یا سیارے یا جھاڑو تارے کی ۔

Apparitional : (a) روحانی ؛ خیالی ؛ وھمی ۔

Apparitional aspect : (n) (لسانیات) وھمی کیفیت ۔

Apparitor : (n) [L."apparere"] (۱) قدیم رومی مجسٹریٹ کا ملازم ۔ (۲) قانون یا مذھبی عدالت کا انتظامی عہدہ دار ۔ (۳) حاجب ؛ نقیب ؛ چوب دار ۔ (٤) کسی دانش گاہ یا گرجا وغیرہ کا جمعدار جو عصا برداری کا کام کرتا ھے ۔

Appaume : (a) [Fr.f."a+paume",L."palma"] کھلی ھتیلی والا ۔

Appeal : (v) [L."adpellare","adpellere"] (۱) مرافعہ کرنا ؛ اپیل کرنا ؛ قوم سے فیصلہ چاھنا ؛ (استعارتاً) مبعوثین کے نئے انتخاب کے لئے پارلیامنٹ برخاست کرنا ۔ (۲) گواہ طلب کرنا ؛ (بغرض تصدیق) گواہ قرار دینا ۔ (۳) توجہ مبذول کرنا یا منعطف کرنا ؛ توجہ دلانا ؛ (شہادت کی طرف) ۔ (٤) پر جوش استدعا کرنا یا التجا کرنا ؛ درخواست کرنا ۔ (٦) اثر ڈالنا ؛ متاثر کرنا ۔ (۷) اعلا تر عدالت میں مقدمہ لے جانا ؛ اپیل دائر کرنا ۔

Admit an appeal : (انتظامیہ) اپیل قبول کرنا ۔

Allow an appeal : (انتظامیہ) اپیل منظور کرنا ۔

Eye appeal : (تجارت) جاذب نظر ۔

File an appeal : (انتظامیہ) اپیل فائل کرنا ؛ اپیل دائر کرنا ۔

Leave to appeal : (انتظامیہ) اپیل کے لئے اجازت ۔

Appeal : (n) (۱) مرافعہ ؛ اپیل ؛ حق مرافعہ ؛ حق اپیل ؛ درخواست مرافعہ ؛ وہ مقدمہ جو عدالت ادنی سے عدالت اعلیٰ تک جائے ؛ (تاریخ و سیاسیات) مرافع ؛ اپیل ؛ (انتظامیہ) مرافعہ ؛ اپیل ؛ التجا ۔ (۲) کسی حاکم سے بریت کی یا کسی گواہ سے تصدیق کی درخواست کرنا ۔ (۳) درخواست امداد ؛ التماس ؛ التجا ۔ (٤) وہ عبارت جس سے کسی خاص اصول، قوت دماغی یا طبقہ وغیرہ کو مخاطب کیا جائے یا ان کو متاثر کیا جائے ۔

Appeal clerk : (n) اپیل منشی ۔

Appealable : (a) قابل مرافعہ ؛ قابل اپیل ؛ مرافعہ الیہ ۔

Appealer : (n) اپیل کنندہ ۔

Appealing : (a) دلفریب ؛ دلکش ؛ بھلا ؛ متاثر کن ۔

Appealingly : (adv) التجاً ؛ بطور التجا ۔

Appealingness : (n) دلفریبی ؛ دلکشی ؛ التماس ؛ ملتمسیت ۔

Appeals division : (n) (انتظامیہ) شعبۂ اپیل ۔

Appear : (v) [L."adp-","apparaere"] (۱) نظر آنا ؛ دکھائی پڑنا ۔ (۲) منظر عام پر آنا ؛ مجمع عام میں آنا ۔ (۳) شائع ھونا ؛ چھپنا ؛ کسی دستاویز میں نمایاں طور سے لکھا جانا ؛ واقع ھونا ۔ (٤) ظاھر ھونا ؛ نمایاں ھونا ؛ عیاں ھونا ؛ کھل جانا ؛ اعلان ھونا ۔ (۵) معلوم ھونا ؛ دکھائی دینا ؛ (بادی النظر میں) واضح ھونا ۔ (٦) حاضر ھونا ؛ (عدالت وغیرہ میں) حاضر ھونا بحیثیت وکیل کے ۔ (۷) کسی کی رائے میں نظر آنا ؛ دکھائی پڑنا ۔

Appearance : (n) [L."apparentia"] (۱) اظہار ؛ ظہور ۔ (۲) شیوع ؛ وقوع کسی دستاویز میں ۔ (۳) آمد ؛ کسی حیثیت سے منظر عام میں آنا ۔ (٤) شکل ظاھری ؛ وضع قطع ؛ روپ ؛ صورت ۔ (۵) ظاھری صورت ؛ دکھاوا ؛ نمود ؛ نمائش ۔ (٦) پیکر وھمی ؛ طیف ؛ فریب نظر ؛ سایہ ؛ وھمی صورت ۔ (۷) حضور ؛ منظر ۔ (۸) کسی عدالت میں حاضری کسی مقدمہ کے سلسلہ میں ۔ (۹) (جمع میں) چیزوں کی عام صورت ؛ (فلسفہ و نفسیات) ظاھری شکل ؛ شہود ۔

To all appearance : بظاھر آثار ۔

To save or keep up appearance : بھرم رکھنا ؛ اپنی وضع یا ظاھری حالت کو قائم رکھنا ؛ نباھنا ۔

Appearer : (n) ظاہر ہونے والا ؛ نمایاں ہونے والا ؛ بحیثیت وکیل کے حاضر ہونے والا ۔

Appearingly : (adv) بادی النظر ؛ بظاہر ۔

Appeasable : (a) قابل رفع ؛ روک تھام کے قابل ؛ قابل تسکین ؛ تشفی پذیر (جو دھیما اور ٹھنڈا کیا جا سکے) ؛ آرام پذیر ۔

Appease : (v) [OFr."apeser","apaisier"] (۱) رفع کرنا ؛ تھامنا ؛ روک تھام کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ کم کرنا ؛ فرو کرنا (کسی کے غیظ و غضب کو) رفع کرنا ؛ جھگڑا چکانا ۔ (۲) اطمینان دلانا ؛ دلاسا دلانا ؛ تشفی کرنا ؛ ڈھارس بندھانا ۔ (۳) پورا کرنا ؛ بجھانا ؛ تسکین دینا (اشتہا، تعصبات وغیرہ کو) ۔

Appeasement : (n) دھیما کرنا ؛ رفع ؛ ڈھارس ؛ تسکین ؛ (تاریخ و سیاسیات) راضی رکھنا ؛ راضی کرنا ۔

Appeasement policy : خوشامدانہ پالیسی ؛ امن پسندانہ پالیسی ۔

Appeaser : (n) آرام دینے والا ؛ فرو کرنے والا ؛ تسکین دینے والا ۔

Appellant : (n) [OFr."appeller"] (۱) اپیل کرنے والا ؛ التجا کرنے والا ؛ ملتجی ؛ (انتظامیہ) اپیلانٹ ؛ مرافع ۔ (۲) (قانون) متعلق بہ مرافعات ۔ (۳) مرافع ؛ اپیلانٹ ؛ جو مرافعہ کرے ؛ جو اپیل دائر کرے ۔ (٤) مدد کا خواستگار ۔

Appellate : (a) [L."appellatus"] مرافعیہ الیہ ؛ مرافع گیر ؛ جس کو مرافع کی سماعت کا اختیار ہو جیسے (Appellate jurisdiction) محکمۂ مرافعات ۔

Appellate authority : (n) (انتظامیہ) مقتدر سماعت اپیل ۔

Appellate court : (n) عدالت مرافعہ ۔

Appellate jurisdiction : (n) (انتظامیہ) ادارہ اختیارات اپیل ؛ مرافعاتی اختیار سماعت ۔

Appellate powers : (n) (انتظامیہ) اختیارات اپیل ۔

Appellation : (n) [L."appellationem"] (انتظامیہ) نام ؛ خطاب ؛ اسم ؛ لقب ؛ عنوان ؛ (تاریخ و سیاسیات) لقب ۔

Appellational : (a) نام گذاری سے متعلق ۔

Appellative : (a) [L."appelativus",f."appellat"] (۱) (صرف و نحو) نکرہ ؛ عام ؛ جو ایک جنس کو ظاہر کرے ۔ (۲) اسم نکرہ ؛ (لسانیات) صیغۂ حاضر ؛ (ثراباسکٹی) نکرہ ۔ (۳) نام ؛ اسم ؛ لقب ۔

Appellatively : (adv) اسماً ؛ لقباً ؛ اسم نکرہ کی طرح ۔

Appellee : (n) [Fr."appele"] مرافعہ الیہ ۔

Appellor : (n) [Fr."appellatorem"] کسی شریک جرم کے خلاف اطلاع دینے والا یا موخوذ کرنے والا یا مقدمہ کرنے والا ۔

Append : (v) [L."appendere"] (۱) ٹانگنا ؛ لٹکانا ؛ شامل کرنا ؛ ملانا ؛ شریک کرنا ؛ لگانا ؛ ملحق کرنا ۔ (۲) ضمیمہ لگانا (لکھ کر) ؛ تحریری ملحقات شامل کرنا ۔ (۳) موزوں ہونا ؛ مناسب ہونا ؛ تعلق رکھنا ؛ متعلق ہونا ؛ وابستہ ہونا ۔

Appendage : (n) [f.prec.+-AGE] (۱) شئے مشمولہ ؛ شئے ملحقہ ؛ ضمیمہ ؛ تتمہ ؛ ذیل ؛ تعلیقہ ؛ زائدہ ؛ زوائد ؛ لاحقہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) ملحقہ ؛ مشمولہ ؛ تعلیقہ ۔ (۲) اضافہ ۔ (۳) حاشیہ ؛ دم چھلا ۔

Appendaged : (a) ملحق ؛ مشمول ۔

Appendance/-ence : (n) ذیلی یا اضافی اعتبار سے کسی کے ساتھ ہونا / متعلق ہونا ۔

Appendant/-ent : (a & n) (۱) (ملک یا شخص یا چیز) جو بحیثیت ماتحت کے کسی دوسرے کے ساتھ ہو ؛ حاشیہ ؛ تابع ؛ متعلق ؛ ملحق ؛ ضمنی ؛ ذیلی ؛ وابستہ ؛ پیوستہ ۔ (۲) ملازم ؛ معاقب ۔

Appendectomy : (n) [apend+-ectomy] (لسانیات) قطع ضمیمہ ؛ زائدہ براری ۔

Appendical : (n) ضمیمہ کی صفت کا ؛ تتمہ کی قسم کا ؛ ذیلی صفت کا ۔

Appendicitis : (n) [L."appendic-",ix+-ITIS] التہاب زائدہ (یعنی وہ مرض جس میں معائی زائدہ سوج جاتا ہےاوراس میں سوزش ہوتی ہے) ۔

Appendicle : (n) [L."appendicula"] ایک چھوٹا ضمیمہ یا تتمہ ؛ ایک چھوٹی شئے ملحقہ ؛ ایک چھوٹا دنبالہ ۔

Appendicular : (a) ایک چھوٹے ضمیمے سےمتعلق یا اس کی قسم کا ؛ زائدی ۔

Appendicularian : (n) [L."appendicularia"] (حیوانیات) حیوانات نائمہ ؛ صدف ۔

Appendicularian : (a) (حیوانیات) لمبی دُم والے ایک ننھے حیوان نائمہ/صدف کے خاندان سے متعلق ۔

Appendiculate : (a) چھوٹے ضمیمہ کے ساتھ؛ چھوٹا ضمیمہ بناتے ہوئے ؛ لاحقہ دار ۔

Appending : (a) دیکھو Appendant

Appendix : (n) [L."appendere"] (۱) ضمیمہ ؛ تتمہ ؛ ذیل ؛ دنبالہ ؛ (انتظامیہ) ضمیمہ ؛ تکملہ ؛ (تاریخ و سیاسیات و ریاضی) ضمیمہ ۔ (۲) چھوٹی سی شئے جو کسی عضو کی سطح سے پھوٹے ؛ لاحقہ ؛ زائدہ ۔

Apperception : (n) [Fr."aperception",f."apercevoir"] (۱) درك (یعنی ذہن کا خود اپنا درك کرنا) ؛ ذہنی ادراك ؛ خود شعوری ۔ (۲) ادراك ذہنی ؛ نفس شناسی ؛ (فلسفہ و نفسیات) تعقل ؛ (لسانیات) ادراکی تاویل ۔

Emperical apperception : (فلسفہ و نفسیات) تجربی تعقل ۔

Transcendental apperception : (فلسفہ و نفسیات) قبل تجربی تعقل ؛ حضوری تعقل ۔

Appertain : (v) [L."adpertinere",f."ad+pertinere"] (۱) ملك یا حق ہونا ۔ (۲) موزوں ہونا ؛ مناسب ہونا (کسی چیز کا) ۔ (۳) متعلق ہونا ؛ تعلق رکھنا ۔ (٤) کسی کل کا جزو ہونا یا کسی خاندان کا فرد ہونا ؛ نسبت رکھنا ؛ ہم رشتہ ہونا ۔

As appertains : جو مناسب ھے / موزوں ھے ۔

Appetence / Appetency : (n) [L."appetentia",f."appetente"] (۱) خواہش ؛ آرزو ؛ لگن ؛ اشتیاق ؛ چاہ ؛ رغبت ؛ اشتہا ۔ (۲) الف ؛ میل ؛ میلان ؛ لگاؤ ؛ خواہش اور ارادہ ۔ (۳) شہوت ۔

Appetent : (a) [L."appetentem","appetere"] (۱) آرزو مند ؛ متمنی ؛ مشتاق ؛ شائق ؛ خواہش مند ؛ خواہاں ۔ (۲) خواہش اور ارادہ والا ۔

Appetible : (a) [L."appetibilis",f."appetere"] قابل تمنا ؛ قابل خواہش ۔

Appetite : (n)[L."appetitus",f."appetere"] (۱) تمایُل ؛ خواہش ؛ رغبت ؛ میلان ؛ رجحان ۔ (۲) فطری ضروریات خصوصاً بھوك کو فرو کرنے کی خواہش ؛ اشتہا ۔ (۳) شوق ؛ ذوق ؛ چاؤ ۔ (٤) بھوك ؛ (فلسفہ و نفسیات) اشتہا ؛ بھوك ۔ (٥) مزہ ؛ ذائقہ ۔

To or after one's appetite : من مانی ۔

Appetited : (a) بھوکا ؛ خواہشمند ۔

Appetition : (n) [L."appetitionem",f."appetit-"] (۱) جستجو ؛ تلاش ۔ (۲) کسی چیز کی طرف اپنی خواہش یا آرزو کو لگادینا ۔ (۳) شہوت ۔

Appetitive : (a) [L."appetitivus"] اشتہا آور ؛ مشتہی ۔

Appetitive force : (n) (سماجیات) اشتہائی قوت ۔

Appetize : (v) [L."adpetitiare"] (چیزوں کے متعلق) خواہش پیدا کرنا ؛ رغبت دلانا ؛ اشتہا پیدا کرنا ۔

Appetized : (a) اشتہا پیدا کیا ہوا ۔

Appetizer : (n) اشتہا آور ۔

Appetizing : (a) مشتہی ؛ اشتہا آور ۔

Appetizingly : (adv) بطور اشتہا آوری۔

Applaud : (v) [L."applaudere",f."ap-=ad-plaudere] (۱) با آواز اظہار مسرت کرنا ؛ با آواز بلند تحسین و آفریں کرنا / کہنا ۔ (۲) اظہار پسندیدگی کرنا ؛ خواہش ظاہر کرنا ؛ اظہار مسرت کرنا ؛ تعریف کرنا ؛ واہ واہ کرنا ۔ (۳) اظہار رضامندی کرنا ۔

Applauded : (a) با آواز بلند تعریف کیا ہوا ۔

Applauder : (n) واہ واہ کہنے والا ؛ تعریف کرنے والا ۔

Applaudingly : (adv) اظہار تحسین کے طور پر ؛ تعریف کرتے ہوئے ۔

Applause : (n) [L."applausus",f."applaudere"] (۱) واہ واہ ؛ اظہار مسرت ؛ تعریف وغیرہ جو زور سے کی جائے ؛ تحسین ؛ ھلہلہ ۔ (۲) نمایاں پسندیدگی ؛ نمایاں توصیف و تعریف ؛ خصوصیت کے ساتھ تعریف ؛ توصیف یا پسندیدگی ۔

Applausive : (a) [L."applaudere"+ - ive] تحسین آمیز -

Applausively : (adv) بطور تحسین ؛ تعریفاً ؛ توصیفاً -

Apple : (n) [OE."aappel"] (۱) سیب -(۲) (نباتیات) گودے دار پھل جس میں بہت سے خانے یا خلیے ھوں -

Apple aphis : (n) وہ کیڑا جو سیب میں apple blight نامی بیماری پیدا کرتا ھے -

Apple blight : (n) وہ کتانی مادہ جو درختوں پر ھوتا ھے -

Apple brandy : (n) سیب کی برانڈی -

Apple butter : (n) سیب کی چٹنی -

Apple-cheese : (n) سیب کی ٹکیاں -

Apple-core : (n) تخم دان سیب ؛ سیب کا بیج دان -

Apple-dumpling : (n) سیب کی پڈنگ -

Apple-eating : (n) (مجازاً) جو آسانی سے لالچ میں پڑ جائے -

Apple-fly : (n) ایک چھوٹی سبز مکھی جو کبھی کبھار سیب میں پائی جاتی ھے -

Apple green : (n) سیب جیسا سبز -

Apple-jack : (n) سیب کی برانڈی کا امریکی نام -

Apple john (also John-apple) : (n) جان سیب ؛ ایک قسم کا سیب جس کے بارے میں مشہور ھے کہ دو سال تک رھتا ھے اور رکھنے کے بعد زیادہ جھریاں پڑنے پر مزیدار ھو جاتا ھے -

Apple-moth : (n) سیب کا ایک کیڑا -

Apple of Adam : (n) (۱) وہ سیب جو حضرت آدم نے کھایا اوربہشت سے نکالے گئے - (۲) کنٹھ ؛ دیکھو Adam's apple -

Apple of discord : (n) وہ سونے کا سیب جس کے لئے جونو ، نتروا اور وینس (Venns) میں لڑائی ھوئی تھی ؛ (مجازاً) بنائے فساد ؛ فساد کی جڑ ؛ جھگڑے کی بنیاد -

Apple of Love (also Love apple) : (n) (۱) ٹماٹر- (۲) شجر ممنوعہ کا پھل - (۳) کوئی ایسی چیز جو شکل اور رنگ میں سیب کے مشابہ ھو -

Apple of sodom (also Dead sea apple) : بظاھر خوبصورت مگر پکڑنے پر دھواں اور راکھ میں تبدیل ھو جاتا ھے ؛ لوطی سیب ؛ (استعارتاً) ایک کھوکھلی مایوس کن چیز -

Apple of the eye/Apple of one's eye: (۱) پتلی ؛ مردمك چشم - (۲) منظور نظر چیز ؛ آنکھ کا تارا ؛ آنکھ کا نور ؛ قرۃ العین -

Apple pie : (n) (۱) سیب کا بنا ھوا pie - (۲) وہ پودے جن کی پتیاں بید کی پتیوں جیسی ھوتی ھیں اور زرد پھول ھوتے ھیں -

Apple-pie bed : (n) غلافی بستر ؛ ایسا بستر جس کی چادریں اس طرح تہ کی گئی ھوں کہ سونیوالے کی ٹانگیں نیچے نہ گر سکیں -

Apple-pie order : (n) مکمل و مرتب حالت -

Apple sauce : (n) (۱) سیب کی چٹنی - (۲) (استعارتاً)خلوص سے خالی بات -

Apple - shell : (n) ایک قسم کا گھونگا جس کی شکل سیب جیسی ھوتی ھے -

Apple-snail : (n) دیکھو Apple-shell

Apple-tree : (n) سیب کا درخت -

Apple-wife : (n) سیب فروش عورت -

Apple woman : (n) دیکھو Apple wife

Apple worm : (n) سیب کا کیڑا -

Applecart : (n) کوئی منصوبہ ، نظام یا کام جو دفعتاً بگاڑ دیا جائے -

To upset the apple- cart : کسی منصوبے کو درھم برھم کر دینا ؛ (شیخ چلی کا) شھد کا گھڑا توڑ دینا -

Appliance : (n) [f.APPLY+-ANCE] (۱) استعمال ؛ اطلاق - (۲) ذریعہ ؛ وسیلہ ؛ وہ شئے جو حصول مقصد کے لئے بطور وسیلہ کام میں لائی جائے - (۳) سامان ؛ آلات ؛ (طبیعیات) آلہ ؛ (انتظامیہ) اوزار ؛ سامان ؛ آلہ -

Copying and duplicating appliance : (انتظامیہ) آلہ نقل و مثنی ؛ مثنی و نقل کی مشین -

Sorting appliance : (انتظامیہ) چھانٹنے کی مشین ۔

Tabulating appliance : (انتظامیہ) ترتیب دینے والی مشین ۔

Applicability : (n) استعمال ؛ چسپاں ہونا ؛ موزونیت ؛ (انتظامیہ) لاگو ہونا ؛ اطلاق پذیری ؛ منطبق ہونا ؛ (تاریخ و سیاسیات) اطلاق ۔

Applicable : (a) [L."applicare"+- ABLE] (۱) قابل استعمال ؛ قابل اطلاق ؛ قابل اجراء ؛ عملی ؛ (انتظامیہ) قابل اطلاق ؛ اطلاق پذیر۔ (۲) صحیح ؛ موزوں مناسب؛ برمحل ؛ چسپاں ؛ منطبق ؛ شامل حال ۔

Applicant : (n) [L."applicantem","applicare"] درخواست کنندہ ؛ سائل ؛ عرض گذار ؛ امیدوار ؛ طالب ۔

Applicate : [L."applicatus"] (۱) مستعمل ؛ منطبق ؛ معین ؛ جامد ؛ عملی ۔ (۲) معین ؛ وہ شعبہ جہاں (کسی قاعدہ کو) عمل میں لایا جائے ۔

Applicate : Apply کی ایک شکل ۔

Application : (n) [L."applicationem"] تطبیق ؛ اجرا ؛ (فلسفہ و نفسیات) تطبیق ؛ اطلاق ؛ (لسانیات) اطلاقی مفہوم ؛ (تاریخ و سیاسیات) درخواست ؛ اطلاق ۔ (۲) ذرائع کا استعمال ؛ وسائل کو کام میں لانا ؛ کار بندی؛ مداومت ۔ (۳) استعمال کرنا ؛ لگانا ؛ لیپ کرنا (ضماد، مرہم، دوا وغیرہ کا) ؛ مرہم گذاری ۔ (٤) تطبیق کرنا ؛ اطلاق کرنا کسی خاص صورت یا حالت پر ؛ انطباق کرنا ۔ (٥) برجستہ ہونا ؛ مناسبت ؛ موزونیت ؛ اطلاق ؛ لاگو ہونا ۔ (٦) محنت ؛ کاوش ؛ مشقت ؛ تندھی ؛ کوشش ؛ سعی ۔ (۷) درخواست ؛ عرضی ۔ (۸) عرض معروض ؛ استدعاء ۔

Application of sets : (ریاضی) سیٹوں کا استعمال ۔

Applicative : (a) [L."apolicat-"+IVE] عملی ؛ قابل اجرا ؛ مناسب ۔

Applicative aspect : (n) (لسانیات) اطلاقی کیفیت (benefactive aspect) ۔

Applicatively : (adv) عملی اعتبار سے ؛ بطور مناسب ۔

Applicator : (n) دوا ؛ (مرہم وغیرہ) لگانے کا ایک آلہ ۔

Applicatory : (a & n) [L."applicat-"+-ORY] عملی ؛ قابل اجراء ؛ مناسب ۔

Applied : (a) عملی ؛ (کیمیا، ریاضی و طبیعیات) اطلاقی ۔

Applied chemistry : (n) (کیمیا) اطلاقی کیمیا ۔

Applied ethics : (n) (فلسفہ و نفسیات) اطلاقی اخلاقیات ۔

Applied geometry : (n) (طبیعیات و ریاضی) اطلاقی جیومیٹری ۔

Applied linguistics : (n) (لسانیات) اطلاقی لسانیات ۔

Applied mathematics : (n) (طبیعیات و ریاضی) اطلاقی ریاضی ۔

Applied mechanics : (n) (طبیعیات و ریاضی) اطلاقی میکانیات ۔

Applied political science : (n) (سیاسیات)اطلاقی سیاسیات ۔

Applied politics : (n) سیاسیات منطبقہ ۔

Applied research : (n) (سماجیات) عملی تحقیق ۔

Applied science : (n) (فلسفہ، نفسیات و طبیعیات) اطلاقی سائنس ۔

Applied sociology : (n) (سماجیات) عملی سماجیات ۔

Applied statistics : (n) (طبیعیات و ریاضی) اطلاقی شماریات ۔

Applier : (n) عمل میں لانے والا ؛ درخواست دینے والا ۔

Applique : (n) [Fr.] لیس وغیرہ جس کا خاکہ کاٹ کر کپڑے پر لگایا جاتا ھے ؛ (تاریخ و سیاسیات) اپلی کے ؛ چسپاں کاری ۔

Applique method : (n) (انتظامیہ) چسپاں کاری کے طریقے ۔

Appliqued : (a) لیس لگا ہوا ۔

Applot : (v) ٹکڑوں اور حصوں میں تقسیم کرنا ؛ حصہ لگانا ۔

Applotment : (n) تقسیم ؛ حصہ ۔

Apply : (v) [L."applicare"] (۱) نزدیك رکهنا ؛ قریب رکهنا ؛ پاس رکهنا ۔ (۲) لگانا ؛ استعمال کرنا ؛ ضماد کرنا ؛ لیپ کرنا (دوا وغیرہ) ؛ (مجازاً) لگانا ؛ صرف کرنا (کسی کام میں) ۔ (۳) استعمال کرنا ؛ کام میں لانا ؛ کام لینا ۔ (٤) منطبق کرنا ؛ چسپاں کرنا۔ (٥) لگے رهنا ؛ محنت کرنا ؛ ذهن میں رهنا ؛ سرگرمی سے کرنا ۔ (٦) بر محل هونا ؛ متعلق هونا ؛ اطلاق هونا ؛ مناسب هونا ۔ (۷) کامل توجه کرنا ؛ متوجه هونا کسی چیز یا امداد کے لئے ۔ (۸) طالب هونا ؛ سائل هونا ؛ درخواست کرنا ۔ (۹) کسی (لفظ کا) (کسی چیز کی) خاص حواله میں استعمال کرنا ۔ (۱۰) (قانون یا تجربه کو) عمل میں لانا ؛ کسی مخصوص مثال کا حواله دینا (کسی عام یا تمثیلی بیان کے سلسلے میں) ۔ (۱۱) باضابطه حواله دینا ۔ (۱۲) رجحان رکهنا ؛ منطبق کرنا ؛ مناسبت پیدا کرنا ۔

Applying : (v) درخواست دینا /کرنا ۔

Appoggiatura : (n) [It.] الاپ زائد سر (کسی اصلی سُر کے ساتھ ملا دیا جائے) ؛ اپو گیا چورا ۔

Appoint : (v) [OFr."apointen"-ier,f."a point"] (۱) مقرر کرنا ؛ ٹهہرانا (وقت یا مقام) ۔ (۲) معین کرنا ؛ مقرر کرنا ؛ مقرر هونا ۔ (۳) (قانون) تعین املاك کرنا ۔ (٤) نامزد کرنا ؛ تقرر کرنا ؛ تعینیات کرنا ؛ تعین کرنا ۔ (٥) کسی نقطه تك پہنچنا یا کسی معامله کو کسی نقطه تك پہنچانا ۔ (٦) تعین وقت (ملاقات وغیرہ کا) ۔

Appoint : (n) پورا پورا اور آزادانه حساب کی چکتی ۔

Appointe : (a) [Fr.] (نقابت) چیزیں اس طرح رکهی هوں که ان کے سرے یا کنارے ایك دوسرے کو چهوتے هوں ۔

Appointed : (a) مقررہ ؛ معین ؛ حاکم کے ذریعه مقرر کیا هوا؛ (ill ـ well کے ساتھ) آراسته ؛ لیس ۔

Appointed day : (n) (تاریخ و سیاسیات) روز مقررہ ؛ تقرر شدہ ؛ مامور شدہ ۔

Appointee : (n) مامور ؛ مقرر شدہ ؛ نامزد ؛ گماشته ؛ منسوب ؛ تقرر شدہ ؛ (انتظامیه) تقرر شدہ (شخص) ؛ تقرر یاب ۔

Appointer : (n) تقرر کرنے والا ؛ مامور کرنے والا ؛ نامزد کرنے والا ۔

Appointing authority : (n) (انتظامیه) مقتدر تقرر ؛ حاکم مجاز تقرر ۔

Appointment : (n) [OFr."apointment"] (۱) تعین ؛ تقرر ؛ (تاریخ و سیاسیات، انتظامیه) نامزدگی؛ (فلسفه و نفسیات) تقرر ؛ اسامی ۔ (۲) تعین وقت (یا قرار ملاقات وغیرہ کا) ۔ (۳) حکم ؛ فرمان ۔ (٤) عهدہ ؛ جگه ؛ خدمت ؛ منصب ؛ اسامی ؛ (عموماً جمع میں) لوازمه ؛ ساز و سامان ؛ اسباب ؛ سامان ۔ (٥) تعین املاك ۔

Permanent appointment : (انتظامیه) مستقل تقرر ۔

Temporary appointment : (انتظامیه) عارضی تقرر ۔

Appointor : (n) [OFr."apointeor"] تعین املاك کرنے والا ۔

Apport : (n) [OF."aport"] احضرت ؛ آورد ۔

Apportion : (v) [OFr."appotionner",f."a+portionner"] (۱) حصه دینا ؛ حصه رسدی دینا ؛ حق دینا ۔ (۲) بانٹنا ؛ تقسیم کرنا ؛ حصه بخرہ کرنا ؛ حصه لگانا ؛ حق دینا ۔ (۳) شریك هونا یا کرنا ؛ (تاریخ و سیاسیات و انتظامیه) حصه دینا ؛ بانٹنا ۔

Apportionable : (a) قابل تقسیم ۔

Apportioned tax : (n) منقسم محصول ۔

Apportionment : (n) [APPORTION+MENT] حصه ؛ بانٹ ؛ تقسیم ؛ بٹوارہ ؛ تعین سهم ؛ تعین حصه ۔

Appose : (v) [L."pausare"] (۱) ایك چیز کو دوسرے کے ساتھ لگانا مثلاً مهر لگانا ؛ سامنے رکهنا (غذا وغیرہ) ۔ (۲) پهلو به پهلو رکهنا ؛ دوش به دوش رکهنا ۔

Apposite : (a) [L."appositus", app-,"ad-ponere"] (۱) موزوں ؛ برجسته ؛ ٹهیك ؛ لگتی هوئی ؛ مربوط ۔ (۲) بر محل ؛ با موقع ؛ متوازن ۔

Appositely : (adv) بر محل ؛ موزوں طریقه پر ؛ برجسته ۔

Appositeness : (n) موزونیت ؛ برجستگی ؛ با موقع هونا ۔

Apposition : (n) [OFr."aposicion","apposition"] عالموں کا عوام کے سامنے مناظرہ ؛ سوال و جواب کے ذریعه امتحان ۔

Apposition : (n&v) [L."appositionem",f"apponere"] (۱) لگانا؛ کرنا ؛ ثبت کرنا (مہر کا) ۔ (۲) دوش بہ دوش رکھنا ؛ پہلو بہ پہلو رکھنا ؛ توازن ۔ (۳) جملہ بندی میں دو لفظوں کا بدل اور مبدل منہ ہونا ؛ حالت بدلی ؛ نسبت بدلی ؛ (لسانیات) مبدل منہ ؛ ذو الحال ؛ حالت بدل ۔

Appositional : (a) دوش بہ دوش ؛ پہلو بہ پہلو ؛ ہم پلہ ؛ بدل ؛ مبدل منہ ۔

Appositional compound : (n) (لسانیات) بدل مرکب ۔

Appositional conjunction : (n)=(Introductory conjuction) (لسانیات) عطف ابتدائی ؛ عطف تمہیدی ۔

Appositionally : (adv) بدل اور مبدل منہ کے طریقہ سے ۔

Appositive : (a) [L."apposit-"+ - IVE] بدل اور مبدل منہ کے اعتبار سے یا اس کے متعلق یا اس کا ؛ بدلی ؛ بدل ؛ اسم بدل ۔

Appositive morpheme : (n) (لسانیات) صراحتی (مارفیم) مبدل ۔

Appositively : (adv) بدل مبدل منہ کے طریقہ سے ۔

Appraisable : (a) قابل تشخیص ؛ قابل تخمینہ ؛ قابل اندازہ ۔

Appraisal : (n) (۱) آنک ؛ جانچ ؛ اندازہ ؛ تخمینہ ؛ تشخیص ؛ عرض یابی ؛ قیمت لگانا ؛ قیمت بندی ؛ تقویم ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) آنکنا ؛ جانچنا ؛ جائزہ لینا ؛ تشخیص ۔

Appraise : (v) آنکنا ؛ جانچنا ؛ اندازہ کرنا ؛ تخمینہ کرنا ؛ قیمت مقرر کرنا ۔

Appraisement : (n) آنک ؛ جانچ ؛ اندازہ ؛ تخمینہ ؛ تشخیص ؛ ارزیابی ؛ قیمت لگانا ۔

Appraiser : (n) تخمینہ کرنے والا ؛ اندازہ کرنے والا ؛ قیمت لگانے والا ؛ تشخیص کرنے والا ؛ مقرم ۔

Appraisingly : (adv) تخمیناً ؛ اندازاً ؛ تشخیص کے لحاظ سے ۔

Appreciable : (a) [L."appretiare",later"appreciare"+-BLE] (۱) قابل قدر ؛ پسندیدہ ؛ عمدہ ۔ (۲) بیّن ؛ نمایاں ؛ محسوس ۔

Appreciably : (adv) پسندیدگی سے ؛ نمایاں طور پر ؛ بیّن طور پر ؛ محسوس طور پر ۔

Appreciate : (v) [L."appretiat-","appretiare"] (۱) تخمینہ کرنا ؛ اندازہ لگانا ؛ آنکنا ؛ جانچنا ؛ پرکھنا ؛ قدر کرنا ؛ قدر پہچاننا ؛ خوبی کو سمجھانا ۔ (۲) صحیح تخمینہ کرنا ؛ ٹھیک اندازہ لگانا ؛ پورا اندازہ لگانا ۔ (۳) احساس کرنا ۔ (٤) قدر کرنا ؛ داد دینا ؛ قدر دانی کرنا ؛ وقعت سے دیکھنا ۔ (٥) بھاؤ بڑھا دینا ؛ نرخ بالا کرنا ؛ دام بڑھانا ؛ مہنگا کرنا ؛ قیمت بڑھانا ۔ (٦) نرخ چڑھنا ؛ بھاؤ بڑھنا ؛ قیمت کا زیادہ ہونا ۔

Appreciated : (a) بطور کافی قیمت لگایا ہوا ؛ قابل ارز قیمت کا بڑھنا ۔

Appreciatingly : (adv) بطور قدر دانی ۔

Appreciation : (n) [L."appretiare"] (۱) ارز یابی یا قیمت لگانا ؛ تخمینہ لگانا ۔ (۲) ادراک ؛ تحسین ؛ جائزہ ۔ (۳) کافی یا اعلیٰ اندازہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) قدر شناسی ؛ ذوق ؛ قدردانی ؛ داد ؛ تقریظ ۔ (٤) قیمت مبادلہ کا بڑھانا ؛ (انتظامیہ) قدر شناسی ؛ پرکھنا ؛ پسندیدگی ؛ خوشنودی ؛ اضافۂ قیمت ؛ دام بڑھنا ۔

Appreciation of currency : پیش قدری زر ۔

Appreciative : (a) قدر افزا ۔

Appreciatively : (adv) قدر افزائی سے ۔

Appreciativeness : (n) قدر افزائی ۔

Appreciator : (n) مناسب یا اعلا قیمت لگانے والا ۔

Appreciatorily : (adv) قدر افزائی سے ۔

Appreciatory : (n) مبصرانہ ؛ تعریفی ؛ توصیفی ؛ قدر دانی کا ؛ قدر افزا ؛ مبنی بر قدر دانی ؛ از روئے قدر دانی ۔

Appredicate : (n) [L."appraedicatum"] (۱) (قواعد) فعل ناقص ، جو مسند میں شامل نہ ہو ۔ (۲) (منطق) رابط ۔

Apprehend : (v) [L."apprehendere"] (۱) پکڑنا ؛ گرفتار کرنا ؛ ماخوذ کرنا ؛ حراست میں لینا ۔ (۲) درك کرنا ؛ محسوس کرنا ؛ معلوم کرنا (حواس یا عقل سے) ۔ (۳) سمجھنا ؛ بوجھنا ۔ (٤) ڈرنا ؛ خائف ہونا ؛ ترساں ہونا ؛ اندیشہ ہونا ؛ تشویش ہونا ۔

Apprehended : (a) حراست میں لیا ہوا ؛ محسوس کیا ہوا ؛ درک کیا ہوا ؛ خوف کھایا ہوا ؛ خائف ۔

Apprehender : (n) حراست میں لینے والا ؛ محسوس کرنے والا ؛ پکڑنے والا ؛ سمجھنے والا ۔

Apprehendingly : (adv) تشویشناکی/خوف زدگی ۔

Apprehensibility : (n) فہم پذیری ؛ فہم قبولی ۔

Apprehensible : (a) [L."apprehensibilis"] قابل فہم ؛ قابل درک ؛ جو سمجھا جاسکے ؛ فہم پذیر ؛ فہم قبولی ؛ جسے عقل قبول کر سکے ۔

Apprehension : (n) [L."apprehensionem"] (۱) گرفتاری ؛ حراست ۔ (۲) تصور ؛ ادراک ؛ احساس ؛ قوت ادراک /فہم ؛ درک ۔ (۳) سمجھ ؛ بوجھ ؛ فہم ۔ (٤) خوف ؛ خدشہ ؛ اندیشہ ؛ دھڑکا ؛ تشویش ۔ (۵) رائے ؛ خیال ؛ توقع ؛ (فلسفہ و نفسیات) خدشہ ؛ درک ۔

Apprehensive : (a) [L."apprehensivus"] (۱) متعلق بہ فہم ؛ متعلق بہ درک ؛ بیم ناك ؛ زود فہم ؛ تیزفہم ۔ (۲) درك کنندہ ؛ سمجھنے والا ؛ مدرك ؛ فہم رکھنے والا ؛ ذی فہم ۔ (۳) ذکی ؛ فہیم ؛ فریس ۔ (٤) خائف ؛ حراساں ؛ اندیشہ مند ؛ مشوش ؛ پریشان ؛ بے چین ۔

Apprehensively : (adv) اندیشہ سے ؛ خوف سے ؛ پریشانی کے ساتھ ؛ تشویش کے ساتھ ۔

Apprehensiveness : (n) فہم ؛ ادراك ؛ تشویش ؛ ہراس ؛ اندیشہ مندی ؛ زود فہمی ؛ اندیشہ ؛ وسوسہ ۔

Apprentice : (n) [OFr."aprentis"] (۱) کار آموز ؛ نو آموز ؛ شاگرد ؛ امیدوار ؛ نوسکھا ؛ (انتظامیہ) کار آموز ؛ نو آموز ؛ اپرینٹس ۔ (۲) مبتدی ؛ نوسیکھا ؛ (سماجیات و معاشیات) نو آموز ۔

Apprentice : (v) شاگرد بننا ؛ کام سیکھنے کا اقرار نامہ تعمیل کرنا ۔

Apprentice mechanic : (n) (انتظامیہ) نو آموز کاریگر ۔

Apprenticeship : (n) (۱) کار آموزی ؛ نو آموزی ؛ شاگردی ؛ امیدواری ؛ (معاشیات) نو آموزیت ۔ (۲) وہ مدت جس کا شاگرد پابند ہوتا ہے ۔ (۳) سات سال کی مدت ۔ (٤) بطور کار آموز کے رکھنا ؛ کار آموز کرنا ۔

Appress : (v) [L."appress-","apprimere"] دیکھو Adpress

Apprize / Apprise : (v) [Fr."apprendre"] (۱) مطلع کرنا ؛ خبر دینا ؛ واقف کرنا ؛ آگاہ کرنا ۔ (۲) (فعل مجہول) مطلع ہونا ؛ واقف ہونا ؛ آگاہ ہونا ۔

Appro : (n) Approbation یا Approval کا مخفف ۔

Approach : (v) [L."adpropiare"] (۱) پاس آنا ؛ قریب آنا ؛ نزدیك آنا ۔ (۲) لگ بھگ ہونا ؛ ایك سا ہونا ؛ ملتا جلتا ہونا (سیرت وغیرہ میں) ۔ (۲) پاس پہنچنا ؛ نزدیك آ جانا ؛ قریب پہنچنا ۔ (٤) برابر سا ہونا ؛ تقریباً اتنا ہی ہونا ؛ مساوی ہونا ۔ (۵) (فوجی) خندق کھودنا ؛ مورچہ بنانا ۔ (٦) (تجارت) گفت و شنید کرنا ۔ (۷) چھیڑ چھاڑ کرنا جنسی تعلقات کے لئے ؛ دست درازی کرنا ۔

Approach : (n) (۱) نزدیکی ؛ قریب ؛ آمد آمد ؛ تقارب ؛ موصلہ ۔ (۲) ملتا جلتا ہونا ؛ ایك سا ہونا ؛ تقریباً ویسا ہونا ؛ لگ بھگ ہونا ۔ (۳) رسائی ؛ پہنچ ؛ راستہ ؛ راہ ؛ گذر (لغوی یا مجازی معنی) ؛ اتصالی سڑك ۔ (٤) (فوجی) خندقیں ؛ مورچے ؛ (سماجیات) طریقہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) طرز نظر ؛ (لسانیات) اندازہ ۔ (۵) (باغبانی) ایك شاخ کو دوسری کی طرف لانا (قلمبندی کے لئے) ۔

Atomistic approach : (لسانیات) فردصوتیاتی اندازہ ۔

Conceptual approach : (سماجیات) تصوراتی اندازہ ۔

Formal approach : (فلسفہ و نفسیات) رسمی طرز نظر ؛ صوری طرز نظر ۔

Informal approach : (فلسفہ و نفسیات) غیر رسمی طرز نظر ۔

Inter-disciplinary approach : (سماجیات) بین العلومی طریقہ ۔

Logical approach : (فلسفہ و نفسیات) منطقی طرز نظر ۔

Non-statistical approach : (سماجیات) غیر شماریاتی طریقہ ۔

Objective approach : (سماجیات) معروضی طریقہ ؛ غیر جانبدارانہ طریقہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) معروضی طرز نظر -

Psychological approach : (فلسفہ و نفسیات) نفسیاتی طرز نظر -

Recreational approach : (فلسفہ و نفسیات) تفریحی طرز نظر -

Statistical approach : (سماجیات) شماریاتی طرز نظر -

Structural approach : (لسانیات) ساختی انداز -

Subjective approach : (سماجیات) داخلی طریقہ ؛ جانبدارانہ طریقہ -

Unified-studies approach : (فلسفہ و نفسیات) نظریۂ اتحاد مطالعہ -

Approachability : (n) رسائی ؛ قرب ؛ نزدیکی ؛ پہنچ ؛ سہل الوصولی -

Approachable : (a) قابل رسائی ؛ جس تک رسائی ہو سکے ؛ سہل القرب ؛ سہل الوصول ؛ زود یاب -

Approachableness : (n) Approachability سہل الوصولی ؛ دیکھو

Approacher : (n) نزدیک آنے والا ؛ قریب ہونے والا -

Approaching : (n) قریب قریب -

Approachless : ناقابل رسائی -

Approachment : (n) قرابت ؛ نزدیکی ؛ وابستگی -

Approbate : (v) [L."approbatus","approbare"] منظور کرنا ؛ منظوری دینا ؛ اظہار خوشنودی کرنا -

To approbate and reprobate : کسی دستاویز کے اس حصہ سے فائدہ اٹھانا جو اس کی حمایت میں ہے اور باقی کو رد کر دینا -

Approbated : پسندیدہ ؛ منظور کردہ -

Approbation : (n) [L."approbationem"] (۱) منظوری ؛ اجازت ؛ حکم ؛ تصویب ؛ موافقت ؛ رضایت - (۲) پسندیدگی ؛ استحسان ؛ قبولیت ؛ خوشنودی -

Approbative : (a) [L."approbativus"] پسندیدگی کا ؛ پسندیدگی سے متعلق -

Approbative theory (n) (فلسفہ و نفسیات) نظریۂ پسندید گی -

Approbatory : (n) تعریفی ؛ استحسانی ؛ جس سے خوشنودی کا اظہار ہو -

Appropriable : (a) [L."appropriare"+-BLE] قابل تصرف -

Appropriate : (a) [L."appropriatus"] (۱) (کسی چیز سے) متعلق یا مخصوص ؛ متعلقہ - (۲) مناسب ؛ موزوں ؛ بر محل ؛ با موقع ؛ ٹھیک ؛ (انتظامیہ) مناسب -

Appropriate : (v) (۱) قبضہ کر لینا ؛ مالك بن بیٹھنا ؛ قابض ہو جانا - (۲) اپنانا ؛ اپنا لینا ؛ ہتھیا لینا ؛ اپنے تصرف میں لانا - (۳) کام میں لانا ؛ استعمال کرنا ؛ مخصوص کرنا (کسی خاص کام کے لئے) -

Appropriate head : (n) (انتظامیہ) مناسب مد ؛ صحیح مد -

Appropriated : (a) تصرف میں لایا ہوا ؛ قبضہ کیا ہوا -

Appropriately : (adv) بطور مناسب ؛ ٹھیك طریقہ سے -

Appropriateness : (n) موزونیت -

Appropriation : (n) [L."appropriationem"] تصرف ؛ قبضہ ؛ مختص کرنا ؛ (تاریخ و سیاسیات) تصرف ؛ مدبندی ؛ (انتظامیہ) تصرف ؛ قبضہ -

Appropriation bill : (n) (تاریخ و سیاسیات) تصرفی بل ؛ پارلیامنٹ کا وہ بل جو آمدنی کو مختلف مقاصد کے لئے متعین کرے -

Appropriative : (a) قابضانہ ؛ متصرفانہ -

Appropriativeness : (n) تصرف -

Appropriator : (n) [L."appropriator"] (۱) تصرف میں لانے والا ؛ قابض ؛ متصرف - (۲) وہ مذہبی ادارہ جو کلیسائی اوقاف کے عطیات اور فیس کا مالك ہوتا ہے -

Approvable : (a) قابل پسند ؛ قابل تعریف ؛ قابل منظور -

Approval : (n) (۱) پسندیدگی ؛ تعریف ؛ توصیف ؛ استحسان ؛ (تاریخ و سیاسیات) منظوری - (۲) پسند ؛ منظوری ؛ (انتظامیہ) منظوری ؛ توثیق ؛ (فلسفہ و نفسیات) پسندیدگی ؛ منظوری -

Social approval : (فلسفه و نفسیات) سماجی قبولیت ۔

Approval sale : مشروطی فروخت ۔

Approve : (v) [L."approbare"] (۱) صاد کرنا ؛ پسند کرنا ؛ به نظر استحسان دیکھنا ؛ اچھا سمجھنا ۔ (۲) ثابت کرنایا ہونا ؛ (انتظامیه) توثیق کرنا ۔ (۳) تصدیق کرنا ؛ منظور کرنا ؛ تعریف کرنا ؛ سراھنا ۔

Approve / Approw : (v) [OFr."a-proer"] نفع حاصل کرنا (قیمت یا اجارہ میں اضافه کرنا) ۔

Approved : (a) تجربه سے ثابت کیا ہوا ؛ پسند کیا ہوا ؛ پسندیده ؛ منظور کیا ہوا ؛ منظور شده ؛ مستحسن ۔

Approved contractor : (n) (انتظامیه) منظور شده ٹھیکیدار ۔

Approved of : پسندیده ؛ پسند کیا ہوا ۔

Approved school : (n) دار التادیب (خصوصاً نوجوان مجرموں کے لئے) ۔

Approved superannuation fund : (تجارت و معاشیات) منظور شده پرانا سالی پنشن فنڈ ۔

Approvedly : (adv) بطور پسندیدگی ؛ پسندیده طور پر ۔

Approvement : (n) معافی داده گواه ؛ سرکاری گواه ؛ اقرار جرم کرنا اور دوسروں کے خلاف گواهی دینا ۔

Approvement / Approwement : (n) (۱) نفع حاصل کرنے کا عمل ۔ (۲) منافع (جو اس طرح حاصل ہوئے ہوں) ؛ دیکھو Approve ۔

Approver : (n) معافی داده گواه ؛ سرکاری گواه ؛ پسند کرنے والا ؛ منظور کرنے والا ؛ تصدیق کرنے والا ؛ تعریف کرنے والا ۔

Approvingly : (adv) پسندیدگی سے ۔

Approximate : (a) [L."approximatus","approximare"] (۱) متصل ؛ بالکل نزدیك ؛ قریب قریب ؛ (ریاضی) تقریبی ؛ تخمینی ۔ (۲) لگ بھگ ؛ ملتا جلتا ؛ اَنیس بیس ؛ بہت مشابه ۔ (۳) تقریباً صحیح ؛ درست سا ؛ ٹھیك سا ؛ قریب قریب صحیح ۔

Approximate : (v) نزدیك لانا یا کرنا ؛ پاس آنا ؛ پہنچنا ؛ چھونا ؛ نزدیك ہونا ؛ لگ بھگ ہونا ؛ متصل ہونا ۔

Approximate method : (n) (ریاضی) تقریبی طریقه ۔

Approximate stock account : (تجارت) اندازی اسٹاك کھاته ۔

Approximated متصل ؛ نزدیك لایا ہوا ؛ نزدیك کیا ہوا ؛ پہنچایا ہوا ۔

Approximately : (adv) تقریباً ؛ اندازاً ؛ قریب قریب ؛ لگ بھگ ؛ (ریاضی) تقریباً ۔

Approximation : (n) [L."approximare"] (۱) نزدیکی ؛ شباهت ؛ قربت ؛ مشابهت ؛ تقرب ؛ تخمینه ۔ (۲) (ریاضیات) سوالوں کے حل کرنے کا ایك طریقه جس میں ٹھیك مقدار تك پہنچنے کی لگاتار کوشش کی جاتی ہے ؛ تقرب ۔

Successive approximation : (شماریات) سلسله تقرب ۔

Trignometric approximation : (شماریات) مثلثی تقرب ۔

Approximative : (a) قریب قریب ؛ (ریاضی) تخمینی ۔

Approximativeness : (n) قریب قریب ہونا ؛ قربت ؛ تقرب ۔

Approximator : (n) نزدیك لانے والا ؛ نزدیك کرنے والا ؛ پاس لانے والا ۔

Approximity : (n) (ریاضی) قرب ۔

Appui : (v) [Gr."padion"] ٹیك لگانا ؛ تھوھی لگانا اور ٹھہرنا ؛ فوجوں کو اس مقام پر ٹھہرانا جہاں پشت پناهی ہو ۔

Point of appui : صف بندی کا مقام ؛ وه مقرره مقام جہاں فوجیں صف بندی شروع کریں ۔

Appui : (v) (۱) دمدمه ؛ مورچه ۔ (۲) (گھوڑ سواری) گھوڑ سوار کے ہاتھ اور گھوڑے کے منه کے درمیان لگام کی حرکت کا حس ۔

Appulse : (n) [L."appulsus"] (۱) کسی چیز کی طرف یا اس کی مخالف سمت میں ہانکنا ۔ (۲) (نجوم) کسی ستارے یا سیارے کا خط نصف النهار یا دوسرے نقطه پر پہنچنا ؛ دو اجرام فلکی کا قران ؛ نزدیکی ؛ ورود ؛ لگن ۔

Appurtenance : (n) [L."appetinentia"] (۱) ساز و سامان ؛ اثاثہ ؛ ایک معمولی سی جائداد یا حق جو دوسرے کا اصل کی طرح ہو اور اس کے ساتھ منتقل ہو ۔ (۲) لوازمات ؛ لواحقات ؛ متعلقات ؛ آلات ؛ لاحقہ ؛ لواحق ؛ حاشیہ ۔ (۳) متعلقات ؛ متعلق ہونا ؛ (انتظامیہ) متعلقات ؛ اثاثہ ؛ لوازمات ؛ (تاریخ و سیاسیات) لوازمات ؛ اثاثہ ؛ ساز و سامان ۔

Appurtenant : (a) [L."appertinantem"] (۱) کسی چیز سے متعلق ؛ موزوں ؛ مناسب ؛ بر محل ؛ مستلزم ۔ (۲) جائیداد یا حق کی طرح وابستہ ہونا ۔

Apraxia : (n) [Gr."a+praxis"] (لسانیات) نطقی فعلوجیت ؛ (طب) فاسد فعلی ؛ بے بصیرتی ۔

Apricot : (n) [Pg."albricoque"] خوبانی (یہ انگریزی لفظ در اصل عربی البرقوق سے بنا ہے گرچہ عربی میں یہ لفظ یونانی سے آیا تھا) ؛ درخت خوبانی ؛ زرد آلو ؛ خرمانی ۔

April : (n [L."aprils"] اپریل ؛ شمسی سال کا چوتھا مہینہ ؛ نیساں ۔

April fool : (n) وہ دن جسے لوگ یکم اپریل کو مناتیں ۔

April fool day : (n) وہ دن جب اپریل فول کا مذاق ہوتا ہے ؛ یکم اپریل ۔

April gowk : (n) دیکھو April fool

Apriori : (adv) [L.] (۱) قیاساً ؛ قیاسی ؛ اولٰی ؛ علت سے معلول کی طرف جانا ؛ قیاس قبل از وقوع ؛ قبل تجربی ۔ (۲) استخراجاً ؛ استخراجی ؛ استقرائی ؛ (فلسفہ و نفسیات) حضوری ؛ کمی ؛ عقلی ۔ (۳) (منطق) استدلال علت یا معلول ۔

Apriority : (n) (۱) قیاسی ؛ استدلالی ؛ استخراجی ۔ (۲) (منطق) قیاس استقرائی ۔

Aproctous : (a) [Gr."a+proctos"+OUS] بے مبرز ؛ فاقد المقعد ۔

Apron : (n) [OF."naperon"] (۱) وہ کپڑا جو کام کے وقت لباس کی حفاظت کے لئے آگے کی طرف باندھ لیتے ہیں ؛ پیش بند ؛ پیش دامن ؛ پیش لنگی ؛ بالا پوش ؛ ایپرن ۔ (۲) منصب کی وردی ۔ (۳) برساتی ؛ چمڑے کی پوشش جو کھلی گاڑی میں ٹانگوں پر ڈال دیتے ہیں ؛ پاؤں پر ڈالنے کی پوستیں ۔ (٤) ہنس یا بطخ کے پیٹ کی کھال جسے چیر کر بھوننے کے لئے مسالہ بھرتے ہیں ۔ (٥) یہ لفظ بندوق سازی ، جہاز سازی ، کوئلہ وغیرہ کی اصطلاح میں استعمال ہوتا ہے ۔

Green apron : غیر پادری واعظ (تحقیراً) ۔

Apron : (v) وردی پہننا یا پہنانا ؛ پیش بند لگانا ۔

Apron squire : (n)=(apple squire) دلال ؛ کٹنا ؛ کٹنی ؛ قرم ساق ۔

Apron-string : (n) آنچل بند ؛ کمر بند ۔

Tied to the apron-string of (mother etc) : آنچل سے بندھا ہوا ؛ کمر بند میں بندھا ہوا (ماں بیوی وغیرہ کے) ؛ ماں کا دلارا ؛ زن مرید ؛ مرید ؛ بیوی کا پیارا ؛ بیوی کے بس میں ؛ انگلی کے اشارے پر ناچنے والا ؛ کٹھ پتلی ۔

Apron-string tenure : (n) وہ حق ملکیت جو بیوی کے وسیلہ سے ہو اور جو فقط اس کی زندگی تک ہو ۔

Apron-string hold : (n) دیکھو Apron string tenure

Aproned : (a) وردی پوش ؛ جبہ پوش ؛ پیش بند باندھے ہوئے ۔

Apronful : (a) بھر آنچل ؛ بھر اوڑھنی ۔

Apronless : (a) بے آنچل ؛ بے پردہ ۔

Apropos : (a & adv) [Fr.f."a+propos".f.L."propositem"] (۱) کام کا ؛ گوں کے بڑے ؛ گوں کا ۔ (۲) درباره ۔ (۳) مناسب ؛ موزوں ؛ بر محل ؛ بر موقع ۔

Aprotic : (a) [a+proton+-IC] (کیمیا) بے پرو ٹانی ۔

Apse(Pl . Apses) : (n) [L."apsis"] نیم قوسی یا کثیر الاضلاعی طاق جو محراب دار ہو یا جس کی چھت گنبد نما ہو (خاص کر گرجا میں) ؛ گنبد نما چھت ؛ ایپس ؛ محرابی طاق ؛ (علم النجوم) اوج ؛ حضیض ۔

Apsidal : (a) [L."apsidem"] محرابی ؛ محراب نما ؛ حضیض سے متعلق ؛ اوجی ۔

Apsis (Pl. Apsides) : (n) (۱) کسی سیارے کے نقاط اوج و حضیض ؛ نقاط راس الذنب ؛ اوج حضیض قمر ۔ (۲) قدیم کلیساؤں میں اسقفوں کا تخت ؛ صندوقچہٴ تبرکات ۔

Line of apsides : وہ خط جو اوج اور حضیض کے نقطوں کو ملائے ؛ اوج حضیض کا محور ۔

Apt : (a) [L."aptus","apere"] (۱) مناسب ؛ موزوں ؛ ٹھیک ؛ درست ؛ چسپاں ۔ (۲) مائل بہ ؛ راغب ؛ جھکا ہوا ؛ مستعد ؛ قابل ؛ متمائل ؛ آمادہ ۔

Apteran : (a) بے بازو ؛ بے پنکھ ؛ بے پر ۔

Apteroid : (n) وہ پرندہ جس کے بازو محض ابتدائی حالت میں ہوں ۔

Apterous : (a) (۱) بے پر ؛ بے بازو ؛ بے بال و پر ؛ عدیم الاجنحہ ؛ بے جناح ۔ (۲) (نباتیات) بے غشائی ؛ بے جھلیا ؛ لنڈوریا ؛ بےنشائی ۔

Aptery : (n) (حیوانیات) بے بال و پر ہونا ۔

Apteryx : (n) [Gr."a+aperyx"] نیوزی لینڈ کا ایک بے دُم کا پرندہ ہنس کے برابر جس کے بازو ٹھٹھرے ہوئے ہوتے ہیں ؛ نیوزی لینڈ کا لنڈورا پرندہ ؛ دیسی نام اس کا kiwi ہے ۔

Aptitude : (n) [L."aptitudo",f."aptus"] (۱) مناسبت ؛ موزونیت ؛ درستی ۔ (۲) طبعی میلان ؛ فطری رجحان ؛ قدرتی انس یا رغبت ؛ (سماجیات) فطری رجحان ؛ رغبت ۔ (۳) قابلیت ؛ صلاحیت ؛ تیز فہمی ؛ زیرکی ؛ (فلسفہ و نفسیات) صلاحیت ۔

Mechanical aptitude : (فلسفہ و نفسیات) میکانکی صلاحیت ۔

Aptitude test : (n) (سماجیات) فطری رجحان کی آزمائش ؛ جانچ ۔

Aptly : (adv) موزوں طریقہ پر ؛ مناسب طور پر ؛ ٹھیک ؛ فراست یا طباعی سے ۔

Aptness : (n) مناسبت ؛ موزونیت ؛ درستی ؛ میلان ؛ رغبت ؛ رجحان ۔

Aptote : (n) [Gr."aptoton"] وہ اسم جس کی حالتیں نہ ہوں ؛ غیر متصرف اسم ۔

Aptotic : (a) غیر متصرف ۔

Apyretic : (a) [Gr."a+pyret-OI"] بلا تپ ؛ بے بخار ۔

Apyrexy : (n) [L."apyrexia",a Gr."a+pyressin"] وہ مدت جس میں تپ سے نجات ہو ؛ نزول تپ ؛ مترت تپ ؛ تخفیف یا فقدان تپ ؛ عدم تپ ؛ رفع بخار ۔

Apyrous : (a) [Gr."apyros"+-OUS] جو آگ کے سامنے رکھنے سے تبدیل نہ ہو ۔

Aqua : (n) پانی ؛ آب ۔

Aqua plane : (n) تختہ جس پر کوئی شخص کھڑا رہتا ہے اور رسے جو کسی تیز رفتار کشتی میں بندھے ہوئے ہوتے ہیں پکڑے رہتا ہے ۔

Aqua regia /-regis : (n) [L.] مایہٴ شاہی ؛ تیزاب سلطانی جس میں سونا اور پلاٹینم حل ہو جاتے ہیں ۔

Aqua-vitae : (n) [L.] عرق ؛ شراب ؛ برانڈی وغیرہ ؛ عرق یک آتشہ ؛ شراب یک آتشہ ۔

Aquafortis : (n) [L.] (کیمیا) شورے کا تیزاب ؛ آب تیز ؛ قطرونی ترشہ ؛ نائٹرک ایسڈ ؛ (کیمیا) شورے کا تیزاب ؛ آب تیز ۔

Aquafortist : (n) جو لکڑی پر کھودنے وغیرہ (کندہ کاری) کا کام نائیٹرک ایسڈ سے کرتا ہے ۔

Aquamarine : (n) [L."aquamarina"] (۱) نیلگوں بلور ۔ (۲) نیلگوں سبز رنگ والا ؛ سمندری رنگ کا ۔

Aquapuncture : (n) سوراخ ؛ جو چمڑے میں Force pump کے ذریعہ پانی کی باریک تیز دھار سے بنایا گیا ہو ۔

Aquarelle : (n) [It."acqerella"] ایک قسم کی روشنائی جو چینی روشنائی اور پتلے شفاف آبی رنگوں سے بنائی جاتی ہے ؛ آب رنگ (تصویر) ؛ نقاشی آب رنگی ۔

Aquarellist : (n) نقاش آب رنگی ؛ آب رنگ سے تصویر بنانے والا مصور ۔

Aquarian : (a & n) [L."aquarius"] (۱) قدیم عیسائیوں کا ایک گروہ جو عشائے ربانی میں شراب کے بدلے پانی استعمال کرتا تھا ۔ (۲) ماهی خانہ رکھنے والا ۔

Aquarium : (n) [L.] (۱) شیشے کاپن گھر؛ آبی پودے یا جانور پالنے کا شیشے کا حوض ؛ مچھلی گھر ؛ آبستان ؛ ماھی خانہ ۔ (۲) وہ نمائش گھر جہاں جلج سال ھو ؛ ماھی خانہ ؛ نمائش گاہ آبی ۔

Aquarium keeper : (n) (انتظامیہ) آبی جانور یا پودے پالنے والا ۔

Aquarius : (n) (۱) صوت البروج ؛ وہ صوت جس میں آفتاب، ماھتاب اور سیارے گردش کرتے رھتے ھیں ۔ (۲) گیارھواں برج ؛ ساکب الماء ؛ کنبھ ؛ دلو ؛ جسمیں سورج اکیس جنوری کو داخل ھوتا ھے ۔

Aquarter : (adv) (جہاز رانی) نیم پہلو میں یعنی عرشہ شہتیر سے ٤٥ ڈگری کے زاویہ پر (عقب میں)۔

Aquatic : (a) [L."aquaticus"] (۱) دریائی ؛ آبی ؛ مائی (پودے یا جانور جو پانی میں یا اس کے نزدیک رھیں یا اُگیں) ؛ (کیمیا) آبی ۔ (۲) آبی یا پانی کےکھیل جو پانی کےاندر یا اوپر ھوں ۔

Aquatically : (adv) آبی طریقے سے ۔

Aquatint / Aquatinta : (n) [L."aque tincta"] نقش کاری ؛ قلم کاری ؛ منبت کاری ؛ تانبے پر کندہ کاری کا طریقہ جس میں ایك عرق اور شوربے کا تیزاب استعمال کیا جاتا ھے ؛ آب قوی کاری ۔

Aquatint : (v) قلم کاری کرنا ؛ منبت کاری کرنا ۔

Aquatinter : (n) قلم کار ؛ منبت کار ۔

Aquavalent : (n)[L."aqua+valentem"] بے آبی نمك اور اس کے Cryohydrate کے پانی کے مابین سالماتی تناسب ۔

Aquavit : (n) [ML."aqua-vitae"] ایك قسم کا بے رنگ یا زردی مائل مشروب ۔

Aqueduct : (n) [L."aqu ductus"] (۱) نہر ؛ پکا نالا ؛ کاریز ۔ (۲) نالی ؛ نلکی ؛ آب گذر ؛ آب رو ؛ (تاریخ و سیاسیات) پختہ نہر ؛ پکی نہر ؛ پکا نالا ۔ (۳) چھوٹی نالی ؛ خاص کر وہ جو دودھیل جانوروں کے سروں میں ھوتی ھے ۔

Aqueous : (a) [L."aqucus"+-OUS] (۱) آبی ؛ مائی ؛ مرطوب ؛ پانی کا یا پانی سے متعلق ؛ پر آب ؛ آب دار ؛ (کیمیا)آبی ؛ (۲) (ارضیات) پانی کی بنائی ھوئی پن کٹی جیسے پن کٹی چٹانیں ؛ سنگ آبی ۔

Aqueous humour : (n) رطوبت زلالی ؛ رطوبت مائی ۔

Aqueous tension : (n) (کیمیا) آبی تناؤ ۔

Aqueous vapours : (n) (کیمیا) آبی بخارات ۔

Aquiferous : (a) [L.] آب بر یا آب دار ۔

Aquilegia : (n) [L.] پودوں کی ایك جنس جس کے پھول پیالہ نما اور پانچ نکیلی پنکھڑیوں والے ھوتے ھیں ؛ جنس گل فاختہ ۔

Aquila : (n) [L.] ایك قسم کا عقاب ۔

Aquiline : (a) [L."aquilinus"] عقاب کا یا اس سے متعلق ؛ عقاب نما ؛ عقاب کی طرح ؛ طوطے کی سی ناك ؛ عقابی ۔

Aquiver : (a) لرزاں ؛ مرتعش ؛ کپکپی سے ؛ تھرتھراتے ھوئے ۔

Aquo : (فلسفہ) مبداء ۔

Aquosity : (n) [L."aquositatem"] پنیلا پن ؛ مائیت ؛ رطوبت ؛ تری ؛ سیل ؛ سیلن ۔

Ar - : لاحقہ ؛ اسم فاعل بنانے کے لئے لگایا جاتا ھے ۔

Arab : (a & n) (۱) عربی ؛ عرب کا ؛ عرب ؛ عرب کا باشندہ ۔ (۲) عربی گھوڑا ؛ اسپ تازی ۔ (۳) عربی ؛ تازی ۔

City arab / Street arab : ایك بے گھر ؛ آوارہ گرد بچہ ؛ بے گھر بے در بچہ ؛ گلی گلی گھومنے/ پڑا / پھرنے والا ۔

Araba / Aroba : (n) [Arab] ایك قسم کی گاڑی جو مشرق میں استعمال ھوتی ھے ۔

Arabesque : (a) [Fr."arabesque"] (۱) عربی ۔ (۲) عجیب و غریب ؛ گورکھ دھندے کا سا ۔ (۲) بیل بوٹے ؛ طغرائی شکل کی گلکاری پیچ در پیچ خطوط یا پھول پتی کا (بھرا ھوا یا رنگین کام) ؛ (تاریخ و سیاسیات) گل کاری ۔

Arabesque : (n) پیچ در پیچ شاخوں اور پتیوں یا خطوط کی لطیف گل کاری ۔

Arabesqued : (a) بیل بوٹے دار ؛ طغرہ دار ۔

Arabesquely : (adv) عربوں کی طرز پر ؛ طغرہ کے طور پر۔

Arabia : (۱) عرب ۔ (۲) مسالہ ۔

Arabian : (a) [Fr."arabesque+-AN] عربی ۔

Arabian bird : (n) عنقاء ۔

Arabian nights : (n) الف لیلی ؛ کتاب الف لیلی ۔

Arabic : (a) [L."Arabicus"] عربی ؛ عربی زبان ۔

Gum arabic : عربی گوند (جو ببول کی بعض قسموں سے رستا ہے) ؛ صمغ عربی ۔

Arabic numerals : (n) عربی اعداد ؛ ہندسے ۔

Arabical : (a) عرب کا ؛ عربی ۔

Arabicism : (n) عربیت یا عربی محاورے ۔

Arabicize : (v) معرب کرنا ؛ عربی بنانا ۔

Arabin : (n) عربی گوند (صمغ عربی) کا قابل تحلیل بنیادی عنصر ۔

Arabinic : (a) Arabin کا یا اس سے متعلق ۔

Arabinose : (n) Arabin سے نکالا ہوا شکر ۔

Arabinosic : (a) Arabinose کا یا اس سے متعلق ۔

Arabis : (n) [L."arabis"] صلیب نما پتیوں / پھولوں والے پودوں کی ایک جنس جو ریتیلی اور پتھریلی زمین میں ہوتی ہے ؛ پہاڑی لوبیا ۔

Arabism : (n) (۱) عربیت ۔ (۲) عربی رسوم و آداب و خیالات وغیرہ میں دلچسپی یا انہماک ۔

Arabist : (n) (۱) عربی داں ؛ عربی خواں ؛ عربی زبان کا محقق ؛ عرب شناس ؛ مستعرب ۔ (۲) طب عربی کا ماننے والا یا طالب علم ۔

Arable : (a) [L."arabilis".f."arare"] (اراضی) قابل کاشت ؛ قابل زراعت ؛ زرعی ؛ زراعتی ؛ کاشتی ۔

Araceous : (n) [Gr."aron"+-ACEOUS] ایک قسم کا پودا ۔

Arachidic : (a) مونگ پھلی کا ، جیسے Arachidic acid

Arachis : (n) [Gr."arachos"or"arachis"] چینا بادام ؛ مونگ پھلی ۔

Arachnid : (n) [Gr."arachyn"] حیوانیات میں اس خاندان کا نام جس کے آٹھ پاؤں ہوتے ہیں مگر سونڈ اور پر نہیں ہوتے ؛ مکڑی ، بچھو وغیرہ اس میں شامل ہیں ؛ عنکبیہ ۔

Arachnidan : (a) عنکبوتی ۔

Arachnidean/-ian : (a) عنکبوتی ۔

Arachnidium : (n) وہ دستگاہ جس سے عنکبوت اپنے تار بناتا ہے ؛ عنکبی اعضا ؛ جالا ساز اعضا ۔

Arachnidous : (a) عنکبوت صفت ۔

Arachnoid : (a &n) [Gr."arachno-ides"] (۱) (نباتیات) روئیں دار ؛ ریشہ دار ۔ (۲) وہ جالا یاجھلی جو duramater (اُم جافیہ) کے نیچے ہوتی ہے اور جس میں دماغ اور نخاع ملفوف ہوتا ہے ؛ جھلی (دماغ کی) ؛ غشاء عنکبوتی ۔

Arachnoidal : (a) روئیں دار پودے سے متعلق ۔

Arachnological : (a) عنکبوت شناسی کا ۔

Arachnologist : (n) عنکبوت شناس ۔

Arachnology : (n) [Gr."arachne"+(O)LOGY] عنکبوت شناسی ؛ عنکبیات ۔

Arad : (n) [AR-UM+ - AD] ایک قسم کا پودا ۔

Araeometer / -areo- : (n) [Gr."araeos+metron"] رقیق کا ثقل نوعی ناپنے کا ایک آلہ ؛ ہائیڈ رو میٹر ؛ آب سنج ۔

Araeometric / -cal : (a) آب سنجی سے متعلق ۔

Araeometry : (n) [Gr."araeos+metria"] آب سنجی ؛ سیال مادوں کا ثقل نوعی دریافت کرنے کا علم و فن ۔

Araeostyle : (n) [Gr."araeos+stylos"] ستونوں کے درمیان ستون کے قطر کا چوگنا یا زیادہ فاصلہ رکھنے والی عمارت ؛ ستون دار عمارت ۔

Araeosystle : (n) [Gr."araeos+systylos"] وہ طرز تعمیر جس میں ستونوں کے بیچ نوبت بہ نوبت بہت چوڑے یا بہت تنگ فاصلے ہوں ۔

Aragonite / Arrogonite : (n) [f.Aragon.or Arragon in Spain] چونا کا ایک کاربونیٹ ۔

Aragonspath : (n) دیکھو Aragonite

Aragon spar : (n) دیکھو Aragonite

Araguato : (n) [Fr."araguate"] رونےوالا بندر ؛ بھونکنے والا بندر ۔

Araignee : (n) [Fr.] فوجیوں کی وہ بارودی سرنگیں جن میں شاخ دار گیلریاں ہوتی ہیں ۔

Arake : (a) جھکا ہوا کج ؛ مائل بہ کجی ۔

Aralu : (n) (تاریخ) چاہ بابل ؛ آرالو ۔

Aramaean : (a&n) [Gr."Aramaeos"] (زبان) آرامی ؛ شامی ؛ شامی زبانوں کی شمالی شاخ جس میں سیریانی یا کلدانی داخل ہوں ۔

Aramaic : (a) آرامی ۔

Aramaism : (n) آرامی محاورہ یا خصوصیت ۔

Arana : (n) [L."aranea"] دو پہیوں کی میکسیکی گاڑی ۔

Araneidan : (a) [mod.L."Araneida"] عنکبوت یا اس سے متعلق ؛ مکڑیلا ؛ مکڑیلا جنس کا ۔

Araneiform : (a) عنکبوت کی شکل کا ۔

Araneologist : (n) عنکبوت شناس ۔

Araneose : (n) [L."araneosus",f."aranea"] دیکھو Arachnoid

Arango : (n) عقیق کا مالا پہلے جو بمبئی سے برآمد کیا جاتا تھا اور پھر وہاں سے اسے افریقہ دوبارہ برآمد کر دیا جاتا تھا ۔

Araphorostic / Araphostic : (a) بغیر سلا ہوا ؛ بے غیر بخیے کا ۔

Araucaria : (n) [Arauco,name of a province of Chilli] چلّی (جنوبی امریکہ) کے صوبہ اراکو کا صنوبر کی قسم کا درخت ؛ اراکوئی صنوبر ۔

Araucarian : (a) اراکوئی صنوبر کا ۔

Arbalest / Arbalist / Arblast : (n) (۱) کل کمان ؛ کل دار کمان ؛ وہ کمان جس کا چلہ ایک کل سے کھینچا اور چھوڑا جاتا ہے ؛ منجنیق ۔ (۲) ستاروں کی دوری ناپنے کا آلہ جس سے ستاروں کا ارتفاع ناپا جاتا ہے ۔

Arbalestry : (n) منجنیق سے تیر چلانے یا پتھر وغیرہ پھینکنے کا عمل ۔

Arbiter : (n) [L."ad-+betere","bitere"] (۱) منصف ؛ جج ؛ فیصلہ کرنے والا ؛ (تاریخ و سیاسیات) ثالث ۔ (۲) حکم ؛ ثالث ؛ پنچ ۔ (۳) مختار کل ؛ سیاہ و سفید کا مالک ۔

Arbitrage : (n) [Fr."arbitrer"] ہنڈی کا کاروبار ؛ ہنڈی کا بیوپار ۔

Circuitous arbitrage : (تجارت) چکر دار آربی ٹریج ۔

Compound arbitrage : (تجارت) مخلوط تجارت ۔

Securities arbitrage : (تجارت) سیکورٹی آربی ٹریج ۔

Simple arbitrage : (تجارت) سادہ آربی ٹریج ۔

Arbitrage in bullion : (تجارت) صولجان میں آربی ٹریج ۔

Arbitrage operation : (n) (تجارت و معاشیات) آربی ٹریج عمل ۔

Arbitrage securities : (n) (تجارت) سیکورٹی آربی ٹریج ۔

Arbitragist : (n) ہنڈی کا کام کرنے والا ۔

Arbitral : (a) [L."arbitralis"] ثالثانہ ؛ پنچایتی ؛ ثالثی کے متعلق ؛ خواہش کی تعمیلی شرط پر ۔

Arbitral award : (n) (تاریخ و سیاسیات) فیصلہ ثالثی ۔

Arbitrament / -ement : (n) [OF."arbitrement"] (۱) ثالثی فیصلہ ؛ پنچایتی فیصلہ ؛ بذریعہ ثالث کسی کارروائی کا فیصلہ ۔ (۲) ناطق فیصلہ ؛ حکم محکم ؛ حکم آخر ؛ (تاریخ و سیاسیات) ثالثی ۔

Arbitrarily : (adv) بے اصولی کے ساتھ ؛ بے قاعدگی سے ؛ بے باکانہ ؛ مستبدانہ طور پر ۔

Arbitrarily chosen : (a) (ریاضی) اختیاری چیدہ ۔

Arbitrariness : (n) (تاریخ و سیاسیات) من مانی ؛ بے اصولی ؛ استبدادیت ؛ مطلق العنانی ۔

Arbitrary : (a) [L."arbitrarius",f."arbiter"] (۱) بے قاعدہ ؛ من مانا ؛ بے اصولی ۔(۲) بے روک ٹوک ؛ بے باکانہ ؛ بے دھڑک ؛ ظالمانہ ؛ خود مختارانہ ؛ مستبدانہ ؛ (لسانیات) خود اختیاری ؛ (تجارت) خود مختارانہ ؛ من مانی ؛ (طبیعیات) من مانی ؛ (ریاضی) اختیاری ۔

Arbitrary connection : (n) (لسانیات) خود اختیاری تعلق ۔

Arbitrary constant : (n) (طبیعیات) من مانی کونس ٹنٹ ؛ (ریاضی) اختیاری مستقل ۔

Arbitrary function : (n) (طبیعیات) من مانی فنکشن ؛ (ریاضی) اختیاری تفاعل ۔

Arbitrary number : (n) (ریاضی) اختیاری عدد ۔

Arbitrary origin : (n) (طبیعیات) من مانی ابتدا ؛ (ریاضی) اختیاری مبدا ۔

Arbitrary parameter : (n) (طبیعیات) من مانی پیرا میٹر ؛ (ریاضی) اختیاری پیرا میٹر ۔

Arbitrary point : (n) (طبیعیات) من مانی نقطہ ؛ (ریاضی) اختیاری نقطہ ۔

Arbitrary prorate : (n) (تجارت) خود مختارانہ تناسب ؛ من مانا تناسب ۔

Arbitrary symbol : (n) (لسانیات) خود اختیاری علامت ۔

Arbitrary unit : (n) (طبیعیات) من مانی اکائی؛ (ریاضی) اختیاری یونٹ ۔

Arbitrate : (v) [L."arbitrat-","arbitarari"] حکم ماننا ؛ ثالث بنانا ؛ ثالثی سے فیصلہ کرنا ؛ جج بن کر فیصلہ کرنا ۔

Arbitrated : (a) ثالثی سے طے کیا ہوا ۔

Arbitrated exchange rate : (تجارت) ثالثی شرح مبادلہ ۔

Arbitration : (n) [L."arbitrationem"] پنچایتی فیصلہ ؛ وہ فیصلہ جو بذریعہ حکم کیا جائے ؛ (تاریخ و سیاسیات) ثالثی ؛ (سماجیات) ثالثی فیصلہ ۔

Commercial arbitration : (سماجیات) تجارتی ثالثی فیصلہ ۔

Compulsory arbitration : (سماجیات) لازمی ثالثی فیصلہ ۔

Industrial arbitration : (سماجیات) صنعتی ثالثی فیصلہ ۔

International arbitration : (سماجیات) بین الاقوامی ثالثی فیصلہ ۔

Voluntary arbitration : (سماجیات) رضا کارانہ ثالثی فیصلہ ۔

Arbitration of Exchange : (تجارت) ثالثی شرح تبادلہ ؛ تعین شرح تبادلہ ؛ دو رائج زروں کے بالواسطہ مبادلے کی شرح مقرر کرنا ۔

Arbitration tribunal : (n) (تاریخ و سیاسیات) ثالثی ٹریبونل ؛ ثالثی عدالت ۔

Arbitrator : (n) [L."arbitratorem"] ثالث ؛ حکم ؛ پنچ ؛ بچولیا ؛ (تاریخ ، سیاسیات ، سماجیات و انتظامیہ) ثالث ۔

Arbitratorship : (n) ثالث یا حکم کا ہونا ؛ پنچ ہونا ۔

Arbitress : (n) (۱) ثالثہ ؛ پنچ ؛ حاکم عورت ؛ بیچ بچاؤ کرنے والی ۔(۲) مختار کل ؛ سیاہ و سفید کی مالک ۔

Arbor : (n) [F."arber", L."arbor"] (۱) مشین کا ٹیکہ ؛ کل ٹیک سہارا ۔(۲) دھرا ؛ دھری ؛ محور ۔

Arbor : (n) درخت کے معنی ہوتا ہے اور نباتیات اور کیمیا میں اس سے کئی نام بنتے ہیں جیسے Arbor judae= درخت ارغوان ؛ (کیمیا) Arbor bianae= شجر نما شکل جو پارہ کو چاندی کے نائٹریٹ کے محلول میں ڈالنے سے بنتی ہے ؛ سایہ دار گھاس کا قطعہ ۔

Arbor-Day : (n) درخت کاری کا دن ۔ بن مہتسو ؛ یوم شجر کاری ۔

Arbor vitae : (n) [L.] (۱) سدا بہار جھاڑی ؛ شجریات ۔ (۲) (طبیعیات) مغز کے طولی تراش کی درخت نما شکل ۔

Arboraceous : (a) (۱) شجرنما ؛ شجر کا سا ؛ شجر کی طرح ؛ روکھ سا ۔ (۲) جس میں درخت اگتے ہوئے ہوں ؛ شجردار ؛ درختوں والا ۔

Arboreal : (a) [L."arboreus"+-AL] درخت کا ؛ شجر کا ؛ شجر سے متعلق ؛ شجری ؛ روکھ باسی ۔

Arboreal theory : (n) (تاریخ) نظریہء اشجار ۔

Arboreous : (a) (۱) شجر دار ۔ (۲) شجری ؛ درخت کے متعلق ۔ (۲) درخت سا ؛ شجر نما ؛ شجر سا ؛ درخت کی طرح (شکل و نمو کے اعتبار سے) ۔

Arborescence : (n) شکل شجری ۔

Arborescent : (a) [L."arborescentem"] (۱) شجر نما ؛ شجر صفت ؛ شجر سا ؛ درخت کی طرح (شکل و نمو کے اعتبار سے) ۔ (۲) (تعمیر) شاخ دار ؛ شاخ سا ۔

Arborescently : (adv) درختوں کی طرح سے ؛ شاخ دار طرز سے متعلق ۔

Arboretum : (n) [L.] باغ فلاحتی ؛ درختستان علمی ۔

Arboriculture : (a) شجریاتی ؛ پیڑ لگانے کے متعلق ۔

Arboriculture : (n) [L."arbor+cultura"] علم الاشجار ؛ شجریات ؛ درخت اور جھاڑیوں کی کاشت ؛ درخت لگانے کا فن ؛ درخت کاری ؛ شجر کاری ۔

Arboriculture Officer : (n) (انتظامیہ) افسر شجریات ۔

Arboriculturist : (n) (انتظامیہ) ماہر شجریات ؛ ماہر علم الاشجار ؛ درخت لگانے کے فن کا ماہر ۔

Arborist : (n) [Fr."arboriste"] (۱) درخت شناس ؛ جڑی بوٹیوں کا ماہر ؛ شجر کار ۔ (۲) درخت لگانے کے فن کا طالب علم ۔

Arborization : (n) (۱) (معدنیات و کیمیا) شجر نما قلمیں ؛ وہ درخت کی سی شکل جو قلموں کے اجتماع سے پیدا ہو جاتی ہے ۔ (۲) (تشریح) شعری نسوں کی شجری اشکار ؛ تشجیر جال ؛ نسا جال یعنی وہ درخت کی سی شکلیں جو اندرونی یا بیرونی طور پر شعری نسوں کے پھولنے کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہیں ۔

Arborize : (v) [L."arbor"] درخت سا بنانا ۔

Arborized : (a) درخت سا بنا ہوا ۔

Arborous : (a) شجر دار ؛ شجر کا ؛ شجر سے متعلق ۔

Arbour : (n) [ME."(h)erber",L."berbarium"] منڈوا ؛ کنج (جو درختوں اور بیلوں کے سایہ سے بن جاتا ہے) ؛ شجر پوشہ ۔

Arboured : (a) شجر پوش (کاشانہ) ؛ درخت سے ڈھکا ہوا ۔

Arbuscle : (n) [L."arbuscula"] (۱) ایک بونا درخت ؛ درخت نما جھاڑی ؛ شجرک ؛ پودا ۔ (۲) پتوں کے روئیں دار جھالر کا گچھا ۔

Arbuscular : (a) گچھے دار ۔

Arbutus : (n) [L.] سدا بہار درختوں کی ایک جنس جس میں Strawberry بھی شامل ہے ؛ توت فرنگی ۔

Arc : (n) [L."arcum (arcus)"] (۱) قوس ؛ دائرے یا کسی اور خط منحنی کے محیط کا ٹکڑا ؛ (ریاضی) قوس ۔(۲) وہ حصہ جو دو متوازی خطوط منحنی کے درمیان ہو ؛ قوس ۔ (۳) (برقیات) قوس ؛ (طبیعیات) کمان ؛ آرک ؛ قوس ۔ (٤) وہ قوس جس پر آفتاب، ماھتاب وغیرہ طلوع سے غروب تک متحرک رھتے ہیں ۔

Diurnal arc : قوس نہار ؛ قوس روز ؛ قوس آفتاب ۔

Nocturnal arc : قوس شب ؛ قوس لیل ؛ قوس ماھتاب ۔

Arc bounding : (n) (طبیعیات) پابند آرک ۔

Arc carbon : (n) (طبیعیات و کیمیا) آرک کاربن ؛ قوس کاربن ۔

Arc conjugate : (n) (طبیعیات) آرک متحدہ ۔

Arc lamp : (n) (طبیعیات) آرک لیمپ ؛ قوس لیمپ ۔

Arc light : (n) قوس روشنی ۔

Arc major : (n) (طبیعیات) آرک اکبر ؛ (ریاضی) قوس اکبر ۔

Arc mercury : (n) قوس سیمابی ۔

Arc minor : (n) (طبیعیات) آرک اصغر ؛ (ریاضی) قوس اصغر ۔

Arc sine distribution : (شماریات) قوسی سائن بٹاؤ ؛ قوسی سائن تقسیم ۔

Arc spectrum : (n) (طبیعیات) آرک اسپیکڑم ؛ (کیمیا) قوس لطیف ۔

Arc stream : (n) قوسی دھارا ۔

Arcade : (n) [L."arcata",L."arcus"] (۱) چھتہ ؛ وہ رستہ جس پر محراب بنی ہو ؛ گذر گاہ طاقت دار ؛ (تاریخ و سیاسیات) چھتہ ۔ (۲) چھت دار راستہ ؛ مسقف راستہ ؛ خاص کر وہ جس کے ایک یا دونوں طرف دکانیں ہوں ۔ (۳) (تعمیر) ہم سطح محرابوں کا سلسلہ ؛ چھتہ ؛ محرابستان ؛ (تشریح) محرابی هڈی ۔

Arcade : (v) چھت دار راستہ بنانا ؛ مسقف راستہ بنانا ؛ محراب بنانا ۔

Arcaded : (a) چھتہ دار ؛ محرابوں والا ۔

Arcades ambo : (فقرہ) دونوں بدمعاش ۔

Arcadian : (a & n) [L."arcadius"] آرکادی ؛ دیہاتی ؛ کامل دیہاتی (قدیم یونان کے علاقے آرکادیا کا جہاں کےلوگوں کا سادہ تمدن مشہورتھا) ؛ مثالی طور پر قصباتی/دهقانی/دیہاتی ۔

Arcadian : (a) محراب / چھتہ دار راستہ کا یا اس سے متعلق یا بنایا ہوا ۔

Arcadianism : (n) شبانی معصومیت / سادگی ۔

Arcadianly : (adv) دیہاتی طور طریقے سے ؛ دیہاتی سادہ لوحی سے ۔

Arcading : (n) آرائشی چھت ؛ نقش و نگار والی سلسلہ وار محرابیں ۔

Arcady : (n) [L."arcadia"] دیکھو Arcadian ؛ دهقانی فردوس ۔

Arcanal : (a) [L."arcanus"] پوشیدہ ؛ خفیہ ؛ مخفی ؛ بھید ؛ راز ۔

Arcane : (a) اکسیری ؛ کیمیا گری کا راز یا اس سے متعلق ؛ پر اسرار ۔

Arcanum : (n) [L.] (۱) کوئی پوشیدہ چیز ؛ گہرا راز ؛ اسرار ؛ بھید ۔ (۲) (کیمیا گری) قدرت کا ایک بڑا راز ؛ اکسیر ؛ کیمیا ؛ راز ؛ ایک معجزہ اثر دوا ؛ راز کیمیا گر ۔

Arch : (n) [L."arca"] محراب ؛ کمان ؛ قوس ؛ طاق ؛ (تاریخ و سیاسیات) محراب ۔ (۲) خم دار در ۔ (۳) قالب دار چھت ۔ (٤) آسمان ۔

Court of Arches : Canterbury کے صوبہ کی کلیسائی عدالت اپیل چوں کہ اس کے مینار کا بوجھ محرابوں پر تھا ۔

Arch : (v) [OFr."archer"] (۱) محراب بنانا ؛ کمان بنانا ۔ (۲) چھانا ؛ محراب باندھنا ؛ محراب کاقالب باندھنا ؛ ڈاٹ لگانا ۔

Arch : (a) چھٹا ہوا ؛ پرلے درجے کا ؛ پرلے سرے کا (عیار چالاک، مکار، شوخ، چنچل، شریر، بد معاش) ۔

Arch-bishop : (n) [OE."heah-biscop"] اسقف اعظم ؛ صدر اسقف ؛ لاٹ پادری ؛ (تاریخ و سیاسیات) آرچ بشپ ۔

Arch-brick : (n) وہ گاؤ دم اینٹ یا پتھر جو محراب کی تعمیر میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Arch-buttress : (n) محراب دار پشتہ ۔

Arch-chamberlain : (n) حاجب خاص ؛ حاجب باشی ۔

Arch-chanter : (n) مناجات خانوں کا ھادی / رھنما ؛ پیش آھنگ ۔

Arch-enemy : (n) (۱) خاص دشمن ؛ بڑا دشمن ۔ (۲) شیطان ؛ ابلیس ۔

Arch-fiend : (n) شیطان ؛ ابلیس ۔

Arch-flamen : (n) [med.L."archiflamen"=archiepiscopus] اسقف اعظم ۔

Arch-foe : (n) شیطان ؛ ابلیس ۔

Arch-heresy : (n) بنیادی اور انتہائی ارتداد ۔

Arch-heretic : (n) ارتداد کا بانی اور رھنما ؛ مرتد اول ۔

Arch-house : (n) آسٹریلیا کے آرچ ڈیوک کا مکان ۔

Arch-prelate : (n) اسقف اعظم ۔

Arch-presbyter : (n) دیکھو Archpriest ؛ کشیش اعلا ۔

Arch-see /-sea : (n) آرچ ڈیوک کی جاگیر ۔

Arch-stone : (n) وہ گاؤ دم اینٹ یا پتھر جو محراب کی تعمیر میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ڈاٹ پتھر ۔

Arch-traitor : (n) سب سے بڑا باغی ؛ خاص کر شیطان یا جودا اسکاریوٹ ۔

Arch-type : (a) (تاریخ و سیاسیات) محرابی ۔

Arch-villain : (n) بڑا بد معاش ؛ بد معاشی کا سر گروہ ۔

Arch-window : (n) (تاریخ و سیاسیات ، تعمیرات) محرابی دریچہ ۔

Arch-work : (n) محراب دار ساختمان ؛ محراب کاری ۔

Archaean : (a) [Gr."archaeos"+-AN] طبقات الارض کے ابتدائی عہد کا ؛ پراچینی ؛ قدیم ترین ؛ اولین عصری ۔

Archaeo-: [Gr."archaes"] جزو ترکیبی بمعنی 'قدیم ابتدائی' ۔

Archaeogeology : (n) کائنات کی تاریخ کا قدیمی عہد ۔

Archaeographical : (a) [Gr.see next] آثار قدیمہ کی تشریح سے متعلق ۔

Archaeography : (n) [ARCHAEO+ Gr."graphia"] آثار قدیمہ کی منظم تشریح ۔

Archaeolatry : (n) (تاریخ) آثار پرستی ۔

Archaeolithic : (a) (۱) (تاریخ) پرانا پتھر کے زمانہ کا ۔ (۲) (نباتیات) قدیمی سنگی اوزار کا یا اس سے متعلق جو قبل تاریخ کا انسان استعمال کرتا تھا ۔

Archaeologic : (a) [Gr."archaeologicos"] اثری ؛ آثار قدیمہ سے متعلق ؛ (تاریخ و سیاسیات) آثاری ۔

Archaeological : (a) دیکھو Archaeologic

Archaeological officer : (n) (انتظامیہ) افسر آثار قدیمہ ۔

Archaeological time : (n) (تاریخ) آثاری زمانہ ۔

Archaeologically : (adv) اثریانہ ؛ آثار قدیمہ کی رو سے ۔

Archaeologist / Archaeologer / Archaeologian : (n) (تاریخ و سیاسیات) ماہر آثار قدیمہ ؛ اثریات داں ؛ اثری ؛ (انتظامیہ) آثار قدیمہ کا ماہر ؛ ماہر اثریات ۔

Archaeology : (n) [Gr."archaeologia"] عہد قدیم کی تاریخ ؛ آثارقدیمہ کا باقاعدہ مطالعہ ؛ قبل تاریخ کے زمانے کی باقیات اور اثریات کا علمی مطالعہ ؛ (تاریخ و سیاسیات و انتظامیہ) علم آثار قدیمہ ؛ علم اثریات ۔

Aarchaeomagnetism : (n) (تاریخ) آثاری مقناطیسیت ۔

Archaeopteryx : (n) [ARCHAEO+Gr."pteryx"] ذو فقاردم والا ؛ سب سے قدیم معلوم متحجر پرندہ ؛ اولیں طائر ۔

Archaeostomatous : (a) جنین کے کناروں پر کے غلاف کا ابتدائی سوراخ رکھنے والا ؛ اولیں دہنہ ۔

Archaeozoic : (a) زمین پر کے قدیم ترین جاندار کے عہد کے متعلق ؛ اولیں حیاتیہ ۔

Archaic : (a) [Gr."archaicos"] (۱) پرانا ؛ ابتدائی ؛ فرسودہ ؛ فرسودہ ؛ قدیم ؛ دقیانوسی ؛ اولی ۔ (۲) (زبان کے متعلق) متروک ؛ متروک الاستعمال ؛ نادرالاستعمال ۔ (۳) (فلسفہ و نفسیات) متروکہ ؛ فرسودہ ؛ (لسانیات) فرسودہ ۔

Archaic civilization : (n) (سماجیات) قدیمی تمدن ۔

Archaic smile : (n) (تاریخ) آثاری تبسم ؛ قدیم یونان میں بتوں کی مسکراہٹ کی کیفیت ۔

Archaically : (adv) شاذ طور پر ؛ شاذ و نادر ۔

Archaism : (n) [Gr."archaismos"] (۱) دقیانوسیت ؛ قدامت پسندی (خاص کر زبان اور فن میں) ۔ (۲) متروک لفظ یا محاورہ ؛ وہ عبارت یا کلام جس میں کہنہ یا متروک الفاظ مستعمل ہوں ؛ (فلسفہ و نفسیات) متروکہ لفظ ؛ متروکہ طرز ؛ (لسانیات) فرسودیت ؛ (تاریخ و سیاسیات) متروک الفاظ کا استعمال ؛ آثاریت ۔

Archaist : (n) متروک پسند ؛ متروک الفاظ استعمال کرنے والا ؛ (تاریخ و سیاسیات) قدامت پسند ۔

Archaistic : (a) متروکی ؛ متروکات سے متعلق ؛ (تاریخ و سیاسیات) قدامت پرستانہ ۔

Archaize : (v) [Gr."archaizin"] (۱) (تکلف سے) متروک (پرانے) ڈھنگ کی عبارت لکھنا ؛ متروک لفظوں کا استعمال کرنا ۔ (۲) متروک بنانا یا قرار دینا ۔

Archangel : (n) [Gr."archangelos"] (۱) رئیس الملائکہ ؛ فرشتوں میں سب سے بڑا ؛ ملک مقرب ؛ مقرب فرشتہ و فرشتۂ اعظم۔ (۲) ایک خاردار پودا جسکو چھونے سے جلن پیدا ہوتی ہے ؛ انجلیق۔ (۳) ایک قسم کا کبوتر۔

Archangelic / Archangelical : (a) سب سے بڑے فرشتے کا۔

Archangelship : (n) مقرب فرشتے کا عہدہ۔

Archanthropic : (a) (تاریخ و سیاسیات) آثاری انسان سے متعلق۔

Archbishop : (v) کسی کو اسقف اعظم بنانا / کہنا۔

To archbishop it : اسقف اعظم کی طرح کام کرنا۔

Archbishopess : (n) زوجۂ اسقف اعظم۔

Archbishophood / Archbishopship : (n) اسقف اعظم کا عہدہ۔

Archbishopling : (n) اسقف خرد ؛ چھوٹا اسقف۔

Archbishoply : (adv) اسقف اعظم کے طور پر ؛ اسقف اعظم کی حیثیت سے۔

Archbishopric : (n) (تاریخ و سیاسیات) آرچ بشپ کا حلقہ ؛ اسقفی مقام ؛ اسقف اعظم کی جائے سکونت یا دفتر ؛ عہدہ ؛ حلقۂ اسقف اعظم۔

Archdeacon : (n) [L."archidiaconus"] سر شماس ؛ مذہبی عہدہ دار جس کا درجہ اسقف کے نیچے ہوتا ہے۔

Archdeaconate : (n) Archdeacon کا درجہ۔

Archdeaconess : (n) Archdeacon کی بیوی۔

Archdeaconry : (n) Archdeacon کی جائے سکونت، عہدہ، دفتر یا اس کا حلقہ اقتدار یا ماتحت علاقہ۔

Archdeaconship : (n) Archdeacon کا عہدہ۔

Archdean : (n) گرجا یا دانش کدہ یا جامعہ کا ناظم اعلا۔

Archdiocese : (n) اسقف اعظم کا ماتحت علاقہ۔

Archducal : (a) Archduke کا۔

Archduchess : (n) [Fr."arche-","archiduchesse"] Archduke کی بیوی ؛ شہنشاہ اطریش کی بیٹی ؛ دختر بادشاہ اطریش۔

Archduchy : (n) [L."archiducatus"] Archdukn کا ماتحت علاقہ۔

Archduke : (n) [L."archiducem"] ڈیوک بزرگ ؛ پہلے آسٹریشیا ، آسٹریا وغیرہ کے حکمران کو کہا جاتا تھا اب بادشاہ اطریش کے لڑکے کا محض لقب ہے۔

Archdukedom : (n) Archduke کا ماتحت علاقہ۔

Arche : (n) [Gr."arche"] (۱) مبدا ؛ اصل اولیہ۔ (۲) عنصر اولیہ ؛ اول۔

Arched : (a) محراب دار ؛ محرابی ؛ طاق دار ؛ مقوس۔

Arched construction : (n) (تاریخ) محرابی تعمیر۔

Archegay : (n) [Arab.] آہنی نوک والا چوبی نیزہ ، تیر ؛ لکڑی کا نیزہ جو افریقی حملہ کے وقت استعمال کرتے ہیں۔

Archegenesis : (n) تولید اول۔

Archegonial : (a) بن پھلیا پودوں کے زنانہ عضو تناسل سے متعلق۔

Archegonium : (n) [Gr."archegonos"] بن پھلیا پودوں کا زنانہ عضو تناسل۔

Archeion : (n) (تاریخ و سیاسیات) آرکی آن ؛ قدیم یونان میں فوجداری عدالت کا کمرہ۔

Archelogy : (n) [Gr."arche"+ -LOGY] علم اصول اولیہ ؛ بنیادی عناصر کا سائنسی مطالعہ ؛ اولیات۔

Archer : (n) [L."arcarium",f."arcus"] (۱) تیر انداز ؛ کمان دار ؛ (تاریخ و سیاسیات) تیر انداز۔ (۲) قوس ؛ رامی ؛ نواں برج۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی جونزدیک میں ٹھہرے ہوئے کیڑوں پر تیز دھار پھینکتی ہے۔

Archeress : (n) زن تیر انداز۔

Archership : (n) تیر انداز کا عہدہ۔

Archery : (n) [OF."archerie" f."archier"] (۱) فن تیر اندازی ؛ تیر اندازی۔ (۲) آلات تیر اندازی۔ (۳) تیر اندازوں کا دستہ۔

Arches : (n) جہاز رانوں کی اصطلاح میں مجمع الجزائر کا نام۔

Archetypal : (a) [L."archetypum"] اصل ؛ بنیادی ؛ اولین ۔

Archetypally : (adv) اصلاً ؛ ابتداً ۔

Archetypation : (n) (لسانیات) آرکی ٹائپانا ۔

Archetype : (n) [Gr."archetypon"] (۱) (فلسفہ و نفسیات) صورت اولیٰ ؛ آرکی ٹائپ ۔ (۲) نقش اول ؛ اصل ؛ اُم ؛ ابتدائی نمونہ ؛ مثل اولیٰ ۔ (۳) منضبط اور منظم مخلوق کے ہر بڑے شعبے کی بنیادی ساخت کا مثالی و خیالی نمونہ ۔

Archetypist : (n) (۱) ابتدائی نمونوں کے متعلق تحریروں کا مطالعہ کرنےوالا ۔ (۲) ابتدائی طباعت کا مطالعہ کرنے والا ۔

Archeus : (n) [Gr."archaeos"] Paracelsus کی رو سے وہ غیرمادی عناصر جو حیوانی اورنباتاتی تنظیم کے افعال کو پیدا کرتے ہیں اور انہیں باقاعدہ کرتے ہیں ؛ قوت زندگی/ حیاتی ۔

Archi- : جزو ترکیبی بمعنی (۱) اعلا ۔ (۲) ابتدائی، بنیادی ، اصلی ۔

Archiater : (n) [Gr."archi+iatros"] طبیب خاص ؛ شاہی طبیب یا طبیب درباری ۔

Archiblast : (n) (۱) وہ متقاطع پتر جو بعض قسم کی گھاس کے جنین پر رہتا ہے ۔ (۲) پردہ جنین کی سب سے اوپر کی پرت ۔

Archidiaconal : (a) [L."archidiaconus"+ AL] Archideacon سے متعلق ۔

Archididascalian /-ine : (a) مدرس اعلا کا یا اس سے متعلق ۔

Archididascalus : (n) اسکول کا ہیڈ ماسٹر ؛ مدرس اعلا ۔

Archiepiscopacy : (n) [L."archiepiscopus"] اسقف اعظم کے ذریعہ کلیسائی حکومت کا طریقہ ۔

Archiepiscopal : (a) اسقف اعظم سے متعلق ؛ صدر اسقفی ۔

Archiepiscopalship : (n) اسقف اعظم کا عہدہ ۔

Archiepiscopality : (n) صفت اسقف اعظم ؛ اسقفیت ۔

Archiepiscopate : (n) اسقف اعظم کے عہدہ کی مدت ۔

Archigony : (n) [ARCHI-+Gr."gonia"] Abiogenesis دیکھو

Archil : (n) [OF."orchel","orcheil"] بنفشی رنگ (جو مختلف قسم کی بناس پتیوں سے نکالا جاتا ہے ؛ بناسپتی رنگ ؛ نباتی رنگ ۔

Archilochian : (n) [Gr."archilochos"] Imbic meter کے موجد Archilochus کے متعلق یا Archilochus سے ماخوذ یا Archilochus کا ۔

Archimage : (n) [ARCHI-+L."magus"] بڑا جادوگر ؛ جادوگر ؛ پیر مغاں ؛ موبد موبداں ؛ امام آتش پرستاں ۔

Archimandrite : (n) [Gr."archi+mandra"] صدر مہنت ؛ رئیس خانقاہ ؛ یونانی کلیسا میں خانقاہ کا ناظم ۔

Archimedean : (a) [L."archimedens"+-AN] ارشمیدی ؛ ارشمیدس کا ایجاد کیا ہوا یا اس سے متعلق یا اس کا ۔

Archimedean screw / Archimedes screw : (n) ارشمیدی پیچ (ایک آلہ ہوتا ہے جس میں ایک نلکی پیچ کی شکل میں استوانے کی گرد لپیٹ دی جاتی ہے اور اس کے ذریعہ پانی چڑھایا جاتا ہے) ۔

Archimedes : (n) [Gr. prop. name] شہر سرا کیوس کا ایک مشہور ریاضی داں ؛ آرکیمیڈیز ۔

Archimime : (n) [L."archimimus"] (۱) مسخرا ؛ ہنسوڑ ۔ (۲) وہ بھانڈ جو رومی جلوس میں جنازہ میں مردہ کی نقل کرتا تھا ۔

Archimorpheme : (لسانیات) آرکی صرفیہ ۔

Archinephric : (a) ابتدائی حالت کے گروہ کا ۔

Archinephron : (n) ابتدائی حالت میں گروہ ۔

Arching : (n) محراب بنانے کا عمل ؛ محراب دار تعمیر ؛ محرابی کجی ؛ طاق نما ۔

Archipelagian / Archipelagic : (n) مجمع الجزائری ؛ کثیر الجزائری ۔

Archipelago : (a) [It."arcipelago",f."arci+pelago="+pelagus.] (۱) بحر ایجین ؛ بحر کثیر الجزائر ۔ (۲) ایسا سمندر جس میں متعدد جزیرے ہوں ۔ (۳) مجمع الجزائر ؛ ٹاپوؤں کا جھنڈ ۔

Archiphoneme : (n) [archi+phoneme] (لسانیات) آرکی صوتیہ ۔

Archiplasm : (n) ایک فرضی قدیم مایہ ؛ اولین مایہ ۔

Archipterygian : (a) ابتدائی فلس کا یا پر کا ۔

Archipterygium : (n) ابتدائی پر یا فلس ۔

Architect : (n) [L."architectus"] (۱) فن عمارت کا ماہر ؛ خاکہ انداز ؛ فن تعمیر کا ماہر ؛ عمار ؛ طراح ؛ (انتظامیہ) فن عمارت کا ماہر ؛ (طبیعیات) فن کار تعمیر ؛ (تاریخ و سیاسیات) آرکی ٹیکٹ ؛ ماہر فن تعمیر ۔ (۲) میر عمارت جو نقشے تجویز کرتا ہے اور کام کی نگرانی کرتا ہے ۔ (۳) معمار ؛ موجد ؛ کرتا (خاص کر خالق) خلاق عالم ۔ (٤) (مجازاً) بنانے والا ؛ کارساز ؛ تعمیر کن ۔

Naval architect : جہاز سازی کا کام کرنے والا ۔

Architective : (a) معمارانہ ؛ تعمیری ؛ فن تعمیر کے متعلق ۔

Architectonic : (a) [L."architectonicus"] (۱) عمارتی ؛ معمارانہ ؛ تعمیری یا معمار کے متعلق ۔ (۲) تعمیری (تخریبی کی ضد) ؛ اصلاحی ۔ (۳) نگراں کارانہ ؛ ناظمانہ ۔ (٤) متعلق بہ تنظیم علوم ؛ (فلسفہ و نفسیات) تشکیلی نقشہ ؛ نقشہ ۔

Architectonical : (a) دیکھو Architectonic

Architectonically : (adv) تنظیم علوم کی بہ نسبت ۔

Architectonics : (n) علم تنظیم العلوم ؛ تعمیر کا علم ۔

Architectress : (n) زن معمار ؛ معمار عورت ۔

Architectural : (a) عمارتی ؛ تعمیری ۔

Architectural acoustics : (n) (طبیعیات) تعمیری سمعیات ۔

Architectural assistant : (n) (انتظامیہ) معاون خاکہ انداز (فن تعمیر) ۔

Architectural remains : (n) (تاریخ) فن تعمیر کے آثار ؛ باقیات فن تعمیر ۔

Architecturalist : (n) فن تعمیر کا پیشہ ور / مبصر ۔

Architecturalization : (n) تعمیر کی غرض سے کام نکالنے والا ۔

Architecturalize : (v) تعمیری اغراض یا نقشے سے منطبق کرنے والا ۔

Architecturally : (adv) فن تعمیر کی رو سے ۔

Architecture : (n) [L."architecture",f."architectus"] (۱) علم تعمیر ؛ فن عمارت سازی کا کام ۔ (۲) عمارت ؛ تعمیر جو بنائی جائے ۔ (۳) طرز تعمیر ؛ طرزعمارت ۔ (٤) تعمیر ؛ عمارت سازی ؛ عمارت بنانا ؛ (طبیعیات) فنکاری تعمیر ؛ فن تعمیر ؛ علم تعمیر ؛ (تاریخ و سیاسیات) فن تعمیر ۔

Monumental architecture : (تاریخ) یادگاری تعمیر ۔

Architecture : (v) معمار کی حیثیت سے نقشہ بنانا ۔

Architrave : (n) [ARCHI-+trave :-L."trabem"] (۱) سریتر ؛ سر ستون ؛ (تاریخ و سیاسیات) سر غول ۔ (۲) دروازے یا دریچے کے آس پاس کے حصے ۔ (۳) محراب کے بیرونی نقش و نگار ؛ وہ نقش و نگار جو کمانوں کی بیرونی جانب ہوتے ہیں ۔

Architraved : (a) نقش و نگار سے آراستہ ؛ سرغول سے بنا ہوا ۔

Architypographer : (n) طابع اعلیٰ ؛ دفتر طباعت کا نگراں ۔

Archival : (a) محافظ خانہ کا ؛ دفتر خانہ کا ۔

Archival holdings : (n) (تاریخ) محافظ خانہ کا اثاثہ ۔

Archive : (n) [L."archium","archivum"] (۱) محافظ خانہ ؛ دفتر خانہ ؛ جہاں سرکاری کاغذات رکھے جاتے ہیں ۔ (۲) پرانے کاغذات ؛ قدیم تاریخی دستاویزیں ؛ (تاریخ) محافظ خانہ ۔

Archive series : (n) (تاریخ) دستاویزوں کا سلسلہ ؛ سلسلۂ دستاویزات ۔

Archivist : (n) مہتمم محافظ خانہ ؛ محافظ دفتر ؛ پرانے دفتروں کا ناظم ۔

Archivolt : (n) [L."arcus"+"volta"] (۱) محراب کی اندرونی قوس (یا خم) جو دونوں داسوں کے درمیان ہو ۔ (۲) اندرونی قوس کے نقش و نگار ۔

Archlet : (n) ایک چھوٹی کمان ؛ کمانچہ ۔

Archlintol : (n) (تاریخ) محرابی سردل ۔

Archlintol bracket : (تاریخ) آرچلن ٹول بریکٹ ۔

Archlute : (n) [Fr."archiluth"] ایک لمبی بڑی رباب ۔

Archly : (adv) شوخی سے ؛ شیطانی سے شرارت سے ۔

Archness : (n) شوخی ؛ شرارت ؛ شیطنت ۔

Archology : (n) [Gr."arche"+-(o)LOGY] (۱) اشیاء کے مبداء کے متعلق عقیدہ ؛ نظریہ اولیات ۔ (۲) حکمرانی کا علم ؛ اصول حکومت ؛ علم حکومت ۔

Archon : (n) [Gr."archon"] (۱) آرکن ؛ ایتھنس کے نو مجسٹریٹوں میں سے ایک ؛ (تاریخ و سیاسیات) آرکن ۔ (۲) حاکم ؛ حکمراں ؛ صدر ۔ (۳) خدا سے نیچے درجہ کی طاقت جس کے بارے میں عارفوں کا عقیدہ ہے کہ اس نے دنیا بنائی ۔

Archon aponymos : (تاریخ) ارکان پانی موس ۔

Archon Basi Leus : (تاریخ) ارکن بسی لی اس ۔

Archon Polemarchos : (تاریخ) آرکن پولی مارکوس ۔

Archonship / Archontate : (n) آرکن کا عہدہ ؛ مدت حکومت ۔

Archontic : (a) آرکن سے متعلق ؛ ان عارفوں میں سے ایک جن کا عقیدہ تھا کہ دنیا کو آرکنتی نےتخلیق کیا ۔

Archpriest : (n) [L."arch+preslyter"] پادری ؛ نائب اسقف جو گرجا کا مہتمم بھی ہوتا ہے ؛ مہا پروہت ؛ ایک دیہات کے گرجے کا مہتمم ؛ (تاریخ و سیاسیات) صدر پادری ۔

Archway / Arch-ways : (n) محرابی راستہ ؛ کمانچہ ؛ چھتا ؛ محراب دار راستہ ؛ محراب دار مدخل ؛ (تاریخ، سیاسیات و تعمیرات) محرابی دروازہ ۔

Archwise : (adv) محراب کی طرح ؛ کمان کی طرح ۔

Arciform : (a) [L."arcus"+-FORM] کمان کی طرح خم ؛ کمان کی شکل کا ؛ محراب شکل ۔

Arcograph : (n) [L."arcus"+ -GRAPH] قوس ساز ؛ ایک آلہ جس سے مرکزی نقطہ کو استعمال کئے بغیر دائرہ کا قوس بناتے ہیں ؛ محراب نگار ۔

Arctation : (n) [L."arctare"] باہم نزدیک آنے کا عمل ؛ انقباض ۔

Arctic : (a) [Gr."arcticos"] قطب شمالی کا ؛ شمالی ؛ اتر کا ؛ (مجازاً) سرد ۔

Arctic circle : (n) دائرہ قطب شمالی، ۶۶°/۲۲ ۲/۱ دقیقہ (شمالی) کا متوازی خط جو شمالی منطقہ سرد شمالی کو جدا کرتا ہے ۔

Arctic Mongol : (n) (تاریخ و سیاسیات) آرکٹک منگول ۔

Arctic pole : (n) قطب شمالی ۔

Arctitude : (n) [L."arctitudo",f."ar(c)tus"] تنگی ۔

Arctogaeal : (a) [mod.L."Arctog"+-AL] زمین کے قطب شمالی علاقہ سے متعلق ۔

Arcual : (a) کمانی ؛ قوسی ۔

Arcuate : (a) [L."arcuatus","arcuare",f."arcus"] (۱) کمان کی طرح جھکا ہوا ؛ کمان نما ؛ کمانی ؛ قوسی ۔ (۲) قوس دار ؛ کمان دار ؛ محراب دار ؛ محرابی ۔

Arcuated : (a) کمانی ؛ قوسی ؛ محراب دار ۔

Arcuately : (adv) قوسی یا محرابی طرز سے ۔

Arcuation : (n) [late L."arcuationem"] (۱) محراب کی طرح کج ہونا ۔ (۲) عمارت سازی میں محراب استعمال کرنا ؛ محرابی کام ؛ محرابی عمارت ؛ سلسلہ محرابی ۔

Arcubalist : (n) دیکھو Arbalest

Arcubalister : (n) دیکھو Arbalest

Ard : (n) (تاریخ، سیاسیات و اثریات) کدالی ۔

Crook ard : مڑی ہوئی کدال ۔

Spade ard : بیلچہ نما کدال ۔

-ard : لاحقہ ؛ اسم فاعل بنانے میں کام آتا ہے خاص کر تحقیری اسماء جیسے Bastard ، Drunkard وغیرہ ۔

Ardeb : (n) [Arab] خشک چیزوں کو ناپنے کا ایک مصری پیمانہ ۔

Ardency : (n) [See next] گرمی ؛ جوش ؛ سرگرمی ؛ تندی ؛ مستعدی ۔

Ardent : (a)[ME."ardaunt",a.L."ardentum","ardere"] : (۱) گرم ؛ جلتا ہوا ؛ سرخ انگارا ؛ آتشیں ۔ (۲) تپانے والا ؛ شعلہ خیز ؛ سوزاں ۔ (۳) مستعد ؛ پر جوش ؛ پُر شوق ؛ سرگرم ۔ (٤) تند ؛ پر جوش ؛ جوش انگیز ؛ جوشیلا ۔

Ardent of spirit : الکحلی شرابیں ۔

Ardently : (adv) سرگرمی سے ؛ جوش سے ؛ مستعدانہ ۔

Ardour / Ardor : (n) [OF."ardour",L."ardorem",f."ardere"] (۱) شدت کی گرمی ؛ تیز گرمی ؛ شعلہ ۔ (۲) گرمی جذبات ؛ گرمئ شوق ؛ گرم جوشی ؛ پُر جوش جذبہ ؛ لگن ؛ دھن ؛ اشتیاق ؛ سرگرمی ؛ جوش ؛ حمیت ؛ غیرت ۔

Arduous : (a) [L."arduus"+ - OUS] (۱) ڈھلوان ؛ ڈھالو ۔ (۲) کٹھن ؛ دشوار ؛ سخت ؛ محنت طلب ؛ صعب الصعود ؛ سراشیب ۔ (۳) جوشیلا ؛ محنتی ؛ جان فشانی ؛ تندہی سے کام کرنے والا ؛ محنت شاقہ اٹھانے والا ؛ جفا کش ؛ زحمت کش ؛ تندہ ۔

Arduously : (adv) سختی سے ؛ دشواری سے ؛ محنت و سرگرمی سے ۔

Arduousness : (n) تندہی ؛ جوش ؛ سرگرمی ؛ سختی ؛ کٹھن پنا ؛ صعوبت ۔

Are : (n) [Fr.] فرانسیسی مربع پیمانے کی میٹری اکائی ؛ ایسا مربع جس کا ایک ضلع دس میٹر کا یعنی ۱۱۹۰٦ مربع گز ہو ۔

Are : ہوں ؛ ہیں ۔

Area : (n) [L.] (۱) اراضی ؛ زمین ؛ مساحت ۔ (۲) مسطح میدان ؛ ہموار زمین ۔ (۳) نشیبی صحن کا حصہ ؛ گھرا ہوا (آنگن) ۔ (٤) رقبہ ؛ (ریاضی، طبیعیات، سماجیات) علاقہ ؛ رقبہ ؛ حلقہ ۔ (٥) کسی نامیاتی شے کی سطح کا ایک محدود حصہ ۔ (٦) گنجائش ؛ وسعت ۔ (۷) گنجی ؛ چندیا ؛ (انتظامیہ) رقبہ ؛ علاقہ ؛ زمین ۔

Age area : (تاریخ و اثریات) رقبہ دور ۔

Culture area : (سماجیات) ثقافتی علاقہ ۔

Excavation area : (تاریخ و اثریات) کھدائی کا علاقہ ۔

Habitation area : (تاریخ) رہائشی علاقہ ۔

Interest area : (سماجیات) حلقۂ افادیت ۔

Lateral area : (طبیعیات) رقبہ بغلی ؛ (ریاضی) جانبی رقبہ ۔

Area commander : (n) (انتظامیہ) ایریا کمانڈر ۔

Area of attention : (تجارت) جائے توجہ ۔

Area of concentration : (تجارت) جائے مرکوز ۔

Area of conflict : (تاریخ و سیاسیات) دائرۂ اختلاف ؛ دائرۂ نزاع ۔

Area of isolation : (تاریخ و سیاسیات) علاحدگی کا علاقہ ۔

Area of management : (تجارت) دائرۂ انتظام ۔

Area of peace : (تاریخ و سیاسیات) دار الامن ؛ دائرۂ امن ؛ امن کا علاقہ ۔

Area of sympathy : (سماجیات) حلقۂ ہم دردی ۔

Area sampling method : (سماجیات) حلقہ طریقہ ؛ نمونہ سازی ۔

Area sneak : (n) وہ چور جو باورچی خانہ میں صحن کے دروازہ سے داخل ہو جائے ۔

Area statistics : (n) (طبیعیات) رقبہ شماریات ۔

Area study : (n) (سماجیات) علاقائی مطالعہ ۔

Areal : (a) [L."arealis"] رقبہ سے متعلق یا رقبہ کی طرح یا رقبہ کا ؛ (طبیعیات) رقبئی ۔

Areal acceleration : (n) (طبیعیات) رقبئی شرح رفتار ۔

Areal coordinates : (n) (طبیعیات) رقبئی سمتی قدریں ۔

Areal graph : (n) (طبیعیات) رقبئی گراف ۔

Areal linguistics : (n) =(Linguistic geography) (لسانیات) جغرافیائی لسانیات ۔

Areal prospecting : (n) (طبیعیات) رقبئی ذخیرہ انداز ۔

Areal sampling : (n) (طبیعیات) رقبہ کا نمونہ لینا ۔

Areality : (n) رقبہ کے بہ نسبت حالت ۔

Arear : (adv) عقب میں ۔

Areca : (n) [Tamil.] کھجوروں کی ایک قسم ؛ چھالیوں یا کسیلی کا درخت ۔

Areca nut : (n) فوفل چھالیا ؛ سپاری ؛ کسیلی ۔

Areek : (adv) غبار آلود ؛ بو دیتے ہوئے ؛ بد بو دار ۔

Arena : (n) [L."harena"] (۱) اکھاڑہ ؛ میدان ؛ دنگل ۔ (۲) (مجازاً) عرصہ کارزار ؛ میدان کارزار ؛ میدان عمل ؛ پیکار گاہ ؛ میدان معرکہ ۔ (۳) (طب) پیشاب سے ریت اور سنگریزے کا تہ نشین ہونا ۔

Arena theatre : (n) ایک تھیٹر جس میں اسٹیج بیچ میں ہوتا ہے اور لوگ اس کے چاروں طرف بیٹھتے ہیں ۔

Arenaceo- : جزو ترکیبی بمعنی " ریتیلی مٹی کا سا " ۔

Arenaceous : (a) [L."arenacens"] (۱) ریت کا سا ؛ ریگ آسا ۔ (۲) ریتیلا ؛ ریگستانی ؛ شن دار ؛ شنز دار ؛ ریگ زار ۔

Arenaria : (n) ایک چھوٹی جھاڑی کی جنس ۔

Arendalite : (n) دیکھو Epidote ؛ بہت سی بلوری چٹانوں میں پائی جانے والی ایک معدنی شے جو زیادہ تر چونا اور لوہے کے سلیکیٹ سے بنی ہوتی ہے ۔

Arenicolite : (n) [L."arenicola",f."arena+cola"+-ITE] کیڑوں سے بنا ہوا سوراخ جو ابتدائی طور پر ریت میں ہوتا ہے اور بعد میں ریتلے پتھر میں محفوظ ہو جاتا ہے ۔

Arenicolous : (a) ریت میں رہنے والا ؛ ریت کا ؛ ریگ نمو ؛ ریگ باش ۔

Arinilitic : (a) [F."arenilite"+IC] ریتیلا پتھر کا یا اس سے متعلق ۔

Arenose : (a) [L."arinosus"] ریتیلا ؛ ریت کا ؛ ریت بھرا ؛ جس میں ریت ملی ہو ۔

Areo - : جزو ترکیبی بمعنی " مریخ کا " ۔

Areocontric : (a) جس کا مرکز مریخ ہو ۔

Areographer : (n) شرح مریخ کرنے والا ۔

Areographic : (a) شرح مریخ کا یا اس سے متعلق ۔

Areography : (n) شرح مریخ ؛ مریخ کے طبعی ہیئت کی شرح ؛ (لسانیات) علاقہ نگاری ۔

Areola : (n) [L."dim.of area"] (۱) بہت ذرا سی جگہ ؛ تل برابر جگہ ؛ قطعہ ۔ (۲) وہ جگہ جو نسیجوں کے درمیان ہوتی ہے ۔ (۳) ہالہ ؛ حلقہ ؛ گھیرا ؛ گول جگہ ؛ (جیسی بھٹنی کے گرد ہوتی ہے) ۔ (٤) (حیاتیات) درختوں خلیوں کا مرکز ؛ کسی سطح پر قدرے دبی ہوئی جگہ ، حفرہ ، خانہ ۔

Areolar : (a) حلقہ دار ؛ خلوی ؛ قطعہ دار ؛ کثیر الاقطاع ؛ اقطاعی ؛ خانہ خانہ ۔

Areolar tissue : (n) ان ریشہ دار اور کشدار نسیجوں کا مخلوط جو چمڑے کے نیچے ہوتا ہے ؛ خلوی بافت ۔

Areolate : (a) حلقہ دار ؛ خلوی ؛ قطعہ دار ؛ کثیر الاقطاع ۔

Areolated : (a) دیکھو Areolate

Areolation : (n) خلویت ؛ انفراج ؛ اقطاعیت ۔

Areolet : (n) چھوٹا حلقہ ؛ چھوٹا خلیہ ؛ چھوٹا ہالہ ۔

Areology : (n) [areo+logy] مریخ کے مادوں / حقیقتوں کی سائنسی تحقیقات ؛ مریخات ؛ علم مریخ ۔

Areopagite : (n) [Gr."ariopagites"] رکن عدالت فوج داری Areopagus کی عدالت کا رکن ۔

Areopagitic : (a) [L.] (۱) Areopagus یا اس کی عدالت کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) ایک تقریر جو Areopagus کی عدالت میں Isocrate کے خطاب کی نقل / طرح ہوتی ہے ۔

Areopagitical : (a) Areopagus کی عدالت میں تقریر سے متعلق یا تقریر کا ۔

Areopagus : (n) [Gr."Arios pagos"] ایتھنس کی ایک پہاڑی جس پر اعلیٰ عدالت فوجداری کا اجلاس ہوتا تھا ؛ ایتھنس کی مذکورہ عدالت ؛ کوئی اعلیٰ ترین عدالت فوج داری ۔

Areopagy : (n) خفیہ عدالت،فوج داری ۔

Aretaics : (n) [Gr."arete"] علم محسنات ؛ علم حسن اخلاق ۔

Arete : (n) [L."arista"] کگر ؛ پہاڑ کا بہت ڈھلوان کنارہ ؛ مکرمت (فلسفہ) ۔

Arfvedsonite : (n) [f.Arfwedson (a man's name)+-ITE] ایک زنگاری قسم کا معدنی پتھر جو سیاہ بلور کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Argal : (conj.adv) (۱) لاطینی لفظ 'ergo' کی بگڑی ہوئی شکل بمعنی 'therefore' یا اس لئے ۔ (۲) بھدے قسم کا استدلال ۔

Argala : (n) [Hindi] ہر گلہ ؛ سارس ؛ ایک قسم کا آبی پرندہ (Better argeolah) ۔

Argali : (n) [Mongal ایشیائی جنگلی یا پہاڑی بھیڑ ؛ ارغالی ۔

Argan : (n) [Arab] ایک سدا بہار درخت جو مراقش میں پایا جاتا ہے اور جس کے نیچے سے تیل نکالا جاتا ہے ۔

Argand : (n) (۱) ارگنڈی لیمپ ؛ ریمے آرگنڈ کا ایجاد کردہ ایک لیمپ جس کی بتی استوانے کی طرح ہوتی ہے ۔

Argand diagram : (n) (ریاضی) آرگنڈ کی شکل ۔

Argaric burial jar : (تاریخ و اثریات) آرگری کا تابوتی مرتبان ۔

Argema / Argemon : (n)[Gr."argema","mon"] قرینہ کے حاشیہ پر ایک چھوٹا داغ یا زخم ۔

Argent : (n) [L."argentum"] (۱) سیم ؛ چاندی ؛ نقرہ ۔ (۲) روپہلا ؛ نقرئی ؛ سیمیں ؛ سفیدی ۔ (۳) نشانہائے خاندانی کا حصہ سیمیں ۔

Spume of argent : مردار سنگ سیمیں ۔

Argental : (a) چاندی کا ؛ نقرئی ؛ سیمیں ؛ سفید ۔

Argentan : (n) [L."argentum"] نکل ؛ تانبے اور جستہ کی ایک فلز مرکب ؛ جرمن سلور ۔

Argentate : (n) [L."argentum"+-ATE] (۱) وہ نمک جس میں چاندی اساسی تیزاب کا کام کرتی ہے؛ (کیمیا) آرجنٹیٹ ۔ (۲) Argentic oxide اور کسی ترشہ کا مرکب جیسے Argentate of Ammonia ۔

Argentate : (a) [L."argentatus"] نقرئی ؛ سیمیں ؛ چاندی کا ؛ یا چمکدار سفید ھلکے بھورے پن کے ساتھ ۔

Argenteous : (a) چاندی کا ؛ سیمیں ؛ نقرئی ۔

Argenteum : (n) [L."argenteus"] (کیمیا) آرجنٹم ؛ چاندی پرت ۔

Argentic : (a) [L."argenum"+-IC] وہ شے جس کی کیمیاوی ترکیب میں چاندی پائی جائے ؛ نقرئی کیمیاوی مرکب ؛ (کیمیا) آرجنٹِک ۔

Argentiferous : (a) (کیمیا) چاندی بردار ؛ چاندی بھرا ؛ نقرہ دار ؛ جس سے چاندی نکلتی ہو ؛ سیم ور ؛ سیم آور ۔

Argentific : (a) چاندی پیدا کرنے والا ۔

Argentify : (v) چاندی میں تبدیل کرنا ۔

Argentine : (a & n) [L."argentinus"] (۱) نقرئی ؛ چاندی کا ؛ (کیمیا) آرجن ٹائن ۔ (۲) نقرئی ؛ روپہلا ؛ چاندی کا سا ؛ سیمیں ۔ (۳) مصنوعی یا نقلی چاندی ۔ (٤) نقرئی کھپر سے ۔ (٥) مچھلی کے گول نقرئی رنگ کے چھلکے ؛ روپہلے چھلکے ؛ فلز ۔ (٦) (معدنیات) سلیٹ مٹی ؛ چمک دار مٹی جس سے سلیٹ بنتی ہے ۔ (۷) ایک قسم کی مچھلی جس کےنقرئی چھلکے ہوتے ہیں ۔

Argentite : (n) [L."argentum"+-ITE] (معدنیات) ایک قسم کی معدنی شے ؛ سیاہی مائل جستہ کی طرح ؛ بھورا چاندی کا سلفائڈ (Sulphide) ۔

Argentometer : (n) کسی محلول میں چاندی کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ ۔

Argentous : (a) [L."argentus"+-ous] نقرئی کیمیاوی مرکب (جس میں چاندی کی مقدار Argentic مرکب میں پائی جانے والی چاندی کی مقدار سے دوگنا ہوتی ہے) ۔

Argil : (n) [L."argilla"] چکنی مٹی ؛ برتن بنانے کی مٹی ؛ صلصال ۔

Argillaceous : (a) [L."argillaceus"+-ous] صلصالی ؛ گلی

Argilliferous : (a) [L."argilla"+-(i)-FEROUS] خاک دار ۔

Argillite : (n) (۱) مٹی کی سلیٹ ۔ (۲) مٹی کی پرت دار چٹان ۔

Argillitic : (a) مٹی کی پرت دار چٹان کا ؛ مٹی کی سلیٹ کا ۔

Argillo- : جزو ترکیبی بمعنی " مٹی کا " ؛ خاکی ۔

Argillo-calcareous : (a) مٹی ملا ہوا ؛ چونا کا سا ۔

Argillo-calcite : (a & n) مٹی کا سا چونا ۔

Argol : (n) شراب کی تلچھٹ جو پیپوں کے کناروں پر جم کر سخت ہو جاتی ہے ؛ (کیمیا) آرگول، خام Bitartrate of Potass جو صاف کرنے پر cream of tartar بن جاتا ہے ۔

Argol /-al : (n) [Mongol] گائے، اونٹ یا بھیڑ کا سوکھا گوبر جو تاتار میں ایندھن کے کام آتا تھا ؛ اُپلا ؛ گوئٹھا ۔

Argon : (n) [Gr."argos"] ایک عاطل گیس جو ہوا کی ترکیب میں بہت قلیل مقدار میں داخل ہے ؛ (کیمیا) آرگان ۔

Argonaut : (n) [Gr."argonautes"] (۱) ان افسانوی سورماؤں میں سے کوئی ایک جو یونانی قصہ کے ہیرو یاسون کے ساتھ سنہری اون کی تلاش میں نکلے تھے ؛ نیز (جمع میں) وہ تمام سورما۔ (۲) ایک قسم کا گھونگا ۔

Argonautic : (a) یونانی افسانوی سورماؤں کا یا ان سے متعلق ؛ (اسم) ان سورماؤں میں سے ایک ؛ کوئی نظم جو ان کے بارے میں ہو ؛ ایک رزمیہ نظم ان سورماؤں کے بارے میں ۔

Argosy : (n) [It."Ragusea"] (۱) (تاریخ) بڑا تجارتی جہاز ؛ خاص کر گوسا اور وینس کا ۔ (۲) (شعر) جہاز ؛ مہم ۔

Argot : (n) [Fr.] کسی خاص طبقے کے لوگوں کی بولی ؛ زبان/لہجہ (خاص کر چوروں کی بولی) ؛ (لسانیات) چور زبان ۔

Argotic : (a) چور زبان / بولی کا یا اس سے متعلق ۔

Arguable : (a) قابل استدلال ؛ قابل بحث ۔

Argue : (v) [L."argutare"] (۱) ثابت کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ ٹھہرانا ؛ دلالت کرنا ۔ (۲) دعویٰ کرنا ؛ دلیل لانا ؛ بحث کرنا ؛ استدلال کرنا ۔ (۳) حجت کرنا ؛ دلیل لانا ۔ (٤) بحثنا ؛ الجھنا ؛ کٹھ حجتی کرنا ۔

Argue off / away : (v) بحث / دلیل کے ذریعہ نجات پانا ؛ چھٹکارا پانا ؛ بحث میں اڑا دینا ؛ حجت سے توڑ دینا ۔

Argue into / out of : (v) کسی کام کے لئے آمادہ کرنا یا روکنا استدلال کے ذریعہ ؛ مائل کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ تحریص دینا ۔

Arguer : (n) مباحث ؛ بحث کرنے والا ؛ دلیل پیش کرنے والا ۔

Arguing : (n) بحث ؛ دلیل ؛ مباحثہ ۔

Argument : (n) [L."argumentum"] (۱) بحث ؛ دلیل ؛ حجت ؛ دعوا ؛ وجہ ؛ موجہ ؛ اثبات ؛ (انتظامیہ) بحث و دلیل ۔ (۲) (منطق) قیاس کی حد اوسط ؛ برہان ؛ (لسانیات) دلیل ؛ (فلسفہ و نفسیات) استدلال ؛ دلیل ۔ (۳) قوت استدلال ؛ عمل استدلال ۔ (٤) بحث مباحثہ ؛ مناظرہ ۔ (٥) خلاصہ ؛ حاصل ؛ تلخیص (کسی کتاب کے موضوع کی) ؛ (مجازاً) مضمون ؛ مندرجات ۔ (٦) (فلکیات، ریاضی) وہ زاویہ قوس وغیرہ جس پر دوسری مقدار کا حساب منحصر ہوتا ہے ؛ (ریاضی) سمت ۔

A contingentia mundi argument : (فلسفہ و نفسیات) دلیل برائے حدوث کائنات ۔

Ad-hoc argument : (فلسفہ و نفسیات) چلتی ہوئی دلیل ۔

Anselmien argument : (فلسفہ و نفسیات) باز گرد دلیل ۔

Cosmological argument : (فلسفہ و نفسیات) کائناتی دلیل ۔

First cause argument : (فلسفہ و نفسیات) دلیل علت اولی ۔

Moral argument : (فلسفہ و نفسیات) اخلاقی دلیل ۔

Ontological argument : (فلسفہ و نفسیات) وجودیاتی دلیل ۔

Physico-theological argument : (فلسفہ و نفسیات) طبعی دینیاتی دلیل ؛ غایتی دلیل ۔

Probable argument : (فلسفہ و نفسیات) احتمالی دلیل ۔

Argument of silentio : (of reference to a thing)
(تاریخ و سیاسیات) دلیل خاموش ۔

Argumentation : (n) [L."argumentationem"] استدلال ؛ بحث ؛ مناظرہ ؛ مباحثہ ؛ مکالمہ ؛ باقاعدہ بحث ؛ چون و چرا ۔

Argumentative : (a) [L."argrmentat-","argumentari"] (۱) استدلالی ؛ منطقی ؛ مدلل ۔ (۲) بحثنے کا شوقین ؛ حجتی ؛ منطقی ؛ منطق چھانٹنے والا ؛ جدلی ۔

Argumentatively : (adv) مدلل طریقہ پر ؛ منطقی طریقہ پر ؛ با دلیل ۔

Argumentativeness : (n) حجتی پن ؛ منطقی پن ؛ بحث کا شوق ۔

Argumentum : (n) [L.] دیکھو Argument

Argumentum adbaculum : (n) (فلسفہ و نفسیات) تہدیدی دلیل ۔

Argumentum afortiori : (n) (فلسفہ و نفسیات) دلیل بر بنائے قیاس ؛ حجت بطریق اولی ۔

Argumentum ex-concesso : (n) (فلسفہ و نفسیات) استنباطی دلیل ۔

Argumentum hominem : (n) (فلسفہ و نفسیات) الزامی دلیل ؛ دلیل لا حاصل ۔

Argumentum ignorantiam : (n) (فلسفہ و نفسیات) دلیل بر بنائے جہل تخاطب ؛ حجت علی الجہل ۔

Argumentum judicum : (n) (فلسفہ و نفسیات) دلیل بر بنائے فہم عامہ ۔

Argumentum misericopdian : (n) (فلسفہ و نفسیات) دلیل رحم طلبی ۔

Argumentum populum : (n) (فلسفہ و نفسیات) جذباتی دلیل ۔

Argumentum rem : (n) (فلسفہ و نفسیات) بر محل دلیل ۔

Argumentum vericundiam : (فلسفہ و نفسیات) دلیل بر بنائے عقیدت ؛ عقیدتی دلیل ۔

Arguria : (n) چاندی کا زہر ۔

Assimilated phoneme : (n) (لسانیات) ممثول صوتیہ ؛ مجزوم فونیم ۔

Assimilation : (n) جذب ؛ ہضم ؛ مشابہت ؛ مماثلت ؛ موازنیت ؛ تمثیل ؛ یکسانی ؛ تحلیل ؛ (سماجیات و حیوانیات) انجذاب ؛ (کیمیا) جذب ؛ (لسانیات) تماثل ؛ (سماجیات) تماثل ؛ جذب کرنا(تاریخ و سیاسیات) ؛ (نباتیات) تحلیل ؛ استحالہ ؛ (طب) ہضم ؛ تمثل ۔

Contiguous assimilation : (لسانیات) متصل تماثل ۔

Distant assimilation : (لسانیات) بعید تماثل ۔

Juxtapositional assimilation : (لسانیات) متصل تماثل ۔

Negligent assimilation : (لسانیات) سادہ تماثل ۔

Progressive assimilation : (لسانیات) ترقی پذیر تماثل ۔

Reciprocal assimilation : (لسانیات) باهمی تماثل ۔

Regressive assimilation : (لسانیات) رجعی تماثل ۔

Social assimilation : (سماجیات) سماجی انجذاب ۔

Assimilation of securities : (تجارت) جذب (ضمانتی) دستاویزات ۔

Assimilative : (a) (کیمیا) جذب کن ؛ هضم کن ؛ محلل ؛ اخاذ ۔

Assimilator : (n) جاذب ؛ مشابه بنانے والا ؛ متشابهین ؛ هاضم ۔

Assimilatory : (a) متعلق به جذب ؛ جذب کن ؛ هضم کن ۔

Assimilatory phoneme : (n) (لسانیات) تماثلی صوتیه ۔

Assimilize : (v) دیکھو assimilate

Assis : (a) [Fr."asseoir"] (نقابت) بیٹھا ہوا ۔

Assise : (n) [mod. Fr. "layer"] (طبقات الارض) زمین کے طبقات کا وہ اجتماع جس میں چٹانوں کی متوازی پرتیں ہوا کرتی ہیں اور جو اپنے نامیاتی اجزاء کے لحاظ سے مشابه ہوتی ہیں ۔

Assist : (v) [L."assistere"] (۱) مدد دینا ؛ ہاتھ لگانا ؛ ہاتھ بٹانا ؛ اعانت کرنا ؛ مدد کرنا ؛ تائید کرنا ۔ (۲) حصه لینا ؛ شریک ہونا ؛ ہاتھ بٹانا ۔ (۳) موجود رہنا ؛ حاضر رہنا (کسی موقع پر)۔

Assistance : (n) [F. f."assister"] (سماجیات) مدد ؛ امداد ؛ اعانت ؛ معاونت ۔

Old age assistance : (سماجیات) امداد ضعیفی ۔

Public assistance : (سماجیات) عوامی امداد ۔

Social assistance : (سماجیات) سماجی امداد ۔

Assistant : (n) [L."assistentem"] معاون ؛ مددگار ؛ ہاتھ بٹانے والا ؛ مؤید ؛ (تاریخ و سیاسیات) اسسٹنٹ ؛ مدد گار ؛ نائب ۔

Assistant Director : (n) (انتظامیه) معاون ناظم ۔

Assistantship : (n) معاون، مدد گار، مؤید وغیرہ کا عہدہ یا آفس وغیرہ ۔

Assisted : (a) امدادی ؛ اعانتی ۔

Assister /-or : (n) مدد کرنے والا ؛ اعانت کرنے والا ۔

Assisting : (v) مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ۔

Assistless : (a) بے یارو مددگار ؛ مجبور ۔

Assize : (n) [Me."asise","assye", L."assidere"] (۱) سرکاری نرخ ؛ قانونی قیمت (روٹی، شراب کی)۔ (۲) تحقیقات جیوری ؛ تحقیقات جیوری کے معیاری اجلاس ۔

Grand or Great Assize : آخیر فیصله ؛ روز حشر ۔

Assizer/-or : (n) [ME."assisour", a. AF."assiser"] (۱) سرکاری نرخ لگانے والا ۔ (۲) (برطانوی تاریخ) ناپ تول کے محکمه کا آفیسر ۔

Assize of weights and measure : سرکاری اوزان و پیماجات ۔

Associability : (n) تلازم پذیری ۔

Associable : (a) [F. f, "associar"] (۱) تلازم پذیر ؛ جو خیال میں کسی دوسری چیز کے ساتھ مربوط کیا جا سکے ۔ (۲) قابل ارتباط ؛ وابسته ؛ قابل معاشرت ؛ مربوط ۔

Associableness : (n) مربوط ہونے/قابل ارتباط ہونے کی صفت ۔

Associate : (n) [L."associatus","ad-sociare"] (۱) شریک ؛ شریک کار؛ رفیق ؛ ساتھی ؛ همسر ؛ همتا (رتبے، پیشے وغیرہ میں) ؛ هم دست ۔ (۲) ایک قسم کا ؛ ملتا جلتا ؛ هم قطار ؛ (کامرس) شریک کار ؛ معاون ؛ رفیق کار ؛ هم کار ۔ (۳) ساجھی ؛ حصه دار ؛ شریک ۔ (٤) ساتھی ؛ رفیق ؛ سنگی ؛ هم صفت ۔ (٥) شریک کار ؛ هم کار ۔ (٦) کسی انجمن کا ادنی درجه کا ممبر ؛ معمولی رکن ۔ (۷) ایک چیز جو دوسری چیز سے ربط رکھتی ہو ؛ مستلزم ؛ متعلق ؛ لگاؤ ۔

Associate : (v) (۱) ملانا ؛ شامل کرنا ؛ شریک کرنا ؛ ساتھی بنانا ؛ مربوط کرنا ؛ رفیق بنانا (شخص یا چیز کا ایک دوسرے کے ساتھ) ۔ (۲) مباشرت کرنا ؛ ہم نشیں ہونا ؛ ہمدم ہونا ؛ ہم کار ہونا (طبیعیات) ۔ (۳) متلازم کرنا ؛ کسی خیال کے ساتھ مربوط کرنا ۔ (٤) شریک بننا ؛ حصہ دار ہونا ؛ ساجھی ہونا ؛ متحد کرنا ؛ (کیمیا) شریک کرنا ؛ ہونا ؛ سنجوگ ۔ (٥) ملنا ؛ ایک ہو جانا ؛ یک دل ہو جانا ؛ ایکتا کر لینا ؛ متفق ہو جانا (کسی مشترک فرض کےلئے) ؛ پیوستہ ہو جانا ۔ (٦) راہ و رسم رکھنا ؛ ربط ضبط رکھنا ؛ مراسم رکھنا ؛ میل جول رکھنا ۔

Associated : (a) ملایا ہوا ؛ شریک ؛ مربوط ؛ رفیق بنایا ہوا ۔

Associated delegate : (n) (تاریخ و سیاسیات) شریک مندوب ۔

Associated element : (n) (کیمیا) شریک عنصر ؛ سنجوگی عنصر ۔

Associated factor : (n) ایتلافی جزو ۔

Associated justice : (n) (تاریخ و سیاسیات) شریک جج ۔

Associated liquid : (n) ایتلافی مائع ۔

Associated member : (n) (تاریخ و سیاسیات) معاون ممبر ۔

Associated molecules : (n) (کیمیا) ملے ہوئے مالیکول ؛ سنجوگی سالمات ؛ ایتلافی سالمات ۔

Associated movements : (n) ہم وقتی حرکتیں ۔

Associated operation : (n) (تجارت) متعلق عمل ؛ معاون عمل ۔

Associated power : (n) (تاریخ ، معاشیات) شریک طاقتیں ۔

Associated residue : (n) (کیمیا) شریک بقیہ ؛ سنجوگی بقیہ / ریسیڈیو ۔

Associated response : (n) (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی جوابی عمل ۔

Associated states : (n) (تاریخ و سیاسیات) شریک مملکتیں ۔

Associated with : (ریاضی) متعلق بہ ۔

Associates : (n) جوڑے ۔

Paired associates : (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی جوڑے ۔

Associateship : (n) شرکت ؛ رفاقت ؛ ہم کاری ؛ ہم صحبتی ۔

Association : (n) [L."associationem"] (۱) میل ؛ ربط ؛ تلازم ؛ راہ و رسم ؛ شرکت ؛ ہم مباشرت ؛ رفاقت (حیوانیات) ۔ (۲) سبھا ؛ انجمن ؛ بزم ؛ مجلس ؛ مجمع ؛ (طبیعیات) اتصال ؛ ہم کاری ۔ (۳) ساتھ ؛ ربط ضبط ؛ دوستی ؛ میل جول ؛ بے تکلفی ؛ راہ و رسم ؛ اتحاد ؛ پیوستگی ؛ ارتباط ۔ (٤) (تاریخ و سیاسیات) انجمن ؛ مجلس ؛ (فلسفہ و نفسیات) ایتلاف ؛ (سماجیات) انجمن ؛ سبھا ؛ میل ؛ تلازم ۔

Affective association : (فلسفہ و نفسیات) جذباتی تلازم ۔

Articles of association : (تجارت) قواعد و ضوابط کمپنی / ادارہ ۔

Backward association : (فلسفہ و نفسیات) معکوس تلازم ؛ الٹا تلازم ۔

Compulsory association : (تاریخ و سیاسیات) لازمی انجمن / مجلس ۔

Constrained association : (فلسفہ و نفسیات) محدود ایتلاف ۔

Controlled association : (فلسفہ ونفسیات) پابند ایتلاف ۔

Deed of Association : کیفیت نامہ ؛ تفصیل نامہ ؛ کتابچہ جس میں کسی انجمن محدود (Ltd.co) کی تفصیلات درج رہتی ہیں ۔

Degree of Association : (کیمیا) درجۂ ملاپ ؛ سنجوگ کی ڈگری ۔

Employers Association : (سماجیات) انجمن مالکان ؛ انجمن آجران ۔

Free association : (فلسفہ و نفسیات) آزاد ایتلاف ۔

Law of association : (فلسفہ و نفسیات) قانون ایتلاف ۔

Memorandum of association : (تجارت) اغراض و مقاصد کمپنی / ادارہ ۔

Political association : (تاریخ و سیاسیات) سیاسی انجمن ۔

Retroactive association : (فلسفہ و نفسیات) ردعملی تلازم ۔

Voluntary association : (تاریخ و سیاسیات) اختیاری انجمن ؛ (سماجیات) رضا کارانہ انجمن ۔

Association area : (n) (فلسفہ و نفسیات) دائرہء ایتلاف ۔

Association axiom : (n) (ریاضی) کلّیہ تلازمی ۔

Association Constant : (n) (طبیعیات) اتصالی مستقلہ ۔

Association factor : (n) (کیمیا) سنجوگی جزو ضربی ۔

Association football : (n) ایک قسم کا فٹ بال جس میں گیند کو ہاتھ نہیں لگاتے ۔

Association of capital : شراکت سرمایہ ۔

Association of cultures : (تاریخ و سیاسیات) تہذیبوں کا ربط و ضبط ۔

Association of ideas : (فلسفہ و نفسیات) ایتلاف خیالات ۔

Association of states : (تاریخ و سیاسیات) مملکتوں کی انجمن ۔

Association of thoughts : (تاریخ و سیاسیات) خیالات کا تلازم ۔

Associational word : (n) (لسانیات) تلازمی لفظ ۔

Associationism : (n) یہ عقیدہ کہ ذہنی اور اخلاقی مظاہر کی توجیہ تلازم خیالات سے کی جا سکتی ہے ؛ تلازمیت ؛ ایتلاف ۔

Associationist : (n) (۱) کسی انجمن کا رکن ۔ (۲) مندرجہ بالا عقیدہ رکھنے والا ۔

Associative : (a) تلازمی ؛ متلازم ؛ شرکت پذیر ؛ (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی ؛ (طبیعیات) ہم کاری ۔

Associative etymology : (n) (لسانیات) تلازمی اشتقاق ۔

Associative facilitation : (n) (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی سہولت ۔

Associative group : (n) (لسانیات) تلازمی مجموعہ ۔

Associative law : (n) (ریاضی) قانون تلازمی ؛ تلازمی کلّیہ ۔

Associative life : (n) (سماجیات) انجمنی زندگی ۔

Associative operation : (n) (ریاضی) عمل تلازم ۔

Associative spread : (n) (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی توسیع ۔

Associatively : (adv) تلازمی طور سے ؛ بطور متلازم ۔

Associator : (n) شریک ؛ رفیق ؛ راہ و رسم رکھنے والا ۔

Associatory : (a) آمادہء معاشرت ۔

Assoil : (v) [Fr."a(s)soille", L."absoluere =absolvere"] (۱) (متروک) گناہ سے بری کر دینا ؛ معاف کر دینا ۔ (۲) بری الذمہ قرار دینا ؛ بےقصور ٹھہرانا ؛ بری کر دینا ۔ (۳) چھوڑ دینا ؛ آزاد کرنا ؛ رہا کر دینا ۔ (٤) کفارہ دینا ؛ بھگتان بھگتنا ۔

Assoiler : (n) بری کرنے والا ۔

Assoilment : (n) بری ہونے یا کرنے کا عمل ۔

Assolizie : (v) Assoil= عدالت کے فیصلے کی رو سے رہا کر دینا ۔

Assonance : (n) [L."assonare"] (۱) ہم صوتی ؛ ہم آوازی ؛ ہم آہنگی ؛ تجنیس صوتی ؛ (دو بولوں یعنی Syllables کے درمیان) (لسانیات) مصوتی تکرار ۔ (۲) قافیہ بندی ؛ تک بندی ؛ نبری (accented) حروف علت کے اعتبار سے ایک لفظ کو دوسرے لفظ کا ہم قافیہ کرنا ۔ (۳) جزوی مماثلت ؛ تھوڑی مشابہت ؛ قدرے یکسانیت ۔

Assonant : (a) [L."assonantem".] ہم آواز ؛ ہم آہنگ ؛ کسی قدر مماثل ؛ ہم صدا ؛ ہم صوت ۔

Assonantal / Assonantic : (a) ہم صوتی ؛ ہم صدائی کا یا اس سے متعلق ۔

Assonate : (a) [L."assonat-] ہم آواز ہونا ؛ ہم صوت ہونا ؛ خاص کر حروف مصوت میں ۔

Assort : (v) [OF."assorter",(mod."assortiv"] (۱) ترتیب دینا ؛ چھانٹ چھانٹ کر ایک سی چیزیں الگ کرنا ؛ قسم بندی ؛ صف بندی ؛ درجہ بندی ؛ طبقہ بندی ۔ (۲) ساتھ ساتھ رکھنا ؛ اکھٹا رکھنا ؛ ملاکے رکھنا (دوسری چیزوں کے ساتھ) ۔ (۳) کسی گودام یا دکان میں قسم قسم کی چیزیں جمع کرنا ؛ قسم قسم کا سامان سجانا ۔ (٤) شریک ہونا ؛ ساتھی ہونا ؛ ساتھ دینا ؛ ملنا ۔ (٥) ایک ذیل میں آنا ؛ ہم صنف ہونا ؛ ہم قسم ہونا ۔

To assort ill with : ناموافق ہونا ؛ راس نہ آنا ؛ نہ پٹنا ؛ سازگار نہ ہونا ۔

To assort well with : موافق ہونا ؛ سازگار ہونا ؛ پٹنا ؛ راس آنا ۔

Assorted : (a) مختلف الاقسام ۔

Assorted security market : (تجارت) مختلف الاقسام سیکورٹی بازار ۔

Assortedness : (n) ترتیب ؛ موافقت ۔

Assortment : (n) (۱) صف بندی ؛ قسم بندی ؛ طبقہ بندی ؛ درجہ بندی ؛ ترتیب ؛ چھانٹنا ۔ (۲) قسم قسم کا سامان ؛ ایک میل یا کئی میل کا سامان ؛ دستہ ؛ تشکیلہ ۔

Full assortment : (تجارت) مکمل قسم بندی ۔

Assuage : (v) [ME."aswege", a. OF."a(s)souagel"] (۱) ٹھنڈا کرنا ؛ دلاسا دینا ؛ تشفی دینا ؛ تسکین یا تسلی دینا ؛ تخفیف کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ کم کرنا ؛ دھیما کرنا (کسی شخص، جذبات ، درد وغیرہ کو) ۔ (۲) کم کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ ہلکا کرنا (اشتہا ، خواہش وغیرہ کو) ۔ (۳) ساکت کرنا ؛ آرام کرنا ؛ فرو کرنا ۔

Assuagement : (n) تسلی ؛ تسکین ؛ دھیماپن ؛ کمی ؛ تخفیف ؛ دلاسا ۔

Assuager : (n) مسکن ؛ تسلی دینے والا ؛ تخفیف کرنے والا ؛ کمی کرنے والا ۔

Assubjugate : (v) [as - = A - pref .] محکوم بنانا ۔

Assuetude : (n) [L."assuetudo"] عادت ؛ خو گرفتگی ۔

Assumable : (a) جو فرض کیا جا سکے ۔

Assumably : (adv) فرض کرکے ؛ فرضاً ؛ بالفرض ؛ "ولو فرضنا" ۔

Assume : (v) [L."as-","ad-sumere"] (۱) بنانا ؛ اختیار کرنا ؛ دھارن کرنا ؛ (کسی خاص حیثیت ، وضع یا شان کا) روپ لینا ؛ روپ بھرنا ۔ (۲) ذمہ لینا ؛ قبول کرنا ؛ (انتظامیہ) اختیار کرنا ؛ فرض کرنا ؛ عائد کرنا (کسی عہدہ، فرض وغیرہ کا) ۔ (۳) غصب کرنا ؛ ناجائز طور پر لے لینا ؛ حق مارنا ۔ (٤) ریا کاری کرنا ؛ ظاہر داری کرنا ؛ بناوٹ کرنا ؛ تصنع کرنا ۔ (٥) فرض کرنا ؛ بحث کےلئے تسلیم کرنا ؛ (کیمیا) ماننا ۔ (٦) (منطق) مقدمۂ صغری کو ایک قیاس میں اضافہ کرنا ۔

Assumed : (a) فرض کیا ہوا ؛ تصنع کرتا ہوا ؛ تصنع کردہ ؛ فرضی ؛ مفروضہ ۔

Assumed bond : (n) (تجارت و معاشیات) اختیار شدہ بانڈ ؛ انتقالی بانڈ ؛ گارنٹی شدہ بانڈ ؛ دیکھو Indorsed bond اور guaranteed bond

Assumed name : (n) (تجارت) فرضی نام ۔

Assumed risk : (n) اختیار کردہ خطرہ ۔

Assumedly : (adv) فرض کرکے ؛ فرضاً ؛ بالفرض ۔

Assumer : (n) فرض کرنے والا ؛ ذمہ لینے والا ؛ ریا کاری کرنے والا ۔

Assuming : (a) برخود غلط ؛ ریاکاری ؛ دون سے لینا ۔

Assumingly : (adv) ریا کاری سے ؛ تصنع کی طرح پر ۔

Assumingness : (n) ریا کاری ؛ تصنع ؛ دون ۔

Assumpsit : (n) [L.] (۱) وہ قول و قرار یا معاہدہ زبانی یا تحریری جو سر بمہر نہ ہو لیکن جس کی بنیاد معاوضہ ہو ۔ (۲) کسی ایسے معاہدہ کو پورا نہ کرنے یا اسےتوڑنے کی صورت میں جو ہرجانہ وصول کرنے کی کار روائی ہو ۔

Assumption : (n) [L."assumptionem".] (۱) استقبال حضرت مریم (بہشت میں) ؛ عید استقبال مریم ؛ استقبال حضرت مریم کے اعزاز میں ۱۵/ اگست کو ہر سال منائی جانیوالی ضیافت ؛ (تاریخ و سیاسیات) اختیار کرنا ؛ مفروضہ ۔(۲) (انتظامیہ) مفروضہ فرضی امر ؛ مثال ؛ (طبیعیات و کیمیا) مفروضہ ؛ (شماریات) بلا ثبوت ؛ فریضہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) مفروضہ ؛ (سماجیات) خیال ؛ فرض ۔(۳) کسی عہدہ کو قبول کرنا ؛ ذمہ لینا ۔(٤) (قانون) وہ اقرار یا وعدہ جو تحریری یا زبانی ہو اور جو سر بمہر نہ ہو ۔ (٥) تصرف ؛ قبضہ ۔ (٦) نا جائز دعویٰ ؛ غصب ؛ کبر و نخوت ؛ خودبینی ؛ مفروضہ ۔(۷) اصولی موضوع ۔ (۸) (منطق) کسی قیاس کا مقدمۂ صغریٰ ۔

Arms of assumption : وہ خاندانی نشان جو کوئی شخص منظوری کے ساتھ یا اس کے بغیر اختیار کرے ۔

Methodological assumption : (فلسفہ نفسیا ت) منہاجی مفروضہ ۔

Assumption of charge : (انتظامیہ) عہدہ سنبھالنا ۔

Assumption of risk : (تجارت) اختیار خطرہ (جوکھم) ؛ خطرہ مول لینا ۔

Assumptions : (n) (معاشیات) مفروضے ۔

Assumptiousness : (n) تصرف سے کام لینا ؛ نخوت پسندی ؛ مفروضہ پسندی ۔

Assumptive : (a) [L."assumptivus"] (۱) فرضی ؛ مفروضہ ۔ (۲) خود بیں ؛ تعلی باز ؛ نخوت پسندی ؛ مغرور ۔

Assumptive arms : / (arms of assumption) وہ اسلحہ جو غیر معمولی کام کی انجام دہی پر کسی کو تحفہ کے طور پر دیا جائے ۔

Assumptively : (adv) فرضی طور پر ؛ مغرورانہ ؛ نخوت پسندی سے ۔

Assurance : (n) [OF."asseurance"] (۱) ذمہ داری ؛ ضمانت ؛ حفاظت ۔ (۲) حتمی بیان ؛ قطعی بیان ۔ (۳) (قانون) استملاک ؛ حق ؛ تملیک حاصل کرنا ۔(٤) بیمہ ۔ (٥) یقین ؛ پکا بھروسہ ؛ کامل اعتبار ؛ (تاریخ و سیاسیات) یقین دہانی ۔ (٦) خود اعتمادی ؛ اپنے اوپر بھروسہ ۔(۷) گستاخی ؛ شوخ چشمی ؛ دیدہ دلیری ؛ بیباکی ۔ (۸) نجات کا کامل یقین ۔

Endowment assurance : مماتی بیمہ ۔

Joint assurance : مشترکہ بیمہ ۔

Assurant : (n) بیمہ کی پالیسی لینے والا ۔

Assure : (v) [OF."aseurer", late L."adsecurare".] دلجمعی کرنا ؛ اطمینان کر لینا ؛ خاطر جمع کر لینا ۔(۲) قطعی طور پر طے کر لینا ؛ بالکل ٹھیک ٹھاک کر لینا ۔ (۳) یقین دلانا ؛ اعتبار دلانا ؛ بھروسہ دلانا ؛ (انتظامیہ) یقین دہانی ۔ (٤) وثوق کے ساتھ کہنا ؛ حتمی طور پر کہنا ؛ یقین کے ساتھ کہنا ۔ (٥) ضامن ہونا ؛ محفوظ کر لینا ۔ (۷) جسارت کرنا ۔

Assured : (a) (۱) متیقن ؛ مستند ؛ مطمئن ؛ خاطر جمع ۔ (۲) قادر علی النفس ؛ ضابط ؛ گستاخ ؛ بیمہ شدہ ۔

Assuredly : (adv) بالیقین ؛ حتماً ؛ یقیناً ؛ قطعاً ؛ بیشک ؛ لاریب ؛ البتہ ؛ اعتماد کے ساتھ ۔

Assuredness : (n) تیقن ؛ با قطعیت ؛ یقینی ہونا ۔

Assurer : (n) (۱) بیمہ کرنے والا ۔(۲) اعتماد پیدا کرنے والا ؛ یقین دلانے والا ۔

Assurgency : (n) اٹھان ؛ ابھار ؛ خیزش ؛ کج خیزی ۔

Assurgent : (a) [L."assurgentem"] (۱) اٹھتا ہوا ؛ بلند ہوتا ہوا ؛ ابھرتا ہوا ؛ بڑھتا ہوا ۔ (۲) (نباتیات) اوپر اٹھتا ہوا ؛ کج خیز (جو سیدھے خط میں نہ اٹھے) ؛ بالا خیز ۔ (۳) پیش دستی کرنے والا ؛ حملہ آور ۔

Assuring : یقین دلانے والا ؛ بھروسہ دلانے والا ۔

Assuringly : (adv) اطمینان دلاتے ہوئے ؛ دلجمعی کرتے ہوئے وغیرہ ۔

Assuror : (n) کسی شخص کی زندگی یا جائیداد کا بیمہ کرنے والا ؛ بیمہ کرنے والا ۔

Assyrian : (n) اشوری ؛ اشوریا کا رہنے والا یا وہاں کی زبان ۔

Assyriological : (a) آشوروں کی زبان ؛ تاریخ اور آثار قدیمہ کے مطالعہ سے متعلق ۔

Assyriologist / Assyriologue : (n) آشوریات داں ؛ آشوریاتی ؛ آشوریات کا عالم یا محقق ۔

Assyriology : (n) آشور کی زبان ؛ تاریخ اور آثار قدیمہ کا مطالعہ ؛ آشوریات ۔

Astacian : (n) [L."astacus"] (حیوانیات) کیکڑے کی مانند ایک پوست دار جانور ۔

Astacite / Astacolite : (n) خرچنگ متحجّر ۔

Astarboard : (adv) [A+STARBOARD] (جہاز رانی) کشتی کے داھنے رخ کی طرف ۔

To put the helm a-starboard : کشتی کے پتوار کو بندرگاہ کی طرف اس طرح لانا کہ کشتی بائیں طرف گھوم جائے ۔

Astare : (a) [A+STARE] تاکتا ھوا ؛ نمایاں ۔

Astart : (adv) [A+START] چونک کر ؛ ناگہاں ؛ یکایک ؛ اچانک ۔

Astasia : (n) [Gr."astatos"] (طب) کھڑے ھونے سے مجبوری (پٹھوں کے مل کر عمل نہ کرنے کے باعث) ؛ رعشہ ۔

Astatic : (a) [Gr."astatos"+-IC] متزلزل ؛ متحرک ؛ جو ایک مقام پر نہ رہ سکے ؛ اچل ۔

Astatic needle : (n) اچل سوئی (جس پر زمین کی مقناطیسیت کا اثر نہیں ھوتا ھے) ۔

Astatically : (adv) متزلزل طریقہ پر ۔

Astay : (adv) (جہاز رانی) لنگر کے متعلق جہاز رانی کی ایک اصطلاح ۔

Asteer : (a) ھیجان میں ؛ ھلچل میں ؛ بیقراری ؛ بے کلی ؛ ھیجان خیز ۔

Asteism : (n) [L."asteismus"] طنز ملیح ؛ تمسخر ؛ ھلکا طنز ؛ شائستہ اور خوش مزاجی کا تمسخر ۔

Astel : (n) (کان کنی) ایک تختہ یا تختہ کی چھت جو کان میں آدمیوں کے سروں کے اوپر انکی حفاظت کےلئے استعمال ھوتی ھے ۔

Aster : (n) [Gr."aster"] تارہ پھول ؛ ستارہ ؛ گل مینا ؛ ایک قسم کا پودا جس کے پھول بھڑکیلے اور ستارے کی کرنوں کی طرح پھیلے پھیلے ھوتے ھیں ؛ نجمہ ۔

China- aster : چینی گل ستارہ / گل مینا ۔

-aster : (suff) لاحقہ ؛ حقارت کے لئے آتا ھے بمعنی ادنیٰ ؛ مصنوعی ؛ ھونے والا یا ھونہار (تعریفاً) ۔

Asteraceous : (a) [L."Asteraclae"] گل مینا کے خاندان کا ۔

Asteria : (n) ایک قیمتی پتھر جس کا تذکرہ Phiny نے کیا ھے ۔

Asterialite : (n) ستارۂ دریائی متحجّر ۔

Asterias : (n) [mod. L., a. Gr."asterias"] خار پشت جانوروں کی ایک جنس / خاندان ۔

Asteriated : (a) [Gr."asterrios"+-ATE+ED] شعاع ڈالا ھوا ؛ ایسی کرنوں سے جو مثل ستاروں کے ایک مرکز سے خارج ھوں ۔

Asterid / Asteridian : (n) ستارۂ دریائی کے خاندان کا ایک جانور ۔

Asterion : (n) [mod. L. a. Gr."asterion"] کنپٹی کے ھڈیوں کا وہ مخروطی نقطہ جہاں اس حصے کی تین ھڈیاں ملتی ھیں ؛ نجمینہ ۔

Asterisk : (n) [L."asteriscus", a. Gr."asteriseos"] (۱) (لسانیات) نشتارہ ؛ ستارہ یا نجمینہ جو نشان یا حوالہ کےلئے لفظوں پر بنایا جاتا ھے ۔ (۲) کوئی ایسی چیز جو ستارے کی شکل کی ھو یا اس کی طرح شعاع افگن ھو ۔

Asterisk : (v) عبارت پر نجمے یا ستارے کا نشان لگانا ؛ ستارہ (نشان) ۔

Asterism : (n) [Gr."a+sterismos"] (۱) ستاروں کا جھنڈ ؛ ستاروں کا جھمکا ؛ عقد انجم یا عقد کواکب ۔ (۲) تین نجمے جو اس طرح (***) رکھے جائیں خاص راستہ کی طرف توجہ دلانے کے لئے ۔(۳) چھ شعاعوں والے ستاروں کی شکل میں روشنی کا نمایاں ھونا جیسے ستارہ نما نیلم میں ھوتا ھے ۔

Asterismal : (a) ستاروں کے مجموعوں سے متعلق ۔

Astern : (perp) بہت پیچھے کی طرف ؛ فاصلہ پر ؛ پیچھے کی طرف ؛ عقب میں ؛ پیچھے ۔

Astern : (adv) (جہاز رانی) جہاز کے عقب میں ؛ جہاز کے پیچھے کے حصہ پر ۔

Asternal : (a) [A-pref.+ L."sternum"] پسلی کی ہڈی کے بغیر ملا ہوا ؛ (حیوانیات) بے قص ۔

Asteroid : (n) [Gr."a+steroides"] (۱) ستارہ نما ؛ ستارے کی شکل کا ؛ مثل ستارہ ؛ ستارچہ ؛ سیارہ؛ صغیرہ ؛ نجم نما ۔ (۲) سیارچے ؛ وہ چھوٹے چھوٹے سیارے جو مریخ اور مشتری کے مدارات کے درمیان گھومتے رہتے ہیں ۔ (۳) ایک قسم کی آتش بازی ؛ ہوائی ۔ (٤) (حیوانیات) ستارہ ماہی ۔

Asteroidal : (a) سیارچوں یا سیارہ نما کے متعلق ۔

Asterophyllite : (n) [Gr."aster+phyllon+lithos"] ایک متحجّر پودا جس کے پتے حلقوں میں مرتب تھے ۔

Asthenia : (n) [Gr."asthenia"] قوت کی کمی ؛ کمزوری ؛ زندگی کی قوت میں کمی ؛ نقاہت ؛ ضعف ۔

Asthenic / Asthenical : (a) کمزوری سے متعلق ؛ کمزور ؛ مھنوک ؛ ضعفی ۔

Asthennology : (n) کمزوریوں سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا علمی مطالعہ ۔

Asthenopia : (n) ضعف بصارت ؛ نقاہت بصر ۔

Asthma : (n) [Gr."asthma"] دمّہ ؛ ضیق النفس ۔

Asthmatic : (a) [L."asthmaticus"] (۱) دمّہ ؛ ضیق النفس کا مریض ؛ دمّے یا ضیق النفس کے متعلق ۔ (۲) دمّہ میں مفید ۔ (۳) سانس پھولنے والا ؛ سائیں سائیں کرنے والا ۔

Asthmatical : (a) دمہ کا ؛ متعلق بہ دمہ ۔

Asthmatically : (adv) دمے کے مریض کی طرح سے ۔

Astigmatic : (a) [Gr."a+stigma"+-IC] لا ماسکیت سے متعلق ؛ لا ماسکی ؛ ابہامی ؛ مبہم ماسکی ۔

Astigmatism : (n) لا ماسکیت ؛ آنکھوں کی ساخت کا ایک نقص جس کی وجہ سے سب شعاعیں شبکیہ (Retina) پر ایک ہی مرکز پر نہیں آ سکتیں ؛ ابہامیت ؛ مبہم ماسکیت ۔

Astir : (adv) (۱) ہلتا ہوا ؛ حرکت میں ؛ کلبلاتا ہوا ۔ (۲) جاگا ہوا ؛ بیدار ؛ ہیجان میں ؛ بستر سے اُٹھ کر چلتا پھرتا ہوا ۔ (۳) جوش میں گھبرایا ہوا ؛ سرا سیمہ ؛ بد حواس ۔

Asto : متعلق بہ بابت ؛ نسبت ؛ بارے میں ۔

Astomatous / Astomous : (a) [Gr."astomos"+-ous] بے دہن ؛ بغیر منہ کا ۔

Astonish : (v) متعجب کرنا ؛ حیرت میں ڈالنا ؛ حیرت زدہ بنانا ؛ حیران کرنا ؛ متحیر کرنا ؛ اچنبھے میں ڈالنا ؛ ششدر کرنا ۔

Astonished : (a) حیرت زدہ ؛ متحیر ۔

Astonishedly : (adv) متعجب ہوکر ؛ حیرت زدہ ہو کر ۔

Astonishing : (a) حیرت زدہ کرنے والا ؛ متحیر کرنے والا ؛ اچنبھے میں ڈالنے والا ؛ حیرت انگیز ؛ تعجب خیز ۔

Astonishingly : (adv) حیرت زدہ کرکے ؛ تعجب خیز طورپر ؛ حیرت انگیز طور پر ۔

Astonishingness : (n) تعجب خیزی ؛ حیرت انگیزی ؛ حیرت زدگی ۔

Astonishment : (n) اچنبھا ؛ تعجب ؛ حیرت ؛ حیرانی ؛ تحیر ؛ تعجب خیز شے ۔

Wine of astonishment : نشہ آور شراب ؛ مدہوش کرنے والی شراب ۔

Astoop : (adv) [A+STOOP] در حالت خمیدگی ؛ جھُکا ہوا ۔

Astound : (v) [Phonetic development of AS TONED, OF. es toner] (۱) مدہوش کرنا ؛ ہکا بکا کر دینا ؛ بھونچکا کر دینا ؛ ہک ہک کر دینا ؛ سہمانا (قوت یا تعجب) ۔ (۲) متحیر کرنا ؛ متعجب کرنا ؛ حیران کر دینا ؛ حیرت زدہ کر دینا ؛ اچنبھے میں ڈال دینا ؛ دنگ کر دینا ۔

Astoundingly : (adv) تعجب خیز طریقہ پر ؛ حیرت انگیز طریقہ پر ؛ بھونچکا بنا کر ۔

Astoundment : (n) بھونچکا پن ؛ حیرت زدگی ۔

Astraddle : (n) [A+STRADDLE] زین کا آسن ؛ گھوڑے کی طرح سے سواری ۔

Astragal : (n) [Gr."astragalos"] (۱) (متروک) وہ گولہ جو ستون کے اوپر یا نیچے کی طرف ہوتا ہے ۔ (۲) توپ کے منہ کے پاس کا حلقہ ۔ (۳) گھٹنے کے جوڑ کی گول ہڈی ؛ ٹخنہ ؛ گٹا ؛ عظم الکعب ۔

Astragalomancy : (v) پانسہ یا ٹخنے کی ہڈی سے شگون لینا / استخارہ کرنا ۔

Astragalus : (n) [Gr. see ASTRAGAL] (۱) گٹا ؛ ٹخنہ ؛ استخوان کعب ؛ کعبیہ (حیوانیات) ۔ (۲) ترکاری کی ایک قسم ۔

Astrain : (a) [A+STRAIN] تناؤ کی حالت ۔

Astrakhan : (n) [f. Astrakhon, U. S. S. R.] استرا خان ؛ استرا خانی ؛ پوستین ؛ بھیڑ کے بچوں کی پوستین جو استرا خان سے آتی ہے اوراس پر پشم ہوتی ہے ؛ حاجی ترخان ۔

Astral : (a) [L."astralis"] نجمی ؛ کوکبی ؛ ستارے کا ؛ ستارے سے متعلق یا منسوب ؛ ستاروں کی شکل ؛ مثل ستارہ ؛ (دینیات) نورانی مادہ ؛ نسمہ ۔

Astral body : (n) (۱) جسم نجمی ؛ نورانی پیکر ؛ نسمہ ۔ (۲) بھوت ؛ روح ۔

Astral lamp : (n) نجمی قندیل ؛ ایسا چراغ جس کے نیچے اندھیرا نہ ہوتا ہو ؛ بے سایہ لیمپ ۔

Astral spirit : (n) ارواح نجمیہ ؛ ستاروں میں بسنے والی روحیں ۔

Astrand : (a&adv) [A+strand] (۱) پھنسا ہوا ؛ مصیبت میں پڑا ؛ گرفتار ؛ درماندہ ۔(۲) مصیبت میں گرفتار ہو کر ؛ پھنس کر ۔

Astray : (a & adv) [OF. "estraie"] بھٹکا ہوا ؛ بھولا ہوا ؛ گمراہ ؛ گم کردۂ راہ ؛ بھولا بھٹکا (نیز مجازاً) ۔

Astray freight : (n) (تجارت) گمراہ مال ؛ بھٹکا ہوا مال ۔

Astray freight way bill : (تجارت) گمراہ مال سفری فہرست ۔

Astre : (n) [OF. "astre"] گھر بار ۔

Astrer : (n) ایک کسان گرھست جس کا مسکن وھیں ہو جہاں اس نے پرورش پائی ہو ۔

Astrict : (v) [L."astrict-","astringere"] مضبوطی سے باندھنا ؛ کس کر باندھنا ؛ جکڑنا ؛ قبض پیدا کرنا ۔ (۲) اخلاقاً یا قانوناً پابند کرنا ؛ اخلاقی یا قانونی ذمہ داری عائد کرنا ۔(۳) محدود رکھنا ؛ ایک خاص حد کے اندر رکھنا ؛ قید لگانا ۔

Astricted : (a) پابند ؛ مقید ۔

Astriction : (n) [L."a(d)-strictionem"] کسی کسان کو زمین اس شرط پر دینا کہ اس زمین سے کٹے ہوئے غلہ کو ایک خاص چکی میں پسوانے کے لئے لے جائے اور وھاں ٹیکس دے ؛ آراضی کا بندوبست مذکورہ شرط پر ۔ (۲) قید ؛ بندھن ؛ اخلاقی یا قانونی دباؤ یا ذمہ داری ؛ حد بندی ۔ (۳) (طب) جنسی ؛ انقباض (عضلات) ۔

Astrictive : (a) [L."astrict- + -IVE] جکڑنےوالا ؛ باندھنے والا ؛ قبض کرنے والا ؛ عضوی یافت ؛ حابس ۔

Astrictively : (adv) بندھن کے ساتھ ؛ قید لگاکر ؛ حد باندھ کر ۔

Astride : (adv) [A+STRIDE] (۱) ٹانگیں چیرے ہوئے ؛ گھوڑے کے آسن کی طرح ۔(۲) ٹانگیں ادھر اُدھر کئے ہوئے ؛ کسی چیز کو ٹانگوں میں لئے ہوئے ۔ (۳) کسی چیز پر سوار ؛ کسی چیزپر گھوڑے کی طرح بیٹھے ہوئے ۔

Astringe : (v) [L."a-, ad- stringere"] (۱) مضبوط باندھنا ؛ جکڑنا ؛ کسنا ۔ (۲) دبانا ؛ مسلنا ؛ بھینچنا ۔ (۳) قبض پیدا کرنا ۔

Astringency : (n) قبض ؛ درشتی ؛ سختی ؛ سخت مزاجی ؛ قابضیت ۔

Astringent : (a) [L."astringentem"] (۱) قابض ؛ سکیڑنے والا ؛ باندھنے والا ۔(۲) سخت ؛ تیز ؛ شدید ۔(۳) خشک ؛ عبوس ۔ (٤) (ادویات) قابض ؛ (کیمیا) کسیلا ۔

Astringently : (adv) سختی سے ؛ درشتی سے ؛ عبوسانہ ۔

Astrion : (n) ایک قسم کا قیمتی پتھر (مشابہ نیلم) ۔

Astro -: جزو ترکیبی بمعنی "ستارہ، نجم" ۔

Astro-aschemist : (n) وہ جو علم نجوم اور علم کیمیا کو ملاتا تھا ۔

Astro-magical : (a) ستاروں سے شگون لینے کے متعلق ۔

Astro-meteorological : (a) موسم کی پیش بینی سے متعلق ۔

Astro-meteorologist : (n) موسم کے بارے میں پیش گوئی کرنے والا ۔

Astro-meterology : (n) کواکبی مظاہر کے موسم ؛ آب و ہوا وغیرہ پر اثرات کی تحقیقات ؛ موسم کی پیش بینی ؛ کوکبی موسمیات ۔

Astro-photometer : (n) کسی ستارہ کی روشنی کی شدت ناپنے کا آلہ ۔

Astro-photometrical : (a) اس آلہ سے متعلق ۔

Astro-phyllite : (n) ایک معدنی شے جسکا رنگ زرد ہوتا ہے ۔

Astro-theology : (n) دین کا وہ علم جو ستاروں کے مطالعہ سے اخذ کیا جائے ؛ ایک مذہبی نظام جو افلاک کے مشاہدے کی بنیاد پر ہو ۔

Astrochomological : (a) اجرام فلکی کی عہد شناسی سے متعلق ۔

Astrognosy : (n) [mod. L."astrognosia"] ستارگان ثوابت کا علم ۔

Astrogony : (n) ستاروں کی آفرینش کا عقیدہ ؛ ستاروں کا سنسار مالا ۔

Astrography : (n) ستاروں کے بیان کا علم ؛ افلاک کی نقشہ کشی ؛ ستارہ نگاری ؛ نجوم نامہ ۔

Astroid : (a) [Gr."astroeides"] ستارہ نما ؛ نجمیہ ۔

Astroite : (n) [L."astroites"] (١) ایک قسم کا جواہر جو قدیم زمانے میں معروف تھا ۔ (٢) ایک قسم کا مونگا ؛ مرجان ۔

Astrolabe : (n) [OF."astrelabe", med. L."astrolabium"] اسطرلاب (اجرام فلکی کے ارتقاء وغیرہ معلوم کرنے کا آلہ)۔

Astrolabical : (a) اسطرلابی ۔

Astrolatry : (n) نجم پرستی ؛ ستاروں کی پرستش ۔

Astrolithology : (n) [astr+lithology] شہابیات ؛ شہابی پتھروں کا علم ؛ شہابی حجریات ۔

Astrologer : (n) نجومی ؛ منجم ؛ اختر شناس ؛ جیوتشی ؛ ستارہ شناس ۔

Astrologic : (a) ستارہ شناسی یا ستارہ شناسوں سے متعلق ۔

Astrological : (a) ستارہ شناسی سے متعلق ۔

Astrologically : (adv) از روئے ستارہ شناسی ۔

Astrologize : (v) ستارہ شناسی آزمانا ۔

Astrology : (n) [Fr."astrologie", Gr."astrolotos"] (١) (قدیم زمانے میں) علمی ہیئت ۔ (٢) جیوتش ؛ نجوم ؛ اختر شناسی ؛ ستارہ شناسی ۔

Judicial astrology : انسانی معاملات پر ستاروں کے پوشیدہ اثرات کے اندازہ لگانے کا فن ؛ ستاروں کے ذریعہ پیش گوئی ۔

Astrometer : (n) مقیاس النور ؛ میزان الشعاع ؛ ستاروں کی ظاہری اضافی مقدار کو ناپنے والا آلہ ۔

Astronomer : (n) ہیئت دان ؛ فلکی ؛ عالم فلکیات ۔

Astronomer Royal : (n) شاہی ہیئت دان ۔

Astronomic / Astronomical : (a) [F."astronomique"] ہیئتی ؛ فلکی ؛ (طبیعیات) ہیئت سے متعلق ۔

Astronomic dance : (n) (تاریخ) ہیئتی رقص (ایک قسم کا قدیم رقص)۔

Astronomical year : (n) کوکبی سال ۔

Astronomical telescope : (n) (طبیعیات) فلکیاتی دور بیں ۔

Astronomically : (adv) ہیئت کے طریقہ پر ؛ فلکیات کی رو سے

Astronomize : (n) ہیئت کا مطالعہ کرنے والا یا ازروئے فلکیات بولنے والا یا عمل کرنے والا ۔

Astronomy : (n) [OF."astronomie", ad. L."astronomia"] فلکیات ؛ علم ہیئت ؛ اجرام فلکی کا علم ۔

Astrophysical : فلکی طبیعیات ۔

Astrophysics : (a) کوکبی طبیعیات سے متعلق ۔

Astroscope : (n) دو مخروط پر مشتمل ایک قدیم آلہ جس کی سطح پر مجموعہ ستارگان وغیرہ کے نقشے بنے ہوئے ہیں ۔

Astrut : (adv) اکڑ کر چلتے ہوئے ؛ مچلتے ہوئے ۔

Astucious /-tious : (a) [F."astucieux"] (۱) زیرک ؛ ہوشیار ؛ سیانا ؛ تیز فہم ؛ تیز ؛ ذکی ۔ (۲) ہوشیار ؛ پُرفن ؛ چالاک ؛ چالباز ؛ عیار ۔

Astuciously : (adv) ہوشیاری سے ؛ مکاری سے ؛ عیاری سے ۔

Astucity : (n) ذکاوت ؛ زیرک ؛ ذہانت ؛ زیرکی ؛ ہوشیاری ؛ عیاری ۔

Asturian : (a) (تاریخ و سیاسیات) استوریائی (اسپین کا ایک علاقہ استوریا سے متعلق)۔

Astute : (a) [L. "astutus "] (۱) زیرک ؛ ہوشیار ؛ سیانا ؛ تیز فہم ؛ تیز ؛ ذکی ۔ (۲) ہوشیار ؛ پُرفن ؛ چالاک ؛ چالباز ؛ عیار ۔

Astutely : (adv) عیاری سے ؛ سیانا پن سے ۔

Astuteness : (n) ذکاوت ؛ زیرک ؛ ہوشیاری ؛ عیاری وغیرہ ۔

Astylar : (a) [Gr."a+stylos"+-ar] بلا ستون کا ؛ بے ستون ۔

Astyllen : (n) (کان کنی) ایک چھوٹا سد ؛ چھوٹا باندھ جو کسی سطح زمین یا رہ گزر میں ہو ۔

Asudden : (adv) یکایک ؛ دفعتاً ۔

Asunder : (adv) [OE. phr. on sundran] (دو یا زیادہ چیزوں کے لئے) علاحدہ علاحدہ ؛ الگ الگ ؛ جدا جدا ؛ دور دور ۔

Asunderness : (n) علاحدگی ؛ جدائی ؛ الگ الگ ہونا ۔

Aswarm : (adv) [A+SWARM] جھُنڈ میں ؛ غول میں ۔

Asway : (adv) [A+SWAY] ڈولتے ہوئے ؛ ہلتے ہوئے ؛ ہلاتے ہوئے ۔

Asweat : (adv) پسینہ پسینہ ؛ عرق عرق ۔

Aswim : (adv) [A+SWIM] تیرتے ہوئے ۔

Aswing : (adv) [A+SWING] جھولتے ہوئے ۔

Aswoon : (adv) [A+SWOON] غشی میں ؛ بیہوشی میں ۔

Aswooned : (a) بے ہوش ۔

Asyllabic : (a) (لسانیات) بے ھجائی ۔

Asyllabical : (a) [A+SYLLABICAL] جس سے ایک ھجا نہ بنتی ہو ۔

Asylum : (n) [Gr."asylon"] (۱) پناہ گاہ ؛ ملجا ؛ امن ؛ جائے پناہ ؛ ٹھکانہ (خاص کر مجرموں یا مقروضوں کا) ؛ (سماجیات) جائے پناہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) پناہ گاہ ؛ پناہ ۔ (۲) محتاج خانہ ؛ معذور خانہ ؛ دار المصنفین ؛ بیت المعذورین ؛ پاگل خانہ ؛ دار المجانین ۔

Lunatic asylum : (سماجیات) پاگل خانہ ۔

Asymbolia : (n) [L. a+symbolus] اشارہٴ نا فہمی ۔

Asymbolic /-al : (a) غیر علامتی۔

Asymmetranthous : (a) جس میں غیر متناسب پھول ہوں ۔

Asymmetric : (a) (۱) (کیمیا) غیر ترتیبی ؛ غیرترکیبی ؛ غیر متشاکل ۔ (۲) غیرتشاکلی ؛ (حیوانیات) غیر موزوں ؛ غیر متناسب ۔

Asymmetrical : (a) (۱) (کیمیا) غیر ترکیبی ؛ غیر ترتیبی ۔ (۲) (ریاضی) غیر تشاکلی ؛ غیر متشاکل (حیوانیات)۔

Asymmetrical factorial design : (شماریات) بے ڈول اجزائی ڈیزائین ۔

Asymmetrical test : (n) (شماریات) بے ڈول جانچ ۔

Asymmetrically : (adv) غیر متناسب طریقہ پر ۔

Asymmetrocarpous : (a) غیر متناسب پھول والا ۔

Asymmetry : (n&a) [Gr."asymmetria"] (۱) عدم تشاکلی ؛ عدم موزونیت ؛ عدم تناسب ؛ بے جوڑپن ؛ (طبیعیات) اسیمٹری ؛ (کیمیا) غیر ترتیب ؛ غیرترکیب ۔ (۲) بےجوڑ ؛ بےمیل ۔

Asymptosy : (n) خط متقارب ہونے کی صفت ۔

Asymptote : (n) [Gr."asymptotos"] (۱) (ریاضی) متقارب ؛ وہ خط جو ایک مفروضہ دائرہ سے قریب تر ہوتا جائے لیکن ایک محدود فاصلہ کے اندر اس سے نہ ملے ۔ (۲) اسمپٹوٹ (کیمیا و طبیعیات) ؛ (ریاضی) خط متقارب ۔

Asymptotic : (a) (طبیعیات) اسمپٹوٹی ؛ (ریاضی) متقاربی ۔

Asymptotic distribution : (n) (شماریات) انتہائی بٹاؤ ۔

Asymptotic normality : (n) (شماریات) انتہائی معمولیت ۔

Asymptotic standard error : (شماریات) انتہائی معیاری خامی ۔

Asymptotical : (a) خط متقارب کا ۔

Asymptotically : (adv) خط متقارب کی طرح ۔

Asymptotically efficient estimator : (شماریات) انتہائی کارگذار تخمینہ کار ۔

Asymptotically unbiassed estimator : (شماریات) انتہائی غیر طرفی تخمینہ کار۔

Asynartete : (a) [Gr."asynartetos"] غیر متصل ؛ علاحدہ ؛ جس میں دو رکن ہوں اور دونوں کے آہنگ جدا ہوں ۔

Asynartetic : (a) ایسے شعر سے متعلق جس میں دو رکن ہوں اور دونوں کے آہنگ جدا ہوں ۔

Asynchronism : (n) [A+SYNCHRONISM] (لسانیات) غیر ہم عصریت ؛ اشتباہ وقتی ؛ نا مطابقت وقتی ؛ نا ہم وقتی ؛ نا ہم زمانی ۔

Asynchronous : (n) وقت سے مطابقت نہ رکھنے والا ؛ نا ہم وقت ؛ ناہم زبان ۔

Asyndetic : (a) [See next] =(partactic) (لسانیات) بےعطفی ۔

Asyndetism : (n) (لسانیات) بے عطفیت ۔

Asyndeton : (n) [Gr."to asyndeton"] (لسانیات) بے عطف ۔

Asyntactic : (a) [Gr."asyntactos"] غیر دستوری ؛ بے قاعدہ ؛ جس میں الفاظ کی ترتیب خلاف قاعدہ ہو ۔

Asyntactic compound : (n) (لسانیات) غیر نحوی مرکب ۔

Asyntactical : (a) (لسانیات) غیر نحوی ۔

Asystole : (n) [mod. L.] قلب کی ایک بیماری جسمیں اس کا انقباضی فعل رک جائے ؛ بےانقباضی قلب ۔

Asystolism : (n) قلب کی ایک بیماری کی علامت جس میں اس کا انقباضی فعل رک جاتا ھے ۔

At : (prep.) [OE.] (١) پر ؛ اوپر ؛ میں ؛ زیر ؛ حالت میں ۔ (٢) کسی جانب حرکت کا اظہار ؛ پر ؛ سمت ؛ طرف ۔

Good at repartee : حاضر جواب ؛ حاضر جوابی میں استاد ۔

Play at fighting : لڑنے کی نقل کرنا ؛ لڑائی کا کھیل ۔

To be at : پیچھے پڑنا ؛ تاک میں رھنا ۔

At : (adv or conj.) (١) پر ؛ اوپر میں ؛ زیر ؛ حالت میں ۔ (٢) کسی جانب حرکت کا اظہار ؛ پر ؛ سمت ؛ طرف ۔

At : (pref) لاحقہ ("Ad" جب "t" کے پہلے آتا ھے تو "at" میں بدل جاتا ھے)۔

At a disadvantage : نقصان ؛ ٹوٹے میں ؛ گھاٹے میں ۔

At a discount : کٹوتی پر ۔

At all : (adv or a) بالکل ۔

At all events : بہر طور ؛ بہر نہج ؛ بہرصورت ؛ بہر کیف ؛ بہر تقدیر ۔

At a low price : کم قیمت پر ؛ کم داموں ؛ کم دام میں ۔

At a loss : نقصان میں ۔

At any rate : بہر صورت ۔

At arm's length : دیکھو arm

At bay : گھر جانا ؛ پلٹ کر مقابلہ کرنا ۔

At best : زیادہ سے زیادہ ۔

At call : عندالطلب ۔

At cost : لاگت پر ۔

At dagger drawn : خون کا پیاسا ؛ ازلی بیر ۔ باپ مارے کی دشمنی ۔

At home / at-home : (adv) (١) گھر پر ؛ خانہ باش ۔ (٢) عصرانہ ؛ کسی خاص وقت میں مہمانوں کی مدارات ۔ (٣) بےتکلف ؛ گویا اپنے گھر میں ۔ (٤) نزدیک ؛ قریب ؛ وطن میں ؛ بے تکلف ۔ (٥) (مجازاً) پورے طور پر واقف ۔

At once : (adv) دیکھو At

At one : (adv) دیکھو At

At par : (انتظامیہ) برابر ؛ ہم پلّہ ؛ مساوی -

At random : (تجارت) اٹکل پچو ؛ ایٹ رینڈم -

At sea : (تجارت) بحری سفر پر (جہاز) -

At sight : (تجارت) نظری ؛ درشنی -

At source : (تجارت) مخزن پر -

Atabal : (n) [Arab. "al+tabl"] طبل ؛ ڈھول ؛ تنبورہ جسے حبشی لوگ استعمال کرتے ہیں -

Atacamite : (n) [f.Atacamain Chilli+-ITE] سبز رنگ کی ایک چمکدار کچی دھات ؛ تانبے کا آکسی کلورائیڈ -

Atactic : (a) [Gr."atactos"+-IC] غیر نحوی -

Ataraxy / Ataraxia : (n) [Gr."ataraxia"] بے تعلقی ؛ مست مولا پن ؛ بے نیازی ؛ سکون قلب ؛ اطمینان قلب ؛ اطمینان نفس ؛ طمانیت -

Ataunt : (adv) [F."autant"] (جہاز رانی) تمام بادبانوں کے ساتھ -

Atavic : (a) [F."atavique"] مورث اعلیٰ کا یا ان سے متعلق ؛ پرکھوں سے متعلق / کا ؛ پرکھا روگی -

Atavism : (a) [F."atavisme"] اجداد سے مشابہت ؛ پرکھوں سے مشابہت ؛ رجعت جدی ؛ پرکھائیت (حیوانیات) ؛ جدیت - (۲) پرکھا روگ ؛ کسی مرض کا کئی پیڑھیوں کے بعد ظاہر ہونا -

Atavistic : پرکھانی (حیوانیات) ؛ راجع ؛ راجع بسلف -

Ataxic : (a) وظائف جسمانی کی بے قاعدگی سے متعلق -

Ataxic fever : (n) میعادی بخار ؛ شدید قسم کا موتی جھرا -

Ataxy : (n) [Gr."ataxia"] وظائف جسمانی کا یا بیماری کی علامتوں کی بے قاعدگی ؛ ہرجلہ ؛ اختلال عضلات -

Locomotive ataxy : ہاتھ پاؤں کے افعال کا خلل ؛ لڑکھڑاتی چال ؛ ذبول -

Atchison : (n) [Sc. pronun of Atkinson] چاندی چڑھایا ہوا تانبے کا سکہ -

Ate : (n) [Gr. "ate"] بیوقوفی ؛ احمق پن ؛ یونانیوں کی شرارت اور تباہی کی دیوی -

Ate : دیکھو eat

-ate : (suffix) لاحقہ : (۱) اسم مفعول کے معنی دیتا ہے - (۲) کبھی عہدہ کے اظہار کے لئے آتا ہے -

-ate : لاحقہ ؛ افعال کے آخیر میں جیسے isolate, aggravate, separate اور Fascinate

-ate : (suffix) لاحقہ : صفات بنانے کےلئے جیسے Desolate

Atechnic : (a) [A+TECHNIC] بغیر تکنیکی علم کا ؛ غیر تکنیکی -

Ateknia : (n) [Gr."ateknia"] لا ولدیت -

Atelectasis : (n) [mod. L., f. Gr."ateles+ectasis"] نا مکمل اتساع ؛ خاص کر نو زائیدہ بچوں کے پھیپھڑوں کا ؛ عدم تمدد -

Atelene : (a) [Gr."ateles"] (بلوریات) نا مکمل ؛ متناسب شکل کے بغیر -

Atelicaspect : (n) (لسانیات) نا تمامی کیفیت -

Atelier : (n) [Fr.] اطاق ؛ کارخانہ ؛ (خاص کر) کسی فنکار یا سنگ تراش کا اسٹوڈیو/کام کرنے کا کمرہ -

Atellan : (a) [L."Atellanus"] اٹلائی یا وہاں کے مضحك بیہودہ قسم کے ڈراموں کا یا اس سے متعلق ؛ تعیش آمیز مضحك ؛ نقل ؛ مزاقیہ -

Atellan : (n) بیہودہ قسم کا ناٹك -

Atelo : جزو ترکیبی جو الفاظ کے شروع میں آتا ہے بمعنی "ناقص" -

Ateloglossia : (n) زبان کی نا مکمل نشو ونما -

Atelognathia : (n) جبڑوں کی ناقص نشو و نما -

Atelomyelia : (n) ریڑھ کے مغز کی ناقص نشو و نما -

Atelostomia : (n) منہ کی ناقص نشو و نما -

Atemporal : (a) لا زمان -

Athalamous : (a) [Gr."a+thalamos"+-ous] کائی کے متعلق ؛ وہ کائی جس کے مضغہ پر جوف رحمی نہ ہو -

Athamantin : (n) تیز صابن کی بو اور تلخ مزے والی ایک بلوری شے جو ایک درخت کی جڑ اور بیج سے حاصل ہوتی ہے ($C_{24}H_{30}O_7$)۔

Athanasian : (a) [Athanasius, archbishop of Alexandria, in the reign of Constantine] (۱) اثانا سیوسی ؛ متعلق بہ اثانا سیوس جو قسطنطین کے عہد میں اسکندریہ کا صدر اسقف تھا۔ (۲) اثانا سیوس کے عقائد کا پیرو۔

Athanasian creed : (n) اثانا سیوسی مسلک جو اس طرح شروع ہوتا ہے "جو کوئی کہ ایسا کرے گا"۔

Athanasianism : (n) اثانا سیوسیت ؛ اثانا سیوسی مذہب کے عقائد یا اصول۔

Athanasianist : (n) اثانا سیوسی عقیدہ کا پیرو۔

Athanasy : (n) [L., a. Gr."athanasia"] لا فانیت ؛ حیات ابدی ؛ حیات جاوید ؛ عدم موت۔

Athanor : (n) [Arab,"at-tannur"] ایک تحلیل کرنے والا تنور جسے کیمیا گر استعمال کرتے تھے اور جس میں خود سے ایندھن مہیا کرنے والے آلہ کے ذریعہ حرارت برقرار رکھی جاتی تھی ؛ التنّور ؛ کیمیا کری بھٹی۔

Atheism : (n) [F."atheisme", a. Gr."atheos"] (۱) دہریت ؛ وجود خدا سے انکار ؛ زندیقیت ؛ الحاد۔ (۲) خدا شناسی ؛ بے دینی ؛ کفر ؛ (فلسفہ و نفسیات) دہریت۔

Atheist : (n) [F."atheiste"] (تاریخ و سیاسیات) منکر ؛ دہریہ ؛ کافر ؛ زندیق ؛ ملحد ؛ بے دین ؛ منکر خدا۔

Atheistic/Atheistical : (a) دہریوں کا سا ؛ ملحدانہ ؛ کافرانہ۔

Atheistically : (adv) ملحدانہ طور پر۔

Atheize : (v) [Gr."atheos"] (۱) ایک ملحد کی طرح بولنا، لکھنا اور حرکت کرنا۔ (۲) ملحد بنا دینا۔

Atheizer : (n) ملحد بنا دینے والا ؛ کافر بنا دینے والا۔

Athematic : (a) [A+THMATIC] (لسانیات) غیر منسوبی۔

Athematic compound : (n) (لسانیات) غیر منسوبی مرکب۔

Athematic formation : (n) (لسانیات) غیر منسوبی تشکیل۔

Athenaeum : (n) [Gr."Athnaeum"] (۱) علمی یا ادبی مجلس۔ (۲) دار المطالعہ ؛ دار الاخبار ؛ کتب خانہ۔ (۳) ایک ادبی و فنی مجلہ یا جریدہ۔ (٤) (آثار یونان قدیم) قدیم ایتھنس میں ایتھن کا مندر جہاں اساتذہ تعلیم دیتے تھے اور مقررین اور شعراء اپنی تصانیف و تالیف سناتے تھے ؛ بزم ادب ؛ دار المطالعہ۔

Atheologian : (n) دینیات سے بے بہرہ۔

Atheological : (a) ضد دینیات۔

Atheology : (n) علم دین سے اختلاف ؛ بے دینیات ؛ دہریات۔

Atheous : (a) [Gr."atheos"+-ous] خدا کی ہستی سے غیر متعلق۔

Atherine : (n) [L."atherina"] مختلف اقسام کی سالن مچھلیوں کے نام۔

Athermancy : (n) [Gr."athermantos"] شعاع افگن حرارت سے سرایت نا پذیری۔

Athermanous : (a) [Gr."a+therman"+OUS] شعاع افگن حرارت سے سرایت نا پذیری۔

Athermic : (a) [A+THERMIC] بے حرارت ؛ بے تپ۔

Atheroma : (n) [Gr."atheroma"] (۱) ایک جوفدار گومڑ جس میں آتش جئی کی طرح کا مادہ رہتا ہے۔ (۲) شریانی پرت کا فاسدانہ اور روغنی لزوب۔

Atheromatous : (a) شریانی پرت کے فاسدانہ اور روغنی لزوب کا یا اس سے متعلق یا اس کی صفت کا۔

Athetize : (v) [Gr."athetein"] جعلی سمجھ کر رد کرنا (کسی مضمون یا عبارت کو)۔

Athetosis : (n) [Gr."athetos"+NL.-Osis] بچوں کی اعصابی بیماری ؛ رعشہ اصابع ؛ کنع۔

Athirst : (a) [OE "ofpyrst "] (۱) پیاسا ؛ تشنہ۔ (۲) تشنہ ؛ شائق ؛ مشتاق ؛ آرزو مند۔

Athlete : (n) [L."athleta"] (۱) ورزشی ؛ کسرتی آدمی ؛ پہلوان ؛ لڑنتیا ؛ ورزش کار۔ (۲) توانا ؛ مضبوط ؛ تنومند ؛ قوی الجثہ ؛ کسرتی ؛ ورزشی آدمی۔ (۳) قدیم یونان اور روم کے عام کھیلوں میں جسمانی ورزش کے مقابلہ میں حصہ لینے والا۔

Athletic : (a) [L."athleticus"] (۱) متعلق بہ ورزش جسمانی ؛ کسرتی ؛ (فلسفہ و نفسیات) ورزشی ۔ (۲) قوی ہیکل ؛ توانا ۔ (۳) (جمع میں) کسرت ۔

Athletically : (adv) کسرتی طور پر ؛ بطور ورزش ۔

Athleticism : (n) ورزش میں انہماک ؛ کسرتی بننے کی مشق ؛ ورزش کاری ۔

Athletics : (n) ورزشیات ؛ جسمانی کسرت جس کے ذریعہ عضلاتی قوت میں اضافہ کیا جاتا ہے ۔

Athletism : (n) حرفہٴ پہلوانی ۔

Athlothete : (n) [Gr."athlothetes"] عام کھیلوں میں انعام دینے والا ؛ اس کا نگراں اور منتظم ۔

Athrill : (a) [A+THRILL] ہیجان خیزی سے ۔

Athrobe : (a) [A+THROBE] دھڑکتے ہوئے ۔

Athrong : (adv) [A+THRONG] ہجوم میں ؛ ہجوم میں بھرا ہوا ۔

Athwart : (adv) (۱) آڑا ؛ ترچھا ۔ (۲) بر عکس ؛ خلاف ؛ بر خلاف ؛ علی الرغم ۔ (۲) اس پار سے اُس پار ؛ آر پار ؛ (جہاز رانی) جہاز کے اس کنارے سے اس کنارے تک ۔ (۳) (مجازاً) توجہ میں ۔

To run athwart : کنارے کنارے دوڑنا ۔

Athwart hawse : دوسرے لنگر انداز جہاز کے پیش پر ۔

Athwart ship / ships : (adv) جہاز کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک ۔

Athwart wise : (adv) آر پار ۔

Athymy : (n) [Gr."athymia"] مایوسی ؛ نا امیدی ۔

-atic : لاحقہ ؛ صفت بنانے کے لئے ۔

-atile : لاحقہ : صفت بنانے کے لئے ۔

Atilt : (adv) [A+TILT] جھکا ہوا ؛ ٹیڑھا ؛ متمائل ۔

To run (or ride) atilt : نیزہ تانے دوڑنا ؛ گھوڑے پر چڑھ کر نیزہ بازی کی مشق کرنا ؛ تلے ہوئے ہونا ؛ مستعد ہونا ۔

Atimy : (n) [Gr."atimia"] عام لوگوں میں رسوائی ؛ عوام میں رسوائی خاص کر شہری حقوق سے محرومی ۔

Atingle : (adv) جھنجھنی کے ساتھ ؛ جھنجھناتے ہوئے ۔

-ation : لاحقہ : اسمائے کیفیت کے لئے جیسے agitation وغیرہ ۔

Atiptoe : (adv) پنجہ کے بل ؛ حالت انتظار میں ۔

-ative : لاحقہ: صفت کے لئے خاص کر ان افعال سے جو ate پر ختم ہوتے ہیں ؛ جیسے Demonstrative ؛ اردو میں اس کا بدل "والا" ۔

Atlantad : (adv) [Gr. see next] مہرے کی طرف ؛ جسم کے بالائی حصہ کی طرف ۔

Atlantal : (a) [Gr."atlant-","atlas"] (۱) مہرے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) بالائی جسم کا یا اس سے متعلق ۔

Atlantean : (a) [L. "Atlanteus".] اطلس کی قوت والا ؛ اطلس کی مانند قوی ۔

Atlantic : (a) [L."Atlanticus"] (۱) اطلسی ؛ متعلق بہ کوہ اطلس جو لیبیا میں ہے ۔ (۲) اوقیانوسی ؛ اطلانتیکی ۔ (۳) بحر اوقیانوس ؛ بحرظلمات ۔

Atlantic charter : (n) (تاریخ و سیاسیات) منشور اوقیانوس ۔

Atlantic conference : (n) (تاریخ و سیاسیات) اٹلانٹک کانفرنس ۔

Atlantic pact : (n) (تاریخ و سیاسیات) میثاق اوقیانوس ۔

Atlantic powers : (n) (تاریخ و سیاسیات) اٹلانٹک طاقتیں ۔

Atlantic union : (n) (تاریخ و سیاسیات) اٹلانٹک یونین ۔

Atlas : (a) [L., a. Gr."Atlas"] (۱) بھاری بوجھ اٹھانیوالا ؛ سب سے بڑا سہارا ؛ وہ چیز جس پر دار و مدار ہو ۔ (۲) بالا ترین مہرہ (ریڑھ کا) جو کھوپڑی کو سہارا دیئے ہوتا ہے اور کھوپڑی کی ہڈی سے وصل ہوتا ہے ۔ (۳) نقشوں کی کتاب ؛ نقشہ کشی کے لئے بڑی تقطیع کا کاغذ ؛ (حیوانیات) اٹلس ؛ سبز بھونرا ۔

Dialect atlas : (لسانیات) بولی ایٹلس ۔

Linguistic atlas : (لسانیات) لسانیاتی ایٹلس ۔

Atlas : (v) سہارا دینا (اطلس کی طرح) ۔

Atlas beetle : (n) ایک بہت ھی بڑا سبز بھونرا ۔

Atlo-/ Atloido -: Atlas کا جزو ترکیبی ۔

Atmidometer : (n) تبخیر پیما ؛ بخار سنج ۔

Atmological : (a) بخاریاتی ؛ علم بخار آب سے متعلق ۔

Atmologist : (n) بخاریات داں ۔

Atmology : (n) [Gr."atmos"+(o)LOGY] بخاریات (ابخرات کا علم) علم بخار آب ؛ تبخیریات ۔

Atmolyse /-yze : (v) بخارات کو الگ الگ کرنا ؛ بخارات کو تحلیل کرنا ؛ غیر مساوی نفوذ پذیری کےلحاظ سے گیسوں کو الگ الگ کرنا ۔

Atmolyser /-yzer : (n) گیسوں کی تحلیل کا آلہ ۔

Atmolysis : (n) [Gr."atmos"+"lysis"] (کیمیا) گیس پاشیدگی ؛ ابخرہ پاشیدگی ؛ بخارات کو الگ الگ کرنا ؛ تحلیل بخارات ؛ غیر مساوی نفوذ پذیری کے لحاظ سے گیسوں کو قدرے الگ الگ کرنا ؛ بخار پاشی ۔

Atmometer : (n) [Gr."atmos+metron"] تبخیر پیما ۔

Atmosphere : (n) [mod. L."atmosphaera", Gr."atmos+sphaera"] (١) (طبیعیات) کرۂ ھوا ؛ اثمو سفیر ۔ (٢) فضا ؛ خلائے بسیط ۔(٣) احاطہ ؛ گھیرا ؛ محیط ؛ حصار ؛ حلقہ ۔(٤) جسمانی یا ذھنی فضا یا ماحول ؛ ماحول ۔ (٥) ھوا ۔ (٦) (جمع میں) ایک مربع انچ سطح پر ١٥ پونڈ وزنی دباؤ ؛ ھواؤں کا دباؤ ۔

Magnetic atmosphere : مقناطیسی کرہ ؛ وہ کرہ جس کے اندر مقناطیس کا عمل ھوتا ھے ۔

Territorial atmosphere : (تاریخ و سیاسیات) ملکی فضائی حد ۔

Atmosphere : (v) ھوا سے احاطہ کرنا / حصار کرنا ۔

Atmospheric /-al : (a) ھوائی ؛ فضائی ؛ متعلق بہ کرۂ ھوائی ؛ (جمع) طوفان کی حالت میں لا سلکی یا ٹیلیفون میں ھوا کا جو اختلال ملتا ھے ؛ (طبیعیات) ھوا کا ۔

Atmospheric absorption : (n) (طبیعیات) ھوائی جذب ۔

Atmospheric circulation : (n) (طبیعیات) کرۂ ھوا کی گردش یا دوران ۔

Atmospheric electricity : (n) (طبیعیات) کرۂ ھوا کی برق ؛ فضائی برق ۔

Atmospheric engine : (n) بھاپ کا ایک انجن ۔

Atmospheric line : (n) اسٹیم انجن کا خط توازن ۔

Atmospheric pressure : (n) (کیمیا) فضائی دباؤ ؛ ھوا کا دباؤ ؛ اثمو سفیری داب ؛ ھوائی دباؤ ۔

Atmospheric railway : (n) وہ ریل جو خلا کے بننے یا بھپی ھوا کی دھکیلنے والی قوت سے چلتی ھے ۔

Atmospheric refraction : (n) (طبیعیات) فضائی انعطاف ۔

Atmospheric turbulance : (n) (طبیعیات) کرۂ ھوائی ھیجان ۔

Atmospherically : (adv) کرۂ ھوائی طور پر ؛ فضائی طور پر ۔

Atmospherics : (n) فضائی پیام رسانی میں مداخلت کرنے والی آواز فضا کی برقی تحرکات کی وجہ سے ؛ ھوائی اضطرابات ۔

Atoll : (n) [Malaylam."adal"] حلقہ نما مرجانی چٹانیں جو لیگون کے چاروں طرف ھوں ؛ مرجانی حلقہ ؛ جزیرہ مرجانی ؛ مرجانہ ۔

Atom : (n) [F. atome, a. Gr."atomos"] (١) ذرہ ؛ ریزہ ؛ ذرہ لایتجزی ؛ کوئی چھوٹی چیز جس کی تقسیم نہ ھو سکے ۔(٢) حصہ اقل ؛ چھوٹا سا حصہ ؛ جزو قلیل ؛ عشر عشیر ؛ جوھر ؛ (حیوانیات، طبیعیات و کیمیا) ایٹم ۔ (٣) ھر چھوٹی چیز ؛ ذراسی چیز ۔

Chemical atom : جوھر کیمیاوی (اشیاء کی وہ چھوٹی مقدار جو کیمیاوی ترکیب پا سکے) ۔

Nuclear atom : (طبیعیات) نیوکلیائی ایٹم ؛ مرکزی جوھر ۔

Physical atom : وہ فرضی آخری ذرہ جس میں مادہ حقیقتاً موجود رھتا ھے ؛ جوھر فرد ؛ جزو لا یتجزی ۔

Recoil atom : (طبیعیات) پچھٹ ایٹم ۔

To smash shiver to or into atom : ریزہ ریزہ کرنا ؛ چور چور کر دینا ۔

Atomare : (n) وہ رقبہ جو اصلی ذرات کے اتصال سے بنتا ھے ۔

Atomechanics : (n) ذرات کے حرکت و سکون کا علم ۔

Atomic : (a) (کیمیا و طبیعیات) ایٹمی ؛ جوھری ؛ متعلق بہ جوھر ؛ جزو لا یتجزی ۔

Unit of atomic weight : جوھری وزن کی اکائی ؛ ایٹمی وزن کی اکائی ۔

Atomic age : (n) (تاریخ وسیاسیات) ایٹمی زمانہ ۔

Atomic beam : (n) (طبیعیات) ایٹمی بیم ؛ جوھری شعاع ۔

Atomic bomb : (n) (تاریخ وسیاسیات) ایٹم بم ؛ (کیمیا) ایٹم بم ۔

Atomic commission : (n) (انتظامیہ) جوھری توانائی کمیشن ۔

Atomic energy : (n) (تاریخ و سیاسیات) ایٹمی طاقت ؛ (کیمیا) ایٹمی قوت ؛ ایٹمی توانائی ۔

Atomic excitation : (n) (طبیعیات) ایٹمی اشتعال ۔

Atomic form : (n) ایٹمی ھیئت ؛ ایٹمی شکل ۔

Atomic heat : (n) (کیمیا) ایٹمی تپش ؛ ایٹمی حرارت ۔

Atomic hydrogen : (n) (کیمیا) ایٹمی ھائیڈروجن ۔

Atomic integration : (n) جوھری تکمیل ۔

Atomic kernel : (n) (طبیعیات) ایٹمی مغز ۔

Atomic language : (n) (لسانیات) غیر ترکیبی زبان ؛ مادیاتی زبان ۔

Atomic mass : (n) (طبیعیات) ایٹمی مادیت ؛ (کیمیا) ایٹمی کمیت ۔

Atomic mass unit : (طبیعیات) ایٹمی ماس اکائی (اے ، ایم ، یو) ۔

Atomic minerals division : (انتظامیہ) محکمہ معدنیات جوھری توانائی ۔

Atomic model : (n) (کیمیا) ایٹمی نمونہ ؛ ایٹمی ماڈل ۔

Atomic number : (n) (طبیعیات) ایٹمی عدد ؛ (کیمیا) ایٹمی نمبر ۔

Atomic orbit : (n) (کیمیا) ایٹمی مدار ۔

Atomic philosophy : (n) فلسفہ جوھر فرد (یہ عقیدہ کہ تمام چیزیں جو جاذبہ اور حرکت رکھتی ھیں اجزائے لایتجزی سے بنی ھیں) ۔

Atomic pile : (n) (طبیعیات) ایٹمی ڈھیر ؛ جوھری تودہ ؛ جوھری انبار ۔

Atomic power : (n) (انتظامیہ) جوھری قوت ؛ (طبیعیات) ایٹمی طاقت ۔

Atomic proportion : (n) جوھری تناسب ۔

Atomic radius : (n) (طبیعیات) ایٹمی ریڈیس ؛ (کیمیا) ایٹمی نصف قطر ۔

Atomic reactor : (n) (کیمیا) ایٹمی بھٹی ۔

Atomic refraction : (n) (طبیعیات) ایٹمی انعطاف ۔

Atomic spectrum : (n) (کیمیا) ایٹمی اسپکٹرم ؛ ایٹمی طیف ۔

Atomic stability : (n) (طبیعیات) ایٹمی پائداری ۔

Atomic state : (n) (کیمیا و طبیعیات) ایٹمی حالت ۔

Atomic structure : (n) (کیمیا و طبیعیات) ایٹمی ساخت ۔

Atomic theory : (n) (طبیعیات) ایٹمی نظریہ ؛ نظریہ جوھر فرد ؛ یہ عقیدہ کہ عناصر ایسے غیر تقسیم پذیر اجزائے مادہ پر مشتمل ھیں جو اپنا مخصوص وزن اضافی رکھتے ھیں اور مختلف اشیاء کے جوھر جب ترکیب پاتے ھیں تو وہ ایک خاص تناسب کے ساتھ ملتے ھیں اوران کا یہ تناسب ھی ھوتا ھے جس میں عناصر اور مرکبات کیمیاوی ترتیب پاتے ھیں ؛ (کیمیا) ایٹمی نظریہ ۔

Atomic volume : (n) (کیمیا) ایٹمی حجم ؛ جوھری حجم ؛ (طبیعیات) ایٹمی حجم ۔

Atomic weight : (n) (کیمیا) ایٹمی وزن ۔

Atomical : (a) ایٹمی ؛ ایٹم سے متعلق ؛ ایٹمی فلسفہ کا پابند ؛ دقیق ؛ باریک ؛ ابتدائی ؛ ایٹمی فلسفہ کا معتقد ۔

Atomically : (adv) بطور ایٹم۔

Atomicity : (n) ایٹمی ترکیب کی حالت ؛ کسی عنصر کی ترکیبی صلاحیت جو اب (Valency) کہلاتی ہے ؛ گرفت جوہری ؛ تعداد جواہر ۔

Atomism : (n) (۱) انفرادی جوہروں کے عمل کا نظریہ ؛ نظریہ جوہریت ؛ ذریت ۔ (۲) انفرادیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) نظریہ جوہریت ۔ (۳) یہ عقیدہ کہ دنیا کی ترکیب ذرات لا یتجزی یعنی ایٹم سے ہوتی ہے ۔

Dynamic atomism : (فلسفہ و نفسیات) حرکی جوہریت۔

Logical atomism : (فلسفہ و نفسیات) منطقی جوہریت ۔

Psychological atomism : (فلسفہ و نفسیات) نفسیاتی جوہریت ۔

Qualitative atomism : (فلسفہ و نفسیات) کیفی جوہریت ۔

Quantitative atomism : (فلسفہ و نفسیات) کمیتی جوہریت ۔

Sensory atomism : (فلسفہ و نفسیات) حسّی جوہریت ۔

Atomist : (n) (۱) نظریۂ جوہریت (ذریت) کا قائل ؛ جوہریت پسند ؛ معتقد جوہریت ۔ (۲) نظریہ جوہر فرد کا طالب علم یا شارح ۔

Atomistic : (a) "atomist" یا "Atomism" کا یا اس سے متعلق ؛ علاحدہ ذروں کا حامل ؛ جوہریتی ۔

Atomistical : (a) ذرّوی ؛ جوہریت سے متعلق ۔

Atomistically : (adv) جوہریت کے متعلق ۔

Atomistics : (n) (طبیعیات) جوہریت ۔

Atomization : (n) (۱) جوہرانا ؛ ذروں یا جوہر میں تحلیل کرنا ۔ (۲) مائعات کو لطیف بنا دینا ؛ (طبیعیات) ذرہ پاشیت ؛ (کیمیا) ایٹمانا ؛ جوہراؤ ؛ جوہر سازی ؛ (طب) مائع پاشی ؛ عرق پاشی ۔

Atomize : (v) ذرّوی یا جوہر فرد میں تحلیل کرنا ؛ تحقیر کرنا ؛ (طبیعیات) ذرہ پاشی ؛ (کیمیا) ایٹمانا ؛ جوہرانا ؛ (طب) پھوڑا بننا ۔

Atomized : (a) (کیمیا) ایٹمانا ؛ ایٹم شدہ ۔

Atomizer : (n) (طب) عرق پاش ؛ وہ آلہ جس کی مدد سے مائعات کی باریک باریک پھواریں نکلتی ہیں ؛ (طبیعیات) ذرہ پاشی ؛ (کیمیا) عرق پاشی ۔

Atomlessy : (a) ایک ذرہ بھی نہ چھوڑنے والا ؛ ذرہ شناسی ۔

Atomology : (n) علم جوہر فرد ؛ ذروں کا علم ؛ علم ذرات ؛ ذرہ شناسی ؛ جوہریات ؛ علم الجوہر ۔

Atomy : (n) (۱) ڈھانچہ ؛ پنجر ۔ (۲) ہڈی چمڑا ؛ پوست استخواں ۔

Atomy : (n) ذرہ ؛ جزو لا یتجزی ؛ ریزہ ؛ نحیف ؛ پنجر ؛ تشریح ؛ بونا ؛ جوہر ۔

Atonal : (a) (موسیقی) بغیر سُر یا راگ کے ۔

Atonable : (a) قابل فدیہ ؛ قابل کفارہ ؛ قابل تلافی ۔

Atone : (v) [Back-formation from ATONEMENT] (۱) کفارہ دینا ؛ کفارہ ادا کرنا ؛ بھگتان بھگتنا ؛ تاوان دینا ؛ ڈانڈ بھرنا ؛ بدل کرنا ؛ عوض کرنا ۔ (۲) کفارہ ؛ فدیہ ؛ بدلہ وغیرہ دینا ۔ (۳) (متروک) مصالحت کرنا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ ہم صوت کرنا ۔

Atonement : (n) [f. ATONE+-MENT] کفارہ ؛ تاوان ؛ فدیہ ؛ ڈنڈ ؛ بدلہ ؛ معاوضہ ؛ ہم آہنگی ؛ ہم صوتی ؛ آشتی ؛ صلح ؛ مصالحت ؛ (فلسفہ و نفسیات) کفارہ ۔

Atonementist : (n) Calvine کے عقیدہ کفارہ کو ماننے والا ۔

Atonement money : (n) زر فدیہ ؛ زر کفارہ ۔

Atoner : (n) فدیہ دینے والا ؛ کفارہ دینےوالا ؛ تلافی کرنے والا ۔

Atonic : (a) [med. L."atonicus"] (۱) بے نبرہ ؛ وہ بول جس پر زور نہ پڑے ؛ غیر تکیہ دار ؛ غیر مؤکد ؛ عدم توتر ؛ ضعیف ۔ (۲) (طب) بے رونق ؛ جس پر صحت کی رونق نہ ہو ۔ (۳) غیر موکد بول ؛ (طبیعیات) بے بل ؛ غیر نبری ۔ (٤) دوا جو ہیجان کو دور کرے ؛ دوائے دافع ہیجان ۔

Atonic form : (n) (لسانیات) بے بل روپ ۔

Atony : (a) [F."atonic", ad. med. L."atonia"] نقاهت ؛ ضعف اعصاب ۔

Atop : (adv & prep) اوپر ؛ سر پر ؛ چوٹی پر ۔

Atopy : (n) [Gr."atopia"] دیکھو allergy

Atour : (prep) [AT Prep.+our, ower] خلاف ورزی میں ؛ اوپر ؛ مزید ؛ علاوہ ۔

By and atour : مزید ؛ علاوہ ۔

Atrabilarian : (n) [f. med. L."atrabilarius"] سوداوی مزاج کا ۔

Atrabilarious : (a) سوداوی ۔

Atrabiliary : (a) [mod. L."atrabiliarius"] سودا سے متعلق ؛ سوداوی ؛ سیاہ صفراوی ؛ سوداوی مزاج ۔

Atrabilious / Atrabiliar : (a) [L."atraibulis"] (۱) سوداوی ۔ (۲) مالیخولیائی ؛ خبطی ؛ اداس ؛ سوداوی مزاج ۔ (۳) جھلاّ ؛ چڑ چڑا ؛ ترش مزاج ۔

Atrabiliousness : (n) چڑ چڑاپن ؛ خبط ؛ مالیخولیا ؛ جھلاپن ۔

Atrament : (n) [L."atramentum"] سیاہی ؛ روشنائی یا اس قسم کی کوئی سیاہ شئے ۔

Atramental / Atramentous : (a) سیاہ ؛ کالا ؛ روشنائی جیسا ۔

Atremble : (adv) [A+TREMBLE] رعشہ دار ؛ کپکپاتے ہوئے ؛ تھر تھراتے ہوئے ۔

Atresia : (n) [Gr."atretos"] جسم کی قدرتی نلی کا مسدود ہو جانا ؛ تنگی تقبہ ؛ رتق ۔

Atrial : (a) [L."atrium"] (۱) قلب کے بالائی خانے کا یا اس سے متعلق ؛ اذین القلب کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) معانی جوف کا یا اس سے متعلق ؛ (حیوانیات) اطاقی ۔

Atrip : (adv) (۱) (جہاز رانی) متعلق بہ مستول ؛ تھوڑا اوپر اٹھایا ہوا اس غرض سے کہ بادبان اپنی جگہ پر آجائے ۔ (۲) متعلق بہ بادبان ؛ کندے کے سوراخ سے بلند کیا ہوا اور پھیلا ہوا بادبان تاکہ جہاز کو ہوا کے رخ پر لگایا جائے ۔ (۳) متعلق بہ لنگر ؛ ذرا بلند ؛ زمین سے تھوڑا ہی اوپر ۔

Atrium : (n) [L.] (۱) صحن ؛ آنگن ؛ ایک رومی مکان کا مرکزی ہال ۔ (۲) برساتی چھتا (خاص کر گرجوں کا) ۔ (۳) (فلکیات) اذین القلب کا وہ حصہ جس میں رگیں خون انڈیلتی ہیں ؛ وہ بڑا جوف جس میں جاکر آنتیں کھلتی ہیں ؛ اطاق ۔

Atro -: جزو ترکیبی بمعنی "سیاہی مائل سرخ رنگ"۔

Atrocious : (a) [L."atroci-"(atrox)] (۱) خبیث ؛ ملعون ؛ نابکار ؛ بد ذات ؛ بے درد ؛ ظالم ۔ (۲) بہت برُا ؛ بہت خراب ؛ زشت ۔

Atrocious pun : (n) غیر مہذب ضلع جگت ۔

Atrociously : (adj) بد ذاتی یا نابکاری سے ؛ خبیثانہ ؛ پاجیانہ طور پر ۔

Atrociousness : (n) پاجی پنا ؛ بد معاشی ؛ نابکاری ؛ خباثت ؛ شرارت ۔

Atrocity : (n) [L. "atrocitatem"] (۱) پاجی پن ؛ بد ذاتی ؛ نابکاری ؛ خباثت ؛ (تاریخ و سیاسیات) مظالم ؛ ظالمانہ فعل ؛ تشدد ۔ (۲) پاجیانہ فعل ؛ ظالمانہ فعل ۔ (۳) سخت غلطی ؛ فاش غلطی ؛ انتہائی حماقت ؛ بدتہذیبی ۔

Atrois : (a) [Fr.] تین کے لئے ؛ تین شخصوں کے لئے ۔

Atrophied : (a) لاغر ؛ خشک ۔

Atrophous / Atrophic : (a) لاغر ؛ خشک ؛ ہزالی ۔

Atrophy : (n) لاغری ؛ خشکی ؛ دبلاپن ؛ پوست استخواں ؛ ہزالی ؛ (حیوانیات) عدم نمو ؛ ہزال ۔

Atrophy : (v) گھلنا ؛ گھلانا ؛ دبلا ہونا یا کرنا ؛ سوکھنا یا سکھانا ؛ پوست استخواں ہونا یا کر دینا ؛ ناقص ہونا یا کردینا ۔

Atropic : (a) عرق عنب الثعلب کا ۔

Atropine / Atropia : (n) [f. "atropa"] ایک قسم کا زہریلا القلی دار مادہ جو مکو سے نکلتا ہے ؛ عرق مکو ؛ عرق عنب الثعلب ۔

Atropinism / Atropism : (n) Atropine کا زہر دینا ۔

Atropinized : (a) Atropine کے ذریعہ زہر دیا ہوا ۔

Atropous / Atropal : (a) [Gr."atropos"+-OUS] ایسے بیضک سے متعلق جو الٹا نہیں بلکہ سیدھا ہو ۔

Atry : (adv) طوفان میں جہاز کے متعلق بولا جاتا ہے ؛ بادبان کو اگلے حصہ سے لگا کر جہاز کا توازن ہوشیاری سے قائم رکھنا ۔

Attach : (v) [OF."atachier"] (۱) باندھنا ؛ نتھی کرنا ؛ ٹانکنا ؛ منسلک کرنا ؛ لگانا ؛ جوڑنا ۔ (۲) شریک ہونا ؛ ملنا ؛ شامل ہونا ؛ ساتھ ہو جانا ؛ جا ملنا ؛ (کسی شخص، جماعت یا وفد وغیرہ سے) ۔ (۳) ملانا ؛ لگانا ؛ شامل کرنا ؛ اضافہ کرنا ؛ ملحق کرنا ؛ پیوند کرنا (کسی غیرمادی چیز، نام، ذمہ داری وغیرہ کا) ۔ (٤) اہمیت دینا ؛ سمجھنا ؛ نسبت کرنا ؛ منسوب کرنا ۔ (٥) (قانون) قرق کرنا ؛ ضبط کرنا ؛ قرق میں لانا ۔ (٦) عائد ہونا ؛ لگنا ؛ آنا ۔

To be attached to : ملحق ؛ جوڑا ہوا ۔

Attachable : (a) جوڑنے کے قابل ؛ قابل انسلاک ؛ منسلک شدنی ؛ جوڑنے کے قابل ؛ قابل قرقی ؛ ضبطی یا گرفتاری کے قابل ۔

Attache : (n) رکن عملہ سفارت ؛ اتاچی ؛ کسی حکومت کا بحری یا فوجی نمائندہ کسی غیر ملک میں ؛ (تاریخ، سیاسیات و انتظامیہ) اتاشی ۔

Administration attache : (تاریخ و سیاسیات) انتظامی اتاشی ۔

Air attache : (تاریخ و سیاسیات) فضائیہ اتاشی ۔

Commercial attache : (تاریخ و سیاسیات) تجارتی اتاشی ۔

Consular attache : (تاریخ و سیاسیات) قونصلی اتاشی ۔

Cultural attache : (تاریخ و سیاسیات) تہذیبی اتاشی ۔

Labour attache : (تاریخ و سیاسیات) اتاشی برائے محنت ۔

Military attache : (تاریخ و سیاسیات) فوجی اتاشی ۔

Naval attache : (تاریخ و سیاسیات) بحریہ اتاشی ۔

Passport and visa attache : (تاریخ وسیاسیات) پاسپورٹ اور ویزا اتاشی ۔

Press attache : (تاریخ و سیاسیات) پریس اتاشی ۔

Property attache : (تاریخ و سیاسیات) جائداد اتاشی ۔

Publicity-Cum-Cultural attache : (تاریخ و سیاسیات) اتاشی برائے نشر و اشاعت و تہذیب ۔

Attache case : (n) کاغذات رکھنے کا چمڑے کا چھوٹا بکس ۔

Attached : (a) (۱) گرفتار ؛ ملحق ؛ وابستہ بلحاظ ذوق ؛ محبت یا ہمدردی ۔ (۲) مادی طور پر بندھا ہوا ؛ (تاریخ و سیاسیات) منسلکہ ؛ مشمولہ ۔ (۳) (حیوانیات) ساکن ؛ (معماری) دیوار سے متصل ۔

Attached office : (n) (انتظامیہ) ملحقہ دفتر ۔

Attachedly : (adv) منسلک ہو کر ؛ شریک ہو کر ؛ متصل ہو کر ۔

Attacher : (n) ملحق کرنے والا ؛ وابستہ کرنے والا ۔

Attachment : (n) [F."attachement"] (۱) منسلک ؛ الحاق ؛ جوڑ ؛ نتھی کرنا ؛ شامل کرنا ؛ شمول ؛ اشتراک (attach دوسرے معنوں میں) ۔ (۲) لگاؤ ؛ جڑاؤ (حیوانیات) ۔ (۳) شئے منسلکہ ؛ شئے مشمولہ ؛ نتھی شدہ ؛ بندھن ؛ نتھی ؛ رشتہ ۔ (٤) محبت ؛ پیار ؛ دلی تعلق ؛ چاہ ؛ الفت ؛ اُنس ؛ وابستگی ؛ (فلسفہ و نفسیات) لگاؤ ۔ (٥) قرقی ؛ ضبطی ۔ (٦) اضافہ ۔

Foreign attachment : غیر ملکی مال کی قرقی جو قرضوں کی ادائی کے لئے کی جائے ۔

Infantile attachment : (فلسفہ ونفسیات) بچکانہ لگاؤ ۔

Attack : (v) [F."ataquer"] (۱) حملہ کرنا ؛ دھاوا بولنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ ہلہ کرنا ؛ دھاوا بولنا ؛ یلغار کرنا ؛ وار کرنا ؛ چڑھ دوڑنا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ (نیز مجازاً) چوٹ کرنا ۔ (۲) برا حشر کرنا ؛ مضر ہونا ؛ ضرر پہنچانا ؛ نقصان پہنچانا ؛ خراب کرنا (کسی طبعی عامل یا بیماری وغیرہ کا)۔ (۳) کسی مشکل کام میں لگ جانا ۔

Attack : (n) (۱) (تاریخ و سیاسیات) حملہ ؛ وار ؛ چڑھائی ؛ یورش ؛ دھاوا ؛ پل پڑنا؛ تاخت و تاز ۔ (۲) چٹ ۔ (۳) عمل ؛ اثر ؛ (امراض اور طبعی عاملوں کا)۔ (٤) کسی مشکل کام میں انہماک ۔ (٥) ایک قدرتی عامل کا تحلیل کرنے یا برباد کرنے کے عمل کا آغاز ۔ (٦) (موسیقی) کسی نغمہ کے آغاز کا طریقہ یاعمل ۔ (٧) حوصلہ مندانہ بیان ؛ جرأت مندانہ بیان ؛ جرأت مندانہ ترجمانی ۔

Attack rate : (n) (شماریات) حملہ کی شرح ؛ شرح یورش ۔

Attackable : (a) قابل گرفت ؛ ضرر پذیر ؛ نقصان پذیر ۔

Attacker : (n) حملہ آور ؛ دھاوا کرنے والا ؛ چڑھائی کرنے والا ۔

Attain : (v) [ME."ateyn(e)","ateine", OF."ataign-", L."attinge"] (۱) پہنچانا ؛ آ لگنا ؛ عمر کو پہنچنا ۔ (۲) حاصل کرنا ؛ پانا ؛ تکمیل کو پہنچنا ۔

Attainable : (a) قابل حصول ؛ ممکن الحصول ؛ تکمیل پذیر ۔

Attainableness : (n) تکمیل پذیری ۔

Attainder : (n) [OF."attaindre","ateindre"] سزائے موت یا خارج البلد کے عواقب مثلاً املاک ، شہری حقوق یا وراثت سے محرومی ۔

Act or Bill of attainder : وہ بل یا قانون جو انگلستان کی پارلیمنٹ میں پاس ہوا اور جس کے ذریعہ سزائے موت یا خارج البلد کے عواقب لاگو کئے گئے ۔

Attained : (a) تکمیل شدہ ۔

Attained age : (n) (تجارت) تکمیل شدہ عمر ۔

Attainer : (n) حاصل کرنے والا ؛ پہنچنے والا ۔

Attainment : (n) حصول ؛ تحصیل ؛ تکمیل کو پہنچنا ؛ رسائی ؛ پہنچ ۔ (۲) جوہر ؛ ہنر ؛ استعداد ؛ اکتساب (فلسفہ و نفسیات) استعداد ؛ حصول ۔ (۳) کمال ؛ فضیلت ۔

Attainor : (n) [Af."atteignour",OF."atteigneur"] (قانون) ۲٤جیوریوں میں سے ایک جیوری ؛ غلط رائے دینے والی کسی جیوری کو سزا دینے والی ۲٤ جیوریوں میں سے ایک جیوری ۔

Attaint : (v) [OF."ateint","ataint"] (۱) (بیماریوں وغیرہ کا) لاحق ہونا ؛ حملہ کرنا ؛ لگنا ۔ (۲) پیدا ہونا ۔ (۳) لگنا ؛ لگ جانا (متعدی بیماریوں کا) اڑ کر لگنا ؛ سرایت کرنا ؛ متاثر ہونا ۔ (٤) داغ لگانا ؛ ملوث کرنا ؛ سانںا ؛ آلودہ کرنا ؛ کلنک کا ٹیکہ لگانا ؛ بدنام کرنا ۔(٥) زہر وغیرہ کا اثر کرنا ۔ (٦) کسی جیوری کو غلط رائے کا ملزم قرار دینا ؛ جیوری کی رائے کو الٹ دینے کے لئے قانونی کار روائی ۔

Attaint : (n) [OF."ateinte"] کسی جیوری کو غلط رائے دینے کی سزا ؛ کلنک کا ٹیکہ ؛ پچھلی ٹانگ سے اگلی کا زخمی ہونا ؛ چھونا ۔

Attar : (n) [a pers., ad. Arab.] عطر ؛ عطر گلاب ۔

Atteal : (n) ایک قسم کی بط جو Orkney اور Shetland isles میں پائی جاتی ہے ۔

Attemper : (v) [L."attemperare"] (۱) ممزوج کرنا ؛ ملانا ؛ سمونا ؛ آمیز کرنا ؛ معتدل بنانا ؛ ملائم کرنا ؛ نرم کرنا ۔(۲) حرارت کو معتدل کرنا ۔ (۳) تسکین دینا ؛ دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ تشفی دینا ۔ (٤) مطابق کر لینا ؛ رنگ قبول کر لینا ؛ مناسب حال یا مطابق حال کرنا ؛ سازگار بنا لینا ۔ (٥) ہم آہنگ کرنا ؛ ہم صوت کرنا ۔ (٦) تاؤ دینا ؛ (دھات کو) بجھاؤ دینا ؛ آب دینا ۔

Attemperament /-perment : (n) ترکیب امتزاج ؛ سمونا ؛ مطابقت ؛ موافقت ؛ ہم آہنگی ؛ تاؤ ؛ بجھاؤ ؛ دم ؛ آب ۔

Attemperate : (v) معتدل بنانا ؛ ملائم کرنا ؛ دیکھو attemper

Attemperate : (a) معتدل ؛ متوازن ؛ باقاعدہ ؛ تناسب ۔

Attemperation : (n) معتدل یا ملائم کرنے کا عمل ۔

Attemperator : (n) معتدل یا ملائم کرنے والا خصوصاً شراب کی کشید میں شعیر کی خمیری حرارت کو معتدل رکھنے میں ۔

Attempt : (v) [L."attemptare","attentare"] (۱) کوشش یا سعی کرنا ۔ (۲) (دشمن یا قلعہ کی) تسخیر کی کوشش کرنا ۔ (۳) ورغلانے کی کوشش کونا ۔ (٤) بد زور قوت حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۔

To attempt the life of : کسی کو قتل کرنے کی کوشش کرنا ؛ کوشش کرتے ہوئے ؛ سعی کرتے ہوئے ۔

Attempt : (n) کوشش ؛ سعی ؛ جدو جہد ؛ بیڑا اٹھانا ؛ کسی کی جان پر حملہ ؛ کسی عورت کی عزت پر حملہ ۔

Attemptability : (n) کوشش پذیری ؛ سعی پذیری ۔

Attemptable : (a) قابل کوشش ؛ قابل سعی ۔

Attempter : (n) کوشاں ؛ ساعی ؛ کوشش کرنے والا ۔

Attemptingly : (adv) کوشش کرتے ہوئے ؛ سعی کرتے ہوئے ۔

Attemptless : (a) بلا کوشش ؛ بے سعی ۔

Attend : (v) [ME."attende", L."at","adtendere"] (۱) توجہ کرنا ؛ متوجہ ہونا ؛ توجہ مبذول کرنا ؛ غور کرنا ؛ سوچنا ؛ دھیان دینا ۔ (۲) مشغول ہونا ؛ منہمک ہونا ؛ جُٹ جانا ؛ لگ جانا ؛ مصروف ہونا ۔ (۳) موجود ہونا ؛ حاضر ہونا ؛ شریک ہونا (کسی موقع پر)۔ (٤) حاضر خدمت رہنا ؛ حاضر باش ہونا ؛ حضوری میں رہنا ۔ (٥) ملاقات کے لئے حاضر ہونا ۔ (٦) ساتھ ہونا ؛ رفاقت کرنا ؛ معیت کرنا ؛ ساتھ جانا ۔ (۷) (فوجی اور جہاز رانی) دشمنی کے ارادے سے پیچھے ہٹنا ۔ (۸) انتظار کرنا ؛ منتظر رہنا ۔

Attendance : (n) [OF."atendance"] (۱) حاضری ؛ حاضر باشی ؛ حاضر خدمت ؛ حضوری ؛ موجودگی (فلسفہ و نفسیات) حاضری ۔ (۲) (شرکت) تعداد حاضرین ؛ ملتزمین ۔ (۳) ملازمت ؛ خدمت ۔

In attendance : خدمت میں ۔

To dance attendance : حاضر باشی کرنا ؛ دربار داری کرنا ۔

Attendance register : (n) (انتظامیہ) حاضری رجسٹر ؛ رجسٹر حاضری ۔

Attendant : (n) [OF."attendant"] (۱) خدمت گار ؛ حاضر رہنے والا ؛ حاضری دینے والا ؛ حاضر باش ؛ ملازم ؛ مصاحب ؛ پیش خدمت ۔ (۲) شریک ؛ نزدیکی نتیجہ ۔ (۳) شریک جلسہ وغیرہ ۔ (٤) تابع ۔

Attendantly : (adv) شریک ہو کر ؛ حاضر باش ہو کر ۔

Attender : (n) توجہ کرنے والا ؛ مشاہدہ کرنے والا ۔

Attendress : (n) (۱) خدمت گار ۔ (۲) زن خدمت گار ۔

Attent : (a) [L."attentus"] تلا ہوا ؛ آمادہ ؛ متوجہ ۔

Attently : (adv) توجہ سے ؛ آمادگی کے ساتھ ؛ آمادہ ہو کر ۔

Attention : (n) [L."attentionem"] (۱) توجہ ؛ دھیان ؛ التفات ؛ غور ؛ خیال ؛ مواظبت ؛ دقت ۔ (۲) توجہ ؛ خیال ؛ لحاظ ؛ پاس ؛ (فلسفہ و نفسیات) توجہ ۔ (۳) (جمع میں) تکلفانہ آداب ؛ مراسم اخلاقی ۔ (٤) ایک فوجی لفظ جو کسی خاص مشق یا حرکت کی تیاری کے لئے ہوشیار کرتا ہے ؛ فوجی حکم ۔

Distributed attention : (فلسفہ و نفسیات) منقسم توجہ ۔

Fluctuation of attention : (فلسفہ ونفسیات) توجہ کا اتار چڑھاؤ ۔

Focus of attention : (فلسفہ و نفسیات) مرکز توجہ ۔

Habitual attention : (فلسفہ و نفسیات) عادی توجہ ۔

Intensive attention : (فلسفہ و نفسیات) گہری توجہ ۔

Involuntary attention : (فلسفہ و نفسیات) غیر ارادی توجہ ۔

Primary attention : (فلسفہ و نفسیات) طبعی توجہ ۔

Secondary attention : (فلسفہ و نفسیات) ثانوی توجہ ۔

Spontaneous attention : (فلسفہ و نفسیات) بے ساختہ توجہ ۔

Sustained attention : (فلسفہ و نفسیات) قائم توجہ ۔

To arrest attention : متوجہ کرنا ۔

To attract attention : دھیان مبذول کرنا ۔

To call attention : دھیان مبذول کرنا ۔

To come to attention : (فوجی) سیدھے کھڑے ہونا ۔

To darw attention : دھیان مبذول کرنا ؛ متوجہ کرنا ۔

To fix attention : دھیان جمانا ۔

To pay or give attention : دھیان دینا ۔

To pay attention or one's attention to : توجہ دینا ۔

To stand at attention : (فوجی) سیدھے کھڑے ہونا ۔

Visual attention : (فلسفہ و نفسیات) بصری توجہ ۔

Volitional attention : (فلسفہ و نفسیات) ارادی توجہ ۔

Voluntary attention : (فلسفہ و نفسیات) ارادی توجہ ۔

Attention line : (n) (تجارت و معاشیات) توجہ لائن ۔

Attention span : (n) (فلسفہ و نفسیات) وسعت توجہ ؛ حیطۂ توجہ ۔

Attentive : (a) [F."attentif",-ive] (۱) متوجہ ؛ خیال رکھنے والا ۔(۲) خلیق ؛ خاطر داری کرنے والا ؛ متواضع ؛ آؤ بھگت کرنےوالا ؛ خاطر مدارات سے پیش آنے والا ۔(۳) آمادہ ۔

Attentively : (adv) توجہ سے ؛ دھیان دیکر ۔

Attentiveness : (n) توجہ ؛ فکر ؛ التفات ؛ اعتنا ۔

Attenuant : (a) [L."attennantem"] رقیق کرنے کی خاصیت رکھنے والا ؛ پتلا کرنے کی خاصیت رکھنے والا ؛ رطوبتوں کو پتلا کرنے والی دوا ۔

Attenuate : (v) [L."attenuat-","attenuare"] (۱) پتلا کرنا ؛ باریک کرنا ؛ رقیق کرنا ۔(۲) پتلا کرنا (ترکیب کے اعتبار سے) ۔(۳) تخفیف کرنا ؛ تقلیل کرنا ؛ گھٹانا (شدت، قیمت یا قوت کو) ۔(٤) کمزور ؛ لاغر ؛ پتلا ہو جانا ۔

Attenuate : (a) [L."attenuatus"] (۱) پتلا ؛ باریک ۔(۲) لطیف ؛ ہلکا کیا ہوا ؛ رقیق ؛ ملطف ۔

Attenuation : (n) [L."attenuationem"] (۱) رقیق کرنا ؛ تخفیف ؛ کمی ؛ تقلیل ۔ (۲) کثافت کی تخفیف ؛ (طبیعیات) تخفیف ۔

Atter : (n) [OE."atr","ator","attor"] (۱) فاسد مادہ ۔ (۲) زہر ملانا ۔

Attercop : (n) [OE."attorcoppa"] (۱) کینہ پرور آدمی ؛ بد فطرت آدمی ۔ (۲) (حیوانیات) عنکبوت ؛ مکڑی ۔

Attermine : (v) [L."arterminare"] قرضہ کی ادائی کی شرط طے کرنا ۔

Attery / Attry : (a) ریم آلود ؛ پیپ بھرا ۔

Attest : (v) [F."attester", ad. L."attestari"] (۱) (انتظامیہ) تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ حلف لینا ؛ قسم لینا ؛ حلفیہ اقرار کرنا ؛ سند دینا ۔ (۲) شاہد ہونا ؛ گواہ ہونا ؛ گواہی دینا ؛ شہادت دینا ۔

Attest : (n) دستخط کی توثیق ۔

Attestable : (a) قابل تصدیق ؛ قابل توثیق ۔

Attestant : (n) [L."attestantem"] گواہ ؛ شاہد ؛ مصدّق ؛ دستخط کی تصدیق کرنے والا ۔

Attestation : (n) [L."attestationem"] (۱) (تاریخ و سیاسیات و انتظامیہ) تصدیق ؛ توثیق ؛ دستخطی ؛ قسمیہ بیان ؛ تحریری بیان ؛ تحریری اقرار ۔(۲) شہادت ؛ گواہی ؛ حلف لینا ؛ قسم کھلوانا ؛ حلفیہ اقرار کرنا ۔

Attestative : (a) تصدیقی ؛ توثیقی ۔

Attested form : (n) (لسانیات) مصدقہ روپ ؛ مستعملہ روپ ۔

Attester /-or / Attestator : (n) تصدیق کنندہ ؛ مصدّق ؛ حلف لینے والا ؛ قسم کھلانے والا ؛ شاہد ۔

Attic : (a) (۱) ایتھنی ؛ ایتھنس کا یا اس سے متعلق ؛ خالص کلاسیکی ؛ اٹیکا کا باشندہ ۔ (۲) یونانی عمارتوں کے اصل رواق کے زیادہ اونچے کھمبے کے ساتھ کا چھوٹا کھمبا ۔

Attic : (a&n) [F."Attique"] (۱) ایک قسم کی عمارت جس میں نیچے کا طبقہ بلند اور اوپر کا اس سے کم بنا ہوتا ہے ۔ (۲) کھپریلی چھت کی سب سےاوپر کی منزل کا کمرہ جس کی چھت کھپریلی ہو ؛ بالا خانہ ۔

Attic-base : (n) یونانی مکانوں کے ستون کی بنیاد کا حصہ ۔

Attic faith : (n) نا قابل شکست عقیدہ ۔

Attic storey : (n) کسی عمارت کی بالائی منزل یا اس کا کمرہ ۔

Attice : (v) حرکت میں لانا ؛ اشتعال دینا ؛ حاوی ہونا ؛ ترغیب دینا ۔

Atticism : (n) [Gr."atticismos"] (۱) ایتنیت ؛ ایتھنس کا خاص بیان و طرز وغیرہ ۔(۲) فصاحت ؛ شیرینی ؛ شیرینیء گفتار ؛ اتینیت (یعنی ایتھنس کے ساتھ محبت) ۔

Atticist : (n) [Gr."atticistes"] (اسلوب) کی نمائشی تقلید ؛ نمائشی مقلد ۔

Atticize : (v) [Gr."atticizin"] یونان پرستی کرنا ؛ ایتھنسی لہجہ کی نقل کرنا ۔

Attire : (v) [ME."ative", OF."atrer"] لباس پہنانا ؛ کپڑے پہنانا ؛ سنوارنا ؛ آراستہ کرنا ؛ ملبوس کرنا ۔

Attire : (n) (۱) ملبوس (تاریخ و سیاسیات) لباس ؛ پوشاک ؛ کپڑے ۔(۲) (نقابت) ہرن کے سینگ (خاندانی نشان میں)۔

Attired : (a) خاندانی نشان میں سینگ کا نشان ہونا ۔

Attirement : (n) لباس ۔

Attiring : (n) پوشش ؛ لباس ؛ سامان زینت ۔

Attiring room : (n) وہ کمرہ جہاں ایکٹر وغیرہ اسٹیج کے لئے لباس تبدیل کرتے ہیں ۔

Attitude : (n) [med. L."aptitudinem"] (۱) طرز ؛ رخ ؛ انداز ؛ وضع ؛ حالت (تصویر میں) ہیئت ۔ (۲) روپ ؛ انداز ؛ ڈھنگ ؛طرز ؛ حالت ؛ چہرہ مہرہ ؛ قطع ۔(۳) طرز ؛ انداز ؛ جس سے کوئی خاص رجحان ظاہر ہوتا ہے ۔ (٤) طرز خیال ؛ انداز فکر ؛ ذہنی کیفیت ؛ (فلسفہ، نفسیات و سماجیات) رویہ ۔

Emotional attitude : (فلسفہ، نفسیات و سماجیات) جذباتی رویہ ۔

Measurement attitude : (سماجیات) پیمائشی رویہ ۔

Receptive attitude : (فلسفہ و نفسیات) ایجابی رویہ ۔

Scientific attitude : (سماجیات) سائنسی رویہ ۔

Social attitude : (سماجیات، فلسفہ و نفسیات) سماجی رویہ ۔

To strike an attitude : رویہ کا روپ بھرنا ۔

Attitude change : (n) (سماجیات) رویہ کی تبدیلی ۔

Attitude measurement : (n) (لسانیات) میلان پیمائی ۔

Attitude of mind : طرز خیال ؛ انداز فکر ؛ ذہنی کیفیت ۔

Attitude scale : (n) (فلسفہ و نفسیات) رویہ پیما ۔

Attitude theory : (n) (فلسفہ و نفسیات) نظریہ رویّات ۔

Attitudinal : (a) (فلسفہ و نفسیات) رویاتی ؛ وضع سے متعلق ۔

Attitudinarian : (n) طرز خیال کا مطالعہ کرنے والا یا اس کی مشق کرنے والا ۔

Attitudinarianism : (n) طرز خیال کا کثرت سے استعمال ۔

Attitudinization : (n) بناوٹ یا تصنع سے بولنا ؛ لکھنا یا پیش آنا ؛ بناوٹ یا تصنع کا سلوک یا مشق ۔

Attitudinize : (v) [It."attitudine"+-IZE] چہرہ بنانا ؛ صورت یا حلیہ بنانا یا اس کی مشق کرنا ۔

Attitudinizer : (n) بناوٹ یا تصنع کا سلوک یا مشق کرنے والا ۔

Attle : (n) کچڑا ؛ مکان کی کھدائی میں نکلا ہوا کچڑا ؛ ردی چیز ۔

Attollent : (a) [L."attollentem","attollere"] بعض عضلات کا ابھر جانا ؛ رافع ۔

Attorn : (v) [OF."atorner"] (۱) (قانون) منتقل کرنا یا ہونا ۔ (۲) نئے ذمہ دار کو باضابطہ تسلیم کرنا ؛ پٹہ بدلی یا تبدیل پٹہ کرنا ۔

Attorney : (n) [ME."attume","atome", OF."atome"] وکیل ؛ مختار ۔

Attorney : (n) (انتظامیہ) اٹارنی ۔

Letter or warrant of Attorney : مختار نامہ ؛ وکالت نامہ ۔

Power of Attorney : مختاری یا وکالت کے اختیارات ؛ حقِ وکالت یا نیابت ۔

Attorney : (v) مختار یا وکیل کی حیثیت سے کام کرنا ۔

Attorney General : (n) (انتظامیہ) اٹارنی جنرل ۔

Attorney Generalship : (n) صدر وکیل سرکار کا عہدہ / آفس ۔

Attorney in fact : مختار قطعی ؛ مختار فی الامر ۔

Attorney of record : مختار اندراجات ۔

Attorneydom : (n) وکلاء یا مختاروں کی جماعت ۔

Attorneyism : (n) بدمعاش وکیل کا پیشہ ۔

Attorneyship : (n) مختاری؛ وکالت ؛ مختاری یا وکالت کا پیشہ ۔

Attornment : (n) [OF."atournement"] تبدیل پٹہ ؛ نئے ذمہ دار کو با ضابطہ تسلیم کرنا ۔

Attract : (v) [L."attract","attrahere"] کھینچنا ؛ کشش کرنا ؛ جلب کرنا ؛ جذب کرنا ۔ (۲) دلکش ہونا ؛ پسند آنا ؛ اچھا معلوم ہونا ؛ گرویدہ کرنا ؛ لبھانا ۔ (۳) مبذول یا منعطف کرانا ؛ متوجہ کرانا ؛ حاصل کرنا (توجہ) ۔

Attractability : (n) کھینچنے کی صلاحیت ؛ صلاحیت کشش ؛ کشش پذیری ۔

Attractableness : (n) کشش پذیری ۔

Attractingly : (adv) گرویدہ بنا کر ؛ دلکش ہو کر ؛ پسندیدہ طور پر ؛ لبھاتے ہوئے ۔

Attraction : (n) [L."Attractionem"] (۱) (طبیعیات) کھینچاؤ ؛ کشش ؛ قوت کشش ؛ موھنی ؛ تسخیر ؛ دوسروں کو اپنی طرف کھینچنے کی صلاحیت رکھنا ؛ قوت جذب ؛ قوت جاذبہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) کشش ؛ (لسانیات) میلان ۔ (۲) قوت کشش ؛ کھینچنے والی قوت ؛ جذب ؛ دلکشی ۔ (۳) موہ لینے والی ؛ لبھا لینے والی چیز ۔

Capillary attraction : کشش عروق شعرعہ جس کی وجہ سے مایعات بال کی طرح باریک نالیوں میں اوپر چڑھتے ہیں ؛ کشش شعری ۔

Chemical attraction : کیمیائی کشش ؛ میل ترکیبی ۔

Electric attraction : برقی کشش ۔

Index of attraction : (شماریات) اشاریہ کشش ۔

Magnetic attraction : مقناطیسی کشش ۔

Molecular attraction : سالماتی کشش ؛ سالمات مادہ کا باھمی انجذاب ؛ کشش اتصال ۔

Attraction of adhesion : کشش التساق ۔

Attraction of cohesion : کشش اتصال ۔

Attraction of gravity : کشش ثقل ؛ انجذاب ؛ جذب ۔

Attraction of negatives : (لسانیات) جذب منفیات ۔

Attractive nuisance : (n) (تجارت) قابل توجہ وبال ۔

Attractionless : نافذ جاذبیت ؛ عدم کشش ۔

Attractionally : (adv) از روئے جاذبیت ؛ از روئے کشش ۔

Attractive : (a) [F"attractif",-ive] جاذب ؛ کشش رکھنے والا ؛ کھینچنے والا ؛ دلکش ؛ دلچسپ ؛ گرویدہ کرنےوالا ؛ دلربا ؛ جالب ۔

Attractively : (adv) دلربائی سے ؛ دلکشی سے ۔

Attractiveness : (n) دلربائی ؛ دلکشی ؛ جاذبیت ؛ جالبیت ۔

Attractor : (n) (۱) کشیدہ ؛ جاذب ؛ جالب ؛ کھینچنے والا ؛ گرویدہ کرنے والا ۔

Attrahent : (n) [L."attrahentem"] جاذب ؛ کھینچنے والا ۔

Attributable : (a) نسبت پذیر ؛ قابل انتساب ؛ جو مناسب کیا جا سکے ۔

Attribute : (n) [L."attributum"] (۱) وصف ؛ صفت ؛ خاصیت ؛ عرض ؛ (فلسفہ و نفسیات) عرض ؛ صفت ۔ (۲) متعلقات ؛ لواحق ؛ لوازم ؛ (جو کسی شخص یا عہدے کے مناسب حال سمجھے جاتے ہیں ۔(۳) صفت امتیازی ؛ خاص خصوصیت ؛ خاصہ ؛ خاص صفت ؛ خاص بات ؛ (سماجیات) خصوصیت ۔

Differentiating attribute : (فلسفہ و نفسیات) امتیازی صفت ؛ صفت انفصالی ۔

Substantial attribute : (فلسفہ و نفسیات) حقیقی صفت ۔

Attribute : (v) (۱) منسوب کرنا ؛ نسبت دینا ؛ خصوصیت قرار دینا ؛ صفت قراردینا ۔ (۲) سبب قرار دینا ؛ (معلول کی) علت بتانا ۔ (۳) تعین مکانی یا زمانی کرنا ۔

Attributes : (n) (تاریخ و سیاسیات) صفات و خصوصیات ؛ (شماریات) اوصاف ؛ (نحو) صفت ؛ سند ؛ (لسانیات) وصف ؛ (منطق) اعراض ۔

Sampling attributes : (شماریات) اوصافی انتخابی نمونہ ۔

Attribution : (n) [L."attributionem"] (۱) انتساب ؛ نسبت ؛ تعلیل ۔ (۲) اقتدار (جو کسی حکمراں وغیرہ کو دیا جائے) ؛ اختیار ۔ (۳) (منطق) اعراض ۔

Attributive : (a) [F."attributif",-ive] (۱) (منطق) عرضی جس میں کسی موضوع کا کوئی خاص عرض بیان کیا گیا ہو ۔ (۲) صفتی ؛ وصفی (لسانیات) توصیفی ۔

Attributive adjective : (n) (لسانیات) توصیفی صفت ۔

Attributive compound : (n) (لسانیات) مرکب توصیفی ۔

Attributive construction : (n) (لسانیات) ترکیب توصیفی ۔

Attributive root : (n) (لسانیات) مادۂ توصیفی ۔

Attributively : (adv) عرض کی حیثیت سے ؛ صفتاً ؛ از روئے صفت ۔

Attrite : (a) [L."attritus","atterere"] پشیمان (خوف سزا کی وجہ سے) ؛ نادم ؛ سائیدہ ؛ گھسا ھوا ۔

Attrited : (a) گھِساھوا ؛ فرسودہ ؛ گھِسا پِٹا ۔

Attrition : (n) [L."attritionem"] (۱) رگڑ ؛ گھسا ؛ چھلن ؛ خراش ؛ کھرونچا ۔ (۲) رگڑ ؛ گھساؤ ؛ فرسودگی ؛ سائیدگی ۔ (۳) (دینیات) پچھتاوا ؛ ندامت ؛ انفعال (گناہ سے بخوف سزا) ؛ (فلسفہ و نفسیات) ندامت ۔

War of attrition : (تاریخ و سیاسیات) تھکا دینے والی لڑائی ۔

Attritor : (n) گھِسنے والا ۔

Attritus : (n) [L.] رگڑ سے جو چیز حاصل ھو ؛ چھلن ۔

Attune : (v) (۱) سُر ملانا ؛ ھمساز کرنا ؛ ھم آھنگ کرنا ؛ ھم آواز کرنا (نیز مجازاً) ۔ (۲) سُر ٹھیک کرنا ؛ ٹھاٹھ ملانا باجے کا ۔ (۳) ھم آھنگ کرنا ۔

Attunement : (n) سُر ملانا ؛ ھم آھنگ کرنا ؛ ٹھاٹھ ملانا باجے کا ۔

Atumble : (adv) [A+TUMBLE] گر پڑنے کی حالت میں ؛ ڈھلملانے کی حالت میں ۔

Atwist : (adv) [A+TWIST] مڑا ھوا ؛ خمیدہ ؛ کج ۔

Atwitter : (a) [A+TWITTER] چہچہاتے ھوئے ؛ چوں چوں کرتے ھوئے ۔

Atypic : (a) غیر مثالی ؛ عام مثال کے لئے غیر اطمینان بخش ۔

Atypical : (a) غیر طبعی ؛ بے نمونہ ؛ غیر تمثیلی ۔

Atypical characteristics : (n) (شماریات) مخصوص خصوصیت ۔

Au fait : (adv) [Fr.] واقف ؛ آگاہ ؛ با خبر ؛ جاننے والا ۔

To be au fait in or at : واقف ھونا ؛ باخبر ھونا ؛ ماھر ھونا ۔

To put a person au fait of : واقعات سے باخبر کرنا / واقف کرنا ۔

Au fond : (adv) [Fr.] حقیقتاً ؛ بنیادی طور پر ؛ اساساً ؛ تہ میں ؛ اصل میں ۔

Au jus : (a) [Fr.] شوربے کے ساتھ پیش کیا ھوا ۔

Au los : (n) [Gr.] ایک یونانی آلہ موسیقی ۔

Au pair : (a) [Fr.] مساویانہ ؛ برابری کے ساتھ ؛ دو ٹولیوں کے درمیان ایک مفاھمت جس کے سبب طرفین کی طرف سے خدمت ادا کی جاتی ھے بغیر معاوضہ ۔

Au pied de la lettre : لفظ بہ لفظ ؛ لفظاً ؛ لفظی یا حقیقی معنوں میں ۔

Au revoir : (n) [Fr.=lit. to the seeing again] خدا حافظ ؛ الوداع ؛ "پھر ملیں گے" ۔

Aubade : (n) [Fr. ad. Sp. "albada"] صبح کی شہنائی ؛ صبح کی نوبت ؛ صبح کا نقارہ ؛ نغمۂ سحر ؛ گجر ؛ وہ باجا جو طلوع صبح کی آمد کے لئے بجایا جا تا ھے ۔

Aubain : (n) [Fr. L."albanus"] ایک غیر شہری بدیسی جس کے مرنے پر اس کی جائداد کے حقدار فرانسیسی بادشاہ ھو جاتے تھے ۔

Aubaine : (n) فرانسیسی بادشاہ کا وہ حق جس کے ذریعہ غیر شہری بدیسی کی جائداد اس کے مرنے کے بعد بادشاہ کو مل جاتی تھی ۔

Auberge : (n) [Fr."alberge "] سرائے ؛ مسافر خانہ ۔

Aubergine : (n) [Fr.] بیگن ۔

Aubergiste : (n) سرائے کا مالک ۔

Aubin : (n) [Fr.] گھوڑے کی ناھموار چال جو قدم اور پوئی کے درمیان ھوتی ھے ۔

Auburn : (a) [L."albumus"] سنہرے ؛ سرخی مائل بھورا (خاص کر بال) ؛ خرمئی رنگ ۔

Aubusson : (n) [f."Aubusson "France] (۱) قرمزی رنگ ۔ (۲) ایک نفیس اونی یا ریشمی مشجر ۔

Auchlet : (n) غله ناپنے کے ایک پیمانے کا آٹھواں حصه ۔

Auction : (n) [L."auctionem"] (انتظامیه) نیلام ؛ لیلام ؛ هراج ۔

Block system of auction : (تجارت) نیلام بطریق ڈھیر ۔

Dutch auction : ولندیزی نیلام (اس میں اس وقت تک قیمت برابر کم کرتے رهتے هیں جب تک که کوئی خریدار نه ملے) ۔

Open negotiation system of auction : (تجارت) نیلام بطریق کھلا سودا ۔

Tender system of auction : (تجارت) نیلام بطریق ٹنڈر ۔

Auction : (v) نیلام کرنا ۔

Auction Bridge : (n) برج کھیل کی ایک قسم جس میں هر کھیلنے والا دوسرے سے بڑھکر بولی بولتا هے ۔

Auction platform : (n) (تجارت) نیلام پلیٹ فارم (sale platform) ۔

Auction sale : (n) (تجارت) نیلامی بکری ؛ نیلامی فروخت ۔

Auctioneer : (n) (۱) نیلامی ؛ نیلامیه ؛ هراجی ؛ نیلام کرنے والا ؛ نیلام کننده ۔ (۲) نیلام کرنا ؛ هراج کرنا ۔

Auctioneering agreement : (n) (انتظامیه) نیلامی اقرار نامه ۔

Auctioneer 's Commission : (n) (انتظامیه) نیلام کننده کا کمیشن ۔

Auctor : (n) [L.] (تجارت) بیع کرنے والا ؛ فروخت کننده ۔

Auctor : (n) [L.] بایع ؛ بیع کرنے والا ؛ فروخت کننده ۔

Aucuba : (n) [Jap.] (نباتیات) ایک مضبوط سدا بہار دو پتیه جھاڑی ۔

Audacious : (a) [L."audac(i)-","audax"] (۱) جری ؛ بہادر ؛ نڈر ؛ بے باک ۔(۲) گستاخ ؛ بے ادب ؛ شوخ چشم ؛ بے حیا ؛ بے شرم ۔

Audaciously : (adv) جرأت سے ؛ بے حیائی سے ؛ بے شرمی سے ؛ گستاخانه ؛ بے ادبانه ۔

Audaciousness : (n) بے ادبی ؛ گستاخی ۔

Audacity : (n) [L."audacem"] دلیری ؛ گستاخی ؛ جسارت ؛ اعتماد ؛ نڈرپن ؛ شوخی ؛ بد اخلاقی ؛ بے ادبی ؛ بد تمیزی ؛ بے شرمی ۔

Audi : (n) (تاریخ) اودی ؛ قدیم چاقو کا پھل ۔

Audible : (a) [L."audibilis"] (فلسفه و نفسیات) سماعت پذیر ؛ قابل سماعت ؛ جو سننے میں آ سکے ؛ مسموع ۔

Audible range : (n) (فلسفه و نفسیات) حدود سماعت ۔

Audible segment : (n) (لسانیات) سمعی قطعه ۔

Audibleness : (n) سماعت پذیری ۔

Audibility : (n) (لسانیات) سمعیت ؛ (فلسفه و نفسیات) سماعت پذیری ؛ سننے جانے کی صلاحیت ؛ مسموعیت ۔

Audibly : (adv) بلند آواز سے ؛ زور سے ؛ اس طریقه سے که سنا جا سکے ۔

Audience : (n) [F."audience",L."audientia"] (۱) (تاریخ و سیاسیات) باریابی ؛ شرف ملاقات ؛ سامعین ؛ حاضرین ۔ (۲) سننا ؛ سماعت کرنا ؛ سنوائی ۔(۳) رسمی ملاقات ؛ شرف حضوری ۔ (٤) (سماجیات) سامعین ۔ (٥) سامعین یا حاضرین جلسه ۔ (٦) ناظرین ؛ قارئین ؛ پڑھنے والے (کتاب کے) ۔(۷) مقدمے کی عدالتی سماعت ۔

Casual audience : (سماجیات) اتفاقی سامعین ۔

Court of audience : کلیسائی دربار جو پہلے اسقف اعظم منعقد کرتا تھا اور بعد ازاں اس کے سامعین منعقد کرنے لگے ۔

Private audience : (تاریخ و سیاسیات) نجی ملاقات ۔

To give audience : توجه سے سننا ؛ کان دھرنا ۔

Audience Court : (n) (۱) کلیسائی دربار جو پہلے اسقف اعظم منعقد کرتا تھا اور بعد ازاں اس کے سامعین کرنے لگے ۔(۲) سرکاری یا منصف کی عدالت ۔

Audience of leave : ملاقات مرخصی ؛ ملاقات بوقت رخصت ۔

Audient : (n) [L."audientem"] (۱) سماعتی ۔(۲) سامع ؛ خاص کر کلیسا کا غیر رکن ؛ انجیل کا سامع ۔

Audio-visual aid : (سماجیات) سمعی و بصری وسائل ۔

Audio-visual publicity : (انتظامیہ) اشاعت سماعی و بصری ۔

Audiofrequency : (n) سماعی تعداد ۔

Audiometer : (n) [L."audire"+ Gr."metron"] سماعت سنج ؛ سماعت پیماں ؛ ٹیلیفون کی قسم کا ایک آلہ جس سے سننے کی قوت ناپتے ہیں ۔

Audiphone : (n) [L."audire"+Gr."phone"] ایک قسم کا آلہ جسے اوپر کے دانت میں دباکر رکھنے سے سننے میں مدد ملتی ہے ؛ سماعیہ ؛ دنت فون ؛ دندان شنو ؛ دندان صدا ۔

Audit : (n) [L."auditus", f."audire"] (۱) جانچ ؛ تنقیح حساب (سرکاری) ؛ محاسبہ ۔ (۲) سخت باز پرس (خصوصاً قیامت کے روز) ۔(۳) حساب کی جانچ (کامرس) ؛ آڈٹ ۔(٤) میعادی حساب فہمی (جو مقررہ میعاد پر زمین دار اور اسامی کے درمیان ہوتی ہے)۔

Audit : (v) [L."auditus", f."audire"] حساب پڑتالنا ؛ حساب جانچنا ؛ تنقیح حسابات کرنا ؛ حساب دیکھنا (باضابطہ طور پر)۔

Annual audit : (تجارت) سالانہ آڈٹ ۔

Balance sheet audit : (تجارت) محاسبہ چٹھا ؛ محاسبہ واصل باقی ؛ بیلنس شیٹ جانچ ۔

Completed audit : (تجارت) تکمیل شدہ آڈٹ ؛ اختتامی آڈٹ (Final audit) ۔

Continuous audit : (تجارت) لگاتار آڈٹ ؛ مسلسل جانچ ۔

Detailed audit : (تجارت) بالتفصیل آڈٹ ۔

First audit : (تجارت) پہلا آڈٹ ۔

Independent audit : آزاد جانچ ۔

Interim audit : (تجارت) بین المدتی آڈٹ ؛ درمیانی مدت آڈٹ ۔

Internal audit : (تجارت) داخلی آڈٹ ؛ اندرونی آڈٹ ؛ داخلی جانچ ۔

Partial audit : (تجارت) جزوی آڈٹ ۔

Periodical audit : (تجارت) میعادی آڈٹ ۔

Audit-ale : (n) ایک قسم کا انگریزی بوزہ جو انگریزی یونیورسٹیوں میں تیار کیا جاتا تھا اور اگلے زمانے میں تنقیح حساب کےدن استعمال کیا جاتا تھا ۔

Audit fee : (n) (تجارت) آڈٹ فیس ۔

Audit house : (n) کاروبار حساب خانہ ؛ وہ کمرہ یا عمارت جو گرجا میں کاروبار کے حساب کتاب کے لئے ہوتی ہے ۔

Audit Note : (تجارت) آڈٹ نوٹ ۔

Audit objections : (n) (انتظامیہ) اعتراضات تنقیح حسابات ۔

Audit of the treasury : خزانہ کا آڈٹ ۔

Audit paragraph : (n) (انتظامیہ) آڈٹ پیراگراف ۔

Audit programme : (n) (تجارت) آڈٹ پروگرام ۔

Audit report : (n) (انتظامیہ) روداد تنقیح حسابات ؛ آڈٹ رپورٹ ۔

Audit room : (n) آڈٹ کمرہ ؛ آڈٹ روم ۔

Audited : (a) حساب کیا ہوا ؛ جانچا ہوا ۔

Audited account : (n) (انتظامیہ) جانچ شدہ حساب ؛ تنقیح شدہ حساب ۔

Auditing : (v) (کامرس) آڈٹ کرنا ؛ محاسبہ کرنا ۔

Audition : (n) [L."auditionem"] (۱) قوت سماعت ؛ سامعہ ۔ (۲) سننا ؛ سماعت ؛ کان دھرکر سننا ۔ (۳) گویئے سے نوکر رکھنے سے پہلے امتحاناً گانا سننا ؛ اس کی آواز کی جانچ کرنا ۔ (٤) (فلسفہ و نفسیات) سماعت ؛ (لسانیات) سمع ۔

Auditive : (a) [F."auditif,-ive"] متعلق بہ سماعت ؛ سماعتی ؛ سننے کے متعلق ؛ دیکھو Auditory

Auditor : (n) [AF."auditour"] (۱) سامع ؛ سننےوالا ۔ (۲) تنقیح کنندہ حسابات ؛ حسابوں کی تنقیح کرنےوالا ؛ ممیز حسابات ۔ (۳) زبانی تعلیم سے علم حاصل کرنے والا ۔ (٤) طالب عیسائیت ؛ امیدوار عیسائیت ۔ (٥) وہ جو اسقف اعظم کے اجلاس میں مقدموں کی عدالتی سماعت کرتا ھے ۔ (٦) (کامرس) آڈیٹر ؛ تنقیح کنندہ حسابات ۔

Approved auditor : (تجارت) منظور شدہ آڈیٹر ۔

Elected auditor : (تجارت) منتخب آڈیٹر ۔

Joint auditor : (تجارت) مشترک آڈیٹر ؛ جوائنٹ آڈیٹر ۔

Local auditor : (تجارت) مقامی آڈیٹر ۔

Auditor General : (n) (انتظامیہ) افسر اعلی برائے تنقیح حسابات ؛ آڈیٹر جنرل ۔

Auditor of the treasury : (تاریخ و سیاسیات) خزانہ کا آڈیٹر ۔

Auditorial : (a) [L."auditorius"+-AL] نظارت حساب کا ؛ تنقیحی حسابی ۔

Auditorially : (adv) تنقیح حساب سے متعلق ؛ نظارت حساب کی رو سے ؛ تنقیح حسابات کی رو سے ۔

Auditorium : (n) [L."auditorium"] سماعت خانہ ؛ سماعت گھر ؛ عمارت کا وہ حصہ جہاں سامعین بیٹھیں (یونیورسٹی وغیرہ میں) ؛ وہ عمارت جس میں درس دیتے ھیں ؛ قدیم گرجاؤں میں ان کے وسط کا حصہ ؛ مسمع ۔

Auditor's civil liability : (تجارت) آڈیٹر کی غیر فوجی ذمہ داری ؛ آڈیٹر کی سول ذمہ داری ۔

Auditor's criminal liability : (تجارت) آڈیٹر کی فوجداری ذمہ داری ۔

Auditor's lien : (تجارت) آڈیٹر کا لینن ؛ آڈیٹر کا ضبطی اختیار ۔

Auditorship : (n) ناظر حساب کا عہدہ یا مقام ۔

Auditory : (a) [L."auditorius"] (۱) سمعی ؛ سننے کے متعلق ؛ (لسانیات) سماعی ۔ (۲) مسموع ؛ گوش رس ؛ جس کی آواز کان میں آئے ؛ حس سامعہ سے متعلق ۔ (۳) سماعت گھر سے متعلق ۔

Auditory : (n) [L."auditorium"] (۱) سننے والوں کامجمع ؛ مجمع سامعین ۔ (۲) سماعت خانہ ۔

Auditory acoustic technique : (لسانیات) سماعی سمعیاتی تکنیک ۔

Auditory articulation technique : (لسانیات) سماعی تلفظی تکنیک ۔

Auditory capsule : (n) (حیوانیات) سمعی کیسہ ۔

Auditory language : (n) (لسانیات) سماعی زبان ۔

Auditory nerve : (n) (لسانیات) سماعی رگ ؛ اسمعی عصب ؛ (حیوانیات) سمعی عصب ۔

Auditory pattern : (n) (لسانیات) سماعی نمونہ ۔

Auditory phonetics : (n) (لسانیات) سماعی صوتیات ۔

Auditress : (n) ناظرہء حساب ؛ حساب کی جانچ کرنیوالی ۔

Auf klarung : (n) [G."aufklaren"] ایک فلسفیانہ تحریک جو عقل پر غیر تنقیدی طور پر بھروسہ کرتی تھی اور ھر قسم کی روایتی قدروں یا نظریوں کو شبہ کی نظر سے دیکھتی تھی ؛ تنویر ۔

Aufgabe : (n) [MHG.] کام یا تمرین کو آزمائش کے لئے دیا جائے ۔

Augean : (a) [L."Augeas", Gr."Augias"] غلیظ ؛ گندہ ؛ کثیف ؛ (جس طرح اوجیس، ایلس کے بادشاہ کے اصطبل تھے جنھیں ھرقل نے دریائے الفیوس کو ان پر سے بہا کر صاف کیا تھا) ؛ مشکل ؛ دشوار کام ۔

Augelite : (n) [Gr."Auge+lithos"] المونیم کا فاسفیٹ = $AL_2\ (OH)\ PO_4$

Auger : (n) [OE."nafu-gar"] (۱) برما ۔ (۲) زمین میں سوراخ کرنے کا آلہ ؛ زمین کا برما ۔ (۳) ایک بڑے چکر دار برمے کی انی جو مادوں کو ملا کر سانچے کے اندر داخل کرتی ھے ۔

Auger hole : (n) برمے سے کیا ھوا سوراخ ۔

Auger shell : (n) غلاف دار جانور کا پوست ۔

Auget / -ette : [Fr."auge", L."alveus"] لکڑی کی نلی جس میں بارود بھر کر کان کو دھماکے سے اڑاتے ھیں ؛ دھماکہ سے اڑانے والی بارودی نلی ۔

Aught : (n) [OE."a,o+wiht"] کوئی چیز ؛ کچھ ؛ کوئی بات ؛ جائداد ؛ ملکیت ۔

Aught : (adv) [OE."a,o+wiht"] کسی قدر ؛ کچھ ؛ کسی حدتك ۔

Augite : (n) [L."autites", Gr."auge"] ایك سبزی مائل بھوری سی یا بالکل سیاہ رنگ کی معدنی شے جس میں سلیکا، میگنیشیا، لوھا اور چونا ملا رھتا ھے اور جو آتش فشانی چٹانوں میں پائی جاتی ھے ۔

Augitic : (a) Augite کا یا اس سے متعلق ۔

Augment : (n) [L."augmentum"] حرف زائد جو قدیم آریائی زبانوں میں فعل کے صیغہ ماضی کی علامت ھوتا تھا ۔

Augment : (v) [F."augmenter", L."augmentare"] (۱) زیادہ کرنا ؛ بڑھانا ؛ بڑا کرنا ۔ (۲) کسی لفظ کے آگے حرف زائد لگانا ۔(۳) بڑھانا ؛ زیادہ ھونا ۔ (٤) خاندانی نشان میں کوئی باعزت اضافہ کرنا ؛ (لسانیات) سابقہ ۔

Augmentable : (a) قابل افزائش ۔

Augmentation : (n) [OF."aument-","augmentacion"] (۱) بڑھا ؛ بڑھوتری ؛ تکثیر ؛ تزائد ؛ اضافہ ؛ توسیع ۔ (۲) نشو ونما ؛ اٹھان ۔ (۳) اضافہ ؛ ایزاد ؛ ازدیاد ۔ (٤) (موسیقی) تانیں بڑھانا ؛ اسی سُر کو دوگنےیا چوگنے سُروں میں کہنا ۔(٥) خاندانی نشان میں کوئی باعزت اضافہ ۔(٦) بخار کے آغاز اور عروج کے درمیان کا وقفہ ۔

Court of augmentation : ھنری ھشتم کی قائم کی ھوئی عدالت جس کے ذریعہ خانقاھوں کو بند کر کےان کی آمدنی سے حکومت کی آمدنی میں اضافہ کیا گیا ۔

Augmentation court : (n) دیکھو Court of augmentation

Augmentationer : (n) مندرجہ بالا عدالت کا عھدہ دار ۔

Augmentative : (a) [Fr."augmentatif",-"ive"] (۱) ازدیاد پذیر ؛ اضافہ پذیر ؛ جس میں بڑھنے بڑھانے کی صلاحیت ھو ۔(۲) (نحو) مبالغہ پیدا کرنے والا ؛ حرف مبالغہ ؛ کسی خیال کی شدت کو بڑھانے والا (یہ لاحقوں اور مشتق الفاظ کے بارے میں بولا جاتا ھے) ؛ (لسانیات) مکبری ؛ تکبیری ۔

Augmentative suffix : (n) (لسانیات) تکثیری لاحقہ ۔

Augmentatively : (adv) اضافہ پذیری کے لحاظ سے ؛ از روئے اضافہ پذیری ۔

Augmented : (a) اضافہ شدہ ؛ بڑھایا ھوا ؛ زیادہ کیا ھوا ؛ مضاعفی ؛ ازدیادی ۔

Augmented maxtrix : (n) (شماریات) بڑھایا ھوا آلہ رستہ ۔

Augmentedly : (adv) بڑھاتے ھوئے ؛ اضافہ کرتے ھوئے ۔

Augmenter : (n) بڑھانے والا ؛ خصوصیت کے ساتھ ذرہ بین شیشہ ۔

Augmentless : (a) حرف زائد کے بغیر ۔

Augur : (n) [L."avis+-gar"] رومی فال گو ؛ رومی نجومی ؛ رومی پیش گو ؛ رومی کاھن (جو پرندوں وغیرہ کو دیکھ کر آنے والے واقعات کا پتہ دیتا تھا، یہ ایك عھدہ ھوتا تھا) ؛ رمال ۔ (۲) کاھن ؛ پیش گو ؛ رمال ؛ نجومی ؛ شگونیا ؛ فال گیر ۔

Augur : (v) شگون ھونا یا دینا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ فال ھونا ؛ فال لینا ۔

To augur ill : برا شگون ھونا یا دینا ؛ فال بد ھونا یا دینا ؛ برے آثار ھونا ۔

To augur well : اچھا شگون ھونا یا دینا ؛ نیك فال ھونا یا دینا ؛ اچھے آثار ھونا ۔

Augural : (a) [L."auguralis"] (۱) شگونی ؛ فالی ؛ متعلق بہ شگون ۔ (۲) آئندہ کا پتہ دینے والا ؛ مستقبل کی خبر دینے والا ؛ آئندہ کی فال دینے والا ۔

Augurate/Augurship : (n) نجومی ؛ فال گیر کا عھدہ یا مدت عھدہ ۔

Augurial : (a) [L."augurialis"] فال سے متعلق ؛ شگون سے متعلق ۔

Augury : (n) [L."augurium"] (۱) پیش گوئی ؛ کہانت (پرندوں کی پرواز وغیرہ سے) ۔(۲) شگونی رسم ۔ (۳) شگون ؛ فال ؛ (سماجیات) شگون ؛ افتتاح ۔ (٤) دھڑکا ؛ کھٹکا ؛ آنے والی باتوں کا اندیشہ ۔ (۵) ہونہار پن ؛ توقع ۔

August : (a) [L."augustus"] رفیع الدرجات ؛ بلند پایہ ؛ عالیشان ؛ جلیل القدر ؛ عالی منزلت ؛ محترم ؛ با عظمت ؛ عالی نسب ۔

August : (n) [L."augustus"] اگست ؛ شمسی سال کا آٹھواں مہینہ ۔

August : (v) پکنا ؛ پختہ ہونا ۔

Augustan : (a) [L."augustanus"] اغسطسی ؛ آگستینی (آگسٹس سیزر کے عہد سے متعلق) ؛ لاطینی ادبیات کا بہترین زمانہ ۔(۲) (ہر قومی ادبیات کےمتعلق) مستند ؛ استادانہ ؛ ٹکسالی ؛ (نیز مستند ادبیات کے زمانے کے متعلق) ۔ (۳) کسی ٹکسالی دور کا استاد یا مستند مصنف ۔(٤) پروٹسٹنٹ فرقہ کے عقائد جنھیں لوتھر وغیرہ نے مقام اوگسٹاونڈیلی کورم یعنی اوگس برگ میں متعین کیا تھا ۔

Augustine : (n) [L."augustinus"] ایک اگستینی راہب ۔

Augustinian : (a) [L."Augustinus "] (۱) سنٹ آگستین یا اس کے عقیدے سے متعلق ۔(۲) آگستینی عقائد کا ہیرو ؛ آگستین سلسلے سے متعلق ۔ (۳) بوہیمیا کے آگستین کا پیرو ۔

Augustinianism /Augustinism : (n) سنٹ آگستین کا عقیدہ اور اس کا پیرو ؛ آگستینی نظریہ ۔

Augustly : (adv) محتشمانہ ؛ محترمانہ ۔

Augustness : (n) علو منزلت ؛ جلیل القدری ؛ عالی منزلتی ۔

Auh : (Int.) "آہ" کلمہ اظہار بیزاری کے لئے ۔

Auk : (n) [ON."alka"] شمالی ممالک کا ایک بحری پرند جس کے پر چھوٹے ہوتے ہیں اور جو اڑنے کا نہیں بلکہ تیرتے وقت پانی ہٹانے کا کام کرتے ہیں ؛ آک ۔

Aularian : (a) [late L."auralius"] درسگاہ کا یا اس سے متعلق ۔

Aularian : (n) آکسفورڈ یا کیمبرج یونیورسیٹیوں کی درسگاہوں کا ایک رکن ۔

Aulete : (n) [Gr."auletes"] بانسری بجانے والا ؛ نے نواز ۔

Auletic : (a) نے نواز سے متعلق ۔

Aulic : (a) [F."aulique", L."aulicus"] (۱) عدالتی ؛ متعلق بہ عدالت ۔(۲) Doctor of Divinity کی ڈگری دینے کی رسم جوSorbonne میں ہوتی ہے ۔

Aulic council : (n) (قدیم جرمنی سلطنت میں) قیصر کی ذاتی کانسل ؛ (آج کل) آسٹریلیا کی مجلس حربیہ ۔

Aumil : (n) [Arabic.] عامل تحصیل دار ۔

Aumoniere : (n) [Fr.] دیکھو Almoner

Aune : (n) [Fr.] کپڑا ناپنے کا ایک متروك فرانسیسی ناپ ۔

Aunt : (n) [OF."aunte","ante" L."amita"] (۱) خالہ ؛ پھوپھی ؛ پھوپھسس ؛ خلسس ۔ (۲) چچی ؛ ممانی ؛ چچسس ؛ ممسس ۔

Aunt sally : (n) ایک قسم کا کھیل جس میں کاٹھ کی عورت کے منھ میں ایک پائپ ہوتا ہے، کھیلنے والے اس پر لکڑیاں پھینکتے ہیں ۔

Aunthood : (n) خالہ ؛ چچی ؛ ممانی اور پھوپھی کا رشتہ ۔

Auntie / Aunty : (n) چچی ؛ پھوپھی ؛ خالہ ؛ ممانی ۔

Auntly : (adv) خالہ، پھوپھی، چچی، ممانی کی طرح ۔

Auntship : (n) دیکھو Aunthood

Aura : (n) [Gr."aura"] (۱) مہك ؛ لپٹ ؛ پھولوں وغیرہ کی بھینی بھینی خوشبو ۔(۲) (برقیات) تموج ہوا ؛ اہتزاز ہوا ؛ نسیم کہربائی جو کسی نوکیلی چیز سے برقی اخراج کی وجہ سے پیدا ہو ؛ نسیم برقی ۔(۳) (طب) سردی ؛ قشعریرہ ؛ تھرتھری ؛ جھرجھری ؛ کپکپی ؛ یہ احساس کہ جسم کے کسی حصہ سے سردی کی ایک لہر سر تك دوڑ رہی ہے ؛ یہ اختناق الرحم یا صرع کی علامت ہوا کرتی ہے ۔

Aural : (n) اہتزازی ؛ نسیم کہربائی کے متعلق ؛ متعلق بہ اہتزاز ہوا ۔

Aural : (a) [L."auris"+-AL] (۱) اذنی ؛ کان کے متعلق ۔ (۲) سماعی ؛ مسموع ؛ کان پڑی ؛ سنی ہوئی (بات یا آواز) ؛ سمعی ۔

Aurally : (adv) سماعی طور پر ؛ مسموعاً ۔

Aurantiaceous : (a) [L."aurantiace", f."aurantium"] نارنجی ۔

Aurata : (n) [L."aurare"] ایک سنہرے رنگ کی مچھلی ۔

Aurate : (n) [L."aurum"+-ATE] سونے کے تیزاب اور ایک اساس کا مرکب ۔

Aurated : (a) [L."aurum"] مثل طلا یا سونے کا ؛ سنہرے رنگ کا ؛ سونے کا پانی چڑھا ہوا ۔

Aurated : (a) [L."auritus"] (صدفیات) گوش دار ۔

Aureate : (a) [L."aureatus"] (۱) طلائی ؛ طلائی رنگ کا ؛ سنہرا ؛ زریں ۔(۲) (تشریح) اذنی ؛ گوشی ۔

Aureity : (n) [L."aureus"+-ITY] سونے کے خاص خواص ۔

Aurelia : (n) [It."aurelio"] (۱) (قدیم) کنڈالا ؛ کملا ؛ سرقہ ؛ تتلی کے پر نکالنے سے پہلے کی حالت ۔ (۲) (حیوانیات) فاسفورسی بحری جانوروں کی ایک جنس ۔(۳) زرینہ ؛ سنیلا ۔

Aurelian : (a) (۱) سنیلے ؛ کنڈالے یا کملے سے متعلق ۔ (۲) کیڑے جمع کرنے اور پالنے کا شوقین ۔

Aureola : (n) [L."aureus"] نورانی تاج (جو شہدا، دوشیزگان، علماء وغیرہ کو دنیا اور لذات نفس پر فتح پانے کے صلے میں دیا جاتا ھے)۔

Aureole : (n) [L."aureus"] (۱) نورانی تاج ۔(۲) خاص طور پر سنہرا ہالہ جو ابتدائی زمانوں کی تصویروں میں سر کے چاروں طرف نظر آتا ھے ؛ سنہرا حلقہ ؛ زریں ہالہ ۔ (۳) حلقہ نور ؛ نورانی ہالہ (جو سر کے چاروں طرف دکھایا جائے) ؛ مستطیل نورانی ہالہ جو ملکوتی شکلوں کے گرد بنایا جاتا ھے ۔(٤) ہالہ ؛ خاصکر وہ جو گرہن کے وقت نظر آتا ھے ؛ تاج قمر ؛ تاج شمس ۔

Aureolin : (n) [L."aureolus"+-IN] ایک شفاف زرد رنگ ۔

Auri : (n) سونا –

Auric : (a) [L."aurum"+-IC] (۱) طلائی ؛ ذہبی ؛ زریں ؛ سونے کا ۔(۲) (کیمیا) آرک جس میں سونا بحیثیت ایک تیسرے جز کے شامل ہو ؛ وہ جو سونے کا ترکٹ ہو ۔

Auric cyanide : (n) (کیمیا) آرک سائنائیڈ ۔

Aurichalcite : (n) [L."aurichaleum"] آسمانی رنگ کی ایک معدنی شے ۔

Auricle : (n) [L."auricula"] (۱) کان ؛ گوش ؛ جانوروں کا بیرونی کان ؛ لالہٴ گوش ۔(۲) (نباتیات) لو نما ؛ گوشک ؛ اُذنہ ؛ اذین (حیوانیات) ۔ (۳) قلب کےبالائی خانے ؛ اُذین القلب ؛ گوشک دل ؛ (فلسفہ ونفسیات) کان ۔ (٤) اُذنک ؛ وہ آلہ جنکی مدد سے بہرے سن سکتے ہیں ؛ بہرے آدمی کے سننے کا آلہ ۔

Auricomous : (a) [L."auricomus"+-ous] سنہرے بال کا یا اس سے متعلق ۔

Auricula : (n) [L.] (۱) ایک قسم کا پھول جس کی پتیاں ریچھ کے کانوں کی طرح ہوتی ہیں ؛ خرس گوشہ ؛ ریچھ‌کان ۔ (۲) رخوؤں کی ایک جنس ۔ (۳) جانوروں کے بیرونی کان ۔

Auricular : (a) [L."auricularis"] (۱) گوشی ؛ اُذنی ؛ کان کے متعلق ۔(۲) کان میں کہا ہوا ؛ راز میں کہا ہوا ؛ سرگوشی میں کہا ہوا ؛ راز کے طور پر کہا ہوا ۔(۳) سامعہ سے محسوس کیا ہوا ؛ قابل سماعت ۔ (٤) گوشک دل سے متعلق ؛ اذین القلب سے متعلق ؛ لونما ؛ لوشکلا ؛ لوکی طرح ۔ (٥) لو نما حصہ یا عضو ؛ ایسے بالوں کا گچھا جو پرندے کے کان کے سوراخ پر ہو ؛ کنگلی ؛ کان انگلی ۔

Auricularly : (adv) سرگوشی میں ؛ سمعاً ؛ سماعتاً ؛ کان میں کہا ہوا ؛ اذین القلب کے ذریعہ سے ۔

Auricularwitness : (n) سنی سنائی شہادت دینے والا ۔

Auriculate : (a) [L."auricula"+-ATE] گوش آسا ؛ کان کی طرح زائدے رکھنے والا ؛ اذینی ؛ گوشکی ؛ گوشی ؛ زوائد دار ؛ لو دار ۔

Auriculated : (a) (۱) (نباتیات) اذینی ؛ گوشکی ۔ (۲) وہ گھونگا جس کے گمڑوں کی دونوں طرف کان جیسی بناوٹ ہو ۔

Auriculately : (adv) گوشک دار طریقہ پر ۔

Auriculo-ventricular aperture : (حیوانیات) اذینی بطینی روزن ۔

Auriculo-ventricular valve : (حیوانیات) اذینی بطینی مصرع -

Auriculoid : (a) [L."auricula"+-OID] گوشک نما ؛ اُذن نما -

Auricyanide : (n) (کیمیا) آری سائنائیڈ -

Auriferous : (a) [L."aurifer"+-ous] سونے بھرا ؛ طلا دار ؛ طلا خیز ؛ جس سے سونا نکلے ؛ (کیمیا) سونا بردار -

Auriferously : (adv) طلا داری سے ؛ طلا خیزی سے ؛ سونا بھرے انداز میں -

Aurifex : (n) سنار ؛ زرگر ؛ طلاکار -

Aurific : (a) [L."auri"-+"ficus"] طلا خیز ؛ زر آفریں ؛ سونا پیدا کرنے والا -

Aurification : (n) طلا کاری ؛ زر گری ؛ خاص کر دانت میں سونا بھرنا -

Auriform : (a) [L."auris"+-FORM] گوش نما ؛ گوش پیکر ؛ اذن پیکر ؛ کن روپا ؛ کان کی شکل کا ؛ گوش شکل -

Aurifoy : (v) [L."auri"+-FY] سونے میں تبدیل کرنا -

Auriga : (n) [L.] (۱) (فلکیات) ممسک العنان ؛ رتھ بان ؛ واگنچی - (۲) (فعلیات) جگر کا چوتھا لو -

Aurigation : (n) رتھ بانی ؛ گاڑی بانی -

Aurigo : (n) یرقان -

Aurigraphy : (n) [med. L."aurigraphia"] سونے سے لکھنا ؛ آب زر سے لکھنا -

Aurilave : (n) [L."auris"+"lav-","lavare"] کن ڈوئی ؛ کان صاف کرنے کا آلہ -

Aurin : (n) [L."aurum"+-IN] ایک قسم کا لال رنگ جو فنائل کو بعض تیزاب میں ملا کر گرم کرنے سے حاصل ہوتا ہے ؛ آرِن -

Auriphrygiate : (a) [L."auriphrygiatus", f."aurifhrygium"] زرتار حاشیہ دار ؛ زرتار کشیدہ کاری کیا ہوا ؛ زر دوزی کیا ہوا -

Auriscope : (n) [L."auris"+ Gr."SCOPOS"] گوش بین ؛ کان کو جانچنے کا آلہ -

Aurist : (n) [L."auris"+-IST] کان کے امراض کا ماہر ؛ کان کی بیماریوں کا معالج خصوصی ؛ کان وید -

Aurited : (a) [L."aurius"+-ED] گوش دار ؛ کان والا ؛ گوشکی ؛ اُذینی -

Aurivorous : (a) [L."auri"+-vorus] طلا خوار -

Auro -: جزو ترکیبی بمعنی "سونا" -

Auro-cephalous : (a) سنہرے سر والا -

Auro-chloride : (n) (کیمیا) آرو کلورائڈ ؛ کلورو اوریٹ (Chloro-aurate) -

Auro-plumbiferous : (a) طلا آمیز جستہ سے بھرا -

Auro-tellurite : (n) ایک معدنی شے ؛ سلوانائیٹ -

Aurochs : (n) [Gr. obs. f."auerochse"] جنگلی بیل جس کی نسل اب معدوم ہے ؛ ارنا بھینسا -

Aurora : (n) [L.] (۱) اوشا ؛ طلوع ؛ شفق ؛ قطب روشنی جو زمین کے شمالی اور جنوبی مقناطیسی قطب سے پیدا ہوتی ہے ؛ انوار قطبی - (۲) طلوع ؛ صبح ؛ پو پھٹنا ؛ تڑکا ؛ نو صبح - (۳) سپیدۂ سحر ؛ بیضائے صبح ؛ آسمان کا رنگ جو صبح کے پو پھٹنے سے ہوتا ہے ؛ سرخی شفق ؛ سپیدہ دم - (٤) شوخ نارنجی رنگ - (٥) ایک قسم کا بندر ؛ سمندر پھول اور اس قسم کے دوسرے پھول - (٦) صبح کی دیوی -

Aurora australis : (n) جنوبی قطب روشنی ؛ نور فجر یا فجر جنوبی ؛ (ریاضی) فجر جنوبی ؛ انوار جنوبی -

Aurora borealis : (n) شمالی قطب روشنی ؛ نور فجر ؛ (ریاضی) فجر شمالی ؛ انوار شمالی -

Aurora parrot : (n) ایک قسم کی طوطی -

Aurora poles : (n) سطح زمین کے ان دو نقطوں میں سے ایک جو شفق شمالی اور شفق جنوبی کے روشن دائروں کے مرکز ہوتے ہیں -

Aurora snake : (n) سانپ کی ایک قسم -

Auroral : (a) (۱) انواری ؛ نوری ؛ صباحی ؛ سحری ؛ فجری ؛ فلقی ؛ طلوعی ؛ شفقی ؛ گلابی - (۲) شفق شمالی یا جنوبی سے متعلق - (۳) درخشانی میں مثل فجر کے -

Aurorally : (adv) شفقی انداز میں ؛ درخشانی انداز میں ۔

Aurorean : (a) فجر کا یا رنگ میں فجر کے مانند ۔

Aurous : (a) [L."aurum"+-ous] (۱) سونے کا یا سونے سے بھرا ؛ طلائی ۔ (۲) (کیمیا) فردیہ طلا ؛ وہ مرکب جس میں سونا جزو واحد کی حیثیت سے شریک ہوتا ہے ۔

Aurulent : (a) [L."aurelentus", f."aurum"] سنہرا ؛ سنہرے رنگ کا ۔

Aurum : (n) [L.] سونا ؛ طلا ؛ زر ۔

Aurum : (n) [f."Aurum",a trademark] ایک سنہرے رنگ کی اطالوی شراب ۔

Aurum-fulminans : (n) سونا رنجك ؛ سونے کا ایسا مرکب جو چمك کر بھك سے اڑ جائے ؛ بھڑك سونا ۔

Aurum-mosaicum /-mosivum : (n) ٹین کا بائی سلفائیڈ ؛ کسکٹ یا کانسے کا برادہ ۔

Aurum-potabile : (n) شربت طلا ؛ عرق طلا ؛ ماءالذهب ؛ سونا جو پیا جا سکے ۔

Auscultate : (v) [L."auscultat-","auscultare"] دھیان سے سننا (خاص کر طب میں) ؛ سماعت سے روگ جانچنا ۔

Auscultation : (n) [L."auscultationem"] سننا ؛ سماعت ؛ استماع ؛ (خاص کر طب میں) قلب اور شش وغیرہ کی حرکت کو سننا ۔

Auscultative : (a) سماعت سے متعلق ؛ استماعی ۔

Auscultator : (n) [L.] مستمع ؛ سامع ۔

Ausculatory : (a) سماعتی ؛ (تاریخ و سیاسیات) آؤس گلیك (آسٹریا اور ھنگری کا باھمی سمجھوتہ؛ ۱۸٦۷ء) ۔

Auspex : (n) [L.,"contr. for avispex"] شگون لینے کے لئے چڑیوں کی پرواز کا مشاھدہ کرنے والا ؛ ھدایت کار ؛ محافظ ۔

Auspicate : (v) [L."auspicatus","auspicare"] (۱) بنیاد رکھنا ؛ تاسیس کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ افتتاح کرنا ۔ (۲) شگون ھونا ؛ فال ھونا ؛ پیش خیمہ ھونا (اچھے یا برے مستبل کا) ؛ پیش گوئی کرنا ۔ (۳) کسی نئی چیز کی پہلے آزمائش کرنا ؛ امتیازی شان پیدا کرنا ۔

Auspice : (a) [L."auspicium"] (۱) پرندوں سے شگون ؛ تفائل ۔ (۲) پیش خیمہ ؛ شگون ؛ آثار ؛ فال ؛ نشان ؛علامت (مستقبل کی) ۔ (۳) حمایت ؛ سر پرستی ؛ سایہ ؛

Auspices : (n) حمایت اور شفیق رھنمائی ؛ تحفظ ۔

Under the auspices of : زیر سایہ ؛ زیر سرپرستی ۔

Auspicial : (a) شگون سے متعلق ؛ فال سے متعلق ؛ تفائل سے متعلق ۔

Auspicious : (a) [L."auspicium"] (۱) نیك فال ؛ مبارك ؛ سعید ؛ مساعد ؛ موافق ؛ بھاگوان ؛ شبھ ۔ (۲) خوشحال ؛ آسودہ ؛ اچھا ؛ خوش قسمت ۔

Auspiciously : (adv) شبھ گھڑی میں ؛ نیك ساعت میں ۔

Auspiciousness : (a) [L."auspicium"] نیك فالی ؛ خوش طالعی ۔ مبارکی ؛ برکت ؛ بھاگوانی ؛ شُبھ ھونا ۔

Austenite : (n) [f.Sir william C.Roberts Austen+ITE] (کیمیا) آستینائیٹ ؛ کاربن کے گا ما لوھے میں ایك ٹھوس محلول جس کی ساخت مکعب نما اور دانہ دار ھوتی ھے ۔

Auster : (n) [L.] (۱) جنوبی ھوا ؛ دکھنی ھوا ۔ (۲) دکھن ؛ جنوب ۔

Austere : (a) [OFr."austere", Gr."austeros"] (۱) ترش ؛ سخت ؛ تیز ؛ عبوس ؛ درشت ۔ (۲) شدید ؛ اشد ؛ (اخلاقی پابندی میں) کٹر ؛ سخت ؛ سادگی پسند ؛ تکلف بیزار ؛ تکلف دشمن ۔ (۳) تیز ؛ تلخ و تند (ذائقہ میں) ۔ (٤) سنجیدہ ؛ زاھد منش ؛ ریاضت کش ۔

Austerely : (adv) سختی کے ساتھ ؛ تلخی یا تیزی کے ساتھ ؛ کٹر پن سے ۔

Austereness : (n) تندی ؛ درشتی ؛ کٹرپن ؛ زھد خشك ؛ (فلسفہ و نفسیات) درشتی ؛ سختی ؛ زھد ۔

Austerity : (n) [L."austeritatem"] زھد ؛ نفس کشی ؛ منصفانہ / بےطرفانہ سختی ؛ سخت نفس کشی ؛ پارسائی ؛ پرھیز ؛ انتہائی سادگی ؛ ترك تعیش ۔

Austerity programme : (n) منصوبہ کفایت شعاری ۔

Austin : (a) [Syncopated f."Augustin","Augstin"] دیکھو Augustinian

Austral : (a) [L."australis"] جنوبی ؛ دکھنی ؛ جنوبی ہوا سے متاثر ؛ گرم و تر ۔

Austral signs : (n) منطقة البروج کے چھ منطقے (میزان سے حوت تک) ؛ بروج جنوبی ۔

Australasian : (a) [f." Australasia", F. "Australasic"] آسٹریلشیائی ؛ آسٹریلیا اور اس کے متصل جزائر کا باشندہ ؛ جنوبی بر اعظم کا رہنے والا ؛ آسٹریلیا کا رہنے والا ۔

Australene : (n) [L."australis"+-ENE] (کیمیا) انگریزی تارپین کے تیل کا اصلی جزو ۔

Australian : (a & n) [L."australis"] (۱) آسٹریلیا کا ؛ آسٹریلیائی ۔ (۲) آسٹریلیا کا باشندہ ۔ (۳) آسٹریلیا کا آبادکار یا مقیم ۔

Australioid : (n) نسلی اعتبار سے آسٹریلیا کا قدیم باشندہ ۔

Australite : (n) [f. Australia+-ITE] آسٹریلیا میں پایا جانے والا ایک شہابی شیشہ ۔

Austrian school : (n) آسٹرین مکتب خیال ؛ آسٹر اسکول ۔

Austringer : (n) [L."austurcarius", f."austurcus"] باز کا نگراں ۔

Austromancy : (n) [L."Auster"-+ Gr."mantia"] ہواؤں کے مشاہدوں سے شگون لینا یا فال نکالنا ۔

Ausubo : (n) [Sp.] ایک سدا بہار درخت جس کی لکڑی قیمتی ہوتی ہے ۔

Autantitypy : (n) [Gr."aut(o)"+ANTITYPY] جسم کی یہ خاصیت کہ وہ بنیادی طور پر دبایا نہیں جا سکتا ہے ۔

Autarch : (n) [Gr."autarchos"] (۱) خود مختار ؛ مستبد ؛ مطلق العنان ؛ جابر ؛ فرعون — (۲) مطلق العنان بادشاہ ؛ مطلق العنان غیر ذمہ دار فرماں روا —

Autarchy /-ky : (n) [Gr."autarchia"] (۱) اختیار مطلق ؛ استبدادیت ۔ (۲) خود مختاری ۔ (۳) (تاریخ و سیاسیات) مطلق العنان حکومت ؛ استبدادی حکومت ۔

Authentic : (a) [OF."autentique",Gr."authenticos"] (۱) قابل اعتبار ؛ مستند ؛ معتبر ؛ قابل اعتماد ؛ بھروسے کے قابل ؛ سندی ۔ (۲) سچا ؛ اصلی ؛ صحیح ؛ اصل (بمقابلہ مصنوعی، نقلی) ۔ (۳) (مذہبی موسیقی کے متعلق) جس کی آوازیں ساتویں چڑھاؤ تک ہوں ؛ ست سرگی ؛ سروں کا وہ آہنگی ملاپ جس میں بنیادی سر سے فوراً پہلے پنچم سر غالب آ جاتا ہے ۔ (٤) (تاریخ و سیاسیات) مصدقہ ؛ مستند ۔

The authentics : جسٹینین کے نئے دستور کا ایک مجموعہ جو معتبر طریقہ سے یونانی زبان سے ترجمہ کیا گیا ۔

Authentic evidence : (n) (تاریخ و سیاسیات) معتبر شہادت ۔

Authentical : (a) دیکھو Authentic

Authentically : (adv) معتبر یا مستند طریقہ پر ؛ قابل اعتماد طریقہ پر ؛ ٹھیک ٹھیک ۔

Authenticate : (v) [med. L."authenticat-","authenticare", f."authenticus"] (۱) تصدیق یا تصدیق کرنا ؛ اثبات حق یا احقاق حق کرنا ؛ صداقت ثابت کرنا ۔ (۲) راوی یا مصنف کی تحقیق کرنا ؛ کسی چیز کے متعلق یہ دریافت کرنا کہ اس کا بانی کون تھا ۔ (۳) جائز یا بجا ٹھہرانا ؛ تصدیق یا توثیق کرنا ۔

Authenticated : (a) محقق ؛ مصدق ؛ توثیق شدہ ؛ جائز یا بجا قرار دیا ہوا ۔

Authenticated identity certificate : (تاریخ و سیاسیات) مصدقہ شناخت نامہ ۔

Authentication : (n) تصدیق ؛ توثیق ؛ تحقیق ۔

Authenticator : (n) محقق ؛ مصدق ؛ توثیق کرنے والا ۔

Authenticity : (n) (۱) اعتبار ؛ مستند ہونا ؛ معتبر ہونا ؛ صداقت ؛ اصلی ہونا ؛ اصلیت ؛ واقعیت ؛ صحت ؛ درستی ؛ حقیقت ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) معتبری ؛ معتبر ہونا ؛ مستند ہونا ۔

Authigenic : (a) [Gr."authigenes"] مقامی ۔

Author : (n) [AF."autour", OF."autor", L."auctor"] بانی ؛ شروع کرنے والا ؛ موجد ۔ (۲) مصنف ؛ مؤلف ؛ مؤسس ۔ (۳) باپ ؛ پیدا کرنے والا ؛ سلف ۔ (٤) نتائج افکار ؛ تصنیفات ؛ مصنف کی تحریر ۔

Authoress : (n) مصنفہ ؛ موجدہ ؛ کتاب لکھنے والی ۔

Authorial : (a) مصنفانہ ؛ موجدانہ ؛ مصنف یا موجد کا ۔

Authorially : (adv) مصنفانہ طور پر ؛ موجدانہ طور پر ۔

Authoring : (n) کتاب نویسی ۔

Authorised : (a) (۱) مختار ؛ مجاز ۔ (۲) نہایت وقیع یا قابل قدر ۔

Authorism : (n) کتاب نویسی کا مقام یا مزاج ؛ مصنفیت ۔

Authoritarian : (a) [AUTHORITY + - ARIAN] (۱) اقتدار کے اصول کی حمایت میں حاکمانہ ۔ (۲) اقتدار کے اصول کا حامی ۔

Authoritarian state : (n) (تاریخ و سیاسیات) حاکمانہ ریاست ؛ اقتداری ریاست ۔

Authoritarianism : (n) (فلسفہ و نفسیات) تقلید پرستی ؛ نظریہ تحکم ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) اقتداریت ؛ حاکمیت ؛ سندیت ۔

Authoritative : (a) حاکمانہ ؛ تحکمانہ ؛ آمرانہ ۔ (۲) معتبر ؛ مصدق ؛ مستند ۔ (۳) سندی ؛ معتبر ؛ جس کا ماخذ قابل اعتبار ہو ۔

Authoritative translation : (n) (تاریخ) مستند ترجمہ ۔

Authoritatively : (adv) تحکماً ؛ حاکمانہ ؛ مصدقہ طور پر ؛ معتبر طور پر ؛ حتماً ؛ وثوق یا سند سے ۔

Authoritativeness : (n) مستند ہونا ؛ استادیت ؛ معتبر ؛ معتبر یا مصدق ہونا ؛ تحکمانہ انداز ؛ آمرانہ انداز ؛ استنادیت ۔

Authorities : (n) (تاریخ و سیاسیات) مستندعالم ؛ ارباب اختیار ؛ (انتظامیہ) حکام ؛ صاحبان اختیار ؛ ارکان اختیار ؛ مستند ماخذ ۔

Authority : (n) [F."autorite", ad. L."auctoritatem"] (۱) اختیار ؛ اقتدار ؛ حق (کسی بات کے منوانے کا)۔ (۲) منصب ؛ عہدہ ؛ اختیار ؛ حکومت ؛ قدرت ۔ (۳) عہدہ دار ؛ حاکم ؛ مقتدر ۔ (٤) اثر ؛ وقعت ؛ عظمت ۔ (٥) شہادت ؛ مسند ؛ ماخذ (قول یا کتاب جو سند سمجھی جائے) ؛ کسی مسئلہ کا ماہر ۔ (٦) سند ؛ مستند ۔

Charismatic authority : (سماجیات) کرشماتی اقتدار ۔

In authority : صاحب اختیار ؛ صاحب اقتدار ۔

Parental authority : (سماجیات) اقتدار والدین ۔

Paternal authority : (سماجیات) آبائی اقتدار ۔

Authority to negotiate : (تجارت) اختیار گفت و شنید ؛ اختیار معاملہ داری ۔

Authorizable : (a) قابل جواز ۔

Authorization /-isation : (n) جواز ؛ (تاریخ و سیاسیات) مجاز کرنا ۔

Authorization form : (n) (تاریخ و سیاسیات) مجازنامہ ۔

Authorize /-ise : (v) [F."autóriser", med. L."auctorizare"] (۱) اجازت دینا ؛ اختیار دینا ؛ منظوری دینا ۔ (۲) جواز پیدا کرنا ؛ جواز کی گنجائش نکالنا ۔ (۳) مجاز کرنا ؛ مختار بنانا ؛ اختیار دینا ۔

Authorized agent : (n) مجاز کارندہ ۔

Authorized capital : (n) (تجارت و معاشیات) مجوزہ سرمایہ ؛ منظور شدہ سرمایہ ۔

Authorized limit of examiner : (تجارت) ممتحن کی مجوزہ حد ۔

Authorized securities : (n) منظورہ تمسکات ۔

Authorized stock : (n) (تجارت و معاشیات) مجوزہ اسٹاک ؛ منظورہ ذخیرہ ۔

Authorized version : (n) مصدقہ ترجمہ بائبل جو سنہ ١٦١١ء میں کیا گیا ۔

Authorizer : (n) اجازت یا اختیار دینے والا ۔

Authorless : (a) (۱) گمنام تصنیف ؛ جس کا کوئی خالق نہ ہو ۔ (۲) بغیر تخلیق شدہ ۔ (۳) مصنف نا معلوم ۔

Authorling : (n) ایک ادنا مصنف ۔

Authorly : (adv) مصنف کی طرح ۔

Authorship : (n) (۱) مصنف کا پیشہ ؛ حیثیت یا منصب ؛ مصنفی ؛ مصنف گری ۔ (۲) تصنیف ؛ تالیف ۔ (۳) کسی عمل یا معاملے کی تخلیق ۔

Autism : (n) [NL."autismus"] (فلسفه و نفسیات) تخیل پرستی ؛ خود محوی ؛ معائنہ نفس ۔

Autistic thinking : (n) خود فکری ۔

Auto : (n) [L. "actus"] (۱) ایک قسم کا کھیل ۔ (۲) دیکھو Auto-da-Fa

Auto : (n) Automobile کا مخفف ۔

Auto -: [Gr."auto -"] جزو ترکیبی بمعنی "خود سے حرکت کرنے والی" ؛ (کیمیا) خود ذات ۔

Auto-da-fa : (n) [Pg.] (۱) محکمۂ احتساب کا حکم سزا ۔ (۲) محکمۂ احتساب کے سزا کی تعمیل، مثلاً بے دینوں کا جلا دینا وغیرہ ۔

Auto-didact : (n) [Gr."autodidactos"] خود سے تعلیم یافتہ ۔

Auto-hydrolysis : (n) خود آب پاشیدگی ۔

Auto inhaler : (n) خود شمامہ ۔

Auto-psorin : (n) [Gr."auto+psora"+-IN] کسی متعدی مرض میں مبتلا مریض کے زہر کو خود اسکے جسم میں بطور علاج داخل کر دینا مثلاً خارش، چیچك وغیرہ میں ۔

Auto-regression : (n) (شماریات) خود ربطی ۔

Auto valve : (n) خود ضمام ۔

Autoanalysis : (n) خود تجزیہ ؛ تجزیہ ذات ۔

Autoantibody : (n) خود متضاد جسم ؛ ذاتی ضد جسم ۔

Autobiographer : (n) اپنی سوانح عمری لکھنے والا ؛ آپ بیتی لکھنے والا ۔

Autobiographic : (a) خود نوشت سوانح عمری سے متعلق ؛ آپ بیتی سے متعلق ۔

Autobiographical : (a) آپ بیتی سے متعلق ۔

Autobiographically : (adv) از روئے خود نوشت سوانح عمری ؛ آپ بیتی کے طور پر ۔

Autobiography : (n) [AUTO -+BIOGRAPHY] خود نوشت سوانح عمری ؛ آپ بیتی ؛ خود نوشت سوانح حیات ۔

Autoboat : (n) موٹر بوٹ (Motorboat) ۔

Autocade : (n) [AUTO+CADE] موٹر کاروں کا جلوس ۔

Autocarpous : (a) [Gr."auto+karpos"+-OUS] خود ازدواجی ؛ خود مباشر ؛ آپ بھوگ ۔

Autocatalysis : (n) (کیمیا) خود عمل انگیزی ۔

Autocatalytic curve : (n) (شماریات) خود عمل انگیز منحنی ۔

Autocatalytic logistic curve : (شماریات) خود انگیز حرکتی خط ۔

Autocephalous : (a) جس کا خود اپنا سردار یا حاکم ہو ۔

Autochthon : (n) [Gr."autochthon"] (۱) اپنے مقام سکونت میں پیدا ہونے والا ؛ بومی ۔ (۲) (جمع میں) کسی ملك کے قدیم ترین باشندے ؛ آدی باسی ؛ اصلی باشندہ ۔

Autochthonal : (a) (۱) آدی باسی کا ؛ ثابت المقام ۔ (۲) اپنے مولد میں محدود رہنے والا مرض (وہ مرض جو جہاں پیدا ہو وہیں محدود رہے) ۔

Autochthonic : (a) دیکھو Autochthonal

Autochthonism : (n) کسی ملك کی سرزمین میں ولادت یا اس ملك پر اسکا قدیمی باشندے کی طرح قبضہ ۔

Autochthonous : (a) دیکھو Autochthonal

Autochthony : (n) آدی باسی ہونے کی حالت ۔

Autoclast : (a) خود ریزہ ۔

Autoclave : (n) اسٹو پکانے کا وہ برتن جس کے ڈھکن سے بھاپ نہ نکل سکے ؛ (کیمیا) بھاپ داب آلہ ؛ قابلمہ ؛ مطہرہ ؛ خود داب جوشدان ۔

Autocorrelated : (a) (شماریات) خود ہم رشتہ ۔

Autocosm : (n) [AUTO-+COSM] نجی دنیا ؛ اپنی دنیا ۔

Autocovariance : (n) (شماریات) خود ہم اختلاف ۔

Autocracy : (n) [Gr."autocratia"] (۱) استبدادی حکومت ؛ شخصی حکومت ؛ مطلق العنان حکومت ۔ (۲) اثر دباؤ ؛ حکومت ۔ (۳) کسی مرض پر قوت حیات کا اثر ۔

Autocrat : (n) (۱) خود مختار ؛ مستبد ؛ مطلق العنان ؛ جابر ؛ فرعون ۔(۲) مطلق العنان بادشاہ ؛ مطلق العنان غیر ذمہ دار فرماں روا ۔

Autocratic : (a) استبدادی ؛ جابرانہ ۔

Autocratical : (a) دیکھو Autocratic

Autocratically : (adv) مستبدانہ ؛ جابرانہ ؛ استبداد سے ۔

Autocratrix : (n) خود مختار ملکہ ؛ مستبدہ ؛ مطلق العنان ملکہ ؛ روس کی خود مختار ملکہ کا لقب ۔

Autocratship : (n) مطلق العنانی ؛ خود مختاری ۔

Autodynamic : (a) خود کار ؛ خود حرکی ؛ اپنی آپ قوت سے چلنے والا ۔

Autoeroticism : (n) خود شہوت روائی ؛ خود شہوانیت ۔

Autofacture : (a & n) خود ساز ؛ خود ساختگی ۔

Autofluorescence : (n) (طبیعیات) خود درخشانی ۔

Autofunction : (n) خود تفاعل ۔

Autogamic : (a) خود باروری والا یا اس کے قابل ۔

Autogamy : (n) [Gr."auto"+"gamea"] خود ازدواجی ؛ خود باروری۔

Autogenesis : (n) خود تولید ؛ خود بخود تولد ۔

Autogenic : (a) خود زا ۔

Autogenous : (a) [Gr."auto+genes"] خود مختار ؛ خود زائی ؛ خود آفریدہ ؛ آزاد ؛ خود زا ؛ خود آفریں ۔

Autogiro : (n) [AUTO-+It, Sp."giro"] ایک قسم کی ہوا بازی کی مشین کا تجارتی نام ۔

Autograph : (n) [L."autographum"] (۱) خود نوشت ؛ مصنف کا اپنا قلمی نسخہ یا مسوّدہ ۔ (۲) قلمی یا اپنے ہاتھ کی تحریر خصوصاً دستخط ۔ (۳) قلمی تحریر ۔(٤) (انتظامیہ) آٹو گراف ؛ خود نوشتہ دستی تحریر ۔

Autograph : (v) (۱) اپنے ہاتھ سے لکھنا ؛ اپنے قلم سے لکھنا ۔ (۲) نقل کرنا ۔ (۳) دستخط کرنا ۔

Autographed manuscript : (n) (تاریخ) دستخطی مخطوطہ ۔

Autographic : (a) خود نوشتہ ؛ مصنف کا قلمی/ دستخطی ۔

Autographical : (a) دیکھو Autographic

Autographically : (adv) اپنے قلم سے ؛ خود لکھکر ۔

Autography : (n) (۱) خود نویسی ؛ اپنے قلم سے لکھنا ۔ (۲) مصنف کی تحریر ۔ (۳) تحریر یا تصویر کی سنگی نقل ؛ تحریر یا تصویر کی لیتھو نقل ۔

Autokinesis : (n) خود بخود حرکت کرنا ؛ خود حرکیت ؛ حرکت ارادی ۔

Autolatory (n) خود پرستی ۔

Autology : (n) خود اپنا علم ؛ اپنے آپ کو مطالعہ کرنے کا علم ۔

Autolysis : (n) خود پاشیدگی ؛ خود پاشی ۔

Autolytic : (a) (کیمیا) خود پاش ۔

Automat : (n) خود کار مشین جس میں پیسہ ڈالنے سے مطلوبہ شے حاصل ہوتی ہے ؛ خود کار آلہ ۔

Automatic : (a) [Gr."automatos"] (۱) خود کار ؛ خود بخود کام کرنے والا ؛ آپ چالو ؛ خود حرکی ۔ (۲) مشین کی طرح ؛ بے سوچے سمجھے ؛ غیر شعوری ۔ (۳) (لسانیات) خود کار ملزوم ۔ (٤) (نفسیات) غیر ارادی ۔

Automatic alternation : (n) (لسانیات) خود کار ملزوم تبادل ۔

Automatic balance : (n) خود کار توازن ۔

Automatic belligerency : (n) (تاریخ و سیاسیات) خود کار حالت جنگ ۔

Automatic check-off : (n) خود کار جانچ ۔

Automatic currency : (n) خود کار رائجہ ۔

Automatic intuitionism : (n) خود کار القا ۔

Automatic numerator : (n) (انتظامیہ) خود کار آلۂ شمار ۔

Automatic premium loan : (تجارت و معاشیات) خود کار پریمیم قرض ۔

Automatic reinstatement clause : (تجارت) خود کار بحالی دفعہ ۔

Automatic selection : (n) (سماجیات) خود کار انتخاب ؛ غیر ارادی انتخاب ۔

Automatic selling : (n) خود کار فروخت ۔

Automatic wage adjustment : خود کار تطبیق اجرت ۔

Aotomatically : (adv) خود بخود ؛ اپنے آپ سے ؛ آپ سے آپ ۔

Automaticity : (n) آپ چالو پن ؛ خود حرکی پن ؛ خود حرکیت ۔

Automation : (n) [Gr. L."automaton"] (سماجیات) خود کار ؛ خود حرکی ۔

Automation theory : (n) نظریہٴ خود حرکیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) خود حرکیت ۔

Automatism : (n) (۱) غیر ارادی حرکت ۔ (۲) نظریہٴ قسریت (یہ نظریہ کہ جانور غیر ارادی حرکتیں کرتے ہیں) ۔ (۳) بندھا ٹکا معمول ؛ کل کی طرح کام کرنا ۔ (٤) مبداء حرکت ؛ مبداءفعل جہاں حرکت یا فعلیت جنم لیتی ہے ۔ (۵) (فلسفہ و نفسیات) مشین کاری ؛ مشینیت ؛ خود لذتیت ؛ خود حرکیت ؛ خود کاری ۔

Conscious automatism : (فلسفہ و نفسیات) شعوری مشین کاری ؛ شعوری خود حرکیت ۔

Psychological automatism : (فلسفہ و نفسیات) نفسیاتی مشین کاری ۔

Automatist : (n) یہ عقیدہ رکھنے والا کہ جانور غیر ارادی حرکتیں کرتے ہیں ۔

Automatization : (n) (فلسفہ و نفسیات) خود کارسازی ۔

Automatize : (v) خود حرکی بنا دینا ۔

Automatograph : (n) خود کار نگار ۔

Automaton : (n) [Gr."automaton"] (۱) خود حرکی ؛ متحرک ؛ بلا ارادہ شے یا خود حرکی جاندار ۔ (۲) کل ؛ مشین ؛ پرزہ ۔ (۳) کٹھ پتلی ؛ کل پتلا ؛ بے شعور یا بے عقل شخص ؛ ایسا شخص جس کے افعال غیر ارادی ہوں ۔

Automatous : (a) [Gr."automatos"+OUS] خود حرکی ؛ خود کار ؛ غیر شعوری ؛ غیر ارادی ۔

Autometry : (n) خود پیمائی ؛ کسی شکل کے حصوں کی پیمائش اس کی پوری بلندی کی لحاظ سے ؛ خود تخمینی ؛ خود سنجی ۔

Automnesia : (n) کسی تجربہ کا خود بخود یاد آ جانا ؛ خود یاد ۔

Automobile : (a) [fr.] اتومبیل ؛ خود سے آگے بڑھنے والا ؛ خود رو ؛ خود متحرک ۔

Automobile : (v) اتومبیل چلانا ؛ اتومبیل میں سوار ہونا ۔

Automobile insurance : (n) (تجارت) موٹر بیمہ ۔

Comprehensive automobile insurance : (تجارت) جامع موٹر کار بیمہ ۔

Automolite : (n) [Gr."auto+molin"] ایک قسم کا موتی ؛ منی ۔

Automorphic : (a) برخود قیاسی کا ۔

Automorphically : (adv) خود اپنے اوپر قیاس کرکے ۔

Autonoetic : (a) بر خود ادراکی ۔

Autonomic : (a) خود مختار ؛ خود اختیاری ؛ سوراجی ؛ خود اختیار ؛ خود کار ۔

Autonomic intuitionism : (n) (فلسفہ و نفسیات) خود اختیاری وجدانیت ۔

Autonomical : (a) دیکھو Autonomic

Autonomically : (adv) خود اختیاری سے ؛ خود مختاری سے ۔

Autonomist : (n) [See AUTONOMY] خود مختاری کا حامی ۔

Autonomize : (v) [See AUTONOMY] خود مختار بنانا ۔

Autonomous : (a) [Gr."autonomos"] (۱) خود مختار ؛ خود اختیاری ؛ سوراجی ؛ خود آئینی ؛ ہم آئینی ۔ (۲) (حیاتیات) اپنے ہی قانون سے مطابقت رکھنے والا ؛ آزاد ۔

Autonomous area : (n) (تاریخ و سیاسیات) خود اختیار خطہ ؛ خود مختار علاقہ ۔

Autonomous neutralization : (n) (تاریخ و سیاسیات) غیر جانب دار ہونا ۔

Autonomous region : (n) (تاریخ و سیاسیات) خود اختیار علاقه ؛ خود مختار علاقه ۔

Autonomous republic : (n) (تاریخ و سیاسیات) خود اختیار جمہوریہ ؛ خود مختار جمہوریہ ۔

Autonomous sound change : (لسانیات) آزاد صوتی تبدیلی ۔

Autonomous tariff system : (تجارت و معاشیات) خود اختیاری ٹیرف نظام ؛ خود اختیاری ٹیرف طریقه ۔

Autonomy : (n) [Gr."autonomia"] (۱) خود اختیاری حکومت یا نظم و نسق ؛ سوراج ۔ (۲) شخصی آزادی ؛ آزادیِ اراده ؛ اختیار اراده ؛ قدر (کانٹ کے مسلک میں) ۔ (۳) خود مختار قوم یا جماعت ۔ (٤) (حیاتیات) اپنے ہی دستور سے مطابقت ۔

Autonomy of ethics : اخلاقیات کی خود مختاری ۔

Autonomy of will : خود اختیاری اراده ۔

Autonym : (n) [Gr."auto+onyma"] وہ کتاب جو خود مصنف کے نام اشاعت پذیر ہو ۔

Autopathic : (a) [Gr."auto"+"pathicos"] جاندار چیزوں کی جبلّی بیماری کا یا اس سے متعلق ۔

Autophagous : (a) [Gr."auto"+"phagos"] خود خور ؛ آکال خود ۔

Autophagy : (n) اپنے بدن کے رگ و ریشے کو کھا کر زنده رہنا ؛ خود خوری ۔

Autophobia : (n) [Gr."auto+phobia"] تنہائی کا خوف ؛ خوفِ تنہائی ؛ خود ترسی ۔

Autophonic : (a) (طب) کسی طبیب کا اپنی سانس کو مریض کی صدائے تنفس جانچتے وقت سننے سے متعلق ۔

Autophony : (n) [Gr."auto+phonia"] (طب) کسی طبیب کا اپنی سانس کو مریض کی صدائے تنفس جانچتے وقت سننا ۔

Autophthalmoscope : (n) [Gr."auto+ophthalmos"] آنکھ کو جانچ کرنے کا خود کار آلہ ؛ خود چشم بین ۔

Autoplastic : (a) خود اندمالی کا ؛ خود پیوندی کا ۔

Autoplasty : (n) [Gr."auto+plastos"] خود چسپی ؛ خود پیوندی ؛ خود اندمالی ۔

Autopsy : (n) [L."autopsia"Gr."autoptos"] (۱) ذاتی نگرانی یا معائنه ؛ ذاتی مشاہده ۔ (۲) مردے کی چیر پھاڑ ؛ لاش کا طبی معائنه ؛ پس مرگی معائنه ۔ (۳) (مجازاً) تنقیدی جانچ ؛ چھان بین ؛ بال کی کھال نکالنا ۔

Autoptic / Autoptical : (a) [Gr."autopticos"] لاش کی طبی جانچ سے متعلق ؛ عینی شاہد جو ذاتی مشاہده رکھتا ہو ؛ چشم دید ۔

Autoptically : (adv) لاش کی طبی جانچ کی طرح ۔

Autopticity : (n) ذاتی مشاہدے یا عینی شہادت کی صفت ۔

Autoregressive : (a) خود ربط ۔

Autoregressive process : (n) (شماریات) خود ربط عمل ۔

Autoregressive series : (n) (شماریات) خود ربط سلسله ۔

Autoregressive transformation : (n) (شماریات) خود ربط تحویل ۔

Autoschediastic / Autoschediastical : (a) فی البدیہ کا یا اس سے متعلق ۔

Autoschediasm : (n) [Gr."autoschediasma"] فی البدیہ ؛ بغیر کسی تیاری کے کوئی کام کرنا ۔

Autoschediaze : (v) فی البدیہ کہنا ۔

Autoscope : (n) (۱) اپنی آنکھ خود جانچ کرنے کا آلہ ؛ آنکھ جانچ کرنے کا خود کار آلہ ۔ (۲) خفیف جسمانی غیر ارادی حرکتوں کو دیکھنے کا آلہ ؛ خود پیما ؛ ذات بین ۔

Autoscopy : (n) Autoscope کا استعمال ۔

Autosemantic word : (n) (لسانیات) خود معنی لفظ ۔

Autosensitization : (n) خود حساس گری ۔

Autostylic : (a) [Gr."auto+styl-as"+-IC] اس کھوپڑی کا جس کی فکی محراب اپنے چوکور ستون پر قائم ہو ۔

Autosuggestion : (n) خود تاثری ؛ ذاتی ایماز ؛ (فلسفه و نفسیات) خود ایمائی ۔

Autotelic : (a) [Gr."autoteles"] خود نمائی ۔

Autotheism : (n) [Gr."autotheos"] (۱) خدا کے قائم بالذات ہونے کا عقیدہ خصوصاً عقیدہ تثلیث میں شخص ثانی کی طرح سے - (۲) خود پرستی ؛ خود الوہیت ؛ خدائی دعویٰ -

Autotheist : (n) (۱) خدا کے قائم بالذات ہونے کے عقیدہ کا حامی - (۲) خود پرست -

Autotomic : (a) اپنے جسم کو قطع کرنے والا (قشریہ، کیڑے وغیرہ) ؛ خود تراش -

Autotype : (n) [AUTO-+Gr."typos"] (۱) ہو بہو نقل ؛ عکس یا چربہ - (۲) پکا عکس (فوٹو جسے بعد کو یک رنگ چھاپتے ہیں) -

Autotype : (v) چربہ اتارنا ؛ پکا عکس لینا ؛ ہُو بہُو نقل کرنا -

Autotypography : (n) ایک عمل جس کے ذریعہ جلاٹین پر بنی ہوئی تصویر یا خاکہ کو نرم فلزاتی تختیوں پر تبدیل کر دیا جاتا ہےاور جو چھپائی میں کام آتا ہے ؛ ذاتی طباعت -

Autoxidation : (n) (کیمیا) خود اکسید ؛ خود تکسید -

Autoxidiser : (n) (کیمیا) خود اکسید گر -

Autrefois acquit : (n) مدعی علیہ کا یہ عذر کہ وہ پہلے رہا ہو چکا ہے یا پہلے بے جرم ثابت ہو چکا ہے -

Autrefois convict : (n) مدعی علیہ کا یہ عذر کہ وہ اسی جرم کے لئے سزا پا چکا ہے -

Autumn : (n) [L."autumnus"] (۱) خزاں ؛ پت جھڑ ؛ خریف ؛ اگست سے اکتوبر تک (برطانیہ عظمی میں) اور ستمبر سے نومبر تک (شمالی امریکہ میں) - (۲) (شاعری) موسم خزاں کے پھل ؛ فصل - (۳) (مجازاً) انحطاط کا دور یا زمانہ ؛ عہد زوال ؛ موسم پختگی -

Autumn : (v) [L."autumnare"] پختگی پر لانا یا آنا -

Autumn bell : (n) ایک قسم کا پھول -

Autumn fly : (n) ایک قسم کا پھول -

Autumnal : (a) [L."autumnalis"] (۱) خزاں کا یا اس سے متعلق ؛ پت جھڑ کے موسم کا یا اس کے متعلق ؛ خریفی ؛ خزانی - (۲) خریفی ؛ جو خریف میں پکے یا پھلے پھولے - (۳) (مجازاً) شباب کے ما بعد -

Autumnal equinox : (n) اعتدال خریفی -

Autumnally : (adv) خزاں میں ؛ پت جھڑ کے موسم میں -

Autumnity : (n) [L."autumnitatem"] خزاں کی صفت یا حالت -

Autunite : (n) [Autun in France+ITE] چونے اور یورینیم کا ایک آب دار فاسفیٹ جو گندھک کی طرح پیلا ہوتا ہے -

Auturgy / -ergy : (n) [Gr."auturgia"] خود اپنے ہاتھوں سے کام کرنا ؛ خود کاری ؛ خود روی ؛ فعل بالذات -

Auxesis : (n) [Gr."auxanin"] (بلاغت) اغراق ؛ مبالغہ ؛ تزائد -

Auxetic : (a) اغراقی ؛ مبالغہ آمیز ؛ تزائد -

Auxetically : (adv) مبالغہ کے طور پر ؛ بطور اغراق -

Auxiliary : (a & n) [L."auxiliaris",f."auxilium"] (۱) مددگار ؛ معاون ؛ ممد ؛ مدد رساں ؛ معین - (۲) امدادی افواج ؛ کمک - (۳) امدادی (فعل) ؛ معاون - (٤) (شماریات و ریاضی) کوئی مقدار جو کسی عمل کو سہل کرنے کے لئے داخل کی جاتی ہے جیسے مساوات میں - (۵) (لسانیات) معاون ؛ امدادی ؛ (تاریخ و سیاسیات) ذیلی ؛ معاون ؛ (انتظامیہ) مددگار ؛ معاون -

Auxiliary activities : (n) امدادی سرگرمیاں -

Auxiliary circle : (n) (ریاضی) معاون دائرہ -

Auxiliary contact : (n) معاون اتصال -

Auxiliary electron : (n) معاون برقیرہ -

Auxiliary equation : (n) (ریاضی) معاون مساوات -

Auxiliary equipment : (n) (تجارت و معاشیات) معاون ساز و سامان ؛ امدادی ساز و سامان -

Auxiliary forces : (n) امدادی افواج ؛ کمک -

Auxiliary function : (n) (ریاضی) معاون تفاعل -

Auxiliary model : (n) (لسانیات) امدادی ماڈل ۔

Auxiliary numeral : (n) (لسانیات) امدادی عدد ۔

Auxiliary scale : (n) (ریاضی) معاون پیمانہ ۔

Auxiliary series : (n) (ریاضی) معاون سلسلہ ۔

Auxiliary verb : (n) (لسانیات) امدادی فعل ۔

Auxochrome : (n) [Gr."auxein"+CHROME] رنگ افزا ۔

Auxotonic : (a) [Gr."auxein"+tonic] (نباتیات) خارجی محرکات سے نہیں بلکہ خود رو نمو پانے والا ۔

Ava : (n) (۱) Sandwich Islands کے ایک درخت کا نام جس سے شراب نکالی جاتی ہے ۔ (۲) شراب ۔ (۳) کوئی نشہ آور شراب ۔

Avail : (v) [L."valere"] (۱) مدد پہنچانا ؛ معاون ہونا ؛ مدد کرنا یا دینا ۔ (۲) کام کا ہونا ؛ مفید ثابت ہونا ؛ کار آمد ہونا ؛ فائدہ اٹھانا ؛ فائدہ پہنچانا ؛ سودمند ہونا ۔

To avail oneself of : فائدہ اٹھانا ؛ مستفید ہونا ؛ (موقع وغیرہ سے) کام لینا ؛ کام میں لانا ؛ استفادہ کرنا ۔

Avail : (n) سود ؛ فائدہ ؛ کام ؛ مطلب ؛ مدد (صرف مندرجہ ذیل فقروں میں مستعمل ہے) ۔

Of avail : کام کا ؛ فائدہ بخش ۔

Of little avail : کچھ کام کا ؛ کچھ مقصد کا ؛ کسی قدر ؛ کچھ کام کا نہیں ۔

Of no avail : بے فائدہ ؛ بے کار ۔

Without avail : بے فائدہ ؛ بے کار؛ کسی کام کا نہیں ۔

Availability : (n) (۱) دست یابی ؛ فراہمی ؛ حصولیت ۔ (۲) شرط یا صفت لازم ۔

Available : (a) استعمال کے قابل ؛ موجود ؛ دستیاب شدنی ؛ ملنے والی ؛ ممکن الحصول ؛ استفادہ کے لائق ؛ دست رس میں ؛ (کیمیا) دستیاب ؛ (انتظامیہ) استعمال کے قابل ؛ موجود ۔

Availableness : (n) دیکھو Availability

Availably : (adv) کار آمد طور پر ۔

Availer : (n) مدد پہنچانے والا ؛ فائدہ اٹھانے والا ؛ کام لینے والا ؛ کام میں لانے والا ۔

Availment : (n) سود مند ہونا ؛ فائدہ مند ہونا ۔

Aval : (n) کسی بل وغیرہ پر دستخط یا امضاء اس کی ادائیگی کی ضمانت دیتے ہوئے ۔

Aval : (a) پدر بزرگ سے وابستہ ۔

Avalanche : (n) [F."avalance"] برف ، مٹی اور یخ کا ڈھیر جو تیزی سے پہاڑ سے پھسلے ؛ (مجازاً) حوادث یا مصائب جو ایک دم سے آ پڑیں ؛ بہمن ؛ (طبیعیات) باژہ ؛ برف شار ۔

Avalanche cone : (n) برف شاری مخروط ۔

Avalanche wind : (n) برف شاری ہوا ۔

Avania : (n) زبردستی کا محصول جو ترک عائد کرتے تھے ۔

Avanious : (a) استحصال کرنے والا ؛ استحصال کا خوگر ۔

Avant -: [L."abante"] جزو ترکیبی ۔

Avant courier : (v) کسی کی آمد کی خبر دینا ۔

Avant fosse : (n) [Fr.] (قلعہ بندی) قلعہ کے باہر پشتہ کی چاروں طرف کے گڑھے جو قلعے کے پشتہ کی جڑ میں ہوتے ہیں ۔

Avant garde : (n) [Fr.] (۱) وہ لوگ جو نئے تجرباتی تصوارت یا نئی تکنیک یا نئے نقشے کا شعبہ بالخصوص فنون لطیفہ میں خلق کرتے ہیں یا انہیں عمل میں لاتے ہیں ۔ (۲) وہ گروہ مثلاً مصنفوں یا فن کاروں کا جو اپنے خیالات یا طرز میں غیر روایتی ہے ۔ (۳) ایسے گروہ کا حامی ۔

Avantcourier : (n) (۱) نقیب ؛ چاؤش ؛ پیش سوار ۔ (۲) (جمع میں) مقدمۃ الجیش ؛ پیش رو ؛ ہراول ؛ پیش آہنگ ۔

Avarice : (n) [L."avaritia"] لالچ ؛ طمع ؛ حرص ؛ آز ؛ (فلسفہ و نفسیات) حرص ۔

Avaricious : (a) [Fr."avaricieux"] لالچی ؛ حریص ؛ طمعی ؛ طامع ؛ طمّاع ؛ آز مند ۔

Avariciously : (adv) حریصانہ ؛ لالچ سے ؛ آز مندانہ ۔

Avariciousness : (n) حرص کا ہونا ؛ طمع ہونے کی حالت ؛ لالچی پن ۔

Avast : (v) [worn-down f. Du."hauvast","houdvast"] (جہاز رانی) بس ؛ رکو ؛ ٹھہرو ؛ نگہ دار ۔

Avatar : (n) [Skr."avatara"] (۱) اوتار ؛ خدا یا دیوتا کا جسمانی روپ میں دنیا میں آنا ۔ (۲) ظہور ؛ مظہر ؛ شکل ؛ صورت ۔

Avaunt : (a & interj.) [F."avant",L."ab ante"] دور ؛ دفع ؛ دفعان ؛ (دفان) ۔

Ave (interj & n) [L."avere"] (۱) اھلاً و سھلاً ؛ خوش آمدید ؛ خدا حافظ ۔ (۲) نعرہ٭ خوش آمدید یا الوداع ۔ (۳) مریم کی گھنٹی جو سلام مریم گاتے وقت بجائی جاتی ھے ؛ اس گھنٹی کے بجانے کا وقت ؛ تسبیح کے دانے جو درود مریم کے وقت استعمال ھوتے ھیں ۔

Ave-bell : (n) مریم کی گھنٹی جو سلام مریم کے گاتے وقت بجائی جاتی ھے ۔

Ave Maria / Ave Mary (Hail Mary) : (n) تحیہ و سلام تجھ پر اے مریم !

Avellan : (a) [L."avellanus"] (۱) (ایک قسم کے) اخروٹ کے مغز کا ؛ فندق کا ؛ فندقی ۔

Avenaceous : (a) [L."avenaceus"] جئی کا یا اس کی صفت کا ؛ جئی نما ؛ قرطمانی ۔

Avenge : (v) [OF."avengier",L."vindicare"] بدلہ لینا ؛ انتقام لینا ؛ بری کرنا ۔

Avengeful : (a) پر انتقام ؛ جوش انتقام سے بھرا ھوا ۔

Avengement : (n) انتقام ؛ بدلہ ۔

Avenger : (n) انتقام لینے والا ؛ بدلہ لینے والا ۔

Avengeress : (n) انتقام لینے والی ؛ بدلہ لینے والی ۔

Avengingly : (adv) بطور انتقام ؛ انتقاماً ۔

Aveniform : (a) [L."avena"] مانند جئی ؛ جئی کی طرح ۔

Avenin : (n) جئی کا شوریںی عنصر ۔

Avenous : (a) [A-pref.+L."vena"] بے رگ ؛ بے نسوں کا ؛ بے ورید ۔

Avens : (n) [OF."avence"] ایک قسم کی بوٹی ؛ بیخ شب بو ؛ مبارک بوٹی ۔

Aventail / -tayle : (n) [AF."aventail"] لب کلاہ ؛ مغفر ۔

Aventurine /-in : (n) [It."avventurino"] (۱) ایک قسم کا بھورا شیشہ جس میں طلائی بندکیاں وغیرہ بنی ھوتی ھیں ۔ (۲) ایک قسم کا شفاف پتھر جو اسی قسم کا ھوتا ھے ؛ سنگ دل ربا ؛ حجر ابرق ۔

Avenue : (n) [L."advenive"] (۱) راستہ ؛ راہ ؛ سڑک (نیز مجازاً) ۔ (۲) راستہ جس کے دونوں طرف پیڑوں کی قطاریں ھوں ؛ خیابان ؛ (تاریخ و سیاسیات) راستہ ؛ خیابان ۔ (۳) سایہ دار سڑک ۔ (٤) خار پشتت کا دو رویہ سوراخ ۔

Avenue : (v) خیابان بنانا ؛ خیابان میں تبدیل کرنا ۔

Aver : (v) [L."adverare"] (۱) دعوی سے کہنا ؛ حتمی طور پر بیان کرنا ؛ بزور کہنا ؛ یقین سے کہنا ؛ قطعی طور سے کہنا ۔ (۲) (قانون) دعوی یا عذر کو ثابت کرنا ۔ (۳) اثبات کرنا ۔

Averrable : (a) اثبات کئے جانے کے لائق ؛ ثابت کئے جانے کے لائق ۔

Average : (n) [It."avere",OF."aveir"] (۱) عام ؛ مقرر ؛ معمولی (شرح ، درجہ ، مقدار وغیرہ) ۔ (۲) عام معیار ؛ معمولی معیار ؛ رائج معیار ۔ (۳) (کیمیا، ریاضی، طبیعیات ، سماجیات ، حیوانیات، تجارت) اوسط ۔ (٤) تقسیم زر تاوان (جہاز یا اسباب جہاز کے تلف ھو جانے پر جو کمپنی یا مالک جہاز کو دینا پڑتا ھے) ۔ (٥) جہاز سے مال لے جانے کے کرایہ کے علاوہ کوئی شرح یا تحمیل جو مال کا مالک ادا کرے ۔ (٦) (ریاضی) اوسط ؛ عدد متوسط ۔

General average : عام تاوان جو بالقصد نقصان کی وجہ سے ھو ۔

Medium average : درمیانی اوسط ۔

Mode average : عمومی اوسط ۔

Particular average : مخصوص تاوان (جو کسی ناگزیر حادثے کی وجہ سے ھو) ۔

Weighted average : اوزانی اوسط ۔

Average : (a) (۱) اوسط درجہ کا ۔(۲) اوسط کے حساب سے ۔(۳) معمولی ؛ متوسط ؛ میانہ ۔

Average : (v) اوسط نکالنا ؛ اوسط معیار دریافت کرنا ۔

Average adjuster : (n) جس کا پیشہ عام تاوان کا حساب کتاب ٹھیک ٹھاک کرنے کا ہو (تجارت) ؛ (بیمہ نقصان) تطبیق کنندہ ۔

Average amount of capital : (تجارت و معاشیات) اوسط سرمایہ رقم ۔

Average bond : (n) (تجارت و معاشیات) اوسط بانڈ ۔

Average clause : (n) (تجارت و معاشیات) اوسط دفعہ ۔

Average correction for grouping : (شماریات) اوسط تصحیح برائے گروہ بندی ۔

Average cost : (n) (تجارت و معاشیات) اوسط لاگت ؛ اوسط مصارف ۔

Average deviation : (n) (فلسفہ و نفسیات ، شماریات) اوسط انحراف ۔

Average due date : (n) (تجارت) اوسط تاریخ ادائیگی ۔

Average error : (n) (فلسفہ و نفسیات) اوسط غلطی ۔

Average function : (n) (شماریات) تفاعلی اوسط ۔

Average haul : (n) (تجارت و معاشیات) اوسط کھنچائی (فاصلہ) ۔

Average hourly earnings : (n) اوسط ساعتی آمدنی ۔

Average journey : (n) (تجارت) اوسط سفر ۔

Average life : (n) (تجارت و معاشیات) اوسط زندگی

Average load : (n) (تجارت) اوسط لدان ۔

Average loss : (n) اوسط زیاں ۔

Average man : (n) اوسط آدمی ۔

Average mean : (n) (سماجیات) درمیانہ اوسط ۔

Average pressure : (n) (ریاضی) اوسط دباؤ ۔

Average rate : (n) (ریاضی ، تجارت و معاشیات) اوسط شرح ۔

Average revenue : (n) (تجارت و معاشیات) اوسط آمدنی ۔

Per passenger mile average revenue : (تجارت و معاشیات) فی مسافر میل اوسط آمدنی ۔

Per ton mile average revenue : (تجارت و معاشیات) فی ٹن میل اوسط آمدنی ۔

Average sample no curve : (شماریات) اوسط نمونہ غیر منحنی (no curve) ۔

Average speed : (n) (ریاضی) اوسط چال ۔

Average statement : (n) عام تاوان کا گوشوارہ ۔

Average stater : (n) دیکھو Average adjuster

Average tare : (n) اوسط ٹوٹ پھوٹ ۔

Average unit cost : (n) اوسط لاگت فی عدد ۔

Average velocity : (n) (ریاضی) اوسط رفتار ۔

Averagely : (adv) اوسطاً ؛ میانہ طور پر ؛ بطور متوسط ۔

Averager : (n) دیکھو Average adjuster

Averaging : (n) اوسط نکالنا ؛ (شماریات) اوسط کرنا ۔

Averaging down : (n) زیر اوسطی ۔

Averaging up : (n) بالا اوسطی ۔

Averment : (n) [F."averement"] حتمی بیان ؛ قطعی بیان ؛ دعوی ؛ اظہار قطعی یا مثبت ۔(۲) دعویٰ ؛ جواب دعوی یا عذر قانونی کا ثبوت ۔ (۳) ثبوت یا دلیل سے ثابت کرنا ۔

Avern : (n) [L."Avernus"] (۱) کیمپینیا (Campania) کی ایک جھیل جسکے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس سے نکلنے والا ایک مادہ اس جھیل پر سے پرواز کرنے والی چڑیوں کو مار دیتا تھا ۔(۲) جہنم ۔

Avernal : (a) [F."Avernal"] (۱) جہنمی ؛ جہنم کا ۔ (۲) جہنم کا باسی ؛ شیطان ۔

Averroism : (n) [See next] ابن رشد کا یہ عقیدہ کہ روح فانی ہے یا یہ کہ غیر فانی، روح صرف ایک کائناتی روح ہے جس سے انفرادی روحیں نکلتی ہیں اور پھر اس میں واپس چلی جاتی ہیں -

Averroist : (n) [F."Averroes"+-IST] ابن رشد کے عقیدہ Averroism کا ماننے والا ؛ دیکھو Averroism

Averse : (a) [L."aversus"] (۱) مخالف ؛ متنفر ؛ بیزار - (۲) ناراض ؛ ناخوش (کسی کام کے کرنے سے) -

Aversely : (adv) مخالفت سے / میں ؛ تنفر سے ؛ بیزاری سے -

Averseness : (n) مخالفت ؛ نفرت ؛ بیزاری ؛ مغائرت -

Averuncator : (n) [L."averruncat"] ایک آلہ جس سے درخت کے سرے سے اونچی شاخیں کاٹتے ہیں -

Aversion : (n) [L."aversionem"] (۱) مخالفت ؛ بیزاری ؛ کراہت ؛ تنفر ؛ (سماجیات) بیزاری ؛ نا پسندیدگی - (۲) نا خوشی ؛ نا پسندیدگی ؛ ناراضی ؛ (فلسفہ و نفسیات) کراہت - (۳) نفرت ؛ نفرت انگیز چیز ؛ مکروہ ؛ گھناؤنی چیز جس سے فطری نفرت ہو -

Pet aversion : للّٰہی بغض ؛ بلا وجہ نفرت یا کراہت ؛ خواہ مخواہ کی یا ناحق کی نفرت یا کراہت -

Social aversion : (سماجیات) سماجی بیزاری -

Avert : (v) [L."avertere"] (۱) پھیرنا ؛ ہٹانا ؛ موڑ دینا (نظر ، خیالات وغیرہ کو) - (۲) دور کرنا ؛ دفع کرنا ؛ رد کرنا ؛ روک دینا -

Averted : (a) الگ کیا ہوا ؛ موڑا ہوا ؛ پھیرا ہوا -

Avertedly : (adv) الگ کر کے ؛ موڑ کر ؛ دفع کرتے ہوئے ؛ دور کرتے ہوئے -

Averter : (n) دور کرنے والا ؛ دفع کرنے والا ؛ پھیرنے والا ؛ ہٹانے والا -

Avertible /-able : (a) قابل دفعیہ ؛ قابل رد ؛ جسے رد یا دور کیا جا سکے -

Aves : (n) [L."avis"] (حیوانیات) طائر ؛ پرندے -

Avestan : (n) [f."Avesta"+-AN] دو قدیم زبانوں میں سے ایک قدیم ایرانی زبان جس میں زرتشتی مذہب کی مقدس کتابیں لکھی گئی تھیں ؛ اوستا -

Avian : (a) [L."avis"+-AN] چڑیوں کے متعلق یا چڑیوں کا ؛ پرندوں کا یا ان سے متعلق ؛ طیری ؛ طیوری -

Aviarist : (n) ماہر مرغ بانی ؛ چڑیا خانہ کا ماہر ؛ چڑیا خانہ کا مالک -

Aviary : (n) [L."aviarium"] چڑیا گھر ؛ چڑیا خانہ یا مرغ دان -

Aviation : (n) ہوا بازی ؛ طیارہ بازی ؛ ہوائی جہاز رانی ؛ ہوا پیمائی ؛ ہوا نوردی ؛ طیران ؛ (انتظامیہ) ہوا بازی -

Civil aviation : (انتظامیہ) شہری ہوابازی -

Aviation hazard : (n) (تجارت و معاشیات) فضائی خطر ؛ ہوائی خطر -

Aviation insurance : (n) (تجارت) فضائی بیمہ ؛ ہوائی بیمہ -

Aviator : (n) ہوا نورد ؛ ہوا باز ؛ طیارچی ؛ طیارہ باز ؛ ہوائی جہاز رانی -

Avicularian : (a) [L.] Avicularium کا یا اس سے متعلق -

Avicularium : (n) [L.] وہ گیرندہ ابھار جو مرکب جسم جانوروں کے خلیوں پر پایا جاتا ہے ؛ منقارہ -

Aviculture : (n) [L."avis+culture"] چڑیوں کی پرورش ؛ تربیت طیور ؛ طیور پروری -

Avid : (a) [L."avidus"] حریص ؛ لالچی ؛ شوقین ؛ مشتاق ؛ شائق ؛ آرزو مند ؛ متمنی -

Avidity : (n) [L."aviditatem"] حرص ؛ انتہائی شوق ؛ اشتیاق ؛ شغف ؛ ہوکا ؛ (کیمیا) رغبت ؛ الف ترکیبی -

Avidly : (adv) حریصانہ لالچ کے ساتھ ؛ شوقینی سے ؛ مشتاقانہ ؛ بڑے شوق کے ساتھ -

Avifauna : (n) [L."avis"+FAUNA] (حیوانیات) کسی ملک یا علاقے کے پرندے یا طیور ؛ طیورانہ ؛ طیور خطہ -

Avignon Berry : (n) | so called from Avignon in France | ایک قسم کا پھل جس سے پیلا یا سبزی مائل پیلا رنگنے کا کام لیتے ھیں ۔

Avion : (n) [Fr.] ھوائی جہاز ؛ طیارہ ۔

Aviso : (n) [L."advisum"] خبر رساں کشتی ۔

Avitaminosis : (n) قلت حیاتین ؛ بے وٹامنی ۔

Avizandum / Avis- : (n) | med.L."avisare","avisare"] غور و خوض ؛ ذاتی توجه ۔

To take a case into or to avizandum : کسی مقدمه کو عدالت سے باھر ذاتی توجه یا غور و خوض کے لئے لے جانا ۔

Avocado : (n) [Sp."avocado"] جزائر غرب الهند کا ایک پھل جو ناشپاتی کی طرح ھوتا ھے ؛ مگر ناشپاتی ۔

Avocation : (n) [L."avocationem"] (۱) توجه یا خیال کا دوسری طرف منعطف ھونا ۔ (۲) کام ؛ دھندا ؛ مشغله ۔ (۳) پیشه ؛ حرفه ؛ ملازمت ؛ کام ۔ (٤) کسی کام سے واپس بلا لینا (کسی آدمی کو) ۔ (٥) خلل ؛ انتشار ؛ توجه ھٹ جانے کی حالت ۔ (٦) کوئی چیز جو کام سے توجه ھٹا دے ۔

Avocatory : (a & n) [L."avocatorius"] (۱) ھٹا لینے والا ؛ واپس بلانے والا ۔ (۲) واپس بلانے یا ھٹانے کا خط یا حکم ۔

Letters avocatory : وہ خط جس کے ذریعے کسی ملک کا حکمراں اپنے شہریوں کو اس دوسرے ملک سے واپس بلاتا ھے جس کے ساتھ جنگ ھو رھی ھو ۔

Avocet / -set : (n) [It."avosetta"] ایک قسم کی دراز پا چڑیا جس کی چونچ لچکیلی اور اوپر اٹھی ھوئی ھوتی ھے ؛ نکات ؛ ابو فحت ۔

Avogadro number : (n) (کیمیا) ایوو گیڈرو نمبر ؛ ایک گرام جوھر میں یا کسی شے کے ایک گرام سالمے میں سالموں کی تعداد (جیسے آکسیجن کے لئے ١٦گرام میں جوھروں کی تعداد) ۔

Avogadro's law : (n) (کیمیا) مساوی درجه حرارت اور دباؤ پر تمام گیسوں کے مساوی حجم میں سالموں کی تعداد برابر ھوتی ھے ۔

Avoid : (v) | AF."avoider"] (۱) احتراز کرنا ؛ بچنا ؛ گریز کرنا ؛ باز رھنا ؛ دور رھنا ؛ کسی کام کو کرنے سے دور رھنا ؛ پرھیز کرنا ؛ اجتناب کرنا ؛ حذر کرنا ۔ (۲) بچنا ؛ ٹالنا ؛ پہلو بچانا ؛ پہلو تہی کرنا ؛ کنارہ کرنا ؛ از جانا ۔ (۳) (قانون) تردید کرنا ؛ رد کرنا (کسی عذر وغیرہ کو) ؛ توڑ ڈالنا (کسی حکم کو) ؛ منسوخ کرا دینا ؛ فسخ کر دینا ۔

Avoidable : (a) جس سے گریز یا بچاؤ ھو سکے ؛ قابل احتراز ؛ قابل گریز ؛ (انتظامیه) قابل گریز ۔

Avoidably : (adv) گریز کر کے ؛ بچ کر ؛ احتراز کر کے ۔

Avoidance : (n) (۱) بچاؤ ؛ احتراز ؛ حذر ؛ ٹال مٹول ؛ کنارہ کشی ؛ پرھیز ؛ اجتناب ؛ دوری ۔ (۲) خالی اسامی یا خدمت ؛ (سماجیات) احتراز ۔

Avoidance of tax : (n) (تجارت و معاشیات) احتراز ٹیکس ؛ ٹیکس ٹالنا ۔

Avoidance relation : (n) (سماجیات) رشتهٔ احتراز ؛ رشتهٔ حرمت ۔

Avoider : (n) گریز کرنے والا ؛ بچنے والا ؛ احتراز کرانے والا ؛ پرھیز کرنے والا ۔

Avoidless : (a) نا گریز ؛ نا قابل منسوخی ؛ غیرمنفك ۔

Avoirdupois : (n) [fr.corrupt Sp.of"avoir-de-pois"] (۱) برطانیه عظمی کے وزن کا ایک پیمانه جو قیمتی جواھرات، بیش قیمت دھات اور دواؤں کے سوا تمام چیزوں کے لئے استعمال ھوتا ھے ۔ (۲) وزن ؛ موٹاپا ؛ فربہی ۔ (۳) وزن سے فروخت ھونے والی اشیاء ۔

Avoirdupois pound : (n) ۷۰۰۰ (سات ھزار) گرین ؛ تجارتی پونڈ ۔

Avolitional : (a) [A+VOLITIONAL] غیر ارادی ۔

Avouch : (v) [OF."avochier",L."advovare"] (۱) ضمانت لینا یا کرنا ؛ ذمه لینا ؛ اطمینان دلانا ۔ (۲) ادعا کرنا ؛ دعوے سے کہنا ؛ زور دے کر کہنا ۔ (۳) اقرار کرنا ؛ اقبال کرنا ؛ مان لینا ؛ تسلیم کرنا ؛ تصدیق کرنا ؛ الزام کو ثابت کرنا ۔

لگان کی عدم وصولی کے سلسلے میں مال ضبط کر کے اس فعل کو جائز بتاتا ھے ۔ (۳) اقرار صالح ؛ حلف ۔

Avoyer : (n) [F.] سوئٹزر لینڈ کی ریاستوں کے مجسٹریٹ کا خطاب ۔

Avulse : (v) [L."avuls-","avellere"] نوچ لینا ؛ پھاڑ دینا ۔

Avulsion : (n) [L."avulsionem"] (۱) اکھیڑ پکھیڑ ؛ نوچ کھسوٹ ۔ (۲) (سیلاب وغیرہ کیوجہ سے) کسی کی اراضی کا کٹ کر دوسرے کی اراضی میں جا ملنا ۔ (۳) نوچا ھوا حصہ ۔ (٤) (طب) قلع ۔

Avuncular : (a) [L."avunculus"] (۱) چچا ، پھوپھا ، خالو ، ماموں کا یا ان سے متعلق یا انکی طرح ۔ (۲) (مزاحاً) (چیزیں گروی رکھ کر) قرض دینے والے کا ؛ گروی لینے والے کا ۔

Avunculate : (n) (سماجیات) ماموں بھانجے کا رشتہ (جس میں ماموں کو بھانجے پر اختیار کلی ھوتا ھے اور ماموں بھانجے کا نگراں ھوتا ھے) ۔

Avunculize : (v) چچا ، ماموں ، خالو ، پھوپھا کی طرح سلوک کرنا / پیش آنا ۔

Avunculocal : (n) [L."avunculus"+E."local"] (سماجیات) ننھیالی سکونت (ایک رسم جس میں لڑکا مع لڑکی کے ماموں کے گھر جاتا ھے ؛ مسسر کے گھر کے پاس واقع ۔

Await : (v) [ONF."awaitier"] (۱) انتظار کرنا ؛ منتظر رھنا ؛ راہ دیکھنا ۔ (۲) قسمت میں ھونا ؛ مقدر میں ھونا ۔

Awaiting : (a) منتظر ؛ متوقع ۔

Awake : (v) [OE."awaecnan","awacian"] (۱) جاگنا ؛ اٹھ بیٹھنا ؛ بیدار ھو جانا ؛ سو اٹھنا ۔ (۲) (مجازاً) مستعد ھو جانا ؛ ھوشیار ھو جانا ؛ چوکس ھو جانا ؛ نگراں ھونا۔ (۳) جگانا ؛ بیدار کرنا ؛ اٹھانا ۔

To awake to : خبر دار ھونا ؛ واقف ھونا ؛ (کسی چیز کا) جاننا ۔

Awake : (a) (۱) بیدار ؛ جاگا ھوا ؛ ھوشیار (نیند سے)۔ (۲) جاگتا ھوا ؛ حالت بیداری میں ۔ (۳) مستعد ؛ ھوشیار ؛ چوکنا ؛ چوکس ۔

Avouched : (a) تصدیق کیا ھوا ؛ وثوق سے کہا ھوا ؛ ضمانت لیا ھوا ۔

Avoucher : (n) تصدیق کرنے والا ؛ ضمانت لینے والا ؛ تسلیم کرنے والا ۔

Avouchment : (n) ذمہ ؛ ضمانت ؛ اقبال ؛ اقرار ؛ ادعا ؛ تضمین ؛ اطمینان ؛ تصدیق ۔

Avoue : (n) [F.L."advocatus"] سرپرست ؛ مربی ؛ حامی ؛ معاون ۔

Avow : (v) [L."advocatus"] (۱) اقبال کرنا ؛ اقرار کرنا ؛ مان لینا ؛ تسلیم کر لینا ؛ (خود اپنے متعلق کسی بات کا) اعتراف کرنا ؛ اپنے کو کسی قول یا حلف کا پابند کرنا ؛ ٹھہرانا یا قرار دینا ؛ کسی کام یا اسے کرنے کے لئے عہد دینا ۔ (۲) (قانون) تائید کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ صحیح یا حق بجانب ثابت کرنے کی کوشش کرنا ۔

Avowable : (a) قابل تسلیم ؛ قابل اقرار ؛ قابل اقبال ؛ ماننے کے قابل ؛ قابل اعتراف ۔

Avowableness : (n) اعتراف ؛ تسلیم ؛ اقبال ؛ اقرار ۔

Avowal : (n) اقرار ؛ اعتراف ؛ تسلیم ؛ اقبال ؛ (تاریخ و سیاسیات) اقرار ؛ اعتراف ؛ اظہار ۔

Avowance : (n) کسی فعل کو جائز بتانا ؛ علی الاعلان اقرار ؛ اعلانیہ اعتراف ۔

Avowant : (n) [Fr.] مدعی ؛ معترف ؛ اعتراف کرنے والا ؛ کسی فعل کو جائز یا اس فعل کو مستوجب قضایت سمجھنے والا ۔

Avowed : (a) تسلیم شدہ ؛ اقرار کیا ھوا ؛ اعتراف کردہ ؛ خود بہ خود تسلیم شدہ ۔

Avowed age : (n) (تجارت) اقبالی عمر ؛ اقراری عمر ۔

Avowedly : (adv) علی الاعلان ؛ صریحاً ؛ مسلمہ طور پر ۔

Avower : (n) مقر ؛ معترف ؛ تسلیم کرنے والا ؛ اقبال کرنے والا ؛ اقرار کرنے والا ؛ اعتراف کرنے والا ۔

Avowry : (n) [ME."avoerie",OF."avouer"] (۱) حمایت ؛ وکالت ؛ تحفظ یا اختیار مجسم ؛ محافظ ؛ پناہ دینے والا ؛ سرپرست ۔ (۲) کسی فعل کا اعتراف خصوصاً وہ عذر جو کرایہ /

Awaken : (v) [OE."awaecnan"] (۱) واقف کرنا ؛ آگاہ کرنا ؛ جتلانا ؛ احساس دلانا ؛ کان کھولنا ۔ (۲) دیکھو Awake ۔ (۳) (دینیات) گناہ کا احساس دلانا ۔ (٤) شوق و خواهش بھڑکانا ؛ هیجان پیدا کرنا ۔

Awakenable : (a) بیدار ہونے کے قابل ؛ جاگنے کے قابل ۔

Awakener : (n) جاگنے والا ؛ جگانے والا ؛ آگاہ کرنے والا ؛ بیدار کرنے والا ۔

Awakening : (n) بیداری ؛ جاگرن ؛ بیدار کرنے والا ۔

Awakenment : (n) بیداری ؛ عالم بیداری ۔

Awaker : (n) جگانے والا ؛ جاگنے والا ۔

Awane : (adv) کم ہوتے ہوئے ؛ گھٹتے ہوئے ۔

Awanting : (a) محتاج ؛ حاجت مند ۔

Awanyu : (n) [Tewa] ایک افسانوی مقدس کلغی دار سانپ ۔

Award : (v) [AF."awarder"] (۱) فیصلہ کرنا ؛ حکم دینا ؛ فتوی دینا ۔ (۲) دینا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا ؛ سپرد کرنا ۔

Award : (n) [AF."award"] (۱) عدالتی فیصلہ ؛ ثالثی فیصلہ ؛ فتویٰ ؛ حکم ؛ (سماجیات) عدالتی فیصلہ ؛ انعام ۔ (۲) عدالتی فیصلے کا نوشتہ ؛ (انتظامیہ) تصفیہ ثالثی ؛ فیصلہ ثالثی ۔ (۳) جرمانہ ؛ تاوان ؛ سزا (جو عدالت سے دلائی جائے) ؛ (تاریخ و سیاسیات) انعام ؛ فیصلہ ؛ عطیہ ۔

Compulsory award : (سماجیات) لازمی عدالتی فیصلہ ۔

Award of compensation : (تاریخ و سیاسیات) معاوضہ دینے کا فیصلہ ؛ معاوضہ ادا کرنے کا فیصلہ ۔

Awardable : (a) قانوناً یا حقاً بخشنے / دینے کے قابل ۔

Awarder : (n) فتوی دینے والا ؛ عطا کرنے والا ۔

Aware : (n) [OE."zewaer"] آگاہ ؛ مطلع ؛ باخبر ؛ جاننے والا ؛ جانتا ؛ واقف ؛ علم رکھنے والا ۔

To be aware of : خبر دار ہونا ؛ واقف ہونا ۔

Awaredom : (n) عالم با خبری ۔

Awareness : (n) ہوشیاری ؛ باخبری ؛ آگاہی ؛ آگہی ؛ وقوف ۔

Awash : (n) [A+WASH] (زمین یا ساحل) جس پر پانی تھپیڑے مارتا ہو ؛ موج واصل ؛ موج رفتہ ۔

Awaste : (adv) [A+WASTE] برباد کرتے ہوئے ؛ گھلاتے ہوئے ؛ مٹاتے ہوئے ۔

Awatch : (adv) [A+WATCH] نگرانی کرتے ہوئے ؛ چوکسی سے ۔

Awave : (adv) [A+WAVE] ہلاتے ہوئے ؛ موجوں پر ؛ لہروں پر ۔

Away : (adv) [OE."a-wez"] (۱) دور ؛ الگ ؛ ایک طرف ؛ باہر ؛ پرے (نیز مجازاً) فاصلہ پر ۔ (۲) لگاتار ؛ پیہم ؛ متواتر ؛ مسلسل ۔ (۳) فوراً ؛ بہت جلد ؛ بلا تاخیر ؛ بے درنگ ۔ (٤) دور ہو ؛ ہٹ ؛ پرے ہو ۔ (٥) وجود سے ؛ ہستی سے نیستی تک ؛ موت تک ؛ انجام تک ؛ عدم تک ۔ (٦) غیر موجود ؛ غیر حاضر ؛ غائب ؛ فاقد ۔

Explain away : تاویل کر کے اڑا جانا ۔

Out and away : ما فوق ؛ بالا تر ؛ سب سے بڑھ کر ۔

To make away with : تباہ کرنا ؛ ستیاناس کرنا ؛ نیست و نابود کرنا ؛ غارت کر دینا ؛ برباد کر دینا ؛ (کسی چیز کا) صفایا کر دینا ۔

Awaygoing : (a) ہٹ کر جانے والا ؛ الگ جانے والا ۔

Awayward : (a) ٹالا ہوا ؛ خود سر ؛ سرکش ۔

Awe : (n) (۱) رعب ؛ احترام ؛ دھاک ؛ جلال ؛ تحیر ؛ جلال ؛ استعجاب ؛ ہیبت ؛ حرمت ؛ (فلسفہ و نفسیات) رعب ؛ دہشت ۔ (۲) رعب ڈالنے ، حرمت پیدا کرنے ، ہیبت ڈالنے کی طاقت ۔

To hold or keep in awe : خوف زدہ بنائے رکھنا ؛ مرعوب رکھنا ؛ مرعوب کرنا ۔

To stand in awe of : کسی سے خوف زدہ رہنا / مرعوب ہونا ۔

Awe : (n) زیر آب پہیئے کا تختہ ؛ پن پہیئے کا تختہ ۔

Awe : (v) ڈرا دینا ؛ دھشت زدہ کرنا ؛ مرعوب کرنا ؛ رعب جمانا ؛ رعب ڈالنا ؛ دھاك بٹھانا ؛ رعب داب بٹھانا ؛ سکہ جمانا -

Awe-strike : (a) رعب ڈالنا ؛ دھاك جمانا -

Awe stricken : (v) مرعوب ؛ خوف زدہ -

Awe-struck : (a) متحیر ؛ رعب زدہ ؛ مرعوب ؛ مبھوت ؛ خوف زدہ -

Awearied : (a) [A+WEARIED] تھکا ھوا ؛ گھسا ھوا ؛ فرسودہ -

Aweary : (a) [A+WEARY] تھکا ماندہ ؛ خستہ -

Aweather : (adv) [A+WEATHER] (جہاز رانی) جدھر کی ھوا ھو اس طرف ؛ ھوا رخ ؛ باد رخ -

Awed : (a) مرعوب -

Aweek : (adv) ھفتہ وار ؛ ھفتہ ھفتہ ؛ ھر ھفتہ -

Aweigh : (n) (جہاز رانی) لنگر کا زمین سے تھوڑا اوپر عمودی طور سے اٹھا ھوا ھونا -

Aweless : (a) بیباك ؛ بے رعب ؛ نڈر -

Awelessness : (a) بیباکی ؛ بے رعبی ؛ بے خوفی -

Awesome : (a) [AWE+SOME] با رُعب ؛ پُرھیبت ؛ پر جلال ؛ رعب دار -

Awest : (adv) [A+WEST] پچھم کی طرف ؛ پچھم میں -

Awful : (a) (۱) با رعب ؛ پُر رعب ؛ رُعب دار ؛ دھشت ناك ؛ ھیبت ناك ؛ خوف ناك - (۲) پُر اثر ؛ مؤثر - (۳) ذی احترام - (٤) (عامیانہ) حد درجہ کا ؛ پرلے سرے کا ؛ نمبری ؛ لمبری -

Awfully : (adv) رعب سے ؛ نہایت ؛ بہت -

Awfulness : (n) جلال ؛ رعب ؛ وقار ؛ دھاك ؛ ھیبت ؛ اثر ؛ احترام -

Awhet : (adv) تیز کرتے ھوئے ؛ سان دھرتے ھوئے -

Awhile : (adv) [OE."anehwile"] تھوڑی دیر کے لئے ؛ قلیل مدت کے لئے -

Awhir : (adv) [A+WHIR] کھر کھراتے ھوئے -

Awhirl : (adv) [A+WHIRL] گھومتے ھوئے ؛ چکر کھاتے ھوئے -

Awing / Aweing : (a) رعب ڈالنے والا ؛ با رعب ؛ مرعوب کن -

Awing : (adv) [A+WING] اڑتا ھوا -

Awink : (adv) [A+WINK] آنکھیں جھپکتے ھوئے -

Awkward : (a) [AWK+WARD] (۱) نا کارہ ؛ بے مصرف ؛ نا موزوں ؛ جو کام کا نہ ھو - (۲) کڈھب ؛ بھدا ؛ بے ڈول ؛ کڈھنگ ؛ بد وضع ؛ بد قوارہ ؛ بھونڈا (شخص یا چیز) - (۳) اناڑی ؛ پھوھڑ ؛ بد سلیقہ ؛ کودن - (٤) پریشان کن ؛ بے ڈھب ؛ بینڈا ؛ گو مگو (کی حالت) ؛ شش و پنج (کی حالت) ؛ ٹیڑھا (شے یا شخص) ؛ خطرناك یا مشکل ھونا -

Awkwardish : (a) بھدا سا ؛ بے ڈول سا ؛ بے ھنگم سا ؛ بد وضع سا -

Awkwardly : (adv) بھونڈے پن سے ؛ پھوھڑ پن سے ؛ شش و پنج کی حالت میں -

Awkwardness : (n) بھدا پن ؛ بد وضعی ؛ بد سلیقگی ؛ بد اطواری ؛ کڈھب پن -

Awl : (n) [OE."ael"] (۱) ٹکوا ؛ ایك اوزار جسے موچی چمڑے میں سوراخ کرنے اور سینے کے لئے استعمال کرتا ھے ؛ سوجے کی قسم کا ایك اوزار (خاص کر چماروں کا) - (۲) ستاری ؛ ستالی ؛ توچن -

Awl-bird : (n) سبز کاٹ کھودوا -

Awl-shaped : (a) ستالی نما ؛ ستالیا -

Awl-wort : (n) ستالی نما ؛ پتیوں والا ایك پودا ؛ ستالی برگہ -

Awmous : (n) [ME."almouse","almus"] خیرات -

Awn : (n) [ON."ogn"] ریشك ؛ داسہ ؛ بالجز (جوار مکئی وغیرہ کے باریك ریشے) -

Awn : (v) جوار، مکئی جو کے ریشے صاف کر دینا -

Awned : (a) ریشہ دار -

Awned : (a) شامیانہ دار ؛ نمگیرہ دار -

Awning : (n) [F."auvent"] (۱) شامیانہ ؛ نمگیرہ (خاص کر جہاز کے عرشہ کے اوپر کا) ؛ سایہ بان ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کے پیچھے کی طرف کا عرشہ ۔ (۳) مامن ؛ جائے پناہ ؛ حفاظت کی جگہ ۔

Awninged : (a) سایہ بان داری ؛ شامیانہ دار ۔

Awningless : (a) بے شامیانہ ؛ بے سایہ بان ۔

Awny : (a) ریش دار ؛ ریشہ دار ۔

Awobble : (adv) [A+WOBBLE] ڈگمگاتے ہوئے ؛ ناچتے ہوئے ۔

Awol : (n) [Absent without leave] وہ جو بغیر چھٹی لئے غیر حاضر ہو ۔

Awork : (adv) [A+WORK] کام میں ؛ سر گرم ۔

Awrack : (adv) [A+WRACK] حالت تباہی میں ۔

Awrong : (adv) [A+WRONG] غلط طریقہ پر / سے ؛ غلط ۔

Awry : (adv & a) [A+WRY] (۱) ٹیڑھا ؛ ترچھا ؛ بینڈا ؛ کج ؛ نا ہموار ؛ غیر منظم ؛ بے ترتیب ؛ مڑا ہوا ؛ بگڑا ہوا ؛ منحرف ؛ ناھنجار۔ (۲) (مجازاً) غلط ؛ فاسد ؛ نا روا ۔

To go awry / To run awry / To tread awry : غلطی کرنا ؛ غلط کام کرنا ۔

To look awry : ترچھی نظر سے دیکھنا ؛ کن انکھیوں سے دیکھنا ؛ (مجازاً) بھینگا دیکھنا ؛ احول ہونا ۔

To tread the shoe awry : اخلاقی تنزل ہونا ۔

Axal : (a) [AX-IS+-AL] (۱) محوری ؛ محور یا دھرے کا یا اس کی شکل کا ۔ (۲) گرد محور ؛ دھرے کی چاروں طرف ؛ (ریاضی، طبیعیات) محوری ۔ (۳) (نباتیات) ساقی ؛ شاخی ۔

Axe / Ax : (n) [OE.] (۱) (تاریخ) کلھاڑی ؛ تبر ؛ تیشہ ۔ (۲) ھلاکت ؛ گردن ماری جانا ۔

Battle axe : (تاریخ) جنگی کلھاڑی / تبر ۔

Core axe : (تاریخ) جنگی تیشہ (پتھر کا اندرونی حصہ جو برما کر نکالا جائے) ۔

Double axe : (تاریخ) دو دھاری کلھاڑی ۔

Green stone axe : (تاریخ) سبز پتھر کی کلھاڑی ۔

Hammer axe : (تاریخ) ھتوڑے دار کلھاڑی ۔

Hand (oval)axe : (تاریخ) دستی (بیضاوی) کلھاڑی ۔

Hand (pointed)axe : (تاریخ) دستی (نوکیلی) کلھاڑی ۔

Helve axe : (تاریخ) دستہ دار کلھاڑی ۔

Knob hammer axe : (تاریخ) ھتھوڑے والی کلھاڑی ۔

Pointed butt axe : (تاریخ) نوکیلے کندے والی کلھاڑی ۔

Sheath axe : (تاریخ) خول دار کلھاڑی ۔

The axe : (۱) سرکاری محکموں کے اخراجات میں کمی ۔ (۲) وہ جماعت ، عملہ جو اس کام پر مامور ہو ۔ (۳) (اثریات) پتھر کے بنے دو دھاری یا دو شاخہ اوزار ؛ قدیم زمانے کے دو دھاری سنگی اوزار ۔

Wedge axe : (تاریخ) شگافی کلھاڑا ۔

The geddes axe : ملکی اخراجات میں اھم تخفیفات جو گیڈس کیمٹی منعقدہ ۱۹۲۱ء کی سفارشوں کے مطابق عمل میں آئیں ۔

To have axes to grind : (امریکی سیاسیات) ذاتی مفاد کے لئے کام کرنا ؛ اپنا مطلب نکالنا ؛ اپنا کام بنانا ۔

To put the axe in the helve : معمہ حل کرنا ؛ عقدہ کشائی کرنا ؛ شک رفع کرنا ۔

Axe / Ax : (v) (۱) کلھاڑی سے چھانٹنا یا تراشنا ۔ (۲) تخفیف اخراجات کے لئے افسروں کی برطرفی ۔ (۳) 'The axe' کے ذریعہ تخفیف کرنا ۔

Axe-man : (n) لکڑھارا ؛ تبر جنگی سے مسلح جنگ جو سپاھی ۔

Axe-stone : (n) تبر زیں ؛ سنگ موسی ؛ سبزی مائل سیاہ پتھر ۔

Axed : (a) (۱) تبر یا کلھاڑی کے ذریعہ تراشا یا کاٹا ہوا ۔ (۲) تیشہ لگا ہوا ؛ تیشہ رکھنے والا ۔

Axes : (n) (ریاضی) محاور (محوروں / محورین) ۔

Rectangular axes : (ریاضی) محاور قائم۔

Axes of coordinates : (ریاضی) محاور مختصات۔

Axial : (n) [L."axi-s"+ - AL] دیکھو Axal

Axial angle : (n) محوری زاویہ۔

Axial gradient : (n) محوری اتار چڑھاؤ۔

Axial plane : (n) (طبیعیات) محوری تل ؛ (ریاضی) محوری مستوی۔

Axial rotation : (n) (طبیعیات) محوری گردش۔

Axial skeleton : (n) (حیوانیات) محوری ڈھانچہ۔

Axial velocity : (n) (ریاضی) محوری رفتار۔

Axiality : (n) محوریت ؛ دھرا پن ؛ محور ھونےکی حالت۔

Axially : (adv) محوراً ؛ محور کے رخ میں ؛ ایک قطب سے دوسرے قطب تک۔

Axiferous : (n) [L."axis"+ - fer+-ous] وہ درخت جس میں صرف تنا ھو پتیاں اور لاحقے نہ ھوں۔

Axiform : (a) محور نما ؛ محور کی شکل کا۔

Axifugal : (n) [L."axis"+L."fugere"+ -AL] مرکز گریز ؛ وہ قوت جو گردش کے محور سے گریز پر مائل ھو۔

Axil : (n) [L."axilla"] بغل ؛ وہ بالائی زاویہ جو پتے اور ڈنٹھل کے درمیان ھوتا ھے ؛ وہ زاویہ جو شاخ اور تنے کے بیچ ھوتا ھے۔

Axile : (a) [L."axilis"] (نباتیات و فعلیات) محوری۔

Axilla : (n) [L."axula"] (۱) بغل۔(۲) (نباتیات) بغل ؛ گوشہ۔

Axillal : (a) [F."axillaire",L."axillaris"] بغلی ؛ بغل کا ؛ بغل کی رگ۔

Axillary : (a) (۱) بغلی ؛ بغل کے متعلق۔(۲) (نباتیات) بغلی ؛ بغل رو ؛ (فلسفہ و نفسیات) بغلی۔

Axin : (n) ایک قسم کا مومی اور روغنی کیمیائی مادہ جو میکسیکو کے ایک پودے سے حاصل ھوتا ھے اور اسے مرھم کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے۔

Axine : (a & n) [AXI-S+--INE] بارہ سنگھوں کی ایک قسم سے متعلق ؛ اس قسم کا ایک بارہ سنگھا۔

Axiniform : (a) [Gr."axine"+-(i)-FORM] تیشہ کے سرے کی شکل کا۔

Axinite : (n) [Gr."axin-e"+-ITE] ایک قسم کا معدنی پتھر جو تیشہ کے سرے کی طرح ھوتا ھے۔

Axinomancy : (n) [L."axinomantia"] تیشہ کے سرے سے شگون لینا ؛ تبری تفاؤل۔

Axiolite : (n) [L."axis"+Gr."lithos"] جامد مادہ جو بعض چٹانوں میں چھوٹے چھوٹے کروں کے مجموعہ کی شکل میں ایک خط یا محور کے گرد پایا جاتا ھے۔

Axiolitic : (a) کروی معدنی شے سے متعلق۔

Axiological ethics : (n) اقداری اخلاقیات۔

Axiological realism : (n) اقداری حقیقت۔

Axiology : (n [Gr."axios" (worth,worthy)+LOGY] : قدریات : علم الاقدار ؛ قدروں کا علم ؛ اقداریات۔

Axiom : (n) [L."axioma", a.Gr."axio-in"] (۱) (انتظامیہ) اصول موضوعہ ؛ اولیات ؛ بدیھیات۔ (۲) جامع کلمہ یا قول ؛ حقیقت متعارضہ ؛ قول اخلاقی ؛ نصیحت ؛ پند ؛ (طبیعیات) عقیدہ ؛ (ریاضی) موضوعہ ؛ (شماریات) بدیھی اصول ؛ (فلسفہ و نفسیات) اصول متعارفہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) مسلمہ۔

Axiomatic : (a) [Gr."axiomaticos"] (۱) بدیھی ؛ متعارفی ؛ مسلم۔(۲) جامع الحکم ؛ پر از نکات ؛ پُر اصول ؛ پُر کلیات۔

Axiomatic method : (n) (فلسفہ و نفسیات) طریق اصول متعارفہ ؛ متعارفاتی طریقہ۔

Axiomatical : (a) بدیھی ؛ پُر اصول ؛ جامع الحکم۔

Axiomatically : (adv) بدیھی طور پر ؛ بداھتاً ؛ بطور بدیھی۔

Axis : (n) [L."axis"] (۱) (ریاضی ، طبیعیات ، حیوانیات ، لسانیات ، تاریخ و سیاسیات) محور ؛ دھرا ؛ وہ فرضی خط جس پر کوئی جسم

گردش کرتا ہو ۔(۲) محوری خط ؛ خط قاسم؛ خط ناصف ؛ خط فارق ؛ وہ خط جو کسی با قاعدہ شکل کر دو متناسب حصوں میں تقسیم کرتا ہو ۔
(۳) (مناظر) شعاع محوری ؛ وہ شعاع جو آنکھ یا عدسے کے مرکز سے گزرکر عموداً پڑتی ھے ۔(٤) (عضویات) محور؛ تنا ؛ ساق ؛ بیچ کی ڈنڈی جس پر پھول وغیرہ لگے ھوئے ھوں ۔(٦) محور ؛ خط مستقیم جو کسی جسم کے ایك سرے سے ھو کر دوسرے سرے تك گذرے ۔(۷) وہ فرضی خط جو متقابل سطحوں یا کناروں کے مرکزوں سے یا متقابل زاویوں کے سروں سے کھینچا جائے ۔(۸) (ارضیات) مرکزی قلہ کوہ ؛ کسی وادی کا مرکزی خط ۔(۹) وہ فرضی خط جو مقناطیس کے دو قطبوں کو ملائے ۔(۱۰) حرکت ؛ ترقی یا ارتقا ؛ توسیع اور سمت کا اصلی خط ۔(۱۱) (ھندسہ تحلیلی) دو متقاطع خطوں میں سے ھر ایك جس کے حوالہ سے کسی طریق کا مقام معلوم ھو ۔

Anticlinal axis : وہ خط جہاں انطباق کی دو مخالف سطحیں کسی قلہ کوہ میں ملتی ھیں محور کوھانی ۔

Conjugate axis : محور ھم جنس ؛ وہ محور جو محور متقاطع کو زاویہ قائمہ پر تنصیف کرتا ھے ۔

Crystography axis : قلمیاتی محور ۔

Earth's axis : ارضی محور ۔

Imaginary axis : (ریاضی) محور خیالی ۔

Natural axis : قدرتی محور ۔

Oblique axis : (طبیعیات) ترچھا محور ۔

Optic axis : (طبیعیات) نوری محور ۔

Optical axis : (طبیعیات) نوری محور ۔

Polar axis : (طبیعیات) قطبی محور ۔

Primary axis : (طبیعیات) محور خاص ؛ محور بنیادی ؛ محور بنیاد ؛ محور اولی ۔

Principal axis : (طبیعیات) صدر محور ؛ (ریاضی) محور صدری ۔

Radical axis : (ریاضی) جذری محور ۔

Real axis : (ریاضی) محور حقیقی ۔

Rotating axis : (ریاضی) گردشی محور ۔

Secondary axis : محور ثانوی ۔

Synclinal axis : محور جوفی؛ وہ خط جہاں انطباق کی دو مخالف سطحیں نشیب میں ملیں ۔

Transverse axis : محور متقاطع (بیضوی اور ھذلوی شکلوں میں جو دو ماسکوں سے گذرتا ھے) ۔

Axis : (n) (حیوانیات) Buffon کا دیا ھوا ایك ھندوستانی ھرن کا نام ؛ گوزن ۔

Axis-band : (n) اعصابی نلکی کا مرکزی ریشہ ۔

Axis-cylinder : (n) کسی اعصابی نلکی کا مرکزی تار ۔

Axis major : (n) محور اکبر ۔

Axis minor : (n) محور اصغر ۔

Axis of abscissa : (ریاضی) محور طول ؛ محور فصلہ ۔

Axis of balance : میزان کا محور ؛ وہ خط جس پر کوئی شے گھومتی ھو ۔

Axis of cone : (ریاضی) محور مخروط ۔

Axis of double refraction : محور دو گانہ انعطاف ؛ دھرے انعطاف کا محور ۔

Axis of earth : (طبیعیات) محور زمین ۔

Axis of incidence : محور وقوع ۔

Axis of inertia : (ریاضی) محور جمود ۔

Axis of involution : (ریاضی) محور در پیچ ۔

Axis of ordinate : (ریاضی) محور عرض ۔

Axis of oscillation : (ریاضی) محور اھتزاز ۔

Axis of polarisation : محور تقطیب ۔

Axis of projection : (طبیعیات) سایہ اندازی کا محور ؛ (ریاضی) محور اظلال ۔

Axis of refraction : محور انعطاف ۔

Axis of revolution : (طبیعیات) محورطواف ۔

Axis of rotation : (ریاضی و طبیعیات) محور گردش ۔

Axis of spin : (طبیعیات) اسپن کا محور ۔

Axis of symmetry : (طبیعیات) سمتری کا محور ؛ (ریاضی) محور تشاکل ؛ تشاکلی محور ؛ محور تقارن ۔

Axis of the coordinates : (ریاضی) محور مختصات ۔

Axis of the ecliptic : مدار ارضی کا محور ۔

Axis of the equator : خط استوا کا محور ؛ زمین کا قطبی قطر ۔

Axis of the horizon : محور افق ؛ کرہ زمین کا وہ قطر جو دائروں سے زاویہ قائمہ بناتا ہوا گذرے ۔

Axis of torque : (طبیعیات) مروڑ کا محور ۔

Axis of twist : (طبیعیات) موڑ کا محور ؛ (ریاضی) محور پیچ ۔

Axis of X : (ریاضی) X کا محور ۔

Axis of Y : (ریاضی) Y کا محور ۔

Axis powers : (n) (تاریخ و سیاسیات) محوری طاقتیں ۔

Axis rotation : محوری گردش ۔

Axle : (n) [ON."oxull"] (۱) (ریاضی) دھرا ؛ میلہ ؛ (طبیعیات) دھرا ؛ دھری ۔ (۲) وہ فرضی خط جس کے چاروں طرف سیارہ گھومتا ہے ؛ چرخ ۔ (۳) (شاعری) آسمان ؛ قطب ۔

Wheel and axle : مشینی قوت ۔

Axle bar : (n) لوہے کی سلاخ جو دھرے کا کام کرے ۔

Axle box : (n) آون ۔

Axle guards : (n) فریم کا وہ حصہ جس میں آون عمل کرتا ہے ۔

Axle journal : (n) دھرے کا جلا دیا ہوا (چمکدار) سرا ۔

Axle nail : (n) ان دو میخوں میں سے ایک جو گاڑی کو دھرے کے ڈنڈے سے باندھ دینے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Axle neck : (n) دھرے کا چمکدار سرا ؛ دیکھو Axle journal

Axle shaft : (n) کسی پہیئے کے دھرے کا نکلا ہوا حصہ ؛ دھرا لاٹھ ۔

Axle - tree : (n) [ON."oxal-tre"] دھرے کا ڈنڈا ۔

Axle-tree arms : (n) دھرے کے ڈنڈے کا خارجی حصہ ۔

Axle-treed : (a) جس میں دھرے کا ڈنڈا لگا ہو ۔

Axled : (a) محور دار ؛ دھرا دار ۔

Axminster : (n) [Name of a town in Devonshire] ایک مقام ۔

Axminster carpet : (n) اکسمنسٹر کی قالین ۔

Axoid / Axoidean : (a) چرخ نما ۔

Axolotl : (n) [Aztec] جل سمندر ؛ سمندر کی قسم کا کیڑا جو میکسیکو کی جھیل میں پایا جاتا ہے ۔

Axon : (n) محوریہ ؛ (لسانیات) صوت کا محور ۔

Axonometry : (n) [Gr."axon+metria"] محور کی پیمائش ؛ محور پیمائی ۔

Axonophyte / Axophyte : (n) [Gr."axon+plyton"] (نباتیات) وہ پودا جس کی ساق یا تنا ہو ۔

Axotomous : (n) [Gr."axo-n+tom"(cutting)+-OUS] (معدنیات) جس میں محور پر عمود بناتا ہوا شگاف ہو ۔

Axunge : (n) [L."axungia"] (۱) ھنس یا سور کی چربی ۔ (۲) گردوں کی اندرونی چربی ؛ چربی ۔

Axungious : (a) چربی کی طرح ؛ مانند چربی ۔

Ay : (a) [ME."azz,ai,ci"] (۱) ہاں ؛ ہاں ہاں ؛ جی ؛ جی ہاں ۔ (۲) حامی ؛ اثباتی جواب ؛ ہاں کہنے والا ۔ (۳) ہمیشہ ؛ لگاتار ؛ متواتر ۔

For ay : همیشہ کے لئے ؛ سدا کے لئے ۔

For ever and ay : همیشہ ؛ سدا کے لئے ۔

Ay : (n) کلمہ ندبہ ؛ اظہار افسوس ؛ آہ ! اف ! اوہ !

Ayah : (n) [Pg."aia"] آیا ؛ دایہ ۔

Aye / Ay (interj. adv & n) (۱) همیشہ ؛ مدام ؛ سدا ۔ (۲) هر وقت ؛ هر موقع پر ۔

Aye-aye : (n) [a.Fr."Malagasy"] مڈ غاسکری گلھری ؛ بل گلھری (بلی + گلھری) ؛ گلھری کی قسم کا جانور جو بلی کے برابر ھوتا ھے اور مداغاسکر میں پایا جاتا ھے ۔

Ayear : (adv) [A+YEAR] سال میں ؛ سالانہ ۔

Ayelp : (adv) [A+YELP] پھونکتے ھوئے ۔

Aygreen : (n) ایک قسم کی بوٹی جو دیواروں اور چھتوں پر اگتی ھے اور اس کے پھول گلابی ھوتے ھیں ۔

Ayrshire : (n) سینگ دار مویشیوں کی ایک نسل جو Ayr میں ملتی ھے ۔

Aytha : (n) [Gr."a.Gr."azalea"] غوطہ خور بط کی ایک قسم ۔

Azalea : (n) [L."a.Gr."azalea"] ازالیہ ؛ جھاڑی نما درختوں کی ایک قسم جو نصف کرہٴ شمالی میں پائی جاتی ھے ؛ سوکھا ؛ اچالیہ ؛ یونانی لفظ Azalea ھے جس کے معنی ھیں "خشک"۔

Azara's dog /- fox : (n) لومڑی نما کتا جو جنوبی امریکہ مین پایا جاتا ھے ۔

Azarole : (n) [F."azerele"] جنوبی یورپ کا ایک قسم کا پھل (یہ لفظ عربی "زعرور" سے بنا ھے)۔

Azedarach : (n) [Pers] (۱) ایک اونچا درخت جس کی پتیوں میں دوھری نوک ھوتی ھے ۔ (۲) ایک درخت کی چھال جو دواؤں میں کام آتی ھے ۔

Azeotrope : (n) (کیمیا) سیال آمیزہ جس کا مستقل، اقل یا اعظم نقطہ جوش ھوتا ھے اور اجزاء کے نقطہ جوش سے کمتر یا بلند ھوتا ھے اور اجزا میں تغیر کے بغیر کشید ھوتا ھے ۔

Azeotropic : (a) [Gr."a+zeo+trope"+-IC] (کیمیا) ایسے آبی آمیزہ سے متعلق ۔

Azeotropic mixture : (n) (کیمیا) هم کشید آمیزہ ۔

Azharoth : (n) [Heb."azharoth"] یہود کی مذھبی نظمیں جن میں یھودیوں کو شرائع دینی کی تلقین کی جاتی ھے ۔

Azimuth : (n) [Arab."as-sumut"] (۱) قوس آسمانی جو سمت الراس سے افق تک پھیلی ھوئی ھے اور افق کو زاویہ قائمہ پر کاٹتی ھے ؛ (ریاضی) السمت ۔ (۲) افقی زاویہ یا سمت ؛ نقطہ کمپاس ۔

Magnetic azimuth : مقناطیسی سمت الراس ۔

Azimuth circle : (n) دائرۃ السمت ۔

Azimuth compass : (n) سمت الراس کا کمپاس ۔

Azimuth dial : (n) وہ ڈائل جس کا رخ افق کی سطح پر عمودی ھو ۔

Azimuth error : (n) (ریاضی) سھو السمت ۔

Azimuth mirror : (n) ایک آلہ جسے جہاز رانوں کے کمپاس کے شیشہ پر رکھ کر افقی زاویہ لیتے ھیں ۔

Azimuthal : (a) سمت الراسی ۔

Azimuthal angle : (n) (طبیعیات) زاویہ افقی ۔

Azimuthal error : (n) سمت الراسی غلطی ۔

Azimuthally : (adv) از روئے سمت الراس ۔

Azo- : جزو ترکیبی بمعنی " نائیٹروجن " جس سے مختلف کمپاؤنڈ بنتے ھیں ؛ نائیٹروجن دار ۔

Azo colour : (n) (کیمیا) ایزو رنگ ؛ نائیٹروجن رنگ ۔

Azohumic : (n) نائیٹروجن ایسڈ ۔

Azoic : (a) [Gr."azoos"+-IC] (۱) فاقد حیات ؛ عاری از حیات ؛ جس میں زندگی نام کو نہ ھو ؛ مردہٴ محض ۔ (۲) (کیمیا) ایزواک ؛ (ارضیات) زمین کی وہ تہ جس میں کسی قسم کے عضوی جانداروں کے باقیات مطلق پائے جائیں ؛ (حیوانیات) بے جان ؛ لا حیاتی ۔

Azoic group : (n) (کیمیا) ایزو اِک گروپ ۔

Azolitmin : (n) لٹمنس کا خاص رنگنے والا مادہ ۔

Azonic : (a) [Gr."azonicos"+-IC] جو کسی علاقہ میں محدود نہ ہو ؛ غیر مقامی ۔

Azoology : (n) [Gr."azoos+logia"] غیر ذی روح فطرت کا علم ۔

Azoparaffins : (n) پیرافن سے تیار شدہ ۔

Azorite : (n) [Azores + - ITE] ایک سفید معدنی بلور ۔

Azote : (n) [Fr.] نائیٹروجن کا قدیم نام ؛ (کیمیا) ایزوٹ ۔

Azotea : (n) [Arab."as-sutayh"] مسطح چھت (مکان کے بالائی حصہ پر) ۔

Azotemia : (n) [L."azote","aemia"] خون میں نائیٹروجن کی زیادتی ۔

Azoth : (n) [Arab."az-zauq"] پارہ ؛ پار سیلس (Paracelsus) کی وہ دوا جو ہر مرض میں کام آئے ۔

Azotic : (a) (۱) پارہ کا یا اس سے متعلق یا اس سے مرکب شدہ ۔ (۲) نائیٹروجنی ۔ (۳) بے حس کرنے والا (مجازاً) ۔

Azothine : (n) پگھلائے ہوئے اون کا باقی ماندہ حصہ جس میں نائیٹروجن کی اچھی خاصی مقدار ہوتی ہے ۔

Azotize : (v) نائیٹروجن سے ملانا یا بھرنا ۔

Azotized : (a) نائیٹروجن دار ؛ نائیٹروجن سے بھرا ہوا ۔

Azotobacteria : (n) (کیمیا) ایزوٹو بیکٹریا ؛ ازوٹی جراثیم ۔

Azotometer : (n) نائیٹروجن ناپنے کا آلہ ؛ (کیمیا) نائیٹروجن پیما ۔

Azoxybenzene : (n) (کیمیا) ایک زرد قلمی مرکب جو نائیٹروبنزین کے تحویلی عمل سے بنتا ہے اور مزید تحویل سے ایزوبنزین حاصل ہوتا ہے ۔

Aztec : (n) [Sp."azteca"] میکسیکو کا ایک قبیلہ ؛ ایک قبیلہ کی زبان ۔

Azulejo : (n) [Sp."azul"] ایک قسم کا ولندیزی رنگ برنگا چمکیلا ٹائل ۔

Azuline : (n) [Sp."azul"+-INE] نیلا ؛ نیلے رنگ کا ایک شیڈ ۔

Azulmic acid : (n) (کیمیا) ایزلمک تیزاب ۔

Azure : (v) [See next] نیلا رنگنا ؛ آسمانی لاجوردی رنگ دینا ۔

Azure : (n) [Per."lajward","tazhward"] (۱) نیلا ؛ آسمانی ؛ (کیمیا) آسمانی ۔ (۲) نرمل آکاش ؛ فلک لاجوردی ؛ گنبد نیلگوں ؛ صاف مطلع ۔ (۳) کبودی رنگ ؛ اردا رنگ ۔ (٤) لا جورد ؛ لاجوردی رنگ ۔ (٥) (adj) آسمانی رنگ کا صاف شفاف مطلع ۔ (٦) (مجازاً) پر سکون ۔

Azure blue : (n) (کیمیا) آسمانی نیلا ۔

Azure spar : (n) نیلے رنگ کی ایک معدنی شے ۔

Azure stone : (n) لا جورد ۔

Azurine : (a) [F."azurin"] نیلا ؛ لاجوردی ۔

Azurite : (n) (کیمیا) ایزیورائٹ ؛ تانبے کا نیلا کاربونیٹ ۔

Azury : (a) نیلگوں ؛ مائل بہ آسمانی ؛ نیلا رنگ ۔

Azygos / -ous : (a) [Gr."azygos",- ma] (عضویات) وہ عضوی حصہ جس کا جفت نہ ہو ؛ بے جفتہ ؛ (حیوانیات) بے جفتی ؛ مجرد ۔

Azygos uvulae : (لسانیات) مجرد لہات (حلق کا کوّا) ۔

Azygously : (adv) تنہا ۔

Azyme : (n) [L.] نان فطیر ؛ (تاریخ و سیاسیات) بغیر خمیر کی روٹی (عیسائی مذہب) ۔

Azymite : (n) [L."azymita",ad.Gr."azymites"] وہ شخص جو مقدس عشائے ربانی میں نان فطیر بانٹتا ہے ؛ یونانی چرچ کا دیا ہوا نام جو رومن کیتھولک اور دوسروں کو دیا گیا تھا ؛ (تاریخ و سیاسیات) بغیر خمیر کی روٹی کھانے والا (عیسائی مذہب) ۔

Azymous : (a) [Gr."azymos"+-OUS] نان بے خمیری ؛ نان غیر خمیری ۔

B

B : (۱) رومن حروف تہجی کا دوسرا حرف جو یونانی حرف "بیٹا" اور عبرانی حرف "بیتھ" کی مانند ہے اور اسی سے ماخوذ ہے- یہ صامت بھی ہے اور انسدادی بھی - (۲) یہ مخطوطات یا کسی کتاب کے دوسرے صفحے کو ظاہر کرتا ہے - (۳) (موسیقی) سرگم کا ساتواں سر - (٤) (بحث وغیرہ میں) دوسرا مفروض شخص یا دوسری مفروضہ چیز - (۵) (جبر و مقابلہ) دوسری مقدار معلومہ - اس کی جمع Bs, B's, Bees ہے - مخففات ۱ - B (موسیقی) باسو ؛ B (کیمیا) بورون ؛ b - نتوار ؛ B جیسے B. A.

B-amplifier : (n) (طبیعیات) بی - اضافہ گر -

B Phonetics : (n) (لسانیات) B صوتیات -

B segment : (لسانیات) B قطعہ -

B sound : (لسانیات) B آواز -

Baa : (v) ["Echoic"] بھیں بھیں کرنا (بھیڑکی آواز) -

Baa : (n) (بھیڑ کی آواز) بھیں بھیں کرنا -

Baa-lamb : (n) بچوں کی بولی ؛ بھیڑ بچہ -

Baal : (n)(Pl. Baalim) [Heb." baal"] بعل ، آشو دیوی یا سریانوں فینقیا والوں کا ایک دیوتا ؛ معبود باطل (عبرانی : بعل ، رب ، مالک) -

Baalish : (a) [prec. + - ISH] بت پرست ؛ بعل کا -

Baalism : (n) [BAAL + - ISM] باطل پرستی -

Baalist : (n) [BAAL + - IST] باطل پرست -

Baalite : (a) [BAAL + - ITE] بعل سے متعلق ؛ بعل کا پیرو -

Baalshem / Balshem : (n) [Heb. " baal shem "] یہودیوں کے مطابق خدا کے نام سے یا نام لے کر معجزات کرنے والا -

Baba : (n) بابا ؛ پاپا -

Baba : (n) [Fr.] کشمش ، منقا اور دوسرے پھلوں سے بنایا ہوا اور رم (شراب) میں ڈبویا ہوا ایک ہلکا کیک ؛ پلم کیک -

Baba : (n) (۱) بچہ - (۲) چینی اور (کبھی کبھی یوروپی یا یوریشیائی مرد جو ملایا ، پینانگ یا سنگاپور میں پیدا ہوا ہو -

Baba au rhum : (n) [Fr.] رم (شراب) اور شکر کے شیرے میں ڈوبا ہوا ایک میوہ دار کیک -

Babacoote : (n) ["Malagasy"] لنگور کی ایک قسم ، جو مڈغاسکر میں پائی جاتی ہے -

Babbit : (v) [f. "Babbi" inventor's name] بابٹیا استر کیا ہوا -

Babbit-metal : (n) [prec.] بابیتا رانگے ، تانبے اور سرب کا مرکب جو اپنے موجد کے نام سے مشہور ہے -

Babblative : (a) [BABBLE + - ATIVE] بلبلانے والا ؛ بڑبڑانے والا -

Babble : (v) [f. "the infantile ba, ba."] بڑبڑانا ؛ بلبلانا ؛ بڑ ہانکنا ؛ بک بک کرنا ؛ بک دینا ؛ افشا کرنا ؛ (بھید) کھول دینا ؛ (شور کے ساتھ پانی کا) بہنا ؛ شرشر کرنا ؛ بے ربط بولنا -

Babble : (n) بڑبڑاہٹ ؛ بکواس ؛ یادہ گوئی ؛ پانی کے بہنے کی آواز ؛ شرشراہٹ -

Babblement : (n) بڑبڑ ؛ ٹرٹر ؛ بک بک ؛ بڑبڑاہٹ ؛ بے ربط گفتگو ؛ بکواس -

Babbler : (n) (۱) پیٹ کا هلکا ؛ بڑبڑیا ؛ بکّی ؛ بکواسی - (۲) لمبی ٹانگوں والی طوطـــی (ایك خوش الحان پرند جو یورپ میں پایا جاتا هے) کا نام (اس کی آواز کی بناء پر) -

Babbling : (n) بڑبڑانا ؛ بك بك کرنا -

Babblingly : (adv) بڑبڑکرکے ؛ بك بك کرکے ؛ بے ربط بول کر -

Babblish : (a) بك بك کرنے والا ؛ بے ربط بولنے والا ؛ بکّو ؛ بکّی ؛ بڑبڑیا ؛ بکواسی -

Babbly : (adv) بکّو ؛ بك بك کرنے والا ؛ بے ربط بولنے والا ؛ بکّی ؛ بڑبڑیا ؛ بکواسی -

Babe : (n) [Contraction of BABAN] (۱) شیرخوار بچہ ؛ ننھا بچہ - (۲) معصوم یا نا تجربہ کار شخص۔

Babehood : (n) شیر خوارگی -

Babel : (n) [Heb. "babel "] (۱) بابل کا بڑا مینار ؛ برج بابل - (۲) بلند عمارت - (۳) خیالی پلاؤ - (٤) چیخ پکار - (٥) کاوں کاوں - (٦) هنگامہ ؛ مہمل گفتگو ؛ شورش انگیز مجمع-

Babeldom : (a) [prec.+ DUM] غوغا ؛ هنگامہ خیز ؛ شورش ؛ خلفشار -

Babelet : (n) ننھا شیر خوار -

Babelism : (n) [BABEL + - ISM] هنگامہ خیز ؛ غوغا ؛ ناقابل فہم گفتگو -

Babelize : (v) گفتگو کو هنگامی و ناقابل فہم بنانا ؛ هنگامہ خیزی کرنا ؛ غوغا مچانا -

Babery : (n) [f. "babwynrie "] عمارتوں اور کتابوں کی عجیب و غریب آرائش جو پھول اور پتیوں کے ساتھ انسانی و حیوانی أعضاء کی باهمدگر پیوستہ نقاشی پر مشتمل هوتی هے ؛ گروٹسك اهمال ؛ عجیب مہملیت ؛ عجیب بے سروپائی -

Babes in Christ : (n) نئے عیسائی جنھوں نے حال میں عیسائیت کو قبول کیا هو -

Babiche : (n) [Canadian French.] آنت ؛ چمڑا یا پٹھوں کا بنا هوا دھاگا ؛ تانت -

Babies : (n) کتابوں کی تصویریں -

Babillard : (n) [F. "babiller"] ایك چڑیا چڑچڑ کرنے والی -

Babingtonite : (n) [f. Gr. Babington] سبزی مائل سیاہ بلوری معدنی شے جو ناروے یا دوسرے ملکوں میں ملتی هے -

Babinski reflex/ Babinski sign : (n) ایك اضطراری حرکت جس میں تلوا گدگدانے سے انگوٹھا اوپراٹھتا هے -

Babiroussa /-russa : (n) [Malay."babi"(hog)+"rusa"(deer)] ایك قسم کا جنگلی سور جو مشرقی ایشیا میں ملتا هے اورجس کے دانت اوپر کو مڑے هوتے هیں ؛ منیلا سور ؛ بڑھیلا ؛ سینگدار سور ؛ هندوستانی سور -

Babism : (n) [f. "Bab."] بابی مذهب ؛ بابی تحریك ؛ (شیراز کے علی محمد (۱۸٥۰) اس مذهبی فرقہ کے بانی تھے) - یہ ایك سے زیادہ شادی ، غلامی اور نشیلی چیزوں کی ممانعت کرتا هے -

Baboo : (n) [Hindi] انگریزی داں هندوستانی ؛ محرر ؛ (طنزاً) نیم انگریز هندوستانی -

Baboon : (n) [med. L. "babewynus"] (حیوانیات) بن مانس ؛ افریقہ اور جنوبی ایشیا کا بڑا بندر ؛ میمون ؛ بابون -

Baboon-bird : (n) ایك چڑیا جس کی آواز بن مانس کی طرح هوتی هے -

Baboonery : (n) بن مانسوں کے رهنے کی جگہ ؛ بن مانس پن ؛ میمون صفتی -

Baboonish : (a) میمون مانند ؛ بن مانس کی طرح -

Babouche : (n) [Pers. "pa" (foot) + "posh " (covering)] چپل ؛ زیرپائی ؛ ترکی یا مشرقی انداز کی سلیپر –

Babuina : (n) [med.L."babuinus"] مادہ بن مانس ؛ مادہ میمون –

Babul /- ool : [Pers." babul "] ببول –

Babushka : (n) [Russ.] (۱) دادی ؛ نانی – (۲) مثلث رومال جو سر پر باندھا جاتا ھے –

Baby : (n) [a dim. of "BABE "] (۱) بچہ ؛ بالك ؛ طفل – (۲) وہ شخص جو بچوں کا سا مزاج رکھتا ھو ؛ چلبلا – (۳) چھوٹی چیز –

To look babies in another's eyes : اپنا عکس دوسرے شخص کی پتلی میں دیکھنا –

Baby : (v) [f.prec.] بچہ سمجھ کر سلوك کرنا –

Baby : (a) جوان ؛ چھوٹا ؛ چھوٹی چیز (جیسے بے بی کار / بے بی سائیکل) –

Baby farmer : (n) معاوضہ لے کر بچہ کو پالنے والا ؛ بچہ پال –

Baby - hood : (n) بچپن ؛ طفولیت ؛ بچگی ؛ بالك پن –

Baby - house : (n) گڑیا گھر –

Baby jumper : (n) وہ جمپر جو فریم سے لگا ھو اور جس کو پہن کر بچہ اپنے عضو کو آسانی سے کام میں لا سکے –

Babylike : (a) طفل مانند ؛ بچے کی طرح –

Baby-sitter : (n) والدین کی غیر حاضری میں بچوں کی نگہبانی کرنے والا / والی –

Baby talk : (n) (لسانیات) طفلی تکلم –

Babyish : (a) بے وقوف ؛ طفلانہ ؛ بچکانہ ؛ سادہ لوح –

Babyishly : (adv) طفلانہ ؛ سادہ لوحی سے –

Babyishness : (n) بچپنا ؛ لڑکپن ۔

Babyism : (n) بچپنا ؛ طفلگی ۔

Babylon : (n) [Heb. "Babel"] (۱) بابل ؛ قدیم کلدانی دارالسلطنت – (۲) (استعارتاً) کوئی بڑی سلطنت یا ایسا بڑا شہر جس میں بدکاری پھیل گئی ھو – (۳) (مجازاً) روم ؛ لندن –

Babylonian : (a) (۱) بابل کا ؛ بابل سے متعلق – (۲) عظیم – (۳) بابل کا باشندہ ؛ نجومی –

Babylonic : (a) بابل کا –

Babylonish : (a) (۱) بابل کا ؛ بابل سے متعلق ؛ بابل کا بنا ھوا – (۲) بابل کی طرح ؛ گفتگو میں غیر واضح یا بے ربط –

Babylonism : (n) بابلی لفظ یا فقرہ –

Babylonize : (v) بابلی بنانا ۔

Babyolatory : (n) پرستش طفل ؛ پرستش کودك –

Babyship : (n) بچپن ؛ معصومیت ؛ سادگی –

Bac : (n) چوڑے پیندے کی فرانسیسی مسافر کشتی ؛ مسافر کشتی –

Bacalao : (n) [Sp "bacallao"] کوڈ مچھلی –

Bacca : (n) [L. "baca", "bacca "] (۱) (عامیانہ) تمباکو – (۲) (نباتیات) بیری ؛ پیپلی –

Baccalaurean : (a) [L."baccalaurens" + - AN] ناکتخدا مرد کے مناسب –

Baccalaureate : (a) [med. L."baccalaureatus"] (۱) بی - اے ۔ کی سند ، مرتبہ یا فضیلت ؛ (فرانس) بکالوریا – (۲) گریجویٹ کلاس میں ایك رخصتی مکالمہ –

Baccara /-at : (n) [F.] تاش کا ایك کھیل جو بازی لگا کر کھیلا جاتا ھے –

Baccate : (n) [L. "baccatus"] (نباتیات) درخت جس کے پھل پیپلیوں کی شکل کےھوتے ھیں یعنی جیسے گھونگروؤں کے گچھے ھوں ؛ انگور نما ؛ بیرنما ؛ انگور وش ؛ گودا دار–

Baccated : (a) بیر دار ؛ انگور دار -

Bacchanal : (a) [L."bacchanlis"] (۱) باخوس ، شراب کا دیوتا ؛ باخوس کے متعلق - (۲) پرستار باخوس ؛ عیاش ؛ اوباش ؛ بدمست - (۳) باخوسی گیت ؛ باخوسی ناچ - (٤) عید باخوس - (٥) باخوس کا پجاری - (٦) رنگ رلیاں ؛ خرمستیاں -

Bacchanal : (n) عیاش ؛ اوباش ؛ بدمست ؛ عید باخوس ؛ باخوسی ناچ ؛ باخوس کا پجاری -

Bacchanalia : (n) [L.] (۱) جشن باخوس (تاریخ) ؛ عید باخوس - (۲) عیاشی - (۳) رنگ رلیاں ؛ بدمستی -

Bacchanalian : (a) [L. "bacchanalis"] جشن باخوس سے متعلق ؛ باخوسی مخمور ؛ بدمست ؛ مدھوش ؛ بادہ پرست -

Bacchanalianism / Bacchanalism : (n) بادہ پرستی -

Bacchanalianly : (adv) بادہ پرستی سے ؛ مدھوشی سے ؛ بدمستی سے -

Bacchanalize : (v) [F. "bacchanaliser"] رنگ رلیاں منانا ؛ بدمستی کرنا -

Bacchant : (a & n) [L. "Bacchantem"] مے پرست ؛ مے نوش ؛ شرابی ؛ باخوس پنتھی ؛ باخوس پرست -

Bacchante : (n) [F. " bacchante "] باخوس کی پجارن -

Bacchantic : (a) شرابی سے متعلق -

Bacchar / Baccar : (n) [L. "bacc(h) ar "] ایک قسم کا پودا -

Bacchic : (a) [L. "Bacchicus"] دیکھو Bacchanal

Bacchius : (n) [Gr. "Bakchios "] انگریزی عروض کا ایک رکن جس میں تین ھجائیں ھوتی ھیں ؛ ایک ھجائے کوتاہ اور دوھجائے بلند -

Bacchus : (n) [Gr. "Bacchos "] یونانی دیومالا میں شراب کا دیوتا باخوس ؛ شراب -

Bacciferous : (a) [L. "baccifer "] چھوٹے چھوٹے انگور نما یا گھونگرو ؤں کے سے پھل لانے والا درخت ؛ بیری دار -

Bacciform : (a) [L."bacciformis "] انگوری ؛ انگورنما ؛ گھونگرو نما ؛ بیرنما ؛ بیری -

Baccivorous : (a) [L. "bacca + - vorus " + - "ous"] مکوہ یا کروندے کی قسم کے پھلوں کو کھانے والا (جانور) ؛ بیری خور -

Baccy : (n) [by shortening & alter.] (سوقیانہ) تمباکو -

Bach / Batch : (n) [by shortening] کنوارا ؛ ناکتخدا -

Bach / Batch : (v) بیوی کی غیر حاضری میں خانہ داری کرنا -

Bacharach : (n) رائن ندی پر کے ایک شہر کا نام ؛ اس شہر کے نام سے مشہور شراب ؛ رائن کی شراب -

Bachelor : (n) [OF. "bacheler"] (۱) (تاریخ) وہ شہسوار جو دوسرے کے تحت جنگ میں شریک ھو ؛ بانکا- (۲) کنوارا ؛ ناکتخدا ؛ بن بیاھا - (۳) طیلسانی ؛ سند رکھنے والا -

Knight Bachelor : ایک معمولی جنگجو ؛ نائٹ کا خطاب پانے والے آدمی کا مکمل خطاب -

Bachelor dinner : (n) وہ دعوت یا پارٹی جس میں صرف مردوں کو مدعو کیا جاتا ھے یا کسی شخص کو اس کی شادی سے فوراً پہلے دی جانے والی دعوت -

Bachelor - hood : (n) کنوارا پن -

Bachelor - house : (n) (تاریخ) مجرد گاہ -

Bachelor of Arts : آرٹ میں سند پانے والا -

Bachelor of Science : سائنس میں سند پانے والا -

Bachelordom : (n) کنواروں کی جماعت یا علاقہ -

Bachelorism : (n) کنوارپن -

Bachelorly : (adv) کنوارے کی طرح -

Bachelor's button / Bachelors' button : (n) ایک قسم کا پھول جو گول یا بوتام کی شکل کا ہوتا ہے ؛ بوتانا پھول ؛ گل اشرفی ؛ گل بوتامی ؛ پھول لبسکٹ ؛ خوشبودار لبسکٹ -

Bachelorship : (n) (۱) کنوارپن -(۲) بی - اے - کی سند رکھنا -

Bacillary : (a) [mod. L. "baccillarius"] (۱) سیخ نما ؛ سلاخ نما ؛ (حیوانیات) بیکٹیریا نی ؛ عصائی - (۲) جراثیمی -

Bacilliform : (a) [mod. L. "bacilliformis "] سلاخ پیکر ؛ جراثیمی شکل کا ؛ (حیوانیات) بیکٹیریا نما -

Bacillus : (n) (Pl. bacilli) [L. " baculus "] ایک قسم کا جرثومہ جو آلہ خوردبین سے دیکھا جاتا ہے ؛ (کیمیا ، حیوانیات) بیسی لس ؛ بیکٹیریا ؛ عصیہ -

Back : (n) [OE. "baec"] (۱) پشت ؛ پیٹھ (آدمی یا جانور کی) - (۲) (فٹ بال) کھیلنے والوں میں سے ایک جو اپنی ٹیم میں سب سے پیچھے لیکن گول کیپر سے پہلے رہتا ہے - (۳) بدن کا وہ حصہ جو کپڑوں سے ڈھانکا جائے ؛ کاندھا (جس پر بوجھ اٹھایا جائے) ؛ کسی چیز کے پیچھے کا حصہ جیسے پشت دست - (٤) کسی چیز کا وہ حصہ جو دیکھنے والے سے دور ہو ؛ جہاز یا پہاڑی وغیرہ کے اوپر کی سطح - (٥) جو پشت پر ہو ؛ پس افتادہ - (٦) دور دراز - (۷) ادنا - (۸) بقایا - (۹) الٹی (لہر وغیرہ) - (۱۰) پوشیدہ ؛ خفیہ - (۱۱) (لسانیات) رجعی -

At the back of : پیچھے پیچھے ؛ عقب میں ؛ پشت پر ؛ مدد پر -

Behind the back of : پیٹھ پیچھے ؛ غائبانہ -

To be on one's back : پیٹھ کے بل ؛ مصیبت میں گرفتار ہونا-

To break the back of : حد سے زیادہ بوجھ لادنا -

To put or set up the back : غصہ ہونا -

To turn the back : پیٹھ دکھانا ؛ بھاگ نکلنا ؛ چھوڑ بھاگنا -

To turn the back upon : چھوڑ بھاگنا -

Back : (n) [Du."bak"] ٹپ ؛ ناند ؛ کونڈا ؛ تسلا (جو رنگنے کے لئے استعمال ہو) -

Back : (a) [OE."Baec"] عقب میں ؛ فاصلہ پر ؛ خفیہ ؛ پس افتادہ ؛ ادنا ؛ بقایا ؛ الٹی (لہر وغیرہ) ؛ پوشیدہ -

Back : (v) [prec.] (۱) مدد دینا ؛ تائید کرنا ؛ پشتی بانی کرنا - (۲) کسی چیز پر شرط لگانا - (۳) (شکاری کتوں کا) رہبر کتے کے پیچھے چلنا - (٤) (گھوڑے کی) سواری کرنا ؛ پھیرنا - (٥) دستخط کرنا ؛ تصدیق ظہری کرنا- (٦) پیچھے ہٹانا - (۷) رخ بدلکر سورج کے مخالف چلنا - (۸) پیچھے کی طرف آنا - (۹) پیٹھ کے بل لیٹنا - (۱۰) پیچھے کی طرف چھاپنا -

To back an anchor rope or chain : دوسرے لنگر یا رسے یا زنجیر سے مستحکم کرنا -

To back a horse : گھوڑ دوڑ میں شرط لگانا -

To back a sail or yard : بادبان کو اس طرح لگانا کہ جہاز پیچھے کی طرف چلے -

To back down : زینے سے نیچے اترجانا ؛ کسی دعوے یا حق سے دست بردار ہونا -

To back out : بغیر مڑے ہوئے پیچھے ہٹ جانا ؛ ہٹ جانا ؛ کسی مشکل مرحلے سے پیچھے ہٹ جانا -

To back the oars : بادبان کو اس طرح لگانا کہ جہاز پیچھے کی طرف چلے -

To back up : مدد کرنا ؛ تائید کرنا ؛ حوصلہ افزائی کرنا ؛ دل بڑھانا -

Back : (adv) [prec.] (۱) پیچھے کی طرف - (۲) خلاف وعدہ - (۳) پہلے ؛ گذشتہ زمانہ میں - (٤) مخالف رخ میں - (٥) انتقاماً ؛ بدلے میں - (٦) پیچھے فاصلے پر - (۷) رکی ہوئی حالت میں - (۸) بقایا -

Back - : جزو کلمہ کے لئے (کبھی صفت ، کبھی اسم اور کبھی متعلق فعل کے طور پر) -

Back-alley : (a) کمینہ اور رذیل طرز والا -

Back and forth : آگے پیچھے -

Back answer : (n) گستاخانہ جواب -

Back away : (v) واپس آنا -

Back bench : (n) پچھلی نشستوں کی قطار -

Back-board : (n) گاڑی کا پچھلا تختہ ؛ روکوال -

Back-door : (n) عقبی دروازہ ؛ پچھلا دروازہ ؛ چور دروازہ ؛ نامناسب راز -

Back draught : (n) ہوا کا جھونکا جس کا رخ پیچھے کی طرف ہو -

Back-end : (n) (دومیں سے) پچھلا آخر ؛ خزاں کا آخری زمانہ ؛ موسم کا آخری حصہ -

Back -fanged : وہ سانپ جس کے دانت تالو کے پچھلے حصہ میں ہوں -

Back-fire : (n) گیس کے سیلنڈر یا تیل والے انجن میں قبل از وقت دھماکا جس سے پسٹن الٹے رخ کو چلے ؛ الٹا احتراق -

Back-firing : (n) قبل از وقت دھماکا کرنا یا ہونا -

Back fold : (n) پٹ کا وہ حصہ جو پیچھے کی طرف سے موڑا جائے -

Back-formation : (n) کسی ایسے لفظ سے ، بظاہر ایک بنیادی (مادہ) کی تشکیل جو اس کا مشتق ہوسکتا ہو ، (لیکن دراصل نہ ہو) جیسے لفظ burglar سے burgle کی تشکیل ؛ (لسانیات) رجعی تشکیل ؛ رجعی سازی -

Back-hand : (n) (ٹینس کا کھیل) وہ مار جس میں ہاتھ پیچھے کی طرف ہوتا ہے ؛ وہ تحریر جس میں حروف پیچھے کی طرف مڑے ہوتے ہیں -

Back-handed : (a) پشت دست سے ؛ ناگہانی ؛ بالواسطہ ؛ وہ تحریر جس میں حروف پیچھے کی طرف مڑے ہوتے ہیں -

Back-hander : (n) پشت دست کا وار ؛ باضرب ؛ نوبت کے خلاف شراب کا فاضل گلاس -

Back-lash : (n) ناگہانی دباؤ یا مشین کی خرابی سے پہیوں کا بے قاعدہ اور الٹا چلنا ؛ (طبیعیات) پچھٹ -

Back-lashing : (a) ناگہانی دباؤ یا مشین کی خرابی سے پہیوں کا بے قاعدہ اور الٹا چلنا -

Back load : (n) اتنا بوجھ جو پیٹھ پر لے جایا جاسکے -

Back-log : (n) ایک بڑا کندہ جو آگ کے پیچھے کی طرف رکھا ہو ؛ محفوظ رکھی ہوئی چیز ؛ جمع شدہ کام جو انجام نہ دیا گیا ہو -

Back of : (prep.) (۱) پیچھے (دیوار وغیرہ کے) - (۲) دور (ماضی میں) ؛ پہلے ؛ ماقبل ؛ پیچھے (تاریخی اعتبار سے) - (۳) (پوشیدہ) سبب ؛ پس منظر ؛ وجہ - (٤) حمایت یا طرفداری میں -

Back off : (v) گردش کے رخ کو بدل دینا -

Back of the tongue : (n) (لسانیات) زبان کا پچھلا حصہ ؛ عقب زبان -

Back out : (v) معاهدہ یا مقابلہ سے پھرجانا -

Back - page : (a) (۱) اخبار کے آخری صفحے کا یا اس سے متعلق - (۲) غیر اہم خبروں سے متعلق -

Back pay : (n) (سماجیات) پچھلا مشاہرہ ؛ پچھلی اجرت ؛ سابقہ تنخواہ -

Back-piece : (n) زرہ کا وہ حصہ جو پیٹھ کی حفاظت کرے ؛ وہ حصہ جو پیٹھ کی طرف ہو -

Back - plate : (n) پشت کے لئے ایک قسم کی زرہ ؛ وہ پلیٹ جو پیچھے کی طرف پہنتے ہیں خاص کر زرہ بکتر میں -

Back pressure : (n) انجن میں ہوا کا دباؤ ؛ رجعی دباؤ ؛ (طب) عقبی دباؤ ؛ فشار عقبی -

Back-racket : (n) (۱) ٹینس کے کھیل میں گیند کا واپس لوٹنا - (۲) (مجازاً) کسی بحث میں الزام کا لوٹانا -

Back - set : (n) (۱) الٹی لہر - (۲) ہزیمت اور رکاوٹ -

Back-settler : (n) نو آبادیات میں بسنے والا -

Back-slang : (n) وہ عامیانہ زبان جس میں ہر لفظ الٹا بولا جائے جیسے "namar"پڑھا جائے "Raman" کے لئے یا "luhar"بولا جائے "Rahul"کے لئے -

Back-stitch : (n) سوزن پشت سوزن ؛ سینے کا ایک طریقہ جس میں ہر نئے ٹانکے کے لئے سوئی پہلے ٹانکے کے پیچھے سے سمائی جاتی ہے اور اس کے آگے نکالی جاتی ہے -

Back street : (n) گلی جو شاہراہ سے دور ہو -

Back-stroke : (n) جوابی ضرب ؛ پشت دست کی ضرب ؛ (لسانیات) عقبی ضرب -

Back-sword : (n) (۱) ایک دھاری تلوار ؛ گتکا ؛ گتکا سے شمشیر بازی کی مشق کرنا - (۲) شمشیر باز -

Back-swording : (n) گتکے سے شمشیر بازی کی مشق -

Back-swordman : (n) شمشیر باز ؛ جس کے پاس ایک دھاری تلوار ہو -

Back to back : (a) پشت بہ پشت -

Back-to-work : (a) ہڑتالیوں کو کام پر واپس بلانے والا -

Back-to-work movement : (n) (سماجیات) کام پر واپس آؤ تحریک ؛ کام پر واپس جاؤ تحریک -

Back-vowel : (n) (لسانیات) پچھلا مصوتہ -

Back-way : (n) گلی کوچہ -

Back word : (n) وعدہ سے پلٹ جانا ؛ بدقولی ؛ منتا سب جواب -

Backache : (n) [BACK + ACHE] پیٹھ کا درد -

Backband : (n) پشتہ (کتاب کا) -

Backbar : (n) جہاز کی چمنی کی ایک سلاخ جو کشتی لٹکانے میں کام آتی ہے -

Backbencher : (n) پچھلی نشستوں پر بیٹھنے والا -

Backbend : (n) پیچھے کی طرف اس طرح جھکنا کہ ہاتھ زمین چھولیں -

Backbite : (v) [BACK + BITE] غیبت کرنا ؛ پیٹھ پیچھے برا کہنا ؛ چغلی کھانا (کسی کی) ؛ بدی کرنا -

Backbiter : (n) چغل خور ؛ غیبت کرنے والا -

Backboard : (v) گاڑی کے پچھلے تختے کی طرح استعمال کرنا -

Backbone : (n) (۱) پشت پناہ - (۲) محور ؛ دھرا - (۳) پندھال ؛ فاضل آب - (٤) بل ؛ کس ؛ سرمایہ ؛ قوت ؛ ریڑھ کی ہڈی ؛ استقلال ؛ استحکام ؛ سہارا -

To the backbone : پورے طور پر -

Backboneless : (a) (۱) بے ریڑھا - (۲) غیر مستقل مزاج ؛ بے ہمت ؛ ہٹیا ؛ (حیوانیات) غیر ریڑھی یا بے ریڑھی -

Backbreak : (n) کمر توڑ محنت -

Backbreaker : (n) کمر ترڑنے والا کام -

Backbreaking : (a) کمر توڑنے والا -

Backcasing : (n) (کان کنی) اینٹوں کا ایک عارضی استر -

Backcast : (n) پیچھے پھینکا ہوا ؛ پس افتادہ شئے ؛ مخالف سمت میں -

Backcast : (a) مخالف سمت میں ؛ پس افتادہ شئے -

Backchain : (n) وہ زنجیر جو گاڑی کی سیٹ کے اوپر سے گذرتی ھے اور اس گاڑی کی بتی کو سنبھالے رھتی ھے -

Backchat : (n) گپ شپ ؛ غیبت -

Backdrop : (n) (۱) ایک منقش پردہ جو اسٹیج کے پیچھے لٹکاتے ھیں - (۲) پس منظر -

Backed : (a) پشت یا پس منظر یا پشت پناہ رکھنے والا ؛ پیچھے سے مدد پانے والا -

Backed carbon paper : (تجارت و معاشیات) پشتہ کاربن کاغذ -

Backed-blade : (تاریخ) ایک دھارا استرا -

Backer : (n) مویّد ؛ گھوڑ دوڑ میں بازی لگانے والا ؛ روپیا یا ضمانت پر بازی لگانے والے کو مدد دینے والا ؛ (انتظامیہ) نان بائی ؛ (تعمیرات) ایک پتلا سلیٹ جو ایک چوڑے مربع سلیٹ کے پیچھے ھو -

Backet : (n) [F. "baquet"] اتھلا چوبی ناند -

Backfall : (n) کشتی گری میں چت ھوجانا ؛ پیٹھ لگنا ؛ ارگن کے دو پرزوں کو جوڑنے والے ایک لیور (Lever) -

Backflap : (n) پٹ کا وہ حصہ جو پیچھے کی طرف سے موڑا جائے -

Backfriend : (n) بناھوا دوست ؛ چھپا دشمن ؛ (تاریخ) مددگار -

Backgame : (n) دیکھو Backgammon

Backgammon : (n) چوسر کی طرح کا ایک کھیل جو دوھری بساط پر کھیلا جاتا ھے -

Background : (n) پس منظر ؛ عقبی زمین ؛ پچھوڑا کی زمین ؛ گوشہء عزلت ؛ گوشہء گمنامی ؛ خمول -

Background : (v) پس منظر ھونا -

Backhair : (n) عورت کے سر کے پیچھے کی طرف کا لمبا بال -

Backhaul : (n) (تجارت و معاشیات) الٹا لوٹانا -

Backing : (n) (۱) ٹیکا ؛ روک ؛ پشتہ - (۲) سہارا ؛ تائید ؛ جماعت موئیدین - (۳) گھوڑے پر سواری ؛ بچھڑے کو گاڑی میں جوڑنا - (٤) رجعت ؛ عقب کو جانا -(۵) حرکت پیچھے کی طرف خصوصاً ھوا کی - (٦) (طباعت) مکمل کرنا کاغذ کے پیچھے کی طرف چھاپ کر - (۷) پشت کتاب کو گوند سے تیار کرنا (جلد لگانے سے پہلے) -

Backing sheet : (n) (تجارت و معاشیات) معاون کاغذ -

Backlight : (n) عقبی روشنی -

Backlining : (n) (عمارت سازی) دریچہ کی چوکھٹ کا وہ حصہ جو گھرنی کےمتوازی اور پاکھے کے بعد ھو -

Backlinks : (n) زنجیر کی کڑی / حلقہ جو متوازی صورت میں ایرپمپ کے سلاخ کو ملائے -

Backmost / Backermost : سب سے پیچھے ؛ عقب ترین ؛ پس ترین -

Backpainting : (n) شیشے پر نقاشی -

Backpaternoster : (n) وہ مناجات جومنتر کے طور پر الٹی طرف سے پڑھی جائے ؛ بد دعا -

Backrest : (n) (کسی چیزکی پشت پر کا) سہارا ؛ ٹیک (مثلاً خراد مشین کی ٹیک یا پیسنے والی مشین کا سہارا) ؛ کمر تکیہ –

Backrope : (n) =(Back band) چمڑ ے کا وہ چوڑا پٹا جو گاڑی کے دھرے کو تھامے رھتا ھے ۔

Backs : (n) سب سے موٹے اور بہترین طور پر کمائے ھوئے چمڑے –

Backset : (v) گھاس دار میدان کو موسم خزاں میں دوبارہ جوتنا جو کہ پہلی بار موسم بہار میں جوتا گیا تھا –

Backsey : (n) گوشت کا ٹکڑا ۔

Backsheesh : (n) بخشش ۔

Backshift : (n) (کوئلہ کان کے متعلق) کان کن مزدوروں کی وہ ٹولی جو دن میں دوسری بدل چوکی کے لئے ھوتی ھے ۔

Backside : (n) (۱) پشت ؛ پیٹھ ؛ پچھلا حصہ ۔ (۲) مکان کا پچھلا حصہ ؛ بیت الخلا ۔ (۳) چوتڑ ؛ سرین ۔

Backsight : (n) (۱) پچھلا دید بان ؛ پس دید ۔ (۲) سروے / پیمائش کرنے میں عقبی جائزہ جو نقطہ آغاز کی طرف لیا جائے ۔

Backslap : (v) شاباشی ۔

Backslide : (v) تو بہ کرکے پھر گناھوں میں پھنس جانا ؛ برگشتہ ھونا ۔

Backslider : (n) مرتد ؛ برگشتہ ھونے والا؛ منحرف ھونے والا ؛ خطا کار ۔

Backstab : (v) پیچھے سے حملہ کرنا ۔

Backstage : (adv) (۱) اسٹیج کی پچھلی جانب ۔ (۲) خفیہ طور پر؛ نجی طور پر ۔

Backstairs : (n) (۱) عقبی سیڑھیاں ؛ چورزینہ ؛ ذیلی زینہ ۔(۲) (مجازاً) پوشیدہ ساز باز کی حالت ؛ بدنام کنندہ ۔(۳) دربار میں خفیہ سازش کا یا اس سے متعلق ۔

Backstay : (n) (۱) جہاز کے پچھلے رسے ؛ وہ رسے جو دونوں جانب لٹکتے رھتے ھیں ۔ (۲) عقبی سہارا ۔

Backster : (n) غیر محکم ساحل پر چلنے کے لئے پاؤں میں باندھنے کی لکڑی یا کاگ کا ٹکڑا ۔

Backstitch : (v) سوزن پشت سوزن کے طور پر سینا ۔

Backstop : (n) (کرکٹ کے کھیل میں) گیند کو روک دینے کی ایک حالت ۔

Backsweep : (n) (جہازسازی میں) وہ چیز جو بالائی سلی میں جوف بناتی ھے ۔

Backswimmer : (n) جوئیں یا کھٹمل قسم کا ایک کیڑا ۔

Backtack : (n) (قانون) زمین کا اجارہ جو راھن نے اس شرط پر دیا ھو کہ مرتھن اسکی مدت اجارہ تک مال گذاری ادا کرتا رھے گا ۔

Backtalk : (n) گستاخانہ جواب ۔

Backward : (adv & a) (۱) پھسڈی ؛ سست ؛ پیچھے (سبق یا کام میں) ؛ پست ؛ غیر ترقی یافتہ ؛ (مجازاً) پسماندہ ۔(۲) مخالف سمت میں ؛ پیچھے کی طرف ؛ الٹے پاؤں ؛ پستی کی طرف ؛ تنزلی کی طرف ؛ غلط راہ ۔(۳) نارضامند ؛ بے دل ؛جھینپو۔ (٤) عقبی ؛ پشتی ؛ قہقرائی ۔

To look/turn the head backward : پیچھے کیطرف دیکھنا ۔

To ring the bell backward : ھوشیار کرنے کے لئے بھاری آواز والی گھنٹی سے شروع کرنا ۔

Backward action : (n) الٹا عمل ۔

Backward area (n) پس ماندہ علاقہ ؛ غیر ترقی یافتہ علاقہ ۔

Backward Association : (n) رجعی ایتلاف ۔

Backward classes : (n) پست طبقات ؛ (انتظامیہ) پس ماندہ طبقے ۔

Backward Commission : (n) (انتظامیہ) کمیشن برائے پس ماندہ طبقات ۔

Backward countries : (n) غیر ترقی یافتہ ممالک ۔

Backward feed : (n) (تجارت و معاشیات) الٹا لگانا ۔

Backward forward : آگے پیچھے ؛ ادھر اُدھر ۔

Backward nations : (n) پست اقوام ؛ غیرترقی یافتہ اقوام ۔

Backward reaction : (n) (طبیعیات) الٹا عمل ۔

Backward tribes : (n) غیر ترقی یافتہ قبائل ؛ (انتظامیہ) پس ماندہ قبائل ؛ (تاریخ) پس ماندہ قبیلے ۔

Backwardation : (n) پچھلا تاوان ؛ دیرتاوان ؛ حرجانہ التوا ؛ وہ فیصدی تاوان جو دوکاندار گاھکوں کواس وقت دیتے ھیں جب وہ مال روانہ کرنے میں دیر کریں ؛ تاوان تاخیر ؛ (تجارت و معاشیات) مندی بدلا ۔

Backwardly : (adv) پھسڈی پن کے ساتھ ؛ پیچھے کی طرف ؛ تنزل کی طرف ؛ تنزل سے ۔

Backwardness : (n) (۱) سستی ؛ پستی ؛ تنزلی ۔ (۲) بے دلی ؛ نارضامندی ۔ (۳) پھسڈی پن ؛ اکراہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) پس ماندگی ؛ پچھڑ پن ؛ (تاریخ) پس ماندہ طبقے ۔

Backwards : (adv) دیکھو Backward

Backwash : (n) (۱) پیچھے ھٹنے والی لھروں سے متاثر کرنا ۔ (۲) اون سے تیل الگ کرنا تمائی کے ذریعہ ۔ (۳) رو کو معکوس کرکے صاف کرنا ۔

Backwash effect : (n) پس رو اثر ۔

Backwater : (n) بند پانی ؛ بند کھاڑی ؛ ساکن پانی ؛ مرداب ؛ پس رو موج ؛ آب پس زدہ ۔

Backwoods : (n) ۔ گھناجنگل ؛ کچلی بن (جوصاف نہ ھوا ھو) ۔

Backwoodsman : (n) گھنے جنگلوں میں رھنے والا ۔

Backwort : (n) ایک جڑی ۔

Bacon : (n) [OF."bacon-"un"] نمک لگاکر خشک کیا ھوا سور کا گوشت ۔

To save one's bacon : جسمانی ضرب یا نقصان سے بچنا ۔

Baconer : (n) وہ سور جو اس قابل ھو کہ اس کا Bacon بنایا جا سکے ۔

Baconian : (a & n) [Lord Bacon+IAN] لارڈبیکن (Lord Bacon) کے تجرباتی اور استقرائی نظام فلسفہ سے متعلق یا اس کا حامی ؛ تجربی ؛ استقرائی ۔ (۲) اس نظریہ کا حامی کہ لارڈ بیکن نے شیکسپیئر کے ڈرامے لکھے ۔

Baconianism : (n) بیکن کا فلسفہ ۔

Bacony : (a) [BACON + -Y] سور کے گوشت کا سا، خاص کر چرب دار؛ چربی چڑھ جانے کی حالت جیسے گردہ یا جگر میں چربی کا چھا جانا ۔

Bacteria : (n) [See BACTERIUM] (حیوانیات و کیمیا) بیکٹیریا؛ جراثیم ۔

Bacteria beds : (n) جراثیمی تھیں ۔

Bacteria effect : (n) جراثیمی اثر ۔

Bacterial / Bacterian : (a) جراثیمی بیکٹیریائی ۔

Bacterial fermentation : (n) جراثیمی تخمیر ۔

Bacterial putrefaction : (n) (کیمیا) بیکٹیریائی سڑن ۔

Bacteric : (a) جراثیمی بیکٹیریائی ۔

Bactericidal : (a) جراثیم کش ؛ بیکٹیریا مار ۔

Bactericide : (n) (حیوانیات) بیکٹیریا کش ؛ (کیمیا)بیکٹیریامار (مرکب)۔

Bacteriological : (a) علم جراثیم کا ؛ اس سے متعلق ؛ (کیمیا) بیکٹیریائی ۔

Bacteriological warfare : (n) (تاریخ و سیاسیات) جراثیمی جنگ ۔

Bacteriologist : (n) جراثیمیات کا ماہر (کیمیا) ؛ ماہر بیکٹیریات ۔

Bacteriology : (n) علم جراثیم ؛ جراثیمیات ۔

Bacteriolysis : (n) (کیمیا) بیکٹیریات تجزیہ ؛ جراثیم پاشی ۔

Bacterioscopy : (n) جراثیم کی خورد بینی تحقیقات ؛ جراثیم بینی ۔

Bacteritic : (a) جراثیم پڑا ہوا ؛ جراثیم زدہ ۔

Bacterium : (n) [Gr."bacterion"] ایک خورد بینی خلوی سلاخ مانند بناتی ساخت (کیڑا) جو تمام سڑے ہوئے جانوروں اور سبزی کے سیال میں پایا جاتا ہے ؛ جرثومہ ۔

Bacteroid : (a) جراثیم جیسا یا ان سے متعلق ۔

Baculine : (a) [L."baculum"+ - INE] ڈنڈا یا ڈنڈے کی مار سے متعلق ۔

Baculite : (n) [prec.+-ite] متحجر سرپایہ کی ایک جنس جس کے خانہ دار مخروطی خول ہوتے ہیں ۔

Baculometry : (n) [prec. + Gr. "metria"] ڈنڈوں سے خطوط یا دوری کی پیمائش ۔

Bad : (a) [ME."badde",OF"baeddel"] (۱) باطل ؛ گھٹیا ؛ ناقص ؛ کم درجۃ کا ؛ نکما ؛ بیکار ؛ ناکارہ ؛ خراب ؛ برا ۔ (۲) تکلیف دہ ؛ ناگوار ؛ بد اخلاق ؛ بدکار ؛ شریر ؛ ضرر ؛ رساں ؛ خطرناک ۔ (۳) مریض ؛ بیمار؛ ضرر رسیدہ ؛ تباہ ؛ غلط اندراج (حساب میں) ۔ (۵) غلط ؛ ناجائز ؛ نا پسندیدہ ۔

In a bad sense : برے معنوں میں ۔

To go bad : گھٹنا ؛ تنزل کرنا ۔

To go to the bad : برباد ہونا (اخلاقی طور پر) ؛ فاسد ہونا ؛ خراب ہونا ۔

To the bad : گھاٹے میں ؛ خسارے میں ۔

With bad grace : بے دلی سے ؛ طوعاً و کرھاً ؛ تنگ چشمی سے ۔

Bad air : (n) ناقص ہوا ؛ گندی ہوا ۔

Bad aspects : (n) برے پہلو ۔

Bad behaviour : (n) (انتظامیہ) بدسلوکی ؛ برا برتاؤ ۔

Bad blood : (n) مخاصمانہ جذبات ۔

Bad book : (n) ناخوشی ؛ نا پسندی ۔

Bad boy : (n) اخلاقی یا فنی قدروں کی خلاف ورزی کرنیوالا ۔

Bad character : (n) (انتظامیہ) بد کردار ۔

Bad coin : (n) کھوٹا سکہ ۔

Bad conduct : (n) (انتظامیہ) بد اخلاق ؛ بد اطوار ۔

Bad conductor : (n) (طبیعیات) برا موصل ؛ برا چالك ؛ غیر موصل ۔

Bad debits: (n) ناقابل وصول قرضے ؛ ڈوبا ہوا قرض ؛ (تجارت و معاشیات) ڈوبی رقم ؛ لا وصول قرضہ جات ؛ ناقابل وصول قرضہ جات ۔

Bad debits account : (تجارت و معاشیات) پٹہ لاوصول کھاتا ؛ لاوصول قرضہ جات کھاتا ؛ غیر موصول قرضہ جات کھاتا ۔

Bad debits recovered account : (تجارت و معاشیات) پٹہ وصولی کھاتا ۔

Bad debits reserve account : (تجارت) پٹہ ریزرو کھاتا ۔

Bad egg : (n) ناکارہ ؛ متفنّی ؛ فتنہ پرداز ۔

Bad form : (n) بھونڈی طرح ؛ برا اسلوب ؛ بدنما شکل ۔

Bad hat : (n) =(bad egg) : ناکارہ ؛ متفنّی ؛ فتنہ پرداز ۔

Bad law : (n) مضرّت رساں یا نامنا سب قانون ۔

Bad order freight : (تجارت و معاشیات) خستہ حال مال ۔

Bad pre-eminence : (n) بد نامی ۔

Bad reputation : (n) بری شہرت ۔

Bad shot : (n) غلط نشانہ ؛ غلط قیاس ۔

Badderlock : (n) | "Balderlocks" | کھائی جانیوالی ایک سمندری گھاس ۔

Baddie / Baddy : (n) بدمعاش ۔

Baddish : (a) گھٹیا سا ؛ واھیات سا ؛ مھمل سا ؛ رذیل سا ۔

Badge : (n) [ME."bagge","bage"] (۱) نشان؛ بلاّ ؛ یاکسی رئیس کا امتیازی نشان ۔ (۲) علامت ؛ نشانہ ۔(۳) (جہاز سازی) چھوٹے جہاز وں کے دنبالے کے نزدیک کی زیبائش جس میں پالتو پٹکا/ کمربند لگا ھوتا ھے یا اسکا نقشہ ھوتا ھے ۔

Badge : (v) نشان دینا یا اس سے امتیاز کرنا ؛ امتیازی نشان لگانا ۔

Badge of fraud : دھوکا نشان ۔

Badgeless : (a) بغیر کسی نشان یا علامت کے ۔

Badgeman : (a) لائسنس دار فقیر یا بھکاری ۔

Badger : (n) خوانچے والا ؛ پھیری والا ۔

Badger : (n) (۱) مکھی کی شکل کا کانٹا جس سے مچھلی کا شکار کیا جاتا ھے ۔(۲) بجّو ۔ (۳) بجّو کے بالوں کی کوچی یا قلم (مصّوری کے لئے) ۔(٤) آسٹریلیا کا دودھ پلانیوالا ایک جانور جو بجّوؤں کے برابر ھوتا ھے ۔

Badger : (n) = (Badger dog) : بجوؤں کو انکی سرنگ سے نکالنے والا کتا ۔

Cape of Rock badger : اسرائیل کی بھیڑی ۔

Honey badger : افریقی بجّو ۔

Badger : (v) تکلیف دینا ؛ اذیت دینا ؛ ستانا ۔ ایسا دق کرنا جیسے بجّو کو کتے دق کرتے ھیں ۔

Badger baiting / Badger drawing : (n) ایک کھیل جس میں کتو ں کو بجّوؤں کو ان کی سرنگ سے نکالنے کے لئے چھوڑا جاتا ھے ۔

Badger dog : (n) بجّوؤں کو انکی سرنگ سے نکالنے والا کتا ۔

Badger fly : (n) مکھّی کی شکل کا وہ کانٹا جس سے مچھلی کا شکار کیاجاتا ھے ۔

Badger-legged : (a) بجّووں کیطرح نامساوی پیر رکھنے والا ۔

Badgering : (n) ایذا رسانی ؛ اذیت رسانی ۔

Badgerly : (a) بجّو مانند ؛ بھورے بالوں والا ۔

Badiaga : (n) [Russ.] کھیل میں مذاق کرنا ۔

Badian : (n) [Per."badyan"] سونف ؛ بادیان ۔

Badigeon : (n) [Fr."badigeon"] پلاسٹر اور ریتیلے پتھر کا ایک مرکب جسے معماری کے کام میں لایا جاتا ھے یا لکڑی کے برادے اور گوند

طور سے باقاعدہ کرنے کے لئے استعمال
کی جاتی ھے ؛ روک تختی ؛ بہاؤ توڑ تختی -

Bafflement : (n) عاجز کرنے ، روکنے یا توڑ کرنے
کا عمل -

Baffleness : (n) عاجزیت : ذلت ؛ رسوائی -

Baffler : (n) (۱) چکر دینے والا ؛ روکنے والا ؛ عاجز
کرنیوالا ؛ بنا دینے والا - (۲) ایک پرزہ جو
اسٹوو یا بھٹی کے اندر یا باھر گرم ھوا
جانے کو روکتا ھے یا با قاعدہ کرتا ھے -

Baffling : (a) رسوا کرنیوالا ؛ عاجز کرنیوالا ؛
غبن کرنیوالا -

Bafflingly : (adv) عاجز کرتے ھوئے ؛ توڑ کرتے ھوئے -

Baffy : (a) (گولف) گولف کا ڈنڈا ؛ چوگان -

Baffy spoon : (n) چوگان (گولف) ؛ گولف کا ڈنڈا -

Baft: (n) [Pers."baft"] بافت ؛ادنیٰ درجہ کا سستا اور
موٹا سوتی کپڑا جو انگلستان سے
افریقہ بھیجا جاتا ھے -

Baft : (adv) (OE."beaeftan"] پیچھے ؛ پیچھے کو -

Bag : (n) [ON."baggi"] (۱) تھیلا ؛ بورا ؛ خریطہ ؛
کیسہ ؛ توبڑا - (۲) آنکھ کا حلقہ -
(۳) گائے کا تھن - (۴) زھر یا شھد کی
تھیلی جو کیڑوں یا مکھیوں کے جسم
میں ھوتی ھے - (۵) بٹوا - (٦) مقدار کا
پیمانہ - (۷) ڈاک کا تھیلا ؛ ڈاک - (۸) شکار
کا تھیلا - (۹) (کوئلہ کان کنی) پانی یا
گیس سے بھرا جوف - (۱۰) (مجازاً) ڈھیلا
پتلون (جمع میں) -

Game-bag : فتراک ؛ شکار کا تھیلا -

Mail bag : ڈاک کا تھیلا -

To give (one) the bag to hold : کسی کر کام میں
پھنسا کر بھاگ جانا ؛ وقت پر ساتھ
چھوڑ دینا -

کا مرکب جسے بڑھئی اپنے کاموں کے
نقائص کو چھپانے اور مسطح کرنے کے
لئے استعمال کرتے ھیں -

Badinage : (n) [F."badiner"] ھلکا مذاق ؛ ظریفانہ دل لگی ؛
شوخی ؛ چھیڑ -

Badinage : (v) ھلکا مذاق کرنا ؛ ظریفانہ دل لگی کرنا -

Badly : (adv) [Bad +-ly] (۱) بری طرح سے ؛ غلط طور پر ؛
اناڑی پن سے ؛ ناقص طور پر ؛
بد اخلاقی سے - (۲) شرارت سے ؛
ظالمانہ طریقہ سے ؛ خطرناک طور پر -

Badmash / bud- : (n) [Per.] بدمعاش ؛ شریر -

Badminton : (n) [The Duke of Beaufort 's country seat]
(۱) ٹھنڈائی (جو کلارٹ شراب ، سوڈا
اور شکر سے تیار ھوتی ھے) ؛ ایک قسم
کی لال شراب - (۲) بیڈ منٹن ؛ ایک قسم

Badness : (n) (۱) کھوٹا پن - (۲) برائی ؛ بری حالت -
(۳) بد معاشی - (٤) نقص ؛ عدم صحت ؛
(دلیل وغیرہ کی) - (٥) مضرت -
(٦) ناتوانی ؛ بطلان -

Baeyer 's tension theory : بیار کا تناؤ نظریہ -

Baff : (n) [OF."baffe"] ضرب ؛ چوٹ -

Baff : (v) [Du."baffen"] (۱) بھونکنا - (۲) مارنا ؛ چوٹ
پہنچانا ؛ ضرب لگانا -

Baffle : (v) (۱) چکرا دینا ؛ روکنا ؛ توڑ کرنا ؛ ھرانا ؛
مات کرنا ؛ عاجز کرنا ؛ نا کام بنانا -
(۲) سعی بے نتیجہ کرنا ؛ بے نتیجہ
جدوجہد کرنا -

Baffle : (n) ناکامی کی حالت -

Baffled : (a) ذلت اٹھایا ھوا ؛ ناکام بنایا ھوا -

Baffle-plate : (n) وہ پلیٹ (پتر) جو کسی شئے کے بہاؤ
کو منحرف کرنے ، روکنے یا کسی دوسرے

To let the cat out of the bag : راز فاش کردینا ۔

Bag : (v) (۱) پھولنا ؛ پھول جانا۔(۲) بھٹك جانا (بحری اصطلاح) ۔ (۳) لٹکنا ۔ (٤) تھیلے میں رکھنا ۔ (٥) قبضے میں کرنا ؛ ھتھیا لینا ؛ چرا لینا ؛ شکار کر نا ؛ کانٹے سے تھیلا کھولنا ۔ (٦) شکار کو فتراك میں رکھنا ۔ (۷) درانتی سے غله کاٹنا ۔

Bag and baggage : انگڑ کھنگڑ کے ساتھ ؛ جمله سامان کے ساتھ ؛ اپنے رخت وبار کے ساتھ ؛ بوریا بستر کے ساتھ ؛ رخت و تخت ؛ بارونبه ۔

Bag fox : (n) (۱) وہ لومڑی جو زندہ تھیلے میں بند کر کے شکاری کتّوں کے سامنے چھوڑ دی جائے ۔ (۲) (مجازاً) کشاں کشاں لایا ھوا ؛ زبردستی لایا ھوا ؛ پکڑا دھکڑا ۔

Bag muff : (n) کیسه دار؛ دست پوش ۔

Bag of bones : پوست واستخوان ؛ پتلا دبلا آدمی ؛ بہت لاغر آدمی ۔

Bag of tricks : ساری ترکیبیں یا سرمایه ۔

Bag-reef : (n) (جہازرانی) چوتھا یا نچلا بادبانچه ۔

Bag-rod : (n) مچھلی پھنسانیوالی ٹوٹ کی لگی جو کسی ڈبه وغیرہ میں رکھی جائے ۔

Bag sleeve : (n) ڈھیلی ڈھالی آستین جو کلائی پر تنگ ھو۔

Baguette : (n) [L."balculum"] کسی تعمیری کام میں کسی حصه کو نصف دائروی شکل میں ڈھالنا مثل ستونی گولے کے ۔

Bag-wig : (n) نقلی/ مصنوعی بالوں کا پچھلا حصه جو تھیلی میں رھتا ھے ۔

Bagasse : (n) [Sp."bagazo"] کھوئی ؛ گنے وغیرہ کا کھوجڑ جو شکر بنانے میں بچ رھے ؛ تفاله ۔

Bagasse burner : (n) کھوجڑ جلانے والا بھٹه ۔

Bagatelle : (n) [It."bagatella"] (۱) ایسی کسر جو نظر انداز کی جا سکے ۔ (۲) حقیر رقم ؛ حقیر چیز ۔ (۳) ھلکا راگ ۔ (٤) بلیرڈ کی طرح کا ایك کھیل ۔

Bagful : (a) بھر تھیلا ؛ تھیلا بھر ۔

Baggage : (n) [OF."bagage"] (۱) سامان ؛ چیز بست ؛ انگڑ کھنگڑ ؛ ڈیرا خیمه ؛ لاؤ لشکر ۔ (۲) فوج کا سامان ۔ (۳) پھوھڑ عورت ۔ (٤) چنچل یا شوخ لڑکی ۔ (٥) فرسودہ خیالات ، نظرئے اور طرز عمل ۔

Baggage check : (n) (امریکه میں) سامان کا ٹکٹ ۔

Baggage man / Baggage master : (n) سازو سامان کا نگراں ۔

Baggage policy : (n) (تجارت) سامان بیمه ؛ سامان پالیسی ۔

Baggage room : (n) سامان رکھنے کا کمرہ ۔

Baggage smasher : (n) قلی ؛ حمال ؛ باربر ۔

Baggaged : (a) بھرا ھوا ۔

Baggager : (n) باربر ؛ حمال ؛ قلی ؛ سامان کا نگراں ۔

Bagged : (a) (۱) تھیلے میں ؛ غلاف پوش ۔ (۲) ڈھیلے پاجامه یا پتلون والا ۔ (۳) کیسه دار۔

Baggily : (adv) [BAGGY + - LY] ڈھیلے ڈھالے طور پر ۔

Bagginess : (n) ڈھیلا پن ؛ پھولا ھونا ۔

Bagging : (n) موٹا کپڑا جس سے تھیلے بنتے ھیں ۔

Bagging : (n) اسباب ۔

Baggit : (n) ایك سالمن مچھلی جس نے فوراً انڈا دیا ھو ۔

Baggy : (a) پھولا ھوا ؛ ڈھیلا ڈھالا ۔

Bagman : (n) (۱) تجارتی نمائندہ جو نمونہ دکھا کر اپنے اصلی مالک کے لئے فرمائش حاصل کرتا ہے ۔ (۲) وہ شخص جو کسی دوسرے کے لئے ناجائزطور پر روپیا تحصیل کرتا ہے یا بانٹتا ہے ۔ (۳) تھیلا بردار۔ (٤) زبردستی آیا ہوا ؛ پکڑا دھکڑا ۔

Bagne/Bagnio : (n) [L."balneum"] (۱) حمام ۔ (۲) چکلہ ۔ (۳) زندان مشرقی ؛ مشرقی قید خانہ غلاموں کیلئے ۔

Bagpipe : (n) (۱) مشکی باجہ ۔ (۲) لمبی تقریر کرنیوالا ۔ فضول گو ؛ لفاظ مقرر ۔

Bagpipe : (v) (جہازرانی) سر مستولی جہاز کے سب سے پچھلے بادبان کو پیٹھ کے بل رکھنا ۔

Bagpiper: (n) مشکی باجہ بجانیوالا ۔

Bah : (int.) [mod. F. "bah"] تحقیری فجائیہ ۔

Bahar / Barr (e) : [Arab.] ہندوستان اور چین میں استعمال کیا جانیوالا اوزان کا پیمانہ جو ۲۲۳ سے لیکر ۶۲۵ پونڈ کا ہوتا ہے ۔

Bahur / Bachur : (n) [Arab.] کنوارا ؛ نوجوان ۔

Bahut : (n) [F."bahutte"] نقل اتارنے کا ایك لباس ۔

Baignoire : (n) [Fr.] ناٹك میں درجہ خاص کی نشستیں جو اول درجہ کی سطح پر ہوں ۔

Bail : (n) [OF."bail"] کفالت ؛ ضمانت ؛ ضامن ۔

Admitted to bail : جس کی ضمانت منظور ہوگئی ہو ۔

To forfeit one 's bail : زر ضمانت ضبط کر لینا ۔

To give leg bail : چمپت ہوجانا ؛ رفو چکر ہوجانا ؛ فرار ہونا ؛ بھاگ کر آنا ۔

To let to bail : ضمانت پر رہا کیا ہوا ؛ چھوٹاھوا ۔

Bail : (n) [ME."beyl"] (۱) آہنی حلقہ ۔ (۲) ادھا کڑا ، جس کےسہارے گاڑ ی کا پٹ لگایا جاتاھے۔ (۳) کتلی کا دستہ ۔ (٤) لکڑی کا کگر جس میں گائے کا سر ڈال کر دودھ دوھتے ہیں ؛ پھانسا ۔ (۵) وہ کڑا جو کشتی کے جھکاؤ کیلئے سہارا دینے کے کام آتا ہے ۔

Bail / Bayle : (n) [OF."bail","baille"] (۱) قلعہ کے صحن کی دیوار یا صحن ۔ (۲) فوجی استحکامات کی آخری حد جہاں لکڑی کی باڑھ رہتی ہے۔ (۳) وہ بلّی جو کھلے اصطبل میں گھوڑوں کو علاحدہ رکھنےکے لئے لگائی جاتی ہے ۔

Bail : (n) شہتیر؛ (کرکٹ) لکڑی کی وہ گلّیاں جو کرکٹ کے اسٹمپ (چھڑوں) پر رکھی جاتی ہیں ۔

Bail : (v) [L."bajulare"] (۱) ضمانت پررھا کرنا ؛ مچلکہ لینا ؛ تحویل شدہ سامان داخل کرنا ؛ (۲) کسی کی ضمانت قبول کرنا ؛ ضمانت پر رھا کرنا یا کرانا ۔

Bail : (v) [OF."baile", "baille"] (۱) دودھ دوھتے وقت گائے کے سر کو پھانسے میں ڈالنا ؛ لوٹنے سے پہلے نہتا کرنا ؛ ہتھیار پھینك دینا ۔

Bail : (v) (۱) ڈول سے کشتی کے اندر کا پانی باہر پھینکنا ۔ (۲) ہوائی چھتری کے ذریعہ ہوائی جہاز سے زمین پر اترنا ۔ (۳) کسی مشکل مرحلہ سے نکلنا ۔

Bail bond : (n) ضمانت نامہ ؛ حاضر ضامنی ۔

Bail piece : (n) ضمانت نا مہ ۔

Bailable : (a) قابل ضمانت ۔

Bailage : (n) اسباب حوالے کرنے کا محصول ۔

Bailed : (a) ضمانت پر رھا شدہ ۔

Bailee : (n) وہ شخص جس کی تحویل میں کسی خاص غرض سے سامان رکھا جائے ؛ ضامن ؛ امین ؛ (تجارت) تحویل الیہ ۔

Bailer : (n) گڈھے وغیرہ سے پانی نکالنے اور پھینکنے والی مشین ۔

Bailer : (n) (کرکٹ) وہ گیند جو گلّیوں پر لگے ۔

Bailey : (n) [med. L. "balium","ballium"] قلعے کا اندرونی

صحن یا قلعے کی بیرونی دیوار ؛ قلعے کی بیرونی فصیل ۔

The old Bailey : لندن کی قدیم عدالت فوجداری ۔

Bailie : (n) [OF."baillis","bailli"] (اسکاٹ لینڈ) منصف بلدیہ ۔

Bailiery /-ary : منصف بلدیہ کا دائرہ اختیار ۔

Bailieship : (n) منصف بلدیہ کا عہدہ ۔

Bailiff : (n) [L. "baijulivus"] (۱) سرکاری افسر ؛ میئر ؛ قرق امین وغیرہ ؛ اہل کار ضبطی ؛ بیلف ؛ شریف ۔ (۲) تعلق داروں یا زمین داروں کا کارندہ ۔ (۳) وہ افسر جو عدالت میں حاضر رہنے والوں کو ان کی جگہوں پر بٹھاتا ہے اور نظم و ضبط برقرار رکھتا ہے اور جج کے آنے کا اعلان کر تا ہے ۔

Bailiffship : میئر ؛ قرق امین ؛ کارندہ وغیرہ کا عہدہ ۔

Bailival : بیلف (Bailiff) یا اس سے متعلق یا اس کے عہدہ سے متعلق ۔

Bailiwick / Bailiage : (n) قرق امین کے کارندے کا حلقہ ۔

Bailment : (n) [OF."baillement"] (۱) ملزم /قیدی کی ضمانت ۔ (۲) ادخال ضمانت ؛ تحویل شدہ چیزوں کی واپسی ؛ (کامرس) تحویل اشیاء ۔

Bailo (occa. Baile) : (n) [L."Bajulus"] باب عالی (ترکی حکومت) ؛ وینسی حکومت کا نائب ۔

Bailor : (n) (قانون) امانت رکھانیوالا ؛ تحویل کنندہ ؛ امانت گزار ۔

Bailsman : (n) ضامن ؛ ضمانت دینے والا ؛ ضمانت ۔

Bain-marie : (n) [Fr.] گرم پانی کا برتن جس میں کھانا گرم کرنے کے لئے دوسرا برتن رکھا جاتا ہے ؛ گرماوا ۔

Bairam : (n) [Turk. and Pers.] عیدیں ۔

Greater Bairam : عیدالاضحی ۔

Lesser Bairam : عیدالفطر ۔

Baim : (n) [OE."beam"] چھوٹا بچہ ۔

Baim-team / Baim-time : آل اولاد ؛ عیال ۔

Baimie : (n) ننھا بچہ ۔

Baimish : (a) بچگانہ ۔

Baimishness / Baimliness : (n) بچگانہ پن ۔

Baimly : (adv) بچگانہ ؛ مثل بچہ ؛ بچوں کیطرح ۔

Bait : (v) [ON."beita"] کٹوانا یا کٹنے کی ترغیب دینا ؛ زنجیر میں بندھے ہوئے جانور پر کتّے چھوڑنا۔ (۲) (کسی مجبورشخص پر) طعنہ زنی کرنا ۔ (۳) گھوڑے کو چارا دینا یا گھوڑے کا چارا کھانا (سفر میں) ۔ (٤) پھسلانا ؛ ترغیب دینا ؛ دانہ ڈالنا ؛ چارا لگانا (کانٹے وغیرہ میں جانوروں کو پکڑنے کے لئے) ۔ (۵) مسافر کا کسی سرائے میں آرام ، طعام یا تازہ دم ہونے کے لئے ٹھہر جانا ؛ عارضی طور پر ٹھہرنا ۔

Bait : (v) (باز بازی) پر پھڑ پھڑا کر اڑجانا (ہاتھ یا اڈے سے) ۔

Bait : (n) [ON. "beit"] (۱) چارا ؛ دانہ ، جو شکار کے لئے ڈالا جاتا ہے ؛ طعمہ ۔ (۲) وہ چیز جس سے ترغیب دلائی جائے ؛ ذریعہ تحریص ۔ (۳) قیام (دوران سفرمیں) ؛ سستانا ؛ دم لینا ۔ (٤) گھوڑے کا چارا اور مسافروں کا ناشتہ دوران سفر میں ۔ (۵) دوسرے جانوروں کو تنگ کرنے کے لئے کتّا چھوڑنا ۔

Baited : (a) چارا دیا ہوا ؛ بندھے ہوئے جانور پر کتّا چھوڑا ہوا ۔

Baiter : (n) چارا دینے والا ؛ کتّے چھوڑنیوالا ۔

Baiting : (n) چارا ڈالنا ؛ کتا چھوڑنا ؛ طعمہ ؛ طعمہ لگانا

Baiza : (n) [Hindi."paisa"] مسقط کا ایک تانبے کا سکہ ۔

Baize : (n) [F."baies"] (۱) پٹّو یا بانات کی قسم کا کپڑا ۔ (۲) پٹّو یا بانات کا بنا ہوا پردہ ؛ میز پوش ۔

Baize : (v) پٹو یا بانات سے ڈھک دینا یا اس کا استر لگانا ۔

Bajocco : (Pl.- cchi) : (n) [It."bajo"] ایک چھوٹا اطالوی تانبے کا سکّہ جومتروک ہو چکا ہے ۔

Bake : (v) [OE."bacan"] (۱) سخت کرنا ؛ آگ پر سکھانا ؛ تنور میں پکانا ؛ توے پر یا کڑھائی میں بھوننا ۔ (۲) چمڑے کا کمانا ؛ پک جانا ؛ بھن جانا ۔ (۳) کمایا جانا (چمڑے کا) ۔

Bake : (n) اسکاٹ لینڈ کا ایک بسکٹ ۔

Bake house : (n) تنور خانہ ؛ بھٹی ۔

Bake-off : (n) طباخوں کا مقابلہ ؛ باورچیوں کا مقابلہ ۔

Bakebord : (n) بیلنے کا تختہ ۔

Baked : (a) پختہ ؛ پختہ شدہ ۔

Half baked : نا تجربہ کار ؛ خام ؛ نیم بریاں ۔

Bakelite : (n) گوند اور پلاسٹک سے بنی ہوئی چیزوں کا تجارتی نشان ۔

Baker : (n) [OE."baecere"] (۱) نانبائی ؛ خبّاز ۔ (۲) ٹین کا ایک چھوٹا دستی تنور ۔ (۳) مصنوعی سالن مکھی (سالن مچھلی پکڑنے کیلئے) ۔

Baker-feet : (n) نانبائی کو ہونیوالی بد ہیئتی ۔

Baker-legs : (n) نانبائی کی ایک بیماری ۔

Baker-legged : وہ شخص جسکی ٹانگیں چلتے وقت آپس میں رگڑ کھاتی ہوں ۔

Baker knee/-knees : (n) دیکھو Baker-legs

Baker-kneed : (a) دیکھو Baker legged

Bakerdom : (n) خبازی ۔

Baker 's dozen : (n) تیرہ (۱۳) ۔

Baker 's salt : (n) خمیرے کے بدلے استعمال کیا جانیوالا تجارتی امونیا کاربونیٹ ۔

Bakership : (n) نانبائی گری ۔

Bakery : (n) خباز خانہ ؛ دکانِ نانبائی ؛ خباز پیشگی ۔

Bakery instructor : (n) (انتظامیہ) بیکری انسٹرکٹر ۔

Bakestone : (n) (۱) وہ چوڑا پتھر جسے تنور میں استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) لوہے یا پتھر کا توا جس پر کوئی چیز پکائی جائے ۔

Baking : (n) پخت ؛ پکانا ؛ ایک خاص مدت میں پکائی ہوئی چیزیں ۔

Baking powder : (n) خمیر اٹھانے کا سفوف ؛ (کیمیا) بیکنگ پاؤڈر ۔

Baking soda : (n) (کیمیا) کھانے کا سوڈا ؛ بیکنگ سوڈا ۔

Bakhsheesh / Bakhshish : (n) [Pers.] بخشش ؛ انعام ۔

Bal : (n) [Cornish"bal"] کان ۔

Balaam : (n) (۱) بلعم (معاصر حضرت موسیٰ) ۔ (۲) (صحافت میں) وہ رد کیا ہوا مواد جو اخبارات کی خالی جگہوں کے لئے محفوظ رکھا جاتا ہے ۔

Balaam: (v) رد کئے ہوئے مواد کو اخبارکی خالی جگہوں کیلئے محفوظ رکھنا ۔

Balaam box (or basket) : (n) وہ ٹوکری جس میں رد کئے ہوئے مواد رکھے جائیں ۔

Balaamite : (n) وہ شخص جو اپنے فائدہ کیلئے کسی مذہب کی پیروی کرے ۔

Balaamitical : (a) ذاتی فائدہ کیلئے کسی مذہب کی پیروی سے متعلق ۔

Balabosta / Balebosta : (n) [Yiddish.] گھر کی یہودی مالکہ ۔

Balachong : (n) [Malay.] ایک قسم کا اچار ۔

Balaclava : (n) [site of Crimean battle.] (روس کا ایک شہر جہاں جنگ کریمیا واقع ہوئی تھی)

بلا کلاوا -

Balaclava helmet : اونی ٹوپی سر اور کاندھوں کیلئے جو خاصکر جنگ کے وقت فوجی استعمال کر تے ھیں ؛ خود -

Baladine : (n) [OF."balade"] پیشہ ور ؛ پیشہ ور رقاصہ -

Balalaika : (n) [Russ.] گٹار کیطرح کا ایک ساز جو روس میں استعمال کیا جاتا ھے -

Balance : (n) [late L."bilancia"] (۱) ترازو؛ کانٹا ؛ توازن ؛ میزان - (۲) پاسنگ - (۳) بال کمان - (٤) باقی ؛ فاضلات ؛ بچت - (٥) قسمت کا الٹ پھیر - (٦) غالب وزن یا قوت ؛ آخری نتیجہ - (۷) (ھیئت) میزان ؛ برج ھفتم - (۸) موازنہ (افعال و آراء کا) ؛ فیصلہ کن قوت - (۹) (فنون لطیفہ) تناسب - (۱۰) سوقیانہ ؛ کسی چیز کا بقیہ حصہ - (۱۱) جھاز کے بادبان سے متعلق ایک اصطلاح - (۱۲) قوت فیصلہ - (۱۳) دماغی توازن ؛ جسمانی توازن - (۱٤) آمد و خرچ کا توازن ؛ (طبیعیات) توازن (equilibrium) ؛ فاضل ؛ باقی (Remainder) ؛ ترازو (scale) -

- **Ampere balance :** (طبیعیات) امپیئر ترازو -
- **Chemical balance :** (طبیعیات) کیمیائی ترازو -
- **Closing balance :** (تجارت) اختتامی باقی -
- **Hydrostatic balance :** (طبیعیات) آبی سکونی توازن -
- **Opening balance :** (تجارت) افتتاحی بقایا -
- **Physical balance :** (طبیعیات) طبیعی ترازو -
- **Sensitive balance :** (طبیعیات) حساس ترازو -
- **Spring balance :** (طبیعیات) اسپرنگ ترازو -
- **Stable balance :** (طبیعیات) قائم ترازو -
- **To loose balance :** توازن کھو دینا ؛ گھبرا جانا -
- **To strike a balance :** جمع خرچ کا میزان لگانا -
- **Torsion balance :** (طبیعیات) مروڑ ترازو ؛ اینٹھن ترازو -

Balance : (v) [F."balancer"] (۱) موازنہ کرنا ؛ توازن قائم کرنا یا رکھنا ؛ تولنا ؛ وزن کرنا - (۲) چیزوں کا مقابلہ کرنا یا ان کا جوڑ ملانا - (۳) تلافی کرنا ؛ وزن برابر کرنا ؛ ادھر ادھر ھلنا - (٤) شش و پنج میں ھونا - (٥) (حسابات میں) واصل باقی ؛ روشن باقی بنانا ؛ چٹھا بنانا ؛ میزانیہ ترتیب دینا ؛ خسارہ ادا کرکے حساب برابر کرنا - (٦) (رقاصی) اپنے ساتھی کی مقابل سمت میں حرکت کرنا - (۷) قرض ادا کرکے حساب صاف کرنا - (۸) بادبانچہ سے کشتی کا توازن قائم رکھنا -

Balance beam : (n) ساق میزان ؛ ترازو کی ڈنڈی ؛ جسمانی ورزش میں توازن کے کارنامے دکھانے کے لئے استعمال ھونیوالی پٹریاں -

Balance bob : (n) ایک بھاری بیرم جس کا ایک سرا بھرنت رھتا ھے اور دوسرا پمپ کی سلاخ سے جٹا رھتا ھے -

Balance due : (n) زر واجب الادا ؛ خسارہ -

Balance fish : (n) ایک قسم کی مچھلی -

Balance in hand : بقایا (وہ رقم جو پاس میں بچی ھوئی ھو) -

Balance knife : (n) کھانے کی میز کی ایسی چھری جس کا دستہ چھری کے پھل کو میز پوش کو چھونے سے روکتا ھے -

Balance master : (n) کسرت باز؛ کسرت دکھانیوالا -

Balance mistress : (n) کسرت دکھانیوالی -

Balance of indebtedness : فریقین کے درمیان ایک دوسرے پر قرض کی رقم کا فرق -

Balance of international indebtedness : (تجارت و معاشیات) بین الاقوامی قرض داری بقایا ؛ بین الاقوامی قرض بقایا -

Balance of payment : (تاریخ و سیاسیات) فاضلات ؛

(تجارت و معاشیات) توازن ادائیگی -

Favourable balance of payments : (تجارت و معاشیات) موافق توازن ادائیگی -

Unfavourable balance of payments : (تجارت و معاشیات) ناموافق توازن ادائیگی -

Balance of power : توازن قوت ؛ (تاریخ و سیاسیات) توازن طاقت -

Balance of trade : (تجارت و معاشیات) درآمد برآمد کا فرق ؛ (تاریخ و سیاسیات) توازن تجارت -

Balance reef : (n) بادبانچہ کا اس طرح استعمال کہ وہ جہاز کو طوفانی موسم میں متوازن رکھے -

Balance sheet : (n) چٹھا ؛ واصل باقی ؛ میزانیہ ؛ ترازونامہ ؛ املاك دین کا میزانیہ ؛ (تجارت و معاشیات) واصل باقی ؛ چٹھا ؛ پکا چٹھا -

Consolidated balance sheet : (تجارت و معاشیات) جامع واصل باقی ؛ مجموعی چٹھا -

Balance sheet audit : (تجارت) واصل باقی آڈٹ -

Balance step : (n) ایك قسم کی قواعد جو فوج میں سکھائی جاتی ھے -

Balance to the credit : (تجارت) جمع باقی ؛ کریڈٹ بقایا -

Balance yard : (n) دیکھو Balance beam

Balanceable : قابل توازن ، قابل موازنہ -

Balanced : (a) متوازن -

Balanced action : (n) متوازن عمل -

Balanced confounded design : (شماریات) متوازن گتھا ھوا ڈیزائن -

Balanced confounding : (n) (شماریات) متوازن گتھن -

Balanced diet : (n) (کیمیا) متوازن غذا -

Balanced difference : (شماریات) دو تغیری ثنائی بناؤ ؛ متوازن فرق -

Balanced incomplete bloc : (شماریات) متوازن نامکمل بلاك -

Balanced lattice square : (شماریات) متوازن مربع جالی -

Balanced population : (n) (سماجیات) متوازن آبادی -

Balanced reaction : (n) متوازن تعامل -

Balanced sample : (n) (شماریات) متوازن نمونہ -

Balancer : (n) (۱) جسمانی کرتب دکھانیوالا ؛ (۲) قوت کا توازن قائم رکھنے والا - (۳) پاسنگ ؛ توازن کو قائم رکھنے والا ؛ توازن گر -

Balancing : (n) (کامرس) باقی نکالنا -

Balancing capacitance : (n) (طبیعیات) توازنی کنڈنسر ؛ توازنی صلاحیت -

Balandra : [Sp.] ساحل کے کنارے کنارے چلنے والا جہاز -

Balanid : (n) ["balanus" n"-us+ - id] صدف ماھی کے خاندان کا ایك فرد -

Balaniferous : (a) [L."balan-us+ -ferous"] وہ درخت جسکا پھل شاہ بلوط کے پھل جیسا ھو -

Balanite : (n) [Gr."balanites"] متحجر صدف ماھی -

Balanoglossus : (n) [L.] بھٹ بنا کر رھنے والے کیڑا نما سمندری جانوروں کی ایك نوع -

Balanoid : (a & n) [Gr."balanoides"] (۱) بلوط کے پھل کی شکل کا - (۲) صدف ماھی -

Balas : (n) [OF."balais","balai"] لعل یاقوت کی ایك قسم ؛ لعل بدخشاں -

Balausta : (n) [mod. L.] انار کا پھل -

Balaustine : (n) [Gr."balaustion"] جنگلی انار کا پھول جو سکھا کر قابض دوا کے طور پر

استعمال ہوتا ھے ۔

Balbutient : (a) [L. "balbutient-um"] ھکلانے والا ۔

Balbuties : (n) [mod. L. "balbutire"] ھکلاھٹ ؛ تتلاھٹ ۔

Balconette : (n) [F."Balcon-y+-ette"] چھوٹا بالا خانہ ۔

Balconied : (a) بالا خانہ دار ؛ شہ نشیں دار ۔

Balconied turret : (n) (تاریخ) چھجادار برج ۔

Balcony : (n) [It."balcone"] (۱) بالکونی ؛ شہ نشیں ؛ بالا خانہ کا برآمدہ ؛ مہتابی ۔ (۲) (ناٹك) نشستوں کی وہ قطار جو شہ نشینو ں پر ھو ۔

Bald : (a) [ME."balled"] (۱) بے شجر؛ بے برگ ؛ لنڈورا ؛ بے پر ۔ (۲) گنجا۔ (۳) وہ گھوڑا جس کے جسم (بالخصوص چہرے) پر سفید داغ ھو ں ۔ (٤) کھلی ھوئی (بری صفات وغیرہ) ۔ (٥) (اسلوب بیان سے متعلق) روکھا پھیکا ؛ سست ؛ یکساں ؛ ایك ھی سا ؛ تنوع سے خالی ۔

Bald-coot : (n) ایك قسم کی پن ڈبّی ۔

Bald-faced : (a) جس کے چہرے یا ناك پر سفید داغ ھو ۔

Bald-head : (n) گنجا ؛ گنجے سر والا ؛ کبوتر کی ایك نوع ۔

Bald-pate : (a & n) جس کی چندیا گنجی ھو ؛ ایك قسم کی چڑیا ۔

Baldachin /-quin : (n) [Sp."baldaquin"] (۱) (قدیم معنی) کم خواب ۔ (۲) (جدید معنی) چھوٹا مکلف شامیانہ یا نمگیرہ ؛ آسمانہ ؛ قبہ ۔

Balden : (v) گنجا ھونا یا کرنا ؛ دیکھو Bald

Balder / -ur : (n) [ON. "Bald"] ایك اسکینڈی نیویائی دیوتا ۔

Balderdash : (n) [Etymology unknown] سوقیانہ گفتگو ؛ بکواس ؛ فحش کلامی ؛ سخن بے معنی ؛ مہمل گفتگو ۔

Baldly : (adv) کھلم کھلا ؛ صاف صاف ۔

Baldmoney : (n) [ME."baldemoine"] ایك قسم کا زرد چتر دار پھول ؛ چتر پھول ۔

Baldness : (n) گنجاپن ؛ لنڈوراپن ؛ روکھاپن ؛ سادگی ؛ بے لطافتی ۔

Baldnosed : (a) جس کے چہرے یا ناك پر سفید داغ ھو ۔

Baldrib : (n) لاغر آدمی ؛ سور کا گوشت ۔

Baldric : (n) [L."balteus"] (۱) پرتلا ؛ پٹا ؛ شمشیر بند ؛ حمایل ۔ (۲) (مجازاً) منطقة البروج ؛ راس چکر ۔

Baldricwise : (adv) پرتلے کیطرح سے ؛ پٹے کیطرح سے ۔

Bale : (n) [OE."balu", "bealu"] مصیبت ؛ مضرت ؛ تکلیف ؛ بد نصیبی ؛ حزن ؛ تباھی ؛ بزائی ؛ محنت ؛ رنج ؛ بلا ۔

Bale : (n) [ME."bale", OF."bale", "balle"] (۱) لوھے یا رسی سے کسی ھوئی گانٹھ ؛ گٹھا ۔ (۲) بدلتی ھوئی مقدار کا ایك پیمانہ ۔

Bale : (v) گانٹھ میں باندھنا ۔

Bale-fire : (n) (۱) خطر الاؤ؛ خبر الاؤ ؛ (وہ آگ جوخطرہ وغیرہ کی اطلاع کے لئے روشن کیجائے) ؛ آتش علامت ۔ (۲) کھلی آگ ؛ کھلی ھوا میں بڑی آگ ۔ (۳) چتا۔ (٤) وہ آگ جو خوشی کے موقع پر جلا ئی جائے ؛ آتش بازی ۔

Bale-goods : (n) گانٹھ میں بندھا ھوا سامان تجارت ۔

Baleen : (a & n) [L. "balaena"] وھیل مچھلی کی ھڈی ؛ وھیل مچھلی کی ھڈی کا ۔

Baleful : (a) [OE."bealu-full"] مصیبت انگیز ؛ غمناك ؛ تباہ کن ؛ مضرت رساں ۔

Balefully : (adv) مخربانہ ؛ تباھی کے ساتھ ؛ مغمومانہ ؛ ظالمانہ ۔

Balefulness : (n) مصیبت انگیزی ؛ غمناکی ؛ تباھی ؛ مضرت رسا نی ۔

Baling press : (n) گانٹھ داب ۔

Balistraria : (n) [L."ballistrarius"] (۱) کسی قلعه کا وہ صلیب نما چوڑا سوراخ جس کے ذریعہ کل دار کمان سےتیر چھوڑا جاتا تھا۔
(۲) وہ کمرہ جس میں کل دار کمان رکھی جاتی تھی۔

Balize : (n) [F."balise"] وہ کھمبا جس کے اوپر اسطوانہ نما چیزلگی ہوتی ہے اور جو سمندر میں رہنما کے طور پر لگی رہتی ہے۔

Balk / Baulk : (n) [OE."balca"] (۱) رستے کا روڑا ؛ روك ؛ مینڈھ۔ (۲) موانع۔ (۳) بھدا شہتیر؛ دھنّی ؛ کڑی ؛ چھت کا آڑا شہتیر ؛ ماھی جال کا ڈنڈا۔ (٤) بلیرڈ کی میز کا ممنوع حصه۔ (٥)کھیت کی نالیوں کے بیچ کا حصه یا زمین کا وہ پتلا سا قطعه جو جوتا نہیں گیا ہو۔ (٦) ھل چلانے کے درمیان چھٹی ہوئی زمین۔
(۷) (مجازاً) روك ؛ مایوسی۔

To make a balk : فاش غلطی کرنا۔

To make a baulk : گیند کو بلیرڈ کی میز کے ممنوع حصه میں پہنچانا۔

Balk : (v) (۱) بھول جانا ؛ چھوڑ دینا ؛ چھوٹ جانا ؛ انکار کرنا (شراب کی پیش کش سے) ؛ گریزکرنا (فرائض سے) ۔ (۲) بگاڑنا ؛ مانع ہونا ۔ (۳) چونکانا۔ (٤) مایوس کرنا ؛ محروم کرنا ؛ ھمت پست کرنا۔ (٥) مزاحم ہونا ؛ اڑ جانا ؛ رك جانا ؛ بھڑکنا۔
(٦) جھوك کھانا ؛ ڈگمگانا (خاص کر گھوڑے کا) ؛ اڑ جانا ۔ (۷) راستے میں روڑا اٹکانا ؛ روکنا۔

Balkanization : (n) (تاریخ) بلقان کاری ؛ تقسیم۔

Balkanize : (v) [f" Balkan",peninsula+-IZE] چھوٹے چھوٹے غیر موثر اور آپس میں جھگڑتے رہنے والے حصوں میں تقسیم کرنا۔

Balker : (n) چھوڑ دینے والا ؛ انکار کرنے والا ؛ مایوس کرنے والا۔

Balknigly : (adv) انکار کرتے ہوئے ؛ چھوڑتے ہوئے ؛ اڑتے ہوئے۔

Balky : (a) اڑیل ؛ اڑنے والا۔

Ball : (n) [OTeut."balluz"] (۱) اون یا سوت کا گولہ ؛پیچك چھوٹی یا بڑی گیند ؛ خالی یا ٹھوس گولہ۔
(۲) اجسام فلکی۔ (۳) کرہ۔ (٤) بندوق کی گولی ؛ توپ کا گولہ۔ (٥) لکڑی کا چھوٹا گولہ جو ووٹ دینے میں استعمال ہوتا ھے۔
(٦) دیدہ ؛ آنکھ۔ (۷) حب کلاں ؛ بڑی گولی۔
(۸) ایك قسم کی چھوٹی گدی جو چھاپہ خانه والے ٹائپ میں روشنائی لگانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ (۹) جسم کا کوئی گول ابھرا ہوا حصه خاص کر انگوٹھے کا۔ (۱۰) جانوروں کے پاؤں کا درمیانی حصه۔

No ball : (کرکٹ) غلط طریقه سے پھینکی گئی گیند۔

The ball is with you : اب آپ کی باری ھے۔

The (golden) ball : رھن گیر کا نشان۔

To catch or take the ball before the bound : کسی موقع کی پیش بینی کرنا۔

To bave the ball at one foot :
To have the ball before one : کسی چیز کو اپنے اختیار میں لے لینا۔

To keep the ball up and rolling : گفتگو جاری رکھنا۔

To bake up the ball : گفتگو میں باری لینا۔

Wide ball : وہ گیند جو ٹھیك طور سے بلّه باز کی پہنچ میں نه گرے۔

Ball : (n) [F."bal"] (۱) رقص کے لئے سماجی اجتماع ؛ مجلس رقص۔ (۲) رقص گاہ ؛ رقص کا کمرہ۔

To give/ go to a ball : ناچ کی دعوت دینا ؛ محفل رقص منعقد کرنا ؛ رقص کے لئے جانا۔

To open the ball : رقص کا آغاز کرنا ؛ (مجازاً) کسی کام کا آغاز کرنا۔

Ball : (v) گولہ سا بن جانا ؛ دبا کر یا لپیٹ کر گولہ بنا دینا ؛ گولہ سے چپك جانا۔

Ball and field test : گیند ؛ میدان آزمائش۔

Ball and socket : متحرك جوڑ ؛ وہ جوڑ جو

بہت آسانی سے حرکت کرے؛ وہ جوڑ جو ایک گول سرے کو خانہ میں بند کرکے بنتا ہے اور اس میں آزادی سے گھوم سکتا ہے -

Ball bearing : (n) گولہ دار دھرا ؛ وہ دھرا جس میں رگڑ کم کرنے کے لئے گولیاں لگا دی جائیں -

Ball cartridge : (n) بندوق یا پستول کا کارتوس جس میں گولی ہوتی ہے -

Ball clay : (n) بہت ہی چپکنے والی مٹی -

Ball coal : (n) گیندی کوئلہ -

Ball cock : (n) ٹنکی کا وہ نلکہ یا ڈاٹ جو ایک تیرتے ہوئے خالی گولے کے ذریعہ کھلتی یا بند ہوتی ہے -

Ball firing : (n) گولیوں کی باڑھ مارنا -

Ball flower : (n) عمارت کے نقش و نگار -

Ball lightning : (n) (طبیعیات) مزائلیات ؛ گولا بجلی -

Ball mine : (n) – گولی کی شکل میں پایا جانے والا خام لوھا

Ball stamp : (n) فلز کو جوڑنے والی مشین -

Ball-tap : دیکھو Ball-Cock ؛ گولہ ٹونٹی ؛ حوض کی وہ ٹونٹی جس کے ساتھ تیرنے والا گولہ لگا رھتا ہے جس سے ٹونٹی خود بخود کھلتی اور بند ہوتی ہے -

Ball thistle : (n) ایک قسم کا گوکھرو -

Ball valve : (n) گولہ صمام؛ (مشین کا ایک پرزہ) جو ایک کھل مندن کےگرنےیا اٹھنے سے کُھلے یا بند ہو جائے -

Ball up : (n) (عامیانہ) انتشار ؛ پراگندگی -

Ball up : (v) پراگندہ کرنا -

Ball weed : (n) ایک قسم کی گھاس -

Ballad : (n) [L. "ballare"] (۱) جذبات سے بھرا گیت جس میں کئی بند ہوں اور ایک ہی لے میں برائے نام ساز کےساتھ گائے جائیں - (۲) چھوٹے چھوٹے بندوں کی بیانیہ نظمیں ؛ آلھا ؛ چاربیت -

Ballad opera : (n) ایک ناٹک جس میں عام پسند گانے ہوتے ہیں -

Ballade : (n) [Fr.] (۱) تین بند کی نظم جس کا ہر بند سات یا آٹھ مصرعوں کا ہو ؛ وہ نظم جس کے ہربند میں مساوی مصرعے ہوں - (۲) مذکورہ قسم کی شاعری - (۳) شاعرانہ صفت ، راگوں کی ترتیب ، خاص کر پیانوں کے لئے ؛ جذبات سے بھرا گیت جس میں کئی بند ہوں اور ساز کے ساتھ گائے جائیں ؛ سروں کی ترتیب سے آرکسٹرا پر کسی شاعرانہ خیال کی ترتیب -

Ballader : (n) بیانیہ نظمیں لکھنے والا -

Balladfarce : (n) ایک ناٹک جس میں عام پسند گانے ہوتے ہیں -

Balladic : (a) Ballad کی صفت کا ؛ اس کی طرح کا ؛ اس سے متعلق -

Balladism : (n) Ballad کی امتیازی صفت -

Balladist : (n) بیانیہ نظمیں لکھنے والا -

Balladize : (v) Ballad لکھنا یا بنانا -

Balladmonger : (n) بیانیہ نظمیں بیچنے والا ؛ بیانیہ نظمیں لکھنے والا ؛ چاربیت گو -

Balladry : (n) بیانیہ نظمیں ؛ بیانیہ کے طرز پر لکھی ہوئی نظمیں -

Ballan : (n)[origin unknown] سمندری مچھلی کی ایک قسم

جس کے دانت مضبوط اور ھونٹ موٹے ھوتے ھیں اور رنگ نہایت چمکیلا ھوتا ھے -

Ballast : (n) [Scond.] (۱) کوئی وزنی چیز جوجہاز پر توازن قائم کرنے کے لئے رکھی جائے - (۲) تجربہ یا اصول جس سے سیرت میں پختگی پیدا ھو ؛ جوھر متانت - (۳) بھرت ؛ کنکریٹ ؛ لکروٹی ؛ جلی ھوئی مٹی - (٤) طیارہ کی گاڑی میں بھرا ھوا پانی یا ریت جسے اوپر جاتے وقت زمین پر پھینک دیا جاتا ھے -

In ballast : (۱) جہاز کے تہ خانہ یا گودام میں - (۲) توازن قائم کرنے کے لئے کوئی وزنی چیز سے لدا ھوا جہاز- (۳) بھرت میں کام آنے والی (اشیا) -

Ballast : (v) توازن قائم کرنا ؛ بھرائی کرنا ؛ (سڑك وغیرہ) پختہ کرنا -

Ballast ports : (n) ایك مربع سوراخ جو تجارتی جہاز کے بغل میں کاٹتے ھیں (وزنی چیز کو لینے کے لئے) -

Ballast shovel : (n) گول منہ والا بیلچہ -

Ballastage : (n) Ballast لینے کے لئے چنگی محصول ادا کرنا -

Ballaster : (n) جہازوں کو Ballast مہیا کرنے والا -

Ballasting : (n) توازن ؛ پٹائی ؛ بھرائی ؛ دیکھو Ballast

Ballatoon : (n) لکڑی ڈھونے والی ایك روسی کشتی -

Balled : (a) گولہ بنا ھوا ؛ گولے کی شکل میں بنا ھوا -

Baller : (n) (۱) گولہ بنانے والا - (۲) وہ شخص جو رقص کی مجلس میں جاتا ھے - (۳) (کرکٹ) گیند پھینکنے والا -

Ballerina : (n) [It.] رقاصہ ؛ ناچنے والی -

Ballet : (n) [F. "bal"] چھوٹی گیند (نقابت میں) -

Ballet : (n) سنگت ناچ ؛ متفقہ ناچ -

Ballet master : (n) سنگت ناچ کا منتظم اور ھدایت کار -

Ballet mistress : (n) سنگنت ناچ کی منتظمہ اور ھدایت کارہ -

Balling : (n) (۱) گولہ یا گولے بنانا - (۲) برف کے گولے پھینکنا -

Ballista : (n) [Gr. "ballin"] سنگ اندازی کا قدیمی کل ؛ منجنیق -

Ballistic : (a) [Gr."ballin" + - IC] پھینکنے والا ؛ دھکیلنے والا ؛ منجنیق سے متعلق ؛ منجنیقی ؛ پھینك کر مارنے کی چیز -

Ballistic galvanometer : (n) (طبیعیات) مزائلی گلوینو میٹر -

Ballistic pendulum : (n) (طبیعیات) گولیوں وغیرہ کی تناسبی سرعت کو ناپنے کا آلہ -

Ballistic throw : (n) (طبیعیات) مزائلی پھینك -

Ballistics : (n) منجنیقات ؛ علم حرکت اجسام ؛ (طبیعیات) مزائلی / مزائلیات -

Ballium : (n) [F."bail"] (۱) کسی جاگیر دارانہ قلعہ کے دربار عام کی دیوار ؛ دربار - (۲) دیوار یا صحن -

Balloon : (n) [It."ballone"] (۱) بھپکا ؛ قرنبیق ؛ شیشہ کشید- (۲) غبارہ ؛ ھوا بھری ھوئی چیز؛ بیلون - (۳) درختوں کو سیدھا رکھنے کا شکنجہ ؛ بیلون نما جعفری - (٤) کلس ، مینار وغیرہ کےاوپر کا گول حصہ ؛ لٹو ؛ قبہ - (٥) (مزاحیہ) پرچہ جات میں تصویروں کے منہ سے نکلی ھوئی بولی کو بتانے کے لئے بیلون نما خاکہ . جس سے پتا چلے کہ کون بول رھا ھے -

Balloon : (v) (۱) غبارہ کی طرح پھول جانا ؛ غبارہ میں اڑنا - (۲) مکڑے کا اپنے تار کے ذریعہ ھوا میں جھولنا ؛ خرچ کا بڑھ جانا (ھرشعبہ میں) ؛ بڑھ جانا (مقررہ حد سے) -

Balloon brasser : (n) کلائی کا چوبی تسمہ جسے

غبارہ باز استعمال کرتے ھیں -

Balloon fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جو اپنے جسم کو ھوا سے بھرلیتی ھے اور غبارہ کی طرح پھلا لیتی ھے -

Balloon sounding : (n) فضا پیما غبارہ -

Ballooner : (n) غبارچی ؛ غبارہ باز ؛ غبارہ کےمانند بادبان -

Balloonery / -nry : (n) غبارہ بازی -

Ballooning : (n) ھوابازی -

Balloonist : (n) غبارہ باز -

Ballot : (n) [It."ballota"] پوشیدہ رائے دھندگی ؛ قرعہ اندازی ؛ رائےپنہاں -

Voting by ballot : (تاریخ و سیاسیات) بیلٹ کے ذریعہ رائے دھندگی -

Secret ballot : (انتظامیہ) پوشیدہ رائےدھندگی ؛ خفیہ بیلٹ ؛ (تاریخ و سیاسیات) پوشیدہ بیلٹ -

Ballot : (n) [F."balle"] چھوٹا گٹھر (۷۰ سے ۱۲۰ پاؤنڈ تك كا) -

Ballot (v) [It."ballottare"] پوشیدہ رائے دینا ؛ قرعہ اندازی سے انتخاب کرنا -

To ballot for : پوشیدہ رائے دھی سے انتخاب کرنا ؛ چن لینا ؛ پسند کرنا یا رد کردینا -

To ballot for : قرعہ اندازی سے انتخاب کرنا -

Ballot act : (n) (تاریخ و سیاسیات) بیلٹ ایکٹ -

Ballot box : (n) قرعہ اندازی کا یا رایوں کی چٹھیاں جمع کرنے کا صندوق یا بکس (انتظامیہ) ؛ بیلٹ بکس (تاریخ و سیاسیات) -

Ballotage : (n) مکرر رائے شماری (فرانس میں جب کسی انتخاب میں کسی امیدوار کے لئے اتنی رائیں نہیں آتیں جتنی انتخاب کےلئے مقرر ھیں تو دو سب سے زیادہ رائے پانے والوں کے لئے دوبارہ رائے لی جاتی ھے) -

Ballot paper : (n) رائے شماری کا کاغذ؛ (انتظامیہ) پرچہ رائے دھندگی ؛ بیلٹ پرچی -

Balloteer : (n) رائے شماری کا حامی (تاریخ) ؛ مویئد رائے دھندگی -

Balloter : (n) خفیہ رائے دینے والا -

Ballotist : (n) =(Balloteer) رائے شماری کا حامی -

Ballottment : (n) [F."ballotter"] حمل کی تشخیص کا ایک طریقہ -

Ballstone : (n) مرجانی طباشیر ؛ خام لوھے یا چونے کے پتھر کا ڈلا -

Bally : (a & adv) [euphemism for "Bloody"] وہ لفظ جس سے متکلم بیزاری یا نفرت کا اظہار کرتا ھے جیسے کم بخت -

Ballyhoo : (n) [Origin unknown] پیشگی اشتہار؛ چیخ چیخ کر اشتہار کرنے والے کی تقریر -

Balm : (n) [L."balsamum "] (۱) خوشبودار پانی جو بعض درختوں سے نکلتا ھے اور طبی خواص رکھتا ھے- (۲) مرھم - (۳) بلسان کا درخت - (٤) خوشبو؛ مھك - (٥) تسکین - (٦) خوشبودار بوٹیاں -

Balm-apple : (n) ترئی کے قسم کا ایک پودہ -

Balm-cricket : (n) ایک قسم کا جھینگر ؛ ٹڈی -

Balm of gilead : (also) Balm of Mecca : زردی مائل روغن دار لاکھ جو کسی زمانے میں جراثیم ھلاك کرنے میں استعمال ھوتی تھی -

Balm of gilead fir : کناڈی بلسان دینے والا درخت -

Balmer series : (n) (طبیعیات) بامر سلسلے ؛ (کیمیا) بامر سلسلہ -

Balmify : (v) تسکین دینا ؛ مرہم لگانا ؛ معطر کرنا -

Balmily : (adv) تسکین دہ طور پر -

Balminess : (n) سکون بخشی ؛ نرمی ؛ عطر بیزی -

Balmoral : (n) [f. "Balmoral Castle"] (۱) فیتہ لگا جوتا - (۲) ایک قسم کا منقش اونی لہنگا - (۳) سایہ ؛ اسکاٹ لینڈ کی ٹوپی کی ایک قسم -

Balmy : (a) (۱) روغن دار (درخت) - (۲) خوشبودار- (۳) ھلکا- (٤) نرم - (٥) مسکن ؛ مفرح - (٦) صحت بخش - (۷) بےوقوف ؛ ضعیف العقل ؛ پاگل -

Balneal : (a) [L. "balneum"] گرم پانی سے نہانے سے متعلق یا گرم پانی کے حمام سے متعلق -

Balneary : (n) [L. "balnearium "] حمام یا غسل خانہ ؛ دوا کی خاصیت رکھنے والا چشمہ ؛ علاج بخش چشمہ -

Balneation : (n) [med . L."balneare "] غسل -

Balneography : (n) [L. "balneum" + Gr. "graphia"] حمام کے متعلق شرح یا رسالہ ؛ غسل نامہ -

Balneological : (n) غسل کے علمی ، طبی مطالعہ سے متعلق -

Balneology : (n) غسل کا علمی ، طبی مطالعہ ؛ غسلیات -

Balneotherapy : (n) بیماری کا غسل کے ذریعہ یا صحت بخش چشمے کے ذریعہ علاج ؛ علاج بالغسل -

Balneum : (n) [L.] (۱) حمام یا غسل - (۲) دیکھو Bain-marie

Balsa : (n) [Sp.] لٹھوں کا ٹھاٹھ یا مچھلی مارنے والی کشتی

Balsam : (n) [L. "balsamum"] (۱) گل مہدی - (۲) درخت بلسان - (۳) روغن ؛ مرہم - (٤) (کیمیا) لاکھ وغیرہ کا مرہم -

Canada Balsam : بلسان کناڈی -

True Balsam : اصلی بلسان -

Balsam : (v) روغن بلسان لگانا ؛ علاج کرنا -

Balsam apple : (n) ترئی کے قسم کا ایک پودا -

Balsam of Mecca : بلسان مکی -

Balsamation : (n) خوشبو لگانے کا عمل ؛ مرہم لگانے کا عمل / کام-

Balsamic : (n) بلسانی ؛ مقوی ؛ صحت بخش ؛ خوشبودار ؛ مسکن -

Balsamical : (a) بلسانی ؛ بلسان کا یا اس سے متعلق -

Balsamically : (adv) بلسان کی طرح -

Balsamiferous : (a) بلسان آفریں ؛ بلسان آور ؛ بلسم دار -

Balsamous : (a) دیکھو Balsamic

Balsamum : (n) بلسان ؛ شجر بلسم -

Balsamy : (a) بلسانی -

Baltic states : (n) (تاریخ و سیاسیات) بالٹکی ریاستیں -

Baltimore : (n) [Lord Baltimore, proprietor of Maryland] نارنگی اور ابلقہ (جو لارڈ بالٹی مور کا نشان ھے) -

Baluster : [It. "balaustro "] (۱) جنگلے یا کٹہرے کے چھوٹے کھمبے ؛ پوتی ؛ کنگورا - (۲) (قدیم معماری) آیونی دارالسلطنت کے بیل دار پایوں کا بغلی حصہ -

Balustered : (n) کھمبے دار ؛ جس میں چھوٹے چھوٹے کھمبے لگے ھوں -

Balustrade : (n) [F. " balustre "] جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ ؛ باڑ ؛ جنگلہ ؛ پوتی دار منڈیر -

Balustraded : (a) جنگلہ دار ؛ کٹہرہ دار -

Balustrading : (n) جنگلے لگانے کا کام -

Bam : (n) [f. "Bamboozle "] دھوکا ؛ فریب -

Bam : (v) [See prec.] دھوکا دینا ؛ فریب دینا -

Bamah : (n) [Heb. "bamah"] بلند مقام یا جگہ خصوصاً وہ جو مامن یا عبادت گاہ کا کام دے -

Bambino : (n) [It. "bambo"] شیر خوار بچہ خصوصاً حضرت عیسی کے ایام شیر خوارگی کی شبیہ جو اٹلی کےگرجوں میں کرسمس میں دکھائی جاتی ھے -

Bambocciade : (n) [F "bambochade "] دیہی اور عجیب و غریب مناظر کی مصوری -

Bamboo : (n) [Malay ."bambu "] بانس -

Bamboo : (v) بانس سے مارنا -

Bamboo coolie : (n) بھنگی والا قلی -

Bamboo curtain : (n) پردہ قصب ؛ بانس پردہ ؛ (تاریخ) بانس کا پردہ -

Bamboozle : (v) (۱) دم دینا ؛ جھانسا دینا - (۲) دھوکا دینا ؛ شعبدہ سے بیوقوف بنانا -

Bamboozle : (n) دھوکا ؛ فریب ؛ جھانسا -

Bamboozlement : (n) دھوکابازی ؛ فریب ؛ جھانسا -

Bamboozler : (n) دھوکا باز ؛ فریبی ؛ جھانسا دینے والا -

Bambusa : (n) [Malay." bambu "] بانس -

Ban : (v) [OTeut."bannan "] (۱) لعنت بھیجنا - (۲) کوسنا ؛ بد دعا کرنا - (۳) ممنوع قرار دینا ؛ ضبط کرلینا ؛ قدغن کرنا ؛ ممانعت کرنا ؛ حکم امتناعی دینا -

Ban : (n) [L. "bannum "] (۱) سراپ ؛ بد دعا ؛ لعنت - (۲) امتناع (مذہبی جلسوں وغیرہ سے) - ؛ (۳) باضابطہ ممانعت - (٤) قانونی حقوق سے محرومی (خصوصاً مقدس رومی سلطنت کی طرف سے) - (٥) لعنت ملامت - (٦) ممانعت (رائے عامہ کی طرف سے) - (۷) جنگ کے لئے عام بلاوا ؛ حکم ؛ فرمان حکومت - (۸) فرانسیسی بادشاہ کی رعایا کا اجتماع جنگ کے لئے ؛ پورا مجمع - (۹) جلا وطنی کی سزا - (۱۰) شادی کا اعلان (حالت جمع Banns) میں - (۱۱) کلیسا سے باضابطہ اخراج ؛ (انتظامیہ) پابندی ؛ امتناع -

Ban : (n) [Pers. "ban "] سلاوونیہ ، کراشیہ اور ھنگری وغیرہ میں حاکم ضلع ؛ فوجی افسر -

Ban on emigration : (تاریخ و سیاسیات) ھجرت پر پابندی -

Banal : (a) [L. "bannum"] فوجی افسر کا یا اس سے متعلق -

Banal : (a) (۱) معمولی ؛ پیش پا افتادہ ؛ مبتذل - (۲) زمیں دارانہ جبری خدمت سے متعلق -

Banality : (n) [F. "banalite"] (۱) معمولی پن ؛ پیش پا افتادگی - (۲) معمولی بات ؛ پیش پا افتادہ ؛ ابتذال -

Banana : (n) [Pg. or Sp.] کیلا -

Banana bird : (n) جزائر غرب الھند کا ایک شوخ رنگ پرندہ -

Banate / Baunat : (n) [Serbo-Croation "banat"-] فوجی افسر کے ماتحت کا علاقہ یا ضلع -

Banausic : (a) [Gr. "banausikos "] سوقیانہ ؛ دنی -

Banbury : (n) آکسفورڈ شائر (انگلینڈ) کا ایک شہر جو پیورٹین سرگرمی کے لئے مشہور تھا ، آج کل کیک کے لئے مشہور ھے -

Banc : (n) [AF. " banc "] عدالت عالیہ کا اجلاس -

Banca / Bangka : [Taga log. "bangka"] ایک چھوٹی کشتی -

Bancal : (n) [Sp.] ایک بڑا درخت جس کی لکڑی زرد یا نارنجی رنگ کی ھوتی ھے -

Banco : (a) [It.] سرکاری سکے کی قیمت میں

تخفیف کرنے کی صورت میں وہ سکہ یا
نوٹ جو بینک اپنی طرف سے جاری کرے ؛
بعض جگہوں میں بینک کے اکاؤنٹ کا روپیہ
جو قیمت کے اصل سکوں سے مختلف ہو ؛
بیرونی ممالک کے تخمینہ لگانے والے
اکسچنج میں جمع شدہ ۔

Banco : (n) [L. "bancus"] ندی کا وہ حصہ جو بہاؤ کا رخ
بدل جانے سے علاحدہ ہوکر سوکھ گیا ہو ۔

Banco : (n) [It.] قمار خانہ کی وہ مجموعی رقم جو
جوئے میں حاصل ہو ؛ جوئے میں لگائی ہوئی
وہ رقم جو قمار خانے میں لگائی جاتی ہے ۔

Band : (n) [ON. "band"] (۱) بند ؛ بندھن ؛ رابطہ ؛
زنجیر ؛ چین ؛ بیڑی ۔ (۲) جلد سازی
کا فیتہ ؛ فیتہ ؛ تسمہ ؛ ڈوری ۔
(۳) لوہے یا فیتے وغیرہ کا حلقہ ۔
(٤) قلابہ ؛ متحد کرنے والی قوت یا اثر ۔

Absorption band : (طبیعیات) جذبی پٹی ۔

Frequency band : (طبیعیات) تعدد ارتعاش
کی پٹی ۔

Band : (n) [OTeut. "bindon"] (۱) کسی چیز کی پتلی اور
چپٹی پٹی جو باندھنے کے لئے ہوتی ہے ،
خصوصاً لچکیلی پٹی ۔ (۲) قمیض کا کالر ۔
(۳) دوپٹیاں جو پادری اور وکیل کالر کی
جگہ لگاتے ہیں ۔ (٤) زخم پر باندھنے کی
پٹی ؛ زخم بند ؛ آنکھ کی پٹی ۔
(٥) چرخیوں کے تسمے ؛ چاک پٹہ ۔
(٦) وہ چوڑی دھاری جو کسی سطح کے ایک
کنارے سے دوسرے کنارے تک جائے ۔
(۷) فلالین یا سرج کپڑے کا ایک نقص جب
پارچے میں ایک کنارے سے دوسرے کنارے
تک دھاری پڑجائے ۔
(۸) (حشریات) رنگ کی افقی دھاری ۔
(۹) دوابھرے ہوئے خطوں یاپسلیوں کی
درمیانی جگہ ۔
(۱۰) (ارضیات) حلقہ نما ؛ قطع والی پرت ۔

Band : (n) [OTeut.] (۱) جماعت ؛ دستہ ؛ گروہ ؛
ٹولی ؛ لکڑی ؛ منڈی ؛ جتھا ۔
(۲) آدمیوں یا جانوروں کی متحرک ٹولی ۔
(۳) موسیقاروں کی ایک جماعت ۔

German band : خانہ بدوش گویّے ۔

Reef band : وہ پٹی جو بادبان پر مضبوطی
کے لئے لگائی جاتی ہے ۔

Trained or train-band : سولھویں ، سترھویں اور
اٹھارویں صدی میں منظم شدہ لندن اورملک
کے دوسرے حصوں کی ایک سپاہیانہ تنظیم
جو تربیت یافتہ شہریوں پرمشتمل تھی ۔

Band : (n) پہاڑ کی ماھی پشت خاص کر کسی
بلند تر پہاڑ کی لمبی پتلی ڈھلوان شاخ ۔

Band : (v) (۱) رسی یا پٹی لپیٹنا ۔ (۲) دھاریاں بنانا ۔
(۳) جماعت بندی کرنا ۔

Band box : (a) (۱) نازک ؛ کمزور ۔ (۲) صاف ستھرا ۔

Band case : (n) (سماجیات) گروہ کا چارٹ ؛
گروہ کا نقشہ ۔

Band chart : (n) لونی نقشہ ۔

Band collar : (n) گلے کا کالر ۔

Band fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Band group : (n) (طبیعیات) بینڈ گروپ ۔

Band head : (n) (طبیعیات) بینڈ سرا ۔

Band of Hope : تارکین مسکرات کی انجمن ۔

Band pass filter : (n) (طبیعیات) بینڈ گذار فلٹر ۔

Band pulley : (n) ایک چوڑی سطح والی چرخی
جو دھرے پر لگی ھو ۔

Band saw : (n) پہیے پر چلنے والا گول آرہ ۔

Band spectrum : (n) پٹی دار طیف ؛ (طبیعیات) بینڈ
اسپکٹرم ۔

Band stand : (n) باجے کا چبوترہ ۔

Band stop filter : (n) (طبیعیات) بینڈ روک فلٹر ۔

Band string : (n) وہ ڈوری جس سے وکیل ، پادری وغیرہ
کالر کی بتی باندھتے ہیں ۔

Band system : (n) (طبیعیات) بینڈ سسٹم / نظام ۔

Band wagon : (n) (۱) مرصع اونچی گاڑی۔
(۲) ایک گروہ یا فرقہ جو پیرووں کو اپنی طرف کھینچ لیتا ھے ۔
(۳) سماجی ، ثقافتی یا نسلی تحریک جو اپنی کثرت جماعت کی وجہ سے طاقتور ھو جاتی ھے ۔

Band wheel : (n) تسمے سے گھومنے والا پہیا ۔

Band width : (n) (طبیعیات) بینڈ کی چوڑائی ۔

Banda : (n) [native name in Africa] (افریقہ کا) پھوس کا مکان ۔

Bandage : (n) [F."bande"] زخم بند؛ پٹّی ؛ افادہ ؛ عصائب ۔

Bandage : (v) [See prec.] پٹّی باندھنا ۔

Bandager : (n) پٹّی باندھنے والا ؛ عاصب ۔

Bandaging : (n) مرھم پٹّی کرنا ۔

Bandagist : (n) پٹّی بنانے والا ۔

Bandanna / -ana : (n) [Hindustani"bandhna "] شوخ زرد رنگ کا رومال جس پر سفید بندکیاں ھوں ۔

Bandbox : (n) دفتی یا کاغذ کا ڈبہ (ھیٹ ، کالر وغیرہ رکھنے کے لئے) ۔

Bandeau : (n) [OF "bandel"] (۱) ڈورا ؛ سربند ؛ موباف ۔ (۲) آنکھ کی پٹی ۔ (۳) عورتوں کے ھیٹ کا اندرونی فیتہ ۔

Banded : (a) (نقابت) پوشاک سے مختلف رنگ کی پٹّی والا ۔

Banded precipitate : (n) پٹّی دار رسوب ۔

Banded structure : (n) پٹّی دار ساخت ۔

Bander : (n) اتحادی ۔

Banderilla : (n) [Sp."bandera"] ایک چھوٹا نیزہ جس میں چھوٹی سی جھنڈی لگی ھو جسے سانڈ سے لڑنے والے اس کی گردن کےپٹھے پر گھونپتے ھیں ۔

Banderillero : (n) سانڈ سے لڑنے والا جو نیزہ استعمال کرتا ھے ۔

Banderole (e) / bandrol / bannerol : (n) [F."bandiere"] (۱) فیتہ یا جھلی جس پر کتبہ لکھا ھو ۔ (۲) جھنڈا جو مستول پر اڑتا ھے ؛ مستول جھنڈا ؛ پرچم ۔ (۳) چھوٹی سی جھنڈی ۔ (٤) (تعمیرات) ایک چوڑی پٹی جس پر کتبہ لکھا ھو ۔

Bandicoot : (n) [Telegu "pandi-kokku."] (۱) گھوس ؛ بلی کےبرابر ایک تباہ کن ھندوستانی چوھا ۔ (۲) آسٹریلیا کا ایک کرم خور جانور۔

Bandiness : (n) [BANDY (a) + - NESS] کج پائی ۔

Banding : (n) (۱) ٹولیاں بنانا ۔(۲) پٹی بنانا ؛ پٹی سازی ؛ نوارسازی ؛ یا دھاری دار بنانا ۔

Banding plane : (n) ایک مشین جو چوڑیاں بناتی ھے اور پٹّی یا رسی بٹھاتی ھے ۔

Bandit : (n) [It. " bandito "] قزاق ؛ رھزن ؛ ڈاکو ؛ شخص محروم از حقوق (حقوق سے محروم شخص) ؛ باغی ؛ سارق مسلح ؛ قزاق کا گروہ ۔

Banditry : (n) (سماجیات) ڈکیتی ۔

Bandle : (n) [Irish. "bannlamh "] آئرلینڈ کا ایک پیمانہ جس کی لمبائی دو فٹ ھوتی ھے ۔

Bandlet : (n) چھوٹی پتی ؛ لکیر ۔

Bandmaster : (n) بینڈ باجے کا افسر ۔

Bandog : (n) زنجیر میں بندھا خوفناک کتا ؛ کھوجی کتا ۔

To speak bandog and Bedlam : خشم ناک اور مجنونانہ طور پر بولنا ۔

Bandoleer /-ier : (n) [F. "bandouillere "] کارتوس رکھنے کی پیٹی ؛ چمڑے کا پرتلا ؛ کارتوس پیٹی ۔

Bandoline : (n) [f. "band" or "bondean "] ایک قسم کا لیسدار روغن جس سے بال جمائے جاتے ھیں ؛ لیسدار تیل ۔

Bandore : (n) [Sp. or Pg.] ایک قسم کا ستار ۔

Bandsman : (n) (۱) باجے والا ؛ موسیقاروں کے دستے کا ایک رکن ۔ (۲) (معدنیات) وہ آدمی جو کان سے کوئلہ اوپر اٹھانے کے لئے رسے سے کام لیتا ھے۔

Bandster : (n) بوجھا باندھنے والا۔

Bandurria : (n) [Sp.] دیکھو Bandore

Bandy : (v) [F. "bander "] (۱) پھینکنا ۔ (۲) مارنا ۔ (۳) لینا دینا ؛ ادل بدل کرنا ۔ (٤) منہ در منہ بحث کرنا ؛ رو برو بحث کرنا ۔ (۵) تنازعہ کرنا ۔

To bandy words : اصرار کے ساتھ بحث کرنا ؛ مصرانہ بحث کرنا ۔

Bandy : (n) ھاکی ؛ ھاکی کا ڈنڈا ؛ چوگان ۔

Bandy : (n) [Telugu] چھکڑا ؛ گھوڑا گاڑی ۔

Bandy : (a) (۱) جس کے گھٹنوں میں زیادہ فاصلہ ھو ۔ (۲) خمدار ٹانگوں والا ؛ بونگا ؛ کج پا ؛ پنگا ۔

Bandy ball : ھاکی کی گیند ۔

Bandy - legged : (a) کج پا ۔

Bane : (n) [OTeut."banon- "] (۱) زھر ؛ تباھی کا سبب ۔ (۲) مہلک ۔ (۳) بدنصیبی ۔ (٤) آفت ؛ بپتا ۔ (۵) بھیڑوں کی بیماری ۔

Baneberry : (n) ایک قسم کا پودا ؛ زھریلی بیری ۔

Beneful : (a) خطرناک ؛ مہلک ؛ مضر ؛ زھریلا ؛ زھرناک ۔

Banefully : (adv) خطرناک طور پر ۔

Banefulness : (n) مضرت ؛ ھلاکت خیزی ؛ ضرر رسانی ۔

Banewort : (n) ایک قسم کا زھریلا پودا جس کے کھانے سے بھیڑیں مرجاتی ھیں ؛ زھربوٹی ۔

Bang : (v) [ON. "banga"] (۱) دھب سے مارنا ؛ زور سے مارنا ؛ زور سے بند کرنا ؛ دھماکا پیدا کرنا ۔ (۲) مارنا ؛ پیٹنا ؛ ٹھوکنا ۔ (۳) (تجارت) شکست دینا ؛ قیمت کم کرنا ۔

To bang a door : دھڑاکے سے دروازہ بند کرنا —

To bang off : بندوق چھوڑنا ؛ راگ زور سے نکالنا ۔

To go bang : پھٹنا ۔

Bang : (v) سامنے کے بالوں کو اس طرح کاٹنا کہ پیشانی پر لٹکتے ھوں ۔

Bang : (n) (۱) ضرب ؛ ضرب کی آواز ؛ دھماکا ؛ بندوق کا دھماکا ؛ گونج پیدا کرنے والی بھاری ضرب / چوٹ ۔ (۲) دھماکا ؛ دھڑاکا ۔ (۳) محرکہ ۔ (٤) اچانک کامیابی ؛ اچانک خوشی ؛ اچانک سرگرمی ۔

Bang : (n) چتری زلف ؛ برابر کٹے ھوئے بال جو پیشانی پر لٹکتے ھوں ۔

Bang : (adv) دھماکے کے ساتھ ؛ پورا پورا ؛ مکمل طور سے ۔

Bang out : (v) تیزی سے یا جلد بازی میں یا عجلت سے کام کرنا ۔

Bang - tail : (n) دم کٹا گھوڑا ۔

Bang-tailed : (a) (گھوڑے کا) دم کٹا ھونا ۔

Bang-up /Banged up : (a) اول درجہ کا ؛ عمدہ ۔

Bang up : (n) وزنی اوور کوٹ ۔

Banger : (n) دھڑاکا پیدا کرنے والا ۔

Bangging : (n) دھب دھبانا ۔

Bangle : (n) [Hindi "bangri"] چوڑی ؛ پُہنچی ؛ کڑا ؛ چھڑا ۔

Bangle : (v) [Hindi "bangri"] برباد کرنا ۔

Bangled : (a) چوڑی دار ؛ چوڑی پہنے ھوئے ۔

Banian : (n) [Skr. "Vanij"] بنیا ؛ ھندو تاجروں کی ایك ذات ۔

Banian / Banyan : (n) شلوکا ؛ مرزئی ؛ گنجی ؛ بنیائن ؛ برگد کا درخت ؛ بڑکا درخت ۔

Banian day : (n) (بحری) وہ دن جس میں گوشت نہ بکے ۔

Banian hospital : (n) بیطاری شفاخانہ ۔

Banish : (v) [L. "bannire"] دور کرنا ؛ دل سے نکال دینا ؛ جلا وطن کرنا ؛ شھر بدر کرنا ؛ ملك بدر کرنا ۔

Banisher : (n) جلا وطن کرنے والا ۔

Banishment : (n) دیس نکالا ؛ جلا وطنی ؛ اخراج ؛ جبری غیر حاضری ؛ ملك بدر ؛ برطرفی ۔

Banister : (n) [Corruption of BALUSTER] Baluster دیکھو

Banjo: (n) [Corruption of BANDORE] پچ تارا ؛ ستار کی قسم کا باجا ؛ بینجو ۔

Banjoist : (n) پچ تارا بجانے والا ۔

Banjulele : (n) ایك قسم کا باجا ؛ جزیرہء ھوائی کا چوتارا (باجا) ۔

Bank : (n) [OTeut."bankon-"] (۱) کنارا ؛ ساحل ؛ کڑاڑہ ؛ ٹیلا ؛ سمندر یا دریا کی تہ میں اونچی زمین ؛ غار یا کھو کا کنارا ؛ ابر کا ٹکڑا یا برف کا تودہ ۔ (۲) (معدنیات) کوئلہ کی کان کا سامنے کا حصہ جہاں مزدور کام کر رھے ھوں ۔ (۳) خام دھات کا ذخیرہ یا کوئلہ کی تہ جو پانی کی سطح سے اوپر سمندری رو سے بنی ھو ۔ (٤) کان کے دھانے کی زمین ۔ (۵) رخ موڑنے میں بغلی جھکاؤ ۔

Bank : (n) [L "bancus"] (۱) کشتی میں ملاحوں کی جگہ ۔ (۲) کشتی میں چپوؤں کی قطار ۔ (۳) (چھاپہ خانہ میں) وہ میز جس پر کاغذ رکھا جاتا ھے ۔ (٤) ارگن باجے کی کنجیاں ۔ (۵) جوا مہاجنی کرنا ۔

Bank : (n) [It. "banca"] (۱) صراف کی میز ۔ (۲) جوا میں لگائی جانے والی رقم جو قمارخانہ کے مالك کی ھوتی ھے ۔ (۳) بینك ؛ لین دین کی کوٹھی ؛ ساھوکار ؛ قماربازی ۔

Apex bank : (تجارت) چوٹی کا بینك ۔

Central bank : (تجارت) مرکزی بینك ۔

Commercial bank : (تجارت) کمرشیل بینك ؛ کاروباری بینك ۔

Common bank : عام لوگوں کے درمیان عدالتی کارروائیاں ۔

Co-operative bank : (تجارت) امداد باھمی بینك ؛ کوآپریٹیو بینك ۔

Correspondent bank : (تجارت) معاون بینك ۔

Defence saving bank : (تجارت) دفاعی بچت بینك ۔

Exchange bank : (تجارت) اکسچینج بینك ؛ مبادلہ بینك ۔

Industrial bank : (تجارت) صنعتی بینك ؛ انڈسٹریل بینك ۔

Joint Stock bank : (تجارت) مشترکہ سرمایہ بینك ؛ مشترك پونجی بینك ؛ مشترك بینك ۔

Land development bank : (تجارت) زمین ترقیاتی بینك ؛ لینڈ ڈیولپمنٹ بینك ۔

Land mortgage bank : (تجارت) زمین رھن بینك ؛ زمین گروی بینك ۔

Non-scheduled bank : (تجارت) نان شیڈولڈ بینك ؛ غیر جدولی بینك ۔

Reserve Bank : (تجارت) ریزرو بینک ۔

Savings bank : (تجارت) بچت بینک ؛ سیونگس بینک ۔

Scheduled bank : (تجارت) شیڈولڈ بینک ؛ جدولی بینک ۔

The Bank : بینک آف انگلینڈ ۔

Bank : (v) (۱) ساحل کی طرح کسی کو گھیر لینا ؛ کناروں میں گھیرنا ۔ (۲) ساحل میں محدود ہو جانا ۔ (۳) (گھڑی سازی) گھڑی کے کسی پرزہ (Escapement) کی حرکت کو محدود کردینا ؛ چرخیوں کی کیل سے ٹکرانا ۔ (٤) انبار ہونا ؛ کنارا بنانا ؛ کنارے کا کام دینا ؛ تودہ بن جانا ۔ (۵) آگ میں جلاون اس طرح ڈالنا کہ آگ آہستہ آہستہ سلگتی رہے ۔ (٦) رخ موڑنے میں ہوائی جہاز یا موٹر کو ایک طرف جھکانا ۔

Bank : (v) (۱) بینک چلانا ؛ ساہوکاری کرنا ۔ (۲) کسی بینک میں حساب کھولنا ۔ (۳) روپیہ جمع کرنا ۔ (٤) رائج سکوں میں بدلنا ۔ (۵) قماربازی کی میز پر روپیہ جمع کرنا ۔

Bank acceptance : (n) (تجارت) بینک منظوری ؛ بینک قبولی ۔

Bank account : (n) (تجارت) بینک کھاتا ۔

Bank advance : (n)=(Banker 's advance) (تجارت) بینک پیشگی ؛ بینکر ایڈوانس ۔

Bank annuities : (n) برطانوی حکومت کے بعض سرمایوں کی اصطلاح ؛ برطانوی حکومت کے تمسکات قرض ۔

Bank balance : (n) بینک میں جمع کرنے والے کی جمع شدہ رقم ۔

Bank balance-sheet : (n) بینک واصل باقی چٹھا / گوشوارہ ؛ بینک بیلنس شیٹ ؛ (تجارت) بینک چٹھا ؛ بینک واصل باقی ۔

Bank-bill : (n) (۱) (تجارت) بینک بل ۔ (۲) ہنڈی ؛ چک ؛ برات ۔ (۳) جوا کھلانے والے کے سامنے روپے کا ڈھیر ۔

Bank-book : (n) بینک کا کھاتا ؛ پاس بک ؛ بینک کی کتاب ۔

Bank burglary and robbery policy : (تجارت) بینک چوری و ڈاکہ بیمہ پالیسی ۔

Bank call : (n) (تجارت) بینک مانگ ۔

Bank cash : (n) (تجارت) بینک روکڑ ؛ بینک نقدی ۔

Bank charges : (n) (تجارت) بینک محنتانہ ۔

Bank cheque : (n) چک ؛ ہنڈی ۔

Bank column cash-book : (تجارت) بینک کالم روکڑ بہی ؛ بینک کالم نقد بہی ۔

Bank court : (n) کسی جوائنٹ بینک کے ڈائریکٹروں ، گورنروں یا مالکوں کا ہفتہ وار جلسہ ۔

Bank credit : (n) قرض ساکھ ؛ بینک سے وہ سمجھوتا جس کی رو سے ضمانت دینے پر قرض لیا جاسکے ۔

Bank credit creation : (تجارت) بینک ساکھ تخلیق ؛ بینک ادھار تخلیق ۔

Bank cress : (n) ایک قسم کی بوٹی ۔

Bank debit : (n) (تجارت) بینک دین ؛ بینک نام ؛ بینک ڈیبٹ ۔

Bank draft : (n) =(Banker 's draft) (تجارت) بینک ڈرافٹ ۔

Bank draft payable : (تجارت) ادا طلب بینک ڈرافٹ ۔

Bank endorsement : (n) (تجارت) بینک پیشہ تحریر ۔

Bank engine : (n) کان کے دہانے پر کا انجن ۔

Bank examiner : (n) (تجارت) ممتحن بینک حساب ۔

Bank failure : (n) (تجارت) بینک فیل ہونا ؛ بینک ناکامی ۔

Bank for international settlement : (تجارت) بین الاقوامی نپٹارا بینک ۔

Bank - full : (a) ساحل تک بھرا ہوا ؛ لبالب ۔

Bank holiday : (n) (تجارت) بینک تعطیل ۔

Bank memo : (n) (تجارت) بینک میمو ۔

Bank money : (n) (۱) (معاشیات) بینک زر ؛ بینک کا روپیہ ۔ (۲) قمار خانہ کا روپیہ ۔

Bank mortgage : (n) (تجارت) بینک رھن ۔

Bank -note : (n) (تجارت و معاشیات) بینک نوٹ ۔

Bank of circulation : (تجارت) نوٹ اجرائی بینک ؛ بینک جو اپنا سکہ / نوٹ جاری کرے ۔

Bank of deposit : (تجارت) جمع بینک ؛ امانت بینک ۔

Bank of discount : بٹہ بینک ۔

Bank of international settlement : (تاریخ و سیاسیات) بین الاقوامی ادائیگی بینک ۔

Bank of issue : Bank of Circulation دیکھو

Bank paper : (n) بینک کا کاغذی سکہ ؛ نوٹ ۔

Bank payment : (n) (تجارت) بینک ادائیگی / بھگتان ۔

Bank post : (n) ایک قسم کا لکھنے کا کاغذ جو بدیسی ملکوں سے خط و کتابت کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Bank post bill : (n) (تجارت) بینک پوسٹل بل (بینک آف انگلینڈ) ۔

Bank rate : (n) (تجارت) بینک شرح ؛ بینک در ؛ بینک کی شرح ۔

Manipulation of bank rate : (تجارت) بینک درکا گھٹانا بڑھانا ۔

Bank rate policy : (تجارت) بینک در پالیسی ؛ بینک شرح پالیسی ۔

Bank reconciliation statement : (تجارت) بینک مصالحتی گوشوارہ ۔

Bank reference : (n) (تجارت) بینک حوالگی یا حوالہ ۔

Bank return : (n) (تجارت) بینک گوشوارہ ۔

Bank roll : (n) مالی ذرائع ۔

Bank - side : (n) ساحل کی ڈھلوان سطح ؛ ندی کا کنارا ؛ کوئلہ کی کان کے اوپر کا محافظ ۔

Bank's cash scroll : (تجارت) بینک کی نقدی فہرست ؛ بینک کی روکڑ فہرست ۔

Bank's deposit account : (تجارت) بینک جمع کھاتا ۔

Bank's investment account : (تجارت) بینک راس المال کھاتا ۔

Bank's investment floating account : (تجارت) بینک راس المال متغیر کھاتا ۔

Bank's investment permanent account : (تجارت) بینک راس المال مستقل کھاتا ۔

Bank's obligations : (n) (تجارت) بینک کی ذمہ داریاں ۔

Bankable : (a) سکھار؛ وہ ھنڈی یا ضمانت جو بینک میں قبول کرلی جائے ۔

Banker : (n) صراف ؛ مہاجن ؛ ساھوکار ؛ بینک کا منتظم ؛ (بعض کھیلوں میں) پتے بانٹنے والا ؛ جوا میں ھارجیت کی رقم لینے دینے والا ؛ جوا کھلانے والا ؛ جوئے کا مہاجن ؛ تاش سے جوئے کا کھیل ۔

Merchant banker : (تجارت) تاجر بینک ۔

Banker : (n) (۱) نیو فاؤنڈ لینڈ کے ساحل پر کاڈ مچھلی کا شکار کرنے والی مچھلی ۔

(۲) وہ مزدور جو مٹی اور تودہ وغیرہ کا کنارا بنائے - (۳) سدھایا ہوا گھوڑا ؛ ٹٹی پھاندنے والا گھوڑا ؛ ٹٹی پھاند گھوڑا - (٤) (آسٹریلیا) لبالب ندی -

Banker : (n) پتھر یا لکڑی کی تپائی جس پر اینٹیں یا پتھر تراشے جاتے ھیں -

Bankerdom : (n) ساھوکاری کا منافع ؛ بینک کاری کا منافع -

Bankeress : (n) بینکر کی بیوی ؛ زن بینکر ؛ زن ساھوکار -

Banker's advance : (n) =(Bank advance) (تجارت) بینک پیشگی ؛ بینک ایڈوانس -

Banker's bank : (n) (تجارت) مرکزی بینک (بینکوں کا بینک -

Banker's bill : (n) (تجارت) بینکرس بل -

Banker' s book : (n) حساب کا کھاتا وغیرہ جس سے برطانوی قانون عدالت میں گواھی کے لئے اقتباس کیا جاتا ھے -

Banker's draft : (n) =(Bank draft) (تجارت) بینک ڈرافٹ -

Banker's lien : (n) (تجارت) بینک لئین -

General banker's lien : (تجارت) عام بینک لئین -

Particular banker's lien : (تجارت) خصوصی بینک لئین -

Banker's opinion : (n) (تجارت) بینک رائے -

Banker's order : (n) (تجارت) بینک آرڈر -

Banket : (n) [F. "banquet"] سونا ملےھوئے ڈیلے -

Banking : (n) (۱) صرافہ ؛ ساھوکاری - (۲) سمندر کے کنارے مچھلی کا شکار کھیلنا - (۳) کنارا بنانا ؛ پشتہ سازی ؛ پشتہ - (٤) (گھڑی سازی) بال کمانی کی حرکت کو محدود کرنا پیچ یا کیل کے ذریعہ - (٥) وہ مقام جہاں کندے ندی کے ساحل پر لائے جاتے ھیں - (معاشیات) بینک کاری -

Absorbing banking company : (تجارت) جاذب بینکنگ کمپنی -

Amalgamated banking company : (تجارت) انضمامی بینکنگ کمپنی -

Central banking : (تجارت)مرکزی بینک کاری ؛ مرکزی بینکنگ -

Free banking : (تجارت) غیر پابند بینکنگ ؛ غیر پابند بینک کاری -

Independent banking : (تجارت) آزاد بینکنگ ؛ آزاد بینک کاری -

Indigenous banking : (تجارت) مهاجنی / ساھوکاری /دیسی بینک کاری -

Industrial banking : (تجارت) صنعتی بینکنگ / بینک کاری -

Pure banking : (تجارت) خالص بینکنگ ؛ خالص بینک کاری -

Transferee banking company : (تجارت) منتقل الیہ بینکنگ کمپنی -

Transferer banking company : (تجارت) منتقل کنندہ بینکنگ کمپنی -

Unit banking : اکائی بینکنگ ؛ اکائی بینک کاری -

Banking company : (n) (تجارت) بینکنگ کمپنی -

Banking crisis : (n) (تجارت) بینکنگ بحران -

Banking debts : (n) (تجارت) بینکنگ قرض -

Banking department : (n) (تجارت)شعبہٴ بینک کاری -

Banking department investment transaction account : (تجارت) شعبہٴ بینک کاری راس المال کا کھاتا ؛ شعبہٴ بینک کاری شغل اصل کھاتا -

Banking development : (n) (تجارت) ترقیءبینک کاری -

Banking facilities : (n) (تجارت) بینکنگ سھولتیں ؛ بینکنگ سھولیات -

Banking fund : (n) (تجارت) بینکنگ فنڈ ۔

Banking habit : (n) (تجارت) بینکنگ عادت ۔

Banking hours : (n) (تجارت) بینکنگ اوقات ؛ اوقات بینک کاری ۔

Banking house : (n) تجارتی دکان جو بینک کا کام بھی کرتی ھے ۔

Banking legislation : (n) (تجارت) بینکنگ قانون ۔

Banking operation : (n) (تجارت) بینکنگ عمل ۔

Banking principles : (n) (تجارت) بینکنگ اصول ۔

Banking reserve : (n) (تجارت) بینکنگ ریزرو ۔

Banking syndicate : (n) (تجارت) بینکنگ سنڈیکیٹ ۔

Bankrupt : (n) [It."banca rotta"] (۱) دیوالیہ ؛ وہ شخص جو اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا ۔ (۲) وسائل سے محروم شخص ۔ (۳) (مجازاً) تباہ و برباد ؛ شکستہ حال ؛ خستہ ؛ یہ عقیدہ کہ دنیا اخلاقی یا مذہبی اعتبار سے معرا ھے ۔

Bankrupt : (v) دیوالہ نکالنا؛ دیوالیہ بنانا ۔

Bankrupt : (a) (۱) مہاجن ، جس کے دیوالیہ ہونے کی کارروائی زیرسماعت ہو ؛ دیوالیہ ؛ محروم کسی صفت سے ۔ (۲) قانونی طور پر دیوالیہ قرار دیا گیا ۔

Bankruptcy : (n) دیوالیہ ؛ دیوالیہ پن ؛ دیوالیہ ہونے کی حالت ؛ محرومی (کسی صفت سے) ؛ مکمل کورا پن ۔

Bankshall : (n)[Bengali "bankasala"] (۱) تجارتی مال گودام ۔ (۲) بندرگاہ کے منتظم کا دفتر ۔

Banksia : (n) [Named after Sir Joseph Banks] آسٹریلیا کی ایک سدابہار پھول دار جھاڑی جس کی کاشت اب یورپ میں بھی ہوتی ھے ۔

Banksman : (n) کوئلہ کی کان کے اوپر کا محافظ ۔

Bankstock : (n) کسی بھی بینکنگ کمپنی کا اصل سرمایہ

Banlieue / Banlieu : (n) [Fr.] شہرکے باھر کا رھائشی حصہ ۔

Banner : (n) [L. "bandum", "bannum"] (۱) پھریرا ؛ نشان ؛ جھنڈا ؛ لوا ؛ بیرق ؛ علامت ؛ علم ؛ نشانی ؛ رایت ؛ پرچم ۔ (۲) فوجی دستہ (ایک پرچم کے زیرسایہ) ۔ (۳) وہ سرخی جو اخبار کے پہلے صفحہ پر جلی حروف میں لگائی جائے (ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک) ۔ (٤) (نباتیات) تیتری نما پھولوں کے اوپر کی بڑی پنکھڑی ۔

Banner : (v) (۱) جھنڈیاں لگانا یا سجانا ۔ (۲) بہت نمایاں کرنا ۔

Banner : (a) نمایاں ؛ امتیازی ۔

Banner cloud : (n) پرچمی بادل ۔

Banner cry : (n) نعرہ ؛ وہ نعرہ جو فوج میں کسی پرچم تلے جمع ہونےکے لئے لگایا جائے ۔

Banner screen : (n) آتشدان کی اوٹ (جو تپش کی تیزی سے بچاؤ کے لئے اوپر سے لٹکی ہو) ۔

Bannered : (a) علم دار ؛ پرچم دار ۔

Bannerer : (n) (تاریخ) علم بردار ؛ پرچم دار ۔

Banneret : (n) [OF. "baniere"] (۱) سورما جس کے جھنڈے تلے اس کے اطاعت گذار جمع ہوں ۔ (۲) وہ شخص جسے میدان جنگ میں نائٹ (Knight) کا خطاب بادشاہ کی موجودگی میں ملے ۔ (۳) سوئٹزر لینڈ کے ضلعوں کا افسر ؛ اطالوی جمہوریتوں کا ایک افسر ۔

Bannerette : (n) [OF."banerete",-"ette"] چھوٹی جھنڈی ؛ چھوٹا پرچم ۔

Bannerol : (n) وہ جھنڈا جو امراء کے جنازے کے ساتھ رھتا ھے اور ان کی قبروں پر رکھ دیا جاتا ھے ؛ ماتمی جھنڈا ۔

Bannock : (n) انگلستان یا اسکاٹستان کا خانہ ساز نان پاؤ (کیک) ۔

Bannock fluke : (n) ایک قسم کی مچھلی (Turbot) ۔

Banns : (n) اعلان ما قبل ؛ شادی کا اعلان جو نکاح سے پہلے تین بار گرجا میں کیاجاتا ھے ۔

To ask / publish / put up the banns : نکاح کا اعلان پہلے سے کرنا ۔

To forbid the banns : نکاح کے خلاف عذر داری کرنا ۔

Banquet : (n) [F. "banquet"] (۱) امیرانہ یا شاھانہ ضیافت ؛ دعوت ؛ جیونار ۔ (۲) اعزازی دعوت ؛ اعزازی ضیافت ۔ (۳) شیرینی ؛ فواکھات اور شراب کا ایک دور ۔

State banquet : (تاریخ و سیاسیات) سرکاری ضیافت ۔

Banquet : (v) [F."banqueter"] (۱) ضیافت دینا ؛ دعوت دینا ۔ (۲) میخواری کی دعوت دینا ۔

Banqueteer : (n) ضیافت میں شریک ھونے والا مھمان ۔

Banqueter : (n) دیکھو Banqueteer

Banquette : (n) [It. "banchetta"] (۱) گولہ اندازی کا رخ ؛ قلعےکی دھس بندی ؛ خندق یا چھت کی منڈیر سے لگی ھوئی ایک لمبی اور قدرے بلند پگڈنڈی جس پر کھڑے ھوکر فوجی جوان دشمنوں پر گولی چلاتے ھیں ۔ (۲) پشت کی نشست ؛ ذرا بلند پیریہ راستہ اور بغلی راستہ ؛ تھوڑی بلند پگڈنڈی ۔

Banshee : (n) [It."bean sidhe "] (آئرستان اور اسکاٹستان) وہ روح جس کا گریہ منحوس ھے اور موت کی علامت ھے ؛ روح گریاں ۔

Banstickle : (n) [OE. "ban" (bone) + "sticals" (prick)] تین ریڑھوں والی مچھلی ۔

Bantam : (n) [f. "Bantam" in Java] گھریلو پست قد مرغوں کی قسم ، جس کے مرغے بڑے جوشیلے لڑنے والے ھوتے ھیں ؛ (جاوا کا) اصیل مرغ ؛ پست قد مگر جیوٹ کا آدمی ۔

Bantam battalion : (n) فوج کا وہ دستہ جس کے سپاھی عام معیار سے پست قد ھوں ۔

Bantam weight : (n) سب سے ھلکا وزن (گھونسے بازی میں) ۔

Banter : (n) دل لگی ؛ مذاق ؛ شوخی ۔

Banter : (v) بنانا ؛ مذاق کرنا ؛ چھیڑنا ؛ تمسخر کرنا ؛ شوخی کرنا ؛ مضحکہ کرنا ۔

Banterer : (n) شوخ ؛ دل لگی باز ؛ تمسخر کرنے والا ؛ چھیڑنے والا ۔

Banteringly : (adv) دل لگی سے ؛ مذاق سے ؛ مزاحیہ طور پر ؛ ظریفانہ ۔

Banting : (n) (بادی بیماریوں میں) شکر وغیرہ سے پرھیز ؛ امراض بادی کا پرھیز ؛ فربہی کو کم کرنے کے لئے شکر ، نشاستہ وغیرہ سے پرھیز ؛ پرھیزی غذا ۔

Bantingism : (n) شکر ؛ نشاستہ وغیرہ سے پرھیز ۔

Bantingize : (v) نشاستہ ، شکر وغیرہ سے پرھیز کرنا (فربہی دور کرنے کے لئے) ۔

Bantling : (n) [Gr."bakling"] چھوٹا بچہ ۔

Bantu : (n) جنوبی افریقہ کی بعض زبانیں اور قومیں ۔

Banxring : (n) [Javanese] جاوا کی کرم خور گلھری ؛ بنجری ۔

Banyan : (n) دیکھو Banian

Banzai : (n) [Jap.] جاپان کا ایک نعرہ؟ خوشی (بادشاہ وغیرہ کے لئے) ؛ جئیکار ۔

Baobab : (n) [Central African] افریقہ کا ایک درخت جس کا تنہ عظیم الجثہ ھوتا ھے (باؤ باب) ، اس کی چھال کے ریشوں کو کپڑا ، کاغذ وغیرہ بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Baphomet : (n) [F.] (۱) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا قدیم نام ۔ (۲) ایک مبینہ بت کا نام ، جس کی پرستش کا الزام Templar پر لگایا گیا تھا ۔

Baphometic : (a) Templars کے مبینہ بت کا یا اس سے متعلق ۔

Baptism : (n) [L. "baptismus"] بپتسما ؛ اصطباغ ؛ جہازوں کی نام رکھائی ؛ کلیسا کی گھنٹیوں کی نام رکھائی -

Name of baptism : - بپتسما میں دیا گیا عیسائی نام

Baptism of blood : شہادت -

Baptism of fire : سپاہی کی پہلی جنگ -

Baptismal : (a) [L. "baptismalis"] - بپتسمائی ؛ اصطباغی -

Baptismal name : (n) دیکھو Name of Baptism

Baptismally : (adv) بپتسمائی طور سے -

Baptist : (n) [L. "baptista"] (۱) اصطباغ دینے والا خصوصاً یوحنا اصطباغی ؛ بپتسما دینےوالا - (۲) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو شیرخوار بچوں کے اصطباغ کا مخالف تھا ؛ لا اصطباغی -

Baptistery / -try : (n) [L. "baptisterium"] (۱) بپتسما دینے کا حوض - (۲) بپتسما خانہ ؛ اصطباغ خانہ - (۳) بپتسما -

Baptistic : (a) لا اصطباغی کے متعلق -

Baptist's day : (n) ۲٤ جون -

Baptize : (v) [L. "Baptizare"] (۱) بپتسما دینا ؛ اصطباغی دینا ؛ نام رکھنا ؛ حلقہ عیسائیت میں شامل کرنا ؛ پانی میں غوطہ دینا - (۲) پاک کرنا ؛ مرتبہ بڑھانا -

Baptizer : بپتسما دینے والا -

Baquet : (n) [Fr. "bac"] ایک چھوٹا ناند یا ٹب -

Bar : (n) [L. "barra"] (۱) سیخچہ ؛ سلاخ ؛ سیخ ؛ سلّی - (۲) رنگ وغیرہ کی پٹی - (۳) دروازے کی آگل یا بیلن کا ڈنڈا - (٤) چاندی کی پٹی (تمغہ کے فیتے پر) - (٥) سپر کی افقی لکیریں - (٦) روک (مثلاً چنگی کی چوکی کی) ؛ ہوٹل میں وہ جگہ جہاں سے شراب تقسیم ہوتی ہے ؛ ہوٹل کا شراب خانہ - (۷) (موسیقی) تال کی علامت جو راگ کی کتاب میں بنائی جاتی ہے - (۸) جماعت وکلاء ؛ وکالت کا پیشہ - (۹) مجرم کا کٹہرہ - (۱۰) (قانون) ناجائز دعوے یا کارروائی روکنے کی عذرداری - (۱۱) (پارلیامنٹ) وہ کٹہرہ جس کے آگے سوائے ممبروں کے اور کوئی نہیں جا سکتا - (۱۲) لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے ؛ گھوڑے کے کھر کا ایک حصہ ؛ مہنال - (۱۳) (طبیعیات) سسٹم ؛ نظام - (١٤) (تاریخ) رکاوٹ - (١٥) سد - (١٦) ریت یا کیچڑ کا تودہ ، ندی یا بندرگاہ کے دہانے پر جو جہازرانی میں خلل ڈالتا ہے -

At the bar : کھلے اجلاس میں -

Double bar : دو متوازی خطوط جو کسی حصہ کے خاتمے کی علامت ہو -

Gold bar : (تجارت) سونے کی چھڑی ؛ سونے کی سلّی -

In bar (of) : کسی چیز کے خلاف میں کافی دلیل -

The bar : ہوٹل کا شراب خانہ -

To be called to the bar : وکالت کی سند پانا -

To be called within the bar : شاہی مشیر قانونی -

Trial at bar : کھلے اجلاس میں کارروائی -

Bar : (n) [F. " bar"] یورپ کے سمندروں کی ایک بڑی مچھلی -

Bar : (n) [Ger."berg"] کان کنو ں کے درمیان مقامی افسر یا جج -

Bar : (v) (۱) کواڑوں کی آگل چڑھانا - (۲) روکنا ؛ موانع پیدا کرنا ؛ روک لگا دینا - (۳) قانونی عذرات سے کسی کارروائی کو روکنا ؛ محروم کردینا - (٤) قطع نظر کرنا - (٥) (سوقیانہ) ناپسند کرنا - (٦) کسی چیز پر رنگین پٹیاں کھینچنا - (۷) اعتراض کرنا - (۸) سلاخ بنانا - (۹) (انتظامیہ) مانع ہونا ؛ عاری ہونا -

To bar a vein : کسی نشتر لگائے جانے والے

حصوں کے آگے اور نیچے پٹیاں باندھنا ۔

Bar : (prep.) قطع نظر ؛ سوائے ۔

Bar Association : (n) انجمن وکلاء ۔

Bar council : (n) وکلاء کی کانسل ۔

Bar diagram : (n) دھاری نقشہ ؛ (طبیعیات) چھڑ خاکہ ؛ بارخاکہ ؛ (ریاضی) بار دیگرام / شکل ۔

Bar diggings : (n) کسی چشمے یا ندی کا اتھلا حصہ جہاں سونا تلاش کیا جائے ۔

Bar graph : (n) (طبیعیات) بارگراف ؛ (سماجیات) بارگراف ؛ امتناعی گراف ۔

Bar iron : (n) لوہے کی سلاخیں ۔

Bar line : (n) تال کی علامت کا خط ۔

Bar magnet : (n) (طبیعیات) چھڑ چمبک ؛ مقناطیس ۔

Bar map : (n) (طبیعیات) چھڑ نقشہ ؛ (ریاضی) بار نقشہ ۔

Bar pendulum : (n) (طبیعیات) چھڑ لنگر ۔

Bar shot : (n) دو آدھے گولے جو ایک سلاخ سے جڑے ہوتے ہیں ۔

Bar silver : (n) چاندی کی سلاخیں ۔

Bar sinister : (n) حرامی ہونے کا خاندانی نشان ۔

Bar tracery : (n) لوھے کی گوتھک جالی / جعفری ۔

Bar ways : (adv) (نقابت) افقی طور سے سطح پر ۔

Bar-wise : (adv) (نقابت) افقی طور پر ۔

Baragouin : (n) [F. " Bara" (bread) + " qwin" (wine)] مہمل گفتگو / تقریر ؛ نا قابل فہم تقریر ۔

Baragouinish : (a) ناقابل فہم ؛ مہمل ۔

Baralipton : (n) [Med. L.] منطق کی شکلوں کو یاد رکھنے کے لئے جو بے معنی مصرعے گھڑ لئے گئے ہیں ان کا پہلا لفظ ۔ (تلمیحاً) منطق یا منطقی تعلیم ۔

Barathrum : (n) [Gr. " barathron"] (۱) ایتھنس کا وہ عمیق غار جس میں موت کے سزایافتہ مجرم پھینکے جاتے تھے ۔ (۲) تحت الثری ؛ جہنم ؛ پاتال ۔ (۳) وہ بسیارخور جسے تسلی نہ ہو ؛ وہ جبراً حاصل کرنے والا جس کی تسلی نہ ہو سکے ۔

Barb : (n) [L. "barba"] (۱) باربل ؛ مچھلی کے خار یا گل مونچھے ۔ (۲) راہبہ عورتوں کے سر کے لباس کا وہ حصہ جو تھوڑی پر رہتا ہے ۔ (۳) پرون کا ریشہ ۔ (٤) پھل (تیر یا نیزے کا) ۔ (٥) (مجازاً) نیش ؛چبھن ؛ چبھتی ہوئی تنقید ۔ (٦) (نقابت) نشان خاندانی ؛ (پھول کا) مسند گل ۔ (۷) دھات کے کام میں بننے والی پشت ماھیاں ۔ (۸) (نباتیات) خم دار رواں ۔ (۹) کانٹا ۔ (۱۰) (حیوانیات) شوکہ ۔

Barb : (n) [F. "barber"] (۱) باربری اور مراقش کے گھوڑے کی نسل ۔ (۲) باربری کبوتر کی ایک نسل ۔

Barbadoes : (n) جزائر غرب الهند کا ایک جزیرہ ۔

Barbadoes cherry : (n) ایک کھٹا پھل جو چیری کا سا ہوتا ہے ۔

Barbadoes leg : (n) ایک قسم کی فیل پا بیماری جو گرم ملکوں میں ہوتی ہے ۔

Barbadoes nuts : (n) ایک قسم کا ملین پھل ۔

Barbadoes pride : (n) ایک قسم کا پودا جو باڑ لگانے کے کام آتا ہے ۔

Barbadoes tar : (n) سیاہ گاڑھا پٹرول ۔

Barbadoes water : (n) وہ مشروب جس کو نارنگی اور لیموں کے چھلکے سےخوشبودار کیا جاتا ہے ۔

Barbal : (n) [L. "barba"] ریش سے متعلق ؛ داڑھی کا ۔

Barbara : (n) [L.] دیکھو Baralipton

Barbaresque : (a) [F. " barbaresque"] (۱) بربر کا باشندہ ۔ (۲) باربری کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) بربری طرز کا ۔

Barbarian : (n) [F. "barbarien "] (۱) اجنبی ؛ غیر ملکی ۔ (۲) غیر عیسائی ؛ غیر یونانی ۔ (۳) وحشی ؛ جاہل ؛ غیر مہذب ؛ بربر ۔ (٤) وہ جو بربریت اور مکمل تہذیب کی درمیانی حالت میں ہو ۔

Barbaric : (a) [OF. "barbarique"] وحشیانہ ؛ غیر مہذبانہ ؛ طرز فن میں مخروط اور غیر معتدل ۔

Barbarically : (adv) وحشیانہ طریقہ سے ؛ غیر معتدل طریقے سے ۔

Barbarism : (n) [L. "barbarismus "] (۱) وحشت ؛ وحشیانہ حرکت ؛ جہالت ؛ بربریت ۔ (۲) غیر زبان کے سوقیانہ الفاظ کا استعمال ۔ (۳) غیر زبان کے یا سوقیانہ لفظ یا جملہ ۔ (٤) ذہنی اور سماجی لحاظ سے وحشت ۔

Barbarity : (n) [L. "barbarus "] ظالمانہ طرز عمل ؛ وحشیانہ ظلم و تعدی ؛ وحشیانہ طرز یا مذاق کا نمونہ ؛ سفّاکی ۔

Barbarization : (n) وحشی بننے یا بنانےکا عمل ؛ زبان کا بگاڑنا ؛ زبان کی تخریب ۔

Barbarize : (v) [L. "barbarus"] (زبان کا) خراب کرنا یا ہونا ؛ ابتر کرنا یا ہونا ؛ وحشی بننا یا بنانا یا ہونا ۔

Barbarous : (a) [L. "barbarus"] (۱) (غیریونانی ، غیر لاطینی) زبان یا قوم ۔ (۲) غیر خالص ؛ جاہلانہ (زبان) ۔ (۳) غیر متمدن ؛ وحشی ؛ ظالم ؛ جاہل ؛ بدتمیز (قوم) ؛ سفّاک ۔ (٤) درشت زبان ۔

Barbarously : (adv) بطور جاہل ؛ وحشیانہ ؛ ظالمانہ ؛ جاہلانہ ۔

Barbarousness : (n) وحشت ؛ جاہلیت ؛ ظلم ؛ سفّاکی ۔

Barbary : (n) [Arab. "Barber", "Berber"] شمالی افریقہ کا وہ علاقہ جہاں مسلم فاتح آباد تھے ؛ ملک بربر ۔

Barbary ape : (n) بربر کا بندر ۔

Barbary horse : (n) اسپ بربر ؛ بربرکا گھوڑا ۔

Barbastel / - telle :(n)(F.] لمبے کانوں والی یوروپین چمگادڑ ۔

Barbate : (n) [L. "barbatus"] ریش دار ؛ گچھے دار ؛ لچھے دار ۔

Barbecue : (n) [Sp. "barbacoa"] (۱) سلاخ دار سانچہ جس پر چیزیں بھونتے ہیں ۔ (۲) مسلّم بھنا ہوا سور یا بیل ۔ (۳) (امریکہ) وہ سماجی دعوت جس میں مسلّم بھنے ہوئے جانور ہوتے ہیں ۔ (٤) کافی / قہوہ کے دانے سکھانے کا فرش ۔

Barbecue : (v) (۱) سلاخ دار فریم پر سکھانا یا نمک لگانا (محفوظ کرنے کے لئے) ۔ (۲) جانوروں کو مسلّم بھوننا (لوہےکے کڑے میں باندھ کر) ۔

Barbed : (a) (۱) (نقابت) رنگین مسند گل کے ساتھ ۔ (۲) نوکدار ؛ خاردار ؛ نیش دار ۔

Barbed : (a) جنگی گھوڑے کی زرہ کے ساتھ ۔

Barbed bone : (n) (تاریخ) کٹیلی ہڈی ۔

Barbed harpoon : (n) (۱) (تاریخ) کٹیلا ہارپون ؛ خاردار ہارپون ۔ (۲) دیکھو Harpoon

Barbed wire : (n) نوک دار تار ۔

Barbel : (n) [L. " barbellus"] (۱) گل مونچھوں والی ایک بڑی یوروپین مچھلی ۔ (۲) مچھلی کا گل مونچھ ؛ ریش دار مچھلی ۔

Barbell : (n) [BAR+ BELL] دمبل کی قسم کی ایک چیز ۔

Barbellate : (a) [L. "barbella"] خاردار ۔

Barbelled : (a) گل مونچھوں والا ۔

Barbelling : (n) گل مونچھوں والی مچھلی کا شکار کرنا ۔

Barbellulate : (a) [L. "barellula"] خارچہ دار ۔

Barber : (n) [OE. "barbeor"] (۱) حجام ؛ نائی ؛ اصلاح ساز ؛ خاص تراش ۔ (۲) (مجازاً) کم کرنے والا ؛ تخفیف کرنے والا ؛ تراشنے والا ۔

Barber's block : (n) مصنوعی بال بنانے اور خریداروں کو دکھانے کی جگہ ۔

Barber's chair : (n) حجام کی کرسی ۔

Barber's itch : (n) وہ جلدی بیماری جو داڑھی بنانے میں (استرے کے خراب ہونے یا لگ جانے سے) لاحق ہوتی ہے ۔

Barber's music : (n) ناموزوں موسیقی جس سے حجام کی دکان میں منتظر اپنا وقت کاٹتے تھے ۔

Barber's pole : (n) رنگین ڈنڈا جو خصوصاً فرانس کے نائیوں کی دکانوں پر لگا ہوتا ہے اور چکر دار طور پر رنگا ہوتا ہے ۔

Barber surgeon : (n) حجام ۔

Barbery / Berberry : (n) [med. L. "barbaris"," berberis"] ایک قسم کا پودا جس میں زرد پھول اور چھوٹے سرخ ترش پھل ہوتے ہیں ، جس کی چھال سے چمکیلا زرد رنگ بنتا ہے؛ باربیری ؛ زرشک ۔

Barbery : (n) [F. " barberic"] حجام کا ہنر اور فن / پیشہ ۔

Barbery corsair : (n) بحری قزاق ۔

Barbet : (n) [F. "barbet"] (۱) گھنگھریالے بال کا ایک چھوٹا کتا ۔ (۲) ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ کے نیچے بالوں کا گچھا ہوتا ہے ؛ ریش دار پرندہ ۔

Barbette : (n) [Fr. "barbe"] قلعے میں گولہ اندازی کا برج ؛ دمدمہ ؛ دھس ۔

Guns on barbette : فصیل پر چڑھائی ہوئی توپ ؛ زرہ پوش جہاز ۔

Barbette gun / battery : (n) فصیل پر چڑھائی ہوئی توپ ؛ زرہ پوش جہاز ۔

Barbican : (n) [F."barbacans"] (۱) فصیل ۔ (۲) پل یا پھاٹک کا دوھرا مینار۔ (۳) (تاریخ) فصیل کا دوھرا مینار ۔

Barbicanage : (n) [L. "barbicanagium"] قلعے کی فصیل کو اچھی حالت میں برقرار رکھنے کے لئے خراج ۔

Barbicel : (n) [med. L. "barbicella "] وہ باریک خم دار ریشے جو چڑیوں کے پروں کے خاروں کو باھم ملحق کرتے ھیں ؛ آسیلیہ ۔

Barbigerous : (n) [L."barbiger "] ریش دار ؛ گچھے دار ؛ لچھےدار۔

Barbiton /-os : (n) [Gr. " barbiton, - os"] متعدد تاروں والا ایک باجا ؛ چنگ ؛ رباب ۔

Barboat : (n) کسی ندی یا بندرگاہ کے دہانے پر جمع ہونے والے تودے کو بتانے والی کشتی ۔

Barbotine : (n) [F. "barboter"] (تاریخ ، اثریات) برتنوں کی آرائش کے لئے چکنی مٹی کا لیپ ۔

Barbotte : (n) [Turk. "barbut"] ایک قسم کا پانسوں کا کھیل ۔

Barbula : (n) [L. " barba"] نم گیاہ کے حول منفس میں جھالروں کی اندرونی قطار ۔

Barbule : (n) [L. " barbula "] (۱) پر کے ریشے ۔ (۲) دیکھو Barbula اور Barbel۔

Barcarole / - olle : (n) [It."barcaruolo"] (۱) وینس کے گنڈولا کے ملاحوں کا گیت ؛ ملاحوں کا گیت ۔ (۲) اطالوی ملاح ؛ ملاحوں کے گیت کے طرز کی ایک موسیقی ۔

Barchart : (n) (سماجیات) بارچارٹ ؛ امتناعی چارٹ ؛ امتناعی نقشہ ۔

Barcone / Barcon : (n) بحر روم میں چلنے والا ایک مال بردار جہاز ۔

Bard : (n) [Ocelt."bardos"] (۱) کلٹی قوم کا بھاٹ ؛ بھاٹ ؛

گویّا ؛ شاعر ؛ آوارہ گرد موسیقار یا گویّا۔ (۲) وہ شاعر جو مترنم اور جوشیلی نظمیں لکھتا ھے ۔ (۳) (تاریخ) بھاٹ ۔

Bard : (n) [F."barde"] (۱) گھوڑوں کی زرہ ۔ (۲) (جمع میں) زرہ بکتر ۔

Bard : (n) [F. "barde"] مرغ کے گوشت پر سور کے گوشت کی ایک پرت ۔

Bard : (v) [F. "barder"] (۱) زرہ بکتر سے آراستہ ہونا ۔ (۲) مرغ کے گوشت کو سور کے گوشت پر جما دینا ۔

Bardic : (a) شاعرانہ ؛ مغنیانہ ؛ گویّے شاعر یا بھاٹ سے متعلق ۔

Bardic tale : (n) (تاریخ) بھاٹوں کی داستان ۔

Bardish : (a) شاعر مغنّی یا گویّے شاعروں سے متعلق ۔

Bardism : (n) گویّا شاعروں کا طریقہ یا عقیدہ اور اصول ۔

Bardling : (n) نا تجربہ کار شاعر ؛ ادنیٰ شاعر ۔

Bardocucullus : (n) [L.] گیل قبیلے کے کسانوں کا لبادہ جس کے ساتھ ایک کلاہ بھی ہوتی ھے ، عیسائی راھب بھی اسے پہنتے ھیں ۔

Bardolater : (n) شیکسپئیر پرست ۔

Bardolatry : (n) شیکسپئیر پرستی ۔

Bardship : (n) ایک گویّا شاعر کا منصب ؛ وقار یا شخصیت ۔

Bare : (a) [OTeut. "baz-oz"] (۱) برھنہ ؛ ننگا ۔ (۲) عاری ۔ (۳) غیر محفوظ ۔ (٤) معرّا ؛ خالی ؛ محض ۔ (٥) سادہ ۔ (٦) غیر آراستہ ؛ محتاج ۔ (۷) قلیل ۔ (۸) کھلا ھوا ۔ (۹) چندلا ۔

Bare (v) (۱) بے نقاب کرنا ؛ ننگا کرنا ؛ بے میان کرنا ۔ (۲) ظاھر کرنا ۔

Bare-backed : (n) ننگی پیٹھ ؛ بغیر زین کا ؛ بے زین ۔

Bare bone : (n) چرم و استخوان شخص ؛ لاغر ؛ خالی استخواں ۔

Bare bones : (n) صرف ضروری چیزیں ۔

Bare contract : (n) غیرمشروط وعدہ یا سپردگی ۔

Bare flame : (n) برھنہ شعلہ ۔

Bare-headed : (a) (احتراماً) سر برھنہ ؛ برھنہ سر ؛ ننگے سر ۔

Bareback : (a & adv) ننگی پیٹھ ۔

Bareca /-ka : (n) [Sp.] ایک چھوٹا پیپا ۔

Barefaced : (n) بے داڑھی مونچھ کا ؛ ڈھیٹ ؛ گستاخ ؛ بے شرم ؛ بے حجاب ؛ بے نقاب ؛ کھلا چہرہ ۔

Barefacedly : (adv) ڈھٹائی سے ؛ گستاخی سے ؛ بے شرمی سے ؛ بے باکانہ ۔

Barefacedness : (n) گستاخی ؛ بے شرمی ؛ بے باکی ۔

Barefoot : (a) ننگے پاؤں ؛ پا برھنہ ۔

Barefooted : (a) برھنہ پا ؛ ننگے پاؤں ۔

Barehanded : (a) (۱) بغیردستانہ کے (ھاتھ) ۔ (۲) بغیر اوزار یا ھتھیار کے ۔

Bareheadedness : (n) سر برھنگی ؛ برھنہ سری ۔

Barely : (adv) صرف ؛ محض ؛ فقط ؛ مشکل سے ؛ صریحاً ؛ کھلم کھلاّ ؛ ناکافی طور پر ؛ بہ قلت ؛ صاف صاف ۔

Bareness : (n) (۱) ننگاپن ؛ برھنگی ؛ عریانی ۔ (۲) سادگی ؛ محرومی ۔ (۳) بے رونقی ۔ (٤) کمی

Barepole : (n) بغیر بادبان کے مستول ۔

Baresark : (n & adv) (۱) وحشی نارمن سپاهی ۔ (۲) بے زرہ بکتر کے ۔

Barfly : (n) ایک میخوار جو میخانوں میں بار بار جاتا ھے ۔

Bargain (n) [OF."bargaine"] سودا ؛ چیز جو خریدی جائے ؛ معاملہ ؛ نفع بخش سودا ۔

Dutch or wet bargain : معاملت جو شراب نوشی پر طے پائے ۔

Into the bargain : مفت میں ؛ مزید برآں ؛ بہ علاوہ ۔

To make the best of a bargain : نقصان یا مصیبت کو خندہ پیشانی سے برداشت کرنا ؛ جو سر پڑجائے اسے نبھانا ۔

To strike a bargain : سودا کرنا ؛ معاملہ کرنا ۔

Bargain : (v) [L. "barcaneare"] (۱) معاملہ کرنا ؛ طے کرنا ؛ سودا چکانا ؛ مول مولائی کرنا (خرید و فروخت میں) ۔ (۲) خرید و فروخت کیلئے معاھدہ کرنا ۔

Bargain and sale : انتقال جائداد کی ایک قسم جس میں مالک اپنےمفاد کو خریدار کے ھاتھ فروخت کر دینے کا اقرار کرتا ھے اور وہ خریدار اس جائداد کا روپیہ ادا کردیتا ھے یا ادا کرنے کا وعدہ کرتا ھے ۔

Bargain appeal : (n) (تجارت) سودا کشش ۔

Bargain away : (v) کسی چیزکو بیچ ڈالنا ؛ فروخت کردینا ۔

Bargain basement : (n) (تجارت) سستے مال کی دوکان ۔

Bargain counter : (n) (تجارت) سودا کاؤنٹر ۔

Bargainee : (n) وہ فریق جس کے ساتھ زمین کے فروخت کا سودا طے ھوجائے ؛ لین دین کرنے والا بیوپاری ۔

Bargainer / Bargainor : (n) لین دین کرنے والا بیوپاری ؛ وہ فریق جو زمین کی خرید و فروخت کا سودا کرے ۔

Bargain for : (v) تیار رھنا (کسی چیز کے لئے) ؛ توقع کرنا (کسی چیز کی) ۔

Bargaining : (n) سودا کاری ؛ مول تول ؛ مساوات ۔

Area wide bargaining : (سماجیات) حلقہ گیر سوداکاری / مساومت ۔

Collective bargaining : (سماجیات) اجتماعی سوداکاری / مساومت ؛ (تجارت) اجتماعی سودا بازی ۔

Company wide bargaining : (سماجیات) کمپنی گیر سوداکاری / مساومت ۔

Individual bargaining : (سماجیات) انفرادی سوداکاری / مساومت ۔

Multi-employer bargaining : (سماجیات) کثیرالمالکان سوداکاری /مساومت ؛ کثیرالاجران مساومت ۔

Multi-plant bargaining : (سماجیات) کثرت مشین سوداکاری / مساومت ۔

Sole bargaining : (سماجیات) ھمہ اختیاری سوداکاری ۔

Bargaining agent : (n) (سماجیات) سوداکار گماشتہ ؛ مساومتی گماشتہ ۔

Bargaining power : (n) قوت سودا بازی ۔

Bargaining theory of wages : (سماجیات) سودا کاری کا نظریہ اجرت ۔

Bargaining unit : (n) (سماجیات) سودا کاری کی اکائی ؛ مساومتی اکائی ۔

Bargaining rate : (n) (تجارت) شرح سودا ۔

Bargaining with : (n) کسی چیز کے بدلے (کوئی چیز) دے دینا ۔

Barge : (n) [L."barga"] (۱) ناؤ ؛ کشتی ؛ نواڑہ ؛ بجرا ؛

امیروں کا بجرا - (۲) جہاز کی کشتی (افسروں کے لئے) ؛ ایک سرکاری کشتی جو پتوار کے ذریعہ یا کھینچ کر لائی جائے - (۳) ایک بڑی گاڑی -

Barge : (v) کشتی لڑا دینا ؛ کسی چیز پر چڑھا دینا ؛ بجرے سے لے جانا ؛ گھس جانا ؛ خلل انداز ہونا -

Barge-board : (n) گیبل کا منقش چوبی حاشیہ یا سموسہ -

Barge-couple : (n) آڑے شہتیروں کا جوڑا ؛ گیبل کے دونوں شہتیر ؛ قینچی -

Barge-course : (n) چھجہ جو گیبل کے شہتیروں سے آگے نکلا ہو بارش کا پانی روکنے کے لئے ؛ بندروا -

Barge master : (n) بجرے کا مالک -

Barge pole : (n) کشتی کا پتوار ؛ متنفر ہونا -

Barge stones : (n) (جمع میں) گیبل کے پتھر -

Bargee : (n) [BARGE + EE] کشتی کھینچنے والا ؛ بجرے کا چلانے والا ؛ ملاح -

Lucky bargee : خوش قسمت ؛ تقدیر والا -

Swear like a bargee : ملاحی سنانا -

Bargeman : (n) کشتی چلانے والا ؛ کشتی کھینے والا ؛ ملاح -

Barghest : (n) [perhaps Ger."berg-geist"] ایک بڑے کتے کی شکل کا بھوت جس کے بارے میں کہانی ھے کہ وہ موت یا آفت کا منحوس شگون ھے -

Baric : (n) [" Barium " + - ic] بیرامی (ایک قسم کا سفید معدنی عنصر) -

Baric : (a) [Gr. " bar-os" + - ic] وزن سے متعلق خصوصاً ھوا کے وزن سے ؛ ھوا سنجی -

Barilla : (n) [Sp.] سسلی ؛ اسپین اور کناری کے درخت جنکو جلا کر سجی بناتے ھیں ؛ بریلا -

Baring : (n) کھلے رکھنے کا عمل ؛ کھلا رکھنے کے لئے جو چیز ھٹائی جائے ؛ کچی دھات یا چٹان سے ھٹائی ھوئی مٹی -

Baris : (n) [native name in Bali.] بالی کا نیزوں کا رقص ؛ سورماؤ ں کا رقص جس سے نقلی جنگ کا منظر دکھائی پڑ ے -

Barish : (n) تھوڑا کھلا ھوا ؛ سازو سامان یا محتویات میں قلیل ؛ کسی طر ح ڈھکا ھوا (جیسے بال یا درختو ں سے) -

Barite : (n) ["BARIUM"+ - ITE.] ایک سفید ، زرد یا بے رنگ معدنی شئے ؛ بیرٹ (کیمیا) -

Baritone : (n) (۱) درمیانہ مردانہ آواز- (۲) دھیمی آواز والی نفیری ؛ نیچی آواز والا قرنا - (۳) (یونانی نحو) وہ لفظ جس کے آخری بول پر کھڑا زور نہ ھو -

Barium : (n) [f."BAR-YTA"+ _"IUM"] ایک سفوف القلینی معدنی عنصر؛ بیریم (کیمیا) اسکی علامت Ba ھے -

Barium chloride : (n) (کیمیا) بیریم کلورائڈ -

Bark : (n) [OTeut."barkuz"] (۱) چھال ؛ چھلکا ؛ بلوط وغیرہ کی چھال جو دباغت کے کام آتی ھے ؛ پوست - (۲) سینکونا ؛ درخت کی چھال جس سے کونین بنتی ھے -

Bark (barque) : (n) [L."barca"] (شاعری)جہاز یا کشتی ؛ تمتولی کشتی ؛ بجرہ -

Bark : (n) (۱) کتے ؛ لومڑی ؛ گلھری وغیرہ کی آواز- (۲) بندوق کی آواز - (۳) کھنکھار ؛ بھونك ؛ بھونکنے کی آواز-

Bark worse than bite : کاٹے کم بھونکے زیادہ ؛ ایسے لوگ جو جھلے ھوں مگر نقصان نھیں پھنچائیں -

Bark : (v) [OTeut."brekan"] (۱) بھونکنا ؛ آواز کرنا ؛

بھوں بھوں کرنا (۲) غصہ میں یا تحکمانہ لہجے میں ۔ (۳) کھانسنا (سوقیانہ) ۔

To bark against (or at) the moon : بے کار شور کرنا ۔

Bark : (v) (۱) مقشر کرنا ؛ درخت کی باڑھ مارنا ؛ چھیلنا ؛ چھلکا چھڑانا ۔ (۲) چھال بننا ۔ (۳) چمڑا کمانا ۔ (٤) پوست کنی کرنا ۔ (٥) چھال سے یا چھال کیطرح ڈھانك دینا ؛ تہ جمانا ۔ (٦) گھٹنا وغیرہ کا رگڑنا ؛ چھلنا ۔

To bark (a squirrel, etc) : گلھری کو نشانہ لیکر اسکے نیچے کی چھال پر بندوق سے مارنا اور گلھری کا صدمہ سے مر جانا ۔

Bark at : (v) برا بھلا کہنا ؛ گالی دینا ۔

Bark bed : (n) بلوط کی چھال کی تہ ۔

Bark bound : (a) ایسا درخت جس کی چھال کے سخت ہو جانے سے باڑھ ماری جائے ۔

Bark canoe : (n) (تاریخ) چھال ڈونگی ۔

Bark keeper (Bar keeper) : (n) شراب خانے کا مالك یا روك کا محافظ ۔

Bark louse : (n) جوؤں کی ایك قسم ۔

Bark pit : (n) وہ گڑھا جس میں چھال اور پانی رھتا ھے اور جس میں چمڑا بھگوتے ھیں ۔

Bark raft : (n) (تاریخ) چھال بیڑا ؛ چھال ڈونگی ۔

Bark tree : (n) سنکونا کا درخت ۔

Bark worm : (n) دیکھو Bark louse

Barker : (n) (۱) بھونکنے والا کتّا ۔ (۲) (مجازاً) شور مچانیوالا حملہ آور ۔ (۳) ایك قسم کا چتلا چھال ۔ (٤) ایك سستی دکان یا نمائش میں تجارتی مال کا چیخ چیخ کر نام بتانے والا ؛ (عامیانہ) پستول ۔

Barker : (n) درختوں کی چھال چھڑانے والا ۔

Barkey : (n) ایك چھوٹی کشتی ۔

Barking : (n) (۱) دباغی ۔ (۲) چھال چھڑانا ؛ اس طرح چھال چھڑانا کہ حلقہ بن جائے ۔

Barking: (n) (۱) شدید کھانسی ؛ بھونك ۔ (۲) (مجازاً) غضبناك چیخ ۔

Barking : (n) چیخنا ۔

Barking bird : (n) درشت آواز والی ایك چڑیا ۔

Barking iron : (n) پستول ۔

Barkingly : (adv) بھونکتے ھوئے ؛ چیختے ھوئے ۔

Barky : (a) چھال سے چھپا ھوا یا چھال کے مانند ؛ پوست دار؛ پوستی ؛ دیکھو Bark

Barley : (n) [OE."baerlie"] جو ؛ جو کی گری ۔

Pearl barley : جو کا دلیا ؛ دلے ھوئے جو ۔

Barley : (int.) [perhaps F."parley"] وقفہ (بچوں کے کھیل میں استعمال ھونیوالی ایك اصطلاح) ۔

Barley bird : (n) بلبل وغیرہ قسم کی چڑیا جو جو بونے کے زمانے میں ظاھر ھوتی ھے ۔

Barley-break : (n) ایك پرانا دیھاتی کھیل ۔

Barley bree / Barley broth : (n) جو کی تیز شراب ۔

Barley candy : (n) جو شکر؛ دانہ دار مصری ۔

Barley-corn : (n) (۱) جو کا دانہ ۔ (۲) جو بھر ؛ ۱/۳ انچ ۔ (۳) بندوق کا دید بان یا شست ؛ (دھات وغیرہ) ڈھالنے کے وقت جوڑوں میں جو جوف رہ جاتا ھے ۔

Barley-hood : (n) بد مستی کی کیفیت یا بد مزاجی جو شراب نوشی کی وجہ سے پیدا ھو جاتی ھے ۔

Barley maw : (n) جو کا کھلیان ؛ خرمن ۔

Barley milk : (n) آش جو ۔

Barley sugar : (n) جو قند ۔

Barley water : (n) آب جو ۔

Barlow 's wheel : (طبیعیات) بار لو پہیا۔

Barm : (n) [OE."beorma"] شراب کا جھاگ ؛ خمیر ۔

Barmaid : (n) ہوٹل بار، یا شراب خانے کی خادمہ ۔

Barman : (n) (۱) (دھات کی) سلاخیں بنانیوالا ۔ (۲) سرائے کے شراب خانے کا نوکر ۔

Barmaster : (n) [Ger."bergmeister"] دیکھو Bar

Barmecidal : (a) برمکی کا یا ان سے متعلق ؛ خیالی فائدہ یا دعوت سے متعلق ۔

Barmecide : (n) (۱) برمکی ۔ (۲) خیالی ؛ وہمی ؛ مایوس کن (الف لیلی کی دعوت ؛ برمکی کی تلمیح) ؛ خیالی فائدے یا خیالی دعوت دینے والا ۔

Barmote : (n) [Ger."berg-"(mining)+MOTE] کان کنو ں کے آپسی اختلافات کو سلجھانیوالی ایک مقامی عدالت ۔

Barmy : (a) (۱) جھاگدار ۔ (۲) سنکی ؛ بے مغز؛ احمق ۔

Barmy on the crumpet : پاگل ؛ خبطی (سوقیانہ) ۔

Barn : (n) [OE.] (۱) غلہ وغیرہ رکھنے کی چھت دار عمارت ؛ کھتا ؛ کوٹھا (غلہ بھرنے کا) ۔ (۲) بے آرائش عمارت (تحقیراً) ۔

Barn burner : (n) (تاریخ) بارن برنر ۔

Barn dance : (n) (تاریخ) کھلیان ناچ ؛ خرمن رقص ؛ ایک اجتماعی رقص ۔

Barn-door : (n) بڑا نشانے کا چاند ؛ ایسی نمایاں چیز جس پر آسانی سے نشانہ لگ سکے ؛ چاند ماری کا نشان (مزاحاً) اس چاند ماری کے نشان کے لئےاستعمال ہوتا ہے جو اتنا بڑا ہوتا ہے کہ نشانہ خطا نہ کرے یا کرکٹ میں اس کھلاڑی کے لئےجو گیند کو صرف روکتا ہے ۔

Barn floor : (n) کوٹھی کا پیندا ؛ کوٹھی میں رکھاہوا غلہ ۔

Barn gallon : (n) (دودھ) دو شاہی گیلن ۔

Barn owl : (n) گھگھو ؛ سفید الو ؛ گرجے کا الو ؛ ایک شکاری پرندہ ۔

Barn stormer : (n) سفری تماشہ گر ۔

Barn swallow : (n) ایک قسم کی ابابیل ۔

Barnabite : (n) [f."Barnabas"] میلان کے سینٹ برنباس گرجا کے نام سے ایک مذہبی فرقے کا رکن ۔

Barnaby : (n) [L."Barnabas"] برنباس کی ایک شکل ۔

Barnaby day / Barnaby bright : (n) گیارہ جون ۔

Barnaby thistle : ایک پودا جو گیارہ جون کو پھولتا ہے ۔

Bayonet : (n) [F."baionnette"] (١) سنگین (سیدھی چھوٹی تلوار) ۔ (٢) گھونپنے کا آھنی اوزار جو بندوق کے سرے پر لگا ھوتا ھے ۔ (٣) فوجی طاقت ۔ (٤) (جمع کی حالت میں) سنگین سے مسلح سپاھی ۔ (٥) مشین کی ایك سوئی ۔ (٦) قبضہ ؛ شکنجہ ۔

Spanish bayonet : سوسن کی قسم کا ایك پھولدار پودا ۔

Bayonet : (v) سنگین سے بھونکنا ؛ مارنا ؛ دبانا ؛ ھلاك کرنا ۔

Bayonet clutch : (n) مشین کا شکنجہ ۔

Bayonet into : (v) سنگین کے زور سے کوئی کام کرنا ۔

Bayonet joint : (n) وہ جوڑ جس میں کوئی حصہ ایك سادہ طولانی حرکت کے ذریعہ علاحدہ کیا جاسکے ۔

Bayonetted : (a) سنگین سے بھونکا ھوا ؛ سنگین کا زخم خوردہ ؛ سنگین سے مارا ھوا ۔

Bayou : (n) [Choctaw "bayuk"] (شمالی امریکہ کےجنوبی حصہ میں) ندی یاجھیلوں کی دلدلی شاخ ۔

Baywood : (n) مھوگنی کا درخت جو Bay of Compeachy میں ھوتا ھے ؛ چوب ماھون ۔

Bazaar / Bazar : (n) [Pers. "bazar "] بازار ؛ میلہ ؛ خیراتی میلہ ؛ میناباز ار ۔

Soho bazaar :- خیراتی بازار ۔

Bdellatomy : (n) [Gr."bdella + omia"] (طب) خون چوسنے کی حالت میں کسی جونک کو کاٹ دینا ۔

Bdellium : (n) [Gr. "bdellion"] بلساں یا گوند کا درخت ؛ گوگل ۔

Bdellometer : (n) [Gr. "bdella" + "metron"] (طب) وہ آلہ جو جونک کے بدلے استعمال کیا جائے اور جس میں نکلے ہوئے خون کی مقدار بتائی جائے ۔

Be : (v) [OE. "beon"] (۱) ہونا ؛ موجود ہونا ؛ واقع ہونا ؛ زندہ ہونا ؛ مست ہونا ۔ (۲) جاری رہنا ؛ باقی رہنا ۔ (۳) مؤید ہونا ۔ (٤) عازم ہونا ۔ (٥) کسی حالت میں ہونا ۔ (٦) مراد ہونا ؛ معنی ظاہر کرنا ؛ مترادف ہونا ۔ (۷) متعلق ہونا ؛ پاس ہونا ۔

To be about to : آمادہ ہونا ۔

To be for : (۱) عازم ہونا ۔ (۲) کسی کی طرف ہونا ۔

What one would be at : مقصد ہونا ؛ مراد ہونا ۔

Be _ : (Prefix) سابقہ جس کے اسم پر داخل ہونے سے فعل بنتا ہے ۔

Be -all : (n) سب کچھ۔

Beach : (n) [origin unknown] (۱) ساحل ؛ دریا کا کنارہ (خصوصاً جوار بھاٹا کے کنارے) ۔ (۲) ساحل : سمندر کے پانی سے گھسے ہوئے سنگریزے ؛ شن ۔ (۳) (معدنیات) ایک قدیم ساحل دریا / کنار دریا ۔

Raised beach : مرتفع شط ۔

Submerged beach : غرقاب شط ۔

Beach : (v) ساحل پر لنگر انداز ہونا ؛ ساحل پرچڑھ جانا ۔

Beach comb : (n) (۱) وہ بڑی موج جو سمندر سے ساحل تک جاتی ہے ۔ (۲) آوارہ گرد جو آسٹریلیا ، جزائر بحرالکاہل وغیرہ کے ساحلوں اور بندرگاہوں پر گشت لگا کر اپنی معاش حاصل کرتا ہے ۔

Beach grass : (n) نرکٹ ؛ نئے ۔

Beachman : (n) وہ آدمی جو اپنی روزی سمندر کے ساحل پر کماتا ہے ۔

Beach master : (n) وہ افسر جو فوجوں کے جہاز سے ساحل پر اترنے کی نگرانی کرتا ہے ۔

Beach rest : (n) پیٹھ کی ٹیک جو ساحل دریا پر بیٹھنے کےکام آتی ہے ۔

Beach wagon : (n) کھلی ہوئی گاڑی جس میں دو یا زیادہ نشستیں ہوتی ہیں ۔

Beacharra ware : (n) (تاریخ ، اثریات) بیخارہ کے برتن ۔

Beached : (a) (۱) سنگریزوں سے ڈھکا ہوا ۔ (۲) کنارے تک کھینچ کر لایا ہوا ۔

Beachless : (a) بے ساحل ۔

Beachy : (a) ریت سے ڈھکا ہوا ۔ شن زار ؛ شن دار ۔ سنگریزوں سے ڈھکا ہوا ۔

Beacon : (n) [OTeut."baukno"(m).] (۱) آکاش دیا ؛ روشن مینار ؛ رہنما مینار ۔ (۲) چراغ راہ ؛ باعث عبرت ؛ مشعل راہ ۔ (۳) خبر الاؤ ؛ وہ آگ جو خطرہ وغیرہ کی اطلاع کے لئےجلائی جائے ؛ سگنل اسٹیشن ؛ اشارہ ۔ (٤) ایک نمایاں چیز جیسے روشن مینار وغیرہ جو سمندر کے کنارے رہنمائی کے لئے بنا دیا جائے ۔ (٥) نمایاں پہاڑی جس پر خبر الاؤ جلایاً جاتا ہے ۔ (٦) راستہ کی روشنی Traffic light ؛ وہ روشنی جو سڑک پر مسافروں اور گاڑیوں کی آمد و رفت کے لئے لگائی جائے ۔ (۷) وہ لاسلکی آلہ ترسیل جو ہوائی جہاز کی رہنمائی کرتا ہے ۔

Beacon : (v) = (To beacon up) (۱) روشنی دکھانا ؛ آگاہ کرنا ۔ (۲) رہنمائی کرنا ۔ (۳) روشن ہونا ۔ (٤) روشنی کے ذریعہ کسی مقام کو متعین کرنا ۔ (٥) (مجازاً) علامت بن جانا ۔

Beacon tower : (n) (تاریخ) روشنی کا مینار ۔

Beaconage : (n) (۱) روشنی کے مینار کو بر قرار رکھنے کے لئے محصول ۔
(۲) مینارهائے روشنی کا سلسلہ ۔

Beaconed : (n) روشنی سے رهنمائی کی گئی ؛ رهنمائی روشنی کے ساتھ ۔

Bead : (n) ["bede"] (۱) عبادت ؛ وظیفہ ۔
(۲) تسبیح کا دانہ ؛ پرت ؛ مہرہ ؛ منکہ ؛ دانہ ؛ موتی (کیمیا) ۔ (۳) (تعمیرات) پرت ؛ مہرہ ۔ (٤) بندوق کی مکھی ؛ اسفنجوں کا ایک سلسلہ ۔ (٥) بوند ؛ قطرہ ؛ بلبلہ ؛ پگھلے هوئے دھات کی ایک بوند ۔ (٦) مالا سا ۔ (۷) ایک پتلے آرائشی حاشیے کا نیم دائروی حصہ ۔

Baily bead : ایک قدرتی منظر جو آفتاب کی کلی کسوف کے وقت مشاهدے میں آتا ھے اور جس میں آفتاب کی مکمل تاریکی کے شروع اور آخر میں اس کا تنگ کنارہ درخشاں نقطوں کا ایک مجموعہ نظر آتا ھے جو منکوں کی لڑی سے مشابہ ھے ۔

To bid a bead : عبادت کرنا ۔

To draw a bead upon : نشانہ لینا ؛ شست باندھنا ۔

To say one's beads : عبادت کرنا ۔

To tell or count one's beads : تسبیح پڑھنا ۔

Bead : (v) (۱) پرونا ؛ گوندھنا ؛ لڑی بنانا ؛ منکہ لگانا ؛ مہرہ لگانا ؛ مہرہ دار جھالر لگانا۔
(۲) (مجازاً) سلسلہ میں هونا ؛ ایک قطار میں هونا ۔ (۳) مہرہ یا منکہ بن جانا ۔
(٤) نشانہ لینا ؛ باندھنا ۔

Bead curtain : (n) گول مہروں یا دانوں کے دھاگے میں پرو کر بنایا هوا پردہ ۔

Bead folk : (n) وہ لوگ جو اپنے محسن کے لئے دعا گو هوں ؛ دعا گو ۔

Bead house : (n) عبادت گاہ ؛ خیرات خانہ جس میں اسکے بانی کی روح کے لئے دعا کی جاتی ھے ۔

Bead proof : (a) بوتل (شراب کی) هلانے پر دیر تک قائم رهنے والے (بلبلے) ۔

Bead-roll : (n) (۱) فہرست ؛ ناموں کی فہرست ۔
(۲) طومار ؛ لمبا سلسلہ ؛ شجرہ ۔
(۳) مالا۔

Bead sedge : (n) دلدلوں میں سوان کی قسم کی گھاس ؛ ایک قسم کا سیج ۔

Bead sequence : (n) (تاریخ و اثریات) منکوں کا (تاریخی) سلسلہ ۔

Bead snake : (n) امریکہ کا ایک قسم کا چھوٹا سانپ ۔

Bead stone : (n) مالا کے پتھر کا دانہ ۔

Bead test : (n) (کیمیا) منکا جانچ ؛ موتی جانچ ۔

Bead tree : (n) دیکھو Azedarac

Bead woman : (n) دیکھو Bead folk

Bead work : (n) (تاریخ و اثریات) پوت کا کام ؛ منکا کاری ۔

Beaded : (a) گول گول دانوں سے بنا هوا ؛ کنارے پر مہرہ کے مانند ابھرا هوا ؛ مالا پہنے هوئے ؛ مہرہ بنا هوا یا مہرہ کی طرح بنا هوا ۔

Beaded rim : (n) (تاریخ و اثریات) دانہ دار کور ۔

Beaded ring : (n) (تاریخ و اثریات) دانہ دار چھلہ ۔

Beader : (n) چاندی پر مہرہ کی شکل بنانے والا آلہ ۔

Beadiness : (n) مہرہ صفتی ۔

Beading : (n) مہرہ سازی ؛ آرائش کے لئے مالا بنانا ؛ ایسی چیز جس کے ملانے سے شراب میں بلبلیں بنیں ؛ لیس یا زمین پر چھوٹے چھوٹے حلقوں کے کنارے یا حاشیے یا جھالر ۔

Beadle : (n) [OTeut. "bulido"-z.] (۱) ایجنٹ ؛ کارندہ ؛ جمعدار (گرجا کا) ؛ منصفی کا ماتحت افسر ۔
(۲) چوب دار یاحاجب خاص کر جو انگریزی یونیورسٹیوں میں جلوس وغیرہ میں آگے آگے چلتے هیں ۔
(۳) تجارتی انجمن کا چوبدار / جمعدار ۔

Beadledom : (n) بےجا یا بے ضرورت مستعدی ۔

Beadlehood : (n) جمعدار کا مرتبہ ۔

Beadleism : (n) جمعدار کا مرتبہ ۔

Beadleship : (n) جمعداری ۔

Beads man : (n) [ME."besdeman"] روزینہ خوار ؛ دعا گو ؛ بھکاری ۔

Beady : (n) مہرہ کی مانند ؛ چھوٹی چمکدار آنکھیں ؛ مہروں سے آویزاں یا منکوں سے لدا ہوا ؛ جھاگدار ؛ (تعمیرات) مہرہ دار آرائش والا ۔

Beagle : (n) [F. "begueule"] (۱) سراغی کتا ؛ کھوجی کتا ۔ (۲) جاسوس ؛ سراغ رساں ؛ کانسٹبل ۔

Beagling : (n) سراغ رسانی ؛ خبر رسانی ۔

Beak : (n) [F. "bec"] (۱) چونچ ؛ منقار ۔ (۲) تھوتھنی (سونڈ کیڑوں کی) ۔ (۳) طوطے کی سی ناک ۔ (٤) جہاز کی چونچ (قدیم جنگی جہاز وں میں) ۔ (٥) ٹونٹی ، چوٹی ۔ (٦) (نباتیات) تیزباھر کو نکلا ہوا حصہ ۔ (۷) قرنبیق کی ٹونٹی ۔ (۸) چھوٹے شکنجے کا مڑا ہوا سرا (بخاری) ۔ (۹) (گیس بھرنےمیں) گول سوراخ والا گیس برنر (چولھا) ۔ (۱۰) (عمارت) ٹونٹی ۔ (۱۱) صدف پارہ کے سوراخ کے آگے کا نکلا ہوا حصہ ۔

Beak : (n) (۱) مجسٹریٹ ؛ ناظم عدالت ۔ (۲) بعض انگلستانی پبلک اسکول کے معلم ۔

Beak (v) [OF. "bequer"] چونچ سے مارنا ؛ چونچ سے پکڑلینا ؛ چونچ گھسا دینا ۔

Beak-head : (n) (۱) (جہاز سازی) جہازکے اوپری عرشہ کے سامنے کا چھوٹا چبوترہ ۔ (۲) جہازکے اگلے حصے کے سامنے کی جگہ جہاں جہاز کے عملے کےلئے پاخانے بنےہوں ۔ (۳) (تعمیرات) Norman عمارتوں کے آرائشی حاشیہ میں چڑیا کی چونچ کی شکل کی آرائش ۔

Beak-iron : (n) لوھارکی نہائی کا نوکیلا حصہ /پتلا حصہ ۔

Beaked : (a) (۱) ٹونٹی دار ؛ چونچ دار ۔ (۲) (نقابت) مرغ کی چونچ اس کے عضو کے اعتبار سے دوسرے رنگ کی ہو ۔ (۳) (نباتیات) منقار دار ۔ (٤) نوکیلا یا خمدار (چونچ کی طرح) ۔

Beaked rim : (n) (تاریخ و اثریات) منقاری کور ۔

Beaker : (n) [L. "bicarium"] (۱) بادیہ ؛ مئے نوشی کا بڑا پیالہ ؛ قدح ۔ (۲) گھڑا یا وہ ظرف جس میں انڈیلنےکی جگہ بنی ہوتی ہے ۔ (۳) کوئی ظرف جس میں ڈھالنے کے لئے ٹونٹی ہوتی ہےاور سائنسی تجربوں میں کام آتا ہے ۔

Beaker culture : (n) (تاریخ) بیکر تہذیب ؛ بیکر کلچر ۔

Beaker grave : (n) (تاریخ) بیکر قبر ۔

Beaker with spout : (کیمیا) ٹونٹی دار بیکر ۔

Beakful : (a) چونچ بھر ۔

Beakless : (n) بے چونچ کا ؛ بےچونچا ؛ بےمنقار ۔

Beaky : (a) چونچ دار ؛ منقار دار ؛ چونچ نما ۔

Beal : (n) [Gael."beul"] کسی ندی یا وادی کا دہانہ ۔

Beal : (v) اکٹھا ہونا ؛ جم جانا ۔

Beam : (n) [West Ger."baumo-z"] (۱) لٹھا ۔ (۲) شہتیر ۔ (۳) کرگھے کا تر ۔ (٤) ھرس (ھل کا) ۔ (٥) ترازو کی ڈنڈی ۔ (٦) کنارہ ؛ پہلو ۔ (۷) لنگر کا دستہ ۔ (۸) وہ بیرم جو انجن کے دھرے کو پستن سے جوڑتا ہے ۔ (۹) وہ شہتیر جس پر جہاز کا عرشہ قائم ہوتا ہے ؛ جہاز کی چوڑائی/جہاز کا سب سے چوڑا حصہ ۔ (۱۰) روشنی کی شعاع ۔ (۱۱) تبسم ؛ دمک ؛ شگفتگی (چہرے کی) ؛ بشاشت ۔ (۱۲) ہرن کے سینگ کی اصل شاخ جس سے اور شاخیں نکلتی ہیں ۔ (۱۳) وہ رہنما ریڈیو سگنل جو ریڈیو اسٹیشن سے بھیجا جاتا ہے اور جو لگاتار آواز کے طورپر سنا جاتا ہے جب تک کہ جہاز سیدھے راستے پر رہتا ہے اور جیسے ہی جہاز دائیں یا بائیں مڑتا ہے اس کی آواز میں فرق پیدا ہوجاتا ہے ۔ (۱٤) وہ فربہ اندام عورت جس کی سرین بڑی چوڑی ہوتی ہے ۔

Abaft the beam : اس فرضی خط کے پیچھے جو جہاز کے مرکز سے کھینچا جائے ۔

Back-beam : پچھلا تر ۔

Before the beam : اس فرضی خط کے آگے جو جہاز کے مرکز سے کھینچا جائے ۔

Fore - beam : اگلا تر ۔

Lee beam : ھوا کے رخ کے پرے ۔

Sun's beam : (طبیعیات) سورج کی شعاع ۔

The common beam or King's beam: وہ معیاری ترازو جو لندن کے بقالوں کی انجمن میں رکھی رھتی ھے ۔

To be, or be laid, on the beam ends / To be on her beam's end : (۱) جہاز کا الار۔ (۲) (مجازاً) بدحواس ھوجانا ؛ مشکل میں پھنس جانا ؛ مفلس ھوجانا ؛ قلاش ھوجانا ۔

To kick or strike the beam : ھلکا ثابت ھونا ؛ ھار جانا ۔

Weather beam : ھوا کے رخ کے سامنے ۔

Wireless beam : لاسلکی شعاع ۔

Beam (v) [OE "beamian"] (۱) جگمگانا ؛ مسکرانا ؛ شگفتہ ھونا ۔ (۲) شعاع ریز ھونا ؛ درخشاں ھونا ؛ ضوفشاں ھونا۔ (۳) ڈنڈے پر کپڑا پھیلانا ؛ چمڑا کمانے میں ڈنڈے کا استعمال کرنا ۔

Beam balance : (n) (طبیعیات) ڈنڈی ترازو ۔

Beam bird : (n) مکھی پکڑنے والی ایک چتکبری چڑیا ۔

Beam centre : (n) وہ مرکزی کیل جس پر بھاپ کے انجن کا ڈنڈا گھومتا ھے ۔

Beam Compass : (n) (طبیعیات) ڈنڈی پرکار ۔

Beam ends : (n) جہاز کے تختوں کے دونوں کنارے ۔

Beam line : (n) وہ خط جو جہاز کے تختوں کے اوپری کناروں کو جہاز کے کناروں سے ملنے کی جگہ بتاتا ھے ۔

Beam of light : (طبیعیات) نور کی شعاع ۔

Parallel beam of light : (طبیعیات) نور کی متوازی شعاع۔

Beam of particles : (طبیعیات) ذرّات کی شعاع ۔

Beam sea : (n) سمندر کی وہ لھریں جو جہاز کے پہلو کے خلاف ھوتی ھیں ۔

Beam trawl : (v) ایسے جال سے مچھلی پکڑنا جو ایک کڑی کے ذریعہ کھلا رھتا ھے ۔

Beam-tree : (n) سیب اور ناشپاتی وغیرہ کی قسم کا ایک درخت (جس کے پتوں کا نچلا حصہ سفید ھوتا ھے) ۔

Beamed : (a) بارہ سنگھے کی طرح چوتھے سال کا سینگ رکھنے والا ۔

Beamer : (n) ھل کے ساتھ کام کرنے والا ۔

Beamful : (a) منور ؛ شگفتہ ۔

Beamily : (a) تابانی سے ۔

Beaminess : (n) تابانی ۔

Beaming : (n & a) چمکدار ؛ روشن ؛ درخشاں ؛ شعاع ؛ شہتیر کا استعمال ۔

Beamingly : (adv) تابانی سے ؛ ضوفشانی سے ۔

Beamless : (a) لاشعاع ؛ بے نور ؛ بے پرتو ۔

Beamlet : (n) چھوٹی شعاع۔

Beamy : (a) [BEAM + - Y] (۱) روشن ؛ چمکدار ۔ (۲) چوڑا (جہاز) ۔(۳) (شعر میں) بہت بڑا ۔(٤) شاخ دار ۔(٥) چوڑا ؛ بھاری بھرکم ۔ (٦) شگفتہ ؛ تاباں ؛ متبسم ۔

Bean : (n) [OTeut."bauna"] (۱) سیم ؛ باقلا ؛ قھوے کی بن کی قسم کا بیج یا دانہ ۔ (۲) بے حقیقت چیز ؛ بے قیمت چیز۔ (۳) ایک گینی ؛ سورن ؛ (امریکی عامیانہ) ایک ڈالر ۔ (٤) قلیل رقم ۔ (٥) (جمع میں) سزا ؛ مارنا ؛ ملامت کرنا۔ (٦) سر ؛ دماغ ۔

Egyptian or Pythagorean Bean : کمل کابیج ؛ کمل گٹا ۔

Navy bean — خشک فرانسیسی پھلی ۔

Not a bean : — ایک پیسہ بھی نہیں ۔

Old bean : — بے تکلفانہ انداز تخاطب ۔

To be full of beans : — امنگ اور قوت سے مملو ہونا ۔

To get beans : — سخت سزا پانا ۔

To give beans : — سخت سزا دینا ؛ ملامت کرنا ؛ جھاڑنا ۔

Bean brush : (n) — سیم کی کھونٹی ۔

Bean caper : (n) — جنوبی افریقہ کا ایک پودا ۔

Bean crake : (n) — جزائر برطانیہ کا ایک پرندہ جو غلے کے کھیتوں میں رہتا ہے ۔

Bean dolphin : (n) — سیم کا ایک کیڑا ۔

Bean-feast : (n) — (۱) سالانہ دعوت جو کارخانے کے مالک مزدوروں کو دیتے ہیں ۔ (۲) گھر سے باہر جاکر کھانا پینا ؛ کھیل کود ؛ خوش وقتی ۔

Bean-fed : (a) — مسرور ؛ خوش ؛ پرجوش ۔

Bean fly : (n) — ایک زرد سرخ رنگ کا کیڑا جو سیم میں ہوتا ہے ۔

Bean goose : (n) — وہ ہنس جس کی چونچ پر سیم دانہ سا ہوتا ہے ۔

Bean mouse : (n) — ایک قسم کا چوہا جو دانہ کھاتا ہے ۔

Bean pole : (n) — لاغر ۔

Bean stalk : (n) — باقلا / سیم کے پودوں کا تنا ۔

Bean stick : (n) — لاغر ۔

Bean straw : (n) — باقلا کے پودوں کا سا کھلا ہوا ڈنٹھل ۔

Bean tree : (n) — پھلیوں والے پودے یا درخت ۔

Bean trefoil : (n) — ایک گھنی جھاڑی ۔

Bean vine : (n) — پھلیوں دار امریکی لت ۔

Beano : (n) [alter. of " beanfast "] — خوش وقتی ؛ کھیل کود ۔

Beany : (a) — (۱) پر جوش ؛ تازہ ۔ (۲) اسکول کے بچوں کی وہ ٹوپی جو چپکی ہوئی ہوتی ہے ۔

Beany : (n) — عورتوں کا ایک چھوٹا ہیٹ ۔

Bear : (n) [OTeut. " beron "] — (۱) بھال ؛ بھالو ؛ ریچھ ۔ (۲) کندہ ناتراش ؛ بدتمیز آدمی ۔ (۳) سٹہ کرنے والا ؛ سٹے باز (وہ شخص جو کسی غیر موجود مال کو کسی آئندہ تاریخ کے وعدے پر بیچتا ہے اس امید پر کہ اس درمیان میں سستا خرید کر دے سکیگا اور اس کی قیمتوں کی شرح کو گرانے کی کوشش کرتا ہے) ۔ (٤) ربّ اکبر اور ربّ اصغر ۔ (٥) نیو ساؤتھ ویلس کا ایک تھیلی دار جانور ۔ (٦) سیل مچھلی کی جنس ۔ (۷) پا انداز ؛ وہ چٹائی جس پر جوتا صاف کیا جاتا ہے ؛ عرشہ کو صاف کرنے کا کھردری چٹائی کا پائدان ۔ (۸) سوراخ بنانے کی ایک مشین ۔ (۹) ماہر ؛ ثابت قدم ؛ مستقل مزاج ؛ صلاحیت والا ؛ متحمل ۔

Squeezed bear : — (تجارت) بھنچا منڈریا ؛ بھنچا منڈی والا ۔

To play the bear : — درشتی اور سختی سے پیش آنا ؛ برا سلوک کرنا ؛ بداخلاقی سے پیش آنا ۔

To sell a bear : — کسی چیز کو بیچ دینا جبکہ وہ چیز اس کے پاس نہ ہو ۔

Bear : (n) [OTeut. " bariz "] — جو ؛ بارلی ۔

Bear : (v) [OE. "beran"] — (۱) سنا کرنا ؛ لیجانا ؛ اٹھاکر لیجانا ؛ اٹھا لینا ۔ (۲) کسی نام سےموسوم یا (کسی خطاب سے) مخاطب ہونا ؛ (کسی چیز میں) کسی نشان یا علامت وغیرہ کا ہونا یا پایا جانا ۔ (۳) رکھنا (رشتہ ، نسبت ، علاقہ وغیرہ) ۔ (٤) سہنا ؛ اٹھنا ؛ سہارنا ؛ برداشت کرنا ؛ روادار یا متحمل ہونا (اپنے ذمہ لینا) ؛ (٥) دھکیلنا ؛ ہاتھ پاؤں مارنا ؛ زور ڈالنا ؛ بوجھ ڈالنا ؛ موڑنا ؛ مڑنا ؛ رخ کرنا ؛ چھونا ؛ بھونکنا ۔ (٦) جننا ؛ پیدا کرنا ۔ (۷) سلوک کرنا ۔ (۸) پہننا ؛ حامل ہونا ۔ (۹) قوت رکھنا ؛ طاقت رکھنا ۔

(۱۰) عهده دار هونا۔ (۱۱) محسوس کرنا ۔
(۱۲) مان لینا ۔ (۱۳) برقرار رکھنا ۔
(۱٤) کسی چیز پر لکھا هوا هونا ۔
(۱٥) توپ کو اس طرح نصب کرنا
که پورا علاقه اس کی زد میں هو ۔

Borne on the books of : ادا کیا گیا ؛ وه رقم جس کی ادائگی کا اندراج هو ۔

To bear a grudge : دل میں کینه رکھنا ؛ بغض رکھنا ۔

To bear (anyone's) company : لانا ؛ دینا ؛ ساتھ دینا۔

To bear (anyone's) hand : مدد کرنا ۔

To bear a part : شریك هونا ؛ حصه لینا (کسی چیز یاکام میں) ۔

To bear a rein up : روکنا ۔

To bear arms : مسلح هونا ۔

To bear arms against : کسی سے جنگ کرنا ؛ کسی کے خلاف هتھیار اٹھانا۔

To bear away : (۱) جیت کر لے جانا ؛بازی لے جانا ۔ (۲) (جهاز کا) راسته بدلنا ۔

To bear down : پچھاڑنا ؛ زیر کرنا ۔

To bear down (upon or towards) : جهاز کا هوا کے رخ پر چلنا ۔

To bear down upon : دشمنی کی نیت سے جهاز کا آگے بڑھنا (دشمن کےجهاز کی طرف) ۔

To be borne away : (کسی جذبه وغیره سے) مغلوب یا متاثر هونا ۔

To bear fruit : نتیجه برآمد هونا ؛ پھل پانا ۔

To bear hard or heavily : کینه کے ساتھ برداشت کرنا ۔

To bear in / To be borne in : کسی کے دماغ میں بٹھانا یا بیٹھ جانا ۔

To bear in mind : یاد رکھنا ؛ ذهن میں رکھنا (کسی بات کا خیال رکھنا) ۔

To bear off : (۱) جهاز کو اس طرح لےجانا که وه زمین یا ساحل سے دور رهے ۔ (۲) حمله کو روکنا ؛ دفاع کرنا۔

To bear office : کسی عهده پر هونا ۔

To bear out : تصدیق کرنا ؛ تائید کرنا ؛ کسی کو سچا بتانا ۔

To bear record : گواه هونا ؛ شهادت دینا ۔

To bear testimony : تصدیق کرنا ؛ گواه هونا ؛ شهادت دینا ۔

To bear up : (۱) حمایت کرنا ؛ مایوس نه هونا ؛ همت نه هارنا۔ (۲) (جهاز کو) هوا کے رخ پر لانا ۔

To bear up : پتوار کو اس طرح اوپر رکھنا که جهاز آگے چلے ۔

To bear up for (a place) : جهاز کا کسی مقام کی طرف چلنا ۔

To bear with : درگذر کرنا ۔

To bear witness : گواه هونا ؛ شهادت دینا ۔

To bring to bear : کام میں لانا (اثر وغیره کا) ۔

Bear : (v) چیزوں کی قیمت میں کمی کرنا ؛ سٹه بازار میں قیمتوں کی کمی کا قیاس کرنا۔

Bear account : (n) (تجارت) منڈی یا کھاتا ؛ کھاتا منڈی والا ۔

Bear-baiting : (n) ایك کھیل ؛ بندھے هوئے ریچھ پر کتا چھوڑنا ۔

Bear ('s) breach : (n) تال مکھانے کی طرح کا ایك درخت ؛ بقلت الیهود ۔

Bear covering : (تجارت) منڈریا پٹاؤ ؛ منڈریا بچاؤ ۔

Bear garden : (n) بھالو پھنسانے کی جگه ؛ بھنگڑ خانه ؛ هنگاموں کی جگه ۔

Bear hound : (n) Bear dog دیکھو

Bear leader : (n) سطری اتالیق / معلم ۔

Bear like : (a & adv) ریچھ مانند ؛ بھالو جیسا ۔

Bear play : (n) ہنگامہ خیز و شور آفریں کھیل / حرکات ۔

Bear raid : (n) (تجارت)منڈریا دھاوا ؛ منڈریا یورش ۔

Bear transaction : (n) (تجارت) منڈریا سودا ؛ منڈریا لین دین ۔

Bear ward : (n) ریچھ کا نگراں جو اسے نمائش کے واسطے لے جاتا ھے ۔

Bear warden : = (Bear ward) بھالو کا نگراں جو اسے نمائش وغیرہ میں لے جاتا ھے ۔

Bearable : (a) قابل برداشت ؛ سہن جوگ ؛ تحمل پذیر ۔

Bearableness : (n) قابل برداشت ھونا ۔

Bearably : (adv) قابل برداشت ھوکر ۔

Bearanee : (n) مشین کے سہارے ۔

Bearberry : (n) ایک جھاڑی جس کی پتی قابض ھوتی ھے اور پھل لال ھوتا ھے ۔

Bearbine /-bind : (n) [OE.] ایک قسم کا پھلو نورد پودا ۔

Beard : (n) [OTeut. " bardo-z "] (۱) داڑھی ؛ ریش ۔
(۲) ریش (بکرے وغیرہ کی) ۔
(۳) (بعض) مچھلیوں کی مونچھیں ۔
(٤) چونچ کے کانٹے ۔(٥) گھاس کی زلفیں یا ریشے ؛ اناج کی بالی کے اوپر والے مہین ریشے ۔
(٦) (طباعت) ٹائپ کے رخ کے اوپر نیچے کا وہ حصہ جو اوپر چڑھنے والے اور نیچے اترنے والے حروف کو جگہ دیتا ھے ؛ چھاپے کی ٹائپ کا ایک حصہ ؛ چھاپے کے حروف میں لگے افقی قاعدے اور بسرے ۔
(۷) کوئی نکلا ھوا حصہ (کسی چیز کا) ۔
(۸) دنبالہ دار تارے کا دنبالہ سرا ۔
(۹) نشر کرنے میں کوئی غلطی ؛ کسی لفظ کو غلط پڑھ دینا یا غلط تلفظ کرنا ۔
(۱۰) وہ شخص جو کسی دوسرے کی طرف سے توجہ کو ھٹادے ۔

To one's beard : کھلم کھلا بغاوت میں ؛ اعلانیہ طور پر ؛ کسی کے منھ پر ۔

Beard : (v) داڑھی والا ھونا ؛ داڑھی نکالنا ؛ مچھلی کے گلپھڑے کاٹ ڈالنا ؛ کھلم کھلا مقابلہ کرنا ؛ مچھلی پھنسانے کے کانٹے میں کنی بنانا ۔

To beard the lion in his den : شیر کو اس کے بھٹ میں للکارنا ؛ کسی کو اس کے گھر پر چڑھ کر للکارنا ۔

Beard-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Beard dog : (n) ریچھ کا شکار کرنے یا پھنسانے والا کتا ۔

Beard tree : (n) Hazel ؛ برطانیہ کی ایک جھاڑی جس کے پھل کا مغز کھایا جاتا ھے ۔

Bearded : (a) ڈھیل ؛ ریشائیل ؛ ریش دار ؛ کانٹے دار (مچھلی پھنسانے کی بنسی کے مانند) ۔

Beardie : (n) آسٹریلوی مچھلی (کاڈ کی طرح) جس کے نچلے ھونٹ کے نیچے کانٹا ھوتا ھے ؛ اسکاٹ لینڈ کا ایک چھوٹا جھبرا کتا ۔

Beardless : (n) (۱) بے ریش ؛ بے داڑھی کا ۔
(۲) خام ؛ ناتجربہ کار ؛ امرد ۔

Beardlessness : (n) بے ریش پن ۔

Beardlet : (n) چھوٹے چھوٹے ریشے ۔

Beardmoss : (n) ایک قسم کا انگلستانی نم گیاہ ۔

Beardy : (a) ریش دار ؛ داڑھی والا ۔

Bearer : (n) (۱) حامل ؛ لیجانے والا ؛ ھرکارہ ۔
(۲) جنازہ بردار ۔(۳) کہار ۔
(٤) حامل رقعہ ؛ چك وغیرہ ؛ قاصد ۔
(٥) بیرا ؛ گھریلو خدمتگار ۔
(٦) خاندانی نشان رکھنے والا ۔
(۷) عھدہ دار ۔(۸) گاڑی ۔
(۹) وزن اٹھانے والا ۔
(۱۰) (طباعت) کوئی چیز جو ٹائپ کے دباؤ کو کم کردے ۔
(۱۱) پیدا کرنے والا ؛ پیدا کرنے والی ؛ پھل دینے والا درخت ۔

Bearer-bonds : (n) کوئی بانڈ جو حامل کو منتقل ھوجائے ۔

Bearer debenture : (n) (تجارت) دستی قرض نامہ ۔

Bearer of despatches : (تاریخ) مراسلہ بردار -

Bearing : (n) (۱) طرز عمل ؛ برتاؤ سلوک -
(۲) مارکہ (خاندانی نشان) -
(۳) تعلق ؛ رشتہ ؛ ربط - (٤) پہلو -
(٥) سمت - (٦) راستے کی سیدھ -
(۷) (جمع میں) مشین کے سہارے -
(۸) سہارا - (۹) دباؤ -
(۱۰) اثر ڈالنے کا میلان -
(۱۱) سطح زمین پر خط نصف النہار کے اعتبار سے کسی خط کا رخ -
(۱۲) عرشے کے باہری کنارے کے تختے کے نیچے جہاز کا سب سے چوڑا حصہ -
(۱۳) پھل ؛ پھول ؛ پتے پیدا کرنے کا عمل -
(۱٤) ولادت ؛ پیدائش ؛ جنم -
(۱٥) فصل - (۱٦) دو سہاروں کے درمیان شہتیر کا فاصلہ ؛ پھیلاؤ -
(۱۷) سمتی زاویہ (جغرافیہ) -

Child bearing : بچے پیدا کرنے والی ؛ جننے والی -

To lose one's bearings : سدھ گم ہو جانا ؛ توازن کھودینا -

To take one's bearings : اپنے ماحول کے مطابق اپنا مقام دریافت کرنا -

Bearing : (a) برداشت کرنے والا ؛ سہارا دینے والا ؛ پیدا کرنے والا -

Magnetic bearing : (جغرافیہ) مقناطیسی سمت -

True bearing : (جغرافیہ) اصلی سمت -

Bearing door : (n) ہوا کے اندر جانے کے لئے خاص دروازہ (کوئلہ کی کان میں) -

Bearing recorder operator : (n) (انتظامیہ) بیرنگ ریکارڈر آپریٹر -

Bearing rein : (n) وہ چھوٹی لگام جو مہنال سے زین تک لگی ہو اور جس کی وجہ سے گھوڑے کا سر اونچا اور گردن خم رہے ' زیرکڑی -

Bearish : (a) (۱) بھالو کے مانند ؛ ریچھ نما ؛ اکھڑ ؛ بداخلاق -
(۲) قیمتوں کےگرنےکے رجحان سے متعلق -

Bearishly : (adv) بداخلاقی سے -

Bearishness : (n) بداخلاقی ؛ تندخوئی ؛ اکھڑپن -

Bear's ear : (n) کان کی لو -

Bear's foot : (n) زہریلا درخت جس سے جنون اور سودا پن کی دوا تیار ہوتی ہے -

Bear's garlic : (n) لہسن کی ایک قسم ؛ لہسن کی گھٹی -

Bear's grease : (n) خوشبودار روغن ؛ بھالو کی چربی جس سے عطریات بنتے ہیں -

Bearskin : (n) ریچھ کی کھال ، جس سے لبادہ تیارہوتا ہے ؛ ریچھ کی کھال سےبنا ہوا کمبل ؛ محافظ فوجی دستے کی ٹوپی -

Bearskin jobber : (n) اسٹاک اکسچنج میں Bear کا نام جو قبل میں استعمال ہوتا تھا -

Beast : (n) [L. " bestia "] (۱) جانور ؛ چوپایہ -
(۲) کھیتی یا سواری کا جانور -
(۳) وحشی انسان ؛ حیوان ؛ وحوش ؛ قابل نفرت آدمی ؛ بہیمہ -
(٤) تاش کا ایک متروک کھیل ؛ اس کھیل میں جرمانہ کی ایک اصطلاح -
(٥) غیر دلکش بدقوارہ لڑکی -

A beast of : حیوانی ؛ نفرت انگیز -

The Beast : دجال -

The beast : حیوانی یا بہیمی جذبہ ؛ بہیمیت ؛ حیوانیت -

Wild beast : حیوان ؛ وحشی -

Beast : (v) Ombre کھیل میں بازی ہارجانا یا ضمانت ضبط ہو جانا -

Beast fly : (n) گاؤ مکھی ؛ ککرمچھی ؛ بھوت بن کر پیچھے پڑ جانے والا -

Beast of burden : (n) باربردار جانور -

Beast of prey : (n) گوشت خور جانور -

Beast tale : (n) وہ نثری حکایت یا بیانیہ نظم جس میں جانور کا قصہ ہو لیکن اس میں عام طور پر کوئی اخلاقی سبق نہ ہو -

Beasthood : (n) حیوانیت ؛ بہیمیت ۔

Beastie : (n) Beast کی تصغیر ۔

Beastily : (adv) حیوانیت سے ؛ جانور کے طور پر ؛ نفرت انگیز طریقے پر ۔

Beastily : (a) جانور کا سا ؛ جانورصفت ؛ جانور والا ؛ حیوانی حرکات والا ؛ نجس ؛ نفرت انگیز ۔

Beastlike : (a & adv) مثل حیوان ؛ حیوان کا سا ؛ جانور کا سا ؛ بطور حیوان ؛ جانور کے طور پر ۔

Beastliness : (n) (۱) بسیار خوری ؛ پیٹوپن ؛ حیوانیت ؛ جانور خوئی ؛ زشتی ؛ قباحت ۔ (۲) شہوت پرستی ۔ (۳) مکروہ غذا ۔ (٤) بہیمیت ؛ حیوانیت ؛ بے رحمانہ اور نفرت انگیز طرز عمل ؛ بہیمانہ حرکت ۔ (٥) جانور کی مثل ۔

Beastly : (a) (۱) جانور کا سا ؛ حیوانی حرکات والا ؛ نجس ؛ نفرت انگیز ۔ (۲) (بول چال عامیانہ) کمبخت ۔

Beastly : (adv) (۱) نفرت انگیز طریقہ پر ۔ (۲) (عامیانہ) نہایت ۔

Beat : (v) [OTeut. "bautan"] (۱) مارنا ؛ کوٹنا ؛ زدو و کوب کرنا ؛ ضرب لگانا ۔ (۲) پڑنا (دھوپ ، پانی ، ہوا) ۔ (۳) غالب آنا ؛ سبقت لے جانا ؛ زچ کرنا ۔ (٤) پھڑپھڑانا (پر) ۔ (٥) (دل کا) دھڑکنا ؛ (گھڑی کا) چلنا ۔ (٦) ھانکا کرنا ؛ ھنکا کے لانا ۔ (۷) بجانا (موسیقی) ۔ (۸) چلنا ۔ (۹) حملہ کرنا ۔ (۱۰) (طبعی) بیٹ ۔ (۱۱) ٹھیلنا ؛ زور لگانا ۔ (۱۲) توڑنا ؛ چور چور کردینا ؛ مغلوب کرلینا (سخت ضرب سے) ۔ (۱۳) (ڈھول وغیرہ کا) بجنا ؛ بجاکر بتانا یا ھدایت کرنا ۔ (١٤) (جہاز رانی) ھوا یا موجوں کے خلاف آگے بڑھنا ۔ (١٥) (شکار) ادھر ادھر دوڑنا ؛ ندی میں موجوں کے خلاف چلنا ۔ (١٦) ملانا ؛ پھینٹنا (انڈے وغیرہ کا) ۔ (١٧) چلچلاتی دھوپ کا پڑنا ۔

Beat it : جلد بھاگ جانا ؛ فرار ھو جانا ۔

It beats cockfighting : نہایت دلچسپ ھے ؛ نہایت پر لطف ۔

To beat about : ھوا کے خلاف راستہ بدلکر چلنا ۔

To beat about the bush : ٹامک ٹوئیاں مارنا ۔

To beat a carpet : قالین کو پیٹ کر صاف کرنا ۔

To beat a door : دستک دینا ۔

To beat a /the drum : مشتھر کرنا ۔

To beat a path or track : پیروں سے روند کر راستہ بنانا

To beat a parley : گفت و شنید کرنا ۔

To beat a retreat : پسپا ھونا ؛ پیچھے ھٹنا ۔

To beat (a thing) into one's head (mind) etc دماغ میں گھسا دینا ؛ سمجھا دینا ۔

To beat black and blue : مارتے مارتے بدن نیلا کردینا ۔

To beat hollow : کسی کو زیر کردینا ؛ پوری شکست دینا ۔

To beat one's brains (out) : دماغ سوزی کرنا ؛ سرکھپانا ۔

To beat one's breast / chest : فخریہ انداز میں بولنا ۔

To beat one's gums : متواتر بولتے رھنا ؛ طول کلامی کرنا ۔

To beat one's time : حیرت میں ڈالنا ؛ حیرت زدہ کرنا ۔

To beat one's way : مشکلات میں اپنا راستہ نکالنا ۔

To beat out metal / forge : دھات کو پیٹ کر ٹھیک کر دینا ۔

To beat the air / wind : بے سود کوشش کرنا ؛ ھوا کو مٹھی میں تھامنا ۔

To beat the bounds : حدود قائم کرنا ۔

To beat the breast : سینہ کوبی کرنا ؛ ماتم کرنا ۔

To beat the bush : جستجو کرنا ؛ تلاش کرنا ۔

Beat : (n) پٹ سن کا وہ گٹھا جو پانی میں ڈالے جانے کے لئے تیار ہو ۔

Beat : (n) بنجر اور جھاڑی دار زمین کے ٹکڑے جنہیں کاٹ کر جلا دیتے ہیں ۔

Beat : (a) خستہ ؛ پراگندہ ؛ تھکا ہوا ؛ تھکا ماندہ ؛ چور ۔

Beat about : (v) (جہاز رانی) ہوا یا موجوں کے خلاف راستہ بنانا ۔

Beat away : (v) مارتے جانا ؛ مار کے بھگا دینا ۔

Beat ax : (n) کلہاڑی جس سے کاٹا یا چھیلا جاتا ہے ۔

Beat back : (v) پسپا کر دینا ۔

Beat down : (v) (۱) مارکر ہٹا دینا ؛ سخت ضرب سے توڑ دینا ؛ (مجازاً) تہ و بالا کر دینا ۔ (۲) زیر و زبر کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ تختہ الٹ دینا ؛ قیمت گھٹانا ؛ کم کرانا ۔ (۳) شدت سے برس پڑنا ؛ پیٹ پیٹ کر کم کرنا ۔

Beat frequency : (n) (طبیعیات) تواتر ارتعاش ۔

Beat guard : (n) بیٹ چوکیدار ؛ گشتی چوکیدار ۔

Beat in : (v) کچل دینا ؛ زور سے دھکیل دینا ؛ چور چور کردینا ؛ دماغ میں گھسا دینا ؛ ذہن نشین کرنا ۔

Beat note : (n) (طبیعیات) بیٹ نوٹ ؛ وہ سر جس کا ارتعاش دو لٹکنوں کے ارتعاش کے فرق کے برابر ہو ۔

Beat off : (v) مار کر بھگا دینا ۔

Beat on : (v) مارتے جانا ۔

Beat oscillator : (n) (طبیعیات) بیٹ مرتعش ۔

Beat out : (v) (۱) روند کر راستہ نکالنا / راہ بنانا ۔ (۲) طاقت سے یا لڑکر بھگا دینا ۔ (۳) پیٹ پیٹ کر شکل بنانا ۔ (٤) غلہ کوٹنا ۔ (٥) پیٹ پیٹ کر بڑھا دینا ۔ (٦) غلہ کو گاھنا ۔ (۷) کسی بات کی تہ کو پہنچنا ۔ (۸) تھکا دینا ۔ (۹) ٹال دینا ۔

To beat the jungle : ہانکا کرنا ۔

To beat the quarter of : بلاتکلف ملاقات کے لئے جانا ۔

To beat the rap : کسی الزام سے بچ نکلنا ۔

To beat the streets : چہل قدمی کرنا ؛ تال دینا ۔

To beat time : (مجازاً) پابندی وقت کرنا ؛ وقت کی پابندی کرنا ۔

To beat up (for) recruits/ To beat up the town for recruits : رنگروٹ وغیرہ جمع کرنا ؛ بھرتی کرنا۔

Beat : (v) پڑتی زمین سے گھاس کو جڑ سے نکال پھینکنا ۔

Beat : (n) (۱) ضرب ؛ چوٹ (ڈھول یا نقارے کی) ۔ (۲) تال کی ہدایت (بینڈ ماسٹر کی) ؛ باقاعدہ متواتر تال ؛ یکساں سروں کی باقاعدہ تکرار ۔ (۳) (گھڑی وغیرہ کی) باقاعدہ حرکت ؛ (فلسفہ و نفسیات) حرکت ۔ (٤) دھڑکن (دل کی) ۔ (٥) گشت ؛ روند ۔ (٦) (بندوق وغیرہ کی) زد ۔ (۷) مقررہ گشت (منصبی) ۔ (۸) (شمشیر زنی) وار (مخالف کی تلوار پر ضرب لگانا) ۔ (۹) نقارہ پر چوٹ لگا کر دیا ہوا سگنل ۔ (۱۰) (موسیقی) وہ ارتعاش یا اہتزاز جو دو غیر مساوی بلندی کے سروں کو ایک ساتھ بجانے سے پیدا ہو ۔ (۱۱) مترنم زائد سر کا نام ۔ (۱۲) شکار کے لئے تلاش کیا ہوا علاقہ ۔ (۱۳) (جہاز رانی) ہوا کے مخالف راستہ بدلنے کا ایک متبادل راستہ ۔ (١٤) دو مختلف ارتعاشوں کی ریڈیائی موجوں ، آوازوں یا آوازی لہروں کا اتصال ؛ باقاعدہ وقفے پر جو اہتزاز پیدا ہو ، ان میں سے ایک ۔ (۱٥) آوارہ ۔

In beat : باقاعدہ تواتر ہونا ۔

Off the beat : بے قاعدہ تواتر ہونا ۔

Off one's beat : اپنے میدان عمل سے باہر ۔

Out of beat : بے قاعدہ تواتر ہونا ۔

Beat postman : (n) (انتظامیہ) گشتی ڈاکیہ ۔

Beat stroke : (n) (لسانیات) ضرب دھڑکن ۔

Beat up : (v) (۱) روند دینا ۔ (۲) پھینٹ کر ملا دینا ۔ (۳) دام بڑھا دینا ۔ (٤) (فوج) خبردار کرنا ۔ (٥) پرانا ؛ خستہ حال ۔

Beat wave : (n) (طبیعیات) بیٹ لہر ۔

Beaten : (a) (۱) روندا ہوا ؛ ہارا ہوا ۔ (۲) پیٹا ہوا (ہتھوڑے سے) ۔ (۳) پامال ۔ (٤) پٹا ہوا ۔ (٥) چور ؛ تھکا ہوا ؛ پست ؛ تھکا ہارا ۔ (٦) تعاقب ۔

Beater : (n) (۱) دھرمٹ ؛ ڈنکا ؛ موگری ؛ تھاپی ؛ موسل ؛ ہانکا کرنے والا ۔ (۲) کوٹنے کی کوئی مشین ؛ (مجازاً) قبل سے مشتہر کرنے والا ایجنٹ ۔

Beaterman : (n) (انتظامیہ) ڈھول پیٹنے والا ؛ طبل مانند ۔

Beath : (v) [OTeut. "bapian"] (۱) سینکنا ۔ (۲) کچی لکڑی کو سیدھی کرنے کے لئے گرم کرنا ۔

Beatific : (a) [L. "beatificus"] مبارک ؛ مسعود ؛ روحانی مسرت بخشنے والا ۔

Beatific vision : (n) بہشت کی شان و شکوہ کا ایک نظارہ ۔

Beatifical : (a) مبارک ؛ مسعود ؛ روحانی مسرت بخشنے والا ۔

Beatifically : (adv) روحانی مسرت بخشنے کے طور پر / انداز سے ۔

Beatification : (n) [L."beatificare"] (۱) مبارک بتانا یا بنانا یا مسعود بتانا یا بنانا ؛ سعادت ۔ (۲) (رومن کلیسا) اعلان ولایت کی پہلی رسم ؛ پوپ کی طرف سے کسی مردے کے بارے میں اس کی ولایت کے اعلان کی پہلی رسم ۔

Beatify : (v) [L."beatificare"] (۱) روحانی سعادت یا مسرت سے نہال کرنا ۔ (۲) کسی مرے ہوئے شخص کے آسمانی نعمتوں سے مالا مال ہونے کا اعلان (پوپ کے ذریعہ) ۔

Beating : (n) (۱) سزا ؛ مار ۔ (۲) ہار ؛ شکست ۔

(۳) موجوں کا ساحل سے ٹکرانا ۔ (٤) بازوں کی پھٹپھٹاہٹ ۔ (٥) شکار کا ہانکا ۔ (٦) ہوا کے خلاف جہاز چلانا ۔ (۷) ارتعاش ؛ اہتزاز ۔

Beatitude : (n) [L."beatitudo"] (۱) برکت ؛ سعادت ؛ روحانی مسرت ۔ (۲) (جمع میں) حضرت عیسی کے پہاڑی والے خطبے میں برکت کی بشارتیں ۔ (۳) کیتھولک چرچ کے کسی بطریق کا خطاب ۔ (٤) اعلان ولایت کی پہلی رسم ۔

Beatnik : (n) وہ شخص جو اپنے لباس اور عادات میں غیر رسمی انداز/طریقہ اختیار کرے اور اکثر جس کا رجحان غیر معمولی فلسفہ اور خود اظہاریت کی طرف ہوتا ہے ۔

Beau : (a) [L. "bellus"] خوبصورت ؛ اچھا ؛ حسین ۔

Beau : (n) (Pl . beaux / beaus) (۱) البیلا ؛ چھیلا ؛ بانکا ۔ (۲) عاشق ۔

Beau : (v) عاشق ہونا ؛ عاشق بن جانا ؛ البیلا بن جانا ۔

Beau garcon : (n) [F.] بانکا ؛ سجیلا ؛ چھیلا ۔

Beau-ideal : (n) [F. "beau ideal"] حسن کا انتہائی معیار ؛ حسن کا مکمل نمونہ (صورت یا سیرت) ۔

Beau-monde : (n) [F.] وہ طبقہ جو نفاست اور شان میں ممتاز ہو ؛ فیشن ایبل سوسائٹی ۔

Beau-pot (n) [erron.Sp. of BOUGH POT] پھولوں کا گلدستہ ۔

Beaufin : (۱) گہرے لال رنگ کا پکانے کا سیب ۔ (۲) تنور میں پکایا ہوا سیب جو چپٹا ہو کر کیک کی شکل کا ہو جاتا ہے ۔

Beauish : (a) البیلاپن ؛ چھیلاپن ؛ عاشق مزاجی ۔

Beaune : (n) [f. F." Beaune", France.] ایک سرخ فرانسیسی شراب ۔

Beaut : (n) [short for BEAUTY] خوبصورت ؛ کسی شئے کا خوبصورت نمونہ ۔

Beauteous : (a) خوبصورت ؛ دلکش ؛ حسین و جمیل ۔

Beauteously : (adv) خوبصورتی سے ۔

Beauteousness : (n) خوبصررتی ؛ حسن ؛ جمال ۔

Beautification : (n) حسین بنانا ؛ خوبصورت بنانا۔

Beautiful : (a) (۱) خوبصورت ؛ سندر ؛ روپ ونت ؛ شکیل ؛ دلکش ؛ اچھا ؛ دلپذیر ؛ دلربا ۔ (۲) وہ کمال جو خراج تحسین وصول کرے ؛ کوئی شاندار مثال ۔

The beautiful : حسن ؛ جمال ؛ سندرتا ۔

Beautifully : (adv) خوبصورتی سے ؛ حسین طور پر ؛ سندرتا سے ۔

Beautifulness : (n) حسن ۔

Beautifier : (n) سنوارنے والا ؛ آراستہ کرنے والا ؛ حسن افزا ۔

Beautify : (v) سنوارنا ؛ سنگھارنا ؛ دلکش بنانا ؛ حسین بنانا ؛ خوبصورت ہو جانا ۔

Beautiless : (a) ناخوبصورت ۔

Beauty : (n) [late L. "bellilatem"] (۱) حسن ؛ جمال ؛ خوبصورتی ؛ دل کشی ؛ تناسب ؛ خوبی ۔ (۲) عمدہ نمونہ ۔ (۳) حسینہ؛ حسین عورت ۔ (٤) حسین ادا و انداز ؛ زیور ؛ آرائش ؛ لطافت ؛ رعنائی ۔ (٥) دیکھنے کی چیز (طنزاً) ۔

This is the beauty of it : یہی تو اس کا حسن یا خوبی ہے ۔

Beauty contest : (n) مقابلۂ حسن ۔

Beauty culture : (n) آرائش گری کا فن ؛ فن مشاطگی ۔

Beauty doctor : (n) حسن کو قائم رکھنے کا مشورہ دینے والا ۔

Beauty operator : (n) آرائش گر ؛ مشاطہ ۔

Beauty parlour : (n) آرائش گاہ حسن ۔

Beauty specialist : (n) آرائش حسن کا ماہر ؛ ماہر مشاطگی ۔

Beauty sleep : (n) آدھی رات سے پہلے کی نیند ۔

Beauty spot : (n) مصنوعی خال ؛ دلکش منظر ۔

Beautx arts : (n) وہ طرز تعمیر جس میں رواج و دستور کی پابندی کی جائے اور تاریخی طرز اور تفصیلات کا استعمال ہو ۔

Beauxite : (n) [Beaux or Baux in France] الومنیا اور لوہے کا آبی آکسائڈ جس سے المونیم بنتا ہے ۔

Beaver : (n) [OTeut. "bebru-z"] (۱) سنجاب ؛ سگ آبی ؛ اود بلاؤ ۔ (۲) سنجابی ٹوپی ۔ (۳) سنجاب کا کپڑا جو اوپر کے کوٹ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) سنجابی دستانہ ۔ (٥) بھرکلہ داڑھی ؛ بھرکلہ داڑھی والا آدمی ۔ (٦) ایک کھیل جس میں داڑھی پکڑکر کہتے ہیں " Beaur " ہے ۔

In beaver : لمبی ٹوپی پہنے ہوئے ۔

Beaver : (n) خود کا اگلا نچلا حصہ ۔

Beaver rat : (n) چھچھوندر یا اسکی سمور ۔

Beaver stone : (n) Beaver کے جھانگھ کی وہ تھیلی جس میں سے Castor نکلتا ہے ۔

Beavered : (a) سنجابی ٹوپی پہنے ہوئے ۔

Beaverteen : (n) [f. "Beaver"] سوتی کپڑا جس پر چکن کا سا کام ہوتا ہے ۔

Beavery : (n) وہ جگہ جہاں سنجاب رکھے جائیں ۔

Bebeeru / Bibiru : (n) [native name] گائنا کا سدا بہار درخت جس سے کونین جیسی چیز نکلتی ہے ۔

Bebleed : (v) [BE+BLEED] خون میں لت پت کرنا ؛ خون آلودہ کرنا۔

Bebless : (v) [BE+ BLESS] بہت دعائیں دینا ۔

Beblister : (v) [BE + BLISTER] بری طرح سے آبلے پڑجانا ۔

Beblood : (v) [BE + BLOOD] دیکھو Bebleed

Beblubbered : (n) [BE + BLUBBERED] آنسوؤں سے

گندہ ہو جانا ۔

Becall : (v) [BE+ CALL] برا بھلا کہنا (عامیانہ) ؛ دشنام دینا ؛ چیتاونی دینا۔

Becalm : (v) (۱) چپ کرنا ؛ روکنا ؛ خاموش کرنا ؛ دلاسا دینا ۔ (۲) ہوا کی کمی کی وجہ سے جہاز کا روک دینا ۔

Because : (adv. & conj.) [BE+CAUSE] اس وجہ سے کہ ؛ کیونکہ ؛ اس لئے کہ ؛ چونکہ ؛ سبب سے ؛ تاکہ ۔

Beccaccia : (n) [It.] چھے کی قسم کا پرندہ ۔

Beccafico : (n) [It.] اٹلی کا موسمی پرندہ ؛ مرغ نغمہ خواں ؛چہچہانیوالا پرند ۔

Bechamel : (n) [f.Marquis de Bechamel,Steward of Louis xiv] ایک قسم کی سفید چٹنی جس میں اکثر بالائی ملی رہتی ہے ۔

Bechance : (v) [BE + CHANCE] ہونا ؛ واقع ہونا ۔

Becharm : (v) مسحور کر لینا ۔

Beche-de-mer : (n) [Quasi Fr.] (۱) ایک قسم کا نفیس کھاناجو گھونگھے وغیرہ سے تیار ہوتا ہے اور چینی لوگ کھاتے ہیں ۔(۲) ٹوٹی پھوٹی انگلش زبان جو Solomon Island, New Guinea اور دوسر ے جزیروں میں بولی جاتی ہے ۔

Bechic : (a & n) [L."bechicus"] کھانسی کو روکنےوالی (دوا)۔

Beck : (n) [OTeut."bakki-z"] جھرنا یا چشمہ جس کی تہ پتھریلی اور ناہموار ہو ۔

Beck : (n) معنی خیز اشارہ ؛ سر کی جنبش ۔

To be at the beck and call of : کسی کے اشارے پر چلنا ۔ یا چلانا ۔

Beck : (n) (۱) ناند ؛ باٹ ـ (۲) نہائی کا پتلا سرا ۔

Beck : (v) (۱) معنی خیز طور پر سر ہلانا ۔ (۲) جھکنا ؛ سر جھکانا ۔

Beck-iron : (n) شاخ دار سندان/اہرن نہائی ۔

Becker/ Becket : (n) ایک قسم کی سمندری مچھلی ؛ بریم ۔

Becket : (n) [origin unknown] (جہاز رانی) ڈنڈا ؛ ہک یا کانٹا جس سے جہاز کے آزو بازو رسیاں لٹکتی رہتی ہیں ۔

Becket : (v) ڈنڈے ؛ ہک یا کانٹے سے باندھنا یا لگانا ۔

Beckon : (v) [OTeut."banknjan"] اشارے کرنا ؛ اطلاع دینا ؛ مخاطب کرنا ؛ اشاروں سے بلانا ۔

Beckon : (n) اشارہ ؛ اشاروں سے حکم یا رضامندی ۔

Beclaw : (v) [BE+CLAW] پنجوں یا ناخنوں سے پھاڑنا یا خراش لگانا ۔

Beclip : (v) [BE+CLIP] لپیٹنا ؛ گھیرنا ۔

Beclog : (v) [BE + CLOG] لیس دار شئے سے بھر دینا ؛ روک دینا ۔

Beclothe : (v) [BE + CLOTHE] کپڑے پہنانا ۔

Becloud : (v) [BE + CLOUD] (۱) ابر سے ڈھک دینا ۔ (۲) گمنام کرنا ؛ چھپا دینا ؛ پردہ ڈال دینا ۔

Become : (v) [OE."becuman"] ہونا ؛ ہوجانا ؛ بن جانا ؛ ٹھیک ہونا ؛ موزوں ہونا ؛ مناسب ہونا ؛ زیب دینا ؛ سزاوار ہونا ؛ آراستہ ہونا ؛ نئی خاصیت اختیار کرنا ؛ نیا انداز اختیارکرنا ۔

Becoming : (a) موزوں ؛ مناسب ؛ شایاں ؛ نمود ؛ (فلسفہ و نفسیات) تکون ۔

The becoming : شائستگی ؛ تمیز؛ آداب ؛ وجود میں آنیوالا ۔

Becomingly : (adv) موزونیت سے ؛ شایاں طورپر ۔

Becomingness : (n) موزونیت ۔

Becripple : (v) [BE + CRIPPLE] بے دست و پا کردینا ؛ بے بس کر دینا ۔

Becrown : (v) [BE + CROWN] تاج پہنانا ۔

Becurl : (v) گھونگریالے (بال) سے ڈھک دینا ؛ مزین کرنا ؛ چین و شکن دینا ؛ (زلف کو) ۔

Bed : (n) [OTeut."badjo-(on)"] (۱) بستر ؛ بچھونا ؛ گدا ؛ پلنگ ؛ چارپائی ؛ سیج ؛ کھٹولا ۔ (۲) تلا ؛ تہ ؛ بنیاد ۔ (۳) فرش ؛ تختہ ؛ کیاری ۔ (٤) دلدل (جس میں بیر کا درخت ہو) ۔

ساتھ بنیں اور دونو ں کے درمیان شینہ سا بنے ۔

Bed and board : مہمان داری ؛ طعام و قیام ؛ زن و شوہر کے تعلقات ۔

Bed bug : (n) (حیوانیات) کھٹمل ۔

Bed clothes : (n) اوڑھنا ؛ بچھونا ۔

Bed-head : (n) بالپن ۔

Bed-key : (n) چارپائی کے سرے اور پٹیاں کھولنے کا آلہ ۔

Bed-maker : (n) انگلستان کی یونیورسٹی کا خادم/خادمہ ۔

Bed of down/flowers/roses : آسودگی اور آسائش کی زندگی ۔

Bed pan : (n) مریض کے بستر میں رفع حاجت کرنے کا برتن ۔

Bed piece / Bed plate : (n) مشینوں کا تلہ ۔

Bed post : (n) پلنگ کے پائے ۔

Bed wetter : (n) وہ شخص جس کی عادت سونے میں بستر پر پیشاب کرنےکی ہو ۔

Bed wetting : (n) بستر پر پیشاب کرنےکی بیماری ۔

Bed winch / Bed wrench : (n) چارپائی کے سرے اور پٹیاں کھولنے کا آلہ ۔

Bedabble : (v) [BE + DABBLE] دھبے ڈالنا ؛ لتیھڑنا ؛ ساندنا ؛ گندہ کر دینا ۔

Bedad : (int.) [BE + DAD] واللہ ؛ باپ کی قسم ۔

Bedangled : (a) ادھر ادھر لٹکی ھوئی چیزوں سے آراستہ ۔

Bedarken : (v) [BE + DARKEN] تاریکی میں ڈالنا ۔

Bedash : (v) [BE + DASH] (۱) ٹکّرمارنا؛ ٹکّرسے زخمی ہونا۔ (۲) رنگوں کے چھینٹوں سے بھر دینا ۔

Bedaub : (v) [BE + DAUB] (۱) رنگنا ؛ رنگ چڑھانا ؛ رنگ تھونپنا ۔ (۲) حد سے زیادہ آرائش

(۵) تلیٹی ؛ سمندر یا دریا کی تہ ۔
(٦) بلیرڈ ٹیبل کی سلیٹ ۔
(۷) ریل کی سڑک یا عام سڑک کی بنیاد ۔
(۸) صدفہ (oyster) کی تہ ، دریا میں ۔
(۹) پرت ؛ طبقہ ۔ (۱۰) توپ گاڑی کا وسطی حصہ ۔ (۱۱) قبر ۔ (۱۲) ازدواجی وصال کی جگہ ؛ ازدواجی رشتہ / تعلقات ؛ ولادت کا مقام ۔ (۱۳) کسی جسم حیوانی کے عضو کا جزو ترکیبی ؛ ٹائپ وغیرہ کا سانچہ (چھاپہ خانہ) ۔ (۱٤) دو اینٹوں کے بیچ کا مسالہ ؛ ٹیکہ اور سہارا ۔
(۱۵) رینگنے والے جانوروں کا ایک جھنڈ ۔

Narrow bed : قبر ۔

To bring to bed : وضع حمل ھونا ۔

To die in one's bed : اپنے بستر پر مرنا ؛ قدرتی موت مرنا ؛ طبعی موت مرنا ۔

To keep one's bed : بستر مرض پر ھونا ۔

To leave one's bed : شفا پانا ؛ صحت پانا ؛ تندرست ھو جانا ۔

To lie or sleep in the bed one has made : اپنے اعمال کی سزا پانا ؛ اعمال کی سزا بھگتنا ۔

To make a bed : استعمال کے بعد بستر ٹھیک کرنا ؛ بستر کرنا ؛ بستر لگانا ۔

To make up a bed : فوری طور پر سونے کا انتظام کرنا ۔

To take to one's bed : بیماری یا کمزوری سے بستر پر پڑے رھنا ۔

Bed : (v) (۱) بستر میں ڈالنا ؛ بستر مہیّا کرنا ۔ (۲) سونا ؛ بستر پر سونا یا سلانا ۔ (۳) پودا لگانا ۔ (٤) جمانا ؛ نصب کرنا ؛ گاڑنا ۔ (۵) پرت جمانا ؛ تہ دینا ؛ تہ جمانا ؛ پرت یا تہ جمانا ۔ (٦) کسی چیز کا سہارا لینا ۔ (۷) (تعمیر) اینٹ پر سیمنٹ یا کھوا لگا کر جمانا ۔ (۸) (معماری) پتھر کو کاٹ چھانٹ کر درست کرنا ۔ (۹) پھیلانا ؛ کسی چیز کی تہ کو پھیلانا ۔ (۱۰) گھڑیال یا صدفہ وغیرہ کا اکھٹا ھونا ۔

To bed up : تہ بہ تہ اکھٹا ھونا (کسی چیز کا) ؛ اس طرح ھل چلانا کہ دو ریگھاریاں ساتھ

کرنا / سنوارنا (جو بد نما لگے)۔

Bedaux system : (n) (سماجیات) بیڈکس نظام ۔

Bedawee/-wi / wy : (n) بدو Bedouin کی مختلف شکلیں ۔

Bedazzle : (v) [BE+DAZZLE] چکا چوند کردینا ؛ خیرہ کر دینا ؛ مسحور کر دینا ۔

Bedazzlement : (n) چکا چوند ؛ خیرگی ؛ سحر زدگی ۔

Bedchamber : (n) [BED + CHAMBER] خواب گاہ ۔

Bedded rock : (n) پرت دار چٹان ۔

Bedder : (n) (۱) مویشی کے بچے دینے کے وقت مدد کرنیوالا ؛ بستر پر لٹانیوالا ۔ (۲) تیل کی چکی کا نچلا پتھر ۔ (۳) انگلستان کی یونیورسٹی میں بستر لگانیوالا خادم ۔ (٤) چمن یا باغ کے قابل پودا ۔ (۵) خواب گاہ ۔

Bedding : (n) (۱) گدا ؛ بستر ؛ پال ۔ (۲) نچلی تہ ؛ بنیاد ۔ (۳) دلہن کو بستر پر ڈالنا ۔ (٤) تختہ میں پھول کا درخت لگانا ؛ تختہ باغ ۔ (۵) (ارضیات) پرت یا طبقہ ؛ طبقیت ۔

Bedding moulding : (n) (تعمیرات) کسی نکلے ہوئے حصے کا آرائشی حاشیہ ۔

Bedding stone : (n) سنگ مرمر کا وہ سیدھا ٹکڑا جو گھس کر چکنی کی ہوئی اینٹ کو جانچنےکیلئے استعمال کیا جائے ۔

Bede : (n) کان کن کی کلہاڑی ۔

Bedeck : (v) [BE + DECK] سجانا ؛ آراستہ کرنا ؛ سنوارنا ؛ مزیّن کرنا ؛ زیور پہنانا؛ زیور سے ڈھک دینا ۔

Bedeguar : (n) [Pers."badawar"] پودوں کا مادہ جو ان پر کائی کیطرح جم جاتا ھے ۔

Bedevil: (v) [BE+DEVIL] (۱) (کسی پر) سایہ ہونا ؛ آسیب ہونا ۔ (۲) ظلم و جبر کرنا ۔ (۳) ابتری پھیلانا ؛ بگاڑنا ؛ شرارت سے یا حیرت انگیز طریقہ پر بدل دینا ۔ (٤) شیطان کہہ کے پکارنا ۔ (۵) شیطنت کا سلوک کرنا ۔

Bedevilled : (v) بگاڑا ہوا ؛ ستایا ہوا ؛ آسیب زدہ ؛ مظلوم ۔

Bedevilment : (n) ستم زدگی ؛ آسیب زدگی ؛ بگاڑ؛ ابتری ۔

Bedew : (v) [BE + DEW] چھڑکنا ؛ شبنم سے بھگونا یا بھگویا جانا ۔

Bedfast :(a) ذی فراش ؛ صاحب فراش ؛ نحیف و نزار ۔

Bedfellow : (n) [BED+FELLOW] ایک بستر پر ساتھ سونے والا ؛ ہم خواب ؛ ہم بستر ؛ ہم ساتھی ؛ رفیق ۔

Bedgown : (n) [BED + GOWN] شب خوابی کا چوغا ۔

Bedim : (v) [BE + DIM] دھندلا کردینا ؛ دھندلانا ۔

Bedip : (v) [BE + DIP] ڈبونا ؛ غرق کرنا ۔

Bedizen / Bedizzen: (v) [BE+DIZEN] حدسےزیادہ آرائش کرنا۔

Bedizenment : (n) حد سے زیادہ بد مزاقی سے آراستہ ؛ آرائش میں شوخ رنگ کا استعمال کرنا ۔

Bedlam : (n & a) [ME."Bedlem"] غل غپارہ کا مقام ؛ سینٹ فیری آف بیتھلھم کا شفا خانہ جس سے پاگل خانے کا کام لیا جاتا ھے ؛ پاگل خانہ ؛ دار المجانین ۔

Jack or Tom Bedlam : پاگل ؛ دیوانہ ۔

Bedlamite : [f."BEDLEM] پاگل خانے کا رھنے والا ؛ پاگل ۔

Bedlift : (n) پلنگ جو صوفہ بن سکے ۔

Bedmoulding : (n) (تعمیرات) کسی نکلے ہوئے حصہ کا آرائشی حاشیہ ۔

Bedouin : (n) [Arab."badawin"] بدو ؛ صحرا نشین ؛ خانہ بدوش عرب ؛ بادیہ نشین عرب ۔

Bedouinism : (n) بدویت ؛ صحرانشینی ؛ بادیہ نشینی ۔

Bedrabble : (v) [BE + DRABBLE] پانی/ کیچڑ سے لت پت ؛ لتھڑا ہوا ۔

Bedraggle : (v) [BE +DRAGGLE] (۱) لباس یا کپڑے کا

زمین میں گھسٹنے سے گندہ ہو جانا ۔
(۲) مٹی میں لتھیڑنا ۔

Bedrench : (v) [BE+DRENCH] اندر ڈالنا ؛ بھگونا (عرق یا زلال نکالنے کے لئے) ؛ انڈیلنا ۔

Bedrid / Bedridden : (a) ذی فراش ؛ صاحب فراش ؛ نحیف و نزار۔

Bedrock : (n) (۱) دریا برآمد زمین کے نیچے کی چٹان ۔ (۲) بنیادی اصول ۔

Bedroom (n) [BED+ROOM] خواب گاہ ؛ سونے کا کمرہ ۔

Bedrop : (v) [BE+DROP] (۱) قطرے قطرے سے بھگو دینا ۔ (۲) (pa.p) قطروں میں چھڑکا ہوا ۔

Bedscrew : (n) وہ پیچ جس سے مسہری کے پائے اور پٹیاں جوڑی جائیں ؛ بھاری چیزوں کے اٹھانے کی مشین ۔

Bedside : (n) بیمار کے بستر کے پاس ؛ پٹی کے پاس ۔

Bedside manner : (n) تسلی آمیز انداز؛ (معالج کا طالب) تالیف قلوب کا ڈھب۔

Bedsitter : (n) وہ کمرہ جو نشست گاہ اور خواب گاہ کا کام دے ؛ Bed-sitting room کا مخفف ۔

Bedsore : (n) [BED+SORE] زخم جو مریض کے جسم میں لیٹے لیٹے پڑ جائے ۔

Bedspread : (n) [BED+SPREAD] پلنگ پوش ۔

Bedstaff : (n) [BED+STAFF] پرانے زمانے کے پلنگوں کے آڑے ڈنڈے جو بوقت ضرورت لاٹھی کا کام دے سکتے تھے ۔

Bedstead : (n) [BED+STEAD] مسہری ؛ پلنگ ؛ مسہری کا فریم ۔

Bedstraw : (n) [BED+STRAW] ایک قسم کی گھاس جو توشکوں / گدوں میں بھرنے کے کام آتی ھے ۔

Bedtick : (n) [BED + TICK] نرم پروں کا گدا ۔

Bedticking : (n) گدے کا کپڑا ؛ توشک کا کپڑا ۔

Bedtime : (n) [BED + TIME] سونے کا وقت ۔

Bedtime story : (n) بچوں کے لئے سونے کے وقت کی کہانی ۔

Bedub : (v) نام رکھنا ۔

Bedull : (v) گندہ کرنا ؛ گوبر سے لتھیڑنا؛گرد آلود کرنا۔

Bedung: (v) گرد آلود کرنا ؛ گوبر سے لتھیڑنا؛ گندہ کرنا۔

Bedust : (v) گندہ کرنا ؛ گوبر سے لتھیڑنا ؛ گرد آلود کرنا ۔

Bedward/-wards : (adv) بستر کی جانب / طرف ۔

Bedwarf : (v) چھوٹا کرنا ؛ کوتاہ کرنا ۔

Bedwarmer : (n) گرم کوئلوں سے ڈھکی ہوئی بورسی ۔

Bedway : (n) (۱) سنگ خارہ میں پرت داری کا بظاہر وجود ۔ (۲) بچوں کے پھسلنے کا پھسلواں تختہ ۔

Bedye : (v) رنگنا ؛ رنگ آلود کرنا ۔

Bee : (n) [OTeut."bion"] (۱) شہد کی مکھی ؛ مہال کی مکھی ؛ مدھومکھی ؛ زنبور عسل ۔ (۲) (شاعر) سرگرم کار؛ انہماک سے کام کرنے والا ؛ مل کر کام کرنے یا تفریح کے لئے جمع ہونا ۔ (۳) نحل ۔ (٤) وہم ؛ عجیب و غریب ۔ (٥) خمیر کا ڈھیلا / ٹکڑا ۔

Quilting bee : لحاف بنانے کے لئے عورتوں کا اجتماع ، جو خوشی کے طور پر کیا جاتا ھے ۔

Spelling bee : ھجے کرنے کا انعامی مقابلہ ۔

To have a bee in one's bonnet : خبط ہونا ؛ سنکی ہونا ۔

Bee : (n) [OTeut."baugo-z"] (جہازرانی) دھات کا ایک حلقہ ؛ سخت لکڑی کا ایک ٹکڑا جو جہاز کی شہتیر میں جوڑ دیا جاتا ھے ۔

Bee bird : (n) مگس خوار پرندہ ؛ زنبور خوار پرندہ ؛ بھنبھنانے والا پرندہ ۔

Bee-bread : (n) پھول کا زیرہ جو شہد کی مکھی کھاتی ھے ۔

Bee-cuckoo : (n) افریقہ کا ایک پرندہ جو جنگلی مدھو مکھیوں کا چھتہ بتاتا ھے ۔

Bee-eater : (n) ایک پرندہ جو شہد کی مکھی کو کھا جاتا ہے ۔

Bee-fly : (n) دو پروں کی ایک مکھی جومدھو مکھی کے مشابہ ہے ۔

Bee glue : (n) وہ مادہ جس سے مدھو مکھیاں چھتّے کی خالی جگھوں کو بھرتی ہیں اور چھتّے کے حصوں کو ایک دوسرے میں چپکاتی ہیں ۔

Bee gum : (n) شہد کے چھتے کا نام (امریکہ میں) ۔

Bee hawk : (n) ایک قسم کا کیڑا / پروانہ ۔

Bee-line : (n) بالکل سیدھا راستہ ۔

Bee master : (n) شہد کی مکھیاں پالنے والا ۔

Bee mistress : (n) شہد کی مکھیاں پالنے والی ۔

Bee nettle : پھول کا ایک پودا جس پر مکھیاں برابر آتی ہیں ۔

Bee orchis : (n) ایک قسم کا پھول جو شہد کی مکھیوں کے مشابہ ہوتا ہے ۔

Bee skep : (n) تنکوں کا چھتہ ۔

Bee tree : (n) وہ درخت جس میں مدھو مکھیاں چھتّے لگاتی ہیں ۔

Bee wine : (n) پھولوں کا میٹھا رس یا شہد ۔

Beecell : (n) مدھو مکھی کے چھتے کا ایک خانہ ؛ مہال کا ایک خانہ ۔

Beech : (n) [OTeut."boka"] سفید ے کی قسم کا ایک اونچا درخت جس کی چھال چکنی اور پتیاں چمک دار ہوتی ہیں یا اس درخت کی لکڑی ۔

Beech drop : (n) شمالی امریکہ کا ایک طفیلی پودا جو Beech کی جڑوں پر مفت خوری کرتا ہے ۔

Beech fern : (n) فرن کی ایک قسم ۔

Beech finch : (n) ایک پرندہ ؛ Chaffinch کا مقامی نام ۔

Beech marten : (n) نیولے کی قسم کا ایک جانور جس کی سمور بہت قیمتی ہوتی ہے ۔

Beech mast : (n) بیچ کا پھل ۔

Beech oil : (n) بیچ کے پھل کا روغن ۔

Beech owl : (n) ایک قسم کا الّو ۔

Beech wheat : (n) ایک قسم کا اناج ، گھوڑوں اور مرغیوں کے کھانے کا اور جس کی ٹکیا امریکہ میں ناشتے کے وقت کھاتے ہیں ؛ گندم سیاہ ؛ گندم گاوی ۔

Beechen : (a) [OTeut."bokino-"z] (۱) Beech کا سا یا اس سے متعلق ۔(۲) بیچ کی لکڑی کا بنا ہوا ۔

Beechy : (a) [BEECH+ -Y] بیچ سا ؛ بیچوں سے بھرا ہوا ۔

Beef : (n) [L."bovem"] (۱) گائے کا گوشت ۔(۲) جھگڑا ؛ تکرار ۔(۳) (عامیانہ) اعتراض ۔ (٤) جسامت ؛ جسم کا گٹھا ہوا حصہ ؛ پٹھّے ؛ طاقت ۔(۵) گائے بیل اور اس قسم کے دوسرے جانور خاص کر موٹا تازہ جانور ۔

Beef head / Beef headed : (a) بے وقوف ؛ احمق ۔

Beef steak : (n) گائے کے گوشت کا موٹا ٹکڑا/قتلہ جو جانور کی پچھلی ران سے کاٹتے ہیں ۔

Beef tea : (n) گائے کے گوشت کی یخنی ۔

Beef-witted : (a) بے وقوف ؛ احمق ۔

Beef-wittedness : (n) احمق پن ؛ بے وقوفی ؛ ابلہی ۔

Beef-wood : (n) پکی سرخ لکڑی ۔

Beefeater : (n) (۱) لندن ٹاور کا نگراں سپاہی ۔ گائے کا گوشت کھانیوالا ؛ (حقارت سے) کھاتا پیتا گنوار ۔(۲) افریقہ کی ایک چڑیا جسے ox-pecker بھی کہتے ہیں ۔

Beefiness : (n) [BEEFY+NESS] (۱) بھدا پن ؛ سختی ؛ ٹھوس پن ۔(۲) (مجازاً) گھامڑ پن ؛ گاؤدی پن ۔

Beefing : (n) ایک قسم کا سیب ؛ Biffin کی متبادل شکل ۔

Beefing / Beefin : (n) قربانی کا بیل ۔

Beefy : (a) (۱) سخت ؛ ٹھوس ۔ (۲) گائے کے گوشت کیطرح ۔(۳) مضبوط ؛ مضبوط جسم کا ۔ (٤) گاؤدی ؛ بے وقوف ؛ گھامڑ؛ مٹھا ۔

Beehive : (n) شہد کی مکھی کا چھتہ ؛ مہال ۔

Beehive hut : (n) (تاریخ) چھتہ نما جھونپڑی (ماقبل تاریخ) ۔

Beehive oven : (n) مہال تنور ۔

Beehive shelf : (n) مہال خانہ ۔

Beehive shrine : (n) (تاریخ) چھتہ نما زیارت گاہ ۔

Beehive tomb : (n) (تاریخ) چھتہ نما قبر؛ مقبرہ ۔

Beele : (n) ایک قسم کی کدال جو دونوں سروں پر تیز ہوتی ہے ؛ گنیتی ۔

Beeleman : (n) گنیتی چلانیوالا ۔

Beelzebub : (n) [L. and Heb."ba'al-zbub] (۱) شیطان ؛ ابلیس ۔(۲) جنوبی امریکہ کا ایک چلاّ نے والا بندر ۔

Been : Past participle کا Be

Beent : (a) موجود ؛ حاضر ۔

Beep : (n) [Echoic] هارن کی آواز یا کوئی مختصر تیز آواز ۔

Beep : (v) هارن بجانا ۔

Beeper : (n) Beep سگنل دینے کا ایک طریقہ جس سے بغیر ہوا باز والے ہوائی جہاز کو سگنل دیتے ہیں ۔

Beer : (n) [OE."beor"] جو کی شراب ؛ بوزہ ۔

Small beer : (۱) پتلی ہلکی بیئر ۔ (۲) (مجازاً) کم قدرو قیمت رکھنے والی چیز ؛ چھوٹی موٹی باتیں یا معاملات ؛ کم اہمیت والی چیز ۔

To be in beer : نشہ میں ہونا ۔

To think no small beer of oneself : اپنے کو چھوٹا نہ سمجھنا / ہیچ نہ سمجھنا ۔

Beer : (n) تانے کے دھاگوں کا ایک سرا ۔

Beer engine : (n) ایک آلہ جس سے بیئر کے پیپے میں جو دوا رکھی ہوتی ہے بیئر کے گلاس میں لی جا سکتی ہے ۔

Beer faucet : (n) بے مزہ بیئرین گیس بھرنے کی مشین ۔

Beer faucet : (n) آب سنج جو بیئر کی تلچھٹ کی کثافت جانچنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Beer garden : (n) وہ باغ جہاں بیئر پی جاتی ہے ؛ شراب خانہ سے متصل صحن جس میں بیئر پی جاتی ہے ۔

Beer house : (n) شراب خانہ ؛ بیئر خانہ ؛ بوزہ خانہ ؛ لائسنس دار ۔

Beer money : (n) نوکروں کو بیئر کے بجائے روپیہ کی شکل میں معاوضہ ؛ انعام جو خدمت گاروں اور مزدوروں کو بیئر پینے کے نام سے دیا جاتا ہے ۔

Beer vingar : (n) بیئر سے تیار کیا ہوا سرکہ ۔

Beeriness : (n) بیئر کے سرور کی حالت ۔

Beerishly : (adv) بیئر کے سرور کی حالت میں ۔

Beery : (a) بیئر جیسا ؛ بیئر کے سرور میں ؛ بیئر سے پر یا بیئر سے متعلق ۔

Bees-wax : (n) (مدھ مکھی کا) موم ؛ موم مگس ۔

Beest : (n) [OE."beost"] بچہ دینے کے بعد پہلا دودھ (خصوصاً گائے کا)۔

Beesting : (n) شہد کی مکھی کے ڈنک مارنے سے پیدا شدہ ورم اور تکلیف ۔

Beestings : (n) [OE."bysting"] پیوسی ؛ بچہ دینے کے بعد کا پہلا دودھ خصوصاً گائے کا ۔

Beeswax : (v) موم سے پالش کرنا یا لگانا ۔

Beeswing : (n) (۱) پھپھوندی (پرانی لال شراب کی) ۔ (۲) پرانی شراب ۔

Beeswinged : (a) پرانی شراب کیطرح ۔

Beet : (n) [L."beta"] چقندر کی قسم کا ایک پردا جسکی جڑ کھائی جاتی ھے اور جس سے چینی بنتی ھے ۔

Red beet : لال چقندر جو ترکاری کے طور پر استعمال ھوتا ھے ۔

White beet : سفید چقندر جس میں سے شکر نکالی جاتی ھے ۔

Beetle : (n) [OTeut."bantilo-z"] (۱) ھتھوڑا ؛ موگری ؛ گھن ؛ دھرمٹ ۔ (۲) کودن ۔

Three man beetle : تین آدمیو ں سے اٹھنے والا دھرمٹ یا گھن ۔

Beetle : (n) [OE."bitula" "bitola"] (۱) بھونرا (حیوانیات) بھنگا ۔ (۲) اندھاپن کی ایک قسم ۔ (۳) نزدیک بیں ۔

Beetle : (a) [of unknown origin.] (۱) سامنے نکلی ھوئی گھنی بھویں والا ۔ (۲) خشمگیں ؛ تیوری چڑھائے ؛ نکلی ھوئی گھنی بھویں والا ۔ (۳) کسی پہاڑ کی نمایاں چوٹی ؛ درختوں سے بھری ھوئی چوٹی پہاڑ کی) ۔

Beetle : (v) (۱) آگے کو جھکا ھوا ھونا ۔ (۲) سر پر منڈلانا (بدقسمتی وغیرہ کا) ۔

Beetle : (v) تیزی سے مگر بھدے پن سے بھاگنا ۔

Beetle / Bittle : (v) (۱) ھتھوڑے سے پیٹنا ۔ (۲) کپڑے پر نقش و نگار بنانا ۔

Beetle - browed : (a) تیوری چڑھائے ۔

Beetle eyed : (a) نزدیک بیں ؛ خشمگیں ؛ نکلی ھوئی گھنی بھویں والا ۔

Beetle head : (n) pile گاڑنے کے انجن کا ھتھوڑا ۔

Beetled : (a) نمایاں ؛ نکلا ھوا ۔

Beetroot : (n) چقندر یا چقندر کی جڑ ۔

Beeves : (n) Beef کی جمع ؛ دیکھو Beef

Befall : (v) [OE."bef(e)all-an"] واقع ھونا ؛ عارض ھونا ؛ لاحق ھونا ؛ افتاد پڑنا ؛ سزاوار ھونا ۔

Befeather : (v) آراستہ کرنا ؛ پرلگانا ؛ پروں سے بھرنا ۔

Befetter : (v) قیدی بنانا ۔

Befit : (v) (۱) موزوں ھونا ؛ شایان شان ھونا ؛ سزاوار ھونا ؛ ٹھیک ھونا ؛ مناسب ھونا ۔ (۲) لازم ھونا ۔ (۳) متفق ھونا ؛ ٹھیک ھونا ۔

Befitting : (a) مناسب ؛ موزوں ؛ لائق ۔

Befittingly : (adv) از روئے مناسبت ؛ موزونیت سے ۔

Beflag : (v) جھنڈیوں سے آراستہ ھونا ۔

Beflatter : (v) بہت خرشامد کرنا ؛ چاپلوسی سے دھوکا دینا ۔

Beflower : (v) پھولوں سے آراستہ کرنا ۔

Befoam : (v) بہت جھاگ دار ھونا ۔

Befog : (v) کہرے میں ڈھاپنا ؛ دھندلا دینا ؛ تاریک کر دینا ؛ حیرت زدہ کر دینا ۔

Befool : (v) (۱) بے وقوف بنانا ؛ الو بنانا ؛ بنانا ۔ (۲) دھوکا دینا ۔

Before : (adv.&prep.) [OE. Beforan] (۱) پہلے ؛ آگے ؛ قبل ؛ پہلے سے ۔ (۲) آگے ؛ سامنے ؛ روبرو ؛ سامنے کیطرف ۔ (۳) انتظارمیں ۔ (٤) قبل ؛ قبل اس کے کہ ؛ ماضی ۔ (٥) عظمت میں زیادہ ؛ قدرو قیمت میں زیادہ ۔ (٦) اثر سے ۔ (۷) مقابلہ میں ؛ تر جیحاً ۔ (۸) بلکہ ۔

Long before : بہت پہلے ۔

The week before : پچھلے ھفتے میں ؛ گزشتہ ھفتے میں ۔

Before cited : (a) (انتظامیہ) متذکرہ بالا ؛ مندرجہ بالا ؛ مذکورہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) منقولہ بالا ۔

Before god : خداگواہ ھے ۔

Beforehand : (adv) پہلے ھی سے ؛ قبل سے ۔

Before the mast : نیچے درجے کے جہاز راں جو جہاز کے عرشے کے نیچے رہتے ہیں ۔

To be before hand with : پیش دستی کرنا ؛ پہلے ہی سے اندازہ لگانا ۔

To be beforehand with the world : جس کی گرہ میں دام ہوں ۔

Beforeness : (n) وجود ماقبل ۔

Beforesaid : (a) مذکورہ ؛ پہلے ذکر کیاہوا ؛ یاد شدہ ۔

Beforetime : (adv) زمانہ ماقبل میں ؛ قبل از وقت ۔

Befoul : (v) (۱) خراب کرنا ؛ گندہ کرنا ۔ (۲) بے عزت کرنا ؛ رسوا کرنا ؛ بدنام کرنا ۔

Befriend : (v) دوست ہونا ؛ دستگیری کرنا ؛ مراعات کرنا ؛ دوستی کرنا ؛ آگے بڑھانا ؛ حمایت کرنا ۔

Befringe : (v) جھالر لگانا ؛ حاشیہ لگانا ۔

Befur : (a) سنجاب سمور سے آراستہ کیا ہوا ۔

Beg : (v) [med.L."begardus"] (۱) بھیک مانگنا ؛ مانگنا ؛ عاجزی سے مانگنا۔ (۲) منت کرنا ؛ التجا کرنا ۔ (۳) بھیک مانگ کر بسر کرنا ۔ (٤) کتے یا دوسرے پالتو جانور کا اگلا پیر اٹھانا (التجا کے طورپر) ۔ (٥) مانگنا ۔ (٦) دعوے کو بمنزلہ ثبوت مان لینا ۔

Go (a) begging : کسی منصب کے لئے امیدوار کا نہ ملنا ۔

To beg (any one) for a fool : کسی کو بے وقوف قرار دینا ۔

Begad : (int.) بخدا ؛ واللہ ۔

Begar : (n) [Per.] : بیگار ۔

Begari : (n) [Per.] بیگاری ۔

Begem : (v) جواہرات جڑنا ؛ جواہرات سے مرصع ہونا ۔

Beget : (v) [OE."bezit-an"] (۱) پیدا کرنا ۔ (۲) باعث ہونا ؛ بانی ہونا ۔ (۳) (مجازاً) وجود میں لانا ۔

(٤) (دینیات مسیحی میں) تثلیث میں خدا کا رشتہ اس کے بیٹے کے ساتھ ۔

Begetter : (n) بانی ؛ پیدا کرنیوالا ۔

Beggable : (a) لائق طلب ؛ طلب کئے جانے کے لائق ۔

Beggar : (n) (۱) فقیر ؛ گدا ؛ محتاج ؛ بھکاری ؛ بھک منگا ؛ گداگر ؛ سائل ؛ بے نوا ۔ (۲) رزیل اور کمینہ شخص ۔

A good beggar : وہ شخص جسے خیراتی کاموں کیلئے چندہ کرنے کا اچھا سلیقہ ہو ۔

Beggars must not be choosers : بھکاری کو تکرار کا حق نہیں ۔

Little beggar : (تحقیر کے طور پر) غیر اہم شخص ۔

Sturdy beggar : ھٹا کٹا فقیر ۔

Beggar : (v) (۱) کنگال کردینا ؛ بھیک منگوا دینا۔ (۲) (مجازاً) وسائل کا خاتمہ کر دینا ؛ حد سے زیادہ کرنا ۔

Beggar my neighbour : تاش کا ایک کھیل ۔

To beggar description : بیان سے زبان کا قاصر ہونا ۔

Beggar-tick : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Beggar weed : (n) کئی قسم کے پودوں کا نام چونکہ وہ زمین کی (کم زرخیزی) مفلسی کو بتاتےہیں ۔

Beggardom : (n) گدائی ؛ گداگر ؛ گداگروں کی جماعت ۔

Beggarer : (n) بھیک منگوانیوالا ؛ کنگال کر دینے والا۔

Beggarhood : (n) بھک منگی ؛ بھک منگے لوگ ۔

Beggarism : (n) گداگری ؛ انتہائی مفلس / بے نوائی ۔

Beggarliness : (n) کنگال پن ؛ سفلہ پن ؛ کمینہ پن ؛ کم عقلی ۔

Beggarly : (a) (۱) کنگال – (۲) کمینہ ۔ (۳) کم عقل ؛ ٹھس ۔ (٤) بے معنی ؛ بے قیمت ۔

Beggarly : (adv) مفلسی سے ؛ عاجزی سے ؛ کمینہ طور پر ۔

سفلہ پن سے ۔

Beggar's lice : (n) ایک قسم کا پودا جس کے خاردار پھل اور پھول کپڑوں میں لپٹ جاتے ہیں ۔

Beggars of the sea : (تاریخ) بحری بھکاری ۔

Beggary : (n) (۱) ناداری ؛ انتہائی افلاس ؛ نان شبینہ کا محتاج ہونا ؛ گداگری ۔ (۲) فقیروں کا تکیہ / مسکن ؛ فقیروں کی جماعت ۔ (۳) سفلہ پن ؛ کمینہ پن ؛ صورتاً مفلس (ہونا) ۔

Begging : (v) (۱) آرزو منت سے / عاجزی سے خیرات مانگنا ۔ (۲) بھیک مانگتے پھرنا ۔ (۳) کسی چیز یا عہدہ کا طلبگار نہ ملنا ۔

Begging the question : التماس سوال ۔

Beghard : (n) [med.L."behardus"] نیم راہب جماعت کا ممبر جو تیرھویں صدی عیسوی میں ڈنمارک ، ھالینڈ اوربلجیم میں قائم ہوئی ۔ اس جماعت کے اکثر اراکین گداگر تھے ۔ اس فرقہ کا چودھویں صدی میں خاتمہ ہو گیا ۔

Begift : (v) تحفہ دینا ؛ نذرانہ دینا ۔

Begild : (v) ضرورت سے زیادہ مطلا کرنا ۔

Begin : (v) [OE."bi-beginnan"] (۱) شروع کرنا ؛ پہل کرنا ؛ ابتدا کرنا ۔ (۲) گفتگو کا آغاز کرنا ۔ (۳) وجود میں لانا ؛ ابتدامیں قائم کرنا ؛ بنا ڈالنا ؛ آشنا کرنا ۔ (٤) شروع ہونا ؛ ابتدا ہونا ۔ (٥) ابتدا میں ہونا ۔

To begin at : کہیں سے یا کسی چیز سے ابتدا کرنا ۔

To begin on or upon : کسی کام پر لگنا ۔

To begin the world : میدان حیات یا کارزار حیات میں قدم رکھنا ۔

To begin with : اول یہ کہ ؛ شروع میں ؛ آغاز میں ؛ ابتداً ۔

Beginner : (n) نو آموز؛ مبتدی ؛ ابجد خواں ؛ بانی ؛ وجود میں لانے والا ؛ نا تجربہ کار ؛ خام ؛ نا پختہ کار ۔

Beginning : (n) اصل ؛ منبع ؛ مرکز ؛ ابتدا ؛ پہلا ؛ آغاز ؛ کسی چیز کا ابتدائی حصہ ؛ مبتدی ؛ نو آفریدہ ؛ نیا ؛ شروع ؛ شروعات ؛ سر چشمہ ؛ اول حصہ ؛ ابتدائی حالت ۔

The beginning of the end : انجام کے آثار ۔

Beginningless : (a) قدیم ؛ نا آفریدہ ؛ ان جنما ۔

Begird : (v) [O.Teut."gurdjan"] گھیر لینا ؛ حلقہ ڈالنا؛ لپیٹنا ۔

Begirdle : (v) حلقہ ڈالنا ۔

Begirt : (v) حلقہ ڈالنا ۔

Beglamour : (v) دل فریب بنانا ؛ دل فریبی بخشنا ؛ مرعوب کرنا / فریب دینا ۔

Beglerbeg : (n) [Turk] بیگلر بیگ ؛ صفویوں یا ترکوں کی حکومت میں ایک عہدہ دار جس کا درجہ وزیرکے بعد ہوتا تھا ۔

Begloom : (v) تاریک بنا دینا ؛ افسردہ کر دینا ۔

Begnaw : (v) (۱) کاٹنا؛ تراشنا؛ کترنا؛ گل جانا ؛ کھا جانا ۔ (۲) ستانا ؛ تکلیف دینا ۔

Begone : (v) دور ہو ؛ گم شو ؛ دفع ہو ۔

Begonia : (n) [f.Michel Begow, a French botanist] فرانسیسی عالم نباتیات Michel Begon کےنام پر کئی قسم کے رنگین پھول جن کی پنکھڑیاں نہیں ہوتیں ۔

Begotten : (a) آفریدہ ؛ پیدا کیا ہوا ؛ مخلوق ۔

Begrace : (v) خطابی لفظ سے مخاطب کرنا ۔

Begrease : (v) چربی لگانا ؛ چکنا کرنا ۔

Begrim : (v) خوف ناک ہو جانا ؛ مہیب ہو جانا ۔

Begrime : (v) آلودہ کرنا ؛ کثیف کردینا ؛ سانتا ۔

Begroan : (v) آہ وزاری کرنا ؛ نالہ کرنا ؛ کراھنا ۔

Begrudge : (v) کسی سے جلنا ؛ کسی پر رشک کرنا ؛ کسی چیز کو ناپسند کرنا ؛ کینہ رکھنا ؛ نا رضامندی سے دینا ؛ جبراً دینا ۔

Begrutten : (v) روتے روتے منھ کا پھول جانا/ورم کرجانا ۔

Beguile : (v) (۱) گمراہ کرنا ؛ دم دینا ؛ دھوکا دینا ۔
(۲) گرویدہ کرنا ؛ تفریح طبع کا باعث ھونا ۔
(۳)بہلانا (کام کی تکان دور کرنے کے لئے
تفریح کرنا) ۔

Beguilement : (n) فریب دہی ؛ بہلانے والا ۔

Beguiler : (n) دغاباز ؛ فریبی ؛بہلانے والا ۔
بہلاوا ؛ چکمہ ، دھوکا ۔

Beguiling : (a) دل کش ؛ فریبندہ ۔

Beguilingly : (adv) بہلانے کے طورپر؛ فریب دہی سے ۔

Beguinage : (n) بیگینوں کا گھر یا ایوان ۔

Beguine : (n) [E."beguine"] غیر راھبہ برادری کی ایک رکن ؛
بیگین (ولندیزی عورتوں کی انجمن خدمت
خلائق کی رکن جس نے کوئی عہد نہ کیا ھو) ۔

Beguine : (n) [Fr."beguin"] رمبا کیطرح کا ایک تیز
عام پسند رقص ۔

Begum : (n) [East Turk. "bigim"] (۱) بیگم ۔
(۲) اینگلو ھندوستانی وارثہ ۔

Begun : (a) شروع کیا ھوا ؛ آغاز کیا ھوا ۔

Begunk : (v) فریب دینا ؛ دھوکا دینا ۔

Begunk : (n) بے وقوف بنانیوالا فریب ؛ شعبدہ ۔

Behalf : (n) [ME. orig. a phrase"be healfea"] خاطر ؛ واسطے ؛
طرف ؛ جانب ؛ حمایت ۔

In behalf of : کسی کی طرف سے ۔

In this of that behalf : اس یا اس معاملہ میں ۔

On behalf of : کسی کی طرف سے ۔

Behave : (v) برتاؤ کرنا ؛ پیش آنا ؛ سلیقہ برتنا ؛
تمیز داری سے کام کرنا ؛ (اچھی طرح)
کام دینا (مشین کا) ؛ سلوک کرنا ۔

To behave towards of to : کسی لحاظ سے عمل کرنا۔

Well - behaved : اچھے طرز عمل کا ؛ اچھے سلوک کا ؛
اچھے اخلاق والا ۔

Behaving : (n) سیرت ؛ طورطریقہ ؛ سلوک ؛ اخلاق ۔

Behaviour : (n) [BEHAVE] (۱) لچھن ؛ رویہ ؛ طریقہ ؛
طیروتیرہ ؛ ڈھنگ ؛ چال چلن ؛ کردار؛
طرز عمل ؛ سلوک ۔ (۲) (مشین کا) اچھی
یا بری طرح کام دینا ۔

Aberrant behaviour : (فلسفہ و نفسیات) کجروی
کردار؛ کجرو کردار۔

Abnormal behaviour : (سماجیات) غیر متوقع
کردار ۔

Acquired behaviour : (فلسفہ و نفسیات)
اکتسابی کردار ۔

Adaptive behaviour : (فلسفہ و نفسیات)
مطابقت پذیر کردار ۔

Adjustment behaviour : (سماجیات) تطابقی کردار ۔

Aggressive behaviour : (فلسفہ و نفسیات)
جارحانہ کردار ۔

Anticipatory behaviour : (سماجیات) متوقع کردار ۔

Antisocial behaviour : (فلسفہ و نفسیات)
سماج مخالف کردار ۔

Ascendant behaviour : (فلسفہ و نفسیات)
دبنگ کردار ۔

Atypical behaviour : (فلسفہ و نفسیات)
منحرف ٹائپ کردار ۔

Automatic behaviour : (سماجیات) غیر ارادی
کردار ۔

Biological behaviour : (سماجیات) حیاتیاتی کردار ۔

Centralized behaviour : (فلسفہ و نفسیات)
مرکز بند کردار ۔

Collective behaviour : (سماجیات ، فلسفہ و نفسیات)
اجتماعی کردار ۔

Inter-group behaviour : (سماجیات) بین جماعتی کردار ۔

Learned behaviour : (فلسفہ و نفسیات) تحصیلی کردار ۔

Limitation behaviour : (سماجیات) تقلیدی کردار ؛ اعتنائی کردار ۔

Mental behaviour : (سماجیات) ذہنی کردار۔

Mob behaviour : (سماجیات) مشتعل مجمع کا کردار ۔

Moderate bahaviour : (سماجیات) معتدل کردار ۔

Moral behaviour : (فلسفہ و نفسیات) اخلاقی کردار ۔

Native behaviour : (سماجیات) فطری کردار ۔

Negative behaviour : (فلسفہ و نفسیات) منفی کردار ۔

Operant behaviour : (فلسفہ و نفسیات) خود افزا کردار ۔

Organismic behaviour (سماجیات) عضویاتی کردار ۔

Overt behaviour : (فلسفہ و نفسیات) ظاہری کردار ۔

Pluralistic behaviour : (سماجیات) جماعتی کردار ؛ تکثیری کردار ۔

Positive behaviour : (فلسفہ و نفسیات) مثبت کردار ۔

Prenatal behaviour : (فلسفہ و نفسیات) قبل پیدائش کردار ۔

Primitive behaviour : (فلسفہ و نفسیات) بدوی کردار ۔

Problem behaviour : (فلسفہ و نفسیات) مسئلہ خیز کردار ۔

Purposive behaviour : (فلسفہ و نفسیات)

Compensatory behaviour : (سماجیات) عوضی کردار ۔

Competitive behaviour : (فلسفہ و نفسیات) مسابقانہ کردار ۔

Contactual behaviour : (سماجیات) ارتباطی کردار ۔

Co-operative behaviour : (فلسفہ و نفسیات) تعاونی کردار ۔

Covert behaviour : (فلسفہ و نفسیات) مخفی کردار ۔

Creative behaviour : (فلسفہ و نفسیات) تخلیقی کردار ۔

Criminal behaviour : (سماجیات) مجرمانہ کردار ۔

Crowd behaviour : (سماجیات) ہجومی کردار ۔

Cultural behaviour : (سماجیات) ثقافتی کردار ۔

Decentralized behaviour : (فلسفہ و نفسیات) لا مرکزی کردار ۔

Dominant behaviour : (فلسفہ و نفسیات) غالبانہ کردار ۔

Economic behaviour : (سماجیات) معاشی کردار؛ اقتصادی کردار ۔

Emotional behaviour : (فلسفہ و نفسیات) جذباتی کردار ۔

Family behaviour : (سماجیات) خاندانی کردار ۔

Ethical behaviour : (سماجیات) اخلاقی کردار ۔

Formalised behaviour : (سماجیات) رسمی کردار ۔

Group behaviour : (فلسفہ و نفسیات) گروہی کردار؛ (سماجیات) جماعتی کردار ۔

Inductive behaviour : (شماریات) امالی وطیرہ ۔

Insightful behaviour : (فلسفہ و نفسیات) بصیرانہ کردار ۔

Instinctive behaviour : (سماجیات) جبلّی کردار ۔

مقصدی کردار -

Rational behaviour : (فلسفه و نفسیات) عقلی کردار -

Reciprocal behaviour : (سماجیات) باهمی کردار -

Regulating behaviour : (سماجیات) ترتیب کردار ؛ منضبطی کردار -

Respondent behaviour : (فلسفه ونفسیات) جوابی کردار -

Social behaviour : (فلسفه و نفسیات) سماجی کردار -

Submissive behaviour : (سماجیات) منکسرانه کردار -

Substitute behaviour : (فلسفه و نفسیات) عوض کردار -

To be on one's good behaviour : جان توڑکے کوشش کرنا (اپنے متعلق نیک گمان پیدا کرنے کی خاطر) -

Withdrawn behaviour : (فلسفه و نفسیات) علاحدگی پسند کردار -

Behaviour centre : (n) (فلسفه و نفسیات) مرکز کردار -

Behaviour of substance : (کیمیا) رویه (کسی چیزکا) -

Behaviour pattern : (n) (فلسفه و نفسیات) طرز کردار؛ نمونه کردار -

Behaviour psychology : (n) دیکھو Behaviourism

Behaviour segment : (n) (فلسفه و نفسیات) پاره کردار-

Behaviour unit : (n) (فلسفه و نفسیات) کردارکی اکائی -

Behaviourism : (n) (نفسیات) نظریه کردار؛ یه نظریه که انسان کے کل اعمال کسی مهیج کی جوابی حرکت کی صورت میں ظاهر هوتے هیں اور اس کے کردار کے پورے مطالعه سے اسکے عمل کے متعلق پیشین گوئی کی جاسکتی هے ؛ (نفسیات) کرداریت -

Behaviourist : (n) نظریه کردار کا عامل ؛ (نفسیات) کرداریت پسند -

Behaviouristic : (a) نظریه کردار کا یا اس سے متعلق ؛ (سماجیات) کرداریتی -

Behaviouristic level : (n) (سماجیات) کرداریتی سطح -

Behaviouristic pattern : (n) (سماجیات) کرداریتی طرز -

Behaviouristic process : (n) (سماجیات) کرداریتی سلسله عمل ؛ کرداریتی طریق عمل -

Behead : (v) [OE."beheafdian"] (۱) سرکاٹ ڈالنا ؛ گردن مارنا ؛ سر قلم کردینا ؛ سر تراش لینا ؛ سرے کا کاٹنا - (۲) سر چشمے سے پانی کاٹ کر کسی دوسری طرف موڑ دینا -

Beheadal : (v) سر کاٹنا ؛ گردن مارنا -

Behemoth : (n) [Heb."b'hemoth"] (۱) بہت بڑے ڈیل ڈول کا جانور ؛ اسپ آبی ؛ کرگدن - (۲) (مجازاً) عظیم الجثه ؛ ضخیم ؛ بڑی جسامت یا ضخامت کی کوئی چیز -

Behest : (n) [OE."bi-,behaes"] (۱) حکم ؛ امر؛ آگیا ؛ هدایت - (۲) اسرار -

Behind : (adv.& prep.) [OE." bi ,behindan"] (۱) آڑ میں - (۲) ضرورت کے وقت کے لئے محفوظ (مجازاً) - (۳) دیر سے - (٤) (زماں) پہلے کا - (٥) پیچھے کی طرف ؛ پیچھے ؛ پیچھے چھپا ھوا ؛ عقب میں - (٦) کسی کی پشتی پر ؛ تائید میں - (۷) پیچھے (درجه میں) - (۸) پناه میں ؛ پیچھے پیچھے - (۹) پٹھا؛ سرین ؛ پشت - (۱۰) باقی دار - (۱۱) نیچے ؛ زیریں -

Put behind one : توجه نه کرنا ؛ پس پشت ڈالنا -

Stay leave behind : پیچھے ٹھہرنا؛ پیچھے چھوڑ دینا -

To be behind with : وقت پر تکمیل نه کرنا (ادائے بقایا وغیره کی) -

To come behind : تعاقب کرنا ؛ پیچھا کرنا -

To fall behind : پیچھے ره جانا -

To go behind : نیت دریافت کرنا -

Behind fortification : (adv) قلعه کے اندر -

Behind hand : (adv) (۱) بعد از وقت - (۲) غفلت کرنیوالا ؛

غافل ۔ (۳) پیچھے ؛ ھٹیا ؛ پھسڈی ؛ جو وقت پر کام نہ کرے ؛ جو اچھی طرح تیار نہ ھو ؛ پس ماندہ ؛ تاخیر کرنیوالا ۔ (٤) مقروض ھونا ؛ باقی دار ھونا ۔

Behind one's back : پیٹھ پیچھے ؛ غیبت میں ۔

Behind the scene : پس پردہ ؛ نظر سے اوجھل ھوکر ۔

Behind the time : زمانے سے پیچھے ؛ جو زمانے کے ساتھ نہ ھو ۔

Behindtime : (adv) وقت کے بعد ۔

Behistum tablets : (تاریخ ، اثریات) بے ستون کی تختیاں ۔

Behold : (v) [OE."bihaldan"] مشاھدہ کرنا ؛ غور سے دیکھنا ؛ دیکھنا ۔

Behold : (v) (بصیغہ امر) دیکھو!

Beholden : (a) ممنون ؛ احسان مند ؛ مرھون منت ؛ زیر بار احسان ۔

Beholder : (n) تماشائی ؛ مشاھدہ کرنیوالا ؛ غور سے دیکھنے والا ۔

Beholding : (v) دیکھنا ؛ مشاھدہ کرنا ۔

Beholding : (a) (۱) ممنون ؛ دست نگر ؛ متوسل ۔ (۲) تاکنا ۔

Behoof : (n) [OE."bihof"] خاطر ؛ غرض ؛ فائدہ ؛ نفع ؛ لابھ ؛ استعمال ۔

Behove / Behoove : (v) [OE."bi-, behofian"] مناسب ھونا ؛ واجب ھونا ؛ لازم ھونا ؛ فائدہ مند ھونا ۔

Behrons, (Fisher)test : (n) بھرونس (فشر) جانچ ۔

Beige : (n) [F.] اونی کپڑا (اصلی رنگ کا) ؛ اون کا رنگ ۔

Being : (n) (۱) کون ؛ وجود ۔ (۲) ھستی ؛ مخلوق ۔ (۳) ساخت ؛ ماھیت ۔ (٤) شخص ؛ ذات ۔ (۵) جوھر ۔ (٦) فطرت ۔ (۷) موجود ۔ (۸) خدا ۔ (۹) انسان ۔

Heirarchy of being : مراتب وجود ۔

Human being : (سماجیات) انسانی ھستی ؛ انسان ۔

Pure being : (فلسفہ و نفسیات) ھستی محض ۔

Social being : (سماجیات) سماجی ھستی ؛ سماجی مخلوق ۔

Sub human being : (سماجیات) تحت الانسانی ھستی ۔

Superhuman being : (سماجیات) مافوق الانسانی ھستی ۔

Being : (a) Be کا Present Participle ؛ موجود ؛ حاضر ؛ فی الوقت ؛ فی الحال ۔

Beingless : (a) معدوم ؛ غیر موجود ۔

Beingness : (n) وجود ؛ ھستی ۔

Bejan : (n) [F."bejaune"] تازہ وارد ؛ نو وارد ۔

Bejesuit : (v) لیسوعی بنانا ۔

Bejewel : (v) جواھرات جڑنا یا ان سے آراستہ کرنا ؛ چھڑکنا ۔

Beknave : (v) بدمعاش کہنا ؛ بدمعاش کیطرح سلوک کرنا ۔

Bel : (a) [L. "bellum.-am"] (۱) خوبصورت ۔ (۲) بیل ۔

Bel-esprit : (n) [Fr.] ذھین لطیفہ گو ؛ ظریف ؛ بذلہ سنج ۔ ھوشیار ؛ تیز فھم ۔

Bela : (n) (تاریخ) صحارا کا ایک خانہ بدوش قبیلہ ۔

Belabor : (v) (۱) خوب پیٹنا ؛ ٹھوکنا ؛ ادھیڑنا ۔ (۲) ضرورت سے زیادہ کسی کام میں پل پڑنا ۔ (۳) (مجازاً) سخت نکتہ چینی کرنا ۔

Belace : (v) فیتہ لگانا ؛ فیتہ سے آراستہ کرنا ۔

Belace : (v) (جھاز رانی) باندھنا ۔

Belam : (v) کوٹنا ۔

Belate : (v) تاخیر کرنا ؛ دیر کرنا ۔

Belated : (a) شب گرفتہ ؛ دیر میں پہنچنے والا ؛ جسے راستے میں رات ہو جائے ۔ (۲) وقت یا تاریخ کے بعد ؛ پرانا ۔

Belaud : (v) تعریف میں مبالغہ کرنا ؛ تعریف کا پل باندھنا ؛ آسمان پر چڑھانا ۔

Belay : (v) [OE. "bi-, "belegan"] لپیٹنا ۔

Belay there : بس بس ؛ روکو ۔

Belaying pin : (n) لپیٹن ؛ لپیٹنے کی میخ ۔

Belch : (v) [OE. "bealcian"] (۱) زور سے خارج ہونا ؛ خارج کرنا ؛ پھینک دینا ۔ (۲) ڈکار لینا ۔ (۳) نشہ میں بڑبڑانا ؛ کفر بکنا ؛ فحش بکنا ؛ واہی تباہی بکنا ۔ (٤) دھڑ دھڑ نکلنا (شعلہ وغیرہ کا توپ یا آتش فشاں سے) ۔

Belch : (n) (۱) ڈکار ۔ (۲) کسی چیز کا زور سے نکلنا ۔ (۳) (عامیانہ) بیئر (خراب قسم کی) ۔ (٤) شعلے کی بھڑک ؛ توپ کی گرج یا آتش فشاں پہاڑ کا دھماکہ ۔

Belcher : (n) [f. jim Belcher, a pugilist] رنگ برنگی رومال ۔

Beldam/ Beldame : (n) [f."bel+dam"] (۱) بوڑھیا ۔ (۲) دیونی ؛ ڈائن ؛ لڑاکا عورت ۔

Beleaguer : (v) [Du."belegeren"] محاصرہ کرنا ؛ نرغے میں لینا ۔

Beleaguerer : (n) محاصرہ کرنیوالا ؛ نرغے میں لینا ۔

Beleaguerment : (n) محاصرہ ؛ نرغہ ۔

Belemnite : (n) [mod. L."belemnites"] وہ ہڈّی جو cuttle fish (ایک معدوم مچھلی) کے آثار کے طور پرپائی جاتی ہے ۔

Belemnitic : (a) cuttle fish کی ہڈّی سے متعلق ۔

Beletter : (v) اسناد اور خطابات سے آراستہ کرنا ۔

Belfry : (n) [OF."berfrei /-ai /-ay"] (۱) گرجے کا گھنٹہ گھر ۔ (۲) سائبان ۔ (۳) (جہاز رانی) وہ آرائشی ڈھانچہ جس میں جہاز کا گھنٹہ لگا رہتا ہے ۔ (٤) (عامیانہ) سر ؛ دماغ ۔

Belga : (n) [L. "Belgus"] بلجیم کا ایک سکّہ ۔

Belgian : (n) بلجیم کا باشندہ ؛ Canary کی ایک قسم ۔

Belgic : (a) (۱) بلجیم کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) جرمنی کے نشیبی علاقہ کا رہنے والا ۔

Belgium : (n) بلجیم ۔

Belial : (n) [Heb."b,li"(without)+yaal"(use)] شیطان ؛ شیطنت ۔

Man of belial : شقی ؛ مردود ؛ لعنتی ۔

Belibel : (v) تہمت لگانا ۔

Belie : (v) [OE. "beleozan"] جھٹلانا ؛ کسی کے متعلق مغالطہ یا غلط خیال پیدا کرنا ؛ وفا نہ کرنا ؛ پورا نہ کرنا ؛ غلط ثابت کرنا ؛ تردید کرنا ؛ چھپا دینا ؛ پردہ ڈال دینا ۔

Belief : (n) [ME. "bileafe"] (۱) بھروسا ؛ اعتبار ۔ (۲) یقین ؛ اعتقاد ؛ عقیدہ ؛ رائے ؛ اعتماد ۔ (۳) عیسائیت پر ایمان ؛ ایمان ۔ (٤) وجدان ۔ (٥) احساس ۔

Affirmative belief : (فلسفہ و نفسیات) ایجابی عقیدہ ۔

Negative belief : (فلسفہ و نفسیات) سلبی عقیدہ ۔

The Belief : حواریوں کے معتقدات ۔

To the best of my belief : تاحدّ یقین ؛ مجھے پوری طرح یقین ہے ۔

Belief in : (n) کسی کے وجود پر اعتقاد ۔

Belier : (n) جھوٹا ؛ غلط ثابت کرنیوالا ؛ پردہ ڈالنے والا ۔

Believability : (n) قابل اعتماد / یقین / اعتبار ہونے کی کیفیت / صفت یا حالت ۔

Believable : (a) قابل اعتماد ؛ قابل اعتبار ؛ قابل یقین ۔

Believableness : (n) قابل اعتبار ہونے کی کیفیت ، صفت یا حالت ۔

Believe : (v) [ME. "bileven"] (۱) یقین کرنا ؛ ایمان لانا ۔ (۲) بھروسا کرنا ۔ (۳) اعتماد کرنا ؛

مان لینا ؛ خیال کرنا ؛ سمجھنا ؛ اعتبار کرنا ؛ سچ سمجھنا ۔ (٤) کسی شخص یا واقع کے وجود یا وقوع میں یقین کرنا ۔

Make believe : بننا ؛ تصنع کرنا ؛ جھوٹ موٹ سمجھ لینا یا کام کرنا ۔

Believer : (n) (١) معتقد ۔ (٢) کسی چیز یا مذہب میں اعتقاد رکھنے والا ۔

Believing : (a & n) (١) معتقدانہ ۔ (٢) خوش عقیدہ ۔

Believingly : (adv) از روئے عقیدہ / اعتقاد ۔

Belike : (adv) بظاہر؛ ظاہراً ؛ شاید ؛ اکثر؛ غالباً ۔

Belittle : (v) کم کرکے دکھانا یا بیان کرنا ؛ تحقیر کرنا ؛ گھٹانا ۔

Belittlement : (n) تحقیر ؛ تخفیف ۔

Belive : (adv) [ME."bi, be life, belive"] بسرعت ؛ بشوق ؛ فوراً ؛ ابھی ۔

Bell : (n) [OE. "belle"] (١) گھنگرو ؛ ناقوس ؛ تال ؛ گھنٹی ؛ جرس ؛ گجر ۔ (٢) (جہازرانی) جہاز کی وہ گھنٹی جو ہر آدھے گھنٹے پر بجائی جاتی ہے ؛ آدھ گھنٹہ ؛ نصف ساعت ۔ (٣) کوئی گھنٹی نما چیز ۔ (٤) (تعمیرات) خالی گل دان یا ٹوکری جیسی چیز جو کاڑھی رہتی ہے اور قدیم یونان کی عمارتوں کے ستون کے سروں پر پائی جاتی ہے ۔ (٥) (موسیقی) ایک قسم کا ساز جس میں دھات کی مختلف سائز کی سلاخیں یا نلکیاں لگی رہتی ہیں اور ہتھوڑے مارنے پر گھنٹیوں جیسی آواز نکلتی ہے ؛ Carillon ۔ (٦) انعام ۔

As sound as a bell : صحیح و سلامت ؛ صاف ؛ بے داغ ؛ بے نقص ۔

By bell and book /book and bell : ایک طرح کی قسم ۔

Electric bell : (طبیعیات) بجلی کی گھنٹی ۔

Metal bell : (طبیعیات) جرس دھات ؛ گھنٹہ دھات ۔

To bear the bell : اول آنا ؛ سبقت کرنا ۔

To bear / carry away the bell : انعام جیت لینا ۔

To curse by bell, book and candle : (١) مذہبی برادری سے خارج کرتے وقت پادری کی لعنت ۔ (٢) (مزاحاً) مذہبی رسم کا سازوسامان ۔

With bells on : پوری طرح ملبوس دعوت کیلئے ؛ مستعد ؛ پوری طاقت سے ؛ صاف طور پر ؛ فضیلت سے ۔

Bell : (n) ہاپ کانٹ (Hopp Cant) کا مخروطی پھل ؛ ایک قسم کی بیل کا مخروطی پھل ۔

Bell : (n) ہرن اور بارہ سنگھے کی مستی کی آواز ۔

Bell : (v) مخروطی پھل آنا ؛ پھل لگنا ۔

Bell : (v) [OE. "bellan"] (١) ڈکرانا ؛ چیخنا ؛ بوبوکرنا ۔ (٢) ہرن یا بارہ سنگھے کا مستی میں آواز نکالنا ۔

Bell : (v) (١) گھنٹی لگانا ؛ گھنٹی باندھنا ؛ گھنٹی بجانا ۔ (٢) پھلا دینا ۔ (٣) پھولنا (پھولوں کا) ۔

To bell the cat : اوروں کے لئے جان جوکھوں میں ڈالنا ؛ خطرے کی مہم انجام دینا ۔

Bell animalcule/ animal : (n) گھنٹی کی شکل کا ایک خلیہ جو سڑی ہوئی رطوبات میں ہوتا ہے ۔

Bell beaker : (n) (تاریخ ، اثریات) گھنٹی نما بیکر ۔

Bell binder : (n) ایک پھلو نورد پودا ۔

Bell-bird : (n) برازیل اور آسٹریلیا کا ایک پرندہ جس کی آواز گھنٹی جیسی ہوتی ہے ۔

Bell boat : (n) وہ کشتی جس میں گھنٹیاں لگی ہوتی ہیں جو پانی کی لہروں سے بجتی ہیں اور کشتی والوں کو خبردار کرتی ہیں ۔

Bell-bottom : (n) وہ پاجامہ یا پتلون جس کی مہری فراخ (کشادہ) ہو ۔

Bell-bottoms : (n) فراخ مہری کا پاجامہ یا پتلون ۔

Bell boy : (n) مہمان خانہ کا ملازم ؛ ہوٹل یا کلب کا وہ ملازم جو مہمانوں کی کمرہ تک رہنمائی کرتا ہے اور ان کا سامان لے جاتا ہے ۔

Bell buoy : (n) گھنٹی دارپیراک پیپا ؛ گھنٹی دارتیرندہ ۔

Bell crank : (u) وہ بیرم جو زاویہ قائمہ پر لگی گھنٹیوں کے تار میں حرکت پیدا کرتا ہے ۔

Bell-flower : (n) ایک قسم کا پودا جس کا پھول گھنٹی کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Bell founder : (n) گھنٹی ڈھالنے والا ۔

Bell gable : (n) ایک گیبل جس میں گھنٹیاں لٹکتی رہتی ہیں ۔

Bell glass : (n) گھنٹی کی شکل کا شیشے کا جھانپو ۔

Bell hanger : (n) مکان میں گھنٹیاں اور گھنٹیوں کی ڈوریاں لگانیوالا کاریگر ۔

Bell heather : (n) ایک قسم کی جھاڑی جس کی پتیاں صلیب نما ہوتی ہیں ؛ چلیپائی پتیوں والی Erica قسم کے جھاڑیوں کا پھول ۔

Bell-hop : (n) (انتظامیہ) اطلاع دہندہ؛ ہوٹل کا لڑکا ۔

Bell jar : (n) گھنٹی کی شکل کا شیشے کا مرتبان جو کیمیائی اور طبیعیاتی تجربہ گاھوں میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ فانوس ۔

Bell man : (n) چوکیدار ۔

Bell-metal : (n) کسکوٹ ؛ ملوان دھات ؛ بھرت (جس میں تین سے چار حصہ تک تانبہ اور ایک حصہ ٹین ہوتا ہے) ۔ (کیمیا) گھنٹہ دھات ۔

Bell metalore : (n) Stannite دھات جس کی شکل Bellmetal کیطرح ہوتی ہے ۔

Bell moth : (n) ایک پروانہ جو بیٹھنے کی حالت میں گھنٹی کی شکل کا ہو جاتا ہے ۔

Bell pepper : (n) ایک قسم کی مرچ جسکی شکل گھنٹی کی سی ہوتی ہے ۔

Bell polype : (n) گھنٹی کی شکل کا ایک خلیہ جو سڑی ہوئی رطوبت میں ہوتا ہے ۔

Bell pull : (n) گھنٹی کی ڈوری یا رسّی اور دستہ جو گھنٹی کے تار میں اگا رھتا ہے ۔

Bell ringer : (n) کلیسا یا شہر کی گھنٹی بجانیوالا ؛ موسیقی میں دستی گھنٹی بجانیوالا ؛ شہرت پانیوالا ۔

Bell roof : (n) وہ چھت جو گھنٹی کیطرح ہو ۔

Bell rope : (n) وہ رسہ جس سے گھنٹی بجائی جاتی ہے ۔

Bell shaped : (a) (طبیعیات) گھنٹی نما ۔

Bell shaped curve : (شماریات) گھنٹی نما خط ۔

Bell shaped ear ornament : (تاریخ، اثریات) جھمکا ؛ گھنٹی نما کان کا زیور ۔

Bell stone : (n) ستون کا وہ حصہ جو ستون اور اسکی چوکی کے درمیان ہوتا ہے ۔

Bell tent : (n) وہ خیمہ جو گھنٹی کی شکل کا ہو ۔

Bell tongue : (n) دھوپ میں سکھائے اورنمک لگائے ہوئے گوشت کے تکڑے جو زبان کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Bell tower : (n) گھنٹی کا مینار؛ (تاریخ) گھنٹہ گھر۔

Bell trap : (n) گندی نالی میں بدبو کور روکنے کا چھوٹا دروازہ جوگھنٹی کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Bell-wether : (n) (۱) وہ بھیڑ جو سب سے آگے چلتی ہے اور جس کے گلے میں گھنٹی پڑی رھتی ہے ۔ (۲) (مجازاً) لیڈر؛ رھنما (حقارت سے) ۔

Bell-wort : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Belladouna : (n) [It.] بھلاواں ؛ بلادر ۔

Belladonna Lily : (n) (کیپ آف گڈ ھوپ) Cape of Good Hope کا ایک پھول ۔

Bellarmine : (n) [Roberto Cardinal Bellarmine, an It. prelak .] (۱) ایک روغنی پانی کاجگ جس کا پیٹ کشادہ ہوتا ہے اور گردن پتلی ہوتی ہے ۔ (۲) صراحی ؛ قرابہ ۔

Belle : (a & n) [L. "bella"] حسینہ ؛ حسینوں کی سرتاج ۔

Belle assemblees : (n) [Fr.] شاندار اجتماع ۔

Belle dame : (n) [Fr.] حسینہ ۔

Belle-lettre : (n) خالص ادب ؛ ادب لطیف ؛ انشائے لطیف ۔

Belle passion : (n) [Fr.] محبت ۔

Belled : (a) گھنٹی لگا ہوا ؛ گھنٹی نما پھول لگا ہوا ۔

Belleric/ Beleric : (a & n) [Arab. "batilaj"] بلی لاج ؛ بھیڑا ۔

Belletrist : (n) ادیب ۔

Belletristic : (a) ادبی ۔

Bellicist : (n) جنگ پسند ؛ جنگ کا حامی ۔

Bellicose : (a) [L. "bellicosus"] جھگڑالو ؛ لڑاکا ؛ جنگ جو ؛ مائل بہ جنگ ۔

Bellicosely : (adv) محاربانہ ؛ جنگ جویانہ ۔

Bellicosity : (n) لڑاکا پن ؛ محاربت ؛ جنگ جوئیت ۔

Bellied : (a) (۱) شکم والا ؛ فربہ اندام ۔ (۲) (مجازاً) توند والا ؛ توندیلا ۔

Big bellied : توند والا ۔

Belligerence : (n) [See "BELLIGERENT"] جارحانہ انداز ؛ جارحانہ طرز عمل ۔

Belligerency : (n) جارحیت ؛ شریک جنگ کی حیثیت ڈوئل (Duel) کے لئے ۔

Belligerent : (a&n) [L."belligerantem] شریک جنگ ؛ محارب ۔

Accessory belligerent : (تاریخ و سیاسیات) معاون جنگ ۔

Principal belligerent : (تاریخ و سیاسیات) اصل فریق جنگ ۔

Belligerent communities : (n) حربی جماعتیں ۔

Belligerent countries : (n) حربی ممالک ۔

Belligerent nations : (n) شریک جنگ اقوام ؛ حربی قومیں ۔

Belling : (n) (۱) جانوروں کا ڈکرانا ۔ (۲) مستی کے زمانے میں ہرن کی آواز ؛ مستی کا زمانہ ۔

Bellon : (n) جستہ کے زہر سے پیدا ہونیوالا درد قولنج ۔

Bellona : (n) [L. "bellum"] (۱) جنگ کی دیوی ۔ (۲) جنگ مجسم ۔ (۳) رعب دار وجیہ عورت ۔ (٤) چھوٹے سیاروں میں سے ایک ۔

Belloot / belote : (n) [Sp."bellota"] شمالی امریکہ اور اسپین کے ایک درخت کا مخروطی پھل جو کھایا جاتا ہے ۔

Bellote oak : (n) بلوط کا وہ درخت جس میں مخروطی پھل ہوتا ہے ۔

Bellow : (n) [OE. "bylzion"] ڈکارنا ؛ چیخنا ؛ چلانا ؛ گونجنا ؛ گرجنا ؛ دہاڑنا ۔

Bellow : (n) ڈکار ؛ چیخ ؛ گرج ؛ گونج ؛ دہاڑ ۔

Bellower : (n) چیخنے والا ؛ گرجنے والا ؛ چلانے والا ۔

Bellows : (n) [OE.] (۱) بھاتی ؛ دھونکنی ۔ (۲) اشتعال کے ذرائع ۔ (۳) پھیپھڑے ۔ (٤) فوٹو کیمرہ کا پھیلنے والا حصہ ۔

Hydrostatic bellows : سکرنیات آب سے متعلق ایک آلہ جو سیال میں دباؤ کی مساوی تقسیم ظاہر کرتا ہے ۔

Bellows fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Belly : (n) [oTeut. "balgi-z"] (۱) پیٹ ؛ پیڑو ؛ معدہ ؛ بطن ؛ شکم ؛ کوکھ ؛ رحم ۔ (۲) دوزخ شکم ۔ (۳) اشتہا ؛ بسیار خوری ۔ (٤) خلا ؛ محدب یا مقعر حصہ ؛ بادبان کے بیچ کا حصہ ۔ (۵) کسی شئے کا اگلا ، اندرونی یا نچلا حصہ ۔ (٦) تختہ آواز ۔

Belly : (v) (۱) پھلا دینا ۔ (۲) پھولجانا ۔ (۳) بھیڑ کے بال کاٹنے سے قبل اس کے پیٹ کے بال صاف کرنا (آسٹریلیا) ۔ (٤) ٹینک کی زنجیر کو تباہ کر دینا ۔

Belly-ache : (n & v) (۱) (اسم کے معنی میں) درد قولنج ؛ درد شکم ۔ (۲) (فعل کے معنی میں) شکایت کرنا ؛ فریاد کرنا ۔

Belly-band : (n) (۱) تنگ (گھوڑے بیل وغیرہ کا) ۔ (۲) (جہاز رانی) کینوس کی ایک پٹی جو

بادبان کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک ٹانک دی گئی ہو (مضبوط بنانے کے لئے)۔

Belly bound : (a) قبض والا ۔

Belly brace : (n) وہ چوپارہ پٹی جو بھاپ انجن کے نیچے ہوتی ہے ۔

Belly butto : (n) ناف ۔

Belly dance : (n` وہ رقص جس میں شکم کے عضلات حرکت میں لائے جاتے ہیں ۔

Belly-flop : (n) بسیار خور؛ کاہل ۔

Belly fretting : (n) گھوڑے کے پیٹ کا درد؛ گھوڑے کی تنگ باندھنے سے جو تکلیف ہو ۔

Belly-ful : (n) (۱) بھر پیٹ ؛ پیٹ بھر کے ؛ جی بھر کے ۔ (۲) حد سے زیادہ (مجازاً)۔

Belly-god : (n)- شکم پرور ؛ شکم پرست ؛ بسیارخور؛ پیٹو ۔

Belly gun : (n) چھوٹی نال والا پستول یا ریوالور جو آسانی سے چھپایا جا سکے ۔

Belly-gut : (n) کاہل ؛ بسیار خور ۔

Belly guy : (n) (جہاز رانی) وہ آلہ جر ثقیل جو بھاری اٹھانے والے آلے میں آدھے راستے پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Belly-land : (v) پہیے نہ کھلنے کے باعث ہوائی جہاز کا پیٹ کے بل اترنا ۔

Belly landing : (n) پہیے نہ کھلنے کے باعث ہوائی جہاز کا پیٹ کے بل اترنا ۔

Belly laugh : (n) زوردار قہقہہ؛ دل کھول کر ہنسی ۔

Belly pinched : (a) گرسنہ ؛ فاقہ سے ؛ بھوکا ۔

Belly robber : (n) (عامیانہ) باورچی ؛ طبّاخ ۔

Belly-stay : (n) تکونا بادبان ۔

Belly worship : (n) شکم پروری ؛ بھوکا پن ۔

Belomancy : (n) [Gr."belos+mantia"] تیروں کے ذریعہ شگون لینا / فال نکالنا ۔

Belong : (v) [ME."bi-,belongen"] کسی کا حق ہونا ؛ تعلق رکھنا ؛ کسی کی ملک ہونا ؛ کسی کا ہونا ؛ کسی سے ملحق ہونا ؛ کسی سے منسلک ہونا ؛ سزاوار ہونا ؛ رکن ہونا (کسی ادارے یا انجمن کا)۔

Belong here : (v) (۱) کسی جگہ رہنا – (۲) کسی تقسیم کے تحت میں آنا –

Belong in / under : (v) کسی تقسیم کےتحت میں ہونا –

Belonging : (n) (۱) متعلقات ، لوازمہ ، مال اسباب ؛ چیز بست ۔ (۲) رشتہ دار ۔ (۳) اجزاء ؛ ملحقات ؛ (کسی چیز کے) (فلسفہ ونفسیات) احساس تعلق ۔ (٤) کسی شخص یا چیز کے متعلق حالات ۔ (٥) رشتہ یا باہمی وفاداری ۔

Belongingness (n) اہم ، ضروری اور کلی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Belonite (n) [L."belone"] (معدنیات) ایک قسم کی معدنی شئے جو بہت چھوٹی، سوئی کی شکل کے بلور میں پائی جاتی ہے ۔

Belord : (v) (۱)'My lord' کہہ کر مخاطب کرنا ۔ (۲) کسی پر حکم فرماں ہونا ۔

Belove : (v) ["ME. biluven,-loven"] محبت کرنا ؛ محبوب رکھنا ؛ پیارکرنا ۔

Beloved : (a&n) معشوق ؛ محبوب چہیتا؛ پسندیدہ ؛ پیارا ۔

Below : (adv.&Prep)["BE+"LOW"(a)] (۱) نیچے ؛ تلے ؛ تحت ؛ زمین میں ۔ (۲) مکان کےنیچےکی منزل میں ۔ (۳) جہاز کے اس حصے میں جو عرشے سے نیچے ہو ۔ (٤) دریا کے بہاؤ یا اتار کی طرف ۔ (٥) جہنم یا تحت‌الثریٰ میں ۔ (٦) ذیل میں ؛ آگے ۔ (۷) خلاف شان ؛ شان کے منافی ۔ (۸) مرتبے یا درجے میں پست تر ۔ (۹) ڈھلوان کے نشیب میں ۔ (۱۰) عمیق تر ۔ (۱۱) صفحہ کے نیچے کی طرف ۔ (۱۲) زمین پر ۔ (۱۳) صفر سے نیچے (حرارت کے بارے میں)۔

Below one 's breath : بہت آہستہ سے ۔

Below par : (a) (انتظامیہ) اوسط سے کم ؛ غیر معیاری ۔

Below stairs : (adv) نیچے کی منزل میں ؛ مکان کی نچلی منزل میں ۔

Belt : (n) [L."baltens"] (۱) دھات کا پتر ؛ پٹہ ؛ حلقہ ۔ (۲) (ارل یا نائیٹ کا) پٹکا ؛ کمر بند ؛ پرتلا ؛ پیٹی ۔ (۳) (جغرافیہ) آبنائے ۔ (٤) (ہیئت) منطقہ ۔ (٥) (ارضیات) درختوں کی پٹی یا قطار ؛ زمین کی ایك طبی پٹی جو کسی ارضیاتی صفت کی حامل ہو ۔ (٦) (مکانیات) تسمہ ؛ مال ۔ (۷) رنگ یا کسی شئے کی پٹی (درخت وغیرہ) ۔ (۸) زمین کا وہ حصہ جو اپنی چوڑائی کے مقابلہ میں زیادہ لمبا ہو ۔ (۹) (تعمیرات) اینٹ یا پتھر کی افقی پٹی جو دیوار کے آگے اس کنارے سے اس کنارے تك ہوتی ہے ۔ (۱۰) (جہاز سازی) زرہ پوش جہازوں میں لوہے کی موٹی پٹریوں کا سلسلہ جو پانی کے نشان کے ساتھ ساتھ ہو ۔

Great and lnttle Belts : آبنائے اکبر ؛ آبنائے اصغر ؛ بحر بالٹك کی آبنائے ۔

To hit below the belt : قاعدہ کے خلاف وار کرنا ؛ ناجائز وار کرنا ؛ (مجازاً) مقابلہ میں بے ایمانی کرنا ۔

Under one's belt : (۱) پیٹ میں ۔(۲) قبضہ میں ۔ (۳) کسی کے ماضی یا تجربے کا حصہ ۔

Belt : (n) (۱) زبردست ضرب ۔ (۲) زبردست جذباتی رد عمل ۔

Belt : (v) (۱) باندھنا ؛ پٹی لگانا ؛ گھیرنا ۔ (۲) تسمہ سے مارنا ۔ (۳) رنگ کا حلقہ بنانا ۔ (٤) بال کاٹنا ، مثلاً بھیڑ کے پٹھے اور دُم کے بال کاٹنا ۔ (٥) زوردار طریقہ سے گانا ؛ بلند آواز سے گانا ۔ (٦) تندی ؛ تیزی اور زور سے حرکت کرنا یا انجام دینا۔

Belt lacing : (n) مشین کے تسمہ کے سروں کو باندھنے کا تسمہ ۔

Belt man : (n) (انتظامیہ) بیلٹ مین ؛ پٹے والا ۔

Belt saw : (n) پہیے پر چلنے والا گول آرا ۔

Beltane : (n) [Gael."bealltainn"] (۱) یکم مئی ؛ مئی مہینہ کا پہلا دن ۔ (۲) پہلی مئی کا جشن — یہ celtic لوگوں کا سالانہ جشن ہوتا تھا جس میں پہاڑ وں پر روشنیاں جلائی جاتی تھیں اور رقص ہوتا تھا ۔

Belted : (a) (۱) پٹکا باندھے ہوئے ؛ (خصوصاً نائیٹ اور ارلو ں کا) ۔ (۲) پٹہ لگا ہوا ؛ رنگ کا پٹہ لگا ہوا ۔

Belted cattle : (n) (۳) ڈچ کے کالے مویشی کی ایك جنس جس کے بیچو ں بیچ سفید رنگ کا حلقہ ہوتا ہے ۔

Belting : (n) (۱) پٹکا باندھنے کا عمل ۔ (۲) مارنا ؛ زدو کوب کرنا ۔ (۳) رنگ کا حلقہ بنانا ۔ (٤) پٹکا سازی اور اس کا سامان ۔

Beltwise : (adv) کمر بند کے طورپر ۔

Beluga : (n) [Russ."Beluga"] ایك قسم کی سمندری مچھلی ؛ سگ ماهی یا سفید وھیل مچھلی جو دریائے خزر یا بحر اسود میں ملتی ہے ۔

Belute : (v) کیچڑ سے لت پت کردینا/ڈھك دینا/بھر دینا ۔

Belve ere : (n) [It"."bello,"bel"(beautiful)+"vedere"(sight)] گرمی گزارنے کا بنگلہ جو کسی بلندی پر بنا ہو ؛ سیر بین برج ؛ بلند جگہ پر بنایا ہوا ساختمان ؛ کسی مکان کے سرے پر برج یا روشن دان ۔ (۲) ایك قسم کا پودا (باغبانی) ۔

Bema : (n) [Gr."bema"] (۱) قدیم ایتھنس کے جلسوں کا اسٹیج یا چبوترہ ۔ (۲) قدیم کلیساؤں کی قربان گاہ یا حرم کا حصہ ۔

Bemad : (v) پاگل بنا دینا ؛ دیوانہ کر دینا ۔

Bemangle : (v) بالکل صورت بگاڑ دینا ؛ کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ؛ بہت زیادہ خراب کر دینا ۔

Bemask : (v) نقاب پہنا دینا ؛ ڈھانك دینا ؛ چھپا دینا ۔

Bemaster : (v) قبضہ میں لانا ؛ ماہر ہونا ؛ مہارت حاصل کرنا ۔

Bemaul : (v) بری طرح زخمی کر دینا ۔

Bemazed : (a) بہت زیادہ حیرت زدہ / متحیر ۔

Bemean : (v) ذلیل کرنا ؛ خراب کرنا ؛ ذلیل بنا دینا ؛ پست بنا دینا ؛ بے قسمت کردینا ۔

Bemire : (v) کیچڑ سے لت پت کرنا ؛ دلدل میں پھنس جانا۔

Bemist : (v) دھندلا دینا ؛ دھندلا کردینا ؛ دھند میں مبتلا کردینا ۔

Bemoan : (v) [OE."bi-,bem nan"] رونا ؛ آہ بھرنا ؛ فریاد کرنا ؛ کسی کی موت پر نالہ کرنا ۔

Bemock : (v) تمسخر کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ کھلّی اڑانا ؛ ھنسی اڑانا ۔

Bemonster : (v) سراسر مہمل بنا دینا ؛ کسی کو ننگ بشر سمجھنا یا کہنا ۔

Bemouth : (v) شیخی بگھارنا ؛ گستاخی سے بولنا ۔

Bemud : (v) کیچڑ سے لت پت کردینا ۔

Bemuddle : (v) الجھا دینا ۔

Bemuffle : (v) آواز دبا دینا ۔

Bemuse : (v) (۱) دماغ مختل کردینا ۔
(۲) (مزاحاً) فنون لطیفہ کے لئے وقف کردینا ۔
(۳) خیالات میں استغراق/ محویت پیدا کرنا ۔

Ben : (adv.,a,n & prep.) [OE."binnan] (۱) اندر؛ اندر کیطرف؛ اندر کا حصہ ؛ اندر کا کمرہ ۔
(۲) اندرونی (Adv) ۔ (۳) اندرکا کمرہ ۔

But and ben : مکانات کا باھری یا اندرونی یا سب حصے ۔

Ben : (n) [Ocelt."benno-","bendo-"] اونچی پہاڑی یا پہاڑ ۔

Ben : (n) [Arab."ban"] سھجنا کا بیج ۔

Oil of ben : سھجنا کے بیج کا روغن ۔

Benami : (a) [Per."banam"+-i] بے نامی ؛ فرضی ۔

Bench : (n) [OTeut."bankiz"] (۱) بنچ – (۲) کشتی کی بنچ ۔
(۳) حکام عدالت ؛ جج ؛ عدالت کا اجلاس ؛ عدالت ۔ (٤) کاریگروں کے کام کی میز ۔
(۵) دیوار میں لگی ھوئی پتھر کی بنچ ؛ چبوترا ۔ (٦) پارلیامنٹ میں کسی خاص جماعت کی نشست ۔ (۷) کتوں کی جماعت جو نمائش میں بنچ پر بٹھائے جائیں ۔ (۸) وہ نشست گاہ جہاں افیسر بیٹھتا ھے ؛ ایسے افسروں کا عہدہ اور فرائض ؛ وہ حکام جو اس قسم کی بنچ پر بیٹھتے ھیں ۔

Optical bench : (طبیعیات) عینی یابصری بنچ ۔

To be on the bench /To be raised to the bench :
جج یا بشپ (اسقف) بنایا جانا ۔

Bench : (v) بنچیں لگانا ؛ بنچوں سے آراستہ کرنا ۔
(۲) بنچ پر بیٹھنا ۔ (۳) کھیل سے کسی کھلاڑی کو ھٹا دینا ۔ (٤) پودوں کا تختہ لگانا ۔ (۵) کتوں یا دوسرے جانوروں کی نمائش کرنا ۔ (٦) پشتے وغیرہ میں سیڑھی لگانا ۔

Bench clamp : (n) بنچ کا شکنجہ ۔

Bench clerk : (n) (انتظامیہ) کلرک عدالت ؛ اجلاس عدالت کلرک ۔

Bench holdfast/Bench hook : (n) لوھے کا وہ کانٹا جو ایک حلقے میں پھسلتا ھے اور جس سے تختہ تھاما جاتا ھے ۔

Bench-legged : (a) پھیلے ھوئے پاؤں والا ۔

Bench mark : (n) پیمائش میں سطح معلوم کرنے کا نشان ؛ ساختی نشان ۔

Bench parole : (n) (سماجیات) عدالت کی طرف سے عارضی رھائی ۔

Bench plane : (n) بڑھئی کا رندا ۔

Bench reagent : (n) (کیمیا) بنچ کیمیائی عامل ؛ بنچ ری ایجنٹ ۔

Bench shears : (n) تانبے اور جستے کا کام کرنے والے کے پاس والی قینچی ۔

Bench show : (n) (بنچوں پر) کتے کی نمائش ۔

Bench stop / Bench strip : (n) لکڑی یا دھات کا وہ ٹکڑا جو بڑھئی کے بنچ پر ھوتا ھے اور جس کے

سہارے وہ کام کرتا ھے ۔

Bench table : (n) خانقاہ میں پتھروں کی نیچی نشست جو دیواروں میں لگی ھو یا ستون کے چاروں طرف ھو ۔

Bench warrant : (n) جج کی طرف سے جاری کیا ھوا وارنٹ ۔

Bencher : (n) (۱) بنچ پر بیٹھنے والا ۔ (۲) Inn of court کی مجلس منتظمہ کا رکن ۔

Bencherror : (n) (طبیعیات) بنچ خطا ۔

Benchership : (n) Inn of court کی مجلس منتظمہ کے رکن کا مقام ۔

Benchlet : (n) چھوٹا بنچ ؛ اسٹول ؛ تپائی ۔

Bend : (n) [OTeut. "bandja"] (جہاز رانی) گرہ جو ایک رسے کو دوسرے رسے سے یا کسی دوسری چیز سے باندھنے کے لئے لگائی جائے ۔

Bend : (n) (۱) (نقابت) متوازی لکیریں جو داھنے صدر سے بائیں قاعدے کی طرف کھینچی جائیں ۔ (۲) کمائی ھوئی کھال کا آدھا ٹکڑا ۔ (۳) (طبیعیات) موڑ ۔

Cable bend : رسے کی گرہ ۔

Fisherman 's bend : مچھیرے کے رسے کی گرہ ۔

In bend : وتر کی طرح ؛ ترچھا ۔

Parted per bend : وتر سے تقسیم کیا ھوا ؛ ترچھی لکیر سے دو حصہ ۔

Bend : (n) (۱) کجی ؛ خمی ؛ موڑ؛ مڑا ھوا حصہ (کسی چیز کا) ۔ (۲) رجحان ؛ میلان ۔ (۳) (جہاز رانی) چوبی جہاز کے پہلو کے سب سے مضبوط اور موٹے تختے ۔ (٤) ریلوے کار کا وہ آخری حصہ جس میں دستی بریک رھتا ھے ۔

Bend : (v) [OE."bendan"] (۱) جھکنا ؛ جھکانا ۔ (۲) بھویں چڑھانا ؛ جھکانا (غم و غصہ یا غور و فکر میں) ۔ (۳) گرہ لگانا ۔ (٤) پھیرنا ؛ موڑنا ؛ مڑ جانا ؛ بھٹک جانا ۔ (٥) تل جانا ؛ مصمم ارادہ کرنا ۔ (٦) سرخم کرنا ؛ سر جھکانا (تعظیم کیلئے) ۔ (۷) اپنی بات منوانا ۔ (۸) کمان کھینچنا ۔ (۹) رجحان رکھنا ؛ میل رکھنا ۔ (۱۰) متوجہ ھونا ؛ رخ کرنا ۔ (۱۱) سرگرمی سے کام کرنا ۔ (۱۲) شراب پینا ۔

On bended knee : نیازمندانہ طور پر جھکنا ۔

To be bent : مصر ھونا ۔

To bend an ear : غور سے سننا ؛ دھیان دینا ۔

To bend a sail : بادبان کو رسے سے باندھنا ۔

To bend one 's ear : حد سے زیادہ بولنا کہ سننے والے کی طبیعت اکتا جائے ۔

To bend the brows : ناک بھوں چڑھانا ۔

To bend the cable : رسی کو لنگر کے حلقے سے باندھنا ۔

To bend the head/face : سر جھکانا ؛ گردن جھکانا ۔

Bend leather : (n) تلے کا چمڑا ۔

Bend sinister : (n) وہ متوازی لکیریں جو ڈھال کے بائیں سے داھنی طرف ھوں ۔

Bendable : (a) جھکنے کے قابل ؛ موڑنے کے قابل ۔

Bended : (a) جھکا ھوا ؛ مڑا ھوا ؛ خمیدہ ۔

Bender : (n) (۱) جھکانے والا ؛ موڑنے والا ۔ (۲) چمٹی ؛ گھوا ۔ (۳) (عامیانہ) چھ پنس کا سکہ ۔ (٤) موڑنے والی مشین — کوئی آلہ یا مشین کسی چیز کو موڑنے کے لئے ۔ (٥) جشن ؛ میخواری کا جشن ؛ سر خوشی ۔ (٦) غیر معمولی نمونہ ۔

Bending moment : (n) (طبیعیات) کشاؤ گھوم کار ۔

Bendlet : (n) چھوٹی ترچھی لکیر ۔

Bends : (n) موڑ ؛ زاوئے ۔

Bendsome : (a) کچیلا ۔

Bendwise : (adv) ترچھی لکیر کے رخ پر یا حالت میں ۔

Benefactive aspect : (n) (لسانیات) مطلق یا بزلی کیفیت ۔

Benefactor : (n) محسن ؛ مربی ؛ سر پرست ؛ ولی نعمت ؛ کار خیر کرنیوالا ؛ کسی ادارے کو مدد دینے والا ؛ (سماجیات) فیاض ؛ مخیر ۔

Benefactorship : (n) احسان ۔

Benefactory : (a) محسن سے متعلق یا محسن کا ؛ محسن ۔

Benefactress : (n) محسنہ ۔

Benefic/-al : (a) [L. "beneficus+"-AL] (۱) (ارضیات) خوش طالع ؛ اچھا اثر رکھنے والا ۔ (۲) (عام) مخیر ؛ کریم النفس ؛ مہربان ۔

Benefice : (n) [L."beneficium"] (۱) کلیسائی عہد جس کے ساتھ وقف اور جاگیر ہو ۔ (۲) ایک جاگیر جو زندگی بھر کیلئے کسی کو دی گئی ہو ۔ (۳) عطیہ ۔ (٤) موافق اثر یا عمل ؛ فائدہ ؛ پناہ ۔

Benefice : (v) کلیسا کے لئے جاگیر عطا کردینا ۔

Benefice of clergy : کشیش کی جاگیر ؛ وقف ؛ عطیہ ۔

Beneficed : (a) موقوفہ (عہدہ جس کے ساتھ وقف یا جاگیر ہو)۔

Beneficence : (n) [L."beneficentia"] احسان ؛ نیکی ؛ خیر خیرات ۔

Beneficent : (n) [L."beneficent"] مخیر؛ اپکاری؛ کریم النفس ؛ فائدہ بخش ؛ فائدہ پہنچا نے والا ۔

Beneficential : (a) کریم النفس کا ؛ فائدہ پہنچا نے والے سے متعلق ؛ فائدہ بخش ۔

Beneficently : (adv) از روئے فائدہ مندی ؛ کریمانہ ؛ مخیرانہ ۔

Beneficial : (a) [L."beneficialem"] (۱) سود مند ؛ فائدہ مند؛ فائدہ بخش ؛ مفید ؛ اچھا ۔ (۲) (قانون) حق انتفاع سے متعلق ۔ (۳) حق استفادہ کے متعلق ؛ کسی جائداد سے استفادہ کر تے ہوئے ۔

Beneficial interest : (n) (تجارت و معاشیات) حق مفاد ۔

Bendy : (a) [OFr. "bende"] (نقابت) (سپر کے بارے میں) جفت تعداد میں تقسیم کیا ہوا اورهر لکیر دوسرے رنگ سے رنگی ہوئی ہو ۔

Bendy : (n) [Hindi."bhindi"] بھنڈی ۔

Beneaped : (a) ساحل افتادہ ؛ ایسی چیزیں جو جزر کے وقت ساحل پر رہ جائیں ۔

Beneath : (adv.& prep.) [OE.] (adv) نیچے ؛ زیر ؛ تحت میں ۔ (prep) ٹھیک نیچے ؛ ذیل ؛ پوشیدہ ؛ نا مناسب ؛ خلاف شان ؛ ناموزوں ؛ نازیبا ۔

Benedicite : (n & interj.) [L."benedicere"] (۱) برکت ؛ دعا ۔ (۲) یا خدا! (۳) Book of Common prayer کی مناجات ۔

Benedict : (a & n) [L. "benedictus"] نیا بیاھا ؛ خصوصاً وہ شخص جس نے کنوارا رھنے کا عهد کیا تھا مگر بالآخر اس عهد کو توڑا ۔

Benedictine : (a & n) [L."benedictus"] (۱) ایک قسم کی شراب ۔ (۲) سیاہ پوش (راهب) ؛ St. Benedict کے فرقے کا راهب ۔ (۳) عام لوگوں کے لئے دعا ئے خیر کرنا (صلیب کےنشان سے) ۔ (٤) بائبل کی وہ عبارت یا دعا جو جلسہ ختم کے وقت مانگی جائے ۔

Benediction : (n) [L. "benedictionem"] (۱) برکت ؛ دعائے خیر ؛ آشیرواد ۔ (۲) کسی کی شادمانی ، ترقی و کامیابی کے لئے دعا ۔ (۳) کھانے کے پہلے یا بعد کی دعا ۔ (٤) رومن کیتھولک گرجاؤں میں کسی کے لئے دعائے خیر کرنے کی رسم ۔

Benedictional / Benedictionary : (a) دعا و مناجات کی کتاب سے متعلق ۔

Benedictive : (a) [L. "benedict-","benedicere."] دعا کرنیوالا ؛ نیک خواهش کرنیوالا ۔

Benedictory : (a) دعائیہ ۔

Benedictus : (n) (۱) عیسائیوں کی ایک مناجات ۔ (۲) ذکریا کی وہ مناجات جو Book of Commron Prayer میں شامل ھے ۔

Benefaction : (n) [L. "bendfactionen"] (۱) دان پن دینا ؛ خیرات ؛ کار خیر ؛ عطیہ ۔ (۲) احسان ؛ (سماجیات) فیض ۔

Beneficial reforms : (n) مفید اصلاحات ۔

Beneficial surplus : (n) مفید بچت ۔

Beneficial tax : (n) رفاهی محصول ۔

Beneficially : (adv) سود مندانه ؛ حق انتفاع کے طور پر ۔

Beneficiary : (n) [L."beneficiarius"] (تجارت و معاشیات) مفادی ؛ وہ شخص جس کو فائدہ پہنچے (بیمہ وغیرہ میں نامزدگی کی وجہ سے)۔

Beneficiate : (v) [L."beneficiar"] (۱) خام اشیاء کی عمل کے ذریعہ کیمیاوی اور طبیعیاتی خاصیتوں کو بہتر بنانا ۔ (۲) خام دھات کو پگھلا کر صاف کرنا ۔

Beneficiation : (n) خام دھات کو پگھلا کر صاف کرنا ۔

Benefit : (n) [L."benefactum"] (۱) وظیفہ ؛ (پنشن) گزارہ ۔ (۲) حق استثنا ؛ یعنی وہ حق جو کسی طبقے یا فرقے کو عام عدالتوں کی کارروائیوں سے مستثنا رکھے ۔ (۳) وہ تماشا یا کھیل جس کی آمدنی کسی خاص شخص یا ادارے کو دی جائے ۔ (٤) (عامیانہ) زحمت ؛ تکلیف ۔ (٥) فائدہ ؛ نفع ۔ (٦) وہ مالی امداد جس کا ایک بیمہ شدہ شخص مستحق ہو ۔ (۷) عطیہ ۔

Dependents benefits : (سماجیات) مراعات وابستگاں ۔

Disability benefit : (تجارت) معذوری مفاد ۔

Double accident benefit : (تجارت) دوهرا حادثه مفاد ۔

Fringle benefits : (سماجیات) حاشیائی فوائد ؛ حاشیائی مراعات ۔

Medical benefit : (سماجیات) طبعی فائدے ؛ طبی مراعات ۔

Sickness benefit : (سماجیات) مراعات علالت ۔

Unemploymeut benefit : (سماجیات) مراعات بے روز گاری۔

Benefit : (v) فائدہ حاصل کرنا ؛ فائدہ پہنچانا ؛ نفع بخش ہونا ؛ نفع حاصل کرنا ؛ بہتر بنانا ؛ آگے بڑھنے میں مدد کرنا ۔

Benefit of clergy / Benefit of peerage : پادریوں اور نوابوں کو یہ حق کہ وہ عام عدالتی کارروائیوں کے اثر سے مستثنیٰ ہوتے ہیں ۔

Benefit of clergy : گرجا کی منظوری (جو ضروری ہے خصوصاً شادی کے معاملہ میں)۔

Benefit of selection : (تجارت و معاشیات) فائدہ انتخاب ۔

Benefit of the doubt : جرم کے ارتکاب میں شك یا ممکن غلطی ہونے کا ملزم کو فائدہ (اس پر رہائی ہو جائے)۔

Benifiter : (n) فائدہ حاصل کرنے یا پہنچانے والا ۔

Benet : (n) [L."benedictus"] گرجا کے چار سلسلوں میں سے تیسرا سلسلہ جس کا کام بھوتوں یا ارواح خبیثہ کو بھگانا تھا ۔

Benet : (v) جال میں پھنسانا ؛ دام میں لانا ۔

Benevolence : (n) [L."benevolentia"] کریم النفس ؛ کرم ؛ فیض رسانی ۔ (۲) (تاریخ انگلستان) جبری قرضہ ۔ (۳) خیر خیرات ؛ عطیہ ۔ (٤) خیر اندیش ؛ خیر خواهی ۔

Benevolences : (n) فیوض و برکات ۔

Benevolent : (n) [L."benevolentem"] کریم ؛ کریم النفس ؛ فیض رساں ؛ مخیر ؛ خیر اندیش ؛ خیر خواهی ؛ مهربان ۔

Benevolent despot : (n) (تاریخ و سیاسیات) خیر اندیش حکمراں ؛ رعایا پرور مطلق العنان حکمراں ۔

Benevolent fund : (n) (انتظامیه) اعانت ۔

Benevolent neutrality : (n) (تاریخ و سیاسیات) خیر طلب غیر جانبداری ۔

Benevolently : (adv) خیر خواهی سے ؛ مخیرانه ؛ کریم النفسی سے ۔

Bengal : (n) (۱) ہندوستان کی ایک ریاست (بنگال)۔ (۲) بنگال کی بنی ہوئی چیزیں ۔ (۳) بنگالی طرز ۔

Bengal bean : (n) سیم کی قسم کا ایک پودا ۔

Bengal hemp : (n) — بنگال کا سن (جوٹ) ۔

Bengal light : (n) — نیلے رنگ کی روشنی یا شعلے والی چوخی یا ھوائی جو سگنل کے طور پر استعمال ھوتی ھے ۔

Bengal light : (n) — بنگال کی بنی ھوئی آتش بازی جس کا رنگ نیلا ھوتا ھے اور سگنل کے طور پر کام آتی ھے ۔

Bengal silk / Bengal strips : (n) — بنگال کا بنا ھوا سوتی یا ریشمی کپڑا جس پر دھاریاں بنی ھوں ۔

Bengal tiger : (n) — بنگال کا چیتا ۔

Bengali : (n) — بنگال کی گانے والی چڑیا جو پنجرے میں پالی جاتی ھے ۔

Bengali : (n & a) — بنگال کا باشندہ ؛ بنگال سے متعلق ؛ بنگلا زبان ۔

Benic : (a) — سہجنا کے تیل سے حاصل کیا ھوا ۔ سہجنا کے بیج کے تیل کا ۔

Benight : (v) — شب گرفتہ ؛ تاریکی میں مبتلا کردینا ؛ ذھنی ، اخلاقی اور سماجی تاریکی میں مبتلا یا گمراہ کردینا ؛ اندھا کردینا ۔

Benighted : (a) — شب گرفتہ ؛ تاریکی میں مبتلا ؛ تاریک ذھن والے ؛ پس ماندہ ؛ غیر ترقی یافتہ ؛ تاریک خیال ۔

Benign : (a) [L."benignus"] — (۱) مھربان ؛ نیک دل ؛ شفیق ؛ فائدہ بخش ؛ سازگار ۔ (۲) خفیف (مرض) ؛ بے خطر ۔

Benignancy : (n) — مھربانی ؛ شفقت ؛ کرم فرمائی ۔

Benignant : (a) [L."benigues"] — مھربان ؛ شفیق ؛ سازگار ؛ کرم فرما ۔

Benignantly : (adv) — شفقت سے ؛ مھربانی سے ۔

Benignity : (n) — شفقت ؛ مھربانی ؛ الطاف وکرم ؛ فیاضی ؛ کرم گستری ۔

Benignly : (adv) — شفقت سے ؛ ملائمت سے ؛ مھربانی سے ؛ مشفقانہ ۔

Benison : (n) [L."benedictionem"] — برکت ؛ دعا ۔

Benitite : (n) — (کیمیا) بینی ٹوائٹ ۔

Benjamin : (n) [corrup. f. "benjoin"] — بنیامین (حضرت یوسف علیہ السلام کا چھوٹا بھائی) ؛ چھوٹا لاڑلا بچہ ۔

Benjamin : (n) — (۱) بنزوئن کا گوند ۔ (۲) (عامیانہ و ظریفانہ) مردوں کے پہننے کا ایک اوور کوٹ ۔

Benjamin tree : (n) — گل حنا کا درخت ؛ امریکہ کا جھاڑی دار پودا جس کی چھال خوشبو دار ھوتی ھے ؛ وہ درخت جس سے بنزوئن نکلتا ھے ۔

Bennet : (n) [L."herba benedicta"] — ایک پودا جس کے پھول زرد ھوتے ھیں ۔

Benorth : (adv) [OE. "be northan"] — جانب شمال ؛ اتر کی طرف ۔

Bent : (n) [OE."beonet"] — (۱) نے کی ایک قسم ؛ گھاس ؛ نرسل وغیرہ ۔ (۲) کھلی چراگاہ ۔ (۳) گھاس کا سخت پھول کا ڈنٹھل ۔ (٤) ڈھلوان ؛ کنارہ کوھسار ۔

To flee / go / take to the bent : — کھلے میدان یا مقام پر بھاگ جانا ۔

Stool bent : — پودوں کی قسمیں ۔

Way bent : — پودوں کی ایک قسم ۔

Bent : (n) [f."Bend"(v)] — (۱) میلان ؛ رغبت ؛ رجحان ؛ (۲) کج ؛ مڑا ھوا ؛ خم ؛ موڑ ؛ انحراف ۔ (۳) کمان کا چلّہ ؛ صلاحیت کی حد ۔

To the top of one's bent : — جی بھرکے ؛ بقدرظرف ۔

Bent : (a) — خمیدہ ؛ راہ راست سے منحرف ؛ راہ پر رخ کئے ھوئے ۔

Bent-bar-coin : (n) — (تاریخ) مڑی ھوئی سلاخ کے سکّے ۔

Bent brow : (n) — بھوں چڑھا ۔

Bent lever : (n) — خمیدہ بیرم ۔

Benthamic : (a) بنتھم کے مطابق ۔

Benthamism : (n) بنتھم کا نظریہ ؛ عیش کوشی ؛ شادمانی ۔

Benthamite : (n) بنتھم کے عقیدے کا پیرو ۔

Benthic/-oic/-onic : سمندر کی تہ یا اسکے پودے اور جانور کا یا ان سے متعلق ۔

Benthos : (n) [Gr. =depth of the sea] (۱) سمندر کی تہ کے پودے اور جانور ۔(۲) سمندر کی تہ ۔

Bentinck : (n) [f. "Captain Bentinck "] تکونے بادبان ۔

Bentinck-boom : (n) تکونے بادبان کا ڈنڈا ۔

Bentinck shroud : (n) تکونے بادبان کا کپڑا ۔

Benting : (n) (۱) گھاس کی تلاش میں نکلنا ۔ (۲) کیلے جیسے درخت والی بوٹی کے بیج کا ڈنٹھل ۔

Benting time : (n) وہ وقت جب کبوتر وغیرہ گھاس کھانے پر اتر آتے ہیں ۔

Bentonite : (n) (کیمیا) بینٹونائٹ ۔

Benty : (a) (۱) Bent گھاس کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) Bent گھاس سے ڈھکا ہوا ۔

Benumb : (v) (۱) سن کرنا ؛ بے حس کرنا ؛ بے بس کرنا ۔(۲) بدحواس کردینا ۔

Benumbed : (a) بے حس ۔

Benumbedness : (n) بے حسی ۔

Benumbment : (n) بے حسی ۔

Benzal chloride : (n) (کیمیا) بنزیل کلورائیڈ ۔

Benzal dehyde green : (کیمیا) بنزیل ڈی ہائیڈ ہرا ۔

Benzal doxim : (n) (کیمیا) بنزیکڈوکسیم ۔

Benzamide : (n) بنزامائڈ (C_7H_7NO)-

Benzene : (n) ایک خوشبودار Hydro carbon جو روغن قیر (coal tar-oil) سے نکلتا ہے اور جس سے دھبے دور ہوجاتے ہیں ۔(C_6H_6) ۔ (کیمیا) بنزین ۔

Benzene ring : (n) (کیمیا) بنزین حلقہ ؛ کاربن کے چھ atoms کا Benzene کے سالمیاتی فارمولا میں ترتیب /انتظام ۔

Benzhydrol : (n) (کیمیا) بنزھائیڈ رول ۔

Benzil/-ile : (n) $(C_{14}H_{10}O_2)$ ایک زردی مائل بلوری مادہ ۔

Benzilic acid : (n) ترشہ لوبانی ۔

Benzilate : (n) ترشہ لوبانی کا نمک ۔

Benzine : (n) ایک آتش گیر رقیق جو قدرتی پٹرول سے بنتا ہے اور محلل کی طرح استعمال ہوتا ہے ؛ (کیمیا) بنزائن ۔

Benzine : (v) بنزائن سے صاف کرنا ۔

Benzo - : (سابقہ)لوبانی ۔

Benzoate : (n) Benzoic acid کا نمک ۔

Benzoated : (a) Benzoic acid سے نمک نکالا ہوا ۔

Benzoic : (a) لوبانی ۔

Benzoin : (n) [Arab"luban jawi"] جاوائی لوبان ۔

Benzoinate : (a) Benzoin سے بھردینا ۔

Benzole/-ol : (n) بنزول ۔

Benzoline : (n) غیر خالص Benzene ؛ مرکب Benzene

Benzone : (n) Benzoic acid کا Ketone-

Benzoyl : (n) (کیمیا) بنزوئل ۔ C_7H_3O

Benzoyl radical : (n) (کیمیا) بنزوئل اصلیہ ۔

Benzoylic : (a) بنزوئل کا ۔

Benzyl : (n) بنزائل $(C_6H_5CH_2)$ -

Benzyl benzoate : (n) (کیمیا) بنزائل بنزوئیٹ ۔

Benzylene : (n) بنزائلین (C_7H_6)-

Benzylenic / Benzylic : (a) بنزائل کا ۔

Bepaint : (v) رنگ چڑھانا ؛ رنگ سے بھر دینا ؛ رنگنا ؛ شوخ یا گاڑھے رنگ سے بھر دینا ۔

Bepelt : (v) پھینکنا ۔

Bepinch : (v) چونٹی کاٹنا ؛ چوری کرنا ۔

Beplaster : (v) ڈھك دینا ؛ گاڑھی چیز سے لت پت کردینا۔

Beplumed : (a) پروں سے بھرا ھوا ۔

Bepommel : (v) خوب مکّے سے مارنا ؛ خوب گھونسے مارنا۔

Bepowder : (v) پاؤڈر سے ڈھك دینا ؛ چھپا دینا ۔

Bepraise : (v) تعریف کا پل باندھنا ؛ مبالغہ آمیزی سے تعریف کرنا ۔

Beprose : (v) خوب گپ شپ کرنا ؛ گپ ھانکنا ۔

Bepuff : (v) پھلا دینا ۔

Bequeath : (v) [OE.] میراث کے طور پر چھوڑنا ؛ وصیت کے ذریعہ دینا ؛ آئندہ نسلوں کے لئے چھوڑ جانا (مثال وغیرہ) ۔

Bequeathable : (a) وصیت کر کے دینے کے لائق ۔

Bequeathal : (n) وصیت کر کے دینا ۔

Bequeather : (n) میراث چھوڑنے والا ۔

Bequeathment : (n) وصیت کرکے میراث چھوڑنا ۔

Bequest : (n) [ME."biquyste", "biqueste"] (۱) مال جو وصیت کی رو سے پہنچے ؛ ورثہ ؛ ترکہ ؛ میراث ۔ (۲) وصیت کر کے دینا ؛ وصیت کے ذریعہ عطیہ ۔

Berate : (v) سرزنش کرنا ؛ جھڑکنا ؛ لعنت ملامت کرنا ۔

Beray : (v) (۱) نقشہ بگاڑنا ؛ حلیہ بگاڑنا ؛ بھدا کردینا۔ (۲) داغ لگانا ؛ بدنام کرنا ؛ تہمت لگانا ۔

Berber : (n) [see "BARBARY"] بربری (نسل) ؛ شمالی افریقہ کا علاقہ جہاں بربر قوم کی نسل کے لوگ رھتے ھیں ؛ ملك بربر کی زبان (حامی خاندان کی) ۔

Berberia : (n) استسقا کی قسم کی بیماری جو پاؤں کو مفلوج کر دیتی ھے ۔

Berdache : (n) [F."barbache"] (سماجیات) جنس مخالف کا لباس و طرز رھائش اختیار کرنیوالا ۔

Bereave : (v) [OTeut."Biran ojan"] (۱) چھین لینا؛ محروم کرنا ؛ لے لینا ۔(۲) اداس کرنا ؛ غمگین کر دینا ؛ غم زدہ کرنا ۔ (۳) گذرجانا (کسی رشتہ دارکا) ۔

Bereaved : (a) غم زدہ ؛ اداس ۔

Bereavement : (n) سوگ ؛ غم ؛ غم زدگی ؛ محرومی ۔

Bereaver : (n) چھیننے والا ؛ محروم کرنے والا ۔

Bereft : (a) [f. "BEREAVE"] محروم ۔

Berenice's hair : (n) [f.Berenice'wife of Ptolemy Euergeles, king of Egypt.] ستاروں کے ایك مجموعے کا نام جو برج اسد کے عقب میں ھوتا ھے ۔

Beresite : (n) مہین دانہ دار گرینائیٹ جو یورال کے کوھستانوں میں ملتا ھے –

Beret / Berret : (n) [L."birretum"] ایك گول چپٹی ٹوپی جو باسك کے کسان استعمال کرتے ھیں ؛ عورتوں کی پھندنا لگی ٹوپی ۔

Berg : (n) [Ger. "eisberg"] (۱) برف کا پہاڑ یا چٹان جو سمندروں میں بہتا رھتا ھے – (۲)پہاڑ ۔

Bergamask : (n) [It . "Bergamasco"] Bergamo کا باشندہ ۔

Bergamot : (n) [f. Bergamo, in Italy] (۱) لیموں یا سنترہ کا عطر ؛ لیموں کی قسم کا ایك درخت ۔ (۲) بال اور گودڑ سے بنا ھوا رنگین منقش کپڑا ۔

Bergamot : (n) [Turk."beg-armudi"] عمدہ قسم کی ناشپاتی ۔

Bergander : (n) ایك قسم کا ھنس جو خرگوش کے بھٹ میں انڈے دیتا ھے ۔

Bergere : (n) [OF. "bergier"] غلاف چڑھی ھوئی باز ودار کرسی جو اٹھارھویں صدی میں استعمال ھوتی تھی ؛ گڈال ۔

Bergeret : (n) [F. "bergerette"] دیہاتی نغمہ ؛ گڈریوں کا نغمہ ۔

Bergfall : (n) [Ger.] پہاڑ کی چوٹی کا تباہ کن طور پر گرنا۔

Bergmannite : (n) [f"Bergman",a mineralogist] ایک قسم کا لال یا سفید پتھر جو ناروے میں ملتا ھے ۔

Bergomask : (n) Bergamo کاباشندہ ۔

Bergschrund : (n) [Ger."berg"(mountain)+"Schural (crack)] پہاڑ کے بالائی حصہ اور گلیشیر کے درمیان خالی جگہ ۔

Bergy : (a)[See BERG] برف کے پہاڑ کا یا اس سے متعلق ۔

Bergylt / Berguylt : (n)[ON."berg" (rock)] ایک قسم کی مچھلی ۔

Beri-beri : (n) [Cingalese,"beri"] استسقاء کی قسم کی بیماری جو پاؤں کو مفلوج کردیتی ھے ۔

Berime / Berhyme : (v) نظم کرنا ؛ کسی کی ھجو لکھنا ۔

Bering expedition : (n) (تاریخ) بیرنگ کی مہم (١٧٤١ء) ۔

Berkeleian : (a) [f."Berkeley",.Bishop of Cloyne] برکلے کا (فلسفہ) ۔ برکلے کا پیرو ۔(n)

Berkeleianism /Berkeleyism : (n) برکلیت ؛ برکلے اور اس کے مقلدین کے فلسفیانہ نظریے ۔

Berlin : (n) (١) برلن ؛ جرمنی کا پایہ تخت ۔ (٢) چار پہیوں کی بند چھت دار گاڑی ۔ (٣) برلن کا اون ۔ (٤) برلن کا دستانہ (برلن اون کا بنا ھوا) ۔

Berlin black : (n) لوھے کی وارنش ۔

Berlin blue : (n) پروشیا کا نیلا رنگ ۔

Berlin castings : (n) برلن کے لوھے کا آرائشی سامان ۔

Berlin decree : (n) (تاریخ و سیاسیات) احکام برلن ۔

Berlin iron : (n) نازک چیزیں ڈھالنے کا لوھا ۔

Berlin warehouse : (n) برلن کے رنگین اونی دھاگے کی دکان ۔

Berlin wool : (n) رنگین اونی دھاگہ ۔

Berlin work : (n) بٹے ھوئے اون کی کشیدہ کاری ۔

Berm / Berme : (n) [L."berme"] (تاریخ) فصیل اور خندق کے درمیان کی کگر ، منڈیر ۔

Berm bank : (n) نہر کا کنارہ ؛ اس کنارے کے مخالف جدھر سے کشتی کو رسے سے کھینچ کر لے جاتے ھیں ۔

Bermuda : (n) (١) شمالی اٹلانٹک میں جزیروں کا ایک مجموعہ ۔ (٢) ایک قسم کا سگار ۔

Bermuda grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Bernardin : (a) سنت برناڈ یا سسٹر شین کے سلسلے کا یا ان سے متعلق جس کی سرپرستی St. Bernard نے کی تھی ۔

Bernardin : (n) برناڈی راہبہ ۔

Berob : (v) لوٹ لینا ؛ چھین لینا ۔

Beroe : (n) [Gr."beron"] ایک قسم کا بحری جانور ۔

Berried : (a) (١) (بیری دار؛ انگور دار؛ انگور وش ۔ (٢) بیری نما ؛ بیری والا ۔ (٣) انڈا دینے والی ۔

Berry : (n) [OE."berie"] (١) چھوٹے چھوٹے گوندی (یا گوندنی) کے پھل جن میں گٹھلی نہیں ھوتی مگر گودے میں لپٹے ھوئے بیج ھوتے ھیں ؛ سرد ملکوں میں اس کی بہت سی قسمیں ھیں ۔ (٢) جھینگا مچھلی کے انڈے ؛ مچھلی کے انڈے ۔ (٤) کافی کا دانہ ۔

Berry : (n) [OE. "beorz"] ٹپا ؛ ٹیلہ ؛ پہاڑی ۔

Berry : (v) (١) گوندی کی قسم کے درختوں میں پھل آنا ۔ (٢) پھل چننا ۔

Berry : (v) [ON."berja"] (١) زدو کوب کرنا ؛ مارنا ۔ (٢) اناج کو کوٹنا ؛ پیٹنا ۔ (٣) پیٹ کر راستہ بنانا ۔

Bersaglieri : (n) [It. "bersaglis"] نادر انداز ۔

Berserk /-er : (n) [Icel."berserk"] (۱) فارس قوم کا وحشی جنگلی سپاہی ۔ (۲) چھٹیرا خونی ۔ (۳) (سماجیات) وحشی ؛ جنگ جو ۔

Berth : (n) [Prob. f."BEAR"(v) in its naut. senses] (۱) جہاز بھر راستہ (سمندر میں) ۔ (۲) لنگر انداز جہاز کے ھلنےجلنے کی کافی جگہ ۔ (۳) گودی میں جہاز کی جگہ ۔ (٤) (مجازاً) (کسی شے کے لئے) مناسب مقام ۔ (٥) سونے کی جگہ (جہاز یا ریل میں) ۔ (٦) جگہ ؛ خدمت ؛ ملازمت ۔ (۷) جہاز کے اندر وہ جگہ جہاں عملہ اپنا صندوق وغیرہ رکھیں ۔ (۸) وہ کمرہ جہاں جہاز کے افسر اور عملہ کھانا کھائیں اور رھیں ۔ (۹) فوجی بیرکوں میں ایک مقرر مقام ۔

Berth : (v) [f. prec. (n)] (۱) جہاز کو ایک مناسب جگہ ٹھہرانا اور رکھنا ؛ لنگر انداز کرنا ۔ (۲) کسی کو برتھ دینا ؛ سونے کی جگہ دینا ۔ (۳) کسی کو جگہ دینا ۔

Berth : (v) [f. Icel] لکڑی کے تختوں سے ڈھکنا یا ملا دینا ۔

Berth deck : (n) عرشے کا وہ مقام جہاں مسافروں کے برتھ کا انتظام ھو ۔

Berth rate : (n) (تجارت) شرح لنگر اندازی ۔

Bertha / Berthe : (n) [F."berthe"] (۱) گلے کے نیچے کی جھالر (عورتوں کے کھلے گلے کے لباس میں) ۔ (۲) روشن ؛ درخشاں ؛ تاباں ۔ (۳) عورتوں کا شال نما لباس جو کاندھے پر رھتا ھے ۔

Big bertha : ایک بہت بڑی توپ کانام ھے جس سے جرمنیوں نے جنگ عظیم میں پیرس پر گولہ باری کی تھی ۔

Berthage : (n) (۱)جہازوں کو گودی میں ٹھہرانے کی جگہ ۔ (۲) لنگر اندازی کا محصول ۔ (۳) لنگر اندازی ۔

Berthierite : (n) [f."Berthier",a naturalist] (معدنیات) انٹیمن اور فولاد کا ایک سلفائیڈ ۔

Berthing : (n) جہاز کو گودی میں ٹھہرانا ۔

Berthing : (n) کسی جہاز کے پہلوؤں میں کھڑا تختہ لگانا ۔

Bertillon method of identification : (n) (سماجیات) برٹیلن طریقہ شناخت ۔

Bertillonage : (n) [f. name of Fr. Criminologist] پیمائش اور انگلیوں کے نشانات کی پیمائش سے مجرموں کی شناخت کا برطانوی طریقہ ۔

Beryl : (n) [L."beryllus"] (۱) زبرجد ؛ ایک قسم کا معدنی پتھر ؛ زمرد وغیرہ ۔ (۲) زبرجد کا رنگ ؛ زبرجدی رنگ ؛ ھلکا سبزی مائل نیلا ؛ ھلکا سمندری مائل ؛ (کیمیا) بیرل ۔

Beryl : (a) زبرجد کا ؛ زبرجدی ؛ زبرجد کی طرح ؛ صاف ھلکا سبز رنگ والا ۔

Beryllia : (n) [f. BERYLLIUM] Beryllium یا Glucinum کا آکسائڈ ۔

Berylline : (a) زبرجد جیسا ؛ زبرجد نما ؛ مثل زبرجد خاص کر رنگ کے لحاظ سے) ۔

Beryllium : (n) [BERYL + IUM] (کیمیا) بیریلیم ؛ ایک قسم کی دھات جس سے Beryl بنتا ھے ۔

Clean bill : (تجارت) صاف بل ۔

Continental bill : (تجارت) یورپی بل ۔

Credit bill : (تجارت) قرضہ جاتی بل ۔

Currency bill : (تجارت) بل کی میعاد ؛ ادائی بل ۔

Demand bill : (تجارت) مانگ بل ؛ طلب بل ؛ مطالبہ بل ۔

Discharge of bill : (تجارت) ادائیگی بل ۔

Discharged bill : (تجارت) چکایا بل ؛ ادا شدہ بل ۔

Discounted bill : بٹہ کٹی ہنڈی ۔

Documentary bill : (تجارت) دستاویزی بل ۔

Domestic bill : (تجارت) ملکی بل ؛ دیسی بل ۔

Domiciled bill : (تجارت) سکونتی بل ۔

Endorsee of bill : ہنڈی کا تصدیق یاب ۔

Endorsement of bill : تصدیق ہنڈی ۔

Endorser of bill : ہنڈی کا تصدیق کنندہ ۔

Finance bill : (تجارت) مالیاتی بل ۔

Foreign bill : (تجارت) غیر ملکی بل ۔

Gilt-edged bill : (تجارت) زریں بل ؛ طلائی بل ۔

Inland bill : =(domestic bill) (تجارت) ملکی بل ۔

Investment bill : (تجارت) راس المال بل ۔

Long bill : (تجارت) طویل المدت بل ۔

Medical bill (mercantile) : (انتظامیہ) طبی بل ؛ معالجہ بل ۔

Non-mercantile bill : (تجارت) غیر تجارتی بل ۔

On demand bill : عندالطلب ہنڈی ۔

Overdue bill : (تجارت) مدت تمام بل ۔

Pay bill : (انتظامیہ) تنخواہ بل ۔

Payable bill : ادا طلب ہنڈی ۔

Prime bill : (تجارت) اوّل بل ۔

Realised bill : (تجارت) وصول شدہ بل ۔

Receivable bill : قابل وصول ہنڈی ؛ بھگتان جوگ ہنڈی ۔

Refused bill : انکاری ہنڈی ۔

Renewal of bill : (تجارت) تجدید بل ۔

Retirement of bill : (تجارت) بل کا پیشگی بھگتان ۔

Skeleton bill : مساوی ہنڈی ۔

Sola bill : (تجارت) واحد بل ۔

Tenor of bill : (تجارت) بل کی مدت ؛ میعاد بل ۔

Term of bill (تجارت)دیکھو Tenor of bill

Time of bill : (تجارت) میعادی بل ۔

To bearer bill : حاملی ہنڈی ؛ دھن جوگ ہنڈی ۔

To order bill : حکم جوگ ہنڈی ؛ حکمی ہنڈی ۔

Treasury bill : (تجارت) خزانہ کی ہنڈی ؛ سرکاری بل ۔

To find a true bill : فوجی عدالت میں اعلی جیوری کی یہ رائے کہ مقدمہ میں کافی شہادت ھے یا نہیں تاکہ مقدمہ جج یا عام جیوری کے سامنے پیش کیا جائے ۔

Bill : (v) کدار سے کام کرنا ؛ زمین کھودنا یا کاٹنا ۔

Bill : (v) چونچ سے چونچ ملانا ؛ پیار کرنا ؛ اختلاط کرنا ؛ چونچ سے پکڑنا یا اٹھانا ۔

Bill : (v) اشتہار دینا ؛ اعلان کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ اشتہار چسپاں کرنا ؛ اشتہاروں سے بھر دینا ؛ پیش نامے (پروگرام) میں پیش کرنا ۔

Billage : (n) [var. of Bilge] Bilge کا متبادل ۔

Bill and note broker : (تجارت) بل اور نوٹ دلال ۔

Bill backing : (n) (تجارت) پشتی بل ۔

Bill board : (n) (۱) (تجارت) بل بورڈ ۔ (۲) وہ تختہ جس پر لنگر کے پھل کی نوک رکھی ہوتی ھے ۔ (۳) اشتہاروں کو چسپاں کرنے کا طریقہ ۔ (٤) ٹیلی وبژن یا ریڈیو کے پروگرام کا اعلان جس میں ستاروں اور اداکاروں کے نام یا خاص مضمون بتائے جائیں ۔

Bill broker : (n) (تجارت) بل دلال ؛ ھنڈی دلال ۔

Bill clerk : (n) (انتظامیہ) بل کلرک ۔

Bill counter : (n) (انتظامیہ) بل کاؤنٹر ۔

Bill diary : (n) تجارت) بل ڈائری ۔

Bill discounter : (n) ھنڈی دلال ۔

Bill fish : (n) شمالی امریکہ کی ایک مچھلی ؛ چڑیوں کی چونچ کی طرح منہ رکھنے والی مچھلیاں ۔

Bill fold : (n) نوٹ رکھنے کا بٹوہ ۔

Bill for acceptance : سکارنی ھنڈی ؛ مسودہ قبولیت ۔

Bill for collection : (تجارت) اگاھی بل ؛ تحصیلی بل ۔

Bill head : (n) کاغذ جس کے سر پر تاجر کا نام لکھا ھو ۔

Bill -hook : (n) کاٹنے کا آلہ (چرب تراش) جس کا سرا خمدار ھوتا ھے ۔

Bill in suspence : زیر التوا بل ۔

Bill journal : (n) (تجارت) بل جنرل ؛ بل بہی ۔

Bill market : (n) (تجارت) بل بازار ۔

Bill of Attainder : (تاریخ) بل آف اٹینڈر (یہ بل پہلی مرتبہ برطانوی پارلیامنٹ میں ۱٤۵۹ء میں پیش کیا گیاجس کے تحت کسی شخص کو بغیر کسی عدالتی تحقیقات (Judicialtrial) کے حراست میں رکھا جا سکتا ھے)۔

Bill of costs : (تجارت) زر مصارف / لاگت ۔

Bill of credit : : (تجارت) سرکاری نوٹ (صرف امریکہ میں) ؛ ساکھ نامہ ۔

Bill of entry : (انتظامیہ) درآمد بل ؛ (تجارت) داخلہ بل ۔

Bill of entry for bond : (تجارت) بانڈ کے لئے داخلہ بل ۔

Bill of entry for home consumption : (تجارت) اندرونی مصارف کے لئے داخلہ بل ۔

Bill of exchange : (انتظامیہ) مبادلہ ھنڈی ؛ بل آف اکسچینج (تجارت) مبادلہ بل ۔

Bill of fare : (۱) کسی دعوت میں کھانے کی چیزوں کی فہرست ۔ (۲) کسی ریستوراں میں کھانے کی چیزوں کی قیمت کی فہرست ۔ (۳) (مجازاً) پروگرام ۔

Bill of health : (تاریخ) صحت کا بل ۔

Bill of Human Rights : (تاریخ) حقوق انسانی کا بل ۔

Bill of lading : (انتظامیہ) جہاز کے مال کی بلٹی ؛ بل آف لیڈنگ ؛ بار نامہ جہاز ؛ (تاریخ)جہازی لدان کا بل ؛ (تجارت)جہازی بلٹی ؛ لدان بل ؛ لدان پرچہ ؛ بار نامہ ۔

Certified bill of lading : (تجارت) تصدیق شدہ جہازی بلٹی ۔

Clean / clear bill of lading : (تجارت) مصفی جہازی بلٹی ۔

Order-notify bill of lading : (تجارت)جہازی بلٹی حسب ھدایت ۔

Straight bill of lading : (تجارت) سیدھی جہازی بلٹی ۔

Bill of materials : (تجارت) سامان بل ۔

Bill of payment : (انتظامیہ) بیجک ؛ ادائگی بل ۔

Bill of Rights : (برطانوی تاریخ) پیش نامہ حقوق ۱٦۸۹ ء

Bill of sale : (تجارت) بکری بل ؛ فروخت بل ؛ کفالت نامہ ۔

Bill of sight : کسٹم افسروں کا اجازت نامہ مال اتارنے کے لئے (جہاز سے) بغرض معائنہ ۔

Bill of store : چنگی خانہ کی طرف سے وہ لائسنس جس کے ذریعہ کوئی جہاز بغیر چنگی سفر کے ذخیرہ لے جا سکتا ھے ۔

Bill payable : (n) (تجارت) بل واجب الادا ۔

Bill payable book : (تجارت) بل واجب الادا بہی ۔

Bill payable on demand : (تجارت) عندالطلب ؛ واجب الادا بل ۔

Bill pay order : (n) (تجارت) بل کی ادائیگی کا حکم ۔

Bill poster : (n) اشتہار چسپاں کرنے والا ۔

Bill rate : (n) (تجارت و معاشیات) بل کی شرح ۔

Bill receivable : (n) (تجارت) بل واجب الوصولی ۔

Bill receivable book : (تجارت) بل واجب الوصولی بہی ۔

Bill register : (n) (تجارت) بل رجسٹر ۔

Bill sticker : (n) اشتہار چسپاں کرنے والا ۔

Billbergia / Bilergia : (n) جنوبی امریکہ کے طفیلی درخت کی ایک قسم ۔

Billed : (a) نوک دار؛ منقاردار؛ نوکیلا ؛ منقاری ۔

Billed order : (n) (تجارت) بل شدہ آرڈر ۔

Billed to appear : پیش نامہ میں‌داخل ؛ مشتہر ؛ اعلان شدہ ۔

Billed weight : (n) (تجارت) بل اندراج وزن ۔

Billet : (n) [ME. and AF."billette"] (۱) پروانہ ؛ چٹھی ۔ (۲) سپاھیوں کے ٹھہرانے کا حکم ۔ (۳) سپاھیوں کی قیام گاہ ۔ (٤) منزل مقصود ۔ (٥) (مجازاً) ملازمت ؛ خدمت ۔

Every bullet has its billet : بے حکم قضا گولی نہیں لگتی ۔

Billet : (n) [F."billette"] (۱) سیخ ؛ سلاخ ؛ ڈنڈی ۔ (۲) ایندھن کی لکڑی کا کندا ۔ (۳) کارنس وغیرہ کی آرائش جس کی شکل استوانے کی طرح ھوتی ھے ۔ (٤) ایک موٹی چھڑی جو مارنے پیٹنے کے کام آتی ھے ۔ (٥) کھڑے مستطیل کی طرح کا مارکہ ۔ (٦) وہ تسمہ جو بکلس میں لگا رھتا ھے ۔ (۷) وہ حلقہ جس میں بکلس لگے تسمے کا سرا ھو ۔ (۸) (جمع میں) لومڑی کا فضلہ ۔

Billet : (n) ایک سالہ سیاہ مچھلی ۔

Billet : (v) (۱) فہرست میں شامل کرنا ؛ فہرست بنانا ۔ (۲) فوجیوں کی قیام گاہ مقرر کرنا ؛ رھنا ؛ ٹھہرنا ۔

Billet-doux : (n) [Fr.] محبت نامہ ؛ عشقیہ نامہ ۔

Billet head : (n) لکڑی کا گول ٹکڑا جو وھیل مچھلی پکڑنے کی کشتی میں لگا رھتا ھے اور جس کے گرد برچھی کی ڈور لگی رھتی ھے ۔

Billet master : (n) سپاھیوں کی قیام گاہ کا مہتمم ۔

Billet moulding : (n) (۱) ایندھن کی لکڑی کا کندہ ۔ (۲) ھتھیار کے طور پر استعمال ھونے والی موٹی چھڑی ۔ (۲) دھات کی چھوٹی چھڑی ۔

Billete/-ette/-etty : (n) [F. f. "billet"] وہ سپر جس پر کھڑے مستطیل کی شکلیں بنی ھوئی ھوں ۔

Billiards / Billiads : (n) (۱) بلیرڈ ؛ انٹا ۔ (۲) تمباکو پینے کا پائپ ۔

Billiard ball : (n) بلیرڈ کی گیند ۔

Billiard cloth : (n) وہ سبز کپڑہ جو بلیرڈ کے ٹیبل پر بچھایا جاتا ھے ۔

Billiard marker : (n) بلیرڈ کے کھیل میں ھار جیت کا حساب

رکھنے والا ۔

Billiard table : (n) وہ میز جس پر بلیرڈ کھیل کھیلا جاتا ہے ۔

Billing : (n) بل بنانا ؛ بل تیار کرنا ۔

Billingsgate : (n) [f."Billing"personal name] (۱) گالی گلوچ ؛ گالی گفتار ۔ (۲) شہر لندن کا ایک پھاٹک جس کےنزدیک ایک مچھلی بازار ہے اور جہاں اکثر گالی گلوچ ہوتی رہتی ہے ۔

Billion : (n) [F."billion"] (۱) (انگلستان) دس کھرب ۔ (۲) (امریکہ) ایک ارب ۔

Billionaire : (n) ارب پتی ؛ کھرب پتی ۔

Billionth : (n) دس کھربواں حصہ ۔

Billman : (n) (۱) وہ سپاہی یا پاسبان جو کٹارسے مسلح ہو ۔ (۲) ایک مزدور جوکٹارسے مسلح ہو ۔

Billon : (n) [Fr.] سونا یا چاندی جس میں تانبا، ٹن یا دوسری کم قیمت دھات کی غالب آمیزش ہو ۔

Billot : (n) [F."billot"] سونے چاندی کی سلاخیں مسکوک ہونے سے قبل ۔

Billow : (n) [ON."bylgja"] (۱) بڑی موج ۔ (۲) سمندر (شعر) ۔ (۳) کوئی شئے جو لہر کی طرح چلتی ہو (جیسے آواز یا موج) ۔

Billow : (v) ہلکورے لینا ؛ موج مارنا ؛ لہرانا ۔

Billowy : (a) موّاج ؛ پرموج ۔

Bills : (n) ہنڈیاں ۔

Billy : (n) [Billy, for Willie, pet form William] (۱) ڈاکو کا ڈنڈا ؛ پولیس کا ڈنڈا ۔ (۲) اون کی پونی بنانے کی مشین ۔ (۳) (آسٹریلیا) ٹین کا ڈبہ جو کیتلی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Billy - goat : (n) بکرا ۔

Billyboy : (n) ایک مستول کا بجرا (کشتی) ۔

Billycock : (n) [f. name of William Coke for whom it was made] نمدہ کی (گول چندوے والی) سخت ٹوپی ؛ بولر ہیٹ ۔

Bilobate / Bilobated / Bilobed : (a) دو لو والا ۔

Biloboular : (a) دو چھوٹے لو والا یا دو چھوٹے لو میں منقسم ۔

Bilocation : (n) وہ حالت یا طاقت جس میں ایک ہی انسان بہ یک وقت دو جگہ ہوتا ہے ۔

Bilocellate : (a) دو باریک خلیوں والا ۔

Bilocular : (a) دو خلیوں والا یا دوخلیوں میں منقسم ۔

Biloquial : (a) دو مختلف زبانوں کے بولنے والوں سے متعلق ۔

Biloquist : (n) دو مختلف آواز میں بولنے والا ۔

Biltong : (n) [S. Afr. Du. "bil"(buttock) + "tong" (tongue]

دیکھو Bell Tongue

Bim : (n) [Origin unknown] (عامیانہ) بد کار عورت ۔

Bimaculate / Bimaculated : (a) دو داغ رکھنے والا ۔

Bimana : (n) [L. "bimanus"] دو دستہ جانور ؛ انسان ۔

Bimanal : (a) دو دستہ ؛ دو ہتھا ۔

Bimane : (n) دو ہتھا جانور ۔

Bimanous : (a) دو دستہ ؛ دو ہتھا ۔

Bimanual : (a) دونوں ہاتھوں سےکیا جانے والا (کام وغیرہ) ۔

Bimarginate : (a) دو حاشیہ والا ؛ دو سنجافی ۔

Bimbo : (n) (عامیانہ) مرد ؛ عورت ۔

Bimedial : دو وسطی خطوں کا جوڑ یا مجموعہ ۔

Bimembral : (a) دو جھلیوں والا ۔

Bimestrial : (a) دو ماہی ؛ دو ماہ میں ایک بار واقع ہونے والا ۔

Bimetallic : (a) [F."bimetallique"] (۱) دو دھاتوں والا ؛ دو دھاتی : سکوں کے لئے دو دھات کے استعمال کا یا اسی سے متعلق ۔
(۲) (آفسٹ چھپائی میں) دو دھات کی سطح جس میں سے ایک چکنائی قبول کرتی ھے دوسری نھیں ۔

Bimetallic electrode : (n) (کیمیا ، طبیعیات) دو دھاتی الیکٹروڈ ۔

Bimetallic element : (n) (کیمیا) دو دھاتی تپتی ۔

Bimetallic issue : (n) (تجارت و معاشیات) دو دھاتی زر ۔

Bimetallic policy : (n) دو دھاتی مسلک ۔

Bimetallism : (n) دو دھاتی اصول یعنی یہ کہ سونے اور چاندی کے سکوں کا رواج ھونا چاھئیے ؛ ذو فلزیت ؛ (معاشیات) دو دھاتیت ۔

Bimetallist : (n) دو دھاتی اصول کا حامی ؛ حامیٔ ذوفلزیت ۔

Bimillenary : (a) (۱) دو ھزار سے متعلق یا دو ھزار کا۔
(۲) دو ھزار سال کا وقفہ ۔

Bimillionaire : (n) بیس لکھا ۔

Bimodal : (a) (طبیعیات) دوصوری ؛ دو بھولک ۔

Bimodal distribution : (n) (طبیعیات) دو صوری تقسیم ؛ (شماریات) دو بھتاتی بٹاؤ ؛ ثنائی بٹاؤ ۔

Bimodular : (a) دو شماریاتی معیار کا ۔

Bimodulus : (n) (۱) Logarithm کےسلسلہ کے معیار کا دوگنا ۔ (۲) دو شماریاتی معیار رکھنے والا ۔

Bimolecular : (a) (طبیعیات) دو مولی کولی ؛ (کیمیا) دو مالیکولی ۔

Bimolecular reaction : (n) دو سالمی تعامل ۔

Bimonthly : (a) مھینے میں دو بار ؛ دو ماہ میں ایک بار ۔

Bimuscular : (a) دو عضلاتی ؛ دوپٹھوں کا ۔

Bin : (n) [OE."binn (e)"] (۱) ٹوکری ، جگہ یا پیپا جس میں غلہ ، پھل ، کوئلہ وغیرہ رکھتے ھیں ۔
(۲) شراب کی بوتل رکھنےکا خانہ دار بکس ؛ کسی خاص بکس کی شراب ۔

Bin : (v) کسی بکس میں جمع کرنا (خاص کر شراب کی بوتل) ۔

Bin- : (Pref.) سابقہ ، اکثر Bi کی جگہ استعمال ھوتا ھے جب پہلا لفظ حرف علت سے شروع ھوتا ھے ۔

Binal : (a) [L. " binalis"] دوھرا ؛ دگنا ؛ جوڑے دار ۔

Binary : (a & n) [L. "binarius"] دھرا ؛ جوڑے دار ؛ دگنا ؛ (فلکیات) دو تارہ ؛ (حیوانیات) دوبارگی ؛ (ریاضی) دوگانہ ؛ (کیمیا) دو : (علم الحساب) دو عنصری ؛ (لسانیات) جوڑے دار ۔

Spectroscopic binary : (طبیعیات) اسپکٹرمی دو تارہ ۔

Visual binary : (طبیعیات) نظری دو تارہ ۔

Binary acid : (n) دوھرا ترشہ ۔

Binary alloy : (n) دوگانہ بھرت ۔

Binary arithmetic : (n) ریاضی ثنائیہ ۔

Binary Compound : (n) (کیمیا) دوگانہ مرکب ؛ دو عنصری ۔

Binary fission : (n) (حیوانیات) دو بارگی تقسیم؛ (کیمیا) دوگانہ ٹوٹ ۔

Binary form : (n) دو گردشی ؛ دو حرکتی ۔

Binary Logarithm : (n) ثنوی لوگارتھم ، اس طریقہ کا تعلق موسیقی کے حساب سے ۔

Binary measure : (n) (موسیقی) دوتال ؛ دوتالہ ۔

Binary principle : (n) (لسانیات) جوڑے دار اصول ۔

Binary scale : (n) پیمانہ ثنوی ۔

Binary segment : (n) (لسانیات) جوڑے دار قطعہ ۔

Binary star : (n) ستاروں کا نظام ثنائیہ ؛ گروہ بندی کا نظام ثنائیہ جس میں جماعت کو دو دو کر کے تقسیم کرتے ہیں یہاں تک کہ فرد تک پہنچ جاتا ہے۔

Binary structure : (n) جوڑے دار ساخت ۔

Binary system : دیکھو Binary star

Binary theory : (n) نظریہ ثانیویت جس کی رو سے تمام ترشوں کو ہائیڈروجن کا مرکب بتاتے ہیں ۔

Binate : (a) [L. "binatus."] جوڑا دار ۔

Binate : (v) عشائے ربانی کی دو نمازیں ایک ہی دن میں ادا کرنا ۔

Binately : (adv) جوڑا جوڑا کرکے ۔

Binaural : (a) دوگوشیہ ؛ دو اُذنی ۔

Bind : (v) [OE. "bindan"] (۱) باندھنا ؛ وابستہ کرنا ۔ (۲) لازم ہونا یا قرار دینا ۔ (۳) اقتدار کو عمل میں لانا ؛ کوئی فرض یا قید عائد کرنا ۔ (٤) مچلکہ دینا ۔ (٥) کار آموزی کا مظاہرہ کرنا ۔ (٦) توثیق کرنا ۔ (۷) قبض پیدا کرنا ۔ (۸) پٹی باندھنا ؛ حاشیہ لگانا ۔ (۹) پھولوں کا مکٹ باندھنا ۔ (۱۰) کنارے لگانا ۔ (۱۱) جڑ جانا ؛ جلد باندھنا ۔ (۱۲) گھیر لینا ۔ (۱۳) قانونی طور سے روکنا ۔ (۱٤) احسان کرکے مرہون منت کرنا ۔ (۱٥) قید کرنا ۔ (۱٦) شمشیر زنی میں مخالف کی تلوار پر زور دے کر رخ پھیر دینا ۔ (۱۷) (بازبازی) ہوا میں شکار کو پکڑنا ۔

I dare, or will be bound : مجھے یقین ہے ؛ میں بیان کی صحت کا ضامن ہوں ۔

To be bound : پابند (قانوناً یا اخلاقی طور پر) ۔

To bind up : کئی کتابوں کو ایک جلد میں باندھ دینا ۔

Bind : (n) (۱) (موسیقی) دوسروں کو ملانے کی علامت ۔ (۲) (معدنیات) کوئلے کے طبقوں کے درمیان کی سخت مٹی ۔ (۳) Salmon اور ایل مچھلیوں کی مقدار کا پیمانہ ۔ (٤) لپٹنے والی لت ۔ (٥) صلاحیت ؛ حد ۔ (٦) بندھن ۔ (۷) شمشیر پر شمشیر سے دباؤ ڈال کر حریف کو قابو میں کرنا ۔

Bind weed : (n) لبلابی ؛ مختلف قسم کی بیلیں ؛ عشق پیچاں وغیرہ ۔

Binder : (n) (۱) باندھنے والا ؛ جلد بند ؛ جلد ساز۔ (۲) بندھن ؛ پٹی ؛ بند ؛ بندھنی ۔ (۳) قابض ۔ (٤) شہتیر جو کڑیوں کے ضامن کا کام دے ۔ (٥) بید کی شاخ جو باڑ کے کام آئے ۔ (٦) اخباروں یا کاغذ کو رکھنے کا مقوا (دفتی) ۔ (۷) دیوار کی چوڑائی کا پورا پتھر جو مضبوطی کے لئےلگایا جاتا ہے ۔ (۸) گھاس کے پودے کا بندھن ۔ (۹) کھیت کاٹنے کی مشین کا وہ حصہ جس سے گھٹے باندھتے چلے جاتے ہیں ۔ (۱۰) (جہازسازی) جہاز کے ڈھانچے کا اصلی حصہ جیسے Keel وغیرہ ۔

Bindery : (n) جلدبندی کی دکان ۔

Binding : (n) (۱) بندش ؛ بندھن ؛ جلد سازی ۔ (۲) گرہ ؛ جلد (کتاب کی) ۔ (۳) کور ؛ کنارہ ؛ حاشیہ ؛ مغزی ؛ گوٹ ۔ (٤) (معماری) پٹی ؛ جوڑنے والی لکڑی / کڑی ۔

Book binding : (انتظامیہ) لازمی / جلد سازی کتاب ۔

Binding : (a) لازم ؛ لازمی ؛ واجب واثق ؛ پابندی عائد کرنے والا ؛ قابض ۔

Binding adjudication : (n) (تاریخ وسیاسیات) واجب التعمیل تصفیہ ۔

Binding boy : (n) (انتظامیہ) نائب جلد ساز ۔

Binding energy : (n) بندشی توانائی ۔

Binding force : (n) (طبیعیات) بندشی طاقت ؛ بندشی زور؛ (تاریخ و سیاسیات) جوڑے والی قوت ؛ متحد کرنے والی قوت ۔

Binding joist : (n) چھت کی وہ کڑی جس پر دوسری کڑیاں رکھی جاتی ہیں ۔

Binding margin : (n) (تجارت) لازمی گنجائش ۔

Binding plate : (n) وہ آھنی تختہ جو لوھا پگھلانے والی بھٹی کو مضبوط بنانے کے لئے استعمال ھوتا ھے ۔

Binding receipts : (n) (تجارت) پابند کردہ رسید ۔

Binding screw : (n) وہ پیچ جو مختلف اوزاروں میں جکڑنے یا ٹھیک کرنے کے لئے استعمال ھوتا ھے ۔

Binding surface : (n) (طبیعیات) بندشی سطح ۔

Bindingly : (adv) بطور لازم ؛ لازمی طور پر ۔

Bindingness : (n) جبر ؛ پابندی ۔

Bindwith : (n) ایک قسم کا پھولدار پودا ۔

Bine : (n) (۱) نئی لچیلی شاخ ۔ (۲) بیل ٹہنی (یا شاخ) ۔

Binervate : (a) (نباتیات و حشریات) دو رگوں والا ؛ دو عصبی ۔

Binet-Simon Scale : (n) (فلسفہ و نفسیات) بینے سائمن پیمانہ ۔

Bing : (n) [ON."bing-r"] (۱) تودہ ؛ انبار ۔ (۲) کچی دھات کا ڈھیر ؛ پھٹکری کا ڈھیر ۔ (۳) بھٹی کا وہ حصہ جس میں لکڑی کا کوئلہ جلا کر دھات پگھلائی جاتی ھے ۔ (٤) قید تنہائی کا کمرہ ۔

Bing: (v) جمع کرنا ؛ ڈھیر لگانا ؛ پزادہ میں انبار کرنا ۔

Binge : (n) (۱) (عامیانہ) کثرت سے شراب نوشی ؛ بد مستی ؛ رنگ رلیاں ۔ (۲) سماجی اجتماع ؛ دعوت ۔

Bingo : (n) (۱) (عامیانہ) شراب ؛ برانڈی ۔ (۲) ایک قسم کا کھیل ؛ (تاش یا مہروں کا) اجتماع ۔

Binit : (n) [f. "binary digit"] (لسانیات) بائنیٹ (ترسیل اکائی) ؛ دوھری عدد ۔

Bink : (n) (۱) الماری کا تختہ ؛ برتنوں کی الماری ؛ سائڈ بورڈ ۔ (۲) بنچ ۔ (۳) پشتہ مٹی کا ۔

Binnacle : (n) [Corrupt of bittacle; L. habitaculum] جہاز کے پتوار کے پاس عرشہ پر کا وہ بکس جس میں کمپاس رکھا ھوا ھوتا ھے ۔

Binny : (n) دریائے نیل میں پائی جانے والی ایک بڑی مچھلی ۔

Binocle : (n) [L."bini + oculi."] دو چشمی دوربین ۔

Binocular : (n) [L."bini + oculi."] دو چشمی دوربین (حیوانیات) دوچشمی ۔

Prism binocular : (طبیعیات) پرزم بائنوکلر ۔

Prismatic binocular : (طبیعیات) دوچشمی پرزمی / منشوری ۔

Binocular Camera : (n) (طبیعیات) دوچشمی کیمرہ ۔

Binocular Colour mixture : دو چشمی رنگ آمیزہ ۔

Binocular microscope : (n) (طبیعیات) دو چشمی خورد بین ۔

Binocular telescope : (n) (طبیعیات) دوچشمی دور بین ۔

Binocular Vision : (n) (فلسفہ و نفسیات) دوچشمی نظر ۔

Binocularity : (n) دونو ں آنکھوں سے ایک ساتھ کام لینا ۔

Binocularly : (adv) دونوں آنکھوں سے کام لیکر ۔

Binoculate : (a) (۱) دونوں آنکھوں سے کام کے لائق ۔ (۲) ذرہ بیں ۔

Binodal : (a) (طبیعیات) دو گرھی ؛ (کیمیا) دو گانٹھی ؛ دو نوڈی ۔

Binodal Curve : (n) (طبیعیات) دو نوڈی خط ۔

Binomial : (a & n) [L."binomins."] (۱) (ریاضی) دوعدد ؛ ثنائی ۔ (۲) دو نامی ؛ دو رکنی ؛ (طبیعیات) بائی نومیل ۔ (۳) ایک الجبرائی جملہ جو دو رقم کے جوڑ یا گھٹاؤ پر مبنی ھو ۔

Binomial Coefficient : (n) (طبیعیات) دو رکنی ضریب ؛ بائی نومیل گفانك ۔

Binomial distribution : (n) (طبیعیات) دو رکنی تقسیم/

بتاؤ ۔

Binomial equation : (n) (طبیعیات) دو رکنی مساوات ۔

Binomial expression : (n) (طبیعیات) دو رکنی عبارت ؛ دو رکنی مظہر ۔

Binomial index of dispersion : (شماریات) ثنائی اشاریہ٘ انتشار ۔

Binomial nomenclature : (n) (حیوانیات) دو نامی تسمیہ ؛ (ریاضی) دو رکنی تسمیہ ۔

Binomial probability paper : (شماریات) ثنائی امکانی ترسیم ۔

Binomial theorem : (n) مسئلہ ثنائی ۔

Binomial Variation : (n) (شماریات) ثنائی اختلاف ۔

Binominal : (a) [L."binominis"] دو اسمی خصوصاً سائنسی نام گذاری میں جنس اور ذات کے لحاظ سے ۔

Binominated / Binominous : (a) دو نامی ؛ دو اسمی ۔

Binotonous : (a) [L. "bini + tonus"] دو سروں والا ۔

Binous : (a) [L. "bini."] دیکھو Binate

Binoxalate : (a) دو oxalate والا ۔

Binoxide : (a) دو آکسائڈ والا ۔

Binuclear/ Binucleate: (a) دو صدروں والا ؛ دو مرکزے والا ۔

Bio- : جزو ترکیبی بمعنی " حیاتی " ۔

Bio-assey : (n) (شماریات) حیاتی تجرباتی جانچ ۔

Bio-Chemistry : (n) (کیمیا) حیاتی کیمیا ۔

Bio-data : (حیوانیات) سوانح حیات ۔

Bio-energy : (n) حیاتی قوت ۔

Biobibliographical : (a) کسی مصنف کے حالات زندگی و تصانیف کے بیان سے متعلق ۔

Bioblast : (n) بے شکل مادہ٘ حیات کا وہ چھوٹا تودہ جس میں شکل بننے کی قوت ہو ۔

Biocellate : (a) ایسے اعضا یا اشیا جس پر آنکھ کی مانند دو نشان ہوں ، جیسے پروں پر ۔

Biocentric : (a) زندگی کو ایک مرکزی حقیقت سمجھنے والا ۔

Biochemical : (a) حیاتی کیمیائی ؛ زندگی کے کیمیاوی پہلو سے متعلق ۔

Biochemical method : حیاتی کیمیائی طریقہ ۔

Bioclimatology : (n) حیاتی موسمیات ۔

Biodynamic Biodynamical : (a) زندگی اور اس کے ماحول سے حرکاتی تعلق رکھنے والا ۔

Biodynamics : (n) زندگی کی طاقت کا نظریہ ؛ جانداروں کے افعال و حرکات کا اصول ؛ (حیاتیات) حیوی قوا حرکیات ۔

Biogen : (n) وہ فرضی آخری جاندار اکائی جس سے خلیوں کی تشکیل ہوتی ہے ؛ خلاصہ روح جس کو "Od" Reichen bach کہتا ہے ۔

Biogenesis : (n) [Gr. "bio"+"genesis"] (۱) (نفسیات) حیاتیت ۔ (۲) یہ نظریہ کہ زندہ مادہ ہمیشہ قبل سے موجود زندہ مادہ ہی سے پیدا ہوتا ہے ؛ حیاتی تولید ؛ حیات پذیرائی ۔

Law of biogenesis : (فلسفہ و نفسیات) قانون حیاتیت ۔

Biogenesist : (n) اس نظریئے کا حامی کہ زندہ مادہ ہمیشہ قبل سے موجود زندہ ہی مادہ سے پیدا ہوتا ہے ۔

Biogenetic : (a) زندہ جسم نامی کے ارتقاء کی تاریخ سے متعلق ۔

Biogenetic motives : (۱) زندہ جسم نامی کے اخصال سے پیدا شدہ ۔ (۲) زندگی اور اس کی بقا کے لئے لازمی ؛ (سماجیات) حیاتی مورثاتی محرکات ۔

Biogenist : (n) (۱) اس تاریخ کا جاننے والا ۔ (۲) Biogenesis کے ہم معنی ۔

Biogeny : (n) [Gr. "bio" + "genia"] زندہ جسم نامی کے ارتقاء کی تاریخ ؛ زندگی کے ماقبل وجود سے زندگی کا ارتقاء ۔

Biogeography : (n) حیاتی جغرافیہ ۔

Biognosy : (n) علم الحیات ۔

Biograph : (n) سنیمیٹوگراف (Cinematograph) کی پہلی شکل ۔

Biograph : (v) کسی کی سوانح حیات لکھنا ۔

Biographee : (n) وہ شخص جس کی سوانح عمری لکھی گئی ہو ؛ تذکرہ یا سر گذشت ۔

Biographer : (n) سرگذشت یا سوانح عمری لکھنے والا ؛ تذکرہ نویس ؛ تذکرہ نگار ؛ سیرت نگار ۔

Biographic : (a) تذکرے یا سیرت وغیرہ سے متعلق ۔

Biographical : (a) سوانح عمری سے متعلق ؛ تذکرے یا سیرت سے متعلق ۔

Biographically : (adv) از روئے سوانح عمری ؛ تذکرہ نویسی کے لحاظ سے ۔

Biographist : (n) سیرت نگار ؛ سوانح نگار ۔

Biographize : (v) سوانح عمری لکھنا ؛ سوانح نویسی ۔

Biography : (n) [Gr. "biographia"] (۱) تذکرہ ؛ سوانح عمری ؛ حیات سرگذشت ۔ (۲) تذکرہ نویسی ؛ سیرت ۔ (۳) ادبیات کی وہ صنف جس میں کسی شخص کےحالات زندگی بیان کئے جائیں ۔ (٤) جانور یا پودوں کے حالات ۔

Biokinetics : (a) وہ نظریہ کہ کوئی جاندار شئے اپنے ارتقاء میں متواتر تغیرات سے دو چار ہوتی ہے ؛ (حیاتیات) حیوی حرکیات ۔

Biolinguistics : (n) (لسانیات) حیاتیاتی لسانیات ۔

Biologic : (a) حیاتیاتی ؛ حیات یا علم الحیات سے متعلق ۔

Biological : دیکھو Biologic

Biological adjustment : (n) (سماجیات) حیاتیاتی توافق ۔

Biological barrier : (n) (کیمیا) حیاتیاتی روک ۔

Biological behaviour : (n) (سماجیات) حیاتیاتی کردار ۔

Biological factor : (n) (کیمیا) حیاتیاتی جزو ۔

Biological isolation : (n) (کیمیا) حیاتیاتی علیحدگی ۔

Biological laboratory : (n) (کیمیا) حیاتیاتی تجربہ گاہ ۔

Biological mutation : (n) (سماجیات) حیاتیاتی تغیر ۔

Biological phenomena : (n) (کیمیا) حیاتیاتی مظہر ۔

Biological race : (n) (کیمیا) حیاتیاتی نسل (خاص طور سے کیڑوں کے لئے استعمال ہوتا ہے)

Biological research : (n) (کیمیا) حیاتیاتی تحقیق ۔

Biological science : (n) (کیمیا) حیاتیاتی سائنس ۔

Biological sociology : (n) (سماجیات) حیاتیاتی سماجیات ۔

Biological survey : (n) (کیمیا) حیاتیاتی جائزہ / سروے ۔

Biological warfare : (n) (تاریخ و سیات) جراثیمی جنگ ۔

Biological weathering : (n) (کیمیا) حیاتیاتی براندازی ۔

Biologically : (adv) از روئے علم الحیات ؛ حیاتیاتی طور پر ۔

Biologism : (n) حیاتیاتی نظریہ ۔

Biologist : (n) ماہر علم الحیات ؛ حیاتیات داں ۔

Biologize : (v) (۱) علم الحیات حاصل کرنا ۔ (۲) علم الحیات کی رو سے حیاتیاتی تحقیقات میں مشغول رہنا ۔

Biology : (n) [Gr. "bios +logia"] حیاتیات ؛ علم حیات ؛ جسموں کی زندگی کا علم ؛ جیو وگیان ۔

Bioluminescence : (n) حیاتی تنویر ؛ (کیمیا) حیاتیاتی

نورانیت ۔

Biolytic : (a) حیات کو مٹانے والا ۔

Biomagnetic : (a) مقناطیسیت حیات سے متعلق ۔

Biomagnetism : (n) حیوانی مقناطیسیت ۔

Biometer : (n) پیمانۂ حیات ۔

Biometerician : (n) (کیمیا) حیات پیما گر ۔

Biometry : (n) (۱) (کیمیا) حیات پیمائی ۔ (۲) اوسط عمر کا اندازہ ۔

Bionomics : (n) (حیوانیات) ماحولیات (تعلیمات وغیرہ) ؛ علم معیشت حیوانات ۔

Biophoré : (n) [Gr. "biophor"] حیاتیہ ۔

Biophysical : (a) حیاتی طبعی (تعلیمات وغیرہ) ۔

Biophysics : (n) (طبیعیات) بایوفزکس ؛ حیاتی طبیعیات ؛ حیوی طبیعیات ۔

Biophysiologist : (n) جاندار ہستی کے عضویات کا محقق ۔

Bioplasm : (n) [Gr."bio + plasma "] (۱) حیات کا جراثیمی یا سالماتی مادہ ۔ (۲) مادۂ حیات ؛ نخزمایہ ۔ (۳) (کیمیا) حیاتی پلازم ۔

Bioplast : (n) [BIO- + Gr. " plastos"] نخزمایہ کا ایک چھوٹا الگ حصہ جس کا قطر عموماً ایک انچ کے ہزارویں حصہ سے بھی کم ہوتا ہے ؛ (حیوانیات) نخزینہ ۔

Bioplastic : (a) نخزمایہ کے اس حصے (Bioplast) سے متعلق ۔

Biordinal : (a) [Bi - pref + ORDINAL] (۱) (ریاضی) دوسرے درجہ کا ۔ (۲) دوسرے درجے کا ایک خطی تفرقی مساوات ۔

Bioscope : (n) نظارۂ حیات ؛ حیات کے نظاروں کا دکھانے والا ۔

Biosis : (n) [Gr. "biosis"] حیویت ۔

Biosocial : (n) (نفسیات) حیاتی سماجی ۔

Biosphere : (n) [bi + sphere] حیاتی کرہ ۔

Biostatic/-al : (a) حیوی سکونیات کا یا اس سے متعلق ۔

Biostatics : (n) عقیدۂ ساخت جس کا عمل حیوی قوا حرکیات یا حیوی حرکیات کے خلاف ہوتا ہے ؛ حیوی سکونیات ۔

Biotaxy : (n) نظام حیات ۔

Biotic : (a) [Gr. "bioticos"] جانوروں سے متعلق ؛ زندگی سے متعلق ؛ حیاتی ۔

Biotism : (n) (تعلیمات) نظریۂ جوہر حیات ۔

Biotite : (n) [f."Biot." French mineralogist] (معدنیات) شش پہل ابرک یا میگنیشیا ابرک ۔

Biotype : (n) (۱) (کیمیا) بایوٹائپ ؛ سبز ابرک ۔ (۲) (نفسیات) نفسیاتی وضع ۔

Biovulate : (a) دو بیضوں والا ۔

Bipalmate : (a) دو پنجے والے ؛ پنجوں کی طرح پتیاں رکھنے والا ۔

Biparental inheritance : (n) ارث والدینی ۔

Biparietal : (a) دو دیواری ۔

Biparous : (n) [Bi - + L. "parus"] جڑواں پیدا کرنے والا ۔

Bipartible /Bipartile : (a) [L." bipartire"] دو حصوں میں تقسیم ہونے والا ۔

Bipartient : (a & n) [L. " bipartientem "] دو حصوں میں تقسیم کرنے والا (Adj) ؛ وہ عدد جو دوسرے عدد کو دو حصوں میں تقسیم کردے (n) ۔

Bipartisan foreign policy : (تاریخ و سیاسیات) دو فریقی خارجہ پالیسی ۔

Bipartite : (a) [L. "bipartitus"] (۱) دو حصوں میں منقسم یا دو حصوں پر مشتمل ۔ (۲) دو کے درمیان منقسم یا مشترک ۔ (۳) (نباتیات) دو درزہ ؛ دوشگاف والا ۔ (٤) (قانون) دو متقابل حصوں میں لکھا ہوا یا بنایا ہوا (ہر فریق کے لئے) ۔ (انتظامیہ) دو فریقی ؛ دو گروہی ۔

Bipartite arrangement : (n) (تجارت) دو طرفہ انتظامات ۔

Bipartitely : (adv) دو حصوں میں منقسم ہونے کے طور سے ۔

Bipartition : دو حصوں میں تقسیم ۔

Bipartype : (a) دو جزوی ۔

Bipectinate/Bipectinated : (a) کنگھی کی طرح دونوں طرف دندانہ دار ۔

Biped : (a & n) [L. "bipedalem "] (۱) دوپایہ ؛ دو پیرا (.Adj) ۔ (۲) دو پاؤں والا جانور (n) ۔

Bipedal : (a) [L. " bipedalem "] دو پایہ کا یا اس سے متعلق ۔

Bipedallity : (n) دو پایہ ہونے کی صفت ؛ دو پائگی ۔

Bipeltate : (a) دہرے ڈھال کی طرح غلاف یا صدف رکھنے والا ۔

Bipennate/Bipennated : (a) دو بازو والا ؛ دو پرا ؛ دوپنکھی ؛ دو پتیا ؛ دو پتی والا ۔

Bipersonal verb form : (لسانیات) دو شخصی فعلی روپ ۔

Bipetalous : (a) دو پنکھڑیوں والا ۔

Bipinnate : (a) [L."bipinnatus"] دوھرے پر دار یا پر نما ۔

Bipinnatifid / Bipinnatiparted / Bipinnatipartite / Bipinnatisect / Bipinnatisected : (a) (نباتیات) دو حصوں میں منقسم پتوں سے متعلق ۔

Biplane : (n) (۱) دوتختی یا سطحی طیارہ (n) ۔ (۲) دو سطحوں میں یا اوپر واقع ہونے والا ؛ دو سطحوں میں حصہ رکھنے والا (.Adj) ۔

Bipod : (a) دو پایہ والا ؛ دو پائی ۔

Bipolar : (a) (۱) (کیمیا) دو قطبی ؛ دو جدی ؛ دو متقابل طرفین والا ۔ (۲) دو متضاد خیالات ، رائے ، یا خاصیت رکھنے والا ۔

Bipolar electrode : (n) دو قطبی برقیرہ ۔

Bipolar factor : (n) (شماریات) دو قطبی جزو ۔

Bipolarity : (n) دو قطبیت ۔

Bipole machine : (n) (طبیعیات) دو مرکزی مشین ۔

Bipont /Bipontine : (a) [L."Bipontinus "] سوائی بریوکن (zweibruken)واقع جرمانیہ کا چھپا ہوا (کسی قدیم مستند کتاب کا نسخہ) ۔

Biprism : (n) (طبیعیات) بائی پرزم ؛ دوھرا منشور ۔

Biprong : (n) دوھری شاخ ؛ دو دو نوک کا ہونا ۔

Bipupilate : (a) دو پتلیوں جیسے نشان والا ۔

Bipunctate : (a) [L. "bipunctatus "] دو سوراخ یا نقطوں والا یا نشان دیا ہوا ۔

Bipunctual : (a) دو سوراخ یا نقطوں والا یا نشان دیا ہوا ۔

Biquadrate : (a) مربع کا مربع (قوت یا جذر) ؛ چوتھی قوت کا عدد ۔

Biquadrate : (v) چوتھی قوت میں لیجانا ؛ مربع کا مربع بنانا (قوت یا جذر) ۔

Biquadratic : (a) چوتھی قوت کا عدد ؛ مربع کا مربع ؛ چوتھی قوت کے عدد کی مساوات ۔

Biquadratic equation : (n) وہ مساوات جس کی غیر معلوم مقدار ایک چوتھی ڈگری کا عدد ہو ۔

Biquadratic parabola : (a) (شکل) تیسرے درجہ کا شلجمی ۔

Biquadratic polynomial : (n) (ریاضی) چار درجی کثیر رکنی ۔

Biquadratic root : (n) جذر مربع کا جذر مربع ۔

Biquarterly : (a) ہر تین ماہ میں دو بار ۔

Biquintile : (n) سیاروں کی ایک حالت ، جب وہ ایک دوسرے سے دائرۂ عظیمہ کے پانچویں حصے سے دوگنے فاصلے (۱۴۴ ڈگری) پر ہوتے ہیں ۔

Biradiate : (a) دو شعاعی ؛ دو ضلعی ، جانور کی ساخت میں ۔

Birainy : (a) دو برسات کا ۔

Biramous : (a) دو شاخوں والا ؛ دو شاخہ ۔

Birch : (n) [OTeut."berka"] (۱) شمالی یورپ کا

ایک درخت جس کی شاخیں پتلی اور چھالیں چکنی اور سخت ہوتی ہیں ؛ اس درخت کی لکڑی ؛ برچ کی پتلی ٹہنیوں کا مٹھا جس سے مدرسوں میں بچوں کو پیٹتے تھے ؛ برچ کی لکڑی سے بنی ہوئی ڈینگی ؛ برچ ۔

Birch : (v) برچ کی ٹہنیوں سے مارنا ؛ چھڑی سے سزا دینا ۔

Birch bark : (n) برچ کی چھال سے بنی ہوئی ڈینگی ۔

Birch camphor : (n) وہ گوند نما شئے جو برچ کے درخت کی چھال سے نکلتی ہے ۔

Birch oil : (n) برچ کی چھال کا تیل جو روسی چمڑے کمانے میں لگایا جاتا ہے ۔

Birch rod : برچ کی پتلی ٹہنیوں کا مٹھا جس سے مدرسوں میں بچوں کو پیٹتے تھے ۔

Birch wood : برچ درختوں کا جنگل ۔

Birch water : (n) برچ کا حاصل شدہ رس جو موسم بہار میں ہوتا ہے ۔

Birch wine : (n) برچ کے رس سے نکلی ہوئی شراب ۔

Birchen : (a) برچ (Birch) کا ۔

Birchy : (a) برچ کا ۔

Bird : (n) [OE. "BRID"] (۱) چڑیا ؛ پرندہ ؛ طائر ؛ پرند ؛ پکشی ؛ پنچھی ۔ (۲) شکاری چڑیا خاص کر تیتر ۔ (۳) کنواری لڑکی ؛ دوشیزہ ۔ (٤) منقار دار پر والا جانور ۔ (٥) شخص ۔ (٦) ملازمت سے برطرفی ۔ (۷) گوشت میں کچھ بھر کر سیخ میں لگا کر پکایا ہوا ۔ (۸) استہزا ۔ (۹) نشانے پر لگایا ہوا دور مار میزائل ۔

Arabian bird : پرندہ عنقا ۔

Fire bird : (تاریخ) طائر آتشی ؛ اگنی پکشی (دیومالا) ۔

For the bird : ناکارہ ۔

Little bird : مخبر جس کا نام نہ ظاہر ہو ۔

Old bird : چوکنا ؛ چوکس (آدمی) ۔

To get the (big) bird : استہزا کرایا جانا ؛ مذاق اڑایا جانا ۔

To kill two birds with one stone : ایک پنتھ دو کاج ۔

Bird : (v) چڑیا پکڑنا یا شکار کرنا ۔

Bird cage : (n) (۱) قفس ؛ کابک ؛ چڑیوں کا پنجرہ ۔ (۲) New market میں گھوڑ دوڑ کے میدان کا وہ حصہ جہاں دوڑنے سے پہلے گھوڑے جمع ہوں ۔

Bird cage walk : رہائشی مکان کی چھت پر کی ریلنگ ۔

Bird call : (n) چڑیوں کی آواز نقل کرنے والا آلہ ۔

Bird cherry : (n) جنگلی پھلوں کی جھاڑی ۔

Bird - fancier : (n) پرندے بیچنے والا ؛ پرند باز ؛ پرندوں کا مبصر ؛ پرند شناس ۔

Bird fly : (n) وہ مکھی جو چڑیوں کے پروں کے نیچے رہتی ہے ۔

Bird in the bush : احتمالی فائدہ ۔

Bird in the hand : یقینی فائدہ ۔

Bird is flown : قیدی فرار ہوگیا ؛ چڑیا اڑ گئی ۔

Bird-lime : (n) لاسا ۔

Bird-lime : (v) لاسا کے ذریعہ چڑیا پکڑنا ۔

Bird of a feather : ایک ہی جنس کے ؛ ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ۔

Bird of Jove : (n) عقاب ۔

Bird of Juno : (n) طاؤس ؛ مور ۔

Bird of paradise : (n) نیوگنی کا پرند جس کے پر بہت خوبصورت ہوتے ہیں ؛ پیلو ۔

Bird of passage : (n) مہاجر پرندہ ؛ مقام تبدیل کرنے والا پرند ؛ آشیاں بدوش ؛ خانہ بدوش ۔

Bird of prey : (n) باز ؛ باشہ ؛ بحری ؛ شکاری پرند ۔

Bird of Washington : (n) امریکی عقاب ۔

Bird of wonder : (n) عنقا ۔

Bird organ : (n) چڑیوں کو بولنا سکھانے والا چھوٹا باجہ ۔

Bird pepper : (n) گول مرچ ۔

Bird seed : (n) چڑیوں کے کھانے کا دانہ ۔

Bird witted : (a) دیر تک توجہ کرنے کی صلاحیت نہ رکھنے والا ۔

Birder : (n) (۱) پرندوں کا پالنے والا ۔ (۲) ایک جنگلی بلی (مقامی زبان میں) ۔

Birdh bark : (n) (تاریخ) بھوج پتر ۔

Birdie : (n) (۱) پیاری سی ننھی چڑیا ۔ (۲) (گولف) اوسط ضرب سے ایک کم میں بال کو پلا دینا ۔

Birdikin : (n) چھوٹی چڑیا ۔

Birdlet : (n) چھوٹی چڑیا ۔

Birdlimy : (a) لاسا دار ۔

Birdling : (n) چھوٹی چڑیا ۔

Birdman : (n) چڑیوں کا کاروبار کرنے والا ؛ ہواباز ؛ طیارہ باز ۔

Birdmouthed : (a) چڑیوں کی طرح منھ والا ۔

Bird's beak moulding : چڑیوں کی چونچ کی طرح کا حاشیہ ۔

Bird's bread : (n) ایک قسم کا اناج ۔

Bird's egg / Bird's tare / Bird's tongue : (n) پودوں کا نام ۔

Bird's eye : ایک قسم کا گل دار پودا ؛ تمباکو جس کے ریشے دار ڈنٹھل کاٹ کر پتیوں میں ملا دیتے ہیں ۔ چڑیوں کی آنکھ سے متعلق ؛ کسی موضوع کا خلاصہ ۔

Bird's eye view : طائرانہ جائزہ ؛ مجمل نظر ؛ پرند چشم نظارہ ۔

Bird's foot : (n) ایک تین پتیا پودا ۔

Bird's mouth : (n) وہ زاویہ جو لکڑی میں پچر لگانے کے لئے کاٹا جائے ۔

Bird's nest : (n) چڑیا ؛ گھونسلہ ؛ جنگلی گاجو کی قسم کے پودے ۔

Bird's nest : (v) چڑیوں کے گھونسلے تلاش کرنا یا جمع کرنا ؛ گھوڑے کا ادھر ادھر سر گھمانا۔

Bird's nest fern : ایک قسم کی فرن گھاس ۔

Bird's nest orchid : ایک قسم کا پودا ۔

Bird's nesting : (n) چڑیوں کے گھونسلے کی تلاش کا کام ۔

Bird's spit : (n) چڑیوں کا گوشت بھوننے کی سلاخ ؛ سیخ ۔

Birdy : (n) ایک چھوٹی چڑیا ۔

Bireme : (n) [L. "biremis "] دو منزلی کشتی جس کی دونوں منزلوں سے چپو چلائے جائیں ۔

Biretta/ Beretta / Birretta : (n) [late L. "birretum"] رومن کیتھولک عیسائیوں و پادریوں کی چوکور ٹوپی ۔

Birkie: (n & a) (۱) زندہ دل ؛ بانکا شخص ۔ (۲) تاش کا ایک کھیل ۔ (۳) پر جوش ؛ جوشیلا ۔

Birl /Birle: (v) [OE."byrelian"] (۱) تیزی سے گھومنا یا گھمانا ایک خاص شور کے ساتھ ؛ نچانا ۔ (۲) ڈھالنا ؛ شراب پلانا۔ (۳) چرخ کھاتے ہوئے آگے بڑھنا ۔

To birl the bawbby : خاص طور سے شراب کے لئے خرچ کرنا ۔

Birlinn / Birling : (n) [Gael.] ایک کشتی جو اسکاٹ لینڈ کے مغربی جزیروں کے سردار لوگ استعمال کرتے تھے ۔

Birmingham : (n) انگلینڈ کا ایک شہر۔

Birminghamize : (v) مصنوعی آرائش کرنا ۔

Birostrate / Birostrated : (a) دو منقاری ۔

Birotate : (v) دوھرا گھمانا ۔

Birotation : (n) دوھری گردش ۔

Birr : (n) [OTeut."burjo-z"] (۱) طاقت ؛ قوت ؛ دھکا ؛ شدت ؛ جھپٹ ؛ زور دار بولی ۔ (۲) زور دار دھڑ دھڑ کی آواز جیسے پہیے کے چلنے کی ھو ۔

Birr : (v) دھڑ دھڑ کی آواز نکالنا ۔

Birsle : (v) سینکنا ؛ خشك کرنا ۔

Birth : (n) [ME. "byrp(e)","bur (e)"] (۱) پیدائش ؛ ولادت ؛ جنم ۔ (۲) آمد ؛ ورد ؛ ظھور ۔ (۳) نسل ؛ اصل ؛ نسب ؛ حسب نسب ۔ (٤) احیاء ؛ ابتدا ؛ حیات نو ۔ (٥) ولادت کی حالت ۔

New birth : دور نو ؛ نئی زندگی ؛ نئی روح ؛ نشاۃ ثانیہ ۔

To give birth to : پیدا کرنا ۔

Birth certificate : (n) (تاریخ) پیدائش کا سرٹیفیکیٹ ؛ پیدائش کی سند ۔

Birth control : (n) ضبط تولید ۔

Birth customs : (n) (سماجیات) پیدائشی رواج ۔

Birth date : (n) (انتظامیه) تاریخ پیدائش ۔

Birth mark : (n) (انتظامیه) پیدائشی شان ؛ امتیازی خصوصیت یا صفت ۔

Birth night : (n) (۱) شب پیدائش ؛ شب ولادت ۔ (۲) پیدائش کی یادگار رات ۔

Birth order : (n) (فلسفه و نفسیات) ترتیب پیدائش ۔

Birth pang : (n) درد زہ ؛ بدنظمی اور آفت جو سماجی انقلاب کے وقت ھوتی ھے ۔

Birth-paralysis : (n) جنم شل ۔

Birth place : (n) (انتظامیه) جائے پیدائش ۔

Birth rate : (n) شرح پیدائش ۔

Crude birthrate : (تجارت) خام شرح پیدائش ۔

High birthrate : (تجارت) اونچی شرح پیدائش ۔

Low birthrate : (تجارت) نیچی شرح پیدائش ۔

Refinedbirth rate : (تجارت) تصحیح شدہ شرح پیدائش ۔

Standardbirth rate : (تجارت) معیاری شرح پیدائش ۔

Birth rites : (n) (سماجیات) پیدائشی رسوم ۔

Birth rituals : (n) (سماجیات) پیدائشی رسومات ۔

Birth stone : (n) وہ قیمتی پتھر جس کا تعلق پیدائش کے مہینے سے ھوتا ھے اور جو زندگی پر اثر ڈالتا ھے ۔

Birth stories : (n) (تاریخ) جاتك كتھا ؛ جاتك كہانیاں (بدھ مذھب) ۔

Birth symbolism : (n) ولادتی اشاریت ۔

Birth trauma : (n) (فلسفه و نفسیات) صدمۂ پیدائش ؛ ولادت کے وقت بچے کی جسمانی چوٹ یا جذباتی صدمه ۔

Birthday : (n) یوم پیدائش ؛ یوم ولادت ؛ سال گرہ ؛ جنم دن ۔

Birthday book : (n) وہ کتاب جس میں دوستوں کے سالگرہ کے دن لکھ لئے جاتے ھیں ۔

Birthday cake : (n) سالگرہ کے دن کاٹا جانے والا کیك ۔

Birthday honours : (n) وہ خطابات جو بادشاہ کے سال گرہ کے دن لوگوں کو عطا کئے جاتے ھیں ۔

Birthday suit : (n) (مزاح) جسم کی کھال ؛ جامۂ عریانی ؛

جامہٴ اصلی ۔

Birthrate range : (n) (تجارت) شرح پیدائش کا رقبہ ۔

Birthright : پیدائشی حق ؛ فطری حق ؛ نو زائدہ بچے کا حق ۔

Birthwort : (n) ایک قسم کی جھاڑی جس کی جڑ وضع حمل میں مفید ہوتی ہے ۔

Bis : (adv) [L.] (موسیقی) تکرار ؛ اعادہ ؛ دہرانہ ؛ دوبارہ ۔

Bis dat qui cito dat : جلدی دیا تو دونا دیا (خیرات کے متعلق کہتے ہیں) ۔

Bisaccate : (a) (نباتیات) دو تھیلی والا ؛ دو کیسہ والا ۔

Biscacha : (n) (حیوانیات) خرگوش کی قسم کا ایک جنوبی امریکا کا جانور ۔

Biscayan : (a) [f."BISCAY + - AN"] (۱) بسکے (Biscay) کا رهنے والا ؛ بسکایانی ۔ (۲) ایک لمبی بھاری بندوق جو پہلے پہلے بسکین میں استعمال ہوئی تھی ۔

Biscuit : (n) [OF."bescoit"] (۱) بسکٹ ۔ (۲) مٹی اور چینی کے برتن بھٹی میں چڑھانے کے بعد مگر وارنش کرنے اور نقش بنانے سے پہلے ۔ (۳) سپاہی کے توشک کا ادھا ۔ (٤) بادامی رنگ کی چیز۔ (٥) خام یا مصنوعی ابر کا چپٹا گول کیک ۔ (٦) پلاسٹک کا چھوٹا ٹکڑا جس سے ایک ریکارڈ بنایا جا سکے ۔ (۷) (عامیانہ) گرامو فون ریکارڈ ۔

Biscuit throw : (n) (بحری) تھوڑی دور ؛ تھوڑا فاصلہ ۔

Biscuiting : (n) چینی کے برتن کو بھٹی میں چڑھانا ۔

Biscutate : (a) دو ڈھالی ؛ دو ڈھال کی طرح ۔

Bise : (n) جنوبی فرانس اور سویٹزر لینڈ کی سرد ہوائیں ۔

Bisect : (v) (۱) تنصیف کرنا ؛ بیچ سے کاٹنا ؛ آدھے آدھے کرنا ۔ (۲) دو شاخہ ہو جانا ۔

Bisection : (n) (۱) تنصیف ۔ (۲) دوشاخہ ہوجانا ۔

Bisectional : (a) تنصیف سے متعلق ۔

Bisectionally : (adv) از روئے تنصیف ۔

Bisector : (n) خط تنصیف ؛ ناصف ۔

Internal bisector : (طبیعیات) ناصف داخلی ۔

Bisectrix : (n) (طبیعیات) ناصف خط ؛ تنصیفی خط ؛ قطبیت کے دو محوروں کے درمیانی زاویہ کا خط ناصف ۔

Bisegment : (n) کسی خط کے دو برابر حصوں میں سے ایک حصہ ۔

Bisemantic relation : (n) (لسانیات) ذو معنی رشتہ ۔

Bisemy : (لسانیات) ذو معنیت ۔

Biseptate : (a) دو پردوں والا ۔

Biserial /Biseriate : (a) دو سلسلوں والا ؛ دونقی ۔

Biserial correlation : (n) (شماریات) دو سلسلی هم رشتگی ۔

Biserrate : (n) دندانوں والا ۔

Biset : (n) جنگلی پہاڑی کبوتر ۔

Bisetous /Bisetose : (a) دو سخت روئیں والا ۔

Bisexual : (a) دو جنسہ ؛ دو جنسی ؛ خنثہ ؛ ذو جنسیں ۔

Bisexuality : (نفسیات) دو جنسیت ۔

Bish : (n) دیکھو Bikh

Bishop : (n) [Gr. "episcopos"] (۱) اسقف ۔ (۲) (شطرنج) پیل ؛ پیلا ؛ (تاریخ و سیاسیات) بشپ ۔ (۳) مرکب شراب ؛ مسالہ دار شراب ۔ (٤) ایک بادامی رنگ کا بھونرا جس پر سیاہ چتّیاں ہوتی ہیں ۔ (٥) وہ کمانی جو لیموں کے سائے

کو پیچھے کی طرف پھیلا رکھنے کے لئے لگائی جاتی ھے ۔ (٦) بچے کا کرتا ۔

Bishop : (v) (١) گھوڑے کے دانت ریتوا دینا تا کہ وہ جوان معلوم ھو ۔ (٢) پانی میں ڈبو کر مار دینا ۔

Bishop cap : (n) کلاہ اسقف ۔

Bishop elder : (n) اجوائن ؛ گیاہ اسقف ۔

Bishop hat : (n) تاج اسقف ۔

Bishop in paribus (infidelium) : وہ اسقف جس کی کوئی جاگیر نہ ھو مگر جس کو پورے اختیارات حاصل ھوں ۔

Bishop leaves : (n) ایک قسم کا پودا ؛ اسقف پتے ۔

Bishop length : (n) ٩٤ / ٥٨ انچ کا کینوس (مصوری) ۔

Bishop ring : (n) (١) انگشتری اسقف ، جو اسقف کانی انگلی کے بغل والی انگلی میں پہنتا ھے ۔ (٢) وہ حلقہ جو آفتاب کی کرنوں کے باریک فضا میں گرد کے ذرات سے گذرنے سے پیدا ھوتا ھے ۔

Bishop seat / residence : (n) اسقف کا مکان ۔

Bishop sleeve : (n) وہ لمبی آستین جس پر کلائی کے پاس (چونٹ) چنٹ دیا ھوتا ھے ۔

Bishop stool : (n) اسقف کا تخت ؛ مکان ۔

Bishopdom : (n) اسقفوں کی جماعت ؛ اسقفی سلسلہ ۔

Bishopess : (n) (١) اسقف کی بیوی ؛ زوجہ اسقف ۔ (٢) (مزاحاً) اسقفن ۔

Bishophood : (n) اسقف کا عہدہ ؛ عظمت اور درجہ ۔

Bishoplike : (a & adv.) اسقف مانند ؛ اسقف کے طرز کا ۔

Bishopric : (n) اسقف کا عہدہ یا اس کا حلقۂ اقتدار ؛ اسقف کی جاگیر ۔

Bishop's bible : (n) سن ١٥٦٨ء کی بائبل کا ترجمہ جو اسقف اعظم پارکر نے کرایا تھا ۔

Bishops war : (n) (تاریخ و سیاسیات) بشپوں کی جنگ ۔

Bishop's weed : (n) گیاہ اسقف ؛ اجوائن ۔

Bishop's wort : (n) گیاہ اسقف ۔

Bisk : (n) [F. "bisque"] پرندوں کی یخنی ۔

Bislay : (n) چاند ماری کا مقابلہ جو شہر Bislay میں ھوتا ھے ۔

Bismar : (n) [ON."bismari"] (١) لوھے کی ترازو جو ارکنی اور شٹلینڈ وغیرہ میں استعمال ھوتی ھے ۔ (٢) پندرہ ھڈیوں والی خاردار چھوٹی مچھلی جو لوھے کی ترازو کی شکل کی ھوتی ھے ۔

Bismethyl : (n) بسمتھ اور میتھل کا مرکب ۔

Bismillah : [Arab] بسم اللہ ؛ شری گنیش کرنا ۔

Bismite : (n) بسمتھ آکسائیڈ (Bi_2O_3) ؛ (کیمیا) بسمائیٹ ۔

Bismite : (v) بہت مارنا ؛ پیٹنا ۔

Bismoke : (v) بہت دھواں دینا ۔

Bismuth : (n) [Ger." bismuth "] ایک قسم کا دھات عنصر ؛ سرخی مائل سفید دھات جو کبھی اساسی حالت میں ملتی ھے اور کبھی مرکب حالت میں ؛ پھول کانسی ؛ پھول ؛ (کیمیا) بسمتھ (جو بھرت بنانے، کیمیاوی اور ادویاتی کاموں میں استعمال ھوتا ھے) ۔

Bismuth blende : (n) (کیمیا) بسمتھ بلنڈ ۔

Bismuth glance : (n) (کیمیا) بسمتھ گلانس ۔

Bismuth ochre : (n) (کیمیا) بسمتھ مٹی (بادامی) ۔

Bismuth spiral method : (کیمیا) بسمتھ چکردار طریقہ ۔

Bismuthate : (n) (کیمیا) بسمتھ سے بنا نمک ۔

Bismuthinite : (n) (کیمیا) بسمتھنائٹ ۔

Bismutite : (n) (کیمیا) بسمٹائٹ ۔

Bison : (n) [L. "bison"] ارنا بھینسا ؛ گور؛ بسن ۔

Bispinose/- ous : (a) دو ریڑھ کی ہڈیوں والا ۔

Bisque : (n) [F.] (۱) ٹینس کے کھیل میں رعایتی نمبروں کا حق ۔ (۲) (کرکٹ) ایک فاضل داؤ جو کسی کمزور کھلاڑی کو دیا جاتا ھے ۔

Bisque : (۱) بت یا مجسمہ بنانے کی سفید چینی مٹی ؛ مورت ماٹی ۔ (۲) بسکٹ ؛ روٹی ۔

Bissextile : (a & n) [L. "bi (s)sextilis "] لوند کا سال ؛ سال کبیسہ ۔

Bistipled : (a) دو گوشکی ۔

Bistort : (n) [L."bistorta"] (۱) گوشت کے رنگ کے پھولوں والی ایک بیل ؛ دوپیچہ ۔ (۲) جراح کی چھری / نشتر ۔

Bistoury : (n) [F. "bistouri"] جراح کی چھری ؛ نشتر ۔

Bistre / Bister : (n) [F."bistre"] کاجل یا کالک ؛ پھلیا سے بنا ھوا بھورا رنگ ۔

Bisulphate : (n) (کیمیا) ایسڈ سلفیٹ ؛ بائی سلفیٹ ؛ تیزاب سلفیٹ ۔

Bisulphite : (n) (کیمیا) بائی سلفائیٹ ۔

Bit : (n) [OE."bite"] (۱) سنسی یا موچنے کا سرا ؛ برمے کی انی ۔ (۲) لگام کا دھانہ ۔ (۳) کنجی کی چھڑ ؛ رندے کا لوھا ۔ (٤) (مجازاً) قابو ؛ گرفت ۔ (٥) کسی اوزار کا کاٹنے والا حصہ ۔ (٦) وہ مثلثی داغ جو مویشیوں کی شناخت کے لئے لگایا جاتا ھے ۔

To draw bit : لگام کھینچنا ؛ رفتار کم کرنا ۔

To take the bit in his teeth : قابو سے باھر ھو جانا ۔

Bit : (n) [OE. "bita"] (۱) پارہ ؛ قطعہ ؛ ٹکڑا ؛ پرزہ ؛ روٹی کا ٹکڑا ؛ نوالہ ؛ لقمہ ۔ (۲) چھوٹا سکہ ۔ (۳) کتاب کی کوئی چھوٹی سی عبارت ۔ (٤) منظر (اصل یا تصویر) ۔ (٥) (چوروں کی عام گفتگو میں) روپیا ۔ (٦) مختصر مدت ؛ عین وقت ۔ (٧) (عامیانہ) قید کی مدت ۔ (٨) کسی قدر ۔ (٩) کسی مقصد کے لئے امداد چاھے کتنی ھی قلیل کیوں نہ ھو ۔ (١٠) حصہ (کسی ناول یا تھئیٹر کا) ۔ (١١) جوان لڑکی ۔

A bit : تھوڑا کسی قدر ۔

A bit as : ھو بھو ؛ ایک ایک تل مشابہ ۔

A bit of all right : پورے دل سے پسند کرنا ۔

A bit of one's mind : بے لاگ رائے ؛ جھڑکی ؛ ملامت ؛ سرزنش ۔

Bit by bit : / By bits : تھوڑا تھوڑا کر کے ؛ بتدریج ۔

Bits of (children) غریب بچارے چھوٹے بچے ۔

Not a bit : بالکل ھی نہیں ۔

To do one's bit : کسی کام میں اپنا تھوڑا سا حصہ شامل کرنا ۔

Bit : (v) (۱) لگام لگانا ؛ لگام کا عادی بنانا ۔ (۲) روکنا ؛ تھامنا ۔

Bit : (a) چھوٹا ۔

Bitake : (v) اختیار کرنا (ذریعہ یا طریقہ) ۔

Bitch : (n) [OE "bicce"] (۱) کتیا ؛ بھیڑئیے یا لومڑی کی مادہ ۔ (۲) فاحشہ ۔ (۳) کینہ پرور ؛ بغض رکھنے والی ؛ انتقام لینے والی عورت ۔ (٤) کسی چیز کو پکڑنے اور ایک جگہ پر رکھنے کے لئے ایک میکانکی آلہ ۔ (٥) (امریکہ) چراغ کی ایک قسم ۔ (٦) کوئی نمایاں چیز خصوصاً جو ناگوار ھو (عامیانہ) ۔ (٧) شکایت ؛ بڑ بڑانا (عامیانہ) ۔

Bitch : (n) (معدنیات) معدنیات کی ایک اصطلاح ۔

Bitch : (v) (۱) خراب کرنا ؛ شکایت کرنا ۔ (۲) دھوکا دینا ۔

Bitchy : (a) (کینہ اور نخوت کے لحاظ سے) کتیا ۔

Bite : (v) [OE . " bitan "] (۱) دانت سے کاٹنا ؛ کترنا ؛

توڑنا ؛ کاٹ کھانا ؛ ڈنک مارنا ؛ ڈسنا ۔
(۲) مچھلی کا (گل میں لگے ہوئے چارے پر) منہ مارنا ؛ (مجازاً) جھانسے میں آ جانا ؛ پھنس جانا ۔ (۳) بھونکنا ؛ چبھنا ؛ لگنا (مرچیں وغیرہ کا) ۔(٤) کھا جانا (رنگ تیزاب وغیرہ کا) ۔(٥) پکڑ لینا (لنگر یا پہیے وغیرہ کا) ۔(٦) دھوکا دینا ؛ چرکا دینا ۔(۷) ٹیس پیدا کرنا ۔ (مثل پھپھولے کی) ۔(۸) (شدید سردی سے) تکلیف پہنچانا ۔(۹) پریشان کرنا ؛ تردد پیدا کرنا ۔(۱۰) جھگڑا کرنا ۔

Frost bitten : پالا مارا ہوا (عضو وغیرہ کا) ۔

To bite in : (انجنئیرنگ) (تانبے وغیرہ پر) بنے ہوئے خطوط کو کسی تیزاب کے ذریعہ مٹا دینا ۔

To bite the dust /ground : کھیت رھنا ؛ گر جانا ؛ گرکر مر جانا ؛ شکست کھانا ۔

To bite the hand that feeds : محسن کو نقصان پہنچانا ؛ جس تھالی میں کھانا اسی میں چھید کرنا ۔

To bite the lips : ہونٹ چبانا ؛ غصے کو ضبط کرنا ۔

To bite the thumb at : برانگیختہ کر کے توہین کرنا ۔

The biter bit : چاہ کن را چاہ در پیش ۔

Bite : (n) (۱) زخم ؛ کاٹا ؛ کاٹنا (دانت سے) ۔
(۲) کٹا ہوا ٹکڑا ۔(۳) لقمہ ۔
(٤) چارہ نگلنا (مچھلی کا) ۔
(٥) قابو ؛ گرفت (مجازاً) ۔
(٦) تیزاب کا اثر (کھودنے میں) ۔
(۷) (طباعت میں) مطبوعہ کاغذ میں اتفاقیہ سادہ جگہ رہ جانا۔(۸) فوری طور پر تیار کیا ہوا کھانا ۔(۹) وہ رقم جو کسی کام کے لئے ایک مرتبہ لی جائے ۔
(۱۰) اذیت دہ اثر ۔

Biteless : (a) جو کاٹے نہیں ؛ جو نہ کاٹے ؛ بلا ضرر ۔

Biter : (n) (۱) کاٹنے والا ؛ کٹکھنا ۔
(۲) دغا باز ؛ جعلیا ۔

Biternate : (a) دوھرا سہ رکنی ؛ دو سہ رکنی۔

Bitheism : (n) ثنویت ۔

Biting : (a) (۱) تیز ؛ چبھتا ہوا ؛ کاٹتا ہوا ۔
(۲) طعن آمیز ؛ طنز بھرا ۔

Biting : (n) کاٹ ؛ چبھن ؛ کاٹنے کا زخم ؛ کاٹی ہوئی جگہ ۔

Biting in : (n) کھا جانا ۔

Bitingly : (adv) اذیت دہ طریقہ پر ؛ طنزاً ؛ طعناً ۔

Bitless : (a) کچھ بھی پاس نہیں ۔

Bitripartite : دو تین حصوں میں منقسم ۔

Bitt : (v) تار کو ستون میں لپیٹنا ۔

Bitted : (n) منہ میں دہانہ لگا ہوا ۔

Bitten : (a) دانت سے کاٹا ہوا ۔

Bitten with : متاثر (جوش سے) ۔

Bitter : (n) [OE."biter"] (۱) کڑوا ؛ تلخ ۔
(۲) شدید ۔(۳) ناگوار ؛ الم ناک ؛ مہلک ؛ بے پناہ ۔(٤) درشت ؛ تلخ ؛ چبھتا ہوا ؛ ملامت آمیز (الفاظ وغیرہ) ۔
(٥) کڑاکے کا (جاڑا) ۔ (٦) تلخی ۔
(۷) (جمع میں) معدے کے لئے تلخ دوا ۔
(۸) شدید غم یا مصیبت ۔ (۹) زھریلا ۔

To the bitter end : آخر وقت تک ؛ انتہا تک ۔

Bitter : (adv) تلخی سے ؛ درشتی سے ؛ شدت سے ۔

Bitter : (n) (جہاز رانی) ستون پر تار کا ایک لپیٹن۔

Bitter : (v) تلخ بنانا ۔

Bitter almond : (n) بادام تلخ ۔

Bitter almond oil : (n) روغن بادام تلخ ۔

Bitter apple : (n) اندرائن ؛ حنظل ۔

Bitter beer : (n) تلخ بئیر ؛ شراب تلخ ۔

Bitter bump (n) بگلے کی قسم کا ایک پرندہ ۔

Bitter cress : (n) کاھو ۔

Bitter cucumber : (n) اندرائن ؛ حنظل ۔

Bitter earth : (n) میگنیشیا ۔

Bitter fitch : (n) ایك قسم کا پودا یا اس کا بیج ۔

Bitter gourd : (n) اندرائن ؛ حنظل ۔

Bitter herb : (n) ایك قسم کی جڑی ۔

Bitter king : (n) ایك قسم کا درخت جو پوربی بحیرہ ایجین میں پایا جاتا ھے ۔

Bitter lake : (n) تلخابی جھیل ۔

Bitter pungent : (a) تلخ و تند ؛ تیز۔

Bitter spar : (n) (معدنیات) ایك قسم کی چٹان ؛ ڈولومائٹ کی ایك قسم ۔

Bitter sweet : (a & n) (۱) تلخ آمیز شیرینی ۔ (۲) بھلاوا ۔ (۳) سیب کی ایك قسم ۔ (٤) ایك قسم کی بوٹی کا نام ۔

Bitter tasted : (a) مزے میں تلخ ۔

Bitter vetch : (n) تلخ ویچ (ویچ ایك قسم کا خود رو پودا ھے جو کاشت بھی کیا جاتا ھے اور یہ چارے کے طور پر استعمال ھوتا ھے) ۔

Bitter word : (n) تلخ بات ۔

Bitter wort : (n) ایك تلخ بوٹی ۔

Bittering : (n) دیکھو Bitter bump

Bitterish : (a) کسی قدر تلخ ۔

Bitterly : (adv) تلخی سے ؛ درشتی سے ؛ شدت سے ۔

Bittern : (n) [OF."butor"] دیکھو Bitter bump

Bittern : (n) (۱) وہ سجی دار پانی جو سمندری پانی سے عام نمك بتلور کرنے کے بعد باقی رہ جاتا ھے۔ (۲) بھارنگی اور دوسری دواؤں کا مرکب محلول جو بیئر میں ملاوٹ کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Bitterness : (n) (۱) تلخی ؛ درشتی ؛ کڑواپن ؛ مصیبت ۔ (۲) دلی صدمہ ؛ کرب ۔ (۳) سردی کی شدت ۔

Bitternut : (n) ایك قسم کا اخروٹ جو شمالی امریکہ کی دلدلی زمین میں پایا جاتا ھے ۔

Bitters : (n) عموماً تلخ دوائیں جیسے کونین وغیرہ ، خاص طور سے الکوحلی یا دوسرے عروق جو جنتیانا ، کاسیا جھاڑ ، نارنگی کے چھلکے یا ایسی ھی دوسری چیزوں کے عرقوں کو ملا کر بنائے جاتےھیں اور مصلح معدہ کے طور پر استعمال ھوتے ھیں ۔

Bittock : (n) [dim. of BIT] چھوٹا ٹکڑا ؛ ریزہ ۔

Bits : (n) وہ ستون جو جہاز کے عرشے پر جوڑے ھوں اور جن پر تار بندھے ھوں یا جن سے رسے ڈالے جاتے ھوں ۔

Bitumen : (n) [L. stem"bitumin -"] (۱) رال ۔ (۲) نفط ۔ (۳) وہ رنگ جو ڈامر (اسفالٹ) سے تیار کیا جاتا ھے ۔

Bituminate : (v) رال سے جوڑنا ۔

Bituminiferous : (a) رال دار ۔

رال بنا دینا (کسی چیز کو) ۔

Bituminize : (v) رنگنا ؛ لیپنا (کسی چیز کو) ؛ رال بنانا ۔

Bituminoid : (a) رال نما ۔

Bituminous : (n) [L. "bituminous "] رال دار ؛ نفط دار ؛ (کیمیا) بیٹومنس ۔

Bituminous coal : (n) نفطی کوئلہ ۔

Bituminous shale : (n) (کیمیا) بیٹومنس شیل ۔

Biuret : (n) (کیمیا) بائی یوریٹ ۔

Bivalency : (n) (کیمیا) دوگانہ گرفت ۔

Bivalent : (a) دو عنصری ؛ دو گرفتہ ۔

Bivalent-atom : (n) دو گرفتا جوھر ۔

Bivalent compound : (n) دو گرفتا مرکب ۔

Bivalve / Bivalved / Bivalvous / Bivalvular : (a & n) (۱) دوھرے کھل مندن والا ؛ سیپی اور اسی قسم کے جانور۔ (۲) ثوٹ دار دروازہ۔ (۳) وہ صدف نما جانور جس کے غلاف دو حصوں میں منقسم ھوتے ھیں اور ایك الاستیکی دھاگے جوڑ پر لگے رھتے ھیں اور لعاب کی طرح نکلتے ھیں ؛ ایسے جانوروں کے غلاف۔ (٤) دو کھل مندن والا بیضہ دان ؛ (حیوانیات) دومصرعی۔

Bivariant : (n) (طبیعیات) دو چر ؛ دو متغیرہ۔

Bivariate : (n) (طبیعیات) دو متغایری۔

Bivariate binimial distribution : (شماریات) دوتفسیری ثنائی تقسیم۔

Bivariate distribution : (n) (طبیعیات) دومتغیری تقسیم۔

Bivariate frequency distribution : (طبیعیات) بارمبار تقسیم / تعدد تقسیم ؛ دومتغائری کثرتی تقسیم۔

Bivariate normal distribution : (طبیعیات) دومتغایری نارمل تقسیم -

Bivaulted : (a) دو گنبد والا۔

Biventer : (n) (تشریح) دو پھولے ھوئے کناروں والا عضلہ ؛ وہ عضلہ جس کے دو محدب یا مقعر حصے ھوں ؛ خصوصاً نچلے جبڑے کا پٹھا کلّۂ زیریں کی نس۔

Biventral : (a) کسی عضلات کے دو گوشت والے حصوں سے متعلق۔

Bivial : (a) [BIVIUM+-AL] خارپشت یا ستارہ ماھی کی پچھلی دوقنابوں کا یا ان سے متعلق۔

Bivious : (a) [L. "bivius"] دو راستے والا ؛ دو قنابوں والا۔

Bivium : (n) [L. See prec.] خارپشت یا ستارہ ماھی کی پچھلی دو قنابیں۔

Bivocal : (n) دومصوتوں کا مجموعہ۔

Bivocalised : (a) دو مصوتوں کے درمیان۔

Bivouac : (n) [F. "bivouac"] (۱) پڑاؤ (بغیر ڈیرے خیمے کے)۔ (۲) رات کا قیام ؛ شب باشی ؛ عارضی پناہ گاہ۔

Bivouac : (v) رات کو ھلکی ھوا میں سستانا ؛ پڑاؤ کرنا (بغیر ڈیرے خیمے کے)۔

Biweekly : (a) (انتظامیہ) پندہ روزہ ؛ مھینہ میں دو بار۔

Bixa : (n) [Central Amer.] چھوٹے درخت کی ایك جنس جس کے پھولوں سے ایك قسم کا رنگ بناتے ھیں۔

Bixarial : (a) (حیوانیات) دو محوری۔

Bixin : (n) اناٹا / انوٹو رنگ کا بنیادی عنصر۔

Biz : (n) بزنس کا مخفف۔

Bizarre : (a) [F."bizarre"] (۱) انوکھا ؛ نرالا ؛ اوٹ پٹانگ ؛ اَدھا تیتر آدھا بٹیر۔ (۲) گنوار ؛ نیم وحشی ؛ بے ھنگم ؛ بے قاعدہ۔

Bizarrerie : (n) انوکھا ؛ بے تکاپن ؛ گنوارپن ؛ بے ھنگم پن۔

Bizcacha : (n) دیکھو Biscacha

Bizonal : (a) (تاریخ) دو منطقی۔

Bizonia : (n) (تاریخ و سیاسیات) بائی زونیا (جرمنی میں برطانوی ، امریکی مشترکہ مقبوضہ علاقے)۔

Bizygomatic : (a) رخسار کی دو ھڈیوں کا یا ان سے متعلق ؛ رخسار کی دو ھڈیوں کو ملانے والا۔

Blab : (n) [Echoic] (۱) پیٹ کا ھلکا ؛ چھچھورا ؛ بڑبڑیا۔ (۲) بکواسی ؛ جسے اپنی زبان پر قابو نہ ھو۔ (۳) بے معنی اور مھمل الفاظ کا استعمال۔

Blab : (n) [origin unknown .] ایك چھوٹا پتلہ تختہ جو بچھڑے کی ناك پر لگا دیا جاتا ھے تا کہ دودھ نہ پی سکے۔

Blab : (v) بچھڑے کے منھ پر پتلا تختہ لگانا۔

Blab : (v) بڑبڑانا ؛ بکنا ؛ بے سمجھے بوجھے بول دینا۔

Blab school : (n) امریکہ وغیرہ کا وہ اسکول جہاں بچوں کو اکیلے یاجماعت میں زور زور سے سبق یاد کرایا جاتا تھا اور بعد میں معلم ایک لڑکے کو لا کر سبق سنانے کو کہتا تھا ۔

Blabber : (n) بکواسی ؛ بڑبڑیا ۔

Blabber-mouth : (n) بکواسی ؛ بڑبڑیا ۔

Black : (a) [OE."blaec"] (۱) کالا ؛ سیاہ فام ؛ سیاہ ؛ کالا بھجنگ ؛ کالا کلٹا ۔(۲) سیاہ پوش ۔ (۳) تاریک ؛ اندھیرا ؛ وحشتناک ۔ (٤) میلا ۔ (٥) شدید ؛ انتہائی ۔ (٦) سنگین ؛ مجرمانہ ؛ نہایت برا ؛ قابل نفرت ؛ مہلک ؛ خطرناک ۔ (۷) غضبناک ؛ قہرآلود ؛ غصہ کا ؛ دھمکی آمیز ۔ (۸) ذلت کا ؛ رسوائی کا ۔ (۹) حبشی ۔ (۱۰) مطلق ؛ بالکل ۔ (۱۱) غیر قانونی ؛ ناجائز ۔ (۱۲) ٹریڈ یونین کے غیر ممبر کو ملازمت دینے والا ۔(۱۳) کسی نقشہ یا چارٹ پر نشان دہی سے متعلق کہ کوئی خاص حصہ ناپسندیدہ حالات سے متاثر ہو ۔ (١٤) اس قسم کے پروپیگنڈاسے متعلق دشمن کے ملک میں کرنا کہ دشمن کمزور ہو ۔

Crime of blackest days : ہولناک جرائم ۔

In black and white : تحریر یا پرنٹ ۔

Perfectly black : (طبیعیات) کامل سیاہ ۔

To look black (on or upon) غصہ میں ہونا ؛ غصہ سے دیکھنا ۔

Black : (n) [OE."blaec"] (۱) کالا رنگ ؛ سیاہ رنگ ؛ سیاہ روغن یا وارنش ۔(۲) گیہوں روگ ؛ کالک ۔ (۳) حبشی ۔ (٤) سیاہ پوشاک ۔ (٥) چوری سے شکار کرنے والوں کا گروہ جو اپنا منہ کالا رنگ کرکام پر جاتا ہے ۔

Black : (v) (۱) سیاہ روغن چڑھانا ۔ (۲) کالا ہونا ۔ (۳) پالش کرنا ؛ سیاہ رنگنا ۔ (٤) بدنام کرنا ؛ داغ لگانا ؛ دھبہ لگانا ؛ بٹہ لگانا ۔

Black alkali : (n) (کیمیا) سیاہ القلی ؛ کالا کھار ۔

Black-a-moor : (n) [=Black Moor] (۱) حبشی ؛ بہت ہی کالا آدمی ۔(۲) بالکل سیاہ ۔

Black and blue : مارتے مارتے بدن کو نیلا کردینا ۔

Black and red ware : (تاریخ ، اثریات) سیاہ اور سرخ (پالش کے) برتن ۔

Black and tan : (تاریخ) بلیک اینڈ ٹین سپاہی (۲۱-۱۹۱۹ میں آئرستان کا سپاہی) ؛ ابلق (کتا) ۔

Black and white : (۱) سیاہ و سفید ۔ (۲) تحریر ؛ تصویر جو صرف سیاہی سے کھینچی گئی ہو ۔ (۳) اچھے اور برے میں منقسم ۔

Black art : (n) (سماجیات) جادو ؛ ٹونا ؛ سحر ۔

Black ash : (n) (کیمیا) کالی راکھ ۔

Black-a-vised : (a) سیاہ یا کالی رنگت والا ۔

Black-ball : (n) (۱) لکڑی کا کالا گولہ جس سے انتخاب کی نامنظوری ظاہر کرتے ہیں ؛ کسی کے خلاف میں رائے ۔(۲) ایک مرکب جسے چمار وغیرہ استعمال کرتے ہیں اور جس سے پیتل وغیرہ سے چربہ اتارتے ہیں ۔

Black-baller : (n) خلاف رائے کے ذریعہ خارج کرنے والا ۔

Black-band : (n) کالی پٹی ؛ کلپٹی ۔

Black-band ironstone : (کیمیا) سیاہ بینڈ آہنی پتھر ۔

Black beetle : (n) بھونرا ۔

Black-berry : (n) توت سیاہ ؛ کالی انچی ۔

Black-berrying : (n) سیاہ توت توڑنا یا چننا ۔

Black - bird : (n) (۱) یوروپی ملکوں کی ایک خوش آواز چڑیا ۔ (۲) وہ حبشی جسے بردہ فروش پکڑ لے جائیں ۔

Black birding : (n) (تاریخ و سیاسیات) بلیک برڈنگ (غلاموں کی غیر قانونی درآمد) ؛ بردہ فروشی ؛ حبشیوں کو غلام بنا کر بھیجنا ۔

Black bladder dart : (تاریخ و اثریات) تھیلی دار تیر پھل ۔

Black board : (n) سیاہ تختہ (مدرسوں میں) ۔

Black-body : (n) سیاہ جسم (کیمیا، طبیعیات) تاریک جسم ؛ بلیک باڈی ۔

Black-body radiation : (n) سیاہ جسمی شعاع ۔

Black-body temperature : (n) سیاہ جسمی حرارت ۔

Blood brother : (n) (۱) حقیقی بھائی ۔ (۲) خونی رشتہ قائم کرنا، ایك دوسرے کا خون ملا کر ۔ (۳) ایك چیز جو دوسرے سے بنیادی طور پر مختلف ھو اس کو ھم رشتہ سمجھنا ۔

Blood Cancer : (n) سرطان خون ؛ لھو کیمیا ۔

Blood cell : (n) (عضویات و حیوانیات) دموی خلیہ ؛ دموی نھوضہ ۔

Blood Charcoal : (n) (کیمیا) خون چارکول ۔

(۲) قربانی ۔ (۳) قتل و خون ۔ (٤) انگوریا کسی درخت کا رس (استعارتاً) ؛ (نباتیات) سرخ رس ۔ (۵) حرارت (مزاج کی) ؛ (عضویات) مزاج ۔ (٦) جرم قتل ۔ (۷) جیوٹ ۔ (۸) نسل ؛ خاندان ۔ (۹) قرابت واقربا ؛ اقارب ۔ (۱۰) نجابت ؛ اچھی نسل ؛ اعلیٰ خاندان ۔ (۱۱) چھیلا ؛ بانکا (لباس و وضع کے لحاظ سے) ۔ (۱۲) مزاج ؛ جوش ۔ (۱۳) شہوت ؛ خواھش نفسانی ؛ ھوس ۔ (۱٤) خاندانی مشابہت ۔ (۱۵) شراب جو عشائے ربانی میں دی جاتی ھے ۔ (۱٦) عملہ ۔ (۱۷) اون کی نفاست کو جانچنے کا پیمانہ ۔ (۱۸) گھٹیا قسم کا غیر معیاری افسانوی ناول جس میں جرم یا مھمات کے تذکرے ھوں ۔

Blood is thicker than water : اپنا اپنا غیر غیر ؛ خون خون ھی ھے اور پانی پانی ۔

Blood royal (or) the blood : شاھی نسل ؛ شاھی خاندان ۔

Blue blood : صحیح النسب ؛ (سماجیات) عالی خاندان ؛ اعلیٰ نسب ۔

Can not get blood out of a stone : شقی القلب سے رحم کی امید نھیں ۔

Flesh and blood : جسمانی خصوصیت ؛ انسانیت ؛ انسان ؛ قریبی رشتہ دار ؛ حقیقت ؛ آدم زاد ۔

Flow of blood : (طب) نزف الدم ۔

Fresh blood : نیاخون رشتہ کےتعلق سے ۔

Half blood : نسلی اعتبار سے ایك طرف سے اچھا (ماں کی طرف سے یا باپ کی طرف سے) ؛ (سماجیات) دوغلہ ۔

In blood : زندگی سے بھرپور ؛ طاقت ور ؛ قوی ۔

In cold blood : دیدہ و دانستہ ؛ بغیر کسی اشتعال طبع کے ۔

Live blood : (n) (طب) خفق العین ؛ آنکھ پھڑکنا ۔

Out of blood : سست ؛ کمزور ۔

To breed bad (or ill) blood : رنجش پیداکرنا ؛ برھمی پیدا کرنا ۔

Blood clot : (n) (طب) لخۂ خون ۔

Blood corpuscle : (n) (حیوانیات) دموی جسیمہ ؛ ذرۂ خون ۔

Blood count : (n) خون کی خاص مقدار میں خلیوں کی تعداد کو شمار کرنا ؛ (طب) شمار الدم ؛ شمار جسیمات خون ۔

Blood crystals : (n) خون کی قلمیں ۔

Blood culture : (n) (طب) کشت خون ۔

Blood curdler : (n) خوف سے خون خشک کرنے والا (کوئی ناول یا ڈرامہ) ۔

Blood doner : (n) خون کا عطیہ دینے والا ۔

Blood feud : (n) خاندان یا قبیلے کی باہمی عداوت جو خون کے انتقام کی بنا پر ہو ؛ خونی بیر ؛ خونی دشمنی ۔

Blood fine : (n) خوں بہا ۔

Blood flour : (n) (مرغبانی) خون کو پیس کر بنائی ہوئی غذا ۔

Blood flower : (n) گرم ملکوں کا ایک پودا جس کے نارنجی رنگ کے پھول ہوتے ہیں ۔

Blood group : (n) (۱) خونی رشتے سے منسلک لوگوں کی جماعت ۔ (۲) خون کی چار قسموں میں سے ایک قسم ؛ دموی گروہ ؛ قسم خون ۔

Blood guilt :(n) احساس جرم جو خون کرنے کی وجہ سے ہو ۔

Blood-guilty : (n) مجرم قتل ۔

Blood - heat : (n) (۱) معمولی حرارت جسم ۔ (۲) طبعی حرارت ؛ (عضویات) حرارت غریزی ۔

Blood horse : (n) خالص نسل کا گھوڑا ۔

Blood-letter : (n) (۱) فصّاد ؛ رگ زن ۔ (۲) جنگ جو آدمی ۔

Blood-letting : (n) (۱) فصد لینا ؛ فصّادی ۔ (۲) کشت و خون ۔

Blood-like : (a) خون جیسا ؛ خالص نسل کا گھوڑا ۔

Blood lust : (n) قتل کی خواہش ؛ کشت و خون کی خواہش ۔

Blood - money : (n) (۱) قتل کی گواہی کا معاوضہ ۔ (۲) قتل کرنے کا معاوضہ ۔ (۳) خوں بہا؛ قصاص ۔

Blood orange : (n) لہو جیسے لال گودے کی نارنجی (جو جنوبی یورپ میں ہوتی ہے) ۔

Blood plasma : (n) (عضویات) خون مایہ ۔

Blood pressure : (n) (حیوانیات) خون کا دباؤ رگوں میں ؛ دموی دباؤ ؛ (عضویات) فشار خون ؛ بلڈ پریشر ۔

Blood pudding : (n) دلمہ جس میں خون بھرا ہو ۔

Blood purge : (n) (تاریخ وسیاسیات) اخراج بالقتل ۔

Nazi blood purge 1934 : (تاریخ وسیاسیات) نازیوں کا اخراج بالقتل ۔

Blood rain : (n) سرخ بارش ۔

Blood red : (a) خون کا سا لال ؛ لال جیسے لہو ۔

Blood red colour : خون رنگ ۔

Blood relation : (n) یک جدی رشتہ دار ؛ خونی رشتہ ۔

Blood relationship : (n) (فلسفہ ونفسیات) خون کا رشتہ ۔

Blood relative : (n) یک جدی رشتہ دار ۔

Blood revenge : (n) (سماجیات) خونی انتقام –

Blood ripe : (a) (پھل وغیرہ) اتنا پکا ہوا کہ اس کا رس خون کی طرح ہو ۔

Blood ripeness : (n) بہت زیادہ پک کر خون جیسا رس ہو جانا ۔

Blood root : (n) وہ پودے جن کی جڑ لال ہوتی ہے اور اس میں سے لال رس نکلتا ہے ؛ (نباتیات) عرق الدّم ۔

Blood sacrifice : (n) (سماجیات) خون کی قربانی ؛ جان کی قربانی ۔

Blood sausage : (n) دلمہ جس میں خون بھرا ہو ۔

Blood sinus : (n) (حیوانیات) دموی جوف ۔

Blood - spavin : (n) ایک مرض جو گھوڑے کے پچھلے پیر کے

گھٹنے کے جوڑ میں پیدا ہو جاتا ہے ۔

Blood sport : (n) شکار جس میں خون بہایا جاتا ہو ۔

Blood stain : (n) خون کا دھبا ۔

Blood stained : (a) خون آلود ؛ خون سے رنگا ہوا ۔

Blood - stone : (n) قیمتی پتھروں (جواہرات) کی وہ قسمیں جس میں لال رنگ کی چھینٹیں اور ڈورے ہوتے ہیں ؛ دودی پتھر ؛ خونی پتھر ؛ حجر الدّم ؛ سنگ ستارہ ۔

Blood - strange : (n) ایک قسم کی بوٹی ۔

Blood stream : (n) (طب) جوئے خون ۔

Blood - sucker : (n) (۱) جونک علقہ ۔(۲) جابر ؛ جلّاد (جو جبر و جور سے پیسہ وصول کرتا ہے) ۔ (۳) مفت خور ۔(٤) گرگٹ جس کے گلے پر سرخ رنگ ہوتا ہے ۔

Blood sugar : (n) خون میں شکر کی مقدار ۔

Blood supply : (n) (حیوانیات) دموی رسد ۔

Blood transfusion : (n) منتقلی خون ؛ نقل الدّم ؛ انتقال خون ۔

Blood tree : (n) ایک قسم کا چھوٹا درخت جس سے سرخ رنگ نکلتا ہے ۔

Blood vascular system : (n) (حیوانیات) دموی عرقی نظام ۔

Blood vein : (n) پروانے کی ایک قسم ۔

Blood vengeance : (n) (سماجیات) خونی انتقام ۔

Blood vessel : (n) شریان ؛ دمویٰ وعاء (حیوانیات) ۔

Blood - warm : (a) خون کی طرح گرم ۔

Blood - wite : (n) خوں بہا؛ قتل کا جرمانہ جو بادشاہ یا مالک کو دیا جاتا ہے ۔

Blood wood : (n) لال رس یا لال لکڑی والے درختوں کا نام ۔

Blood-worm : (n) سرخ کیڑا جو مچھلی کے چارے کے لئے گلی (کانٹے) میں لگاتے ہیں ؛ (حیوانیات) دودۂ احمر ۔

Blood-wort : (n) پودوں کی وہ قسمیں جن کی جڑیں اور پتے لال ہوتے ہیں ۔

Blooded : (a) (۱) کسی خاص قسم کے خون والا ۔ (۲) (گھوڑا) خالص نسل کا ۔

Bloodguiltiness : (n) خون بہانے یا قتل کی خطا کاری ؛ قتل کا مجرم ہونا ؛ مجرمیت قتل ۔

Bloodguiltless : (a) بے خطا ؛ بے گناہ ۔

Bloodhound : (n) (۱) جاسوس ؛ سراغ رساں کتّا ۔ (۲) (مجازاً) وہ شخص جو کسی چیز کی جستجو میں تیز اور انتھک ہو ؛ سراغ رساں ۔

Bloodily : (adv) جبریہ ؛ ظلم سے ۔

Bloodiness : (n) خونخواری ؛ جلادی ؛ شقاوت ۔

Bloodless : (a) بے خون ؛ خون سے خالی ؛ زرد ؛ بے حس ؛ بے درد ؛ بلا خوں ریزی کے ؛ بلا نقصان خون ۔

Bloodless revolution : (n) (تاریخ وسیاسیات) انقلاب بلا خوں ریزی [شاندار انقلاب ۱٤۸۸ (انگلش ہسٹری) ۔

Bloodlessly : (adv) بغیر خون کئے ؛ بے دردی سے ؛ بغیر کشت و خون کے ۔

Bloodlessness : (n) بے دردی ؛ بے خون وخرابہ ؛ بے حسی ؛ زردی ؛ (طب) فقر الدّم ؛ بھس ۔

Bloodshed : (n) [f. the phr."to shed blood "] خوں ریزی ؛ کشت و خوں ۔

Bloodshedder : (n) خونی ؛ قاتل ۔

Bloodshedding : (n) قتل ؛ کشت و خوں ۔

Bloodshot : (a & n) (۱) خونی آنکھ ؛ بہت سرخ آنکھ ۔ (۲) (مجازاً) مشتعل ؛ ہیجان آور ۔

Bloodshot eye : (n) (طب) قرمزی آنکھ ۔

Bloodthirstiness : (n) خون کا پیاسا ہونا ؛ لہو کی پیاس ۔

Bloodthirsty : (a) خون کا پیاسا ؛ ظالم ؛ خونخوار ۔

Bloody : (a) [OE."blodiz"] (۱) سرخ ؛ خونین ۔ (۲) خون جیسا ؛ خون سے متعلق ؛ خون آلود ۔ (۳) خونی ؛ خونریز؛ خونخوار ۔(٤) خونی ؛ ظالم ۔(۵) (بد زبانی میں) گالی کےطورپر یا محض تاکید کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Bloody : (adv) (۱) بہت ؛ قابل نفرت طریقہ پر ۔ (۲) دموی ۔ (۳) خونخوار ۔

Bloody : (v) خون میں رنگنا ؛ خون آلود کرنا ۔

Bloody assize : (n) خونی عدالت ۔

Bloody- bones : (n) ھَوا ؛ بھوت (بچوں کو ڈرانے کے لئے استعمال ھوتا ھے) ۔

Bloody dock : (n) پودوں کی وہ قسمیں جن کی جڑیں اور پتّے لال ھوتے ھیں ۔

Bloody finger : (n) ایک اونچا پودا جس میں سرخ یا سفید پھول ھوتے ھیں ۔

Bloody flux : (n) خونی پیچش ؛ اسہال خون ۔

Bloody grave : (n) مقتول کی قبر ۔

Bloody hand : (n) خونی ھاتھ (بیرونٹ کا مارکہ) ۔

Bloody man's finger : ایک اونچا پودا جس میں سرخ یا سفید پھول ھوتے ھیں ۔

Bloody Merry : (n) (۱) ملکہ میری اول ۔ (۲) Vodka اور ٹماٹر کا عرق ملی شراب ۔

Bloody twig : (n) ایک قسم کی جھاڑی یا درخت ۔

Bloom : (n) [ON."blom"] (۱) پھولنا ؛ پھول ؛ گل کشائی ؛ (پھول) کھلنا ؛ شگوفہ ؛ کلی ۔ (۲) عنفوان شباب ؛ بہار ؛ جوبن ۔ (۳) آب و تاب ؛ رونق ؛ تازگی ؛ دل کشی ۔ (٤) سفید سفوف سا مادہ جو انگور یا شفتالو وغیرہ پر جم جاتا ھے ۔ (٥) ایک قسم کی کشمش ۔ (٦) چہرے کا سرخ رنگ ۔ (۷) وہ سفوف جیسی شئے جو چمڑے یا سکے وغیرہ پر جم جاتی ھے ۔ (۸) شراب کی خوشبو ۔ (۹) آھنی کندہ ۔ (۱۰) (انجینیری) کندہ ؛ کڈھی ۔ (۱۱) (تعمیرات) کلر دیوار ۔

In bloom : پھول نکلنا ۔

To take the bloom off : رونق چھین لینا ۔

Bloom : (n) [OE."bloma"] (۱) پگھلے ھوئے لوھے کی بھدی موٹی سلاخ ۔ (۲) لوھے کا گولہ یا تودہ (بھٹی سے نکلنے کے بعد) ۔

Bloom : (v) (۱) پھولنا ؛ پھلنا ؛ بہار پر آنا ؛ جوبن پر آنا ؛ عروج پر پہنچنا ۔ (۲) چمکنا ؛ رونق بخشنا ۔ (۳) وارنش کئے ھوئے صفحوں کو بے رونق بنا دینا ۔

Bloom : (v) [ME."blomen"] پگھلے ھوئے لوھے کی سلاخیں بنانا ۔

Bloomed : (a) پھول نکلا ھوا ۔

Bloomer : (n) (۱) (عامیانہ) فاش غلطی ۔ (۲) وہ پودا جس میں پھول لگتا ھے ۔ (۳) بہار پر آنے والا ۔ (٤) چمڑے پر سے سفید سفوف جیسی چیز ھٹانے والا ۔ (٥) پھلور حروف ؛ آرائشی حروف ۔

Bloomer : (n) (۱) ایک قسم کا زنانہ لباس جسکی موجد مسز بلومر تھی اور اسی کے نام سے مشھور ھوا ۔ (۲) عورت سائیکل سواروں کے پہننے کا لباس ۔

Bloomer-pit : (n) چمڑا کمانے کی ناند ۔

Bloomerism : (n) مسز بلومر کے اصول (زنانہ لباس سے متعلق) ۔

Bloomery /-ary : (n) لوھے کی سلاخیں بنانے کا کارخانہ ؛ کندہ بھٹی ۔

Blooming : (a) (۱) پھلتا پھولتا ۔ (۲) عنفوان شباب ؛ اٹھتی جوانی ۔ (۳) چمکتا ھوا ؛ پر رونق ۔ (٤) (عامیانہ) Bloody

Blooming mills : (n) کندہ کار خانہ (فولادی) ۔

Bloomingly : (adv) پھلتے پھولتے ھوئے ۔

Bloomless : (a) بے پھول کا ۔

Bloomsbury : (n) لندن کا محلہ جہاں ادبی اور فنّی ذوق رکھنے والے دانشور رھتے ھیں ۔

Bloomy : (a) (۱) پھول سے بھرا ھوا ۔ (۲) سفید سفوف سے مادے سے ڈھکا ھوا ۔ (۳) شباب پر ۔

Blossom : (n) [OE."blotm","blostma","blosma"] (۱) میوے کے درختوں کا پہلا پھول ؛ مور ؛ شگوفہ ۔ (۲) نمو کا ابتدائی درجہ ؛ باڑھ یا اٹھان

کے دن ؛ ہونہار پن ۔ (۳) درختوں کے پھول ۔ (٤) کوئلے یا دھات کی ابھری ہوئی پرت جو خراب ہو چکی ہو ۔ (٥) گھوڑے کا وہ رنگ جو سفید اور کُمیت یا سرخی مائل بادامی رنگ سے ملا ہوا ہو ۔

Blossom : (v) [OE."blostmian"] کھلنا (استعارۃً) پروان چڑھنا ۔

Blossom nosed : (a) سرخ پھولی ہوئی ناک والا ۔

Blossom shower : (n) باران بہار (امبرکھا)۔

Blossomfaced : (a) سرخ پھولے ہوئے چہرے والا ۔

Blossomless : (a) (درخت) جس میں پھول نہ آیا ہو ۔

Blossomy : (a) پھولا ہوا (پھول لایا ہوا درخت)۔

Blot : (n) داغ یا دھبّا ؛ عیب ؛ نقص ؛ روشنائی یا سیاہی کا دھبّا ؛ کلنک کا ٹیکا ۔

Blot : (n) (۱) (Back gammon کھیل میں) بے زور مہرہ ؛ جنگ کے منصوبہ میں کمزور پہلو ۔ (۲) کمزوری ۔

To hit a blot : بے زور مہرہ لینا ۔

Blot : (v) (۱) دھبا ڈالنا ؛ داغ لگانا ؛ دھندلا کرنا ۔ (۲) مہمل تحریر سے کاغذ سیاہ کرنا ۔ (۳) داغ یا بٹّہ لگانا (نیک نامی یا عزت میں)۔ (٤) جاذب سے سکھانا ۔ (٥) داغ دار ہونا ۔ (٦) بھدے پن سے رنگنا ۔ (۷) مٹا دینا ۔

To blot one 's copy book : کوئی ایسا کام کرنا جس سے ریکارڈ خراب ہوجائے ۔

To blot on the Escutcheon : نیک نامی پر دھبا لگانا ؛ عزت پر دھبا لگانا ۔

To blot out : مٹانا یا محو کرنا ؛ نیست و نابود کرنا ؛ چھپانا ؛ بے اثر بنا دینا ۔

Blotless : (a) بے داغ ؛ بے عیب ؛ بے نقص ؛ پاک وصاف ۔

Blotch : (n) [App. echoic f. BLOT] (۱) سوجن ؛ پھوڑا ۔ (۲) رنگ یا سیاہی کا دھبا ۔ (۳) جاذب ۔ (٤) اخلاقی کمزوری ۔ (٥) پودوں کی ایک بیماری ۔

Blotch : (v) (۱) رنگ یا سیاہی کا دھبا لگانا ۔ (۲) دھبا لگانا ۔

Blotchy : (a) ورمی ؛ پھوڑا نما ؛ ورم نما ۔

Blotter : (n) (۱) مہمل لکھنے والا ۔ (۲) جاذب ۔ (۳) کچا کھاتا ؛ کسی خط کا پہلا مسودہ ۔ (٤) (عامیانہ) شرابی ۔

Blottesque : (a) (مصوری میں) جس میں داغ کی طرح کی قلم کاری ہو ۔

Blottesquely : (adv) نقاشی کے موٹے کام کی طرح ۔

Blotting : (a) مٹا دینے والا ؛ سوکھ لینے والا ؛ داغ لگانے والا ۔

Blotting book : (n) جاذب کی کتاب ۔

Blotting case : (n) جاذب کاغذ رکھنے کی دفتی ۔

Blotting out : (n) مٹانا ؛ خراب کردینا ۔

Blotting pad : (n) جاذب پیڈ ۔

Blotting paper : (n) جاذب کاغذ ۔

Blotto : (n) [prob. irreg. f. "BLOT"] (۱) مدھوش ۔ (۲) پراگندہ ذہن ۔

Blouse : (n) [F.] (۱) (خاص کر فرانسیسی) کاروباری لوگوں کا لمبا کُرتا جس کی کمر میں پیٹی بندھی ہوتی ہے۔ (۲) بلاؤز؛ یورپین عورتوں کی قمیض ۔ (۳) امریکی فوج کا ایک لباس ۔ (٤) فرانسیسی کاروباری ۔

Bloused : (a) بلاؤز پہنے ہوئے ۔

Blousette : (n) عورتوں کا بے آستین کا بلاؤز ۔

Blousy : (a) بلاؤز کی طرح : بلاؤز پہنے ہوئے ۔

Blow : (v) [OE."blawan"] (۱) (ہواکا) چلنا ۔ منہ سے

سانس لینا (زور سے) ۔(۲) پھونکنا ؛
سنکنا ؛ سانس پھولنا ؛ پھونک مارنا ؛
ھوا سے اڑ جانا ۔(۳) دھونکنا ؛ بجانا ؛
(وھیل مچھلی مگرمچھ وغیرہ کا) پھنکار
مارنا ؛ اڑا دینا ؛ بھک سےاڑا دینا
(سرنگ لگا کر) ۔(٤) (عامیانہ) دغا دینا ؛
(مکھیو ں کا) انڈے دینا ؛ (عامیانہ) لعنت
کرنا ؛ (عامیانہ) اڑانا ؛ پھونکنا (روپیہ
پیسہ) ۔(٥) شیخی بگھارنا ؛ طوفان اٹھانا ؛
شورو غل کرنا ؛ پائپ پینا ۔(٦) تھکا دینا ؛
(گھوڑے وغیرہ کا) دم کرنا ؛ ھوا سے
اڑا دینا ؛ ھوا میں اڑانا ؛ ھوا سے اڑ جانا ۔
(۷) (مجازاً) مشتہر کرنا ؛ اعلان کرنا ۔
(۸) بجنا ؛ پھونک کر صاف کرنا ؛ پھلا دینا ؛
پھوٹ پڑنا ؛ پھٹ پڑنا ۔(۹) ظاھر کر دینا ۔
(۱۰) پھڑ پھڑانا (ھوا سے) ؛ برقی تار کا
حرارت کی زیادتی سے جل جانا (Fuse) ۔
(۱۱) ھٹ جانا ؛ دم لینا ۔
(۱۲) موقع کھو دینا ؛ جلدی چلے جانا ۔

To blow away : ھٹا دینا ؛ اڑا دینا ؛ ختم ھو جانا ۔

To blow a fuse : غصّہ ھونا ؛ برھم ھونا ؛
برافروختہ ھونا ۔

To blow a gasket : غصّہ ھونا ؛ برھم ھونا ؛
برافروختہ ھونا ۔

To blow anyone's brains out : سر میں گولی
مار کرھلاک کر دینا ۔

To blow great guns : زورکی آندھی کا چلنا ؛
طوفان کا آنا ۔

To blow hot and cold : مذبذب ھونا ؛
گرم و سرد ھونا ۔

To blow in : لوھے گلانے کی بھٹّی کو جلانا ۔

To blow into : خلاف توقع یا اتفاقاً آجانا
یا ظاھر ھونا ۔

To blow off : (۱) زائد بھاپ کا خارج کرنا ۔
(۲) شکایت کرنا ؛ فریاد کرنا ۔
(۳) جوش سے بولنا ۔(٤) خالی کرنا ۔
(٥) جذباتی کشیدگی سے نجات پانا
(پرزور گفتگو کے ذریعہ) ۔
(٦) صاف کرنا (ھوا کے جھونکے کے ذریعہ) ۔

To blow off steam : جذباتی کشیدگی سے نجات
پانا (پر زور گفتگو وغیرہ کے ذریعہ) ۔

To blow one's line : راہ بھول جانا ؛ مقررہ
طریقہ سے انحراف کرنا ؛ تضاد میں پڑ جانا ۔

To blow one's own trumpet : اپنے منھ میاں
مٹھو بننا یا ھونا ؛ خود ستائی کرنا ۔

To blow one's lid : آپے سے باھر ھو جانا ؛
غصہ میں پاگل ھو جانا ۔

To blow one's stack : آپے سے باھر ھو جانا ؛
غصہ میں پاگل ھو جانا ۔

To blow one's top : آپے سے باھر ھو جانا ؛
غصہ میں پاگل ھو جانا ۔

To blow out : (۱) بجھا دینا ؛ بجھنا ۔ (۲) بھاپ یا
گیس کے زور سے پھینکا جانا ۔
(۳) ٹائر پھٹ جانا ۔(٤) ختم ھوجانا
(طوفان وغیرہ کا) ۔(٥) برقی تارکا
جل جانا (fuse) ۔ (٦) پھٹ جانا ۔
(۷) پھونک کر صاف کرنا ۔
(۸) لوھا گلانے کی بھٹّی کو بیکار کردینا ۔
(۹) ورزش کے لئے گھوڑے کو چلانا ۔
(۱۰) (کانکنی) بندوق کی طرح سرنگ
کا اڑ جانا مگر چٹانوں کا نہ پھٹنا ۔

To blow over : گذر جانا (کسی چیز کو
نظر انداز کرجانا یا چھوڑ جانا) ؛ ختم
ھو جانا (خطرہ یا مصیبت وغیرہ کا) ۔

To blow the coals or fire : تنازعہ کو مشتعل کرنا ؛
جھگڑے کو اشتعال دینا ۔

To blow the lid : عیاں کردینا ؛ آشکار کردینا ۔

To blow the nose : ناک صاف کرنا ۔

To blow the whistle: کسی کے خلاف مخبری کرنا ۔

To blow up : (۱) بڑھنا ؛ قوت میں بڑھانا ؛
شدید تر ھونا ۔(۲) پھلانا ؛ اڑا دینا
(بھک سے) ؛ ڈانٹ ڈپٹ یا لعنت ملامت
کرنا ؛ سخت و سست کہنا ۔
(۳) (عامیانہ) دغا دینا ۔(٤) مکھیوں
کا کسی چیز میں انڈے دینا ۔

To blow upon : بدنام کرنا ؛ سچّی جھوٹی

Blowen / Blowing : (n) (عامیانہ و تحقیر سے) عورت ۔

Blower : (n) [OE."blawere"] (۱) آتش دان کا چیمبر ۔ (۲) درز؛ شگاف جس میں سے گیس نکلتی ہے (معدنیات) ۔ (۳) گلیسٹر کی کسی شگاف سے نکلنے والا ہوا کا جھونکا ۔ (٤) ہوا کا جھونکا پیدا کرنے کی ترکیب ۔ (٥) (مجازاً) شیخی باز؛ دھونکنی ؛ دھونکنا (کیمیا) ۔(٦) وہ سمندری جانور جو پھنکار مارتا ہے ۔(۷) ترسیل کا ؛ خبر رسانی کا ایک طریقہ جو محدود اور نجی ہو ۔

Blower : (n) پھولنے والا پودا ۔

Glass blower : شیشہ گر ۔

Blowfish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Blowing : (n) پھونکنا ؛ بہنا ؛ زور زور سے سانس لینا خاص کر جانوروں کا ؛ مانس مکھّی کا انڈے دینا ؛ انفجار؛ سرزنش ۔

Blowing : (a) پھولنا ؛ پھول دینا ۔

Blowing : (a) طوفانی ؛ بہنے والا/ والی ۔

Blowing : (a) پھولنے والا ۔

Blowing adder : (n) ورجینا کا وہ سانپ جو کاٹنے سے پہلے سر کو پھلا لیتا ہے ۔

Blowing current : (n) بہتی رو ۔

Blowing cylinder : (n) Blast engine کا استوانہ بادی ۔

Blowing engine : (n) دھونکنی ؛ شیشہ کے ظروف بنانے کی مشین ۔

Blowing furnace : (n) وہ بھٹّی جس میں شیشہ پگھلایا جاتا ہے ۔

Blowing iron : (n) شیشہ بنانے میں کام آنے والی لوہے کی نلکی ۔

Blowing machine : (n) دھونکنی ؛ شیشہ کے ظروف بنانے کی مشین ۔

Blowing pipe : (n) شیشہ بنانے میں کام آنے والی لوہے کی نلکی ۔

خبر اڑانا ۔

Blow : (v) [OE."blowan"] پھولنا (درختو ں کا) ؛ کمال حاصل کرنا ؛ (کیمیا) پھونکنا ۔

Blow : (n) (۱) ضرب ؛ مُکّا ؛ گھونسا ۔ (۲) (مجازاً) تباہی ؛ صدمہ ؛ دھچکا ۔ (۳) دشمنی ؛ معاندانہ حرکت یا طرزعمل ۔

At a (one) blow : ایک ہی مار میں ؛ یکایک ؛ اچانک ۔

To come to (or,exchange) blows : لڑ پڑنا ؛ ہاتھا پائی کرنے لگنا ۔

To strike a blow : (مجازاً) زور دار کارروائی کرنا ۔

Blow : (n) (۱) تازہ ہوا کا جھونکا ؛ ہوا کا چلنا ۔ (۲) بانسری کا بجانا ۔(۳) ناک کا چھینکنا ؛ چھینک ۔(٤) پھنکار (وھیل مچھلی وغیرہ کی)۔ (٥) شیخی ؛ لاف گزاف ۔(٦) سماجی معاملہ ۔ (۷) بعض کیڑوں کے انڈے دینے کا عمل یا جگہ ۔ (۸) (فلزیات) دھات کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ میں گلائی جائے ۔(۹) پھونک ۔

Blow by blow : باریک تفصیلات ۔

To get a blow : تازہ ہوا کھانا ۔

Blow : (n) شگفتگی ؛ بہار پر ہونا ؛ شگوفہ کھلنا ۔ شگفتگی یا پھولوں یا چمک دار چیز کی نمائش ۔

Blow ball : (n) بعض پودوں جیسے لکرونڈے کے بیجوں کا بونڈا یا پوٹا ۔

Blow bottle : (n) شرابی ؛ کثرت سے شراب پینے والا ۔

Blow bowl : (n) شرابی ؛ کثرت سے شراب پینے والا ۔

Blow cock : (n) زائد اسٹیم (بھاپ) خارج کرنیکی ٹونٹی ۔

Blow-fly : (n) مانس مکھّی ۔

Blow-gun : (n) = (Blow pipe) (کیمیا) کھپنی ۔

Blow-hole : (n) (۱) پھوک سوراخ ۔ (۲) وھیل کے گلچھڑے ۔ (۳) دھواں یا ہوا جانے کا راستہ ۔ (٤) برف کا وہ سوراخ جہاں وھیل یا سیل مچھلیاں سانس لیتی ہیں ۔

Blowing room : (n) شیش گاہ ۔

Blowing snake : (n) چین کا وہ سانپ جو کاٹنے سے پہلے سر کو پھلا لیتا ہے ۔

Blowing tube : (n) شیشہ بنانے میں کام آنیوالی لوہے کی نلکی ۔

Blow lamp : (n) پھوک لیمپ ۔

Blow line : (n) (مچھلی کے شکار) ہلکی ریشمی ڈوری جو ہوا سے اڑتی رہتی ہے اور زندہ مکھیوں کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے ۔

Blow out : (v & n) (۱) غصہ کا بھڑکنا ؛ جھگڑا ؛ (عامیانہ) عمدہ کھانا ؛ جشن ضیافت ۔ (۲) اچانک بد نظمی ؛ پھٹ جانا (پہیا وغیرہ کا) ۔ (۳) وہ نشیب یا وادی جو طوفان سے ریت اڑ جانے سے بن جاتی ہے ۔ (٤) اڑنا (Fuse وغیرہ کا) ؛ وہ کھلونا جو پھونکنے سے بڑھ جاتا ہے ۔

Blow pipe : (n) (۱) وہ نلکی جس سے ہوا کا پھونکا دیتے ہیں اور شعلوں کو بڑھا کر گرمی پیدا کرتے ہیں ؛ پھوک نلی ؛ دھونکنی ؛ منفاخ ۔ (۲) (شیشہ سازی) وہ نلکی جس کے ذریعہ پگھلے شیشے سے چیزیں بناتے ہیں ۔ (۳) وہ نلکی جس کے ذریعہ امریکی ھندوستانی تیروں کو پھونک کے ذریعہ چلاتے ہیں ؛ تیر نلکی ۔

Blow post : (n) نامہ رسانی کا وہ طریقہ جس میں ہوا کی نالی سے کام لیا جاتا ہے ۔

Blow tube : (n) =(Blow pipe) شیشہ پھونکنے کی نلی ۔

Blow up : (n) (۱) دھماکا ؛ انفجار ۔ (۲) (مجازاً) شورش ۔ (۳) تصویروں کا بڑا سائز ۔

Blow valve : (n) ادھر ادھر ہٹنے والا کھل مندن (منجمد ہونے والے انجن کا) ۔

Blown : (a) (۱) ہوا کے تھپیڑے کھایا ہوا ۔ (۲) دم پھولا ہوا ؛ ہانپتا ہوا ۔ (۳) سرگوشی میں کہا ہوا ؛ اشارہ کیا ہوا ۔ (٤) پھولا ہوا ۔ (٥) انفجار سے ٹوٹا ہوا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا ۔

Blown : (a) پھول آیا ہوا ۔

Blowy : (a) ہوا دار ؛ آندھی کا (موسم ، مقام وغیرہ) ۔

Blowze : (n) بھدی صورت کی لال چہرے والی قحبہ ۔

Blowzed : (a) سخت کرخت چہرے والا ؛ بھدے چہرے والا ۔

Blowzing : (a) بھدے پن کی طرف مائل ۔

Blowzy : (a) بھدا ؛ دیہاتی ؛ میلا کچیلا ۔

Blubber : (n) [ME."blober","bluber"] (۱) وھیل مچھلی کی چربی ۔ (۲) جیلی فش ۔ (۳) پانی کا بلبلہ ۔ (٤) گریہ ؛ بلبلا ھٹ ۔ (٥) کسی آدمی کے بدن میں زیادہ چربی کا ہونا ۔

Blubber : (a) پھولے ہوئے یا باہر نکلے ہوئے ہونٹ ۔

Blubber : (v) [ME."blubren","blober"] رو رو کر کہنا ؛ دہاڑیں مار کر رونا ؛ چیخ چیخ کر رونا ؛ آنسوؤں سے تر کر دینا یا نقشہ بگاڑ دینا ۔

Blubber guy : (n) وھیل مچھلی پکڑنے والی کشتی کا وہ رسہ جو اگلے اور خاص مستول کے درمیان لٹکتا رہتا ہے اور وھیل مچھلی کی لاش کو سہارا دینے اور اوپر لانے میں مدد دیتا ہے ۔

Blubber-lamp : (n) وہ چراغ جس میں وھیل کا روغن جلاتے ہیں ۔

Blubber spade : (n) کدال کی شکل کا چاقو جسے وھیل پکڑنے والے استعمال کرتے ہیں ۔

Blubbered : (a) آنسوؤں سے تر ؛ اشک آلود ۔

Blubberer : (n) گریہ کرنے والا ؛ خوب رونے والا ۔

Blubberingly : (adv) رو رو کر ؛ روتے روتے ۔

Blubbery : (a) وھیل کے روغن کا ۔

Blucher : (n) [f. Field-Marshal Von Blucher] پرانی وضع کے جوتے ؛ مضبوط چرمی جوتا ۔

Bludgeon : (n) [origin unknown] (۱) سونٹا ؛ ڈنڈا ؛ گرز ؛ مگدر ۔ (۲) لفظوں کی مار ؛ سخت تنقید ۔

Bludgeon : (v) (۱) سونٹا سے پیٹنا ؛ ڈنڈا سے پیٹنا ۔ (۲) جارحانہ دلائل سے غالب آ جانا ۔

Blue : (a) (۱) نیلا ؛ آسمانی ؛ آبی ؛ کبود ۔

(٢) سیاسی پارٹی ؛ عموماً کنزرویٹو پارٹی ۔ (٣) نیلی پوشاک پہنے ہوئے ۔ (٤) علم کی مدعی عورت ؛ عالمہ ۔ (٥) ناشائستہ (گفتگو وغیرہ) ۔ (٦) وہ شعلہ جس میں سرخی نہ ہو ۔ (٧) مستقل مزاجی کی علامت ۔ (٨) جستے کے رنگ کا ۔ (٩) سہمگیں ؛ تردد ؛ افسردہ ؛ کم حوصلہ ۔ (١٠) آفتو ں اور مضرت رساں چیزوں کے رنگ کا ۔ (١١) نیلگوں ۔ (١٢) نیلا ؛ امتیازی رنگ والا ۔ (١٣) اخلاق و مذہب میں سخت ۔ (١٤) انتہائی ۔

By all that is blue : =(By god) خدا کی قسم ۔

Blue in the face : سخت غصے کی حالت میں ۔

Blue water school : بحری ماہرین کا طبقہ جو بحری بیڑ ے کو حفاظت انگلستان کے لئے کافی سمجھتا ھے ۔

Once in blue moon : چھٹے چھ ماھے ؛ شاذو نادر۔

Till all is blue : پی کر دھت ہو جانا ؛ غین ہو جانا ۔

To burn blue : موت کا شگون ہونا یا بھوت پریت کا موجود ہونا ۔

To look blue : افسردہ دکھائی دینا ۔

True blue : مستقل مزاج ؛ وفا دار ۔

Blue : (n) (١) نیلا رنگ ؛ نیل ؛ (جو دھوبی استعمال کرتے ھیں ۔(٢) نیلا کپڑا ۔(٣) آسمان ۔ (٤) سمندر ۔(٥) (جمع میں) رائل ھارس گارڈ ۔(٦) ایک سیاسی جماعت کا رنگ یا اس کا رکن۔(٧) یونی ورسٹی ٹیم کا کھلاڑی۔ (٨) Blue Stocking کا مخفف ۔ (٩) (تیر اندازی) نشانہ کے مرکز سے دوسرا حلقہ ۔ (١٠) پہلا مقام یا پہلا انعام ۔

At old Blue : وہ جو انٹر یونیورسٹی کے مقابلہ میں نمایاں مقام حاصل کئے ہوئے ہو ۔

Cambridge blue : ھلکا نیلا رنگ (Cambridge کے کھلاڑی کا) ۔

Dark blue : کھیلوں میں آکسفورڈ کے طرفدار۔

Light blue : کھیلوں میں کیمرج کے طرفدار ۔

Oxford blue : گہرا نیلا رنگ (آکسفورڈ کے کھلاڑی کا) ۔

The blues : بھوت پریت ۔

To be a Blue/To win his Blue : اپنی یونیورسٹی یا اسکول سے کھیل کی نمائندگی کے لئے چنا جانا ۔

Blue : (v) نیلا کرنا ؛ نیلا رنگنا ؛ نیل دینا ؛ روپیہ پیسہ اڑانا ۔

Blue-arc-phenomenon : (n) نیل قوسی مظہر ۔

Blue back : (n) مچھلی کی ایک قسم ؛ ایک قسم کا پرندہ ۔

Blue bell / Blue -bell : (n) گھنٹی کی شکل کا ایک نیلا پھول ؛ جنگلی سنبل ۔

Blue berry : (n) ایک قسم کی بیری ؛ نیل بیری ۔

Blue billy : (n) نیلا کچ لوھا ۔

Blue bird : (n) شمالی امریکہ کی گانے والی چڑیا ۔

Blue-black : (a & n) نیلگوں سیاہ ؛ سیاہ نیلا پن لئے ہوئے ؛ (مجازاً) روپیہ پیسہ اڑانا ۔

Blue blank draft form : (تجارت) کورا ڈرافٹ فارم ۔

Blue blanket : (n) (١) ایڈنبرا کے کاریگروں کا جھنڈا ۔ (٢) (مجازاً) آسمان ۔

Blue blaw : (n) (١) ایک قسم کا نیلا پھول ؛ مانس مچھلی ؛ ترنجان ؛ بالنگو ۔(٢) پولیس (نیلی وردی والا) ۔ (٣) مانس مکھی کی ایک قسم ؛ گون مکھی ۔ (٤) پرتگالی جنگی جہاز۔

Blue blindness : (n) (فلسفہ و نفسیات) نیل کوری ۔

Blue blood : (n) عالی نسبی ؛ شاہی خاندان ۔

Blue bonnet / Blue-bonnet : (n) (١) نیلے اون کی ایک کشادہ چپٹی گول ٹوپی جو انگلینڈ میں مستعمل ھے ۔(٢) نیلی ٹوپی پہننے کا شوقین یا سپاھی ۔(٣) ایک قسم کا پھول ۔

Blue book / Blue-book : (n) پارلیامنٹ یا پریوی کونسل کی رپورٹ ۔

Blue bottle : (n) دیکھو Blue blaw

Blue breast : (n) ایک قسم کی چڑیا ؛ نیل کنٹھ۔

Blue bull : (n) نیل گائے ۔

Blue-cap : (n) نیلی ٹوپی ۔(۲) سالمن مچھلی اپنے پہلے سال میں ۔(۳) ایک قسم کی چڑیا ۔ (٤) دیکھو Blue bonnet

Blue cat : (n) سائبریا کی بلّی جو روئیں کے لئے مشہور ہے ۔

Blue Cat / Blue Catfish : (n) سیسپی کی ایک کھائی جانے والی مچھلی ۔

Blue Chamomile : (n) آسٹریلیا کا پودا جس میں نیلا سرخ پھول ہوتا ہے ۔

Blue Channel Cat / Blue Channel Catfish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Blue Chip : (n) (تجارت) بلوچپ ؛ ایک قیمتی اثاثہ ۔

Blue Coat /Blue-Coat : (n) (۱) نیلا کوٹ پہننے والا ۔ (۲) پولیس مین (سپاھی) ۔

Blue Coat boy : (n) خیراتی مدرسے کا طالب علم ۔

Blue Collar worker : (سماجیات) نچلے طبقہ کا مزدور؛ (تجارت) نیلی پوش ملازم ۔

Blue Copper : (n) دیکھو Azurite

Blue Copperas : (n) توتیا ۔

Blue dahlia : (n) کوئی بھی نایاب اور نامعلوم چیز ۔

Blue daisy : (n) ایک قسم کا ڈیزی پھول ۔

Blue devil : (n) (۱) مضرت رساں شیطان/دیوتا ۔ (۲) (مجازاً) افسردگی ۔(۳) بھوت پریت ۔

Blue disease : (n) ' Blue jaundice ایک قسم کا یرقان جس میں رنگت نیلی پڑ جاتی ہے ؛ زرقت ؛ کوھی بخار ۔

Blue eye : (n) نیلی آنکھ ۔

Blue-eyed : (a) نیلی آنکھ والا ؛ زاغ ؛ آبی چشم ۔

Blue felspar : (n) لاجورد ۔

Blue fire : (n) وہ نیلی روشنی جو اسٹیج پر پراسرار تاثر کے لئے لگائی جاتی ہے ؛ سنسنی خیز ۔

Blue fish : (n) (۱) نیلی مچھلی ۔(۲) میکرل کے خاندان کی ایک مچھلی جو اس سے کچھ بڑی ہوتی ہے ۔

Blue fox : (n) آرتک کے علاقہ کی لومڑی اور اسکا رواں ۔

Blue gage : (n) بیر کی ایک قسم ۔

Blue gown : (n) بھکاری ؛ روزینہ خوار ۔

Blue grass : (n) مختلف قسم کے پودے جن میں نیلا مائل سبز رنگ کے پھول ہوتے ہیں ۔

Blue gum (tree) : (n) آسٹریلیا کے ایکولپٹس کا درخت ۔

Blue hawk : (n) ایک قسم کا باز ۔

Blue head : (n) ایک کیڑا جو چارہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Blue hearts : (n) ایک قسم کی بوٹی جس میں کھردرا پتّہ ہوتا ہے ۔

Blue heat : (n) ۵۵۰ ڈگری فارن ھیٹ کی گرمی جس پر آھنی چیزیں نیلے رنگ کی ھوجاتی ھیں ۔

Blue jacket : (n) بحری فوج کا سپاھی ۔

Blue jaundice : (n) ایک قسم کا یرقان جس میں رنگ نیلا پڑ جاتا ہے ۔

Blue John : (n) ایک قسم کی نیلی معدنی شئے ۔

Blue laws : (n) Puritons کے وہ سخت قانون جو اٹھارھویں صدی میں New Havana میں نافذ کئے گئے تھے ۔

Blue lead : (n) نیلا سیسہ ۔

Blue light : (n) آتش گیر مرکب جو جلنے پر نیلی روشنی دیتا ہے اور جو سمندر میں خبردار کرنے کے لئے سگنل کی طرح استعمال کیا جاتا ہے ۔

Blue line : (n) ٹینس کے میدان کی وہ لکیر جہاں سے گیند پھینکی جاتی ہے ۔

Blue litmus : (n) (کیمیا) نیلا لٹمس ۔

Blue malachite : (n) دیکھو Azurite

Blue mantle : (n) انگلش کالج آف آرمس کے چار رکنوں میں سے ایک رکن ۔

Blue metal : (n) نیلی دھات ۔

Blue Monday : (n) سوموار جو کہ پست ہمت کرنے اور تھکا دینے والا ہوتا ہے کیونکہ ہفتہ کی چھٹی کے بعد کام پر واپس آنا ہوتا ہے ۔

Blue moon : (n) شاذو نادر موقع ۔

Blue mould : (n) پنیر پر کی پھپھوندی ۔

Blue-nose : (n) (۱) ارغوانی رنگ کا آلو جو نووا اسکوشیا (Nava scotia) میں پیدا ہوتا ہے۔(۲) نووا اسکوشیا کے لوگو ں کا عرف ۔ (۳) مچھلی کی ایک قسم ۔

Blue ointment : (n) پارہ کا مرہم ۔

Blue Peter : (n) نیلا جھنڈا جس کے بیچ میں سفید مربع بنا ہوتا ہے اور جہاز کے چلنے سے قبل کھولا جاتا ہے ۔

Blue pill : (n) صفرہ شکن گولیاں ؛ حسب دافع صفرہ ۔

Blue point : (n) (۱) ایک چھوٹا صدف ۔ (۲) سیامی بلّی کی ایک قسم ۔

Blue poker : (n) ایک بط ۔

Blue pot : (n) کالی جستے کا گھڑا ۔

Blue printer : (n) (انتظامیہ) بلو پرنٹر؛ نقشہ ، خاکہ بنانے والا ۔

Blue ribbon / Blue riband : (n) (۱) garter کا فیتہ ۔ (۲)اعلیٰ ترین اعزاز ۔ (۳) پرہیز کرنے والوں کا مارکہ ۔

Blue ribbon army : : (شراب سے) پرہیز گارو ں کی انجمن ، جماعت ۔

Blue ribboner : (n) ۔ پرہیز گار(شراب سے پرہیز کرنیوالا)

Blue ribbonism : (n) شراب سے پرہیز کرنے والی جماعت کا عقیدہ ۔

Blue ribbonist : (n) پرہیز گار؛ (شراب سے) پرہیز کرنے والا ۔

Blue ribbonite : (n) پرہیز گار (شراب سے) ۔

Blue rocket : (n) پودے کی ایک قسم ۔

Blue ruin : (n) خراب قسم کی جن (شراب) ۔

Blue Shirt : (n) (تاریخ) بلو شرٹ (پہلی جنگ عظیم کے بعد اٹلی کی نیشنلسٹ پارٹی کا ممبر) ۔

Blue slipper : (n) ایک قسم کی مٹّی ۔

Blue spar : (n) لاجورد ۔

Blue-Stocking : (n) ادبی ذوق کی مدعی عورت ۔

Blue Stockingism : (n) ادبی ذوق کا ادعا (عورت کا) ۔

Blue stone : (n) (کیمیا) نیلا پتھر ۔

Bluet /-ett : (n) [F."bluette"] (۱) ایک قسم کا پودا جس میں نیلے پھول ہوتے ہیں ۔ (۲) ہلکے نیلے رنگ سے ذرا زیادہ گہرا رنگ ۔

Blue tangles : (n) پودے کی ایک قسم ۔

Blue throat : (n) ایک پرندہ ۔

Blue tit : (n) دیکھو Blue cap

Blue vitriol : (n) (کیمیا) توتیا ؛ نیلا تھوتھا ۔

Blue water : (n) کھلا سمندر ۔

Blue water gas :(n) نیلاب گیس ۔

Blue weeds : (n) پودے کی ایک قسم ۔

Blue wings : (n) بط کی ایک قسم ۔

Blue-yellow blindness : (فلسفہ و نفسیات) نیل زرد کوری ۔

Bluebeard : (n) (۱) وہ شخص جو شادی کرتاجائے اور بیوی کو مارتا جائے ۔ (۲) ممنوع ۔ (۳) ایک جھاڑی جس کے نیلے پھول ہوا کرتے ہیں ۔

Blueism : (n) ادبی ذوق کی مدعی عورت کی خصوصیت ۔

Bluely : (adv) نیلے رنگ کے ساتھ ۔

Blueness : (n) نیلا پن ۔

Blueprint : (n) (تجارت) خاکہ ؛ (انتظامیہ) بلوپرنٹ ؛

نقشہ ؛ خاکہ ۔(۱) تصویر کی چھاپ سفید رنگوں میں چمکدار نیلی زمین پر ؛ تصویر سفید ، کالے یا کسی دوسرے رنگ میں ۔(۲) کسی کام یا منصوبے کا مفصل اور جامع پروگرام یا خاکہ یا کوئی پالیسی ، مقصد یا حل حاصل کرنے کے لئے ۔ (۳) کسی بڑے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے رہنما پروگرام کے طور پر بنایا جانے والا عملی نمونہ یا نظریہ ؛ قانون اور اصول کا گوشوارہ ۔(٤) نمونہ ؛ خاکہ ۔

Blueprint : (v) تصویر بنانا ؛ خاکہ بنانا ۔

Bluerock : (n) کبوتر کی ایك قسم ۔

Blueth : (n) نیلا پن ۔

Bluey : (a) نیلگوں ۔

Bluey : (n) (آسٹریلیا) قدیم باشندوں کی گٹھری جو نیلے کمبل میں لپٹی رہتی ہے ۔

Bluff : (a) [of unknown origin] (۱) چوڑا عمودی روکار والا ؛ (جہاز ؛ چٹان وغیرہ)۔(۲) صاف گو ؛ اکھڑ ؛ بے تکلف (ملنے میں)۔

Bluff : (n) (۱) راس جس کے سامنے کا حصہ عمودی اور وسیع ہو ۔ (۲) اونچا عمودی کنارہ (دریا ؛ سمندر وغیرہ کا)۔

Bluff : (n) (۱) گھوڑے کی اندھیاری۔ (۲) (عامیانہ) دھوکا ؛ بہانہ ۔ (۳) گیدڑ بھبکی ؛ خالی خولی دھمکی ؛ دھونس ۔(٤) پوکر کھیل میں چکما دینا ۔

Bluff : (v) (۱) دھونس دینا (کھیل میں) چکما دینا ۔ (۲) دھونس جمانا ۔

To bluff off : دھونس سے ڈرانا ؛ دھمکی سے ڈرانا ۔

Bluffer : (n) دھونس دینے والا ؛ دھونس جمانے والا ۔

Bluffly : (adv) (۱) چوڑے روکار کے ساتھ۔ (۲) اکھڑ پن سے ؛ بے تکلفی سے ۔

Bluffness : (n) اکھڑ پن ؛ روکار کا چوڑا ہونا ۔

Bluffy : (a) دھوکوں سے بھرا ہوا ؛ دھونس والا ۔

Bluish : (a) نیلگوں ؛ (کیمیا) آسمانی ۔

Bluish black : (n) (کیمیا) آسمانی کالا ۔

Bluish grey : (n) (کیمیا) آسمانی بھورا ۔

Blunder : (n) [ME."blondren"] (۱) اندھا دھند چلنا ؛ ٹھوکر کھانا ؛ فاش غلطی کرنا ؛ چوپٹ کرنا ۔ (۲) حماقت سے خلط ملط کرنا ؛ مختل کردینا ؛ الجھاؤ پیدا کردینا ؛ بے سمجھے بوجھے بولنا ۔

To blunder away : چوپٹ کردینا ۔

To blunder out : بك اٹھنا ؛ بے سوچے سمجھے کہہ بیٹھنا۔

To blunder upon : اتفاق سے کسی چیز کا پاجانا ۔

Blunder : (n) فاش غلطی ۔

Blunderbuss : (n) بڑے منہ کی چھوٹی بندوق (پرانی قسم کی) ۔(۲) مختل دماغ کا آدمی ؛ خلط ملط کرنے والا شخص ؛ کوڑھ مغز ۔

Blunderer : (n) غلطی کرنے والا ۔

Blunderhead : (n) کوڑھ مغز ؛ بے وقوف ؛ احمق ؛ کاٹھ کا الّو ۔

Blunderheaded : (a) دیکھو Blunderhead

Blunderheadedness : (a) کوڑھ مغزی ؛ بے وقوفی ؛ احمق پن ۔

Blunderingly : (adv) بد انتظامی سے ؛ غلط کاری سے ۔

Blunge : (v) [app.echoic] (کمہار کے کام کے لئے) پانی میں مٹّی گوندھ کر گارا بنانا ۔

Blunger : (n) مٹّی اور پانی کو گھولنے کا اوزار۔

Blunt : (a) گٹھل ؛ کند ؛ بے حس ؛ منہ پھٹ ؛ صاف گو ۔

Blunt : (n) (۱) چھوٹا سرا (عامیانہ) ؛ زر نقد ۔ (۲) سوئی کی بناوٹ ۔

Blunt : (v) (۱) کند کرنا ؛ کند ہونا ۔ (۲) بے حس بنا دینا ۔(۳) کمزور کردینا ۔

Bluntish : (a) ذرا گٹھل ؛ ذرا منہ پھٹ ؛ قدرے کند ؛

قدرے صاف گو ۔

Bluntly : (adv) بد تمیزی سے ؛ دو ٹک طریقہ پر؛ موٹی دھار کا ؛ چوڑے منہ کا (بنا ہوا) ۔

Bluntness : (n) دھار یا نوک کا کند ہونا ؛ اکھڑپن وغیرہ ؛ بد تمیزی ۔

Blur : (n) [Obscure] (۱) دھندلا پن ؛ روشنائی کا دھبا ؛ دھندلاھٹ ۔(۲) اخلاقی دھبا ؛ داغ ۔

Blur : (v) (۱) دھندلا کردینا ؛ صورت بگاڑ دینا ؛ مسخ کردینا ؛ دھبا ڈالنا (روشنائی وغیرہ سے) ؛ مٹانا ۔(۲) (مجازاً) داغ لگانا ؛ کلنک کا ٹیکہ لگانا ؛ خراب کرنا ۔

Blurb : (n) (امریکی عامیانہ) کتاب کی تعریف جو ناشر اشتہار میں یا سر ورق پر چھاپتا ھے ۔

Blurred : (a) (کیمیا) دھندلا ۔

Blurred image : (n) (کیمیا) دھندلی شکل ؛ دھندلا عکس ۔

Blurry : (a) دھندلا ؛ داغ دار ۔

Blurt : (n) [App. echoic] (۱) زور سے سانس پھینکنا (منہ سے) ؛ نیند میں خراٹا لینا ۔ (۲) کہہ بیٹھنا؛ بول اٹھنا ؛ پھوٹ پڑنا ۔

Blush : (v) [ME."blusche","blosche","blysche"] (۱) شرماجانا؛ شرم آنا ؛ چھرے پر سرخی دوڑ جانا ؛ (شرم یا کسی دوسرے جذبے سے)۔ (۲) (مجازاً) شرمندہ ہونا ۔(۳) سرخ ہو جانا ۔(٤) سرخ کردینا ؛ لال کر دینا ۔ (٥) پھولنا ؛ کھلنا ۔(٦) شرما کر ظاھر کر دینا ۔(۷) وارنش کئے ہوئے صفحوں کا دھندلا ہوجانا ۔

To blush at sight of word : کچھ دیکھ یا سن کر چھرہ سرخ ہو جانا ۔

To blush for another : کسی دوسرے کی وجہ سے خفیف ہونا ۔

To blush for joy or shame : خوشی یا شرم سے چھرہ سرخ ہو جانا ۔

Blush : (n) (۱) نظر؛ جھلك ؛ جھلکی ۔ (۲) شرم سے چھرے پر سرخی دوڑ جانا ؛ تابش ؛ شفق کی سی سرخی ؛ شرمندگی ؛ خجالت ۔(۳) سرخی ؛ دمك ۔(٤) فلم یا گوند یا پلاسٹك پر کی سفید نا پسندیدہ چیز۔

At the first blush : پہلی ھی نظر میں ؛ پہلی جھلکی میں ۔

To put to the blush : شرما دینا ؛ جھینپا دینا ۔

Blush : (a) سرخ ۔

Blusher : (n) شرمندہ ہونے والا ؛ شرمانے والا ۔

Blushful : (a) سرخ ؛ گلابی ؛ شرم سے بھرا ھوا ؛ سرخی پیدا کرنے والا ۔

Blushfully : (adv) شرم کے ساتھ ؛ شرمندگی سے ۔

Blushingly : (adv) شرمیلے پن سے ؛ شرما کر ؛ شرمندہ ہو کر ۔

Blushless : (a) بے شرم ؛ بے حیا ۔

Blushy : (a) سرخ (شرم و خجالت سے) ۔

Bluster : (v) [Perh. echoic] (۱) ھنگامہ یا طوفان برپا کرنا۔ (۲) دبنگے پن سے کہنا ؛ کلّہ درازی کرنا ۔ (۳) زور شور سے بہنا (ھوا کا)۔

Bluster : (n) (۱) تندی سے چلنا ؛ کلہ درازی ؛ دھمکی ۔ (۲) منہ سے پھونك کر بجانے والے ساز کی ھنگامہ خیز آواز ۔(۳) لاف و کزاف سے بھری تقریر ۔

Blusterer : (n) ھنگامہ یا طوفان برپا کرنے والا ؛ دبنگے پن سے کہنے والا ۔

Blusteringly : (adv) کلہ درازی سے ؛ ھنگامہ خیزی سے ۔

Blusterous /-strous : (a) کلہ دراز؛ تند ۔

Blustery : (v) کلہ دراز؛ تند ۔

Bo / Boh : (n) دوسروں کو چونکانے کی آواز۔

Can't say 'bo' to a goose : ایسا ڈرپوك ھے کہ کتے کو "دُت" نہیں‌کہہ‌سکتا ۔

To say or cry 'bo' to a goose : منہ کھولنا ؛ بولنا ۔

Bo-peep : (n) چھوٹے بچوں کے ساتھ آنکھ مچولی۔

To play bo-peep : بحث مباحثہ میں عیاری سے کام لینا ؛ سیاسی معاملات میں چال چلنا ۔

Bo-tree : (n) [Singhalese "bo"] پیپل کا درخت ۔

Boa : (n) [L.] غیر زھریلے سانپوں کی نوع جو شکار کو دبا کر مار ڈالتے ھیں ؛ اجگر ۔ (۲) سمور یا پروں کا گلوبند (خواتین کا) ۔ (۳) سبز رنگ ۔

Boa-constrictor : (n) [f. prec.+L."constrictor"] Boa کی ذات کا برازیل کا بڑا سانپ ۔

Boanerges : (n) [Gr."boanerges"] (۱) بلند آواز خطیب یا مقرر ۔ (۲) زبیڈی کے دونوں بیٹوں کو حضرت مسیح علیہ السلام کا دیا ھوا نام ۔

Boanthropy : (n) [Gr."boanthropos"] پاگل پن کی ایک شکل جس میں آدمی خود کو بیل سمجھتا اور یقین کرتا ھے ۔

Boar : (n) [OE."bar"] (۱) سور جو خصی نہ کیا گیا ھو ؛ بن ٹھیلا ۔ (۲) بن ٹھیلے سور کا گوشت ۔ (۳) (مجازاً) انسان کو کہتے ھیں (طنزاً) ۔

Wild boar : جنگلی سور/ بن ٹھیلا ۔

Boar-fish : (n) میکرل کی قسم کی ایک مچھلی جس کی تھوتھنی سور کی تھوتھنی کی طرح نکلی ھو ۔

Board : (n) [WGer."bord"] (۱) لکڑی کا لمبا پتلا تختہ ؛ پٹرا ؛ (جمع) اسٹیج (تھیٹر کا) ؛ دفتیاں ؛ تختی ۔ (۲) میز؛ میز جس پر کھانا چنا ھو ؛ کھانا ؛ کانسل کی میز؛ ارکان کانسل ؛ مجلس ؛ کمیٹی ۔ (۳) جہاز کا رخ یا طرف ۔ (٤) (بحری) رسہ ۔ (٥) (جلد سازی) دفتی ۔ (٦) ٹربن کا سگنل ۔

Above board : کھلے خزانے ؛ اعلانیہ ؛ برملا ۔

Advisory board : (تجارت) مشورہ بورڈ ۔

Arbitration board : (تجارت و معاشیات) ثالثی بورڈ ۔

Bed and board : زن و شوھر کے تعلقات ؛ میاں بیوی کا رھنا سہنا ۔

Board on board : پہلو بہ پہلو ؛ ساتھ ساتھ ۔

Board by board : پہلو بہ پہلو ؛ ساتھ ساتھ ۔

By the board : جہاز کے رخ سے ؛ جہاز کیطرف سے ۔

Conciliation board : (تجارت و معاشیات) مصالحتی بورڈ ؛ مفاھمتی بورڈ ؛ صلح بورڈ ۔

District board : ڈسٹرکٹ بورڈ ؛ ضلع بورڈ ۔

Drug supervisory board : (تاریخ و سیاسیات) بورڈ نگرانی ادویات ۔

Elementary School board : (فلسفہ و نفسیات) ابتدائی مدرسہ بورڈ ۔

Local board : (تاریخ و سیاسیات) مقامی بورڈ ؛ لوکل بورڈ ۔

Mediation board : (تجارت) صلاح بورڈ ۔

Municipal board : (تاریخ و سیاسیات) میونسپل بورڈ ۔

On board : جہاز پر ۔

Technical boaro : تکنیکی بورڈ ۔

Technical Assistance Board : (تاریخ و سیاسیات) تکنیکی امدادی بورڈ ۔

To board with : کسی کے گھر خرچ دے کر کھانا کھانا ۔

To fall on board (of) : حملہ کرنا ۔

To go by the board : (۱) مستولوں وغیرہ کا جہاز کے تختے پر گر پڑنا ۔ (۲) (مجازاً) ھمیشہ کے لئے چلے جانا ۔

To keep one's name on the boards : کیمرج کے کسی کالج کا رکن بننا ۔

To lay (a ship) on board : جہاز کا دوسرے جہاز کے برابر میں لانا ۔

To make boards : راستہ بدلنا ۔

To make short boards : اکثر راستہ بدلنا ۔

To run on board (of) : جہاز کا ٹکرانا ۔

To ship by the board : جہاز سے پانی میں گر پڑنا ۔

Board of Examiners : (n) تعلیم ممتحن بورڈ ۔

Board of refrees : (n) (تجارت) بورڈ محکمی ۔

Board of revenue : (n) مجلس مال ۔

Board of studies : (n) (انتظامیہ) بورڈ نصاب تعلیم ؛ مجلس نصاب تعلیم ۔

Board of Trade : (n) (۱) تجارت) بورڈ آف ٹریڈ ؛ بیوپار منڈل ؛ مجلس تجارت جو تجارتی معاملات اور مفادات کو منظم اور باقاعدہ کرتی ھے ، آگے بڑھاتی ھے ، ان کی نگرانی اور محافظت کرتی ھے ۔ (۲) کاروباری لوگوں کی تنظیم جو کاروبار کے مفادات کو ترقی دیتی ھے ۔

Board of Trustees : (n) مجلس امناء ۔

Board out : (v) صحت کی بنیاد پر کسی ملازم کو نوکری سے بر طرف کر دینا ۔

Board rule : (n) بغیر حساب کے کسی تختے کا سطحی رقبہ نکالنے کا اسکیل ۔

Board school : (n) ایسا مدرسہ جس کا انتظام کسی مجلس کے سپرد ھو ۔

Board scraper : (n) (تاریخ ، اثریات) تختی نما کھرچنی ۔

Board tree : (n) وہ درخت جس سے تختہ بنایا جا سکے ۔

Board-wages/ Board wages : (n) نوکروں کا وہ بھتّہ جو کھانے کے لئے دیا جائے ۔

Boardable : (a) (۱) جہاز میں داخل ھونے کے قابل ۔ (۲) (مجازاً) سہل القرب ، جس میں آسانی سے رسائی ھو سکے ۔

Boarder : (n) (۱) وہ شخص جو کسی کے گھر میں پیسہ دیکر کھانا کھائے ۔ (۲) اقامت خانہ میں رھنے والا ۔ (۳) دشمنوں کے جہاز میں داخل ھونے والا شخص ۔

Boarding : (n) (۱) (جہازرانی) دشمنی کی نیت سے کسی جہاز کے نزدیک جانا یا داخل ھونا ۔ (۲) تختہ لگانا ۔ (۳) تختوں کا ایک ڈھانچہ ؛ ساخت ۔ (٤) کھال کو تختے پر رکھ کر بالوں سے صاف کرنا ۔

Boarding house : (n) مدرسہ کا اقامت خانہ ۔

To sweep the board : (کھیل) سب جیت لینا ۔

To try by the board : ایک جہاز سے دوسرے جہاز پر سوار ھونے کی کوشش کرنا ۔

Board : (v) (۱) تختوں سے ڈھک دینا ؛ تختے جڑ دینا ۔ (۲) مقرر نرخ پر کھانا یا کھلانا اور قیام کرنا ؛ مقررہ معاوضہ پر کسی خاندان کا فرد بن کر رھنا ۔ (۳) جہاز کا دوسرے جہاز کے برابر میں آنا (عموماً حملہ کےارادہ سے) ۔ (٤) جہاز پر سوار ھونا ؛ چڑھ جانا ۔ (٥) جہاز کی راہ بدل دینا ۔ (٦) چڑھ جانا ؛ چڑھنا ؛ دشمنی کے ارادے سے داخل ھونا ۔ (۷) (مجازاً) نزدیک جانا ؛ خطاب کرنا ؛ پیش قدمی کرنا ؛ اقدام کرنا ۔ (۸) میز پر رکھنا ۔ (۹) بنے ھوئے لباس کو ایک خاص شکل میں لے آنا ۔

Board measure : (n) تختوں کو ناپنے کی ایک سطحی پیمائش ۔

Board meetings : (n) (تجارت) بورڈ کی نشستیں ؛ بورڈ کی میٹنگ ۔

Board money : (n) بھتّہ ؛ تنخواہ جو کھانے کے خرچ کے نام پر دی جائے ۔

Board nail : (n) نوک دار میخ ۔

Board of adjustment : (n) مجلس تسویہ ۔

Board of arbitration : (n) مجلس ثالثی ۔

Board of conciliation : (n) مجلس مصالحت ؛ (سماجیات) مصالحتی بورڈ ۔

Board of conciliators : (n) (تاریخ و سیاسیات) صلاح کاروں کا بورڈ ۔

Board of control : (تعلیم) نگراں بورڈ ؛ (تاریخ وسیاسیات) بورڈ آف کنٹرول (انڈیا ایکٹ کے تحت) ۔

Board of Directors : (n) مجلس نظماء ؛ (تجارت) بورڈ آف ڈائرکٹرز ؛ ڈائرکٹروں کا بورڈ ۔

Board of Education : (تعلیم) تعلیمی بورڈ ؛ مجلس تعلیم ۔

Board of enquiry : (n) تحقیقاتی بورڈ ۔

Board of Examination : (n) امتحان بورڈ ۔

Boarding nettings : (n) رسوں یا تاروں کا وہ مضبوط جال جو دشمنوں کو جہاز میں داخل ہونے سے روکنے کے لئے کناروں پر لگایا جاتا ہے ۔

Boarding out : (n) (۱) گھر چھوڑ کر کہیں اور کھانا ۔ (۲) مفلس لڑکوں کا دوسرے خاندانوں کے سپرد کرکے پرورش کروانا ۔

Boarding school : (n) وہ مدرسہ جس میں لڑکے پڑھائے جاتے اور ساتھ ساتھ کھلائے بھی جاتے ہیں ۔

Boarding ship : (n) وہ جہاز جو غیر جانب دار جہازوں کی تلاشی ممنوعہ مال کی جانچ پڑتال کی غرض سے لے ۔

Boardman : (n) (۱) تھیٹر کے اسٹیج پر کام کرنیوالا آدمی ۔ (۲) سنیما اسٹوڈیو کا وہ بجلی مستری جو روشنیوں کا انتظام کرتا ہے اور مناظر فلمانے کے وقت کنٹرول بورڈ پر کام کرتا ہے ۔ (۳) اسٹاک اکسچنج کا وہ شخص جو خرید و فروخت کا کاروبار کرتا ہے ۔

Board 's report : (n) (تجارت) بورڈ کی رپورٹ ۔

Boardy : (a) سخت ؛ کڑا ۔

Boarish : (a) سور کے متعلق ؛ سور سے مشابہ یا سور کا ۔

Boarishly : (adv) وحشیانہ طریقہ سے ؛ بے رحمی سے ؛ نفس پرستی سے ۔

Boarishness : (n) شہوت پرستی سے ؛ بے رحمی سے ؛ وحشت ۔

Boar's ear : (n) Bear's ear کی بگڑی ہوئی شکل ؛ ایک قسم کا پودا ۔

Boar's foot : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Boar's head : (n) سور کا مسلم سر جو بڑے دن یا کسی اور تیوھار میں بکتا ہے ۔

Boast : (n) [ME."bost"] شیخی ؛ لن ترانی ؛ لاف زنی ؛ بڑائی ؛ ڈینگ ؛ مایہ فخر ؛ تہدید آمیز عمل ۔

Boast : (v) [ME."bosten"] ڈینگیں مارنا ؛ شیخی بگھارنا ؛ خود ستائی کرنا ؛ بڑ ھانکنا ؛ کسی چیز کی ملکیت پر فخر کرنا ؛ (نفسیات و فلسفہ) شیخی ۔

Boast : (v) (۱) (معماری) ھتھوڑا اور چھینی سے پتھر کو تراشنا ۔ (۲) (مجسمہ سازی ، سنگ تراشی) خاکہ بنانا (تفصیل سے پہلے) ۔

Boasted : (a) اسکواش کھیل میں کنارے کی دیوار پر گیند کو مار کر واپس دینا ۔

Boasted : (a) فخر کیا ہوا ۔

Boaster : (n) شیخی باز؛ ڈینگیل ؛ شیخی خورہ ۔

Boaster : (n) سنگ تراشی کی ایک چوڑی چھینی ۔

Boastful : (a) شیخی باز؛ شیخی خورہ ؛ پرلاف و گزاف ۔

Boastfully : (adv) شیخی سے ؛ لاف زنی ؛ تفاخر سے ؛ ڈینگ مار کر ۔

Boastfulness : (n) شیخی ؛ تفاخر؛ لن ترانی ؛ ڈینگ ؛ خود نمائی ۔

Boastingly : (adv) شیخی سے ؛ ڈینگ سے ۔

Boat : (n) [OE."bat"] (۱) ناؤ ؛ نواڑہ ؛ کشتی ؛ سفینہ ؛ دُخانی کشتی ۔ (۲) ڈاک کی کشتی ۔ (۳) ڈونگی (کشتی نما برتن جس میں چٹنی وغیرہ رکھی جاتی ہے) ۔ (٤) آب دوز کشتی ۔

Incense boat : لوبان دانی ۔

Platinum boat : پلاٹینمی کشتی ۔

Sauce boat : چٹنی کا برتن ۔

Ship's boat : جہاز پر کی کشتی (ان کشتیوں میں سے جو ہر وقت جہاز پر خاص وقت کے لئے رکھی جاتی ہیں) ۔

To be in the same boat : ایک ہی ناؤ میں سوار (ایک ہی مصیبت میں گرفتار) ۔

To have oar in everyone's boat : ہر جگہ ٹانگ اڑانا ۔

To sail in the same boat: ایک ہی کشتی کے سوار ہونا ؛ مل کر کام کرنا ۔

To take boat : کشتی میں سوار ہونا ۔

Boat : (v) (۱) کشتی میں رکھنا ؛ کشتی میں لیجانا ؛

کھینا - (۲) مال بردار کشتی چلانا -

To boat the oars : کھینا بند کرکے پتواروں کو ؛ پتواروں کو کشتی میں ڈال دینا -

Boat-cloak : (n) وہ لمبا لبادہ جو کام کرتے وقت بحری افسر پہنتے ہیں -

Boat fly : (n) ایک دریائی کیڑا -

Boat-hook : (n) بڑا ڈنڈا جس میں کانٹا اور کیل لگی ہو اور جو کشتی کو مقررہ مقام سے لیجانے یا لانے میں استعمال ہوتا ہے -

Boat-house : (n) کشتی گھر ؛ ناؤ گھر (دریا کے کنارے) -

Boat-insect : (n) دیکھو Boat fly

Boat-note : (n) (تجارت) کشتی نوٹ -

Boat race : (n) ناؤ دوڑ ؛ اس کا اطلاق خصوصاً آکسفورڈ اور کیمرج یونیورسٹیوں کی نوکا دوڑ پر ہوتا ہے -

Boat shell : (n) ایک قسم کا صدف یا گھونگا -

Boat slide : (n) وہ دوہری ڈھالو سطح جس پر کشتی کھینچ کر لے جاتے ہیں -

Boat tail : (n) ایک قسم کا پرندہ -

Boat train : (n) وہ ریل گاڑی جس کا میل جہاز سے ہو -

Boat truck : (n) پہئے دار ٹھیلا جو اسٹیج پرسے چیزیں ادھر اُدھر کرنے میں کام آتا ہے -

Boat-woman : (n) ملاحن ؛ ناؤ والی ؛ کشتی والی -

Boatable : (a) کشتی رانی کے قابل -

Boatage : (n) کشتی کا کرایہ ؛ کشتیانہ -

Boatbill : (n) جنوبی امریکہ کا بگلا جس کی چونچ کشتی نما ہوتی ہے -

Boater : (n) (۱) اسٹرا ہیٹ (Straw hat) جو مرد پہنتے ہیں - (۲) لاف زن ؛ فخر کرنے والا -

Boatful : (a) ناؤ بھر ؛ بھر ناؤ -

Boating : (a & n) کشتی رانی ؛ کشتی رانی کا عادی -

Boatload : (n) کشتی بھر ؛ بے حساب ؛ لاتعداد -

Boatman : (n) ناؤ والا ؛ کشتی والا ؛ ملاّح -

Boatmanship : (n) کشتی رانی میں مہارت -

Boatswain : (n) بڑا ملاح ؛ صدر ملاح ؛ کشتی کے عملے کا سردار -

Boatswain-bird : گرم علاقوں کی ایک چڑیا جس کی آواز صدر ملاح کی سیٹی کی سی ہوتی ہے -

Boatswain's mate : (n) صدر ملاح کا معاون -

Bob : (n) [unknown origin] (۱) لٹکا ؛ لٹکن ؛ پتنگ کا جھل جھل - (۲) بالوں کی لٹ ؛ مرغولہ ؛ پٹّے - (۳) گھوڑے کی کٹی ہوئی دم - (٤) سہاول ؛ شاقول - (٥) (عروض) ترجیع بند کا آخری مصرع یا بول ؛ مستزاد کا آخری چھوٹا مصرع ؛ انگریزی نظم میں کسی لمبے مصرعوں کے بعد ایک چھوٹا مصرع - (٦) ایل مچھلی پکڑنے کے لئے چیزوں کا گچھا(گُندھا ہوا یا بُنا ہوا) - (۷) مٹھے کے قسم کی کوئی چیز -

To bear a bob : سہ گانے میں مل کر گانا -

Bob : (n) دستک -

Dry bob : وہ ضرب جس سے چمڑا نہ پھٹے -

Bob : (n) (۱) اچھل کود ؛ ناچ - (۲) اسکاٹ لینڈ کا ایک ناچ - (۳) زنانہ کورنش ؛ تعظیم جو گھٹنوں کو خم دے کر کیجا ئے -

Bob : (n) گھنٹے بجانے میں سروں کا تغیر ؛ اچھال ؛ اچھلنا ؛ جھٹکا -

Bob : (n) دھات کی جھلکاتی ہوئی سطحوں کو پالش کرنے کا ایک آلہ -

Bob : (n) "رابرٹ" کا پیار سے پکارا جانیوالا نام -

Dry Bob : ایٹن کا طالب علم جو میدانی کھیل کھیلتا ہے -

Wet Bob : ایٹن کا وہ لڑکا جو کشتی رانی کرے ۔

Light Bob : انفینٹری کا سپاہی ۔

Bob : (n) (عامیانہ) شلنگ ۔

Bob : (a) [Bob in "bobtail"] (۱) ترشا ہوا ؛ کٹا ہوا ۔ (۲) عمدہ ۔

Bob : (v) [ME."boben"."bobben"prh. echoic] (۱) کھٹ کھٹ کرنا ؛ کھٹکھٹانا ؛ جھٹکا دینا ۔(۲) مٹھی کی ایسی چیز سے ضرب لگانا ۔ (۳) اچھلانا ۔

Bob : (v) [App. echoic] (۱) اوپر نیچے حرکت کرنا ؛ ناچنا۔ (۲) جھٹکے سے اوپر نیچے حرکت دینا ۔ (۳) زنانہ کورنش بجا لانا ۔

To bob a curtsy : زنانہ کورنش بجا لانا ۔

To bob for apple / cherries, etc : لٹکتے ہوئے یا پانی پر بہتے ہوئے پھل کو منہ سے پکڑ لینا ۔

To bob up like a cork : شکست کے بعد پھر میدان میں آنا ۔

Bob : (v) گل میں کیچوئے لگا کربام مچھلی کا شکار کرنا ۔

Bob : (v) (۱) گھوڑے کی دم تراشنا ۔(۲) بال اس طرح تراشنا کہ وہ کاندھے تک رہے ۔

Bob : (adv) جھٹکے سے ؛ جھٹکا دے کر ۔

Bob balance : (n) گوندنے والا ترازو ۔

Bob-cherry : (n) بچوں کا ایک کھیل ۔

Bob curl : (n) طرہ کی طرح چھوٹا گھونگر ۔

Bob fly : (n) (مچھلی پکڑنے کا) تریرا/تریگنا/ٹونا ۔

Bob jerom : (n) چھوٹی لٹوں والے نقلی بال ؛ چھوٹی لٹوں کا وگ ۔

Bob pendulum : (n) گوندہ والا لٹکن ۔

Bob periwig : (n) نقلی بالوں کا گچھا ۔

Bob peruke : (n) نقلی بالوں کا گچھا ۔

Bob-sled / Bob sleigh : (n) برف پر پھسلنے والی دو بے پہیے کی گاڑیاں ایک میں بندھی ہوئی ، جس پر لتھےلاد کر لے جاتے ہیں ؛ ایک لمبی برف پر پھسلنے والی گاڑی جو آلپ پہاڑوں پر کھیل میں استعمال ہوتی ہے ۔

Bob-stay : (n) وہ رسی جو جہاز کی اگلی نوک کو تھامے رکھے ۔

Bob-tail : (n) (۱) کٹی دم ؛ دُم کٹا کتا یا گھوڑا ؛ لنڈورا دم کٹا ۔(۲) کوئی چیز جو مختصر کی گئی ہو ۔(۳) مسلح فوج سے بے عزتی کے ساتھ برطرفی ۔ (٤) وہ موٹر ٹرک جس کا پہیا چھوٹا ہو ۔

Tag, rag and bob-tail : مجمع ؛ بھیڑ ؛ قلی کباڑی ۔

Bob-tail : (a) مختصر ؛ ناقص ۔

Bob-tailed : (a) دم کٹا ؛ ناقص ؛ مختصر ۔

Bob-white : (n) شمالی امریکہ کا ایک تیتر ۔

Bob-wig : (n) چھوٹی لٹوں والے مختصر بال ۔

Bobac : (n) [pol.] (کھود کر) زمین کے اندر رہنے والی گلھری ۔

Bobadil : (n) تیس مار خاں ؛ ڈینگیل ؛ ڈینگیں مارنے والا ۔

Bobadilian : (a) شیخی باز ۔

Bobadilish : (a) شیخی باز ۔

Bobadilism : (n) شیخی بازی ۔

Bobbed : (a) ترشا ہوا ؛ کٹا ہوا ؛ لٹکن لگا ہوا ۔

Bobber : (n) (۱) تریرا ۔(۲) یار ؛ دوست ۔ (۳) کیچوا لگا کر بام مچھلی کا شکار کرنیوالا ۔

Bobbery : (n) [Anglo-Indian repr. Hindi "Bap re!"] شورو غل ؛ ہنگامہ ۔

Bobbin : (n) [F."bobine"] (۱) چرخی ؛ ریل چٹخنی یا بلی مع اس کی ڈوری کے ؛ پھرکی ؛ پریتا ؛ قرقرہ ؛ بابن ۔(۲) وہ ریل جس کے اوپر برقی تار لپٹا ہو ۔(۳) وہ پتلا فیتہ جو

لباس کی سجاوٹ کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Bobbin : (v) بوبن پر تاگہ چڑھانا ۔

Bobbin lace : (n) تکیہ پر بابن کے ذریعہ لیس لگایا ھوا ۔

Bobbin-net / bobbinet : (n) مشین سے بنایا ھوا سوتی جال ۔

Bobbin winder : (n) بابن پر تاگا چڑھانے کا پرزہ ۔

Bobbing : (n) پیٹنا ؛ چوٹ پہنچانا ؛ اوپر نیچے حرکت کرنا ؛ ناچنا ؛ زنانہ کورنش بجا لانا ؛ کیچوا کے ذریعہ مچھلی پکڑنا ۔

Bobbish : (a) بھلا چنگا ؛ پھرتیلا ؛ اچھا ؛ خوش طبع ؛ خوش حال ؛ ترنگ میں ۔

Bobbishly : (adv) خوش مزاجی سے ترنگ سے ؛ پھرتی سے ؛ خوش حالی سے ۔

Bobby : (n) لندن کی پولیس کا عرف نام ۔

Bobolink : (n) [app. Bob Lincoln , or Bob O'Lincoln : echoic] شمالی امریکہ کی گانے والی ایک چڑیا ۔

Bobtail : (v) (۱) دم کاٹ لینا ۔
(۲) (مجازاً) مختصر کرنا ۔

Bocage : (n) [OF."boscage"] جنگلی علاقہ / سر زمین ۔

Bocal : (n) [mod. Fr. and Sp.] شیشے کی بوتل ؛ شیشے کا مرتبان جس کی گردن چھوٹی اور چوڑی ھو ۔

Bocardo / Bokardo : (n) دیکھو Barbara

Bocarella : (n) [dim of prec.] شیشہ پگھلانے کی بھٹی کے دہانے کے دونوں طرف کے چھوٹے چھوٹے سوراخ ۔

Bocasin : (n) [Turk."boghasi"] باریک بکرم ۔

Bocca : (n) [It.] شیشہ پگھلانے کی بھٹی کا گول سوراخ جس سے اس میں پگھلانے کے برتنوں کو رکھا یا نکالا جاتا ھے ؛ کوہ آتش فشاں کا دہانہ ۔

Boche : (n) [Fr.] (عامیانہ تحقیراً) جرمنی کا باشندہ ۔

Bockey : (n) [dim. of Du."bokaal"] کدو سے بنایا ھوا پیالہ ۔

Bocking : (n) [f."Bocking"in Essex"] موٹا اونی کپڑا ۔

Bode : (n) [OE."boda"] نقیب ؛ حاجب ؛ قاصد؛ پیام بر؛ منادی ۔

Bode : (n) [OE."boda"] نیلام کی بولی ۔

Bode : (v) [OE."bodian"] اچھے برے شگون ھونا ؛ آئندہ کی حالت بتانا ؛ پیشین گوئی کرنا ؛ خبردار کرنا ۔

Bodeful : (a) برے شگون والا ؛ منحوس ۔

Bodega : (n) [Gr."amotheke"] شراب کی دکان ؛ شراب کا گودام ۔

Bodement : (n) پیش گوئی ؛ شگون ؛ فال ۔

Boden : (a) تیار کیا ھوا ؛ ملبوس ۔

Boder : (n) ھوشیار/ خبردار کرنے والا ۔

Bodeword : (n) پیش گوئی ۔

Bodge : (n) ایک بھدّا پیوند ؛ خراب پیوند؛ بگڑا کام ۔

Bodge : (v) بھدّے طریقے سے مرمّت کرنا یا پیوند لگانا ۔

Bodger : (n) بھدّا پیوند لگانیوالا ؛ خراب کام کرنیوالا ۔

Bodice : (n) [var. of "bodies"] کُرتی ؛ یوروپی شلوکہ ؛ چھوٹے کپڑے ؛ چولی ۔

Bodied : (a) ذی جسم ؛ جسم والا ؛ مجسم (خاص طور پر مرکّب لفظوں میں مثلاً (able-bodied) ؛ قوت والا ؛ قوی ؛ ذی وجود ؛ ذی جسد ۔

Bodiless : (a) بے جسم ؛ جسم سے علاحدہ ؛ غیر مجسم ؛ بے وجود ۔

Bodilize : (v) مادہ دار بنانا ۔

Bodiliness : (n) جسمانیت ۔

Bodily : (a) جسمانی ؛ طبعی ؛ جسدی ۔

Bodily : (adv) جسماً ؛ جسداً ؛ بذاتہ ؛ شخصاً ؛ پورے کا پورا ؛ کلاً ؛ جمعاً ؛ (حیوانیات) جسمانی ؛ جسمی ۔

Bodily injury : (n) جسمانی چوٹ یا زخم ؛
(تجارت) جسمانی چوٹ ۔

Bodily injury liability insurance : (a) (تجارت) جسمانی نقصان
ذمہ داری بیمہ ۔

Bodkin : (n) (۱) سوجا ؛ ستاری ؛ سوا ؛ ستالی ؛ ٹکوا ۔
(۲) لمبی ھیر پن / بال کا کانٹا ۔
(۳) دو آدمیوں کی جگہ پر تیسرا گھس کر
بیٹھا ھوا آدمی ۔ (٤) (طباعت.) ستالی کی
قسم کا آلہ جس سے جمے ھوئے حروف میں
سے کوئی حروف نکالا جاتا ھے ۔

To ride or sit bodkin : دو شخصوں کے درمیان
گھس کر دب کر بیٹھنا ۔

Bodkin / Bodkinize : (v) دو شخصو ں کے درمیان
گھس کر دب کر بیٹھنا ۔

Bodle : (n) [f.a mint-master "Bothwell"] اسکاٹ لینڈ کا
تانبے کا ایک سکّہ ؛ سب سے چھوٹا سکّہ ۔

Bodleian : (n) [f. Sir Thomas Bodley] (۱) اس کتاب خانے کا
یا اس سے متعلق جو سر تھامس بوڈلین کے
نام پر قائم ھوا تھا ۔
(۲) آکسفورڈ یونیورسٹی کا کتب خانہ ۔

Body : (n) [OE."bodiz"] (۱) مادی وجود ؛
دھڑ (جہاز وغیرہ کا) ؛ ڈھانچہ ؛ دھڑ کا
لباس جیسے شلوکا ۔ (۲) اصل دستاویز یا
اصل مضمون (یعنی تمہید کو خارج کرکے)
مدون قانون ؛ متن کتاب ۔ (۳) اکثریت ۔
(٤) آدمی ؛ شخص ؛ فرد ؛ جماعت یا گروہ ؛
انجمن ؛ لیگ ؛ قومی جمیعت ؛ مجموعہ ؛
مجمع ۔ (٥) جسم کا جرم (فلکی) ۔ (٦) مقدار۔
(۷) شئے محسوس ؛ شئے مرئی ۔ (۸) تنہا ۔
(۹) لاش ۔ (۱۰) عشائے ربانی کی روٹی ۔
(۱۱) اصل حصہ ۔ (۱۲) (ٹائپ سازی) ٹائپ
کا سائز ۔ (۱۳) (قانون) از روئے قانون
کوئی فوضی شخص ۔ (۱٤) برادری ۔
(۱٥) (علم اقلیدس) ٹھوس ۔ (۱٦) علم کیمیا ؛
معدنیات ۔ (۱۷) مادہ ۔ (۱۸) ظرف سفالین
(مٹی کا برتن) ۔ (۱۹) معنی ؛ مطلب ۔
(۲۰) لیمپ کا ھولڈر ۔ (۲۱) بنیادی جزو یا
عنصر ۔

Astral body : (انسان کا) نورانی پیکر ؛ نسمہ ؛
(فلسفہ و نفسیات) نورانی پیکر ۔

Casual body : (فلسفہ و نفسیات) علتی جسم ۔

Celestial body : جماعت سماوی ؛
(ریاضیات) فلکی جسم ۔

Compound body : عناصر کے مرکبات ۔

Corporate body : منظم جماعت ؛
(فلسفہ و نفسیات) تسلیم شدہ جماعت ۔

Heavenly bodies : اجرام فلکی ۔

Heavenly body : (ریاضیات) سماوی جسم ۔

Heir of the body : وہ وارث جو مستقیماً
نسل میں سے ھیں ۔

Rigid body : سخت جماعت ؛ سخت گیرانہ
جماعت ؛ (ریاضیات) استوار جسم ۔

Simple bodies : کیمیاوی عناصر ۔

Solid body : مستحکم جماعت ؛
(ریاضیات) ٹھوس جسم ۔

The body of Christ : وہ کلیسا جس کے سردار
حضرت عیسیٰ علیہ السلام ھیں ۔

The body politic : قوم ؛ ریاست ؛ مملکت ۔

To keep body and soul together : برے بھلے گذر کرنا ۔

Wine of good body : جوھر ؛ اصل مادہ ۔

Body : (v) (۱) خارجی شکل میں ظاھر کرنا ۔
(۲) مجسم کرنا ؛ تجسیم ۔ (۳) تصور میں لانا ۔
(٤) مثال یا نمونہ ھونا ۔

To body forth : (۱) خارجی حقیقت بنا کر نمائش کرنا ۔
(۲) جسمانی شکل دیکر نمائندگی کرنا ۔

Body cavity : (v) جسمی خلا ؛ جوف ؛ (حیوانیات) جسمی
کہفہ ۔

Body-centred cubic structure : جسم مرکزی مکعب ساخت ۔

Body-centred lattice : جسم مرکزی جالی ۔

Body chamber : (n) گھونگے کا باھری اور سب سے
بڑا خانہ ۔

Body cloth : (n) گھوڑے کا جھول ۔

Body coat : (n) چست کوٹ ۔

Body colour : (n) غیر شفاف رنگ ۔

Body corporate: (n) (تاریخ و سیاسیات) جماعت بمنزلہ فرد ؛ (تجارت) ادارہ کارپوریٹ ۔

Body-guard : (n) ذاتی محافظ ؛ باڈی گارڈ ۔

Body heat : (n) (۱) شہوت ؛ مستی (جانور کی) ۔ (۲) حرارت غزیزی ؛ طبعی حرارت ۔

Body - hood : (n) جسمانیت ؛ جسد داری ہونا ۔

Body hoop : (n) لکڑی کے متعدد ٹکڑوں سے بنے ہوئے مستول کے ککر کے ٹکڑوں کو تھامنے والا حلقہ ۔

Body image : (n) اپنی ظاہری شکل و صورت کی خیالی تصویر جو انسان خود اپنے ذاتی مشاہدے یا دوسروں کے رد عمل سے بناتا ہے ۔

Body lifter : (n) ایسا شخص جو جراحی کے لئے لاش قبروں سے نکال لے ؛ مردہ چور؛ لاش چور؛ نبّاش ۔

Body line bowling : کرکٹ میں تیز گیند پھینکنا کہ کھلاڑی کے leg side میں گرے ۔

(١٢) اخبار میں وہ جگہ جہاں کوئی اہم خبر شائع ہوتی ہے اورجسے چاروں طرف سے حاشیے سے گھیر دیتے ہیں یا سادہ چھوڑ دیتے ہیں ۔(١٣) پمپ کی پسٹن ؛ کھل مندن کا بکس ۔(١٤) (چھاپہ خانہ) ٹائپ کیس کا ایک خانہ ۔(١٥) چھوٹی سی کٹیا مثلاً وہ جگہ جہاں سے شکار کرتے ہیں ؛ شکاری بنگلہ ۔(١٦) قیمتی نگینوں کو جڑنے کی جگہ ۔(١٧) (بیس بال میں) وہ جگہ جہاں پر گیند پھینکنے والا کھڑا ہوتا ہے ۔ (١٨) ایک قسم کا کھیل ۔(١٩) مشکل حالات ۔ (٢٠) تاش رکھنے کا وہ ڈبہ جس میں سے ایک ایک پتہ نکلتا ہے ۔(٢١) وہ نشست گاہ جہاں سے دیکھنے میں آسانی ہو ۔

To be in the wrong box : غلطی پر ہونا

Box : (n) [ME. perh. echoic] طمانچہ ؛ ضرب ؛ گھونسا (کان یا کنپٹی پر)۔

Box : (v) (١) صندوق وغیرہ میں رکھنا ؛ صندوق وغیرہ مہیا کرنا ؛ خانوں میں تقسیم کرنا ۔ (٢) کوئی چیز یا دستاویز عدالت میں داخل کرنا ۔(٣) کسی درخت کے تنے میں سوراخ بنانا جس سےعرق یا گوند جمع ہو ۔ (٤) کرسمس کے موقع پر تحفہ دینا ۔ (٥) تختے سے گھیر کر کوئی شکل بنانا ۔ (٦) (آسٹریلیا) خلط ملط کردینا ؛ ملانا ۔

(۷) مخالف یا حریف کو گھیر لینا ۔ (۸) مٹی کے برتن کا آوا میں سجانا ۔ (۹) کسی خاص نمبر پر بازی لگانا ۔ (۱۰) (عامیانہ) سنتری کو مع اس کی کاٹھ کوٹھری کے الٹ دینا ۔

To box the compass : (۱) (جہازرانی) کمپاس کے ۳۲ نقطے کے ناموں کو ترتیب سے یا بالعکس دہرانا ۔ (۲) (مجازاً) کوئی رائے یا پالیسی کو مکمل طور پر بدل دینا ۔

To box about : جہاز کو رخ بدل کر آگے پیچھے لے جانا ۔

To box off : جہاز کو پیندے پر گھمانا ۔

To box up : ٹھونسنا ؛ لادنا ۔

Box : (v) گھونسے بازی کرنا ؛ تھپڑ مارنا یا مکّہ بازی کرنا ؛ ہاتھ سے مارنا (خاص کر منھ گال وغیرہ پر) ۔

Box and cocks : باری باری ۔

Box balance : (n) (تجارت) پیٹی بقایا ۔

Box-barrow : (n) وہ ٹھیلا جس کے کنارے سیدھے ہوں ؛ بکس کے مانند ٹھیلا ۔

Box-beam : (n) دوہرے جوڑ پٹی والا آہنی شہتیر ۔

Box-berry : (n) ایک قسم کی سدا بہار سبز جھاڑی ۔

Box-calf : (n) رنگین کمائی ہوئی بچھڑے کی دانہ دار کھال جو آپس میں کانٹوں والی خطوں سے بنائی جاتی ہے ۔

Box-camera : (n) وہ فوٹو کیمرہ جو بکس کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Box-car : (n) ایک مال بردار بند گاڑی ۔

Box-chronometer : (n) بحری گھڑی جو کمپاس کے مانند ہو ۔

Box-cloth : (n) زین یا موٹا کپڑا ۔

Box-coat : (n) وہ بھاری لبادہ جو گاڑی چلانے کے وقت پہنا جاتا ہے ۔

Box-coupling : (n) دو دُھروں کا جوڑ والا آہنی پرزہ ۔

Box-crab : (n) ایک قسم کا کیکڑا جو بیٹھنے پر بکس کے مانند ہو جائے ۔

Box-drain : (n) چوکور موری ؛ نالی ۔

Box-elder/-alder : (n) ایک قسم کا درخت جو مشرقی اور وسطی امریکہ میں بکثرت پایا جاتا ہے ۔

Box-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Box-girdir : (n) آہنی شہتیر جس کے کنارے جڑے ہوئے ہوں ۔

Box-grave : (n) (اثریات) صندوق نما قبر ۔

Box-haul : (v) جہاز کو پیندے پر گھمانا (جگہ کی قلت کی وجہ سے) ۔

Box-heading : (n) (سماجیات) خانے کی سرخی ۔

Box-holly : (n) ایک قسم کی سدابہار سبزجھاڑی یا پودا ۔

Box-iron : (n) استری کا ڈبہ ۔

Box-keeper : (n) تھیٹر کے خاص درجے کا ملازم ۔

Box-kite : (n) بے دم کی پتنگ جو زیادہ تر محکمہ موسمیات میں استعمال ہوتی ہے ۔

Box-metal : (n) دھاتوں کا ایک کسکٹ جو مشین کے بیرنگ بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Box office : (n) (۱) ناٹک کا ٹکٹ گھر ۔ (۲) کامیاب ؛ مقبول عام ؛ پر کشش ۔

Box-pleat : (n) تھان کی دوھری تہ ۔

Box-pleated : (a) دوھرا کیا ہوا تھان ۔

Box-pleating : (n) تھان کو دوھرا کرنا ۔

Box-room : (n) صندوق گھر؛ بکس رکھنے کا کمرہ ؛ توشہ خانہ ؛ (تجارت) صندوق خانہ ۔

Box-set : (n) اسٹیج کی ایسی ترتیب جس میں تین دیواریں اور چھت ہوتی ہے ۔

Box slater : (n) (کچھوے کی طرح کا) سخت پشت دریائی جانور ۔

Box sleigh : (n) بکس کے مانند برف پر چلنے والی گاڑی ۔

Box-social /-sociable /-party /-supper : (n) چندہ جمع کرنے کا معاملہ جس میں عورتیں بکس میں کھانا تیار کر کے لاتی ہیں اور وہ بکس نیلام کیا جاتا ہے، سب سے بڑی بولی دینے والے کو تیار کرکے لانے والے کے ساتھ شرکت کرکے کھانا پڑتا ہے ۔

Box spaner : (n) مارتول؛ وہ خانہ جس سے ڈھبری کھولتے یا کستے ہیں ۔

Box-thorn : (n) ایک قسم کی سدا بہار سبز جھاڑی یا پودا ۔

Box-tortoise / turtle : (n) (۱) ایک قسم کا کچھوا ۔ (۲) (مزاحاً) خاموش آدمی ؛ کم سخن ۔

Box-tree : (n) وہ درخت جو سدا سبز رہتا ہے اور اس کی لکڑی علم ہندسہ کے اوزار بنانے میں کام آتی ہے ۔

Box-wagon : (n) کھلے خانے والی گاڑی جس میں سیٹ ہو یا نہ ہو ۔

Box-wallah : (n) بساطی ۔

Boxen : (a) باکسن درخت کا یا اس سے متعلق ۔

Boxer : (n) (۱) بکس میں بند کرنے والا ۔ (۲) عرق یا گوند جمع کرنے کے لئے درختوں میں سوراخ کرنے والا ۔

Boxer : (n) مکہ باز ۔

Boxer : (n) چین کی خفیہ انجمن کا رکن ۔

Boxer : (n) (۱) نیچے چندیا والی سخت نمدہ کی ٹوپی ۔ (۲) ایک قسم کا اوسط قد اور چھوٹے بال والا کتا ۔

Boxful : (n) بکس بھر؛ بھر بکس ۔

Boxiana : (n) مکہ بازی ؛ (باکسنگ) کے متعلق یاد داشتیں ۔

Boxing : (n) (۱) ایک مستطیل نما غلاف ۔ (۲) بکس میں رکھنا یا بکس مہیا کرنا ۔ (۳) عدالت میں تحریری بحث داخل کرنا ۔ (٤) جہاز کو پیندے پر گھمانا ۔ (٥) بکسوں کا بنا ہوا کوئی ڈھانچہ ۔ (٦) (جہازسازی) ہموار جوڑ ۔ (۷) کھڑکی کے دونوں جانب والا وہ کھڈا جس میں تہ ہونے والی کواڑیں سما جائیں ۔ (۸) چھاننے میں نکلا ہوا چوکر ۔ (۹) جوتے کی نوک کو سخت کرنے والی کوئی چیز ۔ (۱۰)گدے (کوشن) کے اوپر اور نیچے کے کپڑے کو جوڑنے والا چاروں طرف موٹائی میں لگا ہوا کپڑا ۔

Boxing : (n) مکوں سے حملہ کرنے اور مدافعت کرنے کا فن (بطور کھیل) ۔

Boxing day : (n) (علاوہ اتوارکے) کرسمس کے بعد کا پہلا دن جس میں چھٹی ہوتی ہے اور تحفے دیئے جاتے ہیں ۔

Boxing glove : (n) مکہ بازی میں مستعمل موٹا گدے دار دستانہ ۔

Boxing instructor : (n) اتالیق مکہ بازی ؛ باکسنگ انسٹرکٹر ۔

Boxwood : (n) Box-tree کی لکڑی جو علم ہندسہ کے آلات بنانے میں کام آتی ہے ۔

Boy : (n) [ME.] (۱) لڑکا ؛ طفل طبع شخص ؛ بالک ؛ چھوکرا ؛ لونڈا ۔ (۲) نوکر؛ غلام ؛ مزدور (محکوم اقوام کے) ۔ (۳) ترکیب میں کم سنی اورتذکیر کے اظہار کے لئے ۔ (٤) کسی جماعت یا برادری کا رکن ۔

(٥) معشوق ؛ عزیز۔ (٦) طالب علم ؛ شاگرد ۔ (۷) کسی خاص مقام کا باشندہ ۔ (۸) (عامیانہ) کسی خاص پیشہ یا وصف یا عقیدے یا فرقے کی جماعت (طنزیہ طور پر) ۔ (۹) دوست ؛ یار ۔ (۱۰) کسی کمتر قوم کا فرد ۔

Old, my, boy : بےتکلفی میں مخاطب کرنے کا جملہ ؛ ارے میاں ؛ ارے یار وغیرہ ۔

The boy : (عامیانہ) شیمپین شراب ۔

The old boy : شیطان ۔

Yellow boys : اشرفیاں ۔

Boy : (v) بچّہ بن جانا ؛ طفلانہ حرکت کرنا ؛ کسی کو Boy کہ کر پکارنا ؛ زنانہ پارٹ (تھیٹر میں) ادا کرنا ؛ لونڈا مہیا کرنا ۔

Boy-bishop : وہ لڑکا جسے اس کے دوست St. Nicholas Day سے لیکر Innocent Day تك اسقف کا پارٹ ادا کرنے کے لئے انتخاب کرتے ہیں ۔

Boy-friend : (n) عاشق ؛ یار ؛ دوست ۔

Boy-scout : (n) اس جماعت کا رکن جس کا منشا یہ ہےکہ لوگوں میں حوصلہ مندی اور خدمت خلق کا مادہ یا جذبہ پیدا کیا جائے ۔

Boyar /Boyard : (n) [Russ."boyarin"] روس کے امراء کا ایک طبقہ جسے خاص حقوق حاصل تھے اور جو درجہ میں شہزادوں کے بعد ہوتے تھے جس کا Peter the Great نے خاتمہ کردیا ؛ (تاریخ) بڑا زمیندار(دور متوسط کے روس کابڑا زمین دار)۔

Boyardism : (n) نوابی ۔

Boyau : (n) [OF "boel"] کسی خندق کی شاخ ؛ ٹیڑھا میڑھا راستہ ؛ توپ خانے کے پیچھے کا صندوق ؛ کسی کان کا چھوٹا گلیارا ۔

Boycott : (v) [f.Captain Boycott,the original victim of the treatment] مقاطعہ کرنا (کسی شخص سے) ؛ ملنا جلنا، کاروبار سب چھوڑ دینا ؛ عدم تعاون کرنا ؛ (سماجیات) حقہ پانی بند کرنا ۔

Boycott : (n) عدم تعاون ؛ مقاطعہ ؛ بائیکاٹ ۔

Boycotter : (n) عدم تعاون کرنیوالا ؛ مقاطعہ کرنیوالا ۔

Boycotting : (n) مقاطعہ ۔

Boycottism : (n) تحریک عدم تعاون ۔

Boyer : (n) [Du."boeijer "] ایک چھوٹی بلجیکی بادبانی کشتی ۔

Boyg : (n) [Norw.] غیر متعین یا نافذ رکاوٹ ؛ مسئلہ یا دشمنی ۔

Boyhood : (n) لڑکپن ۔

Boyish : (a) (۱) لڑکے یا لڑکپن سے متعلق ۔ (۲) طفلانہ ؛ جوشیلا ۔

Boyishly : (adv) طفلانہ طریقے سے ؛ بچکانہ طورسے ۔

Boyishness : (n) لڑکپنا ؛ لڑکا پن ۔

Boyism : (n) (۱) طفولیت ؛ بالکپن ؛ لڑکپن ۔ (۲) بچکانا خیال یا طریقہ اظہار ۔

Boyla : (n) [Native name in Australia] ایک مقامی جادوگر۔

Boyle's law : (n) (طبیعیات) بوائل کا قانون ۔

Boyle temperature : (n) (طبیعیات) بوائل تاپ ۔

Boys and Girls : (n) ایک قسم کی امریکی گھاس ۔

Boy's love : (n) Southern wood پودوں کی ایک قسم ۔

Boyo : (n) [Boy + o] لڑکا ؛ شخص ۔

Boyuna : (n) [Tupi"boi-una"] شری لنکا کا ایک بے ضرر سانپ ۔

Boza / Bosa : (n) [Turk.] عربوں اور مصریوں کی ایک شراب مثل بیئر کے ۔

Bozo : (n) [Origin unknown] شخص ؛ مردک ۔

Bozzetto : (n) [It. dim of "bozzo"] کسی بڑے مجسمہ کے لئے مٹی کا چھوٹا خاکہ ۔

Brab : (n) [Corruption of Pg"brava"] چوڑے پتوں کی کھجور جو ہندوستان اور لنکا میں ہوتی ہے جس سے چٹائی بنائی جاتی ہے؛ بوریا کھجور ؛ پنکھیا کھجور ۔

Brabant : (n) [f. the name of the Duchy] ایک بلجیکی ادنا سکے کا نام جو غلطی سے پڑگیا تھا ۔

Brabble : (n) ایک معمولی پرشور جھگڑا ؛ ناموزوں بھڑبھڑاہٹ / چڑچڑاھٹ ۔

Brabble : (v) لڑائی جھگڑا کرنا ؛ معمولی باتوں پر لڑنا جھگڑنا ؛ تو تو میں میں کرنا ۔

Braccate : (a) [L."brac (c)atus"] وہ جس کی ٹانگیں پروں میں بالکل ڈھکی ہوں ۔

Braccio : (n) [It.] دو فٹ کے برابر لمبائی ناپنے کا اٹلی کا پیمانہ ۔

Brace : (n) [L."brac (c)hia"] (۱) تسمہ ؛ بکسوئے جیسی چیزیں ۔ (۲) پتلون کے تسمے ۔ (۳) طبلے ، ڈھولک کے سر ٹھیک کرنے کی ڈوری ؛ تناؤ ۔ (٤)بگھی کی کمانی کے تسمے جن پر گاڑی کا ڈھانچہ معلق رہتا ہے۔ (۵) چھرے دار قوس ۔ (٦) جوڑا ؛ جفت ۔ (۷) قینچی ۔ (۸) آڑ (مکان کی) ۔ (۹) پیچ برما ؛ دھات کا وہ تسمہ جو پچھلے ستون اور تہ کے تختے پر بولٹ اورپیچ کے ذریعے

لگے ہوں ۔ (۱۰) دھوکا دینے والی چڑیوں کی بندھن ۔ (۱۱) وہ علامت ({) جو لکھنے میں یا طباعت کرنے میں دو یا زیادہ سطروں کو یا موسیقی کے سروں کو ملانے کے لئے استعمال کی جاتی ھے = Square bracket (۱۲) وہ چیز جو کسی چیز کو مستحکم بنائے اور سنبھالے رکھے ۔ (۱۳) دھات کی ایک پٹی سہارے کے لئے ۔ (۱٤) (تعمیرات و میکانکیات میں) لکڑی کی وہ پانچ انچ سے کم چوڑی پٹی جو چھت کو مضبوط بنانے میں کام آتی ھے ؛ لکڑی یا لوھے کا وہ ٹکڑا جو جہاز ، پل، یا ستون کو مستحکم کرنے کے لئے استعمال کیا جائے ۔ (۱۵) (کان کنی) سرنگ کا دہانہ ۔ (۱٦) سیدھے کھڑے ہونے کا انداز ۔ (۱۷) قوت آفریں ؛ قوت بخش ۔

Splice the main brace : شراب پینا ۔

Brace : (n) (جہازرانی) رسیاں جو بادبان کو تانے رکھنے کے لئے مستول کی لکڑی میں لگی رھتی ھیں ۔

Brace : (v) [OE."bracier"] (۱) احاطہ کرنا ؛ گھیرنا ؛ گھروانا ۔ (۲) کس کر باندھنا ؛ جکڑنا ؛ تاننا ؛ کسنا ؛ کھینچنا ۔ (۳) ٹکا دینا ۔ (٤) دو دو کے ساتھ باندھنا ۔ (٥) قوت پہنچانا ؛ تازہ کرنا ۔ (٦) جما دینا ؛ مستحکم کرنا ۔ (۷) مستعد ہونا کسی جدو جہد وغیرہ کیلئے ۔ (۸) سخت کر دینا ۔ (۹) سامنا کرنا ۔ (۱۰) دشنام آمیز سوالوں یا نکتہ چینی سے تنگ کرنا ۔

To brace one's heart / energies etc : کسی کام کے لئے عزم مصمم کرنا ۔

Brace : (v) (جہاز رانی) بادبان کو رسی سے گھمانا ۔

To brace about : جہاز کا رخ بدلنا ۔

To brace by : بلّی کو مخالف سمتوں میں متفرق مستولوں پر گھمانا ۔

To brace in : بلّی کو ترچھے جہاز کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک رکھنا ۔

To brace round : دیکھو To brace about

To brace to : دیکھو To brace in

To brace up : بلّی کو اور ترچھے طور پر رکھنا ۔

Brace and bit : (n) برما ۔

Braced : (a) (۱) کسا ہوا ؛ جکڑا ہوا ؛ احاطہ کیا ہوا ۔

(۲) (نقابت میں) ایک دوسرے میں گتھا ہوا ۔

Bracelet : (n) [OF. dim of "bracel"] (۱) کنگن یا اسی قسم کا کوئی زیور؛ چوڑی ؛ پہنچی ؛ بازو بند؛ کڑا ؛ علی بند ۔ (۲) ھتھکڑی ۔ (۳) بازو کی حفاظت کی کوئی زرہ ۔ (٤) دیکھو Barrulet- (٥) (تاریخ) دست بند ۔

Braceletted : (a) کنگن دار؛ کنگن پہنے ہوئے ۔

Bracer :(n) بندھن ؛ تسمہ ؛ پٹی ؛ جکڑنے والا ؛ قوت بخش ۔

Bracer : (n) کلائی کا تسمہ جو شمشیر زنی یا تیر اندازی میں استعمال کرتے ھیں ۔

Brach : (n) [OHG."bracco"] شکاری کتیا ؛ (استعارتًا) گالی کا لفظ ۔

Brachelytrous : (n) [L."brachelytra"] بھونرے کی ایک قسم ۔

Brachial : (a) [L."brachialis"] بازو کے متعلق یا بازو کا سا ؛ (حیوانیات) بازوئی ۔

Brachiate : (a) [L."brachiatus"] (۱) بازو والا ؛ بازو دار ۔ (۲) (نباتیات) کشادہ دست ؛ پودا جس کی شاخیں تنے سے اس طرح نکلیں کہ زاویہ قائمہ بن جائیں اور ایک دوسرے کے اوپر نیچے ہوں ۔

Brachiferous /Brachigerous : (a) بازو کیطرح شاخیں رکھنے والا ۔

Brachio-cephalic : (a) [mod. L." brachiocephalicus "] بازو اور سر دونوں سے متعلق ۔

Brachiopod : (n) [Gr."brachion+pouspod."] دو خلیوں والا ایک صدف ؛ (حیوانیات) براکیو پودا ۔

Brachiopodist : (a) دو خلیوں والا بازو دارصدف کا مطالعہ کرنے والا ۔

Barchiopodous : (a) دو خلیوں اور بازو رکھنے والے صدف کی طرح ۔

Brachisto : [Gr."brachiotos"] جزوی کلمہ بمعنی چھوٹا ۔

Brachistocephali : (n) وہ انسان یا نسلیں جن کی کھوپڑی چھوٹی ہو ۔

Brachistocephaly : (n) خورد ترین کھوپڑی رکھنے کا وصف ۔

Brachistochrone : (n) وہ قوس جہاں سے کوئی شئے کسی خاص نقطے کی طرف پہنچتے ہوئے قوت کشش کے اثر سے سب سے کم وقت میں پہنچے گی۔

Brachium : (n) [L.] دودھ پلانے والے جانوروں میں کہنی سے لے کر مونڈھے تک کا اوپری بازو یا اسی قسم کی کوئی چیز۔

Brachy- : [Gr."brachys"] جزوترکیبی بمعنی چھوٹا۔

Brachy-cephalic/-kephalic : (a) (۱) چھوٹے سر والا ؛ چھٹ سرا۔ (۲) (انسانی نسل کے مطالعہ میں) وہ کھوپڑی جس کی چوڑائی لمبائی کی تین چوتھائی ہو۔

Brachy-ceral / cerous : (a) (علم الحشرات) چھوٹے سونڈوں یا سینگوں والا۔

Brachy-dome : (n) وہ منشور جس کے Brachy -diagnol کی سطح محور سے متوازی ہو۔

Brachy-metrophy : (n) نزدیک بینی یا کم بینی۔

Brachycatalectic : (a) (عروض میں) ایک رکن یا دو ھجاؤں میں کم۔

Brachycelebral : (a) چھوٹے گول مغز والا۔

Brachycephales : (n) چھوٹی کھوپڑیوں والے انسان۔

Brachycephali : (n) چھوٹی کھوپڑیوں والے انسان۔

Brachycephalism : (n) چھوٹے سر والا ھونےکی صفت ؛ کوتہ سری ؛ چھٹ سری۔

Brachycephaly : (n) چھوٹے سر ھونے کی صفت ؛ کوتاہ سری ؛ چھٹ سری۔

Brachydactyly : (a) کوتاہانگشتی۔

Brachydiagnol : (a) ایک مستطیلی منشور کے ایک چھوٹےپہلو کے محور سے متعلق۔

Brachygraphy : (n) [Gr."brachys+graphia"] مختصرنویسی۔

Brachylogy : (n) [Gr."brachlogia"] گفتگو میں بیجا اختصار جس سے مطلب ظاھر نہ ھو ؛ (لسانیات) مختصر بیانی ؛ ناقص بیانی۔

Brachypleural : (a) چھوٹی پسلیوں والا۔

Brachypterous : (a) چھوٹے بازوؤں والا جیسے غوطہ مارنے والی چڑیوں کے۔

Brachysyllabic : (a) ھجائی مختصر والا یا بنا ھوا۔

Brachytypous : (a) چھوٹی شکل والا۔

Brachyural / - oural : (a) حیوانات قشریہ کی اس ذات سے متعلق جس میں اس کا پیٹ اور دم مکمل نہ ھو۔

Brachyuran / -ouran : (a) ایسے حیوانات سے متعلق۔

Brachyurous / -ourous : (n) [BRACHY+Gr."oura"] حیوانات قشریہ کی وہ ذات جس میں اس کا پیٹ اور دم مکمل نہ ھو۔

Bracing : (n) (۱) کسنا ؛ باندھنا ؛ جکڑنا۔ (۲) جکڑنے ، باندھنے ، کسنے یا سہارا دینے کا آلہ۔

Bracing : (n) سہارا دینے والا ؛ قوت بخشنے والا ؛ جاں فزا ؛ دل کشا۔

Bracing air : (n) جاں فزا / دل کشا ھوا۔

Brack : (n) [ME.] کپڑے کا کوئی نقص۔

Brack : (n) بالٹک کی بندرگاھوں میں مال چھانٹنے کا سرکاری طریقہ۔

Brack : (a & n) نمک ؛ نمکین۔

Brack : (v) مال چھانٹنا (بالٹک کی بندرگاھوں میں)۔

Bracken : (n) [ME."braken"] فرن یافرنوں کا مجموعہ۔

Bracken clock : (n) ایک قسم کا بھونرا۔

Bracker : (n) مال چھانٹنے والا سرکاری افسر۔

Bracket : (n) [L."braca"] (۱) آلیَن : دیوار کُھنی یا کفچہ دیوار جو مورتیاں وغیرہ رکھنے کے لئے دیوار میں بناتے ھیں۔ (۲) دیوار گیری ؛ بریکٹ (دیوارکا)۔ (۳) دیوار میں لگانے کی چھوٹی الماری۔ (٤) توپ گاڑی کا تیکہ۔ (٥) قوسین نشان جس سے تحریری کام لیا جائے جیسے (۱) {۲} [۳]۔ (٦) دھات کی وہ آرائشی نلکی جو دیوار سےنکلی رھتی ھےبرنر چراغوں کے رکھنے کے لئے۔ (۷) بندوق اور نشانہ کے درمیان کے فاصلے کو معلوم کر نے کے لئے

دو فائر - (۸) اس درجہ بند سلسلہ کا ایک حصہ جسے علی التواتر شمار کیا گیا ہو - (۹) دو دو کر کے حریفوں کا جوڑ (کسی مقابلے میں) -

Curly bracket : (ریاضیات) گھونگرا بریکٹ ؛ منجھلا بریکٹ ؛ { } -

Large bracket : (ریاضیات) بڑا بریکٹ ؛ [ ] -

Round bracket : (ریاضیات) چھوٹا بریکٹ ؛ ( ) -

Line bracket : (ریاضیات) خطی بریکٹ ؛ II -

Bracket : (v) (۱) بریکٹ لگانا ؛ قوسین میں بند کرنا (جملہ معترضہ کو یا مشکوک عبارت کو) - (۲) مساوات کے لئے دو ناموں کو قوسین میں کرنا (ریاضیات میں) - (۳) ما قبل کے مساوی یا متعلق کرنا - (۵) (فوج) گولہ کی زد معلوم کرنے کے لئے ایک گولہ چاند سے آگے اور ایک اس سے پیچھے چلانا -

Bracket burner : (n) بریکٹ کا چراغ -

Bracket crab : (n) ہوا کی چرخی جو کسی دیوار یا کھمبے میں لگی ہو -

Bracket light : (n) بریکٹ کا چراغ -

Bracket series : (n) (طبیعیات) بریکٹ سلسلہ -

Bracket shelf : (n) الماری -

Bracketing : (n) (۱) قوسین بند کرنا ؛ بریکٹ لگانا - (۲) (تعمیرات) لکڑی کی بلیوں کا ایک ڈھانچہ جو چھت یا کڑیوں میں لگایا جائے کارنس یا دوسرے آرائشی حاشیوں کو سہارا دینے کے لئے -

Bracketing exercise : (n) (لسانیات) قوسینی مشق -

Brackish : (a) (۱) تھوڑا نمکین ؛ (کیمیا) کھاری - (۲) ملاوٹ سے خراب کیا ہوا ؛ امتلا انگیز ؛ جہاز رانی سے متعلق -

Brackish water : (n) کھاری پانی (کیمیا) -

Brackishness : (n) نمکینیت -

Bracky : (a) (۱) جھاڑی سے بھرا ہوا - (۲) جھاڑی کی طرح -

Bract : (n) [L. "bractea"] (۱) ورقہ ؛ فلس - (۲) پانی کے جانور Hydrozoa کے جسم کا کوئی اضافہ -

Bracteal : (a) ورقی -

Bracteate : (a) [L. "bracteatus"] (۱) ورقہ رکھنے والا یا ورقہ پیدا کرنے والا - (۲) دھات کو پیٹ کر ورق بنا ہوا (سکہ وغیرہ) - (۳) ورقے کے مانند سکہ یا تمغہ وغیرہ -

Bracted : (a) ورقہ دار -

Bracteoform : (a) ورقہ نما ؛ ورقہ کی شکل کا -

Bracteole : (n) چھوٹا ورقہ -

Bracteolate : (a) چھوٹے ورقوں والا -

Bracteose : (a) ورقوں سے بھرا ہوا -

Bractlet : (n) بالکل چھوٹا یا ثانوی بہت مہین ورقہ -

Brad : (n) (۱) پتلی ، چپٹی چھوٹے سر کی کیل - (۲) (جمع میں) نصف پینس (Half pence) ؛ (عامیانہ) روپئے -

Brad : (v) کیل سے جڑنا -

Bradawl : (n) بے پیچ کا چھوٹا برما ؛ کٹونی -

Bradbury : (n) [after Sir John Swanwick Bradbury, an English Treasury official] ایک پونڈ کا نوٹ -

Brady - : (a) جزو ترکیبی بمعنی " سست " -

Brady asthesia : (n) سست کلامی -

Brady logia : (n) سست گوئی -

Brady lolia : (n) سست نطقی -

Bradypod / -pus (a) سلوتھ (Sloth) کی قسم کا بے دانتا دودھ پلانے والا جانور -

Bradypodal : (a) سلوتھ کی قسم کے جانور کے متعلق -

Brae : (n) [ON. "bra"] (۱) عمودی ساحل جو کسی ندی پر

سیوانہ بنائے ؛ پہاڑی کا پہلو ۔(۲) سیدھا ڈھلوان ؛ کھڑی چٹان ؛ ڈھال ؛ پہاڑ کا کنارہ ۔

Brag : (n) [Origin unknown] (۱) ڈینگ ؛ شیخی ؛ لاف و گزاف ؛ گھمنڈ ۔(۲) شیخی باز ۔ (۳) تاش کا ایک کھیل Poker کی طرح ۔

Brag : (v) شیخی بگھارنا ؛ ڈینگ مارنا ؛ چنوتی دینا ؛ ستانا ؛ ڈینگ سے مرعوب کردینا ؛ فخریہ ادعا کرنا ؛ ڈینگ ھانکنا ۔

Braggadocio : (n) [after Braggadochio, personification of boasting in E. Spenser's Faerie Queene] شیخی ؛ شیخی باز ۔

Braggart : (n) شیخی باز ۔

Braggartism : (n) شیخی بازی ۔

Braggartly : (adv) شیخی بازی سے ؛ ڈینگ مارکر ۔

Bragger : (n) شیخی باز ۔

Braggery : (n) شیخی ؛ ڈینگ ۔

Bragget : (n) [Welsh"bragawd"] شہد اور شراب کو ملا کر خمیر کیا ھوا ایک مشروب ؛ چینی، مسالہ اور شراب کا مخلوط مشروب ۔

Bragg's plane : (n) (کیمیا) بریگ سطح ۔

Bragg's spacing : (n) (کیمیا) بریگ فصل ۔

Bragless : (a) بغیر شیخی کے ؛ بغیر ڈینگ کے ۔

Brahm / Brahma : (n) [Skr."Brahma"] ھندو دیو مالا کا اعلیٰ ترین دیوتا ؛ برھما ؛ خالق ۔

Brahmahood : (n) برھمیت ؛ ذات خداوندی میں جذب ھو جانا ۔

Brahmanee: (n) برھمنی ۔

Brahmapootra : (n) (۱) ھندوستانی دریا کا نام ۔ (۲) ایک قسم کی پالتو مرغی ۔

Brahmic : (a) [Skr."brahhma"] برھمو سماج سے متعلق ؛ برھما سے متعلق ۔

Brahmin / Brahman : (n) [Skr."brahmana"] برھمن ۔

Brahmin bead : (n) برھمنوں کی مالا / تسبیح کے دانے ۔

Brahmin ox : (n) کوھان والے بیل کی ایک قسم ۔

Brahminee : (n) برھمن ذات کا ۔

Brahminee : (a) برھمنی مذھب سے متعلق ؛ برھمنی ۔

Brahminee bull : (n) کوھان والا سانڈ ۔

Brahminee duck : (n) بط برھمنی ۔

Brahminee figtree : (n) پیپل ۔

Brahminee kite : (n) چیل کی ایک قسم ۔

Brahminic , -al / Brahmanic -al : برھمن سے متعلق ۔

Brahminicide / -manicide : (n) قتل برھمن ۔

Brahminism : (n) برھمنیت ۔

Brahmism : (n) برھمو سبھا کا آئین ۔

Brahmoism : (n) برھمو سماج کا آئین ۔

Brahamchari : (a) [Skr.] برھمچاری ؛ مجرد ۔

Brahmacharia : (n) [Skr.] مجرد طالب علم کی زندگی ؛ زمانۂ تعلیم میں مجرد رھنے والا ۔

Brahmana : (n) ھندوؤں کی مقدس تحریریں جو نویں سے چھٹی صدی قبل مسیح کے دوران لکھی گئی تھیں ۔

Brahmi : (n) برھمی رسم الخط جس میں سامی رسم الخط کا رجحان ملتا ھے ۔

Braid : (n) [partly OE."braezd-"and partly OE."zebrezd"] (۱) چوٹی ؛ موباف ؛ گندھا ھوا بال ؛ پٹیاں ۔ (۲) بنی ھوئیں ریشمی ، اونی ، نقرئی یا طلائی پٹیاں (لباس میں گوٹ لگانے یا اسے باندھنے کے لئے) ؛ کلابتوں ؛ قیطان یا قیطون ۔(۳) بحریہ کا اعلیٰ فسر ۔

Braid : (v) [OE."brezdan"] (۱) چوٹی ڈالنا ؛ بال گوندھنا ؛ پٹیاں گوندھنا ؛ موباف گوندھنا ؛ ھار گوندھنا ؛ ریشمی فیتے کی گوٹ لگانا ؛ آراستہ کرنا ۔(۲) مخلوط کردینا ۔ (۳) چوٹی کی شکل میں باندھنا یا سجانا ؛

چلیپائی شکل میں باندھنا ۔

Braider : (n) چوٹی باندھنے والا ؛ گوٹ لگانے والا ۔

Braidism : (n) مسمریزم ؛ ہیپنو ٹزم (HYPNOTISM) ؛ اثر پزیر حالت نوم ۔

Brail : (n) [L."bracale"] (۱) (جمع میں) رسی جو بادبان کو سمیٹنے کے لئے لگی ہوتی ہے ۔ (۲) وہ بندھن جو باز کے بازوؤں کو باندھنے کے لئے ہوتا ہے ۔ (۳) باز کی سرین کی طرف کا پر ۔

Brail : (v) (۱) رسیوں سے بادبان کو سمیٹنا ۔ (۲) رسی سے باز کے بازو کو باندھ دینا ۔

Braille : (n) [F. the name of Louis Braille, French inventor] نابیناؤں کے لکھنے پڑھنے کا ایک طریقہ جس میں حروف کاغذ پر نقطوں کے ذریعہ ابھرے ہوتے ہیں اور جن کو چھو کر پڑھا جاتا ہے ۔

Brain : (n) [OE. " braiz(e)n"] (۱) بھیجا ؛ دماغ ؛ ذہن ۔ (۲) احساس ؛ تخیل ؛ حافظہ اور تفکرکا مرکز ۔ (۳) (استعارتاً) ذہنی قوت ؛ ہوش و حواس؛ تخیل ؛ فکر ۔ (٤) نہایت ذہین شخص ۔ (٥) رہنما دماغ (کسی تحریک میں) ؛ ایک دانشور رہنما ۔

To beat / busy / cudgel / drag / puzzle one's brain : غور و فکر کرنا ؛ تدبیر کرنا ؛ دماغ سوزی کرنا ۔

To have (anything) on the brain : کسی چیز کا خبط ہونا ۔

To knock out / dash / blow out (anyone's) brain : بھیجا نکالنا ۔

To suck (or pick) a person's brain : کسی کے خیالات کرید کرید کر معلوم کرنا اور کام میں لانا ۔

To turn one's brain : سرپھرا بنا دینا ؛ (مجازاً) مغرور کر دینا ؛ دماغ پھرا دینا ؛ بگاڑ دینا ۔

Brain : (v) (۱) بھیجا نکالنا ؛ بھیجا نکال کر مار ڈالنا ۔ (۲) دماغ دینا ؛ عقل سکھانا ۔ (۳) سر پر مارنا ؛ سر پر دھول جمانا ۔

Brain-box / -case / -pan : (n) دماغی کیسہ ؛ (حیوانیات) کھوپڑی ۔

Brain-cap : (n) کھوپڑی کا بالائی حصہ ۔

Brain-cell : (n) وہ خلیہ جس سے دماغ کا ریشہ بنتا ہے ۔

Brain child : (n) کسی کی تخلیق ۔

Brain coral : (n) وہ مونگا جو بھیجے کی طرح پیچ در پیچ ہو ۔

Brain-fag : (n) دماغی تکان ۔

Brain fever : (n) سرسام ؛ ورم دماغ ؛ وہ بخار جس کا اثر دماغ پر پڑے ۔

Brain-power : (n) (۱) ذہنی قوت یا دماغی صلاحیت ۔ (۲) علی درجے کی ذہانت ۔ (۳)اعلی ذہنی قوت کے لوگ ۔

Brain-sick : (a) خلل دماغ ؛ سنکی ؛ مجنوں ؛ پاگل ۔

Brain-sickly : (adv) پاگل پن سے ۔

Brain-sickness : (n) پاگل پن ؛ سنک ؛ جنون ۔

Brain stem : (n) (فلسفہ و نفسیات) حرام مغز ؛ (medulla oblongata) ۔

Brain stone : (n) دیکھو Brain coral

Brain storm : (n) (۱) عارضی اور تشدد آمیز جنون ۔ (۲) عمدہ خیالات کا اچانک الہام ۔ (۳) ایک تیزو تند اور ناقابل عمل خیال ۔

Brain teaser : (n) معمہ ۔

Brain trust : (n) تجربہ کار مشیر کار ۔

Brain tunic : (n) وہ جھلی جس میں بھیجا لپٹاہوا ہوتا ہے ۔

Brain wave : (n) کوئی اچانک الہام یا عمدہ خیال ۔

Brain work : (n) بالعمد؛ بامقصد یا منظم دماغی عمل ۔

Brain worker : (n) (معاشیات) دماغی کام کرنے والا ؛ (تجارت) دماغی مزدور ۔

Brain worm : (n) دماغ کا کیڑا ؛ (مجازاً) جھگڑالو (ٹال مٹول کرنے والا) ۔

Brained : (a) دماغ والا ۔

Addle - brained : دماغی خلل والا ۔

Braininess : (n) تیزی ؛ ذہانت ؛ ہوشیاری ۔

Brainless : (a) بے دماغ کا ؛ بے عقل ؛ بے وقوف ؛ بے مغز ؛ کند ذہن ۔

Brainlessly : (adv) بےعقلی سے ؛ بے وقوفی سے ۔

Brainlessness : (n) بے عقلی ؛ بے وقوفی ۔

Brain 's trust : (n) Brain trust دیکھو

Brainwashing : (n) سیاسی، مذہبی، سماجی، عقیدوں کو دماغ سے زبردستی اور اذیت دے کر نکال دینا اور ان کی جگہ پر متضاد پابند عقیدوں کو دماغ کے اندر سما دینا ؛ ذہنی غسل ؛ ذہن شوئی ؛ دماغ شوئی ۔

Brainy : (a) ذہین ؛ ہوشیار ؛ تیز ۔

Braird : (n) انکر ؛ کونپل ؛ سومی ۔

Braird : (v) [=BREED] کوپل پھینکنا ؛ انکر نکالنا ۔

Braise : (v) [F."braiser"] گوشت کو سبزی کے ساتھ دم دینا ۔

Braise : (n) اسٹو گوشت ۔

Braiser : (n) گوشت کو سبزی کے ساتھ دم دینےوالا ۔

Brake : (n) [ME."bracken"] فرن (fern) ؛ فرنوں کا جھنڈ ۔

Brake : (n) [MLG. "brake"] جھاڑی ۔

Brake : (n) [Du."breken"] سن کوٹنےکی موگری ؛ سراون ؛ بید کی چھال نکالنے کا آلہ (قینچی کی طرح کا) ؛ ڈھیلوں کو چورنےکی بھاری موگری ؛ نان بائی کی آٹا گوندھنے کی مشین ۔

Brake : (n) [OF."brac"] مشین کو چلانےکا دستہ یا بیرم ؛ کوئلہ میں سوراخ کرنے کےایک آلے کا دستہ ۔

Brake : (n) (۱) کسی چیز کو برقرار رکھنے کا ڈھانچہ ۔ (۲) اذیت دینے کا ایک شکنجہ ۔

To set one's face in a brake : قیافہ کو بےحس وحرکت اور جما ہوا بنائے رکھنا ۔

Brake / Break : (n) بریک ؛ وہ آلہ جس سے کسی گاڑی یا انجن کی رفتار کو روکا جائے یا کم کیا جائے ؛ روک ؛ (مجازاً) برف گاڑی میں بریک کو لگانے والا آخری آدمی ۔

Vacuum brake : (طبیعیات) خلا روک ؛ خلا بریک ۔

Brake : (v) موگری سے کوٹنا ؛ چورنا ؛ (آٹا) گوندھنا ۔

Brake : (v) لپیٹنے والے انجن پر کام کرنا ۔

Brake : (v) بریک لگانا ؛ روک لگانا ۔

Brake horse power (طبیعیات) بریک ہارس پاور ۔

Brake pump : (n) وہ پمپ جو کسی بیرم کے ذریعہ چلایا جائے ۔

Brake van /-compartment : (n) گاڑی کا وہ خانہ جس میں بریک رہتا ہے ۔

Brake wheel : (n) وہ پہیا جس میں بریک کو استعمال میں لایا جاتا ہے ۔

Brakeless : (a) بلا روک ٹوک ۔

Brakesman : (n) (۱) وہ شخص جو لپیٹنے والےانجن پر کام کرتا ہے ۔ (۲) ریلوے ٹرین میں بریک کےآلے کا ذمہ دار ؛ (امریکہ میں) گارڈ ۔

Brakish : (a) کھارا (حیوانیات) ۔

Braky : (a) فرن یا جھاڑی سے چھپایا ہوا ۔

Bramah : (a & n) براما (Bramah) کا ایجاد کیا ہوا ۔

Bramah's press : (n) آبی شکنجہ جو بڑی طاقت کا ہوتا ہے ؛ (طبیعیات) براما پریس ۔

Bramantip : (n) منطق کی ایک شکل کا یادگاری نام ۔

Bramble : (n) [OE."brembel","braembel"] ایک خاردار جھاڑی ۔

Bramble-berry : (n) خاردار جھاڑی کا پھل ؛ کامی بیر ۔

Bramble flower : (n) خاردار جھاڑی کا پھول ۔

Bramble rose : (n) ایک قسم کا گلاب ۔

Bramblebrand : (n) ایک سماروغ جو خاردار جھاڑی پر ہوتا ہے ۔

Brambled : (a) خاردار جھاڑی سے بھرا ہوا ۔

Brambling (n) [Ger."bramling:] ایک قسم کی پہاڑی چھوٹی چڑیا ۔

Brambly : (adv) خاردار جھاڑی کے انداز میں ۔

Bran : (n) [OF."bren","bran"] بھوسا ؛ چوکر ؛ سبوس ۔

Bran : (v) مجیٹھ کے رنگ سے رنگی ہوئی چیزوں کو چوکڑ کے پانی میں ابال کر صاف کرنا ۔

Bran-deer : (n) وہ ہرن جسکا سینہ گہرے بھورے رنگ کا ہو ۔

Bran-new : (a) بالکل نیا ۔

Brancard : (n) [F."branché"] ایک قسم کی گھوڑا گاڑی ۔

Branch : (n) [Late.L."branca"] (۱) شاخ ؛ ٹہنی ؛ ڈال ؛ ڈالی ۔ (۲) کوئی چیز جو درخت کی شاخ کیطرح ہو ۔ (۳) کسی خاندان یا نسل کے حصے جو ایک مشترک مورث کی نسل میں مگر مختلف شاخوں میں منقسم ہوں ؛ گروپ ؛ گروہ ؛ وارث ؛ بچہ ۔ (٤) (مجازاً) کسی اصول کا نتیجہ ؛ کسی علت کا معلول ۔ (٥) (مجازاً) حصہ ؛ شعبہ ؛ ماتحت شعبہ ۔ (٦) کسی ادارے یا تنظیم کا جزو ترکیبی ۔ (۷) (مجازاً) کسی تجارت خانہ کا مقامی اور ماتحتی آفس ۔ (۸) ٹرینیٹی ہاؤس (Trinity House) کے ہوا بازوں کو دی ہوئی اہلیت کی سند ۔ (۹) ایک شاخ کی صفت رکھنے والا ۔ (۱۰) علم کا وہ شعبہ جو دوسر ے ہم رشتہ شعبوں سے الگ مطالعہ کیا جائے ۔ (۱۱) ہم رشتہ زبانوں کے گروہ کی ایک زبان ؛ ایک قسم کی متعدد ہم رشتہ زبانیں ۔

Branch of the legislature : کسی قانون ساز مجلس کے مختلف ایوانو ں میں سے ایک ایوان ۔

Root and branch policy : ایک انقلابی اور تخریبی پالیسی ۔

To destroy (anything) root and branch : جڑ سے برباد کر دینا ؛ تباہ کر دینا ؛ جڑ سےاکھاڑ پھینکنا ۔

Branch : (v) شاخ نکلنا ؛ پھیلنا ؛ مڑنا ؛ شاخوں میں تقسیم ہونا ؛ شاخ پھوٹنا ؛ نیا راستہ نکالنا ؛ پھولوں اور شاخوں کا نقش ؛ حاشیہ میں کشیدہ کاری کرنا ۔

Branch adjustment : (n) (تجارت) شاخ تطبیق ۔

Branch adjustment account : (تجارت) شاخ تطبیق کھاتا ۔

Branch banking : (n) (تجارت) شاخ بنکاری ؛ شاخ بنکنگ ۔

Branch banking policy : (تجارت) شاخ بنکاری پالیسی ؛ شاخ بنکنگ پالیسی ۔

Branch-building : (n) عمارت کی کئی شاخیں ۔

Branch cheque : (n) (تجارت) شاخ چیک ۔

Branch chuck : (n) خراد کی ٹیک جس میں چار حصے ہوں اور چاروں میں پیچ لگے ہوں ۔

Branch circuit : (n) شاخی دور ؛ (طبیعیات) برانچ سرکٹ ۔

Branch coal : (n) ایک قسم کا کوئلہ ۔

Branch ledger : (n) (تجارت) شاخ بہی کھاتا ۔

Branch pilot : (n) وہ ہوا باز جس کو ٹرینیٹی ہاؤس کی سند ملی ہو ۔

Branch point : (n) (تجارت) تقسیمی نقطہ ۔

Branch remittance account : (تجارت) شاخ ترسیل کھاتا ۔

Branch return : (n) (تجارت) گوشوارۂ شاخ ۔

Branch secretariat : (n) (تاریخ وسیاسیات) ذیلی سکریٹریٹ ۔

Branch series : (n) شاخی سلسلہ ۔

Branch supplies book : (تجارت) شاخ رسد بہی ۔

Branch transfer scroll : (تجارت) شاخ تبادلہ فہرست ۔

Branch wines : (n) وہ شراب جو گھریلو استعمال کے لئے ہو ۔

Branch work : (a) آرائشی منقش نمونے ۔

Branched : (a) (۱) شاخ دار ۔(۲) نقش و نگار سے آراستہ ۔

Branched chain : (n) شاخ دار زنجیریں ؛ شاخ دار لڑی ۔

Branched compound : (n) (کیمیا) شاخ دار مرکب ۔

Branched disintegration : (n) (کیمیا) شاخ دار انتشار ۔

Brancher : (n) شاخ پھینکنے والا ۔

Brancher : (n) [F. "branchier"] باز کا بچہ جب وہ گھونسلہ چھوڑ کر شاخ پر آجاتا ھے ۔

Brancher : (n) مصنوعی پھول اور پر دار نقش کاڑھنے والا ۔

Branchery : (n) شاخ سار ۔

Branchiae / Branchia : (n) [Gr."bragchia"] خیشوم (حیوانیات) ؛ مچھلیوں کے اعضائے تنفس ؛ گل پھڑہ ۔

Branchial : (a) خیشومی ؛ گل پھڑوں والی (حیوانیات) ؛ گلپھڑے کا یا گلپھڑے کی طرح ۔

Branchiate/-ed : (n) گلپھڑے رکھنے والا ۔

Branchiferous : (a) گلپھڑے دار ۔

Branchiform : (a) گلپھڑے نما یا گلپھڑے کی طرح ۔

Branchiness : (n) شاخ درشاخ یا شاخ دار ھونا ۔

Branching : (n) شاخ پھینکنا ؛ شاخ کا پھوٹنا ؛ شاخوں کا جھنڈ ۔

Branching : (a) (۱) شاخ پھینکنے والا ۔(۲) پھیلنے والا ؛ منشعب ھونے والا ؛ الگ الگ ھونے والا ؛ منتشر ۔(۳) سینگ دار ۔

Branching chains : (n) شاخی زنجیریں ؛ تقسیم یاد داشت (نفسیات وغیرہ) ۔

Branching paths : (n) (فلسفہ ونفسیات) چندراھا ۔

Branchio- : [Gr."bragchia"] جزو ترکیبی بمعنی گلپھڑہ ۔

Branchio-anal : (a) گلپھڑے اور مقعد سے متعلق ۔

Branchio-cardiac : (a) گلپھڑے اور دل سے متعلق ۔

Branchio-gasteropod-/ podda / -pods : وہ گھونگا جو پانی کے ذریعہ سانس لیتا ھے ۔

Branchio-pallial : (a) صدف کے گلپھڑے اور پیٹ کی جھلی سے متعلق ۔

Branchio-parietal : (a) صدف کے گلپھڑے اور آنتوں کے جوف کی دیوار سے متعلق ۔

Branchiopod : (n) [F.BRANCHIO-+Gr."pods","pod"] وہ حیوانیات قشریہ جس کے منھ کے دونوں طرف پاؤں ھوتے ھیں ؛ بازو پایہ ۔

Branchiopodous : (a) منھ کے دونوں طرف پاؤں رکھنے والا ۔

Branchiostegal : (a) اس جھلی سے متعلق جو گلپھڑے کے خانے کی حفاظت کرتی ھے ؛ گلپھڑے کا غلاف ۔

Branchiostegan : (n) [med.L."branchiostegi"+ - AN] ایک قسم کی مچھلی جس کے گلپھڑے جھلی سے ڈھکے رھتے ھیں ۔

Branchiostege : (a) [BRANCHIO -+Gr."stegin"] گلپھڑے کو ڈھکنے والا ۔

Branchiostegite : (n) گلپھڑے کو ڈھکنے والی جھلی ۔

Branchiostegous : (a) دیکھو Branchiostegal

Branchiostomous : (a) [BRANCHIO -+Gr."stomos"+- oos] گلپھڑا منھ کے ساتھ لگا رھنے والا ۔

Branchireme : (n) [F. L. "branchiae + remus"] Branchioped کا وہ عضو جو تنفس اور تحریك دونوں کے لئے ھو ۔

Branchless : (a) بے شاخ ۔

Branchlet : (n) ڈالی ؛ شاخك ؛ ٹہنی ۔(۲) (نباتیات) وہ چھوٹی شاخ جو بڑی شاخ سے پھوٹے ۔

Branchy : (a) شاخ دار ؛ شاخ در شاخ ۔

Brand : (n) [OE."brand"] (۱) لوکا ؛ مشعل ؛ داغ (لوھے سے) ۔(۲) مجازاً کلنك کا ٹیکہ ۔ (۳) تجارتی نشان ؛ مارکہ ۔(٤) خاص قسم کا مال ؛ پتروگ (پودا کی بیماری جس میں پتے جل جاتے ھیں) ۔(٥) داغ لگانے کا ٹھپا۔ (٦) (شعر میں) تلوار ۔(٧) داغ دینے کا لوھا ۔(٨) خاص قسم ۔

A brand from the burning : وہ شخص جس نے آنےوالے خطرے سے نجات پائی ھو ۔

God's brand : بجلی ۔

Phaebus's brand : آفتاب کی جھلسانے والی کرنیں ۔

Secondary and tertiary brand : (تجارت) دوم و سوم برانڈ ۔

Brand : (v) (۱) جلتے ھوئے لوھے سے داغ لگانا ۔ (۲) (جرّاحی) سزا ، ملکیت یا مارکہ کے لئے ۔(۳) ذھن نشین کرنا ؛ نا قابل محو طریقہ پر کسی کے حافظہ میں بٹھانا ۔(٤) کلنك کا ٹیکہ لگانا ۔ (٥) داغ لگانا ۔

Brand-building : (n) (تجارت) برانڈ بنانا ؛ برانڈ بلڈنگ ۔

Brand-exploitation : (n) (تجارت) برانڈ علاقہ استعمال ۔

Brand-goose : (n) سب سے چھوٹے قسم کا جنگلی ھنس ۔

Brand-mark : (n) لوھے کی سیخ کا نشان ۔

Brand name : (n) (تجارت) برانڈ نام ۔

Brand-new / Bran-new : (a) دیکھو Bran new

Branded line : (n) برانڈ شدہ لائن ۔

Brander : (n) سیخ دار چولھا ۔

Brander : (n) تجارتی مارکہ لگانے والا ۔

Brander : (v) سیخ دار چولھے پر گوشت پکانا ؛ سلاخوں کو سیخ دار چولھے کی شکل میں ترتیب دینا ۔

Brandering : بلّیوں کو پٹیوں سے ڈھك دینا پلاسٹر کرنے کے لئے ۔

Brandied : (a) برانڈی ملا ھوا ؛ برانڈی میں محفوظ کیا ھوا ۔

Branding : داغنا ۔

Brandiron : (n) (۱) سیخ دار چولھا ۔(۲) تلوار ۔

Brandish : (v) [F."brandiss-","brandir"] (۱) تلوار چمکانا (دھمکی یا لڑائی کے لئے) ۔(۲) دکھاوے کے طورپر نمائش کرنا یا ظاھر کرنا ۔

Brandish : (n) تلوار کا گھمانا ۔

Brandisher : (n) تلوار چمکانے یا گھمانے والا ؛ دکھاوے کے طور پر نمائش کرنے والا ۔

Brandling : (n) ایك لال سا کیڑا جو مچھلیوں کے چارے میں استعمال ھوتا ھے ۔

Brandreth : (n) [ON.] (۱) سیخ دار چولھا ؛ آھنی تپائی ۔ (۲) ایك چوبی فریم سہارے کے لئے ۔

Brandy : (n) [Du."brandewijn"] انگور کی شراب ۔

Brandy-ball : (a) ایك قسم کی کھٹائی ۔

Brandy-bottle : (n) (۱) برانڈی کی بوتل ۔ (۲) ایك قسم کا پھول ۔

Brandy-pawnee : (n) [F.BRANDY+Hindi"pani"] برانڈی اور پانی ۔

Brandy-snap : (n) ھلکا ادرکی بسکٹ ۔

Branks : (n) (۱) دریدہ دہن عورت کی لگام ۔ (۲) لکڑی کا توبڑا بطور مہرا ۔ (۳) گلسوا ؛ گلپھڑا ۔

Branks-ursine : (n) [med.L."branca ursina"] ایك قسم کا

خاردار پودا ۔

Branny : (a) چوکر یا بھوسا جیسا یا اس سے بھرا ہوا ۔

Brant : (a) اونچا ؛ سیدھا کھڑا ؛ ڈھلوان ۔

Brant : (n) ایک چھوٹے قسم کی جنگلی بط ۔

Brant-fox : (n) [Ger."brand- fuchs"] ایک قسم کی کالی لومڑی ۔

Brash : (n) [perh. echoic] (۱) مرض کا حملہ ۔ (۲) یکایک بارش کا ہونا ؛ غیر متوقع بارش ۔ (۳) کسی سیال شے کا پھوٹنا ۔

Brash : (n) [F."breche"] چٹان یا برف کے ریزے یا تکڑے ؛ جھاڑیوں اور پودوں کی کترن ۔

Brash : (a) [Echoic] (امریکہ) نازک ؛ کمزور (خاص کر لکڑی) ۔

Brash : (a) (۱) جلد باز ۔ (۲) توانا ۔ (۲) بے تکا ؛ بے شعور ۔ (٤) گستاخ ۔ (٥) بھونڈا ؛ بھدا ؛ بے پروا ؛ بے حیا ؛ شوخ چشم ۔ (٦) تیز ۔ (۷) گرجنے والا ۔ (۸) نمایاں ۔

Brashy : (a) ٹوٹا ہوا ؛ ٹکڑا ٹکڑا ؛ کمزور ؛ ٹوٹنے والا ؛ ریزہ ریزہ ؛ جلد باز ؛ گستاخ ؛ بے تکا ؛ بھدا ؛ توانا ؛ بے شعور ؛ تیز ۔

Brasque : (n) [F."braser"] مٹی اور کوئلے کا چور جو بھٹی اور کھٹال میں لگایا جاتا ہے ۔

Brass : (n) [OE."braes"] (۱) پیتل ۔ (۲) پیتل کا کتبہ (قبر پر) ۔ (۳) (عامیانہ) روپیہ پیسہ ۔ (٤) بے باکی ؛ بے شرمی ؛ ڈھٹائی ۔ (٥) پیتل کا ۔ (٦) سختی ، بقا وغیرہ کی علامت ۔ (۷) کوئلہ میں لوہے کے پیریٹس (Pyrites) ۔ (۸) سیسہ اور ٹن کا مرکب ۔ (۹) دھرا کا سہارا ۔ (۱۰) پیتل کے باجے۔ (۱۱) چمکیلے دھات کے سازو سامان یا برتن یا زیورات ۔ (۱۲) زرد رنگ ۔ (۱۳) فوجی افسر ۔ (۱٤) آداب ؛ سلام ۔

Commercial brass : تجارتی پیتل ۔

High brass : عمدہ پیتل ۔

Naval brass : بحری پیتل ۔

Part brass rager : دوستی ترک کر دینا ۔

The brass : بینڈ ؛ پیتل باجہ ۔

Brass : (v) (۱) پیتل چڑھانا ۔ (۲) (مجازاً) شوخی کرنا ۔

Brass : (a) (۱) پیتل کا بنا ہوا ۔ (۲) پیتل کے رنگ کا ۔ (۳) بلند آہنگ ۔ (٤) پیتل کے باجوں کےلئےبنایا ہوا ۔

Brass aluminium : (n) پیتل المونیم ۔

Brass band : (n) پیتل کا باجہ بجانے والوں کا طائفہ ۔

Brass bound : (a) (۱) پیتل کے حلقے یا حصوں کا ۔ (۲) روایتی ؛ ضدی ۔ (۳) گستاخ ۔

Brass cartridge : (n) پیتل کارتوس ۔

Brass check : (n) وہ رقم جو خفیہ طور پر کسی اخبار کے نمائندے کو کسی کام کے لئے دی جاتی ہے ۔

Brass clamp : (n) (طبیعیات) پیتل کلیمپ ؛ (کیمیا) پیتل شکنجہ ۔

Brass farthing : (n) پھوٹی کوڑی ۔

Brass furnace : (n) پیتل بھٹی ۔

Brass hat : (n) فوجی اعلیٰ افسر ۔

Brass plate : (n) پیتل کی تختی ؛ کتبہ ۔

Brass-pounder : (n) (عامیانہ) ٹیلی گراف میں کام کرنے والا ۔

Brass rags : (n) ملاحوں کا جھاڑن ۔

Brass ring : (n) اچھا سود مند موقع ۔

Brass rule : (n) ٹائپ میں وہ لائن جو کالموں کے بیچ بیچ میں ہوتی ہے ۔

Brass-smith : (n) پیتل کا کام کرنے والا ٹھٹھیرا ۔

Brass tacks : (n) فوری اہمیت ؛ حقیقی ؛ تفصیلی ۔

Brass yellow : (a) (کیمیا) پیتل جیسا پیلا ۔

Brassage : (n) [F."brasser"] (دارالضرب) سکہ ڈھالنےکی اجرت ۔

Brassard : (n) [F."bras"] (۱) مونڈھے سے کہنی تک زرہ ۔ (۲) بازو پر کا بلاّ ۔

Brassate : (n) (علم کیمیا) Brassic acid کا نمک ۔

Brassic : (a) ان پودوں کا یا ان سے متعلق ۔

Brassica : (n) [L.] چھر برگ پودوں کی ایک نوع (جس میں کرم کلہ ، پھول گوبھی وغیرہ ھوتی ھے) ۔

Brassiere : (n) [F.] چولی ؛ انگیا ۔

Brassily : (adv) ڈھٹائی سے ۔

Brassiness : (n)

Brassy : (a) (۱) پیتل کا سا (رنگ آواز یا ذائقہ میں) ۔ (۲) ڈھیٹ ؛ گستاخ ۔ (۳) جھوٹے دعوے کرنے والا ۔ (٤) گولف کے بلے Brass(e)y ۔ (٥) بےشرم ۔ (٦) (مجازاً) سخت ۔ (۷) شوروغل ؛ ھنگامہ ؛ کرخت ۔

Brasse : (n) مچھلی کی ایک قسم ۔

Brassed : (a) پیتل کا بنا ھوا یا پیتل سے ڈھکا ھوا ۔

Brasserie : (n) [F."brasser"] کھانا اور شراب پینے کا ریستوران ۔

Brass(e)y : (n) گولف کا بلاّ ۔

Brat : (n) [OE."bratt"] (۱) لباس ۔ (۲) لبادہ ۔ (۳) پیش بند ۔ (٤) بھیڑ کا کوٹ ۔ (٥) پڈنگ ، فرنی وغیرہ کے اوپر جمی ھوئی تہ ۔

Brat : (n) (۱) چھوکرا ؛ بچہ ؛ چھوکری ۔ (۲) (مجازاً) زائیدہ ۔

Brat : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Brat : (n) (کان کنی) کوئلےکی ایک پتلی تہ جس میں پیریطس یا چونے کا کاربونیٹ ملا ھوتا ھے ۔

Bratchet : (n) (۱) سراغ رساں کتّا ۔ (۲) چھوٹا ؛ چھوکرا ۔

Bratery : (n) پرورش گاہ ۔

Bratling : (n) چھوٹا بچہ ۔

Brattach : (n) [Ge."bratach"] جھنڈا ۔

Brattice : (n) [Ger."brett"] (۱) اوٹ ۔ (۲) سلاخ دار روشن دان ۔

Brattice : (v) اوٹ بنانا یا لگانا ۔

To brattice up : اوٹ لگانا ۔

Bratticing : (n) (۱) (کوئلے کی کان) سلاخ دار روشن دان ۔ (۲) (تعمیرات) دیکھو Brattishing

Brattishing : (n) کسی مقدس عمارت کے بالائی حصے کا منقش کام ۔

Braunite : (n) [F.Mr.Braun of Gotha] (کیمیا) ایک بھربھری بھورے رنگ کی دھات ؛ براؤنائٹ ۔

Bravado : (n) [Sp."bravada"and F."bravade"] دکھاوے کی بہادری ؛ بہادری جتانا ۔

Bravais correlation coefficient : (شماریات) براوائس ضریب ھم رشتگی ۔

Brave : (a) [It."bravo"] (۱) بہادر ؛ جری ؛ نڈر ۔ (۲) خوش پوشاک ؛ چھیلا ؛ عمدہ ۔ (۳) بہادرانہ ۔ (٤) بہادرآدمی ؛ جنگ جو ؛ ریڈ انڈینس ۔

The brave : بہادر آدمی ۔

Brave : (v) مقابلہ میں ڈٹ جانا ؛ مقابلے پر آنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ خاطرمیں نہ لانا ؛ بےحقیقت سمجھنا ؛ للکارنا ۔

Brave : (n) [It.] پیشہ ور خونی ۔

Bravely : (adv) بہادرانہ ؛ بہادری سے ؛ جنگ جویانہ ۔

Braveness : (n) بہادری ؛ نڈر پن ؛ جنگ جو ۔

Bravery : (n) [F."braverie"] (۱) بہادری ؛ جرأت ۔ (۲) شان ۔ (۳) خود نمائی ۔ (٤) زرق برق لباس ۔ (٥) نمائشی چیزیں ۔

Bravingly : (adv) بہادرانہ طورپر ؛ جرأت مندانہ طورپر ؛ مقابلہ کرتے ھوئے ؛ للکارتے ھوئے ۔

Bravissimo : شاباش ؛ شاباشی ۔

Bravo : (Interj.& n) [It." bravo"] دیکھو Bravissimo

Bravura : (n) [It.] (۱) کار نمایاں ۔ (۲) هنر کی نمائش : کرتب دکھانا ۔ (۳) (موسیقی) نغمه کی تحریر کا کوئی حصه جس کا بجانا یا گانا مشکل هو ۔

Braw : (a) (۱) شاندار ؛ زرق برق ؛ عمده؛ خوبصورت ۔ (۲) بهت اچھا ؛ عمده ؛ جاذب نظر؛ خوش لباس ؛ اچھا لباس ؛ خوش پوش ۔

Brawl : (n) دنگا فساد ؛ چیخ پکار ۔

Brawl : (n) مےنوشی کی دعوت ؛ ندی کا شور ۔

Brawl : (v) [Late ME. origin unknown] (۱) جھگڑا فساد کرنا ؛ شور مچانا ؛ ندی کا شور مچانا ۔ (۲) بلندآواز میں حکم دینا ۔

To brawl in church : کلیسا میں غیرمذهبی اور بےموقع بات کرنا ۔

Brawler : (n) دنگا فساد کرنے والا ؛ شورمچانےوالا ۔

Brawlingly : (adv) دنگا فساد کرکے ؛ شور مچا کر ۔

Brawn : (n) [OF."braon","braoun"] (۱) عضله ؛ پٹھا (خصوصاً بازو یا پاؤں کا) ۔ (۲) سور کا گوشت (نمك لگا کر رکھا هوا) ۔ (۳) جسمانی طاقت و قوت ۔ (٤) سخت اور موٹا چمڑا ۔ (٥) آدمیوں کی تعداد ۔

Brawn : (v) (۱) سخت بنانا یا سخت هونا ۔ (۲) موٹا کرنا ؛ فربه کرنا (سور کو) ۔

Brawn fallen : (a) دبلا ۔

Brawned : (a) (۱) مضبوط ۔ (۲) سخت ؛ سخت دل ۔

Brawner : (n) موٹا سور ۔

Brawniness : (n) مضبوطی ؛ گٹھیلا پن ؛ کسرتی پن ۔

Brawny : (a) (۱) کسرتی ؛ مضبوط ۔ (۲) سخت دل ؛ بےحس ۔

Braxy : (a & n) [prob.from the"bracks"] (۱) بھیڑوں کی طحالی مرگی ۔ (۲) طحالی مرگی میں مبتلا ۔ (۳) ایسی بھیڑ کا گوشت ۔

Bray : (n) (۱) گدھےکی سی یا گدھے کی آواز ۔ (۲) کوئی سخت ناگوار آواز ۔

Bray : (v) (۱) گدھے کی سی آواز نکالنا ؛ گدھے کا بولنا ۔ (۲) (تحقیراً) انسانی آواز ۔ (۳) سخت بلند و کرخت آواز نکالنا ۔ (٤) کرختگی سے بولنا ۔

Bray : (v) [OF."breier"] (۱) چور چور کرنا یا پیسنا ؛ کوٹنا (هاون دستے یا موسل سے) ۔ (۲) کوٹنا ؛ رگڑنا (اونی کپڑوں کا) ۔ (۳) گھلا دینا (غم وغیرہ سے) ۔ (٤) هلکے سے لگانا (طباعت میں) ۔

Bray : (n) (نقابت) ایك مارکه ۔

Braye : (n) [F."braie"] ایك فوجی بیرونی حد بندی ۔

False bray : بیرونی فصیل ۔

Brayer : (n) گدھا ؛ گدھے کی آواز نکالنے والا ۔

Brayer : (n) (طباعت میں) ایك چوبی بیلن جس سے روشنائی کو ٹھیك طرح سے پھیلاتے هیں ۔

Brayer : (n) پیسنے والا ۔

Braying : (n) گدھے کی آواز نکالنا ۔

Braze : (v) [OE."brasion"] پیتل یا جستے کے فلز سے جوڑنا ۔

Braze : (v) [F."braser"] (۱) پیتل سے بنانا ؛ پیتل منڈھنا ؛ پیتل کا سا رنگ چڑھانا ۔ (۲) سخت کرنا ؛ سخت بنانا ۔

Brazen (a) [OE."braesen"] (۱) پیتلی ؛ پیتل کا بنا هوا ؛ مضبوط (پیتل کی طرح) ۔ (۲) پیتل کی طرح ؛ مثل پیتل ۔ (۳) بے حیا ؛ بے عزت ؛ بے ایمان ؛ بے باك ۔ (٤) بلند اور کرخت ۔ (٥) شدید ؛ شدت کا ۔

Brazen : (v) (۱) (Out کےساتھ) جرأت ؛ شوخی یا استقلال سے مقابله کرنا ؛ ڈھٹائی سے کام نکالنا ۔ (۲) بهادر بنانا یا بے دھڑك بنانا ؛ بے شرم بنانا ۔

Brazen age : (n) پیتل جُگ ؛ برنجی عهده یا زمانه ؛ دنیا کے تنزل کے چار عهدوں میں تیسرا عهد ۔

Brazen-face : (n) بے دھڑك ؛ بیباك ؛ بے حیا ؛ بے غیرت ۔

Brazen face : (n) بے دھڑک ؛ بے حیا آدمی ۔

Brazen-faced : (a) بے دھڑک ؛ بے باک ؛ بے حیا ؛ بےغیرت ۔

Brazen-facedly : (adv) بے باکی سے ؛ بے حیائی سے ۔

Brazen law of wages : (تجارت) اجرت کا کانسوی قانون ۔

Brazenly : (adv) بے حیائی سے ؛ بے باکی سے ۔

Brazenness : (n) بےحیا پن ؛ بے حیائی ؛ بیباکی ؛ بے ایمانی ۔

Brazier : (n) پیتل کا کام کرنے والا ؛ ٹھٹھیرا ؛ کسیرا ؛ صفّار ۔

Brazier : (n) [F."brasier"] انگیٹھی ؛ دہکتے ہوئے انگارے اٹھانے کا طباق ؛ پکانے کا ایک برتن ۔

Braziery : (n) پیتل کا کام ؛ برنجی سازی کی دکان ۔

Brazil : (n) [Sp."brasil"or It."brasile"] (۱) جنوبی امریکہ کی ایک سخت لال لکڑی جس سے رنگ بنایا جاتا ھے ۔ (۲) وہ رنگ جو اس لکڑی سے نکالا جاتا ھے ۔ (۳) جنوبی امریکہ کا ایک ملک ۔

Brazil : (n) (۱) فولادی پیریطس ۔ (۲) زیادہ پیریطس پایا جانے والا کوئلہ ۔

Brazil-nut : (n) برازیلی جرز ؛ ایک میوہ جس میں گری ہوتی ھے ۔

Braziletto : (n) [Sp."brasilete"] رنگ بنانے والی لکڑی کی ایک قسم جو جمیکا مین پائی جاتی ھے ۔

Brazilian : (a) برازیلی ۔

Brazilian emerald : (n) (کیمیا) برازیلی زمرّد ۔

Brazilian sapphire : (n) (کیمیا) برازیلی نیلم ۔

Brazilin : (n) Brazil wood کے رنگ کا مادہ ۔

Breach : (n) [ME."breche"] (۱) (بحری) موجو ں کا ٹکرانا (جہاز سے) ۔ (۲) نقص ؛ خلاف ورزی ۔ قطع تعلق ؛ ان بن ؛ ترک مراسم ۔ (۳) شکستگی ۔ (٤) رخنہ (خصوصاً قلعے کی دیوار میں گولوں کی مار سے) ۔ (٥) وھیل مچھلی کا تڑپ کر پانی سے اوپر اچھلنا ۔

Clean breach : موجوں کا اس طرح عرشے پر چڑھ جانا کہ اس کی ساری چیزیں بہالے جائے ۔

Clear breach : موجوں کا ٹکرائے بغیر جہاز پر چڑھ جانا ۔

Law breach : (تاریخ و سیاسیات) قانون شکنی ۔

To stand in the breach : توپوں کی مار سے قلعے کی دیوار میں جو رخنہ پیدا ھو گیا ھے اس میں کھڑا ھونا ؛ (مجازاً) جوکھوں یا جوکھم میں ھونا ۔

Breach : (v) (۱) توڑکرنکل جانا ؛ رخنہ ڈالنا ۔ (۲) وھیل مچھلی کا تڑپ کر پانی سے اوپر اچھل جانا ۔

Breach of arrestment : قرق شدہ جائداد کو غیرقانونی طریقہ پرفروخت کر دینا ۔

Breach of blockade : (تاریخ وسیاسیات) ناکہ بندی توڑنا ۔

Breach of close : مداخلت بیجا ۔

Breach of confidence : (انتظامیہ) اعتماد شکنی ۔

Breach of contract : شکست عہد ؛ وعدہ خلافی ؛ (تجارت و انتظامیہ) معاھدہ شکنی ۔

Breach of law : قانون کی خلاف ورزی ؛ (انتظامیہ) قانون شکنی ۔

Breach of peace : (تاریخ وسیاسیات) نقص امن ؛ امن شکنی ۔

Breach of pound : ضبط شدہ مال کا غیر قانونی طریقہ پر وصول کرنا ۔

Breach of prison : کسی قیدی کا قید سے فرار ۔

Breach of privilege : حقوق یافتہ کے کسی حق کی خلاف ورزی ؛ (انتظامیہ) استحقاق شکنی ؛ نقص مراعات ۔

Breach of promise : شادی کرنے کے وعدے کےخلاف کرنا ۔

Breach of treaty : معاھدہ کی خلاف ورزی ؛ (تاریخ و سیاسیات) معاھدہ شکنی ۔

Breach of trust : شکست عہد ؛ وعدہ خلافی (تجارت) ؛

اعتماد شکنی ؛ خیانت ؛
(انتظامیہ) اعتماد شکنی ؛ نقص امانت ۔

Breach of warranty : تصدیقِ اصلیت شکنی ۔

Breachy : (a) (۱) باڑ کو توڑ کر باہر نکل جانے والا ۔ (۲) رخنہ دار ۔

Bread : (n) [OE. "bread"] (۱) روٹی ؛ نان پاؤ ؛ پاؤ روٹی ؛ ڈبل روٹی ۔ (۲) روزی ؛ رزق ۔ (۳) روٹی کا یا روٹی کے بارے میں ۔ (٤) (عامیانہ) روپیہ پیسہ ۔

Black bread : ایک قسم کی موٹے آٹے کی روٹی ۔

Bread buttered on both sides : انتہائی خوش قسمتی ؛ آسودہ حالی ؛ اللّے تللّے ۔

Daily bread : روزی ۔

Ship's bread : (بحری) سخت بسکٹ ۔

To break bread : (۱) روٹی کھانا ۔ (۲) رزق دینا ۔ (۳) عشائے ربانی میں شریک ہونا ۔

To know on which side one's bread is buttered : اپنے نفع نقصان کو سمجھنا ۔

To make one's bread : روزی کمانا ۔

To take the bread out of one's mouth : کسی کی روزی چھین لینا ۔

Bread : (v) (۱) (باورچی خانہ) روٹی کے چور سے لپیٹنا ؛ روٹی مہیا کرنا ۔ (۲) روٹی سے رگڑ کر صاف کرنا ۔

Bread and butter : (n) (۱) مکھن لگی ہوئی روٹی ؛ رزق ؛ روزی ؛ مایحتاج ۔ (۲) (مجازاً) بچپنا ؛ اسکول کی لڑکی کا سا مزاج اور بھولا پن ۔ (۳) مہمان نوازی کا شکریہ ۔

Bread and cheese : (مجازاً) سادہ غذا ؛ غریبا مئو کھانا ؛ رزق روزی ۔

Bread and circuses : وہ ضیافت وتفریح جو حکومت اپنے خلاف ناراضی کو دور کرنے کے لئے مہیا کرے ۔

Bread and scrape : روٹی جس پر برائے نام مکھن لگا ہو ۔

Bread and wine : عشائے ربانی ۔

Bread-basket : (n) (۱) (عامیانہ) پیٹ ؛ شکم ۔ (۲) روٹی رکھنے کی ڈلیا ۔ (۳) غلہ پیدا کرنے والا علاقہ جو دوسرے علاقوں کے لئے بھی پیدا کرے ۔

Bread-board : (n) آٹا گوندھنے اور بیلنے کا تختہ ۔

Bread-colonies : (n) (تاریخ و سیاسیات) کثرت سے غلہ پیدا کرنے والے علاقے (ریاستہائے متحدہ امریکہ) ۔

Bread-corn : (n) وہ اناج جس سے روٹی بنتی ہے ۔

Bread crumb : (n) (۱) روٹی کا چور ؛ روٹی کے چھوٹے چھوٹے ریزے ۔ (۲) روٹی کا گودا یا نرم حصہ ۔

Bread-crumb : (v) روٹی کے چور میں لپیٹنا ۔

Bread dance : (n) وہ رقص جو امریکی انڈین اپنے دیوتا سے روزی مانگنے کے لئے کرتے ہیں ۔

Bread earner : (n) (تجارت) روزی کمانے والا ۔

Bread-flour : (n) آٹا ۔

Bread fruit : (n) بحر جنوبی کا ایک درخت جس کا پھل نشستئی ہوتا ہے ۔

Bread knife : (n) روٹی کاٹنے کا دندانہ دار چاقو ۔

Bread line : (n) خیراتی روٹی لینے والوں کی قطار ۔

Bread meal : (n) گھر کا کھانا ؛ چوکر کی روٹی ۔

Bread nut : (n) ایک قسم کے درخت کا گری دار پھل جس کو بھون کر اور پیس کر روٹی پکاتے ہیں ۔

Bread of affliction : محنت کی روٹی ؛ مصیبت سے ۔

Bread of idleness : بے محنت کی روزی یا روٹی ۔

Bread-root : (n) ایک قسم کا پودا جس کی جڑ کھانے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Bread roll : (n) وہ روٹی جو شوربا کے ساتھ کھاتے ہیں ۔

Bread riot : (n) وہ فساد جو غذا کے لئے ہو ۔

Bread stick : (n) وہ روٹی جو شوربا کے ساتھ کھاتے ہیں ۔

Bread-stitch : (n) (بال کی) چوٹی کی طرح سلائی ۔

Bread-stuff : (n) روٹی پکانے کی چیز ، اناج ، میدہ ، آٹا وغیرہ ۔

Bread-tree : (n) وہ درخت جس کے پھل کے آٹے کی روٹی پکاتے ہیں ۔

Bread-winner : (n) کنبہ پرور (شخص و پیشہ) ۔

Bread work : (n) (تجارت) روٹی کے لئے مزدوری ۔

Breaden : (a) روٹی کا بنا ہوا ۔

Breadless : (a) بے روزی ؛ محتاج ۔

Breadlessness : (n) محتاجی ؛ فاقہ مستی ۔

Breadness : (n) (عشائے ربانی کےبحث میں) روٹی ہونے کی صفت ۔

Breadth : (n) (۱) چوڑائی ؛ پھن ؛ عرض ؛ پورے عرض کا کپڑا ؛ گنجائش ؛ جگہ ۔ (۲) فاصلہ ؛ وسعت (نظر) ؛ فیاضی ؛ فراخدلی ؛ رواداری ۔ (۳) وسیع زور (قلم ، طرز تحریر وغیرہ) ؛ آزاد مشربی ؛ کشادہ دلی ۔ (٤) کسی وصف کا مظاہرہ ؛ ایک وسیع تاثر (فن میں) ؛ جذبات سے الگ ہو کر کشادگی اور اتحاد کا نقش قائم کرنا ۔

To a hair's breadth : بال برابر ۔

Breadthless : (a) بے وسعت ؛ بلا فاصلہ ۔

Breadthway / Breadthwise : (adv) عرضاً ؛ عرض کے حساب سے ۔

Break : (v) [OE. "brecan"] (۱) توڑنا ؛ ٹوٹنا ؛ ٹکڑے کرنا ؛ چور چور کردینا ۔ (۲) پھوڑنا ؛ پھوٹنا ؛ پھٹنا ؛ تڑکنا ۔ (۳) اپنی جگہ سے سرک جانا؛ راستہ بنانایا نکالنا۔(٤) توڑ ڈالنا ۔ (٥) منقطع کرنا ۔ (٦) بدلنا ۔ (۷) گھس جانا ۔ (۸) نکل آنا؛ نکل بھاگنا ۔ (۹) کمزور ہونا یا کردینا ۔ (۱۰) پست ہمت کرنا ۔ (۱۱) تباہ کرنا ؛ برباد کرنا ۔ (۱۲) رکنا ؛ بند ہونا ؛ ختم ہو جانا ۔ (۱۳) سدھانا ؛ تربیت کرنا ؛ تربیت دینا ؛ دبا دینا ؛ فرو کر دینا ۔ (١٤) خلاف ورزی کرنا ؛ پورانہ کرنا۔ (١٥) کھول دینا۔ (١٦) مغلوب کر دینا ۔ (۱۷) احترام نہ کرنا ؛ ثابت نہ رکھنا ؛ زور زبردستی کرنا ۔ (۱۸) ثابت و سالم نہ رکھنا ۔ (۱۹) ظاہر کرنا ؛ خبر دینا ؛ بول پڑنا ۔ (۲۰) کھولنا ؛ شروع کرنا ۔ (۲۱) سلسلہ یا اتحاد توڑ ڈالنا ۔ (۲۲) روک دینا ؛ تتر بتر کر دینا ؛ ابتری پھیلانا ۔ (۲۳) (کسی خط کا) یک بیک خط بدل ڈالنا ۔ (٢٤) توڑ کر الگ کرنا ۔ (۲٥) جھگڑنا ۔ (۲٦) (کسی عہدہ دار کو) بر طرف کر دینا ۔ (۲۷) تاریکی سےنکل آنا؛ چمکنےلگنا ۔ (۲۸) کاٹ دینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ (۲۹) کسی وصیت نامے کو رد کردینا؛ کالعدم قرار دینا ۔ (۳۰) (کرکٹ) وکٹ کو گرا دینا۔ (۳۱) توڑنا(پھل وغیرہ کا) ۔ (۳۲) ختم کرنا ۔ (۳۳) خردہ کرنا ؛ بھنانا ۔ (٣٤) دیوالیہ نکالنا ۔ (۳۵) سن وغیرہ سے ریشہ الگ کرنا ۔ (۳٦) ریکارڈ توڑ دینا ۔ (۳۷) قیمت کم کرنا ۔ (۳۸) کسی قصے کا سلسلہ دوسرے تیسرے صفحہ پر لیجانا ۔ (۳۹) کسی معاملہ کا حل نکالنا یا شرح بتانا ۔ (٤٠) تقسیم کرنا ۔ (٤١) رخ بدل دینا ؛ رخ بدلنا ؛ بدلنا ۔ (٤٢) کسی رنگ کو دوسرے رنگ کے ذریعہ بدل دینا ۔ (٤٣) رقص میں ہم رقص کے ہاتھ کو چھوڑ دینا ۔ (٤٤) کیمرہ کے مقام کو بدلنا ۔ (٤٥) (مچھلی یا وھیل کا) پانی سے اچھلنا۔(٤٦)تجزیہ کرنا ۔ (٤٧) شاخیں پھوٹنا ۔ (٤٨) گاڑھا اور دھندلا ہونا ۔

Cloud breaks : بادلوں کا پھٹنا ۔

To break a lance with : بحث کرنا یا مناظرہ کرنا ؛ مقابلہ کرنا ۔

To break and enter : گھس پڑنا ۔

To break a jest : مذاق کرنا ؛ بری خبر پہنچانا ۔

To break an indenture : توڑ ڈالنا ۔

To break an officer : بر طرف کر دینا ۔

To break a set : کسی چیز کے سیٹ کو الگ الگ کرکے بیچنا ۔

To break away : (۱) (Intra) توڑ کر علاحدہ کرنا؛ توڑنا ۔ (۲) (Trans) بھاگنا ۔

To break bank : دیوالہ نکالنا ۔

To break bread with : کسی کے ہاں کھانا کھانا ۔

To break bulk : سامان اتارنا ؛ بوجھ کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ۔

To break butterfly on wheel : قوت بیجا صرف کرنا ۔

To break camp : فوجیوں کا سامان باندھ کر چلنے کی تیاری کرنا ۔

To break contract : توڑ ڈالنا (معاہدہ) ۔

To break down : (۱) (.Int) برباد کرنا ؛ توڑ پھوڑ کرنا ؛ مسمار کرنا ۔ (۲) سڑانا ۔ (۳) پاش پاش کر دینا ۔ (٤) (.Int) بیکار ثابت ہونا ؛ بیٹھ جانا ؛ منقطع ہونا (طبیعیات) ۔

To break forth : (۱) (.Int) لپکنا ۔ (۲) پھیلنا (بیماری ، جنگ وغیرہ کا) ۔ (۳) بھاگنا ؛ آزاد ہو جانا ۔ (٤) بول اٹھنا ۔

To break ground : پہلی بار ہل چلانا ؛ محاصرہ شروع کرنا ؛ ڈول ڈالنا ۔

To break in : گھس جانا ؛ مداخلت کرنا ؛ قطع کلام کرنا ؛ برس پڑنا ۔

To break into arms : ہتھیار اٹھا لینا ۔

To break into house : سیندھ دینا یا لگانا ؛ نقب زنی کرنا ۔

To break into laughing : دفعتاً ہنس دینا ۔

To break into rebellion : مسلح بغاوت کر دینا ۔

To break into weeping : یک بیک رو دینا ۔

To break joint : اینٹوں کے جوڑوں کے خطوط کو لگاتار نہ رکھنا ۔

To break news : بری خبر پہنچانا ؛ مذاق کرنا ۔

To break oath : قسم توڑ ڈالنا ۔

To break off : (۱) منقطع کرنا ؛ ختم کر دینا ۔ اچانک چھوڑ دینا ۔ (۲) توڑنا ؛ علاحدگی اختیار کرنا ۔

To break (anyone) of a practice, or, habit : عادت چھڑا دینا ۔

To break one's blow / fall : چوٹ یا ضرب کا ضرر کم ہو جانا ۔

To break one's heart : غم سے مغلوب ہو جانا ؛ دل پر نہایت صدمہ گزارنا ۔

To break one's journey : سفر کے بیچ میں رک جانا ؛ ٹھہر جانا ۔

To break one's neck : پوری کوشش کرنا ؛ حتی الوسع کوشش کرنا ۔

To break on the wheel : پہیئے سے باندھ کر ہڈیاں توڑ ڈالنا ۔

To break out : (۱) بھاگ نکلنا ؛ فرار ہونا ؛ نکلنا ۔ (۲) پھیلنا (بیماری) ۔ (۳) چھیڑنا (لڑائی) ۔

To break out flag : جھنڈا کھولنا ۔

To break Priscian's head : گرامر کی ٹانگ توڑنا ۔

To break sheer : دیکھو "sheer" ؛ جہاز کے راستے کا رخ ۔

To break square / squares : با قاعدہ حکم کی خلاف ورزی کرنا ؛ نقصان پہنچانا ۔

To break the ball : (بلیرڈ) پہلی ضرب لگانا ۔

To break the back : مغلوب کرنا ؛ شکست دینا ۔

To break the bank : (جوئے بازی میں) بینکر کو روپیے دینے سے روک دینا ۔

To break the ice : شروع کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ آغاز کرنا ؛ حجاب اٹھانا یا توڑنا ۔

To break the marriage : رشتۂ ازدواج منقطع کرنا ۔

To break the neck of a journey : سفر کا سب سے دشوار مرحلہ طے کر لینا ۔

To break the leg of arm : ہاتھ پاؤں توڑ دینا ۔

To break the ranks : صف میں ابتری پڑنا ۔

To break through : (۱) گھسنا ۔ (۲) خلاف قاعدہ کام کرنا ۔ (۳) نمایاں طور پر کامیاب ہونا ۔

To break through obstacle : سدّ راہ کو توڑ کر نکل جانا ۔

To break up : (۱) منتشر ہونا ؛ خندق کھودنا ؛ ریزہ ریزہ کرنا ۔ (۲) نئی راہ نکالنا ۔ (۳) کم ہونا ۔ (٤) کم زور ہونا ۔

To break wind : ریاح نکالنا ۔

To break with : لڑنا ؛ قطع تعلق کرنا ۔

Voice breaks : آواز کا بھرّا جانا ؛ کنٹھا پھوٹنا ؛ آواز کا پختہ ہونا (بلوغ میں) ۔

Break- : جزو ترکیبی ۔

Break : (n) (۱) توڑنا ؛ ٹوٹنا ۔
(۲) گیند کا ٹپّا کھا کر مڑنا (کرکٹ میں) ۔
(۳) نمبر جو ایک سلسلے میں جیتے جائیں (بلیرڈ میں) ۔ (٤) رخنہ ۔ (٥) شکستہ حصہ ۔
(٦) خلل ؛ وقفہ ؛ (موسم وغیرہ کی) تبدیلی ۔
(۷) (موسیقی) وہ نقطہ جہاں سروں وغیرہ کا امتداد ہے ۔ (۸) بے قاعدگی ۔
(۹) زمین کا کوئی حصہ جو کھیتی کے لئے بنایا گیا ہو ؛ کسی خاص خصوصیت والی زمین کا کوئی حصہ ۔
(۱۰) وہ علامت [-----] جو اشاعت یا تحریر میں اچانک وقفہ کے لئے استعمال ہوتی ہے اور جسے طباعت کی اصطلاح میں لیڈرز (leaders) کہتے ہیں ۔ (۱۱) (کان کنی) نقص ۔
(۱۲) شکن ؛ موڑ ۔ (۱۳) جھپٹ ۔ (۱٤) قطع تعلق ؛ اختلاف ۔ (۱٥) چائے کی پیٹیوں کی تعداد جو جہاز پر بھیجی جائیں ۔
(۱٦) وقفہ یا تبدیلی کی جگہ یا مقام ۔
(۱۷) جنگل کی وہ آگ جو فوراً قابو میں نہ لائی جا سکے ۔ (۱۸) بے ڈھنگ سماجی فاش غلطی ۔ (۱۹) خوش بختی ؛ خوش طالعی ۔ (۲۰) تڑکا ؛ طلوع سحر ۔

Electrolytic break : (کیمیا) برق پاشیہ توڑ۔

Mercury break : (کیمیا) پارہ توڑ ۔

Brog : (n) [of uncertain origin] (۱) سوراخ کرنے یا چبھانےکا ایک آلہ ؛ ٹکوا ۔ (۲) ٹکوا سے بنایا ہوا سوراخ ۔ (۳) ایک چھوٹی چھڑی جو زمین میں دھنس سکے ۔

Brog : (v) (۱) چبھونا ؛ ٹکوا گڑانا ؛ بھونکنا ۔
(۲) کانٹے کے ذریعہ ایل مچھلی پھنسانا ؛ شکار کرنا ۔

Brogan : (n) [It. dim. of "brog"] سخت مضبوط قسم کا جوتا ۔

Broggerite : (n) [Sw."broggerit" f. W.C. Brogger, Norw.mineralogist] ایک قسم کا پتھر ، مثل اورانینیٹ (Uraninite) ؛ (کیمیا) بروگیرائیٹ ۔

Broggle : (v) کانٹے کے ذریعہ ایل مچھلی کا شکار کرنا ۔

Brogue : (n) [O. Ir."broce"] (۱) آئرستان اور اسکاٹستان کے بے کمائے ہوئے چمڑے کا موٹا جوتا ۔
(۲) گولف کھیلنے کا موزہ ۔ (۳) پن روک موزہ ۔

Brogue : (n) دیہاتی لہجہ خاص کر آئرستان میں ۔

Brogue : (v) دیہاتی لہجہ میں بولنا ۔

Broiden : (a) ملا کر بنا ہوا ؛ گندھا ہوا ؛ بڑی مہارت و ہوشیاری سے تیار کیا ہوا ۔

Broil : (n) [F. "brouiller"] ہنگامہ ؛ دنگا ؛ جھگڑا ؛ فساد ۔

Broil : (n) [OF."brullir "] (۱) سخت گرمی ؛ سخت گرمی کی حالت ۔ (۲) بھنا ہوا گوشت ۔

Brob : (n) وہ خاص قسم کی سلاخ جو کسی چیز کے سہارے پر رکھی ہوئی کڑی کے آخر میں اس کو پھسلنے سے روکنے کے لئے لگادی گئی ہو ۔

Brobdingnag : (n) سوئفٹ (Swift) کی کتاب Gulliver's Travels کا ایک خیالی ملک جہاں ہرچیزعظیم پیمانے پر یا عظیم الجثہ تھیں ؛ عظیم ۔

Brobdingnagian : (a) Brobdingnag کا باشندہ ؛ دیو ؛ دیو زادوں کا سا ۔

Brocade : (n) دیبا ؛ کامدانی ؛ جامہ دار ؛ زربفت ؛ کمخواب ۔

Brocade : (v) ابھرا ہوا کام کرنا ؛ زری کا کام کرنا ؛ منبت کاری کرنا ؛ دیبا یا زربفت بنانا ۔

Brocaded : (a) زرسے بنا ہوا ؛ کمخواب کی طرح آرائش کیا ہوا ؛ کمخواب کا لباس پہنے ہوئے ۔

Brocard : (n) [F.] (۱) (قانون) ابتدائی اصول یا اصول موضوعہ ۔ (۲) چبھنے والی تقریر ؛ قوانین فزیکسی ؛ ضرب المثل ؛ تہدید؛ استہزا ۔

Brocatella : (n) [It. "broccatello"] (۱) نقلی کمخواب جو پردہ یا غلاف یا پوشاک بنانے کے مصرف میں آئے ۔ (۲) دیکھو Brocatello (گولیاں جس میں قسم قسم کی رنگین تحریریں ہوں) ۔

Brocatello : (n) [It."broccatellodi Siena"] رنگین یا رنگین ریشےدار گولیاں ۔

Broccoli / Brocoli : (n) [It. "broccoli"] پھول گوبھی کی ایک قسم ۔

Broch/ Brogh/Brough : (n) [ON."borg"] (باستا شناسی) ماقبل تاریخ کی ایک عمارت جو ایک قسم کے گول مینار کی طرح تھی اور جس کے اندر انسان کے رہنے کی کوٹھریاں تھیں ۔ اس قسم کی عمارتیں Orkney اور Shetland اور اسکاٹ لینڈ میں پائی جاتی ہیں ۔

Brochantite : (n) [f. Brochant de Villiers, a French mineralogist] ایک معدنی شئے جس کا نام Brochant de Villiers پر رکھا گیا ہے ۔

Brochure : (n) [F. "brocher"] چند اوراق کا ایک مختصر مطبوعہ رسالہ جس کے اوراق باہم سلے ہوئے ہوں ؛ رسالہ ؛ کتابچہ ؛ پمفلٹ ۔

Broil : (v) [OF. "bruillir"] (۱) گوشت بھوننا یا کباب لگانا ؛ سیخوں پر بھوننا ۔ (۲) گوشت کا گریل بنانا ۔ (۳) جھلسنا ؛ گرم کرنا ۔ (٤) بہت گرم ہونا (٥) دھوپ سے تپنا یا بھن جانا یا تپانا ۔

Broil : (v) [F. "brouille"] (۱) دنگا فساد میں مبتلا ہو جانا یا کرنا ۔ (۲) جھگڑا کرانا ۔ (۳) جھگڑے میں پھنسا دینا ۔ (٤) درہم برہم کرنا ۔

Broiler : (n) (۱) بھوننے والا یا جو چیز بھونی جاتی ہو ۔ (۲) بہت ہی گرم دن ؛ جھلسانے والا دن ؛ تپتا ہوا دن ۔ (۳) مرغی کے بچےکا گوشت (بھوننے کے لئے) ۔

Broiler : (n) جھگڑا فساد کرنے والا / کرانے والا ؛ درہم برہم کرنے والا ۔

Broiling : (n) تپانے کا کام ؛ گریل بنانے کا کام ۔

Broilingly : (adv) تپاتے ہوئے؛ تپا کر ؛ بھون کر ۔

Broke : (v) [f.BROKER] دلالی کا کام کرنا ؛ دلال بننا ۔

Broke : (n) [OE."broc"] (۱) ٹوٹا ہوا ؛ شکستہ ۔ (۲) چھوٹے بالوں کی پشم ۔ (۳) وہ کاغذ جو تیار ہوتے وقت مصرف کے قابل نہ رہے ۔ (٤) (جمع) حاشیہ ۔ (٥) نقص دار پتوں کا گھٹیا درجہ کا تمباکو ۔

Broke : (n) [ME. alter. of "broken"] (۱) ٹوٹا ہوا ؛ برخاست کیا ہوا ؛ برطرف کیا ہوا ۔ (۲) قلاش ؛ دیوالیہ ؛ بالکل قلاش ۔ (۳) خاص کاموں کے لئے سدھایا ہوا تربیت یافتہ جانور ۔ (٤) زبردستی مطابقت پیدا کیا ہوا (آدمی) ۔

Broken : (a) (۱) ٹوٹا ہوا ؛ شکستہ ؛ چور چور ۔ (۲) پھٹا ہوا ۔ (۳) ہڈی ٹوٹی ہوئی ؛ جلد پھٹی ہوئی ۔ (٤) ریزہ ریزہ ۔ (٥) تھکا ہوا ؛ خستہ حال ؛ چور چور ۔ (٦) مصیبتوں سے احساسات میں کچلا ہوا ؛ مجروح ؛ پشیماں ؛ نیچا دکھایا ہوا ؛ ذلیل کیا ہوا ۔ (۷) دیوالیہ ؛ قلاش ۔ (۸) پالتو ؛ سدھایا ہوا ۔ (۹) توڑا ہوا ؛ خلاف ورزی کیا ہوا ؛ غیر سالم ۔ (۱۰) شکستہ حرف ؛ ہزیمت یافتہ ۔ (۱۱) پارہ پارہ ؛ غیر متعلق ؛ پیوند دار ۔ (۱۲) جدا جدا ؛ خلل ڈالا ہوا ۔ (۱۳) نحوی طور پر نا مکمل ۔ (١٤) توڑ کر نکالا ہوا ؛ الگ کیا ہوا ۔ (۱٥) ہلکا کیا ہوا (دوسرے رنگوں کے ملانے سے) ۔ (١٦) (کاغذ) ناہموار قسم کا ۔

Broken ale : (n) بچی کھچی شراب ۔

Broken backed : (a) (۱) پست ؛ شکستہ ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کی وہ حالت جس میں اس کا ڈھانچہ اتنا ڈھیلا ہو جائے کہ وہ دونوں کناروں سے جھک جائے ۔

Broken bellied / Broken bodied : (a) ہرنیا کا مریض ؛ فتق کا مریض ۔

Broken clan : (n) وہ قبیلہ جس کا ایسا سردار نہ ہو جو قبیلہ کے لوگوں کی نیک چلنی کی ضمانت دے سکے ۔

Broken English : (n) ٹوٹی پھوٹی غلط سلط انگریزی ۔

Broken family : (n) (سماجیات) شکستہ خاندان ۔

Broken ground : (n) ناہموار زمین ۔

Broken-hearted : (a) شکستہ دل ؛ نا امید ۔

Broken-heartedly : (adv) شکستہ دلی سے ۔

Broken-heartedness : (n) شکستہ دلی ۔

Broken Hill skull : (n) (تاریخ) (بروکن ہل ، روڈیشیا کا ایک مقام) بروکن ہل کی کھوپڑی ۔

Broken kneed : (a) ٹھوکر کھا جانے سے ٹخنا ٹوٹا ہوا ۔

Broken line : (n) (ریاضی) شکستہ خط ۔

Broken man : (n) (۱) مریل سا ؛ نامراد ۔ (۲) (اسکاٹش قانون) قانون کی حمایت سے محروم ؛ راندۂ قانون ۔

Broken meat : (n) بچا کھچا کھانا یا گوشت ۔

Broken money : (n) خوردہ ؛ ریزگاری ۔

Broken number : (n) کسر ۔

Broken series : (n) (ریاضی) شکستہ سلسلہ ۔

Broken sleep : (n) اچاٹ نیند ۔

Broken tale : (n) ادھورا قصہ ۔

Broken tea : (n) چائے کا بردہ ؛ چائے کا چورا ۔

Broken water : (n) چھوٹی چھوٹی موجیں ۔

Broken weather : (n) گھڑی گھڑی بدلنے والا موسم ۔

Broken wind /Broken-wind : (n) گھوڑوں کا وہ لاعلاج مرض جو اسے تھکاوٹ برداشت کرنے کے نا قابل بنا دیتا ھے ۔

Broken-winded : (n) ناکارہ گھوڑا (پھیپھڑوں کی خرابی سے) ۔

Brokenly : (adv) رہ رہ کر ؛ ھچکولے کے ساتھ ؛ جھٹکے کے ساتھ ۔

Brokenness : (n) شکستگی ۔

Broker : (n) [Anglo F. "brocour"] (۱) دلال ؛ ایجنٹ ؛ کباڑی ۔ (۲) قرق شدہ مال کا بیچنے والا ۔ (۳) نیلام کا مال بیچنے والا ۔ (٤) پرانا فرنیچر اور سامان بیچنے والا ۔ (۵) قاصد ؛ ترجمان ؛ پیامبر ۔

Money broker : (تجارت) دلال زر ۔

To false knaves need no broker : جھوٹے بدمعاشوں کو دلال کی ضرورت نہیں ۔

Broker agent : (n) (تجارت) دلال ایجنٹ ۔

Brokerage : (n) دلالی ؛ دستوری ؛ دلال کا کمیشن ؛ مزد دلالی ؛ حق العمل ۔

Brokerage on war risk : (تجارت) دلالی برجنگی خطر ۔

Broker's note : (n) (تجارت) دلال کا رقعہ ۔

Broking : (n) (۱) دلالی ؛ سٹّابازی ؛ سمساری ۔ (۲) پست ؛ لئیم ؛ خسیس ۔

Brolly : (n) چھاتا ۔

Broma : (n) [Gr.] (۱) وہ غذا جو چبا کر کھائی جائے ؛ (۲) چاکلیٹ سے بنی ھوئی کھانے کی چیز ۔

Bromal : (n) [f. BROM-INE + AL-COHOL] ایک کیمیاوی برومین کا مرکب جو الکحل سے بنتا ھے ۔

Bromate : (n) برومک ایسڈ کا نمک ؛ (کیمیا) برومیٹ ۔

Bromatology : (n) [Gr. "bromato +logia"] (۱) غذا کے بارے میں مضمون ۔ (۲) علم الغذا ۔

Brome : (n) [Gr. "bromos"] برومین کا فرانسیسی نام ۔

Brome : (n) [Gr."bromos"] جئی کی قسم کی ایک گھاس ۔

Brome-grass : (n) جئی کی قسم کی ایک گھاس ۔

Bromeliaceous : (a) پودوں کی ایک ذات کے متعلق ۔

Bromic : (n) برومین کا کیمیاوی مرکب ۔

Bromic acid : (n) برومین کا تیزاب ۔

Bromic silver : (n) ایک معدنی شئے جس میں برومین اور چاندی رھتی ھے ۔

Bromide : (n) (۱) ایک معمولی وبال جان آدمی ؛ ایک فرسودہ فقرہ ؛ رسم پرستی ۔ (۲) (کیمیا) برومائڈ ۔

Bromide paper : (n) (کیمیا) برومائڈ کا کاغذ ۔

Bromidrosis : (n) [Gr. "bromos" + "idros"] پسینے کی گلٹیوں کی ایک بیماری ۔

Brominate : (v) (کیمیا) برومینانا ۔

Brominated : (a) وہ مرکب جس میں برومین شامل ھو یا ڈالا گیا ھو ۔

Bromination : (n) (کیمیا) برومینانا ۔

Bromine : (n) [F. "brome"+ - INE] (۱) ایک قسم کا غیر معدنی عنصر جو مختلف مرکبات میں استعمال ھوتا ھے ۔ (۲) ایک سرخی مائل تیز زھریلا غلیظ رقیق جس کی تیز بو ھوتی ھے ۔

Bromism : (n) برومین کے استعمال سے پیدا ھونے والی حالت ۔

Bromite : (n) Bromic Silver دیکھو

Bromize / - ise : (v) (۱) برومین شامل کرنا ، داخل کرنا یا اس سے مرکب بنانا ۔ (۲) برومین لگانا ۔ (۳) (فوٹوگرافی میں) برومین یا برومائڈ سے فوٹو پلیٹ تیار کرنا ۔

Bromo-/ Brom- : جزو ترکیبی بمعنی برومین ۔

Bromoform : (n) کلوروفارم کی طرح کا ایک مرکب ۔

Bromyrite : (n) دیکھو Bromic Silver

Bronchadene : (n) نرخرے کا ایک غدود ۔

Broncharctia : (n) قصبے کا تنگ ہو جانا ۔

Bronchia : (n) [Gr. "brogchia "] قصبے یا نرخرے کی دو نالیاں ۔

Bronchial / Bronchic : (a) نرخرے کی نالی سے متعلق ۔

Bronchially : (adv) نرخرے کی نالی سے ہو کر ۔

Bronchiarctia : (n) نرخروں کی نالی کا تنگ ہو جانا ۔

Bronchiectasis : (n) نرخروں کی نالیوں کا پھیل جانا ۔

Bronchio- / Bronchi : جزو ترکیبی بمعنی دو نرخروں میں سے ایک ۔

Bronchio - crisis : (n) کالی کھانسی وغیرہ کا دورہ ۔

Bronchio-pneumonia : (n) پھیپھڑوں کا ورم جو نرخرے کی جھلی سے شروع ہوتا ہے ۔

Bronchio- pulmonary : (a) نرخرے اور پھیپھڑے سے متعلق ۔

Bronchiole : (n) [L. "bronchiola"] (١) نرخرے کی باریك نالی ۔(٢) (لسانیات) قصیبی ۔

Bronchitic : (a) قصبی ورم سے متعلق ۔

Bronchitis : (n) [f. "bronchi"+ - ITIS] نرخرے کی نالیوں کا ورم ۔

Broncho-pneumonia : (n) نرخرے کی نالیوں کا ورم ۔

Bronchocele : (n) [Gr. "bronchos+cele "] ورقی غدود کا ورم ۔

Bronchophonic : (a) نرخرے کی آوازوں کو سننے سے متعلق ۔

Bronchophony : (n) [Gr. "bronchos+ phonia"] نرخرے میں پیدا ہونے والی آوازوں کو سننا ، اسٹیتھسکوپ کے ذریعہ ۔

Broncholith : (n) قصبے کے غدود میں کیلسیم کا جمع ہو جانا ۔

Bronchorrhoea : (n) پرانا قصبی ورم ۔

Bronchotome : (n) [Gr. "bronchos+tomos"] نرخرے کی جراحی میں استعمال ہونے والا چاقو یا قینچی ۔

Bronchotomist : (n) (١) قصبے کی نالیوں پر عمل جراحی کرنے والا ۔(٢) (مزاحاً) خونی ؛ ظالم ؛ سفاك ؛ قاتل ۔

Bronchotomy : (n) [Gr."bronchos+tomia "] قصبے کی نالیوں پر عمل جراحی ۔

Bronchus : (n) آواز کی دو نالیوں میں سے ایک نالی ؛ (لسانیات) قصیب ۔

Bronco : (n) [Sp.] نیم وحشی گھوڑا یا عام گھوڑا اور جنگلی گھوڑے کی دوغلی نسل ۔

Bronteon / Bronteum : (n) [Gr. "brontion"] قدیم رومی اور یونانی تھیٹر میں آواز کی نقالی کا ایک طریقه ۔

Brontology : (n) [Gr. "bronte + logia"] موسمیات کا وہ حصه جو رعد سے بحث کرتا ہے ۔

Brontosaurus : (n) [mod. L.] ایک بہت بڑا چوپایه رینگنے والا جانور جو گھاس پات کھاتا تھا ۔

Brontothere : (n) یك ناپید سم دار دودھ پلانے والا جانور جو ہاتھی اور تاپیر سے مشابه ہوتا تھا اور اکثر اس کے سینگ ہوا کرتے تھے ۔

Bronx : (n) [f. the Bronx, borough of New york] (١) ایك قسم کا کاك ٹیل (Cock tail) ۔ (٢) امریکه کے شہر نیویارك کا ایك حصه ۔

Bronze : (n) [It. "bronzo "] (١) کانسی ؛ ٹن اور تانبے کا ممزوج ؛ کانسا ۔ (٢) کانسه کا مجسمه وغیرہ ۔(٣) کانسی کا رنگ ۔(٤) کانسی کا سا ۔ (٥) ایك فلزی سفوف جو رنگنے اورنقاشی کرنے وغیرہ میں کام آتا ہے ۔(٦) کانسے کا بنا ہوا ؛ کانسےکے رنگ کا ۔ (٧) بڑی قسم کا پیلو (فیل مرغ) جس کے پر بھورے ہوتے ہیں ۔(٨) ایك قسم کا سکه ۔

Aluminium bronze : المونیم اورتانبے کا ایك مرکب ۔

Phosphor bronze : کانسے یا تانبے کا مرکب جس میں تھوڑا فاسفورس ملا ہوتا ہے ۔

Bronze : (a) [F. "bronzer"] (۱) کانسے کے رنگ کا ؛ کانسے کا بنا ہوا ۔ (۲) گہری گونجنے والی (آواز) ؛ بےشرم ؛ گستاخ ۔

Bronze : (v) [F. "bronzer"] (۱) کانسے کے رنگ کا ہو جانا یا کرنا ۔ (۲) کانسے کا سا رنگ دینا ۔ (۳) دھوپ سے سانولا ہوجانا ۔ (٤) (مجازاً) بے حس اور بے حیا بنا دینا ؛ سخت بنا دینا ۔

Bronze age : (n) برنجی عهد ؛ کانسے کا عهد ؛ کانسی جگ ۔

Bronze age barrow : برنجی عهد کی قبر ؛ (تعمیرات ، تاریخ) کانسے کے دور کا استوپ ۔

Bronze collar : (n) (تاریخ ، اثریات) کانسے کی هنسلی ۔

Bronze cross : (n) گرل اسکاؤٹ ؛ بہادری کے لئے دیا جانے والا سب سےاونچا انعام ۔

Bronze Culture : (n) (تاریخ) برنجی عهد کی تہذیب ؛ کانسے کی تہذیب ۔

Bronze figure : (n) (تاریخ) کانسے کی مورتی ۔

Bronze man : (n) کانسے کے عهد کا انسان ۔

Bronze period : (n) ما قبل تاریخ کا ایک زمانہ جس دوران هتهیار وغیرہ کانسے کے بنائے جاتے تھے ۔

Bronze powder : (n) ایک فلزی سفوف (پیتل ، تانبا یا ٹن کا) جو رنگنے چھاپنے وغیرہ میں کام آتا ھے ۔

Bronze smith : (n) کانسے کا کام کرنے والا ۔

Bronze yellow : (a) (کیمیا) کانسی پیلا ۔

Bronzed : (a) (۱) کانسے جیسا ۔ (۲) کانسے کے رنگ کا هو جانا ؛ سانولا هو جانا ۔

Bronzed skin : (n) ایک قسم کی بیماری جس میں چمڑے کا رنگ کانسے کا سا هو جاتا ھے ۔

Bronzing : (n) (کیمیا) کانسیانا ۔

Bronzing powder : (n) (کیمیا) کانسی سفوف ۔

Bronzite : (n) ایک قسم کی دهات جس میں کانسے کی سی چمک هوتی ھے ۔

Bronzy : (a) کانسے کے رنگ کا ؛ کانسے کی طرح کا ۔

Broo : (n) [OF."bro", "breu"] شوربا ؛ یخنی ۔

Brooch : (n) [ME. "broche"] جڑاؤپن ؛ بروچ ۔

Penannular brooch : (تاریخ ، اثریات) چھلے کی شکل کا بروچ ۔

Brood : (n) [OE."brod"] (۱) انبوہ ؛ جهنڈ ؛ ڈهیر (پرندوں اور جانوروں کا اور حقارت سے آدمیوں کے بچے کے لئے) ۔ (۲) چینگی پوٹے؛ جهول ۔ (۳) نسل ؛ ذات ۔(٤) صدف ماهی کا دوسرے سال میں انڈے دینا ۔ (٥) (معدنیات) خام دهات کا غیر کارآمد حصہ جو ذرا بهاری قسم کا هوتا ھے ۔ (٦) کوئی ایک طرح کی چیز (خاصیت اور شکل کے لحاظ سے) کا مجوعہ ۔

Brood : (v) (۱) سینا ؛ انڈے سینا ۔ (۲) منصوبہ باندهنا ۔ (۳) گهڑنا ۔ (٤) چهاجانا ۔ (٥) (غصہ وغیرہ کو) دماغ میں لئےرهنا / پرورش کرنا ۔ (٦) سوچتے رهنا ؛ اداسی اور افسردگی کا دماغ پر طاری رهنا ۔ (۷) سود کا بڑهتا جانا ۔ (۸) گهونسلے میں آرام سے پڑے رهنا ۔

Brood-hen : (n) انڈے سینے والی مرغی ۔

Brood-mare : (n) وہ گهوڑی جو بچہ دینے کے لئے رکهی جاتی ھے ۔

Brood-matron : (n) پالتو مادہ جانور جو بچہ دینے کے لئے پالا جائے ۔

Brood- parasitism : (n) پرندوں کی طفیلی حرکت ، یعنی دوسرے پرندوں کے گهونسلے میں انڈے دیتے هیں اور بچوں کو اسی کے حوالے چهوڑ دیتے هیں ۔

Brood-stock : (n) جانور کی وہ تعداد جو افزائش نسل یا نئی نسل کے لئے خاص جگہ رکهی جائے ۔

Broodiness : (n) (مرغی وغیرہ کا) کڑکپن ۔

Brooding : (a) (۱) سینے والی ۔ (۲) سوچ میں مبتلا رهنے والی / والا ۔

Broody : (a) (۱) کڑک (مرغی) ۔ (۲) مغموم ۔ (۳) انڈے سینے والا / والی ۔

Broody coop : (n) وہ چھوٹا تنگ پنجرا جس میں مرغی کو کڑک توڑنے کے لئے رکھا جائے -

Brook : (n) [OE. "broc"] نالا ؛ ندی ؛ چشمہ -

Brook : (v) [OE. "brucan"] (۱) فائدہ اٹھانا - (۲) برداشت کرنا ؛ جھیلنا ؛ سہنا -

Brook : (n) کالك ؛ پھلیا -

Brook-ouzel / Brook-runner : (n) یك قسم کا پودا -

Brook-trout : (n) نالا ؛ ندی میں پائی جانے والی مچھلی -

Brooked : (a) گندہ -

Brookite : (n) [f. H. J. Brooke, mineralogist] ایك قسم کی معدنی شئے جس کا نام Brooke پر رکھا گیا ہے -

Brooklet : (n) چھوٹا نالا ؛ چھوٹا چشمہ -

Brooklime : (n) [ME. "Brok-lemok"] نیلے پھول کا ایك پودا ؛ جل کمبی -

Brooklynese : (n) نیویارك کی گنوارو بولی -

Brooky : (a) چشموں ، ندیوں سے بھرا ہوا -

Brool : (n) [Gr. "brull"] بھنبھناہٹ ؛ بڑبڑاہٹ -

Broom : (n) [OE. "brom"] (۱) سینك کی قسم کی ایك جھاڑی -(۲) ایك قسم کی جھاڑی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں - (۳) جھاڑو -

A new broom sweeps clean : نیا نوکر مارے ہرن ؛ نیا نمازی مسجد کے دروازے -

New broom : نیا نوکر جو کام میں مستعد ہو -

Broom : (v) (۱) جھاڑو دینا ؛ صاف کرنا ؛ جھاڑو لگانا -(۲) جہاز کا پیندا صاف کرنا (گھونگے وغیرہ سے)-

Broom-bush : (n) ایك قسم کی جھاڑی -

Broom cod : (n) Broom -bush کا بیج -

Broom corn : (n) باجرا جس کے گچھوں سے جھاڑو بنتی ہے -

Broom cypress : (n) ایك قسم کی جھاڑی -

Broom grass : (n) ایك قسم کی گھاس -

Broom rape : (n) [med. L. "Rapum genistae"] طفیلی بیل ؛ علقی بیل جو Broom پر چڑھے -

Broom sedge : (n) ایك قسم کی گھاس -

Broom squire : (n) New Forst کے وہ لوگ جو جھاڑو بنا بنا کر گذر کرتے ہین -

Broom stick : (n) جھاڑو کا دستہ -

To marry over the broom stick : جھوٹ موٹ کی شادی کرنا (جس میں فریقین جھاڑو کو پھاندتے ہیں (To jump the besam) -

Broom tail : (n) (۱) (گھوڑے کی) گھنی دم - (۲) گھوڑے کی ایك گھٹیا قسم کی ذات جس کا قد چھوٹا ہوتا ہے اور جو جنگلی اور بغیر سدھایا ہوا ہوتا ہے -

Broom weed : (n) (۱) امریکہ کا ایك پودا جس کی پتی سےشراب بناتے ہیں -(۲) ایك قسم کی جھاڑی جس میں چھوٹے سفید پھول ہوتے ہیں - (۳) ایك پودا جس سے جھاڑو بنائی جاتی ہے-

Broomy : (a) ایك قسم کی سینك کی جھاڑی سے بھراہوا -

Broose : (n) شمالی اسکاٹستان میں قصباتی شادی کی ایك رسم جس میں نوجوان شرکاء کے درمیان دوڑ کا مقابلہ ہوتا ہے اور یہ دوڑ دلھن کے گھر سے دولھا کے گھر تك لگائی جاتی ہے -

Broozeled : (a) چور چور ؛ ٹوٹا ہوا -

Brose : (n) [mod. Sc. "browes"] ولائتی جو کی دلیا جو دودھ کے ساتھ ملا کر پکائی جائے -

Athole brose : وھسکی اورشھد کا ایك مخلوط -

Pease brose : مٹر کا دلیا -

Brosy : (a) [brose + - y] موٹا ؛ پھولا ہوا (شکل و صورت میں)-

Broth : (n) [OE."brop"] یخنی ؛ شوربا -

A broth of a boy : (۱) (مجازاً) اپنی قسم کی نمایاں چیز ۔ (۲) غیر منظم ؛ ہنگامہ آفریں یا پر شور چیز ۔

Broth culture : (n) شوربائی کشت ۔

Brothel : (n) چکلہ ؛ قحبہ خانہ ۔

Brothel - house : (n) قحبہ خانہ ؛ چکلہ ۔

Brother : (n) [Gr. "phrater"] (۱) بھائی ۔ (۲) برادری والا ۔ (۳) رفیق ۔ (٤) ساتھی ؛ یارغار ؛ ہم پیشہ ؛ ہم مذہب ؛ ہم جنس ؛ ہم وطن ۔ (٥) راہبوں کے طبقے کا رکن ؛ وہ شخص جو کسی مذہبی سلسلہ کا رکن ہو مگر پادریوں کے سلسلہ میں شامل نہ ہو ۔ (٦) بعض انجمنوں کے عہدیدار ۔ (۷) (عامیانہ) بھائی ؛ مردك ؛ شخص ۔

A man and brother : ہم جنس بھائی خاص کر حبشی غلاموں کے لئے کہا جاتا ہے ۔

Half-brother : سوتیلا بھائی ۔

The orethren : انجیل میں قدیم عیسائی کلیسا کا رکن ۔

Brother : (v) (۱) بھائی بنانا ۔ (۲) کسی کو بھائی کہہ کر پکارنا ۔ (۳) کسی کا بھائی بن جانا ۔ (٤) کسی برادری میں شامل کرنا ۔

Brother consanguineam : (n) ایك جدی بھائی ؛ وہ سوتیلے بھائی جن کا باپ ایك ہو ۔

Brother-german : (n) سگا بھائی ؛ اپنا بھائی ؛ حقیقی بھائی ۔

Brother-in-arms : (n) ایك قریبی ساتھی خاص کر فوجی ملازمت کا ۔

Brother-in law : (n) (۱) سالا بہنوئی ؛ برادر نسبتی ۔ (۲) ہم زلف ؛ ساڑھو ؛ نندوئی ۔

Brother interjection : (n) ندایہ جو جذبے کی شدت کو ظاہر کرتا ہے ۔

Brother Jonathan : (n) امریکہ کے مرد باشندے کا پکارو نام ۔

Brother uterine : (n) اخیافی بھائی ؛ وہ سوتیلے بھائی جن کی ماں ایك ہو ۔

Brother- wort : (n) ایك قسم کا پودا جس کی پتیاں بہت خوشبودار ہوتی ہیں اور مصالہ کے طور پر استعمال ہوتی ہیں ؛ بن جوائن ۔

Brotherhood : (n) (۱) بھائی کا رشتہ ۔ (۲) بھائی بندی ۔ (۳) برادری ۔ (٤) بھائی چارا ۔ (٥) اپنایت ۔ (٦) باھمی امداد کی برادری ۔ (۷) ہم خیالی ؛ ہم عقیدگی ۔ (۸) ٹریڈ یونین ؛ مزدوروں کی انجمن ۔ (۹) ہم پیشہ لوگ ۔ (۱۰) مشترك مفاد یا خصوصیات کے لوگوں کا باھمی رشتہ ۔ (۱۱) اخوت ۔

Brotherless : (a) بے برادر ۔

Brotherliness : (n) بھائی چارا ۔

Brotherly : (a) برادرانہ ؛ مہربان ؛ شفیق ۔

Brotherly : (adv) برادر دار ؛ مثل بھائی ؛ بھائی کی طرح ۔

Brothership : (n) (۱) برادری کا رشتہ ۔ (۲) بھائی ہونے کا رشتہ ۔ (۳) برادری ۔

Brouette : (n) [OF."bouete", "broete"] ایك قسم کا رکشا جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں انگلستان میں استعمال ہوتا تھا اور جسے آدمی کھینچتے تھے ۔

Brough : (n) [ON." borg"] (۱) ہالہ ۔ (۲) کسی درخشاں جسم کی چاروں طرف کا نورانی حلقہ ۔

Brougham : (n) [f. Lord Brougham] (۱) ایك قسم کی بند گھوڑا گاڑی جسے ایك گھوڑا کھینچتا ہے ۔ (۲) برقی قوت سے چلنے والی ایك سیڈان گاڑی ۔

Brougham landaulet : (n) ایك قسم کی بند گاڑی جس کی چھت کھلتی اور بند ہوتی ہے ۔

Brought : (a) لایا ؛ لایا ہوا ؛ Bring کا ماضی مطلق ۔

Brought down : (a) (تجارت) B/d یعنی سابق لایا گیا (س / ل) ۔

Brought forward : (a) (تجارت) B / fd. یعنی آگے لایا گیا (آ / ل) ۔

Brouhaha : (n) [Heb. "barakh habba"] (۱) انسان کے بولنے کی ملی جلی ناقابل فہم آوازیں ؛ ہوھلا ۔ (۲) ضرورت سے زیادہ شہرت ؛ اشتہار یا جوش ۔

Brouillon : (n) [F. "brouiller"] کچا خاکہ ؛ کچا مسودہ ؛ ابتدائی خاکہ ۔

Brow : (n) [OTeut. " bru-s"] (۱) بھوں ؛ ابرو ۔
(۲) پیشانی ؛ جبیں ۔
(۳) پہاڑی کی چوٹی جس پر سڑک گذرتی ہو ۔
(٤) کنارا ؛ چھجا (پہاڑی وغیرہ کا) ۔
(٥) (کوئلےکی کان) کوئلے کے رخ کی سرنگ ، اس کنارے سے اس کنارے تک ۔
(٦) ذہنی صلاحیت اور خوبی ۔

To knit / bend one's brows : ناک بھوں چڑھانا ؛ چیں بجبیں ہونا ۔

Brow : (n) [ON. "bru"] (جہاز رانی) جہاز کا زینہ ؛ تختوں کا ڈھالو راستہ ؛ زینہ ۔

Brow-ague : (n) درد شقیقہ ؛ آدھا سیسی ۔

Brow-antler : (n) ہرن کے سینگ کی پہلی شاخ ۔

Brow band : (n) (تاریخ ، اثریات) پیشانی کا زیور ؛ سرا سری ۔

Brow-beat : (v) ڈانٹنا ؛ دھمکانا؛ گھڑکنا ؛ ستانا ؛ توہین کرنا ۔

Brow-beater : (n) ڈرانے والا ؛ دھمکانے والا ؛ گھڑکنے والا ۔

Brow-point : (n) دیکھو Brow-antler

Brow-post : (n) (تعمیرات) اس کنارے سے اس کنارے تک کا شہتیر ۔

Brow-stone : (n) دیکھو Brow post

Brow-snag : / Brow-tine : (n) دیکھو Brow-antler

Browed : (a) (بطور لاحقہ) جبیں سا ؛ جھکا ہوا ؛ ابرو دار ؛ پیشانی دار ۔

Browis : (n) [OF. "broez", "brouetz"] ایک قسم کا دلیا ۔

Brown : (n) [OTeut.] (۱) بھورا ؛ بادامی ؛ خاکی ؛ کھیرے رنگ کا ۔ (۲) سانولا ؛ ملیح ۔
(۳) (مجازاً) افسردہ ؛ اداس ؛ سنجیدہ ۔
(٤) (عموماً ٹوپی) تازی ۔

To do brown : (۱) پوری طرح انجام دینا ۔
(۲) (عامیانہ) دھوکا دینا ؛ دغا دینا ؛ جل دینا ۔

Brown : (n) (۱) بھورا رنگ ۔
(۲) خاکی یا بھورے رنگ کے کپڑے ۔
(۳) تتلی ۔ (٤) (عامیانہ) تانبےکا سکّہ ۔

Brown : (v) (۱) بھورا ہو جانا ۔
(۲) بھورا کرنا ؛ بھون کر بھورا کرنا ۔
(۳) (کیمیاوی عمل سے) بندوق کی نال کو بھورے رنگ کی چمک دینا ۔
(٤) شکار کے پرندوں کےجھنڈ پر بلا امتیاز گولی چلانا ۔

Brown Bess : (n) پرانے زمانے کی چقماقی بندوق جس کا کندا بھورے رنگ کے اخروٹ کی لکڑی کا بنا ہوتا ہے ۔

Brown bill : (n) پرانے زمانے کا ایک ہتھیار ۔

Brown bread : (n) بغیر چھنے آٹے کی روٹی ؛ چوکردار آٹے کی روٹی ؛ کوئی بھورے رنگ کی روٹی ۔

Brown coal : (n) بھورے رنگ کا کوئلہ جس میں لکڑی کی ساخت موجود ہو ؛ بھورا کوئلہ ۔

Brown gannet : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Brown George : (n) (۱) ایک موٹا سخت بسکٹ ۔
(۲) پان رکھنےکا مٹی کا برتن ۔

Brown gull : (n) دیکھو Brown gannet

Brown gum : (n) ایک قسم کا گوند ۔

Brown haematite : (n) (کیمیا) بھورا ہیمیٹائٹ ۔

Brown heart : (n) (۱) گیانا کا ایک درخت ۔
(۲) سیب یا ناشپاتی کی ایک بیماری ؛ دوسرے پودوں کی ایک بیماری ۔

Brown hen : (n) مادہ تیتر ۔

Brown Holland : (n) ایک قسم کا کپڑا ؛ کپڑےکی ایک قسم ۔

Brown Jolly : (n) بیگن ؛ بینگن ۔

Brown limonite : (n) (کیمیا) بھورا لیمونائٹ ۔

Brown rust : (n) گیہوں کی ایک بیماری ۔

Brown shirt : (n) (تاریخ و سیاسیات) براؤن شرٹ پارٹی (نازی جرمن) ۔

Brown spar : (n) معدنی شئے کی ایک قسم ؛

بھورا اسپار (کیمیا) ۔

Brown-spearman formula : (فلسفہ و نفسیات) براؤن اسپرمین فارمولا۔

Brown stout : (n) ایک قسم کی عمدہ بیئر شراب ۔

Brown study : (n) محویت ۔

Brown sugar : (n) بھوری چینی ؛ بھورا کھانڈ ؛ لال شکر ۔

Brown thrasher : (n) ایک امریکی پرندہ ۔

Brown ware : (n) معمولی قسم کا چینی کا برتن ۔

Brownian : (a) [F. Dr. Robert Brown, who first described the movement] کسی شفاف رقیق چیز میں معلق خورد بینی ذرات کی بے قاعدہ حرکت ۔

Brownian motion : (n) (طبیعیات) براؤنی حرکت ۔

Brownian movement : (n) (طبیعیات) براؤنی جنبش ؛ دیکھو Brownian

Brownie : (n) (۱) نیک دل بھوت جو مخفی طور سے گھر کا کام کر جاتا ھے ۔ (۲) ساڑھے سات سے گیارہ برس تک کی لڑکی جو گرل گائڈ کے لئے تیاری کر رھی ھو ۔ (۳) ایک قسم کا عکسی کیمرہ ۔ (٤) (آسٹریلیا) ایک قسم کی میٹھی روٹی جو بے چھنے آٹے اور شکر سے بنتی ھے ۔ (٥) ایک قسم کا چاکلیٹ کیک ۔ (٦) بھورے رنگ کا کوئی جانور ۔ (۷) پینی (Penny) یا سینٹ (Cent) ۔ (۸) (عامیانہ) قواعد کی خلاف ورزی کا نشان جو ریل کے ملازم کو دیا جاتا ھے ۔

Browning : (n) J.M. Browning کا ایجاد کردہ ایک خود کار پستول ۔

Browning : (n) (۱) بھورا کرنا یا بھورا ھونا ۔ (۲) (طباخی) بھورا بنانے کی کوئی چیز (مثلاً بھورا آٹا ، چینی وغیرہ) ۔ (۳) پودوں کی بیماری ۔

Brownish : (a) بھورا مائل ۔

Brownish black : (a) (کیمیا) بھورا مائل سیاہ ۔

Brownish red : (n) (کیمیا) بھورا مائل سرخ ۔

Brownism : (n) [F. the surname " Brown "] (۱) رابرٹ براؤن کا عقیدہ یا خیال جس کی رو سے کلیسا حکومت سے خود مختار اور آزاد ھو ۔ (۲) ڈاکٹر جان براؤن کے علاج کا وہ نظام جس کی رو سے تمام بیماریاں ھیجان / جوش کی کمی یا زیادتی کی وجہ سے پیدا ھوتی ھیں اور سبھوں کا علاج یا تو مسکّن یا محرک سے کیا جانا چاھیئے ۔

Brownist : (n) رابرٹ براؤن کے عقیدوں یا ڈاکٹر جان براؤن کےخیال کا پیرو ۔

Brownness : (n) بھورا پن ۔

Browny : (a) بطور سابقہ ؛ بھورے رنگ کا ۔

Browse : (n) [F. "broust"] (۱) گھاس پات ؛ چارا ؛ کونپل ۔ (۲) چارا کھانا ؛ چرنا ۔

Browse : (n) دھات کا میل ۔

Browse / Brawze : (v) [F."brouter"] (۱) چرنا ؛ چارا کھانا ۔ (۲) (مجازاً) تفریحی مطالعہ کرنا ؛ سرسری مطالعہ کرنا ۔ (۳) (کسی چیز کو) سرسری طور سے دیکھنا (خریدنے یا لینے سے پہلے) ۔

Browser : (n) چرنے والا جانور ۔

Browse-wood : (n) وہ جھاڑیاں یا ٹہنیاں جنھیں جانور کھاتے ھیں ۔

Browsing : (n) (۱) چرنا ؛ چارا کھانا ۔ (۲) چراگاہ ۔ (۳) سرسری مطالعہ کرنا (کتابوں وغیرہ کا) ۔

Bruchian : (a) بے پر والی ٹڈی کی نسل کا ؛ دیکھو Bruchus

Bruchus : (n) [Gr. "brouchos"] (۱) بے پروں والی ٹڈی ۔ (۲) بھونرے کی ایک قسم جس کا پھل روپ مٹر وغیرہ کے لئے تباہ کن ھوتا ھے ۔

Brucine /Brucia : (n) [From "Brucee antidysenterica"] ایک قسم کا زھریلا نباتاتی القلی جو کچلا میں ھوتا ھے ؛ (کیمیا) بروسین ۔

Brucite : (n) [F. A. Bruce, an American mineralogist"] میگنیشیا کا اساسی ھائیڈریٹ ؛ (کیمیا) بروسائٹ ۔

Brucite marble : (n) (کیمیا) بروسائٹ سنگ مرمر ۔

Bruckle : (v) [a frequentative of Sc."bruick"] گندہ کرنا ؛ میلا کرنا ۔

Brumous : (a) [F. "brumeux"] کہر آلود ؛ دھندلا ؛ سرمائی ۔

Brunch : (n) [BREAKFAST+LUNCH] Break fast اور لنچ کے بجائے ایک کھانا ۔

Brunette : (a) [F. "brun"] (۱) سانولی ؛ بھورے یا کالے بال والی ۔ (۲) بھورا یا سانولا رنگ ؛ گندمی رنگ ۔

Brunette : (n) سانولے رنگ کی عورت یا لڑکی ۔

Brunonian : (a) [L. "Bruno"] (۱) ڈاکٹر جارج براؤن کے طریقۂ علاج کا ہیرو ؛ دیکھو Brownism

Brunswick : (n) [L.G. "Brunswik / -wyk"] جرمنی کی ایک ریاست اور شہر کا نام ۔

Brunswick black : (n) کالی وارنش ۔

Brunswick green : (n) سبز رنگ (تانبے کے مرکب سے بنا) ۔

Brunt : (n) [Echoic] (۱) بوجھ ۔ (۲) حملہ ۔ (۳) چوٹ ؛ صدمہ ۔ (٤) اصلی دباؤ ؛ بحران ۔

Brush : (n) [OF. "brosse"] (۱) درختوں کی چھانٹ / کٹی ہوئی شاخیں ۔ (۲) جھاڑی سے کٹے ہوئے حصوں کا مٹھا ۔ (۳) گھنی جھاڑی ؛ گھنا جنگل ۔

Brush : (n) [OF."brosse"] (۱) برش ؛ جھاڑن ؛ موقلم ۔ (۲) فن مصوری ۔ (۳) برش کے مانند گچھا اور مٹھا ، خصوصاً لومڑی کی دم ۔ (٤) شہد کی مکھی کی ٹانگوں پر کا برش نما عضو ۔ (٥) (برقیات) بجلی کی وہ چنگاریاں جو برش کی طرح نکلیں ؛ کثیر برق پاروں کا اخراج ۔ (٦) دھات کا کوئی ٹکڑا جس کے دم سروں پر دھات کے تار یا کاربن یا پیتل کے ٹکڑوں کی پٹریاں لگی ہوں اور جو برقی آلہ کے دو حصوں کے درمیان تعلق قائم کرے ؛ انتقال برقی تار ۔ (۷) (نظریات) روشن یا سیاہ شکلیں جو بعض مظاہرۂ فطرت کے ساتھ تقطیب شدہ روشنی میں مشاہدہ کرتے وقت نظر آتی ہیں اور جو برش سے مشابہ ہوتی ہیں ؛ روشن یا سیاہ شئے جس کا کنارا دھندلا ہو ۔ (۸) برش کا استعمال ۔ (۹) گھوڑوں کی ٹانگوں کی خراش ۔ (۱۰) برش نما ۔ (۱۱) پروں کا گچھا جو ہیٹ میں لگاتے ہیں ۔

Bruin : (n) [MDU."bruin"] بھالو ؛ ریچھ ؛ بھالو کا نام ۔

Bruise : (n) (۱) ضرب ؛ چوٹ ؛ خراش ؛ رگڑ ؛ داغ یا چوٹ (کسی پھل پر) ۔ (۲) احساس یا خود داری پر ضرب یا چوٹ ؛ دیکھو Bruise (v)

Bruise : (v) [OF."brisier"] (۱) جسم کا چھل جانا ؛ خراش آنا ؛ چوٹ پہنچانا ؛ رگڑ دینا ۔ (۲) (مجازاً) صدمہ پہنچانا ؛ مجروح کرنا ۔ (۳) لکڑی یا دھات میں ضرب سے نشان ڈالنا ۔ (٤) پیس ڈالنا ؛ کوٹنا ؛ ریزہ ریزہ کردینا ۔ (٥) ضرب پذیر ہونا (شکار) ۔

Bruised : (a) نیلا ؛ خون جما ہوا ۔

Bruiser : (n) (۱) مارنے والا ؛ کچلنے والا ۔ (۲) پیشہ ور گھونسے باز ۔ (۳) موٹا مضبوط آدمی ۔ (٤) (عامیانہ شکاریات) سرپٹ گھوڑا دوڑانے والا ۔ (٥) چشمے کے شیشے وغیرہ کو رگڑنے کا ایک مقعر آلہ ۔

Bruit : (n) [F. "bruire"] (۱) افواہ ؛ خبر ۔ (۲) آواز ؛ شور ۔ (۳) (طب) قلب وغیرہ کی حرکت سننے میں عجیب قسم کی آوازیں ۔

Bruit : (v) (۱) چرچا کرنا ؛ افواہ اڑانا ۔ (۲) مشہور کرنا ؛ شہرت دینا ۔

Bruja : (n) [Sp.] جادوگرنی ۔

Brujo : (n) [Sp. f. "Bruja"] جادوگر ۔

Bruke : (n) [L. "brucus"," bruchus"] (۱) بے پروں کی ٹڈی ۔ (۲) جھینگر ۔

Brum : (a) Brummagem کا مخفف ؛ نقلی ؛ کھوٹا ؛ جعلی ۔

Brumaire : (n) [F."brume"] فرانسیسی جمہوریت کی ۱۷۹۳ میں جاری کی گئی جنتری کا دوسرا مہینہ ۔

Brumal (a) [L. "brumalis"] سرمائی ؛ جاڑے کا ۔

Brume : (n) [L. "bruma"] دھند ،کہرا ؛ بخار ؛ بھاپ ۔

Brummagem : (n) (۱) برمنگھم کا نام (مقامی بولی میں تحقیراً) ۔ (۲) برمنگھم کی بنی ہوئی چیز ۔ (۳) نمائشی ؛ سستی ؛ نقلی ؛ جعلی ۔

(۱۲) لمس ۔ (۱۳) رقص میں جوتے یا پیر کو زمین پر پٹکنا ۔ (۱٤) خاموش اور فیصلہ کن انکار ۔ (۱۵) موصل دھات کا انتقال پذیر ٹکڑا جو اتصال اور انفعال کا کام دے ۔

Carbon brush : کاربن برش ۔

From the same brush : ایک ھی قلم کا ۔

The brush : فن مصوری ۔

Brush : (n) (۱) جھڑپ ، وہ چیز جس میں خطرے یاجھگڑے کا احتمال ھو ۔ (۲) مختصر اور بلا قصد دوڑ ۔ (۳) مرض کا ھلکا سا حملہ ۔

Brush : (v) [F. "brosser"] (۱) دوڑ کر بھاگ جانا ؛ فرار ھو جانا ۔ (۲) تیز تیز چلنا (کسی کے نزدیک سے یا کسی کے درمیان سے اس کو بہارتے یا رگڑتے ھوئے) — (۳) تھوڑے سے فاصلے میں گھوڑے کو تیز دوڑانا ۔

Brush : (v) (۱) جھاڑنا ؛ پونچھنا ؛ بُہارنا ۔ (۲) رگڑ سے خراش لگنا ۔ (۳) گھس جانا (زبردستی) ۔ (٤) جلد ختم کردینا ؛ نبٹانا ۔ (۵) اثر پذیر ھونا ؛ اثر ڈالنا ۔ (٦) (کاغذ سازی) ریشوں کو مارنا تا کہ کھردرا پن پیدا ھو۔ (۷) کترنا ؛ تراشنا ۔

To brush aside / away : دھکا دینا ؛ نظر انداز کرنا ؛ بے پروائی سے گذر جانا ۔

To brush (a thing) over : ھلکے سے رنگ چڑھانا ؛ گذرتے میں چھو جانا یا رگڑ لگنا ۔

To brush up : (۱) چھوٹے چھوٹے نقائص کو دور کرنا ۔ (۲) جھاڑ پونچھ کر چمکا دینا ؛ تازہ کرنا ۔ (۳) (استعارتاً) کسی چیز کے بارے میں واقفیت تازہ کرنا ؛ کسی چیز کی مشق کرنا ؛ یاد تازہ کرنا ۔

Brush : (n) مشق کرنے کی مدت ۔

Brush-arbour : (n) کیمپ میٹنگ کے لئے بنائی ھوئی کٹیا ۔

Brush-burn : (n) جلد کی وہ جراحت جو زبردست رگڑ سے پیدا ھو ۔

Brush country : (n) زمین کا وہ وسیع حصہ جس میں خصوصاً نیچی جھاڑی ھو ۔

Brush fire : (n) جھاڑیوں کی آگ ۔

Brush fire : (a) (رقبہ یا پیمائش میں) محدود ۔

Brush grass : (n) گھاس کی ایک قسم ۔

Brush kangaroo : (n) بڑا کنگارو ۔

Brush-man : (n) (۱) جھاڑو دینے والا ۔ (۲) مصور ؛ قلم کار ۔

Brush-off : (n) خاموش اور فیصلہ کن انکار ۔

Brush ore / -iron ore : (n) خام لوھا ؛ مٹی ملا ھوا لوھا ۔

Brush pencil : (n) موقلم ۔

Brush turkey : (n) آسٹریلیا کا بوقلموں —

Brush wheel : (n) (۱) وہ چکا جو دوسرے چکّے کو حرکت میں لائے اور جس کے محیط پر کپڑا ، چمڑا ، یا سخت بال لگے ھوں ۔ (۲) گول چکر کھانے والا برش جو صاف کرنے کے کام میں استعمال ھوتا ھے ۔

Brush wood : (n) (۱) درختوں کی ٹوٹی یا کٹی ھوئی ڈالیاں یا ٹہنیاں — (۲) گھنی جھاڑی ؛ جھاڑ جھنکاڑ ؛ جھاڑ جنگل ۔

Brush work : (n) مصور کا اسلوب عمل ؛ قلم کاری کا اسلوب ؛ کسی فن کے آلات کا واضح اور مخصوص استعمال ۔

Brusher : (n) برش استعمال کرنے والا ؛ چھوٹی جھاڑیوں اور درختوں کو کاٹ کر جلانے والا ۔

Brushing : (n) (۱) برش سے صاف کرنا ؛ برش لگانا ۔ (۲) کپڑوں کا تکمیلی عمل (جمع میں) ؛ برش سے صاف کرنے میں جمع ھو جانے والی چیز ۔

Brushing machine : (n) سن کو چکنا اور ھموار کرنے کی مشین ۔

Brushite : (n) [f. Prof. Brush , of Yale, U.S.] چونے کا آبدار فاسفیٹ ۔

Brushless : (a) بغیر برش کا ؛ بغیر برش کے استعمال ھونے والا ۔

Brushman : (n) چھوٹی چھوٹی جھاڑیوں کو کاٹنے اور جلانے والا ۔

Brushy : (a) جھاڑیوں سے بھری ہوئی ۔

Brushy : (a) برش نما ؛ گھنا ؛ گچھا دار ۔

Brusque : (a) اکھڑ ؛ منھ پھٹ ؛ صاف گو ؛ روکھا ۔

Brusque : (v) روکھے پن سے پیش آنا ؛ اکھڑ پن سے پیش آنا ۔

To brusque it : روکھا پن کا انداز اختیار کرنا ۔

Brusquely : (adv) اکھڑپن سے ۔

Brusqueness : (n) اکھڑپن ؛ اکھڑپنا ۔

Brusquerie : (n) [Fr.] اکھڑپن ؛ روکھاپن ۔

Brussels : (n) بلجیم کا صدر مقام ؛ بروسیلز ۔

Brussels carpet : (n) وہ قالین جس کے نیچے کا حصہ سوت سے اور اوپر کا حصہ رنگین اون سے بنا ہو ۔

Brussels lace : (n) تکیہ کا قیمتی جھالر جو بلجیم میں بنتا ہے۔

Brussels sprout : (n) کرم کلےکی ایک قسم ۔

Brussels treaty organisation : (تاریخ و سیاسیات) تنظیم معاہدہ بروسیلز (ویسٹرن یوروپین یونین) ۔

Brut : (n) [M.Welsh."brud"] اساطیری بروٹس سے لے کر عہد وسطی کی تاریخ ۔

Brut : (a) ایک قسم کی شمپین شراب جس میں 1.5 فی صد شکر ہوتی ہے ۔

Brutal : (a) [L. "brut-us"] (۱) ہوس پرست ؛ وحشی ؛ حیوان ۔ (۲) ناشائستہ ؛ انگھڑ؛ اجڈ ۔ (۳) کٹّر ؛ بے درد ؛ قساوت القلب ؛ ظالم ؛ ظالمانہ ؛ وحشیانہ ۔(٤) نا قبل انکار مگر تلخ ؛ ناخوشگوار طریقے پر صحیح مگر چبھتا ہوا ۔

Brutalism : (n) وحشیانہ پن ؛ قساوت ؛ بے دردی ؛ کٹّرپن ۔

Brutalitarian : (n&a) بےرحمی کا فعل اور اس کی وکالت کرنے والا (بہیمیت کا فعل اور اس کی وکالت کرنے والا) ۔

Brutality : (n) وحشیانہ پن ؛ قساوت ؛ بے دردی ؛ کٹّرپن ؛ بہیمیت ؛ سفّاکی ۔

Brutalization : (n) (۱) بے رحم یا کٹر بنانا ۔ (۲) کٹر یا بے رحم ہو جانا ۔ (۳) بے رحمی کا سلوک کرنا ۔

Brutalize : (v) (۱) بے رحم یا کٹر بنانا ۔ (۲) کٹر یا بے رحم ہو جانا ۔ (۳) بے رحمی کا سلوک کرنا ۔

Brutally : (adv) وحشیانہ پن سے ؛ قساوت کے ساتھ ؛ بے دردی سے ؛ بے رحمی سے ؛ ظالمانہ ؛ بے رحمانہ ۔

Brute : (a) [L."brutus"] (۱) جانور ؛ حیوان ؛ حیوان مطلق ؛ بہائم صفت ۔ (۲) کند ذہن ؛ غبی ؛ اجڈ ۔ (۳) ہوس پرست ؛ شہوت پرست ؛ ظالم ۔ (٤) حیوانی ؛ بہیمی ؛ وحشی ۔ (٥) بے حس ؛ مادی ؛ غیر عقلی ؛ غیر شعوری ؛ مخض مادی ؛ مخض جسمانی ۔ (٦) ادنٰیحیوانات ۔ (۷) نفس حیوانی انسانی فطرت کا حیوانی جز ؛ وحشی صفت انسان ۔

Brute : (v) کسی ہیرے کو دوسرے ہیرے سے رگڑ کر شکل دینا ۔

Brutehood : (n) جانور پن ؛ حیوانیت ۔

Brutely : (adv) وحشیانہ طور پر ؛ بہیمانہ طور پر ۔

Bruteness : (n) وحشت ؛ بہیمیت ؛ حیوانیت ۔

Brutification : (n) حیوان وغیرہ بن جانا ؛ حیوان بنانےکا فعل ۔

Brutify : (v) [L. "bruti- "] وحشی بنانا ؛ حیوان بنانا ؛ وحشی ہو جانا ؛ حیوان ہو جانا ۔

Bruting : (n) [L. "brutage"] ہیرے کو درسرے ہیرے سے رگڑنے کا عمل ۔

Brutish : (a) (۱) بہیمی ؛ حیوانی ۔ (۲) وحشیانہ ؛ کٹّر ؛ بے درد ؛ بے حد ہوس پرست ؛ بےحد شہوت پرست ۔ (۳) احمقانہ طور پر بے رحم ۔ (٤) (بجلی ، رعد کے لئے) گرنے والی ۔

Brutishly : (adv) حیوانی طور پر ؛ ظالمانہ طور پر ؛ بے دردی سے ۔

Brutishness : (n) حیوانیت ؛ بہیمیت ؛ وحشت ۔

Brutism : (n) حیوانی فعل یا حالت ؛ بہیمانہ فعل یا حالت ؛ وحشت ۔

Brutum fulmen : (n) خالی دھمکی ؛ (استعارتاً) خالی کارتوس ۔

Brutus : (n) (۱) نقلی بالوں کی وضع (انیسویں صدی میں) ۔ (۲) وہ سر جس کے بال نا ہموار طور پر کٹے ہوئے ہوں ۔

Bruxism : (n) | Gr."brychein" | غیر شعوری طور پر دانت کڑکڑانا (نیند یا تردد کی حالت میں) ۔

Bruxomania : (n) [Gr. "brychein" + - MANIA] Bruxism دیکھو

Bryological : (a) سواری کے علم کے متعلق ؛ سواریات سے متعلق ۔

Bryologically : (adv) نم گیاہ شناسی کے طور پر ۔

Bryologist : (n) سوار کے انواع کا علم شناس ۔

Bryology : (n) [Gr. "bryon+logia"] نم گیاہ شناسی ؛ سوار کے انواع کا علم ؛ پانی میں سے اگنے والی گھاس ۔

Bryonia : (n) (۱) (بیل دار) پودوں کی قسم ۔ (۲) بیل دار پودوں کی عام قسم ۔

Bryonin : (n) برائیونیا کی جڑ کا تلخ بنیادی عنصر ۔

Bryony : (n) | Gr."bryonia" | Bryonia دیکھو

Black Bryony / Bastard Bryony : ایسے پودے جو Bryony سےمشابہ ہوں مگر اس نوع کے نہ ہوں ۔

Bryony vine : (n) برائیونیا کی لت یا بیل ۔

Bryozoa : (n) | Gr."bryon+zon" | صدف کی ادنا ذات ۔

Bryozoan : (a) صدف کی ادنا ذات کا یا اس سے متعلق ۔

Brython : (n) [Ocelt."Britton-"] ویلز (Wales) ، کارنوال (Cornwal) یاقدیم Cumbria کا برطانوی باشندہ ۔

Brythonic : مذکورہ بالا برطانوی باشندے سے متعلق ۔

ایک قسم کی لالٹین ۔

Bub : (n) | echoic | (۱) ایک قسم کی تیز شراب ۔ (۲) جو کی تیز شراب ۔

Bub : (n) (۱) Bubby کامخفف ۔ (۲) عورت کے پستان ۔ (۳) لڑکے ؛ بھائی ۔

Bubal / -ale : (n) | L."bubalus" | بارہ سنگھے کی ایک قسم ۔

Bubble : (n) [See next] (۱) حباب ؛ بلبلہ ۔ (۲) آبلہ جو شیشہ وغیرہ میں پڑجائے ۔ (۳) (مجازاً) خیالی پلاؤ ؛ بےایمانی ؛ سٹہ بازی ۔ (٤)کھد بد کھد بد (ابلنےکی آواز) یا ابلنے کی حالت ؛ جوش ۔

A bubble of a sea : سمندر کا جوش ۔

Bubble : (v) | var. of BURBLE] (متروک)فریب دینا ؛ لبھانا ؛ کھد بدانا ؛ بلبلے اٹھانا ؛ کھد بد کرنا ؛ خیالی پلاؤ پکانا ۔ (۱) غرغرانےکی آواز کے ساتھ بہنا یا ڈھالنا ؛ غرغرانے کی آواز نکالنا ؛ جولانیء طبع اور جوش سے بولنا ؛ حرکت میں آجانا ؛ یک بیک دماغ میں آ جانا ؛ ڈکار لینا ۔ (۲) (کیمیا) بلبلہ چھوڑنا ؛ رقیق میں گیس گذارنا ۔

To bubble over : جوش میں آنا ۔

To bubble up : ابل پڑنا (جوش میں) ۔

Bubble and squeak : (n) ترکاری دار گوشت (کرم کلاّ اور گوشت ساتھ ملا کر پکایا ہوا) ۔

Bubble-bath : (n) خوشبو دار عرق یا دانہ جو پانی میں ڈالنے سے جھاگ بن جاتا ہے ۔

Bubble-canopy : (n) ہوائی جہاز کی نیم دائرہ نما شفاف چھتری ۔

Bubble-dance : (n) برھنہ یانیم برھنہ رقص جس میں رقاصہ غبارہ سےبدن کو چھپائے رہتی ہے ۔

Bubble-gum : (n) ایک قسم کا چوئنگم ۔

Bubble level : (n) (تاریخ) پن سال ۔

Bubbler : (n) (۱) تازہ پانی کی ٹنکی ۔ (۲) پینے کے پانی کا چشمہ یا فوارہ ۔

Bubblet : (n) ننھا بلبلہ ۔

Bubbly : (a) بلبلہ دار ؛ بلبلوں سے بھرا ھوا ؛ بلبلہ نما ۔

Bubbly : (n) شیمپین ۔

Bubbly-jock : (n) نرپیلو ؛ فیل مرغ ۔

Bubby : (n) بھائی ؛ لڑکا ۔

Bubby : (n) عورت کی چھاتی ؛ پستان ۔

Bubo : (n) [Gr."bubon"] بغل یا ران کی گلٹیوں کی سوجن ؛ گلٹی ۔

Buboed : (a) الّو کی ایک قسم جس کے سر پر سینگ نما بال کے گچھے ھوتے ھیں ۔

Buboed : (a) گلٹیوں کی سوجن میں مبتلا ۔

Bubonic : (a) گلٹیوں کی سوجن کے ساتھ ساتھ ۔

Bubonocele : (n) [Gr."bubon + cele"] فتق ؛ آنت کا نیچے اتر آنا ۔

Bucca : (n) [L.] (کیڑوں کا) سر سے لے کر منھ تک کا حصہ ؛ رخسار ۔

Baccal : (a) [L."buccalis"] رخسار سے متعلق یا رخسار کا ؛ اس حصے سے متعلق ؛ (حیوانیات) بوقی ۔

Buccal cavity : (n) (لسانیات) دہنی جوف ؛ (حیوانیات) بوقی کھفہ ۔

Buccan /Bucan / Boucan : (n) [F."boucan"] (۱) گوشت بھوننے کا لکڑی کا فریم ۔ (۲) لوھے کی سلاخ جس پر گوشت بھونتے ھیں ۔ (۳) بھنا ھوا گوشت ۔

Buccan : (v) لکڑی کے فریم پر گوشت کا بھوننا یا دھواں دینا ۔

Buccance / -ier : (n) [F."boucanier"] (۱) بحری قزاق (ھسپانوی ساحل کے ڈاکو) ۔ (۲) لٹیرا ڈاکو ۔ (۳) بےایمان قسمت آزما (تجارت یا سیاست کا) ۔ (٤) گھرا سرخی مائل نارنجی رنگ ۔

Buccaneer : (v) (۱) گوشت کو لکڑی کے فریم پر بھوننا یا دھواں دینا ۔ (۲) قزاقی کا کام کرنا ۔

Buccaneerish : (a) قزاق صفت ۔

Buccina : (n) [L."buccina"] بگل ؛ وہ ڈھول جس کی شکل انگریزی حرف C کی طرح ھوتی ھے ۔

Buccinal : (a) [L."buccina"] بگل کی شکل یا آواز کا ۔

Buccinator : (n) [L."buccinare"] رخساروں کے نرم عضلات ۔

Buccinator muscle : (n) (لسانیات) رخساری پٹھا ۔

Buccinatory : (a) بگل بجانے یا بگلچی کے متعلق ۔

Buccinoid : (a) گھونگے کی طرح ۔

Buccinum : (n) [L.] گھونگے کی ایک قسم ۔

Bucellas : (n) [Name of a village near Lisbon] ایک قسم کی پرتگالی شراب ۔

Bucentaur : (n) [Gr."bucentauros"] (۱) وہ سرکاری بجرا جس میں وینس کے فرماں روا نے رفع مسیح کے دن اپنی انگوٹھی بحر اڑانٹیک کے اندر ڈال کراس سے شادی کی ۔ (۲) بڑا جھاز ۔

Bucephalla : (n) [Gr."boukephate"] بطخ کی ایک قسم ۔

Bucephalus : (n) [Gr."Bus+kephale"] (۱) سکندر اعظم کے گھوڑے کا نام ۔ (۲) (مزاحاً) سواری کا گھوڑا ۔

Buchner funnel : (n) (کیمیا) بکنر قیف ۔

Buchu : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Buck : (n) [OE."buk"] (۱) (نر) چیتل ؛ سانبھر ؛ ھرن ؛ کالا مرگ ؛ خرگوش ۔ (۲) چھیلا ؛ بانکا ۔ (۳) امریکی ھندوستانی ؛ نیگرو ؛ حبشی ۔ (٤) ھرن کی کھال ۔ (٥) (عامیانہ) ڈالر ۔ (٦) سھارا دینے والا باریک فریم ۔

To blow the buck's horn : محنت رائگاں جانا ۔

Buck : (n) بام مچھلی پکڑنے کا جھابا ۔

Buck : (n) [OE."buc"] گاڑی کا دھڑ ۔

Buck : (n) [Du."zaag- boc"] وہ فریم جس پر لکڑی کاٹتے ھیں ؛ آرے کا فریم ۔

Buck : (n) چھلانگ ۔

Buck : (n) یاد دہانی کے لئے کوئی نشان ۔

Buck : (v) (۱) کپڑے کو اجلا بنانے کے لئے اسکو سجی دار پانی میں ڈبونا یا جوش دینا ۔ (۲) تر کرنا ؛ بھگونا ۔

Buck : (v) نر خرگوش کا جفتی کرنا ۔

Buck : (v) کودنا ؛ چھلانگ مارنا ۔

To buck off : (گھوڑے کا) اچک کر سوار کو پشت سے گرا دینا ۔

Buck : (v) کندے کو سہارے پر چڑھانا ۔

Buck : (v) ہتھوڑے سے خام دھات کو چور چور کرنا ۔

Buck (v) چاق و چوبند ہو جانا ؛ جلدی کرنا ؛ بشاش ہوجانا (Buck up میں) ۔

Buck : (v) رکاوٹ کو دور کرنا ۔

Buck : (v) مقابلے میں ڈٹے رہنا ۔

Buck : (v) جھٹکوں کےساتھ اور غیر مستقل طور پر آگے بڑھنا ۔

Buck : (v) اخلاقی رو سے یا دوسرے کےحقوق یا مفاد کا لحاظ کئے بغیر آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ۔

Buck : (v) مقابلہ کرنا ؛ بازی لگانا ؛ جوکھوں میں پڑنا ۔

Buck : (v) کسی بھاری چیز کو ہٹانا ، لیجانا یا لادنا ۔

Buck : (v) (فٹ بال) حریف کے علاقے میں گھس جانا ۔

Buck : (v) باندھنا (سزاکے لئے) ۔

Buck : (v) ایک سے دوسرے کو چیز میں بڑھاتے جانا ۔

Buck : (a) [F. buck (man)] فوجی عہدوں میں کسی ایک درجہ میں سب سے کم درجہ ۔

Buck : (v) لانا ؛ لیجانا ۔

Buck-a-roo : (n) = (Cow boy) گھوڑ سوار ؛ گوّالا ۔

Buck and wing : (n) ایک قسم کا رقص (Solo) ؛ اکیلا رقص ۔

Buck basket : (n) کپڑا رکھنے کی ٹوکری ۔

Buck-bean : [Flemish"bocks-boonen"] bog دیکھو

Buck board : (n) ایک چار پہیے کی بگھی گاڑی ۔

Buck-shot : (n) بڑے جانوروں یا ہرن مارنے کا بڑا چھرّا (گولی) ۔

Buck-shot rule : (n) آئرستان کی حکومت کا سیاسی عرف نام کیونکہ وہ بھری رائفلوں کے ساتھ سپاہیوں کے ذریعہ قائم تھی ۔

Buck-stall : (n) ہرن پکڑنے کا جال ۔

Buck-stay : (n) (آتشدان کا) وہ شہتیر جس پر محراب کا بوجھ ہوتا ہے ۔

Buck-tail : Tammany سوسائٹی کےاراکین جو بعض مواقع پراپنی اپنی ہیٹ میں ہرن کی دم لگاتے تھے ؛ مذکورہ سوسائٹی کا ایک رکن ۔

Buck thorn : (n) ایک قسم کی خاردار جھاڑی ۔

Buck-tooth : (n) بڑا دانت منھ سے نکلا ہوا ۔

Buck wagon : (n) جنوبی افریقہ میں بوجھ لے جانے والی گاڑی ۔

Buck wheat : (n) (۱) ایک قسم کا اناج جس کا بیج گھوڑوں ، مرغیوں اور مویشیوں کو کھلاتے ہیں ؛ انگلستان اور شمالی امریکہ میں اس کو چورکرکے ٹکیہ بناتے ہیں ۔ (۲) اسی اناج کو چور کرکے دلیا بناتے ہیں ؛ گندم سیاہ ۔

Bucker : (n) (۱) اچکنے والا گھوڑا ؛ چھلانگ لگانے والا ۔ (۲) لکڑی چیر کر کندا بنانے والا ۔ (۳) بوجھ لے جانے والا ۔(٤) کوئلے کی کان میں کوئلے کو گاڑی میں بھرنے والا ۔ (٥) فٹ بال کا وہ کھلاڑی جو حریف کے علاقہ میں گھسنے والا ہو ۔

Bucker : (n) خام دھاتوں کو چورنے والا ہتھوڑا ۔

Bucked shin : (n) عضلاتی تناؤ کی وجہ سے گھوڑے کے پاؤں کی سختی ۔

Buckeen : (n) [dim. of BUCK] آئرستان کے کمتر درجے کے شریف خاندان کا نوجوان جو دولتمند کی نقل کرتا ہے ؛ غربت زدہ بانکا ۔

Buckeen : (n) امریکی ھندوستانی عورت ۔

Bucket : (v) [OF."buket"] (۱) ڈول میں پانی اٹھانا ۔ (۲) ڈول سے پانی بہانا ۔ (۳) دھوکا دینا ۔ (٤) (کشتی رانی) تیزی سے کھینچنا ۔ (٥) گھوڑا سرپٹ دوڑانا ؛ گھوڑے کا سرپٹ دوڑنا ۔ (٦) ڈول میں پانی بھر بھر نکالنا ۔ (۷) تیزی سے کار چلانا ۔ (۸) بےایمانی سے دلالی کا کاروبار کرنا ۔ (۹) کسی مقصد کے بغیر مارے مارے پھرنا ۔ (۱۰) جھٹکےکےساتھ بے ڈھنگےپن سے چلنا ۔

Bucket : (n) وہ کڑی جس پر کوئی چیز لٹکائی جائے ۔

To kick the bucket : (عامیانہ) مرجانا ۔

Bucket : (n) (۱) بالٹی ؛ ڈول ۔ (۲) دولاب کے پہیے کی ڈولچی ۔ (۳) پمپ کا فشارہ ۔ (٤) (سامان) منتقل کرنے والی مشین کا حامل ۔ (٥) چرمئی ٹیلک یا خانہ (کوڑے ؛ نیزہ وغیرہ کے لئے) ۔ (٦) بڑی مقدار ۔ (۷) پرانا آھستہ چلنے والا جہاز ۔ (۸) (عامیانہ) جیل ؛ قید خانہ ۔

Buck's horn plantain : (n) کیلے کا درخت جس کی پتیاں ھرن کے سینگ کےطرح ھوتی ھیں ۔

Buck's horn weld : (n) ایک درخت جس کی پتیاں ھرن کی سینگ کی طرح ھوتی ھیں ۔

Buckskin : (n) (۱) ھرن کی کھال ۔ (۲) ھرن کی کھال کا چمڑا ؛ بھیڑ کی کھال کا چمڑا ۔ (۳) برجس یا دستانے (ھرن کے بنے ھوئے) ۔ (٤) موٹا بھاری اونی یا سوتی کپڑا ۔ (٥) ایک قسم کی پودوں اور پھلوں کی بیماری ۔ (٦) وہ لکڑی کا کندا جس کی چھال چھڑا لی گئی ھو ۔

Buckshee : (n) (ملٹری میں) فاضل رسد ؛ انعام ؛ صلہ ۔

Bucoliast : (n) [Gr."boukoliastes"] دیہاتی موضوعات کا شاعر ۔

Bucolic : (a) [Gr."bukolos"] (۱) گڈرئے یا گلہ بانوں سے متعلق یا ان کا ؛ دھقانی ؛ دیہی ۔ (۲) گنوار ؛ دیہاتی ؛ گاؤں کا ۔

Bucolic : (n) (۱) (جمع میں) دیہاتی زندگی کےمتعلق نظمیں ۔ (۲) دیہاتی موضوعات کا شاعر۔ (۳) (مزاحاً)دیہاتی ؛ دھقانی ؛ گنوار ۔

Bucolically : (adv) دیہاتی کی طرح سے ۔

Bucrane / Bucranium : (n) [Gr."bukranion"] (تعمیرات) بت تراشی میں بیل کی کھوپڑی کےنقش جو فیتے اور ھار سے مرصع ھوتے ھیں ۔

Bud : (n) [ME."budde","bodde"] (۱) کلی ؛ انکھوا ؛ کونپل ؛ غنچہ ۔ (۲) (حیوانات) کسی جاندار کے عضوسے دوسرے جاندار کی پیدائش (رحم میں) ۔ (۳) ایک سال کا بچھڑا ۔ (٤) ایک نوجوان لڑکی جو سماجی زندگی میں داخل ھو رھی ھو ۔ (٥) بچہ ؛ نوجوان ۔ (٦) غنچگی کی حالت میں ۔ (۷) کلی کے مانند ؛ مانند غنچہ ۔

In bud : (پودوں کے بارے میں) کلی پھوٹتی ھوئی ۔

In the bud : ناپختگی کی حالت میں ۔

To nip or crush in the bud : ابتدا ھی میں دبا دینا (کسی منصوبہ وغیرہ کا) یا خاک میں ملا دینا ۔

Bud : (v) (۱) کلی نکلنا ۔ (۲) (Out کےساتھ) پھوٹنا ؛ نشو و نما پانا ۔ (۳) کلی کی طرح پیدا کرنا ۔ (٤) کسی جاندار کے عضو سے دوسرے جاندار کا پیدا ھونا ۔ (٥) کلیاں نکلوانا ۔ (٦) (باغبانی) قلم لگانا ؛ ایک درخت کےانکر نکال کردوسرے درخت کی چھال میں لگانا ۔

Bud : (n) بھائی ؛ Buddy کا مخفف ۔

Bud-moth : (n) پروانےکی بعض قسم جس کے پھل روپ (Larval) ثمردار درختوں کے بور کو برباد کرتے ھیں ۔

Bud-rudiment : (n) رحم میں وہ خلیہ جس سے کلی پھوٹتی ھے ۔

Bud-time : (n) موسم بہار ۔

Budded : (a) غنچہ دار ۔

Budder : (n) پھوٹنے والا ؛ قلم لگانے والا ۔

Buddha : [Skr."budh"] دیکھو **Boodh**

Buddha field : (n) تاریخی حدود سے ماورا وہ فردوسی مقام جو ایک بودھ کے ماتحت ہو ۔

Buddha hood : (n) نروان ۔

Buddhaship : (n) ایک بودھ عہدہ ۔

Buddhi : (n) وجدان ؛ آگہی ۔

Buddhism : (n) بودھ مت ۔

Buddhist : (n) بودھ مت کا پیرو ؛ بودھ مت سے متعلق ۔

Buddhology : (n) مہاتما بودھ کی دینیات ۔

Budding : پھوٹتے ہوئے ؛ ہونہار ؛ (حیوانات) کلیار ۔

Buddle / Boodle : (n) گیندے کے پھول کی ایک قسم ۔

Buddle : (n) [Origin unknown] (کان کنی) ایک اتھلی ترچھی ناند جس میں خام دھات دھوئی جاتی ہے ۔

Buddle : (v) [Origin unknown] خام دھات کو اتھلی ترچھی ناند میں دھونا ۔

Buddleia : (n) [L. F. the name of Adam Buddle] ایک قسم کا پودا جس میں زرد یا نیلے پھولوں کے گچھے ہوتے ہیں ۔

Buddy : (a) (۱) غنچوں سے بھرا ہوا ؛ کلی دار ۔ (۲) چھوٹا لڑکا ۔ (۳) ساتھی ؛ رفیق خصوصاً ساتھی سپاہی ۔ (٤) قریبی دوست ۔ (٥) شخص ؛ مردک ۔

Buddy : (v) دوستی کرلینا ؛ دوست ہو جانا ؛ دوست بنا لینا ۔

Buddy-buddy : (n) یار غار ؛ رفیق دم ساز ۔

Buddy-system : (n) فوجی کاروائی یا خطرناک کھیلوں میں جوڑا جوڑا ہونا تا کہ ایک دوسرے کی محافظت اور مدد کی جائے ۔

Bude : (n) کارنوال (Cornwall) میں ایک جگہ کا نام ۔

Bude-burner : (n) ایک قسم کی گیس کا چولھا ۔

Bude-light : (n) انڈوں کے چھلکوں پر Oxy-hydrogen گیس ڈال کر نکالی گئی روشنی ۔

Budge : (n) [OF."bouchet"] ایک قسم کا رواں دار لباس جو بھیڑ کے چمڑے سے بنا ہو اور جس میں اون باہر ہو ۔

Budge : (a) اطوار میں سنجیدہ ؛ پر تکلف ۔

Budge : (n) [Origin unknown] (عامیانہ) نشہ آور شراب ۔

Budge : (n) [Origin unknown] (عامیانہ) معمولی چور ۔

Budge : (v) [F."bouger"] (۱) ہٹنا ؛ ہٹانا ؛ ہلنا ؛ ہلانا ؛ سرکنا ؛ سرکانا ۔ (۲) کسی کو نئے فیصلہ پر آمادہ کرنا ۔

Budge bachelor : (n) یوم لارڈ میئر (۹ نومبر) کے جلوس میں شامل ہونیوالی جماعت کا ایک رکن جس کے گون کے حاشیے میں رواں لگا رہتا ہے ۔

Budge-barrel : (n) پاؤڈر رکھنے کا ایک چھوٹا پیپا جس کا غلاف چرمی ہو اور جس کی لمبی گردن کو تھیلے کے منھ کی طرح کھینچ کر بند کیا جا سکے ۔

Budger : (n) ہلنے والا ؛ ہلانے والا ؛ ہٹنے والا ؛ ہٹانے والا ۔

Budgeree : (a) [Native name in Australia] اچھا ؛ عمدہ ؛ خوبصورت ۔

Budgerigar : (n) [Native Austral.] آسٹریلیا کا چھوٹا توتا ۔

Budgerm : (n) کلی ۔

Budgerow : (n) بجرا ۔

Budget : (n) [F."bougette"] (۱) چرمی تھیلی ؛ بٹوا ؛ کیسہ ؛ گٹھا ؛ تھیلا ؛ خریطہ ۔ (۲) چمڑے کی بوتل ۔ (۳) مقدار ؛ انبار ؛ ذخیرہ ۔ (٤) موازنہ ؛ میزانیہ ۔ (٥) بجٹ ۔ (٦) بندوق کے کندوں کو رکھنے کا خانہ ۔ (۷) جریدے کا نام ۔ (۸) بند منھ سے نکالی ہوئی بےمعنی آواز ۔

Abstract budget : (تجارت) بجٹ کا خلاصہ ۔

Balanced budget : (تجارت ، معاشیات و انتظامیہ) متوازن میزانیہ (بجٹ) ۔

Capital budget : (تجارت) اصل بجٹ ۔

Cash budget : (تجارت) نقد بجٹ ۔

Civil budget : (تجارت) شهری بجٹ ۔

Deficit budget : (معاشیات ، تجارت و انتظامیہ) گھاٹے کا بجٹ ؛ خسارے کا میزانیہ ؛ خسارےکا بجٹ ۔

Double budget : (تجارت) دوھرا بجٹ ۔

Emergency budget : (تجارت) اتفاقی اخراجات کا بجٹ ؛ ھنگامی بجٹ ۔

Family budget : (معاشیات و تجارت) خاندانی بجٹ ؛ گھریلو بجٹ ۔

Financial budget : (تجارت) مالیاتی بجٹ ۔

Fixed budget : (تجارت) قائم بجٹ ؛ مقررہ بجٹ ۔

Flexible budget : (تجارت) لچکدار بجٹ ۔

Interim budget : (تجارت) عارضی بجٹ ؛ عبوری بجٹ ۔

Multiple budget : (تجارت) مرکب بجٹ ۔

Opening budget : افتتاحی بجٹ ۔

Performance budget : (تجارت) تکمیلی بجٹ ۔

Reappropriation budget : (معاشیات ، تجارت) بجٹ کی تخصیص نو ۔

Revised budget : (انتظامیہ) نظر ثانی شدہ بجٹ ؛ ترمیم شدہ بجٹ ۔

Sanctioned budget : (انتظامیہ) منظور شدہ بجٹ ۔

Supplementary budget : (تجارت و معاشیات) ضمنی بجٹ ۔

Surplus budget : (تجارت ، معاشیات و انتظامیہ) بچت میزانیہ ؛ بچت کا بجٹ ۔

Unbalanced budget : (تجارت) غیر متوازن بجٹ ۔

Budget : (v) بجٹ میں گنجائش نکالنا ۔

Budget allocation : (n) میزانی تخصیص ۔

Budget allotment : (n) میزانی تفویض ۔

Budget bar : (n) لکڑی کا وہ شھتیر جس پر گاڑی میں مال رکھنے کا حصہ ٹکا رھتا ھے ۔

Budget estimate : (n) (تجارت ، انتظامیہ) بجٹ کا تخمینہ ؛ میزانی تخمینہ ۔

Budget grant : (n) میزانی منظوری ؛ (تجارت) بجٹ گرانٹ ۔

Budget guts : (n) بڑی آنت کا پہلا حصہ جس کے ایک ھی طرف سوراخ ھو ۔

Budget heads : (n) مدات میزانیہ ۔

Budget line : (n) (تجارت) بجٹ لائن ۔

Budget note : (n) توضیح میزانیہ ۔

Budget provision : (n) (تجارت و انتظامیہ) گنجائش میزانیہ ؛ گنجائش بجٹ ۔

Budget statement : (n) میزانی تختے ۔

Budgetary : (a) بجٹ سے متعلق ۔

Budgetary control : (n) بجٹ سے متعلق کنٹرول ؛ اختیار ؛ (تجارت) کنٹرول بذریعہ بجٹ ۔

Budgetary powers : (n) بجٹ سے متعلق اختیارات ؛ (تاریخ و سیاسیات) اختیارات میزانیہ ؛ اختیارات بجٹ ۔

Budgeteer : (n) بجٹ بنانےوالا ؛ سامان جمع کرنے والا ۔

Budgeter : (n) تھیلا ڈھونے والا ؛ تھیلا استعمال کرنے والا؛ گشت لگانے والا کھلاڑی۔

Budlet : (n) ننھی کلی ۔

Budmash : (n) بدمعاش ۔

Budong monkey : (n) [Native name in Ceylon] بیگنی رنگ کے چہرے والا لنگور ۔

Buff : (n) [F."buffe"] ضرب ؛ چپت ؛ تھپڑ ۔

To stand buff : ثابت قدم رھنا ۔

Buff : (v) مارنا ۔

Buff : (a) (۱) پیلے رنگ کا ؛ پیلا ۔ (۲) بھینس کے چمڑے کا ؛ بھینس کے چمڑے کے مانند ۔

Buff : (a) ثابت قدمی سے ؛ مضبوطی سے ۔

Buff : (n) [Origin unknown] احمقانہ گفتگو ؛ مہمل ۔

Buff : [back-formation F."buffer"] ٹکر روک کا کام کرنا ۔

Buff : (n) [F."buffle"] (۱) پوست ؛ چمڑا ؛ بھینس کا چمڑا ۔ (۲) فوجی کوٹ (چمڑے کا بنا ھوا) ۔ (۳) انسانی جلد ۔ (٤) پیلا رنگ ۔ (٥) (مرضیات) بخار کے مریض کے نکالے ھوئے خون پر لیس دار تہ ۔ (٦) صیقل کرنے کے اوزار جن پر چمڑا چڑھا رھتا ھے ؛ چمکانے کی کوئی چیز یا پالش کرنے کی کوئی چیز ۔ (۷) مشرقی کینٹ کی پلٹن ۔ (۸) جوشیلا ؛ سرگرم ؛ پرستار ۔

Blue and buff : انگلستان کی سیاسی جماعت Whigs کا امتیازی نشان ۔

In buff : عریاں ۔

The buffs : مشرقی کینٹ کی پلٹن ۔

Buff : (v) [prob. echoic] (۱) ھکلانا ؛ ھنس پڑنا ؛ قہقہہ لگانا ۔ (۲) پھاڑ دینا ۔ (۳) دھب دھب کرنا ۔ (٤) کسی نرم پھولی ھوئی چیز پر ضرب لگانا ۔

Buff : (v) (۱) چمڑے کو کما کر نرم کرنا ۔ (۲) چمڑے سے دھات پر صیقل کرنا ؛ پالش کرنا ۔

Buff : (v) زرد رنگنا ۔

Buffability : (n) پالش کئے جانے کی صلاحیت ۔

Buff-bare : (a) عریاں ؛ بالکل ننگا ۔

Buff-coat / Buffcoat : (n) (۱) بھینس کے چمڑے کا کوٹ خاص کر چھوٹی آستین والا کوٹ ؛ فوجی کوٹ جو سترھویں صدی میں دفاع کے لئے پہنتے تھے ۔ (۲) اسطرح کا کوٹ پہننے والا ؛ سپاھی ۔ (۳) بخار کے مریض کے نکالے ھوئے خون کی لیس دار تہ ۔

Buff jerkin : (n) سپاھی کی پوستین ۔

Buff sheet : (n) بف شیٹ ۔

Buff-slip : (n) (اثریات ، تاریخ) بھورا بتن ۔

Buff stick and wheel : صیقل کرنے کا اوزار جس پر چمڑا چڑھا ھوتا ھے ۔

Buff-tip : (n) ایک قسم کا پتنگا ۔

Buff ware : (n) (اثریات ، تاریخ) بھورے برتن ۔

Buffa : (n) [It. Fem. of"buffo"] اوپیرا میں مضحک کردار ادا کرنے والی مغنیہ ۔

Buffalo : (n) [Gr."boubalos"] (۱) بھینس ؛ بھینسا ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) امریکی ارنا بھینسا کے چمڑے کا نیا لبادہ ۔ (٤) بھینس کے سینگ کا مخفف نام ۔ (٥) ایک بڑی مسلح جل بھومی فوجی گاڑی ۔ (٦) رقص کا ایک طرز ۔

Buffalo : (v) دھوکا دینا ؛ حیرت میں ڈالنا ؛ مرعوب کرنا ۔

Buffalo-bag : (n) روئیں دار بھینس کے چمڑے کا لبادہ ۔

Buffalo berry : (n) (۱) ایک قسم کی سفید پتیوں والی جھاڑی ۔ (۲) اس جھاڑی کا سرخ پھل جو کھایا جاتا ھے ۔

Buffalo bird : (n) ایک قسم کی چڑیا جو بھینسوں کے جھنڈ کے ساتھ ساتھ رھتی ھے ۔

Buffalo chips : (n) اپلا ؛ گونٹھا ۔

Buffalo cloth : (n) ایک قسم کا اونی کپڑا جس میں بڑے بڑے روئیں نکلتے ھیں ۔

Buffalo clover : (n) ایک قسم کی پتیتا گھاس ۔

Buffalo dance : (n) امریکی بھینس کا ایک رقص (بھینس کی نقل میں برائے شفا یا شکار میں کامیابی کیلئے) ۔

Buffalo fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Buffalo grass : (n) ایک قسم کی چھوٹی گھاس ۔

Buffalo gun : (n) بڑے قطر والی رائفل جس سے بھینس کا شکار کیا جاتا ہے ۔

Buffalo nut : (n) شمالی امریکہ کی ایک جھاڑی اور اس کا پھل ۔

Buffalo robe : (n) دیکھو Buffalo Bag

Buffalo wolf : (n) مرکزی اور مغربی امریکہ کا بھورا بھیڑیا ۔

Buffed : (a) (۱) بھینس کے چمڑے کا لباس پہنے ہوئے ۔ (۲) روئیں دار بھینس کے چمڑے کا لبادہ پہنے ہوئے ۔ (۳) چکنا اور پالش کیا ہوا ۔

Buffer : (n) (۱) ٹکر روک ۔ (۲) تجارت میں قیمت کے تغیرات سے بچاؤ کی ترکیب ۔ (۳) دو چیزوں کو علاحدہ کرنے والی کوئی چیز ۔ (٤) (کیمیا) وہ مرکب جس کا محلول تیزاب اور اساس کو بے اثر کرتا ہے ۔

Buffer : (n) (۱) کسی چیز کو چمکانے والا / صیقل کرنے والا ۔ (۲) صیقل کرنے والا اوزار جس پر چمڑا چڑھا رہتا ہے ۔ (۳) تصویر کی پلیٹ پر پالش کرنے کی ایک مشین ۔

Buffer : (v) ٹکر کے اثر کو کم کردینا ۔

Buffer : (a) (۱) کتا ۔ (۲) نکما ؛ ناکارہ شخص ؛ مردک ۔ (۳) پستول ۔

Buffer solution : (n) (کیمیا) بفر محلول ۔

Buffer state : (n) فاصل ریاست یا مملکت ؛ ٹکر روک ریاست ؛ وہ غیر جانب دار ریاست یا مملکت جو دو مملکتوں یا ریاستوں کے درمیان ہوتی ہے اور دونوں کے درمیان دشمنی یا ٹکر کو کم کرنے کا کام انجام دیتی ہے ؛ (کیمیا) بفر حالت ۔

Buffer stock : (n) ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی جو کم قیمت پر خریدی گئی ہوں تاکہ انہیں قیمت بڑھنے پر بیچاجائے تا کہ نرخ بڑھنے سے رک جائے ؛ (تجارت) بفر اسٹاک ؛ حفاظتی ذخیرہ ۔

Buffered : (a) (کیمیا) بفرایا ۔

Buffering : (n) (کیمیا) بفرانا

Buffet : (n) [OF. dim.of "buffe"] (۱) مکا ؛ گھونسا ؛ تھپڑ ۔ (۲) مار (تقدیر کی) ۔ (۳) تھپیڑا (موجوں کا) (٤) جہاز کا اس کی مقررہ رفتار سے تیز تر چلانے پر تھرتھرانا ۔

Buffet : (n) [F.] (۱) نیچی تپائی ۔ (۲) گدا جس پر کھڑے ہوتے وقت گھٹنے ٹیکتے ہیں ۔

Buffet : (n) [F.] (۱) برتنوں کی الماری ۔ (۲) ریستوران (تناول خانے میں وہ جگہ جہاں شراب، کھانا وغیرہ دیا جاتا ہے) ۔

Buffet : (v) (۱) مکا مارنا ؛ تھپڑ مارنا ۔ (۲) مقابلہ کرنا ؛ ہاتھ پیر مارنا (موجوں میں) ۔ (۳) گھونسا مار کر نکالنا ۔ (٤) (گھنٹے کی) کپڑا مونڈھ کر آواز دبا دینا ۔

Buffle head : (n) (۱) احمق ؛ بیوقوف ؛ کوڑھ مغز ؛ کند ذہن ۔ (۲) شمالی امریکہ کی ایک چھوٹی غوطہ مارنے والی مرغابی ۔

Buffle-headed : (a) احمق ؛ بیوقوف ؛ کوڑھ مغز ۔

Buffle-horn : ایک قسم کا چھوٹا افریقی درخت (جس کی لکڑی بہت سخت اور پھول سرخ ہوتے ہیں) ۔

Buffo : (n) مسخرا ؛ ہنسانے والا ایکٹر (اوپیرا میں) ۔

Buffoon : (n) [It."buffo"] (۱) پیشہ ور دل لگی باز ؛ مسخرا ۔ (۲) بیوقوف اور کم پڑھا ہوا آدمی جو مسخرگی کرتا ہے ؛ کم پڑھا ہوا ؛ بیوقوف مسخرا ۔

Buffoon : (v) [It."buffone"] مسخرا پن کرنا ؛ دل لگی کرنا ؛ تمسخر کرنا ۔

Buffoonery : (n) مسخراپن ؛ دل لگی باز ۔

Buffoonish : (a) تمسخر آمیز ۔

Buffoonize : (v) مسخر کی کرنا ۔

Buffy : (a) (۱) زرد ۔ (۲) لسیلی تہ والا (خون) ۔ (۳) مدھوش (عامیانہ) ۔

Buffy-coat : (n) بخار کے مریض کے نکالے ہوئے خون کی لسیلی تہ ۔

Bufo : (n) [F.] مینڈک کی ایک قسم ؛ ٹوڈ کی ایک قسم ۔

Bugaku : (n) [Jap.] جاپان کا ایک کلاسیکی رقص ۔

Bugala : (n) [Arab."buglaq"] بغلق ؛ ایک بڑی کشتی جو زیادہ تر بحر احمر میں استعمال ہوتی ہے ۔

Bugger : (n) [L."Bulgarul"] (۱) اغلام باز؛ مغلم ۔ (۲) کافر؛ مرتد ۔ (۳) گالی گلوچ میں شیطان ؛ بدمعاش وغیرہ ۔ (٤) (پیار سے بچوں کے لئے) بدمعاش ؛ شریف ؛ مردك ؛ شخص ۔

Bugger : (v) (۱) اغلام بازی کرنا ۔ (۲) لعنت بھیجنا ۔ (۳) تھك جانا ۔ (٤) چلا جانا ؛ رخصت ہوجانا ۔

Bugger up : (v) پراگندہ کرنا ۔

Buggery : (n) اغلام ؛ خلاف وضع فطری حرکت ۔

Buggy : (n) [Of unknown origin] (۱) بگھی ۔ (۲) ٹرین کے آخر کا ایک ڈبہ جو ریلوے ملازمین کے کام کے لئے رہتا ہے ۔ (۳) کوئی گاڑی (کسی قسم کی) ۔

Buggy : (a) (۱) کھٹملوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) کھٹملوں سے متعلق ۔ (۳) (عامیانہ) بیوقوف ؛ خبط ؛ پاگل ؛ شاندار ۔

Buggy boat : (n) وہ کشتی جس میں پہیا لگا کر زمین پر چلایا جا سکے ۔

Buggy-cultivator / Plough : (n) وہ ھل جس میں ھلواہے کے بیٹھنے کی جگہ ہو ۔

Buggy-man : (n) ٹھیلے پر اسباب ڈھونے والا ۔

Bugle : (n) [L."buculus"] (۱) بگل ؛ قرنہ (فوجی) ۔ (۲) سانڈ ۔

Bugle : (n) [Etym. unknown] نلکی کی شکل کے شیشے کے دانے جو کپڑوں پر آرائش کے لئے ٹانکے جاتے ہیں ۔

Bugle : (n) [late L."bugula"] پودوں کی ایک قسم ۔

Bugle : (v) (۱) بگل بجانا ۔ (۲) بگل کی طرح آواز نکالنا ۔ (۳) بگل کے ذریعہ بلانا ۔ (٤) (بیل ، ہرن وغیرہ کی خصوصیت) لمبی چیخ جو بگل کی آواز سے مشابہ ہوتی ہے اور ہرن کی مستی کے وقت کی پکار ۔

Bufonite : (n) [L."bufo"] (۱) ایک متحجر مچھلی کے دانت اور منھ کی ہڈیاں ۔ (۲) ایک قسم کا پتھر جو اکثر قیمتی ہوتا ہے ۔

Bug : (n) [L."bugge"] (۱) بھوت ؛ جن ؛ سایہ ؛ ہوا ۔ (۲) مغرور اور خود پندار شخص ۔ (۳) غیر متوقع شکست یا خرابی یا کمی ۔ (٤) بیماری کے جراثیم ؛ ایسے جراثیم سے پیدا ہونے والی بیماری ۔ (۵) خبط ؛ مشغل ؛ مشغلہ ؛ سرگرمی ؛ گہری دلچسپی ۔ (٦) وہ شخص جو کسی معاملے میں ماہر یا فعال ہو ۔ (۷) خبط آدمی ۔ (۸) پوکر کے کھیل میں جوکر پتہ ۔ (۹) خطرے کی گھنٹی ۔ (۱۰) ایک مخفی مائیکروفون ۔ (۱۱) برقی رو کا رخ بدل دینا (پیغام وغیرہ کو سننے کے لئے) ۔ (۱۲) جوکی کو دی جانے والی پانچ پونڈ کی رعایت (گھوڑ دوڑ میں) ۔ (۱۳) ھلکی دو نشست والی موٹرگاڑی ۔ (۱٤) مچھلی پکڑنے کا مصنوعی چارا جو لمبے کیڑے کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Big bug : اہم اور با اثر شخصیت ۔

Bug : (n) [Etym. unknown] (۱) کھٹمل ؛ جوئیں ؛ جوں ۔ (۲) چھوٹے کیڑے ۔

Bug bane / wort : (n) وہ پودے جن سے کھٹمل بھگائے جاتے ہیں ۔

Bug bear : (n) (۱) ہوا ؛ بھوت ؛ جوجو ۔ (۲) خوف اور نفرت کی چیز ۔ (۳) مسئلہ جو مسلسل تکلیف دہ اور پریشان کن ہو ۔ (٤) فرضی خوف ۔

Bug-boy : (n) شاگرد پیشہ جوکی ۔

Bug-dust : (n) مہین کوئلہ ۔

Bug-eye : (n) ایک چھوٹا دو مستولی جہاز ۔

Bug-eyed : (a) دیدہ پھاڑے ہوئے (حیرت میں) ۔

Bug-house : (n) پاگل خانہ ۔

Bug-house : (a) پاگل ۔

Bug hunter : (n) (عامیانہ) ماہر حشریات ۔

Bug-juice : (n) ادنا قسم کی وھسکی یا تیز شراب ۔

Bugaboo : (n) (۱) ہوا ؛ بیچا ؛ جوجو ۔ (۲) تردد کی بات ۔

Bugle : (a) کتے کی تیز گہری مترنم آواز ۔

Bugle : (a) (۱) شیشے کے لمبے دانے کی طرح ۔ (۲) شیشے کے لمبے دانے لگا ہوا یا ان سے آراستہ ۔

Bugle-blast : (n) بگل کی آواز ۔

Bugle-call : (n) بگل کے ذریعہ بلاوا ۔

Bugle clang : (n) بگل کی جھنکار ۔

Bugle-horn : (n) سنگھا ۔

Bugle-man : (n) بگلچی ۔

Bugler : (n) بگل بجانےوالا ۔

Buglet : (n) چھوٹا بگل ۔

Bugleweed : (n) ایک امریکی پودا جو خون تھوکنے کے علاج کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Bugloss : (n) [Gr."buglossos"] ایک قسم کا پھولدار پودا ؛ لسان الثور ۔

Bugloss cowslip : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Bugologist : (n) ماہر علم الحشرات ۔

Bugology : (n) علم الحشرات ۔

Bugolout / Bug-out : (v) دشمن کے سامنے سے غیر منظم طریقے سے بھاگنا ۔

Bugout / Bug-out : (n) فوج سے فرار ؛ پسپائی ۔

Bugs : (a) خبطی ۔

Buhl / Boule : (n) [F."Boule"] کچھوے کی ہڈی یا بیل کے تراشے ہوئے بیل بوٹے ؛ بیل بوٹے جو لکڑی میں جڑے جائیں ۔

Buhr : (n) دیکھو Buhr - stone

Buhr-stone : (n) [alter. of"burrstone"] (۱) ایک قسم کا پتھر جو چکی بنانے کے کام آتا ہے ۔ (۲) اس پتھر کی بنی ہوئی چکی ۔

Build : (v) [ME."bulden","bylden"] (۱) بنانا ؛ تعمیر کرنا ۔ (۲) گھر یا گھونسلہ بنانا ؛ اینٹیں وغیرہ چننا ۔ (۳) بنیاد رکھنا ؛ قائم کرنا ۔ (٤) بھروسہ کرنا ؛ اعتماد رکھنا ؛ بحث ترتیب دینا ۔ (٥) بنوانا ۔ (٦) ایک منظم خاکے کے مطابق تعمیر کرنا یا شکل دینا۔ (۷) شکل دینا ؛ تخلیق کرنا ۔ (۸) خلقی رجحان دینا ۔ (۹) روشن کرنا (آگ) ۔ (۱۰) سینا (کپڑا) ۔ (۱۱) غذا تیار کرنا ۔ (۱۲) سگریٹ لپیٹنا ۔ (۱۳) (ادبی یا فنی) تخلیق کرنا ۔ (۱٤) بڑھانا ؛ درجہ بلند کرنا ۔ (۱٥) حروف کو جوڑ کر لفظ بنانا ۔ (لفظ سازی کے کھیل میں) ۔ (۱٦) (صابن سازی) صابن کے اجزا میں اضافہ کرنا ۔ (۱۷) انتہا کی طرف ، عروج کی طرف بڑھنا ۔

To build a fire : جلاون اکٹھا کر کے آگ لگانا ۔

To build a nest : آشیانہ بنانا ۔

To build a railroad : ریلوے لائن بچھانا ۔

To build in : عمارات سے گھیر لینا ۔

To build up : (۱) عمارات سے بھر دینا ؛ کسی تعمیر کے ذریعہ راستہ مسدود کردینا (۲) بڑھانا ؛ اضافہ کرنا ؛ ترقی دینا ۔ (۳) اہمیت بڑھانا ؛ شہرت دینا ۔ (٤) برقی رو یا قوت کو بڑھا دینا ۔ (٥) دلچسپی پیدا کرنا یا بڑھانا ۔ (٦) افادہء روحانی کرنا ۔

Build : (n) (۱) کاٹھی (انسان کی) ؛ وضع ؛ بناوٹ ؛ ساخت ۔ (۲) تاش کے کارڈ کو جمع کرنا ۔ (۳) تعمیر میں عمودی جوڑ ۔ (٤) بڑھتی ہوئی شدت کی حالت ؛ عروج کی طرف بتدریج ترقی ۔

Builder : (n) (۱) تعمیر کا ٹھیکہ دار ؛ بنانے والا ۔ (۲) معمار ؛ تعمیر کرنے والا ؛ صدر معمار۔ (۳) صابن کے اجزاء میں وہ اضافہ جو اس کی صفائی کی قوت کو بڑھائے ۔ (٤) (Back Gammon کے کھیل میں) وہ مہرہ جو بغیر کسی نقصان کے بڑھایا جا سکے۔ (٥) بنانے والا یا جوڑنے والا مزدور ۔

Builder's risk insurance : (n) (تجارت) عمارتی ٹھیکے داری جوکھم بیمہ ۔

Building : (n) (۱) عمارت ؛ مکان ؛ مکان کا حصہ ۔ (۲) تعمیر ۔

Building bulk indent : (انتظامیہ) بلڈنگ بلک انڈنٹ ؛ تعمیراتی تھوک مطلوبہ ۔

Building division : (n) (انتظامیہ) شعبۂ تعمیرات ۔

Building drain : (n) مکان کی نالی ۔

Building inspection : (n) (انتظامیہ) تعمیراتی معائنہ ۔

Building lease : (n) وہ معاہدہ جس کی رو سے پٹہ دار کو تعمیر مکان کی اجازت دی جائے ۔

Building lot : (n) پیمائش کی ہوئی اور گھیری ہوئی قطعہ زمین جو تعمیر کے لئے مخصوص کردی جائے ۔

Building sacrifice : (n) (سماجیات) قربانی برائے تعمیر ۔

Building society : (n) تعمیر مکانات کے لئے قرض دینے والی انجمن ۔

Building superintendent : (n) مکان کا نگران جو اس کی صفائی اور نگرانی کا ذمہ دار ہو ۔

Building trade : (n) تعمیراتی لوازمات کا پیشہ ۔

Building term : (n) تعمیر مکان کے اجارے کی مدت ۔

Built : (a) تعمیر کیا ہوا ؛ بنایا ہوا ۔

Built-in : (a) کسی ساخت کا لازمی حصہ ۔

Built-in department : (n) (تجارت) خود ساختہ محکمہ ۔

Built-in insurance : (n) (تجارت) مضمر انشورنس ۔

Built in stabiliser : (n) (معاشیات) خود بخود کام کرنے والے آلات ۔

Built-in storage bin : (تاریخ) خود ساز گودام ۔

Buirdly : (a) بڑا اور خوش ساخت ؛ توانا ؛ شاندار ؛ دراز ؛ تنومند ؛ ھٹا کٹا ؛ تگڑا ۔

Bukranium : (n) (تاریخ) گو مکھ ۔

Bukshi / Bukshee : (n) [Per."bakshi"] بخشی ؛ تنخواہ بانٹنے والا ۔

Bulb : (n) [Gr."bolbos"] (۱) گنٹھی (پیاز وغیرہ کی) ؛ گولہ ؛ بصلہ ؛ گانٹھ ؛ قند ؛ کسی عضو کی پھولی ہوئی جڑ ۔ (۲) شیشےکی نلی کا پھولا ھوا حصہ ؛ جوفہ ۔ (۳) (برقی روشنی کا) قمقمہ ؛ بلب ۔ (٤) گنٹھی دار پودا یا گنٹھی سے پیدا ہونے والا پودا ۔ (٥) بصل النخاع ؛ مغز کا سب سے پچھلا حصہ ۔ (٦) گھوڑے کی کھر کا بالائی حصہ ۔ (۷) فوٹو کیمرہ کی ایک ترتیب جس سے مختصر وقت میں تصویر لی جا سکے۔

Bulb : (v) (۱) جڑ کا پیازہ کی طرح ھو جانا ؛ گنٹھی پیدا کرنا ۔ (۲) گانٹھ یا گنٹھی بننا ؛ پھولنا (گنٹھی کی شکل میں) ۔

Bulb of purcussion (on a flake) : (ماقبل تاریخ) دباؤ سے پیدا کردہ (پرت پر) ۔

Bulbaceous : (a) گنٹھی سے پیدا ھونے والا ۔

Bulbar : (a) گنٹھی سے متعلق یا گنٹھی کا خصوصاً نخاع کے گنٹھی سے متعلق ۔

Bulbar surface : (n) (تاریخ و اثریات) کروی سطح ۔

Bulbed : (a) گنٹھی دار یا پیازہ دار ؛ بصلہ دار ؛ پیاز کی شکل کا ۔

Bulbiferous : (a) گنٹھی دار ؛ پیازہ دار ؛ گنٹھی پیدا کرنے والا ۔

Bulbiform : (a) پیازہ نما ؛ بصلہ نما ۔

Bulbil : (n) [mod. L."bulbillus"] (۱) ایک گنٹھی کے بغل میں ایک چھوٹی نئی گنٹھی ۔ (۲) وہ چھوٹی ٹھوس اور چھلکےدار کلی جو تنے سے علاحدہ ھو کر خود ایک مستقل پودے کی شکل میں بڑھتی ھے ۔ (۳) ان چند خلیہ دار گچھوں میں سے کوئی جو بعض قسم کے سماروغ کثیر تعداد میں پیدا کرتے ھیں ۔

Bulbo : جزو ترکیبی ۔

Bulbous / Bulbose / Bulbaceous : (a) [L."bulbus"] متورّم ۔

Bulbul : (n) [Arab."bulbul"] (۱) بلبل ۔ (۲) مغنی ؛ گلوکار ؛ گوّیا ۔ (۳) شاعر شیریت نوا ؛ شیریت نوا گوّیا ۔

Bulbule : (n) [L."bulbulus"] چھوٹی گنٹھی ؛ چھوٹا پیاز ۔

Bulge : (n) [L."bulga"] (۱) ابھار ؛ ناهموار ابھار ۔ (۲) پیپے (شراب کے) کا پھولا ھوا درمیانی حصہ ؛ جہاز کی تہ کا افقی حصہ ۔ (۳) حاملہ عورت کا پیٹ ؛ توند ؛ برآمدگی ۔ (٤) پھولا یا باھر نکلا ھوا حصہ : (الف) دباؤ سے نکلا ھوا کسی چیز کا خمدار حصہ ۔ (ب) زمین کا وہ حصہ جو سرحدی خط سے باھر نکلا ھوا ھو ۔ (ج) فوج کے عام خط محاذ سے آگے بڑھا ھوا دستہ ۔ (۵) بالا دستی ؛ فوقیت ۔ (٦) ابھار کامیلان ۔

To get the bulgeon : بالا دستی حاصل کرنا ۔

Bulge : (v) (۱) ابھاربنانا ؛ ابھرا ھوا بنانا ؛ برآمدگی بنانا ؛ ابھار پیدا کرنا ۔ (۲) ابھرنا ؛ بےڈول ابھرنا ۔ (۳) پھلنا ؛ پھولنا۔ (٤) لبالب ھو جانا ؛ لبریز ھو جانا ۔

Bulge of stricture : (لسانیات) سکڑن کی سلوٹ ۔

Bulger : (n) گولف کا بلہ جو محدب ھوتا ھے ۔

Bulginess : (n) ابھار پن ؛ ابھار ۔

Bulging bottom : (n) (تاریخ) ابھری پیندی ۔

Bulgy : (a) ابھرا ھوا ؛ پھولا ھوا ۔

Bulimia : (n) جوع البقر ؛ کھانے کا ھوکا ؛ کھانے کی حرص ؛ پیٹو ؛ ھوکا ۔

Bulimic : (a) جوع البقر والا ؛ ھوکا رکھنے والا ۔

Bulimiform : (a) شکم پرور نما ۔

Bulimious : (a) جوع البقر والا ؛ حریص ؛ پیٹو ۔

Bulimus : (n) [Gr."bulimos"] زمینی شکم پرور جانوروں کی ایک ذات ۔

Bulimy : (n) [Gr."bulimia"] جوع البقر ؛ ھوکا ؛ کھانے کا ھوکا ۔

Bulk : (n) [ON."bulki"] (۱) جسامت ؛ مقدار ؛ بڑی مقدار ؛ ضخامت ؛ تودہ ؛ تھوک ۔ (۲) جہاز کا بار ؛ کثیر تعداد ؛ حجم ۔ (۳) بھاری جسم ۔ (٤) زیادہ تر حصہ ؛ (کسی چیز کا) اصلی حصہ ۔ (۵) تناؤ ؛ (انسانی یا حیوانی) دھڑ ۔

In bulk : کھلا مال ؛ ڈھیر ۔

To break bulk : مال اتارنا شروع کرنا ۔

To load in bulk : غلے کو جہاز پر ویسے ھی لاد دینا ۔

To sell in bulk : (مال) بھرا جہاز بیچ دینا جہاز میں بھرا ھوا مال بیچ دینا۔

Bulk : (n) [ON."balk-r"] کسی عمارت سے باھر نکلا ھوا ڈھانچہ (دکان یا سائبان کی طرح) ؛ چھوٹی دکان ؛ (طبیعیات) حجم ؛ آتن ۔

Bulk : (n) (۱) بڑا نظر آنا ؛ پھلا دینا ؛ بھر دینا ۔ (۲) ڈھیر لگانا ۔ (۳) ضخیم ھونا ؛ جسیم ھونا ؛ تنو مند ھونا ۔ (٤) مقدار کا اندازہ لگانا ۔ (۵) پیمائش میں یا اندازہ میں یا تخمینہ میں ھونا ۔ (٦) پھولنا ؛ وسیع ھونا ؛ وسعت میں بڑھنا ؛ پھیلنا ۔ (۷) تودہ بن جانا ۔

Bulk : (a) (۱) ڈھیر سا ؛ تھوک ۔ (۲) تھوک مال کا کاروبار کرنے والا ۔

Bulk elasticity : (n) (طبیعیات) حجم الاسٹک پن ۔

Bulk freight : (n) (تجارت) کثیر المقدار شرح محصول ۔

Bulk head : (n) کھلی دکان ؛ خانہ ؛ ڈبہ ؛ جہاز کے کمروں کی درمیانی دیوار ؛ پتھر یا لکڑی یا کنکریٹ کی دیوار جو پانی ، آگ یا گیس سے محافظت کرے ؛ بڑا کمرہ ؛ دکان کی چھت ؛ برآمدہ دکان ؛ باھر نکلا ھوا ڈھانچہ جس کےتہ خانے کی سیڑھیوں میں داخل ھونے کے واسطے ڈھالو دروازہ ھو ۔

Bulk head : (v) دیواروں کے ذریعہ الگ الگ کرنا ۔

Bulk headed : (a) وہ جہاز جس میں فاضل دیواریں ھوں ۔

Bulk modulus : (n) حجم موڈولس ؛ حجم معیار ۔

Bulk modulus of elasticity : (طبیعیات) حجم (الاسٹکی) موڈولس ۔

Bulk not equal to sample : مال نمونے کے مطابق نہیں ۔

Bulk purchase : (n) اکٹھی خرید ۔

Bulk sale : (n) (تجارت) کثیر المقدار فروخت ۔

Bulk sampling : (n) (شماریات) انتخاب نمونہ از انبار ۔

Bulk strain : (n) (طبیعیات) حجمی بگاڑ ۔

Bulked : (a) پھولا ہوا ؛ پھیلا ہوا ۔

Bulker : (n) تھوک مال کا اندازہ لگانے والا ۔

Bulkily : (adv) بےڈھنگے پن سے ؛ جسیم ہو کر ۔

Bulkiness : (n) ضخامت ؛ جسامت ؛ تنومندی ؛ فربہ اندامی ۔

Bulky : (a) فربہ اندام ؛ جسیم ؛ بڑی جسامت کا ؛ جثہ دار ؛ پرجثہ ؛ تنومند ؛ لحیم ؛ تند دار ؛ ضخیم ؛ بے ڈھنگا ؛ حد سے زیادہ جو سنبھالا نہ جا سکے ؛ (انفجاری مادے کے متعلق) جو تباہ کن طاقت کے تناسب سے زیادہ مقدار میں ہو ؛ وزن کے حساب سے زیادہ جسامت رکھنے والا ۔

Bulky colour : (n) کوئی جزوی یا کلی شفاف رنگ جو ابعاد ثلاثہ میں خلا کو پُر کرے ۔

Bull : (n) [ON."bole","boli"] (۱) بیل ؛ نر گاؤ ؛ سانڈ ؛ نر وھیل یا ہاتھی وغیرہ ۔ (۲) برج ثور ۔ (۳) (اسٹاک اکسچینج) وہ شخص جو حصوں کو گراں ہونے کی توقع میں پہلے سے خرید کر دام بڑھائے ۔ (٤) متفائل یا رجائی شخص (خصوصاً کاروبار میں) ۔ (٥) نر ۔ (٦) بیل کے مانند ؛ ایک بڑا طاقت ور مگر تھوڑا بے ڈھنگا ؛ بےحس شخص ۔ (۷) (عامیانہ ، برطانیہ میں) ایک کرون (سکّہ) ۔ (۸) (عامیانہ) پولیس کا آدمی ؛ جاسوس ۔

A bull in a china shop : وہ شخص جو بد تمیزی سے چیزوں کو توڑ پھوڑ کے رکھ دے ؛ ظروف چینی کی دکان میں گھستا ہوا سانڈ ۔

To take the bull by the horns : مصائب کا دلیری سے مقابلہ کرنا ۔

Trapped bull : (تجارت) پھنسا تیجڑیا ۔

Bull : (a) [ME."bule"] نر ؛ بیل کی طرح ؛ بڑا (اپنی قسم کا) ؛ درشت و ناگوار ؛ بڑھتا ہوا ؛ (بازار میں) حصوں کو خرید کر ان کی قیمت بڑھانے والا ۔

Bull : (n) [L. "bulla"] (۱) پوپ کا فرمان ۔ (۲) وہ مہر جو پوپ کے فرمان پر لگائی جاتی ہے ۔ (۳) وہ فرمان جس پر مہر لگی ہوئی ہو ۔ (٤) کوئی فرمان جس پر مہر لگی ہو ۔

Bull : (n) فاحش غلطی ۔

Irish bull : (۱) گفتار متناقص ؛ جملہ جس میں تناقص پایا جائے ؛ جو اختصار کی وجہ سے معمہ ہوجائے ۔ (۲) ایک اوچھی اور عام طور پر غلط ڈینگ ؛ ایک اوچھی مغرورانہ غلط گفتگو ۔

Bull : (n) [Origin unknown] پانی جو شراب کے شیشے میں بسایا جائے ۔

Bull : (n) سراؤن کی ایک خاص سلاخ ۔

Bull : (n) [Origin unknown] کوئٹ (Quoit) کی قسم کا ایک کھیل جو عموماً جہاز پر کھیلتے ہیں ۔

Bull : (n) John Bull اور Bull-eye کا مخفف ۔

Bull- : جزو ترکیبی جیسے Bull -oak, Bull-brier وغیرہ ۔

Bull : (v) (۱) گائے کا مستی میں آنا ۔ (۲) سانڈ کا گائے کے ساتھ جفت کھانا ۔ (۳) سٹّہ بازی میں قیمت بڑھانے کی کوشش کرنا ۔ (٤) مخالفت کے باوجود نافذ کرنا ۔ (٥) سانڈ کی طرح دھکیلنا (مخالف کو) ۔

Bull : (v) (۱) غلطیوں کے ساتھ کام کرنا ۔ (۲) بے وقوف بنانا ؛ چکر میں ڈالنا ؛ (بہت تیزی سے بول کر) ۔

Bull account : (n) (تجارت) تیجڑیا کھاتا ۔

Bull-bat : (n) امریکی چمگادڑ ۔

Bull-baiter : (n) سانڈ لڑانے والا ۔

Bull baiting : (n) سانڈ اور کتوں کو لڑانا ۔

Bull-bitch : (n) بل ڈاگ کی مادہ ؛ بل ڈاگ کتیا ۔

Bull-boat : (n) ایک فریم پر کھال سے مڑھ کر بنائی ہوئی کشتی ۔

Bull-brier : (n) ایک قسم کا پودا جس کی جڑ سے

امریکی ہندوستانی روٹی بناتے ہیں ۔

Bull capital : (n) (تاریخ) نرگاؤ کی شکل کا سرستون ؛ سر ستون پر نر گاؤ کی شبیہ ۔

Bull-comber : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Bull compaign : (n) (تجارت) اسٹاک کی نرخ بڑھانے کی باضابطہ کوشش ۔

Bull -dog : (n) (۱) وہ کتّا جس کا سر سانڈ کے سر جیسا، تھوتھنی چھوٹی ، جسم مضبوط اور گٹھیلا ، قد اوسط اور چھوٹے بال ہوتے ہیں ۔(۲) بندوق یا طمنچہ ۔ (۳) پراکٹر کا اردلی (آکسفورڈ اور کیمرج یونیورسٹیوں میں) ۔(٤) ایک قسم کی مکھی ۔ (٥) ایک قسم کی آسٹریلوی چیونٹی ۔(٦) (لوہے کے کام)بہت زیادہ حرارت برداشت کرنے والی چیز جو بھٹی میں استر کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

Bull dog : (a) بل ڈاگ کے متعلق یا بل ڈاگ کی صفت رکھنے والا ۔

Bull dog : (v) (۱) بل ڈاگ کی طرح ہوجانا خصوصاً پرزور حملہ کرنے میں ۔(۲) کسی بیل کو سینگ پکڑ کر اور گردن مروڑ کر زمین پر گرا دینا ۔

Bull-doze / Bull-dose : (v) (۱) (امریکہ) دباؤ ڈالنا ؛ دبانا ۔ (۲) کوڑے سے مارنا ۔(۳) پتھر یا دھات کو ترڑنا ۔(٤) بل ڈوزر سے صاف کرنا ؛ مسطح کرنا ؛ کھودنا ۔(٥) راستہ سے ہٹا دینا ۔

Bull-doze / Bull-dose : (n) کوڑے کی سخت مار ۔

Bull-dozer : (n) (۱) دباؤ ڈالنے والا ؛ ستانے والا ۔ (۲) پستول ۔(۳) بل ڈوزر سے کام کرنے والا ۔ (٤) زمین ، سڑک ، راستہ وغیرہ صاف کرنے ، مسطح کرنے کی ایک مشین ۔

Bull-eye : (n) وہ آنکھ(جیسے کبوتر کی) جس کی پتلی اور پردۂ غیبیہ سیاہ ہوتی ہے ۔

Bull feast : (n) دیکھو Bull fight

Bull -fight : (n) ہسپانیہ میں آدمی اور سانڈ کی لڑائی ۔

Bull-fighter : (n) سانڈ سے لڑنے والا آدمی ۔

Bull finch : (n) [Corrupt. of "bull-fence"] بلند جھاڑیوں کا ایک احاطہ ۔

Bull-finch : (n) ایک خوبصورت سخت چونچ کی گانے والی چڑیا ۔

Bull-finch : (v) گھوڑے کوبلند جھاڑی والے احاطہ سے چھلانگ لگوانا ۔

Bull fist : (n) ایک قسم کی کھمبی جس کا بیج دان گیند نما ہوتا ہے ۔

Bull foot : (n) (نباتی) ایک قسم کا پودا ۔

Bull frog : (n) امریکہ کا بڑا مینڈک ۔

Bull-gang : (n) غیر ہنر مند مزدوروں کی ایک جماعت ۔

Bull-grip : (n) ایک قسم کا خاردار پودا ۔

Bull-grunter : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Bull-gun : (n) بھاری نالوں والی ، چاند ماری والی رائفل ۔

Bull hoof : (n) (نباتی) ایک قسم کا پودا ۔

Bull horn : (n) آواز رساں خصوصاً بحریہ کے جہاز کا ۔

Bull liquidation : (n) (تجارت) تیجڑیا تحلیل ۔

Bull-mastif : (n) ایک قسم کا بڑا طاقتور انگلستانی نسل کا کتّا ۔

Bull-neck : (n) (۱) سانڈ کی گردن کی کھال سے بنا ہوا چمڑا ۔(۲) چھوٹی موٹی اور مضبوط گردن ۔(۳) ایک قسم کی امریکی جنگلی بط ۔

Bull-nose : (n) (۱) استری کی ایک قسم ۔ (۲) ایک قسم کی سور کے چہرے کی بیماری ۔

Bull oak : (n) (۱) شاہ بلوط کا وہ درخت جس کے نیچے بیل پناہ لیتے ہیں ۔ (۲) آسٹریلیا کا ایک بڑا درخت ۔

Bull of brass / Brazen bull : اذیت دینے والی مشین ؛ اذیت دینے والے آلے ۔

Bull of the bog : ایک قسم کا بگلا ۔

Bull-pen : (n) (۱) قید خانہ ؛ محبس ۔

(۲) بیس بال (Base ball) کے میدان میں ایک مخصوص جگہ ۔ (۳) کوئی جگہ جہاں لوگ ایک خاص مقصد کے لئے جمع ہوں ۔

Bull plum : (n) ایک قسم کی جنگلی جھاڑی کا نیلگوں سیاہ پھل جو بیر سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Bull poll : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Bull pottery : (n) (تاریخ) ظروف جن پر بیلوں کی شکل بنی ہو ۔

Bull pup : (n) بل ڈاگ کا پلاّ ۔

Bull ring : (n) سانڈ اور آدمی کے مقابلہ کا اکھاڑہ ؛ وہ حلقہ جس میں سانڈ بندھا ہوتا تھا ۔

Bull roarer : (n) ایک کھلونا جو بہت شور مچاتا ہے ، ٹرّو ؛ (تاریخ) ٹرو (لکڑی سے بنا ایک کھلونا جس میں رسی باندھ کر زوروں سے گھمانے سے گرج دار آواز پیدا ہوتی ہے) ۔

Bull rope : (n) (جہاز رانی) لوہے کا موٹا تار؛ جہاز کا رسا ۔

Bull sedge : (n) ایک قسم کی گھاس جو پانی یا دلدل میں پائی جاتی ہے ۔

Bull session : (n) مختلف موضوعات پر غیر رسمی گفتگو ؛ بحث ۔

Bull shit : (n) (عامیانہ) گستاخ گفتگو ۔

Bull shit : (v) مہمل گستاخ گفتگو کرنا ۔

Bull snake : (n) شمالی امریکہ کا ایک بڑا اور بے ضرر سانپ ۔

Bull stag : (n) آختہ کیا ہوا بیل ۔

Bull-terrior : (n) بل ڈاگ اور ٹیریر کے میل سے پیدا ہوا کتّا ۔

Bull toad : (n) مینڈک ۔

Bull transaction : (n) (تجارت) تیجڑیا سودا ۔

Bull-trout : (n) سالمن قسم کی ایک مچھلی ۔

Bull -voiced : (a) بلند گہری آواز والا ۔

Bull weed : (n) ایک گھاس جس کا ڈنٹھل سخت اور پھول ارغوانی ہوتا ہے ۔

Bull-whack : (n) چھوٹے دستہ والا لمبا، بھاری کوڑا ۔

Bull-whack : (v) بیلوں کا ہانکنا ۔

Bull-whacker : (n) بیل ہانکنے والا (امریکہ کی مغربی ریاستوں میں) ۔

Bull-whip : (n) گندھے ہوئے خام چمڑے کا لمبا کوڑا ۔

Bull-work : (n) سخت جسمانی کام ۔

Bull wort : (n) گیاہ اسقف (ایک قسم کا پودا) ۔

Bull's-eye : (n) (۱) سانڈ کی آنکھ ۔ (۲) شیشہ بنانے میں جو ابھار اکثر پیدا ہو جاتا ہے ۔ (۳) جہاز میں موٹے شیشے کا گول قابدان ۔ (٤) نیم کروی یا مسطح مقعر عدسہ ۔ (۵) نیم کروی عدسہ کی لالٹین ۔ (٦) (جہازرانی) ایک چھوٹی چرخی ، گھرنی حلقہ کی شکل کی جس کے خارجی کنارے پر رسا ہوتا ہے اور بیچ میں سوراخ ۔ (۷) (تعمیرات) چھوٹی گول کھڑکی ۔ (۸) نشانے کا مرکز (چاند ماری میں) ؛ وہ گولی جو نشانے کے مرکز میں لگے ؛ (مجازاً) کوئی مرکزی یا اہم چیز ؛ مقصد کا پورا حصول ؛ مکمل مقصد ۔ (۹) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۱۰) ایک قسم کا پھول ؛ ڈیزی ۔ (۱۱) سونے کے لیس کا ایک گول زیور ۔ (۱۲) ایک قسم کی گول مٹھائی ۔ (۱۳) گولی (شیشہ کی) ۔ (١٤) سیاہ بادل کا ٹکڑا جس کا مرکز سرخ ہوتا ہے (کیپ آف گڈ ہوپ) اور جو طوفان کی علامت ہوتا ہے ؛ طوفان ۔ (۱۵) (عامیانہ) انگلستانی چاندی کا ایک سکہّ ۔

Bull's head ornament : (تاریخ) گاؤ سری زیور ۔

Bull's nose : (n) (تعمیرات) شکل کثیرالاضلاع کا ایک بیرونی زاویہ یا کوئی دوسرا زاویہ یا وہ زاویہ حادہ جو دو خطوں کے ملنے سے پیدا ہو ۔

Bull's puzzle : (n) سانڈ کا آلہ تناسل ، جسے کوڑا مارنے کے واسطے استعمال کیا جاتا تھا ۔

Bull's worship : (n) (تاریخ) گاؤ پرستی ۔

Bulla : (n) (pl. Bullae) [L.] (۱) پھپھولا ؛ پھولا ؛ آبلہ ۔ (۲) پتلی ھڈی کا گول ابھار جو کتے وغیرہ کے کان کے پاس ھوتا ھے ۔ (۳) گھرے پانی میں رھنے والے گھونگے کی ایک ذات جس کا غلاف پتلا اور نازک ھوتا ھے ۔ (٤) مہر جو دستاویز پر ثبت کی گئی ھو ۔ (٥) دھات یا چمڑے کا غلاف جس میں تعویذ لکھا جائے ؛ گول آویزہ (زیور) ؛ تاریخ (قدیم روم) لٹکن تعویذ ۔

Bullace : (n) [L. "bolluca", "bulluga"] (۱) جنگلی آلوچہ ۔ (۲) جنگلی آلوچہ کا درخت ۔

Bullary : (n) [L. "bullarium"] پوپ کے فرامین کا مجموعہ ۔

Bullate : (a) [L. "bullatus"] (۱) آبلہ دار ؛ پھولا ھوا ۔ (۲) پھپھولے والا ۔

Bullated : (a) (۱) غلاف میں تعویذ رکھ کر گلے میں پہنے ھوئے ۔ (۲) آبلہ دار ؛ پھپھولے والا ۔

Buller : (n) (۱) گرجدار آواز ؛ گرجنے کا شور ؛ گرجدار شور ۔ (۲) بھنور یا موجوں کا کھولنا ۔ (۳) بھنور ؛ گرداب ۔

Buller : (v) [Scand.] (۱) گرجنا ؛ شور کرنا ۔ (۲) کف بلب ھونا ۔

Buller : (n) بل ڈاگ ۔

Buller : (n) گائے یا بچھیا جو ھمیشہ گرم رھے (مستی میں رھے) ۔

Bullescence : (n) [L."bullescentia"] آبلہ دار ھونا ؛ پھولا ھوا ھونا ۔

Bullet : (n) [F."boulette"] (۱) گولی ۔ (۲) توپ کا گولہ ۔ (۳) سیسہ کی گولی جو بندوق وغیرہ میں استعمال ھوتی ھے ۔ (٤) کارتوس ۔ (٥) گولی کے مانند ؛ گولی جیسا ۔ (٦) یکہ (تاش کا) ۔ (۷) مچھلی پکڑنے کے آلہ کا سا ھول ۔ (۸) ایک بڑا نمایاں نقطہ (طباعت میں) ۔

Every bullet has its billet : بے موت کوئی نہیں مرتا ۔

Bullet drawer : (n) زخم سے گولی نکالنے کا آلہ ۔

Bullet -head : (n) (۱) گول سر ۔ (۲) گول سر کا آدمی ۔ (۳) کڑھ مغز ۔

Bullet-headed : (a) (۱) گول سر والا آدمی ۔ (۲) کڑھ مغز ۔ (۳) کڑھ مغز پن ۔

Bullet-jacket : (n) گولی کی دھات کا غلاف ۔

Bullet-money : (n) سیامی سکہ ؛ سیام کا سکہ ۔

Bullet proof : (a) گولی روک ۔

Bullet proof : (v) گولی روک بنانا ۔

Bullet shell : (n) کارتوس ؛ گولہ ۔

Bullet-tree : (n) امریکہ کا ایک درخت جس کی لکڑی بہت سخت ھوتی ھے ۔

Bulleted : (a) گولی کی شکل کا ؛ گولی سے بھرا ھوا ۔

Bulletin : (n) [It."bullettino" & F."bulletin"] (۱) بلیٹن ؛ ایک مختصر خبر یا اطلاع سرکاری یا غیر سرکاری ۔ (۲) کسی معذور شخص کی صحت کے بارے میں سرکاری اطلاع ۔

Bulletin : (v) بلیٹن کے ذریعہ اعلان کرنا ۔

Bulletin board : (n) وہ تختہ جس پر بلیٹن یا دوسری اطلاعات چسپاں کی جاتی ھیں ۔

Bullhead : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی جس کا سر بڑا ھوتا ھے ۔ (۲) مینڈک کا بچہ جب تک اس کی دم اور گلپھڑے موجود رھیں ۔ (۳) کڑھ مغزا ۔

Bullheaded : (a) (۱) چوڑے سر والا ۔ (۲) (مجازاً) کڑھ مغزا ؛ سرپھرا ؛ ضدی ؛ جلدباز ؛ خودرائی سے کام بگاڑنے والا ۔

Bullheadedness : (n) کڑھ مغز پن ؛ ضدی پن ؛ سرپھرا پن ۔

Bulliform : (a) بلبلے کی طرح یا شکل کا (پودوں کی ساخت کے بارے میں) ۔

Bullimong : (n) ایک ساتھ بوئے ھوئے مختلف قسم کے اجناس (مویشیوں کو کھلانے کے لئے) ۔

Bullion : (n) [F."bouillon"] (۱) سونے چاندی کی سلاخیں (مسکوک ھونے سے قبل) ۔ (۲) خالص سونا یا چاندی ۔ (۳) کوئی دھات کا تودہ ۔

Bullion : (n) [F."bouillon"] خالص سونے یا چاندی کا

کلابتو کا کنارہ یا حاشیہ ۔

Bullion-balance : (n) سونا چاندی تولنے کی ترازو ۔

Bullionist : (n) سونے چاندی کے سکے کے رواج کا حامی ۔

Bullish : (a) (۱) سانڈ کی طرح ؛ سانڈ کی شکل کا ؛ سانڈ سے متعلق یا سانڈ کا ۔ (۲) سانڈ کی طرح ضدی ۔ (۳) سٹہ بازار میں چیزوں کی قیمتوں کو بڑھانے کا میلان رکھنے والا ۔ (٤) خوش امیدانہ ؛ خوش بینی ؛ خوش امیدی ۔ (٥) (تجارت) تیزی رخ ۔

Bullish trend : (n) (تجارت) تیزی رجحان ۔

Bullishly : (adv) سانڈ کی طرح ؛ قیمتوں میں اضافہ کے رجحان کے ساتھ ؛ خوش امیدی سے ۔

Bullock : (n) [OE."bullue"] (۱) بدھیا بیل ۔ (۲) گائے بھینس کی قسم کا کوئی جانور۔

Bullock : (v) (۱) ڈرانا ؛ دھمکانا ۔ (۲) محنت سے کام کرنا ۔

Bullocking : (n) (۱) جسامت یا طاقت میں سانڈ کی طرح ۔(۲) سخت کام ؛ محنت کا کام ۔

Bullock puncher : (n) (آسٹریلیا) بیلوں کا گلہ ھانکنے والا ۔

Bullock's eye : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Bullock's heart : (n) بھورے رنگ کا امریکہ کا ایک پھل جو مزے میں کچھ ترش ھوتا ھے ۔

Bullock's hungwort : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Bully : (n) [Du."boel"] (۱) معشوق ؛ محبوب ۔ (۲) اچھا شخص ؛ انسان ۔ (۳) تنومند ۔ (٤) ساتھی ؛ رفیق ۔ (٥) غنڈا ؛ دھونسیا ؛ بزدل ظالم ؛ بھاڑے کا غنڈا ۔ (٦) بھڑوا ؛ دلال (طوائفوں کا) ۔

Bully : (n) (۱) (فٹ بال) کھلاڑیوں کا نرغہ ۔ (۲) ھاکی کے کھیل کا آغاز ۔

Bully : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Bully : (n) [F."bouilli"] ڈبے میں بند گائے کا گوشت (دراصل یہ Bully beef ھے جسے سہولت کے لئے صرف Bully کہا جاتا ھے) ۔

Bully : (a) (۱) لائق ؛ خوش مزاج ؛ بانکا ؛ پسندیدہ ۔ (۲) (امریکہ اور کالونی) اول درجہ کا ؛ اعلیٰ درجہ کا ۔ (۳) دھمکانے کی شکل کا یا خصوصیت کا ۔ (٤) شاباش ۔

Bully : (v) (۱) ڈرانا ؛ دھمکا کر کام کرانا یا کسی کام سے باز رکھنا ؛ مردم آزاری کرنا ؛ دق کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ ظلم کرنا ؛ ستانا ۔ (۲) ھاکی میں Bully کرنا یعنی کھیل کے شروع میں مارنا ۔

Bully : (adv) بہت اچھا ۔

Bully boy : (n) غنڈا قسم کا آدمی ؛ (سیاسیات) جماعت کے ایجنٹ کا کام کرنے والا ۔

Bully for you : شاباش ۔

Bully rag : (v) (۱) دھمکی سے ڈرانا ۔ (۲) گالی دینا ؛ ستانا ؛ دق کرنا ؛ تنگ کرنا ۔

Bully rook : (n) بھاڑے کا غنڈا ۔

Bully-tree : (n) امریکہ کا ایک درخت جس کی لکڑیاں سخت ھوتی ھیں ۔

Bulrush : (n) ایک قسم کی گھاس جو پانی یا دلدل میں پائی جاتی ھے ۔

Bulse : (n) [med. L. "bursa"] تھیلی جو سونے یا ھیرے کا چورر رکھنے یا لیجانے کے لئے استعمال ھوتی ھے ۔

Bulto : (n) [L."vultus","voltus"] کسی ولی کا لکڑی کا بنا مجسمہ ۔

Bulwark : (n) [Sw."bolverk"] (۱) دھس ؛ فصیل ۔ (۲) بند ۔ (۳) جہاز کی دیوار کا وہ حصہ جو عرشے سے اوپر ھوتا ھے ۔ (٤) پشت پناہ ؛ پشتہ ۔ (٥) مضبوط دفاع یا دفاع کرنے والا ۔

Bulwark : (v) (۱) دھس بنانا ؛ فصیل بنانا ؛ محفوظ کرنا ؛ پشتہ بنانا ۔ (۲) دھس کا کام دینا ؛ فصیل کا کام دینا ۔

Bum : (n) [Perh. echoic] پشت ؛ سرین ۔

Bum : (v) زور زور سے بھنبھنانا ۔

Bum : (n) مستقل بھنبھناھٹ ۔

Bum : (n) [prob. short for "bummer"] (۱) شرابی آوارہ گرد؛ کاہل شخص جو دوسروں کے سر زندگی گزارتا ہے۔ (۲) وہ آوارہ گرد جو صرف ضرورت کے مطابق کماتا ہے۔ (۳) اپنی فرصت کا سارا وقت کھیل میں لگانے والا کھلاڑی۔ (٤) ڈاک کاخالی تھیلا۔ (٥) بھیڑ کا بچّہ جس کی ماں مرگئی ہو یا چھوڑ گئی ہو۔

Bum : (a) (۱) گھٹیا قسم کا ؛ کام کرنے کی حالت میں نہیں (مشین وغیرہ)۔ (۲) (انسانی اعضا کے بارے میں) مستقل طورسے سخت ، تکلیف دہ یا بیکار بنا دینے والا۔

Bum : (n) مے نوشی کا دور۔

On the bum : آوارہ گرد ؛ طفیلی ؛ دوسرے کے سر رہنے والا ؛ خراب حالت میں ؛ ابتر حالت میں۔

Bum : (v) کھانے پینے کا تازہ سامان جہاز پر لے جانے والی عورت کا کام کرنا۔

Bum rap : (n) (عامیانہ) غلط الزام یا سزا۔

Bum steer : (n) قصداً غلط اطلاع یا ہدایت۔

Bumbailiff : (n) عدالت دیوانی کا اهل کار؛ قرق امین جسے گرفتار کرنے کا بھی اختیار ہو۔

Bumbarge : (n) کھانے پینے کا تازہ سامان جہاز تک لے جانے والی کشتی۔

Bumbaste : (v) سرین پر مارنا ؛ کوٹنا ؛ اچھی طرح مارنا ؛ زدوکوب کرنا۔

Bumbaze : (v) متحیر کرنا ؛ حیرت میں ڈالنا۔

Bumbee : (n) شہد کی بڑی مکھی۔

Bumbelo / Bumbolo : (n) [It."bombola"] کافور کو تصعید کے ذریعہ صاف کرنے کی شیشے کی بوتل۔

Bumble : (n) شہد کی بڑی مکھّی۔

Bumble : (n) (۱) آوارہ گرد ؛ کاہل۔ (۲) کام کو خراب کرنے والا۔

Bumble : (n) (۱) غلط سلط ؛ غلطی۔ (۲) کام کو خراب کرنے والا ؛ گڑبڑ کرنے والا ؛ بگاڑنے والا؛ اناڑی۔

Bumble : (v) (۱) کام کو بگاڑنا ؛ گڑبڑ کرنا۔ (۲) بگاڑ کر کام کرنا۔ (۳) ڈگمگاتے ہوئے چلنا یا بڑھنا۔

Bumble : (v) بھنبھناہٹ کی آواز پیدا کرنا۔

Bumble : (n) دفتر کاادنی عہدہ دار جسے اپنے اختیارات پر بہت گھمنڈ ہو ؛ کرسی کا شیر۔

Bumble bee : (n) شہد کی بڑی مکھّی۔

Bumble-foot : (n) (۱) پاؤں پھرا۔ (۲) مرغیوں کی بیماری (پاؤں کی)۔

Bumble-puppy : (n) (۱) ایک قسم کا کھیل۔ (۲) بے قاعدہ کھیل۔

Bumbledom : (n) عہدے کا گھمنڈ۔

Bumbler : (n) شہد کی بڑی مکھّی۔

Bumbler : (n) کام کو بگاڑنے والا ؛ اناڑی۔

Bumbling : (n) احمقانہ طورپر کام بگاڑنا۔

Bumbling : (a) نا اهل ؛ بے اثر۔

Bumbo : (n) [It."bombo"] شراب کی ایک قسم جو رم ، شکر پانی اور جائفل یا اسی قسم کی چیز ملا کر بنتی ہے۔

Bumbo : (n) [Of West African origin] مغربی افریقہ کا ایک درخت جس سے گوند نکلتا ہے۔

Bumboat : (n) دیکھو Bum barge

Bumelia : (n) [Gr."boumelia"] ایک قسم کا امریکی درخت یا جھاڑی جس کے پھل کھائے جاتے ہیں۔

Bumf : (n) [Short for "bumfodder"] (۱) (عامیانہ) آب دست کا کاغذ۔ (۲) دستاویز ؛ سرکاری کاغذات۔

Bumfeg : (v) مارنا ؛ زدوکوب کرنا۔

Bumfreezer : (n) لڑکے کا چھوٹا کوٹ یا جیکٹ۔

Bumfuzzle : (v) متحیر کرنا۔

Bumicky : (n) [Origin unknown] سیمنٹ اور پتھرکے برادے کا مخلوط، عمارتی سوراخوں کو بھرنے کے لئے۔

Bumkin / Bumpkin : (n) (جہازرانی) جہاز کے اگلے حصے کے دونوں طرف سے نکلی ہوئی چھوٹی شہتیر (سامنے کے بادبان کو ہوا کے رخ کی طرف بڑھانے کے لئے) ۔

Bummalo : (n) بومل مچھلی۔

Bummaree : (n) Billingsgate کی مچھلی منڈی کا دلال ۔

Bummer : (n) [Gre."bummler"] (۱) (امریکہ) آوارہ گرد ؛ کاهل ۔ (۲) لٹیرا ۔ (۳) دو پہیے کی لکڑی کے کندے لے جانے کی گاڑی ۔ (٤) کسی کان میں منتقل کرنے والی مشین کا نگراں ۔

Bummerish : (a) آوارہ گرد یا اس سے متعلق ۔

Bummler : (n) (۱) شہد کی بڑی مکھی ۔ (۲) کام کو بگاڑنے والا ؛ اناڑی ۔

Bump : (n) (۱) ٹکر؛ دھکا ؛ چوٹ جس میں دھم سے آواز آئے ۔ (۲) گومڑا ؛ ٹیڑ ؛ ابھار ۔ (۳) کھوپڑی ؛ علم کاسئہ سر؛ دماغ کی خصوصیت جو اس ابھار سے معلوم ہوتی ہے ۔ (٤) پچھلی کشتی کا اگلی کشتی کو چھو لینا جو پچھلی کشتی کی جیت سمجھی جاتی ہے ۔ (٥) ہوا کے دباؤ کے بدلنے سے جہاز کو جھٹکا لگنا ۔ (٦) تنزلی ۔ (۷) ناہمواری ۔ (۸) پہاڑی؛ ٹیلہ ۔ (۹) رکاوٹ ؛ دقت ؛ مشکل ۔ (۱۰) خاصیت ۔ (۱۱) کولھے کو یکایك آگے بڑھانا (رقص میں) ۔

Bump : (n) بگلے کی آواز ۔

Bump : (n) (۱) ایك قسم کی چٹائی ۔ (۲) سوت کا ڈھیلا بٹا ہوا دھاگہ جو موم بتی میں لگایا جاتا ہے اور جس سے چادر بنائی جاتی ہے ۔

Bump : (v) [Echoic] دھکیلنا ؛ ہاتھ پاؤں پکڑکر پٹك دینا یا دیوار سے ٹکرا دینا ؛ دے مارنا ؛ سرٹکرانا ؛ دھمکا دینا ؛ دھکیانا (کشتی دوڑ) ؛ (کرکٹ) گیند کا زمین پر ٹکر کھاکر یك بارگی اچھلنا ؛ جا پکڑنا ؛ جا لینا ؛ ٹکرکھاتے ہوئے جانا ؛ دھم سے ٹکرا جانا ؛ ہٹانا ؛ کسی کو ملازمت سے ہٹا کر خود اس جگہ پر ملازم ہو جانا ؛ ہوائی جہاز میں جگہ سے ہٹانا (کسی اہم شخصیت کے لئے یا اہم ضرورت کے لئے) ؛ درجہ سے نیچے کرنا ؛ رکنیت سےہٹانا ؛ دباؤ ڈال کر سیدھا کرنا ؛ داب کا سیدھا کرنا ؛ رقص میں کولھے کا یکایك آگے بڑھانا ۔

Bump : (adv) دھم سے ؛ زورسے ؛ یکبارگی ۔

Bump : (v) بگلے کی سی آواز نکالنا ۔

Bump off : (v) بیدردی سے قتل کرنا ۔

Bump off : (n) قتل ؛ خون ۔

Bumper : (n) (۱) شراب کا لبریز گلاس یا پیالہ ۔ (۲) (عامیانہ) غیر معمولی طور پر ؛ وافر؛ بہت اچھا ؛ کامیاب ۔ (۳) تھپڑ ؛ (عامیانہ) بھرا ہوا ۔ (٤) (whist میں) دو بازیوں کی متواتر جیت ۔ (٥) ٹکر روك ؛ (ریل گاڑی ، موٹر وغیرہ میں) بمپر ۔ (٦) داب کر سیدھا کرنے والا ؛ پیٹ کر سیدھا کرنے والا (فلزی چادر وغیرہ کو) ۔ (۷) دھات کی چپٹی گول سی چیز جو آمد ورفت میں سگنل کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔ (۸) پتلے چھجے والی زنانی ٹوپی یا ہیٹ ۔ (۹) (آسٹریلیا) سگریٹ کا آخری حصہ ۔

Bumper : (a) بغیر بازوؤں کا وہ صوفہ یا کرسی جس کے دونوں کنارے خمیدہ ہوتے ہیں ۔

Bumper : (v) (۱) لبریز کرنا ۔ (۲) جام صحت پینا ۔

Bumper : (n) ٹکر دینے والا ؛ ٹکرانے والا ۔

Bumper strike : (n) (سماجیات) وسیع ہڑتال ۔

Bumpkin : (n) [Du."boomkin"] (۱) گنوار؛ جھینپو؛ گھامڑ ۔ (۲) ایك قسم کا رقص ۔ (۳) جہاز میں بادبان کے نیچے کی نکلی ہوئی لکڑی ۔

Bumpkinet : (n) تھوڑا گنوار؛ تھوڑا گھامڑ ۔

Bumpkinish : (a) تھوڑی حماقت ؛ تھوڑی بیوقوفی ۔

Bumpkinly : (adv) گنوار کی طرح ؛ گھامڑ کی طرح ۔

Bumpkinship : (n) حماقت یا بھونڈاپن ؛ گنوارپن ۔

Bumpologist : (n) علم دماغ میں مہارت رکھنے والا ۔

Bumpology : (n) (۱) (نفسیات) علم دماغ ؛ قحفی قیافہ

خصوصاً وہ نظریہ جسے گال اور اسپرزیم نے پیش کیا تھا کہ فرد کی دماغی قوتیں علاحدہ صلاحیتوں پر منحصر ہوتی ہیں اور ہر صلاحیت کا عضو اور اس کا مقام دماغ کے مخصوص حصے میں ہوتا ہے اور ان اعضا کے نشوو نما و صورت حال کاپتہ جمجمہ کےخارجی ڈھانچےسے چلتا ہے ۔اس طرح مختلف صلاحیتوں کےارتقائی مدارج کا اندازہ ہو جاتا ہے ۔

Bumpsupper : (n) کشتی دوڑ میں جیتنے کی دعوت ۔

Bumptious : (a) خر دماغ ؛ گھمنڈی ۔

Bumptiously : (adv) گھمنڈ کے ساتھ ؛ خر دماغی سے ۔

Bumptiousness : (n) خر دماغی ؛ گھمنڈ ۔

Bumpy : (a) (۱) روڑے دار (راستہ یا سڑک) ؛ گومڑے دار؛ ناپسندیدہ طورپر ؛ نا ہموار ۔(۲) مشکلات سے بھرا ہوا ؛ دشوار ۔

Bumpiness : (n) روڑے دار ہونا ؛ گومڑے دارھونا ؛ ناہمواری ؛ دشواری ۔

Bums rush : (n) (۱) زبردستی بے دخلی یا برطرفی ۔ (۲) کسی کی مرضی کے خلاف دباؤ ۔

Bun : (n) [OE. "bune"] کسی چیز کا ڈنٹھل ۔

Bun : (n) (۱) میٹھا کلچہ ۔ (۲) بالوں کا جوڑا (کلچہ کی شکل میں)۔

Bun : (n) (۱) خرگوش ۔(۲) گلہری ۔ (۳) خرگوش یا گلہری کا پچھلا حصہ یا دم ۔ (٤) پیار کا نام ۔

Bun : (n) نشے کی حالت ۔

Bun-fight : (n) چائے کی دعوت ۔

Bunce : (n) [Origin unknown] غیر متوقع نفع ۔

Bunch : (n) [Prob. echoic] (۱) گچھا ؛ خوشہ ۔ (۲) جھنڈ ؛ گروہ ۔(۳) ابھار (متروک)۔ (٤) (جمع میں) گھوڑے کی ایک بیماری ۔ (۵) حلقہءاحباب ۔(٦) خام دھات کا چھوٹا ناہموار حصہ ۔(۷) (تاش) نئے کھیل کی مانگ ۔

Bunch : (v) (۱) گچھے یا خوشے بنانا یا بننا ۔ (۲) ابھرنا ۔(۳) (لباس) سمیٹ لینا ۔ (٤) سپاہیوں کا گڈمڈ ہو جانا ؛ اکٹھا ہونا ؛ اکٹھا کرنا ۔(۵) بھرنا ۔ (٦) چھوٹی اکائی میں بنانا ۔

Bunch : (v) [ME."bunchen"] لات مارنا ؛ پیر سے مارنا ۔

Bunch grass : (n) شمالی امریکہ کی گھاس کی ایک قسم جو گچھے میں پیدا ہوتی ہے ۔

Bunch map analysis : (شماریات) تجزیہ نقشہ خوشہ ۔

Bunched : (a) (۱) ابھرا ہوا ۔(۲) گچھا بنا ہوا ۔

Bunched electron beam : (طبیعیات) گچھےدار الکٹرون شعاع ۔

Bunchy : (a) (۱) ابھرا ہوا ۔(۲) گچھے دار؛ خوشے دار۔ (۳) (کان کنی) خام چیزوں کی کم و بیش نکاس ۔

Bunco / Bunko : (n) [Sp."banco"] (۱) دھوکا بازی ؛ دغابازی ۔ (۲) تاش کے کھیل میں فریب دینے والا ۔

Bunco / Bunko : (v) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔

Bunco steerer : (n) دغاباز؛ دھوکا دینے والا ؛ فریبی ۔

Buncombe / Bunkum : (n) [f."Buncombe", name of a county in N. Carolina] (۱) وہ باتیں یا تقریر جو واہ واہ سننے کے لئے کی جائے ۔ (۲) مہمل ؛ لایعنی ؛ فضول ۔

Buncomize / -se : (v) مہمل بکنا ۔

Bund : (n) [Pers.] (۱) بند؛ پشتہ ؛ باندھ ۔ (۲) دریا یا سمندر کے کنارے کی سڑک ۔

Bund : (v) پشتہ بنانا ۔

Bund : (n) [MHG. "bunt "] جماعت ؛ مجلس ؛ وفاق ؛ (خصوصاً سیاسی)۔

Bunder : (n) [Pers.] بندرگاہ ۔

Bunder-boat : (n) وہ کشتی جو بندرگاہ میں استعمال ہوتی ہے ۔

Bundes rat : (n) [Ger. "bundes"] (تاریخ و سیاسیات) بندیسراٹ ؛ جرمنی کی ریاستوں کی متفقہ فیڈرل کانسل ۔

Bundes staat : (n) [Ger."bundes"] (تاریخ و سیاسیات) بندیس ٹاٹ (وفاقی ریاست جس کا ایک ہی فرماں روا ہو) ؛ وفاقی ریاست ۔

Bundestag : (n) وفاقی انجمن یا اس کے نمائندے ۔

Bundist : (n) کسی وفاقی انجمن کا رکن (خصوصاً نازی انجمن)۔

Bundle : (n) [Du."bundel","bondel"] (١) پلندہ ؛ پوٹلی ؛ گٹھر؛ بنڈل ۔(٢) سوت کے ٢٠ گچھوں کا لٹھا ۔(٣) ریشے اور اعصاب کا لچھا ۔ (٤) مجموعہ ۔(٥) ایک گچھے میں چیزوں کی مقدار ۔(٦) بڑی رقم ؛ (حیوانیات) حزمہ ۔

Bundle : (v) (١) گٹھری باندھنا ؛ گٹھا بنانا ۔ (٢) اوپر تلے پھینکنا (کسی ظرف میں) ؛ نکال کر باہر کرنا ۔ (٣) چلتا کرنا ۔ (٤) دبانا (تہ کرکے) (جلد سازی میں)۔ (٥) روانگی کی تیاری کرنا ؛ اپنے سارے سامان کے ساتھ جانا ۔(٦) روانہ ہونا ؛ جلدی چلا جانا ؛ جلدی سے بھانپ جانا ۔ (٧) کپڑا پہنے ہوئے ایک ہی بستر پر سونا (کنواری عورت اور مردوں کا)۔

Bundle of isoglasses : (لسانیات) لسانی خطوط کا گچھا ۔

Bundle pillar : (n) گچھے دار ستون ۔

Bundle theory of self : (فلسفہ و نفسیات) نظریہ مجموعہ احوال ؛ ذات کا نظریہ حزمہ ۔

Bundle up : (v) گرم کپڑے پہننا ۔

Bundler : (n) گٹھا باندھنے والا ۔

Bundling : (n) غیر شادی شدہ جوڑے کا ایک ہی بستر پر سونے کا رواج (بغیر کپڑا اتارے ہوئے)۔

Bundy : (n) [Origin unknown] چھوٹا ٹیڑھا درخت جو آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے ۔

Bung : (n) [M .Du."bonghe"] (١) ڈاٹ ؛ ڈٹا ۔(٢) سوراخ (پیپے کا) ۔(٣) (جہازرانی) جہاز کے کپتان کا نائب جو شراب کے دور کا معائنہ کرتا ہے ۔

Bung : (v) (١) پیپا میں ڈاٹ لگانا ۔ (٢) (استعارتاً) بند کرنا ۔(٣) بھرنا ؛ بند کرنا پیپے کی طرح ۔ (٤) پھینکنا ؛ مارنا ۔

Bung : (n) [a native word in Australia] (آسٹریلیا) دیوالیہ یا مردہ ۔

Bung-eyed : (a) پھولی ہوئی آنکھ ؛ سوجی ہوئی آنکھ ؛ سوجی ہوئی آنکھ والا ۔

Bung-hole : (n) پیپے کا سوراخ جو ڈاٹ سے بند کیا جاتا ہے ۔

Bung-stave : (n) پیپے کی گول پٹی جس میں سوراخ ہوتا ہے ۔

Bung up : (v) (١) آنسو یا چیپڑ سے آنکھ کا بند ہوجانا ۔(٢) (عامیانہ) پتھر پھینکنا ۔ (٣) نقصان پہنچنا یا ٹوٹنا (کار وغیرہ کا)۔

Bungalow : (n) [Hindi "bangla"] بنگلہ

Bungaloid : (a) بنگلہ نما ۔

Bungful : (a) بالکل بھرا ۔

Bungle : (v) اناڑی پن سے کام خراب کرنا ؛ کام بگاڑنا ؛ پھوھڑپنے سے کام کرنا ؛ ابتری ڈالنا ؛ بھدے طورسے یا اناڑی پن سے کام کرنا ۔

Bungle : (n) بھونڈا کام ؛ گڑبڑی ؛ ابتر کام ۔

Bungler : (n) اناڑی ؛ پھوھڑ ؛ نا اہل ۔

Bungling : (a) بھدا ؛ اناڑی ۔

Bunglingly : (adv) بھدے پن سے ؛ اناڑی پن سے ؛ پھوھڑ پن سے ۔

Bungo : (n) [Sp."bungo"] امریکہ کی ایک بڑی کشتی ۔

Bunion : (n) پیر کے انگوٹھے کی سوجن ۔

Bunjara / -jarree : (n) دیکھو Brinjarry

Bunji-Bunji : (n) [native name in Australia] آسٹریلیا کا ایک درخت جس کی چھال زہریلی ہوتی ہے ۔

Bunk : (n) (١) دیوار سے لگا ہوا تختہ (سونے کے لئے جہاز وغیرہ میں) ۔(٢) لکڑہارے کی گاڑی میں لگی ہوئی لکڑی جو بڑی لکڑیوں کو سہارا دینے کے لئے ہوتی ہے ۔(٣) لمبا لکڑی کا یا پختہ ناند (جانوروں کو کھلانے کے لئے)۔

Bunk : (n) Buncombe , Bunkum کا مخفف ۔

Bunk : (v) (١) دیوار کے ساتھ لگے تختہ پر سونا ۔ (٢) رات گزارنا ؛ شب باش ہونا ۔ (٣) ایک ساتھ سونا ۔(٤) بے پہیے کی گاڑی پر لکڑی لادنا ۔(٥) سونے کے لئے

جگہ دینا ۔

Bunk : (v) رفو چکر ہوجانا ؛ بھاگ جانا ۔

To do a bunk : رفو چکر ہوجانا ۔

Bunk : (v) (۱) بے وقوف بنانا ؛ دھوکا دینا ۔ (۲) ٹکرا جانا ؛ مڈ بھیڑ ہو جانا ۔

Bunk : (n) (۱) شوکران (ایک زہریلا پودا) ۔ (۲) کاسنی (زہریلا پودا) ۔

Bunk-house : (n) ایک معمولی بھدے قسم کی عمارت جس میں مزدوروں کے سونے کے لئے دیوار میں تختے لگے ہوتے ہیں ۔

Bunk in : (v) بستر پرپڑے رہنا ۔

Bunker : (n) (۱) وہ پختہ تہ خانہ جہاں سے لڑائی کی جاتی ہے ؛ وہ خندق جس کے دونوں سروں پر دھس بنی ہوتی ہے ؛ بنکر ۔(۲) جہاز کی کوئلہ کوٹھری ۔ (۳) گولف کے میدان میں ریت بھرے گڑھے ۔ (٤) (اسکاٹستان) وہ صندوق جو کھڑکی کے قریب نشست کا کام دیتی ہے ۔(٥) شکل ۔

Bunker : (v) (۱) (گولف) گیند کا ریت بھرے گڑھے میں ڈالنا ۔(۲) (استعارتًا) مشکل میں پھنسا دینا ۔(۳) جہاز کی کوئلہ کوٹھری میں کوئلہ رکھنا ۔

Bunkmate : (n) ایک ہی کمرے یا جگہ میں شب باش ہونے والا ۔

Bunkum : (n) [f."Buncombe"] دیکھو Buncombe

Bunkum : (a) بہت اچھا ؛ صحت مند ۔

Bunky : (n) دیکھو Bunkmate

Bunny : (n) خرگوش کا پیار کا نام ۔

Bunny : (n) (۱) ایک چھوٹی وادی جو پہاڑوں کے بیچ سے سمندر کی طرف جاتی ہے ۔ (۲) نالی ؛ نالہ ؛ چھوٹا پل ۔

Bunny : (n) [OF."bugne"] ورم خصوصاً جانوروں کے جوڑوں کا ۔

Bunny hug : (n) ایک امریکی رقص ۔

Bunny mouth : (n) ایک قسم کا پھول جس کی شکل تھیلے کی سی ہوتی ہے ۔

Bunsen : (n) Heidelberg کے ایک سائنس دان کا نام ۔

Bunsen battery : (n) ایک قسم کی بیٹری جس میں کاربن اور جستہ ہوتے ہیں اور شورے اور گندھک کے تیزاب یا Bichromate of Potash اور گندھک کے تیزاب کا محلول استعمال ہوتا ہے ۔

Bunsen-burner / lamp : (n) Heidelberg کے ایک سائنس دان کا ایجاد کردہ چراغ ۔

Bunsen cell : (n) بنسن بیٹری کا ایک مورچہ ؛ (طبیعیات) بنسن سیل ۔

Bunsenite : (n) نکل کا پروٹو آکسائیڈ ۔

Bunsen's ice calorimeter : (طبیعیات) بنسن برف کیلوری میٹر ۔

Bunt : (n) [LG."bunt"] (۱) ماہی جالدار کا جھول حصہ ۔ (۲) بادبان کے بیچ کا حصہ ؛ بادبان کے سہارے کی بلی کا بچلا حصہ ۔

Bunt : (n) [Origin unknown] (۱) (نباتیات) ایک قسم کی کھمبی جس کا بیج دان گیند نما ہوتا ہے ۔(۲) سماروغ کی ایک قسم جس سے گیہوں میں بیماری پیدا ہوتی ہے ۔(۳) گیہوں کی یہ بیماری ۔

Bunt : (n) [Origin unknown] ماقبل تاریخ پتھر کا تیر یا نیزے کا پھل ۔

Bunt : (n) [prob. alter. of "bun"] خرگوش کی دم ۔

Bunt : (n) ٹھونس ؛ سرسے لگا دھکا ۔

Bunt : (v) (۱) بادبان کو تہ کرنے میں اس کے بیچ کے حصے کو کھینچنا ۔(۲) بادبان میں ہوا بھرنا ۔

Bunt : (v) ٹھونس مارنا ؛ سرسے دھکا دینا ۔

Bunt : (v) بیس بال میں گیند کو روکنا یا مارنا ۔

Bunt fair : (adv) ہوا کے رخ پر ۔

Bunted : (a) سماروغ کی بیماری سے متاثر ؛ آفت زدہ (مثل گیہوں) ۔

Bunter : (n) (۱) وہ عورت جو گلیوں میں چیتھڑے

جمع کرتی چلتی ہے -
(۲) کوئی بازاری گھٹیا عورت -

Bunter : (n) [Short for"bunter Sandstein"] ایک قسم کا ریتیلا پتھر -

Bunting : (n) (۱) چھوٹی چڑیوں کی ایک جنس - (۲) جھینگے کی قسم کا ایک جانور؛ جھینگے کی ایک قسم - (۳) ایک قسم کا کپڑا جس سے شیرخوار بچوں کا باھر جانے کا لباس بنتا ھے - (٤) پیار کا کلمہ -

Bunting : (n) (۱) باریک اونی کپڑا جس سے جھنڈیاں بنتی ھیں - (۲) جھنڈے ؛ جھنڈیاں - (۳) کاغذ کی آرائشی جھنڈیاں -

Bunting : (a) (۱) (بادبان کے متعلق) پھولا ھوا - (۲) پھولا ھوا ؛ بھرا ھوا -

Bunting crow : (n) کوّے کی ایک جنس -

Buntline : (n) [Du."bonte-kraai"] وہ رسی جو بادبان چڑھانے کے لئے بادبان میں لگی رھتی ھے -

Buoy : (n) [L. "boia"] پیراک پیپا؛ پیپا جو جہازوں کو رستہ بتانے یا چٹانوں سے خبردار کرنے کے لئے سمندر میں کسی معین مقام پر ھر وقت تیرتا رھتا ھے -

Bell buoy : (۱) گھنٹی دار پیراک پیپا جو پانی کی حرکت سے بجتا ھے - (۲) ڈوبن روک ؛ وہ چیز جس کی مدد سے آدمی ڈوبتا نہیں ھے - (۳) (استعارتاً) رھنمائی کرنے والا ؛ خطرے سے آگاہ کرنے والا یا ڈوبنے سے بچانےوالا ؛ ھلاکت سے بچانے والا - (٤) پیراک پیپا کا رستہ -

Buoy : (v) (۱) تیرتے رھنا ؛ ڈوبنے سے محفوظ رھنا - (۲) پیراک پیپے مہیا کرنا ؛ پیراک پیپوں سے نشان دھی کرنا - (۳) (استعارتاً) سہارا دینا - (٤) خوش ھونا - (٥) سیال کی سطح سے اوپر اٹھنا یا اٹھانا ؛ تیرانا (ڈوبے جہاز وغیرہ کو)-

Buoy out : (v) سمندر میں پیراک پیپا لگانا ؛ رستہ بتانے کے لئے پیراک پیپوں کو نشان بنانا -

Buoyage : (n) (۱) پیراک پیپوں کی فراھمی - (۲) پیراک پیپوں کو استعمال کرنے کا محصول -

Buoyance : (n) (طبیعیات) اچھال -

Centre of buoyance : (طبیعیات) اچھال کا مرکز -

Buoyance effect : (n) (طبیعیات) اچھال کا اثر -

Buoyancy : (n) (۱) تیرنے کی طاقت ؛ تیرنے کا میلان - (۲) سیال میں ڈوبنے سے تخفیف وزن - (۳) (استعارۃً) زندہ دلی - (٤) بحال ھونے کی صلاحیت ؛ (ٹھوس اجسام کو پانی میں ڈالنے سے) بحال رکھنے یا ابھارنے کی صلاحیت - (٥) لوچ ؛ لچك - (٦) سبکی ؛ تیزی ؛ سبك سری - (۷) (طبیعیات و کیمیا) اچھال -

Buoyant : (a) [Sp."boyante" or OF."bouyant"] (۱) بحالی کی صلاحیت رکھنے والا (مزاج ؛ طبیعت)- (۲) لچکدار؛ لوچ دار؛ تیرن ھار - (۳) خوش مزاج -

Buoyantly : (adv) آزادی سے ؛ آسانی سے ؛ خوش دلی سے -

Buprestis : (n) [Gr."bupreotis"] (۱) بھونروں کی ایک نوع - (۲) ایک قسم کا زھریلا کیڑا جو مویشیوں کے لئے نقصان دہ ھے -

Bur / Burr : (n) [Da."borre"] (۱) کوئی خاردار کھردری پھلیا - (۲) ھاپ کے پھول - (۳) وہ پودے جن کے پھول یا پھلیاں چمٹ جاتی ھیں ؛ بلی (گھاس) ؛ گوکھرو - (٤) ایسا آدمی جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ھو - (٥) کسی درخت کی گرہ یا گومڑی ؛ ورم ؛ ابھار - (٦) ھرن کے سینگ کا نچلا حصہ - (۷) ڈھلوان سے نیچے کی طرف جانے میں وہ زنجیر جو گاڑی کے پہیوں میں لگاتے ھیں - (۸) چسٹ نٹ کا چھلکا -

Bur flag : ایک قسم کا درخت -

Bur knot : ایک قسم کا درخت -

Bur marigold : ایک قسم کا درخت -

Bur oak : ایک قسم کا درخت -

Bur reed : ایک قسم کا درخت -

Bur thistle : ایک قسم کا درخت -

Bur weed : ایک قسم کا درخت -

Bur : (v) اون کو (چمٹنے والے چیزوں سے) صاف کرنا ۔

Burberry : (n) Burberry Ltd. کا بنا ہوا کپڑا ؛ اونی کپڑے کا تجارتی نشان جس سے برساتی وغیرہ بناتے ہیں ؛ پن روک کپڑا ؛ باران کوٹ ۔

Burble : (n) بد بداھٹ ۔

Burble : (n) پریشانی ؛ تکلیف ؛ بے چینی ؛ ابتری ۔

Burble : (n) ہوا کے بہاؤ کا چھوٹی موجوں میں بن جانا ۔

Burble : (v) [Echoic] (۱) بُد بُدانا ؛ کھُدبُدانا؛ غُرغُرانا ۔ (۲) مسلسل گفتگو کرنا ۔

Burble : (v) متحیر کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا ۔

Burbot : (n) [F. "bourbotte"] بام کی طرح پچکے ہوئے سر کی ایک مچھلی ۔

Burd : (n) [OE."byrde"] نوجوان عورت ؛ خاتون ۔

Burd-alane : (a) [Sc."burd + alane"] اکیلا ۔

Burden / Burthen : (n) [OE.] (۱) بوجھ؛ بار ۔ (۲) وزن ؛ مقدار؛ جہاز کی گنجائش ۔ (۳) باربرداری ؛ بوجھ اٹھانا ۔ (٤) (انجیل میں) عذاب کی خبر؛ وعید ۔ (٥) ٹیپ کا بند ؛ ٹیپ ۔ (٦) موضوع ۔ (۷) ٹیک ۔ (۸) فرض ؛ ذمہ داری ۔ (۹) رکاوٹ ؛ دشواری ۔ (۱۰) (اکاٹستانی قانون) کسی شخص یا جائداد پر قرض یا رکاوٹ یا ذمہ داری یا فرض ۔ (۱۱) خرچ کا اوپری حصہ جو براہ راست پیداوار میں کام نہیں آتاھے ۔

Burden / Burthen : (v) (۱) لادنا ؛ بوجھ ڈالنا ؛ بارڈالنا ؛ زیربار کرنا ؛ دوبھر ہونا ؛ تکلیف دینا ؛ دق کرنا ۔

Burden cost : (n) (تجارت) غیر تغیر پذیر لاگت ؛ دیکھو Over head cost

Burden of proof : بارثبوت ۔

Burdened / Burthened : (a) بوجھ سے دبا ہوا ؛ زیربار؛ ستایا ہوا ؛ دبایا ہوا ؛ پست ۔

Burdened : (a) (جہازرانی) بحری قانون کے مطابق دوسرے جہاز کے راستے سے ہٹ جانے کا ذمہ دار ۔

Burdenless : (a) بغیر بوجھ کے ؛ بغیر ذمہ داری کے ۔

Burdensome : (a) تکلیف دہ ؛ دوبھر؛ اجیرن ؛ بھاری ؛ بوجھل ۔

Burdensomely : (adv) تکلیف دہ طور پر ؛ اجیرن کے ساتھ ۔

Burdensomeness : (n) بار ہونا ۔

Burdock : (n) [f."Bur"] گوکھرو کی قسم کا خاردار پودا ۔

Bureau : (n) [F.] (۱) لکھنے کی میز جس میں بہت سے خانے ہوتے ہیں ۔ (۲) کئی خانوں والی نیچی الماری جس کے اوپر آئینہ لگا رھتا ھے ۔ (۳) دفتر ؛ سرکاری محکمہ ۔ (٤) تجارتی ایجنسی کی ایک قسم ۔ (٥) کسی اخبار کی ایک شاخ ۔ (٦) مجلس عاملہ ۔

Employment Bureau : (تاریخ و سیاسیات) روزگار دفتر ۔

Intelligence Bureau : (تاریخ و سیاسیات) سراغرسانی کا دفتر ۔

Labour Bureau : (معاشیات) مزدور بیورو ۔

Bureau of document : (انتظامیہ) دستاویز بیورو ؛ دفتر دستاویز ۔

Bureau of higher education : (انتظامیہ) دفتراعلی تعلیم ۔

Bureau of personnel : (تاریخ و سیاسیات) دفتر عملہ ۔

Bureaucrat : (n) ضابطہ پرست حاکم ؛ کسی شعبے کا صاحب اختیار افسر ۔

Bureaucratic : (a) ضابطہ پرست ۔

Bureaucratically : (adv) ضابطہ پرستی کے طور پر ۔

Bureaucratism : (n) ضابطہ پرستی ۔

Bureaucratist : (n) ضابطہ پرست ؛ ضابطہ پرستی

Bureaucracy : (n) [F."bureaucratie"] (۱) غیرمنتخب سرکاری افسروں کی جماعت ؛ سرکاری افسروں کی خاص جماعت ۔ (۲) کسی بڑے ادارے کی انتظامی پالیسی بنانے والی جماعت ۔ (۳) دفتری حکومت ؛ مرکزیت ؛ باقاعدہ نظام حکومت ۔ (٤) ضرورت سے زیادہ ضابطہ کی پابندی ؛ متصدی پن ۔ (٥) عمال ؛ ارباب حکومت ۔

کا حامی ۔

Bureaucratization : (n) ضابطہ پرست بنانے کا عمل یا اس کا نتیجہ ۔

Bureaucratize : (v) ضابطہ پرست بنانا ۔

Burette : (n) [f.dim. of "buire"] (۱) شیشے کا بنا ہوا پیمانہ ؛ (رقیق چیزوں کو ناپنے کے لئے) ظرف ۔ (۲) چھوٹی بوتل یا سرکہ دانی ؛ (کیمیا) بیوریٹ ۔

Burette clamp : (n) (طبیعیات) بیوریٹ شکنجہ ؛ بیوریٹ کلیمپ ۔

Burette clip : (n) (طبیعیات) بیوریٹ کلپ ؛ بیوریٹ چٹکی ۔

Burette float : (n) (کیمیا) بیوریٹ اچھل بلب ۔

Burette jet : (n) (طبیعیات) بیوریٹ نوکدار نلی ؛ بیوریٹ جیٹ ۔

Burg : (n) [OTeut. "burgs"] (۱) عہد قدیم کا قلعہ ۔ (۲) شہر ۔ (۳) دور افتادہ دیہات ۔

Burgage : (n) [med. L. "burgagium"] (۱) زمین اٹھانے کا قدیم دستور ۔ (۲) کسی شہر کی لاخراج ملکیت ۔

Burgall : (n) [Origin unknown] ایک قسم کی مچھلی ۔

Burgau : (n) [Fr.] ایک قسم کا گھونگا ۔

Burgaudine : (n) [Fr.] گھونگے سے بنا ہوا صدف ۔

Burgee : (n) [MF."borjois"] (۱) تین کونیا گاؤ دم جھنڈی جو سگنل کے لئے کشتیوں میں استعمال ہوتی ہے ۔ (۲) تفریحی کشتی کی جھنڈی ۔ (۳) چھوٹے سائز کا کوئلہ ۔

Burgeon : (n) [OF."bor-","burjon"] کونپلی ؛ کلی ۔

Burgeon : (v) (۱) کلیانا ؛ کونپل نکلنا ؛ کلی نکلنا ۔ (۲) نشو ونما پانا ۔ (۳) پھوٹ جانا ۔ (٤) بھرا ہوا ہونا ۔

Burger : (n) (۱) قیمہ کا چپٹا کیک جو روٹیوں کے سینڈوچ میں ڈال کر کھایا جاتا ہے ۔ (۲) سموسا جس میں قیمہ بھرا ہوتا ہے ۔

Burgership : ایک شہری کے حقوق اور رعایتیں ۔

Burgess : (n) [late L."burgensis"] (۱) کسی قصبہ یا میونسپل شہر کا باشندہ ؛ شہری ۔ (۲) پارلیمنٹ میں کسی قصبہ ، بلدیہ یا یونیورسٹی کا نمائندہ ۔ (۳) ایک مجسٹریٹ یا شہر کے مجلس انتظامیہ کا رکن ۔ (٤) ورجینا کی مجلس قانون کا رکن ۔

Burgess-ship : (n) شہری کی حیثیت یا حقوق ؛ ایک قصبہ کی آزادی ۔

Burgh : (n) اسکاٹستان کا ایک شہر جس کو جملہ قانونی حقوق حاصل ہوں ۔

Burgh and land : شہر اور دیہات ۔

Burghal : (a) شہری ؛ شہر کا ۔

Burgher : (a) [Ger. or Du. "burger"] (۱) شہری ۔ (۲) اسکاٹستان کے علاحدگی پسند کلیسا کا ممبر ، اس کلیسا نے پارلیمنٹ کے حلف کو قانونی قرار دیا ۔ (۳) متوسط طبقہ کا ایک فرد ۔ (٤) سری لنکائی جس کی نسل میں مختلف خون کی آمیزش ہو ۔ (٥) جنوبی افریقہ کے سابق ولندیزی جمہوریہ کا شہری ۔

Burghership : (n) دیکھو Burgership

Burglar : (n) [Anglo-Lat."burglator","burgulator"] نقب زن ؛ سینڈھ مار ؛ چور ۔

Burglar : (v) نقب لگانا ؛ نقب زنی کرنا ؛ سینڈھ مارنا ۔

Burglar-alarm : (n) نقب زنوں سے ہشیار کرنے کی گھنٹی ؛ چور گھنٹی ۔

Burglarious : (a) (۱) نقب زنی سے متعلق ؛ نقب زنی کا عادی ؛ نقب زنی کا مجرم ۔ (۲) نقب زن کے مانند ۔

Burglariously : (adv) نقب زنوں کی طرح ۔

Burglarize : (v) نقب زن کی طرح لوٹنا ؛ نقب زنی کرنا ؛ چرانا ؛ چوری کرنا ۔

Burglary : (n) [Anglo-Lat."burgaria","burgeria"] نقب زنی ؛ سینڈھ ماری ؛ چوری ۔

Burglary policy : (n) (تجارت) چوری بیمہ پالیسی ؛ سرقہ بیمہ پالیسی ۔

Burgle : (v) نقب لگانا ؛ سینده مارنا؛ چوری کرنا -

Burgomaster : (n) [Du."burgemeester"] (۱) ولندیزی شهروں میں صدر بلدیه -
(۲) بحری بگلے کی ایک قسم -

Burgonet : (n) [OF."bourguignotte"] نقاب دار خود -

Burgoo : (n) [Arab.] (بحری) دلیه -

Burgrave /Burggrave : (n) [Ger."burggraf"] کسی شهر یا محل کا حاکم ؛ وه امیر جو کسی شهر یا محل اور اس کے متصل علاقوں پر حکومت کرنے کا موروثی حق رکھتا هو -

Burgraviate : (n) کسی شهر یا محل کے حاکم کا عهده یا درجه -

Burgundian : (a) [f."Burgundy"] (۱) برگنڈی سے متعلق -
(۲) برگنڈی کا رهنے والا -

Burgundy : (n) [med. L."Burgundia"] (۱) فرانس کا ایک صوبه -(۲) برگنڈی کی بنی شراب -
(۳) ارغوانی رنگ ؛ لال رنگ -

Burgundy pitch : (n) ایک قسم کے صنوبر کا گوند -

Buriable : (a) دفن کردینے کے قابل ؛ قابل دفن -

Burial : (n) [ME."buryel"] (۱) جنازه ؛ تدفین -
(۲) کسی چیز کو پانی یا زمین کے نیچے دبا دینا یا اس کو کسی چیز سے گھیر دینا -
(۳) (جمع) اموات - (٤) قبر -
(٥) (استعارتًا) کسی چیز کو همیشه کے لئے ترک کر دینا یا خیر باد که دینا -

Bundle burial : (ماقبل تاریخ) مجموعه استخواں کی تدفین -

Chariot burial : (ماقبل تاریخ) رتھ تدفین -

Collective burial : (سماجیات) اجتماعی تدفین -

Contracted burial : (ماقبل تاریخ) تنگ جگه میں تدفین ؛ مردے کو سکیڑ کر دفن کرنا -

Crossroads burial : (ماقبل تاریخ) چوراهے پر تدفین -

Flexed burial : (ماقبل تاریخ) موڑ کر دفن کرنا -

Fractional burial : (ماقبل تاریخ) جزوی تدفین ؛ کسری تدفین -

Niche burial : (تاریخ) طاق میں تدفین -

Water burial : (سماجیات) آبی تدفین -

Burial aisle : (n) کسی مذهبی عمارت میں وه جگه جو تدفین کی غرض سے استعمال کی جائے -

Burial board : (n) تدفین کو باقاعده بنانے کے لئے ایک عوامی انجمن -

Burial chamber : (n) (سماجیات) تدفین خانه ؛ قبر -

Burial deposits : (n) (ماقبل تاریخ) تدفینی آثار -

Burial-ground : (n) (تاریخ) قبرستان ؛ گورستان ؛ مدفن ؛ دیکھو Burial place

Burial hill : (n) قبر کا ٹیله -

Burial jar : (n) (ماقبل تاریخ) تدفینی مٹکه -

Burial mound : (n) (ماقبل تاریخ) تدفینی ٹیله ؛ قبروں کا ٹیله -

Burial place : (n) (تاریخ) قبرستان ؛ قبر کی جگه ؛ دفن کی جگه -

Burial practice : (n) (تاریخ) تدفینی رواج -

Burial rites : (n) تدفینی رسوم -

Burial service : (n) (تاریخ) تدفینی دعا ؛ نماز جنازه ؛ تدفین کے وقت کی دعا -

Burial society : (n) وه بیمه انجمن جو کفن دفن کا خرچ پورا کرے -

Burial tomb : (n) (سماجیات) مقبره -

Burial urn : (n) (تاریخ) تدفینی کلش -

Burial vault : (n) (تاریخ) تدفینی کوٹھری -

Burial yard : (n) (تاریخ) قبرستان -

Buried : (a) ڈوبا هوا ؛ غرق -

Buried features : (n) (تاریخ) مدفون آثار -

Burier : (n) دفن کرنے والا ؛ سپرد خاک کرنے والا -

Burin : (n) [OHG."bora"] (۱) منبت کار؛ منبت کاری کا اوزار ؛ منبت کاری کا طرز ۔ (۲) سنگ مرمر کے کام کرنے والے کا ایک تین کونیا اوزار۔

Burinist : (n) منبت کار؛ کندہ کار ۔

Burka : (n) [Russ." buryi"] روس میں پہنا جانے والا موٹے کپڑے کا لبادہ ۔

Burka : (n) [Arab."burqu"] برقع ۔

Burke : (v) [f.Burke, a criminal executed in Edinburgh] (۱) گلا گھونٹ کر مارڈالنا اور لاش کو تشریح الاعضاء کے لئے بیچ ڈالنا ۔ (۲) دبا دینا ؛ (معاملہ یا خبرکو) روک دینا ؛ اخفا کرنا ؛ بات باھر نہ نکلنے دینا ۔(۳) ٹال دینا ۔

Burker : (n) گلا گھونٹ کر مار ڈالنے والا ۔

Burkian : (a) Edmund Burke یا اس کے سیاسی فلسفے سے متعلق ۔

Burkism : (n) گلا گھونٹ کر مارنے کی ترکیب یا عمل ۔

Burl : (n) [OF."bourle"] (۱) گانٹھ؛ گرہ (اون یا کپڑے کی)۔ (۲) لکڑی میں کی گرہ ۔

Burl : (v) (۱) کپڑے کو سجل کرنا گرہ یا گانٹھ ھٹا کر ۔ (۲) گرہ یا گانٹھ نکالنا ۔

Burl : (n) سعی ؛ کوشش ۔

Burla : (n) [It.] راگوں کی ترتیب جو ظرافت آمیز ہو ۔

Burlap : (n) (۱) موٹی کرمچ ؛ ٹاٹ ۔ (۲) پردوں کے لئے باریک کپڑا ۔

Burlap : (v) ٹاٹ میں لپیٹنا ۔

Burlecue : (n & a) دیکھو Burlesque

Burler : (n) کپڑے کو سجل کرنے والا (گرہ یا گانٹھ ھٹا کر) ۔

Burlesque : (a) [It."burlesco"] (۱) تمسخر آمیز؛ مزاحی ؛ مبالغہ آمیز؛ بناوٹی متانت والا ۔ (۲) مضحک لفاظی کی قسم کا ۔

Byronic : (a) بائرن یا اس کی شاعری سے متعلق ؛ بائرن کے طرز کی ہجو ؛ بائرن کی شاعری کی طرح ۔

Byronism : (n) بائرن کی تقلید ؛ بائرن کی نقل ۔

Byrsa : (n) [Gr.] (طب) باریک چمڑا جس پر پلاسٹر لگایا جاتا ہے ۔

Byssaceous : (a) [Byssus + - ACEOUS] (نباتیات) ۔

کتانیہ دار ؛ ریشہ دار ۔

Byssiferous : (a) کتانی ۔

Byssine : (a) [Gr. "byssinos"] باریک باریک ریشوں کے لچھے کا بنا ہوا ؛ کتانی ۔

Byssoid : (a) کتانیہ نما ۔

Byssolite : (a) [Gr. "byssos" + - LITE] بیسٹس کی طرح کا = Asbestoid

Byssus : (n) [Gr. " byssos"] (۱) قدیم باریک سن یا اس کا کپڑا ۔ (۲) باریک باریک ریسوں کے لچھے جن کے ذریعہ صدف چٹانوں سے چمٹے رہتے ہیں ۔

Byward : (n) ضمنی محافظ خانہ ۔

Byzantian : (a & n) [L."Byzantius"] دیکھو Byzantine

Byzantine : (a) [L."Byzantinus"] (۱) بزنطینی ؛ قسطنطنیہ سے متعلق ۔ (۲) بزنطینی طرز کی موسیقی جس کا مشرقی کلیسا میں رواج تھا ۔ (۳) بزنطینی طرز تعمیر جس کی تکمیل رومن سلطنت کے مشرقی حصے میں ہوئی تھی ۔ اس طرز تعمیر میں دائرے ؛ گنبد اور گول ستون خاص اہمیت رکھتے ہیں ۔

Byzantine : (n) بزنطین کا باشندہ ۔

Byzantine cathedral : (n) (تاریخ و سیاسیات) باذنطینی صدر کلیسا ۔

Byzantine historians : (n) چھٹی صدی سے پندرھویں صدی تک کی رومن شہنشاہیت کے مورخ ۔

Byzantinesque : (a) بزنطینی (طرزتعمیر، موسیقی وعیرہ) ۔

Byzantinism : (n) بزنطینیت ۔

Byzantinize : (v) بزنطینی وضع یا ساخت میں ڈھالنا یا بنانا ۔

Byzen : (n) [OE."bisen"," bysen"] شرمناک منظر یا مثال ۔

C : (۱) انگریزی حروف تہجی کا تیسرا حرف ۔ (۲) (اعداد شمار میں) 100 ؛ (عامیانہ) سو ڈالر ۔(۳) (موسیقی) طبعی میجر اسکیل کا پہلا سر ۔(٤) (منطق) مفروضہ شخص یا شے ۔(٥) (الجبرا) تیسرا مقدار معلومہ ۔(٦) کسی جزو یا شخص کو آسانی کے لئےیا بلا وجہ C مان لینا ۔(۷) امتحان میں ممتحن کے کام کی درجہ بندی میں تیسرا درجہ ۔(۸) درجہ بندی کے لحاظ سے کسی شخص یا چیز کا C کہا جانا ؛ فوجی ملازمت میں اہلیت کے لحاظ سے آخری درجہ ۔(۹) کوئی چیز جو حرف C کی شکل کی ہو ۔

Ca : (v) [mod. Sc. f. CALL] (اسکاٹستان) پکارنا ؛ ہانکنا ۔

CA : (n) ہانک ؛ پکار ۔

Caaba : (n) [Arab] کعبہ ؛ مکہ معظمہ میں ایک عمارت جو مسلمانوں کی سب سے بڑی عبادت گاہ ہے ۔

Caam : (n) کرگھے کی چھوٹی ڈوریاں جن سے تانا گذرتا ہے ۔

Cab / Kab : (n) [Heb. "qab"] تقریباً دو کوارٹز کے برابر ایک قدیم عبرانی پیمانہ ۔

Cab : (n) [Abbrev. of CABRIOLET] (۱) ایک گھوڑے کی بگھی ؛ یکہ ۔ (۲) انجن پر ڈرائیور کے لئے سائبان ۔(۳) یکہ ۔(٤) ٹیکسی (Taxicab کا مخفف) ۔(٥) لفٹ کا خانہ ۔

Cab : (n) [short for CABBAGE] (عامیانہ) طلبا کو رٹائی کی کتاب ؛ نصاب کا ترجمہ یا خلاصہ ۔

Cab : (v) بگھی میں جانا ۔

Cab : (v) [short for CABBAGE] چوری کرنا ؛ نصاب کے ترجمہ یا خلاصہ کو رٹنا ۔

Cab : (n) [Perh. alter. of gob (lump)] کوئی میلی یا لیس دار چیز ۔

Cab-rank : (n) اڈے میں گاڑیوں یا بگھیوں کی قطار ۔

Cab-runner : (n) حمال ؛ قلی ؛ مزدور ۔

Cab-stand : (n) بگھی یا گاڑی کا اڈہ ۔

Cab-tout : (n) حمال ؛ قلی ؛ مزدور ۔

Caba : (n) [L. "Capere"] عورت کا دستی بیگ ۔

Cabaan / Caban : (n) [Arab .] قبا ؛ عبا ۔

Cabal : (n) [L. "Cab (b) ala"] (۱) سازش ؛ سانٹ بانٹ ؛ سازباز ؛ سازش ۔(۲) چارلس ثانی انگلستان کے عہد میں امور خارجہ کی کمیٹی کا نام جس میں Clifford , Arlington , Buckingham , Ashley اور Landerdah سن ۱٦۷۲ء میں تھے اور ان کے ناموں کے سر حروف سے یہ لفظ بنا ہے ۔کبال (چارلس دوم کے عہد کی مشاورتی کمیٹی مجلس سن ۱٦۷۲ء (تاریخ) ۔ (۳) سازش کرنے والوں کی ایک چھوٹی جماعت ؛ ٹولی ؛ جتھا ۔(٤) خفیہ جلسہ ؛ سازش ۔(٥) فنکاروں کا حلقہ ۔

Cabal : (v) (۱) سازش کرنا ؛ سازباز کرنا ۔ (۲) خفیہ جماعت میں شریک ہونا ؛ سازش کرنےوالوں کی ٹولی میں شریک ہونا ۔(۳) جتھا بنانا ؛ جتھابندی کرنا ۔

Cabala / Cabbala / Kabala / Qabala : (n) [ML.CABAL] (۱) یہودیوں کی قدیم روایات جو سینہ بہ سینہ چلی آرہی ہیں ۔(۲) پر اسرار تاویل و توجیہ ؛ باطنی تعلیم ؛ راز ؛ پر اسرار فن یا عقائد ۔

Cabaletta : (n) [L."Copula"] سازوں پر ایک راگ یا نغمہ ۔

Cabalic / Cabbalic : (a) (۱) یہودیوں کی قدیم روایات کا علم ۔ (۲) پراسرار فن یا عقائد سے متعلق یاعقائد کا ۔

Cabalism / Cabbalism : (n) علم الاسرار ؛ علم باطن ؛ قبل دانی -

Cabalist / Cabbalist : (n) قبلہ داں ؛ عالم اسرار -

Cabalist : (n) سازشی ؛ کسی سازش کا رکن -

Cabalistic / Cabbalistic : (a) سری ؛ قبلائی ؛ باطنی -

Cabalistically / Cabbalistically : (adv) (۱) پر اسرار طریقہ پر - (۲) سازشی -

Caballero : (n) [L. "Caballarius", F. "Caballus"] (۱) ایک ہسپانوی شریف آدمی - (۲) نائٹ - (۳) گھوڑسوار -

Caballine : (a) [L. "Caballinus"] (۱) گھوڑوں کا یا ان سے متعلق - (۲) شاعرانہ الہام دینے والا ؛ شاعرانہ فیضان دینے والا -

Caballine fountain : (n) سرچشمۂ الہام ؛ چشمۂ فیضان -

Caballo : (n) [L. "Caballus"] گھوڑا -

Caban / Cavan : (n) [Tagalog. "Kaban"] (۱) کوٹھری خصوصاً مچھروں کی - (۲) غلہ ناپنے کا پیمانہ -

Cabana : (n) سگار کی ایک قسم ؛ کبانہ -

Cabana : (n) [ML."Capanna"] (۱) چھوٹے سفری خیمے کی ایک قسم - (۲) ہلکی چھوٹی کوٹھری کے مثل ساخت جس میں رہنے کا انتظام ہو -

Cabane : (n) [F."Cabin"] وہ ڈھانچہ جو ہوائی جہاز کے بازوؤں کو سہارا دیتا ہے -

Cabaret : (n) [L L. "Camera"] (۱) مے خانہ ؛ بھٹی ؛ کلوار خانہ ؛ شراب خانہ - (۲) وہ ریستوران جہاں کھانے کے دوران رقص و سرود کا سامان ہو - (۳) ایسے ریستوران کا رقص و سرود کا سامان - (٤) چائے، کافی یا چاکلیٹ کا چینی کا سیٹ -

Cabaret : (v) شراب پینا ؛ رقص و سرود میں شریک ہونا -

Cabbage : (n) [M. F."Cabas"] (۱) کپڑے کا وہ ٹکڑا جو درزی کاٹنے میں چرا لیتا ہے - (۲) اسکول کے بچے کی زبان میں نصابی کتاب کا خلاصہ یا ترجمہ -

Cabbage : (n) [It.Capochia] (۱) کرم کلا ؛ کلم ؛ کریلا ؛ بندگوبھی - (۲) تاڑ کی طرح کے وہ درخت جنکی کلیاں مثل کرم کلے کے کھائی جاتی ہیں - (۳) (عامیانہ) کاغذی سکّہ ؛ بنک نوٹ ؛ بنک کی ہنڈی -

Turnip Cabbage : گھم قمری -

Cabbage : (v) (۱) کرم کلے کی طرح گول ہو جانا - (۲) ہرن کے سر کو سینگ کے ٹھیک پیچھے سے کاٹنا -

Cabbage : (v) (۱) چرانا - (۲) رٹنا (اسکول کے بچے کی زبان میں) -

Cabbage : (v) دھات کے بیکار ٹکڑوں کو دبا کر ایسا بنا دینا کہ ان کو پکڑنے میں یا دوبارہ پگھلانے میں آسانی ہو -

Cabbage-bark : (n) ایک قسم کے درخت کی چھال جو خواب آور اور کرم کش ہوتی ہے -

Cabbage-beetle : (n) دیکھو Cabbage-flea

Cabbage- butterfly : (n) بڑی سفید تتلی ؛ چھوٹی سفید تتلی ؛ گھم قمری -

Cabbage -cole : کرم کلے کی ایک قسم -

Cabbage-flea : ایک بہت بڑا اچھلنے والا بھونرا -

Cabbage -fly /Cabbage-head : (۱) ایک کیڑا جو بندگوبھی کو برباد کرتا ہے - (۲) بندگوبھی - (۳) بےوقوف آدمی ؛ احمق ؛ نادان -

Cabbage-lettuce: سلاد جس کا سر کرم کلے کی طرح ہوتا ہے -

Cabbage-moth : (n) ایک قسم کا کیڑا جو کرم کلے کو تباہ کرتا ہے -

Cabbage-palm : (n) جزائر الغرب الہند کا ایک درخت -

Cabbage-plant : (n) کرم کلے کی گاچھی -

Cabbage - rose : (n) سرخ گلاب کا بڑا پھول ؛ کلم گلاب ۔

Cabbage-tree : (n) تاڑ کی قسم کا ایک درخت جس کے آخری گول حصےکو کھایاجاتا ھے ؛ مخمل ھندی ۔

Bastered or black Cabage-tree / تاڑ جیسےدرختوں کی
Canary Island Cabbage-tree / Small umbelled قسمیں ۔
Cabbage-tree دیکھو

Cabbage-wood : (n) Cabbage-tree کی لکڑی ۔

Cabbage-worm : (n) کرم کلےکو کھانے والا کیڑا ؛ جھنجا ۔

Cabben : (n) [F. CAB] بگھی گھوڑا ۔

Cabbing : (n) [F. CAB (v)] بگھی ھانکنا ؛ بگھی کرایہ پر دینا ۔

Cabble : (v) (لوھا گلانے میں) کچے لوھے کو چھوٹے چپٹےٹکڑوں میں توڑنا (دوبارہ گلا کر سرخ بنانے کے لئے) ۔

Cabbler : (n) کچے لوھے کو چھوٹے چپٹے ٹکڑوں میں توڑنے والا ۔

Cabby : (n) [F. Cab] بگھی ھانکنے والا ؛ بگھی والا ؛ ٹیکسی والا ۔

Caber : (n) [Gael. "Cabar"] (۱) صنوبر کا کندا ۔ (۲) شہتیر ۔

Throwing or tossing the Caber : کنداً پھینکنا ۔

Cabernet : (n) [F.] کیلیفورنیا کی ارغوانی شراب ۔

Cabestro : (n) [L. "Capere"] بالوں کا بنایا ھوا رسا ۔

Cabette : (n) ٹیکسی چلانے والی عورت ۔

Cabful : (n) بگھی یا ٹیکسی میں سمانے بھر مقدار یا تعداد ؛ بھر بگھی ؛ ٹیکسی بھر ۔

Cabiai : (n) [Fr." Galibi"] سب سے بڑا کترنے والا چوپایہ جانور ۔

Cabilliau / Cabeliau : (n) [Du."Kabeljauw"] کاڈ مچھلی ؛ کاڈ مچھلی کا بھرتہ ۔

Cabin : (n) [L."Capanna"] (۱) جھونپڑا ؛ جھونپڑی ؛ کٹی ؛ چھوٹی کوٹھری ۔(۲) جہاز کی کوٹھری ؛ حجرہ ؛ کمرہ ۔(۳) ھوائی جہاز کا بند کمرہ ، اسباب، مسافر یا عملہ کےلئے ۔ (٤) شیشے سے گھرا ھوا کمرہ (کسی مینار کے اوپر مشاھدہ کےلئے) ۔(۵) گاڑی جو دوسری گاڑی کے پیچھےلگی ھو اور جو رھنےکے کمرے کا کام دے ۔

Cabin : (v) (۱) جھونپڑے ، کمرے ، حجرے میں رھنا ؛ چھوٹے کمرے میں رھنا ۔(۲) جھونپڑی میں رکھنا یا پناہ دینا ۔(۳) بند کرنا (چھوٹےکمرے میں) ۔

Cabin boy : (n) جہاز کا بیرا یا خدمت گار ۔

Cabin class : (n) جہاز کا وہ کمرہ جو فرسٹ کلاس سے کم درجے کا ھوتا ھے ۔

Cabin coat : (n) ھوٹل ۔

Cabined : (a) (۱) جھونپڑی کی طرح بنا ھوا ۔ (۲) چھوٹا کمرہ مہیا کیا ھوا ۔ (۳) تنگ جگہ میں بند کیا ھوا ۔ (٤) (استعارتاً) محدود ۔

Cabinet : (n) [F. "Cabinet" It. "gabinetto"] (۱) کوٹھری ؛ حجرہ ؛ چھوٹا کمرہ ۔(۲) چھوٹی الماری ؛ صندوقچہ ؛ بکس ۔(۳) خلوت خانہ ؛ شورا خانہ ؛ کمرۂ کابینہ ؛ مجلس مشاورت ؛ مجلس عاملہ ۔(٤) کابینہ ؛ جماعت وزراء ؛ کابینہ کا جلسہ ؛ وزیر کابینہ ۔ (۵) عجائب خانہ میں نمائش والی الماری ۔ (٦) کوئی چھوٹی سی گھیری ھوئی جگہ ۔ (۷) Cabinet photograph کا مخفف ۔ (۸) حکومت ۔(۹) خفیہ ؛ نجی ؛ پوشیدہ کمرے کا ۔(۱۰) کمرے یا کوٹھری میں رکھنے کے لائق ۔(۱۱) صندوق یا الماری بنانے کے لائق ۔(۱۲) کابینہ کا یا کابینہ سے متعلق ۔

Cabinet : (v) صندوق یا الماری میں بند کرنا ؛ بند کرنا ۔

Cabinet affairs : (n) (انتظامیہ) امور کابینہ ۔

Department of Cabinet affairs : (انتظامیہ) محکمہ امور کابینہ ۔

Cabinet Council : (n) (۱) دیوان خاص یا مشیروں کی کاؤنسل ۔(۲) مجلس کابینہ ۔

Cabinet crisis : (n) کاؤنسل کی مشکلات جس کی وجہ سے وزارت بدل جائے یا چند ارکان مستعفی ہو جائیں ؛ کشاکش کابینہ ؛ کابینہ کی نازک حالت ؛ نازک وقت وزارت ۔

Cabinet edition : (n) متوسط تقطیع کی کتاب ؛ کابینی ۔

Cabinet-maker : (n) (۱) صندوقچہ ، چھوٹی الماری وغیرہ بنانے کا کاریگر ؛ کاریگر (نجار ، بڑھئی) ۔ (۲) عمدہ قسم کا فرنیچر بنانے والا ۔ (۳) کابینہ ساز ۔

Cabinet minister : (n) (انتظامیہ) وزیر کابینہ ۔

Cabinet Particulier : (n) کسی ریستوران میں مہمانوں کےلئے چھوٹا نجی کمرہ ۔

Cabinet photograph : (n) متوسط تقطیع کا کابینی فوٹو ۔

Cabinet piano : (n) چھوٹا عمودی پیانو ۔

Cabinet pudding : (n) ایک قسم کی پڈنگ ۔

Cabinet secretariat : (n) (انتظامیہ) دفتر کابینہ ۔

Cabinet secretary : (n) (انتظامیہ) سکریٹری کابینہ ؛ ناظم وزارت ۔

Cabinet-sized : (a) (۱) صندوق یا چھوٹی الماری میں رکھنے لائق ۔ (۲) ٦/٤ انچ سائز ۔

Cabinet wine : (n) بہترین قسم کی شراب ۔

Cabineteer : (n) (عامیانہ) کابینہ کا ایک رکن ۔

Cabiri / Cabeiri : (n) [Gr. "Kabiroi," "Kabeiroi"] (تاریخ) یونانی مذہب کے دیوتاؤں کی ایک جماعت ۔

Cable : (n) [L. "Capulum","Caplum"] (۱) مضبوط رسا ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کا رسا ؛ لنگر کی زنجیر یا رسی ؛ جہاز کے رسے کی لمبائی ۔ (۳) بحری تار ۔ (٤) بل دار نقش و نگار ۔ (٥) کھجور یا رسی ؛ تین بانٹ کی رسی ۔ (٦) رسے کی طرح کی کوئی چیز ۔ (۷) طناب ۔

Cable : (v) (۱) رسے سے باندھنا ؛ رسا مہیا کرنا ۔ (۲) رسے کی طرح کی کسی چیز سے آراستہ کرنا ۔ (۳) بحری تار بھیجنا ۔ (٤) رسا بنانا یا رسے کی شکل کا بنانا ۔ (٥) بل دار نقش و نگار بنانا ۔

Cable-bends : (n) چھوٹا رسا جو بڑے رسے کے سرے پر حلقہ بنانے کے لئے باندھا جاتا ہے ۔

Cable-buoy : (n) پیراک پیپا جو بحری تار کو سہارا دینے کےلئے ہوتا ہے ؛ لنگر پیراکو ۔

Cable-car : (n) اوپر سے چلنے والی ریل گاڑی کا ایک ڈبہ ۔

Cable conductor : (n) (انتظامیہ) کیبل کنڈکٹر ؛ تار کنڈکٹر ۔

Cable-forman : (انتظامیہ) کیبل فورمین ۔

Cable-gram : (n) بحری تار ۔

Cable-guard : (n) (انتظامیہ) محافظ تار ؛ کیبل گارڈ ۔

Cable jointer : (n) (انتظامیہ) تار ساز ؛ کیبل جوائنٹر ۔

Cable-laid : (n) تین رسوں سے بنا ہوا رسا جس کے ہر رسے میں تین ڈوریاں ہوتی ہیں ۔

Cable-man : (n) بگھی چلانے والا ؛ بگھی وان ؛ ٹیکسی ڈرائیور ۔

Cable-railway : (n) وہ ریلوے جس میں گاڑیاں یا ڈبے موٹے رسے کے ذریعہ چلائی جاتی ہیں ۔

Cable-rope : (n) مضبوط موٹا رسا ؛ تین بانٹ کا رسا ۔

Cable-stock : (n) لنگر کا چرخ ۔

Cable superviser : (n) (انتظامیہ) نگراں تار ؛ کیبل سپروائزر ۔

Cable-tier : (n) رسوں وغیرہ کے رکھنے کی جگہ (جہاز میں) ؛ پتلا رسا ۔

Cable-tools : (n) کھودنے کا ایک آلہ ۔

Cable-transfer : (n) ایک ملک سے دوسرے ملک میں پیسہ منتقل کرنا ریڈیو ، ٹیلیفون یا تار کے ذریعہ ۔

Cable-way : (n) نقل و حمل کا ایک ذریعہ جس میں دو سہاروں کے بیچ میں تاروں کا رسا آویزاں رہتا ہے جس کے ذریعہ چیزیں بھیجی جاتی ہیں ؛ طنابی راہ ۔

Cablet : (n) [F. CABLE] دس انچ سے کم محیط والی بٹی ہوئی رسی ۔

Cabling : (n) بلدار نقش۔

Cabman : (n) [F. CAB] وہ کارندہ جو برقی تاروں کو لگاتا ھے یا مرمت کرتا ھے ۔

Cabob : (n) (Also Kabob) [Arab " Kabab"] کباب ۔

Cabob : (v) کباب بنانا ۔

Caboceer : (n) [Pg."Cavo"] مغربی افریقہ کا ملکی حاکم یا سردار ۔

Caboched / Caboshed / Cabossed : (a) [It."Capocchia"] (نقابت) گردن کے بغیر سر بنا ہوا (ہرن ، بیل وغیرہ کا) ۔

Cabochon : (n) [F. "Caboche"] (۱) نیا تراشا کچھ پالش کیا ہوا پتھر (جواھرات) ۔(۲) محدب شکل کا پالش کیا ہوا پتھر یا دانہ وغیرہ ؛ قبہء جوھر ۔(۳) قیمتی پتھروں کو اس طرح تراشنے کا طرز ۔

Caboclo : (n) [Pg. fr. tupi. "Caboco"] خالص نسل کا برازیلی ھندوستانی ۔

Cabomba : (n) [Sp. "Cabomba"] دریائی پودوں کی ایک قسم جس میں چھوٹے سفید یا زرد پھول ہوتے ھیں ۔

Caboodle : (n) [The whole Caboodle] کھیپ ؛ مجموعہ ؛ جماعت۔

Caboose : (n) [Prob. LG. "Kabuse"] (۱) جہازی باورچی خانہ ۔(۲) مال گاڑی کا ایک ڈبہ جس میں کارندے یا نگراں رہتے ھیں ۔ (۳) جھونپڑا ؛ جھونپڑی ۔(٤) کھلا چولھا ۔

Caboose / Camboose : (n) [Prob.LG."Kabuse"] (عامیانہ) جیل ۔

Cabot : (n) [F.Romanic,"Cabo"] Channel Island میں ناپنے کا ایک پیمانہ ؛ نصف بوشل ۔

Cabotage : (n) [F. "Caboter"] ساحلی تجارت ؛ ساحلی تجارت کرنے کا حق ۔

Cabotinage : (n) [F. "Cabotintage"] تصنع آمیز اداکاری ۔

Cabre : (a) [F."Cabrer"] (نقابت) پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا ۔

Cabrie / Cabrit : (n) [Sp. "Cabrito"] شاندار سینگوں والا ہرن ۔

Cabriolet : (n) [F. "Cabriole"] ہلکے دوپہیوں کی ٹپ دار ایک گھوڑے کی گاڑی ؛ ٹم ٹم کا سکہ ؛ ایک قسم کی موٹر گاڑی جس کے ھڈ کو گرایا جاسکتا ھے ۔

Cabrito : (n) [Sp. dim of Cabro.] بکری کے چھوٹے بچے کا بھنا ہوا گوشت ۔

Caburn : (n) [Conn. W. CABLE] (جہاز رانی) رسا یا رسی جس سے موٹے رسوں کو لپیٹتے ھیں ۔

Cacaerometer : (n) نجامت ہوا پیما ۔

Cacaesthasia / Cacesthesia : (n) (طب) فتور حسّی ۔

Cacafuego : (n) [Pg. "Cagar" + Sp."fuego"] دریدہ دہن ؛ شیخی بگھارنے والا ؛ منہ پھٹ ۔

Cacanny : (v) آھستہ کام کرنا ؛ ھشیاری سے کام کرنا ۔

Cacanny : (n) ارادۃً آھستہ کام کرنے کی پالیسی ۔

Cacao : (n) کوکو ؛ کوکو کا درخت ؛ ناریل ۔

Cacao butter : (n) کوکو کے جوز سے نکالا ہوا روغنی مادہ جس سےبالوں کی کریم ، موم بتی بنتی ھے ۔

Caccagogue : (n) [Gr. "Kakke" + "agogos"] (طب) پھٹکری اور شہد سے بنا ہوا ایک مرھم جو قبض دور کرنے کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔

Cachalot : (n) [F.] ایک قسم کی وھیل مچھلی جس کے نچلے جبڑے میں دانت ہوتےھیں ؛ غیر ماھی قیاس ۔

Cache : (n) [F.] (۱) سامان رسد ؛ گولہ بارود وغیرہ چھپانے کی کوئی پوشیدہ جگہ خصوصاً جو سیاح استعمال کرتے ھیں ؛ چورخانہ ۔ (۲) دفینہ ؛ خزانہ ؛ چھپائی ہوئی چیزیں ۔

Cache : (v) زمین میں چھپانا ؛ زمین کے اندر گاڑ کر رکھنا ۔

Cache-sexe :(n) [F. "Cacher" + "sexe"] لنگوٹ ؛ جانگھیہ ۔

Cachectic / -al : (a) [Gr. "Kachektikos" + - AL] جسمانی یا دماغی مریض ؛ ضعیف البنیان ؛ ضعیف دماغ ، لاغر جسم والا ۔

Cachepot : (n) [F. "Cacher" +"Pot"] آرائشی ظرف پھول کے گملے کو رکھنے یا چھپانے کے لئے ۔

Cachet : (n) [F. "Cacher"] (۱) مہر ۔ (۲) امتیازی نشان ؛ امتیازی علامت ۔ (۳) مستند اندرونی شہادت ۔ (٤) (طب) کیپسول ۔ (٥) وقار ۔ (٦) لفافہ پر کوئی تصویر، نقش یا تحریر جو ڈاک یا ٹکٹ سے کسی اہم واقعہ کی یادگار ہو ۔

Cachexy / Cachexia : (n) [Gr.] (۱) جسمانی کمزوری اور دبلا پن (جو کسی مزمن بیماری کی وجہ سے ہو) ۔ (۲) دماغ یا نقطہ نظر کی خرابی ؛ جسمانی یا دماغی خلل ؛ فساد مزاج ۔

Cachinnate : (v) [L."Cachinnare"] قہقہہ لگانا ؛ کھلکھلا کر ہنسنا ۔

Cachinnation : (n) [L."Cachinnationem"] قہقہہ ؛ کھلکھلاہٹ ۔

Cachinnator : (a) قہقہہ لگانے والا ؛ کھل کھلا کر ہنسنے والا ۔

Cachinnatory : (a) قہقہے سے متعلق ۔

Cacholong : (n) [F. "Kaschtschilon"] ایک قسم کا دودھیا پتھر ؛ قشلونگ ؛ دودھیا گار ۔

Cachou : (n) [Malayalam " Kaccu"] (۱) کتھا ۔ (۲) کاجو سے بنائی ہوئی خوشبودار گولی جو تمباکو کے ساتھ منھ کو خوشبو دار کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Cachua : (n) (Also Kashua or Kaswa) [Amersp. "Cachua"] پیرو کا ایک تیز رقص ۔

Cachucha : (n) [Gr. "Kakkabos"] ایک قسم کا ھسپانوی رقص ۔

Cacique : (n) [F. "Cacique"] (۱) امریکی انڈین ، جزائر غرب الهند کے قبائل کا سردار ۔ (۲) اسپین اور جنوبی امریکہ کا مقامی سردار ۔ (۳) امریکہ کی ایک چڑیا ۔

Caciqueship : (n) امریکی انڈین یا جزائر غرب الهند کے قبائل کے سردار کا عہدہ ۔

Cack : (v) [L. "Cacare"] (۱) پاخانہ کرنا ؛ فضلات خارج کرنا ۔ (۲) قے کرنا ۔

Cack : (n) پاخانہ ؛ قے ؛ فضلہ ۔

Cack : (n) [Origin Unknown] شیرخوار بچے کا بے ایڑی کا جوتا ۔

Cackle : (n) [ME. "Cakelen"] (۱) کٹ کٹ ؛ کٹر کٹر ۔ (۲) بک بک ؛ بکواس ؛ گپ شپ ۔ (۳) ہلکی ہنسی (قہقہ اور مسکراہٹ کے درمیان کی) ؛ کھی کھی ۔ (٤) بکواس ۔

Cackle : (v) (۱) کڑ کڑانا (مرغی کا) ۔ (۲) بک بک کرنا ؛ ٹائیں ٹائیں کرنا ؛ فخر کرنا ؛ شیخی بگھارنا ۔ (۳) کھی کھی کرنا ؛ دانت نکالنا ۔

Cackle : (v) (جہاز رانی) موٹے رسے کو تین انچ موٹے رسے سے ڈھک دینا (رگڑ سے بچانے کے لئے)۔

Cacker : (n) بکواسی ؛ کڑکڑ کرنے والی مرغی وغیرہ ۔

Caco : (Prefix) [Gr."Kak'os"] سابقہ بمعنی مرض ۔

Caco-demon / -daemon : (n) (۱) بھوت پریت ؛ خبیث روح ؛ شیطان ۔ (۲) بدسگال ؛ بدطینت شخص ۔ (۳) (خراب اثر، مضرت رساں) آسمان کا بارھواں خانہ ۔

Caco-demonia : (n) جنون جس میں مریض کو یہ دھوکا ھوتا ھے کہ اس پر بھوت سوار ھو گیا ھے ۔

Caco-doxical : (a) غلط رائے یا ارتداد سے متعلق یا اس کی طرح ۔

Caco-doxy : (n) [Gr. "Kak+doxia"] غلط رائے یا عقیدہ ۔

Caco-epistic : (a) خراب تلفظ والا ۔

Caco-epy : (n) [Gr."Kakoepia"] خراب تلفظ ۔

Caco-gastric : (a) خراب معدہ یا پیٹ والا ۔

Caco-genesis : (n) [Gr.] (۱) بگڑی ہوئی شکل ؛ عجیب و غریب چیز؛ بدشکل ۔ (۲) نسلی انحطاط ؛ ناقص تولید ۔

Caco-magician : (n) مضرت رساں جادوگر یا ساحر ۔

Caco-rhythmic : (a) [Gr.] خراب آھنگ والا ۔

Cacocholia : (n) فتور صفرا ۔

Cacochylia : بری طرح قیلوس ھونے کی حالت ؛ فتور قیلوس ۔

Cacochylous : (a) [Gr.] برے قیلوس کی خاصیت کا ۔

Cacochymic : (a) بد مزاج ۔

Cacochymic : (n) بد مزاج شخص ۔

Cacochymy : (n) جسم کی رطوبت کی نا تندرست ، غیر صحت مند حالت ۔

Cacodyl : (n) [Gr. "Kakodes"+ - YL] مینتھول اور سنکھیا کا بدبودار زھریلا مرکب ۔

Cacodyl chloride : (n) (کیمیا) کیکو ڈائل کلورائڈ ۔

Cacodylic acid : (n) (کیمیا) کیکو ڈائلك ایسڈ ۔

Cacoethes : (n) [Gr. "Kakethes"] (۱) لت ؛ بری عادت یا خو ۔ (۲) ایک خراب قسم کی بیماری ؛ جان لیوا بیماری ۔

Cacoethes Loquethes : (n) (نفسیات) شوق تکلم ؛ بولنے کا شوق ۔

Cacoethes-scribendi : کچھ نہ کچھ کرنے کی خواھش ؛ خواہ مخواہ لکھنے کی لت ۔

Cacogalactia : (n) دودھ کی خرابی ۔

Cacogenics : (n) انحطاط نسل ۔

Cacography : (n) [Gr.] (لسانیات) بد انشائی ؛ بد خطی ؛ بد املائی ؛ املا کا غلط اصول ؛ غلط نویسی ۔

Cacographer : (n) بد خط ؛ بد املا ۔

Cacographic/ -al : (a) بد خطی یا بد املائی سے متعلق ۔

Cacolet : (n) [F.] ایك قسم کی فوجی بیمار ڈولی جو یا تو بازو والی کرسی کی شکل کی گھوڑے کی زین سے بندھی ھوتی ھے یا پلنگ کی شکل کی گھوڑے کی پیٹھ پر ھوتی ھے ۔

Cacology : (n) [Gr.] (لسانیات) ناقص بیان ؛ غلط انشا ؛ لفظوں کا برا انتخاب ؛ خراب تلفظ ؛ غلط لہجہ ۔

Cacoon : (n) [African] گرم ملکوں کی ایك جھاڑی کی لمبی اور چپٹی پھلی ۔

Cacophonous / Cacophonic / Cacophonical : (a) [Gr.] (لسانیات) صوتی تناخر ؛ کرخت بد آواز ؛ کریہ الصوت ۔

Cacophony : (n) [Gr. "Kakophonia"] (۱) کرخت آواز ، خاصکر الفاظ اورفقروں کی کرختگی بے آھنگی، بد آوازی، بےتالاپن ۔ (۲) (استعارتاً) اخلاقی بد آھنگی ۔

Cacoplastic : (a) [Gr. "Kakoplastos"] نا مکمل طور پر منظم کیا ھوا ۔

Cacosmia : (n) ناقص شامہ ۔

Cacothymia : (n) دماغ کی بگڑی ھوئی حالت ۔

Cacotiopia : (n) [Gr.] وہ جگہ جہاں بدی کی حکومت ھے ۔

Cacotrophy : (n) [Gr "Kakotropia"] ناقص غذائیت یا تغذیہ ۔

Cacotype : (n) طباعت میں ناقص تفصیل ۔

Cacoxenite : (n) [Gr. "Kako- + xenos"] لوھے کا اساسی فاسفیٹ ۔

Cacozyme : (n) [Gr."Kako - + zyme"] وہ ذرہ جس سے چھوت کی بیماری پھیلتی ھے ۔

Cacta ceous : (a) [NL."Cactus+aceae"] ناگ پھنی کی مانند ؛ خاردار ۔

Cactal : (a) ناگ پھنیا ؛ ناگ پھنی کے متعلق ۔

Cactoid : (a) ناگ پھنی سا ؛ ناگ پھنیا ۔

Cactus : (n) [Gr. "Kaktos"] ناگ پھنی ۔

Cacuminal : (a) [L."Cacumin-","Cacumen" +al.] (لسانیات) معکوسی ۔

Cad : (n) [Short F. CADEE, CADDIE, CADET] (۱) معاون ۔ (۲) کام کی تلاش میں رھنے والا شخص یا لڑکا ۔ (۳) آکسفورڈ یونی ورسٹی) پہلے شہریوں کے بارے میں حقارت سے استعمال ھوتا تھا ۔ (٤) نیچے ذات والے ؛ کمینہ ؛ سفلہ ؛ پاجی ۔

Cadastral : (a) [F. "cadastre"] سرکاری رجسٹر (جائداد کی مقدار یا قیمت اور ملکیت کا) یا اس سے متعلق ؛ تشخیص ؛ مساحتی ۔

Cadastral survey : (n) تعین مال گذاری کے لئے زمین کی پیمائش ۔

Cadastral surveyor : (a) (انتظامیہ) ناظم مساحت اراضی ۔

Cadastre : (n) [L. " Capitastrum"] سرکاری رجسٹر (جائداد کی مقدار، قیمت اور ملکیت کا) ۔

Cadaver : (n) [F. "Cadavre"] (۱) لاش ۔ (۲) پنجر ۔ (۳) لاش کا مجسمہ ۔

Cadaveric : (a) (۱) مخصوص بہ لاش ؛ لاش سے متعلق ۔ (۲) لاش کے لمس سے پیدا ہونے والا ۔

Cadaverine : (n) سڑی ہوئی لاش سے نکلنے والا غیر زہریلا مادہ ۔

Cadaverizable : (a) بے جان مادہ بنائےجانے کے لائق ۔

Cadaverize : (v) مردہ سا بنانا ۔

Cadaverous : (a) [L. " Cadaverosus"] (۱) مردہ سا ؛ مردہ وش ؛ زرد ، پیلا (جیسے مردوں کا رنگ) ؛ دبلا ۔ (۲) مردے سے متعلق یا مردے کا ۔ (۳) مردہ نما ؛ قبر نما ۔

Cadaverously : (adv) مردہ کی طرح سے ۔

Cadaverousness : (n) پیلاپن ؛ زردی ؛ دبلاپن ۔

Caddie / Cadie : (n) [F. "Cadet"] (۱) موٹے کام کی تلاش میں رہنے والا لڑکا یا شخص ۔ (۲) گولف کھیلنے والوں کا خدمت گار ؛ گولف چاکر ۔ (۳) لڑکا ۔ (٤) ٹھیلا ۔

Caddis / Caddice : (n) [Irish " cadas", F."cadis"] ایک قسم کا موٹا سستا سرج کپڑا ۔

Caddis / Caddice : (n) [dim of CAD] مے فلائی ؛ (مے مکھی) کا پہل روپ ؛ مئی رودہ ۔

Caddis fly : (n) مے فلائی (مے مکھی) ۔

Caddis -worm : (n) مے فلائی کا پہل روپ ؛ مئی رودہ ۔

Caddised : (a) پہل روپ دار ۔

Caddish : (a) [CAD+ ISH] سفلہ ؛ کمینہ ۔

Caddishly : (adv) سفلہ پن سے ؛ کمینہ پن سے ۔

Caddishness : (n) سفلہ پن ؛ کمینہ پن ۔

Caddle : (n) پریشان ؛ انتشار ؛ ابتری ؛ پراگندگی ۔

Caddle : (v) (۱) پریشان کرنا ؛ تکلیف دینا ۔ (۲) گپ شپ کرنا ۔

Caddo : (n) امریکی انڈین کا ایک قبیلہ ۔

Caddow : (n) [Sc. KAE+DAW] کوا ۔

Caddow : (n) موٹا اونی لحاف ۔

Caddy : (n) [Malay."Kati"] (۱) چائے کی چھوٹی پٹاری (قطی) ۔ (۲) (امریکہ) آب پاش ۔

Caddy : (n) [F. CAD] دیکھو Caddie

Cade : (n) [L. "Cadus"] پیپا ۔

Cade : (n) [ME. "Cad"] (۱) پالتو جانور خصوصاً پالتو بھیڑ کا بچہ ۔ (۲) لاڈ پیار میں بگڑا ہوا بچہ ۔ (۳) گرا ہوا پھل ۔

Cade : (a) پالتو ۔

Cade : (n) [F. "Cade"] ایک قسم کی سدا بہار صنوبری جھاڑی جسکا تیل دوا میں کام آتا ہے اور جن (شراب) میں دیاجاتا ہے ۔

Cade : (n) پیپے میں رکھنا ۔

Cade : (v) لاڈ پیار میں پالنا ۔

Cade : (suffix) (لاحقہ) بمعنی جلوس یا تماشا ۔

Cadeau : (n) [Fr.] تحفہ ۔

Cadelle : (n) [L. "Catella", fem. of "Catellus"] چھوٹا کالا بھونترا یا اس کا پہل روپ جو غلے کےذخیرے کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Cadence : (n) [It. "Cadenza"] (۱) لے ، زیروبم ؛ پڑھنے یا بولنے میں آواز کا اتارچڑھاؤ ؛ (لسانیات) آہنگ ۔ (۲) تال ؛ نپی تلی حرکت خصوصاً آواز کی ۔ (۳) (موسیقی) گیت کے بند کا اختتام ۔ (٤) الحان ؛ لحن ؛ نوا؛ دہن ؛ انداز ؛ ترتیل ؛ امتیازی آہنگ (کسی مصنف یا تصنیف کا) ۔

(۵) کوئی هم آهنگ آواز - (٦) تکیه دار اور بے تکیه هجاؤں کی ترتیب یا ایسی ترتیب جس میں کوئی وزن نه هو - (۷) رنگوں کی هم آهنگی - (۸) گھوڑے کی چال کی هم آهنگی -

Cadenced : (a) لحن دار موضوع وغیرہ -

Cadency : (n) [L."Cadentia"] (۱) دیکھو Cadence (۲) فرع ؛ شاخ ؛ شعبه (خاندان کی شاخ) - (۳) کیڈنٹی -

Mark of cadency : (نقابت) خاندانی مارکه میں کچھ اختلاف -

Cadent : (a) [L. "Cadentem"] (۱) گرتا هوا - (۲) هبوط - (۳) آهنگ دار - (٤) زمین کی ایك پرت طبقات الارض کے متعلق -

Cadent stress : (n) (لسانیات) بےدار بل -

Cadenza : (n) [It. see CADENCE] (۱) اتار - (۲) گانے یا بولنے کے ختم پر باجے کا زور ؛ آخری الاپ - (۳) اصل موضوع سے ایك علاحده فرعی موضوع -

Cader / Cadar : (n) [Welsh. "Cader"] (۱) درانتی کا دسته - (۲) لکڑی کا وہ فریم جس پر مچھیرا اپنی ڈور رکھتا هے -

Cadet : (n) [L. "Caput"] (۱) چھوٹا بیٹا یا بھائی - (۲) کسی خاندان کی چھوٹی شاخ یا اس کا کوئی فرد - (۳) سب سے چھوٹا بیٹا - (٤) وہ شخص جو فوج میں بغیر کمیشن کے صرف سیکھنے کی غرض سےبھرتی هو - (۵) بحری یا فوجی کالج کا طالب علم - (٦) اسکول کا وہ طالبعلم جو فوجی تعلیم پارھا هو - (۷) کارآموز جو کسی پیشه یا کاروبار میں هو - (۸) (عامیانه) بھڑوا ؛ دلال -

Cadet : (n) [Russ."Kadet"] روس کی آئینی جمهوری جماعت کا رکن -

Cadet corps : (n) (انتظامیه) کیڈٹ کور -

Cadet ship : (n) کیڈٹ کا درجه ، عهده یا کمیشن -

Cadge : (n) [Var. of CAGE] (۱) لکڑی کا وہ گول فریم جس پر شکرا بٹھا کر بیچنے کے لئے لےجاتے هیں - (۲) بند ٹوکری ؛ جھابا -

Cadge : (v) [Conn. W. CATCH] (۱) بھیك مانگتے پھرنا ؛ گداگری کرنا ؛ بھیك مانگ کر حاصل کرنا - (۲) پھیری لگانا ؛ بیچتے پھرنا - (۳) شکم پری کرنا ؛ پیٹ بھرنا -

Cadger : (n) (۱) بیچنے والا ؛ خصوصاً وہ جو دیهات سے انڈے مکھن لاکر شهر میں اور شهر سے سامان لے کر دیهات میں بیچتا هے - (۲) پھیری والا - (۳) بھیك مانگنے والا ؛ لفنگا - (٤) شکر بردار -

Cadgily : (adv) خوش مزاجی سے ؛ عاشق مزاجی سے -

Cadginess : (n) خوش مزاجی ؛ عاشق مزاجی ؛ آوارگی -

Cadgy : (n) [Origin unknown] (۱) خوش مزاج - (۲) عاشق مزاج ؛ آوارہ -

Cadi : (n) [Arab "Qazi"] قاضی -

Cadilesker : (n) [F. CADI + Turk. "leskar"] (ترکستان) فوجی قاضی -

Cadinene : (a) [F. CADE] (کیمیا) کیڈنین -

Cadish : (a) [F. CADE] پالتو -

Cadiship : (n) قاضی کا عهده -

Cadjan : (n) [Malay."kajang"] ناریل کے پتےکی بنی هوئی چٹائی ، چھپانے کےلئے - (۲) تاڑ کے پتے کا ٹکڑا جس پر لکھنے کا کام هوتا تھا ؛ تاڑ کے پتے پر لکھی هوئی دستاویز -

Cadmean /Cadmian : (a) [Gr. "kadmios"] Cadmus سے متعلق

Cadmean victory : (n) وہ فتح جو بهت کشت و خون اور قربانی کے بعد حاصل هو ؛ وہ فتح جس میں فاتح کی تباهی هو -

Cadmiferous : (a) [NL. "Cadmiam"] کیڈمیم خیز ؛ کیڈمیم دار -

Cadmium : (n) [Gr.] رانگ کی طرح کی سفید نیلگوں دھات -

Cadmium electrode : (n) (کیمیا) کیڈمیم الیکٹروڈ -

Cadmium nickel accumulator : (n) (کیمیا) کیڈمییم نکل ذخیرہ (برقی) ۔

Cadmium vapour lamp : (n) (کیمیا) کیڈمییم ابخرہ لیمپ ۔

Cadmium yellow : (n) زرد رنگ یا روغن ۔

Cadophose : (n) قدح پرواز ؛ ظہری ابہار ۔

Cadre : (n) [L. "quadrum"] (۱) ڈھانچہ ؛ اسکیم ؛ لائحہ ؛ نقشہ ۔ (۲) (فوجی) مستقل عملہ یا جمیعت ؛ ایک فوجی دستے کے افسران ۔ (۳) کوئی چھوٹی جمیعت (ارکان ، افسروں یا لیڈروں کی جو کسی خاص کام میں ماہر ہو) ۔

Emergency cadre : (انتظامیہ) ہنگامی کیڈر ۔

Regular cadre : (انتظامیہ) مستقل کیڈر ؛ یا ضابطہ کیڈر ۔

Caducary : (a) [L." Caducarius"] جائداد لاوارث ضبط شدہ بحق سرکار یا تمادی سے متعلق یا اس کی طرح ۔

Caducean : (a) قدیم زمانے میں نقیبوں کے عصا سے متعلق ۔

Caduceous : (n) (pl. Caducei) [Dor. Gr.] (۱) قدیم زمانے میں نقیبوں کا عصا خصوصاً نامہ بر دیوتا ہرمیز کا عصا ؛ قلم عطارد ۔ (۲) طبیبوں کا مارکہ ۔ (۳) فوج کے طبی شعبے کا نشان ۔

Caducibranchiate : (a) [L. "Caducust"+branchiae"] پختگی سے پہلے گلپھڑ ے کھو دینے والا (مثلاً مینڈک وغیرہ) ؛ جل تھلی ؛ خیشوم ریز ؛ گلپھڑا انداز ۔

Caducibranchiate : (n) ایسے جانور جو پختگی سے پہلے گلپھڑے کھو دیتے ہیں ۔

Caducity : (n) [F." Caducite "] (۱) فنا پذیری ؛ نا پائداری ؛ میل سقوط ؛ زود ریزی ۔ (۲) ضعف ؛ بڑھاپا ؛ کمزوری ؛ پیری ۔ (۳) تمادی ۔ (٤) (نباتیات و حیوانیات) اعضا کا جھڑاؤ ؛ ریزندگی ۔

Caducous : (a) [L. Caducus] (۱) جھڑاؤ (اعضا وغیرہ کا) ؛ جلد جھڑنے والا ۔ (۲) زود فنا ؛ فناپذیر ۔ (۳) (نباتیات) زود ریز ؛ پت جھڑیا ۔ (٤) تمادی شدہ ۔

Caecal : (n) [F. CAECUM] (عضویات) بڑی آنت کے پہلے حصے سے متعلق / کی طرح ، ایک طرف سے بند سرے والا ۔

Caecally : (adv) اعور کی طرح ؛ کانی آنت کی طرح ؛ اعوری۔

Caeciform : (a) بڑی آنت کے پہلے حصے سے متعلق ۔

Caecilian : (n) [L." Caecilia"] پتلے سانپ کی طرح کا جل تھلی کیڑا ؛ حشر (کیڑا) جس کی آنکھ بہت چھوٹی ہوتی ہے ۔

Caecitis : (n) اعور یا کانی آنت کی سوزش ؛ ورم اعور ۔

Caecity : (n) اندھاپن ۔

Caecum : (n) (Pl.Caeca) [L. for intestinum caecum] (۱) دودھ پلانے والے جانور کی بڑی آنت کا پہلا حصہ ؛ رودہٴ چہارم ؛ کانی آنت ؛ رودہٴ کور ؛ (حیوانیات) اعور ؛ کے کم ۔ (۲) بند منہ کی نلی ۔

Caen-stone : (n) [named aft. Caen , a French city] نار منڈی میں پایا جانیوالا زردی مائل عمارتی پتھر ۔

Caenogeaca / Caenogenesis : (n) ارض جدید ؛ ارتقاء جدید ؛ نوتولید ۔

Caenoloice : (a) نوحیاتی ، تیسرا جگ ۔

Caenuleus : (a) آسمانی ، لاجوردی ۔

Caesar : (n) [L.] (۱) قیصر ، رومی شہنشاہ کا خطاب (اگسٹس سے ہمیڈرین تک) ۔ (۲) بعد کے بادشاہوں کے ولی عہد ۔ (۳) قیصر روم ۔ (٤) خود مختار بادشاہ ؛ مطلق العنان ۔ (٥) (انجیل) دینوی حکومت یا حاکم ۔

Caesardom / Caesarship : (n) قیصریت ؛ قیصر کا عہد یا حکومت ۔

Caesarean / Caesarian : (a) [L." Caesarianus"] (۱) قیصری ؛ قیصر یا قیاصرہ سے متعلق ۔ (۲) قیصریہ ؛ قیصر یا شخصی حکومت کا طرف دار ؛ استبدادی ۔

Caesarean birth / operation / section : قیصری ولادت ؛ پیٹ چیرکر بچہ نکالنا (پیدا کرنا) ؛ قیصری عمل ؛ قیصری ترادہ ۔

Caesarism : (n) [F. SAESAR] (۱) استبدادیت ؛ قیصریت ؛ شخصی حکومت ؛ حکومتِ قیصریت ؛ مطلق العنانی ۔ (۲) دنیاوی اقتدار کو مذہبی اقتدار سے بالاتر سمجھنے کا عقیدہ ۔

Caesarist : (n) شخصی حکومت کا حامی ؛ قیصری ؛ مستبد ؛ استبدادی ؛ استبداد پسند ۔

Caesarize : (v) (۱) قیصر بننا ؛ قیصر کی طرح کام کرنا ۔ (۲) قیصر یا قیصر کا بنانا ۔

Caesious : (a) [L. "Caesius"] (نباتیات) نیلگوں یا خاکی مائل سبز ؛ ہرا ؛ بھورا ۔

Caesium : (n) [L. "Caesium"] (کیمیا) ایک سفید قلوی دھات ۔

Caespitose / Cespitose : (a) [L. "Caesptiem"] گچھے دار ؛ باہم نمو ۔

Caesura : (n) [L."Caesura"] (۱) (عروض) وقف شعری ؛ تقطیع ۔ (۲) سبب ؛ سبب خفیف ۔ (۳) وقفہ ۔

Caesural / Caesuric : (a) وقف شعری سے متعلق ؛ تقطیع سے متعلق ۔

Cafe : (n) [Turk. "Kahve"] (۱) قہوہ خانہ ؛ ریستوران ۔ (۲) قہوہ ؛ کافی ۔ (۳) شراب خانہ ۔ (٤) نائٹ کلب ۔ (٥) وہ ریستوران جہاں کھانے کے ساتھ رقص و سرود کا سامان ہو ۔

Cafe au lait : (n) (Pl. Cafes au lait) [F.] وہ قہوہ جس میں آدھا قہوہ اور آدھا دودھ ہوتا ہے ۔

Cafe brulot : (n) (Pl.Cafe brulots) [F.] وہ مشرب جس میں قہوہ اور ایک شراب ملا کو آگ پر رکھ دیتے ہیں اور تھوڑی دیر جلنے دیتے ہیں اور بعد میں لیموں کا چھلکا ، لونگ اور شکر ملا کر میٹھا اور ذائقہ دار بنا دیتے ہیں ۔

Cafeneh / Cafenet : (n) [Turk. "Kahvane"] ترکی قہوہ خانہ یا سرائے ۔

Cafenoir : (n) (Pl. Cafes noirs) [F.] بے شیر قہوہ ؛ کالی کافی ۔

Cafeteria : (n) [Amer. Sp. "Cafeteria"] ایسا ریستوران جہاں کوئی بیرا نہیں ہوتا اور چیزیں خود خرید کر کھانا ہوتا ہے ؛ ایسا ریستوران جس میں گاہك اپنا کھانا خود لاتا ہے (کوئی ویٹر نہیں ہوتا ہے) ۔

Cafeteria question : (n) (سماجیات) کیفٹیریا کا سوال ۔

Cafetorium : (n) ["Cafeteria + auditorium"] ایك بڑا کمرہ جو قہوہ خانہ اور سماعت گاہ دونوں کے کام آتا ہے ۔

Caffeic : (a) [F. "Cafeique"] (کیمیا) قہوائی ؛ قہوہ سے متعلق ۔

Caffeic acid : (n) دانہ دار چمکیلا زرد ایسڈ ۔

Caffeidine : (n) غیر قلمی اساس جو کیفین پر القلی کے عمل سے پیدا ہوتی ہے ۔

Caffeine : (n) [F. "Cafeine"] قہوین ؛ کافین ؛ قہوے یا چائے کے درختوں کا نباتی قلوی جزو ۔

Caffetannate : (n) قہوہ کے بیری میں پایا جانے والا ترشے کا نمك ۔

Caffetannic acid : (n) قہوہ کے بیری میں پایا جانے والا ترشہ ۔

Caffre : (n) [Arab "Kafir"] (۱) کافر ؛ منکر دین ؛ غیر مسلم ۔ (۲) جنوبی افریقہ کے قبائل بانٹو کا کوئی شخص ؛ اس قبیلہ کی زبان ۔ (۳) کافرستان کا باشندہ ۔

Caffre-bread : (n) ایك قسم کا درخت جس کے پھل کا گودہ جنوبی افریقہ میں کھایا جاتا ہے ۔

Caffre-corn : (n) باجرا ۔

Cafila : (n) [Arab "Qafilah"] قافلہ ۔

Caftan : (n) [Turk.and Pers. "qaftan"] ترکی اور ایران کا ایك جامہ ؛ خفتان ۔

Cag : (n) کڑی بات ؛ ہتك ۔

Cag : (v) [Origin unknown] رنجیدہ کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ رسوا کرنا ۔

Cage : (n) [F. "Cage"] (۱) پنجرا ؛ قفس ؛ کٹہرا ؛ پنجرا نما کوئی چیز ۔ (۲) قیدخانہ ۔ (۳) کانوں میں گاڑیوں کے چڑھانے اتارنے کا کھٹولا ۔ (٤) سہارا دینےوالا ڈھانچہ نما وہ پیالہ جس کا پیندا اور ڈھکن شیشے کا ہوتا ہے اورجس میں ایک قطرہ پانی رکھ کر خورد بینی جائزہ لیا جاتا ہے ۔ (٥) کسی پائپ کے منہ پر لگی چھلنی ۔ (٦) باز لے جانے کا فریم ۔ (۷) گول پوسٹ جس میں جالی لگی رہتی ہے (باسکٹ بال وغیرہ) ۔

Cage : (v) (۱) پنجرے میں بند کرنا ؛ قید کرنا ۔ (۲) لگانا ۔ (۳) گول کرنا (باسکٹ بال وغیرہ میں) ۔

Cage aerial : (n) قفسی ہوائیہ ۔

Cage work : (n) کھلی ہوئی جگہ (قفس کے سلاخ کی طرح) ۔

Caged : (a) محبوس ؛ بند ۔

Cageless : (a) بے قفس ۔

Cageling : (n) پنجرے میں بند پرندے ۔

Caggy : (a) [Origin unknown] (۱) غیر صحت مند ۔ (۲) بد مزاج ۔ (۳) صاف بولنے یا کام کرنے میں تامل کرنے والا ؛ ہوشیار ؛ پیش بیں ۔

Cagmag : (n) [Origin unknown] بوڑھی بط ؛ خراب گوشت ؛ گھٹیا گوشت ۔

Cagmag : (a) سڑا ہوا ؛ خراب ۔

Cagot : (n) [F.] جنوبی فرانس کا ایک نیچی ذات کا قبیلہ ۔

Cagui : (n) [Brazilian] بندر جس کی دم لومڑی کی سی ہوتی ہے ۔

Cahier : (n) [F. in OF. "quaier"] (۱) کاپی ۔ (۲) کسی پالیسی کے متعلق تجاویز یا ہدایات کی رپورٹ یا عرضداشت ، کاغذات ؛ (تاریخ) کارروائی کی روداد ۔

Cahoot : (n) [Prob. a. F. "Cahute"] (امریکہ) مشارکت ؛ سازش ؛ شرکت ۔

Cahoot : مشارکت میں کرنا ۔

Cailleach : (n) [Gael.] بڑھیا ؛ بڈھی ؛ بوڑھی ۔

Cain / Kain : (n) [Celt. "Cain"] (۱) جنس کی شکل میں دی ہوئی مال گذاری ۔ (۲) (آئرستان) جرمانہ ۔

Cain : (n) [Heb. "Qayin"] (۱) قابیل ، برادرکش ؛ اولین قاتل کا نام ۔ (۲) شوروغل ؛ فساد ؛ ہنگامہ ۔

To raise cain : (v) (امریکہ) شوروغل کرنا ؛ فساد برپا کرنا ؛ ہنگامہ کرنا ۔

Caing whale : (n) [Sc." Caing"] ایک قسم کا سوس ۔

Cainian : (n) (۱) اس فرقہ کا رکن جس کا عقیدہ تھا کہ قابیل اور اس جیسے لوگ ولی تھے ۔ (۲) قابیل کے خاندان والے ۔

Cainish : (n) قابیل کے مزاج کا ۔

Cainism : (n) اس عقیدے کا ارتدادکہ قابیل اور اس جیسے لوگ ولی تھے ۔

Cainite (n) دیکھو Cainian

Cainitic : (a) قابیل یا اس فرقے سے متعلق ۔

Cainotophobia : (n) جدید ترسی ؛ نو ترسی ۔

Cainozoic / Kainozoic / Caenozoic : (a) [Gr."Kainos+zoon"] تیسرے ارضی عہد سے متعلق ؛ نوحیاتی ۔

Caiper-caillie : (n) جنگلی مرغ ۔

Caique : (n) [Turk."Kaik"] (۱) قائق ؛ دردانیال میں چھوٹی ہلکی کشتی ؛ بحیرہء روم کا جہاز ۔ (۲) قلزمی جہاز ۔

Caique : (n) [Sp. or Pg.] جنوبی افریقہ کا ایک چمک دار طوطا ۔

Caiquejee / Caikjee : (n) [Turk. "Kayik"] قائق کا ملاح ۔

Cair : (v) [On. "Keyra"] گھومنا پھرنا ؛ گھمانا پھرانا ؛ ٹہلنا ٹہلانا ۔

Caird : (n) [Gr. "kerdo"] گشتی ٹھٹیرا ؛ خانہ بدوش ؛ آوارہ گرد ۔

Cairene : (n) [F. Cairo] قاهرہ کا باشندہ ۔

Cairene : (a) [F. Cairo] قاهرہ کے متعلق ۔

Cairn : (n) [Gael. "Carn"] (۱) سنگی قبر یا مزار ۔ (۲) پتھروں کا گاؤدم ڈھیر جو کسی یادگار، نشان یا قبر کا کام دے ؛ سنگورا (سنگ گور) ۔ (۳) پتھروں کا ڈھیر ؛ تودہ سنگ ۔ (٤) برطانیہ کا چھوٹی ذات کا ایک کتا ۔

To add a stone to anyone's cairn : (v) کسی کے مرنے کے بعد اس کی عزت بڑھانا ۔

Cairn burial : (n) (تاریخ) سنگورا دفن ۔

Cairn circle : (n) (تاریخ) سنگورا دائرہ ۔

Cairned : (n) پتھروں سے گاؤدم ڈھیربنا ہوا ۔

Cairngorm / Cairngorum : (n) [Gael. "Carngorm"] زرد یا ارغوانی رنگ کاپتھر ۔

Caisson / Caissoon : (n) [F. "Caisse"] (۱) گولہ بارود سے بھرا صندوقچہ جو دشمن کے راستے میں رکھ دیا جاتا ہے اور دشمن کے نزدیک آنے سے پھٹ جا تا ہے ۔ (۲) گولہ بارود کا صندوق یا دو پہیے کی گاڑی ؛ عربہ ؛ صندوق گولہ بارود ۔ (۳) پانی میں بنیاد ڈالنے کے لئے آب بند ڈبہ ؛ صندوق غواصی ۔ (٤) گودی کا کشتی نما دروازہ ۔ (٥) ڈوبے ہوئے جہاز کو نکالنے کی ایک مشین ۔ (٦) وہ تختہ یا پیٹی جو اندر سے جڑی ہوئی ہو ۔

Caisson disease : (n) ایک بیماری جو ہوا کے دباؤ میں یکایک کمی کی وجہ سے ہوجاتی ہے ؛ غوصی تشنج ۔

Caisson gate : (n) گودی کا کشتی نما دروازہ یا پھاٹک ۔

Caitiff : (a) [ONF. "Caitif"] ذلیل ؛ نابکار ؛ اوباش ؛ لقہ ؛ شہدا ؛ بد ذات ؛ کمینہ ۔

Caitiff : (n) بد حال اور بد قسمت شخص ۔

Caitiveness : (n) ذلالت ؛ نابکارہ پن ؛ اوباش پن ؛ کمینہ پن ؛ بدذاتی ؛ بدقسمتی ؛ بدحالی ۔

Cajan : (n) [Malay. "Kachang "] ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے دال بنتی ہے ۔

Cajan : (n) جزائر غرب الہند کا ایک ریشہ دار پودا ۔

Cajanus : (n) جنس ارہر ۔

Cajole : (v) [F."cajoler"] تملق ؛ پھسلانا ؛ خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ دم دینا ؛ جل دینا ؛ جھا نسا دینا ؛ میٹھی میٹھی باتیں بنانا ۔

Cajolement : (n) تملق ؛ خوشامد ؛ چاپلوسی ؛ جھانسا ؛ مداہنت ۔

Cajoler : (n) دم باز ؛ چاپلوس ؛ مداہن ؛ خوشامدی ؛ تملق گر ؛ کاسہ لیس ۔

Cajolery : (n) تملق ؛ خوشامد ؛ چاپلوسی ؛ جھانسا ؛ مداہنت ۔

Cajolingly : (adv) چاپلوسی سے ؛ خوشامد سے ؛ دغابازانہ ؛ چرب زبانی سے ۔

Cajuput / Cajaput / Cajeput : (n) [Malay. "Kayu-putih"] (۱) جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس سے تلخ تیل نکلتا ہے ۔ (۲) اس درخت سے نکلا ہوا تیل ۔

Cake : (n) [ME."Kake"] (۱) کیک ؛ روٹی ؛ کلچہ ؛ نان ؛ قاق ؛ روٹ ؛ لٹی ۔ (۲) کوئی کھانے کی چیز (روٹی کی شکل کی) ۔ (۳) کسی چیز کی ٹکیہ جیسے صابن وغیرہ کی ۔ (٤) (اسکاٹستان) پتلی جئی کی روٹی ۔ (٥) (انگلستان) وہ مشہور کیک جس میں میدہ کے علاوہ کشمش ، انڈا ، شکر وغیرہ ہو ۔ (٦) مواد جس کا کیک بنے ۔ (۷) (عامیانہ) احمق ؛ بیوقوف ۔

A piece of cake : کوئی آسان اور اچھی چیز ۔

Cannot eat your cake and have it : نا ممکن بات ممکن نہیں ہو سکتی ۔

Land of cake : (n) اسکاٹ لینڈ ۔

Salt cake : (n) نمکین کیک ؛ (تاریخ) نمک بٹی (کیک) ۔

To take the cake : (v) بازی لیجانا ؛ اعزاز حاصل کرنا ۔

Cake : (v) (۱) کیک بنانا ؛ ٹکیہ بنانا ؛ پپڑیانا ؛ پپڑی جمانا ۔ (۲) پپڑی جم جانا ؛ کیک بن جانا ۔

Cake-bread : (n) کیک کی طرح کی روٹیاں ۔

Cake-house : (n) ٹکیوں کو رکھنے کی جگہ ؛ ٹکیہ گھر ۔

Cake-meal : تیسی کی کھلی ۔

Cake of custom : (سماجیات) مجموع رواج ۔

Cake-urchin : (n) چپٹا گول خارپشت ۔

Cake-walk : (v) نیگرو لوگوں کا ایک رقص جس میں سب سے عمدہ طور پر پاؤں اٹھانے اور رقص کی شکل پیدا کرنے میں کیک انعام دیاجاتا ھے ۔

Cakes and ale : شراب و کباب ؛ مجلس عیش و نشاط ؛ اچھی چیزیں ؛ رنگ رلیاں ۔

Caking : (کیمیا) پپڑیانا ؛ پپڑی جمانا ۔

Caky : (a) کیک سا ؛ کیک کی مانند ؛ کمزور دماغ کا ۔

Cal : (n) Wolfram کا رنوالی نام ۔

Calaba : (n) [Sp.] منطقه حارہ کا ایک سدا بہار درخت جس سے روشنی جلانے کا تیل نکلتا ھے ۔

Calaba-balsam : (n) کلابا کا روغن بلسام ۔

Calaba-bean : (n) [F. Calabar, on the gulf of Guinea] ایک قسم کی زھریلی پھلی جو جادو کی پہچان کے لئے استعمال کی جاتی ھے ۔

Calabar : (n) [Var. of CALABER] خاکی گلھری کی کھال یا سائبیریا کی خاکی گلھری کی کھال ۔

Calabarine : (n) مذکورہ زھریلی پھلی کا القلی ۔

Calabash : (n) [F. & Sp.] (۱) لوکی ؛ تنبہ ؛ تنبی ۔ (۲) امریکی کدو جسکے خول سے مختلف ظروف بناتے ھیں جیسے کشکول وغیرہ ۔ (۳) کدو وغیرہ کے بنے ھوئےبرتن ؛ کچکول ؛ کشکول ۔(٤) (امریکہ) کدو ۔

Calabash gourd : (n) کدو ۔

Calabash tree : (n) ایک امریکی درخت جس کا پھل کدو کی طرح ھوتا ھے ۔

Calabaza : (n) [Sp.] کلاباز ؛ توبنی ۔

Calaber / Calabar : (n) [F."Calabre"] دیکھو Calabar

Calaboose : (n) [Sp. "Calabozo"] قید خانہ ۔

Calade : (n) [It. "Calare"] سواری سکھانے کےمدرسے کا وہ ڈھلوان جس پر گھوڑے کو تیز دوڑایا جاتا ھے تا کہ پٹھا لچک دار بن سکے ۔

Caladium : (n) [Malay. "kelady"] ایک قسم کا پودا جس کے پتے رنگین اور تیر کی طرح کے اور مختلف رنگوں کےھوتےھیں ۔

Calamanco : (n) [Origin unknown] (۱) ملک فلانڈرز کی چمک دار بانات جس کا رواج اٹھارویں صدی عیسوی میں زیادہ تھا ۔(۲) لکڑی اور پلاسٹر کے بارے میں یہ لفظ استعمال ھوتا ھے ۔

Calamander : (n) [Du. "Coromandel"] لنکا اورجنوبی ھندوستان کی ایک سخت لکڑی جس سے میز کرسی وغیرہ بناتے ھیں (کارومانڈی لکڑی کہتےھیں، قریب قریب آبنوس کی طرح ھوتی ھے)۔

Calamary : (n) [L. "Calamarius"] ایک قسم کی لکڑی نما مچھلی جس کا اندر کا خول قلم کی طرح ھوتا ھے ؛ قلم ماھی ؛ قلم مچھلی ۔

Calambac/Calambour : (n) [Malay. "Kelambak"] ایک قسم کی خوشبودار اور گونددار لکڑی ۔

Calamiferous : (a) [F. "Calamus"] نے دار ؛ نےمانند ؛ نرسل دار ؛ نےبردار ۔

Calamiform : (n) نے کی شکل کا ۔

Calaminaris : (n) [L.] لفظ Calamine کی قدیم شکل ۔

Calamine : (n) [Gr. "Kadmia"] کچا جست ؛ سنگ سرمہ ؛ سنگ سلیمان ؛ سنگ توتیا ؛ (کیمیا) کیلمائن ۔

Calamint : (n) [Gr. "Kalaminte"] خوشبودار جڑی بوٹی کی قسم ؛ بقلتہ العدس ؛ بادرنجبویہ ۔

Calamite : (n) [L. "Calamus"] (۱) کلکاسا (کلک آسا) ؛ نے گونہ ؛ اسپ دما سےملتا جلتا ایک پودا ۔ (۲) ایک متحجر پودا ۔

Calamites : (n) (کیمیا) کیلے مائٹس ۔

Calamitous : (a) [L "Calamitatosus"] منحوس ؛ تکلیف دہ ؛ آفت رسا ؛ پُر آفت ؛ غم آور ؛ پُر اندوہ ؛ پُر بلا ؛ غم و اندوہ سے بھرا ھوا ۔

Calamitously : (adv) خطرناکی سے ؛ نحوست کے ساتھ ؛ آفت رسانی سے ۔

Calamity : (n) [L. "Calamitatem"] (۱) تکلیف ؛ نکبت ؛ حادثہ ؛ آفت ؛ بلا ؛ مصیبت ۔ (۲) بدبختی ؛ بپتا ؛ قہر ؛ صدمہ ؛ گزند ؛ آفت سماوی ؛ آفت ارضی ۔

Calamity howler / Calamity jane / Calamity prophet : (n) جو آنے والی مصیبت کی یاس انگیز پیشین گوئی کرے ۔

Calamus : (n) [Gr. "Kalamos"] (۱) سرکنڈے کا قلم ۔ (۲) قصبۃ الجذور Sweet calamus ۔ (۳) ایک قسم کا تاڑ کا درخت جس کے تنے سے قصبۃ الجذور بنتا ہے ۔

Calando : (a) [L."Calandum"] موسیقی میں سر اور رفتار کم کرنے کی ہدایت ۔

Calash / Caleche : (n) [F. "Caleche"] (۱) ہلکی نیچی ٹپ دار گاڑی ؛ کلاش ۔ (۲) (کنیڈا میں) دو پہیوں کی ایک نشستی گاڑی ۔ (۳) ایک قسم کی چھجے دار زنانہ ریشمی ٹوپی ۔

Calastic : (n) [Gr. " Chalastikos"] سامان کو اٹھانے والی گھرنی دار مشین ۔

Calathidium : (n) [L. "Calathus"] (نباتیات) مرکب پھولوں کا سرا ، فرقیا ، گھنڈیا ۔

Calathiform : (a) [L. "Calathus"] ٹوکری نما ؛ پیالہ شکل ۔

Calathus : (n) (Pl. Calathi) [Gr. "Kalathos"] (۱) یونانی اور مصری مجسموں کے سر پر کی پھلوں کی ٹوکری جو کامیابی کی علامت ہے ۔ (۲) مرکب پھولوں کا سرا ۔

Calaverite : (n) [F. Calaveras in California] ایک زرد معدنی شے جس میں دھات کی سی چمک ہوتی ہے اور جس میں سونا اور چاندی کی مختلف نسبت سے آمیزش رہتی ہے ۔

Calc - : [L."Calcem"] لفظوں کے شروع میں بطور جزو ترکیبی ، بمعنی چونا ۔

Calc-sinter : (n) [Gr."Kalk-sinter"] وہ سخت بلوری تہ نشیں مادہ جو ان چشموں سے نکلتا ہے جن کے پانی میں چونے کا کاربونیٹ رہتا ہے ؛ کیلشیم پرت (کیمیا) ۔

Calc-spar : (n) [See CALC] (کیمیا) کلک اسپار ؛ کلسی بلور ۔

Calcaire : (n) [L. "Calcarius"] ارضیات میں پیرس کے طاس کے دو طبقوں کے فرانسیسی نام ۔

Calcaneal / Calcanean : (a) [L. "Calcaneum"] ایڑی کی ہڈی کا یا اس سے متعلق ۔

Calcaneum : (n) [L."Calcem"] ایڑی کی ہڈی ؛ (حیوانیات) عقبیہ ، ابھار پشت پا ۔

Calcar : (n) (Pl.calcaria) [L."Calcaria"] (۱) (شیشہ سازی) وہ چھوٹی بھٹی جس میں ریت اور پوٹاش کی تکلیس کرکے شیشے کے لئے مرکب تیار ہوتا ہے ؛ چونا بھٹی ۔ (۲) (فلزیات) گرم کرنے کی بھٹی (سونا وغیرہ گلانے کے لئے) ۔

Calcar : (n) [L. "Calcar"] مہمیزنما کوئی چیز یا ابھار ؛ (حیوانیات) مہمیز ۔

Calcarate : (a) (also Calcarated) مہمیز دار ؛ سونڈ دار ؛ من دار ۔

Calcareo- : (comb.) [F. CALCAREOUS] جزو ترکیبی بمعنی "چنیلا" ۔

Calcareous/- ious : (a) [L. calcarius] چنیتی ؛ چنیلا ؛ چونے کا ؛ چونا گوں ؛ آہکی ؛ آہک صفت ؛ (کیمیا) کیلسیمی ؛ چونے دار ؛ چنیلا ۔

Calcareous spar : (n) کیلسائٹ ۔

Calcareous tufa : (n) چونے کی آتش فشاں چٹان ۔

Calcareously : (adv) چنیلے پن سے ؛ آہکی طور پر ۔

Calcareousness : (n) چنیلاپن ؛ آہک صفتی ۔

Calcariferous : (a) [L. Calcar + - (i) Ferous] سونڈدار ؛ میخ دار ۔

Calcariform : (a) مہمیزنما ؛ میخ کی شکل کا ؛ جوتے کی شکل کا معین نما ۔

Calcarine : (a) مہمیزنما ؛ میخ کی شکل کا ۔

Calcarious ooze : (n) (کیمیا) کیلسیمی اخراج (رطوبت) ۔

Calcarious rock : (n) (کیمیا) کیلسیمی چٹان ۔

Calcarious-shell : (n) (کیمیا) کیلسیمی خول ۔

Calcarious tufa : (n) (کیمیا) کیلسیمی توفا ۔

Calcavella / Calcavellos : (n) [F."Carcavelhos", in Portugal] پرتگال کی ایک سفید شیریں شراب ۔

Calceiform : (a) [L."Calceus"+ - (i) FORM] (نباتیات) پاپوش نما ؛ کفشیا ۔

Calceolaria : (n) [L."Calceolus"] (نباتیات) جنوبی امریکہ میں ایک قسم کا پودا جس کا پھول قدیم زیرپائیوں کی طرح ہوتا ہے ؛ کفشیا ؛ پاپوشی گلداراں ۔

Calceolate : (a) [L. "Calceolus"] کفش نما ؛ پاپوش نما ؛ پا پوشی گلدار ۔

Calceolately : (adv) کفشیا کے طور پر یا اندازمیں ۔

Calci- : (comb.) [Comb.F. of L. Calx] جزو ترکیبی بمعنی چونا ۔

Calcic : (a) [F. CALCIUM] کیلشیم کا یا کیلشیمی ۔

Calcieosis : (n) مرمری سیل ؛ مرمری نمونیا ۔

Calciferous : (a) جس سے چونےکا کاربونٹ حاصل ہو ؛ چونے کی کاربونٹ سے بھرا ہوا ؛ آھکی ؛ آھک دار ۔

Calcific : (a) چونا بنانے والا –

Calcification : (n) تکلیس (کیمیا) ؛ کلشیم جمنا ۔

Calcified : (a) (حیوانیات) کلسایا ؛ مکلس ۔

Calciform : (a) (۱) سنگریزہ کی شکل کا ۔ (۲) پاشنہ نما کوئی چیز رکھنےوالا ؛ ایڑی سا ۔

Calcifuge : (n) کلس گریز ۔

Calcify : (v) [L."Calc" (i) -.] (۱) چونا بن جانا یا چونا بنانا ۔ (۲) چونے میں بدلنا ۔ (۳) چونے کی نمکوں کی تہ جماکرسخت بنانا ۔ (٤) پتھر بن جانا ؛ پتھر بنا دینا ۔

Calcigenous : (n) (کیمیا) چونا پیدا کرنے والا مثلاً کچھ دھات کلس زا ۔

Calcigerous : (a) چونے دار ؛ آھک دار ؛ کلس خیز ۔

Calcimine : (n) سفیدی ، دیواروں پر چڑھانے کا رنگ ۔

Calcimine : (v) چونا گردانی کرنا ؛ سفیدی پھیرنا ۔

Calciminer : (n) سفیدی پھیرنے والا ؛ چونا گردانی کرنے والا ۔

Calcinable (a) چونا بننے یا بنانے کے لائق ۔

Calcinate : (v) (کیمیا) خاکستر کرنا ؛ کشتہ بنانا ۔

Calcination : (n) [L. "Calcinare"] (۱) تکلیس ۔ (۲) کشتہ بنانا ؛ خاکستر کرنا ؛ پھونکنا ؛ بھسم کرنا ۔

Calcinatory : (n) [L. "Calcinat" + ORY.] تکلیس کرنے والا ۔

Calcine : (v) [L."Calcinare"] (۱) تکلیس ۔ (۲) پھونک کر یا جلا کر چونا بنانا ؛ جلا کر راکھ کر دینا ؛ پھونکنا ؛ کشتہ بنانا ؛ جلا کر خاک کر دینا ؛ (۳) خشک کرنا (گرم کرکے) ۔ (٤) خالص بنانا جلاکر ؛ تخلیص ۔

Calciner : (n) کشتہ گر ؛ چونا ساز ؛ آھک ساز ؛ خام دھات کو جلانے کی بھٹی (میل دور کر کے خالص بنانے کی) –

Calcio- : [comb. F. CALCIUM] جزو ترکیبی بمعنی کیلشیم ؛ معدنیات کے ناموں کے ساتھ ۔

Calciphobe : (n) (کیمیا) کیلشیم گریز ۔

Calcite : (n) [L."Calcem"+ITE.] چونے کا کچا کاربونیٹ ، کلسی بلور ۔

Calcitrate : (v) [L. "Calcitrare"] لات مارنا ؛ لات لگانا ۔

Calcitration : (n) لات مارنے کاعمل ۔

Calcium : (n) [L. Calx.] کیلشیم ؛ ایک کیمیائی عنصر زاد دھات ۔

Calcivorous : کلس خوار ۔

Calculability : (n) [L."Calculare"] شمار یا پیمائش کی قابلیت ؛ تخمین پذیری ۔

Calculable : (a) [L."Calculare"] قابل شمار؛ پیمائش ؛ حساب یا اعتبار ۔

Calculagraph : (n) وقت نگار؛ وقت شمار ۔

Calcular : (a) [F. "Calculus"] پتھری یا سنگ مثانہ کا یا اس سے متعلق ۔

Calculary : (a) [L."Calculus"] سنگ مثانہ سے متعلق یا اس کا ۔

Calculate : (v) [L. "Calculus"] (۱) حساب لگانا ؛ گنتی کرنا ؛ شمار کرنا ؛ اندازہ کرنا ؛ آنکنا ؛ تخمینہ کرنا ۔(۲) حساب لگا کر صحیح اندازہ کرنا ؛ (واقعات، تاریخ وغیرہ کا) پیش اندازہ کرنا ۔(۳) اعتبار کرنا ؛ بھروسا کرنا ۔(٤) ترتیب دینا ؛ جمانا ؛ لگانا (آلات وغیرہ کا) ۔

Calculated : (a) (۱) مناسب ؛ موزوں ۔(۲) اندازہ لگایا ہوا ؛ تخمینہ کیا ہوا ؛ بالقصد ؛ بالعمد ۔(۳) سوچ بچار کر کیا ہوا ۔

Calculating : (a) خود غرض ۔

Calculating machine : (n) (طبیعیات) حسابی مشین ؛ تخمینہ مشین ؛ شمارکرنا ۔

Calculatingly : (adv) خود غرضانہ ۔

Calculation : (n) [L. "Calculationem"] گنتی ؛ حساب ؛ شمار ؛ اندازہ ؛ تخمینہ ؛ قیاس ؛ پیش گوئی ؛ احصاء محاسبہ (ریاضی) ۔

Calculation of finite differences : (n) (طبیعیات) متناہی فرق کا حسابیہ ۔

Calculation of variation : (n) ؛ (طبیعیات) تبدیلی حسابیہ ؛ احصاء متغیرات ۔

Calculative : (a) [L.] حساب سے متعلق ؛ حسابی ؛ تخمینی ۔

Calculator : (n) [L.] حساب لگانے والا ؛ محاسب ؛ سیاق داں ؛ حساب گیر ؛ حساب کنندہ ؛ رقمچی ؛ اندازہ گیر ؛ حسابی جنتری ؛ حسابی مشین ؛ شمار کنندہ ۔

Calculatory : (a) [L.] حساب سے متعلق ۔

Calculifrage : (n) [F. "Calculifrage"] (طب) سنگ مثانہ کو توڑنے کا آلہ ۔

Calculifragous : (n) سنگ مثانہ توڑنے یا کم کرنے کی دوائیں ۔

Calculist : (n) حساب داں ؛ ریاضی داں ۔

Calculous : (a) [L. "Calculosus"] (۱) پتھریلا ؛ کنکریلا ؛ (۲) حصوی ۔(۳) پتھری کا مریض ۔

Calculus : (n) [L. dim. of "calx"] (۱) (طب) پتھری ؛ سنگ مثانہ ؛ سنگریزہ ۔(۲) (ریاضی) علم الاحصاء ؛ احصاء ؛ حسابیہ ۔

Difference calculus : (n) (ریاضی) تفریق حسابیہ ؛ احصاء فرقی ۔

Differential calculus : (n) تفرقی احصاء (طبیعیات) ؛ تفریقی حسابیہ ؛ تفرقی احصا ۔

Integral calculus : (n) تکملی احصاء (طبیعیات) ؛ اتحادی حسابیہ ۔

Propositional calculus : (n) (فلسفہ و نفسیات) احصاء قضایا ۔

Calculus of differences : (n) (ریاضی) احصاء فرقیات ۔

Caldarium : (n) [L.] رومی حمام ۔

Caldera : (n) [Sp.] (ارضیات) مردہ آتش فشاں پہاڑی کی چوٹی پر کا کڑا نما دہانہ ؛ کاس البرکان ۔

Calean / Callean / Calleoon : (n) [Pers. "qaliyan"] حقہ ۔

Caledonian : (a) [F. "Caledonia"] اسکاتستان کے متعلق ۔

Caledonian : (n) اسکاتستان کا باشندہ ؛ کلدانی ۔

Caledonite : (n) اساسی تانبہ اور جستہ کے سلفیٹ کا بنا ہوا ایک مرکب ۔

Calefacient : (n) [L. "Cale facientem"] گرم کرنےوالا ؛ مولد حرارت ۔

Calefacient : (n) حار دوا ۔

Calefaction : (n) [L. "Calefactionem"] گرمی ؛ حرارت ۔

Calefactor : (n) [L. "Calefacere"] ایک چھوٹا چولہا ۔

Calefactory : (a) [L. "Calefactorius"] گرمی پہنچانے والا ۔

Calefactory : (n) (۱) خانقاہ کا گرم کمرہ ۔ (۲) قیمتی دھات کا ظرف جس میں گرم پانی ہوتا تھا اور جس پر پادری سردی کے دنوں کی عشائے ربانی میں اپنا ہاتھ گرم رکھتے تھے ؛ انگیٹھی ؛ دھات کا گولہ ۔

Calembour : (n) [Fr .] ضلع جگت ۔

Calendal : (a) [L. "Calendae"] رومی تقویم سے مہینہ کی پہلی تاریخ کا یا اس سے متعلق ۔

Calendar : (n) [AF. "Calender"] (۱) نظام تقویم۔ (۲) تقویم ؛ خصوصاً گریگوری جو ۱۷۵۲ء سے انگلستان میں مستعمل ھے ؛ جنتری ؛ پترا ؛ سال نما ؛ سالنامہ ۔ (۳) فہرست ۔ (٤) سیاھہ ؛ رجسٹر یا فہرست (خصوصاً اولیا کی یا دستاویزات کی خلاصہ کے ساتھ مقدمات کی فہرست) ۔ (۵) مسودات قانون ؛ تجاویز وغیرہ کی فہرست ۔ (٦) واقعات اور کاروائیوں کی فہرست ۔

Gregorian calendar : (n) تقویم گریگوری ؛ پوپ گریگوری کی تیار کردہ تقویم جو سن ۱۵۸۲ء میں بنی تھی اور جو بعد میں انگلستان میں ۱۷۵۲ء میں ترمیم کےساتھ رائج کی گئی ۔

Julian calendar : (n) جولیس سیزر کی بنائی ہوئی جنتری جو سن ٤٦ قبل مسیح میں بنی تھی جو آج کل بھی رائج ھے ۔

Calendar : (v) (۱) فہرست بنانا ؛ درج رجسٹر کرنا ۔ (۲) دستاویز کا ترتیب دینا ؛ تجزیہ کرنا ؛ اشاریہ تیار کرنا ۔

Calendar-clock : (n) وہ گھڑی جو دن ، ھفتہ اور مہینہ بتائے ۔

Calendar-day : (n) نصف شب سے نصف شب تک کا وقت ۔

Calendar-month : (n) (۱) شمسی مہینہ ۔ (۲) کسی مہینے کی کسی تاریخ سے دوسرے مہینے کی اسی تاریخ تک کی مدت ۔

Calendar-week : (n) اتوار سے شروع ھوکر سنیچر کو ختم ھونے والا ھفتہ ۔

Calendar-year : (n) شمسی سال ۳٦۵ یا ۳٦٦ کی مدت ۔

Calendarer : (n) فہرست ساز ؛ رجسٹر نویس ۔

Calender : (n) [F. "Calandre"] استری یا کاغذ وغیرہ کو چکنا کرنے اور چمکانے کی ایک مشین ؛ چنٹ ڈالنے کی مشین ؛ استری مشین ۔

Calender : (n) [Pers. "qalandar"] قلندر ۔

Calender : (v) [F. "Calandrer"] استری کرنا ؛ چنٹ ڈالنا؛ گیلھا کرنا ۔

Calenderer : (n) استری کرنے والا ؛ چنٹ ڈالنے والا ۔

Calendry : (n) استری خانہ ۔

Calends / Kalends : (n) [L. "Kalendae"] (۱) رومی جنتری کے حساب سےکسی مہینے کا پہلا دن ؛ غرہ ماہ ۔ (۲) جنتری ؛ تقویم ؛ دستاویز ؛ ریکارڈ ۔

On (at) the greak calends : کبھی نہیں ؛ قیامت تک ۔

Calendula : (n) [dim. of "Calendae"] (۱) گیندے کا پھول ؛ گل اشرفی ۔ (۲) اس پھول کا ٹنکچر جو خون بند کرنے میں کام آتا ھے ۔

Calendulin : (n) [F. "Calendae"] (۱) گیندے سےنکالا ہوا ایک چپچپا مادہ ۔ (۲) زرد رنگ ۔

Calenture : (n) [L. "Calentem"] (۱) ملاحی بخار جس میں سرسامی کیفیت کی وجہ سے سمندر سبزہ زار معلوم ھوتا ھے اور بے اختیار اس میں کود پڑنے کی خواھش ھوتی ھے ۔ (۲) تپ حار ؛ گرم ملکوں کا بخار؛ بخار ؛ زبردست خواھش ۔

Calescent : حرّی ؛ گرم شدید ۔

Calf : (n) [OWS."Cealf"] (۱) بچھڑا ؛ بچھیڑا ؛ بچھیا ؛ باچھا ۔ (۲) بچھڑے کی کھال ۔ (۳) دوسرے جانوروں کے بچے (مثلاً ھرن ، ھاتھی) ۔ (٤) گاؤدی ؛ احمق ؛ بے ضرر شخص ؛ بیل ؛ اللّٰہ میاں کی گائے ۔ (۵) برف کا بہتا ھوا ٹکڑا ۔ (٦) بڑے جزیرے کے نزدیک ایک چھوٹا جزیرہ ۔

Essex calf : (n) Essex کا باشندہ ۔

In calf : (a) (گائے کے لئے) گابھن ۔

Golden calf : (n) زرپرستی (زر کی پوجا) ۔

Moon calf : (n) زربندگی ؛ سامریت ۔

Sea calf : (n) سیل مچھلی ۔

Slip her calf : اسقاط ہونا ؛ گابھ ڈالنا ۔

Calf : (n) [ON."Kalfi"] (۱) پنڈلی ؛ ساق ؛ پھلی ۔ (۲) موزے کی پنڈلی ؛ ساق موزہ ۔

Calf-kill : (n) کوئی پودا جس کا پتا جانوروں کے لئے زہر ہو ۔

Calf-knee : (a) چلنے میں جس کے گھٹنے ٹکرائیں ۔

Calf-lick : (n) پر ۔

Calf-love : (n) طفلانہ محبت ۔

Calf-skin / calves'-skin : (n) (۱) بچھڑے کی کھال ؛ ایک قسم کا چمڑا جو اس سے بنتا ھے ۔ (۲) تیماج ؛ جلدبندی کا چمڑا ۔

Calfhood : (n) بچپنا ؛ بچھڑا پن ؛ بچپن ۔

Calfish : (n) (۱) بچھڑے کی طرح ؛ بچھڑا مانند ۔ (۲) خام ؛ غیر شائستہ ؛ بے وقوف ؛ غیر تربیت یافتہ ؛ بھولا ؛ سادہ لوح ۔

Calfless : (a) بے ساق ؛ بے پنڈلی کا ۔

Calfling : (n) چھوٹا بچھڑا ۔

Calfs : (n) دیکھو Calf-skin

Calf's foot / calves'-foot : (n) (۱) بچھڑے کا پایہ ۔ (۲) ایک قسم کا پودا جو بوٹی کا کام دیتا ھے ۔

Calf's -foot / jelly : (n) یخنی ؛ گوڑی ؛ پایہ ۔

Calf's snout : (n) پھول کی قسم ۔

Calf's teeth : (n) دودھ کے دانت ۔

Calfy : (a) گابھن ۔

Caliban : (n) [APP. a var.of CANNIBAL] انسان بصورت حیوان ؛ حیوان صفت انسان ۔

Calibanism : (n) انسان کی حیوان سیرتی ۔

Caliberating : (کیمیا) پیمانہ بندی کرنا ۔

Caliberation : (n) (کیمیا) پیمانہ بندی ؛ قطرسنجی ۔

Caliberation curve : (n) خم دار قطرسنجی ۔

Caliberator : (n) قطر پیما ۔

Calibogus : (n) [origin unknown] رم ، بیئر اور راب کی مخلوط شراب ۔

Calibrate : (v) [F.CALIBRE+ATE.] قطر معلوم کرنا ؛ کسی نل، نلی وغیرہ کی قطرسنجی کرنا ۔

Calibrated : (a) قطر سنجی کیا ہوا ؛ قطرمعلوم کیا ہوا ؛ پیمانہ بند ۔

Calibre / Caliber : (n) [Arab "qalib"] (۱) توپ یا کسی نلی کا اندرونی قطر ۔ (۲) حیثیت ؛ لیاقت ؛ قابلیت ؛ ذہانت ؛ پایہ ؛ وجاہت ؛ ذاتی صلاحیت یا قابلیت ؛ سیرت کا وزن ؛ استعداد ؛ (جمع میں) طول پیما ؛ پر کار ؛ قطرپیما ۔

Calibre-compass / Calibre-square : (n) اندرونی قطر پیما ۔

Calibre-rule / Calibre-scale : (n) کسی گول چیز کے وزن سے اس کا اندرونی قطر ناپنے کا آلہ ۔

Calibred : (n) ذی اثر ؛ ذی وقعت ؛ صاحب استعداد ۔

Caliburn / Caliburno : (n) [ME.] بادشاہ آرتھر کی تلوار کا نام ۔

Caliche : (n) [L."Calx"] (۱) چلی اور پیرو کی وہ چٹانیں جنمیں سوڈیم نائٹریٹ کا ذخیرہ ہوتا ھے ۔ (۲) کلشیم کاربونیٹ کی وہ تہہ جو پتھر میں زمین کے اندر یا اوپر جمتی ھے ۔

Caliciform / Calyciform : (a) [L."Calicem"] پیالہ نما ۔

Calicinated : (a) پیالہ نما بنا ہوا ۔

Calicle : (n) [L. "Caliculus"] کٹوری نما جسم ؛ کٹوری نما ابھار ۔

Calico : (n) [Calicut , the Indian city] (۱) سادہ سفید سوتی کپڑا ۔ (۲) چھینٹ ؛ چھپا ہوا کپڑا ؛ قلم کار (امریکی) منقش ۔ (۳) دریز (ایک قسم کی چھینٹ) ۔ (٤) پودوں کی ایک بیماری ۔ (٥) چتکبرا جانور ؛ گلدار جانور ۔ (٦) (عامیانہ) لڑکی یا عورت ۔

Calico-ball : (n) وہ ناچ جسمیں سوتی کپڑے پہنے جائیں ۔

Calico-printer : (n) چھینٹ چھپگر ؛ چھپگر ۔

Calico- printing : (n) کپڑے چھاپنے کا فن ۔

Calicular : (a) [L."Caliculus"] کٹوری نما ؛ پیالہ نما ؛ کاسہ نما ۔

Calicularly : (adv) پیالہ نماھونےکی حیثیت سے یا طور سے ۔

Caliculate : [also caliculated] : (a) [L."Caliculus"] کاسہ دار ۔

Calid : (a) [L. "Calidus"] نیم گرم ؛ گرم ؛ بہت گرم ۔

Caliduct : (n) [L."calor"+ductus"] گرمی کو منتقل کرنے کی نلکی ۔

Californium : (n) [NL. " California"+ium] ایک ریڈیائی عنصر جو کیوریم ۲٤۲ کو الفا ذرّات کے دھماکے سے دریافت کیا گیا ۔

Caliginous : (a) [L. "Caliginosus"] دھندلا ؛ ابر آلود ؛ تاریک ؛ کہریلا ؛ غیر واضح ۔

Caliginousity : (n) دھندلا پن ۔

Caligo : (n) [L.] نظر کا دھندلا پن ؛ التہاب نظر ۔

Caligulism : (n) دیوانہ وار نامعقول عمل جو روم کے تیسرے شہنشاہ کیلیگولا کےلئے مناسب تھا ۔

Calililogy : (n) گھونسلوں کا علم ۔

Calin : (n) [Fr.] (تھائی لینڈ) سیام اور ملایا کا کاشن (سوت) جس کی آمیزش سے چینی لوگ چائے کے ظروف بناتے ھیں ۔

Calipash / Callipash : (n) [Perh.W . Indian, of Sp. Carapacha] کچھوے کا چربی دار گوشت (اوپری خول کےنیچے ہلکے ھرے رنگ کا) ۔

Calipee / Callipee : (n) [Perh. as prec.] کچھوے کےنیچے والے خول کے بعد ھلکے زرد رنگ کا چربی دار گوشت ۔

Calipeva / Callipeva : (n) جزائر غرب الھند کی ایک مچھلی ۔

Caliph / Calif : (n) [Arab "Khalifah"] خلیفہ ۔

Caliphate : (n) [Arab " Khalifah"] خلافت ۔

Calisaya : (n) [S. Amer.] کونین کا درخت ۔

Caliver : (n) ایک قدیم دستی بندوق جو بغیر کسی سہارے کے داغی جاتی ھے ۔

Calix : (n) (Pl. Calices) [L.] (تشریح) کٹوری ؛ کاسہ ؛ کٹوری نما عضو یا جوف ؛ کاسہ ؛ پھول کٹوری ۔

Calixtin/-ine :(n) [L. "Calix"] (۱) عیسائیوں کا وہ فرقہ جو عشائے ربانی کی روٹی اور پیالے کو عیسائیوں کی ملکیت سمجھتا ھے ۔ (۲) لوتھر کے عقیدے کے پیشوا جارج کیلیکٹس کے مفاھمتی اور امتزاجی نظریے کا پیرو ۔

Calk : (n) [L. "Calcaneum"] ایسی کیلیں جو جوتے اور گھوڑے کی نعل میں پھسلنے سے روکنے کے لئے لگائی جاتی ھیں ۔

Calk : (v) [L."Calcaneum"] جوتے اور گھوڑے کی نعل میں کیل لگانا ۔

Calk : (v) [It. "Calcare"] کسی نقشے کی نقل اتارنا (اس کی پشت پر رنگ لگا کر) اور تھوتھی نوک سے اس کا خاکہ دوسرے کاغذ پر اتارنا ۔

Calkler : (n) [L."Calcaneum"] (۱) گھڑنعل کے سرے جو نوک دار اور مڑے ھوئے ھوتے ھیں ۔ (۲) نعل ۔ (۳) وہ کیلیں جو جوتے کے تلے میں پائیداری بڑھانے کےلئے لگائی جائیں ۔

Calkin : (n) [MDU."Calcoen"] دیکھو Calkler

Calking : (n) گھڑ نعل کی سرے پر کی نوکدار اور مڑی ھوئی کیل ۔

Calking anvil : (n) وہ نہائی جس پر روک کرکیل لگائی جاتی ھے ۔

Calking tongs : (n) کیلوں کو تیز کرنے کا چمٹا ۔

Call : (v) [Com. Teut.] (۱) چلّانا ؛ چیخنا ؛ زورسے بولنا ۔ (۲) (پرند اورقرنا وغیرہ کی.) مخصوص آواز نکالنا ؛ زفیل دینا ؛ زفیل بجانا ؛ سیٹی بجانا ۔ (۳) چلا اٹھنا ؛ چیخ اٹھنا ۔ (٤) پکارنا ؛ پکار کے کہنا ۔ (٥) تاش میں ترپ بولنا ؛ تاش کے کھیل میں بولی بولنا ؛ پتی دکھلانے کا تقاضا کرنا ۔ (٦) دید یا باز دید کو جانا؛ ملاقات کو جانا ۔ (۷) نام پکارنا ؛ حاضری لینا ۔ (۸) طلب کرنا ؛ بلانا ؛ بلا بھیجنا (کرایہ گاڑی، گواہ ، پردہ گرنے پر ایکٹر کو) ۔ (۹) جگانا ؛ بیدار کرنا ۔ (۱۰) شوق دلانا ؛ تشویق کرنا ؛ دعوت دینا ؛ بلانا ؛ نامزد کرنا ۔ (۱۱) نام ہونا ؛ نام رکھنا (تسمیہ) ؛ نام لےکر پکارنا ؛ مکمل ہونا ؛ پکارا جانا ؛ کہنا ؛ عنوان دینا ۔ (۱۲) سمجھنا ؛ خیال کرنا ۔ (۱۳) گالی دینا ۔ (١٤) ہانکنا ؛ ٹھوکنا ؛ گھسنا ۔

To call a halt : روکنے کےلئے آواز دینا ؛ ٹھہرانا ؛ قیام کرنا ؛ ٹھہرجانا ۔

To call a meeting : جلسہ بلانا ؛ میٹنگ بلانا ۔

To call a spade a spade : حقیقت کااظہار کرنا ؛ دودھ کو دودھ اور پانی کو پانی کہنا ۔

To call a thing one's own : مالک ہونا ۔

To call at : کسی کے مکان پر ملاقات کو جانا ۔

To call attention to : متوجہ کرنا ؛ توجہ دلانا ۔

To call back : واپس بلانا ؛ واپس لانا ؛ واپس لینا ۔

To call cousin : عزیزداری جتانا ؛ رشتہ جوڑنا ۔

To call down : نیچے بلانا ؛ نیچے لانا ؛ دعا یا بددعا کرنا ۔

To call for : مانگنا ؛ طلب کرنا ؛ لےآنا ؛ فرمائش کرنا ۔

To call forth : ظہورمیں لانا ؛ نکلوانا (جواب وغیرہ) ۔

To call for trumps : (تاش میں) رنگ کھیلنے کے لئے شریک کو اشارہ کرنا ۔

To call in : (۱) واپس لینا ۔ (۲) طلب کرنا (ڈاکٹر سے مشورہ وغیرہ) ؛ تقاضا کرنا ۔

To call in question / To call in doubt : اعتراض کرنا ؛ معترض ہونا ؛ شك و شبہ کرنا ۔

To call into being : پیدا کرنا ؛ وجود میں لانا ۔

To call into play : بروئے کار لانا ؛ مقتضی ہونا ۔

To call it a day : کام کو ملتوی کرنا ۔

To call it quits : کوشش ترک کردینا ۔

To call names : دشنام طرازی کرنا ؛ ملامت آمیز کلمات استعمال کرنا ۔

To call off / To call away : بلا لینا ؛ رخ بدل دینا ؛ منعطف کردینا ؛ ہٹانا ۔

To call on : (تاش میں) بولی بولنا ۔

To call on / upon : کسی شخص کی ملاقات کو جانا ؛ خدا کا واسطہ دینا ؛ دہائی دینا ۔

To call one's bluff : کسی کے خالی دعوے یا دھمکی کو چنوتی دینا اور پول کھولنا ۔

To call out : للکارنا ؛ مقابلہ چاہنا ؛ خم ٹھوکنا ؛ مبارزہ طلب کرنا ۔

To call over : (۱) ناموں کی فہرست زور سے پکارنا ۔ (۲) حاضری لینا ۔

To call over : (n) گھڑ دوڑ میں پیشہ ور شرط بازوں کی میٹنگ جس میں دوڑنے والے گھوڑوں کی فہرست وغیرہ بنائی جاتی ہے ۔

To call over the coals : ملامت کرنا ؛ سرزنش کرنا ۔

To call the shorts / To call the tune : مختار ہونا ؛ منتظم ہونا ۔

To call to account : حساب لینا ؛ محسابہ کرنا ؛ مواخذہ کرنا ۔

To call to memory : یاد کرنا ۔

To call to mind : یاد کرنا ؛ ذہن میں لانا ۔

To call to ministry : وزارت کے لئے نامزد کرنا / انتخاب کرنا ۔

To call to (one's) feet / legs : کھڑے ہونے کا حکم دینا (خاص کر تقریر کرنے یا گانے وغیرہ کے لئے) ۔

To call to order : (۱) جلسے کا آغاز کرنا ۔ (۲) خلاف قاعدہ بولنے والے کو تنبیہ کرنا ۔

To call to the bar : پیشہ وکالت کے لئے نامزد کرنا ۔

To call to the colors : فوج میں بھرتی ہونا ۔

To call to witness : گواہ کرنا ؛ گواہ پیش کرنا ؛ بطور گواہ پیش کرنا ۔

To call up : خیال کرنا ؛ من میں لانا ؛ مردے کی روح کو بلانا ؛ یاد کرنا ؛ ذہن میں لانا ؛ تصور کرنا ۔

Call : (n) [Com. Teut.] (۱) بانگ ؛ چیخ ؛ پکار ۔ (۲) پرند وغیرہ کی اصلی آواز ؛ زفیل ؛ زفیل کی نقل اتارنے کا باجا ۔ (۳) بگل ؛ سیٹی ۔ (٤) رسمی ملاقات ۔ (٥) طلب ؛ طلبی ؛ بلاوا ؛ دعوت (خدا ، ضمیر ، ملك و ملت کی طرف سے) ۔ (٦) حاجت ؛ ضرورت ؛ موقع ؛ فرض ۔ (۷) قسط طلبی ۔ (۸) (ساہو کار کا) مقررہ تاریخ پر مال کے دعوے کرنے کا اختیار ۔ (۹) کسی خاص وقت پر جگا دینے کا حکم (ہوٹل وغیرہ میں) ۔ (۱۰) دعوی ۔ (۱۱) پکاری ہوئی چیز ۔ (۱۲) درخواست ۔ (۱۳) حاضری ۔ (١٤) ترپ کی بولی ۔ (۱۵) پیمائش میں اشارہ ۔ (۱٦) ٹیلیفون کی بات چیت ۔ (۱۷) عوام کے گیت کا وہ حصہ جو ایك آدمی گاتا ہے ۔ (۱۸) ٹینس کے کھیل میں نمبر کی دریافت ۔ (۱۹) رقص میں ہدایت ۔ (۲۰) کھیل میں کسی افسر کا فیصلہ ۔ (۲۱) کتوں کی ہمت بڑھانے کے لئے بگل کی آواز ۔ (۲۲) ہانکنا ۔

A call to the bar : وکالت کے لئے نامزدگی ۔

At call / on call : (طلبی کے لئے) ہر وقت تیار ۔

To have the call : مطلوب ہونا ۔

To make a call / To pay a call : گھر جاکر ملاقات کرنا ۔

To have a call : ملنا ۔

Within call : نزدیك ۔

Call back pay : (n) (کامرس ، معاشیات) حاضری تنخواہ ؛ مشاہرہ باز طلبی ۔

Call-bell : (n) اردلی کو بلانے کی گھنٹی ؛ خطرے کی گھنٹی (آگ بجھانے والوں کو بلانے کی) ۔

Call bird : (n) دوسری چڑیوں کو پھنسانے والی چڑیا ۔

Call book : (n) (تجارت و معاشیات) طلب بہی ؛ مانگ بہی ۔

Call box : (n) (۱) ڈاکخانے میں مخصوص بکس ۔ (۲) عوام کے استعمال کا ٹیلی فون ۔

Call boy : (n) (۱) وہ لڑکا جو ایکٹروں کو بلاتا ہے ؛ تھیٹر بچہ ۔ (۲) وہ لڑکا جو جہاز پر کپتان کا حکم انجنیئر تك پہنچاتا ہے ۔ (۳) ہوٹل کا وہ ملازم جو مہمانوں کو پیغام پہنچاتا ہے ۔

Call duck : (n) ایك چھوٹی بط جس کو شکاری دوسری بطوں کو پھانسنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Call for inspection : (انتظامیہ) کال برائے معائنہ ۔

Call girl : (n) ایسی طوائف جس کو ٹیلی فون کے ذریعہ بلایا جاسکے ۔

Call house : (n) وہ مکان جس میں ایسی طوائفیں ملتی ہیں ۔

Call -in -pay / overtime pay / Call back pay : (سماجیات) زائد وقت کی اجرت ؛ (کامرس و معاشیات) حاضری تنخواہ ؛ مشاہرہ باز طلبی ۔

Call letter (n) طلبی حروف ۔

Call-loan : (n) (کامرس) عندالطلب قرضہ ؛ قرض غیر معیاری / موجل ۔

Call-note : (n) چڑیوں کی وہ آواز جس سےوہ اپنے جوارے کو بلاتی ہیں ۔

Call -notice : (n) (معاشیات و تجارت) طلب نوٹس ؛ طلب نامہ ۔

Call pay : (n) (کامرس) حاضری تنخواہ ۔

Call price / redemption price : (n) (کامرس) وقتی قیمت ۔

Call rate : (n) (کامرس) فوری طلب شرح ۔

Call up : (n) طلبی ؛ بلاوا (کسی حاکم کے سامنے) ۔

Calla : (n) [NL. mod. of Gr. "Kallaia"] (۱) دلدلی پودوں کی ایک قسم ۔ (۲) سفید آرم (white Arum) ؛ پاگل شیبوری کا غلط نام، سفید سوسن ۔

Callable : (a) مطالبہ ؛ طلب ؛ پذیر ۔

Callable bond : (n) = (redeemable bond) (معاشیات) مطالبہ بانڈ ؛ عندالطلب بانڈ ۔

Callable preferred stock : (n) (معاشیات و کامرس) طلب پذیر ترجیحی اسٹاک ۔

Callaesthetic / -tics : (n) [Gr. "Kallos+aesthetikos"] Whewell کا تجویز کیا ہوا نام (جمالیات کے لئے) ۔

Callaite : (n) فیروزہ ۔

Callant : (n) [F. "Caland"] لڑکا ۔

Callday / Call night : (n) انگلستان میں قانونی کالجوں میں طلبہ کو اجلاس میں بلانے کا دن یا رات ۔

Called up capital : (n) (کامرس) مطلوبہ اصل ۔

Caller : (n) [See call] (۱) پکارنے والا ۔ (۲) ملاقاتی ؛ ملاقات کرنے والا ۔

Caller : (a) [Sc. form of CALVER] (۱) (اسکاتستان) تازہ ۔ (۲) ٹھنڈا ؛ خوشگوار ۔

Callet : (n) [Perh. MF."Caillette"] (۱) طوائف ۔ (۲) دریدہ دہن عورت ۔

Callet : (v) [Perh. MF. "Caillette"] ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Callety : (a) منہ پھٹ ؛ دریدہ دہن ۔

Callidity : (n) [L. "Calliditetem"] چالاکی ؛ ہوشیاری ۔

Calligraph / Calligrapher / Calligraphist : (n) [Gr.] خطاط ؛ خوش نویس ؛ ماہر خطاطی ؛ خوش خط ۔

Calligraph : (n) [Gr.] خوش خطی ؛ خطاطی ؛ خوش نویسی ۔

Calligraph : (v) خوش خط لکھنا ؛ خطاطی کرنا ۔

Calligraphic/-al : (a) خوش خط ؛ متعلق بہ خطاطی ۔

Calligraphically : (adv) خوش خطی سے ؛ خوش نویسی سے ۔

Calligraphy : (n) [Gr.] خوش نویسی ؛ خوش خطی ؛ خطاطی ۔

Calling : (n) [F. CALL + ING.] (۱) پکار ۔ (۲) حکم الٰہی ؛ امور الٰہی ۔ (۳) پیشہ ؛ کام ؛ دھندا ۔ (٤) کسب ؛ حرفہ ۔ (٥) امر نیک کی توفیق ۔ (٦) کوئی خاص کاروبار کرنےوالے لوگ ؛ پیشہ ور ۔

Calling : (a) [As Prec.] پکارنے والا (خصوصاً جانورکے نام کے ساتھ) ۔

Calling a deck : (شماریات) پتے بتانا ۔

Calling crab : (n) کیکڑے کی ایک قسم ۔

Calling hare : (n) ایک قسم کا خرگوش جس کی آواز عجیب قسم کی ہوتی ہے ۔

Calling tax : (n) (کامرس) پیشہ ورانہ ٹیکس ۔

Calliope : (n) [Gr. "kalliope"] (۱) موسیقی کی دیوی ۔ (۲) ایک قسم کا باجا ۔

Calliper / Caliper : (n) [See CALIBRE] (۱) سرل چاپ ؛ طول پیما ؛ پرکار کی طرح کا ایک آلہ جس سےطول اورقطر کی پیمائش کرتے ہیں ۔ (۲) دمکلہ کا چاپ ۔

Verdier calliper : ورڈیر طول پیما ۔

Calliper : (v) [See CALIBRE] طول پیما یا قطر پیما سے پیمائش کرنا ۔

Calliper square : (n) دوہرا سرل چاپ ؛ قطر پیما ؛ طول پیما؛ قطر پیما سے پیمائش کرنا ۔

Callippic : (a) [Gr. "Kallippos" + - IC] یونان کےہیئت داں کیلیپس کا یا اس سے متعلق یا اس کا ۔

Callipygian : (a) [Gr."kallipygos"] دیدہ زیب سرین والی یا اس سے متعلق ۔

Callis - sand : (n) [F. "Callis", 16 th. c. form of "calais"] ایک باریک سفید ریت جو روشنائی سوکھ وغیرہ کے کام آتی ھے ۔

Callisthenic : (a) [Gr. "Kalli + sthenos"] حسن افزا ورزش سے متعلق ۔

Callisthenics : (n) [F.Prec.] (۱) حسن کے ساتھ طاقت پیدا کرنے کیلئے موزوں زنانہ ورزش ؛ حسن افزا ورزش ۔ (۲) اس ورزش کا فن ۔

Callisthenium : (n) حسن افزا ورزش کرنے کی جگہ ۔

Callithrix / - trix : (n) [L.] برازیل کے چھوٹے بندروں کی ایک قسم ۔

Callitriche : (n) [Gr. "Kallitrichos"] آبی پودوں کی ایک قسم ۔

Callmoney : (n) (کامرس) عندالطلب رقم (قرضہ) : فوری طلب رقم ؛ زرعندالطلب ۔

Calloo / Calaw / Callow : (n) قطب شمالی کی بط کی ایک قسم ۔

Callose : (a) [L."Callosus"] ابھری ھوئی سخت پھنسیوں والا ؛ صلابت دار ۔

Callosity : (n) [L. "Callosite"] (۱) جلد کی صلابت ، سختی اور موٹاپن ۔(۲) ڈھٹا ؛ گھٹا ۔(۳) بے رخی ؛ سنگ دلی ؛ سخت دلی ۔

Callous : (a) [L. "Callum"] (۱) (عضویات ، حیوانیات) سخت (بدن) ؛ صلابت دار ۔(۲) سنگ دلی ؛ بے حس ؛ بے رحم ؛ کٹھور ؛ بے درد ؛ کٹر ؛ شقی القلب ۔

Callous : (v) [L. "Callum"] سخت بنانا ؛ سنگ دل بنانا (صرف Calloused میں) ۔

Callousness : (n) [L. "Callum"] (۱) سنگ دلی ؛ بے رحمی ؛ بے دردی ؛ قساوت ۔ (۲) گھٹا ۔

Callow : (a) [OE. "Calu"] (۱) بے بال و پر ؛ جس کے پر نہ نکلے ھوں ؛ نرم روئیں دار، بے بال و پر ؛ ٹنڈا ۔(۲) خام ؛ ناپختہ کار ؛ ناتجربہ کار۔ (۳) نشیبی دلدل ۔

Callow : (n) (۱) نشیبی اور دلدلی زمین ؛ نشیبی ؛ سیرابی کھیت یا سبزہ زار ۔ (۲) زمین پست کی اوپری تہ ۔

Callowness : (n) بے بال و پری ؛ ناتجربہ کاری ؛ خامی ۔

Callowy : (a) بےبال و پر ؛ نا تجربہ کار ۔

Calls in : مطالبات اقساط ۔

Calls in advance : (کامرس و معاشیات) طلب پیشگی ادائگی ۔

Calls in arrears : (کامرس و معاشیات) بقایا طلب ۔

Callum : (n) [L. "Callous"] (۱) (فعلیات ، اراضیات ، نباتیات)صلابت جلد ۔(۲) وہ ھڈی جو بعد اندمال جڑی ھوئی ھڈیوں کے پاس پیدا ھو جاتی ھے ؛ وشبد (طب) ۔ (۳) احساس کی کمی ؛ بے حسی ۔

Calluna : (n) سنوارنا ؛ سجانا ؛ خوبصورت بنانا ۔

Callus : (n) [L. "Callous"] دیکھو Callum

Calm : (n) [LL. "Cauma"] سکون ؛ اطمینان ؛ دل جمعی ؛ ٹھہراؤ ؛ قرار ؛ آھستگی ؛ آسائش ؛ شانتی ؛ سکوت ؛ خاموشی ؛ متانت ؛ آرام ؛ آرامی ؛ ھیجان یا ھنگامہ سے آزادی ۔

A calm : امس ؛ گھٹن ؛ گھمس ؛ احتباس (ھوا) ۔

Calm : (n) (۱) سانچہ یا چوکھٹا جس میں دھات کی چیزیں ڈھالی جاتی ھیں ۔(۲) کرگھے کا تانا / تانی ۔

Calm : (a) (۱) پرسکون ؛ مطمئن ؛ چپ چاپ ؛ ٹھہرا ھوا ؛ ساکن ؛ ساکت ؛ شانت ؛ دل جمع ؛ خاموش ؛ متین ۔(۲) بالقصد ۔ (۳) بے جھجھک ؛ بے شرم ؛ ڈھیٹ ۔ (٤) گھٹن کا ؛ رمس کا ۔

Calm : (v) (۱) ساکن کرنا ؛ روکنا ؛ بند کرنا ؛ تسکین دینا ؛ تسلّی دینا ؛ مطمئن کرنا ؛ خاموش کرنا ؛ ساکت کردینا ۔

Calm belts : (n) منطقات سکون ؛ ساکن منطقع ۔

Calmant : (n) (۱) مسکّن ۔(۲) مسکّن دوا ۔

Calmative : (n & a) دیکھو Calmant

Calmer : (n) سکون بخشنے والا ؛ تسکین دینے والا ۔

Calmly : (adv) سکون کے ساتھ ؛ نرمی سے ؛ آہستہ سے ؛ ٹھنڈے دل سے ۔

Calmness : (n) [F. CALM] سکون ؛ سکوت ؛ خموشی ؛ قرار ؛ ٹھہراؤ ؛ احتباس ؛ اطمینان ۔

Calms : (n) سکون ؛ ساکن منطقے ۔

Calogram : (n) [Gr. "Kalos"] بحری تار ۔

Calomel : (n) [Gr. "Kalos + melas"] مرکیوریس کلورائڈ جو مسہل ہے ؛ کیلومل ؛ زیبق ؛ رس کپور ؛ جیوہ سفید ۔

Caloresccnce : (n) [F. L. " Calor"] استنارہ ؛ گرمی کے غیر منور پرتو کو منور کرنوں میں تبدیل کردینا ۔

Caloric : (n) [L."Calorem"] حرارت ؛ گرمی ؛ اصول گرمی ؛ کیلوری (کیمیا) ۔

Caloric engine : (n) گرم ہوا سے چلنے والا انجن ؛ گرم ہوا انجن ۔

Caloric theory of heat : (طبیعیات) حرارت کا کلورک نظریہ ۔

Calorically : (adv) حرارت کی طرح ؛ گرمی کی طرح ۔

Caloricity : (n) [F. CALORIC + ITY] (حیاتیات) جاندار چیزوں میں گرمی پیدا کرنے کی وہ صلاحیت جس سے خاص معتدل حرارت قائم رہ سکے۔

Calorìduct : (n) [F. L. "Calorem"] انتقال حرارت کی نالی یا نلکی ۔

Calorie : (n) [L. "Calor"] گرمی کا وہ درجہ جو کلو گرام پانی کی حرارت ایک ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچانے کے لئے ضروری ہو ۔

Average calorie : (طبیعیات) اوسط کلوری۔

Gram calorie : (طبیعیات) گرام کلوری ۔

Kilo calorie : (طبیعیات) کلو کلوری۔

Mean calorie : (طبیعیات) اوسط کلوری۔

Calorifacient / Calorifiant : (a) [L. "Calorifacientem"] مولد حرارت ؛ حرارت زا ۔

Calorific : (a) [L. "Calorificus"] (۱) حرارت بر ۔ (۲) گرمی سے متعلق ۔

Calorific value / Calorific power : (n) (طبیعیات) حرارتی قدر ؛ کلوری قیمت ؛ حرارتی قیمت۔

Calorifically : (adv) حرارت کے ذریعہ ۔

Calorification : (n) [L."Calorificare"] تولید حرارت خاص کر جاندار/ جانوروں کے اجسام میں ؛ محرّر ۔

Calorifics : (n) علم حرارت ۔

Calorifier : (n) ہوا کو گرم کرنے والا ؛ حرارت رساں ۔

Calorify : (v) [L."Calorificohe"] گرمانا ؛ حرارت پہنچانا ۔

Calorimeter : (n) [L. "Calorem" + METER] حرارت پیما ؛ وہ آلہ جس سے حرارت یا حرارت نوعی کی مقدار کا اندازہ کیا جاتا ہے ۔

Adiabatic calorimeter : (طبیعیات) مستقل الحرار کلوری پیما / حرارت پیما ۔

Bomb calorimeter : (طبیعیات) بم کلوری پیما ؛ بم حرارت پیما ۔

Continuous flow calorimeter : (طبیعیات) مسلسل بہاؤ حرارت پیما ۔

Differential calorimeter : طبیعیات) تفرقی حرارت پیما ۔

Ice calorimeter : (طبیعیات) برف حرارت پیما ۔

Micro calorimeter : (طبیعیات) مائیکرو حرارت پیما ۔

Nernest calorimeter : (طبیعیات) نرنسٹ حرارت پیما ۔

Steam calorimeter : (طبیعیات) بھاپ حرارت پیما ۔

Calorimeter jacket : (طبیعیات) حرارت پیما جیکٹ ۔

Calumet : (n) [L. "calamellus"] تمباکو پائپ جو منقش اور پروں سے آراستہ ہوتے ہیں اورامریکی انڈین اسے امن کی علامت کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

To smoke the calumet together : صلح کرلینا ؛ ملاپ کرلینا ۔

Calumniate : (v) [L."Calumniari"] تہمت لگانا ؛ الزام دینا ؛ بدنام کرنا ؛ بہتان باندھنا ؛ افترا باندھنا ۔

Calumniation : (n) بہتان تراش ؛ اتہام ؛ افترا ؛ بدگوئی ۔

Calumniator : (n) بہتان تراشی ؛ مفتری ؛ افترا پرداز ؛ بہتان لگانے والا ۔

Calumniatory : (a) تہمت آمیز ؛ پر افترا ۔

Calumnious : (n) [L."Calumnia "] افتراپرداز؛تہمت انگیز؛ بدگو ؛ مفسد ؛ مفسدانہ ۔

Calumniously : (adv) بطور بہتان ؛ مفسدانہ ؛ مفتریانہ ۔

Calumny : (n) [L. "Calumnia"] تہمت ؛ الزام ؛ افتراء ؛ توہین ؛ بہتان ؛ بدنامی ؛ اتہام ۔

Calvaria / Calvarium : (n) [L. "Calvus"] کنپٹی ؛ کان اور رخساروں کی ہڈیوں کے اوپر کی کھوپڑی کا حصہ ؛ کاسہٴ سر ۔

Calvarial : (a) کنپٹی سے متعلق ۔

Calvary : (n) [L. "Calvaria"] (۱) حضرت عیسیٰ کے صلیب پر چڑھائے جانے کی جگہ ۔ (۲) کھلی جگہ میں چبوترے پر حضرت عیسیٰ کا صلیب پر چڑھایا ہوا مجسمہ ۔ (۳) گرجا میں تصویروں یا مجسموں کا سلسلہ جن میں حضرت عیسیٰ کو صلیب پر چڑھانے کے مناظر دکھائے گئے ہوں ۔ (٤) شدید اذیّت کا تجربہ ۔

Calvary cross : (n) (or cross calvary) (نقابت) تین زمینوں کے ہرم پر بنایا ہوا صلیب کا نشان ۔

Calve : (v) [OE. "cealf", CALF] (۱) بچہ دینا (جانوروں کا) ۔ (۲) برف کی سلیں گرنا ۔

Calved : (a) بچہ دار ؛ بچہ والی ۔

Calorimetric/ -al : متعلق بہ حرارت سنجی ؛ حرارت سنجی کا ۔

Calorimetry : (n) حرارت سنجی ؛ تاپ ناپ ۔

Micro calorimetry : مائیکرو حرارت سنجی ۔

Calorimotor : (n) [L. Calorem+motor] بڑے پتروں والا برقی مورچہ جو حرارت پیدا کرتا ہے ؛ حر موٹر ۔

Calory : (n) حرارہ ؛ کلوری ۔

Calotte : (n) [F. dim. of cale] (۱) پادریوں کی ایک ٹوپی ؛ پادریانہ ٹوپی ؛ ملایانہ ٹوپی ۔ (۲) پرندوں کے سر پر کا کلاہ نما تاج ۔ (۳) کوئی چھوٹی ٹوپی نما چیز ۔ (٤) پیالہ نما تعمیر ۔

Calotype : (n) [Gr. "kalos+typos"] (تصویر کشی) سلور آیوڈائڈ میں کاغذ بھگوکر اور اس پر شعاع گذار کر تصویر اتارنے کا پرانا عمل ۔

Calotype : (v) [Gr.] مندرجہ بالا طریقہ سے تصویر اتارنا ۔

Calotypic : (a) اس طریقہ سےتصویر اتارنے کے متعلق ۔

Calotypist : (n) اس طریقہ پر تصویر اتارنے والا ۔

Caloyer : (n) [Late Gr. "Kalogepos"] سنت بیسل کے سلسلہ کا یونانی پادری ۔

Calpac / Calpack / Kalpack : (n) [Turki. "qalpaq"] (۱) نمدی ٹوپی جو ترکی اور تاتاری استعمال کرتےهیں ۔ (۲) کوئی شرقی ٹوپی ۔

Caltha : (n) [L.] گیندے کے پھول کی ایک قسم ۔

Caltrop / Caltrap : (n) [OE. "Calcatrippe"] (۱) گوکھرو ؛ خنجک ۔ (۲) گھوڑوں کو زخمی کرنے کے لئے لوہے کی خاردار گیند ؛ خسک ۔ (۳) پاگیر ؛ گھوڑوں کے کُھر اورگاڑیوں کے ٹائر خراب کرنے کے لئے دھات سے بنی ایک چھار شاخہ نوکدار چیز ۔

Calumba : (n) [Perh. of African origin] ایک قسم کے افریقی پودے کی جڑ ۔

Calumbin / Calumbic acid : (n) اس پودے کی جڑ کا تلخ عنصر جو مقوی معدہ اور قوت بخش دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Calved : (a) ساق دار -

Calven : (a) بیائی ھوئی ؛ بچہ دی ھوئی -

Calver : (n) بچہ دینے والی گائے -

Calvinian : (a) [L. "Calvinus"] کالوین کے عقائد یا اس سے متعلق یا اس کا پیرو -

Calvinism : (n) (۱) کالوینیت ؛ کاروین نامی فیسیسی کا مشرب - (۲) کالوینیت کی تقلید -

Calvinist : (n) کالوین کا معتقد ؛ کالوینی ؛ کالوین کا پیرو -

Calvinistic : (a) متعلق بہ کالوینیت ؛ کالوین کے مشرب کا پیرو -

Calvinistical : (a) کالوینیی -

Calvinistically : (adv) کالوینیت کے طریقہ پر -

Calvinize : (v) (۱) کالوینی بنانا - (۲) کالوینیت کی تعلیم دینا - (۳) کالوینیت کی تبلیغ کرنا -

Calvish : (a) [CALF + ISH] گاؤدی ؛ بچھڑے کے مانند ؛ احمق -

Calvities : (n) گنجاپن -

Calvo clause : (n) (تاریخ) کلیوو دفعہ -

Calx : (n) [L. "Calx"] (۱) دھات کا کشتہ ؛ پھکی ھوئی دھات ؛ بھسم شدہ دھات - (۲) (فٹبال) گولی کے پاس کی لکیر -

Calybite : (n) [Gr. "kalybe"] جھونپڑی میں بسر کرنے والے پرانے زمانے کے اولیاء میں سے ایک -

Calycanthus : (n) [Gr. "Kalyk + anthos"] امریکی جھاڑیوں کی ایک چھوٹی ذات ؛ خوشبو دار چھال ؛ ارغوان یا سرخ پھول -

Calycifloral : (a) [L. "Calycem" (calyx) +"floren"] وہ پھول جسمیں حامل زر اور پنکھڑیاں مسند گل کے اندر گھسے ھوں -

Calyciform : (a) [As Prec.] مسندگل یا کاسہء گل کی مانند ؛ کاسہ شکل -

Calycinal / Calycinar : (a) [As prec.] مسندی -

Calycine : (a) [As prec.] مسندی ؛ کلائی -

Calycle : (n) [L. "Calyculus"] (نباتیات) بیرونی مسند ؛ مسند زائد -

Calycular : (a) بیرونی مسند کےمتعلق ؛ بیرونی مسند بنانے والا -

Calyculate : (a) بیرونی مسند والا -

Calyon : (n) [ME.] چقماق یا سنگریزہ -

Calyptra : (n) [Gr. "Kalyptra"] کلاہ نما غلاف ؛ برقعہ -

Calyptrate : (a) کلاہ نما غلاف والا ؛ برقعہ دار -

Calyptriform : (a) برقعہ نما ؛ کلاہ نما غلاف کی شکل -

Calyptrogen : (n) پودے کے سب سے نئے ریشہ دار منقسم کا باھری حصہ ؛ ٹوپ زا -

Calyx : (n) (Pl. Calyces) [Gr. "kalyx"] مسند گل ؛ کاسہء گل ؛ پھول کٹوری ؛ کماسہ -

Cam / Camb / Camm : (n) [Du."Kam"] کیم ؛ پہیے کا نکلا ھوا حصہ (دندانے دار ھو یا بے دانے کا) جس سےدائروی حرکت کو دوسری حرکت میں تبدیل کرسکیں -

Cam : (n) [Sc. "Kame"] ماھی پشت ؛ مٹی کا ٹیلا ؛ وہ پشتہ جس پر احاطے کی جھاڑی لگی ھو یا اس قسم کی کوئی دوسری چیز-

Cam : (a & adv) [Welsh."Cam"] کج ؛ مڑا تڑا ؛ کج رو ؛ گمراہ -

Cam-wood : (n) [Tenna. "Kam"] کمبی لکڑی ؛ مغربی افریقہ میں ایک سرخ اور سخت لکڑی جس سے رنگ نکلتا ھے -

Camaieu : (n) [F. See CAMEO] مصوری کا طریقہ جس میں ایک رنگ استعمال کرتےھیں -

Camail : (n) [F. Cap + mail] حلقہ دار زرہ کا وہ حصہ جو گردن اور بازوؤں کی حفاظت کرے ؛ رومن کیتھولک پادریوں کی ایک ٹوپی آرائش کی ؛ وہ بلو یا ارغوانی چیز جو اسقف اپنے جبہ پر پہنتا ھے -

Camailed : (a) اس قسم کا لباس پہنے ہوئے ۔

Camaldolite / Cameldulite /-dulian : (n) [It. Camaldoli, monastery in S. Italy.] اس مذہبی سلسلہ کا رکن (جس میں لوگ ننگے پاؤں رہتے ہیں) جس کو سینٹ Romuald نے Camaldoli میں قائم کیا تھا ۔

Camara : (n) ایک سخت اور مضبوط لکڑی ۔

Camara : (n) [Gr. "Kamara"] پھل کا ایک خلیہ ؛ بقچہٴ گل ؛ درخت کی سخت لکڑی ۔

Camaraderie : (n) [F. "Camarade"] بے تکلفی ؛ ملنساری ؛ اعتماد باہمی ۔

Camarilla : (n) [Sp. dim. of "camara"] خلوت خانہ ؛ خفیہ جماعت یا جتھا ۔

Camas /Camash /Cammas : (n) ایک سوسن نما پودا جس کی گٹھلی کو امریکی انڈین غذا کے طور پر کھاتے ہیں ۔

Camber : (n) [F. "Cambrer "] کسی اوپری سطح کا محدب جیسے عرشہ جہاز یا شہتیر کا محدب ؛ خم دار شہتیر ؛ ایک چپٹی محراب ؛ محدب کڑی ۔

Camber : (v) ذرا خم دار بنانا ؛ محدب کرنا ؛ شہتیر وغیرہ کو اوپر کی طرف موڑنا اس طرح کہ سروں کی بہ نسبت مرکزی حصہ اونچا ہوجائے ۔

Camber-beam : (n) محدب شہتیر ۔

Camber-ship : (n) تختے کا وہ حصہ جو ایک طرف یا دونوں طرف محدب بنایا گیا ہو اور جو رول کی طرح استعمال ہو ۔

Camberwell beauty : (n) [F. Camberwell, London] تتلی کی ایک قسم ۔

Cambial : (a) [L. "Cambium"] (۱) تجارتی صرافہ سے متعلق ۔ (۲) گرہ دار درختوں کی چھال کے نیچے خانہ دار رگ سے متعلق ؛ فارقہ سے متعلق ؛ برساپرت سے متعلق ۔

Cambiform : (a) [CAMBIUM + FORM] برساپرت کی شکل کا یا مانند ؛ نوزا شکل ۔

Cambio : (n) [L. "Cambium"] (۱) ہنڈی ۔ (۲) صرافہ ۔

Cambism : (n) [F. "Cambiste"] صرافہ کا کاروبار ؛ نظریہٴ مبادلہ ۔

Cambist : (n) [F. "Cambiste"] (۱) ہنڈی کا بیوپاری ؛ مہاجن ؛ صراف ۔ (۲) (معاشیات) ماہر مبادلات ؛ کتاب مبادلات ۔

Cambistry : (n) ہنڈی کا کاروبار ؛ صرافہ کا کاروبار ؛ زرمبادلہ کا کاروبار ۔

Cambium : (n) [LL. "Cambium"] برساپرت ؛ فارقہ ؛ گرہ دار درختوں کی چھال کے نیچے خانہ دار رگ جہاں سالانہ چھال ، پرت بنتی ہے ۔

Cambrel : (n) [F. "Cambrer"] (۱) لکڑی یا لوہے کا کانٹا جس سے قصاب جانوروں کو ذبح کے بعد کھال اتارنے کے لئےلٹکاتے ہیں ؛ کانٹا ؛ آنکڑا ۔ (۲) گھوڑے کی پچھلی ٹانگ کے اوپری حصہ کا خم ۔

Cambresine / Cambrasine : (n) [F.] Camray کا باریک کتان ۔

Cambrian : (n) [O Welsh. "Cymry"] ویلس کا باشندہ ۔

Cambrian : (a) ویلس سے متعلق ؛ (ارضیات) Palaeozovic یا عہد اول کے چٹان کے متعلق جو ویلس اور کیمبر لینڈ میں سیلورین کے نیچے پائے جاتے ہیں ۔

Cambric : (n) [L. "Camaracum"] مہین سوتی سفید کپڑا ؛ (یا اس کپڑے کا) رومال (منسوب بہ شہر کیمبرے) ۔

Cambridge equation : (n) (کامرس) کیمرج مساوات ۔

Cambridge school : (n) (کامرس) کیمرج اسکول ۔

Came : (n) [See CALM] جالی دار کھڑکیوں میں شیشہ لگانے کے لئے گھاٹی دار سیسے کی سلاخ ۔

Camel : (n) [L. "Camelus"] (۱) اونٹ ؛ شتر ۔ (۲) (مجازاً) نا قابل قبول بات ؛ نا قابل یقین بات ۔ (۳) عظیم الجثہ بےہنگم شخص ؛ بہت طاقت ورشخص ۔ (٤) مشین جس سے جہازوں کو اتھلے پانی میں تیراتے ہیں ؛ شترہ ۔

Camel bird : (n) شتر مرغ ۔

Camel brown : (n) چارا جو بنسی میں لگاتے ہیں ۔

Camel cade : (n) اونٹ سواروں کی ایک قطار۔

Camel dom : (n) اونٹوں کا علاقہ ۔

Camel engine : (n) شترہ ۔

Camel gut : (n) اونٹ کا خشک رودا جو آلات موسیقی کے بنانے میں کام آتا ہے ۔

Camel hair : (n) [or camel's hair] (۱) اونٹ کے بالوں کا (گلہری کی دم کا) بنا ہوا مو قلم ۔ (۲) اونٹ کے بالوں کا بنا ہوا کپڑا یا اس کے بالوں اور اون کا بنا ہوا کپڑا ۔

Camel insect : (n) جھینگر کی قسم کا ایک کیڑا جس کی چھاتی زرا چوڑی ہوتی ہے ۔

Camel kneed : (a) سخت گھٹنوں والا ۔

Camel locust : (n) دیکھو Camel insect

Camel thorn : (n) چپچپے رس والا پودا ۔

Camel tree : (n) ببول ۔

Camel yarn : (n) انگورہ کے بکرے کی اون کا تاگا ۔

Cameleer : (n) (۱) شتربان ؛ ساربان ۔ (۲) شتر سوار سپاہی ۔

Cameline : (a) اونٹ یا اونٹوں سے متعلق ۔

Cameline : (n) [L. "Camelinum"] اونٹ کے بالوں کا بنا ہوا کپڑا ۔

Cameline : (n) [F.] شلغمہ پودوں کی ایک قسم ۔

Camelish : (a) ضدی ؛ ہٹی ؛ اونٹ کی مانند ۔

Camelishness : (n) ضدی پن ؛ ہٹ ؛ ضد ۔

Camellia : (n) [After "kamel"] چین اور جاپان کی ایک سدا بہار جھاڑی۔

Camelopard : (n) [L. Camelopordus"] (۱) زرافہ ؛ شتر گاؤ ۔ (۲) فرساؤس ؛ کوکبتہ الزراف ؛ رب اکبر اور ذات الکرسی کے مابین واقع ستاروں کا ایک مجموعہ ۔

Camelopardel : (n) (نقابت) خاندانی نقابت کی ڈھال کا ایک نشان جس کی شکل زرافہ کی اور جس کے سینگ پہاڑی بکرے جیسے ہوتے ہیں ۔

Camelry : (n) ["Camel + ry"] (۱) شتر سوار فوج ۔ (۲) شتر خانہ ۔

Camembert : (n) (or camembert cheese) [F. "Camembert"] نرم عمدہ نارمن پنیر ۔

Camenes : (n) منطق کی ایک شکل یاد کرانے کے لئے ۔

Cameo : (n) [med. L. "Cammaeus"] (۱) پتھر کا ابھرواں کام جس کی زمین رنگین ہو ؛ سنگینی خاتم کاری ۔ (۲) کوئی مختصر تحریر یا تمثیل جو کسی کردار، واقعہ یا مقام کو نمایاں کرے ۔

Camera : (n) [L. "Camera"] (۱) جج کا کمرہ ۔ (۲) مجلس قانون ساز ۔ (۳) پوپ کی عدالت کا ایک شعبہ ۔ (٤) فوٹوگرافی کا کیمرا ؛ عکس آلہ ۔

In camera : جج کی خلوت گاہ میں نہ کہ کھلی عدالت میں ؛ خلوت میں ؛ راز میں ؛ تخلیہ میں ۔

Meeting in camera : (تاریخ) خفیہ میٹنگ ؛ بند اجلاس ؛ (انتظامیہ) بند میٹنگ ۔

On camera : ٹیلی ویژن کے کیمرے کے سامنے (جس وقت تصویر اتاری جارہی ہو) ۔

Camera obscura : (n) تاریک کیمرہ ؛ تاریک عکاسہ ۔

Cameral : (a) [med. L. " Cameralis"] (۱) قانون ساز مجلس یا جج کےاجلاس/عدالت سے متعلق ۔ (۲) جرمنی کے سرکاری مالیات سے متعلق ۔

Cameralucida : (n) روشن عکاسہ ۔

Cameronian : (a) [After Cameron] (۱) رچارڈ کیمرن یا اس کےاصول سے متعلق ؛ کیمرونی ؛ کیمرونیا ۔ (۲) رچارڈ کیمرون یا اس کے اصول کا پیرو ۔ (۳) (اسکاٹش) رائفل فوج کا ایک دستہ ۔

Camerostome : (n) قبتہ دہن ۔

Camestres : (n) منطق کی ایک شکل یاد رکھنے والا نام ۔

Cami-knickers : (n) عورتوں کا ایک پارچہ کا بنا ہوا زیر جامہ ۔

Camise / Camiss : (n) [Arab "qamis"] قمیض ۔

Camisole : (n) [Sp. dim.of "camisa "] (۱) عورتوں کی پہننے کی ڈھیلی چولی ۔ (۲) مختلف قسم کا جیکٹ ۔

Camister : (n) کشیش ۔

Camlet : (n) [Arab "Khamlat"] اونٹ کے بال اور اون کا بنا ہوا کپڑا ؛ مخمل ؛ اون اور ریشم کا بنا ہوا کپڑا ۔

Camlet : (v) کپڑے کو لہردار بنانا ؛ لہر دار بنانا ۔

Camleteen / Camletine : (n) بنے ہوئے تاگے کا کپڑا ؛ نقلی مخمل ۔

Camleting : (n) خام جنس جس سے مخمل بنتا ہے ۔

Cammed : (n) کج رو ؛ گمراہ ۔

Cammock : (n) [OE. "Cammoc"] زرد پھول والے پودے ۔

Cammock / Cambock : (n) [LL." Cambuca"] (۱) خم دار چھڑی یا ڈنڈا؛ خصوصاً ہاکی کا بلاّ ۔ (۲) لکڑی کا خم دار حصہ ۔

Camomile / Cham- : (n) [L. "chamomilla"] بابونہ ؛ بابونہ کی قسم کے پودے ۔

Camomile tea : (n) پھولوں کا خساندہ ۔

Camorra : (n) [It.] (۱) ایک قسم کی فراک یا بلاؤز ۔ (۲) نیپل وغیرہ میں خفیہ جماعت (فسادیوں کی) ؛ (سماجیات) کیمورا (ایک خفیہ جرائم پیشہ تنظیم) ۔

Camorrism : (n) تراج ؛ بدامنی ؛ لا قانونیت ۔

Camorrist : (n) بدمعاشوں کی خفیہ جماعت کا ایک رکن ۔

Camouflage : (n) [Fr. "Camouflet"] (۱) تبدیل ہئیت (جنگ کے زمانے میں توپ وغیرہ کی بینٹ یا دھواں وغیرہ کے ذریعہ) ۔ (۲) (تاریخ) نظر فریبی ۔ (۳) ماحولی رنگت۔

Camouflage : (v) ہئیت تبدیل کرنا ؛ چھپانا ؛ مغالطہ میں ڈالنا ۔

Camp : (n) = (Camp ball) [L. "Campus"] فٹ بال کھیل کی قدیمی شکل جس میں بہت سارے کھلاڑی ہوا کرتے تھے ۔

Camp : (n) [L. "Campus"] (۱) چھاؤنی ؛ پڑاؤ ؛ کیمپ ؛ ڈیرہ ؛ لشکر گاہ ؛ خیمہ ؛ اردو ۔ (۲) فوج ؛ عسکر ؛ لشکر (پڑاؤ میں) ۔ (۳) فوجی زندگی ۔ (٤) خانہ بدوشوں ، بنجاروں اور مسافروں کی عارضی قیام گاہ ؛ پڑاؤ ۔ (٥) جھیل یا کوہستانی علاقوں میں خیمہ گاہ جہاں بچےتفریح یا آرام کرنے کے لئے گرمیوں میں اقامت کرتےہیں ؛ خیمہ گاہ ۔ (٦) اشخاص کی انجمن یا جماعت جو کسی خاص نظریے کی حمایت یا اشاعت کرتی ہے ۔ (۷) خیمہ بردوش سفر شکار وغیرہ کے لئے ۔ (۸) ایک بڑا میدان جو عموماً چراگاہ کے لئےاستعمال ہوتا ہے ۔

Camp : (n) آلو اور شلغم کا کھلے میدان میں مخروطی ڈھیر جو پیال اور مٹی سے چھپا ہوا ہو اور اسے جاڑے میں استعمال کرنے کی غرض سے رکھا گیا ہو ۔

Camp : (v) [OE. "Campian"] (۱) مقابلہ میں حصہ لینا خاص کر کیمپ بال میں ۔ (۲) جھڑکنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Camp : (v) [F. "Camper"] پڑاؤ ڈالنا ؛ کیمپ لگانا ؛ خیمہ زن ہونا ؛ لشکر ڈالنا ؛ چھاؤنی ڈالنا ؛ خیمہ میں رہنا ؛ کیمپ میں جگہ دینا ، رہنا ؛ بیٹھنا ؛ دھرنا دینا ؛ سونا ؛ آرام کرنا ۔

Camp bed / Camp bedstead : (n) سفری پلنگ ۔

Camp Bell's theorem : (n) (شماریات) کیمپ بل مسئلہ ۔

Camp chair : (n) سفری کرسی ۔

Camp colour : (n) خیموں کی نشان دہی کے لئے جھنڈا ؛ خیامی جھنڈا ؛ پڑاؤ جھنڈا ۔

Camp commandant : (n) (انتظامیہ) کیمپ کمانڈنٹ ۔

Camp cot : (n) سفری کھاٹ ۔

Camp fever : (n) ٹائیفائڈ ؛ وبائی بخار جو خیمہ گاہ میں پھیل جائے خصوصاً ٹائی فائیڈ وغیرہ ؛ تپ اردو ۔

Camp fighting : (n) لڑ کر مقدمے کا فیصلہ ۔

Camp fire : (n) الاؤ ؛ خیمہ گاہ میں روشن کی ہوئی آگ خصوصاً فوج کا تفریحی اجتماع ۔

Camp fire girl : (n) سات سے اٹھارہ سال کی لڑکیوں کی ایسی قومی انجمن کی ایک رکن جو تفریحی کاموں کےعلاوہ ذمہ دار شہریت اور مختلف ہنرمندیوں کے اکتساب میں معاون ہو ۔

Camp follower : (n) (۱) بہیر ؛ طوائف ۔
(۲) کوئی شہری جو فوجی دستوں کے نزدیک اقامت اختیار کرتا رہے (ان کی خدمت کرنے کے لئے یا فائدہ اٹھانے کے لئے خصوصاً طوائف) ۔
(۳) کوئی شاگرد یا مقلد جو ذاتی مفاد کے لئے پیرو ہوتا ہے ۔

Camp furniture / - seat / -stool : سفری فرنیچر ؛ تپائی ۔

Camp-meeting : (n) امریکہ میں کھلے میدان یا خیموں میں مذہبی جلسہ جو کئی دنوں تک رہتا ہے ؛ زیر سما جلسہ ؛ میدانی جلسہ ۔

Camp Meidell inequality : (n) (شماریات) کیمپ میڈل نامساوات ۔

Camp officer : (n) (انتظامیہ) کیمپ آفیسر ۔

Camp-shot : (n) کسی ندی کے کنارے یا پشتے پر تختوں اور کھمبوں کی ایک باڑ ؛ تختوں یا مٹی کا بند ۔

Camp-shot : (v) پانی روکنے کے لئے بند باندھنا ۔

Campagna / Compagnia : (n) [L. "Campania"] اٹلی میں دریائے ٹیبر کے جنوب میں مشرق کا میدان کمپانیا ۔

Campagnol : (n) [F. " Campagne"] چھوٹی دم والا میدانی چوہا ۔

Campaign : (n) [It. "Campagna"] (۱) جنگ ؛ مہم ؛ کارزار ؛ رزم ؛ پیکار ؛ لڑائی ؛ معرکہ ۔
(۲) تنظیمی جدوجہد؛ باقاعدہ جدو جہد خصوصاً کسی سیاسی مسلک کے لئے لوگوں کو ابھارنے کی کوشش ؛ وہ مدت جس کے دوران بھٹی لگاتار کام کرتی رہتی ہے ؛ فوجی مہم کی مانند کوئی کارروائی ۔

Campaign : (a) (۱) کھلے میدان سے متعلق ۔
(۲) فوجی مہم سے متعلق ۔

Campaign : (v) مہم میں شریک ہونا ؛ جدو جہد میں حصہ لینا ؛ فوجی کارروائی میں حصہ لینا یا جانا ۔

Plan of campaign : آئرستان میں سن ۱۸۸۶ء میں مکان داروں کو کرایہ کم کرنے پر مجبور کرنے کی کوشش ۔

Campaigner : (n) مہم میں حصہ لینے والا ؛ فوجی کارروائی میں حصہ لینے والا ۔

Campana : (n) [Late L.] (۱) گرجا کا گھنٹہ ؛ جرسیہ ۔
(۲) ایک پودا جس میں گھنٹی کی شکل کے ارغوانی پھول لگتے ہیں ۔
(۳) (تعمیرات) نقطوں کی قطار بطور آرائش کے ۔

Campanal : (a) گھنٹی نما پھولوں والے پودوں پر مشتمل ۔

Campane : (n) [L. "Campana"] (نقابت) خاندانی نشان بشکل گھنٹہ ۔

Campaned : (a) گھنٹی دار ۔

Campanero : (n) [Sp.] جنوبی افریقہ کی ایک چڑیا جس کی آواز گھنٹی کی طرح بلند ہوتی ہے ؛ جرسی پرندہ ۔

Campaniform : (a) [L. "Campana"] گھنٹی نما ؛ جرسی شکل ؛ قبہ نما ۔

Campanile : (n) [It.] گھنٹہ گھر ؛ گھنٹہ مینار ؛ مینار جرس ۔

Campaniliform : (a) گھنٹہ گھر نما ؛ گھنٹہ مینار کی شکل کا ۔

Campanilla : (n) [Sp. dim. of "campana"] جزائر غرب الہند کا ایک قسم کا پودا جسکے پھول سفید اور گلابی ہوتے ہیں ۔

Campanist : (n) [ML. "Campaniste"] گھنٹی سازی کا ماہر ؛ جرسیاتی ؛ اجراس داں ۔

Campanologer / Campanologist : (n) ماہر جرسیات ۔

Campanological : (a) جرسیہ یا جرسیانہ ؛ جرسیاتی ۔

Campanology : (n) [mod. L. "Campanologia"]
(۱) علم الاجراس ؛ جرسیات ۔
(۲) جرس بجانے کا علم ۔

Campanula : (n) [mod. L. dim. of "campana"] ایک قسم کا پودا جسکے پھول گھنٹی کی شکل کے (عموماً نیلے یا سفید) ہوتے ہیں ؛ گھنٹی نما پھول ؛ جرسی پودا ۔

Campanulaceous : (a) گھنٹی نما ؛ جرسی ۔

Campanular : (a) گھنٹی کی شکل کا ۔

Campanularia : (n) (حیوانیات) مرجانی حیوان نباتی کی ایک قسم جس کے کثیر یا خلیے گھنٹی نما ہوتے ہیں اور لمبی لمبی ٹانگوں پر سہارا لئے رہتے ہیں ۔

Campanulate / Campanulated / Campanulous : (a) [L. " Com panula"] (نباتیات و حیوانیات) گھنٹی نما ؛ گھنٹی کی شکل کا ؛ جرسی نما ؛ جرسی ۔

Campeachy wood : (n) امریکہ کا ایک درخت جو رنگ کے کام آتا ہے ؛ بکم ؛ بقم ؛ سرخ لکڑی ۔

Campement : (n) [Fr.] فوج کا وہ دستہ جس کا کام فوج آنے سے پہلے زمین کو خیمہ گاہ کے لئے منتخب کرنا ہے ۔

Camper : (n) [F. CAMP] خیمے میں رہنے والا ؛ خیمہ گاہ میں جانے والا ۔

Campestral : (a) [L. "Campestris"] (۱) دیہاتی ۔ (۲) میدان میں اگنے والا ؛ میدانی کشت زاری ۔

Camph : [abbr. of CAMPHOR] کیمفر کا مخفف جس کے ذریعہ اس مادہ سے بننے والی چیزوں کے نام لکھےجاتے ہیں ۔

Camphene : (n) ایک بے رنگ تارپین ($C_{10}H_{16}$) ۔

Camphine : (n) تارپین کا تیل یا الکحل اور تارپین کے تیل کا مخلوط ۔

Camphogen : (n) ہائیڈرو کاربن ($C_{10}H_{14}$) ۔

Camphol : (n) کافور کے درخت سے حاصل شدہ عضویاتی مرکبات ۔

Campholic acid : (n) کیمفولک ایسڈ ($C_{10}H_{18}O_2$) ۔

Camphor : (n) [Arab " Kafur"] کافور ؛ کپور ۔

Camphoraceous : (a) کافوری ۔

Camphorate : (n) [See next] کافوری تیزاب کا نمک ۔

Camphorate : (v) [med. L. "Camphoratus"] کافور سے بھرنا یا بسانا ۔

Camphoric : (a) کافوری ۔

Camphorous : (a) =(Camphoraceous) کافوری ۔

Camphoroxime : (n) (کیمیا) کیمفرو کسیم ۔

Camphory : (a) =(Camphoraceous) کافوری ۔

Camphyle : (n) کیمفل ($C_{10}H_{17}$) کا جزو مستقل (Radical) ۔

Camphylic : (a) کیمفلک ، کیمفل سے متعلق ۔

Camping : (n) خیمہ زنی ۔

Camping site : (n) پڑاؤ کی جگہ ؛ خیمہ گاہ ۔

Campion : (n) [Fr. " Campagnon "] پھولدار پودوں کی ایک قسم ۔

Campish : (a) [F. CAMP] خیمہ گاہ کا لطف ۔

Cample : (v) غصہ سے جواب دینا ؛ جھگڑنا ۔

Campless : (n) بے خیمہ ۔

Campo : (n) جنوبی امریکہ کا سبزہ زار ۔

Campodia : (n) جنس سرخہ ؛ جنس خار دم ۔

Campoo : (n) [Pg. "Campo"] کیمپ ۔

Camporee : (n) بوائے اسکاؤٹ یا گرل اسکاؤٹ کا ایک اجتماع ۔

Campshedding / - sheeting : (n) دیکھو Camp shot

Camptonite : (n) [Gr."Campton"] (کیمیا) کیمپٹونائٹ ۔

Campus : (n) [L. "Campus"] (۱) کسی اسکول ، کالج یا جامعہ کا میدان اور عمارت ۔ (۲) علمی دنیا ؛ کسی اسکول یا کالج کا تعلیمی ، سماجی ، تفریحی اور روحانی لحاظ سے وجود ۔

Campus : (v) کالج کے احاطہ اور خواب گاہ میں مقررہ وقت تک رہنے کی سزا دینا ۔

Campwards : (adv) سوئے خیمہ ؛ خیمہ کی طرف ۔

Campylo- : (comb) (نباتیات) میں بطور جزو ترکیبی بمعنی خمیدہ ۔

Campylospermous : (a) [Gr. "Kampylos+sperma-" ous] بقچہٴ گل کے متعلق ؛ خمید تخمی ۔

Campylotropous / - tropal : (a) خمیدہ رخ ؛ سرنگوں ؛ ساجد ۔

Camsteary : (a) [Sc & E "Cam" +Sc. Steery] ضدی ؛ کج رو ؛ ھٹّی ۔

Camstone : (n) [Sc. "Cam+stone"] مٹی میں ملا ھوا ؛ چونا جس سے چولھا وغیرہ لیپتے ھیں ۔

Camus : (a) [Var. of CAMIS] (١) (ناک کے لئے) چھوٹی چپٹی معقرناک ۔(٢) ایسی ناک والا ۔

Can : (n) [WGer. "Kanna"] (١) رقیق چیزوں کے لئے برتن عموماً دھات کا جس کے اوپر پکڑنے کا دستہ ھوتا ھے ؛ ڈونگا ؛ بالٹی ؛ ڈولچہ ۔ (٢) مٹی یا دھات کا تلوا جو چمنی کی چھت کے اوپر کے حصے پر لگا رھتا ھے ۔ (٣) (اسکاٹ لینڈ) ایک پیمانہ ۔(٤) ٹن کا وہ برتن جس میں پھل، مچھلی وغیرہ ھوا بستہ کر کے محفوظ کرتے ھیں ۔ (٥) (عامیانہ) جیل ۔(٦) (عامیانہ) بیت الخلا ۔ (٧) (عامیانہ) سرین ؛ چوتڑ ۔(٨) مقررہ گھرائی میں پھٹنے والا بم (آبدوز کو ڈبانے کےلئے) ۔(٩) تباہ کن جہاز ؛ تارپیڈو جہاز ۔

In the can : نمائش کےلئے ترتیب دی ھوئی تیار فلم ۔

Can : (a & v) (١) سکنا ؛ قابل ھونا ؛ لائق ھونا ؛ ممکن ھونا ؛ مجاز ھونا ؛ ھوسکنا ۔ (٢) جاننا ؛ سمجھنا ۔

Can : (v) (١) ڈولچہ میں بند کرنا ؛ (گوشت مچھلی وغیرہ) ھوا بستہ ڈبے میں محفوظ کرنے کےلئے بند کرنا ۔(٢) گولف بال کو سوراخ مین گرانا ۔(٣) (عامیانہ) برطرف کرنا ؛ ختم کرنا ؛ نکال دینا (اسکول وغیرہ سے) ؛ مکمل طور پر گھیرلینا ۔(٤) ٹیپ ریکارڈ یا گراموفون کی ڈسک پر محفوظ کرلینا ۔

Can-dock : (n) [CAN+DOCK] ۔ زرد یا سفید للی (نیلو فر)

Can-hook : (n) چھوٹارسّا یا زنجیر جس کی دونوں جانب چپٹے کانٹے ھوتے ھیں (پہیوں وغیرہ کو لٹکانے کے لئے) ۔

Canaan : (n) [Heb. "kenaan"] ارض موعودہ ؛ فردوس ؛ جنت ؛ فلسطین کا پرانا نام ؛ کنعان ۔

Canaanite : (n) (١) ارض موعودہ کا باشندہ ۔(٢) فلسطین کے بنی اسرائیل (پہلے باشندے) ۔ (٣) یھودیوں کا ایک فرقہ جو رومیوں کے شدید طور پر خلاف تھا ؛ متعصب ؛ کٹّر ۔

Canaanite : (n) (Pyroxene) پائیروکسین کی ایک قسم جو کنعان میں پائی جاتی ھے ۔

Canaanitic / Canaanitish : (a) ارض موعودہ کے باشندے کی طرح ؛ کنعانی ۔

Canada : (n) کناڈا ۔

Canada : (n) وادی ؛ جھرنا ؛ ندی ۔

Canada balsam : (n) کناڈا بلسان ۔

Canada rice : (n) کناڈا رائس ۔

Canada turpentive : (n) بلسان ۔

Canadian : (a) (١) کناڈی ۔(٢) کناڈا کا باشندہ ۔

Canadianism : (n) (١) کناڈیوں کی امتیازی خصوصیت ۔ (٢) کناڈا سے وفاداری یا کناڈی ھونے پر فخر ۔

Canadianize : (v) کناڈی بنانا ؛ کناڈا کا باشندہ بنانا ۔

Canaille : (n) [L. "Canis"] ارذل ؛ عوام ؛ نیچ ذات والے ؛ عوام کالانعام ؛ بھیڑ ۔

Canal : (n) [L. "Canalem"] (١) نھر ؛ آب گذار ؛ قنات ۔ (٢) ھوا کی نالی ۔(٣) (حیوانیات) گھونگے کی سانس کی نالی ۔(٤) درخت یا انسانی جسم میں غذا ؛ ھوا وغیرہ کی نالی ۔ (٥) (تعمیرات) کھانچہ ؛ نالی ؛ کمر کی نال ۔

Canal : (v) نھر کھودنا ؛ نھر جاری کرنا ۔

Canal-built : (n) نھر میں چلانے کے قابل کوئی چیز ۔

Canal officer : (n) (انتظامیہ) نھر افسر ؛ کنال آفیسر ۔

Canalicular : (a) [mod. L. "Canalicularis"] ایک چھوٹی نالی سے متعلق یا اس سے مشابہ ؛ باریک نلکی کی طرح ۔

Canaliculate : (a) [mod. L. "Canaliculatus"] (۱) کھانچے دار ؛ نالی دار ؛ گھاٹی دار ۔ (۲) خط دار ؛ مخطط ؛ جھری دار ؛ لکیردار ۔

Canaliculation : (n) گھاٹی دار بناوٹ ؛ مخطط ساخت ؛ باریک گھاٹی ۔

Canaliculus : (n) (Pl. Canaliculi) [L. dim. of "canalis"] چھوٹی نالی ۔

Canaliferous : (a) [mod. L."Canalifer"] نالی دار (خصوصاً گھونگے کے بارے میں کہاجاتا ھے)۔

Canalization : (n) [See CANALIZE] نہر کنی ؛ نہر کٹائی ۔

Canalize : (v) [F."Canaliser"] (۱) دریا سے نہریں کاٹنا یا نکالنا ۔ (۲) نہر بنانا ۔ (۳) طریقۂ اظہار نکالنا ۔ (٤) کسی مقررہ راہ پر لگانا ؛ نہج پر لگانا ؛ ایک ھی دھارے میں ملا لینا ۔ (٥) زخم سے پیپ نکالنا (بغیر نلکی لگائے)۔

Canape : (n) [ML."Canapeum"] ماھی نان ؛ مچھلی کے ساتھ تلی ھوئی روٹی ؛ اشتہا افزا جس میں روٹی اور مچھلی ھوتی ھے ۔

Canard : (n) [OF. "quanart"] جھوٹی افواہ ؛ بے بنیاد خبر ؛ گپ ۔

Canary : (n) [F."Canarie"] (۱) جزائر کناری سے ۔ (۲) زرد رنگ کی مکھی جو مچھلی پکڑنے میں چارے کا کام دیتی ھے ۔ (۳) زرد رنگ کا گانے والا پرندہ ۔ (٤) ایک اسپینی رقص جو اب پرانا ھوچکا ھے ۔ (٥) جزائر کناری کی میٹھی شراب ۔ (٦) ھلکا زرد رنگ ۔ (۷) تیز آواز والی مغنیہ ۔ (۸) رقص کی ٹولی کی مغنیہ ۔ (۹) زرد رنگ کا ھیرا ۔

Canary : (a) چمکیلا زرد رنگ کا ۔

Canary -bird : (n) (۱) کناری زرد پر والا اور گانے والا پرند ؛ بلبل زرد ۔ (۲) (عامیانہ) قیدی ۔

Canary creeper : (n) زرد پھول والی ایک قسم کی بیل ؛ کناری پھول ۔

Canary finch : (n) =(Canary -bird) کنگنی گھاس ۔

Canary-grass / Canary-seed : کنگنی ۔

Canary-stone : (n) عقیق کی ایک قسم ۔

Canary -wood : (n) ھلکی نارنجی رنگ کی لکڑی ۔

Canary wine : (n) سولھویں سے اٹھارویں صدی تک کی مقبول ایک شراب ۔

Canary yellow : (n) زرد کنیری چڑیا جیسا ۔

Canasta : (n) [L. "Canistrum"] تاش کا ایک کھیل ۔

Canaster : (n) [Sp."Canastra"] (۱) کنستر ؛ تمباکو رکھنے کی جل بید کی ایک ٹوکری ؛ کنٹر ۔ (۲) تمباکو کا چورا جو ایسی جل بید کی ٹوکری میں آتا ھے ۔

Canaut : (n) [Arab "qanat"] قنات ۔

Can - buoy (n) [CAN + BUOY] (جہاز رانی) بڑا ڈولچہ نما پیراک پیپا جو پہچان کے لئے خاص رنگ کا ھوتا ھے ۔

Cancan : (n) [F. of uncertain origin] ایک فرانسیسی ناچ ، جس میں خفیف ناشائستہ حرکتیں کی جاتی ھیں ۔

Cancel : (n) ["Cancelli"] (۱) رد ؛ تنسیخ ۔ (۲) (طباعت میں) تیار شدہ کاپی کو قلم زد کرنا اور دوبارہ چھاپنا ۔ (۳) چھاپ شدہ ورق ؛ چھپا ھوا ورق یا اس کی جگہ لگے ھوئے ورق ۔ (٤) ڈاک خانہ کی ڈاک ٹکٹ پر لگانے والی مہر ؛ مہر لگانا ۔

Pair of cancels : ٹکٹ قیمتی ؛ ٹکٹوں میں سوراخ کرنے کا آلہ ۔

Cancel : (v) (۱) کاٹنا ؛ قلم پھیرنا ؛ مٹانا ؛ محو کرنا ؛ اٹھا دینا ؛ توڑنا ؛ منسوخ کرنا ؛ نسخ کرنا ؛ رد کرنا ؛ تنسیخ کرنا ؛ تعدیل کرنا ۔ (۲) (حساب) شمار کنندہ اور ضرب نما یا مساوات کے طرفین سے مشترک جزو کاٹنا ۔ (۳) کسی چھپے ھوئے ورق کو رد کر دینا اور پھر چھپوانا ۔ (٤) بے اثر کر دینا ۔ (٥) (استعارتاً) باطل کر دینا ۔

Canceleer / Cancelier : (v) [mod. F. "Chanceler"] (۱) کسی باز کا شکار پر حملہ کرنے سے پہلے اپنے بازوؤں پر گھوم پڑنا ۔ (۲) (استعارتاً) موضوع سے بھٹک جانا ۔

Canceleer : (n) (۱) کسی باز کا شکار پر حملہ کرنے سے پہلے اپنے بازوؤں پر گھوم پڑنا ۔ (۲) انحراف ؛ اصل موضوع سے بھٹک جانا ۔

Cancellable / Cancelable : (a) قابل تنسیخ ؛ قابل رد ۔

Cancellarian : (a) [L. "Cancellarius"] چانسلر کی صفت کا؛ چانسلر کا ۔

Cancellate : (a) [L. "Cancellare"] چلیپا دار ؛ جالی دار ؛ خط دار ؛ نالی دار ۔

Cancellated : (a) (۱) چلیپا دار ؛ جالی دار ؛ خط دار ؛ نالی دار ۔ (۲) ریشوں اور پتوں سے بنی ہوئی مجوف ؛ جالی دار ؛ مسام دار ۔

Cancellation : (n) [L."Cancellationem"] منسوخی ؛ تنسیخ ؛ فسخ ؛ قلم زدگی ؛ خط کھینچنا ؛ تعدیل ۔

Flat cancellation : (n) (کامرس) یکساں منسوخی ؛ یکساں تنسیخ ۔

Prorate cancellation : (a) (تجارت) تناسبی شرح تنسیخ ۔

Short rate cancellation : (n) (تجارت) کم شرح تنسیخ ۔

Cancellation date : (n) تاریخ تنسیخ ۔

Cancellation of allotment : (انتظامیہ) تنسیخ نامزدگی ؛ تنسیخ الاٹمنٹ ۔

Cancellation of indent : (انتظامیہ) منسوخی انڈنٹ ۔

Canceller : (n) فسخ کرنے والا ؛ مٹا دینے والا ؛ باطل کرنے والا ؛ کاٹ دینے والا ۔

Cancelli : (n) [L. dim . of "caner"] (۱) جالی دار سلاخیں خصوصاً اسفنجی حصے میں جالی کا کام ۔ (۲) ریشوں اور تہوں سے بنی ہوئی جالی ہڈی کے اسفنجی حصوں میں ۔ (۳) جالی دار ؛ مسام دار ؛ اسفنجی ۔

Cancellous : (a) (طبیعیات) جالی نما کھلے ہوئے مسام دار ساخت والا جس کی ساخت جال کی طرح کھلے مساموں والی ہو ۔

Cancelment : (n) دیکھو Cancellation

Cancer : (n) [L. "Cancer"] (۱) (فلکیات) سرطان ۔ (۲) منطقة البروج کا چوتھا برج ۔ (۳) راج پھوڑا ؛ سرطان (بیماری) ؛ لاگو رسولی جو پھیلتی جاتی ہے اور کاٹنے پر بڑھتی رہتی ہے ۔ (٤) (مجازاً) خراب عادت جو مثل ناسور جاں گزیں ہو گئی ہو جیسے کاہلی ، رشوت ستانی وغیرہ ۔ (٥) زخم کی پٹی جس کے آٹھ سرے ہوں ۔ (٦) کیکڑا ۔

Tropic of cancer : خط سرطان ۔

Cancer : (v) سرطان کی طرح کھا جانا / برباد کرنا ۔

Cancerate : (v) [L. "Canceratus"] سرطان ہوجانا ؛ سرطانی ہوجانا ۔

Canceration : (n) سرطان ہو جانا ؛ سرطانی ہوجانا ۔

Cancered : (a) ناسور صفت ؛ سرطانی ؛ سرطان میں مبتلا ۔

Cancerin : (n) مصنوعی کھاد جو نیوفاؤنڈ لینڈ سے آتی ہے ۔

Cancerite / Cancrite : (n) متحجر کیکڑا ۔

Cancerous : (a) ناسور دار ؛ ناسوری ؛ سرطانی ۔

Cancerously : (adv) سرطان وار ۔

Cancerousness : (n) ناسوریت ۔

Cancer-root : (n) طفیلی جڑ ۔

Cancer-wort : (n) ایک قسم کا پودا جو مرض سرطان میں نافع سمجھا جاتا تھا ۔

Cancriform : (a) [L. "Cancr" + - FORM] (۱) کیکڑے کی شکل کا ۔ (۲) سرطان نما ۔

Cancrine : (a) [L. "Cancrinus"] (۱) سرطان صفت ؛ (۲) (شعر میں) صنعت تقلیب کا ۔

Cancrinite : (n) [F. Cancrin, a Russian Statesman] ایک معدنی شے ۔

Cancroid : (a) (Also cancride) [L. "Cancer"] سرطان نما ؛ کیکڑے کی طرح ۔

Cancroid : (n) (Also cancride) (۱) سرطان سا مرض ۔ (۲) (سرطان کی جنس کے) قشری حیوان ۔

Cand : (n) بلور کی ایک قسم جو عینک بنانے میں کام آتا ہے ۔

Candareen : (n) [Malay "Kandur"] (۱) چین کا سکّہ ۔ (۲) چینی وزنی پیمانہ ۔

Candelabrum : (n) (Pl. candelabra & also candelabras) [L. "Candela"] (۱) فرش جھاڑ ؛ چل چراغ ۔ (۲) چراغ دان ۔ (۳) جھاڑ ۔

Candescence : (n) گرم تابانی ۔

Candescent : (a) [L. "Candescentem"] اتنا گرم کہ سفید روشنی دے ؛ گرم سفید ۔

Candescently : (adv) تابانی سے ؛ گرمی سے ۔

Candid : (a) [L. "Candidus"] (۱) کھلا ؛ صاف ؛ صاف دل ؛ صاف گو ؛ سینہ صاف ؛ صاف باطن ؛ اخلاص پسند ؛ مخلص ؛ صادق ؛ راست باز ؛ بے لاگ ؛ بے لوث ۔ (۲) غیر جانب دار ۔ (۳) سفید ۔ (٤) غیر رسمی ؛ فطری ۔ (٥) فطری تصویر ؛ غیر رسمی تصویر ۔

Candidacy : (n) [F. CANDIDATE] امید واری ۔

Candidate : (n) [L. "Candidatus"] (۱) امید وار (کسی عہدہ وغیرہ کےلئے) خواست گار ؛ ہونہار طالب علم ۔ (۲) پرانے رومی شہنشاہ کے اس محافظ دستے کا کوئی رکن جس دستے کے سب ممبر سفید لباس پہنتے تھے ۔

Candidateship /candidacy : (n) امیدواری ۔

Candidature : (n) [F.] امیدواری ۔

Candidly : (adv) صاف صاف ؛ کھلا کھلا ؛ صاف دلانہ ؛ صفائی سے ؛ صاف باطنی سے ؛ بے لاگ طریقہ پر ۔

Candidness : (n) اخلاص ؛ خلوص ؛ صاف دلی ؛ صاف گوئی ؛ صاف باطنی ۔

Candied : (a) [F. CANDY] (۱) شکر لگا ہوا ؛ شکر لپٹا ہوا ۔ (۲) جما ہوا ۔ (۳) (استعارتاً) للّو پتّو ؛ خوشامد کیا ہوا ۔ (٤) چمك دار ؛ شیریں ؛ دلکش ۔

Candite : (n) [F. Candy in Ceylon] مختلف رنگ کی معدنی اشیاء جن کی با قاعدہ قلمیں ہوتی ہیں ۔

Candle : (n) [L. "Candela"] (۱) شمع ؛ موم بتی ۔ (۲) روشنی دینے والی چیزیں (خصوصاً اجرام فلکی) ۔ (۳) دوا ملی ہوئی موم بتی جو دھواں دینے کے لئے ہوتی ہے ۔ (٤) بین الاقوامی اکائی روشنی کی شدت کو ناپنے کے لئے ۔ (٥) رنگین گہرا دھواں نکالنے کا آلہ فوجی مقاصد کے لئے ۔

British standard candle : (طبیعیات) برٹش معیاری کینڈل ۔

International candle : (طبیعیات) بین الاقوامی کینڈل ۔

Medicated candle : دواؤں سے بنی موم بتی دھواں دینے کے لئے ۔

Not able (or fit) to hold a candle : حقیر ؛ کچھ نسبت نہ رکھنا ۔

Pentane candle : (طبیعیات) پنٹین کینڈل ۔

The game etc. is not worth the candle : بے حقیقت ؛ ہیچ و پوچ ۔

To burn (or light) the candle at both ends : دونوں ہاتھوں اڑانا یا لٹانا ؛ اللّے تللّے کرنا ۔

To hide candle under bushel : اخفائے کمال ؛ گن چھپانا ۔

To hold a candle to the devil : کسی برے آدمی کی مدد کرنا ؛ برائی میں سرگرم ہونا ۔

To sell by inch of candle : بذریعہ نیلام فروخت کرنا ؛ (جس میں بولی اسی وقت قبول کی جاتی ہے جب تك ایك چھوٹی شمع جلتی رہتی ہے) ۔

Unit candle : (کیمیا) کینڈل اکائی کام ۔

When the candle is away all cats are grey : (۱) اندھیرے میں ہر چیز یکساں ہے ۔ (۲) اندھیرے میں ہر بلی سمور ہے ۔

Candle - beam : (n) اڑا شہتیر ۔ (۲) وہ افقی لوہے کی کڑی جس پر مفت کی شمع جلاتے ہیں ۔ (۳) لٹکتی ہوئی کڑی جس پر موم بتیاں جلاتے ہیں ۔

Candle-berry : (n) ایك روغنی پھل جس سے موم بتی بنتی ہے ۔

Candle-bomb : (n) شیشےکا بلبلا جس میں پانی بھرا ہو اور شمع کے نزدیک رکھنے سے دھماکے کے ساتھ پھٹ جائے ۔

Candle-book and bell : (گرجےکے لوازم) شمع ، کتاب اور گھنٹی (لوازمات ثلاثہ) ۔

Candle-end : (n) (۱) جلی موم بتی کا بچا ہوا حصہ ؛ کنجوس کا اندوختہ ؛ ہر چیزکا چھوڑا ہوا حصہ جو بخیل لوگ جمع کرکے آپ لیتے ہیں ۔(۲) (استعارتاً) ادنیٰ ؛ معمولی چیز ؛ بے مصرف ٹکڑا ۔(۳) شمع کی روشنی ؛ مصنوعی روشنی ۔

Candle-fish : (n) ایک روغن دار امریکی سمندری مچھلی جو سوکھنے پر موم بتی کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

Candle-holder : (n) (۱) رات کے وقت کام کرنےوالے کو روشنی دکھانے والا ۔ (۲) شمع بردار ؛ چراغ دکھانےوالا ۔

Candle-lamp : (n) شمع ۔

Candle-light : (n) [OE."Candlleoht"] (۱) شمع کی روشنی ؛ مصنوعی روشنی ۔(۲) چراغ ؛ شام ؛ رات ۔

Candle-lighter : (n) (۱) چراغ روشن کرنےوالا ۔ (۲) گرجا کا ادنیٰ ملازم ۔(۳) لکڑی یا کاغذ کا ٹکڑا چراغ وغیرہ جلانے کے لئے ؛ فتیلہ ۔

Candle meter : (n) (طبیعیات) کینڈل میٹر ۔

Candle nut : (n) ایک روغنی پھل جو موم بتی بنانے کے کام آتا ہے ۔

Candle power : (n) (طبیعیات) نورکی پیمائش کی ایک اکائی ؛ بتی طاقت ۔

Candle shrift : (n) شمع کے ذریعہ گناہوں سے توبہ ۔

Candle-snuff : (n) موم بتی کا جلا ہوا فتیلہ ۔

Candle-snuffer : (n) گل گیر ؛ گل تراشنے کا آلہ ۔

Candle standard : (n) (طبیعیات) کینڈل (اکائی) اسٹینڈرڈ ۔

Candle stick : (n) [OE."Candelsticca"] شمع دان ؛ چراغ دان ۔

Candle-tree : (n) =(Candle berry) (۱) کینڈل بیری ۔ (۲) (امریکہ) ایک درخت جسمیں موم بتی کے برابر پھل ہوتے ہیں ؛ فتیل بر ۔

Candle-waster : (n) رات کو دیر تک پڑھکر موم بتی برباد کرنےوالا ؛ موم بتی کو فضول پگھلا دینے والا ۔

Candle wick : (n) (۱) موم بتی کا فتیلہ ۔(۲) نرم سوتی دھاگا جو کشیدہ کاری میں استعمال ہوتا ہے ۔

Candle-wood : (n) (۱) ایک لکڑی جس سے گوند نکلتا ہے ۔ (۲) بعض درخت جس سے ایسی لکڑیاں نکلتی ہیں ۔

Candlemas : (n) [OE."Candelmaesse"] (۱) حضرت مریم کے چلہ نہانے کا دن ؛ عیسائیوں کا ایک تہوار ؛ عید تطہیر حضرت مریم ۔ (۲) ۲/ فروری ۔

Candour : (n) [L."Cand"] صاف دلی ؛ صفائی ؛ کھرا پن ؛ غیر جانبداری ؛ بے لاگ پن ؛ اخلاص مندی ؛ راستی ؛ راست بازی ؛ صاف باطنی ؛ خلوص ؛ بے طرفی ؛ بے تعصبی ۔

Candroy : (n) سوتی کپڑے کو چھینٹ یا منقش بنانے کی مشین ۔

Candy : (n) (Sugar-candy) [Arab."qand"] قند ؛ قندمصری ؛ ابلوج نبات ۔

Candy : (n) [Mahr."Khandi"] ہندوستان میں وزن کا ایک پیمانہ جو پانچ ہزار پاؤنڈ کےقریب ہوتا ہے ۔

Candy : (v) (۱) قند کے قوام میں رکھنا ؛ پاگنا ؛ مربہ بنانا ؛ شکر کی پرت لپیٹنا ؛ شکر کی تہ جمانا ۔(۲) قند کے قلم بنانا ؛ قند سے ڈھک دینا۔

Candy-man : (n) (۱) قند فروش ؛ گھوم گھوم کر قند بیچنے والا ۔(۲) قرق امین جسے گرفتار کرنے کا بھی اختیار ہو ۔

Candy-pull : (n) (امریکہ) نوجوانوں کا ایک سماجی اجتماع جس میں ٹافی بنائی جاتی ہے ۔

Candy sugar : (n) مصری ؛ قند ۔

Candy tuft : (n) قند خوشه ؛ ایک درخت جس میں سفید رنگ کے پھول گچھوں میں لگتے ھیں ۔

Cane : (n)[L."Canna"] (۱) بید ؛ نے ؛ نرسل ؛ نرکٹ ۔ (۲) گنا ؛ روکھ ؛ ایکھ ؛ کتاری ۔ (۳) چھڑی ؛ جریب ؛ عصا ؛ لاٹھی ۔ (٤) لاکھ ؛ گندھک یا شیشے کی قلم ۔ (٥) قمچی ؛ سزا کے لئے بید ۔ (٦) دستی بنانے کی تانی ۔

Cane : (n) مشرقی کاروان سرائے ۔

Cane : (n) نیولا ؛ رامو ۔

Cane : (v) (۱) بید مارنا ؛ مارمار کر پڑھانا /سبق سکھانا ؛ بید سے سزا دینا ۔ (۲) بید سے بننا ؛ بید لگانا (کرسی وغیرہ میں) ۔

Cane : (v) (شراب کے لئے) جھاگ بننا ؛ پھین بننا ۔

Cane-apple : (n) اسٹرا بیری کا درخت ۔

Cane-binder : (n) (انتظامیہ) بیدباف ۔

Cane-brake : (n) (۱) بید کی جھاڑی ؛ نیستاں ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس ۔

Cane-chair : (n) بید کی کرسی ۔

Cane development officer : (انتظامیہ) افسر ترقی گنا ۔

Cane-gun : (n) ٹہلنے کی چھڑی کی شکل کی بندوق ۔

Cane-harvester : (n) گنّے کی فصل کاٹنے والا ۔

Cane-juice : (n) گنّے کا رس ۔

Cane-killer : (n) ایک پودا ۔

Cane-mill : (n) گنّے سے رس نکالنے کی مل ۔

Cane-press : (n) گنّے سے رس نکالنے کی مشین ۔

Cane-stripper : (n) گنّا چھیلنے کی چھری یا چاقو ؛ نے تراش ۔

Cane-trash : (n) گنّے کا چھلکا اور فضلہ ؛ کھوجڑ ؛ کھوڑی ۔

Canella : (n) [med L. dim of"canna"] ایک قسم کا پودا خصوصاً جنگلی دار چینی جو دواؤں اور مسالوں میں کام آتی ھے ؛ سفید دار چینی ؛ ھری دار چینی ۔

Canephorus / Canephora : (a) [Gr."kanephoros"] (۱) کینفوری ؛ سبد برسر ؛ یونانی تہوار جس میں نوجوان لڑکی اپنے سر پر ٹوکری اٹھائے چلتی تھی اور جس میں مقدس چیزیں رھا کرتی تھیں ۔ (۲) (تعمیرات) طرز تعمیر میں وہ پتھر کا مجسمہ جو کسی عورت یا مرد کا ھوتا ھے اور اپنے سر پر ٹوکری اٹھائے رھتا ھے ۔

Canescent : (a) [L."canescentem"] پھیکا سفید ؛ سفیدی مائل ۔

Canette : (n) [F.dim.of"cane"] مٹی کی پیالی ؛ چھوٹا برتن ۔

Canful : (n) ڈولچہ بھر ۔

Cangia : (n) [Arab."qanjah"] دریائے نیل میں چلنے والی ھلکی کشتی ۔

Cangica-wood : (n) ھلکی زردی مائل بھوری برازیل کی لکڑی جو الماری وغیرہ بنانے میں کام آتی ھے ۔

Cangue/ Cang : (n) [F."Cangue"] (۱) چینی جوا ؛ لکڑی کا بھاری تختہ جو چینی مجرموں کی گردن میں سزا کےطورپر ڈالا جاتا ھے ۔ (۲) (تاریخ) شکنجۂ چوبی ۔

Cangue : (v) شکنجۂ چوبی کے ذریعہ سزا دینا ۔

Canicide : (n) [L."Canicida"] کتا مار چیز ۔

Canicular : (a) [L."Canicularis"] (۱) کتّے کا ؛ سگی ۔ (۲) جولائی ، اگست کا گرم ترین حصہ ؛ چلہ تابستان ۔ (۳) ایک قدیم مصری سال ۔ (٤) کتّے سے متعلق ؛ شعرائے یمانی سے متعلق ۔(٥) (جمع میں) Dog days (٦) رذل قافیہ ؛ تک بندی ۔

Canine : (a) [L."caninus"] (۱) سگ صفت ؛ کلبی ؛ کتّے سے متعلق ۔ (۲) بسیار خور ؛ پیٹو ۔ (۳) کتّے کے سامنے کے چار دانتوں میں سے ایک بڑا دانت ؛ ناب ؛ کچلی ؛ سولا ۔

Canine appetite /-hunger : (n) کتّے کی سی بھوک ۔

Canine fossa : (n) (تشریح) اوپر جبڑے کی ھڈی میں ایک دھنسا ھوا حصہ ۔

Canine-line : (n) (لسانیات) کچلی قطار ۔

Canine madness : (n) آب ترسی ؛ پانی کا ڈر ؛ پانی کا خوف ۔

Canine prominence /-ridge : (n) سگ دندان کی وجہ سے اوپری جبڑے کی ھڈی کا ابھار ۔

Caniniform : (a) سگ دندان کی شکل کا ۔

Caninity : (n) سگ صفتی ؛ کتّوں سے ھمدردی ۔

Canion / Cannion / Canon : (n) [SP."Canon"] پاجامہ یاپتلون کے ٹخنے پر کا کوئی آرائشی کام ۔

Canister : (n) [L."Canistrum"] (۱) چائے، چھروں ، کافی وغیرہ رکھنے کا دھاتی ڈبہ ؛ کنستر ۔ (۲) روٹی یا پھول وغیرہ رکھنے کی ٹوکری ۔ (۳) دیگھو Canister shot

Canister : (v) ڈبہ میں رکھنا ؛ ڈبہ باندھنا ۔

Canister-shot : (n) چھرہ دان ؛ چھروں کا ڈبہ ۔

Cank : (v) [Echoic] کٹ کٹانا ؛ کڑکڑانا ؛ چڑچڑانا ۔

Canker : (n) [L."Cancrum"] (۱) ناسور؛ آکلہ خوردہ ؛ انسان کے منھ کا ایک مرض ؛ کتّوں کی ایک بیماری ۔ (۲) گھوڑے کے پاؤں کا ایک مرض ۔ (۳) درختوں کا ایک روگ جس سے پتّے اور چھلکے سڑ کر گر پڑتے ھیں ؛ پت روگ ۔ (٤) (مجازاً) مضرب اثر ؛ اثر بد ۔ (٥) کیڑا ، گھن جو پتیوں اور کلیوں کو کھا جاتا ھے ۔ (٦) ایک قسم کا گلاب ۔ (۷) فساد ؛ بگاڑ کا مرکز ۔

Canker : (v) گھن لگنا یا لگا دینا ؛ روگ لگ جانا ؛ کسی مرض یا بری عادت کا لگ جانا ؛ بگاڑ دینا ؛ کھلا دینا (گھن کی طرح) ناسور میں مبتلا ھو جانا ؛ ناسور وغیرہ ھو جانا ۔

Canker-berry : (n) جنگلی گلاب ، پھل یا درخت ۔

Canker-bloom : (n) جنگلی گلاب کا پھول ۔

Canker-blossom : (n) گھن ۔

Canker-rash : (n) لال بخار میں حلق کی زخمی کیفیت ؛ سرخ بادہ ۔

Canker- rose : (n) جنگلی گلاب ۔

Canker-worm : (n) کیڑا ؛ گھن جو پتیوں اور کلیوں کو کھا جاتا ھے ۔

Cankered : (a) ترش ؛ کینہ دار ؛ حاسد ؛ انتقام کش ؛ بدمزاج ؛ کینہ ور ۔

Cankeredly : (adv) ترشی سے ؛ کینہ وری سے ؛ بد مزاجی سے ۔

Cankeredness : (n) ترشی ؛ کینہ وری ؛ حسد ؛ بد مزاجی ۔

Cankerfret : (n) منھ کا چھالا ۔

Cankerous : (a) گھن لگا دینے والا ؛ سڑا دینے والا ؛ کھلا دینے والا ؛ گھنیا (گھن صفت والا) ۔

Cankery : (a) (۱) گھن لگاھوا ؛ گھن دار ۔ (۲) بدمزاج ۔

Cann : (n) شراب پینے کا پیالہ (خصوصاًپھولا ھوا) ۔

Cann : (v) جہاز کو سیدھا چلانا؛ کھینا۔

Canna : (n) [L.] گل تسبیح ؛ زرد ، سرخ یا نارنجی پھولوں والا پودا ۔

Cannabene : (n) [See CANNABIC] حشیش سے کشید کیا ھوا ؛ ایک اڑ جانیوالا بے رنگ تیز بو عرق ۔

Cannabic : (a) [Gr."kannabis "] حشیش سے متعلق ۔

Cannabin : (n) حشیش سے نکالا ھوا زھریلا گوند ۔

Cannabine : (a) حشیش سے متعلق ۔

Cannabisindica : (n) حشیش ۔

Cannach : (n) (Also canna) [Gael.] لمبی نرم گھاس ۔

Cannel : (n) [Sc.] کوئلے کی گیس یا روغن بنانے کے لئے نفت آمیز کوئلہ ؛ نفتی کانی کوئلہ ۔

Cannel coke : (n) (کیمیا) کینل کوئلہ ۔

Canneiure : (n) [F.] کھانچہ ؛ کمر کی نالی ۔

Cannelured : (a) کمرک دار ؛ کھانچہ دار ۔

Canner : (n) پھل ، گوشت ، مچھلی وغیرہ کو ڈبے میں بند کرنے والا ۔

Cannery : (n) پھل ، گوشت ، مچھلی وغیرہ کو ڈبے میں بند کرنے کا کارخانہ ۔

Cannet : (n) [F."Canetted",dim.of"cane"] (نقابت) نقابتی نشان جس میں بغیر چونچ اور پاؤں کی بط بنی ہوتی ہے ۔

Cannibal : (a & n) [Sp."Carib"] (۱) مردم خور ؛ آدم خور ۔ (۲) اپنی جنس کو کھانےوالا جانور ؛ جنس خور ۔ (۳) خوگر مردم خوری ؛ آدم خوری سےمتعلق ؛ خونخوار آدم خور جیسا ۔

Cannibalic : (a) آدم خور جیسا ؛ آدم خور صفت کا ۔

Cannibalish : (a) آدم خور جیسا یا جیسی ۔

Cannibalism : (n) آدم خوری ؛ خونخواری ؛ وحشی گری ؛ جنس خوری ؛ مردم خوری ؛ حریف کو بزباد کر دینے کا فعل یا عادت ۔

Cannibalistic : (a) آدم خوری کا عادی ؛ آدم خوری سےمتعلق ؛ آدم خورانہ ؛ جنس خورانہ ۔

Cannibalistically : (adv) آدم خوری کی عادت کےطور پر ۔

Cannibalize : (v) (۱) زندہ جانور کا گوشت کھانا ۔ (۲) کسی کام کے لائق مشین ؛ ہوائی جہاز کو توڑ کر اس کے پرزے دوسری مشین وغیرہ میں استعمال کرنا ۔ (۳) ایک جنگی جماعت سے اس کے سپاہیوں اور ساز و سامان کو چھین کر دوسری جنگی جماعت کو لیس کرنا ۔

Cannibally : (adv) آدم خوری کے طرز پر ؛ آدم خوری کے طور پر ۔

Cannikin / Canikin : (n) [dim. of CAN] چھوٹا پیالہ ؛ چھوٹا کپا ؛ ڈولچی ۔

Cannily : (adv) [*f*.CANNY] ہوشیاری سے ؛ خوشگوارانہ ؛ کفایت شعاری سے ؛ عیاری سے ؛ محتاط ہو کر ؛ عیارانہ ۔

Canniness : (n) کفایت شعاری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ ہشیاری ؛ عیاری ؛ چالاکی ؛ پیش بینی ۔

Canning : (v & n) [*f*.CAN] (۱) گوشت ، مچھلی وغیرہ کو ڈبے میں بھر کر محفوظ رکھنا ۔ (۲) (کیمیا) ڈبہ بندی ۔

Canning Industry : (n) (کیمیا) صنعت ڈبہ بندی ۔

Canning process : (n) (کیمیا) ڈبہ بندی طریقۂ عمل ۔

Cannon : (n) [It."Cannone"] (۱) توپ (پرانی قسم کی) ۔ (۲) مجوف اسطوانہ جو کسی دھرے پر آزادانہ حرکت کرے ۔ (۳) گول چکنا دہانہ (گھوڑے کی لگام کا) ۔ (٤) گھنٹی کا وہ حصہ جس سے اسکو لٹکایا جاتا ہے ؛ کڑا ؛ حلقہ ۔ (٥) بلیرڈ کھیلنے والوں کی گیند کا دو گیندوں کو متواتر مارنا ؛ دھری مار ؛ دو گیندی مار ۔ (٦) (عامیانہ) پاکٹ مار ۔ (۷) (عامیانہ) پستول ۔

Cannon : (n) سمبوسہ نما بڑا گھونگرو ۔

Cannon : (v) (۱) توپ داغنا ؛ مسلسل توپ داغنا ۔ (۲) بلیرڈ میں دو گیندی مارنا ؛ دوھری مارنا ۔ (۳) تصادم ہونا ؛ ترچھا ٹکرانا ۔

Cannon-ball : (n) (۱) توپ کا گولہ ۔ (۲) گھٹنوں کو سینے سے لگا کر اور بازوؤں سے مضبوط جکڑ کر پانی میں کودنا ۔ (۳) ٹینس میں بہت زور سے گیند مارنا ۔ (٤) تیز رفتار ریل گاڑی خصوصاً اکسپریس ، میل وغیرہ ۔

Cannon-ball : (v) توپ کے گولے کی سی رفتار سے سفر کرنا ۔

Cannon-ball-fruit : (n) جنوبی امریکہ کا ایک پھل جو سخت چھلکے والا اور گول ہوتا ہے ۔

Cannon -ball-tree : (n) جنوبی امریکہ کا ایک درخت ۔

Cannon-bit : (n) گھوڑے کی لگام کا چکنا گول دہانہ ۔

Cannon-bone : (n) ران نلی ۔

Cannon-clock : (n) آتشی شیشےکےذریعہ چلنےوالی دوپہری توپ ؛ سورج توپ ۔

Cannon curl : (n) سمبوسہ نما ؛ گھونگر ۔

Cannon-fodder : (n) (تاریخ) توپ چارا ۔

Cannon-lock : (n) توپ کو چھوڑنے کی ایک ترکیب ۔

Cannon-pinion : (n) وہ دندانہ دار پرزہ جس کےذریعہ گھڑی کی منٹ کی سوئی حرکت کرتی ہے ۔

Cannon-proof : (a) توپ روک ۔

Cannon-proof : (n). توپ روک آلات حرب ۔

Cannon-royal : (n) ساڑھے آٹھ انچ دہانے کی توپ جس سے ٦٦ پاؤنڈ وزنی گولہ پھینکا جاتا ہے ۔

Cannon-shot : (n) (١) توپ داغنا ۔ (٢) توپ کا گولہ ۔ (٣) توپ کی مار ۔ (٤) (تاریخ) توپ ماری ۔

Cannon shot rules : (n) (تاریخ) توپ ماری کے قاعدے ۔

Cannonade : (n) (١) مسلسل گولہ باری ؛ توپ سے حملہ ؛ گولندازی ۔ (٢) بوچھار ؛ پُر شور حملہ ۔

Cannonade : (v) (١) توپیں داغنا ، چھوڑنا ، مارنا یا چلانا ؛ گولہ پھینکنا ؛ مسلسل گولہ باری کرنا ۔ (٢) (مجازاً) بوچھار کرنا ۔

Cannonarchy : (n) توپ کی حکومت ۔

Cannoned : (a) توپ دار ؛ توپ والا ۔

Cannoneer : (n) [F."Canonnier"] توپچی ؛ گولہ باز ۔

Cannonical : (a) (کیمیا) مسلم ؛ مستند ۔

Cannonical elements : (n) [Pl.] (کیمیا) مستند عنصر ۔

Cannonical form : (n) (١) (لسانیات) اصولی روپ ؛ مستند شکل ۔ (٢) (کیمیا) کینانکی شکل ؛ مستند شکل ۔

Cannonry : (n) توپ خانہ ۔

Cannot : دیکھو Can

Cannot but : دیکھو But ؛ لازمی ہونا ۔

Cannula : (n) [L.dim.of"canna"] پیپ نکالنے کی نلکی ؛ جراحی نلکی ؛ قنولہ ۔

Cannular : (a) نلکی نما ۔

Cannulate / -ated : (a) نلکی نما ؛ نلکی دار ؛ سوراخ دار ۔

Canny : (a) [App.f.CAN] (١) ہوشیار ؛ سیانا ؛ چالاک ؛ کائیاں ۔ (٢) (طبچی) جس میں بے کھٹکے دخل دے سکیں (عموماً نفی کے ساتھ) ۔ (٣) خوشگوار ۔ (٤) کافی ۔ (٥) کفایت شعار ۔ (٦) عیار ؛ مکار ۔ (٧) محتاط ۔

Canny moment : (n) ولادت کا لمحہ ۔

Canny wife : (n) دائی ؛ دایہ ۔

Canoe : (n) [Sp."Canoa"] چھوٹی کشتی ؛ ڈونگا ۔

Canoe : (v) ڈونگی چلانا ؛ ڈونگی سے سفر کرنا ؛ ڈونگی میں سوار ہونا ۔

Canoe-birch : (n) امریکا کا ایک درخت ۔

Canoe-wood : (n) امریکا کے ایک پھولدار درخت کی لکڑی ۔

Canoeist : (n) ڈونگیا ؛ ڈونگی چلانےوالا ۔

Canon : (n) [Gr."kanon"] (١) فتوی ۔ (٢) قانون ؛ طریقہ ۔ (٣) اناجیل کی فہرست مسلمہ ؛ کلیسا ۔ (٤) عیسائیوں کی عبادت کا وہ حصہ جس میں الفاظ تقدیس ہوتے ہیں ؛ نمازتقدیس کا رکن ۔ (٥) (موسیقی) دوری گیت ۔ (٦) معیار ؛ اصول ۔ (٧) (طباعت) ٹائپ کے سب سے بڑے حروف ۔ (٨) (رومی قانون) زر استثنا جو معافی دار یا کاشت کار خدمت سے مستثنی کئے جانے کے عوض میں ادا کرے ۔ (٩) عہد مخصوص ؛ کوئی خاص عہد جب سے تاریخ کا حساب ہوتا ہے ۔ (١٠) کسی رہبانی سلسلے کے قواعد ۔ (١١) اولیا کی فہرست ۔ (١٢) کسی مصنف کی تصانیف کی مستند فہرست ۔ (١٣) گھنٹیوں کے لگانے کے لئے حلقہ ، کڑا یا کندہ ۔

The canon Cannon law : کلیسائی قانون ؛ شریعت ؛ کسی فرقے کے مذہبی قوانین ۔

Canon : (v) دوری گیت گانا ؛ دوری ناچ ناچنا ۔

Canon : (n) [L."Canonicus"] (١) کشیش جو دوسرے کشیشوں کے ساتھ کشیش خانہ میں رہتا ہو اور کلیسائی قانون کا پیرو ہو ۔ (٢) پادریوں کی مجلس کا رکن ۔

Honorary canon : پادریوں کی مجلس کا برائے نام رکن ۔

Minor canon / petty cannon : وہ پادری جو گرجا کی عبادت میں مدد دیتا ہے مگر پادریوں کی مجلس کا رکن نہیں ہے ؛ بیرونی معین پادری ۔

Canon / Canyon : (n) [Sp."Canon"] وہ وادی یا گھاٹ جسکی دونوں طرف کھڑی چٹانیں ہوں اور جس کےنیچے ندی بہہ رہی ہو ؛ عمیق درہ جس میں چشمہ بہتا ہو ؛ گھاٹی ؛ آبی کنڈ ؛ آب درہ ۔

Canon-law : (n) کلیسائی قانون ؛ شریعت ؛ کسی فرقے کے مذہبی قوانین ۔

Canon of actuality : (لسانیات) اصول واقعیت ۔

Canon of compatibility : (لسانیات) اصول مطابقت ۔

Canon of definition : (لسانیات) اصول تعریف ۔

Canon of individuality : (لسانیات) اصول انفرادیت ۔

Canon of singularity : (لسانیات) اصول واحدیت ۔

Canoness : (n) [CANON+ESS] (۱) عورتوں کی وہ جماعت جو کلیسائی قانون کے اندر رہتی ھے مگر جس نے ذاتی خدمت کی قسم نہیں لی ھے ۔ (۲) (مزاحاً) کشیش کی بیوی ۔

Canonic / Canonical : (a) [Perh.F."Canonique"] (۱) احکام مذہبی کا مقرر کردہ ؛ شرعی ؛ مذہبی قانون ؛ دینی ۔ (۲) کتاب مقدس میں شامل یا کتاب مقدس کا جزو ۔ (۳) (ریاضی) مستند ؛ مسلّم ؛ میعاری ؛ آئینی ۔ (٤) (موسیقی) دوری گیت کے طرز کا ۔ (٥) پادریوں کی مجلس یا اس کے ممبر کے متعلق ؛ کلیسائی ۔ (٦) فلسفی یا منطقی قوانین کا نظام ۔ (۷) (جمع میں) کشیشوں کا لبادہ ۔ (۸) (ریاضیات) قاعدے کے مطابق ۔

Canonical dress : (n) پادریوں کا لباس ۔

Canonical epistles : (n) پطرولس ؛ یوحنا وغیرہ کے سات خطوط ۔

Canonical home morphism : (n) (ریاضی) آئینی ہم مارفی ۔

Canonical hours : (n) آٹھ بجے صبح سے تین بجے شام تک نماز یا شادی کا وقت ۔

Canonical matrix : (n) (ریاضی) مستند ماتریس ۔

Canonical obedience : (n) نیچے درجوں کے کشیشوں کا اسقف کے لئے احترام ۔

Canonical set : (n) (ریاضی) آئینی سیٹ ۔

Canonical variate : (n) (ریاضی) آئینی متغیرہ ۔

Canonically : (adv) نماز یا شادی سے متعلق ۔

Canonicalness : (n) شرعی ھونے کی صفت یا حالت ۔

Canonicate : (n) [med.L."Canonicatus"] کشیش کا عہدہ ۔

Canonicity : (n) [L. type."canonicitas"] پایۂ تقدیس ؛ پایۂ استناد ۔

Canonist : (n) [F."Canoniste"] کلیسائی قانون کا ماہر ؛ (کامرس) مربوط ۔

Canonistic/Canonistical : (a) فقیہانہ ؛ کلیسائی قوانین سے ۔

Canonization : (n) [L."Canonisationem"] تشریح ؛ تقدیس ؛ مقدس کلیسا کے دفتر میں متوفی کے نام کا اندراج ۔

Canonize : (v) [md. L."Canonizare"] (۱) اولیا کی فہرست میں با قاعدہ داخل کرنا یا سمجھنا ۔ (۲) ولی سمجھنا ۔ (۳) کسی کتاب کو مذہبی تسلیم کرنا ۔ (٤) مذہباً جائز کرنا ۔

Canonry : (n) [f.CANON] کشیش کا عہدہ ؛ کشیش کا کلیسائی وقف یا جاگیر ؛ پادریوں کی چھوٹی مجلس ۔

Canons of taxation : (کامرس) ٹیکس کے بنیادی اصول ؛ ٹیکس کے معیار ۔

Canoodle : (v) [Obscure] (۱) سینے سے لگانا ؛ پیارکرنا ؛ گلے لگانا ۔ (۲) پیارسے پھسلانا یا منانا ۔

Canoodler : (n) سینے سےلگانےوالا ؛ گلے لگانےوالا ؛ پیار کرنے والا ۔

Canoodling : (n) پیار ؛ چھاتی سے لگانا ۔

Canopic : (a) [L."Canopicus"] قدیم مصر کے شہر کینوپس سے متعلق یا اس شہر کا ؛ مخروطی ۔

Canopic jar : (n) (تاریخ) ڈھکن دار مرتبان ؛ چھتر دار مرتبان ۔

Canopic vase : (n) قدیم مصر کا وہ ظرف جس میں لاش میں مسالا لگاتےوقت لاش کےاندرونی اعضا رکھے جاتے تھے ۔

Canopied : (a) چھتری لگاھوا ؛ چھجا لگاھوا ۔

Canopus : (n) [L. a. Gr.] (۱) جنوبی ستاروں کے جھنڈ کا ایک روشن ستارہ ؛ سفینہ ؛ سھیل ؛ ناؤ ۔ (۲) قدیم مصر کا وہ ظرف جس میں مسالا لگاتے وقت لاش کے اندرونی اعضا رکھے جاتے تھے ۔

Canopy : (n) [Cl. L."Canopeum"] (۱) شامیانہ ؛ چھتر ؛ چھتری ؛ منڈپ ؛ آفتاب گیر ؛ شاد رواں ؛ سائبان ؛ نم گیرا؛ سیگ ڈمبر ؛ آسمانہ ـ (۲) طاق کا چھجا ـ (۳) چھت کی طرح کی ساخت اسٹیج کی پشت پر ـ (٤) ہوائی جہاز میں طیارچی کے بیٹھنے کی جگہ پر کا شفاف ڈھکن ـ (٥) پیرا شوٹ کی چھتری ـ

Canopy : (v) شامیانہ لگانا ؛ چھجا لگانا ـ

Canorous : (a) [L."Canorus"] سریلی آواز ؛ سریلا ؛ خوش الحان ؛ رسیلی ؛ گمکیلا ـ

Canorously : (adv) سریلے پن سے ؛ خوش الحانی کے ساتھ ـ

Canorousness : (n) سریلا پن ؛ خوش الحانی ـ

Cant : (n) [OF."Cant"] (۱) زاویہ ؛ ترچھا رخ ؛ کونا ـ (۲) دھکا ، اچھال یا حرکت جس سے شئے الٹ جائے ـ (۳) پہلو ؛ ضلع ـ (٤) لکڑی کا مربع کندہ ـ (٥) (جہاز رانی) جہاز کے پیندے سےلگی ترچھی فریم ـ (٦) ڈھلوان ـ (۷) (وھیل مچھلی کے شکار میں) وھیل مچھلی کی گردن اوربازوؤں کے درمیان کاٹ کر بنایا ھوا وہ حصہ جسکے ذریعہ اس کو اٹھاتےھیں ـ

Cant : (n) (۱) جزو ؛ حصہ ـ (۲) نیلام کے ذریعہ تقسیم کرنےکا طریقہ ؛ نیلام (آئرستان) ـ

Cant : (n)[L."Cantus"] (۱) کسی جماعت، فرقہ، پیشہ وغیرہ کی مخصوص بولی ؛ اصطلاح ـ (۲) مقرر اشارے ؛ بازاری زبان ـ (۳) ظاھر داری ؛ ریا کاری ؛ ریا ـ (٤) منافقت ـ (٥) ملتجیانہ انداز میں بولنا ؛ گڑگڑانا ـ (٦) بندھے ٹکے الفاظ کا استعمال ـ (۷) بندھےٹکے الفاظ کا استعمال کرنےوالا ـ (۸) گپ ـ

Cant : (a) صحت مند ؛ مضبوط ؛ تنومند ؛ تیز ـ

Cant : (v) (۱) ڈھلوان کرنا ـ (۲) زاویہ بنا دینا (چوکور پہلو کا) ـ (۳) اوٹ دینا ؛ ٹیڑھا کر دینا ؛ جھکانا ؛ پھینکنا ـ (٤) الٹنا پلٹنا ؛ نیچے اوپر کرنا ـ (٥) پہلو پر دھکا دینا ـ (٦) مائل ھو جانا ؛ مائل وضع اختیار کرنا ـ (۷) جھك جانا ؛ ترچھا ھو جانا ـ (۸) گھوم جانا (بحری) ـ

Cant : (v) (۱) گڑگڑانا ؛ بھیك مانگنا ـ (۲) کسی جماعت ، پیشہ یا فرقہ کی مخصوص بولی بولنا ـ (۳) ریا کاری سے بولنا ـ (٤) گپ شپ کرنا ؛ گپیں ھانکنا ؛ بولنا ـ

Cant : (v) نیلام کرنا ؛ نیلام کے ذریعہ فروخت کرنا ـ

Can't : دیکھو Can not

Cant block : (n) وھیل مچھلی کو کاٹنے کےلئے اٹھانے کا کندہ ـ

Cant-board : (n) تختہ مائل ؛ ڈھلواں تختہ ـ

Cant-dog : (n) ھك دار دستی سلاخ ـ

Cant-hook : (n) لکڑی کو الٹنے کا ایك بیرم جس کے کنارے پر لوھے کا دستہ لگا رھتاھے ـ

Cant-moulding : (n) زاویہ دار ؛ سطح والی ڈھلائی ـ

Cant phrase : (n) اوپری باتیں؛ دکھاوے کی باتیں ؛ ریا کاری کی باتیں ـ

Cant purchase : (n) وھیل مچھلی کا چمڑا اتارنے کے لئے اٹھانے کا سہارا ـ

Cant spar : (n) دستی مستول کا کھمبا ـ

Cant timbers : (n) جہاز کی وہ لکڑی جو پیندے سے جہاز کی دونوں طرف ترچھی اٹھی رھتی ھے ـ

Cantab : (n) Canta Brigian کا مخفف ؛ جامعہ کیمبرج کا رکن ـ

Cantab : (a) جامعہ کیمبرج سے متعلق ؛ کیمبریجی ـ

Cantabank : (n) [It."Cantambanco"] بازاری گانےوالا ؛ گھوم گھوم کر گانےوالا ـ

Cantabile : (a) [It.] (موسیقی) رواں ـ

Cantabile : (n) روانی ؛ اس طرز کی موسیقی ـ

Cantabrigian : (a & n) [L."Cantabrigia"] (۱) جامعہ کیمبرج کا یا اس سے متعلق ؛ جامعہ کیمبرج کا رکن ـ (۲) (امریکہ) کیمبرج اور مسیا چوٹس کا باشندہ ـ (۳) (امریکہ) ھاروارڈ یونیورسٹی کا طالب علم یا گریجویٹ ـ

Cantaloup/-lupe/-leup : (n) [It."Cantalupo"] گرمك ؛ ایك قسم کا یورپی خربوزہ ؛ ولایتی خربوزہ ـ

Cantankerous : (a) [f.ME. CONTECK] حجتی ؛ تکراری ؛ جھگڑالو ؛ بدمزاج ـ

Cantankerously : (adv) تکرار کے ساتھ ؛ حجت کے ساتھ -

Cantankerousness : (n) جھگڑالو پن ؛ حجت پنا -

Cantar : (n) [L."Cantharus"] بحر روم کے کنارے واقع ملکوں میں مستعمل ایک پیمانہ -

Cantata : (n) [It."Cantare"] (۱) راگ نامہ ؛ کسی نظم کو راگ سے گانا- (۲) تشبیہ -

Cantate : (n) [L."Cantate"] ۹۸ واں بھجن جو مختصر مناجات کےطور پر استعمال ہوتا ہے -

Cantation : (n) [L."Cantationem"] راگ ؛ گانا -

Cantator : (n) [L.] گانےوالا ؛ مغنی -

Cantatrice : (n) [It. & fem. of "cantator"] پیشہ ور گانےوالی ؛ مغنّیہ -

Canted : (a) [F. "Cant"] ڈھلواں ؛ زاویہ دار؛ ترچھا ٹیڑھا -

Canteen : (n) [F."Cantine"] (۱) فوجی کینٹین ؛ بارکوں اور چھاؤنی میں رسد اور شراب کی دکان ؛ مے خانہ ؛ شراب خانہ ؛ ناشتہ خانہ (کسی ادارہ وغیرہ میں) - (۲) برتن یا شراب رکھنے کےلئے خانہ دار صندوق - (۳) ٹین یا لکڑی کا برتن (سپاہیوں کے پانی پینے کا) تام لیٹ / تام لوٹ -

Canter : (n) [CANT + ER] (۱) کسی جماعت یا پیشے کی مخصوص بولی بولنےوالا - (۲) ریا کار - (۳) Waltz رقص کا ایک انداز -

Canter : (n) پویہ -

To win in a canter : آسانی سےجیت لینا -

Canter : (v) [Abbr. of CANTERBURY] پویہ چلنا ؛ پویہ چلانا -

Canterbury : (n) (Kae'nterberi/-beri) (۱) کینٹر بری ؛ کینٹر بری کے زائرین یا راستے میں کہی گئی کہانیوں سے متعلق - (۲) (موسیقی) میگزین وغیرہ کو رکھنے کا ریک -

Canterbury Bell (s) : (n) ایک پودا جس کے گھنٹی نما پھول ہوتے ہیں -

Canterbury gallop : (n) پوئی (چال) -

Canterbury pace : (n) قدم چال -

Canterbury palm : (n) ایک قسم کی کھجور کا درخت -

Canterbury rack : (n) میٹھی پوئی ؛ رھوال -

Canterbury rate : (n) آھستہ چال -

Canterbury tale (or story) : (n) (۱) وہ کہانی جو کینٹر بری کے زائرین سے راستہ میں کہی گئی - (۲) لمبی اور اکتا دینے والی کہانی -

Canterbury trot : (n) دُلکی (چال) -

Canterer : (n) پویہ چلانےوالا -

Cantharic : (a) [CANTHAR-IDES +-IC] (Cantharic acid میں) کینتھرائی ڈین کی صفت کا ایک مادہ -

Cantharidal : (a) خشک بھونرے سے متعلق یا بناھوا -

Cantharidate : (n) Cantharic acid کا نمك -

Cantharidate : (v) خشك بھونرے سے علاج کرنا -

Cantharides : (n) [L. Pl.of'cantharis."] (۱) خشك ھسپانوی مکھی - (۲) خشك بھونرا ؛ اس سے بنے ھوئے مرکبات -

Cantharidian / -ean : (a) خشك بھونرے کی صفت کایا اس سے بنا ھوا -

Cantharidic : (a) خشك بھونرے کی خاصیت کا -

Cantharidin : (n) ایك تلخ قلوی مرکب ؛ سفوف ذرارح -

Cantharidism : (n) خشك بھونرے کے غلط استعمال سے پیدا شدہ زھر ؛ سمیت ذراحی -

Cantharidize : (v) خشك بھونرے سے علاج کرنا -

Canthoplastic : (a) گوشہء چشم کی جراحی سے متعلق -

Canthoplasty : (n) آنکھ کے پپوٹوں کے شگاف کو دراز کرنے کی جراحی -

Canthus : (n) [Gr."Kanthos"] گوشہء چشم -

Canticle : (n) [L."Canticulum"] چھوٹا سا بھجن ؛ مختصر مناجات ؛ نغمات سلیمان ۔

Cantilena : (n) [L."Cantus"] عام فهم یا عام پسند گیت ۔

Cantilever : (n) [CANT + LEVER] چھجا سنبھالنے کے لئے دیوار میں لگاھوا بریکٹ ؛ توڑہ ؛ بیرم ؛ قنطروس ۔

Cantillate : (v) [L."Cantillare"] (مذهبی نغمه) گانا ؛ نغمه سرا هونا ۔

Cantillation : (n) مذهبی گانا ۔

Cantily : (adv.) زنده دلی سے ؛ شادمانی سے ۔

Cantiness : (n) خوشی ؛ زنده دلی ؛ شادمانی ۔

Canting : (n) (۱) زاویه دار بنانا ؛ الٹ پلٹ کردینا ؛ پھینکنا ۔ (۲) مخصوص اصطلاح میں بات کرنےکی عادت ۔ (۳) مخصوص زبان میں گفتگو ۔ (٤) ریاکاری کی گفتگو ۔ (٥) نیلام کے ذریعه فروخت ۔

Canting : (v) گڑگڑانا ؛ آه و زاری کرنا ۔

Canting arms : (n) وه هتهیار جس پر صاحب اسلحه کا کوئی نشان هو ؛ طغرائی اسلحه ۔

Cantingly : (adv) گڑگڑا کر ۔

Cantingness : (n) گڑگڑانا ؛ گڑگڑاهٹ ۔

Cantinier : (n) [Fr.] کینٹین کا مالك ۔

Cantle : (n) [med. L."Cantellus"] (۱) ٹکڑا ؛ پاره ؛ قاش ؛ حصه ۔ (۲) زین کا پچھلا حصه ۔ (۳) چندیا ۔

Cantlet : (n) چھوٹا ٹکڑا ۔

Cantle-wise : (adv) ٹکڑوں میں ۔

Canto : (n) [It.] (۱) نظم کا باب یا فصل ۔ (۲) (موسیقی) تیز آواز ۔

Canto fermo : (n) [It.] ساده نغمه ۔

Canton : (n) [It."Cantone"] (۱) ضلع ۔ (۲) (تاریخ) جمهوریه سوئس کی ایک ریاست (سویٹزرلینڈ کا ضلع) ۔ (۳) (نقابت میں) سپر یا ڈھال کے اوپر کنارے پر مربع بنانا ؛ اس مربع میں رکھنا ۔

Canton : (v) (۱) ضلعوں میں تقسیم کرنا ۔ (۲) چھاؤنی ڈالنا ؛ فوج کے رهنے سهنے کا انتظام کرنا ۔ (۳) (نقابت میں) سپر یا ڈھال کے اوپر کنارے پر مربع بنانا ؛ اس مربع میں رکھنا ۔

Cantonal : (a) ضلع کا ؛ ضلع سے متعلق ۔

Cantonalism : (n) ضلع داری کا نظام ۔

Cantoned : (a) (۱) ضلعوں میں منقسم ۔ (۲) چھاؤنی میں ٹھهرایا هوا ۔ (۳) (تعمیرات) باهری حصے یا زاوئیے(پایوں وغیره سے آراسته کئےهوئے) ۔

Cantoner : ایك ضلع کے باشندے ۔

Cantonment : (n) [F."Cantonnement"] (۱) چھاؤنی ؛ صدر کیمپ ؛ اردو ؛ معسکر ؛ لشکر ۔ (۲) (مجازاً) رهائش گاه ؛ کوارٹر ۔

Cantor : (n) [L.] (۱) مناجات خانوں کا هادی ۔ (۲) عبادت گزاروں یابھجن منڈلی کا هادی ۔

Cantorial / Cantoral : (a) (۱) مناجات خوانوں کے هادی سے متعلق ۔ (۲) گرجے میں سماع خانه کی شمالی جانب ۔

Cantoris : (n) [L.] موسیقی کی اصطلاحی هدایت یعنی سماع خانه کے شمالی جانب والے هم آواز هو کر گائیں ۔

Cantorship : (n) مناجات خوانوں کے هادی کا عهده ۔

Cantred / Cantref / Cantrev : (n) [W."Cantref"] سو (۱۰۰) شهروں والا ایك ضلع ۔

Cantrip : (n) [origin unknown] (۱) جادو ؛ سحر ؛ منتر ۔ (۲) (مزاحاً) ظریفانه اور مبالغه آمیز کام ۔

Cantus firmus : (n) [med. L.] دیکھو Canto fermo

Canty : (a) [*f.* CANT] خوش ؛ زنده دل ؛ شاداں ۔

Canuck : (n) [Prob.alter."Canadian"] (۱) فرانسیسی کناڈا کا باشندہ ۔ (۲) کناڈا کا گھوڑا ۔

Canvas / Canvass : (n) [ME."Canevas"] (۱) پلاس ؛ کرمچ ؛ ولایتی ٹاٹ ۔ (۲) بادبان ۔ (۳) دوڑ کی کشتی کا چھت دار کنارہ ۔ (٤) تصویر کشی کا کپڑا ؛ تصویر ۔ (۵) مشجر کپڑا ۔ (٦) پس منظر ۔ (۷) سرکس ۔ (۸) خیمہ ۔

Under canvass : زیر خیمہ ؛ بادبان کھولے ۔

Canvas / Canvass : (v) کرمچ (ولایتی ٹاٹ) کی تہ جمانا یا لگانا ؛ چھپانا ۔

Canvas- back : (n) (۱) شمالی امریکہ میں کرمچی پشت کی ایک بطخ ؛ کرمچی پشت بطخ ؛ پلاس پشت ۔ (۲) پلاس پشت پوشاک ۔

Canvas board : (n) ایک قسم کا تختہ جس پر تصویر کشی کی جاتی ھے ۔

Canvas length : (n) تقریباً پندرہ فٹ ۔

Canvas man : (n) سرکس کا ملازم جو خیمہ لگاتا اور اکھاڑتا ھے ۔

Canvass / Canvas : (v) (۱) بحث کرنا ؛ مباحثہ کرنا ؛ سخت نکتہ چینی کرنا ؛ تفصیلی جائزہ لینا ۔ (۲) ووٹ ، رائےدہی ، چندہ وغیرہ کےلئے گزارش کرنا ؛ ووٹ یا رائے طلب کرنا ۔ (۳) کسی شخص کے متعلق رائے عامہ دریافت کرنا ؛ کسی مقام کےلوگوں کے خیالات و عادات کا پتہ لگانا ۔ (٤) پیش کرنا (کوئی نظریہ یا پلان) ۔ (۵) پھیلانا (افواہ وغیرہ) ۔ (٦) لوگوں کی توجہ اپنی طرف منعطف کرنا ؛ ھم رائے بنانا ؛ مائل کرنا ؛ ترغیب دینا ۔ (۷) تبلیغ کرنا (نفع کےلئے) ۔

Canvass : (n) (۱) رائےطلبی ؛ حصول رائے ۔ (۲) گزارش ۔

Canvasser : (n) (۱) رائےطلبی ؛ رائےجو ؛ طالب رائے ؛ چندہ مانگنے والا ؛ تبلیغ کرتے والا (نفع کےلئے) ۔ (۲) جانچ پڑتال ؛ تنقیح ۔ (۳) گھر گھر جا کر آڈر لینے والا ۔

Canvassing leaflet : (n) رائےجو یا تبلیغ کرنےوالا دستی اشتہار ۔

Cany : (a) [CANE + Y] بید سے بھرا ھوا ؛ بید کی مانند ؛ بید سے بنا ھوا ۔

Canzona : (n) [It.] (۱) (گیت) موسیقی کے مطابق کسی گیت کے الفاظ کی ترتیب ۔ (۲) گیت کے طور کی موسیقی ۔

Canzone : (n) [L."Cantionem"] ایک قسم کا گیت (غزل یا قصیدہ کی قسم کا) ۔

Canzonet : (n) [It."Canzonetta"] ایک چھوٹا گیت ؛ سرود ؛ ٹھمری ۔

Caoutchin : (n) [CAOUTCH + IN] ھندوستانی ربڑ کی تقطیر سے پیداشدہ تیل میں پایا جانےوالا ھائیڈرو کاربن ۔

Caoutchouc : (n) [Carib."Cahuchu"] ھندوستانی ربڑ ؛ خام ربڑ ۔

Caoutchoucin : (n) [prec.+-IN] ھندی ربڑ کی خشک تقطیر سے حاصل ھونے والا ایک پتلا اور اڑ جانے والا رقیق مادہ ۔

Cap : (n) [L."Cappa"] (۱) ٹوپی ؛ کلاہ ۔ (۲) سر اور گردن کی پوشش ۔ (۳) اوپری پرت ؛ ڈھکن ۔ (٤) کسی تعمیر کو ڈھکنے والی ساخت ۔ (۵) علامتی ٹوپی (کسی خاص عہدے یا موقع کے لئے) ۔ (٦) (تعمیرات) کسی تعمیر کا بالائی حصہ ؛ لنٹل ؛ داسہ ۔ (۷) (جہازرانی) مستول کو کڑی یا تختہ وغیرہ لگا کر لمبا کرنے کے لئے دو سوراخہ کندہ ۔ (۸) کاغذ یا دھات کی بنی ھوئی وہ ٹوپی جس میں آتشگیر مادہ ھوتا ھے ؛ کارتوس کی ٹوپی ؛ آتشی ٹوپی (اسلحہ کی) ۔ (۹) Cap paper کا مخفف ۔

Gun cap : (۱) کلاہ تصادم ۔ (۲) اسلحہ آتشیں کی ٹوپی جس میں بارود بھرا ھوتا ھےاور لبلبی کی رگڑ سے مشتعل ھوجاتی ھے۔

Knee cap : گھٹنے کی ھڈی ؛ کاسۂ زانو ۔

Percussion cap : کارتوس کی ٹوپی ۔

Scotch cap : ھائی لینڈ والوں کی وردی کی ٹوپی ۔

Steel cap : خود ؛ فوجی ٹوپ ۔

Cap of liberty : (Also Phrygian bonnet) پرانے زمانہ میں رومی غلاموں کو آزاد ہونے پر مخروطی ٹوپی دی جاتی تھی اب اس سے جمہوریت مراد لیتے ہیں ؛ کلاہ جمہوری ؛ کلاہ آزادی ۔

Cap of maintenance : کلاہ منصب ؛ درباری ٹوپی ؛ کلاہ حکومت ؛ کلاہ شاہی جو جلوس میں بادشاہ کے آگے چلتی ہے ۔

Cap of paper : سفیدی مائل بھورا کاغذ پیکٹ وغیرہ بنانے کے لئے ؛ طبلقی کاغذ ؛ خط لکھنے کا ایک قسم کا کاغذ ۔

Cap-paper : (n) (۱) سفیدی مائل بھورا (کاغذ پیکٹ وغیرہ بنانے کےلئے) ۔ (۲) طبلقی کاغذ ۔ (۳) ایک قسم کا خط لکھنے کا کاغذ (اس کاغذ میں ٹوپی کا مائی نشان ہوتا ہے) ۔

Cap-sheaf : (n) (۱) سب سے اوپر کا گٹھا ؛ سب سے اوپر کا بوجھا ۔ (۲) (مجازاً) حد ؛ انتہا ۔

Cap-stone : (n) (۱) ڈھکن کا پتھر ؛ سنگی ڈھکن یا ٹوپی ؛ منڈیر ۔ (۲) (ارضیات) ایک متحجر معدنی شے ۔

Capa : (n) [L."Cappa"] (۱) ایک ھسپانوی قبا ۔ (۲) سانڈ سے لڑنے والے آدمی کا لبادہ ۔

Capability : (n) [f.CAPABLE] (۱) قابلیت ؛ لیاقت ؛ بل ؛ زور ؛ طاقت ؛ مقدور ۔ (۲) جوہر ؛ استعداد ؛ صلاحیت ؛ توانائی ۔

Capable : (a) [L."Capabilem"] (۱) اثر قبول ۔ (۲) قابل ؛ لائق ؛ موزوں ؛ اهل ۔ (۳) کرگزرنے والا (آئے کام کا) بڑے کام کا ۔ (٤) جوہر قابل ؛ با استعداد ؛ صلاحیت دار ۔

Capableness : (n) صلاحیت ؛ قابلیت ؛ استعداد ؛ اہلیت ۔

Capably : (adv) قابلیت سے ؛ لیاقت سے ؛ صلاحیت سے ۔

Capacious : (a) [L."Capaci"] کشادہ ؛ فراخ ؛ چوڑا ؛ چکلا ؛ وسیع ؛ لمبا چوڑا ۔

Capaciously : (adv) کشادگی سے ؛ فراخی سے؛ وسعت سے ۔

Capaciousness : (n) کشادگی ؛ فراخی ؛ وسعت ؛ گنجائش ۔

The cap fits : کسی شخص کا محسوس کرنا کہ کوئی بات اس پر صادق آتی ہے ؛ کسی بات کا کسی پر چھا جانا ؛ چھپ جانا ۔ (محاورہ) پانی مرتا ہے ۔

To put on one's thinking cap : سوچنے یا غور کرنے کے لئے وقت لینا ؛ غور کرنا ۔

To set one's cap at : ڈورے ڈالنا ۔

Cap : (n) [OE."Copp"] (۱) لکڑی کا پیالہ ۔ (۲) مقدار کا پیمانہ ۔

Cap : (v) (۱) ٹوپی پہنانا یا پہننا ۔ (۲) (اسکاٹس جامعوں میں) سند عطا کرنا ؛ دستار باندھنا ۔ (۳) بندوق پر ٹوپی چڑھانا ۔ (٤) حفاظت کی غرض سے کسی شئے پر دھات وغیرہ کی ٹوپی چڑھانا ؛ شام چڑھانا (چھڑی میں) ۔ (٥) کسی کو سلام کرنے کی غرض سے ٹوپی چھونا یا اتارنا ؛ سلام کرنا ۔ (٦) ڈھانکنا ؛ چڑھانا ۔ (۷) شکست دینا ؛ سبقت لے جانا ؛ انتہا تک پہنچ جانا ۔ (۸) بیت بازی کرنا ۔

Horse caps its hocks : چوٹ لگا لینا (گھوڑا اپنی جانگھ زخمی کرلیتا ہے) ۔

To cap an anecdote / proverb / quotation, etc : ایک قصہ ، ضرب المثل وغیرہ کا دوسرے قصہ ، ضرب المثل وغیرہ سے جواب دینا ۔ (جوابی فقرے یا لطیفے میں) سبقت لے جانا ۔

To cap climax/ all : انتہا تک پہنچ جانا ؛ سبقت لے جانا ۔

To cap verses : بیت بازی کرنا ۔

Cap : (v) [OF."Caper"] زبردستی لے لینا ۔

Cap and bells : نقال یا مسخرہ کی علامت ۔

Cap-a-pie : (adv) [OF.=mod f."de pied encap"] سراپا ؛ سر سے پاؤں تک ؛ سر تا پا (مسلح یا تیار) ۔

Cap-a-pie armed : سر تا پا مسلح ۔

Cap of fence : خود ؛ فوجی ٹوپی ۔

Capacitance : (n) [f.CAPACITY] برقی غیر موصل کی یہ خصوصیت کہ توانائی کو جمع کرسکے ؛ (طبیعیات) موثر صلاحیت ؛ ظرفیت ؛ موثر گنجائش ۔

Balances capacitance : (طبیعیات) توازنی صلاحیت ۔

Bridge capacitance : (طبیعیات) برج صلاحیت ۔

Distributed capacitance : (طبیعیات) تقسیم شدہ صلاحیت ۔

External capacitance : (طبیعیات) خارجی صلاحیت ۔

Geometric capacitance : (طبیعیات) جیومیٹرک صلاحیت ۔

Internal capacitance : (طبیعیات) داخلی صلاحیت ۔

Self capacitance : (طبیعیات) خود صلاحیت ۔

Capacitate : (v) [f.CAPACITY] (۱) قابل بنانا ؛ لائق بنانا ۔ (۲) (قانوناً) حق دار بنانا ۔

Capacitation : (n) حق دار بنانا ۔

Capacitive : (a) صلاحیتی ۔

Capacitive load : (n) (طبیعیات) صلاحیتی لداؤ یا بوجھ ۔

Capacitive reactance : (n) (طبیعیات) صلاحیتی نااھلیت ۔

Capacitor : (n) (طبیعیات) چارج دان ؛ برقی مکثفہ ؛ برقی کنڈنسر ۔

Blocking capacitor : (طبیعیات) ناگزار چارج دان ۔

Synchronous capacitor : (طبیعیات) ھم وقت چارج دان ۔

Transformer capacitor : (طبیعیات) ٹرانسفارمر چارج دان ۔

Capacity : (n) [L."Capacitatem"] (۱) گنجائش ؛ سمائی ؛ وسعت ؛ ظرفیت ۔ (۲) قابلیت ؛ استعداد ؛ ذھن کی رسائی ؛ قوت ذھنی ۔ (۳) (طبیعیات) حرارت (برق وغیرہ کی) ؛ صلاحیت ؛ گنجائش ؛ کسی ظرف کا اندرونی حجم ؛ امکان ۔ (٤) حیثیت ؛ مرتبہ ؛ عھدہ ؛ درجہ ۔ (٥) قانونی حق ۔ (٦) بجلی کی وہ مقدار جو ایک مورچہ سے مخصوص حالت میں حاصل ھو سکتی ھے ۔

Absolute capacity : (طبیعیات) مطلق صلاحیت ۔

Carrying capacity : لے جانے کی استعداد ۔

Electric capacity : (طبیعیات) برقی صلاحیت ۔

Excess capacity : (تجارت) زائد استعداد ۔

Idle capacity : (تجارت) غیر مستعملہ استعداد ۔

Inherited capacity : (تجارت) موروثی استعداد ۔

Measure of capacity : پیمانہ ۔

Mental capacity : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) ذھنی صلاحیت ۔

Optimum capacity : (تجارت) مناسب استعداد ۔

Productive capacity : (تجارت) پیداواری استعداد ۔

Taxable capacity : (تجارت) محصول پذیر استعداد ۔

Thermal capacity : (تجارت) استعداد کی اکائی ۔

Unit of capacity : (تجارت) استعداد کی اکائی ۔

Capacity : (a) صلاحیت ؛ وسعت ؛ لیاقت ۔

Capacity creating process : (تجارت) تخلیق استعداد ۔

Capacity factor : (n) (تجارت) عامل استعداد ؛ کسر گنجائش ۔

Capacity for heat, moisture etc. حرارت ، نمی وغیرہ جذب کرنے کی طاقت ۔

Capacity growth : (n) (تجارت) استعدادی ترقی ۔

Capacity increasing aspect : (تجارت) استعدادی اضافہ کا پہلو ۔

Capacity of work : (طبیعیات) کام کی صلاحیت ۔

Capacity output : (n) (تجارت) استعدادی پیدا وار ۔

Capacity to pay wages : اجرت دینے کی استعداد ۔

Capacity utilization rate : (تجارت) استعمال استعداد کی شرح ۔

Caparison : (n) [mid.L."Caparo"] (۱) گھوڑے کا ساز ؛ زین پوش ؛ جھول ۔ (۲) آرائش ؛ لباس ۔

Caparison : (v) گھوڑے کو آراستہ کرنا ؛ جھول ڈالنا ۔

Cape : (n) [Early form of "cope"] برقع نما قبا، لبادہ ۔

Cape : (n) [F."Cape"] لبادے کا گلوبند یا رومال ۔

Cape : (n) [L."Cappa"] (۱) مرغ کی گردن یا بازو کے چھوٹے پر ۔ (۲) کسی جانور کی کھال (سر، گردن اور بازو تک کی) ۔ (۳) سانڈ سے لڑنےوالوں کا لال لبادہ ۔

Cape : (n) [L."Caput"] راس ۔

The cape کوئی جانا بوجھا راس خصوصاً راس امید ۔

Cape-elk : (n) جنوبی افریقہ کا ایک بڑی قسم کا هرن ۔

Cape-hen : (n) ایک قسم کا بحری پرندہ ؛ قادوس کی ایک قسم ۔

Cape-jasmine : ایک قسم کی یاسمین ۔

Cape-pigeon : (n) ایک بحری پرندہ جس کے پر سفید ، سیاہ اور بازو لمبے هوتے هیں ۔

Caped : (a) بےآستین کی قبا پہنے ؛ قبا پوش ۔

Capel : (n) گھوڑا ۔

Capel : (n) ایک مرکب پتھر جو ٹین اور تانبے کی کان میں پایا جاتا ھے ۔

Capelet /Capellet : (n) [F."Chapelet"] (۱) چھوٹی قبا ۔ (۲) گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنے کے پاس کی ابھری هوئی هڈی کے درمیانی جوڑ کی سوجن ۔

Capelin / Caplin : (n) [Fr."Capelen"] چھوٹی بحری مچھلی جو ماڈ مچھلی کے چارہ کے طور پر استعمال کی جاتی ھے ۔

Capeline : (n) [It."Capellina"] (۱) (جراحی) خود ۔ (۲) بندھن ؛ کلاہ نما بندھن، سر یا بازو وغیرہ کے لئے ۔ (۳) عورتوں کی نیچی چندیا اور چوڑے چھجے والی ٹوپی ۔

Capella : (n) [L.] (۱) عیوق بکری (ایک ستارہ) ۔ (۲) چاھا کی ایک قسم ۔

Capelocracy : (n) [Gr."kapelos + kratia"] دکان داری ۔

Caper : (n) [L."Capparis"] (۱) جنوبی یورپ کی خار دار جھاڑی ؛ کیار ۔ (۲) (جمع میں) کیار جھاڑی کی کلیاں جن کا اچار بنتا ھے ۔ (۳) ایک خوشبو دار چائے ۔ (٤) دلدلی گیندا (پھول) ۔

Caper : (n) [appr. of CAPRIOLE] (۱) اچھل کود ؛ کود پھاند ؛ کلیل ؛ جست ۔ (۲) (مجازاً) عجیب و غریب کارروائی ۔ (۳) ایک قسم کا رقص ۔ (٤) (عامیانہ) غیر قانونی کام یا جرم ۔ (٥) سرگرمی ۔

To cat a caper : عجیب و غریب حرکت کرنا یا ناچنا ۔

Caper : (n) [Du."Kapen"] بحری قزاق ؛ بحری قزاقوں کا سردار ۔

Caper : (n) [Sc. Gael."Ceapaire"] (اسکاٹ لینڈ) مکھن اور پنیر لگا روٹی کا ٹکڑا ۔

Caper : (v) اچھلنا ؛ کودنا ؛ کودنا پھاندنا ؛ جست کرنا ؛ کلیل کرنا ۔

Caper-bush / -plant / -spurge : (n) کبرا ؛ زهریلے قسم کا یورپی پودا ۔

Caper tree : (n) نیو ساؤتھ ویلس کا ایک درخت ۔

Caper wort : (n) کیار کی جنس کا ایک پودا ۔

Cape-weed : (n) گھاس کی ایک قسم ۔

Capercailye / Capercailzie : (n) [Corruption of Gael."Capull coille"] جنگلی مرغ ؛ ایک قسم کا تیتر ۔

Caperer : (n) (۱) اچھلنےکودنے والا ؛ جست لگانے والا ۔ (۲) عجیب و غریب حرکت کرنے والا ۔ (۳) ایک قسم کی تتلی ۔

Capernaite : (n) [Galilee."Capernaum"] (۱) Capernaum کا باشندہ ۔ (۲) استحالہ عشائی میں عقیدہ رکھنے والا ۔

Capernaitic / -al : (a) استحالہ عشائی میں عقیدہ رکھنے والوں سے متعلق ۔

Capernoited : (a) چڑچڑا ؛ مست ؛ مخمور ۔

Capernoitie : (n) [origin unknown] سر ۔

Capful : (n) [*f*. CAP] (۱) ٹوپی بھر ۔ (۲) ھلکا جھونکا ۔

A capful of wind : (بحری) ھوا کا ھلکا جھونکا ۔

Caphaurnaism : (n) [F."Capemeum"] استحالہ عشائی کا عقیدہ ۔

Capias : (n) [L.] پروانہ گرفتاری ؛ وارنٹ ؛ حکم حراست ۔

Capibara : (n) [Var. of CAPYBARA] Capybara کی بدلی ھوئی شکل ۔

Capillaceous : (a) [L."Capillus"] بال کی طرح ؛ بال جیسا ؛ دھاگے کی طرح ؛ موئی ؛ شعری ۔

Capillaire : (n) [L."Capillaris"] (۱) شربت سنبل ۔ (۲) نارنگی کےپھول سے بنا ھوا خوشبودار شربت ۔

Capillarimeter : (n) [L."Capillaris"] شعری جذب کے اصول پر شراب کی تیزی ناپنے کا آلہ ۔

Capillarity : (n) [L."Capillaris"] (طبیعیات) شعریت ؛ شعری جذب و دفع کی طاقت ؛ شعری جذب ۔

Capillary : (a) [L."Capillaris"] (طبیعیات) بالیت ۔ (کیمیا) کیلری ؛ شعری ۔ (۱) بال کا ؛ شعری ۔ (۲) مثل شعر یا بال کا ۔ (۳) باریك سوراخ والا ؛ (طبیعیات) بال نلی ۔ (٤) عروق شعری سے متعلق ۔

Capillary : (n) عروق شعریہ ۔

Capillary analysis : (n) (کیمیا) شعری تجزیہ ۔

Capillary attraction : (n) (طبیعیات) بال نلی کشش ؛ (کیمیا) شعری کشش ؛ جاذبہ؁ شعری ۔

Capillary chemistry : (n) (کیمیا) شعری کیمیا ۔

Capillary curve : (n) (کیمیا) شعری خم ۔

Capillary depression : (n) (طبیعیات) بال نلی ؛ زوال ؛ شعری نشیب ۔

Capillary electrometer : (n) شعری الیکٹر ومیٹر ۔

Capillary elevation : (n) (طبیعیات) شعری چڑھاؤ ؛ بال اٹھان ؛ عروج ۔

Capillary method : (n) (طبیعیات) بال نلی طریقہ ؛ شعری طریقہ ۔

Capillary raise : (n) (طبیعیات) بال نلی عروج ؛ شعری اٹھان ۔

Capillary repulsion : (n) (طبیعیات) بال نلی ھٹاؤ ؛ (کیمیا) شعری نفرت ؛ دفاع شعری ۔

Capillary ripple : (n) (طبیعیات) بال نلی ھلکور ۔

Capillary rise : (n) (طبیعیات) بال نلی عروج ؛ شعری اٹھان ۔

Capillary tube : (n) (طبیعیات) بال نلی ؛ شعری نلکی ۔

Capillary wave : (n) (طبیعیات) بال نلی لھر ؛ شعری لھر ۔

Capilliform : (a) [L."Capillus"] بال جیسا ؛ بال کی شکل کا؛ بال کی مانند ۔

Capillitium : [L."Capdelus"] (نباتیات) غیر خلیہ دار ریشوں کا مجموعہ جو لیس دار پھپھوندی کے تخمك کے پھٹنے کے درمیان بن جاتا ھے ؛ شعرائیہ ۔

Capillose : (a) [L."Capillosus"] بالوں سے بھرا ھوا ؛ بالدار ؛ شعری ۔

Capita : (n) [L.] سر ۔

Per capita : (انتظامیہ) فی کس ۔

Capital : (n) [L."Capitellum"] (۱) راس ؛ عمود ؛ ستون کا بالائی حصہ ؛ سر ستون ؛ کارنس ؛ تاج ۔ (۲) چمنی کا ڈھکن ۔ (۳) کتاب کی فصل یا باب ؛ خلاصہ ۔

Capital : (a) [L."Capitalis"] (۱) سر کا یا سر سے متعلق ۔ (۲) سر یا زندگی پر اثر ڈالنے والا ؛ مھلك ؛ سزائے موت کا مستوجب ؛ نقصان رساں ؛ مضر ؛ سنگین ۔ (۳) اھم ؛ ممتاز ؛ درجہ اول کا ؛ عمدہ ؛ ابتدائی ؛ اعلیٰ ؛ اھم (استعجاب ظاھر کرنے کے لئے) ۔ (٤) جنگی (جھاز) ۔ (٥) اصلی سرمایہ یا پونجی کا ۔

Capital : (n) [L."Capitalis"] (۱) بڑا حرف (انگریزی کا) ۔ (۲) صدر مقام ؛ خاص شہر ؛ دار الخلافہ ؛ پایہ تخت ۔ (۳) سرمایہ ؛ پونجی ۔ (٤) جمع پونجی جو پیداواری کام میں لگائی جائے ۔ (۵) (قلعہ بندی) دیوار قلعہ کے نکلے ہوئے حصے کے زاویے کا فرضی خط ناصف ۔

Accumulation of capital اجتماع سرمایہ (تجارت) ۔

Active capital : مصروف اصل ؛ مصروف سرمایہ (تجارت) ۔

Artificial capital : مصنوعی سرمایہ ۔

Authorised capital : منظورشدہ سرمایہ ؛ مجوزہ سرمایہ ؛ منظور سرمایہ (تجارت و معاشیات) ۔

Auxiliary capital : امدادی سرمایہ ؛ امدادی اصل ؛ معاون اصل (تجارت و معاشیات) ۔

Blocked capital : (تجارت) مسدود اصل ؛ مسدود سرمایہ ۔

Called up capital : (تجارت) طلبیدہ سرمایہ ؛ مطلوبہ سرمایہ ۔

Circulating capital : (تجارت) اصل دائر ؛ سرمایہ دائر ۔

Commercial capital : (تجارت) تجارتی اصل ؛ تجارتی سرمایہ ۔

Commodity capital : (تجارت) اشیائے اصل ۔

Concentration of capital : (تجارت) ارتکاز اصل ۔

Concrete capital : (تجارت) ٹھوس اصل ؛ ٹھوس سرمایہ ۔

Constant capital : (تجارت) ثابت اصل ؛ مستقل سرمایہ ۔

Consumer 's capital : (تجارت) اصل صارف ۔

Consumption of capital : (تجارت) صرف اصل ۔

Depreciation of capital : (تجارت) فرسودگیء اصل ؛ اصل کی گھساوٹ ۔

Engaged (=goods) capital : (تجارت) اشیائے اصل ۔

Fixed capital : (تجارت و معاشیات) اصل قائم ؛ سرمایہ قائم ؛ اصل پونجی ۔

Flight capital : (تجارت) اصل کی گریز ؛ اصل کی منتقلی ۔

Floating capital : (تجارت و معاشیات) تغیر پذیر سرمایہ ؛ منقولہ سرمایہ ؛ اصل متحرک ؛ جاری اصل ۔

Foreign capital : (تجارت) بیرونی سرمایہ ۔

Forms of capital : (تجارت) اصل کی شکلیں ۔

Free capital : (تجارت) مفت اصل ۔

Human capital : (تجارت) انسانی اصل ۔

Incremental capital : (تجارت) اضافہ اصل ۔

Instrumental capital : (تجارت) آلاتی اصل ۔

Issued capital : (تجارت و معاشیات) جاری کردہ اصل ؛ رائج اصل ۔

Latent capital : (تجارت) پوشیدہ اصل ۔

Locked in capital : (تجارت) تالابند اصل ۔

Merchant 's capital : (تجارت) تاجری اصل ۔

Migration of capital : (تجارت) اصل کی منتقلی ۔

Mobility of capital : (تجارت) اصل کی نقل پذیری ؛ سرمایہ کی حرکت پذیری ۔

Money capital : (تجارت) زر اصل ؛ سرمایہ ۔

National capital : (تجارت) قومی سرمایہ ۔

Natural capital : (تجارت و معاشیات) طبعی سرمایہ ۔

Nominal capital : (تجارت و معاشیات) مجوزہ سرمایہ ۔

Origin of capital : (تجارت و معاشیات) اصل یا سرمایہ کی ابتدا ۔

Capital account : (n) (تجارت) سرمایہ کھاتے ؛ حسابات سرمایہ ۔

Capital accumulation : (n) (تجارت و معاشیات) اجتماع سرمایہ ۔

Capital appropriation : (n) (تجارت) اصل کی تقسیم تصرف ۔

Capital asset : (n) (تجارت) اثاثہ اصل ۔

Capital at charge : (n) (تجارت) سودوی اصل ؛ اصل متعلقہ ۔

Capital budget : (n) (تجارت) اصل بجٹ ۔

Capital charge : (n) (تجارت) اصل کا معاوضہ ۔

Capital coefficient : (n) (تجارت) اصل کی شرح کا تناسب ۔

Capital cost : (n) (تجارت) لاگت اصل ؛ کل لاگت ؛ صرف سرمایہ ۔

Capital crime : (n) (سماجیات) جرم لائق سزائےموت ۔

Capital equipment : (n) (تجارت) آلات اصل ۔

Capital error : (n) فاش غلطی ؛ سخت غلطی ؛ مہلک غلطی ؛ فاحش غلطی ۔

Capital expenditure : (n) (تجارت) اصل کے اخراجات ؛ مصارف اصلی ۔

Capital flight : (n) (تجارت) سرمایہ کی اڑان ؛ اصل کی منتقلی ؛ سرمایہ کی منتقلی ۔

Capital fund : (n) راس المال ؛ سرمایۂ ابتدائی ۔

Capital gain : (n) (تجارت) محاصل اصل ۔

Capital goods : (n) (تجارت) اشیائے اصل ۔

Capital in flow : (n) (تجارت) اصل کی آمد ۔

Capital inputs : (n) (تجارت) درآیدہ اصل ۔

Capital issue : (n) (تجارت) اصل پونجی ؛ اصل کا جاری کرنا ۔

Capital levy : (n) (۱) حکومت کی طرف سے ساری جائداد کے کسی تناسب کی ضبطی ۔ (۲) (تجارت) محصول اصل ۔

Paid up capital : (تجارت و معاشیات) ادا شدہ سرمایہ یا اصل ؛ بے باق سرمایہ ۔

Productivity of capital : (تجارت) اصل کی پیداواری ؛ اصل کی افزائش ۔

Pure capital : (تجارت) خالص اصل ۔

Redemption of capital : (تجارت و معاشیات) اصل کی واپسی ؛ ادائیگی سرمایہ ؛ سرمایہ کی بازیافت ۔

Reproduction of capital : (تجارت) اصل کی پیداواری ؛ اصل کی افزائش ۔

Registered capital : (تجارت و معاشیات) مجوزہ سرمایہ ؛ رجسٹرڈ سرمایہ –

Return on capital : (تجارت) اصل کا محاصل ۔

Security capital : (تجارت) ضمانتی اصل ۔

Share capital : (تجارت) شیر کیپیٹل ؛ حصصی اصل ۔

Social capital : (تجارت) سماجی اصل ۔

Specific capital : (تجارت) مختص اصل ۔

Stock capital : (تجارت و معاشیات) اسٹاک سرمایہ ؛ ذخیرہ اصل ۔

Subscribed capital : (تجارت و معاشیات) جمع شدہ سرمایہ یا اصل ۔

Sunk capital : (تجارت) جمع کردہ اصل ۔

Surplus capital : (تجارت) فاضل اصل ؛ زائد اصل ۔

To make capital out of : فائدہ یا انتفاع حاصل کرنا ۔

Trade capital : (تجارت) تجارتی اصل ۔

Trading capital : (تجارت) تجارتی اصل ۔

Uncalled capital : (تجارت و معاشیات) نا طلب کردہ اصل ؛ غیر مطلوبہ سرمایہ ۔

Working capital : (تجارت و معاشیات) دائر اصل ؛ چالو سرمایہ ۔

Capital letter : (n) شروع کا بڑا حرف ۔

Capital liability : (n) (تجارت) واجبات اصل ۔

Capital manor : (n) جاگیر خاص جو بادشاہ سے حاصل ہو ۔

Capital market : (n) (تجارت) بازار سرمایہ ۔

Capital messuage : (n) وہ مکان جس میں جاگیر دار خود رہے اور جس میں شاگرد پیشوں کے مکانات ہوں ۔

Capital movement : (n) (تجارت) اصل کی نقل و حرکت ۔

Capital offence : (n) سنگین جرم ۔

Capital payments : (n) (تجارت) اصل کی ادائیگی ۔

Capital profit : (n) (تجارت) نفع اصل ۔

Capital punishment : (n) (سماجیات) سزائےموت ۔

Capital receipts : (n) (تجارت) اصل کی وصولی ۔

Capital requirements : (n) (تجارت) اصل کی ضروریات ۔

Capital resources : (n) (تجارت) اصل کے وسائل ۔

Capital sentence : (n) سزائے موت ۔

Capital sin : (n) گناہ کبیرہ ۔

Capital stock : (n) (تجارت) ذخیرہ اصل ۔

Capital stores : (n) (تجارت) اصل کا سامان ۔

Capital strike : (n) (تجارت) اصل کی ھڑتال ۔

Capital structure : (n) (تجارت) اصل کا حساب ؛ اصل کا ڈھانچہ ۔

Capital sum : (n) (تجارت) سرمائی رقم ۔

Capital sums : (n) (تجارت) اصل کا حساب ۔

Capital town / C. City : (n) پائےتخت ؛ دارالسلطنت ؛ راجدھانی ؛ دارالحکومت ؛ صدرمقام ضلع ۔

Capital transfers : (n) (تجارت) اصل کی منتقلی ۔

Capital turnover : (n) (تجارت) اصل کا الٹ پھیر ۔

Capital value : (n) (تجارت) قدر اصل ۔

Capital worker ratio : (n) (تجارت) اصل اورمزدورکا تناسب ۔

Capitalism : (n) [*f*.CAPITAL] (تجارت) سرمایہ داری ؛ نظام سرمایہ داری ؛ پونجی دار ۔

Absentee capitalism : (تجارت) غیر حاضر سرمایہ داری ۔

Advanced capitalism : (تجارت) ترقی یافتہ سرمایہ داری ۔

Commercial capitalism : (تجارت) تجارتی سرمایہ داری ۔

Individualistic capitalism : (تجارت) انفرادی سرمایہ داری ۔

Industrial capitalism : (تجارت) صنعتی سرمایہ داری ۔

People's capitalism : (تجارت) عوامی سرمایہ داری ۔

State capitalism : (تجارت) ریاستی سرمایہ داری ۔

Capitalist : (n) سرمایہ دار ؛ پونجی پتی ۔

Capitalist democracy : (n) (تاریخ) سرمایہ دارانہ جمہوریت ۔

Capitalistic : (a) (تجارت) سرمایہ دارانہ ۔

Capitalistic economy : (n) (تجارت) سرمایہ دارانہ معیشت ۔

Capitalistic imperialism : (n) (تاریخ) سرمایہ دارانہ سامراج ۔

Capitalstic society : (n) (تجارت) سرمایہ دارانہ سماج ۔

Capitalistic system : (n) سرمایہ دارانہ نظام ۔

Capitalization : (n) تشخیص قیمت ؛ اصل بنانا ؛ سرمایہ بندی ۔

Optimum capitalization : (تجارت و معاشیات) زیادہ سے زیادہ (ممکن) اصل بنانا ۔

Over capitalization : (تجارت و معاشیات) اصل بنانے کی زیادتی ۔

Under capitalization : (تجارت و معاشیات) اصل بنانے کی کمی -

Capitalize : (v) (۱) بطور اصل استعمال کرنا ؛ اصل بنانا - (۲) قیمت مشخص کرنا - (۳) بڑے حروف میں چھاپنا یا لکھنا -

Capitalized profits : (n) (تجارت) اصلیائے ہوئے منافع -

Capitalized value : (n) (تجارت) اصلیائی ہوئی قدر -

Capitally : (adv) [CAPITAL + -LY] (۱) مہلک طریقے سے ؛ اس طریقے سے کہ سزائے موت کا اندیشہ ہو - (۲) بہ اسلوب احسن ؛ نہایت اچھی طرح سے ؛ بہ آئین شائستہ -

Capitan : (n) [Sp.] کپتان ؛ امیر البحر (ترکی بیڑے کا) -

Capitana : (n) امیر البحر کا جہاز -

Capitano : (n) [It.] کپتان ؛ سردار ؛ اعلیٰ افسر -

Capitate / Capitated : (a) [L."Caput"] (نباتیات) سر والا ؛ گچھےدار ؛ گھنڈی نما ؛ راسی -

Capitation : (n) [L."Capitationem"] (۱) سر شماری - (۲) محصول (فی کس) ؛ سر محصول ؛ جزیہ -

Capitation fee : (n) (تاریخ) نفری محصول -

Capitation grant : (n) انعام ؛ امداد (فی کس) -

Capitation tax : (n) (تجارت) فی کس ٹیکس ؛ جزیہ -

Capite : (n) [L."Ablat. of "Caput"] حق لگان داری جس کی رو سے حکومت کی زمین پر فوراً قبضہ ہو جاتا ہے -

Capitellate : (a) [L."Capitellum"] چھوٹے سر والا ؛ گھنڈی دار ؛ گھنڈیوں کا گچھا -

Capitellum : (n) [L. dim.of"caput"] چھوٹا سر ؛ گھنڈی (خاص کر ہڈی کے سروں پر) -

Capitol : (n) [L."capitolium"] (۱) کوہ ثارپی جس پر رومی مندر بنام جو پیٹر دیوتا ہے ؛ کوہ ثارپی - (۲) (امریکہ) کانگریس کے اجلاس کی عمارت ؛ اجلاس گھر ؛ راج بھون - (۳) پہاڑی کی چوٹی پر کا قلعہ -

Capitolian / Capitoline : (a) کوہ ثارپی کے مندر سے متعلق -

Capitoline games : (n) جوپیٹر دیوتا کے کوہ ثارپی کے مندر میں کھیل کود (دیوتا کے اعزاز میں) -

Capitoul : (n) [L."capitolium"] Toulouse کے شہری حاکم کا نام -

Capitulant : (n) ہتھیار ڈال دینےوالا ؛ ہار مان لینےوالا -

Capitular : (a) [med.L."captularis"] (۱) پادریوں کی انجمن سے متعلق - (۲) (عضویات) سر استخوانی میں ہڈی کے نکلے ہوئے سر سے متعلق ؛ راسی - (۳) گھنڈی دار -

Capitular : (n) [F. Prec.] (۱) کلیسائی انجمن کا رکن - (۲) مجموعۂ قوانین (خصوصاً فرنگی بادشاہوں کا) - (۳) قانون - (٤) عنوان ؛ سرخی -

Capitulary : (a) [med.L."capotularius"] کلیسائی انجمن سے متعلق -

Capitulary : (n) [F. prec.] (۱) کلیسائی انجمن کا رکن - (۲) مجموعۂ قوانین (خصوصاً فرنگی بادشاہوں کا) ؛ فرامین ؛ مجموعۂ فرامین - (۳) قانون - (٤) عنوان ؛ سرخی -

Capitulate : (v) [L."capitulatus"] اطاعت قبول کرنا ؛ ہتھیار ڈال دینا ؛ چند شرائط پر ہتھیار رکھ دینا ؛ قلعہ سپرد کر دینا -

Capitulation : (n) [med.L."capitulationem"] (۱) عنوان بندی - (۲) مشروط اطاعت ؛ معاہدہ ؛ شرط نامہ ؛ معاہدہ نامہ ؛ قرار داد - (۳) (تاریخ) ہتھیار ڈالنا ؛ خصوصی مراعات -

The capitulations : (n) سابق میں ترکی میں غیر ملکیوں کو جو مراعات یا امتیازات حاصل تھے ؛ مراعات خصوصی ؛ امتیازات خصوصی -

Capitulator : (n) ہتھیار رکھ دینےوالا ؛ شکست قبول کرنے والا -

Capitulatory : (a) عنوان بندی سے متعلق -

Capitulum : (n) [L. dim.of"caput"] (۱) گھنڈی ؛ چھوٹا سرا ؛ تارینہ - (۲) (عضویات) ہڈی کا وہ ابھار جو دوسری ہڈی کے جوف میں داخل ہو جائے - (۳) (نباتیات) بے ساق پھولوں کا چپٹا گچھا - (٤) (حیوانیات) صدف ماہی کا جسم جو غصنہ نما جوڑ سے ما بہ الامتیاز ہو ؛ سرعظم ؛ تارک -

Capivi : [Var. of COPAIBA] کوپی با کا متبادل -

Caple / Capul : (n) [L."caballus"] گھوڑا -

Capilin / Capling : (n) [f. CAP] موسل کی چرسی ٹوپی جو دھنکی کو ڈنڈے سے ملاتی ھے ۔

Caplin / Capling : (n) [Var. of CAPELIN] capelin کا متبادل ۔

Cap-money : (n) لومڑی کے شکار کے بعد لوگوں سے لیا ھوا چندہ ۔

Capnomancy : (n) [Gr."kapnos+mantia"] دھوئیں سے فال لینا (شگون لینا) ۔

Capnomor : (n) [f. as prec.] ایک بے رنگ شفاف اور دھوئیں جیسی بو والا روغن جو لکڑی کے تارکول سے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Capoc : (n) دیکھو Kapok

Capon : (n) [L."Caponem"] (۱) آختہ مرغا ۔ (۲) مچھلی کی ایک قسم ۔

Capon / Caponize : (v) آختہ کرنا ؛ خصی کرنا ۔

Capon justice : (n) وہ مجسٹریٹ جس کو آختہ مرغ بطور رشوت دے کر کام نکالا جائے ۔

Capon money : (n) رشوت کے طور پر آختہ مرغ کے بدلے روپیہ ۔

Caponier : (n) [Sp."caponera"] قلعہ کی خندق پر چھت دار راستہ ۔

Caporal : (n) [Sp. & Fr.] ایک قسم کا فرانسیسی تمباکو ۔

Capot : (n) [F.] پیکے Paquet (انگریزی کھیل) ؛ ایک ھی کھیل والے کا تمام بازی جیت لینا ۔

Capot : (v) ایک ھی کھلاڑی کا تمام بازی جیت لینا ۔

Capot : (n) [F. dim. of "cape"] (۱) سپاھیوں اورمسافروں کی کلاہ دار عبا ۔ (۲) عورتوں کالبادہ ۔

Capote : (n) [F. A fem. form of "capot"] دیکھو Capot

Cappadine : (n) [f."capade"] ایک قسم کا ریشمی اون یا فضلہ جو سلک دھاگے کو لپیٹ لینے کے بعد کویا میں بچتا ھے ۔

Cappadocian : (a) [f."Capadocia"] کپاڈوشیا کا یا اس سے متعلق ؛ کپاڈوشیا کے باشندے یا زبان ۔

Cappadocian seals : (n) کپاڈوشین مہریں ۔

Cappagh : (n) آئر لینڈ میں کارک کے نزدیک مقام ۔

Cappagh brown : (n) ایک بھورا رنگ ۔

Capparid : (n) [L."Capparis"] ایک قسم کا پودا ۔

Capped / Capt : (a) ٹوپی لگا ھوا ۔

Cappelenite : (n) ناروے میں پائی جانے والی ایک معدنی شے (سبزی مائل بھوری شش پہل) ۔

Capper : (n) [CAP+Er] (۱) ڈھکن لگانے والا (آدمی یا مشین) ۔ (۲) بندوق کے کارتوس میں ٹوپی چڑھانے والا آلہ ۔ (۳) شکست دینے والا ؛ حیران کرنے والا ۔ (٤) نیلام میں بولی بڑھانے والا ۔

Cappie : (n) [dim. of CAP] (۱) چھوٹی پیالی ۔ (۲) ایک قسم کی بئیر شراب ۔

Capping : (n) (۱) ٹوپی پہنانا (cap v کے تمام معنوں میں) ۔ (۲) ٹوپی سازی ۔ (۳) ڈھکن ؛ چھپاون ۔ (٤) چوٹی پر ھونا ؛ سبقت لے جانا (جوابی فقرے یا لطیفے میں) ۔

Capping-plane : (n) سیڑھی کے کبڑے اوپری سطح کو چکنا کرنے کا رندا ۔

Cappy : (a) [CAP+Y] ٹوپی کی طرح ؛ ٹوپی کی صفت کا ۔

Caprate : (n) [f. CAPRIC] کپرک ایسڈ کا ایک نمک ۔

Capreolate : (a) [L."capreolus"] جفتہ دار ؛ سوت دار ۔

Capreoline : (n) [L."capreolus"] ھرن کی ایک ذات ۔

Capric : (a) [L."caprum"] (۱) بکرے کا ؛ بکرے سے متعلق ۔ (۲) کپرک ایسڈ ۔

Capric acid : (n) (۱) ایک روغنی ترشہ جو ناریل کے تیل یا مکھن وغیرہ سے حاصل ھوتا ھے ۔ (۲) ایک بے رنگ بھوری چیز جس میں کچھ بکرے کی بو ھوتی ھے ۔

Capriccio : (n) [It."capro"] (۱) شعبدہ ؛ شوخی ؛ کھیل ؛ اٹکھیلی ؛ کوئی تخیئلی کام یا چیز ۔ (۲) (موسیقی) ساز کا کوئی راگ جسکی کوئی خاص تنظیم نہ ھو لیکن شوخ اور شاندار ھو ۔

Capriccioso : (a) [It."capriccio"] (موسیقی) ھدایت ؛ آزاد اور عجیب و غریب طرز کی ۔

Caprice : (n) [It."capriccio"] : (۱) وهم ؛ وسواس ؛ ترنگ ؛ من کی موج ؛ لہر ؛ تولہ ماشہ ہونا ۔ (۲) لہری پن ؛ تلون مزاجی ؛ وہمی پن ۔ (۳) (فنون لطیفہ) تخیل کی جولانی ؛ تخیل کاری ۔ (٤) دیکھو Capriccio

Capricious : (a) [It."capriccioso"] : لہری ؛ وہمی ؛ من موجی ؛ وسواسی ؛ متلون ؛ تولہ ماشہ ؛ ظریف ؛ من موجیا ۔

Capriciously : (adv) تلون مزاجی سے ۔

Capriciousness : (n) لہری پن ؛ تلون مزاجی ۔

Capricorn : (n) [L."capricornus"] برج جدی ؛ مکر ؛ منطقة البروج کا دسواں برج ۔

Tropic of capricorn خط جدی ۔

Capricorn beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Caprid : (a) [L."caper"] (حیوانیات) بکرے کی ذات کا ۔

Caprification : (n) [L."caprificus"] (نباتیات) انجیروں کو کپڑا لگا کر قبل از وقت پکانا ؛ انجیر پزیری ۔

Caprifoil : (n) [med. L."caprifolium"] ایک جنگلی بیل ۔

Caprifoliaceous : (a) [See prec.] انجیر کی ذات کے پودے سے متعلق ؛ شبدری ۔

Caprine : (a) [L."caper"] بکرے کی شکل کا ؛ بز شکل ۔

Caprine : (a) [L."caprinus"] بزصفت ؛ گوسفند مانند ؛ گوسفند کا ؛ بکرے کی طرح ؛ بزصورت ۔

Capriole : (n) [F.(now"cabriole")] اچھل کود (خاص کر گھوڑے کا ایک ہی جگہ اچھلنا کودنا) ۔

Capriole : (v) اچھل کود کرنا ؛ اچھلنا ؛ کودنا ۔

Capro-aldehyde : (n) (کیمیا) کیپرو الڈھائیڈ ۔

Caproate : (n) [L."caper"] کپرواک ایسڈ کا ایک نمک ۔

Caproic : (a) [L."caper"] (کیمیا) کیپرواک ترشہ ؛ ایک خاص قسم کا ترشہ جو مکھن میں پایا جاتا ہے ؛ بکسواک ایسڈ کی ایک شکل ۔

Caproic acid : (n) کیپرواک ایسڈ ۔

Caprone : (n) (کیمیا) کیپرون ۔

Capryl : (n) [f.CAPRIC] (کیمیا) کیپر لیک ایسڈ کا بنیادی عنصر ۔

Caprylate : (n) کیپریلک ایسڈ کا نمک ۔

Caprylic : (a) روغنی ترشے کی ایک قسم ۔

Caprylic acid : (n) (کیمیا) کیپریلک ایسڈ ۔

Caps : (n) [Printer 's abbr. of capitals] طباعت میں بڑے حروف کا مخفف (جو مطبع والوں کو ہدایت کے لئے لکھا جاتا ہے) ۔

Capsicum : (n) [L."capsa"] لال مرچ قسم کے پودے ؛ خشک کی ہوئی اور پسی ہوئی لال مرچ ۔

Capsicine : (n) لال مرچ کا عملی بنیادی عنصر ۔

Capsize / Capsizal : (n) [Perh. f. CAP] الٹنا (جہاز، کشتی وغیرہ کا) ؛ الٹاؤ ۔

Capsize : (v) الٹ جانا ؛ اوندھا کرنا ؛ پلٹنا ؛ اوندھا ہونا ؛ پلٹ جانا ۔

Capsquare : (n) توپ کی کیلی پر لگا لوہے کے چوڑے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا ۔

Capstan : (n) [L."capistrum"] لنگر کا چرخ ۔

To pawl the capstan : چرخ روک کو خانہ میں ڈالنا تا کہ رسًا الٹا نہ لپٹا جائے ۔

To rig the capstan : سلاخوں کو اندر گھسانا ۔

To surge the capstan : رسّے کو اٹھانے کے وقت ڈھیلا کرنا ۔

Capstan swifter : (n) رسًا جو سلاخوں کے باہری سروں کے دندانوں سے گزرے ۔

Capsular : (a) [mod. L."capsularis"] غلافی ؛ ڈوڈیا ۔

Capsule : (n) [L."capsule"] (۱) (عضویات) جھلی دار لفافہ یا غلاف ؛ غلاف ؛ لفافہ ۔ (۲) (نباتیات) خشک بیج کا خانہ جو پکنے پر کھل جاتا ہے ؛ قبہ ؛ ڈوڈا ؛ کیسہ ؛ تخم دان ۔ (۳) (کیمیا) تبخیر کےلئےاتھلی تشتری ۔ (٤) (طب) گولیاں رکھنے کی جھلی کی ڈبیا ؛ جھلی ڈبی ؛ درجك ؛ بوتلوں کی دھاتی ٹوپی ؛ دوا پوش ۔ (٥) دھاتی کارتوس کا خول ؛ اسلحہ کی آتشی ٹوپی ۔ (٦) بہت ہی مختصر خلاصہ ؛ خاکہ ؛ تلخیص ؛ جائزہ ۔ (۷) ایک ایسا مکمل خانہ جو ہوا باز کے ہوائی جہاز کو چھوڑ کر فرار کرنے کے وقت الگ کیا جا سکے ۔

Capsule : (v) کیپسول لگانا ؛ کیپسول کے ذریعہ بند کرنا ۔

Capsuli / Capsulo-: [Comb. ff.L."Capsula"] سابقہ بمعنی کیسے ۔

Capsuliferous : (a) ڈوڈا دار ؛ قبہ دار ۔

Capsuliform : (a) کیسے کی شکل کا ۔

Capsuligenous : (a) کیسہ پیدا کرنے والا ۔

Capsulo-lenticular : (a) آنکھ کے عدسے کے کیپسول کے متعلق ۔

Captain : (n) [L."capitanus"] (۱) سردار ؛ لیڈر؛ قائد ۔ (۲) (بری فوج) کپتان ؛ (بحری) جنگی جہاز کا کپتان ؛ جہاز کپتان ۔ (۳) تجارتی جہاز کا کپتان یا افسر اعلیٰ؛ نا خدا ۔ (٤) کارنوال انگلستان کی کانوں کا منیجر ۔ (٥) مورمین ؛ مستری ۔ (٦) جمعدار ۔ (۷) کھیتوں میں کسی فریق کا کپتان ؛ کسی انجمن کا اعلا عھدہ دار ۔ (۸) فن حرب کا ماہر ۔ (۹) مخصوص کاموں کو انجام دینے والی ٹولی کا افسر جہازرانی ۔ (۱۰) کسی اسکول کے طالب علموں کی جماعت کا سردار ۔ (۱۱) بے تکلفی میں تخاطب کا لفظ ۔

Captain : (v) سردار ہونا ؛ کپتان ہونا ؛ جماعت کا سالار ہونا ؛ رہنمائی کرنا ؛ قیادت کرنا ۔

Captain General / Captain general : (n) [F. & Sp.] کسی اسپینی صوبے یا نو آبادی کا گورنر ۔

Captain lieutenant : (n) وہ فوجی افسر جو کسی دستے کا حاکم ہو اور کپتان کا عھدہ رکھتا ہو اور لفٹنٹ کا مشاہرہ پاتا ہو ۔

Captain of the fleet : (۱) بحری فوج کا ایڈجوٹنٹ جنرل ۔ (۲) کسی خاص جہاز کا سر ملاح ۔

Captaincy : (n) (۱) کپتان کا عھدہ یا عمل ۔ (۲) کپتان کے زیر اقتدار علاقہ ۔

Captainless : بے سردار ؛ بے کپتان ۔

Captainness : (n) زن کپتان ۔

Captainship : (n) (۱) کپتان کا عھدہ ؛ درجہ یا اقتدار ۔ (۲) کپتان کا وقار یا اس کی شخصیت ۔ (۳) فوجی کاروبار میں قیادت ؛ کپتانی ۔

Captains of Industry : (تجارت) سرداران صنعت ۔

Captation : (n) [L."captationem"] عوام فریب ؛ ابلہ فریب ؛ دلیلوں کا استعمال ؛ ابلہ فریبی ؛ تاخیذ ۔

Caption : (n) [L."captionem"] (۱) قانونی گرفتاری ۔ (۲) (قانون) کسی دستاویز پر تصدیق یا منسلکہ صداقت نامہ ۔ (۳) (امریکہ) کسی مضمون، باب یا کتاب کاعنوان یا سرخی ؛ تشریحی بیان ؛ عنوان (خاص کر فلمی تصویروں کا) ۔

Captious : (a) [L."captiosus"] تکراری ؛ حجتی ؛ نکتہ چیں ؛ حرف گیر ؛ معترض ؛ عیب جو ؛ مغالطہ آمیز ۔

Captiously : (adv) عیب جویانہ ؛ نکتہ چینی سے ؛ معترضانہ ۔

Captiousness : (n) عیب بینی ؛ خردہ گیری ؛ اعتراض ؛ عیب جوئی ؛ نکتہ چینی ۔

Captivate : (v) [L."captivus"] مول لینا ؛ موھنا ؛ لبھانا ؛ فریفتہ کرنا ؛ دل لے لینا ؛ غلام بنا لینا ۔

Captivatingly : (adv) دلربائی سے ؛ دل فریبی سے ؛ فریفتگی سے ۔

Captivation : (n) [L."captivationem"] دل فریبی ؛ دل ربائی ؛ دلبری ؛ غلام بنانا ۔

Captivator : (n) دل فریب ؛ دلربا ؛ من موھن ۔

Captive : (a) [L."captivus"] قیدی ؛ اسیر ؛ گرفتار ؛ مبتلا ؛ شیدا ؛ فریفتہ ؛ مفتوں ؛ محبوس ؛ مقید ؛ پا بست ؛ قیدی کا ؛ قیدی کے مثل ؛ اسیرانہ ؛ اسیر حسن ؛ شخصیت سے مرعوب ؛ بندی ۔

To hold / lead / take captive : قید میں رکھنا ؛ قیدی بنانا ۔

Captive baloon : (n) زمین بستہ غبارہ ۔

Captivity : (n) [L."captivitas"] (۱) قید ؛ اسیری ؛ گرفتاری ۔ (۲) (استعارتاً) عقل ؛ خواھش اور احساس کا مغلوب ہو جانا ۔

To lead captivity captive : گرفتار کنندہ کو گرفتار کرا دینا ۔

Captor : (n) [L.] گرفتار کرنے والا ؛ پکڑنے والا ؛ انعام جیتنے والا ؛ دیکھو Capture

Capturable : (a) قابل گرفتاری ؛ قابل تسخیر ۔

Carrying : (n) (۱) لے جانا ؛ لے چلنا ؛ اپنے خیال دوسرے کے دلوں پر بٹھانا ؛ سفر خرچ لے جانا ؛ منوانا ؛ تسلیم کرا لینا ۔ (۲) کامیاب ھونا ؛ تعلیم کیلئے کسی درجہ میں داخلہ لینا ؛ سہارنا ؛ بوجھ اتارنا؛ بوجھ سنبھالنا ؛ انتظام کرنا ۔

Carrying agent : (n) (تجارت) ڈھلائی ایجنٹ ؛ کارندہ ۔

Carrying capacity : (n) کسی مخصوص جگہ میں جانوروں کی آبادی جہاں ان کے کھانے پینے کی چیزوں کی کمی نہ ھو ؛ (تجارت) ڈھلائی کی استعداد ؛ حاملی گنجائش ۔ (تجارت) خرچ بار برداری ۔

Carrying charge : (n) (۱) کسی جائداد کی مستقل ملکیت یا استعمال پر کا محصول ۔ (۲) اجرت یا محنتانہ جو قسط پر بھیجے گئے مال کی قیمت کے ساتھ جوڑ دیا جائے ۔

Carrying cost : (n) (تجارت) ڈھلائی ؛ باربرداری کی لاگت ۔

Carrying on : (n) (Pl. Carryings on) احمقانہ اور ناشائستہ حرکت ۔

Carrying over (of loss) : (n) (تجارت) آگے لےجانا (نقصان کا) ۔

Carrying place : (n) کشتی رانی کے قابل دریاؤں کا محصول ۔

Carrying trade : (n) (تجارت حمل و نقل) ایک ملک کا مال دوسرے ملک لے جانے کا کاروبار ؛ بار برداری کا کاروبار ۔

Carrying value : (n) چیز کی وہ قیمت جو تجارتی کھاتے میں درج ھوتی ھے ۔

Carse : (n) [ME."kerres"] (اسکاٹش) نشیبی زرخیز زمین خصوصاً کسی دریا کے کنارے کی ۔

To carry one 's point / emotion / bill, etc : اپنی تجویز، تحویک یا مسودہ قانون منظور یا پاس کرا لینا ۔

To carry on with : (روزمرہ) ڈورے ڈالنا ؛ عشق بازی کرنا ؛ نخرے بازی کرنا ؛ عشوہ گری کرنا ۔

To carry out : (۱) تعمیل کرنا ؛ بجا لانا ؛ عمل میں لانا ۔ (۲) دفن کے لئے ۔

To carry out one's bat : کرکٹ میں کھلاڑی کا کھیل کے آخیر میں آؤٹ ھونا ۔

To carry over : دوسرے دن پر فروخت کے لئے اٹھا رکھنا ۔

To carry over or foreward : (سیاق) میزان ماسبق نئے صفحے یا نئے حساب میں درج کرنا ۔

To carry sword : تلوار کو سلامی کی وضع میں رکھنا ۔

To carry the ball : (۱) سب سے زیادہ کام کرنا ۔ (۲) سب سے زیادہ ذمہ داری لینا ۔

To carry the banner : مفلس ھونا ۔

To carry through : مشکلوں اور دقّتوں سے صاف نکل آنا ؛ نکال لے جانا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ تکمیل کرنا ۔

To carry up : (۱) جاری رکھنا (تعمیر وغیرہ کا) ۔ (۲) ماضی میں کسی چیز کا پتا لگانا ۔ (۳) (سیاق) میزان ماسبق نئے صفحے یا نئے حساب میں درج کرنا ۔

To carry weight : (۱) مساوی کرنے کے لئے بوجھ بڑھا دینا ؛ (گھوڑ دوڑ میں) ھیٹا رھنا ؛ پیچھے رہ جانا ۔

To carry weight / auothority : با وقعت یا باوقار ھونا ؛ صاحب اثر ھونا ؛ وزن رکھنا ۔

To carry with one : یاد رکھنا ۔

Carry : (n) (۱) ٹھیلا ۔ (۲) اسلحہ کو ایک خاص انداز میں رکھنا ۔ (۳) مار (کسی بندوق کی) ۔ (٤) کشتی رانی کے قابل دریاؤں کا محصول ۔ (٥) بادل ؛ بادل کا ھوا میں ادھرادھر منڈلانا ؛ آسمانی ۔ (٦) قرضہ لےکرھنڈی خریدنا (نفع کے خیال سے) ۔

Cart : (n) [ON."kartr"] (۱) چھکڑا یا گاڑی وزنی سامان کے لئے۔ (۲) کمانی دار گاڑی (دو پہیوں والی)۔

Dog cart : ٹم ٹم ۔

In the cart : (عامیانہ) پریشان کن حالت میں ہونا ؛ شش و پنج کی حالت میں ہونا ۔

Mail cart : ڈاک لانے اور لے جانے کی گاڑی۔

Turn cart wheel : قلابازی کھانا (بچوں کا سڑکوں پر)۔

To set or put the cart before the horse : (۱) الٹا سمجھنا ؛ الٹی بات کرنا ؛ اثر کو علت گرداننا ؛ گھوڑے کے آگے گاڑی۔ (۲) گھوڑے کی دم میں لگام ؛ الٹی گنگا بہانا ۔

Cart : (v) (۱) چھکڑے پر ڈھونا ۔ (۲) گاڑی یا چھکڑے پر لاد کر لے جانا ؛ چھکڑے پر کام کرنا ۔ (۳) کسی کھیل وغیرہ میں آسانی سے ہرا دینا ۔ (٤) کسی شخص کو زبردستی کھینچ کر لیجانا ۔

Cart boot : (n) رعایا کو دیا گیا عطیہ یا وظیفہ ۔

Cart-head : (n) چھکڑے کا اگلا حصہ ۔

Cart-horse : (n) لدو گھوڑا یا ٹٹو ۔

Cart house : (n) چھکڑا خانہ ۔

Cart ladder / Cart leather : (n) چھکڑے کا کٹہرا جس سے چھکڑے کی گنجائش کو گھٹا بڑھا سکتے ہیں ۔

Cart-man : (n) گاڑی بان ؛ چھکڑا بان ۔

Cart way : (n) چھکڑے کی سڑک جو سواری گاڑی کے کام کی نہ ہو ؛ کچی سڑک ۔

Cart wheel : (n) چھکڑے کا پہیا ؛ (مجازاً) بڑا سکہ ۔

Cart whip : (n) چھکڑے کا لمبا اور بھاری کوڑا ۔

Cart-wright : (n) چھکڑا بنانے والا ؛ چھکڑا ساز ۔

Cartable : (a) چھکڑے پر ڈھوئے جانے کے لائق ؛ جہاں سے چھکڑا گزر سکے ۔

Cartage : (n) بار برداری ؛ چھکڑے کا کرایہ ؛ ڈھلائی ۔

Carte : (n) [L."carta"] (۱) تاش (جمع میں) ؛ تاش کا پتہ ۔ (۲) طعام نامہ ۔

Carte : (a) [It."quarta"] شمشیر بازی میں مدافعت ؛ ہول ؛ ہول کا پینترا ۔

Carte blanche : (n) [Fr.] (۱) دستخط کرکے سادہ کاغذ دیدینا جو جی چاہے لکھ لو ۔ (۲) اختیار کلی ؛ سیاہ و سفید کا اختیار ؛ اختیار کلی ۔ (۳) Piquet کھیل میں کسی کے پاس ایسے پتوں کا ہونا جن میں بادشاہ، بیگم اور غلام نہ ہو ۔

Carte-dentree : (n) [Fr.] داخلہ کارڈ ؛ ٹکٹ ۔

Carte-de-visite : (n) [Fr.] (۱) ملاقاتی کارڈ ۔ (۲) تصویر جس کی تقطیع ڈھائی x ساڑھے تین انچ ہوتی ہے ؛ چھوٹا فوٹو کارڈ ۔

Carte-du jour : (n) [Fr.] اشیائے خوردنی کی فہرست اور قیمت ؛ طعام نامہ ؛ مینو ۔

Carted chip : (n) (تاریخ) قیدیوں کا جہاز ۔

Cartel : (n) [It."cartello"] (۱) مبارزت نامہ ؛ تحریری دعوت مبارزت ۔ (۲) بندی بدل نامہ ؛ قیدیوں کا آپس میں بدلنے کا عہد و پیمان ؛ قیدیوں کے تبادلہ کا جہاز ۔ (۳) ایک کارڈ یا کاغذ جس پر تحریر ہو یا کوئی چیز چھپی ہو ۔ (٤) بھاؤ سبھا ؛ چیزوں کی قیمتیں طے کرنے کے لئے کارخانہ داروں کی انجمن ۔ (٥) سیاسی جماعتوں کا مل کر کام کرنے کا معاہدہ ؛ (تجارت) کارٹل ۔

Cartel clock : (n) دیوار میں لٹکایا جانے والا فرانسیسی گھڑیال ۔

Cartel ship : (n) جہاز جو جنگ کے زمانے میں قیدیوں کو آپس میں تبادلہ کے لئے یا تجاویز لے جانے کے لئے دو لڑنے والی قوموں یا ممالک کے درمیان استعمال ہوتا ہے ۔

Cartelling : (n) قیدیوں کا آپس میں تبادلہ ؛ مبارزت نامہ بنانا ۔

Carter : (n) (۱) گاڑی بان ؛ بہلی بان ؛ چھکڑے بان ۔ (۲) ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Carter fish : (n) ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Cartesian : (n) [mod. L."cartesianus"] کارتیسی ؛ ڈیکارٹ (مشہور فرانسیسی حکیم) فیلسوف کے فلسفہ اور ریاضیاتی قاعدوں سے متعلق یا ان کا پیرو ۔

Cartesian : (a) ڈیکارٹ کا پیرو ۔

Cartesian coordinates : (n) (ریاضی) کارتیسی مختصات ۔

Cartesian devil / Cartesian diver : (n) ایک چھوٹے کھوکھلے شیشے کی شکل جس کو پانی سے بھرے برتن میں رکھا جاتا ھے ، جس کا لچکیلا ڈھکن ھوتا ھے اور دباؤ سے پانی اس شکل میں داخل ھو جاتا ھے اور دباؤ کی تبدیلی سے ڈوبنے تیرنے وغیرہ کا اثر پیدا ھوتا ھے ؛ کارتیسی غوّاص ۔

Cartesian value : (n) (طبیعیات) کارتیسی قدریں ۔

Cartesianism : (n) ڈیکارٹ کا فلسفہ ؛ کارتیسیت (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات)۔

Carthamic : (a) یوروپی ایشیائی پودے یا ان کے رنگ سے متعلق ۔

Carthamin : (n) [L."carthamus"] لال رنگ جو سافلاور (Safflower) سےنکلتا ھے ۔

Carthamus : (n) [Arab."qartam"] ایک قسم کا یورپی ایشیائی پودا جس میں سے لال اور زرد رنگ نکلتاھے ؛ کسلم ؛ عصفر ؛ قرطوم ۔

Carthusian : (a) [L."carthusianus"] (۱) سن ۱۰۸۶ء میں راھب برونو کے قائم کردہ سلسلہ راھبان کے متعلق ؛ کارتھوزی مذھبی خانقاہ سے متعلق ۔

Carthusian : (n) (۱) کارتھوزی ؛ کارتھوزی سلسلے کا رکن ۔ (۲) کارتھوزی مذھبی خانقاہ یا مدرسے کا ممبر ۔

Cartilage : (n) [L."cartilago"] (۱) ذوی الفقرات یعنی ھڈی دار جانوروں میں مضبوط ، لچک دار بافت ؛ غضروف ۔ (۲) کرکری ھڈی ؛ کری ؛ مرمری ھڈی ؛ چپٹی ھڈی ؛ نرم استخواں ۔

Permanent cartilage : پختہ غضروف ۔

Temporary cartilage : بچوں کی دودھیا ھڈی جو بعد میں پکی بن جائے ؛ عارضی غضروف ۔

Cartilaginification : (n) غضروف کی تشکیل یا غضروف میں تبدیلی ۔

Cartilaginiform : (a) غضروف نما ؛ غضروف سے مشابہ ۔

Cartilaginoid : (a) مثل غضروف کے ؛ غضروف آگیں ؛ کرکری سا ۔

Cartilaginous : (n) [F."cartilagineux"+-ous] کر کری کا ؛ مرمری ھڈی کا ؛ کریلا ؛ کرکریلا ؛ غضروفی ۔

Cartilaginous fish : (n) کرکری مچھلی ؛ ایک قسم کی مچھلی جس کا ڈھانچہ کرکرا ھو ۔

Cartload : (n) چھکڑا بھر ؛ گاڑی بھر ؛ کھیپ ۔

Cartographer : (n) [L."carta"+Gr."graphos"] رسام ؛ نقشہ کش ؛ نقشہ نگار ۔

Cartographic / -al : (a) نقشہ کشی کے متعلق ؛ نقشہ نگاری سے متعلق ؛ رسامی ۔

Cartography : (n) [prec.+ Gr."graphia"] نقشہ کشی ؛ علم ترتیب نقشہ جات ؛ نقشہ نگاری (فلسفہ ، نفسیات و تعلیمات)۔

Cartomancy : (n) [It. "carta"+ Gr."mantia"] تاش فال ؛ تاش کے ذریعہ پیش گوئی کرنا ۔

Carton : (n) [It "cartone"] (۱) چاند یعنی چاند ماری کی تختی پر سفید قرص ؛ بلزی ؛ وہ گولی جو بلزی پر لگے ۔ (۲) دفتی کا ڈبہ ؛ ڈبہ بنانے کی دفتی ۔

Cartoon : (n) [See prec.] (۱) موٹے کاغذ پر خاکہ ۔ (۲) پورے صفحے پر تصویر خصوصاً سیاسی جو پنچ اخباروں میں ھوتی ھے ؛ کارٹون ؛ پنچانہ تصویر ۔

Cartoon : (v) (۱) کارٹون بنانا ؛ خاکہ بنانا ۔ (۲) خاکہ اڑانا تصویر کے ذریعہ ؛ تصویری خاکہ اڑانا ۔

Cartoonery : (n) کارٹون کا فن ۔

Cartoonist : (n) کارٹون نگار ؛ کارٹون بنانے والا ۔

Cartouche : (n) [F."cartoucho"] (۱) کارتوس ؛ ٹوٹا ؛ کارتوس کا ڈبہ ۔ (۲) (تعمیرات) ستون کی کارنس پر بیل ۔ (۳) تختی جس پر ستونی بیل نہ ھو یا جو اس انداز کی بنائی گئی ھو کہ اسے زیبائش یا کتبہ لکھنے کے لئے استعمال کریں ۔ (٤) بیاض ؛ بیل تختی ۔ (٥) (اثریات) شکبہ (شاھی کتابہ + بیضوی + ھیرو غلیفی) ؛ بیضوی حلقہ جس پر خط تصویری میں مصری بادشاھوں وغیرہ کے نام اور خطاب درج ھوں ۔

Cartouche-box : (n) کارتوس کا ڈبہ ۔

Cartridge : (n) [A corruption of CARTOUCHE] (۱) کارتوس ۔ (۲) روشنی کے محفوظ کیمرہ میں لگانے کےلئے لپیٹا ہوا فلم ۔ (۳) کارتوس نما چیز جس میں گراموفون کی سوئی ہوتی ہے ۔ (٤) مقناطیسی ٹیپ کی ریل کا ایک چھوٹا ڈبہ ۔

Ball cartridge : گولی کا کارتوس ۔

Blank cartridge : خالی کارتوس ؛ بغیر گولی کا کارتوس ۔

Cartridge belt : (n) کارتوس پیٹی جس میں کارتوس رکھنے کے خانے بنے ہوتے ہیں ۔

Cartridge box : (n) کارتوس کا ڈبہ ۔

Cartridge case : (n) دیکھو Cartridge belt

Cartridge road : (n) چھکڑے کی سڑک جو سواری گاڑی کے کام کی نہ ہو ؛ کچی سڑک ۔

Cart 's tail : چھکڑا یا گاڑی کا وہ پچھلا حصہ جس سے مجرم کو باندھ کر سڑکوں پر گھمایا جاتا تھا ۔

Cartulary / Chartulary : (n) [mod. L."chartularium"] (۱) مل کا دفتر ۔ (۲) رجسٹر ۔

Carucage / Carr-: (n). [mod. L."carruca"] ہر ایک ہل پر لگایا ہوا محصول یا اتنی زمین کا ٹیکس جو ایک ہل سے جوتی جا سکتی تھی ۔

Carucate / Carrucate : (n) [L."car(r)ueata"] سال میں ایک ہل (۸ بیلوں سے) جوتی جانے بھر زمین ؛ ۱۲۸ ایکڑ زمین ۔

Carum : (n) [Gr."karon"] وہ خوشبودار پودا جو سال میں دو بار اگتا ہے اور جس کے پھول سفید ہوتے ہیں ؛ کردیہ ؛ زیرہ سیاہ ۔

Caruncle : (n) [L."caruncula"] گوشت کا لٹکا ہوا حصہ ؛ دھشنہ ؛ گندمہ ؛ لحمیہ ؛ ناف دانہ ؛ گوشت پارہ ۔

Caruncular / Carunculate / Carunculous : (a) گوشت کے لٹکے ہوئے حصہ کی طرح ؛ لحمہ دار ؛ ناف دانہ دار ۔

Carus : (a) [Gr. "karos"] شدید قسم کی بے حسی ؛ لاحسیت ؛ مکمل بے حسی ۔

Carve : (v) [OE. "ceorfan"] (۱) کاٹنا ؛ تراشنا ۔ (۲) تراش کر شکل بدل دینا ۔ (۳) نقش و نگار کھود کر مزین کرنا ؛ منبت کاری کرنا ۔ (٤) کھاتے وقت گوشت کاٹنا ۔ (۵) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔ (٦) اپنی خواهش کے مطابق ٹکڑے کرنا ۔ (۷) راستہ بنانا یا نکالنا ۔

To carve in : نقش کرنا ؛ کھودنا ۔

To carve on : نقش و نگار کھودنا ؛ منبت کاری کرنا ؛ کسی چیز پر کھود کر نقش بنانا ؛ کندہ کرنا ۔

To carve one 's way : اپنے بل پر یا اپنی قوت بازو سے بڑھنا ؛ اپنے لئے راستہ پیدا کرنا ۔

To carve out : ٹکڑا اتارنا ؛ بزور شمشیر حاصل کرنا ۔

To carve out of : تراشنا ؛ کھودنا ؛ بتھا کر یا کاٹ کر نقش کرنا ۔

Carve : (n) تراش ؛ کاٹ ۔

Carved : (a) کاٹا ہوا ؛ کٹا ہوا ؛ نقش کیا ہوا ؛ کھود کر بنایا ہوا ۔

Carvel : (n) [OF."caruelle"] دیکھو Caravel

Carvel-built : (n) ہموار تختہ بندی ۔

Carvel-joint : (n) تختوں کا ہموار جوڑ ۔

Carvel planked : (a) ہموار تختوں سے بنا ہوا ۔

Carvene : (n) زیرہ رومی کے تیل میں پایا جانے والا هائیڈرو کاربن ۔

Carver : (n) (۱) کندگو ؛ سنگ تراش ؛ بت تراش ؛ کندہ کار ؛ منبت کار ۔ (۲) بوٹی کاٹنے والا ۔ (۳) چھرا ؛ بغدہ ؛ سکین ؛ کارد ۔ (٤) کھانے کی میز پر گوشت کاٹنے والا ۔

A pair of carver : چھری کانٹا ۔

Carving : (n) (۱) تراشنا ؛ کاٹنا ؛ منبت کاری کرنا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ؛ نقاشی ۔ (۲) کندہ کاری سے نقش یا خاکہ بنایا ہوا ؛ کندہ کاری ؛ سنگ تراشی ۔

Carving in relief : (تاریخ) اُبھری نقاشی ۔

Carving knife : (n) چھری ؛ سکین ؛ کارد ۔

Caryatid : (n) [Gr."karyatides"] (تعمیرات) ستون پری ؛ عورت کا بت جو بجائے ستون بنایا جائے ؛ زن ستون ؛ (تاریخ) عورت کی مورتی جو ستون کا کام دے ۔

Caryaphyllaceous : (a) [mod. L."caryophyllaceae"] (نباتیات) لمبے پنجوں والے پتے دار پودے جو حلقہ دار مسند گل میں چھپے ہوتے ہیں ۔

Caryophylleous : (a) ایسے پودوں سے متعلق جن کے پھولوں کے لمبے پنجہ نما پتے ہوتے ہیں ۔

Caryopsis : (n) [Gr."karyo+ophis"] ایک بیج والا چھوٹا پھل جس میں پھل اوربیج اس طرح جڑے ہوتے ہیں کہ وہ ایک معلوم ہوتے ہیں ۔

Casa : (n) [Short for "capias ad satisfaciendu"] Capias دیکھو

Casa : (n) [L.] مکان ؛ گھر ۔

Casaba : (n) [Turk] خربوزہ کی ایک قسم جو سردیوں میں پیدا ہوتا ہے ۔

Casal : (a) [CASE + AL] اسم کی حالت سے متعلق ۔

Casal / Casale : (n) [It."casale"] قریہ ۔

Casalty : (n) [alter. of "CASUALTY"] غیر متیقن ؛ اتفاقی ؛ ناقابل اعتماد ۔

Casanova : (a) [f.Giovanni Jacopo Casanova, It. adventurer"] عاشق ؛ تماشہ بیں ؛ عیاش ۔

Casaque : (n) [MF."Cassock"] ایک قسم کا عورتوں کا شلوکا ۔

Casasia : (n) [NL.] ایک قسم کی امریکی جھاڑی یا درخت جس کے پھول سفید یا زرد ہوتے ہیں ۔

Casbah : (n) [Arab"qasbah"] (۱) شمالی افریقہ کا ایک قلعہ ۔ (۲) قلعہ کے نزدیک وہ شہر جس میں شمالی افریقی باشندے رہتے ہیں خصوصاً جہاں رقص گاہیں یا قحبہ خانے ہوتے ہیں ۔

Cascabel : (n) [Sp. "cascabel"] (۱) توپ کا پچھلا حصہ ؛ توپ کی نال کے بعد کے حصے کا گھنڈی نما ابھار ۔ (۲) جنوبی امریکہ کا ایک زہریلا سانپ ؛ سانپ کی دم کا حلقہ جس سے آواز نکلتی ہے ۔ (۳) ایک چھوٹی کھوکھلی گول گھنٹی جس میں ایک چھوٹی گولی ہوتی ہے اور جسے ہلانے سے آواز نکلتی ہے ۔

Cascade : (n) [It."cascata"] (۱) مثل آبشار کے گرنا ؛ آبشیب ؛ آبشارک ؛ جھرنا ۔ (۲) (عامیانہ) قے کرنا ۔ (۳) کسی کام کو بتدریج کرنا ؛ سلسلہ ۔

Cascade connection : (n) (۱) (کیمیا) آبشاری جوڑ ۔ (۲) سلسلہ وار اتصال ۔

Cascade process : (n) (شماریات) بتدریج اشتقاقی ؛ (کیمیا) آبشاری طریقہ عمل ۔

Cascade shower : (n) (کیمیا) آبشاری بوچھاڑ ۔

Cascara : (n) [Sp.] (۱) کسکارا ؛ ملین دوا جو ایک درخت کی چھال سے حاصل ہوتی ہے ۔ (۲) اسپینی امریکی چھال سے بنی ہوئی کشتی ۔

Cascarilla : (n) [Sp. dim. of "cascara"] جزائر غرب الہند کا ایک خوشبو دار پودا جس کی چھال بطور خوشبو یا بطور ٹانک استعمال ہوتی ہے ۔

Cascarillin : (n) جزائر غرب الہند کے ایک پودے کی چھال سے نکلا ہوا تلخ مادہ ۔

Cascaron : (n) [Sp.] انڈے کا چھلکا جس میں رنگین کاغذ کے چھوٹے چھوٹے گول ٹکڑے بھرے ہوتے ہیں اور ناچنے والے رقص کے موقع پر پھینکتے ہیں ۔

Caschrom : (n) [Gael. "cas"+"chrom"] تیشہ ؛ گینتی ۔

Casco : (n) [Sp.] ایک لمبا مستطیل بجرہ جس میں بادبان بھی ہوتے ہیں ۔

Case : (n) [L."casus"] (۱) حالت ؛ معاملہ ؛ وقوعہ ؛ صورت ۔ (۲) حیثیت ؛ حالات ؛ کیفیت ۔ (۳) (طب) کسی بیماری کی حالت مرض ؛ واقعہ یا حادثہ مرض ؛ مریض زیرعلاج ۔ (٤) دعوا ؛ مقدمہ ؛ مقدمہ زیر تجویز عدالت ؛ بیان واقعہ جو عدالت بالا کے لئے تیار کیا گیا ہو ؛ نالش ؛ معاملہ ۔ (٥) نظیر عدالت ؛ حوالہ ۔ (٦) عرض ؛ عرض حال ؛ صورتحال ؛ گزارش ؛ حقیقت ؛ عرض معروض ۔ (۷) کسی ایک فریق کا بیان ۔ (۸) (نحو) اسم کی حالت ۔ (۹) مثال ۔ (۱۰) عجیب و غریب آدمی ۔ (۱۱) دلیل ۔ (۱۲) گہری مگر عارضی محبت ۔

A leading case : نظیری مقدمہ ۔

Abessive case : (لسانیات) معیاری حالت ۔

Accusative case : (لسانیات) معنوی حالت ۔

Active case : (لسانیات) عملی حالت ۔

Aditive case : (لسانیات) جہتی حالت ۔

Agential case : (لسانیات) فاعلی حالت ۔

Ambiguous case : (ریاضیات) مبہم حالت ۔

Case of first impression : ایسا مقدمہ جس میں قانون کے کسی سوال کو اٹھائے جانے کی کوئی نظیر نہ ہو ۔

Case on appeal : مرافعہ یا اپیل کنندہ جو بیان عدالت میں داخل کوتا ہے جس میں ان واقعات کی تفصیل ہوتی ہے جس کی بنا پر اپیل دائر کی گئی ہو ۔

Comformative case : (لسانیات) مشابہتی حالت ۔

Comparative case : (لسانیات) تقابلی حالت ۔

Compellative case : (لسانیات) ندائی حالت ۔

Delative case : (لسانیات) تنزیلی حالت ۔

Destinative case : (لسانیات) مقصودی حالت ۔

Direct case : (لسانیات) فاعلی حالت ۔

Directive case : (لسانیات) رہبرانہ حالت ۔

Discriminative case : (لسانیات) امتیازی حالت ؛ فاعلی حالت ۔

Elative case : (لسانیات) استنباطی حالت ۔

Elgative case : (لسانیات) مجہول فاعلی حالت ۔

In any case : بہر حال ؛ ہر طرح ؛ بہر طور ؛ بہر نمط ؛ بہر کیف ؛ ہرچہ بادا باد ۔

In case : درصورت ؛ شاید ؛ بحالت ؛ مبادا ۔

In case of : در صورت ؛ بہ حالت ؛ دربارہ ۔

In case to / for : تیاری ۔

In evil case : مفلوک الحال ؛ پریشان ؛ برے حال میں ۔

In good case : مرفہ حال ؛ آسودہ حال ؛ اچھی حالت میں ۔

In no case : کسی حالت میں بھی نہیں ۔

In that case : اس صورت میں ؛ درآں صورت ۔

In the case : دربارہ ۔

Instrumental case : (لسانیات) آلی حالت ۔

General case : (ریاضیات) عام حالت ۔

Genitive case : (لسانیات) اضافی حالت ۔

Judge states a case : جج مقدمہ بیان کرتا ہے یا تیار کرتا ہے ۔

Locative case : (لسانیات) مکانی حالت ۔

Make out one 's case : دعویٰ ثابت کرنا ۔

Mediative case : =(Instrumental case) (لسانیات) آلی حالت ۔

Nominative case : (لسانیات) فاعلی حالت ۔

Oblique case : (لسانیات) غیر فاعلی حالت ۔

Particular case : (ریاضیات) خاص حالت ۔

Similative case : (لسانیات) مشابہتی حالت ۔

That is our case : یہ ہمارا دعویٰ ہے ۔

To put or set (the) case : بالفرض؛ فرض کرنا ؛ مثلاً ۔

Vocative case : (لسانیات) ندائی حالت ۔

Case : (n) [L."capsa"] (۱) غلاف ؛ خول ؛ میان ؛ خانہ ؛ نلوا ؛ چونگا ؛ گھر ؛ پیٹی ؛ صندوق ؛ بیگ ؛ پودوں کو لگانے کے لئے چوکھٹا ۔ (۲) نمونہ ؛ عجائبات وغیرہ دکھلانے کےلئے شیشے کا صندوق ؛ نمائش دان ۔ (۳) بکس معہ اندر کی چیزوں کے ؛ سٹ ؛ مجموعہ ۔ (٤) (چھاپہ) حروف دان ۔ (٥) چوکھٹ جس میں دروازہ یا کھڑکی لگتی ہے ۔ (٦) کسی چیز کا ڈھانچہ ؛ کسی فرنیچر کا ڈھانچہ ۔ (۷) بند گولیہ یا گولی (ڈبہ میں بند) ۔ (۸) وھیل مچھلی کے سر کے اگلے حصہ میں ایک مثلث جوف ۔ (۹) کارتوس ۔ (۱۰) (عامیانہ) ڈالر ۔ (۱۱) پلاسٹر کا سانچہ ۔ (۱۲) خانہ دار بکس ۔ (۱۳) (تاش میں) کسی رنگ کا ایک پتہ جو بچ جائے ۔ (١٤) جلد ۔

A case of pistols : دو (پستول) ؛ دو عدد پستول ۔

Down to cases : اصل معاملہ ؛ اصل معاملہ کی بات ۔

Dressing case : جامعہ دان ۔

Lower case : (طباعت)چھوٹے حروف ؛ (تجارت) کیس کا نچلا حصہ ۔

Upper case : (طباعت) بڑے حروف ؛ (تجارت) کیس کا اوپری حصہ ۔

Case / Case char : (n) سالمن خاندان کی کوئی مچھلی ۔

Case : (v) (۱) صندوق میں رکھنا ؛ صندوق میں بند کرنا ؛ غلاف چڑھانا ؛ میان میں رکھنا ؛ بکس میں بند کرنا ۔(۲) (تعمیرات) دیوار میں اینٹ کی جگہ کوئی دوسری چیز جڑ دینا ۔(۳) شیشہ چڑھانا کسی چیز پر ۔ (٤) جلد لگانا ۔(٥) کنویں کی دیواروں کو پختہ کرنا ۔(٦) (عامیانہ) معائنہ کرنا کوئی جرم کرنے کےقبل ۔(۷) کھاد کو مٹی کی پتلی تہ سے چھپا دینا ۔(۸) (تاش) کھیلے ہوئے پتوں کو یا د رکھنا ۔

Case-book : (n) کتاب جس میں ایسے واقعات کی تفصیل درج ہو جس سے عام اصولوں کی وضاحت ہوتی ہے ؛ (طب) کتاب المرضی ۔

Case-bottle : (n) چوکور بوتل ؛ ایسی بوتل جو کسی صندوق میں بآسانی دوسری بوتل کے ساتھ رکھی جا سکے ۔

Case-count : (n) کسی چیز کی تعداد کا شمار بلا لحاظ ان کی صفات کے ۔

Case ending : (n) (لسانیات) حالتی اختتامیہ ۔

Case-form : (n) (لسانیات) حالتی روپ ۔

Case-glass / Cased glass : (n) ایسا شیشہ جس میں دو مختلف رنگوں کی تہیں جٹی ہوئی رہتی ہیں ۔

Case grouping : (n) (سماجیات) کیس کی جماعت بندی ؛ مصیبت زدہ افراد کی جماعت بندی ۔

Case -gun : (n) ایک انچ سے بڑے دھانے کی بندوق ۔

Case harden : (v) (۱) سطح کو سخت یا کڑا کرنا ؛ کیمیاوی طریقے سے لوہے پر فولاد چڑھانا ؛ (استعارتاً) سخت یا بے حس بنا دینا ؛ سنگ دل کردینا ۔

Case-hardened : (a) (۱) بے حس ؛ سنگ دل ۔ (۲) خیال اور چلن کسی خاص ڈھنگ کا ہو ۔

Case-history : (n) (۱) کسی شخص کی ذاتی اور خاندانی تاریخ اور ماحول کی دستاویز ؛ بیان جس سے اسکی حالت سمجھنے میں مدد ملتی ہے ۔(۲) کسی خاص مثال کا بیان جس سے اس قسم کی چیزوں پر روشنی پڑے ۔(۳) کسی حالت یا چیز کی تاریخ ۔ (٤) معنی خیز مثال ۔

Case-history (method) : (n) (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) سوانحی مطالعہ (طریقہ) ۔

Case in plastic : (n) (کیمیا) کیسین پلاسٹک ۔

Case-knife : (n) (۱) میان میں رکھا ہوا چھرا ۔ (۲) لمبا چھرا ۔

Case-law : (n) نظیری قانون یعنی وہ قانون جو از روئے نظیر مقرر کیا جائے ۔

Case-liner : (n) نمی روک اور کاغذ روک کاغذ یا دوسری چیز کا غلاف ۔

Case load : (n) (سماجیات) کیس کا بوجھ (ایسے افراد یا خاندان کی تعداد جو کسی کے ہاتھوں میں ہو) ۔

Case method : (n) کالج اور یونیورسیٹیوں میں ذریعہ تعلیم جس میں صحیح واقعات کو مطالعہ اور تجزیہ کے لئے پیش کیا جاتا ہے ۔

Case moth : (n) ایک مکھی کا پہل روپ جو اپنے جسم کے لئے غلاف بنا لیتا ہے ۔

Case of conscience : وہ قضیہ جس میں ضمیر کو دو متضاد اصولوں میں فیصلہ کرنا پڑے ؛ ضمیر کا معاملہ ۔

Case record : (n) مثل مقدمہ ۔

Case-shot : (n) بند گولہ یا گولی ؛ ڈبے میں گولہ یا گولی جو بغیر فیتہ کے چھوڑی جائے ۔

Case-study : (n) انفرادی اکائی کا تفصیلی تجزیہ ؛ (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) مطالعہ فرد ۔

Case-weed : (n) ایک قسم کی گھاس –

Case work : (n) ایسے فرد یا خاندان کا تفصیلی سماجی مطالعہ جو اپنے ماحول سے ہم آہنگ نہ ہو ۔

Case worm : (n) دیکھو Case moth

Caseation : (n) [L."caseatu"] دودھ کا جم جانا ؛ جبنیت ؛ پنیراؤ ۔

Caseic : (n) [L."caseus"+ic] (کیمیاوی) پنیر کی اصل کا ترشہ ۔

Casein : (n) [as prec.] پنیر کی اصل ؛ چھینا ؛ جبنین ؛ (کیمیا) کیسین ۔

Caseinogen : (n) [f. CASEIN] دیکھو casein

Caseinogenate : (n) (کیمیا) کسینو جنیٹ ۔

Caseless : (a) بغیر بکس ؛ غلاف ؛ خول وغیرہ کے ۔

Casemate : (n) قلعے کا کمانچہ جس میں رند ہوتے ہیں ؛ (تاریخ) کمانچہ (فریم جو کھڑکی کا کام دے) ۔

Casemated : (a) قلعے کا کمانچہ جس میں رُند ہونے کی صفت پائی جائے ؛ کمانچہ بنایا ہوا ؛ مستحکم کیا ہوا ۔

Casement : (n) (۱) (تعمیراتِ) ایک کھوکھلی خمیدہ ڈھلائی ۔ (۲) جھروکہ ؛ آئینہ دار کھڑکی ؛ روزنہ ؛ دریچی ۔(۳) کھڑکی کی چوکھٹ یا چوکھٹ کاوہ حصہ جس میں قبضے لگے ہوں ۔

Casement cloth : (n) ایک قسم کا سادہ یا منقش کپڑا جو کھڑکیوں کے پردوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Casement window : (n) جھروکہ؛ آئینہ دار کھڑکی؛ دریچی ۔

Casemented : (a) جھروکہ دار؛ کھڑکی دار ۔

Caseous : (a) [L."caseus"] پنیر کا ؛ پنیری ؛ پنیر کے مانند ؛ پنیر نما ؛ پنیر سا ؛ پنیر صفت ۔

Casern /Ceserne : (n) [Sp."caserna"] (عموماً جمع) قلعہ کے مکانات اورفصیل کے درمیان سپاھیوں کے لئے چھوٹے چھوٹے مکانات ؛ بیرک ؛ گڑھ چھاؤنی ۔

Cash : (n) [L."capsa"] روکڑ ؛ زرنقد ؛ روپیہ ۔

Hard cash : زرنقد ۔

In cash : جس کے پاس نقدی ہو ۔

Local cash : (تجارت) مقامی روکڑ ؛ مقامی نقدی ۔

Out of cash : جس کے پاس نقد روپیہ نہ ہو ۔

Prompt cash : (تجارت) فوری بھگتان ؛ فوری ادائی ۔

Ready cash : زر نقد ؛ (تجارت) تیارنقدی ۔

Cash : (n) [Tamil] ایک چھوٹا سوراخ دار تانبے کا سکہ جو جنوبی ہندوستان اور جزائر شرق الہند میں دائج تھا ۔

Cash : (v) بھنانا ؛ تڑانا ۔

To cash in one 's chips : مر جانا ۔

Cash account : (n) (تجارت) نقد کا حساب ۔

Cash and carry : خود خرید کر چیزیں لے آنا ۔

Cash asset : (n) نقدی اثاثہ اور جو اثاثہ نقد میں آسانی سے تبدیل ہو سکے ۔

Cash-book : (n) نقد کھاتا ؛ روکڑ بہی ؛ نقدی رجسٹر ۔

Agency and branch cash book : (تجارت و معاشیات) ایجنسی اور شاخ نقد بہی ۔

Bank column cash book : (تجارت و معاشیات) بنک کالم نقد بہی ؛ بنک کالم روکڑ بہی ۔

Petty cash book : (تجارت و معاشیات) خورد روکڑ بہی ؛ خورد نقد بہی ۔

Columner cash book : (تجارت و معاشیات) خانہ وار نقد روکڑ ؛ خانہ وار نقد بہی ۔

Shareholder 's cash book : (تجارت و معاشیات) نقد بہی حصہ داران ۔

Slip cash-book : (تجارت و معاشیات) نقدبہی پرچی ۔

Three columner 's cash-book : (تجارت و معاشیات) تین خانے والی نقد بہی ۔

Trustees cash-book : (تجارت ومعاشیات) نقدی بہی متولیان ؛ متولیوں کی نقد بہی ۔

Cash-box : (n) تجوری ۔

Cash-boy : (n) کسی دکان کا وہ ملازم جس کا کام خریداروں کا پیسہ خزانچی سے بھنا کر لے آنا ہے ۔

Cash-budget : (n) (تجارت) نقد بجٹ ؛ نقد کا میزانیہ ۔

Cash carrier : (n) خزانچی سے پیسہ لانے اور لے جانے کی مشین ۔

Cash certificate : (n) (تجارت) نقدی سند ؛ نقد نامہ ۔

Cash contract : (n) سٹہ بازار میں فروخت کرنا اس شرط پر کہ رقم ایک خاص تاریخ تک ادا کر دی جائے ۔

Cash control : (n) (تجارت) نقدی کنٹرول ۔

Cash counter : (n) (انتظامیہ) کیش کاؤنٹر ؛ جائے ادائی (رقم) ۔

Cash credit : (n) وہ قرض جو بینک اپنے گاہک کو ایک مقررہ حد تک دیتا ہے ۔

Cash-crop : (n) (تجارت) تجارتی فصل ۔

Cash customer : (n) نقد ادا کرنے والا خریدار ۔

Cash discount : (n) منہائی جو نقد ادا کرنے میں دی جاتی ہے ؛ (تجارت و معاشیات) نقد کٹوتی ۔

Cash down : (n) نقد (اُدھار کی ضد) ۔

Cash fare : (n) (تجارت و معاشیات) نقد کرایہ ۔

Cash flow : (n) (تجارت) نقد کا بہاؤ ۔

Cash-income : (n) (تجارت) نقد آمدنی ۔

Cash-in-hand : (n) زر نقد جو پاس میں ہو ؛ نقد روپیہ ؛ موجودہ بقایا ۔

Cash-market : =(spot market) (تجارت) نقد بازار ۔

Cash-memo : (انتظامیہ) نقد پرچی ؛ رسید نقدی ۔

Cash nextus : (n) (تجارت) نقدی لین دین ۔

Cash on delivery : (تجارت و معاشیات) ادائی بر سپردگی ؛ عندالوصول ۔

Cash payment : (n) نقد ادائی ۔

Cash position ratio : (n) (تجارت) نقدی کا تناسب ۔

Cash price : (n) نقد قیمت ۔

Cash price concession : (تجارت و معاشیات) رعایت بہ ادائی نقد ۔

Cash purchase : (n) (تجارت و معاشیات) نقد خرید ۔

Cash ratio : (n) (تجارت) نقدی نسبت ۔

Cash receipt : (n) (تجارت) نقدی رسید ۔

Cash refund warrant : (تجارت و معاشیات) نقد واپسی وارنٹ ۔

Cash register : (n) ایک مشین جو روزانہ کی فروخت کی آمدنی وغیرہ کا حساب کتاب کرتی ہے ۔

Cash relief : (n) (عمرانیات) ذاتی نظام ؛ ذات کا نظام ۔

Cash-rent : (n) (تجارت) نقد لگان ۔

Cash-reserve : (n) (تجارت و معاشیات) نقد محفوظ ۔

Compulsory cash reserve : (تجارت و معاشیات) لازمی نقد ریزرو (محفوظ) ۔

Cash sale : (n) (تجارت و معاشیات) نقد بکری ؛ نقد فروخت ۔

Cash scroll : (n) (تجارت) نقدی فہرست ۔

Cash-sheet : (n) (تجارت) نقدی شیٹ ؛ روکڑ شیٹ ؛ نقدی تختہ ۔

Cash system of accounting : (تجارت و معاشیات) طریقہ نقد کھاتا نویسی ۔

Cash tenant : (n) رعیت جو نقد مال گذاری ادا کرتا ہے ۔

Cash transaction : (n) (تجارت) نقدی سودا ۔

Cash value : (n) بیمہ کرنے والے کو جو رقم میعاد مقررہ سے پہلے لینے سے ملتی ہے ۔

Cash wage : (n) (تجارت) نقدی معاوضہ ۔

Cash with order : (تجارت) نقدی بوقت آرڈر ۔

Cash wrap facility : (تجارت) مشینی کیش میمو سہولت ۔

Cashel : (n) [L."castellum"] دائرہ نما دیوار جو کلیسائی عمارتوں کے گرد آئرلینڈ اوراسکاٹ لینڈ میں پائی جاتی ہے ۔

Cashew : (n) [Brazil "acajoba"] کاجو کا درخت ۔

Cashew bird : (n) ایک قسم کی چڑیا ۔

Cashew nut : (n) کاجو ۔

Cashier : (n) [F."caissier"] تحویل دار ؛ خزانچی ؛ بینک یا کسی سوداگر کی نقدی کا محافظ ؛ صراف ۔

Cashier : (v) [Flem. or Du. "casseren"] معزول کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ برطرف کرنا ؛ جواب دے دینا ؛ برخاست کرنا ؛ نام کاٹنا ؛ خارج کر دینا ؛ رد کردینا ؛ چھٹکارا پا لینا ۔

Cashierer : (n) معزول کرنے والا ؛ برطرف کرنے والا ؛ برخاست کرنے والا ؛ رد کرنےوالا ۔

Cashierment : (n) برخاستگی ؛ موقوفی ؛ معزولی ؛ بر طرفی ۔

Cashmere : (n) [Place name] (۱) کشمیری شال ۔(۲) وہ اون جس سے کشمیری شال بنتی ہے ۔ (۳) مصنوعی کشمیری شال ۔

Cashmere goat : (n) کشمیری بکرا / بکری ۔

Cashmere stag : (n) کشمیری ہرن ۔

Cashmerette : (n) [f. CASHMERE] کشمیرہ ۔

Casing : (n) (۱) غلاف ؛ صندوق ۔ (۲) Case فعل کا عمل ۔

Casing : (n) کوٹھا ؛ اُپلا ۔

Casino : (n) [It."casa"] (۱) جوا خانہ ؛ عام ناچ گھر ؛ رقص خانہ ۔ (۲) (اطالوئی) چھوٹا سا بنگلہ جو باغ وغیرہ میں بیٹھنے کے لئے بنالیتے ہیں ۔ (۳) تاش کا ایک کھیل ۔

Casita : (n) [Sp. "casa"] چھوٹا مکان ؛ چھوٹا گھر ۔

Cask : (n) [Sp. "casa"] (۱) پیپا (لکڑی کا) ؛ چوبی پیپا ۔ (۲) پیپے میں رکھی ہوئی چیز ؛ پیپے میں رکھی ہوئی چیز کی مقدار ۔

Cask : (v) پیپے میں رکھنا یا بھرنا ۔

Casket : (n) [of unknown etym.] (۱) صندوقچہ ؛ ڈبا زیورکا ؛ جواھرات کا ڈبا جو عموماً قیمتی اور منقش ہوتاہے ؛ حقہ ؛ درج ۔(۲) تابوت ؛ میّت کا صندوق ۔

Casket : (v) صندوقچے یا ڈبے میں بند کرنا یا رکھنا ۔

Casket : (n) Gasket کا متبادل ۔

Casque : (n) [Sp. "casco"] (۱) خود ؛ ٹوپ ؛ مغفر ۔ (۲) (مجازاً) خود کی طرح کوئی چیز ۔

Casqued : (a) خود پہنے ہوئے ۔

Casquet : (n) [Sp. "casco"] ھلکا کھلا ھوا خود ۔

Casquetel : (n) [f. CASQUET] بغیر چھجے کا ھلکا اور کھلا ھوا خود ۔

Casquette : (n) [F. "casque"] چھجے دار ٹوپی ۔

Cass : (v) [L. "quassare"] رد کرنا ؛ تنسیخ کرنا ؛ منسوخ کرنا ۔

Cassada : (n) Cassava کا متبادل ۔

Cassandra : (n) [Gr."kasandra"] (۱) کل جبّا ؛ سیاہ زبان ۔ (۲) ایسا کاھن یا پیشین گو جسے کوئی نہ مانے ؛ زرقہ ۔(۳) ایک دلدلی جھاڑی جس کے سدابہار پتے اور چھوٹے سفید پھول ہوتے ہیں ۔

Cassareep : (n) [Carib.] لت کٹ (جزائر غرب الھند کا ایک پودا) کا رس جو جراثیم کش ھوتا ہے ۔

Cassation : (n) [OFr. "cassation"] رد ؛ تنسیخ ؛ ابطال ؛ منسوخی ؛ مرافعہ ۔

Court of cassation : عدالت مرافعہ یا اپیل خصوصاً غیر ممالک میں ۔

Cassava : (n) [Taino (Haiti)] (۱) لت کٹ ؛ جزائرغرب الھند کا ایک پودا جس کی جڑیں گرہ دار ہوتی ہیں ۔(۲) لت کٹ سے نکالا ہوا نشاستہ ؛ اس کی روٹی ۔

Casse : (n) [Fr.] شراب میں ایک قسم کی خرابی (دھات کے برتن میں رکھنے کی وجہ سے)۔

Casse paper / Cassie paper : (n) [Fr. "papier casse"] رِم کے دونوں طرف کا کاغذ جو حمل و نقل میں خراب ہو جاتا ہے ۔

Casserole : (n) [late L."cattion"] (۱) مٹی ؛ شیشہ یا کسی دھات کا بنا ہوا ظرف جس میں ایک ڈھکن ھوتا ہے ۔ (۲) ایسے ظرف میں پکایا ہوا کھانا ۔ (۳) چیزیں جو بعض کھانوں کے حاشیہ پر رکھی ہوتی ہیں ۔

En casserole : - مندرجہ بالا ظرف میں پکا ہوا کھانا ۔

Cassette : (n) [Fr. dim. of "case"] (۱) صندوقچہ ؛ بٹوا ۔ (۲) قلم رکھنے کا چھوٹا چپٹا ڈبا ۔ (۳) مٹی کے برتن پکانے کا سانچہ ؛ وہ خول جس میں پکایا جانے والا برتن ملفوف کیا جاتا ہے ۔

Cassia : (n) [Heb. "kesiah"] (۱) تیج پات ؛ تج ۔ (۲) (شعر میں) خوشبو دار جھاڑی یا پودا ۔ (۳) دار چینی ۔ (٤) مختلف قسم کے درختوں پودوں اور جھاڑیوں کی ایک جنس ؛ جنس املتاس ۔

Cassia buds : (n) دار چینی کی قسم کے مختلف پودوں کی بن کھلی کلیاں جو لونگ کی طرح استعمال ہوتی ہیں ۔

Cassia flower : (n) ولایتی پھول ۔

Cassia fistula : (n) املتاس ؛ کردار ؛ بگھن بھیڑا ۔

Cassia lignea : (n) تیج پات ؛ تیج پتہ ۔

Cassia oceid : (n) چکور ۔

Cassia oil : (n) روغن دارچینی ۔

Cassia pulp : (n) املتاس کا میٹھا گودا ۔

Cassia sophera : (n) کسوندی ؛ کسونجا ۔

Cassideous : (a) [L."cassis"] (نباتیات) خود کی شکل کا ؛ خود نما ۔

Cassididae : (n) [L.] ایک قسم کا گھونگا جس کا غلاف موٹا اور بھاری ہوتا ہے ۔

Cassidiform : (a) خود نما ؛ خود کی شکل کا ۔

Cassidony : (a) [origin unknown] (۱) (نباتیات) فرانسیسی لونڈر (Lavender) ۔ (۲) ایک قسم کی سفید بوٹی ۔

Cassie / Cassy : (n) [O Icel."kass"] پیال کی بنی ہوئی ٹوکری ۔

Cassie : (n) ایک خاردار جھاڑی یا درخت جو جنوبی امریکہ میں پایا جاتا ہے جس کے زرد پھول ہوتے ہیں جو عطر بنانے میں کام آتے ہیں ۔

Cassimere : (n) [Early var. of CASHMER] ایک قسم کا اونی کپڑا (باریک اور علاحدہ طور پر بٹے ہوئے اون کا) مردوں کے لئے ۔

Cassina / Cassine : (n) [MF."casine"] ایک سدا بہار جھاڑی جو جنوبی امریکہ میں پائی جاتی ہے اور جس کے پتوں سے بھی چائے بنائی جاتی ہے ۔

Cassine : (n) [med. L."cas(s)na"] (فوجی) کھیت سے ملحق ایک مکان جس میں سپاہی جم کر دشمنوں سے مقابلہ کرتے ہیں ۔

Cassinese : (a) [It. f." Monte cassine"] (۱) بینی ڈکٹن خانقاہوں کی جماعت سے متعلق جو پندرھویں صدی عیسوی میں قائم کی گئی تھی ۔ (۲) امریکی Cassinese جماعت سے متعلق جو سن ۱۸۵۵ء میں قائم کی گئی تھی ۔

Cassinette : (n) [a fictitious name suggested by CASSIMER] اونی اور کتان کا بنا ہوا کپڑا ۔

Cassinian : (n) [f. proper name "Cassini"] G. D. Cassini (سنہ ۱۲۲۵ء تا سنہ ۱۷۱۲ء) کے خاندان ، فرانسیسی ستارہ شناس یا اس کی تحقیق سے متعلق ۔

Cassinian oval : (۱) (اقلیدس) ایک بیضاوی شکل جس کے دو ماسکے ہوتے ہیں اس طرح کہ خط میں منحنی میں کسی نقطے کے نصف قطروں کا حاصل ضرب ایک ہی ہوتا ہے ۔ (۲) وہ خط منحنی جس سے Cassini ستاروں کی حرکت کو سمجھانے میں (Ellijsse) ھلیلجی کو بدل دینا چاہتا تھا ۔

Cassino : (n) [Var. of Casino] دیکھو Casino

Cassinoid : (a) [Fr. "kassinoide"] دیکھو Cassinian oval

Cassioberry : (n) [Gr."kassiope"] ایک قسم کی جھاڑی اور اس کا پھل ۔

Cassiope : (n) نیچی گچھہ دار جھاڑی جس کے پتے کائی کی طرح ہوتے ہیں اور سفید یا لال پھول ہوتے ہیں ۔

Cassiopeian : (a) [f. proper name] زات الکرسی کا یا اس سے متعلق ۔

Cassique : (n) Casique کا متبادل ؛ Guiana کا ایک نقل اتارنے والا پرندہ ۔

Cassiri : (n) [carib."cassiri"] بیئرکی قسم کی ایک شراب ۔

Cassis : (n) [L.] گھونگے کی ایک جنس جن کا غلاف گول ہوتا ہے ۔

Cassis : (n) [Gr. "kassiteros" +-ITE] (۱) منقه ۔ (۲) منقه سے بنائی ہوئی شراب جس میں نشه بہت کم ہوتا ہے ۔

Cassiterite : (n) [Gr. Kassiteros+ITE] ٹن کی خام دھات ؛ (کیمیا) کیسی ٹرائٹ ؛ رنگا پتھر ؛ قلعی پتھر ۔

Cassiterotantalite : (n) ایک قسم کی دھات جس میں ٹین کے ترشے کا نمك ہوتا ہے ۔

Cassius : (n) [name of a German physician] (۱) ایك جرمن ڈاکٹر کا نام (سترھویں صدی کا) ۔ (۲) ایك ارغوانی رنگ جو ٹن کلورائیڈ اور سونے کے کلورائیڈ کے محلول پر کیمیاوی عمل سے بنتا ہے ۔

Piple of cassius : ایك ارغوانی رنگ جو ٹن کلورائیڈ اور سونے کے کلورائیڈ کے محلول پر کیمیاوی عمل سے بنتا ہے ۔

Cassock : (n) [Turk "quzzak"] (۱)پادریوں کا نیچا کرتا ؛ نیچا جبّه ؛ چست چوغه (تاریخ) ۔ (۲) پادریوں کا عهده ؛ کشیش ۔

Cassock :" (v) [Fr. "cassolette"] جُبّه پہننا ۔

Cassolettee : (n) (۱) عود سوز ؛ عود دان ۔(۲) عطر دان جس کے ڈھکن میں سوراخ ہو ؛ سوراخ دار عطردان ؛ مشبك عطردان ۔ (۳) ایك چھوٹاظرف جس میں ایك آدمی کا کھانا پك سکے ۔

Casson : (n) [Scand.] گوئٹھا ؛ اُپلا ۔

Cassone : (n) [It. "cassa"] ایك بڑا منقش اطالوی صندوق جس کا قبضه دار ڈھکن ہوتا ہے ۔

Cassoon : (n) [It ."cassone"] Caisson کا متبادل ۔

Cassoulet : (n) [F.] ایك برتن جس میں گوشت اور سبزی ملا کر پکاتے ہیں ۔

Cassowary : (n) [Malay."kasudri"] کسوری ؛ شتر مرغ کی قسم کا ایك بڑا پرنده ؛ پیل مرغ ۔

Cassumunar / Casumuniar : (n) [app. Eastern] جزائر شرق الهند کے ایك پودے کی گره دار جڑ جو گرم ، تلخ ، خوشبودار اور ادرك کی طرح مہکنے والی ہوتی ہے ۔

Cassytha : (n) [Gr."Kasytas"] گرم ممالك کا ایك طفیلی پودا جس میں پتے نہیں ہوتے ہیں ۔

Cast : (n) [See next] (۱) پٹه ؛ پله ؛ مار ؛ دوری ۔ (۲) پانسے کی پھینك ؛ داؤ ؛ ڈال ؛ اتفاق ؛ موقع ؛ قسمت (مجازاً) ۔(۳) جال ڈالنا ؛ عمق پیماں کا لنگر ڈالنا ۔(٤) چھکڑے وغیره میں اتفاقی سواری ۔(٥) باز یا الّو وغیره کی قے ۔(٦) شماری حساب ۔ (۷) ایکٹروں کی ٹکڑی ؛ ایکٹروں میں کام کی تقسیم ۔(۸) ہیئت ؛ شکل ؛ صورت ۔ (۹) سانچه ؛ قالب ۔(۱۰) موڑ ؛ خم ؛ جھکاؤ ۔ (۱۱) رنگ ؛ شائبه ؛ لون ؛ جھلك (رنگ کی)۔ (۱۲) ڈھنگ ؛ ڈھب ؛ طور ؛ طریقه ؛ وضع ؛ ساخت ۔(۱۳) کسی طرف دیکھنا ؛ نظر ۔ (۱٤) لمس ؛ نمونه ؛ مزه ؛ ذائقه ۔(۱٥) کُشتی کا داؤ ۔(۱٦) چیز جو پھینکی گئی ہو یا اس کی مقدار ۔(۱۷) پھینکی جانے والی چیز مثلاً کیڑے کا چمڑا ؛ کچھوے کا فضله ۔ (۱۸) شکار کی بو کی تلاش (شکاری کتوں کی) ۔(۱۹) تیر اندازی میں پہلے تیر مارنے کا حق ۔ (۲۰) شهد کی مکھیوں کا چھتے کو پہلی بار چھوڑ دینا ۔(۲۱) مدد ۔ (۲۲) کمان کی طاقت ۔(۲۳) پیش گوئی ۔ (۲٤) پلاسٹر (ٹوٹے ہوئے عضو پر لگانے والا) ۔ (۲٥) آخری موقع ؛ آخری کو شش ۔

A measuring cast : وه مارکه یا پٹه جس میں فاصله ناپنے کی ضرورت ہو ۔

Renal cast : گردے کی بیماری میں پایا جانے والا ایك ماده ۔

To set / stake upon a cast : قسمت آزمائی کرنا ۔

Cast : (v) (۱) پھینکنا ؛ ڈالنا (یه معنی اب متروك ہیں یا نظم میں استعمال ہوتے ہیں ذیل کے خاص الفاظ کے ساتھ) ؛ گرا دینا ۔ (۲) مقدمے میں ہرا دینا ؛ مقدمه جیتنا ؛ ہرا دینا ؛ شکست دینا ۔(۳) پیچھا چھوڑنا ؛ کھو دینا ؛ مار دینا ؛ دفع کر دینا ؛ (٤) شمار کرنا ؛ حساب لگانا ؛ جوڑنا ؛ پھیلانا ؛ لگانا ؛ کرنا ۔(٥) ترتیب دینا ؛ ایکٹروں میں کام تقسیم کرنا ؛ کام کےلئے ایکٹر کا انتخاب کرنا ۔(٦) (کیمیا) ڈھالنا (پگھلی ہوئی دھات کا کسی شکل میں) ۔ (۷) پھینك دینا ؛ گرنا ؛ باز ؛ الّو وغیره کا قئے کرنا ؛ برطرف کرنا ؛ منظور کرنا ۔ (۸) کھودنا (کدال یا پھاوڑے سے) ۔ (۹) زور سے یا جلدبازی میں پھینکنا ۔

(۱۰) دینا ؛ بخشنا ۔ (۱۱) غور کرنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ ترکیب نکالنا ۔ (۱۲) موڑنا ؛ لکڑی کو خمیدہ بنانا ؛ جہاز کو موڑنا ؛ ترازو ؛ میزان کو پھیرنا ۔ (۱۳) شکاری کی بو کے لئے پھیل جانا اور تلاش کرنا ۔ (۱٤) (مجازاً) صحیح بات کی طرف رہنمائی کرنا ؛ صحیح بات چھپا لینا ۔ (۱۵) چال پھینکنا ۔ (۱٦) پانسہ پھینکنا ۔ (۱۷) متوجہ کرنا ۔ (۱۸) رائے دینا ؛ تحریری ووٹ داخل کرنا ۔ (۱۹) وقت سے قبل کسی چیز کا ھونا یا کسی کام کا کرنا ۔ (۲۰) (کشتی میں) جست کرنا ؛ شکست دینا ۔ (۲۱) سزا دینا ۔

To cast about : (۱) جتن کرنا ؛ ھاتھ پاؤں مارنا ؛ ترکیب نکالنا ۔ (۲) (بحری) راستہ بدلنا ۔ (۳) تلاش کرنا ۔

To cast account : حساب کرنا ؛ لگانا ؛ جوڑنا ۔

To cast a column of figure : حساب جوڑنا ۔

To cast actors for parts : ہر ایکٹر کو اس کا کام کھیل میں سپرد کرنا ۔

To cast a horoscope or nativity : زائچہ کھینچنا ۔

To cast anchor : لنگر ڈالنا ؛ لنگر انداز ھونا ۔

To cast an eye : نظر ڈالنا ۔

To cast a shadow on : گہنا دینا ؛ تاریک کر دینا ؛ مصیبت لانا ؛ نحوست لانا ۔

To cast ashore : ساحل پر آ لگنا ؛ کنارے پر جا پڑنا ۔

To cast aside : ترک کر دینا ؛ استعمال چھوڑ دینا ۔

To cast a spell on : جادو کر دینا ؛ مسحور کر دینا ۔

To cast a vote : ووٹ یا رائے دینا ؛ تحریری ووٹ داخل کرنا ۔

To cast away : (۱) خارج کر دینا ؛ رد کر دینا ؛ (۲) برباد کر دینا ۔ (۳) تباہ کر دینا ۔ (٤) تباہ شدہ کشتی سے اٹھا کر کنارے پر پھینک دینا ۔

To cast back : الٹ دینا ؛ پھیر دینا ؛ عود کرنا ؛ مراجعت کرنا ۔

To cast blame upon : الزام دینا ؛ متہم کرنا ۔

To cast dice : پانسہ پھینکنا ۔

To cast down : اداس یا دلگیر ھونا ؛ سست ھونا ؛ افسردہ ھونا ؛ گرا دینا (درجہ وغیرہ سے) ؛ تباہ و برباد کرنا ۔

To cast glance / look : سرسری نظر ڈالنا ؛ ایک نظر دیکھنا ۔

To cast in : ڈالنا (اضافہ کے طور پر)۔

To cast in dice : ٹھپے میں ڈھالنا ۔

To cast in one's lot with : کسی کی بھلائی برائی یا نفع نقصان میں شریک ھونا ۔

To cast in one 's teeth : ملامت کرنا ؛ بکھاننا ۔

To cast into prison : قید میں ڈالنا ؛ قید میں رکھنا ۔

To cast light on : روشنی ڈالنا ۔

To cast loose : علاحدہ کرنا ؛ الگ کرنا ؛ اپنے آپ کو الگ کرنا ۔

To cast lot : نام نکالنا ؛ قرعہ ڈالنا ؛ چٹھی نکالنا ۔

To cast net hook / fly : جال ڈالنا ؛ جال پھینکنا ؛ کانٹا ڈالنا ؛ بنسی ڈالنا ۔

To cast not a clout till cast may be out : دیکھو Clout

To cast off : ترک کر دینا ؛ نکال دینا ؛ چھوڑ دینا ؛ برطرف کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ دور کرنا (موزہ بافی وغیرہ) پھندے کھینچنا یا ڈالنا ؛ (بحری) رسہ پھینکنا ۔

To cast one 's cares upon : اپنی فکریں دوسروں کے سر ڈالنا ؛ اپنی بلا دوسرے کے سر ڈالنا ۔

To cast out : نکالنا ؛ خارج کرنا ؛ قئے کرنا ؛ جھگڑا کرنا ۔

To cast soldier / police man / horse : برخاست کرنا ؛ برطرف کرنا ؛ نکال دینا ۔

To cast the lead : عمق پیما کا لنگر ڈالنا ۔

To cast type : حروف ڈھالنا ۔

To cast up : (۱) حساب لگانا ۔ (۲) الزام دینا ؛ ملامت کرنا ۔ (۳) خرچ کا اندازہ لگانا (ٹائپ ناپ کر) ۔ (٤) اچانک اوپر اٹھانا (سر آنکھ کو) ۔ (۵) غیر متوقع طور پر آنا ۔

Cast iron / Cast-iron : (n) (۱) ڈھلا ہوا لوہا ۔ (۲) ڈھلے ہوئے لوہے کا ۔ (۳) سخت ؛ انتھک ؛ جو میل نہ کھائے ؛ مدافعت نا پذیر ؛ انمل ؛ بےجوڑ ۔ (٤) مضبوط ؛ مستحکم ۔

Cast off : (n) بندوق کے کندے کا خم ۔

Cast-off : (n & a) (۱) چھوڑا ہوا ؛ پھینکا ہوا ۔ (۲) چھوڑا ہوا شخص یا چیز ؛ علاحدہ کیا ہوا شخص ۔

Cast of feature : چہرے کا نقشہ ۔

Cast of mind : مزاج کی افتاد ؛ مزاج کی ساخت ۔

Cast of the eye : مزاج کی افتاد ؛ مزاج کی ساخت ۔

Castalia / Castalie / Castaly : (n) [Gr."kastalia"] پارنیس پہاڑ کا ایک چشمہ ؛ الہام ؛ شاعرانہ وجدان ؛ وجدان کا سر چشمہ ۔

Castalian : (a) (۱) پارنیس پہاڑ کے چشمے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) شاعرانہ ۔

Castanea : (n) [L.] ایک قسم کی کھردری چھال والی جھاڑی یا درخت ۔

Castanean : (a) کھردری چھال والی جھاڑی یا درخت سے متعلق ۔

Castaneous : (a) [L."castanea"] شاہ بلوط کے پھل کے رنگ کا ۔

Castanet : (n) [L."castanea"] (عموماً جمع میں) سخت لکڑی یا ہاتھی کے دانت کے آلات جو ناچنے میں بجانے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں ؛ چوبی جھانجھ ؛ چوبی مجیرے ؛ کھڑتال ؛ کرتال ۔

Castaway : (a) (۱) خراب ؛ خستہ ؛ آوارہ ؛ راندہ ؛ کھدیڑا ۔ (۲) کشتی شکستہ ؛ آوارہ شخص ؛ راندہ درگاہ ۔

Castaway : (n) جماعت سے خارج کیا ہوا شخص ؛ مردود ؛ کشتی شکستہ ۔

Caste : (n) [Sp. & pg."casta"] (۱) ذات پات ؛ قوم ؛ برن ؛ ذات (ہندوستان میں) ۔ (۲) (دوسرے ملکوں میں) فرقہ ؛ جماعت ۔ (۳) ذات پات کا نظام ۔ (٤) (مجازاً) مقتدر طبقہ ۔

To denounce caste : ذات کھونا ؛ ذات باہر ہونا ؛ ذات جاتی کھونا ۔

To lose caste : ذات کھونا ؛ ذات جاتی رہنا ؛ ذات باہر ہونا ؛ عزت کھونا ؛ وقار کھونا ۔

Caste mark : (n) (۱) (ہندوؤں میں) پیشانی پر کا وہ نشان جو اس شخص کی ذات کا نشان ہوتا ہے ۔ (۲) امتیازی خصوصیت (دانشوروں کی) ۔

Caste society : (n) (سماجیات) جاتی سماج ۔

Caste system : (n) (تاریخ) ذات پات کا نظام ؛ (سماجیات) ذات کا نظام ۔

Casteism : (n) ذات پات کی بنیاد پر امتیاز ۔

Casteless : (a) بے ذات ؛ ذات باہر ۔

Castless noun : (لسانیات) غیر فعلی اسم ۔

Castellan : (n) [med. L."castellanus"] قلعہ کا حاکم ؛ قلعہ دار ۔

Castellany : (n) (۱) قلعہ کے حاکم کا دائرہ عمل یا عہدہ ۔ (۲) وہ زمین جو ایک قلعہ کے ماتحت ہو ۔

Castellate : (a) قلعہ کی طرح بنانا ؛ فصیل دار بنانا ۔

Castellated : (a) [L."castellum"] (۱) مثل قلعہ ؛ قلعہ کی برجوں سے گھرا ہوا ؛ حصین ؛ قلعہ جیسا ؛ قلعہ والا ؛ ذی حصن ۔ (۲) مضبوط یا مستحکم ۔

Castellation : (n) [See prec.] قلعہ بنانا ؛ گھر میں فصیل بنانا ؛ قلعہ نما عمارت ؛ فصیل ؛ برج ۔

Castellatus : (a) [med. L.] (بادل کے بارے میں) برج یا برجوں کی قطار کی شکل کا ۔

Castellet / Castelet : (n) [ON. Fr."castelet"] چھوٹا قلعہ ۔

Caster : (n) (۱) ڈھلائی کرنے والا (سانچے میں) ۔ (۲) ٹائپ کو ڈھالنے والی مشین ۔ (۳) چھوٹا برتن جو میز پر نمک اور پسی مرچ وغیرہ رکھنے کیلئے ہوتا ہے، جو کسی فریم میں لگا ہوتا ہے اور کسی رخ مُڑ سکتا ہے ۔

Caster : (v) (۱) ادھر اُدھر آسانی سے حرکت کرنا ۔ (۲) فرنیچر وغیرہ میں پہیا لگانا ۔

Castigate : (v) [L."castigare"] (۱) سرزنش کرنا ؛ سزا دینا ؛ گوشمالی کرنا ؛ جھاڑنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ تادیب کرنا ؛ کوڑے سے مارنا ؛ (۲) (کتاب وغیرہ) اصلاح و ترمیم کرنا ۔

Castigater : (n) سرزنش کرنے والا ؛ سزا دینے والا ؛ گوشمالی کرنے والا ؛ مودب ؛ اصلاح و ترمیم کرنے والا ۔

Castigatery : (n) تنبیہی ؛ تادیبی ؛ تعزیری ؛ سرزنشی ۔

Castigation : (n) تادیب ؛ سرزنش ؛ تعزیر ؛ گوشمالی ؛ اصلاح ؛ ترمیم ؛ تنبیہ ؛ کوڑے بازی ۔

Castile soap : (n) [F. castile, in Spain] زیتون اور سوڈا سے بنا ہوا ایک عمدہ سخت سفید رنگ کا صابن ۔

Castilian : (n) [var.of CASTELLAN] (۱) قلعہ میں رہنےوالا ۔ (۲) قلعہ کی فوج کا ایک رکن ۔

Castilian : (a) [Sp."castellano"] (۱) ہسپانوی صوبہ کاسٹل کا باشندہ ۔ (۲) ہسپانوی صوبہ کاسٹل کی زبان ۔ (۳) معیاری ہسپانوی زبان ۔ (٤) ہسپانیہ کا ایک طلائی سکہ ۔

Casting : (n) (۱) سانچہ بنانا ؛ سانچہ ؛ ٹھپا ۔ (۲) بنسی پھینکنا یا ڈالنا ؛ (کیمیا) ڈھالنا ۔ (۳) ایکٹروں کو ان کے کام تقسیم کرنا ۔ (٤) سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز خصوصاً دھات ، شیشہ یا پلاسٹر وغیرہ ۔ (٥) نکالی چیز (جلد پر، فضلہ وغیرہ) ۔

Casting : (a) فیصلہ کن ۔

Casting bottle : (n) عطر پاش ۔

Casting box : (n) سانچہ ۔

Casting director : (n) کسی ڈرامہ ، اوپیرا کا ہدایت کار ۔

Casting voice/ Casting vote : (n) ووٹ یارائے جو دو برابر کے فریقوں میں فیصلہ کرے یا توازن پیدا کرے ؛ رائے فیصل ؛ (تاریخ) صدر کا فیصلہ کن ووٹ ۔

Castle : (n) [L."castellum"] (۱) کوٹ ؛ کوٹلہ ؛ گڑھی ؛ بالا حصار ؛ گڑھ ؛ قلعہ ؛ محل ؛ حصن ؛ قصر ؛ پارک ۔ (۲) (شطرنج) رخ ۔ (۳) محفوظ مقام ۔ (٤) (جہازرانی) پہلے زمانے کے جہاز کے عرشہ پر اونچی بنائی ہوئی جگہ ۔ (٥) (نقابت) جو قلعہ یا اس کے کسی حصہ کے مانند ہو ۔ (٦) کوئی بڑا مکان یا عمارت ۔ (۷) ہودا (ہاتھی کا) ؛ ہودج ۔ (۸) (شعر میں) کوئی بڑا جہاز ۔

An (English) man's house is his castle : انگریز کے گھر میں کوئی گھسنے نہیں پاتا ؛ انگریز کے مکان میں کوئی دخل اندازی نہیں کرسکتا ۔ (مثل) انگریز کا مکان کوٹ سمان ۔

The castle : (آئرلینڈ) نظام حکومت (ازڈبلن کاسل – مستقر حکومت) ۔

Castle : (v) (۱) کسی مضبوط جگہ یا مقام میں ہونا ۔ (۲) (شطرنج) رخ سے بادشاہ کو شہ دینا یا کشت دینا ؛ رخ بندی کرنا ؛ بادشاہ کو رخ کی طرف لے جانا اور رخ کو بادشاہ کے بغل میں لے جانا ۔

Castle the king : (شطرنج) بادشاہ کو رخ کی طرف لے جانا اور رخ کو بادشاہ کی بغل میں لے جانا ۔

Castle-builder : (n) خیالی پلاؤ پکانے والا ؛ ہوائی قلعہ بنانے والا ۔

Castle-building : (n) خیالی پلاؤ پکانا ؛ ہوائی قلعہ بنانا ۔

Castle-guard : (n) (۱) وہ خدمت جو رعایا کو اپنے مالک کے قلعہ کی حفاظت کےلئے کرنی پڑتی تھی یا اس خدمت کے عوض میں محصول (ادا کرنا پڑتا تھا) ۔ (۲) قلعہ کا محافظ ۔

Castle in the air / Castle in Spin : گھن کا لڈو ؛ خام خیالی ؛ خیالی ؛ ہوائی قلعہ ؛ خیالی تکے ۔

Castle-like : (a & adv) قلعہ کی طرح یا قلعہ جیسا ۔

Castle soap : (n) دیکھو Caske soap

Castle town : (n) قلعہ بند شہر ؛ قلعہ کے ارد گرد مکانات ۔

Castle walk : (n) ایک قسم کا رقص ۔

Castle-ward : (n) دیکھو Castle-guard

Castled : (a) قلعہ بند ؛ متحصن ؛ جس میں قلعہ ہو ۔

Castlet : (n) چھوٹا قلعہ ۔

Castling : (n) (۱) کسی مضبوط جگہ یا مقام میں ہونا ۔ (۲) (شطرنج) بادشاہ کو رخ کیطرف لے جانا اور رخ کو بادشاہ کی بغل میں لے جانا ۔

Castor : (n) [Gr."kastor"] (۱) اود بلاؤ ؛ سگ آبی؛ بیدستر۔ (۲) ایک شئے جو اود بلاؤ سےحاصل ہوتی ہے اور جو دوا اورخوشبو کی طرح استعمال ہوتی ہے ؛ جندبیدستر ؛ کستوری۔ (۳) (سوقیانہ) ٹوپی ۔(٤) اوور کوٹ کے لئے موٹا کپڑا ۔

Castor /Caster : (n) [ME.] (۱) (دسترخوان کی) مسالہ دانی ؛ (جمع میں) اچار دان ؛ سرکہ دان ۔ (۲) کرسی ، میز وغیرہ کے پایوں میں چھوٹا سا پہیا جو کیل پر گھومتا ہے ؛ کرسی پہیا ؛ میز پہیا ۔

Castor : (n) ایک قسم کی دھات جو شفاف بلوریں ہوتی ہے ۔

Castor : (n) [Origin unknown] موترا (گھوڑے کا) ۔

Castor : (n) (۱) جوزا کا پہلا ستارہ ؛ کستور ؛ راس توأم مقدم ۔(۲) سینٹ المو کی آگ، شہابہ (ایک طرح کی روشنی جو جہاز والوں کےعقیدے میں طوفان کے قبل مستول کے قریب نظر آتی ہے) ۔

Castor bean : (n) رینڈی ؛ انڈی ۔

Costor oil : (n) رینڈی کا تیل ؛ انڈی کا تیل ؛ روغن بید انجیر ۔

Castor sugar : (n) سفید پسی ہوئی شکر ؛ بورا ۔

Castoreum : (n) [L."Castor"(beaver)] اود بلاؤ سے حاصل کی جانیوالی ایک شے جو دوا کے طورپر استعمال ہوتی ہے ؛ کستوری ؛ جند بیدستر ۔

Castorial : (a) (مزاحًا) ٹوپی سے متعلق ۔

Castorin : (n) (کیمیا) ایک بلوری مادہ جو جند بیدستر میں پایا جاتا ہے ۔

Castorite : (n) ایک قسم کی دھات جو شفاف بلوریں ہوتی ہے ۔

Castral: (a) [L."castra"+-AL] خیام سے متعلق ۔

Castramentation : (n) [L."castra metari"] فن نصب الخیام ؛ خیمہ لگانے یا نصب کرنے کا علم و فن ۔

Castrate : (v) [L."castratus"] (۱) (جانور) خصی ؛ (انسان) خوجہ بنانا ؛ نامرد کرنا یا بنانا ؛ بیجڑا کرنا ؛ بیل (بدھیا کرنا) ؛ (گھوڑا) آختہ کرنا ۔ (۲) (کتاب کے) نقائص دور کرنا ؛ تنقیح کرنا ؛ کانٹ چھانٹ کرنا ؛ اصلاح کرنا۔ (۳) کمزور کرنا ؛ طاقت کم کرنا ۔ (٤) (نباتیات) میلہ٫نر یا پرچم کو نکال دینا ؛ بے زیرہ ۔

Castrate : (a) (نباتیات) میلہ٫نر یا پرچم نکالا ہوا ۔

Castrate : (n) [L."castrare"] نامرد شخص۔

Castration : (n) خصی کرنا ؛ خوجہ کرنا ؛ بدھیا کرنا ؛ آختہ کرنا ؛ تنقیح کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ طاقت کم کرنا ؛ آختگی ؛ میلہ٫نر یا پرچم نکالنا ۔

Castration complex : (n) طاقت مردی کھو دینے کا غیر شعوری خوف ؛ اخصائی خلط ۔

Castrato : (n) [L."castrare"] وہ مغنی جس کو بچپن میں نا مرد بنا دیا جاتا ہے تاکہ اس کی آواز عورتوں کی طرح رہے ؛ آختہ گویا ۔

Castrator / Castrater : (n) خصی کرنےوالا ؛ آختہ کرنےوالا ؛ بدھیا کرنےوالا ۔

Castrensian : (a) [L."Castrensis"+-AN] فوجی کیمپ سے متعلق ۔

Castrum : (n) [L.] ایک پرانا رومی قلعہ ۔

Casual : (a) [late ME. & L."casuali"] (۱) ناگہانی ؛ اتفاقی ۔ (۲) بے قاعدہ ؛ بے ڈھنگا ۔ (۳) بے پروا ؛ بے ضابطہ ؛ بے اصولا ؛ توکلی ؛ نا قابل اعتماد ۔ (٤) سادہ ۔ (٥) غیر اہم ۔

Casual : (n) (۱) مزدور ؛ وہ مزدور جو موقع ملے تو کام کرے ۔ (۲) وقتی حاجت مند ۔ (۳) وہ افسر یا سپاہی جو کسی دستہ سے وابستہ ہو ۔(٤) سادہ یا معمولی پوشاک ۔ (٥) انشائیہ (مزاحیہ)۔

Casual audience : (n) (سماجیات) اتفاقی سامعین ۔

Casual crowd : (n) (سماجیات) اتفاقی مجمع ۔

Casual income : (n) (تجارت) غیر مستقل آمدنی ۔

Casual labour : (n) (سماجیات) عارضی مزدور ؛ (تجارت) وقتی ، اتفاقی ، غیر مستقل مزدور ۔

Casual labourer : (n) عارضی مزدور ۔

Casual leave : (n) اتفاقی فرصت ۔

Casual or occasional operation : (تجارت) اتفاقی عمل ؛ موقع عمل ۔

Casual relationship : (تجارت) اتفاقی رشتہ ۔

Casual vacancy : (n) (انتظامیہ) عارضی اسامی ۔

Casual ward : (n) محتاج خانہ میں وقتی حاجتمندوں کے مکانات ؛ کمرہ عارضی مساکین ۔

Casual worker : (n) عارضی طور پر کام کرنے والا ؛ (انتظامیہ) عارضی مزدور ؛ (تجارت) غیر مستقل مزدور ۔

Casualism : (n) یہ نظریہ کہ ہر چیز اتفاقی ہے (فلسفہ ونفسیات) ؛ اتفاقیت ۔

Casualist : (n) اس نظریہ پر اعتقاد رکھنے والا کہ ہر چیز اتفاقی ہے ؛ معتقد اتفاقیت ؛ حیلہ جو (فقہیہ) ۔

Casually : (adv) ناگاہ ؛ اتفاقاً ؛ بلا ارادہ ؛ ناگہاں ؛ قضارا ؛ نادیدہ و دانستہ ۔

Casualness : (n) نا دانستگی ؛ سنجوگ ؛ ناگہانی یا اتفاقی پن ؛ بےاختیاری پن ؛ غیرارادی پن ۔

Casualty : (n) (۱) حادثہ ؛ سانحہ ؛ مصیبت ؛ موت ؛ اتلاف ۔ (۲) (جمع میں) فہرست مجروحین و مقتولین جنگ ۔ (۳) بے ضابطہ محصول و ادائی ۔ (٤) وہ ادائی جو مالک اپنی رعایا سے ناگہانی موقع پر اصول کرسکتا ہے ۔ (۵) شکار (مصیبت کا) ۔

Casualty insurance : (n) کسی حادثے سے نقصان کا بیمہ ؛ (تجارت و معاشیات) سانحاتی بیمہ ۔

Casualty officer : (n) (انتظامیہ) افسر حادثات ؛ کیزولٹی افسر ۔

Casualty ward : (n) اسپتال کا وہ حصہ جہاں حادثے میں مجروح ہونے والوں کا علاج ہوتا ہے (حادثے میں مجروح ہونےوالوں کا علاج) ؛ حلقہ حادثات ؛ زخمیوں کا کمرہ ۔

Casuaria : (n) [Mod. L."casuarius"] ایک قسم کا بڑا درخت ؛ آسٹریلیا کی ایک جھاڑی جو امریکہ کے جنوبی حصے میں اور جزائرغرب الہند میں پائی جاتی ہے ۔

Casuist : (n) [L."casus"] (۱) وہ شخص خصوصاً وہ فقیہہ جو احکام مذہبی کا اطلاق خاص خاص صورتوں میں کرتا ، اس کی تاویلوں پر غور کرتا اور اس میں مستثنیات پیدا کرتا ہے ؛ مجتہد ؛ نکتہ آفریں مفتی ۔ (۲) سوفسطائی ؛ محتال ؛ سخن ساز ۔ (۳) ضمیر کے نظریوں کا مطالعہ کرنےوالا ۔

Casuistess : (n) زن مجتہد ؛ نکتہ آور ۔

Casuistical : (a) مغالطہ آمیز ؛ استمات کے متعلق ؛ فقیہہ سے متعلق ۔

Casuistically : (n) مجتہدانہ ؛ سخن سازانہ ؛ چھوٹی دلیل پیش کر کے ؛ بات بنا کر ؛ مغالطہ آمیزانہ ؛ فسطائیہ ۔

Casuistry : (n) (۱) نکتہ دانی اجتہاد ۔ (۲) فقیہہ ؛ سخن ساز ؛ احتیال ؛ مغالطہ آمیزی ؛ سوفسطائیت ۔ (۳) مریضوں کا رجسٹر ؛ (فلسفہ و نفسیات) اخلاقی اجتہاد ۔

Casus : (n) [L.] کسی مثلث کے قاعدے کے ہر دو حصے جس کو خط مستقیم جو راس سے قاعدہ تک کھینچا گیا ہے تقسیم کرتا ہے ۔

Casus belli : (n) [NL] سبب جنگ ؛ جواز جنگ ؛ وجہ جنگ ۔

Casus foederis : (n) [L.] (صلح نامے کی) مشروط دفعات ۔

Casus foederis has not arisen : اس صورت پر مشروط دفعات کا اطلاق نہیں ہوتا ہے ۔

Casus fortuitus : (n) [L.] اتفاق ۔

Casus omissus : (n) [L.] ایسا معاملہ جو کسی خاص قانون کے دائرے میں نہیں آتا ۔

Cat : (n) [OE."catt"] (۱) بلی ؛ گربہ ؛ بلائی ۔ (۲) جھلے مزاج کی عورت ۔ (۳) نوچنے کھسوٹنے والا بچہ ۔ (٤) گربہ خاندان یا سوری خاندان کا جانور جیسے ببر ، شیر ، تیندوا ۔ (۵) دوسری جنس کا بلی نما جانور، مشک بلاؤ یا زباد ۔ (٦) (تاریخ) محاصروں میں کام آنے والا سائبان یا اُسارا ۔ (۷) (بحری) لنگر اٹھانے اور لنگر سے چلنے کے لئے افقی شہتیر جو جہاز کے دونوں طرف نکلا ہوا ہو ۔ (۸) بودا شخص؛ ڈرپوک ۔ (۹) ایک قسم کا بحری جہاز ۔ (۱۰) کوڑا ۔ (۱۱) تپائی کی ایک قسم جو دوہری ہوتی ہے ۔ (۱۲) جاز کا شائق ۔ (۱۳) مزدک ۔ (١٤) نقابت میں بلی کا نشان ۔

A cat may look at a king : ایک گدا بھی بادشاہ کو جھڑک سکتا ہے ۔

Care kills the cat : فکر ہاتھی کو بھی گُھلا دیتا ہے ۔

Cult of the jumping cat / See which way the cat jumps / To wait for the cat to jump : دیکھو اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے ۔

Fight like kilkenny cats : لڑتے لڑتے جان دے دینا یا مٹ جانا ۔

No room to swing a cat : تل دھرنے کی جگہ نہیں ؛ محدود جگہ ؛ تنگ جگہ ۔

To bell the cat : بلی کے گلے گھنٹی باندھنا ۔

To grin like a cheshire cat : وہ بلی جو Alice کی نظر سے بتدریج اس قدر ہنستی ہے کہ سب سے آخیر میں اس کی ہنسی باقی رہ جاتی ہے ۔

To let the cat out of the bag : راز افشا کرنا ۔

To rain cats and dogs : چھاجوں یا موسلا دھار مینھ برسنا ۔

To turn cat in pan : زمانہ سازی کرنا ؛ منافقت کرنا ؛ دو بھیسا ہونا ؛ دو رنگا ہونا ۔

Tom cat : گربۂ نر ؛ بلاؤ ۔

Who is going to bell the cat : بلی کے گلے میں کون گھنٹی باندھے گا ۔

Cat : (v) (۱) لنگر اٹھانا ۔ (۲) کوڑے مارنا ۔ (۳) (عامیانہ) قے کرنا ۔

Cat-and-dog : کتوں اور بلیوں کے مانند ؛ جھگڑالو ؛ معاندانہ اور لگاتار ؛ سستے اور مشتبہ ہنڈیوں والا ۔

Cat-and-dog-life : کتے اور بلی کی طرح رہنا ؛ ہر وقت جھگڑتے رہنا ؛ خصوصاً میاں بیوی کا ہر وقت کی ان بن ۔

Cat-and mouse : (n) بچوں کا ایک کھیل ۔

Cat-and-mouse : (a) (۱) مار ڈالنے سے پہلے برا برستانے والا ۔ (۲) پیچھا کرنے اور پھر چھوڑ دینے والا ۔ (۳) جگہ کے لئے سب سے اچھے موقع کا انتظار کرنے والا ۔

Cat-and-mouse act : (n) ۱۹۱۲ء کا قانون دوبارہ مقاطعہ جوئی جس کی رو سے ہوم سکریٹری کو اختیار تھا کہ جب چاہے مقاطعہ کرنےوالوں کو چھوڑ دے اور جب چاہے پکڑلے ؛ موش و گربہ قانون (یہ نام مزاحاً رکھدیا گیا تھا) ۔

Cat-bird : (n) گربانگ ؛ امریکہ کی ایک گانے والی چڑیا جسکی آواز بلی کی آواز کے مشابہ ہوتی ہے ۔

Cat-block : (n) ایک بھاری لوہے سے بندھا ہوا کندہ جس میں لنگر اٹھانے کا کانٹا لگا ہوتا ہے ۔

Cat burgler / Cat man : (n) چور ؛ گھس کر چوری کرنے والا ؛ نقب زن ۔

Cat-call : (v) اظہار ناراضگی کرنا ؛ چلا کر اظہار نا رضامندی کرنا ؛ آوازیں کسنا ؛ سیٹی بجانا ؛ زفیل بولنا ۔

Cat-eyed : (a) گربہ نظر ؛ جو تاریکی میں دیکھ سکے ۔

Cat-fall : (n) رسا جو لنگر اٹھانے میں کام آتا ہے ۔

Cat-fever : (n) تنفس کی بیماری جسمیں بخار بھی ہوتا ہے ۔

Cat fight : (n) ایک تلخ اور ذاتی جھگڑا ۔

Cat fish : (n) بل مچھلی خصوصاً امریکہ کی دریائی مچھلی ۔

Cat foot : (v) بلی کی طرح چلنا ؛ دبے پاؤں چلنا ۔

Cat-gold / Cat's gold : (n) ابرک کی زردی مائل قسم ۔

Cat-hammed : (a) پتلی چپٹی جھانگھ والا / والی ؛

Cat-Clock میں لگا ہوا ہُک ، کانٹا ۔

Cat-harpings : (n) وہ رسہ جو نیچے کے مستولوں میں سہارا دینے کے لئے باندھتے ہیں ۔

Cat-head : (n) (۱) (بحری) لنگر شہتیر ؛ لنگر کا شہتیر ؛ لنگر گیر ؛ لنگر بند ۔ (۲) (کان کنی) چھوٹا چرخ ؛ ہتھوڑا ۔

Cat-hole : (n) (۱) بلی کے جانے آنے کا راستہ ۔ (۲) کوئی چھوٹا راستہ ۔

Cat hook : (n) قحبہ خانہ ۔

Cat-ice / Cat's-ice : (n) دودھیا برف جس کے نیچے سے پانی ہٹ گیا ہے ۔

Cat-ice / Cat's ice : (a) دودھیا برف جیسا؛ شیر نما ؛ بلبلہ دار ۔

Cat-lap : (n) غیر منشی شے جس کو بلّی پی سکے ؛ دلیا ؛ شوربا ؛ چائے ۔

Cat-like : (a & adv) بے آواز ؛ چوری چھپے ۔

Cat louse : (n) کاٹنے والا جوں ۔

Cat-malison : (n) چھت میں یا چھت کے نزدیک کی الماری ۔

Cat-man : (n) سرکس کا وہ آدمی جو شیر، چیتا وغیرہ کی دیکھ بھال کرتا ہے ۔

Cat-nap : (n) تھوڑی دیر سونا ؛ آنکھ لگنا ؛ اونگھنا ۔

Cat-nip : (n) تیز خوشبو والا پودا جس کے سفید پھول ہوتے ہیں اور ان پر ارغوانی چتیاں ہوتی ہیں اور جن کو پرانے زمانے میں علاج میں استعمال کیا جاتا تھا اور جن کو بلیاں بہت پسند کرتی ہیں ۔

Cat O'mountain : (n) دیکھو Catamountain

Cat-o-mine tails : (n) (۱) ایک کوڑا جس میں نو گرہ دار تسمے لگے ہوتے ہیں ؛ برطانوی فوجی اور بحریہ میں سزا دینے کا ایک آلہ ۔(۲) امریکہ کی ایک قسم کی گھاس جو پانی اور دلدل میں ہوتی ہے ۔

Cat-purchase : (n) (بحری) لنگر کے کندہ میں لگا کانٹا ۔

Cat-rope : (n) وہ رسّہ جس سے لنگر کے کانٹے کو کھینچتے ہیں ۔

Cat-salt : (n) باریک پسا ہوا نمک ۔

Cat silver : (n) سفید ابرک ؛ نقرئی ابرک ۔

Cat sleep : (n) دیکھو Cat nap

Cat snake : (n) ایک قسم کا سانپ جو جنوبی یورپ اور شام میں پایا جاتا ہے ۔

Cat squirrel : (n) ایک قسم کی گلھری ۔

Cat-witted : (a) ضدی ؛ کینہ پرور ؛ چھوٹے دل کا ۔

Cata /Cat-/ Cath : [Gr."kata-","kat-","kath-"] سابقے ان لفظوں میں جو یونانی سے لئے گئے ہوں یا یونانی مادوں سے بنتے ہوں یا یونانی وزن پر بنائے گئے ہوں بمعنی نیچے، دور، غلطی سے ؛ نفی ؛ بالکل ؛ بلحاظ ؛ پہلو کے برابر ؛ کامل طور سے ۔

Catabaptist : (n) [Gr."katabaptiotes"] بپتسما کا مخالف ۔

Catabasion : (n) [Gr."katabasion"] یونانی گرجوں میں قربانی کے نیچے تبرکات رکھنے کی جگہ ۔

Catabasis : (n) نیچے جانا ؛ پیچھے ہٹنا ؛ پسپا ہونا ؛ (فوجی) زیر روی ؛ نزول ؛ (طب) انحطاط مرض ۔

Catabatic : (a) [Gr."katabatikos"] بتدریج کم ہونے والا ؛ نیچے کی جانب سے ہٹنے سے متعلق ؛ زیر رو ۔

Catabiosis : (n) ["cata-"+"biosis"] نباتیاتی تنزل جس میں خلیے پرانے یا ازکار رفتہ ہو جاتے ہیں ؛ ہم زیستی ؛ ہم نموئی ۔

Catabiotic : (a) حیاتیاتی تنزل سے متعلق ۔

Catabolic : (a) [Gr."katabole"+-ic] تخریبی استحالہ سے متعلق ؛ تفرقی ۔

Catabolism : (n) [Gr."katabole"+balle] تخریبی استحالہ جس میں بیکار مادے پیدا ہوتے ہیں ؛ (کیمیا) کتیا بولزم ؛ (حیوانیات) تفرق ۔

Catabolite : (a) [Catabol(ism) +-ITE] تخریبی استحالہ میں پیدا ہونے والا فضول مادہ ۔

Catacaustic : (a) [CATA - + CAUSTIC] منحنی سطح سے انعکاس ؛ نعکاسی سوزندہ ؛ انعکاسی آتشی منحنی ۔

Catachresis : (a) [Gr."katachresis"] لفظوں کا بیجا استعمال ؛ الفاظ کا غلط استعمال ؛ تحریف لفظی ؛ لفظوں کے معنی میں رد و بدل ؛ کسی بھدی صفت لفظی کا استعمال ؛ (لسانیات) برعکس (استعمال) ۔

Catachrestic /-al : (a) تحریفی ؛ الفاظ کے غلط استعمال سے متعلق ۔

Catachrestically : (adv) تحریفانہ ؛ بےجا استعمال ؛ رد و بدل ۔

Catachthonian : (a) [Gr."katachthonios +chthonios"] زیر زمین رہنے والی ایک جاندار شے سے متعلق ۔

Cataclasis : (n) [Gr."kataklasis"] چٹانوں یا دھاتوں کا ٹوٹنا یا چور چور ہونا کامل تغیر کے دوران -

Cataclasm : (n) [Gr."kataklesm"] توڑ پھوڑ ؛ انشقاق عظیم ؛ زور سے پھٹ پڑنا ؛ پھوٹ ؛ (مجازاً) هیجان عظیم ؛ مہا پرلے ؛ طوفان ؛ طغیان عظیم ؛ انقلاب عالم ؛ سیاسی یا معاشرتی انقلاب یا احتلال -

Cataclastic : (a) چٹانوں یا دھاتوں کے ٹوٹنے یا چور چور ہونے سے متعلق -

Cataclysm : (n) [Gr."kataklysmos"] (۱) طوفانی سیلاب - (۲) انشقاق عظیم ؛ (تاریخ) سانحہٴ عظیم -

Cataclysmal / Cataclysmic : (a) طوفان یا سیلاب سے متعلق ؛ طوفانی ؛ سیلابی ؛ انقلابی ؛ طوفانی سیلاب کا -

Cataclysmist / Cataclysmatist : (n) (۱) وہ شخص جو سیلابی تخریب یا تعمیر کا قائل ہو - (۲) انقلاب پسند -

Catacomb : (n) [L."catacumbas"] (۱) هڑواڑ ؛ زمین دوز قبرستان ؛ مردوں کے رکھنے کا تہ خانہ ؛ دخمہ ؛ سردابہ ؛ (سردارا) مردارا - (۲) سردابہٴ مے ؛ تہ خانہٴ شراب - (۳) (مجازاً) پیچیدہ رستوں اور کمروں کا مجموعہ -

Catacoustics : (n) [CATA+ACOUSTICS] آوازوں کے انعکاس کا علم ؛ انعکاسی سمعیات ؛ انعکاسی صوتیات -

Catadioptric / Catadioptrical : (a) [CATAPTRIC + ACOUST] روشنی کے انعطاف و انعکاس سے متعلق -

Catadioptrics : (n) روشنی کے انعطاف اور انعکاس کا علم ؛ انعکاسی انعطافی بصریات -

Catadrome : (n) [Gr."katadromos"] بھاری چیزیں اٹھانے کی ایک مشین -

Catadromous : (a) [CATA + Gr."dromos"] (۱) (حیوانیات) مچھلیوں سے متعلق جو دریا میں یا سمندر میں انڈے دینے کےلئے جاتی ھیں ؛ زیر رو (ماھی) - (۲) (نباتیات) وہ فرن یا کرف جسکی سب سے نیچی ثانوی شاخیں پروں کے پیچھے ھوتی ھیں -

Catafalque : (n) [It."catafalco"] (۱) تابوت گاہ ؛ کسی بڑے شخص کےتابوت یا بت کو نماز جنازہ کے وقت رکھنے کے لئے آراستہ اسٹیج ؛ مسرح - (۲) کھلی تابوت گاڑی -

Catagenesis : (n) [CATA + GENESIS] بازگرداں ارتقا ؛ ارتقاء معکوس ؛ تراجع -

Catagenetic : (a) بازگرداں ارتقا سے متعلق -

Catagmatic : (a) [Gr."katagmatikos"] (۱) هڈیوں کے ٹوٹنے یا اس کے علاج سے متعلق - (۲) ٹوٹی هڈیوں کا علاج کرنے والی دوا -

Catalan : (a & n) [Fr."catalan"] کٹا لونیا کا ؛ کٹا لونیا کی زبان ؛ قتلونی ؛ قتلونی زبان ؛ قتلونی زبان کا بولنے والا -

Catalan forge : قتلون میں اور اس کے گرد و نواح میں استعمال ھونے والی لوھے کی بھٹی -

Catalanist : (n) کٹالونیا کی خود مختاری کا حامی -

Catalase : (n) [CATAL (YSIS) +-AS] سرخ بلوری خمیر جو پودوں اور جانوروں کے خلیوں میں پایا جاتا ھے ؛ (کیمیا) کٹالس -

Catalasometer : (n) (کیمیا) کیٹالیس پیما -

Catalectic : (n) [Gr."kalalectikos"] (بیت یا شعر) آخری رکن میں ایک ھجا کی کمی ؛ سکتہ وار -

Catalepsy / Catalepsis : (n) [Gr."katalepsos"] (۱) (طب) حالت سکوت ؛ سکتہ ؛ بے ھوشی ؛ جمود ؛ شخوص - (۲) (فلسفہ) فھم ؛ ادراک نفس ؛ ادراک -

Cataleptic : (a) [Gr."kataleptikos"] (۱) مرض سکتہ کے متعلق - (۲) ادراکی -

Cataleptic : (n) مریض سکتہ ؛ مریض شخوص -

Cataleptiform / Cataleptoid : (a) سکتہ کی طرح کا -

Catallactic : (a) [Gr."katallaltikos"] کسی مصرع کے آخری رکن میں ایک ھجا کی کمی -

Catallactic : (a) [Gr."katallaktikos"] مبادلہ سے متعلق -

Catallactic : (n) (جمع میں) معاشیات (بطور مبادلہ علم کے) -

Catallactically : (adv) بطور مبادلہ کے ؛ مبادلہ کے طور پر -

Catalogue : (n) [Gr."katallogos"] (۱) فهرست کامل ؛ عموماً ترتیب حروف تہجی ؛ کتاب الفهرس ۔ (۲) ترتیب ۔ (۳) کتاب کی تفصیلی فہرست ۔ (٤) ٹکٹ یا سکوں کی فہرست میں قیمت جو کسی چیز کی دی گئی ہو ۔

Catalogue : (v) (۱) فہرست تیار کرنا ۔ (۲) نام یا ضروری معلومات فہرست میں درج کرنا ۔ (۳) ٹکٹ یا سکوں کی فہرست میں ایک خاص قیمت کا ہونا ۔ (٤) فہرست میں درج ہونا ۔

Catalogue raisonne : (n) مضمون وار تفصیلی فہرست ؛ فن وار فہرست ۔

Cataloguer : / Catalogist : / Cataloguist : (n) فہرست تیار کرنے والا ؛ فہرست گر ؛ (انتظامیہ) فہرست ساز ۔

Cataloguing : (n) کتابوں کی درجہ بندی یا فہرست بنانے کا علم اور پیشہ ۔

Cataloguize : (v) فہرست بنانا / تیار کرنا ۔

Catalpa : (n) [Indian of Carolina] جزائر غرب الہند ، امریکہ ، جاپان اور چین کے درختوں کی ایک قسم جسکی پتیاں دل کی شکل کی اور پھول قرنا کے شکل کے ہوتے ہیں ۔

Catalyser : (n) (کیمیا) کیتالیس داں ۔

Catalysis : (n) [Gr."katalysis"] (۱) (کیمیا) وہ اثر یا عمل جوایک شے دوسری اشیاء میں کیمیاوی تغیر پیدا کرنے کےلئے کرتی ہے لیکن خود متاثر نہیں ہوتی ؛ حملان ؛ (حیوانیات) حملیت ۔ (۲) مختلف اشخاص یا قوتوں کے درمیان عمل اور رد عمل جو کسی چیز یا طاقت سے پیدا ہو ۔ (۳) عمل انگیزی ۔

Catalyst : (n) وہ چیز یا مادہ جو دو چیزوں میں تغیر پیدا کرے مگر خود متاثر نہ ہو ؛ عمل انگیز ؛ دو اشخاص یا قوتوں کے درمیان عمل اور رد عمل پیدا کرنے والا عامل ۔

Catalyst poison : (n) (کیمیا) کیتالیس زہر ۔

Catalytic : (a) حملانی ؛ حاملانہ ؛ عمل انگیز ۔

Catalytic agent : (کیمیا) کیتالسٹ کارندہ ؛ عمل انگیز عامل ۔

Catalytically : (adv) حاملانہ طور پر ۔

Catalyze : (v) (۱) کیمیاوی تغیر پیدا کرنا ؛ کیمیاوی تغیر سے نیا مادہ پیدا کرنا ۔ (۲) پیدا کرنا ؛ بدلنا ۔

Catamaran : (n) [Tamil."kattumaran"] (۱) لکڑ ناؤ ؛ دو یا زیادہ موٹی لمبی لکڑیوں کو باندھ کر بنائی ہوئی ناؤ جسکو پتوار یا بادبان سے چلایا جاتا ہے ۔ (۲) دوھرے ڈھانچے والی ناؤ ؛ دو ناؤ ۔ (۳) لڑاکا آدمی خصوصاً عورت ۔

Catamenia : (n) [Gr."katamenios"] حیض ؛ ماھواری ؛ طمث ۔

Catamenial : (a) حیض سے متعلق ۔

Catamite : (n) [L."catamitous"] مفعول ؛ مابون ؛ لونڈا ؛ کونی ۔

Catamount : (n)[Short for CATAMOUNTAIN] کوھی خاندان کا کوئی جنگلی جانور ۔

Catamountain / Catomountain : (n) [alter.of ME."cat of the mountaine"] (۱) کوھی خاندان کا جنگلی جانور ؛ چیتا ؛ تیندوا ۔ (۲) پہاڑی آدمی ۔

Catan / Cattan : (n) [Jap."katana"] ایک قسم کی جاپانی تلوار ۔

Catananche : (n) [Ge."katananke"] بحیرۂ روم کے کنارے کے ممالک میں پایا جانےوالا ایک پودا جس کے پھول اودے اور زرد ہوتے ہیں ۔

Catapan : (n) [med. L."catapanus"] بازنطینی شہنشاھوں کے زمانے میں Catabria اور Apulia کا حاکم یا گورنر ۔

Catapetalous : (a) [Gr."kata" + "petalonous"] (نباتیات) بقچۂ گل سے ملی ہوئی پنکھڑیوں والا (پودا) ۔

Cataphasia : (n) باز گوئی ؛ تکرار کلام ۔

Cataphonic : (a) [Gr."kata" + "phone" + ic] روشنی کے انعکاس سے متعلق ۔

Cataphonics : (n) دیکھو Cataconstics

Cataphoresis : (n) (کیمیا) مثبت ذرات کا برقی انتقال ؛ برقی تنقل ۔

Cataphract : (n) [L."cataphractes"] (۱) زرہ ۔ (۲) زرہ پوش سپاھی ۔

Cataphracted : (a) سخت غلاف والا ۔

Cataphractic : (a) زرد سے متعلق یا زرد سے مشابہ ۔

Cataphrenia : (n) [CATA + PHRENIA] جنون جس سے صحت یابی ممکن ھے ؛ ذھنی پستی ۔

Cataphrygian : (n) [L."cataphrygae"] (تاریخ) ایک عیسائی فرقہ جو نائجیریا میں شروع ھوا تھا ۔

Cataphyll : (n) ایک ابتدائی چھلکے کی طرح کی پتی جو پتوں سے پہلے ھوتی ھے ؛ زیر برگ ؛ نا مکمل برگ ۔

Catapilite : (n) آلومینیا کا آب دار سلیکیٹ جس میں کچھ فولاد، میگنیز ھوتے ھیں ۔

Cataplasia : (n) ریشوں یا خلیوں میں باز گراں حیاتیاتی تبدیلی ۔

Cataplasm : (n) [Gr."kataplasma"] (طب) پولٹس ۔

Cataplasmic /-al : (a) پولٹس کی صفت کا ۔

Cataplexy : (n) [Gr."kataplexis"] سکتہ (جانوروں اور آدمیوں میں) کسی شدید ھیجان کی وجہ سے جس میں ھوش باقی رھتا ھے مگر حرکت نہیں ھوتی ؛ سکتہ جذباتی ؛ (حیوانیات) مکرموت ۔

Catapult : (n) [L."catapulte"] (١) فلاخن ؛ گوپھن ؛ منجنیق ۔ (٢) غلیل ۔ (٣) ھوائی جہاز کو طیارہ بردار جہاز سے تیزی سے اڑانے کی ترکیب ۔

Catapult : (v) (١) غلیل ، منجنیق سے پھینکنا ۔ (٢) غلیل ؛ منجنیق سے شکار کرنا ۔ (٣) پھینکا جانا ۔ (٤) یکایک یا تیزی سے حرکت کرنا ۔ (٥) فلاخن چھوڑنا ۔

Catapultic : (a) منجنیقی ؛ گوپھنی ؛ فلاخی ۔

Catapultier : (n) غلیل چلانے والا ؛ فلاخ چلانے والا ۔

Cataract : (n) [Gr."katar(r)aktes"] (١) بڑا جھرنا ؛ آبشار ؛ پانی کی چادر ۔ (٢) (تشنج) نزول ماء ؛ موتیا بند ۔ (٤) موسلا دھار ؛ تریڑا ؛ سیل ۔

Cataract : (v) (١) آبشار کی طرح گرنا ۔ (٢) آبشار کی طرح گرانا ۔

Cataracted : (a) موتیا بند والا ۔

Cataractous : (a) موتیا بند کا یا اس سے متعلق یا اس میں ملا ۔

Catarrh : (n) [Gr."katarrous"] نزلہ ؛ زکام ؛ سردی ۔

Epidemic catarrh : موسمی بخار ؛ انفلوئنزا ۔

Summer catarrh : ایک قسم کا دمہ ۔

Catarrhal : (a) زکامی ۔

Catarrhine / Catarhine : (n) [Gr."kata"+"rin"] (حیوانیات) تل نتھنا ؛ جس کے نتھنے ملے ھوئے، ترچھے اور نیچے کی جانب ھوں ۔

Catasta : (n) [L.] (١) وہ بنچ جس پر غلام فروخت کےلئے کھڑے کئے جاتے تھے ۔ (٢) بستر اذیت ۔

Catastaltic : (a) [Gr."katastaltikos"] (طب) روکنےوالا / والی ؛ تھامنےوالا / والی ۔

Catastasis : (n) [Gr."kathistanai"] (١) عروج (کسی ڈرامہ کا) ۔ (٢) وہ ڈرامائی پیچیدگی جو عروج سے پہلے ھوتی ھے ۔ (٣) (خطابت) ابتدائی ۔ (٤) حالت ؛ کیفیت ۔

Catasterism : (n) [Gr."katasterismos"] (١) برج ۔ (٢) Eratos Thenes کی لکھی ھوئی برجوں کے متعلق ایک کتاب ۔

Catastrophe : (n) [Gr."katastrophe"] (١) حاصل ڈرامہ ؛ انجام ڈرامہ ۔ (٢) (ارضیات) انجام بد ؛ تباھی ؛ آفت ؛ بپتا ؛ ھلاکت ۔ (٣) عظیم انقلاب (جو نظام اشیاء کو درھم برھم کر دے) ؛ تباھی (بڑے پیمانہ پر) ۔ (٤) سخت نا کامیابی ۔ (٥) (طب) عمل جراحی کے پہلے یا درمیان یا روز کی موت جس کی وجہ معلوم نہ ھو سکے ۔

Catastrophe hazard : (n) (تجارت و معاشیات) خطر عظیم ۔

Catastrophe policy : (n) (تجارت و معاشیات) خطر عظیم بیمۂ پالیسی ۔

Catastrophe insurance : (n) (تجارت و معاشیات) خطر عظیم مکرر بیمہ ۔

Catastrophic change : (n) (سماجیات) تباہ کن سماجی تبدیلی ۔

Catastrophic /-al : (a) حادثہ عظیم کے متعلق ؛ نکبتی ؛ فجائی ؛ بلائے ناگہانی کے متعلق ؛ پُر آشوب ۔

Catastrophically : (adv) تباہ کن طور پر ؛ حادثے کے طور پر ۔

Catastrophism : (n) (۱) (ارضیات) آشوبیت ؛ یہ عقیدہ کہ سطح زمین کے انقلابات پُر آشوب طبعی اسباب سے واقع ہوتے ہیں ؛ (تاریخ) عقیدہء ہلاکت ۔ (۲) ابتلائے عظیم ؛ حادثہء فاجعہ ؛ بلائے ناگہانی ۔ (۳) ست جگ /عہد سعادت جو حادثہء عظیم یا بلائے ناگہانی کے بعد ہی آتی ہے ۔

Catastrophist : (n) عقیدہء آشوبیت کا قائل ۔

Catastrophy : (n) (عمرانیات) بلائے ناگہانی ۔

Catatonia : (n) [G."katatonie"] دیکھو Catalepsy

Catatonic : (a) سکتہ سے متعلق ؛ سکتہ میں مبتلا ۔

Catatonic : (n) سکتہ میں مبتلا آدمی ۔

Catatonic schizophrenia : (n) ایک بیماری جس میں منفیت ، خموشی ، سکتہ اور وہم ہو کہ مریض طاقت کلی رکھتا ہے اور کبھی کبھی تشدد سے کام لیتا ہے ۔

Catawampus : (n) [alter of CATAMOUNT] خیالی خونخوار جنگلی جانور ؛ ہوّا ۔

Catawampus : (a) وحشی ؛ تباہ کن ؛ ٹیڑھا ۔

Catawampusly / Catawampously : (adv) خونخواری سے ؛ جوش سے ۔

Catawba : (n) [F.the river in S.Caro] (۱) کٹاؤ با ؛ ایک امریکی انگور ۔ (۲) امریکی انگور سے بنی شراب ۔

Catboat : (n) ایک قسم کی بادبانی کشتی ۔

Catcall : (n) سیٹی ؛ زفیل (آواز یا باجے کی) ؛ زور کی سیٹیاں جن سے تھیٹر وغیرہ میں اظہار ناراضگی کیا جاتا ہے ۔

Catch : (n) [See next] (۱) پکڑ ؛ گرفت ؛ گرفتاری ۔ (۲) ایک بار جتنی مچھلیاں پکڑی جائیں ؛ جھول ۔ (۳) کرکٹ میں گیند پکڑنے کا موقع یا کامیابی (زمین سے گرنے سے پہلے) ۔ (٤) مغالطہ یا بہلاوا دینے والا سوال ؛ دھوکا ؛ بھکاوا ؛ بے خبری میں آ لینا ۔ (۵) دروازہ کو روکنے کے لئے کوئی بریکٹ ، بلّی ، اڑانی ۔ (٦) پھانسنے کے قابل شخص یا اچھا شکار ؛ سونے کی چڑیا ؛ حاصل کرنے کے قابل چیز ؛ اچھا مال ؛ اچھی رقم ؛ تر مال ۔ (۷) (موسیقی) کئی آدمیوں کے گانے کے لئے گیت یا نغمہ ؛ ایک گانا تین یا تین سے زیادہ آدمیوں کے لئے جس میں ایک گانے والا شروع کرتا ہے جب پہلا گانے والا ختم کر لیتا ہے خصوصاً کوئی مضحکہ خیز گانا ۔ (۸) متوجہ کرنے کی کوئی بات (۹) پکڑنے والی کوئی چیز ۔ (۱۰) ایک کھیل دو یا زیادہ آدمیوں کے لئے جسمیں گیند پھینکتے اور پکڑ لیتے ہیں ؛ ٹکڑا ؛ حصہ ۔ (۱۱) کسی بھی فصل کا اتنا اگ آنا کہ دوبارہ بونے کی ضرورت نہ ہو ۔

Catch as catch can : ایسی کُشتی جس میں کوئی قاعدہ نہ ہو سوائے جو دونوں فریقین تسلیم کرلیں ؛ بےقاعدہ ؛ بےضابطہ ۔

Good / safe catch : گیند اچھا کوچنے والا ۔

No catch : برا سودا ؛ نکما سودا ۔

Catch : (v) [L."captare"] (۱) پکڑنا ؛ پکڑلینا ؛ لپکنا ۔ (۲) پھانسنا ؛ الجھانا ؛ پکڑ لینا ؛ گرفت میں لینا ؛ پھنسانا ؛ دھوکا دینا ۔ (۳) وقت پر پہنچنا (ریل گاڑی وغیرہ کے لئے) ؛ جا لینا ۔ (٤) گرفت کرنا ۔ (۵) بے خبری میں آنا ؛ پتا لگانا ۔ (٦) مارنا (عموماً مار کا بھی ذکر کردیا جاتا ہے) ۔ (۷) لگنا یا لگ جانا (آگ وغیرہ کے متعلق) ؛ جلنا ؛ جل اٹھنا ۔ (۸) لپک لینا ؛ ہاتھ مارنا ؛ چھیننا ؛ اچک لینا ۔ (۹) کسی چیز کی حرکت روک لینا ۔ (۱۰) دفعتاً روک دینا ۔ (۱۱) مبتلا ہونا ؛ اپنے اوپر لینا ؛ قبول کر لینا ؛ اثر پذیر ہونا ۔ (۱۲) سمجھ لینا (حواس یا ذہن کے ذریعہ) آواز یا سر وغیرہ کا ۔ (۱۳) اپنی طرف کھینچ لینا ؛ منعطف کرنا ؛ مبذول کرنا (توجہ وغیرہ) ؛ مفتون بنا دینا ؛ گرویدہ کر لینا ۔ (۱٤) بغیر تیاری یا آمادگی کے آ لینا ۔ (۱۵) شادی کرنا (کافی دوڑ دھوپ کے بعد) ۔ (۱٦) اچانک جان لینا ؛ باخبر ہونا ۔ (۱۷) روک لینا درمیان میں ۔ (۱۸) حاصل کرنا ۔ (۱۹) پھنس جانا ۔ (۲۰) زبردستی روک لینا ۔ (۲۱) باندھنا ۔ (۲۲) تصویر کھینچنا ۔ (۲۳) دیکھنا یا سننا ۔ (۲٤) بادبان میں ہوا کا بھر جانا ۔ (۲۵) تھوڑا منجمد ہو جانا ۔ (۲٦) حاملہ ہونا (پالتو دودھ پلانے والے جانوروں کا) ؛ پودے کا شکل آنا ؛ جڑ پکڑ لینا ۔ (۲۷) جل کر کڑھائی میں سٹ جانا ۔

Bolt catches : چٹخنی نہیں لگتی ۔

Nail catches dress : کیل کپڑا یا لباس پکڑ لتی ھے ۔

To catch a cold : سردی لگ جانا ۔

To catch a crab : (۱) چپو کا پانی الجھنا یا پھنس جانا ۔ (۲) چپو کا پانی میں نہ لگنا ۔

To catch a fever : بخار ہو جانا ۔

To catch a glimpse : ایک جھلک دیکھنا ۔

To catch a likeness : دیکھنا اور اس کی شبیہ بنا دینا ؛ ہوبہو چربہ اتار دینا ۔

To catch a tartar : اپنے سے زبردست سے جا بھڑنا ۔

To catch hold of : پکڑنا ؛ دھر لینا ۔

To catch in a thing : گرفتار ہو جانا ؛ پھنس جانا ؛ الجھنا ۔

To catch it : سزا پانا یا تنبیہ پانا ۔

To catch it scolding or thrasbing : سزا پانا ؛ ملامت سننا یا اور کسی ناگوار امر کو مجبوراً برداشت کرنا ۔

To catch napping : ناگہاں جا لینا ؛ اچانک جا لینا؛ غلطی یا غفلت پر گرفت کر لینا ۔

To catch one's breath : دم سادھ لینا ؛ سانس روک لینا ؛ غیر ارادی طور پر سانس لینا ۔

To catch one's death of cold : زکام یا دوسرا مہلک مرض ہو جانا ۔

To catch the eye of another : دوسروں کی توجہ مبذول کرنا ۔

To catch the speaker's eye : انگلستان کےدار العلوم میں تقریر کرنے کےلئے بلائے جانے میں کامیاب ہونا ۔

To catch the wind : بادبان کا ہوا سے بھر جانا ۔

To catch up habit : عادت ڈال لینا یا عادی ہونا ۔

To catch up speaker : مقرر کی تقریر کو روک دینا ؛ بیچ میں بول اٹھنا ؛ ٹوکنا ۔

You don't catch on : تم معنی نہیں سمجھتے ؛ مطلب نہیں سمجھتے ۔

Catch at : (v) ہاتھ مارنا ؛ جھپٹنا ؛ پا کر خوش ہونا ۔

Catch away : (v) چھین لینا ۔

Catch ball : (v) گیند لپک لینا ۔

Catch basin : (n) وہ برتن جو نالی کے جنگلے کے نیچے بہنے والی گندگی کو روکنے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

Catch crop : (n) (۱) دو فصلوں کے درمیان کی فصل ۔ (۲) دو دھاری کے بیچ میں یا ایک فصل نقصان ہو جانے پر (جو فصل) لگائی گئی ہو ۔

Catch cry : (n) کوئی امتیازی لفظ یا فقرہ جو لوگوں کی توجہ مبذول کرنے کےلئے استعمال کیا جائے ۔

Catch dog : (n) ایک بڑے قسم کا کتّا (خصوصاً مویشی کی دیکھ بھال کےلئے) ۔

Catch drain : (n) آب گیر ؛ پہاڑی کے دامن میں پانی نہ بہنے دینے کےلئے موری یا نالی ۔

Catch-off : (n) لیس کو مرابر برابر کاٹ کر پُلندا بنانے والا ۔

Catch fire : (v) (۱) آگ لگ جانا ۔ (۲) سرگرم ہو جانا ؛ الہام ہونا ۔ (۳) وسعت ؛ دلچسپی اور اثر میں بہت بڑھ جانا ۔

Catch line : (n) (۱) ایک سطر جس پر کوئی نظر گیر لفظ ہو ۔ (۲) ایک چھوٹی سطر جو لمبی اور بڑی سطر کے درمیان ہو ۔ (۳) وہ فقرہ یا جملہ جو جاذب نظر ہو ۔ (٤) کوئی مزاحیہ جملہ کسی ڈرامے میں ۔

Catch meadow : (n) وہ سبزہ زار جس کو آب گیر سے سیراب کیا جاتا ہے ۔

Catch on : (v) پکڑنا ؛ سمجھنا ؛ مان لینا ؛ ہر دلعزیز ہونا ؛ پھلنا ؛ شبہ ہونا ؛ ملازمت کرنا ۔

Catch out : (v) (۱) (کرکٹ) گیند لپک لینے سے کھیلنے والے کا کھیل سے الگ ہو جانا ۔ (۲) غلطی کرتے پکڑ لینا ۔

Catch out : (n) گرفت ؛ پکڑ ۔

Catch phrase : (n) نظر گیر فقرہ ۔

Catch question : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) گرفت سوال ۔

Catch rope : (n) پکڑنے والا پھندہ دار رسہ ۔

Catch-stitch : (n) (کشیدہ) کاڑھنے میں چوپارے کے ٹانکے یا زنجیرہ ۔

Catch title : (n) عنوان کا اختصار ۔

Catch up : (v) (۱) پکڑنا ؛ جا لینا ؛ پکڑ لینا ۔ (۲) اٹھانا ۔ (۳) پھنسانا ۔ (٤) محصور کرنا ۔ (٥) اپنانا یا اختیار کرنا ۔ (٦) ٹوکنا کسی مقرر کو ۔ (۷) تازہ ترین خبر دینا ۔ (۸) گرفتار کرنا ۔ (۹) خراب نتیجہ ہونا ۔ (۱۰) گھوڑوں، خچروں اور بیلوں کو سفر کےلئے تیار کرنا ۔ (۱۱) ختم کرنا ۔

Catch up : (n) دیکھو Kechup اور Cats up

Catch up : (n) کام پورا کرنے کےلئے سرگرمی تیز کرنا ۔

Catch water : (n) آب گیر ۔

Catch weed : (n) بال چھڑ ؛ ایک قسم کی جھاڑی ۔

Catch word : (n) (۱) نظر گیر ؛ لفظ جو ایسی جگہ لکھا گیا ہو کہ دیکھنے والے کی نظر اپنی طرف کھینچ لے ۔ (۲) صفحے کے آخر کا لفظ جو دوسرے صفحے پر دھرایا جائے ۔ (۳) کسی ایکٹر کی تقریر کا لفظ ۔ (٤) سیاست یا مذہب وغیرہ میں وقتی زود اثر لفظ ؛ نعرہ ؛ چلتا جملہ (فقرہ) ۔

Catch work : (n) دیکھو Catch water

Catchable : (a) گرفتنی ؛ قابل گرفت ۔

Catcher : (n) (۱) پکڑنےوالا ؛ لپکنےوالا ۔ (۲) قلا بازی کے جھولے میں وہ شخص جو اپنا سر نیچے کئے ہوئے رہتا ہے اور دوسرے آدمی کو پکڑ لیتا ہے ۔ (۳) تمباکو، لکڑی یا کاغذ کے کارخانے کا ایک مزدور جو بنی ہوئی چیزوں کو نقل و حمل کرنے والی مشین سے اتار لیتا ہے ۔ (٤) ایک چھوٹی کشتی جو وھیل پکڑنے والے جہاز کے ساتھ رہتی ہے ۔

Catchfly : (n) مکھی چوس ؛ ایک پودا جس کے تنکے چیپک دار ہوتے ہیں ؛ مگس گیر ؛ مکھی پکڑ ۔

Catchfly grass : (n) ایک دلدلی گھاس ۔

Catching : (a) (۱) متعدی مرض ؛ اڑ کر لگنے والی بیماری ۔ (۲) دلفریب ؛ جاذب نظر ؛ دلکش ۔ (۳) دھوکا باز ۔

Catching bargain : (n) پھنسانے والا سودا ؛ دھوکا دے کر کیا ہوا سودا ۔

Catchingness : (n) (۱) دلفریبی ؛ دلکشی ؛ جاذبیت ۔ (۲) متعدی ہونا ۔

Catchlight : (n) ہلکی سی روشنی جو کسی کھلی سطح سے منعکس ہو ۔

Catchman : (n) وہ شخص جو مالک کے نشان کے مطابق بہتی ہوئی لکڑیوں کو علاحدہ کرتا ہے ۔

Catchment : (n) طاس ؛ آب گیرا ۔

Catchmeut basin / Catchment area : (n) وہ رقبۂ زمین جہاں کا پانی بہہ کر کسی دریا یا تالاب میں جائے ۔

Catchpenny : (a) (۱) زر گھسیٹ (یعنی نمائش دکھاوے کی چیزیں) ناواقف یا سادہ لوح لوگوں سے روپیہ اینٹھنے کےلئے ۔ (۲) مقبول مگر گھٹیا ۔

Catchpenny : (n) زر گھسیٹ یا مقبول مگر گھٹیا چیز ۔

Catchpole/-poll : (n) عدالت دیوانی کا اھل کار جسے گرفتار کرنے کا بھی اختیار ھو ؛ قرق امین ؛ ناظر ۔

Catchpoled : (a) قرق امین کے ذریعہ گرفتار ۔

Catchpolery / Catchpollary : (n) قرق امینی ۔

Catchy : (a) (۱) دلکش جاذب نظر ۔ (۲) آسانی سے یاد رہ سکنے والا ۔ (۳) فریبی پر پیچ خصوصاً ایسا سوال جس سے غافل دھوکا کھا جائے ؛ بے ضابطہ ۔

Cate : (n) [aphet.f.ACATE] تر مال ؛ نعمتیں ؛ موھن بھوگ ؛ لذیذ کھانے ؛ کوئی کھانا یا کھانے کی چیز ۔

Catechesis : (n) [Gr."katechesis"] زبانی، مذہبی، اخلاقی تعلیم نو مذہب کے لئے یا ایسی زبانی تعلیم کی کتاب یا اس قسم کی تعلیمی تقریر ۔

Catechetic / Catechetical : (a) (۱) سوال و جواب کا ؛ سوال و جواب کے ذریعے ؛ مکالماتی ۔ (۲) عیسائیوں کے مذہبی سوال و جواب یا اصول کے مطابق ۔ (۳) سوال و جواب آمیز ؛ سوال و جوابی ۔

Catechetically : (adv) سوال وجواب کے طور پر ؛ سوال و جواب کے ذریعہ ؛ پوچھ گچھ سے ۔

Catechetics : (n) عملی دینیات نو مذہبوں کے لئے ۔

Catechin : (n) [f. CATECHU + -IN] ایک مادہ جو کتھے سے نکالا جاتا ھے ؛ سفید بلوری سفوف ۔

Catechise : (n) [Fr."catechese"] (۱) (تاریخ) سوال و جواب کی کتاب ؛ سوال و جواب نامہ خصوصاً دینی اصولوں پر ۔

Catechism : (n) [L."catechismas"] دیکھو Catechise

Church catechism : عیسائیوں کے فرقہ اینگلیکن یعنی انگریزوں کا سوال و جواب نامہ ۔

Longer and shorter catechism : فرقہ پریس بٹیرین کا سوال و جواب نامہ ؛ سوالوں کا سلسلہ ۔

Catechismal : (a) سوال و جواب نامہ سے متعلق ۔

Catechist : (n) [Gr,"katechistys"] سوال و جواب کے ذریعہ تعلیم دینے والا ؛ چرچ کا معلم ۔

Catechistical : (a) سوال و جواب کے ذریعہ تعلیم یا معلم سے متعلق ؛ سوال و جواب آمیز ۔

Catechistically : (adv) بطور سوال و جواب کے ۔

Catechize : (v) [Gr."katechixin"] (۱) سوال و جواب کے ذریعہ تعلیم دینا یا سوال و جواب نامہ پڑھانا ۔ (۲) سوال کرنا ؛ پوچھنا ؛ امتحان لینا ۔ (۳) تفصیلی سوال و جواب سے کسی کے علم اور چال چلن کا پتا لگانا ۔

Catechizer : (n) سوال و جواب کے ذریعہ تعلیم دینےوالا ؛ سوال و جواب کرنیوالا ؛ امتحان لینے والا ۔

Catechol : (n) [CATECHU+ -OL] دیکھو Catechin

Catechu : (n) [mod.L."catechu"] (کیمیا) کیٹچو ؛ کتھا ۔

Chatechuic : (a) کتھے سے متعلق ۔

Catechumen : (n) [Gr."katechoumenos"] امیدوار عیسائیت ؛ عیسائیت طلب ؛ نو مرید ؛ نو مسیحی ؛ عیسائیت کی ابتدائی تعلیم پانے والا ۔

Catechuminate / Catechuminical : (n) طالب عیسائیت کی کیفیت اور مدت ؛ ادارہ جو طالب عیسائیت کو تیار کرتا ھے ۔

Catechuminical : (a) طالب عیسائیت سے متعلق ۔

Categorem : (n) [Gr."kategorema"] مکمل منطقی قضیہ ۔

Categorematic : (a) منطقی قضیہ میں ایک لفظ جو فاعل یا محکوم بہ ہو سکتا ھے ؛ موضوعیت کے قابل ؛ محمولیت ۔

Categorematic word : (لسانیات) خود معنیاتی لفظ ؛ (فلسفہ، تعلیم و نفسیات) مستقل با معنی لفظ ۔

Categoric : (a) [Gr."kategorikos"] (۱) (قضیہ سے متعلق) غیر مشروط؛ متعلق ۔ (۲) صاف ؛ سیدھا ؛ شافی ؛ قاطع؛ اکید ؛ قطعی ۔

Categorical : (a) دیکھو Categoric

Categorical imperative : (n) ضمیر کا حکم ؛ (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) امر غیر مشروط ۔

Categorical proposition : (n) غیر مشروط قضیہ ؛ قضیہ حملیہ ۔

Categorically : (adv) قطعی طورسے ؛ سیدھے طریقے سے ؛ صاف صاف ؛ غیر مشروط ۔

Categoricalness : قطعیت ۔

Categories : (n) ایک قسم کا لفظی کھیل ۔

Categorist : (n) درجہ بندی کرنے والا ۔

Categorize : (v) درجہ بندی کرنا ؛ زمرہ میں رکھنا ۔

Category : (n) [Gr."kategoria"] (۱) ان ابواب میں سے ایک باب جس میں تمام چیزیں تقسیم کی جاسکیں ؛ مقولہ ۔ (۲) احساس کے ذریعہ حاصل کردہ خیال کے لئے ذہنی قالب ۔ (۳) زمرہ ؛ درجہ ؛ قسم ۔ (٤) وجود کی ایک قسم جیسے: شی ، مقدار ، صفت ، نسبت ، مقام ، وقت ، وضع ، قضیہ ، اتصال ۔ (٥) کوئی اھم بنیادی تصور یا خیال ۔ (٦) دانشمندی کی خالص وجدانی شکل ۔

Catelectrode : (n) [CATA+ELECTRODE] (طبیعیات) کسی مورچے کا منفی سرا ؛ زیر برقیرہ ؛ منفیرہ ۔

Catelectrotonic : (a) کسی جھلاھٹ سے متعلق ۔

Catelectrotonus : (a [Gr."kata"+electron+"tonos"] (طبیعیات) عصب کی بڑھتی ہوئی جھلاھٹ ؛ برقی رو کے منفی سرے کے پاس ؛ منفی برقی تواتر ۔

Catena : (n) [L."catena patrum"] سلسلہ متواصل ؛ متواصلات ؛ زنجیر ۔

Catenarian : (a) (ریاضی) زنجیرہ ؛ مثل زنجیرہ کے؛ مثل اس منحنی کے جو ایک یکساں زنجیر کو دو نقطوں سے لٹکانے پر بنے جبکہ وہ دو نقطے ایک ھی انتسابی خط میں نہ ہوں ؛ زنجیرآسا؛ سلسلہ وار؛ مسلسل ۔

Catenary : (a & n) [mod.L."catenaria"] Catenarian دیکھو

Catenary bridge : (n) لرزاں پل ؛ وہ پل جو دو زنجیروں پر قائم ہو ؛ جھولنا پل ۔

Catenate : (v) [L."catenare"] حلقوں کی طرح جوڑنا ؛ حلقانا ؛ مسلسل کرنا ۔

Catenation : (n) حلقاؤ ؛ تسلسل حلقات ؛ حلقوں کی طرح جوڑ لگاؤ ؛ زنجیری ترتیب ۔

Catenative verb : (n) (لسانیات) ربطی فعل ۔

Catenulate : (a) [L."catena"] (نباتیات و حیوانیات) مسلسل ؛ زنجیر نما ۔

Cater : (v) [OFr."quatre"] تزوید ؛ توشہ بہم پہنچانا ؛ ضیافت طبع یا تفریح کا سامان کرنا ؛ انتظام کرنا ؛ مہیا کرنا ۔

Cater (v) [as prec.] (۱) ترچھا آڑا جانا ؛ کاٹنا ۔ (۲) معین نما شکل میں بتانا ؛ ترتیب دینا ۔

Cater : (n) تاش یا پانسے کا چوّا ۔

Cater : (adv) ترچھے طور پر ؛ آڑے طور پر ۔

Cateram " (n) [mod. L."cateranus"] (اسکاچستان) پہاڑی جنگجو آدمی ؛ ڈکیت ؛ قزاق ؛ راھزن؛ مویشی چور ۔

Cater cornered : (adv & a) ترچھی حالت میں ؛ ترچھی لکیر پر ۔

Cater cousine : (n) [of unknown origin] بےتکلف ؛ دلی دوست ؛ یار غار ۔

To be cater-cousines : دلی دوست ھونا ؛ بہت راہ رسم ھونا ؛ بےتکلف دوستی ھونا ۔

Caterer : (n) توشہ بہم پہنچانےوالا ؛ ضیافت یا تفریح طبع کا سامان کرنےوالا ؛ انتظام کرنےوالا ۔

Cateress : (n) توشہ بہم پہنچانےوالی ؛ انتظام کرنےوالی ۔

Catering : (n) (انتظامیہ) انتظام طعام ؛ کیٹرنگ ۔

Caterpillar : (n) [OFr."chatepelose"] (۱) تتلی یا پتنگے کا پہل روپ ؛ کرم درخت ؛ کملا ؛ جھانجھا ؛ پھوا ۔ (۲) (مجازاً) غارت گر ؛ لٹیرا ۔ (۳) پودوں کی ایک جنس، پھلی کی امتیازی خصوصیت کی وجہ سے ۔ (٤) کوئی مشین جس میں چکر پٹیاں ہوتی ھیں جن سے وہ آگے پیچھے دونوں جانب چلتی ھے ۔ (٥) تفریحی پارکوں میں لگے وہ مسلسل جٹے ہوئے ڈبے جو دائرہ نما رستے پر چلتے ھیں ۔

Caterpillar eater / Caterpillar catcher : (n) جلاد پرندے کی قسم کا ایک پرندہ جو جھانجھا کھاتا ھے ۔

Caterpillar plant : (n) پودوں کی ایک جنس ۔

Caterwaul : (v) (۱) بلّی کی طرح چلانا ؛ میاؤں میاؤں کرنا؛ مستانی بلّی کا سا شورو غل کرنا ؛ بلّیوں کی طرح لڑنا ۔ (۲) ھوس پرست ھونا ؛ مستی میں آنا ؛ عورتوں کے پھیر میں گھومنا ۔

Caterwaul : (n) بلّی کی طرح شوروغل ؛ میاؤں میاؤں ؛ بلاؤ لڑائی ۔

Caterwauler : (n) بلّی کی طرح شوروغل کرنےوالا ۔

Catgut : (n) [CAT + GUT] (۱) تانت ؛ رودہ ؛ زہ ۔ (۲) تار والے آلات موسیقی ۔ (۳) ایک قسم کا موٹا سخت کپڑا ۔ (٤) تقریباً جھکا ھوا ؛ مشرقی امریکہ کا پودا جس کے زردی مائل ارغوانی پھول ھوتے ھیں ۔

Catharism : (n) [See next] عیسائیوں کے ایک فرقے کا عقیدہ ۔

Catharist : (n) [late L."catharistae"] عیسائیوں کا ایک فرقہ ۔

Catharize : (v) [G."katharizin"] صاف کرنا ؛ پاک کرنا ۔

Catharsis : (n) [Gr."katharsis"] (۱) (طب) اسہال ؛ دست ۔ (۲) جذبات (خصوصاً ہمدردی اور خوف کے) کی اصلاح فن کے ذریعہ ۔ (۳) دبے ہوئے احساسات اور خیالات کو شعور میں لانا ۔ (٤) کوئی جذبہء اصلاح جس سے کوئی روحانی تجدید ہوتی ھے یا روحانی تناؤ سے نجات ملتی ھے ۔

Cathartic : (a) [Gr."kathartilos"] (۱) ملیّن ؛ دست آور ؛ مسہل ۔ (۲) مصلح ۔

Cathartically : (adv) بطور مسہل ۔

Cathartid : (n) [L."cathartidae"] ایک قسم کا گد ۔

Catharin : (n) [F."cathart - + -IN] سناٹی سے نکالا ہوا تلخ مادہ ؛ ملیّن ؛ مسہل ۔

Cathartine : (a) [See CATHARTID] گد یا گد سے متعلق ۔

Cathectic : (a) [back formation *f*.CATHECTIC] شہوانی قوت دینا ۔

Cathectic : (a) [L."cathexis"] شہوانی قوت والا ۔

Cathedra : (n) [Ex-cathedra] [Gr."Cathedral Church"] اسقف کی کرسی یا تخت ۔

Cathedral : (n) [Short for Cathedral Church] (۱) بڑا گرجا جس میں اسقف کا تخت ہوتا ھے ؛ کلیسائے اسقف ؛ کلیسائے اکبر ۔ (۲) کلیسا کی طرح کوئی چیز یا عمارت ۔ (۳) تعلیم کا خصوصی مرکز ؛ (تاریخ) جامع گرجا ۔

Cathedral : (a) (۱) اسقف کی کرسی کے متعلق ۔ (۲) حاکمانہ ؛ افسرانہ ؛ اختیار کلی کا ۔ (۳) کلیسا نما ۔

Cathedral bell : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Cathedral chimes : (n) گھنٹی کی دھات کی چھوٹی بڑی نلکی جو لٹکی ہوئی رہتی ھے اور ہتوڑے بجانے سے گرجا کی گھنٹیوں کی سی آواز نکلتی ھے ۔

Cathedral glass : (n) نیم شفاف شیشہ ۔

Cathedral music : (n) کلیسائے اکبر کی موسیقی ۔

Cathedral walk : (n) کلیسائے اکبر کی نشستوں کے درمیانی رستہ سے مشابہ رستہ ۔

Cathedraled : (a) کلیسا نما یا کلیسا دار ۔

Cathedralic : (a) کلیسا نما ۔

Cathedratic : (a) [med. L."cathedraticus"] (قانون) اسقف کی کرسی یا تخت سے متعلق ؛ حاکمانہ ؛ افسرانہ ؛ اختیار کلی ۔

Catheretic : (a) [Gr."katheretikos"] برباد کرنے، کم کرنے یا چلانے کی طاقت رکھنے والا ؛ گلا دینے والا ۔

Catheretic : (n) کوئی گلا دینے والی شے (گوشت کو) ۔

Catherine / Catharine : (n) [mod. L."catharine"] (۱) دیکھو Catherine wheel ۔ (۲) ایک چرخی جس میں کانٹے لگے ہوتے ھیں ۔ (۳) ایک چرخی کی طرح شبیہ جو نقابت میں بطور نشان استعمال ہوتی ھے ۔ (٤) سورج مکھی کھڑکی ۔ (٥) (آتش بازی) سورج مکھی چرخی، چکر ؛ گھن چکر ۔ (٦) پہلو کی قلا بازی ؛ کروٹ کی قلا بازی ۔

Turn catherine wheel : قلا بازی کھانا ۔

Cathern : (n) [Syncopated form of CATHERINE] یوم سینٹ کیتھیرین کے موقع پر کا ایک جشن جو ۲۵ نومبر کو منایا جاتا ھے ۔

Catheter : (n) [Gr."katheter"] (۱) قناطیر ؛ (طب) پیشاب نکالنے کی نلی ؛ پیشاب کی سلائی ۔ (۲) اس قسم کی نلی جسم کے دوسرے حصوں یا جوفوں میں سے مادہ نکالنے کے لئے لگائی جاتی ھے ۔

Catheterization : (n) پیشاب نکالنے کی نلی یا جسم کے دوسرے جوفوں میں نلی لگانا ۔

Catheterize : (v) پیشاب نکالنے کی نلی یا جسم کے دوسرے جوفوں میں نلی لگانا ۔

Cathetometer : (n) [next + - METER] نلیوں میں سیال مادہ کی اونچائی ناپنے کا آلہ خصوصاً خفیف فرق ناپنے کے لئے ۔

Cathetus / Kathetus : (n) [Gr."kathetos"] ایک خط مستقیم جو دوسری خط مستقیم یا سطح پر عموداً ملتا ھے ؛ عمود ؛ عماد ۔

Cat's-ear : (n) ایک یوروپی گھاس جو امریکہ میں بھی ہوتی ہے جس کے پھول زرد رنگ کے اور پتے بلّی کے کان کی طرح ہوتے ہیں -

Cat's -eye : (n) (۱) عین الھر ؛ لنکا اور مالابار کا ایک قیمتی پتھر - (۲) بچوں کے کھیلنے کی گولی -

Cat's foot : (n) عشق پیچاں کی ایک قسم -

Cat's meat : (n) گھوڑے کا گوشت جو بلّیوں کے لئے تیار کیا جاتا ہے اور بیچا جاتا ہے ؛ بلّی کا راتب -

Cat's -paw : (n) آلہ ؛ آلہ کار ؛ وہ شخص جس سے دوسرے اپنا مطلب نکال لیں ؛ ہلکی ہوا جس سے پانی میں ہلکورے پیدا ہوں ؛ (بحری) رسے میں دو گرہیں جن میں کانٹے کو دیا جا سکے -

Cat's -tail : (n) (۱) ناگر موتھا کی قسم کے پودے - (۲) بلّی کی دم ؛ گردن سمور -

Catslide : (n) چھت کا ایک حصہ جو اتنا ڈھلوان ہوتا ہے کہ زمین کو چھوتا ہے -

Catstick : (n) بلا جو کھیل میں استعمال کیا جاتا ہے -

Catsup : (n) (۱) دیکھو Ketchup (۲) ککرمتے ، ٹماٹر وغیرہ کی چٹنی -

Cattiness : (n) عیّاری ؛ گربگی ؛ گربہ صفتی -

Cattish : (a) گربہ صفت ؛ عیّار ؛ مکّار -

Cattishly : (adv) گربہ مسکین بن کر ؛ مکّارانہ ؛ عیاری سے -

Cattle : (n) [L."Capitale"] (۱) مویشی ؛ ڈھور ؛ ڈانگر ؛ ڈنگر - (۲) گائے بیل - (۳) (سوقیانہ) گھوڑا - (٤) قابل نفرت زمرہ انسان -

Black cattle : (۱) اسکاٹستان اور ویلس کے پہاڑوں کے سیاہ بیل - (۲) مکروہ ، سفلے ، رذیل اشخاص -

Cattle feeder : (n) ایک کل جس سے مویشیوں کی غذا کا انتظام کیا جائے ؛ علف پیما ؛ چارہ ناپ -

Cattle gate : (n) مویشیوں کی پناہ گاہ -

Cattle guard : (n) ریلوے چوپڑ کے دونوں جانب کھدا ہوا گڈھا مویشیوں کو لائن پر جانے سے روکنے کےلئے -

Cattle insurance : (n) مویشی بیمہ -

Cattle leader : (n) مویشی کے ناک کی رسی ؛ ناتھ ؛ نکیل -

Cattle -lifter : (n) مویشی چور -

Cattle -lifting : (n) مویشی کی چوری -

Cattle -man : (n) (۱) مویشی کی دیکھ بھال کرنےوالا - (۲) وہ جو مویشیوں کو بیچنے کےلئے پالتا ہے -

Cattle pen : (n) مویشیوں کو بند کرنے کا احاطہ یا باڑہ ؛ گاؤ خانہ -

Cattle -piece : (n) تصویر جس میں مویشی دکھائے گئےہوں -

Cattle plague : (n) (۱) مویشیوں کا ایک متعدی مرض ؛ مویشی وبا - (۲) مادہ گاؤ مرض -

Cattle -sensus : (n) مویشی شماری -

Cattle yard : (n) مویشی باڑہ -

Catty : (n) [Malay"kati"] چین اور جنوبی ایشیا میں استعمال ہونےوالا وزن کا ایک پیمانہ -

Catty : (a) [CAT + -Y] دیکھو Cattish

Caubeen : (n) [Ir."caipin"] آئرستان کی ایک ہوٹی -

Caucasian : (a) [F."caucasus"or"caucasia"+ -IAN] (۱) سفید نسل ؛ ہند یوروپی نسل کا - (۲) سفید نسل کا آدمی ؛ ہند یوروپی - (۳) ایک قسم کا کمبل -

Caucaso-persian style : (n) (طرز تعمیر) قفقازی ایرانی وضع -

Caucus : (n) [Algonquin"cau-cau-asu"] (۱) (امریکہ میں) کسی سیاسی جماعت کے اراکین کی انجمن یا ابتدائی میٹنگ جس میں عہدہ داروں کو چنا جاتا ہے یا جماعت کے مفاد کو ترقی دینے کےلئے راستے تلاش کئے جاتےہیں ؛ سیاست دانوں کی میٹنگ - (۲) بزمک ؛ مقامی سیاسی انتخابی جماعت کی میٹنگ جو انتخابات میں جدو جہد کرے اور اپنے مسلك وغیرہ کا تعین ، عصبیہ - (۳) کوئی مجلس جو انتخابات کا انتظام کرتی ہے اور انتخابی حلقوں میں نادری حکم دیتی ہے -

The caucus : بزمکی نظام ۔

Caucus : (v) بزمکی نظام کو کام میں لانا ؛ بزمکی نظام کے ذریعہ انتظام کرنا اور اہتمام کرنا اور اپنی شرائط منوانا ؛ (عمرانیات) (جماعت کے اندر چھوٹی منظم جماعت) بزمك ۔

Cauda : (n) دُم ؛ ذنب ۔

Caudal : (a) [mod.L."caudalis"] دُم کا ؛ دم کے مانند ؛ دم سا ؛ ذنبی ۔

Caudally : (adv) دُم دارانہ ۔

Caudate / Caudated : (a) [med. L."caudalus"] دُم دار؛ ذو ذنب ۔

Caudex : (n) [L.] کسی پودے کا تنا ؛ نخل ؛ ساق ۔

Caudicle / Caudicula : (n) [L."cau dex"] زربند ؛ ذنیبہ ؛ ساقہ ؛ ڈالی ۔

Caudiform : (a) دُم نما ؛ دم کی شکل کا ۔

Caudillo : (n) [L."Capitellum"] (تاریخ) تاویلا (لاطینی امریکی ممالك میں فوجی افسر) ۔

Caudle : (n) [med.L."caldellum"] گرم دلیا جس میں مسالے ، شکر اور شراب وغیرہ پڑی ہوتی ہے جو عموماً بیماروں خصوصاً زچہ کو پلایا جاتا ہے ؛ انگریزی اچھوانی ؛ انگریزی حریرہ ۔

Hempen caudle : پھانسی ۔

Caudle : (v) (۱) گرم دلیا پلانا ۔ (۲) گرم دلیا کی طرح ملانا ۔

Cauf : (n) دیکھو Calf / chaff

Caufle : (n) Coffle کا متبادل ۔

Caught : (a) حاملہ ۔

Caught : (v) Past P. کا Catch

Caught dead : مشتہر ہونا ؛ پایا جانا (برے معنوں میں) ۔

Caught him a blow one : اس کے دو ایک گھونسے مارے یا رسید کئے ۔

Caught him on the nose: اسکی ناك پر پڑایا لگا ۔

Caught in a storm : طوفان میں پھنس گیا ؛ طوفان میں گھر گیا ۔

Caught short : تیار نہ پایا جانا ۔

Cauk : (v) [var. of CHALK] رام کھلی چونا ؛ بھاری وزن دار انفلینی یا اسپار ۔

Cauking : (n) درز دوزی کرنے کا عمل ۔

Caul : (n) [OFr."cale"] (۱) شبکہ ؛ بال جالی ؛ عورتوں کی ٹوپی کی پشت پر سادہ حصہ ۔ (۲) جالی ؛ وہ برقع یا جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے ۔ (۳) ایسی جھلّی یا برقع کا وہ حصہ جو بعض وقت بچے کے سر پر ہوتا ہے (اس کو بہت ہی مبارك خیال کیا جاتا ہے اور یہ سمجھا جاتا ہے کہ بچہ ڈوبے گا نہیں) ؛ سرجالی ۔

Cauldrife : (a) [f.CAULD + RIFE] (۱) ٹھنڈا ؛ خنك ۔ (۲) خنك پذیر ۔

Cauldron / Caldron : (n) [O N Fr."caudron"] (۱) دیگ ؛ کڑاہ ؛ ہنڈا ۔ (۲) کھولتے ہوئے دیگ جیسی کوئی چیز ۔

Caulescent : (a) [L."caulis"] (نباتیات) ساقدار ؛ وہ پودا جس کا تنا ساق سے باہر معلوم ہو ؛ تنا دار ؛ ساق دار ۔

Caulicle : (n) [L."cauliculus"] (نباتیات) ساق جنین ؛ ساقہ ؛ جنین ۔

Caulicole : (n) [L."caulicole"] (تعمیرات) آٹھ آرائشی ڈنڈیوں میں سے ایك ڈنڈی جو کورنتھین ستون کے سرے میں ہوتی ہے ۔

Caulicolous : (a) [F."cauliculus"] دوسرے پودوں کے تنوں پر اگنے والے پودے ؛ ساق باش ؛ ساق نمو ۔

Caulicule : (n) [L."cauliculus"] ساق جنین ۔

Cauliculus : (a) [L. dim."caulis"] دیکھو Caulicule : Caulicle اور Caulicule

Cauliflorous : (a) تنے سے پھول نکلنےوالا ؛ تنے سے پھولنےوالا ۔

Cauliflower : (n) [L."cauliflore"] (۱) پھول گوبھی ؛ گوبھی ۔ (۲) گوبھی سے مشابہ کوئی چیز ۔

Cauliflower ear : (n) (مکّہ بازوں کا) مکرر ضربوں سے کان کی بدلی هوئی شکل ۔

Cauliform : (a) ساق نما ؛ ساق کی شکل کا ۔

Cauline / Caulinar /-ary : (a) [L."caulinus"] ساقوی ۔

Caulis : (n) [Gr."kaulos"] (۱) چار خاص ڈنڈیوں میں سے ایک ۔ (۲) ساق یا تنا ۔

Caulk : (n) (بحری عامیانہ) قلیل مقدار ؛ ایک گھونٹ ۔

Caulk : (n) [Origin unknown] اونگھ ؛ آنکھ لگنا ؛ جھپکی ۔

Caulk : (v) [OFr."cauquer"] (۱) جہازوں کی درزیں بند کرنا ؛ درز دوزی کرنا ۔ (۲) سونا ؛ آنکھ لگنا ؛ اونگھنا ۔

Caulker : (n) (۱) جہاز کی درز دوزی کرنے والا ؛ درز دوز ۔ (۲) عامیانہ ؛ قلیل مقدار ؛ ایک گھونٹ ۔ (۳) ناقابل یقین ۔

Caulo- : [Gr."kaulos"] جزو ترکیبی بمعنی تنا ؛ ساق ۔

Caulocarpic / Caulocarpous : (a) ایسا پودا جس کے تنے میں سالوں سال پھول اور پھل نکلتے هیں ۔

Caul of the heart : دل ۔

Caulome : (n) [Gr."kaulos"+ -oma] ساق ؛ تنا ؛ شاخ ۔

Caulomic : (a) ساقوی ۔

Cauma : (n) [Gr."karma"] (طب) بخار کی سوزش ؛ تپش ؛ حرارت ؛ تپ ۔

Caumatic (a) بخار کی سوزش سے متعلق ۔

Caunter : (n) (کان کنی) طبقات ارض کا ترچھا شگاف جس میں معدنی شے هوتی هے ۔

Causa : (n) [L.] Cause (جو لاطینی فقروں میں استعمال هوتا هے) ۔

Causal : (a) [late L."causalis"] (۱) سبب کے متعلق ؛ علّت کے متعلق ؛ سببی ؛ علّتی ؛ مسبب ؛ موجب ۔ (۲) علّت اور معلول کی نوعیت کا ۔

Causal : (n) حرف علت یا علت کی ترکیب ۔

Causal clause : (n)

Causal conjunction : (n) (لسانیات) سببی عطف ۔

Causal connexion : (n) (فلسفه ، تعلیم و نفسیات) علتی تعلق ۔

Causal multiple theory : (سماجیات) نظریه کثرت اسباب ۔

Causal relation : (n) (سماجیات)رشتهٔ سبب ؛ ربط علتی ۔

Causal theory : (n) (فلسفه ، تعلیم و نفسیات) نظریه علت و معلول ۔

Causalgia : (n) [Gr."kauso"+L."algia"] مستقل شدید سوزش جو اعصاب کے مجروح هوجانے کی وجه سے هوتی هے ؛ درد جلد ؛ سوزشی درد ۔

Causality : (n) [L."causalitas"] (۱) موجبیت ؛ سببیت ؛ علیت ؛ تعلیل ۔ (۲) علاقه علت و معلول یعنی یه اصول که هر شے کی علت یا علل هو ۔

Causally : (adv) موجبانه ؛ مسببانه ؛ علتانه ۔

Causation : (n) [L."causation"] تسبیب ؛ تعلیل ؛ سبب بننا ؛ علاقه علت و معلول ؛ علاقه علیت ۔

Immanent causation : (فلسفه ، تعلیم و نفسیات) تعلیل ؛ فبهی ۔

Transeunt causation : (فلسفه ، تعلیم و نفسیات) تعلیل ماورائی ۔

Causationism : (n) اصول علیت ؛ علیات ۔

Causationist : (n) علیتی ؛ علیاتی ؛ قائل اصول علیت ۔

Causative : (a) سبب یا باعث یا علت هونے والا ؛ مسبب ؛ مسببی ۔

Causative : (n) متعدی بدو فعل ۔

Causative case : (n) (لسانیات) حالت سببی ۔

Causative form : (n) (لسانیات) سببی روپ ۔

Causative infix : (n) (لسانیات) سببی وسطیه ۔

Causative mood : (n) (لسانیات) طور سببی ۔

Causative suffix : (n) (لسانیات) لاحقہ سببی ۔

Causative verb : (n) (لسانیات) فعل متعدی بالواسطہ ۔

Causatively : (adv) مسببانہ ؛ متعدیانہ ؛ معلانہ ؛ علیت سے ؛ بطور تعلیل ؛ سبب ظاہر کرنے کے طور پر ۔

Causativity : (n) سببیت ؛ علیت ۔

Cause : (n) [L."causa"] (۱) باعث ؛ سبب ؛ علت ؛ وجہ ؛ جہت ؛ تقریب ؛ کارن ۔ (۲) مقدمات جن کے بعد ہمیشہ بلا شرط چند مظاہر ظہور پذیر ہوتے ہوں ۔ (۳) شخص یا شے جو کسی چیز کا باعث ہو ؛ بانی ؛ مبانی ؛ بانی کار ؛ موجد ؛ باعث ۔ (٤) داعیہ ؛ مراد ؛ منشاء ؛ نیت ؛ مطلب ؛ غرض ۔ (٥) کافی سبب یا واجبیت ۔ (٦) (قانون) سبب یا وجہ نالش ۔ (۷) کسی قضیے یا جھگڑے کا کوئی ایک پہلو جو کوئی شخص یا جماعت اختیار کرے ۔ (۸) فوجی تحریک ؛ تبلیغ یا پروپیگنڈہ ۔ (۹) مقدمہ ؛ نالش ؛ دعوا ؛ الزام ۔

Complex cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت مرکب ۔

Composition of cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) ترکیب علت ۔

Conjunction of cause : (فلسفہ ، تعلیم ونفسیات) اتصال علل ۔

Constituents of cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) اجزائے علت ۔

Efficient cause : علت فاعلی ۔

Exemplary cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت مثالی ۔

Final cause : اصل بنیاد ؛ علت نمائی ۔

First cause : سبب اولی ؛ علت العلل ؛ مسبب الاسباب ۔

Formal cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) روپ کارن ؛ علت صوری ۔

Generalised cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت تعمیمی ۔

Material cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) اصل باعث ؛ علت مادی ۔

Mechanical cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) میکانکی علت ۔

Mutuality of cause and effect : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت باہمی ؛ تعلل باہمی ۔

Occasional cause : ضمنی سبب ؛ ظاہری سبب ؛ ثانوی سبب ۔

Plurality of cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) تعدد علل ۔

Popular cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت معروف ۔

Predispasing cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت معاون ۔

Preventive cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت مانع ۔

Proximate cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت قریب ۔

Remote cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت بعید ۔

Scientific cause : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) علت علمی ؛ سائنسی علت ۔

Show cause : وجہ بتانا ؛ سبب بتانا ۔

To make common cause with : اعانت کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ شریک ہو جانا ؛ طرف داری کرنا ۔

To plead a cause : مقدمے کی پیروی کرنا ۔

Cause : (v) پیدا کرنا ، کروانا ؛ وجود میں لانا ؛ موجد ہونا ؛ سبب ، باعث ہونا ؛ موجب ہونا ؛ کارن ہونا ؛ ظہور ہونا ؛ عمل وقوع میں لانا ؛ بروئے کار لانا ؛ برپا کرنا ۔

Cause : (conj) دیکھو Because

Cause celebre : (n) ہنگامہ آرا مقدمہ ؛ دھوم دھام کا مقدمہ ؛ وہ عدالتی مقدمہ جو بہت دلچسپی کا باعث ہو ؛ مشہور ؛ بدنام واقعہ ۔

Cause of action : شور بنائےدعوا ؛ مدعی کے مقدمے کی بنیادی وجود ۔

Cause proxima : (n) قریب ترین سبب ۔

Cause remote : (n) دور ترین سبب ۔

Cause sine quanon : (تجارت) سبب لازم ۔

Cause sui : (تعلیم ، فلسفه و نفسیات) علت بالذات ۔

Cause veritable : واقعی ، حقیقی سبب ۔

Causer : (n) پیدا کرنےوالا ؛ موجب ؛ باعث ؛ وجه سبب ؛ برپا کرنے والا ؛ موجد ۔

Causeful : (a) اچھے سبب والا ؛ اچھی علت والا ۔

Causeless : (a) بےسبب ؛ بےموجب ؛ بلا وجه ؛ بن کئے ؛ بے وجه ؛ یوں ہی ؛ بلا واسطے ؛ ناحق ۔

Causelessly : (adv) بےسبب ؛ بلا واسطے ؛ یوں هی ؛ حق ناحق کو ؛ ناحق ۔

Causelessness : (n) بے سببی ۔

Causelist : (n) مقدمات فیصله طلب کی فهرست ۔

Causerie : (n) [Fr."causer"] رسمی گفتگو ؛ اخبار یا ادبی رسالے کا مضمون جو غیر رسمی اور گفتگو کےپیرائے میں هو ؛ ادبی بات چیت ۔

Causeur : (n) [Fr."causer"+eur] فصیح ؛ سلیس ؛ بذله سنج گفتگو کرنےوالا ۔

Causeuse : (n) [Fr.] چھوٹا دو نشستی کوچ یا سوفه ۔

Causeway : (n) =(Causey) (تاریخ) سنگ بست راسته ۔

Causey : (n) [Rom."calciata"] (۱) سنگ بست راسته (جو پانی میں یا مرطوب مقام پر بنا دیا جاتا هے) ۔ (۲) سڑك کے کنارے پیدل چلنےوالوں کےلئے راسته ؛ شاہراہ خصوصاً رصیف ۔ (۳) (انگلستان) پن پتھروں سے بنا هوا راسته ۔

Causey : (v) چھوٹے پتھروں سے راسته پاٹنا ؛ رصیف بنانا ؛ سنگ بست راسته بنانا ۔

Causidical : (a) [L."causidicus"+-AL] وکیل سے متعلق ۔

Caustic : (n) [Gr."kaustos"] (۱) طعن آمیز ؛ طنز آمیز ؛ طنزیه ؛ جلے کٹے لفظ ۔ (۲) کهار ؛ جلانےوالی دوا ؛ سوزش ناك دوا ۔ (۳) (طبیعیات و ریاضی) کسی منحنی سطح سے انعکاس یا انعطاف کے بعد منعکس یا منعطف شعاعوں سے بنی هوئی سطح یا منحنی کا آتشی خط یا منحنی ۔

Common / Lunar Caustic : سلور نائیٹریٹ جو جراحی میں کام آتا هے ؛ حجر جهنم ۔

Caustic : (a) جلانےٗ والا ؛ تیز کھا جانے والا ؛ کھا لینے والا ؛ کاوی ؛ حارق ؛ سوزش ناك ۔

Caustic alkali : (n) سوڈیم اور پوٹاشیم کے هائیڈریٹ ۔

Caustic curve : (n) (طبیعیات و ریاضی) کسی منحنی سطح سے انعکاس یا انعطاف کے بعد منعکس یا منعطف شعاعوں سے بنی هوئی سطح یا منحنی کا آتشی خط یا منحنی ۔

Caustic lime : (n) چونے کا پتھر ۔

Caustic line / surface : (n) (کیمیا) کاوی سطح ۔

Caustic potash : (n) پوٹاشیم هائیڈرو آکسائیڈ ۔

Caustic soda : (n) سوڈیم هائیڈرو آکسائیڈ ۔

Causus : (n) [Gr."kaiein"] زهریلا افریقی سانپ جو رات کو باهر نکلتا هے ۔

Cauter : (n) [Gr."kauterion"] داغنے کا لوها ۔

Cauterant : (n) داغنےوالی چیز یا ماده ۔

Cauterization : (n) (۱) گرم لوهے سے داغنا ؛ کٹی ؛ داغ ۔ (۲) گرم لوهے سے داغنے کا اثر ؛ داغ ؛ گل ۔

Cauterize : (v) (۱) گرم لوهے سے داغنا یا گل دینا ؛ داغنا ؛ کاوی سے کاٹنا یا جلانا ۔ (۲) بےحس کر دینا ؛ سنگدل بنا دینا ؛ بےرحم کر دینا ۔

Cautery : (n) (۱) داغ دینے یا گل دینے کا آله ؛ وه دوا جو عضویاتی نسیج کو جلانے کے کام آتی هے ۔ (۲) گرم لوهے سے داغ یا گل ۔

Actual cautery : گرم لوها جس سے گل یا داغ دیا جاتا هے ۔

Potential cautery : وہ دوا جس سے عضویاتی نسیج کو جلایا جاتا ھے ۔

Cautio : (n) (Pl. cautiones) [L.] (۱) ضمانت یا معاھدہ ۔ (۲) رسید ۔ (۳) عدالتی معاھدہ جس سے ایک شخص دوسرے کو نقصان سے بچانے کی ضمانت لیتا ھے ۔

Caution : (n) [L."cautionem"] (۱) ھوشیاری ؛ خبرداری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ پیش بندی ؛ حذر ؛ تحفظ ۔ (۲) تنبیہ (قواعد لشکری میں پہلا لفظ حکم کا) ؛ ھدایت جتانا ، تنبیہ جزر کے ساتھ ۔ (۳) (سوقیانہ) غیر معمولی چیز ؛ عجیب یا کریہہ المنظر شخص ؛ بدبلا ۔ (٤) ضمانت ؛ ضامن ۔

Caution : (v) جتانا ؛ خبردار کرنا ؛ ھوشیار کرنا ؛ کان کھولنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ منع کرنا ؛ آگاہ کرنا ۔

Caution money : (n) زر اطمینان ؛ زر کفالت ؛ زر ضمانت (جو تعلیمی اداروں میں طالب علموں سے لیا جاتا ھے تاکہ کسی چیز کا نقصان نہ کریں) ۔

Cautionary : (a) [L."cautionarius"] تاکیدی ؛ تنبیہی ؛ ھدایتی ؛ آگاہ کرنےوالا ؛ خبردار کرنےوالا ۔

Cautioner : (n) (۱) ضامن ۔ (۲) آگاہ کرنے والا ؛ تنبیہ کرنے والا ؛ خبر دار کرنے والا ۔

Cautionless : (a) بے احتیاط ۔

Cautionry : (n) ضمانت ۔

Cautious : (a) عاقبت اندیش ؛ ھوشیار ؛ خبر دار ؛ محتاط ؛ چوکس ؛ پیش بند ؛ دور اندیش ۔

Cautiously : (adv) عاقبت اندیشی سے ؛ ھوشیاری سے ؛ احتیاط کے ساتھ ؛ چوکسی سے ؛ پیش بندی سے ؛ دور اندیشانہ ؛ بیدارانہ ؛ خبردارانہ ۔

Cautiousness : (n) عاقبت اندیشی ؛ ھوشیاری ؛ خبرداری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ پیش بندی ؛ دور اندیشی ۔

Cava : (n) [Short for"Vena Cava"] ایک بڑی رگ جس سے خون دل کے داھنے خانے میں واپس آتا ھے ؛ ورید اجوف ؛ کہنہ ۔

Cavalcade : (n) [L."caballus"] (۱) سواروں کا پرا ؛ سواروں کا جلوس ؛ سواروں کا دستہ ۔ (۲) کسی قسم کی گاڑیوں یا جھازوں کی قطار ۔ (۳) اسٹیج پر پرشکوہ مناظر کا سلسلہ ۔ (٤) جلوس ؛ سلسلہ ۔

Cavalcade : (v) سواروں کے جلوس میں حصہ لینا ۔

Cavalier : (n) [Sp."cavaliero"] (۱) سوار ؛ فارس ؛ شہسوار ؛ گھڑ چڑھا ۔ (۲) حسن پرست ؛ سوربیر ؛ بانکا (خصوصاً عورتوں کے ھمراہ بطور بدرقہ جانےوالا) ۔ (۳) (قلعہ بندی) ایک بلند مستحکم تعمیر ۔ (٤) سترھویں صدی عیسوی میں انگلستان میں شاھی کا طرف دار ؛ شاھی پسند ۔

Cavalier : (a) بلا تامل ؛ چھوٹتے ھی ؛ بے دھڑک ؛ اکھڑ ؛ گھمنڈی ؛ نک چڑھا ؛ خوش اخلاق ؛ امیرانہ ؛ چارلس اول کی پارٹی کا یا اس کا پیرو ۔

Cavalier : (v) (۱) عورتوں کےساتھ بطور بدرقہ جانا ۔ (۲) حسن پرست بننا ۔

Cavalierish : (a) حسن پرست کی طرح ؛ بانکے کی طرح ؛ بے دھڑک ۔

Cavalierism : (n) شاھی پسندی ؛ سترھویں صدی میں چارلس اول کے پیرووں کا اصول و عمل ۔

Cavalierly : (a & adv) مغرورانہ ؛ متکبرانہ گھمنڈ سے ؛ سینہ زوری سے ؛ بانکوں کی طرح ۔

Cavalier Parliament : (n) (انگریزی تاریخ) کیویلیر پارلیامنٹ (١٦٦١ء تا ١٦٧٩ء) ۔

Cavalier servant : (n). عاشق ؛ بانکا ۔

Cavaliere-servente : (n) دیکھو Cavalier servant

Cavalla : (n) [Sp."caballa"] ایک قسم کی مچھلی ۔

Cavally : (n) [It."cavallo"] کوالی ؛ گرم ملک کی مچھلیوں کی قسمیں ۔

Cavalry : (n) [L."caballarius"] (۱) سواروں کارسالہ ؛ رسالہ ؛ گھڑ چڑھی فوج ۔ (۲) موٹر چڑھی فوج ۔

Cavalryman : (n) گھڑ سوار سپاھی ۔

Cavaquinho : (n) [L."cavare"] ایک برازیلی باجا ۔

Cavascope : (n) [L."cavus + scope"] ایک آله جس سےبدن کے جوفوں کو منور کیا جاسکے ؛ کهنه بین ۔

Cavate : (a) [L."cavare"] کهودا هوا ۔

Cavatina : (n) [It.] مختصر ساده گیت ؛ یکساں رسیلی آواز یا سُر ۔

Cave : (n) [L."cavum"] (۱) گپها ؛ کهوه ؛ غار ۔ (۲) (سیاسی عامیانه) کسی مسئله پر ایک جماعت کے ایک حصے کا علاحده هو جانا ؛ افتراق ؛ اعتزال ؛ افتراق سے علاحده هو جانے والے ۔ (۳) شعاع زن تجربوں کیلئے ایک مضبوط اور محفوظ کمره جہاں باهر سے معائنه کیا جاتا هے ۔

Ice cave : (تاریخ) برف کا غار ۔

Idols of the cave : (منطق) غلط تصورات ؛ مغالطه ۔

Rock out cave : (تاریخ) چٹانی غار ۔

Cave : (v) (۱) غار کرنا ؛ غار کهودنا ؛ غار بنانا ۔ (۲) غار میں رهنا ۔

Cave : (v) اناج کو بهونسے سے الگ کرنا ۔

Cave : (v) (۱) الٹ دینا ۔ (۲) غوطه لگانا ۔ (۲) غصه هونا ؛ غصه میں هنگامه کرنا ۔

Cave : (v) (۱) گر جانا ؛ تهک کر گر جانا ۔ (۲) هار ماننا ؛ اطاعت قبول کرنا ؛ مخالفت سے باز آجانا ؛ مجبوری سے قبول کرنا ۔ (۳) شکل بگاڑ دینا ؛ توڑ دینا ؛ توڑ پهوڑ دینا ۔

Cave : (int) [L.] (مدرسے کے طالب علموں میں) هوشیار؛ خبردار (استاد کے آنے کی اطلاع) ۔

Cave art : (n) انسان کے قدیم حجری عصر کا فن جو غاروں کی دیواروں پر تصویروں کی شکل میں پایا جاتا هے ؛ (تاریخ) غاری فن ۔

Cave bat : (n) غار میں رهنےوالے چمگادڑ جو امریکه میں پائے جاتے هیں ۔

Cave bear : (n) غار خرس ؛ کهوه ریچه ۔

Cave beetle : (n) بهونرا جس کی آنکهیں نهیں هوتیں یا بہت کم سجهائی دیتا هے ۔

Cave breccia : (n) غاروں میں جمع هوجانے والے زاویه دار پتهر ۔

Cave dedication : (n) (تاریخ) غار کا انتساب ۔

Cave deposit : (n) غار کا تهه نشین ماده ۔

Cave dweller : (n) (۱) غار باش ؛ خصوصاً وه لوگ جو عہد قبل تاریخ میں غاروں میں رهتے تهے ۔ (۲) شهری ؛ شهر میں رهنے والا ۔

Cave dwelling : (n) (تاریخ) غاری رهائش گاه ۔

Cave fish : (n) غار ماهی ؛ کهوه مچهلی ؛ وه مچهلیاں جو غار کے پانی میں رهتی هیں اور جن کی آنکهیں بیکار هوتی هیں ۔

Cave habitation : (n) (تاریخ) غاری رهائش ۔

Cave hunter : (n) غار باش جو شکار پر گزاره کرتا هے ۔

Cave in : (v) بیٹه جانا ؛ دب جانا ؛ (زمین یا جوف یا غار کا) ؛ کسی دیوار کا اندر کو دهنس جانا ۔

Cave let : (n) غارچه ؛ چهوٹا غار ۔

Cave man : (n) (۱) دیکهو Cave dweller (۲) بے دهڑک اور تشدد پسند آدمی ۔ (۳) غاروں کا پتا لگانے والا ۔

Cave of Adullam : (n) وه گروه جو کسی سیاسی یا ذهنی مسلك سےعلاحده هو جاتا هے ۔

Cave rat : (n) غار موش ؛ کهوه کهوس ۔

Cave shrine : (n) (تاریخ) غاری عبادت گاه ؛ غاری زیارت گاه ۔

Cave site : (n) (تاریخ) غاروں کا مقام ؛ غاری مقام ۔

Cave spider : (n) غار عنکبوت ؛ کهوه مکڑی ۔

Cave swallow : (n) غار ابابیل ؛ کهوه ابابیل ۔

Cave temple : (n) (تاریخ) غاری مندر ۔

Cave tomb : (n) (تاریخ) غاری قبر ۔

Cave ware : (n) (تاریخ) غاری برتن ۔

Cave relievo : (n) =(hollow relief) (تاریخ) گہری منبت کاری ؛ وہ ابھرا ہوا نقش جو سطح کو کھود کر بنایا جائے لیکن حاشیے کی شکل میں ۔

Caveat : (n) [L."caveat"] (۱) (قانون) عدالت کا حکم امتناعی ؛ اعلان بہ مرادممانعت تجویز مقدمہ ؛ حکم بہ امتناع انفصال مقدمہ ۔ (۲) خبر دار ہونے کے لئے آگاہی ؛ تنبیہ ۔ (۳) استثناء ۔ (٤) (تاریخ) انتباہی حکم ۔

To put in a caveat / To enter in a caveat : (۱) حکم امتناعی دینا ۔ (۲) (مجازاً) تنبیہ کرنا ۔

Caveat : (v) (شمشیر زنی) اپنی تلوار کو مخالف کی تلوار سے چھڑا لینا ۔

Caveat emptor : (n) (۱) خبر دار ؛ ہوشیار ۔ (۲) ایک تجارتی اصول کہ خریدار جو چیز خریدے اس کی مقدار اور اچھائی برائی کو خود دیکھ لے ۔ (۳) (تجارت) خریدار ہوشیار ۔

Caveat venditor : (n) (تجارت) فروشندہ ہوشیار ۔

Caveatee : (n) جس کے خلاف عدالت کا حکم امتناعی جاری ہو ۔

Caveator : (n) عدالت کے حکم امتناعی کا درخواست دہندہ ۔

Cavel : (n) [Du."kavel"] (۱) قرعہ ۔ (۲) قرعے سے تقسیم لگانا ؛ بانٹنا ۔

Cavel : (v) قرعے سے تقسیم کرنا ۔

Cavendish : (n) [F. the maker's name] خمیرہ تمباکو ۔

Cavern : (n) [L."cavus"] (۱) غار ؛ گپھا ؛ کہف ؛ کھوہ ۔ (۲) کوئی تاریک گوشہ ۔ (۳) جوف ۔

Cavern : (v) (۱) غار میں بند کرنا یا رکھنا ۔ (۲) غار کھودنا ۔

Cavernicole : (n) [F."caverne"] غار میں رہنے والا جانور ۔

Cavernicolous : (a) غار باش ؛ غار میں رہنے والا ۔

Cavernous / Cavernal : (a) [L."cavernosus"] (۱) غاروں سے بھرا ہوا ؛ پر کہف ؛ کثیرالغار ۔ (۲) بہت گہرا ؛ مجوف ۔ (۳) مسام دار ؛ متخلخل ؛ سوراخ دار ۔

Cavernous darkness : (n) گھٹاٹوپ اندھیرا ؛ گھپ اندھیرا ۔

Cavernous eyes : (n) اندر کو دھنسی ہوئی آنکھیں ؛ اندر کو بیٹھی ہوئی آنکھیں ۔

Cavernous mouth : (n) دھنسا ہوا منہ ۔

Cavernulous / Cavernulated : (a) [L."cavernula"] چھوٹے جوفوں سےبھرا ہوا ؛ جوف دار؛ سوراخ دار ۔

Cavesson : (n) [L."capitium"] (۱) ایک قسم کی نکیل جو گھوڑوں کو لگائی جاتی ہے ؛ ناک پیٹی ۔ (۲) لگام جس میں نکیل لگی رہتی ہے ۔

Cavetto : (n) [It. dim. of " cave"] (تعمیرات) مقعر سانچہ جس کا خط منحنی چوتھے دائرے کے برابر ہوتا ہے ۔

Caviar / Caviare : (n) [Turk."khavyar"] (۱) نفیس چیز جو عام پسند نہیں ہوتی ۔ (۲) ماہی آچار ؛ مچھلی کا آچار ۔ (۳) وہ حصہ جو محتسب نے نکال دیا ہو ۔

Caviar to the general : (ph.) اچھی چیز جسکو جاہل ناپسند کریں ؛ بندر کیا جانے ادرک کا سواد ۔

Cavicorn : (a) [L."cāvus+cornu"] (حیوانیات) کھوکھلے سینگ والا ۔

Cavicorn : (n) کھوکھلے سینگ والے جانور ۔

Cavie : (n) [L."cavus"] دڑبا (مرغی کا) ۔

Cavil : (n) [L."cavilla"] (۱) خواہ مخواہ کا اعتراض ؛ حجت ؛ نکتہ چینی ؛ حرف گیری ؛ خردہ گیری ؛ مین میخ ؛ کھوینچ ۔ (۲) خواہ مخواہ کا اعتراض کرنےوالا ؛ نکتہ چینی کرنے والا ؛ حرف گیری کرنے والا ۔

Cavil : (v) اعتراض کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ؛ حرف گیری کرنا ؛ مین میخ نکالنا ؛ ناحق عیب پکڑنا ۔

Cavillation : (n) دیکھو Cavil (n)

Caviller : (n) حرف گیر ؛ نکتہ چیں ؛ عیب جو ؛ خردہ گیر ؛ حجّتی ۔

Cavin : (n) [L."cavus"] (فوجی) سرنگ ۔

Cavitary : (a) [L."cavitas"] جوف کی طرح کا یا جوف سے متعلق ؛ کہفی ۔

Cavity : (n) [L."cavus"] : (۱) ٹھوس جسم کےاندر خالی جگہ ؛ خلا ؛ سوراخ ؛ گڑھا ؛ قعر ۔ (۲) جہاز کے ذریعہ ہٹائے ہوئے پانی کی مقدار ۔

Cavity friction : (n) (لسانیات) جوفی رگڑ ۔

Cavity stricture : (n) (لسانیات) جوفی سکڑن ۔

Cavo-rilievo : (n) [It.] کھدی ہوئی تصویر جس کا سب سے اونچا حصہ سطح کے برابر ہوتا ھے ۔

Cavort : (v) [corrupt F."curvet"] (امریکی سوقیانہ) بناوٹ سے چلنا ؛ اینٹھ کر چلنا ؛ تبختر ؛ اترا کے چلنا ۔

Cavum : (n) (Pl. cava.) [L."cavus"] جوف ؛ کہفہ ۔

Cavum aorticum : (n) (حیوانیات۔) شریانی جوف ۔

Cavum pulmocutaneoum : (n) (حیوانیات) شش جلدی جوف ؛ شش نخروط ۔

Cavy : (n) [NL."cavia"] کابی ؛ جنوبی امریکہ کا کترنے والا جانور (سخت بالوں والا) ۔

Caw : (n) [Echoic] کوّے کی کائیں کائیں ۔

Caw : (v) (۱) کوّے کا کائیں کائیں کرنا ۔ (۲) کوّے کی طرح چلانا ؛ کائیں کائیں کرنا ۔

To caw out : کوّے کی طرح چیخنا ؛ کائیں کائیں کرنا ۔

Cawk : (n) [var. of CAUK] Cauk کا متبادل ۔

Cawk : (n) کوّے وغیرہ کی کائیں کائیں ۔

Cawker : (n) [var. of CAULKER,also of CALKER] جوتے کی نعل یا میخ ؛ درزگیر ؛ رمال ؛ اسطرلاب گر ۔

Cawky : (a) رام کھلی کا ۔

Cawl : (n) [OE."cawl","ceawl"] چوبی ٹوکری ؛ مچھلی جھاب ؛ ماھی گیری کا بڑا ٹوکرا ۔

Caxton : (n) [F. the surname] (۱) ولیم کیکسٹن (اولین انگریزی کا طابع متوفی ۱۴۹۲ء) کی مطبوعہ کتاب ۔ (۲) کیکسٹن کے حروف کی نقل میں چھاپنے کے حروف ۔

Chapel : (n) [L. "Cappella", dim . of "cappa"] (۱) کلیسائے بزرگ کے علاوہ عیسائیوں کی عبادت کا مقام جو کسی مکان یا معبد سے ملحق ہو ؛ خانہ گرجا ؛ غیر رسمی عبادت گاہ ؛ چھوٹا گرجا ۔ (۲) کسی بڑی عبادت کی نمازگاہ جہاں محراب وغیرہ بھی ہو (خصوصاً کلیسائے بزرگ کا ایک کمرہ جو کسی نام سے وقف ہو ؛ نماز گاہ ۔ (۳) رومن کیتھولک گرجا ۔ (٤) (طباعت) دفتر مطبع ؛ مطبع والوں کی انجمن یا ان کا جلسہ ۔ (٥) سرود خوانوں کی منڈلی جو کسی عبادت گاہ سے منسلک ہو ۔ (٦) عبادت، کسی جامعہ یا دانش کدے میں ۔ (۷) مقدس ظروف جو کسی گرجا، کلیسا میں استعمال ہوتے ہیں ۔ (۸) تدفین خانہ ؛ تدفین خانہ میں ایک کمرہ جہاں نماز جنازہ ہوتی ہے ۔

Free Chapel : بادشاہ کا بنایا ہوا گرجا ۔

Lady Chapel : وہ گرجا جو حضرت مریم کی طرف منسوب ہو جس میں محراب بڑی بنی ہوتی ہے ؛ نماز خانہ عذرا ۔

Mortuary Chapel : تدفین گاہ میں ایک مخصوص جگہ جہاں مُردوں کے لئے دعا کی جاتی ہے ۔

Parochial chapel : چرچ ؛ کلیسا ۔

To hold a Chapel : مطبع والوں کی انجمن کی میٹنگ بلانا یا کرنا ۔

To keep a Chapel : گرجا میں حاضری دینا ۔

To miss / lose a Chapel : گرجا میں غیر حاضر ہونا ۔

Chapel : (v) گرجا یا تدفین خانہ میں رکھنا ؛ دفن کرنا ۔

Chapel : (v) جہاز کو اپنے رستے پر واپس لانا ۔

Chapel-de-fer : (pl. Chapels-de-fer) [OF.] لوہے کی ٹوپی جو عہد وسطی میں زرہ بکتر کے ساتھ پہنی جاتی تھی ۔

Chapel master : (n) سرود خانوں کی منڈی کا ھدایت کار یا سردار ۔

Chapel of ease : (n) دور کے غازیوں کی سہولت کےلئے گرجا ۔

Chapel royal : (n) محل گرجا ۔

Chapeless : (a) بغیر غلاف کے ؛ بے نیام ۔

Chapelet : (a) [F."Chapelet"] (۱) رکاب کا چمڑا جو زین سے بندھا ہوتا ہے ۔ (۲) زنجیری پمپ ۔

Chapelman : (n) کشیش ۔

Chapelry : (n) [OF."Chapelerio"] وہ ضلع جو ایک چھوٹے گرجے کے تحت ہو ؛ چھوٹے گرجے کا علاقہ ۔

Chapelwarden : (n) گرجا کا منتظم ؛ گرجا کا مہتمم ؛ ناظم معتمد ؛ کلیسا بان ۔

Chaperon : (n) [F. dim . of "chape"] (۱) ایک گول ٹوپی جس میں کپڑے کی تہیں ہوتی ہیں جو ٹوپی کے چندوے سے لٹکی ہوئی ہوتی ہیں ۔ (۲) آتون ؛ اتالیقیہ ؛ شادی شدہ یا سن رسیدہ عورت جو دوشیزہ لڑکیوں کی اتالیق ہوتی ہے اور آداب مجلس وغیرہ سکھاتی ہے یا کسی پارٹی یا رقص یا دوسرے سماجی اجتماع میں ان کی نگہ داشت کے لئے ان کے ساتھ جاتی ہے ۔ (۳) کوئی آدمی جس کو مناسب آداب قائم رکھنے کی ذمہ داری سپرد کی گئی ہو ۔

Chaperon : (v) اتالیقی کرنا ؛ نگرانی کرنا ۔

Chaperonage : (n) نگرانی ؛ اتالیقی ۔

Chaperonless : (a) بے نگراں ؛ بے اتالیق ۔

Chapiter : (n) [F."chapitre"] (تعمیرات) سرستون ؛ تاج ستون ؛ ستون یا کھمبے کا سر یا چوٹی ۔

Chaplain : (n) [LL."Capella"] (۱) چھوٹے گرجے کا کشیش ۔ (۲) پادری جو کسی بڑے یا مقتدر شخص کے عبادت خانہ میں کام کرے ؛ کسی خاندان کا پادری ۔ (۳) راھبہ جو کسی راھب خانہ میں نماز پڑھائے ۔ (٤) پیش نماز ۔

Chaplaincy / Chaplainry / Chaplainship : (n) چھوٹے گرجا کے پادری یا کشیش کا عہدہ ۔

Chaplet : (n) [OF., dim. of "chape"] (۱) ہار (سر کے لئے پھولوں ، پتیوں ، سونے ، جواہرات وغیرہ کا) ۔(۲) تسبیح ؛ مالا ؛ کنٹھا (زیور) ؛ سبحہ ۔(۳) وہ دعا جو تسبیح پر پڑھی جائے ۔ (٤) تسبیح کی مانند کوئی چیز ۔ (۵) (نقابت) نقابت کا مارکہ جس میں پتیوں یا پتیوں اور پھولوں کا ہار ہوتا ہے ۔(٦) دیواروں میں لمبی ابھری ہوئی آرائشی لکیر ؛ گولا ۔

Chapleted : (a) ہار دار ؛ تسبیح دار؛ گولا دار۔

Chapman : (n) [OE."Ceapmann"] تاجر ؛ پھیری والا ؛ خریدار ؛ بساطی ۔

Chapman head : (n) دیکھو Chapmanship

Chapmanship : (n) تاجر یا بساطی کا کام ۔

Chapournet : (n) [Corrupt f. F."chaperonnet"] (نقابت) سپر کا بالائی ثلث جو ایک کمان نما نشان سے منقسم ہو ۔

Chappe : (n) [F."chape"] لبادہ ؛ عبا ؛ ردا ۔

Chapped : (a) (۱) شگاف دار ؛ رکھڑا ؛ کھردرا ۔(۲) چور کیا ہوا ؛ بھرتا بنایا ہوا ۔(۳) (عامیانہ) پیاسا ۔

Chapped : (a) جبڑے دار ۔

Chappie /-y : (n) مردك ؛ بھلا مانس ؛ مرد آدمی ۔

Chappow : (n) [pers."Chapu"] لوٹ مار ؛ چھاپا ؛ دھاوا ؛ یلغار ۔

Chappy : (a) شگاف دار ؛ رکھڑا ؛ کھردرا ۔

Chaps : (n) [modif. of Mexsp. "chaparreras"] چرمی پاجامہ جو امریکہ میں گلہ بان کانٹوں سے حفاظت کےلئے پہنتے ہیں ۔

Chapter : (n) [Syncopated f. CHAPITER] (۱) کتاب کا باب ؛ فصل ؛ سورہ ۔(۲) (مجازاً) خاص مضمون ؛ حکایت ۔ (۳) پارلیمنٹ کا ایکٹ جو کسی میقات کے آئینوں میں شمار ہوتا ہے اور حوالے کےلئے اس پر نمبر ڈال دیا جاتا ہے ۔ (٤) کسی گرجا یا خانقاہ کے پادریوں کی پوری جماعت یا ان کا جلسہ ؛ وہ مکان جہاں جلسہ ہوتا ہے ۔(۵) عنوان ؛ مضمون ؛ درجہ ؛ حصہ ۔ (٦) مختصر عبارت جو لاطینی کلیساؤں میں پڑھی جاتی ہے ۔(۷) گھڑی کے ڈائل پر کے رومی عدد جو گھنٹے بتاتے ہیں ۔(۸) چھاپے کا ایک قسم کا حرف ۔

The chapter of accidents : ناگہانی حوادث ؛ واقعات ۔

To the end of the chapter : دواماً ؛ ہمیشہ ۔

Chapter : (v) (۱) فصل میں تقسیم کرنا ؛ فصل بندی کرنا ۔(۲) تصحیح کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ توبیخ کرنا ۔(۳) گھڑی کے ڈائل پر رومی اعداد لکھنا ۔

Chapter and verse : (کسی اقتباس وغیرہ کا) پورا پورا حوالہ ؛ کسی دعوے کےلئے پوری پوری سند ۔

Chapter-house : (n) مجلس خانہ ۔

Chapter-lands : (n) کسی گرجا یا خانقاہ کے پادریوں کی جماعت سے متعلق زمین ۔

Chapterization : (عمرانیات) تقسیم ابواب ۔

Chaptrel : (n) [dim. of CHAPTER] ستون کی ککر ۔

Char : (n) [Celtic] (حیوانیات) ویلس وغیرہ کے پہاڑی ضلعوں کی جھیلوں میں پائی جانے والی ٹراوٹ مچھلی کی ایک چھوٹی قسم۔

Char : (n) [f."char" in CHARCOAL] کوئلہ ؛ وہ چیز جو کوئلہ بن گئی ہو ؛ جانور کی ہڈی کا کوئلہ جو شکر اور قند کو صاف کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Char : (n) [E. Ind .] ریتیلا کنارہ (سمندر کا) ؛ مٹیالا ساحل ۔

Char : (n) [Char woman] Charwoman کا مخفف ۔

Char : (v) جل کر کوئلہ ہوجانا ؛ جلاکر کوئلہ بنانا ؛ جلنا ؛ جلانا ؛ جھلسانا ؛ جھلسنا ؛ آنچ سے کالا کرنا ۔

Char : (v) خادمہ کی طرح کام کرنا خصوصاً دن کے وقت ۔

Char : (n) [f. Chinese,"Cha"] (عامیانہ) چائے ۔

Char : (v) پتھر کاٹنا ؛ پتھر کھودنا ؛ سنگ تراشی کرنا ۔

Char-a-banc : (n) [F.] ایک قسم کی کھلی ہوئی گاڑی جس میں بنچ کی چند قطاریں رہتی ہیں ۔

Char Freitag : =(Good Friday) [German] گڈ فرائی ڈے ۔

Chara : (n) [L.] (۱) (نباتیات) چنبق ؛ خارہ ۔ (۲) (علم نجوم) ایک ستارے کا نام ۔

Characeous : (a) خارہ دار ۔

Characin : (n) وہ سفید اور متعفن مادہ جو خارہ کی جنس سے حاصل ہوتا ہے ۔

Characin : (n) (Also Cheracinid) [NL."characinidae"] مچھلی کی ایک قسم جو ماہی خانہ میں مختلف شکل اور چمکیلے رنگ کے لئے رکھی جاتی ہے ۔

Charact : (n) [OF."Characte"] علامت شخص ؛ نشان ؛ علامت ؛ رمز و طلسم ؛ طلسمی ؛ نجومی نشان ۔

Character : (n) [Gr."charakter"] (۱) امتیازی نشان ؛ نشانی ؛ علامت ؛ نوع ۔ (۲) (بصیغہ جمع) آنکھ ؛ ہندسہ ؛ حرف ۔ (۳) رسم خط ؛ خط ۔ (٤) کسی شخص کا خط ۔ (٥) امتیازی خاصہ ؛ امتیاز ؛ امتیازی نشان ۔ (٦) شخص یا قوم کی خصوصیت ؛ ذہنی یا اخلاقی طبیعت یا فطرت ۔ (۷) اخلاقی قوت ؛ مستقل مزاجی ؛ استواری طبیعت ۔ (۸) شہرت ؛ ناموری ؛ نام ؛ نیک نامی ۔ (۹) سیرت ؛ خاصیت ؛ خصلت ؛ سبھاؤ ؛ گن ؛ چال چلن ؛ طبع ؛ طبیعت ؛ مزاج ؛ سرشت ؛ جوہر ؛ نہاد ؛ فطرت ۔ (۱۰) سفارش نامہ ؛ صداقت نامہ ؛ سند لیاقت ؛ سند خوش نودی مزاج ۔ (۱۱) مرتبہ یا حیثیت ؛ منصب ۔ (۱۲) معروف آدمی ۔ (۱۳) شخص جس کو ناول نویس یا ڈرامہ نویس ایجاد کرتے ہیں ؛ ناول یا ڈرامے کا شخص ؛ کردارنگاری ۔ (١٤) ایکٹر یا رِیا کا پارٹ ؛ سوانگ ؛ بازی گر ۔ (١٥) وہمی شخص ؛ سنکی ؛ خبطی ۔ (١٦) آواز ؛ خیال یا ہجا کی تحریری علامت ۔ (١٧) تحریر ؛ طباعت ۔ (١٨) پوشیدہ خط و کتابت کا نشان ۔ (١٩) (عامیانہ) شخص یا فرد ۔ (٢٠) رومن کیتھولک عقیدہ میں ایک نا قابل محو نشان جو روح پر مرتسم ہو جائے جس کی وجہ سے روح کو طاقت مل جائے کہ کسی مقدس چیز کو حاصل کر سکے یا عطا کر سکے ؛ وہ نشان بتسما ، دینی تعلیمات اور مقدس سلسلے کی وہ شے جو اس روح پر قائم ہو ۔ (٢١) کسی شخص کی خصوصیات کا مشروح بیان ۔ (٢٢) انسانی نیکی اور بدی کا تشریحی اور اکثر ہجویہ بیان ؛ ایک مختصر ادبی پارے کی شکل میں جو کسی نمائندہ آدمی کا خاکہ ہو ۔

Acquired character : اکتسابی خاکہ ۔

In character : سیرت یا طبیعت کے موافق سوانگ (سانگ) ۔

Inherited Character : موروثی خاصہ ۔

Out of Character : طبیعت یا سیرت کے خلاف سوانگ ۔

Public character : مشہور و معروف شخص ؛ مشہور خاص و عام ۔

Character : (v) (۱) لکھنا ؛ تحریر کرنا ؛ نقش کرنا ۔ (۲) بلاک بنانا اور چھاپنا ؛ تراش خراش کرنا ؛ مصور کرنا ؛ مجسم کرنا ؛ کسی چیز کی تصویر کھینچنا ؛ کسی چیز کی تشریح کرنا ؛ کسی چیز پر نشان یا مہر لگانا ۔ (۳) (متروک نظم میں) کندہ کرنا ؛ بیان کرنا ۔ (٤) خواص مزاج بیان کرنا ۔ (٥) نمائندہ ہونا ۔ (٦) سیرت نگاری کرنا ؛ کردارنگاری کرنا ۔

Character actor : (n) وہ ایکٹر جو سنکیوں کا سانگ بھرے ۔

Character assassination : (n) کردار کُشی ۔

Character loan : (n) قرض جو بغیر ضمانت کے محض نیک نامی اور ذاتی شہرت پر دیا جائے ۔

Character roll : (n) (انتظامیہ) چال چلن رجسٹر ۔

Character sketch : (n) سیرت کا خاکہ خصوصاً اس شخص کا جو اپنے خصائص کے لحاظ سے منفرد اور نمایاں ہو ؛ (تعلیم) خاکہ (سیرت کا) ۔

Character study : (n) کسی فرد کی خصوصیات سیرت کا تجزیہ اور تصویر کشی ۔

Character witness : (n) وہ گواہ جو فریق کی شہرت ، اخلاق اور عادت و اطوار کے متعلق گواہی دے ۔

Characterist : (n) سیرت نگار ؛ کردار نگار ۔

Characteristic : (a) امتیازی ؛ عادتی ؛ طبعی ؛ مخصوص ؛ نمایاں ؛ خصوصیت ظاہر کرنے والا ؛ اختصاص ۔

Characteristic : (n) (۱) صفت ؛ خصلت ؛ طبع ؛ طبیعت ؛ کیفیت ؛ خاصیت ؛ فطرت ؛ خو ؛ عادت ؛ خصوصیت ؛ صفت ؛ صفت اختصاصی ۔ (۲) (ریاضی) لوگارتھم کا ممیز ؛ مفسر ؛ امتیازیہ ۔ (۳) (جمع میں) مختصات ؛ شخصیات ۔

A typical Characteristic : (n) (شماریات) غیر عام خصوصیت ۔

Characteristic constant : (n) (طبیعیات) امتیازی مستقل ؛ فطری عدد ۔

Characteristic curve : (n) (طبیعیات) امتیازی منحنی ؛ فطری خم ۔

Characteristic equation : (n) (طبیعیات) فطری مساوات ؛ امتیازی مساوات ۔

Characteristic feature : (n) (کیمیا) نمایاں خصوصیت ؛ وضع قطع ؛ ہیئت ۔

Characteristic function : (n) (طبیعیات) فطری پھل ؛ امتیازی تفاعل (فنکشن) ۔

Characteristic impedance : (n) (طبیعیات) فطری عداوت ۔

Characteristic matrix : (n) (طبیعیات) امتیازی میٹرکس ؛ میٹرکس فطری ؛ میٹرکس ۔

Characteristic note : (n) (کیمیا و طبیعیات) خصوصی سُر ؛ فطری سُر ۔

Characteristic number : (n) (طبیعیات) خصوصی عدد ؛ امتیازی عدد ؛ خاصیت جزیہ ۔

Characteristic of field : (ریاضی) فیلڈ کا امتیازیہ ۔

Characteristic of logarithm : (طبیعیات) خاصیت سالم ۔

Characteristic of money : (تجارت) زرکی خصوصیات ۔

Characteristic point : (n) (طبیعیات) فطری نقطہ ؛ خصوصی نقطہ ؛ امتیازی نقطہ ۔

Characteristic polynomial : (n) (طبیعیات) فطری پولی نومیل ؛ امتیازی کثر رکنی ۔

Characteristic property : (n) (طبیعیات) اہم خاصیت ؛ امتیازی خاصیت ۔

Characteristic radiation : (n) (طبیعیات) فطری خصوصی شعاع ریزی ؛ خصوصی نور افشانی ۔

Characteristic roots : (n) (شماریات) غیر عام جڑی ؛ (ریاضی) امتیازی ریشہ ۔

Characteristic space : (n) (طبیعیات) فطری خصوصی فضا ؛ خصوصی جگہ ۔

Characteristic sub-space : (n) (طبیعیات) فطری ذیلی فضا ۔

Characteristic temperature : (n) (طبیعیات) فطری خصوصی تاب ؛ خصوصی درجہ حرارت ۔

Characteristic vector : (n) (طبیعیات) فطری خصوصی وکڑ ۔

Characteristic X-ray : (n) (کیمیا و طبیعیات) فطری خصوصی اکسرے ؛ خصوصی اکسرے ۔

Characteristical : (a) دیکھو Characteristic

Characteristical numerical : (کیمیا) عددی خصوصیت ؛ (ریاضی) عددی امتیازیہ ۔

Characteristically : (adv) عادتاً ؛ خاصیتاً ؛ امتیازاً ؛ فطرتاً ۔

Characteristicalness : (n) اختصاصی صفت ؛ حالت ؛ کیفیت ؛ طبعی صفت ؛ فطری خصلت ۔

Characterization : (n) سیرت نگاری ؛ کردار نگاری ؛ (تعلیمات) تعین سیرت ؛ تعین کردار ۔

Characterize : (n) (۱) سیرت بیان کرنا ؛ خصلت بیان کرنا ۔ (۲) نام دینا ؛ مشہور کرنا ۔ (۳) خاصیت بیان کرنا ؛ مشخص کرنا ۔ (٤) کسی کا امتیازی خاصہ ہونا ؛ متصف کرنا ؛ خصلت پیدا کرنا ۔ (٥) کسی وصف سے متصف کرنا ؛ توصیف کرنا ؛ نقش کرنا ؛ علامت مخصوص کرنا ۔

Characterizer : (n) سیرت نگار ؛ کردار نگار ۔

Characterless : (a) (۱) معمولی ؛ عامی ۔ (۲) بے سند ، جس کے پاس کوئی صداقت نامہ نہ ہو ۔ (۳) بے سیرت ؛ اخلاق و سیرت سے عاری ۔

Characterlessness : (n) بے سیرتی ؛ بے شخصیتی ؛ بد اخلاقی ۔

Characterologist : (n) ماہر سیرت شناسی ؛ کردارشناسی ۔

Characterology : (n) مطالعہ شخص و سیرت ؛ سیرت شناسی ؛ فرد یا ملت یا کسی مخلوق کی صفت ممیزہ کا مطالعہ ۔

Charactery / Charactry : (n) خاص علامات اور حروف کے ذریعہ خیالات و افکار کا اظہار ؛ علامتوں اور نشانوں کا ایک طریقہ ۔

Charade : (n) [F.] (۱) ایک پہیلی جس کی بوجھ ایک لفظ کے ٹکڑے جوڑنے سے نکلتی ہے ؛ نغز ؛ چیستان ۔ (۲) وہ پہیلی جس میں کسی لفظ کو اسطرح بوجھا جاتا ہے کہ اس کے ہر حصے کو معمہ کے طور پر بیان کیا جائے یا حرکات و سکنات سے واضح کیا جائے ۔ (۳) ایک حیلہ جو تقریباً واضح ہو ؛ ایک علامتی عمل ۔

Charango : (n) [Sp. alter. of "Charanga"] ہسپانی امریکہ کا ایک چھوٹا گتار ۔

Charas : (n) (Also Churrus or churus) چرس ۔

Charbon : (n) [Fr.] Anthrax سیاہ زخم ؛ کاربنکل ؛ دیکھو

Charco : (n) [Sp.] زمین کا قدرتی نشیب ، جس میں پانی جمع ہو جائے ۔

Charcoal : (n) [MF."charbon" ME."cole"] (۱) لکڑی کا کوئلہ ؛ کوئلہ ؛ کاربن کی ایک صورت ۔ (۲) جلتے کوئلے کے دھوئیں سے خودکشی ۔ (۳) کوئلہ سے تحریر ۔ (٤) باریک کوئلے کی پنسل نقاشی کیلئے ؛ کوئلے سے بنا ہوا نقشہ ؛ کوئلے سے نقشہ کشی ۔

Charcoal : (v) کوئلے سے نشان لگانا ؛ کوئلے کے دھوئیں سے دم گھونٹ دینا ۔

Charcoal black : (n) ایک قسم کا سیاہ رنگ کا مادہ جو ہڈی ، لکڑی وغیرہ جلانے سے حاصل ہوتا ہے ۔

Charcoal burner : (n) کوئلہ گھر ۔

Charcoal iron : (n) وہ لوہا جس میں کاربن کا جزو ہو ۔

Charcoal point : (n) carbon باریک کوئلے کی پنسل ؛ دیکھو

Charcoal powder : (n) کوئلہ کا سفوف ؛ بارود ۔

Charcoal rot : (n) آلو ؛ شکرقند کی ایک بیماری جس میں سیاہ رنگ کی چتیاں پیدا ہو جاتی ہیں ۔

Charcoaly : (a) لکڑی کے کوئلے کی مانند ۔

Charcuterie : (n) [MF."Chaircuitier"] (۱) فرانس میں خنزیر کے قصاب کی دکان ۔ (۲) فرانس کی وہ دکان جہاں پکے ہوئے گوشت ملتے ہیں ۔

Chard : (n) [L."Carduus"] چقندر ۔

Chardonnay : (n) [F.] ایک قسم کی سفید شراب ۔

Chare / Char : (n) [OE."Carr"] پھٹکل کام ۔

Chare : (n) [?] تنگ گلی ؛ سکری گلی ۔

Chare : (n) رتھ ؛ گاڑی ۔

Chare / Char : (v) (۱) پھٹکل کام کرنا ۔ (۲) گھر کی صفائی ۔

Charge : (n) [L."Carricare"] (۱) بوجھ ؛ بار ۔ (۲) کسی چیز کی صحیح مقدار جو کسی چیز میں رکھی جائے مثلاً بندوق میں بارود کی مقدار ؛ بارود ؛ کارتوس ؛ مقدار معین ؛ لقمہ ؛ بجلی کی وہ مقدار جو کسی بیٹری سے پیدا ہو ۔ (۳) (مجازاً) بوجھ ؛ بار ۔ (٤) خرچ ؛ لاگت ؛ صرف ؛ قیمت ؛ دام ۔ (٥) خدمت کی اجرت یا قیمت ؛ محنتانہ ؛ معاوضہ ۔ (٦) امر مفوضہ ؛ کار متعلقہ ؛ فرض ؛ فریضہ ؛ عہدہ ؛ منصب ۔ (۷) پاسبانی ؛ حفاظت ؛ سپردگی ؛ رکھوالی ؛ نگرانی ؛ جائزہ ؛ حوالگی ؛ حراست ۔ (۸) شے یا شخص سپرد کردہ یا حوالہ شدہ ؛ امانت ؛ وہ جماعت جو پادری کی نگرانی میں ہو ؛ جماعت متعلقہ ۔ (۹) ہدایت ؛ تنبیہ ؛ تاکید ؛ نصیحت ۔ (۱۰) الزام ؛ افترا ؛ اتہام ؛ تہمت ؛ دوش ؛ ملزم ۔ (۱۱) یورش ؛ حملہ ؛ ہلہ ؛ دھاوا ؛ چڑھائی ؛ تاخت ؛ تاخت و تار ؛ یلغار ۔ (۱۲) (فوج) حملہ کرنے کیلئے طبل یا بوق وغیرہ بجایا جائے ؛ طبل یورش ؛ ہلہ بولنا ۔ (۱۳) (نقابت) مارکہ ؛ تمغہ ؛ تکڑ ؛ طغرا ۔ (۱٤) گماشتگی ؛ توجہ ؛ ذمہ داری ۔ (۱٥) (نعل بندی) گاڑھا لیس دار پلاسٹر ۔ (۱٦) مالی ذمہ داری ۔ (۱۷) باضابطہ ہدایت (جج جیوری کو یا اسقف، کشیش کو) ۔ (۱۸) قوتوں کا جمع ہونا ۔

Assumption of charge : (انتظامیہ) عہدہ سنبھالنا ؛ جائزہ لینا ۔

Bishop's charge : اسقف کی وصیت یا تنبیہ ۔

Bursting charge : بارود کی وہ مقدار جو گولے چھوڑنے کے لئے ضروری ہو ۔

Certificate of charge : (تجارت) سند بار؛ سند خرچ ۔

Curate in charge : ذمہ دار افسر ۔

Fixed charge : (تجارت) مقررہ بار ؛ مقررہ خرچ ۔

Floating charge : (تجارت) متحرك خرچ ؛ متحرك بار ۔

Handling charge : (تجارت) اخراجات چڑھائی اترائی ۔

Judge's Charge to jury : جیوری کو جج کی با ضابطہ هدایت ۔

Registration charge : (تجارت) رجسٹری بار ؛ رجسٹری خرچ ۔

Relinquishment of charge : (انتظامیہ) ؛ سبك دوشی ؛ ذمہ داری سے سبك دوشی (تاریخ) ؛ عہدہ چھوڑنا ۔

Schedule of charge : (تجارت) اخراجات شیڈول ۔

To give (a person) in charge : پولیس کی حراست میں دے دینا ۔

To lay to one's charge : الزام لگانا ؛ ذمہ دار ٹھہرانا ۔

User charge : (تجارت) صارف کا محنتانہ ۔

Charge : (v) (۱) بار کرنا ؛ ڈالنا ؛ ٹھونسنا ٹھانسنا ؛ لبالب بھرنا (برتن کا) ؛ پورا پورا بھرنا (بندوق ، توپ کا)۔(۲) بھر دینا (ھوا کا بخارات سے، پانی کا کیمیاوی اجزا سے، جامع کا برق سے، حافظہ کا واقعات سے)۔ (۳) سپرد کرنا ؛ حوالہ کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ تحویل میں لینا ؛ سونپنا ۔(٤) حکم دینا ؛ تاکید کرنا ؛ هدایت کرنا (خصوصاً پادری یا جج کا) ۔(٥) الزام دینا ؛ تہمت لگانا ؛ متہم کرنا ؛ ذمہ داری عائد کرنا ؛ مستوجب ٹھہرانا ؛ ذمہ داری ڈالنا ۔ (٦) قیمت طلب کرنا ۔(۷) تاخت کرنا ؛ حملہ کرنا ؛ یلغار کرنا ؛ دھاوا کرنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ یورش کرنا ۔(۸) هتھیار تولنا ۔(۹) سفارش کرنا ؛ وصیت کرنا ؛ حساب کرنا ۔(۱۰) (نقابت) مارکہ لگانا ۔ (۱۱) مالی ذمہ داری عائد کرنا (کسی شخص یا ملك وغیرہ پر)۔

Charge-account : (n) (تجارت) لاگت اکاؤنٹ ؛ حساب نسیہ ۔

Charge cloud : (n) (طبیعیات) چارج بادل ؛ چارج ابر ۔

Charge current : (n) (طبیعیات) چارج دھارا ۔

Charge d'affairs : (n) نائب سفیر ؛ نائب وزیر مختار ؛ (تاریخ) شاردی افیر ۔

Charge hand : (n) (تجارت و معاشیات) ماتحت مزدور ۔

Charge-house : (n) وہ عمارت جہاں کارتوس بھرا جاتا ھے ۔

Charge infull charge d'affaires : (n) [F.] Charge d'affairs دیکھو

Charge inspector : (n) فرد جرم کا معائنہ کرنے والا ۔

Charge man : (n) (تجارت) کارکن ؛ (معاشیات) کاریگر ۔

Charge man of fitter : (n) (انتظامیہ) فٹر چارج مین ۔

Charge oneself with : (v) اپنے ذمہ لینا ؛ کسی کام کا بیڑا اٹھانا ؛ اپنے اوپر لازم کرلینا ۔

Charge sensitivity : (n) (طبیعیات) چارج حساسیت ؛ چارج حس ۔

Charge sheet : (انتظامیہ) فرد جرم ۔

Chargeability : (n) قابل مواخذہ ھونے کی حالت ؛ مواخذہ پذیری ۔

Chargeable : (a) (۱) قابل مواخذہ ؛ قابل بازپرس ۔ (۲) قابل مطالبہ ؛ قابل وضع ۔(۳) واجب الادا ؛ واجب الاخذ ؛ قابل منسوبی ؛ قابل انتساب ۔ (٤) حساب میں شمار کئے جانے کےقابل ؛ حساب پر چڑھائے جانے کےقابل ۔ (٥) سنگین مہم پر خرچ ؛ متہم ۔

Chargeable accounting period : (تجارت و معاشیات) قابل مطالبہ حسابی مدت ۔

Chargeable expenses : (n) (تجارت و معاشیات) طلبیدہ اخراجات ؛ طلب کئے ھوئے اخراجات ۔

Chargeable to the parish : پادری کے ذمہ علاقہ ۔

Chargeableness : (n) Chargeability دیکھو

Chargeant : (n) Chargee دیکھو

Charged : (a) بھرا ھوا ؛ بھرپور خصوصاً بجلی سے بھرا ھوا ؛ برقایا ھوا ؛ (طبیعیات) چارج کیا ھوا ۔

Charged'affairs (enpied) : (تاریخ) عارضی نائب سفیر ۔

Charged expenditure : (n) (تجارت و معاشیات) عائد کردہ اخراجات ؛ لگے اخراجات ۔

Chargee : (n) مدیون ؛ مال کا ذمہ دار ۔

Chargeless : (a) بلا قیمت ؛ مفت ۔

Charger : (n) سینی ؛ قاب ؛ مشقاب ؛ طبق ۔

Charger : (n) (۱) فعل Charger کا اسم فاعل ۔ (۲) جنگی گھوڑا ۔

Charges : (n) معاوضے ؛ خرچے ۔

Bank Charges : (تجارت و معاشیات) بینک خرچ ۔

Capital charges : (تجارت) معاوضہ اصل ۔

Collection charges : (تجارت) معاوضہ وصولی ۔

Contingent charges : (تجارت) اتفاقی لاگت ۔

Debt charges : (تجارت) قرض کا معاوضہ ۔

Depreciation charges : (تجارت) معاوضہ فرسودگی ۔

Fixed charges : (تجارت) قائم معاوضہ ۔

Forward charges : (تجارت و معاشیات) اخراجات آئندہ ۔

Indirect charges : (تجارت) بالواسطہ معاوضہ ۔

Loading charges : (تجارت) حمالی محنتانہ ۔

Maintenance charges : (تجارت) دیکھ بھال کے اخراجات ، لاگت ۔

Noting charges : (تجارت و معاشیات) نوٹنگ خرچ ۔

Over head charges : (تجارت) بالائی اخراجات ۔

Schedule of charges : اخراجات شیڈول ۔

Storage charges : (تجارت) رکھوالی لاگت ۔

Unloading charges : (تجارت) حمالی لاگت ۔

Charges paid : (تجارت و معاشیات) اداشدہ بار ، اخراجات ۔

Charging current : (طبیعیات) چارجی دھارا ۔

Charging of battery : (طبیعیات) بیٹری چارج کرنا ۔

Charging of dues : (تجارت) واجبات کی وصولی ۔

Charging order : (تجارت و معاشیات) حکم نامہ خرچ ۔

Charging section : (تجارت و معاشیات) صیغہ خرچ ۔

Charging voltage : (طبیعیات) چارج وولٹیج ۔

Charily : (adv) [f. CHARY+LY] احتیاطاً ؛ کفایت شعاری سے ؛ ہوشیاری سے ؛ خبر رسی سے ۔

Chariness : (n) احتیاط ؛ کفایت شعاری ۔

Chariot : (n) [OF. augm. of "Char"] (۱) رتھ ؛ جلوس گاڑی (نظم میں خاص کر سورج کے لئے)۔ (۲) اٹھارھویں صدی کی چوپہیا گاڑی جس میں نشست پیچھے ہوتی تھی ۔ (۳) (تاریخ) جنگی رتھ ۔

Chariot : (v) رتھ میں لے جانا ۔

Chariotee : (n) ھلکی بند چوپہیا ، نشستی گاڑی ۔

Charioteer : (n) رتھ بان ؛ گاڑی بان ۔

Charioteer : (v) رتھ بانی کرنا ؛ رتھ چلانا ۔

Charioteership : (n) رتھ بانی ؛ گاڑی بانی ۔

Chariotry : (n) فوج کا وہ دستہ جو رتھوں پر لڑتا ھے ؛ فوج کا رتھ سوار دستہ ۔

Charism : (n) (pl. -ata & s) (۱) عطیہ ربانی ؛ عطیہ روحانی ؛ موھبت الہی ۔ (۲) فوق فطری قوت جو کسی عہدہ سے وابستہ سمجھی جاتی ھے ۔

Charisma : (n) دیکھو Charism

Charismatic : (a) عطیہ ربانی سے متعلق ؛ موھبتی ۔

Authority charismatic : (سماجیات) کرشماتی اقتدار ۔

Charisticary : (n) [MGr."charistikarios"] وہ کشیش جس کو کسی خانقاہ سے آمدنی ملتی ہو ۔

Charitable : (a) [OF. f."charite"] (۱) داتا ؛ مخیر ؛ سخی ؛ دریا دل ؛ فیاض ؛ صدقہ دہندہ ؛ دست گیر ؛ مدارا کنندہ ۔ (۲) فیاضانہ ؛ مخیرانہ ؛ خیراتی ۔ (۳) نیک نیت ؛ خوش نیت ؛ نیک دل ؛ خوش گمان ؛ کریم النفس ؛ مہربان ؛ نوع پرست ۔

Charitable donations : (n) (سماجیات) سماجی بہبود کے چندے ۔

Charitable endowment : (n) (انتظامیہ) خیراتی وقف ۔

Charitable grant : (n) (تجارت) فیاضانہ دان ۔

Charitable trust : (n) دیکھو Charitable endowment

Charitableness : (n) سخاوت ؛ نیک نیتی ؛ دستگیری ؛ نیکو کاری ؛ نیک دلی ؛ فیاضی ؛ کریم النفسی ۔

Charitably : (adv) فیاضانہ ؛ فیاضی سے ؛ سخاوت سے ؛ نیک نیتی سے ؛ نیک دلی سے ۔

Charitarian : (n) سخی ؛ مہربان ؛ خیراتی اداروں کو چلانے والا یا مدد دینے والا ۔

Charity : (n) [L."Caritatem"] (۱) محبت عیسائی مذہب کے مطابق) ؛ خداکی محبت ؛ محبت ربانی ۔ (۲) انسانی محبت ؛ انسانی ہم دردی ۔ (۳) نکوکاری ؛ مہربانی ؛ نرم دلی ؛ دستگیری ؛ مدارا ۔ (٤) خلوص ؛ اخلاص ؛ نیک گمانی ؛ نیک خیالی ؛ خوش نیتی ؛ اخلاص ؛ شفقت ؛ خیر خواہی ۔ (٥) خیرات ؛ دادو دہش ؛ زکوٰۃ ؛ دان ؛ پن ؛ فیاضی ؛ صدقہ ۔ (٦) خیرات خانہ ؛ محتاج خانہ ؛ محتاجوں کی امداد ؛ وقف ؛ عطیہ ؛ ہبہ ۔ (۷) خانقاہ میں دو کھانوں کے بیچ کا ہلکا ناشتہ ۔ (۸) اودے اور سفید رنگ کے پھولوں کا پودا جس کی پتیاں برابر سیڑھی کی طرح چڑھتی چلی جاتی ہیں ۔

Brother or sister of charity : ارباب خیر ۔

Cold as charity : خشک اصولی ؛ انتظام جس میں مشین کی طرح کام ہو ۔

In / out of charity : محبت سے ؛ ہم دردی سے ۔

Charity begins at home : اول خویش بعد درویش ؛ پہلے اپنے پیچھے غیر ۔

Charity-boy / -girl : (n) خیراتی لڑکا یا لڑکی یعنی وہ لڑکا یا لڑکی جو خیرات خانہ میں پلی ہو ؛ ٹکڑوں پر پلا ہوا ۔

Charity Commission : (n) سنہ۱۸۵۲ء میں انگلستان میں ایک بورڈ یا مجلس اوقاف کی نگرانی کے لئے بنائی گئی تھی ؛ مجلس نظامت اوقاف ۔

Charity commissioner : (n) ناظم خیرات خانہ جات ؛ ناظم اوقاف ؛ (انتظامیہ) خیرات کمشنر ۔

Charity kitchen : (n) (تاریخ) لنگر ۔

Charity school : (n) غریب بچوں کے لئے اسکول جو خیراتوں یا عطیوں پر چلتا ہو ۔

Charity Stamp : (n) ڈاک کی وہ ٹکٹ جو کسی خیراتی کام کے لئے جاری کی جائے ۔

Charivari : (n) [F. of unknown origin] (۱) چخ چخ ؛ ہڑبڑ ؛ غل غپاڑہ ؛ ہڑبونگ ۔ (۲) عاشقانہ موسیقی جو تفریح یا تمسخر کےلئے بجائی جائے ۔

Chark : (n) [app . short From "Chark coal"] کوئلہ ۔

Chark : (n) [Russ.] روس کا ایک چھوٹا پیالہ ۔

Chark : (v) جلاکر کوئلہ بنانا ۔

Chark : (v) [OE ."Cęarcian"] جھگڑا کرنا ۔

Charka / Charkha : (n) [Pers."Charkh"] چرخہ ۔

Charlady : (n)["Chare + lady"] (۱) وہ خادمہ جو صرف دن بھر کی اجرت پر گھریلو کام کاج کے لئے رکھی جائے ۔ (۲) مستخدمہ ۔

Charlatan : (n) [It . f."Ciarlare"] (۱) نیم حکیم ؛ نیم طبیب ؛ عطائی ؛ جھوٹا طبیب ؛ بازاری طبیب ۔ (۲) جھوٹا مدعی ؛ ڈھونگیا ؛ لپاشی ؛ زبان باز ؛ دُھرت ۔

Charlatanic /-al / Charlatanish : (a) نیم حکیمانہ ؛ عطائیانہ ؛ مدعیانہ ؛ ڈھونگیا ۔

Charlatanism / Charlatanry : (n) ڈھونگ پن ؛ ادعا ؛ دعوی باطل ۔

Charles 's wain : (n) [OE."carles waegn"] دب اکبر ؛ نبات النفس ؛ سات ستاروں کا عقد ؛ سات سہیلیوں کا جھمکا ؛ ست لڑی ۔

Charleston : (n) [f."Charleston"s. c.] ایک قسم کا رقص ۔

Charleston : (v) ایک قسم کا رقص کرنا ۔

Charley / Charlie : (n) [Var. of CHARLES] (۱) پاسبان ؛ شبانہ ؛ نگہبان شبانہ ؛ چوکیدار ۔ (۲) چھوٹی مثلث ڈاڑھی (چارلس جیسی) ۔ (۳) لومڑی کا نام ۔ (٤) اسم خاص (چارلس) ۔

Charley horse : (n) چوٹ کی وجہ سے درد یا سختی جو پٹھوں میں ہو جائے ۔

Charlie mccarthy : (n) جی حضور کرنے والا ۔

Charlock : (n) [OE ."Cerlic" of Unkn . etym .] رائی ؛ سرسوں ؛ تخم خردل ۔

Charlotte : (n) [F .] شارلیٹ ؛ پکے ہوئے سیب کی مٹھائی جس پر روٹی کے چورے جمع ہوں ۔

Charlotte Russe : (n) اسفنجی کیک میں بھرا ہوا کسٹرڈ ۔

Charm : (n) [L."Carmen"] (۱) افسون ؛ جادو ؛ منتر ؛ ٹونا ؛ ٹوٹکا ؛ سحر ؛ طلسم ۔ (۲) تعویذ مرز ؛ گنڈا ۔ (۳) گھڑی کی زنجیر کا آویزہ ؛ کسی چیز کا آویزہ ۔ (٤) جذب ؛ دل فریبی ؛ دل ربائی ؛ دلبری ؛ دلاویزی ؛ موہنی ؛ فریفتگی ۔ (٥) (جمع) زیبائی ؛ حسن ؛ جمال ۔ (٦) (عامیانہ) روپیہ ۔

Charm : (n) (۱) شوروغل ؛ ملی جلی آواز (چڑیوں یا اسکول کے بچوں کی) ۔ (۲) گروہ ؛ جگہ ؛ دستہ ؛ جھنڈ ۔

Charm : (v) (۱) جادو یا ٹونا کرنا ؛ جادو چلانا یا پھینکنا ؛ جادو یا منتر پھونکنا ؛ منتر پڑھنا ۔ (۲) جادو کی طاقت پیدا کرنا ۔ (۳) موہ لینا ؛ موہنا ؛ رجھانا ؛ فریفتہ کرنا ؛ مفتوں کرنا ؛ شیفتہ کرنا ۔ (٤) خوش کرنا ؛ مسرور کرنا ۔

Charm asleep : (v) جادو سے سلا دینا ؛ جادو کرکے سلا دینا ۔

Charm away : (v) جادو کے زور سے دور کرنا ۔

Charm out / - of : (v) (راز، رضامندی وغیرہ) جادو کے زور سے حاصل ۔

Charm school : (n) وہ اسکول جہاں سماجی محاسن یا آداب سکھائے جاتے ہیں ۔

Charm stone : (n) (عمرانیات) تعویذی پتھر ۔

Charmed : (a) مسحور ؛ سحر زدہ ؛ محفوظ ؛ خوش ؛ مسرور ۔

Charmed life : (n) طلسماتی زندگی ۔

Charmedly : (adv) دل فریبی سے ؛ مسحور کرکے ؛ دل ربایانہ ؛ لبھا کر ۔

Charmer : (n) (۱) جادو گر ؛ منتری ؛ افسوں گر ۔ (۲) من موہن ؛ موہنی صورت ؛ دل ربا ؛ نازنین، بالخصوص حسینہ ؛ دل فریب ۔

Charmeuse : (n) شاموز ؛ نفیس قسم کا باریک کپڑا ۔

Charmful : (a) دل فریب ؛ افسوں گر ؛ من موہن ؛ دل ربا ؛ نازنین ۔

Charmfulness : (n) دل فریبی ؛ افسوں گری ؛ من موہنی ؛ دل ربائی ۔

Charming : (n) سوہاونی ؛ موہنی ؛ رجھاؤ ؛ دل ربا ؛ دلفریب ؛ دلآویز ؛ فسوں ساز ؛ دلپسند ؛ دل پذیر مطبوع ؛ دل چسپ ؛ پسندیدہ ؛ دلکش ؛ نازنین ؛ زیبا ؛ شیریں ۔

Charmingly : (adv) دل برانہ ؛ دل کشی سے ؛ دل فریبی سے ۔

Charmingness : (n) دل فریبی ؛ دل ربائی ؛ دل بری ؛ دل آویزی ؛ دل کشی ۔

Charmless : (a) بے حسن و زیبائی کا ؛ بے کشش ۔

Charmlike : (a) مثل جادو ؛ مثل افسوں ۔

Charnec : (n) [prob. f."charneco", Portugal] ایک قسم کی شراب ۔

Charnel : (n) (۱) قبرستان ؛ گورستان ؛ مقبرہ ۔ (۲) مکان یا تہ خانہ جہاں ہڈیاں اور لاشیں رکھی جائیں ۔

Charnel : (a) قبرستان کا یا اس سے متعلق یا اس کے لائق ؛ بھیانک ؛ متعفن ۔

Charnel house : (n) مکان یا تہ خانہ جہاں ہڈیاں یا لاشیں رکھی جائیں ؛ مردہ خانہ ؛ میت کدہ ۔

Charolais : (n) [F. f."charolais",France] ایک بڑی اور سفید نسل کا مویشی جو فرانس میں پایا جاتا ہے ۔

Charon : (n) [Gr. pr. name] (۱) خیران ؛ یونانی اساطیریات یا دیومالا میں وہ دیوتا یا کشتی بان جو روحوں کو تحت الثریٰ یا جہنم میں لے جاتا ہے ۔ (۲) (مزاحاً) ملاح ؛ نا خدا ۔

Charon 's boat / ferry, etc : موت کا وقت ؛ موت کا گھاٹ ۔

Charon 's stair case : (n) (یونانی تھیٹر میں) اسٹیج کے بیچ سے آرکسٹرا تک جانے والے زینے ۔

Charpie : (n) [f.] پٹی جو زخم کو باندھنے کے کام آتی ھے ۔

Charpit : (n) ["char+pit"] لکڑی کو جلا کر کوئلہ بنانے کا گڑھا ۔

Charpoy : (n) [Urdu "Charpai"] چارپائی ۔

Charpy machine : (n) [after "charpy". F. engineer.] ایک مشین جو مختلف چیزوں کی طاقت شکنی کا اندازہ لگاتی ھے ۔

Charqui : (n) [peruv."echarqui"] پتلے ٹکڑوں میں کٹا ھوا اور دھوپ میں سکھایا ھوا گوشت ۔

Charry : (a) [f . CHAR-COAL] کوئلے کی طرح کا ؛ مانند کوئلہ ۔

Chart : (n) [L."charta"] (۱) جہاز رانوں کا بحری نقشہ جس میں ساحل ، چٹان وغیرہ دکھائے جاتےھیں ؛ بحری نقشہ ۔(۲) خاص حالات کو ظاھر کرنے والا نقشہ ؛ خاص نقشہ ۔ (۳) منحنی وغیرہ بناکر کسی نقشے پر تپش ، قیمتوں وغیرہ کے تغیرات کو ظاھر کرنے کا نقشہ ۔ (٤) جدول اعداد و شمار یا معلومات کا تختہ ؛ ترسیم نامہ ۔

Area and value chart : (n) (سماجیات) رقبہ اور قدر کا چارٹ ۔

Bar Chart : (n) (سماجیات) بار چارٹ ۔

Glow Chart : (n) (سماجیات) تسلسل کا چارٹ ۔

Magnetic Chart : (n) مقناطیسی نقشہ ؛ مقناطیسی ترسیمہ ۔

Organisation Chart : (سماجیات) تنظیم کا چارٹ ۔

Profile Chart : (n) (نفسیات و تعلیمات) تشریحی خاکہ ۔

Progress Chart : (n) (نفسیات و تعلیمات) ترقی چارٹ ۔

Ranking Chart : (n) (سماجیات) درجہ بندی کا چارٹ ؛ صف بندی کا چارٹ ۔

Stratum Chart : (n) (سماجیات) طبق کا چارٹ ۔

Surface Chart : (n) (سماجیات) سطح کا چارٹ ۔

Chart : (v) (۱) نقشہ بنانا ۔(۲) منحنی وغیرہ بنا کر کسی نقشہ پر تپش ، قیمتوں وغیرہ کے تغیرات کو ظاھر کرنا ؛ ترسیم کرنا ۔ (۳) منصوبہ بنانا ۔

Chart book : (n) (نفسیات و تعلیمات) چارٹ کاپی ۔

Charta : (n) [L.] (۱) کاغذ ؛ دوا لگا ھوا کاغذ جو ضماد کے طور پر استعمال ھوتا ھے ؛ کاغذ جس میں سفوف رکھا جاتا ھے ۔ (۲) مسئِد ۔

Magna Charta : (n) منشور اعظم (جس سے انگلستان میں دستوریت قائم ھوئی) ۔

Chartaceous / Cartaceous : (a) کاغذی ؛ کاغذ کا بنا ھوا ۔

Charta partita : (n) (Charter party) (تجارت) چارٹر پارٹی ؛ جہازی کرایہ نامہ ۔

Charter : (n) [L."Cartula", dim. of "charta"] (۱) پروانہ ؛ سند ؛ راج پتری ؛ توقیع ؛ منشور ؛ فرمان ۔ (۲) دستاویز ؛ انتقال اراضی ؛ معاھدہ ؛ اجازت نامہ ؛ قرار داد ۔(۳) خصوصی حق ؛ چھوٹ ؛ معافی ۔(٤) کرایہ کشتی ؛ کرایہ جہاز ۔

Great Charter : (n) دیکھو Magna charta

People 's Charter : (n) منشوری لوگوں کے اصول اور مانگوں کی دستاویز ؛ (تاریخ) عوامی منشور ۔

Voyage Charter : (n) (تجارت) بحری سفر چارٹر ۔

Charter : (v) (۱) سند دینا ؛ پروانہ دینا ؛ حق عطا کرنا ۔ (۲) قول و قرار کرکے جہاز کرائے پر دینا ؛ گاڑی وغیرہ کرائے پر دینا ۔

Charter bond : (n) جہاز کے مالک اور سوداگر کے درمیان قول یا اقرار؛ جہاز کرائے پر دینے اور سامان اتارنے کے لئے قول ؛ جہازی کرایہ نامہ ؛ سرخط کرایہ جہاز ۔

Charter chest : (n) ایک بکس خصوصاً اسکاٹستان میں جس میں خاندانی کاغذات اور دستاویز رکھے جاتے ھیں ۔

Charter-land : (n) ملک مطلق ۔

Charter member : (n) کسی انجمن کا اصلی رکن خصوصاً وہ جس کا نا م دستاویز یا فرمان میں ھو ۔

Charter of human rights : (تاریخ) حقوق انسانی کا چارٹر ۔

Charter-party : (n) [L."chata partita"] دیکھو Charter bond

Charter rate : (n) (تجارت) چارٹر شرح ۔

Charter School : (n) آئرستان کا وہ اسکول جو اٹھارھویں عیسوی میں غریب رومن کیتھولک کو پروٹسٹنٹ آئین کے مطابق تعلیم دینے کے لئے قائم کیا گیا تھا ۔

Chartered accountant : (n) رکن انجمن محاسبین جو فرمان شاھی سے قائم کی گئی ھو ؛ سند یافتہ محاسب ؛ (انتظامیہ) چارٹر اکاؤنٹنٹ ۔

Chartered bank : (n) (تجارت) منشوری بینک ۔

Chartered bus : (n) (تجارت) چارٹرڈ بس ؛ کل کرایہ پر بس ۔

Chartered Company : (n) انجمن جو کسی فرمان کے مطابق بنائی گئی ھو ؛ (تاریخ) سند ؛ چارٹر کمپنی ۔

Chartered freight : (n) (تجارت) چارٹر کرایہ ؛ چارٹر بھاڑا ۔

Chartered liberative : (n) رند لا ابالی ؛ آزاد قلندر ۔

Chartered slip : (n) (تجارت) چارٹر پرچی ۔

Charterer : (n) (۱) مالک مطلق ۔ (۲) جہاز کرائے پر دینے والا ۔ (۳) سند عطا کرنے والا ؛ سند عطا کنندہ ؛ (تجارت) چارٹر کنندہ ۔

Charterhouse : (n) (۱) کارتھوزی خانقاہ یا صومعہ ۔ (۲) وہ اسپتال جو کارتھوزی خانقاہ کے پاس سنہ ۱۶۱۱ء میں بنایا گیا تھا اور جو اب ایک اسکول ھے ۔

Charterless : (a) بے سند ؛ بے فرمان ۔

Chartism : (n) سنہ ۱۸۳۸ء تا ۱۸٤۸ء کی اصلاحی تحریک کے اصول ؛ منشوریت جس میں مزدوروں کی سماجی اور اقتصادی یا صنعتی بہبود مد نظر تھی ۔

Chartist : (n) منشوریت کا ماننے والا ؛ منشوری (یہ نام منشور جمہور کی وجہ سے پڑا ھے)۔

Chartless : (a) بے نقشے کا ؛ لا متناھی ۔

Chartographer : (n) (Cartographer) نقشہ کش ؛ نقشہ نگار ۔

Chartography : (n) (Cartography) نقشہ کشی ؛ علم ترتیب ؛ نقشہ جات ؛ نقشہ نگاری ۔

Chartology : (n) دیکھو Cartography

Chartometer : (n) کسی نقشے پر دوری ناپنے کا آلہ ۔

Chartophylax : (n) [L.Gr.] اسقف کا مشیر جو کلیسائی اسناد کا محافظ ھوتا ھے اور جس کے کچھ انتظامی اور عدالتی فرائض ھوتے ھیں ۔

Chartreuse : (n) [F., fem. of "chatreux"] (۱) کارتھوزی شراب جو سبز یا زرد رنگ کی ھوتی ھے ۔ (۲) سیبی رنگ ؛ زردی مائل سبز یا سبزی مائل زرد رنگ ۔ (۳) دو تین چیزوں سے بنایا ھوا کھانا ؛ ایک سانچہ جس کے بیچ میں گوشت یا مچھلی ھوتی ھے ۔

Chartreux : (n) [L."carthusius"] (۱) کارتھوزی راھب یا راھبہ ۔ (۲) دیکھو charter house (اسکول) ۔

Chartula : (n) (pl. Chartulae) دوا کی پڑیا ۔

Chartulary : (n) [L.."c (h) artularium"] دیکھو Cartulary

Chartulary : (n) [L."chatularius"] دفتر خانہ کا محافظ ۔

Charwoman : (n) دیکھو Charlady

Chary : (a) [OTeut . "kara"] (۱) ھوشیار ؛ خبردار ؛ آگاہ ؛ با خبر ؛ محتاط ؛ چوکس ؛ پھونک پھونک کر قدم رکھنے والا ۔ (۲) بخیل ؛ کنجوس ؛ کفایت شعار ۔ (٤) کم رو ؛ محجوب ؛ بے میل ۔

Chary : (adv) ھوشیاری سے ۔

Chary of praise : تعریف کرنےمیں متامل ؛ مشکل سے تعریف کرنے والا ۔

Charybdis : (n) [Gr.] (۱) ایک خطرناک گرداب جو سسلی کے ساحل پر اسکائیلا چٹان کے مخالف سمت میں ھے ۔ (۲) مہلک خطرہ ۔

Chase / Chace : (n) [OF."chacier"] (۱) پیچھا ؛ تعاقب ۔ (۲) شکار گاہ ۔ (۳) شکار ؛ صید ۔ (٤) شکار کرنے کا حق ۔ (۵) شکاری ۔ (٦) جہاز کی تعاقبی توپیں ؛ جہاز کا وہ حصہ جہاں یہ توپیں رھتی ھیں ۔ (۷) ٹینس کے کھیل کا ایک ھاتھ جس میں مخالف گیند کو واپس نہیں کر سکے ۔ (۸) پرجوش تلاش یا جستجو ۔ (۹) دو کھیتوں کے درمیان پتلا رستہ ؛ آری ؛ پگڈنڈی ۔

In chase of : پیچھا کرتے ہوئے ؛ تعاقب میں ۔

Stern chase : تعاقب جس میں تعاقب کرنے والا تعاقب کئے جانے والے کے عقب میں ہوتا ہے ۔

The chase : شکار ؛ صید افگنی ؛ شکاربازی ۔

To give chase : پیچھا کرنا ؛ تعاقب کرنا ؛ رگیدنا ؛ شکار کھیلنا ۔

Chase : (n) [L."capsa"] (۱) نگینہ جڑنے کا عمل ۔ (۲) (طباعت) فرما ۔

Chase : (n) [LL."capsum"] (۱) بندوق یا توپ کی نال یا نالی ۔ (۲) دیوار میں شگاف نالی وغیرہ کے لئے خندق ؛ شگاف دراز جو جوڑنے کےلئے بنایا جائے ۔ (۳) (جہازسازی) ایک قسم کا جوڑا ۔

Chase / Chace : (v) پیچھاکرنا ؛ تعاقب کرنا ؛ رگیدنا ؛ کھدیڑنا ؛ شکار کرنا ؛ تلاش کرنا ۔

Chase : (v) [Short. f. ENCHASE] (۱) نقش کرنا ؛ حکاکی کرنا ۔ (۲) نگینہ لگانا ۔

Chase : (v) شگاف بنانا ؛ دندانہ بنانا ۔

Chase around : (v) عورتوں کا پیچھا کرنا ۔

Chase doll : (n) نقلی ڈھانچہ جو اسپتالوں میں نرسوں کو سکھانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Chase from : (v) نکال دینا ؛ پیچھا کرکے نکال دینا ۔

Chase guns : (n) وہ توپ جو جہاز کے آگے یا پیچھے رہتی ہے اور تعاقب میں استعمال ہوتی ہے ۔

Chase out of : (v) پیچھا کرکے دور کردینا ۔

Chase ports : (n) جہاز کے اگلے یا پچھلے حصہ کا سوراخ جس سے توپ چلائی جاتی ہے ۔

Chase to : (v) رگیدتے ہوئے لے جانا ۔

Chaseable / Chasable : (a) شکار کے لائق ۔

Chaser : (n) (۱) شکاری ۔ (۲) پیچھا کرنے والا ۔ (۳) جنگی جہاز کی توپ ؛ شکاری توپ ؛ دشمن کا پیچھا کرنے والا جہاز ۔ (٤) آبدوز کشتیوں کا پیچھا کرنے والا ۔ (٥) آوارہ ۔ (٦) گھٹیا قسم کی وہ موسیقی یا نمائش جو حاضرین کو بھگانے کےلئے پیش کی جاتی ہے ۔ (۷) (عامیانہ) محافظ قید خانہ ۔ (۸) لکڑی کے کندوں کی دیکھ بھال کرنے والا تاکہ وہ سب ایک جگہ اکٹھا نہ ہو جائیں ۔ (۹) مشروب یا کھانا ؛ نشہ آور تیز مشروب ۔ (۱۰) ایک ادبی ٹکڑا جو اگلے یا بعد میں آنے والے ٹکڑوں کے مقابلہ میں ہلکا اور نسبتاً پسندیدہ ہو ۔

Chaser : (n) (۱) حکاک ؛ (انتظامیہ) منبت کار ۔ (۲) پیچ کی لہریں بنانے والا یا آدمی ۔ (۳) خام دھات کو پیسنےوالی مشین ۔

Chasing : (n) (۱) حکاکی ؛ نقوش حکاکی ۔ (۲) پیچ میں لہریں بنانا ۔ (۳) کپڑوں میں چمک پیدا کرنے کی ترکیب ۔

Chasm : (n) [L."Chasma"] (۱) غار ؛ قعر ؛ ورطہ ۔ (۲) تسلسل کا ٹوٹ جانا ؛ انقطاع تسلسل ؛ رخنہ ؛ شگاف ؛ گھاٹی ۔ (۳) (مجازاً) دو شخصوں یا جماعت میں اختلاف جذبات، اغراض وغیرہ ؛ شدید اختلاف ۔ (٤) خلا ؛ خلو ؛ خالی جگہ ۔

Chasma : (n) [L.] شگاف ؛ تلاطم ؛ غار ۔

Chasmal : (a) شگاف نما ؛ شگاف کی طرح کا ؛ قعری ؛ غار نما ۔

Chasmed : (a) شگاف دار ؛ رخنہ دار ۔

Chasmy : (a) شگاف دار ؛ غار دار ؛ غار نما ؛ قعر آسا ۔

Chasse : (n) [L."capsa"] مرقد ؛ زیارت گاہ ۔

Chasse : (n) [F. f."Chasser"] شاس ؛ قہوہ وغیرہ پینے کے بعد تبدیلی ذائقہ کے لئے پیا جانے والا ؛ مختصر جام شراب ۔

Chasse : [pa. ppl. of the prec.] جسے قہوہ کے بعد شراب دی جا چکی ہو ۔

Chasse : (n) [Fr.] شاسا ؛ لغزش ؛ رقص ۔

Chasse : (v) (Also Chasseez] (۱) رقص میں پاؤں کا پھیلانا ۔ (عامیانہ) برطرف کرنا ۔

Chasse-maree : (n) [Fr.] وہ جہاز جو ساحل کے کنارے کنارے آتا جاتا ہے ۔

Chasselas : (n) [Fr.] ایک سفید انگور ۔

Chassepot : (n) [f."Chassepot", the inventor] شسپو ؛ فرانسیسی فوج کی کارتوسی بندوق ۔

Chasseur : (n) [Fr.] (۱) شکاری ۔ (۲) سبک رفتار سپاهی ۔ (۳) کسی امیر کا خدمت گار جوفوجی طرز میں ملبوس رهتا هے ۔ (٤) یورپ کے هوٹلوں کا ایک ملازم ۔

Chassis : (n) [F."Chassis"] (۱) زپ گاڑی یا موٹر گاڑی کا ڈهچر یا ڈهانچه یا قالب ۔ (۲) عورت کے جسم کا گداز یا ابهار ۔ (۳) سنگ تراش کا وہ فریم جو پلاسٹر کے سانچے کو بڑا کرنے یا چهوٹا کرنے کے لئے وہ استعمال کرتا هے ۔

Chaste : (a) [L."Castus", "Casta"] (۱) پاک ؛ پاکیزہ ؛ پاک دامن ؛ پارسا ؛ عفیف ؛ عفیفه ؛ عاصم ؛ طاهرہ ؛ پرهیزگار ؛ محتاط ؛ طاهر ؛ معصوم ؛ غیر متاهل ؛ مجرد ؛ میانه رو ؛ معتدل ۔ (۲) شائسته ؛ (تقریر میں) سوقیانه پن سے پاک ؛ شسته تقریر ؛ شسته ورفته ؛ خالص و مهذب ۔ (۳) ضابطه ؛ خود دار ؛ محتاط ؛ ساده مذاق ؛ ساده مزاج ؛ پاک و صاف طرز بیان ۔

Chaste tree : (n) شجر عفت ؛ ایک درخت جس کی نسبت پہلے یه خیال کیا جاتا تها که وہ عفت و عصمت کو بچاتا هے ؛ پنج انگشت ۔

Chastelain : (n) =(Castellan) [L."Castellanus"] حاکم قصر ۔

Chastely : (adv) [f. CHASTE] شائستگی سے ؛ شستگی سے ؛ سادگی سے ؛ پاک دامنی سے ؛ پارسائی سے ۔

Chasten : (v) [f. L."Castigare"] (۱) تکلیف میں ڈال کر سدهارنا ؛ تزکیه کرنا ۔ (۲) بنانا ؛ سنوارنا ؛ نکهارنا ؛ سمونا ؛ دهیما کرنا ؛ معتدل کرنا ؛ رام کرنا (نفس کو) ؛ نفس مارنا ، پاکیزہ بنانا ، روکنا ، کم کرنا ؛ افراط یا مبالغه سے پرهیز کرنا ۔

Chastener : (n) سدهارنے والا ؛ تزکیه کرنےوالا ؛ سنوارنے والا ؛ نکهارنے والا ؛ معتدل کرنے والا ؛ پاکیزہ بنانے والا ۔

Chasteness : (n) [f. CHASTE] پاکیزگی ؛ پاک دامنی ؛ پارسائی ؛ عفیفیت ؛ پرهیزگاری ؛ احتیاط ؛ معصومیت ؛ شستگی ؛ ساده مزاجی ؛ ساده مذاقی ۔

Chastise : (v) [ME. "Chastisen"] سزا دینا ؛ سیاست کرنا ؛ تادیب کرنا ؛ تنبیه کرنا ؛ گوشمالی کرنا ؛ سرزنش کرنا ۔ (۲) مارنا ؛ پیٹنا ۔ (٤) اصلاح کرنا ؛ ملامت کرنا ؛ متهم کرنا ۔

Chastisement : (n) عذاب ؛ تادیب ؛ توبیخ ؛ سرزنش ؛ سیاست ؛ عقوبت ؛ گوش مالی ؛ سزا ۔

Chastiser : (n) تنبیه کرنے والا ؛ تادیب کرنے والا ؛ سرزنش کرنے والا ؛ سزا دینے والا ۔

Chastity : (n) [L."Castitatem"] (۱) عصمت ؛ عفت ؛ پاک دامنی ؛ زهد ؛ پارسائی ؛ پرهیز گاری ۔ (۲) کنوارا پن ؛ تجرد ؛ بکر ۔ (۳) ساده مزاجی ؛ سادگی ؛ پاکی ؛ پاکیزگی ۔

Chastity belt : (n) پاک دامنی کا کمربند جسے پرانے زمانے میں عورتیں مانع مجامعت کےطور پر استعمال کرتی تهیں ۔

Chastize : (v)[Var. of CHASTISE] Chastise کی متبادل شکل ۔

Chasuble : (N) [ME."Chesible"] چیزوبل ؛ عیسائیوں کی عید قربان و فطر کے موقع پر رسوم ادا کرنےوالے کی پشت و دوش کا حلیۂ عبادت ۔

Chat : (n) [f. CHAT (v)] (۱) بات چیت ؛ گپ ؛ غپ شپ ؛ بے تکلف گفتگو ۔ (۲) دیدہ دلیری ۔

Chat : (n) مختلف چڑیوں کا نام (خصوصاً گانے والی خوش آواز چڑیوں کا) ۔

Chat : (n) [F."Chats"] (۱) بید مجنوں (Chart kin) کانام ۔ (۲) چهوٹی شاخ ۔

Chat : (n) چهوٹے گهٹیا قسم کے آلو ۔

Chat : (n) (معدنیات) خام دهات جس میں پتهر کے ٹکڑے لگے هوں ۔

Chat : (v) [Sort f. CHATTER] بات چیت کرنا ؛ گپ شپ اُڑانا ؛ بےتکلف گفتگو کرنا ۔

Chateau : (n) (pl. Chateaux) [Fr.] (۱) قلعه ؛ قصر ؛ جاگیرداروں کی گڑهی ؛ حویلی ؛ دیهاتی حویلی ۔ (۲) ایک قسم کی لال شراب ۔

Chatelain : (n) [Fr."Chatelain"] Chastelain / Castellain دیکهو

Chatelaine : (n) [Fr.] (۱) حاکم قلعه یا قصر کی بیوی ؛ رئیسهٔ قصر ۔ (۲) تاگڑی ؛ تگڑی ؛ کردھنی ؛ چھوٹی چھوٹی زنجیریں جو عورت کی پیٹی میں گھڑی ، کنجی ، پنسل وغیرہ کے لئے لگی رہتی ھیں ۔

Chatelet : (n) [OF."Chastelet", dim. of "Chastel"] (۱) چھوٹا قلعه یا قصر ۔ (۲) پیرس کے ایک قدیم قید خانه کا نام ۔

Chatellany : (n) =(Castellany) [F."Chatellenie"] قلعے کی فرمان دہی ؛ قلعے کی حکومت ۔

Chaton : (n) [OF."chastun"] انگوٹھی کا سرا جس میں نگینه جڑا ہو ؛ نگینه ۔

Chatoyant : (a) [F.] بدلتی ہوئی چمک یا رنگ رکھنے والا ۔

Chatoyant : (n) چمکتا ہوا قیمتی پتھر ۔

Chatta : (n) [Hindi] چھاتا ؛ چھتری ۔

Chattel : (n) [L."Capitale"] (۱) چیز بست ؛ اسباب ؛ اشیاء ؛ اجناس ؛ مال و متاع ؛ اثالا ؛ مال و اموال ؛ جائداد منقوله ؛ اشیائے منقوله ؛ اثاثه ؛ انگڑ کھنگڑ ۔ (۲) خادم ؛ غلام ۔

Goods and chattels : هر قسم کی ذاتی ملکیت یا مال و اموال ۔

Chattel-interest : (n) حق اجارہ داری ۔

Chattel mortgage : (n) (تجارت) رهن جائداد منقوله ؛ رهن مال منقوله ۔

Chattelism : (n) انسانوں کو غلام رکھنے کا نظام ۔

Chattels personal : (n) شخصی اشیائے منقوله ۔

Chattels real : (n) حق ملکیت (اجارہ پٹه وغیرہ) ۔

Chatter : (v) [Echoic] (۱) (طیور کا) کلکلانا ؛ چوں چوں کرنا ؛ چیں چیں کرنا ۔ (۲) (انسان کا) بڑ مارنا ؛ بکواس کرنا ؛ هرزہ گوئی کرنا ؛ یاوہ گوئی کرنا ؛ بك بك کرنا ؛ رٹنا ؛ بیہودہ بکنا ؛ احمقانه گفتگو کرنا ؛ بے موقع بولنا ۔ (۳) (دانت کا) بجنا ؛ کٹکٹانا ؛ کڑکڑانا ؛ ڈگڈگانا ؛ کسی مشین کے ڈھیلے حصوں کا بجنا ؛ کھٹ کھٹ ہونا ۔

Chatter : (n) چڑ چڑ ؛ چٹ چٹ ؛ ٹیں ٹیں ؛ کلکلاهٹ ؛ کچکچاهٹ ؛ گپ شپ ؛ گپ ؛ بڑ ؛ هرزہ گوئی ؛ یاوہ گوئی ؛ زیادہ گوئی ۔

Chatter box : (n) باتونی ؛ بکی ؛ گپی ؛ هرزہ سرا ؛ یاوہ گو ؛ زیادہ گو ؛ پرگو ؛ پوچ گو ؛ باتوں کی جھڑ لگانے والا ؛ بسیارگو ۔

Chatteration : (n) (مزاحاً)باضابطه بکواس یا مسلسل بکواس ۔

Chatterer : (n) (۱) باتونی ؛ گپّی ؛ هرزہ سرا ؛ یاوہ گو ؛ زیادہ گو ؛ بسیار گو ۔ (۲) چڑیوں کی ایک قسم ۔

Chatteringly : (adv) بطور بکواس ؛ هرزہ گوئی کے ساتھ ۔

Chattiness : (n) غپ شپ ؛ گپ بازی ۔

Chatty : (n) [Hindi "Chati"] مٹی کا برتن ؛ چاٹی ؛ بلونی ۔

Chaucerian : (n) [f. the proper name] (۱) چوسر سے متعلق ؛ چوسر کی طرح کا ۔ (۲) چوسر کا پیرو ؛ چوسر کی نفسیات کا ماھر ۔

Chaucerism : (n) کوئی لفظ ، فقرہ یا اسلوب حسن جس میں چوسر کی نقالی ہو ۔

Chaud-medley / Chaud melle / Chaud mella : (n) [OFr."Chaude,"mellee"] شدید غصه کی حالت میں جھگڑا ؛ جھگڑے کی حالت میں کسی کو زخمی کرنا ۔

Chaudron : (n) [Fr.] ایک قسم کا قرمزی رنگ ۔

Chaudron : (n) Chaldron کی متبادل شکل ۔

Chauffer : (n) [Fr."Chauffoir"] دھاتی انگیٹھی ؛ منقل ؛ آتش دان ۔ (۲) ٹوٹ کی بھٹی جس میں هَوا کے لئے سوراخ ہو ۔

Chauffeur : (n) [Fr."Chauffeur"] موٹربان ؛ موٹر چلانے والا ؛ شوفر ؛ ڈرائیور ۔

Chauffeuse : (n) [Fr. fem. of "chauffeur"] خاتون موٹربان ؛ موٹر چلانےوالی ۔

Chauffeuse : (n) [Fr."Chauffer"] ایک فرانسیسی نیچی کرسی آتش دان کے نزدیک ۔

Chauldron : (n) دیکھو Chaldron

Chaukidar : (n) [Hindi."Chaukidar"] چوکیدار ۔

Chaulmoogra : (n)[Bengali."Caulmugra"] (۱)چلمگرا؛ پترکورا؛ پتیر کورا - (۲) ایک قسم کا درخت -

Chaulmoogra oil : (n) چل مگرا تیل جو کوڑھ یا جلدی بیماریوں کے علاج میں استعمال کیا جاتا ھے؛ پتر کورا تیل -

Chaumontel : (n) [name of a village in France] بڑی قسم کی ناشپاتی ؛ ولائتی ناشپاتی -

Chaunnoprockt : (n) [Gr."chaunoproktos"] چوڑے پاجامے والا آدمی -

Chaus : (n) [origin unknown] افریقه کی وحشی بلی -

Chaussee : (n) [Fr.] شاھراہ ؛ سنگ بست رسته (جو پانی میں یا مرطوب مقام پر پایا جاتا ھے)-

Chausses : (n) [Fr.] ایک قسم کا تنگ جامه جو لوگ قرون وسطی میں پہنا کرتے تھے -

Chaussure : (n) [F."chaussure"] جوتا ؛ بوٹ -

Chauvin : (n) [Fr.] متعصب وطن پرست -

Chauvinism : (n) [Fr."Chauvinism"] جنگ جویانه اور اندھی وطن پرستی ؛ شاونیت -

Chauvinist : (n) شاونی ؛ جنگجو وطن پرست ؛ جارحانه وطن پرستی کا حامی -

Chauvinistic : (a) شاونی ؛ شاویانه ؛ جارحانه وطن پرستی کے انداز کا ؛ وطن پرستانه -

Chavender : (n) =(chevin) ایک قسم کی مچھلی -

Chaw : (n) [f. CHAW (v)] تمباکو کا انٹا ؛ تمباکو کی گولی -

Chaw : (v) [Var. of chew] (۱) (سوقیانه) چابنا ؛ چبانا - (۲) سوچنا -(۳) پریشان کرنا ؛ تنگ کرنا - (٤) (امریکی عامیانه) تباہ کرنا ؛ برباد کرنا -

To chaw up : تباہ کرنا ؛ برباد کرنا -

Chaw-bacon : (n) بے ادب ؛ احمق ؛ گنوار ؛ گنوارکاٹھ؛ گھامڑ ؛ اجڈ -

Chaw-stick : (n) انگور کی بیل کی طرح کا پودا جس کی شاخ کو غذا ھضم کرنے کےلئے چباتے ھیں -

Chawdron : (n) [med. L."Calduna"] آنت -

Chay / Choy / Chaya : (n) [Tamil "Saya"] ایک قسم کا هندوستانی پودا جس کی جڑ سے لال رنگ نکلتا ھے -

Chay : (n) دیکھو Chaise

Cheap : (a) [OE."Ceap"] (۱) ارزاں ؛ سستے مول کا ؛ کم مول کا ؛ ھلکے مول کا ؛ مندے بھاؤ کا ؛ کم دام کا ؛ (چیز قیمت، کم بھاؤ دکاندار کے متعلق آتا ھے) کم قیمت ؛ کم لاگت کا ؛ کم بھاؤ -(۲) لاگت یا خرچ کے لحاظ سے ارزاں ؛ کم خرچ بالا نشیں -(۳) جو آسانی سے حاصل ھو سکے ؛ سھل الحصول -(٤) بے قدر ؛ نکما ؛ حقیر ؛ کھنه ؛ فرسودہ ؛ باسی ؛ ناچیز - (٥) سستے داموں ؛ سستا ؛ ارزاں -(٦) کم سود -

Cheap : (adv) آسانی سے ؛ سھولت سے ؛ سستے داموں پر -

Cheap and nasty : سستا اور نکما ؛ ارزاں به علت -

Dirt cheap : مٹی کے مول ؛ کوڑی کے مول -

To feel cheap : (سوقیانه) پژمردہ ھونا ؛ اداس ھونا ؛ افسردہ ھونا ؛ احساس حقارت کرنا -

To hold cheap : حقیر جاننا ؛ بے قدری کرنا ؛ قدر نه کرنا ؛ ادنیٰ سمجھنا -

On the cheap : آسان طریقے سے ؛ مفت میں -

Cheap-jack / john : (n) پھیری والا ؛ بساطی ؛ دست فروش -

Cheap money : (n) (تجارت) ارزاں زر ؛ سستا زر -

Cheap money policy : (تجارت) سستے زر کی پالیسی ؛ ارزاں مالی پالیسی-

Cheap-skate : (n) خسیس -

Cheap trip : (n) ریل وغیرہ پر کم کرایه دے کر تفریحی سفر ؛ ارزاں سفر -

Cheap tripper : (n) ریل وغیرہ پر کم کرایه دے کر تفریحی سفر کرنے والا ؛ ارزاں مسافر -

Cheapen : (v) (۱) مول کرنا یا چکانا ؛ دام یا بھاؤ کرنا ؛ قیمت چکانا - (۲) ارزاں کرنا ؛ ارزاں ھونا ؛ مول گھٹنا یا گھٹانا ؛ دام تڑانا -

Cheaper rate : (n) (تجارت) ارزاں شرح ؛ سستی شرح -

Cheapish : (a) نکما ؛ گھٹیا ؛ سستا ۔

Cheaply : (adv) ارزاں ؛ سستا ؛ کم قیمت پر ۔

Cheapness : (n) ارزانی ؛ سستاپن ؛ گھٹیا پن ۔

Cheat : (n) [ME."chete"] (۱) دم ؛ جھانسا ؛ دھوکا ؛ جل ؛ بُتّا ؛ حیلہ ؛ کید ؛ دغا ؛ عیاری ۔ (۲) حیلہ باز ؛ حیلہ ور ؛ دغاباز ؛ فریبی ؛ چالباز ؛ جھانسا دینے والا ؛ دھوکا باز ؛ ٹھگ ؛ عیار ؛ اڑی مار۔ (۳) تاش کا ایک کھیل جس میں ایسا دھوکا یا جُل جائز ہے جو معلوم نہ ہو سکے ۔ (٤) گھٹیا قسم کی روٹی ۔ (٥) گھاس کی قسم جو گیہوں کے پودے کے ساتھ اگتی ہے ۔

Cheat : (v) [ME."chete"] (۱) ٹھگنا ؛ چال چلنا ؛ دغا دینا ؛ جھانسا دینا ؛ بُتّا دینا ؛ دھوکا دینا ؛ حیلہ کرنا ؛ فریب دینا ؛ بے ایمانی کرنا ؛ دغا بازی کرنا ۔ (۲) خرید و فروخت میں بے ایمانی کرنا ؛ کانٹا مارنا ؛ ڈنڈی مارنا ۔ (۳) (وقت) گزارنا ؛ (وقت) بُھلانا ؛ (تکان) اتارنا ؛ اس طرح سے مشغول ہونا کہ وقت یا تکان محسوس نہ ہو ۔ (٤) شرائط نکاح کی خلاف ورزی کرنا (جنسی طور پر)۔

Cheatable : (a) دھوکا کھانے والا ؛ جُل میں آنے والا ؛ ٹھگانے والا ؛ فریب کھانے والا ۔

Cheatee : (n) فریب خوردہ ۔

Cheater : (n) فریبی ؛ ٹھگ ؛ دغاباز ؛ جل دینے والا ؛ جھانسا دینے والا ۔

Cheatery : (n) دھوکا ؛ فریب ؛ جل ؛ جھانسا ؛ بُتّا ۔

Cheatingly : (adv) فریب دیتے ہوئے ؛ دھوکا دے کر ۔

Chebacco-boat : (n) [pg."xabeco"] نیو فاؤلینڈ میں استعمال ہونے والی ماہی گیری کی کشتی ۔

Chebec/-ok : (n) [Arab."Sabak"] (۱) بحر روم کی سہ مستولی کشتی ۔ (۲) ایک قسم کی مکھی پکڑنے والی چڑیا ۔

Chebule : (n) [Urdu "kabule"] ہلیلہ کابلی ۔

Check : (n) [pers."Shah"] (۱) شطرنج میں بادشاہ پر زور ؛ شہ ؛ کشت ؛ ایسے موقع پر کشت کہنا ۔ (۲) حرکت میں یکایک روک ؛ رکاوٹ ؛ ناگہانی روک ؛ مزاحمت ؛ زجر ؛ گھڑکی ؛ ممانعت ؛ ڈانٹ ؛ جھڑکی ۔ (۳) خفیف فوجی شکست ۔ (٤) (شکار) بو کا غائب ہونا ۔ (٥) انقطاع ؛ روک ٹھیراؤ ؛ تعرض ؛ سدِ باب ۔ (٦) روک اٹکاؤ ؛ روک تھام ؛ کسی قسم کا میکانیکی روک ۔ (۷) شے یا شخص جو مزاحمت کرے ؛ مزاحم ؛ روکنے والا ۔ (۸) جانچ ؛ پڑتال ؛ مقابلہ ؛ امتحان ؛ تنقیح (حسابات) ۔ (۹) شناخت چھٹی ؛ چھوٹے ہوئے یا سپرد کردہ اسباب کی رسید ؛ کارڈ یا دھات کا چھوٹا سا ٹکڑا جس سے ملکیت ظاہر ہو یا رسید کا کام کرے ۔ (۱۰) (امریکا) تاش کھیلنے میں پیش تختہ جس پر شرط وغیرہ کا روپیہ رکھتے ہیں ؛ تاش کا پیش تختہ ۔ (۱۱) علامت ؛ نشان ۔ (۱۲) زمین کا رقبہ جو پشتوں سے گھرا ہوا ہو ۔ (۱۳) ہلکا پھلکا کھانا ؛ ہلکا ناشتہ ۔ (١٤) کپڑا رکھنے کی جگہ ۔ (۱۵) شگاف ۔ (١٦) باز کا شکار کو چھوڑ کر کسی دوسرے گھٹیا شکار پر جھپٹنا ؛ گھٹیا شکار ۔

In check : روک میں ؛ بندش میں ۔

Positive check : (تجارت) قطعی روک ؛ اثباتی روک ؛ (سماجیات) مثبت رکاوٹیں ۔

To fly at check : باز کا گھٹیا شکار پر جھپٹنا ۔

To haul in one 's checks : (روزمرہ) مرجانا ؛ جان بحق تسلیم ہونا ۔

To run at check : ضبط میں رکھنا ؛ قابومیں رکھنا ۔

Check : (n) [Short for "Checker"] (۱) مربع نقش و نگار ، نقشہ ؛ چار خانہ ؛ چوخانہ ؛ چارخانہ دار ۔ (۲) مربع نقش و نگار والا کپڑا ؛ چار خانہ کپڑا ۔

Check : (n) cheque کی بدلی ہوئی یا متبادل شکل ۔

Check : (v) [OFr."eschequier"] (۱) کشت دینا ؛ شہ دینا ۔ (۲) یکایک روکنا ؛ دفعتاً روک دینا ۔ (۳) (شکاری کتوں کا) بو نہ پاکر رک جانا ۔ (٤) روکنا ؛ تھامنا ؛ ٹھہرانا ؛ اٹکانا ؛ بند کرنا ؛ قابو میں رکھنا ؛ دباؤ میں رکھنا ؛ باز رکھنا ۔ (٥) جانچنا ؛ پڑتالنا ؛ بدھ ملانا ؛ جائزہ لینا ؛ مقابلہ کرنا ؛ تنقیح کرنا (بیان ، حساب ، اعداد و شمار ملازمین وغیرہ کا) ۔ (٦) باز کا اپنے شکار کو چھوڑ کر گھٹیا شکار پر جھپٹنا ۔ (۷) سرزنش ۔ (۸) شناختی رسید لے کر کسی چیز کو حفاظت میں رکھ دینا ۔ (۹) شگاف کرنا ؛ شگاف ہونا ۔ (۱۰) نشان لگانا ۔ (۱۱) (اسباب کو) سپرد کر دینا ؛ سونپ دینا (جہاز وغیرہ کو)۔

To check a brace : (جہاز رانی) ڈھیلا کرنا ۔

To check at the fist : (باز کا) مٹھی سے بدکنا ۔

To check into / in : کسی ہوٹل میں کمرہ یا رھنے کی جگہ ٹھیک کرنا یا رھنے کا انتظام کرنا ۔

To check off : ٹک مارک لگانا ؛ پڑتال کرنا ۔

To check out : (۱) ہوٹل چھوڑ دینا ۔ (۲) (عامیانہ) مرجانا ۔(۳) اهل هونا ۔

To check up : تحقیق کرنا ؛ حساب کرنا ۔

To check on : جانچنا ؛ پڑتالنا ؛ جانچ پڑتال کرنا ۔

To check over : جانچ کرنا ۔

Check : (v) چارخانہ نقش و نگار بنانا ۔

Check-action : (n) پیانو میں موگری روکے رکھنا کہ دوبارہ ضرب نہ لگنے پائے ۔

Check clerk : (n) جانچ پڑتال کرنے والا یا کرانی ؛ (انتظامیہ) پڑتال کلرک ۔

Check her (a ship) : (v) روك لو ۔

Check-dey : (n) کھٹکے دار قفل کی کنجی ۔

Check-list : (n) پڑتال فہرست ۔

Check-lock : (n) کھٹکے دار تالا ۔

Check-man : (n) وہ شخص جو کرایہ ، ٹکٹ وغیرہ کا معائنہ کرتا ھے ۔

Check-mate : (n) [pers."shah mat"] شہ مات ؛ شکست مات ۔

Check mate : (v) شہ مات دینا ؛ مات دینا ؛ مات کرنا ؛ شکست دینا ؛ ھرا دینا ۔

Check measure : (n) ناپ تول ، جانچ ۔

Check-nut : (n) وہ ڈھیری جو دوسری ڈھیری پر چڑھائی جائےتا کہ دوسری ڈھیری کسی رھے ؛ روك ڈھیری ۔

Check off : (v) ٹک مارنا ؛ چك کرنا ؛ جانچنا ؛ (تجارت) کٹوتی ۔

Check out : (v) (۱) ہوٹل چھوڑ دینا ۔ (۲) (عامیانہ) مر جانا ۔(۳) اهل هونا ۔

Check over : (v) جانچ پڑتال ؛ امتحان ۔

Check point : (n) وہ جگہ جہاں آنے جانے والی گاڑیوں کو معائنہ کے لئے روکا جاتا ھے ۔

Check register : (n) (تجارت) چیك رجسٹر ۔

Check-rein : (n) قائزہ ؛ وہ تسمہ جو گھوڑے کو سر نیچا کرنے سے روکتا ھے ۔

Check-rein : (n) قابو میں رکھنا ۔

Check-room : (n) وہ کمرہ جہاں سامان، کپڑے یا دوسری ذاتی چیزیں حفاظت کے لئے رکھی جاتی ھیں ۔

Check-stones : (n) [origin unknown] سنگ ریزہ ؛ سنگ ریزوں سے بچوں کا ایك کھیل ۔

Check-strap : (n) ٹوپی کا وہ تسمہ جو ٹھوڑی کے نیچے رھتا ھے ۔

Check-string : (n) گاڑیوں میں لگی رسی جس کو کھینچنے سے گاڑی بان گاڑی روك دیتا ھے ؛ روك ڈورا ۔

Check-taker : (n) تھیٹر وغیرہ میں ٹکٹ جمع کرنےوالا ؛ ٹکٹ گیر ۔

Check-till : (n) دکان کے پیش تختہ میں رسیدوں کے رکھنے کی جگہ ؛ رسید خانہ ۔

Check-weigher / Check-weighman : (n) کوئلہ کی کان میں نکلے ھوئے کوئلوں کو وزن کرنے والا ۔

Checked : (adj) (۱) رُکا ھوا ؛ روکا ھوا ؛ بندش کیا ھوا ۔(۲) چار خانہ دار ۔

Checked syllable : (n) (لسانیات) بند رکن ؛ بند بول ۔

Checker : (n) بساط شطرنج ۔

Checker : (n) جانچ کرنے والا ؛ حساب کرنے والا ۔

Checker belly : (n) سفید سینے والی بط ۔

Checker berry : (n) لال رنگ کے گوندی جیسے پھل ۔

Checker board : (n) بساط شطرنج ؛ چوخانہ ؛ چار خانہ ۔

Checker work : (n) چار خانہ کا کام ۔

Checkered : (a) (۱) مختلف رنگ کے چار خانہ والا ۔ (۲) (مجازاً) قسمت کی بو قلمونی کا شکار ؛ نیرنگی قسمت کا شکار ۔

Checkers : (n) ایک قسم کا کھیل شطرنج کی طرح کا ۔

Checky / Chequee : (a) (نقابت اور عام معنوں میں) چارخانہ دار ؛ مختلف رنگوں کا چار خانہ دار مارکہ ۔

Cheddar : (n) [proper name] انگلستان کےایک دیہات کا نام ۔

Cheddar cheese : (n) ایک قسم کا پنیر ؛ ولایتی پنیر ۔

Chee-chee : (n) [Hindi "chhi-chhi"] مخلوط یوروپی اور ایشیائی نسل والا ؛ دوغلا ۔

Cheek : (n) [OE."Ceoce"] (۱) گال ؛ رخسار ؛ گل ؛ خد ؛ کلا ۔ (۲) شوخ تقریر ؛ گستاخانہ تقریر ۔ (۳) ڈھٹائی ؛ شوخ چشمی ۔ (٤) دروازہ وغیرہ میں کواڑ ۔ (٥) (جمع میں) آھنی شکنجہ یا زنبور کے دندانے جو ایک دوسرے میں بیٹھ جائیں ۔ (٦) کسی تودے ، ساخت یا ڈھانچہ یا دہانے کا عمودی حصہ ۔ (۷) لگام یا مہنال کا ایک حصہ ۔ (۸) سرین ؛ چوتڑ ۔

Cheek by jowl : بہت ھی قریب ؛ یار غار ؛ ھمراز ؛ چولی دامن کا ساتھ ؛ پاس پاس ؛ ساتھ ساتھ ۔

To give cheek : گستاخی سے بولنا ؛ گستاخی کرنا ؛ ڈھٹائی سے بولنا ۔

To have the cheek : ڈھٹائی کرنا ؛ جسارت کرنا ؛ جسارت ھونا ۔

To one 's own cheek : بلا شرکت غیرے ؛ خود سے ۔

Cheek : (v) (۱) ساتھ ساتھ رکھنا ۔ (۲) ڈھٹائی سے بولنا ؛ گستاخی کرنا ؛ شوخ تقریر کرنا ۔ (۳) چڑانا ۔

Cheek-bone : (n) آنکھ کے نیچے گال کی ھڈی ۔

Cheek pouch : (n) بندروں کے گال کے اندر کی تھیلی جس میں وہ کھانے کی چیزیں رکھتے ھیں ۔

Cheek strap : (n) لگام کا وہ سرا جو گھوڑے کے سر سے گزرتا ھے ۔

Cheek tooth : (n) ڈاڑھ ۔

Cheeked : (a) رخسار والا ؛ رخسارہ دار ۔

Cheekily : (adv) گستاخانہ ؛ شوخی سے ؛ گستاخی سے ۔

Cheekiness : (n) گستاخی ؛ ڈھٹائی ؛ دیدہ دلیری ؛ جسارت ؛ شوخی ۔

Cheeky : (a) ڈھیٹ ؛ گستاخ ؛ دیدہ دلیر ؛ شوخ ۔

Cheep : (n) [See next] (۱) پرند بچے کی باریک آواز ؛ چیں چیں ۔ (۲) اشارہ ؛ لفظ ؛ آواز ۔

Cheep : (v) [Of. imit.origin] (۱) چیں چیں کرنا ۔ (۲) بولنا ۔

Cheeper : (n) تیتر بچہ یا چوزہ ۔

Cheepy : (n) چیں چیں کرنے والا ۔

Cheer : (n) [Gr."kara"] (۱) دل ، دماغ اور مزاج کی کیفیت ۔ (۲) خوشی ؛ خوش دلی ۔ (۳) غذا ؛ طعام ؛ خوراک ؛ کھانا ؛ بھوجن ؛ تواضع ؛ ضیافت ؛ سامان دعوت ۔ (٤) تسلی ؛ ھمت افزائی ۔ (٥) آفریں ؛ زندہ باد ؛ جے کار ؛ جے جے کار ؛ واہ وا ؛ نعرۂ آفریں ؛ تحسین ؛ مرحبا ۔

Make good cheer : خوب کھاؤ ؛ مزے دار کھانے کھاؤ ، مزے اڑاؤ ۔

The fewer, the better cheer : جتنے آدمی کم اتنا ھی کھانے کو زیادہ ۔

Three cheers : تین نعرۂ تحسین ۔

To be of good cheer : دل مضبوط رکھنا ؛ جی نہ ھارنا ؛ امید قائم رکھنا ۔

What cheer : مزاج شریف ؛ تمھارا کیا حال ھے ؟

Cheer : (v) (۱) دلاسا دینا ؛ ڈھارس دینا ؛ تسلی دینا ؛ تشفی دینا ؛ تسکین دینا ؛ خاطر جمع کرنا ؛ دلجمعی کرنا ؛ دل یا جی بہلانا ؛ جی خوش کرنا ؛ دلداری کرنا ؛ خوش ھونا ؛ امید دلانا ۔ (۲) دل بڑھانا ؛ ھمت بندھانا ؛ ترغیب دینا ؛ (خصوصاً بلند آواز سے) زندہ باد کہنا ۔ (۳) (پکار کر) تحسین کرنا ؛ آفریں کرنا ؛ شاباش دینا ؛ مرحبا کہنا ۔

Cheer up : (v) تسلی دینا ؛ جی نہ ہارنا ؛ همت باندهنا ؛ بشاش ہونا ؛ مگن ہونا ؛ خاطر جمع ہونا یا کرنا ؛ دل چوٹی کرنا ۔

Cheered : (a) خوش ؛ شادماں ؛ دل شاد ۔

Cheerer : (n) (۱) خوش کرنے والا ؛ تسلی دینے والا ۔ (۲) دل خوش کرنے والی شراب یا مشروب ۔

Cheerful : (a) (۱) قانع ؛ خوش ؛ خوش وقت ؛ شاد ؛ مگن ؛ شادماں ؛ ہشاش بشاش ۔ (۲) مسرور کن ؛ خوش گوار ؛ فرح بخش ؛ مسرت بخش ؛ روح پرور ؛ تازگی بخش ؛ زندہ دل ؛ خندہ پیشانی ۔ (۳) رضامند ؛ راضی ؛ آمادہ ۔

Cheerfulize : (v) خوش کرنا ؛ بشاش کرنا ؛ امید دلانا ۔

Cheerfully : (adv) شادمانی سے ؛ خوشی سے ؛ دل سے ؛ خندہ پیشانی سے ؛ سر آنکھوں سے ؛ جی جان سے ؛ رضامندی سے ۔

Cheerfulness : (n) مسرت ؛ خوشی ؛ امید واری ؛ بشاشت ؛ خوش وقتی ؛ شادمانی ؛ زندہ دلی ؛ خوش طبعی ؛ خوشی و خرمی ؛ خوش مزاجی ۔

Cheerily : (adv) خندہ روئی سے ؛ زندہ دلی سے ؛ خوشی سے ۔

Cheeriness : (n) شادمانی ؛ خندہ روئی ؛ خرمی ؛ خوشی ؛ زندہ دلی ؛ خوش وقتی ؛ خوش طبعی ۔

Cheeringly : (adv) دیکھو Cheerfully

Cheerio / Cheero : (int) [f. CHEER (Y + O)] خدا حافظ ۔

Cheerleader : (n) کسی کھیل کے موقع پر نعرۂ آفریں کی تلقین کرنے والا ۔

Cheerless : (a) تیرہ و تار ؛ بے نور ؛ بے رونق ؛ اداس ؛ سونا ؛ افسردہ ؛ بجھا ہوا ؛ مردہ ؛ شکستہ حال ۔

Cheerlessly : (adv) اداسی سے ؛ افسردگی سے ؛ بے دلی سے ۔

Cheerlessness : (n) بے رونقی ؛ اداسی ؛ افسردگی ؛ شکستہ حالی ؛ مردنی ؛ بے نوری ؛ سونا پن ؛ پژمردگی ۔

Cheerly : (a) خوش ؛ دل شاد ؛ شاد ؛ شادماں ۔

Cheerly : (adv) (بحری) دل و جان سے ؛ چستی و چالاکی سے ؛ جیوٹ سے ؛ همت سے ۔

Cheers : (n) شاد باش ؛ خوش رہو (جام صحت کے وقت) ۔

Cheery : (a) خوش ؛ بشاش ؛ خوش وقت ؛ شادماں ؛ مسرور ؛ ہنس مکھ ؛ خندہ رو ؛ خنداں ؛ مگن ؛ زندہ دل ۔

Cheese : (n) [OE."Cese"] (۱) پنیر ۔ (۲) خطمی کا پھل ۔ (۳) پنیر کی شکل یا اسطرح کی کوئی چیز ؛ پنیر کی طرح نرم یا بو رکھنے والی کوئی چیز ۔

Bread and cheese : سادہ غذا ؛ دال روٹی ؛ موٹی جھوٹی ۔

Chalk and cheese : بالکل مختلف ؛ گدھے گھوڑے کا سا فرق ۔

Green cheese : کچا پنیر ۔

To make cheeses : گھاگر ناچ ناچنا (اسکول کی لڑکیوں کا) ؛ چکر کھاتے کھاتے یکایک بیٹھ جانا جس سے سایہ یا جامہ پھول جاتا ہے ۔

Cheese : (n) [pers."chiz"] (عامیانہ) قسم اول کی کوئی چیز ؛ اہم شخصیت ؛ فرد اعلیٰ ؛ مالک ۔

Cheese : (n) [See prec.] ٹھیک ؛ ٹھیک بات ؛ یہ بات ؛ صحیح بات ۔

Cheese : (v) [Cheese it] (سوقیانہ) جانے دو ؛ ٹھہرو ؛ چھوڑ دو ؛ بھاگو ۔

Cheese box : (n) (۱) اسطوانہ بکس پنیر رکھنے کے لئے ۔ (۲) اس طرح کی کوئی اسطوانہ چیز ۔

Cheese-burger : (n) پنیر سموسہ (سنبوسہ) ۔

Cheese cake : (n) (۱) پنیری کیک جس میں دہی ، پنیر وغیرہ کی مٹھائی بھری جاتی ہے ؛ نان پنیر ؛ پنیری روٹی ۔ (۲) اشتہاروں میں عورتوں کے پاؤں، رانوں یا جسم کی نیم برہنہ تصویر ۔

Cheese-cutter : (n) پنیر تراش ۔

Cheese dream : (n) سینکی ہوئی پنیری سینڈوچ ۔

Cheese eater : (n) (عامیانہ) مخبر ؛ خبر رساں ۔

Cheese fly : (n) پنیری مکھی ؛ ایک چھوٹی کالی مکھی جو پنیر میں پیدا ہوتی ہے ۔

Cheese-hopper / Cheese maggot / Cheese skipper : (n) پنیر مکھی کا پھل روپ ۔

Cheese-mite : (n) کرم پنیر ۔

Cheese monger : (n) پنیر فروش ۔

Cheese-parer : (n) خسیس ؛ کنجوس ؛ بخیل ؛ تنگ دل ۔

Cheese-paring : (a) (۱) بخیل ؛ کنجوس ؛ دانہ زد ۔ (۲) (بصیغہ جمع) چھانٹ چھونٹ ؛ الّم غلّم اشیا ؛ کترن ؛ چھاٹن ۔

Cheese-plate : (n) (۱) پنیر رکابی ۔ (۲) بڑا کوٹ بٹن ۔

Cheese-press : (n) پنیر بنانے والے دہی کو سانچے میں ڈھالنے کی مشین ۔

Cheese-rennet / Cheese-running : (n) پنیر مایہ (ایک پودے کا نام)۔

Cheese scoop / Cheese taster : (n) پنیر گیر ؛ وہ چمچہ جس سے تھوڑا تھوڑا پنیر نمونے کے لئے نکالتے ھیں ۔

Cheese spread : (n) نرم پنیر جس کو روٹی کے ٹکڑے پر لگایا جاسکتا ھے ۔

Cheese straw / Cheese stick : (n) پنیر کی لوزیں ۔

Cheese vat / Cheese tub : (n) گول ناند جس میں پنیر بنانے میں دہی جمایا جاتا اور توڑا جاتا ھے ۔

Cheese-week : (n) ایک ھفتہ جو سوموار سے شروع ھوتا ھے لنیٹ کے آغاز سے پہلے اور جس میں پنیر اور انڈا آخری بار ایسٹر کے پہلے کھایا جا سکتا ھے ۔

Cheesecry : (n) پنیر بنانے کا کارخانہ ۔

Cheesed off : (a) (عامیانہ) غیر مطمئن اور برھم ۔

Cheeselip/-lap : (n) [OE."Cese lyb(b) ON."lyf"] بستہ شیر (جما ھوا دودھ جو شیر خوار بچھڑے کے معدے میں پایا جاتا ھے اور دودھ جمانے یا پنیر بنانے میں کام آتا ھے) ؛ پنیر مایہ ؛ بچھڑے کا سکھایا ھوا معدہ ۔

Cheeseparing : (n) خساست ؛ کنجوسی ؛ بخالت ؛ تنگ دلی ۔

Cheesiness : (n) پنیر پن ؛ پنیر کا ذائقہ ۔

Cheesy : (a) (۱) پنیری ؛ پنیر نما ؛ پنیر کی بو ؛ مزہ یا خاصیت رکھنے والا ۔ (۲) (عامیانہ) سستا ؛ بے قیمت ۔

Cheesy : (a) (۱) طرح دار ؛ بانکا ؛ بنا ٹھنا ۔ (۲) ممتاز ؛ عالی ۔

Cheetah : (n) [Skr . "Citrakaya"] چیتا (درندہ) ۔

Cheewink / Chewink : (n) [Echoic .] شمالی امریکہ کی ایک چڑیا ۔

Chef : (n) [Fr .] رئیس ؛ چیف ؛ لیڈر ۔

Chef : (n) [Fr .] میر مطبخ ؛ باورچی ۔

Chef d' ecole : (n) [Fr.] مصوروں، موسیقاروں یا مصنّفوں کے کسی گروہ کا رھنما ۔

Chef d' oeuvre : (n) [Fr .] فن یا ادبی شاھکار؛ مہا کاج ۔

Chef de cabinet : (n) [Fr .] فرانسیسی وزیر کا خاص سکریٹری ؛ معتمد خصوصی ۔

Chef de cuisine : (n) میر مطبخ ۔

Cheilanthes : (n) [L."chil-" "-anthus"] ایک قسم کا سرخس ۔

Cheilitis : (n) ھونٹ کا ورم ۔

Cheirogaleus : (n) [CHEIRO+Gr."galee"] چھوٹے بندروں کی ایک قسم ۔

Cheiroglossa : (n) [CHEURO+ L."glossa"] سرخس کی ایک قسم ۔

Cheiropo /-ped : (n) [CHEIRO+Gr."pod"] دودھ پلانے والے جانور جن کے ھاتھ ھوتے ھیں ۔

Cheiroptera : (n) [[CHEIRO+Gr."pteron"] ذوات الثدی یا دودھ پلانے والے جانوروں میں سے وہ جانور جن کے جھلی دار ھاتھ پیروں کا کام دیں ؛ شپری جانور ؛ خفاشیہ ۔

Cheiropterous : (a) ذوات الثدی یا دودھ پلانے والے جانوروں سے متعلق جن کے جھلی دار ھاتھ پیروں کا کام دیتے ھیں ؛ خفاشی ؛ خفاشیہ ؛ چمگاڈر کی قسم کا ۔

Cheirotherian : (a) [See next] معدوم چوپایہ Cheirotherium سے متعلق یا اس کا ۔

Cheirotherium : (n) [CHEIRO + Gr."therion"] ایک معدوم چوپایہ جانور جس کے نقش پا انسانی ہاتھوں کے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Cheka / Tcheka : (n) [Russ.] کمیونسٹ ملکوں کی خفیہ پولیس جن کو گویا لوگوں کی موت و زندگی پر اختیار رہتا ہے ۔

Chekhovian : (a) [after Anton Chekhov] چیخوف کے افسانوں اور ڈراموں کی فضا یا کردارنگاری کا شائبہ ۔

Chekist : (n) [Russ.] کمیونسٹ ملکوں کی خفیہ پولیس کا رکن ۔

Chela : (n) [Gr."Chela"] کیکڑا ، بچھو یا جھینگا کا پنجہ ۔

Chela : (n) [Hindi] چیلا ؛ مرید ؛ بدھ مت کا چیلا ؛ شاگرد ۔

Chelaship : (n) شاگردی ؛ مریدی ۔

Chelate : (a) [Gr."Chela"] کیکڑے ، بچھو یا جھینگے کے پنجے کی طرح ؛ (کیمیا) کیلیٹ ۔

Chelation : (n) (کیمیا) کیلیشن ۔

Chelerythrine : (n) [Gr."Cheli(domian) erythros" + -INE] (کیمیا) ایک قسم کا بے رنگ زہریلا بلوری القلی نما مادہ ۔

Chelicer / -cere : (n) [Gr."Chela" + "Keras"] دو زوائد جو عنکبوت یا عقرب کے اگلے حصے میں ہوتے ہیں ۔

Cheliceral : (a) عنکبوت یا عقرب کے اگلے حصے کے زوائد کے متعلق ۔

Chelidonic : (a) (Cholidonic acid) [L."Chelidonia" + -IC] سلن دین کا ترشہ ۔

Chelifer : (n) [CHELA + L."fer"] ایک قسم کا مکڑا جو بے دم کے بچھو کی طرح ہوتا ہے ۔

Cheliferous : (a) پنجہ دار ۔

Cheliform : (a) پنجہ نما ۔

Chelinga : (n) [Skr."jalamga"] ایک قسم کی کشتی جس کے دونوں سرے نوکیلے ہوتے ہیں ۔

Cheliped : (n) بڑا پنجہ رکھنے والا قشریہ کے قسم کا (جانور) جس کے ایک پاؤں کا پنجہ بڑا ہوتا ۔

Chelodina : (n) [Gr."Chelys" + -dina] کچھوا جو آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے ۔

Cheloid / Keloid : (n) [Fr."Cheloide"] ایک جلدی بیماری جس میں جلد میں پنجہ کی شکل نمایاں ہوجاتی ہے ۔

Chelone : (n) [Gr."Chelone"] ایک قسم کا امریکی سدا بہار پودا جس میں سفید یا ارغوانی پھول ہوتے ہیں ۔

Chelonian : (a&n) [mod.L."Chelonia"+ -an] (۱) کچھوے کی جنس کا ۔ (۲) کچھوا ۔

Chemiatric : (a) [mod.L."Chemiatria"] طب کے اس نظریہ سے متعلق کہ بیماری بدن میں تخمیر کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور اسی طرح اس کا علاج ہوتا ہے ۔

Chemiatric : (n) طب کے تخمیری نظریے کو ماننے والا ۔

Chemic : (a) [Fr. "Chemique"] (۱) کیمیائی ۔ (۲) کیمیا گری سے متعلق ۔

Chemic : (n) [As prec.] چونے کا کلورائیڈ ۔

Chemic : (v) چونے کے کلورائیڈ کا محلول استعمال کرنا ؛ سفید کرنا ۔

Chemical : (a) [CHEMIC -AL] (۱) کیمیائی ؛ کیمیا سے متعلق ؛ کیمیا کا ؛ کیمیاوی ۔ (۲) (جمع میں) کیمیاوی اشیاء (وہ اشیاء جو کیمیاوی اعمال سے حاصل ہوں یا ان میں استعمال کی جائیں) ۔ (۳) کیمیا کا ماہر ۔

Chemical action : (n) (کیمیا) کیمیائی عمل ۔

Chemical affinity / Chemical attraction : (n) کیمیائی کشش ۔

Chemical antidote : (n) (کیمیا) کیمیائی تریاق ، نور ۔

Chemical avidity : (n) (کیمیا) کیمیائی اشتیاق ۔

Chemical balance : (n) کیمیاوی ترازو ۔

Chemical change : (n) (کیمیا) کیمیائی تبدیلی ۔

Chemical composition : (n) کیمیائی ترکیب یا اجتماع ۔

Chemical constant : (n) (کیمیا) کیمیائی کانسٹینٹ ۔

Chemical constitution : (n) (کیمیا) کیمیائی بناوٹ ۔

Chemical equilibrium : (n) (کیمیا) کیمیائی توازن ۔

Chemical equivalent : (n) (کیمیا) کیمیا بدل ۔

Chemical examination : (n) (کیمیا) کیمیائی جانچ ۔

Chemical examiner : (n) (انتظامیہ) کیمیائی جانچ کرنے والا ۔

Chemical exchange method : (کیمیا) کیمیائی طریقۂ تبادلہ ۔

Chemical hygrometer : (n) (کیمیا) کیمیائی نمی ؛ (طبیعیات) دمی پیمائی ۔

Chemical microscopy : (n) کیمیائی شناخت کے لئے ذرہ بینی ۔

Chemical passivity : (n) (کیمیا) کیمیائی جمود ۔

Chemical potential : (n) (طبیعیات) کیمیائی مضمر ؛ (کیمیا) کیمیائی قوت ۔

Chemical precipitation : (n) (کیمیا) کیمیائی ترسیب ۔

Chemical property : (n) کیمیائی خاصیت ۔

Chemical reactivity : (n) (کیمیا) کیمیائی صلاحیت عمل ۔

Chemical sense : (n) اعصابی نظام جو کیمیائی محرکات سے اثر پذیر ہوتا ہے ۔

Chemical warfare : (n) (تاریخ) کیمیائی جنگ ؛ وہ جنگ جس میں آگ یا دھواں یا گیس کا استعمال ہوتا ہے ۔

Chemicalization : (n) کسی کیمیائی مادہ کا استعمال ۔

Chemicalize : (v) کسی کیمیائی مادہ کا استعمال کرنا ۔

Chemically : (adv) کیمیائی طور پر ؛ کیمیا کی رو سے ؛ کیمیائی اصول کے مطابق ۔

Chemically pure : خالص جس میں کیمیائی تجزیہ سے کسی غیر خالص چیز کا پتا نہ چلے ۔

Chemico- : جزو ترکیبی، واصلہ بمعنی کیمیائی ۔

Chemigraphy : (n) دھات پر نقشہ بنانے کا عمل جس میں تصویر کشی کا استعمال نہیں ہوتا ہے ۔

Chemiluminiscence : (n) (کیمیا) کیمیائی تابندگی ۔

Chemin de fer : (n) [Fr.] تاش کا کھیل ۔

Chemiphotic : (a) کیمیائی طاقت کی روشنی میں تبدیل ہونے سے متعلق ۔

Chemise : (n) [late L."Camisia"] (۱) عورتوں کے پہننے کا زیر جامہ ؛ پیراہن ؛ کرتا ؛ قمیض (زنانہ) ۔ (۲) (قلعہ بندی) وہ دیوار جو فصیل یا برج کو مضبوط کرنے کے لئے بنائی جاتی ہے ۔

Chemisette : (n) [dim. of CHEMISE] (۱) شلوکا ۔ (۲) لیس یا ململ جو عورتیں گریبان کے چاک میں لگاتی ہیں ۔

Chemism : (n) [Fr."Chimisme"] کیمیائی خاصیت ؛ عمل یا طاقت ۔

Chemisorbtion / Chemisorption : (n) (طبیعیات) کیمیائی جذب ۔

Chemist : (n) [mod.L."Chimysta"] کیمیاوی ؛ دوا ساز ؛ عطار ؛ دوا فروش ؛ کیمیا گر ۔

Chemistry : (n) [See Alchemy] (۱) علم کیمیا ؛ کیمیا ؛ رسائن ودیا ۔ (۲) مادوں کی کیمیائی ترکیب اور خاصیت ۔ (۳) کیمیائی عمل اور مظاہر ۔ (٤) عجیب و غریب ترکیب ۔ (٥) ہیجان ۔ (٦) ایسے اعمال و محرکات جو سمجھ میں نہ آئیں یا جن کا تجزیہ نہ ہو سکے ۔

Applied or practical chemistry : (۱) عملی کیمیا ۔ (۲) (مجازاً) پراسرار تغیر یا عمل ۔

Agricultural chemistry : زراعتی کیمیا ۔

Inorganic chemistry : غیر نامیاتی کیمیا ۔

Mental chemistry : (تعلیمات و نفسیات) کیمیائے ذہنی ۔

Organic chemistry : نامیاتی کیمیا ۔

Chemitype : (n) ["Chemi"in CHEMIC + TYPE] ؛ کیمیا چھاپ ؛ چھاپے میں کیمیائی عمل سے کسی پلیٹ کا چربہ لینا ۔

Chemitype process : (n) کیمیا چھاپ کا عمل ۔

Chemolysis : (n) نامیاتی مادوں کا کیمیائی مرکبات کے اثر سے محلول ہو جانا ۔

Chemolytic : (a) نامیاتی مادوں کا کیمیائی مرکبات کے اثر سے محلول ہوجانے کے متعلق ۔

Chemosed : (a) پھولا ہوا پپوٹا ۔

Chemosis : (n) [Gr."Chemosis"] (طب) آنکھ کے پپوٹے کی اندرونی جھلی کا ورم ۔

Chemosmosis : (n) [L."Chem + osmosis"] کیمیائی عمل جو درمیانی جھلی کے باوجود ہو جاتا ہے ۔

Chemotaxis : (n) [L."Chemotaxis"] (تعلیمات وغیرہ) کیمیائی حرکت (کیمیائی مہتج کے زیر اثر حرکت عضویہ) ۔

Chemotherapy : (n) (کیمیا) کیمیائی معالجہ ۔

Chenar : (n) [pers. "Chinar"] چنار ۔

Chenille : (n) [L." canicula"] مخمل کی جھالر یا مخمل کی ڈوری ۔

Chenopod : (n) [Gr."Chenopous"] (نباتیات) پالکیہ ۔

Cheque / Check : (n) چک ؛ ہنڈی ۔

Antidated cheque : (تجارت و معاشیات) چیک تاریخ گزشتہ ۔

Bearer cheque : (تجارت) بیرر چیک ؛ (معاشیات) کھلا چیک ۔

Blank cheque : (تجارت) سادہ چیک ۔

Crossed cheque : خط کشیدہ چیک جس کا مطلب یہ ہے کہ صرف اسی شخص کو بینک کے ذریعہ رقم ادا ہو جس کے نام سے چیک ہے ؛ (تجارت و معاشیات) موسومہ چیک ۔

Encashing of cheque : (تجارت) چیک تڑانا ؛ چیک بھنانا ۔

Endorsed cheque : (تجارت) پہچان کیا چیک ؛ عبارت ظہری شدہ چیک ؛ مصدقہ چیک ۔

Exchanging of cheque : Encashing of cheque دیکھو

Marked cheque : (تجارت) نشان زدہ چیک ۔

Open Cheque : (تجارت) کھلا چیک ۔

Order Cheque : (انتظامیہ) آڈر چیک ؛ مخصوص چیک ؛ نامزد چیک ۔

Out Station Cheque : (تجارت و معاشیات) غیر مقامی چیک ۔

Post dated Cheque : (تجارت و معاشیات) چیک تاریخ آمدہ ۔

Returned Cheque : (تجارت) واپس شدہ چیک ۔

Stale Cheque : (تجارت) بعید از میعاد چیک ؛ (معاشیات) چیک میعاد گزشتہ ۔

Cheque / Chequin : (n) [It."Zecchino"] سکہ نما زیور جو عورتیں لباس پرسنی لیتی ہیں ۔

Cheque book : (n) (تجارت) چیک بک ۔

Cheque currency : (n) (تجارت) چیک کرنسی ۔

Chequelets : (n) (تجارت) چیک پرچیاں ۔

Chequer / Cheker : (n) [ME."Cheker"] (۱) ایک قسم کا کھیل شطرنج کی طرح کا ؛ تختہ نرد ۔ (۲) بساط کی شکل کا نشان ؛ شراب خانہ یا شراب خانے کانام ۔ (۳) (جمع میں) بساط کی طرح کا مربع نشان ۔ (٤) چار خانہ کا کام ۔ (٥) (تعمیرات) عمارت کی دیوار کا پتھر جس کے جوڑ ایک خط مستقیم میں ہوتے ہیں ۔ (٦) بساط شطرنج کے مانند ؛ رنگ برنگ کا بنا ہوا ؛ چار خانہ دار کپڑا ۔ (۷) بساط شطرنج ؛ بساط ۔

Chequer : (n) (۱) (جمع میں) لال رنگ کے گوندی جیسے پھل ۔ (۲) (واحد) لال گوندی جیسے پھل کا درخت ۔

Chequer / Cheker : (v) (۱) چار خانہ بنانا ؛ مربع بنانا ؛ شطرنجی بنانا ؛ چوپڑ کا سا بنانا ۔ (۲) مختلف رنگوں سے رنگنا ؛ رنگ برنگا کرنا ؛ بوقلموں کرنا ؛ گونا گوں کرنا ۔ (۳) چار خانہ کی طرح ترتیب دینا ۔

Chequer motiff : (n)= (Chequer pattern) [Arch] (تاریخ) شطرنجی وضع ؛ چوخانہ ۔

Chequer work : (n) متضاد صفتوں والا ۔

Chequered : (a) دیکھو Checkered

Chequered lot / fortune / life : (n) بوقلموں زندگی ؛ رنگ برنگی زندگی ۔

Chequerwise : (a) چوپڑ دار ؛ چار خانہ کی طرح ؛ بساط کی طرح ؛ شطرنج دار ۔

Cherimoya : (n) [mod. L."Cherimolia"] (۱) (Peru) پیرو کا ایک چھوٹا درخت ۔ (۲) پیرو کے درخت کا گودا اور پھل ۔

Cherish : (v) [L."Carus"] (۱) پالنا پوسنا ؛ پرورش کرنا ؛ نوازنا ؛ اپنے سائے میں لینا ؛ ظل عاطفت میں لینا ؛ تربیت کرنا ؛ تعلیم دینا ۔ (۲) پیارا سمجھنا ؛ عزیز رکھنا یا جاننا ؛ آنکھ کی پتلی یا تارا سمجھنا ؛ ہتھیلی کا چھالا بنانا ؛ لو لگائے رکھنا ؛ (عموماً امید یا احساسات وغیرہ کے لئے) ۔ (۳) نوازش کرنا ؛ آرام دینا ۔ (٤) حفاظت کرنا ؛ محافظت کرنا ۔ (٥) تسلّی دینا ۔

Cherisher : (n) نوازش کرنے والا ؛ حفاظت کرنے والا ؛ پیارا سمجھنے والا ؛ پرورش کرنے والا ۔

Cherishingly : (adv) پیار سے ؛ نوازش سے ؛ حفاظت سے ؛ التفات سے ۔

Cherishment : (n) پرورش ؛ حفاظت ؛ دلداری ؛ تسلّی راحت ۔

Chemites : (n) [Gr."Chernites"] سفید سنگ مرمر ۔

Cheroot : (n) [Tamil."Shuruttu"] سگار جس کے دونوں سرے کھلے ہوں ؛ چرٹ ؛ چٹا ۔

Cherry : (n) [med.L."Ceresia"] (۱) آلو بالو ؛ شاہ دانہ ؛ ناش دانہ ؛ لکناج ؛ ولایتی مکو ؛ گیلاس ۔ (۲) (میکانک) گول سوراخ بنانے کا آلہ ۔ (۳) (عامیانہ) کنوارا پن ؛ دوشیزگی ۔ (٤) سرخ رنگ ۔

To make two bites at a cherry : جھجھکنا ؛ ٹھٹکنا ؛ پس و پیش کرنا ؛ بہ تکلف پیش آنا ۔

Cherry : (a) سرخ ۔

Cherry-aphid : (n) ایک قسم کا کیڑا جو گیلاس کے درخت میں ہوتا ہے ۔

Cherry-bay : (n) =(Cherry laruel) ایک یورپی سدا بہار جھاڑی ۔

Cherry-bird : (n) امریکہ کی ایک چڑیا ۔

Cherry-blossom : (n) سرخ رنگ ۔

Cherry bob : (n) دوھریا شاہ دانہ ۔

Cherry bounce : (n) =(Cherry brandy) برانڈی اور شکر ۔

Cherry brandy : (n) برانڈی شراب جس میں شہ دانہ اور شکر ملائے ہوں ۔

Cherry breeches : (n) گیارھویں ہزار (انگریزی فوج کا ایک رسالہ) ۔

Cherry-chopper / -snipe / -sucker : (n) مگس گیر ۔

Cherry laurel : (n) ایک یورپی سدا بہار جھاڑی ۔

Cherry lips : (n) سرخ لب ؛ لب لعل ۔

Cherry merry : (a) خوش ؛ سرخوش ۔

Cherry pepper : (n) ایک قسم کی گول مرچ ۔

Cherry pie : (n) (۱) سورج مکھی ۔ (۲) ایک قسم کی میٹھی روٹی جس میں شہ دانہ ملا ہو ۔

Cherry pit : (n) (۱) دیکھو Cherry stone (۲) بچوں کا ایک کھیل جس میں شہ دانہ کی گٹھلی ایک سوراخ میں پھینکتے ہیں ۔

Cherry red : (n) (کیمیا) چیری کی طرح سرخ ؛ لال رنگ ۔

Cherry ripe : میوہ فروش کی آواز ، جیسے شہ دانہ ہیں پکے ۔

Cherry rum : (n) رم شراب جس میں شہ دانے ملے ہوں ۔

Cherry stone : (n) (۱) شہ دانہ کی گٹھلی ۔ (۲) بے قیمت ؛ معمولی ۔ (۳) ایک قسم کا گھونگا جسے کچا پکاتے ہیں ۔

Cherry tree : (n) شہ دانہ کا درخت ۔

Cherry wine : (n) شہ دانے سے بنی ہوئی شراب ۔

Cherry wine : (a) گہرا سرخ ۔

Cherry wood : (n) شہ دانے کی لکڑی ۔

Chersonese : (n) [Gr."Chersonesos"] جزیرہ نما ۔

Chersydridae : (n)[Gr."Chersydros"] ایک قسم کا آبی سانپ جو زہریلا نہیں ہوتا ہے ۔

Chert : (n) [Unknown origin] چقماق نما بلور ۔

Chert blade : (n) (تاریخ) چرٹ کا پھل ؛ چقماقی پھل ۔

Chert hoe : (n) (تاریخ) چرٹ کدال ؛ چقماقی کدال ۔

Cherty : (a) چقماق نما بلور کی مانند ۔

Cherub : (n) [Pl. Cherubs & Cherubim] [Heb."Kerub"] (۱) کروبی ؛ فرشتہ ۔(۲) دوسرے طبقے کا فرشتہ جس کو علم عطا کیا گیا ہو ۔ (۳) (فنون لطیفہ) پردار بچہ (مواتی) یا اس بچے کا سر ۔(٤) خوب صورت یا معصوم بچہ ؛ بھولا بچہ ؛ سندر بالک ۔ (٥) حسین عورت یا معشوقہ ۔(٦) معصوم بچے کی شکل کا آدمی ۔

Cherubic / -al : (a) معصوم صورت ؛ فرشتہ خو ؛ ملائك صفت ؛ فرشتہ سا ؛ ملکی ؛ کرّوبیوں کے متعلق ۔

Cherubim / -in : (n) دیکھو Cherub

Cherubimical / -ic : (a) دیکھو Cherubic / -al

Chervil : (n) [Gr."Cherethyllon"] یخنی ، سلاد وغیرہ میں استعمال کرنے کا ایک ساگ ؛ خوشبودار ساگ ؛ جعفری فرنگی ۔

Cheshire : (n) [Proper name] انگلستان کا ایک علاقہ ۔

Cheshire cheese : (n) چشائر کا پنیر ۔

Chesil / Chisel : (n) [OE."Cisil","Ceosel"] کنکری ؛ سنگ ریزہ ۔

Chesil / Chissal : (n) [Origin unknown] چھوٹی سبزناشپاتی کی ایک قسم ۔

Chess : (n) [OFr."esches"] شطرنج ۔

Chess : (n) [Origin unknown] (۱) تہ ؛ قطار ۔(۲) (جمع میں) (فوجی) کشتی کے پل کے متوازی تختے ۔

Chess : (n) [Origin unknown] ایک قسم کی گھاس جوگیہوں کے ساتھ کھیتوں میں اگتی ہے ۔

Chess-board : (n) بساط ؛ شطرنج کی بساط ۔

Chess-men : (n) شطرنج کے مہرے ۔

Chess-tree : (n) [Unidentified element + tree] (جہازرانی) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو کشتی کے اوپر کے حصے میں لگا رہتا ہے ۔

Chessel : (n) [CHEESE + WELL] پنیر کا سانچہ ۔

Chessner : (n) شطرنج کا کھیلنے والا ۔

Chessylite : (n) [F."Chessy" in France] (کیمیا) چیزی لائٹ ۔

Chest : (n) [OE."Cest"] (۱) بڑا مضبوط صندوق ۔ (۲) ملاحوں کے سامان رکھنے کا صندوق ؛ پیٹی ۔(۳) خاص صندوق ۔(٤) روکڑ کا صندوق ؛ (مجازاً) صندوقوں کے اندر کی رقم ۔(٥) کسی چیز کے رکھنے کا ڈبہ خصوصاً چائے کا ڈبہ ، پیٹی ۔(٦) سینہ ؛ صدر ۔(۷) تابوت ۔(۸) سرچشمۂ جذبات ۔ (۹) (تجارت) تجوری ۔

Carpenter's Chest : بڑھئی کا اوزار دان (اوزار بکس) ۔

Currency Chest : نقد تجوری ۔

Medicine Chest : دواؤں کا صندوق ؛ صندوق ادویہ ۔

Sepulchral Chest : (تاریخ) تابوت ۔

Subsidiary Chest : معاونی تجوری ۔

Chest : (v) (۱) صندوق یا تابوت میں رکھنا ۔ (۲) سینہ سے لگانا ۔(۳) ذخیرہ کرنا ؛ جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا ۔

Chest beating : (n) ماتم ؛ سینہ کوبی (اعتراف قصور میں) ۔

Chest facilities : (n) (تجارت) تجوری سہولتیں ۔

Chest-founder : (n) گھوڑے اور کتّے کے سینے کی بیماری جو کثرت کار یا عدم کارکردگی سے لاحق ہو جاتی ہے جس سے سینہ دھنس جاتا ہے ۔

Chi : [Gr.] یونانی حروف تہجی کا بائیسواں حرف ۔

Chi-rho : (n) حضرت عیسیٰ کے یونانی نام کے پہلے دو حروف ۔

Chi-square distribution : (n) (ریاضی) شارلیر بٹاؤ ۔

Chi-square formula : (n) (ریاضی) دائری ضابطه ۔

Chi-square serial correlation : (ریاضی) دائری سلسله ۔

Chi-square test : (n) (طبیعیات) کائی اسکوائرٹسٹ ؛ (ریاضی) کائی مربع جانچ ۔

Chia : (n) [Sp." Chia"] (۱) Cha ؛ (۲) ایک قسم کا پودا جو میکسکو وغیرہ میں پایا جاتا ھے اور جس کے تخم سے مشروب بناتے ھیں ۔

Chia oil : (n) کھانے کا تیل جو اس پودے (Chia) سے بنتا ھے ۔

Chiack : (v) [Prob. alter.of"Cheek"] تمسخر کرنا ؛ مذاق اڑانا ۔

Chian : (a & n) [L."Chius"] (۱) کیپاؤس کا باشندہ ؛ کیپاؤس کا ۔ (۲) کیپان شراب ۔

Chian earth : (n) کیپاؤس کی مٹی جو پہلے بطور آرائش کے استعمال ھوتی تھی ۔

Chianti : (n) [It.] ایک اطالوی سرخ شراب ۔

Chiaroscurist : (n) (نقاشی میں) دھوپ چھاؤں دکھانے والا یا ایسی نقاشی کرنے والا ۔

Chiaroscuro / Chiaro-oscuro : (n) [It."Chiaro + oscure"] (۱) تصویر کشی میں دھوپ چھاؤں دکھانا ۔ (۲) دھوپ چھاؤں ۔ (۳) متنوع ؛ (مجازاً) ادب میں دھوپ چھاؤں کی کیفیت پیدا کرنا ۔ (٤) نقاشی کی ایک قسم جس میں صرف سایہ اور روشنی سے کام لیا جاتا ھے اور کوئی رنگ نہیں ملایا جاتا ھے ۔ (۵) پرانے زمانے میں لکڑی کی چھاپ کا ایک عمل جس میں ھر رنگ کے لئے جدا گانہ قالب اور تختہ استعمال ھوتا تھا ۔ (٦) (اطالیہ میں) مٹی کے برتنوں پر ابھری ھوئی نقاشی کی ایک قسم ۔

Chiasma / Chiasm : (n) [Gr."Chiasma"] (۱) (تشریح) تقاطع ۔ (۲) (حیوانیات) درمیان یا عرض میں آمیزش ؛ (حیوانیات) صلیبیه ۔

Optic Chiasm : تقاطع بصری ۔

Chiasmal : (a) تقاطع سے متعلق ۔

Chiasmus : (n) [Gr."Chiasmos"] (ادب) صفت تقلیب ۔

Chiastic : (a) صفت تقلیب سے متعلق ؛ قلبی ۔

Chiastolite : (n) [Gr."Chiastos"+LITE] (معدنیات) ایک قسم کا نرم اور نا خالص اندالوزائیٹ که اسکی عرضی تراش میں چلیپائی شکل ھوتی ھے ۔

Chiaus : (n) [Turk."Cavus"] (۱) چاؤش ؛ قاصد (ترکی) ۔ (۲) حیله باز ؛ فریبی ۔

Chibol : (n) [Late L.] پیازچه ؛ پیاز ۔

Chibouk / Chibouque : (n) [Turk."Cubuk"] لمبا ترکی پائپ ؛ (تمباکو پینے کا) چبوق ۔

Chiaroscuro : (a) [It. chiro+oscuro] دھوپ چھاؤں سے متعلق دھوپ چھاؤں کا ؛ کچھ ڈھکا کچھ کھُلا ۔

Chic : (n) [Fr."] (۱) چابك دستی ؛ مہارت ؛ استادی ؛ مشاقی ؛ دستگاہ ۔ (۲) مقبول وضع قطع ؛ مقبول اسلوب فیشن ۔

Chic : (a) وضع دار ؛ طرح دار ؛ فیشن ایبل ۔

Chica : (n) [Native name] سرخ رنگ جو ایک قسم کی گھاس سے حاصل ھوتا ھے ۔

Chica : (n) مکئی سے بنی خمیری شراب (جنوبی امریکا والوں کی) ۔

Chicalote : (n) [Nahuatle "Chicaloti"] سفید پھول والا خاردار پوپی (خشخاش) ؛ گل شقائق ۔

Chicane : (n) [Fr."Chicane"] (۱) حیله باز ؛ فریب ؛ چکمه ؛ جھانسا ؛ مغالطه ۔ (۲) (گھوڑ دوڑ کے میدان میں) کوئی رکاوٹ ۔ (۳) رنگ کا پتا نه ھونا (تاش کے کھیل میں) ۔

Chicane : (v) [Fr."Chicaner"] (۱) حیله بازی کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ پھسلانا ؛ قانونی حیله نکالنا ۔ (۲) شرعی حیله ڈھونڈنا ؛ روباہ بازی کرنا ؛ پھسلانا ؛ چکمه دینا ؛ دھوکا دے کر کچھ حاصل کرنا ۔

Chicane : (a) (۱) برج (تاش) میں رنگ نه رکھنے والا ۔ (۲) (عامیانه) قلاش ۔

Chicaner : (n) حیلہ باز ؛ فریبی ؛ دھوکا باز ۔

Chicanery : (n) [Fr."Chicanerie"] حیلہ بازی ؛ مغالطہ ؛ شرعی حیلہ ؛ جھانسا پٹی ؛ دھوکا ؛ قانونی حیلہ ؛ لفظی بحث ؛ لا طائل بحث ؛ سوفسطائیت ۔

Chicha : (n) [Amer.Sp.] دیکھو Chica

Chichi : (a) [F.] (۱) آرائشی ؛ نمائشی ۔ (۲) تصنع رکھنے والا ۔ (۲) فیشن پرست ؛ طرح دار ۔

Chichi : (n) نمائش ؛ تصنع ؛ آرائش ۔

Chick : (n) [Short for Chicken] (۱) مرغی کا بچہ ؛ چوزہ ؛ چینگا ؛ بچہ (کسی پرند کا) ۔ (۲) بچہ (آدمی کا) ۔ (۳) (عامیانہ) جوان عورت ؛ دوشیزہ ۔

The chicks : کسی خاندان کے چینگے پوٹے ۔

Chick : (n) [Pers."Chiq"] چق ۔

Chick : (n) [Echoic] ٹک ٹک ۔

Chick : (n) [Short for "Chickeen"] ایک سکہ جو ہندوستان کی بندرگاہوں میں استعمال ہوتا تھا اور چار روپئے کے برابر ہوتا تھا ۔

Chick : (v) [Echoic] انکھوا نکلنا ؛ نکل آنا ۔

Chick pea : (n) [Fr.] ایک قسم کا چھوٹا مٹر ۔

Chick weed / Chicken weed : (n) ایک قسم کی گھاس یا پودا جو چھوٹا ہوتا ہے اور پتے بھی چھوٹے ہوتے ہیں ۔

Chickabiddy : (n) [CHICK + BIDDY] (۱) چوزہ ۔ (۲) بچوں کو پیار سے کہتے ہیں ,للّا ؛ میاں ؛ منا ۔

Chickaree : (n) [From its note] امریکا کا ایک گانے والا پرندہ ۔

Chickaree : (n) [From its note] امریکا کی ایک بڑی سی سرخ گلہری ۔

Chicken : (n) [OE."Cicen"] (۱) چوزہ ؛ مرغی کا بچہ ؛ چوزے کا گوشت ۔ (۲) بچہ ۔ (۳) جوان عورت ؛ جوان مرد ؛ نا تجربہ کار مرد ۔ (٤) بزدل ؛ ڈرپوک ۔ (٥) زود آشنا جوان عورت ۔ (٦) (عامیانہ) معمولی باتوں پر زیادہ تاکید ؛ جزئیات پر زور ۔

Mother cary's chicken : بحری کلنگ ؛ ایک قسم کا پرند ۔

To count one's chicken before they are hatched : آکاش میں بیل ہونٹوں میں تیل ۔

Chicken : (a) (۱) بزدل ؛ ڈرپوک ۔ (۲) چھوٹی باتوں پر مصر ۔

Chicken : (v) بزدلی دکھانا ۔

Chicken breast : (n) سینے کی ہڈی کا غیر معمولی طور پر ابھار ۔

Chicken-breasted : (a) سینے کی ابھری ہڈیوں والا ۔

Chicken Cholera : (n) چوزوں کا وبائی مرض ۔

Chicken hazard : (n) پانسہ کا ایک کھیل ۔

Chicken heart : (n) ڈرپوک آدمی ؛ بزدل آدمی ۔

Chicken hearted / livered : (a) بزدل ؛ ڈرپوک ۔

Chicken hood : (n) چوزگی ؛ بچپن ؛ طفلگی ۔

Chicken meat / Chick meat / Chicken's meat : (n) چوزوں کی خوراک ؛ غذا ؛ مختلف قسم کی گھاسوں کا نام جس کو چوزے کھاتے ہیں ۔

Chicken pox : (n) موتیا ؛ سیتلا ؛ چھوٹی چیچک ۔

Chicken weed / Chicken wort : (n) دیکھو Chick weed

Chickery : (n) وہ جگہ جہاں مرغیوں کے انڈوں سے بچے نکالتے ہیں ۔

Chickling : (n) چھوٹا چوزہ ۔

Chickling / Chickling vetch : (n) موٹ (موٹھ) ۔

Chicle : (n) [Nahuatle"Chictli"] ایک قسم کا گوند ۔

Chicklero : (n) [Am. Sp.] گوند جمع کرنے والا ۔

Chico : (n) [Mex. Sp.] ایک قسم کا تاش کا کھیل ۔

Chicory : (n) [Gr."Kischoria"] (۱) نیلے پھول کا پودا جس کی جڑ کام میں لائی جاتی ہے ؛ کاسنی ؛ کاسنی تلخ ۔ (۲) بیخ کاسنی جو کبھی قہوے کے ساتھ کبھی قہوے کی جگہ استعمال ہوتی ہے ۔

Chicote : (n) [MF."Chicot"] چوبی دار دستے والا لمبا کوڑا ۔

Chide : (v) [OE."Cidan"] (۱) ڈانٹنا ؛ جھڑکنا ؛ سرزنش کرنا ؛ گھرکی دینا ؛ ملامت کرنا ؛ زجر و توبیخ کرنا ؛ شکوہ شکایت کرنا ؛ برا بھلا کہنا ؛ صلواتیں سنانا ۔ (۲) جھگڑا کرنا ؛ جھگڑنا ۔ (۳) شور و غل مچانا ۔

Chide : (n) شور (جھڑنے کا) ۔

Chider : (n) ڈانٹنے والا ؛ جھڑکنے والا ؛ سرزنش کرنے والا ؛ ملامت کرنے والا ۔

Chiding : (n) نزاع ؛ سرزنش ؛ ملامت ۔

Chidingly : (adv) ڈانٹتے ہوئے ؛ جھڑکتے ہوئے ؛ بطور سرزنش ۔

Chief : (n) [OFr."chef"] (۱) (نقابت) سپر یا ڈھال کا بالائی ثلث ۔ (۲) لیڈر ؛ راھنما ؛ رھبر ؛ سردار ؛ مکھیا ؛ پیشوا ؛ حاکم ؛ امیر ؛ رئیس ؛ قائد ۔ (۳) قوم، فرقہ یا جرگے کا سردار ؛ مکھیا ؛ چودھری ؛ شیخ قبیلہ ۔ (٤) افسر محکمہ ؛ بالاترین افسر ؛ افسر بالا دست ؛ حاکم ۔ (٥) بلندی ؛ رفعت ؛ بزرگی ۔ (٦) بدل خدمت ؛ زر استثنی جو معافی دار یا کاشتکار خدمت سے مستثنی کئے جانے کے عوض ادا کرے ۔

In chief : (۱) (نقابت) سپر یا ڈھال کے بالائی حصے میں بنا ھوا ۔

In chief : وہ جاگیر جو بادشاہ نے عطا کی ھو ۔

-in chief : اعلیٰ ؛ اعظم ۔

Colonel-in-chief : کرنل اعلیٰ ۔

Commander-in-chief : سپہ سالار اعظم ۔

Ruling chief : (n) (تاریخ) حکمراں راجہ ۔

Chief : (a) (۱) بلحاظ خطاب کے اول و اعلیٰ ۔ (۲) بلحاظ اھمیت یا اثر کے اول ؛ اھم ؛ خاص ؛ بزرگ ؛ اصلی ۔ (۳) پیش پیش ؛ نمایاں ؛ سربرآوردہ ؛ خاص ۔

Chief : (adv) (۱) خاص طور سے ؛ خاص کر کے ؛ بالخصوص ؛ اولاً ۔ (۲) (اسکاٹش) قریب ۔ (۳) (جمع میں) خاص یا اھم لوگ ۔

Chief good : خیر اعلیٰ ۔

Chief-justice : (n) قاضی اعلیٰ ؛ میر عدلیہ ؛ میر مجلس عدالت عالیہ ۔

Chief of Air staff : (انتظامیہ) سربراہ فضائیہ ۔

Chief of Army staff : (انتظامیہ) سربراہ مسلح افواج ۔

Chief of Materials : (انتظامیہ) سربراہ لوازمات

Chief of mission : (تاریخ) سربراہ مشن ۔

Chief of Naval staff : (انتظامیہ) امیر البحر ۔

Chief of Protocol : (تاریخ) سربراہ پروٹوکول ؛ سر رشتۂ آداب و رسوم ؛ (انتظامیہ) افسر تواضع ۔

Chief of staff : چیف آف اسٹاف ۔

Chief whip : (انتظامیہ) چیف وھپ ۔

Chiefage : (n) Cherage کا متبادل ۔

Chiefdom : (n) کسی سردار کی ریاست ؛ اس کا مرتبہ یا علاقہ ۔

Chiefery / Chiefry : (n) [Ir.] (۱) آئرلینڈ کے سردار کا عھدہ اور علاقہ ۔ (۲) کسی قبیلے کے سردار کے واجبات (مالگذاری اور پیشکش وغیرہ) ۔

Chiefess : (n) (مونث) چودھرائن ؛ سردارنی ۔

Chiefless : (a) بے سالار ؛ بے افسر ؛ بے سردار ۔

Chiefly : (a) امیرانہ ؛ سردارانہ ؛ سزاوار سرداری ؛ بزرگانہ ۔

Chiefly : (adv) (۱) سب سے پہلے ؛ سب سے پیشتر ۔ (۲) خاص کر ؛ خاص طور سے ؛ اغلباً ؛ غالباً ۔

Chiefship : (n) (۱) سرداری ؛ سرداری کا عھدہ ؛ امارت کا عھدہ ۔ (۲) افسری ؛ سرداری ؛ قیادت ؛ سالاری ۔

Chieftain : (n) [Late ME."Cheftain"] (۱) فوجی سردار ؛ قائد ؛ سالار ؛ ملک ؛ سرخیل ؛ (نظم میں) ۔ (۲) قزاقوں کا سرغنہ ؛ لٹیروں کا سردار ۔ (۳) پہاڑی قبیلوں کا رئیس یا شیخ ؛ غیر تمدن یافتہ قبیلہ کا سردار ؛ مکھیا ؛ چودھری ۔

Chieftaincy : (n) [after "Lieutenancy"] چودھراہٹ ؛ ریاست ؛ چودھری کا علاقہ ؛ سردار کا حلقہ ۔

Chieftainery : (n) سردار کا عہدہ یا علاقہ ؛ سرداروں کی جماعت ۔

Chieftainess : (n) چودھرائن ؛ سردارنی ۔

Chieftainship : (n) سرداری ؛ چودھراہٹ ؛ سالاری ؛ سرغنائی ؛ مکھیائی ۔

Chiel : (n) [ME. "Cheld"] (اسکاچستان) نوجوان ؛ بچہ ۔

Chield : (n) [Var. of CHILD] (اسکاچستان) نوجوان ؛ بچہ ۔

Chiff-chaff : (n) [From its note] ایک بھورے رنگ کی گانے والی چڑیا ۔

Chiffer / Chiffre : (n) [It. "Cifra"] عدد ؛ ہندسہ ۔

Chiffon : (n) [Fr. f. "chiffe"] (۱) (جمع میں) زنانہ پوشاک کی آرائشی و زیبائشی چیزیں جیسے بیلیں ، لیس ، جھالریں ؛ زنانہ کپڑا ۔ (۲) (واحد میں) ہلکا باریک کپڑا ۔

Chiffonade : (n) [Fr. "Chiffonnade"] باریک کٹی ہوئی سبزی جو شوربے یا سلاد میں کام آتی ہے ۔

Chiffonier / Chiffonnier : (n) [Fr. "Cheffonier"] (۱) آرائشی قسم کی خانہ دار الماری ؛ ششدرہ ۔ (۲) چیتھڑے جمع کرنے والا ۔

Chigetai : (n) [Also dzeggetai] [Mongolian "tchikhitei"] (منگولیا کا) خر وحشی ۔

Chigger : (n) [African origin] ایک قسم کا چھچڑا یا جوں جو آدمی یا جانوروں کا خون چوستا ہے ۔

Chignon : (n) [L. "Catena"] گدی پر بالوں کا جُتا ؛ بالوں کا جوڑا ۔

Chigoe : (n) [Fr.] جزائر غرب الہند اور جنوبی امریکہ کا ایک چھوٹا پسو جس کی مادہ پاؤں کے اندر گھس جاتی ہے اور خارش اور تکلیف دہ دانہ پیدا کرتی ہے ۔

Chihuahua : (n) [Mex. "Chihuahua"] بہت ہی چھوٹے قسم کا گول سر اور لمبے کانوں والا کتا ۔

Chikara : (n) [Skr. "Chikkara"] ایک قسم کا ہرن جو ہندوستان میں پایا جاتا ہے ۔

Chilblain : (n) سردی سے ہاتھ پاؤں کا پھٹنا ؛ بوائی ۔

Chilblained : (a) (Also chilblainy) [CHILL + BLAIN] بوائی دار ؛ پھٹے ہوئے (ہاتھ پیر) ۔

Child : (n) [OE. "cild"] (۱) جنین ؛ نوزائیدہ ؛ (آدمی کا) بچہ ؛ طفل ؛ کودک ۔ (۲) بچہ ؛ بالک ؛ بچی ۔ (۳) طفل مزاج شخص ؛ نادان ؛ نا سمجھ شخص ؛ سادہ لوح ۔ (۴) بیٹا یا بیٹی (کسی عمر کی) ؛ فرزند ؛ دختر ۔ (۵) اولاد ۔ (۶) آل اولاد ؛ خلف ؛ نسل (حقیقی و مجازی دونوں معنوں میں) ؛ طرفدار ؛ جانبدار ؛ پیرو ؛ متوسل ۔ (۷) نتیجہ ؛ زادہ ۔ (۸) متبنّی ۔ (۹) شاگرد ؛ مرید ؛ کلیسائی سرود خواں جماعت کا ایک بچہ ۔ (۱۰) شریف زادہ ؛ امیر زادہ ۔ (۱۱) پروردہ

Abandoned child : (سماجیات) متروک بچہ ۔

Antisocial child : (نفسیات) سماج مخالف بچہ ۔

Asocial child : (نفسیات) نا ملنسار بچہ ۔

Burnt child dreads fire : دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے ۔

Delinquent child : (نفسیات) بد راہ بچہ ۔

Dependent child : (نفسیات) سہارا طلب بچہ ۔

Deviate (or Deviant) child : (نفسیات) منحرف بچہ ۔

Dull child : (نفسیات) غبی بچہ ۔

Exceptional child : (نفسیات) استثنائی بچہ ۔

Exceptionally intelligent child : (نفسیات) غیر معمولی ذہین بچہ ۔

Feeble minded child : (نفسیات) ضعیف العقل بچہ ۔

Guidance child : (نفسیات) رہنمائی اطفال

Handicapped child : (نفسیات) معذور بچہ

Imaginative child : (نفسیات) ذی تخیل بچہ ۔

Mentally retarded child : (نفسیات) پسماندہ ذہن بچہ ۔

Child-birth : (n) وضع حمل ؛ (درد) زہ ؛ ولادت ؛ درد زہ ۔

Child clinic : (n) (سماجیات) بچوں کا کلینك / اسپتال ۔

Child crowing : (n) خناق اطفال جس میں زور سے سانس چلتی ہے ۔

Child-guidance : (n) (۱) بچوں کی ناسازگی کا مطالعہ اور علاج ۔(۲) بچوں کی صلاحیت کے مطابق ان کو ہدایت دینے کا عمل ۔ (۳) (سماجیات) بچہ کی رہنمائی ۔

Child labour : (n) قانون کے خلاف بچوں سے کسی کارخانہ میں کام لینا ۔(تجارت) طفلی محنت ؛ بچہ مزدور ۔

Child language : (n) (شماریات) بچوں کی زبان ؛ بال زبان ۔

Child-likeness : (n) طفل وشی ؛ بچپنا ؛ معصومیت ؛ بے لوثی ؛ سادہ لوحی ۔

Child minder : (n) والدین کی غیر حاضری میں بچوں کی نگہ بانی کرنے والا ۔

Child mortality : (n) (تجارت) بچوں کی موتیں ۔

Child of God : نکو کار ؛ ولی ؛ اللہ والا ۔

Child of Izzak walten : مچھلی کا شکاری ؛ ماھی شکار ۔

Child of Nature : ابن فطرت ؛ پروردہ فطرت ؛ فطرت کا لال ۔

Child of the devil : شیطان زادہ ؛ بد ؛ بد کار ؛ خبیث ۔

Child psychology : (n) بچوں کی نفسیات کا مطالعہ ۔

Child rites : (n) بچوں کے بپتسما کے رسوم ۔

Child sacrifice : (n) (سماجیات) بچے کی قربانی ۔

Child welfare : (n) سماجی کام جو بچوں کی بہبود کے لیے ہوتا ہے ؛ (سماجیات) بچے کی فلاح و بہبود ۔

Child wife : (n) بالك دلہن ؛ بال استری ۔

Childcare : (n) (سماجیات) بچہ کی دیکھ بھال ۔

Childe : (n) دیکھو Child

Neglected child : (نفسیات) ناپرس بچہ ؛ (سماجیات) نظر انداز شدہ بچہ ۔

Nervous child : (نفسیات) غصبی بچہ ۔

Normal child : (نفسیات) نارمل بچہ ؛ طبعی بچہ ۔

Overgrown child : (نفسیات) زائد جنہ بچہ ۔

Over inhibited child : (نفسیات) بے حد اظہار بستہ بچہ ۔

Over protected child : (نفسیات) بےحد تحفظ زدہ بچہ ۔

Physically retarded child : (نفسیات) پسماندہ جسم بچہ ۔

Precocious child : (نفسیات) پیش رس بچہ ۔

Preschool child : (نفسیات) قبل مدرسہ عمر کا بچہ ۔

Problem child : (نفسیات) مسئلہ خیز بچہ ۔

Rejected child : (نفسیات) مسترد بچہ ۔

Retarded child : (نفسیات) پس ماندہ بچہ ۔

Superior child : (نفسیات) برتر بچہ ۔

Talented child : (نفسیات) باصلاحیت بچہ ۔

This child : (n) (سوقیانہ) (اپنی طرف اشارہ) مراد "میں یا مجھے" ؛ ایں جانب ۔

Truant child : (نفسیات) بھگوڑا بچہ ۔

Typical child : (نفسیات) مطابق ، ثانپ بچہ ۔

With child : (۱) پیٹ میں ہونا ؛ دوجی سے ہونا ؛ حمل سے ؛ حاملہ ؛ امید یا اس سے ہونا ؛ بار دار ۔(۲) مشتاق (کسی کام کے لئے) ۔

Withdrawn child : (نفسیات) تنہائی پسند بچہ ۔

Child-bearing : (n) وضع حمل ؛ زچگی ؛ بچہ دینا ۔

Child-bed : (n) (۱) زچگی یا وضع حمل کی حالت ؛ عالم زچگی ؛ جاپا ۔(۲) وہ بستر جس پر وضع حمل ہو ۔

Childed : (a) بچہ یا بچوں والی ؛ بچہ دار ۔

Childermass : (n) [OE."cildramaesse"] عید معصومین ؛ مقدس معصوموں کا تہوار = ۲۸/دسمبر ۔

Childhood : (n) [OE."cildhad"] (۱) بچہ ؛ طفلی ؛ بالك پن ۔ (۲) زمانہ طفلی ؛ پیدائش سے بلوغ تك ؛ ایام طفلی ؛ بچپن کا زمانہ ۔ (۳) (مجازاً) آغاز ؛ ابتدائی عہد ۔

Second childhood : سترا بہترا ؛ بڈھا پوس ۔

Childing : (a) (۱) حاملہ ۔ (۲) بار آور ۔ (۳) بڑے غنچے کے نزدیك چھوٹے غنچے پیدا کرنے والا ۔

Childish : (a) [OE."cildisc"] (۱) طفلانہ ؛ بچوں کے متعلق ؛ بچکانہ ۔ (۲) طفل مزاج ؛ بچوں کا سا ؛ سفیہانہ ؛ احمقانہ ؛ کودکانہ ۔

Childishly : (adv) بچکانہ پن سے ؛ طفلانہ طور پر ؛ احمقانہ طریقہ پر ۔

Childishness : (n) طفلانہ پن ؛ بچکانہ پن ؛ طفل مزاجی ۔

Childless : (a) بے اولاد ؛ لا ولد ؛ بے فرزند ؛ نپوت ۔

Childlessness : (n) بے اولادی ؛ لا ولدی ؛ بے فرزندی ۔

Childlike / Child-like : (n) بچوں کی سی ؛ طفل وش ؛ بچوں کی اچھی صفت مثل معصومیت اور اخلاص رکھنے والا ؛ معصوم صفت ؛ بے لوث ۔

Childliness / Childness : (n) بچگی ؛ طفلی ۔

Childly : (adv) معصوم صفت ؛ مثل بچہ ؛ بطور بچکانہ ۔

Childness : (n) دیکھو Childliness

Children : (n) [OE."childra"] بچے ؛ اطفال ۔

Children act : (designed to protect children , 1908) (برطانیہ تاریخ) چلڈرن ایکٹ ۔

Children of Israel : یہودی ؛ قوم یہود ۔

Children of light : فرزندان نور (عیسائی) ۔

Children of the sun : (تاریخ) ابنائے شمس (قدیم لوگ جو بڑی بڑی چٹانوں کو نصب کرتے تھے ؛ (" انکا " سلطنت کی مہذب رعایا) ۔

Children's allowance : (n) (تجارت) بچوں کا الاؤنس ۔

Children's assurance : (n) (تجارت) بیمہ؛ بچگان ۔

Deferred children's assurance : (تجارت) التوائی بیمہ؛ بچگان ۔

Children's court : (n) وہ عدالت جہاں ملزم بچوں کے مقدمے کی سماعت ہوتی ہے ؛ (سماجیات) بچوں کی عدالت ۔

Children's day : (n) خاص دن خصوصاً جون کا دوسرا اتوار جو پروٹسٹنٹ گرجوں میں منایا جاتا ہے ۔

Children's endowment policy : (تجارت) بال بندوبستی پالیسی ۔

Child's play : (n) بازیچہ؛ اطفال ؛ آسان کام ؛ بچوں کا کھیل ۔

Chile / Chili : (n) فلفل سرخ ؛ لال مرچ ۔

Chiliad : (n) [L."chilias"] (۱) ہزار ۔ (۲) ہزاری ؛ ہزار برس ؛ ہزار سال کی مدت ؛ ست یگ ۔

Chiladal / Chiliadic : (a) ہزار سال سے متعلق ۔

Chiliagon : (n) [Gr."chilie+gonia"] ایسی سطح جس میں ہزار زاویئے ہوں ۔

Chiliahedron : (n) [Gr."chilie+edpa"] ایسی سطح جس میں ہزار ضلعے ہوں ۔

Chiliarch : (n) [Gr."chiliarches"] ایك ہزار سپاہیوں کا سالار ۔

Chiliarchy : (n) ایك ہزار آدمیوں کی سالاری ۔

Chiliasm : (n) [Gr."chiliasmos"] الفیت ؛ یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دنیا میں آکر ایك ہزار برس تك بادشاہت کریں گے ؛ (تاریخ) نظریہ الفیت ۔

Chiliast : (n) الفی ؛ الفیا ؛ اس عقیدے کا ماننے والا ۔

Chiliastic : (a) الفیت کے متعلق ۔

Chiliastically : (adv) الفیت سے ۔

Chilli / Chilly : (n) [Aztec,"chilli"] دیکھو Chile

Chillily / Chilly : (adv) سرد مہری سے ؛ سرد مزاجی سے ؛ بے رخی سے ؛ رکھائی سے ۔

Chilliness : (n) سردی ؛ ٹھنڈک ؛ سرد مزاجی ؛ نا ملنساری ؛ روکھائی ؛ بے رخی ۔

Chillingly : (adv) سرد مہری سے ؛ سرد مزاجی سے ؛ روکھائی سے ۔

Chillo : =(chilo) واصلہ بمعنی " لب "

Chillsome : (a) سرد ؛ ٹھنڈا ۔

Chillum : (a) [Pers."chilam"] چلم ۔

Chillumchee : (n) [Pers."chilamchi"] چلمچی ۔

Chilly : (a) (۱) سرد ؛ ٹھنڈا ؛ خنک ۔ (۲) تھوڑا ٹھنڈا ۔ (۳) جو کسی قدر سردی محسوس کرے ؛ سردی یا نزلہ وغیرہ سے اثر پذیر ہونے والا ۔ (٤) سرد مزاج ؛ سرد مہر ؛ کم ملنسار ؛ نا ملنسار ؛ غیر تاثراتی نکتہ چینی ؛ خوف پیدا کرنے والا ۔

Chilmoogra : (n) دیکھو Chalmoogra

Chilo / Cheil : (n) [Gr."cheilos"] ایک قسم کا چھوٹا پتلا پروانہ یا پتنگا جو رات میں نکلتا ہے ۔

Chilognathan : (a & n) [f. mod.L."chilognatha"] جفت پایاں ۔

Chiloma : (n) [Gr."chilos"] دودھ پلانے والے جانوروں کا بالائی لب جو ناک سے سلا رہتا ہے ۔

Chilopod : (n) [f. mod. L."chilopoda"] صدپا ۔

Chilopodan : (a & n) صدپایہ ۔

Chilopodus : (a) صدپایہ کی فطرت کا ۔

Chilostomatous : (n) [Gr."chilos + stomat"] وہ خلیہ جس کا منہ متحرک لب سے بند ہو ۔

Chilter Hundreds : انگلستان کے دارالعلوم سے استعفا دے دینا ۔

Chiltern : (n) [OE."ciltern"] (۱) کھلٹن کی پہاڑیوں کا سلسلہ جو جنوبی انگلستان میں ہے ۔ (۲) کھلٹن جیسی دار ؛ بالو دار اور سنگریزہ دار مٹی جو فطری طور پر خشک ہوتی ہے ۔

Chill : (n) [OE."cele"] (۱) کپکپی ؛ ٹھنڈ ؛ لرزہ ؛ تھر تھر تھری ؛ جھر جھری ۔ (۲) ہوا ، پانی وغیرہ کی ناگوار خنکی ؛ سردی ۔ (۳) افسردگی ؛ اداسی ؛ اضمحلال ؛ پژمردگی ؛ اوس (مجازاً) ۔ (٤) سرد مہری ؛ روکھائی ؛ بے رخی ؛ نا امیدی ؛ یاس ۔ (٥) ایک سانچہ جس میں کھولتے ہوئے لوہے یا دوسری دھات کو ٹھنڈا کیا جاتا ہے ۔ (٦) کسی ڈھالی ہوئی چیز کا سخت حصہ ۔ (۷) جوڑدار سلاخ جو دستی مطبع کی پلیٹ کو متحرک کرتی ہے ۔

Liver child : جگر کا نزلہ ؛ نزلہ کبدی ۔

To cast / throw a chill over : اوس پڑنا ؛ اداسی چھا جانا ؛ افسردہ کرنا ۔

To catch a chill : سردی لگ جانا ؛ زکام ہو جانا ؛ نزلہ ہو جانا ۔

To give one a chill : سردی لگانا ۔

To take the chill off (of a liquid) : خنکی کو دور کرنا ؛ ٹھنڈک مارنا ۔

Chill : (a) (۱) بہت ہی ٹھنڈا ؛ یخ سا ؛ سرد ؛ ناگوار طور پر ٹھر پیدا کرنے والا ۔ (۲) سردی زدہ ؛ جاڑے کا مارا ؛ ٹھٹھرتا ہوا ۔ (۳) بے حس ؛ ٹھس ؛ ٹھنڈے خون کا ؛ سرد دلا ؛ خشک ؛ بے جوش ۔

Chill : (v) (۱) سرد ہو جانا ؛ سرد کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ خنک ہونا ؛ سردی سے مرجانا ؛ پالا مار جانا ۔ (۲) سردی سے ٹھٹھر جانا ؛ سردیا جانا ۔ (۳) سست ہو جانا ؛ تنگ دل کرنا یا ہو جانا ؛ افسردہ کرنا ؛ آزردہ کرنا ؛ پژمردہ کرنا ؛ دل یا جی توڑنا ؛ خراش کرنا ؛ نا امید کرنا یا ہونا ؛ اوس پڑ جانا ۔ (٤) پگھلے ہوئے لوہے کو سرد لوہا ڈال کر جمانا یا سانچے میں ڈھالنا ۔ (٥) (محاورہ) سردی مارنا ۔ (٦) وارنش کی ہوئی سطح کو دھندلا کرنا ۔

Chill-room : (n) گوشت کو ٹھنڈا رکھنے کا کمرہ ۔

Chiller : (n) (۱) خوفناک قصہ ؛ خون یا کچنی فوق الفطرت واقعے سے متعلق ۔ (۲) خنک ساز آلہ ؛ کھانے کو ٹھنڈا رکھنے کا ڈبہ یا خانہ ۔ (۳) ایک قسم کا آلہ جو پیرافین سے ٹھنڈا کر کے موم نکالنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) خنک ساز آلہ کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

Chilver : (n) [OE."cilfer"] بھیڑ کی ایک قسم ۔

Chimaera : (n) [Var. of CHIMERA] Chimera کی متبادل شکل ۔

Chimaera : (n) استخواں غضروفی والی مچھلی سے متعلق ۔

Chimaeroid : (a) [f. CHIMERA+OID] استخواں غضروفی والی مچھلی سے متعلق ۔

Chimbe : [Var. of chime] Chime کی متبادل شکل ۔

Chime : (n) (Also Chimb) [L.MDU."kimme"] (۱) کگر ؛ کور ؛ پیپے کے نکلے ہوئے کنارے ۔ (۲) عرشہ ، جہاز کی نالی کا سب سے موٹا حصہ ۔

Chime : (n) [L."chimmbalum"] (۱) ہم آہنگ گھنٹوں کا ساز ؛ جھنکارہ ۔ (۲) گھنٹوں کے ساز کی سریلی آواز ؛ جھنکار ؛ چھم چھم ۔ (۳) موسیقیت ؛ ایک تال ہونا ؛ ہم آہنگی ۔ (٤) موافقت ؛ ہمنوائی ؛ مطابقت ۔ (٥) وزن (شعر کا) ۔

Chime : (v) [ME."chimbe","chyme"] (۱) گھنٹوں کا سریلا بجنا یا بجانا ۔ (۲) سریلی آوازیں نکالنا ۔ (۳) گھنٹیوں سے آوازیں نکالنا ۔ (٤) گھنٹہ بجاکر وقت بتانا ؛ گجر بجانا ۔ (٥) گھنٹی بجا کر بلانا ۔ (٦) بے ارادہ باربار دہرانا ؛ رٹ لگانا ۔ (۷) ہم آواز ہونا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ ہم سر ہونا ۔ (۸) موافقت ظاہر کرنا ؛ ہمنوا ہو جانا ؛ ہاں میں ہاں ملانا ؛ سر میں سر ملانا ۔ (۹) دمسازی کرنا ۔

Chime : (v) پیپے کا کگر بنانا ۔

Chime in : (v) شریک ہونا گانے یا گفتگو وغیرہ میں ؛ متفق ہونا ؛ اتفاق ظاہر کرنا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ دخل دینا ؛ دخل انداز ہونا ۔

Chimer / Chimere : (n) [Fr."simarre"] پادری یا اسقف کی عبا ۔

Chimer : (n) [F. Chime (v)] گھنٹی بجانے والا ۔

Chimera / Chimaera : (n) [Gr."chimaera"] (۱) (یونانی دیو مالا) عجیب الخلقت جانور جس کا سر شیر کی طرح، جسم بکری کی طرح اور دم سانپ کی طرح ہوتی تھی اور منہ سے شعلے نکلتے تھے ؛ اسی قسم کا خیالی عجیب الخلقت جانور (مصوری یا نقاشی میں) ۔ (۲) ہوا ۔ (۳) (نباتیات) دو نسلا ؛ دو رنگا پودا ۔ (٤) وہم ؛ خیال باطل ۔ (٥) خام خیالی ۔

Chimeric / Chimerical : (a) خیالی ؛ بے اصل ؛ بے بنیاد ؛ پا در ہوا ؛ موہوم ؛ وہمی ؛ خام خیالی ؛ عجیب و غریب ۔

Chimerically : (adv) خیالی طور پر ۔

Chiminage : (n) [OFR."cheminage"] جنگل سے گذرنے کا ٹیکس ؛ جنگل کی راہداری کا محصول ؛ باج راہ (خصوصاً جنگل کے گزرنے کا) ۔

Chimney : (n) [Gr."kaminos"] (۱) آتش دان ؛ بھٹی ؛ بھٹی یا انجن سے دھواں یا بھاپ نکلنے کا راستہ ؛ دود دان ؛ دود کش ؛ چمنی ؛ دھنوارا ۔ (۲) چمنی کا حصہ جو مکان کی چھت سے اوپر رہے ۔ (۳) لیمپ کی چمنی ۔ (٤) دہانہ ، جیسے آتش فشاں کا دہانہ ۔ (٥) (پہاڑیوں کی اصطلاح) تنگ شگاف یا راہ جس سے پہاڑی پر چڑھ سکیں ۔ (٦) کسی دکان کا ڈھلواں راستہ ۔

Chimney : (v) کوہ پیمائی میں بغل میں دباؤ ڈال کر چڑھنا ۔

Chimney back : (n) آتش دان کی پشت یا سہارا ۔

Chimney board : (n) موسم گرما میں آتش دان بند کرنے کا تختہ ۔

Chimney breast : (n) آتش دان اور کمرے کے درمیان دیوار کا نکلا ہوا حصہ ۔

Chimney corner : (n) آتش دان کے قریب کی جگہ ؛ پرانے زمانے کے آتش دان کے گرد کی گرم جگہ ۔

Chimney corner : (a) سطحی ؛ کم غور و فکر کا ۔

Chimney hook : (n) آتش دان کے قریب برتن وغیرہ لٹکانے کا ہک ۔

Chimney jack : (n) باد گیر ۔

Chimney-piece : (n) لکڑی یا پتھر کی تختی جو انگیٹھی کے اوپر لگی ہوتی ہے ؛ آتش دان کی پیشانی ؛ آتش دان کے اوپر اور ارد گرد کی آرائشی ساخت ۔

Chimney-pot : (n) مٹی یا دھات کا نلوا جو چمنی کی چھت کے اوپر کے حصے پر لگا رہتا ہے ؛ چمنی نلوا ۔

Chimney-pot hat : (n) ریشم کی اونچی ہیٹ ۔

Chimney shaft : (n) چمنی کا وہ حصہ جو مکان کی کی چھت کے اوپر رہے؛ ساق چمنی ۔

Chimney stack : (n) ساق چمنیوں کی قطار ۔

Chimney stalk : (n) دیکھو Chimnecy shaft

Chimney swallow : (n) ابابیل ۔

Chimney sweep / sweeper : (n) (۱) چمنی روپ ؛ چمنی صاف کرنے والا - (۲) چمنی برش ۔

Chimney tax : (n) چمنی کا محصول ۔

Chimney top : (n) ساق چمنی ۔

Chimneyless : (a) بغیر چمنی کا ؛ بغیر آتش دان کا ۔

Chimpanzee : (n) [Native name in Angola, W. Africa] بوزنہ ؛ افریقہ کا لنگور جو انسان کے مشابہ ہوتا ھے ؛ چمپا نزی ۔

Chimpanzoid : (a) بوزنہ کے متعلق یا مشابہ ۔

Chin : (n) [OE."cin(n)"] ٹھوڑی ؛ ٹھڈی ؛ زنخ ؛ زنخدان ؛ ذقن ۔

Up to the chin : سر تا پا غرق ؛ گلے تک ڈوبا ھوا ۔

Chin : (v) بات چیت کرنا ؛ بولنا ؛ ٹھوڑی سے دابنا ؛ سارنگی کو ٹھوڑی سے دبانا ۔

Chin-chin : (n) [Chinese,"ts ing ts ing"] سلام ؛ احترام ۔

Chin-chin : (v) (۱) سلام کرنا ؛ مودبانہ گفتگو کرنا ۔ (۲) گفتگو کرنا ۔

Chin music : (n) (امریکہ) بك بك ؛ گفتگو ؛ بات چیت ۔

Chin mute : (n) ٹھوڑی سے داب کر وائلن کی آواز کو دھیما کرنا ۔

Chin-rest : (n) سارنگی کے سرے کے لئے ایك ترکیب تا کہ اس کو ٹھوڑی سے دبایا جائے ۔

Chin strap : (n) ھیٹ کا تسمہ جو ٹھوڑی سے لگایا جاتا ھے ۔

Chin-up : (a) دلیر ؛ بہادر ۔

Chin up : (n) دلیری ؛ بہادری ۔

Chin wag : (n) (عامیانہ) بات چیت ؛ گفتگو ؛ غپ شپ / گپ شپ ۔

Chin welk : (n) ٹھڈی کی ایك بیماری ۔

China : (n) [of doubtful origin] ملك چین ؛ براعظم ایشیا کا ایك ملك ۔(۲) چین کا باشندہ ؛ چینی ۔ (۳) چینی (جس سے برتن بناتے ھیں) ؛ چینی کا بنا ھوا ۔(٤) چینی کے برتن ؛ ظروف چینی ۔

China : (n) (عامیانہ) دوست ؛ یار ۔

China : (n) [From "china" in Asia] ایك قسم کے پودے کی گدی دار موٹی جڑ ؛ چائنا روٹ ۔

China : (n) [Var.of"kina"or"quina"] سنکونا کی چھال ؛ اس سے تیار کردہ ایك ھومیو پیتھك دوا ۔

China-ale : (n) ایل شراب جس میں رامی کا ذائقہ ملا رھتا ھے ۔

China-aster : (n) گل مینا ؛ مینا فرنگی ۔

China-broth : (n) رامی ملا کر ذائقہ دار کیا ھوا شوربہ ۔

China-clay : (n) چینی مٹی ؛ گل چینی ۔

China closet /-cabinet : (n) چینی کے برتن رکھنے کی الماری ۔

China-crape : (n) چینی مٹی ؛ گل چینی ۔

China glaze : (n) نیلا رنگ رنگنے کا مسالہ ۔

China grass : (n) چینی گھاس ؛ رامی اور کپڑا جو اس کے مضبوط ریشے سے بنتا ھے ۔

China-ink : (n) سیاہ روشنائی جو پھلیا اور گوند ملا کر سکھا کر سلائیوں کی شکل میں بکتی ھے ۔

China-mania / Chinamania : (n) (۱) پرانے چینی ظروف جمع کرنے کا خبط ۔(۲) چین پرستی ؛ چین زدگی ۔

China-maniac : (n) چین پرست ؛ چین زدہ ۔

China-orange : (n) چینی نارنگی ۔

China-pink : (n) ایك قسم کا چھوٹا پودا جس میں سفید یا گلابی پھول ھوتے ھیں ۔

China-root : (n) رامی ؛ چائنا ؛ چائنا روٹ ۔

China rose : جھاڑی دار چینی گلاب ۔

China-silk : (n) ہلکا چینی ریشمی کپڑا ۔

China-tea : (n) چھوٹے پودے کی چھوٹی پتی والی چینی چائے ۔

China-town : (n) کسی شہر کا وہ حصہ جس میں چینی رہتے ہیں ۔

China-tree : (n) زیتون تلخ ۔

China-ware : (n) چینی کا برتن ؛ ظروف چینی ۔

China-wax : (n) چینی موم ۔

Chinaman : (n) (۱) چینی ظروف کا دکاندار ۔ (۲) چین کا باشندہ ؛ چین کا رہنے والا ؛ چینی ۔

Chinaman's hat : ایک قسم کا گھونگا ۔

Chincapin / Chinquapin : (n) [Corruption of N Amer.native] کرتاہ قد شاہ بلوط کا درخت جو امریکہ میں پایا جاتا ہے ۔

Chinch : (n) [L."cimicem"] (۱) کھٹمل ۔ (۲) کھٹمل سے مشابہ ایک کیڑا ۔

Chinchilla : (n) [Sp."chinchilla"] (۱) جنوبی امریکہ کا ایک چھوٹا کترنے والا جانور ؛ چنچیلا ۔ (۲) چنچیلا کی کھال ۔ (۳) ایک قسم کا کپڑا جو لچھےدار ہوتا ہے ۔ (٤) ایک قسم کا خرگوش جو کھال کے لئے پالا جاتا ہے ۔ (٥) سفید بڑے بالوں والی بلّی ۔

Chinchona : (n) (۱) سنکونا کا درخت ؛ چھال ۔ (۲) سنکونا کی چھال سے بنی دوا ۔ (۳) کونین ۔

Chinchy : (n) [L."ciccum"] بخیل ؛ کنجوس ۔

Chincough : (n) [For"chink-cough"] ککر کھانسی ؛ کالی کھانسی (بچوں کی) ۔

Chine : (n) [OE."cinu"] تنگ گہرا نالا (جو پانی کے ذریعہ نرم چٹانوں کے کٹنے سے بنا ہو) ۔

Chine : (n) [OFr."eschine"] (۱) ریڑھ کی ہڈی ۔ (۲) کگر ۔ (۳) عرشے کی نالی کا موٹا حصہ ۔ (٤) (مطبخ) پیٹھ کا پارچہ ۔

Chine : (n) دیکھو Chime

Chine : (v) (۱) ریڑھ کی ہڈی کو کاٹنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ پارچے بنانا ۔ (۲) پیٹھ توڑنا ۔ (۳) کنارہ یا کگر بنانا ۔

Chine : (n) رنگ برنگ کی بندکیوں والا ۔

Chined : (a) ریڑھ دار ؛ ریڑھ کی ہڈی رکھنے والا ۔

Chinee : (n) [back-formation"chinese"] (۱) چین کا رہنے والا ؛ چین کا باشندہ ؛ چینی ۔ (۲) چینی زبان ۔

Chinela : (n)[Sp."chinela"] بےریڑھ والی سلیپر جو فلپائن کی عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

Chinese : (n) [f.CHINA(Indian name)] دیکھو Chinee

Chinese : (a) چین کا ؛ چینی ۔

Chinese boxes : (n) درجے وار ڈبے جو ایک دوسرے میں آسانی کے ساتھ رکھے جا سکتے ہیں ۔

Chinese lantern : (n) چینی قندیل ؛ چینی کاغذی فانوس ۔

Chinese puzzle : (n) پیچیدہ معمہ ۔

Chinese wall : (n) (۱) دیوار چین جو تیسری صدی قبل مسیح میں چین اور منگولیا کے بیچ بنائی گئی تھی اور پندرہ سو میل لمبی ہے ۔ (۲) کوئی بھی رکاوٹ ۔

Chinese wax : (n) (کیمیا) چینی موم ۔

Chinese white : (n) سفیدہ چینی ؛ ایک قسم کی سفیدی ۔

Chinfest : (v) مشورہ کرنا ؛ رائے کرنا ۔

Ching : (n) [Chinese"ching"] چینی مقدس کتاب ۔

Ching-ming : (n) موسم بہار کا چینی تہوار جس میں قبروں کو سجایا جاتا ہے اور مردوں کو نذر پیش کی جاتی ہے ۔

Chink : (n) [f.CHINK(v)] ہنسی یا کھانسی کا بے اختیار تشنجی دورہ ۔

Chink : (n) [rel.in some way to CHINE] (۱) تڑک ؛ دراز ؛ دراڑ ؛ شگاف ؛ سوراخ ؛ رخنہ ؛ چھید ۔ (۲) شگاف یا دراز سے آنے والی شعاع کا نور یا پرتو ۔ (۳) سوراخ بند کرنے کی لکڑی ۔

Chink : (n) [Echoic.] (۱) شیشے یا دھات کے برتنوں کی جھنکار ؛ جھنکار ؛ جھنجھناهٹ ؛ روپیہ وغیرہ کے بجنے کی آواز ۔ (۳) (سوقیانہ) نقد روپیہ ؛ نقدہ حرمتہ ؛ مبلغ علیہ السلام ۔ (٤) ایک قسم کی چڑیا ۔

Chink : (n) (امریکہ) (تحقیراً) چینی ؛ چین کا باشندہ ۔

Chink(Also kink) : (v) [origin unknown] بے اختیار ھانپنا (کھانسی یا ھنسی کے دورہ میں) ۔

Chink : (v) [f.CHINK] سوراخ ، شگاف ، دراز وغیرہ بھرنا ۔

Chink : (v) [Echoic] کھنکنا ؛ روپیہ ، برتن وغیرہ بجانا ؛ جھنکارنا ؛ جھنجھنانا ۔

Chink: (v) [origin unknown] مروڑنا ؛ مرك جانا ؛ موچ آنا ۔

Chinking : (n) شگاف کو بند کرنے کا مسالہ یا کوئی دوسری چیز ۔

Chinkle : (v) مسلسل جھنجھنانا ؛ مستقل کھنکھنانا ۔

Chinkless : (a) [f. CHIN(n)] بغیر ٹھوڑی کا؛ دھنسی ھوئی ٹھوڑی والا ۔

Chinky : (a) [f.CHINK] شگاف دار ؛ سوراخ دار ؛ رخنہ دار ۔

Chinned : (a) ٹھڈی دار ؛ زنخ دار ؛ ذقن دار ۔

Chino : (۱) ھسپانوی امریکی مخلوط نسل کا ۔ (۲) چینی نارنگی ۔

Chino : (n) خاکی رنگ کا کپڑا ۔

Chino-(comb.) واصلہ بمعنی " چینی " ۔

Chinoidine : (n) [f.CHINA] کونین کے فضلات میں پایا جانے والا گوند جیسا مادہ ۔

Chinoiserie : (n) [Fr."chinois-+erie"] چینی فن کا اسلوب خصوصاً آرائش میں (لباس ، فرنیچر، تعمیرات وغیرہ میں) ۔

Chinoline : (n) [f.CHINA+ L."oleum"+INE] ایک روغنی مادہ (COHIN) جو پوٹاشیم ھائڈرو آکسائڈ کے ساتھ کونین کی تقطیر سے نیز کوئلے کی خشک تقطیر سے حاصل ھوتا ھے ۔

Chinologist : (n) ماہر صینیات ۔

Chinook : (n) [N. AMER. A native name] دریائے کولمبیا کے شمالی کنارے پر رھنے والی امریکی ھندوستانی قوم یا اس قوم کا ایک فرد یا زبان ؛ مرطوب اور کسی قدر گرم ھوا جو شمالی امریکہ کے سمندری علاقوں میں چلتی ھے ۔

Chinotto : (n) [Origin unknown] ترش نارنگی کا درخت ۔

Chinquapin : [Var. of CHINCAPIN] Chincapin کا متبادل ۔

Chinse : (v) [var.of CHINK(v)] (۱) سوراخ ؛ شگاف بند کرنا ۔ (۲) (جہاز رانی) دراز کو بند کر دینا ھلکے سے یا عارضی طور پر ۔

Chintz : (n),(Pl. chintaes) [Hindi"chint"] چھینٹ (کپڑا) ؛ پھلور کپڑا ۔

Chintzy : (a) (۱) چھینٹ سے آراستہ کیا ھوا ۔ (۲) بھڑکیلا اور سستا ۔

Chiolite : (n) [Gr."chion"] (معدنیات) الومینیم اور سوڈیم کا فلورائیڈ ۔

Chionablepsia : (n) [L.] برف کی چمك سے آنکھ کا خیرہ ھونا ۔

Chip : (n) [OE."cipp","cyp"] (۱) چپٹی ؛ چھپٹی ؛ کتلی ؛ چیلی ۔ (۲) آلو وغیرہ کی پتلی قاش ۔ (۳) ٹوپیاں بنانے کے لئے لکڑی یا پیال وغیرہ کی کھپچی ؛ کھپاچ ؛ تیلی ۔ (٤) چینی کے برتنوں وغیرہ میں ایسی جگہ جہاں سے کوئی ریزہ ٹوٹ گیا ھو یا اتر گیا ھو ؛ چھیپ ۔ (٥) (جہاز رانی) رفتار پیمائی کی ڈوری کے سرے میں لگا ھوا ایک مثلث لکڑی کا ٹکڑا ۔ (٦) بلور کا چھوٹا ٹکڑا ۔ (۷) نا تراشیدہ ھیرے کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ۔ (۸) بے قیمت چیز ؛ کوئی اپنی قسم کی چھوٹی چیز ؛ سوکھی ھوئی اور بے مزہ کوئی چیز ۔ (۹) وہ جزو جس میں کل کی خصوصیت ھو ۔ (۱۰) سکہ ؛ گٹا ۔ (۱۱) ساز کے پردے کا ایک نام ۔ (۱۲) (جمع میں) (عامیانہ) روپئے، سکے جیسے شلنگ، روپیہ ، سوورین وغیرہ ۔ (۱۳) شرط ؛ بازی ۔ (۱٤) اُپلہ ؛ گوئٹھا ۔ (۱٥) گولف کی ایک ضرب ۔

Dry as a chip : بے مزہ ؛ غیر دلچسپ ؛ پھیکا ۔

Chip : (n) (۱) کشتی کا داؤ ؛ اڑنگا ۔ (۲) جھگڑا ۔

Chip : (v) (۱) لکڑی چھیلنا ؛ لکڑی کاٹنا ۔ (۲) (پتھر ، ظروف وغیرہ سے) کنارے پر سے توڑنا ؛ چھپٹی اتارنا ۔ (۳) پترے اتارنا یا کاٹنا ۔ (٤) کمزور ، نازک ، خستہ ہونا کناروں یا کگر سے ۔ (٥) کھودنا (نقش کا) ؛ تراشنا ۔ (٦) پھوڑنا (خول کا جیسے چوزے انڈے پھوڑ کر نکلتے ہیں) ؛ کٹکنا ۔ (۷) ریزہ ریزہ کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ (۸) (آسٹریلیا) سراون پھیرنا ؛ کھودنا ؛ کوڑنا ۔ (۹) تمسخر کرنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ تضحیک کرنا ۔ (۱۰) تاش کے کھیل میں بازی لگانا ۔ (۱۱) گولف میں اس طرح ضرب لگانا کہ گیند زمین سے اچھل جائے ۔

Chip / Chepp : (n & v) دیکھو Cheep (n & v)

Chip : (v) (۱) اڑنگے لگانا ؛ داؤ پیچ کرنا ۔ (۲) جھگڑنا ۔ (۳) تیزی سے چلنا ۔

Chip axe : (n) چھوٹی کلہاڑی ۔

Chip carving : (n) (تاریخ) نقش تراشی ۔

Chip in : (v) (۱) (سوقیانہ) مخل ہونا ؛ دخل در معقولات کرنا ؛ بیچ میں بول اٹھنا ؛ بات کاٹنا ۔ (۲) شرط لگانا ؛ بازی لگانا ۔ (۳) امداد کرنا ؛ معاونت کرنا ۔

Chip of the old block : جیسا باپ ویسا بیٹا ؛ اپنے باپ کا بیٹا ؛ اولد سرٗ لابیہ ۔

Chip on one's shoulders : جھگڑالو قسم کا ؛ زود رنج ۔

Chip proof : (a) ایسے برتن جن کی چٹ نہ اکھڑے ۔

Chip shot : (n) (گولف) ایسی ضرب جس میں گیند اچھل جاتی ہے ۔

Chipmunk / -muck (Also mink / monk / muk) : (n) [Of Algonquian origin] شمالی امریکہ کی ایک گلہری ۔

Chippendale : (a) [F.proper name] (۱) ڈرائنگ روم کے ہلکے ، خوبصورت اور آرائشی فرنیچر کے طرز کا ۔ (۲) آرائشی چٹ جو کتاب کی اندرونی جلد میں لگائی جاتی ہے ؛ کتاب کی چٹ کا آرائشی طرز ۔

Chipper : (v) (۱) چڑیوں کا چیں چیں کرنا ۔ (۲) (آدمی کا) بک بک کرنا ۔

Chipper : (a) دل خوش ؛ خوش ؛ صحتمند ؛ تنومند ۔

Chipper : (n) لکڑی کاٹنےوالا ؛ تراشنےوالا ؛ چھیلنےوالا ۔

Chipper up : (v) خوش کرنا یا ہونا ۔

Chippiness : (n) [f.CHIPPY] (۱) خشکی ؛ بے مزگی ؛ بے مزگی ؛ سوزش ؛ متلی ؛ قئے ۔ (۲) شیشے یا مٹی کے برتن کے کنارے کا چھوٹے ٹکڑوں میں ٹوٹنا ؛ ٹوٹا ہوا ٹکڑا ۔ (۳) شیشہ بنانے کا خاص طریقہ ۔

Chipping-bird : (n) چھوٹی ابابیل کی ایک نوع ۔

Chippy : (a) (۱) (سوقیانہ) خشک ؛ بے مزہ ؛ پھیکا ؛ بے لطف ؛ غیر دلچسپ ۔ (۲) نشے کے بعد تشنگی اور متلی زدہ ؛ تشنگی اور متلی کا ہونا ۔ (۳) ٹکڑوں سے بنا ہوا ؛ ٹکڑوں سے مشابہ ۔

Chippy : (n) (۱) دیکھو chippy sparrow (۲) دکھاوے کی محبت کرنے والی یا بدکار عورت ۔

Chirayta / Chiretta : (n) [Hindi "chiraita"] چریتا ۔

Chirimia : (n) [Sp."chirimia"] ایک قسم کا ہسپانوی باجا ۔

Chiripa : (n) [Amer. Sp."chiripa"] ایک قسم کا لبادہ جو جنوبی امریکہ کے انڈین پہنتے ہیں ۔

Chirk : (v) [Var.of CHARK] (۱) چر چرانا ۔ (۲) چوں چوں کرنا ؛ چیں چیں کرنا ۔ (۳) خوش کرنا ۔

Chirk : (a) دلشاد ؛ خوش ؛ خوش دل ۔

Chirl : (v) [Echoic] (۱) گانا خصوصاً چڑیوں کا ۔ (۲) دھیمی غمگین آواز نکالنا ۔

Chirl : (n) (۱) گانا ؛ چوں چوں ۔ (۲) دھیمی غمگین آواز ۔

Chirm : (n) [OE."cearm","cierm"] شور ؛ ہنگامہ ۔

Chirm : (v) (۱) شور مچانا ؛ چیخنا ۔ (۲) چوں چوں کرنا ؛ گانا ۔

Chiro- / Chir -: (comb.) [Gr."chiro-","chir-"] واصلہ بمعنی "ہاتھ" ۔

Chiro / Cheiro : (n) [origin unknown] ایک بڑی مچھلی ۔

Chirognomist : (n) [F. next.] کف شناس ۔

Chirognomy / Cheirognomy : (n) [Gr."chiro+gnomonia"] کف شناسی ۔

Chirograph : (n) [Gr."chirographon.-os"] (۱)مختلف قسم کی دستاویزیں ؛ دستاویز ؛ نوشتہ ۔ (۲) خط جو پوپ کے ھاتھوں لکھا ھو ۔

Chirographal / Chirographary : (a). (۱) قانونی دستاویز سے بنایا ھوا ۔ (۲) اپنی تحریر میں دیا ھوا یا اس سے متعلق ۔

Chirographate : (v) ھاتھ لگانا ۔

Chirographer : (n) [med.L."chirographarius"] خطاط ؛ خوش نویس ۔

Chirographic / -al : (a) تحریر سے متعلق ۔

Chirographist : (n) دیکھو chirognomist

Chirography : (n) فن خط ؛ خوش نویسی ؛ تحریر ؛ خطاطی ؛ خود نویسی ۔

Chirogymnast : (n) [Gr.] پیانو بجانے کی مشق کرنے کی مشین ۔

Chirological : (a) [f. CHIROLOGY] دست شناسی سے متعلق ۔

Chirologically : (n) [f.CHIROLOGY] دست شناسی کی رو سے ۔

Chirologist : (n) [f.CHIROLOGY] دست شناس ۔

Chirology : (n) [Fr."chirologie"] دست شناسی ؛ علم دست شناسی ۔

Chiromancer : (n) [See next] ھاتھ کی لکیروں سے پیش گوئی کرنے والا ؛ دست شناس ۔

Chiromancy / Cheiro-: (n) [Gr.] ھاتھ کی لکیروں سے پیش گوئی کرنے والا ؛ علم کف دست ۔

Chiromantic / -al : (a) تحریر سے متعلق ۔

Chiromegaly : (n) ھاتھ کا غیر معمولی طور پر بڑا ھونا ۔

Chiromys / Cheir- : (n) [Gr.] مڈغا سکر کا ایک چوپایہ جانور ۔

Chironomic : (a) [f.CHIRONOMY] تقریر کرنے میں ھاتھوں سے اشارہ یا حرکت سے متعلق ۔

Chironomy / Cheir-: (n) [Gr."chiro-+nomos"] تقریر کرنے میں ھاتھوں سے اشارہ یا حرکت دینے کا علم یا فن ۔

Chiroplast : (n) [Gr."chiro-+plastes"] پیانو بجانے میں صحیح جگہ ھاتھ رکھنے کا ایک میکانیکی آلہ ۔

Chiroplastic : (a) (۱) پیانو بجانے میں صحیح جگہ ھاتھ رکھنے کے آلے سے متعلق ۔ (۲) ھاتھ کی پلاسٹک جراحی سے متعلق ۔

Chiroplasty : (n) ھاتھ کی پلاسٹک جراحی ۔

Chiropod : (n) دیکھو Cheiropod

Chiropodical : (a) ھاتھ پیر ، ناخون ، گھٹنوں وغیرہ کے علاج سے متعلق ۔

Chiropodist : (n) ھاتھ پیروں کی بیماریوں کا علاج کرنے والا خصوصاً گھٹنوں وغیرہ کا ۔

Chiropodistry : (n) دست و پا کی بیماریوں کا معالجہ ۔

Chiropodology : (n) گھٹنوں ، مسّوں وغیرہ کے متعلق لکھی گئی کتاب ۔

Chiropody : (n) دیکھو Chiropodistry

Chiropractic : (n) [See CHIRO -and PRACTIC] ایک طریقۂ علاج کے طور پر جوڑوں کی ، خصوصاً ریڑھ کے جوڑوں کی مالش ؛ اس طریقۂ علاج کا جاننے والا ۔

Chiropractic : (a) مذکورہ بالا طریقۂ علاج پر عمل کرنے والا یا اس سے متعلق ۔

Chiropractor : (n) [F.Chiropractic] ایک طریقۂ علاج کے طور پر جوڑوں کی ، خصوصاً ریڑھ کے جوڑوں کی مالش کرنے والا ۔

Chiroptera : (n) پستان دار پرندہ جیسے چمگادڑ وغیرہ ۔

Chirosophist : (n) دیکھو Chiromancer

Chirosophy : (n) دیکھو Chiromancy

Chirospasm : (n) لکھتے لکھتے پٹھوں میں اکڑن ھوجانا ۔

Chirotony : (n) (۱) ھاتھ اٹھاکر انتخاب کرنا ۔ (۲) ھاتھ بڑھا کر کسی کو دعا دینا ۔

Chirp : (v) [modification of CHIRK or CHIRT] (۱) چوں چوں کرنا ؛ چیں چیں کرنا ؛ چہچہانا ؛ چرغنا ۔ (۲) چیں چیں کی طرح آواز نکالنا ۔

Chirp : (n) چوں چوں ؛ چیں چیں ؛ چہچہاھٹ ۔

Chirper : (n) (۱) چیں چیں کرنے والا ؛ چوں چوں کرنے والا ۔ (۲) سر زندہ ۔

Chirpily : (adv) خوشی سے ؛ بشاشت سے ؛ خوش ھوکر ؛ زندہ دلانہ ۔

Chirpiness : (n) خوشی ؛ شادمانی ؛ بشاشت ؛ زندہ دلی ۔

Chirping : (n) مسرور ؛ خوش ؛ شادماں ؛ زندہ دل ۔

Chirpingly : (adv) دیکھو Chirpily

Chirpy : (a) (۱) زندہ دل ؛ شاد ؛ شادماں ؛ مگن ؛ خوش ۔ (۲) چوں چوں یا چیں چیں کرنے والا ۔

Chirr : (v) [Echioc] چہچہانا ؛ ٹڈے کی سی آواز نکالنا ۔

Chirr : (n) چہچہاھٹ ۔

Chirrup : (v) [Modification of CHIRP] (۱) چرغنا ؛ چرکنا ؛ چوں چوں کرنا ؛ چہچہا کرنا ۔ (۲) زندہ دلی کی بات کرنا ۔ (۳) گھوڑے کو تیز چلانے کے لئے ھونٹوں کو داب کر آواز نکالنا ۔ (٤) تھیٹر وغیرہ میں تنخواہ لے کر تعریف کرنا ۔

Chirrup : (n) چوں چوں ؛ چہچہاھٹ ۔

Chirruper : (n) (۱) چہچہا کرنے والا ؛ چوں چوں کرنے والا ۔ (۲) تھیٹر وغیرہ میں تنخواہ لے کر تعریف کرنے والا ؛ کرایہ کا بھانٹ ۔

Chirrupy : (a) (۱) خوش ؛ بشاش ؛ خوش سخن ۔ (۲) گپّی ۔

Chirt : (v) [A parallel form to CHIRK, CHIRP] (۱) پھوٹنا ؛ فوارہ چھوٹنا ؛ پھوٹ پڑنا یا نکلنا ۔ (۲) نچوڑنا ۔

Chirt : (n) فشار ۔

Chirurgeon : (n) [OFr."cirurgien"] جراح ۔

Chirurgery : (n) [OFr."cirurgerie"] جراحی ۔

Chirurgia - : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی "جراحی" ۔

Chirurgic /-al : (a) جراحی سے متعلق ۔

Chisel : (n) [OE."cisel"] چھینی ؛ ٹانکی ؛ رکھانی ؛ نھانی ؛ بسولی ۔

Chod chisel : ٹھنڈے لوھے کے کاٹنے چھانٹنے کے لئے فولادی چھینی ۔

Engraver chisel : (تاریخ) نقاش کی چھینی ۔

Parallel-sided chisel : (تاریخ) متوازی الاضلاع چھینی ۔

The chisel : سنگتراش کی چھینی ؛ فن سنگ تراشی ؛ بت سازی ۔

Chisel (Also Chissel) : (n) [same word as CHESIL] چوکر ؛ سبوس ۔

Chisel : (v) (۱) چھینی سے لکڑی ، پتھر وغیرہ کاٹنا ۔ (۲) ٹانکی لگانا یا مارنا ۔ (۳) (سوقیانہ) دھوکا دینا ؛ ٹھگنا ؛ دغا دینا ۔ (٤) دخل دینا ۔

Chiselled / Chiseled : (a) (۱) چھینی سے کاٹا یا متشکل بنایا ھوا یا چھینی سے ترشا ھوا معلوم ھونے والا ۔ (۲) چھینی کیطرح ۔ (۳) صاف ؛ شستہ ۔

Chiselled features : (n) کھڑا نقشہ ۔

Chiseller / Chiseler : (n) دھوکا باز ؛ ٹھگ ؛ دغا باز ؛ فریبی ۔

Chiselly : (a) (۱) سنگریزہ دار ۔ (۲) ناگوار ۔

Chit : (n) [of doubtful origin] (۱) چھوٹا بچہ ؛ ننھا بالک ۔ (۲) کمسن ؛ پست قد یا نازک عورت (حقارتاً استعمال ھوتا ھے) ۔

Chit : (n) انکھوا ۔

Chit : (n) [Anglo Indian short for CHITTY] (۱) چٹھی ؛ رقعہ ؛ پرچہ ۔ (۲) چیک ؛ ھنڈی ؛ بل ؛ رسید ۔

Chit : (n) [Origin unknown] پیپا بنانے والے کا ایک چیرنے والا چھوٹا آلہ ۔

Chit : (v) پھوٹ نکلنا ؛ انکھوا نکلنا ۔

Chit-chat : (v) بات چیت ؛ گپ شپ ؛ باتیں ۔

Chit-chatty : (a) گپّی ۔

Chit of girl : لونڈیا ؛ چھوکری ؛ چھوری ۔

Chitin / Chitine : (n) [Fr."chitine"] (حیوانیات و کیمیا) سفید اور سخت پوشش جو بعض حشرات اور قشریہ جانوروں میں پائی جاتی ہے ؛ صلبین ؛ وہ نامیاتی مادہ جو کیڑوں مکوڑوں کے پروں کی اصل ہے اور ان سخت خولوں کی جو قشریوں پر پائے جاتے ہیں ؛ قاطنی (حیوانیات) ۔

Chitinization : (n) سفید سخت پوشش میں تبدیل ہونے کا عمل ۔

Chitinize : (v) سفید سخت پوشش میں بدلنا ۔

Chitinous : (a) صلبینی ؛ مادہ قاطنی (حیوانیات) ۔

Chitling : (Also chitlin) (n) [contraction of CHITTERLING] (۱) (جمع میں) چیتھڑا ؛ گودڑ ۔ (۲) سور کی آنت ۔

Chiton : (n) [Gr."chiton"] (۱) یونانی لبادہ جو بے آستین کا ہوتا تھا یا چھوٹی آستین کا چوغہ ۔ (۲) صدف کی ایک قسم ۔

Chitter : (v) [A form of CHATTER] (۱) چوں چوں کرنا ؛ چہچہانا ۔ (۲) ٹھنڈ سے لرزنا ؛ کپکپانا ۔

Chitter : (n) چہچہا ۔

Chitter-chatter : (n) (۱) دوستانہ گفتگو و بحث ۔ (۲) بیکار ؛ مہمل یا مسلسل گفتگو ۔

Chitterling : (n) (Mostly in Pl.) [of uncertain origin] (۱) سور وغیرہ کی اوجھڑی جو غذا کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔ (۲) چھوٹا بچّہ ۔

Chitty : (n) [Hindi"chitthi"] چٹھی ؛ رُقعہ ؛ پرچہ ؛ پرزہ ؛ یاد داشت ۔

Chitty : (a) [assoc.W. CHIT (n)] لاغر ؛ دبلا ؛ بچکانہ ؛ کودکانہ ۔

Chiule : (n) [OE."ciol","ceol"] ایک قدیم انگلستانی جنگی جہاز ۔

Chivalresque (Also Cheralresque) : (n) [Fr."chevaleresque"] جوانمرد ؛ مردانگی رکھنے والا ۔

Chivalric : (a) [f.CHIVALRY] (۱) عہد شجاعت کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) سورما کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) بہادر ؛ سورما ؛ اولوالعزم ؛ جری ؛ اخلاق ؛ بے لاگ ؛ کھرا ؛ جانباز ؛ دلیر ؛ جوانمرد ؛ بلند ہمت ۔ (٤) شیخ چلی ۔ (٥) مجبوروں کی مدد کرنے والا ۔ (٦) بے لاگ ؛ بے غرض ؛ اخلاق (عورتوں کے ساتھ) ۔

Chivalrous : (a) [OFr."chevalier"] دیکھو Chivalric

Chivalrously : (adv) بہادرانہ ؛ دلیرانہ ؛ الو العزمی سے ؛ اخلاق سے ؛ بے لوثی سے ؛ بے غرضانہ ؛ جانبازانہ ۔

Chivalrousness : (n) بہادری ؛ اخلاق ؛ تواضع ؛ جوانمرد ۔

Chivalry : (n) [med L."caballerius"] (۱) سوار ؛ سواروں کا رسالہ ۔ (۲) (متروک) بانکا ؛ طرحدار ؛ سوربیر ۔ (۳) (متروک) نائیٹوں کے سے ہنر ۔ (٤) ازمنہ وسطیٰ میں یورپ میں نائٹوں کا نظام جس کے مذہبی ، اخلاقی اور معاشرتی قوانین مقرر تھے ؛ نظام فتوت ۔ (٥) نائیٹوں کی خصوصیات ۔ (٦) صنف نازک کے لئے فدا کاری ۔ (۷) زیر دستوں کی حمایت ۔

Flower of chivalry : بہترین سورما کا نمونہ ؛ مہا سورما ؛ کسی قوم کے مایہ ناز سپاہی ۔

Chive (Also Cive) : (n) [L."cepa"] پیاز کی طرح کا ایک پودا ۔

Chive : (n) [" Thieves cant"][origin unknown] (چوروں کا) چاقو ؛ چھرا ۔

Chive : (v) [F. Prec.] چھرا مارنا ؛ چاقو بھونکنا ۔

Chivy : (v) [Later var. of CHEVY(v)] (۱) مسلسل پریشان کرنا ؛ متواتر تنگ کرنا ۔ (۲) تعاقب کرنا ؛ پیچھا کرنا ۔

Chivvy : (n) دیکھو Chevy

Chlamydate : (a) [Gr."chlamyd-"] (حیوانیات) غشا ۔

Chlamydeous : (a) [mod.L."chlamydeae"] (نباتیات) ایک یا زیادہ محیط گل رکھنے والا ۔

Chlamydophore / Chlamyphore : (n) [See CHLAMY DATE] جنوبی امریکہ کا ایک پستان دار جانور جو زمین کھودنے والا ہوتا ہے اور جسکی پشت پر پیالہ نما ہڈی ہوتی ہے اور جس میں خطرے کے وقت وہ چھپ جاتا ہے ۔

Chlamys : (n) [Gr.] (۱) قدیم یونان میں مردوں کے پہننے کا ایک کوتاہ لبادہ ۔ (۲) محیط گل ۔

Chloasma : (n) (Pl. Chloasmata) [Gr."chloazin"] (طب) جلد کی ایک بیماری جس میں زردی مائل بھورے رنگ کے یا سیاھی مائل دھبے پیدا ھو جاتےھیں ۔

Chloasmata : (n) [Pl.of the prec.] مرض Chloasma میں جلد پر ھونے والے زردی مائل بھورے رنگ کے یا سیاھی مائل دھبے ۔

Chlo- : (comb.) [Gr."chloros"] زردی مائل سبز رنگ ۔

Chlor - : (comb.) [Ghem.comb.F."chlorin] جزو ترکیبی ۔

Chloracetic acids : (n) Acetic acid سے نکلے ھوئے ترشوں کا نام جو ھائڈروجن کے بدلے کلورین کے۱، ۲، ۳ ذرات شامل کرنے سے بنتے ھیں ۔

Chloracetyl chloride : (n) (کیمیا) کلوریسٹل کلورائیڈ ۔

Chloraene : (n) جلد کی وہ پھنسی جو کلورین لگ جانے سے نکلتی ھے ۔

Chloral : (n) [Fr.f.CHLOR (INE+ALCOHOL)] ایک بے رنگ روغنی پتلا سیال مادہ جسکی تیز بو ھوتی ھے اور جو الکحل پر کلورین کے عمل سے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Chloral hydrate : (n) ایک تلخ بلوری بے رنگ مرکب جو کلورل میں پانی ملانے سے بنتا ھے اور جو خواب آور ھوتا ھے ۔

Chloralism : (n) (طب) کلورل ھائیڈریٹ کے طویل اور مسلسل استعمال سے پیدا کی ھوئی مریضانہ حالت ۔

Chloralize : (v) کلورل ھائڈریٹ کے زیر اثر لانا ؛ کلورل ھائیڈریٹ کے ذریعہ مریضانہ حالت پیدا کرنا ۔

Chloraluminite : (n) (معدنیات) الومینیم کا آبدار کلورائیڈ ۔

Chloranil : (n) (کیمیا) کلورینل ۔

Chloranil electrode : (n) (کیمیا) کلورینل الکٹوریڈ ۔

Chloranthus : (a) [f.CHLOR+Gr."anthos"] (نباتیات) سبز پھولوں والا ۔

Chloranthy : (n) پھول کی پنکھڑیوں کا سبز پتیوں میں تبدیل ھو جانا ؛ ایک حالت جس میں کسی پودے کے پھولوں کے رنگین حصے پتیوں میں بدل جاتے ھیں ۔

Chlorapatite : (n) APATITE کی ایک قسم جو کلوریت کی حامل ھوتی ھے ؛ (کیمیا) کلوراپے ٹائٹ ۔

Chlorate : (n) [f.CHLOR (IC+-ATE)] (کیمیا) کلورک ایسڈ کا نمک (کلوریٹ آف پوٹاش) ۔

Chloraurate : (n) دیکھو Chlorate

Chlorhydrate : (n) کلوروھائڈرک ایسڈ کا نمک ۔

Chlorhydrin : (n) گلیسرین کا کلوروھائڈرک ایسڈ ۔

Chloric : (a) [f.CHLOR(INE+IC)] کلورین سے متعلق ؛ کلورین رکھنے والا ۔

Chloridate : (v) [f. next] (فوٹو گرافی) کاغذ کو چاندی کے کلورائڈ میں بھگونا حساس بنانے کے لئے ؛ کشتہ نقرہ سے کاغذ کو بھگو کر حساس بنانا ۔

Chloride : (n) [f.CHLOR (INE+IDE)] (۱) (کیمیا) کسی دھات یا کسی نامیاتی جزو مستقل کے ساتھ کلورین کا ایک سادہ مرکب ۔ (۲) رنگ اڑانے والے اور جراثیم کش مرکبات (مثلاً چونے کا کلورائیڈ، پوٹاش کا کلورائیڈوغیرہ) جو سادہ کلورائیڈ نہیں ھوتے ۔ (۳) چاندی کے کلورائیڈ کے حامل فلزات (Ores) ۔

Chloride of lime : چونے کا کلورائیڈ ۔

Chloride of potash : پوٹاش کا کلورائیڈ ۔

Chloride of soda : سوڈا کا کلورائیڈ ۔

Chloridize / Chloridate: (v) (۱) کلورین ملانا ۔ (۲) کسی دھات کا کلورائیڈ بنانا ۔

Chlorimeter / -try : (n) ایک آلہ جو کلورین کی سفید کرنے کی طاقت کا اندازہ لگاتا ھے ۔

Chlorinate : (v) [f.CHLORINE+ATE] کلورین ملانا یا مرکب بنانا ۔

Chlorinated : (a) (کیمیا) کلوریناتی : کلورین ملا ھوا ۔

Chlorination : (n) ۔ (۱) کلورین ملانے کا عمل ؛ کلور بنانا (کیمیا) (۲) بعض خام دھات سے کلورین کے ذریعہ سونا اور چاندی نکالنے کا عمل ۔

Chlorine : (n) [f.Gr."chloros"] (کیمیا) ادھاتی عنصر ؛ زردی مائل سبز زھریلی اور بدبو دار گیس ۔

Chlorine water : (n) (کیمیا) کلورین پانی ۔

Chloriniferous : (a) کلورین پیدا کرنے والا ۔

Chlorinize : (v) کلورین ملانا ؛ کلورین لگانا ۔

Chlorinous : (a) مثل کلورین ؛ کلورین کا ۔

Chlorion : (n) [Gr."chlorion"] ایک قسم کی بھیڑ ۔

Chloris : (n) [Gr."chloris"] ایک قسم کی خار دار گھاس ۔

Chlorite : (n) [Gr." chloritis"] (۱) کلورائیٹ ۔ (۲) کلورس ایسڈ کا نمک ۔

Chlorite slate : (n) سبز سلیٹ کا پتھر جس میں کلورائیٹ ھوتا ھے ۔

Chloritic : (a) کلورائیٹ سے بنا ھوا ۔

Chloritous : (a) کلورائیٹ رکھنے والا ۔

Chloritoid : (n) [f. CHLORITE+IOD] ایک دھات جس میں سلیکیٹ آف الومینیا اور فولاد ھوتا ھے جو مختلف رنگ خاص کر خاکی یا سبز رنگ کی ھوتی ھے ۔

Chloro- : (comb.) [Gr."chloro-"] (۱) نباتیات اور معدنیات کی اصطلاحوں میں واصلہ بمعنی سبز ۔ (۲) کیمیا میں واصلہ بمعنی کلورین ۔

Chloroaurate : (n) (۱) کلورو آوریٹ ؛ کلورو اور ایسڈ کا نمک ۔ (۲) اساسی کلورائیڈ یا ھائیڈرو کلوریٹ کے ساتھ سونے کے کلورائیڈ کا مرکب ۔

Chlorobenzene : (n) کلورو بینزین ؛ ایک بے رنگ آتش گیر اور پراں زھریلا سیال جس میں بادام کی مہک ھوتی ھے اور جو محلل کے طور پر استعمال ھوتا ھے ۔

Chlorobromide : (n) کسی دھات یا نامیاتی جزو مستقل کے ساتھ کلورین اور بیرومین کا مرکب ۔

Chlorocarbonic acid : (n) ۔ (COCIZ) کلورو کار بونک ایسڈ

Chlorocrous : (a) سبز رنگ کا ؛ سبزی مائل ۔

Chlorocruorin : (n) وہ سبز مادہ جو حلقہ وار کیڑوں کی بعض قسموں کے سبز رنگ ھونے کا سبب مانا جاتا ھے ۔

Chlorodyne : (n) ["chloro (form+ano)dyne"] مختلف خواب آور دواؤں کا مرکب جو دافع درد ھوتا ھے ؛ کلوروڈائن ۔

Chloroform : (n) [Fr.f.CHLORO+form (yl)] رقیق دوا جو بے ھوشی پیدا کرتی ھے ؛ داروئے بےھوشی ؛ کلوروفارم ۔

Chloroform : (v) (۱) کلورو فارم سنگھانا ؛ بیھوش کرنا ؛ کلوروفارم سے بھرنا ۔ (۲) کلوروفارم سنگھا کر مارنا ۔

Chloroformamide : (n) (کیمیا) کلوروفارمامائڈ ۔

Chloroformic : (a) کلوروفارم سے متعلق ۔

Chloroformic easter : (n) (کیمیا) کلوروفارمک ایسٹر ۔

Chloroformist : (n) بے ھوش کرنے والا ؛ کلوروفارم سنگھانے والا ۔

Chloroformization : (n) کلوروفارم کی وجہ سے بیھوشی ۔

Chloroformize : (v) کلوروفارم سنگھانا ؛ بیھوش کرنا ۔

Chlorohydrine : (n) (کیمیا) کلوروھائیڈرین ۔

Chloroid : (a) [CHLOR(INE+IOD)] کلورین کے مشابہ ۔

Chloromelan /-ite : (n) [Gr."chloromelon"] (معدنیات) میگنیز کا آبدار سلیکیٹ ؛ کانسٹڈ ثائٹ ۔

Chlorometer (Also Chlori) : (n) [CHLORO+METRE] کلورین کی قوت کو ناپنے کا آلہ ؛ کلورین سنج ؛ کلورو میٹر ۔

Chlorometric : (a) کلورین سنج سے متعلق ؛ کلورو میٹر –

Chlorometry (Also Chlori) : (n) کلورین سنجی ۔

Chloropal : (n) [f.CHLOR+OPAL] ایک سبزی مائل دودھیا شیشے کی مانند لوھے کا ھائیڈ رایٹیڈ (آبیدہ) سلیکیٹ ۔

Chlorophaeite : (n) [Gr.] لوھے کا ایک گھرے سبز رنگ کا ھائیڈ ریٹیڈ (آبیدہ) سلیکیٹ جو کھلا رھنے پر بھورا یا کالا ھو جاتا ھے ۔

Chlorophane : (n) [Gr.] (معدنیات) کیلشیم کا فلورائیڈ جو گرم کرنے پر خوبصورت سبز روشنی دیتا ھے

Chlorophyll (Also phyl (e, phylle) : (n) [CHLORO+Gr. "phyllon"] (کیمیا و نباتیات) خضرہ ؛ خضریہ ؛ کلوروفل ؛ پودوں کی پتیوں وغیرہ کو بنانے والا مادہ جو عموماً کلیوں میں انتہائی باریک ریزوں کی شکل میں ملتا ھے اور جو سبز رنگ کے مختلف آبی خردبینی حیوان میں بھی موجود ھوتا ھے ۔

Chlorophyllous : (a) خضریہ ؛ کلوروفل کی صفت کا یا اس کا حامل ۔

Chlorophyte : (n) [Gr.] کوئی پودا جس میں مستقل ارتقاء اور سبز حصہ یا توسیع ھوتی رھی ھو ۔

Chloropicrin : (n) ایک بے رنگ روغنی رقیق جو کہ چونے کے کلورائیڈ کے ساتھ پکرک ایسڈ کی تقطیر سے ملتا ھے ؛ ایک روغنی بے رنگ سیال جس کی بو میٹھی ھوتی ھے اور جس سے آنسو نکلتے ھیں اور متلی آتی ھے ۔

Chloroplatinate : (n) کلورو پلاٹینک ایسڈ کا نمک ۔

Chloroplatinous : (a) کلوروپلاٹینک ایسڈ کے نمک سے متعلق ۔

Chlorosilicate : (n) (کیمیا) کلوروسلیکیٹ ۔

Chlorosis : (n) [Gr."chloros"] (۱) (مرضیات) سبز یرقان ؛ نوجوان عورتوں کی ایک بیماری جس میں ضعف کے ساتھ رنگ پیلا یا سبزی مائل ھو جاتا ھے اور ماھواری بےقاعدہ ھوتی ھے ؛ ھرا روگ ۔ (۲) (نباتیات) پودوں کی ایک بیماری جس میں سبز حصے سفید ھو جاتے ھیں ؛ بے خضری یا پنکھڑیوں وغیرہ کا بےرنگ ھو جانا ۔

Chlorosulphonic : (a) (کیمیا) کلورو سلفونک ۔

Chlorotic : (a) ھرے روگ کے متعلق ؛ ھرے روگ (ھریاؤ) کا بیمار ۔

Chlorotoluene : (n) (کیمیا) کلورو ٹالوین ۔

Chlorous : (a) [f.CHLORINE+OUS] کلورین دار ؛ کلورین کا ؛ کلورینی ؛ کلورین کی زیادتی ۔

Chlorous acid : (n) (کیمیا) کلورس ایسڈ ۔

Choanite : (n) [Gr."choane"] متحجّر گیاھی جانور جس کا استخوانی ڈھانچہ قیف کی شکل کا ھوتا ھے ۔

Choanoid : (a) [F. Prec.] قیف کی شکل کا ؛ ذی فقار جانوروں کی آنکھوں کے عضلات سے متعلق بولا جاتا ھے ۔

Choate : (a) [F."inchoale"] مکمل ؛ جامع ۔

Chobdar : (n) [Pers. and Urdu] چوب دار ؛ یساول ۔

Chock (Also choak and chuck) : (n) [origin unknown] (۱) لکڑی کا کندہ خصوصاً فانہ جس سے پیپےیا پہیے کی حرکت کو روکتے ھیں نیز جہازوں پر کشتی کو تختے پر روکنے کے لئےبھی استعمال کرتے ھیں ؛ اڑانا ۔ (۲) وہ سہارا جو خرادی جانے والی چیز کو خراد کے محور کے پاس رکھے ۔ (۳) لکڑی کا کندہ (جلانے کیلئے) ۔ (٤) تیز کھوکھلی آواز ۔

Chock : (v) (۱) اڑانوں سے قائم کردینا ۔ (۲) کشتی کو اڑانوں پر رکھنا ۔ (۳) (کمرے وغیرہ کو) سامان وغیرہ سے بھر دینا ۔

Chock (Also Chok) (adv) [F."chock-full"] نزدیک نزدیک ؛ پیوستہ ؛ متصل ۔

Chock-a-block : (جہاز رانی) (وہ دو کندے جو رسّا چرخی میں ساتھ ساتھ چلتے ھیں) متصل ؛ نزدیک نزدیک ؛ کھچا کھچ ؛ بھرپور؛ لبریز ۔

Chock-full (Also Chokefull) [of doubtful origin] بھر پور ؛ کھچا کھچ ؛ منھا منھ ؛ لبریز ؛ ٹھنسا ھوا ۔

Chock up : اڑانیں اچھی طرح لگا دینا ۔

Chocolate : (n) [Aztec."chocolatl"] (۱) چاکلیٹ ؛ چاکلیٹ خوردنی – (۲) چاکلیٹ نوشیدنی ۔

Chocolate : (a) لاکھیا ؛ کاکریزی ؛ چاکلیٹی ۔

Chocolate box : (a) بظاھر حسین یا جذباتی ۔

Chocolate cream : (n) چاکلیٹ کی مٹھائی جس میں کریم بھری رھتی ھے ۔

Chocolate-house : (n) چاکلیٹ خانہ جہاں چاکلیٹ کے مشروبات ملتے ھیں ۔

Chocolate soldier : (a) بےلڑے سپاھی ؛ یا لڑنے والا سپاھی ۔

Chocolate tree : (n) کوکو کا درخت ۔

Chocolatenut : (n) کوکو کا پھل اور اس کا بیج ۔

Chocolaty : (a) چاکلیٹ سے بنا ہوا یا چاکلیٹ کی طرح بنا ہوا ۔

Choctaw : (n) [Perh. alt. of Sp."chato"] (۱) اسکیٹنگ میں قدم رکھنے کا ایک انداز ۔ (۲) اجنبی اور ناقابل فہم زبان ۔ (۳) قدیم میسیسپی اور الباما میں رہنے والی ایک قوم اور اس قوم کا رکن اور اس کی زبان ۔

Choenix : (n) [Gr."choenix"] خشک چیزوں کو ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

Choffer : (n) [ME."chaufour"] ایک دستی بخاری (ہیٹر) ۔

Choga : (n) [Sindhi] چوغہ ۔

Chogset : (n) [Indian name] ایک چھوٹی سمندری مچھلی ؛ برگل مچھلی ۔

Choice : (n) [OF."chois"] (۱) پسند ؛ پسندیدگی ؛ مرضی ؛ چناؤ ؛ انتخاب ۔ (۲) پسند کرنے کا حق ؛ لیاقت ؛ قدرت ؛ قوت تمیزی ؛ حق انتخاب ؛ اختیار ۔ (۳) منتخب ؛ ممتاز ؛ زبدہ ؛ برگزیدہ ؛ چیدہ ؛ بڑھیا ۔ (٤) انتخاب کے لئے انواع و اقسام کی چیزیں ۔ (٥) پسندیدہ شئے یا شخص ؛ منتخب شئے یا شخص ؛ ترجیح ؛ پسندیدہ چیزوں کی فراہمی ۔ (٦) چارہ ؛ علاج ؛ اختیار ؛ دوسری صورت ۔

At choice : مرضی پر ؛ حسب مرضی ؛ حسب پسند ۔

By choice / For choice : اگر پسند کرتا ہے تو ؛ اگر انتخاب کرتا ہے تو ۔

Hobson's choice : صرف ایک ہی صورت ہے ؛ پیش کردہ چیز کو لو یا مت لو ۔

Multiple choice : (سماجیات) کثرت پسند ۔

To have no choice : کچھ بھی ہو ۔

To have no choice but : کوئی چارہ نہیں ؛ اس کے سوا کوئی صورت نہیں ۔

To have one's choice : اپنی مرضی سے پسند کرنا ؛ خود انتخاب کرنا ۔

To take one's choice : فیصلہ کرنا ؛ پسند کرنا ۔

Choice : (a) (۱) چیدہ ؛ پسندیدہ ؛ منتخب ؛ عمدہ ؛ تحفہ ؛ اعلیٰ ۔ (۲) احتیاط کے ساتھ چیدہ یا پسند کردہ ؛ منتخب ؛ مناسب ؛ موزوں ؛ لائق ؛ انتخاب ۔ (۳) محتاط ؛ نفاست پسند ؛ وہ جسکو مشکل سے کوئی چیز پسند آئے ۔

Choice of the mean : (منطق ، نفسیات) انتخاب اوسط ۔

Choice reaction : (n) (منطق ، نفسیات) منتخب رد عمل ۔

Choice theory : (n) (تجارت) نظریۂ انتخاب ۔

Choiceful : (a) پسند کرنے میں متامل ؛ ہچکچاہٹ ؛ انتخاب کا موقع دینے والا ۔

Choicely : (adv) بطریق احسن ؛ از روئے اختیار ؛ اختیار سے ؛ مناسب طریقہ سے ؛ کمال احتیاط سے ؛ احتیاط سے ؛ انتخاب کر کے ۔

Choiceness : (n) برگزیدگی ؛ خوبی ؛ نفاست ؛ عمدگی ؛ تحفگی ۔

Choicy : (a) (عامیانہ) نازک مذاق ؛ مشکل سے پسند کرنے والا ۔

Choil : (n) [origin unknown] جیب چاقو کا دندانہ خصوصاً پھل کے اس حصے میں جو دستہ کے نزدیک ہوتا ہے ۔

Choil : (v) جیبی چاقو کے پھل میں دستے کے نزدیک دندانہ بنانا ۔

Choiler : (n) جیبی چاقو کے پھل میں دستے کے نزدیک دندانہ بنانے کی مشین ۔

Choir / Quire : (n) [L."chorus"] (۱) گرجوں میں عبادت کے گانے بجانے والوں کی جماعت ؛ بھجن منڈلی ؛ سرود خوانوں کی ٹولی ؛ قوال منڈلی ؛ چوکی ۔ (۲) قوال گاہ ؛ سرود خوانوں کی جگہ ؛ سماع خانہ ۔ (۳) گانے والوں کی جماعت ؛ قوالوں کی جماعت ؛ فرشتوں کی جماعت ۔ (٤) ناچنے والوں کی جماعت ؛ طائفہ رقص ؛ سہ گان ۔ (٥) ایک منظم جماعت یا ٹولی ۔ (٦) ایک ہی قسم کے سازوں کا مجموعہ جو آرکسٹرا میں ہوتا ہے یا ان سازوں کو بجانے والوں کی جماعت ۔ (۷) چوکی ارگن ۔

Choir / Quire : (v) ملکر گانا ؛ جماعت میں یا ٹولی میں گانا گانا ۔

Choir-boy : (n) سہ گان میں مل کر گانے والا لڑکا ۔

Choir-man : (n) سہ گان میں گانے والا آدمی ۔

Choir office : (n) وہ عبادت جو جماعت میں مل کر گائی جائے ۔

Choir organ : (n) چوکی ارگن ۔

Choir school : (n) گرجا میں گانے والے بچوں کی تعلیم گاہ ۔

Choir screen : (n) سرود خانہ یا سماع خانہ کی ایک آرائشی چوبی چق ۔

Choirmaster : (n) سہ گان کا ھدایت کار ۔

Chois : (v) انتخاب کرنا؛ پسند کرنا ۔

Chokage : (n) [f. CHOKE] حالت گرفتگی ؛ حالت فشار ؛ پھنسا ھوا ؛ غصہ وغیرہ سے دم بند ھو جانے کی حالت ۔

Choke : (n) [ME."choke","cheke"] (۱) حبس دم ؛ فشار ۔ (۲) رکاوٹ ؛ انسداد ؛ گھٹن ۔ (۳) بندوق کے سوراخ کی تنگی نال کے قریب ۔ (٤) بعض گھاسوں کے پھولوں کے پھولنے میں سماروغ کی وجہ سے رکاوٹ ۔ (٥) (جوڈو) شہ رگ میں دباؤ ۔ (٦) مسدود ھونے کا عمل یا شور ۔ (٧) سانس میں پھانس ۔

Choke : (n) [Prob.var.of CHEEK] جبڑے ؛ رخسار ۔

Choke : (v) [ME."cheke","choke"] (۱) گلا گھونٹنا ؛ ٹیٹوا دبانا ؛ گلا دبانا ؛ گلے میں پھنس جانا ؛ گلا گھٹنا ؛ پھندا پڑجانا ؛ پانی، دھویں وغیرہ سے گرہ پڑ جانا ۔ (۲) (مجازاً) (جذبے کا) پژمردہ کر دینا، دبانا ۔ (۳) دم رکنا ؛ سانس رکنا ؛ دم گھٹنا ؛ غصہ وغیرہ سے دم بند ھو جانا ۔ (٤) (درخت، آگ وغیرہ) روشنی ، ھوا وغیرہ بند کر کے بجھانا ؛ مار ڈالنا ؛ سکھا ڈالنا ۔ (٥) جذبات کا روکنا ؛ ضبط کرنا ۔ (٦) کلیتاً یا جزویتاً روک دینا ؛ اٹکا دینا ؛ (اژانا نلی کو اسکا ایک حصہ تنگ کرکے) ۔ (٧) خلیج یا کھاڑی وغیرہ کا پتھر ، ریت یا بالو سے بھرنا ؛ پٹ جانا ؛ اٹ جانا ۔ (٨) کھچا کھچ بھرنا ؛ بھرپور کرنا ؛ منھ منھ بھرنا ؛ ناکوں ناک بھرنا ۔ (٩) روکنا ؛ خموش کرنا ؛ بولنے سے روک دینا ۔ (١٠) ترقی ، افزائش ، سرگرمی اور قوت نمو کو روک دینا ۔ (١١) بندوق کی نالی کو تنگ بنانا ۔ (١٢) گاڑی کے انجن کے کاربوریٹر میں ھوا کو جزویتاً روک کر پٹرول کی مقدار کو بڑھانا ۔ (١٣) (کھیل میں) بلا، ریکٹ وغیرہ کو دستے کے آخری حصہ سے آگے پکڑنا ۔

Choke apple : (n) کھٹا سیب ۔

Choke berry : (n) چھوٹی گوندی کی طرح کا قابض پھل ۔

Choke-bore : (n) بندوق کا سوراخ جو نال کی طرف تنگ ھوتا جاتا ھے ؛ بندوق کی گائے دم نال ۔

Choke-cherry : (n) شاہ دانہ جس میں قبض پیدا کرنے کی خاصیت ھوتی ھے ۔

Choke coil : (n) برقی رو کو بڑھانے یا روکنے والا تاروں کا گچھا ۔

Choke-collar : (n) طاقت ور کتوں کو تربیت میں قابو میں رکھنے کے لئے وہ پٹہ جسے پھندے کی طرح کسا جاتا ھے ۔

Choke-damp : (n) کاربونک ایسڈ گیس جو کنوؤں ، کانوں وغیرہ میں پیدا ھوتی ھے ۔

Choke-dog : (n) ایک قسم کا پنیر ۔

Choke-full : (a) دیکھو Chock-full

Choke-off : (v) کسی شخص کو کسی سعی یا عمل یا گفتگو سے باز رھنے پر مجبور کرنا ؛ باز رکھنا ۔

Choke-pear : (n) (۱) ترش ناشپاتی ۔ (۲) وہ واقعہ جس کو قبول کرتے نہ بنے ؛ وہ ملامت وغیرہ جس کو برداشت کرتے نہ بنے ۔

Choke-strap : (n) وہ تسمہ جو گھوڑے کے کالر سے لے کر اس کے کمر بند میں لگا ھو ۔

Choke-weed : (n) طفیلی پودوں کی ایک قسم ۔

Choke-up : (v) (۱) شدید جذبات سے دم بند ھو جانا ۔ (۲) فرط اشتیاق یا گھبراھٹ کی وجہ سے رکاوٹ پڑ جانا ۔

Choker : (n) (۱) دم گھونٹنے والا ؛ گلا گھونٹنے والا ؛ روکنے والا ؛ باز رکھنے والا ۔ (۲) ایک گلوبند جو گلے کے گرد لپیٹا جائے ؛ چوڑا گلوبند ؛ بہت اونچا سخت کالر ؛ گلوبند (زیور) ؛ پتلا روئیں دار کپڑا عورتوں کے لئے ۔ (۳) تاروں کے رسے کا پھندا کندوں کو باندھ کر کھینچنے کے لئے ۔

Choker : (a) ستا کر گلے میں بندھا ہوا ۔

Chokered : (a) گلوبند پہنے ہوئے ۔

Chokerman : (n) وہ شخص جو کندوں کے گرد تار کے پھندے باندھتا ہے ۔

Chokidar : (n) [Urdu "chaukidar"] چوکیدار ۔

Choking : (n) (۱) دم گھٹنے کا احساس پیدا کرنے والا ۔ (۲) نا مفہوم آواز ۔

Chokra : (n) [Hindi "chokra"] چھوکرا ۔

Choky / Chokey : (n) [Hindi "chauki"] (۱) جنگی چوکی ؛ تھانہ ؛ چوکی ؛ گھوڑوں کا اڈہ ۔ (۲) حاجت ؛ حوالات ۔

Choky : (a) [f. CHOKE (v)] دم گھٹنے والا ؛ خشک ۔

Chol- / Chole- / (comb.) [Gr."chole"] طب ، کیمیا میں واصلہ بمعنی صفرہ ۔

Cholaemia (Also Cholehaemia) (n) خون میں صفرہ کا ہونا جیسا یرقان میں ہوتا ہے ۔

Cholaemic : (a) صفراوی ؛ یرقانی ۔

Cholagogue : (n) [Gr."chole+agogos"] ایک دوا جو صفرہ کو دور کرتی ہے ؛ دافع صفرہ ۔

Cholate : (n) کولک ایسڈ کا نمک ۔

Choleate : (n) کولیئک ایسڈ (Choleic Acid) کا نمک ۔

Cholecystectomy : (n) [Gr."chole+kystis+ektomia"] (جراحی) زہر دان کو کاٹ کر نکال دینا ۔

Cholecystitis : (n) [Gr.] زہر دان کا زخم ۔

Cholecystotomy : (n) [Gr.] زہر دان کو چاک کر کے پتھری نکالنا ۔

Choledoch : (a) [Gr."choledochos"] صفرہ دار ۔

Choledoch : (n) صفرائی نالی ۔

Choleic : (a) صفرا کا یا اس سے متعلق یا اس سے نکلا ہوا ۔

Cholelith : (n) سنگ مثانہ ؛ پتھری ۔

Choler : (n) (See next) [L."cholera"] (۱) (طب) چار خلطوں میں سے ایک خلط - (۲) صفرہ ؛ زرد آب ؛ پت ۔ (۳) (شاعری میں قدیم) غصہ ؛ طیش ؛ کرودھ ؛ بد مزاجی ؛ چڑچڑاپن ؛ تیہا ۔

Black choler : (n) سودا ۔

Choler adust : (Also Black choler) (n) دیکھو Black bile

Cholera : (n) [Gr."cholera"] ہیضہ ؛ تخمہ ۔

Asiatic / Epidemic / Malignant cholera : ہیضہ ؛ ہلکی ؛ ننانواں ۔

Chicken cholera : مرغیوں کا ایک متعدی مرض -

English / Bilious / Summer cholera (also cholera nostras) : ہیضہ ؛ تخمہ ۔

Cholera typhoid : (n) ہیضہ کے ساتھ ساتھ بخار ۔

Cholerafungus : (n) ہیضہ کے مریض کے پاخانہ کا سماروغ ۔

Choleraic : (a) ہیضاوی؛ وبائی ہیضے کا ؛ تخمے کا ۔

Choleraization : (n) ادنیٰ جانوروں میں مصنوعی طور پر ہیضہ پیدا کرنا ۔

Choleriform : (a) ہیضاوی ؛ وبائی ؛ ہیضہ کا ؛ تخمہ کا ۔

Choleric : (a) [Gr.] (۱) غصیل ؛ غصیلا ؛ تیز مزاج ؛ تندمزاج ؛ محرور المزاج ؛ چڑ چڑا ؛ صفراوی ۔ (۲) ہیضائی ؛ ہیضے کا ؛ وبائی ۔

Cholerine : (n) [Fr.dim.of"cholera"] (۱) بد ہضمی ؛ سوء ہضم ؛ اسہال ؛ تخمہ ؛ ہیضے کی علامت - (۲) ہیضائی ؛ ہیضے کا ؛ وبائی ۔

Choleroid : (a) دیکھو Choleriform

Cholesteric : (a) [F. next] $C_{24} H_{44} O$ سے متعلق یا اس سے بنایا ہوا ۔

Cholesterin : (n) [Gr."chole+stereos"+-IN] ایک بے مزہ ، بے بو روغنی قسم کا مادہ ($C_{26} H_{44} O$) جو بیشتر حیوانی رقیق یا ٹھوس میں اور اکثر پودوں کے پھل اور بیج میں پایا جاتا ہے ۔

Cholesterol : (n) دیکھو Cholesterin

Choli : (n) [Skr."cola"] چولی ۔

Choliamb : (n) [Gr."choliambos"] یونانی رجز (عروض) ایمبك شعر جس کا آخری رکن trochee یا spondee ہوتا ہے ۔

Choliambic : (a) رجزی ؛ شعری ۔

Choliambist : (n) اس نوع شعر کا ماہر ۔

Cholic : (a) [Gr."cholikos"] صفراوی ۔

Cholic acid : (n) کولك ترشہ ؛ بلوری صفراوی ترشہ ۔

Choline : (n) [Gr."chole"+-INE] (کیمیا) ایك بلوری یا شیرہ نما اساس جو حیوانی اور نباتاتی چیزوں میں پائی جاتی ہے ؛ ایك نامیاتی اساس ۔

Cholinic : (a) بلوری نامیاتی اساس کا ۔

Cholo -: (comb.) [Gr."cholo"] واصلہ بمعنی " صفرا " ۔

Cholochrome : (n) [Gr."cholo+chroma"] صفرا کو رنگین بنانے والا مادہ ۔

Cholography : (n) صفرا سے متعلق رسالہ ۔

Choloid : (a) [Gr."Chole"] صفرا ؛ پتہ ؛ صفرا کا سا ۔

Chololith : (n) سنگ مثانہ ؛ پتھری ۔

Chololology : (n) عضویات اور مرض شناسی کا وہ حصہ جو صفرا سے متعلق ہو ۔

Cholophaein : (n) صفرا کا بھورا رنگ ۔

Choltry : (n) [Var. of CHOULTRY] دیکھو Choultry

Cholum : (n) [Tamil] گھاس ؛ باجرہ ۔

Chomp : (v) [Var. of CHAMP] دیکھو Champ

Chondrification : (n) [f. next] غضروف میں تبدیلی ۔

Chondrify : (v) [f. Gr."chondros"+-Fy] غضروف بن جانا ۔

Chondrigen دیکھو Chondro

Chondrigenous : (a) غضروف پیدا کرنے والا ۔

Chondrin : (n) [Gr."chondros"] جلاٹین ایسا ایك مادہ سلولی جو غضروف کو پانی میں ابالنے سے حاصل ہوتا ہے ۔

Chondrite : (n) [mod. L."chondrus"] ایك شہابی پتھر جس میں گول گول دانے ہوتے ہیں ۔

Chondrite : (n) ایك متحجر سمندری پودا ۔

Chondritis : (n) [f. Gr."Chondros"] ورم غضروف ۔

Chondro -: (comb.) [f. Gr."chondros"] واصلہ بمعنی "دانہ" غضروف کرکری ۔

Chondrocranium : (n) (حیوانیات) کانڈرو کرینیم ؛ کری کھوپڑی ۔

Chondrodite : (n) [Gr."Chondrodes"+-ITE] ایك زردی مائل یا بھورا مائل لال "میگنیشیم کا سلیکیٹ" جس میں تھوڑا فلورین بھی ہوتا ہے ۔

Chondrogen : (n) Chondrine یا وہ نسیج جو Chondrin پیدا کرتے ہیں ۔

Chondrogenesis : (n) غضروف کی نشو ونما ۔

Chondroid : (a) [Gr."Chondros+oid] غضروف کے مشابہ ۔

Chondrology : (n) [Gr.] (۱) علم غضروف ۔ (۲) غضروف کے متعلق رسالہ یا گفتگو ۔

Chondrometer : (n) [Gr.] غلہ ناپنے کا ایك پیمانہ ۔

Chondropterygian : (n) مچھلیاں جن کا غضروفی ڈھانچہ ہو (مثلاً شارك وغیرہ) ۔

Chondropterygious : (a) غضروفی ڈھانچہ والی مچھلیوں سے متعلق ۔

Chondrosis : (n) [See CHONDROID] غضروف کی تشکیل ۔

Chondrostean : (a) Chondrostean ذات کی مچھلی ۔

Chondrostean : (n) مچھلیوں کی ایك ذات جس کی ریڑھ کی ہڈی نرم ہوتی ہے ۔

Chondrotomy : (n) [Gr.] غضروف کی تشریح یا تلاش ۔

Chonicrite (Also, krite) [Gr."Chonia+kritos"] (معدنیات) الومینیم یا میگنیشیم کے اساسی سلیکیٹ ۔

Choose : (v) [OE."ceosan"] (۱) چننا ؛ چھانٹنا ؛ انتخاب کرنا ؛ (تعریفی) کسی صفت یا خوبی کی وجہ سے منتخب کرنا ؛ چاہنا ۔(۲) (عیسائی دینیات) ناجی ؛ برگزیدہ ہونا ۔(۳) فیصلہ کرنا (کسی فعل کے کرنے کا) ۔(٤) کرنے کے لئے مناسب خیال کرنا ؛ کرنے کے لئے آمادہ ہونا ۔(٥) اختیار کرنا ؛ انتخاب کرنا ؛ پسند کرنا ۔

Cannot choose but : کوئی چارۂ کار نہ ہونا ۔

Nothing to choose between them : ان میں کوئی فرق نہیں ۔

Pick and choose : نہایت ہوشیاری سے چھانٹنا ؛ انتخاب کرنا ؛ ٹھوک بجا کر لینا ؛ اپنی پسند کے مطابق چن لینا ۔

Choose up : (v) کھیل میں ٹولی کا انتخاب کرنا ؛ کھیلنے والوں کا انتخاب کرنا ۔

Chooser : (n) اختیار کنندہ ؛ مختار ؛ پسند کرنے والا ؛ چننے والا ۔

Beggars are not choosers : فقیروں کو رائے اور انتخاب کا حق نہیں ؛ مفت کی چیزوں میں انتخاب نہیں کرنا چاہئے ۔

Choosingly : (adv) انتخاب کرکے ؛ پسند کرکے ؛ چن کر۔

Choosy / Choosey : (a) مشکل پسند ؛ (کسی چیز کے لینے یا وصول کرنے میں) متامل ؛ پس و پیش کرنے والا ؛ دیر پسند ؛ وسواسی ؛ انتخابی ۔

Chop : (n) [A form of CHAP] (۱) تیشہ یا تبر وغیرہ کی ضرب ؛ وار ؛ ہاتھ ؛ چوٹ ؛ خراش ۔(۲) ٹکڑا ؛ پارچہ ؛ پارہ ؛ بوٹی ؛ تکا ۔(۳) سمندر کی طوفانی حرکت ؛ جھٹکے دار حرکت ۔ (٤) شگاف ؛ دندانہ ۔(٥) کٹی ہوئی چیز ۔ (۷) شکاری کتے کی تیز آواز ۔

Chop : (n) [Var. of CHAP] (۱) جبڑا ؛ کلا ؛ گال ۔(۲) (جمع میں) (مزاحاً یا تحقیراً) منہ ؛ دہانہ ؛ دہن ۔ (۳) دہانہ (توپ، گھاٹی، نہر وغیرہ کا) ؛ مدخل ۔

Chop : (n) [CHOP (v)] تبادلہ ؛ ادلا بدلی ؛ مبادلہ ۔

Chop : (n) [f. CHOP (v)] منہ مارنا ۔

Chop : (n) [Hindi "chhap"] (۱) (ہندوستان اور چین میں) مہر ؛ چھاپ ۔(۲) پروانہ راہداری ؛ اجازت نامہ ؛ گزر نامہ ۔(۳) نشان ؛ مارکہ ؛ (چین میں) نشان تجارت ۔

First (second) chop : اول درجہ کا ؛ دوئم درجہ کا ۔

Chop : (n) (عامیانہ) غذا ۔

Chop : (v) [A form of CHAP (v)] (۱) کاٹ ڈالنا ؛ قلم کرنا ؛ اڑا دینا ۔(۲) قیمہ کرنا ؛ قتلے کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ چور کرنا ۔(۳) (مجازاً) (الفاظ وغیرہ میں) کتر بیونت کرنا ؛ تراش خراش کرنا ۔(٤) شگاف پڑ جانا ۔ (٦) ضرب لگانا ۔(۷) ہوائی جہاز کے انجن میں تیل کی دھار کو کم کرنا یا بند کرنا ۔

To chop to an anchor : بسرعت لنگر ڈال دینا ۔

Chop : (v) [Perh. var. of ME."chappe"] (۱) بدل جانا ؛ ادلا بدلی کرنا ؛ قائم نہ رہنا ؛ ڈگمگانا ؛ مبادلہ کرنا ؛ عوض کرنا ۔(۲) جہاز رانی میں ہوا کا یکایک سمت بدل جانا ۔ (۳) قیل و قال کرنا ۔

To chop and change : خرید و فروخت کرنا ؛ جلد جلد بدلنا ۔

To chop logic : منطق بگھارنا ؛ کٹھ حجتی کرنا ؛ کٹھ بحثی کرنا ۔

Chop : (v) [f. CHOP (n)] (شکار کو) تعاقب کے بغیر پا لینا اور مار ڈالنا ۔

Chop : (v) مہر لگانا ؛ نشان لگانا ۔

Chop and change : تبادلہ ؛ تبدیلی ؛ تغیرات ؛ غیر مستقل ہونا ۔

Chop away : (v) ایک ہی ضرب میں اڑا دینا ۔

Chop-boat : (n) ہلکی کشتی جس کو مال لے جانے لے آنے کی اجازت ہو ۔

Chop-box : (n) افریقہ میں کھانا لے جانے لے آنے کا بکس ۔

Chop-chop : جلدی جلدی ؛ فوراً ۔

Chop-fallen : (a) دیکھو Chap-fallen

Chop-house : (n) (۱) چنگی خانہ ۔(۲) وہ ہوٹل جہاں مٹن چاپ وغیرہ بکتا ہے ۔

Chop round : (v) ہوا کا یکایک رخ بدل جانا ۔

Chop-stick : (n) [Chinese."k 'wai-tsze"] (۱) (جمع میں) ہاتھی دانت وغیرہ کی پتلی پتلی تیلیاں جو چینی لوگ کھاتے وقت استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) (عامیانہ) دیہاتی ؛ گنوار ۔ (۳) وہ موسیقی جس میں کسی جذبے کا اظہار نہ ہو ۔

Chop-suey : (n) [Chinese] ایک چینی کھانا جس میں گوشت اور چاول وغیرہ ہوتا ہے اور تِل کے تیل میں پکایا جاتا ہے ۔

Chopin : (n) [LG."schopen"] رقیق چیزوں کے ناپنے کا پیمانہ ۔

Chopine / Chopin : (n) [Sp."chapin"] ایک قسم کا جوتا جسکا تلا گتے کے ذریعہ زمین سے اٹھا رہتا ہے ۔

Chopper : (n) [f. CHOP (v)] (۱) کاٹنے والا ؛ قطع کرنے والا ۔ (۲) تبر ؛ تیشہ ؛ چھرا ؛ ساطور ۔ (۳) قصائی کا چھرا ؛ بغدہ ۔ (٤) برق میں برقی روکو روکنے والا ۔ (٥) بوڑھا جانور ۔ (٦) ایک قسم کی کناری چڑیا جس کی آواز زور دار ہوتی ہے ۔ (۷) (عامیانہ) دانت ۔ (۸) مشین گن سے مسلح ڈاکو ؛ مشین گن ۔ (۹) ہیلی کوپٹر ۔

Chopper : (n) [f. CHOP (v)] مبادلہ کرنے والا خصوصاً کلیسائی جاگیر کو خرید و فروخت کرنے والا ۔

Chopper : (n) [Hindi "chhappar"] چھپر ۔

Choppered : (a) چھپر والا ۔

Chopping : (n) بڑا اور تنو مند ؛ لمبا تڑنگا ؛ مضبوط ؛ گٹھا ۔

Choppy : (a) (۱) Chappy پر شگاف ۔ (۲) تھوڑا متلاطم ؛ متغیر ؛ غیر مستقل ؛ پے در پے سمت بدلنے والا ۔

Choppy market : (n) وہ بازار جس میں نرخ میں اتار چڑھاؤ ہوتا رہتا ہے ۔

Choragic : (a) [Gr.] کورس کے رہنما سے متعلق ۔

Choragic monument : (n) (تاریخ، قدیم یونان) سنگت میں گانے والوں کی یادگار ۔

Choragium : (n) [L.] میدان رقص ۔

Choragus (Also choregus) (pl. -agi, -egi) [Gr. choregos] (۱) (یونان و روم قدیم) گانے والوں کی ٹولی کا رہبر ۔ (۲) آکسفورڈ یونیورسٹی کا وہ کارکن جو موسیقی کی مشق کی نگرانی پر معمور ہو ۔ (۳) قدیم ایتھنس میں وہ جو اپنی طرف سے گانے والے کی ٹولی کا خرچ ادا کیا کرے ؛ پیش خوان ۔ (٤) (مجازاً) کسی جماعت یا تحریک کا رہبر ۔

Choral : (a) [med. L."choralis"] طائفہ کے متعلق ؛ قوالوں کا ؛ سرود خوانوں کا ؛ جس میں سہ گان یا کورس ہو ۔

Vicker choral : گرجا کا وہ افسر جو عبادت کے اس حصے کا نغمہ گائے جو غیر کلیسائی یا ادنیٰ درجے کے پادری کو گانے کی اجازت ہو ۔

Choral / Chorale : (n) [G."choralgesang"] (۱) جرمانیہ کے گرجوں میں بھجن گانے کی سادہ تال ۔ (۲) وہ گانا جس میں وزن اور بحر ہو اور کلیسائی مجلسوں میں مناجات کے طور پر کورس میں گایا جائے ۔

Choralist : (n) سہ گان ؛ کورس میں گانے والا ۔

Chorally : (adv) سہ گان میں ؛ کورس میں ۔

Choral service : (n) وہ عبادت جس میں نشید، ترانے وغیرہ ملکر گائے جائیں ۔

Full choral service : پورے طائفہ کا نغمہ یا گانا ۔

Chord : (n) [After L."chorda"] (۱) (حیوانیات) رسی یا چھوٹا رسا ؛ حبل ؛ تانت ۔ (۲) تار ؛ تانت ؛ (باجے کا) (نظم میں اور مجازاً بھی) ۔ (۳) (عضویات) تار یا تانت جیسا عضو ۔ (٤) (ریاضیات) وتر ؛ زہ ۔ (٥) (مجازاً) مخصوص جذباتی یا ذہنی تاثر ؛ دماغ یا ذہن کا خاص میلان ۔

Focal chord : (ریاضی) ماسکی وتر ۔

Major chord : (ریاضی) وتر اکبر ؛ (طبیعیات) اونچا سر ۔

Minor chord : (ریاضی) وتر اصغر ؛ (طبیعیات) نیچا سر ۔

Spinal chord : نخاع ؛ حرام مغز ۔

To touch the right chord : حسب منشا جذبات کو ابھارنا ؛ دوسرے کے جذبات سے اپنے من کے موافق کام لینا ۔

Vocal chord : گویائی کی رگیں ؛ صوتی وتر ۔

Chord : (n) [aphet. f. ACCORD] (۱) دو یا تین یا زیادہ سروں کا ملاپ ۔ (۲) رنگوں کی مناسب و موزوں آمیزش ۔

Break or spread chord : راگ راگنیوں کا پے در پے بجانا یا نکالنا ۔

Common chord : کوئی سر جس کے ساتھ میجر میجر یا مائنر تھرڈ وغیرہ ھوں ۔

Chord music : (n) (فزکس) ھم آھنگ سُر ۔

Chord of curvature : (طبیعیات) خمی وتر ؛ (ریاضی) وتر انحنا ۔

Chordal : (a) تار یا تانت کا ؛ تار یا تانت کی طرح ؛ وتری ۔

Chordata : (n) (حیوانیات) کارڈیٹا ؛ خلیے ۔

Chorded : (a) تار دار ؛ تانت لگا ھوا ؛ ھم آھنگ ؛ سُر ملا ھوا ۔

Chordee : (n) [Fr."cordee"] (مرضیات) مرد کے عضو تناسل کا تکلیف دہ ورم ۔

Chore : (n) [Unexpl . var. of CHARE] ادنیٰ شغل ؛ خردہ کاری ۔

Chore : (v) خردہ کاری کرنا ؛ چھوٹا چھوٹا کام کرنا ؛ روزانہ کا کام کرنا ۔

Chorea : (n) [Short for L."chorea sanctiviti"] بچوں کی بیماری ؛ ام الصبیان ؛ جموگا ؛ پسلی کی بیماری ؛ تشنج ۔

Choreal / Choreic : (a) ام الصبیان کا مریض ۔

Choree : (n) [Gr."Chorios"] (عروض انگریزی) شعر کا ایک وزن جس میں اول ھجاء بڑی اور دوسری چھوٹی ھوتی ھے ۔

Choregy : (n) [Gr."Choregia"] (یونان قدیم) گانے والوں کی جماعت کے رھبر کا کام ۔

Choreic : (a) [f. CHOREE] دیکھو Chorea / choreal

Choreic : (a) [F. CHOREA] وہ رکن جس میں ٹراچی ھو ۔

Choreograph / Choreographer : (n) [f. Gr."Choria+graphos"] میر رقص ؛ رقص بیلے کا انتظام یا ترتیب دینے والا ۔

Choreographic : (a) بیلے رقص سے متعلق ۔

Choreography : (n) فن رقص بیلے ۔

Chori -/Choris-/ : (comb.) [Gr."Chori","choris"] نباتیاتی سابقہ بمعنی علاحدہ ۔

Chorial : (a) [Gr.] جنین کی بیرونی جھلی یا تخم کے مرکز کے پلپلے مادہ یا اصلی پوست سے متعلق ۔

Choriamb : (n) [Gr."Chorios+iambos"] (عروض انگریزی) وہ رکن جس میں ایک وتد سبب ثقیل ھو ؛ انگریزی بحر کا وہ رکن جس میں پہلا حصہ Trochee اور دوسرا Iambus ھو ۔

Choriambic : (a) Trochee اور Iambus رکھنے والے رکن سے متعلق ۔

Choric : (a) [Gr."Choros"] کورس سے متعلق یا کورس کے طرز کا گانے والی چوکی کے متعلق ۔

Chorics : (n) کورس کے اشعار ۔

Chorion : (n) [Gr."Chorion"] (۱) (تشریحات) جنین کی بیرونی جھلی ۔ (۲) (نباتیات) تخم کے مرکز کا پلپلا مادہ ۔ (۳) (علم تشریح) اصلی پوست ۔

Choripetalous : (a) (نباتیات) جس کی پتیاں علاحدہ ھوں ۔

Chorisis : (n) [Gr."korizin"] تکثیر ؛ تعدد ؛ پنکھڑیوں یا پھولوں کا پھٹنا اور جدا ھونا اس طرح کہ اسکے الگ الگ ٹکڑے ھوں ؛ پھٹنا ؛ تقسیم تکثیری ۔

Chorism / Choriation : (n) تکثیر ؛ تعدد ؛ پھٹنا ؛ تقسیم تکثیری ۔

Chorist : (n) [med. L."chorista"] (۱) (قدیم یونان) کورس کا ایک رکن ۔ (۲) کورس میں گانے والا ۔

Choristate : (a) [f CHORISM] عمل تکثیر سے بنا ھوا ۔

Chorister : (n) [F. CHORIST] سرود خوانوں کی جماعت کا رکن خصوصاً گانے والا چھوکرا۔

Choristership : (n) سرود خوانوں کی جماعت کی رکنیت۔

Chorizontal, -ic : (a) [F. CHORIZONTES] متعلق جو chorizontes عقیدہ رکھتے ہیں۔

Chorizontes : (n) [Gr."chorizontes"] وہ شخص جو الیڈ اور (Illiad and Odyssey) کو مختلف شاعروں کی تخلیق سمجھتے ہیں۔

Chorizontist : (n) (Illiad and Odyssey) الیڈ اور اوڈیسی کو مختلف شاعروں کی تخلیق سمجھنے والا یا ایسا سمجھنے والوں کا پیرو۔

Chorograph : (n) [Gr.] کسی مقام کا محل وقوع معلوم کرنے کا آلہ۔

Chorographer : (n) نقشہ میں کسی خاص ناحیہ یا علاقہ کو بتانے کا فن جاننے والا؛ بلاد نگار۔

Chorographical, -ic : (a) بلاد نگاری کے فن سے متعلق؛ بلاد نگاری؛ بلاد نگارانہ۔

Chorographically : (adv) بلاد نگاری۔

Chorography : (n) [Gr.] نقشہ میں کسی خاص ناحیہ یا علاقہ کو دکھانے یا بتانے کا فن۔

Choroid : (n) [Gr."choroides"] آنکھ کے ڈھیلے کا پردہ؛ مشیمہ۔

Choroid : (a) مشیمہ نما۔

Choroid plexus : (n) مشمّی صفیرہ (عصبی انبات)

Choroidal : (a) مشیمہ کا؛ مشیمہ سے متعلق۔

Choroidal fissure : (n) [med. L."chrismatorium"] شگاف مشیمی۔

Choroidean : (a) دیکھو Choroidal

Choroiditis : (n) مشیمہ کا ورم۔

Chorology : (n) [Gr."choralogia"] انواع وغیرہ کی منطقی تقسیم؛ نوعیات۔

Chorological : (n) نوعیاتی۔

Chorometry : (n) [Gr."chorometria"] علم مساحت زمین؛ زمین کی پیمائش کا فن۔

Chortle : (n) [Coined by the author of "through the Looking Glass"] قہقہہ لگانا؛ ٹھٹھا لگانا۔

Chorus : (n) (pl. choruses) [Gr."choros"] (۱) (قدیم یونانی تہواروں میں) مذہبی ڈرامہ وغیرہ میں ناچنے گانے والوں کا طائفہ۔ (۲) یونانی ڈراموں میں ناچنے گانے والوں کی جماعت جو عمل میں حصہ لیتی ہیں یا ہونے والے واقعات پر تبصرہ کرتے ہیں۔ (۳) اسی قسم کی جماعت دوسرے ڈراموں میں جو یونانی ڈرامے کے طرز پر لکھے گئے۔ (۴) انگریزی ڈرامے میں وہ شخص جو افتتاحیہ اور خاتمہ میں بولتا ہے؛ الزبیتھ کے زمانے کے ڈراموں میں پیش خواں۔ (۵) گانے والوں کی منظم جماعت؛ چوکی۔ (۶) کوئی چیز جو سرود خوانوں کی جماعت کے لئے موزوں ہو۔ (۷) (موسیقی) ایک ایسی نظم کئی (اکثر چار) حصوں میں جس کو کئی آدمی ملکر گائیں۔ (۸) ترجیع؛ ٹیپ۔ (۹) وہ نغمہ جو سب ملکر گائیں؛ ہم آہنگی؛ ہم نوائی؛ ہم رقصی۔

In chorus : سب کا مل کر گانا؛ بولنا؛ کہنا؛ ہم آواز ہوکر بولنا۔

Chorus : (v)

Chorus boy : (n) نوجوان جو سرود خوان کی جماعت کا رکن ہو یا ناچتا ہے۔

Chorus girl : (n) لڑکی جو سرود خوانوں کی جماعت میں گاتی یا ناچتی ہو۔

Chorusman : (n) دیکھو Chorus boy

Chorusmaster : (n) کورس کا ہدایت کار۔

Chose : (n) [L."cause"] (قانون) چیز؛ ذاتی ملکیت یا چیز۔

Chose : [past tense of CHOOSE] دیکھو Choose (n)

Chose in action : کوئی چیز جو واقعی نہ ہو لیکن قانونی طور پر حاصل ہو سکتی ہے۔

Chose in possession : ملکیت جو ذاتی قبضہ میں ہو۔

Chose jugee : (n) طے شدہ یا فیصلہ شدہ امر؛ ایسا معاملہ جس پر بحث کرنا لاحاصل ہو۔

Chosen : (a) (۱) منتخب ؛ چنا ہوا ۔ (۲) برگزیدہ ؛ ناجی ۔

Chosen : (n) برگزیدہ آدمی ۔

Chosen people : (n) یہودی ۔

Chou : (n) (۱) عورتوں کی ٹوپی ؛ پوشاک ؛ فیتے وغیرہ کی خوبصورت گرہ ؛ پھول دار گرہ ۔ (۲) کرم کلہ ۔ (۳) پیاری ۔

Chouan : (n) [Fr.] مغربی فرانس میں شاہی جانثاروں کا ایک رکن فرانسیسی انقلاب کے دوران اور بعد ۔

Chouan : (v) شاہی خاندان کی حمایت کرنا ۔

Chough : (n) [ME."choghe"] سرخ پا کوا ؛ للپیرا کوا ۔

Choultry (Also choltry) : (n) [Corruption of Telugu "chawadi"] (۱) مہمان خانہ ؛ کاروان سرائے ۔ (۲) کسی مندر میں ستون کا سلسلہ ؛ ستون دار کمرہ ۔

Chounse/-ce : (v) [Alter. of JOUNCE] ہلانا ۔

Chouse : (n) [Earlier "chiausa"] (۱) دھوکا کھانے والا ۔ (۲) دھوکا ؛ فریب ؛ دغا ۔

Chouse : (v) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جل دینا ؛ ٹھگنا ؛ مونڈنا ؛ دغا کرنا ؛ احمق بنانا ۔

Chouser : (n) دھوکا دینے والا ؛ فریبی ؛ دغاباز ۔

Chout : (n) [Marathi,"chauth"] چوتھ(مال گزاری کا چوتھا حصہ جو مرہٹے جبریہ لیا کرتے تھے)۔

Chow : (n) (۱) کھانا ؛ غذا ۔(۲) کھانے کا وقت ۔

Chow : (v) کھانا کھانا ۔

Chow-chow : (a) [origin unknown] ملا جلا ۔

Chow - chow : (n) (۱) ملی جلی چیز ۔(۲) چینی مربہ ۔

Chow-chow chop : (n) جہاز سے بوجھ اتارنےکی آخری کشتی جس میں چھوٹے چھوٹے پیکٹ ہوتے ہیں ۔

Chowder : (n) [perh. Fr."chaudiere"] (۱) تازہ مچھلی ؛ سور کا گوشت ؛ پیاز ، بسکٹ اور آلو وغیرہ سے بنا ہوا ایک کھانا ؛ مچھلی کا دو پیازہ ۔ (۲) chowder beer ایک شراب جو ایک قسم کے صنوبر کی پتیوں کو پانی میں ابالنے اور چھوا کے ساتھ ملانے سے بنتی ہے ۔

Chowder : (v) مندرجہ بالا کھانا یا شراب بنانا ۔

Chowder head : (n) احمق ؛ بیوقوف ۔

Chowhound : (n) حریص ؛ پیٹو ۔

Chowk : (n) [Hindi "Cauk"] چوک ؛ بازار ۔

Chowry : (n) [Hindi "chaunri"] مرچھل ۔

Choy [Var. of CHAY] Chay کا متبادل ۔

Chrematist : (n) [Gr."chrematistes"] دولت کا مطالعہ کرنے والا ۔

Chrematistic : (a) [Gr.] دولت کا ؛ دولت سے متعلق ؛ روپیہ پیدا کرنے والا ؛ دولت کمانے کا ؛ کفایت شعار ؛ کفایت شعارانہ ۔

Chrematistics : (n) [Gr.] دولت کا مطالبہ یا دولت کے متعلق کوئی خاص نظریہ ۔

Chreotechnics : (n) [Gr."chrea+techne"] افادی فنون خصوصاً زراعت ، صنعت و تجارت ۔

Chrestomathic : (a) [From next] علم حاصل کرنے سے متعلق ۔

Chrestomathy : (n) [Gr."christomathis"] چیدہ اقتباسات ؛ مجموعہ ۔

Chrism : (n) [L."chrisma"] (۱) مقدس تیل جو مذہبی رسوم میں ملا جاتا ہے ۔ (۲) روغن‌مسلح ۔(۳) Chrisom

Chrismal : (a) مقدس تیل کا یا اس سے متعلق ۔

Chrismal : (n) مقدس تیل رکھنے کا برتن ، ظرف ۔

Chrismatory : (n) [med. L."chrismatorium"] (۱) وہ ظرف یا جگہ جہاں مقدس تیل رکھا جائے ۔ (۲) رسم تدہین ؛ مقدس تیل کی مالش ۔

Chrisom : (n) [Differentiated form of CHRISM] (۱) دیکھو chrism ۔(۲) سفید لبادہ یا چادر جو بپتسما کے وقت بچے کو پہناتے ہیں اور اگر بچہ پیدائش کے ایک ماہ کے اندر مر جائےتو اسے کفن کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔(۳) معصوم بچہ ۔

Chrisom child / babe : (n) (۱) معصوم بچہ ؛ ایک مہینہ کا بچہ ۔ (۲) وہ بچہ جو ایک مہینے کے اندر مر جائے ۔

Christ : (n) [Gr."christos"] (۱) مسیح موعود ۔ (۲) حضرت عیسیٰ بحیثیت مسیح موعود ۔ (۳) آسمانی ؛ روحانی ؛ بادشاہ ؛ نجات دہندہ ؛ مسلم مسیحا ۔ (٤) انسان کامل ۔

The / a Christ : نجات دہندہ ؛ مسیحا ۔

The Christ child : مسیح کا عہد طفولیت ؛ مسیح کے بچے کی حالت میں ۔

Christ-cross / Criss-cross : (n) صلیب کا نشان ۔

Christ-cross-row / Criss-cross-row : (n) حروف تہجی ۔

Christ-like : (a) مسیح مانند ؛ مسیحا کی طرح ؛ مثل مسیحا کے ؛ عیسیٰ صفت ۔

Christ 's thorn : (n) فلسطین کی خاردار جھاڑی ۔

Christ-within : (n) اندرونی نور ۔

Christed : (pa. ppl.) فنا فی العیسیٰ ؛ حضرت عیسیٰ میں فنا ہونے والا ۔

Christen : (v) [OE."cristnian"] (۱) بپتسما دے کر عیسائی بنانا ؛ عیسائی بنانا ؛ متنصر کرنا ۔ (۲) بپتسما دینا ؛ اصطباغ دینا ۔ (۳) بپتسما دیتے وقت بطور عرف کے کسی شخص کا نام رکھنا ؛ نام دینا ۔ (٤) جہاز، جرس وغیرہ کا نام رکھنا ۔ (٥) پہلی بار استعمال کرنا ۔

Christendom : (n) (۱) عیسائی ؛ نصاریٰ ۔ (۲) ممالک نصاریٰ ؛ دنیائے مسیحیت ۔

Christening : (n) نام رکھائی ؛ تسمیہ ۔

Christer : (n) (عامیانہ) وہ شخص جو ظاہر داری اور غلو کے ساتھ عیسائی اصولوں کا ادعا کرتا ہے ؛ جو زہد میں غلو سے کام لیتا ہے ۔

Christhood : (n) مسیحیت ۔

Christian : (n) (۱) نصرانی ؛ عیسائی ؛ معتقد ؛ مسیح شخص ۔ (۲) انسان ؛ آدمی (جنگلی یا وحشی کی ضد پر) ۔ (۳) (سوقیانہ) مہذب آدمی ؛ معقول آدمی ؛ بھلا مانس ۔

Christian : (a) (۱) نصرانی ؛ عیسائی ؛ معتقد ؛ مسیح ۔ (۲) مسیحا یا اس کے مذہب کے متعلق ؛ عیسوی ؛ مسیحی ۔ (۳) مسیحا سیرت ؛ عیسیٰ صفت ؛ عیسیٰ کا سچّا پیرو ۔

Christian d 'or : (n) ڈنمارک کا انیسویں صدی کا سونے کا سکّہ ۔

Christian era : (n) سنہ عیسوی جس کا شمار حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے ہے ۔

Christian name : (n) پہلا نام ؛ (عیسائی) نام کا پہلا جزو ؛ (لسانیات) بپتسمے کے وقت کا نام ۔

Christian Science : (n) علاج بذریعہ عیسائی روحانیت ۔

Christian scientist : (n) (۱) مسیحی روحانیت کے ذریعہ علاج میں اعتقاد رکھنے والا ۔ (۲) عیسائیوں کا روحانی معالج ۔

Christian socialism : (n) (تجارت) عیسائی سماج واد ۔

Christian year : (n) سنہ عیسوی کا ایک سال ۔

Christianism : (n) عیسائی مذہب ؛ عقیدے اور اعمال ۔

Christianity : (n) عیسائیت ؛ مسیحیت ؛ عیسائی مذہب ۔

Christianization : (v) تنصر ۔

Christianize : (v) عیسائی بنانا ؛ عیسائی بن جانا ؛ تنصر ۔

Christianizer : (n) عیسائی بنانے والا ۔

Christianlike : (a) عیسائیانہ ؛ شایان عیسائیت ۔

Christianly : (adv) عیسائیوں کے طریقہ پر ؛ عیسائیانہ ؛ مسیحانہ ۔

Christianness : (n) عیسائیت ۔

Christiano- : (comb.) [f. L."christianus"] واصلہ بمعنی عیسائی ؛ مسیحی ۔

Christless : (a) غیر مسیحی ؛ غیر عیسائی ۔

Christlessness : (n) غیر مسیحیت ۔

Christlikeness : (n) مسیحا صفتی ۔

Christly : (adv) مسیحا کی طرح ؛ مسیحانہ ۔

Christmas : (n) [Late OE."cristes maesse"] (۱) عیسائیوں کا بڑا دن ؛ عید نصاریٰ ؛ بتاریخ ۲۵ دسمبر ۔ (۲) سالانہ کلیسائی تہوار جو ۲۵/ دسمبر کو حضرت عیسیٰ کی پیدائش کی یادگار میں ہوتا ہے ۔ (۳) پتیاں (Holly) وغیرہ جن سے کمروں کو بڑے دن میں آراستہ کیا جاتا ہے ۔

Christmas : (a) بڑے دن کا ؛ بڑے دن کے متعلق ۔

Christmas : (v) (۱) بڑا دن منانا ۔ (۲) بڑے دن کی آرائشی چیزوں سے آراستہ کرنا ۔

Christmas box : (n) ایک تحفہ جو بڑے دن کے موقع پر دیا جاتا ہے ۔

Christmas-card : (n) بڑے دن کا آرائشی کارڈ ۔

Christmas-day : (n) ۲۵ / دسمبر ۔

Christmas-eve : (n) ۲۴ / دسمبر کی شام ؛ شام عیدنصاریٰ ۔

Christmas flower : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Christmas gift : (n) کرسمس کی مبارکباد (پہلے یہ قاعدہ تھا کہ جو پہلے کسی کو مبارکباد کہے اس کو دوسرا شخص ایک تحفہ دے) ۔

Christmas present : (n) عیدی ؛ ہدیہ عید ؛ عید نصاریٰ کا تحفہ ۔

Christmas pudding : (n) ایک قسم کا کیک ؛ عید پڈنگ ۔

Christmas rose : (n) ایک پودا جس میں سفید یا ارغوانی گلاب کی طرح کے پھول ہوتے ہیں اور جو موسم سرما میں ہوتا ہے ۔

Christmas stalking : (n) لمبا موزہ یا تکیہ کا غلاف جو بچے عید نصاریٰ کے دن کی پہلی شام آتش دان کے قریب تحفہ رکھنے کے لئے ٹانگتے ہیں ۔

Christmas tide : (n) عید نصاریٰ کا ہفتہ ؛ ۲۴ / دسمبر سے شروع ہونے والا ہفتہ یا عشرہ ۔

Christmas tree : (n) (۱) ایک چھوٹا سا سدا بہار درخت جو کمرے کے اندر رکھا جاتا ہے اور اس میں موم بتیاں، مٹھائی، تحائف وغیرہ لٹکا دیئے جاتے ہیں ؛ شجر عید نصاریٰ ۔ (۲) تیل کے کنوؤں سے تیل کی پیداوار کو قابو میں رکھنے کی مشین ۔ (۳) آبدوز کشتیوں کے نگران کمرے میں سرخ اور سبز روشنیوں کا انتظام جو کھلے بند ہونے کی حالت کو بتاتا ہے ۔

Christmasy / Christmassy : (a) (۱) عیدی ؛ عید کا ؛ بڑے دن کا ؛ بڑے دن کے متعلق ؛ بڑے دن کے لائق ۔ (۲) بوقلموں ؛ شادمان ۔

Christo- : (comb.) [f. L."christus"] واصلہ بمعنی مسیح ۔

Christolatry : (n) مسیح پرستی ۔

Christological : (a) مسیحیات سے متعلق ۔

Christologist : (n) مسیحیات کا ماہر ۔

Christology : (n) مسیحیات ۔

Christomaniac : (a) عاشق مسیح ؛ وارفتہ مسیح ؛ دیوانہ مسیح ۔

Christophany : (n) ظہور عیسیٰ (اپنے پیرووں کے سامنے دوبارہ زندہ ہونے کے بعد) ۔

Christopher : (n) [Gr."christophoros"] دیکھو Bave berry اور Herb christopher (pl.)

Christward : (a) مسیحا کی جانب ؛ مسیح کی طرف ۔

Christy-minstrel : (n) بڑے دن کو حبشیوں کا سارنگی بجانے اور گانے والا ؛ بڑے دن کے بہروپیئے ۔

Chromascope : (n) [Gr."chroma+skopos"] (بصریات) بصارت پر رنگوں کا اثر جانچنے کا آلہ ۔

Chromate : (n) [f. CHROMIMUM+ATE] کرومک ایسڈ کا نمک ؛ کرومیٹ (کیمیا) ۔

Chromatic : (a.& n) [Gr."chromatikos"] (۱) لونی ؛ رنگ سے بھرا ہوا ؛ رنگین ؛ کرومیٹی (کیمیا) ۔ (۲) تیز رنگ ۔ (۳) (موسیقی) ایسے سروں کا استعمال جو بنیادی طرز میں نہیں ہیں ۔ (۴) نغماتی سرگم سے متعلق جس میں نصف سرتیاں ہوں ۔ (۵) (نباتیات) کسی رنگ سے رنگا جانے والا ۔ (۶) رنگین تعبیرات رکھنے والا ۔ (۷) نفیس رنگین جزویات والا ۔

Chromatic : (n) ایسا سر جو موسیقی کی طرز سے پیدا نہ ہوا ہو ۔

Chromatic aberration : (n) طیف کی رنگین شعاعوں کا ایک نقطہ پر مرکوز نہ ہونا ؛ رنگینی فتور (طبیعیات) ۔

Chromatic accent : (n) (شماریات) رنگین دباؤ ؛ سر لہجہ (مکمل دباؤ) ۔

Chromatic alteration : (n) کسی سُر کو نصف طور پر کم یا تیز کرنا ۔

Chromatic chord : (موسیقی) وہ تار جس کے سُر مخصوص طرز میں نہ ہوں ۔

Chormatic error : (n) (طبیعیات) سہو رنگ ۔

Chromatic printing : (n) رنگین طباعت ۔

Chromatic scale : (n) نغماتی سرگم جس میں سرتیاں ہوں ۔

Chromatically : (adv) رنگینی سے ؛ رنگ سے ؛ بلحاظ رنگ کے ؛ رنگ کا خیال رکھتے ہوئے ۔

Chromatics : (n) (۱) علم الوان ؛ لونیات ؛ علم رنگ شناسی ۔ (۲) ایسے سُر رکھنے والا جو Diatonic سرگم میں شامل نہیں ہیں ۔

Chromatin : (n) [Gr."chromat"+-IN] (۱) (حیاتیات) خلیہ کے مرکز کا وہ حصہ جو رنگ پذیر ہوتا ہے ۔ (۲) نسیج جسے رنگ میں ڈبو کر رنگا جا سکے ؛ (حیوانیات) لونی ۔

Chromatism : (n) [Gr."chromatiskos"] انحراف لونی ؛ (طبیعیات) رنگینی ۔ (۲) پودوں کا غیر طبعی رنگ ۔ (۳) طبعی رنگ ۔

Chromatist : (n) ماہر علم الوان ۔

Chromato-/Chromat-: (comb.) [Gr.] واصلہ بمعنی رنگ ۔

Chromato graphic analysis : (n) (طبیعیات) رنگی خطی تجزیہ ؛ (کیمیا) کرومیٹو گرافی تجزیہ ۔

Chromatogenous : (a) (مرضیات) رنگ پیدا کرنے والا ۔

Chromatographic : (a) [Gr."Chromato"+GRAPHY+IC] رنگوں کے بیان سے متعلق ۔

Chromatographic separation : (n) (طبیعیات) رنگی خطی علاحدگی ؛ (کیمیا) کرومیٹو گرافی علاحدگی ۔

Chromatography : (n) [CHROMATO+GRAPHY] (۱) رنگوں کا بیان ؛ رنگ خطی ۔ (۲) گیس، سیال اور ٹھوس چیزوں کو محلول کر کے علاحدہ کرنے کا عمل ۔

Chromatology : (n) [CHROMATO+LOGY] علم الوان ۔

Chromatometer : (n) [CHROMATO+METER] رنگ کی مقدار کو ناپنے کا آلہ ؛ رنگ سنج ؛ مقیاس الوان ۔

Chromatophore/-phor : (n) [CHROMATO-+Gr."phoros"] رنگ رکھنے والا خلیہ ۔

Chromatophorous : (a) رنگ کا خلیہ رکھنے والا ۔

Chromatopsy : (n) غیر طبعی رنگ بینی ؛ اختلال بصارت جس میں بےرنگ چیز رنگین نظر آتی ہے ۔

Chromatoscope : (n) (طبیعیات) رنگ نما ۔

Chromatoscopy : (n) اجسام کے رنگوں کا معائنہ ۔

Chromatosphere : (n) [CHROMATO+SPHERE] سورج کے گرد گیس کا سرخ ہالہ ؛ کرۂ نور ۔

Chromatrope : (n) [irreg. f. Gr."chroma+tropos"] قندیل مناظر میں دو گول قرصوں کی تختی جس کو گھمانے سے طرح طرح کے رنگ پیدا ہوتے ہیں ؛ رنگ گرداں ۔

Chromatype : [irreg. var. of CHROMOTYPE] Chromatype کا متبادل ۔

Chrome : (n) [Gr."Chroma"] (۱) (کیمیا) کرومیم ۔ (۲) زرد رنگ جو لیڈ کرومیٹ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Chrome alum : (n) (کیمیا) کروم پھٹکری ۔

Chrome green : (n) ایک آبی یا غیر آبی کرومک آکسائڈ ۔

Chrome iron ore : (n) (کیمیا) کروم لوہا کچی دھات ۔

Chrome leather : (n). (کیمیا) کروم چمڑا ۔

Chrome nickel : (n) (کیمیا) کروم نیکل ۔

Chrome orange : (کیمیا) کروم نارنجی ۔

Chrome red : (کیمیا) کروم سرخ ۔

Chrome vanadium steel : (کیمیا) کروم وینڈیم فولاد ۔

Chrome yellow : (کیمیا) کروم پیلا ۔

Chromic : (a) (۱) کرومیم کا ؛ کرومیم سے متعلق ؛ کرومیم دار ۔ (۲) طابع رنگ ؛ رنگ پذیر ۔

Chromic acid : (n) (کیمیا) کرومیك تیزاب ۔

Chromic iron : (n) (کیمیا) کروم لوھا ۔

Chromide : (n) ایك چمکیلی زرد رنگ کی مچھلی ۔

Chromiferous : (a) (کیمیا) کرومیم بردار ۔

Chromism : (n) [Gr."Chroma"+-ISM] (نباتیات) پودوں کا غیر طبعی رنگ ؛ حد سے زیادہ رنگین ھونا ؛ پودوں کاحد سے زیادہ غیر طبعی رنگ ۔

Chromite : (n) [f. CHROMIUM+ITE] ایك دھات جو لوھے اور کرومیم کے آکسائیڈ کا مرکب ھوتا ھے ؛ کرومائیٹ (کیمیا) ۔

Chromium : (n) [f. CHROME+IUM] کرومیم ؛ ایك دھاتی عنصر ۔

Chromo-: (comb.) [f.CHROMIUM] واصلہ بمعنی کرومیم ۔

Chromo : (n) [Short for CHROMOLITHOGRAPH] Chromolithograph کا مخفف ۔

Chromoblast : (a) [Gr.] (۱) تشریحی خلیہ جو رنگین خلیہ میں تبدیل ھو جاتا ھے ۔ (۲) ریشوں کا مختلف جسمیہ جس میں سیاہ رنگ ھوتا ھے ۔

Chromogen : (n) (۱) پودوں کا رنگین مادہ ؛ وہ مادہ جو پودوں کو رنگین بناتا ھے ۔ (۲) رنگ دینے والا ۔

Chromogenic : (a) رنگین مادہ والا ؛ رنگ دینے والا ۔

Chromograph : (n) (۱) رنگین طباعت ؛ رنگین چھاپہ یا چھاپے والا دستی پریس ۔ (۲) کسی تحریری مواد کو چھاپنے کا آلہ ۔

Chromograph : (v) رنگین طباعت کرنا ۔

Chromolithograph : (n) (۱) سنگی مطبع کی چھپی ھوئی رنگین تصویر ۔ (۲) رنگین سنگی چھپائی ؛ رنگین لیتھو ۔

Chromolithograph : (v) سنگی رنگین چھپائی کرنا ۔

Chromolithographer : (n) رنگوں سے چھاپنے والا ؛ طابع رنگین ؛ رنگین سنگی طابع ۔

Chromolithographic : (a) سنگی طباعت سے متعلق ۔

Chromolithgraphy : (n) رنگین سنگی طباعت ؛ رنگوں سے چھاپنے کا فن ۔

Chromometer : (n) (۱) رنگ سنج ۔ (۲) خام دھات میں رنگ کے ذریعہ معدنی اشیا کا پتہ لگانے کا آلہ ۔

Chromophane : (n) [Gr.] شبکی چشم کے اندرونی حصے کا رنگین مادہ ۔

Chromophore : (n) وہ جسم جس کے وجود اور رنگ بنانے والے گروپ سے رنگ کی قوت رکھنے کا پتہ چلتا ھے ۔

Chromophotography : (n) رنگ عکاسی ؛ رنگین تصویر کشی ۔

Chromophotolithograph : (n) ایك رنگین سنگی عکس ۔

Chromophyll : (n) [Gr.] خضرہ کی مانند پودوں میں رنگ پیدا کرنے والا مادہ ۔

Chromoplast : (n) (حیاتیات) ایك رنگین مادۂ حیات ۔

Chromosome : (n) [Gr. "chromosom"] (نباتیات) لونیہ ؛ کرومو سوم ۔

Chromosphere : (n) [CHROMO+SPHERE] دیکھو Chromatosphere ؛ کرۂ نور ؛ (حیوانیات) سبزہ برداری ؛ لونی کرہ ۔

Chromospheric : (a) کرۂ نور سے متعلق ۔

Chromotype (Also Chromatype) : (a) (تصویر کشی) کرومیم کے نمك کے ذریعہ بنائے حساس کاغذ پر عکس لینے کا طریقہ ؛ اس طرح لیا گیا عکس ۔

Chromotypography (Also Chromotypy) : (n) رنگین چھپائی ۔

Chromous : (a) [f. CHROME+OUS] (کیمیا) کرومیم سے متعلق ؛ وہ مرکبات جن میں کرومیم ملا ھوتا ھے ۔

Chromoxylography : (n) چوبی بلاك کے ذریعہ رنگین طباعت ۔

Chroneme : (لسانیات) اعرابیت ؛ اعراب دار ۔

Chronic/-al : (a) [Gr."chronikos"] (۱) مزمن ؛ کہنہ ؛ دیرینہ ۔ (۲) (عامیانہ) بد ؛ شدید ؛ سخت ؛ عیبی ۔

Chronic alcoholism : (n) وہ مرض جو اجباری شراب نوشی کی وجہ سے پیدا ہو ۔

Chronic doubt : (n) دیرینہ شك ؛ مزمن شك ۔

Chronic ignorance : (n) شدید جہل (جہالت) ۔

Chronic invalid : (n) پرانا مریض ۔

Chronic unemployment : (n) (تجارت) مسلسل بے روزگاری ۔

Chronically : (adv) مزمن طور پر ؛ دیرینہ ۔

Chronicity : (n) (مرض وغیرہ کی) کہنگی ؛ مزمنیت ۔

Chronicle : (n) [Gr."Chronikos"] (۱) روز نامچہ ؛ روزنامہ ؛ وقائع ؛ تاریخ وار واقعات یا سوانح ۔ (۲) سرگزشت ؛ واقع ؛ بیان ؛ حال ۔ (۳) عہدنامہ قدیم کے دو بابوں کے نام ۔

Chronicle : (v) (۱) تاریخ لکھنا ؛ روزنامچہ لکھنا ؛ سرگزشت لکھنا ۔(۲) وقائع نگاری ۔

Chronicler : (n) واقع نگار ؛ مورّخ ؛ روزنامچہ نویس ۔

Chronique scandaleuse / Chroniques scandaleuses : (n) [Fr.] (۱) بدنام کن افواہ ؛ بکھان ۔(۲) بدنام کنندہ تاریخ ؛ سوانح حیات یا افواہ ۔

Chronogram : (n) [f. Gr."Chronos"+GRAM] مادہ تاریخ ؛ تاریخی مادہ ؛ جملہ یا کلمات ؛ قطعہ تاریخ ۔

Chronogramatic : (a) تاریخی مادہ کا ؛ مادہ تاریخی سے متعلق ۔

Chronogramatically : (adv) از روئے مادۂ تاریخی ۔

Chronogramatist : (n) مادہ تاریخ بنانے والا ۔

Chronograph : (n) [f. as prec.+GRAPH] وقت نگار سا ؛ وقت بتانے والا ؛ وقت سنج ؛ چل رکنی گھڑی ؛ (طبیعیات) وقت خط ؛ وقت خطی آلہ ۔

Chronographer : [Gr.] وقت نگار ؛ واقعہ نگار ۔

Chronographic /-al : (a) وقت نگارسا ؛ وقت نگار کا ؛ وقت نگار کے متعلق ۔

Chronographically : (adv) از روئے وقت نگاری ۔

Chronography : (n) [Gr.] ماضی کے واقعات کی ترتیب وقت کے حساب سے ۔

Chronologer : (n) [f. CHRONOLOGY+ER] تاریخ شماری کا مطالعہ کرنے والا ؛ تاریخ شمار ؛ روزنامچہ لکھنے والا ؛ واقعہ نگار ؛ تاریخ نویس ؛ وقائع نگار ؛ جدول نویس ؛ شجرہ نویس ۔

Chronologic /-al : (a) تاریخی واقعہ نگاری سے متعلق ؛ فن تاریخ کا ؛ تاریخ وار ۔

Chronological development : (n) (شماریات) تاریخ وار ارتقاء ۔

Chronological limits : (n) (تاریخ) تاریخی دور ۔

Chronological order : (n) ترتیب تاریخ ؛ (تاریخ) تاریخی ترتیب ۔

Chronological record : (n) (تاریخ) تاریخ کا ریکارڈ ۔

Chronological sense : (n) (تاریخ) تاریخوں کا شعور ؛ تاریخی شعور ۔

Chronological sequence : (n) (تاریخ) تاریخی ترتیب ۔

Chronological table : (n) (تاریخ) تاریخی جدول ؛ جنتری ۔

Chronologically : (adv) تاریخ شماری کی روسے ؛ ترتیب کے حساب سے ؛ واقع نگارانہ ؛ تاریخ وارانہ ۔

Chronologist : (n) فن تاریخ کا ماہر ؛ مورخ ؛ تاریخ داں ۔

Chronologize : (v) تاریخ وار ترتیب دینا ؛ واقعات کو تاریخ وار لکھنا ؛ تاریخ لکھنا ؛ روز نامچہ لکھنا ؛ جدول بنانا ۔

Chronology : (n) [Gr."Chronos"+LOGY] (۱) واقعہ نگاری ؛ علم تاریخ ۔ (۲) تاریخ وار سلسلہ واقعات ۔ (۳) وہ تختہ یا نقشہ جس میں تاریخ وار واقعات درج ہوں ۔

Chronometer : (n) [Gr."Chronos"+METER] وقت سنج ؛ ٹھیک گھڑی ؛ صحیح وقت بتانے والی گھڑی ؛ جہاز گھڑی ؛ وقت پیما ؛ (طبیعیات) کرونو میٹر ؛ وقت پیما ۔

To rate a chronometer : (v) صحیح وقت کے حساب سے روزانہ کمی و بیشی کا حساب کرنا ۔

Chronometer-escapement : (n) وقت پیما کا وہ پرزہ جو اس کی با قاعدہ حرکت کو قائم رکھتا ہے ۔

Chronometric/-al : (n) وقت پیما سنجی سے متعلق۔

Chronometrically : (adv) از روئے وقت سنجی ؛ وقت پیمائی کے حساب سے۔

Chronometry : (n) [f. as prec.+METRY] علمی طور سے وقت کی پیمائش ؛ صحیح وقت معلوم کرنا ؛ وقت پیمائی ؛ وقت سنجی۔

Chronopher : (n) [L."Chronofer"] وقت رساں آلہ ؛ بعید مقامات پر بجلی کے ذریعہ صحیح وقت کی اطلاع دینے والا۔

Chronos : (n) (تعلیمات) زمانہ۔

Chronoscope : (n) [Gr."Chrono"+SCOPE] وقت کے قلیل وقفوں کو صحیح طور پر ناپنے کا آلہ خصوصاً گولوں ، گولیوں وغیرہ کی رفتار ناپنے کا آلہ۔

Chronoscopic : (a) مذکورہ بالا آلہ سے متعلق۔

Chronoscopy : (n) وقت کو صحیح طور سے دیکھنا اور اندازہ لگانا۔

Chrys-: (comb.) [Gr."chrisos"] واصلہ بمعنی سنہرا ؛ زریں ؛ زرکا۔

Chrysalid : (n) [Gr. CHRYSALIS] (۱) تیتری ، پتنگے وغیرہ کے پر نکلنے سے بہت پہلے کی حالت ؛ پیلہ۔ (۲) اس حالت میں کیڑے پر جو سخت خول ہوتا ہے ؛ پیلہ کا خول ؛ بادامہ۔ (۳) (مجازاً) ارتقائی حالت ؛ تکوینی اور تمہیدی حالت۔

Chrysaline : (a) [irreg. f."chrysal"-] پیلہ کی طرح۔

Chrysalis : (n) (pl.chrysalides or chrysalises) Chrysalid دیکھو

Chrysaloid : (a) مثل پیلہ۔

Chrysaniline : (n) چمکدار سنہرا پیلا رنگ۔

Chrysanthemum : (n) [Gr."Chrysanthemon"] (۱) گل داؤدی۔ (۲) جاپان کے شاہی خاندان کا ایک مکمل سولہ کرنوں والا گل داؤدی کی طرح کا نشان۔

Chrysarobin : (n) ایک بھورے رنگ کا سفوف جو جلدی امراض کے علاج میں استعمال ہوتا ہے۔

Chryselephantine : (a) [Gr."chryselephantinos"] سونے اور ہاتھی کے دانت کے نقوش سے آراستہ ؛ زرو عاج سے منقش۔

Chrysene : (n) سفید بلوری ہائیڈرو کاربن جو پٹرول اور الکترا سے حاصل ہوتا ہے۔

Chryso-: (comb.) [Gr."Chrysos"] واصلہ۔

Chrysoberyl : (n) [Gr."Chrysos+beryllos"] عقیق زرد ؛ زبرجد ؛ ایک قیمتی دھات جو بطور جواہر کے استعمال ہوتی ہے۔

Chrysobull : (n) [Gr."chrysboullon"] (۱) سونے کی بنی ہوئی آویزاں مہر۔ (۲) مہر لگی ہوئی دستاویز۔

Chrysochlore : (n) [Gr.] سنہری مائل سبز رنگ کے بالوں والی چھچھوندر۔

Chrysocolla : (n) [Gr."chrysokolla"] (۱) سنہرا رانگا۔ (۲) تانبے کا آبدار سلیکیٹ۔

Chrysocracy : (n) [After"Aristocracy"] دولت مندوں کی حکومت ؛ مالدار۔

Chrysogen : (n) نارنگی کے رنگ کا ہائیڈرو کاربن۔

Chrysograph : (v) [f.CHRYSIGRAPHY] طلائی حروف میں لکھنا۔

Chrysography : (n) [Gr.] تحریر زریں ؛ تحریر طلائی۔

Chrysoidine : (n) [Gr."chryso"+INE] زرد اور بھورے کے درمیان ایک زرد رنگ۔

Chrysolite : (n) [L."chrysolithus"] لہسنیہ ؛ یشب سبز۔

Chrysology : (n) [Gr.] سونے یا دولت کا علم۔

Chrysophan (e) : (n) [Gr.] (۱) ریوند چینی کی الکحلی کشید میں موجود نارنجی سرخ رنگ کے ایک تلخ مادے کا نام۔ (۲) وہ نارنجی سرخ رنگ کا تلخ مادہ جو ریوند چینی کی الکحلی کشید میں موجود ہوتا ہے۔

Chrysophane : (n) Clintonite ایک قسم کا ابرک

Chrysophilist / Chrysophilite : (n) [Gr.] عاشق زر ؛ عاشق مال۔

Chrysophyll : (n) [Gr.] پودوں کو زرد رنگ بنانے والا مادہ۔

Chrysopoetic : (a) [Gr.] سونا بنانے والا ؛ سونا بنانے کا ۔

Chrysoprase / Chrysoprasus : (n) [Gr."chrysos+prason"] (۱) زردی مائل فیروزہ ۔ (۲) پکھراج ؛ پکھراج کا سبز رنگ ۔

Chrysotile : (n) [Gr.] ریشہ دار حجر الحیہ ۔

Chrysotype : (n) (تصویر کشی) تصویر اتارنے کا وہ طریقہ جس میں نیگیٹو پر سونے کا کلورائیڈ استعمال ہوتا ہے ؛ اسطرح کی بنی ہوئی تصویر ۔

Chthonian (Also, chthonic) : [Gr."Chthonios+IN] زیر زمین رہنے والا ؛ عالم اسفل میں رہنے والا ۔

Chub : (n) [of unknown origin] (۱) ایک قسم کی دریائی مچھلی ؛ چوب ماهی ۔ (۲) لکڑی کا کندہ ۔ (۳) مثل چوب ماهی ۔

Chubb : (n) [Inventor 's name] ایک قسم کا قفل ؛ تالا (موجد کے نام سے) جس کو چور کھول نہ سکے ۔

Chubbiness : (n) گدازی ؛ موٹاپا ۔

Chubby : (a) پھولا ہوا ؛ کچوری سے گال والا ؛ گداز ؛ گل پھلا ۔

Chuck : (n) [Echoic] کٹ کٹ ؛ ٹخ ٹخ ؛ کڑ کڑ مثلاً مرغی کی آواز (بچوں کو بلانے کے لئے)۔

Chuck : (n) پیار کا لفظ ؛ پیارے ؛ پٹھے ؛ یار ؛ عزیز ۔

Chuck : (n) (۱) ٹھوڑی میں هاتھ لگانا ۔ (۲) اچھال ؛ هچکولا ؛ برطرفی ۔ (۳) Chuck farthing کا مخفف ۔

Chuck : (n) (۱) کندہ ۔ (۲) گائے کے گوشت میں سینے پٹھے کا حصہ ؛ بھیڑ، بکرا وغیرہ کے گوشت میں بھی سینے کا حصہ ۔ (۳) غذا ؛ کھانا (۴) لکڑی کا گاؤ دم ٹکڑا ۔ (۵) وہ اڑان جو کسی چیز کو مشین کے اندر یا نیچے قائم رکھنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ؛ خراد ٹیک ؛ ٹیک ۔ (٦) کشتی کی اڑان ۔

Chuck : (n) بندرگاہ ؛ تنگ کھاڑی ۔

Chuck : (v) [Echoic] (۱) کٹکٹانا ؛ مرغیوں کے بلانے کی آواز کرنا ؛ کٹ کٹ کرنا ۔ (۲) گھوڑے کو ٹٹکانا ؛ ٹخ ٹخ کرنا ۔

Chuck : (v) (۱) ٹھوڑی میں هاتھ دینا ؛ هلکے سے پیار کرنا ۔ (۲) پھینکنا ؛ ڈالنا ؛ پرے پھینکنا ؛ اچھالنا ۔ (۳) پھینک دینا ؛ علاحدہ کر دینا ؛ خارج کرنا ؛ نکال دینا ؛ چھوڑ دینا ؛ زمین صاف کرنا ۔ (۴) گچی پالا کھیلنا ۔ (۵) ایک کھیل جسے بچے سنگریزوں سے کھیلتے ہیں ۔

Chuck : (v) (امریکی) (ایک طرح کی گلہری)

Chuck : (v) خراد کی ٹیک لگا کر مستقل کرنا ؛ خراد کی مشین پر اوٹ لگانا ۔

Chuck : (v) [F.CHUCK+LE] (۱) هنسی روک روک کر هنسنا ۔ (۲) اس طرح هنسنا کہ آواز نہ نکلے ؛ خوشی کی علامات ظاهر کرنا ۔ (۳) تفاخر کی هنسی هنسنا ؛ کسی کو هرا کر یا ذلیل کر کے خوش هونا ؛ بغلیں بجانا ۔ (۴) مرغیوں کی کٹ کٹ آواز نکالنا ؛ مرغیوں کی آواز نکالنا ۔

Chuck : (adv) براہ راست فشار / ضرب سے ۔

Chuck-a-luck : ایک کھیل جو تین پانسوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

Chuck-farthing / Chuck-halfpenny / Chuck-hole : کچی پالا ۔

Chuck-hole : (n) راستہ کا گڑھا ۔

Chuck it : (v) (سوقیانہ) اس کو چھوڑ دو ۔

Chuck out : (v) نکالنا ؛ باهر کرنا ؛ خارج کرنا ؛ بدر کرنا ؛ چادر ڈھک دینا ؛ نکال باهر کرنا ؛ گردن میں هاتھ دیکر نکال دینا ۔

Chuck up : (v) چھوڑ دینا ؛ نفرت سے ترک کرنا ؛ عاجز آکر چھوڑ دینا ۔

To chuck up the sponge : کوشش سے هاتھ اٹھانا ؛ کوشش ترک کرنا ؛ بھاگ جانا ؛ هاتھ دھر بیٹھنا ۔

Chuck-will 's-widow : (n) ایک پرندہ جس سے متعلق یہ خیال ہے کہ رات کے وقت بکریوں کا دودھ پی جاتا ہے ۔

Chucker : (n) (۱) ایک چھوٹا سنگریزہ ۔ (۲) پھینکنے والا ؛ نکال دینے والا ۔ (۳) مشین جو کاٹتی ہے ، کھڈا بناتی ہے ، تراش و خراش کرتی ہے ۔ (۴) نکال باهر کرنے والا ۔

Chucker-out : (۱) لٹے ہوئے شخص کو قمار خانہ ، قحبہ خانہ یا شراب خانے سے نکال دینے والا ۔ (۲) کسی سیاسی یا دوسرے جلسہ سے مخالفین کو باھر نکالنے والے بھاڑے کے بد معاش ۔

Chuckie : (n) [dim. of CHUCK] سنگریزے ۔

Chuckie / chucky : (n) پیارا بیٹا ؛ عزیز ؛ جان من ۔

Chuckle : (n) (۱) منہ بند ھنسی ؛ دبی ھنسی ۔ (۲) بعض چڑیوں کی آواز بچوں کو بلانے کے لئے ؛ مرغی کی کٹ کٹ ۔

Chuckle : (a) بڑا اور بے ڈھنگا ؛ بے مغز ؛ غبی ؛ کند ذھن ؛ گودن ؛ گودنی ۔

Chuckle : (n) احمق آدمی ؛ بیوقوف آدمی ۔

Chuckle-head / Chuckle-headed : (a) کند ذھن ؛ غبی ؛ ٹھس ؛ کودن ؛ گاؤدی ؛ بغلول ؛ احمق ۔

Chuckle-head : (n) ایک قسم کی مچھلی جو کیلفورنیا کے کنارے پائی جاتی ھے ۔

Chuckle-headedness : (n) کند ذھنیت ؛ حماقت ؛ بغلولیت ۔

Chuckler : (n) چمار ؛ کفش دوز ؛ موچی ۔

Chucky : (n) [dim . of CHUCK] (۱) مرغی کا چوزہ ۔ (۲) عزیز ۔

Chuddar : (n) [Hindi, pers."chadar"] چادر ۔

Chufa : (n) [Origin unknown] ایک یورپی پودا جس میں بادام جیسا پھل ھوتا ھے ۔

Chuff : (a) [As prec .] (۱) بد مزاج ؛ افسردہ ۔ (۲) موٹا ؛ پھولا ھوا ۔ (۳) مغرور ؛ مطمئن ۔

Chuff : (n) گنوار ؛ دیہاتی ؛ بخیل ۔

Chuff : (n) (۱) شگاف دار اینٹ ۔ (۲) بھاپ والے انجن کی ایک آواز ۔

Chuff : (v) بھاپ والے انجن کی سی آواز نکالنا ۔

Chuffy : (a) پست قد اور موٹا ۔

Chuffy : (adv) بد مزاج ؛ گنوار ؛ دیہاتی ؛ بخیل ۔

Chuffily : (adv) گنوار کی طرح ؛ دیہاتی کے طرز پر ۔

Chuffiness : (n) گنوار پن ؛ دہقانیت ۔

Chug : (n) [Echoic] انجن کی وقفہ دار دبی ھوئی آواز ۔

Chukka : (n) ایک قسم کا چمڑے کا جوتا ۔

Chukker (Also, chucker) [Skr."cakra"] (۱) (پولو) چکر ؛ دور ۔ (۲) پہیا ؛ چرخ ۔

Chulha : (n) [Skr."culli"] چولہا ۔

Chum : (n) [Prob. short for "chamber-fellow"] بے تکلف دوست ؛ یار غار ؛ ھم پیالہ و ھم نوالہ ؛ ھم حجرہ ؛ رفیق ؛ شریک ؛ ھمدم ۔

New chum : (آسٹریلیا کی اصطلاح) نو وارد ۔

Chum : (v) ساتھ رھنا ؛ ایک گھر میں رھنا ؛ ایک کمرے میں رھنا ؛ ھم پیالہ و ھم نوالہ ھونا ؛ بے تکلف ھونا ۔

Chum up : (v) بے تکلفی پیدا کرنا ؛ ربط ضبط بڑھانا ؛ میل جول بڑھانا ؛ پینگ بڑھانا ۔

Chumage : (n) کئی آدمیوں کا ایک کمرے میں رھنا ؛ رفاقت ؛ ھم اُطاقی ۔

Chummery : (n) [Chum + ery] ساتھ رھنے کا مکان ؛ ایک ساتھ رھنا سہنا ۔

Chumminess : (n) رفاقت ؛ دوستی ؛ یاری ۔

Chummy / chum : [dim. of CHUM] بے تکلف دوست ؛ یار غار ؛ رفیق ۔

Chummy : (n) [f."chumley"=CHIMNEY] صاف کونے والا ؛ صاف کرنے والے کا معاون لڑکا ۔

Chump : (n) [of doubtful etymology] (۱) لکڑی کا کندہ ؛ آخری حصہ ۔ (۲) کسی چیز کا موٹا حصہ ۔ (۳) احمق ؛ بیوقوف ؛ خر دماغ ؛ دھوکا کھانے والا ۔

Off one's chump : (مزاحاً) جوش میں دیوانہ ھو گیا ھے ؛ آپے سے باھر ھوگیا ھے ۔

Chump-chop : (n) بکری کی پیٹھ ۔

Chump : (v) چبانا ۔

Chumpy : (n) موٹا ۔

Chumship : (n) رفاقت ؛ دوستی ؛ یار غاری ۔

Chunam : (n) [Tamil,"chunnam"] (۱) چونا جو پان کے ساتھ کھایا جاتا ہے ۔ (۲) چونے اور بالو کا منقش پلاسٹر ۔

Chunam : (v) چونے اور بالو کا منقش پلاسٹر لگانا ۔

Chunk : (n) [modification of CHUCK] (۱) موٹا ٹکڑا؛ قتلہ ؛ پھانك ؛ قاش ؛ کندہ ۔ (۲) قابل توجہ مقدار ۔ (۳) چھوٹا اور گٹھیلا جسم والا گھوڑا ؛ مضبوط گٹھیلا آدمی ۔

Chunk : (v) (۱) پھینکنا ۔ (۲) آگ کو تیز کرنا ۔

Chunky : (a) چھوٹا ، موٹا ، گٹھیلا مضبوط جسم والا ۔

Chuntér : (v) [Echoic] آھستہ یا دھیمی آواز میں بولنا ؛ فریاد کرنا ۔

Chuppatty : (n) [Hindi."Chapati"] چپاتی ۔

Chaprassy : (n) [Hindi,"chaprasi", f. chapras] چپراسی ۔

Church : (n) [OE."cirice","circe","cyr (ice".] (۱) گرجا ؛ گرجا گھر ؛ کلیسا ؛ صومعہ ؛ دیر ؛ کنیسا ۔ (۲) نصاریٰ ؛ عیسائی ؛ عیسائی لوگ ؛ مذھب عیسوی کے پیرو ۔ (۳) عیسائیوں کی جماعت ؛ دینی جماعت ؛ مذھبی انجمن ؛ مذھب ۔ (٤) مذھبی لوگوں کی انجمن ۔ (٥) مذھبی پیشہ ؛ پادریوں کا پیشہ ۔ (٦) عبادت یا جماعت ۔ (۷) کوئی عبادت گاہ ؛ معبد ۔

Established church : مسلمّ کلیسا جسکو حکومت تسلیم کرے ۔

Going to the church : پادری بن جانا ؛ مذھبی پیشہ اختیار کرنا ۔

High, Low, Broad church : عیسائیوں کے مختلف فرقے ؛ اعلیٰ و ادنیٰ ؛ فراخ کلیسا ۔

Holy church : کیتھولك عیسائیوں کا چرچ ۔

Poor as church mouse : نہایت ھی مفلس ۔

Primitive church : ابتدائی مذھب ؛ ابتدائی دینی جماعت ؛ ابتدائی کنیسا ۔

Reformed church : اصلاح یافتہ کلیسا ۔

To go to church : گرجا میں جانا ؛ عبادت میں شریك ھونا ۔

Church : (v) (۱) عورت کو وضع حمل کے بعد گرجا میں شکرانہ ادا کرنے کے لئے لانا ؛ شکرانہ زچگی ادا کرنا ۔ (۲) کلیسا میں لے جانا یا جانا (کسی مذھبی رسم کر ادا کرنے کے لئے) ۔

Church : (a) کلیسائی ؛ کلیسا سے متعلق ۔

Church-bell : (n) جرس کلیسا ۔

Church -book : (n) کوئی کلیسائی کتاب ۔

Church-congress : (n) کشیشوں اور عیسائیوں کی ایك نیم سرکاری سالانہ مجلس ۔

Church-flag : (n) عبادت کے دوران جہاز پر لہرایا جانے والا جھنڈا ۔

Church-flok : (n) کلیسائے حکومت کے ماننے والے ارکان ۔

Church-garth : (n) کلیسا کا احاطہ جو قبرستان کے لئے بھی استعمال ھوتا ھے ؛ گرجا سے ملا ھوا قبرستان ؛ گورستان ۔

Church-goer : (n) پابندی سے گرجا جانے والا شخص ۔

Church-going : (a) پابندی سے گرجا جانے والا ۔

Church-going : (n) پابندی سے گرجا جانے والا شخص ۔

Church-government : (n) نظام کلیسا ۔

Church-governor : (n) ناظم کلیسا ۔

Church-hay : (n) (۱) گرجا کا احاطہ ۔ (۲) گرجا سے ملا ھوا قبرستان ؛ گرجا کا قبرستان ۔

Church-house : (n) مکان جو کلیسا کی ملکیت ھو یا گرجے کے مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے ۔

Church invisible : (n) زندوں اور مردوں کی پوری جماعت جو عیسائی ھیں اور جن کی نجات متیقن ھے ۔

Church-land : (n) کلیسا کی زمین ۔

Church-lease : (n) کلیسا کی جائداد کا اجارہ ۔

Church-living : (n) پادری کی مدد معاش خصوصاً کلیسائے انگلستان میں ۔

Church-member : (n) کلیسا کا ایک رکن ۔

Church-membership : (n) کلیسا کی رکنیت ۔

Church-mode : (n) کلیسائی طرز (الموسیقی) ۔

Church office : (n) (۱) کلیسا کی مقررہ دعا ۔ (۲) عبادات کا مقرر کردہ طریقہ ۔

Church officer : (n) عہدہ دار کلیسا ۔

Church-owl : (n) دیکھو Barn-owl

Church-rate : (n) گرجا کا چندہ ؛ گرجا کرنا ۔

Church-register : (n) بپتسما ، شادی اور موت کا رجسٹر ۔

Church school : (n) ایسا اسکول جس میں عام تعلیم دی جاتی ہے مگر جس کا خرچ کوئی کلیسا برداشت کرتا ہے ۔

Church scot/-shot : (n) [OE."ciricsceatt"] غلے کی شکل میں گرجا کا چندہ جو کشیش پہلے اپنے اخراجات کے لئے لیا کرتے تھے ۔

Church service : (n) نماز کی کتاب ؛ عیسائیوں کی نماز با جماعت ۔

Church text : (n) گوتھک ٹائپ ۔

Church-woman : (n) گرجا کی رکن ۔

Church-work : (n) کلیسائی کام (جو کلیسا کے اغراض و مقاصد کے مطابق ہوں) ۔

Church-worker : (n) کلیسائی کام کرنے والا ۔

Church-yard : (n) دیکھو Church-hay

مردوں سے پٹا ہوا قبرستان ۔ Fat churchyard :

Churchdom : (n) کلیسائی مرتبہ ؛ نظام کلیسا ۔

Churchianity : (n) کسی خاص کلیسا سے انتہائی اور فرقہ پرستانہ طور پر لگاؤ ۔

Churchify : (v) کٹر کلیسائی بنانا ؛ کلیسا کا اندھا مقلد بنانا ؛ غالی کلیسائی بنانا ۔

Churchiness : (n) غالی عیسائیت ؛ کلیسائیت ۔

Churchism : (n) محکم کلیسائیت ۔

Churchite : (a) حامی کلیسا ۔

Chuchless : (a) بغیر گرجا کا ؛ بے گرجا ؛ بے کلیسا ۔

Churchlet : (n) چھوٹا کلیسا ۔

Churchlike : (a) مانند کلیسا ؛ مثل گرجا ؛ کلیسا کے مناسب ۔

Churchly : (adv) کلیسائی ۔

Churchman : (n) (۱) کشیش ۔ (۲) گرجا کی جماعت کا رکن ۔

Chruchmanly : (a) کلیسائی ۔

Churchmanship : (n) گرجا کی رکنیت ۔

Churchward : (n) [OE."ciricweard"] کلیسا کا نگہبان : کلیسا کا امین ۔

Churchward / -wards : (adv) کلیسا کی جانب ۔

Churchwarden : (n) (۱) کلیسا کا متولی ؛ کلیسا کا نگہبان ۔ (۲) تمباکو پینے کا لمبا پائپ ۔

Churchwardenship : (n) کلیسا کی نگہبانی ۔

Churchway : (n) کلیسا کا راستہ ۔

Churchwise : (adv) کلیسا کی طرح ؛ بطور کلیسا ۔

Churchwise : (a) کلیسا کی طرح کا ۔

Churchyard cough : (n) مہلک کھانسی ؛ جان لیوا کھانسی ۔

Churel : (n) [Hindi."Curail"] چڑیل ۔

Churl : (n) [OE."ceorl"] (۱) کم ذات ؛ رذیل ؛ وضیع ۔ (۲) دیہاتی ؛ دہقانی ؛ پینڈو ؛ گاؤدی ؛ گنوار ۔ (۳) بد تمیز ؛ غیر مہذب ؛ اجڈ ؛ اکھڑ ؛ نا شائستہ ؛ کندہ نا تراش ۔ (٤) کنجوس ؛ بخیل ؛ مکھی چوس ؛ ممسک ۔ (۵) مرد ؛ شوہر ۔ (٦) سب سے نچلے طبقے کا آزاد آدمی ۔

Churlhood : (n) آزاد آدمیوں کا سب سے نچلا طبقہ ۔

Churlish : (a) [OE."ceorlisc"] (۱) اکھڑ ؛ گنوار ؛ گاؤدی ؛ بد تمیز ۔ (۲) کنجوس ؛ ذلیل ۔ (۳) بے رحم ؛ ظالم ؛ ضدی ۔

Churlishly : (adv) اکھڑ پن سے ؛ گنوار پن سے ؛ بخیلانہ ؛ بد تمیزی سے ۔

Churlishness : (n) اجڈ پن ؛ گنوار پن ؛ بد تمیزی ؛ بخل ؛ اکھڑ پن ۔

Churn : (n) [Late. OE. "cyrin"] (۱) مکھن نکالنے کی مشین ؛ رئی ؛ مدھانی ؛ متھانی ؛ بلونی یا اس سے مشابہ کوئی برتن یا مشین ۔ (۲) (مجازاً) ہیجان ۔ (۳) متھنا ۔ (٤) بڑا شیر دان ؛ چاٹی ۔

Churn : (v) (۱) مکھن نکالنا ؛ بلونا ؛ متھنا ۔ (۲) جھاگ اٹھانا ؛ ادھر ادھر لہروں کا اٹھنا ؛ جوش آنا ؛ طوفان آنا ۔ (۳) مسلسل ذہنی کاوش سے کوئی چیز پیدا کرنا ؛ مسلسل ہیجان پیدا کرنا یا ہونا ۔

Churn dash (er) : (n) رئی ؛ مدھانی ؛ متھنی ؛ مکھن نکالنے کا آلہ ۔

Churn-owl : (n) ایک قسم کا پرندہ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ رات کے وقت بکریوں کا دودھ پی جاتا ہے ۔

Churn staff : (n) دیکھو Churn-dash (er)

Churner : (n) مکھن نکالنے کی مشین ؛ مکھن بنانے والا ۔

Churning : (n) مکھن نکالنے کا عمل ؛ مدھانی کے ذریعہ مکھن نکالنا ۔

A churning : مکھن کی مقدار جو ایکبار حاصل ہو ؛ ایک گھان ؛ ایک متھاوی ؛ ایک مرتبہ جتنا مکھن نکل آئے ۔

Churnmilk : (n) مکھن نکالا ہو دودھ ۔

Churr : (n) [Echoic] چرچر ؛ گٹ کوں ۔

Churr : (v) چر چر کی آواز نکالنا ۔

Churr-worm : (n) [From the sound it makes] ایک قسم کا جھینگر ۔

Churrus : (n) [Hindi "charas"] چرس ؛ موت ۔

Chuse : (v) [Var. of CHOOSE (v)] Choose کی متبادل شکل

Chusite : (n) [perh . f. Gr."Chuse+ite"] ایک قسم کا زبرجد ۔

Chutt : (n) [Cf. Fr. "chut"] علامت بے صبری ؛ جلد جلد ؛ جھٹ ؛ جھٹ پٹ ؛ چٹ پٹ ؛ اُف ؛ اوہ ۔

Chute (Also Shute) : (n) [Fr."chute"] (۱) پانی کا ڈھلوان ؛ پرشتے بہاؤ ۔ (۲) ڈھلواں نالی ۔ (۳) کوڑا نیچے پھینکنے کی نالی ؛ بد رود ۔ (٤) پھسلنے والی گاڑی ۔ (۵) اناج ، کوئلہ وغیرہ نیچے گرانے کی نالی ۔ (٦) جانوروں کو روکنے کے لئے اونچی دیواروں والا تنگ راستہ ۔ (۷) چتر نجات ؛ پیرا شوٹ ؛ محافظ چھتری ۔ (۸) ڈھلوان ۔

Chute : (v) نالی کے ذریعہ نیچے لے جانا ۔

To chute the chutes : ڈھلوان سے پھسلنا ۔

Chutney / Chutnee : (n) [Hindi "chatni"] چٹنی ۔

Chylaqueous : (a) [f. CHYLE+AQUEOUS] کیلوسی ؛ پانی میں ملے کیلوس کی طرح ۔

Chylaqueous fluid : (n) بغیر ریڑھ والے بعض جانوروں کے جسم میں دوڑتا ہوا ایک شفاف و بے رنگ سیال ۔

Chyle : (n) [Gr."Kylos"] کیلوس ؛ کیلو ۔

Chyliferous : (a) کیلوس بر ۔

Chylific : (a) (Also Chylifactory) کیلوس ساز ۔

Chylification : (n) کیلوس سازی ۔

Chylify : (v) کیلوس بنانا ؛ کیلوس میں تبدیل کرنا ۔

Chylo- : (comb.) [f. Gr."Chylos"] واصلہ بمعنی "کیلوس" ۔

Chylopoeitic / Chylopoetic : (a) [Gr."chylos+poein"] کیلوس پیدا کرنے والا ۔

Chylous : (a) [med. L."chylosus"] کیلوسی ۔

Chyluria : (n) [mod. L.] (مرضیات) پیشاب میں کیلوس کا ہونا ۔

Chym : دیکھو chim

Chyme : (n) [Gr. "chymos"] (۱) کیموس ۔ (۲) رس (پودوں کا) ۔

Chymic / Chymist : (n) دیکھو chemic / chemist

Chymiferous : (a) کیموس دار ۔

Chymification : (n) غذا کی کیموس میں تبدیلی ۔

Chymify : (v) کیموس بنانا ؛ کیموس میں تبدیل کرنا ۔

Chymo-: (comb.) [f. L."chymus"] واصلہ بمعنی " کیموس" ۔

Chymous : (a) کیموس سے متعلق ؛ کیموس ۔

Chyometer : (n) [f. Gr."chy"+METER] سیال چیزوں کو ناپنے کا آلہ ۔

Cibol / Ciboule : (n) [OFr."Cibole"] chibol کی متبادل شکل ۔

Ciborium : (n) [Gr."Kiborian"] (۱) (تعمیر) چتر ؛ چتر دار معبد ؛ مقبرہ وغیرہ ۔ (۲) عیسائیوں کی عید قربان میں پیالہ ، قدح (سر پوش دار) ؛ سرپوش پیالہ ۔

Cicada : (Also cicala) (n) [L."cicada"] ٹڈا ؛ ٹڈی ؛ ملخ ؛ زنجرہ ؛ جھینگر ۔

Cicala : (n) [L. cicala See prec.] دیکھو Cicada

Cicatrice : (n) [L."cicatrix"] زخم کا نشان ؛ داغ ۔

Cicatricial : (a) داغی ؛ وسمی ۔

Cicatricose : (a) داغوں بھرا ؛ داغدار ۔

Cicatricula / Cycatricle / Cicatricule : (n) [L.dim of "cicatrix"] (۱) (حیاتیات) انڈے کی زردی پر کا خال جس سے چوزہ پیدا ہوتا ہے ۔ (۲) (نباتیات) ورقہ یا پتا اکھڑنے کا نشان ۔ (۳) (طب) چھوٹا داغ ؛ چھوٹا نشان ۔

Cicatricular : (a) انڈے کی زردی کے خال یا ورقہ یا پتے کا نشان رکھنے والا ۔

Cicatrisive : (a) [irreg. f. CICATRIZE] داغ یا نشان پیدا کرنے کا میلان رکھنے والا ۔

Cicatrix : (pl. cicatrices) [L.] (۱) زخم کا نشان ؛ داغ ۔ (۲) درخت پرسے ورقہ اکھڑ جانے کا نشان ۔ (۳) پتے کے جھڑ جانے کے بعد جو نشان رہ جاتا ہے ۔

Cicatrizant : (a) زخم کو مندمل کرنے والا ۔

Cicatrization : (n) اندمال ؛ زخم کا بھراؤ ؛ انگور آنا ؛ داغ ڈالنا ۔

Cicatrize : (v) [OFr."cicatriser"] (۱) زخم بھرنا ؛ مندمل ہونا ؛ اچھا ہونا ؛ انگور آنا ۔ (۲) داغ ڈالنا ؛ نشان پڑنا ۔

Cicatrizer : (n) مندمل کرنے والا ؛ داغ ڈالنے والا ۔

Cicely : (n) [App. L."seselis"] ایک پھولدار درخت ۔

Cicerone : (Pl. ciceroni) [The Roman orator Marcus Tullius Cicero] آثار قدیمہ کا رہبر ۔

Cicerone : (v) آثار قدیمہ کی رہنمائی کرنا ؛ مناظر دکھلانا ۔

Ciceronian : (a) [f."cicero"] سیسرو جیسا ؛ سیسرو کا سا ۔

Ciceronian : (n) (۱) سخنور ؛ فصیح اور موزوں طبع ۔ (۲) سیسرو کی تصنیفات سے شغف رکھنے والا ؛ سیسرو شناسی ؛ سیسرو کا پیرو ۔

Ciceronianism : (n) سیسرو کی فصاحت و بلاغت کی تقلید ۔

Cichoraceous : (a) [mod. L."cicoraceae"] کاسنی دار ۔

Cicisbeism : (n) شادی شدہ عورتوں سے عاشقی کا رواج ۔

Cicisbeo : (pl. cicisbei,-beos) [It. of unknown origin] (۱) (اٹلی میں) شادی شدہ عورتوں کا عاشق یا عاشق مزاج مصاحب ۔ (۲) فیتے کی ایک گرہ جو تلوار کے دستے یا چھل قدمی والی چھڑی میں بندھی ہو ۔

Cicuta : (n) [L."cicuta"] ایک قسم کے چھوٹے پودے جن کی جڑیں زہریلی ہوتی ہیں ۔

Cicutene / Cicutine : (Also cicutoxin) [f."cicuta"] (۱) Cicuta میں موجود زہریلا مادہ ۔ (۲) Cicuta سے حاصل ہونے والے کیمیاوی مرکبات ۔

Cid : (n) [Arab. "sayyid"] ھسپانوی مسیحی مجاھد کا لقب جو گیارھویں صدی میں گذرا ۔

Ciaris : (n) [Heb."keter"] قدیم ایرانی بادشاھوں کا تاج ۔

-cide : (suffix) لاحقہ بمعنی (۱) قاتل ؛ ہلاک کرنے والا ۔ (۲) قتل ؛ خون ۔

Cider : (n) [ME."cidre"] سیب کی شراب ؛ شربت سیب ؛ سیب کا رس ۔

Cider-brandy : (n) سیب کی شراب سے تقطیر کی ہوئی برانڈی شراب ۔

Cider-cellar : (n) تہ خانہ جس میں سیب کی شراب رکھی جاتی ہے ۔

Cider cup : (n) کاسہ ؛ جام ۔

Cider mill : (n) وہ کارخانہ جس میں سیب کو شراب بنانے کے لئے کچلا جاتا ہے ۔

Cider-press : (n) سیب کا عرق نکالنے کا آلہ ؛ سیب نچوڑ ؛ سیب افشار ۔

Ciderist : (n) سیب کی شراب بنانے والا ۔

Ciderkin /Water-cider : (n) سیب کی ہلکی شراب ۔

Cidevant : (a) [Fr.] سابق ؛ پچھلا ؛ اگلا ؛ گزشتہ ؛ پیش ؛ ماضی ؛ سلف ؛ پہلا ؛ منسوخ ۔

Cidevant : (n) وہ جو انقلاب فرانس کے پہلے امیر تھا یا رہا ہو ؛ گزشتہ چیز یا شخص ؛ کسی کام سے سبکدوش ؛ بے اختیار اور بے اثر شخص ۔

Ciel : (n) [L."caelum"] آسمان ؛ آسمانی (رنگ) ۔

Cierge : (n) [L."cereus"] شمع مومی جو مذہبی رسومات میں استعمال ہوتی ہے ۔

Cigala / Cigale : (n) [L."Cicala"/ Cicada / Cicala.] دیکھو

Cigar / Segar : (n) [Fr."cigare" of Sp. "cigarr"] سگار ؛ چرٹ ۔

Cigaresque : (a) (مزاحاً) نمایاں طور پر سگار رکھنے والا ۔

Cigarette : (n) [Fr."cigarette"] سگریٹ ۔

Cigar holder : (n) چرٹ کی منہال ؛ نلکی ؛ سگار گیر ۔

Cigarless : (a) بے سگار ۔

Cigar shaped : (a) سگار نما ؛ سگار کی شکل کا ۔

Cilia : (n) [L. pl. of "cilium"] (۱) مژگاں ؛ پلک ۔ (۲) پتوں کی جھالر ۔ (۳) تیتریوں کا بازو ؛ تتلیوں کے پر ۔ (٤) ادنیٰ آبی جانوروں کے روئیں ۔

Ciliary : (a) f. L."cilium"] پلکوں کے ؛ مژگانی ؛ پلک دار ؛ (حیوانیات) ہدبی ۔

Ciliary motion : (n) مژگاں کی اہتزازی حرکت ۔

Ciliary muscle or cirle : (n) وہ عضلہ جو آنکھ کے ڈھیلے کی دیوار کے اندرونی حصے میں ہوتا ہے ؛ (نفسیات) مژگانی عضلہ ؛ (حیوانیات) ہدبی عضلہ ۔

Ciliary process : (n) آنکھ کے ڈھیلے کی دیوار کے اندرونی حصے کی وہ تہ جس سے آنکھ کے پردے کی جھلی جڑی ہوتی ہے ۔

Ciliate / Ciliated : (a) مژگانی ؛ پلک کا ؛ پلک دار ؛ مو حاشیہ ؛ (حیوانیات) ہدبہ دار ۔

Ciliation : (n) ہدبیت ؛ روئیں داری ۔

Cilice : (n) [Gr."kilikion"] بالوں کا کپڑا ؛ بالوں کا لباس ؛ اونی لباس ۔

Cilicious : (a) اونی لباس والا ؛ بالوں کے لباس والا ۔

Cilicism : (n) [f. "cilicia" in Asia Minor] سائلیشیا کی ایک مخصوص بولی ۔

Ciliiform / Ciliform : (a) مژگاں نما ۔

Cilio-spinal : (a) حرام مغز کا وہ مرکز جہاں اعصابی ریشے جو مژگاں کو سکڑاتے ہیں پیدا ہوتے ہیں ۔

Ciliograde : (a) اہتزازی روئیں سے حرکت کرنے والا ۔

Ciliograde : (n) [L."cilio-+gradus"] ایک قسم کا ادنیٰ آبی جانور جو روئیں کی مدد سے تیرتا ہے ۔

Ciliolate : (a) مژگانی ؛ پلک کا ؛ پلک دار ؛ مو حاشیہ ۔

Cill : [Var. of SILL] Sill کی متبادل شکل ۔

Cillosis : (n) [irreg. f. L."cillere"] پپوٹوں کی غیر ارادی حرکت ۔

Cima : [Var . of CYMA] Cyma کا متبادل ۔

Cima : (n) [L."cyma"] پہاڑ کی چوٹی یا گنبد ۔

Cimarron : (Also cimaron or cimaroon) [Amer.Sp."cimarron"] (۱) فراری غلام ؛ مفرور غلام کی نسل ۔ (۲) وحشی جانور ۔

Cimbalom / Cymbalom /-lon : (n) [L."cymbalum"] ایک قسم کا ہنگری کا باجا ۔

Cimex : (n) [Pl. cimices) [L.] کھٹمل ۔

Cimicic : (a) [in cimicic acid. vars. cimise / cimisse] ایک زرد بدبو دار ، قلم پذیر ترشہ جو کھٹمل کی رطوبت سے حاصل ہوتا ہے ۔

Cimmerian : (n) [L."cimmerius"] Cimmetii کا باشندہ ، (وہ قوم جس کا ہومر نے بیان کیا ہے کہ وہ ایسے دور افتادہ ملک میں رہتی تھی جہاں ہمیشہ تاریکی چھائی رہتی تھی) ۔

Cimmerian : (a) (۱) Cimmetii کے رہنے والوں سے متعلق ۔ (۲) تاریک ؛ دیجور ؛ نہایت اندھیری ؛ اندھیری گھپ ۔

Cimolite : (n) [f. L."cimolia"] الومینیا کا نرم آبدار سیلیکیٹ ۔

Cinch : (n) [Sp."cincha"] (۱) (امریکہ) گھوڑے کا زیر بند ۔ (۲) (سوقیانہ) پورا قبضہ ؛ پورے قابو میں ؛ پکی بات ؛ آسان بات یا کام ۔

Cinch : (v) (۱) زیر بند لگانا یا کسنا ؛ کسنا ۔ (۲) (مجازاً) زور ڈالنا ؛ مجبور کرنا ؛ پکا کرنا ۔

Cinchona : (n) (Also chinchona) [After the Countess of "chinchona"] (۱) سنکونا کا درخت ؛ چھال ۔ (۲) سنکونا کی چھال سے بنی دوا ۔ (۳) کونین ۔

Cinchona-bark : (n) سنکونا کی چھال جو مقوی اور دافع بخار ہوتی ہے ۔

Cinchonaceous : (a) سنکونا دار ؛ سنکونا والی ؛ سنکونیلی ۔

Cinchonal : (a) سنکونا سے متعلق ۔

Cinchonia : (n) سنکونا کی ایک دوا؛ کونین ۔

Cinchonic : (a) سنکونی ؛ سنکونا سے متعلق ؛ سنکونا دار ۔

Cinchonicine / Cinconidine : (n) تلخ اساسی مادہ جو سنکونا سے حاصل ہوتا ہے ۔

Cinchonine : (n) دیکھو Cinchonia

Cinchonism : (n) سنکونا کے اثرات (بہرا پن، دردِ سر وغیرہ) ؛ خشکی ۔

Cinchonize : (v) سنکونا سے علاج کرنا ؛ سنکونا دینا ۔

Cincinnatus : (n) عزلت نشیں بڑا آدمی جسے خطرے کے وقت ملکی خدمت کے لئے طلب کر لیا جاتا ہے ؛ سنسناٹس ۔

Cincture : (n) [L."cinctura"] پیٹی ؛ پٹکا ؛ کمر بند ؛ حلقہ ؛ گھیرا ؛ گھیر ۔

Cincture : (v) (۱) پیٹی باندھنا ؛ پٹکا باندھنا ۔ (۲) گھیرا کرنا ؛ گھیرنا ؛ محیط ہونا ۔

Cinder : (n) [Fr."cendre"] (۱) دھات کا میل ۔ (۲) ادھ جلا کوئلہ ؛ کجلا ہوا کوئلہ ۔ (۳) راکھ ؛ خاکستر ۔ (٤) چائے یا دیگر مشروبات میں ملائی ہوئی وھسکی ، برانڈی وغیرہ ۔

Cinder : (v) جلا کر خاک کرنا ؛ راکھ چھڑکنا ۔

Cinder-bed : (n) زمین کی وہ تہ جس میں صدف وغیرہ ہوتے ہیں ۔

Cinder dick : (n) ریلوے پولیس ۔

Cinder man : (n) خاکستر کش ؛ وہ شخص جو بھٹی سے دھات کا میل وغیرہ نکالتا ہے ۔

Cinder-notch : (n) بھٹی کا وہ سوراخ جس سے دھات کا میل نکالا جاتا ہے ۔

Cinderella : (n) [Fr."cendrillon"] (۱) وہ شخص جس کی قدر نہ کی جاتی ہو ؛ کشتۂ نا قدر شناسی ؛ کشتۂ ناقدری ۔ (۲) Cinderella dance کا مخفف ۔

Cinderella dance : (n) وہ رقص جو بارہ بجے شب تک رہے ؛ نیم شبی رقص ۔

Cindermound : (n) (اثریات) راکھ کا ٹیلہ ؛ خاکستر کا ٹیلہ ۔

Cinderpath : (n) راستہ جس پر پسے ہوئے کوئلے بچھے ہوں ۔

Cindersifter : (n) ادھ جلے کوئلوں کو راکھ سے الگ کرنے کی چھلنی ؛ خاک بیز ؛ کوئلے کی چھلنی ۔

Cindery : (a) بھوبل سا ؛ خاکستری ؛ خاکستر دار ؛ ادھ جلے کوئلے سا ؛ بھوبل کا ۔

Cine - : [Abbrev. of CINEMA] Cinema (سنیما) کا مخفف ۔

Cinecameraman : (n) (انتظامیہ) سنیما کیمرہ مین ۔

Cinema : (n) [Gr."kinema"] : Cinematograph کا مخفف (۱) سنیما ؛ متحرک تصویر ۔ (۲) وہ جگہ یا تھیٹر جہاں متحرک تصویریں دکھائی جاتی ھیں ۔ (۳) متحرک تصویر بنانے کا فن یا ھنر ۔ (٤) متحرک تصویر سازی اور اس کی تقسیم کاری کی صنعت ۔

Cinema-goer : (n) عادتاً سنیما جانے والا ۔

Cinema projector : (n) (طبیعیات) سنیما پروجیکٹر ۔

Cinematic : (a) (۱) سنیمائی ؛ متحرک کیمرے کے ذریعہ فوٹو گرافی کے لئے موسیقی کی صورت میں بیانیہ طور پر یا کسی اورطریقے سے پیش کردہ (مواد) ۔ (۲) متحرک تصویر سازی کے فن سے متعلق ؛ متحرک تصویر کی تکنیک جاننے والا یا اسے استعمال کرنے والا ۔

Cinematics : (n) علم الحرکات ؛ متحرک تصویر بنانے کا فن ۔

Cinematize : (v) متحرک تصویریں بنانا ۔

Cinematograph : (n) وہ آلہ جس سے سنیما کی تصویریں متحرک نظر آتی ھیں ؛ متحرک تصویر بنانے کا کیمرہ یا آلہ ؛ متحرک تصویروں کی نمائش یا نمائش گاہ ۔

Cinematograph : (v) متحرک تصویری کیمرہ سے تصویر لینا ۔

Cinematographer : (n) متحرک تصویر لینے والا یا دکھلانے والا ۔

Cinematographic : (a) متحرک تصویر سازی سے متعلق ؛ متحرک تصویر سازی کا ماھر ۔

Cinematographist : (n) دیکھو Cinematographer

Cinematography : (n) متحرک تصویر سازی کا فن ۔

Cinenchym (a&n) : [Gr."kinin"+"egchyma"] دودھیا نسیج ۔

Cineproject operator : (n) (انتظامیہ) سنیما پروجیکٹ آپریٹر ۔

Cinerama : (n) ایک قسم کی نئی فلم جس میں تین طرف سے تصویر لی جاتی ھے اور پردے پر اس کی نمائش بھی تین آلات تخلیل (پروجکٹرس) کے ذریعہ کی جاتی ھے ۔

Cineraria : (n) [mod.L.fem.of"cinerarius"] ایک قسم کا پھولدار درخت جو شیشہ بند اُگایا جاتا ھے ۔

Cinerarium : (n) [L.] مُردوں کی راکھ رکھنے کی جگہ ؛ خاک دان ۔

Cinerary : (a) [f. L. "cinis / ciner-"] خاکستری ؛ خاکستر جیسا ؛ خاکستر کا ؛ راکھ کا ؛ خاک کا ؛ خاک رکھنے کا ؛ خاکستر دان ۔

Cinerary urn / vase : (n) جلانے کےبعد مردوں کی راکھ رکھنے کی جگہ ؛ راکھ دان ؛ (تاریخ) مردوں کی راکھ کا کلش ۔

Cinereous : (a) خاکستری ؛ خاکستر کے رنگ کا ۔

Cineritious : (a) خاکستری ؛ خاکستر کے رنگ کا ۔

Cingalese : (a) [f.Skr."sinhalam"] سری لنکا کا ؛ سری لنکائی ۔

Cingalese : (n) سری لنکا کا باشندہ ؛ سری لنکائی ؛ سری لنکا کی زبان ۔

Cingle : (n) [f. L. " cingere"] (۱) زیر بند ۔ (۲) کمر بند ؛ پیٹی ؛ پٹکا ۔

Cingular : (a) [L."singulum"+-ar] حلقہ دار ۔

Cingulum : (n) [See CINGLE] (۱) ایک قسم کی پیٹی ؛ منطقہ ؛ پٹکا ۔ (۲) رشتہء عصبی (دماغ کا یا مغز دماغ کا) ۔ (۳) رنگین اور پیچدار خط جو بعض گھونگوں کے غلاف میں ھوتا ھے ۔ (٤) کیچوؤں کے جسم کو گھیرتے ھوئےابھرے خطوط ۔ (٥) دانت کے نچلے حصے کا خط ۔

Cinnabar : (n) [Pers."shinjarf"] شنگرف ؛ شنجرف ؛ زرمام ۔

Cinnabar : (a) (۱) شنجرفی ؛ شنگرفی ؛ شنگرف کا شنگرف جیسا ۔ (۲) سرخ ؛ سیندوری ۔

Hepatic cinnabar : سرخی مائل بھورے رنگ کا شنگرف ۔

Cinnabaric / Cinnabarine : (a) شنگرفی ؛ شنگرف سےمتعلق ۔

Cinnamate : (n) سینامک تیزاب (Cinnamic acid) کا نمک ۔

Cinnamein : (n) بنزل سینامیٹ ($C_9 H_7 O_2 C_7 H_7$) ۔

Cinnamene / Cinnamol : (n) ایک خوشبو دار ھائڈرو کاربن ۔

Cinnamic : (a) دار چینی سے متعلق یا دار چینی کا ؛ دار چینی سا ۔

Cinnamic acid : (n) ایک سفید بلوری بغیر بو کا ترشہ جو خاص طور سے روغن دار چینی میں پایا جاتا ھے ۔

Cinnamomic / Cinnamonic : (a) دار چینی ؛ دار چینی کا ؛ دار چینی سا ۔

Cinnamon : (n) [L."cinnamomum"] (۱) دار چینی ۔ (۲) دار چینی کا درخت ۔

Cinnamon : (a) دار چینی کے رنگ کا ؛ نسواری ؛ ناسی ۔

White cinnamon : جنگلی دار چینی چھال ۔

Wild cinnamon : جنگلی دار چینی ۔

Cinnamon-oil : (n) روغن دار چینی ۔

Cinnamon stone : (n) یاقوت کی زرد اور بھوری قسموں کا نام ؛ (کیمیا) دار چینی پتھر ۔

Cinnamyl : (n) سینامیل ۔

Cinquangled : (a) [See next] پانچ زاویوں والا ۔

Cinque / Cing : (n) [L."quinque"] (۱) پنجڑی ؛ پنجہ دار ؛ پنجی (تاش اور گنجیفہ) ۔ (۲) (جمع میں) گھنٹیوں کو بجانے کا ایک خاص طریقہ ۔

Cinque ports : (n) [L."quinque portus"] انگلستان کی وہ پانچ بندرگاھیں جنھوں نے زمانۂ قدیم میں بحریہ کے اھم کام انجام دئے اور جن کے عوض انھیں کئی اھم مراعات اور حقوق حاصل رھے ۔

Cinquecentist : (n) سولھویں صدی کے صناع اور فنکار ۔

Cinquecento : (n) [It.] سولھویں صدی ؛ فن کا وہ اسٹائل جو اطالیہ میں ۱۵۰۰ء کے بعد پیدا ھوا ۔

Cinquedea : (n) [It.] ایک بھاری چوڑے پھل والا خنجر ۔

Cinquefoil / Cinqfoil : (n) (۱) پنج پتیا ؛ پنج مرغول ؛ پنج برگا ۔ (۲) (نقابت) سپر کا نشان جو پانچ گول پتیوں کے نشان پر مشتمل ھوتا ھے ۔ (۳) حشیش الارض ۔

Cinquefoiled : (a) پنج مرغول والا ۔

Cinquespotted : (a) پانچ نشانوں والا ۔

Cinzano : (n) [After "cinzano", name of the manufacturers] ایک قسم کی اطالوی شراب ۔

Cion : (n) [Gr."kion"] (۱) حلق کا کوا ؛ لھات ؛ ملازہ ۔ (۲) نتھنوں کے بیچ کی غضروفی دیوار ۔

Cionotome : (n) حلق کے کوے میں نشتر لگانے کا آلہ ۔

Cionotomy : (n) حلق کے کوے میں نشتر لگانا ۔

Cipher / Cypher : (n) [Arab."sifr"] (۱) صفر ؛ بندی ؛ بندو ۔ (۲) جس شخص یا شئے کی کوئی اھمیت نہ ھو ؛ نکما ؛ نا کارہ ؛ نا چیز ؛ ھیچ ؛ کالعدم ؛ پوچ ؛ لچر ۔ (۳) عربی کا کوئی ھندسہ ۔ (٤) خفیہ تحریر ؛ مخفی تحریر لکھنے کا قاعدہ ؛ خفیہ تحریر کی کنجی ۔ (٥) ملا ھوا دستخط یا طغرا ۔ (٦) پردے کی خرابی کے باعث ھارمونیم وغیرہ کا ایک ھی سر میں بجتے رھنا ۔

Cipher : (v) (۱) حساب کرنا ؛ سوال نکالنا ۔ (۲) حساب کے قاعدہ سے سوال نکالنا ؛ جوڑنا ؛ پھیلانا ؛ حساب لگانا ۔ (۳) خفیہ رسم خط میں لکھنا ۔ (٤) بغیر بجائے ھوئے بجنا ۔ (٥) (جہازسازی) کج ھونا ؛ کج کر دینا ؛ ڈھلوان بنانا ۔

Cipherable : (a) قابل حساب ۔

Cipherdom : (n) معدومیت ؛ معدوم ھونے کی حالت ؛ غیر اھم ھونے کی حالت ۔

Ciphered : (a) (۱) خفیہ طریقہ سے لکھا ھوا ۔ (۲) ڈھلوان بنا ھوا ۔

Cipherer : (n) حساب لگانے والا ؛ خفیہ لکھنے والا ؛ ڈھلوان بنانے والا ۔

Cipher /Cypher officer : (n) (انتظامیہ) خفیہ تحریر کا افسر ۔

Cipher procedure : (n) (تاریخ) ضابطہ رمز نویسی ۔

Cipolin : (n) [occas. (Cipollino) [It."cipolla"] ھلکے رنگ کے اطالوی سنگ مرمر کی ایک قسم جس میں ابرق ، کوارٹس وغیرہ کی پرتیں ھوں ۔

Cippus : (n) [L."cippus"] (تعمیرات) ایک چھوٹا ستون جس پر کتبے ہوں اور جو قدیم روم اور یونان میں قبروں پر بطور نشان کے لگایا جاتا تھا ؛ قبہ دار یادگار ۔

Circ : [var. of CIRQUE] Cirque کی متبادل شکل ۔

Circa : (prep. & adv.) [L.] قریب قریب ؛ تقریباً ۔

Circa : (n) حد ؛ حدود ۔

Circar : (n) [pers."sarkar"] سرکار ؛ ضلع ؛ صوبہ ۔

Circassian : (n) [f."circassia"] بٹے ہوئے تاگے کا ایک باریک کپڑا ۔

Circe : (n) [Gr."kirke"] (۱) جادوگرنی ؛ عیارہ ؛ ساحرہ ؛ مکارہ ؛ فریب دینے والی ۔ (۲) ایک سیارچہ ۔

Circean : (a) جادوگرنی کا ؛ ساحرہ کا ۔

Circensian : (a) [f. L."circensis"] قدیم رومی سرکس کا ۔

Circinal : (a) [f. L. "circinus"] مدور ؛ گول ؛ مڑی ہوئی ؛ سرنوردہ (پتیوں والا) ۔

Circinate : (a) [pa. ppl.stem of L"circinare"] دیکھو Circinal

Circination : (n) [f. L."circinatio"] دور ؛ گردش ؛ قوس ۔

Circinus : (n) [L.] فلک جنوبی میں ستاروں کا ایک مجموعہ ؛ پرکار ؛ ابرہ الملاحین ؛ قطب نما ؛ حقة السفائن ؛ صورت فلکی پرکار ۔

Circle : (n) [L."circulus",dim. of "circus"] (۱) دائرہ ؛ گول گھیرا ؛ کنڈل ؛ گھیرا ؛ گھیر ؛ احاطہ ؛ حلقہ ؛ ہالا ؛ محیط ؛ مدار ؛ گول سطح مستوی ۔ (۲) انگوٹھی کا حلقہ ؛ تاج ؛ انگشتری ؛ تھیٹر میں نشستوں کا ایک حلقہ ۔ (۳) دور ؛ چکر ۔ (٤) مکمل ؛ سلسلہ ؛ کامل دور ؛ پورا چکّر ۔ (٥) وہ عمل اور رد عمل جو ایک دوسرے کو شدید کردیں ؛ تعامل دوری ۔ (٦) ہم مذاق لوگوں کا حلقہ ؛ انجمن ؛ سماج کا ایک حلقہ ؛ گُٹ ۔ (۷) جماعت ؛ جرگہ ۔ (۸) احاطہ اثر ؛ احاطہ اقتدار ؛ حلقہ عمل ؛ حلقہ اثر ۔ (۹) (آثارقدیمہ) پتھروں کا ایک مدور سلسلہ ۔ (۱۰) (فلکیات) اجرام فلکی کے مشاہدہ کا ایک آلہ ۔ (۱۱) (منطق) منطقی چکر ۔ (۱۲) علاقائی تقسیم ۔

Antarctic circle : دائرہ جنوبی ۔

Arctic circle : دائرہ شمالی ۔

Asymptotic circle : (طبیعیات) لا متقاربی دائرہ ؛ اسمٹوٹی دائرہ ۔

Auxiliary circle : (طبیعیات) امدادی دائرہ ۔

Azimuth circle : (ریاضی) دائرة السمت ؛ (طبیعیات) افقی دائرہ ؛ دائرة السمت ۔

Declination circle : (ریاضی) دائرہ میل ۔

Diurnal circle : دائرہ حرکت یومیہ ؛ دائرة النہار ؛ (ریاضی) دائرہ یومیہ ۔

Dress circle : (۱) کرسیوں کا حلقہ ؛ تھیٹر میں نشستوں کی پہلی قطار ۔ (۲) (آثارقدیمہ) سنگی حلقہ ؛ سنگی دائرہ ۔

Family circle : تھیٹر میں نشستوں کی دوسری قطار

Family of circles : (ریاضی) دائروں کا خاندان ۔

Great circle : دائرہ عظیم ؛ (ریاضی) بڑا دائرہ ؛ دائرہ ؛ دائرہ عظمی ۔

Horary circle : دوائرالساعات ۔

Imaginary circle : (ریاضی) خیالی دائرہ ۔

Orthogonal circle : (ریاضی) قائمی دائرہ ؛ (طبیعیات) عمودی دائرہ ؛ قائمی دائرہ ۔

Osculating circle : (ریاضی) لثمی دائرہ ۔

Point circle : (طبیعیات) نقطہ دائرہ ؛ صفر دائرہ ؛ دیکھو Zero circle

Polar circle : قطبی دائرہ ۔

Position circle : (ریاضی) مقامی دائرہ ۔

Secondary circle : (طبیعیات) ثانوی دائرہ ۔

Small circle : دائرہ صغیر ؛ (ریاضی) صغیر دائرہ ۔

System of circles : (ریاضی) دائروں کا نظام ۔

To come full circle : پورا چکر لگانا ؛ گرد پھرنا ؛ طواف کرنا ؛ جہاں سے چلے تھے اسی مقام پر پہنچ جانا ۔

To square the circle : ناممکنات کی کوشش کرنا ؛ محالات کے پیچھے پڑنا ؛ دائرہ کا ہم رقبہ مربع دریافت کرنا ۔

Transit circke : (ریاضی) عبوری دائرہ ۔

Unit circle : (ریاضی) اکائی دائرہ ۔

Upper circle : دیکھو Family circle

Vertical circle : (ریاضی) دائرہ عمودی ۔

Vicious circle : استدلال دوری ؛ برائی کا چکر ۔

Zero circle : (ریاضی) صفری دائرہ ۔

Zodiacal circle : (ریاضی) برجی دائرہ ۔

Circle : (v) گھیرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ حلقہ میں لینا ؛ محیط ہونا ؛ گھیر لینا ۔(۲) دور چلنا ؛ گردش میں آنا (شراب وغیرہ کا) ؛ گرد پھرنا ؛ گھومنا ۔ (۳) (فوجی) چکر کاٹ کر حملہ آور ہونا ؛ گھوم کر آپڑنا ۔

Circle-Director : (n) ناظم دائرہ ؛ ھادی دائرہ ۔

Circle of altitude : دائرہ ارتفاع ۔

Circle of convergance : (طبیعیات) دائرہ تقارب ؛ دائرہ مرکوزیت ۔

Circle of curvature : دائرہ انحنا ؛ (طبیعیات) دائرہ خمی ۔

Circle of declination : دائرۃ المیل ۔

Circle of friction : (طبیعیات) دائرہ رگڑ ۔

Circle of illumination : (طبیعات) دائرہ روشنی ۔

Circle of issue : (تجارت) دائرہ اجرا سرکار ۔

Circle of latite : دائرۃ العرض ۔

Circle of least confusion : (طبیعیات) کمترین خلل کا دائرہ ۔

Circle of longitude : دائرۃ الطول ۔

Circle of perpetual apparition : دائرہ ظہور دائم ۔

Circle of perpetual occultation : دائرہ اختفاء دائم ۔

Circle of position : دائرۃ الوضع ۔

Circle of similitude : (طبیعیات) مشابہت کا دائرہ ۔

Circle-wise : (adv) دائرہ کےطورپر؛ بشکل دائرہ ؛ حلقہ وار ۔

Circler : (n) گھیرنے والا ؛ احاطہ کرنے والا ؛ چکر کاٹنے والا ؛ دائرہ میں گھومنے والا ؛ ایک ھی موضوع پر مسلسل نظموں کا کوئی شاعر ؛ داستان گو ۔

Circlet : (n) (۱) چھوٹا دائرہ ؛ چھوٹا حلقہ ؛ چھوٹا چکر ۔ (۲) پیٹی ؛ کمر بند ؛ پٹکا ؛ مرصع جو سر وغیرہ میں باندھتے ھیں ؛ طلائی یا جواھر دار انگشتری ۔

Circocele : [Var. of CIRSOCELE] (مرض) سیاہ رگ منویہ کابڑھ جانا ؛ بیضے کی سیاہ رگ کی سوجن یا ورم ۔

Circled : (a) مدور ؛ دائرہ دار ؛ گول ۔

Circuit : (n) [Pa. ppl. stem of L."circuir"] (۱) گھیرا ؛ چکر ؛ گردہ ؛ حلقہ ؛ محیط ؛ گھوم گھماؤ ۔ (۲) چکر کے اندر کا رقبہ ۔ (۳) دورہ ؛ گشت ؛ گردش ۔ (٤) دورہ گاہ ؛ علاقہ دورہ ؛ گردش گاہ ۔ (٥) کسی بیرسٹر کا حلقہ ۔ (٦) عیسائیوں کےایک فرقے کا مذھبی ضلع ۔ (۷) برقی رو کا راستہ ؛ برقی دورہ ؛ مقناطیسی لہر کا حلقہ ۔ (۸) سفری جج یا مبلغ کا راستہ ۔ (۹) عدالتی علاقہ جو قانوناً قائم کیا گیا ہو ؛ وہ جج یا قانون داں جو اس حلقہ میں کام کرتے ھیں ۔ (۱۰) کانفرنس ؛ انجمن ؛ لیگ ۔ (۱۱) متحرک تصاویر کے تھیٹروں کی جماعت ۔ (۱۲) الکٹرونیکی عناصر کا اجتماع ؛ دو مقامات کے درمیان دو طرفہ مواصلات ۔ (۱۳) ایک میکانکی نظام ۔ (١٤) (قانون) ھیر پھیر ؛ وہ کار روائی جس میں ھیر پھیر ھو ۔ (١٥) (مرضیات) مرض کی میعاد ۔

Acceptor circuit : (طبیعیات) گزار سرکٹ ۔

Anode circuit : (طبیعیات) انوڈی سرکٹ ۔

Anticoincidence circuit : (طبیعیات) خلاف میل سرکٹ ۔

Branch circuit : (طبیعیات) شاخ سرکٹ ۔

Closed circuit : (طبیعیات) بند سرکٹ ؛ بند دور ۔

Composite circuit : (طبیعیات) مخلوط سرکٹ ۔

Constant circuit : (طبیعیات) مستقل یاغیر مذبذب ۔

Coupled circuit : (طبیعیات) جک بند سرکٹ ۔

Divided circuit : (طبیعیات) تقسیم شدہ سرکٹ ؛ منقسم سرکٹ ۔

Internal circuit : (طبیعیات) داخلی سرکٹ ۔

Open circuit : (طبیعیات) کھلا سرکٹ ۔

Oscillating citrcuit : (طبیعیات) ڈولن سرکٹ ۔

Plate circuit : (طبیعیات) پلیٹ سرکٹ ؛ تختی سرکٹ ۔

Quenching circuit : (طبیعیات) زائلی سرکٹ ۔

Rejector circuit : (طبیعیات) ناگزار سرکٹ ۔

Short circuit : مقصر دور ؛ ناقص دور (برقی تار کے ناقص غیر موصل ہونے کی وجہ سے) ؛ برقی دور کا چھوٹا ہو جانا ۔

Sweep circuit : (طبیعیات) سویپ سرکٹ ۔

Tank circuit : (طبیعیات) ٹینک سرکٹ ۔

To make a circuit : گھوم کر جانا ؛ ایک دور بنانا ۔

Tuned circuit : (طبیعیات) ہمسُر سرکٹ ۔

Untuned circuit : (طبیعیات) بے سرا سرکٹ ۔

Voltage circuit : (طبیعیات) وولٹیج سرکٹ ۔

Circuit : (v) دائرہ میں گھومنا ؛ چکر لگانا ؛ دائرہ میں حرکت کرنا ۔

Circuit-breaker : (n) وہ آلہ جو مقررہ وقفوں پر برقی رو کو روک دیتا ہے ۔

Circuit-court : (n) دورہ والی کچہری ؛ وہ کچہری جو دو یا زیادہ مقامات پر ایک ہی عدالتی علاقہ میں قائم کی جائے ۔

Circuit element : (n) (طبیعیات) سرکٹ عنصر ۔

Circuit house : (n) (انتظامیہ) سرکٹ ہاؤس ؛ سرکاری مہمان خانہ ۔

Circuiteer : (n) (Also circuiter) (۱) سفری جج یا بیرسٹر ۔ (۲) دورہ لگانے والا ۔

Circuition : (n) [f. CIRCUIT] (۱) چکر لگانا ۔ (۲) (مجازاً) طول کلامی ۔

Circuitor : (n) [L.] دورہ لگانے والا ۔

Circuitous : (a) [med. L."circuitosus"] گھیردار ؛ چکر دار؛ پھیر کا ؛ دوری ؛ دورہ دار ؛ مدور ؛ بالواسطہ ؛ ہیر پھیر ۔

Circuitously : (adv) پھیر سے ؛ چکرسے ؛ دور در دور ۔

Circuitousness : (n) گھیر ؛ چکر ؛ گردش ؛ دور ۔

Circuitry : (n) برقی دور کا تفصیلی نقشہ ۔

Circuittuned : ہم سر سرکٹ ۔

Circuity : (n) [OFr."circuite"] گھیر ؛ چکر ؛ دورہ ؛ دور ۔

Circuity of action : (قانون) غیر ضروری طول عمل ۔

Circulable : (a) [f. CIRCULATE] مشتہر کرنے کے لائق ؛ گشت کرنے کے لائق ؛ قابل اشتہار ؛ قابل گردش ۔

Circular : (a) [OFr."circulier"] (۱) گول ؛ مدور ؛ چکردار ؛ دائرہ میں حرکت کرنے والی ؛ دور حرکی ؛ گشتی ؛ دوری ؛ دورانی ؛ بالواسطہ ۔ (۲) استدلال دوری سے متعلق (منطق میں) ۔ (۳) دائرہ کی طرح ؛ دائرہ کی شکل کا ؛ دائرہ جیسا ؛ دائرہ نما ۔ (٤) (ریاضی و طبیعیات) دائری ؛ دوری ۔

Cicular : (n) گروہ یا مجلس کے نام خط ؛ اشتہار، حکم یا اعلان ؛ گشتی ۔

Circular aperture : (n) (طبیعیات) دائری روزن ۔

Circular asymptote : (n) (طبیعیات) دائری اسمٹوٹ ۔

Circular cella : (n) (تاریخ) گول گوبھ۔

Circular combination : (n) (تجارت) مدور اتحاد ۔

Circular cone : (n) (طبیعیات و ریاضی) دائری مخروط -

Circular cylinder : (n) (ریاضی) دائری اسطوانہ -

Circular dichromic : (n) (طبیعیات) دائری دو رنگی -

Circular dichromism : (n) (طبیعیات) دائری دو رنگینی -

Circular flow : (n) (تجارت) مدور بہاؤ -

Circular frequency : (n) (طبیعیات) دائری آورتی ؛ دائری تعدد -

Circular fringe : (n) (طبیعیات) دائری فرنج -

Circular function : (طبیعیات) دائری تفاعل -

Circular graph : (n) (طبیعیات) دائری گراف ؛ دائری ترسیم -

Circular helix : (n) (طبیعیات) دائری مرغولہ -

Circular hut : (n) (تاریخ) گول جھونپڑی -

Circular instrument : (n) زاویہ پیما ؛ زاویہ سنج -

Circular integration : (n) (تجارت) مدور یکجہتی -

Circular jet : (n) (طبیعیات) دائری جیٹ -

Circular letter : (n) گشتی چٹھی ؛ گشتی ؛ اعلان ؛ اشتہار -

Circular letter of credit : وہ خط جو مہاجن یا ساہوکار اپنے مسافر گاہک کو دے جس سے اس کو دوسرے مقامات پر بھی روپیہ مل سکے؛ گشتی ہنڈی ؛ (تجارت) گشتی نوٹ -

Circular line : (n) دائری خط ؛ ایسا خط مستقیم جو کسی دائرے کی قوس سے تقسیم کیا گیا ہو ؛ (طبیعیات) دائری خط ؛ دائری لکیر -

Circularly polarized : (a) (طبیعیات) دائری تقطیب شدہ ؛ (کیمیا) دائرہ میں مقطوب -

Circular measure : (n) (طبیعیات) دائری ناپ -

Circular motion : (n) (طبیعیات) دائری حرکت -

Circular note : (n) Circular letter of credit دیکھو

Circular number : (n) ایسا عدد جس کی قوت کا آخری ہندسہ وهی ہے جو عدد کا ہے -

Circular pendulam : (n) (طبیعیات و ریاضی) دائری رقاص ؛ دائری پنڈولم -

Circular point at infinity : (ریاضی) لامتناهی پردائری خطے -

Circular points : (n) لا متناهی پر دو قیاسی نقطے جن سے ہو کر تمام دائرے گزرتے ہیں -

Circular polarization : (n) (طبیعیات) دائروی تقطیب -

Circular reaction : (n) (سماجیات) تدویری رد عمل -

Circular sailing : (n) (جہاز رانی) دائرہ عظیم کی قوس پر جہاز رانی -

Circular saw : (n) گول زرّہ -

Circular test : (n) (ریاضی) دائری جانچ -

Circular ticket : (n) گول دورہ کا ٹکٹ -

Circular tour : (n) ایسا دورہ کہ جہاں سے شروع ہو وہیں پر ختم بھی ہو ؛ گول دورہ -

Circular triads : (n) (شماریات) دائری سلسلہ -

Circularism : (n) یہ نظریہ کہ خلا دائرہ نما ہے -

Circularity : (n) [med. L."circularitas"] گولائی ؛ تدویر ؛ دور ؛ چکر -

Vertical circularity : (سماجیات) عمودی تدویر -

Circularize : (v) (۱) گشتی اعلانات جاری کرنا ؛ گشتی اشتہار کرنا - (۲) دائرہ بنانا -

Circularly : (adv) چکر سے ؛ گردش سے ؛ دوراً ؛ مدورانہ -

Circularness : (n) گولائی ؛ تدویر ؛ دور ؛ چکر -

Circulate : (v) [L."circulare/-ari"] گردش کرنا ؛ دورہ کرنا ؛ جاری ہونا ؛ مشتہر ہونا ؛ رواں کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ چلنا ؛ رواج پانا ؛ مروج ہونا ؛ چکر کرنا ؛ گھومنا ؛ دوران کرنا - (۲) دست بدست گھومنا ؛ ہاتھوں ہاتھ پھرنا ؛ پڑھنے والوں کے ہاتھ تک پہنچنا - (۳) رواج دینا ؛ مروج کرنا ؛ رائج کرنا ؛ عام کرنا - (٤) (ریاضی) (عشاریہ کسر کے متعلق) کئی شکلوں میں بار بار دور کرنا -

Circulating asset : (n) (تجارت) گشتی اثاثہ ؛ دائر اثاثہ ۔

Circulating capital : (n) (تجارت) دائر اصل ؛ دائر سرمایہ ۔

Circulating capital goods : (n) (تجارت) دائر اشیائے اصل ۔

Circulating library : (n) گشتی کتب خانہ ۔

Circulating medium : (n) روپیہ ؛ زر ؛ سکہ چلنی ؛ سکہ رائج ؛ سکہ متداولہ ؛ (تجارت) دائر ذرائع ۔

Circulation : (n) [L."circulatio"] (۱) دوران خون ۔ (۲) گردش ؛ دور ؛ چکر ؛ گھماؤ ؛ گشت ۔ (۳) تقسیم ؛ ترسیل ؛ مشتہر ہونا ؛ نشر و اشاعت (خبروں، کتابوں وغیرہ کی) ۔ (٤) اشاعت (اخبار، کتابوں کے لئے) ؛ بکری ۔ (٥) زر ؛ سکہ وغیرہ کی گردش ۔ (٦) کتب خانوں کو کتابیں ، جریدے وغیرہ عاریتاً دینا ۔ (۷) (کسی عمارت کے اندر) مواصلاتی ذرائع ۔ (۸) آزاد ؛ سرگرم سماجی زندگی ۔

Circulation of blood : (حیوانیات) دوران خون ۔

Circulation of currency : (تجارت) زر گردش ۔

Circulation of elites : (سماجیات) گردش خواص ۔

Circulative : (a) گردش دینے والا ؛ مائل بہ گردش ؛ معین گردش ۔

Circulator : (n) (۱) گردش دینے والا ؛ گردش کرنےوالا ؛ مشتہر ؛ رواج دینے والا ؛ رواج دہندہ یا شائع کنندہ ؛ بدنامی پھیلانے والا ؛ بدنام کرنے والا ؛ بہتان دھرنے والا ۔ (۲) دائری عشاریہ ۔

Circulatory : (a) (۱) گردش کے متعلق ؛ دوران خون سے متعلق ۔ (۲) (نباتیات) عرق سے متعلق ۔

Circulatory system : (n) نظام دوران خون ۔

Circulus : (n) [L.] (۱) جراحی کے مختلف آلات کا نام ۔ (۲) شیشے کے گول حصوں کو کاٹنے کا اوزار ۔ (۳) شیشے کے ظروف کی گردنوں کو کاٹنے کا اوزار ۔ (٤) فلس ماہی کا حلقہ ۔

Circum-: (adv. & prep.) [L.] واصلہ بمعنی "دور" ، "حلقہ" ۔

Circum adjacent : (a) متصل ؛ پیوستہ ؛ بلا فاصلہ ۔

Circum-oesophageal connective : (n) (حیوانیات) گرد زیوی ربط ۔

Circumambages : (n) طول کلامی ؛ گول مول بات ۔

Circumambience : (n) گھیر ؛ احاطہ ؛ دور ؛ چکر ۔

Circumambiency : (n) دیکھو Circumambience

Circumambient : (a) گھیرے ہوئے ؛ احاطہ کرنے والا ؛ محیط ؛ گردا گرد ۔

Circumambulate : (v) (۱) گرد پھرنا ؛ گرد پھرانا ؛ طواف کرنا ؛ چکر دینا ؛ چکر کھانا ۔ (۲) ادھر ادھر پھرنا ؛ آوارہ پھرنا ؛ مارا مارا پھرنا ۔ (۳) ہیر پھیر کی باتیں کرنا ۔

Circumambulation : (n) (۱) چکر ؛ گردش ؛ طواف ۔ (۲) چکر ؛ آوارگی ؛ ہیر پھیر کی باتیں ۔

Circumambulator : (n) گردش کرنے والا ؛ چکر لگانے والا ؛ طواف کرنے والا ؛ ہیر پھیر کی باتیں کرنے والا ۔

Circumambulatory : (a) چکر کا ؛ دور کا ؛ دوری ؛ طوفی ۔

Circumambulatory path : (n) (تاریخ) طواف کا راستہ ؛ مطاف ۔

Circumbendibus : (n) ہیر پھیر کا طریقہ ؛ پیچیدہ طریقہ ؛ ہیر پھیر کی بات ؛ طول کلام ؛ اطناب کلام ۔

Circumcellion : (n) [f. L."circum+cella"] (۱) راہب در بدر ؛ کشیش آوارہ ۔ (۲) شمالی افریقہ کا ڈونا ٹسٹ (Donatist) فرقہ ۔

Circumcentre : (n) (ریاضی) محیطی مرکز ؛ (طبیعیات) حائطہ مرکز ۔

Circumcircle : (n) (ریاضی) محیطی دائرہ ؛ (طبیعیات) حائطی دائرہ ؛ محیطی دائرہ ۔

Circumcise : (v) [OFr."circonciser"] (۱) ختنہ کرنا ؛ سنت کرنا ؛ مسلمانی کرنا ۔ (۲) تزکیہ کرنا ؛ روحانی تزکیہ حاصل کرنا ۔

Circumcised : (a) مختون ؛ ختنہ کیا ہوا ۔

Circumciser : (n) ختنہ کرنے والا ۔

Circumcision : (n) [L."circumcisio"] (۱) ختنہ ؛ مسلمانی ؛ سنت ۔ (۲) تزکیہ روحانی ۔ (۳) یہودی ؛ بنی اسرائیل ۔ (۳) (کلیسا) عید ختنہ مسیح ؛ یکم جنوری جبکہ حضرت عیسیٰ کا ختنہ ہوا تھا ۔

Circumclude : (v) [L. "circum+cludere"] هر طرف سے بند کر دینا ؛ مسدود کردینا ؛ حبس کر دینا ۔

Circumclusion : (n) مکمل مسدودیت ؛ حبس مکمل ۔

Circumdenundation : (n) کسی چیز کے گرد یا چاروں طرف کٹاؤ ۔

Circumduce : (v) [L."circum+ducere"] عدالتی فیصلے سے کسی چیز کی حد مقرر کرنا یا کسی چیز کو ختم کر دینا ۔

Circumduct : (v) [Pa. ppl. stem of L."circumducere"] (۱) دور کرنا ؛ چکر لگانا ۔ (۲) (قانون) ختم کرنا ؛ محدود کرنا ؛ رد کرنا ۔

Circumduction : (n) [L."circumductio"] (۱) ایک محور کے گرد مخروطی حرکت ۔ (۲) چکر ۔ (۳) رد ؛ ابطال ؛ فسخ ؛ تحدید ۔

Circumference : (n) [L."circumferentia"] (۱) دور ؛ گرد ؛ گھیر ؛ گھیرا ۔ (۲) محیط ؛ محیط دائرہ ۔ (۳) حدود ۔

Circumferential : (a) محیطی ؛ محیط سے متعلق ؛ بیرونی حد سے متعلق ۔

Circumferentially : (adv) مدورانہ ؛ محیطی طور پر ۔

Circumferentor : (n) (۱) پیمائش کا آلہ ۔ (۲) کسی پہیے کے گھیر کو ناپنے کا آلہ ؛ ٹائر کے گھیر کو ناپنے کا ایک درجہ بند آلہ ۔

Circumflect : (v) [L."circumflectere"] (۱) تلفظ کے علامتی نشانات لگانا ۔ (۲) گول موڑنا ؛ جھکانا یا خمیدہ کرنا ۔

Circumflex : (n&a) [L."circumflexus"] (۱) شوشہ ؛ حد؛ نشان ؛ اعراب ؛ یونانی زبان میں وہ علامتیں جو تلفظ میں صعود اور نزول کی نشاندھی کرتی ھیں ۔ (۲) (تشریح) خمیدہ ۔ (۳) خمیدہ ؛ جھکا ھوا ؛ دائرہ وار خمیدہ ۔

Circumflex : (n) خط منحنی ؛ (قواعد) ایک خمیدہ علامت ۔

Circumflex : (v) (۱) تلفظ کا علامتی نشان لگانا یا اس کے مطابق تلفظ ادا کرنا ۔ (۲) جھکانا یا جھکنا ؛ گول لپیٹنا ۔

Circumflex accent : (n) (لسانیات) نشان لہجہ ۔

Circumflex artery : (n) خمیدہ شریان ؛ خمیدہ پٹھے یا عضلات ۔

Circumflexion /-flection : (n) (۱) تلفظ کا علامتی نشان لگانے یا اس کے مطابق تلفظ کرنے کا عمل ۔ (۲) جھکاؤ ؛ خم ؛ خمیدگی ؛ لپیٹ یا لپیٹنے کا عمل ۔

Circumfluence : (n) گرد بہاؤ ؛ چوطرفی روانی یا جریان ۔

Circumfluent : (a) [pres. ppl. stem of L."circumfluere] گرد بہنے والا ؛ چاروں طرف جاری ۔

Circumfluous : (a) [f. L."circumfluus"] (۱) رواں ؛ جاری ۔ (۲) پانی سے گھرا ھوا ۔

Circumforaneous : (a) [f. L."circumforaneus"] آوارہ ؛ بازار بازار گھومنے والا ؛ در بدر ۔

Circumfuse : (v) [pa. ppl. stem of L."circumfundere"] (۱) چاروں طرف ڈالنا ؛ سب طرف پھیلانا ۔ (۲) بھگونا ؛ گھیرنا؛ احاطہ کرنا ؛ غسل دینا ۔

Circumfusion : (n) (۱) چاروں طرف پھیلاؤ یا بہاؤ ۔ (۲) غسل ۔

Circumgyrate : (v) [f. CIRCUM+GYRATE] گھومنا ؛ چکر کاٹنا ؛ گرد سفر کرنا ؛ گرد پھرنا ؛ طواف کرنا ۔

Circumgyration : (n) طواف ؛ گردش ؛ گھوم ؛ دور ؛ چکر ۔

Circumgyratory : (a) گردشی ؛ طوافی ؛ گرد پھرنے سے متعلق ؛ دوری ۔

Circumincession : (n) [med. L."circumincessio"] (الہٰیات) یہ عقیدہ کہ تثلیث کا ہر ایک خدا ایک دوسرے میں موجود ھے ۔

Circuminteric : (a) (حیوانیات) گرد روندگی ۔

Circumjacence : (n) [f. CIRCUMJACENT] هر طرف سے گھرا ھوا ھونے کی حالت ۔

Circumjacency : (a) هر طرف سے احاطہ ؛ (جمع میں) هر طرف سے احاطہ کیا ھوا حصہ ۔

Circumjacent : (a) [pres. ppl. stem of L."circumjacent"] (۱) چو طرفہ ؛ چاروں طرف کا ؛ چوطرفی ؛ نواحی ۔ (۲) احاطہ کرنے والا ۔

Circumjovial : (a) [mod. L."circumjovialis"] مشتری کے گرد چکر لگانے والا ۔

Circumlittoral : (a) [f. CIRCUM+LITTORAL] ساحل سے متصل ۔

Circumlocution : (n) [L."circumlocution"] (۱) زیادہ گوئی ؛ بسیار گوئی ؛ طول کلامی ۔ (۲) ٹالنے والی بات ؛ جو بات ٹالنے کی غرض سے کی جائے ؛ اڑن گھائیاں ۔ (۳) ھیر پھیر کی بات ؛ پیچیدہ گفتگو ؛ (لسانیات) گول مول بیان ۔

Circumlocution office : (n) سرکاری کام، دفتر جہاں کام بہت دیر میں ھو اور سستی سے ھو ۔

Circumlocutional /-ary / -ory : (a) زیادہ گوئی کے متعلق ؛ ھیر پھیر کی باتوں کا ؛ چکر دار ؛ پھیرکا ؛ پیچیدہ یا اطناب ؛ طولانی ۔

Circumlocutionist : (n) بسیارگو ؛ زیادہ گو ؛ ھیر پھیر کی باتیں کرنے والا ؛ بت بنا ؛ باتونی ۔

Circummeridian : (a) (فلکیات) سمت الراس کے قریب ؛ سمت الراسی ۔

Circummeter : (n) محیط کو ناپنے کا آلہ ؛ محیط پیما ؛ محیط سنج ۔

Circummure : (v) [f. CIRCUM+MURE] دیوار کھینچ کر محصور کرنا ۔

Circumnavigable : (a) [See next] دنیا کے گرد جہاز رانی کےقابل ۔

Circumnavigate : (v) [L."circumnavigare"] دنیا کےگرد جہاز میں سفر کرنا ۔

Circumnavigation : (n) دنیا کے گرد جہاز رانی ۔

Circumnavigator : (n) دنیا کے گرد جہاز رانی کرنے والا ۔

Circumnavigatory : (a) دنیا کے گرد جہاز رانی سے متعلق ۔

Circumnutate : (v) [f. CIRCUM+NUTATE] (نباتیات) یکے بعد دیگرے ھر سمت مڑ جانا ۔

Circumnutation : (n) (نباتیات) گرد نموئی ۔

Circumnutatory : (a) گرد نموئی سے متعلق ؛ گرد نمو ۔

Circumoral : (a) [f. CIRCUM+ORAL] منہ کے ارد گرد کا ؛ منہ کے قریب کا ؛ حوالی فم کا ؛ گرد فمی ؛ (حیوانیات) گرد دہنی ۔

Circumpolar : (a) [f.CIRCUM+POLAR] (۱) (فلکیات) قطب کے نزدیک ؛ قطب کے قریب یا آس پاس ؛ گرد قطب ۔ (۲) (ارضیات) گرد قطبین ۔

Circumpolar motion : (n) گرد قطبی حرکت ۔

Circumpolar star : (n) گرد قطبی تارا ۔

Circumpose : (v) [repr. L."circomponere"] ارد گرد رکھنا ؛ گملے میں پودا لگانا ۔

Circumposition : (n) جاگزینی ۔

Circumquaque : (n) [L.] دیکھو Circumbendibus

Circumrotation : (n) [perh. f. L."circumrotalio"] گردش ؛ گردش محوری ۔

Circumrotatory : (a) گردشی ۔

Circumsciss : (a) [L. pa. ppl. of "circumcindere"] (نباتیات) مقطوع افقی کرنے والا ؛ بطریق افقی قطع کرنے والا ۔

Circumscissile : (a) [f. as prec.] مقطوع افقی ۔

Circumscribable : (a) [See next] قابل حد بندی ؛ محدود کئے جانے کے لائق ؛ احاطہ بندی کے لائق ۔

Circumscribe : (v) [L."circumscribere"] (۱) گھیرنا ؛ حد باندھنا ؛ احاطہ بندی کرنا ؛ محدود کرنا ۔ (۲) (ھندسہ) ایک شکل کے گرد دوسری شکل بنانا ؛ کسی شکل کے گرد خط کھینچنا ۔ (۳) منطقی اصول کے لحاظ سے تعریف کرنا ؛ تحدید کرنا ؛ حد بیان کرنا ۔ (٤) حدود مقرر کرنا ؛ محدود کرنا ؛ بند کرنا ۔

Circumscribed : (a) (طبیعیات) احاطہ شدہ ؛ (ریاضی) محیط ۔

Circumscriber : (n) گھیرنے والا ؛ خصوصاً دائرہ میں دستخط کرنے والا ؛ ایک شکل کے گرد دوسری شکل بنانے والا ؛ تعریف کرنے والا ۔

Circumscribing circle : (n) (ریاضی) محیطی دائرہ ۔

Circumscribing triangle : (n) (ریاضی) محیطی مثلث ۔

Circumscription : (n) [L. pa. ppl. stem of "circumscribere"] (۱) حدبندی ؛ گھیر ؛ حد ؛ احاطہ ؛ تحدید ۔ (۲) محدود رقبہ ؛ محدود احاطہ ؛ حدود ؛ محدودیت ۔(۳) تعریف ۔(٤) ایک شکل کے گرد دوسری شکل بنانا ۔(٥) سکے کے ارد گرد نقش کاری ۔

Circumscriptive : (a) کسی فضا میں محدود ؛ کسی معین جگہ میں محصور ۔

Circumsolar : (a) [f. CIRCUM+SOLAR] سورج کے گرد گھومنے والا ؛ آفتاب گرد ؛ سورج کے قریب کا ۔

Circumspect : (a) [L."circumspectus"] بیدار ؛ ھوشیار ؛ چوکنا ؛ محتاط ؛ چوکس ؛ مآل اندیش ؛ با تدبیر ۔

Circumspection : (n) ھوشیاری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ خبر داری ؛ مآل اندیشی ؛ حالات یا واقعات کا چوکس اور محتاط مشاھدہ ۔

Circumspective : (a) دیکھو Circumspect

Circumspectively / Circumspectly : (adv) ھوشیاری سے ؛ احتیاط سے ؛ ھوشیارانہ ؛ چوکسی سے ۔

Circumspectness : (n) دیکھو Circumspection

Circumstance : (n) [L."circumstantia"] (۱) (جمع) حالت ؛ صورت حال ؛ واقعات ؛ قرائن ؛ مقتضیات ۔ (۲) کسی فعل کا ماحول ؛ حالات جن میں کوئی فعل انجام پائے ۔ (۳) حال ؛ گت ؛ حقیقت حال ؛ حالت ؛ شرائط ؛ کیفیات ۔ (٤) واقعہ ؛ وقوعہ ؛ ضمنی واقعہ یا جزوی روداد ؛ اتفاق؛ موجبات ۔ (٥) (واحد) تفصیل ؛ شرح ؛ تکلف ؛ اھتمام ۔

Aggravating circumstances : کیفیات مشددہ ۔

In bad/ reduced/ straightened circumstances : تنگ حال ؛ برے حالوں ؛ شکستہ حال ؛ تنگ دست ؛ تکلیف میں ۔

In / under the circumstances : ان حالات میں ؛ ان حالات کی بناء پر ؛ دریں صورت ؛ دریں حال ۔

Not a circumstance to : نسبتًا ؛ غیر اھم ھونا ۔

Pomp and circumstances : شان و شوکت ؛ کرّوفر ؛ سازو سامان ۔

Under no circumstances : کسی حال میں نہیں ؛ کسی صورت میں نہیں ۔

Without circumstances : بغیر کسی اھتمام کے ؛ سیدھا سادہ ؛ سادگی سے ۔

Circumstance : (v) کسی خاص حالت میں ھونا ۔

Circumstanced : (a) کسی خاص حالت یا صورت میں ۔

Circumstantial : (a) (۱) مبنی بر قرائن ؛ مبنی بر جزئیات ۔ (۲) اتفاقی ؛ ضمنی ؛ اچانک ؛ تفصیلی ؛ تفصیل وار ؛ بالشرح ؛ مشرح ؛ بالتفصیل ؛ مفصل ۔

Circumstantial evidence : (n) ثبوت قرائن ؛ براھین قرائینی ؛ قرائینی شہادت۔

Circumstantial story : (n) مفصل قصہ ؛ طویل داستان ۔

Circumstantiality : (n) (۱) اتفاق ۔(۲) تفصیل ؛ شرح و بسط ۔

Circumstantially : (adv) (۱) اتفاق سے ؛ اچانک طور پر ؛ اتفاقیہ طور پر ۔(۲) تفصیلاً ؛ جزوی طور پر ؛ براھین و قرائن سے ۔

Circumstantiate : (v) [f.CIRCUMSTANCE+ATE] قرائن و براھین پیش کرنا ؛ کسی واقعہ کی جزئیات کو تفصیل سے پیش کرنا ۔

Circumstantiation : (n) ثبوت ؛ براھین ۔

Circumstantiator : (n) ثبوت پیش کرنے والا ؛ تفصیل پیش کرنے والا ۔

Circumundulate : (v) [f.CIRCUM+UNDULATE] موج وار گردش کرنا ؛ لہروں کی شکل میں چاروں طرف بہنا ۔

Circumundulation : (n) موجوار گردش ؛ لہردار مدور بہاؤ ۔

Circumvallate : (a) [L."circumvallatus"] قلعہ بند ؛ محاصرہ شدہ ؛ محصور ۔

Circumvallate : (v) قلعہ بندی کرنا ؛ محصور کرنا ؛ گردا گرد دمدمہ وغیرہ بنانا ؛ حصار بنانا ؛ گھیرنا ؛ فصیل یا خندق سے گھیرنا ۔

Circumvallation : (n) [L."circumvallatio"] مورچہ بندی ؛ قلعہ بندی ؛ حصار ؛ احاطہ ؛ فصیل ؛ شہر پناہ ؛ چہار دیواری ؛ گھیرا -

Circumvene : (v) (۱) پھانسنا؛ دام میں لانا؛ پھندے میں لانا؛ فریب دینا؛ جل دینا؛ دھوکا دینا؛ جھانسا دینا؛ چھل کرنا - (۲) حیلہ یا فریب سے کام نکالنا - (۳) احاطہ کرنا؛ محاصرہ کرنا؛ تسخیر کرنا؛ گھیر کر فرار کی راہ بند کرنا - (٤) گھوم کر جانا؛ طواف کرنا -

Circumvent : (v)[pa. ppl.stem of L."circumvenire"] دیکھو Circumvene

Circumvention : (n) [L."circumventio"] (۱) دام ؛ پھندا ؛ چال - (۲) دھوکا ؛ فریب ؛ چھل ؛ دغا ؛ جھانسا ؛ ایچ پیچ ؛ توڑ جوڑ ؛ جل - (۲) دھوکا فریب سے بچ نکلنا -

Circumventor /-er : (n) (۱) جھانسا دینے والا ؛ جل دینے والا ؛ دھوکا فریب سے بچ نکلنے والا - (۲) دیکھو Circumferentor

Circumvolant : (a) [pres. ppl. stem of L."circumvolare"] ادھر اُدھر پرواز کرنے والا ؛ اطراف میں پرواز کرنے والا ؛ دور لگانے والا -

Circumvolation : (n) ادھر ادھر پرواز ؛ اطرف میں پرواز -

Circumvolute : (v) [pa. ppl. stem of L."circumvolvere"] گول کر کے لپیٹنا ؛ مرکز یا محور کی چاروں طرف گھومنا ؛ چکر دینا ؛ لپیٹنا ؛ تہ کرنا -

Circumvolution : (n) (۱) چکر ؛ گھیرا ؛ دور ؛ گردش ؛ موڑ ؛ تہ - (۲) کنڈلی - (۳) دور ؛ زمانہ ؛ عہد - (٤) سانپ کی سی چال ؛ لہریا چال -

Circus : (n) [L."circus"] (۱) گول یا بیضوی اکھاڑا ؛ دنگل ؛ دوڑ ؛ چوگان ؛ تماشہ گاہ ؛ جولان گاہ ؛ مقابلہ کی جگہ ؛ ورزشی نمائش - (۲) چوک ؛ چوراھا - (۳) سرکس - (٤) مکانوں کا دائرہ نما سلسلہ - (۵) ایک مدور اکھاڑا جس کی چاروں طرف نشستوں کی قطاریں ہوں اور جہاں گھوڑوں کے کرتب ، ورزش اور دوسرے کھیل تماشوں کی نمائش ھو ؛ کھیل تماشا کرنے والوں اور ان کے ساز و سامان کا دستہ - (٦) چاروں طرف سے گھرا ہوا ایک مدور میدان یا نشیبی زمین - (۷) (عامیانہ) مخصوص دلچسپ اور جالب توجہ تفریح -

Circus : (n) [Gr."kirkos"] باز کی ایک قسم -

Circusy : (a) سرکس کی طرح ؛ سرکس کے قابل -

Cire perdue : (n) [Fr.] کانسے کو ڈھالنے کا ایک طریقہ جس میں سانچے کا موم پگھل کر نکل جاتا ھے -

Cirl : (n) [It."cirlo"] گانے والی ایک چھوٹی چڑیا جو یورپ میں پائی جاتی ھے -

Cirque : (n) [Fr. f. L."circus"] (نظم میں) دنگل ؛ اکھاڑا ؛ میدان؛ جولانگاہ ؛ تماشہ گاہ ؛ سرکس -

Cirque couchant : (a) گول کنڈلی لگائے ہوئے -

Cirrh- : [bad spelling of Cirr-, Gr."kirros"] واصلہ -

Cirrhopod : (n) [L."Cirrhopoda"] (حیوانیات) ایک قسم کا بحری جانور ؛ زلف پا -

Cirrhosed : (a) تشمع الکبدکامریض؛ تشمع جگرمیں مبتلا-

Cirrhosis : (n) (occas. Cirrhose) [Gr. +OSIS] جگر کی ایک بیماری ؛ جگر کا مومی ساخت کا ہو جانا ؛ تشمع الکبد ؛ تشمع -

Cirrhotic : (a) دیکھو Cirrhosed

Cirriferous : (a) [Erron. Cirrh- [f. L."cirrus"] (۱) ریشہ دار - (۲) بالوں جیسا ؛ اون جیسا ؛ پیچدار -

Cirriform : (a) [f. as prec . +FORM] بالوں کی شکل کا ؛ اون نما -

Cirrigerous : (a) [f. as prec.+GEROUS] ریشہ دار ؛ اون دار ؛ بال دار -

Cirrigrade : (a) [f. as prec.+ L."-gradus"] (حیوانیات) ریشہ کے ذریعہ چلنے والا -

Cirriped / -pede : (n) (Erron. Cirrhi -) [mod. L." cirripeda"] ایک قسم کا بحری جانور؛ زلف پا -

Cirro- , (comb.) [f. CIRRUS] - واصلہ بمعنی "ریشہ" ؛ "اون"

Cirrocumular / Cirrocumulated / Cirrocumulative / Cirrocumulous : (a) مرغولے دار اون نما بادلوں کا یا اس سے متعلق -

Cirrocumulus : (n) اون جیسے بادلوں کا مرغولہ نما سلسلہ ؛ گھونگریالے اور اون نما بادلوں کا سلسلہ ۔

Cirrose : (a) (Erron. Cirrh-) [f. L. "cirrus"] (۱) (حیوانیات و نباتیات) گھونگر دار ؛ پیچدار ؛ بالوں جیسا ؛ گھونگر والا ۔ (۲) (موسمیات) گھونگر دار بالوں کی طرح ۔

Cirrostome : (a) ریش دار دہانے والا ۔

Cirróstrative / Cirrostratous : (a) گھونگرالے تہ دار بالوں جیسا ۔

Cirrostratus : (n) بادل کی وہ شکل جس میں گھونگر دار اور تہ دار بادل ملے ہوئے ہوں ۔

Cirrous : (a) (Erron. Cirrh-) [f. as prec.+ OUS] (۱) پیچدار ؛ پیچوان ؛ گھونگر والا ۔(۲) گھونگرالے بادلوں کا یا ان سے متعلق ۔

Cirrus : (n) [L.] (۱) (نباتیات) ریشہ ؛ سوت ؛ بیل ۔ (۲) (حیوانیات) پنچھیا ؛ دم ؛ قضب ۔ (۳) (موسمیات) اون جیسے بادل ؛ سنبل نما بادل ؛ طرح دار بادل ۔ (٤) گھونگردار گچھا ؛ حاشیہ ؛ ریشہ ۔

Cirrus-bag : بعض ریشہ دار کیڑوں کا خول ۔

Cirsocele : (n) [Gr. "kirgos+ kele"] دیکھو Circocele

Cirsoid : (a) [Gr. "kirsides"] پیچدار سیاہ رگ کی مانند ؛ پیچدار سیاہ رگ والا ۔

Cirsotome : (n) پیچدار سیاہ رگ کو نکالنے کا آلہ ۔

Cirsotomy : (n) متورم ورید کا کاٹنا ۔

Cis - : (pref.) [L. "cis"] سابقہ بمعنی " اس طرف " " اس پار " " اس رخ " ؛ Ultra یا Trans کی ضد ، بطور واصلہ بھی ان ہی معنوں میں مستعمل ہے ۔

Cis - alpine : (n) کوہ آلپس کے اس پار ۔

Cis - Alpine Republic : (n) (تاریخ و سیاسیات) سس الپائن جمہوریہ ۔

Cis-atlantic : (a) اوقیانوس کے اس پار ۔

Cis-Elizabethan : (a) ایلزبیتھ کے زمانے کے اس طرف ؛ مابعد زمانہ ایلزبیتھ ۔

Cis - pandane : (n) دریائے پو کے اس پار ۔

Cisco : (n) [Origin unknown] ہیرنگ (herring) قسم کی ایک مچھلی ۔

Cisform : (a) [f. CIS + FORM] (کیمیا) ہم طرف شکل ۔

Cismontane : (a) [L. "cismontanus"] کوہ آلپس کے اس پار خصوصاً گیلیکن کلیسائی تحریک کا ؛ کسی پہاڑ کے اس طرف ؛ (تاریخ) پہاڑ کے اس پار ۔

Cispontine : (n) لندن میں دریائے ٹیمس کے اس پار ۔

Cissoid : (n) [Gr. "kissoides"] (ریاضی) دوسرے درجے کی ایک خم دار شکل ؛ دوسرے درجے کا انحنا ۔

Cissy : (n) [Variant of "sissy"] زن نما اور ناکارہ مرد ۔

Cist : (n) (Erron. Cyst) [Gr. "kiste"] (۱) پتھر یا لکڑی کا تابوت ۔(۲) متبرک برتنوں کا صندوق ؛ صندوق تبرکات ؛ تبرکدان ۔

Cist grave : (n) (تاریخ) تابوتی قبر ۔

Cistaceous : (a) [f. mod. L. "cistaceae"] (۱) لادن سے متعلق ؛ نباغ الارضی ؛ ایک قسم کی جھاڑی ۔ (۲) کستوسی ؛ کستوس کی ذات کا ۔

Cistal : (a) کستوسی ۔

Cisted : (a) [f. CIST] صندوق دار ۔

Cistercian : (a) [L."cistercuim"] سطرونی راہب ؛ سطرونی ؛ سطرونی مسلک کا ۔

Cistern : (n) [L. "cista"] پانی کا خزانہ ؛ ٹنکی ؛ حوض ؛ آب انبار ؛ تالاب ؛ لگن ۔

Cistern : (v) حوض بنانا ؛ تالاب بنانا ؛ پانی کا خزانہ بنانا ؛ ٹنکی بنانا ۔

Cisterna lymphatica magna : (حیوانیات) لمفی خانہ کبیر ۔

Cistula : (n) [f. CIST] چھوٹا تابوت ؛ چھوٹا صندوق تبرکات ۔

Cistus : (n) [Gr. " kistos-"] ایک قسم کی جھاڑی جس کے پھول سرخ یا سفید ہوتے ہیں ؛ کستوس ۔

Cistvaen : (n) [W. "cistfaen"] پتھر کا تابوت ۔

Citable : (a) [f. CITE + ABLE] طلب کئے جانے کے قابل ؛ حوالہ دینے کے لائق ؛ قابل ذکر ؛ قول نقل کرنے کے قابل ۔

Citadel : (n) [It. "citadella"] (۱) حصار ؛ گڑھی ؛ قلعہ ؛ کوٹ ۔(۲) ملجا ؛ ماویٰ ؛ آخری جائے پناہ ۔ (۳) جنگی جہازوں کا وہ محفوظ مرکزی مقام جسکے اندر مشینیں، آلات اور توپ آھن پوش وغیرہ رہتے ہیں ۔

Citation : (n)[L "citatio"] (۱) طلبی ؛ سمن ؛ دستک طلبی ۔ (۲) حوالہ ؛ قول ؛ مقولہ ؛ نظیر ؛ نقل قول ۔ (۳) علمی اعزاز پانے والوں کے اوصاف کا شمار ؛ فوج میں وہ بیان جس میں فرض کی انجام دہی کے لئے کسی کو فوجی اعزازی نشان عطا ہوتا ہے ۔

Citatory : (a) [med. L. "citatorius"] طلبی سے متعلق ؛ طلبی کا اختیار یا صلاحیت رکھنے والا ۔

Cite : (v) [L. "citare"] (۱) طلب کرنا ؛ بلا بھیجنا ؛ حکماً بلانا ؛ سمن جاری ہونا ؛ سمن جاری کرنا ۔(۲) قول نقل کرنا ؛ نظیر یا ثبوت لانا یا پیش کرنا ؛ حوالہ دینا ؛ ذکر کرنا ؛ یاد دلانا ۔

Citee : (n) وہ شخص جس کا قول نقل کیا جائے یا جس کو بلایا جائے ۔

Citer : (n) طلب کرنے والا ؛ بلانے والا ؛ سمن جاری کرنے والا ؛ قول نقل کرنے والا ؛ نظیر یا ثبوت پیش کرنے والا ۔

Citess : (n) [f. CIT] شہری عورت ۔

Cithara : (n) [Gr. "kithara"] ایک قدیم یونانی آلۂ موسیقی ؛ ستار ۔

Citharist : (n) ساز بجانے والا ؛ ستار بجانے والا ۔

Cither : (n) [L. "Cithara"] ستار ؛ طنبورا ؛ بین ؛ بربط ۔

Cithern / Cittern : (n) [L. "Cithara"] دیکھو Cither

Citicism : (n) شہری طور طریقہ ۔

Citied : (a) شہر کے جیسا بنایا ہوا ؛ شہر کا علاقہ ؛ شہر والا ؛ شہر نما ؛ ایسی بستی جو شہر بنا دی گئی ہو ۔

Citigrade : (n) [L. "Citus + gradus"] تیز چلنےوالا ؛ تیز حرکت کرنے والا (مکڑوں کی ایک ذات کے متعلق کہا جاتا ہے) ۔

Citizen : (n) [Anglo-Fr. "Citezein"] (۱) شہری (شہری حقوق رکھنے والا) ۔(۲) شہر کا رہنے والا ؛ شہری ۔ (۳) کسی سلطنت کا باشندہ ؛ رعیت ؛ پرجا ؛ رعایا ؛ باشندہ ؛ ساکن ۔ (٤) شہر میں تربیت یافتہ ۔(٥) شہری ہو جانے والا ؛ جو کسی ریاست کا شہری ہو گیا ہو ۔ (٦) کسی برادری یا ادارہ کا فرد یا رکن ۔

Citizen of the world : دنیا دیسی ۔

Citizen : (v) شہری کرکے مخاطب کرنا ۔

Citizen judge (U. S. S. R.) (تاریخ) شہری جج (سوویت یونین) ۔

Citizeness : (n) شہری عورت ۔

Citizenhood : (n) شہری ہونا ؛ شہریت ؛ سکونت –

Citizenish : (a) شہری پن کا حامل ۔

Citizenise : (v) شہری بنانا ؛ ملکی بنانا ۔

Citizenery : (n) غیر فوجی شہری ؛ (تاریخ) اصلی شہری ۔

Citizenism : (n) اصول شہریت ۔

Citizenship : (n) حق شہریت ؛ حق رعایا ؛ رعیتی حق ۔

Acquisition of citizenship : (تاریخ) حصول شہریت ۔

Loss of citizenship : (تاریخ) شہریت تلفی ؛ تضیع شہریت ۔

Naturalised citizenship : (تاریخ) شہریت بر بنائے قانون ۔

Citole : [Gr. "kithara"] تیرھویں ۔ پندرھویں صدی کا ایک تاردار آلۂ موسیقی ۔

Citr- / Citro - : [L. "Citrus"] واصلہ بمعنی لیموں ، نیبو ۔

Citra - : سابقہ بمعنی اس طرف ، اس جانب ۔

Citraconates : (n) سٹرك تیزاب كے نمك ۔

Citraconic (citra conic Acid) : (n) سٹرا كا تیزاب ۔

Citramontane : (a) دیكھو cismontane

Citrate : (n) سٹریٹ ؛ لیموں كا نمك ؛ سٹرك تیزاب كا نمك ۔

Citrean : (a) [L. "Citreus" + - AN] ایك قسم كے افریقی درخت Citrus wood كا بنا ہوا –

Citric : (a) [L. "Citrus" + - IC] (كیمیا) لیموں كا تیزاب ؛ سٹرك تیزاب (Citric acid) سے بنا ہوا ۔

Citril : (in citril fionch) : (n) ایك نارنجی رنگ كی چڑیا ۔

Citrine : (a) [L. "Citrus"] لیموں كے رنگ كا ۔

Citrine ointment : پارا كے نائٹریٹ كا مرہم ۔

Citrinous : (a) (۱) لیموں رنگ ۔ (۲) ایك زرد رنگ كا قیمتی پتھر ۔

Citron : (n) [It . "Citrone"] (۱) ترنج گلگل ؛ لیموں ؛ ترنج كا درخت ؛ گلگل كا درخت ۔ (۲) لیموں رنگ ۔

Citrus : (n) [L.] (۱) لیموں ؛ نارنگی ترنج وغیرہ قسم كے درخت یا جھاڑی ۔ (۲) ایك قسم كا افریقی درخت جس كی خوشبو دار لكڑی سے فرنیچر وغیرہ بنتا ھے ۔

City : (n) (۱) شہر ؛ بلدہ ۔ (۲) (حقیقی) شہر ؛ بلدہ ؛ وہ آبادی جو بروئے قانون شہر گردانی گئی ہو ۔ (۳) شہرستاں ؛ ساكنان شہر ۔ (٤) (The كے ساتھ) شہر لندن كا قدیم حصہ ؛ شہرلندن كا تجارتی حصہ ۔ (٥) خود مختار شہر یا حكومت ۔

City : (adj) (adj) شہری ؛ شہر كا ؛ شہر سے متعلق ۔

Celestial city : دیكھو City of God

Eternal city : دیكھو City of the seven hills

Heavenly city : دیكھو City of God

Holy city : بیت المقدس ؛ یروشلم ۔

City allowance : (n) (انتظامیہ) شہری بھتہ ۔

City article : (n) كسی اخبار میں اقتصادیات یا مالیات پر مضمون ؛ مالی یا تجارتی مقالہ ۔

City chicken : (n) كباب بنایا ہوا بے ہڈی كا گوشت ۔

City commonwealth : (n) = (City state) (تاریخ) شہری ریاست ۔

City company : (n) لندن كی انجمن حرفہ ۔

City council : (n) (۱) انجمن بلدی ۔ (۲) شہر كی قانون ساز انجمن ۔

City editor : (n) (۱) اقتصادیات یا مالیات كے مضمون كا اڈیٹر ۔(۲) مالی و تجارتی مضمون كا لكھنے والا ۔(۳) مقامی چیزوں سے متعلق لكھنے والا ۔

City father : (n) انجمن بلدی كا ركن ؛ (انتظامیہ) میر شہر ۔

City improvement trust : (n) (تاریخ) شہری امپرووُمنٹ ٹرسٹ ۔

City magistrate : (n) (انتظامیہ) سٹی مجسٹریٹ ۔

City of the seven hills : شہر ہفت كوہ ؛ روم ۔

City of God : جنت ؛ بہشت ؛ فردوس ۔

City of refuge : قدیم اسرائیل میں غیر ارادی قاتلوں كی جائے پناہ ۔

City planning : (n) (سماجیات) شہری منصوبہ بندی ۔

City state : (n) (تاریخ) شہری ریاست ۔

Citycism : (n) شہری طور و اطوار ۔

Cityful : (n) شہر بھر ۔

Cityish : (a) شہری جیسا ۔

Cityite : (n) شہری ۔

Cityless : (a) بے شہر ؛ جس میں كوئی شہر نہ ہو ۔

Cityward / - wards : (adv) شہر كی جانب ؛ شہركی طرف ۔

Civet : (n) [Arab "Zabad","zubad"] (۱) مشك بلاؤ ؛ گربہ زباد ۔ (۲) مشك ؛ زباد ۔

Civet : (v) مشک سے معطر کرنا ؛ مشک سے خوشبو کرنا ۔

Civet-cat : (n) مشک بلاؤ ؛ گربہ زباد ۔

Civic : (a) [L. "Civicus"] شہری کا ؛ شہری خصوص ؛ شہری ؛ بلدیہ کا ؛ میونسپلٹی کا ۔

Civic activity : (n) شہری مشاغل یا اعمال ۔

Civic centre : (n) مرکز شہر ۔ (سماجیات) شہری مرکز ۔

Civic crown : (n) شاہ بلوط کے پتوں کا تاج یا ہار ؛ قدیم رومی اعزاز جو جنگ میں کسی ہم شہری کی جان بچانے کےصلے میں دیا جاتا ہے ۔

Civic election : (n) (تاریخ) شہری انتخاب ۔

Civic election : (n) (تاریخ) شہری نصب العین ؛ شہری آدرش ۔

Civic life : (n) (تاریخ) شہری زندگی ۔

Civic sense : (n) تمدنی شعور ؛ شہریت کا شعور ۔

Civic virtues : (n) تمدنی خوبیاں ۔

Civically : (adv) شہری نقطۂ نظر سے ؛ شہریات سے ؛ رعیتی حق کے لحاظ سے ؛ شہریانہ ۔

Civicism : (n) (۱) شہری نظام ۔ (۲) یہ نظریہ کہ تمام شہریوں کے حقوق و فرائض برابر ہیں ۔

Civics : (n) شہریات ؛ مدنیات ؛ علوم مدنی ؛ علم تمدن ؛ سیاست مدن ۔

Civil : (a) [L. "Civilis"] (۱) مدنی ؛ اجتماعی ؛ معاشرتی ؛ گروہی ۔ (۲) شہری ؛ ملکی ۔ (۳) شایان شہری ۔ (٤) خلیق ؛ بامروت ؛ خوش خلق ؛ شائستہ ۔ (۵) غیر فوجی ؛ مالی ۔ (٦) دنیاوی ؛ دنیا داری کے متعلق ۔ (۷) دیوانی ؛ غیر فوجداری ۔ (۸) قانونی (نہ کہ طبعی یا نجومی دن سال) ۔ (۹) رومی شہری قانون کے مطابق ۔

Indian civil : انڈین سول سروس کا رکن ۔

Civil Budget : (n) سول بجٹ ؛ شہری بجٹ ۔

Civil commissioner : (E. I. C.) (تاریخ) سول کمشنر (ایسٹ انڈیا کمپنی) ۔

Civil commotion : (n) (تاریخ) شہری شورش ۔

Civil commotion policy : (تجارت) شہری بلوہ پالیسی ۔

Civil constitution for the clergy : (تاریخ) پادریوں کا سول دستور ۔

Civil court : (n) سول کورٹ ؛ عدالت دیوانی ۔

Civil day / year : (n) سرکاری دن / سال ۔

Civil embargo : (n) (تاریخ) سول ضبطی ؛ سول مخالفت ۔

Civil Engineer : (n) سول انجینیر ۔

Civil equality : (n) (تاریخ) شہری مساوات ۔

Civil death : (n) حقوق شہریت سے محرومی ۔

Civilly dead : قانون کی نظر میں مردہ ۔

Civil disobedience : (n) سرکاری احکام کو نہ ماننا ؛ سول نافرمانی ؛ (تعلیمات وغیرہ) ترک موالات ؛ عدم تعاون ۔

Civil law : (n) رومن قانون ۔

Civil judge : (n) (انتظامیہ) سول جج ؛ دیوانی جج ۔

Civil liberty : (n) شہری آزادی ۔

Civil liberty disobedience : (انتظامیہ) سول نافرمانی ۔

Civil list : (n) فہرست عہدہ داران دیوانی ؛ پارلیمنٹ کی طرف سے شاہ انگلستان و اراکین شاہی خاندان کا وظیفہ ۔

Civil Magistrate : (n) دیوانی مجسٹریٹ ؛ ناظم دیوانی ۔

Civil marriage : (n) دیوانی مجسٹریٹ کے سامنے کی شادی ؛ قانون شادی ؛ غیر مذہبی شادی ۔

Civil oath : (n) فرانسیسی انقلاب کے دوران لیا جانے والا حلف وفاداری ۔

Civil rights : (n) شہری حقوق ۔

Civil righteousness : (n) شہری اچھائی ؛ غیر مذہبی اچھائی ۔

Civil servant : (n) ملازم دیوانی ؛ کشوری ؛ کشوری عہدہ دار ؛ حکومت کا غیر فوجی افسر ۔

Civil service : (n) دیوانی ملازمت ؛ حکومت کے غیر فوجی یا کشوری محکمے ۔

Civil society / life : (n) اجتماعی یا معاشرتی زندگی ۔

Civil spirit : (n) شہری حمیت ۔

Civil strife : (n) (تاریخ) شہری نزاع ۔

Civil supplies : (n) (انتظامیہ) سول سپلائی ۔

Civil surgeon : (n) (انتظامیہ) سول سرجن ۔

Civil war : (n) خانہ جنگی ؛ جنگ داخلی ۔

The civil war : انگلستان کی خانہ جنگی جو چارلس اول اور پارلیمنٹ کے درمیان ہوئی تھی ۔

Civilian : (n) [L."Civilis"] (۱) رومی یا جدید دیوانی قانون کا ماہر ۔ (۲) غیر فوجی محکمے کا ملازم ؛ انتظامی صیغے کا ملازم ؛ سول عہدہ دار ؛ کشوری عہدہ دار ۔

Civility : (n) اخلاق ؛ مروت ؛ خلق ؛ انسانیت ؛ شائستگی ؛ تہذیب ؛ آدمیت ؛ احسان ؛ شرافت ۔

Civilizable : (a) قابل تربیت ؛ قابل اصلاح ؛ مہذب بن جانے کے قابل ؛ تہذیب پذیر ۔

Civilizade : (n) تہذیب کے لئے جہاد ۔

Civilization/Civilisation / - ise : (n) (۱) اصلاح ؛ تربیت ؛ درستگی ۔ (۲) تمدن ؛ تہذیب ؛ انسانیت ؛ شائستگی ۔ (۳) متمدن اقوام ؛ مہذب حکومتیں ۔ (٤) شہری زندگی ۔

Archaic civilization : (سماجیات) قدیم تہذیب ؛ قدیم تمدن ۔

Aryan civilization : آریائی تمدن ۔

Aztec civilization : (تاریخ) ازٹیک تمدن ۔

Dravidian civilization : (تاریخ) دراوڑی تمدن ۔

Dynamic civilization : (سماجیات) متحرک تمدن ؛ متحرک تہذیب ۔

Early Minoan civilization : (تاریخ) ابتدائی منوانی تمدن ؛ ابتدائی کیرٹ تمدن ۔

Hall stat civilization : (تاریخ) آسٹریا میں ایک مقام) ہالسٹاٹ تمدن ۔

Rellenic civilization : (تاریخ) یونانی تمدن ۔

High civilization : (سماجیات) اعلیٰ تہذیب ؛ اعلیٰ تمدن؛ عظیم تہذیب ؛ عظیم تمدن ۔

Low civilization : (سماجیات) پست تہذیب ؛ پست تمدن ۔

Mesopotamian civilization : (تاریخ) عراقی تمدن ۔

Minoan Civilization : (تاریخ) منوائی تمدن ۔

Minoan - Mycenaean civilization : (تاریخ) منوائی مائی سینی تمدن ۔

Moral valuation of civilization : (سماجیات) تہذیب کی اخلاقی قدر ؛ تمدن کی اخلاقی قدر ۔

Nascent civilization : (تاریخ) ابھرتا ہوا تمدن ۔

Pre - Hellanic civilization : (تاریخ) ماقبل یونانی تمدن ۔

Savage civilization : (تاریخ) وحشی تمدن ۔

Tasian civilization : (تاریخ) قدیم مصر کا ایک تمدن ؛ تاسی تمدن ۔

Technological civilization : (سماجیات) تکنیکی تہذیب ؛ تکنیکی تمدن ۔

Civilizational : (a) تمدنی ؛ تہذیبی ؛ تہذیب سے متعلق ؛ اصلاحی ؛ تربیتی ۔

Civilize : (v) (۱) تربیت کرنا ؛ تربیت دینا ؛ مہذب بنانا ؛ انسان بنانا ؛ سدھارنا ؛ اصلاح کرنا ؛ متمدن بنانا ؛ شائستہ کرنا یا بنانا ؛ بربریت دور کرنا ؛ بربریت سے نجات دینا ۔ (۲) مہذب ہونا ۔

Civilize away : (v) چھوڑ دینا ؛ اصلاح کرلینا ؛ بربریت کو دور کرنا ۔

Civilized : (n) مہذب ؛ شائستہ ۔

Civilizer : (n) مصلح ؛ مہذب بنانے والا ؛ شائستہ بنانے والا ۔

Civilizing mission : (n) (تاریخ) تہذیبی مشن ۔

Civilly : (adv) دیوانی کی رو سے ؛ خلق کے ساتھ ؛ مروت سے ؛ اخلاق سے ؛ شرافت سے ؛ شائستگی سے ۔

Civism : (n) [L. "Civis"] اصول شہر نشینی ؛ اچھی شہریت کے اصول ۔

Civitas : (n) [L.] شہری ریاست ۔

Clabber : (n) [Irish"claber"] (۱) کیچڑ ؛ مٹی ۔ (۲) پھٹا ہوا دودھ ؛ دہی ؛ جما ہوا ترش دودھ ۔

Clabber : (v) دہی جمانا یا جمنا ؛ بستہ ہونا یا کرنا ۔

Clabber : (n) [By shortening and alter. fr. "Claberjass"] تاش کا ایک کھیل ۔

Clachan : (n) [Gael.] اسکاٹستان اور آئرستان کا چھوٹا گاؤں ۔

Clack : (n) [Echoic] (۱) کھٹ کھٹ ۔ (۲) جس شے سے ایسی آواز نکلے خصوصاً پمپ کی کلیک نلکی کا سوراخ ؛ کھل مندن ۔ (۳) کسی شخص کے ایک ساتھ بولنے کی پٹر پٹر آواز ۔ (٤) بك بك کرنے والا ؛ بکواسی ؛ باتونی ۔

Clack : (v) بك بك کرنا ؛ بکواس کرنا ؛ بکے جانا ؛ کھٹ کھٹ یا کٹ کٹ کرنا ؛ کھٹکھٹانا ۔

Clack - box : (n) وہ ڈبہ یا خانہ جس میں پمپ کا کھل مندن رھتا ھے ۔

Clack - dish : (n) لکڑی کی ڈھکن دار طشتری جس کو فقیر لوگوں کی توجہ مبذول کرانے کے لئے کھٹکھٹاتے ھیں ۔

Clack - door : (n) پمپ کے کھل مندن کے ڈبہ یا خانہ کا دروازہ ۔

Clack - valve : (n) پمپ کلواں ؛ کھل مندن ۔

Clacker : (n) کھٹ کھٹ کرنے والا ۔

Clad : (a) [OE.] ملبوس ؛ آراستہ ؛ مزیّن ؛ ملفوف ۔

Clad : (v) لباس پہننا یا پہنانا ؛ دیکھو Clothe

Clad - / Clado - : [Gr. "klados"] واصلہ بمعنی نئی شاخ ؛ کونپل ۔

Cladanthous : (n) چھوٹی اطرفی شاخوں پرپھولنے والا ۔

Cladocarpus : (a) ساق ثمر ۔

Cladophyll / Cledophyllon / Cladophylla : (n) ساق برگ ۔

Cladodium / Cladode : (n) [Gr. "kladodes"] ساق برگ ۔

Claes : (n) پوشاك ؛ لباس ۔

Clag : (v) جمنا ؛ چپك جانا ؛ سٹ جانا ؛ چپکانا ۔

Clag : (n) [ME."Claggen"] (۱) برف کا ڈھیلا ، تودا ۔ (۲)بوجھ ۔

Claggum : (n) ایك قسم کی ٹافی (مٹھائی) ۔

Claggy : (n) کثیف ؛ سٹنے والا ۔

Claik : (n) [ON. "klaka"] (۱) دیکھو Clack (۲) ایك قسم کی یورپی بط ۔

Claik : (v) بط کی طرح چلانا ؛ بك بك کرنا ۔

Claim : (n) [OF. "Claime"] (۱) حق ؛ مطالبہ ؛ دعویٰ ؛ طلبی ؛ تقاضا ؛ حق مطالبہ ۔ (۲) دعویٰ ؛ استغاثہ ؛ نالش ۔ (۳) (کان کنی وغیرہ) وہ قطعہ زمین جس میں ایك شخص کو کھودنےکی اجازت ھوتی ھے ؛ مقطعہ ۔

Culmulative claims : (تجارت) پیشی پذیر مطالبے ۔

To lay claim to : دعویٰ کرنا ؛ مطالبہ کرنا ؛ حق جتانا ۔

Claim : (v) [L. "Clamare"] (۱) مطالبہ کرنا؛ دعویٰ کرنا ، دعویٰدار ھونا ؛ طلب کرنا ؛ حق جتانا ؛ مواخذہ کرنا ۔ (۲) مدعی ھونا ۔ (۳) حکم لگانا ؛ حکمی طور سے کہنا ؛ (امریکہ) ادعا کرنا ۔ (٤) حق رکھنا ؛ مستحق ھونا ۔ (٥) خریدنا ۔

Claim agent : (n) (تجارت) دعویٰ بھگتان ایجنٹ ۔

Claim by death : (n) (تجارت) وفاتی مطالبہ ۔

Claim by maturity : (تجارت) مکمل میعاد مطالبہ ۔

Claim form : (n) (تجارت) مطالبہ فارم ۔

Claim for refund : (انتظامیہ) رقم کی واپسی کا دعویٰ ۔

Claim wage : (n) (تجارت) مطالبہ اجرت ۔

Claimable : (a) قابل دعویٰ ؛ قابل مطالبہ ؛ قابل ادعا ۔

Claimance : (n) دعویٰ ؛ ادعا ؛ مطالبہ ۔

Claimant : (n) مدعی ؛ دعوے دار؛ مطالبہ کرنے والا ۔

Claimer : (n) دیکھو Claimant

Clair-obscure : (n) دھوپ چھاؤں ، متنوع ؛ دیکھو Chiaroscure

Clairaudience : (n)[F. "Clair" + AUDIENCE] الہام سمعی ؛ اشراق سمعی ؛ باطنی شنوائی ۔

Clairaudient : (a & n) الہام سمعی رکھنے والا ؛ باطنی شنوائی رکھنے والا ۔

Clairschach : (n) [Ir. and Gael. " clairseach"] اسکاٹ لینڈ اور آئرلینڈ کا ایک قدیم بربط ۔

Clairsentience : (n) ادراک باطنی ۔

Clairsentient : (n) ادراک باطنی رکھنے والا ۔

Clairvoyance : (n) [Fr.] غیب دانی ؛ روشن ضمیری ؛ روشن بینی ؛ باطن بینی ؛ غیر معمولی بصیرت ۔

Clairvoyant : (n) غیب دان ؛ روشن ضمیر ؛ باطن بیں ؛ غیر معمولی بصیرت رکھنے والا ۔

Clairvoyante : (n) غیب دان خاتون ؛ غیر معمولی بصیرت رکھنے والی عورت ۔

Clairvoyantly : (adv) غیب دانی سے ؛ روشن ضمیری سے ۔

Clam : (n) [OE."clam(m)"] شکنجہ ۔

Clam : (n) (۱) گھونگے کی ایک قسم ۔ (۲) کم سخنی ۔ (۳) (امریکہ عامیانہ) منہ ۔

Clam : (n) [back - formation from CLAMMY] نمی ؛ چپچپی شے ۔

Clam : (n) [Echoic] گھنٹی کی ایک قسم کی آواز ۔

Clam : (a) [L. "clam"] کمینہ ؛ ذلیل ؛ پست ۔

Clam : (a) مرطوب و سرد ؛ چسپندہ ۔

Clam : (v) [OE. "Claeman"] (۱) چپکانا ؛ چپکنا ۔ (۲) مرطوب و سرد ہونا ۔ (۳) ملوث کرنا ۔

Clam : (v) (۱) (گھنٹوں وغیرہ کا) ٹھکرانا ۔ (۲) (مجازاً) خاموش کرنا ۔

Clamant : (a) [L. "Clamantem"] (۱) رد و کد کرنے والا ؛ جھائیں جھائیں کرنے والا ؛ تکرار کرنے والا ؛ حجتی ؛ تکراری ؛ مصر ۔ (۲) ضروری ؛ فوری ؛ اہم ؛ اشد ضروری ۔

Clamantly : (adv) فوری طور پر ؛ ضروری طور پر ۔

Clambaka : (n) (۱) پکنک ۔ (۲) (عامیانہ) شور و غل والی سماجی تفریح ؛ خصوصاً سیاسی مجمع ۔ (۳) ریڈیو پروگرام ۔ نا کامیاب یا غیر منظم ۔

Clamber : (v) [app. f. CLIMB] (۱) چاروں ہاتھ پاؤں سے چڑھنا ؛ چڑھنا ۔ (۲) مشکل سے چڑھنا یا اترنا ۔ (۳) (پودوں کا) جفتہ کے ذریعہ اوپر چڑھنا ۔

Clamber : (n) چاروں ہاتھ پاؤں سے چڑھنا ؛ مشکل سے چڑھنا یا اترنا ۔

Clamberer : (n) چڑھنے والا (خصوصاً چڑھنے والے پودے)۔

Clamjamphrie : (n) [Etym. not clear] مزخرفات ؛ گنوار دل ۔

Clammily : (adv) لجلجا پن سے ۔

Clamminess : (n) لجلجا پن ؛ چپچپا پن ۔

Clammy : (a) (۱) لجلجا ؛ چپچپا ؛ گلگلا ۔ (۲) (مجازاً) سرد، سردمہر ۔

Clamor : (n) Clamour کی متبادل شکل ۔

Clamorous : (a) (۱) حجتی ؛ تکراری ؛ راڑھی ؛ شورو غل کرنے والا ؛ ہنگامہ خیز ۔ (۲) گونجنے والا ؛ مصر ؛ متقاضی ۔

Clamorously : (adv) حجت سے ؛ تکرار سے ؛ چیخ چیخ کر ؛ دہائی مچا کر ۔

Clamorousness : (n) حجت ؛ تکرار ؛ ہنگامہ ؛ گونج ۔

Clamour / -or : (n) [L. "Clamorem"] شور ؛ غوغا ؛ شغب ؛ غل غپاڑا ؛ خروش ؛ ہنگامہ ۔

Clamour / -or : (v) شور مچانا ؛ فریاد کرنا ؛ دہائی دینا ؛ دہاڑنا ؛ دہائی مچانا ؛ غل غپاڑا کرنا ؛ تقاضا کرنا ؛ اصرار کرنا ۔

Clamour -oor / Clamber : (v) گھنٹیوں پر مسلسل ضرب لگاکر خاموش کرنا ؛ خاموش کرنا -

Clamour down : (v) خاموش کرنا ؛ ساکت کرنا ؛ منھ بند کرنا ؛ چپ کرنا -

Clamour out of / into : (v) غل مچاکر باھر نکال دینا ؛ چیخ چیخ کر زچ کر دینا ؛ کلہ دبانا ؛ کلے تلے دبانا -

Clamourer : (n) شور کرنے والا ؛ فریاد کرنے والا ؛ غل غپاڑا کرنے والا -

Clamp : (n) [Du. "klamp"] (۱) پتر؛ پٹی ؛ جوڑ - (۲) شکنجہ -(۳) (جہاز رانی) وہ لکڑی کا تختہ جو جہاز کے ڈھانچے کے اندرونی حصے میں لگا رھتا ھے اور عرشہ کے شہتیر کو سہارا دیتا ھے -

Clamp : (n) [as prec.] بڑے صدف کی ایک قسم -

Clamp : (n) [Du. " klamp"] پڑاوہ ؛ آوہ ؛ ڈھیر ؛ انبار ؛ تودا -

Clamp : (n) [Echoic] بھاری قدم کی آواز -

Clamp : (v) پتر لگانا ؛ پتر چڑھانا ؛ لوھے کی پٹی لگانا ؛ پٹری سے مضبوط کرنا ؛ شکنجے میں کسنا یا دبانا -

Clamp : (v) پڑاوہ لگانا ؛ ڈھیر لگانا ؛ انبار لگانا -

Clamp : (v) بھد بھد چلنا -

Clamp connection : (n) (کیمیا) شکنجہ جوڑ -

Clamp holder : (n) (طبیعیات) کلیمپ ھولڈر ؛ شکنجہ پکڑنے والا -

Clamp - nail : (n) بڑے سر والی کانٹی -

Clamp - plate : (n) (طبیعیات) کلیمپ پلیٹ -

Clamp-support : (n) (طبیعیات) کلیمپ سہارا -

Clamper : (n) شکنجہ -

Clamper : (n) انبار لگانے والا ؛ ڈھیر لگانے والا -

Clamper : (n) پیوند دار ؛ پیوندی بحث -

Clamper : (n) بھد بھد چلنے والا -

Clamper : (v) پیوند لگانا ؛ بگاڑنا -

Clan : (n) [L. "planta"] (۱) فرقہ ؛ گروہ ؛ قبیلہ ؛ خیل قوم ؛ جتھا ؛ جرگہ ؛ خانوادہ ؛ برادری ؛ طائفہ ؛ دستہ -(۲) جانوروں ، پودوں یا دوسری بے جان چیزوں کا اجتماع یا جمگھٹ - (۳) (سماجیات) گوت -

Territorial clan : (سماجیات) علاقائی گوت ؛ علاقائی خیل -

Totenic clan : (سماجیات) ٹوٹمی گوت ؛ ٹوٹمی خیل -

Clan endogamy : (سماجیات) اندرون گوت شادی ؛ اندرون خیل شادی -

Clan exogamy : (سماجیات) بیرون گوت شادی ؛ بیرون خیل شادی -

Clan organisation : (n) (سماجیات) گوت کی تنظیم ؛ خیل کی تنظیم -

Clandestine : (a) [L. "Clandestinus"] خفیہ ؛ مخفی ؛ پوشیدہ ؛ خلاف قانون ، شرع یا اخلاق -

Clandestine marriage / secret marriage : (n) (سماجیات) خفیہ شادی -

Clandestinely : (adv) خفیہ خفیہ ؛ مخفی طور پر ؛ چوری چھپے ؛ چوری سے ؛ پوشیدہ طور پر ؛ غیر قانونی طور پر -

Clandestinity : (n) پوشیدگی ؛ راز (عموماً برے معنوں میں) -

Clang : (n) [L. "Clangere"] (۱) جھنکار ؛ جھنجھناھٹ ؛ ٹھن ٹھن -(۲) بعض پرندوں کی بلند اور کرخت آواز -(۳) (موسیقی) جھنکار -

Clang : (v) (۱) جھنکارنا ؛ جھنجھنانا ؛ ٹھنٹھنانا - (۲) (پرندوں کا) بلند اور کرخت آواز نکالنا -

Clangor / -our : (n) [L. "Clangor"] جھنکار ؛ ٹھن ٹھن -

Clangor / -our : (v) جھنکارنا ؛ جھنجھنانا -

Clangor / -ourous : (a) جھنکار کی آواز دینے والا ؛ جھنجھناتا ھوا -

Clangorously : (adv) جھنکار کے ساتھ ؛ ٹھنٹھناتا ھوا ۔

Clank : (n) [Echoic] جھنک ؛ جھنکار ؛ جھنجھناھٹ ؛ کھڑکھڑاھٹ ؛ چکا چك ۔

Clank : (v) جھنجھنانا ؛ کھڑکھڑاتے ھوئے چلنا ؛ جھنجھناھٹ پیدا کرنا ۔

Clannish : (a) قبیلہ پرور ؛ گروھی ؛ قبائلی ؛ خیلی ؛ قومی ؛ قبیلہ دوست ؛ خاندان پرست ؛ برادری جیسے متحد ۔

Clannishly : (adv) گروہ بندی سے ؛ جتھا بندی سے ؛ مل کر ؛ متحد ھو کر ؛ برادری کے طور پر ۔

Clannishness : (v) قبائلی ہیئت ؛ گروہ بندی ؛ جتھا بندی ؛ قبیلہ پرستی ؛ خاندان پرستی ۔

Clanship : (n) (۱) قبیلہ بندی کا نظام ؛ قبائلی نظام ۔ (۲) جتھا بندی ۔ (۳) سر دار قبیلہ کی اطاعت ۔

Clansman : (n) قبائلی ؛ ھم قوم ؛ ھم خیل ؛ فرقہ کا بھائی ؛ خاندان کا رکن ؛ برادری کا رکن ۔

Clap : (n) [Origin unknown] (بازاری) سوزاك ۔

Clap (n) [ME. "Clappen"] (۱) تالی ؛ دستك ؛ دھڑاکا ؛ نعرۂ تحسین ؛ شاباشی ۔ (۲) تھپڑ ؛ تھپکنا ؛ ٹھونکنا (پیٹھ) ۔ (۳) باز کی چونچ کا نچلا حصہ ۔ (٤) گھوڑے کی ایك بیماری ۔ سوزاك ۔

In a clap : فوراً ۔

Clap of thunder : بادل کی گرج ۔

Clap : (v) [OTeut. "klapoo-"] (۱) تالی بجانا ؛ تالیاں پیٹنا ؛ تھپتھپانا ؛ ٹھونکنا ؛ تھپکی دینا ۔ (۲) اظہار تحسین و مسرت سے تالیاں بجانا ۔ (۳) پھڑ پھڑانا ؛ پھٹپھٹانا ۔ (٤) جھٹ سے کرنا (کسی فعل کا) ۔ (٥) جلدی کرنا ۔ (٦) قید کرنا ۔ (۷) تحکمانہ طور پر کسی کے سر تھوپنا ۔ (۸) عدالتی حکم کا نفاذ کرنا ۔ (۹) بلند آواز سے بند ھونا ۔ (۱۰) زور زور سے بولنا ۔ (۱۱) تیزی سے چلنا ۔ (۱۲) یکایك بیٹھ جانا ۔

Clap eyes on : نظر پڑنا ؛ دیکھنا ؛ نظر آنا ۔

Clap on all sail : تمام بادبان کھول دینا ۔

Clap on the back : پیٹھ ٹھونکنا ؛ شاباشی دینا ۔

Clap up bargain : جلدی سے طے کرلینا ؛ بے سوچے سمجھے سودا کرلینا ۔

Clap up peace : گھبراھٹ میں صلح کرلینا ۔

Clap : (v) (بازاری) سوزاك پیدا کرنا ؛ سوزاك میں مبتلا کرنا ۔

Clap bill : (n) اشتہار (دیوار میں چسپاں ھونے والا) ۔

Clapboard : (n) (۱) چیرا ھوا بلوط کا تختہ جو پیپے کی پٹی یا دیوار میں لگانے کے کام آتا ھے ۔ (۲) بارش کے پانی کو روکنے کا تختہ ؛ ایك قسم کا چھجا ۔

Clapboard : (v) تختہ چڑھانا ؛ تختہ کا روك یا چھجا لگانا ۔

Clapbread / -cake : (n) باجرے کی پتلی اور خوب سینکی ھوئی روٹی ۔

Clapdish : (n) دیکھو clack-dish

Clape : (n) ایك قسم کی چڑیا ؛ کٹھ کھودوا ۔

Clapmatch : (n) [Du. "klapmuts"] مادہ سگ ماھی ۔

Clapnet : (n) چڑیمار کا جال یا پھندا ؛ تتلی جال ۔

Clapped / Clapt : سوازك میں مبتلا ؛ سوزاك کا مریض ۔ سوزاکی (گھوڑا) ۔

Clapper : (n) (۱) گھنٹے کا لٹکن ؛ ٹنًا ؛ لولہ ۔ (۲) ٹیڑی ؛ ٹرو (پرندہ اڑانے کے لئے) ۔ (۳) بھاڑے کا داد دینے والا ۔

Clapper : (n) (۱) لٹکن کھینچ کر گھنٹا بجانا ۔ (۲) لٹکن کی طرح شور مچانا ؛ دستك لگانا ۔

Clapper bridge : (n) (تاریخ) تختوں کا پل ۔

Clapperclaw : (v) (۱) مارنا ؛ نوچنا ۔ (۲) گالی دینا ۔ (۳) نکتہ چینی کرنا ؛ عیب جوئی کرنا ؛ لعن طعن کرنا ؛ برا بھلا کہنا ۔

Clapperclawer : (n) نوچنے والا ؛ گالی دینے والا ۔

Clapperdudgeon : (n) (تحقیراً) بھکاری ۔

Claptrap : (n) (۱) ایسی بات جو واہ واہ کےلئے کہی جائے ؛ چلتا ہوا فقرہ ۔ (۲) ٹیپ ٹاپ ؛ نمائش ؛ طمطراق ؛ ظاہر داری ؛ دکھاوا ؛ مزخرفات ۔

Claptrappy : (a) نمائشی ؛ واہیات ۔

Claque : (n) [F.] (۱) کرایہ پر تعریف کرنے والوں کا گروہ ؛ بھانڈ ؛ بھاڑے کے بھڑوے ۔ (۲) اوپیرا میں پہنی جانے والی ٹوپی جس میں تہ کیا جانےوالا تاج ہوتا ہے ۔

Claquer : (n) [F. "Claqueur"] بھاڑے کا تعریف کرنے والا ؛ کرائے کا بھاٹ ۔

Clarabella / Claribella : (n) [L. "Clarus + bellus"] ارگن باجے کی کھونٹی ۔

Clare : (n) سنٹ کلیر کے سلسلے کی ایک راہبہ ۔

Clarence : (n) [f. Duke of Clarence] چارپہیوں کی ایک چونشستی گاڑی ۔

Clarenceux / - cieux : (n) [L. "Clarencia"] نقیب دوم ۔

Clarendon : (n) ایک قسم کا جلی ٹائپ ۔

Claret : (n) [OF. "Clavert"] (۱) مئے گلگوں ؛ سرخ شراب ۔ (۲) (سوقیانہ) خون ؛ لہو ۔ (۳) ارغوانی ؛ خون کبوتر جیسا ۔

To tap one's claret : ناک پر گھونسا مار کر خون نکال دینا ۔

Claret cup : (n) جام شیریں ؛ برفائی ہوئی کلیرٹ جس میں نیبو اور برانڈی کی آمیزش ہو ۔

Clareteer : (n) سرخ شراب پینے والا ۔

Clarety : (a) ارغوانی ؛ مے گوں ۔

Claribella : (n) دیکھو clarabella

Clarichord : (n) [A perversion of CLAVICHORD] تاروں والے آلات موسیقی (تاروں اور مضراب والے آلات موسیقی) ۔

Clarfication : (n) توضیح ؛ صفائی ؛ وضاحت ؛ تصفیہ ؛ زلال سازی ۔

Clarifier : (n) واضح کرنے والا ؛ صاف کرنے والا ؛ مقطر کرنے والا ؛ شکر کو صاف کرنے والا برتن ۔

Clarify : (v) [Late L. "Clarificare"] (۱) صاف کرنا ؛ واضح کرنا ؛ کھولنا ۔ (۲) مقطر کرنا ؛ صاف کرنا ؛ کوڑا کرکٹ نکالنا ؛ چھانٹنا ۔ (۳) صاف ہونا ؛ شفاف ہونا ؛ سلجھانا ؛ شستہ ہونا (بیان ، عبارت وغیرہ کا) ۔

Clarinet : (n) [F. "Clarinette"] الغوزہ ۔

Clarinetist/Clarinettist : (n) الغوزچی ؛ الغوزی ؛ الغوزہ بجانے والا ۔

Clarino : (n) [It.] (۱) ترہی ؛ نرسنگھا ؛ بوق ؛ قرنا ۔ (۲) برانگیختہ کرنے والی آواز ؛ جوش میں لانے والی آواز ؛ للکار ۔ (۳) باجے کی کھونٹی جس سے تیزوتند آواز نکلے ۔ (٤) (نقابت) ارگن نما مارکہ یا نشان ۔

Clarion : (n) [L. "Clarionem "] دیکھو clarino

Clarion : (a) بلند اور صاف ۔

Clarionet : (n) دیکھو Clarinet

Clarity : (n) [L. " Claritatem"] صفائی ؛ وضاحت ۔

Clarkia : (n) [mod. L. f. name of W. Clarke U.S. explorer] (۱) ایک نمائشی قسم کا پودا جو شمالی امریکہ میں پایا جاتا ہے ۔ (۲) یک سالہ ، یک فصلہ پودے کی قسم ۔

Clart : (n) [Origin unknown] کیچڑ یا کسی دوسری چپکنے والی چیز کا دھبا یا داغ ؛ کیچڑ ۔

Clart : (v) کیچڑ کا داغ لگانا ؛ دھبا ڈالنا ۔

Clarty : (a) میلا ؛ گندہ ؛ چپچپا ۔

Clary : (n) [med. L. "Sclarie"] ایک قسم کی بوٹی ۔

Clary : (n) کلیر سنٹ کا مخفف یا عامیانہ نام ۔

Clary -water : (n) کلیری کے پھول سے بنا مشروب ۔

Clash : (n) [Echoic] (۱) جھنکار ؛ جھنک ؛ کھڑکھڑاہٹ ؛ کھچا کھچ ؛ کھٹاکھٹ (باہم ٹکرانے کی آواز) ۔ (۲) تصادم ؛ ٹکر ؛ تصادف ۔ (۳) رکاوٹ ؛ مزاحمت ۔ (٤) مخالفت ؛ اختلاف ۔ (٥) حملہ ۔ (٦) گپ شپ ؛ غپ شپ ؛ افواہ ۔

Clash : (v) (۱) ٹکرانے کی آواز ہونا ؛ جھنجھنانا ؛ جھنکارنا ۔ (۲) تصادم ہونا ؛ ٹکرانا ؛ لڑنا ؛ ٹکرانا ۔ (۳) اختلاف ہونا ؛ مخالفت ہونا ؛ کھٹ پٹ ہونا ۔ (٤) مزاحم ہونا ؛ روکنا ؛ حائل ہونا ؛ سر راہ ہونا ۔ (۵) حملہ کرنا؛ حملہ آور ہونا ؛ جھپٹنا ۔ (٦) ایک ساتھ بہت سی گھنٹیوں کا بجنا یا بجانا ۔ (۷) ناموافق ہونا۔ (۸) دروازے کو زور سے بند کر دینا ۔ (۹) گپ شپ کرنا ؛ بد گوئی کرنا ۔

Clasher : (n) متصادم ؛ متصادف ؛ حملہ آور ۔

Clashingly : (adv) ٹکراکر ؛ متصادم ہوکر ؛ بطور تصادم ۔

Clashy / -ee : (n) [Urdu] خیمہ لگانے والا ؛ خلاصی ۔

Clashy : (a) بھیگا ہوا ؛ تر ۔

Clasp : (n) [Origin unknown] (۱) آنکڑا ؛ بکسوا ؛ کانٹا ۔ (۲) کتاب کی جلد کا قبضہ ؛ چپراس ۔ (۳) آغوش ؛ بغل گیری ؛ کولی گیری ۔ (٤) گرفت ؛ بندھن ؛ مصافحہ ؛ معانقہ ۔ (۵) تمغا جس پر عطائے تمغا کی تفصیل ہوتی ہے ؛ نقرئی کانٹا ۔

Clasp : (v) (۱) بند کرنا ؛ باندھنا ۔ (۲) آنکڑا لگانا ؛ بکسوا لگانا ۔ (۳) بغل گیر ہونا ؛ ہم آغوش ہونا ؛ ہم کنار ہونا ؛ لپٹنا ؛ گلے لگانا ؛ بھیجنا ۔ (٤) پکڑنا ۔ (۵) عبادت یا فرط جذبات میں ہاتھوں کو ایک دوسرے میں پیوست کر کے بھینچنا ۔ (٦) جانوروں کا جفتی کھانا ۔

To clasp one's hand : ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ میں ڈالنا ۔

Clasp hand : (v) ہاتھ ملانا ؛ مصافحہ کرنا ؛ اتحاد کرنا (کسی کام کے کرنے پر) ۔

Clasp hook : (n) قبضے کا کانٹا ۔

Clasp knife : (n) کھٹکے دار شکاری چاقو ۔

Clasp nail : (n) چوڑے سرے والی کیل ۔

Clasped : (a) ہم آغوش ؛ بغلگیر ؛ بندھا ہوا ؛ لپٹا ہوا ۔

Clasper : (n) (۱) نر مادہ ؛ آنکڑا ؛ بکسوا ۔ (۲) (حیوانیات) بعض نر مچھلیوں کے پنجے جن سے وہ مادہ کو دباتے ہیں ۔ (۳) (نباتیات) سوت ۔ (٤) نر مادہ یا قبضہ بنانے والا ۔

Class : (n) [L. "Classis"] (۱) درجہ ؛ مرتبہ ؛ رتبہ ؛ پایہ ؛ طبقہ ۔ (۲) ذات پات ۔ (۳) جماعت ؛ درجہ ۔ (٤) (امریکہ) ایک کالج کے ہم حیثیت طلبا ۔ (۵) (تاریخ طبعی) جنس ؛ نوع ؛ قسم۔ (٦) کالم اور اس کے درمیان کا گروہ ۔ (۷) (Methodist سوسائٹی میں) بارہ ممبروں کی ایک جماعت جو کسی معلم یا جماعتی رہنما کی تعلیمات اور ہدایت کے ماتحت ہوں ۔ (۸) اعلیٰ درجہ اور نمایاں قابلیت ۔ (۹) ظاہری حسن سلیقہ ؛ ظاہری وقار ؛ خوش وضعی ۔

Acquisition class : (سماجیات) تحصیلی طبقہ ۔

Adjustment class : (نفسیات و تعلیمات) مطابقتی درجہ۔

Age class : (سماجیات) عمر طبقہ ؛ عمر درجہ ۔

All comprehensive class : (نفسیات و تعلیمات) ہمہ گیر صنف ۔

Asymmetric class : (ریاضی) غیر متشاکل کلاس ۔

Auxililiary class : (نفسیات و تعلیمات) ذیلی صنف ۔

Corrective class : (نفسیات و تعلیمات) اصلاحی جماعت ۔

Demonstration class : (نفسیات و تعلیمات) نمونے کے سبق کی جماعت ؛ وہ درجہ جہاں نمونے کے طورپر پڑھایا جا رہا ہو ۔

Development class : (نفسیات و تعلیمات) ترقیاتی جماعت ۔

Disciplinary class : (نفسیات و تعلیمات) تادیبی جماعت ۔

Evening class : (نفسیات و تعلیمات) شام کا درس ۔

Extra class : (نفسیات و تعلیمات) زائد درس ۔

Extramural class : (نفسیات و تعلیمات) بیرون مدرسہ درس ، بیرون نصاب درس ۔

Frequency class : (شماریات) تعدد کلاس ۔

Health Adjustment class : (نفسیات و تعلیمات) درستی صحت کا گھنٹہ ۔

Class antagonism : (n) (تجارت) طبقاتی منافرت ۔

Class calculus : (n) (نفسیات و تعلیمات) احصائے اصناف ۔

Class changing derivation : (لسانیات) نوع بدل اشتقاق ؛ درجہ بدل مشتق ۔

Class cleavage : (n) (لسانیات) درجاتی فیصلہ ؛ نوع فیصلہ ۔

Class concept : (n) (نفسیات و تعلیمات) تصوّر صنف ؛ (لسانیات) نوع بدل تصور ؛ درجہ بدل تصور ۔

Class conflict : (n) طبقاتی تصادم ۔

Class conscious : (a) طبقاتی احساس رکھنے والا ؛ اپنے سماجی اور اقتصادی طبقے کا شدید احساس رکھنے والا ۔

Class consciousness : (n) اونچ نیچ کا احساس ؛ طبقاتی احساس ؛ (نفسیات و تعلیمات) طبقاتی شعور ۔

Class diary : (n) (نفسیات و تعلیمات) کلاس ڈائری ۔

Class differences : (n) (سماجیات) طبقاتی اختلافات ۔

Class distinction : (n) (سماجیات) طبقاتی امتیاز ۔

Class division : (n) (سماجیات) طبقاتی تقسیم ۔

Class feeling : (n) (سماجیات) طبقاتی احساس ۔

Class fellow : (n) ہم درس ؛ ہم جماعت ؛ ہم سبق ۔

Class formative : (لسانیات) نو ع بدل درجہ بندی ؛ نوع بدل تشکیلہ ؛ دیکھو Classifier

Class hierarchy : (n) (سماجیات) طبقاتی مرتبہ ۔

Class interest : (n) (نفسیات و تعلیمات) طبقاتی مفاد ۔

Class interval : (n) (سماجیات) طبقاتی وقفہ ۔

Class limit : (n) (ریاضی) کلاس انتہا ؛ (سماجیات) طبقاتی حد ۔

Class list : (n) کامیاب امیدوار کی فہرست ۔

Class maintaing derivation : (لسانیات) نوع برقرار اشتقاق ۔

Class-man : (n) کامیاب بدرجہ اعلیٰ ۔

Hemimorphic class : (ریاضی) نیم مارفی کلاس ۔

Interval class : (شماریات) وقفہ کلاس ۔

Library training class : (نفسیات و تعلیمات) لائبریری کی تربیت کا گھنٹہ ۔

Make-up class : (نفسیات و تعلیمات) کمی پوری کرنے کا گھنٹہ ۔

Mark class : (شماریات) علامت کلاس ۔

Null class : (نفسیات و تعلیمات) صنف موہوم ۔

Observation class : (نفسیات و تعلیمات) مشاہداتی گھنٹہ ۔

Open air class : (شماریات) کھلی کلاس ؛ کھلی ہوا میں پڑھائی ۔

Preparatory class : (نفسیات و تعلیمات) درجہ تیاری ۔

Preprimary class : (نفسیات و تعلیمات) قبل ابتدائی درجہ ۔

Seminar class : (نفسیات و تعلیمات) سیمینار گھنٹہ ۔

Sight conservation class : (نفسیات و تعلیمات) تحفظ بصارت کا گھنٹہ ۔

Special class : (نفسیات و تعلیمات) درجہ خاص ۔

Sub class : (سماجیات) ضمنی طبقہ ؛ زیریں طبقہ ۔

Symbol class : (شماریات) نشان کلاس ۔

To take class at Oxford : اعزاز سے کامیاب ہونا ۔

The class : خواص ؛ امرا ؛ تعلیم یافتہ طبقہ ۔

Tutorial class : (نفسیات و تعلیمات) ٹیوٹوریل گھنٹہ ۔

Ungraded class : (نفسیات و تعلیمات) غیر معین درجہ ۔

Class : (v) ترتیب دینا ؛ درجہ بندی کرنا ؛ قسم بندی کرنا ؛ جماعت بندی کرنا ؛ درجہ داری کرنا ؛ درجہ درجہ کرنا ۔

Class meaning : (n) (لسانیات) نوع معنی ؛ درجاتی معنی ۔

Class mind : (n) (سماجیات) طبقاتی ذہن ۔

Class mobility : (n) (سماجیات) طبقاتی حرکت پذیری ۔

Class morality : (n) (سماجیات) طبقاتی اخلاق ۔

Class- name : (n) عام نام ۔

Class of a curve : (ریاضی) منحنیوں کا کلاس ۔

Class of income : (تجارت) درجہ آمدنی ۔

Class prejudice : (n) (سماجیات) طبقاتی تعصب ۔

Class price : (n) (تجارت) کلاس قیمت ۔

Class rate : (n) (تجارت) کلاس کی شرح ۔

Class rule : (n) (تجارت) کلاس کے اصول ۔

Class standard of living : (تجارت) جماعتی معیار زندگی ۔

Class structure : (n) (سماجیات) طبقاتی ساخت ؛ طبقاتی ڈھانچہ ۔

Class struggle : (n) سماجی یا اقتصادی طبقوں کی آپس میں مخالفت یا تنازع ؛ (نفسیات) طبقاتی کش مکش ۔

Class system : (n) (سماجیات) طبقاتی نظام ۔

Class tariff : (n) (تجارت) کلاس ٹیرف ۔

Class theory : (n) (تجارت) طبقاتی نظریہ ۔

Class thought : (n) (سماجیات) طبقاتی نظریہ ؛ طبقاتی فکر ۔

Class Union : (n) (تجارت) طبقاتی یونین ۔

Class war : (n) (تجارت) طبقاتی جنگ ۔

Class words : (n) : (لسانیات) نوعی الفاظ ؛ درجاتی الفاظ ۔

Classable / Classible : (a) قابل درجہ بندی ۔

Classer : (n) درجہ بندی کرنے والا ؛ طبقہ بندی کرنے والا ؛ جماعت بندی کرنے والا ۔

Classes : (n) جماعتیں ۔

Classic : (a) [F. "Classique" , L. "Classicus"] (۱) اعلیٰ درجے کا ؛ مستند ؛ مسلم ۔ (۲) قدیم یونانی یا رومی مصنفین یا یونانی رومی تمدن کا ۔ (۳) قدیم یونانی یا رومی زمانے کا ۔ (٤) فصیح ؛ شستہ ؛ بلیغ ؛ بمقابلہ رومانٹک ۔ (٥) ادبی روایات کا حامل ۔ (٦) تاریخی اہمیت رکھنےوالا ۔ (۷) روایتی بیلے Ballet سے متعلق ۔ (۸) تاریخی یادگار ۔ (۹) مناسب و موثر ۔

Classic : (n) (۱) مسلم الثبوت استاد ؛ مستند مصنف یا صناع ؛ مستند تصنیف یا فن پارہ ۔ (۲) قدیم یونانی و رومی مصنف ؛ یونانی و لاطینی کا ماہر ۔ (۳) یونانی و رومی قدیم مصنفوں کا پیرو ۔ (٤) (جمع) یونانی و لاطینی ادبیات ، ادبیات عالیہ ۔ (٥) اپنی قسم کا نمونہ یا کامل چیز ۔

The classic races : انگلستان کے قدیم گھوڑ دوڑ میں (جیسے ڈربی) ۔

Classical : (a) (۱) اعلیٰ درجہ کا؛ مستند؛ مسلم الثبوت ؛ ٹکسالی (خصوصاً ادبیات میں) ۔ (۲) قدیم رومی و یونانی زمانے کا ۔ (۳) یونانی و لاطینی کا فاضل ۔ (٤) قدیم اساتذہ یونانی و روما کا پیرو (استادانہ ضبط کے اعتبار سے) ۔ (٥) یونانی و رومی ادب ، فن تعمیرات وغیرہ سے متعلق ۔ (٦) توازن ؛ نظم و ضبط رکھنے والا ۔ (۷) کلاسیکی (ریاضی) ۔

Classical architecture : (n) (تاریخ) کلاسیکی فن تعمیر ۔

Classical economics : (n) (تجارت) کلاسیکی معاشیات ۔

Classical economist : (n) : (تجارت) کلاسیکی ماہر تجارت ؛ کلاسیکی معاشیات داں ۔

Classical liberalism : (n) (تجارت) کلاسیکی آزاد خیالی ۔

Classical Penal literature : (n) (تاریخ) کلاسیکی ادب ۔

Classical theory : (سماجیات) قدیم نظریہ تعزیر ۔

Classical physics : (n) (طبیعیات) قدیم طبیعیات ؛ (کیمیا) روایتی طبیعیات ۔

Classical ruin problem : (شماریات) پرانا قضیہ تباہی ۔

Classical school : (n) (تجارت) کلاسیکی اسکول ۔

Classical sculpture : (تاریخ) کلاسیکی بت تراش (گپتا عہد کی) ۔

Classical theory : (n) (طبیعیات) قدیم نظریہ ؛ کلاسیکی نظریہ ؛ (کیمیا) قدیمی نظریہ ۔

Classicalism : (n) قدیم روم و یونان کے ٹکسالی فن و ادب کی پیروی ؛ ٹکسالی پن ؛ دیکھو Classicism ۔

Classicalist : (n) ٹکسالی پن کا ماہر ۔

Classicality : (n) (۱) ٹکسالی ہونا ۔ (۲) یونانی و رومی ادبیات میں متبحر ۔

Classicalize : (v) قدیم اساتذہ کے رنگ میں لکھنا؛ قدیم رنگ کی تقلید کرنا ۔

Classically : (adv) (۱) ٹکسالی طور پر ۔ (۲) قدیم رومی و یونانی طرز کے اعتبار سے ۔

Classicism : (n) (۱) یونانی و لاطینی طرز تحریر کی تقلید ؛ قدیم ادب کی تقلید ۔ (۲) یونانی اور لاطینی ادبیات میں مہارت و فضل و کمال ۔ (۳) یونانی و لاطینی تعلیم کی حمایت ۔ (٤) لاطینی یا یونانی محاورہ ۔ (٥) قدیم یونانی و رومی ادب ، فن ، یا تعمیرات کا اسلوب یا اصول ۔

Classicist : (n) (۱) یونانی و لاطینی طرز تحریر کا حمایتی یا مقلد ۔ (۲) یونانی و لاطینی ادبیات کا ماہر ؛ فن تعمیرات کے اسلوب یا اصول کا ماہر ۔

Classicize : (v) دیکھو Classical

Classico - : [L. "Classicus"] جزو ترکیبی بمعنی " ٹکسالی " ۔

Classicolatry : (n) قدیم طرز تحریر کا گرویدہ ۔

Classifiable : (a) قابل درجہ بندی ۔

Classification : (n) ترتیب ؛ تقسیم ؛ درجہ بندی ؛ اصناف بندی (فلسفہٴ تعلیم) ۔

Affiliated classification : (نفسیات و تعلیمات) الحاقی اصناف بندی ۔

Artificial classification : (نفسیات و تعلیمات) مصنوعی اصناف بندی ۔

Deductive classification : (نفسیات و تعلیمات) استخراجی اصناف بندی ۔

General classification : (نفسیات و تعلیمات) عام اصناف بندی ۔

Inductive classification : (نفسیات و تعلیمات) استقرائی اصناف بندی ۔

Manifold classification : (طبیعیات) کئی طرح کی جماعت بندی ۔

Marginal classification : (شماریات) حاشیائی جماعت ۔

Natural classification : (نفسیات و تعلیمات) قدرتی اصناف بندی ۔

Problem classification : (شماریات) قضیہ جماعت بندی ۔

Scientific classification : (نفسیات و تعلیمات) سائنسی اصناف بندی ۔

Simple classification : (طبیعیات) سادہ تقسیم ؛ سادہ درجہ بندی ۔

Two fold classification : (طبیعیات) دو طرح کی تقسیم ؛ دوھری درجہ بندی ۔

Classification by definition : (نفسیات و تعلیمات) اصناف بندی یا تعریف ۔

Classification by type : (نفسیات و تعلیمات) بلحاظ نوعیت اصناف بندی ۔

Classification of prisoner : (سماجیات) قیدیوں کی درجہ بندی ۔

Classification of ships : (تجارت) جہازوں کی درجہ بندی ۔

Classification of stores : (انتظامیہ) درجہ بندی ذخائر ۔

Classification plan : (n) (تجارت) درجہ بندی ترتیب ؛ درجہ بندی خاکہ ۔

Classification rating : (n) (تجارت) درجہ وار شرح بندی ۔

Classification schedule : (n) (تجارت) درجہ وار فہرست ۔

Classification statistics : (n) (شماریات) نمونیاتی جماعت ۔

Classification territory : (n) (تجارت) درجہ بند علاقہ ۔

Classificational : (a) درجہ بندی سے متعلق ۔

Classificatory : (a) درجہ بندی سے متعلق ۔

Classificatory language : (n) (لسانیات) درجہ بند زبان (بانٹو خاندان کی) ۔

Classified : (a) درجہ بند ۔

Classified advertisement : (n) (تجارت) ترتیبی اشتہار ؛ درجہ بند اشتہار ؛ درجہ بند مشتہری ۔

Classified common stock : (تجارت) درجہ بند عام اسٹاک ۔

Classified document : (n) (تاریخ) درجہ بند دستاویز ۔

Classified stock : (n) (تجارت) درجہ بند اسٹاک ۔

Classified Tax : (n) (تجارت) ترتیبی ٹیکس ۔

Classifier : (n) (لسانیات) ۔ درجہ بندی کرنے والا ؛ درجہ کار

Classify : (v) [L. "Classificare"] قسم وار کرنا ؛ جنس وار کرنا ؛ ترتیب کے ساتھ رکھنا ۔

Classis : (Pl. classes) (n) [L."Classis"] (۱) درجہ ؛ ابتدا ؛ پایہ ۔ (۲) درجہ وار تقسیم ۔ (۳) کلیسائی علاقہ کی انتظامی مجلس ۔

Classless society : (n) (تجارت ، نفسیات و تعلیمات) غیر طبقاتی سماج ۔

Classmate : (n) دیکھو Class fellow

Classy : (a) (سوقیانہ) اعلیٰ ؛ عمدہ ۔

Clastic : (a) [Gr. "klasikos"] (۱) علاحدہ کئے جانے کے لائق ؛ تقسیم ہونے کے قابل ۔ (۲) (ارضیات) پتھریلے ٹکڑوں سے بنا ہوا مرکب ۔ (۳) چٹان یا پتھر سے متعلق ۔

Clastic - : جزو ترکیبی بمعنی " توڑنا یا برباد کرنا "یا توڑنے والا ، برباد کرنے والا "۔

Clathrate : (a) [[Gr. "klethra"] جالدار ۔

Clathroid : (a) جالدار ۔

Clatter : (n) [Echoic] (۱) چخ چخ ؛ بک بک ؛ کھڑ کھڑاھٹ ؛ پٹ پٹ ؛ گپ شپ ؛ افواہ ۔ (۲) شور ۔

Clatter : (v) (۱) کھٹکھٹانا ؛ کھڑکانا ؛ کھڑکھڑانا ؛ چخ چخ یا بک بک کرنا ۔ (۲) گپ شپ کرنا ۔ (۳) تیزی سے شور کرتے ہوئے جانا ۔

Clatter along : (v) پھٹپھٹاتے جانا ؛ کھڑکھڑ کرتے جانا ؛ سٹر سٹر کرتے جانا ۔

Clatter down : (v) کھٹ کھٹ کرتے نیچے گرنا ؛ کھڑکھڑاتے نیچے گرنا ۔

Clatterer : (n) چخ چخ کرنے والا ؛ کھڑکھڑانے والا ؛ گپ شپ کرنے والا ۔

Clattery : (a) چخ چخ بک بک کرنے والا ؛ کھڑکھڑانے والا ۔

Claucht : گرفت ۔

Claud larraine glass : ایک قسم کا رنگین محدب دستی آئینہ جس میں عکس چھوٹا اور مدھم آتا ھے ۔

Claught : (n) دیکھو Claucht

Clause : (n) [med. L. "Clausa"] (۱) چھوٹا جملہ ؛ ٹکڑا ؛ فقرہ ۔ (۲) دفعہ ؛ شرط (عہد نامے یا قانون کی) ۔

Adverbial clause : (لسانیات) تمیزی فقرہ ؛ فقرہ متعلق فعل ۔

Anchor and chain clause : (تجارت) لنگر اور زنجیر دفعہ ۔

Arbitration clause : (تجارت) ثالثی دفعہ ۔

Assignment clause : (تجارت) تفویضی دفعہ ۔

Attestation clause : (تجارت) تصدیق دفعہ ۔

Average clause : (تجارت) بیمہ نقصان دفعہ ۔

Bonded clause : (تجارت) خالی از ٹیکس دفعہ ۔

Break- up value clause : (تجارت) قیمت بعد از فرسودگی دفعہ ۔

Cancellation clause : (تجارت) تنسیخ دفعہ ۔

Classification clause : (تجارت) درجہ بندی دفعہ ۔

Collateral clause : فقرہ معترضہ ؛ فقرہ تابع ۔

Collision clause : (تجارت) ٹکر دفعہ ۔

Contact clause : (تجارت) متعلقہ دفعہ ۔

Continuation clause : (تجارت) جاریہ دفعہ ۔

Cross liabilities clause : (تجارت) باھمی ذمہ داری دفعہ ۔

Dangerous Drugs clause : (تجارت) خطرناک ادویات دفعہ ۔

Dependent clause : (لسانیات) اتضافی فقرہ ۔

Dual valuation clause : (تجارت) دوھری قیمت دفعہ ۔

Excess lose clause : (تجارت) زائد نقصان دفعہ ۔

Exempted perils clause : (تجارت) مستثنٰی خطر دفعہ ۔

Foreign general clause : (تجارت) غیر ملکی عام بیمہ نقصان دفعہ ۔

Franchise clause : (تجارت) حدبریت دفعہ ۔

Frustration clause : (تجارت) ناکامی دفعہ ۔

Grounding clause : (تجارت) تہ نشین دفعہ ۔

Inchmaree clause : (تجارت) انچمری دفعہ (جہازی دفعہ) ۔

Independent clause : (لسانیات) آزاد فقرہ ۔

Inserted clause : (لسانیات) دخلتی فقرہ ۔

Insurance clause : (تجارت) بیمہ دفعہ ۔

Jansen clause : (تجارت) جان سین دفعہ ۔

Label clause : (تجارت) لیبل دفعہ ۔

Launching clause : (تجارت) بحری جہاز اتار دفعہ ۔

Liner negligence clause : (تجارت) لائنر لاپرواھی دفعہ ۔

Location clause : (تجارت) محل وقوع دفعہ ؛ جائے وقوع دفعہ ۔

Lost or not lost clause : (تجارت) گم شدہ یا غیر گم شدہ دفعہ (کھویا یا نہ کھویا دفعہ) ۔

Memorandum clause : (تجارت) میمورنڈم دفعہ ۔

Metalling clause : (تجارت) مثلنگ دفعہ ۔

Non-cumulative clause : (تجارت) غیر بیشی پذیر دفعہ ۔

Non-forefeiture : (تجارت) غیر ضبطی دفعہ ۔

Optional clause : (تاریخ) اختیاری شق ۔

Perils of the sea clause : (تجارت) بحری خطر دفعہ ۔

Policy proof of interest clause : (تجارت) جری التصدیق بیمہ دفعہ ۔

Replacement clause : (تجارت) قائم مقامی دفعہ ۔

Rising clause : (لسانیات) فقرہ انتہائیہ ارتقائی ؛ ابھرتا اختتامی فقرہ ۔

Risk of capture clause : (تجارت) گرفتاری جوکھم دفعہ ؛ خط گرفت دفعہ ۔

Sistership clause : (تجارت) ھم رشتہ جہاز دفعہ ۔

Subtained clause : (لسانیات) ھموار اختتامی فقرہ ؛ فقرہ مصدقہ ۔

Sue and labour clause : (تجارت) نالش ھرجہ خرچہ دفعہ ۔

Temporal clause : (لسانیات) فقرہ زمانی ۔

Tender clause : (تجارت) ٹنڈر دفعہ ۔

Terminal clause : (لسانیات) اختتامی فقرہ ۔

Touch and stay clause : (تجارت) پہنچنے اور ٹھہرنے کی دفعہ ۔

Towing and salvage clause : (تجارت) ٹوئنگ اور سالوج دفعہ ۔

Valuation clause : (تجارت) تعین قیمت دفعہ ؛ آنکنا دفعہ ۔

Waiver clause : (تجارت) ترک حق دفعہ ؛ دست برداری حق دفعہ ۔

Warehouse to warehouse clause : (تجارت) گودام تا گودام دفعہ ۔

Clause-roll : (n) وہ فہرست جس میں سر بمہر فرمان درج ہوتے ہیں ۔

Claustral : (a) [late L."claustralis"] خانقاہ کی طرح ؛ خانقاہ کا ؛ تنگ وتار ۔

Claustrophobia : (n) [mod. L."chaustrum"+-PHOBIA] بند یا تنگ گلیوں سے خوف ؛ خوف بند مکانی (فلسفہ و تعلیم)۔

Claut : (n) یک مشت ؛ گرفت ۔

Claut : (v) [Origin unknown] نوچنا ؛ پھاڑنا ۔

Clavate : (a) [L."clavatus"] فراخ سر ؛ بہ شکل گرز ؛ گرز نما ۔

Clavated : (a) فراخ سر ۔

Clave : (Past tense of CLEAVE) دور کیا ہوا ؛ پھاڑا ہوا ۔

Clavecin : (n) [med. L."clavicymbalum"] ایک قسم کا باجا ۔

Clavecinist : (n) اس باجے کو بجانے والا ۔

Clavel : (n) [L."clavellus"] تختہ ؛ آتش دان ۔

Clavel-piece : (n) آتش دان گیر ۔

Claver : (n) [Origin unknown] گپ شپ ؛ بیکار بات ۔

Claver : (v) گپ شپ کرنا ۔

Claver : (n) چڑھنا ؛ دشواری سے چڑھنا ؛ چاروں ہاتھ پاؤں سے چڑھنا ۔

Claver : (n) تین پتیا گھاس ۔

Clavichord : (n) [L."clavichordium"] ایک قسم کا آلہ موسیقی ۔

Clavicle : (n) [L."clavicula"] ہنسلی ؛ ہانس ۔

Clavicorn : (a) [L."clavicornis"] فراخ سر ؛ گرز نما ۔

Clavicula : (n) (تاریخ) گھونگھٹ ۔

Clavicular : (a) [L."clavicula"+-AR] ہنسلی سے متعلق ؛ ہنسلی دار ۔

Clavicularly : (adv) ہنسلی کے طور پر ۔

Clavicymabal : (n) [med. L."clavicymbalum"] Harpsichord کا قدیم نام ۔

Clavicytherium / Clavicythem : (n) [L."clavis"+CITHER] ایک قسم کا باجا ۔

Clavier : (n) (۱) آلات موسیقی کے پردوں کا تختہ یا پردوں کا سٹ ۔ (۲) (جرمنی) اس قسم کے ہر ساز کا نام ۔(۳) مشق کے لئے فرضی پردوں کا تختہ ۔

Claviform : (a) [L."clava"+FORM] فراخ سر ؛ گرز نما ۔

Clavi : (n) [L.] کلید ؛ کنجی ۔

Clavus : (n) [L."clavus"] عمودی ارغوانی رنگ کی پٹی جو رومی سینیٹر اپنے لباس پر لگاتے تھے ۔

Clavus : (n) (حیوانیات) انگشت نما یا گرز نما حصہ ۔

Clavus : (n) (۱) گٹھا ؛ گوکھرو ۔ (۲) خراب اناج کے کھانے سے پیدا ہونے والی ایک بیماری ۔

Claw : (n) [OE."clown"] (۱) ناخن ؛ چنگل ؛ پنجہ ۔(۲) ایک اوزار۔ پکڑنے اور کسنے کےلئے ؛ مارتول ؛ زنبور ۔ (۳) زنبور ماھی (جس سے وہ گرفت کرتی ھے) ۔(٤) (نباتیات) ڈنڈک ۔ (٥) پنجہ نما کوئی چیز۔ (٦) پنجے کا زخم ۔

In one's claw : اختیار میں ؛ قابو میں ۔

Pare / cut the claw of : نہتا کرنا ؛ ہتھیار چھیننا ۔

Claw : (v) (۱) پنجہ مارنا ؛ نوچنا ؛ کھسوٹنا ؛ پھاڑنا ؛ پنجوں میں پکڑنا ۔(۲) کھجانا ۔ (۳) چاپلوسی کرنا ؛ خوشامد کرنا ۔ (٤) مشکل کے ساتھ آگے یا اوپر بڑھنا ۔ (٥) مذاق اڑانا ۔(٦) (جہاز رانی) ہوا کے رخ پر جہاز چلانا ۔

Claw me and I'll claw thee : من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو ۔

Claw off : ھَوا کے رخ جانا ؛ کنارے سے دور جانا ۔

Claw hammer : (n) مارتول ؛ زنبور ؛ وہ ھتھوڑا جس کی ایک طرف انٹی نکالنے کے لئے شگاف بنا رھتا ھے ؛ میخ کش ھتھوڑا ۔

Claw hammer coat : شام کے لباس کا کوٹ ۔

Clawback : (n) خوشامدی ؛ چاپلوسی ۔

Clawed : (a) پنجہ دار ؛ زنبور دار ؛ ناخن دار ۔

Clawless : (a) بے پنجے کا ؛ بے ناخن ؛ بے چنگل ۔

Clawshaped : (a) (کیمیا) چنگل کی شکل کا ۔

Clay : (n) [OTeut."klaija"] (۱) چکنی مٹی ؛ پنڈول ۔ (۲) گل آدم ۔ (۳) Clay pipe کا مخفف ؛ پائپ بنانے کی مٹی ؛ مٹی کا بنا پائپ ۔ (٤) فانی جسم ؛ فطرت ؛ صلاحیت ۔

Bleaching clay : (کیمیا) رنگ مٹی ۔

Bonding clay : (کیمیا) جوڑنے والی مٹی ۔

Boulder clay : (کیمیا) چٹان مٹی ۔

Earthen ware clay : (کیمیا) برتن سازی کی مٹی ۔

Fire clay : (کیمیا) آگ مٹی ۔

Foundry clay : (کیمیا) ڈھلائی مٹی ۔

Lake clay : (کیمیا) جھیل مٹی ۔

Retort clay : (کیمیا) بھپکا مٹی ۔

To moisten or wet one's clay : پینا ؛ حلق تر کرنا ۔

Yard of clay : لمبا گلی پائپ ۔

Clay : (v) (۱) مٹی لگانا ۔ (۲) مٹی کے ذریعہ صاف کرنا (چینی وغیرہ)۔

Clay : (a) مٹی کا ؛ مٹی سے بنا ھوا ۔

Clay-band : (n) مٹی کی پتلی پرت ۔

Clay bin : (n) (تاریخ) بکھار ۔

Clay brained : (a) کودن ؛ بے وقوف ؛ احمق ۔

Clay coffin : (n) (تاریخ) مٹی کا تابوت ۔

Clay cold : (a) سرد ؛ بالکل ٹھنڈا ؛ مردہ ۔

Clay mill : (n) مٹی ملانے اور گار بنانے کی مشین ۔

Clay pigeon : (n) مٹی کی تشتری یا ٹکیہ جو نشانہ لگانے کیلئے کل کے ذریعہ ھَوا میں اڑائی جاتی ھے ۔

Clay pipe : (n) مٹی کا بنا تمباکو کا پائپ ۔

Clay pipe triangle : (کیمیا) چکنی مٹی کا نلی نما مثلث ۔

Clay puddle : (n) وہ گڈھا جس میں کیچڑ ھوتی ھے ۔

Clay seal : (n) (تجارت) مٹی کی مہر ۔

Clay sealing : (n) (تاریخ) مٹی سے مہر بندی۔

Clay stone : (n) ایک قسم کا معدنی پتھر جو سونگھنے سے نرم مٹی کی سی بو دیتا ھے ۔

Claye : (n) [late L."cleta"] ٹٹی ؛ گھوڑ دوڑ کی ٹٹی ۔

Clayey : (adj) مٹی کا ؛ مٹی سا ؛ پنڈول کا ؛ پنڈول سا؛ گلی ۔

Clayiron-ore/Clayiron-stone : (n) کوئی بھی خام لوھا جس میں بہت زیادہ مٹی ملی رھتی ھے ۔

Claymore : (n) [Gael."claidheamh"] (۱) ایک قسم کی دو دھاری تلوار ؛ تیغ دو دم ؛ دو دستی تلوار ۔ (۲) سولھویں صدی کا تیر ۔

Cleach / Cleech : (v) [OE."cleac"] (۱) پکڑنا ۔ (۲) اٹھانا (پانی وغیرہ) چلو یا ھتیلی میں۔

Clead / Cleed : (v) کپڑے پہننا یا پہنانا ۔

Cleading : (n) لباس ؛ پوشاک ؛ استر ؛ غلاف ۔

Cleam / Cleme : (v) لت پت کرنا ؛ پھیلانا ؛ چپکانا ؛ پلاسٹر کرنا ۔

Clean : (a) [OE."cleane"] (۱) صاف ؛ اجلا ؛ گرد سے پاک ؛ غیر آلودہ ؛ بے داغ ؛ معصوم ؛ رسمی غلاظتوں سے پاک ؛ طاہر ؛ پاک ۔ (۲) خوراک کے قابل ؛ کھانے کے لائق (جانور وغیرہ) ؛ حلال ۔(٤) صفائی پسند ؛ صاف ۔ (٥) خوبصورت ؛ سڈول ؛ خوش طبع ؛ خوش وضع ۔(٦) سلیقہ مند ؛ سگھڑ ؛ ہاتھ کا صاف ؛ منجھا ہوا ۔ (۷) صاف ؛ یکساں ؛ ہموار ۔(۸) کامل ؛ مکمل ؛ پورا ؛ بالکل ۔ (۹) نقص سے پاک ؛ صحیح ؛ خالص ۔ (۱۰) بری الذمہ ؛ جسکے پاس پوشیدہ ہتھیار نہ ہو ۔(۱۱) (عامیانہ) بے مایہ ؛ مفلس ۔ (۱۲) (ایٹم بم وغیرہ) جس میں محدود ریڈیائی سرگرمی ہو ۔

To make a clean breast : صاف صاف کہہ دینا ؛ کھول دینا ۔

Show a clean fair of heels : بکٹٹ بھاگنا ؛ بےتحاشا بھاگنا ؛ دم دبا کر بھاگنا ۔

Clean bill of health : اخلاقی یا سیاسی آلودگی سے مبرا ہونے کا سرٹیفکیٹ ۔

Clean : (adv) بالکل ؛ مطلقاً ؛ کاملاً ؛ قطعاً ؛ سراپا ؛ صاف ؛ پورے طور پر ؛ واضح طور پر ؛ آشکارا ۔

To cut clean through : صفائی سے کاٹ کر پار ہو جانا ۔

Clean : (v) (۱) صاف کرنا ؛ جھاڑنا ؛ میل نکالنا ؛ مانجھنا ؛ دھونا ۔(۲) صفایا کر جانا ؛ ختم کرنا ؛ برابر کرنا ۔(۳) اپنے آپ کو صاف کرنا ؛ صاف ہو جانا ؛ بدن کا میل دور کرنا ۔ (٤) مکمل طور سے محروم کر دینا (مال و زر وغیرہ سے) ؛ دیوالہ نکال دینا ۔ (٥) کترنا ؛ چھانٹ دینا ؛ آنتیں وغیرہ نکال کر صاف کرنا (مچھلی وغیرہ کو)۔

To clean out : (۱) دیوالہ نکال دینا ؛ قلاش بنا دینا ۔ (۲) نکال کر باہر کرنا ؛ (کسی انجمن ، ادارہ وغیرہ سے) خارج کرنا ۔ (۳) بے دخل کرنا ۔ (٤) ذخیرہ کو ختم کر دینا ۔

To clean down : پونچھنا یا برش سے صاف کرنا ۔

To clean up : (۱) صاف ستھرا رکھنا ؛ کوڑا کرکٹ دور کر دینا ؛ سلیقہ سے رکھنا ۔(۲) نفع اٹھانا ؛ منافع کرنا ۔(۳) مہیا چیزوں کو صاف کر دینا ۔(٤) دشمن کی باقی ماندہ قوت مدافعت کا صفایا کر دینا ۔ (٥) سماجی برائی کا بالکل خاتمہ کر دینا ۔ (٦) باقی ماندہ چیزوں کر صاف کر دینا ؛ خاتمہ کر دینا ۔(۷) نقائص دور کر دینا ۔ (۸) شکست فاش دینا ۔

Clean : (n) صفائی ؛ جھاڑ پونچھ ؛ جھاڑ جھٹک ۔

Clean-animal : (n) حلال جانور ۔

Clean-bill : (n) بے باق ؛ بے حساب ۔

Clean-boled : (a) شاخوں سے صاف ۔

Clean-bowled : (a) (کرکٹ) صاف آؤٹ ۔

Clean-breach : (n) کشتی سے موجوں کا ٹکرانا ۔

Clean-breast : (n) کھرا ۔

Clean bred : (a) اصیل ؛ اصلی ؛ نسلی ؛ نجیب ۔

Clean-built : (a) مناسب اعضا والا ۔

Clean complexioned : (a) صاف ستھرے چہرے والا ؛ بے داغ چہرے والا ۔

Clean-cut : (a) نک سک سے درست ؛ ہموار ترشا ہوا ؛ سلجھا ہوا ؛ بے گنجلک ؛ واضح ؛ خوش شکل ؛ صحت بخش ؛ بے آلائش ۔

Clean-fingered : (a) محتاط ؛ ایماندار ؛ سبک دست ؛ رشوت نہ لینے والا ؛ دیانت دار ۔

Clean-gone : (a) بالکل غائب ۔

Clean-handed : (a) معصوم ؛ بے گناہ ؛ بے قصور ؛ پاک دامن ۔

Clean-handedness / Clean-hands : (n) بے گناہی ؛ معصومیت ؛ پاک دامنی ۔

Clean-hewn : (a) دیکھو clean-cut

Clean-limbed : (a) متناسب الاعضا ۔

Clean-living : (a) برائی سے صاف زندگی گزارنے والا ۔

Clean-mad : (a) نرا پاگل ۔

Clean-mouthed : (a) خوش گفتار ؛ خوش کلام ؛ مناسب گفتگو کرنے والا ۔

Clean-shaven : (a) ڈاڑھی مونچھ صاف کیا ھوا -

Clean-timber : (n) صاف لکڑی ؛ بے پوری لکڑی ؛ بے گرہ کی لکڑی -

Clean-timbered : (a) خوش قطع ؛ بے عیب ؛ متناسب الاعضا -

Clean-tongue : (n) فحش باتوں سے بچنا ؛ فحش کلامی سے احتراز کرنا ؛ پاک زبان -

Clean up fund : (n) (تجارت) بھگتان فنڈ -

Clean wrong : (n) سراسر غلط -

Cleanable : (a) قابل صفائی ؛ صفائی ھونے کے قابل -

Cleaner : (n) (۱) صفائی کرنے والا ؛ روب ؛ صاف کرنے والا - (۲) صاف کرنے کی کوئی چیز - (۳) صاف کرنے کی مشین یا اوزار -

Cleaning : (n) (۱) صفائی - (۲) (جمع میں) صفائی کے بعد اکٹھا کی گئی چیزیں - (۳) (عامیانہ) کثیر منافع ؛ مکمل نقصان ؛ کثیر فائدہ -

Cleaning woman : (a) صفائی کرنے والی عورت -

Cleanish : (a) صاف -

Cleanlily : (adv) صفائی سے ؛ ستھرائی سے ؛ پاکیزگی کے ساتھ ؛ نفاست پسندی سے -

Cleanliness : (n) صفائی پسندی ؛ ستھرائی پسندی ؛ نفاست پسندی -

Cleanly : (a) صاف ؛ لطیف ؛ صفائی پسند ؛ پاکیزہ ؛ صفائی کا خیال رکھنے والا ؛ مطھر -

Cleanly : (adv) صفائی سے ؛ ستھرائی سے ؛ پاکیزگی سے ؛ نفاست سے -

Cleanness : (n) نفاست ؛ اجلاپن ؛ ستھرائی ؛ طھارت ؛ صفائی ؛ پاکیزگی ؛ پاکی ؛ تزکیہ -

Cleansable : (a) صفائی کے لائق -

Cleanse : (v) [W.Ger."klainison"] (۱) جھاڑنا ؛ صاف کرنا ؛ پونچھنا ؛ دھونا - (۲) پاک کرنا ؛ گناھوں سے پاک کرنا ؛ دھونا ؛ گندگی دور کرنا ؛ تطھیر کرنا - (۳) اچھا کرنا ؛ تندرست کرنا ؛ دست شفا پھیرنا -

Cleanser : (n) صفائی کرنے والا ؛ صاف کرنے والا ؛ پاک کرنے والا ؛ پاک ساز -

Cleansing : (n) (۱) اخلاقی یا روحانی تزکیہ یا تصفیہ - (۲) ولادت کے بعد نار کٹائی -

Cleansing : (a) جذباتی تناؤ کو دور کرنے والا -

Cleansing tissue : (n) نرم جاذب کاغذ جس سے چھرے وغیرہ کی روغنیت دور کرتے ھیں -

Clear : (a) [L."clarum"] (۱) بے گرد و غبار ؛ بے ابر ؛ صاف ؛ شفاف ؛ چمکیلا ؛ چمکدار ؛ اجاگر ؛ بے داغ - (۲) ظاھر ؛ واضع ؛ غیر مبھم ؛ روشن ؛ نمایاں ؛ آشکارا ؛ صریح ؛ ھویدا ؛ بیّن ؛ صاف ؛ کھلا ؛ عیاں - (۳) قابل وثوق ؛ یقینی ؛ قطعی ؛ حکمی - (٤) زیرک ؛ عقل مند ؛ ھوشیار ؛ فھیم ؛ طباع ؛ تیز ؛ ذھین ؛ زود رس ؛ ذکی ؛ ھوش مند - (٥) بعض وضع اخراجات جو باقی رھے ؛ خالص ؛ اصل ؛ نرا ؛ نلوہ (نفع) - (٦) کھلا ؛ بے روک ؛ صاف - (۷) خالص ؛ اصلی ؛ نرمل - (۸) جو آسانی سے سنا جا سکے ؛ صاف آواز ؛ (۹) مکمل ؛ کامل ؛ پورا - (۱۰) بے باق ؛ پاک ؛ بری (قرض سے) - (۱۱) بری الذمہ ؛ بری ؛ خالی - (۱۲) بے گرہ (لکڑی) ؛ عقیم (انڈا) - (۱۳) طبعی - (١٤) مال و اسباب سے خالی (جھاز) - (١٥) قانونی پیچیدگی سے مبرا -

Coast is clear : میدان صاف ھے -

Three clear days : پورے تین دن -

To speak loud and clear : صاف اور زور سے بولنا -

Clear : (adv) (۱) صاف صاف ؛ کھلا کھلا ؛ صاف طورسے ؛ بہ وضاحت - (۲) بالکل ؛ سراسر ؛ مطلق -

Three feet clear : پورے تین فٹ آگے -

Get clear : ھٹ جاؤ ؛ دور ھو جاؤ ؛ الگ ھو جاؤ -

Hang clear : الگ لٹکنا -

Steer clear : جھاز کو صاف نکال لے جانا -

Clear : (n) (۱) صاف جگہ ؛ خالی جگہ - (۲) کھلی فضا ؛ صاف آسمان - (۳) تصویر کے روشن حصے - (٤) بے عیب (تختہ یا لکڑی) - (٥) خاکی انڈا ؛ عقیم انڈا - (٦) صاف پروں یا پوست والا پرندہ یا جانور - (۷) (بیڈ منٹن) زور دار ضرب جس میں گیند حریف کے سر سے گزر کر پیچھے گرے - (۸) واضح اور صاف بیان میں پیغام -

In the clear : (۱) اندرونی پیمائش ۔(۲) بے روک ؛ بے مزاحمت ؛ بے گناہ ؛ بے قصور ۔

Clear : (v) (۱) صاف کرنا ؛ صاف ہونا ؛ واضح کرنا ؛ ابہام دور کرنا ۔(۲) بری کرنا ؛ بے جرم قرار دینا ؛ رہا کرنا ۔(۳) رکاوٹ دور کرنا ؛ صاف کرنا؛ ہٹانا ؛ دور کرنا ۔(٤) پگھل جانا ؛ گھل جانا ؛ چلے جانا ؛ خالی کرنا ؛ خالی ہونا ۔ (۵) میل چھانٹنا ؛ میل کاٹنا ؛ صاف کرنا ؛ نتھارنا ۔ (٦) پھلانگنا ؛ کود جانا ؛ چھلانگ مارنا ؛ تڑپنا ؛ پھاندنا ؛ اڑنا ۔(۷) (عمری) جہاز کا پروانہ راہداری حاصل کرنا ؛ لنگر اٹھانا ۔ (۸) یك مشت ادا کرنا ؛ ایکدم ادا کرنا ؛ فارغ خطی حاصل کرنا ۔(۹) قومی مفاد سے وفاداری کی تصدیق کرنا ۔(۱۰) ثابت کرنا ۔ (۱۱) ذہن کو روشن کرنا ۔(۱۲) برقی رو کو روك دینا ۔(۱۳) کھنکھارنا ؛ گلا صاف کرنا ۔ (۱٤) کسی مال کی فراہمی سے بازار کو خالی کر دینا ۔(۱۵) بھیجنا (ڈاك وغیرہ) ؛ منزل مقصود تك مراسلات کو پہنچانا ۔ (۱٦) چھڑانا ؛ جدا کرنا ؛ علاحدہ کرنا ۔ (۱۷) نشریات میں سرکاری اجازت نامہ حاصل کرنا ۔(۱۸) غائب ہو جانا ؛ چلے جانا ۔ (۱۹) نفاذ کے پہلے منظوری حاصل کرنے کے لئے افسر کے سامنے پیش کرنا ۔(۲۰) صاف منافع حاصل کرنا ۔(۲۱) بینك کے نکاسی گھر سے چیك وغیرہ کا گزر جانا ۔

To clear away : دور کرنا ؛ بر طرف کرنا ؛ نکل بھاگنا ۔

To clear for action /To clear the decks : (۱) جہاز کے عرشے سے تمام چیزوں کو ہٹا کر جنگ کے لئے تیاری کرنا ۔(۲) کسی عمل کے لئے رکاوٹیں دور کرنا ۔

To clear 6ft : ٦فٹ صاف پھاند جانا ۔

To clear off : (۱) قرض چکا دینا ۔ (۲) بھاگ جانا ؛ فرار ہو جانا ؛ بہ عجلت نکل جانا ۔

To clear one's throat : کھانس کر گلا صاف کرنا ؛ کھنکھارنا ۔

To clear out : (۱) بندر گاہ سے جہاز کا پروانۂ راہداری حاصل کرنا ۔(۲) فرار ہو جانا ؛ پوشیدہ طور پر بھاگ جانا ۔(۳) زبردستی نکال باہر کرنا ۔

To clear the air : (۱) الجھاؤ، تناؤ، پیچیدگی، ابہام وغیرہ کو دور کرنا ؛ کدورت رفع کرنا ۔ (۲) ہوا صاف کرنا ؛ مطلع صاف کرنا ۔

To clear the ship : جہاز سے مال و اسباب اتارنا ۔

To clear the way : راستہ صاف کرنا ؛ تیاری کرنا ۔

To clear up : حل کرنا ؛ سلجھانا ؛ سلجھنا ؛ صاف کرنا ؛ کھل جانا ؛ مطلع صاف ہونا ؛ کھلنا ۔

Clear-cole : (n) [F."claire colle"] مسالا ؛ سفیدے کی پتائی ۔

Clear cole : (v) سفیدے کی پتائی کرنا ۔

Clear cut : صاف ترشا ہوا ؛ سڈول ؛ سلجھا ہوا ؛ ظاہر ۔

Clear-eyed : (n) صاف ذہن اور نظر رکھنے والا ۔

Clear-headedness : (n) ذہین ؛ تیزی ؛ تیز فہمی ؛ ذکاوت ۔

Clear land : (v) سراون کرنا ۔

Clear-obscure : (n) سایۂ روشن ؛ دیکھو Chiaroscure

Clear-sighted : (a) تیز نظر ؛ تیز فہم ۔

Clear-sightedness : (n) تیز نظری ؛ تیز فہمی ۔

Clear-space clause : (تجارت) خالی جگہ دفعہ ۔

Clear-starch : (v) صاف اور بے رنگ نشاستہ سے لباس پالش کرنا ۔

Clear-story : گرجے کی بالائی منزل کی دیوار کا وہ حصہ جس میں کھڑکیاں ہوتی ہیں ؛ دیکھو Clerestory

Clear-vacancy : (n) (انتظامیہ) تقرر طلب اسامی ۔

Clearage : (n) صفائی ؛ توضیح ؛ صاف زمین ۔

Clearance : (n) (۱) صفائی ؛ رفع موانع ؛ رکاوٹوں کو دور کرنا ۔ (۲) حساب گھر سے چیکوں کا گذرنا ۔ (۳) جہاز کا پروانۂ راہداری ؛ چالان ۔ (٤) خالی جگہ ۔ (۵) زراعت کے لئے صاف کی ہوئی زمین ۔ (٦) تصفیہ حساب ۔ (۷) (کامرس) نکاس چھڑانا ۔

Inward clearance : (کامرس) داخلی نکاسی ۔

Outward clearance : (کامرس) خارجی نکاسی ۔

Clearance of goods : (تجارت) مال کی نکاسی ۔

Clearer : (a) صاف کرنے والا (آدمی یا آلہ) ۔

Clearing : (n) (۱) جنگل کا وہ قطعہ جو زراعت کےلئے صاف کیا جائے ۔(۲) چیکوں ، ہنڈیوں کا حساب گھر سے نکاسی ہونا ۔(۳) درختوں کو ایک ساتھ کاٹ دینا ۔(٤) خبروں وغیرہ کو جمع کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ توضیح کرنا ۔ (۵) (کامرس) نکاسی کرنا ۔

Inward clearing : (تجارت) داخلی نکاسی ۔

Outward clearing : (تجارت) خارجی نکاسی ۔

Part clearing : (تجارت) جز نکاسی ۔

Clearing agent : (n) (انتظامیہ و تجارت) نکاسی ایجنٹ ۔

Clearing agreement : (n) (تجارت) معاهدہ ادائیگی ؛ نکاسی معاهدہ ؛ قرارجات ادائیگی ۔

Clearing bank : (n) (تجارت) نکاسی بینک ۔

Clearing house : (n) لندن کا ایک بینک جس میں چیکوں اور بلوں کا تبادلہ ہوتا ہے اور صرف نقد بقایا ادا کیا جاتا ہے ؛ حساب گھر جہاں ہنڈی پٹائی جاتی ہے ؛ (تجارت) نکاسی گھر ۔

Metropolitan clearing House : (تجارت) میٹرو پولٹین نکاسی گھر۔

Clearish : (a) قدرے صاف ؛ کچھ‌ صاف ؛ مائل بہ صفائی ۔

Clearly : (adv) (۱) صفائی سے ؛ صاف طور پر ؛ صاف صاف ؛ کھول کر ؛ واضح طور پر ۔(۲) بلاشبہ ؛ صریحاً ؛ بداهتاً ؛ لا کلام ؛ قطعی ۔

Clearness : (n) (۱) صفائی ؛ شفافی ۔(۲) وضاحت ؛ صراحت ۔ (۳) موانع کا نہ ہونا ؛ مزاحمت کا نہ ہونا ؛ مزاحمت سے بری ہونا ۔

Cleat : (n) [OE."cleat"] (۱) خانہ ؛ پھانہ ؛ چڑیا ؛ پچر ؛ هك ؛ پھنی ۔(۲) (جہاز رانی) وہ چھوٹا چوبی پچر جو جہاز کی بلی میں لگا رہتا ہے تاکہ کوئی چیز نہ پھسلے ۔(۳) پچر کی طرح کی چیز جو کسی چیز سے بندھی یا نکلی ہو اور دستے کا کام کرے ۔ (٤) ایک دھات یا لکڑی کا هك جس کے چاروں طرف رسی لپیٹی جاسکے ۔ (۵) برقی تار کے لئے چینی کا بنا سہارا جس پر لیك بنی ہوتی ہے ۔

Cleat : (v) (۱) پھانہ لگانا ؛ پھانہ سے باندھنا ۔ (۲) دھات کی پتری سے مستحکم کرنا ۔

Cleavable : (a) پھٹنے یا ٹوٹنے کے قابل ۔

Cleavage : (n) (۱) شگاف ؛ درز ؛ بال ۔(۲) شگاف کرنے کا عمل ؛ طبقہ بندی ۔(۳) (ارضیات) چٹانوں کا سلیٹی شگاف ؛ بعض چٹانوں میں ایسا شگاف جس کے ٹکڑے سلیٹ ہوتے ہیں اور چھت بنانے میں استعمال ہوتے ہیں ۔ (٤) (جمع) کسی بلور یا چٹان کی وہ سطح جدھر سے شگاف ڈالا جاسکے ۔ (۵) مخالف جماعتوں میں تقسیم ۔(٦) وہ ٹکڑا جو توڑنے سے حاصل ہوتا ہے ۔(۷) خلیوں کا تجزیہ ؛ کسی سالمہ کی سادہ تر سالموں میں تقسیم ۔ (۸) عورتوں کی چھاتیوں کے درمیان کانشیب جو کھلے تراش والے کپڑے سے نمایاں ہوتا ہے ۔

Cleave : (n) [Ir."cliabh"] ٹوکری ۔

Cleave : (v) [OE."clifan"] (۱) پھاڑنا ؛ ہٹانا ؛ دور کرنا ؛ دور ہو جانا ۔(۲) بال ، درز یا کمزور جگہ سے ٹوٹنا ۔(۳)رستہ کاٹنا (پانی یا ہوا میں) ؛ راستہ نکالنا یا بنانا ۔(٤) فارق ہونا ؛ حائل ہونا ۔ (۵)تجزیہ کرنا ؛ تقسیم کرنا ؛ توڑنا ؛ ٹوٹ جانا ۔(٦) بھونکنا ؛ گھسیڑنا ۔

Cleft palate : تالو کا شگاف ۔

Cloven hoof : شگاف دار سُم ؛ پھٹے کھُر ۔

In a cleft stick : ایسے تنگ مقام پر جہاں مفر نہ ہو؛ نہ جائے رفتن نہ پائے ماندن ۔

To show the cloven hoof : بد نیتی کا اظہار کرنا ؛ اظہار خبث کرنا ؛ خباثت نفس ظاہر کرنا ۔

Cleave : (v) [OE."Cliofan","cleofan"] (۱) چمٹنا ؛ چپکنا ؛ لپٹنا ؛ جمنا ۔(۲) وفادار رہنا ۔

Cleave landite : (n) [F. cleaveland, the mineralogist] ایک معدنی شے ، Cleaveland کے نام پر ۔

Cleaver : (n) کاٹنے والا (خصوصاً قصاب کا چھرا) ؛ بغدا ؛ ساطور ۔

Cleavers / Clivers : (n) [OE."clife"] سروالا ؛ ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں میں چمٹ جاتی ہے ۔

Clechee/Cleche : (n) [L."clavis"] (۱) (نقابت) کھوکھلا اور حاشیہ دار نشان خصوصاً صلیب ۔ (۲) ایسی صلیب جس کے سرے قدیم زمانے کی کنجی کے دستے کی طرح ہوں ۔

Cleck : (v) [ON."klekja"] (پرندوں کا) انڈے سینا ۔

Clecking : (n) انڈے سینا ۔

Cledge : (n) کینٹ یا بعض دوسرے علاقوں کی نرم کیوال مٹی ۔

Cledgy : (a) کیوال مٹی کی طرح ۔

Clee : (n) چنگل ؛ پنجہ ۔

Cleek : (n) [ME."cleke"] (۱) بڑا ھک کسی چیز کو پکڑنے کے لئے ۔ (۲) گولف کھیلنے کا شاندار ڈنڈا ۔

Cleek : (v) (۱) مضبوطی سے پکڑنا ۔ (۲) جھپٹ لینا ۔ (۳) ھک کے ذریعہ پکڑنا ۔ (٤) (اسکاٹ لینڈ میں) ھاتھ میں ھاتھ دے کر چلنا ۔

Clef : (n) [L."clavem"] کلیف ؛ (موسیقی) ایک علامت جس سے امتداد نوا کا علم ھوتا ھے ۔

Cleft / Clift : [ME."clyft","clift"] (۱) دراڑ ؛ شگاف ؛ درز ؛ پھاڑ ۔ (۲) رانوں کے درمیان کا حصہ ۔ (۳) جلد کا شگاف ؛ گھوڑوں کی ٹانگوں کی بیماری ۔ (٤) جلاون کے لئے چیری ھوئی لکڑی ۔

Cleft : (a) پھٹا ھوا ؛ چیرا ھوا ؛ دو ٹکڑے کیا ھوا ۔

Cleft graft : (n) کسی شگاف میں ساٹا باندھنا یا قلم لگانا ۔

Cleg : (n) [ON."kleggi"] گھوڑ مکھی ؛ بگھنی ۔

Cleido-mastoid : (a) [Gr."kleid"-+MASTOID] (تشریحات) ھنسلی اور پستان نما ھڈی سے متعلق ۔

Cleistogamic / Cleistogamous : (a) [Gr."kleistos+gamos"+-IC] (نباتیات) خلوت ازدواجی ؛ ایسے پھول جو ھمیشہ بند رھتے ھیں اور خود ازدواج ھوتے ھیں ۔

Cleistogamy : (n) خلوت ازدواجی ۔

Cleithral : (a) [Gr."kleithron"+-AL] (یونانی تعمیرات) مندر کے بارے میں ؛ سقف دار ۔

Clem / Clam : (v) [Gr."klematis"] بھوکا مرنا ؛ بھوکا مارنا ۔

Clem : (n) (عامیانہ) جھگڑا ؛ فساد ۔

Clematis : (n) [Gr."klematis"] بیل کی ایک قسم ۔

Clemency : (n) [L."clementia"] (۱) نرمی ؛ ملائمت ؛ نرم دلی ؛ بردباری ؛ حلم ۔ (۲) رحم ؛ ترس ۔ (۳) اعتدال (موسم کا) ۔

Clement : (a) [L."clementem"] (۱) نرم دل ؛ برد بار ؛ حلیم ؛ رحم دل ؛ رحیم ؛ مھربان ؛ رؤف ؛ ملائم ۔ (۲) (موسم) معتدل ۔

Clementine : (a) [L."clementinus"] کلیمنٹ اول کا یا اس سے متعلق ۔

Clementine : (n) کلیمنٹ نام کے کسی ھیرو کا پیرو ۔

Clemently : (adv) نرم دلی سے ؛ برد باری سے ؛ رحم دلی سے ؛ اعتدال سے ۔

Clench : (n) [See next] (۱) پکڑ ؛ بندش ؛ گرفت ۔ (۲) مٹھی بھینچنے کا عمل ؛ محکم ۔ (۳) کانٹی کے سرے کو موڑنا ۔ (٤) (مجازاً) تصدیق ۔

Clench : (v) [OE."clenc(e)an"] (۱) بند کرنا ؛ دبانا ؛ بھینچنا ؛ مضبوطی سے پکڑنا ۔ (۲) (بحری) باندھنا ؛ کسنا ؛ گرہ دینا ؛ رسّی میں ایک خاص گرہ دینا ۔ (۳) مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ قطعی طور پر طے کرنا ۔ (٤) (میخ وغیرہ کا) سرا موڑ کر مضبوط کرنا ؛ جڑنا ۔ (۵) (مجازاً) جذبات کی شدت سے تناؤ ھونا ۔

Clenched : (a) بند کیا ھوا ؛ مضبوطی سے بندھا ھوا ؛ مستحکم کیا ھوا ؛ بھینچا ھوا ۔

Clencher : (n) برھان قاطع ؛ قطعی دلیل ؛ بحث ختم کرنے والی دلیل ؛ جواب شافی ؛ بند کرنے والا ؛ مضبوط پکڑنے والا ؛ مستحکم کرنے والا ۔

Clencher-built : جڑے ھوئے تختوں کی کشتی ۔

Cleopatra's needle : (n) دریائے ٹیمس کے کنارے چوپہلہ مینار ۔

Clepsydra : (n) [Gr."klepsydra"] پن گھڑی ؛ آبی گھنٹہ ؛ پرانے زمانے کا گھنٹہ جو پانی کے بہنے سے چلتا تھا ۔

Clerestory : (n) [CLEAR+STORY] گرجے کی بالائی منزل کی دیوار کا وہ حصہ جس میں کھڑکیاں ہوتی ہیں ؛ بالائی منزل ۔

Clerestory window : (n) ایسی کھڑکی جو بالکل چوکور ہو اور درمیان میں کوئی چیز روشنی کو منقسم کرنے کے لئے نہ ہو ۔

Clergess : (n) [OF.] عالمہ ؛ زن کشیش ؛ کشیشہ (جدید) ۔

Clergiable : (a) اہل کلیسا کے حق استثنا کا اہل یا لائق ۔

Clergy : (n) [L."clericus"] (۱) پادریوں کا فرقہ ؛ اہل کلیسا ۔ (۲) پادری کشیش ۔ (۳) (تاریخ) جماعت کلیسا کی رکنیت ۔ (٤) علم ؛ معرفت ۔ (٥) پادریوں کا وہ حق جسکی رو سے ان پر دنیا داروں کی طرح عدالتوں میں مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا تھا اور جس کی رو سے بعد ازاں ان کا پہلا جرم معاف تھا ؛ اہل کلیسا کا حق استثنا ؛ اس حق سے ہر پڑھا لکھا شخص استفادہ کر سکتا تھا ۔

Benefit of clergy : اہل کلیسا کا حق استثنا ۔

Clergy - man : (n) پادری ؛ کشیش ۔

Clergy woman : (n) (۱) پادرن ؛ کشیشہ ۔ (۲) (مجازاً) کشیش کی بیوی یا رشتہ دار خاتون ۔

Clergyable /Clergiable : (a) اہل کلیسا کے حق استثنا کا اہل یا لائق ۔

Cleric : (n) [L."clericus"] پادری ؛ کشیش ۔

Clerical : (a) [L."clericalis"] پادریوں کا ؛ پادری کا ؛ پادریانہ ؛ محررانہ ۔

Clerical : (n) (۱) پادری ؛ کشیش ۔ (۲) محرر ۔ (۳) پادریت کا طرفدار ۔ (٤) (جمع میں) پادریوں کا لباس ۔

Clerical duties : (n) دفتری فرائض ۔

Clerical error : (n) (انتظامیہ) کتابت کی غلطی ؛ (تجارت) محررانہ غلطی ۔

Clerical staff : (n) محرروں کا عملہ ؛ (انتظامیہ) عملہ اہل کاران ؛ کلیریکل اسٹاف ۔

Clericalism : (n) (۱) کلیسائیت ۔ (۲) کلیسائیت کا جنون ؛ پادریوں کا پیشہ ؛ پادریت ۔ (۳) پادریوں کی بنیادی قوت بڑھانے کا نظریہ ۔

Clericalist : (n) منصب میں افراط کرنے والا ؛ کلیسائیت کا مؤید یا حامی ؛ کلیساپرست ۔

Clericality : (n) پادری پن ؛ پادریت ۔

Clericalize : (v) پادری بنانا ؛ پادریوں کے لئے مخصوص کرنا ۔

Clerically : (adv) پادریانہ ؛ محررانہ ۔

Clericature : (n) [med.L."clericature"] پادریوں کا مقام یا دائرۂ عمل ۔

Clericity : (n) پادریوں کا مقام ، درجہ یا صفت ۔

Clerico -: واصلہ بمعنی پادریوں کا ۔

Clerisy : (n) [late L."clericia"] دانشمندوں کا طبقہ ؛ پادریوں کا درجہ ، صفت ، مقام یا فرض ۔

Clerk : (n) [Gr."kleros"] (۱) کشیش ؛ راہب ۔ (۲) دانش مند ؛ فاضل ؛ عالم ۔ (۳) محرر ؛ منشی ؛ اہل مد ؛ کلرک ؛ معتمد ۔ (٤) پادریوں کا نائب ۔ (٥) کسی دکان میں مال فروخت کرنے والا شخص ۔

Clerk of the weather : موسم کا دیوتا ۔

Clerk of the works : نگراں ؛ میٹھ ۔

The Bible clerk : وہ شخص جو کالجوں کے گرجوں میں بائبل پڑھتا ہے ۔

The parish clerk : پادری کا نائب ۔

Town clerk : اہل مد شہر ۔

Clerk : (v) محرری لکھنا ۔

Clerk regular : (n) ایسا شخص جو راہب اور کشیش دونوں ہو ۔

Clerk vicar : (n) پادری کا نائب ؛ نائب پادری ۔

Clerkage : (n) محرری کا کام ؛ منشی گیری کی اجرت ؛ محرری کا عملہ ۔

Clerkdom : (n) (۱) محرروں کا مقام یا فرض ۔ (۲) محرروں کی جماعت ؛ محرروں کا عملہ ؛ محرر شاہی ۔

Clerkess : (n) خاتون محرر ۔

Clerkhood : (n) کشیش یا محرر کا منصب یا درجہ ۔

Clerkish : (a) (۱) محرر یا اس کے کام سے متعلق ۔ (۲) جزویات پر زور دینے والا ۔

Clerkless : (a) بے محرر ۔

Clerklike : (a) محرر کی طرح ؛ محرر جیسا ۔

Clerkliness : (n) محرری پن ؛ کشیش پن ۔

Clerkling : (n) مبتدی محرر ۔

Clerkly : (a) (۱) منشیانہ ؛ محررانہ ؛ متصدیانہ ۔ (۲) فاضلانہ ؛ عالمانہ ؛ ادیبانہ ۔ (۳) کشیش سے متعلق ؛ کشیشانہ ؛ پادریانہ ۔ (٤) ماہر خطاطی ۔ (۵) خاموش اور منکسر ۔

Clerkly : (adv) منشیانہ طور پر ؛ محررانہ طور پر ۔

Clerkship : (n) (۱) منشی گیری ؛ کلرکی ؛ محرری ۔ (۲) علم ۔

Clero-: [Gr."kleros"] واصلہ بمعنی "کشیش" ۔

Cleromancy : (n) قرعہ اندازی کے ذریعہ غیب گوئی ۔

Cleruch : (n) [Gr."kleruchia"] (قدیم یونان) وہ شخص جو کسی مفتوحہ ملک میں چلا گیا ہو لیکن اس کی یونانی شہریت برقرار رہی ہو ۔

Cleruchy : (n) [Gr."kleruchia"] Cleruch لوگوں کی جماعت ؛ وہ زمین جو ایسے لوگوں کو دی جاتی تھی ؛ ایسا علاقہ جہاں ایسے لوگ بس جائیں ۔

Clerum : (n) [Short for "Concio ad of clerum"] لاطینی زبان میں وعظ جو بعض انگلستانی دانش گاہوں میں خاص موقع پر پڑھا جاتا ہے ۔

Cletch / Clatch : (n) [f.CLECK] (۱) ایک جھول کے نکلے ہوئے بچے (مرغی کے) ۔ (۲) (تحقیراً) خاندان ۔

Cleuch / Cleugh : (n) (۱) تنگ درہ ؛ آب گذر ۔ (۲) تنگ درہ کے عمودی کنارے ۔

Cleve / Cleeve : (n) [OE."cleofu","cleofum"] (۱) پہاڑ کی چوٹی ؛ ڈھلوان چٹان ؛ سرا زیر ۔ (۲) ڈھلوان زمین ۔

Clever : (a) [ME."clivers"] (۱) ہوشیار ؛ چالاک ؛ چست ؛ ماہر ؛ ہنر مند ؛ چابک دست ؛ پھرتیلا ؛ چتر ۔ (۲) ذہین ؛ ذکی ؛ طباع ؛ فہیم ؛ زیرک ؛ تیز فہم ۔ (۳) ہنر ور ؛ ماہر ؛ با کمال ؛ کمال کا نمونہ ۔ (٤) خوش خو ؛ ظریف ۔ (۵) مناسب ؛ سہل ۔ (٦) شیریں ؛ دل پذیر ؛ مہربان ۔ (۷) صحت مند ؛ خوش وضع ۔ (۸) خوبصورت ؛ شکیل ۔

Clever : (adv) ماہرانہ ؛ استادانہ ؛ کاملاً ۔

Cleverality : (n) مہارت ؛ ذکاوت ؛ زیرکی ؛ استادی ؛ دیکھو Cleverness

Cleverish : (a) نسبتاً ذہین ؛ ہوشیار ؛ چالاک ۔

Cleverly : (adv) چالاکی سے ؛ ہوشیاری سے ؛ خوش اسلوبی سے ؛ ہنر مندی سے ؛ قادرانہ ۔

Cleverness : (n) ہوشیاری ؛ چالاکی ؛ ذہانت ؛ ذکاوت ؛ مشاقی ؛ کاریگری ؛ ہنر مندی ؛ چستی ؛ چابک دستی ؛ فطانت ؛ زیرکی ۔

Clevis : (n) [OE."clyfes"] نعل نما کنڈہ ؛ نعل نما قلاب ۔

Clew : (n) [OE."cliwen"] (۱) پیچك ؛ گولا ؛ سوت کی انٹی ۔ (۲) دھاگے کی گولی جو بھول بھلیاں میں راستہ یاد رکھنے کے لئے استعمال کی جاتی تھی ۔ (۳) (بحری) وہ رسیاں جن سے جھولن کھٹولا یعنی سفری پلنگ لٹکا ہوتا ہے ۔ (٤) بادبان کا نچلا حصہ ۔ (۵) سراغ ؛ سر رشتہ ؛ قصہ کا سلسلہ ؛ سلسلۂ خیالات ۔

Clew/Clue : (v) (۱) لپیٹنا ؛ گولا بنانا ؛ پیچك میں لپیٹنا ۔ (۲) رہنمائی کرنا ۔ (۳) (عامیانہ) قابل اعتبار اطلاع دینا ۔ (٤) بادبان کے نچلے حصے کو مستول سے باندھنا ۔ (۵) بادبان اتارنا ۔

To clew down : بادبان اتارنا ۔

To clew up : بادبان کے نچلے حصے کو مستول سے باندھنا ۔

Clew-bottom : وہ چرخیاں جن پر رسیاں لپیٹی جاتی ہیں ۔

Clew-garnet / Clue-garnet : (n) بادبان کے نچلے حصے کو اوپر کھینچنے کی رسی ۔

Clew-line / Clue-line : بادبان کے نچلے حصے کو مستول سے باندھنے کی رسی ۔

Cliche : (n) [Fr.] (۱) سیسے کے حروف کی تختی ؛ ٹائپ کی ڈھلی پلیٹ ۔ (۲) پامال جملہ ؛ فرسودہ فقرہ ؛ پامال پلاٹ ؛ فرسودہ خیال ۔

Cliche : (a) فرسودہ ؛ پامال ۔

Click : (n) [See CLICK(v)] (۱) کٹ (بندوق کا گھوڑا چڑھاتے وقت جو آواز ہوتی ہے) ۔ (۲) گھوڑے کا نعل ؛ نعل چھونے کا عیب ؛ اگلے پچھلے پیروں کے نعلوں کے چھونے کا عیب ؛ نعل بندی ۔ (٤) تیز غیر متوقع ضرب ۔ (٥) بھونرے کی ایک نوع ۔ (٦) (لسانیات) چٹکار ؛ چٹك ؛ چٹکاری ۔

Labial click : (لسانیات) لبی چٹکارہ ۔

Click : (n) [Var .of CLEEK] (۱) بڑا ہك کسی چیز کو پکڑنے کےلئے ۔ (۲) ہك کے ذریعہ جھٹکا ۔ (۳) کشتی کا ایك داؤ ۔

Click : (v) [Echoic] (۱) کٹ کی آواز ہونا ۔ (۲) کٹ کی آواز سے مارنا یا ضرب لگانا ؛ کٹ کی آواز پیدا کرنا ۔ (۳) (گھوڑے کا) نعل لگنا ؛ ٹکرانا ؛ نعل لڑنا ؛ نیور لگنا ۔ (٤) کاٹنا ۔ (٥) مطابق ہونا ۔ (٦) موزوں ہونا ۔ (۷) کامیاب طور پر کسی کام کو خوبی سے انجام دینا (جماعتی طور پر) ۔ (۸) کامیاب ہونا ۔ (۹) آہنگری کرنا ؛ نعل بندی کرنا ۔

Click : (v) پکڑنا ؛ جھپٹ لینا ؛ جھپٹنا ۔

Click-beetle : (n) بھونرے کی ایك قسم ۔

Click-clack / Click-click : (n &v) ٹك ٹك یا ٹك ٹاك کی آواز؛ ٹك ٹك یا ٹك ٹاك کی آواز کرنا ۔

Click sound : (n) (لسانیات) چٹکار اصوات ۔

Click timbre : (لسانیات) چٹکاری کیفیت ۔

Clicker : (n) (۱) (عامیانہ) دلال (دکان دار کا) ۔ (۲) وہ جو نقاشی کی دکان میں چمڑے کو کاٹتا ہے اور جوتا بنانے والوں کو دیتا ہے ۔ (۳) حساب دار ؛ متصدی ۔

Clicket : (n) [OE."cliquet"] دروازے کا قفل اور کنجی ۔

Clicket : (v) (۱) بك بك کرنا ۔ (۲) لومڑی وغیرہ کا مستی میں آنا ۔

Clicket-gate : (n) قفل لگا ہوا پھاٹك ۔

Clickety-clack : (n) ٹك ٹاك کی تیز آواز ۔

Clicky : (a) ٹك ٹك یا ٹخ ٹخ کی آواز سے بھرا ہوا ۔

Client : (n) [L."cliens","clientem"] (۱) (رومی قدیم) رذیل[1] شخص جو کسی دولت مند شخص کے زیر سایہ ہو ؛ کمین پرجا ۔ (۲) حاشیہ نشین ؛ ہاں میں ہاں ملانے والے ۔ (۳) تابع ؛ ماتحت ؛ اسامی ۔ (٤) مؤکل ؛ گاہك ؛ مشتری ؛ منیب ۔ (٥) اسامی ؛ گاہك ۔

Clientage : (n) مؤکلی ؛ اسامی پن ؛ مؤکلوں کی جماعت ۔

Clientelage : (n) دیکھو Clientage

Clientele : (n) [L."clientela"] (۱) متعلقین ؛ نوکر چاکر ؛ خدم حشم ۔ (۲) گاہك ؛ مرجوعہ ۔ (۳) مریدان ؛ پیروان ۔ (٤) قانون داں اور ڈاکٹروں کا پیشہ ورانہ رشتہ ۔ (٥) حمایتیوں کی جماعت ۔

Clientless : (a) بے مؤکل ؛ بے گاہك ۔

Clientry : (n) دیکھو clientele

Clientship : (n) مؤکلی ؛ اسامی پن ۔

Cliff : (n) [OTeut.] (۱) ڈھلواں ؛ چٹان ؛ سرا زیری ۔ (۲) کوئلہ کی پرت کے اوپر یا درمیانی پتھریلے طبقے ۔

Cliffed : (a) ڈھلواں دار ؛ چٹان دار ۔

Cliffsman : (a) مشاق چڑھنے والا ۔

Cliffy : (a) ڈھلواں دار ؛ ڈھلواں ؛ عمودی ۔

Clift / Cleft : (n) شگاف ؛ دیکھو cliff

Clifted : (a) شگاف دار ۔

Clifty : (a) دیکھو Cliffy

Climacteric / Climacterical : (a) [Gr."klimakter"] مہلك ؛ نازك ؛ اہم ؛ (عضویات و طب) زمانہء انحطاط میں واقع ہونے والا ؛ بڑھاپے کا ؛ ضعیفی کا ؛ بحرانی ۔

Climacteric / Climacterical : (n) (۱) زندگی کا اہم زمانہ ؛ عمر کا انقلابی دور ۔ (۲) (مجازاً) نازك لمحہ ۔

Climacteric disease : (n) بڑھاپے کی ایک نا قابل تشخیص بیماری جس میں ناتوانی اور بے خوابی وغیرہ ہو جاتی ہے ۔

Climacteric year / Grand climacteric: (n) تریسٹھواں سال ۔

Climactic : (a) -[f.CLIMAX] اوج سے متعلق ؛ اوجی ؛ منتہائی ؛ عروج سے متعلق ۔

Climactically : (adv) انتہائی طور پر ۔

Climatal : (a) آب و ہَوا سے متعلق ؛ موسم سے متعلق ۔

Climate : (n) [Gr."klima"] (۱) آب و ہَوا ؛ ناحیہ ؛ سرزمین ۔ (۲) کسی خاص عہد یا طبقہ کا مزاج ؛ نقطہء نظر اور ماحول ۔

Climatic/-al : (a) موسمی آب و ہَوا ؛ آب و ہَوا کے متعلق ۔

Climatic risk : (n) (تجارت) موسمی جوکھم ؛ آب و ہَوائی خطرہ ۔

Climatically : (adv) موسمی لحاظ سے ؛ باعتبار موسم ۔

Climatography : (n) آب و ہَوا کا مطالعہ اور بیان ۔

Climatologic /-al : (a) موسمیاتی ؛ آب و ہَوا شناسی سے متعلق ۔

Climatologically : (adv) موسمیاتی طور پر ؛ آب وہَوا شناسی سے ۔

Climatologist : (n) ماہر موسمیات ؛ آب و ہَوا شناس ۔

Climatology : (n) آب و ہَوا شناسی ؛ موسمیات ۔

Climatotherapy : (n) تغیر آب و ہَوا کے ذریعہ علاج ۔

Climax : (n) [Gr."klimax"] (۱) تدریجی ترقی ؛ پرواز ۔ (۲) (خطابت) وہ صفت جس میں ہر جملہ اپنے ما قبل سے تاثیر میں بڑھا ہوا ہوتا ہے ۔ (۳) اس صفت کا انتہائی درجہ ۔ (٤) عروج کمال ؛ انتہا ؛ منتہائے کمال ؛ اوج ؛ سر ؛ راس ؛ عروج ۔ (٥) مرکز دلچسپی ۔ (٦) کسی خاص عہد میں تمدنی روایت کا انتہائی عروج ۔ (٧) کسی خاص مقام یا ناحیہ میں نباتیات کے رشد و نمو کے امکان کا آخری درجہ ۔ (٨) سن ایاس ؛ حیض کا بند ہو جانا ۔ (٩) ہیجان شہوت کی انتہا ؛ ہزۃ الجماع ۔

Climax : (v) کمال کو پہنچانا ۔

Climb : (v) [OE."climban"] (۱) چڑھنا ؛ پھلانگنا ؛ اوپر جانا ؛ ہاتھوں چڑھانا ۔ (۲) بلند ہونا ؛ چڑھنا (سورج کا) ؛ چڑھانا ۔ (۳) کوشش سے جاہ ، مرتبہ، اخلاق وغیرہ میں ترقی کرنا ؛ کوشش سے اوپر چڑھنا ۔ (٤) (بیل کا) درخت کی شاخ وغیرہ کے سہارے چڑھنایا چڑھانا ۔ (٥) اوپر کی طرف چڑھاؤ ہونا ۔ (٦) بتدریج بڑھنا (قیمتوں وغیرہ کا) ۔ (٧) جلدی میں یا مشکل سے کپڑا پہننا یا اتارنا ۔

Climb : (n) چڑھائی ؛ چڑھان ؛ صعود ۔

Climb down : (v) نیچے اترنا ؛ بلند پروازی چھوڑ دینا ؛ اعتدال پر آجانا ۔

Climbable : (a) چڑھے جانے کے لائق ؛ جس پر چڑھائی ہو سکتی ہو ۔

Climber : (n) (۱) چڑھنے والا ۔ (۲) چڑھنے والی بیل ۔ (۳) ایک قسم کا چڑھنے والا پرندہ جس کی دو انگلیاں سامنے ہوتی ہیں اور دو پیچھے ۔ (٤) بلند درختوں کی شاخیں کاٹنے والا ۔ (٥) جوتے کی میخیں جو درخت یا پہاڑوں وغیرہ پر چڑھنے میں مدد دیتی ہیں ۔

Climbing : (n) چڑھائی ؛ چڑھنے والا ؛ کمند خیز ۔

Climbing iron : (n) جوتے کی میخیں جو درخت، پہاڑ وغیرہ پر چڑھنے میں مدد دیتی ہیں ۔

Climbing perch : (n) ایک چھوٹی ہندوستانی مچھلی ۔

Clime : (n) [Gr."klima"] (۱) اقلیم ؛ دیار ؛ دیس ؛ ملک ۔ (۲) فضا ؛ دیکھو Climate

Clinamen : (n) [L.] جھکاؤ ؛ پیچ ؛ خم ۔

Clinandrium : (n) [Gr."kline+andr-"] زیر پناہ ؛ تخم دان ۔

Clinanthium / Clinanthus : (n) [as prec,+Gr."anthos"] کرسیہ ۔

Clinch : (n) [Var. of CLENCH] (۱) میخ یا قبضہ وغیرہ سے مستحکم کیا ہوا جوڑ ۔ (۲) (بحری) رسی میں ایک خاص گرہ ۔ (۳) مضبوط پکڑنے والی چیز ؛ محکم بندش ۔ (٤) جوڑ ۔ (٥) تجنیس ؛ ذو معنی لفظ کا مزاحیہ استعمال ۔ (٦) ہاتھا پائی ؛ (مکہ بازی میں) گرفت ۔ (٧) (عامیانہ) آغوش میں لینا ۔

Clinch : (v) (۱) بھینچنا ؛ مضبوط کرنا ؛ بند کرنا ؛ دبانا ۔(۲) (بحری) باندھنا ؛ کسنا ؛ گرہ دینا ؛ رسی میں ایک خاص گرہ دینا ۔ (۳) مضبوط پکڑنا ؛ مستحکم کرنا ؛ قطعی طور پر طے کرنا ؛ جیتنا ۔ (٤) (میخ وغیرہ کا) سرا موڑ کر مضبوط کرنا ؛ جڑنا ۔

Clinch-built : (n) جڑے ہوئے تختوں کی کشتی ۔

Clinch-work : (n) تلے اوپر رکھکر جڑنے کا کام ۔

Clincher : (n) (۱) بند کرنے والا ؛ مضبوط کرنے والا ؛ پکڑنے والا ؛ مستحکم کرنے والا ۔ (۲) برہان قاطع ؛ دلیل مکتفی ؛ برہان مسکت ؛ جواب شافی ۔

Cling : (v) [OE."clingan"] (۱) لگا رہنا ؛ چمٹنا ؛ چپکنا ؛ چمٹ جانا ؛ لپٹنا ؛ پیوستہ ہونا ۔ (۲) قائم رہنا ؛ جما رہنا ؛ پابند رہنا ؛ مستقل رہنا ؛ وفا دار رہنا ؛ ثابت قدم رہنا ۔ (۳) مرجھا جانا ؛ سکڑ جانا ۔

Cling together : لگا رہنا ؛ جڑا رہنا ؛ متحد رہنا ؛ یکجا رہنا ۔

Cling : (n) (۱) چمٹنا ؛ لپٹنا ۔ (۲) مویشی کی ایک بیماری جسمیں چمڑا سخت ہو جاتا ہے اور گوشت سے چمٹ جاتا ہے ۔

Cling : (n) [Var.of CLINK] تیز بلند گونجتی ہوئی آواز ۔

Cling-clang : (n) متواتر ؛ پے در پے تیز بلند گونجتی ہوئی آواز ۔

Cling stone : (n) وہ پھل جس کی گٹھلی گردے میں ستی رہتی ہے ؛ ایک قسم کا شفتالو ؛ آڑو ۔

Clinger : (n) چمٹنے والا ؛ چپکنے والا ؛ لپٹنے والا ؛ قائم رہنے والا ؛ پابند رہنے والا ؛ ثابت قدم رہنے والا ۔

Clinging garments : (n) چست لباس ۔

Clingy : (a) چپکنے والا ؛ چپچپا ۔

Clinic / Clinique : (n) [Gr."klinike"] (۱) (طب) جراحی اور طبابت کی عینی تعلیم جو مریض کے بستر کے پاس دی جائے ۔(۲) نجی اسپتال جہاں ڈاکٹر مریض کو بھیجتے ہیں ۔ (۳) طبی ادارہ جو کسی اسپتال سے منسلک رہتا ہے اور جہاں بیماروں کا علاج مفت یا کم قیمت پر ہوتا ہے ۔ (٤) (انتظامیہ) علاج گھر۔

Clinic : (n) [Gr."klinikos"] (۱) مریض بستری ۔(۲)وہ شخص جس کا بپتسما بستر مرگ پر ہو ۔

Clinic : (a) (۱) بستر علالت سے متعلق ۔ (۲) بستر بیمار سے متعلق ۔

Clinic Baptism : (n) بستر علالت پر دیا گیا نجی بپتسما ۔

Clinical : (a) (۱) بستر علالت سے متعلق خصوصاً اسپتال کے مریض کے بستر علالت سے ۔ (۲) بستر علالت پر دیا ہوا ۔ (۳) جراحی یا طبابت کی عینی تعلیم سے متعلق ۔ (٤) بے تعلق اور تجزیاتی ۔ (٥) (فلسفہ و تعلیمات) کلینکی ۔

Clinical lecture : (n) مریض کے بستر کے پاس دیا گیا لکچر ۔

Clinical medicine : (n) طب کی تعلیم جو مریض کے بستر کے پاس دی جائے ۔

Clinical surgery : (n) جراحی کی تعلیم جو مریض کے بستر کے پاس دی جائے ۔

Clinical thermometer : (n) (کیمیا و طبیعیات) ڈاکٹری تھرما میٹر ۔

Clinically : (adv) از روئے کلینک ؛ بے تعلقی سے ۔

Clinician : (n) عملی طبیب ؛ عملی معالج ۔

Clink : (n) [Echoic] قید خانہ ؛ حوالات ؛ زنداں ؛ محبس ۔

Clink : (n) [F. Clink,a prison in Southwark] (۱) جھنکار ؛ جھن جھن؛ جھنجھناھٹ ۔(۲) ضرب ۔ (۳) نقد ۔ (٤) ہم آھنگی ۔(٥) لحہ ۔

Clink : (v) (۱) جھنکارنا ؛ جھنجھنانا ؛ جھنکانا ۔ (۲) موزوں کرنا ۔(۳) شدید ضرب لگانا ۔ (٤) کھٹ کھٹ کر کے چلنا ۔

Clink : (v) جوڑنا ؛ مضبوط کرنا (کانٹی، میخ یا قبضہ سے)۔

Clink-clank : (n) (۱) متواتر جھنکارنا ؛ جھن جھن کی آواز نکالنا ۔ (۲) بے معنی موزوں الفاظ ۔

Clinker : (n) [Du."klinckarerd"] (۱) زرد رنگ کی بہت سخت ولندیزی اینٹ ۔(۲) بہت زیادہ پکی ہوئی اینٹ ؛ کھنگر ؛ جھانواں ۔(۳) ان اینٹوں کا تودہ جو باہم جڑ گئے ہوں ۔ (٤) لوہے کا آکسائڈ جو بھٹی میں لوہے کو پیٹنے سے پیدا ہوتا ہے ۔(٥) خام لوہے ، کوئلے وغیرہ کی آلودگی کے پگھل جانے سے بننے والا سخت تودہ جو بھٹی میں تیار ہوتا ہے ۔(٦) کوہ آتش فشاں کے پگھلے ہوئے مادہ کا سخت تودہ ۔

Clinker : (n) [f. CLINK(v)] (جمع میں) زنجیر ۔

Clinker : (n) (۱) جوڑنے والا ؛ مضبوط کرنے والا ۔ (۲) جوتے کے تلے میں لگائی جانے والی کل میخ ۔ (۳) اول درجہ کا ۔ (٤) (عامیانہ) غلط سر یا خراب آہنگ ۔ (٥) فاش غلطی ۔(٦) نا کامیاب ۔

Clinkstone : چونے ؛ سلیٹ وغیرہ کی قسم کا پتھر ؛ کھنکھنا پتھر ؛ آھکی پتھر ۔

Clino- [Gr."klin-"] واصلہ بمعنی"سرا شیبی" ؛ ڈھلواں ۔

Clinobasic : (a) ترچھی شکل میں بلور بننے والا ؛ یك رخی پرتیں یا طبقے ۔

Clinodiagonal : (n) یك رخی طبقہ والے بلور کا جھکا ہوا محور ۔

Clinodiagonal : (a) مذکورہ محور کا یا اس سے متعلق ۔

Clinograph : (n) ایك آلہ جس سے کنواں وغیرہ کے عمود سے انحراف یا خمیدگی کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔

Clinographic : (a) بلور کی خمیدہ تصویر سے متعلق ۔

Clinoid : (a) [Gr."kline-"+-OID] (تشریحات) بستر کے مشابہ ؛ استخوان جمجمہ کے ابھار سے متعلق ۔

Clinometer : (n) شیب سنج ؛ ڈھلان کی پیمائش کا آلہ ؛ مبسوط پیما ۔

Clinometric / Clinometrical : (a) (۱) شیب سنج سے متعلق ۔ (۲) ترچھی بلوری شکل کی پیمائش سے متعلق ۔

Clinometry : (n) شیب سنجی ؛ مبسوط پیمائی ۔

Clinopinacoid : (n) [CLINO -Gr."PINKOS"] یك رخی طبقہ والے بلور کی تین سطحوں میں سے ایك جو عمودی اور جھکے ہوئے محوروں کے متوازی ہوتی ہے ۔

Clinorhombic / Clinorhomboid : (a) دیکھو Clinobasic

Clinquant : (a) [Cu."klinken"] زرق برق ؛ تڑك بھڑك ؛ زریں سلما ستارے سے آراستہ ۔

Clinquant : (n) نقلی سونا ؛ جھوٹی ٹیپ ٹاپ ؛ تڑك بھڑك ۔

Clint : (n) [OSwed."klinter"] سخت پتھر ۔

Clinty : (a) سخت پتھریلا ۔

Clio : (n) [Gr."klio"] (۱) ایك قسم کا صدف ۔ (۲) 84 واں سیارچہ ۔

Clip : (v) [OE. " Clyppan"] (۱) دبانا ؛ گھیرنا ۔ (۲) پکڑنا؛ مضبوطی سے پکڑنا ۔ (۳) بغل گیر ہونا ۔

Clip : (v) [ON."klippa"] (۱) قینچی وغیرہ سے کاٹنا ؛ کترنا ؛ چھانٹنا ؛ تراشنا ؛ قلم کرنا ۔(۲) (سکہ کا) کنارا تراشنا ۔(۳) حذف کر دینا ؛ مختصر کر دینا ؛ کم کر دینا ؛ گھٹانا ۔ (٤) حروف چھوڑ جانا ؛ شوشے نہ دینا ۔ (٥) بازو پھڑ پھڑانا ۔(٦) جلدی جلدی چلنا یا دوڑنا ۔ (۷) بے ایمانی سے روپیہ وصولنا ۔

To clip one's wings : پر کاٹنا ؛ بے بال و پر کر دینا ؛ مجبور اور ناچار کر دینا ۔

Clip : (n) (۱) کاٹ چھانٹ ؛ قطع برید ۔(۲) کتری ہوئی اون کا گھان یا چٹکی ۔(۳) شدید ضرب ؛ زور دار مار ۔(٤) (جمع میں) مقراض ۔ (٥) اخبار کا تراشہ ۔

Clip : (n) (۱) پکڑنے والا ؛ مضبوطی سے پکڑنے والا ۔ (۲) کلپ ۔(۳) جراحی میں خون بند کرنے کا وسیلہ ۔(٤) ایك قسم کا زیور ۔ (٥) بعض رائفل میں کارتوس بھرنے کا آلہ ۔

Clipped word : (n) (لسانیات) بریدہ لفظ ؛ مقطوع الفاظ ۔

Clipper : (n) (۱) کاٹنے والا ؛ کترنے والا ۔(۲) مقراض ؛ قینچی ؛ کترنی ۔(۳) تیز رفتار (گھوڑا یا جہاز) ؛ باد پا ؛ زود پا ؛ زود رو کشتی ۔ (٤) ایك قسم کا جہاز ۔ (٥) بہترین شے اپنے طرز کی ۔(٦) سکے کا کنارہ تراشنے والا ۔

Clipper built : (a) تیز رفتار جہاز کی طرح بنا ہوا ۔

Clipper ship : (n) (تاریخ) تیز رو جہاز ۔

Clipping : (n) (۱) کاٹنا ؛ تراشنا ؛ کترنا ۔ (۲) کترن ؛ ریزگی ؛ چھانٹن ۔

Clipping : (a) (۱) تیز رفتار ؛ تیز رو ؛ باد پا ۔ (۲) قینچی سے کاٹنے والا ۔ (۳) (سوقیانہ) اول درجہ کا ؛ اعلیٰ ۔ (٤) (کامرس) کٹائی ؛ کترن ۔

Clipping service : (n) (تجارت) کلپنگ سروس ۔

Clique : (n) [F."cliquer"] (۱) جتھا ؛ گروہ ؛ فریق ؛ منڈلی ؛ چکوی ۔ (۲) تحقیر اور ملامت کی ایک اصطلاح ۔ (۳) (سماجیات) گٹ ۔

Social clique : (سماجیات) سماجی گٹ ۔

Clique : (v) گروہ بندی کرنا ؛ جتھے بنانا ۔

Cliquish : (a) جتھے بندی کا ؛ جتھے بنانے والا ؛ جتھے باز ۔

Cliquishness / Cliquism / Cliqueism : (n) اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانے کی عادت ؛ جتھے بازی ؛ جتھےبندی ؛ گروہ بندی ؛ فرقہ بندی کا جذبہ ۔

Cliquey / Cliquy : (a) دیکھو Cliquish

Clis-ma-claver : (n) [Echoic] گپ بازی ؛ مہمل گفتگو ؛ فضول بکواس ۔

Clisy : (شماریات) کلسی ۔

Clitch : (v) [OE."clycc(e)an"] (۱) مضبوطی سے پکڑنا ؛ چسپاں رہنا ۔ (۲) جمع رہنا ؛ قائم رہنا ۔

Clite : (n) سروالا ؛ ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں میں چمٹ جاتی ہے ۔

Clitellum : (n) [mod.L."clitellae"] (حیوانیات) زین ؛ گدی ۔

Clitic curve : (n) (شماریات) کلائسک منحنی ۔

Clitoris : (n) [Gr."klitoris"] چو چولہ ؛ بظر ؛ مردانہ عضو تناسل سے مشابہ ایک عضو جو ریڑھ دار جانداروں میں ہوتا ہے ۔

Clivers : (n) cleavers کی متبادل شکل ۔

Cloaca : (n) [L."cluere"] (۱) بدر رو ؛ موری ؛ نالی ؛ گندہ نالا ۔ (۲) پرندوں اور حشرات کی وہ آنت جس میں فضلہ رہتا ہے ۔ (۳) بد کاری کا اڈہ (مجازاً) ۔ (٤) (حیوانیات) موری ؛ مخرج ۔

Cloacal : (a) (۱) بدر رو کا ؛ موری سے متعلق ۔ (۲) فحش باتوں یا حرکات سے متعلق ۔ (حیوانیات) مخرجی ۔

Cloacal aperture : (n) (حیوانیات) موری روزن ۔

Cloacal memberance : (n) (حیوانیات) مخرجی غشا ۔

Cloacal maxima : (n) (تاریخ) بڑی موری (قدیم روم) ۔

Cloak : (n) [med. L."cloca","clocca"] (۱) فرغل ؛ لبادہ ؛ چوغا ؛ جبہ ؛ عبا ۔ (۲) چادر یا پوشش ؛ ردا ۔ (۳) ٹٹی ؛ آڑ ؛ پردہ ؛ اوٹ ؛ بہانہ ؛ حیلہ ؛ عذر ۔

Under the cloak of : کسی آڑ میں ؛ کسی بہانے سے ۔

Cloak : (v) لبادہ پہننا ؛ چھپانا ؛ پردہ ڈالنا ؛ ڈھانپنا ؛ مخفی کرنا ؛ ڈھکنا ۔

Cloak and dagger : ساز باز اور رومانی قسم کے واقعات کو بیان کرنے والا ؛ جاسوسی سے متعلق خصوصاً خفیہ ایجنٹ سے متعلق ۔

Cloak of snow : برف کی چادر ۔

Cloak and sword : ایسے قصے لکھنے والا جو اس زمانے کے امرا کے متعلق ہوں جب شمشیر زنی اور رنگین لباس عام تھے ۔

Cloak room : (n) (۱) لبادہ وغیرہ رکھنے کا کمرہ ؛ لبادہ خانہ ۔ (۲) ریلوے اسٹیشن ؛ہوٹل ؛ تھیٹر وغیرہ وہ کمرہ جہاں سامان حفاظت کے لئےرکھا جائے ؛ امانتی سامان گھر ۔

Cloaked : (a) لبادہ پہنے ہوئے ؛ چھپا ہوا یا مخفی ۔

Cloaking : (n) (۱) چھپانا ۔ (۲) لبادے کا پارچہ ؛ کپڑا جس سے چوغا وغیرہ بنایا جائے ۔

Cloakless : (a) بے لبادہ ؛ بے عبا ۔

Cloam : (n) [OE."clam"] مٹی کا برتن ؛ ظروف سفالی ۔

Cloamen : (a) مٹی کے برتن کا یا اس سے متعلق ۔

Clobber : (n) [Origin unknown] (۱) (عامیانہ) لباس ؛ سامان ۔ (۲) ایک قسم کی سیاہ لئی جو چمارچمڑے کے دراز یا شگاف کو بھرنے کے کام میں لاتے ھیں ۔

Clobber : (v) [Origin unknown] (۱) بے رحمی سے مارنا ؛ مارکر کچل دینا ۔(۲) (عامیانہ) شکست فاش دینا ؛ شدید نقصان پہنچانا ۔ (۳) ھوائی جہاز کو شدید جھٹکے کے ساتھ زمین پر لانا ۔

Clobber : (v) (۱) لباس پہننا ۔ (۲) برتن پر رنگ کاری کرنا ۔

Clobberer : (n) رفو گر ؛ جوتے کو مرمت کرنے والا ۔

Cloche : (n) [Fr.] (۱) عورتوں کی تنگ اور چھوٹی کلاہ ۔ (۲) گلاس نما شیشہ پودوں کی حفاظت کےلئے ۔

Clocher : [F."clocher"] گھنٹا ؛ مینار ؛ برج ناقوس ۔

Clochette : (n) [F.dim. of Cloche] گھنٹی نما چھوٹا زیور ۔

Clock : (n) [Of Cettic origin] (۱) گھنٹا ؛ گھڑی ؛ ساعت ۔ (۲) بعض پھولوں کا روئیں دار سر ۔ (۳) ایک قسم کا تاش کا کھیل ۔(٤) رفتار سنج ؛ وقت سنج ۔ (٥) (انگریزی عامیانہ) چہرہ ؛ وقت کی جدول جو بدل نہ سکے ۔

Astronomical clock : (ریاضی) ھیئتی گھڑی ۔

Hold the clock on : صحیح وقت کا پتا لگانا ۔

O'clock = of the clock : گھڑی کا ٹھیک وقت ۔

Round the clock : دن رات ؛ چوبیس گھنٹا ؛ شبانہ روز ؛ بے انقطاع ۔

To know / Find what o'clock it is : صورت حال کو پہچاننا ۔

To turn back the clock : پیچھے جانا ؛ ماضی کی طرف لوٹنا ۔

Clock : (n) [Origin unknown] موزے کی بغل میں یا تختہ پر ریشمی پھلور کام ؛ موزے کی ساق پر ریشمی کام ۔

Clock : (n) [Origin unknown] بھونرے کی ایک قسم ۔

Clock : (v) (۱) صحیح وقت کا پتا لگانا ؛ خود کار گھڑی کے ذریعہ آمد و رفت کا وقت درج کرنا ۔ (۲) کسی آلہ پر وقت ، فاصلہ رفتار وغیرہ کو درج کرنا ۔(۳) گھنٹا بجانا ۔

Clock : (v) (۱) کٹکٹانا ؛ کٹ کٹ کرنا ۔(۲) انڈے سینا ۔

Clock face : (n) گھڑی کا چہرہ ؛ وقت ۔

Clock-like : (a) منظم ؛ مرتب ؛ تھکا دینے والا ۔

Clock mechanic : (n) (انتظامیہ) گھڑی ساز ۔

Clock quarters : (n) گھڑی کی وہ گھنٹی جو ہر پندرہ منٹ کے بعد بجتی ھے ۔

Clock room : (n) (۱) لبادہ وغیرہ رکھنے کا کمرہ ؛ لبادہ خانہ ۔(۲) ریلوے اسٹیشن ، ھوٹل ، تھیٹر وغیرہ کا وہ کمرہ جہاں سامان حفاظت کے لئے رکھا جائے ؛ امانتی سامان گھر ۔

Clock tower : (n) گھنٹا مینار ؛ گھنٹا گھر ۔

Clock vine : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Clock watch : (n) وہ گھڑی جو بجتی ھے ۔

Clock watcher : (n) وہ کام کرنے والا جس کی نظر ہر وقت گھڑی پر رہتی ھے ۔

Clock work (n) (۱) گھڑی کی یا گھڑی کی طرح کی ساخت ۔ (۲) نازک میکانکی چیز جو بہت ھی صحیح طور پر کام کرتی ھے ۔(۳) گھڑی کی طرح کا ایک آلہ جس سے کسی سنگل یا بم کر متحرک کیا جائے ۔

Clock-work : (a) (۱) گھنٹے کی طرح خود بخود حرکت کرنے والی ۔ (۲) وہ چیز جو بطور خودکار منظم اور مرتب طور پر کام کرے ۔

Clocked : (a) موزے کی ساق پر ریشمی کام بنا ھوا ۔

Clocker : (n) (۱) (گھوڑ دوڑ میں) گھوڑوں کا وقت درج کرنے والا ۔(۲) موزوں کی ساق پر ریشمی کام کرنے والا ۔(۳) انڈے پر بیٹھی مرغی ۔

Clocking hen : (n) انڈے سیتی ھوئی مرغی ؛ انڈوں پر بیٹھی مرغی ۔

Clockless : (a) گھڑی کے بغیر ۔

Clockwise : (adv) ساعت دار ؛ گھڑی کی سی چال ؛ گھڑی کی سوئیوں کی سی حرکت یعنی دائیں سے بائیں کو ۔

Anti-clockwise / Counter clockwise : غیر ساعت دار یعنی بائیں سے دائیں کو ۔

Clod : (n) [ME.var. of CLOT] (۱) ڈھیلا ؛ ڈلا ؛ کلوخ ؛ روڑا ؛ مٹی ؛ زمین ۔(۲) ڈھیلا سا ؛ مٹی جیسا ؛ زمین کی رنگت ۔ (۳) کندھے کے پاس بیل کی گردن کا موٹا حصہ ۔ (٤) (کوئلہ کی کان) سلیٹ سے مشابہ ایک قسم کا نرم پتھر جسکی پرت آسانی سے باریک ہو جاتی ہے ۔ (۵) (مجازاً) گنوار ؛ دیہاتی ؛ دہقانی ؛ اناڑی ۔

Clod : (v) (۱) ڈھیلا بن جانا ؛ ڈلا بن جانا ۔ (۲) ڈھیلے مارنا ؛ ڈلے برسانا ؛ ڈھیلا پھینکنا ۔(۳) زور سے پھینکنا ۔

Clod-hopper : (n) (۱) دیہاتی ؛ دہقانی ؛ گنوار ؛ اناڑی ؛ احمق ۔ (۲) ایک قسم کا بڑا بھاری بھرکم جوتا ۔

Clod-hopperish : (a) دہقانی ؛ دیہاتی ۔

Clod-hopping : (a) ان گھڑ ؛ گاؤدی ؛ بے ادب ؛ کودن ؛ دیہاتی کے لائق ؛ دیہات میں کام کرنے کے لائق ؛ لٹھ ۔

Clod-knocker : (n) دیکھو clod hopper

Clod-pate : (n) احمق ؛ بے وقوف ؛ گاؤدی ۔

Clod-patted : (a) احمق ؛ بے وقوف ؛ گاؤدی ۔

Clod poll / - pole : (n) دیکھو clod-pate

Clodded : (a) ڈھیلا بنا ہوا ؛ ڈلا بنا ہوا ۔

Cloddish : (a) ڈھیلوں کے مانند ۔(۲) احمق سا ؛ گنوار سا ؛ گاؤدی سا ۔

Cloddishness : (n) احمق پن ؛ گنوار پن ؛ گاؤدی پن ؛ اناڑی پن ؛ سفاہت ۔

Clodlet : (n) چھوٹا ڈھیلا ۔

Clodly : (adv) دیہاتی پن سے ؛ بے حسی سے ۔

Clof / Cloff : (n) شگاف ؛ درز ؛ دراڑ ۔

Cloff / Clough : (n) [Origin unknown] دو پونڈ کی بعض اشیا میں تخفیف جو ہر تین ہنڈرڈ ویٹ میں خردہ فروشی میں وزن کم ہونے کے احتمال سے دی جاتی ہے ۔

Clog : (n) [Origin unknown] (۱) لکڑی کی تختی جو ٹانگ سے اس لئے باندھی جاتی ہے کہ حرکت آسانی سے نہ ہو سکے ؛ پیکڑا ؛ اڑ ڈنڈا ؛ کلوا ۔(۲) رکاوٹ ؛ اٹکاؤ ؛ مزاحمت ؛ روک ٹوک ؛ بکھیڑا ؛ بوجھ ؛ بار ؛ مانع ۔ (۳) پانوڑیاں ؛ لکڑی کےتلے کے سلیپر، جوتے ؛ کھڑاون ۔

Yule clog : کرسمس کے موقع پر جلایا جانیوالا کندہ ۔

Clog : (v) (۱) پیکڑا ڈالنا ؛ کلوا ڈالنا ؛ بوجھ ہونا ؛ بار ہونا ؛ رکاوٹ ہونا ؛ بوجھل کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ۔ (۲) روکنا ؛ مزاحم ہونا ؛ اٹکانا ؛ مزاحمت کرنا ۔ (۳) ٹھونسنا ؛ چپکنا ؛ چمٹنا ۔ (٤) کسی شے کے ٹھس جانے ، اڑ جانے یا بھر جانے سے خلل پڑنا یا رک جانا ۔(۵) غیر متعلق جزئیات سے بھر دینا (کسی فن پارے کو)۔(٦) دماغ یا احساسات کے عمل میں مخل ہونا ۔ (۷) کھڑاون پہننا ۔(۸) لکڑی کا تلہ لگانا ۔ (۹) لکڑی کے تلے والا جوتا پہن کر رقص کرنا ۔(۱۰) بھاری قدموں سے چلنا ۔

Clog almanac : (n) کلنڈرجو مربع تختے پر منبت کاری کر کے تقویم کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔

Clog dance : (n) وہ رقص جو لکڑی کے جوتے پہن کر ہوتا ہے؛ کھڑاون ناچ ۔

Clog dancer : (n) وہ رقاص یا رقاصہ جو لکڑی کے جوتے پہن کر رقص کرے ۔

Clog dancing : (n) لکڑی کے جوتے پہن کر رقص ۔

Clogger : (n) لکڑی کے تلے دے کر جوتا بنانے والا ۔

Clogginess : (n) گٹھل پن ؛ گٹھیلا پن ؛ چپچپا پن ۔

Cloggy : (a) (۱) گٹھل ؛ گرہ دار ؛ گٹھیلا ؛ گانٹھدار ۔ (۲) چپچپا ؛ لسلسا ؛ لیسدار ۔

Cloison : (n) [L."clausus"] دھات کے وہ ٹکڑے جو منبت کاری کے مختلف حصوں کر الگ الگ کر دیتے ہیں ۔

Cloisonne : (a) [Fr.] (۱) (منبت کاری میں) خانوں میں منقسم ۔ (۲) (تاریخ) مینا کاری جسمیں رنگین حصے تار سے الگ کئے گئے ہوں ۔

Cloister : (n) [L."claustrum"] (۱) کُٹّی ؛ مڑھی ؛ حجرہ ؛ خانقاہ ؛ صومعہ ؛ راھبہ ؛ راھبہ خانہ ۔ (۲) چھتہ ؛ سقف ؛ راستہ ؛ گلیاری ؛ غلام گردش ؛ رواق ۔ (۳) حمار ۔ (٤) رھبانیت ؛ رھبانی زندگی ؛ (تاریخ) حجرہ ؛ خانقاہ (عبادت گاہ کا وہ صحن جس کے چاروں طرف برآمدے ہوں) ۔

The cloister : گوشہ نشینی ؛ عزلت نشینی ۔

Cloister : (v) حجرہ نشین کرنا ؛ خانقاہ میں رکھنا ؛ محصور کرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ صومعہ نشین ہونا ؛ روک لگانا ؛ صومعہ بنانا ؛ خانقاہ بنانا ؛ غلام گردش بنانا ؛ مسقف راستہ بنانا ۔

Cloister gather : (n) غلام گردش سے گھرا ہوا صحن ۔

Cloisteral / Cloistral : (a) خانقاہ سے متعلق ؛ خانقاہی ؛ خانقاہ کے مانند ۔

Cloistered : (a) (۱) چھتہ دار ؛ مسقف ۔ (۲) گوشہ نشین ؛ تیاگی ؛ چلہ کش ؛ خانقاہ نشین ۔ (۳) تنگ نظر ؛ تنگ خیال ؛ معاشرے سے دور ۔ (٤) اپنے نجی معاملات میں محو ۔

Cloisterer : (n) گوشہ نشین ؛ خانقاہ نشین ؛ خلوت نشین ؛ زاویہ نشین ۔

Cloisterless : (a) بے صومعہ ؛ بے حجرہ ؛ جس میں غلام گردش نہ ہو ۔

Cloisterly : (a) خانقاہ صفت ؛ خانقاہی ؛ خلوتی ۔

Cloisterwise : (adv) خانقاہ کے طور پر ۔

Cloke : (n) Cloak کی قدیم شکل ۔

Clonic : (a) [Gr."klonos"] تشنجی ؛ تشنج سے متعلق ۔

Clonus : (n) [Gr."klonos"] (مرضیات) تشنج ؛ عضلات کی ایک قسم کی اینٹھن ۔

Cloop : (v) [Echoic] بوتل سے کارک (کاگ) کے نکلنے کی آواز نکالنا ؛ بھک کی آواز نکالنا ۔

Cloop : (n) بوتل سے کارک نکلنے کی آواز یا اسی قسم کی کوئی آواز ؛ بھک ۔

Cloot : (n) [ON."klo"] (۱) کُھر یا اس کا کوئی حصہ ؛ سُم یا اس کا کوئی حصہ ۔ (۲) (جمع میں) شیطان ؛ شریر آدمی ۔

Clootie : (n) (۱) چھوٹا کھر ؛ سُم یا اس کا کوئی حصہ ؛ (۲) چھوٹا شیطان ۔

Close : (a & adv) [L."clausum"] (۱) تنگ ؛ چست ؛ کھنچا ہوا ؛ مسدود ؛ بند ؛ بستہ ؛ دم گھونٹنے والی ؛ محصور ۔ (۲) دبتی ہوئی آواز (حروف علت کی) ۔ (۳) خفیہ ؛ پوشیدہ ؛ چھپا ہوا ؛ راز کا ؛ گمبھیر ؛ گہرا ؛ مخفی ؛ پنہاں ؛ رمز ۔ (٤) بخیل ؛ کنجوس ؛ سُوم ۔ (٥) محدود ؛ مخصوص ۔ (٦) ممنوع ؛ زیر ممانعت ۔ (۷) کثیف ؛ سنگین ؛ ٹھوس ؛ گاڑھا ؛ گفش ؛ گنجان ؛ گھنا ۔ (۸) قریب ؛ نزدیک ؛ آمنے سامنے ؛ متصل ۔ (۹) سیدھا ؛ بے موڑ توڑ ؛ غیر پیچیدہ ؛ صاف ؛ بے اینچ پیچ ۔ (۱۰) ٹھیک ؛ صحیح ؛ کامل ؛ پورا ۔ (۱۱) مونڈن جس میں کھونٹی نہ رہے ۔ (۱۲) بال برابر کا فرق ؛ برابر (مقابلہ میں) ۔ (۱۳) دلی ؛ قریب قریب ؛ محرم ۔ (۱٤) لگ بھگ ؛ پاس پاس ؛ تقریباً ؛ خفیہ طور پر ؛ بہت قریب ؛قرین ؛ مخفیانہ ؛ پنہاں ۔ (۱٥) گہرا ؛ عمیق ۔ (۱٦) مجتمع ؛ مرتکز ؛ گہرا ۔ (۱۷) سر بہ مہر ؛ مہر بند ۔ (۱۸) عسیر الحصول (زر و مال کا) ۔ (۱۹) اوقاف ، خصوصاً کوما (Comma) کازیادہ استعمال ۔

To keep / lie / close : چھپ کے رہنا ؛ دب کے رہنا ؛ پوشیدہ رہنا ۔

To sail close to the wind : ہَوا کے رخ پر ؛ ہَوا کے ساتھ ۔

To shut close : مروڑ کر بستہ کرنا ۔

To stand/ sit close : نزدیک کھڑے ہونا / بیٹھنا ۔

Close : (n) [f. as prec.] (۱) احاطہ ؛ گھیرا ؛ گھیر ؛ صحن ؛ آنگن ؛ پُر آنگن ۔ (۲) گرجا کا احاطہ ۔ (۲) مدرسے کے لڑکوں کے کھیلنے کا میدان ۔ (۳) بند گلی یا سڑک ؛ راستہ ۔

To break one's close : مداخلت بیجا کرنا ؛ کسی کے احاطے میں در آنا ۔

Close : (n) (۱) انجام ؛ نتیجه ؛ اختتام ؛ انتہا ؛ آخر ؛ اخیر ؛ خاتمہ ؛ دست بدست لڑائی کی دھکا پیل ؛ گھمسان ۔ (۲) (موسیقی) آھنگ ؛ (بول کا) اختتام ۔ (۳) اتحاد ؛ اجتماع ؛ اتصال ؛ الحاق ؛ پیوستگی ۔ (٤) تعطیل ؛ وقف ۔ (٥) قیمت نہائی ۔ (٦) (رقص میں) آزاد قدم کا سہارے والے قدم کے نزدیک آ جانا ۔ (۷) خط کے خاتمے کے تعارفی الفاظ جو نام یا دستخط سے پہلے ہوتے ہیں ۔

Close : (v) [L."claudere"] (۱) بند کرنا ؛ بھیڑنا ؛ لگانا ؛ دینا ؛ موندنا ؛ میچنا ۔ (۲) ختم کرنا ؛ پورا کرنا ؛ تکمیل کو پہنچانا ؛ مکمل کرنا ؛ تمام کرنا ؛ ختم ہو جانا ؛ تمام ہو جانا ؛ چکانا ؛ طے کرنا ؛ انجام کو پہنچانا ۔ (۳) ملانا ؛ جوڑنا ؛ ملنا ؛ جڑنا ؛ چمٹنا ؛ مل جانا ؛ بھڑنا ؛ بھڑانا ؛ لپٹنا ؛ متصل ہونا ؛ متحد ہونا ؛ قریب آنا ؛ بہت ہی نزدیک آ جانا ؛ نزدیک ہونا ؛ نزدیک کرنا ۔ (٤) اتفاق کرنا ؛ ماننا ؛ تسلیم کرنا ؛ منظور کرنا ؛ قبول کرنا ؛ راضی ہو جانا ۔ (٥) روکنا ؛ مسدود کرنا ؛ ممانعت کرنا ؛ محصور کرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ مقابلہ میں شریک ہونا ۔ (٦) انتہائی یا متوسط قیمت دینا ۔ (۷) بھرنا ۔ (۸) ضرب سے، نشانے سے، نظر سے آڑ میں ہو جانا ۔ (۹) گتھ جانا ؛ گتھم گتھی کرنا ۔

To close its door : دروازہ بند کر دینا ؛ کام یا کاروبار ختم کر دینا ۔

To close one's days : مرنا ؛ انتقال کرنا ؛ آخیر کرنا ۔

To close one's eyes : قصداً چشم پوشی کرنا ۔

To close the books : چندہ لینا بند کر دینا ۔

To close the door : مفاھمت کی راہ بند کر دینا ؛ غیر مصالحانہ رویہ اختیار کرنا ۔

To close the ranks : صفوں کا پاس پاس ہو جانا یا بھڑنا ۔

To close the shoe : جوتے کے اوپری حصے کو ملانا ۔

Close air : (n) گھٹی ہوئی ہوا ؛ بند ہوا ۔

Close analysis : (n) دقیق تحلیل ؛ غائر تجزیہ ۔

Close argument : (n) دلیل قاطع ؛ برھان قاطع ؛ جید استدلال ۔

Close at hand : نزدیک ۔

Close attention : (n) گہری توجہ ۔

Close bargain : (v) (تجارت) بند سودا ۔

Close bodied : (a) چست ؛ بدن پر ٹھیک ٹھیک آ جانے والا ۔

Close borough : (n) قصبہ یا شہر جس کے خلاف امتناعی حکم جاری کردیا گیا ہو ۔

Close by / to / upon : قریب ؛ نزدیک ۔

Close call : (n) بال بال بچ جانا ۔

Close cap : (n) چست ٹوپی ؛ مڑھی ہوئی ٹوپی ۔

Close combat : (n) گھمسان ؛ گھمسان کی جنگ ۔

Close contact : (n) (لسانیات) مکمل ربط ؛ بند ربط ۔

Close contest : (n) برابر کا مقابلہ ۔

Close corporation : (n) مخصوص شہر داری ؛ (تجارت) محدود بلدیہ ۔

Close cropped : (a) گھٹی ہوئی حجامت ۔

Close-fisted : (a) کنجوس ؛ بخیل ؛ خسیس ؛ ممسک ۔

Close-fistedness : (n) کنجوسی ؛ بخالت ؛ بخل ۔

Close-grained : (a) باریک دانے یا مہین ریشے کا ۔

Close-handed : (a) (۱) کنجوس ؛ بخیل ۔ (۲) دست بدست ۔

Close harbour : (n) وہ بندرگاہ جو سمندر کے کنارے کھود کر بنائی گئی ہو ۔

Close-hauled : (a) (بحری) بادبان کے رسے اتنے نزدیک ہوں کہ کشتی جہاں تک ممکن ہو ہوا کے ساتھ ساتھ چلے ۔

Close in : (v) (۱) احاطہ کرنا ؛ گھیرنا ؛ حلقہ بندی کرنا ؛ حصار کرنا ؛ محاصرہ کرنا ۔ (۲) قریب آنا ؛ نزدیک آنا ۔ (۳) بتدریج چھوٹا ہونا (دنوں کا) ۔

Close-knit : (a) (۱) گہرے سماجی اور ثقافتی رشتہ سے باھم متحد ۔ (۲) منطقی اور مستحکم طور پر باھم مربوط ۔

Close-lipped : (a) خاموش ؛ لب بستہ ۔

Close-minded : (a) ضدی مزاج ۔

Close-mourning : (n) گہری سوگواری ؛ شدید غم ۔

Close-mouthed : (a) دہن بستہ ؛ گفتگو میں محتاط ۔

Close-off : (v) (۱) علاحدہ کرنا ؛ گوشہ میں ڈالنا ۔ (۲) بہاؤ کو بند کر دینا ۔

Close of the year : (انتظامیہ) اختتام سال ۔

Close on : (prep) بہت کم وقت میں یا فاصلہ میں ۔

Close order : (n) گنجان صف بندی ۔

Close out : (n) (۱) الگ کر دینا ؛ مستثنیٰ کر دینا ۔ (۲) تمام مال کو رعایتی قیمت پر فروخت کر دینا ۔ (۳) ختم کر دینا ۔

Close prisoner : (n) سخت نگرانی میں قیدی ۔

Close quarters : (n) (۱) متصل مڈبھیڑ ۔ (۲) (مجازاً) دشمن سے مڈبھیڑ ۔

Close-ranked : (a) نزدیك نزدیك ۔

Close reading : (n) کسی تحریر کا بغور مطالعہ اور اور تجزیہ کرنا ۔

Close reasoner : (n) بے خلل یا جید استدلال کرنے والا ۔

Close-reef : (v) بادبان کے سارے حصوں کو لپیٹنا ۔

Close resemblance : (n) گہری مشابہت ۔

Close rolls : (n) دیکھو Clause-roll

Close scholarship : (n) مخصوص وظیفہ ؛ جو وظیفہ عام نہ ہو ۔

Close season : (n) موسم جس میں کسی چیز کی ممانعت ہو مثلاً شکار وغیرہ کی ۔

Close siege : (n) سخت محاصرہ ۔

Close shave : (۱) بال برابر کا فرق ۔ (۲) خوب گھٹی ہوئی حجامت جس میں ذرا بھی کھونٹی نہ رہے ۔

Close stool : (n) پاخانہ کا ظرف ؛ جو اسٹول یا بکس میں رہتا ہو ۔

Close texture : (n) مہین بناوٹ ؛ مہین بافت ۔

Close to home : ذاتی مفاد کے قریب ۔

Close transition : (n) (لسانیات) بند عبوری تبدل ؛ بند تغیر ۔

Close up : (n) (۱) نزدیك سے لی ہوئی تصویر ۔ (۲) (مجازاً) حقیقی تصویر (کسی چیز کی) ۔

Close up : (v) (۱) بند ہونا ؛ مسدود ہونا ۔ (۲) پُر ہونا ؛ بھرنا ۔ (۳) جڑنا ؛ ملنا ؛ اکٹھا ہونا ۔

Close upon : (v) بند کرنا ؛ دبا یا چھپا لینا ؛ گرفت کرنا ۔

Close vowel : (n) (لسانیات) بند مصوتہ ۔

Close writing : (n) گنجان تحریر ۔

Closed : (a) بند ؛ بستہ ۔

Closed account : (n) (کامرس) بند کھاتا ۔

Closed book : (n) کوئی ناقابل فہم چیز ۔

Closed caste system : (سماجیات) بند ذات کا نظام ؛ بند جاتی نظام ؛ بند نظام ۔

Closed chain compound : (کیمیا) حلقے دار مرکب ۔

Closed circuit : (n) (طبیعیات) بند سرکٹ ۔

Closed contract of Insurance : (تجارت) بند بیمہ معاہدہ (ناقابل تبدیلی) ۔

Closed coretransformer : (n) (طبیعیات) بند کور ٹرانسفارمر ۔

Closed corporation : (n) (تجارت) بند کارپوریشن ۔

Closed door : (a) (سیاسیات) خفیہ اجلاس ۔

Closed door discounter : (تجارت) محدود بٹہ گھر ۔

Closed economy : (n) (تجارت) بند معیشت ؛ بندھی معیشت ۔

Closed electric current / circuit : (n) بند برقی رو یا دور ۔

Closed examination : (n) سخت امتحان ۔

Closed figure : (n) (طبیعیات) بند شکل ۔

Closed form : (n) (طبیعیات) بند صورت ۔

Closed fund : (n) (تجارت) بند فنڈ ۔

Closed interval : (n) (ریاضی) بند وقفہ ۔

Closed investment trust : (تجارت) بند راس المال ٹرسٹ ۔

Closed mortgage : (n) (تجارت) بند رہن ؛ محدود رہن ۔

Closed mould : (n) (تاریخ) بند سانچہ ۔

Closed region : (n) (ریاضی) بند خطہ ۔

Closed sea : (n) (تاریخ) بحر ممنوعہ ۔

Closed session : (n) (تاریخ) بند اجلاس ۔

Closed set : (n) (ریاضی) بند سٹ ۔

Closed shell : (n) (کیمیا) مکمل خول ۔

Closed shop : (n) (تجارت) (اوروں کے لئے) بند دکان ۔

Closed shop agreement : (تجارت) بند دکان معاہدہ ۔

Closed society : (n) (تاریخ) بند سماج ۔

Closed stock : (n) =(items sold only in sets) (تجارت) سیٹ کا مال ۔

Closed surface : (n) (ریاضی) بند سطح ۔

Closed syllable : (n) (لسانیات) بند رکن ؛ بند بول ۔

Closed system : (n) (سماجیات) محدود نظام ؛ بند نظام ۔

Closed trade : (n) (تجارت) بند تجارت ۔

Closed union : (n) (تجارت) بند یونین ۔

Closed vowel : (n) (لسانیات) بند مصوتہ ۔

Closely : (adv) (۱) قریب قریب ؛ پاس پاس ۔ (۲) پوشیدہ طور پر ؛ مخفیانہ ۔ (۳) غور سے ؛ دھیان سے ۔

Closeness : (n) نزدیکی ؛ قربت ۔

Closer : (n) (۱) بند کرنے والا ؛ خصوصاً وہ موچی جو جوتوں کے اوپری حصے کو باہم ملائے ۔ (۲) وہ چھوٹا پتھر یا اینٹ جو دیوار میں یا اینٹوں کی قطار میں آخری ہو ۔

Closet : (n) [L."clausem"] (۱) کوٹھری ؛ حجرہ ؛ کمرہ ؛ خلوت گاہ ؛ خلوت خانہ ۔ (۲) الماری (چینی کے برتنوں کے رکھنے کے لئے) ۔ (۳) پیشاب خانہ ؛ پاخانہ ؛ بیت الخلا ؛ طہارت خانہ ۔

China-closet : چینی کے برتنوں کی الماری ۔

Water closet : طہارت خانہ ؛ بیت الخلا ۔

Closet : (v) (۱) خلوت میں گفتگو کرنا ؛ خلوت کرنا ۔ (۲) خلوت گاہ میں ملاقات کرنا ۔ (۳) کوٹھری یا حجرہ میں چھپانا ؛ مخفی کرنا ۔

Be closeted with / together : کسی کے ساتھ سرگرم گفتگو ہونا ۔

Closet : (a) انتہائی نجی ؛ کمرے کے لائق ؛ غیر عملی ۔

Closet-play : (n) وہ ڈراما جو صرف پڑھنے کا ہو ۔

Closet politician : (n) (تاریخ) بے عمل سیاست داں ۔

Closet-strategist : (n) شیخ چلی ؛ خیالی پلاؤ پکانے والا ۔

Closet thicket : (n) گھنی جھاڑی ۔

Closh : (n) پھولی ہوئی گردن (مویشی کی ایک بیماری) ۔

Closing : (a) آخری ؛ اختتامی ۔

Closing balance : (n) (تجارت) آخر باقی ؛ اختتامی باقی ؛ (انتظامیہ) روکڑ باقی ؛ سلك (حیدر آبادی اصطلاح) ۔

Closing entry : (n) (انتظامیہ) آخری اندراج ۔

Closing price : (n) (تجارت) اختتامی قیمت ۔

Closing stock : (n) (تجارت) اختتامی اسٹاك ۔

Closing time : (n) کاروبار بند ہونے کا وقت ؛ دکان بڑھانے کا وقت ۔

Closure : (n) [L."clausura"] (۱) بندش ؛ پابندی ؛ احاطہ ؛ وسیلہ بندش ۔ (۲) خاتمہ ؛ انتہا ؛ تعطیل ؛ بستگی ۔ (۳) دارالعلوم کا بعض حالات میں بلا مباحثہ فیصلہ ؛ کسی قانون ساز مجلس میں کسی کے حکم یا ووٹ کے ذریعہ مباحثہ کو ختم کر دینا ۔ (٤) کسی جماعت کا سماجی طور پر اپنے آپ میں محصور رھنا ۔ (٥) (کرکٹ) کسی اننگ کے خاتمے کا اعلان ۔ (٦) کسی جگہ کو بھر کر داخلہ بند کر دینا ۔ (۷) کسی فیصلہ پر پہنچنا ۔ (۸) (صوت شناسی) وہ حد جس میں آواز ھوا کے مخرج کو مسدود کر دیتی ھے ۔ (۹) مسام دار چٹانوں کے اوپر مہین بناوٹ کی چٹان کی پرت ۔ (۱۰) کسی عمل کو روک دینا ۔ (۱۱) (نفسیات) کسی نا مکمل چیز کا اس کے حصہ کو نظر انداز کرکے مکمل سمجھ لینا ؛ (فلسفہ و تعلیم) سالم بینی ۔

Closure : (v) کسی قانون ساز مجلس میں حکم یا ووٹ کے ذریعہ مباحثہ کو ختم کر دینا ۔

Closure incomplete : (لسانیات) بندش ناقص ۔

Closure velic : (n) (لسانیات) غشائی بندش ۔

Clot : (n) [OTeut."klutto"] (۱) انبار ؛ ڈھیر ؛ تودہ ؛ چکتہ ؛ دلا ؛ چکہ ؛ کلوخ ؛ ڈھیلا ۔ (۲) (مجازاً) کودن ؛ غبی ؛ کند ذھن ۔ (۳) جماعت ؛ گروہ ۔

The clot : وہ خون جو جم جاتا ھے اور رقیق سے ھمیشہ کے لئے الگ ھو جاتا ھے ۔

Clot : (v) (۱) چکتے بننا ؛ بستہ ھونا ؛ جمنا ؛ منجمد ھونا ؛ تھکا تھکا ھونا ۔ (۲) ڈھیلا توڑ کر زمین ھموار کرنا ۔

The clot of blood : غلظت دم ؛ انجماد خون ؛ خون کا تھکا ۔

Clotted cream : ملائی ؛ بالائی ؛ موٹی بالائی ۔

Clotted hair : چکٹے ھوئے بال ۔

Clotted nonsense : محض لغویت ۔

Clot-bur : (n) گل غافث ؛ اراقیطون ؛ بابا آدم ۔

Clot-pott / pole : (n) دیکھو Clod-pole

Clote : (n) [OE."clate"] گل غافث ؛ اراقیطون ؛ سوسن زرد ؛ بابا آدم ۔

Cloth : (n) [OE."clap"] (۱) پارچہ ؛ کپڑا ؛ جامہ ۔ (۲) اونی کپڑا ؛ کشمیرا ؛ پٹو ؛ پٹی ؛ شال ؛ پشمینہ ؛ ٹاٹ ۔ (۳) پیشہ ؛ دھندا (جو لباس سے معلوم ھو خاص کر پادریوں کا لباس) ۔ (٤) اسٹیج کے سامنے کا رنگین پردہ ۔ (٥) دستر خوان ۔

American cloth : امریکی کپڑا ؛ پمڑا کپڑا ؛ مارکین ۔

Cloth of gold : اطلس ؛ کمخواب ؛ زربفت ؛ سونے کے تار کا بنا ھوا کپڑا ۔

Lay the cloth : دستر خوان بچھانا ؛ میز لگانا ۔

Respect due to his cloth : کسی کے لباس کے مطابق اس کی عزت و احترام کرنا ۔

Table cloth : میز پوش ۔

The cloth : کشیش ؛ کشیش کا عہدہ ؛ اھل خرقہ ۔

To cut the coat according to the cloth : آمدنی کے مطابق خرچ کرنا ؛ جتنی چادر ھو اتنا پاؤں پھیلانا ۔

Cloth binding : کپڑے کی جلد ۔

Cloth-maker : (n) اونی کپڑے بنانے والا ۔

Cloth-measure : (n) کپڑا ناپنے کا گز ۔

Cloth-paper : (n) ایک موٹا کاغذ جو اونی کپڑوں کو دبانے اور اسے مکمل کرنے کے لئے تہوں میں رکھا جاتا ھے ۔

Cloth-shearer : (n) اونی کپڑے پر روئیں اٹھاکر فاضل گھنڈی وغیرہ کاٹنے کی قینچی ۔

Cloth-worker : (n) اونی کپڑا بنانے والا ۔

Cloth-yard : (n) گز ۔

Clothe : (v) [OE.] (۱) کپڑے پہنانا ؛ پوشاک کا انتظام کرنا ؛ کپڑے دینا ؛ کپڑے سے خبر گیری کرنا ۔ (۲) ڈھانپنا ؛ اوڑھنا ؛ ڈھکنا ۔ (۳) جہاز کا سازو سامان مہیا کرنا ۔ (٤) آراستہ کرنا ۔ (٥) کمبل کا کام دینا ۔ (٦) کسی مناسب زبان میں بیان کرنا ؛ ترجمانی کرنا یا بڑھانا ۔ (۷) گھیر لینا ؛ ملفوف کرنا ۔ (۸) (قانون کی خشک ھڈیوں پر) گوشت پوست چڑھانا ؛ جان ڈال دینا ۔ (۹) بذریعہ محاکات بیان کرنا ۔ (۱۰) قوت یا صلاحیت عطا کرنا ۔

Body clothes soul : جسم روح کا لباس ھے ۔

Clothed with plantation : پُر شجر ؛ پیڑوں سے ڈھکی ہوئی (زمین) ۔

Clothed with righeousness : نیکی سے آراستہ ؛ جامہ پارسائی میں ۔

Clotheface in smile : پُر تبسم چہرہ ۔

To clothe ideal in words : خیالات کو الفاظ کا جامہ پہنانا ۔

Clothes : (n) (۱) پہننے کے کپڑے ؛ لباس ؛ پوشاک ۔ (۲) پلنگ کی چادر ؛ تکیوں کے غلاف وغیرہ ۔ (۳) امتیازی طرز یا اسلوب ؛ کردار ؛ رومال ۔

Clothes bag / basket : (n) میلے کپڑوں کا تھیلا ، ٹوکری ۔

Clothes brush : (n) کپڑا صاف کرنے کا برش ۔

Clothes horse : (n) لکڑی کی الگنی جس پر کپڑے ڈال کر سکھائے جاتے ہیں ۔

Clothes line : (n) ڈوری کی الگنی جس پر کپڑے سکھانے کے لئے ڈالے جاتے ہیں ۔

Clothes moth : (n) کپڑوں کا کیڑا ؛ کپڑا کیڑا ۔

Clothes rope : (n) دیکھو Clothes line

Clothes peg : (n) لکڑی کا کلپ جو الگنی میں لگایا جاتا ھے تا کہ کپڑے اڑ جانے سے محفوظ رھیں ۔

Clothes pin : (n) دیکھو Clothes peg

Clothes press : (n) کپڑے کی الماری ؛ جامہ دان ۔

Clothier : (n) بُنکر ؛ نور باف ؛ جامہ فروش ؛ پارچہ فروش ؛ درزی ؛ پوشاک ساز ؛ اونی کپڑے بنانے والا ؛ کپڑے کا تاجر ۔

Clothing : (n) (۱) پوشاک ؛ ملبوس ؛ پیرھن ۔ (۲) کپڑے پہنانا ۔ (۳) پالتو جانوروں کا لباس ۔ (٤) (جہاز رانی) بادبان ۔ (٥) استر ؛ غلاف ۔ (٦) ظاھری خصوصیات ۔

Cloth(e)less / Clotheless : (a) بے لباس ؛ عریاں ؛ برھنہ ؛ بے جامہ ۔

Clotted : (a) تھکّا بنا ہوا ؛ جما ھوا ؛ منجمد ؛ تھکوں سے بھرا ھوا ۔

Clotted-cream : (n) جمی ہوئی بالائی ۔

Clotty : (a) تھکّا بنا ھوا ؛ جمنے والا ؛ منجمد ہونے والا ۔

Cloture : (n) [L."claustura"] کسی قانون ساز مجلس میں حکم یا ووٹ کے ذریعہ مباحثہ کو ختم کر دینا ۔

Clotweed : (n) غافث ۔

Clou : (n) [Fr.] توجہ کا سب سے اھم نقطہ ؛ خاص کشش ۔

Cloud : (n) [OE."clud"] (۱) بادل ؛ گھٹا ؛ ابر ؛ بدلی ؛ سحاب ۔ (۲) عارضی اور موھوم شے ۔ (۳) غبار، گرد یا دھوئیں وغیرہ کا بادل ۔ (٤) دھندلاپن ؛ جھائیں ؛ دھندھلاھٹ ؛ گدلاپن ؛ دھند ۔ (٥) پرندوں ، کیڑوں ، سواروں کے دل بادل ۔ (٦) ھلکا اونی گلوبند ۔ (٧) تاریکی ؛ اندھیاری ؛ ابہام ۔ (٨) فکر، غم، رنج، تکلیف، پریشانی کی گھٹا ۔ (٩) شك و شبہ ؛ چہرے کی افسردگی ۔ (١٠) کسی شفاف شے پر سیاہ یا غیر شفاف دھبا ۔

A cloud of words : الفاظ کا ابہام ؛ الفاظ کا گورکھ دھندا ۔

In the clouds : عام خیال میں غیر حقیقی ؛ خیالی ؛ مبہم ۔

Magllanic clouds : قطب جنوبی کے نزدیك دو بڑے سحابئے ۔

To blow a cloud : (عامیانہ) تمباکو پینا ۔

Under a cloud : معتوب ؛ ساقط الاعتبار ؛ معرض عتاب میں ؛ معرض اشتباہ میں ؛ مشکل میں ۔

Under cloud of night : رات کی تاریکی میں ؛ شب کے اندھیرے میں ۔

Cloud : (v) (۱) گھٹا آنا ؛ ابر چھانا ؛ بادل آنا ۔ (۲) رنگ برنگ ھونا ؛ گونا گوں ھونا ۔ (۳) ملول ھونا ؛ اداس ھونا ؛ مکدر ھونا ؛ افسردہ ھونا ؛ محزون ھونا ؛ غمگین ھونا ۔ (٤) سایہ ڈالنا ؛ مصیبت سے افسردہ کرنا ۔ (٥) تیرہ و تار کر دینا ؛ داغ لگانا ؛ بدنام کرنا ۔ (٦) غیر متشکل داغوں سے رنگا رنگ کر دینا یا داغدار کر دینا ۔ (٧) غیر شفاف بنا دینا ۔ (٨) غیر یقینی اور قابل تردید بنا دینا ۔ (٩) دماغ کو پراگندہ اور غیر منطقی بنا دینا ؛ بے حس بنا دینا ۔ (١٠) لطافت یا پاکیزگی کو مسخ کر دینا یا خراب کر دینا ۔

Cloud-assembler : (n) بادل جمع کرنے والا (زیس کا نام ہومر میں)۔

Cloud-berry : (n) ایک پہاڑی جھاڑی۔

Cloud-built : (a) خیالی ؛ غیر حقیقی۔

Cloud-burst : (n) ابر اور مینہ کا طوفان۔

Cloud-capt / Cloud-capped : (a) بادلوں سے ڈھکی ہوئی پہاڑی ؛ ابر پوش پہاڑی۔

Cloud castle : (n) خیالی پلاؤ ؛ خالی سیر۔

Cloud-compeller : (n) (۱) بادلوں کا دیوتا ؛ اندر دیوتا۔ (۲) بادلوں کو جمع کرنے والا ؛ سگریٹ پینے والا۔

Cloud-cuckoo-land : (n) اقلیم خواب و خیال ؛ ایٹوپیائی تخیل کی ایک غیر حقیقی دنیا ؛ خیالی جنت۔

Cloud-drift : (n) اڑتے ہوئے بادل ؛ ابر رواں۔

Cloud-kissing : (a) آسمان سے باتیں کرنے والی ؛ بلند ؛ اونچی ؛ فلک بوس ؛ ابر بوس۔

Cloud-on-brow : ابرو پر بل ؛ مکدر چہرہ۔

Cloud-rack : (n) پھٹے پھٹے بادل۔

Cloud-ring : (n) خط استوا کے دونوں جانب کچھ فاصلہ پر وہ ابر دار علاقہ جہاں سناٹا اور بدلتی ہوئی ہوائیں ہوتی ہیں۔

Clouded : (a) رنگ برنگ کا ؛ گونا گوں ؛ دھندلا ؛ پراگندہ ذہن ؛ قابل اعتراض۔

Cloudly : (adv) تکدر سے ؛ دھندلے پن سے ؛ اداسی سے۔

Cloudiness : (n) (۱) ابر آلودگی ؛ گھٹا۔ (۲) دھندلا پن ؛ تکدر۔

Cloudland / -world : (n) (۱) وہ بالائی فضا جہاں بادلوں کا جمگھٹ ہوتا ہے۔ (۲) خیالی عالم ؛ عالم خیال ؛ شاعرانہ تخیل کی دنیا۔

Cloudless : (a) بے ابر ؛ صاف ؛ کھلا ؛ نکھرا۔

Cloudlessly : (adv) صاف طور سے ؛ کھلے طور پر ؛ واضح اور روشن طور پر۔

Cloudlessness : (n) مطلع صاف ہونا۔

Cloudlet : (n) بادل کا چھوٹا سا ٹکڑا ؛ لکہ ابر۔

Cloudscape : (n) بادلوں کا خوشنما منظر ؛ بادلوں کی تصویر۔

Cloudwards : (adv) (۱) بادل کی سمت ؛ گھٹا کے رخ۔ (۲) آرزوؤں اور ان کے حصول میں بلند۔

Cloudy : (a) (۱) دھندلا ؛ غبار آلود ؛ ابر آلود ؛ بادل چھایا ہوا ؛ بادل گھرا ہوا۔ (۲) مکدر ؛ ملول ؛ افسردہ ؛ اداس ؛ محزوں۔ (۳) بادلوں کا یا بادلوں سے متعلق ؛ بادلوں سے بنا ہوا۔ (٤) غیر واضح ؛ مدھم ؛ مبہم۔ (٥) بادلوں کی طرح ہلکا ؛ سبک۔ (٦) رنگ اور ساخت میں ناہموار۔

Clough : (n) [OE."cloh"] گھاٹی ؛ پہاڑوں میں چشمے کا راستہ ؛ کھالا۔

Clour : (n) [Origin unknown] دھپ ؛ دھول ؛ وہ ضرب جس سے سر میں ٹیڑ اٹھ جائے ؛ وار۔

Clour : (v) ٹیڑ اٹھانا۔

Clout : (n) [OE."clut"] (۱) چیتھڑا ؛ پیوند ؛ تھگلی۔ (۲) صافی ؛ پوچھن ؛ دست مال۔ (۳) گھونسہ ؛ مکا۔ (٤) کرمچ کا ہدف یا نشانہ۔ (٥) لوہے کا پتر جو خصوصاً گھسنے سے روکنے کے دھرے پر لگا رہتا ہے۔

A dish clout : صافی۔

In the clout : زد میں۔

Clout : (n) [f. as prec.] مٹی کا ڈھیلا ؛ کلوخ۔

Clout : (v) (۱) پیوند لگانا ؛ پارہ دوزی کرنا ؛ تھگلی لگانا ؛ گانٹھنا۔ (۲) گھونسا مارنا ؛ چپتیانا ؛ ڈگبانا۔ (۳) آہنی نعل لگانا ؛ دھرے میں لوہے کا پتر لگانا ؛ جوتے میں چوڑے سر والی کانٹی لگانا۔ (٤) کپڑے سے ڈھانکنا یا ڈھک دینا۔ (٥) (عامیانہ) چوری کرنا۔

Clout-nail : (n) بڑے چپٹے سر والی کانٹی۔

Clouted : (a) پیوند لگا ہوا ؛ پیوند دار۔

Clouted : (a) موٹی (بالائی یا ملائی)۔

Clouted shoe : (n) وہ جوتا جس میں چوڑے سر والی کانٹی لگی ہو ؛ دیہاتی جوتا ۔

Clouter : (n) موچی ۔

Clove : (n) [OE."clufu"] لہسن وغیرہ کی پوتھی یا گنٹھی ۔

Clove : (n) [F."clou"] (۱) لونگ قرنفل ۔(۲)لونگ کا درخت ۔ (۳) Clove gilly flower کا مخفف ۔ (٤) (جمع) لونگ سے خوشبو دار بنایا ہوا مشروب یا شربت ۔

Clove : (n) [Anglo- L."clavus"] پنیر اور اون ناپنے کا ایک قدیم پیمانہ جو تقریباً ۷ یا ۸ پونڈ کے برابر ہوتا تھا ۔

Clove : (n) [DU."klove"] گھاٹی ؛ درہ ؛ ندی کا راستہ ۔

Clove : (v) لونگ کا مسالا ڈالنا ؛ پیاز وغیرہ میں لونگ لگانا ۔

Clove : (n) Cloven کا مخفف ۔

Clove : Past tense کا Cleave

Clove-bark : (n) دار چینی کے درخت کی چھال ۔

Clove-bitch : (n) ایک طرح کی گرہ ؛ بلی کے چاروں طرف کی گرہ ۔

Clove-gilly flower : (n) ایک قسم کا پھول جس میں لونگ کی خوشبو آتی ہے ۔

Clove-hook : (n) لوہے کا قبضہ ۔

Clove-pink : (n) گل میخک ؛ گلابی رنگ کا پھول ۔

Cloven : (a) شگاف دار ۔

Cloven hoof / foot : (n) (۱) شگاف دار کُھر ۔ (۲) شیطنت کی نشانی ۔

Cloven-hoofed / footed : (a) شگاف دار کُھر والا ۔

Clover : (n) [OE."clabre","clafre"] تین پتیا گھاس ۔

To like / be in / clover : آرام و آسائش سے زندگی بسر کرنا ؛ فراغ بالی سے بسر کرنا ۔

Clover : (v) تین پتیا گھاس بونا ۔

Clover-hayworm : (n) ایک قسم کے کیڑے کا پہل روپ ۔

Clover-weevil : (n) کرم دانہ جو غلے میں رہتا ہے ؛ سونڈ والا کیڑا ۔

Clovered : (a) تین پتیا گھاس اُگی ہوئی یا چھائی ہوئی ۔

Clow : (n) [late L."clusa"] (۱) بند ؛ باندھ ؛ آب بند ۔ (۲) دریچہ ؛ باندھ کا دروازہ ؛ پانی نکالنے یا روکنے کا پھاٹک ۔

Clow (e) gilofri : (n) دیکھو Clove-gillyflower

Clown : (n) [Of Low German origin] (۱) گنوار ؛ دہقانی ؛ دیہاتی ؛ کسان ۔(۲) جاہل ؛ اکھڑ ؛ اجڈ ؛ گاؤدی ؛ انگھڑ ؛ کندۂ نا تراش ؛ نا تراشیدہ ؛ بے تمیز ؛ غیر مہذب ۔ (۳) مسخرا ؛ بھانڈ ؛ نقال ؛ بھاٹ (خصوصاً سرکس وغیرہ میں) ۔(٤) ایک رقاص جو مضحك اور طنز آمیز رقص کیا کرتا ہے خصوصاً بھیس بدل کر ۔

Clownery : (n) مسخراپن ؛ بھانڈ پن ؛ نقالی ۔

Clownish : (a) گنوارو ؛ بد خلق ؛ بد تمیز ؛ غیر مہذب ؛ بے تمیز ؛ انگھڑ ۔

Clownishly : (adv) گنوار پن سے ؛ بد خلقی سے ؛ بد تمیزی سے ؛ اکھڑ پن سے ؛ نقالی سے ؛ بد تہذیبی سے ۔

Clownishness : (n) گنوار پن ؛ بد تمیزی ؛ بد خلقی ؛ بد تہذیبی ۔

Clownship : (n) (۱) نقالی ؛ مسخرگی ؛ بھانڈ پن ۔ (۲) مضحکہ کا لقب ۔

Cloy : (v) سیر کر دینا ؛ منہ پھیر دینا ؛ جی بھر دینا ؛ چھکانا ؛ اکتا دینا ؛ بے رغبت کر دینا ؛ اکھا دینا ۔

Cloyedness : (n) سیری ؛ بے رغبتی ؛ بیزاری ۔

Cloying : (a) کسی خوبی کی اس قدر زیادتی کہ بیزاری پیدا ہو جائے ۔

Clcyless : (a) جس سے جی نہ بھرے ؛ جو سیر نہ کرے ؛ جس کا جی نہ بھرے ۔

Club : (n) [ON."clubba"] (۱) ڈنڈا ؛ سونٹا ؛ لٹھ ؛ گرز ؛ گتکا ؛ مگدر ۔(۲) گولف کے کھیل وغیرہ کا ڈنڈا ، تھاپی ۔(۳) (نباتیات) فراخ سر ۔ (٤) تاش کے کھیل میں پھول یا چڑیا کا رنگ ؛ پھول ؛ چڑیتا ۔(۵) انجمن ؛ مجلس ؛ سبھا ؛ کلب ؛ بزم ۔(٦) بندوق کا کندہ ۔ (۷) تھاپی یا ڈنڈے کی ساخت کی کوئی چیز ۔

Benefit club : بیمہ باھمی ۔

Indian clubs : مگدر ؛ جوڑی ۔

Club : (v) (۱) ڈنڈے لگانا ؛ ڈنڈے سے پیٹنا ۔ (۲) بندوق کے کندے سے مارنا ۔ (۳) ملنا ؛ ملانا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ اکٹھا ھونا ؛ مجتمع ھونا ؛ مل جانا ۔ (٤) مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ فائدہ پہنچانا ۔ (٥) اپنی فوج کو گڈ مڈ کرنا ۔ (٦) متحد ھونا ؛ متفق ھونا ؛ شرکت کرنا ۔ (۷) (جہاز رانی) لنگر ڈال کر پانی کے بہاؤ پر چلنا ۔

To club a musket : نال کو ڈنڈے کی طرح استعمال کرنا ۔

Club-foot : (n) پاؤں پھرا ۔

Club footed : (a) پاؤں پھرا ۔

Club-haul : (v) (بحری) رسّے کاٹ کر جہاز کو موڑنا ۔

Club-house : (n) کلب گھر ؛ انجمن کا مکان ۔

Club-land : (n) انجمن زار ؛ لندن میں سینٹ جیمس کا محلہ جہاں انجمنوں کی کثرت ھے ۔

Club-law : (n) جس کی لاٹھی اس کی بھینس ؛ ڈنڈے کی حکومت ؛ زبردستی ؛ جس کی تیغ اس کی دیگ ۔

Club-man : (n) (۱) ڈنڈے سے مسلح ۔ (۲) انجمن کا رکن ۔

Club-money : (n) انجمن بیمہ باھمی کا چندہ ۔

Club-moss : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Club-riser : (n) (۱) دیکھو Club-man (۲) سمور ۔

Club-root : (n) شلغموں میں ایک قسم کی بیماری ؛ شلغم کا کیڑا ۔

Club-rush : (n) ایک پودا ۔

Club-shaped : (a) مگدر کی شکل کا گرز نما ؛ فراخ سر ۔

Clubable / Clubbable : (a) کلب یاانجمن کی رکنیت کے لائق ؛ کلب کے قابل ؛ مردم آمیز ۔

Clubbed : (a) (۱) ڈنڈے کی شکل کا ؛ مگدر کی شکل کا ۔ (۲) مگدر کی طرح مستعمل ۔ (۳) (فوج) درھم برھم ؛ گڈ مڈ کی ھوئی فوج ۔

Clubbed rim : (تاریخ) موٹھ دار کنارا ۔

Clubber : (n) (۱) کسی انجمن کا رکن ۔ (۲) مگدر بھانجنے والا ؛ مگدر باز ۔

Clubing offer : (n) (تجارت) اجتماعی رعایتی چندہ یا پیش کش ۔

Clubbish : (a) (۱) مسخرا ۔ (۲) انجمن باز ۔

Clubbism : (n) نظام انجمن ؛ کلب کا نظام ۔

Clubbist : (n) فرانسیسی انقلاب کی سیاسی انجمنوں کا رکن یا حامی ؛ کسی انجمن کا رکن ۔

Clubless : (a) بے انجمن والا ؛ بے ڈنڈے والا ۔

Clubster : (n) (۱) دیکھو Club-man (۲) سمور ۔

Cluck : (n) [Echoic] (۱) کٹ کٹ ؛ کڑ کڑ (مرغیوں کی بولی) ۔ (۲) (عامیانہ) احمق آدمی ۔

Cluck : (v) کٹ کٹ کرنا ؛ کڑ کڑ کرنا ؛ کٹکٹانا یا اس طرح کی کوئی آواز نکالنا ۔

Cludder : (v) Clodder کی متبادل شکل ۔

Clue : (n) [Var.of CLEW] (۱) کھوج ؛ نشان ؛ پتا ؛ اشارہ ؛ اتاپتا ؛ سراغ ؛ سر رشتہ ۔ (۲) سلسلہ خیالات ؛ قصہ کا سلسلہ ۔ (۳) کبھی کبھی Clew کے معنی میں ۔

Clue-line : (n) دیکھو Clew-line

Clueless : (a) بے نشان ؛ بے کھوج ؛ بے سراغ ؛ بے پتا ۔

Clumber : (n) [f. Clumber,a seat of the Duke of Newcastle] ایک قسم کا چھوٹا کتا ؛ اسپینیل کی ایک قسم ؛ کلمبر ۔

Clump : (n) [LG."klump"] (۱) جھنڈ ؛ کنج ؛ تودہ ؛ ڈھیر ؛ انبار ؛ گچھا ۔ (۲) جوتے کا موٹا زائد تلا ۔ (۳) سفید چونے کا پتھر ۔ (٤) (جمع میں) ایک قسم کا کھیل ۔

Clump : (v) (۱) گنوار پن سے چلنا ؛ بے ڈھنگے پن سے چلنا ؛ بھد بھد چلنا ۔ (۲) درختوں کو گنجان طریقہ سے لگانا ؛ ڈھیر لگانا ؛ انبار لگانا ۔ (۳) جوتے میں دہرا تلا لگانا ۔

Clump-sole : (n) دہرا تلا ۔

Clumpboot / shoe : (n) دہرے موٹے تلے والا جوتا ۔

Clumped : (a) (۱) دہرا تلا لگا ہوا ۔ (۲) (درخت) گنجان طریقے سے لگا ہوا ۔

Clumper : (n) دیکھو Clump

Clumpish : (a) بھاری اور بے ڈھنگا ۔

Clumps : (n) ایک قسم کا کھیل ۔

Clumpy : (a) ھدا ؛ بے ڈھنگا ۔

Clumse : (a) [Of Norse origin] (۱) ٹھٹھرا ہوا ۔ (۲) بے وقوف ؛ نادان ؛ بد خلق ؛ بد مزاج ۔

Clumsily : (adv) اناڑی پن سے ؛ بری طرح سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ بھونڈے پن سے ۔

Clumsiness : (n) اناڑی پن ؛ بے ڈھنگاپن ؛ بھونڈا پن ۔

Clumsy : (a) (۱) بے ڈھنگا ؛ انگھڑ ؛ بھونڈا ؛ بے ڈول ۔ (۲) بھدا ؛ بھدیسل ؛ کڈھب ؛ بد ترکیب ؛ نا ھنجار ۔ (۳) اناڑی ؛ پھوھڑ ؛ بے سلیقہ ؛ خام دست ؛ نا آزمودہ ؛ بے مہارت ۔

Clunch : (a) [f. LG."klunt",Du."klont"] گٹھیلا ؛ گٹھا ہوا ؛ ڈلے دار ؛ سخت ۔

Clunch : (n) (۱) بھدا بے ڈھنگا ؛ انگھڑ ۔ (۲) سخت مٹی ۔ (۳) سفید چونے کا نرم پتھر ۔

Cluniac : (a & n) [mod.L."cluniacus"] (۱) فرانسیسی خانقاہ کلونی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) فرانسیسی خانقاہ کلونی کا راھب ۔

Cluniacensian : (n) کلونی خانقاہ کا راھب ۔

Clunist : (n) کلونی خانقاہ کا راھب ۔

Clupeoid : (n) [L."clupea"] هیرنگ کے خاندان کی ایک مچھلی ۔

Cluster / Gluster : (n) [OE."clyster"] (۱) گچھا ؛ گپھا ؛ جھنڈ ؛ خوشہ ؛ جھرمٹ ؛ جھومر ؛ جھمکا ۔ (۲) ٹڈی دل ؛ ھجوم ؛ مجمع ؛ گروہ ؛ جم غفیر ؛ جمگھٹ ۔

Cluster : (v) جھنڈ ھونا یا بنانا ؛ گچھا ھونا یا بنانا ؛ اکٹھا ھونا یا کرنا ؛ جمع ھونا یا کرنا ۔

Cluster analysis : (n) (سماجیات) جھرمٹ تجزیہ ؛ جمعی تجزیہ ۔

Cluster-candlestick : (n) جھاڑ ۔

Cluster of star : (n) (ریاضی) ستاروں کا جھرمٹ ۔

Cluster point : (n) (ریاضی) ازدحام نقطہ ۔

Cluster sampling : (n) (ریاضی) انبوھی نمونہ سازی ۔

Clustered : (a) مجتمع ؛ جھنڈ بنا ھوا ؛ ایک جگہ اکٹھا ۔

Clustered-pillar : (n) ستونوں کا جھرمٹ یا جھنڈ ۔

Clusteringly : (adv) مجمع بناکر ؛ اکٹھا ھوکر ؛ غول بناکر ؛ جمگھٹ میں ۔

Clustery : (a) اجتماعی ؛ جھنڈ دار ۔

Clutch : (n) [ME."cloke" Sc."cluke"] (۱) مضبوط پکڑ ؛ گرفت ۔ (۲) (جمع میں) پنجے ؛ چنگل ؛ پنجہ ستم ؛ پنجۂ ظلم ۔ (۳) وہ آلات جن سے مشین چلائی یا ٹھہرائی جاتی ھے ۔ (٤) شکنجہ ؛ جر ثقیل کا وہ حصہ جو وزن کو پکڑتا ھے ؛ گیرندہ ۔ (٥) دشوار حالت ؛ نازک وقت ۔

Clutch : (n) (۱) انڈوں کی جھولی ۔ (۲) ایک ساتھ نکلے ھوئے بچے ؛ جھول ۔ (۳) جھنڈ ؛ گروہ ؛ جماعت ۔

Clutch : (v) (۱) مضبوطی سے پکڑنا ؛ چنگل میں لے لینا ۔ (۲) جھپٹنا ؛ جھپٹا مارنا ؛ چنگل مارنا ؛ اچک لینا ۔

Clutch : (v) انڈے سینا ۔

Clutch : (a) (عورتوں کے تھیلے یا بیگ کے متعلق) بے دستے والا ؛ بے بند والا (لیڈی کوٹ وغیرہ) ۔

Clutch-fist : (n) بخیل ؛ کنجوس ۔

Clutter : (n) (۱) پریشان حرکات ؛ شور و غل ؛ بوکھلاھٹ ؛ پریشانی ؛ گھبراھٹ ۔ (۲) درھم برھم ۔

Clutter : (v) (۱) بوکھلا جانا ؛ گھبرا جانا ؛ سراسیمہ ھونا ؛ ھاتھوں کے طوطے اڑ جانا ۔ (۲) الل بلل بولنا ۔ (۳) ڈھیر لگ جانا ۔ (٤) شورو غل کرنا ۔

Clutterment : (n) بھیڑ بھڑکا ۔

Cly : (n) [See CLAN] (چوروں کا عامیانہ) جیب ؛ روپیہ پیسہ ؛ رقم ۔

Cly : (v) چرانا ؛ چرالینا ۔

Clydesdale : (n) اسکاتستان کے گھوڑوں کی ایک نسل ۔

Clypeal : (a) حشرات کے سر کے ڈھال نما حصہ سے متعلق ؛ سپری ؛ سپر نما ۔

Clypeaster : (n) [L."clypeus"+Gr."aster"] خار پشت ؛ جانوروں کی ایک نوع ۔

Clypeastroid : (a & n) خارپشتی ۔

Clypeate : (a) (۱) سپر نما ؛ گول سپر کی طرح یا شکل کا ۔ (۲) سپر دار ۔

Clypeiform : (a) سپر کی شکل کا ۔

Clypeo : جزء ترکیبی بمعنی " سپر " ۔

Clypeolar : (a) چھوٹی سپر کی شکل کا ۔

Clypeolate : (a) وہ جس میں چھوٹی سپریں ھوں ۔

Clypeole : (n) [L."clypeolum"] چھوٹی سپر ۔

Clypeus : (n) [L."clipeus"] حشرات کے سر کا ڈھال نما حصہ ؛ سپر ۔

Clysmic : (a) [Gr."klyemos"+-IC] دھونے والا ؛ صاف کرنے والا ۔

Clyssus : (n) [L.] جوھر ؛ مادہ ؛ اصل ۔

Clyster : (n) [Gr."klyster"] تنقیہ ؛ امالہ ؛ حقنہ ؛ شیافہ ۔

Clyster : (v) تنقیہ کرنا ؛ امالہ دینا ؛ حقنہ دینا ۔

Clyster-pipe : (n) امالے کی نلی ؛ حقنے کی نلی ۔

Cnemial : (a) [Gr."knyme"+ - (1) AL] پنڈلی کی ھڈی سے متعلق ؛ ٹانگ کی ھڈی سے متعلق ۔

Cnida : (n) (Cnidas-Pl) [Gr."kunide"] وہ عقربی خلیہ جس میں نیش رھتا ھے اور جسکو Nematocyst کہتے ھیں ؛ رشتہ کیسہ ؛ جیلی فش (Jelly-fish) وغیرہ کے بدن کا وہ حصہ جس میں اس کا نیش رھتا ھے ۔

Cnidoblast : (n) وہ خلیہ جس میں جیلی فش وغیرہ کا نیش پرورش پاتا ھے ۔

Cnidocil : (n) رشتہ کیسہ کا خارجی حساس مژگانی عمل ۔

Cnidophore : (n) رشتۂ کیسہ کے ایک سلسلہ کے پیدا ھونے کا عمل ۔

Co : Company (کمپنی) کا مخفف ۔

Co-(prefix) : سابقہ جو " مع، ساتھ، سنگ " ریاضی کے الفاظ کے پہلے آتا ھے ۔ (۲) ھم درجہ ؛ ھم پلہ ۔ (۳) شریک ؛ ساتھی ۔ (٤) نائب ؛ معاون ؛ ھم کار ۔

Co adjacent : (n) باھمی متصل خیالات یا افکار ۔

Co-adunation : (n) [L."coadunationem"] پیوستگی ؛ جڑواں ھوا ؛ پیھم پیوستگی ؛ ھم زادگی ۔

Co-agency : (n) مشترک ایجنسی ؛ مشترک عمل ۔

Co-agent : (n) شریک عمل ۔

Co-alley : متصل گلی ۔

Co-aration : (n) کاشت بہ اصول امداد باھمی ۔

Co-assessor : (n) پنچ ؛ ثالث ؛ شریک ثالث ۔

Co-assist : (v) باھم مدد کرنا ۔

Co-assume : (v) ایک ساتھ قبول کرنا ۔

Co-attest : (v) باھم تصدیق کرنا ۔

Co-attestation : (n) باھم تصدیق ۔

Co-attestator : (n) باھم تصدیق کرنے والا ۔

Co-author : (n) شریک مصنف ۔

Co-brother : (n) هم کار ؛ رفیق کار ؛ هم پیشہ ۔

Co-carde : (n) ربن یا ربن کی گرہ جو ھیٹ پر کسی عہدہ یا پارٹی کی علامت کے طور پر لگاتے ھیں ؛ دیکھو Cockade

Co-curricular: (n) وہ نصاب جو اصلی نصاب تعلیم سے الگ ھو مگر متمم ھو ۔

Co-defendent : (n) مدعا علیہ مشترک ۔

Co-determination : (n) (تجارت) ہم تعین ۔

Co-ed : (n) ایک مخلوط تعلیم گاہ کی طالبہ ۔

Co-ed : (a) مخلوط تعلیم کے متعلق ۔

Co-educate : (v) مخلوط تعلیم دلانا ۔

Co-education : (n) لڑکے اور لڑکیوں کی مخلوط تعلیم ۔

Co-educational : (a) مخلوط تعلیم سے متعلق ؛ مخلوط تعلیم ۔

Co-effect : (n) (۱) اثر مشترک ؛ هم اثر ۔ (۲) (تعلیمات) متوازی اثر ۔

Co-establishment : (n) مشترک ادارہ ؛ مشترک نظام ۔

Co-estate : (n) سیاسی مقام کی حیثیت سے برابر یا جائدادی حیثیت سے برابر ۔

Co-executor / Co-executrix : (n) (۱) هم وصی ؛ مشترک اجرا کنندہ ۔(۲) (تجارت) هم تعمیل کنندہ ۔

Co-exist : (v) کسی دوسری چیز کے ساتھ موجود ھونا یا وجود رکھنا ؛ هم وجود ھونا ؛ هم بود ھونا ؛ هم زیست ھونا ۔

Co- existing : (a) هم زیست ؛ هم وجود ؛ هم بود ۔

Co-feoffe : (n) هم تیول ؛ هم جاگیر ۔

Co-insurance : (n) (تجارت) هم بیمہ ۔

Co-insurer : (n) (تجارت) هم بیمہ کنندہ ۔

Co-labourer : (n) [Co+LABOURER] هم کار؛ رفیق کاریگر ؛ شریک مزدور ۔

Co-latitude : (n) [Co+LATITUDE] (فلکیات) عرض البلاد کا خاتمہ ؛ عرض اتمام ۔

Co-lessee : (n) شریک ٹھیکہ دار ؛ شریک پٹہ دار ؛ شریک اجارہ دار ۔

Co-lessor : (n) شریک اجارہ دهندہ ؛ شریک پٹہ دینے والا ۔

Co-mart : (n) عہد و پیمان ؛ معاھدہ ؛ اقرار نامہ ۔ میثاق ؛ قانون اقرار نامہ ۔

Co-martyr / Commartyr : (n) شریک شہادت ۔

Co-mate : (n) رفیق ؛ ساتھی ؛ همدم ۔

Co-obligant : (n) مشترک طور پر متعهد ؛ تعهد مشترک رکھنے والا ۔

Co-obligor : (n) تعهد مشترک ۔

Co-occupant : (n) متفرق ؛ مشترک ۔

Co-occurence : (n) (لسانیات) هم وقوعیت ؛ (تاریخ) هم وقوع (دو کلچروں کا) ۔

Co - op : Co - operative کا مخفف ۔

Co-operancy : (n) هم کاری ؛ هم مقصدی ۔

Co-operant : (n) [L. "Cooperai"] هم کار ؛ بہم مقصد ؛ هم غایت ۔

Co-operate : (v) [L. "cooperat"] (۱) مل کر یا بالاشتراک کام کرنا ؛ ساتھ دینا یا مدد دینا ؛ (کام میں) هم کار ھونا ؛ هم دست ھونا ۔ (۲) مل جانا ؛ ممد ؛ سازگار ؛ مساعد ؛ موید ھو جانا (مختلف چیزوں کا کسی ایک نتیجہ پیدا کرنے میں) ۔(۳) معاشیاتی تعاون کرنا ۔

Co-operation : (n) (۱) اتحاد عمل ؛ هم دستی ؛ هم کاری ؛ اشتراک ؛ تعاون ؛ موالات ۔ (۲) (معاشیات) امداد باهمی ؛ انجمن هائے قرضہء باهمی ؛ معاشی پیدا وار اور اس کی تقسیم ۔

Co-operative : (a) اشتراک کا ؛ مساعد ؛ موید ؛ معاونت کرنے والا ؛ مائل بہ تعاون ؛ انجمن باهمی کا رکن ؛ صنعت و حرفت کی امدادی انجمن سے متعلق ۔

Co-operative society : (n) (تجارت) انجمن امداد باهمی ؛ کوآپریٹو سوسائٹی ۔

Co-operative store : (n) (تجارت) امداد باهمی اسٹور ؛ انجمن امداد باهمی کا مال خانہ یا گودام جہاں سے اجناس مناسب قیمت پر انجمن کے اراکین کے هاتهوں فروخت هوں ۔

Co-operative union : (n) (تجارت) کوآپریٹو یونین ۔

Co-operativity : (n) معاونت کر کے ؛ تعاون کے ساتھ ۔

Co-operator : (n) مددگار ؛ مساعد ؛ معاون ؛ موید ؛ شریک کار ؛ هم کار ؛ ساتهی ؛ انجمن امداد باهمی کا رکن ۔

Co-opt : (v) (ساتهی یا شریک کار) چن لینا ؛ منتخب یا نامزد کرلینا ؛ ساتھ لینا ؛ شریک کرنا ۔

Co-optate : (v) [L. "Cooptat-"] co-opt کا مخفف ۔

Co-optation : (n) انتخاب شریک ؛ انتخاب جوئی ۔

Co-option : (n) Co-optation کا مخفف ۔

Co-ordinal : (n) کئی خطوط منظم رکھنے والا ؛ کثیر المحدد ۔

Co-ordinate : (a) [L. "co-ordinatus"] (١) هم وزن ؛ هم پله ؛ هم رتبه ؛ هم درجه ؛ هم قسم ۔ (٢) (نحو) هم رتبه جمله ؛ ذی اماثل ؛ مشتمل بر اشیائے هم درجه ۔ (٣) (ریاضی) منظم ؛ محدد (خطوط وغیره) ۔ (٤) لڑکے لڑکیوں کو علاحده علاحده پڑها کر ایک هی سند دینےوالی (جامعه) ۔

Co-ordinate : (n) (١) هم پله ؛ مساوی ؛ جزو هم پله ۔ (٢) مختصات (ریاضی) ۔

Cartesian co-ordinate : (طبیعیات) کارٹیزن مختصات ؛ کارتیس قدریں ؛ دیکارتی مختصات ۔

Polar co-ordinate (طبیعیات) قطبی قدریں ؛ قطبی مختصات ۔

Co-ordinate : (v) (١) هم پله یا هم وزن بنانا یا هو جانا ۔ (٢) (اجزاء کو) مربوط کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ تنظیم دینا یا کرنا ۔ (٣) کسی خاص نتیجے کو حاصل کرنے کیلئے منظم هو کر عمل کرنا ؛ (طبیعیات) سمتی قدریں ۔

Construction cooperative : (تجارت) تعمیری کوآپریٹو ۔

Consumer's co-operative : (تجارت) صارف کوآپریٹو ۔

Farm co-operative : (تجارت) زرعی کوآپریٹو ۔

Health co-operative : (تجارت) صحت عامه کوآپریٹو ۔

Labour co-operative : (تجارت) مزدور کوآپریٹو ۔

Marketing co-operative : (تجارت) بیوپار کوآپریٹو ۔

Producer's co-operative : (تجارت) پیدا کار کوآپریٹو ۔

Co-operative action : (n) (سماجیات) تعاونی کام ۔

Co-operative bank : (n) (تجارت) کوآپریٹو بینک ۔

Co-operative commonwealth : (n) (تاریخ) هم کار دولت مشترکه ؛ (تجارت) کوآپریٹو دولت مشترکه ۔

Co-operative council : (n) (تجارت) کوآپریٹو کاؤنسل ۔

Co-operative distributive society : (تجارت) کوآپریٹو تقسیم انجمن ۔

Co-operative enterprise : (n) (تجارت) کوآپریٹو کاروبار ۔

Co-operative farming : (n) (تجارت) کوآپریٹو کهیتی ۔

Co-operative insurance : (n) (تجارت) امداد باهمی بیمه ۔

Co-operative marketing : (n) (تجارت) کوآپریٹو بیوپار ۔

Co-operative movement : (n) (تجارت) کوآپریٹو تحریک ۔

Co-operative pension plan : (تجارت) کوآپریٹو پنشن پلان ۔

Co-operative planning : (n) (تجارت) کوآپریٹو منصوبه بندی ۔

Co-operative principle : (n) (تجارت) کوآپریٹو اصول ۔

Co-operative production : (n) (تجارت) کوآپریٹو پیداوار ۔

Co-operative retail buying groups : (تجارت) پهٹکر خریداروں کے کوآپریٹو گروه ۔

Co-operative socialism : (n) (تاریخ) کوآپرٹیو سوشلزم ۔

Co-ordinate complex : (n) (طبیعیات) مخلص قدریں ۔

Co-ordinate compound : (n) (طبیعیات) مرکب قدریں ۔

Co-ordinately : (adv) منظم ہو کر ؛ ہم وزن ہو کر ؛ معطوف ۔

Co-ordinating : (n) عطفی ۔

Co-ordinating centre : (n) (نفسیات و تعلیمات) مرکز تنسیق ۔

Co-ordination : (n) (۱) ہم وزن سازی ؛ ربط دہی ؛ ترتیب ؛ ترکیب ۔ (۲) (عضویات) کسی پیچیدہ حرکت کے لئے متعدد عضلات کا مل کر عمل کرنا ؛ (حیوانیات) مربوطیت ۔

Co-ordinative : (a) معطوف ؛ مربوط کن ؛ (لسانیات) عطفی ۔

Co-ordinatograph : (n) (شماریات) محددی ترسیم ۔

Co-ordinator : (n) منظم کرنے والا ؛ مربوط کرنے والا ۔

Co-organise : (v) مل کر تنظیم کرنا ۔

Co-original : (a) ہم اصل ۔

Co-orthogonal : (a) ہر نقطۂ تقاطع پر زاویہ قائمہ بناتے ہوئے قطع کرنے والا ۔

Co- orthotonic : (a) دیکھو Co-orthogonal

Co-ossification : دو ہڈیوں کا مل کر ایک ہوجانا ۔

Co-ossify : (v) دو یا زیادہ ہڈیوں کا مل کر ایک ہڈی بن جانا ۔

Co-owner : (n) مشترک مالک ۔

Co-patriot : (n) دیکھو Compatriot

Co-presence : (n) باہم حاضری ؛ دو چیزوں کا ایک ہی وقت میں ایک جگہ جمع ہو جانا ۔

Co-present : (a) باہم حاضر ۔

Co-products : (n) (تجارت) مشترک پیداوار ۔

Co-prosperity sphere : (تاریخ) ہم فلاحی دائرہ ۔

Co-radicate : (a) ہم مادہ ۔

Co-regent : (n) مشترک قائم مقام بادشاہ ۔

Co-relation : (n) ربط باہمی ؛ تعلق باہمی ۔

Co-religionist : (n) ہم فرقہ ؛ ہم مذہب ؛ ایک دین کا ۔

Co-respondent : (n) مدعاعلیہ ثانی (جس پر طلاق کے مقدمے میں) اصل مدعاعلیہ کے ساتھ نالش کی گئی ہو ۔

Co-rival : (n) ہم رقیب ؛ رقابت میں شریک ۔

Co-rival : (v) رقابت کرنا ؛ رقیب ہونا ؛ حریف ہونا ۔

Co-rivalry : (n) ہم رقابت ؛ مشترک رقابت ۔

Co-sentiency : (n) احساس مشترک ۔

Co-sentient : (a) احساس مشترک رکھنے والا ۔

Co-signatory : (n) شریک دستخط ؛ ہم پیماں ؛ شریک معاہدہ ؛ ساتھ دستخط کرنے والا ۔

Co-significative : (a) علامت یا دلیل میں شریک ۔

Co-significator : (n) ہم علامتی ۔

Co-sovereign : (n) سلطان مشترک ۔

Co-subordinate : (n) ماتحت مشترک ۔

Co-sufferer : (n) شریک مصیبت ہونا ؛ شریک غم ہونا ۔

Co-surety : (n) (تجارت) ہم ضمانتی ؛ (تجارت) ہم ضامن ؛ توام ضامن ۔

Co-trustee : (n) (تجارت) ہم متولی ۔

Co-tenancy : (n) پٹے میں شرکت ؛ شرکت کاشت ۔

Co-tenant : (n) شریک کاشت ؛ پٹے میں شریک ۔

Co-tidal : (a) مساوی المد ۔

Co-tidal line : (n) مدی ؛ وہ خط جو نقشوں پر ان مقامات کو دکھاتا ہے جہاں وقت واحد میں سمندر کا مد آئے ۔

Co-trustee : (n) ہم متولی ؛ مشترک متولی ۔

Co-unite : (v) باهم متحد هونا ۔

Co-versed : (a) سہم التمام ۔

Coacervation : (n) ڈھیر ؛ انبار ؛ تودا ۔

Coach : (n) [Fr.] (۱) شاهی گاڑی ؛ سواری گاڑی ؛ پالکی گاڑی ۔ (۲) ریل کا ڈبہ (ریلوے والوں کی اصطلاح میں) ۔ (۳) (بحری) جنگی جہاز کا پچھلا کمرہ ۔ (٤) گھر پر پڑھانے والا استاد ؛ وہ کتاب جس میں کسی موضوع پر مجمل معلومات درج ہوں ۔ (٥) کشتی رانی کا استاد ؛ کھیل کود کا استاد ۔ (٦) دو دروازے والی بند گاڑی جس کی اگلی دو نشستیں الگ ہوتی ہیں اور انہیں موڑا جا سکتا ہے ۔ (۷) کشتی مکان ۔ (۸) (آسٹریلیا) مصنوعی بیل جو وحشی مویشی کو پکڑنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ دھوکے سے پھانسنے والا مصنوعی بیل ۔

Drive coach and six through act of Parliament : پارلیامنٹ کی بدولت مزے اڑانا ؛ پارلیامنٹ کو بے وقوف بنانا ۔

Hackney coach : کرائے کی گاڑی ۔

Mourning coach : ماتمی گاڑی ؛ جنازے کی گاڑی ۔

Slow-coach : مٹھا ؛ غبی ؛ دقیانوسی (شخص) ۔

Stage coach : شاهی گاڑی ؛ سواری گاڑی ۔

Coach : (v) سواری گاڑی میں سفر کرنا ؛ کوچ گاڑی کے ذریعہ سے جانا ؛ پرائیویٹ طور سے تعلیم دینا ؛ امتحان کے لئے تیار کرنا ؛ کشتی کھینا ؛ سکھانا ؛ ہدایتیں دینا ؛ سکھانا پڑھانا ؛ نجی معلم سے تعلیم پانا ؛ کھینا ؛ سیکھنا ۔

Coach-and-four : (n) چار گھوڑوں والی سواری گاڑی ۔

Coach-box : (n) کوچوان کے بیٹھنے کی جگہ ۔

Coach-dog : (n) گاڑی کے ساتھ دوڑنے والا کتا ۔

Coach-horse =(Coacher) : (n) گاڑی کا گھوڑا ۔

Coach-house : (n) گاڑی خانہ ؛ بگھی خانہ ۔

Coach-office : (n) ڈاک گاڑی کا ٹکٹ گھر ۔

Coach-wagon : (n) ریل گاڑی کا ڈبہ ۔

Coach-whip : (n) (۱) گاڑی هانکنے کا کوڑا ؛ چابک ۔ (۲) لمبی نیلی دھجی ۔ (۳) (بحری) جہاز کا جھنڈا ۔

Coach-whip snake : (n) ایک لمبا پتلا سانپ ۔

Coachee / Coachy : (n) کوچوان (کوچبان) ۔

Coachful : (n) گاڑی بھر ؛ کھیپ بھر ۔

Coaching : (n) (۱) گاڑی کی سواری ۔ (۲) معلمی کا پیشہ ۔ (۳) (فلسفہ و تعلیم) پیشگی تیاری ۔

Coachman : (n) (۱) کوچوان ۔ (۲) مصنوعی لکھی (مچھلی کے لئے چارا) ۔

Coachmanship : (n) گاڑی بانی کا ہنر ؛ کوچوانی ۔

Coact : (v) مل کر کام کرنا ۔

Coaction : (n) متحدہ کام ؛ باهمی عمل ۔

Coactive : (a) ہم کار ۔

Coactively : (adv) جبراً ؛ مل کر کام کرتے ہوئے ۔

Coadaptation : (n) (۱) تصرف باهمی ۔ (۲) (سماجیات) ہم رابطگی ۔

Coadjacent : (a) باهمی متصل ۔

Coadjacence / Coadjacency : (n) باهم نزدیکی ۔

Coadjust : (v) باهم تطبیق کرنا ؛ برابر کرنا ۔

Coadjustment : (n) تطابق باهم ۔

Coadjutant : (n) معاون ؛ مددگار ؛ معین ۔

Coadjutor : (n) (۱) معاون ؛ مددگار ؛ معین ؛ حامی ؛ ممد ؛ شریک کار ؛ ہم کار ؛ یاور ۔ (۲) (کلیسائی) وہ شخص جو کسی اسقف یا پادری کا معاون مقرر کیا جائے ۔

Coadjutorship : (n) معاون کا عہدہ ؛ مددگار کا عہدہ ؛ مددگاری ؛ معاونت ۔

Coadjutress /Coadjutrix : (n) وہ عورت جو کسی راہبہ کی مدد کے لئے مقرر ہو ۔

Coadjuvancy : (n) مددگاری ؛ معاونت (صفت و عمل) ۔

Coadjuvant : (a) (متروك) مددگار ؛ معاون ۔

Coadjuvant : (n) (طب) وہ جزو جو خاص عامل کی مدد کرتا ہے ۔

Coadnate : (a) (نباتیات) پیندی جڑا ؛ جڑواں ۔

Coadunate : (a) [L."coadunatus"] (تشریح نباتیات) جڑے ہوئے ؛ جڑواں ؛ توام ۔

Coadunated : (a) جڑا ہوا ؛ جڑواں ۔

Coadventure : (v) باہم مہم جوئی کرنا ۔

Coadventure : (n) باہم مہم جوئی ؛ (تجارت) باہم مہم جوئی ۔

Coadventurer : (n) باہم مہم جو ۔

Coae / Coe : بھیڑوں کی ایک بیماری ۔

Coagment : (v) [L."coagmentare"] باہم متحد کرنا ؛ باہم پیوست کرنا ؛ مربوط کرنا ۔

Coagulability : (n) منجمد ہونے کی صلاحیت ۔

Coagulable : (a) [L."coagulare"] قابل انجماد ۔

Coagulant : (n) منجمد کرنے والی شے ۔

Coagulate : (a) جما ہوا ؛ منجمد ۔

Coagulate : (v) جمنا ؛ جمانا ؛ بستہ ہونا؛ منجمد ہونا ؛ چکتا بندھنا ؛ سخت ہونا ؛ بندھنا ۔

Coagulation : (n) بستگی ؛ جماؤ ؛ انجماد ؛ جماوٹ ؛ چکتا ؛ منجمد شے ۔

Coagulative : (a) منجمد کرنے یا منجمد ہونے کی خاصیت رکھنے والا ۔

Coagulator : (n) جمانے والی شے ؛ بستہ کرنے والی شے ۔

Coaguline : (n) ایك قسم کی سیمنٹ ۔

Coagulum : (n) (Pl.-Coagula) [L.Co+"agere"] منجمد مواد کا تودہ ؛ خون کا جما ہوا چکتا ؛ خون کا وہ جزو جو منجمد ہو جاتا ہے ۔

Coaita : (n) [Tupi.] جنوبی امریکا کا لال منہ والا چھوٹا بندر ۔

Coak : (n) [ONF."coque"] (۱) لکڑی کا وہ حصہ جو دوسری لکڑی میں جاکر لگ جاتا ہے اور جوڑ بناتا ہے ؛ چول ۔(۲) لوہے کا چھلہ جو کسی دھرے میں لگا رہتا ہے ؛ سوراخ دار ڈاٹ ۔

Coak : (v) چول بنا کر جوڑنا ؛ چول بیٹھ جانا ۔

Coal : (n) [OE."col"] (۱) پتھر کا کوئلہ ؛ معدنی کوئلہ ۔ (۲) لکڑی کا کوئلہ ؛ راکھ ۔

Anthrecite coal : (کیمیا) انتھریسائٹ کوئلہ ۔

Bituminous coal : (کیمیا) بٹومنی کوئلہ ۔

Black as coal : کوئلہ جیسا کالا ۔

Brown coal : (کیمیا) بھورا کوئلہ ۔

Cooking coal : (کیمیا) کوکنگ کوئلہ ؛ پکانے والا کوئلہ ۔

Lignite coal : (کیمیا) لگنائٹ کوئلہ ۔

Non-cooking coal : (کیمیا) نان کوکنگ کوئلہ ؛ کھانا نہیں پکانے والا کوئلہ ۔

To blow the coal : جذبات کو بھڑکانا ۔

To carry coals to Newcastle : فضول کام کرنا ؛ الٹے بانس بریلی کو ۔

To haul / call / over the coals : ملامت کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ جھڑکنا ؛ جھڑکی دینا ؛ زجر و توبیخ کرنا ۔

To heap coals of fire on the head : بدی کا بدلہ نیکی سے دینا ۔

Coal : (v) (۱) کوئلہ بار کرنا ؛ کوئلہ لینا ۔(۲) کوئلہ بنا دینا ۔(۳) کوئلہ مہیا کرنا (انجن وغیرہ میں) ۔

Coal basin : (n) (کیمیا) کوئلہ کا میدان ۔

Coal-bearing : (a) (ارضیات) کوئله پیدا کرنے والا ۔

Coal-bed / Coal-seam : (n) کوئلے کی ته ۔

Coal-black : (n) کالا ؛ کوئلے کی رنگت ۔

Coal-box / -scuttle / -vase : (n) کوئله دان ۔

Coal-breaker : (n) (تکنیکی) وہ عمارت جہاں کوئله توڑنے، صاف کرنے وغیرہ کی مشین ہوتی ہے ۔

Coal cutter : (n) (انتظامیه) کوئله تراش ۔

Coal dust : (n) کوئلے کا چورا ۔

Coal-factor : (n) کوئلے کا دلّال یا بچولیا ۔

Coal-flap / plate : (n) کوئله خانه کا ڈھکنا جو فرش میں جڑا ہوتا ہے ۔

Coal gas : (n) کوئلے کی گیس ۔

Coal-goose : (n) ماهی خور ؛ ایک قسم کا پرندہ جو مچھلیاں پکڑتا ہے ۔

Coal-heaver : (n) کوئله نکالنے والا ؛ کوئله ڈھونے والا ۔

Coal-hole : (n) کوئلوں کی کوٹھری ۔

Coal-house : (n) کوئله گھر ۔

Coal-man : (n) کوئله کی کان میں کام کرنے والا ۔

Coal-master-owner : (n) کوئلے کی کان کا ٹھیکه دار یامالک ۔

Coal-measure : (n) (ارضیات) وہ چٹان جو کوئلوں کی پرتوں سے بنی ہو ؛ (کیمیا) کوئله تیلی ۔

Coal-meter : (n) کوئله کو ناپنے کا آله ۔

Coal-mine/pit : (n) (۱) کوئله کی کان ۔(۲) وہ جگه جہاں لکڑی کا کوئله بنتا ہے ۔(۲) (کیمیا) کوئله ۔

Coal-mouse : (n) سیاہ رنگ کا چھوٹا پرندہ ۔

Coal-oil : (n) (کیمیا) کوئله کا تیل ۔

Coal-plant : (n) متحجر پودوں کے نشانات جو کوئله کی کانوں میں پائے جاتے ہیں ۔

Coal-reserve : (n) (کیمیا) کوئله کا ذخیرہ ۔

Coal-screen : (n) بڑے اور چھوٹے کوئلے کو جدا کرنے کی چھلنی ۔

Coal-seam : (n) کوئلے کی ته ۔

Coal-tar : (n) تارکول ؛ (کیمیا) کول تار ۔

Coal-tit/Coal-tit mouse : (n) سیاہ رنگ کا چھوٹا پرندہ ۔

Coal-whipper : (n) کوئله اٹھانے والا یا حمال ؛ کوئله اٹھانے کی مشین ؛ کوئله بردار ۔

Coal-working : (n) جہاں کوئلے کا کام ہوتا ہے ۔

Coal-works : (n) کوئلے کی کان ۔

Coalise/- ize : (v) متحد ہونا ۔

Coalery : (n) کوئلے کی کان ؛ معدن زغالی ۔

Coalesce : (v) [l."coalescere"] (۱) جڑنا ؛ ملنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ یکجا ہونا ۔(۲) متحد ہونا ؛ متفق ہونا ؛ مل جانا ؛ ایتلاف ہونا (مدبروں اور پارٹیوں کا) ۔

Coalescence : (n) (۱) جوڑ ؛ اتصال ؛ امتزاج ؛ ارتباط ؛ اتحاد ؛ ایتلاف ؛ آمیزش ؛ پیوستگی ۔ (۲) (لسانیات) ادغام ۔

Coalescent : (a & n) جوڑا ہوا ؛ متحد ؛ یکجا ؛ مرتبط ؛ متفق ؛ مربوط ؛ ملا ہوا ؛ بہم ؛ پیوسته ۔

Coalfield : (n) کوئلے کا میدان ؛ وہ علاقه جس میں کوئلے کی کانیں ہوں ؛ کوئلے کا علاقه ۔

Coalfish : (n) سیاہ رنگ کی کاڈ مچھلی ۔

Coaliser : (n) متحد ہونے والا ؛ اتحاد کرنے والا ۔

Coalition : (n) (۱) اتحاد ؛ میل ؛ اتفاق ؛ امتزاج ۔ (۲) (تاریخ) اختلاط ۔(۳) (سیاسیات) مختلف الاصول جماعتوں کا عارضی طور پر کسی خاص مقصد کے لئے مل جانا ۔ (۳) ترکیب؛پیوستگی ؛ عہدنامه ؛ پیمان ۔(٤) اتحاد ۔

Coalition government : (n) مخلوط حکومت ؛ (تاریخ) مخلوط سرکار ۔

Coalitioner : (n) ایتلافی ؛ متحد ؛ متفق ۔

Coalitionist : (n) متحد ؛ متفق ؛ ایتلافی ۔

Coalless : (a) بغیر کوئلے کا ؛ جس میں کوئلہ نہ ہو ۔

Coaly : (n) کوئلہ دار ؛ کوئلہ والا ؛ کاربن پیدا کرنے والا ۔

Coaly : (n) کوئلہ ڈھونے والا حمال ۔

Coalyard : کوئلہ رکھنے کی جگہ ؛ کوئلہ باڑا ۔

Coaming : (n) [Origin unknown] (جمع میں) جہاز کا کٹھرا ؛ چھت وغیرہ پر کا کٹھرا (پانی روکنے کی غرض سے) ۔

Coapt : (v) جوڑنا ؛ باندھنا ؛ پیوستہ کرنا ۔

Coaptation : (n) جوڑ تصرف باہمی ۔

Coarb : (n) [Ir."comharba"] (۱) کلیسائی جانشین ۔ (۲) آئرستانی راہبوں کا ایک سلسلہ ۔

Coarctate : (a) [L."coartatus"] (حشریات) جڑا ہوا ؛ پیوستہ ۔

Coarctation : (n) دباؤ ؛ رکاوٹ ۔

Coarse : (a) (۱) ادنا ؛ معمولی ؛ گھٹیا ؛ کم حیثیت ؛ معمولی درجہ کا ۔ (۲) موٹا ؛ کھردرا ؛ بھدا ؛ گنوارو ۔ (۳) اناڑی ؛ بھونڈے مذاق کا؛ گنوار ؛ بے درد ۔ (٤) اجڈ ؛ اکھڑ ؛ انگھڑ ؛ بد تہذیب ۔ (٥) فحش ؛ غیر مہذب ؛ گندہ (صرف زبان کے لئے) ۔ (٦) طوفانی (موسم کے لئے) ۔ (۷) کرخت (آواز) ۔

Coarse estimate : (n) (ریاضی) موٹا تخمینہ ۔

Coarse-fare : (n) موٹا جھوٹا کھانا ۔

Coarse-fibred : (a) موٹے ریشے کا ؛ موٹے روئیں کا ۔

Coarse-fish : (n) ادنی قسم کی مچھلی ؛ معمولی مچھلی ۔

Coarse-grained : (a) موٹا جھوٹا (مجازاً انسان کے لئے بھی) ۔

Coarse-wool : (n) موٹے ریشے کی اون ۔

Coarsely : (adv) بے تمیزی سے ؛ اکھڑپن سے ؛ بھونڈے پن سے ۔

Coarsen : (v) بھدا ہونا ؛ کھردرا ہونا ۔

Coarseness : (n) (۱) گھٹیا پن ؛ معمولی پن ۔ (۲) سختی ؛ کھردرا پن ؛ موٹا پن ۔ (۳) اکھڑپن ؛ کرختگی ۔ (٤) ناشائستگی ؛ بد تہذیبی ۔

Coarsish : (a) گھٹیا سا ؛ سخت سا ؛ کرخت سا ؛ بد تہذیب سا ۔

Coarticulate : (v) جوڑنے کے لئے متصل کرنا ۔

Coarticulation : (n) (۱) اتصال ؛ اتحاد ۔ (۲) (لسانیات) ہم نطقی ۔

Coast : (n) [L."costa"] (۱) ساحل سمندر ؛ سمندر کا کنارہ ؛ ساحل بحر ۔ (۲) (ممالک متحدہ امریکا اور کناڈا) پھسلتی گاڑی ۔ (۳) ڈھلان پر سے بائیسکل کی رو جس میں چلانےوالا اپنے پاؤں کو جنبش نہیں دیتا ہے ۔ (٤) سرحد ۔ (٥) ڈھلوان ۔

The coast is clear : میدان صاف ہے ۔

Coast : (v) (۱) کنارے کنارے جانا ؛ جہاز یا کشتیوں کو کنارے کنارے لے جانا ؛ ایک ہی ساحل کی بندرگاہوں سےتجارت کرنا ۔ (۲) پہاڑی پر سے رپٹنا ؛ بلندی سے نیچے کی طرف بائیسکل پر آنا ؛ بغیر پاؤں چلائے بائیسکل کوڈھلان پر چلانا؛ ایک ہی ملک کی بندرگاہوں سےتجارت کرنا ۔

Coastal : (a) (۱) ساحل سے متعلق ۔ (۲) (انتظامیہ) ساحلی ۔

Coastal aircraft : (n) (تجارت) ساحلی ہوائی جہاز ۔

Coastal line : (n) (تاریخ) ساحلی سیما / حد ۔

Coastal shipping : (n) (تجارت) ساحلی جہاز رانی ۔

Coastal trade : (n) (تجارت) ساحلی تجارت ۔

Coast cocket : (n) سامان کو ساحل کے کنارے نقل و حمل کرانے کا پروانہ ۔

Coast guard/ Coast guard-man : (n) بحری پولیس کا سپاہی ؛ بحری پولیس ۔

Coast station charges : (تجارت) ساحل پر ٹھہرنے کا کرایہ ۔

Coast rat : (n) افریقہ کا ایک چوہے جیسا چوپایہ ۔

Coast-waiter : (n) چنگی کا افسر جو ساحل پر جہاز کے مال لادنے اور اتارنے کی نگرانی کرتا ہے ۔

Coast wise /-ways : (adv) ساحل کے کنارے کنارے ؛ از راہ ساحل۔

Coasted : (a) ساحل کے نزدیک ؛ ساحل پر ۔

Coaster : (n) (۱) ساحل کے کنارے چلنے والا ۔(۲) ساحل نشین ۔(۳) تشت (گول) ۔(٤) (امریکا) ساحل کے کنارے کھیلنے والا ؛ پھسلنی گاڑی۔

Coasting : (n) (۱) ساحل کا کنارہ ۔(۲) کشتی رانی ؛ ساحلی جہاز رانی ۔ (۳) سائیکل کو بغیر پاؤں چلائے ہوئے ڈھلان پر چلانا ۔

Coasting trade : (n) (تاریخ) ساحلی تجارت ۔

Coasting trade vessel : (تجارت) ساحلی تجارتی جہاز ۔

Coastline : (n) خط ساحلی ۔

Coastward : (adv) ساحل کی سمت ؛ ساحل کے رخ ۔

Coat : (n) [OF."cote"] (۱) آستین دار مردانہ لباس ؛ کوٹ ۔ (۲) فرنگستانی عورتوں کا لبادہ ۔ (۳) پیٹی کوٹ ۔(٤) پوشش ۔(۵) جانوروں کے بال ؛ سمور وغیرہ ۔ (٦) (تشریح) پردہ ؛ جھلی ۔(۷) چھلکا ؛ پوست ؛ جلد ۔(۸) ملمع ؛ تہ ؛ قلعی ؛ کوٹ ۔(۹) کالا رنگا ہوا کپڑا جو مستول وغیرہ میں لگاتے ہیں ۔ (۱۰) (نقابت) مارکہ ؛ قدیم زمانہ کی ڈھال جس پر کسی کا خاندانی مارکہ بنا ہو ۔

Coat of mail : (تاریخ) زرہ بکتر ۔

Coat tail merchandise : (تجارت) کوٹ ٹیل سودا ۔

Dress coat : شام کے وقت پہننے کا دمدار کوٹ ۔

Dust our coat : مارنا ؛ پیٹنا ؛ حرکت کرنا ؛ ٹھوکنا ۔

Frock coat : فراک کوٹ ۔

Great coat : لبادہ ؛ فرغل ؛ اوور کوٹ ۔

Red coat : انگریزی فوجی وردی ۔

To trail one's coat tails : چھیڑ نکال کر لڑنا ؛ بے وجہ لڑنا ۔

Turn coat : غدار ۔

To wear the king's coat : فوج میں بھرتی ہونا ۔

To cut the coat according to the cloth : دیکھو Cloth

Coat : (v) پچارا پھیرنا ؛ تہ چڑھانا ؛ استر کاری کرنا ؛ لیپنا پوتنا ؛ قلعی کرنا ؛ ملمع کرنا ؛ اٹا ہوا ہونا ؛ ڈھکا ہوا ہونا ؛ پہنانا ۔

Coat-armours : (n) وہ بکتر جس پر خاندانی مارکے بنے ہوں ؛ مارکہ دار بکتر ۔

Coat-money : (n) سپاہیوں کے لئے کوٹ مہیا کرنے کے واسطے پیسے (ٹیکس) ۔

Coat of arms : (۱) مارکہ (۲) قدیم زمانے کی ڈھال جس پر کسی کا خاندانی مارکہ بنا ہو۔

Coated : (a) (۱) ڈھکا ہوا ؛ پچارا دیا ہوا ؛ کوٹ پہنے ہوئے ؛ چھلکے دار ۔(۲) پٹا ہوا ؛ تہ چڑھایا ہوا ؛ اٹا ہوا ۔

Coatee : (n) چھوٹا کوٹ ؛ بے دامن کا کوٹ ؛ خصوصاً فوجی کوٹ ۔

Coati / Coati-mondi : (n) [Tupi."cua"+"tim"] امریکا کا ایک گوشت خور جانور جو مشک بلاؤ سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Coating : (n) (۱) رنگ کی تہ ؛ روغن کی تہ ۔ (۲) کوٹ کا کپڑا ۔

Coatless : (a) بغیر کوٹ کا ؛ بغیر چھلکے کا ۔

Coattail : (n) کوٹ کا پچھلا حصہ (خصوصاً مردوں کے کوٹ کا) ۔

Coattails : (n) شام کے وقت پہننے کے کوٹ کا دامن ۔

On one's coattails : تعاون کے لئے دوسرے پر انحصار کرنے والا ؛ طفیلی ۔

Coax : (v) [f. COKES (n)] پھسلانا ؛ بہلانا ؛ دم دلاسا دینا ؛ منانا ؛ لبھانا ؛بہکانا ؛ فریب دینا ؛ ورغلانا ؛ چرب زبانی کرنا ۔

Cox away /-out : ورغلانا ؛ پھسلانا ۔

Coax thing out of person : کسی شخص سے کوئی چیز پھسلا کر لے لینا ۔

Coaxal : (a) (ریاضی) هم محور ۔

Coaxal circles : (n) (طبیعیات و ریاضی) هم محور دائرے ۔

Coaxal parabola : (n) (ریاضی) هم محور مکافی ؛ (طبیعیات) هم محور پیرا بولا ۔

Coaxal planes : (n) (ریاضی) هم محور مستوی ۔

Coaxal triangles : (n) (ریاضی) هم محور مثلث ۔ (طبیعیات) هم محور تکون ۔

Coaxial : (a) (ریاضی) هم محور ۔

Coaxially : (adv) هم محوری سے ۔

Coaxingly : (adv) پھسلا کر ؛ بہلا کر ؛ فریب دے کر ۔

Cob : (n) [ME."cobbe"] (۱) رئیس ؛ بزرگ شخص ؛ عالی مقام ؛ مشہور ۔ (۲) هنس ؛ قاز ؛ راج هنس ۔ (۳) ٹٹو ؛ یابو ؛ میانہ ؛ قد کا گھوڑا ؛ ٹانگن ۔ (٤) کوئلے کا گول ڈلا ۔ (٥) پیال کا تودہ ۔ (٦) کسی چیز کا تودہ ؛ روٹی کا ٹکڑا ۔ (۷) هسپانوی امریکا کا ڈالر ۔ (۸) بھٹا ؛ مکئی ۔ (۹) تپتیا گھاس کے تخم دان کا سر ۔ (۱۰) مکئی کا ڈنٹھل ۔ (۱۱) دودھ کی شکر کے قلموں کی قطار ۔

Cob : (n) [Origin unknown] گارا ؛ پانی میں سنی هوئی مٹی اور بھس وغیرہ جس سے دیوار بناتے هیں ۔

Cob / Cobb : (n) [Origin unknown] (۱) سمندری بطخ (Gull) کی ایک قسم ۔ (۲) بید کی ٹوکری ۔ (۳) پشتہ ۔ (٤) ضرب ۔

Cob / Cobb : (v) (۱) مارنا ۔ (۲) توڑنا ؛ چورنا ۔ (۳) چوتڑ پر مارنا ۔ (٤) کوٹنا ۔ (٥) پھینکنا ۔ (٦) آگے بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا ۔

Cob-coal : (n) کوئلے کا بڑا گول ٹکڑا ۔

Cob-iron : (n) سیخ کی وہ گھنڈیاں جو اسے آگ پر سہارا دیتی هیں ۔

Cob loaf : (n) گول سر والی روٹی ۔

Cob-nut : (n) (۱) بڑی قسم کی هیزل نٹ ؛ ایک قسم کا فندق ۔ (۲) ایک قسم کا جوز ۔ (۳) بچوں کا ایک کھیل جو جوز سے کھیلتے هیں ۔

Cob-swan : (n) نر هنس ۔

Cobalt : (n) [Ger."kobalt"] (۱) ایک قسم کی دھات جو نکل سے مشابہ هوتی هے ؛ کوبالٹ ؛ فلز لاجورد ۔ (۲) سوسنی رنگ جو اس دھات سے نکلتا هے ۔

Cobalt-bloom : (n) ایک قسم کی سرخی مائل قلمی دھات ؛ (کیمیا) کوبالٹ بلوم ۔

Cobalt blue : (n) لاجورد ۔

Cobalt glance : (n) چاندی کی طرح سفید رنگ کی ایک دھات جس میں کوبالٹ شامل رهتا هے ۔

Cobalt vitriol : (n) کوبالٹ کا اساسی سلفیٹ ؛ (کیمیا) کوبالٹ سلفیٹ ۔

Cobalti -: واصلہ بمعنی کوبالٹ ۔

Cobaltio : (a) کوبالٹ کا ؛ کوبالٹی ۔

Cobaltiferous : (a) کوبالٹ زا ۔

Cobaltite : (n) دیکھو Cobalt glance

Cobalto -: واصلہ بمعنی "کوبالٹ کا" ۔

Cobaltous : (n) کوبالٹ سا ؛ کوبالٹ کا ۔

Cobber : (n) (آسٹریلیا) فریبی دوست ؛ دلی دوست ؛ یار غار ؛ رفیق ۔

Cobble : (n) (۱) پانی سے ترشا هوا پتھر جو فرش میں لگایا جاتا هے ؛ پن پتھر ۔ (۲) (جمع میں) کوئلے کا ڈلا ۔

Cobble : (n) [Etym.unknown] بھدا پیوند ؛ بھدی مرمت ۔

Cobble : (n) Coble کی متبادل شکل ۔

Cobble : (n) گول پہاڑی ؛ گول ٹیلہ ۔

Cobble : (v) پن پتھر کا فرش کرنا ۔

Cobble : (v) گوتھنا ؛ گانٹھنا ؛ جوڑ لگانا ؛ تھگلی لگانا ؛ پیوند لگانا ؛ پارہ دوزی کرنا ۔ (۲) بھدے پن سے کرنا (کسی کام کو) ؛ بد سلیقگی سے کرنا ؛ پھوهڑ پن کے ساتھ کرنا ۔

Cobbler : (n) (۱) چمار ؛ جوتے گانٹھنے والا ؛ موچی ۔ (۲) بھدا کام کرنے والا ؛ پھوھڑ کاریگر ؛ اناڑی ۔ (۳) ایک مشروب جو شراب، شکر، لیموں اور چور کی ھوئی برف سے بنتا ھے اور پیال کی پتلی نلکی کے ذریعہ پیا جاتا ھے ۔ (٤) ایک قسم کا میوہ دار سنبوسہ ۔

Sherry cobbler : برف آمیختہ شراب ۔

Cobbler fish : (n) جزائر غرب الھند میں پائی جانے والی مچھلی ۔

Cobbler's punch : (n) ایل شراب کا ایک گرم مشروب جس میں شراب ، مسالا ، شکر وغیرہ ملے رھتے ھیں ۔

Cobbler's wax : (n) موچی کا موم ۔

Cobble-stone : (n) پانی سے ترشا ھوا پتھر ؛ پن پتھر ۔

Cobby : (a) (۱) توانا ؛ تنو مند ۔ (۲) سرکش ۔ (۲) ٹٹو کا ؛ ٹٹو سے متعلق ؛ ٹٹو کی طرح کا ۔

Cobdenism : (n) [F. name Richard Cobden] آزاد تجارت ؛ بین الاقوامی تعاون ؛ امن و امان کی حمایت کا عقیدہ ؛ رچرڈ کوبڈین کا عقیدہ امن و امان کی حمایت کے متعلق ؛ کوبڈین کا اصول ۔

Cobdenite : (n) کوبڈین کے سیاسی اور اقتصادی اصول کا حامی ۔

Cobelligerent : (n) (تاریخ) شریک جنگ ۔

Coble : (n) [ME.] (۱) ایک قسم کی کشتی ؛ چھ پتواری کشتی ۔ (۲) ماھی گیری کی کشتی جس کا پیندا چوڑا ھوتا ھے ۔

Cobra : (n) [See next] (۱) کالا سانپ ؛ کالا ناگ ؛ ناگ ۔ (۲) کالا ۔

Cobra-de capello : (n) [L."colubra","capello"] (۱) کالا سانپ ؛ کالا ناگ ؛ ناگ ۔ (۲) کالا ۔

Coburg : (n) [F. Coburg in Germany] سوتی یا ریشمی بٹے ھوئے دھاگوں کا بنا ھوا ایک کپڑا جس سے عورتوں کا لباس بنتا ھے ۔

Cobweb : (n) [ME."coppeweb"] (۱) مکڑی کا جالا ؛ تار عنکبوت ۔ (۲) کم زور شے ۔ (۳) دقیق استدلال ؛ منطقی ایچ پیچ ۔ (٤) کباڑ ؛ کوڑا ۔ (٥) جال ؛ پھندا ؛ دام ؛ دھوکا ؛ فریب ۔ (٦) ایک چتکبرا مکھی خوار پرندہ جو اپنا گھونسلا بنانے میں تار عنکبوت سے کام لیتا ھے ۔

Blow away the cobwebs : تازگی پیدا کرنا ۔

Cobwebs of the law : قانون کا جال ؛ قانونی پیچ ؛ قانونی ایچ پیچ ۔

Cobweb : (a) (۱) نا پائدار ؛ کم زور ؛ تار عنکبوت ؛ مہین ؛ چھنتا ۔ (۲) (حیوانیات) مکڑی کا جالا ۔

Cobweb : (v) (۱) پراگندگی یا جمود سے دماغ دھندلا کردینا ۔ (۲) جال دار کپڑے سے ڈھک دینا ۔

Cobweb chart : (n) (تجارت) کاب وب خاکہ ۔

Cobweb theory : (n) (تجارت) کاب وب نظریہ ۔

Cobwebbed : (a) تار عنکبوت سے ڈھکا ھوا ؛ جالی سے ڈھکا ھوا ۔

Cobwebbery : (n) (۱) ایچ پیچ ؛ ھیر پھیر ۔ (۲) جالوں بھرا ۔

Cobwebby : (a) کہنہ ؛ فرسودہ ؛ پیش پا افتادہ ۔

Cobwebs and antiquity : پرانا کاٹھ کباڑ ۔

Coca : (n) [Peruv."cuca"] کوکا ؛ ایک امریکن درخت جس کی پتیاں چبائی جاتی ھیں ۔

Cocaigne : (n) بے فکروں کی دنیا ۔

Cocaine : (n) [COCA+-INE] کوکین ؛ ایک القلی (دوا) جس سے جلد سن ھوجاتی ھے ۔

Cocainism : (n) کوکین کھانے کا اثر ؛ کوکین زدگی ؛ کوکین مسمومیت ۔

Cocainization : (n) کوکین کا اثر ؛ بے حسی ۔

Cocainize : (v) کوکین سے متاثر کرنا ؛ بے حس کرنا ؛ سن کرنا ۔

Coccagee : (n) [mod. Ir."cac a"gheidh] (۱) ایک قسم کا سیب جس سے شراب بنتی ھے ۔ (۲) اس سیب کی شراب ۔

Cocceian : (a) [f. the prop. name] جان کوکسیس کے اس عقیدے سے متعلق کہ حضرت مسیح کی زندگی اور اس کے واقعات کی پیش گوئی عہد عتیق میں موجود ہے۔

Coccidium : (n) [Gr."knokkis"] صدف البحر یا کائی یا گیاہ جلبك کے تخم دان کا وہ گڈھا جو کروی یا نیم کروی ہوتا ہے۔

Coccin : (n) [mod. L."coccus"]. (کیمیا) سرخ رنگ کے کیڑے یا دوسرے حشریات سے حاصل کیا ہوا ایك کیمیاوی نائٹروجن عنصر۔

Cocco/Cocoa/Coco : (n) (Pl. cocoes) (۱) کوکو ؛ کوکو کا سفوف۔(۲) کوکو کا مشروب جسے چائے کی طرح بناتے ہیں۔

Coccolite : (n) [Gr."kokkos"+-LITE] ایك طرح کا دانہ دار پائروکسین جس کا رنگ سبز یا سبزی مائل ہوتا ہے۔

Coccolith : (n) [Gr."kokkos"+lithos] وہ مہین گول یا بیضاوی نامیاتی اجرام جو گہرے سمندر میں پائے جاتے ہیں اور جو کائی اور صدف البحر کی ذات کے ہوتے ہیں ؛ کوکو لتھ۔

Coccosphere : (n) [Gr. "kokkos + sphaera"] کوکو لتھ کا مجموعہ۔

Coccosteid : (n) ایك قسم کی زرہ پوش مچھلی جو اب نا پید ہے۔

Coccule : (n) [L."coculum"] انگوری میوے کی ایك قسم۔

Cocculiferous : (a) انگوری میوہ پیدا کرنے والا۔

Cocculus indicus : (n) ایك قسم کی بیل جس کا پھل زہریلا ہوتا ہے۔

-coccus-: (comb. form) واصلہ بمعنی "بیری دار درخت"۔

Coccus : (n) [Gr."kokkos"] (۱) یك بالی حشرات کی جنس۔ (۲) خشك میوے کا بغچہ جو مشترك تنا سے پھوٹ پڑتا ہے۔

Coccy -: واصلہ بمعنی "دم"۔

Coccygeal : (a) [med. L. coccygeus"+-AL] دم گزا کے متعلق ؛ عصعصی۔

Coccygean : (a) (حیوانیات) دم گزائی۔

Coccyx : (n) [Gr."kokkyx"] دم گزا ؛ دمچی کی ہڈی ؛ عصعص ؛ دمبالچہ۔

Cochin-china : (n) کوچین چین کی مرغیوں کی ایك نسل ؛ اس نسل کی مرغیاں۔

Cochineal : (n) [Sp."cochinilla"or It."coccinig1ia"] قرمزی ؛ فرنگی ؛ کرم دانہ ؛ وہ مردہ کیڑے جو میکسیکو کے ملك میں ملتے ہیں اور جن سے قرمزی رنگ بنایا جاتا ہے۔

Cochineal fig : ناگ پھنی کا پودا۔

Cochlea : [Gr."kochlias"] (۱) (نفسیات و تعلیمات) کن گھونگا۔(۲) (حیوانیات) قوقلیہ ؛ کان کے اندر کا پیچ در پیچ جوف۔

Cochlean / Cochlear : (a) قوقلیہ سے متعلق ؛ کان کے پیچ در پیچ جوف سے متعلق۔

Cochleare : (n) [L."coc(h)-leare"] (طب) چمچہ یا چمچہ بھر (نسخوں میں)۔

Cochleariform : (a) چمچہ کی شکل کا ؛ بشکل چمچہ۔

Cochlite : (n) [Gr."kochlos"+ITE] ایك قسم کا متحجر پیچ دار صدف۔

Cocin / Cocinin : (n) ناریل کے تیل سے نکالا ہوا روغنی ترشہ۔

Cochran's test : (n) ["coco"+-In] (شماریات) کوکران جانچ۔

Cock : (n) [OE."cocc / coc / kok"] (۱) مرغ ؛ خروس ؛ لگڑ ؛ بطور مرکب دیگر چڑیوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے تو ان کے نر کو ظاہر کرتا ہے۔(۲) ٹونٹی۔(۳) (غیر مہذب) مرد کا عضو تناسل۔(٤) گھوڑا (بندوق کا) ؛ کتا۔ (٥) ترازو کا کانٹا۔(٦) ایك مہاجر پرندہ۔(۷) مرغ کی بانگ۔(۸) مرغ باد نما۔ (۹) صبح کو جگانےوالا ؛ نیند سے بیدار کرنے والا خصوصاً مؤذن وغیرہ۔(۱۰) سردار ؛ مکھیا ؛ فاتح ؛ دلیر ؛ جنگ جو ؛ بہادر۔ (۱۱) گھڑی کا ایك پرزہ جو چکری اور پنڈولم کو سنبھالے رہتا ہے۔ (۱۲) کرلر (Curlor) کھیل کا نشانہ۔(۱۳) (عامیانہ) بیہودہ ؛ بکواس۔

At cock / at (on) full cock : (بندوق) گھوڑا چڑھائے ہوئے۔

At (on) half cock : گھوڑا آدھا چڑھائے ہوئے ۔

Fighting cock : لڑنے والا مرغ ۔

Game cock : پالی کا مرغ ؛ لڑنے والا مرغ ۔

Living like fighting cocks : مست رھنا ؛ بے فکرے پن کی زندگی گذارنا ۔

Old cock : یار عزیز ۔

That cock wo'nt fight : یہ تدبیر کار گر نہ ھوگی ۔

This beats cock fighting : (۱) بہت ھی پر تکلف ۔ (۲) مرغوں کی لڑائی سے زیادہ ھی پر لطف ۔ (۳) بھانڈوں کی نقل سے بھی زیادہ پر لطف ۔

Cock : (n) [ME."cok"] اناج کا چھوٹا مخروطی ڈھیر ۔

Cock : (n) (۱) خمیدگی یا کجی ؛ کج کلاھی (وضع) ۔ (۲) ھیٹ کے چھجے کا اوپر کی طرف جھکا ھوا ھونا ۔ (۳) خمیدہ یا کج حصہ ۔ (٤) ناک کی چڑھواں پھننگ ؛ آنکھ کا اشارہ ۔

Cock : (n) گھوڑا چھڑھی بندوق ؛ پائے پر ھونا ۔

Cock : (v) (۱) کھڑا کرنا ؛ چڑھانا ؛ تاننا ۔ (۲) ھیٹ کا کنارہ اوپر کی طرف ھونا ۔ (۳) چاھا کا شکار کرنا ۔ (٤) لڑنا ؛ جنگ کرنا ۔ (۵) اکڑنا ۔

To cock the ears : کان کھڑے کرنا ؛ چوکنّا ھونا ۔

To cock the eyes : کنکھی مارنا ؛ آنکھ مارنا ؛ آنکھوں سے اشارہ کرنا ۔

To cock the nose : ناک بھوں چڑھانا ۔

To cock the hat : ترچھی ٹوپی پہننا ۔

Cock : (v) گھوڑا چڑھانا ۔

Cock : (v) انبار لگانا ؛ ڈھیر لگانا ۔

Cock / Coulk / Couk / Calk : (v) جوڑ بٹھانا ؛ چول بٹھانا ۔

Cock : (v) گل میخ ٹھوکنا ؛ نعل لگانا ۔

Cock : (a) (۱) مہم ۔ (۲) سردار ۔

Cock-a-hoop : (۱) شاداں و فرحاں ؛ خوش و خرم ؛ نہایت خوش ۔ (۲) شادمانی سے ؛ فخریہ ۔

Cock-a- leekie : (n) (۱) Cocky leeky کی متبادل شکل ۔ (۲) مرغ کا شوربا گندنے کے ساتھ پکا ھوا (اسکاچستان میں) ۔

Cock-and-bull story : (n) بناوٹی قصہ ؛ لغو کہانی ؛ بے بنیاد من گھڑت بات ۔

Cock-and-hen : (a) مرد و زن کی مخلوط پارٹی ۔

Cock-bill : (n) (بحری) لنگر گرانے سے پہلے لٹکانا ۔

Cock-bill : (v) لنگر گرانے سے پہلے لٹکانا ۔

Cock-boat : (n) ایک چھوٹی کشتی جو جہاز کے پیچھے لگی رھتی ھے ۔

Cock-crow : (n) صبح ؛ تڑکا ؛ فجر ؛ مرغ کے بانگ دینے کا وقت ؛ فجر کی اذان کا وقت ۔

Cock-eye : (n) بھینگی آنکھ ؛ چشم احول ۔

Cock-eyed : (a) (۱) احول چشم ؛ بھینگا ؛ احول ۔ (۲) ٹیڑھا ؛ کج ؛ خمیدہ ۔ (۳) الٹا پلٹا ؛ پراگندہ ؛ نا قابل فہم ۔ (٤) مدھوش ؛ سرمست ؛ بد مست ۔

Cock-fight : (n) مرغوں کی لڑائی یا مقابلہ ۔

Cock-fighter : (n) مرغ باز ۔

Cock-fighting : (n) مرغ بازی ؛ مرغ لڑانا ؛ مرغوں کی لڑائی ۔

Cock-horse : (n) کاٹھ کا گھوڑا ؛ سوارہ ۔

A-cock horse / On (a) cock horse : سوار ۔

Cock-laird : (n) چھوٹا زمین دار ۔

Cock lobster : نر جھینگا ۔

Cock-loft : (n) مچان ۔

Cock-master : (n) مرغ باز ؛ مرغ لڑانے والا ۔

Cock-nest : (n) انڈا سینے کے لئے نر پرند کا بنایا ھوا گھونسلا ۔

Cock of the north : پودنا ؛ شکر خورہ ۔

Cock of the school : (لڑکوں میں) تیس مار خاں ؛ خدائی فوج دار ؛ مدرسے کا سانڈ ۔

Cock of the walk : غالب ؛ مسلط ؛ چھایا ہوا ۔

Cock of the wood : جنگلی مرغ ؛ ایک قسم کا بڑا تیتر ۔

Cock-paddle /-paidle : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Cock sparrow : (۱) چڑا ۔ (۲) پست قد زندہ دل شخص ۔

Cock-snook /-snooks / -snout : (n) ایک حقارت آمیز حرکت جو ہاتھ کے انگوٹھے کو ناک پر رکھ کر کی جاتی ہے ۔

Cock-snooks : بیچ کی انگلی نچا کر چڑانے کی آواز ؛ ٹلی للی (حقارتاً) ۔

Cock-sure : (a) (۱) یقینی ؛ حتمی ؛ متیقن ۔ (۲) پورا یقین یا یقین واثق رکھنے والا ۔ (۳) اپنے یقین، دعوے یا عقیدے پر جما رہنے والا ؛ ذاتی اعتماد یا اعتماد بہ نفس رکھنے والا ۔

Cock-sureness : (n) وثوق ؛ حتمی تیقن ۔

Cock-up / Cockup : (n) (۱) اوپر کو مڑا ہوا سرا ۔ (۲) ٹوپی اوپر کو مڑی ہوئی ؛ بانکی ٹوپی ۔ (۳) بکٹی مچھلی ۔ (٤) اوپر کو مڑا ہوا ۔

Cockabondy : (n) ماہی گیری کی مصنوعی مکھی ؛ مچھلی پکڑنے کا چارا ۔

Cockade : (n) [F."cocarde"] ربن یا ربن کا طرہ ۔

Cockaded : (a) طرہ دار ۔

Cockadoolledoo : (n) ککڑوں کوں ۔

Cockaigne / Cockayne : (n) [mod. F."cocagne"] بے فکروں کی دنیا ۔

Cockal : (n) (۱) بھیڑ کے گھٹنے کی ہڈی ۔ (۲) ان ہڈیوں سے کھیلا جانے والا ایک کھیل ۔

Cockalorum : (n) (۱) چھوٹا مگر شیخی باز آدمی ۔ (۲) شیخی ۔ (۳) ایک قسم کا بچوں کا کھیل ۔

Cockapert : (a) گستاخ ؛ چور ؛ شوخ ۔

Cockatiel /-eel : (n) [DU."kaketielje"] ایک قسم کا چھوٹا توتا / طوطا ۔

Cockatoo : (n) [Malay."kakatua"] (۱) کاکاتوا ۔ (۲) (اسٹریلیا) چھوٹا کاشت کار ۔ (۳) پولیس کے آنے کی خبر دینے والا ۔ (٤) (حیوانیات) کوکاٹو ؛ بڑے طرّے والا توتا ۔

Cockatrice : (n) [OF."cocatris"] (۱) ایک اساطیری سانپ جو مرغی کے انڈے سے پیدا ہوا تھا اور جو ایک نظر میں ہلاک کر دیتا تھا ۔ (۲) (نقابت) ایک نشان جس میں سر، بازو اور پاؤں مرغ کا ہوتا ہے اور دم سانپ کی طرح ہوتی ہے ۔ (۳) نہایت خطرناک اور مضرت رساں آدمی ۔

Cockchafer : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Cocked : (a) (بانس کے بارے میں) ٹیڑھا ۔

Cocked hat : (n) (۱) ایک تین کونیا ہیٹ جس کا چھجہ اوپر کی طرف مڑا ہوا ہوتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا کھیل ۔

To knock into a cocked hat : نا قابل شناخت حد تک بگاڑ دینا ۔

Cocker : (n) پاؤں میں لگانے والی پٹی ۔

Cocker : (n) (۱) مرغ باز ۔ (۲) کتوں کی ایک قسم ۔

Cocker : (n) =(coker) پیال کا انبار لگانے والا ؛ فصل کاٹنے والا مزدور ۔

Cocker : (n) ایک ریاضی داں کا نام ۔

According to cocker : ریاضی کے اصول کے مطابق ۔

Cocker : (v) لاڈ پیار میں رکھنا ۔

Cockerel : (n) (۱) ایک سال سے کم کا مرغ ؛ مرغ کا پٹھا ؛ مرغچہ ۔ (۲) نوجوان (شخص) ؛ لڑاکا لڑکا ؛ جھگڑالو لڑکا ۔

Cocket : (n) [L."coketa","coketum"] (۱) شاہی چنگی خانے کی مہر ۔ (۲) سر بہ مہر پروانہ جو تجارتی مال کی چنگی ادا کر دینے پر دیا جاتا ہے ۔ (۳) چنگی ۔

Cocket : (n) کم تر درجے کی روٹی ۔

Cocket : (a) شوخ ؛ گستاخ ؛ شادماں ؛ بے ادب ؛ پھرتیلا ۔

Cocket : (v) مہر لگانا ۔

Cocket : (v) جوڑنا ۔

Cockie-leekie : (n) مرغ کا شوربا گندنے کے ساتھ پکا ہوا ۔

Cocking : (n) (۱) مرغ بازی ۔ (۲) چاھا کا شکار ۔

Cocking dog / spaniel : (n) وہ کتا جو چاھا کے شکار میں کام آتا ھے ۔

Cockish : (a) (۱) مزاحاً مرغ کی طرح ۔ (۲) خود نما ۔ (۳) شہوت راں ؛ شہوت کار ۔

Cockishly : (adv) اکڑ سے ؛ شہوت رانی سے ؛ شہوت کاری سے ۔

Cockishness : (n) اکڑ فوں ؛ شہوت رانی ؛ شہوت کاری ۔

Cockle : [OE."coccul","coccel"] ایک قسم کا پودا ؛ سرخ پھولوں والی ایک گھاس جو عموماً گیہوں کے کھیت میں ھوتی ھے ۔

Cockle : (n) [F."coquille"] (۱) ایک قسم کا صدف جو کھایا جاتا ھے ۔ (۲) گھونگھے کا خول ۔ (۳) دلی جذبات ۔

Cockles of the heart : دلی جذبات ؛ احساسات شخصی کا مرکز ۔

Cockle : (n) کاغذیا کپڑے وغیرہ کا ابھار یا شکن یا چین ؛ سلوٹ ؛ پیچ ؛ خم ؛ بال ؛ لہر ۔

Cockle : (n) [Ger."kachel"] (۱) آھنی آتشدان جس سے کمرہ گرم کیا جاتا ھے ۔ (۲) ایک قسم کا چولھا ۔

Cockle : (v) ابھرنا ؛ ابھارنا ؛ نکالنا ؛ موڑنا ؛ شکن ڈالنا ؛ بال پڑنا ؛ لہر اٹھنا ۔

Cockle-boat : (n) چھوٹی اتھلی کشتی ۔

Cockle-hat : (n) ٹوپی جس میں گھونگھے کا خول لگا رھتا ھے اور جسے زائرین استعمال کرتے ھیں ۔

Cockle-shell : (n) گھونگھے کا خول ۔

Cockle-stairs : (n) پیچ دار سیڑھی ۔

Cockled : (a) خول دار ۔

Cockler : (n) گھونگا اکٹھا کرنے والا ؛ صدف جمع کرنے والا ۔

Cocklight : (n) شام یا صبح کا دھندلکا ۔

Cockney : (n) [ME."coken-ey"] لندنیا ؛ لندن کا رھنے والا (تحقیراً) ۔

Cockney : (a) (۱) لندنی ؛ لندن کا ۔ (۲) نازک مزاج ؛ تنک مزاج ؛ لاڈ پیار میں رکھا ھوا ۔

Cockneydom : (n) (۱) ادنیٰ فرقہ ۔ (۲) لندنیوں کی مخصوص سیرت ۔ (۳) لندنیوں کی دنیا ۔

Cockneyese : (n) لندنیوں کی بولی ۔

Cockneyfy / -ify : (v) لندنیا بنانا ؛ لندنیا کے سے خصائل پیدا کرنا ؛ لندنیا ھونا ۔

Cockneyish : (a) لندنیا ؛ لندنیوں کی سی صفت رکھنے والا ۔

Cockneyism : (n) لندنیت ؛ لندنی بولی ، محاورہ یا تلفظ ۔

Cockneyize : (v) لندنیوں کا سا بننا یا بنانا ۔

Cockpit : (n) (۱) مرغوں کی پالی ؛ مرغوں کے لڑنے کی جگہ ۔ (۲) میدان ؛ اکھاڑا ؛ دنگل ۔ (۳) جنگی جہاز کی نچلی منزل جو جونیر افسروں کی اقامت گاہ ھوتی ھے ۔ (٤) طیارہ میں طیارچی وغیرہ کی جگہ ۔ (٥) کوئی جگہ جو کشت و خوں ، تشدد اور طویل رزم آرائی کے لئے مشہور ۔

Cockroach : (n) [Sp."cucaracha"] تل چٹا ؛ بھونرے کی قسم کا کیڑا ؛ (حیوانیات) جھینگر ۔

Cocks : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Cock's-comb / Cocks : (n) (۱) تاج خروس ؛ مرغ کی کلغی ۔ (۲) بھانڈ کی ٹوپی جو مرغ کی کلغی کی طرح ھوتی ھے ۔ (۳) بعض پودوں کے نام ۔ (٤) ایک قسم کا صدف ۔

Cock's-foot / Cocksfoot : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Cock's-head / Cockshead : (n) ایک قسم کی تیتیا گھاس ۔

Cocks-shut : (n) شام کا دھندلکا ۔

Cocks-shy : (n) (۱) هدف ؛ نشانہ ۔(۲) وہ جگہ جہاں پیسہ دے کر ناریل پر چھڑی پھینکی جاتی ھے ۔

Cocksiness : (n) گستاخی ؛ شوخی ؛ خود بینی ؛ خود پسندی ۔

Cockspur : (n) (۱) مرغ کی ٹانگوں کا ابھار ۔ (۲) (پانی کا) ایک قسم کا کیڑا ۔

Cocksper-burner : (n) وہ گیس برنر جس میں تین سوراخ ھوں ۔

Cockspur thorn / -howthorn : (n) شمالی امریکا کا ایک خار دار پودا ۔

Cockswain /Coxswain : (n) ناخدا ۔

Cocksy / Coxy : (a) گستاخ ؛ شوخ ؛ خود بیں ؛ خود پسند ۔

Cocktail / Cock-tail : (n) (۱) دم کٹا گھوڑا ؛ گھوڑ دوڑ کا گھوڑا جو خوب سدھایا ہوا ھو مگر اصیل نہ ھو ۔(۲) اوچھا ؛ نو دولتیا ۔ (۳) ایک قسم کا بھونرا ۔(٤) ایک قسم کی شراب ؛ مختلف چیزوں کو ملا کر بنی ھوئی شراب ؛ کوئی چیز جو مختلف قسم کی چیزوں سے بنی ھوئی ھو ۔ (٥) وہ سنبل نما بادل جو مرغ کی دم کی طرح معلوم ھوں ۔(٦) محرک اشتہا ۔

Cocktail : (a) (۱) کاک ٹیل سے متعلق یا کوئی چیز جو کاک ٹیل کے لئے مخصوص ھو ۔(۲) نیم رسمی (عورتوں کے لباس سے متعلق) ۔

Cocktail : (v) کسی کو مہمان خصوصی کے طور پر کاک ٹیل پارٹی میں مدعو کرنا ۔

Cocktailed : (a) دم کٹا ؛ دم بریدہ ؛ اوچھا ؛ نودولتیا ۔

Cockweed : (n) =(corn cockle) سرخ پھولوں والی گھاس جو عموماً گیہوں میں ھوتی ھے ۔

Cocky : (n) (۱) مرغ کی تصغیر ۔(۲) شوخ ؛ خود نما ؛ خود بیں ۔

Cocky : (a) گستاخ ؛ شوخ ۔

Cocky-leeky : (n) دیکھو Cockie-leekie

Cockyolly : (n) پیاری ننھی چڑیا " ۔

Coco / Cocoa : (n) (۱) کوکو کا سفوف ۔(۲) کوکو کا مشروب جسے چائے کی طرح بناتے ھیں ۔

Coco-plum : (n) جزائر غرب الھند کے ایک درخت کا پھل ؛ چھوٹا چھتنار درخت ۔

Cocoa-bean : (n) کوکو کا بیج ۔

Cocoa-nib : (n) کوکو کا گدرا پھل ۔

Cocoa-powder : (n) ایک قسم کا بارود ۔

Cocoa-press : (n) بعض اخباروں کا طنز آمیز نام جن کے مالک چند کوکو کے تاجر تھے اور جو آزاد تجارت کے حامی اور استبداد کے مخالف تھے ۔

Cocodette : (n) [F."cocodete"] فرانسیسی طوائف یا قحبہ ۔

Cocomat : (n) ناریل کا بنا پا انداز ۔

Coconut / Cocoa nut / Cocker-nut : ناریل ؛ کھوپا ؛ نارجیل (عامیانہ) انسان کا سر ؛ کھوپڑی ۔

Coconut mating : (n) ناریل کی چٹائی ۔

Coconut-milk : (n) ناریل کا پانی ۔

Coconut-oil : (n) ناریل کا تیل ۔

Coconut-palm : (n) ناریل کا درخت ۔

Coconscious : (a & n) ثانوی شعور ؛ ھم شعور خفی ۔

Coconciousness : (n) ثانوی شعور ۔

Cocoon : (n) [F."cocon"] (۱) ابریشم کا کویا ۔(۲) ابریشم کے کویا سے مشابہ کوئی غلاف یا خول ۔

Cocoon : (v) کویا بنانا ؛ کویا میں لپٹنا ؛ غلاف چڑھانا ۔

Cocoonery : (n) ابریشم کے کیڑوں کا پرورش خانہ ؛ کویا گھر ۔

Cocotte : (n) [F."cocotte"] (۱) بد اخلاق عورت ؛ بد کردار عورت ۔(۲) دستہ دار چھوٹا برتن سینکنے کے لئے ۔

Coctile : (a) [L."coctilis"] (۱) پکا کر بنایا گیا ۔ (۲) پکی ھوئی اینٹ سے بنا ھوا ۔

Cocus / Cocuswood : (n) جزائر غرب الہند کے ایک درخت کی لکڑی جسے خراد کرنے والے استعمال کرتے ھیں ۔

Cod : (n) [OE."cod(d)] (۱) بھوسی ؛ تھیلیا ۔ (۲) فوطہ ؛ (جمع میں) خصیہ ۔ (۳) زمین یا پانی کا تھیلا نما ٹکڑا یا حصہ ۔

Cod : (n) [ON."cuddi"] (۱) تکیہ ۔ (۲) محور کا سہارا ۔

Cod : (n) [Origin unknown] ایک قسم کی بڑی سمندری مچھلی ۔

Cod : (n) بے وقوف ؛ احمق ؛ نادان ۔

Cod : (v) (۱) پھلیاں پیدا کرنا ؛ مٹر کی پھلیاں جمع کرنا ۔ (۲) جھاڑ دینا (out کے ساتھ) ۔

Cod : (v) کاڈ مچھلی کا شکار کرنا ۔

Cod : (v) بے وقوف بنانا ؛ دھوکا دینا ۔

Coda : (n) [L."cauda"] (۱) (موسیقی) گیت کا آخری حصہ جو آھنگ کو مکمل کرتا ھے ۔ (۲) کسی ادبی یا تمثیلی تصنیف کا آخری حصہ رقص ۔ (۳) بیلے کا آخری حصہ ؛ ایک رقص کا آخری حصہ ۔ (٤) (لسانیات) اختتامیہ ۔

Cod-fish : (n) کاڈ مچھلی ۔

Cod-fishery : (n) کاڈ مچھلی کا شکار ۔

Codbank : زیر آب کنارہ جہاں کاڈ مچھلی پکڑی جاتی ھے ۔

Codder : (n) مٹر کی پھلیاں جمع کرنے والا ۔

Coddle : (v)[perh.alter.of CAUDLE] آھستہ آھستہ ابالنا ۔

Coddle : (v) (۱) بیماروں کے سے نخرے اٹھانا ۔ (۲) ناز برداری کرنا ؛ حد سے زیادہ توجہ کرنا ۔

Coddle : (n) وہ شخص جو ناز برداری کرتا ھو یا جس کی ناز برداری کی گئی ھو ۔

Coddy / -moddy : (n) سیاہ سر والی سمندری مرغابی ۔

Code : (n) (۱) قانون نامہ ؛ مجموعۂ قوانین ؛ اشاروں کا کلام ؛ خفیہ لغت ؛ برّی اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ ؛ خفیہ تحریر ۔ (۲) نظام نامہ ۔ (۳) وہ لفظ جو بطور علامت استعمال ھو ۔ (٤) اعداد کا مجموعہ جس کی ترتیب سے تالا کھولا جاتا ھے ۔ (٥) وہ عدد جو نام کے بدلے کسی شئی چیز کی شناخت کے لئے استعمال کرتے ھیں ۔ (٦) (ریاضی) ضابطہ ۔ (۷) (انتظامیہ) کوڈ ؛ اشارہ ؛ قانون ۔

Basic code : (تاریخ) بنیادی ضابطہ ۔

Civil code : ضابطہ دیوانی ۔

Justinian code : (تاریخ) ضابطہ جسٹی نی ان ؛ جسٹی نی ان کوڈ ؛ جسٹی نی ان کا مجموعۂ قوانین ۔

Morse code : (انتظامیہ) مورس کوڈ ۔

Napoleon code : (تاریخ) نیپولین کا مجموعۂ قوانین ؛ ضابطہ نیپولین ۔

Penal code : (انتظامیہ) مجموعۂ تعزیرات ۔

Code : (v) مخصوص اشاروں میں ادا کرنا ؛ قانون کا مجموعۂ مقرر کرنا ؛ خفیہ لغت میں پیغام بھیجنا ؛ علامتی نشان کے ذریعہ طبقہ بندی کرنا ۔

Code-ethical : (n) اخلاقیاتی قانون ۔

Code-moral : (n) اخلاقی قانون ۔

Code-noise : (n) رمزی آواز ؛ (لسانیات) کوڈ آواز ۔

Code - number : (n) (ریاضی) عدد اشارہ ۔

Code of honour : (۱) کسی موضوع کے قواعد و ضوابط کا مجموعہ ۔ (۲) کسی قوم کا مروجہ اخلاق ۔ (۳) آئین غیرت داری ۔

Code of nomenclature : (کیمیا) نظام تسمیہ ۔

Code of number : اشارہ کا عدد ۔

Code of practice : (تجارت) پریکٹس کوڈ ۔

Code of signals : (تاریخ) اشاروں کا ضابطہ ۔

Codeclination : (n) (فلکیات) زاویہ انحراف کا تتمہ ؛ قطب شمالی کا فاصلہ ۔

Codeine : (n) [Gr."kodia"] افیون سے حاصل کردہ ایک سفید بلوری القلی ؛ کوڈین ؛ افیون کا مسکن جوہر ۔

Codes of fair competition : (تجارت)مناسب مقابلے کے اصول ۔

Codetta : (n) [It.] کوڈ (Code) کی تصغیر ۔

Codex : (n) (Pl.-codices) [L."codex"] (۱) بائبل یا کسی ادبی کتاب کا قلمی نسخہ ۔(۲) (طب) نسخوں کا مجموعہ ؛ قرابادین ۔

Codger : (n) مرد آدمی ؛ عجوبہ ؛ دقیانوسی ؛ خسیس ؛ ناکارہ ؛ طرفہ معجون ۔

Codical : (a) قرابادینی ؛ نسخوں کے مجموعے سے متعلق ۔

Codicil : (n) [L."codicillus"] (۱) وصیت نامہ کا تتمہ یا ضمیمہ ۔(۲) ضمیمہ یا تتمہ ۔

Codicillary : (a) وصیت نامہ کے تتمہ یا ضمیمہ سے متعلق ۔

Codification : (n) قانون کی ترتیب یا تدوین یا تنظیم یا تبویب ۔

Codifier : (n) قانون کو ترتیب دینے یا مدون کرنے والا ۔

Codify : (v) [F."codifier"] قانون کی تبویب یا تدوین کرنا ۔

Codilla : (n) [L."couda"] سن یا کتان کا موٹا ریشہ یا جھونٹا ۔

Codille : (n) [Sp."codillo"] تاش کے ایک کھیل کی اصطلاح اس وقت استعمال ہوتی ہے جب کہ وہ کھلاڑی جس نے جیتنے کا دعویٰ کیا تھا ہار جاتا ہے ۔

Coding : (n) (تجارت) خفیہ اشارہ ؛ کوڈنگ ۔

- Binomial coding : (ریاضی) دو رکنی ضریب ۔
- Detached coding : (ریاضی) منفصل ضریب ۔
- Differential coding : (ریاضی) تفریقی ضریب ۔
- Guide-coding : (سماجیات) کوڈنگ کا رہنما ۔
- Qualitative coding : (سماجیات) کیفیتی کوڈنگ
- Simple coding : (سماجیات) سادہ کوڈنگ ۔

Coding of Co-existent equation : (ریاضی) ہم وجودی مساوات کا ضریب ۔

Coding of data : (ریاضی) ڈاٹا کی ضابطہ سازی ۔

Coding of elasticity : (ریاضی) لچک کا ضریب ۔

Coding of friction : (ریاضی) فرک کا ضریب ۔

Coding of regression : (ریاضی) ضریب رجعت ۔

Coding of resilience : (ریاضی) ضریب رجوعیت ۔

Coding restitution : (n) (ریاضی) ضریب باز گردانی ۔

Coding skewness : (n) (ریاضی) ضریب اعوجاج ۔

Coding variation : (n) (ریاضی) ضریب تغیر ۔

Codist : (n) مجموعۂ قوانین کا ماہر ۔

Codling : (n) (۱) چھوٹی کوڈ مچھلی یا اسی قسم کی دوسری مچھلیاں ۔(۲) لکڑی کا کندہ جس کو چیر کر پٹیاں بنائی گئی ہوں ۔

- Hot codlings : بُھنا ہوا سیب ۔

Codling-lin : (n) [Uncertain origin] ایک قسم کا سیب ؛ گھٹیا اور کچا سیب ؛ گھٹیا قسم کے سیب کا درخت ۔

Codling moth : (n) چھوٹا کیڑا جس کا پھل روپ سیب یا ناشپاتی وغیرہ میں ملتا ہے ۔

Codlins and cream : (n) ایک قسم کی بوٹی ؛ بید مجنوں ۔

Coe : (n) [L."cavea"] (کان کنی) کان کے دہانے پر بنی ہوئی ایک جھونپڑی ۔

Coecal : (a) =(caecal) ایک سوراخ والی (آنت) ۔

Coecum : (n) =(caecal) ایک سوراخ والی آنت ۔

Coefficient : (n) (۱) نتیجہ یا اثر پیدا کرنے میں باہم معاون ؛ ہم عامل ۔(۲) ایک مشترک علت ۔(۳) (ریاضی) سر ؛ عامل مشترک ۔ (٤) شرح ؛ قدر ۔(طبیعیات) گنلک ۔ (٥) عام چیز ۔

Alignation coefficient : (شماریات) سر بیگانگی ۔

Differential coefficient : (۱) تفرقی شرح ۔
(۲) (طبیعیات) تفرقی سر ۔

Reliability coefficient : (شماریات) سر اعتباری ۔

Scatter coefficient : (شماریات) سر بکھراؤ ۔

Self-correlation coefficient : (شماریات) سرخود هم رشتگی ۔

Validity coefficient : (شماریات) سر معقولیت ۔

Weighting coefficient : (شماریات) عطائے وزن ۔

Coefficient beta : (n) (طبیعیات) بیٹا گنك ؛ بیٹا شرح ۔

Coefficient binomial : (n) (طبیعیات) بائی نومیل گنك ۔

Coefficient disturbancy : (شماریات) نمائندہ سرخلل اندازی۔

Coefficient elasticity : (تجارت) لوچ کا سر ؛ (طبیعیات) لچك کی شرح ؛ الاسٹیسیٹی گنك ۔

Coefficient of aberration : (طبیعیات) انحراف کی شرح ۔

Coefficient of acceleration : (تجارت) اسراع ؛ اسراع کا سر ۔

Coefficient of agreement : (شماریات) نمائندہ سر موافقت ۔

Coefficient of alienation : (نفسیات و تعلیمات) شرح عدم ربط ؛ (سماجیات) هم شرح انحراف ۔

Coefficient of association : (سماجیات) هم شرح تلازم ۔

Coefficient of concordance : (شماریات) نمائندہ مطابقت ۔

Coefficient of consistence : (شماریات) نمائندہ یکانگیت ۔

Coefficient of correlation : (نفسیات و تعلیمات) شرح ربط ؛ (سماجیات) هم شرح لزوم ؛ هم شرح هم رشتگی ۔

Coefficient of cubical expansion : (طبیعیات) حجمی پهیلاؤ گنك ۔

Coefficient of determination : (تجارت) تعین کا سر ؛ (شماریات) نمائندہ سر وارفتگی ۔

Coefficient of disarray : (شماریات) نمائندہ سر بے ترتیب سلسلہ ۔

Coefficient of expansion : (طبیعیات) پهیلاؤ گنك ۔

Coefficient of friction : (طبیعیات) رگڑ گنك ؛ رگڑ کی شرح ۔

Coefficient of individuality : (شماریات) نمائندہ سر انفرادیت ۔

Coefficient of linear expansion (طبیعیات) خطی پهیلاؤ کی شرح ؛ طولی گنك ۔

Coefficient of mutual induction : (طبیعیات) باهمی تحریك گنك ۔

Coefficient of non-determination : (شماریات) ضرب عدم دریافت ۔

Coefficient of racial likeness : (شماریات) نمائندہ سر نسلی مشابهت ۔

Coefficient of skewness : (کیمیا) ترچھے پن کی شرح ۔

Coefficient of superficial expansion : (n) (طبیعیات) اوپر پهیلاؤ کی شرح ؛ ذاتی تحریکی گنك ۔

Coefficient of surface tension : (طبیعیات) سطحی تناؤ کا گنك ۔

Coefficient of total determination : (شماریات) نمائندہ سرکل دریافتگی ۔

Coefficient of variation : (سماجیات) هم شرح تغیر ؛ (شماریات) نمائندہ سر اختلاف ۔

Coehorn / Cohorn : (n) [f.Baron Coehorn,the Dutch military engineer] (۱) (فوجی) چھوٹی توپ جس سے بم پھینکتے هیں ۔(۲) بم پھینکنے کی چھوٹی توپ ۔

Coelacanth : (a) [L."coelacanthus"] جوف دار ریڑھ والی مچھلی کےمتعلق ۔

Coelacanthid : (n) جوف دار ریڑھ والی نسل کی ایك مچھلی ۔

Coelacanthine : (a) جوف دار ریڑھ والی مچھلی سے متعلق ۔

Coelacanthoid / Coelacanthous : (a) جوف دار ریڑھ والی نسل کی مچھلی کی مانند ۔

Coelelminth : (n) [Gr."koelos+elminth"] آنت میں رهنے والا ایك کیڑا ۔

Coelentrata : (n) [Gr."koelos+enteron"] (۱) ایك قسم کا جانور جس میں هاضمه کے لئے جوف رهتاهے اور جس کے ارد گرد وہ نالیاں رهتی هیں جو منه تك پهنچتی هیں ۔ (۲) (حیوانیات) سیلنٹریٹا ۔

Coelenterate : (a) ایك قسم کے جانور سے متعلق جس میں هاضمه کے لئے جوف رهتا هے اور جس کے ارد گرد وہ نالیاں رهتی هیں جو منه تك پهنچتی هیں ۔

Coeliac : (a) [Gr."koeliakos"] (۱) معدے سے متعلق ؛ معدی ؛ شکمی ۔ (۲) (حیوانیات) قعری ۔

Coeliac artery : (n) وہ نلی جو پردۂ شکم کے پاس شریان بزرگ سے نکلتی هے ۔

Coeliac canal : (n) وہ نلی جو معدے کے جوف سے نکلتی هے (چند سلولی جانوروں میں) ۔

Coeliaco mesenteric artery : (حیوانیات) قعری مارساریقینی شریان ۔

Coelialone senteric : (n) (حیوانات) قعری مار ساریقه ۔

Coelio - : [Gr."koilia"] جزء کلمه بمعنی شکم ۔

Coelio - : [Gr."koelos"] واصله بمعنی جوف ۔

Coelo -: [L."c ae lum"] واصله بمعنی آسمان ۔

Coelodont : (a) جوف دار دانت والا ۔

Coeloma : (n) چند سلولی جانوروں کی نسل ۔

Coelomata : (n) [Gr."koelomat"] چند سلولی جانوروں کی اعلی نسل ۔

Coelomate : (a) سلولی نسل کے جانوروں سے متعلق ۔

Coelomatous : (a) سلولی نسل کے جانور کی طرح ۔

Coelome / Coelom : (n) [Gr."koeloma"] چند سلولی جانوروں کا شکم ۔

Coelomic : (a) چند سلولی قسم کے جانوروں کے شکم سے متعلق ۔

Coelospermous : جوف دار تخم والا ۔

Coemption : (n) [L."coemptionem"] بازار سے حق تجارت قائم رکھنے کے لئے کسی خاص جنس کا سب مال خرید لینا ؛ (رومی قانون) عورت کی فرضی بکری ۔

Coemptive : (a) ایسی فروخت سے متعلق جس میں بازار سے حق تجارت قائم رکھنے کے لئے کسی خاص جنس کا سب مال خرید لیا جائے ۔

Coenaesthesis : (n) [Gr."koenos+esthesis"] (نفسیات) احساس حیات ؛ جسم کے وجود کا عمومی احساس ۔

Coenenchym / Coenenchyma : (n) [Gr."koinos+egchyma"] جانوران مرجانی کو متحد کرنے والا آهکی ڈهانچه ۔

Coeno - : [Gr."koenos"] واصله بمعنی "مشترك" ۔

Coenobite / Cenobite : [late L."coenobita"] کسی مذهبی فرقه کا وہ فرد یا رکن جو ایك برادری یا جماعت میں بود و باش رکهتا هو ؛ ایسے فقرا کا ایك فرقه جو خانقاهوں یا تکیوں میں مل جل کر رهتے هیں ؛ خانقاہ نشینی ؛ تکیه نشین ؛ تکیه دار ؛ دیرنشین ؛ راهب ۔

Coenobitic /-al / Cenobitic /-al : (a) خانقاہ نشین سے متعلق ۔

Coenobitism / Cenobitism : (n) خانقاهی ۔

Coenobium / Cenobium : (n) [Gr."koenobion"] (۱) خانقاہ ؛ تکیه ۔ (۲) (نباتیات) تلسی پهل ؛ ریحان ثمر ؛ چند خلیوں سے جڑا هوا ایك ڈهانچه ۔ (۳) (حیوانیات) حیوانات ابتدائی کا مجموعه ۔

Coenoby / Cinoby : (n) خانقاہ ؛ دیر ؛ تکیه ۔

Coenoecium : (n) (حیوانیات) کثیر سلولی حشرات کی جماعت کا مشترك پوستینی نظام ۔

Coenogany : (n) شوهروں یا بیویوں کی برادری ۔

Coenosarc : (n) قصری لحم ؛ وہ مشترك حیاتی بنیاد یا لحم جو مرکب حیوان نباتی کے افراد کو متحد کرتا هے ۔

Coenostem : (حیوانیات) حیوان آبی کا مشترک آھکی ڈھانچہ ؛ استخوان مشترک ۔

Coenure : (n) [Gr."koenos+ura"] (حیوانیات) متعدد سروں والا کرم (جانوروں کے پیٹ کا ایک کیڑا) ۔

Coenzyme : (n) (کیمیا) معاون انزائیم ۔

Coenzyme pressure : (n) (کیمیا) چپکنے کا دباؤ ۔

Coequal : (a) برابر ؛ مساوی ؛ ہمسر ۔

Coequality : (n) مساوات ؛ برابری ؛ ہمسری ۔

Coequally : (adv) برابری سے ؛ مساویانہ ؛ مساوی طور پر ۔

Coerce : (v) [L."coereere"] (۱) دبانا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ جبر کرنا ۔ (۲) طاقت کا استعمال کرنا ؛ جبراً حاصل کرنا ۔

Coerced obedience : مجبوری کی اطاعت ؛ اطاعت مبرم ؛ نا گزیر اطاعت ۔

Coercer : (n) دباؤ ڈالنے والا ؛ مجبور کر دینے والا ؛ بجبر حاصل کرنے والا ۔

Coercible : (a) جبر پذیر ۔

Coercion : (n) (۱) جبر ؛ زبر دستی ؛ دباؤ ؛ ابرام ۔ (۲) استبدادی حکومت ؛ استبداد ۔ (۳) جسمانی دباؤ ۔

Coercion of outrage : دست درازی کا دباؤ ؛ ظلم کا دباؤ –

Coercionary : (a) جبری ؛ استبدادی ۔

Coercionist : (n) جابر ؛ سخت گیر ؛ استبدادی ؛ استبداد پسند ۔

Coercive : (a) جابرانہ ؛ تشدد آمیز ؛ ظالمانہ ؛ جبری ۔

Coercive action : (n) (تاریخ) جبریہ کاروائی ۔

Coercive force : (n) کسی مقناطیسی اثر والی شے کی وہ فرضی قوت جو مقناطیسی یا غیر مقناطیسی ہونے میں مزاحمت پیدا کرتی ہے ۔

Coercively : (adv) جبری طور پر ؛ جبراً ؛ جبر کے ساتھ ۔

Coerciveness : (n) جابریت ؛ استبدادیت ؛ تشدد ۔

Coessential : (a) ہم جوہر ؛ ہم مادہ ؛ ہم اصل ؛ ہم ذات ۔

Coessentiality : (n) اصل ؛ نوعیت ؛ جوہر ۔

Coetaneous/Coaetaneous : (a &n) [L."coaetaneus"] (۱) ہم عہد؛ ہم عصر؛ ہم زمانہ ؛ ہم دور؛ معاصرہ ۔ (۲) ہم ابتدا ۔ (۳) ہم سن ؛ ہم مدت ؛ ہم سال ۔

Coetaneously : (adv) معاصرانہ ۔

Coeternal : (a) ہم قدم ؛ ہم ابد ۔

Coeternally : (adv) ہم قدمانہ ؛ ہم ابدانہ ۔

Coeternity : (n) ہم قدمی ؛ ہم ابدی ؛ ہم ابدیت ۔

Coeval : (n) [L."Coaevus"] دیکھو Coetaneous

Coevality : (a) ہم عہدی ؛ ہم عصرانہ طور پر ۔

Coevally : (adv) معاصرانہ لحاظ سے ؛ ہم عصرانہ طور پر ۔

Coexistence : (n) (۱)ہم زیستی ؛ ہم وجود ہونا ؛ ہم بودی ؛ ہم موجودیت ۔ (۲) (تاریخ) بقائے باہم ۔

Coexistent : (a) (۱) ہم زیست ؛ ہم وجود ؛ ہم بود ۔

Coextend : (v) ہم سرحد ہونا ؛ ہم حدود ہونا ۔

Coextension : (n) (۱) اشتراک حدود ۔ (۲) (لسانیات) ہم توسیعی ۔

Coextensive : (a) ہم مکان ؛ ہم زمان ؛ ہم حدود ؛ ہم ثغور؛ ہم وسعت ؛ (منطق) مساوی وسعت رکھنے والا ۔

Coextensively : (adv) ہم مکانی یا ہم زمانی کے لحاظ سے ؛ ہم وسعت ہونے کے اعتبار سے ۔

Coextensiveness : (n) ہم مکانیت ؛ ہم زمانیت ۔

Cofactor : (n) (ریاضی) ہم ضربی ۔

Coffee : (n) [Arab. "qahwah"] (۱) قہوہ ؛ کافی ۔ (۲) ناشتہ ؛ حاضری ۔ (۳) بُن ؛ کافی کا بیج ۔ (٤) کافی کی جھاڑی ۔

Black coffee : بے دودھ کا قہوہ ؛ کالی کافی ۔

Coffee-bean : (n) کافی کا بیج ؛ بُن ۔

Coffee-berry : (n) قہوہ کا پھل یا بیج ؛ تخم قہوہ ۔

Coffee-break : (n) کام کے درمیان آرام کا وقفہ جس میں قہوہ یا کوئی دوسری چیز پی جاتی ھے ۔

Coffee-bug : (n) وہ کیڑا جو قہوہ کے پودوں کو برباد کر دیتا ھے ۔

Coffee-ground : (n) قہوہ کی تلچھٹ ۔

Coffee-house : (n) قہوہ خانہ ؛ کافی ھاؤس ۔

Coffee-mill : (n) قہوہ پیسنے کی چکی ۔

Coffee-pot : (n) قہوہ دان ؛ قہوہ جوش ۔

Coffee-rat : (n) جنوبی ھندوستان میں پایا جانے والا ایک قسم کا چوھا ۔

Coffee-room : (n) کسی ھوٹل کا کھانے کا کمرہ ۔

Coffee-tavern : (n) قہوہ خانہ ۔

Coffee-wit : (n) قہوہ خانے کے بذلہ سنج لوگ ۔

Coffee-wood : (n) ایک سخت اور سیاہ جنگلی لکڑی ۔

Coffer : (n) [Gr."Kophinos"] (۱) خزانے کا صندوق ؛ تجوری ۔ (۲) (جمع میں) سرمایہ ؛ روپیہ ؛ خزانہ ۔ (۳) (تعمیرات) دھنسا ھوا دلاّ (چھت وغیرہ کا) ؛ کسی دیوارکے اندر کا وہ خلا جہاں سنگریزے وغیرہ بھر دیئےگئے ھوں ۔ (٤) کوٹھی (پل بنانے میں) نہر کا بند ۔

Coffer : (v) (۱) خزانے میں رکھنا ؛ خزانے کے صندوق میں رکھنا ۔ (۲) دھنسا ھوا دلاّ بنانا ۔ (۳) کان کنی ، معماری یا نجاری کے کام میں مٹی سے بھر کر ٹپکنے سے روکنا ۔

Coffer-dam : (n) کوٹھی (پل بنانے میں) ؛ سر صندوقی ؛ بند صندوقی ؛ بستاب ۔

Coffer-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کا جسم بکس نما ھوتا ھے ۔

Cofferer : (n) خزانچی ۔

Coffin : (n) [Gr."Kophinos"] (۱) تابوت ؛ میت کا صندوق ۔ (۲) ناکارہ جہاز۔ (۳) گھوڑے کا سُم ۔ (٤) کاغذ کا ٹھونگا ۔ (٥) (طباعت) مشین کا پھسلنے والا حصہ ۔ (٦) وہ ڈبا جس میں رکھ کر چیزیں سینکی یا پکائی جاتی ھیں ۔ (۷) (کان کنی) کچی دھات کو ایک چبوترے سے دوسرے چبوترے پر کھُلےطور پر ڈھالنے کا طریقہ ؛ دھات ڈھالنے کا کھُلا طریقہ ۔

Coffin : (v) تابوت میں رکھنا ؛ کفنانا ؛ دفنانا ؛ سینتنا ۔

To drive nail into one 's coffin : موت بلانا ؛ موت کو دعوت دینا ؛ خود اپنی موت یا تباھی کا باعث ھونا ۔

Coffin bone : (n) گھوڑے کے سم کی ھڈی ۔

Coffin-joint : (n) سم کا جوڑ ۔

Coffin-nail : (n) (عامیانہ) سگریٹ ۔

Coffin-plate : (n) تابوت کی تختی ؛ لوح تابوت ۔

Coffinless : (a) بے تابوت ؛ بے گوروکفن ۔

Coffle : (n) [Arab."qafilah"] قطار (جانوروں یا غلاموں کی جو ایک رسی میں بندھے ھوں) ؛ لار ؛ لنگنار (عربی قافلہ)۔

Coffret / Cofferet : (n) [F."Coffre"] چھوٹا صندوق ؛ چھوٹی تجوری۔

Cog : (n) [OF."Cogue"] جہاز کی قدیم شکل جس کا پیندا چوڑا اور اگلا پچھلا مدور ھوتا تھا ؛ چھوٹی اتھلی کشتی ۔

Cog : (n) [ME."Kogge"] (۱) دندانے ؛ دانت (پہیے کے) ۔ (۲) Cogwheel کا مخفف ۔ (۳) (کان کنی) کان کی چھت کو سنبھالنے کےلئے سہارے کا کندہ ؛ چوب بندی کا کندہ ۔ (٤) کسی چیز یا نظام کا ضروری لیکن کمتر حصہ ۔

Cog : (n) (نجاری) چول ؛ سرا (کسی لکڑی کا) جو جوڑنے کے لئے کسی خانہ یا چول میں بٹھا دیا جاتا ھے ؛ کڑیوں کو جوڑنے کی چول ۔

Cog : (n) [Origin unknown] دستہ دار چوبی ظرف ۔

Cog : (v) (۱) پہیے میں دندانے بنانا ۔ (۲) پچڑ کے ذریعہ کسی چیز کو مستحکم کرنا ۔

Cog : (v) شہتیر کو جوڑنا یا چول بٹھانا ۔

Cog : (v) [Origin unknown] پانسے بناکر یا گونتھ کر پھینکنا (عیاری سے) ؛ عیاری سے پانسے پھینکنا ۔

To cog a die or the dice : پر فریب طور پر پانسوں کی چال پر گرفت رکھنا ۔

Cog : (v) ہتھوڑے سے پیٹ کر لوھے کو ٹھوس بنانا ۔

Cog-wheel : (n) دندانہ دار چکر ؛ دندانہ دار پہیا ؛ دنتیلا پہیا ۔

Cog-wood : (n) جمائیکا کا ایک درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے ۔

Cogency : (n) معقولیت ؛ دلنشینی ؛ (جمع میں) قائل کرنے والی بحث ۔

Cogenial / Cogenite : (a) موافق ؛ مناسب (حال) ؛ پسندیدہ ؛ خوشگوار ۔

Cogent : (a) [L."Cogentum"] معقول ؛ دل نشیں ؛ قوی ؛ دل لگتی ہوئی (دلیل یا حجت) ؛ قائل کن ؛ پسندیدہ ۔

Cogently : (adv) معقول یا دلنشیں طور پر ۔

Cogged : (a) دندانہ دار ؛ دندانہ دار پہیے والا ۔

Cogged wheel breathing /rhythm : (طب) اکھڑی اکھڑی سانس ۔

Cogged : (a) (۱) بے ایمانی سے متاثر کیا ہوا ۔(۲) (پانسے کے لئے) گونتھا ہوا پانسہ (عیاری سے) ۔

Cogger : (a) دھوکا دینے والا ؛ خوشامدی ؛ چاپلوس ۔

Coggle : (n) [Echoic] (۱) پانی سے گھسا ہوا گول پتھر ۔ (۲) دیکھو Cobble

Coggle : (v) لڑکھڑانا ۔

Coggly : (a) لرزاں ؛ متزلزل ؛ ناپائدار ؛ غیر ثابت ؛ غیر مستحکم ۔

Cogie / Coggie : (n) [f. COGUE] لکڑی کا چھوٹا پیالہ یا اس کے اندر رکھی چیزیں ۔

Cogitable : (a) [L."Cogitablis"] قریب القیاس ؛ قریب الفہم ؛ قابل قبول ؛ قابل ادراک ؛ قابل خیال ۔

Cogitabund : (a) [L."Cogitabundus"] غرق تفکر ؛ فکر میں محو ؛ مراقبے میں ۔

Cogitant : (a) [L."Cogitantem"] متفکر ؛ دھیانی ؛ مراقب ۔

Cogitate : (v) [L."Cogitat-"] (۱) غور کرنا ؛ سوچنا ؛ فکر کرنا ؛ خیال کرنا ؛ بچارنا ؛ اندیشہ کرنا ۔ (۲) جتن کرنا ؛ صورت نکالنا ۔ (۳) (فلسفہ) کسی شے کا تصور کرنا ۔

Cogitatio : [L.] (کیمیا) غور ؛ فکر ۔

Cogitation : (n) (۱) سوچ ؛ سوچ بچار ؛ تفکر ؛ فکر ؛ تامل ؛ خیال ؛ غور و فکر ۔ (۲) (جمع میں) اندیشہ ؛ فکر ۔

Cogitative : (a) (۱) تفکراتی ؛ تصوراتی ؛ خیالی ؛ فکری ؛ فکر آمیز ۔(۲) فکر ؛ اندیشہ کنندہ ؛ قوت تفکر کا حامل ؛ متفکرانہ ۔

Cogitatively : (adv) متفکرانہ ؛ متصورانہ ؛ سوچ بچار سے ؛ فکر یا تصور کے طور پر ۔

Cogitativeness : (n) سوچ بچار میں ہونا ؛ فکر یا دھن میں ہونا ۔

Cogito : (n) [L.] وہ فلسفیانہ اصول کہ انسانی وجود کا ثبوت اس کے تفکر سے ہوتا ہے ۔

Cogito ergo sum : [L.] (فلسفہ) اثبات وجود بربنائے فکر ؛ میں سوچتا ہوں اس لئے موجود ہوں ۔

Cognac : (n) [F. place name] فرانسیسی برانڈی ؛ ایک قسم کی شراب ؛ کنیاک (فرانس کا ایک شہر) ۔

Cognate : (a) [L."Cognatus"] (۱) قرابت دار ؛ رشتہ دار ؛ ہم اصل ؛ ہم جد ؛ نسبتی ؛ ہم نسل ؛ ہم مصدر ؛ ہم ریشہ ۔(۲) (لسانیات) ہم اصل ؛ ہم خاندان ؛ متجانس ؛ ہم جنس ۔

Cognate : (a) (۱) (رومی قانون) خونی رشتہ دار ؛ خاندانی رشتہ دار ۔ (۲) (اسکاٹش قانون) ماں کی طرف کا رشتہ دار ۔ (۳) (کلمہ) متجانس ۔

Cognate accusative : (n) (۱) (نحو) مفعول مطلق ؛ ہم مصدر مفعول ۔(۲) دیکھو Cognate object

Cognate form : (n) (لسانیات) هم اصل روپ ؛ متجانس روپ۔

Cognate object : (n) (لسانیات) هم اصل مفعول ؛ متجانس مفعول۔

Cognate words : (n) (لسانیات) هم اصل الفاظ ؛ متجانس الفاظ۔

Cognateness : (n) رشتہ داری ؛ قرابت داری ؛ هم اصلی ؛ هم ریشی ؛ هم جنسی۔

Cognatic : (a) رشتہ داری سے متعلق ؛ قرابت مندی کا ؛ متجانس۔

Cognatic import : (n) (لسانیات) اصل مفهوم ؛ متجانس مفهوم۔

Cognation : (n) رشتہ داری ؛ نسبتی تعلق ؛ هم اصلیت ؛ هم خاندانی (زیادہ تر لسانیات میں) ؛ هم ریشگی ؛ هم جنسیت ؛ مناسبت ؛ مشابہت۔

Cognition : (n) [L."Cognitionem"] (۱) (فلسفہ) وقوف ؛ ادراک ؛ احساس ؛ گیان ؛ آگاهی ؛ عرفان ؛ علم ؛ معرفت ؛ دانش۔ (۲) (قانون) قانونی اختیار کا استعمال اختیار سماعت۔

Discursive cognition : (فلسفہ) استدلالی وقوف۔

Inter-subjective cognition : (فلسفہ) بین موضوعی وقوف۔

Cognitional : (a) ادراکی ؛ وقوفی ؛ احساسی ؛ علمی ؛ گیان کے متعلق ؛ عرفانی۔

Cognitive : (a) (۱) باوقوف ؛ گن گیان والا ؛ علم رکھنے والا ؛ واقف ؛ شناسا ؛ دانشمند ؛ عارف۔ (۲) (فلسفہ) وقوفی۔

Cognizable/-isable : (a) (۱) قابل فهم ؛ قابل ادراک۔ (۲) قابل شناخت۔ (۳) قابل سماعت عدالت ؛ اندرون اختیارات عدالت۔

Cognizable offence : (n) جرم قابل سماعت عدالت ؛ وہ جرم جس کے لئے پولیس افسر بغیر پروانہ گرفتاری کے گرفتار کرلے۔

Cognizably : (adv) بظاهر ؛ محسوس طریقہ پر ؛ قابل سماعت طریقہ پر۔

Cognizance /-sance : (n) [OF."Conis(s)ance"] (۱) وقوف ؛ علم ؛ آگهی ؛ دائرہ مشاهدہ۔ (۲) قانونی اختیار کا استعمال ؛ اختیار سماعت۔ (۳) امتیازی علامت ؛ امتیازی نشان (طرہ، مارکہ وغیرہ)۔ (٤) (تاریخ) قابل سماعت ؛ قابل دست اندازی۔

To come (fall / lie / be) under / within / beyond / out of the cognizance : دائرہ وقوف سے باهر هونا ؛ کسی کے تعلق سے خارج هونا ؛ کسی کے تعلق میں هونا۔

To have cognizance of : علم هونا(سرکاری طورپر)۔

To take cognizance of : توجہ کرنا ؛ دهیان میں لانا ؛ چشم پوشی نہ کرنا ؛ متوجہ هونا ؛ سماعت کا اختیار هونا۔

Cognizant / Cognisant : (n) (۱) آگاہ ؛ باخبر۔ (۲) (فلسفہ) ذی ادراک ؛ صاحب معرفت ؛ ذی وقوف ؛ صاحب اختیار یا ذمہ دار۔

Cognize / Cognise : (v) (۱) وقوف یا ادراک رکھنا ؛ علم رکھنا۔ (۲) شناخت کرنا۔ (۳) (فلسفہ) موضوع بنانا (کسی شے کو)۔

Cognizee /-see : (n) (قدیم قانون) وہ فریق جس کے حق میں جرمانہ عاید کیا جائے۔

Cognizer /-ser : (n) (قدیم قانون) وہ فریق جو جرمانہ عائد کرتا هے۔

Cognomen : (n) [L.] (۱) گوت ؛ نام ؛ اژنام ؛ نام خانوادگی۔ (۲) عرف ؛ لقب۔ (۳) نام ؛ اسم۔

Cognominal : (a) هم لقب ؛ هم عرف ؛ عرف یا لقب سے متعلق۔

Cognominally : (adv) هم لقب ؛ هم عرف کے طورپر۔

Cognominate : (v) [L."Cognominat-"] لقب رکھنا ؛ عرف رکھنا ؛ نام رکھنا۔

Cognomination : (n) لقب ؛ عرف ؛ نام ؛ لقب دینا ؛ لقب گزاری ؛ کنیت گزاری۔

Cognosce : (v) [L."Cognoscere"] (۱) تحقیقات کرنا ؛ کسی مقدمے کو عدالتی سماعت میں لانا ؛ عدالتی طورپر کسی کی حالت کافیصلہ کرنا۔ (۲) شناخت کرنا ؛ علم رکھنا ؛ وقوف یا ادراک رکھنا۔

Cognoscence : (n) علم۔

Cognoscente : (n) [L."Cognoscentem"] دقیقہ شناس ؛ نکتہ رس ؛ جاننے والا ؛ کسی موضوع پر کامل گرفت رکھنے والا۔

Cognoscendum : (n) (فلسفہ) نظریہ وقوف۔

Cognoscibility : (a) علم کا امکان۔

Cognoscible : (a) ممکن العلم ؛ جاننے کے لائق۔

Cognoscitive : (a) آگاہی رکھنے والا ؛ آگاہی کی قوت رکھنے والا۔

Cognoscitively : (a) آگاہی رکھنے والے کے لحاظ سے ؛ اندیشناکی سے۔

Cognovit : (n) [In full "Cognovit actionem"] (قانون) اقبال دعویٰ۔

Cogradation : (n) (شماریات) ہم درجہ بندی۔

Coguardian : (n) مشترک سر پرست۔

Cogue / Cog : (n) [Etym. unknown] لکڑی کا پیالہ۔

Cogueful / Cogful : (n) پیالہ بھر۔

Cohabit : (v) [L."Cohabitare"] (۱) میاں بیوی کی طرح رہنا ؛ ہم خواب ہونا ؛ ہم بستر ہونا ؛ مباشرت کرنا ؛ جماع کرنا ؛ صحبت کرنا (عموماً بے نکاحی عورت کے ساتھ)۔ (۲) ایک ساتھ رہنا یا ہونا۔

Cohabitant : (n) دوسروں کے ساتھ رہنے والا۔

Cohabitation : (n) ہم خوابی ؛ ہم بستری ؛ جماع ؛ مباشرت ؛ صحبت۔

Illicit cohabitation : (n) (سماجیات) ناجائز مباشرت۔

Matrimonial cohabitation : (n) (سماجیات) ازدواجی مباشرت۔

Coheir / Coheiress : (n) شریک میراث ؛ ہم ورثہ ؛ ہم میراث۔

Coheirship : (n) ہم وراثت ؛ وراثت مشترکہ۔

Cohere : (v) [L."Cohaerere"] (۱) چپکنا ؛ چسپیدہ ہونا ؛ جمنا ؛ جڑنا ؛ وابستہ ہونا ؛ متحد ہونا۔ (۲) مربوط ہونا ؛ یکساں ہونا (دلیل اورطرز بیان میں) ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ یك رنگ ہونا۔

Coherence / Coherency : (n) (۱) ربط ؛ وابستگی ؛ وصل ؛ ارتباط ؛ موافقت ؛ چسپیدگی ؛ پیوستگی ؛ یك رنگی۔(۲) (فلسفہ و نفسیات) ربط۔

Systenatic coherence : (فلسفہ و نفسیات) باضابطہ ربط۔

Coherence theory of good : (فلسفہ و نفسیات) نظریہ ربط خیر۔

Coherence theory of truth : (فلسفہ و نفسیات) نظریہ ربط صداقت۔

Coherent : (n) (۱) جما ہوا ؛ چپکا ہوا ؛ چسپیدہ ؛ جڑا ہوا ؛ ملا ہوا۔ (۲) مربوط ؛ یك رنگ ؛ یکساں ؛ قوی الحجت؛ سہل ؛ یسیرالفہم؛ سمجھ میں آنے والی بات۔ (۳) (تاریخ) با ربط۔

Coherent radiation : (n) (طبیعیات) باربط تابانی ؛ مربوط تابانی۔

Coherent source : (n) (طبیعیات) مربوط ماخذ۔

Coherently : (adv) مربوط طورپر ؛ ربط کے ساتھ۔

Coherer : (n) (۱) چسپندہ ۔(۲) دو دھات کے ٹکڑوں میں برقی رو کے نقص کو دور کر کے اسے برقرار رکھنے والا آلہ ؛ کوھیرر (طبیعیات)۔

Cohering : (a) (نباتیات) بیرونی طورسے متحد۔

Coheritor : (n) دیکھو Coheir

Cohesion : (n) [F."Cohesion"] (۱) چسپیدگی ؛ پیوستگی ؛ اتصال ۔ (۲) کشش اتصال ؛ اتصاق ۔ (۳) قوت جاذبہ ذرات۔ (٤) (نباتیات) اتصال ۔

Principle of cohesion : (فلسفہ و نفسیات) اصول پیوستگی۔

Social cohesion : (سماجیات) سماجی پیوستگی۔

Cohesive : (a) (۱) چسپندہ ؛ اتصال پذیر ؛ مائل ؛ متصل ۔(۲) (کیمیا) چپکنے والا ۔

Cohesively : (adv) پیوستہ طورپر ؛ چسپیدہ ہوکر ۔

Cohesiveness : (n) چسپیدگی ؛ پیوستگی ۔

Cohibit : (v) [L. "Cohibit-","Cohibere"] روکنا ؛ منع کرنا ؛ محدود کرنا ۔

Cohibition . (n) رکاوٹ ؛ روک ؛ ممانعت ؛ انسداد ۔

Cohobate : (v) [L."Cohobatus"] (قدیم کیمیا) دوبارہ تقطیر کرنا ۔

Cohorn : (n) دیکھو Coehorn

Cohort : (n) [L."Cohortem"] (۱) (قدیم روم) رومی فوج کا ایک دستہ ۔(۲) فوج کا دستہ ۔ (۳) مجمع ؛ گروہ ۔(٤) (نباتیات، حیوانیات) دستہ (متعلق بجماعت بندی) ۔(٥) شریک جرم ؛ پیرو ؛ طرفدار ؛ ساتھی ؛ ساجھی ۔

Cohortation : (n) وعظ ؛ نصیحت ؛ مواعظ ۔

Cohortative : (a) وعظ ؛ نصیحت سے متعلق ۔

Cohortative mood : (لسانیات) ترغیبی طور ؛ اعتناب ؛ استقرار (فعل کا)۔

Cohosh : (n) [The Indian name] ایک قسم کا امریکی پودا جس سے دوا تیار ہوتی ہے ۔

Cohow / Cahow / Cohoo : (n) (Kahu) [From its cry] برمودہ کا ایک پرندہ جو اب تقریباً ناپید ہے ۔

Cohuna skull : (n) (تاریخ) کوھونا کھوپڑی۔

Cohune : (n) کھجور کے درخت کی ایک قسم جو پنڈورا میں پائی جاتی ہے ۔

Coif : (n) [L."Cofea"] (۱) ایک قسم کی ٹوپی ؛ کنٹوپ ۔ (۲) ایک سفید ٹوپی جو انگلستان کےوکلاء پہنا کرتے تھے ؛ قانون داں کا عہدہ ۔ (۳) (تاریخ) کلاہ خود ۔ (٤) عورتوں کی چست ٹوپی ۔(٥) نم گیاہ کا برقع ۔ (٦) بال بنانے کی وضع ؛ مانگ پٹی ۔

Coif : (v) کنٹوپ سے چھپانا ؛ قانون داں کی ٹوپی پہننا ؛ بال سنوارنا ۔

Coiffeur / Coiffeuse : (n) [Fr.] بال سنوارنے والا ؛ مشاطہ ؛ مشاطہ ۔

Coiffure : (n) [Fr.] (۱) بال بنانے کی وضع ؛ آرائش گیسو ؛ کلاہ ۔ (۲) (تاریخ) مانگ پٹی کا طریقہ ؛ بال بنانے کی وضع ۔

Coign / Coigne : (n) [archaic form of Coin, QUOIN] ۔(۱)گوشہ (۲) دو دیواروں کے بیچ نکلا ہوا پتھر ؛ سنگ زاویہ ۔(۳) (طباعت میں) پچڑ ۔

Coign of vantage : نظارہ گاہ ؛ دیدبان ؛ وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز صاف دکھائی دے ۔

Coigne /Coigny : (n) آئرستان کے سردار جو اپنی رعیت سے سپاھیوں کے کھانے پینے کیلئے رقم وصول کرتے تھے ۔

Coil : (v) [OF."Coillir"] (۱) کنڈل بنانا ؛ اینڈوی بنانا ؛ کنڈلیاں بنانا ۔(۲) سانپ کی طرح سے چلنا ؛ بل کھانا ؛ بل کھاتے ہوئے چلنا ۔

Coil : (n) (۱) لچھا ؛ گولہ ؛ پنڈا ؛ انٹی ۔(۲) گھونگر ؛ مرغولہ ۔(۳) کنڈل ؛ کنڈلی ؛ حلقہ حلقہ ؛ کُوائل ۔(٤) (بندوق سازی) لوھے کا وہ چھڑ جو کنڈل بناکر نلکی میں تبدیل کردیا جاتا ہے ۔

Exploring coil : (طبیعیات) کھوج کنڈلی ۔

Field coil : (طبیعیات) فیلڈ کنڈلی ۔

Impedance coil : (طبیعیات) عداوتی کوائل ۔

Induction coil : (طبیعیات) تحریکی کوائل ۔

Magnetizing coil : (طبیعیات) مقناؤ کوائل ۔

Reactance coil : (طبیعیات) نا اھلیت کوائل ۔

Search coil : (طبیعیات) کھوج کوائل ۔

Single turn coil : (طبیعیات) یکپھیری کوائل ۔

Coil : (n) (۱) شوروشغب ؛ گڑبڑ ؛ ابتری ؛ آشوب ۔ (۲) امور دنیوی ۔

Mortal coil : امور دنیوی ۔

To keep a coil : شورو شغب کرنا ۔

Coil : (n) [Etymology not clear] پیال کا انبار ۔

Coil-winder : (n) (انتظامیہ) لچھا ساز ؛ مرغولہ ساز ۔

Coiled : (a) (لسانیات) مرغولہ دار ۔

Coin : (n) [L."Cuneum"] (۱) سکہ ۔ (۲) روپیہ ۔ (۳) زر ؛ پیسہ ۔ (٤) رقم ۔ (٥) دو دیواروں کے بیچ میں نکلا ہوا پتھر ۔

Base coin : (تجارت) ناقص سکہ ؛ خراب سکہ ؛ کھوٹا سکہ ۔

Counterfeit coin : (تجارت) نقلی سکہ ؛ جعلی سکہ ۔

Debased coin : (تجارت و معاشیات) گھٹیا سکہ ۔

Defaced coin : (معاشیات) کھوٹا سکہ ؛ چہرہ مٹا سکہ ۔

Drilled coin : (تجارت) سوراخ دار سکہ ۔

False coin : (۱) سکہ قلب ؛ جعلی سکہ ؛ کھوٹا سکہ ۔ (۲) دھوکے کی چیز ؛ جعلی شئے ۔

Full bodied coin : (تجارت) پوری مالیت کا سکہ ۔

Garbed coin : (تجارت) گھسا پٹا سکہ ۔

Gold coin : (تجارت) سونے کا سکہ ۔

Minor coin : (تجارت) چھوٹا سکہ ۔

Silver coin : (تجارت) چاندی کا سکہ ۔

Small coin : دیکھو Minor coin

Standard coin : (تجارت و معاشیات) معیاری سکہ ۔

Subsidiary coin : (تجارت) ضمنی سکہ ؛ ذیلی سکہ ؛ معاون سکہ ۔

Token coin : (تجارت و معاشیات) علامتی سکہ ۔

To pay one in his own coin : جیسے کو تیسا ؛ ترکی بہ ترکی ۔

Uncurrent coin : (تجارت) غیر چالو سکہ ۔

Coin : (v) (۱) سکہ ڈھالنا ، بنانا یا ضرب کرنا ۔ (۲) دھات کو سکے میں تبدیل کرنا ۔ (۳) دماغی قوت سے روپیہ پیدا کرنا ۔ (٤) ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ گھڑنا ؛ نکالنا ؛ بنانا ؛ پیدا کرنا ؛ لفظ وضع کرنا ۔

Coin : (v) (۱) سکہ مہیا کرنا ۔ (۲) دو دیواروں کے بیچ پتھر لگانا ۔

To coin money : (عامیانہ) روپیہ بنانا ۔

Coin examiner : (n) (تجارت) سکہ جانچ کنندہ ؛ سکہ پڑتالیا ۔

Coin expert : (n) (انتظامیہ) ماہر سکہ جات ۔

Coin hoard : (n) (تاریخ) سکوں کا ذخیرہ ۔

Coinage : (n) [OF."Coinaige"] (۱) سکہ ڈھلائی ؛ ضرب سکہ ۔ (۲) سکے ۔ (۳) رائج الوقت سکے ۔ (٤) اختراع ؛ ایجاد ؛ گھڑے ہوئے الفاظ ؛ من گھڑت ۔ (٥) (تجارت) سکہ سازی ؛ تسکیک ۔ (٦) (لسانیات) وضع ۔

Decimal coinage : عشاری سکے ۔

Free coinage : (معاشیات) آزاد سکہ سازی ؛ (تجارت) مفت سکہ سازی ؛ کھلی سکہ ڈھلائی ۔

Gratuitous coinage : (معاشیات) مفت سکہ سازی ؛ (تجارت) بلامعاوضہ سکہ سازی ؛ مفت سکہ ڈھلائی ۔

Limited coinage : (تجارت و معاشیات) محدود سکہ سازی ؛ محدود سکہ ڈھلائی ۔

Non-gratuitous coinage : (تجارت و معاشیات) با قیمت سکہ سازی ؛ با معاوضہ سکہ ڈھلائی ۔

Coinage account : (n) (تجارت) سکہ سازی کھاتہ ۔

Coinable : (a) سکہ بنانے کے لائق ؛ گھڑے جانے کے لائق (الفاظ) ۔

Coincide : (v) [med. L."Coincidere"] (۱) ہم مکان ہونا ؛ ٹھیک بیٹھنا ؛ ٹھیک آنا ؛ چسپاں ہونا ؛ منطبق ہونا ۔ (۲) ہم زمان ہونا ؛ ایک ہی وقت میں واقع ہونا ۔ (۳) مطابق ہونا ؛ موافق ہونا ؛ ٹھیک ہونا ۔ (٤) متفق ہونا ؛ اتفاق رائے کرنا ۔

Coincidence : (n) (۱) انطباق ؛ ہم مکانیت ؛ ہم زمانیت ؛ ٹھیک بیٹھنا ؛ مطابقت ؛ تطابق ؛ موافقت ۔ (۲) اتفاق ؛ میل ؛ سنجوگ ؛ اتفاقی مطابقت ۔

Casual coincidence : (فلسفه و نفسیات) بے قاعدہ انطباق ۔

Chance coincidence : (فلسفه و نفسیات) اتفاقی انطباق ۔

Coincidence circuit : (n) (طبیعیات) میل سرکٹ ۔

Coincidence method : (n) (طبیعیات) میل طریقه ۔

Coincidence rate : (n) (طبیعیات) میل شرح ۔

Coincident : (a) مطابق ؛ موافق ؛ هم مکان ؛ هم زمان ؛ ملتا هوا ؛ منطبق ۔

Coincident distribution : (n) (لسانیات) تطبیقی تقسیم ۔

Coincident indicator : (n) (تجارت) اتفاق نما ۔

Coincidental : (a) مطابقی ؛ تطابقی ؛ هم مکانی ؛ هم زمانی ۔

Coincidentally/ Coincidently : (adv) ساتھ۔ساتھ ؛ اسی وقت ؛ اتفاق سے ؛ اتفاقاً ۔

Coincidation : (n) هم نشانی ؛ هم علامتی ؛ علامت مشترک ۔

Coined word : (n) (لسانیات) وضع کئے گئے الفاظ ؛ وضعی الفاظ ۔

Coiner : (n) (۱) سکّه زن ۔(۲) خراب ٹکسالیه ۔(۳) قلب سکّه بنانے والا ؛ سکّه باز ۔(٤) الفاظ گھڑنے والا ؛ الفاظ وضع کرنے والا ۔

Coinfinite : (v) مشترکاً لا محدود ۔

Coinhere : (v) باهم موجود هونا ۔

Coinherence : (n) باهم موجودگی ؛ باهم وجود ؛ وجود مشترک ۔

Coinheritance : (n) میراث مشترکه ۔

Coinheritor : (n) هم میراث ۔

Coinless : (a) بے زر ؛ کنگال ۔

Coinstantaneous : (a) هم وقت ؛ هم زمان ؛ هم آن ؛ ایک هی لمحه میں واقع هونے والا ؛ هم لمحه ۔

Cointense : (a) مساوی شدت والا ۔

Cointension : (n) مساوی شدت ۔

Cointise : (n) [OF."cointe"] کوئی چیز جو بطور علامت یا نشان پہنی جائے جیسے گلوبند یا رومال وغیرہ ۔

Coir : (n) [Malayalam."Kayar"] ناریل کے ریشے جن سے رسیاں، چٹائیاں وغیرہ بنتی هیں ؛ نارا ۔

Coistrel : (n) [MF. "coustillier"] (۱) جانبازوں (نائٹ) کے گھوڑوں کی رکھوالی کرنے والا سائیس یا نوکر ۔(۲) کمینه آدمی ؛ رذیل ۔

Coition : (n) [L. "coitionem"] (۱) جماع ؛ صحبت ؛ مباشرت ؛ مجامعت ؛ بھوگ ؛ وصل ؛ وصلت ؛ مواصلت ؛ وصال ۔(۲) اقتران ۔

Coitus : (n) [L, "coitus"] دیکھو Coition

Extramarital coitus : (سماجیات) بیرون ازدواجی مباشرت ؛ غیر ازدواج مباشرت ۔

Premarital coitus : (سماجیات) قبل از شادی مباشرت ۔

Cojuror : (n) [Co + JUROR] شریك جیوری ۔

Coke : (n) [ME. "Coke"] پتھر کا وہ کوئله جس سے آنچ دیکر کاربن خارج کر دیتے هیں اور جو لوهے کے پگھلانے میں کام آتا هے ؛ نرکول ۔

Coke : (v) نرکول بنانا ؛ نرکول میں تبدیل هونا ۔

Cokery : (n) نرکول بنانے کی جگه یا کارخانه ۔

Cokey / Cokie : (a) کوکین کھانے کا عادی ۔

Col : (n) [L. "collum"] تنگ گھاٹی ۔

Col-: واصله (بجائے COM-) ۔

Col-/ colo-/ coli -: واصله بمعنی "بڑی آنت" ۔

Cola : (n) [of African origin] مغربی افریقه کا ایك درخت ۔

Cola : (n) Colon کی جمع ۔

Cola : (n) [L."coda","cauda"] قطار؛ صف ؛ لائن ۔

Cola nut : (n) مغربی افریقہ کے ایک درخت کا بیج جو اچار، مقوی دوا یا الکحل کے مارک کےطور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Cola seed : (n) دیکھو Cola nut

Colander / Cullender : (v) [med.L."colatorium"] سوراخ کرنا ؛ چھلنی بنانا ؛ چھاننا ۔

Colander / Cullender : (n) (١) چھلنی ؛ آنگی ؛ غربال ؛ آب کش ۔ (٢) چھرا ڈھالنے کا سانچہ ۔

Colation : (n) [L."colare"] صاف کرنا ؛ چھاننا ۔

Colature : (n) [late L."colatura"] (١) چھاننا ۔ (٢) چھناھوا ۔ (٢) چھلنی ۔

Colcannon : (n) [Ir. Gael."cal+ceannan"] ایک آئرستانی کھانا ؛ آلوگوبھی کا سالن ۔

Colchicine /Colchicia : (n) [COLCHICUM+-INE] ایک قسم کا زھریلا زرد بلوری القلی ۔

Colchicum : (n) [Gr."kolchikon"] (١) سورنجان ؛ ایک زھریلا پودا جو زعفران کے بہت مشابہ ہوتا ہے ۔ (٢) سورنجان سے حاصل ہونے والی دوا ۔

Calcothar : (a) [Arab."qolqotar"] لوہے کا سرخ آکسائڈ جس سے شیشے پر جلا کرتے ہیں ؛ قلقطار ۔

Cold : (a) [OTeut. "kaldo-z"] (١) ٹھنڈا ؛ سرد ؛ خنک ؛ بارد ۔ (٢) جو گرم نہ کیا گیا ہو ؛ جو گرم کرنے کے بعد سرد ہو گیا ہو ۔ (٣) بے حس ؛ بے مہر ؛ بے درد ؛ بے اثر ۔ (٤) سرد مہر ؛ افسردہ ؛ نا مہربان ۔ (٥) کپکپا دینے والا ؛ افسردہ کن ؛ غیر دلچسپ ؛ بے لطف ۔ (٦) (شکاریات) ہلکی خفیف بو ؛ (شکار) شکارباس ۔ (٧) (مجازاً) بےمزا ۔ (٨) ارادتاً ۔ (٩) مردہ ۔ (١٠) بے ہوش ۔ (١١) دوسرے کے رحم و کرم پر ۔ (١٢) یقینی ؛ متیقن ۔ (١٣) (مصوری) نیلا ؛ خاکستری یا اس طرح کا رنگ ۔ (١٤) قانونی ۔ (١٥) بیکار ؛ غیر چالو ۔ (١٦) (ریڈیو اور ٹیلی ویژن) بغیر موسیقی یا تفریح کا ۔ (١٧) غیر اصیل ۔ (١٨) شدید ۔ (١٩) بے ظاہری تشدد کے ۔ (٢٠) غیر جاذب حرارت زمین ۔

In cold blood : قصداً ؛ جان بوجھ کر ۔

To give the cold shoulder to : سردمہری سے پیش آنا ؛ بد خلقی سے ملنا ؛ رکھائی سے پیش آنا ؛ بے رخی برتنا ۔

To throw cold water on plan : دبانا ؛ کسی کام یا منصوبے پر پانی پھیر دینا ؛ دل شکستہ کرنا ؛ پست ہمت کرنا ؛ افسردہ کرنا ۔

Cold : (n) [OE"cals","ceald"] (١) ٹھنڈا ؛ ٹھنڈک ؛ جاڑا ۔ (٢) زکام ؛ نزلہ ؛ سردی ؛ ہوا زدگی ۔ (٣) افسردگی ؛ نا امیدی ۔

To be left out in the cold : بے پروائی برتا جانا ؛ بےتوجہی ہونا ؛ کس مپرسی میں ڈال رکھنا ۔

Cold-abscess : (n) وہ زخم جو بغیر ورم وغیرہ کے پیدا ہو ۔

Cold bed : (n) (باغبانی) ٹھنڈا تختہ ۔

Cold blast : (n) دھونکنی کی ہوا ۔

Cold-blooded : (a) (١) سرد خون والے (مچھلی اور دوسرے رینگنےوالے کیڑے) ؛ بلغمی مزاج ؛ ٹھنڈی مٹی ؛ بے درد ۔

Cold-blooded animal : (n) (حیوانیات) سرد خونی جانور ۔

Cold cathode tube : (n) (طبیعیات) سرد منفی ٹیوب ۔

Cold chisel : (n) ٹھنڈے لوہے کو کاٹنے والی چھینی ۔

Cold coil : (n) ٹھنڈی پٹی (متورم مقام پر ٹیوب میں پانی بھر کرلپیٹ دیتے ہیں) ۔

Cold colours : (n) ٹھنڈے رنگ مثلاً نیلا، خاکستری وغیرہ ۔

Cold cream : (n) نرم اور مفرح روغن (جلد اوربدن کےلئے) ۔

Cold discharge : (n) (طبیعیات) ٹھنڈا اخراج ۔

Cold-drawn : (a) بغیر گرم کئے ہوئے بیجوں سے نکالا ہوا (تیل) ۔

Cold emission : (n) (طبیعیات) ٹھنڈا خروج ۔

Cold emitter valve : (طبیعیات) سرد مخروجی والو ۔

Cold feet : (n) (عامیانہ) خوف ۔

Cold finch : (n) ایک قسم کی مگس گیر چڑیا ۔

Cold-fish : (n) سرد اور بے حس آدمی ۔

Cold-hammer : (v) ٹھنڈے لوہے کو کوٹنا پیٹنا ۔

Cold-hearted : (a) قسی القلب ؛ بے رحم ۔

Cold-heartedness : (n) بے رحمی ؛ قسی القلبی ۔

Cold-livered : (a) سرد جگر ؛ سرد ؛ افسردہ دل ؛ بے جذبات ؛ بے جوش ؛ ٹھنڈی مٹی ؛ ٹھنڈی مٹی کا ۔

Coldly : (adv) سرد مہری سے ۔

Cold meat : (n) (عامیانہ) ٹھنڈا گوشت ؛ مردہ ۔

Cold neutron : (n) (طبیعیات) ٹھنڈا نیوٹرن ۔

Cold-pig : (n) (۱) ٹھنڈے پانی کے چھینٹے دیکر جگانا ۔ (۲) ٹھنڈے پانی کے چھینٹے (کسی کو جگانے کے لئے)۔

Cold -proof : (a) جس پر سردی اثر نہ کرے ؛ سردی روک ؛ ٹھنڈ روک ۔

Cold-short : (n) کڑکیلا ٹھنڈا لوہا ۔

Cold shoulder : (n) بے توجہی ؛ بے اعتنائی ۔

Cold spot : (n) (فلسفہ و نفسیات) سرد نقطہ ۔

Cold steel : (n) تلوار؛ سنگین (یعنی وہ ھتھیار جو داغے نہیں جاتے)۔

Cold storage : (n) (۱) خنک سار جگہ جہاں چیزیں محفوظ کی جاتی ھیں ۔ (۲) (مجازاً) التوا ۔

Cold turky : (n) (۱) روکھا ؛ دو ٹوک ۔(۲) متیقن نشانہ ۔ (۳) منشیات کا یکایک ترک کر دینا ۔ (٤) بے حس ۔

Cold war : (n) سرد جنگ ؛ حالت دشمنی جس میں دھمکی، رکاوٹ، پروپیگنڈا ھو مگر باضابطہ جنگ نہ ھو ۔

Cold wave : (n) سرد لہر ؛ یکایک ٹھنڈک کا بڑھ جانا ۔

Cold without : (n) تلخ شراب پانی کے ساتھ ؛ بغیر شکر کی شراب ٹھنڈے پانی میں ۔

Coldblood : (n) سرد خون ۔

Coldish : (a) ٹھنڈا سا ؛ خنک سا ؛ سرد سا ۔

Coldness : (n) (۱) سردی ؛ ٹھنڈک ۔(۲) سرد مہری ۔

Cole : (n) [L. "caulis"] ایک قسم کا کرم کلا ؛ گوبھی (اب متروک ھے صرف بطور واصلہ ان معنوں میں آتا ھے)۔

Cole : (n) (عامیانہ) رقم ۔

To post the cole : رقم ادا کرنا ۔

Cole-goose : (n) دیکھو Coal goose

Cole-rake / Colrake : (n) [f."col", COAL+RAKE] خاك انداز ؛ چولہے یا بھٹی میں راکھ جھاڑنے کا ایک آلہ ؛ خاکستر کش ۔

Cole-slaw : (n) [Du."Koolsla"] کٹے ھوئے کرم کلا کا سلاد ۔

Cole-staff : (n) بھاری دستہ دار دیگ وغیرہ کے لے جانے والی لکڑی ۔

Cole-tit : (n) دیکھو Coal mouse

Colectomy : (n) [Cole-+ectomy] (جراحی) بڑی آنت کے ایک حصے کو کاٹ کر نکال دینا ۔

Colegatee : (n) [CO+LEGATEE] (تجارت) ھم ترکہ یا بندہ ۔

Colemanite : (n) [f. w. t. Coleman] کیلشیم کا آبدار بوریٹ جو کیلی فورنیا میں پایا جاتا ھے ۔

Colemouse : (n) دیکھو Coalmouse

Coleopter : (n) [See next] بھونرے کی ایک قسم ۔

Colepotera : (n) (sing. Coleopteron) [Gr."Koleopteros"] حشرات کی ایک قسم جن کے دو سخت پر ھوتے ھیں جو اڑنے کے لئے استعمال نہیں ھوتے بلکہ اڑنے والے پروں کی حفاظت کے لئے ھوتے ھیں ؛ بھونرے ۔

Coleopteral : (a) اس قسم کے حشرات (بھونروں) سے متعلق ۔

Coleopteran : (n) بھونرے کی ایک قسم ۔

Coleopterist : (n) بھونروں کا مطالعہ کرنے والا اور ان کا ماھر ۔

Coleopteroid : (a) بھونرے کی طرح ؛ مثل بھونرا ۔

Coleopterous : (a) دیکھو Coleopteral

Coleorhiza : (n) [Gr."Coleos"+"rhiza"] کلاہ بیخ ۔

Coleseed : (n) (۱) گوبھی کا بیج ۔ (۲) وہ درخت جس سے روغن کلزا حاصل ھوتا ھے (گوبھی کے بیج کا روغن) ۔

Coleus : (n) [Gr."koleos"] دو برگہ ؛ لب دار پودوں کی ایک جنس جو پودینے کی طرح ھوتی ھے ۔

Colewort : (n) کرم کلا کا پودا جو گچھا ھوا نہ ھو ۔

Colewort twice sodden : پرانی خبر ۔

Colibri : (n) [Carib] ایک قسم کی چڑیا جس کے پروں سے بھن بھن کی آواز نکلتی ھے ۔

Colic : (n) [Gr."Kolikos"] قولنج ؛ درد شکم ؛ پیٹ کا درد ؛ مروڑ ؛ پیچ ۔

Colic : (a) قولن ؛ بڑی آنت سے متعلق ؛ قولنجی ۔

Colic root : (n) حشیشۃ النجم ؛ وہ پودے جن کی جڑوں سے قولنج کا علاج کیا جاتا ھے ۔

Colical : (a) قولنج سے متعلق ؛ قولنج کی مانند ؛ قولنجی میلان رکھنے والا ۔

Colicky : (n) قولنج کا مریض ؛ قولنج پیدا کرنیوالا ؛ قولنجی ؛ درد شکم سے متعلق ۔

Colies : (n) [Gr."Kolios"] افریقی پرندوں کی ایک نوع ۔

Colin : (n) [Erron. form of Mex."Colin"] ایک قسم کی بٹیر ۔

Coliseum : (n) نمائش گاہ ؛ ورزش گاہ ۔

Colitis : (n) [mod. L.] قولون کا ورم ۔

Colk : (n) (۱) مغز ؛ اندرونی حصہ ۔ (۲) ایک قسم کی مرغابی ۔

Coll : (v) [ON."Kollr"] کاٹنا ؛ چھانٹنا ؛ تراشنا ۔

Collaborate : (v) [L."Collaborare"] ساتھ مل کر کام کرنا ؛ ساتھ محنت کرنا ؛ ھاتھ بٹانا ؛ ھم کاری کرنا (ادب اور فنون لطیفہ میں) ؛ دشمن کی مدد کرنا ؛ تعاون کرنا ۔

Collaboration : (n) ھم کاری ؛ رفاقت ؛ شرکت محنت ؛ ھاتھ بٹائی ؛ شرکت کار ؛ تعاون ۔

Collaborator : (n) شریک ؛ شریک کار ؛ شریک محنت ؛ ھم کار ؛ رفیق کار ؛ معاون ؛ مخالف جماعت یا دشمن کی مدد کرنے والا ۔

Collaborateur : (n) [Fr.] دیکھو Collaborator

Collagen : (n) [Gr."Kolla"+"gene"] (حیاتیات) نسیج موصل کا وہ عنصر جس کو ابالنے پر جلاتین نکلتا ھے ۔

Collagenic : (a) نسیج موصل کے اس عنصر کی طرح یا وہ عنصر رکھنے والا ۔

Collagenous : (a) دیکھو Collagenic

Collapse : (n) [L."collapsus"] (۱) گرنا ۔ (۲) یکایک غش ھو جانا ۔ (۳) سقوط ؛ شکستگی ؛ اضمحلال ۔ (٤) تباھی ؛ بربادی ۔

Collapse : (v) [L."collaps-","collabi-"] دفعتاً گرنا ؛ دھڑام سے گر پڑنا ؛ ھمت ھار دینا ؛ جواب دے دینا ؛ حالت سقیم ھو جانا ؛ ڈھیر ھو جانا ؛ ساقط ھو جانا ؛ مضمحل ھونا ؛ خراب ھونا ؛ بے اثر ھونا ؛ بے معنی ھونا ۔

Collapsed : (a) نقیہ ؛ درماندہ ؛ شکستہ ۔

Collapsible / Collapsable : (a) تہ ھو جانے والا ۔

Collapsible corporation : (n) (تجارت) تباہ ھونے والا کارپوریشن ۔

Collar : (n) [L."collare"] (۱) کنٹھا ؛ گلوبند ؛ کالر ۔ (۲) گردنی ۔ (۳) نائٹ کے تمغے کی زنجیر ۔ (٤) پٹہ ؛ حلقہ ۔ (٥) وہ چھلا جس میں مچھلیوں کا چارہ پرویا ھوا ھوتا ھے ۔ (٦) دھاری دار حلقہ ؛ کنٹھا ؛ کنٹھی ؛ ھنسلی ؛ طوق گردن ۔ (۷) گرفتاری ۔ (۸) کوئی گول حلقہ ؛ تسمہ یا پٹہ جو روکنے، کوئی مخصوص کام کرنے، مستحکم کرنے یا آراستہ کرنے کے لئے ھوتا ھے ۔ (۹) (نباتیات) طوق ۔

Against the collar : سخت کھنچائی ؛ جفاکشی ؛ سخت محنت ؛ شدید کوشش ؛ جدو جہد ۔

In collar : باکار ۔

Out of collar : بے کار ۔

Collar : (v) [See prec.] (۱) گریبان پکڑنا ؛ گریبان میں ہاتھ ڈالنا ؛ گرفتار کرنا ۔ (۲) مخالف کو روکنا ؛ پکڑنا ؛ گیند چھیننے کی کوشش کرنا (فٹ بال میں) ۔ (۳) چھیننا ؛ غصب کرنا ؛ ہضم کرنا ۔ (٤) مچھلی یا گوشت کے ٹکڑوں کو لپیٹ کر ڈوری سے باندھنا ۔ (٥) کالر لگانا ؛ کالر پہننا ؛ کالر باندھنا ۔ (٦) جانوروں کو پٹہ لگانا ۔ (۷) کسی کو روک کر زبردستی باتیں کرنا ۔

Collar beam : (n) وہ شہتیر جو دوسرے شہتیروں کو جوڑتا ھے ۔

Collar-bone : (n) ہنسلی ؛ ہنسلی کی ھڈی ؛ ھانس ۔

Collard : (n) [Corrupt. f. "colort","colewort"] Cole wort دیکھو

Collar-day : (n) وہ دن جس روز نائٹ تمغے کی زنجیر پہنتے ھیں ۔

Collar gall : (n) گھوڑے کا وہ زخم جو حلقے کی خراش سے ھو جاتا ھے ۔

Collar harness : (n) گلے کا ساز ۔

Collar of SS / S's / Esses : قدیم زمانے میں لنکا سٹر کا نشان تھا ؛ اب بھی بعض موقعوں پر لباس میں لگایا جاتا ھے ۔

Collar proud : سازو سامان میں سرکشی کرنےوالا (گھوڑا) ۔

Collar-work : (n) سخت کھنچائی ؛ جفا کشی ؛ سخت محنت ؛ شدید کوشش اور جدوجہد ۔

Collared : (a) کنٹھے دار ؛ گریبان دار ؛ پٹے دار ؛ کالر دار ۔

Collared bead : (n) (تاریخ) ہنسلی دار ۔

Collarette/-et : (n) [Fr."collerette"] (۱) چھوٹا یا تنگ کالر ۔ (۲) گلوبند (زیور) ۔ (۳) زنانہ گریبان جو زریں یا سمور کا ھوتا ھے ۔

Collarino : (n) [It. dim. of "collare"] (تعمیرات) گردن ستون ؛ ستون کا حلقہ ۔

Collarless : (a) بے گریبان کا ؛ بے پٹے کا ۔

Collarlike : (a) پٹہ نما ؛ حلقہ نما ؛ کالر نما ۔

Collatable : (a) [See next] (نسخوں کا) ترک لگانے کے لائق ؛ مقابلہ کرنے کے لائق ؛ ملانے کے لائق ۔

Collate : (v) [L."Collat-","Conferre"] (۱) کتاب کے مختلف نسخوں کا مقابلہ کرنا ؛ ملانا ؛ مطابق کرنا ۔ (۲) ترک لگانا (جلد بندی میں) ۔ (۳) پادری کو گرجا کی خدمت سپرد کرنا ۔ (٤) مساوی تقسیم کی حالت میں لانا ۔

Collated : (a) ملایا ھوا ؛ مقابلہ کیا ھوا ۔

Collateral : (n) [Med. L."collateralis"] (۱) ایک دادا کی اولاد ؛ یک جدی ۔ (۲) وثیقہ ۔ (۳) ذاتی اسباب (مختلف قسم کے) ۔ (٤) کوڑا کرکٹ ۔

Collateral : (a) (۱) پہلو بہ پہلو ؛ برابر برابر ؛ متوازی ہم پہلو ۔ (۲) ھم اصل ؛ ھم جد ۔ (۳) معترضہ ؛ غیر متعلق ۔

Collateral ancestor : (n) جد یا جدہ کے بھائی یا بہن ۔

Collateral assurance : (n) وثیقہ ضمانت ۔

Collateral clause : (لسانیات) فقرہ معترضہ ؛ تابع فقرہ ؛ فقرہ تابع ۔

Collateral issue : سزائے جرم کی براءت میں عذر پیش کرنا جو قانوناً جائز ھو ۔

Collateral kin : (سماجیات) ھم جد ؛ قرابت دار ۔

Collateral loan : (n) (تجارت) کفالتی قرض ؛ متوازی قرض ۔

Collateral security : (n) مزید کفالت ؛ (تجارت) کفالتی سیکوریٹی ۔

Collateral surety / bond : مزید ضمانت ۔

Collateral trust bond : (تجارت) کفالتی ٹرسٹ بانڈ ۔

Collaterally : (adv) (۱) متوازیاً ؛ پہلو بہ پہلو ؛ ضمناً ؛ برابر ۔ (۲) یک جدی حیثیت سے ؛ معترضہ کے طور پر ۔

Collation : (n) [L."collationem"] (۱) مقابلہ ؛ موازنہ ؛ مطابقت ؛ تطبیق ۔ (۲) (رومن کیتھولک) ناشتہ ؛ افطاری ۔ (۳) پادری کو گرجا کی خدمت کی سپردگی اور سپرد کرنے کا حق ۔ (٤) کسی وارث کا اپنے حصے کو جو اسے

پہلے مل چکا تھا واپس کر دینا تا کہ جاگیر حقداروں میں برابر تقسیم ہو سکے ۔ (۵) کسی خانقاہ کے اراکین کے سامنے کی مذہبی کتاب سے کچھ حصوں کو پڑھنا یا ان پر گفتگو کرنا ۔

Collatitius : (a) [L."collaticius"+-ous] (۱) عام چندوں کے ذریعہ کیا ہوا ؛ اعانت دیاھوا ؛ اعانت سے انجام پایا ہوا ۔ (۲) تطبیق کیا ہوا ۔

Collative : (a) [L."collativus"] (۱) مشترك طورپر اعانت دیا ہوا یا کیا ہوا ۔ (۲) کشیش کو دی ہوئی جاگیر ۔ (۳) تطبیق کیا ہوا ؛ مقابلہ کیا ہوا ۔

Collator : (n) [L.] (۱) مقابلہ کرنے والا ۔ (۲) عطا کرنے والا ۔

Colleague : (n) [L."collaga"] ہم منصب ؛ شریك کار ؛ رفیق کار ؛ شریك منصب ۔

Colleague : (v) [L."colligare"] تعاون کرنا ؛ متحد ہونا ؛ سازش کرنا ۔

Colleagueship : (n) ہم منصبی ؛ ہم کاری ؛ رفاقت ۔

Collect : (n) [L."collecta"] (۱) (تاریخ) عیسائیوں کی ایك مختصر دعاء ۔ (۲) چوبچّہ (چہ بچہ) ۔

Collect : (a) [L."collectus"] (۱) (ٹیلی فون ، ٹیلی گرام وغیرہ میں) پانے والے سے وصول کرنے والا (کرایہ، دام، چارج وغیرہ) ۔ (۲) دیکھو Collected

Collect : (v) [OF."collecter"] (۱) جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ جوڑنا ؛ یکجا کرنا ؛ فراہم کرنا ؛ جمع ہونا ؛ اکٹھا ہونا ۔ (۲) وصول کرنا ؛ اگاھنا ؛ تحصیل کرنا ۔ (۳) حواس مجتمع کرنا ؛ حواس میں آنا ؛ ہوش میں آنا ؛ حواس بحال کرنا ؛ حواس درست کرنا ۔ (٤) استنباط کرنا ۔ (۵) گھوڑے کو قابو میں رکھنا ؛ گھوڑے کا قابو میں آنا ۔ (٦) لے لینا ؛ ساتھ جانا ؛ ساتھ لے جانا ۔

Collectable : (a) جمع کرنے کے لائق ؛ جمع ہونے کے لائق ۔

Collectanea : (n) [L."collectaneus"] تحریروں کا مجموعہ ؛ منتخبات ؛ انتخاب ؛ چیدہ مضامین ۔

Collected : (a) (۱) حواس میں ؛ بے جوش ؛ حواس درست ؛ خاطر جمع ؛ متین ؛ خود دار ۔ (۲) جمع کیا ہوا ؛ مجتمع ۔

Collectedly : (adv) حواس میں رہ کر ؛ بغیر جوش کے ؛ حواس مجتمع کر کے ۔

Collectedness : (n) درست حواسی ؛ خاطر جمعی ؛ متانت ؛ خود داری ۔

Collecting : (a) وصولی ؛ اگاھی ؛ فراھمی ۔

Collecting agent : (n) (تجارت) وصول کنندہ ؛ وصولی ایجنٹ ؛ اگاھی ایجنٹ ۔

Collecting banker : (n) (تجارت) اگاھی بینکر ؛ وصولی بینکر ۔

Collecting charges : (n) (تجارت) اگاھی اخراجات ؛ اگاھی مصارف ۔

Collecting stage : (n) (سماجیات) دور فراھمی (وہ دور جب انسان چھوٹی چھوٹی جماعتوں میں رہتا تھا اور جنگلی پھلوں اور جڑی بوٹیوں پر بسر کیا کرتا تھا) ۔

Collection : (n) [L."collectionem"] (۱) جمع ؛ جوڑ ؛ بٹورن ؛ فراھمی ۔ (۲) اگاھی ۔ (۳) چندہ ۔ (٤) انبار ؛ ذخیرہ (پانی یا مٹی کا) ۔ (۵) مجموعہ ؛ ذخیرہ ؛ مرقع (ایك ھی قسم کی چیزوں کا) ۔ (٦) (جمع) آکسفورڈ کے میقاتی انتخابات ۔ (۷) تحصیلداری ۔ (۸) کلکٹر کا حلقہ اقتدار ؛ کلکٹری ۔ (۹) گھوڑے کو قابو میں رکھنا ۔

Collection agent : (n) (انتظامیہ) وصولی ایجنٹ ۔

Collection book : (n) (تجارت) اگاھی بہی ۔

Collection charges : (تجارت) محنتانہ وصولی ؛ آگاھی خرچ ؛ وصولی خرچ ۔

Collection on realisation : (تجارت) وصولیابی پر آگاھی ۔

Collection register : (n) (تجارت) اگاھی رجسٹر ۔

Collection tray : (n) (انتظامیہ) وصولی ٹرے ؛ کلکشن ٹرے ۔

Collective : (a) (۱) مجموعی ؛ اکٹھا ۔ (۲) گروھی ؛ جمعی ؛ جماعتی اجتماعی ؛ یکساں ؛ اشتراکی ۔

Collective : (n) (۱) اسم جمع ؛ جماعت ؛ انجمن اشتراکی ۔ (۲) انبار ؛ ڈھیر ۔

Collective action : (n) متحدہ اقدام یا عمل ؛ (تاریخ) اجتماعی کاروائی ۔

Collective agreement : (n) (سماجیات) اجتماعی معاہدہ ؛ اجتماعی سمجھوتہ ۔

Collective bargain : (n) اجتماعی گفت و شنید ۔

Collective bargaining : (n) (سماجیات) اجتماعی سودا کاری ؛ اجتماعی سمجھوتہ (آجر اور مزدوروں کے نمائندوں کے درمیان مزدوری کی اجرت کے معاملہ میں سمجھوتہ) ؛ (تجارت) اجتماعی سودا بازی ۔

Collective behaviour : (n) (سماجیات) اجتماعی کردار ۔

Collective burial : (n) (سماجیات) اجتماعی تدفین ۔

Collective egoism : (n) (سماجیات) اجتماعی انانیت ۔

Collective farm : (n) اجتماعی کاشت ؛ (تجارت) اجتماعی کھیت ۔

Collective farming : (n) (تجارت) اجتماعی کھیتی ۔

Collective fruit : (n) (نباتیات) متعدد پھولوں کا پھل ؛ اجتماعی پھل ؛ مرکبہ ۔

Collective good : (n) (تعلیمات) اجتماعی فلاح ۔

Collective goods : (n) (تجارت) اجتماعی اشیاء ۔

Collective guarantee : (n) (تجارت) اجتماعی ضمانت ۔

Collective hunt : (n) (تاریخ) اجتماعی شکار ۔

Collective investment : (n) (تجارت) اجتماعی اصل کاری ۔

Collective measures : (n) (تاریخ) اجتماعی اقدامات ۔

Collective mind : (n) (فلسفہ و نفسیات) اجتماعی نفس ۔

Collective note : (n) متحدہ یاد داشت ۔

Collective noun : (n) (لسانیات) اسم جمع ۔

Collective number : (n) (لسانیات) عدد جمع ۔

Collective opinion : (n) (لسانیات) اجتماعی رائے ۔

Collective ownership : (n) (تجارت و معاشیات) اجتماعی ملکیت ۔

Collective psychology : (n) سماجی نفسیات ؛ (سماجیات) اجتماعی نفسیات ۔

Collective response : (n) (سماجیات) اجتماعی جوابی عمل ۔

Collective responsibility : (n) (سماجیات، انتظامیہ) اجتماعی ذمہ داری ۔

Collective savagery : (n) (تاریخ) اجتماعی بر بریت ۔

Collective savings : (n) (تجارت) اجتماعی بچت ۔

Collective security : (n) (تاریخ) اجتماعی تحفظ ۔

Collective self-defence : (n) (تاریخ) اجتماعی دفاع ۔

Collective unconscious : (n) اجتماعی لا شعور ۔

Collective use : (n) (فلسفہ و نفسیات) اجتماعی استعمال ۔

Collective wealth : (n) (تجارت) اجتماعی دولت ۔

Collectively : (adv) مجموعی طور پر ۔

Collectivisation : (n) (سماجیات) اجتماعیت پیدا کرنا ۔

Collectivise : (n) اجتماعی یا اشتراکی اصول پر عمل کرنا ۔

Collectivism : (n) نظریہ اجتماعیت (یعنی ملکیت اجتماعی ہونی چاہئے)۔

Collectivist : (n) نظریہ اجتماعیت کا حامی یا پیرو ۔

Collectivist economy : (n) (تجارت) اجتماعی معیشت ۔

Collectivity : (n) (۱) اجتماعیت ؛ جامعیت ۔ (۲) ملکیت ؛ اشتراکی ۔ (۳) ریاست ؛ ملك ۔

Human collectivity : (سماجیات) انسانی اجتماعیت ۔

Collector : (n) [late or med. L."collectorem"] (۱) محصل ؛ جامع ؛ وصول کرنے والا ؛ اکاھنے والا ؛ تحصیل کرنے والا ؛ تحصیلدار ۔ (۲) جمع کرنے والا ؛ اکھٹا کرنے والا ۔ (۳) کلکٹر ؛ ڈپٹی کمشنر ؛ صاحب ضلع (ہندوستان) ۔ (٤) ایك پرزہ جو کسی برقی روکے ساکت اور متحرك حصوں میں ربط قائم رکھتا ھے ۔

Collectorate : (n) کلکٹری ؛ کلکٹر کا حلقۂ اقتدار ؛ تعلقہ داری ؛ تحصیلداری -

Collectorship : (n) کلکٹری ؛ تعلقہ داری -

Colleen : (n) [Ir."cailin"] لڑکی ؛ آئرستان کی لڑکی -

Collegatory : (n) [L."collegatarius"] موصی الیہ مشترک -

College : (n) [L. "collegium"] (۱) کالج ؛ مدرسۃ العلوم ؛ بڑا مدرسہ ؛ کلیہ - (۲) مجلس ؛ انجمن ؛ جمعیت - (۳) کلیہ یا جامعہ سے الحاق یافتہ ادارہ -(٤) چھوٹی سند دینے والی جامعہ - (٥) بڑا ثانوی مدرسہ -(٦) غیر سرکاری مدرسے کا نام -(۷) کسی خاص پیشے کی تعلیم گاہ -(۸) کشیشوں کی جماعت جو ایک ساتھ کسی ادارہ خیریہ میں زندگی بسر کرتی ہے - (۹) ادارہ خیریہ (کالج کی قسم کا) -(۱۰) (عامیانہ) قید خانہ ؛ جیل -

Apostolic college : حضرت عیسیٰ کے حواریوں (یا ان کے خاندان والوں) کی جماعت -

Herald 's college : دیکھو College of Arms

Sacred college : ۷۵ کارڈنیل جو یورپ کی مجلس شوریٰ میں ہوتے ہیں -

College living : (n) مدد معاش (منجانب کالج) -

College of Arms : (n) مدرسہ نقابت جہاں انساب کا اندراج ہوتا ہے اور مارکہ عطاکیا جاتا ہے -

College of justice : (n) اسکاٹستان کی عدالت عالیہ -

College pudding : (n) آلوچے کی پڈنگ (ایک شخص کے کھانے بھر) -

Colleger : (n) ایٹن (Eton) کالج کے قائم ہونے کے زمانے کے ستر طلباء میں سے ایک -

Collegial : (a) [L."collegialis"] کالج کے متعلق ؛ کلیسا کے متعلق ؛ کالجی ؛ مجلسی -

Collegial church : (n) ایسا گرجا جو اسقف کا گرجا نہیں لیکن ادارہ خیریہ ہے -

Collegialism : (n) یہ نظریہ کہ گرجا ایک رضاکارانہ ادارہ ہے جس کو دیوانی مجسٹریٹ سے کوئی واسطہ نہیں -

Collegiality : (a) دیکھو Colleagueship

Collegially : (adv) کالجی یا مجلسی طورپر یا حیثیت سے -

Collegian : (n) (۱) کالج کا طالب علم ؛ کالج کا رکن - (۲) (عامیانہ) قیدی -

Collegian : (a) دیکھو Collegial

Collegiate : (a) [L."collegiatus"] (۱) کالج کا ؛ مدرسہ کا ؛ جامعہ کا ؛ کلیسا کا -(۲) مجلس کا ؛ انجمن کا - (۳) کالج یا مدرسہ کے طالب علم سے متعلق -

Collegiate : (v) کالج کی حیثیت دینا ؛ کالج کا درجہ دینا -

Collegiate Church : (n) دیکھو Collegial Church

Collegiate school : (n) اعلیٰ درجے یا حیثیت کا مدرسہ -

Collegiately : (adv) کالج کی حیثیت سے ؛ کالج یا جامعہ یا مدرسہ کے طور پر -

Collenchyma : (n) [Gr."Kolla"+"enchyma"] کلا نشیم ؛ محافظ بافت ؛ دبیز گوشہ -

Collenchymatous : (a) محافظ بافت یا دبیز گوشے سے متعلق یا اس طرح کا -

Collery : (n) [Tamil "Kallar"] جنوبی ہند کی ایک غیر آریائی نسل -

Collery-horn : (n) دیکھو Collery-Stick

Collery-stick : (n) مذکورہ بالا نسل کے لوگوں کا تیر سر گرد (بوم رنگ Boomerang) -

Collet : (n) [L. "collum"] (۱) حلقہ ؛ گردا -(۲) خانہ ؛ گھر یا بیٹھک ؛ (زیور میں) جس میں نگینہ جڑا جاتا ہے -(۳) تنے اور جڑ کے بیچ کی فرضی حد -(٤) (طبیعیات) غیر دھاتی دستہ جو حرارت کو روکنے کے لئے کسی ظرف میں لگاتے ہیں -

Collet : (v) [See prec.] حلقہ لگانا ؛ گردا لگانا -

Collet : (n) [Earlier f. CULET] ترشے ہوئے ہیرے کی افقی بنیاد -

Colleter : (n) [Gr."Kolleter"] (نباتیات) پودوں کے لعاب دار ریشے -

Colleterium : (n) [See prec.] بعض مادہ کیڑوں کے وہ غدود جن سے انڈوں کو باہم جوڑنے والا لعاب پیدا ہوتا ہے ۔

Colleterial : (a) کیڑوں کے ان غدود سے متعلق یا ان کی صفت کا ۔

Colley : (n) ایک قسم کا کتا ؛ اسکاتستان کا گلہ بان کتا ؛ Collie

Collide : (v) [L."collidare"] (۱) ٹکرانا ؛ متصادم ہونا ؛ لڑنا بھڑنا ؛ ٹکر کھانا ۔ (۲) مخالف ہونا ؛ کھٹ پٹ ہونا ؛ اختلاف ہونا ۔

Collidine : (n) [Gr."kolla+Idos"+-INE] (کیمیا) ایک قسم کی زہریلی، بے رنگ، روغنی اور خوشبو دار القلی جو حیوانی مادے اور کوئلے کی خشک تقطیر سے حاصل ہوتی ہے ۔

Collie / Colly : (n) دیکھو colley

Collier : (n) [ME."colier","colyer"] (۱) کوئلہ کھودنے والا ۔ (۲) کوئلے کا جہاز ۔ (۳) کان سے کوئلہ نکالنے والا ۔ (٤) کوئلے کے جہاز کا ملاح ۔ (٥) ایک قسم کا پروانہ ۔ (٦) ایک قسم کی چڑیا ؛ قطقاط ۔

Colliery : (n) [f. prec.] دیکھو Coalery

Collieshangie : (n) [Doubtful origin] قیل وقال ؛ منازعہ ؛ جھگڑا ؛ مناقشہ ۔

Colligate : (v) [L."colligat-","colligare"] (۱) مربوط کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ اکھٹا کرنا ۔ (۲) (منطق) ایتلاف کرنا ؛ تلفیق کرنا ۔

Colligation : (n) [L."colligationem"] ربط ؛ ترتیب ؛ اتصال ؛ ارتباط ؛ تلفیق ۔

Coefficient of colligation : (کیمیا) عددی شرح ۔

Colligation of facts : (فلسفہ و نفسیات) ترتیب واقعات ۔

Colligative property : (n) (کیمیا) عددی خواص ۔

Colligible : (a) [L."colligere"] جمع کئے جانے کے لائق ۔

Collimate : (v) [L."collimare"] شست درست کرنا ؛ خط نظر ٹھیک کرنا ؛ دوربین ملانا ؛ سیدھا باندھنا ؛ متوازی کرنا ۔

Collimating lens : (n) (طبیعیات) متوازی لینس ۔

Collimation : (n) (۱) خط نظر کی درستگی ؛ خط نظر کی تنظیم ۔ (۲) (طبیعیات) متوازیت ۔

Error of collimation : خط نظر کا انحراف ۔

Line of collimation : (طبیعیات) سطر متوازیت ۔

Plane of collimation : (طبیعیات) متوازیت تل ۔

Collimator : (n) (۱) ایک چھوٹی دوربین یا چھوٹا آلہ جو بڑی دوربین میں لگاتے ہیں (خط نظر کو درست کرنے کے لئے) ۔ (۲) طیف نما نلکی جو شعاع کو جمع کر کے متوازی طور پر منشور کرتی ہے ۔ (۳) (طبیعیات) متوازی گر ۔

Collin : (n) [Gr."kolla"+-IN] خالص جلاٹین ۔

Collinear : (a) (اقلیدس) ہم خط ؛ ہم سطح جو ایک ہی خط یا سطح پر واقع ہوں ۔ (طبیعیات) ہم سطر ۔

Collinearity : (n) (۱) ہم خطی ؛ ہم سطحی ۔ (۲) (طبیعیات) ہم سطریت ۔ (۳) (ریاضی) ہم خطیت ۔

Collinearly : (adv) ہم خطی طورپر ؛ ہم سطحی طور پر ۔

Collineate : (v) [L."collineat-" "collineare"] متوازی کرنا ؛ خط نظر ٹھیک کرنا ؛ سیدھا باندھنا ۔

Collineation : (n) خط مستقیم کی ترتیب دینا ؛ شست باندھنا ؛ نشانہ لینا ؛ خط نظر کی درستگی ۔

Collinic : (a) ایک خوشبو دار ترشہ جو جلاٹین وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Colliquative : (a) [L."colliquate-"] (طب) گداختہ بنانےوالا ؛ رقیق بنانے والا ۔

Collision : (n) [L."collisionem"] ٹکر ؛ دھکا ؛ مڈبھیڑ ؛ تصادم ؛ تخالف ؛ (مجازاً) حروف کا ناگوار طور سے ملنا ؛ تنافر (حروف) ۔

Homonymic collision : (لسانیات) ہم صوتی تصادم ؛ ہم صوتی ٹکراؤ ۔

To come into collision with : کسی چیز سے ٹکرانا ؛ لڑنا ؛ لڑ جانا ؛ متصادم ہونا ۔

Collision diameter : (n) (طبیعیات) قطر تصادم ؛ (کیمیا) ٹکر قطر -

Collision insurance : (n) (تجارت) تصادم بیمہ -

Collision mat : (n) (بحری) جہاز میں تصادم سے پیدا شدہ سوراخ کو بند کرنے کا بوریا ؛ پنبۂ جہاز -

Collision process : (n) (طبیعیات) عمل تصادم ؛ (کیمیا) ٹکر عملی -

Collision theory : (N) (طبیعیات) نظریہ تصادم ؛ (کیمیا) ٹکر نظریہ -

Collocate : (v) [L."collocatus"] نصب کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ سجانا -

Collocation : (n) [L."collocationem"] (۱) ترکیب ؛ ترتیب ؛ سجاوٹ ؛ تنظیم - (۲) (تعلیمات) مجموعہ (الفاظ کا) -

Collocative : (a) ترتیبی ؛ تنظیمی -

Collodio -: [Gr."kollodes"] واصلہ بمعنی "محلول" (عکاسی یا جراحی میں استعمال ہونے والا) -

Collodio-type : (n) کولوڈیون سے تصویر کشی -

Collodion / Collodium : (n) [Gr."kollodes"] عکاسی اور جراحی میں استعمال ہونے والا ایک محلول ؛ کلوڈین -

Collodioned : (a) کلوڈینی ؛ کلوڈین دار -

Collodionize : (v) کلوڈین بنانا ؛ کلوڈیانا -

Collogue : (v) [Origin unknown] (۱) للوپتو کرنا ؛ روغن قاز ملنا ؛ تملق کرنا ؛ پھسلانا ؛ ہاں میں ہاں ملانا - (۲) سازش کرنا ؛ ساز باز رکھنا ؛ ملی بھگت رکھنا - (۳) گھس پھس کرنا ؛ تخلیہ میں گفتگو کرنا -

Colloguer : (n) سازش کرنے والا ؛ ملی بھگت رکھنے والا ؛ روغن قاز ملنے والا ؛ پھسلانے والا -

Colloid : (a) [Gr."kolla"] (۱) چپچپا ؛ لعابی ؛ سریش جیسا - (۲) (کیمیا) بستہ (منجمد سادہ وہ جو بلوری نہ ہو مگر سخت ہو جائے) -

Colloid : (n) (۱) گداختہ زوگ و ریشے جو کسی بیماری میں بگڑ کر چپچپے ہو جاتے ہیں - (۲) معدینات کی ایک شکل - (۳) (کیمیا) ایک مادہ جس میں ذرے سالمہ کے سائز سے لے کر نا صاف تالیق کی شکل میں ہوتے ہیں -

Colloid body : (n) (کیمیا) کولائڈ شئے -

Colloid degeneration : (n) ریشوں کی گداختگی -

Colloidal : (a) (۱) منجمد ؛ بستہ ؛ چپچپا ؛ لعابی - (کیمیا) کولائڈی -

Colloidal character : (n) (کیمیا) کولائڈہ خواص -

Colloidal dispersion : (n) (کیمیا) کولائڈی انتشار -

Colloidal movement : (n) (کیمیا) کولائڈی حرکت -

Colloidal particle : (n) (کیمیا) کولائڈی ذرہ -

Colloidal state : (n) (کیمیا) کولائڈی حالت -

Colloidal substance : (n) (کیمیا) کولائڈی شئے -

Colloidal suspension : (n) (حیوانیات) لسونتی آویزہ -

Colloidal system : (n) (کیمیا) کولائڈی نظام -

Colloidality : (n) بستگی ؛ چسپیدگی ؛ چپچپاہٹ -

Collop : (n) [ME."colope","colhoppe"] (۱) گوشت کی پرت ؛ قاشی ؛ پارچہ ؛ ٹکڑا - (۲) وہ بٹ یا سلوٹ جو موٹے آدمی یا جانور کے بدن پر ہوتی ہے -

Scotch collop : - گوشت کا تلا ہوا قتلہ پیاز کیساتھ -

Collop : (n) [Ir. Gael."colpa"] زمین کا آئرستانی پیمانہ کہ ایک گائے یا گھوڑا جتنا ایک سال میں چر سکے -

Colloped : (a) سلوٹ دار ؛ موٹے بٹ والا -

Colloquial : (a) [L."colloquium"] عام بول چال کا ؛ روز مرہ کا (لفظ) ؛ غیر علمی ؛ عامی (لفظ) ؛ غیر ادبی -

Colloquial standard : (n) (لسانیات) روز مرہ کا معیار ؛ عام بول چال کا معیار -

Colloquial style : (n) (لسانیات) محاوراتی اسلوب ؛ عام بول چال کا اسلوب -

Colloquialism : (n) (۱) بول چال ؛ بول چال کا محاورہ ۔ (۲) بے تکلف اور روز مرہ اسلوب ۔

Colloquialist : (n) خوش گپ ؛ خوش گو ؛ بے تکلف اور روز مرہ استعمال کرنے والا ۔

Colloquiality : (n) دیکھو Colloquialism

Colloquially : (adv) عام بول چال کے طورپر ؛ روز کے طور پر ؛ بطور روز مرہ ۔

Colloquist : (n) [L."colloquium"] بولنے وال ؛ بات چیت کرنے والا ؛ شریک گفتگو ۔

Colloquium : (n) [L.] (۱) مباحثہ ؛ جلسہ ۔ (۲) مدعی کے عذر کا وہ حصہ کہ مدعا علیہ نے گفتگو میں اس پر تہمت لگائی تھی ۔ (۳) سیمینار ؛ مجلس مذاکرہ ؛ بحث و تقریر کی انجمن ۔

Colloquize : (v) گفتگو کرنا ؛ بات چیت کرنا ۔

Colloquy : (n) [L."colloquium"] (۱) بول چال ؛ محاورہ ؛ مکالمہ ؛ بے تکلف گفتگو ؛ بات چیت ؛ مذاکرہ ۔ (۲) (کلیسائی اصطلاح میں) فصل خصومات اور وضع قوانین کی عدالت ؛ گرجا کچہری ۔

Colloquy : (v) بول چال کرنا ؛ بات چیت کرنا ؛ گفتگو کرنا ؛ مذاکرہ کرنا ۔

Collotype : (n) [Gr."kolla"+-TYPE] کیمیاوی مسالے کی لوح یا جھلی جس پر آفتاب کی روشنی پڑنے سے نقش بن جاتے ہیں اور ان ہی کا عکس کاغذ پر چھاپ لیتے ہیں ؛ عکس ریز ؛ عکس بخش ؛ عکس ریزی کا عمل ؛ عکس ریزی کی طباعت ۔

Collotype plate : (n) عکس ریز لوح ؛ عکس بخش لوح ۔

Collotype printing : (n) عکس ریز طباعت ؛ عکس ریز چھپائی ؛ طباعت بذریعہ عکس ریزی ۔

Collotype process : (n) عکس ریزی کا عمل ؛ عکس ریزی ۔

Collow : (v) [ME."colwen"] سیاہ کرنا ؛ دھبا لگانا ؛ داغ لگانا ۔

Collow : (n) دھبا ؛ داغ ؛ کوئلے کاچور ۔

Colluctation : (n) [L."colluctationem"] کشمکش ؛ نزاع ؛ مجادلہ ۔

Collude : (v) [L."colludere"] ساز باز ہونا ؛ خفیہ مل جانا ؛ ساز باز کرنا ؛ سازش کرنا ؛ سانٹھ گانٹھ ہونا ؛ ملی بھگت ہونا ؛ اندرونی قرارداد ہونا ؛ دھوکا دینا ۔

Colluder : (n) ساز باز کرنے والا ؛ سازشی ؛ ملی بھگت ؛ دھوکا دینے والا ۔

Collusion : (n) خفیہ سازش ؛ اندرونی قرارداد (خاص کر فریقین مقدمہ کی جو بظاہر ایک دوسرے کے مخالف ہوں) ؛ ملی بھگت ؛ دھوکا ؛ فریب ۔

Collusive : (v) سازشی ؛ سازش آمیز ؛ پر فریب ؛ جعل ساز ؛ دھوکا باز ؛ فریبی ۔

Collusively : (adv) سانٹھ گانٹھ سے ؛ دغابازی سے ؛ جعل سازی سے ؛ ساز باز سے ۔

Colluvial : (a) اجتماع سے متعلق ؛ فاسد مادے سے متعلق ۔

Colluvies : (n) [L."colluere"] (۱) اجتماع ۔ (۲) فاسد مادے کا اجتماع ۔ (۳) مختلف النوع چیزوں کا مجمع ؛ مخلوطہ ۔

Colly : (n) [f. COLLY (a)] (۱) پھلیا ؛ دھبا ؛ کالک ۔ (۲) ایک قسم کی چڑیا ۔

Colly : (a) [ME. "cole"+-Y] سیاہ ؛ دود زدہ ۔

Colly : (v) کالک سے کالا کرنا ؛ سیاہ کرنا ؛ دھبا لگانا ۔

Collyridian : (n) [Gr."Kollyris"..."-ida] چوتھی اور پانچویں صدی عیسوی کے عیسائی مرتدوں کا ایک فرقہ جو حضرت مریم کی پرستش کرتا، ان کے نام کیک نیاز کرتا اورانھیں ملکۂ بہشت کہتا تھا ۔

Collyrite : (n) [Gr."kollyrion"] الومینا کا آبدارسیلیکیٹ ۔

Collyrium : (n) [Gr."kollyrion"] (۱) سرمہ ؛ چشم شو ؛ کحل ؛ (۲) شافہ سلائی ۔

Collywobbles : (n) [COLIC, WOBBLE] (سوقیانہ) قراقر ؛ پیٹ کے اندر کی گڑبڑی ؛ درد معدہ ۔

Colmar : (n) [A town in Alsace] (۱) ناشپاتی کی ایک قسم ۔ (۲) ملکہ این کے دور کا ایک پنکھا ۔

Colney hatch : (n) صوبہ لندن کے دار المجانین کا نا م ؛ کولنی ہیچ ۔

Colobium : (n) [Gr."kolobion"] بے آستین یا چھوٹی آستین کا ایک لبادہ جسے کشیش ، راہب یا بادشاہ تاج پوشی کے وقت پہنتے تھے؛ جبّہ ۔

Coloboma : (n) [Gr."kolobos"] کسی عضو کا نقص خصوصاً عنبیہ چشم کا نقص ۔

Colocole /-la : (n) جنوبی امریکہ کی وحشی بلّی ۔

Colocynth : (n) [Gr."koloynthis"] کڑوا کھیرا ؛ خیار تلخ کی ایک قسم جو مسہل کے کام آتی ہے ؛ اندرائن ؛ حنظل ۔

Colocynthin : (n) حنظل کا تلخ جوہر جو گوند کے مانند ہوتا ہے اور الکحل میں آسانی سے گھل جاتا ہے ۔

Cologne : (n) [L."colonia Agrippina"] (۱) جرمنی کا ایک شہر جو دریائے رائین پر واقع ہے ۔ (۲) ایک قسم کا عطر ؛ پیسٹ(paste) اور کریم(روغن)۔

Cologne brown / earth / ember : (n) ایک بھورا رنگ جو کولون کے نزدیک پائی جانے والی لگنائٹ سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Cologne water : (n) نہایت لطیف خوشبو جو کولون (جرمنی) میں بنتی ہے ۔

Cololite : (n) [Gr."kolon+lithos"] آنتوں کی شکل کا تودا یا نشان جو سولن ہافن کی چٹانوں میں پایا جاتا ہے اور جسے کیڑوں کے فضلات تسلیم کیا جاتا ہے ۔

Colombier : (n) تجارتی کاغذ ۔

Colon : (n) [Gr."kolon"] بڑی آنت ؛ قولون ؛ لمبی انتڑی کا دوسرا یا بڑا حصہ ۔

Colon : (n) [as prec.] (۱) وقف توضیحی ؛ اشارہٴ تفصیلیہ ؛ ایک تحریری علامت جس میں نیچے اوپر دو نقطے (:) ہوتے ہیں ۔(۲) (لاطینی اور یونانی) ایک شعر یا شعر کا ٹکڑا جو باعتبار معنی مکمل ہو ؛ کسی سطر کا دو سے چہار ارکان والا حصہ جس میں ایک اہم تکیہ ہوتا ہے ۔(۳) مخطوطوں کی لمبائی ناپنے کی ایک اکائی ۔

Colon : (n) [sp."colon"] کاستاریکا (Costa Rica) کے سکوں کی بنیادی اکائی ۔

Colon : (n) [L. colonus] (تاریخ) نو آباد کار ۔

Colonate : (n) قدیم رومیوں میں ایسے کسان جو زمین کے ساتھ منتقل ہوتے تھے ؛ رعیت ۔

Colonel : (n) [It "colonnello"] کرنل ؛ ایک اعلیٰ فوجی عہدہ دار؛ سردار فوج ؛ پلٹن یا رسالہ کا اعلیٰ افسر ؛ کرنیل ؛ (قدیم اصطلاح میں) کمیندان ۔

Colonel : (v) کرنل بنانا ؛ کرنل کا کام کرنا ۔

Colonel blimp : (n) پرانا ؛ دقیانوسی ؛ تنگ خیال ؛ کرنل یا دوسرا افسر ۔

Colonel commandant : (n) بریگیڈیر ۔

Colonelcy : (n) کرنل کا عہدہ ؛ کرنیلی ۔

Colonelship : (n) کرنیلی ؛ کمیندانی ۔

Colonial : (n) [L."colonia"+-AL] نو آباد ؛ نوآبادی کا باشندہ ؛ آباد کار ۔

Colonial : (a) (۱) نوآبادی سے متعلق ۔ (۲) (تاریخ) نو آبادیاتی ۔ (۳) (حیاتیات) بستی بنانے والا ۔

Colonial affairs : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی معاملات ۔

Colonial agent : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی ایجنٹ ۔

Colonial bond : (n) (تجارت) نوآبادیاتی بانڈ ؛ جزیریاتی باڈ ۔

Colonial dependency : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی ماتحت علاقہ ۔

Colonial imperialism : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی سامراج ۔

Colonial office : (n) محکمہ نو آبادی ؛ وزارت مستعمرات ؛ (تاریخ و سیاسیات) کالونیل آفس (U.K)

Colonial policy : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی پالیسی ۔

Colonial power : (n) (تاریخ و سیاسیات) نوآبادکارممالک ۔

Colonial protectorate : (n) (تاریخ و سیاسیات) استعماریت کے زیر سایہ علاقہ ۔

Colonial rule : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی علاقہ ۔

Colonial service : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی ملازمت۔

Colonial states : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی ریاستیں ۔

Colonial superiority : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی برتری ۔

Colonial wars : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی جنگیں ۔

Colonialism : (n) (۱) نو آبادی والوں کے عادات یا لب و لہجہ یا محاورہ ؛ نو آباد کاروں کا طرز ؛ مستعمروں کی وضع ۔(۲) استعمار پسندی یا مستعمرین کی حمایت ؛ مستعمریت ۔ (۳) (تجارت) نو آبادیاتی نظام ؛ (تاریخ و سیاسیات) استعمار پسندی ۔

Colonially : (adv) مستعمرانہ ؛ نوآبادیوں کے اغراض و مصالح کو پیش نظر رکھ کر ۔

Colonist : (n) آبادکار ؛ مستعمر ؛ نو آبادی کو بسانےوالے ۔

Coloniis / Colitis : (n) [COLON + -ITIS] ورم قولون ؛ آماس رودہ ؛ قولنج کی سوجن ۔

Colonizable : (a) آبادکاری کے قابل ؛ نئی بستی بسانے کے لائق ۔

Colonization : (n) (۱) آباد کاری ۔(۲) مشتبہ انتخابی حلقوں میں نئے لوگوں کو بسانا (ووٹ حاصل کرنے کے لئے) ۔(۳) غیر جانبدار یا مخالف حلقے میں خفیہ داخلہ (اس کی رائے بدل دینے کے لئے)۔

Colonizationist : (n) (۱) (امریکی تاریخ) افریقہ میں امریکی حبشیوں کو بسانے کا نظریہ رکھنے والا ۔(۲) (تاریخ) نو آباد کاری کا حامی ۔

Colonize : (v) [L."colonus"] (۱) نئی بستی بسانا ؛ نئی جگہ آباد کرنا ؛ نئی جگہ جا کر آباد ہونا ؛ استعمار ۔(۲) جانوروں اور پودوں کا بستی بنانا ۔(۳) مشتبہ انتخابی حلقوں میں نئےلوگوں کو بسانا ۔ (٤) غیر جانبدار یا مخالف حلقے میں خفیہ طور پر داخل ہونا ۔(٥) زیر نگرانی جماعت میں رکھنا (ایک قسم کے لوگوں کو) ۔ (٦) (بیکٹیریا وغیرہ کا) کسی جگہ جم جانا ۔

Colonizer : (n) آباد کار ؛ مستعمر ؛ آباد گر ۔

Colonizing state : (n) (تاریخ و سیاسیات) آبادکار ریاست ۔

Colonizing language : (n) (لسانیات) نو آبادیاتی زبان ۔

Colonnade : (n) [F."colonne"] (۱) (تعمیرات) ستونوں کی قطار ؛ دالان یا برآمدہ (جس میں بہت سے ستون یا کھمبے ہوں اور اوپر گردنا دیا گیا ہو) ۔(۲) درختوں کی قطار (جیسے نخلستان میں)۔

Colonnaded : (a) ستون دار ؛ کھمبوں والا ۔

Colonnette : (n) [F. dim. of "colonne"] چھوٹا ستون (خصوصاً جو قطار میں ہو)۔

Colony : (n) [L."colonia"] (۱) نئی بستی ؛ نو آبادی ؛ کسی نئی جگہ بیرونی لوگوں کی آبادی جن کا سیاسی تعلق اپنے وطن سے باقی رہے ؛ آبادکاروں کی جماعت یا ان کا علاقہ ۔ (۲) قدیم یونانی تاریخ کی اصطلاح میں وہ نیا شہر جسے یونانی مہاجرین نے بسایا ہو اور وطنی حکومت آزاد ہو ۔(۳) رومی تاریخ میں فوجی نو آبادی جس میں بالعموم فوج کے پرانے سپاہی آباد کر دیئے جاتے تھے ؛ چھاؤنی ۔(٤) (حیاتیات) کیڑوں یا جانداروں کی بستی (جیسے مونگوں کی) ؛ کیڑبستی ؛ کیڑ بادھا ۔(٥) کسی خاص نوع میں ایک امتیازی مقامی آبادی ۔ (٦) جراثیم جو ایک ہی خلیے سے پیدا ہوئے ہوں ۔ (۷) ایک طرح کے لوگوں کی جماعت جو ایک محدود علاقے میں رہتے ہیں ؛ لوگوں کی جماعت جو کسی ادارے میں کسی خاص مقصد کے لئے رکھی گئی ہو ۔(۸) کسی ادارے میں رہنے والے لوگ جو مرکزی عمارتوں سے دور رہتے ہیں ۔

Coloph-/ Colophon-: Colonophony کا مخفف جو بطور واصلہ استعمال ہوتا ہے بمعنی "ڈامر"۔

Colophon : (n) [Gr. "kolophon"] خاتمہ (کتاب کا) ؛ خاتمہ کتاب ؛ کتاب کے آخر کی وہ تحریر جس میں قدیم زمانے میں مصنف اپنےاور اپنی تصنیف کے حالات لکھتا اور اکثر لفاظی اور انشا پردازی کا زور دکھاتا تھا ۔

Colophonite : (n) [f. COLOPHONY+-ITE] بھورا یا سرخی مائل قسم کا تامڑا (یاقوت)۔

Colophony : (n) [L."coloquintida"] سیاہ رال جس سے تارپین مقطر کرکے نکالتے ہیں ؛ ڈامر ۔

Coloquintida : (n) [med. L."coloquintida"] Colocynth دیکھو

Color : (n) Colour دیکھو

Colorado : (n) [Sp. "Rio colorado"] (۱) زرد بھونرا جس پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں اور جو آلو کی فصل کو نقصان پہنچاتا ہے ۔ (۲) Colorado (potato) Beetle

Coloradoite : (n) پارے کا اساسی ٹیلو رائڈ جو کلوریڈو میں پایا جاتا ہے ۔

Coloration / Colouration : (n) (۱) رنگت ؛ رنگ داری ؛ رنگینی ۔ (۲) رنگ بھرائی (تصویر میں) ؛ رنگ دینے کا عمل ؛ رنگ آرائی ؛ رنگ آمیزی ۔ (۳) قدرتی رنگ خاص کر جانوروں کی رنگا رنگی ؛ بوقلمونی ؛ رنگ طبعی ۔ (٤) فن رنگ ریزی ۔ (۵) خصوصیت ؛ مخصوص صفت ؛ میلان ؛ سُر کی شدت یا صفت میں لطیف تبدیلی ۔

Coloratura / Colorature : (n) [L."colorat-","colorare"] (موسیقی) رنگ آمیزی ؛ شیریں اور بدیع طریقے سے سُر یا آواز کا زیروبم ۔

Colorful : (a) ادبی رنگ سے بھرا ہوا ؛ پر رنگ ؛ رنگا رنگ ؛ پر آب و تاب ۔

Colorific : (a) [F."colorifique"] رنگ آور ؛ رنگ فشاں ؛ رنگ چکاں ؛ رنگ بار ؛ رنگ بیز ؛ رنگ افگن ؛ رنگ چھوڑنے والا ؛ گہرے رنگ کا ؛ شوخ رنگ ؛ رنگ سے متعلق ۔

Colorimeter : (n) [L."colorem"+-METER] رنگ سنج ؛ مقیاس اللون ؛ رنگ پیما ۔

Colorimetric / -al : (a) رنگ سنجی سے متعلق ۔

Colorimetric analysis : (n) (کیمیا) رنگ پیمائی تجزیہ ۔

Colorimetric test : (n) (کیمیا) رنگ پیمائی جانچ ۔

Colorimetry : (n) رنگ سنجی ؛ رنگ پیمائی ۔

Coloss /-osse : (n) [L."colossus"] (۱) معمولی قدوقامت سے بڑی مورت ؛ دیو پیکر مجسم ؛ عفریت پیکر ۔ (۲) (استعارتاً کوئی بڑی یا عظیم سلطنت ؛ وہ وسیع سلطنت جس کے زیر اثر یا قبضے میں مختلف ممالک ہوں ۔ (۳) کوئی دیو پیکر یا عظیم الشان چیز ۔ (٤) (تاریخ) قدیم یونان یا روم کا ایک دیو پیکر بت ۔

Colossal : (a) [COLOSSUS+-AL] (۱) عظیم الجثہ ؛ دیوپیکر ؛ دیو ہیکل ؛ عفریت آسا ۔ (۲) (عام محاورے میں) شاندار ؛ خوش نما ؛ دیدار ور ۔

Colossally : (adv) شان کے ساتھ ؛ خوش نمائی سے ۔

Colosseum / Coliseum : (n) [L."colosseum"] Coliseum دیکھو

Colossus : (n) [Gr."kolossos"] Coloss دیکھو

Colostrum : (n) [L.] دودھ پلانے والے جاندار کا بچہ دینے کے پہلے چند دنوں تک کا دودھ (پہلا دودھ) ؛ ھوبلو ؛ کھیس ۔

Colostration : (n) نو زائیدہ بچوں کی وہ بیماری جو "پہلا دودھ" پینے سے ہوتی ہے ۔

Colotomy : (n) [Gr. "kolon + tomia"] جراحی شگاف (قولنج کے مرض میں)۔

Colour / Color : (n) [L."colorem"] (۱) رنگ ؛ لون ؛ ایک خاص احساس جو انتشار شعاع سے آنکھ کی پتلی پر پیدا ہوتا ہے ؛ ہر قسم کا ھلکا، گہرا رنگ ؛ مرکب یا مفرد رنگ ۔ (۲) سرخ فامی (چہرے کی) ؛ سرخی ۔ (۳) رنگ روپ ؛ شکل صورت ؛ شان ؛ بشری ۔ (٤) (مصوری) نقاشی ؛ رنگ آمیزی ؛ رنگ بھرنے کا اصول ؛ رنگ بھرنے کی خوبی ؛ وہ کیفیت جو ھلکے رنگوں کے ملانے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (۵) رنگ (سفوف یا قرص کا جس سے تصویروں میں کام لیتے ہیں) ؛ روغن ؛ مسالا ۔ (٦) (جمع) رنگین فیتا یا وردی جو کسی خاص جماعت یا گروہ کے لوگ یا کھلاڑی بطور نشان اختیار کرلیتے ہیں ؛ بانا ۔ (۷) فوج یا جہاز کا جھنڈا ؛ پھریرا ؛ علم ؛ پرچم ؛ رنگین کپڑے ؛ رنگ برنگ کے ملبوسات ۔ (۸) بناوٹی بات ؛ قسم ؛ نوعیت ؛ حیلہ ؛ بہانہ ؛ عذر لنگ ؛ عذر باطل ؛ (موسیقی) گانے کی قسم ؛ طرز ادا کی نوعیت ؛ نمائش ؛ شباہت ؛ شائبہ ؛ منطقی نمائش ۔ (۹) طرز ؛ حالت ؛ رنگ ڈھنگ ۔

(۱۰) خاص معنی ؛ کنایہ ؛ اشارہ ؛ (موسیقی اور علم بیان) رنگینی ؛ حسن بیان ؛ جادو بیانی ؛ عبارت آرائی ؛ انشا پردازی ؛ لفاظی - (۱۱) مقامی رنگ - (۱۲) نقطۂ نظر - (۱۳) رنگا رنگی ؛ بوقلمونی - (۱٤) دلچسپی ؛ دل کشی - (۱۵) جلد کی رنگت - (۱٦) (معدنیات) سونے کا ذرہ - (۱۷) (نباتیات) سبز رنگ کے سوا کوئی رنگ - (۱۸) ایک رنگ کے پتے (تاش میں) -

Accidental colour : Complementary colour دیکھو

Complementary colour : امدادی رنگ ؛ ہر رنگ کے لئے ایک دوسرا امدادی رنگ ہوتا ہے جسے مقررہ مقدار میں ملانے سے وہ رنگ سفید ہو جاتا ہے ؛ (فلسفہ و نفسیات) تکمیلی رنگ -

Contrast of colour : (طبیعیات) رنگ کا تضاد -

Dead colour : (مصوری میں) وہ رنگ جو شبیہ بنانے سے پہلے کینوس پر لگایا جاتا ہے -

Fundamental colour : لون صحیح ؛ لون اصلی (سرخ، سبز اور بنفشئی یا مصوروں کے نزدیک سرخ، نیلا اور زرد اصلی رنگ ہیں اور باقی تمام رنگ ان ہی رنگوں کو مختلف مقدار میں ملانے سے بنتے ہیں) -

Induced colour : (فلسفہ و نفسیات) ساختہ رنگ -

Local colour : جزئیات (جن سے اصل شئے یا تصویر زیادہ نمایاں اور واضح ہو جائے) ؛ پس منظر ؛ فضا ؛ مقامی رنگ -

Man of colour : کالا آدمی ؛ غیر صبیح اقوام کا فرد خاص کر حبشی ؛ زنگی -

Munsell colours : (فلسفہ و نفسیات) منسل رنگ -

Non-spectral colour : (کیمیا) غیر اسپکٹری رنگ -

Ostwald colours : (فلسفہ و نفسیات) اوس والڈ رنگ -

Primary colour : Fundamental colour دیکھو

Secondary colour : ثانوی رنگ ؛ مرکب اول (یعنی دو اصل رنگوں کو ملانے سے جو رنگ پیدا ہوتا ہے) -

Simple colour : Fundamental colour دیکھو

Tint colour : (فلسفہ و نفسیات) ہلکا رنگ -

To change colour : رنگ بدلنا ؛ رنگ آ جانا ؛ رنگ بدل جانا ؛ سرخ ہو جانا ؛ سرخی دوڑ جانا -

To come off with flying colour : کامیابی پانا ؛ بازی جیتنا ؛ قابل تحسین کام کرنا -

To get one 's colour / To give one his colour : کھیلنے والے یا ورزش کرنے والوں کی جماعت میں داخل کیا جانا، لے لیا جانا ؛ وردی پانا -

To lose colour : رنگ اڑنا ؛ رنگ فق ہونا -

To nail colours to mast : جمے رہنا ؛ مستقل رہنا ؛ جگہ سے نہ ہٹنا ؛ نیچے اترنے سے انکار کرنا -

To show one 's colours : اپنی اصلی فطرت یا منصوبے کو ظاہر کرنا -

To take one colour : شرمانا ؛ لجانا ؛ رنگ اڑ جانا ؛ جھینپنا -

Under colour of : بظاہر ساتھ ہونا -

Zones of colour : (فلسفہ و نفسیات) رنگ کے منطقے -

Colour : (v) [L."colarare"] (۱) رنگنا ؛ رنگ بھرنا ؛ رنگ دینا - (۲) رنگ آمیزی کرنا ؛ حاشیہ چڑھانا ؛ بات بنانا - (۳) اپنی طرف سے جھوٹ ملا دینا - (٤) اثر ڈالنا ؛ اثر پذیر ہونا - (۵) چہرے پر سرخی دوڑ جانا - (٦) صیقل کرنا ؛ جلا کرنا -

Colour bar : (n) اختلاف رنگ ؛ نسلی کالی اور گوری قوموں میں قانونی یا معاشرتی امتیاز - (تاریخ و سیاسیات) امتیاز رنگ ؛ رنگ کی بناء پر بندش -

Colour blind : (a) رنگ ناشناس ؛ رنگندھا (رنگ +اندھا س)؛ رنگوندھیا -

Colour blindness : (n) رنگ نا شناسی ؛ رنگندھاپن ؛ (فلسفہ و نفسیات) رنگ کوری -

Partial colour blindness : (فلسفہ و نفسیات) جزوی رنگ کوری -

Colour-box : (n) (۱) رنگوں کا بکس ؛ صندوقچہ نقاشی ؛ رنگ دان (جس میں نقاشی کےلئے مختلف رنگ رکھے جاتے ھیں)۔(۲) وہ بکس جو چھاپنے والےبیلن کو رنگ فراھم کرتا ھے (کپڑے کی چھپائی میں)۔

Colour circle : (n) (فلسفہ و نفسیات) حلقہ رنگ ۔

Colour disc : (n) (طبیعیات) رنگ چکتی ۔

Colour discrimination : (طبیعیات) تمیز رنگ ۔

Colour dispersion : (n) (طبیعیات) انتشار رنگ ۔

Colour film : (n) (طبیعیات) رنگین فلم ۔

Colour index : (n) (طبیعیات) رنگ اشاریہ ؛ رنگ انڈکس ۔

Colour-man : (n) رنگ فروش ؛ رنگوں کا سودا کرنےوالا ؛ رنگ بیچنے والا ؛ رنگ ملانے والا ؛ رنگ زنی کا نگراں ۔

Colour matching : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ میل ۔

Colour mixer : (n) (طبیعیات) رنگ آمیز ؛ رنگ ملانےوالا ۔

Colour mixing : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ آمیزی ۔

Colour mixture : رنگ آمیزہ ۔

Binocular colour mixture : (فلسفہ و نفسیات) دو چشمی رنگ آمیزہ ۔

Newton's law of colour mixture : (فلسفہ و نفسیات) نیوٹن کا قانون رنگ آمیزی ۔

Colour photography : (n) (طبیعیات) رنگین فوٹو گرافی ۔

Colour prints : (n) (کیمیا) رنگین تصویر ۔

Colour pyramid : (n) (فلسفہ و نفسیات) اھرام رنگ ۔

Colour scheme : (n) رنگ بندی ؛ کسی کمرے کی آرائش یا چمن بندی میں رنگوں کا جو التزام ملحوظ رکھا جائے ۔

Colour sensation : (n) (کیمیا) رنگ کا احساس ۔

Colour sensitivity : (n) (کیمیا) رنگ کی حس ۔

Colour sergent : (n) علم بردار سپاھی ؛ جھنڈے کا سپاھی ؛ نشان دار ؛ جھنڈے کی نگھداشت کرنے والا سپاھی ۔

Colour shades : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ کے روپ ۔

Colour television : (n) (طبیعیات) رنگین ٹیلی ویژن ۔

Colour temperature : (n) (طبیعیات) رنگ تاپ ۔

Colour transparency : (n) (کیمیا) رنگین فلمی تصویر ۔

Colour triangle : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ تکون ۔

Colour vision : (n) (طبیعیات) رنگ نمائی ۔

Colour vision theory : (فلسفہ و نفسیات) نظریہ ادراک رنگ ۔

Colour wheel : (n) (طبیعیات) رنگین چکتی ؛ (فلسفہ و نفسیات) رنگ چکر ۔

Colourable / Colorable : (a) مصنوعی ؛ جعلی ؛ بناوٹی ؛ نمائشی ؛ صورت حرام ۔

Colourably / colorably : (adv) بناوٹ سے ؛ رنگ آفرینی سے ؛ فریب کے ساتھ ۔

Coloured : (a) (۱) رنگ دار ؛ رنگین ۔(۲) (استعارتاً) آراستہ ؛ مرصع ۔(۳) بناوٹی ؛ مصنوعی ۔(٤) مبالغہ آمیز ؛طرفدار؛ طرفدارانہ ۔ (۵) صف بند ۔ (٦) حبشیوں سے متعلق ۔(۷) (تاریخ) غیر سفید (لوگ)۔

Coloured glass : (n) (کیمیا) رنگین شیشہ ۔

Coloured hearing : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ آمیز سماعت ۔

Coloured person : (n) (۱) حبشی ؛ حبشی نژاد (جس میں قوم کی آمیزش ھو) ۔(۲) کالے لوگ (سفید فام کے سوا) ؛ کالا ۔

Coloured shadow : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگین سایہ ۔

Coloured stucco : (n) (اثریات) رنگین گچ ۔

Coloured vision : (n) ایک قسم کی بیماری جس میں بے رنگ چیز رنگین نظر آتی ھے ۔

Colourer / Colorer : (n) رنگ بھرنے والا ؛ رنگ آمیزی کرنے والا ؛ رنگ ریز ؛ رنگنے والا ۔

Colouring / Coloring : (n) (۱) رنگ ؛ رنگ بھرنے کی وضع یا طرز ؛ رنگ آرائی ؛ رنگینی ۔ (۲) ظاہری نمائش ؛ طرفداری ۔(۳) ذاتی نقطہء نظر کا اظہار ۔ (٤) (موسیقی) گانے کی قسم ؛ طرز ادا کی نوعیت ۔

Colouring matter : (n) (کیمیا) رنگنے والا مادہ ۔

Colourist / Colorist : (n) (۱) رنگ آرا ؛ رنگ بھرنے کا ماہر ؛ مصور ؛ رنگوں کا ماہر ۔ (۲) (استعارتًا) مرصع نگار ۔

Colourless / Colorless : (a) (۱) بے رنگ ؛ پھیکا ؛ زرد ؛ بے لطف ۔(۲) بے اصول ؛ کمزور (اخلاقًا) ؛ الگ تھلگ ؛ روکھا پھیکا ؛ غیر جانب دار ؛ بے رنگ ۔

Coloury / Colory : (n) (تجارت) چوکھا ؛ مشہور (ایسے رنگ کا مال جس سے اس کی عمدہ قسم ظاہر ہوتی ہے)۔

Colp : (n) دیکھو Collop

Colportage : (n) [Fr.f."colporter"] کتب فروشی ؛ انجیل فروشی ۔

Colporteur : (n) [Fr. f.as prec .] پھیری والا کتب فروش ؛ انجیل فروش ؛ مذہبی کتابیں بیچتے یا بانٹتے پھرنے والا ملازم ۔

Colstaff : (n) بھاری دستہ دار دیگ وغیرہ کو لے جانے والی لکڑی ۔

Colt : (n) [OE. "colt"] (۱) چاریا پانچ سال کی عمر تک کا نوجوان گھوڑا ؛ اونٹ کا بچھڑا ؛ کرہ ۔ (۲) ناتجربہ کار نوجوان شخص ؛ بےوقوف یا کم عقل آدمی ؛ لال بجھکڑ ؛ اناڑی ۔ (۳) کرکٹ کا پیشہ ور کھلاڑی جو پہلی مرتبہ میدان میں آئے ۔ (٤) (قانونی عامیانہ) کارآموز وکالت ۔(۵) (بحری) زیر بند ؛ کوڑا ؛ رسی جس سے سزا دی جاتی ہے ۔

Colt : (n) [after Samnet Colt, the inventor] ایک قسم کا پستول ۔

Colt : (v) کوڑے سے مارنا ؛ کوڑے لگانا ۔

Colt-drift : (n) نوجوان گھوڑوں یا ٹٹوؤں کا علاقہ ڈارٹ مور (Dartmoor) میں جمع کرنا ۔

Colt-pixi : (n) روح خبیثہ جو بچھڑے کی شکل میں ظاہر ہوکر لوگوں اور گھوڑوں کو دلدل میں پھنسا دیتی ہے ۔

Colthood : (n) بچھیڑا پن ۔

Colting : (n) کوڑے سے مارنا ۔

Coltish : (a) بچھیڑے سا ؛ بیہودہ ؛ خفیف الحرکات ؛ کھلنڈرا ۔

Coltishly : (adv) کھلنڈرا پن سے ۔

Coltishness : (n) کھلنڈرا پن ؛ بچھیڑا پن ۔

Coltsfoot : (n) [From the shape of the leaves] ایک قسم کے پھول لانے والے درخت کا بیج ؛ جنگلی ادرک ۔

Colt's tooth : (n) (۱) بچھیڑے کے ابتدائی دانت ۔ (۲) بوالہوسی ؛ نوجوانی کی امنگیں ۔

Colt's tail : (n) (۱) بادل جس کے کنارے پھٹے پھٹے سے ہوں ؛ دامن چاک ابر ؛ ابر چاک داماں ۔ (۲) ذنب الثعلب ؛ دُم اسپ ۔

Coluber : (n) [L.] (حیوانیات) غیر زہریلے سانپوں کی ایک نوع ۔

Colubrid : (n) [L. "coluber"] غیر زہریلا سانپ ۔

Colubriform : (a) غیر زہریلے سانپ کی شکل کا (زہریلے سانپ کے متعلق کہا جاتا ہے)۔

Colubrine : (n) [L. "colubrinus"] غیر زہریلے سانپ ۔

Colubrine : (a) (۱) سانپ سے متعلق ۔ (۲) غیر زہریلے سانپ کی صفت کا ۔

Columba : (n) دیکھو Calumba

Columba : (n) [L.] کبوتر کی ایک قسم ۔

Columbaceous : (a) [L."Columba"] کبوتر یا فاختہ کی طرح کا ؛ کبوتر سے متعلق ۔

Columbarium : (n) [L.] (۱) کبوتر خانہ ۔(۲) میز یا الماری کے چھوٹے چھوٹے خانے ۔

Columbary : (n) [as prec .] کبوتر خانہ ۔

Columbate : (n) [f. COLUMBIUM] (کیمیا) کولمبك ایسڈ کا نمك ۔

Columbiad : (n) [See next .] (۱) امریکہ سے متعلق رزمیہ نظم ۔(۲) قدیم امریکی فوج میں استعمال ہونے والی بھاری توپ ۔

Columbian : (a) [L."columbia"] امریکہ کا باشندہ ۔

Columbic : (n) [COLUMBIUM+-IC] (کیمیا) کولمبیم (ایك قسم کی دھات) سے متعلق ۔

Columbic : (a) ایك افریقی پودے کی جڑ سے متعلق ۔

Columbier : (n) [F."colombier"] ایك قسم کا کاغذ جو ۲٤ x ۱/۲ ۳٤ انچ سائز کا ہوتا ہے ۔

Columbiferous : (a) کولمبیم دار ۔

Columbin : (n) [Transf . use of F. "colombin"] ایك قسم کی حاجز چیز ۔

Columbin : (n) دیکھو Calumbin

Columbine : (a) [L."columbinus"] (۱) کبوتر نما ؛ مثل کبوتر ۔ (۲) فاختہ کے رنگ کا ۔

Columbine : (n) [F."colombine"] گل کبوتر ؛ گل تاج الملوك ۔

Columbine : (n) [It."colombina"] ہارلے کوئین (Harlequin) کی معشوقہ ۔

Columbite : (n) خام کولمبیم ؛ ایك سیاہ دھات جس میں لوہا اور میگنیز کولمبیٹ ہوتا ہے ۔

Columbium : (n) [f. Columbia poet. name for America] کولمبیم ؛ ایك فلزی عنصر جو نایوبیم بھی کہلاتا ہے ۔

Columbo : (n) Calumbe کی متبادل شکل ۔

Columel : (n) [L."columella"] چھوٹا ستون ۔

Columella : (n) [L. dim. of "columna"] (۱) وہ عضو جوستون کے مشابہ ہوتا ہے ۔ (۲) (حیوانیات) ستونك ۔

Columella aures : (n) (حیوانیات) سمعی ستونك ۔

Columellar : (a) مثل ستون ۔

Columelliform : (a) مانند ستون ؛ ستونی شکل کا ۔

Column : (n) [L."coluna"] (۱) کھم ؛ کھمبا ؛ ستون ؛ لاٹ ؛ مینار ؛ (مجازاً) سہارا ؛ ٹیك ؛ تکیہ ؛ تھم ۔ (۲) ستون نما شئے ۔(۳) (عضویات و نباتیات) استوانہ ۔(٤) مشین کا جزء ؛ استوانہ ۔ (۵) (فوج کا پرا ؛ صفیں (جن کے سامنے کا رخ بہت کم چوڑا ہو) ۔(٦) (ریاضی) کالم ۔ (۷) صفحے کا حصہ (خاص کر اخبار کا) ؛ کالم ؛ خانہ ۔(۸) جہازوں کا بیڑا جب وہ ایك دوسرے کے پیچھے جا رہے ہوں ؛ جہازوں کی قطار ۔

Null space column : (ریاضی) صفر اسپیس کالم ۔

Column and lintel construction : (اثریات) ستون سردلی تعمیر ۔

Column combination : (n) (ریاضی) کالمی اجتماع ۔

Column diagram : (n) (طبیعیات) ستون ڈائیگرام ؛ کالم ڈائیگرام ۔

Column matrix : (n) (طبیعیات) کالم میٹرکس ۔

Column method : (n) کالمی طریقہ ۔

Column of air : (طبیعیات) ہوا کا کالم ۔

Column of water : (n) (طبیعیات) پانی کا کالم ۔

Column rank : (n) (طبیعیات) کالمی حیثیت ۔

Column rate : (n) (تجارت) کالم کی شرح ۔

Column rule : (n) (طباعت) پیتل کی وہ پٹری جو ٹائپ کے کالم کو جدا رکھنے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Column space : (n) (ریاضی) کالمی اسپیس ۔

Column-wise : (adv. & a) (ریاضی) کالم دار ۔

Columnal : (n) (Pl. Columnae) تھم ؛ کالم ؛ ستون ؛ کھمبا ؛ جسم کے مختلف حصوں کا نام ۔

Columnar / Columnal : (a) [late. L."Columnaris"] (۱) ستونی ؛ ستون دار ؛ ستون کی شکل کا ۔ (۲) کالم میں لکھا ہوا ؛ اخبار کے کالم سے متعلق ۔ (۳) عمودی ۔

Columnar cash-book : (n) (تجارت) خانہ دار نقد بہی ؛ خانہ دار روکڑ بہی -

Columned / Columnared / Columiated : (a) ستون دار ؛ کھمبے والا -

Columniation : (n) [L."intercolumnium"] ستون بندی -

Columniferous : (a) ستون دار -

Columniform : (a) ستون نما -

Columnist : (n) اخباروں میں کالم لکھنے والا ؛ کالم نویس -

Colure : (n) [Gr."kolouros"] دائرہ منقاطعہ ؛ دائرۃ الانقلاب ؛ ان دو بڑے دائروں میں سے ایک دائرہ جو قطبین پر مستطیل بناتے ہوئے ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں اور خط اعتدال اور خط مدار کو چاربڑے حصوں میں تقسیم کرتے ہیں -

Colutea : (n) [Gr."kolontea"] (نباتیات) ایک چھوٹی جھاڑی جس میں زرد پھول ہوتے ہیں -

Coly : (n) دیکھو Colies

Colza : (n) [L. Gr."kolsat"] گوبھی کا بیج ؛ کرم کلے کا بیج ؛ تخم کرنب -

Colza oil : (n) روغن کرنب -

Com - : ایک سابقہ جو مختلف حالتوں میں Co -, Con -, Cor -, کی صورت اختیار کر لیتا ہے اور "ساتھ" "باہم" "اکھٹا" کے معنی دیتا ہے -

Coma : (n) [Gr."koma"] (۱) (نباتیات) بج داڑھی ؛ بج گچھا (باریک اور نرم ریشوں کا وہ گچھا جو بیج کے سرے پر نکل آتا ہے ؛ پھیٹر ؛ ریشے دار اکھوا ؛ ریش ؛ شاخوں کا گچھا - (۲) (ہیئت) لفہ یا غلاف ؛ سحابی ؛ سحابیہ کا وہ غلاف، لفافہ یا خول جو دمدار تارے کے سر پر لپٹا ہوتا ہے ؛ کہکشاں کاذب ؛ ذوات الاذناب - (۳) سنجد تلخ یا خولان -

Coma : (n) [Gr."koma"] (۱) غیر طبعی گہری نیند ؛ خواب غفلت ؛ خواب گراں ؛ بے ہوشی ؛ غفلت - (۲) ذہنی یا جسمانی جمود -

Coma vigil : (n) بے ہوشی کا وہ عالم جس میں مریض کی آنکھیں کھلی رہتی ہیں -

Comal : (a) بج داڑھی یا بج گچھا سے متعلق ؛ کہکشاں کاذب سے متعلق -

Comarum : (n) [Gr."komaron"] دو رویہ پودوں کی ایک نوع -

Comatose : (a) [COMA+-TOSE] (۱) غیر طبعی طور پر غافل یا سوتا ہوا ؛ بے ہوش - (۲) (طب) سباتی ؛ خواب آلود ؛ بے حس -

Comatula / Comatulid : (n) (pl.-lae) [L."Comatulus"] سوسن خار پشت حیوان کی ایک قسم جو آزادی سے تیرتا ہے -

Comb : (n) [OTeut. "kamboz"] (۱) کنگھی ؛ کنگھا ؛ شانہ - (۲) کوچ ؛ کوچی ؛ اون صاف کرنے یا بجلی جمع کرنے کا شانہ نماآلہ ؛ شانہ نما کوئی چیز - (۳) (مرغ وغیرہ پرندوں کا) کیس ؛ کلغی ؛ تاج ؛ (کبوتر وغیرہ کی) چوٹی ؛ کلغی نما کوئی چیز - (٤) چوٹی ؛ قلعہ کوہ - (٥) (سمندر میں) لہر چوٹی ؛ سر موج - (٦) شہد کا چھتا -

To cut the comb of : ذلیل کرنا ؛ شیخی کرکری کرنا -

Comb : (n) Coomb کی متبادل شکل بمعنی ایک پیمائش -

Comb : (n) Coomb کی متبادل شکل بمعنی گھاٹی ؛ کھاڑی -

Comb : (v) (۱) کنگھی کرنا ؛ کھریرا کرنا ؛ اون یا سن کوصاف کرنا ؛ تومنا ؛ بل نکالنا ؛ علاحدہ کرنا ؛ الگ کرنا - (۲) موج کا بل کھانا ؛ بل مارنا ؛ پیچانی ہونا - (۳) (ظرافت) پیٹنا ؛ مرمت کرنا - (٤) تلاش کرنا - (٥) قاعدے کے ساتھ گولہ باری کرنا -

To comb out : کسی کو داخل یا خارج کرنا (خاص کر ان لوگوں کو جو مستثنیٰ کردئے گئے تھے) ؛ فوج میں بھرتی کرنا -

Comb-brush : (n) کنگھی صاف کرنے کا برش -

Combaron : (n) [Fr.] لڑائی ؛ جنگ ؛ تن بہ تن جنگ ؛ جنگ یکایکی -

Combat : (n) [Fr."combattra"] مبارزت ؛ کشتی پکڑ ؛ اکیلے اکیلے کا مقابلہ -

Trial by combat : آزمائش بہ وسیلہ جنگ ؛ جنگ ؛ جنگی آزمائش -

Combat : (v) [Fr."combattre"] (۱) لڑنا ؛ جنگ کرنا ؛ مبارزہ کرنا ؛ کشمکش کرنا ؛ کشتی کرنا یا لڑنا ۔

Combative : (a) جنگ جو ؛ جنگ آور ؛ مبارز ؛ لڑاکا ؛ جھگڑالو ۔

Combatively : (adv) جنگ جوئی سے ؛ مبارزت سے ۔

Combativeness : (n) جنگ جوئی ؛ مبارزت ؛ جنگ آوری ۔

Combatant : (n) [OF.] لڑنے والا سپاہی ؛ حریف (جنگی اصطلاح میں) ؛ مصافی سردار (غیر مصافی کا علمبردار) ؛ محارب ۔

Combatant : (n) (۱) جنگ جو ؛ جنگ آور ؛ جنگ آزما ؛ حریف ۔(۲) (نقابت میں) (شیر کیلئے) بپھرا ہوا ؛ ایستادہ ؛ پچھلے پیروں پر کھڑا ہوا ۔

Combe : (n) Coomb کی متبادل شکل ۔

Comber : (n) (۱) اون یا سن صاف کرنے والا آدمی یا آلہ ؛ دھنیا ؛ نداف ۔(۲) لمبی بل کھائی ہوئی موج ؛ موج پیچاں ۔

Beach comber : لمبی بل کھائی ہوئی موج ؛ موج پیچاں ۔

Comber : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Combinable : (a) ترکیب پذیر ؛ قابل اجتماع ۔

Combinableness : (n) ترکیب پذیری ۔

Combinant : (n) [late L."Combinantem"] (ریاضی) اجتماع کنندہ ۔

Combinantive : (a) اجتماع کنندہ سے متعلق ۔

Combination : (n) (۱) اتحاد ؛ اتصال ؛ یکجائی ؛ میل ؛ جتھا ؛ متحدہ کاروائی ۔ (۲) (ریاضی بصیغہ جمع) اجتماعات ؛ اجتماع ۔ (۳) (کیمیا) مختلف الخواص مادوں کا اتصال ؛ اتصاق ۔(٤) (جمع) تہ جامہ ؛ زیر جامہ ؛ بچوں یا عورتوں کا وہ تنگ لباس جس میں پاجامہ اور کرتا جڑے ہوتے ہیں ۔(۵) ترکیب ؛ آمیزش ۔ (٦) دستہ ؛ گروہ ؛ دستہ بندی ؛ پیوستگی ۔ (۷) کمبینیشن روم کا مخفف ۔(۸) موٹر سائیکل میں جتی ہوئی گاڑی ۔

Horizontal combination : (تجارت) افقی اتصال ۔

Linear combination : (کیمیا) خطی جوڑ ۔

Physical combination : (کیمیا) طبعی جوڑ ۔

Vertical combination : (تجارت) عمودی اتصال ۔

Combination character : (n) (تجارت) اتصالی خصوصیت ۔

Combination garment : (n) تہ جامہ ؛ زیر جامہ ؛ بچوں یا عورتوں کا وہ تنگ لباس جس میں پاجامہ اور کرتا جڑے ہوتے ہیں ۔

Combination in restraint of trade : (تجارت) تجارت کی مشترکہ رکاوٹ ۔

Combination pedal : (n) ارگن باجے کا بیرم جو سُروں کو اٹھانے اور مدھم کرنے میں کام آتا ہے ۔

Combination policy : (n) (تجارت) اتصال پالیسی ؛ متحدہ پالیسی ۔

Combination rate : (n) (تجارت) اتصال شرح ؛ اشتراك شرح ۔

Combination room / -chamber : (n) کیمرج میں طلبا کا عام یا مشترك کمرہ ۔

Combination sale : (n) (تجارت) ملی جلی فروخت ؛ ملی جلی بکری ۔

Combination tariff : (تجارت) اتصالی ٹیرف ۔

Combination through rate : (تجارت) شرح کے ذریعہ اشتراك ۔

Combinational : (a) اجتماعی ؛ اتحادی ۔

Combinative : (a) (۱) اتحاد پذیر ؛ قابل اتصال ؛ یکجا ہونے والا ۔(۲) جمع ہونے والا ۔

Combinatorial : (a) اجتماعات سے متعلق ۔

Combinatorial analysis : (n) (شماریات) جماعتی تجزیہ ۔

Combinatorial power mean : (شماریات) جماعتی قوتی درمیانہ ۔

Combinatorial test : (n) (شماریات) جماعتی جانچ ۔

Combinatory : (a) دیکھو Combinative

Combine : (v) [late L. "combinare"] (۱) جمع ہونا ؛ مل جانا ؛ یکجا ہو جانا ؛ متحد ہو جانا ؛ باہم ترکیب پانا ؛ آمیز ہو جانا ؛ جماعت بنانا ؛ انجمن بنانا (اقتصادی ، سماجی یا سیاسی مقصد کے لئے) ؛ ملانا ۔ (۲) باندھنا ۔

To combine efforts / forces etc : اجتماعی کوشش کرنا ۔

Combine : (n) [as prec.] اتحاد ؛ اجتماع ؛ ایکا ؛ جتھا ؛ دھڑا (خاص کر امریکہ میں عوام کے مفاد کے خلاف کوئی کام کرنے کے لئے)۔

Combined : (a) متحد ؛ ملا جلا ؛ مرکب ۔

Combined iron : (n) (کیمیا) ملا ہوا لوہا ۔

Combined legation : (n) (تاریخ و سیاسیات) مشترک سفارت خانہ ۔

Combined protein : (n) (کیمیا) ملی ہوئی پروٹین ۔

Combinedly : (adv) متحد ہو کر ؛ مل جل کر ۔

Combinedness : (n) اتحاد ؛ جتھا بندی ۔

Combiner : (n) (۱) جمع کرنے والا ؛ یکجا کرنے والا ؛ انجمن بنانے والا ۔ (۲) وہ مشین جو کاغذوں میں گوند لگا کر اور انھیں داب کر گتّہ (گتّا) بناتی ہے ۔

Combing : (n) (۱) صفائی ؛ جھڑائی ؛ تومائی ۔ (۲) جھاڑن ؛ اترن (خاص کر اترے ہوئے بالوں کی)۔

Combing : (a) بل کھانے والی موج ۔

Combing : (n) Coaming کی متبادل شکل ۔

Combing machine : (n) اون، سن اور کتان صاف کرنے کی مشین ۔

Combining weight : (n) (کیمیا) ملنے کا وزن ۔

Combless : (a) بے کنگھی کا ؛ بے کلغی کا ؛ بے شانہ ۔

Combretaceous : (a) [L. "combretace"] گیاہ عسمہ یا اس سے متعلق ۔

Comburgess : (n) [med. L."comburgensis"] ہم شہری ؛ ہم ولایتی ۔

Combust : (a) [L."combustus"] (۱) سوختہ ؛ نابود ۔ (۲) آفتاب کی نزدیکی کے باعث نظر نہ آنے والا ستارہ ۔

Combust : (v) جلا دینا ؛ جلا ڈالنا ۔

Combustibility : (n) آتش پذیری ۔

Combustible : (a) (۱) آتش پذیر ؛ اشتعال پذیر ؛ بھڑک اٹھنے والا مادہ ؛ قابل احتراق ۔ (۲) (حیوانیات) اشتعال پذیر ۔ (۳) (مجازاً) غضبناک ہو جانے والا شخص ۔

Combustibleness : (n) دیکھو Combustibility

Combustion : (n) (۱) افروختگی ؛ اشتعال ؛ احتراق ؛ سلگن ؛ سوزش ۔ (۲) (کیمیا) عمل احتراق ؛ حرارت پذیری ؛ جلانا ۔ (۳) (مجازاً) ہیجان ؛ غوغا ؛ تحریک ۔

Combustion boat : (n) (کیمیا) جلانے کی ناؤ ۔

Combustion bomb : (n) (کیمیا) جلانے کا بم ۔

Combustion furnace : (n) (کیمیا) جلانے کی بھٹی ۔

Combustion tube : (n) (کیمیا) جلانے کی نلی ۔

Combustive : (a) اشتعال دینے والا ؛ اشتعال پذیر ؛ اشتعال انگیز ۔

Combwise : (adv) شانہ کی طرح ؛ مثل شانہ ؛ شانہ وار ۔

Comby : (a) شانہ دار ؛ شانہ نما ۔

Come : (v) [OTeut."kuman"] (۱) آنا ؛ چلنا ؛ آگے بڑھنا (کسی مقام ، وقت یا نتیجہ تک)۔ (۲) پہنچنا ۔ (۳) زمین پر گرنا ؛ اترنا ؛ نازل ہونا ؛ تیزی سے آنا ۔ (٤) نکلنا ؛ نکاسی ہونا ؛ باہر آنا کسی خاندان یا شہر کا فرد ہونا ۔ (٥) رفتہ رفتہ یا آخر میں کسی نتیجہ پر پہنچنا یا مجبور ہو جانا یا ہٹ جانا ۔ (٦) ہونا یا ہو جانا ؛ واقع ہونا ۔ (٧) کھڑا ہو جانا ۔ (٨) نتیجہ نکلنا ۔ (٩) ملنا ؛ حاصل ہونا ؛ حاصل کرنا ۔ (١٠) متوجہ ہونا ۔ (١١) نرم پڑنا ۔ (١٢) نزدیک ہونا ۔ (١٣) نقل کرنا ؛ نقالی کرنا ۔ (١٤) دھوکا دینا ؛ کھیلنا ۔ (١٥) نظر آنا ؛ دکھائی دینا ۔

To come clean : اقرار کرنا ۔

To come close : قریب ہونا ۔

To come compass : (کمان کا) کھینچنے پر قوس بنانا ۔

To come down : نیچے آنا ؛ بعد کے زمانے تک روایتاً پہنچنا ؛ گرنا ؛ شیخی کرکری ہونا ؛ گرنا ؛ (مجازاً) کھو دینا ؛ مخالفت کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ سزا دینا ؛ عطیہ دینا ؛ بیمار پڑنا ۔

To come down upon : جھڑکنا ؛ جھاڑنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ سزا دینا ؛ تاوان وصول کرنا ۔

To come down with : ادا کرنا ؛ اتارنا ۔

To come forward : سامنے نکل آنا ؛ اپنے تئیں پیش کرنا ؛ جواب دہی کے لئے سامنے آنا ؛ (جواب میں) لبیك کہنا ۔

To come home to : واضح ہو جانا ؛ سمجھ میں آجانا ؛ دل نشیں ہو جانا ۔

To come home to roost : اپنے کئے کی سزا پانا ۔

To come in for : حصہ پانا ؛ لینا ؛ حاصل کرنا ۔

To come in one's way : حائل ہونا ؛ روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ۔

To come into one's head : دل میں آجانا ؛ القاء ہونا ۔

To come into one's own : اپنا حق حاصل کرنا ۔

To come into play : اثر کرنا ۔

To come it : کامیاب ہونا ۔

To come it over : غلبہ پانا ؛ تسلط پانا ۔

To come it strong : زور کرنا ؛ طاقت دکھانا ؛ بڑھ کے قدم مارنا ۔

To come near : نزدیك ہونا (کسی چیز میں)۔

To come one 's way : کسی کے حصے میں ہونا ۔

To come out of : (۱) نکلنا ؛ نکلا ہوا ہونا ۔ (۲) نکل جانا ۔(۳) اعتراف کرنا ۔

Light come, light go : چاردن کی چاندنی ؛ آسانی سے ہاتھ آنا پھر جلد ہاتھ سے نکل جانا ۔

Marry come up : اظہار تعجب یا حقارت کے لئے مستعمل تھا ۔

To come about : گذرنا ؛ بیتنا ؛ واقع ہوجانا (اتفاقاً) ہونا ۔

To come aboard : (۱) مشہور ہونا ؛ معروف ہونا ۔ (۲) نمودار ہونا ؛ ظاہر ہونا (عوام کے سامنے آنا)۔

To come-a-cropper : (۱) سرکے بل گرنا ۔ (۲) (مجازاً) ناکام ہونا ۔

To come across : کسی کا سامنا ہونا ؛ مڈبھیڑ ہونا ؛ (کسی کو) کوئی چیز یا شخص ملنا ؛ دینا خصوصاً چندہ دینا ۔

To come again : (۱) واپس آنا ۔(۲) تکرار کرنا ؛ دہرانا ۔

To come alive : زندگی کی علامت ظاہر کرنا ؛ حقیقی معلوم ہونا ۔

To come along : ساتھ ساتھ چلے آنا ؛ جلدی کرنا ۔

To come a long way : کامیاب ہونا ۔

To come apart : شکستہ ہونا ۔

To come a sneeze : (عام محاورے میں) چھینك مارنا ۔

To come at : بات کو پہنچ جانا ؛ پا لینا ؛ رسائی ہو جانا ؛ حاصل کرلینا ۔

To come away : الگ ہو جانا ؛ چلے آنا ؛ ہٹ جانا ؛ ساتھ چلنا ؛ تیزی سے بڑھنا ۔

To come back : (۱) واپس آنا ۔ (۲) زندہ ہو جانا ۔ (۳) یاد آنا ۔ (٤) جواب دینا ۔ (٥) پہلی حالت یا جگہ پر لوٹ آنا ۔

To come between : دو آدمیوں کے درمیان کشیدگی پیدا کرنا ۔

To come by : (۱) پڑا پانا ؛ مل جانا ؛ ہاتھ آنا ۔ (۲) قریب سے گزرنا ؛ قریب آنا ۔

To come out with : کہہ دینا ؛ بیان کر دینا ۔

To come short : قاصر ہونا (ادائے قرض وغیرہ سے) ۔

To come through : (۱) برداشت کرنا ۔ (۲) تبدیلی مذہب ہونا ۔ (۳) دینا ؛ عطا کرنا ۔ (٤) حقیقت بن جانا ۔

To come to a head : منہ بننا ؛ (زخم کا) پك جانا ۔

To come to an end : ختم ہونا ؛ موقوف ہو جانا ۔

To come to anchor : جہاز کا لنگر ڈالنا ؛ رك جانا ۔

To come to blows : لڑائی پر اتر آنا ؛ سر پڑنا ؛ گھونسہ بازی شروع کر دینا ۔

To come to grips : جٹ جانا ؛ لگ جانا ۔

To come to hand : پہنچنا ۔

To come to light : ظاہر ہو جانا ؛ منکشف ہو جانا ؛ شائع ہونا ۔

To come to naught : نا کامیاب ہونا ۔

To come to nothing : نا کامیاب ہونا ۔

To come to oneself : (بے ہوشی یا بیوقوفی کے بعد) ہوش میں آنا ؛ دل قابو میں آنا ۔

To come to one 's knowledge : معلوم ہونا ۔

To come to pass : ہونا ؛ گزرنا ۔

To come to stay : کسی شے کا مستقل یا یقینی ہو جانا ۔

To come to terms : متفق ہونا ۔

To come true : خواهش کے مطابق ہونا ؛ حقیقی ثابت ہونا ۔

To come under : تحت میں آنا ؛ زیر اثر آنا ؛ (کسی کے ساتھ) شمار ہونا ۔

To come under notice : کسی بات کا علم میں آنا ۔

To come within : دائرے کے اندر آنا ۔

Come : (n) آنا ؛ آمد ۔

Come-and-go : (n) آمد و رفت ؛ آوا جائی ؛ سکڑنا اور پھیلنا ۔

Come-and-go : (a) تبدیلی پذیر ۔

Come-at-table : (n) پہنچ میں ؛ پہنچ کے اندر ؛ ممکن الحصول ؛ قابل حصول ؛ قابل رسائی ؛ رسیدنی ؛ آسان رس ۔

Come-back : (n) (۱) بدلہ ۔ (۲) واپسی ۔

Come-by-chance : (n) اتفاقی ؛ حرامی ۔

Come-down : (n) تنزل ؛ پستی ؛ ذلت ؛ زوال ۔

Come-hither : (n) تحریص ؛ ترغیب ؛ دعوت ۔

Come in : (v) (۱) اندر آنا ؛ داخل ہونا ۔ (۲) کھیل شروع کرنا ؛ دوڑ وغیرہ میں درجہ پانا ۔ (۳) منتخب ہونا ؛ بر سر اقتدار آنا ۔ (٤) رواج پانا ؛ رائج ہونا ۔ (٥) کام آنا؛ کار آمد ہونا ۔ (٦) آمدنی ہونا ؛ (بطور آمدنی) وصول ہونا ۔ (۷) بر محل ہونا ۔ (۸) مناسب ہونا ۔ (۹) جواب دینا ۔ (۱۰) نشانہ ہونا ۔ (۱۱) کسی کام میں عملی حصہ لینا ۔ (۱۲) سرکاری فرائض کا ذمہ لینا ۔ (۱۳) بار آور ہونا ۔

Come into : (v) (۱) قبضہ پانا ؛ قابض ہونا ۔ (۲) نکلنا ؛ حاصل ہونا ؛ ماخوذ ہونا ۔

Come it : کامیاب ہونا ۔

Come of : (v) (۱) ماخوذ ہونا ؛ نکلنا ۔ (۲) ہونا ۔

Come off : (n) (۱) خاتمہ ؛ انجام ۔ (۲) بہانہ ؛ حیلہ ۔

Come-off : (v) (۱) الگ ہونا ؛ بچ کر نکل آنا ؛ اپنے کو بچا لینا (لڑائی کے الجھاؤ سے) ؛ (مرگرکے) بچ نکلنا ۔ (۲) پورا ہو جانا ؛ مراد بر آنا ؛ مکمل ہو جانا ؛ ہو جانا ؛ واقع ہو نا ۔ (۳) کامیاب ہونا ۔ (٤) تشفی بخش ہونا ۔

Come on : (v) (۱) مڈبھیڑ ہونا ۔ (۲) (بصیغہ امر) پیروی کرنا ؛ بات مانو (تنبیہ) ۔ (۳) آگے بڑھنا ؛ ترقی کرنا ؛ بڑھنا ۔ (٤) ہو جانا ؛ آن پڑنا ؛ آپڑنا ؛ حائل ہونا ۔ (٥) پہنچنا ۔

(۵) لڑھکنے لگنا - (٦) کسی کا دست نگر ہونا - (۷) مطالبہ کرنا -

Comedia : (n) [L."comedia"] (ہسپانوی) دیکھو Comedy

Comedian : (n) [Gr."komodia"] (۱) ناٹکی ؛ تمثیل نگار ؛ ناٹک نویس ؛ کومیڈی نگار؛ طربیہ نگار۔ (۲) نقال ؛ بھانڈ ؛ سوانگی ؛ سوانگیا ؛ تماشا گر ؛ ایکٹر -

Comedienne : (n) [Fr. fem. of "comedien"] ؛ ناٹکی (عورت) ؛ اداکارہ ؛ رقاصہ -

Comedietta : (n) [It. dim. of "comedia"] چھوٹی یا ہلکی کومیڈی ؛ نقل ؛ سوانگ -

Comedo : (n) (pl. -ones,-os,-ons) [L."comedere"] (۱) چربی دانہ ؛ کیلیں ؛ مہاسہ - (۲) وہ جلدی مرض جس میں چربی دانہ نکلتا ہے -

Comedy : (n) [Gr."komoidia"] سوانگ ؛ ناچ رنگ (دل لگی کی اور اکثر طنزآمیز نقل جس کا انجام خوشی پر ہو) ؛ کھیل ؛ ناٹک کی قسم ؛ بیانیہ ؛ طربیہ ؛ خندہ آورناٹک ؛ (مجازاً) زندگی کا مضحک واقعہ ؛ مضحک عنصر -

Comeliness : (n) [ME."comlynesse"] خوش روئی ؛ خوش اندامی ؛ دلکشی ؛ خوب روئی -

Comeling : (n) [ME."comeling"] نو وارد ؛ نو آباد ؛ مہاجر ؛ تازہ وارد -

Comely : (a) [W. Ger. "kumi + lic"] قبول صورت ؛ خوش اندام ؛ دل پسند (صورت یا کبھی ڈھنگ اور برتاؤ کے اعتبار سے) ؛ خوش نما؛ شکیل ؛ خوب رو ؛ خوش آئند ؛ خوش منظر ؛ خوش ہیکل ؛ خوش اخلاق -

Comer : (n) (۱) آنے والا ؛ وارد - (۲) (عام محاورے میں) نو وارد ؛ تازہ وارد -

Comes : (n) [L. f."com+ire"] (۱) وہ کتاب جس میں چاروں انجیل اور عہد جدید کے رسالے ہوں اور وہ کلیساؤں میں عبادت کے موقع پر پڑھی جائے -(۲) (موسیقی) سوال و جواب کی نظم میں پہلے حصے کا جواب -(۳) رومی شہنشاہوں کے قانونی یا فوجی مشیر - (٤) بادشاہ کا ایک شریف ونجیب خادم -

Comestible : (n) [L."come - + edere"] اشیائے خوردنی ؛ ماکولات -

Come out : (v) (۱) چھوڑ بیٹھنا ؛ بیٹھ رہنا ؛ ہڑتال کر دینا - (۲) امتحان سے نکلنا ؛ کامیاب ہونا - (۳) ظاہر ہونا ؛ منکشف ہونا ؛ کھل جانا ؛ مل جانا - (٤) چھپنا ؛ شائع ہو جانا ؛ (پہلی دفعہ سوسائٹی میں) نمودار ہونا ؛ بر آمد ہونا ؛ مشتہر ہونا - (۵) لڑنا - (٦) نتیجہ ہونا - (۷) نکلنا (بیماری، پھول وغیرہ کا) ؛ اپنی رائے ظاہر کرنا - (۸) پہلی دفعہ منظر عام پر آنا -

Come over : (v) (۱) غالب آنا ؛ غلبہ پانا ؛ رعب جمانا ؛ رسوخ جما لینا - (۲) (فاصلہ یا دشواری) طے کرکے آنا - (۳) رائے کا بدلنا (دوسری طرف آ ملنا) - (٤) آ نکلنا ؛ (نگراں یا محافظ کا) دیکھنے آ جانا - (۵) من جانا ؛ رضامند ہو جانا - (٦) جا لینا - (۷) دھوکا دینا - (۸) واقع ہونا ؛ ہونا - (۹) ملاقات کے لئے آنا -

Come round : (v) (۱) (دھوکے یا چاپلوسی سے) غالب آنا ؛ غلبہ پانا - (۲) آپ میں آ جانا (غش یا بیماری میں) ؛ سنبھل جانا ؛ شفا یاب ہو جانا -

Come to : (v) (۱) وارث ہونا (اپنی جگہ پر) ٹھہر جانا - (۲) تازہ دم ہونا ؛ تازہ قوت پانا ؛ نئی زندگی پانا - (۳) ہوش میں آنا (غش یا بیوقوفی کی حالت سے) - (٤) متفق ہونا - (۵) جہاز کو ہوا کے رخ پر کرنا ؛ کسی خاص جگہ لنگر ڈالنا یا رکنا - (٦) مساوی ہونا - (۷) مطلب ہونا - (۸) میزان ہونا - (۹) نتیجہ ہونا -

Come up : (v) (۱) یونیورسٹی میں داخل ہونا - (۲) (کچھ کہنے کے لئے) آگے بڑھنا یا پاس آنا ؛ نزدیک ہونا - (۳) شانہ ملاکے چلنا ؛ سامنے آ جانا - (٤) اگنا ؛ پھوٹنا - (۵) رائج ہونا ؛ مقبول ہونا - (٦) زیربحث آنا ؛ پیش آنا - (۷) معیار کے مطابق ہونا ؛ پورا اترنا ؛ (بصیغہ امر) دوڑو ؛ تیزچلو! - (۸) مساوی ہونا ؛ برابر ہونا ؛ مہیا کرنا - (۹) یاد آنا - (۱۰) (بحری) رخ بدلنا - (۱۱) ڈھیل دینا ؛ ڈھیلا کرنا (رسّی وغیرہ کا) -

Come upon : (v) (۱) جھپٹنا ؛ آپڑنا ؛ آگے بڑھنا ؛ حملہ کرنا ؛ اثر کرنا - (۲) ترقی کرنا ؛ پھلنا پھولنا - (۳) (طوفان یا وبا کا) ناگہاں آجانا ؛ آ دبانا ؛ وارد ہونا - (٤) (بحث کےلئے) پیش ہونا ؛ (سوال) اٹھایا جانا -

Comet : (n) [Gr."kometes"] (۱) دم دار تارا ؛ پچھل تارا ؛ جھاڑو تارا ؛ دنبالہ دار سیارہ ۔ (۲) لمبی دم والا ایک پرندہ جس کے پر سے بھنبھناھٹ کی آواز نکلتی ھے ۔ (۳) ایک قسم کی سنہری مچھلی ۔ (٤) ایک قسم کی کشتی رانی کی کشتی ۔ (٥) وہ شخص جو بسرعت ترقی کرتا ھے لیکن جسے وہ تا دیر برقرار نہیں رکھ سکتا ۔

Head of comet : (ریاضی) کامٹ کا سر ؛ دم دار ستارے کا سر ۔

Periodic comet : (ریاضی) دوری کامٹ ۔

Tail of comet : (ریاضی) کامٹ کی دم ۔

Comet-finder : (n) کم قوت والی مگر وسیع منظر کی دوربین جو دمدار ستاروں کی تلاش کے لئے استعمال کی جاتی ھے ۔

Comet-seeker : (n) دیکھو Comet-finder

Comet wine : (n) وہ شراب جو جھاڑو تارے کے سال کھینچی جائے اور جو عام خیال کے مطابق عمدہ قسم کی ھوتی ھے ۔

Comet year : (n) جھاڑو تارے کا سال ۔

Cometarium : (n) خارج المرکز محور پر حرکت دکھانے کی ایک ترکیب ۔

Cometary : (a) دمدار ستارے سے متعلق ؛ دمدار ستارہ نما ؛ ذو ذنبی ۔

Comethod : (n) (ریاضی) طریقہ انطباق ۔

Cometic /-al : (a) (۱) دیکھو Cometary (۲) شعلہ وار ؛ مستقل ؛ بد شگون ؛ عجیب و غریب (چیز) ۔

Cometographer : (n) دمدار ستارے کو بیان کرنے والا ۔

Cometography : (n) سدمدار ستارے سے متعلق علم ھیئت کا حصہ ۔

Cometology : (n) دمدار ستارے کا علم ۔

Comfit : (n) [L."comfectum"] نقل ؛ پاگ ؛ الائچی دانہ ؛ ھر قسم کی مٹھائی جس کے اندر کوئی خشک پھل یا گری ھو ۔

Comfiture : (n) [F. "comfiture"] مٹھائی ؛ مربّا ۔

Comfort : (v) [L."confortare"] تسلّی دینا ؛ تشفی کرنا ؛ آرام پہنچانا ؛ راحت دینا ۔

Comfort : (n) [See prec.] (۱) تسکین ؛ تسلّی ؛ تشفی ؛ آرام ؛ خاطر جمعی ؛ راحت ؛ اطمینان ؛ آسودگی ؛ آسائش ؛ سکھ ۔ (۲) تسکین دینے والا ؛ غم خوار ؛ غمگسار ۔ (۳) مایہء تسلی ؛ سرمایہء راحت ۔ (٤) دوھر ؛ دولائی ۔

Articles of comfort : (معاشیات) سامان آرائش ۔

Creature comfort : مایحتاج ؛ اچھا کھانا، کپڑا وغیرہ ۔

Home comfort : خانگی آسائش ؛ گھر کا کام ؛ گھر کے ایسی راحت ۔

Comfortable : (a) (۱) آرام دہ ؛ آسائش ؛ اطمینان بخش ؛ آرام و عافیت دینے والا ؛ وسیلہء راحت ۔ (۲) آسودہ ؛ خوش حال ؛ مطمئن ۔ (۳) دست بند ؛ گلو بند ؛ لحاف ۔

Comfortableness : (n) راحت بخشی ؛ آسائش بخشی ۔

Comfortably : (adv) آسائش بخشی سے ؛ آسائش بخشی کے طور پر ۔

Comforter : (n) (۱) سکھ پہنچانے والا ؛ تسلی دینے والا ؛ غم خوار ؛ غم گسار ۔ (۲) روح مقدس ؛ (انجیل کی اصطلاح میں) حضرت عیسیٰ اور روح القدس ۔ (۳) اونی گلوبند ۔ (٤) بچوں کی چسنی (نیپل) ۔

Comfortful : (a) آرام سے بھر پور ؛ آرام دہ ۔

Comfortless : (a) بےچین ؛ بے آرام ؛ رنجور ؛ غمگین ؛ دکھی ؛ ناراحت ؛ ناشاد ۔

Comfortlessly : (adv) بے چینی سے ؛ دکھی ھو کر ۔

Comfortlessness : (n) نا راحتی ؛ نا آسودگی ؛ بے چینی ؛ بے آرامی ۔

Comfortress : (n) آرام پہنچانے والی عورت ۔

Comfrey : (n) [L. "conferva"] ایک جنگلی درخت جس کے کھردرے پتے کھانسی کی دوا یا چارے کے کام آتے ھیں ؛ سنفیتون فرنگی ؛ اذن الحمار ۔

Comfy : (a) بول چال میں Comfortable کا مخفف ۔

Comic : (a) [Gr. "komikos"] نقل یا کومیڈی سے متعلق ؛ تفنن آمیز ؛ پر تمسخر ؛ مضحکہ خیز ؛ مضحک ؛ خندہ انگیز ۔

The comic : مضحک خیز ؛ مضحک نقل ۔

Comic opera : (n) نقلوں کا تماشا ؛ مسخرے پن کا تماشا ، جس میں ظرافت کے پیرائے میں عام بول چال کے گیت یا محض مسخرے پن کے گیت ھوں ۔

Comical : (a) (۱) مضحکہ خیز ؛ مضحک ؛ خندہ آور ؛ ظریفانہ ۔(۲) نرالا ؛ انوکھا ؛ عجیب و غریب ۔

Comicality : (n) مضحکہ خیزی ؛ مسخرا پن ؛ نرالہ پن ۔

Comically : (adv) مضحکانہ ؛ مسخرے پن سے ؛ تمسخرانہ ؛ انوکھے پن سے ۔

Comicalness : (n) مسخرگی ؛ خندہ آوری ؛ خندہ انگیزی ۔

Comico- : [Gr. "komikos"] سابقہ بمعنی " مضحکہ " ۔

Coming : (n) آمد ؛ ورود ؛ ظهور ۔

Coming : (a) آنے والا ؛ پہنچنے والا ؛ آئندہ ؛ آگے ۔

Coming and going : ناچار ؛ مجبور ؛ بے یارو مددگار ؛ بے سہارا ۔

Coming in : (n) (۱) ابتدائی ؛ آغاز ۔(۲) آمدنی ۔

Coming-of age : (n) سن بلوغ ؛ بلوغیت ۔

Coming-on : (a) رضامند ؛ تسلیم کرنے والا ۔

Coming out : (n) لڑکیوں کا کسی سماجی تقریب میں پہلی بار حصہ لینا ۔

Coming season : (n) (تجارت) اگلا موسم ۔

Coming year : (n) (تجارت) اگلا سال ۔

Comings and goings : سرگرمیاں ؛ معاملات ۔

Comintern : (n) [Russ.] روس کی پارٹی کمیونسٹ انٹرنیشنل (Communist International) ۔

Comique : (a) دیکھو Comic

Comitadji : (n) [F. "Comitem"] بے قاعدہ سپاهیوں کا دستہ ۔

Comitative case : (n) (لسانیات) معیتی حالت ؛ زفافی حالت ۔

Comitatus : (n) [L. "Comitem"] (۱) جنگ آوروں یا امیروں کی وہ جماعت جو بادشاھوں یا سرداروں کے حق میں ھو ۔(۲) انگلستان کا ایک ضلع ۔

Comitia : (n) [L. "Com+itium"] (۱) (قدیم روم) رومی عوام کا وہ اجلاس جس میں ضلعوں کے حاکموں کا انتخاب ھوتا تھا اور قوانین منظور کئے جاتے تھے ۔(۲) آکسفورڈ کے بانیوں اور محسنوں کی یادگار کا سالانہ جشن ۔

Comitia centuriata : (تاریخ) (قدیم روم) کومی شیا سنتوریاتا ۔

Comitia tributa : (n) (تاریخ) کومی شیا تری بوتا ۔

Comitial : (a) Comitia سے متعلق ۔

Comity : (n) [L. "Comitatem"] (۱) اخلاق ؛ تواضع ؛ تعظیم و تکریم (خاص کر بین الاقوامی احترام یا دوستانہ مراسم جن کی رو سے ایک قوم دوسری قوم کے آئین و قوانین کا پاس و لحاظ رکھتی ھے)۔(۲) قوموں کی برادری ؛ زمرۂ اقوام (جن میں باھم ایسے دوستانہ تعلقات ھوں) ؛ (تاریخ) برادری ۔

International comity : (۱) بین الاقوامی احترام یا دوستانہ مراسم ۔(۲) (تاریخ و سیاسیات) بین الاقوامی دوستانہ مراسم ۔

Comity of nations : (تاریخ و سیاسیات) قوموں کی برادری ۔

Comma : (n) / (pl.-Commas) (۱) سکتہ ؛ عبارت میں ٹھہراو کی ایک علامت ؛ وقفہ ؛ کوما ۔ (۲) موسیقی کی تحریر میں ٹھہراؤ کی علامت یا مختلف تانوں میں فرق دکھانے کا نشان (") ۔

Inverted comma : کسی منقول قول کے آخر اور شروع کی دوھری یا اکھری چھوٹی واو (" ") ؛ قول نشان ؛ واوین ۔

Comma bacillus : (n) هیضہ کے جراثیم ؛ نناویں کیڑے ؛ واو نما جراثیم ۔

Comma butterfly : (n) ایک قسم کی تتلی جس کے پروں کے نیچے کوما جیسا نشان ہوتا ہے ۔

Command : (v) [L. "Commandare"] (۱) حکم دینا ؛ (خاص کر امر مذہبی احکام کے لئے) ؛ فرمان جاری کرنا ؛ حکمرانی کرنا ۔ (۲) حاکم ہونا ؛ بالا دست ہونا ؛ مسلط ہونا ؛ فرمان روائی کرنا ۔ (۳) (جذبات کو) قابو میں رکھنا ؛ زیر اثر کرنا ؛ دسترس میں ہونا ۔ (٤) مستحق ہونا (ہمدردی وغیرہ کا) ۔ (٥) (جنگی اصطلاح) چھایا ہونا ؛ زد میں لئے ہونا ؛ نظر آنا (بلندی پر سے) ۔

To command a suit of cards : تاش کے حکم پتےکو ہاتھ میں رکھنا ۔

Yours to command : فرماں بردار ۔

Command : (n) [See Prec.] (۱) حکم ؛ بولی (جس پر سپاہی قواعد کرتے ہیں) ؛ کمان ؛ ہدایت ؛ فرمان ۔ (۲) سرداری ؛ سپہ سالاری ؛ قیادت ؛ امارت ۔ (۳) قبضہ ؛ تسلط ؛ اقتدار ؛ مہارت ۔ (٤) فوجی دستہ ، ضلع یا علاقہ (جو کسی سپہ سالار کے زیر حکم ہو) ۔ (٥) امر (مذہبی معنوں میں) ۔ (٦) دباؤ ؛ جبر ۔ (۷) حد نظر ؛ حد نگاہ ؛ ارد گرد کے علاقوں پر تسلط رکھنے کی قوت ۔ (۸) حاکم ۔ (۹) (تاش کے کھیل میں) سب سے بڑے پتے پرقبضہ ۔ (۱۰) استعمال کی قدرت (خصوصاً زبان ،لفظ وغیرہ پر) ۔

At command : قبضہ؛ قدرت میں ؛ اختیار میں؛ مٹھی میں ؛ فرماں بردار ؛ حکم ماننے پر آمادہ ؛ خرچ اور استعمال کے لئے مہیا ۔

Command directed economy : (تجارت) حکمی معیشت ۔

Command economy : (n) Command directed economy دیکھو

Command-in-chief : (n) اعلیٰ سرداری ؛ سپہ سالاری ؛ اعلیٰ کمان ۔

Command-night : (n) وہ رات جس میں ناٹک کا تماشہ یا جلسہ طرب شاہی حکم سے کیا جائے ؛ شاہی مجرے کی رات ۔

Command of language : (n) زبان پر قدرت ۔

Command paper : (n) (۱) کاغذ جو بادشاہ کے حکم سے پارلیامنٹ کے سامنے پیش ہو ۔ (۲) وہ دستاویز جو سرکاری حکم سے عوام کے خرچ پر اشاعت پذیر ہو ۔

Commandable : (a) فرماں پذیر ؛ حکم پذیر ۔

Commandant : (n) [Fr.] کمین دار ؛ فوجی سردار ؛ قلعہ دار ؛ جنگی حاکم ۔

Commandantship : (n) سرداری ؛ قلعہ داری ؛ کمان داری ۔

Commandeer : (v) [F. "commander"] (۱) (فوجی خدمت کے لئے) حکم دینا ؛ بیگاری لینا ۔ (۲) (مجازاً) چھین لینا ؛ ضبط کر لینا (فوجی ضرورت کی بنا پر) ۔

Commander : (n) [See "COMMAND"] (۱) امیر ؛ بحری سردار جو کپتان سے درجہ میں کم ہوتا ہے ۔ (۲) نائٹوں کا خطاب ۔ (۳) کمان دار ؛ فوجی سردار؛ حاکم ؛ کمانڈر ۔ (٤) مذہبی جاگیر کا منتظم ۔ (٥) بڑا چوڑا چوبی ہتھوڑا ؛ موگرا ۔

Commander of the faithful : خلفائے اسلام کا خطاب ؛ امیر المومنین ۔

Wing commander : ہوائی فوج کا ایک عہدہ ۔

Commander - in - chief : (n) جنگی سردار ؛ سپہ سالار ؛ امیر فوج ؛ سینا پتی ؛ قائد ؛ مقامی بیڑے کا حاکم ۔

Commandership : (n) کمان داری ؛ سپہ سالاری ۔

Commandery / -dry : (n) [Med. L."commendaria"] وہ جاگیر یا جائداد یا عمارت جو نائٹوں کے کسی سلسلے کی ملکیت ہو اوران میں سے کسی ایک نائیٹ کے ذمہ لگا دی جائے ۔

Commanding : (a) (۱) شان دار ؛ بارعب ؛ رعب دار والا ؛ پُر شوکت ؛ رفیع الشان ۔ (۲) بلند ؛ وسیع النظارہ (پہاڑی وغیرہ) ؛ چھایا ہوا ؛ مسلط ۔

Commandingly : (adv) مسلط ہوکر ؛ قابو میں رکھ کر ؛ رعب داب سے ۔

Commandite : (n) [F. "Commander".] وہ کمپنی جس کے لئے لوگ سرمایہ پیشگی لگاتے ہیں لیکن شریک کی حیثیت نہیں رکھتے اور نہ ان پر کوئی ذمہ داری ہوتی ہے ۔

Commandment : (n) [Late L."Commandare"] : (۱) حکم الٰہی ؛ امر ربی ۔ (۲) احکام عشرہ ؛ اوامر عشرہ (موسوی شریعت کے دس احکام)۔ (۳) (عامیانہ) دس انگلیوں کےناخن (خاص کر عورتوں کے لئے)۔

Ten commandments : احکام عشرہ ؛ اوامر عشرہ ۔

Commando : (n) [Sp.] فوجی دستہ ؛ جمعیت ؛ چھاپا مار دستہ ؛ غافل پاکر حملہ کرنے والا دستہ ؛ (تاریخ) فوجی دستہ (کسی خاص مقصد کے لئے ترتیب دیا ہوا)۔

Commandress : (n) عورت سردار ؛ عورت حاکم ۔

Commandrie / -ry : (n) دیکھو Commandery

Comme il faut : (adj. phr.) [F.] شائستہ ؛ اچھی تربیت پایا ہوا ؛ مناسب ۔

Commeasurable : (a) (۱) دیکھو Commensurable (۲) ہم مقدار ؛ ہم معیار ؛ ہم پیمانہ ؛ متناسب ؛ مساوی ۔ (۳) (ریاضی) ہم عاد ؛ وہ اعداد جو ایک ہی عدد پر ٹھیک تقسیم ہو سکیں ؛ ہم قسمت ۔

Commeasure : (v) ہم مقدار ہونا ؛ مقدار یا وسعت میں برابر کرنا ؛ ہم مقدار کرنا ؛ برابر کرنا ؛ مساوی کرنا ۔

Commemorate : (v) [L. "com + memorare"] منانا ؛ رچانا ؛ (تحریر یا تقریر میں) یاد دلانا ؛ یادگار قائم کرنا (کسی شے کی) ؛ یادگار ہونا ؛ یاد آوری کرنا ۔

Commemoration : (n) یادگار ؛ یادگار کا کوئی کام ؛ تقریب (فاتحہ برسی وغیرہ جو کسی بزرگ کی یادگار میں منائی جائے) ؛ (آکسفورڈ یونیورسٹی) جلسہ جو بانیان جامعہ کی یادگار میں کیا جاتا ھے ۔

Commemoration coin : (n) (تاریخ) یادگار سکہ ۔

Commemoration seal : (n) (تاریخ) یادگار مہر ۔

Commemorative : (a) یادگاری ؛ یاد دلانے یا منانے والی شے ۔

Commence : (v) [OF. "Cumencer"] شروع کرنا ؛ آغاز کرنا؛ ابتدا کرنا ؛ بسم اللّٰہ کرنا ؛ (قدیم محاورے میں) چلانا ؛ چل پڑنا ؛ کام شروع کرنا یا کام کا جم جانا (جیسے وکالت وغیرہ میں) ؛ تکمیل کی سند پالینا ؛ شروع ہونا ۔

To commence an action : کوئی کام شروع کرنا ۔

Commencement : (n) قابل ابتدا ؛ بسم اللّٰہ کرنے کے لائق ۔

Commencement : (n) (۱) آغاز ؛ ابتدا ؛ شروع ۔ (۲) عطائے اسناد کا جلسہ یا تقریب (مذہبی نیز کیمبرج ، ڈبان یا امریکی یونیورسٹی کی اصطلاح میں) ؛ دستاربندی کی تقریب ۔

Commencement of risk : (تجارت) آغاز خطر ؛ جوکھم کی ابتدا ۔

Commencer : (n) ابتدا کرنے والا ؛ بسم اللّٰہ کرنے والا ۔

Commend : (v) [L. "Commendare"] (۱) سونپنا ؛ سپرد کرنا ؛ حوالہ کرنا ؛ تفویض کرنا ۔ (۲) تعریف و توصیف کرنا ؛ سعی سفارش کرنا ۔ (۳) (قدیم محاورے میں) سلام کہنا ؛ (اکثر طنزاً) دینا ؛ عنایت کرنا ۔ (٤) (کلیسائی اصطلاح میں) جاگیر عطا کرنا ۔ (٥) (تاریخ) کسی جاگیر دار کی مخالفت میں دے دینا ۔

Commend me (us) to : مجھ کو ترجیحاً دیا جائے ۔

To commend to God : اللّٰہ کے حوالے کرنا ۔

Commendable : (n) لائق تعریف ؛ پسندیدہ ؛ لائق توصیف ۔

Commendableness : (n) قابل تعریف ہونا ؛ پسندیدہ ہونا ۔

Commendably : (adv) تعریفاً ؛ توصیفاً ۔

Commendador : (n) =(commander)[Sp. "commendador"] کمان دار ۔

Commendam : (n) [L. "commenda"] جاگیر کی مدت جو کسی کشیش یا غیر کشیش کے ذمہ لگائی جائے تاکہ وہ اس وقت تک اس کی آمدنی سے فائدہ اٹھائے جب تک کہ کوئی مستقل انتظام نہ ہو جائے یا اسے ہی تا حیات عطا کر دی جائے ؛ جاگیر ؛ عہدہ (اس قسم کا) ؛ تولیت غیر مستقل ؛ مدد معاش جو مستقل مذہبی کارکن کی غیر حاضری میں (عارضی طور پر) دوسرے کے حوالے کی جائے ۔

Commendatary : (a) (۱) سفارشی؛ تعریفی؛ (۲) ایسی املاک وقف جو اصل شخص کی غیر حاضری میں کسی دوسرے کے قبضے میں رهے ۔ (۳) جاگیر داری کے نظام سے متعلق ۔

Commendatary : (n) [L. "commendat - "] (۱) (کلیسائی اصطلاح) جاگیر دار ۔ (۲) کمشنر ۔

Commendation : (n) [L. "commedationem"] (۱) تعریف ؛ تحسین ؛ مدح ۔ (۲) سفارش ۔ (۳) درود ؛ سلام ۔ (٤) مردوں کے گناهوں کی معافی کے لئے خدا سے دعا ۔ (٥) (جاگیر دار کا قانون) کسی رعیت کا اپنی جائداد اور خود کو جاگیر دار کی حفاظت میں حواله کر دینا ۔ (٦) جاگیر تولیت میں دینا ۔

Commendator : (n) (۱) متولی ؛ امین ۔ (۲) فرماں روا ؛ حاکم ۔

Commendatory : (a) دیکھو Commendatary

Commendatory letter : (n) سفارشی یا تعریفی خط ۔

Commendatory prayer : (n) بخشش و معافی کی دعائیں ۔

Commender : (n) سفارش کرنے والا؛ تعریف کرنے والا ؛ توصیف کرنے والا ۔

Commensal : (a) [L."com + mensa"] (۱) هم پیاله ؛ هم نواله ۔ (۲) (نباتیات، حیوانیات) طفیلی ؛ هم باش ۔

Commensal : (n) (۱) هم نواله شخص ۔ (۲) طفیلی پودے یا جانور ۔

Commensalism : (n) هم پیالگی ؛ طفیلی پن ؛ طفیلیت ؛ (حیوانیات) هم باشی ۔

Commensality : (n) هم پیالگی ؛ طفیلی پن ؛ طفیلیت ؛ (حیوانیات) هم باشی ۔

Commensurability : (n) هم مقداری ؛ هم معیاری ؛ هم عادیت ۔

Commensurable : (n) [L. "commensurabilis"] هم مقدار ؛ هم معیار ؛ هم پیمانه (یعنی جو ایک پیمانه سے ناپا جا سکے) ؛ مناسب ؛ متناسب ۔

Commensurable forces : (n) (ریاضی) هم عاد قوتیں ۔

Commensurable number : (n) (ریاضی) هم عاد اعداد ۔

Commensuableness : (n) هم مقداری ؛ هم معیاری ؛ هم عادیت ۔

Commensurably : (adv) هم مقداری سے ؛ هم عادیت سے ۔

Commensurate : (a) [L."commensuratus"] برابر ؛ مطابق ؛ هم نسبت ؛ مناسب ؛ هم سنگ ؛ هم وسعت ۔

Commensurately : (adv) برابری سے ؛ هم نسبتی سے ؛ مناسبت سے ۔

Commensurateness : (n) هم نسبتی ؛ هم مقداریت ؛ مطابقت ؛

Commensuration : (n) [L. "Commensurationem"] مقابله ؛ مقائسه ؛ تناسب ۔

Comment : (n) [L. "commentus"] رائے زنی ؛ شرح ؛ توضیح ؛ تنقید ؛ انتقاد ؛ تبصره ؛ نظریه ؛ تشریح ۔

Comment : (v) رائے زنی کرنا ؛ رائے دینا (خاص کر مخالفانه) ؛ نکته چینی کرنا ؛ شرح لکھنا ؛ حاشیه چڑھانا ؛ تنقید کرنا ؛ تبصره کرنا ؛ انتقاد کرنا ۔

Commentary : (n) شرح ؛ حاشیه ؛ تنقید ؛ تبصره ؛ تفسیر ؛ تقریظ ۔

Commentation : (n) [L."commentationem"] شرح نویسی ؛ تفسیر نگاری ؛ تحشیه ؛ تبصره نگاری ۔

Commentator : (n) (۱) شارح ؛ مفسر ؛ توضیح نگار ؛ حاشیه نگار ۔ (۲) وه چشم دید گواه جو کسی تقریب یا کھیل کود کے واقعات کو ریڈیو پر نشر کرے ۔

Commentatorial : (a) شارح سے متعلق ؛ مفسر سے متعلق ۔

Commentatorship : (n) شرح نگاری ؛ شرح نگار کا عہده ۔

Commerce : (n) [L."commercium"] (۱) تجارت ؛ سوداگری (خاص کر بڑے پیمانه پر) ؛ بیوپار ۔ (۲) باهمی رابطه ؛ راه و رسم ؛ ملاقات ۔ (۳) تاش کا ایک کھیل ۔ (٤) جنسی تعلقات ؛ مجامعت ؛ صحبت (برے معنوں میں) ۔ (٥) ذهنی یا روحانی تعلق یا رابطه ۔

Chamber of commerce : ایوان تجارت ؛ تجارتی مجلس ؛ بیوپار سبھا ۔

Commerce : (v) کلام کرنا ۔

Commerce destroyer : (n) جنگی جہاز جو دشمن کے تجارتی جہازوں کو لوٹ لے ۔

Commercia belli : (n) دشمن ممالک کے درمیان معاہدہ ۔

Commercial : (n) (۱) سوداگروں کا کارندہ یا دلال جو نمونے دکھا کر فرمائشیں حاصل کرتا پھرتا ھے ۔ (۲) نشری اشتہار ۔

Commercial : (a) تجارتی ؛ تجارت کا ؛ تجارت کے متعلق ۔

Commercial art : (n) تجارتی آرٹ یا فن ۔

Commercial adviser : (n) تجارتی مشیر ؛ (تاریخ) مشیرتجارت ۔

Commercial agent : (n) تجارتی نمائندہ ؛ کمرشیل ایجنٹ ۔

Commercial association : (n) تجارتی انجمن ۔

Commercial attache : (n) تجارتی وصل ؛ تجارتی وسیلہ (تاریخ) تجارتی اتاشی ۔

Commercial banker : (n) (تجارت) کمر شیل بینکر ۔

Commercial blockade : (n) (تجارت) تجارتی ناکہ بندی ۔

Commercial capital : (n) (تجارت) تجارتی اصل ۔

Commercial capitalism : (n) (تجارت) تجارتی سرمایہ داری ۔

Commercial code : (n) (تجارت) کمرشیل کوڈ ؛ (تاریخ) ضابطہ تجارت ۔

Commercial counceller : (n) (تجارت) کمرشیل کانسلر ؛ (تاریخ) مشیر تجارت ۔

Commercial crisis : (n) (تجارت) تجارتی بحران ۔

Commercial diplomatic service : (n) (تجارت) تجارت کی سفارتی ملازمت ۔

Commercial domicile = (Trade domicile) (تاریخ) رھائش بغرض تجارت ۔

Commercial establishment : (n) (تجارت) کمرشیل ادارہ ؛ تجارتی ادارہ ۔

Commercial forgery policy : (n) (تجارت) تجارتی جعلی پالیسی ۔

Commercial goods : (n) (تجارت) تجارتی مال ۔

Commercial grades : (n) (تجارت) تجارتی درجات ۔

Commercial insurance : (n) (تجارت) بیوپار بیمہ ۔

Commercial intelligence : (n) (تجارت) تجارتی معلومات ۔

Commercial labour : (n) (تجارت) تجارتی مزدور ۔

Commercial letter : (n) لکھنے کے کاغذ کا سائز (امریکہ میں) ۔

Commercial note : (n) لکھنے کے کاغذ کا سائز (امریکہ میں) ۔

Commercial paper : (n) (تجارت) تجارتی اخبار ۔

Commercial revenue : (n) (تجارت) تجارتی محاصل ۔

Commercial revolution : (n) (تاریخ) تجارتی انقلاب ۔

Commercial sample : (n) (تجارت) تجارتی نمونہ ۔

Commercial services : (n) (تجارت) تجارتی خدمات ۔

Commercial transaction : (n) (تاریخ) تجارتی معاملہ ۔

Commercial traveller : (n) (تجارت) تجارتی مسافر ؛ سوداگروں کا کارندہ یا دلال جو نمونے دکھا کر فرمائشیں حاصل کرتا پھرتا ھے ۔

Commercial treaties : (n) (تاریخ) تجارتی معاھدے ۔

Commercial wing : (n) تجارتی شعبہ ۔

Commercialise : (v) تجارتی بنانا ؛ بیع و شراء کے قابل کر دینا ؛ بازار میں رواج دینا ؛ گھٹیا بنا دینا ۔

Commercialism : (n) تجارت پرستی ؛ تجارتی انہماک ، ادا یا طریقہ ۔

Commercialist : (n) سوداگری پیشہ ؛ تجارت پسند ؛ تجارت میں منہمک ۔

Commerciality : (n) سوداگرپن ؛ تاجریت ۔

Commercially : (adv) تاجرانہ ؛ بطور تجارتی ۔

Comminate : [L."comminat - "] تکفیر کرنا ؛ تہدید کرنا؛ (عذاب الٰہی سے) ڈرانا ۔

Commination : (n) [F. "com-+ minari"] (عذاب الٰہی سے) ڈرانا ؛ کلیسائے انگلستان میں ان آیات یا کلمات کا پڑھنا جن میں گنہگاروں کو عذاب آخرت کی خبر دی گئی ہے ؛ لعنت و نفریں ؛ تہدید جزائی ۔

Comminator : (n) تہدید یا تکفیر کرنے والا ؛ لعنت کرنے والا ۔

Comminatory : (a) تہدیدی ؛ تکفیری ؛ ترہیبی ۔

Commingle : (v) گڈمڈ کرنا ؛ باہم ملانا ؛ مخلوط کرنا ؛ آمیز کرنا ؛ ملنا ؛ مخلوط ہونا ؛ جمع ہونا ۔

Comminute : (v) [L. "Comminuere"] چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ؛ تکہ بوٹی کرنا ؛ پرزے پرزے کرنا ؛ (جائداد کی) تقسیم یا چھوٹے چھوٹے حصے کر دینا ۔

Comminuted : (a) ریزہ ریزہ کیا ہوا ۔

Comminuted fracture : (n) جراحی میں ریزہ ریزہ کی ہوئی شکستگی ؛ ٹکڑے ٹکڑے کی ہوئی شکستگی ۔

Comminution : (n) تقسیم ؛ تسہیم ؛ بٹوارا ؛ شکستگی ۔

Commiserable : (a) [L. "commiserari"] قابل ترحم ؛ قابل ترس ۔

Commiserate : (v) [as prec.] (۱) ترس کھانا ؛ دردمندی کرنا ؛ ترحم ۔ (۲) تاسف کا اظہار کرنا ؛ ہمدردی کرنا ۔

Commiseratingly : (adv) درد مندانہ ؛ درد مندی سے ۔

Commiseration : (n) دردمندی کا اظہار ؛ ترحم ؛ شفقت ؛ دل سوزی ؛ اظہار تاسف ؛ رحم ۔

Commissar : (n) [Russ.] (سوویت یونین گورنمنٹ میں) ناظر ؛ افسر محکمہ ۔

Commissarial : (a) ناظر یا نائب سے متعلق ۔

Commissariat : (n) [See next] (۱) (فوجی اصطلاح میں) محکمہ رسد ؛ کمسریٹ ۔ (۲) کمشنروں کا بورڈ ۔ (۳) رسد ۔

Commissary : (n) [Med. L. "commissarius"] (۱) ناظر ؛ نائب ؛ نائب اسقف ۔ (۲) (فوج کا) داروغہ رسد رسانی ۔ (۳) (کیمبرج یونیورسٹی میں) رئیس دانش گاہ کا نائب ۔ (٤) کسی فلم اسٹوڈیو کا کمرہ ۔ (٥) (فرانس) پولیس کا اعلیٰ افسر ۔

Commissary court : (n) (۱) نائب اسقف کی عدالت ۔ (۲) (اسکاٹ لینڈ میں) ایک عدالت جو وصی مقرر کرتی ہے ۔

Commissary general : (n) محکمہ رسد کا اعلا عہدہ دار یا ناظر (فوجی) ۔

Commissaryship : (n) نظارت رسد ۔

Commission : (n) [L."commissionem"] (۱) حکم ؛ ہدایت ؛ پروانگی ؛ اختیار ؛ سند تقرر ؛ پروانہ تقرری ؛ عہدہ (کسی فوجی افسر کو دیا گیا) ۔ (۲) وفد ؛ وہ جماعت جسے کوئی خاص کام کرنے کا اختیار یا حکم دیا گیا ہو ؛ کمیشن ؛ جماعت خصوصی ؛ جماعت ماہرین ؛ محکمہ نظارت ۔ (۳) (جنگی جہازوں کے متعلق) بحری سفر کے لئے تیار ہونا ؛ جنگی ساز و سامان سے لیس ہو جانا ۔ (٤) تفویض ؛ تحویل ۔ (٥) سپرد کردہ معاملات یا ذمہ داری ۔ (٦) (تجارتی اصطلاح) آڑھت کے کام کرنے کی اجازت ؛ دوسرے کی طرف سے فروخت کرنے کی پروانگی ؛ کمیشن ۔ (۷) معاوضہ جو کمیشن ایجنٹ یا آڑھتئے کو دیا جائے یا فی صدی رقم جو معاوضہ قرار پائی ہو ؛ آڑھت ؛ دلالی ؛ رسوم ۔ (۸) ارتکاب ۔ (جرائم وغیرہ) ۔ (۹) ماموریت ۔

Disarmament commission : (تاریخ) ترک اسلحہ کمیشن ۔

Error of commission : کمیشن کی غلطی ۔

Fiscal commission : (تاریخ، معاشیات) مالیاتی کمیشن ۔

In commission : (۱) (نیابت) مفوضہ اختیارات جو کسی انتظامی عہدہ دار کے بجائے کسی جماعت کو خاص اجازت سے دئے گئے ہوں ۔ (۲) (جنگی جہاز کے بارے میں) تیار ؛ آمادہ کار ۔

On commission : مخصوص معاوضہ پر کام کرنا ۔

On the commission : اجازت یافتہ ؛ سند یافتہ ؛ (فوجی اصطلاح) جمعداری یا لیفٹننٹی کا عہدہ ۔

Out of commission : (۱) بیکار (جنگی جہاز کے بارے میں) ۔ (۲) ناکارہ ؛ کام کے لائق نہیں ۔

Commission : (v) (۱) اختیار دینا ؛ پروانگی دینا ؛ سند دینا ۔ (۲) جنگی جہاز کی سرداری دینا ؛ جنگی جہاز کو سفر یا جنگ پر جانے کی اجازت دینا ۔ (۳) معاوضہ یا حق دینا ۔ (٤) حکم دینا ؛ آرڈر دینا ؛ هدایت دینا ۔

Commission account : (n) (تجارت) کمیشن کا حساب ۔

Commission agent : (n) مقرر فی صد معاوضہ پر کام کرنے والا ایجنٹ ۔

Commission broker : (n) بری یابحری فوج میں فوجی افسر کے لئے خرید و فروخت کرنے والا ایجنٹ ۔

Commission business : (n) (تجارت) کمیشن کا کاروبار ۔

Commission day : (n) عدالت اضلاع کے کھلنے کا دن جس میں ججوں کے تقرر کا اعلان کیا جاتا ھے ؛ عدالت خصوصی کا افتتاح ۔

Commission house : (n) (تجارت) کمیشن گھر ؛ آڑھتی کوٹھی ۔

Commission of appointment : (تاریخ) تقررات کا کمیشن ۔

Commission of array : بے قاعدہ فوج کی صف آرائی ۔

Commission of enquiry : (تاریخ) تحقیقاتی کمیشن ۔

Commission of lunacy : وہ جماعت خصوصی جو یہ دریافت کرتی ھے کہ کوئی شخص پاگل ھے یا نہیں ۔

Commission of the peace : اراکین عدالت کا وہ گروہ یا جماعت جسے جسٹس آف دی پیس کہتے ھیں ؛ عدالت خصوصی ۔

Commission on human right : انسانی حقوق کا کمیشن ۔

Commissionaire : (n) (۱) هرکارہ ؛ پیک ؛ قاصد ۔ (۲) وظیفہ یاب فوجیوں کی جماعت کا آدمی ۔

Commissional : (a) ماموریت سے متعلق ؛ گماشتگی سے متعلق ۔

Commissioner : (n) جس کو کوئی خاص کام تفویض کیا گیا ھو ؛ وفد کارکن ۔ (۲) (عامیانہ) پیشہ ور شرط باز ۔ (۳) هرکارہ ؛ پیک ۔ (٤) کسی ضلع یا علاقے کا حاکم ؛ کمشنر ۔

High commissioner : (تاریخ) هائی کمشنر ۔

Trade commissioner : (تاریخ) ٹریڈ کمشنر ۔

Commissionership : (n) عہدہ نظارت ۔

Commissive : (a) ماموریت سے متعلق ۔

Commissively : (adv) ماموریت کے طور پر ۔

Commisural : (a) [L. "commisura"] جوڑ یا خط اتصال سے متعلق ؛ جوڑ کی طرح ۔

Commisure : (n) [as prec.] (۱) جوڑ ؛ جائے اتصال ۔ (۲) دو هڈیوں کے بیچ کا جوڑ ؛ پیوند ۔ (۳) باچھ ؛ گھاٹی ؛ وہ خط جس پر آنکھ کے پپوٹے ایک دوسرے سے ملتے ھیں ؛ خط اتصال ؛ کویا ؛ گوشہء چشم ؛ (حیوانیات) رباط ۔ (٤) ریشے اورنسیں جو دماغ کے دونوں حصوں اور ریڑھ کی هڈی کے دونوں حصوں کو ملاتی ھیں ۔ (٥) (نباتیات) وصل رو ۔

Commit : (v) [L. "Commitere"] (۱) (کسی کی) حوالہ کرنا ؛ سونپنا ؛ تفویض کرنا ؛ سپرد کرنا ۔ (۲) ارتکاب کرنا (جرم یا خطا کا) ۔ (۳) (تجاویز کا) مجلس میں پہنچنا ؛ استصواب کرنا ۔ (٤) پھنسالینا (اپنے آپ کو) ؛ مخدوش یامشتبہ کر دینا (عزت یا چال چلن کو) ۔ (٥) پابند یا مقید ھو جانا ؛ خود کو (کسی خاص طریقہء عمل کا پابند کرلینا) ۔ (٦) حراست میں لینا ۔ (۷) مخالفت پیدا کرنا ؛ اکھٹا کرنا ۔

To commit to memory : یاد کرنا ؛ ازبر کرنا ؛ حفظ کرنا ۔

To commit to prison : حوالات میں ڈال دینا ؛ قید کرلینا ۔

To commit to the earth : دفن کرنا ۔

To commit to the flame : جلا دینا ۔

To commit to writing : لکھنا ؛ تحریر کرنا ۔

Committable / -ible : (a) قابل ارتکاب ؛ قابل تفویض -

Commitment : (n) پابندی ؛ قید ؛ سپردگی ؛ ارتکاب ؛ تدفین ؛ (کسی تجویز وغیرہ کو) استصواب کے لئے بھیجنا ؛ الزام ؛ تعہد ؛ حکم یا پروانہ گرفتاری ؛ (نفسیات و تعلیمات) پیمان ؛ جائے اتصال -

Committal : (n) الزام ؛ تعہد ؛ پابندی ؛ قید ؛ سپردگی ؛ ارتکاب ؛ تدفین -

Committee : (n) [Fr. "committe"] (۱) وہ شخص جس کے سپرد کوئی دوسرا شخص اور اس کی جاگیر کردی جائے - (۲) جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے مقرر کی گئی ہو ؛ کمیٹی ؛ انجمن ؛ ذیلی مجلس ؛ مجلس مشاورت -

Collective measures committee : (تاریخ) اجتماعی اقدامات کمیٹی -

Committee of the whole or whole house : کسی انجمن کے تمام ممبروں کی کمیٹی یا نشست اس کاروائی کی جزئیات پر غور کرنے کے لئے جو اس کے سپرد کی گئی ہو -

Committee of ways and means : مالی وسائل پر غور کرنے کی کمیٹی -

Credentials committee : (تاریخ) کمیٹی مراسلہ تعارفی -

Executive committee : (تاریخ) مجلس عاملہ ؛ عاملہ کمیٹی -

Select committee : (تاریخ) سیلیکٹ کمیٹی ؛ مجلس منتخبہ -

Standing committee : مستقل مجلس جو مقرر کرنے والوں کی موجودگی تک قائم رہے -

Committee-men : (n) رکن مجلس ذیلی (قانون) ؛ ضامن ؛ ولی ؛ کارکن (جس کے سپرد کوئی اور شخص یا جائداد کردی جائے) -

Committee of inspection : (n) (تجارت) معائنہ کمیٹی -

Committee of secrecy : (n) (تاریخ) سیکریسی کمیٹی (East India company) -

Committee on Co-ordination : (n) (تاریخ) رابطہ کمیٹی -

Committeeship : (n) دیوان یا فاترالعقل کی ذمہ داری کا عہدہ -

Committer : (n) (۱) مرتکب - (۲) (مجازاً) زانی ؛ فاجر -

Committor : (n) مرتکب -

Commix : (v) [L. "commixtus"] (شعر میں اب متروک) ملنا ؛ ملانا ؛ مخلوط کرنا ؛ آمیز ہونا -

Commixed : (a) ملا ہوا ؛ مخلوط ؛ مرکب -

Commixtion / Commixion : (n) (۱) آمیزش؛ ترکیب ؛ مرکب ؛ اختلاط - (۲) عشائے ربانی کی روٹی کے چھوٹے ٹکڑے کو پیالہ میں رکھنا جو قیامت میں روح اور جسم کے دوبارہ اتحاد کی علامت ہے -

Commixture : (n) [L. "commixtura"] Commixtion دیکھو

Commodate : (v) L. "commodatum"] چیزوں کو بطور قرض دینا (واپس کردینے کی غرض سے) -

Commode : (n) [L. "commodus"] (۱) دراز دار صندوق ؛ پیٹی - (۲) عورتوں کی اونچی لیس دار ٹوپی - (۳) وہ چوکی جس میں پاخانہ کا برتن ہو ؛ پاخانہ کی چوکی -

Commodious : (a) [med. L. "commodiosus"] وسیع ؛ کشادہ ؛ گنجائش دار ؛ فراخ ؛ ہلکا پھلکا -

Commodiously : (adv) وسیع طور پر ؛ گنجائش کے ساتھ ؛ کشادگی سے -

Commodiousness : (n) کشادگی ؛ وسعت ؛ فراخی ؛ گنجائش -

Commodity : (n) [L. "commoditatem"] (۱) کارآمد ؛ مفید (متروک) ؛ شے - (۲) (جمع میں) تجارتی مال ؛ اشیاء پیداوار - (۳) سہولت ؛ آسانی (متروک) -

Homogenous commodity : (تجارت) یک جنسی شے -

Non - perishable commodity : (تجارت) پائدار شے -

Perishable commodity : (تجارت) غیر پائدار شے -

Physical commodity : (تجارت) مادی اشیاء ۔

Quasi commodity : (تجارت) نیم اشیاء ۔

Staple commodity : (تجارت) وہ چیز جو کم قیمت پر بھیجی جائے تاکہ اور چیزوں کی بکری زیادہ ہو ۔

Taxed commodity : (تجارت)ٹیکس لگائی ہوئی اشیاء ۔

Traditional commodity : (تجارت) روایتی اشیاء ۔

Commodity agreement : (n) (تجارت) معاهدهٔ اشیاء ۔

Commodity capital : (n) (تجارت) شے اصل ۔

Commodity concept of labour : (تجارت) اشیائی محنت ۔

Commodity exchange : (n) (تجارت) مبادلہ اشیاء ۔

Commodity flow : (n) (تجارت) اشیاء کا بہاؤ ۔

Commodity gold : (n) (تجارت) شے بہ شکل سونا ۔

Commodity paper : (n) (تجارت) شے بہ شکل کاغذ ۔

Commodity price : (n) (تجارت) اشیاء کی قیمت ۔

Commodity price index : (n) (تجارت) اشیاء کی قیمت اشاریہ۔

Commodity production : (n) (تجارت) اشیائی پیداوار ۔

Commodity rate : (n) (تجارت) شرح اشیاء ۔

Commodity rate of interest : (n) (تجارت) اشیائی شرح سود۔

Commodity reserve capital : (n) (تجارت) اشیائی محفوظ سرمایہ ۔

Commodity reserve currency : (n) (تجارت) اشیائی محفوظ کرنسی ۔

Commodity reserve theory : (n) (تجارت) اشیاء کا محفوظاتی نظریہ ۔

Commodity stablization agreement : (n) (تجارت) اشیاء کا استحکام معاہدہ ۔

Commodity standard : (n) (تجارت) اشیاء کا معیار ۔

Commodity tariff : (n) (تجارت) اشیاء ٹیرف ؛ محصول شرح نامہ اشیاء ۔

Commodity tax : (n) (تجارت) اشیائی ٹیکس ۔

Commodity theory of money : (تجارت) اشیائی نظریۂ زر ۔

Commodore : (n) [OF. "comaneor"] (بحری) سردار ؛ ایک اعلی عہدہ دار جس کا درجہ امیر البحر کے بعد ہوتا ہے ؛ صدر کپتان ؛ (تعظیماً) انجمن کشتی رانی کا صدر نشین ؛ صدر نا خدا ؛ صدرنا خدا کا جہاز ؛ تجارتی جہازوں کے بیڑے کا رہنما جہاز ۔

Air commodore : ایئر کموڈر ؛ ہوائی جہاز کے بیڑے کا ایک افسر ۔

Common : (a) [L. "communis"] (۱) مشترک ؛ متحدہ ؛ واحد ؛ جس کا تعلق سب کے ساتھ یکساں ہو ۔ (۲) عوام سے متعلق ؛ عام رعایا سے متعلق ۔ (۳) عام ؛ معمولی ؛ روز مرّہ کا ؛ عمومی ؛ عادی ؛ متداول ؛ پیش پا افتادہ ۔ (٤) عامی (لوگ) ؛ مبتذل ادنا ؛ بےتوقیر گنوار ؛ (ریاضی) عدد مشترک جیسے مشترک مقسوم علیہ ؛ عامیانہ ۔ (٥) جنس مشترک ۔ (٦) (لکڑی) گرہ دار ؛ ناقص ۔ (٧) غیر محتاط ؛ غیر رسمی ۔ (٨) دو یا دو سے زیادہ شاخوں میں تقسیم ۔

To make common cause with : کسی مقصد میں شریک ہو جانا ؛ ہم مقصد ہو جانا ۔

Common : (n) [L. "commune"] (۱) (اراضی) شاملات خاص کر بنجر یا چراگاہ کی زمین ؛ جھاڑیاں اوردرخت والامیدان ۔ (۲) حق شاملات ؛ چرائی وغیرہ کا حق جو کسی کو دوسرے کی زمین میں حاصل ہوتا ہے ۔ (۳) کھانے کی میز ؛ کھانے کا کمرہ ؛ وہ عمارت جس میں کھانے کا کمرہ ہو ۔ (٤) (جمع) أزوقہ ۔ (٥) (جمع) عام لوگوں کی سیاسی جماعت ؛ مجلس عوام ؛ دارالعلوم ۔ (٦) ایک مذہبی عبادت جو بعض قسم کے تہوار کے لئے مشترک ہوتی ہے ۔ (٧) تختہ یا لکڑی کا ٹکڑا ۔

In common : مشترک ؛ عموماً ؛ استعمال میں ؛ سب کے حصہ میں ۔

In common with : ویسا ھی ؛ اسی طرح ۔

In the common of : مقروض ۔

Out of (the) common : غیرمعمولی۔

The common : ادنی درجہ کی چیز ؛ معمولی چیز ؛ دیسی زبان ۔

Common allegiance : (n) (تاریخ) مشترکہ تابعداری ۔

Common ancestry : (n) (تاریخ) ہم جدّی ۔

Common angle : (n) (طبیعیات) زاویہ مشترکہ ۔

Common assurance : (n) انتقال جائداد کی قانونی شہادت ۔

Common axis : (n) (طبیعیات) محور مشترکہ ۔

Common base : (n) (طبیعیات) مشترکہ اساس ۔

Common bench : (n) عام اجلاس ۔

Common case : (n) (لسانیات) حالت مشترک ۔

Common carotid artery : (n) (حیوانیات) مشترکہ سباتی شریان ۔

Common carrier : (n) (تجارت) عوامی باربردار ۔

Common core : (n) (لسانیات) مشترک بطن ؛ قلب مشترک ۔

Common cost : (n) (تجارت) مشترک لاگت ۔

Common crier : (n) عام منادی ؛ عام ڈھنڈورچی ۔

Common cycloid : (n) (ریاضی) مشترک خط تدویر ۔

Common denominator : (n) (ریاضی) مشترک نصب نما ۔

Common descent : (n) (ریاضی) مشترک نزول ۔

Common difference : (n) (ریاضی) مشترک فرق ۔

Common disaster clause : (n) عمومی آفتی دفعہ ۔

Common factor : (n) (طبیعیات) مشترک جزء ؛ (شماریات) مشترک جزء ۔

Common form : (n) (ریاضی) مشترک صورت ۔

Common gender : (n) (لسانیات) جنس مشترک ۔

Common good : (n) (تاریخ) مفاد عامہ ۔

Common interest : (n) (سماجیات) مشترک مفاد ۔

Common ion effect : (n) (کیمیا) مشترک آئن اثر ۔

Common jury : (n) عام جیوری۔

Common labour : (n) (تجارت) عام مزدور ۔

Common land : (n) (تاریخ) شاملات دیہی ؛ مشترک زمین ۔

Common language : (n) (لسانیات) عام زبان ؛ زبان مشترک ۔

Common law : (n) (تاریخ) قانون عرفی ؛ کامن لاء ؛ مشترکہ قانون ۔

Common law marriage : (تاریخ) قانون عرفی والی شادی ؛ شادی از روئے رواجی قانون ۔

Common law states : (تاریخ) قانون عرفی والی ریاستیں ۔

Common lawyer : (n) عام قانون داں ؛ قانون رواج کا ماہر ؛ قانون رواج کا وکیل ۔

Common logarithm : (n) (طبیعیات) مشترک لوگارتھم ۔

Common look : (n) گنوار شکل ؛ گنوار صورت ۔

Common market : (n) (تجارت) مشترکہ بازار ؛ ساجھا بازار ۔

Common measure : (n) (ریاضی) عام ناپ ۔

Common metre : (n) چار مصرعوں کا آیمبک بند جس میں باری باری چار اور تین ارکان ہوتے ہیں ۔

Common multiple : (n) (طبیعیات) مشترکہ ضعف ۔

Common nationality : (n) (تاریخ) مشترک قومیت ۔

Common noun : (n) = (Appelative noun) (لسانیات) اسم عام ؛ اسم نکرہ ۔

Common origin : (n) (تاریخ) مشترک نژاد ۔

Common ownership : (n) (سماجیات) مشترک ملکیت ۔

Common pleas : (n) عدالتی کاروائی جو ایک شخص دوسرے کے خلاف کرتا ہے ۔

Common prayer : (n) دعائے معمولہ ؛ وہ دعائیں جو شاہ ایڈورڈ ششم کے وقت میں مرتب ہوئیں اور کلیسائے انگلستان میں رائج ہیں ۔

Common ratio : (n) (طبیعیات) مشترک نسبت ۔

Common recovery : (n) عدالت کے حکم سے جائداد کی بازیافت ۔

Common right : (n) ہر شہری کا حق ۔

Common room : (n) بیٹھک ؛ نشست گاہ رفقاء (آکسفورڈ یونیورسٹی میں طعام کے بعد رفقاء کے بیٹھنے کا کمرہ ؛ مذکورہ کمرہ میں بیٹھنے والے ممبران ۔

Common salt : (n) (کیمیا) سوڈیم کلورا ؛ عام نمک ۔

Common school : (n) (امریکہ) ابتدائی اسکول جسے عام لوگ چلاتے ہیں ۔

Common seal : (n) (تجارت) کمپنی مہر ؛ کسی بلدیہ کی سرکاری مہر ۔

Common sense / Common-sense : (n) [Gr. "koine aisthesis] (۱) فہم ؛ عقل سلیم ؛ سمجھ (روز مرّہ کے معاملات کی) ؛ معمولی فہم و فراست ؛ حس عام ؛ حس مشترک ۔ (۲) (نفسیات و تعلیمات) فلاح عام ؛ عام فہم ؛ بنیادی صداقت کا ملکہ ۔

Philosophy of common sense : (تعلیمات) فلسفہ فہم عام ؛ عام عقل اور تجربہ کی بات ۔

Common sense morality : (نفسیات و تعلیمات) اخلاقیات فہم عام ۔

Common - sensible : (a) عقل سلیم والا ؛ فہیم ؛ معمولی فہم و فراست والا ۔

Common soldier : (n) وہ سپاہی جس کا کوئی امتیاز یا عہدہ نہ ہو ۔

Common space : (n) (شماریات) مشترکہ جگہ ۔

Common stock : (n) (تجارت) عام اسٹاک ؛ عام حصے ۔

Common syllable : (n) مشترک رکن ؛ مشترک بول ۔

Common tangent : (n) (طبیعیات) مشترک مماس ۔

Direct common tangent : (ریاضی) راست مشترک مماس ۔

Traverse common tangent : (ریاضی) اریب مشترک مماس ۔

Common tariff : (n) (تجارت) عمومی ٹیرف ۔

Common time / Common measure : (n) (موسیقی) دوھری یا چوھری تال ؛ وہ ٹھہراؤ جس میں دو چار سر نکالے جاتے ہیں ۔

Common variance : (n) (شماریات) مشترک اختلاف ۔

Common weal / Commonweal : (n) =(Commonwealth) (۱) فلاح عامہ ۔ (۲) دولت مشترکہ ۔

Commonable : (a) (۱) مشترکہ ۔ (۲) عمومی چراگاہ میں چرائی کا حق رکھنے والا ؛ شاملاتی ؛ پنچایتی ۔

Commonage : (n) (۱) حقوق مشترکہ ؛ حق شاملات ۔ (۲) شاملات ؛ ملک مشترکہ ۔ (۳) شاملائیت ؛ مشترکیت ۔ (٤) عامۃ الناس ؛ عوام ؛ خلقت ؛ مخلوق ؛ طبقہء عوام ؛ بودہ ۔

Commonalty / Commonality : (n) [L. "communalitatem"] (۱) عوام الناس ؛ عام گروہ ؛ خلق خدا ۔ (۲) ارکان (جماعت عوام کے) ۔ (۳) عام جماعت ؛ عام اراکین ؛ جماعت ۔

Commoner : (n) (۱) شہری یا ملکی (باشندہ) ۔ (۲) انگلستان کے بعض کالجوں کے وہ طالب علم جنہیں کالج کے فنڈ سے کچھ نہیں ملتا ۔ (۳) اہل شاملات ؛ شریک شاملات ؛ شاملات کا حصہ دار ؛ پنچایت والا ۔ (٤) عامی (جو طبقہ امراء سے نہ ہو) ؛ کبھی کبھی دارالعلوم کے رکن کو بھی کہتے ہیں ۔

Commoney : (n) (کھیلنے کی) گولی (مٹی کی) ۔

Commonly : (adv) (۱) بالعموم ؛ علی العموم ؛ عموماً ؛ عام طور پر ؛ معمولاً ؛ مشترکاً ۔ (۲) معمولی طور پر ؛ ادنیٰ طور پر ؛ گھٹیا طورپر ؛ پیش پا افتادہ طور پر ۔

Commonness : (n) : یکسانیت ؛ اتحاد ؛ عمومیت ؛ اشتراک ۔

Commonplace : (n) [L. "locus communis"] (۱) منتخبات ؛ مقتبسات (جو کسی بیاض میں بطور یاد داشت لکھ لئے جائیں) ؛ کتاب یاد داشت ۔ (۲) عام باتیں ؛ روزمرّہ ؛ پیش پا افتادہ ؛ پامال (مضامین) ؛ سنی سنائی ؛ پرانی دھرائی (فرسودہ بات یا قول) ۔

The commonplace : معمولی بات ؛ عمومیت ۔

Commonplace : (a) : پرانی دھرانی (فرسودہ بات یا قول) ؛ معمولی ؛ گھٹیا ۔

Commonplace : (v) (۱) اقتباس کرنا ؛ یاد داشت کرنا ؛ نقل کرنا ؛ بیاض میں ٹاکنا ۔ (۲) سنی سنائی یا فرسودہ باتیں کہنا ؛ پا مال مضامین پر تقریر کرنا ۔

Commonplace book : (n) کتاب یاد داشت ۔

Commonplaceness : (n) عمومیت ۔

Commonplacer : (n) بیاض رکھنے والا ؛ کتاب یاد داشت رکھنے والا ۔

Commons : (n) (۱) عوام ؛ جمہور ۔ (۲) انگلستان میں اهل ملک کا طبقۂ ثالثه جس کے افراد پارلیامنٹ "دارالعلوم" کے لئے منتخب ہوتے ہیں ۔ (۳) طعام مشترکہ ؛ سفرۂ عام ؛ مشترکہ کھانا ۔ (٤) خوراک ؛ مقررہ کھانا (آکسفورڈ، کیمبرج میں) طلبہ کی مقررہ خوراک ایك معین رقم ادا کرنے پر کالج سے ملتی ہے ۔ (٥) راشن ؛ خوراک ۔

Commonsensibly : (adv) عقل سلیم کے ساتھ ؛ معمولی فہم و فراست کے ساتھ ۔

Commonty : (n) [L. "communitatem] مشترك زمین ۔

Commonwealth : (n) (۱) آزاد ریاست یا قوم ؛ قومی جمہوری حکومت ؛ جمہوریہ دولت مشترکہ (انگلستان کی جمہوری حکومت جو سن ١٦٤٩ء میں قائم ہوئی) ۔ (۲) سنگت ؛ ٹولی ؛ منڈلی (ایکٹروں کی جو آمدنی میں برابر کے شریك ہوں) ؛ (قدیم محاورہ میں) فلاح عامہ ؛ بہبود ملك ۔ (۳) ریاستہائے متحدہ امریکہ کی ریاست ۔

Commonwealth's man : (n) انگلستان کی جمہوری حکومت کا حامی ۔

Commorancy : (n) [See next] (قانون) اقامت ؛ سکونت ؛ قیام ۔

Commorant : (n) [L. "commorantum"] ساکن ؛ قیام کرنے والا شخص یا باشندہ ۔

Commorant : (a) ساکن ؛ مقیم ۔

Commorient : (a) [L."commorientum"] ایك ساتھ یا ایك ہی وقت میں مرنے والا ؛ کسی آفت ناگہانی میں دو یا زیادہ مرنے والوں میں سے ایك ۔

Commot : (n) [Welsh. "cymwd"] ویلس کی علاقائی اور انتظامی تقسیم ۔

Commotion : (n) [L. "commotionem"] بے قراری ؛ بے کلی ؛ گڑ بڑ (جسمانی) ؛ خلل ؛ فساد ؛ ہنگامہ ؛ ہلچل ؛ ہیجان ؛ افراتفری ؛ شورش ؛ بلوہ ؛ بغاوت ؛ آشوب ؛ اضطراب ؛ جنبش ؛ (طب) دماغی صدمہ ۔

Commove : (v) [L. "commovere"] زور سے ہلانا ؛ حرکت دینا ؛ جھنجھوڑنا ؛ ابھارنا ؛ بھڑکانا ؛ مشتعل کرنا ؛ بیقرار کرنا ۔

Communal : (a) [See Commune] (۱) بستی کا ؛ آبادی کا ؛ پنچایتی ؛ قریہ واری ؛ قوم واری ؛ گروہ واری ؛ فرقہ واری ۔ (۲) قریوی ؛ پیرس کی انقلابی حکومت کا (رکن یا قانون وغیرہ جسے کمیون کہتے تھے) ۔ (۳) اشتراکی ۔

Communal code : (n) (سماجیات) فرقہ وارانہ قانون ۔

Communal house : (سماجیات) اشتمالی گھر ۔

Communal ownership : (n) (سماجیات) جماعتی ملکیت

Communalism : (n) قرویت ؛ حکومت قرا کا اصول ؛ بستی بستی کی خود مختاری کا طریقہ ؛ قراشاہی ؛ قری شاہی ؛ قری کی علاحدہ علاحدہ حکومت کی حمایت ؛ قرویت پسندی ؛ فرقہ واریت ؛ اشتراکی نظام ۔

Communalist : (n) قری شاہی کا حامی ؛ قروی ؛ قرویت پسند ؛ فرقہ واریت پسند ؛ اشتراکی نظام کا حامی ۔

Communalistic : (a) قرویت شاہی سے متعلق ؛ قرویت پسندی سے متعلق ؛ فرقہ واریت سے متعلق ۔

Communality : (n) (شماریات) شراکت ۔

Communalization : (n) تملیك دیہہ ؛ شاملات میں داخل کرنے کا عمل ؛ اشتراکی بنانے کا عمل ۔

Communalize : (v) بستی یا قریہ کی ملك بنانا ؛ اشتراکی بنانا ؛ داخل شاملات کرنا ؛ شاملانا ۔

Communally : (adv) فرقہ واریت سے ؛ فروریت پسندی کے ساتھ۔

Communard : (n) [COMMUNE + - ARD (depreciatory)] (۱) اشتراکی نظام کا طرف دار یا حامی۔ (۲) فرانسیسی حکومت قری کا حامی یا طرف دار۔

Commune : (n) [OF. "comuner"] (۱) فرانسیسی پرگنہ ؛ تعلقہ ؛ تحصیل ؛ ملکی انتظام کا سب سے چھوٹا مرکز قریہ ؛ گاؤں ؛ مجلس قری ؛ ملکی پنچایت۔ انقلاب فرانس کے عہد ہیبت کی وہ جماعت جو حکمراں بن بیٹھی تھی ؛ ۱۸۷۱ء کی فرانسیسی حکومت قری کے اصول و عمل۔

The commune of Paris : انقلاب فرانس کے عہدِہیبت کی وہ جماعت جو حکمراں بن بیٹھی تھی ؛ سن ۱۸۷۱ء کی فرانسیسی حکومت قری ؛ سن ۱۸۷۱ء کی فرانسیسی حکومت قری کےاصول و عمل۔

Commune : (n) [See next] تعلق ؛ رابطہ ؛ ملاقات ؛ مکالمہ ؛ گفتگو۔

Commune : (v) [OF. "communer"] (۱) دل کی بات کہنا ؛ کلام کرنا ؛ راز و نیاز کرنا (اپنے دل سے یا آپس میں یا کسی دوسرے سے) ؛ (امریکی محاورے میں) عشائے ربانی میں شریک کیا جانا ؛ مسیحی تسلیم کیا جانا۔

Communicability : (n) ابلاغ پزیری ؛ خبر دہی کی قابلیت ؛ گوش گذاری کی قابلیت ؛ خبر رسانی کی قابلیت۔

Communicable : (a) [L. "commkunicare"] (۱) اطلاع کے لائق ؛ خبر دہی ؛ قابل گوش گذاری ؛ ابلاغ پذیر ؛ قابل سرایت ؛ مسری (مرض وغیرہ) ۔ (۲) خلیق ؛ خوش خلق۔

Communicably : (adv) ابلاغ پذیری سے۔

Communicant : (n) [L."communicantem "] (۱) عشائے ربانی میں باقاعدہ شریک ہونے والا۔ (۲) خبر رساں ؛ اطلاع دنیے والا ؛ خبر دینے والا۔

Communicate : (v) [L. "communicare"] (۱) خبر دینا ؛ اطلاع پہنچانا ؛ آگاہ کرنا ؛ پہنچانا ؛ شرکت کرنا ؛ حصہ لینا ؛ منتقل کرنا۔ (۲) تعلق رکھنا ؛ ربط پیدا کرنا ؛ رسائی پیدا کرنا ؛ راہ نکالنا ۔ (٤) بات کرنا ؛ گفتگو کرنا ۔ (٥) (فلسفہ) ارسال کرنا ؛ ابلاغ ؛ مشترک منطقی وجہ رکھنا ؛ شریک ہونا۔

Communication : (n) (۱) اطلاع دہی ؛ خبر رسانی ؛ ترسیل ؛ (تعلیمات) ابلاغ۔ (۲) اطلاع ؛ خبر ؛ مکتوب ؛ مرسلہ ۔ (۳) تعلق ؛ رابطہ ؛ میل جول ؛ ارتباط ۔ (٤) راستہ ؛ رسائی ؛ آمد و رفت ؛ نقل و حمل کا وسیلہ ؛ راہ سرایت ۔ (٥) عشائے ربانی میں شرکت۔ (٦) مشارکت ؛ شرکت ۔ (۷) (بلاغت) ایک صنعت جس میں بولنے والا سننے والے کو ہم زبان بنا لیتا ھے اور "میں" کی بجائے "ہم" کہتا ھے۔

Communication states : (شماریات) اصلاحی حالات۔

Communication test : (لسانیات) آزمائشی مبادلہ۔

Communications : (n) رسل و رسائل ؛ رابطے۔

Direct communications : (سماجیات) بلاواسطہ رابطہ۔

Indirect communication : (سماجیات) باواسطہ رابطہ۔

Communicative : (a) (۱) خبر رساں ؛ پیام دہ ۔ (۲) باتونی ؛ گویا ؛ بےتکلف (باتیں کرنے والا) ؛ پرگو۔ (۳) ارتباطی ۔ (٤) ملنسار ؛ خوش خلق۔ (٥) سخی ؛ سخاوت مند۔

Communicatively : (adv) خبر رسانی سے ؛ پیام دہی سے؛ سخاوت سے ؛ بے تکلفی کے ساتھ۔

Communicativeness : (n) خبر رسانی ؛ پیام دہی ؛ گویائی ؛ بے تکلفی ؛ ارتباط ؛ سخاوت ؛ ملنساری ؛ خوش خلقی۔

Communicator : (n) [L.] (۱) مرسل ؛ پیامی ؛ رابطہ ؛ خبررساں (آلہ یا شخص) ۔ (۲) پیام رسانی کا آلہ مرسل (تار کا)۔

Communicatory : (a) ابلاغی ؛ مائل بہ خبر رسانی۔

Communion : (n) [L. "Communionem"] (۱) شرکت ؛ رفاقت ؛ ہم مشربی (خاص کر کیتھولک فرقے کے افراد میں) ۔ (۲) اہل مشرب ؛ مذہبی گروہ ؛ جماعت یا فرقہ ۔ (۳) تعلق ؛ رابطہ ؛ ملاقات ؛ آمد و رفت ۔ (٤) شرکت عشائے ربانی (اس موقع کو بالعموم Holy communion کہتےھیں) ؛ عشائےربانی۔

Close communion : اخراج ؛ ممانعت ؛ قدغن (مذہبی رسوم میں حصہ لینے کی ، یعنی جب تک مذہبی اصول کے مطابق بپتسما نہ کیا گیا ہو) ۔

Communion in both kind : عشائے ربانی میں روٹی اور شراب دونوں پانا یا کھانا ۔

Communion in one kind : عشائے ربانی میں صرف روٹی پانا یا کھانا ۔

Open communion : داخلہ ؛ اجازت ؛ شرکت (بپتسما لینے کے بعد) ۔

The Holy communion : عشائے ربّانی ۔

Communion cup : (n) عشائے ربانی کا پیالہ ۔

Communion table : (n) عشائے ربانی کی میز ۔

Communion with God : (n) (نفسیات و تعلیمات) قرب الٰہی ۔

Communionist : (n) (۱) عشائے ربانی کے متعلق مخصوص نظریہ رکھنےوالا ۔ (۲) عشائے ربانی میں با قاعدہ شریک ہونے والا ۔

Communique : (n) [Fr.] سرکاری اطلاع ؛ اعلان ؛ اعلامیہ ؛ ابلاغ رسمی ۔

Communis juris : (n) (تاریخ) عام قانون ۔

Communism : (n)[L. "communis" or Fr. "commun" + - ISM] اشتمالیت ؛ مواخات ؛ مساوات ؛ مزدکیت ؛ مال و املاک کو قوم کی مشترک ملک بنانے کا اصول (جس کی رو سے ہر فرد کو حسب قابلیت اور حسب ضرورت حصہ دیا جائے) ؛ اشتراکیت ؛ کمیونزم ؛ اصول اشتراکی ۔

Positive communism : اثباتی اشتراکیت ؛ اثباتی کمیونزم ۔

Communist : (n) اشتمالی ؛ اشتمالیت پسند شخص ؛ اشتراکی ؛ کمیونسٹ ۔

Communist International (comintern) : (n) (تاریخ) عالمی اشتراکیت ؛ کومن ٹرن ۔

Communist manifesto : (n) (تاریخ) اشتمالی منشور ؛ کمیونسٹ منشور ۔

Communistic / -al : (a) اشتمالی ؛ اشتراکی ۔

Communistically : (adv) اشتمالی طور پر ؛ اشتراکی طور پر ۔

Communitarian : (n) اہل اشتمالیت ؛ اہل مواخات ؛ ایسے گروہ یا پالیسی کا آدمی جس کا عمل اصول اشتمالیت پر ہو ۔

Communitarian : (a) اصول اشتمالیت کا پرچار کرنے والا ؛ عمل کرنے والا ۔

Communitorium : (n) اہل اشتمالیت کا گھر ۔

Community : (n) [L. "communitatem "] (۱) ملکیت مشترکہ ؛ ساجھا ؛ شراکت ؛ حصہ داری ؛ مشترک مالکیت ۔ (۲) اتحاد ؛ یکساں ؛ مماثلت ۔ (۳) طبقہ ؛ فرقہ ؛ گروہ (کسی ایک مذہب یا پیشہ والوں کا) ۔ (٤) بستی ؛ آبادی ؛ محلہ ؛ برادری ؛ قوم ۔ (٥) اہل مواخات ؛ برادری ؛ اشتمالین (جن کا عمل درآمد مال مشترکہ کے اصول پر ہو) ۔ (٦) انجمن ؛ جماعت ؛ دستہ ؛ جامعہ ؛ ملت ؛ اشتراک ؛ مشترک صفات ؛ عمومیت ؛ مالکیت مشترک (مثل زن و شو) ۔

Agricultural community : (تاریخ) زرعی طبقہ ۔

Ethnic community : (تاریخ) نسلی برادری ؛ نسلی کمیونٹی ۔

Farming community : (تاریخ) کاشتکار برادری ؛ کاشت کار طبقہ ۔

Hellenic community : (تاریخ) یونانی برادری ۔

Indo-European community : (تاریخ) ہند یورپی برادری ۔

Local community : (سماجیات) مقامی فرقہ ۔

Metropolitan community : (سماجیات) عظیم شہری فرقہ ۔

Moral community : (سماجیات) اخلاقی فرقہ ۔

Peasant community : (تاریخ) کسان برادری ۔

Planned community : (سماجیات) منصوبہ بند فرقہ ۔

Rural community : (سماجیات) دیہی فرقہ ۔

Small community : (سماجیات) چھوٹا فرقہ ۔

The community : عام لوگ ؛ اہل ملک ؛ خلقت ۔

Urban community : (سماجیات) شہری فرقہ ۔

Village community : (تاریخ) دیہاتی طبقہ ۔

Community action : (n) (سماجیات) فرقہ وارانہ کام ؛ گروہی کام ۔

Community centre : (n) (سماجیات) برادری خانہ ؛ فرقہ خانہ ۔

Community chest : (n) (سماجیات) بیت المال ۔

Community development : (n) (تجارت) کمیونٹی ڈیولپمنٹ ؛ بستی / ادارہ کی ترقی ۔

Community disorganisation : (n) (سماجیات) فرقہ جاتی انتشار ۔

Community group : (n) (سماجیات) فرقہ جاتی جماعت ۔

Community indifference curve : (تجارت) کمیونٹی کی قوس بے نیازی ۔

Community of human interest : (تاریخ) انسانی مفاد کا اتحاد و اشتراک ۔

Community of interest : (تاریخ) اشتراک مفادات ۔

Community of nations : (تاریخ) قوموں کی برادری ۔

Community of states : (تاریخ) ریاستوں کی برادری ۔

Community organisation : (n) (سماجیات) فرقہ جاتی تنظیم ۔

Community property : (n) (تجارت) سماجی اثاثہ ۔

Community property principle : (تجارت) سماجی جائداد کا اصول ۔

Community savings : (n) (تجارت) سماجی بچت ۔

Community sentiment : (n) (سماجیات) فرقہ وارانہ جذبہ ۔

Community-standard : (n) (سماجیات) فرقہ وارانہ معیار ۔

Community worker : (n) (سماجیات) گروہی کارندہ ؛ فرقہ جاتی ورکر ۔

Communization : (n) [L. "communis" + - IZATION] اشتمال کا اصول جاری کرنا ۔

Communize : (v) [back-formation f. "COMMUNIZATION] حال مشترکہ بنانا ؛ (اراضی وغیرہ کو) جمہوری یا قومی بنانا ؛ اشتمالنا ۔

Commutability : (n) بدل پذیری ؛ قابلیت تبدل ۔

Commutable : (a) [L. "commutabilis"] مبادلہ پذیر ؛ بدل پذیر (جس میں تبدیل یا رد و بدل کی صلاحیت ہو) ؛ تبدیل پذیر ؛ تخفیف پذیر ۔

Commutate : (v) (ریاضی) تقلیب ؛ منقلب کرنا ؛ (طبیعیات) جوڑتوڑ کرنا ۔

Commutation : (n) [L. "commutationem"] (۱) مبادلہ (سکہ کا) ؛ تبدیل ؛ زرمبادلہ ؛ تخفیف (جرم) ۔ (۲) برقی رو کے راستے کی تبدیلی ؛ تخفیف سزا ؛ نرم تبدیلی ۔

Angle of commutation : زاویہ رباط اعظم ۔

Commutation fare : (n) (تجارت) رعایتی کرایہ ۔

Commutation symbol (تجارت) متبادل نشان ۔

Commutation ticket : (n) (امریکہ) کم کرایہ پر جاری کردہ ٹکٹ (ریلوے کی) ۔

Commutation traffic : (n) (تجارت) نواحی آمدو رفت ۔

Commutative : (a) مبادلت پذیر ؛ مبادلہ سے متعلق ؛ (ریاضی) تقلیبی ؛ (طبیعیات) تبدیل پذیر ۔

Commutative algebra : (n) (طبیعیات) تقلیبی الجبرا ؛ الجبر و المقابلہ ۔

Commutative justice : (n) (نفسیات و تعلیمات) مبادلہ پذیر ؛ انصاف / عدل ۔

Commutative law : (n) (نفسیات و تعلیمات) قانون تبادل ۔

Commutative law of multiplication : (ریاضی) ضرب کا کلیہ تقلیبی ۔

Commutative operation : (n) (ریاضی) تقلیبی عمل ۔

Commutative ring : (n) (ریاضی) تفلیبی رَنگ ۔

Commutatively : (adv) مبادلت پذیری سے ؛ مبادلت پذیری کےطور پر ۔

Commutator : (n) [L."commutare"] (۱) مبادل (بدلنے والا شخص) ؛ آلۂ تبدیل ۔ (۲) رو بدل (تانبے کا ایک پرزہ جسے کلوں میں بجلی کی رو کو مختلف جانب بدلنے کے لئے لگاتے ھیں) ؛ (ریاضی) مقلب ۔

Commutatorial : (a) دیکھو Commutative

Commute : (v) [L. "commutare"] (۱) مبادلہ کرنا ؛ ادل بدل کرنا ؛ معاوضہ دینا ۔ (۲) سزا کی نوعیت بدل کر اسے نرم کر دینا ۔ (۳) قسطوں کی بجائےایک مرتبہ ادائی کر دینا ؛ کم کرایہ پر سفر کرنا ؛ میعادی ٹکٹ پر سفر کرنا ۔

Commuted : (a) متبادل ۔

Commuted bonus : (تجارت) متبادل بونس ۔

Commuted value : (تجارت) متبادل رقم ۔

Commuter : (n) میعادی ٹکٹ پر سفر کرنے والا ۔

Commutual : (a) باھمی ؛ مشترک ؛ دوطرفہ ؛ متقابل ؛ بالمقابل ۔

Comose / Comous : (a) [L."comosus"] بال والا ؛ ریشہ دار ؛ گچھےوالا ؛ گچھا دار ؛ گچھیلا ؛ طرہ دار (پودا) ؛ ریش دار ۔

Compact : (n) [L. "compactum"] (۱) اقرار ؛ معاھدہ ؛ عہد و پیماں ؛ قول و قرار ۔ (۲) آرائشی لوازمات کا چھوٹا ڈبّا ۔ (۳) (امریکہ) ایک چھوٹی موٹر کار ۔ (٤) متحد یا محکم ساخت ۔

General compact : عام رضامندی ۔

Compact : (a) [L. "Compactus"] کسا ھوا تہ بہ تہ ؛ (جما ھوا) پختہ ؛ پیوستہ ؛ چست ؛ متین ؛ قاقلِّ و دلّ ؛ (طرزتحریر) محکم ؛ خلاصہ ؛ مختصر و مفید ۔

Compact : (v) (۱) کسنا ؛ پیوستہ کرنا ؛ جوڑنا ؛ بھینچنا ؛ جمانا ۔ (۲) مختصر کرنا ؛ خلاصہ کرنا ۔ (۳) ترکیب دینا ۔

Compacter / Compactor : (n) جمانے یاتوڑنے کا آلہ ۔

Compactly : (adv) پیوستگی سے ؛ مختصر طور پر ؛ چستی سے ؛ متانت سے ۔

Compactness : (n) پیوستگی ؛ متانت ؛ اختصار ؛ چستی ۔

Compadre : (n) [L. "compater"] رفیق ؛ دوست ؛ یار ۔

Compages : (n) [L. "com + pag -, Pager"] ڈھانچہ ؛ ٹھاٹر ؛ بہت سے جوڑوں کا بنا ھوا ڈھانچہ یا نظام ؛ کالبد ۔ (۲) ایک ھو جانا ۔

Compaginate : (v) [late L. "compaginare"] جڑجانا ؛ باھم پیوستہ ھونا ؛ بستہ ھونا ؛ محکم ھونا ۔

Compagination : (n) پیوستگی ؛ بندش ؛ جڑائی ۔

Companion : (n) [L. "companionem"] (۱) رفیق ؛ ساتھی ؛ ساجھی ؛ حصہ دار ؛ شریک ؛ ھم نشیں ؛ ھم دم ؛ دوست ۔ (۲) خلاصہ یا کلید (معلومات کی کتابوں کانام) ۔ (۳) یار ؛ وفادار کی قسم کا ایک سرکاری خطاب ۔ (٤) ملازم ؛ مصاحب (خاص کر سھیلی ، ساتھ والی ؛ ھم نشیں ، جوڑا) ؛ ھم راہ ۔ (٥) شخص (تحقیراً) ۔ (٦) روشن ستارے کے ساتھ کا ایک کم روشن ستارہ ۔ (۷) مشابہ ۔

Companion : (n) [It "compagna"] (جہازی) روشن دان ؛ تابدان (جس سے نیچے کے حصوں میں روشنی پہنچتی ھے) ۔

Companion : (v) ساتھ دینا ؛ ھم راہ رھنا ؛ رفاقت کرنا ؛ رفیق ھونا ؛ ھم نشیں ھونا ۔

Companion hatch / Companion head : (n) سائبان ؛ سرپوش (روشن دان کا) ۔

Companion hatch way : جہازی چھتہ ؛ برآمدہ (عرشے سے نیچے کے کمروں میں جانے کا راستہ) ۔

Companion ladder : (n) راستہ ؛ عرشے سے نیچے کے کمروں تک ۔

Companionable : (a) ملنسار ؛ یار باش ؛ یاروں کا یار ؛ زندہ دل ؛ لائق صحبت ؛ قابل رفاقت ۔

Companionableness : (n) ملنساری ؛ یار باشی ؛ زندہ دلی ۔

Companionably : (adv) رفیقانہ ؛ دوستانہ ۔

Companionate : (a) رفیق یا رفاقت سے متعلق -

Companionate marriage : (n) ایسی شادی جس میں قانونی ضبط تولید اور باھمی رضامندی سے علاحدگی کا معاھدہ ھو -

Companioned : (a) دوست دار -

Companionhood : (n) رفاقت ؛ ساجھا ؛ ھم نشینی ؛ یاری -

Companionless : (a) (۱) بے رفیق ؛ بے ساتھی ؛ بےدوست - (۲) بے روشن دان ؛ بےتابدان -

Companionship : (n) (۱) رفاقت ؛ ھم سفری ؛ ھم نشینی ؛ معیت - (۲) کمپوزیٹروں کی جماعت جو ساتھ مل کر کام کرتے ھوں - (۳) نائٹ ھڈ کا ایك درجہ -

Company : (n) [See COMPANION] (۱) ساتھ ؛ سنگت ؛ صحبت ؛ رفاقت ؛ معیت - (۲) جماعت ؛ مجمع ؛ اھل محفل ؛ جمعیت ؛ انجمن - (۳) ھم صحبت ؛ ھم نشیں - (٤) مہمان ؛ اھل بزم ؛ مجمع دوستاں ؛ مصاحب - (٥) جماعت ؛ شراکت - (٦) کارخانہ کے شریك یا شرکاء جن کا نام ظاھر نہ کیا جائے ؛ حصہ دار - (۷) ٹولی ؛ منڈلی (گانے بجانے والوں کی) - (۸) فوجی دستہ ؛ پیادوں کا جوق (جو بالعموم کپتان کے ماتحت ھوتا ھے) - (۹) (بحری) جہاز کا پورا عملہ -

Addicted to low company : بری صحبت ؛ (کمینوں کی صحبت) کا عادی -

Chartered company : وہ کمپنی جو فرمان شاھی سے قائم ھوئی ھو -

Closely held company : (تجارت) محدود کمپنی -

Co-operative company : (تجارت) امداد باھمی کمپنی -

Holding company : (تجارت) ھولڈنگ کمپنی -

I sin in good company : گناہ میں اچھے اچھے میرے ساتھ ھیں یعنی مجھ سے بہتر لوگ یہ کام کر چکے ھیں -

Joint stock company : (تجارت) مشترکہ سرمایہ کمپنی ؛ چند افراد کا گروہ جو کسی خاص غرض سےخاص کر سوداگری کے واسطے متحد ھوا ھو -

Limited by shares company : (تجارت) حصص محدود کمپنی -

Limited company : (تجارت) محدود کمپنی -

Mutual company : (تجارت) باھمی کمپنی -

Parent company : (تجارت) بنیادی مرکزی کمپنی -

Private company : (تجارت) نجی کمپنی ؛ خانگی کمپنی -

Proprietory company : (تجارت) ملکیتی کمپنی ؛ جانداد کمپنی -

Public company : (تجارت) پبلك کمپنی ؛ سرکاری کمپنی ؛ عوامی کمپنی -

Ship's company : ملاحوں کی جماعت ؛ جہاز کے جملہ خدام -

Subsidiary company : (تجارت) ذیلی کمپنی ؛ ضمنی کمپنی -

To get one's company : کپتان کے عہدہ پر ترقی پانا -

To keep company : ساتھ جانا ؛ ھم راہ ھونا -

To keep company with : شریك ھونا ؛ دوست ھونا ؛ ملنا (چاھنے والوں کی طرح) -

To know a man by his company : آدمی کو اس کی صحبت سے پہچاننا -

To weep for company : کسی کےغم میں شریك ھونا ؛ دوست کو روتا دیکھ کر رونا -

Unlimited company : (تجارت) غیر محدود کمپنی -

Company : (v) ھم راہ ھونا ؛ ساتھ رھنا ؛ زوج ھونا ؛ ساتھ ھونا ؛ ھمنشینی کرنا ؛ ھم سفر کرنا -

Company Loan : (n) کمپنی کا قرض -

Company manners : (n) مصنوعی آداب ؛ ظاھری اخلاق جو محض غیروں کو دکھانے کے لئے اختیار کئے جائیں -

Company ownership : (n) (تجارت) ملکیت کمپنی -

Company store : (n) (تجارت) کمپنی اسٹور -

Company town : (n) (تجارت) کمپنی نگر ۔

Company union : (n) (تجارت) کمپنی انجمن ۔

Company-wide bargaining : (n) (تجارت) کمپنی کی سودا بازی ۔

Company's register of charges : (تجارت) کمپنی کا رجسٹر بار ۔

Comparability : (n) ہم رتبگی ؛ ہم چشمی ؛ موازنہ پذیری ۔

Comparable : (a) (۱) ہم پلہ ؛ ہم رتبہ؛ حریف ؛ مد مقابل ؛ ہم چشم ۔ (۲) مانند ؛ یکساں ؛ نظیر کے قابل موازنہ ۔

Comparableness : (n) ہم رتبگی ؛ ہم چشمی ؛ موازنہ پذیری ۔

Comparably : (adv) ہم رتبگی سے ؛ ہم چشمی سے ؛ بطور موازنہ ۔

Comparative : (a) [L. "Comparativus"] (۱) بالمقابل ؛ بہ نسبت ؛ بالموازنہ ؛ متناسب ؛ متوازن ؛ آمنے سامنے کا ؛ نسبتی ۔ (۲) تقابلی ؛ نسبتی (جو چیزایک دوسرے کی نسبت یا مقابلہ سے جانچی جائے یا محسوس ہو) ؛ تفضیلی ؛ تطبیقی ؛ (لسانیات) تقابلی ؛ تشبیہی ۔

In comparative comfort : نسبتاً آرام سے ۔

The comparative method : طریق متناسبہ ؛ تقابلی طریقہ ؛ طریق بالموازنہ (جس میں مختلف طریقوں اور پہلوؤں کا مقابلہ کیا جائے ، خاص کر جدید علوم میں) جیسے تقابلی لسانیات ۔

Comparative : (n) متناسب ؛ متوازن ؛ اسم تفضیل ؛ صفت تفضیلی ؛ درجہ تفضیلی ۔

Comparative adjective : (n) (لسانیات) صفت تفضیلی ۔

Comparative advantage : (تجارت) تقابلی فائدہ ۔

Comparative case : (n) (لسانیات) حالت تفضیلی ۔

Comparative cost : (تجارت) تقابلی لاگت ۔

Comparative degree : (n) (لسانیات) تفضیلی درجہ ۔

Comparative grammar : (n) (لسانیات) تقابلی گرامر ۔

Comparative linguistics : (n) (لسانیات) تقابلی لسانیات ۔

Comparative method : (لسانیات) تقابلی طریقہ کار ؛ (تاریخ) تقابلی اصول ۔

Comparative process : (n) (لسانیات) تقابلی طریقہ عمل ۔

Comparative rate schedule : (تجارت) تقابلی شرح نامہ ۔

Comparative scale : (n) (ریاضی) تقابلی اسکیل ؛ تقابلی پیمانہ ۔

Comparative school of law : (تاریخ) قانون کا تقابلی اسکول ۔

Comparative statics : (n) (تجارت) تقابلی سکونیات ۔

Comparative trading account : (تجارت) تقابلی بیوپار کھاتہ ۔

Comparative transcription : (n) (لسانیات) تقابلی تحریر ؛ تقابلی نقل ۔

Comparativist : (n) تقابلی طریقہ اختیار کرنے والا شخص ۔

Comparatively : (adv) مقابلہ میں ؛ نسبت سے ؛ مقابلتاً ؛ نسبتاً ۔

Comparator : (n) موازنہ کرنے کا آلہ (خصوصاً تقریباً یکساں لمبائی کے چھڑوں کو ناپنے کا) ۔

Compare : (n) = (Without compare) بے نظیر ؛ بے مثل ۔

Compare : (n) موازنہ ؛ مماثلت ؛ مقابلہ ۔

Compare : (v) [L. "comparare"] (۱) موازنہ کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ ملانا (ایک دوسرے کو) جانچنا ؛ ٹکرانا ۔ (۲) تفضیلی بنانا ۔ (۳) ہم رتبہ ہونا ؛ برابر کا ہونا ؛ مقابلہ کرسکنا ؛ یکساں ہونا ؛ مانند ہونا ؛ مطابق ہونا ۔

No to be compared to : یکساں قرار نہیں دیئے جا سکتے ۔

To compare notes : تبادلۂ خیالات کرنا ؛ نتائج ملانا ۔

To compare to : مماثل قرار دینا ؛ برابر بنانا ۔

Comparer : (n) موازنہ کرنے والا ؛ ملانے والا ؛ ہم رتبہ ہونے والا ۔

Comparingly (adv) موازنت سے ؛ مماثلت سے -

Comparison : (n) [L."comparitionem"] (۱) موازنہ ؛ مقابلہ ؛ مماثلت ؛ مشابہت ؛ مثال ؛ نظیر ؛ تطبیق ؛ برابری ؛ تشبیہ - (۲) تفضیل -

Degrees of comparison : مدارج صفت -

In comparison with : مقابلہ میں ؛ نسبتاً -

Without / out of all / beyond all / comparison : بےنظیر ؛ عدیم المثال ؛ لاثانی ؛ بے مثل ؛ بے مانند ؛ بےھمتا -

Comparison of frequency : (ریاضی) تعددات کا تقابل ؛ (کیمیا) ارتعاش کا مقابلہ -

Comparison shopper : (n) (تجارت) تقابلی خریدار -

Comparison spectroscope : (n) (کیمیا) تقابلی اسپیکٹروسکوپ -

Comparison star : (n) ستارہ سنجش -

Comparison test : (n) (کیمیا) جانچ مقابلہ -

Compart : (v) [L."compartiri" or OF. "compartier"] الگ الگ حصے کرنا ؛ درجوں یا حجروں میں تقسیم کرنا -

Compartition : (n) [L. "compartiri"] (۱) درجوں یا الگ الگ حصوں میں تقسیم - (۲) الگ الگ حصوں میں منقسم ایک حصہ -

Compartment : (n) [as prec.] ڈبا ؛ کمرہ ؛ حجرہ ؛ درجہ ؛ خانہ جو پردہ یا اوٹ لگا کے بنا دیا جائے ؛ خاص کر ریل کا ڈبا ؛ جہازکے بند حصے یا خانے جن میں پانی داخل نہیں ہو سکتا -

Compartment bulkhead : (n) جہاز کے بند حصے یا خانے جن میں پانی داخل نہیں ہو سکتا -

Compass : (n) [F. "compas"] (۱) پر کار - (۲) محیط ؛ حد ؛ رقبہ ؛ وسعت ؛ دائرہ - (۳) (آواز) پاٹ ؛ پہنچ ؛ رسائی - (٤) ایر پھیر ؛ چکّر ؛ ایچ پیچ - (٥) قطب نما -

Beam compass : گھٹتی بڑھتی پرکار جس کا ایک بازو پھیلا سکتے یا کم کرسکتے ھیں -

Beyond my compass : (استعارتاً) میری دسترس سے باھر -

Bow compasses : خمیدہ پرکار (جس کے بازو اندر کے رخ مڑسکتے ھیں) -

By compass : باضابطگی سے -

Cardinal points of compass : (طبیعیات) اساسی نقطائے کمپاس ؛ کمپاس کے اساسی نقطے -

Magnetic compass : (طبیعیات) مقناطیسی کمپاس -

Mariner's compass : بحری کمپاس ؛ قطب نما ؛ جہازی سمت زا -

Pair of compasses : (طبیعیات) پرکار -

Points of the compass : قطب نما کے بتیس (۳۲) نقطے -

To box the compass : قطب نما کے سب درجوں کے نام ترتیب سےلینا -

To go a compass : چکّر سے جانا -

Compass : (a) گول ؛ مدور ؛ منحنی -

Compass : (v) [L."compassare"] گرد پھرنا ؛ گھیرنا ؛ محاصرہ کرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ ذھن نشیں کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ سمجھنا ؛ سوجھنا ؛ پورا کرنا ؛ اتمام کو پہنچانا ؛ ابلاغ کرنا ؛ تفکر کرنا ؛ حاصل کرنا ؛ خمیدہ کرانا یا ھونا ؛ درک کرنا ؛سازش کرنا -

Compass needle : (n) (طبیعیات) کمپاس سوئی -

Compassable : (a) قابل حصول -

Compassed : (a) گھیرا ھوا ؛ احاطہ کیا ھوا -

Compasser : (n) گھیرنے والا ؛ احاطہ کرنے والا -

Compassion : (n) [late L."compassionem"] ترس ؛ رحم ؛ درد مندی ؛ تلطف ؛ رافت ؛ دل سوزی ؛ دیا ؛ شفقت ؛ غم خواری ؛ ھمدردی -

To have compassion upon : ترس کھانا ؛ رحم کرنا -

Compassionate : (a) [F."compassionne"] ترس کھانے والا ؛ رحیم ؛ رؤف ؛ درد مند ؛ مہربان ؛ دل سوز ؛ غم خوار ؛ شفیق ؛ قابل ترحم -

Compassionate : (v) رحم کرنا ؛ ترس کھانا ؛ تلطف ۔

Compassionately : (adv) درد مندانہ ؛ رحیمانہ ؛ مشفقانہ ؛ غم خواری سے ؛ دل سوزی سے ۔

Compassionatness : (n) درد مندی ؛ غم خواری ؛ غم گساری ؛ دل سوزی ؛ رحیمی ؛ رحم دل ۔

Compassive : (a) قابل ترحم ؛ رقت انگیز ۔

Compassless : (a) بغیر قطب نما کے ۔

Compatemity : (n) [See COMPATIBLE] (۱) کسی بچے کے روحانی والدین اور حقیقی والدین کے درمیان روحانی رشتہ ۔(۲) کسی بچے کے روحانی ماں باپ کے درمیان آپس کا روحانی رشتہ ۔

Compatibility : (n) مطابقت ؛ مناسبت ؛ موزونیت ؛ موافقت ۔

Compatible : (a) [F. "compati"] مناسب ؛ موزوں ؛ مطابق ؛ ساز گار ۔

Compatibleness : (n) مطابقت ؛ مناسبت ؛ موزونیت ؛ موافقت ۔

Compatibly : (adv) مناسب طور پر ؛ موزوں طور پر ؛ مطابقت کے ساتھ ۔

Compatriot : (n) [L."compatriota"] (۱) ہم وطن ؛ ملکی ؛ دیس کا آدمی ۔(۲) ساتھی ؛ ہم پایہ ؛ ہم رتبہ ۔

Compatriot communities : (تاریخ) ہم وطن برادریاں ۔

Compatriotic : (a) وطنی ؛ دیسی ؛ ملکی ۔

Compatriotism : (n) ہم وطنیت ؛ ہم وطنیت کا احساس ۔

Compear : (v) [L."comparere"] (اسکاٹ لینڈ) عدالت میں حاضر ہونا (اصالتاً یا وکالتاً)۔

Compearance : (n) اصالتاً یا وکالتاً حاضری ۔

Compeer : (n) [L."com+parem"] ہم رتبہ ؛ برابر کا شخص ؛ ہم چشم ؛ ساتھی ؛ رفیق ؛ ہم پایہ ؛ ہم دوش ؛ قرین ؛ ہم راہ ؛ ہم دم ۔

Compel : (v) [L."compellere"] (۱) مجبور کرنا ؛ دبانا (کسی کام کو زبر دستی کروا لینا) نا چار کرنا ۔ (۲) (نظم میں) دھکیلنا ؛ پیلنا ؛ بزور داخل کرنا ۔(۳) زبردستی کھینچنا ۔(٤) زبردستی شریک کرنا ۔

Compellable : (a) قابل جبر ؛ جبر پذیر ۔

Compellation : (n) [L."compellationem"] (۱) خطاب ؛ عمل خطاب ۔ (۲) نام ؛ اسم ؛ لقب ؛ تسمیہ ۔

Compellative case : (a) جبری حالت ؛ حالت جبریہ ۔

Compelled rate : (تجارت) جبری شرح ۔

Compeller : (n) (۱) مجبور کرنے والا ۔ (۲) آگے بڑھانے والا ؛ متحرک کرنے والا ۔

Compend : (n) [L."compemdium"] خلاصہ ؛ لُبِّ لباب؛ معجز ۔

Compendious : (a) [L."compendiosus"] مختصر ؛ جامع ؛ قلّ و دلّ ؛ (کتاب یا طرز انشاء) مجمل ؛ ملخص ۔

Compendiously : (adv) مختصر طورپر ؛ مجمل طورپر ۔

Compendiousness : (n) اختصار ؛ اجمالی ؛ تلخیص ۔

Compendium : (n) (pl. compendums) [L."compendere"] دیکھو Compend

Compentrate : (v) نفوذ کرنا ؛ سرایت کرنا ۔

Compenetration : (n) نفوذ ؛ سرایت ۔

Compensable : (a) (تجارت) قابل تلافی ۔

Compensable injury : (n) (تجارت) قابل تلافی چوٹ ۔

Compensate : (v) [L."compensare"] (۱) تلافی کرنا ؛ بدلہ دینا ؛ معاوضہ دینا ؛ کفارہ ادا کرنا ۔ (۲) (جو ثقیل کی اصطلاح میں) وزن یا رفتار درست کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ پاسنگ لگانا ؛ عوض کرنا ؛ تعدیل ؛ تثویب ۔ (۳) بدل ہونا ؛ پورا کرنا ۔

Compensating balance : (n) (تجارت) توازن تلافی ۔

Compensating error : (n) (تجارت) تلافی کن غلطی ۔

Compensating payment : (n) (تجارت) متلافی ادائیگی ۔

Compensating tariff : (n) (تجارت) متلافی تجارتی ٹیکس ۔

Compensatingly : (adv) بطور تلافی ؛ بدل ہوکر ۔

Compensation : (n) بدلہ ؛ عوض ؛ (کسی شے کا) اجر ؛ مکافات ؛ تلافی ؛ پاداش ؛ تاوان ؛ پاسنگ ؛ بدل ؛ (طب) کسی ایک عضو کی خرابی یا کمزوری کی وجہ سے دوسرے عضو کی فعالیت کو زیادہ کرنا ؛ (تاریخ) معاوضہ ۔

Employee's compensation : (تجارت) مزدور معاوضہ ۔

Dismissal compensation : (سماجیات) برطرفی معاوضہ ۔

Mechanism of compensation : (سماجیات) معاوضہ کا طریق کار ۔

Under compensation : (تجارت) کم تلافی معاوضگی ۔

Unemployment compensation : (تجارت) بے روزگاری کا معاوضہ ؛ (سماجیات) کارندوں کا معاوضہ ۔

Vicarious compensation : (نفسیات و تعلیمات) نیابتی تلافی ۔

Workman's compensation : (تجارت) کاریگر معاوضہ ؛ مزدوروں کا ہرجانہ ۔

Compensation award : (n) (تجارت) معاوضہ فیصلہ ۔

Compensation balance : (n) (تجارت) متلافی توازن ؛ آلہ تثویب ؛ آلہ توازن ۔

Compensation borrowing : (n) (تجارت) متلافی قرضہ ۔

Compensation pendulum : (n) متوازن لنگر ؛ آلہ توازن ؛ آلہ تثویب ؛ متکافی ۔

Compensational : (a) بدلہ ؛ عوض ؛ تلافی ؛ مکافات سے متعلق ۔

Compensative : (a) عوض ؛ معاوض ؛ تلافی کن ؛ متکافی ؛ (نفسیات) بطور تلافی ۔

Compensator : (n) پاسنگ ؛ معدال ؛ مثواب ؛ عوضی ؛ آلہ تثویب ۔

Compensatory : (a) Compensative دیکھو

Compensatory action : (n) (تجارت) تلافی عمل ۔

Compensatory action of money : (تجارت) زر تلافی عمل ۔

Compensatory action of double standard: (تجارت) دہرا معیار زر تلافی عمل ۔

Compensatory duty : (n) (تجارت) تلافی محصول ۔

Compensatory expenditure : (n) (تجارت) تلافی اخراجات ۔

Compensatory finance : (n) (تجارت) تلافی مالیات ۔

Compensatory holiday : (تجارت) عوضی چھٹی ۔

Compensatory lengthening : (لسانیات) مکافاتی طول ۔

Compensatory principle of bimetalism : (تجارت) دو دھاتیت کا اصول تلافی ۔

Compensatory principle of money : (تجارت) زر کا اصول تلافی ۔

Compensatory principle of taxation : (تجارت) ٹیکس کا اصول تلافی ۔

Compensatory shortening : (n) (لسانیات) معاوضی قصر ۔

Compensatory spending : =(deficit financing) (تجارت) تلافی سرمایہ کاری ۔

Compere : (n) [Fr.] (موسیقی) ہدایت کنندہ ؛ تنظیم کنندہ ؛ ہدایت کرنے والا ۔

Compere : (v) ہدایت دینا ؛ نظم کرنا ۔

Compesce : (v) [L."compescere"] روکنا ؛ باز رکھنا ؛ منع کرنا ؛ دبانا ۔

Compete : (v) [L."competere"] ہم سری کرنا ؛ برابری کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ (کسی کام میں) سعی کرنا ؛ (کسی کے مقابلہ میں) مسابقہ یا مناصفہ کرنا ؛ ہم چشمی کرنا ؛ ہم کاری کرنا ؛ رقابت کرنا ۔

Competence : (n) (۱) کفایت (ضروریات زندگی کے لئے کسی شے کی) ؛ آسودگی ؛ فارغ البالی ۔ (۲) قابلیت (کسی کام کے کرنے کی) ؛ استعداد ؛ صلاحیت ؛ اختیارات (کسی مقدمے کے) ؛ اہلیت ؛ اہلیت قانونی ۔ (۳) ایك جھرنے کی ریت ؛ کنکر کی نقل و حمل کی صلاحیت یا قابلیت ۔

Competency : (n) [L."competentia"] (۱) فارغ البالی ؛ کفایت ؛ (ضروریات زندگی کے لئے کسی شے کی) آسودگی ۔(۲) قابلیت (کسی کام کے کرنے کی) استعداد ؛ صلاحیت ؛ اختیارات کسی مقدمے کے ؛ اہلیت قانونی ۔(۳) ایک جھرنے کی ریت ، کنکر کی نقل و حمل کی صلاحیت یا قابلیت ۔

Social competency : سماجی اہلیت ؛ سماجی استعداد ۔

Competency card : (n) (تجارت) اہلیت کا کارڈ ۔

Competent : (a) (۱) کافی ؛ وافی ؛ بہت ۔(۲) لائق ؛ قابل ؛ مستوں ۔(۳) جائز ؛ واجب ؛ مباح ؛ درست ؛ مناسب (عدالت) با اختیار ؛ مقتدر ؛ مجاز ؛ روا ؛ (قانون) باصلاحیت ؛ صاحب اہلیت ۔ (٤) (طبقات الارض) فشار کو برداشت کرنے کی قوت رکھنے والا طبقہ یا پرت جو اسی فشارکو دوسرے تک بغیر ٹوٹے ہوئےپہنچا سکے۔

Competent : (n) (Pl. competentes) بپتسما کا امیدوار ۔

Competent authority : (n) (تاریخ) با اختیار افسر جماعت ۔

Competently : (adv) قابلیت سے ؛ مستعدی سے ؛ جائز طور پر ۔

Competition : (n) [See COMPETE] مقابلہ امتحان یاتجارت میں ؛ رقابت ؛ مسابقت ؛ ہم چشمی ؛ ہم کاری ؛ امتحان ۔

Crop competition : (تجارت) فصلوں کا مقابلہ ۔

Cut-throat competition : =(destructive competition) (تجارت) جان لیوا مقابلہ ۔

Fair competition : (تجارت) مناسب مقابلہ ۔

Free competition : (تجارت) آزاد مقابلہ ۔

Horizontal competition : (تجارت) افقی مقابلہ ۔

Imperfect competition : (تجارت) نا مکمل مقابلہ ۔

Impure competition : (تجارت) غیر خالص مقابلہ ۔

Monopolistic competition : (تجارت) اجارہ داری کا مقابلہ ۔

Perfect competition : (تجارت) مکمل مقابلہ ۔

Potential competition : (تجارت) امکانی مقابلہ ۔

Pure competition : (تجارت) خالص مقابلہ ۔

Simple competition : (تجارت) سادہ مقابلہ ۔

Unfair competition : (تجارت) نا مناسب مقابلہ ۔

Workable competition : (تجارت) قابل عمل مقابلہ ۔

Competition-walla : (a) مقابلہ والا ۔

Competitioner : (n) مقابلہ کرنے والا ؛ رقابت کرنے والا ؛ مقابلہ کے ذریعہ ملازمت میں داخل ہونے والا ۔

Competitive : مقابلہ کا ؛ برابری کا ؛ بہم آزما ۔

Competitive bidding : (n) (تجارت) تقابلی بل لگانا ۔

Competitive demand : (n) (تجارت) تقابلی مانگ ۔

Competitive equilibrium : (n) (تجارت) تقابلی توازن ۔

Competitive firm : (n) (تجارت) تقابلی کارخانہ ۔

Competitive goods : (n) (تجارت) تقابلی اشیاء ۔

Competitive industry : (n) (تجارت) تقابلی صنعت ۔

Competitive investment : (n) (تجارت) تقابلی اصل کاری ۔

Competitive point : (n) (تجارت) تقابلی نقطہ ۔

Competitive rate : (n) (تجارت) شرح مقابلہ ؛ تقابلی شرح ۔

Competitive socialism : (n) (تجارت) تقابل کا سماج واد ۔

Competitive supply : (n) (تجارت) تقابلی رسد ۔

Competitive traffic : (n) (تجارت) تقابلی آمدو رفت ۔

Competitively : (adv) مقابلہ سے ؛ مقابلہ کے لحاظ سے ۔

Competitiveness : (n) (تجارت) مقابلہ بازی۔

Competitiveness indices : (n) (تجارت) تقابلی اشارے ۔

Competitor : (n) مقابلہ کرنے والا ؛ مد مقابل ؛ حریف ؛ رقیب ؛ ہم چشم ۔

Competitorship : (n) مقابلہ ۔

Competitory : (a) (۱) رقیبانہ ؛ حریفانہ ۔(۲) مقابلہ یا مد مقابل سے متعلق ۔

Competitresss : (n) مقابلہ کرنے والی ؛ عورت مد مقابل ؛ خاتون رقیب ۔

Compilation : (n) [L."compilationem"] (۱) تالیف ؛ ترتیب ؛ تدوین ۔(۲) اقتباسات یا مجموعۂ اقتباسات ۔

Compilator : (n) مؤلف ؛ مرتب ؛ مدون ۔

Compilatory : (a) تالیف یا مولف سے متعلق ۔

Compile : (v) [L."compilare"] (۱) تالیف کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ تدوین کرنا (کتاب کی) ۔(۲) (کرکٹ کے عامیانہ محاورے میں) دیر تک کھیلنا ؛ رن بڑھانا ؛ دوڑ بڑھانا ۔(۳) جمع کرنا ۔

Compiler : (n) دیکھو Compilator

Compital : (a) [L."compitalis"] قدیم رومن چوراھے سے متعلق ۔

Complacence : (n) [med. L."complacentia"] خوشنودی ؛ دل جمعی ۔

Complacency : (n) اطمینان ؛ دل جمعی ؛ آسودہ خاطری ۔

Complacent : (a) آسودہ خاطر ؛ مطمئن ؛ دل جمع ؛ خوش خلق ۔

Complacently : (adv) آسودہ خاطری سے ؛ اطمینان سے ؛ دل جمعی سے ۔

Complain : (v) [L."complangere"] شکوہ کرنا ؛ شکایت (مرض) بیان کرنا ؛ شکایت کرنا (اعلیٰ حکام کی خدمت میں) ۔(شاعرانہ محاورے میں) آہ و زاری کرنا ؛ نالہ و فریاد کرنا ؛ فریاد کرنا ؛ گلہ کرنا ؛ متہم کرنا ؛ اعلان جرم کرنا ؛ استغاثہ دائر کرنا ؛ مریض ہونا ؛ اظہار ناراضگی کرنا ؛ صدائے احتجاج بلند کرنا ؛ (گاڑی کے پہیئے ، لدے ہوئے بوجھ کی وجہ سے) غرغرانے کی آواز پیدا ہونا ؛ کراھنا ؛ کراہ کراہ کر کہنا ۔

Complainable : (a) قابل شکایت ۔

Complainant : (n) گلہ گزار ؛ شاکی ؛ داد خواہ ؛ مدعی ؛ عارض ؛ مستغیث ۔

Complainer : (n) شکایت کرنے والا ؛ (قانون) مدعی ۔

Complainingly : (adv) شکایتاً ۔

Complainingness : (n) نا آسودگی ؛ ناراضگی ؛ شکایت ۔

Complaint : (n) (۱) شکوہ شکایت ؛ آہ و زاری ؛ نالہ و فریاد ۔(۲) (عدالت) ؛ نالش ؛ عرضی دعویٰ ؛ فریاد ؛ استغاثہ ؛ داد خواھی ۔(۳) مرض ؛ بیماری ؛ دُکھ روگ ؛ علت ؛ عارضہ ؛ ناخوشی ۔(٤) (قدیم) ایک قسم کی نظر جس میں معشوق کی بیوفائی یا دائمی مصیبت کا اظہار ہو ۔

Complaint handing : (n) (تجارت) شکایتوں پر کاروائی ۔

Complaisance : (n) [See COMPLACENCE] خلق ؛ اخلاق ؛ مروت ؛ نرمی ؛ تہذیب ؛ فروتنی ؛ خوش خوئی ؛ مہربانی ؛ حاضر خدمتی ۔

Complaisant : (a) [L."complacere"] با مروت ؛ خوش خلق ؛ حاضر خدمت ؛ فروتن ؛ خوش خو ۔

Complaisantly : (adv) خوش خلقی سے ؛ مروت سے ؛ فروتنی سے ۔

Complect : (v) [L."complecti"] گوندھنا ؛ مربوط کردینا ؛ وصل کرنا ۔

Complected : (a) وصل کیا ہوا ؛ مربوط کیا ہوا ؛ گوندھا ہوا ۔

Complected : (n) پر معنی ؛ خاص پہلو لئے ہوئے ؛ پہلو دار ۔

Complement : (a) [L."complementum"] (۱) تکملہ ۔(۲) (نحو) خبر تا تکملہ خبریہ ۔(۳) (ریاضی) تتمہ ؛ وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ کی تکمیل کرتے ہیں ؛ زاویہ تکملہ ؛ زاویہ مکملہ ۔(٤) (جہاز) جہاز کی پوری تعداد (افسروں اورملاحوں کی) ۔(٥) چاند کی تکمیل (نشان نقابت) ۔(٦) مراسم و آداب ۔(۷) مکمل ۔

Complement of an arc / angle : وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ کی تکمیل کرتے ہیں ۔

Complement of an interval : (موسیقی) ایک مثبت مصرعی قطعہ کو مکمل کرنےکا وقفہ ۔

Complementation : (n) (لسانیات) تکمیل ؛ خبریہ ۔

Complementation multiple : (n) (لسانیات) مرکب تکمیل ؛ مرکب خبریہ ۔

Complete : (a) [l."completus"] پورا ؛ مکمل ؛ ثابت ؛ سالم ؛ کامل (کسی کام میں) ؛ قطعی ؛ بالکل ؛ تمام ؛ (متروک) ماہر فن ؛ اختتام یافتہ ؛ انجام رسیدہ ؛ غیرناقص ؛ متوازن (غذا) ۔

Complete : (v) پورا کرنا ؛ تمام کرنا ؛ ختم کرنا ؛ (کام کا) مکمل کرنا ؛ انجام دینا ۔

Complete association : (n) (کیمیا) مکمل میل ؛ (ریاضی) کامل تلازم ۔

Complete correlation matrix : (شماریات) کامل ہم رشتہ آراستی ۔

Completed audit : (n) =(Final audit) (تجارت) کامل آڈٹ ؛ اختتامی آڈٹ ۔

Completed business : (n) (تجارت) تکمیل شدہ بیمہ ۔

Complete flower : (n) پورا پھول ؛ جس کے تمام عناصر و اعضاء موجود ہوں ۔

Complete integral : (n) (ریاضی) کامل تکملہ ۔

Completely : (adv) پورے طورپر ؛ کامل طورسے ؛ کاملاً ۔

Completely randomised design : (شماریات) مکمل اتفاقی ڈیزائن ۔

Complete predicate : (n) (لسانیات) مکمل سند ؛ سند تمام ۔

Complete primitive : (n) (ریاضی) کامل ابتدائیہ ۔

Complete quardangle : (n) (ریاضی) کامل چار زاوی ۔

Complete quardilatrel : (n) (ریاضی) کامل چار ضلعی ۔

Complete quotient : (n) (ریاضی) کامل خارج قسمت ۔

Complete sentence : (n) (لسانیات) جملہ تام ۔

Complete verb : (n) (لسانیات) فعل تام ۔

Completeness : (n) تکمیل ؛ اختتام ؛ اتمام ۔

Complements of a parallelogram : شکل متوازی الاضلاع کے تکملے ۔

The complement of a ship : جہاز کا پورا عملہ ۔

Complement : (v) تکملہ کرنا ؛ مکمل کرنا ۔

Complemental : (a) تکمیلی ؛ بھرتی کا ؛ پورا کرنے والا ؛ رسمی ۔

Complemental air : (n) سو مربع انچ ہوا جو معمولی تنفس کے بعد اضافہ کی جائے ۔

Complemental male : (n) (حیوانیات) طفیلی نر ۔

Complementally : (adv) تکملہ کرتے ہوئے ؛ کاملاً ۔

Complementarity : (n) (تجارت) امدادیت ؛ معاونت ۔

Complementary : (a) مکمل کرنے والا ؛ پورا کرنے والا ؛ متمم ؛ زائد ؛ امدادی ؛ (ریاضی) تمامی ۔

Complementary addition : (n) (طبیعیات) پورک جمع ؛ متمم جمع ۔

Complementary angles : (n) تکملہ زاویے ؛ (کیمیا و طبیعیات) پورک زاویے ؛ (ریاضی) تمامی زاویے ۔

Complementary chromaticity : (n) (کیمیا) امدادی استعداد رنگ ۔

Complementary colour : (n) (کیمیا) امدادی رنگ ؛ وہ رنگ جو آپس میں مخلوط کرنے سے سفید رنگ بن جاتا ھے ۔

Complementary demand : (n) (تجارت) تکمیلی مانگ ۔

Complementary distribution : (n) (لسانیات) تکمیلی تقسیم

Complementary factor : (n) (طبیعیات) پورک جز ؛ (تجارت) تکمیلی عوامل ۔

Complementary function : (n) (طبیعیات) پورک فنکشن ۔

Complementary goods : (n) (تجارت) تکمیلی اشیاء ۔

Complementary job : (n) (تجارت) تکمیلی کام ۔

Complementary monopoly : (n) (تجارت) معاون اجارہ داری ۔

Completer : (n) پورا کرنے والا ؛ کامل بنانے والا ؛ انجام دینے والا ۔

Completion : (n) [L."completionem"] تکمیل ؛ اتمام ؛ انجام ۔

Completive : (a) تکمیلی ؛ اتمامی ۔

Completive aspect : (n) (لسانیات) تکمیلی کیفیت ۔

Completive interjection : (n) (لسانیات) تکمیلی فجائیہ ۔

Completory : (a) =(compline) کامل کرنے والا ؛ مکمل بنانے والا ۔ (کلیسائی) رات کی عبادت ؛ سونے سے پہلے کی عبادت ۔

Complex : (n) [L."complexus"] پیچیدہ بات ؛ الجھا ہوا معاملہ ؛ (نفسیات) ایک دماغی غیر معمولی کیفیت جو رجحانات کو جبلتوں کے دبانے سے پیدا ہو جاتی ہے ؛ دماغی وہم ؛ ذہنی الجھن ؛ باہم تعلق رکھنے والی چیزوں کا مجموعہ ؛ (کیمیا) مخلوط ؛ ملا ہوا ۔

Culture complex : (سماجیات) تہذیبی کل ۔

Electra complex : (نفسیات و تعلیمات) الیکٹرائی گرہ ؛ بیٹی کی باپ سے اتنی غیر معمولی محبت کہ وہ ماں کو رقیب سمجھتی ہے ۔

Father complex : (نفسیات و تعلیمات) گرہ پدری ۔

Infantile complex : (نفسیات و تعلیمات) گرہ طفلی ؛ جوان یا پختہ عمر ہو کر بھی اپنے کو بچہ سمجھنا ؛ بچوں کی سی حرکتیں کرنا ۔

Inferiority complex : گرہ کمتری ؛ احساس کمتری ۔

Jehovah complex : (نفسیات و تعلیمات) یہوا گرہ ۔

Mother complex : (نفسیات و تعلیمات) گرہ مادری ؛ (نفسیات) مادری خلط ۔

Oedipus complex : (نفسیات و تعلیمات) اڈیپس گرہ ؛ بیٹے کی ماں سے اتنی غیر معمولی محبت کہ وہ باپ کو اپنا رقیب سمجھتا ہے ؛ احساس برتری ۔

Complex : (a) (نحو) جملہ مرکب ؛ ایک سے زیادہ حصوں سے بنا ہوا ؛ مرکب ؛ پیچیدہ الجھا ہوا ؛ پیچ در پیچ ؛ مختلف الاجزا ؛ (نفسیات) خلط ۔

Complex constant : (n) (ریاضی) ملتف مستقل ۔

Complex data : (n) (طبیعیات) ملتف ڈاٹا ؛ مخلوط ڈاٹا ۔

Complex fact : (n) مخلوط حقیقی ؛ (فلسفہ) امر پیچیدہ ؛ پیچیدہ بات ۔

Complex form : (n) (لسانیات) مخلوط روپ ؛ پیچیدہ روپ ۔

Complex frequency : (n) (طبیعیات) مخلوط تعدد ۔

Complex function : (n) (طبیعیات) مخلوط تفاعل ؛ ملتف تفاعل ۔

Complex geometry : (n) (طبیعیات) مخلوط ہندسہ ؛ ملتف جیومیٹری ۔

Complex group : (n) (ریاضی) ملتف گروپ ۔

Complex impedance : (n) (طبیعیات) مخلوط مقاومت ۔

Complex ion : (n) (طبیعیات) مخلوط لجلیہ ۔

Complexion : (n) [L."complexionem"] : قدرتی رنگ (چہرے کا) ؛ چہرہ بشرہٗ ؛ قیافہ ؛ (استعارتاً) پہلو ؛ معنی ؛ طبیعت ؛ مزاج ۔

Complexion : (v) رنگ دینا ؛ قیافہ کرنا ۔

Complexional : (a) جلد کے رنگ سے متعلق ۔

Complexionally : (adv) جلد کے رنگ کے اعتبار سے ۔

Complexioned : (a) پر معنی ؛ خاص پہلو لئے ہوئے ؛ پہلو دار ؛ ایک خاص قسم کے رنگ روپ کا چہرہ ؛ اچھی صورت والا ۔

Complexionless : (a) بے رنگ ؛ سادہ ؛ زرد ؛ بے پہلو کا ۔

Complexity : (n) پیچیدگی ؛ الجھاوا ۔

Complexly : (adv) پیچیدگی سے ؛ الجھاوے سے ۔

Complex mixed relation language : (لسانیات) مخلوط مرکب موصولی زبان ۔

Complex molecule : (n) (طبیعیات) مخلوط سالمہ ؛ (کیمیا) کامپلیکس مالیکول ۔

Complex number : (n) (طبیعیات) مخلوط عدد ۔

Complex paradigm : (n) (لسانیات) مخلوط نقشه (اسم و افعال کی گردان کا) ۔

Complex peak : (n) (لسانیات) پیچیده منتہا ؛ مخلوط چوٹی ۔

Complex phoneme : (n) (لسانیات) مخلوط صوتیه ۔

Complex pure relation language : (لسانیات) پیچیده خالص موصولی زبان ۔

Complex quantity : (n) (ریاضی) ملتف مقدار ۔

Complex roots : (n) (ریاضی) ملتف ریشے ۔

Complex salt : (n) (کیمیا) کامپلیکس سالٹ ؛ مرکب نمك ۔

Complex sentence : (n) (لسانیات) مخلوط جمله ؛ پیچیده جمله ۔

Complex transcription : (n) (لسانیات) مخلوط نقل خطی ؛ پیچیده تحریر ۔

Complex unit : (n) (شماریات) مرکبی واحده (یونٹ) ۔

Complex variable : (n) (ریاضی) ملتف متغیر ۔

Complex word : (n) (لسانیات) پیچیده لفظ ؛ مخلوط لفظ ۔

Complex zeeman effect : (n) (طبیعیات) مخلوط زیمین اثر ؛ (کیمیا) پیچیده زیمین اثر ۔

Complexness : (n) پیچیدگی ؛ الجھاوا ؛ ترکیب ۔

Complexus : (n) [L."com+plexus"] پیچیده ؛ پیچ در پیچ ۔

Compliable : (n) [See COMPLY] مطیع ؛ فرماں بردار ؛ حکم کی تعمیل کرنے والا ؛ موافقت پذیر ؛ قبول کرنے والا ؛ موافق ۔

Compliance : (n) بجاآوری ؛ (کسی کے حکم یا خواهش کی) اطاعت ۔

Compliancy : (n) (غلامانه) اطاعت ؛ عملی منظوری ؛ موافقت ۔

Compliancy : (n) =(COMPLIANCE) مطیع ؛ فرماں بردار ؛ تعمیل حکم کرنے والا ؛ خوش خلق ؛ با مروت ۔

Complicacy : (n) [L."complicatus"] پیچیدگی ؛ الجھاؤ ؛ الجھاوا ؛ مرکب اور پیچیده ساخت ۔

Complicate : (a) [L."complicatus"] الجھا ھوا ؛ پیچیده ۔

Complicate : (v) [L."complicare"] پیچیده کر دینا ؛ الجھانا ؛ پھنسانا ؛ ملانا ؛ مخلوط کرنا (چیزوں کا) ۔

Complicated : (a) الجھاھوا ؛ پیچیده ؛ مخلوط ۔

Complicated reaction : (n) مخلوط رد عمل ۔

Complicatedly : (adv) پیچیدگی سے ؛ الجھاؤ سے ۔

Complicateness : (n) پیچیدگی ؛ الجھاوا ۔

Complication : (n) پیچ ؛ پھنساؤ ؛ پھندا ؛ الجھاؤ (معامله کا) ؛ اشکال ؛ دقت ۔

Complice : (n) [L."complex","-plicem"] دیکھو accomplice

Complicity : (n) [See prec.]=(complexity) ساز باز ؛ سازش ؛ شرکت ؛ (کسی برے کام میں) ساتھی ؛ ساجھی یا حصه دار ھونا ۔

Complier : (n) قبول کرنے والا ؛ موافقت کرنے والا ؛ حکم بجا لانے والا ۔

Compliment : (n) [It."complimento"] (۱) آداب ؛ تسلیم ؛ کورنش ؛ بندگی ؛ سلام ۔ (۲) تحسین ؛ آفرین ؛ داد ؛ تعریف ؛ ستائش ۔ (۳) خاطر ؛ تواضع ۔ (٤) (جمع میں) سلام ۔ (٥) (متروك) تحفه تحائف ؛ صله ؛ انعام ؛ بخشش ۔

Compliment : (v) (۱) تعریف کرنا ؛ داد دینا ؛ ستائش کرنا ؛ تحسین و آفرین کہنا ۔ (۲) خاطر تواضع کرنا ؛ تحفه تحائف دینا (متروك) ؛ انعام دینا ؛ صله دینا ۔ (۳) خوشامد کرنا (تعریف کرکے) ؛ مبارکباد دینا ۔

Complimental : (a) ستائش کے طور پر ۔

Complimentally : (adv) ستائش کے طور پر ۔

Complimentary : (a) اظہار ستائش کے طور پر ؛ تعارفی ۔

Compline / Complin : (n) [L."completa"] رات کی عبادت ؛ سونے سے پہلے کی عبادت (عموماً کیتھولك فرقے کی) ؛ رات کی عبادت کا وقت ۔

Complot : (n) [of uncertain origin] سازش ؛ ساز باز ۔

Complot : (v) سازش کرنا ؛ ساز باز کرنا ۔

Complotter : (n) سازش کا شریک ؛ سازباز کرنے والا ۔

Complutension : (a) [L."complutensis"] اسپین کے شہر کمپلوتم کا باشندہ یا وہاں سے تعلق رکھنے والا ۔

Compluvium : (n) [L.] (روم قدیم) وہ مربع سوراخ جو قدیم روم کے گھروں کی چھت میں ہوتا تھا اور جس کے ذریعہ بارش کا پانی جمع ہو کر حوض میں گرتا تھا ۔

Comply : (v) [L."complere"] موافقت کرنا ؛ خوش اخلاقی سے آداب بجا لانا ؛ حکم بجا لانا ؛ تعمیل حکم کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ ماننا ؛ قبول کرنا ۔

To comply with : کسی کی خواہش یا فرمائش کو انجام دینا ۔

Compo : [Short for "composition","composite"] چونے یا گچ کا پلستر ؛ صندلہ ؛ تراضی طرفین ادائے قرض کے معاملہ میں ۔

Compone / Compony : (a) [OF. "componne"] (نشان نقاب) دو متبادل رنگوں کے مربعات کے سلسلوں سے بنا ہوا ۔

Component : (n) [L"componentem"] ترکیبی جزء ؛ مشتمل حصہ ؛ ترکیبی عنصر ۔

Active component : (طبیعیات) عامل جُزء ۔

Electromagnetic component : (طبیعیات) الکٹرو میگنیٹی جُزء ۔

Variance component : (شماریات) حصص اختلاف ۔

Component displacement : (n) (ریاضی) جزء ہٹاؤ ؛ نقل مکان ۔

Component equation : (n) (ریاضی) جزء مساوات ۔

Component of velocity : (لسانیات) رفتار کا جزء ۔

Componential analysis : (n) (لسانیات) حصہ داری تحلیل ؛ جزیاتی جزیہ ۔

Comport : (v) [L."comportare" and F."comporter"] چلن یا طریقہ اختیار کرنا (اپنی ذات کے متعلق) ؛ روش ؛ اخلاق ؛ رفتار ۔

To comport with : مناسب ہونا ؛ موافق ہونا ؛ زیب دینا ؛ شایاں ہونا ؛ متحمل ہونا ؛ برداشت کرنا ۔

Comport : (n) میوہ خوری کا برتن ؛ ظرف میوہ خوری ۔

Comportment : (n) روش ؛ رفتار وکردار ؛ چلن ۔

Compose : (v) [F."composer"] (۱) ترکیب دینا ؛ سنوارنا ؛ بنانا ؛ ترتیب دینا ؛ تشکیل دینا ۔ (۲) (مصنف کےلئے) لکھنا ؛ تحریر کرنا ؛ تصنیف کرنا ؛ تالیف کرنا ؛ تخلیق کرنا ۔ (۳) (چھاپاخانہ) حرف جوڑنا ؛ ٹھپے کا جمانا ؛ بٹھانا (حرفوں کا موقع پر) ۔ (٤) (موسیقی) راگ بنانا یا تصنیف کرنا ۔ (۵) آرام دینا ؛ تسکین دینا ؛ داجمعی کرنا ؛ اطمینان دلانا ۔ (٦) فنی نستہ بندی میں گنجائش دینا ۔ (۷) کسی حالات سے موافق ہو جانا ۔

To compose one's countenence : موقع اور ضرورت کے لحاظ سے منہ (چہرہ) بنا لینا ؛ سنور بیٹھنا ؛ سنبھل بیٹھنا ۔

To compose oneself to write : لکھنے کےلئے تیار ہونا ۔

Composed : (a) خاطر جمع ؛ ساکت ؛ مطمئن ؛ مرکب ؛ حرف جمایا ہوا ؛ تصنیف یا تخلیق کیا ہوا ۔

Composedly : (adv) اطمینان کے ساتھ ؛ خاطر جمع ہو کر ؛ دل جمعی سے ۔

Composedness : (n) اطمینان ؛ سکون ؛ دل جمعی ۔

Composer : (n) مصنف ؛ شاعر (موسیقی) نغمہ ساز ؛ نغمہ نگار ؛ نغمہ گر ؛ راگوں کا موجد ؛ آہنگ ساز؛ تسکین دینے والا ؛ اطمینان دینے والا ۔

Composing : (n) (طباعت) حرف جمانے یا جوڑنے کا کام ؛ فعل Compose کے معنی مصدری، ترکیب، تصنیف ؛ حروف چینی ۔

Composing frame : (n) وہ چوکھٹا جس کے سامنے حرف جوڑنے والا کھڑا ہوتا ھے ۔

Composing machine : (n) حرف جوڑنے یا جمانے کی کل ؛ ٹھپے جوڑ (کل) ۔

Composing rule : (n) پیتل یا لوہے کا وہ رول جس کے سامنے حروف جمانے کی پٹری رکھی جاتی ھے ۔

Composing stand : (n) وہ چوکھٹا جس کے سامنے کھڑا ہوکر حروف جوڑنے والا کھڑا ہوتا ھے ۔

Composing stick : (n) حرف جمانے (جوڑنے) کی پٹری ؛ ٹھپے جوڑ پٹری ۔

Composite : (n) [L."compositus","componere"] (۱) (نباتیات) پھول کی قسم ؛ مرکب پھول ۔ (۲) جہاز جو لکڑی اور لوہے دونوں سے بنا ہو ۔ (۳) (تعمیر) آیونی اور کورینتھی طرز تعمیر کا مخلوط ۔

Composite : (a) (۱) مرکب ؛ مخلوط ؛ ملا جلا ؛ ملا ہوا ؛ جڑا ہوا ۔ (۲) (ریاضی) ملا جلا ؛ (شماریات) من جملہ ۔

Composite arch : (n) نوک دار یا انی دار محراب ۔

Composite commodity standard : (تجارت) مخلوط اشیائی معیار ۔

Composite candle : (n) ناریل کے تیل کے ایسٹرک ایسڈ اور ایسٹرن کے مخلوط سے بنی ہوئی موم بتی ۔

Composite carriage : (n) ریل گاڑی جس میں مختلف درجوں کے ڈبے ہوں ۔

Composite culture : (n) (سماجیات) مخلوط تہذیب ۔

Composite demand : (n) (تجارت) مخلوط مانگ ؛ مرکب مانگ ۔

Composite family : (n) (سماجیات) مخلوط خاندان ۔

Composite function : (n) (ریاضی) مرکب تفاعل (فنکشن) ۔

Composite growth curve : (نفسیات و تعلیمات) مخلوط خط بالیدگی ۔

Composite hypothesis : (n) (شماریات) من جملہ آزمائشی فریضہ ۔

Composite index number : (شماریات) اشاریہ من جملہ ۔

Composite number : (n) (ریاضی) اعداد غیر مفرد ؛ مرکب عدد ۔

Composite office : (n) (تجارت) مخلوط دفتر ؛ ملا جلا دفتر ۔

Composite race : (n) (تاریخ) مرکب قوم ۔

Composite rate : (n) (تجارت) مخلوط شرح ؛ مرکب شرح ۔

Composite rent : (n) (تجارت) مخلوط لگان ؛ مرکب لگان ۔

Composite sailing : (n) (جہاز رانی) جہاز کا دائرہ اعظم میں اور متوازی طور پر ملا کر چلنا ۔

Composite sampling scheme : (n) (طبیعیات) اسکیم انتخاب حصص نمونہ ۔

Composite states : (n) (تاریخ) مخلوط ریاستیں ۔

Composite supply : (n) (تجارت) مخلوط رسد ۔

Composite transfer : (n) (لسانیات) مخلوط بدل ؛ مخلوط منتقلی ۔

Composite transverse section : مخلوط عرضی قطع ۔

Composite unit : (n) (تجارت) مخلوط اکائی ۔

Composite vessel : (n) وہ جہاز جو لکڑی اور لوہے دونوں سے بنا ہو ۔

Composite word : (n) (لسانیات) مخلوط لفظ ؛ مرکب لفظ ۔

Compositely : (adv) مرکب ہوکر ؛ بالاشتمال ۔

Compositeness : (n) مرکّبیت ؛ شمولیت ۔

Composition : (n) [L."compositionem"] (۱) بناوٹ یا ترکیب (فقروں کی) ؛ الفاظ کی بندش ؛ مضمون نگاری ؛ انشا ۔ (۲) (موسیقی) راگوں کی ترکیب یا تحریر ؛ نغمہ سازی ؛ نغمہ گری ؛ نغمہ نگاری ؛ آہنگ سازی ۔ (۳) چھاپے کے ٹھپوں کا ترتیب سے جمانا ۔ (٤) دماغی ساخت ؛ کیفیت دماغی ؛ حالت دماغی ۔ (٥) درستی ؛ ترتیب (تصویر کے مختلف حصوں کی) ۔ (٦) مقالہ ؛ مضمون ؛ تحریر ۔ (۷) مرکب ؛ مخلوط ۔ (۸) مصالحت ؛ تصفیہ ؛ راضی نامہ ؛ تراضی طرفین (ادائے قرض کے معاملہ میں) (تجارت میں بھی یہی معنی ہے) ۔ (۹) مصنوعی مادہ یا شے (خاص کر وہ جو اصلی کے بجائے استعمال کیا جائے) ۔ (۱۰) ترکیب ؛ تشکیل ؛ ساخت ۔ (۱۱) ساز گاری ؛ توافق ؛ تطابق ۔ (۱۲) فنی انداز ؛ ہنری طریقہ ۔

Binary composition : (طبیعیات) دو خانہ ترکیب ۔

Chemical composition : (کیمیا) کیمیائی بناوٹ ۔

Fallacy of composition : ایک منطقی مغالطہ جس میں اجزا کو درست مان کر کل کو درست مان لیتے ہیں ۔

Composition cloth : (n) ترپال جو ٹرک کو چھپانے کے لیۓ استعمال ہو ۔

Composition deed : (n) راضی نامہ ؛ تصفیہ نامہ ۔

Composition face : (n) توام بلور کے درمیان کا مشترک قاعدہ یا سطح ۔

Composition metal : (n) تانبہ جستہ سے مخلوط دھات جو جہاز کی غلافی پتر بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Composition of couples : (ریاضی) جفتوں کی ترکیب ۔

Composition of creditors : (n) (تجارت) قرض خواہوں کی درجہ بندی ۔

Composition of forces : (ریاضی) قوتوں کی ترکیب ؛ دو یا دو سے زیادہ قوتوں کو متحد کرنا جس کا اثر یکساں ہو جائے ؛ ایک ایسی قوت معلوم کرنا جس کا اثر دو یا دو سے زیادہ قوتوں کے اثر کے برابر ہو ۔

Composition of trade : (تجارت) تجارت کی تنظیم ۔

Composition pedal : (n) آرگن باجا کا وہ پردہ جو پاؤں سے بجایا جاتا ہے ؛ پیر کا بیرم جو سروں کو اٹھانے یا مدھم کرنے کے کام آتا ہے ۔

Composition plane : (n) دیکھو Composition face

Compositive : (a) پیوست کرنے والا ؛ ملانے یا جوڑنےوالا ۔

Compositor : (n) چھاپے کے حروف (ٹھپے) جمانے والا ؛ کمپوزیٹر ؛ حروف چین ۔

Compositorial : (a) حروف چین سے متعلق ۔

Compositous : (a) مرکب پھول ۔

Composmentis : (a) [L.] صحیح العقل ؛ باہوش ۔

Non - composmentis : فاتر العقل ۔

Compossible : (a) جو دوسروں کے ساتھ رہ سکے ؛ ہم وجود ؛ (نفسیات) ہم امکان ۔

Compost : (n) [L."compositum"] مرکب ؛ مرکب کھاد ؛ مخلوط شے ؛ مجموعہ ۔

Compost : (n) [L."computus"] ازمنہ وسطی کے ستارہ شناسی اور تقویمی حساب کے جدول ؛ ایک قسم کا قدیمی (ازمنہ وسطی کا) جدول جو نجومی واقعات اورتقویمی تاریخوں کا حساب نکالنے کے لئے استعمال ہوتا تھا ۔

Compost : (v) [OF."composter"] مرکب کھاد بنانا یا اس سے کام لینا ۔

Composure : (n) [From "compose"] اطمینان ؛ سکون ؛ دلجمعی ؛ آسودگی ؛ متانت ؛ نفس پر تسلط ۔

Compotation : (n) [L."comptionem"] ہم مشربی ؛ ہم پیالگی ۔

Compotator : (n) ہم مشرب ؛ ہم پیالہ و ہم نوالہ ۔

Compotatory : (a) ہم پیالہ ؛ ہم مشرب ۔

Compote : (n) [F.] (۱) تازہ مربّہ (پھلوں کا) ؛ پھل جو شیرے میں رکھ کر محفوظ کئے گئے ہوں ۔ (۲) خوش ذائقہ خوراک جو کبوتر یا بٹیر اور چنا ملا کر پکایا گیا ہو ۔ (۳) پھل رکھنے کا شیشے یا چینی کا پیالہ نما برتن ۔

Compotier : (n) دیکھو Compot

Compound : (v) [L."componere"] (۱) ملانا ؛ شیر و شکر کرنا ؛ آمیز کرنا ۔ (۲) ترکیب دینا ؛ مرکب تیار کرنا ۔ (۳) طرفین کی رضامندی سے معاملہ طے کرنا ؛ جزوی یا کلی طور پر تصفیہ کرنا ؛ قرضہ معاف کردینا ؛ درگذر کرنا ۔ (٤) تشکیل دینا ۔ (٥) مصالحت کرنا ؛ (قرض یا کسی ذمہ داری کا کوئی رقم رضامندی سے ادا کرکے) ؛ باہم رعایت کے اصول پر مصالحت کرنا ۔ (٦) قرض خواہ کو جزوا قرض ادا کرنا ؛ پورے دعوے کے بدلے تراضی نامہ قبول کرنا ۔ (۷) قانونی کاروائی کے عوض مصالحت کے شرائط قبول کرنا ۔

To compound a felony : ذاتی مصالح سے مجرم کو چھوڑ دینا ؛ قصور کے متعلق (کسی شخص سے) شرائط طے کرنا ۔

To compound an information : (قانون) دعوے سے درگذر کرنا ؛ نالش کے معاملے میں تصفیہ کرنا ۔

Compound : (a) مرکب ؛ مخلوط ؛ آمیختہ ؛ مخلوط ۔

Compound : (n) [Malay."kampong"] احاطہ (ھندوستان و چین میں) ؛ محوطہ (جس کے بیچ میں مکان یا کارخانہ واقع ھو) ۔

Compound : (n) مرکب ؛ جسم مرکب ؛ لفظ مرکب ۔

Appositional compound : (لسانیات) مرکب عطفی ۔

Asyntatic compound : (لسانیات) مرکب غیرنحوی ۔

Athematic compound : (لسانیات) مرکب موضوعی ۔

Attributive compound : (لسانیات) توصیفی مرکب ۔

Copulative compound : (لسانیات) اصلی مرکب ۔

Determinative compound : (لسانیات) مرکب توصیفی ؛ تعینی مرکب ۔

Fused compound : (لسانیات) بے قاعدہ مرکب ۔

Improper compound : (لسانیات) مرکب تاکیدی ۔

Intensive compound : (لسانیات) تکراری مرکب ؛ مرکب اعادی ۔

Interative compound : (لسانیات) مرکب امتزاجی ۔

Juxtaposed compound : (لسانیات) ترکیبی مرکب ؛ فقروی مرکب ۔

Phrasal compound : (لسانیات) فقروی مرکب ۔

Possessive compound : (لسانیات) اضافی مرکب ؛ مرکب تحلیلی ۔

Syntactic compound : (لسانیات) مرکب نحوی ۔

Synthetic compound : (لسانیات) مرکب تصریفی ؛ غیر تحریری مرکب ۔

Tautological compound : (لسانیات) تکرار معنی مرکب ؛ مرکب الفاظ هم معنی ۔

Thematic compound : (لسانیات) مرکب موضوعی ؛ مرکب ترجیعی ۔

Compound addition : (n) جمع مرکب ۔

Compound division : (n) (ریاضی) تقسیم مرکب ۔

Compound duty : (n) =(compound tariff) (تجارت) مرکب محصول ۔

Compound fraction : (n) هڈی کا اس طرح ٹوٹنا که گوشت اور کھال تك میں زخم هو جائے ۔

Compound frequency distribution : (شماریات) مرکب تعددی بٹاؤ ۔

Compound flexion : (n) (لسانیات) مرکبی گردان –

Compound friction : (n) (ریاضی) فرك مرکب ۔

Compound function : (n) (طبیعیات) مرکب تفاعل (فنکشن) ۔

Compound householder : (n) کرایه دار جس کے ذمے کے محاصل بلدیه وغیرہ کرایه میں شامل هوتے هیں جنکو مالك مکان ادا کرتا هے ۔

Compound interest : (n) (تجارت) سود مرکب ؛ سود در سود ؛ (نباتیات و حیوانیات) مرکب الاعضاء ۔

Compound interest method of depriciation : (تجارت) سود مرکب نکالنے کا طریقه ۔

Compound interval : (n) (موسیقی) وہ وقفه جو ایك خاص سر سے زیادہ هو ۔

Compound lense : (n) (طبیعیات) مرکب عدسه ۔

Compound lever : (n) (طبیعیات) مرکب لیور ۔

Compound microscope : (n) وہ خرد بین جس میں دو عدسے استعمال هوں ؛ (کیمیا) مرکب خردبین ۔

Compound motion : (n) وہ حرکت جو دو ایسی قوتوں کے ذریعے پیدا هو جو ایك هی جسم پر ایك هی وقت میں دو مخالف سمتوں میں عمل کریں ۔

Compound number : (n) (طبیعیات) مرکب عدد ۔

Compound pendulum : (n) (طبیعیات) مرکب رقاص ۔

Compound phoneme : (n) (لسانیات) مرکب صوتیه ۔

Compound predicate : (n) (لسانیات) مرکب مسند ؛ مرکب خبر ۔

Compound probability : (n) (ریاضی) مرکب احتمال ۔

Compound proportion : (n) (ریاضی) مرکب تناسب ۔

Compound ratio : (n) (طبیعیات) مرکب نسبت ۔

Compound reversionary bonus : (n) (تجارت) مرکب قابل واپسی بونس ۔

Compound sentence : (n) (لسانیات) مرکب جملہ ۔

Compound statement : (n) مرکب بیان ؛ مخلوط اظہار ۔

Compound substraction : (n) تفریق مرکب ۔

Compound tariff : (n) (تجارت) مرکب محصول ۔

Compound tense : (n) (لسانیات) مرکب زمانہ ۔

Compound time : (n) (موسیقی) تین تال ۔

Compound translation : (n) (لسانیات) مرکب ترجمہ ۔

Compound verb : (n) (لسانیات) مرکب فعل ۔

Compound word (n) (لسانیات) مرکب لفظ ۔

Compoundable : (a) مرکب ہونے کے لائق ؛ قابل آمیزش ؛ قابل مصالحت ؛ لائق معافی ۔

Compounded velocity : (n) (ریاضی) مرکب رفتار ۔

Compounder : (n) ملانے والا ؛ مرکب کرنے والا ؛ کمپاؤنڈر ؛ آمیزش کرنے والا ؛ مصالحت کرنے والا ؛ معافی دینے والا ؛ (تاریخ) انگلستان کے بادشاہ جیمس دوم کو شرائط کے ساتھ پھر تخت نشین کرنے کا خواست گار ۔

Compounding of velocities : (ریاضی) رفتاروں کی ترکیب ۔

Comprador : (n) [late L."comaratorem"] (چین میں) یورپین تاجر کا دیسی منتظم یا منیب ۔

Comprecation : (n) [L."comprecationem"] اجتماعی دعا ؛ اجتماعی عبادت یا جماعت ۔

Comprehend : (v) [L."comprehendere".] (۱) ادراک کرنا ؛ سمجھنا ؛ ذہن یا تصور میں لانا (شے یا شخص کو) ۔ (۲) شامل کرنا ؛ داخل کرنا ؛ اندر لینا ۔

Comprehendingly : (adv) ادراک کر کے ؛ داخل کر کے ؛ شامل کر کے ؛ تصور کر کے ؛ سمجھ کر ۔

Comprehensibility : (a) ادراک پذیری ۔

Comprehensible : (a) قابل دریافت ؛ ادراک پذیر ؛ قابل فہم ؛ قابل شمول ۔

Comprehensibleness : (n) ادراک پذیری ۔

Comprehensibly : (adv) ادراک پذیری سے ۔

Comprehension : (n) [L."comprehensionem"] فہم ؛ ادراک ؛ وہ دماغی قوت جس سے کوئی چیز سمجھ میں آ سکے ؛ وسیع الخیالی ؛ جامعیت ؛ دریافت ؛ قوت دریافت ؛ اشتملا ؛ (منطق) مجموعی صفات جو کسی شے کے تصور میں شامل ہوں ؛ وہ کل صفات جو ایک اصطلاح کلی کی تعریف کے لئے استعمال ہوں ؛ اشارہ ضمنی ؛ خلاصہ ؛ مختصر ؛ مجاز مرسل ۔

Compoundness : (n) مصالحت ؛ معافی ؛ آمیزش ۔

Comprehensive : (a) مدرکہ ؛ (قوت) جامع ؛ وسیع ؛ محیط ؛ بسیط ؛ (منطق) متمرکز (ایک نقطے پر) ۔

Comprehensive automobile insurance : (تجارت) موٹر کار جامع بیمہ ۔

Comprehensive coverage : (n) (تجارت) جامع بیمہ ؛ وسیع بیمہ ۔

Comprehensive view : (n) (تعلیمات) جامع تصور ۔

Comprehensively : (adv) احاطہ کرکے ؛ جامعیت کے ساتھ ۔

Comprehensiveness : (n) جامعیت ؛ وسعت ۔

Compress : (v) [L. "compressare"] (۱) دبانا ؛ بھینچنا (ہوا وغیرہ) ۔ (۲) اختصار یا ایجاز کرنا (تحریر خیالات وغیرہ) ۔ (۳) (سرجری) دباکر بند کرنا ۔ (٤) فشار دینا ؛ تمرکز ؛ ایک مرکز پر لانا ۔

Compress : (n) [L."compressa"] (۱) گدّی ؛ پٹی ؛ بندھن ؛ تر کپڑا (جو ایسی پٹی سے ڈھکا ہو جس پر پانی اثر نہ کرے اور زخم کو خراب ہونے سے بچائے) ۔ (۲) وہ مشین جو روئی کے گٹھے کو دبائے ۔ (۳) فشار ۔

Compressed : (a) دباہوا ؛ جما ہوا ؛ فشردہ ؛ مختصر کیا ہوا ؛ خلاصہ ؛ جس کے مقابل کے دو کنارے مسطح یا چپٹے ہوں ؛ (لسانیات) بھینچا ہوا ۔

Compressed air engine : (n) وہ انجن جو دبی ہوئی ہوا کے ذریعہ چلایا جائے ۔

Compressed limits : (n) (ریاضی) دبی ہوئی حد میں ۔

Compressedly : (adv) مختصر کرکے ؛ دبا کر ؛ فشار دے کر ؛ جما کر ۔

Compressibility : (n) دب جانے کی قابلیت ؛ ایجاز پذیری ؛ اختصار پذیری ؛ فشار پذیری ؛ فشردگی ؛ (طبیعیات) دابیت ۔

Compressibility coefficient : (n) (ریاضی و طبیعیات) ضریب داب پذیری ؛ دابیت شرح ۔

Compressibility factor : (کیمیا) دبنے کی صلاحیت کا جزء ؛ (ریاضی) جزء داب پذیری ۔

Compressible : (a) دبنے کے قابل ؛ فشار پذیر ؛ ایجاز پذیر ؛ اختصار پذیر ؛ (کیمیا) دبانے کی صلاحیت ؛ (طبیعیات) قابل دباؤ ۔

Compressible strain : (n) (طبیعیات) دباؤ شرح بگاڑ ؛ (ریاضی) داب پذیر بگاڑ ۔

Compressible stress : (n) (ریاضی) داب پذیر زور ۔

Compression : (n) [See COMPRESS] دباؤ ؛ بھینچاؤ ؛ داب ؛ انقباض ؛ انجماد ؛ ایجاز ؛ اختصار ؛ مغز کا دب جانا ؛ انقباض مغز ؛ دماغ ۔

Compressional : (a) دباؤ سے متعلق ؛ ایجاز و اختصار سے متعلق ۔

Compressional force : (n) (ریاضی) داب کی قوتیں ۔

Compression limit : (n) (طبیعیات) انتہا دباؤ ۔

Compression stress : (n) (طبیعیات) زور دباؤ ۔

Compressive : (a) دبانے والی (شے) ؛ فشار دینے والا ۔

Compressively : (adv) دبا کر ؛ فشار دے کر ؛ جما کر ؛ مختصر کرکے ؛ مختصراً ۔

Compressive strain : (n) (طبیعیات) دباؤ شرح بگاڑ ۔

Compressor : (n) [L.] (۱) دبانے والا ؛ منجمد کرنے والا ؛ موجز ۔ (۲) (تشریح الاعضاء) وہ عضلہ جو کسی حصہ بدن کو دباتا ہو ۔ (۳) (سرجری) لہو روک ؛ وہ آلہ جس میں پینچ کسنے سے شریانوں کا لہو بہنا موقوف ہو جاتا ہے ؛ خوردبینی (ذرہ بینی) تحقیقات میں شے کو دبانے والا آلہ ۔ (٤) (جہازرانی) وہ آہنی بیرم جو حلقہ دار رسے کو جب وہ کھلتا ہے روک لگا دیتا ہے ۔ (٥) (توپ) وہ دست گاہ جو توپ گاڑی کو ٹھیل کر اس کے چبوترے پر پہنچا دیتا ہے جب وہ توپ پیچھے کی طرف ہٹتی ہے ۔ (٦) ہوا فشار ؛ مشین جس کے ذریعہ ہوا کو دبایا جاتا ہے ۔

Compressure : (n) [L. "comprimere"] دباؤ ؛ فشار ۔

Comprisal : (n) ملخص ؛ تلخیص ؛ مختصر کرنا ؛ شامل کرنا ؛ بشمول ۔

Comprisable : (a) اشتمال پذیر ؛ احاطہ کرنے کے قابل ؛ احاطہ پذیر ۔

Comprise : (v) [L."comprendere"] شامل کرنا ؛ گھیرنا ؛ مشتمل کرنا ؛ محیط ہونا ؛ احاطہ کرنا ۔

Compromis : (n) [F.] کسی تنازعہ کو ثالثی کے لیے پیش کرنے کے واسطے اقوام کے درمیان باہمی رضامندی اور پیش کرنے کی شرائط مقرر کر دینا ۔

Compromis d 'arbitrage : (n) (تاریخ) باہمی مفاہمت ۔

Compromise : (n) [L.compromissum"] تراضی طرفین ؛ مصالحت ؛ بین بین کا تصفیہ (جس میں ہر فریق کو تھوڑا بہت دبا کر قضیہ چکایا جائے)؛ اعتدال ؛ مفاہمت ؛ ثالثی ؛ خطرہ ؛ مخاطرہ ؛ مخالف نظریوں کی باہمی مفاہمت ۔

Compromise : (v) آپس کی رضامندی سے جھگڑا چکانا ؛ معاملے کو رفع دفع کرنا ؛ راضی کر لینا ؛ مصالحت کرنا ؛ (نادانی سے) اپنے آپ کو مشتبہ کرانا ؛ اپنے آپ کو یا دوسرے کو جوکھوں یا اشتباہ میں ڈالنا ؛ خطرے میں ڈالنا ؛ غیر متعلق شخص خصوصاً دشمن پر راز ظاہر کر دینا ۔

Compromise clause : (n) (تاریخ) شق مصالحت ؛ دفع مصالحت ۔

Compromise tariff : (n) (تجارت) سمجھوتا محصول ۔

Compromiser : (n) مصالحت کرنے والا ؛ مصالحت کا حامی ۔

Compromisingly : (adv) از روئے مصالحت ۔

Compromit : (v) [L."compromitire"] دیکھو Compromise

Comprovincial : (a) هم علاقه ؛ هم صوبه ؛ (خاص کر) اپنے علاقے کا بشپ (اسقف)۔

Compsognathid / Compsognathous : (a) رینگنے والے جانوروں کی ایك جنس کی طرح ۔

Compsognathus : (n) [Gr."Kamthos"+"gnathos"] رینگنے والے جانوروں کی ایك جنس جس کے پاؤں کی انگلیاں پرندوں کے پاؤں کی انگلیوں کے مشابه هوتی هیں ۔

Compter : (n) قرض دار ۔

Comptoir : (n) [Fr.] تجارتی نمائندگی یا کارخانه (غیر ممالك میں)۔

Compton effect : (n) (کیمیا) کامپٹن اثر ۔

Compton rocoil : (n) (کیمیا) کامپٹن الٹی جست ۔

Comptonite : (n) [Earl compton] ایك معدنی شے ؛ ایك پتھر ۔

Comptroller : (n) محاسب (Controller کا غلط اعلام)۔

Comptrollership : (n) محاسب کا عهده ۔

Compulsative : (a) [L."compulsat-"] لازمی ؛ جبری ؛ اجباری ۔

Compulsatively : (adv) لازماً ؛ جبراً ؛ اجباراً ۔

Compulsatory : (a) لازمی ؛ جبری ؛ اجباری ۔

Compulsion : (n) [L."compulsionem"] جبر ؛ زبردستی ؛ دباؤ ؛ زور ؛ (نفسیات) کوئی نا معقول حرکت کرنے کی نا قابل مقاومت تحریك ۔

Compulsitor : (n) [Corrupt.F."compulsator"] (قانون اسکاچ) لازمی و جبری حکم یا کاروائی یا دستور العمل ۔

Compulsive : (a) اجباری ؛ مائل به جبر ؛ مجبور کن ۔

Compulsive settlement : (n) (تاریخ) پابند کرنے والا فیصله (تنازعات کا)۔

Compulsively : (adv) جبراً و قهراً ؛ زبرستی ؛ جبر کرکے ؛ مجبوری سے ؛ مجبور کر کے ۔

Compulsorily : (adv) لازمی طور پر ؛ زور زبردستی سے ؛ جبری طور پر ۔

Compulsoriness : (n) جبر ؛ جبریت ؛ اجبار ؛ زور ؛ زبردستی ۔

Compulsory : (a&n) [L."compulsorius"] لازمی ؛ جبری ؛ اجباری ؛ دباؤ ڈالنے والا ؛ اجباری قانونی حکم ۔

Compulsory arbitration : (n) (تجارت) لازمی ثالث ؛ (سماجیات) لازمی ثالثی فیصله ۔

Compulsory award : (n) (سماجیات و تجارت) لازمی فیصله ۔

Compulsory bargaining : (n) (تجارت) لازمی سودا بازی ؛ (سماجیات) لازمی سودا کاری ۔

Compulsory check-off : (n) (تجارت) لازمی کٹوتی ۔

Compulsory coverage : (n) (تجارت) جامع بیمه ؛ وسیع بیمه ۔

Compulsory dismissal wage : (n) (تجارت) لازمی برطرفی اجرت ۔

Compulsory employment : (n) (تجارت) لازمی روزگار ۔

Compulsory functions : (n) (تاریخ) لازمی فرائض ۔

Compulsory insurance : (n) (تجارت) لازمی بیمه ۔

Compulsory investigation : (n) (سماجیات) لازمی تحقیق ؛ لازمی چھان بین ۔

Compulsory labour : (n) (تجارت) لازمی محنت ۔

Compulsory liquidation : (n) (تجارت) لازمی چکوتا ۔

Compulsory sandhi : (لسانیات) لازمی سَندھی ۔

Compulsory social insurance : (سماجیات و تجارت) لازمی سماجی بیمه ۔

Compulsory transfer : (n) (تجارت) لازمی تبادله ۔

Compunction : (n) [L."compunctionem"] پشیمانی ؛ ندامت ؛ تاسف ؛ تردد (کسی فعل کے جواز میں) ؛ افسوس ؛ رحم ؛ ترحم ؛ دل سوزی ؛ احساس ندامت ۔

Compunction of conscience : (نفسیات و تعلیمات) علامت ضمیر ۔

Compunctionless : (a) بے شرم ؛ بلا تاسف ؛ بے رحم ؛ بلا تردد و تامل ۔

Compunctious : (a) نادم ؛ متاسف ؛ متردد ؛ پشیمان ۔

Compunctiously : (adv) ندامت سے ؛ متاسفانہ ؛ نادمانہ ؛ پشیمانی سے ۔

Compurgation : (n) [L."compurgationem"] الزام سے براءت ؛ بریت (بذریعہ حلف) ۔

Compurgator : (n) حلفی گواہ ؛ شاہد حلفی ۔

Compurgatorial /Compurgatory : (a) قسمیہ یا حلفی شہادت سے متعلق ۔

Compursion : سکوڑ لینا ؛ جمع کرنا ؛ چونن ۔

Computable : (a) [L. computabilis] قابل شمار ؛ قابل حساب ۔

Computation : (n) [L."computabilis"] قابل شمار ؛ قابل حساب ۔

Computation : (n) [L."computationem"] حساب ؛ شمار ؛ تخمینہ ؛ گنتی ۔

Computation of bill : (تجارت) شمار تاریخ ہنڈی ؛ بل کی تاریخ تعین ۔

Computative : (a) دیکھو Computable

Compute : (v) [L."computare"] گننا ؛ شمار کرنا ؛ حساب لگانا ؛ حساب کرنا ؛ تخمینہ کرنا ۔

Compute : (n) حساب ؛ شمار ۔

Computer / Computor : (n) شمار کنندہ ؛ حساب لگانے والا ؛ تخمینہ کرنے والا ؛ ایک خود کار برقی مشین جو سادہ اور پیچیدہ حساب لگاتی ہے ؛ مشین حساب ؛ حساب گر ۔

Analogue computer : (شماریات) مماثل کمپیوٹر ۔

Digital computer : (شماریات) ہندسی کمپیوٹر ۔

Electronic computer : (شماریات) برقی کمپیوٹر ۔

High power computer : (شماریات) اعلا قوتی کمپیوٹر ۔

Computist : (n) جنتری کا ماہر ۔

Computus : (n) [late L."computare"] تقویم ؛ جنتری ؛ ایک قدیمی جدول جو نجومی حوادث اور تغیر پذیر تاریخوں کے حساب کے کام آتا تھا ۔

Comrade : (n) [F."camarade"] ساتھی ؛ رفیق ؛ ہمدم ؛ کمیونسٹ ؛ اشتراکی ساتھی ؛ تجارت کا ساتھی ؛ ہمراہ ؛ ہم پیشہ ۔

Comrade : (v) رفیق ہونا ؛ رفاقت کرنا ؛ ساتھ دینا ۔

Comrade- in- arms : (n) فوجی رفیق ۔

Comradely : (adv) رفاقت سے ۔

Comradeship : (n) رفاقت ؛ ساتھی ؛ ہم راہی ؛ ہم دمی ۔

Comstock : (n) [after Anthony Comstock, a reformer] وہ عورت جو جنسی تعلقات میں حد سے زیادہ محتاط ہو ؛ وہ عورت جو بات چیت میں بہت بنتی ہو ؛ عفت یا اخلاق میں بہت زیادہ نمائشی ۔

Comte : (n) [Fr.] فرانسیسی نواب کا خطاب ۔

Comtian : (a) [F."August comte"] فرانسیسی فلسفہ مثبت سے متعلق یا فرانسیسی فلاسفر کامٹ سے متعلق ۔

Comtism : (n) فرانسیسی فلسفی کامٹ کا یہ اصول کہ ہمیں اسباب و علل کو چھوڑ کر صرف معلوم اور ثابت شدہ اشیاء سے بحث کرنی چاہئے ؛ کومٹیت ؛ فلسفہ واقفیت ؛ ایجادیت ۔

Comtist : (n) کومٹ کا مقلد یا فلسفہ مثبت کا پیرو ۔

Comuneres : (n) (تاریخ) ہسپانوی شہری جماعت ؛ کمیونرز ۔

Comus : (n) [Gr."komos"] عیش ؛ لذت ؛ عیش کا دیوتا ۔

Con : (v) [OE."cunn"] یاد کرنا ؛ بر زبان کرنا ؛ حفظ کرنا ؛ مطالعہ کرنا ؛ جاننا ۔

To con thanks : سپاس گذار ہونا ۔

Con / Conn / Cun : (v) جہاز کو سیدھا چلانا ۔

Con / Conn : (n) جہاز کو سیدھے چلانے کا کام ۔

Con : (n) دستك ؛ درزنی ؛ (عامیانه) گلہری ۔

Con : (adv & n) Contra کا مخفف بمعنی خلاف ؛ برضد ۔

Pros and cons : موافق و مخالف ؛ ماله و ما علیه ۔

Con : (prep) =(cum) [L."cum"] ساتھ ۔

Con : سابقه بمعنی ساتھ ۔

Con : (v) دغا دینا ؛ فریب کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ جعل بتانا ؛ ترغیب دینا ؛ تحریص کرنا ؛ دھوکے سے روپیه تصرف میں لانا ۔

Con - : (عامیانه) Convict کا مخفف ۔

Con : (عامیانه) Contractor کا مخفف

Con : (عامیانه) Consumption کا مخفف ۔

Con : (عامیانه) Confidence کا مخفف ۔

Con-attitude : (n) (نفسیات) مخالف رویه ۔

Conacre / Corn-acre : (n) [Corrupt.f.corn-acre] (آئرستان میں) جتی ہوئی زمین جو پٹے پر دی جائے ۔

Conacre : (v) جُتی ہوئی زمین پٹے پر دینا ۔

Conacrer : (n) جُتی ہوئی زمین پٹے پر لینے والا ۔

Conamarin : (n) [L."conium"] ایک تلخ ماده جو شکیران میں پایا جاتا ہے ۔

Cona more : (a) [It.] محبت کے ساتھ ؛ خوشی کے ساتھ ؛ طمسرت کے ساتھ ؛ (موسیقی) نرمی کے ساتھ ؛ ملائمت کے ساتھ ۔

Conario - : واصله بمعنی " صنوبری جسم " ؛ صنوبری غدود ۔

Conarium : (n) [Gr."konarion"] دماغ کا صنوبری غده ۔

Conation : (n) [L."conationem"] (فلسفه) فعل ارادی ۔

Conative : (a) فعل ارادی سے متعلق ؛ فعل ارادی کا ۔

Conature theory : (n) (نفسیات) نظریه فعل ارادی ۔

Conatus : (n) [L."conari"] (۱) کوشش ۔ (۲) فطری میلان یا تحریك ؛ (نفسیات) محرك تحفظ ذات ۔

Conaxial : (a) دیکھو Coaxial

Concamerate : (v) [L."concamerare"] خانه دار بنانا ؛ طاق دار بنانا ۔

Concameration : (n) محراب ؛ محراب دار چھت ؛ خانه دار خانه ۔

Concatenate : (v) [L."concatenare"] سلسله ملانا ؛ کڑیاں ملانا ؛ مربوط کرنا ۔

Concatenate : (a) مسلسل ؛ پیوسته ؛ مربوط ۔

Concatenation : (n) [L."concatenationem"] سلسله بندی ؛ ربط ؛ تسلسل ؛ زنجیر ۔

Concatenator : (n) سلسله ملانے والا ؛ کڑیاں ملانے والا ۔

Concatervate : (a) [L."concatervatus"] اکٹھا کیا ہوا ؛ انبار لگایا ہوا ۔

Concausal : (a) علت مشترك سے متعلق ۔

Concausal : (n) علت مشترك ۔

Concause : (n) [med.L."concausa"] علت مشترك ۔

Concave : (n) [OF."concave"] مقعر سطح ؛ گنبد آسمان ؛ کسی مشین کا مجوف حصه ۔

Concave : (a) مجوف ؛ مقعر ۔

Concave : (v) [L."concavare"] مجوف بنانا ؛ مقعر بنانا ۔

Concave key : (n) (تجارت) کنکیوکی ؛ مجوف کنجی ۔

Concave convex : (a) محدت مقعر ؛ ایك طرف محدب دوسری طرف مقعر ۔

Concavely : (adv) مقعر یا مجوف طور پر ۔

Concaveness : (v) قعر ؛ تقعر ۔

Concavity : (n) [L."concavitas"] (۱) قعر ؛ تقعر ۔ (۲) جوف ۔ (۳) مقعر سطح ؛ پیاله نما سطح ۔

Concavo - : جزء ترکیبی بمعنی " مقعر " ۔

Concavo-concave (a) دو رخا مقعر ؛ دونوں طرف مقعر ۔

Conceal : (v) [L."concelare"] چھپانا ؛ پوشیدہ کرنا ؛ پنہاں کرنا ؛ نہاں رکھنا ؛ اخفا کرنا ۔

Concealed : (a) پوشیدہ ؛ پنہاں ؛ نہاں ؛ مخفی ۔

Concealdly : (adv) پوشیدہ طور پر ؛ پنہاں طور پر ؛ نہاں رکھ کر ۔

Concealedness : (n) پوشیدگی ؛ پنہانی ۔

Concealer : (n) پوشیدہ کرنے والا ؛ نہاں رکھنے والا ؛ پنہاں رکھنے والا ۔

Concealment : (n) (۱) چھپانا ؛ پوشیدگی ؛ اخفا؛ پردہ داری ۔ (۲) چھپانے کی جگہ ۔ (۳) بغیر جائز استحقاق کے زمین پر قبضہ رکھنا ۔

Concealment of risk : (تجارت) جوکھم چھپانا ؛ اخفائے خطر ۔

Concede : (v) [L."concedere"] منظور کرنا ؛ ماننا (حقوق و مراعات) ؛ تسلیم کرنا ؛ قبول کرنا ؛ اجازت دینا ؛ جائز رکھنا (کھیل میں رعایت کرنا) ؛ (سوقیانہ) کھو دینا ؛ ہارنا (کھیل) ؛ فرض کر لینا ؛ رعایت دینا ۔

Conceder : (n) منظور کرنے والا ؛ ماننے والا ؛ اجازت دینے والا ؛ جائز رکھنے والا ؛ رعایت دینے والا ۔

Conceit : (n) [ME."conceite"] (۱) خود بینی ؛ زعم باطل ؛ خود رائی ؛ عجب ۔ (۲) خیال ؛ تصور ۔ (۳) نظیر شخصی ؛ عقیدہ ؛ ذاتی نظر ؛ ذاتی خیال ۔ (٤) وہم ۔ (٥) خیال دور رسی ؛ چونکا دینے والا ؛ پر کار ؛ بے اعتدال اور پر تکلف استعارہ ۔ (٦) کرئی دل چسپ یا دل کش چیز ۔

Conceit : (v) [ME."conceite"] گمان کرنا ؛ خیال کرنا ؛ خیال جما لینا (کسی بات کے متعلق) ؛ تصور کرنا ؛ پسند کرنا ؛ خود بینی کرنا ۔

Conceited : (a) (۱) مغرور ؛ خود بین ؛ خود پسند ؛ شیخی باز ؛ وسواسی ۔ (۲) انوکھا ؛ نکتہ سنج ؛ بذلہ سنج ۔ (۳) نازک مزاج ؛ تنک مزاج ۔ (٤) خیالی ؛ قیاسی ۔ (٥) وہم ؛ خیال ۔

Conceitedly : (adv) خود بینی سے ؛ خود پسندی سے ؛ شیخی سے ۔

Conceitedness : (n) خود بینی ؛ خود پسندی ۔

Conceitless : (a) نا واقف ؛ بے خبر ۔

Conceity : (a) (۱) خود بیں ؛ مغرور ؛ تنک مزاج ۔ (۲) بذلہ گو ؛ لطیفہ گو ۔

Conceivability : (n) فہم پذیری ؛ ادراک پذیری ؛ امکان پذیری ۔

Conceivable : (a) قابل فہم ؛ ادراک پذیر ؛ سمجھ یا تصور میں آنے والی بات ؛ ممکن ؛ امکان پذیر ؛ قابل حصول ؛ قابل یقین ۔

Conceivableness : (n) فہم پذیری ؛ ادراک پذیری ؛ امکان پذیری ۔

Conceivably : (adv) فہم پذیری سے ؛ ادراک پذیری ؛ ممکن طور پر ۔

Conceive : (v) [L."concipere"] (۱) نطفہ قبول کرنا ؛ حاملہ ہونا ؛ پیٹ رہنا ۔ (۲) تصور کرنا ؛ خیال کرنا ؛ قیاس کرنا ؛ سوچنا ؛ سمجھنا ۔ (۳) بنانا ؛ تشکیل کرنا (کسی مطلب کا خاص پیرایہ میں) ۔

Conceiver : (n) سوچنے والا ؛ سمجھنے والا ؛ تشکیل کرنے والا ۔

Conceleberate : (n) [L."concelebrare"] (۱) مل کر مناجات کرنا ؛ با جماعت دعا مانگنا (پادریوں کا مل کر دعا پڑھنا) ۔ (۲) عشائےربانی کو ایک ساتھ ادا کرنا ۔

Concelebration : (n) باجماعت دعا یا مناجات خوانی ۔

Concent : (n) [L."concentus"] مطابقت ؛ توافق ؛ آوازوں کی ہم آہنگی ۔

Concenter : (n) (۱) ہم مرکز کرنا؛ مرتکز کرنا ۔ (۲) مرکز کے گرد جمع کرنا ؛ قوت بڑھانا ۔ (۳) ہم مرکز ہونا ۔

Concentrate : (v) [See CONCENTRE] (فوج ، طاقت یا توجہ کا) مجتمع کرنا ؛ مرتکز کرنا ؛ ہمہ تن متوجہ ہونا ؛ سمیٹنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ (کیمیا) اجتماع ؛ ارتکاز (کسی سیال کا اکٹھا ہونا کہ اس کی قوت بڑھ جائے) ؛ خالص کرنا ؛ جوہر یا روح کو ظاہر کرنا ۔

Concentrate : (a) مرتکز کیا ہوا ؛ جمع کیا ہوا ۔

Concentrate : (n) اجتماع کیا ہوا ۔

Concentrated : (a) (حیوانیات) مرتکز ؛ اکٹھا ہونا ۔

Concentration : (n) اجتماع ؛ ارتکاز ؛ ایک جگہ مجتمع ہونا ؛ ہمہ تن توجہ ؛ تکثیف ؛ تکاثف ؛ انجماد ۔

Curve of concentration : (شماریات) ارتکازی منحنی ۔

Ellipse concentration : (شماریات) ناقص افکار ۔

Index of concentration : (شماریات) اشاریۂ ارتکاز ۔

Concentration camp : (n) جنگی قیدیوں کو رکھنے کی جگہ یا کیمپ ۔

Concentration cell : (n) (کیمیا) ارتکاز سیل ؛ کانسنٹریشن سیل ۔

Concentration gradient : (n) (کیمیا) گاڑھے پن کے ڈھلان کی شرح ۔

Concentration of capital : (تجارت) ارتکاز اصل ۔

Concentration of light rays : (کیمیا) روشنی کی شعاعوں کا ارتکاز ۔

Concentration polarisation : (n) (کیمیا) تقطیب (گاڑھے پن کی) ۔

Concentration ratio : (n) (تجارت) ارتکاز کا تناسب ۔

Concentration theory : (n) (تجارت) ارتکاز کا نظریہ ۔

Concentrative : (a) اجتماعی ؛ ارتکاز کرنے والا ؛ تمرکزی ۔

Concentrativeness : (n) اجتماعیت ؛ مرتکزیت ۔

Concentrator : (n) مجتمع کرنے والا ؛ مرتکز کن ؛ (آتشی اسلحہ) مرتکز کرنے والا چھلاّ جو کارتوس کے اندر رہتا ہے ۔

Concentre / Concenter : (v)[F."concentrer"] Concenter دیکھو

Concentric : (a) ہم مرکز ؛ متحد المرکز ؛ ہم محور ۔

Concentric : (n) ہم مرکز دائرے ۔

Concentric chart : (n) (تجارت) ہم مرکز چارٹ ۔

Concentric circles : (n) (طبیعیات) ہم مرکزی دائرے ۔

Concentric coil : (n) (طبیعیات) ہم مرکزی کوائل ۔

Concentric fire : (n) واحدالمرکز آتش بازی (ایک ہی مقام پر پیہم گولے برسانا) ۔

Concentric winding : (n) (طبیعیات) ہم مرکزی لپیٹ ۔

Concentric zones : (n) (تجارت) ہم مرکزی خطہ ۔

Concentrical : (a) ہم مرکز ؛ متحد المرکز ؛ ہم محور ۔

Concentrically : (adv) ہم مرکزی سے ؛ ہم مرکز ہو کر ۔

Concentricity : (n) ہم مرکزیت ؛ وحدت مرکز ؛ اتحاد مرکز ۔

Concentus : (n) [L.] کلیسا میں مل کر مناجات یا مزامیر داؤد پڑھنا ؛ ہم آہنگی ۔

Concept : (n) [L."conceptum"] (فلسفہ و منطق) تصور ؛ تصور کلی (جنس اشیاء کا) مافی الذہن ؛ محمول ؛ مفہوم ؛ خیال ؛ تخیل ۔

Abstract concept : (نفسیات و تعلیمات) مجرد تصور ۔

Concrete concept : (نفسیات و تعلیمات) مقرون تصور ۔

Ecological concept : (تجارت) مضافاتی تخیل ۔

Formulation of concept : (تجارت) تشکیل تخیل ۔

Moral concept : (نفسیات و تعلیمات) اخلاقی تصور ۔

Concept of labour : (تجارت) محنت کا نظریہ ۔

Concept of natural area : (تجارت) فطری علاقہ کا تخیل ۔

Concept of the state : (تاریخ) ریاست کا تصور ۔

Conceptacle : (n) [L."conceptaculum"] بعض پودوں اور جانوروں کا جوف نما عضو جس میں تولیدی خلیے ہوتے ہیں ۔

Conceptacular : (a) جانوروں کے ان جوف نما عضو سے متعلق جن میں تولیدی خلیے ہوتے ہیں ۔

Conception : (n) [See CONCEIVE] (۱) خیالی ؛ تصور ؛ تشکل (ذہنی) ؛ حمل ۔ (۲) متصور (ذہنی شے) ؛ صورت (ذہنی) ؛ محمول ۔ (۳) آغاز ؛ (نفسیات)تصویر استقرار حمل ۔

In my conception : میرے خیال میں ۔

Conceptional : (a) خیالی ؛ تصوری ۔

Conceptionist : (n) (۱) عیسائیوں کے ایک فرقے کا رکن ۔ (۲) فلسفه کلی عقل کا ماننے والا ۔

Conceptive : (a) تصور کن ؛ خیال ساز ۔

Conceptual : (a) خیال ؛ تصوری ؛ تصور کا ؛ (نفسیات) تصوراتی ۔

Conceptual approach : (n) (تجارت) تخیلی طریقه کار ۔

Conceptual dictionary : (لسانیات) قیاسی لغت ۔

Conceptual level : (n) (تجارت) تخیلی سطح ۔

Conceptual pattern : (n) (تجارت) تخیلی طرز ۔

Conceptualism : (n) (۱) تصور کیشی ؛ یه عقیده که کائنات کا وجود مثل ذهنی تصورات کے هے ۔ (۲) فلسفه کلی عقل ؛ یه عقیده که ذهن مرئی استحالات کے مطابق خیالات پیدا کر سکتا هے ۔

Conceptualist : (n) فلسفه کلی عقل کا ماننے والا ؛ تصور کیش ۔

Concern : (v) [L."concernere"] (۱) متعلق هونا ؛ موثر هونا ؛ لگاؤ رکھنا ؛ علاقه رکھنا ؛ سرو کار رکھنا ؛ غرض رکھنا ۔ (۲) افسوس هونا ؛ تشویش یا تعلق خاطر هونا ۔ (۳) اهمیت رکھنا ۔

As concern /As it concerns : متعلق ۔

To concern oneself : متعلق هونا ؛ لگاؤ رکھنا ۔

Concern : (n) (۱) تعلق ؛ لگاؤ ؛ سروکار ۔ (۲) تشویش ؛ فکر ؛ پروا ۔ (۳) (تجارتی) کاروبار ، کارخانه ۔ (٤) (عامیانه) شے ۔ (٥) عقیده ۔ (٦) ترکیب ۔

Industrial concern : صنعتی تعلق (سماجیات) ؛ صنعتی اداره ۔

Public concern : فلاح عامه ۔

To have no concern with : بے تعلق هونا ؛ تعلق نه رکھنا ۔

Concerned : (adv) (۱) وابسته هوکر ۔ (۲) مدهوش ۔

Concerned : (a) (۱) مشوش ؛ متفکر ؛ متردد ؛ تعلق رکھنے والا ؛ وابسته ۔

Concerned with (in) drink : مدهوش ؛ نشه میں ۔

Concernedly : (adv) متفکر هوکر ؛ مترددانه ؛ وابستگی سے ۔

Concernedness : (n) تشویش ؛ تردد ؛ فکر ؛ وابستگی ؛ تعلق ۔

Concerning : (prep.) متعلق ۔

Concerning : (a) اهم ۔

Concerningness : (n) اهمیت ۔

Concernment : (n) (۱) کاروبار ؛ معامله ۔ (۲) تشویش ؛ فکر ۔ (۳) اهمیت ؛ تعلق ؛ خاطر ۔ (٤) شرکت ؛ دخل اندازی ۔

Concert : (n) [It. "Concerto"] رضامندی ؛ اتحاد ؛ سنگت ؛ میل ؛ هم آهنگی ؛ هم آوازی ۔

Dutch Concert : وه انجمن ساز و آواز جس میں هر حصه لینے والا مختلف راگ الاپتا هے ۔

In Concert : ایك ساتھ ؛ متفق هوکر ۔

Concert : (v) (آپس کے صلاح مشوره سے) طے کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ صلاح کرنا ؛ مصلحت سوچنا (مل کر) ۔

Concert grand : (n) بڑا پیانو جو جلسوں میں بجایا جاتا هے ۔

Concert of Europe : (تاریخ) اتحاد یورپ ۔

Concert of power : (تاریخ) طاقتوں کا اتحاد ؛ قوموں کا اتحاد ۔

Concerted : (a) متفقه ؛ طے کرده ؛ (موسیقی) چند حصوں یا وقفوں میں تقسیم یا مرتب کیا هوا ۔

Concerter : (n) طے کرنے والا ؛ تدبیر نکالنے والا ۔

Concertante : (n) [It.) ایك قسم کا جلسهٔ نغمه و سرود جس میں چند افراد الگ الگ گاتے هیں ۔

Concertina : [CINCERT + - INA] ایک قسم کا باجا جو دونوں ھاتھوں سے دھونکنی کی طرح دبانے سے بجتا ھے ؛ ارغنوں دستی ۔

Concertinist : (n) ارغنوں دستی بجانے والا ۔

Concertino : (n) [It. dim. of "Concerto"] (۱) مختصر کنچرٹینو ۔ (۲) انفرادی موسیقی (کنچرٹینو میں) ۔

Concerto : (It.) کنچر ٹینو ؛ ایک قسم کا مزامیری نغمہ ۔

Concessible : (a) [See next] تسلیم کرنے لائق ؛ قبول کرنے کے لائق ۔

Concession : (n) [L." Concessionem"] منظوری ؛ رضامندی ؛ رعایت ؛ عطائے حق (افراد یا جماعت کو) ؛ عطائے اراضی ؛ عطا کی ھوئی زمین (کسی دوسرے ملک کو) ؛ قیمت میں رعایت ؛ کسی چیز یا سرگرمی سے فائدہ اٹھانے کا مخصوص حق یا حق خصوصی ۔

Concessionaire / Concessionaire : (n) رعایت یافتہ ؛ صاحب مراعات (بالخصوص غیر ملکی) ؛ اجارہ دار ۔

Concessionary : (a) رعایتی ۔

Concessionary : (n) رعایت یافتہ ۔

Concessionist : (n) عطائے مراعات کی حمایت کرنے والا ۔

Concessive : (a) رعایت کرنے والا ؛ مائل بہ رعایت ؛ متعلق بہ رعایت ؛ (نحو) ایسا حرف یا فقرہ جو کسی مفروضہ کو ظاھر کرے ۔

Concessive Conjunction : (n) (لسانیات) رعایتی حرف ربط ۔

Concessive subjunction : (n) (لسانیات) رعایتی حرف شرط ۔

Concessively : (adv) رعایتاً ؛ مراعت کےطور پر ۔

Concessiveness : (n) مراعت دیہی ۔

Concettism : (n) پیچیدہ طرزتحریر (جس میں من گھڑت یا ضلع جگت کا زیادہ استعمال ھو) ؛ خیالی استعارہ نویسی ؛ پر معمہ تحریر ؛ مخلق نویسی ۔

Concetto. (pl.-Concetti) : (n) [L.Conceptum"] چونکا دینے والا ؛ پرکار ؛ بے اعتدال اور پُرتکلف استعارہ ۔

Conch : (n) [Gr. "Konche"] گھونگا ؛ سیپ ؛ نرسنگھا ؛ سنکھ ؛ نیم مدور گنبد ؛ برج ؛ شہ نشین (جو دالان کے سرے پر بنا ھوا ھو) ؛ جوف گوش ؛ کان کا گُھکا (بیرونی گڑھا) ؛ (سوقیانہ) بھاما کا باشندہ ؛ ایک قسم کا رومی ظرف (تیل، نمک وغیرہ رکھنے کے لئے) ؛ سیپ نما کوئی چیز ۔

Concha : (n) [See prec.] (۱) نیم مدور گنبد ؛ برج ۔ (۲) ایک رومی ظرف ؛ کان کا گُھکا ؛ بیرونی ظرف ۔

Conchate : (a) دیکھو Chonched

Conched : (a) صدف دار ؛ سیپ دار ۔

Conchifera : (n) صدف یا گھونگے کی ایک قسم ۔

Conchifer : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Conchiferous : (a) (۱) (ارضیات) کھپریلا ؛ سنگ پشت ۔ (۲) (حیوانیات) صدفیہ ۔

Conchiform : (a) صدف نما ؛ مانند صدف ۔

Conchinine : (n) [transp. of "chinchonine"] کونین کی قسم کی ایک القلی جو سنکونا کی چھال سے نکلتی ھے ۔

Conchiolin : (n) [L. "Concha + - ol + - IN] ایک قسم کا سفید مادہ جو صدف کےپوست میں پایا جاتا ھے ۔

Conchitic : (a) (۱) (ارضیات) محجّر صدف سےبنا ھوا ۔ (۲) صدف دار ۔

Conchoid : (n) [Gr. "Kongoides"] چوتھے درجہ کی سطح نیم دائرہ ۔

Conchoid : (a.) چوتھے درجہ کی سطح نیم دائرہ سے متعلق ۔

Conchoidal : (a) (۱) (جیومیٹری) سطح نیم دائرہ سے متعلق ۔ (۲) (معدنیات) صدف نما مقعر اور محدب دراز والا ۔

Conchological : (a) صدفیاتی ؛ صدف شناسی سے متعلق ۔

Conchologically : (adv) از روئے صدف شناسی ۔

Conchologist : (n) (۱) صدف شناس ؛ صدفیات داں ؛ صدفی ۔ (۲) صدف جمع کرنے والا ۔ (۳) ایک قسم کا صدف ۔

Conchology : (n) صدفیات ؛ صدف شناسی ؛ گھونگوں اور سیپیوں کا علم ۔

Conchometer : (n) صدف سنج ؛ صدف کے حلقوں کا زاویہ ناپنے کا آلہ ۔

Conchometry : (n) صدف سنجی ۔

Conchospiral : (a) حلقہ دار ؛ پیچ دار ۔

Conchy : (n) [abbrev. of "Conscientious objector"] (عامیانہ) حال کی جنگ یورپ میں فوجی بھرتی کا اصولی مخالف ۔

Conchylia : (n) [Gr. "Konchylion"] صدف مچھلی ؛ کھپرے دار مچھلی۔

Conchyliaceous : (a) صدفی ۔

Conchyliated : (a) صدف سے نکالا ہوا ۔

Conchyliferous : (a) صدف دار ۔

Conchyliogist : (n) دیکھو Chonchologist

Conchyliology : (n) دیکھو Chonchology

Conchliometer : (n) دیکھو Chonchometer

Conchyliometry : (n) دیکھو Chonchometry

Conchyliomorphite : (n) صدف کا متحجر نشان ۔

Conchylious : (a) صدفی مچھلی سے متعلق ۔

Concierge : (n) [Fr.] (۱) (فرانسیسی میں) محافظ ؛ دربان ؛ پاسبان ۔ (۲) قلعہ بان ؛ محافظ قید خانہ ۔

Conciergeric : (n) (۱) محافظ یا دربان کا دفتر یا گھر ۔ (۲) پیرس کا ایک قید خانہ ۔

Conciliar : (a) [L. "Concilium" + - AR] مجلس مذہبی سے متعلق ؛ مجلس ؛ کلیسائی ۔

Conciliar movement : (n) (تاریخ) تحریک مجلس کلیسائی (پوپ کے اختیارات کو کلیسائی مجلس کے ماتحت کرنے کی کوشش، ۱۵ویں صدی) ۔

Conciliate : (v) [L. "Concilium"] (۱) منانا ؛ راضی کرنا ؛ خوش کرنا ؛ دل ہاتھ میں لینا ؛ ملا لینا ؛ (کسی کو) اپنا طرفدار بنالینا ؛ مصالحت کرانا (تاریخ) ۔ (۲) (مخالف نظریوں کو) ملانا یا متحد کرنا ؛ تاویل کرنا ۔

Conciliation : (n) [L. "Conciliationem"] (۱) صلح ؛ اتفاق ؛ ارتباط ؛ مصالحت ؛ میل ملاپ ۔ (۲) (تجارت) مفاہمت ۔

Board of Conciliation : صلح بورڈ ؛ سمجھوتا بورڈ ۔

Court of Conciliation : وہ عدالت جو فریقین کو تصفیہ باہمی کا موقع دے ؛ عدالت مصالحہ ۔

Conciliation board : (n) (تجارت) مجلس مصالحت ؛ صلح بورڈ ۔

Conciliative : (a) (۱) صلح کن ؛ مصالحت آمیز ؛ مصالحت ساز ؛ ملانے والی بات یا تدبیر ۔ (۲) (تاریخ) مصالحتی ۔

Conciliator : (n) (۱) ثالث ؛ ثالث باخیر ؛ بیچ میں پڑ کر صلح کرانے والا ۔ (۲) (کامرس) مفاہم ۔ (۳) (تاریخ و سماجیات) صلح کار ؛ مصالحت کار ۔

Conciliatoriness : (n) ثالثی ؛ مصالحت ؛ صلح کاری ۔

Conciliatory : (a) دیکھو Conciliative

Conciliatory policy : (n) (تاریخ) مصالحتی پالیسی ۔

Concilium : (n) مجلس ۔

Concinnity : (n) [L. "Concinnitas"] شستگی ؛ (طرز بیان یا انشا پردازی کی) صفائی ؛ خوبی ؛ ہم آہنگی ؛ زیبائی ۔

Concinnous : (a) شستہ ؛ صاف ؛ شاندار ۔

Concise : (a) [L. "Concisus"] مختصر ؛ ما قلّ و دلّ ؛ بلیغ (تقریر، طرز بیان یا شخص) ؛ خلاصہ ؛ ملخص ؛ صریح و روشن ۔

Concisely : (adv) بالاختصار ؛ مختصر طور پر ؛ بطور خلاصہ ۔

Conciseness : (n) اختصار ؛ ایجاز ؛ بلاغت ۔

Concision : (n) [L. "Concisionem"] کانٹ چھانٹ ؛ ختنہ ؛ قطع و برید ؛ اختصار ؛ نفاق ؛ تفرقہ (خصوصاً کلیسا میں) ۔

Conclamation : (n) [L. "Conclamationem"] فریاد یا مشترک ؛ بہت سے آدمیوں کا مل کر ایک ساتھ چلانا ۔

Conclave : (n) [L. "Conclave"] پوپ کے انتخاب کے لئے اساقفہ کا جلسہ ؛ مقام مجلس ؛ جلسہ گاہ ؛ مجلس خاص (جسمیں عام اجازت نہ ہو) ؛ اسقفوں کی جماعت ۔

Conclavist : (n) اسقف کا خادم ۔

Conclude : (v) [L. "Concludere"] ختم کرنا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ پورا کرنا ؛ تمام کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ تصفیہ کرنا ؛ طے کرنا ؛ تہیّہ کرنا ؛ بند کرنا ؛ ختم ہونا ؛ انجام کو پہنچنا ۔

Concluder : (n) ختم کرنے والا ؛ نتیجہ نکالنے والا ؛ تصفیہ کرنے والا ۔

Concludingly : (adv) بطور خاتمہ ؛ ختم کرتے ہوئے ۔

Conclusion : (n) [L. "Conclusionem"] (۱) خاتمہ ؛ اختتام ؛ نتیجہ (آخر) ؛ انجام کار ؛ مآل کار ؛ پایاں ۔ (۲) فیصلہ ؛ تصفیہ ؛ ترتیب (معاہدۂ امن کی) ۔ (۳) (منطق) نتیجہ (جو صغرا اور کبرا سے مستخرج ہوتا ھے) ۔

In Conclusion : مختصراً ؛ آخر میں ۔

To try Conclusion (with) : آزمائش یا مقابلہ کرنا (کسی فن میں) ۔

Conclusion of peace : (تاریخ) صلح کا فیصلہ ۔

Conclusive : (a) قطعی ؛ تصفیہ کن ؛ قاطع ؛ مصمم ۔

Conclusive proof : (n) (نفسیات و تعلیمات) قطعی ثبوت ۔

Conclusive standard of indemnity : (تجارت) تلافی نقصان کا فیصلہ کن معیار ۔

Conclusive verb : (n) (لسانیات) اختتامی فعل ۔

Conclusively : (adv) قطعیت کے ساتھ ؛ قطعی طور پر ۔

Conclusiveness : (n) قطعیت ؛ اختتامیت ۔

Conclusory : (a) دیکھو Conclusive

Conclusum : (n) [L. "Concludere"] کسی حکومت کے مطالبوں کا خلاصہ ۔

Concoct : (v) [L. "Concoct" / "Concoquere"] (۱) پکانا ؛ بنانا (کسی مخلوط یا مرکب شے کا جیسے صابن ؛ شربت وغیرہ) ۔ (۲) بنانا یا مرتب کرنا (جوڑ گانٹھ کر) ؛ گھڑنا (قصہ ، ثبوت وغیرہ) ؛ اختراع کرنا ۔

Concocter / -or : (n) بنانے والا ؛ گھڑنے والا ۔

Concoction : (n) بناوٹ ؛ گھڑت ؛ بنانا ؛ من گھڑت بیان ؛ اختراع ۔

Concoctive : گھڑت کی ؛ ہاضمہ ۔

Concolorous / Conclorate : (a) [L. "Concolor"-+ous] (طبیعیات) ایک رنگا ؛ یک رنگ ؛ ہم رنگ ۔

Concomitance / Concomitancy : (n) [L. "Concomitantia"] (۱) لزوم ؛ لازم و ملزوم ہونے کی حالت ؛ خاص کر عشائے ربانی میں حضرت عیسیٰ کے جسد و خون کا روٹی اور شراب میں لزوم ؛ ہمکاری ؛ پیوستگی ۔ (۲) (نفسیات) ہم وقوعی ۔ (۳) دو متغیر سیٹ کے درمیان تفاعلی تحویل کی صحیح مطابقت ۔

Concomitant : (n) [L. "Concomitantem"] (۱) پیوستہ ؛ ساتھی ؛ لازم ؛ متلازم ؛ ساتھ یا جوڑ کی چیز ۔ (۲) (ریاضی) تفاعلات جن کی نسبت قدریت تغیرات خطی متغیر نہیں ہوتی ھے ۔

Concomitantly : (adv) متلازمانہ ۔

Concomitant variation : (n) (نفسیات و تعلیمات) ہم وقوع تبدیلی ۔

Concord : (n) [L."Concordia"] (۱) ایکا ؛ میل ؛ اتفاق ؛ ہم آہنگی ؛ ہم رنگی ؛ اتحاد سازگاری ؛ آشتی ؛ موافقت ؛ مطابقت ؛ مساعدت ۔ (۲) (موسیقی) ہم آہنگی ؛ تال میل ۔ (۳) (نحو) مطابقت (جنس و تعداد وغیرہ میں) ؛ پیمان ؛ معاہدہ ۔

Concord and peace : (تاریخ) امن و یگانگت ۔

Concordal : (n&a) (تاریخ) کنکورڈل ؛ کسی حکومت کا پوپ سے معاہدہ ؛ (نحو) تطبیقی ؛ مطابقت سے متعلق ۔

Concordance : (n) [L. "Concordantia"] (۱) ربط ؛ تفاوق ؛ ترتیب ؛ مناسبت (اشخاص یا اشیاء میں) ؛ ہم آہنگی ؛ مطابقت ۔ (۲) نجوم ؛ ابجد ؛ ترتیب سے الفاظ یا مضامین کی فہرست (متن کتاب کے حوالوں کے ساتھ) ؛ مکمل اشاریہ ؛ کشف اللغات ۔

Coefficient of Concordance : (شماریات) نمائندہ سر مطابقت۔

Sample Concordance : (شماریات) نمائندہ نمونہ مطابقت۔

Concordance : (v) مطابقت کرنا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ ترتیب دینا ۔

Concordancer : (n) مطابقت کرنے والا ؛ ہم آہنگ کرنے والا ؛ ترتیب دینے والا ۔

Concordant : (a) (۱) موافق ؛ مطابق ؛ ہم رنگ ۔ (۲) (موسیقی) ہم آہنگ ؛ ملا ہوا ۔

Concordantial : (a) الفاظ یا مضامین کی فہرست سے متعلق ۔

Concordantly : (adv) (۱) ہم آہنگی سے ؛ سر ملائے ہوئے ؛ مطابقت کے ساتھ۔ (۲) (تاریخ) کسی حکومت کا پوپ سے معاہدہ ۔

Concordat : (n) [L. "concordantum"] پوپ کا معاہدہ (کسی دینوی حکومت سے) عہد نامہ ؛ قرار داد ۔

Concordatum : (n) [L. "Concordare"] (آئرستان) حکومت کا فیصلہ مصارف کے متعلق ؛ اس حکم کےمطابق پیسے کی ادائیگی ۔

Concorporate : (v) [L. "concorporate"] ایک ہونا یا بنانا ؛ متحد ہونا ۔

Concorporate : (a) متحد (ایک جسم میں) ۔

Concourse : (n) [L. Concursum"] (۱) بھیڑ ؛ مجمع ؛ جمگھٹا ؛ جماؤ ؛ اجتماع (اشیاء کا) ۔ (۲) (قانون) ایک ہی بنیاد پر کئی دعووں کا پیش ہونا ۔

Concrement : (n) [L. Concrementum"] - مشترک نشو و نما ۔

Concrescence : (n) [L. "Concrescentem"] مشترک نمو ؛ ہم دمیدگی ؛ ساتھ اگنا ؛ ہم رستگی ؛ پیوستگی ۔

Concresible : (a) قابل انجماد ؛ قابل نشو و نمو ۔

Concrete : (a) [L. "Concretus"] (۱) (نحو اورمنطق) مادی ؛ محسوس ؛ موجود ؛ (فی المخارج یا مادی صورت میں) حقیقی ؛ جامد ؛ ٹھوس ؛ پختہ ؛ واقعی ؛ غیر خیالی ؛ معین ۔ (۲) (نفسیات) مقرون ۔ (۳) (حیوانیات) مخصوص ۔

Concrete : (n) (۱) کنکریٹ ؛ کنکر اور سمنٹ کا مرکب ؛ کنکر ۔ (۲) محسوس ؛ مادی ۔ (۳) جوہر یا عطر گل جو تقطیر کیا جاتا ہے ۔

Concrete : (v) منجمد کرنا ؛ گچ کرنا ؛ کنکریٹ سے چننا ؛ ٹھوس کرنا ؛ متحد ہونا یا کرنا ؛ ملانا ؛ ترکیب دینا ؛ حقیقی بنانا ۔

Concrete Capital : (n) (تجارت) ٹھوس اصل ۔

Concrete concept : (n) (لسانیات) مادی تصور ۔

Concrete duty : (n) (نفسیات و تعلیمات) معین فرض ؛ مقرون فرض ۔

Concrete labour : (n) (تجارت) ٹھوس محنت ۔

Concrete name : (n) (لسانیات) مادی اسم ۔

Concrete term : (n) (لسانیات) مادی اصطلاح ۔

Concreter / Concretor : (n) کنکریٹ سے چننے والا ؛ گچ کرنے والا ۔

Concretely : (adv) واقعی طور پر ؛ پختہ کرکے ۔

Concreteness : (n) واقعیت ؛ پختگی ؛ بستگی ۔

Concretion : (n) (۱) انجماد ؛ جمود ؛ بستگی ؛ ٹھوس پن ۔ (۲) (طب) پتھری ؛ سنگ مثانہ ۔ (۳) (ارضیات) صلابت اعضا ؛ حجریت ؛ تحجر ؛ جمود ذرات ؛ ڈھیپا (ٹھوس ذروں کا جم کر ایک جسم ہو جانا) ۔

Concretional : (a) انجماد ؛ جمود سے متعلق ؛ پتھری یا سنگ مثانہ سے متعلق ؛ حجریت سے متعلق ۔

Concretionary : (a) ٹھوس ؛ جامد ؛ ذرہ بستہ ۔

Concubinage : (n) [L. "Concubinarius"] (۱) نا جائز جنسی تعلق ؛ آشنائی ؛ متعہ گیری ۔ (۲) داشتہ رکھنا ۔ (۳) داشتہ ہونے کی علامت ۔ (٤) ذہنی غلامی ۔ (٥) (رومی قا نون) غیر قانونی مگر جائز شادی ۔

Concubinarian (a) / Concubinary : (n) (اولاد) انجب ؛ مولا زادہ ؛ مولا زادی ؛ لونڈی بچہ ۔

Concubinary : (a) (۱) داشتہ پن ؛ مدخولیت ۔ (۲) مدخولہ ؛ آشنا یا داشتہ کا ۔

Concubine : (n) [L. "Concubinus"] (۱) داشتہ ؛ مدخولہ ؛ خواص (یورپ کے لوگ غیر قوموں کی دوسری، تیسری بیوی کو بھی اسی لفظ سے یاد کرتے ہیں) ۔ (۲) (تاریخ و سماجیات) ایک سے زیادہ رکھیل ؛ داشتہ ۔

Concupiscence : (n) [L. "Concupioscentia"] (۱) مستی ؛ نفسانی خواہش ؛ شہوت ؛ نفس امّارہ ؛ ہوس ۔ (۲) شدید مادی خواہش ۔ (۳) (نفسیات) آرزو ؛ تائید ربانی (سینٹ آگسٹائن کا فلسفہ) ؛ اتفاق (خیال کا) ۔

Concupiscent : (a) مست ؛ شہوت پرست ؛ سخت خواہش مند ؛ بندہ٭ خواہش ۔

Concupiscently : (adv) مستی سے ؛ شہوت پرستی سے ۔

Concupiscible : (a)[L. "Concupiscibilis"] سخت خواہشمند ؛ ہوسناک ۔

Concur : (v) [L. "Concurrare"] (۱) مطابق ہونا (واقعات کا) ؛ ایک ساتھ واقع ہونا ۔ (۲) باہم ہونا ؛ متفق الرائے ہونا ۔ (۳) ساتھ کام کرنا ؛ موافقت کرنا ؛ شرکت کرنا ۔ (٤) (دو تہواروں کا) مسلسل ہونا ۔ (٥) (قانون) حقوق وغیرہ کا ٹکرانا ۔

Concurrence / Concurrency : (n) (۱) اتفاق رائے ؛ مطابقت ؛ ہم وقتی ؛ ایک ساتھ رضامندی ؛ ہم چشمی ؛ رقابت ؛ حق مشترک ۔ (۲) (طبیعیات) ہم نقطگی ۔

Concurrency of lines : (طبیعیات) خطوط کی ہم نقطگی ۔

Concurrent : (a) [L. "Concurrentem"] (۱) متفق ؛ ہم رائے ؛ ساتھ ساتھ چلنے والا (جیسے خطوط متوازی) ؛ متلازم ؛ ہم کار ۔ (۲) (اقلیدس) ایک نقطہ پر ملنے والا ۔ (۳) مساوی قوت رکھنے والا ۔ (٤) موافق ۔ (٥) (قانون) حریف ؛ مقابل ۔ (٦) پے بہ پے ؛ پیہم ؛ متصل ؛ مسلسل ۔ (۷) (طبیعیات، ریاضی) ہم نقطہ ۔

Concurrent : (n) (۱) امدادی سبب ؛ موافق یا متفق حالات ۔ (۲) سال کے باون ہفتوں سے زیادہ کا ایک دن ۔

Concurrent accreditation : (تاریخ) بہ یک وقت ایک سے زیادہ جگہ سند اعتماد دیا جانا ۔

Concurrent action : (n) (تاریخ) بہ یک وقت کاروائی ۔

Concurrent deviation : (n) (شماریات) علامتی انحراف ۔

Concurrent force : (n) (طبیعیات) ہم نقطہ قوتیں ۔

Concurrent insurance : (n) متوازی بیمہ ۔

Concurrent Jurisdiction : (n) (تاریخ) یکساں دائرہ اختیار ۔

Concurrent lease : (n) مسلسل یا متصل پٹہ ؛ تعہد متصل (جو پہلے کی میعاد ختم ہونے سے قبل تحریر کر دیا جائے) ۔

Concurrent list : (n) (تاریخ) مشترک فہرست ۔

Concurrently : (adv) بالاتصال ؛ ساتھ ساتھ ؛ موافقت کے ساتھ ۔

Concurrentness : (n) تسلسل ؛ موافقت ؛ اتفاق ؛ مطابقت ۔

Concurringly : (adv) مطابقت سے ؛ متفق الرائے ہو کر ۔

Concuss : (v) [L. "Concuss"] صدمہ پہنچانا ؛ جھنجھوڑنا ؛ دھکا دینا ؛ زور سے ہلانا ؛ (استعارتاً) مضطرب کرنا ؛ دھمکی دینا ؛ دباؤ ڈالنا ۔

Concussion : (n) (۱) صدمہ ؛ دھکا ؛ چوٹ ۔ (۲) (جراحی میں) دماغی صدمہ ؛ سر کی چوٹ ۔ (۳) دھمکی ۔

Concussion billows : (n) خود کار دھونکنی (جو باجے میں از خود چلتی ہے) ۔

Concussion fuse : (n) پلیتہ ؛ فتیلہ ؛ چوٹ بتی (جو ضرب لگانے سے آگ پکڑتی ہے) ۔

Concussive : (a) تصادمی ؛ ضرب پہنچانے والا ۔

Concutient : (a) ضرب کھا کر ملنے والا ۔

Concyclic : (a) ہم دائرہ ؛ متوازی سطحوں سے کٹ کر دائرہ کی شکل بننے والا ۔

Condemn : (a) [L. "Conden (p)nare"] (۱) برا بھلا کہنا ؛ عیب لگانا ؛ ملامت کرنا قصور وار ٹھہرانا ؛ مجرم قرار دینا ۔ (۲) خلاف فیصلہ دینا ؛ سزا سنانا ؛ موت کا حکم سنانا ۔ (۳) نا کارہ کرنا ؛ رد کرنا ؛ نکمّا بنا دینا ۔ (٤) ضبطی کا حکم دینا ؛ ضبط کرنا ۔ (٥) لا علاج سمجھنا ۔ (٦) مسدود کرنا ؛ بند کرنا ۔

Condemnable : (a) قابل رد ؛ لائق تعزیر ؛ قابل ملامت و سرزنش ؛ قابل ضبط ۔

Condemnably : (adv) بطور ملامت ؛ بطور سرزنش ۔

Condemned : (a) رد کیا ہوا ؛ نا کارہ ؛ ردی ؛ مجرم ۔

Condemner : (n) ملامت کرنے والا ؛ سر زنش کرنے والا ؛ سزا دینے والا ۔

Condemnation : (n) (۱) سزا یا قصاص کا حکم سنانا ؛ سزا ؛ سر زنش ۔ (۲) وجہ سزا ؛ موجبات سزا ۔ (۳) ملامت ۔ (٤) ضبطی ؛ حکم ضبطی ۔ (٥) (تاریخ) سزا ؛ مذمت ۔

Condemnatory : (a) تعزیری ؛ پر ملامت ؛ اعتراض آمیز ؛ ملامت آمیز ؛ ملامتی ۔

Condemningly : (adv) ملامتی کے طور پر ؛ بطور سزا وغیرہ ۔

Condensability : (n) انجماد پذیری ؛ انجماد ؛ بستگی ؛ تکثیف ۔

Condensable : (a) انجماد پذیر ؛ قابل تکثیف ؛ قابل تلخیص ۔

Condensation : (n) (۱) انجماد ؛ بستگی ؛ تکاثف ؛ منجمد کمیت ؛ تلخیص ۔ (۲) (لسانیات) خلط (توریہ / چھوٹ) ۔

Condensation of molecule : (کیمیا) تکاثف مالیکیول کا ۔

Condensation of vapour : (کیمیا) بھاپ کا تکاثف ۔

Condense : (v) [L. "Condensare"] بستہ کرنا ؛ منجمد کرنا ؛ جمانا ؛ کثیف کرنا ؛ (روشنی کی شعاعوں کو) مجتمع کرنا ؛ (برقی قوت کو) یکجا کرنا ؛ سمیٹنا ؛ مجتمع کرنا ؛ مرتکز کرنا ؛ (گیس یا بھاپ سے) سیال بنا دینا ؛ (مطالب کا) ایجاد کرنا ؛ (چند لفظوں میں) مختصر کر دینا ؛ خلاصہ کرنا ؛ (استعارتاً) عطر کھینچ لینا ؛ کثیف ہونا ؛ مختصر ہونا ؛ کم ہونا ۔

Condensed : (a) (کیمیا) جما ہوا ۔

Condensed milk : (n) (کیمیا) گاڑھا کیا ہوا دودھ ؛ جما ہوا دودھ ۔

Condensed nuclei : (n) (طبیعیات) اجتماعی نیوکلی ۔

Condensed relative clause : (لسانیات) متکاثف / فقرہ موصولہ ۔

Condensedly : (adv) مختصر طور پر ؛ بطور خلاصہ ۔

Condensedness : (n) انجماد پذیری ؛ بستگی ؛ انجماد ۔

Condenser : (n) (۱) آلہ تکثیف ؛ بھاپ کے کثیف ہونے کا خانہ (انجن میں) ؛ تلخیص کرنے والا ؛ شعاعوں کو مرتکز کرنے کا عدسہ یا آئینہ ۔ (۲) (کیمیا) کنڈنسر ۔

Adjustable Condenser : (طبیعیات) قابل درستی کنڈنسر ؛ ٹھیک ہونے کے قابل کنڈنسر ۔

Block Condenser : (طبیعیات) بلاک کنڈنسر ۔

Blocking Condenser : (طبیعیات) ناگذار کنڈنسر ۔

Bypass Condenser : (طبیعیات) بائی پاس کنڈنسر ۔

Coupling Condenser : (طبیعیات) جگہ بندی کنڈنسر ۔

Dry electrolytic Condenser : (طبیعیات) خشک برق پاشیدہ کنڈنسر ۔

Electro-Chemical Condenser : (طبیعیات) برق کیمیائی کنڈنسر ۔

Gang Condenser : (طبیعیات) گینگ کنڈنسر ۔

Gaurdring Condenser : (طبیعیات) محافظ حلقہ کنڈنسر ۔

Parallel Plate Condenser : (طبیعیات) متوازی پلیٹ کنڈنسر ۔

Rotary Condenser : (طبیعیات) گھومنی کنڈنسر ۔

Smoothing Condenser : (طبیعیات) ہموار کن کنڈنسر ۔

Standard Condenser : (طبیعیات) معیاری کنڈنسر ۔

Tuning Condenser : (طبیعیات) ٹیوننگ کنڈنسر ۔

Variable Condenser : (طبیعیات) تغیر پذیر کنڈنسر ۔

Vernier Condenser : (طبیعیات) ورنیر کنڈنسر ۔

Condenser lens : (n) (طبیعیات) اجتماع کن لینس ۔

Condenser microphone : (n) (طبیعیات) کنڈنسر مائکروفون ۔

Condensible : (a) دیکھو Condensable

Condensity : (n) [L. "Condensus"] اختصار ؛ کثافت ۔

Condescend : (v) [L. Condescendere"] فروتنی کرنا ؛ جھکنا ؛ انکسار یا تواضع کرنا ؛ (چھوٹوں سے) اتفاق کرنا (رائے سے) ؛ برتری کا احساس کرنا ؛ تعین یا تخصیص کرنا ۔

Condescedence : (n) انکسار ؛ اخلاق ؛ تواضع ؛ التفات ؛ شفقت ؛ رعایت ؛ اطاعت ۔

Condesceoent : (n) تسلیم کرنے والا ؛ رضامندی دینے والا ۔

Condescending : (a) (۱) منکسر ؛ با اخلاق ؛ متواضع ۔ (۲) ملتفت ؛ شفیق ؛ کرم فرما ؛ مائل بہ سرپرستی ۔ (۳) بالتفصیل ۔

Condenscendingly : (adv) از راہ شفقت ؛ از راہ کرم فرمائی ؛ مشفقانہ طور پر ؛ بطور التفات ۔

Condescension : (n) انکسار ؛ اخلاق ؛ تواضع ؛ التفات ؛ شفقت ؛ کرم فرمائی (چھوٹوں پر) ۔

Condiction : (n) [L. "Condictionem"] (رومی قانون) واپسی کا رسمی دعویٰ ؛ غلط ادائیگی کی وصولی کا دعویٰ ۔

Condictitious : (a) واپسی کے رسمی دعوے سے متعلق ؛ غلط ادائگی کی وصولی کے دعوے سے متعلق ۔

Condign : (a) [L. "Condignus"] مناسب حال ؛ واجبی (سزا، انتقام وغیرہ) ۔

Condignity : (n) [L. "Condignitas"] (۱) اکتسابی اجر (اچھے کام کےلئے) ۔ (۲) (نفسیات) ثواب ۔

Condignly : (adv) واجبی طور پر ۔

Condignness : (n) سزا واری ۔

Condiment : (n) [L. "Condimentum"] مسالا ؛ چاشنی ؛ چٹنی ؛ اچار ۔

Condimental : (a) مسالہ دار ؛ چٹپٹا ؛ چاشنی دار ۔

Condisciple : (n) ہم شاگرد ۔

Condition : (n) [L. "Condicionem"] (۱) حالت ؛ احوال ؛ کیفیت ؛ طور ۔ (۲) شرط ؛ قرار ؛ اقرار (وہ چیز جس کے پورا ہونے پر کسی دوسری چیز کا انحصار ہو) ؛ شرط اول ؛ شرط لازمی ۔ (۳) جملہ شرطیہ ۔ (٤) نا موافق حالات ۔ (٥) (سماجی) درجہ ؛ مقام ۔ (٦) موزوں حالت ؛ مناسب حالت ۔

Casual Condition : (نفسیات و تعلیمات) شرط اتفاقی ۔

Constitutive Condition : (نفسیات و تعلیمات) لازمی شرط ۔

Energy Condition : (ریاضی) شرط توانائی ۔

Epistemic Condition : (نفسیات و تعلیمات) عملیاتی شرط ۔

Equation of Condition : (ریاضی) مساوات شرط ۔

Express Condition : (تجارت) ظاہر شرط ۔

General Condition : (ریاضی، طبیعیات) عام شرط ۔

Implied Condition : (تجارت) مضمر شرط ۔

In condition : اچھے (ٹھیک) حال میں ۔

Initial Condition : (ریاضی، طبیعیات) ابتدائی شرط ؛ شروع کی شرط ۔

Necessary Condition : (ریاضی) ضروری شرط ۔

Negative Condition : (نفسیات و تعلیمات) منفی حالت ؛ منفی شرط ۔

Objective Condition : (نفسیات و تعلیمات) معروضی شرط ؛ معروضی حالت ۔

On Condition that : اس شرط پر کہ ؛ بشرطیکہ ۔

Out of Condition : برے حال میں ۔

Particular Condition : (ریاضی) خصوصی شرط ۔

Positive Condition : (نفسیات و تعلیمات) مثبت شرط ۔

Regularity Condition : (شماریات) باقاعدگی شرط ۔

Single Condition : (نفسیات و تعلیمات) واحد شرط ۔

Sufficient Condition : (طبیعیات) کافی شرط ؛ کافی حالت ۔

To change one's condition : شادی کرنا ۔

Condition : (v) (۱) شرط لگانا ؛ شرط عائد کرنا ؛ (کسی کام کے کرنے پر) کسی شرط پر راضی ہونا ؛ عہد و پیمان کرنا ۔(۲)(تجارت) مال کی حالت جانچنا ؛ پڑتالنا ؛ مشروط کرنا ؛ شرط ہونا ۔(۳) (امریکی جامعات میں) شرط پر داخلہ لینا (کہ جس مضمون میں فیل ہو اس میں مقررہ میعاد کے اندر پاس کرنا ہوگا) ؛ مناسب حالت میں ہونا ؛ موزوں حالت میں ہونا ۔(٤) (منطق) محدود کرنا ۔ (٥) (جانوروں کو) موٹا کرنا ۔ (٦) (نفسیات) اثر انداز ہونا ؛ مخصوص تبدیلی کرنا ۔

Size is Conditioned by the requirements : عرض و طول کا انحصار ضروریات پر ہے ۔

The two things Condition each other : دونوں چیزیں لازم و ملزوم ہیں ۔

Condition of collinearity : (طبیعیات) ہم خطی حالت ؛ ہم ریکھی ؛ شرط ہم خطیت ۔

Condition of equilibrium : (ریاضی) شرط توازن ۔

Condition of integrability : (ریاضی) شرط تکملیت ۔

Condition of sale : نیلام کے شرائط ۔

Condition of tangency : (ریاضی) شرط مماس ۔

Conditional : (a) (۱) شرطیہ ؛ مشروط ؛ منحصر ۔(۲) مقید ۔

Conditional : (n) شرطیہ لفظ ؛ جملہ ؛ حرف وجہ ؛ قضیہ یا قیاس منطقی ۔

Conditional distribution : (n) (طبیعیات) مشروطی تقسیم ؛ مشروط بٹائی ۔

Conditional dominance : (n) (ریاضی) مشروط غلبہ ۔

Conditional equation : (n) (طبیعیات) مشروط مساوات ۔

Conditional mood : (n) (لسانیات) کیفیت شرطیہ ۔

Conditional morality : (n) (نفسیات و تعلیمات) مشروط اخلاقیات ۔

Conditional power function : (شماریات) مشروط قوی تفاعل ۔

Conditional probability : (n) (طبیعیات) مشروط احتمال ۔

Conditional receipt : (n) (تجارت) مشروط رسید ۔

Conditional sale : (n) (تجارت) مشروط بکری ۔

Conditional sentence : (n) (لسانیات) جملہ شرطیہ ۔

Conditional sound change : (لسانیات) مشروط صوتی تبدیلی ۔

Conditional statistics : (n) (شماریات) مشروط ۔

Conditional stress : (n) (لسانیات) مشروط بل ۔

Conditional test : (n) (شماریات) مشروط جانچ ۔

Conditional unbiased estimator : (شماریات) مشروط غیر طرفی تخمینہ کار ۔

Conditional work : (سماجیات) کام کی شرطیں ۔

Conditionality : (n) مشروطیت ۔

Conditionally : (adv) با شرط ؛ مشروط طور پر ۔

Conditionally convergent series : (ریاضی) شرطی متقارب سلسلہ ۔

Conditionate : (a) (۱) مشروط ؛ محدود ۔(۲) مشروط چیز ۔

Conditionate : (n) مشروط چیز -

Conditionate : (v) مشروط کرنا ؛ شرط لگانا -

Conditionately : (adv) مشروط طور پر -

Conditioned : (a) (۱) کسی خاص حالت میں - (۲) مقید ؛ مکلف -

Ill conditioned : بری حالت میں -

Well conditioned : اچھی حالت میں -

Conditioned dominance : (n) (ریاضی) غلبہ بالشرط -

Conditioned response : (n) (سماجیات) مشروط تاثر -

Conditioning : (n) ساختہ لزوم -

Cross conditioning : (نفسیات و تعلیمات) برعکسی لزوم -

Delayed conditioning : (نفسیات و تعلیمات) دیر لزوم -

Conditioning factor : (n) (لسانیات) شرطی امر -

Condivision : (n) تقسیم متقابل -

Condolatory : (a) تعزیتی ؛ همدردانہ ؛ متاسفانہ ؛ تسلی آمیز -

Condole : (v) [L. "Condolare"] ماتم پرسی کرنا ؛ پرسہ دینا ؛ تعزیت کرنا ؛ همدردی کرنا ؛ تسلی دینا ؛ اظہار تاسف کرنا -

Condolement : (n) پرسہ ؛ ماتم پرسی ؛ تعزیت ؛ تاسف ؛ تسلی -

Condolence : (n) دیکھو Condolement

Condolent : (a) [L. "Condolentum"] متاسف ؛ سوگوار -

Condoler : (n) پرسہ دینے والا ؛ تعزیت دینے والا -

Condolingly : (adv) بطرر تعزیت -

Condominim : (n) [mod. L.] مشترك حق حکومت -

Condonation : (n) [L."Condonationem"] معافی ؛ اغماض ؛ عفو تقصیر ؛ چشم پوشی ؛ بخشائش -

Condone : (v) [L."Condonare"] معاف کرنا (قصور ، خاص کر ازدواجی معاهدہ کی خلاف ورزی کو) ؛ نظر انداز کرنا (قصور یا افعال کا) ؛ چشم پوشی یا اغماض کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ عوض کرنا (کسی قصور کا) -

Condoner : (n) معاف کرنے والا ؛ نظر انداز کرنے والا ؛ چشم پوشی کرنے والا -

Condor : (n) [Peruvian "Cuntur"] (۱) جنوبی امریکہ کا ایك بڑی قسم کا گدھ یا کرگس - (۲) جنوبی امریکہ کا ایك سونے کا سکہ جس پر کرگس کی تصویر هوتی هے -

California Condor : کلیفورنیا کا بڑا گدھ یا کرگس -

Condottiere : (n) (Pl. Condottieri) [It. "Condotto"] (۱) کرائے کی فوج کا سردار ؛ پیشہ ور سالار (جو محض روپیے کی خاطر اپنی جمعیت سمیت کسی فریق جنگ کا شریك هو جائے) - (۲) (تاریخ) اٹلی کا پیشہ ور سپاهی -

Conduce : (v) [L. "Conducere"] رجوع هونا ؛ مائل هونا ؛ رهنما هونا ؛ واقعات یا کسی خاص نتیجے کی طرف رهنما هونا ؛ باعث هونا ؛ ممد هونا (کسی نتیجہ تك پہنچانے میں) -

Conducingly : (adv) باعث هوکر ؛ ممد هو کر -

Conducive : (a) راجع ؛ مائل ؛ ممد ؛ باعث ؛ سود مند ؛ موجب -

Conduciveness : (n) رجوع ؛ میلان -

Conduct : (n) [L."Conductus"] (۱) رهبری ؛ رهنمائی ؛ انصرام - (۲) (کارو بار وغیرہ چلانے کا) طریقہ ؛ طور ؛ اخلاق - (۳) چال چلن ؛ اطوار ؛ راہ و روش ؛ طور طریق ؛ چلن (خاص کر اخلاقی حیثیت سے) - (٤) (پانی کو) نہر کے ذریعہ لے جانا ؛ رسائی -

Moral Conduct : (سماجیات) اخلاقی چلن -

Regularised Conduct : منضبط چلن -

Conduct : (n) اٹین کالج (انگلستان) کا کشیش -

Conduct : (a) (۱) استخدام شدہ - (۲) رهبری شدہ ؛ هدایت یافتہ -

Conduct : (v) (۱) رهنمائی کرنا ؛ رهبری کرنا ؛ سیادت کرنا ؛ سپه سالاری کرنا ؛ (باجے یا گانے کے متعلق) هدایت کرنا ؛ (کاروبار کا) انتظام کرنا ؛ اهتمام کرنا ؛ عمل کرنا ؛ طرزعمل کرنا ؛ طرز عمل اختیار کرنا ـ (۲) (طبیعیات) ایصال (حرارت) کرنا ؛ لے جانا (نهر کے ذریعه) ـ

Conduct - money : (n) (۱) طلبانه (گواه کے مصارف سفر) ـ (۲) فوج کے اخراج سفر ؛ هزنیه سفر ـ (۳) بحریه کے لئے ملاحوں کے سفر کا خرچ ـ

Conductance : (n) (۱) (بجلی) قوت ایصال ؛ ایصالیت ـ (۲) (کیمیا) موصلیت ـ

Conductibility : (n) ایصال کی قابلیت ـ

Conductible : (a) موصل ؛ ایصال پذیر (حرارت) ـ

Conduction : (n) [L. "Conductionem"] (۱) ایصال یا نقل (حرارت) ؛ رسائی (کسی سیال یا پانی کی) ـ (۲) (کیمیا) موصلیت رو ـ

Conductitious : (a) بھاڑے پر لیا هوا ؛ بھاڑے کا ؛ مزدی ـ

Conductive : (a) ایصالی ؛ رساں ؛ ناقل ـ

Conductively : (adv) ایصال یا نقل کے ذریعه ـ

Conductivity : (n) (طبیعیات) چالکتا ؛ موصلیت ـ

Bridge Conductivity : (طبیعیات) پل چالکتا ـ

Equivalent Conductivity : (طبیعیات) هم موصلیت ؛ هم پله چالکتا ـ

Molecular Conductivity : (طبیعیات) مولی کولر چالکتا ؛ سلمی موصلیت ـ

Specific Conductivity : (طبیعیات) مخصوص چالکتا ؛ نوعی موصلیت ـ

Thermal Conductivity : (طبیعیات) حرارتی چالکتا ؛ حراری موصلیت ـ

Water Conductivity : (طبیعیات) چالکتا پانی ـ

Conductivity cell : (طبیعیات) چالکتا سیل ؛ موصلیت خانه ـ

Conductometer : (n) (طبیعیات) چالکتا پیما ؛ موصلیت پیما ـ

Conductometrio titration : (کیمیا) موصلیتی معاشره ـ

Conductor : (n) (۱) رهنما ؛ رهبر ؛ اگوا ؛ پیش رو ؛ منتظم ـ (۲) (ناچ یا باجے کا) مهتمم ؛ استاد ؛ پکھاوجی ـ (۳) (کرایه کی گاڑی کا) کرایه وصول کرنے والا ـ (٤) موصل ؛ ناقل (حرارت وغیره) ؛ برق کش (وه تار یا کلس جس سے بجلی عمارت کو نقصان پهنچائے بغیر زمین میں اتر جاتی هے) ـ (٥) کرایه پر لینے والا یا دینے والا ـ

Lightning Conductor : (طبیعیات) کوندها چالك ؛ چالك ـ

Conductorship : (n) خدمت رهنمائی ؛ رهنمائی ؛ رهنمائی کا عهده ـ

Conductress : (n) وه عورت جو بس یا ٹرام وغیره میں کرایه وصول کرتی هے ـ

Conduit : (n) [Med. L. "Conductus"] (۱) نالی یا نل (جو سیال اشیا کو منتقل کرے) ؛ آب گذر ـ (۲) برقی تار کو محفوظ رکھنے کی نالی ؛ اینٹ یا نلکی ـ (۳) چشمه ـ (٤) زمین دوز پوشیده راسته ـ

Conduit pipe : (n) نلکی ـ

Conduplicate / Conduplicated : (a) [L."Conduplicatus"] (۱) (نباتیات) دو تها ـ (۲) لمبا لمبا ته کیا هوا ـ

Conduplication : (n) مضاف ـ

Condurrite : (n) [f. Condurrow] ایک قسم کی سیاه رنگ کی دهات جس میں توم تانبه اور آرسینك هوتے هیں ـ

Condyle / Condyl : (n) [Gr. "Kondylos"] (تشریح) قفلی یعنی هڈی کا وه گول سرا جو دوسری هڈی (حضره) میں جوڑ پر پھنسا هوا هوتا هے ؛ مهره استخواں ؛ هڈی کا ابھار ـ

Condyloid : (a) قفلوئی ؛ مهره استخواں کی مانند ؛ قفلی سے متعلق ـ

Condyloma (Pl. Condylomata) : (n) [Gr. "kondylos"] (مرضیات) فاسد پھوڑا جو جلد پر کهیں هوجاتا هے خصوصاً اعضائےتناسل یا مقعد کے نزدیک ـ

Condylomatous : (a) فاسد پھوڑے کی طرح کا -

Condyloped / Condylope : (n) [mod. L. "Condylopus"] گرہ دار پاؤں والے جانوروں کی ایک نوع -

Condylor : (a) مہرہ استخواں سے متعلق -

Condylura : (n) [Gr. "kondylos + ura"] جنوبی امریکہ کی چھچھوندر کی ایک نوع -

Cone : (n) [Gr. " konos"] (۱) مخروطہ ؛ مخروط ؛ مخروط مستدیر ؛ صنوبر وغیرہ کا پھل - (۲) ایک آبی جانور ؛ کونوس کا مخروطی خول یا گھونگا ؛ کوکلا - (۳) طوفان نما (ایک مخروطی شکل کا آلہ جو آندھی اور مینہ کا آنا بتاتا ھے) - (٤) مخروطی شکل کی کوئی چیز - (٥) پردہ شبکی کا ایک چھوٹا حساس حصہ - (٦) کوئی مخروطی راس یا نقطہ -

Circular Cone : (ریاضی و طبیعیات) دائرہ مخروط ؛ دائرہ کون -

Hollow Cone : (طبیعیات) کھوکھلا کون ؛ (ریاضی) تہی مخروط -

Oblique Cone : (طبیعیات) آڑا کون -

Right circular cone : (طبیعیات) سیدھا دائرہ مخروط ؛ قائم دائرہ مخروط -

Solid cone : (طبیعیات) ٹھوس کون ؛ ٹھوس مخروط -

Cone : (v) مخروط بنانا ؛ (مخروط پھل) بننا یا اگنا -

Cone attachment : (n) (تاریخ) مخروطی جوڑ -

Cone - bit : (n) مخروطی برما -

Cone - flower : (n) ایک قسم کا پودا جس کا پھول مخروطی شکل کا ھوتا ھے -

Cone - gear : (n) مخروطی پرزہ -

Cone - in - cone : (n) ایک عجیب و غریب ارضیاتی ساخت جسے دیکھ کر یہ معلوم ھوتا ھے کہ بہت سے مخروط ایک دوسرے پر رکھ دیئے گئے ھیں -

Cone of friction : (طبیعیات) رگڑ کا مخروط ؛ رگڑ کا کون ؛ مخروط مزاک -

Cone of rays : (n) شعاع کی لکیر جو ایک نقطہ سے نکل کر کسی سطح پر پھیلی ھو -

Cone of revolution : (n) (طبیعیات) دوران کا مخروط ؛ گردش کا کون -

Cone of shade : (n) (فلکیات) کسی سیارے کا مخروطی سایہ جو سورج کے مخالف حصہ میں پڑتا ھے -

Cone of shadow : (n) (طبیعیات) سایہ کا کون -

Cone pat : (n) [Mexican] امریکہ کا ایک گوشت خور بلی کی طرح کا جانور جو حملہ یا مارنے کےوقت سخت بدبو نکالتا ھے -

Cone - pully : (n) کٹے ھوئے مخروط کی شکل کی گھرنی -

Cone - seat : (n) بندوق توپ وغیرہ میں لوھے کا ٹکڑا جس پر ھوا کے سوراخ کی ڈاٹ رھتی ھے -

Cone - sholl : (n) کونس کی نوع کا ایک گھونگا -

Cone - wheel : (n) کٹے ھوئے مخروط کی شکل کا پہیا -

Coneine : (n) ایک قسم کا نباتی زھر -

Conenchyma : (n) [Gr. "konos + egchyma"] مخروطی خلیوں سے بننے والے پودوں کے رواں کی نسیج -

Conessive : (n) [f."Conessi"] ایک قسم کی چھال سے پیدا ھونے والی تلخ اساس -

Coney : (۱) (خرگوش ولایتی) ؛ سرخ چشم ؛ ارنب - (۲) (انجیل کی اصطلاح میں) چھوٹا سور ؛ خنزیر - (۳) (نقابت) سپر پر خرگوش کی شبیہ -

Confab : (n) [Collq. abbrev. of CONFABULATION] گفتگو ؛ بات چیت -

Confab : (v) گفتگو کرنا ؛ بات چیت کرنا -

Confabulate : (v) [L. "Confabulari"] باتیں کرنا ؛ گفتگو کرنا ؛ بات چیت کرنا -

Confabulation : (n) (۱) گفتگو ؛ (بے تکلف) بات چیت - (۲) حافظہ یا یاد داشت کے تاریک گوشوں کو فکر و خیال سےبھرنا -

Confabulator : (n) گفتگو کرنے والا ؛ بات چیت کرنےوالا -

Confabulatory : (a) بات چیت کا سا ؛ گفتگو کا ۔

Confarreation : (n) [L. "Confarreationem"] قدیم رومیوں کی شادی کا سب سے موقر طریقہ جس میں شوہر کو بیوی پر پورا حق حاصل ہو جاتا تھا ۔

Confated : (a) هم تقدیر ؛ هم سرنوشت ۔

Confect : (n) [med. L. "Confectum"] ایك مٹھائی ؛ شیرینی ۔

Confect : (v) [L. "Confect"] بنانا ؛ مخلوط کرنا ؛ مرکب کرنا ۔ (٢) مٹھائی بنانا ۔

Confection : (n) [L. "Confectionem"] (١) ملانا ؛ مرکب کرنا (خاص کرمٹھائی ، شیرینی، مربہ، حلوہ) ؛ مخلوط کرنا ۔ (٢) معجون ۔ (٣) (فرانس میں) آرائشی سازو سامان یا لباس ۔ (٤) کوئی مصنوعی، مرصع چیز (فن پارہ ، عمارت یا لباس) ۔

Confection : (v) مٹھائی بنانا ؛ شیرینی بنانا ۔

Confectionary : (a) شیرینی سے متعلق ؛ مٹھائی جیسا ۔

Confectionary : (n) (١) مٹھائی رکھنے کی جگہ یا الماری ۔ (٢) شیرینی ؛ مٹھائی ۔ (٣) شیرینی ؛ شیرینی سازی ؛ شیرینی فروش ۔

Confectioner : (n) حلوائی ؛ مربّہ ساز ؛ کیك بنانے والا ۔

Confectionery : (n) (١) شیرینی ؛ مٹھائی ۔ (٢) شیرینی سازی ۔ (٣) شیرینی فروشی ؛ شیرینی کی دکان ۔

Confederacy : (n) [L. "Confaederatio"] (١) اتفاق ؛ پیمان ؛ اتحاد ؛ ایکا ؛ سازش ؛ تعاهد ؛ (متحد افراد یا ریاستوں کا) جتھا ؛ دستہ بندی ۔ (٢) (تاریخ) ریاستوں کا اتحاد ۔

Southern Confederacy : امریکا کی اتحادی ریاستیں ۔

Confederal : (a) اتحادی ؛ اتحاد سے متعلق ؛ متحد ریاستوں سے متعلق ۔

Confederalist : (n) متحد ریاستوں کا رکن یا حامی ۔

Confederate : (n) [L. Confoederatum] (١) شریك کار یا حلیف ۔ (٢) امریکا کی معاهد ریاستوں کے پیرو ۔

Confederate : (a) متحد ؛ امریکا کی معاهد ریاستیں (جنهوں نے ٦٥-١٨٦٠ میں امریکی اتحاد سے الگ هوکر اپنا جتھا علاحدہ باندھ لیا) ۔

Confederate : (v) (١) اتحاد میں شریك کرنا (کسی شخص، ریاست یا اپنی ذات کو) ۔ (٢) (سماجیات) الحاق کرنا ؛ ملحق کرنا ؛ ملانا ۔

Confederated : (a) (تاریخ) متحدہ ۔

Confederated states : (n) (تاریخ) متحدہ ریاستیں ۔

Confederation : (n) (١) گروہ ؛ جتھا ؛ گروہ بندی ؛ جتھا بندی ۔ (٢) ممالك منسلكه ؛ متحد ریاستیں (جو اندرونی معاملات میں آزاد هوں) ۔ (٣) (سماجیات) الحاق ۔

Articles of Confederation : اتحاد کی شرائط ۔

Confederative : (a) اتحادی ۔

Confer : (v) [L."Conferre"] (١) خطاب ، ڈگری وغیرہ عطا کرنا ؛ مرحمت کرنا ۔ (٢) گفتگو کرنا ؛ مشورہ کرنا ۔

Conferee : (n) شریك مشورہ یا صلاح ؛ جس کو ڈگری، خطاب وغیرہ عطا کیا جائے ۔

Conference : (n) مشاورت ؛ مشاورت کا جلسہ ؛ کانفرنس ؛ مجلس ؛ ویسیلین فرقہ کا سالانہ جلسہ ۔

Conferential : (a) مشاورتی ؛ کانفرنس سے متعلق ۔

Conferment : عطا ؛ مرحمت ؛ مشورہ ؛ بخشش ۔

Conferrable : (a) قابل عطا ؛ قابل مرحمت ؛ قابل مشورہ ۔

Conferrer : (n) عطا کرنے والا ؛ عطا کنندہ ؛ مشورہ کرنے والا ۔

Conferruminate / Conferruminated : (a) (نباتیات) ملحق شدہ ؛ چسپیدہ ؛ حلقه وصل ۔

Conferava : (n) [L. perh. "Comfrey"] جلبك کی جنس ؛ پودوں کی ایك جنس جس میں اشنہ (Alga) شامل هے ۔

Confervaceous : (a) جلبك کی قسم کا یا اس سے متعلق ۔

Conferval : (a) جلبك سے متعلق یا جلبك کی مانند ۔

Confervite : (n) ایک متحجر پودا جو کھلی میں پایا جاتا ھے ۔

Confervoid : (a) دیکھو Conferval

Confess : (v) [L. Confessare"] (۱) قبول کرنا ؛ اقرار کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ اقبال کرنا ؛ اعتراف کرنا (با قاعدہ گناھوں کا اعتراف کرنا خصوصاً پادری کے سامنے) ؛ توبہ استغفار کرنا (مسیحی طریقہ کے مطابق) ؛ اعتراف گناہ سننا (پادری کا) ۔ (۲) مان لینا ؛ یقین رکھنا ۔ (۳) اظہار کرنا ؛ ظاھر کرنا ۔ (٤) گناھوں سے پاک ھونا یا پاک کرنا ۔

To confess and avoid : جرم کا اقرار کرنا مگر بری الذمہ قرار دینا ۔

Confessant : (n) مقر ؛ معترف (گناہ) ؛ اعتراف گناہ کرنے والا ۔

Confessed : (a) مسلم ؛ اعتراف شدہ ؛ اعتراف کیا ھوا ؛ گناھوں سے پاک کیا ھوا ۔

Confessedly : (adv) باقرار ؛ معترفانہ ۔

Confessee : (n) معترف ؛ مقر ۔

Confesser : (n) مقر ؛ معترف ۔

Confession : (n) [L. "Confessionem"] (۱) اقبال ؛ اقرار ؛ اعتراف ؛ ایجاب (قصور واقعہ وغیرہ کا) ۔ (۲) وہ بات جس کا اعتراف کیا گیا ھو ۔ (۳) (اگلے زمانے میں معترف گناہ کی قبر کو بھی کہتے تھے) شہید کی قبر ؛ مقبرے پر بنی قربان گاہ ۔ (٤) اقرار جرم ؛ مذھبی عقیدے کا اقرار ۔ (٥) کوئی ایک کلیسا یا عیسائیوں کی جماعت ۔ (٦) (جمع میں) خود نوشت سوانح عمری جس میں پوشیدہ اور ذاتی باتوں کا بیان ھو ۔

Auricular Confession : پادری کےسامنے اعتراف گناہ اور توبہ ۔

Confession and avoidance : اقرار جرم عذر برأت کے ساتھ ۔

Confession of faith : اقرار مذھب ؛ اظہار عقیدہ ۔

Confessional : (n) وہ کرسی یا نشست گاہ جہاں بیٹھ کر پادری اقرار گناہ سنتا ھے ؛ اعتراف ۔

Confessional : (a) (۱) اقراری ؛ اقبالی ؛ ایجابی ۔ (۲) اظہار عقیدہ سے متعلق ۔

Confessionalism : (n) (۱) اظہار عقیدہ کا اصول ۔ (۲) کسی خاص دینی نظام کی پیروی ۔

Confessionalist : (n) اعتراف کرنے والا ؛ مقر ؛ معترف ۔

Confessionary : (a) گناھوں کے اعتراف سے متعلق ۔

Confessionary : (n) دیکھو Confessional

Confessionist : (n) کسی خاص عقیدہ کا پیرو ؛ معتقد ؛ خاص کر لوتھر کے عقیدہ کا ۔

Confessionless : (n) بے عقیدہ ۔

Confessor : (n) (۱) مقر ؛ معترف ؛ مجیب ۔ (۲) راسخ العقیدہ ؛ صاحب استقامت (جس نے اقرار مذھب کی وجہ سے شہادت کے سوا ھر قسم کی ایذا برداشت کی ھو) ۔ (۳) اعتراف گناہ سننے والا پادری ۔

Confessoress : (n) اعتراف کرنے والی ؛ اقرار کرنے والی ۔

Confessorship : (n) اعتراف کرنے والےپادری کا عھدہ ۔

Confest : (a) دیکھو Confessed

Confetti : (n) [It. "Confetto"] (۱) مٹھائی کی نقل ۔ (۲) رنگین کاغذ کی ٹکیاں وغیرہ (جو نوروز یا شادی وغیرہ میں ایک دوسرے پر پھینکتے ھیں) ۔

Confidant : (n) [F. "Confident"] (خانگی) (خصوصاً محبت کے) معاملات کا معتمد علیہ ؛ ھم راز ؛ محرم ؛ دم ساز ؛ محرم راز ؛ محرم اسرار ؛ راز دار ۔

Confidante : (n) (۱) ھم راز عورت ؛ راز دار عورت ؛ سہیلی ۔ (۲) ایک قسم کا صوفہ جس میں بازو لگا کر علاحدہ نشستیں بنائی جاتی ھیں ۔

Confide : (v) [L. "Confidere"] (۱) بھروسہ کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ اعتبار کرنا ۔ (۲) راز دار بنانا ۔ (۳) حوالہ کرنا ؛ تفویض کرنا ۔

Confidence : (n) (۱) پورا بھروسہ ؛ اعتماد ۔ (۲) زعم ؛ داعیہ ؛ اعتماد علی النفس ؛ جسارت ؛ دلاوری ؛ بیباکی ۔ (۳) ھمرازی ؛ رازداری ؛ تفویض ۔ (٤) سہارا ۔

Central interval confidence : (شماریات) مرکزی وقفه اعتماد ۔

Levels of confidence : (نفسیات و تعلیمات) مدارج اعتماد ۔

Limits of confidence : (نفسیات و تعلیمات) حدود اعتماد ۔

Confidence : (v) دھوکا دینا ۔

Confidence belt : (n) (شماریات) اعتمادی پٹی ۔

Confidence coefficient : (n) (شماریات) نمائندہ اعتماد ۔

Confidence interval : (n) (شماریات) نمائندہ وقفہ ۔

Confidence limit : (n) (ریاضی) اعتمادی انتہا ۔

Confidence man : (n) فریبی ؛ جل دینے والا ؛ عیار ۔

Confidence region : (n) (شماریات) خطہ اعتماد ۔

Confidence trick : (n) عیاری ؛ جُل ۔

Confident : (a & n) (۱) بھروسہ کرنے والا ؛ معتمد ؛ متیقن ۔ (۲) جری ؛ بے باك ۔ (۳) صاحب داعیہ ؛ ہمراز ؛ محرم ؛ دمساز ؛ راز دار ۔ (٤) گستاخ ؛ ادعائی ؛ راز دارانہ ؛ مخفی ۔

Confidently : (adv) راز دارانہ طور پر ؛ بھروسہ کر کے ؛ تیقن کے ساتھ ۔

Confider : (n) بھروسہ کرنے والا ؛ اعتماد کرنے والا ؛ راز دار بنانے والا ۔

Confidential : (a) (۱) راز میں ؛ بصیغۂ راز (تحریر یا تقریر) ۔ (۲) راز داں ؛ واقف اسرار ؛ محرم راز ۔ (۳) راز کے کام آنے والا (ملازم) ۔ (٤) مخفی ؛ پوشیدہ ۔ (٥) اعتماد کرنے والا ، بھروسہ کرنے والا ۔

Confidentiality : (n) راز دانی ؛ راز داری ۔

Confidentially : (adv) راز دارانہ ؛ راز دانی کے طور پر ۔

Confidentialness : (n) راز دانی ؛ راز داری ۔

Confidingly : (adv) راز داری سے ؛ اعتماد کے ساتھ ۔

Confidingness : (n) راز داری ؛ اعتماد ؛ بھروسہ ۔

Configuration : (n) [L. "Configuration"] (۱) ترتیب اجزاء ؛ ہیئت ؛ وضع ؛ شکل ۔ (۲) (طبیعیات) تشکیل ۔ (۳) (ہیئت) ستاروں کی مخصوص وضع و ترتیب ؛ اجرام فلکی (مثلاً قمر، سیاروں وغیرہ) کے مقامات متناسبہ ۔

Electron Configuration : (کیمیا) الکٹرانی تشکیل (طبیعیات) الکٹرون تشکیل ۔

Configurational : (a) متشکل ؛ مرتب ۔

Configure : (v) [L. "Configurare"] شکل دینا ؛ تشکیل کرنا ۔

Confineable : (a) محدود ہونے والا ؛ مقید ہونے والا ۔

Confine : (n) [L. "Confinia"] (۱) (جمع) سرحد ؛ حد اخیر ؛ (استعارتاً) حد فاصل دو قسم کے خیالات میں) ۔ (۲) حدود ؛ احاطہ کی ہوئی (کوئی چیز) ؛ روك ؛ قید ۔

Confine : (v) (۱) (شخص ، شئے ، خود کو) روکنا یا روك رکھنا ؛ حد سے باہر نہ ہونے دینا ؛ حد سے تجاوز نہ کرنے دینا ؛ حدود میں رکھنا ۔ (۲) قید کرنا ؛ مقید کرنا ۔ (۳) صاحب فراش ہونا ؛ زچہ خانہ میں ہونا ۔ (٤) باندھنا ۔

To be confined : زچہ خانہ میں ہونا ؛ ولادت ہونا ۔

To confine with : ملحق ہونا ۔

Confinedly : (adv) محدود طور پر ؛ حد میں رکھ کر ۔

Confinedness : (n) حدود ؛ قید ۔

Confineless : (a) غیر محدود ؛ بے حد و پایاں ۔

Confinement : (n) (۱) قید ؛ بند ؛ روك ؛ گرفتاری ۔ (۲) (سماجیات) نظر بندی ۔ (۳) زچگی ؛ صاحب فراشی ۔ (٤) حد ؛ روك ؛ تحدید ۔

Congregate Confinement : (سماجیات) اجتماعی نظر بندی ۔

Solitary Confinement : (سماجیات) انفرادی قید ۔

Confinity : (n) مجاورت ؛ قربت ۔

Confirm : (v) [L."Confirmare"] (۱) (طاقت ، شخص، قبضہ کو) پکا کرنا ؛ مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ تقویت دینا ؛ جمانا ۔ (۲) (سماجیات) تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ مضبوطی دینا ۔ (۳) توثیق کرنا ؛ منظوری دینا (صلح، قبضہ، خطاب کی) ؛ برقرار رکھنا ؛ تصدیق کرنا (بیان یا شہادت کی) ۔ (٤) کسی شخص کو اس کی

عادت یا رائے میں پختہ کرنا یا قائم کرنا ۔ (۵) عیسائی بچوں کی دینی تلقین و توثیق کی رسم ادا کرنا ۔

Confirmable : (a) (نفسیات) توثیق پذیر ؛ قابل توثیق ؛ قابل استحکام ۔

Confirmation : (n) (۱) اثبات ؛ استقلال ؛ تائید ؛ استحکام ؛ برقراری ؛ بحالی ؛ تصدیق ؛ توثیق ؛ منظوری ؛ ثبوت ۔ (۲) (نفسیات) مستقلی ۔ (۳) عیسائی بچوں کے سن شعور کو پہنچنے پر ان کو عیسوی دین کی تعلیم و تلقین کی رسم ۔

Confirmation cartarum : (تاریخ) چارٹروں کی توثیق ۔

Confirmation of balance : (تجارت) توثیق بقایا ۔

Confirmation of the charters : منشور اعظم اور معاهده جنگلات کی ایڈورڈ اول کے ذریعه سن ۱۹۲۷ء میں توثیق ۔

Confirmative : (a) تصدیق کننده ؛ تائیدی ؛ توثیقی ؛ تصدیقی ۔

Confirmatively : (adv) بطور تصدیق ؛ تائیدی طور پر ۔

Confirmatory : (a) تصدیقی ؛ توثیقی ؛ تائیدی ۔

Confirmed : (a) (۱) پکا ؛ سخت ۔ (۲) (مرض کے لئے) کہنه ۔

Confirmee : (n) (۱) جسکے لئے تائید ، توثیق یا تصدیق کی جائے ۔ (۲) جس کی دینی تلقین و توثیق کی رسم ادا کی جائے ۔

Confirmer : (n) تصدیق کرنے والا ؛ توثیق کرنے والا ۔

Confirmor : (n) (قانون) دوسرے کے حق ملکیت کی تصدیق کرنے والا ۔

Confiscate : (v) [L. "Confiscare"] ضبط کرنا ؛ قرق کرنا ۔

Confiscate : (a) (۱) ضبط شده ۔ (۲) ضبطی کے ذریعه جانداد یا اثاثه سے محروم کیا هوا ۔

Confiscable / Confiscatable : (a) قابل ضبطی ؛ قابل قرقی ۔

Confiscation : (n) قرقی ؛ ضبطی ؛ (عام محاوره میں) قانون کے پردے میں لوٹ ؛ قانونی حیله سے لوٹنا ۔

Confiscator : (n) ضبط کرنے والا ؛ قرق امین ۔

Confiscatory : (a) ضبطی کا ؛ قرقی کا ۔

Confitent : (n) [L. "Confitentem"] معترف گناه ۔

Confiteor : (n) [L.] اعتراف گناه کی دعا ۔

Confix : (v) مضبوطی سے باندھنا ؛ محکم کرنا ۔

Conflagrate : (v) [L. "Conflagrare"] جلنا ؛ جلانا ۔

Conflagrate : (a) مشتعل ؛ سوزاں ؛ فروزاں ۔

Conflagration : (n) [L. "Conflagrationem"] (۱) آتش زدگی ؛ آگ ؛ آتش کلاں ؛ زبردست آتشزدگی ۔ (۲) ورم ؛ التهاب ۔

Conflagration hazard : (تجارت) آتش زدگی خطره ؛ آگ پهیلاؤ خطره ۔

Conflagrative : (a&n) آگ لگانے والا ؛ آتش فروز ۔

Conflagrator : (n) آگ لگانے والا ۔

Conflagratory : (a) مشتعل ؛ ملتهب ۔

Conflate : (v) [L. "Conflate"] (۱) مجتمع کرنا ؛ مخلوط کرنا ۔ (۲) ترکیب کرنا ؛ تخلیق کرنا ۔ (۳) تالیف کرنا ؛ مختلف عبارتوں کو یکجا کرنا ۔

Conflate : (a) (۱) مجتمع ؛ مخلوط کیا هوا ۔ (۲) تالیف شده ؛ مختلف عبارتوں کا یکجا کیا هوا ۔

Conflation : (n) (۱) تالیف ۔ (۲) ملانا ۔

Conflict : (v) لڑنا ؛ ٹکرانا ؛ ٹکر کھانا ؛ بھڑنا ؛ مقابله کرنا ؛ آویزش یا مجادله هونا ؛ متصادم هونا ؛ نبرد آزما هونا ؛ مخالفت کرنا ؛ اختلاف کرنا ۔

Conflict : (n) ["Conflictus"] (۱) لڑائی ؛ آویزش ؛ تصادم ؛ مجادله ؛ کشمکش ؛ اختلاف ؛ رقابت ؛ مخالفت ۔ (۲) (تاریخ) نبرد ؛ نزاع ۔ (۳) (نفسیات) کشاکش ۔

Class Conflict : (سماجیات) طبقاتی تصادم ۔

Constructive Conflict : (سماجیات) تعمیری تصادم ۔

Destructive Conflict : (سماجیات) تخریبی تصادم ۔

Emotional Conflict : (سماجیات) جذباتی تصادم ۔

Internal Conflict : (سماجیات) اندرونی تصادم ۔

Mental Conflict : (سماجیات) ذهنی تصادم ؛ (نفسیات) ذهنی کشاکش ۔

Primary Conflict : (سماجیات) بنیادی تصادم ۔

Race Conflict : (سماجیات) نسلی تصادم ۔

Situation Conflict : (سماجیات) حالت تصادم ۔

Conflict of duties : (نفسیات و تعلیمات) کشاکش فرائض ۔

Conflict of laws : قوانین کا ٹکراؤ ۔

Confliction : (n) مجادله ؛ تخالف ؛ مخالفت ؛ تصادم ۔

Confluence : (n) [L. "Confluentia"] (۱) اتصال ؛ سنگم ۔ (۲) اجتماع ؛ ازدہام ؛ جمیعت ۔

Analysis Confluence : (شماریات) سنگم تجزیه ۔

Confluence hypergeometric function : (شماریات) سنگمی زائد هندسی ۔

Confluence relation : (شماریات) سنگمی رشته ۔

Confluent : (a) ساتھ بہنے والا ؛ هم رو ؛ سنگمی ؛ (ندی، چشمے، سڑك وغیرہ) ؛ اکٹھا ۔

Confluent : (n) ایك نہر جو دوسری نہر کے ساتھ بہتی ہے ۔

Confluent small pox : مسوریا چیچك ۔

Conflux : (a) [L."Conflux"] جوڑ ؛ میل ؛ هم روی ؛ اجماع ۔

Confocal : (a) (۱) (علم هندسه) هم ماسکه ؛ هم کانون (حقیقی یا خیالی) ۔ (۲) (ریاضی) هم مرکز شعاع ۔

Confocal conicoid : (ریاضی) هم ماسکی مخروط ۔

Confocal conies : (ریاضی) هم ماسکی مخروط نما ۔

Confocal ellipses : (ریاضی) هم ماسکی مخروطی ۔

Confocal hyperbolas : (ریاضی) هم ماسکی ناقص ۔

Confocal parbolas : (ریاضی) هم ماسکی مکافی ؛ هم ماسکی زاید ۔

Conform : (v)[L "Conformare"] (۱) کسی نمونه کے مطابق بنوانا یا بنانا ؛ مطابق یا موافق کرنا ؛ هم آهنگ کرنا ۔ (۲) ماننا ؛ اطاعت کرنا ؛ تعمیل یا پیروی کرنا ۔ (۳) عادی هونا ؛ خوگر هونا ۔ (٤) انگریزی کلیسا کی مطابقت کرنا ۔

Conform : (a) (سماجیات) هم آهنگی ۔

Conformability : (n) (۱) مطابقت ؛ تربیت پذیری ۔ (۲) انطباق ۔

Conformable : (a) (۱) مشابه ؛ خوگر ؛ مطابق ؛ تربیت پذیر ؛ اصلاح پذیر ؛ هم آهنگ ؛ انگریزی کلیسا کی رسموں کے موافق یا مطیع ؛ منطبق کیا هوا ۔

Conformableness : (n) مطابقت ؛ هم آهنگی ؛ مشابهت ؛ اصلاح پذیری ۔

Consortial : (a) (۱) بین الاقوامی مہاجنی معاہدہ سے متعلق ۔ (۲) متعلق بہ انجمن ؛ متعلق بہ مجلس ۔

Consortism : (n) ہم زیستی ۔

Consortium : (n) (۱) بین الاقوامی مہاجنی ؛ (تجارتی) معاہدہ ۔ (۲) انجمن ؛ مجلس یا کلب ۔ (۳) ازدواجی رشتہ یا تعلق ۔ (٤) ہم زیستی ۔

Consortship : (n) (۱) شرکت ؛ ساجھا ؛ رفاقت ۔ (۲) زوج ہونے کی حالت ۔

Consound : (n) [L."consolida"] (نباتیات) سنفیتون ۔

Conspecies : (n) ہم جنس ۔

Conspecific : (a) ہم نوع ؛ ہم جنس اور متحد النوع کا یا اس سے متعلق ۔

Conspectus : (n) [L.] (ذہنی) تبصرہ ؛ سرسری نظر ؛ خاکہ یا منصوبہ (سرسری) ؛ اجمال ؛ خلاصہ ؛ جدول ؛ (مضامین کی) ۔

Consperse : (a) [L."conspersus"] پراگندہ یا منتشر؛ سوراخوں یا ابھرے نقطوں سے بھرا ہوا ۔

Conspicuity : (n) نمایاں ؛ اظہار ؛ نمایاں پن ؛ امتیازی خصوصیت ۔

Conspicuous : (a) [L."conspicuus"] (۱) ظاہر ؛ نمایاں ؛ بیّن ؛ واضح ۔ (۲) جالب توجہ ؛ جالب شہرت ۔ (۳) ہویدا ؛ روشن ؛ آشکار ۔

Conspicuous consumption : (تجارت) نمائشی صرف؛ دکھاوٹی خرچ ۔

Conspicuously : (adv) واضح طور پر ؛ نمایاں طور پر ۔

Conspicuousness: (n) دیکھو Conspicuity

Conspiracy : (n) [L."conspiration"] (۱) سازش ؛ ساز باز؛ ایکا ؛ اتفاق ؛ منصوبہ (اچھا یا برا) ۔ (۲) شرکت (خلاف قانون کام کے لئے) ؛ سازش مجرمانہ ۔ (۳) اتفاقات کا نمایاں اتحاد ۔

Conspiracy of silence : کسی واقعہ پر خاموش رہنے کا خفیہ معاہدہ ۔

Conspirant : (n) سازشی ۔

Conspirator : (n) سازش کنندہ ؛ سازشی؛ شریک (مجرمانہ منصوبے میں) ۔

Conspiratorial : (a) سازش سے متعلق ۔

Conspiratress : (n) سازش کنندہ یا سازش کار عورت ۔

Conspire : (v) [L."conspirare"] ساز باز کرنا (خاص کر قتل یا بغاوت کے لئے) سازش ؛ میل؛ اتفاق یا ایکا کرنا؛ منصوبہ گانٹھنا؛ جمع ہونا (نامساعد واقعات کا) ؛ کسی ایک مقصد کےلئےمل کرکام کرنا ۔

Conspirer : (n) دیکھو Conspirator

Conspiringly : (adv) سازشی طور پر ۔

Conspue : (v) [L."conspuere"] اظہار نفرت کرنا؛ تھو تھو کرنا؛ (کسی حکمت عملی یا شخص کے خلاف) شور مچانا ؛ ہنگامہ کرنا؛ احتجاج کرنا ۔

Constable : (n) [L."comes stabuli"] (۱) کوتوالی کا جوان یا سپاہی ؛ کانسٹبل ۔ (۲) حاکم قصر شاہی ؛ محافظ قطع ؛ (قرون وسطی) محافظ امن عامہ ۔

Outrun the constable : مقروض ہوجانا ۔

Special constable : وقتی یا منصرم چوکیدار۔

Constabulary : (n) (۱) جمعیت سر ہنگاں؛ کوتوالی کی جمعیت ۔ (۲) مسلح پولیس دستہ ۔ (۳) افسر شاہی کا حلقۂ اقتدار یا محل کار ۔

Constabulary : (a) کوتوالی کی جمعیت سے متعلق ۔

Constancy : (n) [L."constanita"] قیام ؛ قرار؛ استقلال؛ ثابت قدمی ؛ وضع داری ؛ وفاداری ؛ ثبات ؛ استقامت ؛ استواری ؛ پائداری ۔

For a constancy : پائداری کے لئے ۔

Constancy phenomenon : (n) (نفسیات و تعلیمات) مظہر ثبات ۔

Constant : (a) [L."constans"] (۱) ثابت قدم؛ مستقل؛ راسخ؛ وفادار ؛ غیر مذبذب ۔ (۲) (طبیعیات و ریاضی) (مقادیر) مستقلہ ؛ ثابتہ ؛ مقدار ثابت ؛ تغیر پذیر ؛ پائیدار ؛ استوار ؛ دائمی ؛ محکم ؛ مثبت ؛ معین (مجازاً) ۔ (۳) (تجارت) قائم ؛ استقرار ۔

Acceleration constant : (طبیعیات) شرح رفتار کا مستقل ۔

Arbitrary constant : (طبیعیات) من مانی مستقل ۔

Conserve : (v) حفاظت کرنا ؛ محفوظ رکھنا؛ (نقصان یا بربادی سے) بچانا ؛ قائم رکھنا ؛ بقا کی تدبیر کرنا ؛ مربًا بنانا ۔

Consider : (v) [L."considerare"] (۱) سوچنا ؛ غور کرنا؛ تفکر کرنا ؛ تامل کرنا ۔ (۲) پاس ، لحاظ یا توجه کرنا ؛ سمجھنا ۔ (۳) قیاس کرنا؛ گننا ؛ تخمینه کرنا ۔ (٤) جانچنا ؛ پڑتالنا ؛ پرکھنا ۔ (٥) قدر کرنا ۔

Considerable: (a) قابل لحاظ ؛ لائق توجه ؛ قابل غور ؛ اهم؛ معقول ؛ کثیر؛ وسیع ؛ معتد به ۔

Considerably : (adv) معتد به طور پر ۔

Considerableness : (n) اهمیت ۔

Considerate : (a) دوسروں کا لحاظ رکھنے والا؛ (قدیم محاورے میں) محتاط ؛ هوشیار ۔

Considerately : (adv) دوسروں کا لحاظ کرتے هوئے ؛ محتاط طور پر ؛ توجه سے ۔

Considerateness : (n) دوسروں کا لحاظ ۔

Consideration : (n) [L."considerationem"] (۱) غور ؛ تامل ؛ سوچ ؛ سمجھ ؛ توجه ؛ اندیشه ؛ التفات؛ تفکر ۔ (۲) پاس و لحاظ ؛ ملاحظه ۔ (۳) اهمیت؛ وقعت اعتبار ؛ قابل لحاظ امر جیسے (That is a consideration) ۔ (٤) تلافی ؛ معاوضه بدل ؛ اجر ؛ پاداش ۔ (٥) (قانون) عوض ۔ (٦) پخته رائے ۔

In consideration of : بعوض؛ بوجه ۔

Take into consideration : لحاظ کرنا ؛ غور کرنا ۔

Under consideration : زیر غور ۔

Considered: (a) پخته (رائے) ؛ معتبر ۔

Considering : (prep.) به لحاظ اس کے ؛ اس لحاظ سے۔

Consign : (v) [L."consignare"] (۱) دینا ؛ دے ڈالنا ؛ سپرد کر دینا ؛ سونپ دینا؛ تفویض یاحوالے کرنا ۔ (۲) ارسال کرنا ؛ بذریعه ریل بھیجنا ۔ (۳) امانت رکھنا ۔

Consignable : (a) قابل امانت ۔

Consignation : (n) (۱) ادائی (رقم) ؛ تحویل ؛ تفویض۔ (۲) مال کی ترسیل ۔

To the consignation of : پته یا مقام (مرسل الیه کا) ؛ بنام ۔

Consignatory : (n) (۱) پانے والا؛ مرسل الیه ۔ (۲) (تجارت) مال پانے والا ۔

Consignee : دیکھو Consignatory

Consignee insurance : (n) (تجارت) مرسل الیه بیمه ۔

Consigner/ Consignor : (n) (۱) بھیجنے والا ؛ مرسل ۔ (۲) (تجارت) مال بھیجنے والا ۔

Consignment : (n) (۱) حوالگی ؛ تفویض ؛ سپردگی ۔ (۲) مال مفوضه ؛ سپرد کیا هوا مال ؛ (تجارت) ترسیل مال ۔

Inwards consignment : (تجارت) داخلی ترسیل مال ۔

Outward consignment : (تجارت) خارجی ترسیل مال ۔

Part consignment : (n) (تجارت) جزوی ترسیل مال ۔

Consignment ledger : (n) (تجارت) ترسیل (مال) ؛ کھاتا بہی ۔

Consignment plan : (n) (تجارت) ترسیل مال منصوبه ۔

Consignment stock account : (تجارت) ترسیل مال اسٹاك کھاتا ۔

Consilient : (a) [F."consalire"] (استقرا) هم نتیجه ۔

Consimilar : (a) [L."consimilis"] بالکل مشابه ۔

Consist : (v) [L."xonsistere"] مشتمل یا مرکب هونا ؛ (بعض اجزاء سے) بننا ؛ هم آهنگ هونا ؛ هم وجود هونا ؛ مطابق هونا ۔

Consist in : وجود میں (هونا) ۔

Consist of : مرکب هونا ؛ عبارت هونا۔

Consistence : (a) (۱) دباز ؛ ٹھوس پن ؛ استحکام ۔ (۲) استقامت ؛ وضع داری ؛ یك رنگی ؛ یکساں روی ؛ هم هنگی ۔ (۳) (نفسیات) توافق ۔ (٤) (ریاضی) سازگاری ۔

Coefficient of consistence : (شماریات) نمائنده شریك رنگی ۔

Consistency : (n) دیکھو Consistence

Consistent : (a) یکساں ؛ یك رنگ ؛ باوضع ؛ مستقیم؛ با اصول ؛ محکم ؛ سازگار ؛ ہم آہنگ؛ مربوط ۔

Consistent statistics/- data : (طبیعیات) سازگار شماریات ؛ یکساں آنکڑے ۔

Consistent system : (n) (طبیعیات) یکساں نظام؛ سازگار نظام ۔

Consistently : (adv) یکسانی سے ؛ ہم آہنگی سے ؛ ہم وضع طور پر ۔

Consistorial : (a) مشاورتی ؛ کلیسا کے اسقفوں کی مجلس مشاورت سے متعلق ۔

Consistory : (n) [L."consistoriam"] (۱) مجلس اساقفہ ؛ پوپ کی مجلس ؛ پادریوں کی جماعت یا عدالت ۔ (۲) (تاریخ) کلیسائی عدالت ؛ پادریوں کی عدالت ۔

Consociate /-shiat : (a&n) [L."consociatus"] ندیم؛ جلیس ؛ ہم صحبت ؛ مصاحب؛ رفیق ؛ ساتھی ۔

Consociate : (v) ساتھ ہونا؛ رفیق ہونا ؛ شریك ہو نا ۔

Consociation : (a) مصاحبت ؛ رفاقت ؛ کلیساؤں یا مذہبی انجمنوں کا وفاق ؛ کلیسائی انجمن ۔

Consociational : (a) کلیسائی انجمنوں سے متعلق ۔

Consociationism : (n) کلیسائی وفاق کا نظریہ یا عمل ۔

Consol : (n) [Short for" consolidated annuities"] غیر میعادی ہنڈی ۔

Consol bond : =(consolidated bond/ unified bond) (تجارت) اجتماعی بانڈ ۔

Consolable : (a) قابل تسلی ۔

Consolation : (n) [L."Consolationem"] (۱) تسلی ؛ تشفی ؛ دلاسہ ؛ ڈھارس ؛ اشك شوئی ؛ دلداری ۔ (۲) جرمانہ جو بعض تاش کے کھیلوں میں ہارنے والے کو ادا کرنا پڑتا ہے ۔ (۳) مقابلہ جو ہارنے والوں کے لئے کیا جاتا ہے ۔

Consolation prize/ stakes ; (n) دومی حیثیت انعام (جو ہارنے والےکو دیا جاتا ہے) ؛ اشك شوئی کا انعام ۔

Consolation race : (n) اشك شوئی کی بازی یا دوڑ (ہارنے والوں کی دوڑ یا بازی جس میں پھر ایك مرتبہ انعامی مقابلہ کرایا جائے) ۔

Consolatorily : (adv) بطور تسلی ؛ بطور اشك شوئی ۔

Consolatory : (a) تسکین بخش ؛ پر تسلی؛ تسلی آمیز ۔

Console : (v) [L."consolare"] تسلی ، تشفی، ڈھارس دینا ۔

Console : (n) سہارا ؛ ٹیکا ؛ رحل ؛ چوکھٹا ؛ وہ میز جو دیوار سے جڑی ہو ؛ ٹیلی ویژن سیٹ یا ریڈیو سیٹ رکھنے کی الماری یا میز ۔

Consoler : (n) تسلی دینے والا؛ تسکین دینے والا ۔

Consolette : (n) وہ چھوٹی الماری جس میں ریڈیو یا ٹیلی ویژن یا گراموفون رکھے ہوتے ہیں ۔

Consolidate : (a) (۱) منجمد ؛ ملحق ؛ مجتمع ۔ (۲) (تاریخ) انضمامی فنڈ ۔

Consolidated : (a) دیکھو Consolidate

Consolidate : (v) [L."consolidatus"] (۱) جمانا؛ جمنا؛ منجمد کرنا ؛ سخت یا بستہ کرنا ؛ (استعارتاً) (قوت کو) مضبوط کرنا ؛ (خصوصاً فوجی ذرائع سے) استوارکرنا ؛ زیادہ مستحکم یا مضبوط کرنا؛ مضبوط ہونا ۔ (۲) (ریاستوں ، صوبوں ، کمپنیوں یا قرضوں کو) ملانا ؛ الحاق کرنا ؛ ملحق ہونا؛ انضمام یا منضم کرنا؛ ملا کرایك کردینا ؛ اجتماع یا تالیف کرنا ۔

Consolidated annuities/ consols : (n) قرض مجتمع کے تمسکات ۔

Consolidated bond : (n) (تجارت) اجتماعی بانڈ ۔

Consolidated cancellation statement : (تجارت) مجموعی تنسیخی گوشوارہ ۔

Consolidated fund : (n) (تجارت) اجتماعی فنڈ ؛ مختلف محاصل کا ؛ انضمام (جس سے قومی قرضے وغیرہ کا سودا کیا جاتا ہے) ۔

Consolidated mortgage : (n) (تجارت) مجتمع رہن ۔

Consolidation : (n) (۱) انجماد ؛ بستگی ؛ پیوستگی؛ استحکام ؛ مضبوطی ؛ اجتماعی؛ انضمام ؛ اتحاد ؛ استواری ۔ (۲) (نباتیات) وصل ۔

Consolidation act : (n) (تاریخ) انضمامی ایکٹ ۔

Consolidation of holdings : (تجارت) چك بندی ۔

Consolidation of shares : (تجارت) اجتماعی حصص ۔

Consolidation of shipment : (تجارت) اجتماعی جہازی لدان ۔

Consolidationist : (n) ایك مضبوط وفاقی حکومت کا حامی ۔

Consolidative : (a) منجمد کرنے والا ؛ متحد کرنے والا؛ مستحکم کرنے والا ۔

Consolidator : (n) جمانے والا؛ پیوستہ کن؛ استحکام دہ ۔

Conslidatory : (a) جماھوا ؛ بستہ ؛ پیوستہ ۔

Consols : (n) [Pl.] برطانوی حکومت کے تمسکات کا قرض ۔

Consomme : (n) [L."consummare"] یخنی ؛ شوربا ۔

Consonance : (n) [See next] (۱) تجنیس ؛ صوتی ؛ هم آهنگی (الفاظ یا ترسیل میں) ۔ (۲) (موسیقی) ابعاد آهنگ ؛ سریلا پن ۔ (۳) (نفسیات) هم صوتی ۔ (٤) (لسانیات) هم آهستگی ؛ (استعارتاً) همنوائی ؛ هم آرائی ؛ اتحاد ؛ موافقت ؛ خوش صدائی ؛ خوش آهنگی ؛ خوش نوائی ۔

Consonant : (a) [L."consonantem"] (۱) خوش آهنگ؛ خوش نوا ؛ موزوں ؛ هم آهنگ ؛ موافق؛ متحد ۔ (۲) (تجارت) مطابق ۔ (۳) (موسیقی) درستی ساز ؛ سرملائی ۔

Aspirated consonant : (لسانیات) هکاری مصمتہ ۔

Cardinal consonant : (لسانیات) بنیادی مصمتہ ۔

Dental consonant : (لسانیات) دندانی مصمتہ ۔

Kinetic consonant : (لسانیات) بندشی مصمتہ؛ حرف شدت ۔

Static consonant : (لسانیات) جاریہ مصمتہ؛ مصمتہ قائم (مصمتہ مسلسل) ۔

Syllabic consonant : (لسانیات) رکنی مصمتہ ۔

Velarized consonant : (لسانیات) عشائیاتی مصمتہ ۔

Consonant : (n) (۱) (لسانیات) مصمتہ ۔ (۲) حرف صامت ؛ حرف صحیح ؛ حرف یا صوت (جو کسی حرف علت کے ساتھ ملکر آواز دے سکے) ۔

Consonant phoneme : (لسانیات) مصمتی فونیم ۔

Consonant sound : (طبعیات) آواز ۔

Consonantal : (a) (۱) حرف صامت یا صحیح سے متعلق ۔ (۲) (لسانیات) مصمتی ۔

Consonantal anaptyxis : (لسانیات) مصمتی فاصلہ ۔

Consonantal digraph : (لسانیات) مصمتہ کی دوسری ترسیم ۔

Consonantal group : (لسانیات) مصمتی مجموعہ ۔

Consonantal trigraph : (لسانیات) (معطوف یا مرکب مصمتے) مصمتی تہری ترسیم ۔

Consonantal vowel : (لسانیات) مصمتی مصوتہ ۔

Consonantal writing : (لسانیات) مصمتی تحریر ۔

Consonantal element : (لسانیات) مصمتی عنصر۔

Consonantism : (n) (لسانیات) مصمتیت؛ حرف صامت کا نظام ؛ حرف صامت یا ان کی ترتیب ۔

Consonantization : (n) (لسانیات) مصمتیانا؛ حرف صامت میں تبدیل ہونے کا عمل ۔

Consonantize : (v) حرف صامت میں تبدیل کرنا (کسی حرف علت کو) ۔

Consonantiness : (n) حرف صامت ہونے کی صفت ۔

Consonantoid : (لسانیات) مصمتہ نما ۔

Consonate : (v) [L."consonare"] هم آهنگ هونا ؛ هم نوا هونا ۔

Consonous : (a) [L."consonus"+OUS] هم آهنگ ؛ هم نوا ۔

Consopite : (v) [L."consopire"] سلانا ؛ سونا؛ ساکت کرنا اور لوری گانا؛ مدہوش کرنا؛ بے ہوش کرنا۔

Consopition : (n) نیند لانے کی لوری ۔

Consort : (n) [L."consors'] (۱) زوج (شوهر یا زوجہ) ۔ (۲) همسر ؛ هم سفر ؛ همدم ؛ شریك ۔ (۳) همراهی یا ساتھ کا جہاز؛ رفیق جہاز۔ (٤) دستہ ؛ جماعت ۔ (٥) سازندوں کی جماعت ۔

Consort : (v) ساتھ رهنا ؛ متفق ، همنوا یا رفیق هونا؛ ساتھ دینا ؛ موافقت کرنا ۔

King consort : شوهر ملکہ ۔

Prince consort : نواب دولہا ۔

Queen consort : بادشاہ بیگم ۔

Consortial : (a) (۱) بین الاقوامی مہاجنی معاہدہ سے متعلق ۔ (۲) متعلق بہ انجمن ؛ متعلق بہ مجلس ۔

Consortism : (n) ہم زیستی ۔

Consortium : (n) (۱) بین الاقوامی مہاجنی ؛ (تجارتی) معاہدہ ۔ (۲) انجمن ؛ مجلس یا کلب ۔ (۳) ازدواجی رشتہ یا تعلق ۔ (٤) ہم زیستی ۔

Consortship : (n) (۱) شرکت ؛ ساجھا ؛ رفاقت ۔ (۲) زوج ہونے کی حالت ۔

Consound : (n) [L."consolida"] (نباتیات) سنفیتون ۔

Conspecies : (n) ہم جنس ۔

Conspecific : (a) ہم نوع ؛ ہم جنس اور متحد النوع کا یا اس سے متعلق ۔

Conspectus : (n) [L.] (ذہنی) تبصرہ ؛ سرسری نظر ؛ خاکہ یا منصوبہ (سرسری) ؛ اجمال ؛ خلاصہ ؛ جدول ؛ (مضامین کی) ۔

Consperse : (a) [L."conspersus"] پراگندہ یا منتشر؛ سوراخوں یا ابھرے نقطوں سے بھرا ہوا ۔

Conspicuity : (n) نمایاں ؛ اظہار ؛ نمایاں پن ؛ امتیازی خصوصیت ۔

Conspicuous : (a) [L."conspicuus"] (۱) ظاہر ؛ نمایاں ؛ بیّن ؛ واضح ۔ (۲) جالب توجہ ؛ جالب شہرت ۔ (۳) ہویدا ؛ روشن ؛ آشکار ۔

Conspicuous consumption : (تجارت) نمائشی صرف؛ دکھاوٹی خرچ ۔

Conspicuously : (adv) واضح طور پر ؛ نمایاں طور پر ۔

Conspicuousness: (n) دیکھو Conspicuity

Conspiracy : (n) [L."conspiration"] (۱) سازش ؛ ساز باز؛ ایکا ؛ اتفاق ؛ منصوبہ (اچھا یا برا) ۔ (۲) شرکت (خلاف قانون کام کے لئے) ؛ سازش مجرمانہ ۔ (۳) اتفاقات کا نمایاں اتحاد ۔

Conspiracy of silence : کسی واقعہ پر خاموش رہنے کا خفیہ معاہدہ ۔

Conspirant : (n) سازشی ۔

Conspirator : (n) سازش کنندہ ؛ سازشی؛ شریک (مجرمانہ منصوبے میں) ۔

Conspiratorial : (a) سازش سے متعلق ۔

Conspiratress : (n) سازش کنندہ یا سازش کار عورت ۔

Conspire : (v) [L."conspirare"] ساز باز کرنا (خاص کر قتل یا بغاوت کے لئے) سازش ؛ میل؛ اتفاق یا ایکا کرنا؛ منصوبہ گانٹھنا؛ جمع ہونا (نامساعد واقعات کا) ؛ کسی ایک مقصد کے لئے مل کر کام کرنا ۔

Conspirer : (n) دیکھو Conspirator

Conspiringly : (adv) سازشی طور پر ۔

Conspue : (v) [L."conspuere"] اظہار نفرت کرنا؛ تھو تھو کرنا؛ (کسی حکمت عملی یا شخص کے خلاف) شور مچانا ؛ ہنگامہ کرنا؛ احتجاج کرنا ۔

Constable : (n) [L."comes stabuli"] (۱) کوتوالی کا جوان یا سپاہی ؛ کانسٹبل ۔ (۲) حاکم قصر شاہی ؛ محافظ قطع ؛ (قرون وسطی) محافظ امن عامہ ۔

Outrun the constable : مقروض ہوجانا ۔

Special constable : وقتی یا منصرم چوکیدار ۔

Constabulary : (n) (۱) جمعیت سر ہنگاں؛ کوتوالی کی جمعیت ۔ (۲) مسلح پولیس دستہ ۔ (۳) افسر شاہی کا حلقۂ اقتدار یا محل کار ۔

Constabulary : (a) کوتوالی کی جمعیت سے متعلق ۔

Constancy : (n) [L."constanita"] قیام ؛ قرار؛ استقلال؛ ثابت قدمی ؛ وضع داری ؛ وفاداری ؛ ثبات ؛ استقامت ؛ استواری ؛ پائداری ۔

For a constancy : پائداری کے لئے ۔

Constancy phenomenon : (n) (نفسیات و تعلیمات) مظہر ثبات ۔

Constant : (a) [L."constans"] (۱) ثابت قدم؛ مستقل؛ راسخ؛ وفادار ؛ غیر مذبذب ۔ (۲) (طبیعیات و ریاضی) (مقادیر) مستقلہ ؛ ثابتہ ؛ مقدار ثابت ؛ تغیر پذیر ؛ پائیدار ؛ استوار ؛ دائمی ؛ محکم ؛ مثبت ؛ معین (مجازاً) ۔ (۳) (تجارت) قائم ؛ استقرار ۔

Acceleration constant : (طبیعیات) شرح رفتار کا مستقل ۔

Arbitrary constant : (طبیعیات) من مانی مستقل ۔

Astronomical constant : (طبیعیات)فلکیاتی مستقل ۔

Coiling point constant : (طبیعیات) نقطہ ابال کا مستقل ۔

Complex constant : (طبیعیات) مخلوط مستقل ۔

Cosmic constant : (نفسیات و تعلیمات) کائناتی مستقل ۔

Error constant : (نفسیات وتعلیمات) خطائے مستقل ۔

Gravitational constant : (کیمیا) کشش ثقل مستقلہ؛ (طبیعیات) مادی کشش کا مستقل ۔

Number constant : (طبیعیات) مستقل عدد ۔

Optical constant : (کیمیا) مظاہری مستقلہ ؛ (طبیعیات) نوری مستقل ۔

Term constant : (طبیعیات) مستقل فرد؛ مستقل رکن ۔

Universal constant : (کیمیا) عالم گیر مستقلہ؛ (طبیعیات) ہمہ گیر مستقل ۔

Constant boiling mixture : (n) (کیمیا) مستقل ابلنے والا مخلوط ۔

Constant capital : (n) (تجارت) قائم اصل ۔

Constant-cost industry : (n) (تجارت) قائم لاگت کی صنعت ۔

Constant character : (n) (کیمیا) مستقل خصوصیت ۔

Constant demand: (n) (تجارت) قائم مانگ ؛ قائم طلب ۔

Constant deviation prism : (n) (طبیعیات) مستقل و چلن پرزم ۔

Constant error : (n) (کیمیا) مستقل غلطی؛ (طبیعیات) مستقل خطا ۔

Constant heat summation : (n) (کیمیا) مستقل اجتماع حرارت ۔

Constant of abberration : (طبیعیات) مستقلہ فتور؛ فتور کا مستقل ۔

Constant of gravity : (طبیعیات) زمینی کشش کا مستقل ۔

Constant of integration : (طبیعیات) یك جہتی کامستقل ۔

Constant of inversion : (طبیعیات) تعاکس کا مستقل ۔

Constant of involution : (ریاضی) بریج کا مستقل ۔

Constant parameter : (n) (طبیعیات) پیراچل کا مستقل ؛ مستقل پارا میٹر ۔

Constant pressure gasthermometer : (طبیعیات و کیمیا) مستقل دباؤ گیس تھرمامیٹر ۔

Constant product curve : (تجارت) قائم پیداوار کا خط منحنی ۔

Constant proportion : (n) (کیمیا) مستقل تناسب ؛ (ریاضی) مستقل تناسب ؛ (تجارت) قائم تناسب ۔

Constant ratio plan : (تجارت) قائم تناسب منصوبہ ۔

Constant return : (n) (تجارت) استقرار حاصل ؛ قائم حاصل ۔

Constant slope : (n) (ریاضی) مستقل ڈھال ۔

Constant speed : (n) (کیمیا و ریاضی) مستقل چال ۔

Constant temperature regulator : (کیمیا) مستقل درجہ حرارت معدل؛ (طبیعیات) مستقل تاپ ریگولیٹر ۔

Constant term : (n) (کیمیا) مستقل رقم ؛ (ریاضی) مستقل رکن ۔

Constant velocity : (n) (ریاضی) مستقل رفتار ۔

Constant volume gas thermometer : (طبیعیات و کیمیا) مستقل حجم گیس تھرمامیٹر ۔

Constant wage : (n) (تجارت) قائم اجرت ۔

Constant wage plan : (تجارت) قائم اجرت کا منصوبہ ۔

Constantia : (n) [African" Constantia"] جنوبی افریقہ کی ایک شراب ۔

Constantininan : (a) شہنشاہ روم Constantine یا اس کے عہدے سے متعلق ۔

Constantinopolitan : (a) [L."Constantinopolitanus"] متعلق بہ قسطنطنیہ ۔

Constantly : (adv) (۱) ہمیشہ ؛ اکثر؛ پیہم ؛ بارہا؛ دائماً ؛ علی الاتصال ؛ مستقلاً ۔ (۲) وفاداری سے ۔

Constantness : (n) دیکھو Constancy

Constat : (n) [L.] قانونی سند (مسل کی باتوں سے متعلق) ؛ (مجازاً) کسی بات کی تصدیق یا گواہی ۔

Constate : (v) [L. "Constat-"] تصدیق کرنا ؛ تائید کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ وثوق کے ساتھ کہنا ۔

Constellate : (v) [L. "Constellat"] (۱) ستاروں کے اقران سے طالع بینی کرنا ۔ (۲) جھرمٹ ہونا ؛ (ستاروں کا) جھمکا بن جانا ؛ جمع ہو جانا ۔ (۳) آراستہ کرنا (ستاروں کی طرح) ۔

Constellation : (n) [L. "Constellationem"] (۱) ستاروں کا مجمع، جھمکا ؛ تارا منڈل ؛ مجموعۂ نجوم ؛ مجمع الکواکب ؛ گروہ اختران ۔ (۲) ستاروں کے اٹھاسی مجموعوں میں سے کوئی ایک ؛ درخشاں اجتماع ؛ ترتیب ۔ (۳) اہم خیالات کا شعوری اجتماع ۔

Constellational : (a) ستاروں کے اجتماع سے متعلق ۔

Constellatory : (a) اجتماع سیارگان سے متعلق ۔

Consternate : (v) [L. "Consternare"] ہیبت زدہ کرنا یا ہونا ؛ سراسیمہ یا بد حواس ہو جانا ؛ اضطراب چھا جانا ؛ ششدر رہ جانا ؛ متحیر ہونا ؛ متوحش ہونا ۔

Consternation : (n) ہیبت ؛ خوف ؛ حیرانی ؛ سراسیمگی ؛ اضطراب ؛ حیرت ؛ بدحواسی ؛ آشفتگی ۔

Constipate : (v) [L." Constipat "] قبض یا یبس (معدہ) ہونا یا کرنا ۔

Constipation : (n) [L." Constipationem "] (۱) قبض ؛ یبس (معدہ) انقباض ؛ پیوست ۔ (۲) پیوست مزاج ۔

Constituency : (n) جماعت منتخبین ؛ حلقۂ انتخاب ؛ رائے دینے والوں کی جماعت جو اپنے نمائندے کا انتخاب کرتے ہیں ؛ آبادی یا مقام جہاں انتخاب ہوا ہو ۔

Constituent : (n) [L. "Constituentem"] (۱) جز ؛ حصہ ؛ ٹکڑا ؛ عنصر ۔ (۲) انتخاب کنندہ ؛ رائے دہندہ ؛ مختار ؛ نمائندہ ۔ (۳) بنانے والا ؛ واضع ۔ (٤) (تاریخ) جز ترکیبی ، رائے دہندہ ؛ رکن ؛ واضع ۔ (٥) (کیمیا) اجزائے ترکیبی ۔

Immediate Constituent : (لسانیات) متصل جز ۔

Ultimate Constituent : (لسانیات) آخر جز ۔

Unique Constituent : (لسانیات) منفرد جز ۔

Constituent assembly / power : (n) وہ جماعت یا حکومت جسے آئین ملکی میں رد و بدل کا اختیار ہو ؛ (سیاسیات و تاریخ) دستور ساز اسمبلی ؛ مجلس وضع قوانین ۔

Constituent clause : (n) (لسانیات) اجزائی قسم ۔

Constituent function : (n) (سیاست و تاریخ) دستوری فرائض ۔

Constituent structure : (n) (لسانیات) اجزائی ساخت ۔

Constitute : (v) (۱) متعین ، مقرر یا مامور کرنا ۔ (۲) وجود میں لانا ، بنانا ، قائم کرنا ؛ مرتب کرنا ؛ تشکیل دینا ۔ (۳) مشتمل ہونا ؛ ترکیب پانا ۔ (٤) آئینی یا قانونی صورت دینا ۔

Constitute : (n) (۱) کلمۂ مرکب ۔ (۲) (لسانیات) ساخت شمولیہ ۔

Constitute : (a) [L. "Constitutus"] متشکل ؛ مرتب ؛ قانونی حیثیت رکھنے والا ؛ تاسیس شدہ ۔

Constituted authorities : (سیاسیات و تاریخ) آئینی ارکان اختیار ۔

Constitution : (n) [L. "Constitutionem "] (۱) ساخت ؛ ترکیب ؛ بناوٹ (جسم یا دماغ کی) ۔ (۲) نظام ؛ آئین ؛ دستور اساسی ۔ (۳) مزاج ؛ سرشت ؛ فطرت ؛ طبیعت ۔ (٤) (قدیم تاریخ) فرمان ؛ حکمنامہ ؛ ضابطہ ؛ قانون ۔ (٥) سماجی یا سیاسی تنظیم کا انداز ۔

Flexible Constitution : (سیاسیات و تاریخ) لوچ دار دستور ۔

Rigid Constitution : (سیاسیات و تاریخ) بے لوچ دستور ۔

Unwritten Constitution : (سیاسیات و تاریخ) غیر تحریری دستور ۔

Written Constitution : (سیاسیات و تاریخ) تحریری دستور ۔

Constitution of matter : (طبیعیات، کیمیا) مادہ کی ساخت ۔

Constitutional : (a) (۱) جسمانی ؛ طبیعی ؛ خلقی (جسم یا دماغ کی ساخت سے متعلق) ۔ (۲) آئینی ؛ دستوری ۔ (۳) لازمی ۔ (٤) موجودہ آئین کا حامی ۔ (۵) صحت کی غرض سے چہل قدمی یا ورزش ۔

Constitutional anomaly : (n) (سیاسیات و تاریخ) دستور میں بے ربطی ۔

Constitutional formula : (n) (کیمیا) ضابطہ ساخت ۔

Constitutional law : (n) (سیاسیات و تاریخ) دستوری قانون ۔

Constitutional process : (n) (سیاسیات و تاریخ) دستوری عمل ؛ دستوری طریقہ ۔

Constitutional type : (n) (نفسیات) جسمانی ٹائپ ۔

Constitutionalism : (n) (۱) نظام آئینی ؛ حکومت مشروط ۔ (۲) آئین پسندی ؛ پابندئ آئین ۔ (۳) (تاریخ) دستوریت ۔

Constitutionalist : (n) آئین پسند ؛ آئینی ؛ حامئ آئین ؛ نظام آئینی کا ماہر ؛ (تاریخ) دستور پرست ؛ آئین پرست ۔

Constitutionality : (n) مشروطیت ؛ آئینیت ؛ دستوریت ۔

Constitutionalize : (v) آئینی بنانا ؛ آئین کا رنگ دینا ؛ آئین وضع کرنا ۔

Constitutionally : (adv) طبیعیتاً ؛ مزاجاً ؛ ذاتاً ؛ اساسی طور پر ؛ آئین اساسی کے مطابق ؛ آئینی طور پر ؛ قانونی طور پر ۔

Constitutioner : (n) حامئ آئین ؛ آئین کا بنانے والا ۔

Constitutive : (a) تعمیری ؛ ترکیبی ؛ اساسی ؛ اصلی ؛ جزء ترکیبی ؛ ضروری ؛ لازمی ۔

Constitutively : (adv) اساسی طور پر ؛ لازمی طور پر ؛ جزء ترکیبی ہوتے ہوئے ؛ اصلی طور پر ۔

Constitutiveness : (n) آئینیت ؛ تعمیریت ؛ اصلیت ؛ لازمیت ۔

Constitutor : (n) تعمیر کنندہ ؛ ترکیب دہندہ (شخص یا شئے) ۔

Constrain : (v) [L. "Constringere"] مجبور کرنا ؛ دبانا ؛ روکنا ؛ جبراً باز رکھنا ؛ قید کرنا ؛ محدود کرنا ۔

Constrained : (a) مجبور ؛ مقید ؛ محدود ۔

Constrained motion : (n) (ریاضی) پابند حرکت ۔

Constrainedly : (adv) مجبور ہو کر ؛ مجبوری کی حالت میں ۔

Constrainedness : (n) مجبوری کی حالت یا کیفیت ۔

Constrainingly : (adv) جبراً ؛ بزور ؛ زبردستی سے ؛ مجبور کرتے ہوئے ۔

Constraint : (n) (۱) جبر ؛ دباؤ ؛ زبردستی ؛ روک ؛ بندش ؛ قید ؛ ضبط ؛ قابو (جذبات پر) ؛ سمیٹنا ؛ سکیڑنا ؛ کھینچنا ؛ بھینچنا ؛ دبانا ۔ (۲) فشار ؛ خجالت ۔ (۳) (نفسیات) رکاوٹ ۔

Social Constraint : (سماجیات) سماجی دباؤ ۔

Linear Constraint : (ریاضی) خطی پابندیاں ۔

Constraints : (n) (ریاضی) پابندیاں ۔

Constrict : (v) [L. "Constringere"] سکڑن پیدا کرنا ؛ چھوٹا کرنا ؛ منقص کرنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ۔

Constricted : (a) (۱) تنگ ؛ سکڑا ہوا ؛ کھینچا ہوا ؛ مقبوض ۔ (۲) (لسانیات) انقباض ۔

Constriction : (n) انقباض ؛ قبض ؛ کھنچاؤ ؛ فشار ؛ رکاوٹ ہونے یا سکڑن کی حالت یا کیفیت ؛ مانع یا مزاحم ہونے والی شئے ؛ تنگی ؛ انسداد ؛ تنگی یا انقباض کا احساس ۔

Constrictive : (a) قابض ؛ انقباضی ؛ کھنچاؤ کرنے والا ۔

Constrictor : (n) (۱) (طب) عضلۂ قابضہ ۔ (۲) ایک دبانے والا آلہ ؛ مقباض ۔ (۳) ایک سانپ جو اپنے شکار کو دبا کر مار ڈالتا ہے ۔

Constrictor (or the pharynx) : (لسانیات) قابض (حلقوم) ۔

Constringe : (v) [L. "Constringere"] کھینچنا ؛ سکیڑنا ؛ بھینچنا ۔

Constringency : (n) انقباض ؛ انسداد ؛ کھنچاؤ ؛ سکڑن -

Constringent : (a) قابض ؛ فشار آور ؛ انسداد کنندہ ؛ سکڑن یا کھنچاؤ پیدا کرنے والا -

Construable : (a) قابل تفسیر ؛ قابل تجزیہ ؛ قابل تعبیر -

Construal : (n) تفسیر ؛ تعبیر ؛ تجزیہ ؛ دیکھو Construe

Construct : (v) [L. "Construct"] (۱) بنانا ؛ تعمیر کرنا ؛ تیار کرنا ؛ مرتب کرنا ؛ انشاء کرنا ؛ کلمہ بنانا ؛ ترکیب دینا ؛ کھینچنا (شکل) - (۲) (طبیعیات) رچنا -

Construct : (n) ترکیب -

Imaginative Construct : (نفسیات و تعلیمات) تخیلی ترکیب -

Logical Construct : (نفسیات و تعلیمات) منطقی ترکیب -

Psychological Construct : (نفسیات وتعلیمات) نفسیاتی ترکیب -

Constructed : (a) بنایا ہوا ؛ تعمیر کیا ہوا ؛ ترکیب یا ترتیب دیا ہوا ؛ کھینچی ہوئی (شکل) ؛ مرتّب -

Constructed language : (n) (لسانیات) ساختہ زبان -

Constructer/Constructor : (n) (۱) معمار ؛ بنانے والا ؛ عامر - (۲) بحریہ کا ایک افسر جو جہاز سازی اور مرمت کی نگرانی کرتا ھے ؛ بحری تعمیرات کا نگراں کار ؛ عمارت ساز ؛ ترکیب دینے والا ؛ غیر صریح فن پارے کا خالق -

Construction : (n) [L. "Constructionem"] (۱) بناوٹ ؛ ترکیب ؛ تعمیر ؛ ساخت - (۲) انشاء ؛ عبارت ؛ کلام - (۳) تعبیر ؛ تاویل ؛ تفسیر ؛ توجیہ - (٤) (طبیعیات) رچنا -

Geometrical Construction : (طبیعیات) جیومیٹریاتی عمل -

Graphical Construction : (طبیعیات) گرافی عمل ؛ ترسیمی عمل -

Construction cooperative : (n) (تجارت) تعمیری کوآپریٹیو -

Construction of marine policy : (تجارت) بحری بیمہ پالیسی کی ترسیل -

Construction of term policy : (تجارت) پالیسی شرائط تشکیل -

Construction of warranties : (تجارت) وارنٹی تشکیل -

Construction pattern : (n) (لسانیات) تعمیری سانچہ -

Constructional : (a) ترکیبی ؛ ساختہ ؛ تفسیری ؛ تعبیری ؛ تعمیری -

Constructional homonymity : (n) (لسانیات) ترکیبی تجنیس -

Constructionally : (adv) ترکیبی طور پر ؛ از روئے تعمیر ؛ تفسیری طور پر ؛ ساخت کے اعتبار سے -

Constructionism : (n) میکانیکی ساخت کے ذریعہ فنی اظہار ؛ عمل ساختمانی -

Constructionist : (n) قانون یا آئین کی تفسیر یا تعبیر کا حامی یا (Constructionism) ساختمانی کے اصول کا پیرو -

Constructive : (a) (۱) تعمیری ؛ ساختہ ؛ بنانہاد ؛ تخلیقی ؛ اصلاحی یا تعمیری (تخریبی کے مقابلے میں) - (۲) تاویلی ؛ تعبیری ؛ (بالواسطہ) حقیقی ؛ اساسی -

Constructive allowance : (n) (تجارت) اضافی بھتہ -

Constructive conflict : (n) (سماجیات) تعمیری تصادم -

Constructive interference : (n) (طبیعیات) تعمیری دخل -

Constructive mileage : (n) (تجارت) اضافی میل دوری -

Constructive placement : (n) (تجارت) مناسب تعین -

Constructive policy : (n) تعمیری پالیسی -

Constructively : (adv) تعمیری طور پر ؛ تخلیقی طور پر ؛ تعبیری طور پر -

Constructiveness : (n) تعمیریت ؛ تخلیقیت -

Constructivism : (n) اصول ساختمانی کا استعمال ۔

Constructivist : (n) اصول ساخت کا پیرو ؛ اصول ساختمانی سے متعلق ۔

Constructorship : (n) نگراں کاری (بحری تعمیر کے نگراں کار کا عہدہ) ؛ معماری ؛ عمارت سازی ۔

Construe : (v) [L. "Construere"] (۱) ترکیب کرنا یا دینا (الفاظ کو) ۔(۲) لفظاً لفظاً ترجمہ کرنا ؛ معنی لگانا ؛ تفسیر تعبیر کرنا ؛ تحلیل حرفی کرنا ؛ کسی مخصوص طور سے تعبیر و تشریح کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ استنباط کرنا ؛ تجزیہ کرنا ۔

Construe : (n) تفسیر ؛ خصوصاً لفظی ترجمہ کے طور پر ؛ ترجمہ ۔

Construer : (n) مترجم ؛ مفسر ۔

Construing : (n) تفسیر ؛ ترجمہ ۔

Consubsist : (a) باهم زندگی کرنا ؛ هم وجود هونا ۔

Consubstantial : (a) عین ذات ؛ متحد الجواهر ؛ بالخصوص "واحد فی الثلاثہ " هم جوهر ؛ هم جنس ؛ هم ذات ؛ هم نوع ؛ هم طبیعت ۔

Consubstantiality : (n) عینیت ؛ وحدت ذات ؛ وحدت فی اصلیت ؛ هم جنسی ؛ هم ذاتی ؛ هم گوهری ۔

Consubstantiate : (v) [L. "Consubstantiar"] ایك ذات کرنا ؛ جمع فی الذات یا عین ذات هونا، کرنا یا سمجھنا ؛ ایك جنس هونا / کرنا ۔

Consubstantiation : (n) [L. Consubstantionem"] عینیت مسیح (یہ عقیدہ کہ عشائے ربانی میں نان و شراب کے ساتھ عیسیٰ کا حقیقی جسم اور خون بھی موجود هوتا هے) ۔

Consubatantiationist : (n) عقیدۂ بالا کا پیرو ؛ عینیت مسیح کا حامی ۔

Consuetude : (n) [L. "Consuetudo"] (۱) رواج (خاص کر وہ جسےقانونی قوت حاصل هو جائے) ؛ عادت ۔(۲) معاشرت ؛ میل جول ۔

Consuetudinal : (a) (۱) رواجی ؛ معتاد ۔(۲) دستور العمل ؛ (۳) ضابطۂ گرجا ؛ کتابچۂ رسم و رواج ۔

Consuetudinary : (a & n) دیکھو Consuetudinal

Consul : (n) [L. "Consul"] (۱) قنصل (قونصل) (جمهوریہ روما کے دو اعلیٰ حاکم جو هر سال قنصل کے نام سے منتخب هوتے اور مل کر انتظام کرتے تھے) ۔(۲) جمهوریۂ فرانس کے حکام ثلاثہ کا لقب (۱۷۹۹-۱۸۰٤ء) ۔ (۳) وکیل ؛ نائب ؛ کار پرداز (جو ممالك غیر میں کسی سلطنت کی طرف سے اپنی رعایا اور تجارت کے حقوق کی نگرانی کے لئے مقرر هو) ؛ سفیر سے کم درجے کا عهدیدار ۔ (٤) سائیکل سواروں کے کِشتی کلب کا مقامی نمائندہ ۔

Non-Professional Consul : (تاریخ) غیر پیشہ ور کاؤنسل ۔

Professional Consul : (تاریخ) پیشہ ور کاؤنسل ۔

Consul : (v) قونصل کے سامنے کاغذات پیش کرنا (اسکی جانچ اور رضامندی کے لئے) ۔

Consulage : قونصلی محصول ۔

Consular / Consulary : (a) قنصلی ؛ متعلق بہ قنصل ؛ روما میں وہ شخص جو قنصل رہ چکا هو ۔

Consular district : (n) (تاریخ) کانسلی علاقہ ۔

Consular functions : (n) (سیاسیات و تاریخ) کاؤنسلی فرائض ۔

Cousular invoice : (n) (تجارت) قونصل بیجك ۔

Consular officer : (n) (سیاسیات و تاریخ) کاؤنسلی أفیسر ۔

Consular transactions : (n) (تجارت) قونصل سودے ۔

Consular treaties : (n) (سیاسیات و تاریخ) کاؤنسلی معاهدے ۔

Consulate : (v) [L."Consulatus"] کاغذات اور مسل کو قنصلی جانچ اور ویزا کے لئے پیش کرنا ۔

Consulate : (n) قنصل خانہ ؛ قنصل یا وکیل کی قیام گاہ ، دفتر یا عملہ ؛ (تاریخ فرانس میں) زمانۂ قنصلی ؛ عهد قنصلیت ؛ کاؤنسل خانہ ؛ (تاریخ) کانسیلیٹ ۔

Consulate general : (n) (سیاسیات و تاریخ) کانسلیٹ جنرل ؛ قنصل اعلیٰ ؛ سر قنصل ؛ قنصل خانہ کا بڑا عہدیدار ۔

Consules electi : (سیاسیات و تاریخ) منتخب کاؤنسل ۔

Consules missi : (سیاسیات و تاریخ) فرستادہ کاؤنسل ۔

Consuless : (n) قنصل کی بیوی ۔

Consulship : (n) عہدۂ قنصلی ؛ وکالت ۔

Consult : (v) [L. "Consultare"] (۱) مشورہ کرنا ؛ رائے، اطلاع ، ہدایت یا صلاح طلب کرنا ؛ رجوع کرنا ؛ (کتاب یا شخص کی طرف) مراجعہ کرنا ۔ (۲) لحاظ رکھنا ؛ پاس کرنا (دوسروں کے اغراض و جذبات کا) ؛ تجزیہ و تحلیل کرنا ؛ غور و خوض کرنا ۔

Consult with : مراجعہ کرنا (کسی کتاب یا شخص سے) ؛ مشورہ کرنا ۔

To consult one's pillow : رات بھر کی مہلت لینا (غور کے لیے) ۔

Consult : (n) مشورہ ؛ مشورے کی مجلس ؛ مجلس شوریٰ ؛ مجلس مشاورت ؛ (رومی تاریخ) سینٹ کا حکم نامہ ۔

Consulta : (n) [It. or Sp.] کاؤنسل کا جلسہ ؛ اس جلسے کی روداد ؛ (تاریخ) مجلس ۔

Consultable : (a) لائق مراجعت ؛ قابل مشورہ ۔

Consultant : (n) مشورہ گیر ؛ مشورہ یا رائے چاھنے والا ؛ مراجع ۔ (۲) مشیر طلبی ؛ طبیب مشاور ؛ انجینیئر مشاور ؛ صلاح کار ؛ مشیر (تجارت) ۔

Consultation : (n) [L. "Consultationem"] مشورہ ؛ صلاح ؛ مشاورت ؛ مجلس مشاورت طبی ؛ (قانون) وہ حکم نامہ جس کی رو سے کوئی مقدمہ جو حکم امتناعی کے ذریعہ کسی کلیسائی عدالت سے کسی دوسری عدالت میں منتقل کیا گیا ہو، پھر اسی عدالت کو واپس کر دیا جائے ۔

Joint Consultation : (سماجیات) مشترک مشورہ ۔

Consultative : (a) مشورتی ؛ شورائی ؛ مشورے کا ؛ مشورہ دینے کا مجاز ؛ (مجلس) شوریٰ (وہ جماعت جسے مشورہ دینے کا حق تو ہو مگر فیصلہ کا حق نہ ہو) ۔

Consultative bodies : (n) (سیاسیات و تاریخ) مشاورتی مجالس ؛ مشاورتی انجمنیں ۔

Consultatory : (a) مشورتی ؛ شورائی ۔

Consultee : (n) مشاور الیہ ؛ مستشار ؛ مرجع ؛ رائے زن ۔

Consulter / Consultor : (n) مشورہ گیر ؛ صلاح طلب ؛ راجع ۔

Consulting : (n) مشورت گیر ؛ ارشاد طلب ؛ نصیحت جو ۔

Consulting Physician : (n) طبیب مشاور ۔

Consumable : (a) سوختنی ؛ مصرف میں آنےوالا ؛ صرف ہونے والا ؛ نیست و نابود ہونے والا ؛ لائق استعمال ۔

Consume : (v) [L. "Consumere"] خرچ کرنا ؛ برت ڈالنا ؛ ختم کر دینا ؛ کھا پی جانا ؛ اڑا دینا ؛ ضائع کرنا ؛ اسراف ، برباد کرنا ؛ خرچ کرنا (کیمیا) ؛ (حسد سے) جلنا ؛ کباب کا تلف ہونا ؛ نیست و نابود ہونا ؛ صرف کرنا ؛ حسد سے زیادہ کھانا پینا ؛ شراب خوری کرنا؛ بیگاری کرنا ؛ وقت صرف کرنا ؛ استعمال کرنا ؛ استفادہ کرنا ؛ اپنی توجہ کسی طرف مبذول کرنا ۔

Consumed : (a) صرف کیا ہوا ؛ مستعملہ ۔

Consumedly : (adv) نہایت ؛ بے حد ۔

Consumer : (n) صارف ؛ کام میں لانے والا ؛ خرچ کرنےوالا ؛ مستفید ؛ متمتع ؛ مسرف (پیدا کرنے والے کے مقابلہ میں) ۔

Private Consumer : (تجارت) نجی صارف ۔

Rational Consumer : (تجارت) منطقی صارف ۔

Representative Consumer : (تجارت) نمائندہ صارف ۔

Ultimate Consumer : (تجارت) آخری صارف ۔

Consumer appeal : (n) (تجارت) پسند صارف ۔

Consumer cooperation : (n) (تجارت) صارف کوآپریشن ۔

Consumer council : (n) (تجارت) صارف کونسل ؛ وہ نقد رقم جو کسی فرد کو مصرفی اشیا کی خریداری یا نجی اور خاندانی اخراجات کے لئے دی جائے اور جو قسطوں میں ادا کی جائے ۔

Consumer credit : (n) (تجارت) صارف اُدھار ۔

Consumer economics : (n) (تجارت) صارفی معاشیات ۔

Consumer finance company : (تجارت) صارف سرمایہ کار کمپنی ۔

Consumer goods / Consumption goods : (n) (تجارت) اشیائے صرف ۔

Consumer group : (n) (تجارت) گروہ صارف ۔

Consumer interest : (n) (تجارت) صارف مفاد ؛ نفع صارف ۔

Consumer items : (n) اشیائے استعمال ۔

Consumer jury / Consumer Panel : (n) (تجارت) صارف پینل ۔

Consumer motivation : (n) (تجارت) صارف ترغیب ۔

Consumer movement : (n) (تجارت) صارف تحریک ۔

Consumer pressure group : (n) (تجارت) صارفین کا با اثر گروہ ۔

Consumer price : (n) (تجارت) صارفی قیمت ۔

Consumer price index : (n) (تجارت) صارف قیمت کا اشاریہ۔

Consumer protection : (n) (تجارت) صارف کا تحفظ ۔

Consumer research : (n) (تجارت) صارف ریسرچ ۔

Consumer unit : (n) (تجارت) صارف کی اکائی ۔

Consumer's association : (n) (تجارت) صارف کی انجمن ۔

Consumer's behaviour : (n) (تجارت) صارف کا برتاؤ ۔

Consumer's choice : (n) (تجارت) صارف پسند ۔

Consumer's cooperative : (n) (تجارت) صارف کوآپرٹیو ۔

Consumer's cooperative store : (تجارت) امداد باھمی اسٹور صارفین ۔

Consumer's demand theory : (تجارت) صارف مانگ کا نظریہ ۔

Consumer's good : (n) (تجارت) اشیاء صرف ۔

Consumer's preference : (n) (تجارت) ترجیح صارف ؛ صارف ترجیح ۔

Consumer's price index : (سماجیات) صارفین کے لئے قیمت اشاریہ ۔

Consumer's sovereignty : (n) (تجارت) صارف کا اقتدار اعلیٰ ۔

Consumer's surplus : (n) (تجارت) نفع صارف ۔

Consuming centre : (n) (تجارت) مرکز صرف ؛ کھپت مرکز ۔

Consumingly : (adv) شدید طور پر ؛ مشتاق ہو کر ؛ شدت ؛ اشتیاق ۔

Consuming market : (n) (تجارت) بازار صرف ۔

Consuming unit : (n) (تجارت) صرف اکائی ۔

Consumingness : (n) شدت ؛ اشتیاق ۔

Consummate : (a) [L. "Consummatus"] کامل ؛ مکمل ؛ پختہ ؛ پورا ؛ انتہائی ؛ نہایت رسیدہ ؛ کمال یافتہ ؛ اعلیٰ ترین ؛ بہترین (ماہر) ۔

Consummate : (v) کمال کو پہنچانا؛ تکمیل یا اتمام کرنا ؛ پختہ یا پورا کرنا (خاص کر تعلق زن و شوہر کی تکمیل یا خلوت صحیحہ کرنا) ؛ زفاف کرنا ؛ وصال تك پہنچنا ؛ حد کمال تك پہنچانا ۔

Consummately : (adv) پختہ طور پر ؛ بطور کامل ؛ ماہرانہ ؛ کاملانہ ۔

Consummation : (n) تکمیل (زفاف) ؛ کمال ؛ نہایت ؛ غایت ؛ منزل مقصود ؛ انجام ؛ مطمح نظر ؛ (سماجیات) اختتام ؛ منتہیٰ ؛ تکمیل شدہ شئے ۔

Consummation of marriage : (سماجیات) تکمیل شادی ۔

Consummative : (a) تکمیلی ؛ اتمام کن ۔

Consummator : (n) پختہ کرنے والا ؛ تکمیل کنندہ ۔

Consumptible : (a) وہ شئے جو مصرف میں آنے سے ختم ہو جائے ؛ قابل صرف ۔

Consumption : (n) [L. "Consumptionem"] (۱) خرچ ؛ صرف ؛ اتلاف ؛ خاتمہ ؛ ضائع شدگی ؛ کھپت ؛ گھلا دینے والی تپ (خاص کر سل یا دق) ۔ (۲) مقدار خرچ شدہ (معاشیات) ؛ صنعتی پیدا وار کا مصرف (جو پیداوار کو ختم کر دے) ۔

Conspicuous Consumption : (تجارت) نمائشی صرف ۔

Diseconomics of Consumption : (تجارت) صرف کی عدم کفایات ۔

Domestic Conumption : (تجارت) گھریلو صرف ۔

Economics of Consumption : (تجارت) صرف کی کفایات ۔

Final Consumption / Ultimate Consumption : (تجارت) آخری صرف ۔

Home Consumption : (تجارت) گھریلو کھپت ؛ گھریلو صرف ۔

Induced Consumption : (تجارت) ترغیبی صرف ۔

Internal Consumption : (تجارت) اندرونی صرف ۔

Mill Consumption : (تجارت) مل کھپت ؛ مل صرف ؛ کارخانہ کا صرف ۔

Optional Consumption : (تجارت) اختیاری صرف ۔

Over Consumption : (تجارت) زائد صرف ۔

Permanent Consumption : (تجارت) مستقل صرف ۔

Personal Consumption : انفرادی کھپت ؛ ذاتی کھپت ؛ ذاتی صرف ۔

Productive Consumption : (تجارت) پیداواری صرف ۔

Public Consumption fund : (تجارت) اجتماعی صرف فنڈ ۔

Pulmonary Consumption : سل سینہ ؛ سل ریوئی ۔

Under Consumption : (تجارت) کم صرفی ۔

Unproductive Consumption : (تجارت) غیر پیداواری صرف ۔

Consumption Capital : (n) (تجارت) صرفی اصل ۔

Consumption ceiling : (n) (تجارت) صرف کی حد ۔

Consumption effect : (n) (تجارت) صرف کا اثر ۔

Consumption function : (n) (تجارت) صرف کا تفاعل ۔

Consumption fund : (n) (تجارت) ذخیرۂ صرف ؛ صرفی فنڈ ۔

Consumption goods : (n) (تجارت) صرفی اشیاء ۔

Consumption groups : (n) (تجارت) صرفی گروہ ۔

Consumption income : (n) (تجارت) صرفی آمدنی ۔

Consumption line : (n) (تجارت) صرفی خط ۔

Consumption loan : (n) (تجارت) صرفی قرض ۔

Consumption motive : (n) (تجارت) صرف کا مقصد ۔

Consumption pattem . (n) (تجارت) صرف کا طرز ۔

Consumption products : (n) (تجارت) صرفی پیداوار ۔

Consumption tax : (n) (تجارت) صرفی ٹیکس ۔

Consumption trend : (n) (تجارت) صرف کا رجحان ۔

Consumptive : (a) (۱) مدقوق ؛ دق والا ؛ مسلول ؛ مخرب ؛ تلف کنندہ ؛ پیداوار کا مصرف ۔ (۲) خرچ پذیر ؛ مائل بہ اسراف ؛ سرف نہاد ۔

Consumptive demand : (n) مطالبہ برائے صرف ۔

Consumptively : (adv) صرف کرنے کےطور پر ؛ اسراف کے لحاظ سے ؛ مدقوق یا مسلول طور پر ۔

Consumptiveness : (n) مدقوقیت ؛ مسلولیت ؛ دق پذیری ؛ سرف ؛ نہادی ۔

Cont-line : (n) البیٹ لکیر ؛ خط رس ؛ (رسی کی بناوٹوں کےبیچ کی خالی جگہ یا لکیر جو بل کھاتی ہوئی آخر تک چلی جاتی ہے) ؛ ایک ساتھ رکھے ہوئے دو پہیوں کے درمیان کا فاصلہ ۔

Contabescence : (n) اتلاف ؛ ضائع شدگی ؛ روگ ؛ (نباتیات) سوکھا روگ ؛ اتلاف (کلی کے مادہ پرورش کا) ؛ اسقاط ۔

Contabescent : (a) [L."Contabescentem"] روگی ؛ اتلافی ۔

Contact : (n) [L."Contactus"] مس ؛ اتصال ؛ چھوت ؛ لمس ؛ تماس ؛ ربط ؛ ارتباط ؛ تعلق ؛ نزدیکی ؛ (برقیات) حلقہ ؛ (ریاضی) تماس ؛ (نفسیات) اتصال ؛ (سماجیات) تعلق ؛ اتصال ؛ (ارضیات) دو غیر متشابہ متصل چٹانوں کے بیچ کی سطح ؛ طیارے کے مقام کو سمجھنے اور اس کی صحیح رہنمائی کےواسطے طیارے سے زمین یا پانی کی سطح کا بلا واسطہ عینی مشاہدہ ؛ دلال یا قاصد یا ایجنٹ جو خاص خبر کا ذریعہ ہو (خصوصاً خفیہ کارروائیوں میں) ۔

Action Contact : (کیمیا) عمل لمس ۔

Anticipation Contact : (لسانیات) متوقع لمس ۔

Area in Contact : (طبیعیات) رقبہ لمس، تماس کا رقبہ ۔

Chord of Contact : (طبیعیات) لمس وتر ؛ وترتماس ۔

Close Contact : (لسانیات) لمس قریبی ۔

Direct Contact : (سماجیات) براہ راست اتصال ۔

Indirect Contact : (سماجیات) بالواسطہ اتصال ۔

Loose Contact : (لسانیات) سست لمس ۔

Point of contact : (کیمیا) نقطہ مس ؛ (طبیعیات) نقطہ لمس ۔

Social Contact : (سماجیات) سماجی اتصال ۔

Sympathetic Contact : (سماجیات) ھمدردانہ اتصال ۔

Contact : (v) ارتباط پیدا کرنا ؛ تعلق پیدا کرنا ؛ گفتگو کرنا ؛ مشورہ کرنا ؛ ملاقات کرنا ؛ اتصال پیدا کرنا ۔

To come in contact with : روبرو ھونا ؛ دو چار ھونا ؛ ملنا ۔

To make / break contact : برقی حلقے کا پورا کرنا یا اس کا توڑنا ۔

Contact angle : (n) (ریاضی) تماسی زاویہ ۔

Contact dissimilation : (n) (لسانیات) تماثل خلاف لمس ۔

Contact lens : (n) (طبیعیات) لمس لینس ۔

Contact level : (n) طول کے باریک فرقوں کو دکھانے کا آلہ ۔

Contact mine : (n) وہ بارودی سرنگ جسے چھونے سے دھماکہ ھوتا ھے ۔

Contact of continuity : (سماجیات) تسلسل کا اتصال ؛ اتصال تسلسل ۔

Contact potential : (n) (طبیعیات) لمس مضمر ۔

Contact potential difference : (طبیعیات) لمس فرق مضمر ۔

Contact sound : (n) (لسانیات) لمس اصوات ۔

Contact stratum : (n) (سیاسیات و تاریخ) سطح رابطہ ۔

Contact vernacular : (n) (لسانیات) رابطہ بولی ؛ رابطے کی بولی ۔

Contactual behaviour : (n) (سماجیات) اتصالی عمل ۔

Contactual function : (n) (تجارت) اتصالی تفاعل ۔

Contadina : (n) اطالوی کسان عورت ۔

Contadino : (n) [L."Comitatus"] (اطالوی زبان میں) کسان ؛ اطالوی کاشتکار ۔

Contagion : (n) [L. "Contagionem"] چھوت ؛ وبا ؛ تعدیہ ؛ مرض (متعدی یا وبائی) ؛ (استعارتاً) اخلاقی خرابی ؛ (بد اخلاقی کا) متعدی اثر ؛ زھر ۔

Contagioned : (a) چھوت سے متاثر ۔

Contagionist : (n) تعدیہ کش ؛ تعدیے کا قائل ؛ چھوت یا وبائی مرض کا معتقد ؛ وسواسی ۔

Contagious : (a) [late L. "Contagiosus"] متعدی ؛ ساری ؛ سری ؛ وبائی ؛ اڑنی یا لگنی (بیماری) ؛ چھوت کی بیماری ؛ استعارتاً عادت ۔

Contagious abortion : (n) مویشی (مثلاً گائے) کا ایک متعدی مرض ؛ پالتو جانوروں کا ایک متعدی مرض جس سے اسقاط حمل ھو جاتا ھے ۔

Contagious distribution : (n) (شماریات) وبائی مثاؤ -

Contagious magic : (n) (سماجیات) متعدی جادو -

Contagiously : (adv) چھوت سے ؛ متعدی طور پر -

Contagiousness : (n) وبائیت ؛ متعدیت ؛ مسریت -

Contagium : (n) مادۂ مسری ؛ چھوت لگنےوالا مادہ ؛ دیکھو Contagion

Contain : (v) [L. "Continere"] (۱) مشتمل ؛ مرکب، حامل ہونا (کسی شئے کو) لئے ہوئے ہونا ؛ (اپنے اندر) داخل کئے ہوئے ہونا ؛ گھرا ہوا ہونا - (۲) حد بننا ؛ گھیرے میں لئے ہوئے ہونا - (۳) (طبقات الارض) محیط ہونا ؛ حد بندی ہونا - (٤) (ریاضی) پورا تقسیم ہونا- (٥) آپے میں ہونا ؛ (جذبات وغیرہ پر) قابو پانا - (٦) (جنگی اصطلاح) روکے رکھنا ؛ (فوج کو) ھلنے نہ دینا ؛ محدود کر دینا ؛ محتوی ہونا ؛ جگہ دینا -

Containable : (a) قابل احاطہ ؛ قابل ضبط ؛ قابل حدبندی -

Container : (n) چیزدان ؛ کوئی شئے رکھنے کے لئے ڈبہ ، بوتل وغیرہ ؛ (تجارت) کنٹینر -

Container premium : (تجارت) کنٹینر پریمیم -

Containment : (n) تحدید ؛ حد میں رکھنا ؛ (تاریخ) کمیونسٹ جارحیت کو حد میں رکھنے کی پالیسی -

Contaminable : (a) آلودہ ہونے کے قابل ؛ ملوث ہونے کے قابل ؛ قابل سرایت -

Contaminant : (n) آلودہ یا ملوث جسم-

Contaminate : (n) [L."Contaminatus"] ناپاک ؛ آلودہ ؛نجس ؛ گندہ -

Contaminate : (v) ناپاک ؛ نجس یا آلودہ کرنا ؛ چھوت ہو جانا ؛ بھرسٹ کرنا ؛ بگاڑنا ؛ فاسد کر دینا ؛ چھوت لگ جانا ؛ کثیف کرنا -

Contamination : (n) (۱) چھوت ؛ نجاست - (۲) مختلف کہانیوں کو باھم ملانا ؛ خلط ملط کر دینا - (۳) ناپاکی ؛ آلودگی ؛ فساد ؛ کثافت - (٤) (کیمیا) ملاوٹ ؛ ملاوٹ کرنا - (٥) دو لسانی شکلوں کو ملاکر ایک نئی شکل پیدا کرنا - (٦) قید خانے میں پکے مجرموں کے درمیان نسبتاً ناتجربہ کار ملزموں کو رکھ کر ان کا اخلاق بگاڑنا -

Contaminative : (a) ناپاک کرنے والا ؛ نجس کرنے والا ؛ کثیف کنندہ -

Contango : (n) [App. a fortuitous formation from"Continue"] ہرجانہ (جو مال اٹھوانے میں تاخیر یا التوا پر دیا جائے) ؛ (تجارت) تاخیری تاوان ؛ تاخیری جرمانہ -

Contango : (v) ہرجانہ دینا (جو مال اٹھانے میں تاخیر یا التوا پر دیا جائے)-

Contangoda : (n) ادائے قیمت سے ایک دن قبل (جو دن ادائے قیمت کے لئے مقرر ہو چکا تھا اس سے پہلے کا دن) -

Contemn : (v) [L. "Contemnere"] (۱) حقیر جاننا ؛ ذلیل کرنا ؛ خفت دینا ؛ ذلت ، اہانت سے پیش آنا - (۲) نفرت کرنا ؛ ذلیل و خوار سمجھنا -

Contemner / Contemnor : (n) حقیر جاننے والا ؛ ذلیل کرنے والا ؛ اھانت سے پیش آنے والا ؛ نفرت کرنے والا -

Contemningly : (adv) حقارتاً ؛ اھانتاً ؛ منافرت سے ؛ ذلت آمیز طور پر -

Contemplant : (n) [L." Contemplantem"] - مفکر ؛ سوچنےوالا

Contemplate : (v) [L. "Contemplat"] (۱) تاک میں رھنا ؛ سوچنا ؛ ارادہ کرنا ؛ نیت کرنا ؛ توقع رکھنا ؛ مقصد یا غایت قرار دینا ؛ تصور کرنا ؛ اندیشہ کرنا - (۲) دھیان میں ہونا ؛ مدنظر رکھنا ؛ مستغرق ہونا ؛ توجہ کرنا ؛ تفکر کرنا ؛ تامل کرنا ؛ مطالعہ کرنا -

Contemplatingly : (adv) تفکر کے ساتھ؛ تامل سے ؛ مقصد کرکے ؛ سوچ بچار کے ساتھ-

Contemplation : (n) غور و فکر ؛ تصور ؛ دھیان ؛ ارادہ ؛ تامل ؛ اندیشہ ؛ تفکر ؛ تفکر روحانی ؛ تفکر عبادت (مراقبہ) ؛ توقع ؛ پیش بینی ؛ ارادہ ؛ مطالعہ ؛ انتظار -

Contemplative : (a) پُر استغراق ؛ مستغرق ؛ دھیان والا ؛ غور والا ؛ ھوشمندانہ ؛ (ازمنۂ وسطیٰ میں) گیان دھیان (کی زندگی) رکھنے والا ؛ مراقب -

Contemplatively : (adv) غور و فکر کے ساتھ ؛ گیان دھیان سے ؛ پر استغراق کے ساتھ ؛ ہوشمندانہ ۔

Contemplativeness : (n) حالت استغراق ؛ حالت مراقبت ۔

Contemplator : (n) گیانی دھیانی ؛ مراقب ؛ مستغرق ؛ متفکر ۔

Contemporaneity / Contemporaneousness : (a) معاصرت ؛ ہم عصری ہونا ؛ ہم زمانی ہونا ۔

Contemporaneous : (a) ہم عصر ؛ ہم عہد ؛ ہم عصری ؛ معاصر ؛ ہم وقت ؛ ہم عمر ؛ اس زمانے کا ؛ (تاریخ) ہم عصری ۔

Contemporaneously : (adv) معاصر ہوکر ؛ ہم عصری سے ؛ ہم عہد ہوکر ؛ ہم عمر ہو کر ۔

Contemporary : (a) [L. "Contemporarius"] ہم سن ؛ ہم عصر ؛ ہم زماں ؛ معاصر ؛ ہم عمر ۔

Contemporary society : (n) (سماجیات) ہم عصر سماج ۔

Contemporize : (v) [L. "Contemporate "] ہم عصر یا معاصر بنانا ؛ ہم زماں کرنا ؛ ہم عہد کرنا ۔

Contempt : (n) [L. "Contemptus "] توہین ؛ ذلت ؛ حقارت ؛ سبکی ؛ (قانون) نا فرمانی ؛ عدول حکمی (بادشاہ ، عدالت یا مجلس ملکی کی) ؛ اہانت ۔

Contempt of court : توہین عدالت ۔

In contempt : تحقیراً ؛ حقارتاً ؛ اہانتاً ۔

Contemptible : (a) ذلیل ؛ سبک ؛ دنی ؛ خوار ؛ قابل حقارت ؛ قابل تحقیر ؛ قابل نفرت ۔

Contemptibility / Contemptibleness : (n) تذلیل ؛ تحقیر ؛ توہین ؛ قابل حقارت ہونا ؛ ذلیل و پست ہونا ۔

Contemptibly : (adv) ذلیل ہو کر ؛ حقیر ہو کر ۔

Contemptuous : (a) حقارت آمیز ؛ اہانت آمیز ؛ تحقیر ؛ ذلت آمیز ؛ متکبرانہ (طرز عمل) ؛ مغرورانہ ۔

Contemptuously : (adv) حقارت سے ؛ تحقیر آمیز طور پر ؛ اہانت آمیز طور سے ؛ متکبرانہ طور سے ۔

Contemptuousness : (n) حقارت آمیزی ؛ ذلت آمیزی ؛ تکبر ؛ غرور ؛ خود بینی ۔

Contend : (v) [L. "Contendere"] (۱) لڑنا ؛ جھگڑنا ؛ جد و جہد کرنا ۔ (۲) بحث ، جدال یا حجت کرنا ۔ (۳) مسابقت یا آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ۔ (٤) مقابلہ کرنا ؛ (جذبات یا قوائے فطرت کا) ۔ (۵) مجادلہ کرنا ؛ رقابت کرنا ؛ مناظرہ کرنا ؛ مدعی ہونا ؛ اثبات کرنا ؛ کسی سے زبردستی لے لینا ۔

Contender : (n) مقابل ؛ ستیزہ کار ؛ جھگڑالو ؛ لڑاکا ؛ حجتی ؛ مجادل ؛ بحثی ؛ کسی اعلیٰ اعزاز یا چمپئن ہونے کے لیے مقابلہ کرنے والا ۔

Content : (n) [L. "Contentum "] (۱) (جمع میں) مضامین (کتاب) مافیہ ؛ محتویات ۔ (۲) سمائی ؛ گنجائش ؛ (جہاز کی) ضخامت ؛ (ٹھوس اشیاء کا) حجم ؛ مقدار ؛ وسعت ؛ مندرجات ؛ موضوع ؛ اصلی معنی ؛ (نفسیات) مواد ۔

Factual Content : (نفسیات و تعلیمات) واقعی مواد ۔

Ideal Content : (نفسیات و تعلیمات) تخیلی مواد ۔

Iron Content : (کیمیا) لوہے کی مقدار ۔

Moisture Content : (کیمیا) نمی کی مقدار ۔

Salt Content : (کیمیا) نمك کی مقدار ۔

Sulphur Content : (کیمیا) سلفر کی مقدار ۔

Table of content : فہرست مضامین ۔

Content : (n) صبر و شکر ؛ قناعت ؛ اطمینان ؛ طمانیت ؛ خوشنودگی ؛ آسودہ خاطری ۔

Content : (a) صابر ؛ صابر و شاکر ؛ قانع ؛ مطمئن ؛ آسودہ خاطر ؛ خوشدل ۔

Be Content : قانع رہو ؛ آسودہ خاطر رہو ؛ مطمئن رہو ۔

Content, not content : انگلستان کے دارالامراء میں رائے لیتے وقت کی اصطلاح (ہاں، نہیں) ۔

Content : (v) مطمئن ہونا ؛ قانع ہونا ؛ مطمئن کرنا ؛ خوش کرنا ؛ راحت پہنچانا ۔

To take upon content : بغیر جانچ کے قبول کرنا ۔

Content analysis studies : (n) (سماجیات) مطالعہ تحلیل اجزاء ، مطالعہ تجزیہ مواد ۔

Content - word : (n) (لسانیات) بامعنی لفظ ۔

Contented : (a) راضی ؛ مطمئن ؛ قانع ؛ آسودہ خاطر ۔

Contentedly : (adv) صبر و شکر کے ساتھ ؛ قناعت سے ؛ راضی ہوکر ؛ خوشدلی سے ۔

Contentedness : (n) حالت اطمینان ؛ قناعت پسندی ۔

Contents rate : (n) (تجارت) سامان شرح (بیمہ) ۔

Contentation : (n) رضامندی ؛ قناعت ؛ رضایت ؛ خوشدلی ؛ آسودہ خاطری ؛ اطمینان ۔

Contention : (n) [L. "Contentionem"] (۱) لڑائی ؛ جھگڑا ؛ جدال ؛ تکرار ؛ بحث و مباحثہ ؛ جدو جہد ؛ قیل و قال ؛ مناقشہ ؛ حجت ؛ نزاع ؛ ستیزہ ؛ دعویٰ ؛ اعتراض ۔ (۲) مقابلہ ؛ مسابقہ ؛ مجادلہ ؛ منافسہ (جہادبالنفس) ؛ سعی ، کوشش (کسی کے مقابلہ میں کامیابی کے لئے) ۔

Bone of contention : (سیاسیات و تاریخ) جھگڑے کی جڑ ؛ بنائے مخاصمت ؛ بنائے اختلاف ؛ وجہ نزاع ؛ وجہ تنازعہ ؛ امرمتنازعہ فیہ ۔

Contentional : (a) نزاعی ؛ متعلق بہ دعویٰ ؛ حجتی ؛ مناقشہ جو ؛ ستیزہ کار ؛ نزاع انگیز ؛ پر مناقشہ ؛ جدال پرداز ؛ جھگڑے کا ؛ کسی تنازعہ میں فریقین کے مابین اختلاف سے متعلق ۔

Contentious : (a) [L."contentions"] جھگڑالو ؛ جدال پسند؛ حجتی ؛ مناقشہ جو؛ ستیزہ کار؛ نزاع انگیز؛ پُرمناقشہ؛ جدال پرداز؛ جھگڑے کا ؛ کسی تنازعہ میں فریقین کے مابین اختلاف سے متعلق ۔

Contentious jurisdiction : متنازعہ فیہ امور میں اختیار سماعت ۔

Contentiously : (adv) مناقشانہ ؛ تنازعہ کر کے ۔

Contentiousness : (n) نزاع پسندی ؛ جدال پردازی ؛ ستیزہ کاری ؛ مناقشہ جوئی ؛ جھگڑالو پن ۔

Contentive : (a) (لسانیات) معنی دار ۔

Contentless : (a) بے معنی ۔

Contentment : (n) قناعت ؛ آسودہ دلی ؛ دل جمعی ؛ اطمینان ؛ خوشنودی ؛ صبرو شکر ۔

Conterminal : (a)[L."Conterminalis"] ہم سرحد ؛ ایک سرحد والا؛ مشترک الاحاطہ ؛ متلاقی ؛ متحد الراس (خطوط جنکے سرے ایک نقطے پر مل جاتے ہوں) ؛ ہم بر (زمان و مکاں) ؛ متحد (معنیٰ) ۔

Conterminate : (a) دیکھو Conterminal

Conterminous : (a) دیکھو Conterminal

Contest : (v) [L. "Contestari"] لڑنا ؛ مبارزت کرنا ؛ بحثنا ؛ جدو جہد یا سعی کرنا ؛ جنگ و جدال کرنا ؛ مقابلہ کرنا (انتخاب وغیرہ) ؛ (قانون) شہادت دینا ؛ دفاع کرنا ؛ مقاومت کرنا ؛ ہم چشمی کرنا ؛ مجادلہ کرنا ؛ بحث کرنا ۔

(To) Contest (an)election : الیکشن لڑنا ؛ مقابلہ کرنا ۔

Contest : (n) (سیاسیات و تاریخ) الیکشن لڑنا ؛ مقابلہ کرنا ۔

Contest award : (n) (تجارت) انعام مقابلہ ؛ مقابلہ فیصلہ ۔

Contestable : (a) قابل جنگ ؛ لائق جدل ؛ قابل مباحثہ ؛ لائق مبارزت ۔

Contestant : (n) مبارز ؛ مجادل ؛ مقابل ؛ حریف ؛ مناظرہ ؛ مدافع ؛ ستیزہ کار ؛ مناظرہ کرنے والا ۔

Contestation : (n) (۱) حجت بازی ؛ کٹ حجتی ۔ (۲) تنازع ؛ بحث ؛ مناظرہ ؛ رقابت ؛ مدافعت ؛ شہادت ۔

Contestible clause : (تجارت) مبارزتی دفعہ ؛ لائق جدول دفعہ ۔

Contesting state : (سیاسیات و تاریخ) حریف ریاستیں ۔

Conteur : (n) [F.] قصہ گو ؛ داستان گو ۔

Context : (n) [L. "Contextus"] سیاق عبارت ؛ سیاق و سباق ؛ اوپر نیچے کی عبارت ؛ ماحول ؛ اطراف ۔

In this context : اس سلسلے میں ۔

Context of situation : (لسانیات) صورت حال کاسیاق ۔

Contexual : (a) سیاقی ؛ سیاق و سباق سے متعلق ۔

Contexual imagery : (n) (لسانیات) سیاقی پیکر ۔

Contexual meaning : (n) (لسانیات) سیاقی معنی ۔

Contexual pronunciation : (n) (لسانیات) سیاقی تلفظ ۔

Contexual variant : (n) (لسانیات) سیاقی نظریہ ۔

Contexualization : (n) (لسانیات) سیاقیانا ۔

Contexualized word : (n) (لسانیات) سیاقیا یا لفظ ۔

Contexually : (adv) سیاق عبارت کی رو سے ۔

Contexural : (n) بافت سے متعلق ۔

Contexure : (n) [L. "Contexura"] (۱) بناوٹ ؛ تانا بانا ؛ ساخت ؛ بافت ۔ (۲) (عبارت یا تقریر کی) بندش ؛ ربط ؛ مربوطی ۔

Conticent : (a) [L. "Contaceve"] ساکت ؛ خموش ؛ چپ ۔

Contignation : (n) [L"Contignationem"] جڑے ہوئے تختے ؛ ساخت ؛ منزل ۔

Contiguity : (n) [L. "Contiguus"] اتصال ؛ ربط ؛ قریبی تعلق ؛ قرب ؛ (نفسیات) مقارنت (تصور ان اشیاء کا جو کسی وقت یا مقام پر ایک ساتھ نظر سے گذری ہیں) ؛ نزدیکی ؛ وابستگی ؛ ارتباط ۔

Law of contiguity : (نفسیات و تعلیمات) قانون اتصال ۔

Temporal contiguity : (نفسیات و تعلیمات) زمانی اتصال ۔

Contiguous : (a) متصل ؛ ملحق ؛ قریب ؛ ہم سایہ ؛ مقرون ۔

Contiguous assimilation : (n) (لسانیات) مقرون تماثل ۔

Contiguous zone : (n) (تاریخ) متصل علاقے ۔

Contiguously : (adv) نزدیک ؛ پیوستہ ؛ مسلسل ۔

Contiguousness : (n) تسلسل وقت؛ دوام؛ تواتر ۔

Continence : (n) [L. "Continentia"] پرہیزگاری ؛ پارسائی ؛ تقویٰ ؛ زھد ؛ (طب) جسمانی اخراج کو ارادی طور سے روک لینے کی صلاحیت ؛ (سماجیات) ضبط نفس ازدواجی ۔

Marital Continence : (سماجیات) ازدواجی زھد ۔

Ritual Continence : (سماجیات) رسمی زھد ۔

Continence in marriage : (سماجیات) ازدواجی زھد ۔

Continent : (a) [L. "Continentum"] پرھیزگاری ؛ متقی ؛ زاھد ؛ پارسا ؛ متعادل ؛ (طب) جسمانی اخراج کو ارادی طور سے روک لینے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Continent : (n) زمین مسلسل ؛ بر اعظم ؛ قارہ ؛ ظرف ؛ ظرفیت ۔

Continental : (a) (۱) براعظم کا ؛ براعظم سے متعلق ؛ (تاریخ) براعظمی ؛ بری ۔ (۲) یورپ سے متعلق ؛ شمالی امریکہ سے متعلق ۔ (۳) ان نو آبادیوں اور ریاستوں سے متعلق جو بعد میں ریاستہائے متحدہ امریکہ کا حصہ بن گئیں ۔ (٤) بے قیمت (ایسے فقروں میں مثلاً (Not worth a Continental damn) ۔

Continental : (n) ایک امریکی سپاھی (جنگ آزادی کی فوج میں) ؛ کسی براعظم کا باشندہ (خصوصاً براعظم یورپ کا) ؛ کاغذی سکہ (امریکی جنگ آزادی کے وقت کا) ۔

Continental Army / Patriot Army : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل آرمی ۔

Continental bill : (n) براعظمی بل ؛ یورپی بل ۔

Continental breakfast : (n) ھلکا ناشتہ ۔

Continental congress : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل کانگریس (امریکہ) ۔

Continental currency : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل سکہ (امریکہ) ۔

Continental shelf : (n) (تاریخ) تہ بحری علاقہ ۔

Contineutal state : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل اسٹیٹ ۔

Continental system : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل سسٹم ؛ (تجارت) براعظمی کھاتا نویسی ۔

Continentalism : (n) براعظم پرستی ؛ قارہ پرستی ؛ قاریت ؛ اپنے براعظم کی حمایت یا طرفداری ۔

Continentalist : (n) براعظم پرست ؛ اپنے براعظم کی حمایت یا طرفداری کرنےوالا ؛ براعظم پرستی کا حامی ۔

Continentalize : (v) براعظم میں گشت لگانا ؛ براعظم کا رنگ اختیار کرنا ؛ یورپی کلچر سے متاثر ہونا ۔

Continentally : (adv) براعظم سے متعلق ہو کر (خصوصاً یورپ سے) ۔

Continently : (adv) پرہیزگاری سے ؛ از روئے پاکدامنی ؛ اعتدال سے ۔

Contingency : (n) [See CONTINGENT] (١) حالات کا غیر متیقن ہونا ؛ اتفاق ؛ اتفاقی واقعہ ؛ حادثہ ۔ (٢) حالت منتظرہ ؛ موقوف یا مبنی ہونا (کسی دوسری شئے پر) ۔ (٣) اتفاقی مصارف وغیرہ (صادر) ؛ احتمال ؛ امکان ؛ امکان وقوع یا عدم وقوع ؛ اضافی ؛ الحاقی ؛ واقعۂ ضمنی ؛ ایک محفوظ فنڈ (اتفاقی مصارف کے لئے) ؛ مشروط شئے (واقعہ وغیرہ) ؛ (تاریخ) اتفاقی صورت حال ؛ (نفسیات) عدم لزوم اتفاقیت ۔

Contingency freight : (n) (تجارت) اتفاقی بھاڑا ؛ اتفاقی کرایہ ۔

Contingency fund : (n) (تجارت) اتفاقی فنڈ ؛ ناگہانی فنڈ ؛ صادر فنڈ ۔

Contingent : (a) [L. "Contingentem"] (١) اتفاقی ؛ ناگہانی ۔ (٢) موقوف یا مبنی (کسی دوسری شئے پر) ؛ مشروط ۔ (٣) عارضی یا معاونتی ۔ (٤) فوج امدادی ؛ غیر لازمی ۔ (٥) آزاد ؛ (نفسیات) ذیلی ؛ غیر لازم شئے ۔

Contingent : (n) (١) جنگی دستہ (جو کسی خاص شخص یا ریاست کو دینا پڑے) ۔ (٢) نمائندہ دستہ یا جماعت ۔ (٣) امتیازی جماعت ۔ (٤) (منطق) غیر لازمی ۔

Contingent annuity : (n) (تجارت) اتفاقی سالیانہ ؛ مشروط سالیانہ ۔

Contingent beneficiary : (n) (تجارت) اتفاقی حق دار ؛ مشروط حق دار ؛ ثانوی حق دار ۔

Contingent bonus : (n) (تجارت) مشروط بونس؛ ناگہانی بونس ۔

Contingent business insurance : (n) (تجارت) اتفاقی تجارتی بیمہ ۔

Contingent charges : (n) (تجارت) اتفاقی لاگت ؛ (تاریخ) اتفاقی مصارف ؛ غیر متوقع مصارف ۔

Contingent contract : (n) (تجارت) اتفاقی معاہدہ ؛ مشروط معاہدہ ۔

Contingent duty : (n) = (countevailing duty) (تجارت) متلافی ٹیکس ؛ متلافی ڈیوٹی ۔

Contingent expenditure : (n) (تجارت) اتفاقی اخراجات ۔

Contingent liability : (n) (تجارت) ناگہانی ذمہ داری ۔

Contingent obligation : (n) (تجارت) اتفاقی ذمہ داری ۔

Contingently : (adv) اتفاقیہ ؛ اتفاقی طور پر ؛ مشروط طور پر ۔

Continuable : (a) قابل برقراری ؛ جاری رکھنے لائق ۔

Continual : (a) [L. "Continuus"] جاری ؛ رواں ؛ مستمرہ ؛ متصلہ ؛ مسلسل ؛ دائمی ؛ پیوستہ ؛ پے درپے ؛ بدون وقفہ ؛ سریع الوقوع ؛ مکرر ۔

Continually : (adv) برابر ؛ مسلسل ؛ مکرر طور پر ۔

Continuance : (n) استمرار ؛ قیام ؛ ہمیشگی ؛ دوام ؛ سلسلہ ؛ (قانون) تعویق سماعت (مقدمات) ؛ استقامت ؛ ناول یا کتب میں سلسلہ یا دنبالہ ۔

Continuant : (n) متمدد حرف ؛ ایسا حرف صحیح جس کی آواز میں تمدد کا امکان ہو جیسے (F. V. S. R.) ؛ (لسانیات) جاریہ ۔

Continuant : (a) اس قسم کے حرف صامت سے متعلق ۔

Continuation : (n) [L. "Continuationem"] (١) سلسلہ ؛ تسلسل ؛ اجرا؛ جریان ؛ استمرار ؛ (مہاجنی اصطلاح) کھاتا چلائی ؛ پچھلی میزان سے کھاتے میں جوڑنا یا لکھنا ؛ پیش آورد ۔ (٢) توسیع ؛ زوائد ؛ ایزاد ؛ بیشی ۔ (٣) پائچہ ؛ موزہ (جو گھٹنوں سے مل جائے) ؛ (عامیانہ محاورہ) پاجامہ ؛ پتلون ؛ کوئی تصنیف جو مسلسل حصوں میں شائع کی جائے یا ایسی تصنیف کا ایک حصہ ۔

Continuation school : فرصتی مدرسہ (جس میں ایسےلوگوں کی تعلیم فرصت کے اوقات میں جاری رکھی جاتی ہے جو ابتدائی تعلیم کےبعد مدرسہ چھوڑ چکے ہیں) ؛ کناڈا کا ایک ثانوی اسکول خصوصاً دور افتادہ دیہاتی علاقے میں ۔

Continuation sheet : (تجارت) منسلک کاغذ ۔

Continuative : (a) [L."Continuativus"] استمراری ؛ مسلسل ؛ رواں ؛ جاری ؛ عطف بیانیہ ۔

Continuative conjunction : (لسانیات) عطف جاری ۔

Continuator : (n) کسی دوسری کتاب کا سلسلہ آگے جاری رکھنے والا ؛ بقیہ نویس ؛ سلسلہ گیر ؛ توسیع دہندہ ؛ اجرا کنندہ ؛ پےنویس ؛ مستمر ۔

Continue : (v) [L. "Continuus"] جاری رکھنا (خصوصاً وقفے کے بعد) ؛ چلائے جانا ؛ قائم یا برقرار رکھنا ؛ سلسلہ اٹھانا؛ بقیہ لکھنا (قصے وغیرہ کا) ؛ باقی رہنا ؛ رہنا ؛ قائم رہنا ؛ طول دینا ؛ دوبارہ شروع کرنا ؛ بند نہ ہونا ؛ باز نہ رہنا ؛ (عدالت کی اصطلاح) التوا ہونا فیصلہ ۔

Continued : (a) مسلسل ؛ پیوستہ ؛ باقی ؛ ثابت ؛ وقفے کے بعد جاری شدہ ۔

Continued bond : (n) = (Perpetual bond) (تجارت) دائمی بانڈ ؛ استمراری بانڈ ۔

Continued fraction : (n) (ریاضی) کسر مسلسل ۔

Continued product : (n) (ریاضی) مسلسل ضرب ۔

Continued proportion : (n) (ریاضی) مسلسل تناسب ۔

Continuer : (n) دیکھو Continuator

Continuing : (n) مسلسل ؛ ثابت ؛ قائم ؛ برقرار ۔

Continuing guarantee : (n) (تجارت) استمراری گارنٹی ؛ دوامی گارنٹی ۔

Continuingly : (adv) مسلسل طور پر ؛ قائم رہ کر ۔

Continuity : (n) (طبیعات) تسلسل وقت ؛ دوام ؛ تواتر ؛ جاری ماندگی ؛ تسلسل ؛ پیہم روانی ؛ استمرار ؛ غیر منقطع سلسلہ ؛ وہ چیز جس سے تسلسل ظاہر ہو ۔

Law of continuity : قانون تسلسل (یعنی یہ قانون کہ فطرت کا ہر تغیر تدریجی ہوتا ہے نہ کہ یك بہ یك اور بے سلسلہ) ۔

Continuity girl / Continuity clerk : (n) ستحرک کے عملے کی وہ رکن جو تصویر لیتے وقت ساری تفصیلات کو لکھ لیتی ہے ۔

Continuity of coverage : (تجارت) تسلسل بیمہ ۔

Continuity of function : (طبیعیات) تفاعلی تسلسل ۔

Continuity of state : (طبیعیات) حالت کا تسلسل ۔

Continuity premium : (n) (تجارت) لگاتار خریداری پریمیم ۔

Continuous : (a) مسلسل ؛ علی الاتصال ؛ پیہم ؛ پیوستہ ؛ غیر منقطع ؛ پے در پے ؛ استمراری ۔

Continuous audit : (n) (تجارت) استمراری محاسبہ ؛ لگاتار محاسبہ ۔

Continuous brake (of train) : پچر کنجی (ریل گاڑیوں کو ٹھہرانے کی کل جس سے ایك دفعہ سب گاڑیوں میں پچر (بریك) لگائی جا سکتی ہے ۔

Continuous charge : (n) (تجارت) استمراری بار ۔

Continuous current : (n) (طبیعیات) مسلسل کرنٹ ۔

Continuous electrode : (n) (طبیعیات) مسلسل الیکٹروڈ ۔

Continuous flow : (n) (تجارت) مسلسل بہاؤ ۔

Continuous flow calorimeter : (n) (طبیعیات) مسلسل بہاؤ سکوری پیما ۔

Continuous function : (n) (طبیعیات) مسلسل تفاعل ؛ مسلسل فنکشن ۔

Continuous market : (n) (تجارت) مسلسل بازار ۔

Continuous movement : (n) (تجارت) استمراری تحریك ؛ مسلسل تحریك ۔

Continuous process : (n) (تجارت) مسلسل طریق عمل ۔

Continuous script : (n) (لسانیات) خط مسلسل ۔

Continuous spectrum : (n) (طبیعیات) مسلسل اسپکٹرم ۔

Continuous style : (n) (تعمیرات) محرابی جھروکے یا دریچے والا ؛ قوسی دریچہ دار ۔

Continuous surface : (n) (طبیعیات) مسلسل سطح ۔

Continuous variable : (n) (طبیعیات) مسلسل چو سطح ۔

Continuous variation : (n) (طبیعیات) مسلسل تغیر ۔

Continuously : (adv) مسلسل طور پر ؛ دائماً ؛ غیر منقطع طور پر ؛ پیوستہ طور پر ؛ استمراری طور پر ۔

Continuousness : (n) استمراریت ؛ جاری یا قائم رہنےکی حالت یا کیفیت ؛ مداومت ؛ مسلسلیت ؛ عدم انقطاع ۔

Continuum : (a) [L.] مادے ، احساسات، واقعات اور تعداد کا تسلسل ؛ رشتۂ مسلسل ؛ تسلسل ؛ (طبیعیات) کنٹی نیوم ؛ مسلسلہ ؛ (ریاضی) مسلسلہ ۔

Sensory continuum : (نفسیات و تعلیمات) حسیاتی تسلسل ۔

Conto : (n) [L. "Computus"] ایک سکّہ جو دس لاکھ ریس (Reis) یا دو سو بیس لیرے (Lira) کے برابر ھوتا ھے ۔

Contoid : (لسانیات) مصمتہ نما ۔

Contorniate : (n) [It. "contorno"] تمغا یا سکّہ جس کے کنارے کنارے گول لکیر ھو ۔

Contorno : (n) [It.] گردۂ مجسمہ ۔

Contort : (v) [L. "Contorquere"] مروڑنا ؛ اینٹھنا ؛ بٹ دینا ؛ خم کرنا ؛ کج کرنا ؛ شکل بگاڑ دینا ؛ روگردانی کرنا ۔

Contorted : (a) مروڑا ھوا ؛ پیچیدہ ؛ (نباتیات) خمیدہ ؛ بل دار ؛ حلقوی ۔

Contortion : (n) [L. "Contortionem"] پیچیدگی ؛ اینٹھن ؛ مروڑ (خاص کر چھرے یا بدن کے رگ پٹھوں میں) ؛ پیچ ۔

Contortionist : (n) نٹ ؛ عضل نگار (مصور یا بت تراش جو تصویر میں چھرے کی شکن یا بدن کے پٹھے دکھائے یا پہلوان جس کے بدن کی مچھلیاں نظر آتی ھوں) ؛ بند باز ۔

Contortive : (a) بند بازی سے متعلق ؛ توڑمروڑ سے متعلق ؛ پیچیدہ ۔

Contortuplicate : (a) [L. "contortus" + "plicatus"] (نباتیات) پیچ نورد ۔

Contour : (n) [L. "contourner"] ناک نقشہ ؛ خدو خال ؛ ڈول ؛ حلیہ ؛ (زمین کا) نشیب و فراز ؛ هئیت ؛ شکل ؛ ساخت ؛ جدود نما (خط) ؛ خط ساحل یا کوہ ؛ ساحل کا پیچ و خم ؛ (نفسیات) سراپا ؛ (تاریخ) خطوط نشیب و فراز ؛ کنٹور ۔

Terminal contour : (لسانیات) اختتامی لہریا ۔

Contour : (v) لہریئے بنانا ؛ پہاڑی کے گرد سڑک نکالنا ؛ پہاڑی کی ھموار سطح پر زراعت کرنا ۔

Contour integration : (n) (ریاضی) کنٹوری تکملہ ۔

Contour line : (n) (کیمیا) خطی ؛ خط و خال ؛ کنٹوری خط ؛ لہریا جس سے نقشے میں سطح زمین کی بلندیاں دکھاتے ھیں ؛ وہ خیالی لکیر جو سطح زمین کی یکساں بلندی والی سطحوں کے نقطوں کو ملاتی ھے ۔

Contour map : (n) (ریاضی) کنٹوری نقشہ ۔

Contour tone system : (لسانیات) لہریا تانی نظام ۔

Contoured Plan : (n) (تاریخ) نشیب و فراز کا نقشہ ۔

Contourne : (a) [F.] (نقابت) بائیں طرف مڑی ھوئی ۔

Contra : (Pref.) [L.] (۱) مخالف ؛ بالعکس ؛ برخلاف ۔ (۲) اطالوی باجوں کے نشان جن سے سرگم کی کمی بیشی ظاھر ھوتی ھے ۔

Contra-indicant : (n) (طب) کسی معالجے کی مخالف علامت ۔

Contra-indicate : (v) معالجے کی غلطی کی نشان دہی کرنا ۔

Contra-indication : (n) (طب) مرض کی کوئی علامت جو کسی خاص معالجے کو غلط بتاتی ھے ۔

Contra-lode : (n) کچی دھات کی درز ۔

Contra-related : (a) ارتباط متقابل رکھنے والا ۔

Contra-remonstrance : (n) (کلیسائی تاریخ) مخالفت ۔

Contra-remonstrant : (کلیسائی تاریخ) فرقۂ مخالفین یا معترضین ۔

Contra-rotation : (n) مخالف سمت میں گردش ۔

Contraband : (n) [L. "contrabannum"] (۱) ممنوع تجارت ؛ نا جائزبیوپار ؛ خفیہ لین دین ۔ (۲) ایک حبشی غلام جو خانہ جنگی میں فرار ہو گیا تھا ۔ (۳) قابل گرفتاری مال ؛ محصول مارے کا مال ۔

Absolute contraband : (تاریخ) ممنوعات مطلق ؛ وہ اشیاء جو بذات خود جنگ میں استعمال ہو سکیں ۔

Conditional or relative contraband : (تاریخ) مشروط ممنوعات ؛ اشیاء جو بذات خود جنگی مقصد کی نہ ہوں لیکن متحاربین کےلئے یا لڑائی جاری رکھنے کے لئے مفید ہوں ۔

Contraband : (a) ممنوع (قانونی طور پر) ۔

Contraband : (v) ممنوع قرار دینا ؛ غیر قانونی طور پر تجارتی مال حاصل کرنا ۔

Contraband baggage : (n) (تجارتی) ممنوعہ سامان ۔

Contraband control : (n) (تجارت) ممنوع بیوپار کنٹرول ۔

Contraband goods : (n) (تجارت) ممنوع اشیاء ۔

Contraband of war : ممنوعات جنگ (ہرقسم کی اشیا جو قانون بین الاقوام کی رو سے متحاربین کو پہنچانی نا جائز ہوں) ۔

Contrabandism : (n) نا جائز تجارت ؛ اسمگلنگ ۔

Contrabandist : (n) محصول مار ؛ محصول چور ؛ ناجائز تجارت کرنے والا ؛ اسمگلر ۔

Contrabass / Contrabasso : (n) سارنگی کے قسم کا سب سے بڑا باجا ۔

Contraception : (n) ممانعت حمل (ارادی اور مصنوعی طور پر) ۔

Contraceptive : (a & n) مانع حمل ۔

Contract : (n) [L. "contractus"] (۱) اقرار ؛ تعہد ؛ ٹھیکہ ؛ پیمان ۔ (۲) اقرار نامہ ؛ ٹھیکہ نامہ ۔ (۳) کابین نامہ ؛ شرائط شادی ؛ نکاح نامہ ۔ (٤) قرارداد ؛ معاہدہ ۔ (٥) قانون کے اصول جو معاہدے سے متعلق ہوں ۔ (٦) مخفف لفظ ۔

Buying contract / tie -in sale : (تجارت) معاہدۂ خریداری ۔

Chain contract : (تجارت) سلسلہ واری ٹھیکہ ۔

Freedom of contract : (تجارت) معاہدے کی آزادی ۔

Hedging contract : (تجارت) پیش بندی معاہدہ ۔

Running contract : (تجارت) چالو ٹھیکہ ۔

Social contract : (تاریخ) معاہدۂ عمرانی ۔

Wage contract : (تجارت) اجرت کا معاہدہ ۔

Works contract : (تجارت) کام کا ٹھیکہ ۔

Contract : (a) مخفف ؛ سکڑا ۔

Contract : (v) (۱) اقرار نامہ لکھنا ؛ تعہد کرنا ؛ ٹھیکہ یا کتا دینا یا لینا ۔ (۲) حاصل کرنا ؛ اختیار کرنا (دوستی وغیرہ کا) ؛ مول لینا ؛ اخذ کرنا ۔ (۳) سر لینا ؛ گراں بار ہونا (قرض سے) ۔ (٤) چڑھنا یا بل ڈالنا (تیوری پر) ؛ اینٹھنا ؛ مروڑنا (اعضا کو) ۔ (٥) کھینچنا ؛ قصر کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ سرخم کرنا ؛ (استعارتاً) محدود کرنا ؛ بند یا تنگ کرنا ۔ (٦) سمیٹنا ؛ سکڑنا ؛ اکڑ جانا ؛ تنگ یا کوتاہ کرنا ۔ (۷) (نحو) تخفیف ؛ تقلیل یا ترخیم کرنا ؛ حروف گر جانا ؛ چھوٹا رہ جانا ؛ مرکب الفاظ میں سے کچھ حذف کر دینا ۔

To contract oneself out of : بذریعہ اقرارنامہ مخلصی پانا ؛ دست کش ہونا ۔

To contract friendship acquaintance : دوستی کرنا ؛ دوست بنانا ۔

Contract account : (n) (تجارت) کنٹریکٹ کھاتا ؛ ٹھیکہ کھاتا ۔

Contract ant : (n) معاہدہ کرنے والا ۔

Contract bridge : (n) تاش کا ایک کھیل ۔

Contract carrier : (n) (تجارت) کنٹریکٹ باربردار ۔

Contract department : (n) (تجارت) ٹھیکے کا شعبہ ۔

Contract labour : (n) (سماجیات) ٹھیکہ مزدوری ؛ ٹھیکہ مزدور ؛ ٹھیکے کا مزدور ۔

Contract marriage : (n) عقد ؛ نکاح کرنا ۔

Contract of affreightment : (تجارت) بھاڑہ معاہدہ ۔

Contract of guarantee : (تجارت) ضمانتی معاہدہ ۔

Contract price : (n) (تجارت) طے شدہ قیمت ۔

Contract rent : (n) (تجارت) طے شدہ لگان ۔

Contract shop : (n) (تجارت) ٹھیکے کی دکان ۔

Contract system : (n) (سماجیات) ٹھیکہ داری :نظام/طریقہ ۔

Contract theory : (n) (نفسیات و تاریخ) نظریہ معاہدہ ۔

Contractable : (n) قابل تخفیف ؛ اختصار پذیر ؛ تخفیف پذیر ؛ سر پڑنے والا ؛ سر لینے والا (مرض) ۔

Contracted : (a) (۱) مخفف ؛ تنگ ؛ محدود ؛ کوتاہ ؛ حاصل شدہ ۔

Contractedly : (adv) مخفف یا محدود ہوکر ۔

Contractedness : (n) تحفیف ؛ تنگی ؛ اختصار ؛ کوتاہی ۔

Contractible : (a) انقباض پذیر؛ کشش پذیر؛ انقباض پیدا کرنے والا ۔

Contractibility : (n) اختصار پذیری ؛ تخفیف پذیری ؛ کشش ؛ (نفسیات) سکڑنے کی صلاحیت ۔

Contractibility : (n) اختصار پذیری ؛ تخفیف پذیری ؛ کشش ۔

Contractibiliy : (n) انقباض پذیری ؛ قابلیت انقباضی ۔

Contractile : (a) دیکھو Contractible

Contractile vacuole : (حیوانیات) انقباض خالیہ ۔

Contracting party : (تاریخ) فریق معاہدہ ۔

Contraction : (n) [L."contractionem"] (۱) کھینچ ؛ اینٹھن ؛ انقباض ؛ پیچ و تاب ۔(۲) تنگی ؛ تحدید ؛ بندش ۔(۳) ترخیم ؛ اختصار ؛ (حروف کے حذف یا ترکیب باھمی سے) تخفیف ۔ (٤) مرخمات ؛ الفاظ ترخیم شدہ ؛ مخففات ؛ علامات ؛ (نفسیات) سکڑن ؛ (تجارت) اختصاری اشارہ ۔(۵)اخذ؛ (عادت) اختیار کرنا ؛ (بیماری میں) مبتلا ہو جانا ۔ (٦) گراں باری قرض ۔

Contraction of curvency : (تجارت) اختصار زر ۔

Contraction of demand : (تجارت) اختصار طلب ۔

Contractional : (a) خلاصہ ؛ مخفف ؛ جمع شدہ ؛ معاہدہ شدہ ۔

Contractionalist : (n) امریکی کاغذی سکے کو کم کرنے کا حامی ۔

Contractionary impact : (n) (تجارت) اختصاری اثر ۔

Contractive : (a) انقباضی ؛ منقبض ؛ تخفیفی ؛ تنگی کن ؛ تحدیدی ؛ ترخیمی ۔

Contractor : (n) ٹھیکہ دار ؛ صاحب تعہد ؛ متعہد ؛ مستاجر ؛ بدل ڈالنے والا ۔

Contractual : (a) ٹھیکے کا ؛ تعہدی ؛ انقباضی ؛ (تاریخ) معاہدہ جاتی ۔

Contractual act : (n) (تاریخ) معاہدہ جاتی فعل ۔

Contractual capacity : (n) (تجارت) معاہدہ استطاعت ۔

Contractual function : (n) (تجارت) ٹھیکے کا کام ۔

Contractual income : (n) (تجارت) ٹھیکے کی آمدنی ۔

Contractual liability : (n) (تجارت) معاہداتی دین داری ۔

Contractual liability insurance : (تجارت) معاہداتی دین داری بیمہ ۔

Contractual obligation : (n) (تاریخ) معاہدہ جاتی فرائض ۔

Contracture : (n) [L. "contractura"] (۱) تشنج ۔ (۲) (تعمیرات) ستون کے بالائی حصے کا پتلا ہونا ۔

Contractured : (a) تشنج زدہ ؛ تشنج عضلہ میں مبتلا ۔

Contradict : (v) [L. "contradicere"] رد کرنا ؛ تردید کرنا ؛ تغلیط ؛ انکار کرنا ؛ مخالفت کرنا ؛ تکذیب ؛ نقیض یا متناقض ہونا ۔

Contradictable : (a) قابل تردید ؛ قابل رد ۔

Contradiction : (n) (۱) انکار ؛ تردید ؛ تخالف ؛ تکذیب ؛ تناقض ؛ تضاد ؛ مخالفت ؛ رد ۔ (۲) متضاد صفات رکھنے والا شخص ۔

Contradiction in tone : تناقض لفظی ؛ متناقض ؛ بیان یا الفاظ کا تناقض یا تضاد ۔

The law (principle) of contradiction : اصول تناقض ؛ یہ اصول کے دو متناقض چیزیں بیک وقت مجتمع نہیں ہو سکتی ہیں ۔

Contradiction in terms : (نفسیات وتعلیمات) لفظی ناقض ۔

Contradictional : (a) = (Contradictiary) متناقض ؛ متضاد ۔

Contradictous : (a) منکرانہ ؛ حجتی ؛ مائل بہ تردید ؛ تردیدی ؛ متناقض انگیز ؛ متضاد ۔

Contradictiously : (adv) منکرانہ طور پر ؛ انکار یا رد کرتے ہوئے ۔

Contradictiousness : (n) حجتی پن ؛ رد پسندی ؛ انکار آمادگی ۔

Contradictive : (a) تردیدی ؛ تناقض ؛ تبائن ؛ متضاد ۔

Contradictively : (adv) متناقضانہ ؛ تردیدی طور پر ۔

Contradictorily : (adv) Contradictively دیکھو

Contradictoriness : (n) تناقض یا متناقض ہونا ۔

Contradictory : (a) [L."contradictorius"] Contradictive دیکھو

Contradictory : (n) متناقض بیان ؛ انکاری یا تردیدی بیان ۔

Contradictory term : (n) (لسانیات) متضاد لفظ ؛ متضاد اصطلاح ۔

Contradistinct : (a) متناقض ؛ متاثر ۔

Contradistinction : (n) تمیز ؛ امتیاز ؛ تفریق (بین الاشیا) ۔

Contradistinctive : (a) متناقض ؛ مغائر ؛ متمائز ۔

Contradistinguish : (v) تفریق کرنا ؛ (متناقض خصوصیتوں کی وجہ سے) امتیاز کرنا ؛پہچان لینا ؛ الگ کرنا ؛ الگ نظر آنا ۔

Contrafagotto : (n) = (Contrabassoon) ایک قسم کا باجا (بڑے قسم کا الغوزہ) ۔

Contrafocal : (a) (ریاضی) دو مخروطوں کا یعنی دو نظیری محوروں کے مربعوں کا مساوی جوڑ رکھنے والا ۔

Contragraduation : (n) (شماریات) متضاد درجہ بندی ۔

Contragredient : (a) تغیر کے دو نظاموں کے بارے میں اس طرح کہ جب ایک میں خطی بدل واقع ہو تو دوسرے میں بھی واقع ہو مگر متضاد قسم کا ۔

Contrahent : (a) [L. "Contrahentem"] معاہدہ یا نکاح سے متعلق ۔

Contrahent : (n) معاہدہ یا نکاح کے طرفین ۔

Contralateral : (a) (طب) جسم کے مخالف حصے میں ہونے والا ۔

Contralto : (n) (Pl. contralti,-tos) [It.] (۱) (موسیقی) سب سے اونچی مردانہ آواز ؛ کم ترین عورتوں کی آواز ۔ (۲) مدھم آواز میں گانےوالی عورت یا مغنیہ ۔

Contranatural : (a) غیر طبعی ۔

Contraplex : (a) دو مخالف سمتوں میں بیک وقت پیغام بھیجنے کے قابل ٹیلی گراف / تار سے متعلق ۔

Contrapose : (v) (۱) برابر یا ایک دوسرے کے مقابل رکھنا ؛ متقابل کرنا ۔ (۲) (منطق) عکسی نقیض کے ذریعہ تبدیل کرنا ؛ عکس نقیض کرنا ۔

Contraposition : (n) [L. "Contrapositionem"] (۱) تقابل ؛ سامنا ؛ مقابلہ ؛ (منطق) عکس نقیض ؛ عکس تقابل ۔

Contrapositive : (a) متضاد ؛ مخالف ؛ (نفسیات) متقابل ۔

Obverted contrapositive : (نفسیات) متقابل معدول ۔

Contraprovectant : (n) (ریاضی) ایک ہم متغیر جو کسی دوسرے ہم متغیر سے پیدا ہو ۔

Contraption : (n) (عامیانہ) انوکھی کل ؛ کام چلاؤ مشین ؛ اختراع ۔

Contrapuntal : (a) [It. "Contrapunto"] (موسیقی) گمکی ؛ گمک کی تان دینے والا ؛ سر دینے والا یا سر (ساتھ) ملانے والا ؛ چند صوتی ۔

Contrapuntally : (adv) بطور گمکی ؛ چند صوتی کے طور پر ؛ سر ملا کر ۔

Contrapuntist : (n) گمکیا ؛ گمک دینے میں استاد یا مشاق ۔

Contrariant : (a) [L."contrarius"] مخالف ؛ متضاد ؛ منافی ؛ نا گوار خاطر ۔

Contrariantly : (adv) مخالفت سے ؛ متضاد طور پر ۔

Contrariety : (n) [med. L. "contrariosus"] تخالف (فعل، مزاج یا نوعیت میں) ؛ مخالفت ؛ نا موافقت ؛ ضد ؛ مغائرت ؛ سخن متناقض ؛ (منطق) ارتباط متضاد ؛ نا سازگار ۔

Contrarily : (adv) برخلاف اس کے ؛ برعکس ۔

Contrariness : (n) مخالفت ؛ ضد ۔

Contrarious : (n) مخالفت ؛ ناموافق ؛ ناراض ؛ نا سازگار ؛ دشمن ؛ مخالفت آمیز ؛ خصومت آمیز ۔

Contrariously : (adv) از روئے مخالفت ؛ نا موافق طور پر ؛ مخالفت آمیزی سے ؛ از روئے دشمنی ۔

Contrariousness : (n) نا موافقت ؛ مخالفت آمیزی ؛ ناراضگی ؛ نا سازگی ؛ ضدی پن ؛ دشمنی ۔

Contrariwise : (adv) برخلاف اس کے ؛ برعکس اس کے ؛ دوسری طرف ۔

Contrary : (a & n) [L. "Contrarius "] مخالف ؛ معکوس ؛ نا سازگار ؛ مقابل ؛ برعکس ؛ متضاد ؛ ضدی ؛ خود سر ؛ خود رائے ۔

Contrary : (adv) برخلاف اس کے ؛ برعکس اس کے ۔

Interpret by contrary : الٹا سمجھنا ؛ ہاں کی جگہ نا سمجھنا ۔

On the contrary : اس کے بر عکس ؛ نہیں بلکہ ۔

To the contrary : خلاف ؛ برعکس ۔

Contrary : (v) مخالفت کرنا ؛ تردید کرنا ۔

Contrary opposition : (n) مخالفت ۔

Contrary proposition : (n) مخالف قضیہ ۔

Contrary term : (u) (لسانیات) مخالف لفظ ؛ مخالف کلمے ۔

Contrast : (v) [L. "contrastare"] (۱) مقابلہ کرنا ؛ آمنے سامنے لانا ؛ مقابلہ کرکے جانچنا ؛ فرق دیکھنا ۔(۲) ممتاز ؛ نمایاں یا سب سے الگ ہونا ؛ الگ نظر آنا ۔

Contrast : (n) (۱) امتیاز ؛ فرق (نمایاں) ۔(۲) مقابلہ ؛ آمنا سامنا؛ (نفسیات) تخالف ؛ (شماریات) فوق مقابلہ ۔(۳) ممتاز یا علاحدہ یا نمایاں شے ؛ الگ ۔(٤) (فنون لطیفہ) رنگوں اورشکلوں کی مغائرت ؛ مغائر رنگوں اورشکلوں کا پہلو بہ پہلو رکھنا ۔

Contrast meaning : (n) (لسانیات) تخالفی معنی ۔

Contrast of colour : (n) (کیمیا) تفرق رنگ ۔

Contrast-suggestion : (n) (سماجیات) مخالف رائے ۔

Contrastimulant : (n) [It. "contrastimolante"] (طب) مسکن ؛ وہ دوا جو محرک دواؤں کے برعکس کام کرے ۔

Contrasting distribution : (n) (لسانیات) تخالفی تقسیم ۔

Contrasting stress : (n) (لسانیات) تخالفی زور ۔

Contrastive : (a) مغائر ؛ ممتاز ؛ نمایاں ؛ مقابل ۔

Contrastive grammar : (n) =(Transfer grammar) (لسانیات) تخالفی قواعد ۔

Contrastive Linguistics : (n) (لسانیات) تخالفی لسانیات ۔

Contrastive pair : (n) (لسانیات) تخالفی جوڑا ۔

Contrate : (a) [L. "contrata"] سیدھے دندانے یا کھڑے دندانے کا پہیا ۔

Contravallation : (n)[L. "Contravallationem "] حصار بندی ؛ حیاط بندی ؛ محصور شہر یا لشکر گاہ کے گرد کی دیوار یا دمدمے جو محاصرین بنالیں ۔

Contravariant : (n) (ریاضی) ضد متغیر ۔

Contravene : (v) [L."contravenire"] (۱) (قانون) خلاف ورزی یا تجاوز کرنا ۔ (۲) ردو قدح کرنا ؛ جھگڑنا ؛ معارضہ کرنا ۔ (۳) مزاحم ہونا ؛ حائل ہونا ؛ ٹکرا جانا (باہم) ۔

Contravene : (n) خلاف ورزی کرنے والا ؛ معارضہ کرنے والا ؛ مزاحم ہونے والا ؛ حائل ہونے والا ۔

Contravention : (n) (۱) تجاوز ؛ خلاف ورزی ۔ (۲) چھوٹے موٹے جرائم کے مقدمات جو پولیس کی عدالتوں میں پیش ہوتےہیں (خصوصاً یورپ میں) ۔

Contravention of rules : (تجارت) قواعد کی خلاف ورزی ۔

Contrayerva : (n) [Sp.] ایک امریکی پودا جس کی جڑ بطور قوت بخش استعمال ہوتی تھی ۔

Contre - : (Pref.) سابقہ بمعنی " مخالف ، مقابل" وغیرہ ۔

Contrecoup : (n) [F." Contre" + "Coup"] (۱) وہ صدمہ جو جسم کی ایک طرف ضرب لگنے سے دوسری طرف پیدا ہو ۔ (۲) شکستگی ۔

Contrectation : (n) [L. "Contrectationem"] عمل جنسی کا پہلا مرحلہ ؛ ہاتھ سے حرکت دینا ۔

Contredance / Contra-dance : (n) [Corrupt. of Country-dance] ایک قسم کا رقص ۔

Contrefort : (n) پشتہ ؛ ڈھال ؛ چبوترہ (جو کسی فصیل کی مضبوطی کے لئے بنایا جائے) ۔

Contretemps : (n) بدنصیبی سوئےاتفاق ؛ رنگ میں بھنگ ۔

Contributable : (a) قابل شرکت / چندہ ۔

Contribute : (v) [L. "contribuere"] (۱) شرکت کرنا ؛ (کسی صرف میں) چندہ دینا ؛ مہیا کرنا ؛ فراہم کرنا ۔ (۲) سبب ہونا ؛ موئد ہونا (کسی شے کے واقع ہونے میں) ۔ (۳) اعانت کرنا ۔ (٤) (اشاعت کےلئے) مضمون، مقالہ یا مراسلہ بھیجنا یا دینا ۔

Contribution : (n) (۱) چندہ ؛ حصہ ؛ چندہ دہی ؛ امداد ۔ (۲) مضمون؛ مراسلہ ؛ مقالہ (جو کسی جریدہ یا کتاب میں چھپنے کے لئے بھیجا جائے) ؛ صحیفہ ۔ (۳) جزیہ ؛ جنگی محصول (جو فوج کے مصارف کے لئے وصول کیا جائے) ۔ (٤) ادائگی (ہرفرد کے کسی نقصان کےلئے) ۔

To lay under contribution : جنگی محصول وصول کرنا یا عائد کرنا ؛ مدد لینا ۔

Contributional : (a) امدادی ۔

Contributive : (a) شرکت کرنے والا ؛ امداد کرنےوالا ؛ مقالہ لکھنےوالا ۔

Contributor : (n) چندہ دینے والا ؛ امداد کرنے والا ؛ اعانت کرنے والا ؛ شرکت کرنے والا (خاص کر مضمون نگار، صحیفہ نویس) ۔

Contributory : (a) امدادی ۔

Contributory : (n) وہ شخص جو کسی کمپنی کے ٹوٹ جانے پر اس کےقرضوں کے ادا کرنے میں شریک ہو ۔

Contributory health service : (تجارت) صحت عامہ کی شرکتی سروس ۔

Contributory negligence : (n) ایسے مجروح کی غفلت جس کا اپنا ہی فعل یا ترک فعل حادثے کا معین ہوا ہو ؛ امدادی غفلت ۔

Contributory provident fund : (تجارت) شرکتی پراویڈنٹ فنڈ ۔

Contributory value : (n) (تجارت) اعانتی قدر ؛ شرکتی قدر ۔

Contrite : (a) [L. "contritus"] (۱)نادم ؛ تائب ؛ پشیمان ؛ متاسف محزون ۔ (۲) ندامت آمیز ؛ پر انفعال ۔

Contritely : (adv) ندامت سے ؛ پشیمانی سے ۔

Contrition : (n) ندامت ؛ پشیمانی ؛ توبہ ؛ استغفار ؛ دل شکستگی ۔

Contrivable : (a) قابل ایجاد ؛ قابل اختراع ۔

Contrivance : (n) (۱) حیلہ ؛ جھانسا ؛ تدبیر ؛ ترکیب ؛ اختراع ؛ ایجاد ؛ جدت ؛ استعداد ۔ (۲) آلہ ؛ پرزہ ؛ کل ۔

Contrivancy : (n) قوت اختراع ۔

Contrive : (v) [It. "controvare"] (۱) حیلہ کرنا ؛ ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ جتن کرنا ؛ تدبیر نکالنا ۔ (گھر یا گھر کے کام) چلانا ۔ (۲) ترکیب نکالنا ؛ نقشہ کھینچنا ۔ (۳) بروئے کار لانا ؛ کر دکھانا ۔

Contrived : (a) مصنوعی ؛ غیر فطری ؛ آوردہ ۔

Contriver : (n) حیلہ کرنے والا ؛ ایجاد کرنے والا ؛ مخترع ؛ موجد ؛ تدبیر نکالنے والا ۔

Control : (n) [See CONTROL (v)] (۱) اختیار ؛ اقتدار ؛ قابو ؛ حکومت ؛ نگرانی ۔(۲) محاسبہ ؛ جانچ پڑتال ۔(۳) معیار مقابلہ (تجربات کےنتائج کی جانچ کیلئے) ۔(٤) روك ؛ رکاوٹ ؛ قید ؛ بندش ؛ ضبط ۔(٥) قابو یافتہ شخص ؛ مسلط روح یا ہمزاد ، موکل ۔ (٦) موٹر منزل ؛ موٹر اڈا ؛ موٹر چوکی (وہ جگہ جہاں دوڑ میں ہوائی جہاز یا موٹر ٹھہرانے اور درست کرنے کی اجازت ہوتی ھے) ؛ (جمع) پرزے جن سے ہوائی جہاز کے رکنے میں مدد ملتی ھے ۔

Budgetary control : (تجارت) بجٹی کنٹرول ؛ بجٹ سے کنٹرول ۔

Credit control : (تجارت) قرض کنٹرول ؛ کریڈٹ کنٹرول ۔

Employment control : (تجارت) روزگار کنٹرول ۔

Exchange control : (تجارت) مبادلہ کنٹرول ۔

Expenditure control : (تجارت) اخراجات کنٹرول ۔

Investment control : (تجارت) اصل کاری کنٹرول ۔

Monopoly control : (تجارت) اجارہ داری کنٹرول ۔

Point of control : (شماریات) نقطۂ قابو ۔

Population control : (تجارت) آبادی کنٹرول ۔

Price control : (تجارت) قیمت کنٹرول ۔

Production control : (تجارت) پیداوار کنٹرول ۔

Quality control : (تجارت) صفاتی/معیار کنٹرول ۔

State control : (تجارت) ریاستی کنٹرول ۔

Stock control : (تجارت) اسٹاك / ذخیرہ کنٹرول ۔

Unified control : (تجارت) یکجاتی کنٹرول ۔

Wage control : (تجارت) اجرت کنٹرول ۔

Control : (v)[L. "contrarotulus"] اختیار یا قابو میں لانا ؛ تسلط یا حکومت کرنا ؛ روکنا ؛ ضبط کرنا ؛ جانچنا ؛ محاسبہ کرنا ۔

Control experiment : (n) معیار مقابلہ (تجربات کے نتائج کی جانچ کے لئے) ۔

Control grid : (n) (طبیعیات) کنٹرول گرڈ ۔

Control group : (n) (سماجیات) زیرتسلط جماعت ؛ زیر نگرانی جماعت ۔

Control magnetic field : (طبیعیات) مقناطیسی میدان ؛ چمبکی میدان ۔

Control pit : (n) (تاریخ) مرکزی غار ؛ مرکزی گڑھا ۔

Control torque : (n) (طبیعیات) مل گھوم کار ؛ اینٹھن ۔

Controllable : (a) (تجارت) قابل ضبط ، تسلط پذیر ؛ قابل ضبط یا محاسبہ ۔

Controllable cost : (n) (تجارت) قابل ضبط لاگت ۔

Controlled circulation : (n) (تجارت) کنٹرول شدہ گردش ۔

Controlled democracy : (n) (تاریخ) محدود جمہوریت ۔

Controlled economy : (n) (تجارت) منضبط معیشت ۔

Controlled experimentation : (n) (سماجیات) زیر نگرانی تجربہ ؛ زیر تسلط تجربہ ۔

Controlled price : (تجارت) منضبط قیمت ۔

Controller : (n) (۱) محاسب سرکاری ؛ ناظم ؛ صرف خاص وغیرہ کا میرسامان ؛ ناظر ۔ (۲) روکنے والا ؛ ضبط کرنے والا ۔(۳) آلۂ تنظیم ۔

Controller General : کنٹرولر جنرل ؛ ناظم عمومی ؛ محاسب اعلیٰ ؛ ناظم اعلیٰ ؛ ناظراعلیٰ ۔

Controllership : (n) محاسبی کا عہدہ ۔

Controlling branch : (n) (تجارت) انتظامی شاخ ؛ کنٹرول کرنے والی شاخ ۔

Controlment : (n) روک ؛ رکاوٹ ؛ نظارت ؛ قابو ؛ حکومت ؛ نگرانی ۔

Controversial : (a) [L." Controversialis"] نزاعی ؛ متنازع فیہ ؛ مباحثہ انگیز ؛ پر مناقشہ ۔

Controversialism : (n) نزاع انگیزی ، مناقشہ پسندی ؛ مباحثہ جوئی ۔

Controversialist : (n) نزاع انگیز ؛ مناقشہ پسند ؛ مباحثہ جو ۔

Controversially : (adv) نزاع انگیزی سے ؛ مباحثہ جوئی ؛ مناقشہ پسندانہ ۔

Controversion : (n) (۱) مباحثہ ؛ مناقشہ ؛ نزاع ؛ بحث ۔ (۲) مخالف سمت میں مڑنا ۔

Controversy : (n) [L. "Controversus"] (۱) مباحثہ ؛ نزاع ؛ مناقشہ ؛ قیل و قال ، مجادلہ (لفظی) ۔ (۲) (قانون) دیوانی مقدمہ ؛ (تاریخ) تنازعہ ۔

Without controversy : بلا مناقشہ ؛ مسلمہ ؛ خارج از مناقشہ ۔

Beyond controversy : بحث یا مناقشہ سے بالاتر ۔

Controvert : (n) [L."Controversus"] بحث کرنا ؛ حجت کرنا ؛ جھگڑنا ؛ نہ ماننا ؛ انکار کرنا ؛ رد کرنا ۔

Controverted : (a) نزاعی ۔

Controverter : (n) حجتی ؛ جھگڑالو ؛ منکر ۔

Controvertible : (a) قابل نزاع ؛ قابل مناقشہ ۔

Controvertist : (n) نزاع انگیز ؛ مناقشہ پسند ؛ مباحثہ جو ۔

Contubernal : (n) [L."Contubernalis"] ہم منزلی ؛ ہم خانگی ۔

Contubernal : (a) ہم منزل ؛ نزدیک ۔

Contumacious : (a) [L."contumaci"] سرکش ؛ شورہ پشت ؛ نا فرمان (خاص کر عدالت کے احکام نہ ماننے والا) ؛ سرتاب ؛ متمرد ؛ خودسر ۔

Contumaciously : (adv) سرکشی سے ؛ شورہ پشتی سے ؛ خود سری کے طور پر ۔

Contumaciousness : (n) سرکشی ؛ شورہ پشتی ؛ نافرمانی ؛ خودسری ؛ سرتابی ۔

Contumacy : (n) [L. "Contumacia"] (۱) سرکشی ؛ شورہ پشتی ؛ نافرمانی ؛ خود سری ؛ سرتابی ۔ (۲) ارادی طور پر عدالت کی نافرمانی یا توہین عدالت ۔

Contumelious : [See CONTUMELY] ڈھیٹ ؛ گستاخ ؛ شوخ چشم ؛ بیہودہ ؛ زشت ؛ اہانت آمیز ؛ نفرت انگیز ۔

Contumeliously : (adv) گستاخی سے ؛ شوخ چشمی سے ؛ نفرت انگیزی سے ۔

Contumeliousness : (n) ڈھیٹ پن ؛ گستاخی ؛ شوخ چشمی ؛ بیہودہ پن ؛ اہانت انگیزی ۔

Contumely : (n) [L. "Contumelia"] ڈھٹائی ؛ بیہودگی ؛ نا معقول حرکت ؛ زبان درازی ؛ شوخ چشمی ؛ اہانت ؛ توہین ؛ بے حرمتی ؛ خفت ۔

Contund : (v) [L. "Conturdere"] چوٹ لگانا ۔

Contuse : (v) [L. "contus"] ضرب لگانا ؛ مارنا ؛ کوٹنا ؛ بھیتری مار مارنا (جس میں زخم یا خراش نہ آئے) ۔

Contusion : (n) بھیتری مار یا چوٹ ؛ ضرب ۔

Contusive : (a) چوٹ سے متعلق ؛ چوٹ کھایا ہوا ؛ چوٹ لگانے والا ؛ ضرب خوردہ ۔

Conundrum : (n) [Origin unkn.] پہیلی ؛ چیستان ؛ معمہ ؛ پیچیدہ ؛ مسئلہ ؛ سوال یا بیان ؛ شہروں کا سلسلہ ۔

Conure : (n) [L. "Conurus"] ایک قسم کا امریکی توتا ۔

Conus elasticus : (n) (لسانیات) بیجڑے کے لچک دار اعصاب ۔

Convalesce : (v) [L. "convalescere"] (۱) تندرستی یا صحت بحال ہونا ؛ افاقہ ہونا ۔ (۲) (رومی قانون) جائز ہونا ۔

Convalescence : (n) افاقہ ؛ رو بہ صحت ہونا ؛ بحالی صحت ؛ صحت تدریجی (بیماری کے بعد) ۔

Convalescent : (a) افاقه یاب ؛ رو به صحت ۔

Convalescent : (n) افاقه یاب ہونے والا شخص ؛ رو به صحت ہونے والا شخص ۔

Convalescently : (adv) رو به صحت ہوتے ہوئے ؛ بطور افاقه ۔

Convallamarin : (n) [L. "Convallium" + "amorus" + - IN] ایک تلخ زہریلا مادہ جو سوسن صحرائی سے نکالا جاتا ہے ۔

Convallarin : (n) سوسن صحرائی سے نکلنے والا ایک ملین مادہ ۔

Convariant : (n) (ریاضی) ہم متغیر ۔

Convection : (n) [L. "Convectus"] ؛ نقل (حرارت یا برق) ؛ حرارت یا برق رسانی ؛ حمل حرارت ۔

Convective : (a) حمل حرارت یا برق کی صفت رکھنے والا ۔

Convectively : (adv) بطور نقل حرارت یا برق ؛ بطور حرارت رسانی ۔

Convector : (n) کمرہ گرم کرنے کا آلہ یا مشین ؛ (طبیعیات) سم وھن ۔

Covector current : (n) (طبیعیات) سم وھن کرنٹ ۔

Convenable : (a) (۱) قابل جمع آوری ؛ قابل تلفیق ۔ (۲) موافق ؛ سازگار ؛ مناسب ؛ شائستہ ؛ موزوں ۔

Convenance : (n) [F. "Convenir"] آداب مجلس ؛ رسمی اخلاق ؛ شائستگی ؛ تمیز ؛ رسوم و آداب ۔

Convene : (v) [L. "Convenirc"] انعقاد یا اجلاس ہونا یا کرنا ؛ طلب یا جمع کرنا ؛ فراہم کرنا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ دعوت کرنا ؛ بلانا ۔

Convener : (n) بلانے والا ؛ کسی کمیٹی یا جلسے کا صدر ۔

Convenience : (n) [L. "Conveniontia"] (۱) موزونیت ؛ مناسبت ؛ موافقت ؛ ہم آہنگی ۔ (۲) گنجائش ؛ کشادگی ؛ فراغت ؛ فرصت ۔ (۳) آرام و آسائش ؛ سہولت ؛ فائدہ مندی (مالی) ؛ وسیلہ آسائش ۔ (٤) کارآمد تدبیر یا شئے ؛ ہلکی پھلکی چیز ؛ ظرف وغیرہ ضرورت کی چیزیں ۔ (٥) بیت الخلا (جس میں نل لگا ہو) ؛ بمبیا ؛ (متروک محاورہ میں) گاڑی ۔

At one's convenience : اپنی سہولت یا آرام کے مطابق ۔

Marriage of convenience : روپے کے لئے یا روپے کی شادی ؛ اپنی اپنی سہولت کا میل ۔

To await one's convenience : دوسرے کی سہولت کا لحاظ رکھنا ۔

To make a convenience : کسی کو آسامی بنانا ؛ کسی کی بے خبری یا نیک دلی سے فائدہ اٹھانا ۔

Convenience : (v) سہولت پہنچانا ۔

Convenience goods : (n) (تجارت) سہولتی مال ؛ سہولتی سامان اشیاء ؛ اشیائے آرام ۔

Convenience sampling : (n) (تجارت) سہولتی نمونہ کاری ۔

Conveniences : (n) ضروریات ؛ آسائشی اسباب ۔

Convenient : (a) مفید ؛ موزوں ؛ گنجائش کا ؛ آسان ؛ سہولت ؛ فرصت یا راحت کا ؛ مناسب ؛ بے درد سر ؛ بے زحمت ۔

Conveniently : (adv) آسانی سے ؛ سہولت کے ساتھ ؛ بطور گنجائش ۔

Convent : (n) [L. "Conventum"] (۱) عیسائی اہل خانقاہ ؛ مذہبی گروہ سالکین (بالعموم عورتیں جو کسی ایک جگہ رہیں سہیں) ؛ راہبوں کی جماعت ؛ راہباؤں کی جماعت ۔ (۲) عیسائی خانقاہ ؛ صومعہ ۔

Convent : (v) جمع کرنا یا ہونا ۔

Conventical : (a) عیسائی خانقاہ سے متعلق ۔

Conventicle : (n) [L. "Conventiculum "] (۱) مذہبی خفیہ مجلس یا جلسہ ۔ (۲) خفیہ ناجائز مجلس گاہ ۔

Conventicle : (v) خفیہ مجلس میں جمع ہونا ؛ خفیہ جلسہ کرنا ۔

Conventicle act : (n) (تاریخ) کون وین ٹی کل ایکٹ ۔

Conventicler / Conventicleer : (n) خفیہ انجمن میں شریک ہونے والا ۔

Conventicular : (n) خفیہ مجلس یا جلسہ میں شریک ہونے والا ۔

Convention : (n)[L. "Conventionem"] (۱) اجتماع ؛ احتفال ؛ انعقادِ مجلس (تاریخ انگلستان میں پارلیمنٹ کا اجتماع بلا حکم شاہی سن ۱۶۶۰ء اور سن ۱۶۸۸ء میں) ۔ (۲) معاہدہ ؛ قول و قرار ؛ تراضی طرفین ؛ پیمان ؛ میثاق ۔ (۳) رواج ؛ ریت ؛ رسم ؛ مرضیء عامہ ۔

Constitutional convention : (تاریخ) آئینی روایت ؛ دستوری روایت ۔

Convention coin / dollar : (n) جرمنی کے مختلف صوبوں کے مالی معاہدہ کے مطابق بنایا ہوا سکہ ۔

Convention of the Hague : (تاریخ) ہیگ کنونشن ۔

Convention on Commercial Aviation : (تاریخ) تجارتی جہاز رانی کا کنونشن ۔

Convention on European Economic Cooperation (تاریخ) یوروپی اقتصادی تعاون کا کنونشن ۔

Convention rays : (n) (طبیعیات) رواج شعاعیں ۔

Conventional : (a) رسمی ؛ رواجی ؛ غیر طبعی ؛ تقلیدی ؛ غیر فطری ؛ قراردادی ؛ میثاقی ۔

Conventional family : (n) (سماجیات) رواجی خاندان ۔

Conventional imitation : (n) (سماجیات) رواجی تقلید ۔

Conventional necessaries : (n) (تجارت) رواجی ضروریات ۔

Conventional sign : (n) (لسانیات) رواجی نشان ۔

Conventional system : (n) رواجی طریقہ ۔

Conventional tariff : (n) (تجارت) رسمی ٹیرف ۔

Conventionalism : (n) (۱) رسم پرستی ؛ تقلید رسوم و قواعد مقررہ ۔ (۲) (جمع میں) رواجی ؛ رسمی ؛ تقلیدی ؛ سنتی ۔

Conventionalist : (n) رسم پرست ؛ پابند رسوم ؛ (مقلد) ظاہر پرست ؛ پیرو سنت قدیم ؛ قدیم رواج کا پیرو ؛ (لسانیات) مماثلث پسند ؛ رواجیت ؛ رواج پرست ۔

Conventionality : (n) قید رسمی ؛ آداب مقررہ ؛ سماجی ذہنی اور فنی روایتوں کی پیروی ۔

Conventionalization : (n) رسمی بنانے کا عمل یا نتیجہ ۔

Conventionalize : (v) رواجی بنانا ؛ رسمی کردینا ۔

Conventionally : (adv) رسماً یا رسمی طور پر ؛ رواجاً ۔

Conventionary : (n) [med L. "Conventionarius"] (انگلستان میں) ایک قسم کا غیر منقولہ جائداد کا اجارہ دار ۔

Conventionist : (n) کسی جماعت کا ایک رکن ۔

Conventual : (a) [L."Conventualis"] خانقاہی ؛ خانقاہ کا فرد ؛ فرانسکن کے کم متعصب سلسلے کا شخص ۔

Conventually : (adv) راہبانہ طور پر ؛ بطور خانقاہی ۔

Converge : (v) [late"Convergere"] (۱) جھکنا ؛ جھکانا ؛ مائل ہونا یا کرنا (ایک ہی نقطہ کی طرف) ۔ (۲) (ریاضی) متقارب ہونا ؛ استقران ہونا ؛ متقارب کرنا ۔ (۳) ملنا ۔ (٤) (نباتیات) مشابہ خصوصیات رکھنا ؛ (حیوانیات) مرتکز ہونا ۔

Convergence : (n) (۱) استدقاق ، میل کلی ؛ (فلسفہ) انعطاف ۔ (۲) تقارب خطوط ؛ نقطہء تلاقی ؛ وجود تشابہ ۔ (۳) مختلف ثقافتوں میں آزادانہ طور پر اتفاقی یکسانیت ۔ (٤) (شماریات) استدقاق مرکوزیت ۔

Absolute convergence : (ریاضی) مطلق تقارب ۔

Circle of convergence : (ریاضی) دائرہء تقارب ۔

Interval of convergence : (ریاضی) وقفہء تقارب ۔

Limit convergence : (ریاضی) تقاربی انتہا ۔

Ring of convergence : (ریاضی) تقاربی رنگ ۔

Convergence in mean square : (شماریات) مرکوزیت براہ اوسط مربع ۔

Convergence theory : (n) (نفسیات ، تعلیمات و فلسفہ) نظریہء انعطاف ۔

Convergence with probability one : (شماریات) مرکوزیت باحتمال یک ۔

Convergency : (n) استدقاقیت ؛ تقارب خطوط ؛ متقارب کیفیت ؛ (ریاضی) تقرب ۔

Convergent : (a) مستدقق ؛ متقارب ؛ مشابہ خصوصیات رکھنے والا ؛ (حیوانیات) مرتکز ۔

Convergent sequence : (n) (ریاضی) متقارب تواتر ۔

Converginerved : (a) [L. "Convergentem"] (نباتیات) (پتے کا) خمیدہ اور ایک نقطے پر ملنے والا ۔

Converging : (a) متقارب ؛ تدقیقی ؛ مستدقق ؛

Convergingly : (adv) متقارب ہو کر ۔

Conversable : (a) خوش تقریر ؛ خوش بیان ؛ ملنے کے لائق یا قابل ؛ ملنسار ؛ خوش لحن ؛ قابل معاشرہ ۔

Conversableness : (n) خوش تقریری ؛ خوش بیانی ؛ ملنساری ؛ خوش لحنی ۔

Conversance : (n) واقفیت ؛ آگہی ؛ خبرداری ؛ تبحّر ۔

Conversancy : (n) دیکھو Conversance

Conversant : (a) [L. "Conversanri"] واقف ؛ ماہر مشاق ؛ بے تکلف (خاندان اشخاص وغیرہ سے) ؛ مشغول ؛ معروف ۔

Conversation : (n) (۱) گفتگو ؛ مکالمہ ؛ بات چیت ؛ کلام ؛ گفت و شنید ؛ مذاکرہ ۔(۲) تعلق ؛ مجامعت ۔ (۳) ایک قسم کی نقاشی جس میں کئی اشخاص کی تصویریں ہوتی ہیں ۔(٤) معکوسیت ۔

Criminal conversation : حرام کاری ؛ زنا ؛ زنا کاری ۔

To make conversation : بے مقصد گفتگو کرنا ۔

Conversation piece : (n) (۱) ایک قسم کی نقاشی جس میں کئی اشخاص کی تصویریں ہوتی ہیں ۔ (۲) ڈرامہ جس میں اثر خصوصاً مکالمہ کی بذلہ سنجی پر منحصر ہے ۔

Conversational : (a) آمادۂ گفتگو ؛ باتونی ؛ باتیں کرنے کا شائق ؛ گفتگو سے متعلق ؛ گفتگو کے مناسب ۔

Conversationalist / Conversationist : (n) ماہر گفتگو ؛ باتونی ؛ خوش بیان ؛ دل چسپ باتیں کرنے والا ؛ فصیح البیان ؛ طلیق اللسان ؛ خوش گفتار ۔

Conversationally : (adv) بطور مکالمہ ۔

Conversative : (a) باتونی ؛ پُر گو ۔

Conversazione : (n) [It.] علمی مذاکرہ ؛ صحبت علمی ؛ بزم احباب (اہل علم کی بےتکلف صحبت عام طور پر جس میں وہ لوگ شام کے وقت اپنے تجربے، تحقیقات اور مصوری کے اعلیٰ نمونے پیش کرتے ہیں) ؛ جلسۂ تفریح و سرگرمی ؛ جلسۂ مذاکرہ ۔

Converse : (v) [L."Conversari"] (۱) باتیں یا گفتگو کرنا ؛ مذاکرہ کرنا ۔ (۲) طویل صحبت یا مکالمے کے ذریعہ واقفیت حاصل کرنا ۔

Converse : (n) ملاقات ؛ بحث ؛ گفتگو ؛ تقریر ؛ مذاکرہ ؛ تبادلۂ خیال ؛ گفتگو ؛ روحانی یا ذہنی ارتباط ۔

Converse : (a & n) مخالف ؛ معکوس ؛ معتوب ؛ ضد ؛ (منطق) معکوس ؛ (قضیہ) ریاضی عکس ؛ قلب ؛ الٹ ؛ کسی خانقاہ کا غیر کشیشی رکن ؛ (ریاضی) برخلاف ؛ برعکس ۔

Obverted converse : (نفسیات ، تعلیمات و فلسفہ) مقلوب ؛ معکوس ۔

Converser : (n) گفتگو کرنے والا ۔

Conversely : (adv) بالعکس ؛ بالضد ۔

Conversible : (a) عکس پذیر ؛ معکوس ۔

Conversion : (n) [L. "Convertere"] (۱) ضد ؛ عکس ؛ انقلاب ؛ معکوسیت (خاص کر منطق میں جزا کی) ؛ شرط ؛ بازگشت ؛ برگشتگی ؛ تغیر (لفظ کے معنوں میں) ؛ استدلال معکوس ۔ (۲) تبدیل ؛ تغیر (کسی رائے یا مذہب کا) ۔ (۳) انابت ؛ رجوع (الی اللّٰہ) ۔(٤) مبادلہ (ایک قسم کےتجارتی حصص کا دوسری قسم کے حصص میں) ۔(٥) ایک قرض کا معاوضہ دوسرے قرض کی شکل میں ؛ تبدیل قرض ۔ (٦) (لسانیات) تبدیلی ؛ (طبیعیات) روپ بدلی ۔(۷) تغیر شکل و صورت ؛ تغیر خاصیت ۔(۸) (ریاضی تناسب میں) مقدم کا تغیر موخر میں ۔ (۹) (قانون) کسی چیز کو غیر قانونی طور پر اپنے مصرف میں بدل لینا ؛ کسی غیر کی جائداد کو ذاتی جائداد بنالینا ۔ (۱۰) (ریاضی) کسی عدد یا مقدار کی دوسرے عدد یا مقدار میں تبدیلی ۔

Simple conversion : (نفسیات و تعلیمات) تقلیب معمولی -

Conversion by limitation : (نفسیات و تعلیمات) تقلیب مشروط -

Conversion by negation : (نفسیات و تعلیمات) تقلیب نفی -

Conversion cost : (n) (تجارت) مبادلہ لاگت ؛ تبدیلی لاگت -

Conversion into company : (تجارت) کمپنی میں بدلنا -

Conversion of energy : (طبیعیات) توانائی کی روپ بدلی -

Conversion of units : (طبیعیات) اکائیوں کی تبدیلی -

Conversion option : (n) (تجارت) تبدیلی اختیار ؛ اختیار مبادلہ -

Conversion per accidens : (نفسیات و تعلیمات) تقلیب محدود -

Conversion price : (n) (تجارت) قیمت مبادلہ -

Conversion privilege : (n) (تجارت) اجارۂ تبدیلی -

Conversive : (a) معکوس ہونے کی صلاحیت ؛ عکس پذیر ؛ معکوس کے قابل ؛ تغیر پذیر -

Convert : (v) [L. "convertere"] (۱) تبدیل کرنا یا کرانا (رائے یامذہب کا) ؛ خدا کی طرف پھیرنا ؛ رجوع کرنا ؛ معکوس کرنا ؛ تغیر دینا ؛ رخ پھیرنا ؛ (منطق) کسی قضیہ کو معکوس بنانا ؛ (قانون) کسی چیز کو غیرقانونی طور پر اپنے مصرف میں لانا ؛ شکل بدل دینا ؛ خاصیت بدل دینا ؛ (قانون) کسی جائداد کی حیثیت کو بدل دینا -

Convert : (n) نومذہب ؛ جدید الایمان -

Convert brother / Convert sister : (n) کسی خانقاہ کا غیر کشیشی رکن -

Convertend : (n) [L. "Convertendus"] قضیہ فی نفسہ (بدون تغیر) ؛ (نفسیات و فلسفہ) منقلب -

Converter : (n) (۱) نو مذہب بنانے والا - (۲) تبدیل کرنے والا ؛ (طبیعیات) تبدیل گر - (۳) (آہن سازی) قرنبیق جس میں خام لوہے کو ڈھال کرفولاد بنایا جاتا ہے ؛ وہ آدمی جو لوہے کو فولاد بناتا ہے -

Rotary converter : (طبیعیات) کنورٹر (تبدیل گر) گردش -

Converti-plane / Converta plane : (n) ایسا ہوائی جہاز جو ہیلی کوپٹر کی طرح سیدھا اوپر اٹھ سکتا ہے اور پھر ہوائی جہاز کی رفتار سے سیدھا چل سکتا ہے -

Convertible : (a) (۱) تغیر پذیر ؛ تغیر قبول - (۲) (ہنڈی وغیرہ) مبادلہ پذیر ؛ قابل بدل (اجناس کی صورت میں) -

Convertible : (n) وہ موٹر گاڑی یا کار جس کی چھت کو تہ کر سکتے ہیں یا ہٹا سکتے ہیں -

Convertible bond : (n) (تجارت) لائق تبدیلی بانڈ -

Convertible currency : (n) (تجارت) قابل بدل سکہ -

Convertible husbandry : (n) تبدیل فصل یا جنس -

Convertible insurance : (n) (تجارت) لائق تبدیلی بیمہ -

Convertible money : (n) (تجارت) قابل بدل زر -

Convertible stock : (n) (تجارت) لائق تبدیلی اسٹاک -

Convertible terms : (n) مترادفات -

Convertibility : (n) تغیر پذیری ؛ تبدیل پذیری ؛ (تجارت) تبدل -

Convertibly : (adv) تبدیلی سے ؛ تغیر پذیر ہوکر -

Convertite : (n) نومذہب ؛ تبدیل مذہب کیا ہوا ؛ اصلاح یافتہ میگڈلین -

Convex : (a)[L."convexus"] محدب ؛ کروی ؛ ماہی پشت ؛ (طبیعیات) ابھرا ؛ حدبی -

Convex : (n) محدب عدسہ یا شیشہ -

Convex broken segments : (ریاضی) محدب شکستہ قطعے -

Convex function : (n) (طبیعیات) محدب فنکشن -

Convex polygamy : (n) (ریاضی) محدب کثیر ضلعی -

Convex -slope : (n) (ریاضی) محدب ڈھال -

Convexed : (a) محدب ؛ کروی -

Convexity : (n) تحدب ؛ قبه ؛ برآمدگی ؛ (طبیعیات) ابھار ۔

Convexly : (adv) محدب طور پر ۔

Convexness : (n) تحدب ؛ برآمدگی ۔

Convexo - : جزو ترکیبی بمعنی محدب ۔

Convexo-concaver : (a) (طبیعیات) ابھرا دبا لینس (lens) ؛ ابھرا دبا محدب و مقعر ۔

Convexo-convex : (a) دونوں طرف ابھرا ؛ محدب الطرفین ۔

Convexo-plane : (a) ابھرا چپٹا ۔

Convey : (v) [L."con" + OF."veie"] (۱) منتقل کرنا ؛ لے جانا ؛ پہنچانا (آواز، بو وغیرہ کا) ؛ رہنمائی کرنا ۔ (۲) سمجھانا ؛ ذھن نشین کرنا ؛ (معنی وغیرہ کا) ؛ ظاھر کرنا ؛ معنی رکھنا یا ھونا ؛ معنی دینا ۔ (۳) (قانون) جائداد کا منتقل کرنا ۔

Conveyable : (a) قابل انتقال ۔

Conveyal : (a) انتقال ؛ ذریعہ انتقال ۔

Conveyance : (n) (۱) انتقال (جائداد) ؛ تحویل ؛ ایصال ؛ حمل و نقل ؛ ابلاغ ؛ ترسیل ۔ (۲) سواری ۔ (۳) (مجازاً) وسیلہ ؛ انتقال خیالات ۔ (٤) انتقال نامہ ؛ سند انتقال ۔ (٥) سواری ؛ گاڑی ۔

Conveyancer : (n) مختار ؛ نقل نویس (انتقال جائداد کے دستاویزات کا کاتب و وکیل) ۔

Conveyancing : (n) انتقال جائداد کی وثیقہ نویسی ؛ حقیت اور اس کے انتقال کا قانون ؛ نقل نویسی ؛ قبالہ نویسی ۔

Conveyer / Conveyor : (n) (۱) مبلغ ؛ ناقل ؛ حامل ؛ جائداد منتقل کرنے والا ۔ (۲) غلہ کو چکی میں ، لکڑی کو آرہ میں ڈالنے والا ۔

Convict : (a) [L. "Convictus"] (۱) مجرم ؛ سزا یافتہ ۔ (۲) محکوم ؛ مغلوب ۔

Convict : (n) مجرم ؛ سزایاب (جو سزا بھگت رھا ھو) ۔

Convict : (v) (۱) مجرم قرار دینا یا ثابت کرنا ۔ (۲) غلط ثابت کرنا ؛ تردید کرنا ۔ (۳) غلطی یا گناہ کو ثابت کرنا ؛ قائل معقول کرنا ۔

Convict labour : (n) = (Jail labour = Prison labour) (تجارت) قیدی مزدور ۔

Convictable : (a) قابل سزا ؛ قابل مواخذہ ۔

Conviction : (n) [L. "convictionem"] (۱) اثبات جرم ؛ سزا دہی ۔ (۲) توثیق ؛ اذعان ؛ یقین کلی ۔ (۳) (دینیات) اذعان گنہگاری ؛ احساس قصور ۔ (٤) غلطی کا اعتراف ؛ قصور کا اعتراف ۔ (٥) (تاریخ) عقیدہ ؛ سزا ؛ دستہ ؛ (نفسیات) ایقان ۔

To carry conviction : قابل یقین ھونا ۔

Convictism : (n) نظام تعزیری ۔

Convictive : (a) فیصل ؛ مسکت ؛ مثبت جرم ۔

Convictively : (adv) مسکت طور پر ؛ مثبت طور پر ۔

Convictiveness : (n) اثبات ؛ مسکت کردینا ۔

Convictor : (n) شریک سفرہ ؛ ھم غذا ؛ عام شخص ۔

Convince : (v) [L. "convincere"] یقین دلانا ؛ باور کرانا ؛ منوا دینا ؛ گناہ کا احساس دلا دینا ۔

Convinced : (a) مانا ھوا ؛ قائل کیا ھوا ۔

Convincement : (n) یقین ؛ وثوق ؛ منوا دینے کی قابلیت ؛ معقولیت ؛ ایجاب ؛ مذھبی تلقین ؛ تبدیلی مذھب ۔

Convincible : (a) قائل کرنے کے قابل ؛ یقین پذیر ؛ معقول پسند ۔

Convincing : (n) قائل کرنے کی قوت رکھنے والا ؛ بدیہی ؛ مسلم ۔

Convincingly : (adv) بدیہی طور پر ۔

Convincingness : (n) ھدایت ؛ یقین ؛ وثوق ۔

Convive : (n) [L. "Conviva"] رفیق ضیافت ۔

Convivial : (a) (۱) جلسہء یاراں کا ؛ جشنی ؛ ضیافتی ؛ مہمانی ۔ (۲) یار باش ؛ زندہ دل ؛ خوش طبع ؛ خوش حال ؛ مسرور ۔

Convivialist : (n) جشن دوست ؛ یارباشی کا دلدادہ ۔

Conviviality : (n) یار باشی ؛ زندہ دلی ؛ خوش مشربی ۔

Convivially : (adv) یارباشی سے ؛ زندہ دلی سے ؛ خوش مشربی سے ۔

Convocate : (v) [L. "convacat"] جمع کرنا ؛ دعوت دینا ۔

Convocation : (n) (۱) بلاوا ؛ طلبی اجتماع ؛ احتفال ۔ (۲) یارک یاکنٹر بیری کے پادریوں کا جلسہ ۔ (۳) آکسفورڈ یا درھم یونیورسٹی کی مجلس قوانین ۔ (٤) جامعہ کا سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد ؛ دانش گاہ ؛ اجتماع جامعہ ۔

Convocational : (a) اجتماعی ؛ جامعی ۔

Convocation house : (n) ایوان اجتماع ؛ اجتماع خانہ ۔

Convocationist : (n) اجتماع کا حامی ۔

Convoke : (v) [L. "convocare"] جمع کرنا ؛ طلب کرنا ؛ بلانا (جلسہ میں) ؛ مجتمع کرنا ۔

Convolute : (a) [L. "convolutus"] بل کھایا ہوا ؛ بٹا ہوا ؛ لپٹا ہوا ؛ ملفف ؛ مفتول ؛ پیچ بہ پیچ ؛ پیچاں ؛ پیچک ؛ انٹی ؛ لپیٹ (حیوانیات) پیچاں ؛ بل دار ؛ بلیلہ ؛ بل پیچہ ۔

Convoluted : (a) بل کھایا ہوا ؛ بٹا ہوا ؛ بلیلہ ؛ مڑا تڑا ۔

Convolution : (n) پیچ ؛ پیچدگی ؛ بل ؛ تہ ؛ لپیٹ ؛ پیچ و تاب ؛ (تشریح) مغز انسانی کا غیر منظم شیار ۔

Convolve : (v) [L. "convolvere"] لپیٹنا ؛ تہ کرنا ؛ گولا بنانا ؛ اینٹھنا ۔

Convolvulaceous : (a) [L."convolvulacede"] شکر قندیہ سے متعلق ۔

Convolvulin : (n) ایک قسم کا کیمیاوی مادہ ؛ گلوکوسائیڈ ؛ جلاب کاعنصر جو ایتھر میں حل نہیں ہوتا ہے ۔

Convolvulinic / Convolvulic : (a) ایک ترشہ ۔

Convolvulus : (n) (Pl.-luses) [L. "Convolvere"] شاخ پیچاں ؛ (ایک قسم کی بیل) عشق پیچاں ۔

Convoy : (v) [It " Conviare"] پہنچانا ؛ (جنگی جہازوں کا) بدرقہ دینا ؛ مسلح بدرقہ ساتھ ہونا ۔

Convoy : (n) (۱) بدرقہ (اعزاز یا حفاظت کے لئے) ؛ محافظت ؛ مشایعت ۔(۲) فوجی دستہ یا سامان رسد (جس کے ہمراہ بدرقہ ہو) ۔ (۳) تجارتی بیڑا (جس کے ساتھ بدرقہ ہو یا خود اپنی حفاظت کر سکے) ۔(٤) رہنما ؛ کوئی رہنما چیز مثلاً رستہ، نہر وغیرہ ؛ وہ اڑ ڈنڈا یا بریک جو گاڑیوں کے ڈھلوان کے نیچے اترنے میں رہنما کا کام کرتا ہے ؛ (تاریخ) حفاظتی دستہ ۔

Convoyer : (n) رہنما بدرقہ ۔

Convulsant : (n) (طب) تشنجی ؛ تشنج پیدا کرنے والا ۔

Convulse : (v) [L. "convuls"] ہلا دینا ؛ جھنجھوڑ دینا ؛ مروڑیاں لینا ؛ (ہنسی سے) لوٹ جانا یا پیٹ میں بل پڑنا ؛ تشنج پیدا کرنا ؛ مروڑیاں کھانا ۔

Convulsingly : (adv) ہلا کر ؛ جھنجھوڑ کر ؛ تشنج سے ۔

Convulsion : (n) (۱) مروڑی ؛ اینٹھن (اعضا میں) ؛ تشنج ؛ لرزہ ، کپ کپی ؛ ام الصبیان ؛ پسلی کا آزار ۔(۲) (بصیغہ جمع) خندۂ بے اختیار ؛ بے اختیار ہنسی ؛ لوٹن ۔ (۳) (ملکی یا تمدنی) ہنگامہ ؛ ہل چل ؛ کھل بلی ؛ آشوب ۔(٤) عارضی تشنج ۔

Convulsionary : (a) تشنجی ؛ ایک متشدد عیسائی فرقہ ۔

Convulsionary : (n) ایک متشدد عیسائی فرقہ (اٹھارھویں صدی فرانس میں) جو مجنونانہ حرکت کرتا تھا ۔

Convulsionist : (n) (۱) ایک متشدد عیسائی فرقے کا رکن ۔ (۲) (ارضیات) عقیدۂ آشوبیت کا قائل ۔

Convulsive : (a) (۱) تشنجی ؛ لرزہ آور ؛ لرزہ افگن ۔ (۲) آشوب پیدا کرنے والا ۔

Convulsively : (adv) بطور تشنج ؛ لرزہ آوری سے ۔

Convulsiveness : (n) تشنج لرزہ ۔

Cony / Coney : (n) [L. "cuniculus"] Coney دیکھو

Cony catcher : (n) ابلہ فریب ؛ عیار ؛ فریبی ۔

Cony fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Cony garth : (n) خرگوشوں کا بھٹ ۔

Cony wood : (n) خرگوش کا پوست ۔

Conylene (n) ایک سیال غیر شمی ہائڈروکاربن جس میں تیز بو ہوتی ہے ۔

Conyza : (n) [Gr. " konyza "] (نباتیات) تیز بو رکھنے والے مخلوط پودوں کی ایک نوع ۔

Coo : (v) [Echoic] (۱) غٹرغوں کرنا ؛ غوں غوں کرنا ۔ (۲) پیار اور محبت کی باتیں کرنا ؛ بوس و کنار کرنا ۔ (۳) غوں غوں کی آواز نکالنا ؛ غوں غوں کی آواز نکال کر سلانا ۔

Bill and coo : پیار اور محبت کی باتیں ؛ بوس وکنار ۔

Coo : (n) علامت تعجب و خوشی ۔

Coo : (n) غٹر غوں ؛ کوکو ۔

Cooer : (n) غٹر غوں کی آواز نکالنے والا ۔

Cooee / Cooey : (n) بلانے یا خبردار کرنے کی آواز جو آسٹریلوی آدی باسیوں میں مروج ہے اور جسے انگریز آباد کاروں نے اخذ کر لیا ۔

Cooee / Cooey : (v) کوئی آواز نکالنا ۔

Cooee bird : (n) آسٹریلوی کوئل ۔

Coof : (n) احمق ؛ کودن ؛ کند ذہن ۔

Cook : (n) [L. " Cocus "] (۱) باورچی ؛ طباخ ۔ (۲) ایک تکنیکی عمل جو کھانا پکانے کی طرح کا ہوتا ہے ۔ (۳) شطرنج کی ایک چال ۔

To cook any one's goose : کسی کا ناس کردینا ، خاتمہ کر دینا ۔

To cook with gas : اچھی طرح کرنا ۔

Cook : (v) [L. "cocus"] (۱) پکنا ؛ پکانا (کھانا) ۔ (۲) گھڑ دینا ؛ بنانا ؛ ملمع سازی کرنا ۔ (۳) (عام محاورہ) فرضی حساب تیار کردینا ؛ جعل بنانا ۔ (٤) (مجازاً) ہونا ۔ (٥) (عامیانہ) ختم کرنا ۔ (٦) تھک جانا ۔ (۷) خشک کرنا ۔

Too many cooks spoil the broth : دو ملاؤں میں مرغی حرام ۔

Cook : (v) چھپنا ۔

Cook- book : (n) کتاب طباخی ۔

Cook-fish : (n) ایک قسم کی سمندری مچھلی ۔

Cook - general : (n) کھانے پکانے اور دوسرے خانگی کام کرنے والا ملازم ۔

Cook-house : (n) باورچی خانہ ؛ مطبخ (جہاز کا) ۔

Cook-maid : (n) باورچن ؛ باورچی کی مددگار ۔

Cook-room : (n) دیکھو Cook house

Cook-shop : (n) نان بائی کی دکان ؛ بھٹی خانہ ۔

Cookable : (a & n) پکانے کے قابل ؛ پکانے کے لائق چیز ۔

Cookee : (n) طباخ کا شاگرد ، معاون ۔

Cooker : (n) (۱) آلۂ طباخی ، چولھا ؛ دیگچہ یا پکانے کا ظرف ؛ طعام پز (کوکر) ۔ (۲) ترکاری یا پھل وغیرہ جو اچھے پکتے ہوں ۔

Cookery : (n) (۱) طباخی ؛ باورچی گری ۔ (۲) باورچی خانہ ۔

Cookery - book : (n) کتاب طباخی ۔

Cookie / Cooky : (n) [Du ."koekji"] (۱) کلچہ ؛ چھوٹا میٹھا اور نازک کیک ؛ کاک ؛ ٹکیہ ؛ نان پاؤ ۔ (۲) لڑکی یا محبوبہ ۔ (۳) شخص ؛ مردک ۔

Cooking-range : (n) چولہے دان ؛ ولائتی چولہا ۔

Cooky : (n) باورچی یا باورچن ۔

Cool : (a) [L. "gel"] (۱) خشک ؛ نیم سرد ؛ ہلکا ٹھنڈا ؛ بارد ۔ (۲) دھیمے یا معتدل مزاج کا ؛ ضابط ؛ ٹھنڈی مٹی کا ۔ (۳) سرد مہر ؛ بے مروت ؛ روپئے کے متعلق تاکید کے لئے بمعنی نقد ؛ کھنکھناتے ہوئے ؛ بڑی رقم ؛ پورا ۔ (٤) خشکی ؛ خنک ؛ موسم یا مقام ۔ (٥) خود دار؛ سوچ بچار کرنیوالا ۔ (٦) جور ۔ (۷) (شکار کی بو) ہلکی ۔ (۸) اعلیٰ ؛ فزوں تر ۔

In cool blood : قصداً ؛ جان بوجھ کر ۔

Cool : (n) (تجارت) مکھن کا ڈبہ عموماً ۲۸ پونڈ کا ۔

Cool : (v) (۱) ٹھنڈا ہونا ؛ ٹھنڈا ہو جانا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ ٹھنڈ پڑ جانا ۔ (۲) سرد مہر ہو جانا ؛ متین ہو جانا ۔ (۳) روکنا ؛ روک دینا ۔ (٤) مار دینا ؛ قتل کرنا ۔ (٥) کسی چیز کو موقعیت سے محروم کر دینا ۔

To cool one's coppers / heats : انتظار کرنا ؛ بٹھائے رکھنا ؛ انتظار کرانا ۔

Cool : (adv) سرد مہری سے ؛ ٹھنڈے ہو کر ۔

Cool - headed : (a) متین ؛ سنجیدہ ۔

Cool-headedness : (n) متانت ؛ سنجیدگی ۔

Cool scent : (n) (شکار کی اصطلاح میں) ہلکی ؛ مدھم ؛ کمزور ۔

Cool tankard : (n) شراب، پانی اور عرق لیموں کا شربت ۔

Coolabah : (n) [Native name] آسٹریلوی گوند کا درخت ۔

Cooler : (n) (۱) ٹھنڈا کرنے کا برتن ؛ خنک ساز ؛ (شراب کے واسطے) ظرف تبریدہ ؛ ملائم کرنے والا ۔ (۲) جیل ؛ قید خانہ ۔

Coolie / cooly : (n). قلی ؛ ہندی یاچینی مزدور ؛ حمال ۔

Coolieism : (n) قلی گری ؛ قلی پیشگی ؛ قلیوں کو غیرممالک لینے جانے کا طریقہ ۔

Cooling : (n) خنک سازی ؛ خنک ساز ؛ خنک کرنے والا ؛ (طبیعیات) سردی ۔

Cooling-agent : (n) (طبیعیات) سردی کارندہ ۔

Cooling -card : (n) امیدوں پر پانی پھیرنے والا ۔

Cooling-cup : (n) ٹھنڈا کرنے کا برتن ۔

Cooling-effect : (n) (طبیعیات) سردی اثر ۔

Cooling florr : بڑا اتھلا حوض جس میں آش جو ٹھنڈا کیا جاتا ہے ۔

Cooling of period : : (تجارت) وقفہٴ راحت(برائے سمجھوتہ) (سماجیات) وقفہٴ آرام ۔

Coolish : (a) قدرے خنک ؛ تھوڑا ٹھنڈا ۔

Coolly : (adv) ٹھنڈے طریقے سے ؛ سرد مہری سے ؛ بے پروائی سے ؛ بغیر جوش کے ؛ اطمینان سے ؛ ضبط سے ؛ بے مروتی سے ؛ ارادتاً ۔

Coolness : (n) خنکی ؛ سردی ؛ سرد مہری ؛ بےمروتی ؛ ملائمت ؛ خود اعتمادی ۔

Coolth : (n) سردی ؛ خنکی ۔

Coom : (n) [ME. "Culme"] (۱) پھلیا ۔ (۲) کوئلے کی گرد یا جھاڑن ۔ (۳) لکڑی کا برادہ ۔

Coomb / Comb : (n) خشک چیزوں کے ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

Coomb / Comb / Combe : (n) [OE."Cumb"] گھاٹی ؛ ڈھلان (پہاڑ یا ساحل کی) ۔

Coon : [U.S. abbrev. of RACOON] (۱) عیار، مکار، ریاکار ۔ (۲) گنوار ؛ اجڈ ۔ (۳) امریکی وھگ پارٹی کا حمایتی ۔ (٤) حبشی ۔

A gone coon : لاعلاج (جس کے معاملہ میں کوئی امید نہ ہو) ۔

A coon's age : مدت دراز ۔

Coon : (v) رینگنا ؛ چوری کرنا ۔

Coontah / Coontie : (n) جزائر الغرب الہند، فلوریڈا وغیرہ میں پیدا ہونے والا پودا جس سے اراروٹ حاصل ہوتا ہے ۔

Coop : (n) [ME. "cupe"] (۱) ٹوکرا ؛ تاپا (مرغیوں کا) ۔ (۲) ٹھپکی ؛ ٹوکری ؛ جھلی (مچھلیاں پکڑنے کی) ۔ (۳) (استعارتاً) پنجرا یا کال کوٹھری ؛ جیل ؛ قید خانہ ؛ چھوٹا ڈھیر یا انبار مثلاً کھاد کا ۔

Coop : (n) [Origin unknown] چھوٹا ڈھیر یا انبار مثلاً کھاد کا ۔

Coop : (v) ٹوکرا ڈھانپنا ؛ تاپے میں بند کرنا ؛ گرفتار کرنا ۔

To coop up / in : ٹھپکی میں ڈالنا ؛ پکڑ بٹھانا ۔

Cooper : (n) (۱) پیپے ساز ؛ کپیاں بنانےوالا ؛ کپی گر ۔ (۲) ایک مرکب شراب ۔ (۳) شراب کو پیپے میں بند کرنے والا ۔ (٤) چھ یا بارہ بوتل رکھنے والی ٹوکری یا بکس ۔

Cooper (v) (۱) پیپوں کا بنانا یا مرمت کرنا - (۲) کپی سازی یاٹین گری ؛ کپوں کی مرمت کرنا - (۳) کپی بھرنا ؛ کپی میں ڈالنا ؛ محفوظ کرنا -

Dry cooper : خشک اشیا کے لئے پیپے بنانے والا -

Wet cooper : تر اشیا کے لئے کپے بنانے والا -

White cooper : ٹین گر ؛ بالٹیاں ، ڈول بنانے والا ؛ (جہازی اصطلاح) کپوں کی مرمت کرنے والا ؛ کپی گر ؛ کپے گر -

Wine cooper : خردہ فروش کلال یا نمونے دینے یا بوتلوں میں بھرنے کا کام کرنے والا -

Cooperage : (n) (۱) کپے سازی ؛ کپے بنانے کی دکان یا کارخانہ - (۲) کپے سازی کی اجرت -

Cooperate : (a) مدد گار ؛ هم کار ؛ معاون -

Cooperationist : (n) اتحاد باهمی یا اتحاد عمل کا حامی یا وکیل -

Coopering : (n) پیپا سازی ؛ کپی سازی -

Cooper's word : (n) ایک آسٹریلوی درخت کی لکڑی -

Coopery : (n) کپے سازی کا کام یا کارخانہ ؛ کپوں کی تجارت -

Corridor : (n) [It."Corridore"] (۱) غلام گردش ؛ (متعدد کمروں کے سامنے کا راستہ) چھتہ ۔ (۲) کسی سلطنت کی مقبوضہ زمین کا ایك تنگ قطعہ جو کسی دوسری سلطنت کے مقبوضات سے گزرتا ہو) ۔ (۳) متوازی پہاڑوں کا سلسلہ اور اسی کے درمیان کی وادی ۔ (٤) ایك محدود راستہ ہوائی آمد و رفت کے لئے ۔ (٥) (تاریخ) گیلری ؛ اندرونی راستہ ۔

Corridor train : (n) غلام گردش والی ریل (جس میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک جانے کا راستہ رکھتے ھیں) ؛ گلیاری ریل ۔

Corrie / Correi : (n) [Gael. "Coire"] جوف کوہ (پہاڑ کا) کھانچہ ؛ قوس الوری۔

Corrigenda : (a) (تاریخ) تصحیح نامہ ؛ اغلاط نامہ ؛ قابل تصحیح ۔

Corrigendum : (n) [L."Corrigere"] تصحیح طلب چیز ؛ غلط نامہ ؛ صحت نامہ (کتاب کا) ۔

Corrigibility : (n) اصلاح پذیری۔

Corrigible : (a) [L. "Corrigibilis"] (۱) اصلاح پذیر ؛ قابل تصحیح ۔ (۲) سلیم الطبع (جو اپنی غلطی کی اصلاح کرے)۔

Corrigibleness : (n) اصلاح پذیری۔

Corrigibly : (adv) اصلاح پذیری سے ؛ قابل تصحیح طور پر ۔

Corrival : (n & a) [L."Corrivalis"] رقیب ؛ هم چشم ؛ حریف ؛ مد مقابل ۔

Corroborant : (a) [L."Corroborantem"] (۱) مقوی؛ طاقت کی (دوا)۔(۲) مصدق ؛ تصدیق کننده ؛ مؤید (واقعات)۔

Corroborant : (n) مؤیّد(واقعات) ؛ تصدیق کننده ۔

Corroborate : (v) [L."Corroboratus"] (۱) تصدیق یا توثیق کرنا ؛ تائیدی شہادت دینا ۔ (۲) مضبوط کرنا۔

Corroborate : (a) تقویت شده ؛ تائید شده ۔

Corroboration : (n) (۱) تصدیق ؛ تائید (مزید شہادت سے)۔ (۲) مصدق ؛ تائید کرنے والا ۔

Corroborative : (a) موثق ؛ تائیدی ؛ مقوی (شہادت) ؛ تصدیق کن ۔

Corroborator : (n) مؤید ؛ مصدق ؛ شاهد ۔

Corroboratory : (a) دیکھو Corroborative

Corroboree : (n) [Native name] (۱) آسٹریلیا کے دیسی باشندوں کا ناچ رنگ ۔ (۲) ایک قسم کا ناچ ۔(۳) سماجی اجتماع ۔(٤) ھنگامہ ؛ شور و غل۔

Corrode : (v) [L."Corrodere"] (۱) کھاجانا (تیزاب وغیرہ کا کسی سخت چیز کو) ؛ گھن لگنا ؛ گھس جانا (پتھر وغیرہ کا پانی سے) ؛ گل جانا (تیزاب وغیرہ سے) ۔(۲) آھستہ آھستہ کمزور یا تباہ کر دینا ۔

Corrodent : (a) [L."Corrodentem"] دیکھو Corrasive

Corroder : (n) کھا جانے والا ؛ گھلنے کے لائق۔

Corrodible : (a) گھل جانے والا ؛ گھلنے کے لائق ۔

Corrodiary : (n) [med. L."Corrodiarius"] وظیفه یاب ۔

Corrody : (n) [L."Corrodium"] دیکھو Corody

Corrosibility : (n) گھل جانے یا تحلیل ھوجانے کی خاصیت ۔

Corrosible : (a) دیکھو Corrodible

Corrosion : (n) [L."Corrosionem"] (۱) کھا جانا (زنگ کا دھات کو) ؛ گلا دینا (تیزاب کا کسی چیز کو) ؛ گھلا دینا (بیماری کا جسم کو) ؛ (کیمیا) زنگ کھانا ۔(۲) برباد کرنے والا ۔ (۳) رنگ (شاذ)۔

Corrosion proof : (a) (کیمیا) زنگ روك ۔

Corrosive : (a) دیکھو Corrasive

Corrosive sublimate : (n) پارے کا زھر ؛ سیمابی زھر ؛ ایك قسم کا زھر جس میں پارہ ھوتا ھے ؛ پارہ کا کلورائیڈ یا باکلورائیڈ ۔

Corrosively : (adv) بطور اکّال ۔

Corrosiveness : (n) اکّالیت ؛ قارضیت ؛ تحلیلیت ۔

Corrugant : (a) [L. "Corrugantem"] شکن دینے والا ؛ جھریاں ڈالنے والا ۔

Corrugate : (a) [See next] چین دار ؛ پر شکن ؛ بل دار ؛ جھری دار ۔

Corrugate : (v) [L. "Corrugare "] جھریاں ڈالنا ؛ جھریانا ؛ شکن پڑنا ؛ شکن ڈالنا ؛ (تیور پر) بل ڈالنا ۔

Corrugated : (a) چین دار ؛ شکن دار ؛ بل دار ۔

Corrugated iron : (n) نالی دار یا نالیوں دار لوھے کی چادر ۔

Corrugation : (n) چین ؛ شکن ؛ بل ؛ سلوٹ ؛ جھری ۔

Corrugator : (n) [mod. L.] رگ پیشانی ؛ تیور کا پٹھا (جس کے کھینچنے سے بل پڑتا ھے)۔ (۲) ھل ؛ پھال ۔

Corrugent : (n) دیکھو Corrugator

Corrupt : (a) [L."Corruptus"] (۱) فاسد ؛ ناقص ؛ خراب ؛ کھوٹا ؛ بگڑا ھوا ؛ سڑا گلا ھوا ؛ تحریف شدہ (عبارت یا تحریر)۔(۲) مرتشی ؛ راشی ؛ رشوت ستاں ؛ رشوت خوار ؛ شریر ؛ بد ذات ؛ بد چلن ؛ بد اطوار ؛ بد اخلاق ۔

Corrupt : (v) بگاڑنا ؛ خراب کرنا ؛ رشوت دینا ؛ (زبان کو) بگاڑنا (غلطیوں سے) ؛ تصحیف کرنا (کتاب میں) ؛ بگڑنا ؛ خراب ھونا ۔

Corrupted : (a) فاسد ؛ ناقص ؛ خراب ۔

Corruptedly : (adv) فاسد طور پر ؛ خراب طور سے ۔

Corruptedness : (n) فساد ؛ رشوت ستانی ؛ شرارت ؛ بد چلنی ۔

Corrupter / -or : (n) خراب کرنے والا ؛ فاسد کرنے والا ۔

Corruptful : (a) بد چلنی سے ؛ فساد سے یا خرابی سے بھرا ھوا ۔

Corruptibility : (n) فساد پذیری ؛ ھلاك پذیری ۔

Corruptible : (a) [L] (۱) بگڑنے یا سڑنے والا ؛ فساد پذیر ؛ ھلاك پذیر ؛ فانی ۔(۲) رشوت پذیر ؛ مائل بہ فسق ؛ فسق پذیر ۔

Corruptibleness : (n) دیکھو Corruptibility

Corruptibly : (adv) خراب کرتے ھوئے ؛ بگڑتے ھوئے ؛ بنوع فاسد ۔

Corruption : (n) (۱) فساد ؛ خرابی ؛ سڑن ؛ گلن ۔ (۲) بد چلنی ؛ بداطواری ؛ بد اخلاقی ؛ رشوت‌ستانی ؛ رشوت دہی ۔(۳) (تاریخ) بدعنوانی ؛ بےایمانی ۔ (٤) بگاڑ ؛ نقص ؛ خرابی ۔(٥) تصحیف ؛ تحریف (کتاب میں) ۔(٦) بد مزاجی ۔(۷) اغوا (قانون) ۔

Corruption of blood : (قدیم انگریزی قانون) حقوق کا سوخت ھو جانا (جو کسی جرم یا بغاوت کے ثابت ھونے پر ھوتا ھے)۔

Corruptionist : (n) خیانت کا حامی ؛ خائن ۔

Corruptive : (a) مخرب ؛ فساد آمیز ؛ بگاڑنے والا ؛ بگاڑنے کی خاصیت رکھنے والا ۔

Corruptively : (adv) فساد آمیزی سے ؛ بگاڑکر ؛ خراب طور پر ۔

Corruptless : (a) بے فساد ؛ بے خرابی ۔

Corruptress : (n) بگاڑنے والی ؛ خراب کرنے والی ۔

Corsac / Corsak : (n) [Turki.] ایک قسم کی چھوٹی لومڑی ؛ روبھك ؛ تر کستان کی لومڑی ؛ تاتاری لومڑی۔

Corsage : (n) [OF. f."Cors"] (۱) انگیا ؛ محرم ؛ سینہ بند ۔(۲) گلدستہ جو عورتیں آرائش کے لئے کمر پر لگاتی ھیں ۔

Corsair : (n) [med. L."Cursus"] (۱) بحری قزاق (خاص کر ملك بربر کے)۔(۲) سفینہء ترك تازی ؛ قزاق کشتی ۔ (۳) کسی طرح یا کسی دور کے بحری قزاق ۔(٤) ایک قسم کی مچھلی (کیلیفورنیا کی)۔(٥) چھوٹے کیڑے جو رات میں نکلتے ھیں ۔

Corse : (n) [L. "Corpus"] لاش ؛ مردہ ۔

Corse / Course : (v) (۱) تبادلہ کرنا ؛ مال کے بدلے مال لینا ۔(۲) گھوڑے کی تجارت کرنا ۔

Corset : (n) [F. dim. of OF. "cors"] (۱) ایک قسم کی بہت چوڑی پیٹی کمرسے لیکر چھاتیوں تك (جسے یورپی عورتیں لباس کے اندر لگاتی ھیں کہ بدن تنا رھے اور سڈول معلوم ھو) ؛ شکم بند ۔(۲) مجروح ھڈیوں یا عضلات کا سہارا ۔

Corseted : (a) پیٹی میں کسی ھوئی (عورت) ؛ پیٹی بندھی ھوئی (عورت)۔

Corsetiere : (n) [Fr.] شکم بند بنانے والا یا بیچنے والا ۔

Corsetry : (n) شکم بند بنانے کا فن ۔

Corsie : (a) دیکھو Corrasive

Corslet / Corselet : (n) [F. "Corselet"] (۱) زرہ ؛ چار آئینہ ۔ (۲) (حیوانیات) کیڑوں کا سینہ ؛ پیٹ اور گردن کے درمیان کا حصہ ۔ (۳) شکم بند اور سینہ بند ملی ہوئی ایک پوشاک ۔

Corsned : (n) [OE. "Corsnaed"] روٹی کا آزمائشی ٹکڑا جسے ملزم کو کھلاکر اس کے جرم اور معصومیت کی آزمائش کی جاتی تھی ۔

Cortege : (n) [It. "Corteggio"] (۱) جلو یا خواصی کے لوگ ؛ ملازمین ؛ موکب ۔ (۲) سوگواروں کا جلوس ۔

Cortes : (n) [Sp. and Pg. "Corte"] (اسپین و پرتگال) مجلس وضع قوانین ۔

Cortex : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) قشرہ ؛ چھال ؛ چھلکا ؛ پوست ۔ (۲) بھیجے کی بیرونی تہ جس کا رنگ بھورا ہوتا ھے ۔ (۳) گردہ کا بیرونی حصہ یا جھلی ۔

Cortian : (a) [f."Corti" an Italian anatomist] کان کے اندرونی حصہ کا یا اس سے متعلق ۔

Cortical : (a) [mod. L. "Corticalis"] (نباتیات) قشری ؛ چھال کا ؛ (تشریح) لحائی ؛ دماغ وغیرہ کی بیرونی تہ سے متعلق ۔

Corticate : (a) [L."Corticatus"] پوست ؛ چھال دار ؛ پوست نما ۔

Corticated : (a) چھال دار ؛ پوست نما ۔

Corticiferous : (a) [L."Corticem"+ FER+-OUS] پوست دار ؛ پوست ساز ؛ ریشہ دار ۔

Corticiform : (a) پوست نما ؛ چھال نما ۔

Corticin : (n) [L. "Corticm"+ -IN] (کیمیا) ایک غیر شفاف زرد مادہ ۔

Corticine : (n) [f. as prec"+ INE] ربڑ اور کارک سے بنی تہ زمین ڈھانپنے کی ایک شئے ۔

Corticolous / Corticole : (a) [L. "Corticem+ - Cola" + - OUS] درخت کی چھال پر پیدا ہونے والا ۔

Corticose : (a) [L. "Corticosus "] چھال دار ؛ چھال سے بھرا ہوا ۔

Cortile : (n) [It. deriv. of "Corte"] کسی عمارت سے ملحق یا اس کے اندر کا احاطہ ۔

Cortin : (n) [CORTEX + - IN] (نفسیات) قشرین ۔

Corundum : (n) [Tamil ."Kurundan"] دیکھو Corindon

Coruscant : (a) [See next] چمکیلا ؛ درخشندہ ۔

Coruscate : (v) [L."Coruscare"] (۱) چمکنا ؛ جھمکنا ؛ چمک یا روشنی دکھانا (شعلہ کی طرح)۔ (۲) چمکیلا ہونا ؛ درخشاں ہونا ۔

Coruscation : (n) چمک دمک ؛ درخشندگی ؛ تابش ۔

Corvee : (n) [Late L."Corrogata"] (۱) بیگار ؛ رعایا کا بلا اجرت کام جیسا کہ فرانس میں سن ۱۷۷٦ء سے پہلے قانوناً کرنا پڑتا تھا ۔(۲) بھاری ، نا خوش گوار مگر لازم کام یا فرض ۔

Corvette : (n) [Sp."Corbeta"] جنگی کشتی ؛ جنگی ڈونگا (ایک قسم کی جنگی کشتی) ۔

Corvetto : (n) جست و خیز ۔

Corvine : (a) [L. "Corvinus"] کوا کا ؛ کوا جیسا ؛ غرابی زاغی ۔

Corybant : [Gr."korybanta"] (یونانی دیو مالا) سائیبلی دیوی کا کتھک ، پجاری یا پروھت ۔

Corybantian : (n&a) (یونانی دیو مالا) سائیبلی دیوی کی پوجا ؛ سائیبلی دیوی سے متعلق ۔

Corybantiasm : (n) ایک قسم کا جنون جس میں مریض کو عجیب و غریب خواب نظر آتا ھے ۔

Corybantic : (a) دیکھو Corybantian

Corybantine : (a) دیکھو Corybantian

Corydaline : (n) [f. "Corydalis"] (کیمیا) ایک تلخ بلوری القلی ۔

Corydon : (n) [Gr."korydon"] گنوار ؛ دہقانی ۔

Corymb : (n) [Gr."Korymbos"] (۱) لمبا ڈنٹھل جس میں پھول برابر لگے ہوں ؛ ہم سر ۔ (۲) انگور یا دوسری گوندی کا خوشہ ۔

Corymbed : (a) هم سر جیسا بنا ہوا ۔

Corymbiferous : (a) هم سریا هم سر جیسا پهول رکهنے والا ۔

Corymbiform : (a) هم سر نما ؛ هم جیسا ۔

Corymbosely : (adv) هم سر کی طرح ؛ هم سر کی شکل میں ۔

Corynite : (v) [Gr."Kory"] (معدنیات) کوری نائیٹ ۔

Coryphaeus : (n) [Gr."Koryphaios"] (۱) گانے والی منڈلی یا طائفے کا سردار ؛ سرطائفه ؛ سردسته ۔ (۲) کسی جماعت، مسلك کا سردار یا رهنما ۔

Coryphee : (n) [L."Coryphaeus"] رقاصوں کے طائفے کا سردار ؛ رقاصه ۔

Corystoid : (a) [Gr."Korystes"] (حیوانیات) کیکڑے کی جنس سے مشابه ایك جانور ۔

Coryza : (n) [Gr."Koryza"] زکام ۔

Cos : (n) [Gr."Kos"] ایك قسم کا پودا جسے جزیره کاوس سے یورپ میں لاتے هیں ؛ کاهو ۔

Cos : (n) (علم المثلث) کوسائن کا مخفف ؛ جیب التماس کا مخفف ۔

Cosalite : (n) [f. "Cosala" in Mexico] کوسالائیٹ ؛ سرمئی رنگ کی دهات جس میں لیڈ (سیسه) بسمتھ اور گندهك هوتا هے ۔

Cosaque : (n) [Fr."Cosaque"] کڑاکے دار نقل (ایك مٹھائی جو ریوڑی کی طرح با آواز ٹوٹتی هے)۔

Cose : (v) سکھ چین سے بیٹھنا ؛ آرام پہنچانا ۔

Coseinomancy : (n) [Gr."Koskinomantis"] قینچی پر چھلنی رکھ کر پیشین گوئی کرنا ۔

Cosecant : (n) [F."Cosecante"] (علم مثلث) قاطع التماس ؛ قاطع دائره ۔

Coseismal : (a) (۱) ایك هی زلزله سے بیك وقت متاثر هونے والا ؛ خط یا منطقه مساوی الرجعه ۔ (۲) مرجعه یا زلزله نما (آله یا خط)۔

Coseismic : (a) ایك هی زلزله سے به یك وقت متاثر هونے والا ۔

Cosey : (۱) آرام ده ؛ پُرلطف یا چین سکھ کی جگه ۔ (۲) سکھ چین سے لیٹا یا بیٹھا هوا (شخص) ۔

Cosh : (a) [Origin unknown] شادماں ؛ آرام ؛ بے سُروصدا ؛ محفوظ ۔

Cosh : (n) [Roman "Kosh"] ایك وزنی هتھیار ۔

Cosh : (v) وزنی هتھیار سے مارنا ؛ مفت خوری کرنا ۔

Cosher : (a) [Ir. "Coisir"] کوشه ؛ (یہودیوں کی شرع کے مطابق) حلال کھانا یا حلال کھانے کی دکان ۔

Cosher : (v) گپ شپ کرنا ۔

Cosher : (v) ضیافتیں دینا ۔

Cosher : (v) (۱) کھلانا پلانا ؛ ضیافتیں دینا ۔ (۲) مفت خوری کرنا ۔

Cosherer : (n) مفت خور ۔

Coshering : (n) مفت خوری ؛ خوش گزاری ۔

Coshery : (n) [Ir. "Coisir"] (آئرستان) ضیافت ۔

Cosily : (adv) =(cozily) آرام سے ؛ راحت سے ۔

Cosine : (n) (علم مثلث) جیب التمام (جیب مستوی کے ساتھ کا خط جو اس سے مل کر زاویه بناتا هے) ؛ (طبیعیات) کوسائن ۔

Circle cosine : (طبیعیات) دائره جیب تمام ؛ کوسائن دائره ۔

Directive cosine : (طبیعیات) سمتی جیب تمام ؛ سمت کوسائن ۔

Versed cosine : (طبیعیات) ورسڈ کوسائن ۔

Cosiness / Coziness : (n) آرام ؛ راحت ۔

Cosmete : (n) [Gr."Kosmetes"] (قدیم ایتھنس) اٹھاره سے بیس سال تك کی عمر کے نوجوانوں کا حاکم ۔

Cosmetic : (n) [Gr."Kosmetikos"] خوشبو دار روغن جو منه یا بالوں پر ملا جاتا هے ؛ چہرے اور بال کے آرائش کا وسیله ؛ جسمانی زینت و آرائش کا فن ؛ جراحی برائے زینت ؛ آرائش گر ۔

Cosmetic /Cosmetical : (a) زیبائشی ؛ آرائشی ۔

Cosmetologist : (n) آرائش گر ۔

Cosmetology : (n) آرائش گری کا فن ۔

Cosmic : (a) [Gr."Kosmikos"] (۱) کائناتی ۔(۲) لا محدود ؛ لا متناهی ؛ عظیم ۔(۳) منظم ۔

Cosmic philosophy : (n) فلسفه کائنات ۔

Cosmic radiation : (n) (طبیعیات) کاسمك تابانی ۔

Cosmic rays : (n) (طبیعیات) کاسمك کرن ؛ اشعهٔ کائناتی ۔

Cosmic recorder : (n) (طبیعیات) کاسمك رکارڈ ر ۔

Cosmic shower : (n) (طبیعیات) کاسمك بوچهاڑ ۔

Cosmical : (a) دیکهو Cosmic

Cosmically : (adv) کائنات کے اصول یا قانون سے ۔

Cosmism : (n) کائنات پرستی (یه عقیده که مجموعهٔ کائنات خود ایك کار فرما قوت هے)۔

Cosmist : (n) کائنات پرست ۔

Cosmo-: یونانی لفظ Cosmos (یعنی کائنات) کا مخفف ترکیبی ۔

Cosmocrat : (n) کائنات کا حکم ۔

Cosmocratic : (n) حاکم کائنات سے متعلق ۔

Cosmocrator : (n) دیکهو Cosmocrat

Cosmogenesis : (n) تکوین ؛ آفرینش ؛ تخلیق (کائنات) ۔

Cosmogenetic : (a) کائنات کی پیدائش سے متعلق ۔

Cosmogeny : (n) آفرینش ؛ تخلیق (کائنات) ؛ (تاریخ) نظریه تخلیق ۔

Cosmognosis : (n) [COSMO-+Gr."gnosis"] وه جبلت جو جانوروں کو نقل مکان کرنا سکهاتی هے ۔

Cosmogonal : (a) آفرینش سے متعلق ؛ تخلیق سے متعلق ۔

Cosmogonic / Cosmogonical : (a) دیکهو Cosmogonal

Cosmogonist : (n) ماهر علم کائنات ۔

Cosmogony : (n) [Gr."Kosmogonia"] دیکهو Cosmogenesis

Cosmographer : (n) کائنات شناس ۔

Cosmographic / Cosmographical : (a) علم تکوین کائنات سے متعلق ؛ کائنات شناسی سے متعلق ۔

Cosmographist : (a) دیکهو Cosmographer

Cosmography : (n) [Gr."Kosmographia"] کائنات شناسی ؛ علم تکوین کائنات ؛ قسمو غرافیه ؛ سابق جغرافیه نویس ؛ احوال عالم ؛ بیان یا نقشه عالم ؛ جهاں نگاری ؛ سر نوشت عالم(تاریخ) ؛ سرنوشت کائنات ۔

Cosmolabe : (n) اُسطرلاب کی طرح کا ایك آله جس سے اجسام سماوی کی دوریوں کے زاویائی فاصلوں کا اندازه لگایا جاتا هے ۔

Cosmolatory : (n) کائنات پرستی ۔

Cosmoline : (n) ایك قسم کا پیرافن ۔

Cosmologic / Cosmological : (a) علم کائنات سے متعلق ؛ فلسفه نظام کائنات سے متعلق ۔

Cosmologically : (adv) علم کائنات کے طور پر ۔

Cosmologist : (n) ماهر علم نظام کائنات ۔

Cosmology : (n) [Gr."Kosmos"+logia] علم کائنات ؛ فلسفه عالم هستی ؛ فلسفه نظام کائنات ۔ (طبیعیات)تکوینیات ؛ (ریاضی) کونیات ۔

Cosmoplastic : (a) جهاں سازی سے متعلق ؛ جهاں ساز ۔

Cosmopolicy : (n) (تجارت) هردیس پن ؛ هردیسی پن ؛ وسیع المشربی ؛ بشر دوستی ؛ جهاں دوستی ۔

Cosmopolitan : (n) [Gr."Kosmopolites"] هر دیسی ؛ وسیع المشربی ؛ صلح کل (جو ملك و ملت کے تعصبات سے آزاد اور تمام عالم کو اپنا وطن سمجهتا هو) ؛ جهانی ۔

Cosmopolitan citizen : (n) (تاریخ) عالمی شهری ۔

Cosmopolitan city : (n) (تاریخ) هردیسی شهر ۔

Cosmopolitan wealth : (n) (تجارت) هردیس دولت ۔

Cosmopolitanism : (n) دیکھو Cosmopolicy

Cosmopolitanize : (v) هر دیسی بنانا ۔

Cosmopolite : (n) [Gr."Kosmopolites"] (۱) هردیسی ؛ جہاں دوست ؛ بشر دوست ؛ بے تعصبات ملی ۔ (۲) کوئی ادبی صنف یاقصہ یا ضرب المثل جو مختلف زبانوں میں رائج هو ۔ (۳) (تاریخ) عالمی شہری ۔

Cosmopolitic : (a) هردیسی ؛ جہاں دوست ۔

Cosmopolitic : (n) سیاست جہانی ۔

Cosmopolitical : (a) بین الاقوامی ؛ بین الممالکی (جس کا تعلق دنیا کے تمام ملکی آئین سے هو) ؛ جہاں دولت (تمام عالم کی ایک دولت یا مملکت) ۔

Cosmopolitism : (n) دیکھو Cosmopolitanism

Cosmorama : (n) سیر بیں ؛ ممالک عالم کے مختلف مناظر کی تصاویر ۔

Cosmoramic : (a) سیر بیں سے متعلق ۔

Cosmos : (n) [Gr.] (۱) کائنات ؛ موجودات ؛ عالم ظاهر ؛ عالم شهود ۔ (۲) نظام عالم ؛ نظام کائنات ؛ عالم کون ۔ (۳) ایک امریکی جهاڑی ۔ (٤) تنظیم ؛ هم آهنگی

Cosmosophy : (n) علم کائنات ؛ نظریه کائنات ۔

Cosmosphere : (n) (۱) مادی کائنات ۔ (۲) ایک آله جس میں مثبت سازوں کی مناسبت سے کسی خاص وقت پر زمین کے مقام کا تعین کیا جاتا هے ۔

Cosmotheism : (n) کائنات هی کو خدا سمجهنا ؛ (نفسیات) عقیده همه اوست ۔

Cosmotheistic / Cosmotheistical : (a) کائنات کو خدا سمجهنے والا یا سمجهنے سے متعلق ۔

Coss / Cos : (n) [Skr. "Kroca"] کوس ۔

Coss : (v) [Origin unknown] (اسکاٹستان) مبادله کرنا ؛ مال کے بدلے مال لینا دینا ۔

Cossack : (n) [Turki "quzzaq"] (۱) کاسک ؛ قزاق (ایک تاتاری قبیله کا نام جو بحر اسود کے شمال میں آباد هے اور جس کے افراد اکثر روسی رسالوں میں بهرتی هوتے هیں) ۔

Cosset : (n) [Origin unknown] (۱) میمنا ؛ پالا هوا بکری کا بچه ۔ (۲) پیارا ؛ عزیز ؛ لاڈلا ۔

Cosset : (v) چاهنا ؛ لاڈ کرنا ۔

Cossid : (n) [Arab. "Qasid"] گهوڑ سوار ؛ قاصد ۔

Cossyrite : (n) [f."Cossyra" now the island of pantellaria] کوسیرائیٹ ؛ لوهے کا سلیکیٹ ۔

Cost : (n) [L."Constare"] (۱) قیمت ؛ مول ؛ دام ؛ لاگت ۔ (۲) وقت اور محنت کا صرف ۔ (۳) (قانونی اصطلاح) خرچه عدالت (جو اکثر جیتنے والے کو دلایا جاتا هے) ۔ (٤) نقصان ؛ خساره ۔

Actual cost : (تجارت) واقعی لاگت ۔

Alternative cost (opportunity) : (تجارت) متبادل لاگت ۔

At any cost : هر حالت میں ؛ کسی قیمت پر ۔

At little cost : کم خرچه پر یا کم نقصان اٹهاکر ۔

At the cost of : اس کے بدلے میں ؛ اسے کهوکر ؛ اس کا نقصان اٹهاکے ۔

Average cost : (تجارت) اوسط لاگت ۔

Basic cost : (تجارت) بنیادی لاگت ؛ ابتدائی لاگت ۔

Capital cost (تجارت) اصل کی لاگت ۔

Conversion cost : (تجارت) تبدیلی لاگت ۔

Direct cost : (تجارت) راست لاگت ۔

Diminishing cost : (تجارت) گهٹتی لاگت ۔

Fatigue cost : (تجارت) تهکن کی لاگت ۔

Imputed cost : (تجارت) منسوب لاگت ؛ مفروضه لاگت ۔

Marginal cost : (تجارت) مختتم لاگت ۔

Money cost (Nominal cost) : (تجارت) نقد لاگت ؛ ظاهری لاگت ۔

Overhead cost : (تجارت) بالائی لاگت ۔

Prime cost (Basic cost) : (تجارت) ابتدائی لاگت ؛ اصلی قیمت ۔

Recurring cost : (تجارت) تکراری لاگت ۔

Sunk cost : (تجارت) ڈوبی لاگت ۔

To anyone's cost : نقصان پہنچاکر ؛ مصیبت جھیل کر ۔

Wage cost : (تجارت) اجرتی لاگت ۔

Zero cost : (تجارت) صفر لاگت ۔

Cost : (n) [L."Costa"] اڑی ؛ (نقابت) ایك پتلی لکیر ۔

Cost : (v) [L. "Constare"] (۱) مول ہونا ؛ قیمت ہونا یا پڑنا ۔ (۲) (تجارت) قیمت متعین کرنا ؛ بھاؤ مقرر کر دیا جانا ؛ اندازہ لگانا یا تخمینہ کرنا ۔(۲) نقصان برداشت کرنا ؛ خسارہ اٹھانا ۔

To cost (one) dear (dearly) : بہت مہنگا پڑنا ؛ خسارہ کا ماتحت ہونا ۔

Cost accounting : (n) (تجارت) لاگت کھاتا نویسی ۔

Cost apportionment : (n) (تجارت) تقسیم لاگت ۔

Cost book : (n) کان کھاتا (معدنی کان کے آمد و خرچ کی کتب)۔

Cost-covering basis : (n) (تجارت) لاگت تکمیل بنیاد ۔

Cost curve : (n) (تجارت) لاگت خط ۔

Cost dispersion : (n) (تجارت) انتشار لاگت ۔

Cost factor : (n) (تجارت) لاگت عامل ۔

Cost-free deal : (n) (تجارت) بلا خرچہ سردا ۔

Cost ladder : (n) (تجارت) لاگت زینہ ۔

Cost of living : (تجارت) مصارف زندگی ۔

Cost of living index : (تجارت) مصارف زندگی کا اشاریہ ۔

Cost of production : (تجارت) پیداوار لاگت ؛ لاگت پیداوار ۔

Cost-plus : (a) (تجارت) لاگت اور کچھ فیصد اضافہ ۔

Cost-price : (n) (تجارت) لاگتی قیمت ؛ ابتدائی لاگت ؛ اصلی لاگت ۔

Cost variance : (n) (تجارت) لاگت فرق ؛ تفاوت لاگت ۔

Costa : (n) (Pl.Costae) [L.] پسلی ؛ (نباتیات) رگ برگ ؛ (حیوانیات) حشرات کے پروں کی رگ ۔

Costal : (a) [med. L. "Costalis"] پہلو کا ؛ پسلی کا ؛ ضلعی ؛ جنبی ؛ رگ برگی ۔

Costally : (adv) ضلعی طور پر ۔

Costard : (n) [OF. & AF. "Coste".] (۱) بڑا سیب ۔ (۲) سر ؛ کھوپڑی ۔

Costard-monger : (n) میوہ فروش ؛ کنجڑا ؛ کاچھی ۔

Costate : (a) [L. "Costatus"] پسلی دار ؛ جس کی پسلیاں ہوں ۔

Costean /Costeen : (v) [Cornish "Cothas"+"Stean"] کان برمانا (پتھریلی زمین تك) دھات کا ٹھیك پتا چلانے کے لئے ۔

Costean pit : (n) کان برماکر بنایا ہوا گڈھا ۔

Costeaning : (n) کان برمانا ۔

Coster : (n) Costermonger کا مخفف ۔

Costermonger : (n) میوہ فروش ؛ کنجڑا ؛ خوانچہ والا ۔

Costiferous : (a) [L."Costa"] پسلی دار ۔

Costiform : (a) پسلی کی شکل کا ؛ پسلی نما ۔

Costive : (a) [L."Constipatus"] (۱) قبض والا ؛ قبض کی شکایت رکھنے والا ؛ قابض ؛ قبض آور ۔ (۲) (استعارتاً) ممسك ؛ کنجوس ۔

Costively : (adv) قابض طور سے ؛ بطور قابض ۔

Costiveness : (n) قبض کی حالت ؛ بھاری پن (پیٹ کا)۔

Costless : (a) بلا قیمت ؛ بلا خرچ ۔

Costliness : (n) بیش قیمت ہونا ؛ بیش قیمتی ۔

Costly : (adv) (۱) قیمتی ؛ گراں بہا ؛ بیش قیمت ۔ (۲) خراج ؛ مصروف ۔(۳) زیادہ خرچ یا نقصان والا ۔

Costmary : (n) ["Cost"+(st)"Mary"-] ایک خوشبودارسدابہار پودا ۔

Costo-: جزو ترکیبی بمعنی پسلیوں کا ۔

Costotome : (n) [L."Costa"+Gr."tomos"] پسلی یا پسلی کے بیچ درمیانی غضروف کو کاٹنے کا آلہ ۔

Costrel : (n) [OF."Costerel"] چرمی لکڑی یا چینی کی بوتل جس میں دستہ لگا رہتا ہے اور اس کو کمر سے لٹکا لیتے ہیں ۔

Costume : (n) [L."Consuetudinem"] (۱) وضع قطع (لباس نیز بالوں کی) ؛ پوشاک ؛ جوڑا ؛ لباس ۔ (۲) مکمل پوشاک (جو ایک وقت پہنی جائے) خصوصاً زنانہ پوشاک ۔

Costume : (v) (۱) جوڑا دینا ؛ لباس بنوا دینا ۔ (۲) کھیل وغیرہ کے لئے پوشاک تیار کرانا ۔

Costumer : (n) پوشاک فروش ۔

Costumery : (n) (۱) پوشاک بنانے کا فن یا ہنر ۔ (۲) پہننے کی چیزیں ۔

Costumic : (a) (۱) لباس سے متعلق ۔ (۲) پوشاک پہنے ہوئے ۔

Costumier : (n) [F."Costumer"] (۱) پوشاک فروش ؛ پوشاک ساز ۔(۲) پوشاک کرایہ پر دینے والا ۔

Cosy / Cosey / Cozy : (a) [Origin Sc.] دیکھو Cosey

Cosy / Cosey / Cozy : (n) (۱) ایک قسم کا شہ نشیں یا رواق (جو کمرے کے کونے میں بنا دیتے ہیں) ؛ کیتلی پوش ؛ ٹی کوزی ۔

Cot : (n) [OE.] (۱) باڑہ ؛ چھتری ؛ چھپر ؛ اسارہ ۔ (۲) (شعر میں) جھونپڑی ؛ کٹی ۔(۳) غلاف ۔

Cot/Cott : (n) [Hindi "Khat"] (۱) کھاٹ ؛ کھٹولی ؛ سفری پلنگ ۔(۲) زخمی یا بیمار سپاہیوں کی ڈولی ؛ جھولا ؛ پنگوڑا (بچوں کا) ۔

Cot : (n) [med. L."Cottum"] (۱) الجھے ہوئے اون کا گچھا ۔ (۲) پس ماندہ اون ۔

Cot : (n) [Irish and Gael.] ایک چھوٹی کشتی ؛ Cotangent کا مخفف ۔

Cot-house / Cote-house : (n) کٹیا ۔

Cotangent : (n) (علم مثلث) مماس التمام (محیط سے) ؛ مس کرنے والا ؛ ظل تمام (زاویہ) ۔

Cotangential : (a) مشترک مماس التمام رکھنے والا ۔

Coternine : (n) [F. f."narcotine"] (کیمیا) کوتا نائین، ایک بلوری القلی جو خون روکنے کے کام آتی ہے ($C_{12}H_{13}NO_3$)

Cote : (n) [OE."Cote"] چھپر ؛ سائبان ؛ اسارہ ؛ نوہرہ ؛ ڈربہ ؛ باڑہ ۔

Cote : (n) [See next] سبقت ۔

Cote : (v) [mod. F."Cotoyer"] سبقت کرنا ؛ پیچھے چھوڑنا ۔

Cote : (v) ڈربے میں بند کرنا ؛ باڑہ میں رکھنا ۔

Cote : (n) دامن کوہ ؛ ساحل ۔

Cotemporarean : (n) معاصر ؛ ہم زمان ۔

Coterell : (n) [OF."Coterel"] اسکاچستان کا کسان جس کی جھونپڑی کھیت میں ہو اور طلبی پر کام کرے ۔

Coterie : (n) [Fr.] (۱) حلقہ ؛ جتھا ؛ ٹولی (مشترک الاغراض یا اشخاص کی) ؛ عمائدین کا حلقہ ۔ (۲) مشترک الاغراض حلقہ کے لوگوں کی مجلس ۔ (۳) (تاریخ) گروہ منڈی ؛ عمائدین کا حلقہ ۔

Coterminous : (a) مشترک احاطہ یا مشترک سرحد رکھنے والا ؛ یکساں وسعت یا حدود یا عرصہ رکھنے والا ۔

Cotesian : (a) جر کوٹس (Roger Cotes) یا اس کی ریاضی کی ایجاد سے متعلق ۔

Cothe / Coath : (n) [OE.] بھیڑوں کی ایک بیماری ۔

Cothe : (v) (۱) بھیڑوں کو مرض دینا (چھوت سے) ۔ (۲) بے ہوش ہونا ؛ غش میں آنا ۔

Cothurn : (n) موٹے تلے کا جوتا جسے ایتھنس کے ایکٹر پہنتے تھے ؛ حالت حزن اندوہ ؛ (استعارتاً) اعلیٰ انشاپردازی کا ؛ پُر شکوہ بیان کا -

Cothurnal : (a) (۱) موٹے تلے کے جوتے سے متعلق - (۲) غم انگیز ؛ محزوں ؛ المی -

Cothurnate : (a) المی -

Cothurned : (a) موٹے تلے کا جوتا پہنے ہوئے -

Cothurnus : (n) [Gr."Kothornos"] دیکھو Cothurn

Cotillion / Cotillon : (n) [F."Cotillion"] (۱) ناچ کی بعض قسمیں نیز ان کے ساتھ کا سرود - (۲) سیاہ اونی کپڑا (زنانہ پوشاک کے لئے) -

Cotinga : (a) [F.] ایک امریکی چڑیا جس کے خوب صورت چمکدار پر ہوتے ہیں -

Cotingine : (a) خوب صورت چمکدار پر والی ایک امریکی چڑیا سے متعلق -

Cotise / Cottise : (n) [Origin unknown] (نقابت) ایک پتلی آڑی لکیر -

Cotise : (v) آڑی پتلی لکیر سے آراستہ کرنا -

Cotland / Cothland : (n) اسکاچستان کے کسان کی زمین (جو پانچ ایکڑ کے برابر ہوتی ہے) -

Cotman : (n) جھونپڑی میں رہنے والا -

Coto : (n) =(Coto-bark) ایک درخت کی چھال -

Cotoin : (n) (کیمیا) ایک درخت کی چھال سے حاصل کردہ زردی مائل سفید بلوری مادہ -

Cotoneaster : (n) [L. "Cotonea"] ایک قسم کی جھاڑی -

Cotset : (n) [OE."Cot-saeta"] وہ رعیت جو قطعہ زمین یا جھونپڑی کے عوض میں کام کرے -

Cotswold : (n) [f. Cotswold hill, Gloucestershire, England] اچھی قسم کی اون والی بھیڑ -

Cotswold lion : (n) (مزاحاً) بھیڑ -

Cotta : (n) [med. L.] چھوٹا سفید جبہ (کشتیوں کا) ؛ (تاریخ) کوتا ؛ پادری کا سفید کوٹ -

Cottabus : (n) [Gr."Kottabos"] ایک قسم کاقدیم یونانی کھیل -

Cottage : (n) [AF."Cotage"] چھپر ؛ جھونپڑا ؛ بنگلا ؛ دیہاتی مکان -

Cottage-allotment : (n) وہ قطعہ زمین جو جھونپڑی بنانے کے لئے دی جائے -

Cottage farming : (n) گہری کھدائی کی کاشت ؛ کاشت کا وہ طریقہ جس میں زمین کو گہرا کھود کر بیج ڈالا جاتا ہے -

Cottage-hospital : (n) بنگلہ نما ہسپتال ؛ سفری یا عارضی دواخانہ -

Cottage industry : (n) گھریلو صنعت ؛ دیہاتی صنعت ؛ چھوٹی صنعت -

Cottage loaf : (n) ایک قسم کی دوہری روٹی -

Cottage piano : (n) چھوٹا پیانو -

Cottaged : (a) جھونپڑیوں والا -

Cottager : (n) جھونپڑیوں کا رہنے والا ؛ جھونپڑی نشیں -

Cottar / Cotter : (n) [med. L."Cotarius"] دیکھو Cottier ؛ اسکاچستان کا کسان (جس کی جھونپڑی کھیت میں ہو اور طلبی پر اجرت دے کر کام کرے ؛ (تاریخ) خدمتی کاشتکار -

Cotted : (a) الجھا ہوا (اون وغیرہ کا) -

Cotted : (a) کسان ؛ جھونپڑے والا ؛ مزارع مستاجر (آئرستان میں وہ کاشتکار جو سب سے زیادہ لگان کی بولی بول کر کھیت اوراس کےمتعلقہ گھر میں بطور پٹے دار کے رہتا ہو) -

Cotter : (n) [Short for COTTEREL] کیلی ؛ پچڑ ؛ ضامن ؛ ڈاٹ (جو دو جوڑ مضبوط بٹھانے کےلئے لگاتے ہیں) -

Cotter : (v) (۱) الجھانا ؛ منجمد کرنا - (۲) مرجھانا یا سکڑ جانا -

Cotter : (v) پچڑ لگانا ؛ ڈاٹ لگانا -

Cotterel : (n) [Origin unknown] (۱) کیلی ؛ پچڑ ؛ ڈاٹ - (۲) سلاخ (آگ پر چیز لٹکانے کے لئے) -

Cotterel : (v) پچڑ لگانا ؛ ڈاٹ لگانا ۔

Cottier : (n) [ME."Cotier"] دیکھو Cotted

Cottierism : (n) وہ لگان داری جس میں آئرستان کا کاشتکار سب سے زیادہ لگان کی بولی بول کو کھیت اور اس کے متعلقہ گھر میں بطور پٹے دار کے رہتا ہے ۔

Cottise / Cottize : (v) آڑی پتلی لکیر سے آراستہ کرنا ۔

Cottoid : (a) [mod. L."Cottus" (a fish)+-OID] (حیوانیات) مچھلی کی ایک نوع سے متعلق ۔

Cottoid : (n) ایک نوع کی مچھلی ۔

Cotton : (n) [Arab."Qutn","Qutun"] (۱) روئی ؛ کپاس ؛ بن سنئی ۔ (۲) سوت ؛ تاگا ۔ (۳) سوتی کپڑا ؛ پارچہ ؛ سوتی کپڑے کی پوشاک ۔ (٤) روئی کی طرح کا رواں جو دوسرے درختوں پر اگا کرتا ہے ۔

Corkwood cotton : ریشمی روئی ۔

Gun cotton : بھک سے اڑنے والی روئی ؛ آتش گیر مادہ جو روئی کو شورے اور گندھک کےتیزاب میں ملا کر بناتے ہیں ۔

Mineral cotton : روئی کی طرح کی فلزی سوت ۔

Cotton : (a) سوتی ۔

Cotton : (v) (۱) متفق ہونا ؛ ہم رائے ہونا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ مل جانا ؛ کسی کا ہو رہنا ۔ (۲) لاڈ کرنا ۔ (۳) سمجھنا ۔ (٤) خوشامد کرنا ۔ (٥) کامیاب ہونا ؛ ترقی کرنا ۔ (٦) روئی لگانا یا روئی سے بند کرنا ۔ (۷) دوست بنانا ۔

To cotton up : ڈورے ڈالنا ؛ سلسلہ جنبانی کرنا ؛ میل نکالنا ؛ راغب یا مائل کرنا ۔

Cotton-bagging : (n) ایک پٹے دار کپڑے کی قسم کی چیز جو روئی کی بیل لپیٹنے میں کام آتا ہے ۔

Cotton cake : (n) کھال ؛ کھلی (مویشی کو کھلانے کی) ۔

Cotton-chopper : (n) روئی صاف کرنے کی مشین ۔

Cotton-flannel : (n) سوتی فلالین ۔

Cotton-gin : (n) بیج سے روئی کو الگ کرنے کی مشین ۔

Cotton grass : (n) لمبی نرم گھاس (جس کی بعض اقسام چٹائیاں بُننے کے کام آتی ہیں) ۔

Cotton lord / Cotton-lord : (n) روئی کا ملک التجار ؛ ملک القطن ۔

Cotton mill : (n) سوتی کپڑا یا دھاگا بنانے کی مل ۔

Cotton opener : (n) روئی کو پھیلانے کی مشین ۔

Cotton plant / Cotton-plant : (n) کپاس ؛ روئی کا درخت ۔

Cotton-picker : (n) (۱) روئی جمع کرنے یا چننے والا ۔ (۲) روئی جمع کرنے کی مشین ۔

Cotton pluch : دیکھو Cotton-flannel

Cotton powder : (n) بھک سے اڑجانے والا ایک مادہ ۔

Cotton press : (n) روئی کی گانٹھ بنانیوالی مشین یا جگہ ۔

Cotton print : (n) چھپا ہوا سوتی کپڑا ؛ چھینٹ ۔

Cotton rat : (n) ایک قسم کا لمبے بال والا چوھا جو امریکہ میں پایا جاتا ہے ۔

Cotton rose : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Cotton seed : (n) روئی کا بیج ؛ بنولا ۔

Cotton spinner : (n) سوت (کاتنے) والا کاریگر یا سوداگر ۔

Cotton stainer : (n) ایک قسم کا لال یا سیاہ رنگ کا کیڑا جو روئی کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Cotton-tail : (n) ایک قسم کا امریکی خرگوش ۔

Cotton-thistle : (n) گوکھرو کی قسم کا ایک پودا جو مکمل طور سے روئیں دار ہوتا ہے ۔

Cotton-tree : (n) روئی کا درخت ۔

Cotton-velvet : (n) سوتی مخمل ۔

Cotton waste : (n) سوت کا گودڑ (جو کلیں صاف کرنے کے کام آتا ہے) ۔

Cotton weed : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Cotton wood : (n) (۱) کچی روئی (لباس وغیرہ تہ دینے کے لئے) ۔ (۲) (مجازاً) حد سے زیادہ آرام یا حفاظت ۔

Cotton-wood : (n) ایک قسم کا امریکی لبا درخت جس کے بیج میں روئی جیسے روئیں ہوتے ہیں ۔

Cotton worm : (n) روئی کے ایک کیڑے کا پھل روپ ۔

Cotton yarn : (n) تاگا ؛ تار ۔

Cottonade /Cotonnade : (n) [F."Cotonnade"] موٹا خطی سوتی کپڑا ۔

Cottonee : (n) سوت اور ریشم کا بنا ہوا ایک ترکی کپڑا ۔

Cottoner : (n) کپڑے پر روئیں اٹھانے والا ۔

Cottonize : (v) روئی کی طرح بنانا ۔

Cottonocracy : (n) روئی کے بڑے بیوپاریوں کی جماعت ۔

Cottonopolis : (n) روئی کا شہر ، مراداً مانچسٹر ۔

Cottony : (a) روئی کا سا ؛ روئی کا ؛ نرم ۔

Cotunnite : (n) [f. Dr."Cotugna" of Naples] سیسہ کا کلورائیڈ جو نرم اور سفید ہوتا ہے ۔

Cotwal : (n) کوتوال ؛ (ہندوستان میں) شہر یا قصبے کا سب سے بڑا پولیس افسر ۔

Cotyle : (n) [Gr."Kotyle"] (۱) (قدیم یونان) کاسہ ۔ (۲) (تشریحات) کاسہ نما جوف یا عضو ۔

Cotyledon : (n) [Gr."Kotyledon"] (۱) انکھوا ؛ پھوٹ ؛ برگ تخم ؛ بیج پتی (جو بیج میں سے پھوٹتی ہے) ۔ (۲) درختوں کی ایک قسم ؛ کن سوا (ایک روز کا پھوٹا ہوا تخم) ۔

Cotyledonary : (a) (۱) انکھوے کی طرح کا ؛ انکھوا نما ۔ (۲) کن سوا دار ۔

Cotyledonoid : (a) اگتی ہوئی کائی ۔

Cotyledonous : (a) انکھوے والا ؛ بیج پتیا ؛ کن سوا ۔

Cotyliform : (a) کاسہ نما ۔

Cotyligerous : (a) کاسہ نما عضو والا ۔

Cotyloid : (a) کاسہ نما ؛ مستدیر ؛ مجوف ۔

Cotylophorous : (a) [Gr."Cotyle+phores"] (حیوانیات) انکھوا کی طرح آنول نال رکھنے والا ۔

Couch : (n) [See COUCH (v)] (۱) کوچ ؛ صوفا ؛ پلنگڑی ؛ کیاری ؛ تخت خواب ۔ (۲) جنگلی جانوروں کا ماند ۔ (۳) پہلی تہ ۔ (٤) (شعیر سازی) اناج کی تہ جو فرش پر انکھوانے کے لئے رکھی گئی ہو ۔ (٥) (کاغذ سازی) تختہ پر فلالین کا غلاف ہوتا ہے اور جس پر کاغذ آ کر دبتا ہے ۔

Couch : (n) [OE."Curice"] ایک قسم کی گھاس جس کی جڑیں دور تک پھیلتی ہیں ۔

Couch : (v) [L."Collocare"] (۱) لیٹنا (صرف (Couched) لیٹا ہوا مستعمل ہے) ۔ (۲) (غلہ) ڈالنا ؛ پھیلانا یا جمانا (نمک بنانے کے لئے) ۔ (۳) جھکانا (برچھی وغیرہ نشانہ مارنے کےلئے) ؛ تولنا ۔ (٤) (آنکھوں کا جالا یا ناخنہ) دور کرنا ؛ نکال دینا ؛ صاف کر دینا ۔ (٥) پیش کرنا ؛ (خیالات کو الفاظ میں) ادا کرنا ؛ پیرایہ دینا ۔ (٦) چھپنا ؛ گھات لگانا ؛ لیٹنا ؛ دبکنا ؛ دبے دبے چلنا ۔ (۷) جھکنا ۔ (۸) (کاغذ سازی) گودے کے خمیر کو غدہ پر رکھنا ۔ (۹) ظاہر کرنا (کسی خاص طرز پر) ۔ (۱۰) (پتوں کا) انبار لگانا سڑنے کے لئے ۔

Couch-bad : (n) پلنگڑی ؛ تخت خواب ۔

Couch-bedstead : (n) پلنگڑی ؛ تخت خواب ۔

Couchancy / Couchance : (n) لیٹا ہوا ہونا ۔

Couchant : (a) [F."Couchant"] (تمغوں اور طغروں میں جانوروں کی تصویر) سگ نشست ؛ کتا بیٹھک ؛ اُکڑوں ۔

Couchant and levant : (a) لیٹنا اور کھڑا ہونا ۔

Couche : (a) [Fr.] کج ؛ متمائل ؛ خمیدہ ۔

Couchee : (n) [Fr."Couche"] دعوت شب (خصوصاً جو امراء یا بادشاہ کی طرف سے ہو) ۔

Coucher : (n) (۱) ڈرپوک ؛ بزدل ۔ (۲) دبکنے والا ۔ (۳) (کاغذ سازی) دابنے والا ۔

Couching : (n) کشیدہ کاری کی ایک طرز ۔

Coueism : (n) [F."Coueisme"] منظم خود تاثری سے علاج : کوئیت (کلیم کوئے کاطریقہ علاج جس میں تصور کے ذریعہ سے امراض کا علاج کیا جاتا ھے)۔

Cougar/Cougnar : (n) [Guarani "Guacuara"] امریکی تیندوا : شیر کی نوع کا ایک جانور ۔

Cough : (n) (۱) کھانسی : کھنکھار : کھرا ۔(۲) ایک دفعہ آواز دینا (نھنڈ سے انجن وغیرہ کا)۔

Cough : (v) [ME."Cowh-en"] (۱) کھانسنا : کھنکھارنا : کھوں کھوں کرنا ۔(۲) کھانس کر ظاھر کرنا ۔

To cough out / up : (۱) کھانس کر تھوکنا : بلغم نکالنا : کھنکھار ڈالنا ۔ (۲) ظاھر کرنا ۔ (۳) دینا ۔

To cough down : کھانس کھانس کر چپ کرا دینا : مقرر کو بٹھا دینا ۔

Cougher : (n) کھانسنے والا ۔

Could : "Can" کا ماضی ۔

Coulee : (n) [F."Coulee"] (۱) چھوٹی ندی ۔(۲) لاوا کا بہاؤ : لاوا کی چادر ۔ (۳) گہری گھاٹی ۔

Couleur : (n) [L. "Color"] رنگ ۔

Couleur de rose : (n) گلابی رنگ ۔

Couleur de rose : (a) گلابی ۔

Coulisse : (n) [F.] (۱) (تماشے میں) ضمنی یا گوشہ منظر (ایک طرف ھو کر ایکٹ کرنا)۔ (۲) دو ضمنی منظروں کا فصل ۔ (۳) نال : لیک (جس پر کواڑ ادھر ادھر ھٹایا جا سکتا ھے اور جو چوکھٹ کے سروں پر بنی ھوتی ھے)۔

Couloir : (n) [late L."Colatorium"] (۱) پن کٹاؤ : درہ (پہاڑوں میں پانی کے بہاؤ کا راستہ)۔ (۲) رستہ پیش دالان ۔

Coulomb : (n) [After the French physicist] کولم : اطل برق (بجلی کی مقدار جو ایک دقیقے میں منتقل کی جا سکتی ھے)۔

Coulter : (n) [L."Culter"] دیکھو Colter

Coulterneb : (n) ایک قسم کی چڑیا ۔

Coumaric : (a) ٹونکا کی پھلی کا جوھر ۔

Coumarin : (n) [F."Coumarine"] ایک قسم کی منجمد بلوری خوشبو دار مادہ یا عرق ۔ (۲) ٹونکا کی پھلی کا جوھر ۔

Council : (n) [L."Concilium"] (۱) مجلس : جماعت : سبھا (مذھبی ، ملکی ، شھری وغیرہ) : مجلس شوری : دیوان : موتمر ۔(۲) انجیل میں مجلس یہود : سان ھدریم ۔ (۳) اراکین مجلس : اعضائے مجلس ۔ (٤) مشاورت ۔

Advisory council : (تاریخ) صلاح کار کاؤنسل ۔

Cabinet council : دیوان خاص یا مشیروں کی کانسل : مجلس کابینہ ۔

Common council : مجلس انتظامیہ (کسی شھر کی)۔

Economic and social council : (تاریخ) اقتصادی اور سماجی کانسل ۔

Council bill : (n) (تجارت) کاؤنسل بل ۔

Reverse council bill : (تجارت) اُلٹا کاؤنسل بل ۔

Council-board : (a) مجلس کی میز (جس کے گرد اھل مجلس بیٹھیں) : مجلس ۔

Council-book : (n) (۱) مشیران شاھی کی فہرست ۔ (۲) وہ رجسٹر جس میں مجلس کی کاروائی درج ھوتی ھے ۔

Council chamber : (n) ایوان مجلس : دیوان ۔

Council fire : (n) وہ آگ یا الاؤ جو امریکی ھندوستانی اپنی مجلس کےوقت جلا دیتے ھیں ۔

Council general : (n) عام مجلس : عام انجمن مشاورت ۔

Council hall : (n) دیکھو Council chamber

Council house : (n) دیکھو Council chamber

Council of war : (n) شورائے جنگ : مجلس جنگ (جو عین میدان میں منعقد ھو یا مستقل طور پر قائم ھو)۔

Council room : (n) دیکھو Council chamber

Council table : (n) دیکھو Council chamber

Councillor : (n) رکن مجلس ؛ شریک شوریٰ ۔

Councillorship : (n) مجلس کی رکنیت ؛ رکنیت مجلس ۔

Counsel : (n) [L."Consilium"] (۱) مشورہ ؛ استشارہ ؛ صلاح ؛ رائے ۔ (۲) تجویز ؛ منصوبہ ۔ (۳) وکلاء ؛ پیرو کار ؛ مشیران قانونی ؛ مشیر ۔ (٤) قوت فیصلہ ۔ (٥) مقعد ۔ (٦) پوشیدہ خیال ؛ ارادہ ۔

Evangelical counsels : (دینیات) غربت ، عصمت اور فرماں برداری کے فرائض ۔

King's counsel : پیروکار شاہی ؛ وکیل سرکار (جسے دوسرے وکیلوں پر تقدم حاصل ہو) ۔

To keep counsel : (کسی بات کو) پوشیدہ رکھنا ۔

To keep one's own counsel : اپنے تك رکھنا ؛ راز میں رکھنا ۔

Counsel : (v) [L."Consiliare"] مشورہ دینا ؛ صلاح دینا ؛ سمجھانا ؛ سفارش کرنا ؛ ترغیب دینا ۔

Counsel of perfection : (۱) (دینیات کی اصطلاح) (کسی فعل کے) مستحب ہونے کا حکم ۔ (۲) قابل حصول نصب العین ۔

Counselable /-eble : (a) مشورہ دینے پر راضی ؛ قابل سفارش ۔

Counselled / Counseled : (a) سفارش کیا ہوا ؛ طے کیا ہوا ۔

Counselling / Counseling : (n) (۱) مشورہ لینا یا دینا ۔ (۲) کسی شخص کو اپنے مسائل اور امکانات کی طرف رہبری کرنے کی خدمت (نفسیاتی اصول اور ذرائع سے) ۔

Counsellor / Counselor : (n) (۱) مشیر ؛ صلاح کار ؛ وکیل ۔ (۲) رکن مجلس ۔ (۳) قونصلر (سفیر سے نیچے درجے کا افسر) ۔

Counsellor-at-law / Counselor-at-law : مشیر قانونی ؛ پیروکار (آج کل صرف آئرستان میں ان معنوں میں بولتے ہیں) ۔

Counsellorship : (n) مشیر کا عہدہ ۔

Count : (n) [Late L."Computum"] (۱) شمار ؛ گنتی ؛ تعداد ؛ جملہ ؛ حساب ۔ (۲) وقفہ ؛ مہلت مقابلہ ، تقریباً (دس دقیقے) جو چوٹ کھائے ہوئے مکے باز کو دیتے ہیں کہ وہ دوبارہ مقابلہ کے لئے تیار ہو ۔ (۳) (عدالتی اصطلاح) الزام (جس پر فرد قرار داد جرم مشتمل ہو) ۔ (٤) وقعت ۔ (٥) تاگے کی موٹائی ناپنے کا ایك طریقہ ۔

To keep (lose) count : حساب رکھنا ؛ حساب نہ رکھنا ۔

To put one out of count : بیکار کر دینا ۔

Count : (n) [L."Comitem"] نواب ؛ امیر (ایك لقب جو ممالك یورپ میں انگلستان کے ارل کا مرادف ہے) ۔

Count : (v) (۱) گننا ؛ حساب کرنا ؛ شمار کرنا ؛ گنتی گننا ۔ (۲) شامل حساب کرنا ؛ لگا لینا ؛ قابل حساب ہونا ؛ محسوب کرنا ۔ (۳) بچارنا ؛ خیال کرنا (کسی شئے کے متعلق) ۔ (٤) قدر کرنا ؛ سمجھنا ۔ (٥) قیمت، معنی یا اہمیت رکھنا ۔

To count out the house : (پارلیمنٹ کی اصطلاح میں) التوا کرنا ۔

Count-down : (n) (دس سے) الٹا شمار ۔

Count kin : (v) (سائنس) ہم نوع یا ہم خاندان ثابت ہو سکنا یا کیا جا سکنا ۔

Count nouns : (n) اسمائے شمار (لسانیات) ۔

Count on / upon : (v) آسرا ہونا ؛ بھروسا کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ کامل امید رکھنا ۔

Count-up : حاصل جمع نکالنا ؛ میزان بتانا ۔

Countable : (a) شمار پذیر ؛ گننے کے لائق ؛ قابل شمار ۔

Countable set : (n) (ریاضی) شمار پذیر سیٹ ۔

Countenance : (n) [L."Continentia"] (۱) صورت ؛ شکل ؛ حلیہ ؛ چہرہ ؛ بشرہ ؛ قیافہ ۔ (۲) حمایت ۔ (۳) سکون ضبط ۔

To keep (put) in countenance : ضبط کرنا (خاص کر ہنسی کو) ۔

To keep one's countenance : دم دینا ؛ دل جمعی کرنا ؛ خاطر جمع کردینا ؛ مطمئن کر دینا (عموماً مدد کے حوالے سے) ۔

To put out of countenance : حواس بگاڑ دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ گڑبڑ کر دینا ؛ گھبرا دینا ۔

Countenance : (v) (۱) منظوری دینا ؛ جائز رکھنا ۔ (۲) همت دلانا ؛ حمایت یا پشت پناهی کرنا ۔

Countenanced : (a) (۱) خاص طرح کا چهره رکھنے والا ۔ (۲) حمایت شده ۔

Countenancer : (n) حمایتی ؛ همت دلانے والا ۔

Counter : (n) [L. "Computatorium"] (۱) گٹا ؛ کنکری (جوئے میں خاص کر تاش کی هار جیت کا حساب رکھنے کے لئے) ۔ (۲) نقلی سکه ؛ کھوٹا سکه ۔ (۳) غلك تخته ؛ (روپئے گننے کی) میز یا تخته ؛ پیش تخته ۔

Counter : (n) شمار رکھنے کی ایك مشین ؛ (طبیعیات) کاؤنٹر ؛ گنك ۔

Counter : (n) [F. Counter (adv)] (۱) (شکار کی اصطلاح میں) شکار کی مخالف سمت ۔ (۲) مخالف ۔ (۳) گھوڑے کا سینه ۔ (٤) (جهازکی) کهنی یا گردنا (جو پانی سے اوپر اُبھرا رهتا هے) ۔

Counter : (n) [It."Contero"] (بنوٹ میں) گھماؤ کا هاتھ ؛ تیغ پیچ (حریف کی تلوار کی نوك پربشکل دائره نوك نکاکر وار کرنا) ۔

Counter : (n) [Short for "Counterfort"] (۱) (موچیوں کی اصطلاح) ایڑی (جوتے کی) ۔ (۲) مدافعت ۔

Counter : (n) Counter-tenor کا مخفف

Counter : (n) Counter-lode کا مخفف

Counter : (a) مقابل ؛ عکس ؛ حریف ؛ جوڑکا ؛ مثنی (کاغذ) ۔

Counter : (v) مخالفت کرنا یا هونا ؛ مسترد کرنا ؛ رکنا ؛ مقابله کرنا ؛ چال کا توڑ کرنا (شطرنج میں) ؛ (جواب میں) چال چلنا ؛ (مکے بازی میں) وار روك کر وار کرنا ؛ وار چلانا ۔

Counter : (adv) [F. "Contre"] بالعکس ؛ بالمقابل ؛ سمت مخالف میں ۔

Counter : (pref) [L. "Contra"] جزء ترکیبی حسب ذیل معنوں میں : (۱) مخالفت ؛ مخاصمت ؛ انسداد یا انتقام ۔ (۲) مخالف سمت یا رخ ۔ (۳) جوڑ یا جواب (ایسی چیزوں میں جن کے دو حصے هوں) ۔ (٤) عوض ؛ بدل ؛ مثنی ۔

Counter-acquittance : (n) دو طرفه چکوتی ۔

Counter-agency : (n) قوت مزاحمت ۔

Counter agent : (n) دافع عمل یا قوت ؛ مزاحم (شخص یا شئے) ۔

Counter approach : (n) (عموماً جمع میں) (حربی اصطلاح) هنگامی دمدمه (جو محصورین برج یا فصیل کے آگے محاصرین کو روکنے کی غرض سے بنالیں) ۔

Counter-arch : (n) (۱) مقابل محراب ۔ (۲) پشتهں کو جوڑنے والی محراب ۔

Counter-arch : (v) مقابل محراب بنانا ۔

Counter argument : (n) (نفسیات و تعلیمات) جوابی دلیل ۔

Counter attack : (n) (تاریخ) جوابی حمله ۔

Counter-attraction : (n) جوابی کشش ؛ ترغیب مخالف ؛ تجاذب ؛ کشاکش ؛ کشش متقابل ۔

Counter-attractive : (a) جوابی کشش رکھنے والا ؛ تجاذب رکھنے والا ؛ کشش متقابل رکھنے والا ۔

Counter balancing duty : (تجارت) توازنی تیکس ۔

Counter-battery : (n) متقابل توپ خانه ۔

Counter-beam : (n) (طباعت) وه بیرم جو مطبع کی پلیٹ سے ایك ڈنڈا کے ذریعه جڑی رهتی هے اور جس کے ذریعه حرکت پلیٹ تك پهنچتی هے ۔

Counter bill : (n) متقابل مسوده قانون ۔

Counter-bore : (v) کشاده کرنا ؛ سوراخ کرنا ۔

Counter-brace : (n) (۱) متقابل تسمه ۔ (۲) متقابل بادبان (جهازرانی) ۔

Counter-brace : (v) (جهاز رانی) متقابل بادبان لگانا ۔

Counter-carte : (n) (شمشیر زنی) جوابی پینترا ۔

Counter-ceiling : (n) بھراؤ (جو چھت اور اوپر کی منزل کے فرش کے درمیان کیا جائے) ۔

Counter check : (n) انسداد ؛ مزاحمت ؛ توڑ ؛ روك (جواب میں) ؛ (متروك) ترکی به ترکی جواب -

Counter check : (v) انسداد کرنا ؛ مزاحمت کرنا ؛ توڑ کرنا -

Counter-chevroned / Counter-chevrony : (a) (نقابت) (ڈھال کا)،تین کونیا نشان بنا ھوا یا عمودی طور پر بٹا ھوا (آدھا تین کونیا نشان متبادل رنگ کا ھوتا ھے) -

Counter-claim / Counter claim : (n) (تاریخ) جوابی دعوی ؛ بالمقابل دعوی -

Counter-claim / Counterclaim : (v) (تجارت) جوابی دعوی کرنا ؛ مدعا علیه نالش کرنا ؛ معارضه کرنا ؛ متقابل دعوی کرنا -

Counter claimant : (n) (تاریخ) بالمقابل دعویدار ؛ جوابی دعوی ؛ مدعاعلیه کی نالش ؛ معارضه ؛ متقابل دعوی -

Counter-clockwise : (adv & a) دائیں سے بائیں (کو) ؛ (ریاضی) ساعت وار -

Counter-coloured : (a) (نقابت) ڈھال کی بدلی ھوئی رنگ کاری-

Counter-compony : (a) (نقابت) متضاد رنگوں کے چھوٹے مربعوں کی دو قطاروں سے مرکب -

Counter-couchant / Counter-coutant : (a) (نقابت) مخالف سمتوں میں سگ نشست کئے ھوئے -

Counter-current : (a) متضاد -

Counter-dead : (a) خفیه دستاویز جو دوسری رسمی کار روائی باطل کر دے -

Counter-disengage : (v) (شمشیر زنی) دونوں حریفوں کا بیك وقت علاحده ھونا -

Counter dilemma : (n) (نفسیات و تعلیمات) دو جهتیں ؛ دوھری شکل -

Counter-drain : (n) متقابل نالا -

Counter-earth : (n) متقابل سیاره جو فیثاغورث کے مطابق زمین کے ساتھ گردش کرتا ھے اور اسے عالم وجود کی مرکزی آگ سے بچاتا ھے ؛ ثانوی زمین یا ارض -

Counter-embattled : (a) (نقابت) متقابل دندانے دار -

Counter-embowed : (a) (نقابت) متقابل خمیده (ایك دائیں جانب اور دوسری بائیں جانب) -

Counter-ermine : (n) (نقابت) کالے پر سفید نشانات -

Counter-espionage : (n) (تاریخ) جوابی جاسوسی ؛ دشمن کی جاسوسی کار روائیوں کا توڑ -

Counter-evidence : (n) مخالف دلیل ؛ مخالف شهادت -

Counter-extend : (v) متقابل طور پر کھینچنا -

Counter-extension : (n) (جراحی) متقابل کھچاؤ -

Counter-faced : (a) (نقابت) دو متقابل خط والا ؛ ڈھال کے بیچوں بیچ -

Counter-faller : (n) (کاتنے والی مشین میں) متقابل تار-

Counter-fessed : (a) (نقابت) دو متقابل خط والا ؛ ڈھال کے بیچوں بیچ -

Counter-fissure : (n) (جراحی) کھوپڑی کا متقابل شگاف یا شکستگی (جو ضرب کی مخالف سمت میں پڑے) -

Counter-force / Counterforce : (n) متقابل یا مخالف قوت یا طاقت -

Counter fund : (n) (تجارت) جوابی فنڈ -

Counter-gauge / Counter-gage /Counter guage : (n) تغیر پذیر آله٘ پیمائش -

Counter-gear : (n) ایك چلانے والا پرزه جهاں سے قوت پٹه کے ذریعه دوسری مشین کو جاتی ھے -

Counter-guard / counterguard : (n) [F."contregarde"] شمشیر کے دستے کا ایك حصه جو ھاتھ کو محفوظ رکھتا ھے -

Counter-hem : (n) (سوئی کا کام) متوازی اور متقابل مغزی -

Counter-hem : (v) متوازی مغزی لگانا -

Counter-indication : (n) مخالف علامت -

Counter-influence : (n) مخالف اثر -

Counter-influence : (v) مخالف اثر ڈالنا ۔

Counter intelligence : (n) جاسوسی کو روکنے کا انتظام کرنا ۔

Counter-interrogation : (n) جرح ۔

Counter invasion : (n) مخالف حملہ ۔

Counter-irritant : (a & n) (طب) اپاڑ کی دوا ؛ خراش آور ؛ سوزش پیدا کرنے والی دوا (جو دوسری جگہ کی شدید سوزش کو کم کر دے)۔

Counter-irritation : (n) ایک جگہ کی شدید سوزش کو کم کرنے کے لئے دوسری جگہ مصنوعی سوزش ۔

Counter-jumper : (n) دکان دار ۔

Counter-lath : (n) (چھت سازی) دو شہتیروں کے بیچ کی وہ لکڑی جو طولاً لگائی جائے ۔

Counter-lode : (n) (معدنیات) ضمنی پرت جو اصلی پرت کو قطع کرے ۔

Counter-motion : (n) (۱) متقابل حرکت ۔ (۲) جوابی تحریک ۔

Counter-move : (n) جوابی اقدام ۔

Counter-movement : (n) مخالف سمت میں حرکت ۔

Counter-naiant : (a) (نقابت) مخالف سمت میں تیرتا ہوا ۔

Counter-nationalisation : (n) بالمقابل قوی بنانا ۔

Counter-nebule : (a) متقابل لہروں والا ۔

Counter-offensive : (a) متقابل حملہ ؛ جوابی حملہ ۔

Counter-opening : (n) متقابل شگاف ۔

Counter-paled / Counter paly : (a) (نقابت) (ڈھال کا) عمودی طور پر مساوی حصوں میں منقسم ؛ افقی خطوط میں منقسم ؛ اوپر اور نیچے کا رنگ بدلا ہوا ۔

Counter-parade : (n) (شمشیر زنی) جوابی روک یا توڑ ۔

Counter-parole : (n) جوابی لفظ شناخت ؛ جوابی پرول ۔

Counter-parry : (n) دیکھو counter parade

Counter-passant : (n) (نقابت) مختلف سمت میں رخ کئے ہوئے ۔

Counter penalty : (n) (قدیم یونان) متقابل جرمانہ (وہ جرمانہ جو مدعاعلیہ خود تجویز کرے)

Counter-potent : (a) (نقابت) متقابل اساس یا پایہ رکھنے والا ۔

Counter-pressure : (n) مخالف دباؤ ۔

Counter-proof : (n) (طباعت) الٹی چھاپ ۔

Counter-proposal : (n) (تاریخ) جوابی تجویز ۔

Counter-prove : (v) الٹی چھاپ لینا ۔

Counter-quartered : (a) (نقابت) دوبارہ سپرگوشوں میں منقسم کیا ہوا ۔

Counter-quarterly : (a) دیکھو counter-quartered

Counter-raguled : (a) (نقابت) ترچھے ابھار اور نشیب والا ۔

Counter-rampant : (a) (نقابت) مخالف رخ کئے ہوئے کھڑا ہوا (پچھلے پیروں پر)۔

Counter-reformation : (n) جوابی اصلاح یا تجویز(بالخصوص وہ اصلاحی تحریک جو پروٹسٹنٹوں کے توڑ پر کیتھولک کلیسا میں شروع کی گئی تھی ؛ (تاریخ) تحریک رد اصلاح ۔

Counter-revolution : (n) انقلاب متقابلہ ؛ (تاریخ) رد انقلاب ۔

Counter-revolutionary : (a) (تاریخ) انقلاب دشمنی ۔

Counter-riposte : (n) (شمشیر زنی) جوابی وار کا جواب ؛ ضربت متقابل کا جواب ۔

Counter-round : (n) (حربی) افسروں کا طلایہ (طلایہ کی نگرانی کے لئے)۔

Counter-scale : (n) دیکھو counter-balance

Counter-seal : (v) متقابل مہر لگانا ۔

Counter secure : (v) (۱) مزید ضمانت دینا ۔ (۲) ضامن کو مزید تحفظ دینا ۔

Counter-security : (n) مزید ضمانت ۔

Counter-space : (n) (تجارت) کاؤنٹر گنجائش ۔

Counter speculation : (n) (تجارت) مخالف سٹه بازاری۔

Counter-spell : (n) باطل سحر ؛ جادو کا توڑ۔

Counter stand : (n) [after It. "contrasto"] متقابل ؛ مقاومت ؛ ایستادگی ۔

Counter-statement : (a) جوابی بیان ۔

Counter-step : (n) مخالف سمت میں قدم ؛ مخالف قدم ۔

Counter-taste : (n) مخالف ذائقه ۔

Counter-tendency : (n) متقابل میلان یا رجحان ۔

Counter-tenor : (n) (۱) (موسیقی) سب سےاونچا مردانه سر ۔ (۲) سب سے اونچی آواز ۔ (۳) سب سے اونچی آواز میں گانے والا ۔

Counter-term : (n) متقابل یا متبادل اصطلاح ۔

Counter-tide : (n) مخالف مد و جزر ۔

Counter-tierce : (n) (شمشیر بازی) مخالف تیسرا پینترا ۔

Counter-trench : (n) متقابل خندق ۔

Counter-trippant : (n) مخالف سمت میں چلتا ھوا ۔

Counter-tripping : (a) (نقابت) (ھرن وغیرہ) مخالف سمت میں چلتا ھوا ۔

Counter-turn : (n) (۱) مخالف موڑ یا پلٹنا ۔ (۲) غیر متوقع ترقی (کسی ڈرامه کے عمل میں) یا پلٹنا ۔

Counter-vote : (n) مخالف رائے دہی ۔

Counter-wall : (n) متقابل دیوار ۔

Counter-wish dream : (سماجیات) خلاف خواهش خواب ۔

Counteract : (v) دفعیه یا توڑ کرنا ؛ مزاحمت ؛ سد باب یا روک تھام کرنا ؛ کاٹ کرنا (تریاق وغیرہ دوا یا کسی مخالف عمل سے) اثر کم کرنا ؛ معتدل کرنا ؛ سمونا ؛ نرما دینا ۔

Counteractant : (n) توڑ کرنے والا ؛ مزاحمت کرنے والا ؛ کاٹ کر نے والا ؛ مزاحم ۔

Counteracter / -or : (n) توڑ کرنے والا ؛ مزاحمت کرنے والا ؛ کاٹ کرنے والا ؛ مزاحم ۔

Counteraction : (n) دفعیه ؛ توڑ ؛ سد باب ؛ کاٹ ؛ روک تھام ۔

Counteractive : (a) دافع ؛ مزاحم ؛ کاٹ کرنے والا ۔

Counteractively : (adv) بطور دافع ؛ بطور مزاحم ؛ کاٹ کرتے ھوئے ۔

Counterbalance : (v) (۱) مقابل میں وزن رکھنا ؛ دھڑا رکھنا ۔ (۲) جوابی توڑ کرنا ؛ کاٹ کرنا ۔

Counterbalance : (n) (۱) وزن مقابل ؛ توازن ؛ دھڑا ؛ پاسنگ ۔ (۲) (مجازاً) جوابی طاقت یا شئے ۔

Counterblast : (n) دندان شکن جواب ؛ کله شکن تردید ؛ کله به کله مخالفت ؛ سخت اعتراض ؛ ھنگامه ؛ شور (جواب میں) ۔

Counterblow : (n) جوابی ضرب ؛ بدله ۔

Counterbond : (n) جوابی ضمانت نامه ۔

Counterchange : (v) (۱) مبادله کرنا ۔ (۲) ادل بدل کرنا ؛ تبادله کرنا (کام یا مقامات کا) ۔ (۳) ڈھال کی رنگ کاری میں تبادله کرنا ۔

Counterchanged : (a) بدلی ھوئی (نقابت) ؛ ڈھال کی رنگ کاری ۔

Countercharge : (n) جوابی یا الٹی نالش ؛ جو مدعی یا مستغیث کے خلاف دائر کی جائے ؛ جوابی حمله ؛ مدافعت ؛ الزامی جواب ۔

Countercharge : (v) جوابی حمله کرنا ؛ الزام کا جواب دینا ۔

Countercharm / Counter-charm : (n) باطل سحر ۔

Countercharm : (v) سحر باطل کرنا ؛ جوابی سحر کرنا ۔

Countercurrent : (n) متضاد رو یا بهاؤ ؛ (کیمیا) الٹی رو ؛ (طبیعیات) مخالف کرنٹ ۔

Counterfeit : (a) [OF. "Contrefet"] (۱) نقلی ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی (سکه، تحریر وغیرہ) ۔ (۲) دغا باز شخص ۔

Counterfeit : (n) (۱) نقل ؛ چال ؛ جال ؛ تلبیس ؛ التباس ۔ (۲) جالی یا کھوٹا سکه ۔

Counterfeit : (v) (۱) نقل کرنا ؛ بنانا ؛ جعلی دستاویز وغیرہ بنانا ۔ (۲) بناوٹ کرنا ؛ جھوٹ یا جال بنانا ؛ حیلہ کرنا ؛فریب دینا ۔ (۳) بناوٹی جذبے کا اظہار کرنا جیسے (غصہ پیار وغیرہ) ۔ (٤) (استعارتاً) شبہ ہونا ؛ ہو بہو ہونا ؛ ملتبس ہونا ۔

Counterfeiter : (n) (۱) نقل کرنے والا ؛ فریب دینے والا ۔ (۲) جعلی سکہ بنانے والا ۔

Counterfeitly : (adv) جعل سازی سے ؛ فریبانہ طور پر ۔

Counterfeitness : (n) جعل سازی ؛ جعل ؛ کھوٹا پن ۔

Counterfleury /-flory : (a) [F."contrefleuri"] (نقابت) متقابل سوسن کے پھولوں والا (افقی لکیر کی دونوں جانب)۔

Counterfoil : (n) (تجارت) کاؤنٹر فوائل ؛ مثنی ؛ نصف ثانی (کسی رسید ، بہی یا حساب کی کتاب کا)۔

Counterfort : (n) [F."Contrefort"] (۱) پستہ ڈھال ؛ چبوترہ (جو کسی فصیل کی مضبوطی کے لئے بنایا جائے) ۔ (۲) پہاڑوں کے سلسلے کا ایک طرف نکلا ہوا حصہ ۔

Counterman : (n) پیش تختہ پر کام کرنے والا دکاندار ۔

Countermand : (v) [L."contra"+"mandare"] (۱) فسوخ یا رد کرنا ؛ (حکم کا) پھروا دینا ؛ واپس بلوانا یا لوٹانا (کسی شخص یا فوج کو پہلے حکم کے خلاف) ؛ (مال کی فرمائش) واپس لینا یا منسوخ کر دینا ۔

Countermand : (n) منسوخی ؛ تنسیخ حکم ؛ استرداد ؛ حکم مخالف ۔

Countermand of payment : (تجارت) تنسیخ حکم ادائی ۔

Countermandable : (a) قابل تنسیخ ؛ واپس کردینے والا ۔

Countermarch : (n) واپسی ۔

Countermarch : (v) (۱) واپسی کوچ کرنا ؛ مراجعت کرنا ۔ (۲) واپسی کوچ کروانا ۔

Countermarcher : (n) واپسی کوچ کرنے والا ۔

Countermark : (n) (۱) تصدیق یا نشان ؛ دوہرا ٹھپہ ؛ چھاپہ یا علامت شناخت (تجارتی مال یا مصنوعات پر مزید احتیاط کے لئے)۔ (۲) گھوڑے کے دانت کا مصنوعی جوف جو اس کی عمر چھپانے کے لئے بنایا جائے ؛ (تاریخ) دوہرا ٹھپہ ۔

Countermark : (v) (۱) تصدیق کرنا یا نشان لگانا ؛ دوہرا ٹھپہ لگانا ۔ (۲) گھوڑے کے دانت پر مصنوعی جوف بنانا (اس کی عمر چھپانے کے لئے)۔

Countermeasure : (n) جوابی تدبیر ؛ جوابی اقدام ؛ جوابی کار روائی ۔

Countermine : (n) (۱) جوابی سرنگ ؛ چورسرنگ (جو دشمن یا محاصرین کی سرنگ کو بیکار کرنے کے لئے بنائی جائے) ۔ (۲) تہ آب سرنگ (جو پھٹ کر دشمن کی بحری سرنگوں کو اڑا دے) ۔ (۳) (استعارتاً) جوڑ کا توڑ ؛ سازش کا جواب سازش ؛ داؤ ۔

Countermine : (v) (۱) چور سرنگ بنانا ؛ جوابی سرنگ بنانا ؛ تہ آب سرنگ بٹھانا ۔ (۲) جوابی سازش سے شکست دینا ۔

Countermure : (n) [F."contremur"] (حربی) دیوار پر دیوار ؛ دوہری دیوار (مزید حفاظت اور مدافعت کے لئے)۔

Countermure : (v) (۱) دیوار پر دیوار بنانا ۔ (۲) دوہری دیوار سے مدافعت کرنا ۔

Counterpane : (n) پلنگ پوش ۔

Counterpart : (n) نقل ؛ مثنی ؛ نصف ثانی ؛ جوڑ ؛ جواب (یعنی تکمیلی جز) ؛ تکملہ ؛ (موسیقی) ایک حصہ جو دوسرے حصے کے لئے لکھا گیا ؛ (تجارت) جوابی ۔

Counterpart fund : (n) (تجارت) مقابلی فنڈ ۔

Counterplea : (n) (قانون) جوابی عذر ؛ متقابل ادعا ؛ رد جواب ۔

Counterplot : (n) جوڑکا توڑ ؛ سازش کا جواب سازش ؛ جوابی چال ۔

Counterplot : (v) توڑکرنا ؛ داؤ کھیلنا ؛ چال چلنا ؛ سازش روکنا یا نہ چلنے دینا ۔

Counterpoint : (n) [F."Contrepoint" & also COUNTER+POINT] (۱) (یورپی موسیقی) جوڑ (جو کسی راگنی میں لگایا جائے) ؛ آہنگ جفت ۔ (۲) لحنوں کو باہم ترکیب دینے کا فن ۔ (۳) مقابل نقطہ ؛ تضاد ؛ صفت تضاد ۔

Double counterpoint : دوھری سرگم کا جوڑا ۔

Counterpointed : (a) (نقابت) ڈھال پر دو مخالف تین کونیا نشان کا ملا ھوا ھونا ۔

Counterpoise : (n) [OF."countrepeis"] (۱) دوھرا ؛ پاسنگ ۔ (۲) توازن ؛ متوازی یا ھم وزن چیز ؛ متقابل وزن ۔

Counterpoise : (v) متوازی یا ھم وزن کر دینا ؛ پاسنگ رکھنا ؛ برابر کرنا ۔ (عملاً یا استعارتاً) کمی پوری کرنا ؛ تلافی کر دینا ۔

Counterpoison / Counter-poison : (n) تریاق ؛ ضد سم ۔

Counterpole : (n) (۱) کاملاً مخالف ۔ (۲) مخالف قطب میں ۔

Countersalient : (a) (نقابت) مخالف سمتوں میں اچھلتا ھوا ۔

Counterscarp : (n) [F."Contrescarpe"] خندق کی بیرونی دیوار یا پشتہ ۔

Counterseal : (n) (تاریخ) مہر مثنی ؛ متقابل مہر ۔

Countersense : (n) [F."Contresens"] الٹے معنی ؛ سوئے تعبیر یا تفسیر ۔

Countershaft : (n) درمیانی دھرا ۔

Countersign : (n) [OF."countresigne"] (۱) تصدیقی دستخط ؛ نشان تصدیق ۔ (۲) پرول بجھاوا ؛ جوابی لفظ ؛ شناخت ۔

Countersign : (v) (مقابل میں یا دوسرے کے بعد) دستخط کرنا ؛ تصدیق کرنا ؛ منظوری لکھ دینا ؛ اثبات کرنا ۔

Countersignature : (n) تصدیقی دستخط ۔

Countersink : (n) (۱) کھر یا روزن بنانے کا اوزار ۔ (۲) قیف نما سوراخ (پیچ بٹھانے کے لئے) ۔

Countersink : (v) قیف نما سوراخ بنانا ؛ قیف نما سوراخ میں بٹھانا ۔

Counterslope : (n) (۱) مخالف سمت میں ڈھلوان ۔ (۲) آگے نکلی ھوئی ڈھلوان ۔

Counterstroke : (n) (تاریخ) جوابی ضرب ۔

Countersubject : (n) (موسیقی) ضمنی نغمہ ۔

Countersunk : (a) قیف نما سوراخ ؛ قیف نما سوراخ میں بٹھایا ھوا ۔

Countertype : (a&n) (۱) مساوی ؛ برابر ؛ متوازی ۔ (۲) متقابل نمونہ ۔

Countervail : (v) [L."contra valere"] (۱) ھم پلّہ ھونا ؛ ھم وزن ھونا ؛ ٹکر کا ھونا ؛ برابر کے جوڑ کا کرنا یا ھونا ۔ (۲) تلافی کرنا ۔

Countervail : (n) ھم پلّہ ؛ ھم وزن ؛ برابر کے جوڑ کا ۔

Countervailing credit : (n) (تجارت) متلافی قرض ۔

Countervailing duty : (n) متلافی ڈیوٹی ۔

Countervailing power : (n) متلافی قوت ۔

Countervair : (n) (نقابت) نشان جس کے ھم رنگ نقوش نوک بہ نوک یا پہلو بہ پہلو ھوں ۔

Countervairy : (a) (نقابت) ایسے نشان والا جس کے ھم رنگ نقوش نوک بہ نوک ھوں ۔

Countervallation : (n) دیکھو Contravallation

Counterview : (n) مخالف رائے ، عقیدہ یا نظریہ ۔

Counterweigh : (v) (۱) موازنہ کرنا ۔ (۲) پاسنگ ھونا ۔

Counterweight / Counter-weight : (n) پاسنگ ۔

Counterword : (n) ایسا لفظ جو عام اور بہت سے مبہم اور مختلف معنوں میں استعمال ھو ۔

Counterwork : (n) (۱) جوابی مورچہ ، دمدمہ جو دشمن (خاص کر معاصرین) کے توڑ پر بنایا جائے ۔ (۲) مخالفانہ کار روائی ۔

Counterwork : (v) توڑ کرنا ؛ سدّباب کرنا ؛ مقابل یا جواب ھونا ۔

Counterworker : (n) توڑ کرنے والا ؛ مخالف ۔

Countess : (n) [late L."comitissa"] (۱) ارل یا کونٹ کی بیوی یا بیوہ ۔ (۲) کونٹس ۔ (۳) چھت پاٹنے کی درمیانہ سائز کی سلیٹ ۔

Counting / Compting : (n) شمار کرنا ؛ شمار گذاری ۔

Counting house : (n) دفتر (تاجروں کا) ؛ محاسب خانہ ؛ کھاتا گھر ۔

Counting-room : (n) شمار کا کمرہ ۔

Countless : (a) بے شمار ؛ لا تعداد ؛ بے حساب ۔

Countour / Countor : (n) [AF."countour"] (۱) محاسب ؛ شمارندہ ۔ (۲) وکیل (عالی رتبہ وکیل) ۔

Countrified / Countryfied : (a) گنوارو ؛ دہقانی ؛ دیہاتی ؛ سادہ ؛ بے ریا ۔

Countrify : (v) گنوارو ؛ دیہاتی یا دہقانی بنانا ۔

Country : (n) [late L."contrata"] (۱) ملک ؛ خطہ ؛ سر زمین ؛ مرز بوم ؛ کشور ۔ (۲) دیس ؛ زار بوم ۔ وطن ۔ (۳) دیہات ؛ دیہ (خاص کر پایہ تخت کے باہر علاقہ) ؛ علاقہ اضلاع ؛ مفصلات ۔ (٤) ایک ملک یا علاقے کا باشندہ ۔ (٥) جیوری ۔ (٦) رائے دہندوں کی جماعت ۔ (۷) (جہاز رانی) سمندری علاقہ ؛ جہاز میں افسر کے کیبن کا حصہ ۔ (۸) چٹان جس میں خام دھات یا معدن کی درز ہو ۔ (۹) (کرکٹ) میدان سے باہر کا حصہ ؛ بیرونی فیلڈ ۔

Appeal to the country : اہل ملک یا انتخاب کنندگان کا قوم سے فیصلہ چاہنا ۔

In the country : (کرکٹ کا محاورہ) وکٹ سے دور ؛ نشانے سے بالکل الگ ۔

Country box : (n) چھوٹا دیہاتی گھر ۔

Country cousin : (n) دہقانی بھائی ؛ دیہاتی بھائی ؛ بھیا ؛ دیہات کے عزیز و اقربا ۔

Country craft : (n) (تجارت) دیسی کشتی ۔

Country dance : (n) دیہاتی رقص ؛ دیہاتی ناچ ؛ (خاص کر وہ یورپی ناچ جس میں مرد و عورت کے جوڑے آمنےسامنے دو قطار میں کھڑے ہو کر ناچتے ہیں) ۔

Country-folk : (n) دیہاتی ؛ دہقانی ۔

Country-houses : (n) دیہات میں امرا کے مکان کو کہتے ہیں ؛ (تاریخ) (امرا کا) دیہاتی مکان ۔

Country note : (n) مقامی نوٹ ؛ مقامی بینک کے جاری کردہ نوٹ ۔

Country of destination : (تجارت) ملک مقصود ۔

Country of origin : (تجارت) ملک آغاز ۔

Country-party : (n) ہوا خواہان مزارعین یا کسانوں کی حامی جماعت ۔

Country-people : (n) دیکھو Country folk

Country-seat : (n) دیکھو Country house

Country-town : (n) ایک چھوٹا شہر جو کسی دیہاتی علاقہ میں واقع ہو ۔

Countryman : (n) (۱) ہم وطن : اہل کشور ؛ دیس کا ۔ (۲) کسی خاص ملک یا علاقہ یا سرزمین کے باشندے ۔

Countryside : (n) بیرون (شہر) ؛ دیہات کا علاقہ (نیز دیہاتی آبادی) ۔

Countrywide : (a) ملک گیر ۔

Countrywoman : (n) ہم وطن عورت ؛ کسی ملک یا علاقہ کی رہنے والی عورت ۔

Countship : (n) کاؤنٹ کا عہدہ یا حلقۂ اقتدار ۔

County : (n) [L."comitatus"] (۱) (انگلستان اور اکثر نو آبادیوں میں) ایک ضلع ؛ سرکار ؛ محال ؛ کاؤنٹی ۔ (۲) باشندگان ضلع ؛ اہل ضلع ۔ (۳) عدالت ضلع ۔ (٤) ضلع کا ۔

County-borough : (n) ضلع نما ؛ سرکار (کم از کم ایک لاکھ آبادی کے مقامات جو بعض انتظامی اغراض کے لئے ضلع کے برابر مان لئے جائیں) ۔

County-corporate : (n) مقام ضلع رتبہ (کوئی آبادی یا شہرجو انتظامی اغراض کے لئے ضلع مان لیا جائے) ۔

County-council : (n) مجلس ضلع ؛ ضلعیہ ۔

County-court : (n) عدالت ضلع (خاص کر قرض کے چھوٹے معاملات فیصل کرنے والی عدالت) ۔

County-court : (v) عدالت ضلع میں نالش یا دعویٰ کرنا ۔

County-family : (n) زمین داری خاندان ؛ جاگیر دار (جن کی آبائی جاگیر اضلاع میں ہو) ۔

County palatine : (n) کاؤنٹ یا ارل کی قلمرو ۔

County sessions : (n) عدالت عالیہ کا سہ ماہی اجلاس ۔

County town : (n) عدالت کا مستقر یا صدر مقام ۔

Coup : (n) [OF. " coup / cop / colp"] (۱) گرنا ۔ (۲) نقص جس کی وجہ سے کوئلے کی پرت جھک جاتی ہے ۔ (۳) گاڑی کوڑا کرکٹ ؛ (تاریخ) ناگہانی وار ۔

Coup / Coop : (n) کوڑا گاڑی ۔

Coup : (n) [Gr."kolaphos"] (۱) پوری چوٹ ؛ بھرپور وار ؛ کارگر ضرب یا عمل ۔ (۲) (بلیرڈ کی اصطلاح) ایک ہی چوٹ میں گیند کو تھیلی میں پہنچا دینا ۔ (۳) مؤثر کاروائی ۔

Coup / Cowp : (v) [ON. "kaupa"] خریدو فروخت کرنا ؛ مبادلہ کرنا ۔

Coup / Coupe : (v) (نقابت) صاف کاٹنا (خصوصاً جانوروں کے سر کا) ۔

Coup : (v) (۱) الٹنا ؛ جھکا دینا ۔ (۲) الٹ دینا ۔

Coup de foudre : (n) [F.] تعجب خیز ماجرا (بالخصوص انتہائی عجیب پہلی نظر میں) ۔

Coup de grace : (n) [F.] خاتمہ کا ہاتھ ؛ کاری ضرب ؛ (تاریخ) فیصلہ کن ضرب ۔

Coup de main : (n) [F.] ناگہانی حملہ ؛ سخت حملہ؛ یورش ۔

Coup de maitre : (n) [F.] (تاریخ) استادی کی چال ۔

Coup de oeil : (n) [F.] تفصیلی نگاہ ؛ جامع نظر یا تبصرہ ۔

Coup de poing : (n) [F.] (تاریخ) (بغیر دستہ کی) پتھر کی کلہاڑی ۔

Coup de tat : (n) [F.] (حکومت میں) انقلاب ؛ ناگہانی تغیر یا الٹ پلٹ ۔

Coup de theatre : (n) [F.] (ناٹک کاسا) ناگہانی موقع ؛ غضب کاواقعہ ؛ عجیب یا ششدر کن ماجرا ۔

Coup-gorge : (n) [F.] ایسی خطرناک حالت کہ فوج یا تو ہتھیار رکھدے یا ختم ہو جائے ۔

Coupe : (a) [F."couper"] (نقابت) کٹا ہوا (سر) نشان ؛ بغیر سر کا نشان ۔

Coupe : (n) [F.] (۱) چوپہیا، ایک قسم کی فٹن (جس میں اندر صرف دو آدمی اور باہر کوچوان ہوتا ہے) ۔ (۲) (ریل گاڑی کے سرے پر) چھوٹا ڈبہ ؛ بغلی درجہ ۔ (۳) دو دروازے والی بند موٹر گاڑی ۔ (٤) coupee = رقص میں تیز حرکت (ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں کی طرف جانا) ۔

Coupee : (n) [F."coupe"] رقص میں تیز حرکت (ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں کی طرف جانا) ۔

Coupee : (v) رقص میں تیز حرکت کرنا ۔

Couper / Cowper : (n) مویشی یا گھوڑوں کا تاجر ۔

Couple : (n) [L."copula"] (۱) جوڑی کی زنجیر (جس میں دو کتے بندھے ہوں) ۔ (۲) جوڑا (کتوں کا یا دوسرے جانوروں کا) ۔ (۳) جفت ؛ جوڑ ؛ جٹ (خاص کر ناچ میں) ۔ (٤) زوج ؛ میاں بیوی؛ دولہا دولہن ؛ جوڑی (شادی یانسبت شدہ مرد عورت کی) ۔ (۵) گویوں کی جوڑی ؛ (سائنس) ضدین ؛ دو مخالف قوتیں ۔ (٦) (برقیات) مختلف دھاتوں کی پلیٹوں کا جوڑابجلی پیدا کرنے کے لئے ۔ (۷) (طبیعیات) مل جگ ؛ (ریاضی) جفتہ ۔

A couple of : ایک جوڑا ؛ جفت ۔

Moment of couple : (طبیعیات) مل جگ کا گھوم کار ۔

Thermo couple : (طبیعیات) تاپ جگ ؛ حربرقی جفت ۔

To go / hunt / run / in couple : کتوں کی جوڑی لے کر نکلنا ؛ شکار کھیلنا ؛ دوڑنا ۔

Couple : (v) (۱) جوڑنا ؛ باندھنا (خاص کر کتوں کی جوڑیوں کو) گرہ دینا ؛ وابستہ کرنا ؛ (ریل گاڑی میں) حلقہ یا کڑی لگانا ؛ کندا ڈالنا ۔ (۲) ملانا ؛ جمع کرنا ؛ نکاح یا مواصلت کرنا ؛ بیاہ دینا نیز ملنا ؛ جفتی ہونا ؛ ہم بستر ہونا ۔ (۳) ساتھ دینا ؛ ہم آہنگی کرنا (خیالات یا تقریر میں) ۔

Couple-close : (n) (۱) (نقابت) چھوٹا تین کونیا نشان ۔ (۲) (چھت کی) جوڑی ہوئی کڑیاں ۔

Coupled : (a) وابستہ ؛ ملا ہوا ؛ جڑا ہوا ۔

Coupled circuit : (n) (طبیعیات) جگ بند سرکٹ ۔

Coupler : (n) کانٹا ؛ حلقہ (دو پرزوں کو ملانے والا) ؛ کھٹکا ۔

Couplet : (n) [F. dim. of "couple"] (۱) بیت ؛ فرد ۔ (۲) جوڑا ؛ جفت ۔ (۳) (تعمیرات) دوطرفہ روشنی والی کھڑکی ۔ (٤) (موسیقی) دو برابر سر جو تین آہنگ والے نغمے میں ہوں ۔

Coupling : (n) (۱) ریلوں کو جوڑنے کا کنڈا ؛ حلقہ ؛ کانٹا (دو پرزوں کو ملانے کے لئے) ۔ (۲) مباشرت ؛ مجامعت ؛ ہم بستری ۔ (۳) جوڑنے یا جٹنے والی کوئی چیز ۔ (٤) کتے کے جسم کا مونڈھے کے سرے سے کمر تک کا حصہ ۔ (٥) (برقیات) برقی رو کو ایک برقی رو سے روسری برقی رو تک منتقل کرنے کا ذریعہ ۔ (٦) (طبیعیات) کپلنگ ؛ جگ بندی ۔

Capacity coupling : (طبیعیات) صلاحیت جگ بندی ۔

Choke capacity coupling : (طبیعیات) چوک صلاحیت جگ بندی ۔

Close coupling : (طبیعیات) کڑی جگ بندی ۔

Loose coupling : (طبیعیات) ڈھیلی جگ بندی ۔

Resistance capacitance coupling : (طبیعیات) مزاحمت صلاحیت جگ بندی ۔

Tight coupling : (طبیعیات) کڑی جگ بندی ۔

Coupling box : (n) دھروں کے سروں کو ملانے والا فلزی ڈبہ تا کہ دونوں دھرے ساتھ ساتھ گھوم سکیں ۔

Coupling chain : (n) جوڑنے والی کڑی ۔

Coupling coefficient : (n) (طبیعیات) جگ بندی گنک ۔

Coupling condenser : (n) (طبیعیات) جگ بندیہ کنڈینسر ۔

Coupling pin : (n) ریل کے ڈبوں کو جوڑنے کی کیل ۔

Coupling-pole : (n) (گاڑی) اگلے اور پچھلے چکر کو ملانے والا ڈنڈا ۔

Coupling reins : (n) دو گھوڑوں کو ساتھ جوڑنے والی لگام ۔

Coupling resistance : (n) جگ بندیہ مزاحمت ۔

Coupling rod : (n) ریل گاڑی کے پہیوں کو جوڑنے والی سلاخ ۔

Coupon : (n) [F."coupon"] (۱) کوپن ۔ (۲) سفارش (سیاسی جماعت کے رہنما کی کسی امیدوار کی) ۔ (۳) نمونہ ۔

Coupon order : (n) (تجارت) کوپن آڈر ۔

Coupon policy : (n) (تجارت و معاشیات) کوپن پالیسی ۔

Coupure : (n) [F."couper"] (حربی) خندق ؛ شگاف ؛ بریدگی ۔

Courage : (n) [OF."corage","curage"] ہمت ؛ دلاوری ؛ دلیری ؛ شجاعت ؛ بہادری ۔

Courage of one's opinions : خیال کے مطابق عمل کرنے کی ہمت ۔

Dutch courage : نشے کی مردانگی ۔

To take one's courage in both hands : پوری جرأت کے ساتھ کسی کام کے لئے تیار ہو جانا ۔

Couraged : (a) با ہمت ؛ دلیر ؛ جری ۔

Courageless : (a) بے ہمت ؛ ڈرپوک ؛ بزدل ۔

Courageous : (a) باہمت ؛ جری ؛ دلیر ؛ دلاور ؛ شجاع ؛ بہادر ۔

Courageously : (adv) ہمت کے ساتھ ؛ دلیرانہ ؛ دلاورانہ ۔

Courageousness : (n) ہمت ؛ جرأت ؛ بہادری ؛ دلیری ۔

Courant : (a & n) [L."currentem"] (نقابت) دوڑتا ہوا ۔

Courant : (n) [F."courant"] اخبار ؛ روزنامہ ۔

Courant : (n) (۱) ایک قسم کا رقص ۔ (۲) اس رقص کی موسیقی ۔

Courante / Courant : (n) [F.] دیکھو Courant

Courap : (n) [West Indies"khurup"] ایک قسم کی خارش ۔

Courbaril : (n) [Native Amer.] جزائر غرب الہند کا ایک درخت اور اس کا گوند ۔

Courbash : (n) [Turk."qirbach"] کوڑا ۔

Courbette : (n) =(Curvet) [F.] گھوڑے کی لنگوری چال ؛ جست و خیز ۔

Courier : (n) [L."currere"] (۱) هرکاره ؛ اهل کار سفر ؛ منصرمہ سفر ۔ (۲) پیك ؛ قاصد ؛ نامہ بر ؛ پیك سیاسی ۔ (۳) اخبارکا نام ۔

Courier service : (n) (تاریخ) سفارتی ڈاك لے جانے والا ۔

Courlan : (n) [Fr.] امریکہ کی ایك لمبی چونچ والی چڑیا ۔

Course : (n) [L."cursum"] (۱) رفتار ؛ روش ؛ طریق ؛ راه ؛ رستہ ۔ (۲) تعاقب (خاص کر خرگوش کا کتوں سے) ؛ پیچھا ؛ رگید ؛ کھدیڑ ؛ دوڑ ۔ (۳) چال چلن ؛ طرز ؛ رویہ ۔ (٤) گھوڑ دوڑ کا میدان ؛ چکر ۔ (٥) گزرآب ؛ دریا گزار (جس میں سے پانی بہتا ہو) ؛ گزر گاہ آب ۔ (٦) کھانے کا دور ۔ (۷) ردا (پتھر یا مٹی وغیرہ کا) ؛ چنائی کا ایك دور ۔ (۸) حملہ ؛ وار ؛ مجادلہ ۔ (۹) (جہاز رانی) سمت (جمع میں) قطب نما کے نقطے ۔ (۱۰) دور ؛ سلسلہ ۔ (۱۱) حیض ؛ ماہواری ۔ (۱۲) مجوزہ سلسلہ ۔ (۱۳) نصاب ۔ (۱٤) (کان کنی) دھات کی درز ۔ (۱٥) (جہاز رانی) نچلے بادبان ۔ (۱٦) آدمی کی جماعت جو باری باری کام کرے ۔

Academic course : (نفسیات و تعلیمات) تعلیمی نصاب ۔

A dangerous course : عام طریق ؛ عام صورت ؛ خطرناك طریق عمل ۔

Advanced course : (نفسیات و تعلیمات) اعلا نصاب ۔

Basic course : (نفسیات و تعلیمات) بنیادی نصاب ۔

Extension course : (نفسیات و تعلیمات) توسیعی نصاب ۔

Tore, main course : (بحری) اگلا یا پچھلا بادبان ۔

In course : فطری طور پر ۔

In course of : دوران میں ۔

Integrated course : (نفسیات و تعلیمات) مخلوط نصاب ۔

Of course : بے شك ؛ لا کلام ؛ لا محالہ ۔

Matter of course : معمولی بات ؛ معمولاً ۔

Orientation course : (نفسیات و تعلیمات) تعارفی نصاب ۔

Race course : گھوڑ دوڑ کا میدان ۔

Refresher course : (نفسیات و تعلیمات) اعادی نصاب ۔

Sandwich course : (نفسیات و تعلیمات) درمیانی نصاب ۔

Terminal course : (نفسیات و تعلیمات) اختتامی نصاب ۔

Vocational course : (نفسیات و تعلیمات) نصاب حرفت ۔

Course : (v) (۱) پیچھا لینا ؛ رگیدنا ؛ کتے دوڑانا (شکار کے تعاقب میں) ۔ (۲) گھوڑا پھیرنا ، دوڑانا ۔ (۳) دوڑنا؛ نکلنا ؛ تیز بہنا ۔ (٤) گزرنا ؛ چلنا ۔ (٥) ردا لگانا ۔ (٦) دوڑ کی مشق کرنا ۔

Course of exchange : مبادلہ کی شرح ۔

Course of lecture : اسباق یا خطبات کا سلسلہ ۔

Course of nature : فطری نظام ۔

Coursed : (a) (۱) پیچھا کیا ہوا ؛ تعاقب کیا ہوا ۔ (۲) ردا لگایا ہوا ۔

Courser : (n) (۱) شکاری ؛ شکاری کتا ۔ (۲) پتھر جو معماری میں ردا لگانے کے کام آتا ہے ۔

Courser : (n) (شاعری میں) شب دیز ؛ اسپ باد پا ؛ صبا رفتار ۔

Courser : (n) ایك قسم کی چڑیا ۔

Courser : (n) گھوڑا کرایہ پر لینے والا ۔

Coursing : (n) (۱) کتوں کے ذریعہ خرگوش وغیرہ کا شکار ؛ شکار کا تعاقب ۔ (۲) رگیدنا ۔ (۳) دوران ہوا ۔

Court : (n) [L."cohortem"] (۱) صحن خانہ ؛ انگنائی ؛ چوک ؛ (کیمبرج یونیورسٹی میں) کلیہ ، کالج یا اقامت خانہ کا صحن ۔(۲) بیت خانہ یا حصہ (دار الفنون یا تماشش گاہ)۔ (۳) احاطہ ؛ چوک ؛ کھیل کی جگہ (کھلی یا پٹی ہوئی) ؛ ٹینس کا میدان ۔(٤) راج محل ؛ قصر شاھی ؛ محل شاھی ؛ دولت سرا (شاھی ایوان) ؛ دربار ؛ درباری لوگ ؛ دیوان شاھی ؛ بادشاہ اور وزرا ؛ بادشاھی یا حکومت ۔(٥) منتخب یا مقرر اراکین کی جماعت ؛ مجلس ۔(٦) دربار داری ؛ آستانہ بوسی ؛ خوشامد درآمد ؛ آداب سلام ؛ توجہ ؛ اھتمام (نگاہ عنایت کے لئے)۔ (۷) عدالت ؛ کچھری ؛ جج ؛ منصف ؛ مجلس قانون ساز ۔(۸) قلعہ یا بڑی عمارتیں ۔

Adolescent court : (سماجیات) نوجوانوں کی عدالت ۔

Canonical court : (سماجیات) چرچ عدالت ۔

Children s court : (سماجیات) بچوں کی عدالت ۔

Drumhead court martial : تحقیقات یا سماعت سر میدان (جو میدانی جنگ یا کوچ کے اثناء میں سرسری طور پر کی جائے)۔

High court : عدالت عالیہ ؛ صدر عدالت ؛ عدالت گاہ اعلیٰ ۔

Out of court : خارج از بحث ؛ نا قابل سماعت (دعویٰ یا دلیل)۔

Supreme court : عدالت اعظم ۔

Court : (v) (۱) دربار داری ؛ خوشامد یا چاپلوسی کرنا ۔ (۲) رجھانا ؛ پرچانا ؛ محبت ؛ لگاوٹ یا عشق بازی کرنا ۔(۳) چاھنا ؛ طالب ھونا ؛ منہ مانگنا ؛ خواستگار ھونا ۔

Court-almanac : (n) شاھی خاندان اور ان کے متوسلین کی فہرست ۔

Court-baron : (n) [AF."court baron"] لاخراج رعیتوں کی ان کے زمیندار کی صدارت میں مجلس ۔

Court calendar : (n) دیکھو Court-almanac

Court-card : (n) اصلاً کوٹ کارڈ (Coat card) ، تصویر والے پتے: بادشاہ ، بیگم اور غلام ۔

Court Christian : (n) کلیسائی عدالت ۔

Court-circular : (n) عدالتی گشت نامہ ؛ عدالت کی کارروائی کی روداد ۔

Court craft : (n) فرماں روائی کا ھنر ۔

Court day : (n) دربار یا عدالت کا دن ۔

Court dress : (n) درباری لباس ۔

Court etiquette : (n) (تاریخ) درباری آداب ۔

Court fool : (n) درباری مسخرہ ؛ مسخرہ جو شاہزادے کا دل بہلانے کے لئے مقرر ھو ۔

Court guide : (n) ایک کتاب جس میں شرفاء اور معززین شہر کے نام اور پتے درج ھوں ۔

Court-hand : (n) سرکاری دستاویزوں کی تحریر ۔

Court-house : (n) (۱) عدالت کا کمرہ ۔(۲) امیر کا گھر ۔ (۳) (امریکا) ضلع کا مستقر یا صدر مقام ۔

Court jester : (n) دیکھو Court fool

Court-land : (n) امیر کی جاگیر ۔

Court-man : (n) دیکھو Courtier

Court-marshal : (n) میر دربار (بادشاہ کا)۔

Court-martial : (n) جنگی عدالت جس کے قوانین علاحدہ اور بہت سخت ھوتے ھیں ۔

Court-martial : (v) جنگی عدالت یا قوانین کے مطابق مقدمہ چلانا ؛ فوجی تحقیقات کرنا ۔

Court-newsman : (n) (۱) وہ آدمی جسے درباری کارروائیوں کی خبریں جمع کرنے کے لئے مقرر کیا جاتا ھے ۔(۲) درباری امورات کی خبر دینے والا ؛ درباری نامہ نگار۔

Court of appeal : (تاریخ) اپیل کی عدالت ۔

Court of claims : وہ عدالت جہاں کسی کے دعوے کا فیصلہ ھوتا ھے ۔

Court of couscience : ضمیر ؛ چھوٹے قرضوں کے وصولی کی عدالت ۔

Court of record : وہ جگہ جہاں قوانین اور عدالتی کارروائیاں چرمی کاغذ پر لکھ کر بطور یادگار دائماً قائم رھنے کے لئے رکھی جاتی ھیں ۔

Court of Request : چھوٹے قرضوں کے وصولی کی عدالت ۔

Court party : (n) شاهی پارٹی ۔

Court plaster : (n) چپك پهایا ۔

Court poet : (n) (تاریخ) درباری شاعر ۔

Court-room : (n) وہ کمرہ جہاں باضابطہ عدالتی اجلاس هوتا هے ؛ عدالت کا کمرہ ۔

Court-suit : (n) وہ اجلاس جہاں مقدمہ دائر هوتا هے ۔

Court-sword : (n) درباری شمشیر ۔

Court-yard / Courtyard : (n) آنگن ؛ انگنائی ؛ صحن خانہ ؛ احاطہ ۔

Courtage : (n) [L."curare"] دلالی ۔

Courtagie : (n) دلالی لینے والا ۔

Courteous : (a) [OF."corteis","curteis"] خلیق ؛ مہذب ؛ شائستہ ؛ با ادب ؛ متواضع ۔

Courteously : (adv) تواضع یا شائستگی سے ؛ مہذب طریقہ سے ۔

Courteousness : (n) تواضع فرمائی ؛ شائستگی ؛ تواضع ؛ تہذیب ۔

Courter : (n) محبت کرنے والا ؛ عاشق ۔

Courtesan / Courtezan : (n) [OF."cortesie"] (۱) وہ جو کسی شاهزادے کے دربار سے وابستہ هو ۔ (۲) (تاریخ) ڈیرہ دار طوائف ؛ بیسوا ؛ ڈیرہ دار ۔

Courtesy : (n) [OF."cortesie"] (۱) تواضع ؛ انکسار ؛ خوش خلقی ۔ (۲) تولیت شوهر (متوفیہ بیوی کی خاص خاص املاك پر) ۔ (۳) تحفہ ۔ (٤) زنانہ کورنش ۔

By courtesy : از راہ عنایت ؛ رعایتاً ؛ محض مہربانی سے ۔

Of / by courtesy : بر بنائے حق ؛ از راہ عنایت ۔

Courtesy : (v) زنانہ کورنش کرنا ؛ آداب بجا لانا ۔

Courtesy of England / Scotland : تولیت شوهر (متوفیہ بیوی کی خاص خاص املاك پر) ۔

Courtesy title : (n) تکریمی خطاب (غیر سرکاری جس کی کوئی قانونی حیثیت نہ هو) ۔

Courtier : (n) [F."cortoyer"] درباری ؛ دربار باش ؛ حضوری ؛ مصاحب یا ندیم شاهی ۔

Courtierism : (n) دربار داری ؛ دربار باشی ۔

Courtierly : (adv) درباراً نہ ؛ حضوری سے ۔

Courtiership : (n) دربار داری ؛ دربار باشی ۔

Courtless : (a) بے احاطے کا ؛ بے صحن کا ؛ بے دربار کا ۔

Courtlet : (n) چھوٹا احاطہ ۔

Courtlike / Court-like : (a) مہذب ؛ شائستہ ۔

Courtliness : (n) شائستگی ؛ دنیا سازی ۔

Courtling : (n) نوجوان یا غیر اهم درباری ۔

Courtly : (a) (۱) درباری ؛ شائستہ ؛ مہذب (وضع قطع یا آداب میں) ۔ (۲) خوشامدی ؛ دنیا ساز ۔

Courtly : (adv) نرمی سے ؛ شائستگی سے ۔

Courtroll : کھتیان ۔

Courtship : (n) (۱) شادی سے قبل لڑکے لڑکی میں محبت اور راز و نیاز کی باتیں ۔ (۲) (مجازاً) اپنا بنانے کی کوشش ۔

Couscous / Couscoussou : (n) [Arab."kaskasa"] ایك افریقی کھانا جس میں غلہ اور گوشت پکاتے هیں ؛ حریسہ ۔

Couscous : (n) ایك قسم کا تھیلی دار چوپایا جانور ۔

Cousin : (n) [L."consobrinus"] (۱) چچیرا ، پھپھیرا یا خلیرا بھائی یا بہن ؛ ابن عم ؛ بنت عم ۔ (۲) مخاطب کرنے کا ایك طریقہ ۔

Cousin twice removed : ایك دادا یا نانا کی اولاد میں (بہن بھائی) ؛ بنی اعمام ؛ عصبات ۔

Cross-cousin : (سماجیات) ممیرے پھپھیرے بھائی بہن ۔

First cousin : ابن عم ؛ بنو عم ؛ سگے چچا وغیرہ کا لڑکا ، لڑکی ۔

Parallel cousin : (سماجیات) چچیرے خلیرے بھائی بہن -

Second cousin : ایک دادا یا نانا کی اولاد میں (بھائی بہن) ؛ بنی اعمام ؛ عصبات -

To call cousins : رشتہ نکالنا ؛ قرابت کا دعویٰ کرنا -

Cousin-german : (n) چچیرا ؛ پھپھیرا ؛ خلیرا بھائی -

Cousiness : (n) چچیری ، پھپھیری ، ممیری یا خلیری بہن ؛ رشتہ دار عورت -

Cousinhood : (n) عم زادگی ؛ قرابت قریب ؛ برادری -

Cousinly : (adv) برادرانہ ؛ عزیزانہ -

Cousinred : (a) رشتہ داری ؛ قرابت داری ؛ برادری -

Cousinry : (n) رشتہ دار ؛ برادری -

Cousinship : (n) دیکھو Cousinhood

Coussinet : (n) [F. dim.of"coussin"] (تعمیرات) ستون کا بالائی پتھر ؛ محراب کا بالائی ستون -

Couteau : (n) [L."cultellum"] بڑا خنجر جو ہتھیار کے طور پر رکھا جاتا ہے -

Couteau de chasse : (n) [F.] شکاری چھرا -

Couter / Cooter : (n) [f.Danubian-Gipsy"cuta"] بیس شلنگ کا سونے کا ایک انگلستانی سکہ -

Couth : (a) [OE.] (۱) شائستہ ؛ مہربان ؛ موافق ؛ خوش طبع - (۲) آرام سے رہنے والا ؛ آرام دہ -

Couthie : (a) دیکھو Couth

Coutil / Coutelle / -ille : (n) [F."coutil"] موٹا سوتی کپڑا -

Couvade : (n) [F."couver"] وحشی لوگوں کا ایک رواج یا ان کی رسم جس میں بچہ پیدا ہونے کے بعد باپ زچہ بن جاتا ہے -

Couvre-feu : (n) (۱) آگ بجھانے کا وقت یا حکم : آگ بجھانے کا گھنٹہ - (۲) خانہ بندی کا حکم یا وقت (اس غرض سے ازمنہ وسطیٰ میں رات کو مقررہ وقت پر گھنٹا بجایا جاتا تھا اور اب بعض شہروں میں بجایا جاتا ہے - (۳) معین ساعت میں آمد ورفت کی ممانعت ؛ کرفیو -

Covalence : (n) (کیمیا) شریک گرفتی -

Covalency : (n) (کیمیا) شریک گرفتی -

Covalent : (n) (کیمیا) شریک گرفت -

Covalent bond : (n) (کیمیا) شریک گرفتی بندش -

Covalent linkage : (n) (کیمیا) شریک گرفتی جوڑ -

Covariant : (n) (طبیعیات) ہم تغیر -

Covariation : (n) (نفسیات و تعلیمات) ہم تغیر -

Direct covariation : (نفسیات و تعلیمات) بلا واسطہ ہم تغیری -

Indirect covariation : (نفسیات و تعلیمات) بالواسطہ ہم تغیری -

Cove : (n) [OTeut.] (۱) کھاڑی ؛ کودی ؛ کڑاڑا - (۲) (تعمیرات) مجوف کمان ؛ جوف نما محراب -

Cove : (n) (بازاری) یار ؛ آدمی ؛ مردک -

Cove : (v) (۱) کھوہ ، کھاڑی وغیرہ میں پناہ لینا - (۲) (تعمیرات) اندر کو ڈھال رکھنا ؛ جھکا دینا -

Cove plane : (n) رندہ -

Covelline / Covellite : (n) [f. Covelli,an Italian minerologist] تانبے کا سلفائیڈ -

Coven / Covin : (n) [Var. of "covent"] جادوگرنیوں کا اجماع -

Coven-tree / Covin-tree : (n) وہ بڑا درخت جو اسکاچستان کے محلوں میں ہوا کرتا تھا اور جہاں مہمانوں سے ملاقات کی جاتی تھی یا لوگوں کو بٹھایا جاتا تھا -

Covenant : (n) [OF."covenant"] (۱) معاہدہ ؛ اقرار ؛ داد و ستد ؛ پیمان - (۲) اقرارنامہ ؛ تعہد - (۳) میثاق بنی اسرائیل جو اللہ تعالیٰ نے ان سے لیا تھا -

Covenant : (v) (۱) معاہدہ کرنا ؛ رضامند ہونا - (۲) شرط لگانا -

Covenantal : (a) معاہدہ یا اقرارنامہ سے متعلق ؛ متعہد ۔

Covenanted : (a) معہود ؛ اقرار کردہ ؛ پابند شرائط ؛ بروئے اقرار نامہ ۔

Covenanted service : (n) ملازمت متعہدہ (خاص کر ہندوستان کی سول سروس جس کے عہدہ داروں سے میعادوغیرہ کی تحریرلکھوائی جاتی تھی) ۔

Covenantee : (n) جس سے معاہدہ کیا جائے ۔

Covenanter : (n) معاہدہ کرنے والا ؛ داد و ستد کرنے والا ؛ اقرار نامہ لکھنے والا ۔

Covenantor : (n) دیکھو Covenanter

Coventry : (n) واروک شائر (انگلستان) کا ایک قصبہ ۔

To send (a person) to coventry : حقہ پانی بند کرنا ؛ برادری سے خارج کر دینا ؛ ملنا جلنا موقوف کر دینا ۔

Cover : (v) [L."cooperire"] (۱) ڈھانکنا ؛ ڈھانپنا ؛ اڑھانا ؛ چھپا دینا ؛ (اوپر) بچھا دینا ؛ پھیلا دینا ؛ سر ڈھانک لینا ۔(۲) حفاظت ؛ آڑ میں لینا ؛ سپر ہونا ؛ نگہبان ہونا ؛ چھایا ہوا ہونا ؛ مسلط ہونا ؛ قبضہ کرلینا ۔ (۳) چھپانا ؛ پوشیدہ کرنا (خیالات وغیرہ کو) ۔(٤) (فوج) پیچھے کھڑا ہونا (اگلی صف کے آدمی سے) ؛ (کرکٹ) پائنٹ کے پیچھے کھڑا ہونا ؛ نشانہ لگانا ۔(٥) شامل، مشتمل ، حاوی یا جامع ہونا ۔(٦) کافی ہونا ؛ (ادائے مصارف کے لئے) پورا پڑنا ۔ (۷) محفوظ کرنا (بذریعہ بیمہ) ؛ بیمہ کرنا ۔ (۸) سانڈ چھوڑنا (گھوڑی پر) ؛ گھوڑی بھرنا ؛ جفتی کرنا ۔(۹) طے کرنا (راستہ) ۔

Cover with gun : نشانہ لینا ؛ بندوق چھتیانا ۔

To cover in : بھر دینا ؛ بھرت کرنا ؛ پاٹنا (قبر یا گڑھے کو) ۔

To cover into a Treasury : سرکاری خزانے میں جمع کرنا ۔

To cover one's tracks / To cover up one's tracks : چھپانا (غیر قانونی سرگرمیوں کو) ۔

Cover : (n) (۱) ڈھانکنے والی چیز ؛ ڈھکنا ؛ ڈھکن ؛ سرپوش ؛ چپنی ؛ لفافہ ؛ پوشش ؛ غلاف ؛ میز پوش ؛ دستر خوان ؛ خوان پوش ۔ (۲) (کتاب کا) پٹھا ؛ مقوی ؛ دفتی ؛ سر ورق ۔(۳) آڑ ؛ اوٹ ؛ روک ؛ پناہ (کی جگہ) ؛ پردا ۔(٤) حیلہ ؛ بچاؤ (کی صورت) ؛ مکر ۔(٥) جھاڑی جنگل ؛ جھنڈ (شکار کے چھپنے کی جگہ) ۔(٦) (تجارت) محافظ سرمایہ (جو آئندہ نقصان کی صورت میں کام آئے) ۔(۷) کھانے کی میز پر پلیٹ ، چمچے وغیرہ جو ایک شخص کے لئے رکھے جائیں ۔

Cover : (n) [Welsh"cyfair"] ساؤتھ ویلس کی زمین کی پیمائش کا ایک پیمانہ ۔

Cover-address : (n) فرضی پتا ؛ وہ پتا جہاں سے اصلی پتے پر ڈاک جاسکے تا کہ بھیجنے والے کو اصلی پتا معلوم نہ ہو سکے ۔

Cover-cloth : (n) سر پوش ؛ خوان پوش ۔

Cover-girl : (n) خوبصورت لڑکی جس کی تصویر کسی جریدہ کے سر ورق پر ہوتی ہے ۔

Cover-glass : (n) پتلے شیشے کا غلاف ۔

Cover-point : (n) (کرکٹ) فیلڈر جو پوائنٹ کے پیچھے کھڑا ہو ؛ فیلڈر کے کھڑے ہونے کی جگہ ۔

Cover-shame : (n) (۱) بدنامی کو چھپانے کا ذریعہ ۔ (۲) ایک جھاڑی سیوین جو اسقاط حمل میں کام آتی ہے ۔

Cover-shooting : (n) چھپ کر نشانہ لگانا ۔

Cover-side : (n) (لومڑی کا شکار) شکار کی جائے پناہ ۔

Cover-slut : (n) میلے کپڑوں کو چھپانے کا پیش جامہ ۔

Cover up : (v) چھپا دینا (اوڑھا یا لپیٹ کر) ؛ مخفی کرنا ؛ مستور کرنا ۔

Cover with : (v) (استعارتاً) ہمہ تن ذلیل یا شرمندہ کرنا ۔

Coverage : (n) (۱) تحفظ ۔(۲) احاطہ یا شامل کی ہوئی کوئی چیز ؛ (تجارت) احاطگی ۔

Covered : (a) (۱) ڈھکن دار ۔(۲) ملفوف ۔(۳) مشتمل ۔ (٤) ٹوپ پہنے ہوئے ؛ سر چھپائے ہوئے ۔ (٥) محفوظ ؛ چھپایا ہوا ۔

Coverer : (n) (۱) چھپانے والا ۔(۲) بنی ہوئی چیزوں کو لپیٹنے والا ۔

Covering : (n) پوشش ؛ غلاف ؛ اوڑھنا ؛ پردا ۔

Covering board : (n) کورنگ بورڈ ۔

Covering letter : (n) تشریحی مراسلہ ؛ ساتھ کا خط ؛ منسلکہ یاد داشت ۔

Covering-note : (n) (تجارت) کورنگ نوٹ ۔

Coverlet : (n) رضائی ؛ بالا پوش ؛ چادر ؛ پلنگ پوش ۔

Coverlid : (n) دیکھو Coverlet

Covert : (a) [L."coopertum"] (۱) پوشیدہ ؛ مخفی ؛ دزدیدہ (نظر) ۔ (۲) مخفی معنی والا ۔ (۳) شوھردار منکوحہ ۔ (٤) تحت الشعور میں محرک شدہ ۔

Covert : (n) (۱) جھاڑی ؛ جنگل ؛ بنس ؛ آڑ ؛ پناہ (شکار کے جانوروں کی) ۔ (۲) چھپانے والی چیز ۔ (۳) دُم یا بازو کے بال ؛ (چڑیوں کے) نرم پر ۔

Covert-baron : (n) شوھر دار منکوحہ ۔

Covert-coat : (n) ھلکا اوور کوٹ ۔

Covert way : (n) پوشیدہ راستہ ۔

Covertly : (adv) پوشیدہ طور پر ؛ مخفی طور پر ۔

Covertness : (n) پوشیدگی ۔

Coverture : (n) [L."coopertura"] (۱) آڑ ؛ پناہ ؛ آسرا ۔ (۲) سہاگ ؛ منکوحیت ؛ حالت زوجیت (جبکہ عورت شوھر کی حفاظت و تولیت میں ھو) ۔ (۳) آرائشی غلاف ۔ (٤) غلاف ۔ (۵) بھیس ۔

Covet : (v) [L."cupiditare"] (۱) لالچ کرنا ؛ للچانا ؛ طمع کرنا ۔ (۲) ھوس کرنا ؛ چاھنا ؛ خواھش کرنا ۔

Covetable : (a) قابل طمع ؛ مرغوب ۔

Coveter : (n) لالچی ؛ حریص ؛ چاھنے والا ؛ خواھش مند ۔

Covetise : (n) حرص ؛ لالچ ؛ ھوس ۔

Covetous : (a) لالچی ؛ حریص ؛ طامع ؛ بندۂ ھوس ؛ طمّاع ۔

Covetously : (adv) لالچی پن سے ؛ حریصانہ (طور پر) ۔

Covetousness : (n) ھوس ناکی ؛ لالچی پن ؛ طمع کاری ؛ ھوس مندی ۔

Covey : (n) [L."cubare"] (۱) بچے ؛ جھول (خاص کر تیتر کے) ۔ (۲) جھرمٹ؛ غول ؛ ٹکڑی ؛ مجمع؛ رستہ؛ گروہ ۔

Covey : (n) (عامیانہ) نوجوان شخص ۔

Covin : (n) [L."convenium"] (۱) (قانون متروك) سازش ساز باز ۔ (۲) فریب ۔

Coving : (n) (۱) طاق ؛ محراب دار (حصہ مکان) ۔ (۲) (جمع میں) (آتش دان کے) محرابی پہلو ؛ مقوس پہلو ۔

Covinous : (a) فریبی ؛ سازشی ۔

Covinously : (adv) بطور فریب ؛ بطور سازش

Cow : (n) [OTeut."kou-z"] گائے ؛ مادہ گائے ؛ ھر قسم کے سانڈ کی مادہ ۔ (۲) ھاتھی، گینڈے ، وھیل وغیرہ کی مادہ ۔ (۳) بھدا یا نا خوش گوار شخص یا چیز ؛ قحبہ ۔ (٤) دودھ ۔

The cow with the iron tail : ایك آلہ یا پمپ جو دودھ میں پانی وغیرہ ملانے میں کام دیتا ھے ۔

Cow / Kow : (n) [Origin unknown] ھوّا ۔

Cow : (n) (۱) راھبوں کا جبہ ؛ قبہ یا ٹوپی ؛ کلاہ درویشی ۔ (۲) دود کش یا روشن دان کا ڈھکنا ؛ قبہ نما ٹوپی ؛ سر پوش ۔ (۳) ھوائی جہاز کے انجن کا فلزی غلاف جو ھٹایا جا سکے، جسے Cowbing کہتے ھیں ۔

Cow : (v) [ON."kuga"] ڈرانا ؛ خوف دلانا ؛ مرعوب کرنا ۔

Cow-baby : (n) ڈرپوك ؛ ڈرنے والا ۔

Cow-bane : (n) ایك قسم کا زھریلا پودا ۔

Cow-bell : (n) گائے کے گلے میں باندھی جانے والی گھنٹی ۔

Cow-bird : (n) ایك امریکی چھوٹا پرندہ ۔

Cow-blakes : (n) اُپلا ؛ گونٹھا ۔

Cow-boy / Cowboy : (n) (۱) گوالا ؛ چرواھا ؛ گلہ بان ؛ محافظ یا رکھوالا ۔ (۲) (امریکہ) امریکی انقلاب کے زمانے کا گھوڑ سوار ؛ بے قاعدہ وفا دار دستہ جو نیویارك کے قریب جنگ کرتا تھا ۔ (۳) قزاق ؛ رھزن ۔

Cow-calf : (n) بچھڑی ؛ مادہ بچھڑا ؛ بچھیا ۔

Cow-catcher : (n) انجن کا چھاج (جو امریکا میں انجنوں وغیرہ کے سامنے گائے، بھینس کو ھٹانے کے لئے لگاتے ھیں) ۔

Cow-fish : (n) (۱) سینگ مچھلی ؛ گٹنا مچھلی جس کی آنکھوں پر دو سینگ یا کانٹے ھوتے ھیں ۔ (۲) دریائی بچھڑا ۔

Cow-hearted : (a) بزدل ۔

Cow heel / Cowheel : (n) گائے بیل کے پائے کی منجمد یخنی ۔

Cow herd : (n) چرواھا ۔

Cow-hide / Cowhide : (n) (۱) گائے کی کھال کا چمڑا ۔ (۲) گائے کے چمڑے کا بنا ھوا کوڑا ۔

Cow- hide / Cowhide : (v) گائے کے چمڑے کے کوڑے سے مارنا ۔

Cow-hocked : (a) (گھوڑے، کتے وغیرہ) پچھلے پاؤں کے گھٹنے کی ابھری ھوئی ھڈی کا درمیانی جوڑ والا ۔

Cow-itch : (n) دیکھو Cowage

Cow keeper : (n) گائے پالنے والا یا رکھنے والا ؛ گوالا ۔

Cow keeping : (n) گائے پالنا ۔

Cow man : (n) (۱) گائے کا مالک ۔ (۲) گائے کی نگرانی کرنے والا ۔

Cow milker : (n) دودھ دوھنے والا ۔

Cow-muscle : (n) ٹوپ دار پٹھا ۔

Cow-paps : (n) ایک قسم کا بحری کثیر پا ۔

Cow-pen : (n) گائے باڑی ۔

Cow pilot : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Cow pox : (n) گوتھن سیتلا ؛ جدری البقر ؛ تھنوں کے دانے (جن سے ٹیکہ کا مادہ حاصل کرتے ھیں) ۔

Cow puncher : (n) دیکھو Cow boy

Cow quakes : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Cow run : (n) چراگاہ ۔

Cow shark : (n) ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Cow-troopial : (n) دیکھو Cow bird

Cow woman : (n) (۱) گائے کی مالکن ؛ گائے کی نگرانی کرنے والی ۔

Cow work : (v) ساتھ کام کرنا ؛ مل کر کام کرنا ۔

Cowage /Cowhage /Cowitch : (n) [Skr."kapihacchu"]. : کوانچ ؛ کونچ جس کی پھلی سے سخت کھجلی ھونے لگتی ھے ۔

Cowan : (n) [Origin unknown] (۱) اناڑی راج ۔ (۲) جو فری میسن نہیں ھے ۔ (۳) (عامیانہ) چھپ کر سن گن لینے والا ؛ چھپ کر کسی کی بات کا پتا لینے والا ۔

Coward : (n) [L."cauda"+-ARD] بزدل ؛ ڈرپوک ؛ ھیز ؛ نامرد ۔

Coward : (a) دم دبائے ھوئے شیر (کی تصویر) نقابت کے نشان میں ۔

Coward-like : (a & adv) بزدلانہ ۔

Cowardice : (n) بزدلی ؛ نامردی ؛ ھیٹاپن ؛ پست ھمتی ۔

Moral cowardice : نامردی ؛ لعن و طعن کا خوف ۔

Cowardize : (v) بزدل بنانا ؛ ڈرپوک بنانا ۔

Cowardliness : (n) بزدلی ؛ نامردی ؛ ڈرپوک پن ۔

Cowardly : (adv) بزدلانہ ۔

Cower : (v) [ME."couren"] نہرنا ؛ جھکنا ؛ دبکنا خاص کر خوف سے ۔

Coweringly : (adv) جھک کر ؛ نہر کر ؛ دبک کر ؛ جھکتے ھوئے ۔

Cowgate /-gait : (n) [back-formation for earlier "kynegates"] گائے کی چراگاہ ۔

Cowgirl : (n) گوالن ؛ گلہ بان ۔

Cowgrass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Cowhage : (n) دیکھو Cowage

Cowhouse : (n) گوشالا ۔

Cowish : (a) (۱) بزدل ؛ ڈرپوک ۔ (۲) گائے جیسا ۔

Cowish : (n) [Amer. Indian] ایک پودا جس کی جڑ کھائی جاتی ھے ۔

Cowl : (n) [Cl.L."cucullus"] دیکھو Cow

Cowl : (n) [L."cupella"] دستہ دار دیگ یا ٹب ۔

Cowl : (v) (۱) راھب بنانا ۔ (۲) قبہ سے چھپانا ۔

Cowl-staff : (n) دستہ دار دیگ کو اٹھانے والا ڈنڈا ۔

Cowlady : (n) مچھلی پھنسانے کی مکھی ۔

Cowle : (n) [Arab."qawl"] تامین نامہ ؛ نامہ مبنی بر عفو و حمایت ؛ توصیہ نامہ ؛ حفاظت کا پروانہ ۔

Cowled : (a) (۱) قبہ دار ؛ کلاہ پوش ؛ کلاہ نما ۔ (۲) (نباتیات) ٹوپ دار ۔

Cowleech : (n) مویشی کا ڈاکٹر ۔

Cowleeching : (n) مویشی کا علاج ۔

Cowlick : (n) مخالف سمت میں نکلنے والا بالوں کا گچھا ۔

Cowpen bird : (n) دیکھو Cowbird

Cowper's gland : (n) دو غدود جو مجری البول کے نیچے رھتے ھیں اور جن کی نالی مجری مجری البول میں کھلتی ھے ۔

Cowperian : (n) [f.William Cowper,an anatomist] دیکھو Cowper's gland

Cowperitis : (n) مجری البول کے غدودوں کا ورم ۔

Cowrie / Cowry : (n) [Urdu "kauri"] کوڑی ۔

Cowrie pine : (n) ایک قسم کا درخت ۔

Cowslip : (n) [OE."cu-slyppe"] ایک قسم کا ولایتی پودا جس کے پھول خوشبودار زرد ھوتے ھیں ۔

Cowslip'd / Cowslipt : گاؤ زبان ؛ گاؤ زبان سے بھرا ؛ گاؤ زبان والا ۔

Cowslip tea : (n) گاؤ زبان کا جوشاندہ ۔

Cowslip wine : (n) گاؤ زبان کی شراب ۔

Cowy : (a) گاوی ؛ مثل گائے ؛ گائے کی شکل کا ۔

Cox : (n) (koks) coxswain کا مخفف ۔

Cox : (v) پتواری یا صدر ملاح کا کام کرنا ۔

Coxa : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) حشرات کے پاؤں کا بالائی حصہ جو جسم سے لگا رھتا ھے ۔ (۲) کولھا ؛ سرین ۔

Coxagra : (n) [L.] (مضریات) کولھے کا درد ۔

Coxal : (a) حشرات کے پاؤں کے بالائی حصے سے متعلق ؛ کولھے سے متعلق ۔

Coxalgia / Coxalgy : (n) کولھے کی بیماری ۔

Coxalgic : (a) کولھے کی بیماری یا درد سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Coxarthritis : (n) کولھے کا ورم ؛ کولھے کا گٹھیا ۔

Coxcomb : (n) [ME."cokkes comb"] چھیلا ؛ بانکا ؛ شیخی ؛ نمودیا ۔

Coxcombic : (a) شیخی باز ؛ بانکا ؛ چھچھورا ؛ نمو پسند ۔

Coxcombical : (a) دیکھو Coxcombic

Coxcombicality : (n) شیخی بازی ؛ چھچھوراپن ؛ نمود پسندی ۔

Coxcombically : (adv) شیخی بازی سے ؛ چھچھوراپن سے ؛ نمود پسندانہ ۔

Coxcombry : (n) بانکا پن ؛ شیخی بازی ؛ نمود پسندی ۔

Coxendix : (n) (Pl.coxendices) کولھا یا کولھے کی ھڈی ۔

Coxitis : (n) [COXA+-ITIS] کولھے کا ورم ۔

Coxo-femoral : (a) [L."coxa"+"femoralis"] کولھے اور ران سے متعلق ۔

Coxocerite : (n) [L."Coxor"+Gr."Keras"+-ITE] حشرات کے قرن کا نچلا حصہ ۔

Coxoceritic : (a) حشرات کےقرن کے نچلے حصے سے متعلق ۔

Coxopodite : (n) [L."coxa"+Gr."pod"+-ITE] قشریات کے پاؤں کا بالائی حصہ جو جسم سے لگا رہتا ہے ۔

Coxswain / Cockwain : (n) [ME."cokswayne"] پتواری ؛ صدر ملاح ؛ وہ چھوٹا افسر جو مستقل طور سے جہاز اور اس کے عملہ کا نگراں ہوتا ہے ۔

Coxswainless : (a) بے پتواری ؛ بے ناخدا کی (کشتی) ۔

Coxswainship : (n) ناخدائی ؛ پتوار گیری ۔

Coxy : (a) گستاخ ؛ شوخ چشم ؛ مغرور ۔

Coy : (n) [L."cavea"] (۱) دام و دانہ ؛ چال ۔ (۲) جال جھینگے پھنسانے کا ۔ (۲) وہ بط جو دوسری بطوں کو تالاب میں دھوکے سے لاکر پھنساتی ہے ۔

Coy : (n) [L."quetus"] (۱) شرمیلی ؛ لجانے یا بھڑکانے والی (نازنین) ۔ (۲) علاحدہ ؛ تنہا ؛ الگ تھلگ ؛ نظروں سے بچا ہوا (مقام) ۔ (۳) مصنوعی شرمیلی ؛ بناوٹی شرمیلی ۔ (٤) اپنے آپ کو پابند نہ کرنے والا ۔

Coy : (v) (۱) شرمانا ؛ خاموش رہنا ۔ (۲) (مجازاً) علاحدہ ہو جانا ۔

Coy-duck : (n) دیکھو Decoy duck

Coyish : (a) تھوڑی شرمیلی ۔

Coyly : (adv) لجاتے ہوئے ؛ شرمیلے پن سے ۔

Coyness : (n) لاج ؛ لجاوٹ ؛ شرمیلاپن ؛ حیا ۔

Coynye / Coignye : (n) [Irish"coinnemh"] (حربی) سپاہیوں کو لوگوں کے گھروں میں رکھنا اور (ان کے) کھانے اور قیام کا انتظام کرنا ۔

Coyote : (n) [Mexican."coyotl"] (۱) شمالی امریکا کا چھوٹا بھیڑیا ؛ گرگ نیستاں ۔ (۲) دھوکا باز ؛ فریبی ؛ دغا باز ۔

Coyote : (v) (کان کنی) چھوٹے چھوٹے گڈھے کھود کر دھات نکالنا ۔

Coyote-diggings : (n) چھوٹے گڈھے ۔

Coypu / Coypou : (n) [Native name] جنوبی امریکا کا کترنے والا آبی جانور ۔

Coystrel : (n) دیکھو Coistrel / Custrell

Coz : (n) cousin کا مخفف ۔

Coze : (v) [F."causer"] بات چیت کرنا ؛ گپ کرنا ۔

Coze : (n) گپ ؛ گپ شپ ۔

Cozen : (v) ٹھگ لینا ؛ دم دینا ؛ بہکانا ؛ بہلانا ؛ پھسلانا ؛ جُل دینا ؛ فریب دینا ۔

Cozenage : (n) ٹھگائی ؛ دغا بازی ؛ فریب دہی ۔

Cozener : (n) فریبی ؛ دغا باز ؛ ٹھگ ۔

Cozie : (a) دیکھو Cosy

Cozily : (adv) دیکھو Cosily

Coziness : (n) دیکھو Cosiness

Cozy : (a) دیکھو Cosy

Cr. : Creditor اور Credit کا مخفف ۔

Craal : (n) (۱) کرال ؛ جنوبی یا مرکزی افریقہ کے آدیباسیوں کا گاؤں جو جھونپڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔ اور جس کے چاروں طرف باڑھ یا دھس بنی ہوتی ہے ؛ احاطے سے گھرا ہوا ؛ ایسے گاؤں میں رہنے والا طبقہ ۔ (۲) مویشی یا بھیڑوں کا احاطہ ۔ (۳) (بے قاعدہ) تنگ و تاریک گھر یا جھونپڑا ۔

Crab : (n) [OE."crabba"] (۱) کیکڑا ؛ سرطان ۔ (۲) (ہیئت) برج سرطان ۔ (۳) کانٹا (وزن اٹھانے کےلئے کل) ۔ (٤) (جمع میں) قماربازی میں سب سے گھٹیا چال ؛ گھٹیا داؤں ۔ (٥) پتیوں کا الجھ جانا یا پھنس جانا ۔ (٦) (ہوائی جہاز کی) حرکت عرضی ۔ (۷) (جمع میں) کیڑے کا پھل روپ ۔

To catch a crab : چپو کا الجھنا یا پھنس جانا ۔

To turn out crabs : ہارنا ؛ خالی ہاتھ ؛ نا کام رہ جانا ۔

Crab : (n) [Origin unknown] (۱) جنگلی سیب ۔(۲)ترش رو ؛ ترش رو آدمی ؛ بے جا نکتہ چینی ۔ (۳) جنگلی سیب کی لکڑی کی چھڑی ۔

Crab : (n) [Corruption of "CARAP"] جنوبی امریکا کا ایک درخت ؛ crap کی بگڑی شکل ۔

Crab : (v) (۱) نوچنا ؛ پنجے چلانا ؛ لڑنا (بازکا) ۔ (۲) (عام محاورہ) نوچنا کھسوٹنا ؛ دھجیاں اڑانا ؛ ذلیل کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ۔

Crab : (v) (۱) (جہاز رانی) ترچھا چلنا ؛ پہلو میں چلنا ۔ (۲) (عام بول چال) پیچھے ھٹنا ؛ رو گردانی کرنا ۔ (۳) اونی کپڑے کو گرم پانی میں ڈبونا (صاف کرنے کے لئے) ۔ (٤) کیکڑوں کو پھنسانا ۔

Crab-apple : (n) جنگلی سیب ۔

Crab-catcher : (n) بگلے کی طرح کا ایک پرندہ جو کیکڑا کھاتا ھے ۔

Crab-claw : (n) پکڑنے کا پنجہ ۔

Crab-eater : (n) بگلے کی ایک قسم ۔

Crab-faced : (a) ترش رو ۔

Crab-favour : (a&n) ترش رو ۔

Crab-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Crab-lobster : (n) کیکڑے کی ایک قسم ۔

Crab-harrow : (n) دندانے دار سراون (جس کے دندانے جھکے ھوئے رھتے ھیں) ۔

Crab-harrow : (v) دندانے دار سراون سے زمین کھودنا یا توڑنا ۔

Crab-like : (a) کیکڑا سا ؛ سرطان نما ۔

Crab-louse : (n) جوں ۔

Crab-pot : (n) کیکڑا پکڑنے کا جال یا ٹوکرا ۔

Crab-sidle : (v) کیکڑے کی طرح (بازو میں) چلنا ۔

Crab-spider : (n) مکڑے کی قسم ۔

Crab-stick : (n) جنگلی سیب کی چھڑی ۔

Crab-stock : (n) جنگلی سیب کا ذخیرہ ۔

Crab-tree : (n) جنگلی سیب کا درخت ۔

Crab-yaws : (n) (طب) حبشیوں کے تلووں کا ایک متعدی مرض ۔

Crabbed : (a) (۱) ترش ؛ تند ؛ کڑا ؛ کڑوا ۔ (۲) بد خو ؛ چڑ چڑا ؛ بد مزاج ۔ (۳) (عبارت یا تحریر) غامض ؛ پیچیدہ ؛ الجھی ھوئی ؛ دشوار ؛ بد نما ؛ لایقری ؛ بد خط ۔

Crabbedly : (adv) ترش روئی سے ؛ بد مزاجی سے ؛ تندی سے ۔

Crabbedness : (n) ترشی ؛ تندی ؛ کڑواھٹ ؛ بدمزاجی ؛ بد خوئی ؛ چڑچڑا پن ؛ پیچیدگی ؛ دشواری ؛ بدخطی ۔

Crabber : (n) کیکڑے پکڑنے والا شخص یا کشتی ۔

Crabbery : (n) وہ جگہ جہاں کیکڑے زیادہ ملتے ھیں ؛ خرچنگ دار ۔

Crabbing : (n) (۱) کیکڑا گیری ۔ (۲) جنگلی سیب جمع کرنا ۔

Crabbing : (n) اونی کپڑے کو گرم پانی سے گزار کر صاف کرنا ۔

Crabby : (a) (۱) کیکڑا نما ۔ (۲) کیکڑوں سے بھرا ھوا ۔

Crabby : (a) بد مزاج ؛ بد خو ؛ چڑ چڑا ۔

Crabier : (n) کیکڑا خور پرند ۔

Crablet : (n) چھوٹا کیکڑا ۔

Crabbling : (n) چھوٹا کیکڑا ۔

Crabs : (n) پانسے کا سب سے گھٹیا داؤ جسے ھمارے یہاں "تین کانے" کہتے ھیں ۔

Crab's eye / -eyes : (n) سنگ دانہ ۔

Crack : (n) [See next] (۱) چٹاخا ؛ تڑاخا ؛ کڑک ؛ گرج ؛ دھماکا۔ (۲) ضرب ؛ تیز ھاتھ (مارنے میں) ؛ چوٹ (اچانک) ۔ (۳) (بازاری) گپ ؛ زیٹ ؛ دون کی لینا ؛ (شمالی برطانیہ میں) گپ شپ ؛ تڑاق پڑاق (باتیں) ۔ (٤) (جمع) خبریں ؛ اخبار ۔ (٥) دراڑ ؛ شگاف ۔ (٦) کھلاڑی ؛ مشاق ؛ ماھر ؛ عمدہ سدھا ھوا ؛ تیز یا برق دم یا برق رفتار گھوڑا ۔ (۷) نقب زن ؛ نقب زنی ۔ (۸) لمحہ ۔ (۹) گپی ۔ (۱۰) کمی ؛ نقص ۔ (۱۱) (عامیانہ) سوکھی لکڑی ۔

In a crack : آناً فاناً ؛ پلک مارتے ۔

Cracked : (a) (۱) (عام محاورہ) مخبوط الحواس ؛ پگلا ؛ دماغ ٹلا ہوا ۔ (۲) ٹوٹا ہوا ؛ شکستہ ؛ ناقص ۔ (۳) شگاف دار ۔ (٤) بھاری (آواز) ۔

Cracker : (n) (۱) پٹاخا ؛ گولا (آتش بازی کا) ۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی ۔ (۳) کرارا بسکٹ ۔ (٤) تڑاقا ؛ دڑیڑا ؛ دھماکا (رگڑنے یا ٹوٹنے کا) ۔ (۵) (طالب علموں کی اصطلاح) گپ ؛ جھوٹ ؛ دروغ ۔ (٦) جھوٹا ؛ شیخی باز ۔ (۷) ایک قسم کی بط ۔ (۸) (امریکا) غریب سفیدفام لوگ ۔ (۹) سروتا ؛ توڑنے کا آلہ ۔

Nut cracker : (توڑنے کا) آلہ ؛ سروتا ۔

Crackers : (n) پگلا ؛ مخبوط ۔

Crackle : (n) [See next] (۱) چٹخ ؛ چرچراہٹ ۔ (۲) ایک قسم کا چینی ظرف جس پر تمام بال پڑے نظر آتے ہوں ۔ (۳) چمک دمک ۔

Crackle : (v) [dim. and freq.of CRACK] (۱) چٹخنا ؛ چرچرانا ۔ (۲) چمکنا ۔ (۳) چورا کرنا ۔

Crackle-china /-glass /-ware : شیشے یا چینی کے ظروف جن پر بطور نقش بال یا درزیں بنی ہوں ۔

Crackled : (a) (۱) چٹخا ہوا ۔ (۲) (سور کا گوشت) کرکرا ۔

Crackling / Craclin : (n) (۱) چٹخ ؛ چٹخانا ؛ بھربھراہٹ ؛ کرارا پن ؛ خستہ پن ۔ (۲) سور کا کرکرا گوشت ۔ (۳) چینی کا ظرف جس پر بال یا درزیں نقش ہوں ۔

Crackmans : (n) (چوروں کی اصطلاح میں) حصار ؛ باڑ ۔

Cracknel : (n) [F."Craquelin"] (۱) کرارا بسکٹ ؛ بھر بھرا بسکٹ ۔ (۲) سور کا خشک اور کرکرا گوشت ، چینی کا ظرف جس پر بال یا درزیں نقش ہو ۔

Cracksman : (n) نقب زن ؛ سیندھ دینے یا لگانے والا ۔

Cracky : (a) (۱) درز دار ؛ دڑاڑیں پڑا ۔ (۲) چرچراتا ؛ چٹختا ۔ (۳) (عام محاوروں میں) پگلا ؛ باتونی ؛ خبطی ۔

Cracovienne : (n) [F.] پولینڈ کا ایک رقص ۔

-Cracy / -cratie / -crasia : [Gr."kratia"] ایک یونانی لاحقہ بمعنی حکومت ؛ حکام ؛ اقتدار ؛ شاہی ، سماجی یا سیاسی طبقہ ؛ نظریہ حکومت ۔

Crack : (v) [OE."cracian"] (۱) تڑقنا ؛ تڑقانا ؛ پٹخارنا ؛ کڑکنا ۔ (۲) باتیں کرنا ؛ چٹر پٹر باتیں کرنا ۔ (۳) توڑنا پھوڑنا (سر یا آخروٹ وغیرہ کا کڑاکے سے) ۔ (٤) دراڑ، درز یا شگاف ڈال دینا ۔ (۵) (آواز کا) بھاری پڑ جانا ؛ (سن بلوغ کے وقت) کنٹھ پھوٹنا یا نکلنا ۔ (٦) صدمہ پہنچنا ؛ نقصان پہنچانا (ساکھ وغیرہ کو) ۔ (۷) مارنا ۔ (۸) شیخی بگھارنا ۔ (۹) تعریف کرنا ۔ (۱۰) سوچنا ؛ غور کرنا ۔ (۱۱) خالی کرنا ؛ چڑھا جانا (بوتل) ۔ (۱۲) نقب لگانا ؛ کھولنا ۔ (۱۳) ٹوٹنا ۔ (۱٤) برباد کرنا ۔ (۱۵) پاگل بنا دینا ۔ (۱٦) جھٹکے کے ساتھ چلنا ؛ تیزی سے چلنا ۔

To crack a bottle : بوتل چڑھا جانا ؛ سب پی جانا ؛ خالی کر دینا ۔

To crack a crib : (عامیانہ) نقب لگانا ۔

To crack a joke : مسخرہ پن کرنا ؛ دل لگی کرنا ؛ ھنسی اڑانا ۔

Crack : (a) اعلیٰ ؛ عمدہ ؛ تڑاقے کا ؛ زور کا ۔

Crack : (adv) تڑاقے سے ؛ کڑ کڑاتے ہوئے ۔

Crack-brained : (a) پگلا ؛ مخبوط ؛ دل جلا ۔

Crack-headed : (a) دیکھو Crack-brained

Crack-jaw : (a) ثقیل ؛ نامانوس ؛ (لفظ) مشکل سے ادا ہونے والا ۔

Crack of doom : رعد قیامت ۔

Crack-pot : (n) پگلا ؛ مخبوط ۔

Crack-skull : (n) دیکھو Crack-brained

Crack-tryst : (n) موعودہ ملاقات کی خلاف ورزی کرنے والا ۔

Crack-up : (v) تعریض کرنا ؛ بڑھانا چڑھانا ۔

Crack-up : (n) شکستگی ؛ اعصابی شکستگی ۔

Crack-willow : (n) ایک قسم کی بید ۔

Crack-winded : (a) ٹوٹی ہوئی سانس لینے والا ۔

Crackable : (n) جو توڑا جا سکے ؛ قابل شکست ۔

Cradle : (n) [Gr."kratze"] (۱) پنگوڑا ؛ پالنا ؛ بچوں کا کھٹولا یا بچھونا ؛ جھولا ؛ گہوارہ۔ (۲) (استعارتاً) وہ مقام جہاں کسی چیز کا آغاز یا ابتدائی پرداخت ہوئی ہو۔ (۳) چھینکا یا جھولا ؛ کوئی ڈھانچہ یا قالب جو پنگوڑے سے ملتا جلتا ہو خاص کر گہوارۂ جہاز جس میں بنتے وقت جہاز رکھے جاتے ہیں۔ (٤) درانتی کا پنجہ ؛ ھنسیا گھیر (درانتی کے ساتھ کاٹنے میں آسانی کے لئے ایک پنجہ سا بنا لیتے ہیں)۔(٥) (کندہ کاری کی اصطلاح) سنگ تراش یا کندہ کاری کی چھینی ؛ منقاش ۔(٦) (کان کنی کی اصطلاح) مٹی ؛ چھاج ؛ شمشویا (ایک خانہ جس کو ھلا کر مٹی نکالتے ہیں) ۔(۷)بچپن ۔ (۸) زخمی ملاحوں کاپلنگ ۔(۹) کشتی کا ایک داؤ ۔(۱۰) بچوں کا ایک کھیل ۔(Cat's cradle)

Cradle : (v) گہوارہ میں ڈالنا ؛ جھولے چڑھانا (بچے یا جہاز کو) ؛ پنگوڑے میں ہونا ؛ جھولے جھلا کر سلانا یا پناہ لینا ؛ کاٹنا ؛ دور کرنا (پنجے دار درانتی سے) ؛ پالنا ؛ (بچپن میں) پرورش کرنا ؛ سہارا دینا ۔

Cradle-holding : (n) (انگلستان میں) رواجاً سب سے چھوٹے لڑکے کو وراثت میں ملی ہوئی زمین ۔

Cradle-hole : (n) سڑک کا نشیب ۔

Cradle-land : (n) (تاریخ) جنم بھومی ؛ جائے پیدائش ۔

Cradling : (n) (۱) گہوارہ جنبانی ۔(۲) (تعمیرات) لوھے یا لکڑی کا ڈھانچہ ؛ خانہ ؛ چوکھٹا ۔

Cradle-roof : (n) لکڑی کی چھت محرابی شکل کی ۔

Cradle-scythe : (n) پنجے دار درانتی ۔

Cradle-snatcher : (n) بہت ہی کم سن لڑکی سے شادی کرنے والا ۔

Craft : (n) [OE."creft"] (۱) ہوشیاری ؛ چالاکی ؛ دستکاری ؛ کاریگری ؛ استادی (فن یا صنعت میں)۔ (۲) پیشہ ؛ صنعت ۔(۳) کشتی ؛ ناؤ ۔ (٤) (برے معنی میں) حیلہ ؛ فریب ؛ دھوکا ۔ (٥) ہوائی جہاز ۔(٦) پیشہ وروں کی جماعت ۔(۷) مچھلی خصوصاً وھیل مچھلی پکڑنے یا مارنے کا اوزار ۔

The craft : جماعت فراميشن ؛ فراميشنوں کا گروہ یا برادری ؛ فرامیشی بھائی چارہ ۔

The craft of the woods : چوبی دستکاری ۔

The gentle craft : مچھلی کا شکار ۔

The seven craft : عہد وسطی کے سات فنون ۔

Craft guild : (n) پیشہ وروں کی جماعت ؛ برادری (دستکاری) ۔

Craftily : (adv) چالاکی سے ؛ مکاری سے ؛ عیاری سے ۔

Craftiness : (n) چالاکی ؛ مکاری ؛ عیاری ۔

Craftless : (a) بے ھنر ۔

Craftsman : (n) دست کار ؛ کاریگر ؛ پیشہ ور ۔

Craftsmanship : (n) دست کاری ؛ استادی ؛ صنعت گری ؛ کاریگری ۔

Craftsmaster : (n) استاد ؛ ماہر ۔

Crafty : (a) (۱) چالاک ؛ مکار ؛ عیار ۔(۲) استاد ؛ ماہر ۔

Crag : (n) [ME. of celtic origin] (۱) کڑاڑا ؛ گھاٹی ؛ ڈھلواں چٹان ؛ چٹان ۔(۲) (ارضیات) وہ چٹان جس میں صدف کے ٹکڑے اور ریت پائے جاتے ہیں ۔

Crag : (n) [ME.] گردن ۔

Cragged : (a) ناھموار ؛ سنگستانی ؛ چٹانوں بھرا ؛ اونچا نیچا ۔

Cragged / Craiged : (a) واصلہ بمعنی گردن یا گردن والا ۔

Craggedness : (n) ناھمواری ؛ اونچا نیچا پن ۔

Craggy : (a) ناھموار ؛ سنگستانی ؛ چٹانوں بھرا ؛ اونچا نیچا ۔

Cragsman : (n) چٹان یا پہاڑ کی چڑھائی میں مشاق ۔

Craike : (۱) کوا ۔(۲) ایک قسم کا پرندہ جس کو کارن کریک کہتے ہیں ۔ (۳) اس (کارن کریک) پرند کی آواز ۔

Crake : (n) [ON."kraka"] Craike دیکھو

Crake : (v) (۱) کرخت آواز نکالنا ؛ زفیل مارنا ۔ (۲) شکایت کر نا ۔

Crake : (v) شیخی بگھارنا ۔

Crake-berry : (n) ایک چھوٹی جھاڑی کا پھل ۔

Crake-needle : (n) صدف کی ایک قسم ۔

Craker : (n) کارن کریک (ایک قسم کی چڑیا) ۔

Craker : (n) شیخی باز ۔

Crakow : (n) [f. "Crakow" in Polan.] ایک قسم کا جوتا جس کی لمبی باریک نوک ہوتی تھی ۔

Cram : (v) [OE."crammian"] (۱) بھرنا (لبالب یا کھچا کھچ) ؛ ٹھونسنا ؛ تھورنا ؛ بھرانا (مرغیوں وغیرہ کو) ؛ (ندیدے کی طرح) کھانا ۔ (۲) (استعارتاً) رٹنا یا تیاری کرنا ؛ (امتحان کےلئے) پڑھنا ؛ (خاص غرض کے لئے) ازبر کرنا ۔ (۳) (عامیانہ) جھوٹ بولنا ؛ جھوٹ سے بھر دینا ۔ (٤) جبریہ تاکید سے چلانا یا آگے بڑھانا (گھوڑے کو) ۔

Cram : (n) (۱) (بازاری محاورہ) بھیڑ ؛ جھوٹ ۔ (۲) رٹائی ۔ (۳) موٹا کرنے والی غذا ۔ (٤) دو دھاگوں والا تانا ۔

Cram-full : (a) (۱) خوب بھرے ہوئے ۔ (۲) لبالب ؛ کھچا کھچ ۔

Cramberry : (n) شمالی یورپ اور شمالی امریکا کی ایک جھاڑی کا پھل جیسے بیرونی کرونده ۔

Crambo : (n) [Var. of CRAMBE] (۱) قافیہ بازی ؛ تک بندی (اس قسم کا ایک کھیل) ؛ بیت بازی ۔ (۲) گھٹیا قسم کی شاعری ۔

Dumb crambo : گونگی مکھو (ایک کھیل جس میں ایک فریق لفظ دل میں لے کے اس کا حرف قافیہ بناتا اور چپ ہو جاتا ہے اور دوسرا فریق اصل لفظ بولنے کی کوشش کرتا ہے) ۔

Crammer : (n) (۱) رٹو ۔ (۲) جھوٹ ۔ (۳) موٹا کرنے والا (مرغیوں وغیرہ کو) ۔ (٤) رٹانے والا ۔

Cramoisy / Cramesy : (a) [Arab."qirmazi"] قرمزی ۔

Cramoisy / Cramesy : (n) قرمزی کپڑا ۔

Cramp : (n) [OF."crampe"] (۱) اینٹھن ؛ اکڑن ؛ مروڑ (جو پٹھوں میں سردی وغیرہ سے ہو جائے) ؛ رگ چڑھنا ؛ درد شکم ۔ (۲) تکلیف دہ حیض ۔ (۳) رعشہ ؛ مقامی جزوی فالج (فالج جو بعض حاملہ جانوروں کو ہوتا ہے یا ان پرندوں کو جو بہت تنگ جگہ میں رکھے جائیں) ۔

Cramp : (n) (۱) آڑ ؛ اڑوا ؛ قینچی ؛ قلابہ (لوہے کی سلاخیں جن کے سرے خمیدہ ہوتے ہیں تا کہ کڑیاں اور دیوار تھامے رکھیں) ۔ (۲) (جوتا سازی) فرما ؛ قالب ۔ (۳) روک ؛ رکاوٹ ؛ قید ؛ بندش ؛ محصور ۔ (٤) چٹانوں کا وہ حصہ جو سہارے کےلئے چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

Cramp : (a) (۱) گنجلک ؛ پیچیدہ ؛ عسیرالفہم (لفظ یا تحریر) ۔ (۲) اینٹھا ہوا ؛ مڑا تڑا ؛ مڑا ہوا ۔

Cramp : (v) (۱) اینٹھ جانا ؛ اکڑن ہو جانا (پٹھوں میں) ۔ (۲) گھیر لینا ؛ گھوٹ لینا ؛ مقید یا محدود کرنا (قوی وغیرہ کو) ۔ (۳) اڑواڑ لگانا ؛ قینچی ڈالنا ؛ کلاب باندھنا ۔ (٤) قالب پر چڑھانا ؛ فرما پر چڑھانا ۔

Cramp-bark : (n) کروندے کی طرح کی ایک جھاڑی ؛ Cramberry کی چھال یا درخت ۔

Cramp-bone : (n) بھیڑ کے گھٹنے کی ہڈی ۔

Cramp-fish : (n) راعدہ یا رعدہ (مچھلی جس کو چھونے سے بجلی کا سا صدمہ پہنچتا ہے) ۔

Cramp-iron : (n) لوہے کی خمیدہ سلاخ جس کے سرے خمیدہ ہوتے ہیں تاکہ کڑیاں اور دیوار تھامے رکھے ۔

Cramp-ring : (n) ایک انگوٹھی جو اینٹھن اور دوسری بیماریوں کے علاج کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Crampedness : (n) تنگی ۔

Crampet : (n) (۱) نیام شمشیر (جو اکثر نقابت میں بطورنشان استعمال ہوتی تھی ۔ (۲) کنڈا ؛ قلابہ ؛ کانٹا ۔ (۳) سیخ دار ؛ لوہے کا تلا جو برف پر چلنے کے لئے جوتے میں لگایا جاتا ہے ۔

Crampness : (n) اینٹھن ؛ گنجلک پن ؛ عسیرالفہمی ؛ پیچیدگی ۔

Crampon / Crampoon : (n) [F."campon"] (۱) کنڈا ؛ قلابہ ؛ کانٹا (لوھے ، چیزیں پکڑنے یا اٹھانے کے لئے) ۔ (۲) کیلوں دار لوھے کا تلا برف پر چلنے کے لئے ۔ (۳) ریشہ جو بیلوں کے چڑھنے میں مدد کرتا ھے ۔

Cramponne / Crampone : (n) [F.] وہ صلیب جس کے چاروں سروں پر کلاب ھوتا ھے ۔

Crampy : (a) انقباض شدہ ؛ اینٹھن پیدا کرنے والا ۔

Cran : (n) [Geal."crann"] مچھلیاں تولنے کا ایک پیمانہ ؛ قرن ساڑھے سینتیس گیلن کے برابر ھوتا ھے ۔

Cran : (n) [ME.] (۱) چولہے پر برتن رکھنے کا سہارا ۔ (۲) ایک لمبی دم والی چڑیا ۔

To coup the crans : گڑبڑی ھونا ۔

Cranage : (n) (۱) دمکلا لگائی ۔ (۲) اٹھوائی ؛ ڈھلوائی (سماک کی اجرت یا کرایہ) ۔

Cranberry /Craneberry : (n) [LG."kranebere"] دیکھو Cramberry

Crance : (n) [MHG."kranz"] (جہاز رانی) جہاز کے شہتیر کے بیرونی سرے کا حلقہ ۔

Crane : (n) [OE."cran"] (۱) کلنگ ؛ کونج ؛ لق لق ؛ سارس ۔ (۲) دمکلا (وزن اٹھانے کا ایک بڑا آلہ) ؛ سماک ؛ رافعہ ۔ (۳) (فلکیات) کلنگ ؛ کرکی ؛ غرنیق ۔ (٤) خمیدہ نلکی جس سے سیال چیزنکالتے ھیں ۔ (٥) سائفن ؛ انجن میں پانی پہنچانے کا نل ؛ دمکلا ۔

Crane : (a) قرمزی رنگ کا ۔

Crane : (n) [med.L."cranium"] کھوپڑی ۔

Crane : (v) (۱) دمکلا سے اٹھانا ۔ (۲) سارس کی طرح گردن آگے نکالنا ۔ (۳) گردن دراز کر کے جھکنا ۔ (٤) تامل کرنا ؛ (شکارمیں کسی مزاحمت کے سامنے پھاندنے سے پہلے رکنا) ۔

Crane at : (v) دبکنا ؛ پیچھے ھٹنا ؛ رک رھنا (مشکلات سے) ۔

Crane colour : (n) قرمزی رنگ ۔

Crane coloured : (a) قرمزی رنگ کا ۔

Crane-fly : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Crane-necked : (a) دراز گردن ۔

Craner : (n) (۱) دمکلا اور دوسری تولنے والی مشینوں کا افسر ۔ (۲) تامل کرنے والا (خطرناک پھاند سے پہلے) ۔

Crane's bill / Cranes bill : (n) (۱) ایک قسم کی جھاڑی ۔ (۲) (جراحی) لمبی نوک والا گھوا ۔

Crang : (n) [med. L."krang"] وھیل مچھلی کی لاش (چربی ھٹانے کے بعد) ۔

Cranial : (a) [med. L."cranium"] (حیوانیات) دماغی ؛ کھوپڑی سے متعلق ؛ قحفی ۔

Cranial flexure : (n) قحفی یا دماغی خم ۔

Cranial nerve : (n) عصبی خم ۔

Craniata / Craniota : (n) [L."cranium"and Gr."kranion"] ریڑھ دار جانوروں کی ایک تقسیم ۔

Craniectomy : (n) [CRANIO-+Gr."ectome"] کھوپڑی کے ایک حصے کا نکالنا تا کہ دماغ ٹھیک رھے ۔

Cranio - : [Gr."kranion"] ترکیبی جزو بمعنی کھوپڑی ۔

Cranio-spinal : (a) کھوپڑی اور ریڑھ سے متعلق ۔

Craniocele : (n) مغز کا کھوپڑی سے باھر نکل آنا ۔

Cranioclasm : (n) جنین کے سر کو توڑ دینا ۔

Cranioclast : (n) جنین کے سر کو توڑ کر باھر نکالنے کا آلہ ۔

Craniofacial : (a) کھوپڑی اور چہرے سے متعلق ۔

Craniognomic : (a) کھوپڑی کے خواص اور شکل معلوم کرنے کے علم سے متعلق ۔

Craniognomy : (n) کھوپڑی کے خواص اور شکل معلوم کرنے کا علم ۔

Craniograph : (n) کھوپڑی کا خاکہ اتارنے کا آلہ ۔

Craniographer : (n) کھوپڑی کی خصوصیتوں کا ماھر ۔

Craniography : (n) کھوپڑیوں کا بیان ۔

Cranioid : (a) (حیوانیات) صدف کی ایک قسم ؛ صدف نما ۔

Craniological : (a) جمجمہ شناسی سے متعلق ۔

Craniology : (n) جمجمہ شناسی ؛ کاسہء سر کی شناخت کا علم ۔

Craniologist : (n) جمجمہ شناس ۔

Craniometer : (n) کھوپڑی ناپنے کا آلہ ؛ سر پیما ۔

Craniometric : (a) سر پیما سے متعلق ۔

Craniometrical : (a) سر پیما سے متعلق ۔

Craniometrically : (adv) سر پیمائی کے طور پر ۔

Craniometrist : (n) سر پیمائی کا ماہر ۔

Craniometry : (n) سر پیمائی ؛ کھوپڑی پیمائی ۔

Craniopathy : (n) کھوپڑی کی بیماری ۔

Craniophore : (n) کھوپڑی پیما آلہ ۔

Cranioplasty : (n) کھوپڑی کا عمل جراحی ۔

Cranioscopic : (a) جمجمہ بینی سے متعلق ۔

Cranioscopical : (a) دیکھو Cranioscopic

Cranioscopist : (n) جمجمہ بین ۔

Cranioscopy : (n) جمجمہ بینی ۔

Craniota : دیکھو Craniata

Craniotomy : (n) (۱) کھوپڑی کا عمل جراحی ۔ (۲) ولادت کے وقت رکاوٹ ہونے کیوجہ سے جنین کے سر کو توڑنے کا عمل جراحی ۔

Cranium : (n) (Pl.Crania) [Gr."kronion"] (۱) کھوپڑی ؛ کاسہ (سر کا) ؛ جمجمہ ۔ (۲) (مزاحاً) سر ۔

Crank : (n) [OE."cranc"] (۱) چکر کھنی ؛ گھمیا ؛ دھری پھیر (محور یا دھری کا وہ پرزہ جو عمودی اور دوری دونوں قسم کی حرکت دے سکتا ھے) ۔ (۲) کھنی (گھنٹا لٹکانے کی) ۔ (۳) گھومتا چکلا (بطور سزا قیدیوں سے چلواتے ھیں) ۔ (٤) کھنی نما سہارا یا بریکٹ ۔

Crank : (n) (۱) دور از کار استعارہ یا ترکیب ۔ (۲) وسواسی ؛ مراقی ۔ (۳) بیماری ؛ مرض ۔

Crank : (a) (۱) ڈھیلا پن ؛ خمیدہ ۔ (۲) مشکل ؛ دشوار ۔

Crank : (a) [Origin unknown] (۱) خوش ؛ خوش حال ؛ بشاش ۔ (۲) با ھوش ۔

Crank : (a) [Du. and Fris."krengd"] (جہاز رانی) ڈگمگاتا جہاز یا کشتی جس کے الٹ جانے کا اندیشہ ھو ۔

Crank : (v) موڑنا ؛ خمیدہ کرنا ؛ کھنی بنانا ؛ کھنی میں جڑنا ؛ کھنی بٹھانا ۔

Crank : (v) ناگوار آواز نکالنا ۔

Crank-axle : (n) (۱) مشین کا دھرا ۔ (۲) گاڑی کا وہ دھرا جو سرے پر دوبار مڑا رھتا ھے ۔

Crank-hook : (n) وہ گونڈا جو خراد میں پاؤں دان اور کھنی کو ملاتا ھے ۔

Crank-pin : (n) دھرے کی کیل ۔

Crank-shaft : (n) وہ دھرا جو دھری پھیر سے چلتا ھے ۔

Crank-wheel : (n) وہ پہیا جو دھری پھیر کا کام کرتا ھے ۔

Cranked : (a) کھنی بنا ھوا یا کھنی لگا ھوا ۔

Crankily : (adv) بودے پن یا خبطی پن سے ؛ جلد بازانہ ۔

Crankiness : (n) بوداپن ؛ کمزوری ؛ بوالہوسی ؛ بد مزاجی ۔

Crankle : (v) مروڑی دینا ؛ پیچ دینا ۔

Crankle : (n) مروڑی ؛ پیچ ۔

Crankly : (adv) زندہ دلی سے ؛ بشاشت کے ساتھ ۔

Crankness : (n) ڈگمگاھٹ ۔

Crankous : (a) زود رنج ؛ چڑ چڑا ۔

Cranky : (a) (۱) کمزور ؛ علیل ؛ بودا ؛ ڈھیلا ۔ (۲) بوالہوس ؛ خبطی ۔ (۳) خمیدہ ۔ (٤) متلون ؛ مراقی ۔ (٥) بد مزاج ۔

Cranky : (a) خوش ؛ خوش حال ؛ بشاش ۔

Crannied : (a) دراز دار ؛ شگاف دار ۔

Crannog : (n) [Irish"crannog",Gael."crannag"] جھیل جھونپڑی (اسکاچستان اور آئرستان والوں کے قدیم مکانات جو جھیلوں میں شہتیروں پر بنائے جاتے تھے) ۔

Cranny : (n) [F."cran"] درز ؛ دراز ؛ سوراخ ؛ روزن ؛ شگاف ۔

Cranny : (n) [Origin unknown] (شیشه سازی) لوهے کی سلاخ جو بوتل کی گردن بنانے میں کام آتی هے ۔

Cranreuch : (n) [Gael."crann"+"reodhadh"] پالا ۔

Crap : (n) [Du."krappe"] (۱) گندم سیاہ ۔ (۲) باقی ماندہ ؛ بچا کھچا ۔ (۳) ایل (شراب) کی تلچھٹ ۔ (٤) (عامیانه) زر ؛ روپئے پیسے ۔ (٥) فضلات ۔ (٦) بچی کھچی چیز ۔

Crap : (n) [Du."krap"] پھانسی ؛ دار ۔

Crap : (n) [back-formation Fr."craps"] دو پانسے سے کھیلا جانے والا جوا ۔

Crap : (v) پھانسی دینا ۔

Crap : (v) جوا کھیلنا ؛ قمار بازی کرنا ۔

Crapaudine : (n) [F.] وہ خانه جس میں دروازہ کی چول گھومتی هے ؛ دروازے کا لولہ ۔

Crape : (n) [F."crepe"] (۱) جالی ؛ کتان ؛ ایک قسم کا باریک چھینٹ دار کپڑا ؛ کریپ ۔ (۲) کریپ کی پٹی جو هیٹ کے گرد لگاتے هیں ۔

Crape : (v) کریپ پہنانا ؛ کریپ اوڑھانا ۔

Crape-fish : (n) نچوڑی هوئی نمک زدہ کاڈ مچھلی ۔

Crappie : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Crappit-head : (n) هیڈوک (Haddock) مچھلی کا سر جس میں مسالا وغیرہ بھرا رهتا هے ۔

Craps : (n) [F."crabs"] دیکھو Crap

Crapula : (n) [Gr."kraipate"] بیماری جو بسیار خوری یا کثرت مےنوشی سے پیدا هوتی هے ۔

Crapulence : (n) [See next] (۱) کثرت مےنوشی ؛ غذا کی افراط ۔ (۲) بے اعتدالی (مےنوشی یا کھانے میں) ۔ (۳) عیاشی ۔

Crapulent : (a) [L."crapulentus"] شرابی ؛ شراب کا لتّی ؛ شراب کا مارا ؛ کثرت سے مےنوشی کا عادی ؛ عیاش ؛ بے اعتدال ۔

Crapulous : (a) مبتلائے شراب خواری ؛ عیاش ؛ بےاعتدال ۔

Crapulousness : (n) عیاشی ؛ بے اعتدالی ۔

Crapy : (a) [f.CRAPE+-Y] کتانی ؛ کریپ دار ۔

Crash : (v) [Echoic.] (۱) کھڑ کھڑانا ؛ دھما دھم کرنا ؛ دھماکے سے چلنا یا بڑھنا ۔ (۲) دھماکے سے توڑنا ؛ گرانا یا دھکیلنا ۔ (۳) (هوائی جهاز کا) دھماکے سے گرنا ۔

The crash the gate : بے دعوت یا بے اجازت اندر داخل هونا ۔

Crash : (n) دھڑا کا ؛ گرج ؛ گڑگڑاهٹ ؛ شور ؛ جھنکار ؛ (استعارتاً) تباهی ؛ بربادی ؛ ساکھ کا خاتمه ۔

Crash : (n) [Russ."krashenina"] موٹا کپڑا ؛ کھیس (تولیوں وغیرہ کا کپڑا) ۔

Crash : (n) (تجارت) اچانک گراوٹ ۔

Crash-dive : (n) آب دوز کشتی کا یکایک غوطه مارنا (حمله سے بچنے کے لئے) ۔

Crash-helmet : (n) چمڑے یا پلاسٹک کا حفاظتی خود ۔

Crash-land : (n) دشواریوں کی حالت میں هوائی جهاز کو اتارنا جس سے اس کو نقصان پہنچے ۔

Crash-programme : (n) (تجارت) دھماکه خیز پروگرام ۔

Crasis : (n) [Gr."krasis"] (یونانی نحو کی اصطلاح) امتزاج حروف علت یعنی جب دو متصل لفظوں میں سے پہلے کے آخر اور دوسرے کی ابتدا میں حرف علت هو تو یه دونوں ممزوج هو کر ایک ساده حرف علت میں بدل جائیں ؛ (لسانیات) مصوتی امتزاج ۔

Craspedon /-dum " (n) [Gr."kraspedon"] (حیوانیات) پیچیده رشتے جو مرجان کے خلیوں میں لپٹے هوتے هیں ۔

Craspedote : (a) [Gr."kraspedotos"] (حیوانیات) پردہٴ عشائی والے ستارہٴ دریائی ۔

Crass : (a) [L."crassus"] بونگا ؛ بھدا ؛ (استعارتاً) حد کا ؛ انتہائی ؛ سراسر ۔

Crassitude : (n) [L."crassitudo"] بھدا پن ؛ بھونڈا پن ؛ حماقت ۔

Crassly : (adv) بھونڈے پن سے ؛ بھدے پن سے ؛ سراسر طور پر ؛ انتہائی طور پر ۔

Crassness : (n) بھدا پن ؛ انتہا ؛ نہایت ۔

Crassula : (n) [L.dim.of"crassa"] جڑی بوٹی جو جنوبی افریقہ میں پائی جاتی ہے ۔

Crassulaceous : (a) اس جڑی بوٹی کی جنس کا جو جنوبی افریقہ میں پائی جاتی ہے ۔

-Crat / -ocrat : لاحقہ " بمعنی کسی نظام حکومت کے نظریہ کا حامی " کسی با اثر طبقے کا حامی ؛ سیاسی جماعت کا رکن یا حامی ۔

Cratch : (n) [OF."creehe","cresche"] (۱) ناند ؛ کونڈا ؛ کنڈالی (جانوروں کو صحن یا میدان میں کھلانے کی) ۔ (۲) لکڑی کا ڈھانچہ ؛ لکڑی کا جنگلا ۔

Cratch : (n) (۱) خارش کی ایک قسم ۔ (۲) گھوڑوں اور بھیڑوں کے پاؤں کی ایک بیماری ۔

Crate : (n) [L."cratis"] (۱) چھیپا ؛ ٹوکرا ۔ (۲) (سامان وغیرہ کو حفاظت سے لے جانے کے لئے) لکڑی کا ڈھانچہ ۔

Crateman : (n) پھیری کرکے برتن بیچنے والا ۔

Crater : (n) [Gr."krater"] (۱) کسی مخروطی چیز کے سرے پر سوراخ ؛ جوالا مکھی ؛ آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ۔ (۲) قدح یا بڑا پیالہ جس میں شراب اور پانی مخلوط کرکے جام میں ڈھالتے ہیں ۔ (۳) (فلکیات) باطیہ ؛ کاس ایک جنوبی صورت جو قدح سے مشابہ ہے اور جو صورت شجاع کے نیچے اور صورت کے اوپر واقع ہے ۔

Crater : (n) چینی شیشے وغیرہ کے سامان کو صندوق میں بند کرکے جہاز پر چڑھانے والا ۔

Crateral : (a) آتش فشاں کے دہانے سے مشابہ یا متعلق ۔

Crateriform : (a) جوالا مکھی کی شکل کا ؛ مانند قدح ؛ فنجانی شکل کا ؛ پیالہ نما ۔

Craterlet : (n) چھوٹا دہانہ ۔

Craterous : (a) دیکھو Crateral

Cratic / -Cratical : صفتی لاحقہ " کسی با اثر طبقے کا حامی " کے معنی میں ۔

Cratometer : (n) [Gr."kratos metron"] قوت پیما ۔

Cratometrical : (a) قوت پیمائی سے متعلق ۔

Craunch / Cranch : (v) [Echoic] چرمر کرنا ؛ کرم کرم کرنا ؛ دانتوں سے یا کنکروں کا روندتے ہوئے آنا ؛ کھندلتے ہوئے چلنا ۔

Craunch / Cranch : (n) (۱) چرمر ؛ کرم کرم ۔ (۲) (کان کنی) وہ سطح جو کھدائی میں چھت کے سہارے کے لئے چھوڑ دی جاتی ہے ۔

Cravat : (n) [F."cravate"] گلوبند ؛ نکٹائی ۔

Cravatted : (a) گلوبند پہنے یا لگائے ہوئے ۔

Crave : (v) [OTeut."kra ojan"] (۱) التجاء التماس یا استدعا کرنا ۔ (۲) آرزو مند یا خواستگار ہونا ۔ (۳) چاھنا ۔

Craven : (a) [Etym."obscure] ڈرپوک ؛ ذلیل ؛ پست ھمت فرومایہ ؛ نامرد ؛ بزدل ۔

To cry craven : ہتھیار ڈال دینا ؛ ہار مان لینا ؛ شکست مان لینا ؛ اطاعت قبول کر لینا ۔

Craven : (v) ڈرپوک یا بزدل بنانا ۔

Cravenly : (adv) بزدلی سے ؛ فرومائیگی سے ۔

Craver : (n) ملتجی ؛ ملتمس ؛ مستدعی ؛ آرزو مند ۔

Craving : (n) آرزو ؛ اشتیاق ؛ خواستگاری ۔

Cravingly : (adv) التماس کے ساتھ ؛ التجا کے ساتھ ؛ آرزومندی سے ۔

Cravingness : (n) آرزومندی ؛ خواستگاری ۔

Craw : (n) [Norse."krage"] (۱) پوٹا ؛ اوجھ (پرندے یا کیڑے کا) ۔ (۲) پیٹ ۔

Craw : (n) (۱) پرندوں کی ایک قسم خاص کر کوا ؛ زاغ ؛ کاگا ۔ (۲) ساہر ؛ سیل ۔ (۳) جنوبی ستاروں کا ایک جھمکا ؛ غراب ؛ عرش السماک ۔ (٤) حبشی نیگرو ۔ (٥) (چوروں کے محاورے میں) وہ چور جو پہرا دیتے ہیں جبکہ دوسرے چوری کرتے ہیں ۔ (٦) (معدنیات) کوئلے کی ناقص پرت یا تہ ۔

Craw-craw : (n) [Du."kraauw"] افریقہ کی ایک قسم کی خارش ۔

Crawfish : (n) جھینگا مچھلی ۔

Crawfish : (v) پسپا ھونا ؛ پیچھے ھٹنا ۔

Crawk : (v) [Echoic] کرخت آواز نکالنا ۔

Crawk : (n) جانوروں کی بولی یا آوازنقل کرنےوالا آدمی ۔

Crawk : (n) [See CRAWL (v)] (۱) کھسکنا ؛ پیٹ کے بل چال ۔ (۲) تیرنے کا ایک طریقہ ؛ تیراکی کا ھاتھ ۔

Crawl : (n) اتھلے پانی ؛ گڈھا جو مچھلیوں کو جمع کرنے کے لئے بنا دیتے ھیں ۔

Crawl : (v) [ON."krafla"] (۱) رینگنا ؛ گھسٹنا ؛ پیٹ کے بل چلنا ؛ کھسکنا ۔ (۲) آھستہ آھستہ چلنا ؛ ذلت سے گھسٹنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ غلامانہ خوشامد کرنا ۔ (۳) (کیڑوں مکوڑوں کا ھر طرف) رینگتے پھرنا ؛ کیڑے مکوڑوں کی کثرت ھونا ؛ سرسری محسوس کرنا ۔ (٤) سرزنش کرنا ۔

Crawler : (n) (۱) رینگنے والا ؛ گھسٹنے والا ۔ (۲) سڑکوں پر گھوم گھوم کر مسافر اٹھانے والی بگھی ۔

Crawly : (a) رینگتا ھوا ؛ گھسٹتا ھوا ۔

Crayer / Crare : (n) [OF."crayer"] چھوٹا تجارتی جھاز ۔

Crayfish / Crawfish : (n) [OF."crevice"] جھینگا مچھلی ۔

Crayon : (n) [L."creta"] (۱) رنگین کھریا نقاشی کے لئے ۔ (۲) (استعارتاً) تصویر (رنگین کھریا کی) ؛ کاربن کی نوک (بجلی کے چراغ میں) ۔

Crayon : (v) کھریا سے تصویر کھینچنا ۔

Craze : (v) [ME."crasen"] (۱) لایعقل یا مخبوط کر دینا ؛ سڑی بنانا ؛ حواس بگاڑنا ۔ (۲) (گلی ظروف پر) خط ڈالنا یا خط ھونا ؛ مخلوط ھونا ۔ (۳) کمزور کر دینا ۔ (٤) (کان کنی) چکی میں خام بٹن کو چور کرنا ۔ (٥) پاگل ھونا ۔

Craze : (n) (۱) خبط ؛ دیوانگی ؛ سودا ؛ جنون ؛ سڑی پن ۔ (۲) (استعارتاً) خبط ۔ (۳) خط (گلی ظروف پر) ۔ (٤) (کان کنی) ریزہ ۔

Crazily : (adv) مجنونانہ ؛ خبط کے ساتھ ؛ سودا پن سے ؛ دیوانہ وار ۔

Craziness : (n) سودائیت ؛ جنون ؛ بودا پن ؛ دیوانگی ۔

Crazing : (n) خطوط پڑھ جانا ۔

Crazing mill : (n) ٹین پیسنے کی چکی ۔

Crazy : (a) (۱) (عمارات و بحریات) کمزور ؛ بودا ۔ (۲) علیل ؛ نادرست ؛ مخبوط ؛ مجنوں ؛ سودائی ۔ (۳) ٹیڑھا سیدھا پیوند لگا ھوا ۔

Crazy : (adv) (۱) (عامیانہ) بہت ؛ بہت زیادہ ۔ (۲) مجنونانہ ۔

Crazy : (n) گیندے کی طرح کا ایک قسم کا پھول ۔

Crazy-bone : (n) (امریکا) عجیب قسم کی ھڈی جس میں ضرب لگنے سے شدید درد محسوس ھوتا ھے ۔

Crazy-quilt : (n) (امریکا) عجیب و غریب نمونہ کی پیوند دار رضائی ۔

Creagh / Creach : (n) [Gael. and Ir."creach"] (۱) حملہ ؛ دھاوا ؛ یورش ۔ (۲) مال غنیمت ؛ شکار ۔

Creagh : (v) حملہ کرنا ؛ دھاوا بولنا ؛ یورش کرنا ۔

Creaght : (n) [Ir."caeraigh eacht"] بدوی مویشیوں کا ریوڑ یا گلہ ۔

Creaght : (v) مویشیوں کو چرانے کے لئے لے جانا ۔

Creak : (n) [Echoic] چرچرا پن ؛ چرچراھٹ ؛ (کواڑ یا جوتے کی) ۔

Creak : (v) چرمرانا ؛ چوں چوں کرنا ۔

Creaky : (a) چرمراتا ھوا ؛ چوں چوں کرتا ھوا ۔ (۲) خستہ ۔

Cream / Creme : (n) [L."chrisma"] دیکھو Chrim

Cream : (n) [F."creme"] (۱) بالائی ؛ ملائی ؛ پپڑی یا جھلی (جو کسی سیال شے کے اوپر آجائے) ۔ (۲) ملائی کی مٹھائی ۔ (۳) خلاصہ ؛ لب لباب ؛ عطر عطیر (کسی شے کا) ۔ (٤) (رنگ یا تیاری میں) ملائی کی مثال ۔ (٥) زرد رنگ ۔

Clotted cream / Clouted cream : منجمد ملائی ؛ موٹی ملائی ۔

Cream : (v) (۱) ملائی نکالنا ؛ ملائی ڈالنا ـ (۲) ملائی بننا ؛ ملائی پڑنا ـ (۳) عطر یا لب لباب نکالنا ـ (٤) (چائے میں) ملائی ملانا ـ (٥) (عامیانہ) مارنا ؛ زود و کوب کرنا ـ (٦) روغن لگانا ـ

Cream-cake : (n) بالائی دار کیک ـ

Cream-cheese : (n) دودھیا پنیر ـ

Cream-coloured : (a) سفیدی مائل دودھیا ؛ (صرف گھوڑے کے لئے) نقرہ ـ

Cream-cups : ایک قسم کا پھول ـ

Cream-faced : (a) (خوف سے) زرد یا بے رنگ چہرے والا ـ

Cream-fruit : (n) دودھیا پھل (ایک افریقی پھل) ـ

Cream-laid : (n) شربتی رنگ کا کاغذ ـ

Cream-nut : (n) برازیلی جوز ـ

Cream of lime : خمیرۂ لیموں ـ

Cream of tartar : (کیمیا) کریم آف تارتار ؛ ٹارٹرک کریم ـ

Cream-paper : (n) دیکھو Cream-laid

Cream puff : (n) (۱) گول ملائی دار بسکٹ (جس کے بیچ ملائی بھری رہتی ہے) ـ (۲) کمزور، بزدل یا بے حد حساس شخص ـ

Cream-separator : (n) ایک کل جس سے ملائی دودھ سے نکالتے ہیں ـ

Cream-slice : (n) چھری کی قسم کا چاقو جس سے ملائی نکالتے یا دیتے ہیں ـ

Cream-wove : (n) ملائی کی بناوٹ والا کاغذ ـ

Creamed : (a) ملائی دار ؛ روغن دار ـ

Creamer : (n) ملائی نکالنے کا کفچہ یا آلہ ؛ کریم دینے کا جگ ـ

Creamery : (n) [F."cremerie"] (۱) مسکہ خانہ ؛ دودھ کی دکان ـ (۲) مکھن اور پنیر بنانے کا کارخانہ ـ

Creamily : (adv) نرمی سے ـ

Creaminess : (n) ملائی داری ؛ ملائی پن ـ

Creamometer : (n) ملائی سنج ؛ دودھ میں ملائی کی مقدار جانچنے کا آلہ ـ

Creamware : (n) ملائی کے رنگ کے برتن ـ

Creamy : (a) ملائی دار ؛ ملائی جیسا ؛ چکنا ؛ روغنی ـ

Creance : (n) [L."credere"] (باز بازی میں) ایک لمبا رشتہ جو پتلا ہوتا ہے اور باز کی تربیت کے وقت اس کے چنگل میں باندھتے ہیں ـ

Crease : (n) [ME."creste"] (۱) تہ کی سلوٹ کا خط ؛ چرس ؛ شکن ـ (۲) (کرکٹ) کھیلنے والے اور گیند پھینکنے والے کی حد ـ (۳) (تعمیرات) خمیدہ کھپرا ـ

Bowling crease : وہ خط جہاں سے باؤلر گیند پھینکتا ہے ـ

Popping crease : بلے باز کے کھڑے رہنے کا خط ـ

Return crease : گیند پھینکنے کے خط کے سروں کا چھوٹا خط ـ

Crease : (n) جمبیا؛ لہریا خنجر (ملایا والوں کا) ـ

Crease : (v) (۱) شکن ڈالنا ؛ چرس ڈالنا ـ (۲) چرسیں پڑ جانا ـ (۳) بے ہوش کرنا (گردن میں گولی مارکر) ـ

Creaser : (n) شکن بنانے والا آلہ ـ

Creasote : (n) روغن قطران؛ ایک قسم کا تریاق ؛ (تجارتی اصطلاح) کوئلے کاست ؛ تیزاب فحمی ؛ کاربونک ایسڈ ـ

Creasy : (a) شکن پڑا ؛ شکن دار ؛ جھری دار ؛ پرشکن ؛ شکن زدہ ـ

Create : (v) [L."creatus"] پیدا کرنا ؛ خلق کرنا ؛ وجود میں لانا ؛ آغاز کرنا ؛ بنا ڈالنا ؛ بنانا ؛ تشکیل کرنا (ایکٹروں کا) ؛ تشکیل دینا ؛ خطاب یا عہدہ عطا کرنا ؛ (عامیانہ) زور سے شکایت کرنا ـ

To create a man / peer : بنانا (خطاب یا عہدہ عطا کرنا) ـ

Creatic : (a) [Gr."kreas"+IC] گوشت سے متعلق ـ ؛ لحمی ـ

Creatine : (n) [as prec+ - INE] ایک سفید بلوری مرکب جو عضلات میں پایا جاتا ھے ؛ جوھر لحم ؛ ایک عضوی مادہ جو گوشت کے عرق میں پایا جاتا ھے ۔

Creatinine : (n) [prec.+ - INE] ایک قلوی بلور پذیر مادہ جو کریٹائن سے نکلتا ھے ۔

Creatio-exnihilo : (نفسیات و تعلیمات) عدم سے تخلیق ۔

Creation : (n) [L."creationem"] (۱) تخلیق ؛ خلقت ؛ کائنات ؛ موجودات ۔ (۲) عطائے خطاب یا مرتبہ ۔ (۳) تصنیف ؛ اختراع (خاص کر کسی درزی یا ایکٹر کی عموماً خیالی) ۔ (٤) دنیا ؛ مخلوق ۔

Lord of creation : انسان ؛ آدمی ۔

Creational : (a) تخلیقی ۔

Creationism : (n) (۱) یہ عقیدہ کہ خدا مادہ کو زندگی کی مختلف صورتوں کو اور دنیا کو عدم سے وجود میں لایا ھے ۔ (۲) یہ عقیدہ کہ ھر شخص کی الگ روح ھوتی ھے ؛ انفرادی روح کا مسلک ۔

Creationist : (n) تخلیق پرست ؛ مسلک تخلیق کا قائل ۔

Creative : (a) (۱) موجدہ (قوت) ؛ پیدا کار ؛ مخترعہ ؛ تخلیقی ۔ (۲) تخلیقی (ارتقاء) ۔ (۳) پیدا کرنے والا ۔

Creative evolution : (n) تخلیقی ارتقاء ۔

Creatively : (adv) موجدانہ ؛ تخلیقی طور پر ۔

Creativeness : (n) پیدا کاری ؛ قوت ایجاد ؛ اختراعیت ۔

Creativity : (n) (فلسفہ و نفسیات) تخلیقی مادہ ؛ خلاّقیت ۔

Creator : (n) [L."creatorem"] خالق کل ؛ خلاّق ؛ پیدا کرنیوالا ۔

Creatorship : (n) خلاّقی ۔

Creatress / Creatrix : (n) مصنف ؛ موجد (عورت) ۔

Creatural : (a) مخلوق سے متعلق ۔

Creature : (n) [L."creatura"] (۱) مخلوق ؛ حیوان مطلق ۔ (۲) آوردہ ؛ دست پروردہ ؛ بنایا ھوا (جو کسی دوسرے کی بدولت ترقی کرتا ھے) ۔ (۳) انسان ؛ آدمی ۔ (٤) نتیجہ ۔

Creature-comfort : (n) جسمانی آرام (کھانا کپڑا وغیرہ) ۔

Creaturehood : (n) مخلوقیت ۔

Creatureliness : (n) بشریت ؛ حیوانیت ۔

Creaturely : (adv) حیوانی ؛ بشری ۔

Creatureship : (n) مخلوقیت ؛ بشریت ۔

Creaze : (n) دیکھو Craze

Crebri - : [L."creber"] واصلہ بمعنی فریب ، منسلك ، سٹا ھوا ؛ نزدیك ۔

Crebricostate : (a) سٹی سٹی پسلیوں والا ۔

Creche : (n) [OHG."kripua"] دارالصبیان ؛ بچوں کی سرکاری پرورش گاہ ؛ دایہ خانہ ۔

Credat Judaeus Appella : (n) (لاطینی ضرب المثل) میں ایسے فقروں میں نہیں آتا ، ایسا فقرہ کسی اور کو دیجئے ۔

Credence : (n) [L."credentia"] (۱) یقین ؛ اعتبار ؛ عقیدہ ۔ (۲) تبرکات کی چھوٹی میز (جس پر عشائے ربانی کے بعض تبرکات رکھے ھوئے ھوتے ھیں) ۔ (۳) تعارف نامہ ۔

Letter of credence : تعارف نامہ ؛ تعارف کا خط ؛ تصدیق ؛ روشناسی ۔

To give credence to : یقین دلانا ؛ اعتبار کرنا ۔

Credenda : (n) [L.] اصول عقائد ؛ اعتبار نامہ ۔

Credent : (n) [L."credent"] اعتماد کنندہ ؛ باور کنندہ ۔

Credential : (n) [med.L."credentia"-+-AL] (۱) مراسلہ تعارف ؛ تصدیق سرکاری ؛ سند ؛ وثیقہ ؛ مختارنامہ ۔ (۲) (استعارتاً) اسباب تصدیق یا رو شناسی ؛ (تاریخ) تعارفی مراسلہ ۔

Credential : (a) سفارشی ؛ تعارفی ۔

Credently : (adv) اعتماد کرتے ھوئے ۔

Credibility : (n) قابل یقین ہونا ؛ معتبریت ؛ ثقاہت ؛ صداقت ۔

Credible : (a) [L."credibilis"] قابل یقین ؛ معتبر (روایت یا شخص) ؛ قابل اعتماد ؛ قرین عقل ۔

Credibleness : (n) معتبریت ؛ صداقت ؛ قابل یقین ہونا ۔

Credibly : (adv) بالیقین ؛ معتبرانہ ۔

Credit : (n) [L."creditus"] (۱) اعتماد ؛ بھروسا ؛ یقین ؛ اعتبار ۔ (۲) شہرت ؛ نیک نامی ؛ ساکھ ؛ پت ؛ آبرو ؛ بھرم ؛ عزت و وقعت ؛ رسوخ ؛ اقتدار (جو نیک نامی سے حاصل ہوتی ہو) ۔ (۳) مجرائی ؛ مجرائی رقم (جو کھاتے میں جمع کرانے والے کے نام سے چڑھائی جائے) ؛ جمع ؛ وصول ۔ (٤) قرض ؛ یافتنی ؛ ادھار ؛ (استعارتاً) کسی سے کوئی فعل یا وصف منسوب کرنا ؛ انتساب ؛ اتصاف ۔ (٥) تعریف (کسی اچھے کام کے لئے) ۔ (٦) سبب تعریف ۔

Blank credit : (تجارت) کورا ادھار ۔

Capital credit : (تجارت) سرمایہ ادھار ؛ پونجی ادھار ۔

Commercial credit : (تجارت) کمرشیل ادھار ؛ تجارتی قرض ۔

Confirmed credit : (تجارت) پکا ادھار ۔

Consumer's credit : (تجارت) صارفین کا ادھار ۔

Current credit : (تجارت) فوری قرض ۔

Emergency credit : (تجارت) ہنگامی قرض ۔

Integrated credit : (تجارت) مدغم قرض ؛ یک جاتی ادھار ۔

Letter of credit : ہُنڈی ؛ پرچہ یا رقعہ (دوسری جگہ سے) وصول زر کے لئے ؛ (تجارت و معاشیات) ساکھ پروانہ ؛ ساکھ چٹھی ۔

Long credit : (تجارت) طویل میعادی ادھار ۔

Omnibus credit : (تجارت) ہمہ گیر ادھار ۔

On (upon) credit : طویل مدت کا قرضہ ۔

Open letter of credit : (تجارت) کھلی قرض چٹھی ؛ کھلی ساکھ چٹھی ۔

Paper credit : (تجارت) کاغذی ادھار ؛ پیپر کریڈٹ ۔

Public credit : (تجارت) پبلک قرض ؛ عوامی قرض ۔

Pyramid of credit : (تجارت) ہرمی ادھار ؛ ادھار پریمڈ ۔

Running credit : (تجارت) چالو ادھار ۔

Stand by credit : (تجارت) احتیاطی ادھار ۔

To give credit to : اعتبار کرنا (کسی روایت کا) ۔

Credit : (v) باور کرنا ؛ یقین لانا ؛ ماننا ؛ کھاتے میں جمع کرنا ؛ وصولی لکھنا ۔

To credit (something) to a person (or) a person with : منسوب کرنا ۔

Credit advice : (n) (تجارت) جمع اطلاع ۔

Credit balance : (n) (تجارت و معاشیات) جمع باقی ۔

Credit control : (n) (تجارت) قرض کنٹرول ۔

Credit extension : (n) (تجارت) ساکھی اضافہ ۔

Credit facilities : (n) (تجارت) ادھار سہولیات ۔

Credit monetization : (n) (تجارت) قرض بہ صورت زر ۔

Credit note : (n) (معاشیات) کریڈٹ نوٹ ۔

Credit rating : (n) (تجارت) قرض کی شرح بندی ۔

Credit-sale : (n) (تجارت) ادھار بکری ۔

Credit-squeeze : (n) (تجارت) قرض کی روک ۔

Creditable : (a) مستحسن ؛ پسندیدہ ؛ لائق تعریف ۔

Creditableness : (n) قابل یقین ہونا ؛ معتبریت ؛ ثقاہت ؛ صداقت ۔

Creditably : (adv) خوبی سے ؛ مستحسن طور پر ؛ لائق تعریف طور پر ۔

Creditor : (n) (۱) قرض خواہ ؛ لین دار ؛ ساہو کار ؛ (معاشیات) قرض دینے والا ۔ (۲) (مخفف .Cr) کھاتے میں وصولی یا جمع خانہ (دائیں طرف سے) ۔

Bond creditor : (تجارت) بانڈ لین دار ۔

Fully secured creditor : (تجارت) کلی محفوظ لین دار ۔

Preferential creditor : (تجارت) ما قبل ترجیحی لین دار ۔

Creditress : (n) قرض خواہ (عورت) ۔

Credo : (n) [L.] (۱) عقیدہ ؛ ایمان (خاص کر وہ مسیحی عقائد جو نیکائیا کی مجلس نے لازمی قرار دیئے تھے ۔ (۲) عقائد نیکائیا کا بھجن ۔

Credulity : (n) [L."credulitas"] سریع الاعتقادی ؛ زود اعتقادی ؛ سادہ لوحی ۔

Credulous : (a) سریع الاعتقاد ؛ خوش اعتقاد ؛ بھولا ؛ سیدھا سادہ ؛ ضعیف الاعتقاد ۔

Credulously : (adv) سریع الاعتقادی سے ؛ بھولے پن سے ؛ سادہ لوحی سے ۔

Credulousness : (n) سریع الاعتقادی ؛ خوش اعتقادی ؛ زود اعتقادی ؛ سادہ لوحی ؛ بھولا پن ۔

Cree : (v) [F."crever"] (۱) ابال کر نرم کرنا ؛ جوش دے کر نرم کرنا یا ھونا ۔ (۲) کوٹ کر نرم کرنا ۔

Creed : (a) [as prec.] نرم کیا ھوا یا بنایا ھوا ۔

Creed : (n) [L."credo"] (۱) عقائد یا ارکان دین مسیحی (خاص کر چار رسولوں یا نیکانیائی مجلس کے فیصلے کے مطابق) ۔ (۲) عقائد ؛ مذھب ؛ مسلک ؛ معتقد (مذھبی نیز غیر مذھبی) ۔

Creedal : (a) عقائد سے متعلق ؛ مسلک سے متعلق ۔

Creedless : (a) لا مذھب ؛ لا مسلک ۔

Creedlessness : (n) لا مذھبیت ؛ لا مسلکیت ۔

Creek : (n) [ME."crike"] (۱) کھاڑی ؛ ساق یا شاخ دریا ؛ آب درا ۔ (۲) گودی ؛ چھوٹی بندرگاہ ؛ (امریکا اور نو آبادیوں میں) معاون دریا ۔ (۳) جوف جبال ؛ (پہاڑوں کے درمیان کا) تنگ میدان ؛ پہاڑی کھانچہ ۔ (٤) پر پیچ راستہ ؛ دور افتادہ گوشہ ۔

Creekward : (a) کھاڑی کی طرف ۔

Creeky : (a) کھاڑی سے بھرا ؛ آب درا سے بھرا ۔

Creel : (n) [L."craticulum"] (۱) مچھلی جھاب ؛ ماھی گیری ٹوکرا ۔ (۲) مچھلی ، جھینگا وغیرہ کو پکڑنے کا جال ۔

In a creel : عارضی انحراف کی حالت میں ۔

To coup the creels : صدمہ پہنچانا یابرداشت کرنا ۔

Creel : (n) [same as prec.] ڈھانچہ ؛ تاگا دینے والا ۔

Creeler : (n) خالی ریل کو بدلنے والا (آدمی) ۔

Creep : (v) [OTeut."kreupan"] (۱) رینگنا ؛ پیٹ کے بل چلنا ؛ جوں کی چال چلنا ؛ آھستہ ، بلا آواز یا دبے پاؤں چلنا ۔ (۲) گھس پیٹھ کرنا ؛ (مقام یا معاملے میں) گھسنا ۔ (۳) (بری طرح) تیر کرنا ؛ (ذات) بسر کرنا یا چلنا (کاموں کا) ۔ (٤) بیل چڑھنا (درختوں دیواروں پر) ؛ (بحری) کانٹا گھسٹتے چلنا ۔ (٥) گھن ھونا ۔ (٦) سرسری ھونا ؛ سنسنی ھونا ۔ (٧) (دھات کے ریل وغیرہ کا) آگے بڑھنا (دباؤ ، پھیلاؤ یا سکڑن کی وجہ سے) ۔

Creep : (n) (۱) رینگنا ۔ (۲) گھن اور خوف (عام محاورے میں اکثر جمع بولتے ھیں) ۔ (۳) (ریل کے پشتے کی) محراب ؛ کمان ۔ (٤) (جھاڑیوں میں) گٹھا ؛ موکھا ؛ آمد و رفت کی جگہ ؛ گھر گھس ۔ (٥) احاطہ میں جانوروں کے آنے جانے کا راستہ یا ڈگر (جس سے صرف چھوٹے بچےنکل سکتےھیں) ۔ (٦) چور ؛ بھید لینے والا ؛ نا پسندیدہ شخص ۔ (٧) کان کی زمین کابتدریج اٹھنا (کوئلہ کان کا) ۔

Flesh creep : جسم میں سنسنی پڑ جانا ؛ چیونٹیاں سی چلنا ؛ (خوف یاطیش کے موقع پر) جھرجھری ۔

Creep-hole : (n) موکھا ؛ گھس ۔

Creeper : (n) (۱) بیل ؛ لت ۔ (۲) کانٹا ؛ (پانی یا کنویں میں سے چیزیں نکالنے کا آلہ) ۔ (۳) آھستہ ؛ رینگنے والا ؛ بلا آواز یا دبے پاؤں چلنے والا ۔ (٤) چھوٹی چڑیا ؛ رینگنے والے جانور ۔ (٥) (جوتے کا) میخ لگا ھوا تلا پھسلن سے بچنے کےلئے ۔ (٦) تین پاؤں والی لوھے کی کڑاھی ۔ (٧) (جمع میں) ایک قسم کا پتہ یا آویزہ جو مکان کے درو دیوار پر بطور آرائش بناتے ھیں ۔ (٨) بچوں کا ایک لباس ۔ (٩) اناج کو چکی میں لے جانے کا آلہ ۔

Creepie : (n) (۱) تین پایه والی نیچی تپائی ۔ (۲) ایک قسم کا چھوٹا مرغ ۔

Creeping : (n) (۱) رینگنا ؛ دبے پاؤں چلنا ۔ (۲) سنسنی ؛ سرسری ؛ جھرجھری ۔ (۳) (کنیڈا میں) هرن کا پیچھا کرنا ۔ (٤) (نباتیات) غلطان ۔

Creeping-hole : (n) دیکھو Creep-hole

Creeping inflation : (n) رینگتا پھیلاؤ زر ۔

Creeping sheet : (n) تومنے والی مشین کا پیش بند ۔

Creeping socialism : (n) رینگتا سوشلزم ۔

Creepingly : (adv) رینگتے هوئے ۔

Creepmouse : (n) ڈرپوک ؛ شرمگیں ؛ لجانا ۔

Creepy : (a) (۱) رینگنے والا ؛ رینگتا هوا ۔ (۲) (بدن میں) سنسنی ڈالنے والا ؛ سنسنی پڑا ۔ (۳) سنسنی خیز ۔

Creepy-crawly : (n) رینگتا ۔

Creese / Crease / Kris : (n) [Malay."kiris","kris","kres"] دیکھو Crease

Creese/Crease/Kris : (v) جمبیا سے مارنا ؛ خنجر گھونپنا ۔

Creesh / Creish : (n) [L."crassa"] (۱) چربی ؛ روغن ۔ (۲) ضرب ۔

Creesh : (v) چربی لگانا ؛ روغن لگانا ۔

Creeshy : (a) چربی دار ؛ روغن دار ؛ چکنا ۔

Cremaillere : (n) [Fr.] دمدے کی دندانے دار یا ٹیڑھی میڑھی شکل ۔

Cremaster : (n) [Gr."kremaster"] (۱) (تشریحات) رشته منویه کا وہ عضله جس کے ذریعه خصیه لٹکا رهتا هے ۔ (۲) (حشریات) کسی حشر کے پھل روپ کی پیٹھ یا پیٹ کی نوک جو مکمل طور سے تبدیل هو جاتی هے ۔

Cremasteral : (a) رشته منویه کے عضلات سے متعلق ۔

Cremate : (v) [L."cremat"] جلانا (خاص کر مردے کو) ۔

Cremation : (n) داہ کرن ؛ میت سوزی ؛ لاش جلانا ۔

Cremation ground : (n) (تاریخ) شمشان (مردہ جلانے کی جگه) ۔

Cremation urn : (n) (تاریخ) داہ کلش (مردوں کی راکھ کا برتن) ۔

Cremationist : (n) داہ کرمی ؛ میت سوز یا حامیء میت سوزی ۔

Cremator : (n) داہ کرمی ؛ میت کو جلانے والا ؛ بھٹی جس میں کوڑا کرکٹ جلایا جائے ۔

Crematoria : (a) لاش بھٹی کا یا اس سے متعلق ۔

Crematorium : (n) لاش بھٹی ؛ وہ جگه جہاں مردے جلائے جاتے هیں ۔

Crematory : (a) داہ کرن یا میت سوزی سے متعلق ۔

Crematory : (n) دیکھو Crematorium

Creme de menthe : (n) پودینے کی شراب ۔

Creme de la creme : (n) [Fr.] عطر عطیر ؛ جوهر ؛ چیدہ ۔

Cremerie : (n) [F.] دودھ مکھن وغیرہ کی چھوٹی دکان ۔

Cremocarp : (n) [Gr."krema"+"karpos"] سونف وش ؛ ثمر پارہ ؛ خشک میوہ (ایک قسم کا) ۔

Cremona : (n) [It.] کرمونا ؛ (اطالیه) کی سانگی یا بیلا یعنی وائلین ۔

Cremona : (n) [Corrupt.f.CROMORNE] ارگن باجے کا ایک پردہ ۔

Cremor : (n) [L.] گاڑھا عرق ۔

Crena : (n) [mod.L."crena"] (۱) (نباتیات) دندانه دار ؛ کنگورہ ۔ (۲) (تشریحات) سرین کا شگاف ۔ (۳) دندانه دار دانت ۔ (٤) قحفی هڈی کا وہ دندانه جس کے ذریعه وہ جڑی هے ۔

Crenate : (n) [CREN+-IC] کرینک ایسڈ (crenic acid) کا نمک ۔

Crenate : (a) [mod.L."crenatus"] دندانه دار ؛ دنتیلا ؛ کنگورہ دار ۔

Crenated : (a) (۱) دندانه دار ؛ کنگورہ دار ۔ (۲) کرینک ایسڈ کے نمک کا ۔

Crenation : (n) (۱) دندانہ داری ؛ دنتیلا پن ۔ (۲) خون کے خلیوں کی سکڑی ہوئی حالت ۔

Crenato - : [mod.L."crenatus"] واصلہ بمعنی دندانہ دار یا کنگورہ دار ۔

Crenature : (n) [as prec.] (نباتیات) گول دانت یا کٹاؤ (پتے کے کنار پر) ۔

Crenel / Crenelle : (n) [OF."crenel"] (۱) فصل کے کنگوروں میں روزن یا خالی جگہ (بندوق چلانے کے لئے) ؛ مورچہ ؛ کوہ ؛ مزغل ۔ (۲) گول دانت یا کٹاؤ (پتے کے کنار پر) ۔

Crenellate / Crenelate : (v) [F."creneler"] (فصیل میں) بندوق کے لئے روزن رکھنا ۔

Crenellation / Crenelation : (n) بندوق کے لئے روزن ؛ کنگورہ ؛ استحکام ۔

Crenic : (a) (In cremic Acid) [Gr."krene"+-IC] ایک نامیاتی ترشہ ۔

Crenulate : (a) [mod.L."crenulatus"] کنگور دار ۔

Crenulation : (n) کنگورك داری۔

Creole : (n) [L."creare"] (لسانیات) کرئے اول ؛ ویسٹ انڈیز کا (حبشی یا فرنگی) ؛ مولدنیز حیوانیات جو باھر سے آکر وھاں کے ھوگئے ھیں ۔

Creolian : (a) کرییولی ۔

Creolization : (n) (لسانیات) کریولانا ۔

Creolized language : (n) (لسانیات) کریولانی ہوئی زبان ۔

Creophagous : (a) [Gr."kreophagos"+-OUS] گوشت خوار ۔

Creosol : (n) [f.CREOS (OTE) + - OL] ایك خوشبو دار کیمیاوی شے ؛ کریسول ۔

Creosote / Creasote / Kreosote : (n) [Gr."kreo"- +sozin"] دیکھو Creasote

Creosote : (v) روغن قطران میں لگا کر محفوظ کرنا ۔

Creosote-bush : (n) میکسیکو کی ایك جھاڑی ۔

Crepe : (n) [L."crispa"] (۱) کریپ (شکن دار) ۔ (۲) ایك قسم کا کیك ۔

Crepe : (v) شکن دار بنانا ۔

Crepe de chine : (n) [Fr.] کچے ریشم کا کریپ ۔

Crepe lisse : (n) غیر شکن دار کریپ ۔

Crepe rubber : (n) کریپ ربڑ جو جوتوں کے تلوں میں کام آتا ھے ۔

Crepitaculum : (n) [L.] (حیوانیات) چرخی ناگ ؛ (ٹیڈریا سانپ) کی کھڑکھڑاھٹ یا ٹرٹراھٹ ۔

Crepitant : (a) [L."crepitantem"] (۱) چٹختا ؛ تھتکارتا ھوا ۔ (۲) چٹخنے والا (حشریات) ۔

Crepitate : (v) [L."crepitate-"] (۱) چٹخنا ؛ (بھونروں کا) تھتکارنا یا کلی مارنا ۔ (۲) پھیپھڑوں کی رگوں سے آواز نکالنا ۔ (۲) ٹرٹرانا یا کھڑکھڑانا ۔

Crepitation : (n) (۱) چٹخنا ۔ (۲) پھیپھڑوں کی آواز (جو ڈاکٹر آلہ سے سنتے ھیں) ۔

Crepitus : (n) دیکھو Crepitation

Crepon : (n) [F."crepe"] کریپ کا سا مگر اس سے مضبوط کپڑا ۔

Crept : (a) دیکھو Creep ؛ (کوئلے کی کان) بتدریج اٹھی ہوئی ۔

Crepuscle : (n) دھندلکا ۔

Crepuscular : (a) [L."crepusculum"] (۱) دھندلا ؛ نیم روشن (تاریخی زمانہ) ؛ جھٹپٹا (صبح یا شام کا وقت) ۔ (۲) جھٹپٹے میں نکلنے والا ۔

Crepusculous : (n) دھندلا ؛ نیم روشن ۔

Crepusculum : (n) (L.] جھٹپٹا ؛ دھندلکا ۔

Crescendo : (n) [It."crescere"] (۱) (موسیقی) چڑھتے سروں کا گانا ؛ (استعارتاً) صعود ؛ چڑھائی ؛ چوٹی کی طرف چڑھنا ؛ اوج صدا ۔ (۳) تدریجی افزائش ؛ (لسانیات) صوت ارتقا ۔

Crescendo stress : (n) (لسانیات) صوت ارتقائی بل ۔

Crescent : (n) [L."crescentem"] (۱) ھلال ؛ (نیا یا آخری ھفتے کا چاند) ۔ (۲) قوس ؛ نیم دائرہ (خاص کر مکانات کی قوسی قطار) ۔ (۳) ترکی سلاطین کے علم یا پھریرے کا نشان ؛ ھلال کا نشان ؛ (نقابت) ھلال کا نشان ۔ (٤) (استعارتاً) دولت عثمانیہ یا ملت عثمانیہ ۔

Crescent : (a) ترقی پذیر ؛ بڑھنے والا ؛ چڑھتا ؛ قوس نما ؛ قوسی ؛ ھلالی ۔

Crescent blade : (n) (تاریخ) ھلالی پھل ؛ قوسی پھل ۔

Crescentade : (n) جہاد ۔

Crescented : (a) (۱) قوسی ؛ ھلالی ؛ ھلال نما ۔ (۲) ھلالی نشان والا ۔

Crescentic : (a) ھلالی ؛ ھلال نما ۔

Crescentic base : (n) (تاریخ) ھلالی بنیاد ۔

Crescentiform : (a) دیکھو Crescentic

Crescive : (a) [L."crescere" + -IVE] بڑھنے والا ۔

Cresol/Cressol : (n) [f.CREOS (OTE)+ - OL] ایک خوشبودار الکحل ۔

Cresolene : (n) کوئلے سے نکلی ھوئی کاربولک ایسڈ سے مشابہ ایک کیمیاوی شے ۔

Cress : (n) [OE."cresse","cerse"] کاھو ۔

Cresset : (n) [OF."craicet","craisset"] (۱) مشعل ؛ قندیل ؛ شمع دان ؛ ھانڈی (خاص کر وہ جو آج کل بحری گوداموں میں روشنی کے لئے لگاتے ھیں)۔ (۲) ایک قسم کا چولھا ۔

Cresson : (n) [Fr.] کاھو رنگ ؛ ایک قسم کا سبز رنگ ۔

Crest : (n) [L."crista"] (۱) گچھا ؛ چوٹی ؛ چٹیا ؛ کپھا (پروں کا) ؛ تاج ؛ کلغی (جانوروں کی) ؛ کیسی ؛ جھال (پانی کی) ۔ (۲) ایال ؛ خط گردن (حیوانات کا) ۔ (۳) (تشریح) ھڈی کا ابھار ۔ (٤) طغرا ؛ توقیع (جو ڈھال یا کاغذ پر ابھرواں بنایا جائے) ۔ (٥) نقابت کا ایک نشان ۔ (٦) خود کا اوپری حصہ ۔ (۷) سرا ؛ سر ۔ (۸) (تعمیرات) منڈیر ۔ (۹) پہاڑ کی ماھی پشت ۔ (۱۰) ابھری ھوئی مگری (چھت کی) ۔ (۱۱) (قلعہ بندی) فصیل کی منڈیر ۔ (۱۲) موج کا جھاگ دار سرا ؛ موج کی جھاگ دار چوٹی ۔ (۱۳) کسی چیز کا ابھرا ھوا حصہ ۔ (١٤) (طبیعیات) فراز ۔

Royal crest : (تاریخ) شاھی نشان ۔

Crest : (v) کیس یا تاج لگانا ؛ چوٹی یا گپھے کا کام دینا ؛ چوٹی تک پہنچنا (پہاڑ یا موج کا) ؛ موجوں کا چوٹی بن جانا ؛ (پانی کی) جھال ھو جانا ؛ تاج پہنانا ؛ دھاری بنانا (تاج کے پروں کی طرح) ؛ (پرندوں کا) تاج اٹھانا ۔

Crest-fallen : (a) (۱) سرنگوں ؛ افسردہ ؛ دل شکستہ ؛ شرمندہ ؛ ھارا پٹا ھوا ۔ (۲) (گھوڑے کا) ایال ایک طرف گرا ھوا ۔

Crest of sonority : (لسانیات) گونج کی انتہا ۔

Crest-tile : (n) چھت کی مگری کا خمیدہ کھپرا ۔

Crest-wreath : (n) (نقابت) ریشم کا ھار یا پٹی جس سے تاج لگا رھتا ھے ۔

Crested : (a) (۱) تاج دار ؛ کلغی دار ۔ (۲) (نقابت) دوسرے رنگ کے تاج والا ۔ (۳) ابھرواں مگری والا یا سرے والا ۔

Crested ridge : (n) (تاریخ) دندانہ دار دھار (پتھر کی) ۔

Cresting : (n) (تعمیرات) دیوار یا چھت کی آرائشی مگری ۔

Crestless : (a) بے تاج ؛ بے کلغی ؛ بے کیس کا ۔

Cresyl / Cresssyl : (n) [f.CRES - OL+ - YL] کریسول کا اساسی جزو مستقل ۔

Cresylate : (n) کریسائلک ایسڈ کا نمک ۔

Cresylic : (a) کریسول کا ۔

Cretaceo - : واصلہ بمعنی کھریا کی خاصیت کا ۔

Cretaceous : (a) [L."cretaceus"] (۱) کھریا کی خاصیت کا ؛ کھریا کا ؛ گچی ۔ (۲) (طبیعیات) کھریا جیسا ۔

Cretaceously : (adv) بہ طور کھریا ۔

Cretic : (a) [L."creticus"] بحر شعر کا وہ رکن جس میں ایک ، وتد ، اور ایک ، سبب ، ھو ۔

Cretification : (n) کھریانا ۔

Cretify : (v) [L."creta"+ - FY.] کھریانا ؛ چونے یا کھریا کے اجزا سے بھر دینا ۔

Cretin : (n) [L."christianum"] کریٹن ؛ فاترالعقل (خاص کر وہ جو اکثر الپ کی وادیوں میں پائے جاتے ہیں) ۔

Cretinism : (n) موروثی فتور عقل ؛ مرض کریٹنی ؛ (نفسیات و تعلیمات) ایک پیدائشی مرض جس میں ذہنی اور جسمانی نشو و نما رک جاتی ہے ۔

Cretinize : (v) فاترالعقل بنانا ۔

Cretinous : (a) کریٹنی ؛ فاترالعقل ۔

Cretion : (n) [L."cretionem"] (۱) (رومن قانون) قبول میراث کا اعلان ۔ (۲) قبول میراث کے اعلان کی مدت ۔

Cretize : (v) [Gr."kretizine"] جھوٹ بولنا ۔

Cretonne : (n) [F."creton"] ایک قسم کا گفش سوتی پھول دار کپڑا ۔

Crevasse : (n) [F."crevasse"] دراڑ (گلیسیر) ؛ شگاف ۔

Crevasse : (v) دراڑ ڈالنا ؛ شگاف ڈالنا ۔

Crevassing : (n) دراڑ پڑنا ۔

Crevice : (n) [L."crepare"] درز ؛ چھوٹا شگاف ۔

Creviced : (a) شگاف دار ۔

Crew : (n) [OF."creue"] (۱) جہاز یا کشتی کے (سارے) ملاح ؛ جہازی ؛ مانجھی ؛ منجھیارے ۔ (۲) جماعت ؛ گروہ ؛ جرگہ ؛ جتھا ؛ گولی ؛ غول ۔

Crew-cut : (n) چھوٹے بالوں کا ایک طرز ۔

Crewel : (n) [ME."crule"] (۱) کچرا (ایک قسم کا موٹا تاگا جو کشیدہ کاری میں کام آتا ہے) ۔ (۲) کشیدہ کاری ؛ کڑھائی ؛ کچرے کا کام ۔

Crewels : (n) [F."ecrouelles"] خنازیر ۔

Crewel-work : (n) کچرے کا کام ؛ کشیدہ کاری ؛ کڑھائی ۔

Crib : (n) [OE."crib (b)"] (۱) (سلاخ دار) کھور ؛ کھولی ؛ ناند ؛ کنڈالی ۔ (۲) جھونپڑا ؛ کٹی ؛ چھپر ۔ (۳) پن گوڑا ؛ پالنا ؛ کھٹولا (بچوں کا جس کے گرد کٹھرا لگا ہو) ۔ (٤) مچھلیاں پکڑنے کا ٹوکرا ؛ ماھی ٹوکرا ۔ (٥) نیو بھرت جو دیوار وغیرہ کی نیو میں رکھ دیا جاتا ہے ۔ (٦) (امریکا میں) کوٹھی ؛ کھتلا (جوار، مکئی وغیرہ بھرنے کے لئے) ۔ (۷) (تاش میں) ہار جیت کے پتے ؛ بھرتی کے پتے ۔ (۸) (عام محاورہ) سرقہ (خاص کر امتحان کے طالب علموں کا) نیز ترجمہ یا خلاصہ جس کا استعمال طالب علموں کے لئے ممنوع ہو) ۔ (۹) مکان ؛ گھر ؛ دکان ؛ (چوروں کی اصطلاح میں) سیف ؛ الماری ۔ (۱۰) سونے کی جگہ ۔ (۱۱) (نمک سازی) نمک سکھانے کا ایک برتن ۔ (۱۲) بلیوں یا سلاخوں کا ایک ڈھانچہ جو سہارے کا کام کرتا ہے ۔ (۱۳) (کان کنی) چوبی فریم یا ڈھانچہ ۔ (۱٤) کندوں کا ایک ڈھانچہ جو ڈیم وغیرہ کے کام کے لئے پانی کے اندر دیا جاتا ہے ۔ (۱٥) تختوں کو جوڑ کر بنائی ہوئی کشتی ۔ (۱٦) کھانا (دوپہر کا) ؛ لنچ ۔ (۱۷) قحبہ خانہ ۔ (۱۸) cribbage کا مخفف ۔ (۱۹) روک ؛ رکاوٹ ۔

To crack a crib : چوری کرنا ؛ نقب زنی کرنا ۔

Crib : (v) (۱) موندنا ؛ بھیڑنا ؛ ڈبے میں بند کرنا یا گھیرنا ۔ (۲) کنڈالی یا کٹھور بنانا ۔ (۳) چوری کرنا ؛ نقل اڑانا (بلا اجازت) ؛ سرقہ کرنا ۔ (٤) محدود کرنا ؛ کسی تنگ جگہ میں بند کر دینا ۔ (٥) روکنا ۔ (٦) پالنے میں لیٹنا ۔ (۷) لکڑی کے ڈھانچے سے سہارا دینا ۔ (۸) تختے جوڑ کر کشتی بنانا ۔ (۹) (گھوڑوں کا) توبڑا چبانا ۔ (۱۰) شکایت کرنا ۔

Crib-biter : (n) توبڑا چبانے والا گھوڑا ۔

Crib-biting : (n) توبڑا وغیرہ چبانا (گھوڑوں کا) اور زور زور سے سانس لینا ۔

Cribbage : (n) [CRIB + AGE] تاش کا ایک کھیل ۔

Cribbage-board : (n) (کھیل میں) حساب رکھنے کی تختی ۔

Cribbage-faced : (a) سوراخ دار ۔

Cribbing : (n) (۱) توبڑا چبانا ۔ (۲) ڈھانچہ بنانے کی لکڑی ۔

Cribrate : (a) [L."cribrum"] چھلنی کا سا ؛ سوراخ دار ۔

Cribriform : (a) [See prec.] چھلنی کا سا ؛ غربال نما ؛ غربال شکل ۔

Cribrose : (a) [L."cribrum"] چھلنی سا ؛ سوراخ دار ۔

Cribwork : (n) لکڑی کی بلیوں کا ڈھانچہ ۔

Crick : (n) [Echoic] اکڑن ؛ اکڑا ؛ جھٹکا (گردن کے پٹھوں میں) ۔

Crick : (n) دیکھو Creek

Crick : (v) (گردن میں) جھٹکا دینا ؛ موڑنا ؛ مروڑنا ۔

Crick : (v) اچانک تیز آواز نکالنا ۔

Crick-crack : (n) [Echoic] مسلسل تیز آواز ۔

Cricket : (n) [OF."criquet"] (۱) جھینگر ؛ زنجیرا ۔ (۲) جھینگر کی آواز نکالنے والی کوئی چیز ۔ (۳) چھوٹا اور چست آدمی ۔

Cricket : (n) [F."criquet"] (۱) کرکٹ ؛ (کھیل) گیند بلاّ (جس میں گیارہ گیارہ کھلاڑی کھیلتے ہیں) ۔ (۲) شائستہ رویہ ۔

Not cricket بے قاعدہ یا بے انصافی کی بات ۔

Cricket : (n) [Origin unknown] لکڑی کی نیچی تپائی ۔

Cricket : (v) کرکٹ کھیلنا ۔

Cricket-bird : (n) ایک گانے والی چڑیا ۔

Cricket-forg : (n) ایک قسم کا بینگ ۔

Cricket-teal : (n) ایک قسم کی چھوٹی بط ۔

Cricketer : (n) کرکٹ باز ؛ کرکٹ کا کھلاڑی ۔

Crico- :[Gr."krikos"]: واصلہ بمعنی حلقوی ؛ غضروف حلقوی ۔

Crico-thyroid : (a) ورقی اور حلقوی غضروف سے متعلق ۔

Cricoid : (n) [L."cricoides"] حلقہ نما ؛ چھلے جیسا ؛ گلے کا کنٹھ ۔

Cricoid cartilage : (n) (لسانیات) ھجڑے کے حلقہ نما اعصاب ۔

Cricotomy : (n) حلقوی غضروف پر عمل جراحی ۔

Cried : (a) بلند آواز سے اعلان ؛ علی الاعلان ۔

Crier : (n) (۱) چلانے والا ؛ ڈھنڈورا پیٹنے والا ۔ (۲) نیلام کرنے والا ۔ (۳) خوانچہ والا ۔ پھیری والا ۔

Crikey : (int.) (بازاری محاورہ) کلمہٴ حیرت و استعجاب (ھائیں ؛ ارے) ۔

Crile : (n) [Du."kriel"] بونا ۔

Crim/Con : [Abbrev.of"criminal conversation"] زنا کاری ؛ حرام کاری ؛ زنا ۔

Crime : (n) [L."crimen"] جرم ؛ گناہ ؛ خلاف قانون فعل ؛ خطا (واجب التعزیر) ۔

Companionate crime : (سماجیات) مشترک جرم ۔

Organised crime : (سماجیات) منظم جرم ۔

Crime index : (a) (سماجیات) اشاریہٴ جرم ۔

Crime rate : (سماجیات) شرح جرم ؛ جرم در ۔

Crimeful : (a) مجرمانہ ؛ جرم سے بھرا ھوا ؛ گناہ آلود ۔

Crimeless : (a) معصوم ؛ بے گناہ ؛ بے خطا ۔

Criminal : (n) مجرم ؛ خاطی ؛ ناجائز (فعل) ؛ مجرمانہ (فعل) ۔

Born criminal : (سماجیات) پیدائشی مجرم ۔

Innocent criminal : (سماجیات) ناسمجھ مجرم ۔

Criminal argot : (n) (سماجیات) مجرموں کی گروھی بولی ۔

Criminal association : (n) (سماجیات) انجمن مجرمان ؛ جرائم پیشہ لوگوں کی انجمن ۔

Criminal career : (n) (سماجیات) مجرمانہ زندگی ۔

Criminal conversation / connexion : (n) (سماجیات) مجرموں کی گفتگو ۔

Criminal gang : (n) (سماجیات) گروہ مجرمان ؛ مجرموں کا دل ، گٹ ۔

Criminal intent : (n) (سماجیات) مجرمانہ ارادہ ۔

Criminal justice : (n) (نفسیات) تعزیری انصاف ۔

Criminal maturation : (n) مجرمانہ پختگی ۔

Criminal organisation : (n) (سماجیات) مجرموں کی تنظیم ۔

Criminal responsibility : (n) (سماجیات) مجرمانہ ذمہ داری۔

Criminal tendency : (n) (سماجیات) مجرمانہ رجحان۔

Criminalism : (n) خطا کاری ؛ خطا کاری کا میلان۔

Criminality : (n) مجرمیت ؛ گناہ کاری ؛ خطا کاری ؛ معصیت۔

Criminalist : (n) فوج داری قانون کا ماہر ؛ جرمیات کا ماہر۔

Criminally : (adv) بطور جرم ؛ مجرمانہ طور پر ؛ فوج داری قانون کے مطابق۔

Criminate : (v) [L."criminat-"] مجرم گرداننا ؛ مطعون کرنا ؛ قصور وار ٹھہرانا ؛ قابل ملامت سمجھنا۔

Crimination : (n) مجرم گرداننا ؛ مطعون کرنا ؛ الزام دھی۔

Criminative : (a) مجرم ٹھہرانے والا۔

Criminator : (n) مجرم ٹھہرانے یا گرداننے والا ؛ مطعون کرنے والا۔

Criminatory : (a) دیکھو Criminative

Crimine / Criminy : (int.) "ارے" کلمۂ استعجاب۔

Criminogenesis : (n) مبدء جرم ؛ تکوین جرم۔

Criminological : (a) جرم شناسی سے متعلق۔

Criminologist : (n) جرم شناس۔

Criminology : (n) علم جرائم ؛ جرمیات ؛ جرم شناسی۔

Criminous : (a) [L."criminous"] مجرم ؛ جرم سے متعلق۔

Criminously : (adv) مجرمانہ طور پر۔

Criminousness : (n) مجرمیت۔

Crimp : (n) [Origin unknown] فوجی دلال یا کارندہ (جو لوگوں کو بہلا پھسلا کر بھرتی کراتا ہے) ؛ (استعارتاً) ٹھگ ؛ عیار ؛ پھانسنے والا۔

Crimp : (v) پھانسنا ؛ لالچ دینا ؛ جھانسا دینا ؛ لگا لانا۔

Crimp : (n) تاش کا ایک کھیل۔

Crimp : (n) (۱) (جمع میں) گھونگروالا بال ؛ گھونگر۔ (۲) رکاوٹ۔

Crimp : (a) (۱) شکن دار (بال وغیرہ)۔ (۲) بُھر بُھرا۔

Crimp : (v) [Du."krimpen"] (۱) چنٹ ڈالنا ؛ شکن ڈالنا ؛ چننا۔ (۲) گودنا ؛ کچوکے دینا (مچھلی کو تا کہ پکنے میں خستہ ہو جائے)۔ (۳) سانچے یا شکنجے میں دبا کر بنانا (جیسے چمڑے کو دبا کر زین وغیرہ بنانا)۔ (٤) رکاوٹ ڈالنا۔

Crimpage : (n) دلالی (پیشہ)۔

Crimper : (n) چنٹ ڈالنے والا ؛ شکن ڈالنے والا ؛ چین ڈالنے والا (آلہ)۔

Crimple : (v) چین ڈالنا ؛ شکن ڈالنا ؛ چنٹ ڈالنا۔

Crimpled : (a) شکن دار ؛ چین دار۔

Crimpness : (n) بھربھرا پن۔

Crimson : (a) [Arab."qermazi"] (۱) قرمزی رنگ کا سا؛ ارغوانی ، گہرا سرخ رنگ جیسا۔ (۲) (استعارتاً) خون جیسا۔

Crimson : (v) (۱) قرمزی بنانا ؛ سرخ رنگنا ؛ سرخ کرنا۔ (۲) سرخ ہو جانا (شرم سے)۔

Crinate : (a) [L."crinalis"] بال دار ؛ روئیں دار۔

Crinated : (a) بال دار۔

Crinatory : (a) Crinitory کی متبادل شکل۔

Crine - : بل۔

Crine : (v) [L."crinis"] سکڑنا۔

Cringe : (v) [L."crinis"] جھکنا ؛ دبکنا (خوشامد سے) ؛ عاجزی، لجاجت یا تملق کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ چاپلوسانہ فروتنی کرنا۔

Cringe : (n) لجاجت ؛ تملق ؛ کمینہ پن کی خوشامد ؛ فروتنی ؛ کورنش۔

Cringer : (n) خوشامدی ؛ چاپلوس ؛ جھکنے والا۔

Cringing : (a) خوشامدانہ ؛ چاپلوسانہ۔

Cringingly : (adv) خوشامدانہ طور پر ؛ چاپلوسی سے۔

Cringingness : (n) چاپلوسی ؛ لجاجت ؛ خوشامد ۔

Cringle : (n) [LG.origin.] (۱) (جہاز) حلقہ (رسے کے سرے پر جس میں دوسری رسی ڈال کر گرہ دے سکیں) ۔ (۲) شکن ؛ چرس ۔

Cringle : (v) حلقہ سے باندھنا ۔

Crini - : [L."crinis"] واصلہ بمعنی بال ۔

Crinicultural : (a) بال کے نشو و نما سے متعلق ۔

Criniger : (n) ایک افریقی اور ایشیائی گانے والی چڑیا ۔

Crinigerous : (a) بال دار ؛ مو دار ۔

Criniparous : (a) بال پیدا کرنے والا ۔

Crinid : (n) [Gr."krinon"+ - ID] (حیوانیات) خارپشت کی ایک نوع ۔

Criniere : (n) [F.] جنگلی گھوڑے کی گردن کی ذرہ ۔

Crinite : (a) [L."crinitus"] (نباتیات و حیوانیات) پشم دار ؛ روئیں یا بالوں والا ؛ مو دار ۔

Crinite : (n) [Gr."krinon"+ -ITE] متحجر خارپشت ۔

Crinkle : (n) بل ؛ چرس ؛ شکن ۔

Crinkle : (v) [OE."crincan"] (۱) بل دینا ؛ چرس یا شکن ڈالنا ۔ (۲) سرسرانا ۔ (۳) (استعارتاً) مقصد سے پھر جانا ۔

Crinkle / crankle : (n) پرپیچ ۔

Crinkle / crankle : (a & adv) پیچ و خم کھاتے ہوئے ۔

Crinkly : (a) شکن دار ؛ بل دار ؛ لہر دار ۔

Crinkum / Crankum / Crincum / Crancum : (n) پیچیدہ ؛ پیچ در پیچ ؛ پر پیچ ۔

Crinoid : (a) [Gr."krinoides"] سوسن نما ؛ صنف سوسنیا (نباتیات کی ایک صنف) ۔

Crinoidal : (a) سوسنوی ؛ صنف سوسنیا کا ۔

Crinolette : (n) [dim.of CRINOLINE] پشتی (سائے کو ابھرا ہوا رکھنے کے لئے سہارے کی کوئی چیز) ۔

Crinoline : (n) [L."crinis"] (۱) گھوڑے کے بالوں کا گفش کپڑا جو سایہ کے استر کے کام آتا ہے ۔ (۲) گھیرے دار سایہ ۔ (۳) جالی (جنگی جہازوں کی حفاظت کے لئے) ؛ جہاز زرہ ۔

Crio - : [Gr."krio"] جزو ترکیبی بمعنی مینڈھا ۔

Crioceratite : (n) [Gr."krios"L."ceras"] متحجر امونی (سخت خول والے جانور کی ایک قسم جو زیر زمین پائی جاتی ہے) ۔

Criosphinx : (n) مینڈھ سرا ابوالہول ۔

Cripple : (a) [OE."crypel"] (۱) لنگڑا ؛ لنج ؛ لنگ ۔ (۲) مندلی (دو رخی سیڑھی جس پر کھڑے ہو کر کھڑکیاں وغیرہ صاف کرتے ہیں) ۔ (۳) ناقص ۔ (٤) دلدل ۔ (٥) (عامیانہ) چھ پنس (سکہ) ۔ (٦) موکھا ۔

Cripple : (v) لنگڑا کرنا ؛ لنگڑا کر چلنا ؛ (استعارتاً) کچلنا ؛ بگاڑنا ؛ بے بس یا بے دست و پا کرنا ؛ بیکار کرنا ۔

Cripple-gap : (n) موکھا ۔

Cripple- hole : (n) موکھا ۔

Cripple hood : (n) دیکھو Crippledom

Crippledom : (n) لنگڑا پن ؛ لنجا پن ؛ پا شکستگی ۔

Crippleness : (n) دیکھو Crippledom

Crippler : (n) لنگڑا کرنے والی (خصوصاً بیماری) ۔

Cripply : (adv) لنگڑا کر ؛ لنجا ہو کر ؛ بے دست و پا ہو کر ۔

Crises / Crise : (n) [L."crisis"] دیکھو Crisis

Crisis : (n) [Gr."krisis"] بحران ؛ نازک وقت ؛ مہلکہ ؛ مرحلہ ؛ پیچیدگی ؛ قضیہ ؛ خطرناک موقع یا حالت (سیاسی یا تجارتی معاملات میں) ۔

Economic crisis : (تجارت) معاشی بحران ۔

Gold crisis : (تجارت) سونا بحران ۔

Industrial crisis : (تجارت) صنعتی بحران ۔

Monetary crisis : (تجارت) مالی بحران ۔

Trade crisis : (تجارت) تجارتی بحران ۔

Crisis theory : (a) (تجارت) نظریۂ بحران ۔

Crisp : (a) [L."crispus"] (۱) کرارا ؛ کرمرا ؛ بُھربُھرا ؛ خستہ ۔ (۲) کھرا ؛ بے ریا (طرز تحریر وغیرہ) ۔ (۳) تازگی بخش (ھوا) ۔ (٤) پیچیدہ ؛ خمیدہ ؛ گھونگریالے (بال) ۔

Crisp : (n) (۱) سور کا کرکرا گوشت ۔ (۲) (عامیانہ) بینک نوٹ ۔

Crisp : (v) بل دینا ؛ لہریا بنانا ؛ گھونگر دار بنانا ؛ بھربھرا یا خستہ بنانا یا ھونا ؛ تہ کرنا ۔

Crispate : (a) [L."crispatus"] (نباتیات و حیوانیات) شکن دار ؛ خمیدہ ؛ خم دار ؛ بل دار ۔

Crispation : (n) (۱) گھونگر دار ھونا؛ جھر جھری ؛ لہراھٹ ۔ (۲) کسی حصہ کی ھلکی سکڑن ۔

Crisper : (n) بھربھرا یا خستہ رکھنے والا ۔

Crispin : (n) [after St. Crispin] موچی ؛ کفاش ۔

Crispiness : (n) کرکراپن ؛ بھربھرا پن ؛ خستگی ۔

Crisply : (adv) کھرے طور پر ۔

Crispness : (n) بھربھرا پن ؛ گھونگریلا پن ۔

Crispy : (a) کرارا ؛ بھربھرا ؛ خستہ ۔

Criss-cross : (n) (۱) آڑی ترچھی لکیروں یا لہروں کا جال، جالی ۔ (۲) بچوں کا کھیل ۔

Criss-cross : (a) (۱) جالدار ؛ چڑچڑا ؛ متقاطع ۔ (۲) آڑے ترچھے طریقے سے ۔

Criss - cross : (adv) مخالف طور پر ؛ مخالفانہ ؛ ایک دوسرے کا مخالف ۔

Criss-cross : (v) (۱) آڑا ترچھا چلنا یا چلانا ۔ (۲) جالدار کام بنانا ۔

Criss-cross painting : (n) (تاریخ) چلیپائی مصوری ۔

Criss-crosspattern : (n) (تاریخ) چلیپائی نمونہ ۔

Crissal : (a) [mod.L."crissalis"] (۱) دم کے نیچے کے حصے سے متعلق ۔ (۲) دم کے نیچے کے رنگین پیروں والا ۔

Crissum : (n) [mod.L."crissare"] چڑیوں کے دم کے نیچے کا حصہ ؛ دم کے نیچے کا رواں یا پر ۔

Cristate : (a) [L."cristatus"] (حیوانیات و نباتیات) گچھے دار ؛ کیس والا ؛ کلغی یا طرہ دار ۔

Cristated : (a) گچھے دار ؛ کیس دار ؛ کلغی یا طرہ دار ۔

Criterion : (n) [Gr."kriterion"] کسوٹی ؛ اصول ؛ جانچ کا اصول ؛ معیار (تنقید یا رائے زنی کا) ۔

Crith : (n) [Gr."krithe"] معیاری دباؤ یا حرارت پر ایک لٹر ھائیڈروجن کا وزن ۔

Crithomancy : (n) [Gr."krithe+mantia"] ایک قسم کی فال زنی یا پیش گوئی ۔

Critic :(n) [Gr."critikos"] نقاد ؛ (ادبی) رائے زن ؛ نکتہ چیں ؛ معترض ؛ کتابی عبارتوں کا نقاد ۔

Critic : (a) (۱) عیب جو ؛ حرف گیر ؛ عیب بین ؛ خوردہ گیر ۔ (۲) تنقیدی ؛ باریک بیں ۔

Critical : (a) (۱) تنقیدی ؛ مبصرانہ ؛ معترضانہ ؛ سخن سنجانہ ۔ (۲) دقیقہ رس ؛ باریک بیں ۔ (۳) نازک ؛ اندیشہ ناک ؛ پرخطر ؛ فیصلہ کن ؛ ناگزیر ۔ (٤) (ریاضی و طبیعیات) فاصل ؛ تغیر نما (زاویہ وغیرہ) ۔ (٥) (حیوانیات و نباتیات) مشابہ ۔

Critical angle : (n) زاویہ فاصل؛ انقلابی زاویہ (طبیعیات) ۔

Critical constant : (n) (طبیعیات) نازکی مستقلہ ؛ فاصل مستقلہ ؛ انقلابی مستقلہ ۔

Critical equilibrium : (n) (طبیعیات) نازکی توازن ؛ انقلابی توازن ۔

Critical function : (n) (ریاضی) فاصل تفاعل ۔

Critical judgement : (n) تنقیدی رائے ؛ تنقیدی مادہ ۔

Critical point : (n) (طبیعیات) فاصل نقطہ ؛ انقلابی نقطہ ۔

Critical population : (n) (تجارت) آبادی کا نازک موڑ ۔

Critical pressure : (n) (طبیعیات) انقلابی داب (دباؤ) ۔

Critical ratio : (n) (تاریخ) نسبت فاصل ۔

Critical region : (n) (ریاضی) خطہ؁ رو ۔

Critical realism : (n) (سماجیات) انتقادی حقیقت پسندی ۔

Critical temperature : (n) (طبیعیات) انقلابی تاپ (درجہ؁ حرارت) ؛ فاصل حرارت ۔

Critical value : (n) (ریاضی) فاصل قیمت ۔

Critical velocity : (n) (طبیعیات) فاصل رفتار ؛ انقلابی رفتار ۔

Critical volume : (n) (طبیعیات) انقلابی حجم ۔

Critically : (adv) (۱) ٹھیک ٹھیک ؛ عمدہ طور پر ۔ (۲) خطرناک طور پر ۔

Criticalness : (n) نزاکت ؛ اندیشہ ناکی ۔

Criticaster : (n) [CRITIC+ASTER] (اسم تحقیر) نقادچی ؛ تنقیدچی ۔

Criticism : (n) (۱) تبصرہ ؛ نقد ؛ تنقیدی مضمون ؛ نکتہ چینی ؛ انتقاد ؛ مو شگافی ۔ (۲) کانٹ کا تنقیدی فلسفہ ۔

Textual criticism : تنقیدی متن ؛ تحقیق عبارات (خاص کر توریت و انجیل کی) ۔

The higher criticism : تنقید معنوی ؛ تنقید عالی (جو محض لفظی بحث سے بالا تر ہو) ۔

Criticize /-ise : (v) تنقید یا تبصرہ کرنا ؛ عیب نکالنا ؛ خردہ گیری کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ۔

Criticizable : (n) قابل تنقید ۔

Criticizer : (n) نکتہ چیں ؛ عیب جو ؛ خردہ گیر ۔

Critico - : [Gr."kritiko"] ترکیبی جزو بمعنی ناقدانہ ۔

Critique : (n) تبصرہ ؛ تنقید ؛ تقریظ ؛ فن نقد ؛ فن تنقید ؛ تنقیدی تحقیق ۔

Critique : (v) تنقید یا تبصرہ لکھنا ۔

Crittur /-er : (n) [alter. of CREATURE] جانور (خصوصاً پالتو) ۔

Crizzle : (v) [Origin unknown] (۱) کھردرا ہو جانا (سطح پر) ۔ (۲) کھردرا بنانا ۔

Cro : (n) [It."cro"] خوں بہا ۔

Croak : (n) [See next] ٹر ٹر (مینڈک کی) ٹراہٹ ؛ کائیں کائیں ؛ غائیں غائیں ۔

Croak : (v) [Echoic] (۱)ٹر ٹر ، کائیں کائیں یا گھوں گھوں کرنا ؛ بڑ بڑانا ؛ بری آواز نکالنا ۔ (۲) (عامیانہ محاورہ) مرنا ؛ جان سے گزر جانا ؛ جان بحق تسلیم ہو جانا ۔ (۳) بری فال نکالنا ؛ مصیبت کے شگون نکالنا ؛ بلاؤں کی پیش گوئی کرنا ۔

Croaker : (n) (۱) ٹرٹرانے والا (خصوصاً مینڈک) ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) کل جبھا ؛ بد فالی کرنے والا ۔ (٤) (عامیانہ) ڈاکٹر ۔

Croakery : ٹائیں ٹائیں ؛ ٹر ٹر ۔

Croakily : (adv) ٹر ٹراتے ہوئے ؛ ٹر ٹر کرتے ہوئے ۔

Croaky : (a) مڑ مڑ کرنے یا ٹرانے والا ۔

Croat : (n) [f.Serbo-Croation Hrvat.] کروا ٹیا (علاقہ یوگوسلاویہ) کا باشندہ ۔

Croc : (n) [Origin unknown] کانٹا ؛ آنکڑا ۔

Croceate : (a) زعفرانی ؛ کیسری ؛ زعفرانی رنگ ۔

Croche : (n) [F."croche"] ہرن کے سینگ کے اوپر کی گھنڈی ۔

Crochet : (v) [F. dim. of "croche","croc"] (۱) کروشیا سے کاڑھنا یا بننا ۔ (۲) کروشیا کاری کرنا ۔

Crochet : (n) سوزن کاری ؛ کروشیا کاری ؛ موزہ یا شال بننا ۔

Crocheteur : (n) [F."crochet"] حمال ؛ باربر ۔

Crociary : (n) [mid.L."crociarius"] اسقف کا عصا بردار ۔

Crocidolite : (n) [Gr."krokis+lithos"] نیلا اس بستس ؛ ایک قسم کی زرد ریشہ دار دھات (جس سے زیورات وغیرہ بناتے ہیں) ۔

Crocin : (n) [L."crocus"] ایک قسم کا لال رنگ کا سفوف ۔

Crock : (n) [OE."croc (c)"] (۱) مٹی کا برتن ؛ کوزہ ۔ (۲) (عام محاورہ) دھات کابرتن ۔ (۳) چینی ٹھیکرا، گملے کا روزن بند ۔

Crock : (n) [Etymology uncertain] گرد ؛ پھلیا ۔

Crock : (n) [ME."crok"] (۱) تھکا ھارا / وا ماندہ گھوڑا ؛ (اسکاچستان میں) بوڑھی بھیڑ ۔ (۲) نالائق یا ناکارہ شخص ۔

Crock : (v) (۱) فلزی یا مٹی کے برتن میں رکھنا ۔ (۲) گندہ کرنا ۔

Crock (Crock up) : (n) تھك جانا ؛ رہ جانا ۔

Crockery : (n) سفالیہ ؛ مٹی یا چینی کا برتن ؛ ظروف گلی ۔

Crockery-ware : (n) دیکھو Crockery

Crocket : (n) [AF."croket / croquet"] (۱) (تعمیرات) ایك قسم کا پتا یا آویزہ جو بطور آرائش مکان کے در و دیوار پر بناتے ھیں ؛ کروکیٹ ؛ اوپر کو اٹھے ھوئے بیل بوٹے جو عمودی یا ڈھلوان سطح پر ھوں (تاریخ) ۔ (۲) ھرن کے سینگ کے اوپر کی گھنڈی ۔ (۳) آویزہ دار ۔

Crocketing : (n) مکان کے در و دیوار پر آرائشی پتے یا آویزے کا کام ۔

Crocky : (a) تھکا ھوا ؛ وا ماندہ ۔

Crocodile : (n) [Gr."krokodilos"] (۱) گھڑیال ؛ مگرمچھ ؛ نہنگ (خاص کر دریائے نیل کا) ۔ (۲) (عام محاورہ) زنانہ مدرسے کی دو دو لڑکیوں کا لمبی قطار میں مل کر چلنا ۔ (۳) مگرمچھ کی طرح آنسو بہانے والا ۔ (٤) (منطق) قدیم سوفسطائیت کا نام ۔

Crocodilian : (a) (۱) نہنگانہ ؛ مگرمچھ کا ۔ (۲) بے خلوص ۔

Crocoite : (n) [Gr."krokois"] سیسہ کا کروکیٹ ۔

Croconate : (n) [See CROCONIC] ایك ترشہ کا نمك ۔

Croconic=croconicacid : (a) [L."crocus+-on+-IC] ایك بے بو ترش مادہ جو زرد بلور یا سفوف کی شکل میں پایا جاتا ھے ۔

Crocus : (n) [Gr."krokos"] کرکم ؛ ایك قسم کا سفوف (صیقل کے لئے) ؛ جلا ؛ آھنی قلعہ ۔

Crocus : (n) [Origin unknown] موٹا بوریا ؛ پلاس ۔

Crocus : (n) [Alter.of croaker (doctor)] اناڑی ڈاکٹر ۔

Crocused : (a) کرکم سے آراستہ ۔

Croesus : (n) [Gr."kroisos"] قارون ۔

Croft : (n) [OE."croft"] باڑا ؛ گھیر ؛ چھوٹا کھیت ۔

Croft : (v) (کپڑوں) کو گھاس پر ڈال کر سکھانا (سفید کرنے کے لئے) ۔

Croft : (v) مشترك کاشتکاری کرنا ۔

Crofter : (n) شریك کاشتکار ؛ شکمی پٹہ دار ۔

Crofting : (n) (۱) زراعتی ؛ زراعت کی ھوئی زمین ۔ (۲) شریك کاشتکاری ؛ شکمی پٹہ داری ۔

Croissant : (n) ھلال نما روٹی ۔

Cromagnon art : (n) [f. "Cro-magnon"] (تاریخ) کرومیگون فن (کرویالون نسل کا فن جس کے آثار فرانس میں ملے ھیں) ۔

Crome / Cromb : (n) [WG."kramba"] کانٹا ؛ آنکڑا ؛ آنکس ۔

Crome / Cromb : (v) آنکڑے سے پکڑنا یا کھینچنا ۔

Cromer : (تاریخ) کرومر (وہ پتھر کے اوزار جو کرومر میں ملے) ۔

Cromer bed industry : (n) (تاریخ) کرومر تلہٹی کی صنعت ۔

Cromlech : (n) [Welsh."crom"] (زمانہ ما قبل تاریخ کا) کھڑے پتھروں پر آڑے پھتروں کا گھیرا ؛ کھڑی چٹانوں کا حلقہ ۔

Cromorne : (n) [Ger."krummhorn"] ارگن گھنڈی ؛ ارگن باجے کا ایك پردہ ۔

Cromwellian : (a) (۲) کروم ویلی ؛ کروموپل کے زمانے کے فرنیچر کی ایك طرز یا اس سے متعلق ۔ (۲) کروموپل کا طرفدار یا حامی ۔

Crone : (n) [Vulg.L."cronia"] (۱) بڑھیا ؛ ڈھڈو ۔ (۲) بوڑھی بھیڑ ۔ (۳) بوڑھا ؛ بوڑھا معذور مرد ۔

Cronian =Cronian sea : (n) [Gr."kronios"] شمالی منجمد سمندر ۔

Cronk : (n) [Echoic] کوے کی کائیں کائیں ۔

Cronk : (a) [MHG."kranc"] (۱) مریض ۔ (۲) بے ایمان ؛ دھوکا باز ؛ فریبی ۔

Crony : (a) [Gr."chronio"] لنگوٹیا (یار) ؛ گہرا دوست ؛ سہیلی ؛ بہنیلی ۔

Crony : (v) یار غار ہونا ۔

Cronyism : (n) دوست پروری ۔

Crood / Croud : (v) [Echoic] کبوتر یا فاختہ کی آواز نکالنا ؛ غٹرغوں کرنا ۔

Croodle : (v) [Etym.not known] چمٹنا ؛ سمٹنا ؛ جھکنا ؛ دبکنا ۔

Croodle : (v) غٹر غوں کرنا ؛ کبوتر کی طرح بولنا ۔

Crook : (n) [ON."krokr"] (۱) آنکس ؛ آنکڑا ؛ ترسول (پادری کا) ۔ (۲) موڑ ؛ خم ؛ بانک (نیز ہر خمیدہ شے) ۔ (۳) (عام) بدمعاش ۔ (٤) گوشہ ۔

By hook or by crook : جائز ناجائز طریقے سے ۔

Crook in one's lot : مصیبت ؛ آزمائش ۔

On the crook : (عامیانہ محاورہ) بدمعاشی، بد دیانتی یا فریب سے ۔

Crook : (a) خمیدہ ؛ بے ایمان ۔

Crook : (v) (۱) مڑنا ؛ کج یا خم ہونا ؛ موڑنا ۔ (۲) دھوکا دینا ۔ (۳) کورنش بجا لانا ۔

Crook-back (ed) : (a) کرزہ پشت ؛ خمیدہ کمر ؛ کبڑا ۔

Crooked : (a) (۱) مڑا ہوا ؛ خم دار ؛ بل کھایا ہوا ؛ ٹیڑھا بنگا ۔ (۲) کوزہ پشت ؛ خمیدہ کمر ؛ کبڑا ؛ بنگا ؛ بے ڈول ۔ (۳) (استعارتاً) غیر متدین ؛ کھوٹا ؛ فریب آمیز ؛ چال باز ۔ (٤) چلیپائی ؛ چلیپا دار ؛ مڑے دستے کی (لکڑی) ۔

Crookedly : (adv) خمیدہ طور پر ؛ فریب کاری سے ۔

Crookedness : (n) خمیدگی ؛ فریب آمیزی ؛ بے ایمانی ؛ چالبازی ۔

Cucking-stool : (n) تادیبی کرسی ؛ غوطہ کرسی (ایک قسم کی کرسی جس میں بد زبان عورتوں یا دغاباز دکانداروں کو بندھواتے یا پانی میں بطور سزا غوطے دلواتے تھے) ۔

Cuckold : (n) [OF."cucuald"] (۱) زانیہ کا شوھر ؛ دیوث ۔ (۲) ایک امریکی چڑیا ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی ۔

Cuckold : (v) قرمساق بنانا ۔

Cuckold-knot : (n) ایک قسم کی گرہ ۔

Cuckold-neck : (n) دیکھو Cuckold

Cuckoldom : (n) قرمساقیت ؛ زناکاری ۔

Cuckoldry : (n) قرمساق بنانا ۔

Cuckoldy : (a) قرمساق صفت ۔

Cuckoo : (n) [ME."cuccu"] (۱) کوکو ؛ کوئل جیسا پرند ؛ خوش آواز پرند ۔ (۲) (استعارتاً) بیوقوف ؛ سادہ لوح ؛ الو ۔ (۳) کوئل کی آواز یا اس کی نقل ۔ (٤) موسم بہار کے مختلف قسم کے پھولوں کا نام ۔ (٥) مچھلی کی ایک نوع ۔

Cuckoo : (a) (۱) کوئل نما ؛ کوئل سے متعلق ۔ (۲) بے وقوف ؛ سادہ لوح ۔ (۳) بے ھوش (خصوصاً ضرب کی وجہ سے) ۔ (٤) طفیلی (بعض چیونٹیوں کے بارے میں) ۔

Cuckoo : (v) (۱) کوئل کی آواز نکالنا ۔ (۲) متواتر تکرار کرنا ۔

Cuckoo-bee : (n) ایک قسم کی شہد کی مکھی ۔

Cuckoo-beed : (n) پودوں کی ایک قسم ۔

Cuckoo-clock : (n) کوئل گھڑی جو کوئل کی آواز کی طرح بجتی ھے ۔

Cuckoo-dove : (n) آسٹریلیا اور جزائر شرق الھند کی فاختہ کی ایک قسم ۔

Cuckoo-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Cuckoo-flower : (n) پھولوں کی ایک قسم جس میں سنبل وغیرہ داخل ھیں ۔

Cuckoo-fly : (n) مکھی کی ایک قسم ۔

Cuckoo-meat : (n) ایک قسم کا پودا ؛ جنگلی ترشک ۔

Cuckoo-pint : (n) پودوں کی ایک قسم ۔

Cuckoo-spit : (n) (۱) کیڑوں کا لعاب جس میں انڈے لپیٹ دیتے ھیں ۔ (۲) پھولوں کی ایک قسم ۔

Cuckoo-spittle : (n) دیکھو Cuckoo-spit

Cuckoo('s) bread : ایک قسم کا پودا ۔

Cuckoo ('s) fool / maid (en) / mate : (n) چڑیوں کی قسم ۔

Cuckoo's meat : ایک قسم کا پودا ؛ جنگلی ترشک ۔

Cucullate : (a) [late. L."cuculatus"] (حیوانیات و نباتیات) غلافی ؛ ٹوپی دار ۔

Cuculated : (a) دیکھو Cuculate

Cuculiform : (a) غلاف کی طرح ؛ ٹوپ کی مانند ۔

Cuculine : (a) کوئل سے متعلق ؛ کوئل نما ۔

Cucumber : (n) [L. "cucumferem"] (۱) ککڑی ؛ کھیرا ؛ خیار (پودے اور پھل) ۔ (۲) اس طرح کے دوسرے پودے ۔

Cool as a cucumber : مطمئن ؛ غیر مضطرب ؛ مجتمع خاطر ؛ ضابط ۔

Cucumber-root : (n) ککڑی ، کھیرا وغیرہ کی جڑ ؛ بیخ خیارین ۔

Cucumber-tree : (n) امریکی درختوں کی ایک نوع جس کے پھل چھوٹے خیار کی طرح ھوتے ھیں ۔

Cucurbit : (n) [L."cucurbita"] کدو کی قسم کا درخت ۔

Cucurbitaceous : (a) خیار نوع کا ۔

Cucurbital : (a) [L."cucurbita"] خربوزہ وغیرہ کی جنس کے پھلوں کا نام ۔

Cucurbitine: (a) [f.as prec.] کدو کی شکل کا(کدودانہ کیڑا) ۔

Cucuy /Cucuyo : (n) [Haitian] جزائر غرب الہند کا جگنو ۔

Cud : (n) [OE. "cwidu"] (۱) جگالی ؛ پاگر (جگالی کرنے کا فعل اور وہ غذا جس سے جانور جگالی کرتا ھے)۔(۲) کوئی چیز جسے آدمی منھ میں رکھ کر چباتا ھے ۔(۳) جس چیز کے بارے میں سوچا جائے ۔

To chew the cud : (۱) جگالی کرنا ۔(۲) (استعارۃً) سوچ بچارکرنا ؛ ادھیڑ بن میں ھونا ۔

Cudbear : (n) [after Dr. Cuthbert Gordon, a Sc. Chemist] (۱) سرخ یا ارغوانی رنگ کا سفوف جسے مختلف قسم کی کائیوں سے بناتے ھیں ۔ (۲) ایک قسم کی کائی ۔

Cuddalore stones : (n) (تاریخ) کڈالور پتھر ۔

Cudden : (n) [Gael. "cudainn"] ایک قسم کی مچھلی ۔

Cuddle : (v) [Origin unknown] (۱) چمٹانا ؛ گلے لگانا ؛ بغلگیر ھونا ؛ لاڈ پیار کرنا ۔(۲) گلےلگا کر سونا ؛ ھم آغوش ھونا ؛ گل بہیاں ڈالنا ؛ آرام سے سونا ؛ پڑ رھنا ؛ کنڈلی منڈلی مارنا ۔

Cuddle : (n) ھم آغوشی ؛ بغلگیری ۔

Cuddlesome : (a) ھم آغوش ھونے کے قابل ؛ قابل محبت ۔

Cuddly : (adv) دیکھو Cuddlesome

Cuddy /Cudeigh : (n) [Corruption of Irish "Cuid Oidhche"] (۱) رات کی مہمانداری جو رعایا مالک کے لئے کرتی تھی ۔(۲) اس مہمانداری کے عوض میں لگان یا تحفہ ؛ رشوت ۔

Cuddy : (n) [f.Cuddy, nickname for Cuthbert] (۱) (اسکاچستان) گدھا ؛ خر ۔(۲) مچھلی کا بچہ ۔(۳) بیوقوف ؛ احمق ؛ ھنبق ۔ (٤) (جرثقیل کا) بیرم ۔

Cuddy : (n) [Origin unknown] جہاز کا چھوٹا کمرہ ؛ حجرہ ؛ کوٹھری ؛ الماری ۔

Cudgel : (n) [OE."cycgel"," kicgel"] (۱) ڈنڈا ؛ سونٹا ؛ گدکا ؛ بانڈی ۔(۲) بانڈی بازی ؛ گد کا بازی ۔

To take up the cudgel : (۱) حمایت کرنا ؛ پشت پناھی کرنا ۔ (۲) مباحثہ کرنا ؛ بحث کرنا ؛ مقابلہ کرنا ۔

Cudgel : (v) (۱) سونٹے سے پیٹنا ؛ ڈنڈے لگانا ۔ (۲) دماغ لڑانا ۔

To cudgel one 's brain for : دماغ لڑانا ؛ دماغ کھرچنا ؛ دماغ سوزی ؛ سوچنے کی کوشش کرنا ۔

Cudgelled : (a) ڈنڈے سے پیٹا یا مارا ھوا ۔

Cudgeller : (n) ڈنڈے سے پیٹنے یا مارنے والا ۔

Cudweed : (n) ایک قسم کے کپاسی پودے کا چارا (جو ان مویشیوں کو دیتے ھیں جن کی جگالی کی عادت جاتی رھتی ھے)۔

Cue : (n) (۱) انگریزی حرف Q ۔(۲) بیل کی نعل ۔

Cue : (n) [L."quando"] (۱) (ناٹک) ترک ؛ دنبالہ ؛ تقریب (یعنی ایک ایکٹر کے مکالمہ کا آخری لفظ یا کلمہ جس میں دوسرے ایکٹر کی آمد کا اشارہ یا تمہید ھو) ؛ سخن رھنما ۔ (۲) تقریبی ٹیپ یا تان ۔ (۳) اشارہ ؛ تمہید ؛ تنبیہ ۔(٤) ھدایت (ٹھیک طریقے کی جو ایکٹر یا مطربہ کو کنایتًا کی جائے) ۔(٥) ادا کاری کا حصہ ؛ صحیح طریقہ کار۔ (٦) روشن ؛ رویہ ؛ خلق و خو ۔

To give one the cue : کسی کو ھدایت کرنا کہ کب اور کیوں کر کام کرنا چاھیئے ۔

To take one 's cue from : کسی کی ھدایت پر چلنا ۔

Cue : (v) (۱) اشارہ کرنا ؛ ھدایت کرنا ۔ (۲) (موسیقی) تقریبی تان یا ٹیپ دینا ۔

Cue : (n) [L."cauda"] (۱) قطار ؛ صف ۔(۲) بلیرڈ کی چھڑی ۔

Cue : (v) (۱) صف بنانا ؛ قطار بنانا ۔ (۲) بلیرڈ کی چھڑی دینا یا مہیا کرنا ۔

Cue-owl : (n) الو کی ایک قسم ۔

Cueist : (n) بلیرڈ کا کھلاڑی ۔

Cueless : (a) بغیر چوٹی کا ۔

Cuff : (n) [ME."coffe","cuffe"] (۱) کف (آستین کا) ؛ پٹی (کپڑے کی) جو کلائی پر لگاتے ھیں ؛ سر آستین ۔ (۲) ھتھکڑی ۔

Cuff : (n) [ME. "cuffe"] طمانچہ ؛ تھپڑ ۔

Cuff : (n) دھینگا مشتی کرتے ہوئے ۔

Cuff : دیکھو Scruff

Cuff : (n) خسیس ؛ بخیل ؛ کنجوس ۔

Cuff : (v) (۱) طمانچہ مارنا ؛ تھپڑ مارنا ؛ مارنا ۔ (۲) مار پیٹ ۔

Cuffed : (a) کف دار ۔

Cuffer : (n) خسیس ؛ بخیل ۔

Cuffer : (n) کف لگانے والا ؛ کف دوز ۔

Cuffer : (n) مکا باز ۔

Cuffer : (n) عجیب و غریب قصہ ۔

Cuffin : (n) دیکھو Cove

Cufic / Cuphic / Kutic : (a) [f.Cufa or kufa, an ancient City near Babylon] کوفی ؛ اھل کوفہ ؛ خط کوفی ۔

Cui bono : (n) (۱) (لاطینی فقرہ) یہ کسی کے نفع کا کام ھے ۔ (۲) کیا فائدہ ؟ کس غرض سے ؟

Cuilko : (n) میکسیکو کے مقبرے ؛ کوئی کوئیلکو ۔

Cuirass : (n) [L. "Coriacea"] (۱) زرہ بکتر ؛ چار آئینہ ۔ (۲) کرتی ؛ زنانہ صدری یا سینہ بند ۔ (۳) جانور کی ھڈی کی ڈھال یا زرہ ؛ جہاز کی زرہ ؛ زرہ استخوانی ؛ جانوروں کے چمڑے کی زرہ ۔

Cuirass : (v) زرہ بکتر لگانا ؛ زرہ پہننا ۔

Cuirassed : (a) زرہ پوش (جہاز) ۔

Cuirassier : (n) زرہ پوش سوار ؛ اوپچی ۔

Cuit-boulli : (n) [F.] ابال کر نرم کیا ھوا اور تشکیل دیا ھوا چمڑا ۔

Cuisine : (n) [L."coquina"] (۱) طرز طباخی ؛ پکانے کا سلیقہ ۔ (۲) باورچی خانہ ؛ کھانے پکوانے کا انتظام ۔

Cuisinier : (n) [F.] باورچی ؛ طباخ ؛ باورچن ۔

Cuisse /Cuish : (n) [Fr."cuissaux"] ران بند ؛ ران پوش ؛ ران کی زرہ (جنگ میں حفاظت کے لئے) ۔

Cuittle : (v) (۱) پھسلانا ؛ دم دینا ۔(۲) گدگدی لگانا ۔

Cul : (n) [L. "culus"] سرین ؛ مقعد ۔

Cul-de-four : (n) [F.] (تعمیرات) محراب ؛ طاق ۔

Cul-de-lampe : (n) [F.] (۱) (تعمیرات) آرائشی سہارا الشی مخروطی شکل میں ۔(۲) (طباعت) گل بیاض ۔

Cul-de-sac : (n) [F.] (۱) بند گلی ؛ کوچہ سر بستہ ۔ (۲) (تشریح) نلکی (جس کا رخ بند ھو) ۔

-cula : دیکھو culus

Culch /Cultch : (n) [OF."culche"] کوڑا کرکٹ ؛ ضائعات ۔

Culdee : (n) [O.Ir. "cele de"] کلڈی ؛ اٹھارویں صدی عیسوی کے ایک اسکاٹش مذھبی سلسلہ کا رکن ۔

Culdee : (a) کلڈی سے متعلق ۔

-cule : لاطینی لاحقہ جو Cula-'culus'-cule, -cle یا Culum کی شکل میں بعض انگریزی الفاظ کے آخر میں آتا ھے ۔

Culet : (n) [F. "cul"] (۱) ھیرے کا زیریں حصہ ۔ (۲) سرین پوش ؛ سرین کی زرہ ۔

Culet : (n) [L. "collecta"] تعین ؛ تشخص ۔

Culex : (n) [L.] (حیوانیات) کیولکس ؛ مچھروں کی ایک نوع ۔

Culgee : (n) [pers. "kalagi"] کلغی ؛ طرہ ۔

Culinary : (a) [L. "culinarius"] (۱) مطبخی ؛ باورچی خانہ سے متعلق ۔(۲) پختنی ؛ لائق پخت ؛ پکانے کے قابل (شے) ۔

Cull : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Cull : (n) [Abbrev. of CULLY] سادہ لوح ؛ فریب خور ۔

Cull : (n) [L. "colligere"] (۱) چھنٹیل جانور جو گلہ سے علاحدہ رکھا جائے اس لئے کہ وہ افزائش نسل کے قابل نہیں ۔ (۲) کوئی بے مصرف چیز ؛ رد کی ھوئی چیز ۔

Cull : (v) (۱) چننا ؛ (پھول) انتخاب کرنا ؛ چھانٹنا ؛ الگ کرنا ؛ نکالنا ۔

Cull : (v) بغلگیر ہونا ؛ سینے سے لگانا ۔

Culler : (n) (۱) منتخب ؛ چنا ہوا ۔(۲) چننے والا ۔

Cullender : (n) دیکھو Colander

Cullet : (n) شیشے کا بیکار ٹکڑا (جسے پگھلا کر پھر شیشہ بنائیں)۔

Culling : (n) انتخاب ۔

Cullings : (n) منتخب حصہ ؛ علاحدہ کیا ہوا حصہ ۔

Cullion : (n) [F."couillon"] (۱) فرومایہ ۔ (۲) (جمع میں) ایک ثعلبیہ پودا ۔ (۳) خایہ ۔

Cullis : (n) [L."colaticius"] شوربا ؛ آب گوشت ۔

Cullis : (n) [F. "coulisse"] (تعمیرات) نالی ۔

Cully : (n) [perh. alter. of CULLION] (بازاری) احمق ؛ اسامی ؛ سادہ لوح ۔(۲) ساتھی ؛ رفیق ؛ دوست ۔

Culm : (n) [ME. "culme"] (۱) کوئلے کی گرد یا چور ؛ کوئلے کا غبار ۔(۲) پھلیا ۔ (۳) (ارضیات) بھربھرے پتھر ۔

Culm : (n) [L."culmus"] نرکل ؛ تنا ؛ پٹھا (گھاس کا) ؛ نے ۔

Culm : (v) نرکل یا تنا بننا ۔

Culmen : (n) [L.] (۱) پرندوں کی چونچ کے بالائی حصے کا ابھار ۔ (۲) (تشریح) دماغ کا بالائی کرمینہ ۔ (۳) نقطۂ عروج ؛ بلندی ۔

Culmiferous : (a) [f. CULM] (طبقات الارض) بھر بھرے پتھروں والا ۔

Culmiferous : (a) [L."culmus"+(i)FEROUS] ایسا پودا جس کی جڑ سے بہت سے تنے نکلیں ؛ متعدد تنوں کا پودا ۔

Culminant : (a) [late L."culminantem"] (۱) ذی معارج ؛ اوج رسیدہ ؛ سمت الراس پر پہنچا ہوا ۔ (۲) سمت الراس ؛ اوج ؛ معراج ۔

Culminate : (v) [late L."culminat-", "culminare"] (۱) بلند ہونا ؛ اونچا چڑھنا ؛ معراج کو پہنچنا ؛ اوج پر ہونا ۔(۲) ۔(ہیئت) سمت الراس یا نقطہ نصف النہار پر ہونا ۔(۳) معراج کو پہنچانا ؛ اوج پر لے جانا ۔

Culminate : (a) اوپر بڑھنے والا (مونگا وغیرہ کا) ۔

Culmination : (n) بلندی ؛ معراج ؛ سمت الراس پر پہنچنا ؛ اوج ۔

Culminative function : (n) (ریاضی) علو پذیر تفاعل ۔

Culmy : (a) [f. CULM] (کوئلے کی) گردوغبار کی طرح کا ۔

Culot : (n) [F. dim. of "cul"] آہنی ورقہ ۔

Culottic : (a) [F."culotte"] چھوٹی پتلون پہنے ہوئے ؛ محترم ؛ آبرو مند ۔

Culottism : (n) آبرومندی ۔

Culpability : (n) مجرمیت ؛ گنہگاری ؛ معصیت ۔

Culpable : (a) [L. "cupabilis"] سزا کا مستوجب ؛ قابل گرفت ؛ قابل مواخذہ ۔

Culpable negligence : (n) مجرمانہ غفلت ؛ (تاریخ) مجرمانہ لا پرواہی ؛ قابل سزا ؛ لا پرواہی ۔

Culpableness : (n) دیکھو Culpability

Culpably : (adv) مجرمانہ ؛ ازراہ خطا ۔

Culpose : (a) [L."Culpa"-+OSE] (رومی قانون) مجرمانہ غفلت کرنے والا ۔

Culprit : (n) [AF. "cut"+ L."prit"] مجرم ؛ عاصی ؛ گنہگار ؛ خاطی ۔

Cult : (n) [L. "cultus"] (۱) طریق ؛ عبادت ؛ دین ؛ عقیدت مندی ؛ پرستش (کسی شےیا شخص کی) مسلک ۔ (۲) (نفسیات) پرستاری ۔ (۳) (تاریخ) دینی رسوم ۔

Ancestor cult : (سماجیات) آبائی مسلک ۔

Animal cult : (تاریخ) مسلک حیوان پرستی ۔

Ghost cult : (سماجیات) پریت پوجا ۔

Hero cult : (سماجیات) پرستش سورما ۔

Lumawig cult : (تاریخ) لوماوگ پرستش ۔

Mystery cult : (سماجیات) مسلك راز ۔

Cult animal : (n) (تاریخ) پرستش کا جانور ۔

Cult object : (n) (سماجیات) پرستش کی چیز ۔

Cult of ghost : (n) (سماجیات) بھوت پریت کی پوجا ۔

Cult of the dead : (n) (سماجیات) مردوں کی پوجا ۔

Cultch : (n) Culch کی متبادل شکل ۔

Cultism : (n) [Sp."cultismo"] (۱) خاص قسم کی پرستش پر اعتقاد ۔(۲) سولھویں سے سترھویں صدی عیسوی میں ھسپانوی ادب میں رائج نفاست ادب ۔

Cultivable : (a) قابل کاشت ؛ قابل زراعت ۔

Cultivable land : (n) قابل کاشت زمین ۔

Cultivable wasteland : (n) قابل کاشت پڑتی زمین ۔

Cultivatable : (a) قابل کاشت ؛ قابل زراعت ۔

Cultivate : (v) [late L. "cultivus"] (۱) زراعت کرنا ؛ کھیت جوتنا ۔ (۲) (استعارتاً) ترقی دینا ؛ سنوارنا ؛ درست کرنا ؛ بہتر بنانا (اخلاق و آداب کو) ؛ ذوق پیدا کرنا ۔ (۳) توجہ کرنا ؛ کوشاں یا خواھاں ھونا ۔ (٤) زمین تیار کرنا ؛ تردد کرنا (زراعت کرنا) ۔ (٥) بڑھانا ؛ ذھنی تربیت کرنا ۔

Cultivation : (n) (۱) زراعت ؛ کاشت ؛ فلاحت ۔ (۲) (استعارتاً) توجہ ؛ دھیان ۔(۳) تربیت ۔

Extensive cultivation : (تجارت و معاشیات) وسیع کاشت ۔

Intensive cultivation : (تجارت و معاشیات) گہری کاشت ؛ کاشت عمیق ۔

Marginal cultivation : (تجارت و معاشیات) مختتم کاشت ۔

Cultivator : (n) (۱) کسان ؛ کاشتکار ؛ مزارع ۔ (۲) آلہ کشاورزی ؛ مشینی ھل ؛ ایك زراعتی آلہ جس کے ذریعہ زمین نرم کی جاتی اور گھاس نکالی جاتی ھے ۔

Cultrate : (a) [L. "cultratus"] (طبیعیات) کاردلب ؛ چھری پھل (جس کے کنارے یا لب چھری کی مانند ھوں) ؛ تیز دھار والا ۔

Cultrated : (a) تیز دھار ؛ چھری پھل ۔

Cultriform : (a) کارد نما ؛ تیغ صورت ۔

Culturable : (a) قابل زراعت ؛ قابل کاشت ؛ لائق پرورش ؛ قابل تہذیب ؛ قابل تربیت ۔

Cultural : (a) (۱) تہذیبی ؛ تمدنی ؛ ثقافتی ۔ (۲) زراعتی ؛ فلاحتی ۔(۳) تربیتی ۔

Cultural adaptation : (n) (سماجیات) تہذیبی ھم آھنگی ۔

Cultural advance : (n) (سماجیات) تہذیبی ترقی ۔

Cultural affiliation : (n) (تاریخ) تہذیبی الحاق ۔

Cultural affinity : (n) (تاریخ) تہذیبی نسبت ۔

Cultural association : (n) (تاریخ) تہذیبی رابطہ ۔

Cultural behaviour : (n) (سماجیات) تہذیبی عمل ۔

Cultural boundries : (n) (تاریخ) تہذیبی سرحدیں ۔

Cultural change : (n) (سماجیات) تبدیلیء تہذیب ۔

Cultural coherence : (n) (تاریخ) تہذیبی ربط ؛ تہذیبی رشتہ ۔

Cultural compulsion : (n) (سماجیات) تہذیبی دباؤ ۔

Cultural conflict : (n) (سماجیات) تہذیبی تصادم ؛ (نفسیات وتعلیمات) کشاکش تہذیب

Cultural control : (n) (سماجیات) تہذیبی تسلط ۔

Cultural determination : (n) (سماجیات) تہذیبی تعین حدود ۔

Cultural environment : (n) (تاریخ) تہذیبی ماحول ۔

Cultural evolution : (n) (سماجیات) تہذیبی ارتقاء ۔

Cultural flexibility : (n) (سماجیات) تہذیبی لچك داری ، لوچ ۔

Cultural forces : (n) (تاریخ) تہذیبی قوتیں ۔

Cultural heritage : (n) (سماجیات و تاریخ) تہذیبی وراثت ؛ تہذیبی ترکہ ۔

Cultural homogenity : (n) (سماجیات) تہذیبی ہم جنسی ؛ یک نیت ۔

Cultural ideals : (n) (تاریخ) تہذیبی نصب العین ۔

Cultural inheritance : (n) (تاریخ) تہذیبی ورثہ ۔

Cultural innovations : (n) (تاریخ) تہذیبی اختراع ۔

Cultural intercourse : (n) (تاریخ) تہذیبی میل جول ۔

Cultural kinship : (n) (تاریخ) تہذیبی قرابت ۔

Cultural lag : (n) (سماجیات) تہذیبی سست رفتاری ، پسماندگی ۔

Cultural language : (n) (لسانیات) ثقافتی زبان ۔

Cultural level : (n) (سماجیات) تہذیبی سطح۔

Culturally : (adv) از روئے تربیت ؛ زراعتی طورپر ۔

Cultural milieu : (n) (سماجیات) تہذیبی تفریح ۔

Cultural relic : (n) (سماجیات) تہذیبی یادگار ؛ تہذیبی تبرک ۔

Cultural significance : (n) (تاریخ) تہذیبی معنویت ۔

Cultural stratum : (n) (تاریخ) تہذیبی پرت ۔

Cultural trait : (n) (سماجیات) تہذیبی خصوصیت ؛ تہذیبی صفت ۔

Cultural value : (n) (تاریخ) تہذیبی قدر ۔

Cultural variation : (سماجیات) تہذیبی تغیر پذیری ۔

Cultural wealth : (n) (تاریخ) تہذیبی سرمایہ ۔

Cultural zoning : (n) (تاریخ) تہذیبی حلقہ بندی ۔

Culture : (n) [L."cultura"] (۱) تہذیب ؛ تمدن ؛ ثقافت ؛ تربیت ؛ ترقی (ذہنی) ۔(۲) زراعت ؛ فلاحت ؛ کاشت ؛ پرورش ؛ پیداواری ۔ (۳) جراثیم پرورده ۔

Adaptative culture : (سماجیات) توافق پذیر تہذیب ۔

Aegean culture : (تاریخ) ایجیئن تہذیب ۔

Alien culture : (سماجیات) اجنبی تہذیب ؛ بیرونی تہذیب ۔

Amazon basin culture : (تاریخ) وادی آمیز تہذیب (جنوبی امریکہ)۔

Apennine culture : (تاریخ) اے پی نائن تہذیب (اٹلی) ۔

Aryan culture : (تاریخ) آریائی تہذیب (فرانس) ۔

Axe culture : (تاریخ) تہذیب تیشہ ۔

Baden culture : (تاریخ) باڈین تہذیب ۔

Barbaric culture : (تاریخ) بربری تہذیب ۔

Bronze culture : (تاریخ) کانسہ کی تہذیب ۔

Core culture : (تاریخ) سنگ خارا تہذیب ۔

Cretan culture : (تاریخ) کریٹ کی تہذیب ۔

Danubian culture : (تاریخ) ڈینوبی تہذیب ۔

Dimini culture : (تاریخ) ڈمینی تہذیب (یونان) ۔

Dynastic culture : (تاریخ) خانوادی تہذیب ۔

Early Macedonian culture : (تاریخ) ابتدائی مقدونی تہذیب ۔

Folk culture : (تاریخ) عوامی تہذیب ۔

Forest culture : (تاریخ) جنگل کی تہذیب ۔

Fusion of culture : (سماجیات) متحدہ تہذیب ۔

Grecian culture : (تاریخ) یونانی تہذیب ۔

Holistic culture : (تاریخ) ہولسٹک تہذیب ۔

Indigenous culture : (تاریخ) دیسی تہذیب ۔

Indus culture : (تاریخ) سندھی تہذیب ۔

Inferior culture : (سماجیات) ادنیٰ تہذیب ۔

Insular culture : (تاریخ) محدود تہذیب ۔

Integrated culture : (سماجیات) تکمیل شدہ تہذیب -

Literate culture : (تاریخ) خواندہ تہذیب -

Local culture : (تاریخ) مقامی تہذیب -

Localized culture : (تاریخ) مقامیاتی تہذیب -

Material culture : (سماجیات) مادی تہذیب -

Mesolithic culture : (تاریخ) پتھر کے وسطی زمانے کی تہذیب -

Middle Mecedonian culture : (تاریخ) وسطی مقدونی تہذیب -

National culture : (تاریخ) قومی تہذیب -

Neolithic culture : (تاریخ) حجری دور کی تہذیب -

Nonliterate culture : (سماجیات) غیر خواندہ تہذیب -

Non-material culture : (سماجیات) غیرمادی تہذیب -

Nordic culture : (تاریخ) نورڈك تہذیب -

Oder culture : (تاریخ) اوڈری تہذیب -

Palaeolithic culture : (تاریخ) قدیم حجری دور کی تہذیب -

Plains culture : (تاریخ) میدانی تہذیب -

Pre-dynastic culture : (تاریخ) ماقبل خاندان تہذیب -

Pre-literate culture : (تاریخ) تہذیب ماقبل خواندگی -

Reconstructed culture : (تاریخ) نو تعمیر تہذیب -

Regional culture : (تاریخ) علاقائی تہذیب -

Rude culture : (سماجیات) گنوار ، غیر شائستہ تہذیب -

Savage culture : (تاریخ) وحشی تہذیب -

Savage hunting culture : (تاریخ) وحشی شکاری تہذیب -

Scytho- dravidian culture : (تاریخ) سیتھائی دراوڑی تہذیب -

Slavonian culture : (تاریخ) سلو وینیائی تہذیب -

Spiritual culture : (تاریخ) روحانی تہذیب -

Technological culture : (سماجیات) تکنیکی تہذیب -

Tradition-ridden culture : روایت زدہ تہذیب -

Culture : (v) پرورش کرنا ؛ (مچھلیاں وغیرہ) پالنا ؛ (دوا سازی کے لئے) جراثیم پالنا -

Culture accumulation : (n) (سماجیات) تہذیبی ذخیرہ اندوزی -

Culture area : (n) (تاریخ) تہذیبی رقبہ -

Culture base : (n) (سماجیات) تہذیبی بنیاد -

Culture borrowing : (n) (سماجیات) تہذیبی قرضہ داری -

Culture centre : (n) (سماجیات) تہذیبی مرکز -

Culture change : (n) (سماجیات) تبدیلیٔ تہذیب -

Culture complex : (n) (سماجیات) تہذیبی کل -

Culture-conflict : (n) (سماجیات) تہذیبی تصادم -

Culture contact : (n) (۱) (تاریخ) تہذیبی رابطہ - (۲) کاشت کیا ہوا - (۳) مہذب -

Culture diffusion : (n) (سماجیات) تہذیبی انتشار ؛ تہذیبی نفوذ -

Culture-epoch theory : (n) (نفسیات و تعلمیات) نظریہ آور تہذیب -

Culture integration : (n) (تاریخ) تہذیبی یك جہتی -

Culture pattern : (n) تہذیبی وضع قطع (تاریخ) -

Culture rift : (n) (تاریخ) تہذیبی شگاف -

Culture science : (n) (تاریخ) علم تہذیب -

Culture sequence : (n) (تاریخ) تہذیبی تسلسل -

Culture spread : (n) (تاریخ) تہذیبی توسیع -

Culture stage : (n) (تاریخ) تہذیبی منزل -

Culture stratum : (n) (تاریخ) تہذیبی پرت ۔

Culture theme : (n) (تاریخ) تہذیبی موضوع ۔

Culture traits : (n) (تاریخ) تہذیبی خصوصیات ۔

Culture type : (n) (تاریخ) تہذیبی ٹائپ ۔

Culture word : (n) (تاریخ) تہذیبی علاقائی لفظ ۔

Culturist : (n) (۱) حامیء تہذیب و تمدن ۔ (۲) فلاّح ؛ زرّاع ۔

Cultuis : (n) [L.] دیکھو Cult

Cultus-cod : (n) [Chinook."kultas"] جنوبی امریکہ کی ایک کاڈ مچھلی ۔

Culus /Cule /Culum : لاحقہ ۔

Culver : (n) [OE."culfre"] (۱) فاختہ ۔ (۲) (مقامی بولی) جنگلی کبوتر ۔

Culver-tailed : (a) چول سے چول بٹھائی ہوئی ۔

Culverin : (n) [F. "coulevrine"] قرابین ؛ پرانی وضع کی بندوق ؛ زنبور ؛ چھوٹی توپ ۔

Culverineer : (n) قرابین سے مسلح سپاہی ۔

Culverkeys : (n) ولائتی زرد خوشبودار پھول ۔

Culvert : (n) [Origin unknown] زمین دوز بدر رو ؛ پٹی ہوئی نالی ؛ چھوٹا پل ؛ آبگزر ۔

Culvert : (v) آبگزر یا زمین دوز بدر رو بنانا ۔

Culvertage : (n) [L."colliberus"] زرعی غلامی ؛ رعیت کو غلام بنانا ۔

Cum : (n) حرف جار بمعنی مع، بشمول ، ساتھ ، سے ۔

Cumbent : (a) [L. "cumbentem"] لیٹے ہوئے ۔

Cumber : (n) [See next] (۱) رکاوٹ ؛ حرج ۔ (۲) بوجھ ۔

Cumber : (v) [OF."cumbrer"] بوجھل بنانا ؛ لدھڑبنانا ؛ حارج ہونا یا کرنا ؛ بوجھل ہونا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ (استعارتاً) (بیکار کا) بوجھ ڈالنا ۔

Cumber-ground : (n) بیکار قبضہ جمانے والا (زمین پر) ۔

Cumberer : (n) رکاوٹ ڈالنے والا ؛ بوجھل کرنے والا ۔

Cumberless : (a) بے بوجھ ؛ بے رکاوٹ ۔

Cumberment : (n) رکاوٹ ؛ حرج ۔

Cumbersome : (a) بوجھل ؛ بھاری ؛ بھدا ؛ تکلیف دہ ؛ بے ڈھنگا ؛ کڈھب ؛ بے ڈول ۔

Cumbersomely : (adv) بھدے پن سے ؛ بوجھل طورپر ؛ تکلیف دہ طور پر ۔

Cumbersomeness : (n) بوجھل پن ؛ بھدا پن ؛ بے ڈھنگا پن ۔

Cumble : (v) [L."cumulare"] ٹھنڈک سے بے حس کرنا ؛ بے طاقت کرنا ۔

Cumbly /Cumly : (n) [Skr. "kambala"] کملی ؛ کنبلی ۔

Cumberous : (a) دیکھو Cumbersome

Cumberously : (adv) بے ڈھنگے پن سے ؛ بھدے طورپر ؛ تکلیف دہ طورپر ۔

Cumberousness : (n) بھدا پن ؛ بے ڈھنگاپن ۔

Cumene / Cumole : (n) [L."cuminum"] رومی زیرہ کے تیل میں پایا جانے والا ایک ہائیڈرو کاربن ۔

Cumic : (a) زیرہ کا یا اس سے نکالا ہوا ۔

Cumin /Cummin : (n) [Arab. "kammun"] زیرہ ۔

Black cummin : سیاہ زیرہ ۔

Sweet cummin : سونف ۔

Cumin-splitting : (n) بخیل ؛ کنجوس ؛ مکھی چوس ۔

Cummer /Kimmer : (n) [L."commater"] (۱) دینی ماں ؛ (کسی بچے کی) حقیقی ماں اور دینی ماں کے درمیان جو تعلق قائم ہوتا ہے اسے اس لفظ سے یاد کرتے ہیں) ۔ (۲) سہیلی ؛ بھنیلی ۔ (۳) عورت ؛ جادو گرنی ؛ ڈائن ؛ دایہ ۔

Cummerbund : (n) [Urdu."kammar-band"] کمر بند ؛ پٹکا ؛ کمر کی شال ۔

Cummin : (n) دیکھو Cumin

Cumquat : (n) [Cantonese "kinku"] ایک قسم کی چھوٹی نارنگی ۔

Cumshaw : (n) [Chinese "kan"+"hsieh"] (چینی بندرگاہ پر) بخشش ؛ انعام ؛ عطیہ ۔

Cumshaw : (v) بخشش دینا ؛ انعام دینا ۔

Cumulant : (n) [L."cumulantem"] شماری ضریب جو X کی قوتوں کو بڑھانے سے حاصل ہوتا ہے ۔

Cumulate : (v) [L."cumulare"] (۱) جمع کرنا ؛ ڈھیر لگانا ۔ (۲) اضافہ کرنا ۔ (۳) اوج پر لے جانا ۔

Cumulated : (a) جمع کیا ہوا ؛ تہ بتہ (بادل) ۔

Cumulately : (adv) جمع کرتے ہوئے ؛ ڈھیر لگاتے ہوئے ۔

Cumulation : (n) (۱) ڈھیر ؛ ڈھیر لگانا ؛ انبار ؛ مجموعہ ۔ (۲) (قانون) دو یا زیادہ مقدموں یا قانونی کارروائیوں کو ملا دینا ۔

Cumulative : (a) (۱) مجموعی ؛ اضافی ؛ متواتر ؛ افزائش پذیر ۔ (۲) ایک ساتھ ؛ یکجا ۔

Cumulative argument : (n) مجموعی بحث ۔

Cumulative conjunction : (n) (لسانیات) عطف مجموعی ۔

Cumulative (diffusion) : (n) (کامرس) مجموعی اشاریہ ۔

Cumulative disadvantage : (n) (کامرس) مجموعی نقصان ۔

Cumulative error : (n) مجموعی غلطی ۔

Cumulative evidence : (n) مجموعی شہادت یا ثبوت ۔

Cumulative frequency : (n) (کامرس) مجموعی تواتر ۔

Cumulative function : (n) (لسانیات) مجموعی تفاعل ۔

Cumulative liability : (n) (کامرس) بیشی پذیر دین داری ۔

Cumulative preference dividend : (n) (کامرس) بیش پذیر ترجیحی منافع حصص ۔

Cumulative preference shares : (n) (کامرس) بیش پذیر ترجیحی حصص ؛ حصصی بقایہ دادنی (جن کے مالکوں کو پچھلے سود کا دوسرے حصہ داروں سے پہلے حق حاصل ہو) ۔

Cumulative process : (n) (کامرس) مجموعی عمل ؛ عمل تواتر ؛ مجموعی طریقہ عمل ۔

Cumulative rise : (n) (تجارت) مجموعی اضافہ ۔

Cumulative stock : (n) (کامرس) پابند اسٹاک (حصص) ؛ مجموعی اسٹاک ۔

Cumulative time deposit : (کامرس) مجموعی وقتی ڈیپازٹ؛ ۔ (حق) تعداد آرا (جس میں ہر شخص کی اتنی رائیں ہوں جتنے امید وارہیں) اور وہ چاہے تو سب رائیں ایک امیدوار کو دے دے)۔

Cumulative voting : (n) (تاریخ) انتخاب جمعی ۔

Cumulatively : (adv) افزائش پذیرانہ ؛ بیش پذیری کے ساتھ ؛ بڑھتے ہوئے ۔

Cumulativeness : (n) افزائش پذیری ؛ بیش پذیری ۔

Cumulato-: [L."cumulatus"] واصلہ بمعنی Cumulate or Cumulately

Cumulo-: ترکیبی جز بمعنی جمع کیا ہوا ؛ ڈھیر لگا ۔

Cumulous : (a) سحابی ؛ دل بادل ؛ افق کی گھٹائیں ۔

Cumulus : (n) [L.] ڈھیر ؛ دل بادل ؛ افق کی گھٹائیں ۔

Cun : (v) جاننا ؛ سیکھنا ؛ قابل ہونا ؛ دیکھو Can, con

Cunabula : (n) [L.] (۱) گہوارہ ۔ (۲) (استعارتاً) سب سے پہلا گھر ۔ (۳) اوائل منزل ؛ ابتدائی مراحل ۔

Cunctation : (n) [L."cunctationem"] تاخیر ؛ تعویق ؛ تعلل ۔

Cunctator : (n) تاخیر ؛ تعویق ؛ تعلل کرنے والا ۔

Cund : (v) Conal کی متبادل شکل ۔

Cundurango / Condurango : (n) [Peruvian "cundur+ango"] پیرو کی ایک بیل دار جھاڑی (چڑھنے والی) ۔

Cuneate : (a) [L."cuneatus"] میخ نما ؛ فانہ نما ۔

Cuneated : (a) فانہ نما ؛ میخ نما ۔

Cuneatic : (a) (۱) خط میخی ؛ خط پیکانی ؛ میخی ہڈی ۔ (۲) خط میخی کی تحریر ۔

Cuneator : (n) [OF."coigneur"] ٹکسال کا وہ افسر جسکی تحویل میں تمام سانچے رہا کرتے ہیں ۔

Cuneiform : (a) [L."cuneus"] فانہ نما ؛ میخ نما ۔

Cuneiform : (n) دیکھو Cuneatic

Cuneiform bone : (n) میخی ھڈی ۔

Cuneiform table : (n) (تاریخ) میخ نما لوح ۔

Cuneiform writing : (n) خط میخی ؛ (تاریخ) مسیحی پیکانی تحریر ۔

Cuneo-: [L."cuneus"] ترکیبی جزء بمعنی 'میخی ھڈی' ۔

Cuneo-scaphoid : (a) میخی اور کشتی نما ھڈی سے متعلق ۔

Cunette : (n) [It."cunetta"] (قلعہ بندی) نالی (خندق کی) ۔

Cunicular : (a) زمین دوز نالی سے متعلق ؛ زمین دوز ۔

Cuniculate : (a) لمبی نالی یا نلکی والا جس کا ایک سرا بند ھو ۔

Cuniculus : (n) (Pl.cuniculi) [L.] زمین دوز نالا ۔

Cunner / Conner : (n) [Origin unknown] مچھلی کی ایک قسم ۔

Cunning : (n) [See next] (۱) چالاکی ؛ عیاری ؛ ھوشیاری ؛ استادی ؛ مہارت ۔ (۲) فریب ؛ زیرکی ؛ حیلہ سازی ؛ حیلہ گری ۔

Cunning : (a) [ME] (۱) ھوشیار ؛ استاد ؛ ماھر ؛ طباع کاریگر ۔ (۲) چالاک ؛ عیار ؛ مکار ؛ فریبی ؛ حیلہ باز ۔ (۳) دلچسپ ؛ جالب ۔

Cunningaire : (n) خرگرش کے بھٹ ۔

Cunningly : (adv) چالاکی سے ؛ عیارانہ طریقہ سے ؛ زیبانہ طور پر ؛ مکاری سے ۔

Cunningness : (n) چالاکی ؛ مکاری ؛ فریب ؛ عیاری ۔

Cup : (n) [L."cuppa"] (۱) پیالہ ؛ کوزہ ؛ جام ؛ (کنڈے یا بے کنڈے کا) کٹورا ؛ مقامی جوڑ (جو خاص کر عشائے ربانی کے موقع پر کام آتا ھے) ۔ (۲) مدور خلو ؛ جوف ؛ قعر (خاص کر) کاسہ گل ؛ ھڈی کے جوڑ کا گھر ، کلس ۔ (۳) پیالہ بھر ؛ بقدر یک جام ؛ شراب (عشائے ربانی کی) ۔ (٤) بخت ؛ سر نوشت ؛ نصیبہ ؛ واردات ۔ (٥) شراب ؛ جام شراب ۔ (٦) (عمل جراحی) سینگی سے خون لینا ؛ پچھنے لگانا ۔ (۷) پیالہ نما کوئی شے ۔ (۸) (علم ھیئت) برج اسد اور برج غراب کے درمیان سلسلہ فوتہۃ البرکان ۔ (۱۰) (جمع میں) کثرت مئے نوشی ۔ (۱۱) کوئی مشروب ۔

A bitter cup : تلخ تجربہ ؛ ناکامی بخت ۔

Challenge cup : انعامی جام (سونے یا چاندی کا) ۔

His cup was full : خوش نصیبی یا بد نصیبی کی انتہا ھوگئی ۔

In one 's cup : مستی یانشہ کی حالت میں بد مست ۔

Stemmed cup : شراب چڑھاتے ھوئے ۔

Cup : (v) (۱) پاچھ لگانا ؛ سینگی سے خون لینا ۔ (۲) (گولف کی اصطلاح میں) گیند پر لکڑی لگانے میں زمین پر مارنا ۔ (۳) پیالے میں لینا ۔ (٤) پیالے کی شکل کا ھونا ۔

Cup-and-ball /Cup and ball : (n) ایک قسم کا کھیل ۔

Cup -and-cone : (n) (معدنیات) لوھے کا وہ قیف نما آلہ جس کے درمیان میں سوراخ ھوتا ھے اور جس میں شانہ نما ڈھکن لگا رھتا ھے ۔

Cup-bearer : (n) ساقی ۔

Cup-coral : (n) مونگے کی ایک قسم ۔

Cup-gall : (n) شاہ بلوط کا ماجو ۔

Cup-lichen : (n) ایک قسم کی کائی / بناسپتی ۔

Cup-man : (n) شراب خوار ؛ مے خوار ؛ مے نوش ۔

Cup-moss : (n) دیکھو Cup-lichen

Cup-mushroom : (n) ایک قسم کا سماروغ ۔

Cup-on-stand : (تاریخ) پایہ دار پیالہ ۔

Cup-plant : (n) جنوبی افریقہ کا ایک پودا ۔

Cup-shake : (n) لکڑی کی متحد المرکز تہوں کے بیچ کا سوراخ یا جگہ ۔

Cup-shaken / shaky : (a) Cup-shake والی لکڑی ۔

Cupboard : (n) (۱) گنجینہ ؛ نعمت خانہ ؛ برتنوں کی الماری ؛ دراز دار میز ۔ (۲) غذا ؛ کھانا ۔

Cupboard : (v) نعمت خانے میں رکھنا ۔

Cupboard-love : (n) غرض کی دوستی ؛ عشق مصلحتی ۔

Cupel / Coppel : (n) [med. L."cupella"] (کیمیا) کیوپل ؛ گھریا ؛ کھٹالی (سونے یا چاندی کو تاؤ دینے کی) ۔

Cupel : (v) گھریا میں تپانا یا گلانا ۔

Cupellation : (n) تاؤ ؛ تپائی ؛ تپانا ۔

Cupful : (n) پیالہ بھر ؛ ایک پیالہ ؛ آٹھ آؤنس ۔

Cupid : (n) [L."cupido"] (۱) کیوپڈ ؛ عشق کا دیوتا ؛ کام دیو ۔ (۲) امرد ؛ خوبصورت لڑکا ۔

Cupidity : (n) لالچ ؛ حرص ؛ ہوسناکی ؛ طماعی ۔

Cupidon : (n) [F.] دیکھو Cupid

Cupidone : (n) [F.] ایک قسم کا پودا ۔

Cupmarks : (n) (تاریخ ، اثریات) پیالے کا نشان ۔

Cupola : (n) [L."cupula"] (۱) چھتری ؛ گنبد ؛ قبہ ؛ برجی ۔ (۲) گھومتی چھتری (جہازی توپوں کی حفاظت کے لئے) ۔ (۳) (تشریح الاعضا) کاسہ حلزون ۔

Cupola : (v) چھتری یا گنبد بنانا ۔

Cupola furnace : (n) قبہ دار بھٹی ؛ گول بھٹا (دھات گلانے کے لئے) ۔

Cupolaed / Cupolad : (a) چھتری دار ؛ گنبد دار ؛ قبہ دار ۔

Cupped : (a) پیالہ نما ؛ جام کی طرح ۔

Cupper : (n) سینگی سے خون نکالنے والا ۔

Cupping : (v) (۱) سینگی سے خون نکالنا ۔ (۲) شراب خواری ؛ شراب نوشی ۔ (۳) جوف بننا ؛ تقعر جسم ۔

Dry cuppping : سینگی سے بغیر جلائے ہوئے خون نکالنا ۔

Cupping-glass : (n) سینگی ۔

Cuppy : (a) پیالہ نما ؛ مقعر ؛ خصوصاً گولف میں مقعر یا جوف بھرا ہوا ۔

Cuprammonium : (n) (کیمیا) کو پرامونیم ۔

Cuprate : (n) [L. "cuprum"+-ATE] مسی ترشے کا نمک ۔

Cupreo -: ترکیبی جز بمعنی مسی ۔

Cupreous : (a) [L."cupreus"+-OUS] تانبے کا ؛ مسی نما ؛ مسی رنگ کا ؛ مسی دار ۔

Cupric : (a) [L."cuprum"+-IC] (کیمیا) کیوپرک ۔

Cupriferous : (a) مس دار ؛ مس خیز ۔

Cuprite : (n) تانبے کا خام لال آکسائیڈ ۔

Cupro -: [L."cuprum"] واصلہ بمعنی "تانبہ" ۔

Cupro-nickel : (n) تانبے اور نکل کی فلز ۔

Cupromagnesite : (n) ۔ میگنیشیم اور تانبے کا آبدار سلفیٹ ۔

Cuproso-: [L."cuprosus"] واصلہ بمعنی مسی ، مس دار ۔

Cuprous : (a) [L."cuprum"+-OUS] مسی ، مسدار ، نحاسی ۔

Cuprous chloride : (n) کیوپرس کلورائیڈ ۔

Cupular : (a) کاسک نما ؛ پیالہ کی مانند ۔

Cupulate : (a) کاسک نما ؛ کاسک دار ۔

Cupule : (n) [L."cupula"] (نباتیات و حیوانیات) کاسہ شکل ؛ کاسہ نما ؛ کاسک ۔

Cupuliferous : (a) [L."cupula"] (۱) کاسک دار ۔ (۲) بلوطیہ سے متعلق ۔

Cur : (n) [ME."curre"] (۱) لینڈی یا بازاری کتا ؛ نگہبان کتا ؛ گلہ کا کتا ۔ (۲) نکما ؛ پاجی ؛ رذیل ؛ بدخو آدمی ؛ دم دباؤ ؛ بزدل ۔ (۳) سنہری آنکھوں والی بط کی ایک قسم ۔

Cur-dog : (n) لینڈی یا بازاری کتا ۔

Curability : (n) شفا پذیری ۔

Curable : (a) [L."curabilis"] قابل علاج ؛ لائق شفا یابی ۔

Curacao / Curacoa : (n) [name of a Dutch Island in the Carribbean sea] تلخ نارنگی کی شراب ؛ جزیرہ کراسو کی شراب ۔

Curacy : (n) [f. CURATE] نائب پادری کا عہدہ ۔

Curare / Curara : (n) [Carib"curari"] (۱) ایک قسم کا زہریلا گوند ؛ کُرارے ۔ (۲) کڑوا مدھ (جو امریکہ کے بعض درختوں سے نکلتا ھے)۔

Curarine : (n) کرارے کا زہریا روغن ۔

Curarize : (v) کرارے دینا ؛ کرارے کے زیراثر ڈالنا ۔

Curassow : (n) [phonetic Sp. of CURACAD] امریکی فیل مرغ ۔

Curate : (n) [med. L."curatus"] (۱) نائب پادری ؛ کشیش ۔ (۲) سلاخ یا چھڑی (جو محض آرائشی نہ ھو)۔

Curatel : (n) [med.L. "curatela"] (رومی قانون) جو مہتمم کی نگرانی میں ھو ۔

Curative : (a) [F."curatif"] شفابخش ؛ شفابخشی سے متعلق ۔

Curatively : (adv) شفا بخش طور پر ؛ بطور شفا بخشی ۔

Curativeness : (n) شفا بخشی ۔

Curator : (n) [Partly from AF."curatour" ,partly L."curatorem"] (۱) مہتمم ؛ منتظم ؛ نگہبان ؛ محافظ (عجائب خانہ وغیرہ کا) ۔ (۲) رکن ؛ مجلس انتظامیہ (جامعہ) ۔ (۳) نابالغ یا پاگل یا نا کارہ شخص کی جائداد کا محافظ ۔

Curatorial : (a) مہتمم یا محافظ سے متعلق ۔

Curatorship : (n) مہتممی ۔

Curatory : (n) دیکھو Curatorship

Curatory : (a) [L."curatorius"] دیکھو Curative

Curatrix : (n) [L.fem. of curator] مہتممہ ۔

Curb : (n) (۱) زنجیر ؛ لگام ؛ دہانہ ؛ روک ؛ روک تھام ؛ پابندی ۔ (۲) گھوڑے کے پاؤں کی سوجن ؛ موتھڑا ۔ (۳) (کنویں کی) مینڈھ ۔ (٤) حلقہ ؛ کنارا ؛ پٹی ؛ گردنی (کسی گول چیز کے گرد لوھے یا لکڑی کی) ۔ (٥) پتھر کے فرش یا سڑک کی پٹری کا پشتیبان ۔

Curb : (v) [L. "curvare"] (۱) روکنا ؛ لگام کھینچنا ؛ دہانہ لگانا ؛ جکڑنا ؛ باندھنا (خاص کر منہ زورگھوڑے کو) ۔ (۲) (استعارتاً) روکنا؛ روک تھام کرنا ؛ دبانا ؛ قابو میں رکھنا (جذبات کو) ۔ (۳) مینڈھ لگانا ؛ جدول بنانا (سڑکوں میں) ۔

To keep a curb on one's temper : (اپنے) مزاج کو قابو قابو میں رکھنا ۔

Curb-bit : (n) دہانہ (لگام) ۔

Curb-chain : (n) دہانہ کی زنجیر ۔

Curb-pins : (n) گھڑی کے معادل کی پن ۔

Curb-plate : (n) حلقہ ؛ پٹی ؛ گردنی ۔

Curb-roof : (n) چوڈھلیا چھت (جس کے دونوں طرف دوھری ڈھال ھو) ۔

Curb-/ Kerb-stone : (n) پشتیبان پتھر ۔

Curby : (a) موتھڑے نکلا ۔

Cutch : (n) [ME.] سرپوش ؛ دست مال ۔

Curculio : (n) [L.] بھونرے یا سونڈ دار کیڑے کی ایک قسم جو پھلوں وغیرہ کے لئےتباہ کن ثابت ھوتے ھیں ۔

Curculionideous : (a) سونڈ دار کیڑے کے خاندان کا ۔

Curculionist : (n) سونڈ دار کیڑے کا مطالعہ کرنے والا ۔

Curcuma : (n) [Arab. "kurkum"] هلدیٰ ؛ هلدی کا پودا ۔

Curcuma-paper : (n) کاغذ کرکم جس سے قلعی کے مادے کی کیمیاوی جانچ یا آزمائش کرتے ھیں ۔

Curcumin : (n) زرد رنگ کا بلوری مرکب ۔

Curd : (n) [Origin unknown] (۱) دہی ؛ دوغ ۔ (۲) دہی جیسی کوئی چیز ۔ (۳) (سامن مچھلی کی) چربی ۔

Curd : (v) دہی جمانا یا جمنا ؛ بستہ ھونا یا کرنا ۔

Curdiness : (n) دوغیت ؛ دہی کی کیفیت ۔

Curdless : (n) بے دہی کا ۔

Curdy : (a) پردوغ ؛ دوغی ؛ دہی کا سا ؛ تھکے دار ۔

Curdle : (v) دیکھو Curd

To curdle the blood : (استعارتاً) خون جم جانا ؛ (خوف یا طیش سے) روح فرسا ہونا ؛ خون خشک ہو جانا یا کرنا ۔

Curdly : (adv) جمنے کے لائق یا قابل ؛ دہی جیسا ۔

Cure : (n) [L. "cura"] (۱) دوا ؛ معالجہ ؛ علاج ؛ تدبیر (خصوصاً کسی خاص دوا یا غذا سے) چارہ ۔ (۲) اصلاح ؛ درستی ؛ تربیت ؛ (اخلاق یا روحانی) ۔ (۳) (کلیسائی) پادری کا عہدہ ؛ کلیسائی حلقہ کے رہنے والے کی روحانی خدمت یا بہبودی کی ذمہ داری ۔

Cure : (n) [app. short for "curiosity"] (عامیانہ) انوکھا یا مراقی شخص ۔

Cure : (n) [med. L."curatus"] فرانسیسی بولنے والے ملک کا پادری ۔

Cure : (v) (۱) علاج کرنا ؛ اچھا کر دینا ؛ تندرست کر دینا یا ہو جانا ۔ (۲) (استعارتاً) برائی دور کرنا ؛ علاج کرنا ۔ (۳) سکھانا ؛ نمك لگانا (محفوظ کرنے کے لئے، پھل گوشت وغیرہ) ۔

Cure-all : (n) ہر مرض کی دوا ؛ اکسیر اعظم ۔

Cureless : (a) لا علاج ۔

Curer : (n) (۱) علاج کرنے والا ؛ معالج ۔ (۲) نمك لگانے والا ؛ سکھانے والا ۔

Curette : (n) [F."curer"] ایك آلہ ٔ جراحی ؛ جراح کی چمچی جس سے زخموں وغیرہ کا فاسد مادہ نکالتے ہیں ۔

Curette : (v) چمچی سے فاسد مادہ نکالنا ۔

Curfew : (n) [AF."coeverfu"] دیکھو Couvre-feu

Curfew-bell : (n) کرفیو کا گھنٹا ۔

Curia : (n) [L.] (۱) عشیرہ ؛ برادری ؛ عشر قبیلہ (قدیم روما کے تین قبیلوں میں سے کسی کا دسواں حصہ) ۔ (۲) دائرہ یا عبادت گاہ ؛ عشیرہ ؛ مجلس اعیان (روما یا دیگر قدیم بلاد اطالیہ میں) ۔ (۳) کچہری ؛ عدالت (خاص کر فوجی جاگیر داروں کی) ؛ محکمہ قضا ۔ (٤) پوپ کی عدالت یا مجلس ۔

Curial : (a) (۱) عشیرتی ؛ مجلسی ؛ عدالتی ۔ (۲) قدیم روما یا اطالیہ کی مجلس اعیان کا رکن ۔

Curialism : (n) پاپائیت پسندی ؛ نظام عدالت (خاص کر پاپائی) پنچائت کا طریقہ مجلس بندی ۔

Curialist : (n) (۱) پوپ کی عدالت کا رکن ۔ (۲) نظام دولت کا حامی ۔

Curialistic : (a) پاپائیت پسند ۔

Curia Regis : (n) مجلس شاہی ؛ کیوریا ریجس (تاریخ) ۔

Curie : (n) (کیمیا) کیوری ۔

Curie constant : (n) (کیمیا) کیوری کانسٹینٹ ۔

Curie effect : (n) (کیمیا) کیوری اثر ۔

Curie magnetic balance : (n) (طبیعیات) کیوری مقناطیسی ترازو ۔

Curie point : (n) (طبیعیات) کیوری نقطہ ۔

Curie theory : (n) (کیمیا) کیوری معالجہ ۔

Curing : (n) علاج ؛ سکھانا ۔

Curing-house : (n) سکھانے کا گھر (خصوصاً جزائر غرب الہند میں وہ عمارت جس میں چینی سکھائی جاتی ہے) ۔

Curio : (n) [Short f."curiosity"] صناعی کا نادر نمونہ ؛ نوادر ؛ (تاریخ) نادر نمونہ ۔

Curiologic : (a) [Gr."kuriologikos"] (۱) خط تصویری کا ۔ (۲) (جمع میں) خط تصویر ۔

Curiological : (a) خط تصویری سے متعلق ۔

Curiosa : (n) نوادر ۔

Curiosity : (n) [L."curiositate"] (۱) شوق ؛ تحقیق ؛ تلاش ؛ تجسس ۔ (۲) عجوبہ پن ؛ استعجاب ۔ (۳) نادر شے ؛ عجوبہ ؛ عجائب ۔

A curiosity : نادر شے ؛ عجوبہ ؛ عجائب ۔

Curioso : (n) [It.] (۱) نوادرات جمع کرنے والا ۔ (۲) پُراسرار چیزوں میں دلچسپی رکھنے والا ۔

Curious : (a) [L."curiosus"] (۱) مشتاق ؛ متجسس ؛ طالب ۔ (۲) محتاط (باریک بیں) ؛ ماہر ؛ دقیق ۔ (۳) عجیب ؛ نرالا ؛ انوکھا ؛ حیرت انگیز ۔ (٤) نادر ؛ کم یاب ؛ فوق العادت ۔

Curiously : (adv) عجیب طرح ؛ عجیب اندازسے ؛ تجسس کے ساتھ ؛ مشتاقانہ طور پر ۔

Curiously enough : عجیب بات ہے کہ ۔

Curiousness : (n) شوق ؛ تجسس ؛ عجوبہ پن ؛ استعجاب ؛ اشتیاق ۔

Curl : (n) (۱) گھونگریا چھلا (بالوں کا) ؛ کاکلی ؛ حلقہ ۔ (۲) (ہر طرح کا) حلقہ ؛ خمیدہ شے ؛ خم ؛ پیچ ۔ (۳) آلو روگ (ایک قسم کی بیماری جس سے آلو کے پتے مڑ جاتے ہیں) ۔

Curl of the field : (طبیعیات) میدان کا کرل ۔

Curl : (v) [ME."curlen"] (۱) مڑنا ؛ موڑنا ؛ خم کھانا ؛ پیچ دینا ؛ گھونگریا بال بنانا یا بننا ۔ (۲) چکر کھانا ؛ چکر کھاتے ہوئے جانا ۔

To curl up : (۱) پتھر کنڈلی کھیلنا ؛ گرجانا ؛ لوٹ پوٹ ہو جانا ۔ (۲) آلو روگ لگنا ۔

Curled up : (a) (لسانیات) حلقہ دار ۔

Curler : (n) (۱) گھونگریالے بال بنانے والا ۔ (۲) پتھر کنڈلی کا کھلاڑی ۔ (۳) نمدے کی ٹوپی کے چھجے کو موڑنے والا ۔

Curlew : (n) [Echoic] پن ککڑی (ایک قسم کی لمبی چونچ والی مرغابی) ۔

Pigny curlew : ایک قسم کی پن ککڑی ۔

Pigny stone curlew : ایک قسم کی پن ککڑی ۔

Curlew-jack : (n) ایک قسم کی پن ککڑی ۔

Curlew-knot : (n) ایک قسم کی پن ککڑی ۔

Curlew sand piper : (n) ایک قسم کی پن ککڑی ۔

Curlicue / Curlycue : (n) عجیب و غریب بل یا پیچ ؛ بل دار آرائش ۔

Curlie-warlie / Curlig-wurly : (n) [Redupl. f. "curly"] عجیب و غریب بل دار آرائش ۔

Curling : (n) (۱) بل ؛ خم ؛ پیچ ۔ (۲) پتھر کنڈلی (کھیل) ۔

Curling-iron : (n) بالوں کو گھونگریا بنانے کا آلہ یا لوہا ؛ گھونگر کمانی ۔

Curling-stone : (n) بیضوی شکل کا پتھر جس کے اوپر لوہے کا دستہ لگا ہوتا ہے اور جس سے پتھر کنڈلی کھیلی جاتی ہے ۔

Curly : (a) (۱) گھونگر والے ؛ شکن دار؛ بل دار ؛ لہر دار ۔ (۲) گھونگر یالے بالوں والا ؛ (۳) آلو روگ لگا ۔

Curly-pate : (n) گھونگریالا (شخص) ۔

Curly-pated : (a) دیکھو Curly-pate

Curliness : (n) گھونگریالا پَن ۔

Curmudgeon : (n) [Origin unknown] خسیس ؛ بخیل ؛ بدتمیز ۔

Curmudgeonly : (adv) بخیلانہ ؛ خسیسانہ ۔

Curmurring : (n) [Echoic] قراقر ؛ گھرگھراھٹ ۔

Curn : (n) [Sc.] (۱) (اسکاچستان) غلہ ۔ (۲) چنا ۔

Curney : (n) جماعت ؛ گروہ ۔

Curny : (a) دانہ دار ؛ دانہ سا ۔

Curple : (n) [Corrupt . f. "curper"] (۱) دمچی ؛ لید خورا ۔ (۲) سرین ۔

Curr : (v) [Echoic] غوں غوں کرنا ؛ دھیمی آواز نکالنا ۔

Currach /-agh : (n) [Ir."curach"] (۱) کراک ؛ چھوٹی کشتی ؛ زورق ؛ ٹٹ بند ناؤ ۔ (۲) دلدلی زمین ۔

Currant : (n) [ME.] کشمش ۔

Currant-borer : (n) ایک قسم کا پتنگا ۔

Currant-clearwing : (n) ایک قسم کا پتنگا ۔

Currant-gall : (n) ایک چھوٹا ماجو جو شاہ بلوط کے تر پھول اور پتے پر پیدا ہوتا ہے ۔

Currant-moth : (n) ایک قسم کا پتنگا ۔

Currant-worm : (n) ایک پہل روپ جو کشمش کی جھاڑیوں کو برباد کرتا ہے ۔

Currency : (n) (۱) دور ؛ زمانہ (کسی چیز کے رواج کا) ۔ (۲) دوراں ؛ گردش (روپئے کی) ۔ (۳) سکہ رائج الوقت ؛ روپیہ (کسی ملک کا) ۔ (٤) رواج ؛ نفاذ (عام) شہرت یا اشاعت (خیالات یا کسی اطلاع وغیرہ کی) ۔ (٥) ذہنی سکہ (تبادلہ خیالات کا ذریعہ) ۔

Adjustible currency : (تجارت) بینک کرنسی ؛ لوچدار کرنسی ۔

Appreciation of currency : (تجارت) اضافہ کرنسی یا ارتفاع کرنسی ؛ کرنسی کی اضافہ قدر ۔

Approved currency : (تجارت) منظورہ کرنسی ۔

Bank currency : (تجارت) بینک کرنسی ۔

Circulation of currency : (تجارت و معاشیات) کرنسی زر کا چلن ۔

Contraction of currency : (تجارت و معاشیات) زر کی رسید میں کمی ؛ کرنسی کا سکڑاؤ (تجارت) ۔

Convertible currency : (تجارت) قابل بدل کرنسی ۔

Deflation of currency : (تجارت و معاشیات) زر کی کمی ؛ تفریط زر ۔

Depreciation of currency : (تجارت و معاشیات) کرنسی کی فرسودگی ؛ کرنسی کی قدامت ۔

Devaluation of currency : (تجارت) کرنسی کی (بیرونی) کم قدری ۔

Elastic currency : (تجارت) لوچدار کرنسی ۔

Expansion of currency : (تجارت و معاشیات) کرنسی کی وسعت ۔

Hard currency : (تجارت و معاشیات) سخت کرنسی ۔

Inflation of currency : (تجارت و معاشیات) افراط زر ۔

Mixed currency : (تجارت) ملی جلی کرنسی ۔

Overvaluation of currency : (تجارت و معاشیات) کرنسی کی پیش قدری ۔

Paper currency : (تجارت و معاشیات) کاغذ کی کرنسی یا کاغذی کرنسی ۔

Scarce currency : (تجارت) کمیاب کرنسی ۔

Soft currency : (تجارت و معاشیات) نرم کرنسی ۔

Velocity of currency : (تجارت) کرنسی کا دورہ ۔

Currency area : (n) (تجارت) کرنسی کا علاقہ ۔

Currency bond : (n) (تجارت) کرنسی بانڈ ۔

Currency exchange : (n) (تجارت) کرنسی کا تبادلہ ۔

Currency system : (n) (تجارت) کرنسی نظام ۔

Current : (a) [L."currere"] (۱) مروجہ ؛ نافذ ؛ شائع ۔ (۲) رواں ؛ حاضر ؛ موجودہ وقت (جیسے ماہ رواں وغیرہ) حال کا نمبر (اخبار وغیرہ کا) ۔

To pass / run / go current : مروج ہو جانا ؛ عام طور پر صحیح مان لیا جانا ۔

Current : (n) (۱) ندی کا بہاؤ ؛ دھارا ؛ دھار ؛ سیل ؛ رو ؛ (ہوا کی) لہر ۔ (۲) رخ ؛ میلان ؛ (خیالات یا واقعات وغیرہ) ؛ پھارا ۔ (۳) (برقی) رو ؛ موجۂ برق ۔ (٤) جھکاؤ (چھت، نالی وغیرہ کا تا کہ پانی آسانی سے بہ نکلے) ۔ (٥) چالو لفظ ؛ مروجہ الفاظ ؛ چالو سکہ ۔ (٦) رائج الوقت ؛ رائج ؛ رواں ؛ سال رواں ۔ (۷) تازہ ؛ حالیہ ؛ رسالے کا تازہ شمارہ ۔

Alternating current : (طبیعیات) نوبتی کرنٹ ؛ آلٹرنیٹنگ کرنٹ ۔

Circulating currentt : (طبیعیات) دورانی کرنٹ ۔

Conduction current : (طبیعیات) چالن کرنٹ ؛ چالن دھارا ۔

Direct current : (طبیعیات) ڈائرکٹ کرنٹ ؛ یک سمتی کرنٹ ۔

Displacemant current : (طبیعیات) جنبشی کرنٹ ۔

Instantaneous current : (طبیعیات) فوری کرنٹ ۔

Inverse current : (طبیعیات) الٹا کرنٹ ؛ الٹی دھارا ۔

Thermionic current : (طبیعیات) تاپ آئنکی کرنٹ ۔

Current account : (n) (تجارت) چالو کھاتا ۔

Current asset : (n) (تجارت) چالو اثاثہ ۔

Current bedding : (n) ڈھلوان تہ جو پانی کے بہاؤ کی وجہ سے ہو جاتی ھے ۔

Current credit : (n) (تجارت) چالو ادھار ۔

Current deposit : (n) (تجارت) رواں ڈپازٹ ۔

Current density : (n) (طبیعیات) کرنٹ کثافت ۔

Current electricity : (n) (طبیعیات) کرنٹ بجلی ۔

Current expenditure : (n) (تجارت) حالیہ اخراجات ۔

Current function : (n) (ریاضی) رواں تفاعل (فنکشن) ۔

Current gauge : (n) نالی کے ذریعہ سیال چیزوں کا بہاؤ ناپنے کا آلہ ؛ سیل پیما ۔

Current handwriting : (n) رواں خط ؛ شکستہ ؛ قلم برداشتہ ۔

Current metre : (n) دیکھو Current-gauge

Current mill : (n) پن چکی کے ذریعہ چلنے والی مل ۔

Current public expenditure : (n) (تجارت) حالیہ حکومتی اخراجات ۔

Current ratio : (n) (تجارت) حالیہ تناسب ۔

Current relevance : (n) (لسانیات) کیفیت جاریہ ۔

Current reproduction cost : =(replacement cost) متبادل لاگت ؛ موجودہ لاگت تبدیلی ۔

Current wage : (n) (تجارت) حالیہ اجرت ۔

Current wheel : (n) پن چکی ۔

Current yield : (n) (تجارت) حالیہ پیداوار ۔

Currentless : (a) بے دھارا ؛ بے رو ۔

Currently : (adv) موجودہ طور پر ۔

Currentness : (n) رواج ؛ شہرت ؛ عصریت ۔

Curricle : (n) [L."Curriculum"] چوڑی گاڑی ؛ تانگا ؛ دوپہیا گاڑی (دو گھوڑوں کی) ۔

Curriculum : (n) (Pl.Curricula) [L.] (نصاب تعلیم) درسیات (مقررہ یا مروجہ) ۔

Activity curriculum : (نفسیات و تعلیمات) مشاغلی نصاب ۔

Child-centred curriculum : (نفسیات و تعلیمات) طفل مرکوز نصاب ۔

Enriched curriculum : (نفسیات و تعلیمات) برتر نصاب ۔

Curriculum vitae : (n) تعلیمی کوائف ۔

Curried : (a) مسالے سے تیار کیا ہوا ۔

Currier : (n) [L. "Coriarius"] (۱) چرم ساز ؛ دباغ (چمڑا کمانے اور رنگنے والا) ؛ کھٹیک ۔ (۲) (گھوڑے کا) کھریرا کرنے والا ؛ مالش کرنے والا ۔

Currish : (n) سگ صفت ؛ ترا ؛ بدخو ؛ دوں ھمت ؛ رذیل ؛ پست ؛ فرومایہ ۔

Currishly : (adv) بدخوئی سے ؛ رذالت کے ساتھ ۔

Currishness : (n) سگ صفتی ؛ تراپن ؛ بدخوئی ؛ دوں ہمتی ؛ رذالت ؛ پستی ۔

Curry : (n) [Tamil "Kari"] (۱) سالن ۔ (۲) مسالا دار کھانا ؛ مسالا ۔

Curry : (v) [OF. "Correier"] (۱) کھریرا کرنا ؛ (گھوڑے کو) ملنا ۔ (۲) کمائے ہوئے چمڑے بنانا ۔ (۳) مارنا ؛ ادھیڑنا ؛ پیٹنا ؛ زدو کوب کرنا ۔ (٤) خوشامد کرنا ۔

To curry favour : خوشامد کرنا ؛ خوشنودی حاصل کرنا ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنا ۔

Curry : (v) سالن پکانا ؛ مسالا لگانا ؛ ڈالنا ۔

Curry-comb : (n) کھریرا ۔

Curry-comb : (v) (گھوڑے کو) ملنا ؛ گھوڑے کے کھریرا کرنا یا مالش کرنا ۔

Curry-paste : (n) مسالے ۔

Curry-powder : (n) دیکھو Curry-paste

Curse : (n) [Origin unknown] (۱) بد دعا ؛ لعنت ؛ سراپ ؛ کوسنا ۔(۲) کفر (کلمات کفر) ؛ بد گوئی ؛ دشنام ؛ لعنت ۔ (۳) تکفیر ؛ تضلیل ؛ (مذہب سے) ؛ اخراج کا فتویٰ ۔(٤) لعنت (یعنی ملعون شے) ؛ بلا ؛ آفت ۔ (٥) قہر خدا ؛ وبال ؛ عذاب ۔

Not worth a curse : بے قیمت ۔

Curse : (v) بد دعا دینا ؛ کوسنا ؛ تکفیر یا مذہب سے خارج کرنا ؛ کفر بکنا ؛ گالی دینا ۔

To be cursed with : کی مصیبت سہنا ۔ کے دکھ اٹھانا ؛

Cursed / Curst : (a) (۱) لعین ؛ شقی ؛ قابل نفرت ؛ ملعون ؛ لعنتی ؛ سخت برا ؛ سخت ناپسند ۔ (۲) بدخو ؛ بد طینت ؛ جھگڑالو ؛ لڑاکا ۔

Cursedly : (adv) شدت سے ؛ ملعونانہ ۔

Cursedness / Curstness : (n) شقاوت ؛ بدخوئی ؛ بد طینتی ۔

Curser : (n) کوسنے والا ؛ تکفیر کرنے والا ؛ کفر بکنے والا ؛ لعنت دینے والا ۔

Curship : (n) سگ صفتی ؛ فرومائگی ؛ پستی ؛ تمسخر آمیز لقب ۔

Cursitor : (n) عدالت خزانہ داری کے چوبیس منشیوں میں سے ایک ۔

Cursive : (a) [med.L."cursivus"] (۱) شکستہ (خط) ؛ قلم برداشتہ ؛ رواں ؛ تیز ؛ روا روی کا ۔ (۲) خط شکستہ میں لکھا مسودہ ۔ (۳) طباعت کی ایک طرز جس میں حروف تحریری حروف سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Cursive aspect : (n) (لسانیات) ارتقائی کیفیت ۔

Cursive writing : (n) (لسانیات) شکستہ خط ۔

Cursor : (n) [L."Currere"] (۱) علم ریاضی کا ایک آلہ جو آگے پیچھے بڑھتا گھٹتا ہے ۔(۲) (قدیم جامعوں میں) دینیات کی سند رکھنے والا جو انجیل پر ابتدائی لکچر دیا کرتا تھا ۔

Cursores : (n) [as prec] تیزی سے دوڑنے والے لمبی ٹانگوں والے پرندوں کی ایک نوع جس میں شترمرغ بھی شامل ہے ۔

Cursorial : (a) [See CURSORES] دوڑنے والا ؛ پھرتیلا ؛ چالاک ؛ سبک پا ۔

Cursorily : (adv) سرسری طور پر ؛ بہ عجلت ۔

Cursoriness : (n) عجلت ؛ روا روی ۔

Cursorious : (a) دیکھو Cursorial

Cursory : (a) [L."Cursorius"] سرسری ؛جلدی جلدی ؛ بہ عجلت ۔

To cast a cursoryal glance : سرسری نظر ڈالنا ۔

Curst : (a) دیکھو Cursed

Curstly : (adv) دیکھو Cursedly

Curstness : (n) دیکھو Cursedness

Cursus : (n) [L."Currere"] (۱) دور ۔ (۲) نصاب ۔ (۳) دستور نما ۔(٤) دوڑنے کی جگہ ۔

Curt : (a) [L."Curtus"] روکھا ؛ ٹکا سا ؛ تند ؛ مختصر ؛ اجمالی ؛ گستاخانہ ؛ بے اعتنائی یا کج ادائی کا ۔

Curt / Cur : (a) Current کا مخفف ۔

Curt-hose : (n) [OF."Curtehose"] چھوٹا جوتا ۔

Curtail : (v) [f. CARTAL] کاٹنا ؛ کم کرنا ؛ کوتاہ کرنا ؛ قطع کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ محروم کرنا ؛ مختصر کرنا ۔

Curtail-step : (n) سب سے نیچا زینہ (مڑا ہوا) ۔

Curtailer : (n) مختصر کرنے والا ؛ کاٹنے والا ؛ کم کرنے والا ؛ تخفیف کرنے والا ۔

Curtailment : (n) اختصار ؛ کاٹ چھانٹ ؛ تخفیف ؛ قطع و برید ؛ ترخیم ؛ کمی یا تخفیف ۔

Curtain : (n) [Late L."Cortina"] (۱) پردہ ؛ حجاب ؛ اوٹ ؛ چلمن ۔ (۲) دیوار ؛ احاطہ (قلعہ کے دو برجوں کے درمیان کا) ؛ طرف ۔ (۳) ڈرامہ یا موسیقی کاآخری حصہ ۔ (٤) (جمع میں) موت ؛ خاتمہ ۔

Behind the curtain : پس پردہ ۔

Curtain falls / drops or is dropped : پردہ گرتا ھے ؛ کھیل ختم ۔

Curtain of mail : گردن اور شانہ کی زرہ ۔

Fire-proof curtain : آگ روک پردہ (چھت کی چادر جو اکثر تماشا گاہوں میں لگاتے ھیں) ؛ اگن پردہ ۔

To draw the curtain : پردہ کھینچنا ؛ چھپانا ۔

To drop the curtain : ختم کرنا ۔

To raise the curtain : شروع کرنا ؛ پردہ اٹھانا ۔

Curtain : (v) (۱) پردہ ڈالنا ؛ لگانا یا کرنا ۔ (۲) پردے میں چھپانا ؛ بند کرنا ؛ چھپانا ؛ مخفی کرنا ۔

Curtain-angle : (n) پردے کا زاویہ یا گوشہ ۔

Curtain-lecture : (n) خلوت میں سرزنش ؛ بیوی کے طعنے تشنے ؛ جورو کی لعن طعن ۔

Curtain raiser : (n) تمہیدی کھیل (جو اصل ڈرامہ سے قبل کیا جائے) ؛ پردہ بردار ۔

Curtal : (n) [OF."Cortald","Curtald"] (۱) دم کٹا گھوڑا ۔ (۲) کوئی کٹی ھوئی چیز ؛ مختصر یا کوتاہ چیز ۔ (۳) وہ آوارہ گرد جو چھوٹا لبادہ پہنتا ھے ۔ (٤) ایک قسم کی چھوٹی نال کی توپ ۔ (٥) ایک قسم کا باجا ۔

Curtal : (a) (۱) دُم بریدہ ۔ (۲) کٹا ھوا ؛ مختصر شدہ ؛ کوتاہ شدہ ۔

Curtal-ax /-axe : (n) [Perverted f. CUTLASS] چھوٹے اور چوڑے پھل کی تلوار ۔

Curtana : (n) [L."Curtus"] بے نوک کی تلوار (جو علامت ترحم سمجھی جاتی ھے اور تاج پوشی کے وقت شاھان برطانیہ کے سامنے لیکر چلتے ھیں) ۔

Curtate : (a) [L."Curtatus"] کوتاہ ۔ مختصر ؛ (علم ھندسہ)

Curtate-cycloid : (n) مستدیریہ خارجیہ ۔

Curtate-distance : (n) فاصلہ خارجیہ ۔

Curtation : (n) [L."Curtare"] (۱) (کیمیا) دھاتوں کو سونے میں بدلنے کا مختصر طریقہ ۔ (۲) (علم ھیئت) حقیقی اور مستدیریہ دوریوں کا فرق ۔

Curtein /-teyn : (n) دیکھو Curtana

Curteous : (a) دیکھو Courteous

Curtilage : (n) [OF."Cortillage"] (قانون) مکان (کے ساتھ) کی زمین ؛ اراضی متعلق بہ مکان ۔

Curtly : (adv) روکھے پن سے ؛ مختصر طور پر ؛ تندی سے ؛ بے اعتنائی سے ۔

Curtness : (n) رکھائی ؛ تندی ؛ گستاخی ؛ بے اعتنائی ؛ اختصار ۔

Curtsy / Curtsey : (n) [var. of COURTESY] مجرا ؛ زنانہ کورنش (گھٹنے جھکاکے) ؛ زانو زدگی ۔

To make / drop a curtsy : مجرا عرض ؛ تسلیمات کہنا ؛ کرنا ؛ کورنش بجا لانا ۔

Curtsy / Curtsey : (v) مجرا کرنا ؛ کورنش بجالانا ۔

Curucui : (n) [Native name echoic] ایک قسم کی چڑیا ۔

Curule : (a) [L."Curulis","Currulis"] عہدہ دارانہ؛ متعلق بہ عہدہ داری ؛ حاکمانہ ۔

Curule chair : (n) (قدیم رومی تاریخ) کرسی (ھاتھی دانت کے کام کی) ۔

Curule magistrate : (n) کرسی نشیں حاکم ؛ اعلی حاکم ۔

Curval : (a) (نقابت) خمیدہ؛ مڑا ھوا ۔

Curvant : (a) [L."Curvantem"] دیکھو Curval

Curvation : (n) [L."Curvationem"] خمیدگی ؛ انحنا ۔

Curvaceous / Curvacious : (a) گداز بدن عورت ۔

Curvature : (n) [L."Curvatura"] (۱) گولائی ؛ خمیدگی ؛ انحنا ؛ شکل منحن -(۲) (علم ہندسہ) موڑ ؛ انحنائی (خط)-

Centre of curvature : مرکز انحنا ؛ (طبیعیات) خمی کا مرکز -

Chord of curvature : وتر انحنا ؛ (طبیعیات) خمی کا وتر -

Circle of curvature : دائرۂ انحنا ؛ (طبیعیات) خمی دائرہ -

Radius of curvature : نصف قطر انحنا ؛ (طبیعیات) خمی کا ریڈیس -

Curvature of surface : (طبیعیات) سطح کی خمی -

Curvature of the field : (طبیعیات) میدان کی خمی -

